NEW EDITION

NEW WAY

(جامع)

# حسن اللغات

فارسی - اردو

فارسی اردو زبان کے قدیم و جدید الفاظ
محاورات، اصطلاحات اور مرکبات کا ذخیرہ
ادباء، شعراء، علماء، فضلاء، اساتذہ اور طلبہ
کیلئے یکساں مفید، جدید ترین مستند اور جامع لغت

(رجسٹرڈ)

اورنٹیل بک سوسائٹی، گنپت روڈ لاہور پاکستان

فون: 042-7324017, 7351563 فیکس: 042-7351560

پاپولر اورینٹل

# حسن اللغات (جامع)

## فارسی — اردو

فارسی اُردو زبان کے قدیم و جدید الفاظ، محاورات، اصطلاحات اور مرکبات کا ذخیرہ، ادباء، شعراء، علماء، فضلاء، اساتذہ اور طلباء کیلئے یکساں مفید، جدید ترین، مستند اور جامع لغت

OBS اورینٹل بُک سوسائٹی® گنپت روڈ، لاہور
فون: 042-732 4017

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ

پبلشرز : علی حسن
اورینٹل بک سوسائٹی ، لاہور

بمعہ پلاسٹک کور

چوہان پرنٹنگ پریس، لاہور

Marfat.com

# پیش لفظ

### تاریخ زبان فارسی

ہر زبان کا اپنا ایک خاص وطن اور علاقہ ہوتا ہے جہاں سے وہ جنم لیتی ہے اور نشو و نما پا کر سن بلوغ کو پہنچ جاتی ہے۔ مثلاً اُردو زبان فاتح مسلمانوں اور یہاں کی مقامی آبادی کے اختلاط سے وجود میں آئی اور برِ صغیر پاک و ہند میں پھیل گئی۔ گویا برِ صغیر پاک و ہند اُردو زبان کا وطن اور علاقہ ہے۔ فارسی زبان کا وطن اور علاقہ ہمارا ہمسایہ ملک ایران ہے۔ چونکہ اس زبان میں حلاوت اور شیرینی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے اس لیے یہ زبان صرف ایران تک محدود نہ رہی بلکہ قریب کے دوسرے ممالک میں بھی پھیل گئی۔ اس وقت اس زبان کے بولنے والے لاتعداد اور بے شمار ہیں جن کے تلفظ اور اندازِ تکلم میں بڑا تفاوت پایا جاتا ہے یوں کہنا چاہیئے کہ فارسی زبان کا اندازِ تکلم ہر علاقے کا اپنا ہے جو دوسرے علاقے کے اندازِ تکلم سے مختلف ہے۔

فارسی ایران کی قومی زبان ہے۔ ایران کے تعلیم یافتہ حضرات و خواتین یہی زبان بولتے ہیں۔ ایران کے مدارس اور جامعات میں اسی زبان کے ذریعے تعلیم دی جاتی ہے۔ اسی طرح ایران کی پارلیمنٹ میں مباحثات اسی زبان کے ذریعے انجام پاتے ہیں۔ ایران کے دفاتر میں یہی زبان استعمال ہوتی ہے اور اسی زبان میں وہاں اخبارات و جرائد چھپتے ہیں۔ فارسی کے علاوہ ایران میں کچھ مقامی اور محلی زبانیں بھی بعض علاقوں میں بولی جاتی ہیں جیسے پاکستان کی قومی زبان اُردو ہے اور پنجابی، سندھی، پشتو اور بلوچی وغیرہ مقامی زبانیں ہیں۔ ایران کی مقامی زبانوں میں سوندی اور بلوچی زبانیں ہیں۔ سوندی فارس کے صوبے کی مقامی زبان ہے۔ یہ دراصل گبری ایزد اور کرمان کے پارسیوں کی زبان ہے۔ اسی طرح بلوچی باشندوں کی اپنی لوکل زبان ہے بعض علاقوں میں ترکی بھی بولی جاتی ہے۔

### فارسی میں عربی کا نفوذ

۲۱ھ میں ایران مسلمانوں کے ہاتھوں فتح ہوا۔ اور ایران پر خلیفہ اسلام کی حکومت قائم ہو گئی۔ فاتحین کی آمد کے ساتھ ہی ان کی زبان عربی بھی فارسی کے اندر اپنی جگہ بنانے لگی۔ ایران کی سرکاری خط و کتابت میں عربی کا رواج ہونے لگا۔ فارسی کے مؤلفین نے اپنی تالیفات میں عربی کے الفاظ و محاورات استعمال کرنا شروع کیے۔ خصوصاً ان تالیفات میں جن کا موضوع قانون، اخلاق اور مذہب تھا۔ ان کتب میں آیات قرآنی اور حدیث نبوی کے علاوہ عرب شعراء کے اشعار جا بجا نظر آتے ہیں۔ عربی فاتحین کی زبان اور اسلام کی زبان ہونے کے علاوہ اس لیے بھی مقبول ہو رہی تھی کہ فارسی کے مؤلفین جب اپنی تحریر کو مسجع و مقفیٰ بنانا چاہتے تھے تو عربی کے الفاظ استعمال کرتے تھے جس سے خود فارسی زبان میں چاشنی اور حُسن پیدا ہو جاتا تھا فارسی زبان کی ایک معتبر کتاب قابوس نامہ سے بھی کچھ ظاہر ہوتا ہے۔ قابوس نامہ کی عبارت کچھ اس طرح ہے:۔

"خیال کیا جاتا تھا کہ فارسی میں عربی کے الفاظ استعمال نہ کرنے سے فارسی بالکل بے مزہ اور پھیکی رہتی ہے۔"

فارسی زبان نے عربی سے ضرورت کے مطابق استفادہ ضرور کیا۔ لیکن اس نے اپنی حیثیت کو قائم رکھا۔ چنانچہ فارسی زبان کا ڈھانچہ وہی رہا۔ عربی زبان نے فارسی کی تزئین ضرور کی لیکن اس کے بنیادی اصولوں کو متاثر نہیں کیا۔

### ہندوستان میں فارسی زبان کی آمد

سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان میں فتوحات کا سلسلہ شروع کیا تو اس کے ساتھ ہی فارسی زبان بھی اس علاقے میں داخل ہو گئی۔ فاتحین جب کسی علاقہ کو فتح کرتے ہیں تو وہ اپنے ساتھ اپنی تہذیب اور زبان بھی لاتے ہیں جو عام طور پر مقبولیت حاصل کر لیتی ہے۔ ان فاتحین کی وجہ سے اس علاقے میں دین اسلام کی بھی اشاعت ہوئی اور اسلام قبول کرنے والوں کو عربی زبان سیکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی کیونکہ اس کے بغیر مسلمان اپنے دینی عقائد و تصورات اور اخلاق و اعمال کو سمجھنے کے قابل نہیں ہو سکتے تھے۔ ادھر صورت حال یہ تھی کہ عربی کو سیکھنے کے لیے فارسی سیکھنے کی ضرورت تھی کیونکہ اسلامی دینی ادب نے فارسی کا لباس پہن لیا تھا۔ یہاں تک کہ عربی گرامر سیکھنے کے لیے بھی جو کتب دستیاب ہوتی تھیں وہ فارسی زبان میں ہوا کرتی تھیں اس وقت بھی دینی مدارس میں ابتدائی کتابیں عربی صرف نحو کی فارسی زبان میں ہی پڑھائی جاتی ہیں۔

ایران کے تاجروں کی وجہ سے بھی برصغیر پاک و ہند میں فارسی زبان کو فروغ حاصل ہوا۔ تاجر کسی بھی قوم اور ملک کے سفیر ہوتے ہیں۔ ان سفیروں کی وجہ سے ان کی زبانیں بھی ان علاقوں میں اثر و نفوذ حاصل کر لیتی ہیں جہاں وہ اپنا کاروبار کرتے ہیں چنانچہ ایرانی تاجروں نے بھی یہی کچھ کیا۔

سلطان محمود غزنویؒ اور دیگر فاتحین کے ساتھ علماء، مشائخ اور روحانی درویش بھی برصغیر میں آئے جن کی زبان فارسی تھی وہ اپنے افکار و خیالات کا اظہار اسی زبان میں کرتے تھے۔ چونکہ وہ لوگوں میں اپنے حُسنِ اخلاق کی وجہ سے مقبول ہو رہے تھے اس لیے ان کی زبان فارسی بھی مقبولیت کے مراحل طے کر رہی تھی اور دیکھتے ہی دیکھتے یہ زبان برصغیر میں پھیل گئی۔

فارسی کی اشاعت کی ایک اور اہم وجہ سنسکرت زبانوں کی فارسی سے مشابہت و مماثلت تھی۔ اس وجہ سے ہندوستان میں فارسی کو پھیلنے کا موقع بڑی آسانی سے حاصل ہو گیا کیونکہ دونوں زبانوں میں یک جان ہونے کی سہولت موجود تھی اس لیے سنسکرت زبان بولنے والوں کے لیے فارسی زبان کو سیکھنا آسان تھا۔ فارسی نے اس علاقے میں اتنا عروج حاصل کر لیا کہ مغل شہنشاہ اکبر اعظم کے زمانے میں فارسی زبان درباری زبان قرار پائی اور اس زبان میں بڑے بڑے شاعر اور ادیب سامنے آئے۔ اس زبان کی مقبولیت یہاں تک پہنچ گئی کہ ہندوستان کے برہمنوں نے بھی یہ زبان سیکھنی شروع کر دی تاکہ دربار اکبری تک رسائی حاصل کر سکیں۔

### فارسی زبان کی اہمیت

قدامت کسی زبان کو اہمیت و فضیلت عطا کرتی ہے۔ اس اعتبار سے جب ہم فارسی زبان کو پرکھتے ہیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ اس

Marfat.com

زبان کو تمدنی قدامت کا فضل و شرف حاصل ہے کیونکہ فارسی زبان کی تمدنی روایات صدیوں پرانی ہیں اور اس پہلو سے دنیا کی بہت کم زبانیں ہیں جن کو اس زبان کی قدامت کا مدِ مقابل قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس زبان نے بہت سے انقلابات دیکھے مثلاً ہخامنشی دور کا خاتمہ یونانیوں اور سکندر کے ہاتھوں ہوا۔ اشکانیوں کی شان و شوکت ساسانی عظمت کے آگے ذلیل و خوار ہوئی اور اس ساسانی عظمت نے عربوں کے سامنے سر جھکا دیا۔ اسی طرح پھر تاتاریوں اور ترکوں کی ایران پر یلغار ہوئی۔ یہ تھے وہ انقلابات اور حادثات جن سے فارسی زبان مکمل طور پر ختم ہوسکتی تھی لیکن اس زبان کے تمدن کی بنیاد اتنی محکم و استوار تھی کہ ہوشربا انقلابات بھی اسے متزلزل نہ کرسکے۔

فارسی زبان کا تعلق آریائی زبانوں سے ہے۔ آریائی زبانوں کے خاندان سے تعلق ہونے کی وجہ سے اس زبان کی وابستگی یورپ کی ان تمام زبانوں سے قدرتی طور پر موجود ہے جن کا رشتہ آریائی نسل اور خاندان سے جا ملتا ہے۔ گویا یہ زبان یورپ کی اکثر زبانوں کی بہن ہے اور ان سے اس کا قریبی تعلق پایا جاتا ہے۔ یورپ میں رہنے والے لوگ اس زبان کو جلد سمجھ سکتے ہیں اور اس زبان کے ذریعے ان سے رابطہ آسان ہے۔ اس طرح سنسکرت زبانوں اور فارسی زبان کے بنیادی ڈھانچے میں بڑی مماثلت و مشابہت پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ زبان ہندوستان میں بہت جلد مقبول ہوگئی۔ فارسی زبان اپنے لسانی روابط کی وجہ سے ہندوستان، افغانستان، وسط ایشیا اور یورپین ممالک کے درمیان گہرے ربط اور ناقابل انقطاع اتحاد کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ فارسی کے ان لسانی روابط کی بنیاد پر اس کی اہمیت و ضرورت واضح ہے۔

فارسی ادبیات نے اپنی جامعیت اور ہمہ گیری کی وجہ سے دنیا میں متمدن و مہذب ملک و قوم کو متاثر کیا ہے چنانچہ دنیا کے ہر ادب میں ایرانی افکار، ایرانی فلسفہ حکمت اور اخلاق و تصوف کی چاشنی جھلکتی ہوئی صاف نظر آتی ہے۔ فارسی ادب کے مشہور زمانہ معتبر نام خیام، سعدی اور حافظ اسلامی ممالک میں مقبول و محبوب ہیں ان کی شاعری نہ صرف اسلامی ممالک میں بلکہ یورپ میں بھی شہرۂ دوام حاصل کرچکی ہے۔ دنیا بھر کے ادبی اور علمی حلقوں میں ان شعراء کے نغمات بالکل اسی طرح مقبول ہیں جس طرح شیراز، اصفہان اور تہران میں سُنے جاتے ہیں۔ سنائیؒ، عطارؒ اور مولانا رومؒ اور ان کے روحانی تجربات کی بازگشت انگلینڈ اور یورپ کے دیگر ممالک میں نمایاں طور پر سنائی دیتی ہے۔ جرمنی کا مشہور شاعر جس کا نام گوئٹے ہے حافظ شیرازی کے تغزل کا شیدائی نظر آتا ہے۔ اسی طرح امام غزالیؒ کی تصنیف احیاء العلوم نظام الملک کا سیاست نامہ، ابو علی سینا کے طبی کمالات، حکیم نصیر الدین کی اخلاق ناصری اور البیرونی کی تصنیف کو بین الاقوامی ادب کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ غرض فارسی زبان و ادب کی جامعیت مختلف اقوام و شعوب کے درمیان اتحاد و یگانگت پیدا کرنے کا ایک موثر ذریعہ ہے۔ گویا فارسی زبان مشرق و مغرب کے درمیان رابطے کا ایک مضبوط پل ہے۔

فارسی زبان کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ہمارے قومی شاعر علامہ محمد اقبالؒ نے جب اپنے افکار و خیالات کو شاعری کے قالب میں ڈھالنا چاہا تو انہوں نے اسی زبان کا انتخاب کیا۔ اگر علامہ اقبالؒ صرف اردو زبان میں شاعری کرتے تو ان کی شاعری کو پوری دنیا میں قبول عام حاصل نہ ہوتا کیونکہ ان کو صرف ہندوستان کے لوگ سمجھ پاتے۔ جس طرح فارسی زبان کو بین الاقوامی حیثیت حاصل ہے اسی طرح اس کا ادب بھی دنیا بھر میں اپنا مقام بنا لینے میں کامیاب ہوجاتا۔ فارسی میں شاعری کرنے کی وجہ سے ہمارے قومی شاعر علامہ محمد اقبالؒ، مولانا رومؒ، خیام، حافظ شیرازی اور سعدیؒ کی طرح بین الاقوامی شاعر بن گئے ہیں۔

تاریخ نویسی اور تاریخ فہمی کے اعتبار سے بھی فارسی زبان کی بڑی اہمیت ہے۔ ایران جو کسی وقت دنیا کی بڑی طاقت شمار کیا جاتا تھا اس کی تاریخ تک رسائی فارسی زبان سیکھے بغیر حاصل نہیں کی جاسکتی۔ ہندوستان کی سیاسی تاریخ کے ماخذات بھی فارسی زبان میں موجود ہیں کیونکہ انگریزوں کے تسلط سے پہلے اور کافی عرصہ بعد تک فارسی زبان سرکاری زبان کے طور پر رائج رہی ہے۔ برصغیر پاک و ہند کا تاریخی ورثہ فارسی میں ہی ہے۔ تاریخ کا ہر طالب علم حقائق کی تلاش میں فارسی سے استفادہ کیے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا۔ نتیجۃً اس مؤلف تاریخ کی کاوش نامکمل و ناقص رہے گی جو فارسی زبان سے بے بہرہ ہوگا۔

ہماری قومی زبان اردو بھی فارسی زبان کی سرپرستی میں نشوونما پاکر جوان ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو میں فارسی الفاظ کی بھرمار ہے۔ اس اعتبار سے بھی ہم فارسی زبان سے بے نیاز نہیں ہوسکتے کیونکہ خود اپنی قومی زبان کو صحیح طور پر جاننے کے لیے فارسی زبان کا جاننا ضروری ہے۔ دیوانِ غالب اور علامہ اقبالؒ کی اردو شاعری اس شخص کے لیے مشکل اور پیچیدہ ہے جو فارسی زبان سے بے بہرہ ہے۔ پاک و ہند کی دیگر زبانیں بھی فارسی کی خوشہ چین ہیں۔ ہر زبان کے قواعد ذخیرہ الفاظ اور اصناف سخن فارسی کے مرہونِ منت ہیں۔ ان زبانوں کی شیرینی اور جاذبیت فارسی لغت کی وجہ سے ہی ہے۔

عربی زبان کے ساتھ ساتھ فارسی زبان نے بھی اسلام کی تبلیغ اور اسلامی فکر کی تعلیم میں بیش بہا خدمات انجام دی ہیں جو ناقابلِ فراموش ہیں۔ قرآن حکیم کا ترجمہ سب سے پہلے پاک و ہند میں فارسی زبان میں ہی کیا گیا۔ قرآن مجید کی تفاسیر اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے احادیث و آثار کی عظیم نگارشات فارسی زبان میں موجود ہیں۔ دین و مذہب سے شغف رکھنے والوں کے لیے اس نادر علمی خزانے تک پہنچنے کے لیے فارسی کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔

کسی زبان کو سیکھنے کے لیے اس زبان کی لغات کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ فارسی زبان کے مطالعہ کے لیے بھی لغات کا مطالعہ ازحد ضروری ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں اس طرف توجہ نہیں دی گئی۔ اس وقت بازار میں چند ایک فارسی لغات موجود ہیں جن سے فارسی دان طبقہ مطمئن نہیں ہے۔ ہمارے ادارے اورنٹیل بک سوسائٹی نے کوشش کی ہے کہ پاکستان میں ایک ایسی لغت چھاپی جائے جو بیک وقت اساتذہ، طلبہ اور فارسی زبان کے دیگر شائقین کے لیے یکساں طور پر مفید ہو۔ الحمد للہ ہم اس لغت کو چھاپنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ اس لغت کا نام حسن اللغات رکھا گیا ہے۔ ہم اپنی اس کوشش میں کس حد تک کامیاب ہوئے یہ تو قارئین ہی بتا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں بھیجی جانے والی معقول رائے بطیب خاطر قبول کی جائے گی اور ادارہ شکر گزار رہے گا۔

اظہارِ تشکر: ادارہ حافظ محمد اقبال ایم اے ایل ایل بی اور برخوردار علی اکبر کا ازحد شکر گزار ہے جن کی علمی اور فنی معاونت سے یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

منیجر: اورنٹیل بک سوسائٹی لاہور

Marfat.com

# آ

**الف** - عربی اور فارسی حروفِ تہجی کا پہلا حرف - بحساب جمل اس کا ایک عدد ہے -

## الف ممدودہ

**آ** - (ف) آمدن مصدر کا امر - آ - آجا -

**آئیروپلان** (انگ) ہوا پیما -
AEROPLANE

**آئیرومیٹر** (انگ) ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ -

**آئِس** (ع) مایوس - نااُمید -

**آب** (ف) پانی - جل (۲) اصطلاح میں عزت (۳) رونق (۴) طراوت (۵) فیض (۶) دولت (۷) دریا (۸) جواہر - موتی (۹) طرز - (۱۰) قیمت - قدر (۱۱) خوبی (۱۲) چمک - تلوار وغیرہ کا جوہر (۱۳) ایک رومی مہینے کا نام جو بھادوں کے لگ بھگ ہوتا ہے -

**آبا** (ع) اَب کی جمع - باپ دادا - اجداد -

**آب آبستنی** (ف) منی (۲) نباتات اگانے والا مینہ -

**آب آتش رنگ** }
**آب آتش زائے** } (ف) سُرخ شراب - (۲) خون کا آنسو -

**آب آتش زدہ** (ف) گرم آنسو -

**آب آتش سا - آب آتش گوں** (ف) آگ کی طرح کا پانی - (۲) خون کا آنسو (۳) شراب سُرخ -

**آب آتش شدن** (ف) وہ پریشانی جو امن کے بعد ہو -

**آب آتش لباس** }
**آب آتش مزاج** }
**آب آتش ناک** } (ف) شرابِ سُرخ

**آب آتش نما** }
**آب آتشیں** }
**آب آذر** } (ف) اشکِ خونی -

**آب آزما** (ف) جس میں پانی داخل نہ ہو سکے - برساتی -
WATERPROOF

**آب آخریں** } (۱) شربت جو حالتِ نزع میں پلا دیتے ہیں - (۲) غسلِ میّت -

**آباد** (ف) ویران کی ضد - بسا ہوا (۲) کعبہ (۳) آفرین (۴) نیک - (۵) شاباش (۶) خوب خوش (۷) پسندیدہ (۸) پارسیوں کے سب سے پہلے پیغمبر کا نام (۹) سرسبز -

**آبادان** (ف) آباد کا مزید علیہ آباد - ایران کے ایک شہر کا نام -

**آبادانی** (ف) توسیع و ترقی - وہ شخص جو آبادان میں رہتا ہو - آبادان ایران کا ایک شہر ہے جو خوزستان کا ایک حصہ ہے -

**آبادانیدن** (ف) سراہنا - تعریف کرنا (۲) تعریف و ستائش -

**آباد بوم** (ف) آباد سرزمین -

**آباد جائے** (ف) آباد جگہ ، وہ جگہ جہاں انسان آباد ہوں - زمین زرخیز ہو - پانی وافر مقدار میں موجود ہو -

**آبادگر** (ف) آباد کرنے والا - وہ شخص جس کا کام آباد کرنا ہے -

**آبادچہ** (ف) گاؤں - قصبہ - آبادی - دِہ -

**آبادی** (ف) بستی - گاؤں -

**آبادیان** (ف) مہ آباد کے پیرو - مہ ایک شخص کا نام ہے - جو آبادیوں کا مورثِ اعلیٰ سمجھا جاتا تھا - آبادیان اسی کی اُمت کہلاتے ہیں -

Marfat.com

آبار } رف، جلا ہوا پیسہ (۲) حساب۔
آبارہ } (۳) روزنامچہ
آباژور رف، سائبان
آبان رف، شمسی سال کا ایرانی آٹھواں مہینہ۔
آبار رع، بئر کی جمع۔ کنوئیں۔
آب ارغوان } رف، سُرخ شراب۔
آب ارغوانی } (۲) سُرخ آنسو
آب از آسیا افتادن رف، معاملہ کا ختم ہوجانا۔
آب از آتش برآوردن رف، عجیب کام کرنا۔ ناممکن بات کو ممکن کرکے دکھا دینا۔ نہایت مشکل کو حل کرنا۔
آب از آہن جُدا کردن رف، انوکھا کام کرنا۔
آب از بالا بستن رف، سرچشمہ بند کر دینا تاکہ پانی رواں نہ ہوسکے۔
آب از بن دندان چکیدن رف، مُنہ میں حسرت کا پانی آنا۔
آب از پرگار افتادن رف، خوار و بے اعتبار ہونا۔
آب از تلیس خوردن رف، لونڈے بازی۔
آب از پیمانہ خوردن رف، کسی کام میں برابری اور مساوات کا حکم دینا
آب از چشم رفتن رف، بے حیا ہونا۔
آب از جگر بخشیدن رف، کسی کو بہت سا بخشنا۔ عطا کرنا۔
آب از چشم گرفتن رف، کسی کو بہت ڈرانا۔
آب از چہرے بردن رف، خوار و بے اعتبار ہونا۔
آب از خانہ بیرون ریختن رف، فرقہ امامیہ میں رواج ہے کہ جب کوئی مرجائے تو گھر کے باہر دروازے میں پانی بہا دیتے ہیں۔ گویا یہ ماتم کی علامت ہے۔
آب از سر گذشت رف، پانی سر سے گزر گیا۔ حد ہوگئی۔ بے حد مصیبتوں میں مبتلا ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔
آب از غربال بخش مے کند رف، ایسے شخص کے حق میں کہتے ہیں جسے کسی کام کی دستگاہ حاصل ہو اور لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچے۔
آب افشاندن رف، پانی چھڑکنا۔ چھڑکاؤ کرنا۔
آب انار رف، انار کا رس۔ سُرخ شراب۔
آب اندام رف، نازک بدن۔ گورے رنگ والا۔
آب انفعال رف۔ ع، شرمندگی کا پسینہ۔
آب انگور رف، انگور کا رس۔ انگور کی شراب۔ شراب۔
آب انگوری رف، شراب انگوری۔
آب انبار رف، پانی کا ذخیرہ۔
آب انداختن رف، پانی گرانا۔
آب او پئے تحصیل نان او مے رود رف، جب کسی کو معاش کی ضروریات میں سے کچھ حاصل ہوں اور باقی کی تلاش کر رہا ہو۔ تو ایسے موقعہ پر یہ محاورہ بولتے ہیں۔
آبائے عُلوی رع، سبعہ سیارہ (۲) نو آسمان۔
آب بادہ رنگ رف، سُرخ آنسو۔ اشکِ خونی

آب باراں رف، مینہ کا پانی۔
آب باریک۔ تھوڑا سا پانی۔
آب باز رف، تیراک۔ پانی میں تیرنے والا۔
آب باز۔ غوطہ خور۔
آب بازی رف، غوطہ خوری۔
آب بپوست افگندن رف، پھل کا پکنا (۲) لڑکے کا بالغ ہونا۔ (۳) مشک میں پانی بھرنا۔
آب بہ جواز کوفتن رف، لغو حرکت اور بے فائدہ کام کرنا۔
آب بچشم گرداندن رف، چشم نم ہونا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔
آب بچشم آمدن رف، حرص و لالچ کرنا۔
آب بچیزے دادن۔ کسی چیز کو سیراب اور شگفتہ کرنا۔
آب بخوردن رف، غصہ کھا جانا۔ غصے کو پی جانا۔
آب بدہان آمدن رف، مُنہ میں پانی بھر آنا۔ کسی شے کا لالچ ہونا۔
آب بدہاں گردیدن رف، حرص سے منہ میں پانی آنا۔
آب بر بنیاد بستن رف، گھر کی ویرانی کے درپے ہونا۔ گھر کو تباہ کرنے پر کمر باندھنا۔
آب بر چہرہ ریختن } رف، جگانا۔ ہوشیار کرنا۔
آب بر چہرہ زدن } منہ پر پانی کے چھینٹے دینا۔
آب بر دست کسے ریختن رف، کسی کی خدمت گاری کرنا۔
آب بردن رف، رونق لے جانا۔ بے رونق کرنا۔ بگاڑنا۔
آب بر دیدہ زدن } رف، جگانا۔ ہوشیار کرنا۔
آب بر رُخ زدن } منہ پر پانی کا چھینٹا دینا۔
آب بر رُوئے کار آوردن رف، کسی کام کی گئی ہوئی رونق کا دوبارہ واپس لانا۔
آب بُردر۔ خوش گوار پانی جو غذا کو ہضم کردے۔
آب بُریدن۔ کسی کا پانی بند کرنا۔
آب بر ریسمان بستن رف، پانی کو رسی سے باندھنا۔ ناممکن امر کا تلاش کرنا۔ فضول کام کرنا۔ بے فائدہ کوشش کرنا۔ ناممکنات میں ہاتھ مارنا۔ بڑی کوشش سے کسی چیز کو تلاش کرنا۔
آب بریں رف، وہ پانی جو نہر کے نیچے سے خالی کنارے سے تھوڑا تھوڑا بہہ کر نکلتا ہے۔
آب بزیر کسے آمدن۔ حیران ہوجانا۔
آب بزیر کسے سر دادن } رف، دھوکا دینا۔
آب بزیر کسے ہشتن } کسی کو فریب دینا۔
آب بستہ رف، اولا۔ برف۔ (۲) بلور۔ شیشہ (۳) تلوار خنجر۔
آب بطری۔ سوڈا واٹر۔
آب بقا رف۔ ع، زندگی کا پانی۔ آب حیات۔ امرت۔
آب بہا رف، آبیاری کا معاوضہ۔ حق الشرب۔
آب بینی رف، گاڑھا پانی جو ناک سے نکلتا ہے۔ رینٹھ۔

Marfat.com

آبِ بے لجام خوردن } (ف) مطلق العنان ہونا - خود سر ہونا -
آبِ بے لجام دادن } بے لگام ہونا -
آب پاش (ف) وہ برتن جس سے آبپاشی کی جاتی ہے - اس کا دستہ ہوتا ہے اور اس کی ٹونٹی پر چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں جس سے پانی نکلتا ہے - پھوارہ -
آب پاشان (ف) ایرانیوں کے ایک جشن کا نام ہے جو ماہ ساون میں ہوتا ہے -
آب پاشی (ف) سینچنا - کھیتی کو پانی دینا (۲) چھڑکاؤ -
آب پاشیدن (ف) پانی چھڑکنا - چھڑکاؤ کرنا -
آب پیکر (ف) ستارہ -
آب پیکران (ف) آب پیکر کی جمع - ستارے - اجرام فلکی -
آب و تاب (ف) ۱ - چمک - جلا (۲) رونق - ترو تازگی -
آبتابہ (ف) آفتابہ
آب تاختن (ف) پیشاب کرنا -
آبِ تلخ (ف) ۱ - کڑوا پانی (۲) آنسو (۳) شراب (۴) غیرت و حمیت -
آبِ تمیز (ف) صاف پانی - ستھرا پانی -
آبِ تنک (ف) تھوڑا پانی کم گہرا پانی -
آبِ تنک پاشیدن (ف) معمولی چھڑکاؤ کرنا - ہلکا چھڑکاؤ کرنا -
آبِ توبہ سوز (ف) توبہ کو جلا دینے والا پانی -
آبتین (ف) فریدون کے باپ کا نام -
آبِ جام (ف) پانی کا برتن - آبخورہ -
آبِ جاوداں (ف) آبِ حیات - آبِ بقا -
آبِ جگر (ف) خوناب - خونِ جگر (۲) رطوبتِ جگر -
آبِ جُو (ف) نہر کا پانی (۲) مال و دولت -
آبِ جُو (ف) جَو کی شراب - بیئر -
آب جوش (ف) گرم پانی - (۲) سوڈا واٹر - لیمونیڈ -
آب جی (ف) آغا باجی کا مخفف یعنی شراب - ترکی میں بہن کو کہتے ہیں -
آبِ چرا (ف) ناشتہ - نہاری - صبح کا کھانا -
آبِ چشم (ف) اشک - آنسو -
آبِ چشم کردن (ف) رونا -
آبِ چشم از کسے گرفتن (ف) ڈرانا - (۲) خوف دلانا -
آب چکیدن از چیزے (ف) کسی چیز کی نہایت لطافت اور پاکیزگی سے مراد ہے -
آبِ چیزے بُردن (ف) کسی چیز کا بے رونق کر دینا (۲) خوار و بے اعتبار کرنا -
آبِ حُسام (ف - ع) تلوار کی چمک اور تیزی - تلوار کی دھار -
آبِ حسرت (ف) آرزو - تمنا -
آبِ حیا (ف - ع) شرمندگی کا پسینہ - عرقِ ندامت -

آبِ حیات } (ف - ع) زندگی کا پانی - آبِ بقا -
آبِ حیواں } امرت (۲) معشوق کا دہن (۳) معشوق کا کلام - (۴) کلام بے عیب (۵) شعر -
آبخانہ (ف) جائے ضرور - پاخانہ -
آبِ خجالت (ف) عرقِ ندامت - شرمندگی کا پسینہ -
آبِ خرابات (ف) شراب -
آبِ خرست (ف) مادہ - میوہ یا خربوزہ جو اندر سے گندہ ہو گیا ہو -
آبِ خشک (ف) بلور - شیشہ (۲) خنجر - تلوار -
آبِ خشک کُن (ف ع) سیاہی چوس کاغذ -
آبِ خضر (ف - ع) آبِ حیات - آبِ حیواں - زندگی کا پانی -
آبِ خفتہ (ف) (۱) تالاب - بند پانی (۲) برف اولا (۳) شیشہ - (۴) تلوار (۵) تلوار میان میں -
آبِ خُو (ف) آبِ خوست -
آبِ خوار (ف) مونچھوں کی لبیں -
آبخوارہ (ف) آبخورہ -
آبخور } (ف) آبخورہ - پانی پینے کا چشمہ یا حوض (۲) نصیب -
آبخورد } قسمت (۳) ان جل (۴) توقف (۵) قیام -
آب خوردن (ف) (۱) پانی پینا (۲) پرورش پانا (۳) قدرے توقف کرنا - تھوڑی دیر ٹھہرنا (۴) غصہ کو پی جانا -
آبخوری (ف) بلور کا برتن جس سے پانی پیتے ہیں -
آبخوست } (ف) جزیرہ - ٹاپو - دریا کے درمیان
آبخوں } کی خشکی -
آب خیز (ف) وہ زمین کہ جہاں بھی کھودیں پانی برآمد ہو -
آب خیز کردن (ف) سبیل لگانا - پانی وقف کرنا -
آب دادن (ف) چمکانا - جلا دینا - صیقل کرنا -
آب دادہ (ف) جوہر دار - تیز کیا ہوا - خنجر اور تلوار کی صفت -
آب دار (ف) چمکیلا - بارونق (۲) پانی رکھنے والا نوکر (۳) دولت مند آدمی (۴) خوراک وغیرہ کا داروغہ -
آب دار باشی (ف) داروغۂ رسد وغیرہ -
آب داری (ف) چمک - صفائی (۲) تلوار کی تیزی -
آب داشتن (ف) سیراب رکھنا - ترو تازہ رکھنا -
آب دان (ف) پانی کا برتن (۲) تالاب (۳) مثانہ -
آبدانک (ف) چھوٹا مثانہ -
آب درآوردن (ف) پانی نکالنا - رس نکالنا -
آب در جگر داشتن (ف) دولت مندی - تونگری (۲) مستی -
آب در جگر نبودن }
آب در جگر نداشتن } (ف) بے حد مفلسی اور محتاجی -
آب در جگر نگزاشتن } بہت غربت -
آب در جگر نماندن }
آب در جوئے گشت (ف) تو صاحب دولت و اقبال ہے -

Marfat.com

آبِ درجوئے نماندن (ف) ، دولت کا جاتے رہنا ۔ مفلس ہونا ۔
آبِ درچشم نداشتن (ف) ، آنکھوں میں شرم نہ رہنا ۔ بے حیا ہونا ۔
آبِ درچیزی بودن (ف) ، کسی چیز کا غیر خالص ہونا ۔
آبِ درچیزے کردن (ف) ، دھوکا دینا ۔ فریب کرنا ۔
آبِ در دیدہ (ف) ، رونے سے کنایہ ہے ۔
آبِ در دیدہ داشتن (ف) ، باحیا ہونا ۔ شرم کرنا ۔
آبِ در سبد کردن (ف) ، بے فائدہ بات کی کوشش کرنا ۔
آبِ در شراب کردن (ف) ، مکر و فریب کرنا ۔
آبِ در شکر داشتن (ف) ، گداز ہونا ۔ گانا ۔
آبِ در شیر داشتن (ف) ، منافقانہ سلوک کرنا ۔
آبِ در گرہ زدن (ف) ، امر لغو ۔
آبِ در متاع کردن (ف) ، فریب دینا ۔ دھوکہ کرنا ۔
آبِ در ہاون سودن
آبِ در ہاون کوفتن } (ف) ، بے فائدہ کام کرنا ۔
آبِ دزد (ف) ، پانی کا پوشیدہ راستہ ۔
آبِ دزدک دادن (ف) ، ٹیکا لگانا ۔
آبِ دست (ف) ، وضو (۲) اعلیٰ کاریگر (۳) چالاک (۴) پاک دامن (۵) جُبّہ ۔
آبدستاں (ف) ، آفتابہ ۔ لوٹا ۔
آبِ دست کسے گرفتن (ف) ، کمال اعتقاد و اطاعت رکھنا ۔
آبِ دم دار (ف) ، پانی جو دیر ہضم ہو اور پیٹ میں نفخ پیدا کرے ۔
آبدنداں (ف) ، وہ دشمن جو جلدی دھوکے میں آجائے ۔ نحیف دشمن (۲) لطیف میوہ (۳) ایک قسم کی مٹھائی (۴) ایک قسم کی روئی (۵) ایک قسم کا انار (۶) امرود کی ایک قسم ۔
آبِ دہن (ف) ، تھوک ۔ رال ۔
آبِ دہاں خوردن (ف) ، صبر کرنا ۔ تحمل کرنا ۔
آبِ دہ دست (ف) ، ۱۔ صدر مجلس (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے ۔
آبِ دہن (ف) ، دلی آرزو ۔ خواہش ۔
آبِ دیدہ (ف) ، آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ۔
آبِ دیدہ (ف) ، آنسو ۔ اشک ۔
آبِ دیدہ جام (ف) ، شراب ۔
آبِ را بہ ریسماں بستن (ف) ، امر محال کی تلاش کرنا فضول کام کرنا ۔
آبِ راہ
آبِ راہہ } (ف) ، نالی ۔ موری ۔ بدررو ۔
آبِ رز
آبِ رزاں } (ف) ، شراب ۔ انگوری شراب ۔
آبِ رفتن (ف) ، ذلیل ہونا ۔ عزت کا جاتے رہنا ۔
آبرو (ف) ، عزت ۔ مرتبہ ۔ اعتبار ۔
آبرو تنگ کردن (ف) ، عزت دار کرنا ۔
آبرو خواہ (ف) ، وہ شخص جو اپنی عزت بچانے کی کوشش میں لگا ہو ۔
آبرو دار (ف) ، صاحب عزت و جاہ ۔
آبِ رواں (ف) ، بہتا ہوا پانی ۔ (۲) گھوڑا ۔
آبِ رُود (ف) ، نیلوفر (۲) بید (۳) سُنبل ۔
آبِ روشن (ف) ، (۱) رواج (۲) رونق ۔
آبِ ریختن (ف) ، بے عزت اور ذلیل کرنا ۔ گرد و غبار نیچے بیٹھ جانا ۔
آبریز (ف) ، ۱۔ لوٹا (۲) چھاگل (۳) پرنالہ (۴) غسل خانے یا پاخانے کا چہ بچہ ۔ پاخانہ ۔
آبِ زدن (ف) ، چھینٹا یا تسکین دینا (۲) پانی چھڑکنا ۔
آبِ زر (ف) ، سونے کا پانی ۔
آبِ زر از دیدہ ریختن (ف) ، خون کے آنسو بہانا ۔
آبِ زُلال (ف) ، صاف پانی (۲) شیریں پانی (۳) مقطر پانی ۔
آبِ زمزم (ف ۔ ع) ، مکہ معظمہ کے ایک خاص چشمہ کا پانی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ایڑیاں مارنے سے جاری ہوا تھا ۔ اور اب تک کنوئیں کی شکل میں موجود ہے ۔
آبِ زن (ف) ، گرم پانی کا برتن جس میں بیمار کو بٹھلا کر نہلاتے ہیں ۔
آبِ زندگانی (ف) ، آبِ حیات ۔ زندگی کا پانی ۔
آبِ زندگی (ف) ، آبِ حیات ۔
آبِ زندہ (ف) ، بہتا ہوا پانی ۔
آبِ زی (ف) ، دریائی جانور ۔
آبِ زیرہ کاہ انداختن (ف) ، مکر و حیلہ کرنا ۔
آبِ سال
آبِ سالاں } (ف) ، باغ گلشن ۔
آبِ سالم (ف) ، فائدہ مند پانی ۔ ہاضم پانی ۔
آبِ سبک (ف) ، وہ پانی جس میں معدنی مواد کم ہو ۔
آبست
آبستان } (ف) ، باردار ۔ حاملہ جس کے پیٹ میں بچہ ہو ۔ پھل والا ۔
آبستن (ف) (۱) حاملہ باردار (۲) ایک قسم کا باجہ جسے بربط بھی کہتے ہیں ۔
آبستن فرزند کش (ف) ، دُنیا زمانہ (۲) زمین ۔
آبستنی (ف) ، حاملہ ۔ باردار ۔ (۲) بربط جو ایک قسم کا باجہ ہے ۔
آبستنی روز (ف) ، درد زہ کا دن ۔ جننے کا دن ۔
آبستہ (ف) ، حاملہ باردار ۔
آبِ سرخ (ف) ، شراب سرخ ۔
آبِ سناں (ف) ، آبِ پیکاں ۔
آبِ سواراں (ف) ، شراب سرخ ۔
آبِ سیاہ (ف) ، پرانی شراب (۲) سیاہ پانی (۳) گدلا پانی (۴) موتیا بند (۵) دوات کی سیاہی (۶) ایک بیماری ہے

Marfat.com

جو گھوڑے کے سُم میں پیدا ہوتی ہے (۷) جھیل - پانی کا بڑا تالاب -
آبِ سیر (ف)، تیز رفتار جانور -
آبِ سیرِ آتش فعل (ف)، تیز و تند گھوڑا -
آبِ سیہ (ف)، آبِ سیاہ -
آبشار (ف)، پانی کی چادر جو اُونچی جگہ سے زمین پر گرے - جھرنا -
آبِ شان بہ یک جو نمے رَوَد (ف)، وہ کبھی متحد نہیں ہو سکتے -
آبش بہ سبُو نانش در تنور است (ف)، یعنی اُسے ہر قسم کی فراخی حاصل ہے -
آبِ گرم (ف)، آنسو -
آبِ گرم معدنی (ف)، گندھک کی کان کا گرم پانی -
آبِ گریہ (ف)، رونے کا پانی - آنسو - اشک -
آبِ گشادن چشمہ (ف)، رونا -
آبِ گشا (ف)، گھٹیا اور ہلکے نشے کی حامل شراب -
آبِ گل (ف)، گلاب - گلاب کا عرق -
آبِ گلرنگ (ف)، سُرخ شراب - سُرخ آنسو -
آبِ گلزار رنگ } (ف)، سُرخ شراب - شراب ارغوانی -
آبِ گلگوں }
آبِ گوشت (ف)، شوربا - یخنی -
آبِ گوہر (ف)، (۱) موتیا بند (۲) گوہر کی آب و تاب -
آبگون (ف)، (۱) نشاستہ پانی میں ملا ہوا - جس سے فالودہ بنتا ہے - (۲) آسمان (۳) مانند آب (۴) خوارزم کی ایک نہر کا نام -
آبِ گون بے آب }
آبگون صدف }
آبگون طارم } (ف)، آسمان -
آبگون قفس }
آبگی (ف)، پھیکی سیاہی -
آبگیر (ف)، تالاب حوض (۲) جولاہے کا کوچ -
آبگینہ (ف)، شیشہ کانچ - بلور - (۲) آئینہ (۳) الماس (۴) شراب انگوری (۵) آنسو (۶) دلِ عاشق -
آبِ لجن (ف)، گندہ پانی -
آبِ لعل (ف)، عاشقوں کے خُون کے آنسو -
آبلوج - معرب آبلوک کا - کھانڈ - چینی - قند -
آبلوک (ف)، کھانڈ - شکر سفید - چینی - قند -
آبلہ (ف)، پھپھولا - چھالا (۲) پھنسی (۳) حباب - (۴) چیچک -
آبلہ بر پا نشکستن (ف)، عاجز و درماندہ کرنا -
آبلہ پا (ف)، جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں -
آبلہ خورد (ف)، چیچک رُو - چیچک کے داغوں والا -
آبلہ دار (ف)، چیچک رُو - پھپھولوں والا -
آبلہ در زیر پا شکستن (ف)، نہایت کم آزار ہونا -
آبلۂ دل شکستن (ف)، دل کی آگ فرو ہونا -

آبلہ رُخ فلک (ف)، آفتاب (۲) ستارے -
آبلہ رو (ف)، چیچک رُو -
آبلۂ فرنگ (ف)، آتشک -
آبلہ کوب (ف)، ٹیکہ لگانے والا -
آبلہ کوبیدن (ف)، ٹیکہ لگانا -
آبلہ کوفتن (ف)، ٹیکہ لگانا - انجکشن کرنا -
آبِ لیموں (ف)، لیموں کا عرق -
آبِ مُردہ (ف)، بند پانی -
آبِ مروارید (ف)، موتیا بند (۲) موتیوں کی چمک -
آبِ مژگاں (ف)، اشک آنسو -
آبِ مژہ (ف)، آنسو - اشک -
آبِ مُشخص (ف)، خالص پانی -
آبِ مُعلّق (ف)، معشوق کی ٹھوڑی (۲) آسمان -
آبِ مغاں (ف)، شراب - دارو -
آبِ منعقد (ف)، آبِ افسردہ -
آبِ منجمد (ف)، جما ہوا پانی (۲) شیشہ بلور کا پیالہ -
آبِ مے (ف)، مطلق شراب - برف - خنجر - تلوار -
آبِ نار (ف)، سُرخ شراب -
آبِ ناشتا (ف)، از رُوئے قاعدۂ طب صبح کو خالی پیٹ پانی پینا مضر دیتا ہے - اس لیے ہر امر ناگوار کو آبِ ناشتا کہتے ہیں -
آبنائے (ف)، اصطلاحِ جغرافیہ میں پانی کا وہ تنگ ٹکڑا جو پانی کے دو بڑے ٹکڑوں کو ملائے -
آبِ نخوردن (ف)، دیر نہ لگانا - توقف نہ کرنا -
آب ندیدہ موزہ کشیدہ (ف)، خطرہ میں مبتلا ہونے سے پہلے واویلا کرنا -
آبِ نشاط (ف)، مَرد کی منی و نُطفہ -
آبِ نُقرہ (ف)، چاندی کا پانی (۲) پارہ -
آب نورد (ف)، ملاح -
آبنوس (ف)، ایک قسم کی سیاہ لکڑی کا درخت جس سے مختلف قسم کا لکڑی کا اعلیٰ سامان تیار ہوتا ہے (۲) مچھلی کی ایک لذیذ قسم -
آبنوسی (ف)، آبنوس کی لکڑی کی بنی ہوئی چیز -
آب و تاب (ف)، چمک (۲) رونق (۳) جلوہ (۴) تر و تازگی -
آب و جاروب کشیدن (ف)، کسی کی خدمت کرنا -
آب و دانہ (ف)، اَن - جل - رزق - خوراک - دانہ پانی - کھانا پینا -
آب و رنگ (ف)، چمک دمک - صفائی - رونق -
آب و روغن (ف)، جھوٹ سچ ملی ہوئی بات - زندگی کے تمام لوازم -
آبشخور } (ف)، آبخورہ - پانی پینے کا برتن (۲) چشمہ (۳) تالاب -
آبشخورد } (۴) گھاٹ (۵) چہ بچہ (۶) قسمت (۷) روزی (۸) قیام

Marfat.com

(۹) قیام گاہ۔
آب شدن (ف)، (۱) پانی پانی ہونا - شرمندہ ہونا (۲) ذلیل ہونا - خجل ہونا (۳) گلنا پگھلنا -
آب شرم (ف)، شرمندگی کا پسینہ -
آب روشن (ف)، رونق سے مراد ہے -
آبش روشن است (ف)، عزت و اعتبار رکھتا ہے -
آبش سرد نانش گرم است (ف)، یعنی اس کا سامان معیشت اس کے خاطر خواہ بہتر ہے -
آب شش (ف)، مچھلیوں کا سانس لینے کا عضو جس کے وسیلے سے وہ پانی میں موجود آکسیجن کو جذب کرتے ہیں -
آبشم (ف)، ریشم کا کویا - کچے ریشم کا کویا -
آب شمشیر (ف)، تلوار کی چمک - تلوار کی دھار -
آب شناس (ف)، (۱) ناخدا - ملاح (۲) ماہر عالم (۳) حقیقت شناس -
آب شنگرفی (ف)، (۱) شراب سرخ - (۲) سرخ آنسو -
آب شور (ف)، (۱) کھاری پانی (۲) اشک غم (۳) سمندر کا پانی -
آبشی (ف)، بدر رو -
آب شیب (ف)، پانی کا راستہ جو اوپر سے نیچے کو بناتے ہیں -
آب شیراز (ف)، شراب - اور بعض کہتے ہیں کہ شیراز میں ایک نہر ہے -
آب صفت (ف - ع)، ۱ - بہت سفید (۲) نہایت مفید (۳) فیض رساں آدمی - متواضع -
آب طرب / آب عشرت / آب عصیر } (ف - ع)، شراب انگوری - شراب -
آب طینت (ف)، طبیعت اور سرشت -
آب عنب (ف - ع)، انگور کا رس - انگوری شراب -
آب غربت (ف - ع)، پانی جو مسافر راہ میں پیتے ہیں -
آبغورہ گرفتن (ف)، رونا - آنسو بہانا -
آب فسردہ (ف)، ۱ - برف (۲) شیشہ (۳) بلور کا پیالہ (۴) تلوار -
آب فشاندن (ف)، پانی چھڑکنا -
آبقین (ع)، آبق کی جمع - بھاگے ہوئے غلام -
آبک (ف)، ۱ - چیچک (۲) پارہ -
آب کار (ف)، ۱ - نطفہ منی (۲) کام (۳) رونق (۴) رواج -
آبکار (ف)، ۱ - کلال - شراب بیچنے والا (۲) شرابی - شراب خور (۳) نگینہ ساز (۴) سقا -
آب کردن (ف)، جامد جسم کو پانی میں حل کرنا - پگھلانا -
آبکش (ف)، ۱ - سقا (۲) کنویں میں سے پانی نکالنے والا ڈول - پانی والا (۳) پتے کی رگ جو پانی چوستی ہے -
آب کشادن دہان (ف)، منہ میں پانی بھر لانا -

آب کشادہ (ف)، شراب -
آب کشیدن (ف)، کنویں وغیرہ سے پانی نکالنا - بھیگ جانا - تر بتر ہو جانا -
آب کمان (ف)، کمان کا زور -
آب کند (ف)، زمین جس میں پانی سے گڑھے پڑ گئے ہوں -
آب کسے ریختن (ف)، کسی کی بے عزتی کرنا -
آب کور (ف)، خسیس - ذلیل - لئیم -
آب کوہہ (ف)، موج - لہر -
آب گاہ (ف)، تالاب (۲) حوض (۳) کوکھ (۴) پہلو -
آب گرد (ف)، بھنور - قعر -
آب گرد (ف)، آسمان - فلک -
آب گرداں (ف)، چھوٹی کشتی - بڑا چمچہ جو بڑی دیگ میں ہلاتے ہیں -
آب گرداندن (ف)، بیمار کے واسطے مکان اور آب و ہوا کا تبدیل کرنا -
آب گروند (ف)، آسمان فلک -
آب گرفتن (ف)، ۱ - پانی پینا - شراب پینا (۲) پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماری (۳) بہت غور و خوض کرنا - مثلاً ایں مسئلہ خیلے آب مے گیرد - یعنی اس معاملہ میں بہت غور و خوض کی ضرورت ہے -
آب گرفتن چشم (ف)، رونا - آنسو بہانا - موتیا بند کی بیماری ہونا -
آب گرفتن خانہ (ف)، گھر کا برباد اور ویران ہونا - مکر و فریب -
آب و گل (ف)، ۱ - انسان کی سرشت (۲) گارا (۳) کیچڑ (۴) انسان کا خمیر -
آبوند (ف)، پانی کا برتن - کوزہ - آبخوری -
آب و ہوا (ف)، ۱ - پانی اور ہوا (۲) موسم - رت (۳) رنگ ڈھنگ -
آبی (ع)، اِبا مصدر سے اسم فاعل ہے - نہ ماننے والا - انکار کرنے والا -
آبی (ف)، ۱ - بھیگا ہوا - تر - مرطوب - نمناک (۲) نہری یا چاہی زمین (۳) آبی رنگ (۴) ایک قسم کا انگور (۵) ایک پھل جسے بہی کہتے ہیں (۶) پانی میں رہنے والے جاندار -
آبیار (ف)، پانی دینے والا - کھیتوں اور باغوں وغیرہ کو پانی دینے والا -
آبیاری (ف)، کھیتوں وغیرہ کو پانی دینا -
آبے برآمدن (ف)، فائدہ حاصل ہونا -
آبی شدن معاملہ (ف)، بگڑ جانا معاملے کا -

## آ - ت

Marfat.com

آت (ف) گھوڑا۔ اسپ۔

آتش (ف) (۱) آگ۔ نار (۲) غضب۔ غصّہ (۳) شیطان (۴) عشق کی حرارت (۵) نرخ کی گرانی (۶) بہادر (۷) تیز مزاج (۸) مرتبہ۔ قدر (۹) رواج (۱۰) رونق (۱۱) نور۔

آتشِ آب پرور (ف) تلوار۔ آب دار۔

آتشِ آب پیکر (ف) (۱) شراب (۲) لبِ معشوق (۳) تلوار۔ (۴) شراب۔

آتش آہنگ (ف) تیز رو۔ تیز رفتار۔

آتش از آب بر آوردن / آتش از آب برافروختن (ف) عجیب و غریب کام کرنا۔ ناممکن کو ممکن کر دکھانا۔

آتش از چشم پریدن (ف) کسی صدمہ کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے چنگاریاں سی پیدا ہونا۔

آتش از چشم جستن (ف) صدمہ کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے چنگاریاں سی پیدا ہونا۔

آتش از چشم کسی گرفتن (ف) ڈرانا۔

آتش از سنگ رو بانیدن (ف) پتھر سے آگ نکالنا۔

آتش افتادن در چیزے (ف) کسی چیز کا جل جانا۔ کسی چیز کا بگڑ جانا۔

آتش افزازہ (ف) آتشبازی کی ایک قسم۔

آتش افروختن (ف) فتنہ و شورش برپا ہونا۔

آتش افروز (ف) ایک پرندے کا نام ہے جسے ققنس کہتے ہیں۔

آتش افروزی (ف) آگ روشن کرنا۔ آگ جلانا۔ فتنہ انگیزی سے کنایہ ہے۔

آتش افروزینہ (ف) دیکھیں آتش افروزہ۔

آتش افشان (ف) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

آتش انگیختن (ف) (۱) بے قرار کرنا (۲) آگ بھڑکانا۔

آتش انگیز (ف) (۱) آگ بھڑکانے والا (۲) فساد ڈالنے والا۔ (۳) آگ سلگانے کا ذریعہ۔ آگ بھڑکانا۔

آتش بار (ف) آگ برسانے والا۔

آتش باری (ف) آگ برسانا۔ دشمن پہ پے در پے توپوں کے فائر کرنا۔

آتشباز (ف) (۱) آتشبازی بنانے والا (۲) آتشبازی بیچنے والا۔

آتش بان (ف) آگ کا نگران۔ آتش کدہ کا نگران۔

آتش بانی (ف) آتش کدہ میں آگ کی نگرانی۔

آتش بجان (ف) (۱) سوزش (۲) غم (۳) محبت (۴) شوق۔ (۵) عاشق۔

آتش برانگیختن از چیزے (ف) کسی چیز کا تباہ اور برباد کرنا۔

آتش بر کردن (ف) آگ جلانا۔

آتش برگ (ف) چقماق۔

آتش بستہ (ف) سونا۔ زر۔

آتش بہ سر کسے ریختن (ف) کسی کو کوئی ضروری کام بتانا جو اس کی حالت اور اہلیت سے زیادہ ہو۔

آتش بیان (ف) (۱) با اثر مقرر۔ اعلیٰ تقریر کرنے والا (۲) تیز زبان (۳) شاعر۔

آتش بے باد (ف) (۱) شراب (۲) ظلم و جفا۔

آتش بے دود (ف) (۱) شراب سرخ (۲) سورج (۳) غصّہ۔

آتش پا (ف) تیز رفتار (۲) بے قرار برافروختہ۔

آتش پارہ (ف) (۱) تیز رفتار (۲) بے قرار برافروختہ۔

آتش پارہ (ف) (۱) انگارہ (۲) آگ کا پھول (۳) چاند (۴) شمع (۵) شوخ لڑکا (۶) شریر۔

آتش پاشیدن (ف) ظلم کرنا۔ جلدی کرنا۔ بے قرار کرنا۔

آتش پر آب (ف) انگوری شراب۔ خون کے آنسو۔ غمزدوں کے آنسو۔

آتش پرست (ف) آگ کو پوجنے والا۔ زرتشت کا پیرو۔

آتش پرستی (ف) آگ کو پوجنا۔

آتش پرور (ف) آبدار تلوار۔

آتش پنجہ (ف) کارگر۔ استاد۔ ہر فن میں ماہر۔ ہر کام میں ہوشیار و چالاک۔

آتش پیکر (ف) (۱) سورج (۲) شیطان اور جن وغیرہ۔

آتش تر (ف) (۱) شراب (۲) لبِ معشوق۔

آتش توبہ سوز (ف) شراب۔

آتش حجر (ف) لعل و یاقوت۔

آتش خاطر (ف) (۱) تیز فہم۔ زود فہم (۲) عاشق جس سے عشق کی حرکات سرزد ہوں۔

آتش خوار / آتش خوارہ (ف) (۱) ایک جانور جو کہ آگ کھاتا ہے (۲) چکور (۳) مرتشی رشوت خوار (۴) ظالم۔

آتش دادن (ف) (۱) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا (۲) کسی کو بھڑکانا۔ یا غصّہ دلانا (۳) گرم کرنا (۴) بے چین کرنا۔

آتش دان (ف) انگیٹھی۔ مجمر۔

آتش در کنار داشتن (ف) تند مزاج ہونا۔ غضبناک ہونا۔

آتش دست (ف) استاد ماہر۔ کاریگر (۲) پھرتیلا کام کرنے والا۔

آتش دستی (ف) (۱) چالاکی (۲) غلبہ (۳) جلدی۔ تیزی۔

آتش دہقاں (ف) آگ جو دہقان گرما میں سرکنڈوں میں اس لیے لگاتے ہیں کہ برسات میں گھاس اچھی اور جلدی پیدا ہو اور زمین طاقت ور ہو جائے۔

Marfat.com

آتش رز (ف) انگور کی شراب۔
آتش روز (ف) (۱) دھوپ (۲) روشنی (۳) گرمی (۴) سورج۔
آتش زبان (ف) (۱) آتش بیان (۲) فصیح (۳) شاعر (۴) بڑا لکھرار۔ زور بیان والا۔
آتش زدن (ف) (۱) چھوڑ دینا (۲) بے قرار کرنا (۳) غصہ دلانا۔
آتش زر (ف) (۱) رونق (۲) رواج۔
آتش زن } (ف) (۱) فقتش (۲) چقماق (۳) لوہا۔
آتش زنہ } جس سے آگ نکالتے ہیں (سنگ چقماق) چقماق اور جلی ہوئی چیز بتیوں کے مجموعہ کو بھی کہتے ہیں۔
آتش سخن (ف) (۱) آتش بیان (۲) غضبناک (۳) نہایت تیز و طرار
آتش سنگ (ف) یاقوت۔ لعل۔
آتش سودا (ف) عشق کی گرمی۔
آتش سیال (ف۔ ع) (۱) شراب (۲) بہنے والی آگ۔
آتش سیر (ف) تیز رفتار گھوڑا۔
آتش سیما (ف۔ ع) معشوق۔
آتش سیماب (ف) سورج۔
آتش شجر (ف) انگوری شراب۔ انار کا پھول اور ہر سرخ پھول۔
آتش شدن (ف) (۱) غضبناک ہونا (۲) خود سر ہونا۔
آتش صبح (ف۔ ع) سورج۔
آتش طبیعت (ف) تند مزاج کہ ذرا سی بات پر جوش میں آ جائے
آتش طلعت } (ف۔ ع) معشوق۔
آتش عذار }
آتش عناں (ف) تیز رفتار۔ تیزرو۔
آتش پارسی } (ف) (۱) ایران کے ایک بڑے آتشکدہ کا نام تھا۔
آتش فارسی } جس کی آگ کبھی نہ بجھنے پاتی تھی (۲) ایک بیماری کا نام۔ آتشک۔
آتش فراز (ف) ہوائی۔ آتشبازی۔
آتش فسردہ (ف) سونا۔ زر۔
آتش نعل (ف) تیز و تند گھوڑا۔
آتشک (ف) بجلی۔ برق۔ (۲) جگنو۔ کرمک شب تاب (۳) ایک مشہور مرض۔
آتش کار (ف) (۱) باورچی (۲) لوہار (۳) آتشباز (۴) جلد باز۔ (۵) غضبناک (۶) بدکار (۷) آگ کا کام کرنے والا۔
آتش کارواں (ف) وہ آگ جو قافلہ کی روانگی کے بعد منزل پر باقی رہ جاتی ہے۔
آتش کاو (ف) دست پناہ۔ آتشگیر۔ چمٹا۔
آتشکدہ (ف) (۱) انگیٹھی (۲) پارسیوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔ جہاں آگ کو پوجتے ہیں۔ پارسیوں کا معبد۔
آتش نمرود (ف) آگ کا بڑا الاؤ۔ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو خدا پرست ہونے کے باعث جھونک دیا تھا اور وہ ان کے لیے گلزار بن گئی تھی۔
آتش کردن (ف) گولی چلانا۔ فائر کرنا۔
آتش کش (ف) سیخ جس سے تنور اور بھٹی کی آگ الٹتے پلٹتے ہیں۔
آتش گاہ (ف) آتش کدہ۔
آتش گرفتن (ف) آگ لگنا۔
آتش گری (ف) دیکھو آتش کاری۔
آتش گوں (ف) سرخ رنگ۔ آگ کی مانند۔
آتش گیر } (ف) دست پناہ۔ چمٹا (۲) وہ پتلی پتلی لکڑیاں جن
آتش گیرہ } کے ذریعہ موٹی لکڑیاں جلائی جاتی ہیں۔
آتش مجسم (ف۔ ع) خنجر۔ تلوار۔ لڑائی کے اوزار۔ غصیلا۔
آتش محلول (ف۔ ع) (۱) گرم پانی (۲) گرم روغن (۳) شراب (۴) آفتاب۔
آتش مزاج (ف۔ ع) غصہ والا۔ غضبناک۔
آتش موسیٰ (ف) آتش طور۔ وہ آگ جو وادی ایمن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر روشن ہوئی۔
آتش ناک (ف) آتشیں۔ جلانے والا۔
آتش نشاندن (ف) آگ بجھانا۔ غصہ فرو کرنا۔
آتش نفس (ف) پُر شور۔ پُر سوز و گداز۔
آتش نمرود (ف) آگ کا الاؤ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کے لیے نمرود نے جلایا تھا۔
آتش نہاد (ف) وہ جو آگ کی سی طبیعت رکھتا ہو یا آگ کی طرح کا ہو۔
آتش و آب (ف) تلوار۔ خنجر وغیرہ۔
آتش ہفت خانہ (ف) سات ستارے۔ سات آسمان۔
آتش ہشت مجمرہ (ع) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔
آتشی } (ف) (۱) آگ کا بنا ہوا (۲) گرم (۳) تیز مزاج (۴) آگ
آتشیں } کا کیڑا۔
آتشیں آب (ف) شراب سرخ (۲) شراب انگوری (۳) سرخ آنسو۔
آتشیں اژدہا (ف) ستارے۔
آتشیں گل (ف) آگ کا کرہ (۲) دوزخ۔
آتشیں دم (ف) آتشیں بیان۔ فصیح شاعر۔
آتشیں دراج (ف۔ ع) آتشیں لحاف (۲) سورج۔
آتشیں رخسار (ف) معشوق۔
آتشیں زبان (ف) آتش بیان شاعر۔ فصیح۔ خوش تقریر۔
آتشیں سخن (ف) آتش بیان شاعر۔
آتشیں صدف (ف) آفتاب۔
آتشیں لباس (ف۔ ع) سرخ پوش۔
آتشیں عذار } (ف۔ ع) معشوق۔
آتشیں لب }

Marfat.com

آتشیں مار (ف) آگ کا شعلہ (۲) آہ گرم (۳) ہوائی۔
آتلیہ (فرانسیسی) (ATELIEV) درکتاب - وہ ورکشاپ جس میں چند ہنرمند افراد استاد کی زیر نگرانی کام کرتے ہوں۔
آتمسفر (فرانسیسی) (ATMOSPHERE) آب و ہوا۔
آتن (فرانسیسی) ایتھنز (ATHENS) یونان کا ایک شہر۔
آتون (ف) استانی - معلّمہ - لڑکیوں کو سینا پرونا وغیرہ سکھانے والی عورت - عورت کا رحم - بچہ دان۔
آتیہ (ع) آنے والا - آئندہ۔

# آ - ث

آثار (ع) اثر کی جمع - نشانیاں (۲) پُرانی عمارتوں کے نشان - کھنڈر (۳) نشان قدم - کھوج (۴) جو چیز وفات کے بعد باقی رہے (۵) علم تواریخ (۶) علم حدیث - (۷) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کے اقوال و افعال (۸) تاثیریں (۹) طبیعت کے خواص خاصیتیں۔
آثارِ علوی (ف) وہ آثار و نشانات جو ہوا و فضا میں نمودار ہوں جیسے کڑک - بجلی - بارش - برف - ہوا۔
آثارِ سفلی (ف) وہ آثار جو سطح زمین میں نمودار ہوں جیسے چشمے - گڑھے - پہاڑ - معدنیات۔
آثارِ خیر (ع) اچھی نشانیاں - نیک علامتیں۔
آثام (ع) اثم کی جمع - گناہ - قصور - ناجائز فعل۔
آثم (ع) مجرم - گنہگار - خطاوار۔

# آ - ج

آجال (ع) آجل کی جمع موتیں - مقررہ میعادیں مقررہ اوقات - موت کے اوقات۔
آجام (ع) اجم کی جمع - جنگلات - درختوں کے جھنڈ۔
آجُر (ع) پختہ اینٹ۔
آجُر تراش (ع - ف) معمار (۲) اینٹ کی شکل کی تراشی ہوئی چیز - اینٹ تراشنے والا۔
آجرپز (ف) اینٹ پکانے والا۔
آجرپزی (ف) اینٹ پکانے کا کام۔
آجر کاشی (ف) ٹائیل - چکنی اینٹ۔
آجل (ع) دیر میں آنے والا (۲) قیامت (۳) وقت مقررہ پر آنے والا۔
آجل (ف) اخروٹ وغیرہ جو بچے غذا کے درمیان کھاتے ہیں۔
آجودان (ف) فوجی نائب افسر۔

# آ - چ

آچا (ت) باپ (۲) دادا - نانا (۳) پُرانا نوکر - بوڑھی خادمہ۔
آچار (ف) آمیزش - ملاوٹ - ملایا ہوا (۲) ایک قسم کی کھٹاس - (۳) مشہور چیز اچار۔

# آ - ح

آحاد (ع) احد کی جمع - اکائیاں ایک سے نو تک (۲) عام لوگ۔

# آ - خ

آخ (ف) تحسین کا کلمہ - مرحبا - آفرین - شاباش - واہ واہ - (۲) فریاد نالہ۔
آختن (ف) کھینچنا - تلوار کھینچنا۔
آخِر (ع) اوّل کی ضد - پچھلا۔
آخَر (ع) دُوسرا - دیگر - اور۔
آخُر (ف) گردن کے پیچھے کی گول ہڈی (۲) ہنسلی (پنجابی ہس) (۳) گھوڑے کے گھاس کھانے کی جگہ - چرنی جسے پنجابی میں کھرلی کہتے ہیں۔
آخرُالاَمر (ع) آخرکار - انجام کار۔
آخرُالزّمان (ع) قربِ قیامت (۲) موت کا قُرب - خاتمہ کا وقت - (۳) زوال کے دن (۴) بڑھاپا۔
آخرت (ع) اخیر - انجام (۲) قیامت (۳) دُوسرا جہان۔
آخر تجلی (ع) آدمی کی پیدائش۔
آخرِ چرب (ف) عیش و عشرت۔
آخر خشک (ف) آخر چرب کا متضاد لفظ۔
آخرِ سفر (ع) موت۔
آخر سنگین (ف) جہاں دانہ پانی اور عیش و عشرت کا سامان نہ ملے۔
آخرک (ف) ہنسلی (ہس) آخُر۔
آخر کلام (ع) کلمہ توحید یعنی لاالٰہ الّا اللہ۔
آخر کلام الٰہی (ع) خُدا کا آخری کلام - خُدا کی آخری کتاب - قرآن شریف۔
آخر گز رپوست بہ بہر حال است (ف) آخروہ ہماری ہی طرف رجوع کرے گا۔
آخری چہار شنبہ (ف) ماہِ صفر کا آخری بدھ اس روز آنحضرت

Marfat.com

صلّی اللہ علیہ وسلّم بیماری سے فاقہ کے بعد سیر کو تشریف لے گئے۔
آخرین آیتی (ف) قیامت۔
آخرین تحویل (ع) قیامت۔
آخرین راعی (ف) حضرت رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔
آخشیج } آخشیک } (ف) مخالف - ضد - نقیض اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر۔
آخشیجی سرا (ف) عناصر کا جہان یعنی دنیا۔
آخور (ف) اصطبل (۲) گھوڑوں کے گھاس کھانے کی جگہ (۳) جو گھاس گھوڑے کے آگے سے بچ رہے (۴) چرنے کی جگہ۔ (۵) بیٹھنے کی جگہ (۶) گھوڑوں کے کھانے کی گھاس۔
آخورسالار } آخورچی } (ف) میر آخور - اصطبل کا داروغہ - مہتمم طویلہ۔
آخورک (ف) آخر - آخرک - ہنسلی۔
آخون } آخوند } (ف) اُستاد - معلّم

## آ - د

آداب (ع) ادب کی جمع - عمدہ اطوار - پسندیدہ روش (۲) ہر چیز کی حد اور اندازہ ملحوظ رکھنا (۳) بڑوں اور چھوٹوں کے ساتھ برتاؤ کے قاعدے۔
آدرک (ف) جزیرہ - ٹاپو - سمندر کے درمیان کی خشکی۔
آدرُ (ف) آگ - نار۔
آدرُ (ف) نشتر۔
آدرخش (ف) بجلی (۲) گرج - کڑک (۳) جاڑا۔
آدرفش (ف) چمڑے میں چھید کرنے کا سُلبہ - ستالی۔
آدام (ف) گھوڑے کی زین کا نمدہ۔
آدرنگ (ف) رنج - غم (۲) آفت (۳) محنت۔
آدم (س) تمام انسانوں کا باپ - پہلا آدمی جس سے انسان کی نسل شروع ہوئی - ابوالبشر (۲) خلق انسان (۳) لفظی معنی گندمی رنگ والا۔
آدم بآدم میرسد (س - ف) (ضرب المثل) آدمی ہی آدمی کے کام آتا ہے - آدمی کو آدمی ہی سے کام پڑتا ہے۔
آدم باز (س - ف) نٹ۔
آدم آبی (س - ف) جل مانس - پانی کا آدمی۔
آدم ثانی (س - ع) حضرت نوح۔
آدم شدن (ف) تربیت پانا اور خوب صورت بدن کا ہونا۔ اور اچھے عادات اور اخلاق حاصل کرنا - کہ آدمیت کی اصل غرض و غایت یہی باتیں ہیں۔
آدم خوار (ف) وحشی انسان جو آدمی کا گوشت کھاتے ہیں۔
آدم نمایاں (ف) پستان دار حیوانات، بندر جو انسان سے مشابہت رکھتے ہیں۔
آدم ہائے مُضرعیٰ (س - ف - ع) دعات کی مُوزنیں۔
آدمی (س - ع) انسان - آدم کی اولاد۔
آدمیت (ع) انسانیت - خلق۔
آدمیرال (انگلش) امیرالبحر۔
آدمی زاد (ف) انسان - بشر۔
آدمی سیرت (ف) خوش اخلاق۔
آدیش (ف) آدش - آتش - آگ۔
آدینہ (ف) جمعہ کا دن۔
آدینہ بازار (ع) جمعہ کے روز بعد از نماز جمعہ جو بازار لگتا ہے۔ جمعہ بازار۔

## آ - ذ

آذار (ف) ایک رومی مہینے کا نام جو چیت کے لگ بھگ ہوتا ہے۔
آذرُ (ف) آذار - ایک رومی مہینے کا نام۔
آذرُ (ف) آگ (۲) نام فرشتے کا جو سُورج پر موکّل ہے (۳) شمسی سال کے نویں مہینے کا نام (۴) ہر شمسی مہینے کا نواں دن۔
آذرآبادگان } (ف) آذربائیجان اس کا معرب ہے۔
آذربائیجان } (ع) ایران کے شمال میں ایک ملک ہے - جس کا پایہ تخت تبریز ہے - یہاں بہت بُت خانے تھے - اس لیے یہ نام پایا۔
آذرپرست (ف) مجوسی - آتش پرست - آگ کو پُوجنے والے۔
آذرپیر (ف) آتش کدہ۔
آذرجشن (ف) وہ جشن جو قدیم ایرانی آذر کے مہینے میں کیا کرتے تھے - اور آتش کدہ میں اکٹھے ہوا کرتے تھے۔
آذرخرداد (ف) پارسیوں کے ایک بڑے آتش کدہ کا نام۔
آذرنگ (ف) آگ (۲) روشن (۳) نورانی - (۴) ہلاکت (۵) سختی (۶) محنت (۷) رنج۔
آذُقہ } آذوقہ } (ع) تھوڑی خوراک۔
آذین (ف) آئین بندی - سجاوٹ - کسی جلوس یا تہوار وغیرہ کے موقع پر شہر اور بازار کی آرائش۔

Marfat.com

# آ - ر

**آر** (ف) لاؤ - لے آؤ - لا - آوردن مصدر سے فعل امر۔

**آرا** (ف) آراستہ کرنے والا - سجانے والا۔

**آراء** (ع) رائے کی جمع - فہم کی رسائی (۲) فہم - عقل - (۳) اعتقاد۔

**آراب** (ع) ارب کی جمع - عضو - اصطلاح شرع میں جسم کے سات مقامات جو سجدہ کرتے وقت زمین پر لگتے ہیں - پیشانی، دو ہتھیلیاں - سر، زانو - پاؤں کے دونوں انگوٹھے۔

**آرابہ** (ف) چھکڑا - گاڑی باربرداری کی۔

**آراد** (ف) ہر شمسی مہینہ کی پچیسویں تاریخ (۲) اور اس فرشتہ کا نام جو اس تاریخ پر مؤکل خیال کیا جاتا ہے۔

**آراستگی** (ف) سجاوٹ - زیبائش - بناؤ سنگار۔

**آراستن** (ف) سجانا - سنوارنا (۲) آراستہ ہونا - سجنا۔

**آراستہ** (ف) سجایا ہوا - سجا ہوا (۲) بُت خانہ۔

**آرام** (ف) چین - سکھ (۲) قرار - سکون (۳) طاقت (۴) قیام - (۵) اطاعت۔

**آرامش** (ف) آرام - فراغت - راحت - آسائش۔

**آرام پسند** (ف) آرام طلب

**آرام جان** (ف) معشوق - محبوب - دلدار - پیارا (۲) اولاد۔

**آرام طلب** (ف) آرام چاہنے والا - سست - آرام پسند۔

**آرام گاہ** (ف) سکھ کا مقام - چین کی جگہ۔

**آرام گرفتن** (ف) آرام لینا۔

**آرام یافتن** (ف) آرام کرنا۔

**آرامیدن** (ف) کسی کو آرام دینا - آرام پہنچانا۔

**آران** (ف) کاشان کے نواح میں ایک گاؤں ہے کہ وہاں کا گدھا بہت بڑا اور طاقتور ہے۔

**آرانی** (ع) مثال کے طور پر گدھے کو کہتے ہیں - آران سے تعلق رکھنے والا۔

**آرائے** (ف) آرا - آرائش کرنے والا۔

**آرائیدن** (ف) آراستہ کرنا - سنوارنا۔

**آرائش** (ف) سجاوٹ - زیبائش۔

**آرائش خورشید** (ف) خسرو پرویز کے درباری گویے کی پہلی تُمر کا نام۔

**آرائش گاہ** (ف) حجام کی دکان - آرائش کا کمرہ۔

**آرائش گر** (ف) آرائش کنندہ۔

**آرد** (ف) آٹا۔

**آردبیز** (ف) چھلنی۔

**آرزم** (ف) جنگ - لڑائی - معرکہ۔

**آرزو** (ف) خواہش - اُمید - تمنا۔

**آرزو انگیز** (ف) اشتہا آور۔

**آرزو بُردن** (ف) اُمید رکھنا۔

**آرزو خواہ** (ف) آرزو مند۔

**آرزو در جگر شکستن** (ف) آرزو کا پورا نہ ہونا۔

**آرزو در دل شکستن** مقصد حاصل نہ کرنا - خواہش کا پورا نہ ہونا۔

**آرزو سوختن** اُمید نہ بر آنا۔

**آرزو مند** (ف) خواہش مند - خواہش رکھنے والا عاشق۔

**آرمان** (ف) ارمان - خواہش - آرزو - حسرت۔

**آرمیدن** (ف) سستانا - آرام کرنا - آرام پانا۔

**آرنج** (ف) کہنی - بازو - مرفق۔

**آرندہ** (ف) لانے والا - کسی چیز کا لانے والا۔

**آروغ** (ف) ڈکار۔

**آروق** (ف) آروغ کا معرب - ڈکار۔

**آروغیدن** (ف) ڈکار لینا - ڈکار مارنا۔

**آرہ** (ف) دانتوں کی جڑ۔

**آرے** (ف) ہاں۔

# آ - ز

**آز** (ف) لالچ - طمع - حرص (۲) ایک شہر کا نام۔

**آزاد** (ف) رہا (۲) بے تعلق (۳) مجرد (۴) خلاص - بے قید - حُر - جو کسی کا غلام یا پابند نہ ہو (۵) بے عیب (۶) بکائن کا درخت (۷) طوسن سفید۔

**آزادزاد** (ف) نجیب زادہ - شریف زادہ۔

**آزاد سرو** (ف) ایک شخص کا نام - جس سے فردوسی نے رستم کے مارے جانے کا قصہ سُن کر نظم کیا۔

**آزاد طبع** (ف - ع) آزادہ رو (۲) دنیا سے بے تعلق - بے لوث۔

**آزاد کام** (ف) آزاد و مختار۔

**آزاد کامی** (ف) آزادی و خود مختاری۔

**آزاد کرد** (ف) آزاد کردہ - آزاد شدہ۔

**آزادگان** (ف) آزاد کی جمع - بے تعلق آدمی صوفی - درویش (۲)

**آزاد مرد** (ف) جو دنیا سے بے تعلق ہو (۲) کامل۔

**آزاد مردی** (ف) جوانمردی (۲) خود مختاری (۳) آزادی (۴) خودسری۔

**آزاد میوہ** (ف) مٹھائی کی ایک قسم جو مغز بادام، پستہ اور قند یا شکر یا شہد سے بناتے ہیں۔

**آزادفش** (ف) آزاد مرد - جواں مرد۔

**آزادہ** (ف) جو شخص دنیا سے بے تعلق ہو

**آزادی** (ف) بے قید ہونا (۲) خود مختاری (۳) بے تعلق ہونا۔

Marfat.com

(۴) بے عیب ہونا (۵) حرمت (۶) شکر و سپاس۔
آزار (ف) بیماری (۲) تکلیف۔ رنج۔ دُکھ (۳) رُومیوں کے چھٹے مہینے کا نام۔
آزاردن (ف) ستانا۔ تکلیف دینا (۲) بُرا کہنا (۳) ظُلم کرنا۔
آزاری (ف) دُکھیا۔ بیمار۔ رنجیدہ۔
آزدن (ف) چھیدنا (۲) چبھونا (۳) رنگنا۔
آزر (ف) آزار کا مخفف بمعنی کج طبعی۔
آزر (ع) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام جو بُت گر تھا۔ اور بعضوں کے نزدیک آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا چچا تھا جس نے ان کے باپ "تارخ" کے بعد ان کی پرورش کی تھی۔
آزردگی (ف) ناراضگی۔ رنجش۔ رنجیدگی۔
آزُردن (ف) رنجیدہ کرنا۔ ستانا۔
آزُردہ (ف) رنجیدہ۔ ستایا ہوا۔ دُکھیا۔
آزردہ پُشت (ف) کُبڑا۔ کوزہ پشت (۲) زخمی پیٹھ والا جانور۔
آزُردہ جان (ف) رنجیدہ۔ دل تنگ۔
آزُردہ خاطر (ف) رنجیدہ۔ ملول۔ دل تنگ۔
آزرم (ف) حیا۔ شرم (۲) نرمی (۳) رحم۔ شفقت (۴) راحت۔ (۵) عزّت (۶) بندگی (۷) صلح (۸) عدل (۹) رنج۔ غم۔ (۱۰) گناہ (۱۱) آشکارا۔
آزرم جوئے (ف) صُلح جو۔
آزرمگیں (ف) باحیا۔ باشرم۔ شرمسار۔
آزرمناک (ف) باشرم۔ باحیا۔
آزرم و آب (ف) عزم و عزّت۔ حیا و آبرُو۔
آزرمی دُخت (ف) خسرو پرویز کی بیٹی۔ اور ایران کی ایک ملکہ کا نام۔ جو اپنی بہن پوران دخت کے بعد ایران کے تخت پر بیٹھی۔
آزمائش (ف) آزمانا۔ پرکھنا۔ تجربہ۔ امتحان۔
آزمند (ف) لالچی۔ حریص۔ طامع۔
آزمُودن (ف) آزمانا۔ جانچنا۔ تجربہ کرنا۔ امتحان کرنا۔
آزمون (ف) آزمائش۔ تجربہ۔ امتحان۔ جانچ۔
آزوُر / آزدَر } (ف) لالچی۔ حریص۔ طامع۔
آزُوقہ (ع) تھوڑی غذا (۲) چوگا۔ یعنی دانہ جو پرندے بچوں کو کھلاتے ہیں۔

## آ - ژ

آژان (فرانسیسی) (AGENT) نمایندہ۔ کارگزار۔
آژانس۔ معاملات (فرانسیسی) (BUSINESS AGENCY) آڑھت۔
آژود (ف) چھوٹے کا نشان (۲) شکن۔
آژند (ف) گارا۔
آژنگ (ف) جھُرّیاں۔ پیشانی اور چہرے کی شکن۔

## آ - س

آس (ع) ایک درخت کا نام جسے فارسی میں مورد کہتے ہیں اور اسی کا پھل حب الآس کہلاتا ہے۔
آس (ف) چکی (۲) آتش کا اکا۔
آسا (ف) مثل۔ مانند (۲) قاعدہ۔ طرف۔ روش (۳) جمائی (۴) وقار۔ (۵) ہیبت (۶) آسائیدن کا امر بھی ہے۔ یعنی آرام کر۔
آسال (ف) بنیاد۔ جڑ۔
آسام (ف) آماس کا مقلوب۔ ورم۔ سوجن۔
آسام۔ ایک ملک کا نام جو بنگال کے شمال مشرق میں ہے۔
آسان (ف) مشکل کی ضد۔ سہل۔ سہج۔
آسان کار (ف) چابک دست۔ مشاق۔
آسان گزار (ف) تن آسان۔ آرام پرست۔
آسانی (ف) سہولت۔
آسائش (ف) راحت۔ آرام۔ چین۔ سکھ۔
آسائش گاہ (ف) جائے آسائش۔ سینے ٹوریم
آسائیدن (ف) آسودہ ہونا۔ آرام کرنا۔
آستان (ف) دہلیز (۲) بادشاہوں کی بارگاہ۔
آستان برخاستن (ف) برباد ہونا۔ (۲) بلندی (۳) دولت۔ (۴) رُتبہ۔
آستان برخاست و افتاد (ف) دنیائے ناپائیدار۔
آستان عدم (ف) دنیائے فانی۔
آستانِ فنا (ف) دُنیا۔ جہان۔
آستانہ (ف) آستان کا مرادف (۲) مزار شریف۔
آستانۂ گردوں (ف) آسمانِ اوّل۔
آستی / آستین } (ف) آستین کا مخفف۔ بانہہ۔
آستین از دُور برداشتن (ف) آواز دینا۔ خبردار کرنا۔
آستین از دُور بوسیدن (ف) کمال ادب بجالانا۔ آستین چُومنا۔ ہاتھ چومنے کے قائم مقام ہے جو امراء اور سلاطین کے لیے قدیم الایام سے دستور چلا آتا ہے۔
آستین از دہن برداشتن (ف) ہنسنا۔
آستین افشاندن (ف) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ رد کرنا۔ (۲) منع کرنا۔

Marfat.com

(۲) منع کرنا (۳) کشش کرنا - انعام دینا (۴) رقص و سماع کرنا (۵) تحسین و آفرین کرنا - بے حد خوش ہونا - بہت مسرور -

**آستین افشاندن از چیزے** / **آستین افشاندن بر چیزے** } (ف) کسی چیز کا ترک کرنا -

**آستین بر جبیں کشیدن** } (ف) دلاسا دینا -
**آستین بر چشم کشیدن** } تسلی دینا - ملامت کرنا -
**آستین بر دل کشیدن** } غم خواری کرنا -
**آستین بر دیدہ کشیدن** } نرمی کرنا -

**آستین بر چیدن** / **آستین بر زدن** } (ف) آمادہ ہونا - مستعد ہونا -

**آستین بر رخ کشیدن** (ف) منہ ڈھانپ لینا - اظہارِ نفرت کرنا -
**آستین بر گناہ کشیدن** (ف) معاف کرنا - گناہ معاف کر دینا -
**آستین بسر کشیدن** (ف) منہ ڈھانپ لینا -
**آستین پارہ** (ف) افلاس - مفلسی -
**آستین تر داشتن** (ف) بہت رونا - زار زار رونا -
**آستین زدن** (ف) چھوڑ دینا - ترک کرنا (۲) منع کرنا -
**آستین شستن** (ف) بہت رونا -
**آستین شکستن** (ف) کسی چیز کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا -
**آستین فشاندن** (ف) ترک کرنا - رد کرنا (۲) منع کرنا -
**آستین کہنہ** (ف) مفلس - کنگال -
**آستین نالیدن** (ف) کسی کام کے لیے آمادہ ہونا -
**آستین نداشتن** (ف) نہایت مفلس ہونا -
**آستینہ** (ف) تخم مرغ -
**آسخانہ** (ف) چکی گھر -
**آسدست** (ف) ہاتھ سے چلنے والی آٹے کی چکی -
**آسک** ( ) ہاتھ کی چکی -
**آس کردن** ( ) چکی میں پیسنا -
**آسگون** (ف) چکی کی مانند -
**آستین نمودن** (ف) رعنائی اور شان و شوکت کا اظہار کرنا -
**آسمان** (ف) مرکب ہے - آس بمعنی چکی اور مان مخفف ہے مانند کا - یعنی چکی کی مانند - حکیم بطلیموس کی رُو سے چونکہ زمین ساکن اور آسمان متحرک خیال کیا جاتا تھا - اس لیے اُسے چکی کی مانند یعنی چکی کا بالائی پاٹ کہا گیا - فلک - آکاش - وہ نیلی نیلی چھت جو زمین کے گرد محیط ہے - منتہائے نظر (۲) موت کا فرشتہ - (۳) زمانہ (۴) قدرت (۵) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جس کے بدن پر دھبے بالکل اس طرح ہوتے ہیں - جیسے آسمان پر کہیں کہیں چھوٹے چھوٹے اور پتلے پتلے بادل ہوں -
**آسمان بریں** (ف) فلک الافلاک - نواں آسمان -
**آسمان بزمین دوختن** (ف) بڑا قادر انداز ہونا - تیر اندازی میں کمال قدرت رکھنا - سیٹی مارنا -
**آسمان از کجا و ریسمان از کجا** (ف) عجیب بات کہنا - پوچھی زمین کی تو کہی آسمان کی -
**آسمان بر سرش مے گردد** (ف) وہ ایک بڑی بھاری مصیبت میں گرفتار ہے -
**آسمان بلیسہ** (ف) ابر آلود آسمان -
**آسمان خراشش** (ف) بہت بلند عمارت - فلک بوس -
**آسمان در چشم کسے ریسمان بودن** (ف) بے تمیزی -
**آسمان درہ** (ف) کہکشاں -
**آسمان را بابر پوشیدن** (ف) ایسی ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا جس کا پوشیدہ رہنا ناممکن ہو -
**آسمان را بزمیں آوردن** (ف) ناممکن کام کرنا -
**آسمان روز** (ف) ہر شمسی مہینے کی ۲۷ ویں تاریخ -
**آسمان سنگ** (ف) آسمانی پتھر - شہاب -
**آسمان سوراخ شدن** (ف) کوئی سخت حادثہ ہونا -
**آسمان غرلو** (ف) بادل کی گرج - بجلی کی کڑک - رعد -
**آسمان قرقرہ** (ف) رعد - کڑک -
**آسمانہ** (ف) مکان کی چھت -
**آسمانی** (ف) آسمان سے تعلق رکھنے والا - منسوب بہ آسمان (۲) نیلا رنگ (۳) ہوائی آتشبازی -
**آسودگی** (ف) بے فکری - آرام - سکھ - چین - امن - صلح -
**آسودن** (ف) آسودہ ہونا - آرام پانا (۲) سونا -
**آسودہ** (ف) خوشحال - فارغ البال (۲) سویا ہوا -
**آسی** (ف) غمناک (۲) طبیب -
**آسیا** (ف) چکی -
**آسیاب** (ف) پن چکی -
**آسیاب بادی** (ف) پون چکی - ہوا سے چلنے والی چکی -
**آسیاب بخار** (ف) آٹا پیسنے کی مشین - دخانی چکی - بھاپ کے زور سے چلنے والی چکی -
**آسیائے فلانی باب چشمہ خضر واز آب طلا مے گردد** (ف) یعنی وہ کمال ناز و نعمت اور دولت میں ہے -
**آسیاکدہ** (ف) جہاں چکی لگی ہو -
**آسیب** (ف) دُکھ (۲) درد (۳) چوٹ (۴) دھکا (۵) بھوت (۶) جن پری (۷) جن وغیرہ کا سایہ -
**آسیب زدہ** (ف) آسیب کا مارا ہوا - جن وغیرہ کے سائے والا -
**آسیب کار** (ف) موذی - ظالم -
**آسیب و آزرم** (ف) غضب و غصے سے مراد ہے -
**آسیشان** (انگریزی) ( ASSIST ) معاون - مددگار -
**آسیمہ** (ف) سراسیمہ - پریشان - حیران -
**آسیمہ سار** (ف) سراسیمہ - پریشان - مضطرب -
**آسیہ** (ف) فرعون کی بیوی کا نام جو حضرت موسیٰ کو سچا پیغمبر مانتی اور ہمیشہ ان کی حمایت کرتی رہی - اور آخر اسی لیے فرعون کے حکم سے قتل کی گئی - یہی وجہ ہے کہ مقدس عورتوں میں شمار ہوتی ہے -

Marfat.com

# آ - ش

آش (ف) پتلی پکی ہوئی چیز جسے پی سکیں۔
آشام (ف) قوت لایموت - نہایت تھوڑی غذا جس کے کھانے سے سیری تو نہ ہو - مگر زندگی باقی رہے (۲) چاولوں کی پیچھ (۲) آشامیدن یعنی پینا کا امر۔
آش پختن (ف) کسی کے ستانے کی عمدہ تدبیر کرنا۔
آش پز (ف) باورچی۔
آش پز خانہ (ف) باورچی خانہ۔
آش تو در کاسۂ تست (ف) یعنی تیرا نصیب اور قسمت تیرے پاس ہے۔
آشتی (ف) صلح و امن۔
آشتی پذیر (ف) قابل صلح۔
آش جو (ف) ماء الشعیر - جو کو جوش دیا ہوا پانی جو مریض کو بجائے خوراک پلاتے ہیں۔
آشخانہ (ف) مطبخ - باورچی خانہ۔
آش خیر (ف) کھانا جو اللہ کے نام پر مساکین اور غربا کو دیا جائے۔
آشفتگی (ف) بدحالی - خفگی - پریشانی - پراگندگی۔
آشفتن (ف) پریشان کرنا - پریشان ہونا۔
آشفتہ / آشفتہ حال (ف) پریشان - خراب حال (۲) عاشق۔
آشفتہ بخت (ف) بدبخت - بدنصیب - تیرہ بخت۔
آشفتہ خو (ف) تند خو۔
آشفتہ دل (ف) پریشان - مضطرب۔
آشفتہ روئے (ف) بدحواس - پریشان عقل۔
آشفتہ روز (ف) بدنصیب - بدحال - کم بخت۔
آشفتہ ساماں (ف) فقیر - تہی دست۔
آشفتہ ہوش (ف) مخبوط الحواس۔
آشکار / آشکارا / آشکارہ (ف) ظاہر - کھلا ہوا۔
آشکار ساز (ف) ظاہر کرنے والا۔
آشماکی (ف) چاپلوسی - خوشامد (۲) بے غیرتی دیوثی - بیٹھو جو خوشامد گوئی کریں اور پھر اسی جگہ لیٹ رہیں۔
آشنا (ف) جان پہچان والا - دوست - واقف (۲) تیراک۔
آشناب / آشناگر / آشناو / آشناور / آشناہ (ف) تیراک - شناور - پیراک۔
آشنائی دادن (ف) پہلی دوستی جتانا - کسی کو پہلی شناسائی کا پتہ دینا۔
آشوب (ف) بیماری - دکھ - فتنہ - گھبراہٹ - شور و غوغا - شور و شر۔
آشوبیدن (ف) خفا ہونا - (۲) پریشان ہونا (۳) پریشان کرنا۔
آشوردن (ف) خمیر کرنا (۲) مرکب کرنا - ملانا۔
آشوفتن (ف) پریشان ہونا یا کرنا۔
آشیاں / آشیانہ (ف) گھونسلا (۲) چھت۔
آشیئنہ (ف) مرغی کا انڈا۔

# آ - ص

آصال (ع) اصیل کی جمع - اوقاتِ شام۔
آصرہ (ع) جو دو اشخاص کے درمیان محبت و عاطفت کا سبب بن جائے اس کی جمع اواصر ہے۔
آصف (ع) حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر کا نام (یعنی آصف بن برخیاہ)

# آ - غ

آغا - ایران میں یہ لفظ عورتوں کے لیے استعمال ہوتا ہے - مردوں کے لیے استعمال کرنا ٹھیک نہیں۔
آغاج (ت) درخت - لکڑی - فرسنگ۔
آغار (ف) گوندھی ہوئی مٹی یا مہندی وغیرہ (۲) نمدار (۳) ملائی ہوئی۔
آغاریدن (ف) گوندھنا (۲) بھگونا - تر کرنا - (۳) ملانا۔
آغاز (ف) شروع - ابتدا (۲) ارادہ (۳) آواز۔
آغازہ (ف) ستالی - چمڑے میں چھید کرنے کا اوزار۔
آغازگر (ف) آغاز کرنے والا - ابتدا کرنے والا - گھوڑ دوڑ کی اصطلاح میں وہ شخص جو گھوڑ سواروں کو حرکت کا حکم دے۔
آغازیدن (ف) شروع کرنا (۲) ارادہ کرنا - ابتدا کرنا۔
آغال / آغالش (ف) بھڑکانا - ورغلانا - آمادۂ فساد کرنا۔ (۲) بکریوں کے رہنے کی جگہ۔
آغالیدن (ف) بھڑکانا - لڑائی کے لیے آمادہ کرنا (۲) لڑانا۔
آغشتن (ف) لتھیڑنا - تر کرنا - آلودہ کرنا۔
آغشتہ (ف) آلودہ - لتھڑا ہوا۔
آغل - آغول (ف) بھیڑوں کے رات کو بند کرنے کا باڑا۔
آغندن (ف) کوئی چیز زور سے پُر کرنا۔

Marfat.com

آغوز (ف) حرکت (۲) سفر - ایران میں جب کوئی سفر کو جائے یا واپس آئے تو اس کے احباب کہتے ہیں "آغوشما بخیر" یعنی تمہارا سفر مبارک ہو۔

آغوز (ف) بکری کی پیوسی - کھیس - کھیچ (پنجابی) بوہلی -

آغوش (ف) بغل - گود (۲) غلام - کنیز - بندہ -

آغوشیدن (ف) گود یا بغل میں لینا۔

# آ - ف

آف (ف) سورج (۲) مشک نافہ والا ہرن -

آفات (ع) آفت کی جمع - بلائیں - مصیبتیں - تکالیف -

آفاق (ع) افق کی جمع - آسمان کے کنارے (۲) دنیا -

آفاق گیر (ع - ف) دنیا کو لینے والا - بادشاہ -

آفت (ف) بلا - دکھ - مصیبت -

آفتاب (ف) سورج (۲) دھوپ - سورج کی ٹکیہ (۳) دن - مرکب ہے - آب و تاب سے - یعنی پانی پر چمکنے والا - آف کے معنی سورج کے ہیں - اس لیے آفتاب بمعنی مطلق سورج بھی ہو سکتے ہیں (۴) رخسار معشوق (۵) شراب -

آفتاب بام (ف) قریب مرگ۔

آفتاب برلب بام (ف) مرنے کے قریب - قریب مرگ -

آفتاب برلب بام بودن
آفتاب برلب بام رسیدن
آفتاب بر کوہ رفتن
آفتاب بکوہ رفتن خواستن
(ف) عمر و دولت اور اقبال و زندگانی کا اختتام پر پہنچنا۔

آفتاب بگل اندودن (ف) ایسے امر کو چھپانے کی کوشش کرنا جس کا چھپانا ممکن نہ ہو۔

آفتاب پس دیوار
آفتاب پس کوہ
(ف) شام کا وقت - شام -

آفتاب خاطر (ف) روشن دل آدمی -

آفتاب خوبے بود (ف) محاورہ دھوپ اچھی تھی -

آفتاب خوردن (ف) سورج کا اثر قبول کرنا - (۲) محنت یا تکلیف اٹھانا - دھوپ سینکنا - دھوپ میں خشک کیا ہوا -

آفتاب دادن (ف) سکھانا - دھوپ دینا -

آفتاب رو (ف) وہ مکان جس کا منہ مشرق کی طرف ہو۔

آفتاب زدہ (ف) وہ شخص جس کو آفتاب زدگی کی بیماری ہو۔

آفتاب زدگی (ف) دھوپ میں زیادہ دیر رہنے کی وجہ سے بدن کی جلد کا جھلس جانا - لو لگ جانا -

آفتاب زرد (ف) شام کے قریب کا وقت -

آفتاب سایہ (ف) ایسی جگہ جہاں سایہ بھی ہو اور تھوڑی دھوپ بھی آتی رہے -

آفتاب سر دیوار
آفتاب سر کوہ
(ف) عمر و دولت کے اختتام کا وقت -

آفتاب سنج (ف) کسی جگہ پر سورج کے درجہ حرارت معلوم کرنے کا آلہ -

آفتاب سوار (ف) جو علی الصباح اٹھ کر خدا کی عبادت کرے - سحر خیز -

آفتاب گرداں (ف) شامیانہ - سائبان - دھوپ سے بچانے والا خیمہ -

آفتاب گردش (ف) مشرق سے مغرب تک کہ آفتاب کے پھرنے کی جگہ ہے -

آفتاب گرفتن (ف) کسوف - سورج کو گہن لگنا -

آفتاب گیر (ف) چھتری (۲) سائبان -

آفتاب لقا (ف) جس کا چہرہ سورج کی طرح چمکتا ہو -

آفتاب محمولی (ف) تلوار -

آفتاب و مہتاب بگل اندودن
آفتاب و مہتاب بگل پوشیدن
(ف) کسی نہایت ظاہر امر کے اخفا کا ارادہ کرنا -

آفتابہ (ف) لوٹا -

آفتابی شدن (ف) ظاہر ہونا -

آفتابی کردن (ف) آباد کرنا -

آفتابی نمودن (ف) اعلان عام کرنا -

آفت دیو (ف) مرگی - صرع -

آفرازہ (ف) شعلہ آتش -

آفردزہ (ف) چراغ کی بتی -

آفریدگار (ف) پیدا کرنے والا - خالق خدا -

آفریدن (ف) پیدا کرنا -

آفریدون (ف) فریدوں - شاہ ایران -

آفریں (ف) مرحبا - شاباش - دعا - کلمہ تحسین -

آفریں خانہ (ف) وہ جگہ جہاں نماز پڑھتے ہیں اور پروردگار کی عبادت کرتے ہیں -

آفرینش (ف) پیدائش - خلقت -

آفریں خواں
آفریں گر
آفریں گرا
آفریں گو
(ف) شاباش کہنے والا - دعا گو -

آفگانہ (ف) سقط حمل -

آفگانہ کردن (ف) سقط حمل کرنا -

آفرینندہ (ف) پیدا کرنے والا - خالق - خدا -

آفند (ف) جنگ - لڑائی - دشمنی -

آفندیدن (ف) جنگ کرنا - جھگڑا کرنا -

# آ - ق

Marfat.com

آقا (ت) مالک - صاحب - آغا - جناب -
آقا رضا خاں پہلوی (ف) دیکھو رضا خاں پہلوی -
آقاسی (ت) دیوان خانے کا مہتمم -
آق پر / آقا پر } (ف) سفید پتی کی چینی چائے -
آقچہ (ت) اشرفی (۲) روپیہ (۳) شگوفے - کلیاں -
آقشام (ت) غروب - وقتِ غروب آفتاب - شام کا وقت -

## آ - ک

آکا (ت) بڑا بھائی - کلمہ - خطاب -
آکو (ف) اُلّو -

## آ - گ

آگاہ (ف) خبردار - واقف - ہوشیار -
آگاہی (ف) واقفیت - خبرداری -
آگندن (ف) بھرنا - پُر کرنا - لتھڑنا -
آگندہ گوش (ف) کسی کی نصیحت نہ سُننے والا -
آگیدن (ف) پُر کرنا - بھرنا -
آگور (ف) پکی اینٹ -
آگورگر (ف) اینٹ پکانے والا -
آگوشش (ف) آغوش - گود - بغل (۲) غلام کنیزک -
آگون (ف) ٹیڑھا - سرنگوں -
آگین (ف) پُر - بھرا ہوا (۲) تکیوں میں اُبھرنے کے پر یا روئی -

## آ - ل

آل (ف) گلابی (۲) سُرخ (۳) مچھلی کی ایک قسم جس پر گول گول چانے ہوتے ہیں (۴) گھوڑا (۵) عورتوں کی زچگی کا مرض (۶) شراب (۷) ایک جانور -
آل (ع) اولاد (۲) اہل و عیال (۳) بیٹی کی اولاد (۴) وارث - (۵) سراب (۶) ایک پہاڑ (۷) اطرافِ کوہ (۸) خیمہ کی چوب -
آل (ت) مُہر پادشاہی -
آلا (ع) اِلا کی جمع - نعمتیں (۲) نیکیاں -
آلات (ع) آلہ یا آلت کی جمع (۲) کسی چیز کے حصول کا ذریعہ - اوزار - ہتھیار (۳) چوب ہائے خیمہ -

آل آجیل (ف) کھانے کے دانے -
آلاشں (ف) کوئلہ -
آلاف (ع) الف کی جمع ہزارہا -
آلام (ع) الم کی جمع دُکھ - درد کی جمع - بیماریاں - تکلیفیں - مصیبتیں -
آلامودی (ف) ایک درخت کا نام جو مازندران کے جنگلوں میں اُگتا ہے - اس کے پتے دندانہ دار ہوتے ہیں اور پھول سفید ہوتے ہیں - اس کا پھل خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور کھایا جاتا ہے -
آلان (ف) گرجستان کے ایک علاقے کا نام -
آلانی (ف) آلان کا رہنے والا - منسوب بہ آلان -
آلاو (ف) شعلہ آتش -
آلائیدن (ف) لتھڑنا (۲) لتھیڑنا -
آلائش (ف) آلودگی (۲) عیب (۳) خیانت - گنہگاری -
آلش کردن (ف) لباس تبدیل کرنا -
آلفتہ (ف) رندمشرب - بے باک -
آلو بالو (ف) ایک میوہ -
آلوچہ (ف) مشہور میوہ -
آلودن (ف) لتھڑنا - لتھیڑنا -
آلودہ (ف) لتھڑا ہوا -
آلودہ دامن (ف) بدکار - گنہگار - فاسق -
آلہ (ع) سامان - ہتھیار - مشین خواہ کسی قسم کی ہو -
آلۂ جہیر الصّوت (ف) آلہ جس کی مدد سے دھیمی اور باریک آواز بہت بلند ہو کر سنائی دیتی ہے (لاؤڈ سپیکر)
آلۂ حفظِ صوت / آلۂ حبسِ صوت } (ع) فونوگراف -
آلہہ (ع) خدایان -

## آ - م

آماتور (فرانسیسی) شائق - شوقین - شوق سے کام کرنے والا نہ کہ پیسے کمانے کی خاطر -
آماج (ف) تیر کا نشانہ (۲) فاصلہ جو تیر کے چھوٹنے کی جگہ یعنی کمان سے اس کے گرنے کی جگہ تک ہو (۳) ہل کا پھالا -
آماج گاہ (ف) نشانہ لگانے کا مقام -
آمادن (ف) آمادہ کرنا (۲) آمادہ ہونا - تیار کرنا - تیار ہونا (۳) بھرنا (۴) بھر جانا (۵) بنانا - (۶) بنایا - بانا - (۷) مہیا کرنا - (۸) ملانا (۹) ملا ہوا ہونا (۱۰) آراستہ کرنا (۱۱) آراستہ ہونا -
آمادہ (ف) تیار - موجود - مہیا -
آمار / آمارہ } (ف) نہایت جستجو اور طلب کرنا - (۲) حساب - (۳) استسقا کا مرض -

Marfat.com

آمارہ گیر (ف) حساب لینے والا - محاسب -
آمارشناس (ف) ماہر اعداد و شمار -
آماس (ف) سُوجن - ورم -
آماق (ع) اُمق یا موق کی جمع - آنکھوں کے کونے -
آمال (ع) آمل کی جمع - اُمیدیں -
آماہ (ف) ورم - سُوجن -
آمپیر (ف) برقی رو کی اکائی -
آمپیر سنج (ف) امیرپیا -
آمد (ف) آیا (۲) آمدنی -
آمدی (ف) شہرِ آمد سے منسوب -
آمدن (ف) آنا (۲) سمانا (۳) آمدنی -
آمدن کار / آمد کار } (ف) اقبال مندی اور عروج کار -
آمد و رفت / آمد و شد } (ف) آنا جانا (حاصل مصدر ہے)
آمدہ (ف) زیبا خوش اندام - خوبصورت -
آمدہ بہ مُوسے تواں کشید (ف) آنے والے چیز کو ذرا سی کوشش سے حاصل کر سکتے ہیں -
آمِر (ع) حاکم حکم کرنے والا -
آمرانہ (ع - ف) حاکموں کی طرح -
آمُرزِش (ف) معافی - بخشش - گناہ کا معاف کرنا - حاصل مصدر
آمُرزگار (ف) گناہ بخشنے والا - خُدا -
آمُرزیدن (ف) گناہ بخشنا - خطا معاف کرنا (مصدر ہے)
آمِر نون والقلم (ع) اللہ تعالیٰ -
آمِر و ناہی (ف) پورا پورا با اختیار آدمی -
آمریکا (ف) امریکہ -
آمن (ع) بے خوف و خطر -
آمِنہ (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا نام -
آموختگار (ف) جن کی عادت پختہ ہوگئی ہو -
آموختگانِ اَزل (ف - ع) صاحبِ کشف - انبیاء - اولیا -
آموختن (ف) تعلیم دینا (۲) سیکھنا (۳) سکھانا (۴) عادی ہونا -
آموختہ (ف) سیکھا ہوا کام (۲) پڑھا ہوا سبق -
آمُودہ (ف) بھرا ہوا (۲) سنوارا ہوا - آراستہ -
آمُوزش (ف) آموختن کا حاصل مصدر - تعلیم - سکھائی -
آموزگار (ف) اُستاد (۲) شاگرد - سکھانے والا - سیکھنے والا -
آموزش گاہ (ف) مدرسہ - دبیرستان - سکول -
آمُون / آموئے / آموبہ } (ف) دریائے جیحون جو ترکستان کا مشہور دریا ہے اور اس کا منبع کوہ ہندوکش میں اندہ دانہ جھیل ارال ہے -
آمُہ (ف) لکڑیوں کا گٹھا (۲) دوات -
آمیختگی (ف) ملاپ - ملاوٹ -

آمیختن (ف) دو چیزوں کا آپس میں ملانا - مرکب کرنا -
آمیختہ (ف) ملایا ہوا - مرکب کیا ہوا - ملا ہوا -
آمیز (ف) آمیزش - ملاپ - اختلاط - دو چیزوں کا آپس میں ملنا (۲) جماع - وصل -
آمیزانیدن (ف) ملانا - یہ مصدر متعدی ہے -
آمیزش (ف) ملاوٹ - اختلاط -
آمیزش کردن (ف) میل جول رکھنا -
آمیزشی (ف) جماع سے متعلق -
آمیزگار (ف) خوش اخلاق - ملنسار -
آمیزناک (ف) میل ملاپ رکھنے والا - ملنے والا -
آمیزہ (ف) مزاج - طبیعت - ملا ہوا - آمیختہ -
آمیزیدن (ف) ملانا -
آمیژہ (ف) آمیزہ - آمیختہ - ملا ہوا (۲) مزاج و طبیعت (۳) بوڑھا (۴) زخمی آدمی (۵) جماع -
آمیغ (ف) مجاز کی ضد - حقیقت (۲) دو چیزوں کا باہم ملنا - ملاپ - آمیزش -
آمیغدن (ف) مخلوط کرنا - آپس میں لانا -
آمیغہ (ف) حقیقت (۲) ملا ہوا (۳) ملاپ -
آمیغی (ف) مجازی کی ضد - حقیقی -
آمین (ع) کلمۂ دُعا - خُدا ایسا ہی کرے - قبول کر -

# آ - ن

آن (ف) وہ اشارہ بعید کے لیے آتا ہے - اس کی جمع "آناں" اور "آنہا" ہے - ژند و پاژند کی لغت میں بمعنی ماں یعنی مادر بھی آیا ہے -
آن (ف) حسن کی ادا - ناز کرشمہ - انداز - معشوق کے حُسن کی خاص کیفیت (۲) مال جاگیر - ملکیت (۳) عقل (۴) شراب -
آن (ع) ساعت - لمحہ - لحظہ - وقت -
آنات (ع) آن کی جمع - ساعتیں - لمحے -
آناف (ع) انف کی جمع - ناک - بینی -
آنٹیک (انگریزی) عتیق - پُرانا -
آن جہان (ف) آخرت - عقبیٰ -
آنچناں (ف) اس طرح -
آندول (ف) وہاں - اس جگہ (۲) اس وقت (۳) ایسا -
آنس (ع) انس کرنے والا - محبت رکھنے والا -
آں سرش پیدا نیست (ف) اس کا انجام اور آخر معلوم نہیں -
آں قدر فرصت نیست کہ آب در کوزہ کنم (ف) فرصت

Marfat.com

اور مہلت نہایت کم ہے۔
آنک (ع) سیسہ۔
آنکارا (ف) النقرہ۔
آنگاہ (ف) اس وقت۔ پھر۔
آں واِیں از یک سرپاس اند (ف) دونوں ایک ہی جنس سے
ہیں۔ اور دونوں کا قرینہ ایک ہی ہے۔
آنی (ف) عارضی۔ وقتی۔

## آ-و

آو (ف) آب کا مبدل پانی۔
آوا (ف) آواز کا مخفف
آوار (ف) گرد و غبار۔ دیوار یا چھت جو خراب ہو کر نیچے گر جائے۔
آوارہ (ف) پریشان۔ سرگردان۔ پراگندہ (۲) بیہودہ (۳) بے ٹھکانہ
(۴) جُدا (۵) ویران (۶) تکلیف (۷) بے وطن (۸) گم شدہ
(۹) تحقیق (۱۰) حساب کتاب (۱۱) خیر آباد۔
آوارگی (ف) بے سروسامانی۔ سرگردانی (۲) بے ہودگی۔ پریشانی۔
آوارہ گیر (ف) محاسب۔ حساب لینے والا۔
آواز (ف) بول (۲) ٹکرانا دو چیزوں کا (۳) شہرت۔
آوازجو (ف) طالب شہرت۔
آوازِ خراشیدہ (ف) مدھم اور کمزور آواز جو بہت چلانے اور
رونے سے اُونچی نہ نکل سکے۔
آواز دادن
آواز کردن } (ف) بلانا۔ طلب کرنا۔ آواز دینا۔ نعرہ لگانا۔
آواز کشیدن
آواز کردن گوش (ف) کان کا ایک مرض ہے جس میں کان میں خارج
سے خود بخود آوازیں آتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔
آوازِ گُلِ دوست (ف) یہ ایک ضرب المثل ہے مطلب اس کا یہ ہے
کہ دشمن کے پتھر مارنے سے وہ تکلیف اور دُکھ نہیں ہوتا۔
جتنا کہ دوست کے پھول مارنے سے۔
آوازہ (ف) شہرت۔ ناموری (۲) آواز۔
آوازہ افتادن
آوازہ شدن } (ف) مشہور ہونا۔
آوازہ گشتن
آوازۂ کسے نشاندن (ف) کسی کی شہرت کو دبا دینا۔
آوازہ و تصنیف (ف) راگ اور گیت۔
آوخ (ف) افسوس و تعجب کا کلمہ۔ افسوس۔ آہ۔ ہائے۔
نصیب۔ قسمت۔
آورد (ف) لڑائی۔ حملہ۔
آورد (ف) آوردن کا ماضی مطلق وہ لایا۔
آوردجو (ف) جنگجو۔
آوردخواہ (ف) جنگجو۔ بہادر۔
آوردگاہ (میدان جنگ۔ لڑائی کا میدان۔
آوردن
آوریدن } (ف) بُردن کی ضد۔ لانا۔ حملہ کرنا۔
آوردیدن (ف) لڑائی کرنا۔ حملہ کرنا۔
آوند (ف) برتن (۲) دلیل (۳) رسی جس سے انگور کا خوشہ لٹکایا جاتا ہے۔
آونگ (ف) الگنی۔ لٹکانے کی رسی (۲) لٹکا ہوا۔
آوِنہ (ع) آوان کی جمع۔ گھڑیاں۔ ساعتیں۔ لمحے۔ لحظے۔
آویختن (ف) لٹکانا (۲) لٹکنا۔
آویز (ف) جنگ۔ دشمن سے گتھم گتھا ہونا۔
آویزہ (ف) گوشوارہ۔ کان کا گہر (۲) لٹکا ہوا۔
آویشگان (ف) خواہیں (۲) معشوق۔ دلبر۔ محبوب۔
آویژہ (ف) خالص پاکیزہ۔ خاصہ۔ خلاصہ (۲) شراب انگور۔

## آ-ہ

آہ (ف) افسوس کا کلمہ۔ ہائے افسوس۔
آہ در جگر شکستن (ف) آہ کو روکنا۔
آہا (ف) خوشی کا کلمہ۔
آہ آتشیں (ف) گرم آہ۔
آہرامن
آہرمن } (ف) پارسیوں کے اعتقاد کے مطابق دو خدا ہیں۔ ایک
خدائے خیر۔ یعنی نیکی کا خُدا۔
اسے یزدان کہتے ہیں۔ دُوسرا خدائے شر یعنی بدی کا خُدا
آہرمن
آہریمن } اُسے اہرمن کہتے ہیں۔ شیطان۔ دیو۔
آہستگی (ف) دھیما پن۔ نرمی۔ بردباری۔ شرافت (۱) رحم دل
(۲) رحم۔ تحمل۔
آہستہ (ف) دھیما (۲) ہموار (۳) تابع (۴) آرام یافتہ۔
(۵) پوشیدہ۔
آہستہ خُو (ف) آرام۔ سکون۔
آہستہ کار (ف) آہستہ کام کرنے والا۔
آہِ سرد (ف) ٹھنڈی آہ۔ ٹھنڈا سانس۔
آہک (ف) قلعی۔ چونا۔
آہل (ع) بال بچوں والا آدمی۔
آہمند (ف) گنہگار۔ جھوٹا۔ عیب دار۔
آہن (ف) لوہا (۲) تلوار (۳) خنجر۔
آہن افسردہ کوفتن (ف) بے ہودہ کام کرنا۔ بے فائدہ کوشش
کرنا۔
آہن انداختن (ف) زنجیر اور بند کا الگ کر دینا۔
آہن پوش (ف) زرہ پہنے ہوئے۔

Marfat.com

آہنج (ف) ارادہ - عزم (۲) کشش (۳) انداز (۴) ابتدا - آغاز -
آہن جان (ف) محنتی - جفاکش (۲) بہادر -
آہن دل (ف) سخت دل (۲) مضبوط دل والا -
آہن دلی (ف) سخت دلی -
آہن ربا (ف) مقناطیس -
آہن سرد کوفتن (ف) بے فائدہ کوشش کرنا - کام کرنا -
آہن کار (ف) لوہے کے اوزار بنانے والا -
آہن کرسی (ف) آہرن - سندان - جس پر لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں -
آہنگ (ف) آلاپ (۲) کشش (۳) صدا سے ساز کی موزونیت (۴) توجہ (۵) قصد - ارادہ (۶) روش - طرز (۷) حوض کا کنارہ (۸) شترخانہ (۹) طویلہ (۱۰) آدمیوں کی قطار -
آہن گر (ف) لوہار -
آہنگ سازی (ف) گانا - الاپ یا الاپنا -
آہنی (ف) منسوب بہ آہن - لوہے کی - لوہے جیسی مضبوط شے -
آہِ نیم کش (ف) وہ جو پوری طرح نہ کی جائے - دبی ہوئی آہ -
آہنیں (ف) آہنی لوہے کا (۲) لوہے جیسا مضبوط -
آہنیں پنجہ (ف) قوی پنجہ - زور آور -
آہنیں جان } (ف) سخت جان (۲) محنتی - جفاکش -
آہنیں جگر } (۳) دلیر - بہادر -
آہنیں چنگال (ف) مضبوط پنجے والا - دلیر - بہادر - بہت طاقتور -
آہنیں راہ (ف) مشکل راہ - دشوار گزار رستہ -
آہنیں رگ (ف) دلیر - مضبوط اور زور آور گٹھا -
آہو (ف) ہرن (۲) عیب (۳) فریاد (۴) آواز (۵) مرض ضیق النفس (۶) معشوق (۷) معشوق کی آنکھ -
آہوانہ (ف) آہو کی مانند -
آہو بچہ } (ف) ہرن کا بچہ -
آہو برہ }
آہو پا (ف) تیز دوڑنے والا (۲) شش پہلو مکان -
آہو پرستی (ف) شکار کا شوق - شکار کی محبت -
آہوتک (ف) دوڑنے میں ہرن کے مشابہ -
آہو چشم (ف) ہرن کی آنکھوں جیسی خوبصورت آنکھوں والا -
آہو دل (ف) بزدل -
آہوری (ف) رائی -
آہو گرفتن (ف) عیب پکڑنا - نکتہ چینی کرنا -
آہو گذشت (ف) وقت اور فرصت گزر گئے - مطلب یہ ہے کہ وقت اس طرح گزر گیا - جیسے ہرن نکل جاتا ہے -
آہون (ف) رخنہ (۲) نقب -
آہوناک (ف) معیوب - عیب رکھنے والا -
آہون بر (ف) چور - نقب لگانے والا -
آہوئے فر (ف) سیاہ و سفید بادل -

آہوئے حرم (ف - ع) مکہ کے قرب و جوار کا ہرن -
آہوئے خاوری (ف) سورج -
آہوئے زریں (ف) آفتاب - سورج -
آہوئے سیمیں (ف) گورے رنگ کا معشوق (۲) گورے رنگ کا ساقی -
آہوئے شیر افگن (ف) ساقی (۲) معشوق کی آنکھ -
آہوئے شیر گیر (ف) معشوق کی آنکھ -
آہوئے فلک (ف) سورج -
آہوئے لنگ گرفتن (ف) ضعیفوں - کمزوروں پر زور کرنا -
آہوئے مشکیں (ف) سیاہ ہرن (۲) معشوق کی سیاہ آنکھ -
آہیختن (ف) لٹکانا (۲) کھینچنا (۳) تلوار کھینچنا (۴) باہر لانا -
آہینہ (ف) آئینہ -
آیا (ف) حرف تمنی اور حرف استفہام -
آیات (ع) آیت کی جمع - نشانیاں (۲) معجزے (۳) نصیحتیں - عبرتیں (۴) آسمانی کتابوں کے فقرے یا جملے -
آیاتِ متشابہ (ع) قرآن شریف کی وہ تاویل طلب آیتیں جن کے معنی میں کئی احتمال ہوں -
آیاتِ محکمات (ع) قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی بالکل صاف ہیں اور ان میں تاویل کی ضرورت نہیں -
آیبک (ف) پورا چاند - بت - صنم - معشوق -

# آ - ی

آیت (ع) آسمانی کتاب کا جملہ (۲) علامت - نشانی -
آیۃ الکرسی (ع) سورہ بقرہ کی آیت جو اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے شروع ہوتی ہے -
آیت اللہ (ع) اللہ کی حجت - ایک لقب جو مسلمان بڑے علماء اور مجتہدین کو دیتے ہیں -
آیزنہ (ف) بہن کا خاوند -
آئین (ف) آرائش - سجاوٹ - زیب - زینت (۲) قانون - قاعدہ (۳) مذہب (۴) رسم (۵) عادت (۶) طرز - روش - دستور -
آئین بستن (ف) آراستہ کرنا - شہر کو سجانا -
آئین پرست (ف) تابع - پیرو - مطیع - فرمانبردار -
آئین پرستی (ف) فرمانبرداری - خدمت کرنا -
آئندہ (ف) مستقبل - آنے والا -
آئینہ آسمان (ف) سورج -
آئینہ افروز (ف) صیقل گر
آئینہ بر نفس داشتن } (ف) دیکھو آئینہ در پیش دم آوردن -
آئینہ بر پیش نفس داشتن }

Marfat.com

آئینہ پرداز / آئینہ پیرائے } (ف) صیقل گر۔
آئینہ پیش لب داشتن / آئینہ پیش لب گرفتن } (ف) دیکھو آئینہ در پیش دم آوردن۔
آئینہ پیل (ف) آئینہ جو ہاتھی کے مستک پر سجاوٹ کے لیے لگایا جاتا ہے (۲) فولاد کی وہ مجلا چادریں جو جنگ میں زخموں سے محفوظ رہنے کے لیے ہاتھی کے سر اور دیگر جسم پر باندھی جاتی تھیں۔
آئینہ جمشید (ف) قدیم ایرانی موسیقی کی دُھن۔
آئینہ چرخ (ف) سورج۔
آئینہ چینی (ف) وہ آئینہ جو بعض دھاتوں کی ملاوٹ سے بنایا جاتا ہے اور جسے دیکھتے رہنے سے لقوے والا مریض اچھا ہو جاتا ہے (۲) مطلق آئینہ (۳) سورج۔
آئینہ خاطر (ف) صاف اور روشن دل آدمی - نیک اور پارسا روشن ضمیر۔
آئینہ خانہ (ف) شیش محل۔
آئینہ خاوری (ف) آفتاب۔
آئینہ دار (ف) حجام (۲) بادشاہوں کو آئینہ دکھانے والا پیش خدمت۔
آئینہ دست (ف) تیغ و خنجر وغیرہ۔
آئینہ دق (ق - ف) وہ آئینہ جو کسی شخص کے چہرے کو نحیف کمزور، زرد اور غمگین ظاہر کرتا ہے۔
آئینہ رخسار / آئینہ روئے } (ف) معشوق - محبوب۔
آئینہ زدائے (ف) صیقل گر۔
آئینہ ساز (ف) آئینہ بنانے والے۔
آئینہ سحر (ف) آفتاب۔
آئینہ سکندر (ف) سکندر اعظم نے جب شہر سکندریہ فتح کیا تو بحیرہ روم کے کنارے ایک ایک بڑا اونچا مینار بنا کر اس پر ایک بہت بڑا سا آئینہ اسکے وزیر حکیم ارسطو نے لگا دیا تھا جس کے ذریعے اہل یورپ کے حملے اور آمد کا حال معلوم ہو جاتا تھا کیونکہ میل ہا میل کے فاصلے سے سمندر میں آنے والے جہازوں کا عکس آئینے میں ظاہر ہو کر پتہ دے دیتا تھا۔
آئینہ سیما (ف) معشوق - محبوب۔
آئینہ شش سو (ف) صاحب کشف۔
آئینہ طاؤس (ف) مور کے پر و بال کے نقوش۔
آئینہ طبع (ف - ع) صاف اور روشن دل آدمی۔
آئینہ طلعت (ف - ع) معشوق - محبوب۔
آئینہ طینت (ف - ع) صاف اور روشن دل۔
آئینہ گر (ف) آئینہ ساز - آئینہ بنانے والا۔
آئینہ گردال (ف) آفتاب - سورج۔
آئینہ گرفت / آئینہ گردان } (ف) دھندلا اور ناصاف آئینہ۔
آئینہ گوہری (ف) آئینہ سکندر۔
آئینہ گیتی (ف) سورج - آفتاب۔
آئینہ محشر (ف - ع) آفتاب محشر - آفتاب قیامت۔
آئینہ ہفت جوش (ف) خورشید - سورج۔

آئینہ ہفت جوش (ف) خورشید - سورج۔

# الف مقصورہ

## ا - ب

ا - (ف) حروف ندا ہے۔ کسی اسم کے پیچھے آنے سے ندا کا فائدہ دیتا ہے - جیسے ساقیا یعنی اے ساقی۔
خواجہ حافظ صاحب لکھتے ہیں :-

ساقیا برخیز و درده جام را
خاک برسر غم ایام را

اَب (ع) باپ - پدر - والد۔
اَبّ (ع) نرم اور سبز گھاس - دوب۔
اِبا (ع) انکار (۲) باز رہنا۔
اَبائے گلوگیر (ف) دنیا کی دولت اور عیش و عشرت جو آخرت میں وبال کا باعث ہوگی۔
اَبابیل (ع) اَبالہ اور ابیل کی جمع - پرندوں کا جھنڈ - ایک چھوٹے سے پرند کا نام۔
اِباتت (ع) رات گزارنا۔
اِباحت (ع) جائز کرنا - مباح کرنا۔
اِباحی (ع) وہ شخص جو ہر چیز اور ہر کام کو مباح سمجھے اور ہر گناہ کے ارتکاب کو جائز جانے۔
اِبادت (ع) ہلاک کرنا - نیست و نابود کرنا۔
اَباریق (ع) لوٹے - پانی کے ٹونٹی والے برتن۔
اَباعِر (ع) بعیر کی جمع - اونٹ۔
اِبثار (ع) اضداد سے ہے - عطا کرنا (۲) عطا نہ کرنا۔
اِبتدا (ع) (اِب تِ دا) شروع کرنا (۲) آغاز۔
اِبتذال (ع) (اِب تِ ذال) بے ہودہ خرچ کرنا (۲) ہارنا (۳) کھو دینا (۴) کپڑے وغیرہ کو مدت تک استعمال کرنا (۵) کسی چیز کی حفاظت نہ کرنا (۶) بے قدری (۷) بے اعتباری (۸) ذلیل رکھنا۔
اَبتر (ع) دُم کٹا (۲) چھوٹی دُم والا زہریلا سانپ (۳) بے اولاد آدمی (۴) بدچلن (۵) بگڑا ہوا (۶) پراگندہ (۷) ضائع (۸) پریشان (۹) مفلس (۱۰) بُرا کام۔
اِبتسام (ع) (اِب تِ سام) ہنسنا - مسکرانا (۲) کھلنا - پھول کھلنا۔
اِبتشار (ع) بشارت پانا - خوشحال ہونا۔
اِبتغا (ع) (اِب تِ غا) چاہنا - خواہش کرنا - طلب کرنا (۲) خواہش۔
اِبتلا (ع) (اِب تِ لا) آزمانا (۲) بلا میں ڈالنا - امتحان لینا۔

Marfat.com

اِبتلاغ (ع)، (اِ بْ تِ لَ ا غ)، حلق سے نیچے اُتارنا - نگلنا -
اِبتلال (ع)، تر ہونا -
اِبتناء (ع)، تعمیر کرنا -
اِبتہاج (ع)، (اِ بْ تِ ہَ ا ج)، خوش ہونا - کھلنا - بشاش ہونا -
اِبتیاع (ع)، (اِ بْ تِ ی ا ع)، خریدنا - مول لینا - خرید کرنا -
اَبجَد (ع)، (اَ بْ جَ دْ)، حروف تہجی - الف - بے - تے وغیرہ - وہ آٹھ کلمے جو حروف کے باترتیب اعداد معلوم کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں یعنی ابجد - ہوز - حطی - کلمن - سعفص - قرشت - ثخذ - ضظغ - ان میں پہلے تین کلموں یعنی دس حروف تک ترتیب وار ایک سے دس تک اعداد ہیں - پھر دہائی بدلتی ہے اور ق قرشت تک سو تک اعداد ہیں - اس کے بعد سینکڑہ بدلتا ہے - حتیٰ کہ غ کے اعداد ایک ہزار ہیں -
اَبجل (ع)، پنڈلی اور ہاتھ کی رگ -
اَبحاث (ع)، جمع بحث -
اَبحار / اَبحُر (ع)، بحر کی جمع - سمندر - دریا -
اَبخِرہ (ع)، (اَ بْ خِ رَہ)، بخارات کی جمع بخارات - بھاپ -
اَبخَل (ع)، بخیل تر -
اَبَد (ع)، ہمیشہ - بے انتہا زمانہ -
اِبدا (ع)، پیدا کرنا - ظاہر کرنا -
اِبداع (ع)، نئی چیز کا پیدا کرنا -
اِبدال (ع)، بدلنا - بدل دینا -
اَبدال (ع)، بدل کی جمع - جانشین - قائم مقام (۲) وہ ستر اولیا جن میں سے چالیس ملک شام میں اور تیس بقیہ دنیا میں رہتے ہیں جب ان میں کا ایک مر جاتا ہے تو دُوسرے فقرا سے اس کا قائم مقام بن جاتا ہے - اسی لیے ابدال کہلاتے ہیں (۳) فارسی میں یہ لفظ مُرید اور قلندر کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے -
اَبدان (ع)، بدن کی جمع - مجسّے - جسم -
اَبَدی (ع)، (اَ بَ دِی)، ہمیشگی والا - ہمیشہ رہنے والا -
اَبَدی اقلیم (ع)، ابدی جہان - آخرت - عقبیٰ -
اَبدیت (ع)، ہمیشگی - آخرت -
اَبر (ف)، بادل - آب بمعنی پانی اور رائے کلمہ نسبت سے مرکب ہے -
اَبَر (ف)، الف زائد ہے - اوپر -
اَبرِ آزاد / اَبرِ آزاری / اَبرِ آذر (ف)، بہار کا بادل - بہار کے شروع کی بارش - ابرِ بہار -
اَبرِ آفتاب (ف)، سعی لاحاصل -
اِبرا (ع)، ادا کرنا (۲) اچھا ہونا (۳) اچھا کرنا (۴) بیماری سے اچھا ہونا یا کرنا (۵) پاک ہونا (۶) بری ہونا (۷) بیزار کرنا -
اَبراج (ع)، جمع بُرج -
اَبرار (ع)، بَر کی جمع - نیک لوگ - نیکوکار الشان - بھلے آدمی -
اِبراز (ع)، ظاہر ہونا (۲) نکالنا - آشکارا یا ظاہر کرنا -
اِبرام (ع)، مضبوط کرنا (۲) طول کرنا - تنگ کرنا (۳) رسی کو دہرا کرنا -
اِبراہیمؑ (ع)، آذر بُت تراش کے بیٹے حضرت خلیل اللہ پیغمبر کا نام - ان کے دو بیٹے تھے اسمٰعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام اسحاق علیہ السلام کی اولاد سے حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام وغیرہ وغیرہ پیغمبر ہوئے اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے -
اَبرِ بہار / اَبرِ باراں / اَبرِ بہاری (ف)، موسم بہار کا بادل -
اَبرِ تر (ف)، سیراب بادل - برسنے والا بادل -
اَبرِ حمام (ف)، دریائی اسفنج -
اَبرَش (ع)، مختلف رنگ کے دھبوں والا گھوڑا - ابلق -
اَفرَش (ف)، سُرخ و سفید رنگ کا گھوڑا -
اَبرشِ خورشید (ف)، فلک - آسمان -
اَبرَص (ع)، (اَ بْ رَ ص)، برص کا مریض - چتکبرا - پھلبہری والا کوڑھی - چتلا -
اَبرَق (ع)، ابرک کا معرب ہے - نہایت چمکیلا -
اَبرَک (ف)، نہایت چمکیلا - ایک تہ در تہ سفید چمکیلی دھات -
اَبرِ کافور بار (ف)، سفید بال (۲) اولوں کے برسانے والا بادل - برف برسانے والا بادل -
اَبر کا کیا (ہ)، مکڑی کا جال -
اَبرِ کعبہ (ف)، بادل جو قبلہ کی طرف سے اُٹھے اور وہ بہت بارش برساتا ہے -
اَبرِ کُہن (ف)، اسفنج -
اَبرِ مُردہ (ف)، اسپنج - اسفنج وہ جھاگ جیسی سوراخ سی شے جو پانی کو جذب کر لیتی ہے - اگرچہ وہ عام کپڑے یا نمدے کی مانند ہوتا ہے - مگر اسے بحری حیوانات میں شمار کیا جاتا ہے -
اَبرناک (ف)، ابر آلود -
اَبرشجک (ف)، بجلی - کڑک -
اَبرِ نیساں (ف)، ابر بہار - موسم بہار کا بادل - نیساں یا رسیوں کے ایک مہینہ کا نام ہے - جو ماگھ کے لگ بھگ ہوتا ہے - اسی ماہ کی بارشوں سے سیپیوں میں موتی پیدا ہوتے ہیں -
اَبرُو (ف)، بھوں -
اَبرُو بلند کردن (ف)، اشارہ کرنا -
اَبرُو بہم درکشیدن / اَبرُو ترش کردن (ف)، بھویں چڑھانا - تیوری چڑھانا - غصے ہونا -
اَبرُو چیں گرفتن (ف)، غصے ہونا - بھویں چڑھانا -
اَبرُو زدن (ف)، بھوؤں سے اشارہ کرنا (۲) اجازت دینا -
اَبرُو فراخ (ف)، کشادہ رُو - خوش اخلاق -

Marfat.com

اَبرُوفراخی (ف)، کشادہ رُوئی - خوش اخلاقی -
اَبرُوکشیدن (ف)، بھوؤں سے اشارہ کرنا -
اَبرُوکمان (ف)، وہ شخص جو کمان جیسے ابرو رکھتا ہو -
ابروکشادہ (ف)، تازو رُو - ہنس مکھ -
اَبرُو نازک کردن (ف)، غرور کرنا - نازو ادا کرنا -
اَبرون (ف)، یونانی لفظ "ایزدوں" سے بنا ہے - سدا بہار پھول -
اَبرُوئے زالِ زر / اَبرُوئے شام (ف)، پہلی رات کا چاند - نیا چاند - ہلال -
اَبرُوئے طاق (ف)، وہ بھوں جو طاق کے خم کی مانند ہو - خوبصورت بھوں -
اَبرُوئے فلک (ف)، ہلال - پہلی تاریخ کا چاند -
اَبرُوئے گرہ زدہ (ف)، بدخوئی - بداخلاقی -
اَبرُوئے مردانہ (ف)، بہادروں کا سا چہرہ - جوانمردوں کی سی شکل و صورت -
اَبرہ (ف)، استر کی ضد - دُوہرے کپڑے کی اُوپر کی تہہ -
اِبرہ (ع)، سوئی (۲) بچھو کا ڈنگ -
اَبرَہہ (ع)، (اَب رَہ ہ) حبشہ کے عیسائی حاکم کا نام - جس نے کعبہ کی پرستش پر حسد کر کے القلیس کا گرجا بنایا اور جب اس میں باوجود بعد کوشش کعبہ جیسی رونق نہ ہوئی - تو کعبہ کی تخریب کے لیے مکہ پر حملہ کرنے کے لیے ایک جرار لشکر ہاتھیوں کا بھیجا - جو تمام کا تمام حکم الٰہی سے تباہ ہو گیا -
ابری (ف)، بادلوں سے چھپا آسمان - کتابوں کا پیوں پر لگایا جانیوالا کاغذ -
اِبریز (ع)، خالص چاندی (۲) خالص سونا -
اِبریسم (ع)، ابریشم کا معرّب ہے - ریشم (۲) ساز کا تار -
اِبریشم (ف)، ریشم (۲) ساز کا تار - طنبورہ یا ستار کا تار -
ابریشم زن (ف)، سازندہ - ساز بجانے والا (۲) مطرب -
اِبریق (ع)، لوٹا - پانی کا ٹوٹنی والا برتن - اباریق اس کی جمع ہے -
اَبصار (ع)، آنکھیں - بصر اس کا واحد ہے -
اِبصار (ع)، آنکھ سے دیکھنا - بینا ہونا (۲) دل سے دیکھنا (۳) بینا ہونا -
اَبصَر (ع)، بیناتر - زیادہ دیکھنے والا -
اِبطہ (ع)، (اِب ط) بغل - کنار -
اِبطا (ع)، دیر لگانا - توقف کرنا -
اِبطال (ع)، باطل کرنا - جھوٹا کرنا (۲) جھوٹ بولنا -
اَبطال (ع)، بطل کی جمع - بہادر - دلیر - شجاع -
ابطح (ع)، پست زمین - سیلاب کی گزرگاہ کہ اس میں سنگریزے بکثرت ہوتے ہیں - مکہ مکرمہ اور منیٰ کے درمیان ایک جگہ کا نام -
اِبعاد (ع)، دُور جانا (۲) دُور کرنا - دُور پھینکنا -
ابعاض (ع)، بعض کی جمع -
اَبعادِ ثلاثہ (ع)، (اَب ع اد ث ل اث ہ) طول عرض اور عمق تینوں دُوریوں سے مراد ہے -

ابغاض (ع)، بغض کی جمع -
اِبقاء (ع)، باقی رکھنا - زندہ رکھنا (۲) رحم کرنا - رعایت کرنا -
اِبکاء (ع)، رُلانا -
اَبکار (ع)، بکر کی جمع - کنواری لڑکیاں - دوشیزگان -
اِبکار (ع)، وقت صبح (۲) صبح کرنا (۳) علی الصباح آنا -
اَبکَم (ع)، (اَب کَ م) گونگا - بُکم اس کا واحد ہے -
اِبل (ع)، اُونٹ - شتر -
اِبلاغ (ع)، بھیجنا - (۲) پہنچانا -
اَبلج (ع)، (اَب ل َج) روشن چمکیلا (۲) ظاہر (۳) کشادہ ابرو -
ابلق (ع)، ابلک کا معرب - چتکبرا - سفید و سیاہ گھوڑا (۲) منافق آدمی -
اَبلقِ ایام (ع)، دُنیا - دن اور رات سے مراد ہے -
ابلق چرخ (ع - ف)، دن اور رات - زمانہ -
اَبلَہ (ع)، (اَب ل ہ) احمق - بے وقوف - سادہ - نادان - بھولا -
ابلہ طرازی (ع)، ایسی زیب و زینت جو بے وقوف کو دھوکا دینے کے لیے کی جائے -
اَبلہ فریب (ع - ف)، مکّار - چالباز - فریبی -
اَبلَہی (ع)، بے وقوفی - بھولا پن نادانی -
اِبلیس (ع)، (اِب لِ ی س) خدا کی رحمت سے نا اُمید ہونے والا شیطان - مشتق ہے لفظ بلس سے - جس کے معنی ہیں - خدا کی رحمت سے نا اُمید ہونا -
اِبن (ع)، فرزند - بیٹا - پسر - پُوت -
اَبنا (ع)، (اَب ن ا) ابن کی جمع بیٹے (۲) ہم جنس -
ابن الجلدی (ع)، اُخوان الصفا کتاب کے پانچ مصنفین میں سے ایک مصنف کا نام -
ابنُ العِنب (ع)، دختر رز - انگوری شراب - مطلق شراب -
ابنُ العرس (ع)، نیولا -
ابن الحرب (ع)، جنگجو - لڑاکا - جنگی آدمی - فوجی آدمی -
ابنُ الدُنیا (ع)، فریبی مکار - ابن الوقت -
ابنُ السّبیل (ع)، مسافر - راہی - اصطلاحاً وہ شخص جو اپنے شہر میں ذی عزت ہو - لیکن سفر میں مفلس ہو جائے -
ابنُ الوقت (ع)، حیلہ گر - خود مطلب - حالاتِ زمانہ کے مطابق چال چلنے والا - خوشامدی - چغلخور - فریبی - مکار (۲) وقت کا پابند -
ابنائے بشر (ع)، آدم زاد -
ابنائے جنس (ع)، ایک جنس کے لوگ - ہم جنس لوگ -
ابنائے جہاں (ع - ف)، مخلوق جیسے انسان، حیوان اور نباتات -
ابنائے دردہ (ع - ف)، کم حیثیت لوگ -
ابنائے ملوک (ع)، شاہزادگان -
ابن آدمی (ع)، گیدڑ -
ابن بقیع (ع)، کتا -

Marfat.com

اِبنت (ع) بیٹی۔
اِبنِ کَلِج (ع) آفتاب۔ سُورج۔
اِبنِ صُبح (ع) سُورج۔
اِبنِ کَثیر (ع) ایک مشہور قاری قرآن کا نام ہے۔
اِبنِ یامین (ع) حضرت یوسف علیہ السلام کے چھوٹے بھائی کا نام۔
اِبنیّت (ع) (اِ ب ن ی ّ ت) بیٹا ہونا۔ بیٹا ہونے کی حیثیت۔
اَبنِیہ (ع) بنا کی جمع۔ بنائیں۔ بنیادیں۔ عمارتیں۔
اَبنیۂ دولتی (ع) بادشاہی عمارتیں۔
اَبنیۂ قدیمہ (ع) پُرانی عمارتیں۔
اَبُو (ع) باپ (٢) صاحب۔
اَبواب (ع) باب کی جمع۔ دروازے (٢) کتاب کے حصّے۔ اہل دفتر کی اصطلاح میں وہ وجوہ مطالبہ جن کی رُو سے ملازمین دفتر کسی کو مواخذہ کرتے ہیں۔
ابواسحاقی (ع) صاف شفاف اور خوش رنگ فیروزہ۔
ابوالایتام (ع) یتیموں کا باپ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
ابوالبشر (ع) حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت۔ انسانوں کا باپ۔
ابوالبشر ثانی (ع) حضرت نوح علیہ السلام۔
اَبُوالحارث (ع) شیر کی کنیت۔
ابوالحسن (ع) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت۔
ابوالحصن (ع) (ح ص ن) } لومڑی۔
ابوالحصین (ع) (ح ص ی ن) }
اَبُوبکر (ع) حضرت صدیق اکبرؓ خلیفہ اوّل کی کنیت۔
اُبُوّت (ع) باپ ہونے کی حیثیت۔
ابوتراب (ع) مٹی کا باپ۔ حضرت علیؓ کی کنیت۔
اَبُو جامع (ع) دسترخوان۔
اَبُوجعار }
اَبُوجعد } (ع) بھیڑیا۔ گرگ۔
اَبُوجعدہ }
اَبُوجعران (ع) گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔
اَبُوجہل (ع) عمرو بن ہشام کی کنیت۔ آنحضرتؐ کے چچا اور مخالفین کے سرغنہ کا نام یعنی جہالت کا باپ۔
اَبُوحباحب (ع) جگنو۔
اَبُوحنیفہ (ع) نعمان ابن ثابت کی کنیت۔ امام اعظم لقب۔ حنفی آپ ہی کے مقلد ہیں۔ امام اربعہ میں سے پہلے امام۔ ستر برس کی عمر میں بغداد میں ۱۵۰ھ میں فوت ہوئے۔ آپؒ کے جنازہ میں سات لاکھ آدمی تھے۔
اَبُوریحان (ع) علم ہیئت و فلسفہ کے ایک فاضل کا نام جو محمود غزنوی کے دربار میں رہتا تھا۔
اَبُوزید (ع) ایک شاطر کا نام جو فن شطرنج کا ماہر کامل ہوا ہے۔
اَبُوسَلمی (ع) گرگٹ۔

اَبُوعوف (ع) ٹڈا۔
اَبُوفراس (ع) شیر۔
اَبُومونس (ع) شمع۔
اَبُوہریرہ (ع) بلی کا باپ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کی کنیت۔ ان کا نام عبدالرحمٰن تھا۔
اِبہام (ع) پوشیدہ رکھنا (٢) دروازہ کا بند کرنا۔ (٣) پوشیدگی۔ اخفا۔ کھول کر بیان نہ کرنا (۵) انگوٹھا۔ انگشت۔
ابہٰے (ع) آراستہ کیا ہوا (٢) بہت خوش نما۔
ابہر (ع) رگ گردن۔ پشت کی ایک رگ کا نام جو دل کے ساتھ پیوستہ ہے۔ اُمّ الشرائین۔
ابہر (ع) روشن تر۔
اَبی (ع) میرا باپ (٢) باپ۔
اَبے (ف) الف زائد ہے۔ بلا۔ بغیر۔ بن۔
اَبیات (ع) بیت کی جمع۔ گھر (٢) شعر۔
اَبیاری (ف) ابیار سے منسوب۔ ابیار مصر کا ایک شہر ہے۔ باریک کپڑا۔ نازک لباس۔ کبوتر کی ایک قسم۔
ابیر (ف) آگ کا شرارہ۔
اَبیَض (ع) بہت سفید (٢) چاندی (٣) تلوار (۴) شریف آدمی۔ (۵) کہکشاں کے کنارے پر کے ایک ستارہ کا نام۔
اَبی لَہب (ع) شعلہ کا باپ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا کا نام ہے جو تا دم مرگ کافر رہا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بہت اذیت دیتا اور تمسخر اڑاتا تھا۔

## ا - ت

اَتاب (ع) (اتّ اب) بدنام ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ رسوا ہونا۔
اَتابک (ت) محافظ۔ (اتالیق (٢) ادیب۔ ادب سکھانے والا۔ (٣) ایران کے نشاۃ سلجوقی کے زمانہ میں تین اشخاص سنقر۔ شنقر۔ ایلدکز کے سپرد اتالیقی کی خدمت تھی۔ یہ تینوں شخص مختلف اوقات میں علیحدہ علیحدہ طور پر فارس۔ عراق اور شام میں خود مختار بادشاہ بن گئے۔ اور مدت تک ان کے خاندان میں سلطنت رہی۔ ان بادشاہوں کو اتابک کہتے ہیں۔ عراق کے اتابکوں میں قزل ارسلان بہت مشہور بادشاہ ہوا ہے۔ اور فارس کے اتابکوں میں ابوبکر بن سعد کے وقت میں شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی ہوئے ہیں۔
اَتازُونی (ف) ریاستہائے متحدہ امریکہ۔
اَتاثت (ع) باطل کرنا۔
اَتاغ } (ت) کمرہ (٢) گھر (٣) خیمہ (۴) کوٹھڑی۔
اَتاق }
اَتاق (ع) حوض وغیرہ کا پانی سے بھر جانا (٢) کمان کو پُورا کھینچنا۔

Marfat.com

اُتاقہ (ت) کلغی - جیغہ۔

اُتاق بُزُرک (ت) شاہی خواب گاہ۔

اُتالیق (ت) نگہبان (۲) اُستاد - ادب سکھانے والا۔

اِتآم (ع) (اِتْ آم) عورت کا دو توام بچے جننا - ایک ساتھ دو بچے جننا۔

اُتاماژور (ت) وزیر جنگ - مشیر جنگ۔

آتان / اِتان (ع) گدھی - مادہ خر۔

اَتاوہ (ع) باج - خراج - رشوت۔

اَتاوی (ع) جمع اَتاوہ۔

اَتباع (ع) (اَتْ بَ اع) تبع کی جمع - تابع اشخاص - متابعت گزار - خدام - پیرو۔

اِتباع (ع) پیچھے چلنا - پیروی کرنا - تقلید کرنا - تابع ہونا۔

اِتّباع (ع) (اِتْ تِ بَ اع) تابع ہونا - پیروی کرنا۔

اِتّجار (ع) (اِتْ تِ جَ ار) باہم تجارت کرنا - آپس میں سوداگری کرنا - سوداگری کرنا۔

اِتّحاف (ع) (اِتْ تِ حَ اف) تحفہ دینا - سوغات دینا۔

اِتّخاذ (ع) (اِتْ تِ خَ اذ) لینا (۲) پکڑنا (۳) بنالینا۔

اِتخاف (ع) لغزش ہونا - پھسلنا۔

اِتداء (ع) خون بہالینا۔

اتداع (ع) آرام کرنا - تن پروری کرنا - قرار پکڑنا۔

اَتراب (ع) ہم عمر - برابر کے دوست۔

اِتراب (ع) لغات اضداد سے ہے - مال کم ہونا (۲) مال بہت ہونا (۳) تراب یعنی مٹی میں ملنا

اِتراح (ع) (اِتْ راح) غمگین کرنا - رنجیدہ کرنا۔

اُترار (ف) زرشک - ایک درخت کا نام۔

اَتراس (ع) (اَتْ راس) ترس کی جمع ڈھالیں۔

اِتراف (ع) نافرمانی میں اصرار کرنا (۲) گمراہ کرنا - بے راہ کرنا۔

اَتراک (ت) ترک کی جمع - ایک قوم کا نام سپاہی (۲) آہنی خود۔

اَتربہ (ع) ترب کی جمع - ترب کا معنی خاک۔

اُترُج (ب) ترنج کا معرب ہے - لیموں - ترنج۔

اِتّساخ (ع) (اِتْ تِ سَ اخ) میلا ہونا - درخ یعنے میل۔

اِتّساع (ع) (اِتْ تِ سَ اع) وسیع ہونا - کشادہ ہونا۔

اِتّساق (ع) تمام ہونا (۲) اکٹھا ہونا (۳) راست ہونا (۴) ترتیب دینا۔

اِتّشاج (ع) قرابت کی وجہ سے باہم ملانا۔

اِتّشاح (ع) گردن میں حمائل ڈالنا۔

اِتّصاف (ع) (اِتْ تِ صَ اف) تعریف کرنا - سراہنا (۲) کسی صفت سے متصف ہونا۔

اِتّصال (ع) (اِتْ تِ صَ ال) دو چیزوں کا آپس میں ملنا - وصل ہونا (۲) پہنچنا (۳) کسی کام کا لگاتار ہونا (۴) اصطلاح علم جغرافیہ میں دو دریاؤں کے ملنے کا مقام - اور اہل دفتر کی اصطلاح میں کاغذات کی پیشانیوں کی سُرخیاں۔

اِتّضاح (ع) (اِتْ تِ ضَ اح) روشن ہونا - واضح ہونا - چمکنا - ظاہر ہونا۔

اَتعاب (ع) جمع تعب - تکلیفیں۔

اِتعاب (ع) (اِتْ عَ اب) تکلیف دینا - تعب دینا - تھکا دینا - برتن کا بھر دینا۔

اِتّعاد (ع) وعدہ کرلینا - عہد کرنا (۲) وعدہ کا قبول کرنا۔

اِتّفاق (ع) اتحاد - باہم ملنا - ایکا کرنا - ایکا (۲) کسی کام کا اتفاقیہ طور پر ہونا۔

اتفاقاً (ع) ناگاہ - یک بیک - اچانک سے۔

اتفاقیہ (ع) اتفاقاً - اتفاقی - اتفاقی طور پر۔

اِتّقاء (ع) (اِتْ تِ قَ ا) (۱) بچنا (۲) ڈرنا - پرہیزگاری - گناہ سے بچنا - اللہ سے ڈرنا۔

اِتقان (ع) (اِتْ قَ ان) مضبوطی - استواری (۲) مضبوط کرنا - محکم کرنا (۳) قرآن شریف کی ایک تفسیر کا نام بھی ہے جو جلال الدین سیوطی کی تصنیف ہے۔

اَتقن (ع) پختہ تر۔

اَتقیٰ (ع) بہت زیادہ متقی۔

اَتقیا (ع) (اَتْ قِ یَ ا) متقی کی جمع - پرہیزگار لوگ۔

اِتکاء (ع) (اِتْ تِ کَ ا) تکیہ کرنا - بھروسہ کرنا۔

اِتّکال (ع) (اِتْ تِ کَ ال) اعتماد کرنا - بھروسہ کرنا - کسی پر کام چھوڑ دینا۔

اِتلاف (ع) (اِتْ لَ اف) ضائع کرنا - کھو دینا - تلف کرنا۔

اَتلال (ع) مٹی یا ریت کے تودے یا ٹیلے۔

اَتَم (ع) (اَتَمّ) تمام تر - بہت کامل - بہت پورا۔

اِتمام (ع) (اِتْ مَ ام) پورا کرنا - انجام کو پہنچانا۔

اُتمک (ت) نان - روٹی۔

اتہاب (ع) بخشش قبول کرنا - عطیہ لینا۔

اِتہال (ع) شادی کرنا - بیاہ کرنا۔

اِتہام (ع) تہمت لگانا - بدنام کرنا - بہتان باندھنا۔

اِتیان (ع) آنا - رسیدگی - دخول۔

## ا - ث

اَثاث / اَثاث البیت (ع) گھر کا سامان - اسباب وغیرہ۔

اُثافہ

اُثافی / اَثافی / اثافی (ع) دیگ پایہ - سہ پایہ چولہا - دیگ رکھنے کا چولہا۔

اُثارہ - بچا ہوا - باقی ماندہ۔

Marfat.com

**اِثارہ** (ع) برانگیختہ کرنا۔
**اِثبات** (ع) ثابت کرنا۔ ثبوت کو پہنچانا۔
**اِثخان** (ع) مبالغہ کرنا (۲) خونریزی کرنا (۳) زخموں سے سُست ہونا۔
**اَثر** (ع) نشان۔ کھوج (۲) تاثیر (۳) کھنڈر (۴) سنتِ پیغمبر۔
**اِثراء** (ع) مال دار ہونا۔ تونگر ہونا۔
**اِثراب** (ع) کسی کے بُرے کام پر اس کو جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔
**اَثقال** (ع) ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ بھاری بوجھ (۲) گناہ۔
**اَثل** (ع) (اَث ل) اثلہ کی جمع۔ جھاؤ کا درخت۔
**اَثلاث** (ع) جمع ثلث۔ ثلث ایک تہائی کو کہتے ہیں۔
**اِثلاج** (ع) (اِث لَ اج) برف پڑنا۔ برف کا برسنا۔
**اَثلم** (ع) رخنہ دار۔ شمشیر یا نیزہ کہ جس میں رخنہ ہو۔
**اِثم** (ع) (اِث م) گناہ جُرم۔ ناروا کام۔ شراب جُوا وغیرہ۔
**اَثمار** (ع) ثمر کی جمع الجمع۔ یعنی ثمار کی جمع۔ میوے پھل۔
**اِثمد** (ع) (اِث م د) سنگ سرمہ۔ سُرمہ کا پتھر۔
**اِثناء** (ع) تعریف کرنا۔ مدح کرنا۔
**اِثنان** (ع) دو - ۲ - II - 2 -
**اثنائے راہ** (ع - ف) راستہ میں۔ راستہ کے بیچ۔
**اثنائے عشری** (ع) (ع ش ری) شیعہ لوگ جو اپنے آپ کو ائمہ اثنا عشری یعنی بارہ اماموں کی طرف منسوب کرتے ہیں (۲) معدہ کی ایک آنت کا نام جو ہر شخص کی بارہ پیوستہ انگشت کے برابر ہوتی ہے۔
**اَثنیہ** (ع) (اَث ن ی ہ) ثنا کی جمع۔ تعریفیں۔
**اَثواب** (ع) ثوب کی جمع۔ کپڑے۔
**اَثوار** (ع) ثور کی جمع۔ ثور یعنی بیل۔
**اَثیر** (ع) (اَث ی ر) عالی۔ بلند۔ (۲) آسمان (۳) کرہ نار جو سب سے بلند خیال کیا جاتا ہے۔ (۴) تلوار کا جوہر (۵) خالص دوست۔
**اَثیم** (ع) (اَث ی م) گنہگار۔ مجرم۔ (۲) جھوٹا۔

## ا - ج

**اِجابت** (ع) منظور کرنا۔ قبول کرنا۔ مان لینا۔
**اُجاج** (ع) آبِ شور۔ کھاری پانی۔ نمکین یا کڑوا پانی۔
**اِجادت** (ع) عطا کرنا۔ بجا کر دینا۔
**اِجادہ** (ع) بخشنا۔ (۲) عمدہ کرنا (۳) کھری بات کہنا۔
**اِجارہ** (ع) ٹھیکہ لینا (۲) کرایہ پر دینا (۳) رد کرنا (۴) پناہ دینا۔ (۵) کوئی کام اُجرت پر کرنا۔
**اِجاری** (ع - ف) کرایے پر دیا گیا مکان یا کوئی ملکیت۔
**اِجازت** (ع) حکم دینا۔ پروانگی دینا (۲) جائز کرنا۔
**اِجازت نامہ** (ع - ف) جواز۔ پروانہ۔
**اُجاق** (ع) چولہا۔ دیگ دان (۲) خاندان۔ دُودمان۔ خانوادہ۔
**اُجاق خاموش شُدن** (ع - ف) نصیب سو جانا۔ بدنصیب ہو جانا۔
**اُجاق کور** (ت - ف) جس کا بیٹا نہ ہو۔ لاولد۔
**اِجالت** (ع) (اِج ال ت) پھرانا۔ جولان دینا۔
**اجامر** (ف) شور شرابہ کرنے والے بدمعاش۔
**اِجبار** (ع) جبر کرنا۔ مجبور کرنا۔ زبردستی کرنا۔
**اِجتباء** (ع) (اِج ت ب ا ء) چھانٹنا۔ پسند کرنا۔ انتخاب کرنا۔
**اِجتثاث** (ع) جڑ سے اکھاڑ دینا۔
**اِجتماع** (ع) (اِج تِ م ا ع) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
**اِجتنا** (ع) (اِج ت ن ا) میوہ چُننا۔ پھل اکٹھا کرنا۔
**اِجتناب** (ع) (اِج تِ ن ا ب) بچنا۔ پرہیز کرنا۔ پاک ہونا۔ کنارا کرنا۔
**اجتہاد** (ع) (اِج ت ہ ا د) کوشش کرنا (۲) دل سے سوچ کر ایک بات نکالنا (۳) قرآن و حدیث اور اجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا استنباط کرنا۔
**اَجداث** (ع) جدث کی جمع۔ قبریں۔
**اَجداد** (ع) جد کی جمع۔ دادے۔ نانے۔ باپ دادے۔
**اَجدع** (ع) (اَج دَ ع) نکٹا۔ (۲) بوچا۔ ناک کٹا۔ کان کٹا۔
**اَجدل** (ع) (اَج دَل) صقر۔ چرخ۔ ایک شکاری پرند کا نام۔
**اَجر** (ع) (اَج ر) ثواب۔ مزدوری۔ اُجرت (۲) حق مہر۔
**اِجراء** (ع) (اِج ر ا ء) جاری کرنا۔ کام چلانا۔
**اَجراس** (ع) جرس کی جمع۔ گھنٹیاں۔
**اَجرام** (ع) (اَج ر ام) جرم کی جمع۔ جسم۔ تن۔ عام طور پر اس کا اطلاق اجسام سماوی پر ہوتا ہے۔ ستارے (۲) جواہر۔ پتھر وغیرہ کے لیے بھی آتا ہے۔
**اَجرام** (ع) (اَج رَ ام) جُرم کی جمع۔ گناہ۔ قصور۔ خطا۔
**اَجرامِ فلکی** (ع) (ف ل ک ی) ستارے۔
**اُجرت** (ع) مزدوری۔ کرایہ۔ معاوضہ۔
**اجرِ غیر ممنون** (ع) (اَج ر - غ ی ر - م م ن و ن) بغیر نقصان کے ثواب (۲) بے انتہا ثواب۔
**اجزا** (ع) جز کی جمع۔ ٹکڑے۔ پارے۔ قطعے۔ اراکینِ مجلس۔
**اجزائے بحریہ** (ع) (ب ح ر ی ہ) محکمۂ بحری (۲) بحری فوج کے سردار۔
**اَجساد** (ع) جسد کی جمع۔ تن۔ بدن۔ جسم۔
**اَجسام** (ع) جسم کی جمع۔ تن۔ بدن۔
**اجفار** (ف) جلتی ہوئی آگ۔
**اَجفان** (ع) (اَج ف ان) جفن کی جمع۔ آنکھوں کی پلکیں۔
**اَجل** (ع) مقررہ وقت (۲) موت کا وقت (۳) تقدیر (۴) میعاد مہلت۔

Marfat.com

اَجَلِ معلق (ع) مرگ ناگہانی۔
اَجَلِ معلوم (ع) وقت مقرر۔
اَجَل (ع) واسطے۔ برائے۔ لیے (۲) سبب۔
اَجَلّ (ع) (اَ جَ لّ) بڑی شان والا۔ بہت بزرگ۔
اِجلا (ع) گھر سے باہر نکلنا۔
اِجلاء (ع) جلیل کی جمع۔ بزرگ لوگ۔
اِجلاس (ع) بیٹھنا (۲) بٹھانا۔ کچہری کرنے کے لیے بیٹھنا۔
اَجلاد (ع) جلد کی جمع۔ چابک۔ چالاک۔
اَجلاد (ع) جلد کی جمع۔ چمڑے۔ جلدیں۔
اِجلال (ع) قوی ہونا۔ بزرگ ہونا (۲) بزرگی۔ شان کی بلندی۔
اَجَلِ طبعی (ع) طبعی موت۔ وہ موت جو پوری عمر کے بعد ہو۔ اور قتل و غرق یا آگ میں جلنے وغیرہ سے نہ ہو۔
اَجِلّہ (ع) (اَ جِ لّ ہ) جلیل کی جمع۔ بزرگ۔ عالی قدر۔
اَجلیٰ (ع) روشن تر۔ بہت واضح۔
اِجماع (ع) اکٹھے ہونا۔ متفق ہونا۔ سب کا ایک رائے ہونا۔ (۲) اتفاق۔
اِجمال (ع) مجمل بیان کرنا۔ مختصر کرنا۔ کھول کر بیان نہ کرنا۔ بہت کو تھوڑا کرنا (۲) بہت درستی سے کام کرنا (۳) پراگندہ کو اکٹھا کرنا۔
اِجمام (ع) گھوڑے کو آرام دینا۔
اَجمعین (ع) (اَ جْ مَ عِ یْ نْ) سب۔ سب کے سب تمام۔
اَجمل (ع) صاحب جمال۔ بہت خوبصورت۔
اَجمہ (ع) درختوں کا جھنڈ۔ جنگل۔
اجناب (ع) جنبی ہونا۔ غسل کی حاجت ہونا۔
اجناد (ع) (اَ جْ نَ ا د) جند کی جمع۔ فوجیں۔ لشکر۔
اجنب / اجنبی (ع) بیگانہ۔ پردیسی۔ کسی اور شہر یا ملک کا رہنے والا۔
اجنبی پرست (ف) بیگانہ پرست۔
اجنبیہ (ف) اجنبی عورت۔
اَجنِحہ (ع) (اَ جْ نِ حَ ہ) جناح کی جمع۔ بازو۔ ہاتھ۔ بانہہ۔
اَجِنّہ (ع) (اَ جِ نّ ہ) جنین کی جمع۔ پیٹ کے بچے۔ زندہ درگور۔
اجواد (ع) جواد کی جمع۔ سخاوت کرنے والے۔
اجواف (ع) پیٹ۔ شکم۔ درمیان۔
اَجوِبہ (ع) (اَ جْ وِ بَ ہ) جواب کی جمع۔
اَجوَدان (ع) خاص مصاحب۔
اُجُور (ع) اجر کی جمع۔ مزدوریاں۔ اجرتیں۔ ثواب۔
اُجُورَة (ع) اجرت۔ مزدوری۔
اَجوَف (ع) کھوکھلا۔ خالی شکم (۲) اصطلاح صرفیاں میں وہ لفظ جس کے عین کلمہ میں حرف علت ہو۔
اَجوَل (ع) (اَ جْ وَ ل) بہت جولان کرنے والا۔ بہت پھرنے والا۔
اَجوَفان (ع) دو کھوکھلی چیزیں۔ پیٹ اور فرج سے مراد ہے۔
اَجیر (ع) مزدور۔ محنتی۔
اجیر کردن (ع) کسی کو مزدوری پر لینا۔ بنانا۔

## ا - چ

اچار (ف) اچار مشہور چیز ہے۔
اچار دار (ف) مزدور۔
اچہ (ت) برادر۔ بھائی۔ بڑا بھائی۔

## ا - ح

اَح / اُح اِح (ع) کھانسی کی آواز (۲) درد کی آواز۔
احابش (ع) حبشیوں کے گروہ۔
احابیش (ع) احبوش کی جمع۔ ایسے لوگوں کا گروہ جو ایک قبیلہ سے نہ ہوں۔
احاد (ع) ایک ایک۔
احادیث (ع) حدیث کی جمع۔ حدیثیں۔ باتیں (۲) اصطلاحاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال و اقوال۔
احاطہ (ع) گھیرنا (۲) گھرا ہوا قطعہ زمین۔ چاردیواری محدود علاقہ۔
احالت (ع) حوالے کرنا (۲) حیلہ کرنا (۳) ایک برس کا ہونا۔
اَحاسِن (ع) احسن کی جمع۔ بہت خوبصورت۔
احامر (ع) احمر کی جمع۔
احبّ (ع) بہت زیادہ محبوب۔
اَحِبّاء / احباب (ع) حبیب کی جمع۔ محب۔ دوست (۲) اور محب کی جمع دوستیاں۔
اَحبار (ع) حبر کی جمع۔ دانا۔ عقلمند (۲) علمائے یہود۔
احباء (ع) (اَ حِ بّ ا ء) حبیب کی جمع۔ احباب۔ دوست۔
احتجاج (ع) (اِ حْ تِ جَ ا ج) اظہار ناراضی۔
احتجار (ع) (اِ حْ تِ جَ ا ر) حجرہ بنانا۔
احتجام (ع) پچھنے لگانا۔
احتراز (ع) پرہیز کرنا۔ بچنا۔
احتراس (ع) نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا (۲) بچنا۔
احتراق (ع) جلانا۔ پھونکنا۔ (۲) پانچ ستاروں میں سے کسی ایک کے ساتھ سورج کا ایک برج میں ہونا۔
احترام (ع) تعظیم کرنا۔ حرمت کرنا۔
احترام گزاردن (ف) احترام کرنا۔
احترامات فائقہ را تقدیم می دارد (ف) بہت بہت آداب پیش کرتے ہیں۔ خطوط نویسی میں یہ جملہ ادب و احترام کے طور پر خط کے آخر میں لکھا جاتا ہے۔
احترام نظامی (ع) فوجی سلام۔

Marfat.com

اِحتِرَاز (ت)، پرہیز کرنا - دُوری چاہنا -
اِحتِسَاب (ع)، حساب کرنا (۲) ناجائز کام سے روکنا - (۳) آزمائش کرنا -
اِحتِشَاد (ت)، کسی کام کے لیے لوگوں کا جمع ہونا -
اِحتِشَام (ع)، صاحب حشمت ہونا - نوکر چاکر کا مالک ہونا - صاحب شکوہ ہونا -
اِحتِضَار (ع)، موت کا حاضر ہونا -
اِحتِضَان (ع)، بچے کو گود میں لینا (۲) بچہ پالنا -
اِحتِظَاظ (ع)، (اِ ح ت ظ ا ظ) حظ اُٹھانا - مزا پانا -
اِحتِفَال (ع)، محفل تشکیل دینا - ایک جگہ جمع ہونا -
اِحتِقَار (ع)، ذلیل وحقیر جاننا -
اِحتِکَار (ع)، (اِ ح ت کَ ا ر) مہنگا بیچنے کی اُمید پر غلہ جمع رکھنا -
اِحتِکَاک (ع)، کھرچنا - چھیلنا - چھلکا اُتارنا (۲) کھجلانا -
اِحتِلَام (ع)، خواب میں انزال ہونا - خواب دیکھنا -
اِحتِمَاء (ع)، بیمار کا پرہیز کرنا (۲) حمایت کرنا -
اِحتِمَاش (ع)، دو مرغوں کا آپس میں لڑنا -
اِحتِمَال (ع)، سہنا - برداشت کرنا (۲) بوجھ اُٹھانا (۳) گمان کرنا - (۴) کوچ کرنا (۵) گمان -
اِحتِیَاج (ع)، حاجت (۲) حاجت مند ہونا (۳) کسی شے کی خواہش ہونا -
اِحتِیَاط (ع)، بچنا - پرہیز کرنا (۲) ہوشیاری کرنا -
اِحتِیَال (ع)، حیلہ کرنا - مکر کرنا - فریب کرنا -
اَحجَار (ع)، (اَ ح ج ا ر) حجر کی جمع - پتھر - سنگ -
اِحجَاف (ع)، نقصان کرنا - سختی کرنا - کسی کو تنگ کرنا -
اَحَد (ع)، ایک - ۱ - ایک مرد - اکیلا -
اَحَدّ (ع)، بہت تیز -
اُحُد (ع)، مدینہ کے پاس ایک پہاڑ ہے -
اِحدَاث (ع)، نئی بات نکالنا - نیا پیدا کرنا (۲) صیقل کرنا -
اَحدَاث (ع)، حدث کی جمع - نوجوان - نوخاست -
اَحدَاق المَرضیٰ (ع)، (اَ ح د ا ق ال مَ ر ضیٰ) پھول کی ایک قسم -
اَحدِی (ع)، ایک منصب کا نام جو اکبر بادشاہ کے عہد میں مقرر ہوا تھا - منصب صرف ذاتی تھا - ان کے پاس سوار و پیادہ نہ ہوا کرتے تھے -
اِحدیٰ (ع)، ایک عورت -
اَحَدِیَّت (ع)، اکائی - ایک ہونا - یکتائی -
اَحذَر (ع)، بہت ڈرنے والا - بہت دُور اندیش -
اَحرَار (ع)، حُرّ کی جمع - آزاد لوگ -
اِحرَاز (ع)، بچانا - پناہ دینا (۲) گھیرنا (۳) استوار کرنا -
اَحرَاس (ع)، حارس کی جمع - نگہبان - نگران -
اِحرَاض (ع)، مرض عشق سے بیمار اور دُبلا ہونا -
اِحرَاق (ع)، جلانا - پھونکنا -
اِحرَام (ع)، حرم میں آنا (۲) مقررہ مقامات سے حج سے کچھ دنوں پہلے بعض حلال ومباح اشیاء مثلاً سلے ہوئے کپڑے اور خوشبو وغیرہ کا اپنے اُوپر حرام وناجائز ٹھہرانا -
اِحرَام بَستن (ع - ف)، احرام باندھنا - حج کا قصد ونیت کرنا -
اَحرَس (ع)، دلیر - کسی سے نہ ڈرنے والا -
اَحزَاب (ع)، حزب کی جمع - گروہ -
اِحزَان (ع)، غمگین کرنا - غم میں ڈالنا -
اَحزَان (ع)، حُزن کی جمع - غم ہا -
اَحزَم (ع)، (اَ ح زَ م) بہت ہوشیار - بہت دانا -
اَحسَاب (ع)، حسب کی جمع -
اِحسَاس (ع)، دیکھنا (۲) معلوم کرنا (۳) چھونا - مس کرنا (۴) حس وحرکت معلوم کرنا - حواس خمسہ میں سے کسی ایک حس کے ذریعے معلوم کرنا - محسوس کرنا -
اِحسَان (ع)، کسی کے ساتھ نیکی کرنا -
احسان کار (ع - ف)، نیکی کرنے والا -
اَحسَن (ع)، (اَ ح سَ ن) بہت نیک - بہت اعلیٰ -
اَحسَنُ الخَالِقِین (ع)، پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر - خدا تعالیٰ -
اَحسَنُ القَصَص (ع)، بہترین قصہ - سورہ یوسف کی طرح -
اَحسَنتَ (ع)، (اَ ح سَ ن تَ) ماضی واحد حاضر مذکر کا صیغہ - تو نے بہت اچھا کیا - آفرین - واہ - واہ - شاباش -
اَحسَنِ تَقوِیم (ع)، بہت اچھی ترکیب - بہت اچھی صورت بہت اچھا اندازہ -
اَحسَن وُجُوہ (ع)، نہایت عمدہ اطوار -
اَحشَاء (ع)، حشا کی جمع - پیٹ اور سینہ کے اندرونی اعضاء مثلاً دل جگر اور انتڑیاں وغیرہ -
اَحشَام (ع)، حشم کی جمع - نوکر - خدمت گار -
اِحصَاء (ع)، (اِ ح صَ ا) شمار کرنا - گننا - ضبط کرنا -
اِحصَائِیہ (ع)، مردم شماری -
اِحصَار (ع)، کسی کام سے رُک جانا - گھیر لینا -
اَحصٰی (ع)، (اَ ح صٰ ی) بہت گننے والا -
اِحصَان (ع)، مضبوط کرنا (۲) پاک دامن ہونا - پرہیزگار بننا - (۳) مرد یا عورت کا بیاہا جانا - بیاہ کرنا -
اِحضَار (ع)، حاضر کرنا (۲) کسی چیز کا موجود کرنا -
احضار ارواح (ع)، رُوحوں کو بلانا - کچھ لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ رُوحوں کو اپنے سامنے حاضر کر سکتے ہیں -
احضار گردیدن (ف)، بُلایا جانا -
احضاریہ (ع)، بلاوا - عدالتی سمن -
اَحفَاد (ع)، حفید کی جمع - پوتے - نواسے - بیٹے بیٹیاں (۲) نوکر چاکر - لونڈی غلام -
احطاب (ع)، حطب کی جمع - لکڑیاں -
احقاب (ع)، بڑی لمبی مدتیں - اسی اسی برس کے زمانے - یہ جمع ہے - اس کا واحد حُقب ہے -
اَحقَاد (ع)، حِقد کی جمع - غصے - کینے - عناد -

Marfat.com

أحقر (ع)، بہت حقیر - بڑا ذلیل -
اِحکام (ع)، محکم کرنا - مضبوط کرنا -
أحکام (ع)، حکم کی جمع - فرمان - فیصلے -
أحکامِ الٰہی (ع)، خدا کے حکم امر و نہی -
أحلام (ع)، حُلم کی جمع - خوابیں - سپنے -
أحلیٰ (ع)، نہایت شیریں - بہت میٹھا -
أحمال (ع)، حمل کی جمع - پیٹ کے بچے - درخت کے پھل -
أحمال (ع)، بوجھ - گٹھڑی - بقچہ -
اِحمال (ع)، بوجھ اٹھوانا -
أحمد (ع)، بہت تعریف کیا گیا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک ہے - اور سُریانی زبان کے لفظ فارقلیط کا جو انجیل میں بطور پیشنگوئی آپ کی شان میں آیا ہے - صحیح ترجمہ ہے -
أحمر (ع)، سُرخ - ارغوانی (۲) لڑائی میں ہتھیار نہ رکھنے والا آدمی -
احمرار (ع)، سُرخ ہونا - سُرخی -
أحمر و أبیض (ع)، سُرخ و سفید (۲) سونا چاندی -
أحمض (ع)، ترش (۲) ناخوش (۳) دشوار -
أحمق (ع)، بے وقوف - بے سمجھ -
احمقانہ (ع)، احمقوں کی مانند - حماقت سے -
احمق کدہ (ع - ف)، احمقوں کی جگہ -
أحوال (ع)، حال کی جمع حالتیں - کیفیتیں (۲) سرمایہ مال و دولت -
احوال کسے گرفتن (ع - ف)، کسی کا حال پوچھنا -
أحور (ع)، مشتری ستارہ (۲) وہ شخص جس کی خوبصورت سیاہ آنکھیں ہوں - سیاہ و سفید خوبصورت آنکھوں والا (۳) سفید رنگ (۴) خوبصورت -
أحوج (ع)، محتاج تر - زیادہ حاجت مند -
أحور (ع)، آہو چشم - سیاہ آنکھوں والا - خوب صورت آنکھوں والا - اس کی مؤنث حَوراء ہے -
أحوص (ع)، کنجوس - تنگ چشم -
أحول (ع)، بھینگا - ٹیڑھی نظر والا - حیلہ ساز -
أحیا (ع)، حَیّ کی جمع - زندہ لوگ (۲) قبیلے (۳) محلّے -
اِحیا (ع)، جان ڈالنا - زندہ کرنا -
اِحیا کردن (ع)، کسی محتاج کو کچھ دینا - عطا کرنا بخشنا -
احیا کردن زمین (ع - ف)، ناکارہ زمین میں کھیتی باڑی اور کاشتکاری کرنا -
أحیان (ع)، حین کی جمع - وقت - زمانہ - اوقات - زمانے -
أحیائے عرب (ع)، عرب کے قبیلے -
أحیل (ع)، بڑا مکار - بڑا حیلہ گر -

## ا - خ

أخ (ع)، بھائی - برادر -
أخ (ف)، شاباش - آفرین -
أخ أخ (ف)، خوش خوش - عربی میں اس کے بجائے بخ بخ اور طوبیٰ کا لفظ بولتے ہیں - مقام تاسف میں بھی آتا ہے -
أخبار (ع)، خبر کی جمع - خبریں - عام طور پر خبریں پہنچانے والے ہفتہ وار یا روزانہ وغیرہ پرچہ کے معنوں میں آتا ہے - اعلان -
اِخبار (ع)، خبر دینا - بتانا - اطلاع دینا -
اخبارِ رسمی (ف)، سرکاری گزٹ -
اخباری (ع)، تاریخ دان - تاریخ نویس - محدث -
أخبث (ع)، خبیث ترین - ناپاک ترین -
اخبیہ (ع)، خیمے -
أخت (ع)، بہن - ہمشیرہ (۲) مانند - مثل -
أختان (ع)، ختن کی جمع - داماد -
اِختباء (ع)، پنہاں ہونا -
اختبار (ع)، خبر لینا (۲) آگاہ ہونا (۳) آزمانا - امتحان لینا -
اختتام (ع)، ختم کرنا - پورا کرنا -
اختتان (ع)، ختنہ کرنا -
اختداع (ع)، دھوکا بازی - فریب کاری -
أختر (ف)، ستارہ (۲) شگون (۳) فال (۴) طالع - قسمت (۵) جھنڈا (۶) چاند کی ایک منزل کا نام (۷) ایک فرشتہ کا نام جو قرعہ زمین پر موکل خیال کیا جاتا ہے -
اختراع (ع)، نئی بات نکالنا - ایجاد کرنا -
اختراق (ع)، پھاڑنا (۲) چھٹنا - پارہ پارہ ہونا (۳) فراخ دستی (۴) زور کی ہوا چلنا -
اختر بین (ف)، نجومی - منجم - جوتشی -
اختر جوانہ (ف)، نیک نصیبہ - خوش قسمتی -
اختر جوزا (ف)، ستارہ - عطارد -
اختر در پیراہن کردن (ف)، بے قرار و بے آرام کرنا -
اختر در گور (ف)، اچھی ساعت - نیک گھڑی -
اختر دنبالہ دار (ف)، دُم دار ستارہ -
اختر روشن (ف)، بوند - بارش کی بوند -
اختر ریز (ف)، آنسو بہانے والا -
اختر شمار، اختر شمر (ف)، نجومی - منجم - جوتشی -
اختر شمردن (ف)، تارے گننا - جاگتے رہنا -
اختر شناس (ف)، نجومی - منجم - جوتشی -
اختر فشاں (ف)، گریہ وزاری کرنے والا (۲) رونا دھونا -
اختری (ف)، نجومی - منجم - جوتشی - رمّال -
اختصار (ع)، مختصر کرنا - کم کرنا - گھٹانا - بہت سے مطلب کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا -
اختصاص (ع)، خاص کرنا (۲) خاص ہونا - خصوصیت رکھنا -
اختصاص داشتن (ف)، مہارت خصوصی پیدا کرنا -

Marfat.com

اِختطاف (ع) اُچک لینا۔ جھپٹ لینا۔
اِختِفا (ع) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (۲) چھپنا۔
اِختِلاج (ع) کسی عضو کا پھڑکنا۔
اختلاس (ع) غبن۔
اختلاس کردن (ع۔ف) غبن کرنا۔
اختلاط (ع) ملانا۔ ملنا۔ (۲) محبت دوستی (۳) گفتگو۔ بات چیت۔
اِختلاف (ع) باہم مختلف ہونا (۲) فرق۔ تفاوت۔
اِختلال (ع) خلل پڑنا (۲) خلل ڈالنا (۳) نقصان ہونا (۴) دبلا ہونا۔
اِختناق (ع) گلا بند ہونا۔
اَختہ (ف) خصی۔ خواجہ سرا۔
اَختہ خانہ (ف) طویلہ۔
اِختیار (ع) پسند کرنا (۲) ایک بات کو ماننا (۳) اپنی مرضی کے مطابق کام کرنا۔
اِختیال (ع) گردن کشی کرنا (۲) اترانا۔ غرور کرنا (۳) خیال کرنا۔
اَخچہ (ت) ریزہ زر (۲) روپیہ۔
اَخدر (ع) شب تاریک۔ اندھیری رات۔
اَخدری (ع) گورخر۔
اخدان (ع) خدن کی جمع۔ دوست یار۔
اِخدع (ع) بہت مکار۔ بڑا فریبی۔
اُخدود (ع) خندق۔ گڑھا۔
اِخذ (ع) اختیار کرنا۔ پکڑنا (۲) شروع کرنا (۳) مُفت۔
اَخذ و جبر (ع) لینا اور کھینچنا (۲) رشوت لینا (۳) دولت اکٹھا کرنا۔
اُخَر (ع) (اُ خَ رْ) دُوسرے۔ (آخر کا جمع ہے)
اِخراج (ع) خارج کرنا۔ نکالنا۔
اَخراجات پیشہ (ع۔ف) کسی قسم کا کاروبار یا کام شروع کرنے کے لیے جو ابتدائی خرچ ہوتا ہے۔
اَخرب (ع) خراب و ویران مکان یا ملک۔
اَخرس (ع) گُنگ۔ گونگا۔
اَخرم (ع) نکٹا۔ وہ شخص جس کی ناک کٹی ہوئی ہو۔
اُخریٰ (ع) دُوسری عورت۔
اَخزیٰ (ع) (اَ خْ زا) بڑا بدنام۔ پُوری رسوائی۔
اَخزم (ع) نر سانپ۔ حاتم کے دادا کا بھی نام ہے۔
اَخس (ع) نہایت خسیس۔ بے حد کنجوس۔ بہت کمینہ۔
اَخِسّا (ع) خسیس کی جمع۔ کمینے۔ رذیل۔
اَخسر (ع) بہت زیادہ نقصان اُٹھانے والا۔
اَخشاب (ع) خشب یا خشبہ کی جمع۔ لکڑی کے تختے (۲) لکڑیاں۔
اَخشب (ع) سخت۔ کھردرا۔
اَخشن (ع) بہت سخت۔
اَخص (ع) بہت خاص۔ خاص تر۔
اَخضر (ع) سبز۔ نیلا (۲) سیاہ۔

اِخضرار (ع) سبز ہونا۔
اَخضع (ع) فروتن۔ وہ جو ذلت پر راضی ہو جائے۔
اَخطار (ع) خطرے کی جمع۔ خطرے۔ ہلاکتیں۔ (۲) اطلاع۔ نوٹس۔
اِخطار (ع) خطرے میں ڈالنا۔ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔
اَخطب (ع) بڑا خطیب۔
اَخف (ع) خفیف تر۔ بہت خفیف (۲) بہت ہلکا۔ سُبک تر۔
اِخفا (ع) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (۲) پوشیدہ۔
اخفاف (ع) خفیف ہونا۔ ہلکا ہونا۔ سبکسار ہونا۔
اِخفاء (ع) جلدی چلنا۔ شتاب چلنا۔
اَخفش (ع) کمزور آنکھوں والا جس کی آنکھیں سُورج کے سامنے نہ کھُلیں۔ چندھا (۲) شپر۔ چمگادڑ (۳) ایک شخص کا نام جو علم صرف و نحو اور علم قرأت کا بہت بڑا فاضل گزرا ہے۔ اور جس کی بکری کا جسے بُز اخفش کہتے ہیں۔ قصّہ مشہور ہے۔ چونکہ یہ علمی تحقیقات میں رات بھر جاگا کرتا تھا اس لیے اس لقب سے ملقب ہوا۔
اَخگر (ف) آگ کی چنگاری (۲) ابتدائے عشق۔
اَخگر در پیرہن کردن (ف) بے قرار ہونا۔
اِخلاص (ع) خلوص۔ پاک اور خالص دوستی رکھنا۔ دوستی (۲) بے ریا عبادت کرنا۔
اخلاص مند (ع۔ف) خیر خواہ دوست۔ دوست صادق۔
اَخلاط (ع) خلط کی جمع۔ صفرا۔ سودا۔ بلغم اور خُون ہر ایک کو خلط کہتے ہیں (۲) مُلک روم کے ایک شہر کا نام بھی ہے۔
اَخلاف (ع) خلف کی جمع۔ فرزندانِ سعید (۲) مُردہ کے پسماندہ لوگ۔ (۳) پچھلی اُمت میں (۴) پہلوں کے جانشین۔
اَخلاق (ع) خلق کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں۔ اچھی خُو۔ مروت۔
اَخلاقِ ملکی (مَ لَ کِ ی)، اَخلاقِ ملکیہ (مَ لَ کِ یَّ) (ع) فرشتوں جیسی خصلتیں عُمدہ خصلتیں۔
اِخلال (ع) محتاج کرنا (۲) محتاج ہونا۔
اَخلص (ع) خالص تر۔ بہت پاکیزہ۔
اَخلف (ع) وہ جو بائیں ہاتھ سے کام کرے۔
اَخم (ف) ابرو اور پیشانی کی شکن۔
اَخم (اَ خْ مْ) رُو (ف) چیں بہ جبیں ترش رُو۔
اِخمال (ع) گمنام کرنا۔
اَخمس (ع) دلیر آدمی (۲) سخت جگہ۔
اَخمص (ع) کف پا۔ پاؤں کا نچلا حصّہ۔
اَخمہ (ع) شکن یا چین جو کسی چیز میں ہو۔
اِخناس (ع) پیٹھ پیچھے چھپانا۔
اخناع (ع) دُوسرے سے عاجزی کرانا۔
اَخو (ع) بھائی برادر۔
اخوات (ع) بہنیں۔
اخوال (ع) خال کی جمع۔ تل۔
اخوان (ع) دو بھائی۔

Marfat.com

اخوالبلیۃ (ع) مصیبت زدہ۔
اخوالعداوۃ (ع) دشمن۔ عداوت رکھنے والا۔
اخوات (ع) اُخت کی جمع۔ بہنیں۔ ہمشیرگاں۔
اخوان (ع) اخ کی جمع۔ بھائی برادران۔
اخوان الشیاطین (ع) شیطان کے بھائی۔ شیطان کے پیرو۔
اخوان الصّفا (ع) دوست۔ یار۔
اُخوّت (ع) بھائی ہونا۔ بھائی چارہ۔
اَخوَف (ع) بہت خائف۔ بہت خوفزدہ۔
اخون } (ف) استاد۔ معلم۔
اخوند } (اَخ وُ ن دُ) دَ نہیں پڑھا جاتا۔
اُخوی (ع) میرا بھائی۔ صحیح لفظ اخی ہے۔
اُخی (ع) میرا بھائی۔
اخی (ف) صاحب مروّت۔
اخیافی (ع) وہ بھائی جن کی ماں ایک اور باپ الگ الگ ہوں۔
اَخیذ (ع) قیدی۔ گرفتار۔
اَخیر (ع) پچھلا۔ آخری۔
اَخیف (ع) وہ شخص جس کی ایک آنکھ سیاہ اور ایک نیلی ہو۔

## ا - د

ادا (ف) پورا کرنا (۲) ناز۔ انداز۔ معشوق کی حرکتیں۔
ادا (ع) پہنچانا (۲) دوسرے کا حق پورا کرنا۔ اپنے ذمہ سے دوسرے کا حق اتارنا۔
اُدابر (ع) بات نہ سننے والا (۲) قرابت توڑنے والا۔
اَدات (ع) اوزار۔ ہتھیار۔ کسی شے کے حصول کا آلہ (۲) علم صفت (۳) حرف جو اسم اور فعل کے مقابل ہے۔
اِدارہ (ع) ضبط۔ انتظام (۲) نگہبانی (۳) محکمہ دفتر (۴) قانون۔ (۵) احاطہ (۶) حکومت (۷) دارالسلطنت۔
ادارۂ بلدیہ (ع) شہر کی مجلس انتظامیہ۔ میونسپلٹی۔
ادارہ دادن (ف) منظم کرنا۔ جمع و ترتیب دینا۔
ادارۂ قلمی (ع) محکمہ انتظام ملکی۔
ادارہ کردن (ف) انتظام کرنا۔ اہتمام کرنا۔
ادارۂ تہیہ کار (ف) کام مہیا کرنے کا محکمہ۔
ادارہ کارآگاہی (ف) خفیہ پولیس کا محکمہ۔
ادارۂ نظامی (ع) فوجی محکمہ۔
ادامت (ع) ہمیشگی (۲) بھرنا (۳) لگاتار برسنا۔
ادامہ دادن (ف) جاری رکھنا۔ بڑھانا۔
اَدانی (ع) ادنیٰ کی جمع۔ کم درجہ کے لوگ (۲) قریب تر۔
اداوہ (ع) لوٹا۔ ابریق۔
ادائے کسے را در آوردن (ف) کسی کی نقل کرنا۔

اَدَب (ع) عمدہ روش۔ قاعدہ۔ دانش۔ ہر چیز کے اندازہ اور حد کا نگاہ رکھنا۔ (۲) زبان (۳) لٹریچر۔
اُدَبا (ع) ادیب کی جمع۔ علم و ادب جاننے والا (۲) ادب دینے والا۔ ادب سکھانے والا۔
اِدبار (ع) پیٹھ پھیرنا (۲) قسمت کا پھر جانا۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔
اَدبانہ (ف) ادب کے طور پر۔
ادب آموز (ع - ف) استاد۔ معلم۔
ادب پذیر (ع - ف) جو ادب سیکھنے کے قابل ہو۔
ادب خانہ (ع - ف) دبستان۔ مکتب۔
ادبستان (ع - ف) مکتب۔ علم سیکھنے کی جگہ۔
ادب شکستن (ع - ف) بے ادبی کرنا۔
اَدَب کردن (ف) جھڑکنا۔ تنبیہ کرنا۔
اُدبیر (ف) ادبار کا امالہ۔ اِدبار۔
اِدخال (ع) داخل کرنا۔ اخراج کا متضاد۔
اَدخِنہ (ع) (اَدْ خِ نَ ہ) دخان کی جمع۔ دھوئیں۔
اِدرار (ع) زور کا مینہ برسنا۔ جاری ہونا۔ (۲) بار بار پیشاب کرنا۔ (۳) بار بار انعام دینا (۴) وظیفہ۔ روزینہ۔
اِدراک (ع) پانا (۲) عقل (۳) دریافت کرنا (۴) دیکھنا (۵) سمجھنا۔ (۶) بالغ ہونا۔ پکنا۔
ادرد (ع) مرد جس کے دانت نہ ہوں۔
اُدرہ (ع) رطوبت یا ہوا کے باعث خصیوں کا بڑھ جانا۔
ادریس (ع) ایک پیغمبر کا نام۔ جنہوں نے درزی کا کام یعنی سینا جاری کیا۔
اِدّعا (ع) دعوےٰ کرنا (۲) خواہش کرنا۔ چاہنا۔ عدالت میں کسی پر دعوےٰ دائر کرنا۔
اَدعیہ (ع) دُعا کی جمع۔ دُعائیں۔
اَدعیۂ (ع) وہ دُعائیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔
اِدغام (ع) گھوڑے کے منہ میں لگام دینا (۲) بغیر چبانے کے کوئی چیز کھانا (۳) دو قریب المخرج الفاظ کا اس طرح مل جانا کہ وہ دونوں مل کر ایک ہی پڑھے جائیں۔ جیسے شب پر سے شپّر۔ بدتر سے بتّر۔
اَدَق (ع) بہت باریک۔ بہت دقیق۔ بہت مشکل۔
اِدقاق (ع) باریک کرنا۔ دقیق کرنا (۲) نیک کرنا (۳) نرم آٹا گوندھنا۔
اَدفیہ (ت) پلنگ پوش۔ بستر کی پھول دار چادر۔
اِدّکار (ع) یاد کرنا (۲) نصیحت کرنا (۳) قبول کرنا۔
اَدکَن (ع) خاکستری رنگ۔ سیاہی مائل رنگ۔
اَدَلّ (ع) دلیل تر۔ بڑا رہنما۔
اِدلاج (ع) رات کو سیر کرنا۔

Marfat.com

اِدْلال (ع) ناز کرنا - غمزہ کرنا -
اَدِلّہ (ع) دلیل کی جمع -
اِدْماج (ع) کپڑے میں لپیٹنا (۲) ایک صنف شعریہ کا نام، جس میں ایک مضمون میں دوسرا مضمون لپیٹا ہوا ہوتا ہے -
اِدْمان (ع) ہمیشہ کرنا - مشق کرنا (۲) ہمیشہ شراب پینا -
اَدْمغہ (ع) دماغ کی جمع -
اَدْمن (ع) مشک خالص -
اَدْن (ع) ٹیڑھی کمر والا -
اَدْنٰے (ع) مقدار میں کم (۲) خراب (۳) بہت نزدیک -
اَدْوات (ع) اَدات کی جمع - اوزار - ہتھیار - آلات -
اَدْوار (ع) دَور کی جمع - گردشیں - چکر (۲) زمانے -
اَدْوَن (ع) نہایت کمینہ - بہت حقیر (۲) نہایت نزدیک -
اَدْوِیہ (ع) دوا کی جمع - دوائیں - معالجے -
اَدْھی (ع) بڑی بلا - بلائے عظیم -
اَدْہم (ع) مشہور ولی ابراہیم کے باپ کا نام، جو ابراہیم ادھم کہلاتے ہیں اور بلخ کی بادشاہی چھوڑ فقیر ہوگئے تھے (۲) سیاہ گھوڑا (۳) سیاہ سانپ (۵) بیڑی جو قیدی کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے -
اِدْہالش (ع) حیران کرنا -
اَدْہان (ع) دُہن کی جمع - روغن -
اِدْہان (ع) چھپانا (۲) خیانت کرنا (۳) جھوٹ بولنا (۴) خراب ہونا (۵) نفاق ڈالنا -
اَدْھم (ع) سیاہ رنگ - کالا گھوڑا -
اَدْہیٰ (ع) بہت مکروہ (۲) بہت دشوار (۳) رموز معاش میں بڑا لائق -
اَدْیان (ع) دین کی جمع - مذاہب -
اَدِیب (ع) علم ادب جاننے والا (۲) ادب سکھانے والا -
اَدِیبانہ (ع - ف) ادیب سے متعلق -
اَدِیم (ع) چمڑا (۲) سُرخ چمڑا - سُرخ اور خوشبودار چمڑا (۳) سطح (۴) طعام مع سالن -
اَدِیم السَّماء (ع) آسمان کے نیچے کی سطح -
اَدِیم یمن / اَدِیم یمنی } (ع) خوشبودار اور دھاری دار رنگین چمڑا جو ملک یمن میں ستارہ سہیل کی خاصیت سے تیار ہوتا ہے -

## ا - ذ

اِذ / اِذا } (ع) جب - جس وقت - جبکہ -
اِذابہ (ع) پگھلانا - پانی کرنا -
اِذاعت (ع) ظاہر کرنا - آشکارا کرنا - راز فاش کرنا - مشتہر کرنا - پھیلانا - مشہور کرنا -
اِذاقت (ع) مزا چکھانا -
اَذان (ع) آواز (۲) آگاہ کرنا (۳) نماز کے وقت کی بانگ (۴) کسی چیز کی طرف کان لگانا -
اِذْخار (ع) ذخیرہ کرنا - جمع کرنا -
اِذْخر (ع) ایک خوشبودار گھاس کا نام جسے ہندی میں سرچیاگند کہتے ہیں -
اِذْرعی (ع) اذرعات سے منسوب - اذرعات شام کے ایک قدیم شہر کا نام ہے -
اِذْعان (ع) فرمان برداری کرنا - حکم ماننا - اطاعت کرنا (۲) اقرار کرنا (۳) یقین کرنا -
اَذْفر (ع) تیز بُو - خواہ اچھی ہو یا بری (۲) خالص -
اَذْقان (ع) ذقن کی جمع - ٹھوڑیاں -
اَذْکار (ع) ذکر کی جمع - دعائیں - نمازیں -
اَذْکیٰ (ع) بڑا عقل مند - بڑا ذکی -
اَذْکیا (ع) ذکی کی جمع - تیز فہم - ذہین -
اَذَل (ع) بہت ذلیل - نہایت خوار -
اِذْلال (ع) ذلیل کرنا - خوار کرنا -
اَذِلّہ (ع) ذلیل کی جمع - کمینے -
اَذِمّہ (ع) حق و حرمت -
اِذْن (ع) اجازت - حکم - پروانگی -
اُذُن (ع) کان - گوش -
اِذْناب (ع) گناہ کرنا -
اَذْواق (ع) جمع ذوق
اِذْہاب (ع) لے جانا - (۲) دُور کرنا (۳) رواں کرنا (۴) سونے کا ملمع کرنا -
اَذْہان (ع) ذہن کی جمع -
اَذْیٰ (ع) اذیت - دُکھ (۲) کوڑا کرکٹ (۳) نجاست - ناپاکیزگی -
اَذِیت (ع) رنج - دُکھ - تکلیف -

## ا - ر

اَر (ف) اگر کا مخفف - جو حرف شرط بمعنی اذا بھی آتا ہے -
ارائک (ع) تختے - صوفے -
اِرابت (ع) شک کرنا - شبہ کرنا -
اَرابہ (ع) چھکڑا گاڑی -
ارابچی (ع) گاڑی بان -
اراجیز (ع) ارجوزہ کی جمع - رجز خوانی - مختصر اشعار -
اراجیف (ع) ارجاف کی جمع - بے اصل اور جھوٹی باتیں -
اِراحت (ع) راحت کرنا - آرام کرنا (۲) آرام دینا (۳) رات کو چرائی کرنا (۴) پہچاننا - (۵) بُو محسوس کرنا -
اِرادت (ع) ارادہ کرنا (۲) مرید بننا -
اِرادت مند (ع - ف) مرید - عقیدت مند -
اِرادی (ع) اختیاری - ارادہ کا -

Marfat.com

اَراذِل (ع) کمینے لوگ۔ نالائق آدمی۔ اَرذَل کی جمع۔

اِراقت
اِراقہ
(ع) پانی گرانا (۲) خُون بہانا۔ بہانا۔

اِراک (ع) پیلو کا درخت۔

اَرامِل (ع) ارمل کی جمع۔ رنڈوے۔

اَرامِل (ع) ارملہ کی جمع۔ بیوہ۔ جو محتاج نہ ہو۔ مال دار۔ متوسط الحال بیوہ۔

اَرامِنہ (ع) ارمنی کی جمع۔ آرمینیا کا باشندہ۔

اَرانِب (ع) ارنب کی جمع۔ خرگوش۔

اِراءَۃ (ع) دکھانا۔

اَرَب (ع) حاجت۔ ضرورت۔ احتیاج۔

اَرْباب (ع) رب کی جمع۔ صاحب۔ رئیس۔ مالک۔

اَرْباب (ف) زمیندار۔ جاگیردار۔ مالگذار۔ تعلقہ دار۔

اَرْبابِ حاجت (ع) حاجت مند۔ محتاج (۲) فقیر۔

اَرْبابِ دانش (ع۔ ف) دانشور لوگ۔

اَرْبابِ صفا
اَرْبابِ صفوہ
(ع) صاحب باطن لوگ۔ برگزیدہ لوگ۔

اَرْبابِ صَنائع (ع) اہل صنعت۔ اہل ہُنر۔ پیشہ ور۔ اہل حرفہ۔

اَرْبابِ قلم (ع) قلم والے۔ صاحب قلم۔ منشی۔

اَرْبابِ معنی (ع) خداشناس لوگ۔ عارف لوگ۔

اَرْبابِ ہمت (ع) ہمت والے۔ سخی۔ فیاض۔

اَرْباح (ع) سُود۔ ربح کی جمع۔

اَرْباع (ع) ربع کی جمع۔ چوتھائیاں ¼۔

اَرْبع (ع) چار۔ للعہ۔ ۴۔ چار عورتیں۔

اَرْبعاء (ع) بُدھ کا روز۔

اَرْبعون (ع) چالیس۔ ۴۰۔

اَرْبعہ (ع) چار۔ للعہ۔ چار مرد۔

اَرْبعین (ع) چالیس۔ ۴۰۔

اَرْبک (ع) سیاہ رنگ۔ سیاہ رنگ کا اُونٹ۔

اَرْبلی (ع) اربل سے منسوب۔ اربل عراق میں ایک شہر ہے۔

اِرْبہ (ع) حاجت۔

اَرْبی (ع) بہت فائدہ مند۔

اِرْتاب (ع) شک کرنا۔

اِرْتباح (ع) (اِرْ۔ تِ۔ بَ۔ اح) تجارت میں فائدہ اُٹھانا۔

اِرْتباط (ع) (اِرْ۔ تِ۔ بَ۔ اط) ربط کرنا۔ ملانا (۲) دوستی (۳) باندھنا۔

اِرْتجا (ع) اُمید رکھنا۔

اِرْتجاز (ع) ارجوزہ پڑھنا۔ رجز پڑھنا۔

اِرْتجاع (ع) رجوع کرنا (۲) واپس لینا۔

اِرْتجال (ع) بغیر سوچنے کے بولنا (۲) فوراً شعر کہہ دینا (۳) جھٹ پٹ کام کرنا۔

اَرْتجک (ع) بجلی۔ برق۔ صاعقہ۔

اِرْتحال (ع) (اِرْ۔ تِ۔ حَ۔ ال) کوچ کرنا۔ رحلت کرنا۔ سفر کرنا (۲) نقل مکان کرنا (۳) وطن بدلنا (۴) اُونٹ پر کاٹھی ڈالنا۔

(۵) موت آنا۔

اِرْتداد (ع) مرتد ہونا۔ پھر جانا۔ مذہب اسلام سے پھرنا۔

اِرْتداء (ع) کندھے پر چادر ڈالنا۔

اِرْتزاق (ع) رزق چاہنا۔

اِرْتسام (ع) دُعا کرنا (۲) اطاعت کرنا (۳) تصویر کھینچنا (۴) نقش اُتارنا۔ (۵) منقش ہونا۔

اِرْتش (ت) کسی ملک کی فوج کا مجموعہ۔

اِرْتشا (ع) رشوت لینا۔ گھونس کھانا۔

اِرْتشاف (ع) چوسنا۔

اِرْتضا (ع) باہم راضی ہونا۔ آپس میں خوش ہونا۔

اِرْتعاش (ع) کانپنا۔

اِرْتفاع (ع) بلند ہونا۔ اُونچا ہونا۔

اِرْتفاق (ع) رفاقت کرنا۔ ساتھ دینا۔

اِرْتقا (ع) ترقی کرنا۔ چڑھنا۔

اِرْتکاب (ع) سوار ہونا (۲) ناجائز کام کرنا۔ گناہ کرنا۔

اِرْتماس (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔

اَرْتنگ (ع) (اَرْ۔ تَ۔ نْ۔ گْ) نام ایک کتاب کا جو مشہور مصور مانی کی تصنیف تھی (۲) مانی کا نگارخانہ (۳) نقاشوں کا تختہ۔

اِرْتیاب (ع) شک میں پڑنا۔

اِرْتیاح (ع) راحت پانا۔ خوش ہونا۔

اِرْتیاش (ع) کسی کا حال بہتر ہو جانا۔

اِرْتیاض (ع) ریاضت کرنا۔ محنت کرنا۔

اِرْتیاع (ع) ڈرنا۔

اِرْث (ع) میراث۔ ورثہ۔ مُردہ کا مال۔

اَرثماطیقی (ف) یونانی زبان سے ماخوذ۔ علم اعداد۔ علم حساب۔

اَرْج (ع) ارز کا معرب۔ بھاؤ۔ قیمت۔ مول۔ قدر۔ مرتبہ۔ حد۔ (۲) درمیانی اُنگلی کے سرے سے لے کر کہنی تک کا پیمانہ ایک ہاتھ کا ناپ جو قریباً دو بالشت ہوتا ہے۔

اَرِج (ع) خوشبُودار (۲) کرگدن یعنی گینڈا جو مشہور جانور ہے۔

اِرْجاء (ع) اطراف۔ کنارے۔

اِرْجاع (ع) رجوع کرانا۔ متوجہ کرانا۔ پھیرنا۔ ایک چیز کو دُوسری کی طرف متوجہ کرنا۔

اَرْجمند (ف) صاحب رُتبہ۔ صاحب قدر و منزلت۔ قدر و قیمت والا۔

اَرْجوان (ع) ارغوان کا معرب۔ سُرخ پھول (۲) ایک درخت جو موسم بہار میں پھولوں سے سُرخ ہو جاتا ہے۔

اُرْجوحہ (ع) جھولا (۲) ہنڈولا۔ پنگوڑا۔

اَرْچند (ف) ہرچند۔ جس قدر۔ جتنا کچھ۔

اَرْچہ (ف) اگرچہ کا مخفف۔ حرف شرط ہے۔

اَرْخا (ت) پیٹھ۔ پشت۔

اِرْخا (ع) چھوڑ دینا (۲) سُست کرنا۔

اَرْخمیدس (ف) دیکھو ارشمیدس۔

Marfat.com

اَرواء (ع) تباہ کرنا۔
ارداد (ف) مکار۔ حیلہ گر۔
ارداف (ع) پیروی کرنا۔ کسی کے پیچھے چلنا۔
اردب (ف) جنگ وجدال۔ لڑائی۔
اَردَبیل (ف) آذربائیجان کا مشہور شہر ہے (۲) ایک پہلوان کا نام بھی ہے۔
اَردَشیر (ف) ارد بمعنی قہر و غصہ اور شیر بمعنی شیر یعنی شیر کے غصے والا۔ یا ارد بمعنی مانند یعنی شیر کی مانند۔ ایران کے ساسانی بادشاہوں کا پہلا بادشاہ جو بہمن اسفندیار کی اولاد سے تھا۔
اَردَشیرِ بابکان (ف) اردشیر اسفندیار کا پوتا۔ چونکہ بابک نامی رئیس کا دوہتا تھا۔ اس لیے اسے اُردشیر بابکان کہتے ہیں۔
اُردَک (ف) قاز۔ مرغابی۔
اُردک پرانی (ف) مرغابی اڑانی (۲) گوز مارنا۔ ظرافت کرنا۔
اردم (ف) کشتیبان ماہر۔
اُروَند (ف) الوند پہاڑ کا دوسرا نام۔
اُردُو (ف) لشکرگاہ۔ شاہی لشکر۔ چھاؤنی (۲) پاکستان ہندوستان کی عام زبان کا نام۔
اُردِی بہشت (ف) ایرانیوں کے ایک مہینہ کا نام جو عین موسم بہار میں آتا ہے۔ اُرد بمعنی مانند یائے مجہول کسرہ کے اشباع سے پیدا ہوئی ہے یعنی بہشت کی مانند۔ دوسرے شمسی مہینے کا نام جو ماہ بیساکھ کے لگ بھگ ہوتا ہے (۲) ہر شمسی مہینے کا تیسرا روز۔
اَرذَل (ع) بہت ذلیل۔ نہایت پیچ۔ بے حد کمینہ۔
اَرذال (ع) کمینے۔ جمع ہے اس کا واحد ہے رذیل۔
اُرُز (ع) چاول۔
اَرزاق (ع) رزق کی جمع روزیاں۔
اَرزال (ف) سستا۔ مہنگا کی ضد۔
اَرزلش (ف) خیرات۔
اَرزانی (ف) سستاپن۔ گرانی کی ضد (۲) عطا کرنا۔ بخشنا۔ (۳) درویش۔
اَرزانی داشتن (ف) عطا کرنا۔
اَرزن (ف) ایک غلہ کا نام جسے چینا کہتے ہیں (۲) شیراز کے قریب میں ایک گاؤں کا نام۔
اَرزنده (ف) قیمتی چیز۔ بیش بہا چیز۔
ارزن زریں (ف) چنگاڑیاں (۲) ستارے۔
اَرزیدن (ف) بکنا (۲) برابر ہونا (۳) لائق ہونا (۴) قیمت پانا۔
اَرزیر (ف) رانگ۔ قلعی۔
اَرژنگ (ف) مانی کا نگارخانہ (۲) تصویروں والی ہر ایک کتاب۔
ارسال (ع) بھیجنا۔ پیچھے چھوڑ دینا۔

اَرس (ف) اشک۔ آنسو۔
ارسطاطالیس / ارسطو (ی) سکندر اعظم کے وزیر کا نام جو یونان کا مشہور حکیم اور افلاطون کے شاگردوں میں سے تھا۔
اَرسَلان (ف) غلام (۲) شیر پھاڑ کھانے والا۔
اَرسال (ف) میگزین۔
اُرسی (ف) جوتہ۔ موزہ۔
اَرش (ف) ناپنے کا ایک ہاتھ۔ آدھ گز۔
ارش (ف) دانا۔ زیرک۔ عاقل (۲) مجلس۔
اِرشاد (ع) ہدایت کرنا۔ راہ حق بتانا۔
اَرشد (ع) نہایت ہدایت یافتہ آدمی
اَرشَق (ع) نہایت قدر والا آدمی۔
ارشک (ف) حسد۔ غیرت۔
ارشک (ف) نر۔ زن کا مقابل۔
ارشکین (ف) رشکیں۔ حاسد۔ غیرت مند۔
اَرشمیدس (ف) رُوم کے ایک حکیم کا نام جس نے سونے کا کھوٹ اور عام اشیاء کا وزن دریافت کرنے کا قاعدہ ایجاد کیا۔
اَرصَاد (ع) رَصد کی جمع۔ رصد بمعنی وہ اونچی تعمیر شدہ جگہ جس پر سے ستاروں کے حالات وغیرہ دریافت ہیں۔ جنتر منتر۔
اَرض (ع) زمین۔ دھرتی۔
اِرضاء (ع) راضی کرنا۔ خوش کرنا۔
ارضاع (ع) بچے کو دودھ پلانا۔
اَرطاب (ع) رطب کی جمع۔ تازہ کھجوریں۔
اَرضہ (ع) دیمک۔
اَرضی / اَرضِین (ع) زمین کا۔
اَرغام (ع) ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔ زمین پر ناک رگڑوانا۔
ارغب (ع) راغب تر۔ بہت زیادہ مائل۔
ارغج (ف) ایک بیل جو زرد رنگ کی ہوتی ہے اور درختوں پر لپٹ جاتی ہے جسکو عشق پیچہ کہتے ہیں۔
اَرغلی (ف) جنگلی بھیڑ۔ سام۔
اَرغن (ف) ایک باجہ جسے افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔ ارگن۔
اَرغنون (ف) دیکھو ارغن۔
اَرغوان (ف) ارجوان ایک درخت ہے جس کی ٹہنیاں نہایت پتلی پتلی ہوتی ہیں اور موسم بہار میں اس میں اس قدر پھول آتے ہیں کہ پھولوں سے بھر جاتا ہے۔ سُرخ پھول۔
ارغنون (ف) دیکھو۔ ارغن۔ ارغنون۔
اَرغیدن (ف) غضب ناک ہو جانا۔ قتنہ اٹھانا۔
اِرفاق (ع) کسی کے ساتھ نرمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ کسی کو فائدہ پہنچانا۔
اَرفع (ع) بلند تر۔ بہت اونچا۔ بہت بلند۔

Marfat.com

اَرَق (ع) بیداری - بے خوابی۔
اَرَق (ع) بہت رقیق - نہایت پتلا (۲) شفاف -
اَرِقاء (ع) رقیق کی جمع -
اِرقال (ع) دوڑ کر جانا (۲) جلدی کرنا -
اِرقام (ع) رقم کرنا - لکھنا -
اَرقام (ع) رقم کی جمع - (خطوط)
اَرقم (ع) کالا سانپ جس کی پیٹھ پر سیاہ چتیاں ہوں یا جس کی پیٹھ پر سیاہ و سفید خال اور لکیریں ہوں - کوڑیالہ سانپ -
اَرکان (ع) رُکن بمعنی ستون کی جمع (۲) جانب (۳) کنارہ - (۴) جزو (۵) اُمراء - وُزراء - شاہی کارندے - (۶) اربعہ عناصر -
اَرکانِ دولت (ف) سلطنت کے رُکن - اُمراء - وزراء - درباری لوگ -
اَرگ (ت) قلعہ - پایہ تخت کا وہ قلعہ یا محل جس میں بادشاہ رہتا ہو - (۲) ایک قسم کا باجہ جسے ارغن اور ارغنون بھی کہتے ہیں -
اَرگجہ (ف) ایک خوشبو کا نام ہے - جو صندل گلاب، مشک کافور، عنبر اور چنبیلی کے تیل کو مرکب کر کے بناتے ہیں -
اِرَم (ع) قوم عاد کا جدِ اعلیٰ (۲) قوم عاد کا شہر (۳) بہشت جسے شداد عاد نے ملکِ صنعاء اور حضرموت کے درمیان بنایا تھا -
اِرم (ف) بہشت - جنت -
اَرماح (ع) نیزے -
اِرماض (ع) گرم ریت سے جلنا -
اَرمان (ف) حسرت - آرزو - پشیمانی - افسوس -
اَرمانیدن (ف) آرزو کرنا - حسرت کرنا -
اَرمد (ع) صاحبِ رمد - جس کی آنکھیں سُرخ ہوں اور دُکھتی ہوں -
اُرمُز (ف) مشتری ستارہ (۲) ہر شمسی مہینہ کا پہلا دن -
اَرمغان (ف) سوغات - تحفہ - انوکھی چیز -
ارمگان (ف) آموزگار - تربیت کرنے والا -
اَرمَل (ع) مسکین - بے توشہ (۲) بے زبان (۳) کنوارا مرد -
اَرمن (ف) ارمینیا - ایک ملک کا نام جو رُوم و ایران اور یورپ کے درمیان ہے -
اِرمن (ف) دیکھو آرمن -
ارمندہ (ف) آرام کرنے والا -
اَرمنی (ف) منسوب بہ ارمن - ارمن کا رہنے والا - ارمن کی کوئی شے -
ارمود (ف) امرود -
ارمون (ف) بیعانہ - پیشگی رقم -
اَرمیہ (ع) ارمیا کا مخفف جو حضرت خضر کا نام ہے -
اَرنَبہ (ع) مادہ خرگوش (۲) ناک کا نتھنا -
آرنہ (ف) اگر نہ - نہیں تو -
اَرِنی (ع) مجھے دکھا - حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے - جب اُنہوں نے خدا کی آواز سُن کر کہا تھا کہ مجھے اپنا آپ دکھا۔
اِروا (ع) سیراب کرنا - پانی دینا -
اَرواح (ع) رُوح کی جمع (۲) فرشتوں کے معنی میں بھی آتا ہے -
اُرُوب (ف) ٹیڑھا - ترچھا -
اُرُوب رفتن (ف) ٹیڑھا چلنا (جیسے شطرنج میں فیل کی چال -
اروپا (ف) یورپ -
اَرَوَند (ف) مُلکِ ایران میں ایک پہاڑ کا نام ہے جسے الوند کہتے ہیں -
اَروی (ع) پہاڑی بکری - عرب عورتوں کے ناموں میں سے ایک نام -
اَزوین (ف) امتحان - تجربہ - آزمائش -
اَرّہ (ف) لکڑی چیرنے کا آلہ (۲) دانتوں کی جڑ -
اِرّیا (ف) تلوار پر تیز باڑھ رکھنا -
اِرہاب (ع) ڈرانا -
اِرہاص (ع) بنیاد رکھنا -
ارہاط (ع) رہط کی جمع - قبیلے -
ارہاق (ع) کسی چیز کو کسی چیز کے نزدیک کر دینا - حدِ بلوغ کو پہنچ جانا - تکلیف کرنا - مشکل کرنا -
اَرِیّ (ع) شہد - عسل -
اَرِیب (ع) عالم - دانا - عقل مند -
اَریحا (ع) مُلکِ شام کا ایک شہر ہے - جسے حضرت یوشع علیہ السلام نے فتح کیا تھا -
اَریکہ (ع) تخت - آراستہ تخت - جس پر چھتر اور پردے وغیرہ ہوں - چھپر کھٹ -

## ا - ز

از (ف) سے -
ازا (ع) مقابل (۲) سامنے (۳) برابری کرنا -
از آبِ نبات نقل سے انداز د - لفظی معنی یہ ہیں کہ وہ میٹھے اور شیریں پانی کو بھی تھوکتا ہے - یعنی وہ بے حد نازک مزاج اور لطیف طبع ہے -
از آتش کسے سوختن - کسی کی مصیبت میں شریک ہونا اور مدد دینا -
از آسمان چیزے بر زمین آوردن - غیر ممکن کام کو انجام دینا -
اِزار (ف) شلوار - پاجامہ - تہہ بند -
اِزاربند (ف) کمربند - نالا جو پاجامہ میں ڈالتے ہیں -
اِزالت / اِزالہ (ع) زائل کرنا - ہٹانا - دُور کرنا -

Marfat.com

اَزاں (ف) اُس سے۔ اُسے (۲) بمعنی ملک بھی آتا ہے۔ جیسے ایں ازاں تست۔ آں ازان من است۔

اَزانجا (ف) اس جگہ سے۔ وہاں سے (۲) اس سبب سے۔

ازاں رو است (ف) اس وجہ سے ہے۔ اس سبب سے ہے۔

اَزاہیر (ع) (زہار کی جمع) شگوفے۔ کلیاں۔

ازبرائے (ف) واسطے۔ لیے۔ سے۔

ازبرائے خویش مے گوید (ف) بے ہودہ اور اپنی غرض کے لیے بات کہہ رہا ہے۔

اَزبَر (ف) حفظ۔ زبانی۔

ازبر کردن (ف) حفظ کرنا۔

اَزبس (ف) بہت ہی۔ نہایت ہی۔

اُزبک (ت) ترکوں کی ایک قوم کا نام (۲) رئیس خود مختار۔ یہ لفظ ازی بمعنی آزاد کردہ۔ اور بیگ بمعنی سردار سے مرکب ہے۔ کسی سے نہ دبنے والے رئیس۔

اَزبن دنداں (ف) نہایت عاجزی (۲) اطاعت اور رغبت سے ممنون احسان ہونا۔

ازبن دندان کاری کردن (ف) رضا و رغبت سے کام کرنا۔

ازبن سی و دو دنداں (ف) بہت ہی رضا و رغبت۔

ازبن گوش (ف) کمال بزرگی۔ نہایت خدمتگاری۔ بے حد اطاعت۔

ازبُن ناخن (ف) جمع کیا ہوا ذخیرہ (۲) غلامی اور اطاعت کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

ازبنیاد بُردن (ف) نیست و نابود کرنا۔

ازبہا افتادن (ف) اصلی قیمت سے کم ہو جانا۔

ازبہر (ف) لیے۔ واسطے۔

ازبہر خود نَے مے زَنَد (ف) اپنے مطلب اور غرض کے لیے کہہ رہا ہے۔

ازبیر (ف) یاد کرنا۔ حفظ کرنا۔

ازبے کفنی زندہ است (ف) یعنی وہ بے حد مُفلس اور نادار ہے۔

ازپا در آمدن (ف) عاجز ہونا (۲) گر پڑنا۔

ازپا در آوردن (ف) عاجز کرنا (۲) معزول کرنا (۳) گرا دینا۔ (۴) خراب کرنا۔

ازپا در افتادن (ف) عاجز ہونا (۲) گر پڑنا۔

ازپا نشستن (ف) چھوڑ بیٹھنا (۲) تھک کر بیٹھ جانا۔

ازپردہ بیروں افتادن (ف) رسوا ہو جانا۔

ازپرگار افتادن (ف) بیکار ہونا۔ کاروبار کا انتظام اور سررشتہ جاتے رہنا۔ (۲) ضائع ہونا۔

ازپس سر واشدن (ف) دُور ہونا۔

ازپس واشدن (ف) دُور ہونا۔

ازپوست بر آمدن
ازپوست بیروں آمدن
ازپوست بیروں افتادن
ازپوست بیروں شدن
(ف) نہایت خوش ہونا۔ آپے سے باہر ہونا۔ (۲) اپنا حال ظاہر کر دینا۔

ازپہلوی کسی کاری کردن (ف) اس کی مدد اور اعانت سے کام کرنا۔

ازپے (ف) لیے واسطے (حرف پے کے بھی یہی معنی ہیں اور از زائد ہے)

ازپیش بر داشتن (ف) اُٹھا دینا (۲) ہٹا دینا۔

ازپیش پائے کسے برخاستن (ف) کسی کی تعظیم کے لیے اُٹھنا۔

ازپیش خود (ف) خود بخود اپنے آپ۔

ازتقصیر کسے درگزشتن
ازتقصیر کسے گزشتن
(ف) کسی کا قصور معاف کرنا۔

ازتہ ریش گزشتن (ف) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

ازتہ دل کارے کردن (ف) نہایت دل دہی سے کام کرنا۔ نہایت توجہ اور رغبت سے کام کرنا۔

اَزجابر آوردن (ف) بے قرار کرنا۔ گھبرا دینا۔ بے حوصلہ کرنا۔

ازجا در آمدن (ف) اچھی حالت سے بُری حالت میں آجانا۔

ازجا برخاستن (ف) بے قرار ہونا۔ گھبرانا۔ بے حوصلہ ہونا۔

ازجا بر داشتن (ف) مرتبہ بڑھانا۔ عزت دینا۔ ترقی دینا۔

ازجا بر داشتن کسے را (ف) کسی کا مرتبہ بڑھانا۔ کسی کو عزت دینا۔ کسی کو ترقی دینا۔

ازجا بردن
ازجا برکشیدن
ازجا برکندن
(ف) گھبرا دینا۔ بے قرار کرنا۔ بے حوصلہ کرنا

ازجا در آمدن (ف) غضب ناک ہونا۔ تند و تیز ہونا۔

ازجا فگندن (ف) فریب دینا۔ عاجز کرنا۔

ازجای آمدن (ف) کسی کام کا خیال کرنا۔

ازجای بلند افتادن (ف) بے اعتبار ہونا۔

ازجای بلند افگندن (ف) بے اعتبار کرنا۔

ازجگر گزشتن (ف) ڈر جانا۔ بزدل ہونا۔ نامرد ہونا۔

ازچاپ افتادن (ف) کتاب کا فوراً بک کر ختم ہو جانا۔

ازچشم افتادن (ف) نظروں سے گر جانا۔

ازچشم افگندن (ف) بے اعتبار ہونا۔

ازچشم گہر باریدن (ف) آنسو بہانا۔ رونا۔

ازچیزی خریدن و باز خریدن (ف) رہائی۔ نجات دینا۔

ازچیزے گرد بر آوردن (ف) تباہ و برباد کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ خراب کرنا۔

ازچیزے گل چیدن (ف) فیض اُٹھانا۔ نظارہ کرنا۔

ازچیزے سیر شدن (ف) کسی چیز سے سیر ہو جانا۔ اُکتا جانا۔

ازچیزے گل چیدن (ف) کسی چیز کو دیکھنا۔ کسی چیز سے فیض اُٹھانا۔

Marfat.com

از حلقہ افتادن (ف) بے رتبہ ہونا۔
از خاطر بردن (ف) بھول جانا۔ بھلا دینا۔
از خاک برداشتن کسے را
از خاک برگرفتن کسے را } (ف) کسی پر نوازش کرنا۔ رتبہ دینا۔
از خاک نشاندن و بآب دادن (ف) تباہ و برباد کرنا۔ نیست و نابود کر دینا۔
از خدا بیابی۔ نفرین کے مقام پر بولتے ہیں۔ یعنی اس کام کی خدا سے جزا پاؤ۔
از خر افتادن (ف) ہلاک ہونا۔ مر جانا۔
از خر افگندن (ف) عاجز کرنا (۲) دھوکا دینا۔
از خردۂ غیر خزانہ پُر شدن (ف) کسی کے مال سے آپ دولتمند ہونا۔
از خط بیروں شدن (ف) اطاعت سے باہر ہونا۔ مطابعت نہ کرنا۔
از خندہ لقفا افتادن (ف) بہت ہنسنا۔
از خندہ رودہ بر شدن (ف) ہنسی کے مارے پیٹ میں بل پڑنا۔
از خواب بر آمدن
از خواب در آمدن } (ف) بیدار ہونا۔ جاگنا (۲) ہوشیار ہونا۔
از خود رفتہ (ف) بے خود۔ مست۔
از خود ساختن (ف) اپنا بنا لینا۔ (۲) اپنی ملک کر لینا۔
از خود شدن (ف) بے خود ہونا۔ مست ہونا۔
از خون درگذشتن (ف) خون معاف کرنا۔ قصاص نہ لینا۔
از دائرہ افتادن (ف) بے رتبہ ہو جانا۔
ازدحام (ع) بھیڑ۔ انبوہ۔ جمگھٹ۔ مجمع۔
ازدر (ف) زیبا۔ لائق۔ سزاوار۔
اِزدرا (ع) حقیر گننا۔
اِزدراد (ع) نگل جانا۔ نگلنا۔
از درخت معلق کردن (ف) درخت میں لٹکا کر پھانسی دینا۔
از در ملاطفت در آمدن (ف) نرمی سے پیش آنا۔
از دست (ف) محکوم۔ عاجز۔ مطیع (۲) ہم چشم۔ ہم رتبہ۔ برابر۔
از دست بر آمدن (ف) ممکن اور میسر ہونا۔
از دست برخاستن (ف) ملنا۔ دستیاب ہونا۔
از دست بُردن (ف) مدہوش کرنا۔ بے خود کرنا۔
از دست برگرفتن (ف) تباہ و برباد کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔
از دست بروں بردن
از دست بیروں بردن } (ف) بے اختیار کرنا۔ بے خود کرنا۔
از دست بوسی میل بہ پابوسی کردن (ف) تنزل میں آنا۔ پست ہو جانا۔
از دست دادن (ف) گنوا دینا۔ کھو بیٹھنا۔ ہاتھ سے دے دینا۔ ضائع کرنا۔

از دست رفتن
از دست شدن } (ف) مست ہونا۔ بے خود ہونا۔ مدہوش ہونا۔ بے طاقت ہو جانا۔
از دست رفتہ (ف) عاشق۔
از دست و پا افتادن (ف) کوشش اور محنت اور تلاش میں ناکام رہ جانا۔
اِزدِواج (ع) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔
از دور بوسہ زدن (ف) نہایت تعظیم کرنا۔ بہت ادب کرنا۔
از دور رسیدہ (ف) تازہ مضمون۔ عزیز مہمان۔
از دوش نہادن (ف) رکھ دینا (۲) پھینک دینا۔
از دہانِ او زیادہ است (ف) اس کی استعداد اور حالت سے زیادہ ہے۔
از دہر گذشتن (ف) رحلت کرنا۔
از دل بگزراندن (ف) دل میں لانا۔ یاد کرنا۔
از دہر گذشتن (ف) دنیا سے گزر جانا۔ مرنا۔
ازدیاد (ع) بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
اَزر (ع) کمر۔ پیٹھ۔ قوت۔
از رانِ خود کباب خوردن (ف) اپنی محنت سے کوئی چیز حاصل کرنا۔
از راہ افتادن (ف) راستہ بھولنا (۲) گمراہ ہونا۔
از راہ انداختن
از راہ بردن } (ف) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
از راہ خار برداشتن (ف) راستہ سے کانٹے اٹھانا (۲) فساد دور کرنا۔ امن قائم کرنا۔
از راہ رفتن (ف) دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا۔
اَزرق (ع) گربہ چشم۔ نیلا۔
اَزرق پیرہن (ع۔ف) نیلا کرتہ پہننے والا۔ ملنگ۔ قلندر۔
اَزرق رَز (ع۔ف) نیلا کپڑا رنگنے والا (۲) زاہد۔ پارسا۔ (۳) گدڑی اوڑھنے والا۔
اَزرق طیلسانان (ع۔ف) نیلی چادروں والے (۲) ستارے۔
از رگ اندیشہ خوں چکیدن (ف) سخت اندیشہ اور فکر ہونا۔ سخت دقت ہونا۔
از رو نوشتن (ف) تحریر کی نقل لینا۔
از زبان در آمدن (ف) بات میں غلطی کرنا۔
از زبان جستن سخن (ف) بات میں بے اختیار غلطی کر جانا۔
از سر باز کردن (ف) دور کرنا۔
از سر بہ در آوردن (ف) دور کرنا۔
از سر بہ در کردن (ف) دور کرنا۔
از سر بیروں کردن (ف) دور کرنا۔
از سر پا زوال شدن (ف) تیز چلنا۔ نہایت تیز جانا۔
از سر چیزے برخاستن (ف) کسی چیز کا ترک کرنا۔
از سر چیزے گذشتن (ف) ترک کرنا۔
از سر خانہ افتادن (ف) کمزور ہونا۔

Marfat.com

**ازسر دررفتن** (ف) بے حوصلہ ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا (۳) پیالہ کا لبریز ہوکر پانی باہر گر پڑنا۔
**ازسر دست** (ف) بے ساختہ بات کہنا (۲) بلا تامل کام کرنا ۔ فوراً۔
**ازسر زبان افتادن** (ف) بولنے کی طاقت زائل ہوجانا۔
**ازسر سوزن بیروں شدن** (ف) کسی چیز کو دفع کرنے میں کمال سہولت۔
**ازسر فگندن** (ف) عاجز کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رتبہ سے گرانا۔
**ازسرما بیات شدہ** (ف) سردی سے اکڑ گیا ہے۔
**ازشادی پر زد** (ف) خوشی سے چلّا اُٹھا۔
**ازسودا بوئے مشک آمدن** (ف) مال و جنس کا خاطر خواہ نفع پر فروخت ہونا۔
**ازشکم دہر افتادن** (ف) مرنا۔
**ازصحرا یافتن** (ف) کسی چیز کا مفت ہاتھ آنا ۔ بے قیمت پانا۔
**ازصفا افتادن** (ف) رونق جاتے رہنا۔
**ازطاق دل کسے افتادن** (ف) کسی کے دل سے اُتر جانا۔ کسی کے آگے ذلیل اور بے عزت ہونا۔
**ازطرف برشکستن** (ف) منہ پھیرنا۔ کنارہ پکڑنا۔
**ازعدالت رفتن مزاج** (ف) مزاج خراب ہونا۔
**ازعہدۂ کارے برآمدن** } (ف) کسی کام کا نہایت خوبی سے سرانجام دینا۔
**ازعہدۂ کارے بیروں آمدن** }
**ازفرق واکردن** (ف) دُور کرنا۔
**ازفکر افتادن** (ف) بھول جانا۔
**ازفلاں چہ کشاید** (ف) اس سے کیا ہوسکتا ہے۔
**ازقرارے کہ** (ف) بموجب عہد و پیمان کے مطابق۔
**ازقیمت افتادن** (ف) قیمت کم ہوجانا۔
**ازکار افتادن** }
**ازکار رفتن** } (ف) بیکار ہونا۔ معطل ہونا۔ موقوف ہونا۔ نکما ہونا۔
**ازکار ماندن** }
**ازکار و بار شدن** }
**ازکار انداختن** (ف) کام کا نہ رکھنا۔ بیکار کر دینا۔
**ازکسے بریدن** (ف) کسی سے قطع تعلق کرنا۔ رشتہ توڑنا (۲) جُدا کرنا (۳) بند کرنا (۴) روکنا۔
**ازکسے پیش افتادن** (ف) کسی سے سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔
**ازکسے در حساب بودن** (ف) کسی سے اندیشہ رکھنا۔ احتیاط رکھنا۔ محتاط رہنا۔
**ازکسے ذخیرہ برداشتن** } (ف) کسی کا شکوہ شکایت دل میں رکھنا۔
**ازکسے ذخیرہ در دل داشتن** }
**ازکسے رخت برگرفتن** (ف) کسی سے الگ ہونا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔
**ازکسے رنگ داشتن** (ف) کسی سے فائدہ اُٹھانا۔

**ازکسے روئے کشیدن** (ف) کسی سے منہ پھیرنا۔ کسی کی طرف دھیان نہ کرنا۔ اعراض کرنا۔
**ازکسے سیر شدن** (ف) کسی سے تنگ آنا۔ بیزار ہونا۔
**ازکسے کسوت و جامہ داشتن** (ف) کسی کا مرید ہونا۔ چیلہ بننا۔
**ازکسے کشیدن** (ف) کسی سے رنج اُٹھانا۔ تکلیف پانا۔ (۲) ظلم برداشت کرنا۔
**ازکسے گذراندن** ۔ کسی کا قصور معاف کر دینا۔ درگزر کرنا۔ پھر کبھی منہ پر نہ لانا۔
**ازکوزہ برآمدن** (ف) ظاہر ہونا۔ موجود ہونا۔
**اَزکیٰ** (ع) بہت پاکیزہ۔ نہایت صاف۔ بہت ستھرا۔
**اَزکیا** (ع) زکی کی جمع۔ پاکیزہ۔ صاف ستھرا۔
**ازکیسہ رفتن** } (ف) ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ کھو جانا۔
**ازگرہ رفتن** }
**اَزَل** (ع) وہ زمانہ جس کی ابتدا نہ ہو۔
**اِزلا** (ف۔ع) (۱) نزدیک (۲) جمع کرنا۔
**اِزلال** (ع) کسی کو گناہ پر اُکسانا۔
**اَزلام** ۔ جوئے کے تیر۔ عرب میں زمانہ قبل از اسلام میں جوا تیروں سے بھی کھیلتے تھے۔ جن تیروں سے جُوا کھیلا جاتا تھا اُنہیں ازلام کہتے تھے۔
**اَزلی** (ع) وہ شے جس کا آغاز نہ ہو۔ ہمیشہ سے موجود ہو۔
**اَزلی رقم** } (ع) جو روزِ ازل سے قسمت میں لکھا جا چکا ہے۔ نوشتۂ تقدیر۔ نوشتۂ ازل۔
**اَزلی قسمت** }
**اَزلی علم** (ع۔ف) علم الٰہی۔
**اُزم** (ف) انگور۔
**ازما بہتراں** (ف) جن و پری۔ پریاں۔
**ازماست کہ برماست** (ف) اپنا کیا اپنے آگے۔
**اِزمان** (ع) مزمن ہونا۔ پُرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔
**اَزمان** (ع) زمن کی جمع۔ زمانے۔
**اَزمنہ** (ع) زمان کی جمع۔ زمانے۔
**اَزمّہ** (ع) زمام کی جمع۔ لگامیں۔ باگیں۔
**ازمیان افتادن** (ف) لکھنے میں عبارت کا کچھ حصہ غلطی سے چھوٹ جانا۔
**ازمیل** (ع) وہ اوزار جس سے چمڑے کو تراشتے ہیں۔
**ازنارنج زلیخا زخم یافتن** (ف) ملامت کے بدلے ملامت اُٹھانا
**ازناگہ** (ف) ناگاہ۔ اچانک۔
**ازنظر افتادن** (ف) نظر سے گرنا۔ ذلیل ہونا۔
**ازنظر کسے انداختن** (ف) کسی کی نظر سے گرانا۔ جی سے اُتار دینا۔ نفرت دلانا۔
**ازنفس انداختن** (ف) چُپ کرانا۔ خاموش کرانا۔
**ازنقش گورخار رستن** (ف) ذلّت و بے اعتباری۔

Marfat.com

اَزواج (ع) زوج کی جمع - جوڑا - بیوی - جورو۔
ازواد (ع) زاد کی جمع -
اَزُو (ف) گوند - کاغذ چپکانے کا لیس -
از ولوندارد (ف) کمال بے خبری - بالکل پتہ نہیں -
ازوقہ (ع) قلیل غذا (۲) چوگا - آزوقہ -
اِزہا (ف) جھوٹ بولنا -
اِزہاد (ع) خواہش کرنا (۲) رغبت کرنا (۲) زاہد ہونا (۳) فقیر ہونا -
اَزہار (ع) زہرہ کی جمع - کلیاں - شگوفے -
ازہات (ع) ہلاک کرنا -
ازہاق (ع) تیر کا نشانے سے چوک جانا - چلنے میں تیزی کرنا - نیست نابود کرنا -
ازہر (ع) بہت چمکیلا - نہایت روشن -
ازہم پاشیدن (ف) بکھرنا (۲) بکھیرنا -
ازہم ریختن چیزے (ف) کسی چیز کا گر پڑنا (۲) کسی چیز کا گرا دینا -
ازہم سواکردن (ف) ایک دوسرے سے جدا کرنا - ایک دوسرے سے علیحدہ کرنا -
ازہم گزرانیدن (ف) قتل کرنا -
ازہم گزشتن (ف) مرنا (۲) علیحدہ ہونا -
ازہوا اُفتادن (ف) حالت تبدیل ہو جانا -
اَزیاء (ع) زی کی جمع - شکل - صورت - لباس -
ازید (ع) بیشتر - زیادہ تر -
اَزیر (ع) دیگ کا جوش میں آنا اور اس کی آواز بلند ہونا - دیگ کے نیچے آگ جلانا تاکہ وہ جوش میں آئے -
اَزیرا (ف) اس لیے - اس واسطے - اس سبب سے اس وجہ سے (پہلا الف زائد ہے)
اَزیرا (ع) گریہ وزاری - نالہ و فریاد -
ازیک دست صدا بر نیاید } (ف) ضرب المثل ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی (۲) ایک ہاتھ سے روٹی نہیں پکتی -
ازیک دست صدا برنہ خیزد }
ازیں جا (ف) یہاں سے - اس وجہ سے -

## ا-ژ

اَژدَر } (ف) بڑا سانپ - ناگ (۲) ظالم (۳) بہادر (۴) علم کا پھریرا (اژدرہا جمع نہیں بلکہ اسم واحد ہے) -
اژدرہا }
اژدہا }
اژدرہائے دلیر } (ف) تلوار (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) جھنڈے کا پھریرا -
اژدہائے دلیر }
اژدہا نش (ف) اژدہا صورت - اژدہا جیسا -
اژدہائے فلک (ف) ایک آسمانی شکل کا نام جسے راس و ذنب کہتے ہیں -
اَژنگ (ف) جھریاں - چین - پیشانی - چہرے کی شکن -
اُژہ (ف) چوتا -
اژیپ تولوژی (فرانسیسی) مصر شناسی - مصر کے آثار قدیمہ کا علم -
اَژیر (ف) ہوشیار اور تندرست آدمی (۲) آمادہ و تیار کرنا (۳) غلبہ اور زیادتی (۴) فریاد (۵) تالاب -

## ا-س

اَسابیع (ع) اسبوع کی جمع - ہفتے -
اساتذہ (ع) استاذ کی جمع - استاذ معرب ہے استادکار - اُستاد - معلم -
اِسار (ع) باندھنا (۲) وہ چیز جس سے باندھا جائے - بیڑی - ہتھکڑی -
اِسارت (ع) قید کرنا - قید میں ڈالنا -
اُسارے (ع) اسیر کی جمع - قیدی -
اَساس (ع) نیو - بنیاد - جڑ -
اساسن (فرانسیسی) قاتل - آدم کُش -
اَساطیر (ع) اسطور کی جمع - جھوٹی کہانیاں - من گھڑت افسانے -
اَساطیر الاوّلین (ع) پہلے لوگوں کے افسانے پہلے لوگوں کی جھوٹی کہانیاں -
اَساطین (ع) اُسطوانہ کی جمع - ستون - تھم - کھمبے -
اَسالیب (ع) اسلوب کی جمع - طور - طریق - ڈھنگ - راہ -
اسامہ (ع) شیر - اسد -
اَسامی (ع) اسم کی جمع الجمع - یعنی اسماء کی جمع جو اسم کی جمع ہے - نام -
اساود (ع) سیاہی - سایہ - شخص -
اَساوِر } (ع) اسوار کی جمع - کنگن - کڑے -
اَساوِرہ }
اِساءت (ع) بدی - بُرائی (۲) بدی کرنا - بُرائی کرنا -
اِسب (ع) موئے زہار - شرمگاہ کے بال -
اَسب - گھوڑا -
اَسبا (ف) اسب کی جمع گھوڑے -
اسباب (ع) سبب کی جمع (۲) رسیاں - بندھن (۳) پیوند (۴) وسیلے -
اسباب (ف) سامان -
اسباب جر ثقال (ع) بوجھ اُٹھانے والی کل -
اسباب حلوہ ناتمام است (ف) کمی اور نقص -
اسباب خرازی (ع) موزے بنانے کی مشین -
اسباب دِرَوگری (ف) گھاس کاٹنے کی مشین -

Marfat.com

اسباب، راست (ف) راست اور درست اسباب۔
اسبابِ شُفرعی (ع) دھات کی بنی ہوئی چیزیں۔
اَسْبابِ نُوَرد نانند (نَ وَ رْ د ـ م ا نَ نْ ڈ) (ف) چرخی یا کل کا بیلن۔
اَسْباط (ع) سبط کی جمع۔ پوتے۔ نواسے۔ نبیرے۔ بنی اسرائیل۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔
اِسباغ (ع) کامل کرنا۔ پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔
اسباق (ع) سبق کی جمع۔
اسبال (ع) مینہ برسنا۔ آنسو بہانا۔
اسباناج (ع) اسفناج۔ سبز رنگ کی ایک گھاس۔
اَسْپ افگن (ف) بہادر جو اکیلا ہی حملہ کر دے۔
اَسْپ اندازی (ف) گھوڑا دوڑانا۔
اَسْپ انگیز (ف) مہمیز۔
اَسْپ ایلچی (ف) گھر کی پلی ہوئی گھوڑی کا بچھیرا۔
اَسْپ دوانی (ف) گھڑ دوڑ۔
اَسْپ راپے کردن (ف) گھوڑے کی کونچیں کاٹ ڈالنا۔
اَسْپ طویلہ (ف) خاص گھوڑا۔
اَسْبَق (ع) سب سے پہلے۔ سب سے اول۔ سبقت لے گیا ہوا۔ سب سے بڑھا ہوا۔
اَسْپ مقوائی (ف) مقوّے یا کاغذ کا گھوڑا۔
اَسْپ و فرزیں نہادن (ف) غالب آنا۔ مات کرنا۔ ہرا دینا۔ بازی جیت لینا۔
اسپ (ف) اسب۔ گھوڑا۔
اسپاسدار (ف) شکرگزار۔ سپاس گزار۔
اسپاناخ (ف) پالک کا ساگ۔
اسپانیول۔ ہسپانیہ۔ اندلس۔ سپین جو مغربی یورپ میں بحر اوقیانوس کے کنارے ایک ملک ہے۔
اسپاہ (ف) سپاہ۔
اسپ تخمی (ف) وہ گھوڑا جس سے نسل لی جاتی ہے۔ نسل کشی کا گھوڑا۔
اِسپَرک (ف) ایک قسم کی زرد گھاس جس سے کپڑا رنگتے ہیں۔
اِسپَرَس (ف) میدان (۲) گھڑ دوڑ کا میدان۔
اَسپَک (ف) بڑا خیمہ۔ کلندری۔
اِسپَہبد (ف) فوج کا سردار۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔
اَسْت (ف) ہے۔ کلمہ ربط۔
اُست (ف) ژند یا زند کی تفسیر کا نام۔
اُستا (ف) ژند یا ژند کی تفسیر کا نام (۲) اُستاد کا مخفف بھی ہے۔
اُستاد (ف) معلّم۔ سکھانے والا (۲) حمام کا مالک یا مہتمم (۳) ماہر فن۔
اُستادگار (ف) دربان۔ نوکر۔
اِستادن (ف) کھڑا ہونا۔

اُستادن (ع) کھڑا ہونا۔
اُستاذ (ع) اُستاد کا معرب۔ اُستاد۔ معلم۔
اَستار (ع) ستر کی جمع۔ پردے۔
اِستار (ع) پوشیدہ کرنا۔ ساڑھے چار مثقال کا وزن۔
اسٹارٹ (انگلش، START) شروع کرنا۔ حرکت کرنا۔
اسٹارٹر (انگلش، STARTER) شروع کرنے والا۔
اِستارہ (ع) پوشش۔ پردہ۔ چادر۔
اُستا سلمانی (ف) اہل ایران تعظیماً حجام کو کہتے ہیں جیسے ہمارے ہاں نائی کو خلیفہ کہتے ہیں۔
اِسٹاسیَن / اِسٹاسیُون (ع) سٹیشن کا معرب۔
اُسٹافیل (م) انگور۔
اُستاک (ف) انگور کی بیل کی تازہ شاخ۔
اُستاکار (ف) اُستاد۔
اُستاکاری (ف) اُستادی۔
استانیدن (ف) روکنا۔ جانے سے روکنا۔
استباق (ع) (اِس تِ بَ اق) باری بدکر دوڑنا۔
استبداد (ع) (اِس تِ ب دَ اد) اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ (۲) مضبوطی۔ استقلال۔
استبداع (ع) کسی چیز کو انوکھا شمار کرنا۔
استبدال (ع) بدلنا۔
استبراء (ع) بری ہونے کی خواہش کرنا۔ بریت چاہنا (۲) بے عیب ہونا۔ پاک ہونا (۳) قرضہ وغیرہ سے بریت چاہنا۔
استبشار (ع) (اِس تِ ب شَ ار) خوشخبری پوچھنا (۲) خوشخبری دینا (۳) خوش ہونا۔
استبصار (ع) (اِس تِ ب صَ ار) صاحب بصارت ہونا۔ بینا ہونا۔ (۲) یقین سے دیکھنا۔
استبطاء (اِس تِ ب طا ء) دیر لگانا۔ توقف کرنا۔
استبقاء (ع) (اِس تِ ب قا) باقی رکھنا۔
استثمار (ع) (اِس تِ ث مَ ار) ثمر چننا۔ پھل چننا۔
استثنا (ع) (اِس تِ ث نا) کسی چیز سے الگ کرنا۔ نکالنا (۲) انشاء اللہ کہنا (۳) چند افراد سے ایک فرد کو نکالنا۔
استجابت (ع) (اِس تِ ج اب ت) قبول کرنا۔ جواب دینا۔
استجادہ (ع) کسی چیز کو عمدہ سمجھنا۔
استجازہ (ع) (اِس تِ ج از ہ) صدا مانگنا۔ اجازت دینا۔
استجلاء (ع) (اِس تِ ج ل ا) جلا دینا۔ روشن کرنا۔ چمکانا۔
استجلاب (ع) حاصل کرنا (۲) اپنی طرف کھینچنا۔
استجہال (ع) نادان جاننا۔ کسی کو حقیر جاننا۔
استحالت / استحالہ (ع) (اِس تِ ح ال ت) محال ہونا۔ ناممکن ہونا۔ (۲) ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونا۔

Marfat.com

(۴) اصطلاح کیمیا میں جب کئی چیزیں کیمیائی طریق سے ترکیب پاکر نئی صورت اختیار کریں اور ایک مختلف چیز پیدا کریں تو اسے استحالہ کہتے ہیں۔
**استحباب** (ع) مستحب جاننا۔
**استحسان** (ع) اچھا خیال کرنا۔ نیک خیال کرنا (۲) پسند کرنا (۳) نیکی طلب کرنا۔
**استحصال** (ع) حاصل کرنا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔
**استحضار** (ع) بلانا (۲) یاد رکھنا۔
**استحفاظ** (ع) نگرانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
**استحقار** (ع) حقیر جاننا۔ خوار سمجھنا۔
**استحقاق** (ع) حق (۲) حق دار بننا (۳) حق طلب کرنا (۴) حق دار ہونا (۵) لائق ہونا۔
**استحکام** (ع) مضبوطی (۲) مضبوط کرنا (۳) مضبوط ہونا۔
**استخارہ** (ع) (اِس تِ خَ ا رَہ) نیکی مانگنا۔ خیر چاہنا۔ اللہ سے طلب عافیت کرنا (۲) ایک خاص عمل جو کسی اہم کام کے پیش آنے پر اس کا نیک و بد سوچنے کے لیے کیا جاتا ہے۔
**استخراج** (ع) خارج کرنا۔ نکالنا (۲) نکالنے کی خواہش کرنا (۳) نکلوانا۔
**استخفاف** (ع) خفیف جاننا۔ حقیر خیال کرنا (۲) سُبکی۔ حقارت۔ ہلکاپن۔
**استخلاص** (ع) خلاصی چاہنا (۲) رہائی کرانا۔
**استخلاف** (ع) اپنی جگہ کسی کو خلیفہ بنانا۔ جانشین کرنا۔
**اُستخوان** (ف) (اُ س تُ خ و ا ن) ہڈی۔ کھجور وغیرہ کی گٹھلی (۳) زنگیوں کے ایک ہتھیار کا نام۔ خاندان۔ اصل۔ نسب۔
**اُستخوان بزرگ** (ف) عالی خاندان۔ بڑے خاندان والا۔ عالی نسب۔
**اُستخوان پوشیدہ وانمودن** (ف) باپ دادا پر فخر کرنا۔
**اُستخوان دار** محکم۔ پائدار۔ مضبوط۔ پکا۔
**اُستخوان در گلو کشیدن** }
**اُستخوان در گلو گرفتن** } (ف) رنج و محنت اٹھانا۔
**اُستخوان درشت** }
**اُستخوان سنگین** } (ف) شریف اور نجیب اور اچھے خاندان کا آدمی۔
**اُستخوان شناسی** (ف) ہڈیوں کو پہچاننا۔ وہ علم جو جسم کی ہڈیوں کے بارے میں بحث کرتا ہے۔
**اُستخوان شکستن** (ف) حصولِ مقصد میں بڑی تلاش اور تردد کرنا۔
**اُستخوان فروشی** (ف) اپنے بزرگوں اور باپ دادا کی تعریف کرنا اور ان کی بزرگی پر ناز کرنا۔ اور خود نااہل ہونا۔
**اُستخوانک** (ف) چھوٹی ہڈیاں۔
**استدارہ** (ع) دائرے کی شکل میں ہونا۔
**استدامت** (ع) ہمیشگی چاہنا (۲) ہمیشگی۔
**استدراک** (ع) معلوم کرنا۔ دریافت کرنا۔

**اِستدعا** (ع) خواہش کرنا (۲) خواہش۔
**اِستدلال** (ع) دلیل لانا (۲) دلیل قائم کرنا (۳) گواہی دینا (۴) دلیل طلب کرنا۔
**اَستَر** (ف) دوہرے کپڑے کی اندرونی تہہ۔
**اَستَر** (ف) خچر۔ وہ چوپایہ جو گھوڑی اور گدھے کے میل سے پیدا ہو۔ پہلے پہل فرعون نے یہ نسل لی تھی۔
**اَستَرآباد** (ف) ایران کے شمال جھیل بیین کے قریب ایک شہر کا نام ہے۔
**اِستراحت** (ع) آرام کرنا (۲) آسائش چاہنا (۳) راحت پانا (۴) آرام۔ سکھ۔ چین۔ راحت۔
**اِستراق** (ع) چوری کرنا۔
**استراق سمع** (ع) چھپ کر کسی کی بات سننا۔
**اِسترجاع** (ع) دی ہوئی چیز واپس لینا (۲) اِنّا لِلّٰہ وَ اِنّا اِلیہ راجعون پڑھنا۔
**اِسترخا** (ع) کسی عضو کا سست ہونا (۲) ڈھیلا ہو کر لٹک جانا (۳) سستی۔
**اِسترداد** (ع) لوٹانا۔ واپس کرنا (۲) ڈھیلا ہو کر لٹک جانا (۳) سستی۔
**اُستُردَن** (ف) بال مونڈنا (۲) صاف کرنا۔
**استرزاق** (ع) روزی چاہنا۔ روزی ڈھونڈنا۔ روزی کے پیچھے جانا۔
**استرشاء** (ع) کسی کی اطاعت کرنا اور اس کی خوشنودی چاہنا۔
**استرشاد** (ع) رشد و ہدایت طلب کرنا۔
**اَستَروَن** (ف) بانجھ عورت۔
**اُستُرہ** (ف) بال مونڈنے کا اوزار۔
**اُسترہ لیسیدن** (ف) اُسترہ چاٹنا۔ نہایت دلیر اور جانباز ہونا۔
**اِستسعاد** (ع) (اِس تِ س عَ ا د) سعادت مندی۔ نیک بختی۔ سعادت مندی چاہنا۔ نیک بختی کی خواہش کرنا۔
**اِستسقا** (ع) پانی مانگنا (۲) بارش چاہنا (۳) تشنگی (۴) ایک بیماری کا نام ہے جسے جلندھر کہتے ہیں۔ اس میں پیاس بہت ہوتی ہے اور پیٹ روز بروز بڑھتا چلا جاتا ہے۔
**اِستسلام** (ع) سلامتی چاہنا (۲) فرماں بردار ہونا۔
**اِستشارہ** (ع) مشورہ لینا۔ مشورہ کرنا۔
**استشراق** (ع) مغربی دانشوروں کی تحقیق جو انہوں نے مشرقی علوم و آداب کے بارے میں کی۔
**استشعار** (ع) دل ہی دل میں ڈرنا۔
**اِستشفاع** (ع) سفارش ڈھونڈنا۔ سفارش چاہنا۔ شفاعت چاہنا۔
**اِستشہاد** (ع) شہادت چاہنا۔ گواہی مانگنا (۲) ثبوت۔ سند۔ شہادت۔
**اِستصلاح** (ع) اصلاح پوچھنا۔ مشورہ لینا۔

Marfat.com

اِستطاب (ع) خوشامد۔
استطابت (ع) پاکیزگی چاہنا (۲) لذیذ ہونا (۳) خوشبودار ہونا۔
استطاعت (ع) قدرت۔ طاقت۔ دسترس۔ حیثیت۔
استطالہ (ع) دراز ہونا۔ لمبا ہونا۔ گردن کشی کرنا۔ تکبر کرنا۔
استطباب (ع) طبیب سے علاج پوچھنا۔
استطراب (ع) طرب و خوشی چاہنا۔ خوش ہونا۔
اِستطراد (ع) کسی کو نکالنے کی خواہش کرنا (۲) دشمن کو فریب دینے کے لیے بھاگنا۔
استطراف (ع) انوکھا جاننا۔ کوئی نئی چیز پیدا کرنا۔
استطعام (ع) کھانا چاہنا۔
اِستطلاع (ع) اطلاع چاہنا۔ آگاہی چاہنا۔
اِستطلاق (ع) طلاق دلانا (۲) قید سے چھڑانا (۳) دست آنا۔
اِستظہار (ع) مدد چاہنا (۲) پناہ ڈھونڈنا (۳) پشت و پناہ ہونا (۴) ازبر کرنا۔ حفظ کرنا۔
اِستعاذت (ع) پناہ لینا۔
اِستعاذہ (ع) اعوذ پڑھنا۔ پناہ مانگنا۔
اِستعارہ (ع) عاریتاً مانگنا (۲) ادھار لینا۔ کسی چیز کا عاریتاً لینا۔ (۳) حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہونا۔ یعنی حقیقی معنی کا لباس عاریتاً لے کر مجازی معنی کو پہنانا۔
اِستعانت (ع) اعانت چاہنا۔ مدد مانگنا۔
اِستعجاب (ع) تعجب کرنا۔
اِستعجال (ع) تعجیل کرنا۔ جلدی کرنا (۲) جلدی چاہنا۔
استعداد (ع) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا (۲) علمی لیاقت۔ ملکہ (۳) سامان۔
اِستعفاء (ع) (اِس ت غ فا) (۲) معافی چاہنا۔ نوکری چھوڑنا۔ نوکری سے معافی چاہنا۔
اِستعلاء (ع) اعلیٰ ہونے کی خواہش کرنا۔ بلندی چاہنا (۲) بلند ہونا۔ بزرگی چاہنا (۴) سرفرازی۔ بزرگی۔
اِستعلاج (ع) علاج کی خواہش کرنا (۲) چمڑے کا سخت کرنا۔
اِستعلام (ع) دریافت کرنا۔ آگاہی چاہنا۔ کسی سے کوئی بات پوچھنا۔
اِستعمال (ع) عمل میں لانا۔ کام میں لانا۔ برتنا۔
اِستغاثہ (ع) (۱) داد خواہی (۲) فریاد رسی کی خواہش کرنا (۳) فریاد چاہنا۔
اِستغراب (ع) عجیب بات کرنا۔ تعجب دلانا (۲) زور سے ہنسنا۔
اِستغراق (ع) غرق ہونا۔ ڈوبنا (۲) محو ہونا (۳) گھیر لینا (۴) کسی چیز میں سب کو لینا (۵) قہقہہ مار کر ہنسنا۔
اِستغفار (ع) توبہ کرنا۔ گناہوں کی معافی مانگنا۔ بخشش چاہنا۔
استغفر اللہ (ع) یہ وہ کلمہ ہے جو توبہ و استغفار کے موقع پر کہتے ہیں یعنی میں اللہ تعالیٰ سے بخشش و مغفرت مانگتا ہوں۔
اِستغلاق (ع) بند ہو جانا۔ بات نہ کر سکنا۔
استغلال (ع) غلہ طلب کرنا۔ غلہ لینا۔
اِستغنا (ع) بے نیازی۔ بے پروائی۔ کسی شے کی ضرورت نہ رکھنا۔
استغنام (ع) غنیمت شمار کرنا۔ غنیمت ڈھونڈنا۔
اِستفاضہ (ع) فیض حاصل کرنا۔ نفع پانا۔
اِستفتاء (ع) فتویٰ لینا۔ کوئی مسئلہ پوچھنا۔
اِستفراغ (ع) فراغت چاہنا (۲) قے کرنا (۳) بدن کا فضول سے خالی ہونا۔
اِستفسار، اِستفہام (ع) دریافت کرنا۔ پوچھنا۔
اِستقامت (ع) سیدھا پن۔ درست ہونا۔ درستی۔ سیدھا کھڑا ہونا (۲) ارادہ کی مضبوطی۔
اِستقبال (ع) آئندہ آنے والا زمانہ (۲) سامنے آنا (۳) آگے جانا۔
اِستقرا (ع) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا (۲) تتبع۔ پیروی (۳) اصطلاح منطق میں وہ عمل۔ جس سے کسی چیز کے چند افراد پر تتبع کر کے اُس کے تمام افراد پر وہی حکم مقرر کر دیں۔
اِستقرار (ع) قرار پکڑنا۔ ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ ثابت ہونا۔
اِستقصاء (ع) بہت کوشش کرنا (۲) کسی چیز کی انتہا کو پہنچ۔ تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔
استقلال (ع) بغیر کسی دوسرے کی شرکت کے خود کسی کام کے لیے آمادہ ہو جانا (۲) مضبوطی۔ استحکام (۳) قائم ہونا (۴) کم جاننا (۵) مضبوط ہونا (۶) آزادی۔
اِستکانت (ع) انکسار۔ عاجزی (۲) حقارت (۳) مسکینی۔
اِستکتاب (ع) کتابت کرانا۔ لکھانا۔
اِستکتام (ع) پوشیدگی چاہنا۔
اِستکتاب (ع) لکھنا چاہنا۔
اِستکثار (ع) (اِس ت ک ثار) زیادہ چاہنا۔ بہت طلب کرنا۔
اِستکرار (ع) تکرار کرنا۔ اصرار کرنا۔ جھگڑنا۔
اِستکراہ (ع) کراہت کرنا۔ مکروہ سمجھنا۔ نفرت کرنا۔
اِستکساب (ع) (اِس ت ک س اب) کسی چیز کا حاصل کرنا۔ کسب کرنا۔ اپنی طاقت سے کوئی شے یا منہ حاصل کرنا۔
اِستکشاف (ع) انکشاف چاہنا۔
استلاب (ع) کوئی چیز لے جانا۔
استلال (ع) نیام سے کوئی تلوار نکالنا۔
اِستلام (ع) منہ یا ہاتھ سے پتھر کو چھونا (۲) حجر اسود کو بوسہ دینا۔
اِستلخ (ف) تالاب۔ حوض۔
استلذاذ (ع) لذت پانا۔ مزہ لینا۔

Marfat.com

اِستلزام (ع) کسی چیز کو لازم جاننا۔
اِستلقاء (ع) چت لیٹنا۔
اَستم (ف) ستم۔ ظلم۔ (الف زائد ہے)
اِستماع (ع) سماعت کرنا۔ سُننا۔ کان دھرنا۔
اِستمالت (ع) مائل کرنا۔ اپنی طرف بُلانا (۲) نرمی کرنا۔ دلجوئی کرنا (۳) خوشامد کرنا (۴) خوشامد۔ نرمی۔ ملائمت۔ دلجوئی۔
اِستمتاع (ع) (اِس تِ م تَ اع) متمتع ہونا۔ نقصان چاہنا۔ فائدہ اٹھانا۔
اِستمداد (ع) مدد مانگنا۔
اِستمرار (ع) ہمیشگی۔ ہمیشہ رہنا (۲) چلنا۔
اِستمراری (ع) دوامی۔ ہمیشہ کا۔
اِستمزاج (ع) مزاج پوچھنا۔ مزاج پُرسی کرنا۔
اِستمساک (ع) مضبوط پکڑنا (۲) پنجہ مارنا۔ چنگل مارنا (۳) بند کرنا۔
اُستن (ع) ستون۔ کھمبا۔
اِستنارت / اِستنار (ع) روشن ہونا۔ چمکنا۔
اِستنباہ (ع) آگاہی چاہنا۔
اِستنثار (ع) ناک سنکنا۔ ناک صاف کرنا۔
اِستنجا (ع) (اِس تَ نْ ج ا) دھونا۔ ناپاکی دُور کرنا۔ پاک کرنا (۲) پیشاب یا پاخانہ کے بعد آبدست کرنا۔
اِستنجاد (ع) مدد چاہنا۔ کمزوری کے بعد طاقت ور ہو جانا۔ بزدلی کے بعد دلیری کرنا۔
اِستنزال (ع) نیچے آنا۔ اپنے مرتبہ سے نیچے گر جانا۔
اِستنشاق (ع) (۱) سُونگھنا۔ (۲) ناک میں پانی ڈالنا۔
اِستنصار (ع) مدد مانگنا۔
اِستنطاق (ع) (۱) پوچھنا۔ (۲) تفتیش کرنا۔ (۳) ملزم کا بیان لکھنا۔ فوجداری کی عدالت۔ جرح۔
اِستنقاذ (ع) نجات دینا۔ کسی کو شر سے بچانا۔
اِستنکاح (ع) نکاح کرنا۔ بیوی بنانا۔ شوہر بنانا۔
اِستنکار (ع) انکار کرنا۔ نہ پہچاننا۔
اِستنکاف (ع) ناک بھوں چڑھانا۔ بُرا سمجھنا۔
اِستنکال (ع) سزا دینا۔
اِستواء (ع) (اِس تِ وَا ء) برابر ہونا (۲) جوان ہونا (۳) قصد کرنا۔ (۴) قابو میں لانا (۵) ہمواری (۶) برابری (۷) علم جغرافیہ کی اصطلاح میں خطِ استواء وہ فرضی خط یا دائرہ ہے جو قطبوں سے برابر فاصلہ پر زمین کے عین درمیان میں مشرق سے مغرب کو چلا گیا ہے اور کرۂ ارض کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کرتا ہے۔
اُستوار (ف) مضبوط۔ محکم۔
اُستوار داشتن (ف) تعین کرنا۔ مان لینا۔ (۲) معتبر جاننا۔
اُستواری (ف) استحکام۔ مضبوطی۔
اِستہانت (ع) ذلیل و خوار سمجھنا۔ بُرا جاننا۔
اِستہزا (ع) ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ مضحکہ اڑانا۔ ہنسی کرنا۔ مذاق اُڑانا۔ ٹھٹھا کرنا۔
اِستہلاک (ع) ہلاک کرنا۔ جان سے مارنا۔ نیست و نابود کرنا۔
اِستیثاق (ع) مضبوطی چاہنا۔
اِستیصال (ع) بیخ کنی کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
اِستیعاب (ع) تمام کو گھیرے میں لینا۔ تمام کو پکڑنا۔ اوّل سے آخر تک سب کو لینا۔
اِستیفا (ع) ایفا کرنا۔ پُورا کرنا (۲) پُورا لینا۔
اِستیکان (ع) چائے پینے کی چھوٹی پیالیاں۔
اِستیلا (ع) غلبہ۔ برتری۔ تسلط (۲) غالب آنا۔
اِستیلاد (ع) پیدائش چاہنا۔ ولادت چاہنا۔
اِستیلام (ع) ہاتھ یا مُنہ سے پتھر کو چھُونا (۲) حجر اسود کو بوسہ دینا۔ (۳) کھیت میں خوشہ نکلنا۔
اِستیمان (ع) امانت دار ہونا (۲) امن چاہنا (۳) اعتبار کرنا۔
اِستیناس (ع) اُنس ہونا۔ محبت ہونا۔ محبت بڑھنا۔
اِستیناف (ع) (۱) نئے سرے سے شروع کرنا۔ ابتدا کرنا (۲) اپیل کرنا۔
اِسجاد (ع) خم ہونا۔ جھک جانا۔
اَسجاع (ع) سجع کی جمع۔ کبوتر اور فاختہ کی آوازیں (۲) مقفّیٰ باتیں یا فقرے۔
اِسجاع (ع) با قافیہ بات کہنا۔ مقفّیٰ فقرے لکھنا۔
اَسجاع قُمری (ع) قمری کی آوازیں۔
اِسحال (ع) بہت عطا کرنا۔ حوض پانی سے بھر دینا۔ آزاد کرنا۔
اَسحار (ع) سَحَر کی جمع۔ صبحیں (۲) اوقاتِ صبح۔
اِسحاق (ع) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو حضرت سارہؓ کے بطن سے تھے۔ مشہور پیغمبر ہوئے ہیں۔ حضرت یعقوب علیہ السلام انہی کے بیٹے تھے جن کی نسل سے قوم یہود یعنی بنی اسرائیل ہیں۔
اَسحر (ع) بہت بڑا جادوگر۔
اِسخان (ع) گرم ہونا۔
اَسخیٰ (ع) بہت بڑا سخی۔
اَسخیا (ع) سخی کی جمع۔
اَسَد (ع) شیر (۲) ایک آسمانی برج کا نام۔ سنگھ راس۔
اَسداس (ع) سُدس کی جمع۔ سدس کا معنی ہے چھٹا۔
اَسدِ معرکہ ہیجا (ع) مرد میدان۔ بہادر۔ لڑائی کے جوشیلے۔ نامور شجاع۔
اَسر (ع) رسّی (۲) باندھنا۔ قید کرنا (۳) سب تمام۔

Marfat.com

أسَرّ (ع) نہایت مسرور - بہت خوش۔
إسراء (ع) رات کو لے چلنا۔
أسرا / أسرٰے (ع) اسیر کی جمع - قیدی۔
أسرار (ع) سر کی جمع - بھید - راز - پوشیدگیاں۔
إسرار (ع) مشورہ کرنا - آہستہ بات کرنا۔
اسرار فہم (ع) رازداں (۲) ولی عارف۔
اسرار ملکوت ولاہوت (ع) خدا کی قدرت کے راز۔
اسراع (ع) جلدی کرنا - تیز چلنا۔
اسراف (ع) فضول خرچی - بے جا خرچ۔
اسرافیل (ع) ایک فرشتہ کا نام جو قیامت کے روز صور پھونکے گا۔
اسرائیل (ع) حضرت یعقوب علیہ السلام کا عبرانی نام - معنی خدا کا بھیجا ہوا - خدا کا برگزیدہ - خدا کا چنا ہوا - مقبول خدا۔
اسرع (ع) سرعت سے - جلدی سے (۲) جلدی کرنے والا۔
أسطار (ع) سطر کی جمع۔
إسطار (ع) پڑھنے میں غلطی کرنا - سطر پڑھنے میں اشتباہ ہونا۔
اسطبل (ف) یونانی سے ماخوذ - طویلہ جہاں چوپائے آرام کرتے ہیں۔
أسطرلاب (ع) ایک آلہ کا نام جس سے ستاروں کا فاصلہ اور گردش وغیرہ دریافت کرتے ہیں۔
أسطقس (ع) عنصر - اصل - جڑ - بنیاد (۲) اربعہ عناصر میں ایک عنصر۔
أسطوانہ (ع) ستون - کھم - تھم۔
أسطورہ (ع) بناوٹی بات - افسانہ۔
اساد (ع) نیک کرنا (۲) بخشا ور کرنا (۳) رد کرنا - نیک بخت کرنا۔
اسعار (ع) قیمتیں - نرخ۔
اسعاف (ع) حاجت روائی کرنا - کسی کے حسب خواہش اس کا کام کر دینا۔
أسعد (ع) بڑا سعید - بہت نیک بخت۔
أسفیٰ (ع) افسوس۔
أسفار (ع) سفیر کی جمع - مسافر لوگ۔
أسفار (ع) سفر کی جمع بہت سے سفر۔
أسفار (ع) سفر کی جمع - کتابیں - اگلے وقتوں کی کتابیں۔
أسفار اربعہ (ع) چار کتابیں - زبور - توریت - انجیل - قرآن۔
إسفاناخ (ع) اسپاناخ کا معرب - پالک کا ساگ۔
أسفل السافلین (ع) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ۔
أسفنج / إسفنجہ (ع) اسپنج کا معرب - ابر مردہ۔
اسفنداد / اسفندارمذ (ع) بارھویں شمسی مہینہ کا نام جو پھاگن اور چیت کے لگ بھگ ہوتا ہے اور انگریزی مہینہ مارچ کے۔ جیسے میں سورج برج حوت یعنی آخری برج میں ہوتا ہے۔
إسفندیار (ف) ایران کے بادشاہ گشتاسپ کا بیٹا - یہ شہزادہ نہایت تند زور اور بہادر تھا۔ اس نے بڑے بڑے بہادروں کو نیچا دکھایا۔ گشتاسپ نے اس خیال سے کہ مجھ سے تخت نہ چھین لے۔ رستم سے مقابلہ کروایا - اور اسفندیار رستم کے ہاتھ سے مارا گیا۔ گشتاسپ کے بعد اسفندیار کا بیٹا بہمن تخت نشین ہوا جو رستم سے تربیت یافتہ تھا۔
اسفیداج (ع) سفیدہ کاشغری۔
إسفیدباج (ع) بے مصالحہ گوشت کا شوربہ جو بیماروں کو دیتے ہیں۔ آب گوشت - یخنی۔
اسفید مہرہ (ف) سفید مہرہ۔
إسقا (ع) پلانا۔
اسقاط (ع) ڈال دینا - گرانا (۲) حمل گر جانا - حمل گرا دینا (۳) کلام میں غلطی کرنا (۴) اصطلاح جبر و مقابلہ میں اسقاط یا ترفیع وہ عمل ہے جس سے طرفین مساوات سے مشترک ارکان گرا دیتے ہیں یا اڑا دیتے ہیں۔
أسقاط (ع) سقط کی جمع ہے کم - قیمت - اسباب۔
أسقام (ع) سقم کی جمع - بیماریاں - دکھ۔
أسقف (ع) پادری - عیسائی - واعظ۔
اسقلیبوس (ی) (ا س ق ل ی ب و س) ایک مشہور یونانی حکیم کا نام جو بقراط کا استاد تھا۔
اسقیل (ع) یونانی سے ماخوذ - پیاز۔
اسکات کردن (ع - ف) خاموش کرنا۔
اسقیہ (ع) مشک - پانی کی مشک۔
اسکار (ع) مستی کرنا - مستی لانا۔
إسکاف (ع) موچی - کفش دوز - جوتا بنانے والا۔
إسکدار (ف) قاصد - ڈاکیہ - ہرکارہ (۲) ڈاک چوکی۔
إسکلہ (ف) بندرگاہ پر کشتی میں سوار ہونے کی سیڑھیاں۔
اسکملہ (ع) اسٹول - بیٹھنے کی چوکی۔
اسکناس (ف) نوٹ - کاغذی سکہ۔
إسکندان (ف) قفل - تالہ اور چابی۔
إسکندر (ی) دیکھو سکندر۔
إسکندریہ (ع) مصر میں سکندر اعظم کا آباد کیا ہوا شہر جو مصر کے شمال کی طرف بحیرہ روم میں مصر کی مشہور بندرگاہ ہے۔
اسلاخ (ع) کھال کھینچنا - کھال اتارنا۔
اسل (ع) نیزہ - ہر تیز چیز جیسے چھری، تلوار۔
اسلاف (ع) سلف کی جمع - اگلے وقتوں کے لوگ۔
إسلام (ع) خدا کے حکم پر گردن رکھنا - مسلمان ہونا - مطیع ہونا - فرماں بردار ہونا۔
اسلامبول (ت) ترکی کا قدیم دار الخلافہ - جسے قسطنطنیہ اور کانسٹنٹی نوپل کہتے ہیں - مشہور خوبصورت شہر اور اول درجہ کی بندرگاہ ہے - قدیم زمانہ سے صدیوں قیاصر روم اور سلاطین ترکی کا پایہ تخت رہا۔
أسلحہ (ع) سلاح کی جمع - ہتھیار - اوزار۔

Marfat.com

اَسلَع (ع) گنجا - جس کے سر کے سامنے کے بال نہ ہوں -
اَسلَم (ع) سالم تر - بہت بچا ہوا (۲) سانپ کا ڈسا ہوا -
اُسلُوب (ع) طور - طریق - ڈھنگ - روش - طرز - راہ -
اِسم (ع) نام (۲) علم صرف کی اصطلاح میں وہ کلمہ جو اپنے معنی بغیر کسی دوسرے کلمہ کی امداد کے خود ظاہر کرے اور تینوں زمانوں میں یعنی ماضی حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جائے -
اَسما (ع) اسم کی جمع نام -
اسماء (ع) عربی عورتوں کا نام - سعد کی معشوقہ کا نام -
اسماءالحسنیٰ (ع) سب سے اچھے نام - وہ نام جو باری تعالےٰ کے ہیں اور ننانوے شمار کیے گئے ہیں جیسے اللہ - باری - جبار - خالق - رحمان - رحیم - عزیز - قدوس - ملک - مہیمن وغیرہ -
اَسمار (ع) سَمَر کی جمع - رات کی کہانیاں وہ قصے یا فرضی افسانے جو رات کو کہے جائیں - رات کی باتیں -
اَسماع (ع) سمع کی جمع - کان - گوش -
اسم اعظم (ع) خدا تعالےٰ کا سب سے بڑا نام - جیسے اللہ کو اسم اعظم کہتے ہیں - نبیوں اور ولیوں کا وجود -
اِسماعیل (ع) حضرت ابراہیم کے بیٹے کا نام - جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے - خانہ کعبہ کی عمارت انہی کی تعمیر کردہ ہے - اکثر ال عرب اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم انہی کی اولاد سے ہوئے ہیں -
اَسمَر (ع) گندم گوں - گندمی گیہوں کے رنگ کا -
اِسم شب ( ) ایران میں پولیس ہر رات کے لیے ایک اسم مقرر کرتی ہے جس شخص کو رات کے ۹ بجے کے بعد گھر سے نکلنا ہو - تو اسے پہلے تھانے یا کوتوالی سے وہ نام حاصل کرنا پڑتا ہے اور راستہ میں پہرہ داروں کو بتانا جائے - ورنہ گرفتار کر لیا جاتا ہے اور صبح تک قید رہتا ہے -
اَسمَن (ع) بہت موٹا -
اسم و رسم ( ) عزت - آبرو - شہرت -
اسمی ( ) رسمی برائے نام معمولی -
اَسناد (ع) سند کی جمع - سندیں -
اِسناد (ع) نسبت دینا - کسی چیز کو کسی دوسری چیز سے نسبت دینا (۲) نسبت -
اسنان (ع) سن کی جمع دانت (۲) عمر -
اَسِنّہ (ع) سنان کی جمع -
اَسنہ (ع) سن کی جمع بمعنی دانت -
اسنیٰ (ع) بہت روشن - بہت بلند -
اَسموا ( ) بہت بڑا - بھونڈا - بدشکل -
اَسوار (ع) سوار کی جمع کنگن - کنگنیاں -
اَسوار (ع) سُور کی جمع - شہر پناہیں - فصیلیں -
اَسواط (ع) سوط کی جمع - تازیانے - کوڑے -
اَسواق (ع) سوق کی جمع - بازار -

اَسوا (ع) بدتر - بہت بُرا -
اَسوَد (ع) سیاہ - کالا (۲) سیاہ سانپ -
اَسوَد و اَحمر (ع) سیاہ و سُرخ (۲) حبش و روم کے باشندے (۳) عرب و عجم -
اَسوِلہ (ع) سوال کی جمع -
اسہاب (ع) بہت باتیں کرنا - بات لمبی کرنا -
اُسوَہ (ع) پیروی -
اِسہال (ع) دست (۲) دست آنا - پیٹ چلنا -
اَسہَل (ع) نہایت سہل - بہت آسان -
اَسیٰ (ع) غم - مصیبت - دُکھ - رنج -
اَسِیّ (ع) غمگین - مصیبت زدہ - دُکھیا - رنجیدہ -
اَسیاف (ع) سیف کی جمع - تلواریں - شمشیریں -
اَسیر (ع) قیدی -
اَسیرخانہ (ف) قیدخانہ -
اَسیری (ف) قید - بند - حبس -

## ا - ش

اُشاح (ع) گلے کا زیور - ہیکل وغیرہ اصل میں "وشاح" ہے -
اِشادت (ع) بلند آواز سے پڑھنا (۲) مکان کا بلند ہونا -
اِشارات (ع) اشارہ کی جمع - اشارے -
اِشارات (ع) علم و حکمت کی ایک کتاب کا نام جو بوعلی سینا کی تصنیف ہے -
اِشارت (ع) اشارہ کرنا (۲) اشارہ -
اِشارہ (ع) آنکھ یا کسی اور عضو سے کوئی بات سمجھانا - رمز -
اِشارہ فہم (ع) اشارہ سمجھنے والا -
اشارۂ قلبی (ع) الہام -
اِشاعت (ع) شائع کرنا - مشتہر کرنا - مشہور کرنا -
اَشاعِرہ (ع) اشعری کی جمع - ابوالحسن اشعری کے پیرو -
اشافی (ع) اشفی کی جمع - سوراخ کرنے کے آلے - جوتا سینے کی سوئی - بڑی سوئی -
اُشاق (ت) سادہ رو غلام (۲) بے ریش غلام (ترک غلاموں کا نام)
اشانتیون (فرانسیسی) نمونہ - مسطر -
اشام (ع) منحوس تر - بہت نامبارک -
اشباح (ع) شبح کی جمع - جسم - بدن - کالبد -
اشبار (ع) شبر کی جمع - بالشت -
اشباع (ع) سیر ہونا - پیٹ بھرنا (۲) حرکت کو دراز کرنا - یعنی پیش - زبر اور زیر کو یہاں تک لمبا کرنا کہ پیش سے واؤ - زبر سے الف - اور زیر سے یائے پیدا ہو جائے - جیسے اُفتاد سے اوفتاد کچار سے آچار وغیرہ - آتش سے آتیش -

Marfat.com

(۳) علم قافیہ کی اصطلاح میں حروف دخیل کو کہتے ہیں۔

**اَشبال** (ع) اَشبل کی جمع ۔ شیر کے بچے ۔

**اِشبال** (ع) شیرنی کا بچہ جننا (۲) بیوہ عورت کا بجائے دوسرا خاوند کرنے کے اپنے بیٹوں کے سہارے بیٹھ رہنا (۳) مہربانی کرنا ۔

**اَشباہ** (ع) شبہ کی جمع (۱) شکلیں ۔ صورتیں (۲) مانند ۔ نظیر ۔

**اِشباہ** (ع) کسی کی مانند ہونا ۔ کسی چیز کے مشابہ ہونا ۔

**اَشبل** (ف) مچھلی کے انڈے کہ مچھلی کا شکار کرنے کے بعد اس کے پیٹ سے نکالے جاتے ہیں اور اس سے کھانا بناتے ہیں ۔

**اَشبہ** (ع) بہت زیادہ مشابہت رکھنے والا ۔

**اَشپیختن** (ف) چھڑکنا ۔

**اُشتاب** (ف) شتاب کا مزید علیہ ۔ جلد ۔

**اشتابیدن** (ف) جلدی کرنا ۔ شتاب کرنا ۔

**اَشتات** (ع) شت کی جمع ۔ بکھری ہوئی چیزیں ۔ متفرق ۔ پراگندہ ۔

**اِشتات** (ع) بکھیرنا ۔ پراگندہ کرنا ۔

**اِشتباک** (ع) درخت کی ٹہنیوں کا آپس میں گتھ جانا (۲) پنجہ میں پنجہ ڈالنا (۳) ستاروں کا خوب چمکنا (۴) رات کا بہت سیاہ اور اندھیری ہونا ۔

**اِشتباہ** (ع) شک ۔ شبہ ۔ غلطی ۔ دھوکا ۔

**اشتباہ کردید** (ف) آپ کو دھوکا ہوا ہے ۔

**اِشتجار** (ع) باہم جھگڑنا ۔ لڑائی کرنا ۔ غم و فکر کی حالت میں ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھنا ۔

**اِشتداد** (ع) شدت ۔ سختی (۲) سخت ہونا ۔ سختی کرنا ۔

**اُشتر** (ف) شتر ۔ اُونٹ ۔

**اِشترا** (ع) خریدنا ۔ مول لینا (۲) تبادلہ کرنا ۔

**اِشتراط** (ع) شرط کرنا ۔

**اِشتراک** (ع) شرکت کرنا (۲) ساجھا ۔ شرکت ۔

**اُشتردل** (ف) کینہ ور ۔ دل میں کینہ رکھنے والا ۔ شترکینہ ۔ خوفناک ۔ (۲) نامرد ۔ ڈرپوک ۔

**اُشترگربہ** (ف) اُونٹ اور بلی نا ہم جنس چیزیں ۔ نا مناسب چیزیں ۔

**اِشتعال** (ع) شعلہ مارنا ۔ روشن ہونا ۔ بھڑکنا ۔

**اِشتغال** ۔ مشغول ہونا ۔ کسی شغل یا کام میں مصروف ہونا ۔

**اِشتقاق** (ع) چیرنا (۲) نکالنا (۳) ایک لفظ سے دوسرا لفظ نکالنا ۔

**اُشتک** (ف) وہ کپڑا جس میں نومولود کو باندھتے ہیں ۔

**اِشتکاء** (ع) (اش ت ک ا) شکایت کرنا ۔ گلہ کرنا ۔ شکوہ کرنا ۔

**اِشتکال** (ع) کام کا اُلجھا ہوا ہونا ۔ کام کا مشتبہ ہونا ۔

**اُشتلم** (ت) زیادتی ۔ غلبہ ۔ زور ۔ ظلم ۔ تعدی ۔

**اِشتمال** (ع) (اش ت م ال) شامل کرنا (۲) شامل ہونا ۔ ملنا ۔

**اِشتہا** (ع) خواہش ۔ بھوک (۲) خواہش کرنا ۔

**اِشتہار** (ع) شہرت دینا ۔ مشہور کرنا (۲) مشہور ہونا ۔

**اِشتیاف** (ع) سر کو بلند کرنا (۲) بجلی دیکھنا ۔

**اِشتیاق** (ع) شوق کرنا (۲) اظہار شوق کرنا ۔ مشتاق ہونا (۳) شوق میلان طبع ۔

**اَشجار** (ع) شجر کی جمع ۔ درخت ۔

**اَشجع** (ع) نہایت دلیر ۔ (۲) ایک قسم کا کالا سانپ ۔

**اَشحّۃ** (ع) (اش ح ہ) بخیل لالچی ۔ یہ جمع ہے ۔ اس کا واحد شحیح ہے ۔

**اَشخاص** (ع) شخص کی جمع ۔ بہت سے شخص ۔ لوگ ۔

**اِشخاص** (ع) کسی کو باہر نکال دینا (۲) کوئی چیز بھیجنا (۳) نشانہ پر سے تیر کا گزر جانا ۔ (۴) غیبت کرنا ۔

**اَشخاص اوّلیہ** (ع) (اَش خ اص ۔ اَوَّل یَ ہ) امراء اعلیٰ درجہ کے لوگ ۔

**اَشدّ** (ع) بہت سخت ۔ مضبوط (۲) تیز مزاج ۔

**اَشدّ** (ع) بہت سخت ۔

**اَشِدّا** (ع) شدید کی جمع ۔ بہت سختی کرنے والے ۔ شدت کرنے والے ۔

**اشداق** (ع) شدق کی جمع یعنی مُنہ کا کونا ۔ باچھیں ۔

**اَشدق** (ع) فراخ دہن ۔ کشادہ دہن ۔

**اَشرّ** (ع) نہایت شریر ۔ بہت بد ۔

**اَشرّ** (ع) بُرائی کرنے والے ۔

**اَشرار** (ع) شریر کی جمع ۔ بُرے آدمی ۔

**اشراط** (ع) نشانیاں ۔ شرط اس کا واحد ہے ۔

**اشراف** (ع) شریف کی جمع ۔ بھلے مانس ۔ واحد کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

**اِشراقی** (ع) دیکھو اشراقیاں ۔

**اشراقیاں**
**اشراقیین**
**اشراقیہ**
(ع) اشراقی لوگ ۔ حکمائے قدیم کا وہ گروہ ۔ جنہوں نے کثرت ریاضت یعنی مراقبہ و مکاشفہ کے ذریعے اس قدر دلوں کو مجلیٰ اور باطن کی صفائی حاصل کر لی تھی کہ ایک دوسرے کے پاس چل کر جانے کی حاجت نہ رکھتے تھے ۔ چنانچہ بقراط اور افلاطون وغیرہ حکمائے اشراقیہ سے تھے ۔ برخلاف اس کے دُوسرا گروہ حکمائے مشائین کا تھا جو ایک دُوسرے کے پاس جا کر اسرار و حقائق علمی دریافت کرتے تھے ۔

**اَشراک** (ع) شریک کی جمع ۔ شرک کی جمع ۔ شرک کا مطلب ہے شکار کرنے کے جال ۔

**اَشربہ** (ع) (اَش رب ہ) شراب کی جمع ۔ پینے کی چیزیں ۔

**اَشرف** (ع) نہایت شریف ۔ بزرگ تر ۔ بہت بھلا مانس ۔

**اَشرفی** (ع) سونے کا سکہ ۔ منسوب ہے اشرف بادشاہ کی طرف جس نے پہلے پہل دس ماشہ کا طلائی سکہ جاری کیا تھا ۔

**اِشراک** (ع) شریک قرار دینا ۔ کسی چیز کو اللہ کا شریک ماننا ۔

**اشرم** (ع) ناک کٹا ۔

**اشعاب** (ع) اس طرح چل دینا کہ کبھی واپس نہ ہو ۔

**اشعاعف** (ع) شعاع کی جمع الجمع ۔ شعاع کی اَشعہ (اَش ع ہ) اور

Marfat.com

اشعر کی جمع اشعات ۔ شعاعیں ۔ کرنیں ۔
اَشعار (ع) شِعر (ش ع ز) کی جمع ۔ ابیات ۔
اَشعار (ع) شَعر (شَ ع ز) کی جمع ۔ بال ۔ مُو ۔
اِشعار (ع) آگاہ کرنا ۔ خبر دینا (۲) مشہور کرنا (۳) کسی کے دل میں خوف پیدا کرنا ۔
اِشعاع (ع) آفتاب کا نور پھیلانا ۔
اِشعال (ع) روشن کرنا ۔ بھڑکانا ۔
اَشعب } اَشعث } (ع) ایک بہت بڑے لالچی کا نام ۔
اَشعر (ع) لمبے بالوں والا ۔ بڑا شاعر ۔
اَشعَری (ع) منسوب بہ اَشعر یعنی بال (۲) ایک شخص کا نام جس کے جسم پر لمبے لمبے بال تھے ۔
اَشعل (ع) وہ شخص جس کی آنکھ میں پیدائشی طور پر سُرخی ہو ۔ وہ گھوڑا جس کی دُم یا پیشانی میں سفیدی ہو ۔
اَشعۂ (ع) شعاع کی جمع ۔ کرنیں ۔ شعاعیں ۔
اَشغال (ع) شغل کی جمع ۔ کام ۔ کار ۔
اِشغال (ع) کام میں لگانا ۔
اِشغال گر (ع ۔ ف) جو زبردستی اور ناجائز طور پر کسی جگہ تصرف کرے ۔
اَشفار (ع) آنکھ کی پلکوں کا کنارا ۔ کنارا ۔
اِشفاق (ع) مہربانی کرنا ۔ شفقت کرنا ۔ پیار کرنا (۳) ڈرانا ۔ (۴) ڈرنا ۔
اَشفاق (ع) شفقت کی جمع ۔
اِشفیٰ (ع) ستالی ۔ چمڑے میں سوراخ کرنے کا اوزار ۔
اَشق (ع) ایک درخت کے گوند کا نام ۔
اَشقر (ع) ہر وہ شے جو زردی اور سیاہی مائل سُرخ ہو (۲) اور اسی رنگ کا گھوڑا ۔ سرنگ گھوڑا (۳) گھوڑا (۴) سُرخ بالوں کا اونٹ ۔
اَشقیٰ (ع) بہت شقی ۔ نہایت سنگدل ۔ بہت بدبخت ۔ نہایت بدنصیب ۔
اَشقیا (ع) شقی کی جمع ۔
اَشک (ف) آنسو (۲) مرد سالک ۔
اَشکِ ابر (ف) مینہ ۔ بارش کا قطرہ ۔
اَشکِ ارغوان } اَشکِ ارغوانی } (ف) سُرخ آنسو ۔ خون کے آنسو ۔
اَشکال (ع) شکل کی جمع ۔ صُورتیں ۔
اِشکال (ع) مشکل کرنا (۲) دشواری ۔
اَشکالِ دُوُر نما (ع ۔ ف) مکان کی دیواروں پر لٹکائی جانے والی تصویریں ۔
اَشکالِ شکار (ف) شکارگاہ کا نقشہ ۔
اَشکانی (ف) دارا کے بعد ایران پر ساڑھے پانچ سو سال جن ایرانی بادشاہوں کی حکومت رہی انھیں اسکانی کہتے ہیں ۔ اور یہی ایران کا اشکانی عہد کہلاتا ہے ۔
اَشک بار (ف) آنسو بہانے والا ۔ رونے والا ۔

اَشکِ تلخ (ف) اَشکِ غم (۲) شراب انگور ۔
اَشک چیدن (ف) آنسو پونچھنا ۔
اَشکِ حنائی (ف) سُرخ آنسو ۔
اَشکِ داؤد (ف) ایک نہایت سُرخ اور شفاف مہرے کا نام ۔
اَشکِ داؤدی (ف) سُرخ آنسو (۲) نہایت گریہ وزاری ۔
اَشکِ داوری (ف) فریادی کا حاکم کے سامنے رونا ۔
اَشکرہ (ف) مشکرہ ۔ ایک شکاری پرند ۔
اَشک ریختن (ف) آنسو بہانا (۲) خوشی کے آنسو بہانا (۳) کسی کام میں مہارت رکھنا ۔
اَشکِ شکری } اَشکِ شیریں } (ف) خوشی کے آنسو ۔
اَشکِ صراحی (ف) شراب ۔
اَشکِ طرب (ف) خوشی کے آنسو ۔ بے حد خوشی حاصل ہونے سے جو آنسو نکلیں ۔
اَشکِ عقیق } اَشکِ عقیقی } (ف) سرخ آنسو ۔ خون کے آنسو ۔
اَشک فرہ خوردن (ف) آنسوؤں کو پی جانا ۔ گریہ کو ضبط کرنا ۔
اِشکل } اِشکیل } (ف) بہانہ ۔ مکر ۔ حیلہ (۲) وہ گھوڑا جس کا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں سفید ہو ۔
اَشکِ میغ (ف) مینہ کی بوندیں ۔ بارش کے قطرے ۔
اَشگرف (ف) بڑا عظیم ۔ اچھا ۔ خوب ۔
اِشگرف (ف) (اِش گ رُف) (۱) قوی (۲) شان وشوکت ۔
اِشلاء (ع) کتے کو حملے کے لیے اُبھارنا ۔
اِشلال (ع) ہاتھ کو خشک کرنا ۔
اَشلّ (ع) جس کا ہاتھ سوکھا ہوا ہو ۔ ٹُنڈا ۔
اُشلُق (ف) بہتان ۔ تہمت ۔
اَشمّ (ع) بلند ناک والا ۔ صاحب شرم پیشوا ۔
اِشمال (ع) کسی کو چادر دینا ۔ چادر والا ہونا ۔ شمالی ہوا میں چلنا ۔
اِشمام (ع) سُونگھنا (۲) سنگھانا ۔
اَشمط (ع) کھچڑی بال والا ۔
اِشناق (ع) ستم ڈھانا ۔
اُشنان (ف) ایک گھاس جس سے ہاتھ اور کپڑے دھوتے ہیں ۔ اس کو جلا کر سجی بناتے ہیں اور صابن میں بھی ڈالتے ہیں ۔
اَشنع (ع) قبیح تر ۔ نہایت بُرا ۔
اَشنوسہ (ف) چھینک ۔ عطسہ ۔
اُشنہ (ع) ایک خوشبودار گھاس ۔ چھڑیلہ ۔ ملاگیر ۔
اِشواء (ع) گوشت بھُوننا ۔
اَشواک (ع) شوک کی جمع ۔ کانٹے ۔ خار ۔
اَشہاد (ع) شاہد کی جمع ۔ گواہ ۔
اَشہب (ع) سیاہی مائل ۔ سفید رنگ (۲) سبز گھوڑا (۳) مطلق گھوڑا ۔
اَشہر (ع) نہایت مشہور ۔

Marfat.com

اَشْہُر (ع)، شہر کی جمع مہینے۔
اَشْہَل (ع)، ہر شے جو زردی مائل سیاہ ہو (۲) بیش چشم آدمی۔
اَشْہیٰ (ع)، نہایت آرزومند - بہت خواہش رکھنے والا۔
اَشْہیٰ (ع)، بہت پسندیدہ - نہایت مرغوب - بے حد دل پسند۔
اَشْیا (ع)، شے کی جمع چیزیں۔
اَشْیاخ (ع)، بوڑھے - پیر سال - سال خورد - شیخ کی جمع۔
اَشْیاع (ع)، شیعہ کی جمع - گروہ (۲) دوستوں کا گروہ۔
اَشْیَب (ع)، سفید بالوں والا - وہ مرد جس کے سر کے بال سفید ہوگئے ہوں۔
اَشْیَم (ع)، جس کے بدن پر تل ہوں۔
اَشْیَہہ (ف)، گھوڑے کی آواز۔

# ا - ص

اِصَابَت (ع)، پہنچ - رسائی - پہنچنا (۲) پانا (۳) ٹھیک بات کہنا۔
اصاحِب (ع)، دوست یار۔
اَصَاغِر (ع)، اصغر کی جمع - چھوٹے خورد۔
اصارِم (ع)، لوگوں کی جماعت۔
اَصَالَت (ع)، اصل دین - جڑ - نسب کی پاکیزگی - شرافت۔
اَصْبَاح (ع)، صبح کی جمع۔
اِصْبَاح (ع)، صبح کرنا (۲) چلنا (۲) ایک حال سے دوسرے حال میں جانا۔
اَصْبَاغ (ع)، صبغ کی جمع - رنگ - رنگتیں۔
اَصْبَح (ع)، خوبصورت (۲) سُرخ رنگ کا شیر۔
اَصْبَع (ع)، اُنگلی - انگشت۔
اَصْبَغ (ع)، سفید دُم والا مُرغ (۲) گھوڑا جس کی پیشانی سفید ہو۔
اَصَحّ (ع)، نہایت صحیح - بہت دُرست - تندرست۔
اصحا (ع)، (اص حَ ا)، صحیح کی جمع۔
اَصْحَاب (ع)، جمع الجمع صاحب کی، دوست یار - ہم نشین۔
اَصْحَابُ السَّبْت (ع)، روز شنبہ والے یار - بنی اسرائیل کی ایک قوم جسے سبت کے دن شکار کھیلنے کی اللہ کی طرف سے ممانعت تھی - لیکن اتفاق سے اسی دن بہت سی مچھلیاں ظاہر ہوتی تھیں اور وہ کئی جیلوں اور بہانوں سے پانی کے اندر مچھلیوں کو روک دیتے اور بند کر دیتے تھے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور دُوسرے دن شکار کر لیتے جب ان کی یہ نافرمانی حد سے گزر گئی تو اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر اس صورت میں نازل ہوا کہ انسانی شکلیں مسخ کر کے انہیں بندر بنا دیا - جو کچھ عرصہ کے بعد تباہ اور نیست و نابود ہوگئے۔
اَصْحَابُ الشِّمَال (ع)، (ش مَ ال)، بائیں جانب والے - دوزخی۔

اصحاب فیل (ع)، ہاتھیوں والے لوگ جنہوں نے یمن کے حاکم ابرہ کے حکم سے بہت سے ہاتھی لے کر مکہ پر حملہ کیا تھا۔
اصحاب کہف (ع)، (کَ ہ ف)، غار والے وہ سات شخص جو دقیانوس بادشاہ کے ظلم سے ڈر کر ایک غار میں جا چھپے تھے - ان کے ہمراہ ایک کُتا بھی تھا، جس کا نام قطمیر تھا - مشہور ہے کہ یہ لوگ تین سو سال کے بعد جاگے اور پھر سو گئے اور قیامت تک سوتے رہیں گے۔
اصحاب نجوم (ع)، نجومی - منجم - جوتشی۔
اصحاب الیمین (ع)، الیمین (ا ل یَ م ی ن)، دائیں جانب والے - اہل جنت۔
اِصحاح (ع)، تندرستی عطا کرنا - خدا تعالیٰ کا مرض کو دور کرنا۔
اَصحاح (ع)، بائبل کا باب۔
اِصحار (ع)، ریگستان میں جانا۔
اصحاف (ع)، کتابوں کا جمع ہونا۔
اِصداد (ع)، بند کرنا - روکنا (۲) پھیرنا۔
اِصدار (ع)، صادر کرنا - نکالنا (۲) واپس کرنا۔
اَصداف (ع)، صدف کی جمع (سیپ)
اَصداف کحلی (ع)، سرمئی سیپیاں۔
اصداق (ع)، بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
اَصدَق (ع)، بڑا سچا۔
اَصدِقا (ع)، صدیق کی جمع - رفیق - دوست۔
اِصر (ع)، بوجھ - ذمہ۔
اِصرار (ع)، ہٹ کرنا - ضد کرنا (۲) ہٹ - ضد (۳) کسی کام کے لیے تنہا مستعد ہونا۔
اِصراف (ع)، خرچ کرنا (۲) پھیرنا۔
اَصرَم (ع)، وہ مرد جس کے کان کے کنارے کٹے ہوئے ہوں - اس کی مؤنث صرما ہے - اصرم غریب و مفلس کو بھی کہتے ہیں۔
اِصرام (ع)، فقیر ہونا۔
اصطباح (ع)، صبوحی پینا - صبح کی شراب پینا۔
اِصطباغ (ع)، رنگنا (۲) غوطہ دینا (۳) بپتسمہ دینا - عیسائیوں کی کسی کو اپنے مذہب میں شامل کرنے کی رسم۔
اصطبل (ع)، گھوڑے باندھنے کی جگہ۔
اِصطحاب (ع)، ایک دُوسرے سے صحبت رکھنا - ہم صحبت ہونا - ایک دُوسرے کا یار ہونا۔
اِصطخر / اِصطخر (ع)، فارس کے ایک قلعہ کا نام (۲) فارس کے ایک شہر کا بھی نام تھا جو کسی زمانے میں دارالسلطنت تھا۔
اُصطرلاب (ع)، ستاروں کا فاصلہ وغیرہ دریافت کرنے کا آلہ - اسطرلاب۔
اِصطفا (ع)، انتخاب - چھانٹنا - چُننا - برگزیدہ ہونا۔
اِصطفاف (ع)، صف باندھنا - قطار باندھنا۔
اِصطکاک (ع)، رگڑ - وہ آواز جو سخت چیزوں کی رگڑ سے پیدا ہو۔
اِصطلاح (ع)، باہم صلح کرنا - متفق ہونا (۲) کسی لفظ کے ایسے مرادی معنی جو اس کے اصلی معنی نہ ہوں۔

Marfat.com

اِصْطِلام (ع)، جڑ سے اکھیڑنا۔
اِصْطِناع (ع)، نیکی کرنا۔
اِصْطِیاد (ع)، شکار کرنا۔
اصعاب (ع)، دشوار ہونا۔ کوئی کام مشکل ہو جانا۔ کسی معاملے کو مشکل محسوس کرنا۔
اَصْعَب (ع)، بہت سخت۔ نہایت دشوار۔
اِصْغا (ع)، سُننا۔ کان لگانا۔ کوئی بات سُننے کے لیے کان جھکانا۔
اَصْغَر (ع)، بہت چھوٹا۔
اَصْفاد (ع)، صفاد کی جمع۔ زنجیریں۔ بیڑیاں۔
اَصْفار (ع)، صِفر کی جمع۔ خالی۔
اِصْفار (ع)، خالی ہونا۔ صفر ہونا۔ مفلس ہونا۔ محتاج ہونا۔
اَصْفَر (ع)، زرد رنگ۔
اِصْفِرار (ع)، زرد ہونا۔
اَصْفَہان (ف)، ایران کا مشہور شہر۔ اصفہان نصف جہان کا بگاڑ ہے۔ کیونکہ یہ شہر بارہ کوس میں تھا۔ اور بہت آباد اور متموّل ہونے کے علاوہ نہایت زرخیز علاقہ میں تھا اور دار الحکومت بھی۔ سے اسپاہان بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ یہاں بہت سی سپاہ رہتی تھی۔
اِصْفَہان (ف)، موسیقی کے ایک پردے کا نام۔
اصفہانک (ف)، اصفہان کی موسیقی کی ایک دُھن۔
اَصْفیٰ (ع)، نہایت صاف۔
اَصْفِیا (ع)، صفی کی جمع۔ صاف باطن لوگ۔ برگزیدہ لوگ۔
اَصْقاع (ع)، صقع کی جمع۔ گوشے۔ کونے۔
اَصْل (ع)، جڑ۔ بیخ۔ نسب۔ بنیاد۔
اَصْلاً (ع)، ہرگز۔
اَصْلاً (ع)، از روئے اصل۔
اَصْلاب (ع)، صُلب کی جمع۔ پیٹھیں۔ پشتیں۔ آباء اجداد۔ باپ دادا۔ نسلیں۔
اِصْلاح (ع)، دُرست کرنا۔ سنوارنا (۲) نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔
اَصْلَح (ع)، نہایت صالح۔ نہایت دُرست۔
اَصْلَع (ع)، ا ص ل ع، گنجا۔ جس کے سر پر بال نہ ہوں۔
اَصْلَم (ع)، گوش بریدہ۔ کان کٹا۔
اَصْلی (ع)، ذاتی۔ خالص۔ بغیر بناوٹ کے۔ بغیر آمیزش کے۔
اَصَم (ع)، بہرا جو سُنتا نہ ہو۔
اِصْمات (ع)، خاموش ہونا۔ خاموش کرنا
اِصْمام (ع)، بہرا ہونا۔
اَصْمَعی (ع)، عرب کے ایک مشہور شاعر کا نام۔
اَصْناف (ع)، صنف کی جمع۔ قسمیں۔ نوعیں۔ اقسام۔ انواع۔
اَصْنام (ع)، صنم کی جمع۔ بُت (۲) معشوق۔
اِصْنان (ع)، غرور کرنا۔
اِصْنع (ع)، مصدر صنعت کا امر۔ بنا۔ کر۔
اَصْوات (ع)، صوت کی جمع۔ آوازیں۔
اَصْواتِ کریہہ (ع)، ناپسندیدہ آوازیں۔
اَصْواف (ع)، اُون۔ پشم۔ صُوف اس کا واحد ہے۔
اَصْوَب (ع)، بہت ٹھیک۔ نہایت دُرست۔
اُصُول (ع)، اصل کی جمع۔ جڑیں۔ بیخیں (۲) قاعدے۔ طریقے۔ ڈھنگ۔ قوانین (۳) تال (۴) عروض کی اصطلاح میں۔ ایک رُکن جو فاصلہ اور وتد سے مرکب ہوتا ہے۔
اُصُولِ ثَقِیل (ع)، موسیقی کے سترہ تالوں میں سے پانچویں تال کا نام۔
اُصُولِ فاختہ (ع۔ف)، موسیقی کے سترہ تالوں میں سے گیارہویں تال کا نام۔
اُصُولِ کلام (ع)، علم کلام جس میں نقلی مسائل کو عقلی دلائل سے ثابت کیا جاتا ہے۔
اِصْہار (ع)، کسی کا داماد بن جانا۔ کسی چیز کو کسی چیز کے قریب کر دینا۔
اَصْہار (ع)، قرابت۔ خویش۔ داماد۔
اَصْہَب (ع)، ہر وہ شے جس کا رنگ سفیدی مائل سُرخ ہو۔
اَصْیاف (ع)، صیف کی جمع۔ موسم گرما۔
اَصِیل (ع)، وہ شخص جس کا حسب نسب اچھا ہو۔ نجیب۔ شریف۔ نیک پیدائش (۲) شام کا وقت۔
اَصِیلہ (ع)، کسی شخص کی کل ملکیت یا جائداد۔

## ا۔ض

اَضاحی (ع)، اُضحیہ کی جمع۔ قربانیاں۔
اِضاحن (ع)، پناہ کی جگہ۔
اِضاعت (ع)، ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔
اِضافت (ع)، لگاؤ۔ علاقہ۔ ایک چیز کا دُوسری چیز سے نسبت کرنا۔ ضیافت کرنا (۳) پناہ دینا۔
اِضافہ (ع)، بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔
اِضافی (ع)، نسبتی جو اصلی نہ ہو۔
اِضاءت (ع)، چمکانا۔ روشن کرنا۔
اِضحاک (ع)، ہنسانا (۲) تعجب دلانا۔
اَضاحیک (ع)، اضحوکہ کی جمع۔ ہنسی آور چیزیں۔
اُضحوکہ (ع)، ہنسانے والی بات۔ وہ چیز جو ہنسائے۔
اَضْحیٰ (ع)، قربانی۔ قربانی کا دن۔
اُضْحِیہ (ع)، قربانی کا جانور۔
اَضْداد (ع)، ضِد کی جمع۔ ایک دُوسرے کی مخالف اشیاء۔
اَضْراب (ع)، ضرب کی جمع۔ مثلیں۔ انواع۔ نظیریں۔
اِضْرار (ع)، ضرر پہنچانا۔ نقصان کرنا۔
اَضْراس (ع)، ضرس کی جمع۔ ڈاڑھیں۔ دانت۔
اِضْرام (ع)، آگ روشن کرنا۔ آگ بھڑکانا۔
اِضْطِجاع (ع)، پہلو کے بل سونا۔ لیٹنا۔
اِضْطِراب (ع)، بے قراری۔ گھبراہٹ۔

Marfat.com

**اِضطرار** (ع) ناچار کرنا (۲) حاجت مند کرنا (۳) مجبور کرنا (۴) مجبور ہونا۔

**اِضطرام** (ع) آگ کا جلنا۔ بڑھاپا آجانا۔ اور بال سفید ہو جانا۔

**اَضعاف** (ع) ضعف کی جمع دو برابر چیزیں (۲) دوگنا۔ چوگنا۔

**اِضعاف** (ع) دوگنا کرنا (۲) صاحب زیادتی ہونا (۳) ضعیف کرنا۔

**اَضعَف** (ع) نہایت ضعیف۔ نہایت کمزور۔

**اَضغاث اَحلام** (ع) پریشان خوابیں جن کی تعبیریں ٹھیک نہ ہوں۔

**اَضغان** (ع) ضغن کی جمع۔ کینے۔

**اَضَل** (ع) نہایت گمراہ۔ بڑا گمراہ۔

**اَضلاع** (ع) ضلع کی جمع (۱) پسلیاں (۲) طرفیں۔ کونے۔ گوشے۔ سمتیں۔

**اِضلال** (ع) گمراہ کرنا۔ بہکانا۔ راستہ بھلانا۔

**اَضلَع** (ع) سخت اور طاقتور مرد۔

**اَضَم** (ع) حسد کرنا۔ کینہ۔ غصّہ کرنا۔

**اِضمحلال** (ع) نیست ہونا۔ معدوم ہونا (۲) پوشیدہ ہونا (۳) بکھر جانا۔ جاتے رہنا (۴) بہت ضعیف ہونا۔

**اَضواء** (ع) ضوء کی جمع۔ روشنیاں۔

**اَضیاف** (ع) ضیف کی جمع۔ مہمان۔

**اَضیَق** (ع) بہت تنگ۔ تنگ تر۔

# ا - ط

**اِطابت** (ع) خوش کرنا (۲) خوشبو کرنا (۳) استنجا کرنا۔

**اِطاحت** (ع) ہلاک کرنا۔

**اِطار** (ع) فریم۔ چوکھٹا۔

**اِطاعت** (ع) حکم ماننا۔ متابعت کرنا۔ فرمانبردار ہونا۔ فرمانبرداری۔ متابعت۔

**اُطاق** (ف) کوٹھڑی۔ کمرہ۔ حجرہ۔

**اُطاق پذیرائی** (ف) ملاقات کا کمرہ۔

**اُطاق خواب** (ف) سونے کا کمرہ۔

**اُطاق شام** (ف) رات کا کھانے کا کمرہ۔

**اُطاقک** (ف) چھوٹا کمرہ۔

**اُطاق کار** (ف) ورکنگ روم۔

**اُطاق نشیمن** (ف) نشست کا کمرہ۔

**اَطال اللہ عمرہٗ** (ع) خدا اس کی عمر دراز کرے۔

**اِطالت** (ع) دراز کرنا۔ طول دینا۔ کلام میں طوالت کرنا۔

**اِطالیہ** (ع) اٹلی۔ برّاعظم یورپ کا ایک مشہور ملک۔

**اِطام** (ع) پیشاب کا بند ہو جانا۔

**اَطاوِل** (ع) اطول کی جمع۔ بہت لمبا۔

**اَطایِب** (ع) اطیب کی جمع بمعنی پاکیزہ تر۔

**اَطِبّا** (ع) طبیب کی جمع۔ معالج۔ ڈاکٹر۔

**اَطباق** (ع) دسترخوان۔

**اَطبال** (ع) طبل کی جمع۔ ڈھول۔

**اَطحَل** (ع) خاکستری۔ مٹیالا۔

**اِطرا** (ع) تعریف میں مبالغہ۔

**اِطراب** (ع) خوشی منانا۔ خوشی کرنا۔ طرب کرنا۔

**اِطراح** (ع) پھیلنا (۲) ڈالنا (۳) گرانا۔

**اِطراد** (ع) ہنکانا۔ چلانا (۲) رواں کرنا۔

**اِطّراد** (ع) آگے پیچھے چلنا (۲) کام کا درست ہونا۔

**اِطراز** (ع) نقش و نگار کرنا۔

**اَطراف** (ع) طرف کی جمع۔ کنارے (۲) اصطلاح اطباء میں آدمی کے ہاتھ پاؤں۔

**اِطراق** (ع) سفر میں کسی جگہ ٹھہرنا اور قیام کرنا۔

**اَطرِبہ** (ع) وہ نغمے جس سے لوگ خوش ہوں۔

**اُطروش** (ف) بہرہ جو سُن نہ سکے۔

**اُطرُفہ** (ع) ناخن کی جڑ کی زہ جو چمڑے کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے۔

**اُطریش** (ف) ملک آسٹریا۔ جو یورپ کے وسط میں واقع ہے۔

**اُطریفل** (ع) مشہور دوا کا نام ہے جو مختلف اشیاء کی معجون سی ہوتی ہے۔

**اِطریہ** (ع) سویاں۔

**اِطعام** (ع) کھانا کھلانا۔

**اَطعِمہ** (ع) طعام کی جمع۔ کھانے۔ خوراکیں۔

**اِطفاء** (ع) چراغ گل کرنا (۲) آگ بجھانا (۳) بجھانا۔

**اَطفال** (ع) طفل کی جمع۔ لڑکے۔ بچے۔ بالے۔

**اَطفالِ باغ** (ع۔ ف) پودے۔ ننھے پودے۔

**اَطفالِ بحری** (ع) بحری جنگ اور جہاز رانی سیکھنے والے لڑکے۔

**اَطفالِ حدائق** (ع) ننھے کھلے ہوئے پھول۔

**اِطّلاع** (ع) خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔

**اِطلاع** (ع) جھانکنا (۲) آگاہ ہونا۔

**اِطلاق** (ع) طلاق دینا (۲) چھوڑ دینا۔ رہا کرنا۔ قید سے چھوڑنا۔ (۳) کھولنا (۴) بولنا (۵) کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت یا تعلق دینا۔

**اَطلال** (ع) طلل کی جمع۔ کھنڈر۔ ویران گرے ہوئے پرانے مکانات کے نشانات۔

**اَطلانطک** (ع) بحر او قیانوس۔

**اَطلس** (ع) ایک قسم کا سادہ ریشمی کپڑا جس پر نقش و نگار یا بیل بوٹے نہ ہوں (۲) نواں آسمان (۳) بھیڑیا۔ جس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہو۔

**اَطلس رومی** (ع) ایک قسم کا سرخ اطلس۔

**اَطماع** (ع) طامع کی جمع۔ لالچی۔

Marfat.com

اِطماع (ع) طمع میں ڈالنا۔ لالچ میں ڈالنا۔ طمع دلانا۔ طمع دینا۔
اِطمینان (ع) دلاسا۔ تسلی۔ دلجمعی (۲) تسلی پانا۔
اِطناب (ع) طول دینا۔ بات کو لمبا کرنا (۲) کسی کی مدح یا ذم میں مبالغہ کرنا۔ عبارت کو طول دینا۔
اَطواد (ع) طَود کی جمع۔ بڑا پہاڑ۔
اَطوار (ع) طَور کی جمع۔ نوع۔ حال۔ ڈھنگ۔
اَطواس (ع) طاؤس کی جمع۔ مور۔
اَطواق (ع) گردن بند۔ طَوق کی جمع۔
اَطوال (ع) لمبائیاں۔ طُول کی جمع۔
اَطہار (ع) طاہر کی جمع۔ پاک لوگ۔
اَطہر (ع) بڑا پاک۔
اَطول (ع) طویل تر۔ درازتر۔ اس کی جمع۔ اَطاوِل اور مؤنث طُولیٰ ہوگی۔
اَطیَب (ع) نہایت خوشبودار۔ بہت پاکیزہ۔

## ا ۔ ظ

اَظافیر (ع) ناخن۔
اَظفار (ع) ظُفر کی جمع۔ ناخن۔
اَظفار (ع) ظَفر کی جمع (۱) فتح مندیاں (۲) چھوٹے چھوٹے ستارے۔
اَظلال (ع) ظِل کی جمع۔ سائے۔
اِظلال (ع) سائے میں ڈالنا (۲) سایہ دار ہونا (۳) کسی چیز کی طرف رُخ کرنا۔
اِظلام (ع) ظلم اُٹھانا (۲) اندھیرے میں آنا (۳) تاریک ہونا (۴) دانتوں کا چمکنا۔
اَظماء (ع) پیاسا کرنا۔
اَظلم ( ) بڑا بے اِنصاف۔
اِظہار (ع) ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ (۲) غالب آنا (۳) وقت کرنا (۴) ظہر کے وقت جانا۔
اظہار داشتن (ع۔ف) بیان کرنا۔
اظہارات (ع۔ف) بیانات۔
اظہارنامہ (ع۔ف) سرٹیفکیٹ۔ سند۔
اَظہر (ع) بہت ظاہر۔ ظاہر تر۔

## ا ۔ ع

اَعابد (ع) عبد کی جمع۔ بندے۔ غلام۔
اَعاجیب (ع) نہایت عجیب۔
اَعاجم (ع) اعجم کی جمع۔ گونگے۔ عجمی لوگ۔
اَعاجیب (ع) عجیب یا اعجوبہ کی جمع عجیب چیزیں۔ نادرات۔
اِعادت / اِعادہ (ع) پھیرنا (۲) لوٹانا (۳) پھیر کر لانا۔ دوبارہ کرنا (۴) بار بار کسی بات کا کہنا۔
اَعادی (ع) جمع الجمع عدو۔ دشمنان۔ دشمن لوگ۔
اِعاذت (ع) پناہ میں لینا۔
اِعارت (ع) کوئی چیز عاریتاً لینا۔
اَعاظم (ع) اعظم کی جگہ بڑے۔
اَعالی (ع) اعلیٰ کی جمع۔ بہت بلند۔
اِعانت (ع) مدد کرنا۔
اِعباء (ع) غلام بنانا۔
اَعتا (ع) عتی کی جمع۔ سرکش لوگ۔
اِعتاق (ع) لونڈی۔ غلام آزاد کرنا۔
اِعتبار (ع) بھروسا کرنا۔ اچھا سمجھنا۔ ایک دوسرے پہ بھروسا کرنا۔ (۲) تعجب کرنا (۳) عبرت پکڑنا (۴) امتحان کرنا۔
اِعتبارنامہ (ع۔ف) معاہدہ۔ سفارت نامہ۔
اِعتبار گرفتن از چیزے (ف) کسی چیز کو معتبر سمجھنا۔
اِعتدا (ع) حد سے گزرنا۔ ظلم کرنا (۲) ظلم۔ تعدی۔
اِعتداد (ع) اعتبار (۲) حساب میں لانا۔ شمار میں لانا (۳) شمار کرنا۔ (۴) شمار میں آنا۔ گِننا۔ گنا جانا۔
اِعتدال (ع) یکساں ہونا۔ برابر ہونا (۲) طول و عرض میں برابر ہونا۔ (۳) گرمی و سردی میں برابر ہونا (۴) خشکی و تری میں برابر ہونا۔ (۵) سیدھا ہونا (۶) درمیانہ ہونا (۷) برابر کرنا۔
اِعتدال پسند (ع۔ف) معتدل۔ اعتدال پسند کرنے والا۔
اِعتذار (ع) عذر کرنا۔ معذرت چاہنا (۲) معذور ہونا (۳) ہٹ جانا۔ (۴) شکایت کرنا۔
اِعتذارنامہ (ع۔ف) معذرت نامہ۔
اِعتراض (ع) شبہ کرنا (۲) کوئی قباحت پیش کرنا (۳) حائل ہونا (۴) عیب پکڑنا۔ گھوڑے کا سرکش ہونا۔
اِعتراف (ع) اقرار کرنا۔ مان لینا (۲) پہچاننا (۳) خبر دریافت کرنا۔
اِعتراف کردن (ع۔ف) تسلیم کرنا۔
اِعتزا (ع) اپنے آپ کو کسی سے نسبت کرنا۔
اِعتزاز (ع) عزیز ہونا۔ عزیز سمجھنا۔ بزرگ سمجھنا۔
اِعتزال (ع) الگ ہونا۔ یکسو ہونا (۲) اسلام کے فرقوں میں سے ایک فرقے کا نام۔
اعتزال گوشہ (ع۔ف) گوشہ نشین ہونا۔ عزلت گزین ہونا (۲) گوشہ نشینی۔
اعتساس (ع) رات کو چوکیداری کرنا۔ پہرہ دینا۔
اعتساف (ع) ظلم کرنا۔ جور کرنا (۲) ٹیڑھا چلنا۔ (۳) بے راہ چلنا۔
اعتصاب (ع) ہڑتال۔ سٹرائیک۔
اعتصاب کردن (ع۔ف) کام چھوڑ دینا۔

Marfat.com

اِعتِصَار (ع) نچوڑنا (۲) کسی چیز کی طرف پناہ لے جانا۔ کسی کے قبضے سے مال نکالنا۔

اِعتِصَام (ع) گناہ سے بچنا (۲) چنگل مارنا۔ بچاؤ کے لیے کوئی چیز پکڑنا۔

اِعتضاد الخلافت (ع) رکن سلطنت۔
اِعتضاد الخلافہ سلطنت کا بازو۔
اِعتضاد الدولہ امراء کا خطاب۔

اِعتضاد السلطنت (ع) ایران کا ایک خطاب۔

اِعتقاد (ع) (۱) یقین کرنا (۲) گرویدہ ہونا (۳) ایمان لانا (۴) محکم ہونا (۵) ثابت ہونا (۶) عقیدہ۔

اِعتکاس (ع) پھرا ہوا ہونا۔ اُلٹا ہونا۔

اِعتقال (ع) بند کرنا۔ باندھنا۔

اِعتکاف (ع) گوشہ نشین ہونا (۲) اپنے آپ کو روک رکھنا (۳) چند دنوں کے لیے مسجد وغیرہ میں الگ بیٹھ کر عبادت کرنا (۴) انتظار کرنا۔

اِعتلاف (ع) گھاس کھانا۔

اِعتلاق (ع) عاشق ہونا۔

اِعتلال (ع) علیل ہونا۔ بیمار ہونا (۲) علت اور وجہ بتانا (۳) بہانہ کرنا۔

اِعتلام (ع) کسی چیز کو جاننا۔ آگاہ ہونا۔

اِعتماد (ع) بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا (۲) ارادہ کرنا۔

اِعتماد نامہ (ع۔ف) ایک بادشاہ کا خط دُوسرے بادشاہ کے نام۔

اِعتماز (ع) کسی کام میں عیب نکالنا۔

اِعتماس (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔

اِعتمید (ع) وثوق و اطمینان۔

اِعتِنا (ع) اہتمام (۲) غم خواری کرنا۔ مہربانی کرنا (۳) تیمارداری کرنا۔

اِعتِناق (ع) معانقہ کرنا۔ گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔

اِعتیاد (ع) واپس آنا (۲) عادت ڈالنا۔ عود کرنا۔

اِعتیاض (ع) عوض دینا۔ بدلہ دینا۔

اِعجاب (ع) کسی چیز کو عجیب جاننا (۲) تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ عجب کرنا۔ غرور کرنا۔

اِعجاز (ع) معجزہ۔ عاجز کرنا (۲) ناتواں کرنا۔ نبی سے کوئی بات خلاف عادت ظاہر ہونا جس سے منکر عاجز آجائیں۔

اَعجال (ع) عجلت کرنے والے۔ جلدی کرنے والے (۲) شتابیاں (۳) عجل کی جمع۔ گائے کے بچھڑے۔

اِعجام (ع) حرفوں پر نقطے لگانا۔

اَعجب (ع) عجیب تر۔

اَعجز (ع) نہایت عاجز۔

اَعجم (ع) گونگا۔ گنگ (۲) غیر فصیح۔

اَعجمی (ع) باشندہ عجم۔ جو عربی نہ ہو۔ (۳) غیر فصیح۔

اُعجوبہ (ع) نہایت عجیب۔ انوکھی چیز۔

اَعجَب (ع) عجیب تر۔

اَعدا (ع) عدو کی جمع۔ دشمن۔ بیری۔

اَعداد (ع) عدد کی جمع۔ شمار۔ ہندسے۔ گنتیاں۔

اِعداد (ع) تیار کرنا۔

اَعدال (ع) عدل کی جمع۔

اِعدام (ع) نیست و نابود کرنا (۲) منع کرنا۔ روکنا (۳) کسی چیز کا نہ ملنا۔

اِعدام کردن (ع۔ف) پھانسی دینا۔

اَعدل (ع) بہت عدل کرنے والا۔ نہایت عادل (۲) گواہی دینے میں بہت لائق۔

اِعذار (ع) عُذر کرنا (۲) ختنہ کرنا (۳) ختنہ کی دعوت۔

اَعراب (ع) گنوار لوگ۔ جنگلوں میں رہنے والے خانہ بدوش آدمی۔

اِعراب (ع) دُرست کرنا۔ واضح کرنا۔ حرکتیں۔ عربی کلمات کی حرکات۔

اَعرابی (ع) منسوب بہ اعراب۔ ایک اعراب۔ ایک گنوار۔ ایک خانہ بدوش۔

اَعراس (ع) عُرس کی جمع۔ شادیاں۔

اِعراس (ع) شادی کرنا۔ سہاگن ہونا۔

اَعراش (ع) عرش کی جمع۔

اَعراض (ع) عرض کی جمع۔ وہ شے جو بذاتِ خود قائم نہ ہو (۲) گھر کا اسباب (۳) بیماری۔ وہ بیماری جو کسی دوسری بیماری سے پیدا ہو (۴) انسان کا جسم (۵) نئی پیدا شدہ چیز (۶) حجاز کے دیہات و قصبات۔

اِعراض (ع) منہ پھیرنا۔ رُوگردانی کرنا۔

اَعراف (ع) ایک مقام کا نام جو بہشت اور دوزخ کے درمیان ہے۔

اِعراق (ع) مُلکِ عراق کو جانا۔ (۲) شراب میں پانی ملانا۔ (۳) جڑھ کا سخت ہونا۔

اَعرج (ع) لنگڑا۔ لنگ

اَعرف (ع) معروف تر۔ بہت مشہور۔

اَعزّ (ع) نہایت عزیز۔ عزیز تر۔

اَعزّا (ع) عزیز کی جمع۔ پیارے۔

اَعزاب (ع) عزب کی جمع۔ مجرد آدمی۔ بے شوہر عورتیں۔

اِعزاز (ع) عزت دینا۔ عزت کرنا۔

اِعزام (ع) روانہ کرنا۔ بھیجنا۔

اَعزل (ع) نہتا۔ بے ہتھیار مرد (۲) ایک ستارے کا نام جسے سماک اعزل کہتے ہیں۔

اَعزّہ (ع) عزیز کی جمع۔ معزز لوگ۔ بڑے آدمی۔

اَعسر (ع) نہایت مشکل۔ بہت دقیق۔

Marfat.com

أعسم (ع) جس کے ہاتھ پاؤں سوکھے ہوئے اور ٹیڑھے ہوں۔
أعشاب (ع) عشب کی جمع - ہری گھاس - سبز گھاس۔
أعشار (ع) عشر کی جمع - دسویں حصے۔
أعشاریہ (ع) منسوب بہ اعشار - دسویں حصوں والا۔
أعشیٰ (ع) وہ شخص جسے رتوندھی آتی ہو (۲) عرب کے ایک مشہور شاعر کا لقب۔
اِعصا (ع) نافرمانی کرنا - عاصی ہونا۔
أعصاب (ع) عصب کی جمع پٹھے۔
أعصار (ع) عصر کی جمع - زمانے۔
اِعصار (ع) بگولہ (۲) گرہ باد (۳) لڑکی کا حد بلوغ کو پہنچنا (۴) بادل کا برسنے کے قریب ہونا (۵) گرم ہوا۔
أعصم (ع) پہاڑی ہرن یا بکری جس کا ایک یا دونوں ہاتھ سفید ہوں - وہ کوا جس کی چونچ اور پاؤں سرخ ہوں۔
أعضا (ع) عضو کی جمع - جسم کے حصے - ہاتھ پاؤں - کان - ناک - آنکھ وغیرہ۔
اعضائے رئیسہ (ع) دل دماغ - جگر وغیرہ۔
اعضائے مجلس (ع) اہل مجلس۔
أعضاد (ع) عضد کی جمع - بازو۔
اِعطا (ع) عطا کرنا - دینا - بخشش کرنا۔
أعطاف (ع) عطف کی جمع - مہربانیاں۔
أعطیہ (ع) عطا کی جمع۔
اِعظام (ع) اعظم کرنا - بزرگ کرنا (۲) تعظیم و تکریم کرنا۔
أعظم (ع) بہت بڑا۔
أعفا (ع) عفیف کی جمع - پرہیزگار۔
اِعفاف (ع) کسی کو پرہیزگار کرنا۔
أعقاب (ع) عقب کی جمع - پسماندگان - بیٹے - پوتے - نسل (۲) ایڑی۔
أعقاب (ع) ایڑیاں اس کا واحد عقب ہے۔
اعقل و توکل (ع) اونٹ کا زانو باندھ کر خدا پر بھروسہ کرو جو حرص ہوا کو چھوڑ خدا پر بھروسہ کرو۔
اِنعکاس (ع) عکس ڈالنا (۲) اوندھا کرنا - پانی یا آئینے میں کسی شے کا عکس ڈالنا۔
اِعلا (ع) بلند کرنا (۲) بلند ہونا - بزرگوار کرنا - بلندی پر چڑھنا۔
اِعلال (ع) علیل کرنا - بیمار کرنا۔
أعلام (ع) علم کی جمع - جھنڈے - نشان (۲) بہت سے شہر (۳) بہت سے پہاڑ۔
اعلامیہ (ع) بیان - اعلان۔
اعلان (ع) کھول دینا - ظاہر کرنا - مشتہر کرنا - اشتہار۔
اعلان کردن (ع - ف) اشتہار دینا۔
اعلان زدن (ع - ف) اشتہار چسپاں کرنا۔
أعلم (ع) بڑا جاننے والا - بڑا عالم (۲) وہ شخص جس کا اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔
أعلیٰ (ع) بہت بلند - نہایت اونچا۔
أعَم (ع) جو ہر جگہ ہو - جسے سب جانتے ہوں۔

اِعمار (ع) اندھا کرنا - نابینا بنانا۔
أعمار (ع) اعمیٰ کی جمع - اندھے۔
أعمار (ع) عمر کی جمع - عمریں۔
اِعمار (ع) آباد کرنا - کسی کو بے نیاز کر دینا۔
أعماق (ع) عمق کی جمع - گہرائیاں۔
أعمال (ع) عمل کی جمع - کام (۲) پرگنوں اور دیہات کے معنوں میں بھی آتا ہے۔
أعمام (ع) عم کی جمع - چچے - باپ کے بھائی۔
أعمدہ (ع) عمود کی جمع - ستون۔
أعمش (ع) وہ شخص جس کی آنکھوں سے بیماری کی وجہ سے پانی جاری ہو (۲) ایک عالم کا لقب بھی ہے۔
أعمیٰ (ع) نابینا - اندھا۔
أعناب - انگور - عنب اس کا واحد ہے۔
اِعنات (ع) اپنے آپ کو سخت کام میں ڈالنا۔
اِعنات (ع) کسی کو رنج پہنچانا - کسی کو مشکل میں ڈال دینا۔
أعناق (ع) عنق کی جمع - گردنیں۔
أعنق (ع) لمبی گردن والا (۲) ہر اونچی چیز (۳) کتا جس کے گلے میں پٹہ ہو۔
أعنہ (ع) عنان کی جمع - باگیں - راسیں - لگامیں۔
أعنی (ع) صیغہ واحد متکلم - میں مراد رکھتا ہوں میں قصد کرتا ہوں۔
اِعواص (ع) دشمن پر سخت کام ڈالنا۔
أعوام (ع) عام کی جمع - سال - برس۔
أعوان (ع) عون کی جمع - مددگار۔
اِعوجاج (ع) (ا ع و ج ا ج) ٹیڑھا پن - کجی۔
أعور (ع) کانا - یک چشم۔
اِعیا (ع) تھکنا (۲) تھکانا۔
أعیان (ع) عین کی جمع آنکھیں (۲) امراء (۳) سگے بھائی۔
اعیانِ ثابتہ (ع) علمی صورتیں - اللہ تعالیٰ کی صور علمیہ۔
اعیانِ حضرت (ع) امراء - وزراء - ارکان سلطنت۔
أعیانی (ع) سگے - بھائی - بہنیں۔

## ا - غ

اِغاثت / اِغاثہ (ع) فریادرسی۔
اِغارت (ع) غارت کرنا (۲) دوڑنا۔
أغا (ع) اغرودہ کی جمع - پرندوں کی آواز۔
أغانی (ع) (ا غ ان ی) کی جمع - راگ - سرود - گیت۔
أغاید (ع) اغید کی جمع - نہایت نازک بدن - معشوق۔
أغبر (ع) (ا غ ب ر) خاکی رنگ - گرد آلودہ۔

Marfat.com

اِغبرار (ع) غبار آلود ہونا - گرد آلود ہونا - کالا رنگ ہونا -
اَغبس (ع) سیاہ رات - مٹیالے رنگ کی ہر چیز - مٹیالے رنگ کا بھیڑیا -
اغتراب (ع) اپنے وطن سے دُور ہونا - بیگانوں کے ساتھ رہنا -
اغتراف (ع) (اِ غ تِ راف) چلو سے پانی پینا -
اِغتسال (ع) (اِ غ تِ سَ ال) غسل کرنا - نہانا -
اِغتفار (ع) (اِ غ تِ فَ ار) مغفرت چاہنا - بخشش چاہنا - (۲) مغفرت - بخشش -
اِغتصاب (ع) غصب کرنا - زبردستی کوئی چیز چھین لینا -
اِغتیال (ع) (اِ غ تِ یَ ال) لڑکے کا موٹا ہونا -
اَغذیہ (ع) (اَ غ ذِ یَ ہ) غذا کی جمع - طعام - کھانے -
اِغرا (ع) بھڑکانا - ابھارنا - برانگیختہ کرنا -
اِغراب (ع) نئی چیز لانا (۲) مسافر ہونا (۳) مشک بھرنا -
اَغراض (ع) غرض کی جمع - خواہشیں - مقاصد -
اِغراق (ع) غرق کرنا - ڈبونا (۲) مبالغہ کرنا (۳) سخت کمان کھینچنا (۴) اغراق مبالغہ کی وہ قسم ہے جو عقل کے لحاظ سے ممکن الوقوع ہو - لیکن عادت کے لحاظ سے کبھی وقوع میں نہ آئی ہو -
اُغری (ت) چوری - دزدی -
اَغریرث (ت) ایک بادشاہ کا نام جو افراسیاب کا بھائی تھا -
اَغرُوس (ی) جنگل - بیابان - صحرا -
اِغزا (ع) کسی کو لڑائی کے لیے اُبھارنا -
اِغزاز (ع) مُنہ پھیر لینا -
اِغرام (ع) ہلاک کرنا (۲) تاوان لینا (۳) حریص ہونا -
اَغسام (ع) ٹکڑا ٹکڑا ابر - بادل کے ٹکڑے -
اِغشا (ع) ڈھانک دینا -
اَغصان (ع) غصن کی جمع - ٹہنیاں - شاخیں -
اِغضا (ع) اغماض - چشم پوشی -
اَغطش (ع) ضعیف چشم - کمزور نظر والا -
اَغطیہ (ع) غطا کی جمع - پردے -
اِغفال (ع) غفلت - بے خبری (۲) جل دینا (۳) بھلا دینا - بھول جانا -
اَغلاط (ع) غلط کی جمع - غلطیاں -
اِغلاط (ع) غلط کرنا - غلطی کرنا -
اغلاط ایمان (ع) سخت قسمیں -
اِغلاق (ع) مشکل کرنا (۲) دروازے کا بند کرنا (۳) کینہ رکھنا (۴) پیاسا ہونا -
اَغلال (ع) غل کی جمع - لوہے کے طوق -
اِغلال (ع) طوق پہنانا - قید کرنا - خیانت کرنا (۳) کینہ رکھنا (۴) پیاسا ہونا -
اِغلام (ع) لڑکوں سے بدفعلی کرنا - خلاف وضع فطری کرنا -

اَغلاط (ع) نہایت غلط -
اَغلف (ع) وہ شخص جس کا ختنہ نہ ہوا ہو -
اُغلمش / اُغلتش (ف) ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام جو چنگیز کی اولاد سے تھا - ساتویں صدی ہجری میں فوت ہوا -
اُغلوطہ (ع) وہ بات جس سے لوگ غلطی اور وہم میں پڑیں -
اُغلیسُون (ف) قوس قزح - پانی کی کمان - دھنک - شیطان کی کمان -
اِغما (ع) بے ہوش کرنا -
اَغماد (ع) جمع غمد - نیام -
اَغمار (ع) غمر کی جمع - نادان لوگ - ناتجربہ کار لوگ -
اِغماز (ع) عیب کرنا - کم حرمت کرنا -
اِغماض (ع) چشم پوشی کرنا - درگزر کرنا -
اَغن (ع) غنغنا - وہ شخص جو ناک میں بات کرے -
اِغنا (ع) غنی کرنا - دولت مند کرنا - بے نیاز کرنا -
اَغنام (ع) غنم کی جمع - بکریاں -
اَغنیٰ (ع) بہت غنی - بڑا بے نیاز -
اَغنیا (ع) غنی کی جمع - دولت مند لوگ - مال دار -
اُغنیہ (ع) سرود - آواز - اس کی جمع اغانی ہے -
اِغوا (ع) گمراہ کرنا - بہکانا -
اَغوار (ع) غار کی جمع -
اَغوال (ع) غول کی جمع - گروہ
اَغور (ع) شگون - ملامت -
اَغیار (ع) غیر کی جمع - بیگانے -
اَغیال (ع) غیل کی جمع - جنگل -

# ا - ف

اُف (ع) کراہت اور تحقیر کا کلمہ ہے - افسوس -
اِفادہ (ع) فائدہ پہنچانا -
اَفاضل (ع) فضل کی جمع - بہترین لوگ -
اَفاعی (ع) افعی کی جمع - زہریلے سانپ -
افاغنہ (ع) (اَ فا غ ن ہ) افغان کی جمع - پٹھان لوگ -
اِفاقت / اِفاقہ (ع) مرض میں تخفیف ہونا - دُکھ سے آرام پایا - فرحت پانا - مرض سے ہوش میں آنا -
اَفاک (ع) بہت جھوٹ بولنے والا - بڑا جھوٹا -
اَفاویہ (ع) مصالحے - خوشبودار مصالحے جو غذاؤں میں ڈالتے ہیں - مشک نافہ -
اَفئدہ (ع) قلوب - دل -
اُفت (ع) کشتی میں دو پہلوانوں کو ایک دُوسرے سے جُدا کرنا -
اِفتا (ع) فتوے دینا -

Marfat.com

اُفتاد (ع) افتادن کا ماضی مطلق - وہ گرا (۲) اتفاق (۳) بناوٹ۔ ساخت۔
اُفتادطبع (ف - ع) طبعی خصلت -
افتادگی (ع) بدحالی - عاجزی - مفلسی -
اُفتادن (ف) گرنا (۲) لائق ومناسب ہونا (۳) تواضع کرنا - (۴) اتفاق پڑنا (۵) باز رہنا (۶) دُور ہونا (۷) خراب ہونا (۸) زیبائی اور شائستگی -
افتادن از دست افتادگان (ف) مظلوموں کی دُعا سے خستہ حال ہو جانا -
اُفتادن خصم ذُزبا (ف) دشمن کا پامال اور تباہ ہونا -
اُفتادن دِل بجائے (ف) کسی جگہ قرار اور آرام پکڑنا - پھرتے پھرتے کسی مقام پر قیام کرنا -
اُفتادہ (ف) گرا ہوا - پڑا ہوا (۲) بیمار (۳) عاجز (۴) ناتواں -
اُفتاں وخیزاں (ف) گرتے پڑتے (۲) خوشامد کرنا - (۳) آہستہ چلنا (۴) غالب ومغلوب ہونا -
اِفتتاح (ع) کھولنا - شروع کرنا -
اِفتتان (ع) فتنہ اُٹھانا (۲) فتنے میں پڑنا (۳) کسی کو فتنے میں ڈالنا -
اِفتخار (ع) اعزاز -
اِفتخارکردن (ع - ف) فخر کرنا -
اِفترا (ع) بہتان باندھنا - جھوٹ بات بنانا -
اِفتراح (ع) خوشی کرنا - فرحت پانا -
اِفتراس (ع) گردن توڑنا (۲) نشان سے کسی چیز کا پالینا (۳) گھوڑے پر سوار ہونا -
اِفتراق (ع) فراق - جدائی (۲) جُدائی کرنا - ایک دُوسرے کو الگ کرنا -
اِفتضاح (ع) فضیحت ہونا - رسوائی ہونا (۲) رُسوائی - بدنامی -
اِفتضاح آور (ع - ف) ذلت آمیز - ذلیل کرنے والا -
اِفتعال (ع) تہمت - بہتان (۲) کسی پر بہتان باندھنا - تہمت لگانا -
اِفتقاد (ع) کم کرنا - کھو دینا (۲) گمشدہ چیز کا تلاش کرنا (۳) شفقت کرنا - مہربانی کرنا -
اِفتقار (ع) مفلسی - عاجزی - محتاجی - خواری -
افتکاک (ع) جُدا ہونا -
اَفحاش گفتن (ع) کسی سے بدکلامی کرنا -
اِفحام (ع) خاموش کرنا - ساکت کرنا - دلائل سے لاجواب کرنا -
اَفخاذ (ع) ران (فَخْذ) فخذ (فَ خِ ذْ) کی جمع - رانیں -
افخام (ع) بزرگ کرنا -
افخم (ع) بہت بڑا بزرگ - بہت بلند پایہ - بہت قیمتی -
اَفدَر (ف) چچا - باپ کا بھائی -

آفدیدن (ف) تعجب کرنا -
اِفراح (ع) خوش کرنا - شادی کرنا -
اَفراخ (ع) چُوزے -
اَفراختن (ف) کھڑا کرنا (۲) اُونچا کرنا -
اَفراد (ع) فرد کی جمع - ایک جنس کی کئی چیزیں -
اِفراد (ع) تنہا بیٹھنا -
اَفراز (ف) مصدر افراختن سے امر ہے - اُونچا کر - بلند کر - کھڑا کر -
اَفراس (ف) فرس کی جمع گھوڑے -
اَفراس آب }
اَفراسیاب } (ف) حباب - بُلبلے - بارش کے وقت پانی کے جو بُلبلے اُٹھتے ہیں -
افراسیاب (ف) توران کے ایک بہادر اور بہت بڑے بادشاہ کا نام جو عمر بھر ایران کے کیانی بادشاہوں سے لڑتا رہا - اور آخر رستم کی امداد سے سیاوش کے بیٹے کیخسرو نے جو اس کا دوہتا یعنی فرنگیز کے بطن سے تھا اپنے باپ کے قتل کے انتقام میں اسے شکست دے کر ہلاک کر دیا -
افراشتن (ف) اُونچا کرنا - بلند کرنا -
اِفراض (ع) کسی کو مزدوری دینا - کسی چیز کا اس حد کو پہنچ جانا کہ اس پر زکوٰۃ واجب ہو جائے -
اِفراط (ع) بہتات - زیادتی - کثرت (۲) زیادہ کرنا - حد سے بڑھنا - (۳) بھرنا (۴) جلدی کرنا (۵) بھول جانا (۶) دیر کرنا -
افراہ (ف) وہ کھانا جو تبدیلیوں کے لیے بنایا جائے اور ان میں تقسیم کیا جائے -
افروختن (ف) روشن کرنا - بھڑکانا -
اَفروزہ (ف) چراغ کی بتی -
افرندیدن (ف) سجانا - آراستہ کرنا - زینت دینا -
افروزہ (ف) آتش گیر - چراغ کی بتی -
اَفری (ف) آفریں کا مخفف - شاباش -
اَفریشم (ع) ابریشم کا معرب - ریشم -
اَفزا (ف) بڑھانے والا (۲) بڑھا ہوا (۳) جماہی (پنجابی میں اُباسی)
افزار (ع) آلات اوزار -
افزاز (ف) کھانے کے مصالحے - الائچی - فلفل - قرنفل - دارچینی - وغیرہ -
اَفزائیدن (ف) بڑھانا -
اَفزودن (ف) بڑھنا (۲) بڑھانا -
اَفزُول (ف) زیادہ بڑھا ہوا -
اَفزونی (ف) کثرت - بہتات - زیادتی -
اَفسا (ف) افسوں گر - جادوگر -
اَفساد (ع) فساد کی جمع - تباہیاں -
اِفساد (ع) تباہ کرنا -

Marfat.com

اَفسار (ف) عنان - گھوڑے کی باگ - لگام -

اَفسار کردن (ف) لگام چڑھانا -

اَفسان (ف) سان - سنگ فشاں - جس پر چھری اور تلوار وغیرہ تیز کرتے ہیں -

اَفسانہ (ف) قصہ - کہانی - سرگذشت - مشہور چیز -

افسانہ گو (ف) جھوٹا - دروغ گو -

افسانۂ مادران (ف) لوری بچے کے سلانے کے لیے جو گیت گائے جاتے ہیں -

افسانیدن (ف) جادو کرنا - رام کرنا -

اَفسد (ع) فاسد تر - زیادہ خراب -

اَفسر (ف) تاج -

اَفسُردگی (ف) طبیعت کا مرجھانا - پژمُردہ ہونا - (۲) پژمُردگی -

اَفسُردن (ف) مُرجھانا - ٹھٹھرنا - پژمُردہ ہونا -

اَفسُردہ (ف) مُرجھایا ہوا - پژمُردہ -

افسر دیر بلند (ف) سُورج -

افسر شدن (ف) بادشاہ ہونا -

اَفسوس (ف) حسرت - دریغ (۲) ظلم (۳) طنز (۴) تمسخر - ظرافت - (۵) بازی -

اَفسوس گر (ف) استہزاد کرنے والا - مذاق اُڑانے والا -

اَفسُوں (ف) جادُو - منتر (۲) چاپلوسی (۳) فریب - مکاری - دھوکا -

اَفسونِ ژند (ف) آتش پرستوں کا جادو - آتش پرستوں کا منتر -

افسوں گر (ف) ساحر - جادوگر -

افسوں گرگی (ف) مکاری - بھیڑیے کی مکاری (۲) ایک قسم کا منتر -

اِفشا (ع) ظاہر کرنا -

اَفشار (ع) نچوڑنا (۲) چھبونا (۳) مددگار - ساتھی شریک - رفیق - (۴) چبھو (۵) نچوڑ (۶) اگاڑی پچھاڑی کی وہ رسی جس سے چوپایوں کے ہاتھ پاؤں باندھتے ہیں -

اَفشارت (ت) ترکمانوں کے ایک قبیلے کا نام -

اَفشال (ف) پانی کی بوندیں پڑی ہوئیں (۲) کوئی چیز چھڑکی ہوئی - گھاس کو اُلٹ پلٹ کرنے کے لیے دو یا زیادہ دندانوں کا کانٹا - کھڑپال -

اَفشاندن (ف) جھاڑنا (۲) چھڑکنا (۳) نثار کرنا -

اَفشُردن (ف) نچوڑنا (۲) مضبوط کرنا (۳) مضبوط ہونا - (۴) چبھونا -

اَفشُردہ (ف) نچوڑا ہوا - نچوڑ کر نکالی ہوئی چیز -

اَفشُردہ گام (ف) ثابت قدم -

اَفشُردہ گر (ف) تیلی - عطار (۲) نچوڑنے والا -

افشک } (ف) شبنم - اوس -
افشنگ }

افصاح (ع) فصاحت سے گفتگو کرنا - کسی چیز کا ظاہر ہونا -

اَفصح (ع) بڑا فصیح - فصیح اور صاف عبارت بولنے والا -

اَفضا (ع) جگہ کو کشادہ کرنا - سجدہ کے وقت دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو زمین پر چھُو آنا -

اِفضاح (ع) رسوا کرنا -

اَفضال (ع) فضل کی جمع (۱) نیکیاں - بخششیں (۲) زیادتیاں -

اَفضح (ع) بڑا رسوا - بڑا خوار -

اَفضل (ع) صاحبِ فضل - بہتر - بڑھ کر بہت بزرگ -

اَفضلُ الاَشکال (ع) سب سے عمدہ شکل (۲) دائرہ -

اَفضلی (ع) خاقانی کا ابتدائی تخلص -

اِفطار (ع) روزہ کھولنا -

اِفطام (ع) بچے کا دُودھ چھُڑانا -

افعال (ع) فعل کی جمع - کام -

اَفعی (ع) ایک قسم کا زہریلا سانپ -

اَفغان (ع) فریاد - زاری - فغان (۲) ایک قوم کا نام - مُلکِ افغانستان اسی قوم کا وطن ہونے کے باعث اس نام سے مشہور ہے -

افغانِ کرارانی (ف) افغانوں کے ایک قبیلے کا نام اکبر کے عہد میں سلیمان اور داؤد بنگالہ کے حاکم اسی قبیلے سے تھے -

افغانی (ف) افغانستان کا باشندہ - افغانستان میں رائج سکہ -

اُفق (ع) آسمان کا کنارہ - حدِ نگاہ - جہاں زمین اور آسمان ایک دوسرے سے ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں -

اَفقر (ع) بڑا فقیر - نہایت محتاج -

افقع (ع) بہت سفید -

افقہ (ع) زیادہ دانا - علم فقہ کا بڑا ماہر -

اِفک (ع) تہمت - بہتان - جھوٹ -

اَفکار (ع) فکر کی جمع - سوچ بچار -

اَفکل (ع) لرزہ - کپکپی -

اَفگار (ف) مجروح - زخمی - (۲) زخم -

اَفگن (ف) ڈال دے - ڈال -

اَفگندن (ف) ڈالنا (۲) زمین پر پھینکنا (۳) برابری کرنا -

اَفگندہ (ف) عاجز -

اَفگندۂ تاجداران (ف) تخت - سریر -

اَفگندۂ سُم (ف) اپاہج - لنگڑا - چلنے پھرنے سے معذور -

اِفلاح (ف) نیکی کرنا - بھلائی کرنا (۲) رستگاری -

اِفلاس (ع) مفلسی - تنگدستی (۲) تنگدست ہونا - غریبی - محتاج ہونا - بے زر ہونا -

افلاطون (ی) ایک مشہور یونانی حکیم کا نام جو سقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد ہوا ہے اسے افلاطون الٰہی بھی کہتے ہیں - حکمائے شراقیین کا پیشرو -

افلاق (ع) شاعر کا عجیب اور شگفتہ کلام لانا -

Marfat.com

**افلاک** (ع) فلک کی جمع - آسمان۔
**افلاک شناس** (ع - ف) نجومی - ہیئت دان - وہ ہیئت دان جو رصد کے ذریعے آسمان کے حالات دریافت کرے۔
**افلاک شناساں** (ع - ف) افلاک شناس کی جمع۔
**افلج** (ع) وہ شخص جس کے دو ہاتھوں یا دو پستانوں یا دانتوں کے درمیان کشادگی ہو۔
**افنا** (ع) فنا کرنا - نیست و نابود کرنا۔
**افنان** (ع) فن کی جمع - فنون - علوم - صنعتیں۔
**افواج** (ع) فوج کی جمع - فوجیں - لشکر - پلٹنیں - رسالے۔
**افواہ** (ع) فوہ کی جمع - منہ - دہن (۲) چرچا - شہرت۔
**افہام** (ع) سمجھانا۔
**افئدہ** (ع) فؤاد کی جمع - دل - دلہا - قلوب۔
**افیال** (ع) فیل کی عربی جمع - ہاتھی۔
**افیون** (ع) افیم - تریاک۔
**افیونی** (ف) افیون کھانے والا۔
**افیونی چیزے شدن** (ف) کسی چیز کا ایسا عادی ہونا کہ اس کے بغیر ایک گھڑی بھی نہ رہ سکے۔

## ا - ق

**اقارب** (ع) اقرب کی جمع - رشتہ دار برادری کے لوگ۔
**اقاصر** (ع) اقصر کی جمع - کوتاہ قد والا۔
**اقاطع** (ع) تقطیع کی جمع - درخت کی شاخ جو درخت سے کاٹ لی گئی ہو۔
**اقاطیع** (ع) گائے اور بکریوں کے ریوڑ۔
**اقالت / اقالہ** (ع) بیع کا فسخ کرنا (۲) گناہ معاف کرنا۔
**اقالیم** (ع) اقلیم کی جمع - ولایتیں
**اقالیم سبعہ** (ع) سات ولایتیں - تمام دنیا۔
**اقام** (ع) سیدھا کرنا۔
**اقامت** (ع) قائم ہونا - قیام کرنا - ٹھہرنا (۲) کھڑا کرنا (۳) وطن بنانا - ایک جگہ رہنا (۴) نماز کی تکبیر (۵) کھانا یا ضیافت کسی نو وارد شخص کے لیے بھیجتے ہیں۔
**اقامت شہود کردن** (ف) کسی استغاثے میں گواہ پیش کرنا۔
**اقانیم** (ع) اقنوم کی جمع - عیسائیوں کی تین کتابیں عیسائیوں میں وجود - حیات اور علم - باپ بیٹا اور روح القدس۔
**اقاویل** (ع) باتیں - قول اس کا واحد ہے۔
**اقبار** (ع) قبر بنانا - دفن کرنا۔
**اقبال** (ع) سامنے سے آنا - آگے سے آنا (۲) التفات کرنا (۳) خوش نصیب ہونا (۴) قسمت (۵) نیک۔

**اقبال مند** (ع - ف) صاحب اقبال - خوش قسمت - خوش نصیب۔
**اقبح** (ع) بہت قبیح - بڑا بدصورت - نہایت برا۔
**اقبیل** (ع) بیائے مجہول - اقبال کا امالہ - اقبال۔
**اقتباس** (ع) روشنی لینا - آگ لینا - بتی روشن کرنا - نور چننا (۲) فائدہ حاصل کرنا (علم) سیکھنا (۳) کسی کے کلام کو بغیر اس کے ذکر کے اپنے کلام میں داخل کرنا۔
**اقتدا** (ع) پیروی کرنا - تقلید کرنا (۲) امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔
**اقتدار** (ع) صاحب قدرت ہونا - طاقت ور ہونا (۲) قدرت - طاقت۔
**اقتراب** (ع) نزدیک آنا - قریب ہونا۔
**اقتراح** (ع) سوال کرنا - مانگنا۔
**اقتراض** (ع) قرض لینا۔
**اقتراع** (ع) قرعہ ڈالنا۔
**اقتراف** (ع) کسب کرنا - مال جمع کرنا۔
**اقتران** (ع) نزدیک ہونا (۲) دوست ہونا۔
**اقتسار** (ع) زبردستی سے کام لینا۔
**اقتسام** (ع) باہم تقسیم کرنا - آپس میں بانٹ لینا (۲) باہم قسم کھانا۔
**اقتصاد** (ع) میانہ روی اختیار کرنا (۲) درمیانی راہ چلنا (۳) میانہ روی۔
**اقتصاص** (ع) بات کا روایت کرنا۔
**اقتضا** (ع) تقاضا کرنا - چاہنا - خواہش کرنا۔
**اقتضاب** (ع) کاٹنا - درخت سے شاخ کاٹنا - فوراً بات کرنا۔
**اقتطاع** (ع) کاٹنا - جدا کرنا - کسی چیز سے ایک ٹکڑا لینا۔
**اقتطاف** (ع) پھل چننا - میوہ چننا۔
**اقتفا** (ع) پیروی کرنا (۲) پیروی۔
**اقتلاع** (ع) جڑ سے اکھاڑنا۔
**اقتنا** (ع) حاصل کرنا (۲) سرمایہ جمع کرنا۔
**اقتناص** (ع) کسب کرنا (۲) شکار کرنا (۳) حاصل کرنا۔
**اقتناع** (ع) قناعت کرنا۔
**اقتیاس** (ع) قیاس کرنا۔
**اقچہ** (ت) اشرفی (۲) روپیہ (۳) وہ سفید شے جو جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھیت میں رکھتے ہیں۔
**اقحام** (ع) کسی چیز کا کسی دوسری چیز میں ملانا۔
**اقداح** (ع) قدح کی جمع - پیالے - گلاس۔
**اقداح** (ع) کسی کی ہجو کرنا (۲) کسی کا عیب پکڑنا۔
**اقدار** (ع) توانا کرنا۔
**اقدام** (ع) قدم رکھنا - آگے بڑھنا۔
**اقدام** (ع) قدم کی جمع - پاؤں - پیر - پا۔

Marfat.com

اقدح (ع) بہت ناقص۔ نہایت خراب۔ بہت معیوب۔
اَقدر (ع) بہت قدرت رکھنے والا۔
اُقدس (ع) بہت پاک۔
اَقدم (ع) بہت مقدم سب سے پہلا۔ سب سے اوّل۔
اَقذار۔ قذر کی جمع۔ گندگیاں۔ ناپاکیاں۔
اَقذر (ع) بہت ناپاک۔ بہت پلید۔
اَقراد (ع) قِرد کی جمع۔ بندر۔
اِقرار (ع) مان لینا۔ ہاں کرنا۔
اقراریان (ف) موحد لوگ۔ خدا کی توحید ماننے والے۔
اقراص (ع) قرص کی جمع۔ ٹکیاں۔
اقراض (ع) قرض دینا۔
اِقراع (ع) قرعہ ڈالنا۔ فال ڈالنا۔
اَقران (ع) قرن کی جمع۔ قرن ایک عرصہ کا نام ہے جسے بعض تیس سال اور بعض اسّی سال اور بعض سو سال خیال کرتے ہیں۔
اقران (ع) قرین کی جمع۔ ہمسائے۔ نزدیکی۔ قریبی لوگ (۲) ہمسر۔
اقربا (ع) قریب کی جمع۔ رشتہ دار لوگ۔
اقرع (ع) گنجا۔ جس کے سر پر بال نہ ہوں۔
اقساط (ع) قسط کی جمع۔ حصّے۔
اقسام (ع) قسم کی جمع۔ قسمیں۔ سوگند۔
اَقسام (ع) قسم کی جمع۔ قسمیں۔ حصّے۔
اِقسام (ع) قسم کھانا۔
اقصا (ع) قاصی کی جمع۔ دُور ہونے والے (۲) دُور دُور کے باشندے۔
اُقصا (ع) قصا کی جمع۔ کنارے۔ طرفیں۔
اِقصاص (ع) قصاص لینا۔ مقتول کے عوض قاتل کو ہلاک کرنا۔ (۲) کسی کو اس قدر مارنا کہ وہ قریب المرگ ہو جائے (۳) بکری اور گھوڑی وغیرہ کا گابھ ہونا۔
اقصٰی (ع) نہایت دُور بہت بعید (۲) ملک شام میں حضرت داؤد کی بنائی ہوئی مسجد بیت المقدس کا نام۔
اقضیٰ (ع) بڑا قاضی۔ بڑا حکم کرنے والا۔
اِقط (ع) پنیر۔
اَقطاب (ع) قطب کی جمع۔
اَقطار (ع) قُطر کی جمع کنارے۔
اَقطار (ع) قطرہ کی جمع۔ بوندیں۔
اَقطار (ع) اگربتی جو خوشبو کے لیے جلاتے ہیں۔
اَقطاع (ع) قطعہ کی جمع۔ ٹکڑے۔ زمین کے ٹکڑے۔ جاگیریں۔ پرگنے۔
اِقطاع (ع) جاگیر دینا۔ ملامت کرنا۔
اقطاع خوار (ع) جاگیردار۔ راتبہ خوار۔
اقطع (ع) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو۔ چور۔ راہزن۔

اِقعاد (ع) بٹھانا۔ کسی کی خدمت کرنا۔
اِقفار (ع) زمین کا آب و گیاہ اور انسانوں سے خالی ہونا۔
اَقفال (ع) قفل کی جمع۔ تالے۔
اِقفال (ع) تالہ لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔
اَقفس (ع) کنیز زادہ۔ وہ شخص جس کا باپ عرب نہ ہو اور جس کی ماں عرب ہو۔ ہر لبی اور جھکی ہوئی چیز۔
اَقَل (ع) بہت قلیل۔ بہت تھوڑا۔ نہایت کم۔
اِقلال (ع) فقیری۔ درویشی (۲) کم کرنا۔
اَقلام (ع) قلم کی جمع۔
اقلید (ع) کلید کا معرب۔ کنجی۔ چابی۔
اُقلیدس } (ی) علم ہندسہ کی کنجی۔
اُقلیدَس } (۲) علم ہندسہ کی مشہور کتاب کا نام ہے جو اپنے مصنف یونانی حکیم اقلیدس کے نام پر مشہور ہے۔
اَقلیم (ع) ربع مسکون کا ساتواں حصّہ۔ ولایت۔
اَقلیم ابد / اَقلیم ازل } (ع) عالم ذات الٰہی۔
اقلیم امان و فراغ (ع) گوشہ نشینی۔ عزلت گزینی۔ درویشی۔
اقلیم بقا (ع) آخرت۔ اگلا جہان۔
اَقلیم ناسُوت (ع) انسانیت کا مقام۔
اَقلیمیا (ع) سونے یا چاندی کا میل۔
اَقمار (ع) قمر کی جمع۔ معشوق۔ محبوب۔
اِقمار (ع) روشن کرنا (۲) چاندنی میں سیر کرنا۔
اِقماس (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔
اِقماع (ع) ناقص کرنا (۲) توڑنا۔ شکستہ کرنا۔
اَقمر (ع) بہت سفید۔
اَقمِشہ (ع) قماش کی جمع۔ سرمائے۔ پونجیاں۔ سامان۔ اسباب۔ پشمینے کے کپڑے۔
اِقنا (ع) حاصل کرنا۔
اِقناع (ع) خوش کرنا۔ خورسند کرنا۔ حاجت مند کرنا۔
اِقناعی (ع) دلیل ظنی۔ ظنی دلیلیں۔
اقناعیات (ع) اقناعی کی جمع۔ ظنی دلیلیں۔
اُقنوم (ع) ہر چیز کی اصل بنیاد (۲) مذہب عیسوی میں تثلیث کا ہر جزو۔ یعنی وجود حیات علم۔ جنہیں باپ۔ بیٹا۔ رُوح القدس بھی کہتے ہیں۔ ان میں کا ایک جزو۔
اُقنوم ثلثہ (ع) تثلیث الٰہی کے تینوں جزو۔ یعنی وجود۔ علم۔ حیات یا باپ۔ بیٹا اور رُوح القدس (۲) موالید ثلاثہ۔ یعنی حیوانات۔ نباتات اور جمادات۔
اَقوات (ع) قوت کی جمع۔ خوراکیں۔
اقواس (ع) کمانیں۔

Marfat.com

اقوال (ع) قول کی جمع - باتیں -
اقوام (ع) قوم کی جمع - قومیں - گروہ -
اقوس (ع) مُڑا ہوا - ٹیڑھی پشت والا -
اقوم (ع) بہت درست - نہایت درست -
اقویٰ (ع) بڑا قوی - بڑا زوردار -
اقویا (ع) قوی کی جمع - طاقت ور لوگ -
اقہر (ع) قاہر تر - زیادہ زبردست -
اقیاد (ع) قید کی جمع -
اقیال (ع) رئیس و سردار -
اقیانوس (ی) دریائے محیط بحر (۲) بحر ظلمات (۳) یورپ اور افریقہ کے مغرب اور امریکہ کے مشرق کی طرف جو سمندر ہے - پرانی دنیا اور نئی دنیا کے درمیانی سمندر کا نام -

# ا ک

اکابر (ع) اکبر کی جمع - بہت بڑے -
اکاذیب (ع) اکذوبہ کی جمع - جھوٹی باتیں -
اکاذیمیہ (ع) اکادمی - مجلس علماء -
اکارع (ع) بکری وغیرہ کے پائے جو پکائے جاتے ہیں -
اکارم (ع) اکرم کی جمع - بہت بخشنے والے لوگ (۲) معزز لوگ -
آکاف / اُکاف } (ع) گدھے کا پالان (۲) گھوڑی کی زین -
اکاف (ع) پالان سینے والا -
اکاکیا (ع) کیکر کا درخت - ببول - بعض دفعہ کیکر کے گوند کو بھی کہہ دیتے ہیں -
اکال / اکالہ } (ع) پیٹو - بہت کھانے والا -
اکاسرہ (ع) کسریٰ کی جمع - کسریٰ نوشیرواں کا لقب ہے - اولادِ نوشیرواں - نوشیرواں کے بعد جو بادشاہ ایران کے تخت پر بیٹھے -
اکالیل (ع) اکلیل کی جمع - تاج -
اکاول (ع) اکول کی جمع - بلند زمین -
اکباب - اوندھا ہونا (۲) اوندھا کرنا (۳) مُنہ کے بل گرنا - (۴) مُنہ کے بل گرانا -
اکباد (ع) جگر - کبد کی جمع
اکبر (ع) بہت بڑا -
اکبیر (ع) پلید - بُرا -
اکتاف (ع) کندھے - شانے -
اکتتاب (ع) لکھنا (۲) لکھنا سیکھنا -
اکتتام (ع) چھپانا (۲) خضاب کرنا -

اکتسا (ع) کپڑے پہننا -
اکتساب (ع) کمانا - پیدا کرنا - اپنی محنت سے کمانا -
اکتم (ع) نہایت پوشیدہ (۲) فراخ شکم -
اکتفا (ع) کفایت کرنا - بس کرنا -
اکتناف (ع) پناہ پکڑنا (۲) گھیر لینا -
اکتوا (ع) داغ دینا -
اکتیاب (ع) غمگین ہونا -
اکثار (ع) بہت بولنا (۲) بہت کھانا (۳) بہت کام کرنا -
اکثر (ع) بہت زیادہ - سب سے زیادہ
اکحل (ع) سُرمگیں آنکھ والا (۲) ایک رگ کا نام جسے ہفت اندام بھی کہتے ہیں -
اکدر (ع) بہت کدر - بہت گدلا (۳) بہت سیاہ -
اکدش (ف) دوغلا آدمی یا گھوڑا - وہ شخص جس کے ماں باپ مختلف اقوام سے ہوں - عربی میں اُسے مُعجّس کہتے ہیں -
اکرا (ع) (۱) بڑھنا (۲) بڑھانا (۳) گھٹنا (۴) گھٹانا (۵) بات کو طول دینا (۶) مکان یا جانور کو کرایہ پر دینا -
اکراد (ع) کرد کی جمع - کرد ایک قوم ہے - جس کے نام پر ایران کا ایک حصہ کردستان کہلاتا ہے -
اکرام (ع) بخشش کرنا - عزت دینا - عطا کرنا (۲) بزرگی دینا -
اکران (فرانسیسی) سینما کا پردہ - سکرین - وہ سفید پردہ جس پر تصویر اُبھرتی ہے -
اکراہ (ع) زبردستی -
اکرم (ع) بہت کام کرنے والا - بہت بخشنے والا (۲) بڑا بزرگ -
اکسد (ع) جو بالکل رائج نہ ہو -
اکسل (انگ) محور - چرخی -
اکسوم (ع) وہ مرغزار جس میں بہت زیادہ گھاس ہو -
اکسون (ف) ایک قسم کا نہایت اعلیٰ سیاہ ریشمی کپڑا - ایک قسم کا نفیس دیبا ہے -
اکسیر (ع) رسائن کیمیا -
اکسیر رنگ / اکسیر مربعی } شراب -
اکسیرگر / اکسیری } کیمیا گر - رسائنی -
اکیہ (ف) بوزہ - جَو کی شراب - بیئر -
اکفا (ع) کفو کی جمع - ہم جنس - ہمسر - برابر کے خاندان کے آدمی -
اکفا (ع) برتن اوندھا کرنا (علم قافیہ کے ایک عیب کا نام - جیسے شہر کے ساتھ بحر یا سیاہ کے ساتھ صباح کا قافیہ لانا -
اکل (ع) کھانا -
اُکل (ع) پھل - میوہ -

Marfat.com

**اِکلیل** (ع) (۱) تاج - (۲) چاند کی ایک منزل کا نام۔
**اِکمال** (ع) کامل کرنا - پورا کرنا - تمام کرنا۔
**اَکمام** (ع) کُم کی جمع - آستین - آستینیں۔
**اَکمل** (ع) نہایت کامل۔
**اَکمہ** (ع) پیدائشی اندھا - مادرزاد اندھا۔
**اَکناف** (ع) کنف کی جمع - اطراف - طرفیں - کنارے - (۲) پناہ۔
**اَکنان** (ع) کِن کی جمع - پردے۔
**اَکنون** / **اِکنون** (ف) اب - ابھی۔
**اَکواب** (ع) کوب کی جمع - آبخورے - گلاس - بغیر ٹونٹی اور دستہ کے آبخورے۔
**اَکواخ** (ع) کوخ کی جمع - جھونپڑے۔
**اَکواز** (ع) کوزہ کی جمع - کوزے - ٹھکرے۔
**اَکوان** (ع) کون کی جمع - مخلوقات - موجودات (۲) شاہنامہ کے ایک دیو کا نام جسے رستم نے ہلاک کیا تھا۔
**اکوبا** (فرانسیسی) شمشاد کی قسم کا درخت جو چھوٹا اور خوبصورت ہوتا ہے اس کے پتے بیضوی شکل کے ہوتے ہیں اور ہمیشہ ہرے رہتے ہیں۔
**اِکول** (ت) سکول کا مفرس - مدرسہ - مکتب۔
**اَکید** (ع) محکم - استوار۔
**اَکیاس** (ع) کیس کی جمع - کیسے - جیبیں۔
**اَکیس** (ع) بڑا عقل مند - بڑا دانا۔
**اَکیل** (ع) ہم پیالہ وہم نوالہ - ساتھ کھانے والا۔

## ا - گ

**اگر برآسماں رفتہ** (ف) ہر چند وہ کوشش بھی کرے۔
**اگرچند** (ف) شرط کا کلمہ ہے - ہر چند۔
**اگرچہ** (ف) شرط کا کلمہ ہے - باوجود۔
**اگر خدا را دوست میداری** - قسم کے موقع پر کہتے ہیں - یعنی اگر تو خدا کو دوست رکھتا ہے تو پھر ایسا ہی کیجیو۔
**اگر دہانش را نگیرند محبت است** (ف) اگر اُسے بند نہ کیا گیا اور اُسے روکا نہ گیا - تو ہنگامہ برپا ہو جائے گا۔
**اگر گوید کہ ماست سفید است ، باور نیست** (ف) وہ بے حد جھوٹا ہے - یعنی اگر وہ کہہ دے کہ دہی سفید ہے تو یقین نہیں۔
**اگزوفتالمی** (فرانسیسی) آنکھ کا نکلنا - آنکھ کا آگے آ جانا۔
**اگوئیسم** (فرانسیسی) خود پرستی - خود بینی۔

## ا - ل

**اَل** (ع) مضاف الیہ یا مسند الیہ وغیرہ پر آتا ہے۔
**اِل** (ع) عہد و پیمان - اقرار۔
**اَلاَ** (ع) حرف تنبیہ - تو آگاہ ہو - خبردار رہو۔
**اَلاَ** (ف) کلمہ خطاب ہے - اے۔
**اِلاّ** (ع) حرف استثنا ہے - مگر - سوا - ماسوا - غیر۔
**اِلاّ** (ع) ان حرف اور لا حرف نفی سے مرکب ہے - اگر نہ - نہیں تو - ورنہ۔
**اِلا** (ع) نیکی - نعمت۔
**اَلاَچہ** (ت) دھاری دار کپڑا - دو رنگا کپڑا۔
**الاخّن** (عامی) آوارہ - در بدر پھرنے والا - بے سروسامان۔
**اُلاغ** (ت) بیگار کا گھوڑا یا خچر یا گدھا (۲) ڈاک کا گھوڑا - (۳) باربرداری کا گدھا (۴) بغیر کرائے کی سواری - بیگار کی سواری۔
**اُلاغ** (ع) قاصد (۲) ڈاک چوکی (۳) بیگار کا گھوڑا - بیگار کی سواری۔
**اُلاغ دادن** (ت - ف) سفر خرچ دینا - زاد راہ دینا۔
**اُلاغدار** (ت - ف) گدھے چرانے والا۔
**اُلاق** (ع) دیکھو اُلاغ۔
**اَلاَمان** (ع) (۱) پناہ - خدا پناہ میں رکھے - کوئی حادثہ پیش آنے یا مصیبت کے نازل ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے (۲) دھاوا - حملہ۔
**الآن** (ع) اکنوں - اب - ابھی۔
**الاَنی** (ع) الان کی طرف منسوب - الان قفقاز کے نواح میں ایک شہر قدیم ہے۔
**الاُو** (ف) شعلہ والی آگ۔
**اِلٰہ** (ع) خدا معبود۔
**اللہ** (ع) خدا کا اسم ذات ہے۔
**اللہ اکبر** (ع) (۱) کلمہ تکبیر - اللہ بہت بڑا ہے - کلمہ اذان میں بھی اور حیرت و استعجاب کے موقع پر بھی آتا ہے (۲) شیراز میں ایک بڑا ٹیلہ ہے - جب اس پر چڑھتے ہیں - تو اس کی بلندی اور گرد و نواح کے نظارے سے حیرت میں آکر بے اختیار اللہ اکبر زبان سے نکل جاتا ہے۔
**اللہ اللہ** (ع) فارسی والے حیرت و استعجاب کے موقع پر بولتے ہیں۔
**اَللّٰھُمَّ** (ع) اے اللہ - اے خدا - یا اللہ کے کلمہ کا بگاڑ ہے۔
**اِلٰہی** (ع) اے میرے خدا - اے میرے معبود۔
**اِلٰہیات** (ع) علم الٰہی کے مسائل (۲) علم الٰہی - جو علم حکمت کی ایک قسم ہے۔
**اِلْب** (ع) ایک خاردار درخت۔
**اَلِبّاء** (ع) عقل مند - لبیب کی جمع۔
**اَلباب** (ع) لُب کی جمع - عقلیں۔
**اِلباس** (ع) لباس پہنانا - کپڑے پہنانا۔

Marfat.com

البتہ (ع) بے شک ۔ قطعی طور۔
اَلبُرز (ف) مازندران کے ایک پہاڑ کا نام ۔ کوہ قاف کی ایک چوٹی کا نام ۔
اَلبِسہ (ع) لباس کی جمع ۔ کپڑے ۔ جامہ ہا ۔
اَلپ (ف) بہادر ۔ دلیر۔
اَلپ ارسلان (ف) بہادر ۔ شیر (۲) ایران کے سلجوقیہ خاندان کے دُوسرے بادشاہ کا نام جس کے زیرِ حکومت ایران ، تاتار اور رُوم تھے ٥٦٥ھ میں فوت ہوا۔ نظام الملک طوسی اس کا وزیر ہوا ہے ۔ جلال الدین ملک شاہ سلجوقی اسی کا بیٹا تھا۔ جو اس کے بعد تخت نشین ہوا۔
التباس (ع) شبہ پڑنا ۔ شک ہونا ۔
اِلتجا (ع) آرزو کرنا (۲) آرزو ۔ پناہ لینا ۔
التجا بُردن (ع ۔ ف) آرزو لے جانا ۔ پناہ لینا ۔
اِلتجاج (ع) لڑنا ۔ جھگڑنا ۔ جنگ کرنا (۲) شور و غوغا ہونا ۔ (۳) موجوں کا آپس میں ملنا ۔
اِلتجا کردن (ف) آرزو کرنا ۔ پناہ لینا ۔
التحاد (ع) دین سے برگشتہ ہونا ۔
التحاف (ع) لحاف یا چادر اوڑھنا ۔
التحاق (ع) ملحق ہو جانا ۔ جُڑ جانا ۔
التحام (ع) زخم کا بھرنا ۔ اچھا ہونا ۔
التذاذ (ع) لذت اُٹھانا ۔ مزا پانا ۔
التز (ف) شاہِ خوارزم کا نام ہے ۔
اِلتزام (ع) لازم پکڑنا اپنے اوپر کسی چیز کو لازم کرنا (۲) بغل میں لینا (۳) گردن پر مارنا ۔ ہاتھ گردن پر مارنا (۴) مچلکا ۔ ضمانت نامہ ۔
اِلتساق } التصاق } (ع) ایک چیز کا دوسری چیز سے چپکنا ۔
التفات (ع) گوشہ چشم سے دیکھنا (۲) مہربانی کرنا ۔ توجہ کرنا (۳) نظرِ عنایت (۴) میلان ۔
التفاف (ع) لپیٹنا ۔ گھاس کا زیادہ ہونا اور اس کا آپس میں لپٹنا ۔
التقاط (ع) چننا ۔ کسی چیز کو جمع کرنا ۔
التقام (ع) لقمہ جلدی سے نگل جانا ۔
اِلتماس (ع) ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا (۲) چاہنا (۳) عرض کرنا ۔
التماع (ع) چمکنا ۔ روشن ہونا ۔
التمش (ت) ہراول فوج ۔ آگے چلنے والی فوج (۲) چھ کا عدد ۔ (۳) چھانگا (۴) ہندوستان کے سلاطین اسلام میں سے دوسرے بادشاہ اور خاندانِ غلاماں کے بھی دُوسرے بادشاہ شمس الدین کا لقب ۔
التوا (ع) لپیٹنا ۔ کسی چیز کا مختصر کرنا ۔
التون (ت) زر سُرخ (۲) لونڈی ۔ کنیزک (۳) طغان شاہ کی بیوی کا نام ۔

اِلتہاب (ع) شعلہ بھڑکنا ۔ آگ کا بھڑکنا ۔
التہاث (ع) پیاس اور تھکان کے سبب زبان باہر نکال دینا ۔ ہانپنا ۔
التیاع (ع) سوزشِ عشق ۔ دل کی سوزش جو عشق کے باعث ہو ۔
اِلتیام (ع) گھاؤ کا ملنا ۔ زخم کا ملنا ۔ زخم کا بھرنا (۲) آپس میں ملنا ۔
الجاء (ع) مجبور کرنا ۔ خدا کے سپرد کرنا ۔ حفاظت کرنا ۔
اَلجبر (ع) الجبرا ۔ جبر و مقابلہ ۔ علم ریاضی کی وہ شاخ جس میں مقدار نامعلوم کو فرض کر کے سوال حل کر لیتے ہیں ۔
اُلجہ } اُلجی } (ت) مالِ غنیمت ۔ لوٹ کا مال سونا چاندی اور قیدی جو لوٹ میں آئے ہوں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔
اُلجہ کردن ۔ ڈاکہ مارنا ۔ لوٹنا ۔
اَلحاد (ع) لحد کی جمع ۔ قبریں ۔
اِلحاح (ع) گڑگڑانا ۔ منت کرنا ۔ مانگنا ۔ منت سے مانگنا (۲) زاری کرنا ۔
الحاد (ع) ملحد ہونا (۲) حد سے گزرنا (۳) ظلم کرنا ۔ دین حق سے پھرنا (۴) خانہ کعبہ میں ظلم کرنا ۔ (۵) لحد بنانا (۶) مُردے کو لحد میں اُتارنا ۔
اَلحاصل (ع) حاصل کلام ۔ حاصل مطلب ۔ قصہ کوتاہ ۔
اَلحاظ (ع) نظریں ۔
اِلحاف (ع) لپیٹنا ۔
اِلحاق (ع) ملانا ۔ ایک کو دُوسرے سے لگانا ۔
اَلحان (ع) لحن کی جمع ۔ گانے کی آوازیں ۔ نغمے ۔ سرود گیت ۔
اَلحذر (ع) ڈر ۔ دُور ہو جا ۔
اَلحریص محروم (ع) لالچی آدمی محروم رہتا ہے ۔ حریص کامیابی نہیں دیکھتا ۔
اَلحمد (ع) تعریف ۔ شکر (۲) قرآن شریف کی سب سے پہلی سورت ۔ چونکہ یہ سورت لفظ الحمد سے شروع ہوتی ہے ۔ اس لیے اسے الحمد کہتے ہیں ۔ سورہ فاتحہ ۔
اَلحق (ع) حق ۔ حقیقت میں صحیح ۔ بے شک ۔
الحکم للّٰہ (ع) حکم و فرمان اللہ کے لیے ہے ۔
اَلحمدُللّٰہ (ع) شکر کا کلمہ ۔ سب تعریف اللہ کے واسطے ہے ۔ خدا کا شکر ہے ۔ خدا کا احسان ہے ۔
اَلحن (ع) خوب صورت آواز والا ۔ بہت عقل مند ۔
اَلخالق (ت) قبا کے نیچے پہننے کا مشہور کپڑا ۔
الخاموشی نیم رضا (ف) خاموشی آدھی رضا مندی ہے ۔
اَلَد (ع) نہایت جھگڑالو ۔ بہت جھگڑنے والا ۔
الد الخصام (ع) سب سے زیادہ جھگڑنے والا ۔ بے حد جھگڑالو ۔ نہایت ہی جھگڑالو ۔

Marfat.com

**اَلدنگ** (ف) بے پروا۔ اُجڈ۔ کندۂ ناتراش۔
**اَلَذّ** (ع) نہایت لذیذ۔ بہت مزے دار۔
**اَلرَّحیل** (ع) کوچ۔ دال زائد ہے اور تعریف کے آیا ہے۔ جب
جب قافلے کے چلنے کا وقت آتا ہے تو نقیب بلند آواز سے
کہتا پھرتا ہے اَلرَّحیل اَلرَّحیل۔ یعنی اب یہاں سے کوچ
ہے۔
**اِلزام** (ع) لازم کرنا۔ کسی چیز کا اپنے اُوپر یا دُوسرے کے اُوپر
لازم کرنا (۲) کوئی کام کسی کے سپُرد کرنا (۳) کسی پر کوئی
بات لگانا۔
**اِلزام آور** (ع۔ ف) لازم کرنے والا۔ وہ کام جس کا انجام دینا
الزام وتہمت کا باعث ہو۔
**اَلزَم** (ع) لازم تر۔ بہت لازم۔ بہت ضروری۔
**اُلَس** (ع) قوم۔ قبیلہ۔ انبوہ۔ گروہ۔
**اُلُس** (ت) امیروں کے آگے کا بچا ہوا کھانا جو نوکر کھاتے ہیں۔
**اِلصاق** (ع) لگانا۔ چپکانا۔
**اَلَستُ** (ع) قرآن شریف کی آیت اَلَستُ بِرَبِّکُم کی طرف اشارہ
ہے۔ یعنی کیا میں تمہارا خدا نہیں ہوں۔
**اَلسَّلامُ عَلَیکُم** (ف) تم پر سلامتی ہو۔ اسلام کے مطابق مسلمانوں
کا سلام۔
**اَلسُن** }
**اَلسِنہ** } (ع) لِسان کی جمع۔ زُبانیں۔
**اُلُش** (ت) جھوٹا کھانا۔
**اِلصاق** (ع) الساق۔ لگانا۔ چپکانا۔
**اَلطاف** (ع) لُطف کی جمع۔ مہربانیاں۔
**اَلطاف نامہ** (ف) مہربانی کا خط۔ عنایت کی چٹھی۔ کو پا پتر۔
**اَلطَف** (ع) بہت پاکیزہ۔ بہت نازک۔ بہت نرم۔
**اِلعاب** (ع) کھیلنا۔ کھیلنے کے لیے تیار کرنا۔
**اَلعَطَش** (ع) پیاس۔ تشنگی۔ پیاسا ہونا۔
**اَلعَطَش زَدَن** }
**اَلعَطَش گُفتَن** } (ع) پیاس ظاہر کرنا۔ پیاس سے پیاس کرنا۔ پیاس ظاہر کرنا۔
**اَلعَظَمۃُ لِلّٰہ** (ع) بزرگی اللہ کے واسطے ہے۔
**اَلعَفو** (ع) عفو۔ بخشائش۔
**اُلعُوبہ** (ع) کھیل۔ بازی۔ اس کی جمع الاعیب ہے۔
**اَلعِیاذُ بِاللّٰہ** (ع) خدا بچائے۔
**اُلُغ** (ع) بڑا بزرگ۔
**اَلغارُون** (ت) بہت کثرت سے بافراط۔ نہایت گہرا۔
**اَلغاز** (ع) لغز کی جمع۔ پہیلیاں۔ چیستانیں۔
**اَلغَرَض** (ع) حاصل مطلب۔ حاصل کلام۔ غرض یہ ہے۔
**اَلقِصّہ** (ع) قصّہ کوتاہ۔
**اَلغوزا** (ع) بانسریوں کا جوڑا۔ مُرلیوں کا جوڑا۔
**اَلغیاث** (ع) فریاد۔ دُہائی۔

**اَلِف** (ع) حروف تہجی کا پہلا حرف (۲) سخی (۳) کم زبان۔
**اَلف** (ع) ہزار۔ ۱۰۰۰
**اِلف** (ع) وہ شی (۲) دوست (۳) عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔
**اَلف استوا** (ع) خطِ استوا (۲) ہر سیدھی چیز۔
**اَلف بر سیب افزودن** (ف) آرام کے بعد تکلیف دینا۔
**الفاختن** (ف) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔
**الفاظ** (ع) لفظ کی جمع۔
**اَلفاف** (ع) لِف کی جمع۔ پیچ در پیچ درخت۔ وہ درخت جو آپس
میں لپٹے ہوئے ہوں۔
**اِلتفاف** (ع) پیچ در پیچ ہونا۔ آپس میں لپٹنا۔
**الف بانا** (ع) لوح۔ قلم۔ کرسی۔
**الف بر تن کشیدن** (ف) ماتم میں جسم پر استرے سے الف کی شکل کا زخم لگانا۔
یا ماتم میں جسم پر الف کی شکل کے زخم بنانا۔
**الف بر خاک کشیدن** (ف) اہل ایران مُردے کو دفن کر کے
سات دفعہ سورۃ انا انزلنا پڑھتے ہیں اور ہر بار قبر پر الف کی مانند
ایک خط کھینچتے ہیں۔
**الف بر خاک کشیدن** }
**الف بر زمین کشیدن** } (ف) نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ندامت اُٹھانا۔ شرمندگی اُٹھانا۔
**الف بہ تن کشیدن** (ف) دیکھو الف بر تن کشیدن۔
**اُلفت** (ع) محبت۔ دوستی۔ اُنس (۲) خوگر ہونا۔
**الف تازیانہ** (ف) کوڑے کا نشان۔
**الف خنجری** (ع۔ ف) چھوٹا سا الف جو بعض الفاظ کے اُوپر لکھا جاتا
ہے۔ جیسے رحمٰن۔ اسمٰعیل۔ اسحٰق۔
**الف داغ** (ف) ساکن۔ سیدھا داغ۔
**الف شدن اسپ** (ف) گھوڑے کا دونوں پاؤں اُٹھالینا۔
**الف قامت** (ف) نگاہ۔ پلک۔ مژہ۔
**الف قامتان** }
**الف قامتان مژگان** } (ف) الف۔ قامت کی جمع۔ نگاہ (۲) مژگاں (۳) محبوب۔
**الف کشیدن** (ف) دیکھو الف بر تن کشیدن۔
**الف کوفی** (ف) ٹیڑھا الف یا خط۔
**الف مقصورہ** (ع) وہ الف جس کی آواز معمولی ہو اور لمبی کر کے
نہ پڑھی جائے جیسے اگر۔ از کا الف۔
**الف ممدودہ** (ع) وہ الف جس کی آواز لمبی کر کے پڑھی جائے
جیسے آب۔ آتش کا الف (۲) فارسی الفاظ میں کئی معنوں میں
آتا ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں (۱) ندا کے لیے۔ جیسے
کریما۔ بادشاہا۔ (۲) قسم کے لیے جیسے حقا یعنی حق کی قسم۔
(۳) فاعلیت کا۔ جیسے دانا۔ بینا۔ گویا۔ خوانا یعنی جاننے
والا۔ دیکھنے والا۔ بولنے والا۔ پڑھنے والا۔ (۴) زائد۔
جیسے گفتا۔ یعنی اس نے کہا (۵) کثرت کے لیے۔ جیسے بدا۔
خوشا۔ یعنی بہت بُرا۔ بہت اچھا۔
اور اگر الف وسط کلمہ میں ہو تو (۱) اتصال کے معنی دیتا
ہے۔ جیسے شباشب۔ دمادم۔ برابر وغیرہ میں (۲) عطف

Marfat.com

کے معنوں میں - جیسے نگاپو بمعنی تگ و پو -
اِلقا (ع) ڈالنا - دل پر کوئی بات ڈالنا -
اَلقاب (لقب کی جمع) وصفی نام - وہ نام جس میں عزت یا خدمت پائی جائے - خطاب جو حاکم یا بادشاہ کی طرف سے ملے -
اِلقاح (ع) مادہ کھجور کے شگوفہ میں نر کھجور کا شگوفہ ڈالنا - حاملہ کرنا - ہوا کا درخت کو بار آور کرنا -
القادر باللہ (ع) خلفائے عباسیہ کے خلیفہ احمد ابو العباس کا لقب جو محمود غزنوی کا ہم عصر تھا -
القارعہ (ع) قارعہ - قیامت - سخت بلا - قرآن کی ایک سورت کا نام -
القاص (ع) قصہ گو - داستان سرا -
القاط (ع) نکمی اور بے قدر چیزیں -
اِلقان (ع) فوراً یاد کر لینا - جھٹ پٹ حفظ کر لینا -
الکا (ت) زمین - پرگنہ (۲) ملک - وطن -
الک (ت) باریک تاروں کی چھلنی -
الکچی (ت) چھلنی بیچنے والا یا بنانے والا -
الکن (ع) لکنت والا - ہکلا - توتلا -
الکہ (ع) شہر (۲) ملک - ولایت
الم (ع) غم - رنج - دُکھ -
اِلماح (ع) دیکھنا - کسی کو نگاہ چرا کر دیکھنے پر آمادہ کرنا -
الماس (ع) ہیرا (۲) فولاد جوہردار (۳) چاقو - خنجر - تلوار - چھری -
الماس خجالت (ع) شرمندگی کا پسینہ (۲) دانتوں کا مضبوط ہونا - (۳) نہایت عاجزی کرنا - بے حد منت وسماجت کرنا -
الماس رنگ (ع) تلوار کی تعریف میں آتا ہے -
الماس شربتی (ع - ف) ایک قسم کا ہیرا -
الماس گوں (ف) الماس کی مانند - الماس کی طرح کاٹنے والا - الماس کی طرح روشن -
الماس نامہ (ف) دھمکی آمیز خط -
الماس نشاں (ف) الماس سے مرصع -
الماسی (ف) الماس کی مانند تراشا ہوا -
اَلمان (ع) جرمنی کا مُلک -
اَلمُضاعف (ع) دوگنا - دوچند -
المعنیٰ فی بطن الشاعر (ع) بے معنی کلام - مہمل کلام - وہ کلام جس کے معنی سمجھ میں نہ آئیں -
المعی (ع) عقل مند - دانا - صائب رائے -
المناک (ع - ف) دردناک - درد آور -
اَلموت (ع) ایک قلعہ کا نام جو گیلان اور قزوین کے درمیان ہے جو فرقہ باطنیہ کا مرکز تھا -
النگ (ت) چمن سبز - سبزہ زار - چمن زار -
النگو (ت) چوڑیاں -
اَلواث (ع) لوث کی جمع - بُرائیاں - آلائشیں - عیوب - آلودگیاں -
اَلواح (ع) لوح کی جمع - تختیاں -
اَلوار (ع) رخسارہ - گلہ - جبڑہ -
اَلواط (ع) بدمعاش - غنڈہ -
الوالعزم (ع) دیکھو اولوالعزم -
اَلوان (ع) لون کی جمع - رنگتیں - قسمیں - انواع رنگ ہا -
الوچہ (ف) آلو بخارا کی قسم کا ایک مشہور پھل -
الوداع (ع) رخصت - رخصت کرنا -
اُلوس (ت) قوم - قبیلہ - اس کا تلفظ - اُلس -
اُلوف (ع) الف کی جمع - ہزاروں - ہزارہا -
اُلولک (ع) بچوں کو ڈرانے کے لیے ایک فرضی نام -
الوہیت (ع) معبودیت - خداوندی - مستحق عبادت ہونا -
اَلویہ (ع) لوا کی جمع - جھنڈے - علَم -
اِلہاب - آگ بھڑکانا - شعلے نکالنا -
اِلہام (ع) خدا کی طرف سے دل پر کوئی بات آنا - دل میں نیک بات ڈالنا -
اِلیاس (ع) ایک پیغمبر کا نام جو حضرت خضر علیہ السلام کے چچیرے بھائی ہیں -
اِلیٰ الآن (ع) اب تک - ہنوز -
الیٰ غیر النہایۃ (ع) بے حد - انتہا -
اَلیَغ (ع) جو بات کو اچھی طرح بیان نہ کر سکے - احمق -
الیف (ع) مانوس دوست - ہمدم -
اَلیم (ع) الم دینے والا - دُکھ دینے والا - دردناک -
الیوم (ع) آج - امروز -

## ا - م

اَم (ع) حرف تردید - یا -
اُم (ع) ماں - مادر - ماتر -
اَمّا (ع) حرف - شرط - لیکن - اگر -
اَما (ع) لونڈیاں باندیاں اس کا واحد اَمۃ ہے -
اِمّا (ع) حرف تردید - یا
امابعد (ع) تعریف کے بعد - حمد کے بعد - حمد و نعت کے بعد -
اِماتت (ع) ہلاک کرنا - جان سے مارنا -
اَماثِل (ع) امثل کی جمع - شریف لوگ (۲) برابر کے لوگ (۳) مثلیں - نظیریں -
اَماجد (ع) امجد کی جمع - باعزت لوگ - بزرگ آدمی -
اَمّار (ع) بہت حکم دینے والا - بدی اور شر پر برانگیختہ کرنے والا -
اَمارت (ع) امیری - امیر ہونا (۲) حکم چلانا - حکومت -
اَمارت (ع) علامت نشانی -

Marfat.com

**اِمارتِ نظام** (ع) ایک عہدے کا نام۔
**امارہ** (ف) حساب - شمار۔
**اُمارہ گیر** (ف) حساب لینے والا۔
**اَماکن** (ع) مکان کی جمع - مکانات۔
**اَماکن شریفہ**
**اماکن مقدسہ** } (ع) متبرک۔ مکانات - متبرک۔ مقامات - درگاہیں - زیارتیں۔
**اُمّ الارضین** (ع) مکہ معظمہ۔
**اُمّ الاموال** (ع) بھیڑ۔
**اُمّ الخبائث** (ع) (اُمّ ال خ ب ا ء ث) شراب۔
**اُمّ العلوم** (ع) علم صرف۔
**اُمّ الفضائل** (ع) علم۔
**اُمّ القریٰ** (ع) مکہ معظمہ۔
**اُمّ الکتاب** (ع) قرآن شریف (۲) لوحِ محفوظ - (۳) سورہ فاتحہ۔
**اُمّ الندامۃ** (ع) شرمندگی - خجالت۔
**اُمّ النجوم** (ع) کہکشاں - آسمان ستاروں سے بھرا ہوا۔
**اُمّ الولد** (ع) وہ لونڈی جس نے اپنے مالک کے نطفہ سے کوئی اولاد جنی ہو - ایسی لونڈی کو مالک فروخت نہیں کر سکتا - بلکہ وہ مالک کے مرنے کے بعد بجائے وارثوں کو ترکہ میں ملنے کے آزاد خیال کی جاتی ہے۔
**اِمالہ** (ع) مائل کرنا - جھکانا (۲) فتحہ کو کسرہ کی طرف اس قدر جھکانا کہ یائے مجہول کی آواز پیدا ہو جائے - جیسے کتاب سے کتیب - حساب سے حسیب۔
**اَمام** (ع) سامنے سے آگے روبرو۔
**اِمام** (ع) پیشوا - ہادی - نماز کا امام - بادشاہ۔
**امام احمد غزالیؒ** (ع) امام احمد غزالی یعنی امام غزالیؒ کے چھوٹے بھائی کا نام۔
**اِمامت** (ع) نماز کا امام ہونا - پیشوائی۔
**امام زادہ** (ع - ف) امام کا بیٹا۔
**امام تسبیح** (ع) تسبیح کے اوپر کا بڑا اور لمبا دانہ جس میں سے تسبیح کے دونوں تاگے نکلے ہوئے ہوتے ہیں۔
**اِمام غزالی** (ع) دیکھو امام محمد غزالیؒ۔
**اِمام مبین** (ع) لوحِ محفوظ۔
**امام محمد غزالیؒ**
**اِمام مرشد غزالیؒ** } (ع) غزالہ طوس کے نواح میں ایک گاؤں کا نام ہے - وہاں کے رہنے والے تھے۔ اس لیے غزالی کہلاتے ہیں - بہت بڑے فاضل اور صوفی باصفا ہوئے ہیں - ان کے فلسفہ کے سامنے بڑے بڑے فلاسفر لاجواب ہو جاتے ہیں - ان کی کئی بے نظیر تصانیف ہیں - ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۵۰۵ھ میں وفات پائی۔
**اِمامیہ** (ع) شیعوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کے سوا کسی کو صاحب ولایت نہیں مانتا۔
**اَمان** (ع) امن - پناہ۔
**اَمانت** (ع) پناہ - دھروا - وہ شے جو کسی کو معتبر سمجھ کر اس کی حفاظت میں دی جائے - پارسل - زرِ مرسلہ۔
**امانت دار** (ع - ف) جو دوسرے کے مال پر دیانت داری سے نگہبانی کرے۔
**امانت داری** (ع) امانت دار کا وصف۔
**اَمانت گزار** (ف) امین - امانت ادا کرنے والا۔
**اَمانی** (ع) اُمنیہ کی جمع - اُمیدیں - آرزوئیں۔
**اَمَت** (ع) کنیزک - لونڈی - باندی۔
**اَمْت** (ع) بلند جگہ - ٹیکرا - پشتہ زمین۔
**اُمتان** (ف) اُمت کی جمع - اُمتیں - جماعتیں۔
**اِمتثال** (ع) فرمانبرداری - متابعت - حکم ماننا (۲) تصور کرنا - پیروی کرنا - (۳) مثل بیان کرنا (۴) داستان کہنا (۵) خون کا بدلہ لینا۔
**اِمتحان** (ع) آزمائش - آزمانا (۲) انجام کو سوچنا - آزمائش میں ڈالنا۔
**اِمتخاط** (ع) ناک صاف کرنا - اُچکنا - باہر کھینچنا - تلوار سونتنا۔
**امتداح** (ع) تعریف کرنا۔
**اِمتداد** (ع) درازی - دراز ہونا (۲) کشیدہ ہونا۔
**اِمتزاج** (ع) ملانا - آمیزش - دو چیزوں کا ملانا (۲) دو چیزوں کا ملنا۔
**اِمتزاج کیمیائی** (ع) کیمیائی طریق پر دو چیزوں کو ملانا - کیمیاوی طور پر جب دو یا چند چیزیں مل کر نئی چیز بن جاتی ہے تو پھر ان چیزوں کے اجزا جدا جدا کرنا محال ہو جاتا ہے - برخلاف امتزاج غیر کیمیاوی کے - کہ اس میں ملی ہوئی چیزوں کا جدا جدا کرنا آسان ہے - مثلاً اگر ریت میں نمک مل جائے تو عمل تقطیر سے اور پھر عمل تبخیر سے نمک کو ریت سے جدا کیا جاتا ہے۔
**امتزاج** (ع) چنگل مارنا - مضبوط تھامنا۔
**اِمتشاط** (ع) کنگھی کرنا۔
**امتصاص** (ع) چوسنا
**اِمتطاء** (ع) چوپایہ کو سواری بنانا۔
**اَمتعہ** (ع) متاع کی جمع - پونجیاں - سرمائے - سامان۔
**اُمت کے ہونا** (کسی کا مطیع و منقاد ہونا۔
**اِمتلا** (ع) پُر ہونا - معدے کا بھر جانا - بدہضمی۔
**اِمتناع** (ع) روکنا (۲) رُکنا - رُک جانا (۳) روک - باز رہنا۔
**اِمتنان** (ع) منت رکھنا - احسان رکھنا (۲) احسان کرنا - نعمت دینا۔

Marfat.com

اِمتہان (ع) کسی کو ذلیل و خوار رکھنا - خدمت میں رکھا جانا (۳) ذلیل سمجھنا (۴) کوئی چیز بخشنا -
اِمتیاز (ع) تمیز کرنا - فرق کرنا (۲) تمغہ (۳) حق مخصوص جو حکومت کی طرف سے کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کے متعلق عطا ہو -
امتیاز نامہ (ع، ف) لائیسنس -
اَمثال (ع) مثل کی جمع - کہانیاں - کہاوتیں -
اَمثل (ع) برتر - شریف تر - بہتر - فاضل تر - اس کی جمع اماثل -
اَمثلہ (ع) مثال کی جمع - مثالیں -
اَمجاد (ع) بزرگواران -
اَمجد (ع) نہایت بزرگ - بہت معزز -
اَمجاد (ع) مجید کی جمع - اشراف لوگ - بزرگ لوگ -
امحاء (ع) محو کرنا - مٹانا - غائب کر دینا - پاک کرنا -
امحاض (ع) خالص دوستی کرنا -
امحاق (ع) ہلاک ہونا - نیست و نابود ہونا -
اَمد - مدّت - فرق - وقفہ -
اِمداد (ع) مدد دینا - مدد کرنا -
اُمدوحہ (ع) ستائش - تعریف اس کی جمع اماریح آتی ہے -
اَمر (ع) حکم - فرمان - اس کی جمع اوامر ہے -
اَمر (ع) کام اس کی جمع امور - اور جمع الجمع امورات ہے -
اِمر (ع) انوکھا -
اَمرِ اوّل (ع) عقل اوّل -
اُمرا (ع) امیر کی جمع - مال دار - حکام - بادشاہ -
امرائے دَرخانہ (ف) تعلقہ دار - جاگیردار - ملک التجار -
امراۃ (ع) عورت -
اِمرار (ع) کڑوا ہونا (۲) کڑوا کرنا (۳) گزارنا -
اَمراض (ع) مرض کی جمع - بیماریاں -
اَمرد (ع) جس کی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو - بے ریش -
اَمر معروف (ع) نیک کاموں کا حکم دینا - اچھی باتوں کی ہدایت کرنا - اسلام کے حکم بتانا -
اِمروز (ف) آج - آج کا دن - ان دنوں میں آج کل - فی زمانہ -
اَمزجہ (ع) مزاج کی جمع - طبیعت (۲) مختلف چیزوں کے ملنے سے جو کیفیت پیدا ہوتی ہے -
اَمس (ع) گزرا ہوا کل - وہ دن جو کل گزر چکا ہے - دیروز -
اِمساس (ع) مس کرنا - چھونا -
اِمساک (ع) بند کرنا - روکنا (۲) رکنا (۳) خاموش ہونا (۴) بخل کرنا (۵) مضبوط پکڑنا -
اِمسال (ف) یہ سال موجودہ سال - سال رواں -
امسالین (ف) امسال سے منسوب امسالی - اسی سال کی -
اَمسیہ (ع) شامیں - مسا کی جمع -
اَمشاج (ع) ملے ہوئے - مثلاً دو چیزیں جو ایک دوسری سے اچھی طرح مل چکی ہوں -

اِمشب (ف) آج رات - آج کی رات - شب گزشتہ اور شب آئندہ دونوں پر بولا جاتا ہے -
اَمصار (ع) مصر کی جمع - شہر -
اِمضا (ع) جاری کرنا - حکم جاری کرنا (۲) دستخط (۳) دستخط کرنا -
اَمطار (ع) مطر کی جمع - مینہ - بارشیں - بادل -
اَمعاء (ع) معا کی جمع - پیٹ کی آنتیں -
اِمعان (ع) خوب سوچنا (۲) گہری نظر سے دیکھنا - گہری نظر کرنا - غور و فکر - بنظر غور دیکھنا -
اَمغر (ع) سُرخ چہرے والا - سُرخ جلد والا - وہ جس کے چہرے کی سُرخی میں سفیدی ملی ہو -
اُمّ غیلان (ع) کیکر - ببول - مغیلاں - اسی لفظ کا مخفف ہے - غیلان جمع ہے غول کی - یعنی دیو - دیوؤں کی ماں - یعنی دیوؤں کے رہنے کی جگہ - جنگل - کیکر کے درختوں کی جگہ -
اِمکان (ع) ہوسکنا (۲) کسی شے کے عدم وجود دونوں کا ضروری نہ ہونا (۳) قدرت - طاقت (۴) قادر کرنا - مرتبہ دینا -
اَمکن (ع) توانا تر -
اَمکنہ (ع) مکان کی جمع - مکانات -
اَمل (ع) اُمید - آرزو -
اِملاح (ع) کسی چیز کو نمکین کرنا - نمک ڈالنا -
اَملاک (ع) ملک کی جمع - ملکیتیں -
اِملاک (ع) مالک کر دینا -
اِملال (ع) لکھوانا - املا کرانا -
اِملاء (ع) اس کا مادہ ملو ہے - لکھنا (۲) قواعد رسم خط کے مطابق لکھنا (۳) لکھی ہوئی عبارت - تحریر (۴) مہلت دینا -
اِملاء (ع) اس کا مادہ ملأ ہے - پُر کرنا - بھرنا -
اَملح (ع) نمکین - بہت نمکین -
اَملس (ع) سادہ (۲) صاف (۳) نرم (۴) ہموار -
اُمَم (ع) اُمّت کی جمع - اُمّتیں - جماعتیں - گروہ - ایک مذہب کے لوگ -
اُمَناء (ع) (واُمَن ۱) امانت دار لوگ -
اَمنیت (ع) نڈر ہونا - بے خوف ہونا -
اَمنع (ع) بہت پختہ - بہت بلند پایہ -
امنہ (ف) لکڑی کا ڈھیر -
اُمنیّت (ع) اُمید - آرزو -
اَموات (ع) میّت کی جمع - مُردے - مرے ہوئے -
اَمواج (ع) موج کی جمع موجیں - دریا کی لہریں -
اَموال (ع) دولتیں - نعمتیں - مال کی جمع ہے -
اُمور (ع) امر کی جمع - کام -
اُمور خارجہ (ع) دوسری سلطنتوں کے متعلق امور - بیرونی کاروبار -

Marfat.com

**اُمورِ عامہ** (ع) عوام کے کاروبار (۲) وہ اشیاء جن کی ذات عام اور اقسام موجودات سے کسی ایک کے ساتھ مختص نہ ہوں - جیسے وحدت وکثرت -

**اُم وَلد** (ع) دیکھو ام الولد -

**امومت** (ع) ماں ہونا -

**اُموی** (ع) بنی اُمیہ کا شخص - اُمیہ چوتھی پشت میں یزید کے دادا کا نام تھا -

**اُمہات** (ع) (اُمّ ہات) اُم کی جمع - مائیں - مادران -

**اُمہاتِ سِفلی** (ع) طبقات زمین - اربعہ عناصر -

**اُمہاتِ عِلوی** (ع) ارواح - علوم - نفوس -

**امہاد** (ع) مہد کی جمع - پست اور ہموار زمین -

**اِمہار** (ع) مہر دینا -

**اِمہال** (ع) نرمی - آہستگی (۲) مہلت دینا (۳) تاخیر کرنا - دیر کرنا - فرصت دینا -

**اُمہانی** (ع) (اُمّ ہانی) حضرت ابوطالب کی بیٹی کا نام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چچیری بہن اور حضرت علیؓ کی سگی بہن تھیں -

**امہراسپند** (پہلوی) فرشتہ - ملک -

**اُمّی** (ع) وہ شخص جس کا بچپن میں باپ مر جائے - اور اُمّ یعنی ماں اس کی پرورش کرے - اور وہ اس وجہ سے علم حاصل نہ کر سکے (۲) ناخواندہ - ان پڑھ (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے - کیونکہ بچپن میں ہی پہلے ان کے والد اور پھر والدہ فوت ہوگئیں - اور انھوں نے لکھنا پڑھنا نہ سیکھا - مطلق ناخواندہ -

**امیال** (ع) میل کی جمع - کوس اور میل (۲) میلوں کے نشان یعنی سنگ نشان (۳) سرمہ لگانے کی سلائی - سرمچو -

**اُمید**
**اُمّید**
**اُمِید**
} (ف) آس - توقع - آرزو - خواہش - تمنا -

**اُمید بخش** (ف) اُمید پوری کرنے والا خدا -

**امید داشتن** (ف) اُمید رکھنا -

**اُمید را پے کردن** (ف) ناامید ہونا -

**اُمید گاہ** (ف) جائے اُمید - اُمید کی جگہ - جہاں اُمید ہو -

**اُمید لیس** (ف) وہ شخص جو خود کوئی چیز کا اُمیدوار بنالے کسی سے اُمید باندھ لے -

**اُمیدوار** (ف) صاحب اُمید - اُمید رکھنے والا - جسے آس ہو -

**اُمیدواری** (ف) آس - آسرا - اُمید (۲) اُمید رکھنا - آس رکھنا - صاحب اُمید ہونا -

**اَمیر** (ع) سردار - رئیس - دولت مند - حکم کرنے والا - منشی امیر احمد امیر مینائی لکھنوی کا تخلص جن کی نظم میں مرآت الغیب - صنم خانہ عشق - مینائے سخن - نغمۂ دیوان اور نثر میں امیر اللغات جلد اول لاجواب تصنیفات ہیں -

**اَمیر** (ع) شاہان افغانستان کا لقب -

**امیر آب حیوان** (ف) حضرت خضرؑ -

**امیر آخور** (ف) داروغہ اصطبل -

**امیر الامراء** (ع) وزیر اعظم -

**امیر البحر** (ع) سمندر کا حاکم - بحری انتظام کا حاکم -

**امیر الجیوش** (ع) سپہ سالار - کمانڈر انچیف -

**امیر الحاجّ** (ع) حجاج کے قافلہ کا سرپرست -

**امیر المومنین** (ع) مسلمانوں کا سردار - اہل اسلام کا دینی و دنیوی حاکم اعلےٰ - خلیفہ وقت (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب -

**امیرانہ** (ع) امیروں کی مانند -

**امیر بحر** (ع) دیکھو امیر البحر -

**امیر تومان** (ع - ت) مغل عہد میں امیر تومان اس کو کہا جاتا جو دس ہزار سپاہیوں کی قیادت کرتا تھا -

**امیر حج** - حاجیوں کے قافلہ کا سردار -

**امیر داد** (ف) حاکم عدالت - منصف - قاضی -

**امیر زادہ** (ف) امیر کا بیٹا -

**امیر صاحب دلق** (ف) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب -

**امیر نظام** (ع - ف) فوج کا سردار -

**امیرہ** (ع) امیر کی مؤنث - فرمانروا عورت - خاتون -

**اُمّیٔ صاحب کتاب**
**اُمّیٔ صادق کلام**
**اُمّی لقب**
} (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب -

**امیل** (ع) کج اور ٹیڑھا - زین ٹیڑھا ہونے کی وجہ سے جو سیدھا نہ بیٹھ سکے - بغیر تلوار اور ڈھال کے ایک مرد - بزدل مرد -

**امیم** (ع) پیشوا - پیش نماز -

**امین** (ع) امانت دار - قابل اعتبار - معتبر - بے خوف - خزانچی -

**امین لشکر** (ع - ف) فوج کا بخشی -

**امین خلوت** (ع - ف) شاہی چوبداروں کا افسر -

**امین وحی** (ع) حضرت جبرئیل علیہ السلام -

**اُمَیّہ** (ع) امہ کی تصغیر - کنیز - کنیزک -

**اُمّیُون**
**اُمّیین**
} بے پڑھے لوگ - ناخواندہ -

## ا - ن

**اِن** (ع) اگر - جو -

**اَنَّ**
**اِنّ**
} (ع) تحقیق - درست - ٹھیک -

**اَنا** (ع) ہم لوگ -

**اِنّا** (ع) (اس کا تلفظ اِن ہے) ہیں -

**اَنّاء** (ت) ماں - مادر -

Marfat.com

اِناءٌ (ع) برتن - ظرف -
انا (ع) وقت - موقع -
اِنابت (ع) توبہ کرنا - دُعا مانگنا - بُرے کاموں سے باز آنا - خُدا کی طرف رجوع کرنا (۲) کسی کو قائم مقام بنانا -
انابیب (ع) انبوبہ کی جمع - پوریں - گانٹھیں - جیسی بانس یا گنا میں ہوتی ہیں -
اِناث (ع) انثیٰ کی جمع - مادہ عورتیں -
اناجیل (ع) انجیل کی جمع - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین کی چار کتابیں -
اِناخت (ع) اُونٹ کو بٹھانا - اونٹنی کے ساتھ جفتی کے لیے اُونٹ کو بٹھانا -
انادِر (ع) اندر کی جمع - خرمن -
انار (ف) ایک مشہور پھل - انار کا درخت -
انارین (ف) انار کا درخت -
انار اللہ برہانہٗ (ع) خدا روشن کرے اس کی دلیل کو -
انار اللہ مضجعہ (ع) خدا اس کی قبر کو روشن کرے (۲) خدا اس کی خواب گاہ کو روشن کرے -
اِنارت (ع) روشن ہونا (۲) روشن کرنا (۳) خوبصورت ہونا - (۴) عیاں ہونا (۵) درخت کا بار ور ہونا -
اِنارت (ع) روشن کرنا -
انارستان (ف) انار کے باغات -
انار پیرا / انار گیوا } (ف) خشخاش - پوست کا ڈوڈہ -
انارخشک (ف) رمان ہندی - ایک تخم ہے جس کا رنگ سبزی مائل سُرخ ہوتا ہے - یہ ہند میں پیدا ہوتا ہے -
انار یاسین / انار یٰسین } (ف) نوروز کے دن جس انار پر سو بار یا چالیس بار سورہ یاسین پڑھی جاوے - بعض کہتے ہیں کہ جو شخص بلا حرکت یہ انار کھا لے وہ سال بھر بیمار نہیں رہتا -
اُناس (ع) آدمی - مردم - انسان -
اَناسی (ع) انسی کی جمع - آدمی (۲) کمان کی وہ جانب جس طرف کمان کھینچنے والے کا منہ ہو -
اناشید (ع) گیت - وہ اشعار جو کسی محفل میں مل کر گاتے ہیں - اُنشُود کی جمع -
اناصنہ (ع) ارادہ کرنا -
اناصیب (ع) وہ نشان جو پتھر وغیرہ پر سڑک کے کنارے مسافت معلوم کرنے کے لیے بناتے ہیں -
اناطہ (ع) معلق کرنا - لٹکانا -
اناطول (ف) اناطولیہ - ترکی -
اناطیطس (ی) سیاہ رنگ کا ایک دانہ جسے عورتوں کے جننے کے وقت آگ میں جلا کر اس کا دھواں دیتے ہیں - اور اس سے بچہ جننے میں آسانی ہوتی ہے -

اناغاطس (ی) ایک قسم کا پتھر جسے گھسنے سے سُرخ رنگ نکلتا ہے - اگر اُسے عورت کے دُودھ میں گھس کر آنکھ میں ڈالا جائے تو آنکھ کے ورم کے لیے مفید ہوتا ہے -
اَنام (ع) خلق اللہ - دنیا کے لوگ - جن و انس -
اَنامل (ع) انملہ کی جمع - اُنگلیوں کے سرے - پورے -
انانیت (ع) خودی - خودستائی - غرور -
اناہید (ع) ناہید کا مزید علیہ - زہرہ ستارہ -
اَنائی (ع) پیدائش - مخلوقات - عالم ظاہر -
اَنب (ف) بینگن - بادنجان -
انباء (ع) نباء کی جمع - خبریں - آگاہیاں -
انباء (ع) آگاہ کرنا - خبر دینا -
انبات (ع) گھاس کا اُگنا (۲) گھاس کا اُگانا -
انباح (ع) کُتّے کو بھونکانا - کُتّے کو ہش کرنا -
انباخون (ف) قلعہ - حصار -
اَنباذ (ع) بند کی جمع - کم - اندک - تھوڑا -
انبار (ف) تودہ - ڈھیر (۲) گھات (۳) تالاب (۴) گھر یا دیوار کا گرنا (۵) اکیلی کوٹھڑی - جس کے ساتھ کوئی اور مکان نہ ہو -
اَنبار (ف) ابن بار کا مخفف -
انبارخانہ (ف) ذخیرہ گودام - سٹور - جہاں اسباب جمع کیا جائے -
انباردار (ف) سٹور کیپر - وہ شخص کہ سٹور اس کے سپرد ہو اور سٹور کی اشیاء کا حساب اس کے ہاتھ ہو -
انبارداری (ف) سٹور کیپری - خازن -
انباردگی (ف) تہمت کی بہتات - دولت کی کثرت - بہتات -
انباردن (ف) بھرنا - پاٹنا - پُر کرنا (۲) ڈھیر کرنا -
اَنبارش (ف) بھرتی - حشو - وہ چیز جس سے کھلی جگہ بھری جائے -
انبارک (ف) ساسانیوں کے دور میں اسلحہ اور سپاہیوں کی مہمات کی نگرانی کی جگہ کو کہتے تھے -
انباز / انبازناک } (ف) برابر کا شریک - ساتھی - ساجھی - ہمتا - رفیق -
انبازی (ف) ساجھا - شرکت - شراکت -
انباشتن (ف) پُر کرنا - بھرنا (۲) پُر ہونا -
انباغ (ف) سوت - سوکن -
اَنبان (ف) دھوکڑی - چمڑا - (۲) چمڑے کا تھیلا (۳) مشکیزہ - (۴) موٹا آدمی (۵) پیٹو (۶) ناکارہ -
انبانک (ف) انبان کا مصغر - مشکیزہ -
انبان باد (ف) دھونکنی جس سے لوہار آگ روشن کرتے ہیں (۲) ہوا سے بھرا ہوا چمڑا (۳) پیٹ -
انبانِ سلیمان (ع) چمڑے کا تھیلا جس میں مسافر اپنا زادِ راہ ڈال لیتا ہے (۲) کہتے ہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس

Marfat.com

چمڑے کا ایک تھیلا تھا جس میں سے جو چیز جس وقت چاہتے
نکل آتی تھی -

**انبانِ نفط** (ف) چمڑے کا ڈبہ جس میں بارود بھر کر اور آگ دے کر
دشمنوں پر پھینکتے ہیں -

**انبانہ** (ف) دیکھو انبان -

**انبثات** (ع) پھیلنا - پراگندہ ہونا -

**انبج** (ع) آم کا معرب - انبہ - آم -

**انبجاس** (ع) (چشمہ وغیرہ کا) پھوٹ نکلنا -

**انبحاث** (ع) تفتیش کرنا -

**انبر** (ف) دست پناہ - چمٹا - سنڈاس -

**انبروت** (ف) امرود جو مشہور پھل ہے -

**انبرہ** } (ف) اُونٹ جس کے بال گر گئے ہوں (۲) ہر وہ چیز جس
**انبرہ** } کے بال گر گئے ہوں (۳) پانی ڈھونڈنے والا گھوڑا
یا اونٹ (۴) درہ کوہ -

**انبساط** (ع) کھلنا (۲) پھیلنا - کشادہ ہونا (۳) خوشی - مسرت -

**انبہار** (ع) بے دم ہونا - سانس پھولنا -

**اُنبوب** (ع) پوری - سرکنڈے وغیرہ کا دو گانٹھوں کے درمیان
کا حصہ (۲) سرکنڈہ (۳) وہ راستہ جس کے دونوں طرف
درخت ہوں (۴) پہاڑ کے درمیان کا راستہ -

**اُنبوبہ** (ف) لوٹے وغیرہ کی ٹونٹی - ماشورہ -

**اُنبوبیہ** (ع) پوری -

**انبودن** (ف) ایک دوسرے پر چننا - چننا - ڈھیر لگانا -

**انبودیدن** (ف) انبوسیدن کا مرادف - ظاہر ہونا (۲) موجود ہونا -
(۳) بڑھنا -

**اَنبوذن** (ف) آفرینش - اصل کائنات -

**انبوسیدن** (ف) ظاہر ہونا (۲) بڑھنا (۳) موجود ہونا -

**اَنبوہ** (ف) گروہ - ہجوم - بھیڑ - (۲) مملو - پُر - بھرا ہوا -
(۳) بنات (۴) غلیظ (۵) کثیف (۶) دیوار کا گرنا (۷)
ایک گاؤں کا نام جہاں کی شراب مشہور ہے - اور جو دلیجان
کے پہاڑ پر آباد ہے -

**انبوییدن** (ف) بوئیدن کا مزید علیہ - سونگھنا - بُو لینا -

**اَنبوہی** (ف) اکٹھا ہونا - جمع ہونا -

**اَنبہ** (ف) انبوہ کا مخفف ہے -

**اَنبہ** (ف) مشہور پھل کا نام

**انبیاء** (ع) نبی کی جمع - پیغمبران -

**انبیس** (ف) صاف کیے ہوئے دانوں کا ڈھیر -

**انبیق** (ع) عرق گیری کا ایک آلہ -

**انپاشتن** (ف) دیکھو انباشتن

**اَنت** (ف) تجھے - کلمہ تحسین بھی ہے -

**اَنت** (ع) تو ایک مرد -

**اَنتِ** (ع) تو ایک عورت -

**اِنتاج** (ع) اونٹنی یا گھوڑے کے جننے کا وقت آ پہنچنا - بچہ
جننا -

**انتباش** (ع) برہنہ کرنا (۲) کفن چرانا -

**اِنتباہ** (ع) بیدار ہونا - جاگنا (۲) خبردار ہونا - آگاہ ہونا (۳) متنبہ
ہونا - اطلاع اعلان -

**اِنتثار** (ع) پھیل جانا (۲) پراگندہ ہونا (۳) ناک میں پانی
لینا -

**انتثاص** (ع) درخت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا

**انتحاب** (ع) زور سے رونا - گریہ وزاری کرنا - زور سے سانس
لینا -

**انتحار** (ع) خودکشی -

**اِنتحال** (ع) کسی دوسرے کے کلام کو اپنا کلام ظاہر کرنا (۲) دوسرے
کی شے کو اپنی ظاہر کرنا -

**اِنتخاب** (ع) چننا - چھانٹنا - پسند کرنا -

**انتذار** (ع) اپنے اوپر کسی چیز کو واجب کرنا (۲) کسی سے عہد و پیمان
کرنا -

**انتزاع** (ع) کھینچنا (۲) اکھیڑنا (۳) اکھڑنا -

**اِنتساب** (ع) نسبت لگاؤ (۲) نسبت کرنا (۳) اپنا نسب بیان
کرنا -

**اِنتساق** (ع) نسق کرنا - انتظام کرنا - انتظام ہونا - ترتیب دینا -

**انتسال** (ع) بیٹا پیدا ہونا (۲) نسل ہونا (۳) نسل بڑھنا -

**انتسام** (ع) خوشبو سونگھنا -

**انتشار** (ع) منتشر ہونا - پراگندہ ہونا - پھیلنا -

**اِنتشاص** (ع) درخت کو جڑ سے اکھیڑنا -

**انتشال** (ع) بغیر چمچے کے ہانڈی سے گوشت نکالنا -

**انتصاب** (ع) نصب ہونا - کھڑا ہونا - منعقد ہونا - برپا ہونا -

**انتصات** (ع) خاموش رہنا -

**انتصاح** (ع) نصیحت قبول کرنا -

**انتصار** (ع) مدد پانا -

**انتصاف** (ع) انصاف پانا (۲) نصف کو پہنچنا (۳) عورت کا
سر پر دوپٹہ لینا (۴) شکار کو تعبیر لگنا - (۵) آدھا
ہونا -

**انتصال** (ع) تیر کے پیکان کا نکل جانا -

**انتضاح** (ع) آنسوؤں کا جوش مارنا - پانی چھڑکنا -

**انتضال** (ع) باہم تیر اندازی کرنا - نکالنا - باہم فخر کرنا - شعر و سخن
میں مقابلہ کرنا -

**انتطاح** (ع) بیل یا مینڈھے وغیرہ کا سر مارنا -

**انتطاق** (ع) پٹکا باندھنا - بات کہنا -

**اِنتظار** (ع) راہ دیکھنا - راہ تکنا - منتظر ہونا (۲) ڈھیل کرنا -

**انتظام** (ع) بندوبست (۲) کام کا ٹھیک ہونا (۳) کام کا تمام ہونا -
(۴) موتیوں کا لڑی میں پرو دیا جانا -

Marfat.com

اِنتعاش (ع) کھڑا ہونا (۲) بند ہونا (۳) اُٹھنا (۴) بیماری سے اُٹھنا۔ تندرست ہونا۔
اِنتعاشش (ف) عیش و عشرت کرنا۔
انتغاف (ع) سوار کا بلند مقام پر چڑھنا (۲) سوار کا نظر آنا۔
انتعال (ع) نعل باندھنا (۲) جوتا پہننا (۳) پیادہ چلنا (۴) سخت زمین پر چلنا (۵) سخت زمین میں ننگے پاؤں۔
اِنتفا (ع) نفی ہونا۔ نہ ہونا (۲) کھویا جانا۔ مٹ جانا۔ نیست ہونا۔
اِنتفاع (ع) فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا۔
اِنتقا (ع) چننا (۲) ہڈیوں سے مغز نکالنا۔
اِنتقاب (ع) رو بند باندھنا۔ نقاب ڈالنا۔
انتقاد (ع) نقد لینا (۲) بھوسے سے دانے جُدا کرنا۔ غلہ صاف کرنا (۳) پرکھنا (۴) تنقید کرنا۔
انتقاش (ع) نقاش کو نقاشی کا حکم دینا (۲) چُن لینا (۳) پاؤں سے کانٹے نکالنا (۴) کانٹوں والی زمین پر اُونٹ کا چلنا۔
انتقاص (ع) کم ہونا۔ کم کرنا۔ کسی کی عیب جوئی کرنا۔
انتقاض (ع) عہد و پیمان توڑنا (۲) رسّی کے بل کھولنا (۳) دیوار کا گرنا۔
انتقال (ع) منتقل ہونا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اس جہان سے اگلے جہان میں جانا۔ یعنی مرنا۔
اِنتقام (ع) بدلہ لینا۔ بغض نکالنا۔
انتکاف (ع) شرم و حیا رکھنا (۲) عار جاننا۔
اَنتُمْ (ع) تم سب مرد۔
اَنتُما (ع) تم دو مرد یا دو عورتیں۔
انتما (ع) بڑھنا زیادہ ہونا (۲) پھُولنا (۳) کسی کی طرف منسوب ہونا (۴) منسوب کرنا (۵) باز کا جا بجا اُڑنا۔
اَنْتُنَّ (ع) تم سب عورتیں۔
انتہا (ع) انجام۔ اخیر (۲) حد کو پہنچنا (۳) پہنچنا (۴) رُکنا۔ باز آنا۔
اِنتہاب (ع) غارت کرنا (۲) لوٹنا۔
انتہاج (ع) راستہ ڈھونڈنا۔
انتہار (ع) سرزنش کرنا۔ تنبیہ کرنا (۲) پیٹ چلنا (۳) رگ کے لہو کا بند نہ ہونا۔
انتہاز (ع) فرصت پانا (۲) قابو پانا (۳) غنیمت سمجھنا (۴) بُری طرح ہنسنا۔ بہت بُری طرح ہنسنا۔
انتہاض (ع) کھڑا ہونا (۲) کوچ کرنا۔ اُٹھنا۔
انتہاک (ع) نجد سے لاغر ہونا۔ گندہ ہو جانا۔ کسی کی عزت برباد کر دینا۔
اِنثار (ع) کسی کو ناک کے بل گرانا (۲) ناک میں پانی ڈالنا (۳) ناک میں جو کچھ ہو اُسے باہر نکالنا (۴) کسی کو نیزہ مار کر اس کا خون نکالنا۔
اُنثیٰ (ع) مادہ۔ عورت۔ مؤنث۔
اُنثیان }
اُنثیین } (ع) ہر دو (۲) دو عورتیں (۳) دونوں خصیے یا فوطے۔

انجاء (ع) درخت کاٹنا یا کٹوانا (۲) پوست اُتارنا۔ (۳) چھڑانا (۴) پھل پکنا (۵) ظاہر کرنا (۶) پسینہ آنا (۷) پادنا (۸) پلیدی کرنا۔
اَنجاب (ع) نجیب کی جمع۔ شرفاء۔
اِنجاح (ع) مطلب براری کرنا۔ مطلب پورا کرو۔ مُراد بر لانا۔ (۲) کامیاب ہونا۔ مراد بر آنا۔
اِنجاد (ع) مدد کرنا۔ بلند ہونا۔ اُونچی آواز سے پڑھنا۔
اِنجار (ع) بام خانہ۔
اِنجاز (ع) حاجت بر لانا۔ مطلب پُورا کرنا۔
اَنجاس (ع) نجس کی جمع نجاستیں۔ پلیدیاں۔
اِنجاس (ع) نجس کرنا۔ پلید کرنا۔ ناپاک کرنا۔
اِنجال (ع) زمین کا سرسبز ہونا (۲) چوپائے کو جلدی چلانا۔
انجال (ع) فرزند۔ نسل۔
انجام (ف) آخر۔ انتہا۔ نتیجہ۔ آخرکار۔
اِنجام (ع) طلوع ہونا۔ نکلنا (۲) آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا۔
انجامش (ف) انجام دینا۔
انجامیدن (ف) پورا ہونا (۲) تمام ہونا۔
انجذاب (ع) جذب ہونا۔ کھنچا جانا۔
انجرار (ع) رواں ہونا۔
انجس (ع) بہت نجس۔ نہایت ناپاک۔ بہت پلید۔
انجل (ع) فراخ چشم مرد۔
انجم (ع) نجم کی جمع۔ ستارے۔
انجم افشرون (ع۔ ف) معنبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
انجم روز }
انجم سوز } (ع۔ ف) سُورج۔ آفتاب۔
انجم شناس (ع۔ ف) نجومی۔ جوتشی (۲) پاسبان۔
انجمن (ع) محفل۔ مجلس (۲) فوج گروہ۔
انجمن سائے (ف) مصاحب۔
انجمن شدن (ف) لوگوں کا ایک جگہ جمع ہونا۔
انجمن کردن (ف) لوگوں کو جمع کرنا۔
انجمن محفل (ف) خوبصورتوں سے مُراد ہے۔
انجیدگان (ف) زخمی لوگ۔
انجیدن (ف) پچھنے لگانا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۳) حجامت کرانا
انجیر }
انجیرہ } (ف) مشہور پھل ہے (۲) سُوراخ (۳) مقعد کا سُوراخ۔
انجیربن (ف) انجیر کا درخت۔
انجیرخوار (ف) انجیر خور۔ ایک پرندے کا نام۔
انجیل (س) خوشخبری۔ مژدہ (۲) وہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
انجیدن (ف) ریزہ ریزہ۔ کاٹا ہوا۔

Marfat.com

اَنحا (ع) نحو کی جمع - راستے - اطوار - اطراف - انواع -
اِنحداب (ع) کبڑاپن - محدب ہونا - ٹیڑھاپن -
اِنحراف (ع) پھر جانا - حکم عدولی کرنا (۲) نافرمانی (۳) کجروی -
انحصار (ع) منحصر ہونا (۲) رُک جانا (۳) گھر جانا - کسی پر موقوف ہونا -
گھیر لینا (۴) کسی چیز میں سما جانا (۵) کوتاہ ہونا -
اِنحطاط (ع) نیچے اُترنا (۲) کم ہونا - کسی چیز کا کمی کی طرف مائل
ہونا (۳) نرخ کا اُتر جانا -
اِنحنا (ع) خم ہونا (۲) خمیدہ ہونا - کبڑا ہونا - ٹیڑھا ہونا - منحنی ہونا -
انخداع (ع) فریفتہ ہونا - فریب کھانا -
انخراط (ع) کسی جماعت میں جانا (۲) بغیر سوچے کسی امر میں گھس جانا
(۳) لڑی میں موتیوں کا پرو دیا جانا (۴) سوئی میں تاگا ڈالنا -
(۵) پھیلا جانا (۶) کسی کے پاس اُسے بُرا کہتے ہوئے آنا -
(۷) لاغر ہونا (۸) باریک ہونا -
انخراق (ع) دریدہ ہونا - پھٹ جانا -
انخزال (ع) سستی اور درماندگی سے چلنا - بات نہ کر سکنا -
انخفاض (ع) نشیب میں گرنا (۲) کسی کلمہ کو کسرہ ہونا -
انخلاع (ع) اُکھڑنا (۲) کسی چیز سے علیحدہ ہونا -
اَند (ف) چند - کئی (۲) کے (۳) کتنا (۴) تین سے نو تک (۵)
نامعلوم شمار کے لیے بھی بولا جاتا ہے (۶) پندرہ ہزار سال
(۷) اُمید (۸) اُمیدواری (۹) شکر (۱۰) شکرگزاری (۱۱) ملٹھی
کا درخت (۱۲) شک اور تعجب سے بات کہنا -
اَندا (ف) کھنگل - لپائی - لپائی کرنے والا (۳) نیک لوگوں کا خواب
(۴) سچا خواب (۵) غنیمت -
اَندا (ع) ندا کی جمع - آزادیاں -
اَندا (ع) شبنم -
اَنداچہ (ف) اندیشہ - فکر -
اَنداختن (ف) ڈالنا (۲) ترتیب دینا (۳) پھینکنا (۴) بنانا (۵)
بچھانا (۶) سکھانا (۷) سنوارنا (۸) عرض کرنا (۹)
توپ چلانا -
انداختن ورفتن (ف) کسی کام کو نامکمل چھوڑ کر اس سے اچھے کام
کے لیے چلا جانا -
اَندار (ف) افسانہ - کہانی - سرگزشت - حکایت -
اَنداز (ف) قیاس - اندازہ (۲) ماپ - ناپ - پیمانہ (۳) قدر - مرتبہ (۴) قصد
ارادہ (۵) وضع - طور - طریقہ -
اندازرسا (ف) ہر ایک پسندیدہ طرز -
اندازہ (ف) ناپ - ماپ (۲) مقدار - پیمانہ (۳) قدر - مرتبہ - مناسب - لائق -
اندازۂ اُو نیست (ف) اس کا اندازہ نہیں ہے - عدم قدرت سے کنایہ
ہے -
اندازہ گرفتن (ف) وزن کرنا - اندازہ لگانا - پیمائش کرنا -
اندام (ف) جسم - بدن (۲) جوڑ - عضو (۳) باقاعدہ کام (۴) قاعدہ -
روش (۵) زیبائش (۶) آماستن (۷) ادب (۸) گھر کے سامنے
یا کھلا میدان (۹) گھر کا صحن -
اِندام (ع) نادم اور شرمندہ ہونا -
اَندام دادن (ف) نہایت خوبصورت کام کرنا -
اَندامی (ف) خوش اسلوب جامہ - کپڑا جو جسم پر ٹھیک آئے -
اندام یافتن (ف) خوش اسلوب ہونا -
اندادہ
اندابہ } (ف) گل مالہ - معماروں کی کرنی -
اندایش (ف) کھنگل کرنا - لپائی کرنا - استرکاری کرنا - قلعی کرنا -
اندائیدن (ف) کھنگل کرنا - طمع کرنا -
اندباغ (ع) دباغت کرنا - چمڑے کو پکانا - کچے چمڑے کو صاف
کرکے پختہ بنانا یا بننا -
اَندجان (ب) اندگان کا معرب - دیکھو اندگان -
اِندخال (ع) داخل ہونا - اندر آنا -
اَندخس (ف) پشت و پناہ - مدد دینے والا -
اندخسوارہ (ف) قلعہ - حصار - تکیہ گاہ - پناہ گاہ -
اندخسیدن (ف) پناہ دینا - مدد دینا -
اَندر (ف) بیچ - درمیان -
اِنداراب (ف) بدخشاں کے ایک شہر کا نام -
اِندراج (ع) درج ہونا - داخل ہونا -
اَندران (ف) آپس میں -
اندران (ف) اس قسم کا گوند -
اندربائے
اندربایست } (ف) حاجت ضرورت (۲) ضروری شے -
اندرخوار
اندرخور
اندرخورا
اندرخورد
اندرخورند } (ف) لائق - زیبا - درخور - سزاوار - مناسب - اہلیت
کے مطابق -
اندرخوردن (ف) لائق ہونا - سزاوار ہونا - زیبا ہونا -
اندرُز (ف) نصیحت - پند - وصیت -
اندرزگر (ف) نصیحت کرنے والا - ساسانیوں کے دور میں مشورہ دینے
والے کو کہتے تھے -
اندرکشیدن (ف) پہنچنا (۲) جانا (۳) فوج روانہ کرنا -
اندرگاہان (ف) درمیانی وقت -
اندروا
اندرواژ
اندرواہ
اندروائے } (ف) حیران سرگشتہ (۲) آرزومند - حاجت مند (۳)
آرزو (۴) سرنگون - اُلٹا -
(۵) اُلٹا لٹکا ہوا -
اندرُود (ف) ایک قسم کی چھوٹی تلوار -
اندرُون (ف) اندر - بیچ - درمیان (۲) زنان خانہ -
اندررفتن (ف) اندر جانا - داخل ہونا -

Marfat.com

اندرونہ (ف) قمیص (۲) تختہ۔
اندرونہ شناسی (ف) بدن کے اندرونی اعضاء کو پہچاننا۔ وہ علم جو بدن کے اندرونی اعضاء کے متعلق بحث کرتا ہے۔
اندرونی (ف) اندر کا درمیانی
اندرہست (ف) جنگلی زعفران۔
اندری (ف) موٹی اور سخت رسی۔
اندریمان (ف) توران کے ایک پہلوان کا نام جو افراسیاب کے زمانے میں ہوا ہے۔ یہ پہلوان گرگین کے ہاتھ سے دوازدہ رخ کی جنگ میں ہلاک ہوا۔
اندریں (ف) اس میں۔ اس کے بیچ۔
اندک (ف) تھوڑا۔ قدرے۔
اندک خور (ف) کم خور۔ تھوڑا کھانے والا۔
اندک مایہ (ف) کم مایہ۔ تھوڑی دولت رکھنے والا۔
اندکے (ف) تھوڑا بہت تھوڑا۔ قدرے قلیل۔
اندگان (ف) اندجان فرغانہ کا پایہ تخت اور ترکستان کا مشہور شہر ہے۔
اندلس (ع) ہسپانیہ۔ سپین۔ یورپ کے ایک ملک کا نام جو یورپ کے جنوب اور افریقہ کے شمال میں واقع ہے۔ پہلی صدی ہجری کے اخیر میں طارق کی سرکردگی میں عربوں نے اسے فتح کیا اور سات سو سال تک یہاں عربوں کی حکومت رہی۔
اندماج (ع) داخل ہونا۔ پیوست ہونا (۳) استوار ہونا (۴) کسی چیز میں آنا (۵) مدور ہونا۔
اندوختن (ع) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) جوڑنا (۳) قرض ادا کرنا۔
اندودن (ف) لیپنا (۲) لپیٹنا۔ پوتنا (۳) طمع کرنا۔
اندون (ف) مرہم (۲) اس طرح۔ اُس جگہ۔
اندوہ (ف) غم۔ رنج۔ الم۔
اندوہ گسار (ف) غم خوار۔ غمگسار۔
اندوہگین / اندوہ ناک (ف) غمگین۔ رنجیدہ۔
اندوہ مند (ف) غمگین۔
انده (ف) غم۔ رنج۔ الم۔
اندہان (ف) اندہ کی جمع۔ غم ہا۔ الم ہا۔
اندیدن (ف) تعجب کرنا (۲) وہ بات جو شک کے باعث آہستگی سے کہی جائے۔
اندیش مند / اندیش ناک (ف) غمگین۔ فکر مند۔ متردد۔
اندیشہ (ف) فکر۔ سوچ۔ بچار۔ غور۔ خوض (۲) ڈر۔ خوف۔ تردد۔ اندیشیدن۔ مصدر سے حاصل مصدر ہے۔
اندیشہ گار (ف) فکر مند۔ غمگین۔ متردد۔
اندیشہ گاری (ف) سوچ بچار۔ فکر۔ تردد۔

اندیشہ مند / اندیشہ ناک (ف) غمگین۔ فکر مند۔ متردد۔ متفکر۔
اندیشیدگی (ف) فکر۔ سوچ۔ بچار۔ تردد۔
اندیشیدن (ف) سوچنا۔ سوچ بچار کرنا۔ فکر کرنا (۲) اندیشہ کرنا۔
اندیک (ف) تمنا کا کلمہ ہے۔ آرزو۔ اُمید (۲) اس لیے۔ اس واسطے۔
اندیہ (ع) ندی کی جمع۔ شبنم کے قطرے۔
انذار (ع) نصیحت کرنا (۲) آگاہ کرنا (۳) ڈرانا۔
انزال (ع) اُتارنا (۲) اُترنا (۳) منی کا خارج ہونا۔
انزار (ع) کم کرنا۔ بخشش و عطا کم کرنا۔
انزجاد (ع) ہٹ جانا (۲) پلٹ جانا۔ باز آنا۔
انزجام (ع) بندھا ہوا ہونا۔
انزعاج (ع) اپنی جگہ سے اُکھڑ جانا۔ بے آرام ہونا۔
انزوا (ع) گوشہ نشینی۔ عزلت گزینی (۲) کنارہ کرنا (۳) گوشے میں بیٹھنا۔
انزیاع (ع) حق کو چھوڑ کر باطل کی طرف مائل ہونا۔
انس (ع) انسان۔ آدمی۔
اُنس (ع) محبت۔ اُلفت۔ پیار (۲) خوشی۔
اَنس (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام جو دس برس کی عمر میں داخل اسلام ہو کر حضورؐ کی خدمت میں رہے۔ اور ایک سو بیس برس کی عمر پا کر ۹۹ھ کو فوت ہوئے۔ ابوہریرہؓ کے سوا باقی تمام صحابہ سے ان کی زیادہ حدیثیں منقول ہیں۔
اُنسا (ع) انیس کی جمع۔ رفیق محبت کرنے والے۔
انساب (ع) نسب کی جمع۔ آبائی رشتے۔
انسال (ع) نسل کی جمع۔ بیٹے۔ پوتے۔
انسان (ع) آدمی (۲) آنکھ کی پتلی۔ مردمک چشم۔
انسانِ عین (ع) مردمک چشم۔ آنکھ کی پتلی۔
انسانیت (ع) آدمیت۔ انسانی صفت سے متصف ہونا۔
انسب (ع) بہت مناسب۔ مناسب تر۔
انسجام (ع) آنسو اور پانی کا رواں ہونا۔
انسداد (ع) بند کر دینا (۲) رُک جانا۔ بند ہونا (۳) بندوبست ہونا۔
انسدار (ع) دوڑنا۔
انسراح (ع) برہنہ ہونا۔ عریاں ہونا۔
انسکاب (ع) پانی گرانا (۲) پانی گرنا (۳) بہت رونا۔
انسلاب (ع) گم ہونا۔ نیست ہونا۔
انسلاک (ع) منسلک ہونا۔ موتیوں وغیرہ کا لڑی میں پرو دیا جانا۔
انسی (ع) آدمی (۲) ہر عضو کی اندرونی جانب جیسے عضو کی بیرونی جانب کو وحشی کہتے ہیں (۳) داہنی طرف۔ جانبِ راست۔ دہانِ قلم میں اوپر کی زبان۔
انشاء (ع) عبارت لکھنا (۲) شروع کرنا (۳) پیدا کرنا۔

Marfat.com

کوئی بات دل سے پیدا کرنا (۴) علم منطق کی اصطلاح میں وہ کلام جس میں صدق و کذب دونوں کا احتمال نہ ہو۔

**اِنشاء اللّٰہ** } (ع) اگر خدا نے چاہا۔
**اِنشاء اللّٰہ تعالیٰ** } خدا چاہے۔

**اِنشادسرائی** (ع۔ف) شعر خوانی

**اِنشار** (ع) پیدا کرنا (۲) زندہ کرنا۔

**اِنشراح** (ع) دل کا کھلنا

**اِنشعاب** (ع) پراگندہ ہونا۔ شاخ شاخ ہونا۔

**اِنشقاق** (ع) پھٹ جانا۔ پراگندہ ہو جانا۔ ایک قرآنی سورت کا نام۔

**اُنشودہ** (ع) سرود۔ گیت۔

**اَنصاب** (ع) خدا کے سوا جو چیزیں پوجی جائیں۔ بُت اور بتوں کے تھان۔ نصب اس کا واحد ہے۔

**اَنصار** (ع) ناصر یا نصیر کی جمع (۲) مددگار لوگ (۳) مدینے کے وہ مسلمان جنہوں نے مکے سے ہجرت کرنے پر آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور آپ کے ہمراہیوں کو مدینے میں قیام و سکونت اور دیگر ہر طرح کی مدد دی۔

**اِنصاف** (ع) منصفی کرنا۔ نیاؤ چکانا۔ داد عدل (۲) کسی چیز کا نصف لینا (۳) دو ٹکڑے کرنا۔

**اِنصباغ** (ع) رنگا جانا۔ رنگین ہونا۔

**اِنصداع** (ع) پھٹنا۔ شق ہونا۔

**اِنصراف** (ع) پھرنا۔ پلٹنا۔ واپس ہونا۔ واپس آنا۔ مراجعت۔

**اِنصرافِ خاطر** (ع) خیال ترک کرنا۔

**اِنصرام** (ع) انجام کو پہنچنا (۲) اختتام کرنا (۳) کٹنا۔ قطع ہونا۔

**اِنضباط** (ع) مضبوطی۔ پیوستگی (۲) ضبط کرنا (۳) مضبوطی کرنا۔

**اِنضباطِ اوقات** (ع) پابندیٔ وقت (۲) تقسیم اوقات۔ وقتوں کا خاص خاص کاموں کے لیے ضبط کرنا۔

**اِنضغاث** (ع) گھٹا دینا (۲) دب جانا۔

**اِنضمام** (ع) فراہم ہونا (۲) آپس میں ملنا۔ پیوستہ ہونا۔ پیوند ہونا۔ وصل ہونا (۳) پیوستگی۔

**اِنطاق** (ع) بولنے والا بنانا۔

**اِنطباع** (ع) ثبت ہونا۔ نقش ہونا۔ چھپنا۔

**اِنطباق** (ع) منطبق ہونا۔ موافق ہونا۔ دو چیزوں کا آپس میں پورا اور برابر ہونا۔ برابر ہونا۔ (۲) آپس میں ملنا۔

**اِنطفا** (ع) بجھنا (۲) افسردہ ہونا۔ چراغ یا آگ کا بجھ جانا۔

**اِنطلاق** (ع) کشادہ ہونا۔ رواں ہونا۔ آزاد ہونا۔ کشادہ رو ہونا۔

**اِنطماس** (ع) غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔

**اِنطوا** (ع) کاغذ وغیرہ کا لپیٹا جانا۔

**اَنظار** (ع) نظر کی جمع۔ نگاہیں (۲) فکریں۔

**اِنظام** (ع) نظم کرنا۔ آراستہ کرنا۔ مرتب کرنا۔

**اِنظلام** (ع) دُکھ سہنا۔ ظلم برداشت کرنا۔

**اَنعام** (ع) نعم کی جمع۔ چارپائے۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ کا بھی نام ہے۔

**اِنعام** (ع) نعمت دینا۔ تحفہ دینا (۲) زیادہ ہونا۔

**اِنعدام** (ع) نیست ہونا۔ نابود ہونا۔ مٹ جانا۔ جاتے رہنا۔ عدم ہونا۔

**اِنعزال** (ع) گوشہ نشین ہونا۔

**اِنعطاف** (ع) ٹیڑھا ہونا۔ خمیدہ ہونا۔ خم پکڑنا۔ لوٹنا (۲) واپس ہو جانا۔ پھر جانا۔ مڑنا۔

**اِنعقاد** (ع) منعقد ہونا۔ بندھنا۔

**اِنعکاس** (ع) کسی شفاف شے پر کسی چیز کا عکس پڑنا (۲) اُلٹا ہونا۔ اوندھا ہونا۔

**اَنعُم** (ع) (اَنْ عُ م) احسان۔ جمع ہے۔ اس کا واحد نعمت ہے۔

**اِنغماس** (ع) دریا میں غوطہ لگانا (۲) پانی میں جانا۔

**اِنغلاق** (ع) دروازے کا بند ہونا۔

**اِنغمام** (ع) غمگین ہونا (۲) پوشیدہ ہونا۔

**اِنفاذ** (ع) جاری کرنا۔ رواں کرنا۔ بھیجنا (۲) حکم جاری کرنا (۳) خنجر یا تلوار کا کسی شے میں سے پار کرنا۔

**اَنفاس** (ع) نفس کی جمع۔ سانس۔ دم (۲) طویل عبارت۔

**اَنفاغ** (ع) گستاخ۔ شوخ۔ شوخ چشم۔

**اِنفاق** (ع) روزی دینا۔ خرچ دینا۔ نفقہ دینا (۲) رواج دینا۔ (۳) مال ختم ہونا۔ مفلس ہونا۔

**اَنفاق** (ع) نفق کی جمع۔ زیر زمین راستہ۔ سُرنگ۔

**اَنفال** (ع) نفل کی جمع۔ لوٹ کا مال۔ مالِ غنیمت۔ (۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام بھی ہے۔

**اَنفت** (ع) شرم۔ حیا (۲) چشم پوشی۔

**اِنفتات** (ع) ریزہ ریزہ ہونا۔

**اِنفتاح** (ع) کھلنا۔ فتح ہونا (۲) کشادہ ہونا۔

**اِنفتاق** (ع) کشادہ ہونا۔ کشادگی۔

**اِنفجار** (ع) چشمہ پھوٹ کر پانی بہنا (۲) پھوڑے سے پیپ جاری ہونا۔ پھٹنا۔

**اِنفراج** (ع) غم سے چھٹکارا۔

**اِنفراد** (ع) تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا۔

**اَنفَس** (ع) نہایت نفیس۔ نہایت قیمتی۔

**اَنفُس** (ع) نفس کی جمع۔ ارواح۔ جانیں۔

**اِنفساخ** (ع) نکاح یا معاہدے کا فسخ ہو جانا

**اَنفسی** (ع) عالم ارواح اور عالم باطن۔

**اِنفصال** (ع) فیصلہ ہونا (۲) جُدا ہونا۔

**اِنفصام** (ع) شکستہ ہونا۔ ٹوٹ جانا۔

**اِنفطار** (ع) پارہ پارہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) پھٹ جانا۔ (۳) پیدا کرنا۔

Marfat.com

**اَنفع** (ع) بہت مفید۔ زیادہ فائدہ مند۔

**اِنفعال** (ع) شرمندہ ہونا (۲) کسی شے کا اثر قبول کرنا۔ شرمندگی۔ خجالت۔ شرمساری۔

**اِنفکاک** (ع) فک ہونا۔ جُدا ہونا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ آزاد ہونا۔

**اَنقاب** (ع) نقب کی جمع۔ سوراخ۔ چھید۔ سُرنگ۔ سیندھ۔

**اَنقاب** (ع) نقاب کی جمع۔ روبند۔

**انقاس** (ع) نقس کی جمع۔ لکھنے کی سیاہی۔ دوات کی روشنائی۔

**انقاص** (ع) ناقص کرنا۔ کم کرنا۔

**اِنقباض** (ع) قبض ہونا۔ سُکڑنا۔ بھچنا۔

**اِنقراض** (ع) ترا جانا۔ کاٹا جانا۔ (۲) کٹنا (۳) مدت کا آخر ہونا۔ میعاد کا ختم ہونا۔

**اَنقرہ** (ع) انگور کا معرب۔ دیکھو انگورہ۔

**انقسام** (ع) منقسم ہونا۔ حصے حصے ہونا۔

**اَنقص** (ع) ناقص تر۔ نہایت ناقص (۲) کمتر۔ بہت معیوب۔

**اِنقشار** (ع) چھلنا۔ درخت وغیرہ کا پوست اُتر جانا۔

**اِنقشاع** (ع) ابر کا پراگندہ ہوجانا۔ دل کا غم سے ہلکا ہوجانا۔

**انفصام** (ع) ٹوٹنا۔ ٹوٹ جانا۔ ٹوٹ کر الگ ہوجانا۔

**اِنقطاع** (ع) منقطع ہونا۔ کٹ جانا (۲) رسّی کا ٹوٹنا (۳) پانی کا بند ہونا۔

**انقلاب** (ع) پھرنا۔ منقلب ہونا۔ حالت کا بدلنا۔ دور زمانہ کا اُلٹ پلٹ ہونا۔ (۲) ستاروں کی رجعت۔

**اِنقیاء** (ع) تابع ہونا (۲) متابعت۔ فرماں بردار (۳) فروتنی۔ انکسار۔

**اَنکاث** (ع) (ا ن ک ا ث) ٹکڑے۔ نکث اس کا واحد ہے۔

**اِنکاح** (ع) نکاح کرنا۔

**اِنکار** (ع) نہ ماننا۔

**اَنکال** (ع) (ا ن ک ا ل) بھاری بیڑیاں۔ نکل اس کا واحد ہے۔

**انکباب** (ع) دواؤں کی دھونی لینا (۲) مُنہ کے بل گرنا۔

**اِنکدار** (ع) گدلا ہوجانا۔ بے نور ہوجانا۔

**انکسار** (ع) شکستہ ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ شکستگی۔ عاجزی۔ فروتنی۔

**انکساف** (ع) کسوف ہونا۔ سُورج کو گہن لگنا۔ (۲) گہن لگنا۔

**انکفاء** (ع) لوٹنا۔ رنگ کا بدلنا۔

**اَنکہ** (ت) اَنّا۔ دایہ۔ بچے کو دُودھ پلانے والی دایہ۔

**انکیانو** (ت) ایک شخص کا نام جو سعد بن زنگی کے وقت ایران کا حاکم تھا۔

**انگار** (ف) سمجھ۔ خیال کر۔ معلوم کر۔

**اَنگاردن** (ف) سمجھنا۔ خیال کرنا۔ معلوم کرنا۔ گمان کرنا۔

**اَنگاردہ** (ف) افسانہ۔ داستان۔ سرگزشت۔ قصہ۔

**انگارہ** (ف) نقش ناتمام۔ ادھورا نقش (۲) نقشہ۔ خاکہ۔ ہر ادھوری شے (۳) افسانہ (۴) خیال کرنا (۵) لکھنا (۶) حساب کا دفتر۔

**اَنگارہ زدن** (ف) سیاہی یا پنسل سے کسی چیز کا خاکہ کھینچنا۔

**اَنگارہ گرفتن** (ف) بلندی یا گہرائی کا ناپ لینا۔

**انگاریدن** (ف) تصویر کھینچنا۔ نقش کرنا (۲) نقشہ بنانا (۳) جاننا۔ خیال کرنا۔ گمان کرنا۔

**اَنگاشتن** (ف) گمان کرنا۔ خیال کرنا (۲) اٹکل کرنا۔ اندازہ کرنا۔

**انگبین** (ف) عسل۔ شہد۔

**انگبینہ** (ف) شہد سے بنائی جانے والی ایک مٹھائی۔

**اَنگرہ** (ف) ہینگ۔

**اَنگشت** (ف) کوئلہ۔

**اَنگشت** (ف) اُنگلی۔

**انگشت آفتاب** (ف) آفتاب کی شعاعوں کے خطوط۔

**انگشت افشردن** (ف) انگلی دبانا۔ اُنگلی مروڑنا۔ مرادی معنی آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔

**انگشتانہ** (ف) دھات یا چمڑے کا خول جو سلائی کے وقت درزی درمیانی انگلی میں پہنتے ہیں۔

**انگشت بدنداں** (ف) حیران۔ متعجب۔ متحیر۔ حیرت زدہ (۲) افسوس کرنیوالا۔

**انگشت بدنداں گرفتن** } (ف) تعجب کرنا۔
**انگشت بدنداں گزیدن** } (۲) افسوس کرنا۔

**انگشت بدنداں نہادن** (ف) حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔

**انگشت بگوش نہادن** (ف) نہ سُننا۔ سُننے سے انکار کرنا۔

**انگشت بر آتش زدن** (ف) خلافِ عقل کام کرنا۔

**انگشت بر چشم نہادن** (ف) قبول کرنا۔ مان لینا۔

**انگشت بر حرف کسے نہادن** (ف) عیب پکڑنا۔ عیب چینی کرنا۔

**انگشت بر در زدن** (ف) کواڑ کھٹکھٹانا۔ دروازہ کھلوانا۔

**انگشت بر دہاں نہادن** (ف) متعجب ہونا۔ تعجب کرنا (۲) کسی چیز پر حسرت و افسوس کرنا۔

**انگشت بر کسے خائیدن** (ف) تنبیہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

**انگشت بر لب بردن** (ف) خاموش کو بات کرنے کے لیے اشارہ کرنا۔

**انگشت بر لب گرفتن** } (ف) حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔ حیران رہنا۔
**انگشت بر لب نہادن** } حیرت زدہ ہونا۔

**انگشت بر نمک سُودن** (ف) عہد و پیمان کرنا۔ قسم کھانا۔ قول و قرار کرنا۔

**انگشت بریدہ را نمک نمیکند** (ف) نافرمان اور خود رائے شخص سے کنایہ ہے۔

**انگشت پیچ** (ف) قول و قرار۔ عہد و پیمان (۲) دستاویز (۳) وہ چیز جس پر اعتراض کیا گیا۔

**انگشت پیچیدن** (ف) گننا۔ شمار کرنا۔

Marfat.com

**اَنگُشت تعجب بدنداں بُودن** } (ف) (۱) حیرت - تعجب -
**اَنگُشت تعجب بدنداں داشتن** } حیرت و تعجب ہونا -
**اَنگُشت حیرت بدنداں گرفتن** (ف) حیران و متعجب ہونا -
**اَنگُشت خائیدن** (ف) حیرت (۲) ندامت (۳) پشیمانی
**اَنگُشت خوردن** (ف) ندامت - حیرانی - افسوس - پشیمانی
**اَنگُشت در چشم کردن** (ف) رکاوٹ کرنا - مزاحمت کرنا - متعرض ہونا -
**اَنگُشت در سوراخ کژدُم کردن** } (ف) اپنے آپ کو جان بُوجھ کر
**اَنگُشت در سوراخ مار کردن** } ہلاکت میں ڈالنا -
**اَنگُشتر** (ف) انگوٹھی - خاتم -
**اَنگُشتر پا** (ف) بے اعتبار چیز -
**اَنگُشتر دست کسے بُودن** (ف) کٹھ پتلی کی طرح کسی کے اختیار میں ہونا اور بے اختیار رہنا -
**اَنگُشت شک** (ف) شہادت کی اُنگلی -
**اَنگُشتر زنہار** (ف) امان اور پناہ کی انگوٹھی - وہ انگوٹھی جو کوئی بادشاہ پناہ اور امان کی تصدیق کے لیے کسی شخص کو دے تاکہ اہل لشکر میں سے اُسے کوئی کچھ نہ کہے -
**اَنگُشتری** } (ف) انگوٹھی خاتم -
**اَنگُشتریں** }
**اَنگُشت زدن** (ف) خوشی کے وقت اس طرح اُنگلی پر اُنگلی مارنا کہ آواز پیدا ہو -
**اَنگُشت شمار** (ف) چند ایک -
**اَنگُشت شہادت** (ف) مسبحہ - سبابہ - انگوٹھے کے ساتھ والی اُنگلی - دائیں ہاتھ کی انگوٹھے کے ساتھ والی اُنگلی -
**اَنگُشت عروس** } (ف) ایک قسم کی مٹھائی - ایک قسم کا حلوا
**اَنگُشت عروساں** } جس کے ٹکڑے اُنگلی کے برابر ہوتے ہیں - اور اُس میں مغز پستہ ڈالا جاتا ہے -
**اَنگُشت عسل بدیوار کشیدن** (ف) ہنگامہ برپا کرنا -
**اَنگُشت کردن** (ف) جانور کو چھیڑنا - برانگیختہ ہونا - مارنا (۲) مجبور کرنا -
**اَنگُشت کش** (ف) مشہور و معروف (۱) عیب دار - وہ شخص جس کی طرف اُنگلی سے اشارہ کیا جائے -
**اَنگُشت کشیدن** (ف) اشارہ کرنا (۲) تباہ و برباد کرنا - مٹانا -
**اَنگُشت گزاری** (ف) اُنگلیوں سے چھُونا -
**اَنگُشت گزیدن** (ف) حیرت (۲) ندامت (۳) پشیمان ہونا -
**اَنگُشت نر** (ف) انگوٹھا -
**اَنگُشت نما** (ف) انگشت کش - مشہور و معروف جو خواہ نیک نام ہو خواہ بدنام -
**اَنگُشت نہادن** (ف) اعتراض کرنا (۲) قابو و خیال کرنا -
**اَنگُشتو** (ف) میدہ - روٹی کے ٹکڑے گھی اور شکر میں ملے ہوئے -
**اَنگَل** (ف) طفیلی - مُفت خور -

**اَنگلہ** (ف) تکمہ - گریبان کی گھنڈی -
**اَنگلیس** (ف) انگلش کا مفرس - انگریزی زبان -
**اَنگلیسی** (ف) انگریزی زبان -
**اَنگلیون** (ف) انجیل مقدس (۲) مانی نقاش کی کتاب کا نام (۳) سات رنگ کی دیبا (۴) ایک ساز کا نام (۵) ہر وہ شے جو عجیب و غریب ہو -
**اَنگُور** (ف) مشہور پھل کا نام -
**اَنگُورستان** (ف) انگوروں کا باغ - وہ جگہ جہاں کھجور کی بیلیں کثرت سے ہوں -
**اَنگُورک** (ف) انگور کا مصغر - چھوٹا انگور - لکڑی کی ایک قسم جو انگور کے دانے کے مشابہ ہے -
**اَنگُورک چشم** (ف) آنکھ کی پتلی -
**اَنگُوری** (ف) انگوری شراب -
**اَنگُورہ** } (د) انقرہ - عموریہ - ایشیائی روم یعنی ایشیائے کوچک کے
**اَنگُوریہ** } ایک مشہور شہر کا نام جو ۱۹۱۴ء والی جنگ عظیم اور انقلاب ٹرکی کے بعد بجائے قسطنطنیہ کے ترکوں کی آزاد حکومت سلطنت ٹرکی کا پایہ تخت قرار پایا -
**اَنگُوزہ** } (ف) انگزہ - انگژہ - ہینگ -
**اَنگُوژہ** }
**اَنگیختن** (ف) بھڑکانا - اُبھارنا - اُکسانا (۲) بلند کرنا (۳) اچھالنا - کُودوانا - (۴) کھینچنا (۵) حرکت دینا (۶) پیدا کرنا - (۷) تعمیر کرنا -
**اَنگیختہ** (ف) اُبھرا ہوا - بلند -
**اَنگیز** (ف) انگیختن کا امر اور حاصل مصدر -
**اَنناس** (ف) ایک مشہور پھل کا نام جو ہندوستان اور بنگال میں کثرت پیدا ہوتا ہے -
**اَنوار** (ع) نُور کی جمع - روشنیاں -
**اَنوار** (ع) نَور کی جمع - کلیاں - شگوفے -
**اَنواع** (ع) نوع کی جمع - قسمیں - نوعیں - اقسام -
**اَنوَر** (ع) نہایت نورانی - نہایت روشن - خوبصورت -
**اَنوشہ** } (ف) دُولہا - داماد (۲) نوجوان بادشاہ (۳) خوشحال -
**نوشہ** } خرم (۴) شاباش - مرحبا (۵) شراب انگور -
**اُنُوف** (ف) انف کی جمع - ناک - بینی -
**اَنُوق** (ع) عقاب -
**اَنُوک** (ف) احمق -
**اِنہاء** (ع) پیغام پہنچانا - خبر پہنچانا - اطلاع دینا -
**اِنہاج** (ع) واضح ہونا -
**اِنہار** (ع) پیغام دینا - خبر دینا -
**اَنہار** (ع) نہر کی جمع - نہریں -
**اَنہارِ اَربعہ** (ع) چار نہریں - یعنی دریائے نیل - فرات - جیحوں - اور سیحوں -

Marfat.com

اَنہارِ حدائق فلکی (ع) ستارے - سیار و ثوابت -
اَنہارِ فردوس (ع) بہشت کی نہریں جو پانی اور دُودھ اور شراب کی ہیں -
اِنہاک (ع) ناتواں اور دُبلا کرنا -
اِنہدام (ع) منہدم ہونا - ڈھ جانا - مکان کا گرنا - ویران ہونا (۲) ڈھا دینا -
اِنہزام (ع) لشکر کا شکست کھانا (۲) ٹوٹنا - (۳) شکست -
اِنہضام (ع) ہضم ہونا - گوارا ہونا -
اِنہلاک (ع) ہلاکت ہونا - ہلاکت میں پڑنا -
اِنہلال (ع) مینہ کا زور سے برسنا (۲) آنسوؤں کا جاری ہونا -
اِنہماک (ع) منہمک ہونا - محو ہونا - مستغرق ہونا - کسی کام میں نہایت کوشش کرنا -
اِنہیام (ع) پگھلانا - گھلنا - گلنا -
انہ ناس (ف) دیکھو اناس -
اَنیاب (ع) ناب کی جمع - کچلیاں - نشتر کے دانت - دانت -
اَنیث (ع) نرم لوہا -
اَنیران (ف) ہر شمسی مہینے کا تیسواں دن (۲) اس فرشتے کا نام جو عقد و نکاح پر موکل ہے -
اَنیس (ع) اُنس کرنے والا - محبت کرنے والا - یار - دوست - غم خوار - رفیق -
اَنیق } (ع) عجیب - خوب - اچھا - نادر - دلپذیر -
اَنیقہ }
اَنین (ع) نالہ و فریاد - رونے کی آواز (۲) نالہ کرنا - رونا -

---

# ا - و

---

اُو - (ف) وہ شخص - ذو العقول کے لیے بولا جاتا ہے -
اَو - (ف) پانی - آب - آو کا مخفف ہے - جو آب کا مبدل ہے -
اَوْ (ع) یا - خواہ (حرف تردید ہے)
اوا (ف) آوا کا مخفف جو آواز کا مخفف ہے - آواز -
اَوّاب (ع) تسبیح کرنے والا - خدا کی طرف رجوع کرنے والا - توبہ کرنے والا -
اَوابد (ع) وحشی جانور -
اَواخر (ع) آخر کی جمع - پچھلے - پچھلے حصے -
اوارجہ (ف) بہی - رجسٹر - دفتر کی کتاب (۲) حساب کا صدر دفتر -
اَوارون (ف) ناراست - ٹیڑھا -
اوارونی (ف) ناراستی - جھوٹ -
اوارونہ (ف) ٹیڑھا ناراستہ -
اَواسِط (ع) اوسط کی جمع - درمیانے (۲) قوم کے سردار -
اَوامِر (ع) امر کی جمع احکام -
اَوان (ع) وقت - ہنگام -
اِوان (ف) ایوان کا مخفف - محل - بلند مکان -
اوانس (ع) آنسہ کی جمع - پاکیزہ عادت والی عورتیں - کنواری جوان لڑکیاں -
اَوانی (ع) جمع الجمع اناء یعنی آنیہ کی جمع - برتن - ظروف -
اَوائل (ع) اوّل کی جمع -
اَوباریدن (ف) نگلنا - نگل جانا - بارش ہونا -
اَوباش (ع) وبش کی جمع - یا لوش مقلوب کی جمع - بدمعاش - رند - شہدے - لچے - گنڈے - ادنیٰ درجے کے آدمی - بازاری آدمی - یہ لفظ واحد کے لیے بھی بولا جاتا ہے -
اُوبہ (ع) قصبہ - قریہ -
اَوتاد (ع) وتد کی جمع - میخیں (۲) اولیا کی ایک جماعت کا بھی نام ہے - جو دنیا میں کل چار شخص ہوتے ہیں -
اَوتار (ع) وتر کی جمع - ساز کے تار (۲) کمان کے رودے - کمان کی زہ -
اُوتاغ } (ف) اس لفظ میں واؤ نہیں بولی جاتی -
اُوطاق } کمرہ - حجرہ - اطاق -
اُوتراق (ف) ٹھہرنا - مقام کرنا -
اَوثان (ع) وثن کی جمع - بت - صنم -
اَوثق (ع) بہت مضبوط - نہایت محکم -
اَوج (ع) اوگ کا معرب ہے - اُونچائی - بلندی -
اَوجاع (ع) وجع کی جمع - درد - دکھ - تکلیف -
اوجاغ } (ف) ان لفظوں میں واؤ نہیں بولی جاتی -
اوجاق } چولہا - دیگدان -
اَوجال (ع) وجل کی جمع - ڈر - خوف -
اَوجب (ع) نہایت واجب - بہت ضروری -
اَوجِ سرو (ف) ایک نغمہ کا نام ہے -
اَوجِ مریخ (ع) برج اسد - سنگھ راس -
اَوجہ (ع) وجیہ تر - بہت خوبصورت -
اَوجی (ف) ایک شاعر کا تخلص -
اَوحال (ع) وحل کی جمع - کیچڑ - تیلا گارا -
اَوحد (ع) ایک - یگانہ - یکتا - یکا -
اَوخ (ف) آہ - افسوس (۲) نصیب - قسمت -
اَودّا (ع) ودید کی جمع - دوست - یار -
اَوداج (ع) وداج کی جمع - گردن کی رگیں -
اَودَر (ف) چچا - باپ کا بھائی -
اَودیہ (ع) وادی کی جمع - وادی کی جمع -
اُودہ (ف) محملا -

Marfat.com

اُورا (ف) قلعہ - حصار۔
اُوراچہ مے شود (ف) اس کا کیا جاتا ہے - یا کیا بگڑتا ہے۔
اُوراد (ع) ورد کی جمع - وظیفے (اذکار اور دُعائیں جو مقررہ وقتوں میں پڑھے جاتے ہیں۔
اُوراق (ع) ورق کی جمع - یا ورقہ کی - کاغذ - ورق - پتے -
اورامین (ف) ایک قدیم ایرانی راگ -
اُورجہ (ف) ایک قصبے کا نام -
اورچنین (ف) کمند -
اُورِدَہ (ع) ورید کی جمع - گردن کی رگیں -
اُورس (ع) پہاڑی سرو -
اورع (ع) بہت پارسا -
اُورق (ع) خاکستر - راکھ (۲) خاکستری رنگ کا اُونٹ -
اُورک (ف) جھولا - پینگ -
اورمز / اورمزد } (ف) ستارہ مشتری (۲) خدا تعالےٰ کا نام (۳) ہر شمسی مہینے کا پہلا دن (۴) اُس فرشتے کا نام جو ہر شمسی مہینے کی پہلی تاریخ کا مؤکل خیال کیا جاتا ہے۔
اورند (ف) تخت (۲) شان - شکوہ - فر - (۳) دبدبہ (۴) حیلہ - دغا - فریب - مکر - دھوکا (۵) زندگانی -
اورندیدن (ف) فریب دینا - دھوکا دینا -
اُورنگ (ف) تخت شاہی (۲) دانش - عقل (۳) شکوہ - دبدبہ - (۴) خوشحالی (۵) زندگانی - مکر - فریب - حیلہ - دھوکا - (۶) ایک کیڑے کا نام جسے دیمک کہتے ہیں -
اُورنگ خورشید شورانیدن (ف) محال کام کرنا - لغو کام کرنا -
اُورنگ زیب (ف) سلطان عالمگیر غازیؒ کا لقب ہے جو شاہ جہان کے تیسرے بیٹے تھے - ۱۰۶۸ھ میں دہلی میں تخت نشین ہوئے - اور ۹۱ سال کی عمر میں ۵۱ سال کی سلطنت کے بعد ۱۱۱۸ھ میں دکن میں وفات پا کر اورنگ آباد میں مدفون ہوئے -
اُوزار (ف) ہتھیار - کاریگروں کے آلات (۲) بادبان (۳) گرم مصالح -
اُوزار (ع) وزر کی جمع - گناہ - بوجھ -
اوزاع (ع) لوگوں کے گروہ - جماعتیں اس کی مفرد نہیں - عرب کے ایک بطن کا نام - دمشق میں ایک گاؤں کا نام -
اوزان (ع) وزن کی جمع - باٹ - مقدار - اندازہ - تول -
اوزبک (ف) دیکھو - اُزبک -
اُوژم / اُژم } (ف) اُژم - انگور -
اوزندیدن (ف) گرا دینا (۲) مار ڈالنا -
اُوس (ع) عرب کے ایک قبیلے کا نام (۲) عطا - بخشش -

(۳) عوض (۴) فرصت - غنیمت (۵) گرگ - بھیڑیا -
اوساخ (ع) وسخ کی جمع - چرک - میل - کچیل - پیپ -
اوستاخ (ف) گستاخ - دلیر - بے پروا - بے رحم -
اُوستاد (ف) اُستاد (۲) کتاب جاننے والا - معلم -
اوسخ (ع) بہت گندا -
اُوسط (ع) درمیان والا -
اوسط قضایا (ع) حد اوسط -
اوش (ف) واؤ مجہول - چین اور سمرقند کے مابین ولایت فرغانہ کے ایک قصبے کا نام -
اوشاق (ف) واؤ نہیں بولی جاتی - امرد - طفل - بے ریش - بچہ بے ریش -
اوشال (ع) تالاب - پہاڑ میں پانی ہونے کی جگہ -
اوشال (ع) تھوڑا پانی - تھوڑا سا پانی جو پہاڑ سے نکلے - بہت آنسو - بہت پانی - یہ لفظ اضداد میں ہے -
اوشنگ (ف) الگنی - وہ رسی جس پر کپڑے اور انگور وغیرہ کے خوشے لٹکائے جاتے ہیں -
اوصاف (ع) وصف کی جمع - صفتیں - تعریفیں -
اوصیا (ع) وصی کی جمع - وصیت کرنے والے (۲) اور وہ لوگ جن کو وصیت کی جائے -
اُوضاع (ع) وضع کی جمع - ڈھنگ - اطوار - طریقے (۲) گھر بار - (۳) زندگی -
اُوضح (ع) روشن تر - نہایت روشن -
اُوطار (ع) وطر کی جمع - حاجتیں -
اُوطان (ع) وطن کی جمع - سکونت کے شہر - سکونت کی جگہیں -
اوستاخ (ف) گستاخ (۲) گستاخی -
اُوعیہ (ع) وعاء کی جمع - برتن - ظروف -
اُوغا (ف) ہوا - باد - واؤ نہیں بولی جاتی -
اُوغلی (ف) اس لفظ میں واؤ نہیں بولی جاتی - اوغلان کی طرف منسوب ہے جو ازبکوں کی ایک قوم کا نام ہے - اوغلان کی اولاد وغیرہ -
اوفتادن (ف) افتادن کا مرادف ہے - گرنا - پڑنا (۲) اتفاق پڑنا -
اُوفر (ف) زیادہ تر - نہایت ہی - بہت ہی -
اُوفق (ع) زیادہ موافق - بہت موافق -
اُوقات (ع) وقت کی جمع (۲) حیثیت - بساط -
اُوقاف (ع) وقف کی جمع - وہ اشیاء جو وقف کی جائیں -
اُوقیانوس (ی) دیکھو اوقیانوس -
اُوقیہ (ع) چالیس درم کے وزن کا نام - ایک درم ساڑھے تین ماشے کا ہوتا ہے -
اُوکار (ع) آشیانے - وکر کی جمع -
اوگ (ف) بلندی -

Marfat.com

اَوّل (ع) پہلا -
اُوَل (ع) اولیٰ کی جمع - پہلی چیزیں -
اُول (ت) اس لفظ میں واؤ نہیں بولی جاتی - اُس کے ساتھ -
اَولاد (ع) بیٹا - بیٹے - بیٹی - پوتے - نواسے - بیٹیاں - پوتیاں -
اولاد (ف) مازندران کے ایک پہلوان کا نام - جسے رستم نے فتح کے بعد مازندران دے دیا تھا -
اُولاغ (ع) گدھا - خر - بواؤ غیر ملفوظ -
اَوّل بہا شیر بہا (ف) پہلی ہی قیمت سب سے بہتر ہوتی ہے (یہ ایک محاورہ ہے)
اَوّل بہا مشک بہا (ف) (محاورہ سوداگران) پہلی قیمت سب سے بہتر ہے -
اَوّل تجلّی (ع) عقل اوّل -
اَوّل خویش بعدہٗ درویش (ع) پہلے اپنے عزیزوں اور قریبیوں سے سلوک کرنا چاہیے - اور پھر غیر سے -
اَوّل دُشت (ف) سب سے پہلی فروخت - بوہنی -
اوا[illegible]
اَونج (ف) خوشۂ انگور -
اَوّل شب (ف) پہلی رات -
اَوّل طعام بعدہٗ کلام (ع) کھانا مقدم ہے بغیر کھائے کچھ نہیں ہو سکتا (محاورہ ہے)
اَوّل قنوت (ع) صبح کاذب -
اُولکہ (ت) ملک - ولایت -
اُولنگ (ت) مرغزار - سبزہ زار -
اُولُو (ع) ذو کی جمع - صاحب - والے - پہلی واؤ نہیں بولی جاتی -
اُولُوالابصار (ع) (پہلی واؤ نہیں بولی جاتی) بینا لوگ - آنکھوں والے - دانا لوگ - عقل مند -
اُولُوالالباب (ع) (پہلی واؤ نہیں بولی جاتی) دانا لوگ - صاحبان دانش - عقل مند لوگ -
اُولُوالاَمر (ع) (پہلی واؤ نہیں بولی جاتی) صاحبانِ حکم - حکام - حاکم - بادشاہ -
اُولُوالعَزم (ع) صاحبانِ عزم - بڑی ہمت والے لوگ - عالی ہمت - بڑے ارادے والے - (۲) وہ پانچ پیغمبر جن کے آنے سے سابقہ دین منسوخ ہوتے رہے - یعنی نوحؑ - ابراہیمؑ - موسےٰؑ - عیسیٰؑ - محمدؐ علیہم السلام (۳) اکثروں کے نزدیک وہ نو پیغمبر جو بڑی بڑی مصیبتوں اور تکالیف شدیدہ کے موقع پر رضاالٰہی پر صابر و شاکر رہے - یعنی نوحؑ - ابراہیمؑ - داؤدؑ - یعقوبؑ - یوسفؑ - ایوبؑ - موسیٰؑ - عیسیٰؑ - محمدؐ علیہم السلام -
اولوالامر (ع) صاحبانِ علم - دانشمندان - حکام -
اُولےٰ (ع) سب سے اچھا - بہتر - زیادہ لائق -
اُولےٰ (ع) پہلی پہلی شے -
اُولی (ع) اس کلمہ میں واؤ غیر ملفوظ ہے - اور یہ بلا اضافت نہیں آتا (۱) خداوندان (۲) صاحبانِ عقل -

اَولیا (ع) ولی کی جمع - رفیق - دوست - مددگار - حمایتی (۲) سرپرست - متصرف -
اَوّلین (ف) پہلا -
اَوّلین (ع) اوّل کی جمع - پہلے لوگ -
اَوّلین نقش (ف) عقلِ اوّل - پہلی پیدائش - نورِ محمدی -
اَوہام (ع) وہم کی جمع - خیالات -
اَوہن (ع) پُرانا -
اَوہنُ البُیُوت (ع) سب گھروں سے کمزور - گھر - نہایت بودا مکان -
اُویٰ (ع) پناہ اور ٹھکانا پکڑنا -
اُویس (ع) بھیڑیا -
اُویس قرنی (ع) ایک ولی کامل کا نام جو یمن کے قصبہ قرن کے رہنے والے - قبیلہ قرن سے تھے - اسی لیے اویس قرنی کہلاتے ہیں - اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں ہوئے ہیں - لیکن اپنی ضعیف والدہ کی خدمت کے باعث بارگاہ [illegible] خدمت [illegible] نہ ہو سکے - حضرت کے رفقا سے تھے - [illegible] جنگ صفین میں شہید ہوئے -

# ا - ہ

اِہاب (ع) چمڑا (۲) کچا چمڑا -
اَہالی (ع) اہل کی جمع - والے - اشراف لوگ - شائستہ - لائق - صاحبان - مالکان -
اہالی ایران (ف) ایران کے باشندے -
اِہانت (ع) بُرا جاننا - ذلیل سمجھنا - نفرت کرنا - حقیر جاننا - (۲) ذلیل کرنا -
اُہبت (ع) گھوڑے کا سازوسامان -
اہتدا (ع) ہدایت کرنا - راہ پر لانا (۲) ہدایت پانا - راہِ راست پر آنا -
اہتمام (ع) انتظام - بندوبست (۲) سعی - کوشش (۳) غم خواری کرنا (۴) غمگین ہونا (۵) تحفہ بھیجنا -
اہدا (ع) ہدیہ بھیجنا - تحفہ دینا -
اہداب (ع) ہدب کی جمع - آنکھوں کی پلکیں -
اہداف (ع) ہدف - نشانے - تیر کے نشانے -
اَہرام (ف) شیطان (۲) سانپ کا موٹا اور بڑا پن -
اَہرام (ع) ہرم کی جمع - بہت بوڑھے -
اِہرام (ع) بوڑھا ہونا - بہت بوڑھا ہونا -
اہرامِ مصر / اہرامِ مصری (ع) مصر کے مینار - چونکہ یہ مینار قریباً چھ ہزار سال کے پُرانے ہیں - اس لیے عرب انہیں اہرام کہتے ہیں - یہ چار مینار ہیں - یہ محیر العقول عمارتیں اس قدر

Marfat.com

لاجواب، مضبوط اور وسیع ہیں کہ جوں جوں انسان ان کے متعلق زیادہ غور کرتا ہے۔ اتنا ہی زیادہ محو حیرت ہوتا چلا جاتا ہے۔ ان کا شمار عجائبات عالم میں ہے۔ یہ مینار چوپہل اور مخروطی شکل کے ہیں۔ قاہرہ پایہ تخت مصر سے چند میل کے فاصلے پر پہاڑ کی چٹانوں پر سنگین عمارت کے تعمیر شدہ ہیں۔ دریائے نیل سے ان کا فاصلہ قریباً پانچ میل ہے۔

اہران (ف) آتشدان۔

اَہرَمَن / اَہریمن (ف) آتش پرستوں کے عقیدے کے مطابق دو خدا ہیں۔ ایک خالق خیر ہے اُسے یزدان کہتے ہیں۔ دُوسرا خالق شر ہے جسے اہرمن کہتے ہیں۔ شیطان۔

اہرمن لاخ (ف) شر و فساد کی سرزمین۔

اہریمن خُو (ف) شیطانی عادات رکھنے والا۔

اہریمن روئینہ تن (ف) لوہے کے جسم والا شیطان، توپ۔

اَہل (ع) صاحب مالک (۲) شائستہ۔ لائق۔ مہذب (۳) گھر کے لوگ۔ اولاد۔

اَہل اَدب (ع) اہل علم۔ ادیب۔ عالم۔ زبان دان۔

اِہلاک (ع) ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔

اَہل اللہ (ع) اللہ کے نیک بندے۔ پرہیزگار۔

اَہل باطن (ع) مقدس اور روشن ضمیر لوگ۔

اَہل بخیہ (ف) خراباتی۔ رند (۲) ہم مشرب۔ راز دار۔

اَہل حَرَم (ع) گھر والیاں۔ گھر کی بیویاں۔

اَہل خانہ (ف) گھر والے۔ گھر کے لوگ۔

اَہل خِرد (ف) خرد مند۔ دانا۔ عقل مند۔

اَہل دَرُون (ف) صاحب دل۔ محرم راز۔ اولیاء اللہ۔ مقرب الٰہی۔ خاص لوگ۔

اَہل دعوٰے (ع) دنیادار۔ یعنی حقیقت سے ناواقف اور ظاہر پہ نظر رکھنے والے۔

اَہل دِل (ف) فیاض۔ عالی ہمت۔ بلند حوصلہ (۲) بزرگ (۳) بہادر (۴) جوشیلے۔

اَہل ذمّہ (ع) بادشاہ اسلام کی غیر مذہب رعایا۔

اَہل رائے (ع) صاحب رائے۔ صاحب علم۔ دانا۔

اَہل رِدہ (ع۔ ف) مرتد و ملحد۔

اَہل رزم (ف) جنگی آدمی۔ فوجی سپاہی۔

اَہل زمین (ف) زمین والے۔ یعنی زمین پر بسنے والے۔

اَہل شوکت (ع) دبدبے والے (۲) قدرت والے۔

اَہل صَفا / اَہل صُفّہ (ع) صُوفی لوگ۔

اَہل صُورت (ع) اہلِ دُنیا (۲) ظاہر بین۔ اہل دعوٰے۔

اَہل طریق (ع) زاہد۔ عابد۔ پرہیزگار۔ متقی۔

اَہل عَلم (ع) حکام۔ حاکم لوگ۔

اَہل فراش (ع) بستر پر رہنے والا۔ بیمار۔ مریض۔

اَہل فضل (ع) صاحب فضیلت۔ بزرگ۔

اَہل قبلہ (ع) قبلہ والے۔ مسلمان کیونکہ وہ قبلہ رُو ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔

اَہل قبوُر (ع) مُردے۔

اَہل قلم (ع) دیوانی کے محکموں کے لوگ۔

اَہل قیاس (ع) حکما جو اشیاء کی حقیقت قیاس اور دلیل سے ثابت کرتے ہیں۔

اَہل کتاب (ع) یہود و نصاریٰ۔

اَہل نظر (ع) صاحب نظر۔ اہل دل۔ صاحب دل۔

اَہل نعیم (ع) بہشتی لوگ۔ جنتی انسان۔

اَہِلّہ (ع) ہلال کی جمع۔ نئے چاند۔ پہلی رات کے چاند۔

اَہلیّت (ع) قابلیت۔ لیاقت۔ شرافت۔

اَہلیلج (ع) ہلیلہ کا معرب۔ ہڑ۔

اَہلیہ (ع) بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔

اَہم (ع) نہایت سخت غم میں ڈالنے والا (۲) نہایت ضروری (۳) بہت مشکل۔

اِہمال (ع) کسی شے کو بے کار چھوڑ دینا (۲) مطلب چھوڑ دینا (۳) دیر لگانا (۴) گالی دینا۔

اِہمام (ع) رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ بے چین کرنا (۲) غمگین ہونا۔

اَہوا (ع) ہوا کی جمع۔ خواہشیں۔ آرزوئیں۔

اَہواز (ف) خوزستان کے ایک شہر کا نام، جس کی آب و ہوا نہایت خراب اور گرم ہے اور زہریلے بچھو وغیرہ بکثرت ہوتے ہیں۔

اَہوال (ع) ہول کی جمع۔ ڈر۔ خوف۔ خطرے۔ دہشتیں (۲) خطرے والے کام۔

اَہوج (ع) احمق اور جلد باز آدمی (۲) لمبے اور موٹے جسم کا آدمی۔

اَہون (ع) نہایت آسان۔ سہل۔

اَہویہ (ع) ہوا کی جمع۔ زمین و آسمان کا درمیانی فاصلہ۔ خلا۔ خالی۔

---

# ا - ی

---

اَے (ف) حرف ندا ہے۔ یا۔ او۔

اے (ع) حرف ندا ہے۔ یا۔ او۔

ایا (ع) حرف ندا ہے۔ یا۔ اے۔ او۔

اِیاب (ع) بازگشت (۲) ارجوع۔ واپس آنا۔

اِیاب و ذہاب (ع) آنا۔ جانا۔ آمد و رفت۔

اِیاد (ع) قوت و طاقت کا وسیلہ۔ پناہ۔ پردہ۔

اَیادی (ع) ید کی جمع الجمع۔ یعنی اید کی جمع (۱) ہاتھ۔ دست (۲) بزرگی۔ نکوئی (۳) نعمتیں۔ نیکیاں (۴) قدرتیں۔ مددگار۔

ایار (ف) ایک رومی مہینے کا نام جو ماہ جیٹھ کے لگ بھگ ہوتا ہے۔ (۲) حساب۔

Marfat.com

**ایارج** (ع) ایک مرکب دوا کا نام ہے جو دماغ کے تنقیہ اور مسہل کے کام آتی ہے ۔

**ایارگیر / ایارہ گیر** (ف) پڑتال کرنے والا ۔ حساب لینے والا ۔ محاسب ۔ کاتب ۔

**ایاز / ایاس** (ف) سلطان محمود غزنوی کے ترکی غلام کا نام جو اپنی ذہانت اور لاجواب فرماں برداری کے باعث سلطان کا بہت منظورِ نظر تھا ۔

**ایازی** (ف) سیاہ نقاب جو عورتیں اپنی پیشانی یا چہرے پر ڈالتی ہیں ۔

**ایاغ / ایاق** (ت) پیالہ ۔ شراب پینے کا پیالہ ۔ ساغر ۔ جام ۔

**ایاغ خانہ** (ع) برتن بنانے کا کارخانہ (۲) باورچی خانہ ۔

**ایاغچی** (ع) برتنوں کے کارخانے یا باورچی خانے کا ناظر اور داروغہ ۔

**ایالت** (ع) سرداری (۲) پاسبانی (۳) حکومت ۔ ریاست ۔

**ایام** (ع) یوم کی جمع ۔ دن ۔ روز ۔

**ایام البیض** (ع) سفید دن ۔ ہر قمری مہینے کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ ۔

**ایام بسر کردن** (ف) عمر بسر کرنا ۔ زمانہ بسر کرنا ۔ دن گزارنے (۲) زمانے کے انجام کو پہنچنا ۔

**ایام تشریق** (ع) عید ضحیٰ کے بعد تین روز ۔ یعنی ذی الحجہ کے مہینے کی گیارھویں ۔ بارھویں اور تیرھویں تاریخیں ۔

**ایام العرب** (ع) عربوں کی معرکہ آرائیاں ۔

**ایام معدودہ** (ع) ایام تشریق ۔ دنیا کی مدت (۲) انسان کی عمر ۔ چند روز ۔ گنتی کے دن ۔

**ایامی** (ع) بیوہ عورتیں ۔ ایّم کا واحد ہے ۔

**ایان** (ف) آنے والا ۔

**ایان** (ع) استفہام کا کلمہ ہے جو کسی بہت بڑی شے کی دریافت کے متعلق استعمال کیا جاتا ہے ۔ کب ۔

**ایبک** (ف) بُت ۔ صنم (۲) معشوق (۳) قاصد (۴) غلام (۵) افغانی ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے ۔

**ایبت** (ت) کُتا ۔ سگ ۔

**ایتا** (ع) دنیا ۔ جہان (۲) کسی کو کوئی شے دینا (۳) عوض دینا ۔ بدلہ دینا ۔

**ایتام** (ع) یتیم کی جمع ۔ جن کا باپ مرگیا ہو ۔

**ایتلا** (ع) قسم کھانا (۲) غرور کرنا (۳) قصور کرنا (۴) دیر لگانا ۔

**ایتلاف** (ع) مجتمع ہونا (۲) اُلفت کرنا ۔ موافقت کرنا ۔

**ایتلاق** (ع) سفید ہونا (۲) روشن ہونا ۔ چمکنا ۔

**ایثار** (ع) پسند کرنا ۔ اختیار کرنا (۲) دوسرے کے مطلب کو اپنے مطلب پر مقدم کرنا ۔ بزرگی ۔

**ایجاب** (ع) واجب کرنا ۔ لازم کرنا (۲) ماننا ۔ منظور کرنا (۳) مقرر کرنا ۔

**ایجاد** (ع) وجود میں لانا ۔ پیدا کرنا ۔ نئی چیز پیدا کرنا (۲) طاقت بخشنا (۳) امیر بنانا (۴) مطلب کو پہنچانا (۵) رنج دینا ۔

**ایجاز** (ع) مختصر کرنا ۔ اختصار کرنا ۔ چھوٹا کرنا ۔ چھوٹا ہونا ۔

**ایجاع** (ع) دردناک بنانا ۔

**ایچ** (ف) ایچ ۔ کچھ ۔ کچھ نہیں ۔ تھوڑا ۔ نکما ۔ ذرا سا ۔

**ایچ** (ت) پی لے ۔ پی جا ۔ نوش کر ۔

**ایحا** (ع) وحی بھیجنا ۔ الہام کرنا ۔ اشارہ کرنا ۔

**ایداع** (ع) اپنا مال کسی کے پاس امانت رکھنا ۔

**ایدر** (ف) اب ۔ ابھی ۔ ادھر ۔ اس وقت ۔ اسی وقت ۔ یہ ۔

**ایدع** (ع) زعفران ۔

**ایدون** (ف) اس طرح ۔ ایسا ۔ اس وقت ۔ اب ۔ اکنوں ۔

**ایذا** (ع) دُکھ (۲) دُکھ دینا ۔ ستانا ۔

**ایر** (ع) عضوِ تناسل ۔ ذکر ۔ قضیب ۔

**ایرا** (ف) اس باعث ۔ اس سبب ۔ اس وجہ ۔

**ایراث** (ع) وارث کرنا ۔

**ایراد** (ع) وارد کرنا ۔ لانا ۔ اُتارنا (۲) اعتراض ۔

**ایراق** (ع) درخت کا نئے پتے نکالنا ۔ کونپل اُگنا ۔ نیا شگوفہ نکلنا ۔

**ایراک** (ف) کلمہ تعلیل ۔ اس لیے کہ ۔

**ایران** (ف) فارس ایشیا کے ایک ملک کا نام ہے جہاں کی زبان فارسی ہے ۔ فریدون کے بیٹے ایرج کے نام پر ایران کہلاتا ہے ۔ ہندوستان سے مغرب کی جانب واقع ہے ۔ سرسبز اور آباد ملک ہے ۔ اور اس کی تہذیب نہایت قدیم خیال کی جاتی ہے ۔ یہ سلطنت لارستان ۔ کردستان ۔ آذربائیجان ۔ مازندران ۔ گیلان ۔ فارس ۔ خراسان ۔ عراق ۔ سیستان وغیرہ ممالک کا مجموعہ ہے جس کے پایہ تخت کا نام طہران ہے ۔

**ایران شناس** (ف) غیر ایرانی دانشمند جو ایران کے تاریخی اور جغرافیائی حالات سے واقفیت رکھتا ہو اور لکھتا ہو ۔

**ایرانی** (ف) منسوب بہ ایران ۔ ایران کا آدمی یا (۲) ان کی کوئی شے ۔

**ایردان** (ف) آرمینیا کے ایک شہر کا نام ۔

**ایرسا** (ف) قوس قزح ۔ دھنک ۔ شیطان کی کمان (۲) سوسن ۔ سوسن کی جڑ ۔

**ایرمان** (ف) طفیلی جو بغیر بلائے مہمان کے ہمراہ آجائے (۲) مہمان (۳) عاریت (۴) حسرت ۔ ارمان ۔

**ایزاد** (ع) زیادہ (یہ جعلی مصدر ہے)

**ایزد** (ف) خدا ۔ اللہ ۔ خدا کا نام ۔

**ایزد پناہ** (ف) جو خدا کی پناہ میں ہو ۔

**ایزد گشسپ** (ف) خدا پرست ۔

**ایزدی** (ف) وہ شے جو ایزد یعنی خدا کی طرف منسوب ہو ۔

Marfat.com

ایسار (ع) دولت مند ہونا۔
ایست (ف) ایستادن مصدر سے امر ہے۔ ٹھہر کھڑا رہ۔
ایستادگی کردن (ف) مزاحمت کرنا۔ ثابت قدم رہنا۔
ایستادن (ف) کھڑا ہونا۔
ایست گاہ راہ آہن (ف) ریلوے سٹیشن۔
ایستی کردہ (ف) ذرا ٹھہر کر۔
ایسر (ع) بہت آسان (۲) بائیں طرف۔
ایسوی (ف) منسوب بہ ایسو۔ ملک ایسو کا رہنے والا۔
ای سو اُو سو (ف) اِدھر اُدھر۔
ایشاک (ع) جلدی کرنا۔
ایشان (ف) یہ لوگ۔ یہ۔
ایشک (ف) دیوان خانہ (۲) بردبار۔
ایشک آقاسی (ف) دیوان خانے کا داروغہ۔
ایشیا (ف) دُنیا کے ایک بڑا اعظم کا نام جس میں سولہ ملک شامل ہیں۔ ہمارا ملک بھی اسی بڑا اعظم میں ہے۔
ایصا (ع) وصی کرنا (۲) وصیت کرنا۔
ایصاد (ع) دروازہ بھیڑنا۔
ایصال (ع) ملانا (۲) پہنچانا (۳) مطلب کو پہنچانا۔
ایضًا (ع) نیز۔ بمعنی (۲) وہی چیز جو پہلے مذکور ہو چکی ہے۔
ایضاح (ع) روشن کرنا۔ ظاہر کرنا (۲) واضح کرنا (۳) واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔
ایضاع (ع) جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔
ایطا (ع) پائمال کرنا۔ لتاڑنا (۲) اشعار میں قافیہ کا تکرار۔ اور یہ عیب شاعری ہے۔
ایطائے خفی (ع) اشعار میں قافیہ کا وہ تکرار جو ظاہر نہ ہو۔ جیسے آب۔ گلاب۔ دانا۔ بینا۔ یہ عیب خفی خیال کیا جاتا ہے۔
ایطائے جلی (ع) اشعار میں قافیہ کا وہ تکرار جو ظاہر اور نمایاں ہو جیسے تریا تر۔ خوشتر۔ یاراں عزیزاں۔ فسوں گر ستمگر۔ یہ عیب فاحش خیال کیا جاتا ہے۔
ایفا (ع) وفا کرنا۔ پورا کرنا۔ وعدہ کا پورا کرنا۔
ایفاد (ع) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
ایفاع (ف) غماز، چغلخور (۲) دہقانی۔ دیہاتی (۳) روستائی۔ (۴) اونگھا ہوا (۵) شوخ۔
ایقاد (ع) آگ جلانا۔
ایقاظ (ع) بیدار کرنا۔ جگانا۔
اَیقاظ (ع) یقظ کی جمع۔ جاگنے والے۔ بیدار لوگ۔
ایقاع (ع) واقع ہونا (۲) واقع کرنا (۳) لڑانا۔ جنگ میں ڈالنا۔
ایقان (ع) یقین کرنا۔ یقین لانا۔ یقین جاننا۔
ایکاد (ع) مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا۔

ایکاف (ع) گناہ میں ڈالنا۔
ایکال (ع) کھانے کو دینا۔ دعویٰ کرنا۔
ایکدش (ف) دیکھو اکدش۔
ایکہ (ع) گھنے درخت۔ گنجان درخت۔ درختوں کا جنگل۔ جہاں بہت گنجان درخت ہوں۔
اَیِّل (ع) گوزن۔ بارہ سنگا۔ پہاڑی بکرا۔
اَیل (ف) دوست۔ موافق (۲) فرمانبردار (۳) جماعت۔ گروہ۔ قبیلہ۔ قوم۔
ایل (س) خدا تعالےٰ کا نام۔
ایلا (ع) قسم کھانا۔
ایلات (ف) ایل کی جمع۔ جماعتیں۔ قومیں۔ فرقے (۲) خانہ بدوش قومیں۔
ایلاج (ع) داخل کرنا۔ ملانا۔ ایک چیز کو دُوسری چیز میں داخل کرنا۔ ایک شے کو دوسری شے میں ملانا۔
ایلاد (ع) جننا۔ بچہ جننا۔
ایلاف (ع) آپس میں اُلفت کرنا۔ دوست بنانا۔
ایلاق (ف) موسم گرما کے سرد مقام (۲) ترکستان کے ایک شہر کا نام جو فرغانہ کے شمال کی طرف ہے۔
ایلاقیان (ف) ایلاق کے باشندے۔
ایلاؤس (ی) قولنج کی قسم سے ایک مہلک مرض جس میں پاخانہ منہ کی راہ سے خارج ہوتا ہے (نعوذ باللہ من ذالک)۔
ایلام (ع) الم دینا۔ دُکھ دینا۔ تکلیف دینا۔ دردمند کرنا۔
ایلچی (ف) قاصد۔ نامہ بر۔ پیغام بر۔ پیام بر۔ فرمانبردار۔ متابعت گزار (دہلی میں ہی نہیں بولی جاتی)
ایلچی کبیر (ف) روم۔ روس۔ فرانس اور انگلستان کی سلطنتوں کے سفیر۔
ایلخ، ایلخہ، ایلخی (ف) (ان الفاظ میں یائے نہیں بولی جاتی) گھوڑوں کا گلہ۔
ایلخانی۔ قزوین کے صوبے کا حاکم۔
ایلدرم (ف) برق۔ بجلی (ی نہیں بولی جاتی)
ایلی (ف) محبت (۲) اطاعت (۳) قومی موافقت۔
ایلیا (س) بڑا راست گو۔ یعنی صدیق اکبرؓ (۲) بیت المقدس کا نام (۳) ایک اور شہر کا نام (۴) حضرت خضرؑ کا اصلی نام (۵) بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام (۶) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب۔
ایم (ع) سفید سانپ۔
ایما (ع) اشارہ (۲) اشارہ کرنا۔ اشارے کو سمجھنے والا۔
ایما فہم (ع) تیز فہم۔ ذکی۔ دانا۔
ایمان (ع) مان لینا۔ قبول کرنا۔ دل سے خدا پر یقین لانا۔ خدا اور رسول کا گرویدہ ہونا (۲) امان دینا (۳) بے خوف کرنا۔

Marfat.com

اِیمان (ع) داہنے ہاتھ (۲) قسمیں۔ یمین اس کا واحد ہے۔
اِیمَن (ع) آمن کا امالہ ہے (۱) نڈر۔ بے خوف (۲) بہت امن دینے والا۔
اَیمَن (ع) مبارک۔ دائیں طرف۔
اِیمِن (ع) بہت نڈر۔ بڑا بے خوف۔
اِیمَہ (ف) اب۔ اس وقت۔ اس طرح۔ یہ سب۔ بے ہودہ۔
آئِمَہ (ع) امام کی جمع۔ ہادی۔ پیشوا۔
آئِمَہ معصُومین (ع) بے گناہ اور پاک امام۔ اہل شیعہ بارہ اماموں کو کہتے ہیں۔
آئِمِیَہ (ت) خوراک۔ روزی۔
آئِمِیَہ داران (ف) روزینہ داران۔
اِین (ف) یہ۔ اس۔ اشارہ قریب کے لیے آتا ہے۔
ایناث (ع) لڑکی کو جنم دینا۔
ایناس (ع) مانوس کرنا۔ دیکھنا اور جاننا، آواز سننا۔
ایناع (ع) میوہ کا پکنا۔
ایناغ (ت) سخن چیں۔ چغل خور۔
ایناغی (ت) چغلخوری۔ سخن چینی۔
اینان (ف) این کی جمع۔ یہ لوگ۔
اینت (ف) تحسین و تعجب کا کلمہ۔ شاباش۔ واہ وا۔
این جا (ف) یہاں۔ اس جگہ۔ ادھر۔
این جا آتش بہ زر مے فروشند (ف) آگ بھی کسی کو نہیں دیتے یعنی یہاں کے لوگ نہایت بخیل اور خسیس ہیں۔
این جا نیست (ف) غور و فکر میں اس قدر محو ہے۔ کہ اپنے آپ تک سے بے خبر ہے۔
این حصن ہزار میخ (ف) آسمان۔
این خاک تیرہ (ف) قالب بشر۔
این خاکدان (ف) دنیا

این دو کلہ دار (ف) چاند اور سورج۔
این را باش (ف) ذرا یہ دیکھنا۔
این را و آں را بہ یک چوب مے رانند (ف) دونوں میں کچھ فرق اور تمیز نہیں کرتے اور دونوں کو یکساں سمجھتے ہیں۔
این زال عقیم } (ف) دنیا۔
این زال مستحاضہ }
این سر آں سر (ف) ادھر اُدھر۔
این کاخ }
این مصر } (ف) دنیا۔
این نشۂ صورت }
این نشۂ صوری }
این مال نیست (ف) یہ ہیچ ہے۔ کچھ بھی نہیں۔
اینک (ف) یہی۔ اسے لو۔ این کا مصغر ہے۔
این نیست ہست نما } (ف) دنیا۔
این ویرانہ }
ایوار (ف) عصر کا وقت (نماز دیگر کا وقت)
ایوار کردن (ف) عصر کے وقت سفر کرنا۔
ایواز (ف) آراستہ۔ پیراستہ۔
ایوان } (ف) محل۔ محل شاہی۔ قصر (۲) ہال۔ بڑا دالان۔ دیوان خانہ
ایوان } (۳) بیٹھک (۴) چبوترہ (۵) دالان کے اوپر کی برساتی۔
اَیُّوب (ع) ایک نہایت صابر و شاکر پیغمبر کا نام۔
اِیہام (ع) وہم میں ڈالنا۔ شک میں ڈالنا (۲) اصطلاح۔ صنعت شعری میں ایسا لفظ کلام میں لانا۔ جس کے دو معنی ہوں۔ ایک قریب اور ایک بعید۔ لیکن استعمال میں بعید معنی آئیں۔

Marfat.com

# ب

ب - عربی اور فارسی حروفِ تہجی کا دوسرا حرف ہے - اور اُردو حروفِ تہجی کا بھی دوسرا حرف ہے -

**ب** (ف) سے - ساتھ (۲) میں (۳) کو (۴) پر اوپر (۵) کا (۶) برائے - واسطے (۷) پاس (۸) رُخ - سمت (۹) سبب - (۱۰) مانند - طرف (۱۱) مقابلہ (۱۲) فائدہ (۱۳) لائق - (۱۴) موافقت (۱۵) قسم (۱۶) عوض (۱۷) وسیلہ (۱۸) باوجود (۱۹) شروع (۲۰) مقدار (۲۱) پیچھے (۲۲) مدد - (۲۳) پے درپے (۲۴) سمیت (۲۵) والا - صاحب -

**ب** (ع) ساتھ - مع (۲) میں (۳) سبب (۴) زائد (۵) عوض (۶) استعانت (۷) قسم (۸) مقابلہ (۹) محبت (۱۰) صلہ - (۱۱) اتصال (۱۲) باوجود (۱۳) سامنے -

## ب - ا

**با** (ف) (۱) ساتھ (۲) سمیت (۳) کو (۴) اور (۵) مقابلہ (۶) طرف (۷) مدد (۸) عوض (۹) باوجود - (۱۰) سامنے -

**با** (ع) مرد کثیر الجماع -

**باآبرو** (ف) آبرومند - آبرودار - عزت دار -

**باآدم ہوا برود** (ف) آدمی لے کر ہوا پر جائے -

**باآفرین** (ف) قابلِ ستائش

**باآنکہ** (ف) باوجودیکہ -

**باارز** (ف) گراں بہا - قیمتی -

**بااہلیہ** (ف) بال بچے سمیت - مع عیال -

**باب** (ف) پدر - باپ - بابا -

**باب** (ع) دروازہ (۲) کتاب کا حصہ -

**باب** (ف) لائق - درخور (۲) بارہ (۳) باب (۴) یہ لفظ خیمہ کے ساتھ اس طرح استعمال ہوتا ہے جس طرح روپیہ کے ساتھ مبلغ اور گھوڑے کے ساتھ راس یا بکری کے ساتھ شاخ آتا ہے (۵) حکومت -

**بابا** (ف) باپ - دادا - نانا (۲) بوڑھا (۳) سردار (۴) سفید داڑھی والا (۵) پیرِ کامل (۶) آزاد (۷) فقیر -

**بابا آدم** (ف) آدم - انسانوں کا باپ -

**بابُ الابواب** (ع) سرحدِ ایران پر علاقہ خزر میں پہاڑوں اور دریائے خزر کے درمیان ایک پختہ دیوار ہے اور اس میں ایک دروازہ ترکستان سے آنے جانے والے تاجروں کے لیے بنا ہوا ہے جہاں حکومت ایران کی طرف سے نگہبان مقرر ہیں - اسی دروازہ کا نام باب الابواب ہے -

**باباخمش** (ف) ایک مسخرے کا نام -

**باباشمل** (ف) حسب جاننے والا - جوانمرد - لوطی -

**بابُ القوم** (ع) قوم کا سردار -

**باباکوہی** (ف) ایک بزرگ درویش منش شاعر ہو گزرے ہیں جن کا عارفانہ کلام مروّج ہے -

**بابانوروز** (ف) ایرانی بچوں کے خیال میں وہ بزرگ جن کی گھنی سفید ڈاڑھی اور لمبا لباس ہوتا ہے - جشنِ نوروز میں سڑکوں پر گردش کرتے ہیں اور بچوں کو شیرینی اور کھلونے دیتے ہیں -

**بابت** (ف) واسطے - لیے (۲) لائق (۳) لیاقت -

**بابت** (ع) بارے (۲) صیغہ - مد (۳) متعلق (۴) معاملہ (۵) نسبت (۶) سبب (۷) بدلہ - عوض (۸) اُجرت - مزدوری -

**بابر** (ت) تیسرے حرف ب پر پیش - ظہیر الدین بادشاہ کا نام ہے جو تیمور کی پانچویں پشت سے تھا - اور ہندوستان میں خاندان مغلیہ کا بانی ہوا ہے - پچاس سال کی عمر میں آگرہ میں سنہ ۹۳۷

Marfat.com

میں وفات پائی اور کابل میں مدفون ہوا۔
بآب دادن (ف)، نیست و نابود کرنا۔
بآب راندن (ف)، فریب دینا۔
بآب رسانیدن بنا (ف)، بنیاد کو گہرا کھود کر مضبوط کرنا (۲) خراب اور ویران کرنا۔
بآب زدن (ف)، پانی میں تیرنا۔ دریا سے پایاب گزرنا۔
باب زن (ف)، کباب بنانے کی سیخ۔
باب دست (ف)، وہ چیز جو ہاتھ میں سنبھل سکے اور قابو میں رہ سکے۔
باب دندان (ف)، جو چیز دانتوں سے چبائی جا سکے۔
باب عالی (ع)، شاہان عثمان کے وزیر اعظم کا دربار۔
باب عسکریہ (ع)، شاہان عثمان کے وزیر جنگ کا دربار۔
باب قصاب (ع)، کشتی کے ایک داؤ کا نام جس میں حریف کو اس طرح گرایا جاتا ہے جیسے ذبح کے وقت قصاب بکری کو گراتا ہے۔
باب لاینصرف خواندن (ف - ع)، کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔
بابک (ف)، امین (۲) مضبوط (۳) باپ (۴) مربی (۵) ایران کے ایک بادشاہ کا نام جو نوشیرواں سے پہلے ہو گزرا ہے۔
بابکان (ف)، اس لفظ میں الف اور نون نسبت کا ہے۔ منسوب بہ بابک یعنی اردشیر جسے بابک نے پرورش کیا تھا۔
بابکانہ (ف)، کھڑکی۔ دریچہ۔
بآب کشیدن (ف)، پاک کرنا۔ دھونا (۲) پانی میں غوطہ دینا۔
بابلس (ف)، خشخاش۔ دانہ خشخاش۔
بابلی (ف)، کسی شکاری جانور کو دوسرے جانور پر چھوڑ دینا۔
بآب نمک خوابانیدن (ف)، گوشت یا کسی چیز کو محفوظ رکھنے کے لیے اس میں نمک لگانا۔
بابو (ف)، باب۔ قلندروں کا پیشوا۔
بآب و آتش کشیدن (ف)، برباد کرنا۔ تلف کرنا۔
بابوتہ (ف)، پانی کا بھرا ہوا۔ آبخورہ۔ کوزہ۔
بابوس (ف)، بچہ۔ شیر خوار بچہ (۲) اونٹنی کا بچہ۔
بابونہ (ف)، ایک گھاس کا نام جسے سونگھنے سے نیند آتی ہے۔ عربی میں اسے اقحوان کہتے ہیں۔ مزاجاً دوسرے درجہ میں گرم اور پہلے درجہ میں خشک ہے۔
بابونہ گاؤ (ف)، ایک پھول کا نام جو اندر سے زرد اور باہر سے سفید ہوتا ہے۔
بابونی (ف)، بابون سے منسوب۔ بابون بغداد کا ایک گاؤں ہے۔
بابی (ف)، باب سے منسوب۔ حلب میں ایک گاؤں کا نام باب ہے۔
بابیزان (ف)، ضامن۔ میانجی (۲) پنکھا۔
با بے زبانی ساختن (ف)، خاموش ہو جانا۔
بابیزن (ف)، دیکھو بابیزان۔

باپ (ف)، پدر۔ پتا۔ والد۔ باپ۔
باپا روئے است پائین آمد۔ (ف)، پیرے کود کر گھوڑے کی پیٹھ پر جم گیا۔
باتر (ف)، تلوار کاٹنے والی۔
باترٗ (ف)، کلنگ جو مشہور پرندہ ہے۔
باترہ (ف)، دف اور دائرہ۔
بالنگ / بالنش } (ف)، سنگترہ۔ رنگترہ۔ نارنگی۔
باتک (ع)، باتر۔ تلوار کاٹنے والی۔
باتل (ف)، گھوڑا۔ اسپ (۲) پہاڑ۔
باتلاق (ف)، کیچڑ۔
باتنگان (ف)، بینگن۔
باتیر کمانچہ کش (ف)، کمانچہ کش سارنگی کے گز کو کہتے ہیں۔ سارنگی کے گز سے۔
باث (ع)، یہ نقطہ ماث کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے ماث باث۔ پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔
باثبات رسانیدن (ف)، ثابت کرنا۔
باج (ف)، خراج۔ جزیہ۔ محصول۔ ٹیکس۔
باج خواہ (ف)، محصول وصول کرنے والا۔ وہ شخص جو محصول وصول کر کے سرکاری خزانہ میں داخل کرے۔
باج دادن (ف)، خراج ادا کرنا۔
باج سبیل (ف)، دھمکی دے کر کام نکالنا۔
باجدار (ف)، باج خواہ۔ محصول جمع کرنے والا۔
باج دہ یک (ف)، آمدنی کا دسواں حصہ جو قدیم زمانے میں ٹیکس کے طور پر زمینداروں اور سوداگروں سے وصول کیا جاتا تھا۔
باج گرفتن از کسے (ف)، کسی سے خراج لینا (۲) غلبہ پانا۔ غالب ہونا۔
باج گزار (ف)، محصول دہندہ۔ ٹیکس دینے والا۔ وہ شخص جو ٹیکس ادا کرے۔ ماتحت بادشاہ۔
باج گیر (ف)، خراج لینے والا۔ محصول لینے والا۔
باج گیر (ف)، شہنشاہ جو ماتحت بادشاہوں سے باج لیتا ہو۔
باجناق (ف)، ہم زلف۔ دو مرد جن کی بیویاں آپس میں بہن کا رشتہ رکھتی ہوں۔ ان دو مردوں کا آپس میں باجناق (ہم زلف) کا رشتہ ہوگا۔
باجنک (ف)، روشندان۔ چھوٹی کھڑکی۔
باجہ (ف)، بڑا روشندان۔ کھڑکی۔ دریچہ۔
باجی (ف)، بہن کے لیے خطاب کا لفظ ہے۔ ایران میں یہ لفظ خواہر یعنی بہن کے مترادف یا ہم معنی نہیں بلکہ کلمۂ ادب و خطاب ہے۔
باجی (ف)، باج گزار۔ خراج دینے والا۔
باچشم خوردن (ف)، تند و تیز نظر سے دیکھنا (۲) نظر بد لگانا۔
باحال کسے افتادن (ف)، کسی کی طرف توجہ کرنا۔
باحث (ع)، بحث کرنے والا (۲) زمین کھودنے والا (۳) باریکیاں نکالنے والا۔

Marfat.com

باجز (ع) بے وقوف مرد (۲) خالص سُرخ خُون (۳) خونِ رحم (۴) فضول آدمی۔ (۵) نہایت جھوٹا آدمی (۶) متحیّر۔

باحفصان (ع) معلم۔ اُستاد۔ چونکہ بچوں والی مُرغی کو اُم حفص کہتے ہیں اسی نسبت سے معلّم کو باحفصان اور بوحفصان کہا جاتا ہے۔

باحفصانہ (ف) لڑکوں کی سی بات کرنا۔ مبتدیوں کی سی بات کرنا۔

باحمائل زدہ بُود (ف) حمائل کے ساتھ پہنا تھا۔

باحُور / باحورا (ع) انتہائی گرمی کے دن۔ یہ آٹھ دن انیسویں تموز سے چھبیسویں تموز تک مقرر ہیں۔ اگر یہ آٹھ روز نہایت گرمی میں گزریں تو آئندہ سال ارزانیے غلّہ کی علامت ہے ورنہ آئندہ سخت گرانی اور قحط کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اوّل مُرداد سے آخر اسفندار یعنی آٹھ مہینوں کے احوال پر یہ آٹھ روز حاکم ہیں۔

باحوری (ف) باحور اور باحورا سے منسوب۔ بہت گرم دن۔

باخ (ع) دریا کے درمیان کا حصّہ۔ راستے کے درمیان کا حصّہ۔

باخ (ف) راستہ۔ راہ۔ طریق۔ باٹ۔

باخاک یکساں شُدن (ف) ویران ہونا۔ ملیامیٹ ہونا۔ پامال ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔

باخبر (ف) خبردار۔ آگاہ۔ واقف۔ جاننے والا۔ خبر رکھنے والا۔

باخبر شُدن (ف) مطلع ہونا۔ اطلاع مل جانا۔

باخبر کردن (ف) کسی معاملے کی اطلاع دینا۔ بتانا۔

باخت (ف) باختن سے اسم مصدر۔ جوئے یا مقابلے میں شکست۔

باختر (ف) باخترکا مخفف ہے۔ یعنی مشرق و مغرب زیادہ تر مشرق کے معنوں میں آتا ہے (۲) خراسان اور قندھار کے نواح کو بھی باختر کہتے ہیں (۳) گذشتہ زمانہ میں ملک تاتار کو بھی کہتے تھے (۴) سُورج (۵) چاند (۶) بلخ کا یونانی نام بکیٹریا تھا۔ فارس والوں نے اسے باختر کہا۔

باختن (ف) کھیلنا۔ ہارنا۔

باختہ (ف) ہارا ہوا۔

باآخر (ف) آخر کو۔ آخرکار۔ انجام کار۔

باخُر (ف) حجام یا فصاد کا نشتر۔

باآخر آمدن (ف) تمام ہونا۔ ہوچکنا۔ انجام کو پہنچنا۔

باخرز (ف) خراسان میں ایک قصبہ کا نام۔

باخرہ (ع) دُخانی جہاز۔

باخس (ع) کسی کا حق دینے میں کمی کرنے والا۔

باخسہ (ف) حجام کا نشتر (۲) عام راستہ کے علاوہ گھر میں آنے جانے کا کوئی اور راستہ۔

باخع (ع) مار ڈالنے والا (۲) ہلاک کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ (۳) قرار کرنے والا۔

باخل (ع) لئیم۔ کمینہ۔ وہ شخص جو کسی کی بخشش و عطا کے سامنے حائل ہوجائے۔

باخود برنیامدن (ف) بے اختیار ہونا۔

باخویش (ف) پانی میں غوطہ لگانا (۲) اپنے آپ میں مشغول ہونا۔ تنہائی۔ خلوت۔

باخویش بُودن (ف) اپنے آپ میں رہنا۔ آپے میں رہنا۔ بے اوسان نہ ہونا۔ ہمت نہ ہارنا۔

باخَہ (ف) کچھوا۔ سنگ پُشت۔

باد (ف) ہوا۔ پون (۲) دُعا کا کلمہ۔ تمنا۔ مدح (۳) تند و تیز (۴) غرور۔ تکبّر۔ نخوت (۵) آہ و نالہ (۶) گریہ و زاری۔ (۷) صدمہ (۸) ایک مرض کا نام (۹) جھولا۔ پنگھوڑا۔

باداباد (ف) جو ہو سو ہو دیکھا جائے گا۔ جب آپ کسی معاملے کی پرواہ نہ کر رہے ہوں تو کہتے ہیں ہرچہ باداباد۔

باد آبستنی (ف) وہ ہوا جو درخت کو باردار کرے۔

باداد (ف) عادل۔ منصف۔ دادگر۔

باد از بروت کسے بیرون کردن (ف) کسی کا غرور اس کے دماغ سے نکال دینا۔ بگڑا ہوا دماغ دُرست کر دینا۔

بادارنگ (ف) بادرنگ۔

باداشن (ف) پاداشن۔ نیکی کا بدلہ (۲) بدلہ۔ جزا۔ مکافات۔

بادآفراہ / باد اَفراہ / بادافراہ (ف) بدی کا بدلہ۔ سزا۔ جزا۔ مکافات پھر کی کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

بادآمدن (ف) ہوا کا چلنا۔

بادام (ف) مشہور میوہ ہے (۲) چشم محبوب۔ معشوق کی آنکھ۔

بادام بُن (پہلوی) بادام کا درخت۔

بادامچہ (ف) چھوٹا بادام۔

بادام خاکی (ف) زمینی گھاس۔

بادام زنجیر (ف) زنجیر کے دو حلقوں کی درمیانی گھنڈی جو بادام کی شکل کی ہوتی ہے۔

بادامستاں (ف) وہ زمین جس میں بادام کے بہت سے درخت کاشت کیے گئے ہوں۔

بادام سوختہ (ف) مٹھائی کی ایک قسم جو مغز بادام اور چینی کے شیرے سے تیار کی جاتی ہے۔

بادام شگوفہ فشاں (ف) رونے والی آنکھیں۔ چشم گریاں۔

بادام کاغذی (ف) بادام کی ایک قسم جس کا چھلکا نازک ہوتا ہے۔

بادام و قند (ف) چشم و دہن معشوق۔

بادامہ (ف) ریشم کا کویا (۲) ریشم (۳) نگینہ (۴) گدڑی جو مختلف قسم کے کپڑوں کے ٹکڑوں سے بنائی جاتی ہے۔

بادآور / بادآورد (ف) خسرو پرویز کے آٹھ خزانوں میں سے ایک خزانے کا نام ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ قیصر روم نے خسرو کے حملے سے خوفزدہ ہو کر جواہرات اور سونا چاندی وغیرہ کی کشتی بھر کر کسی دوسرے مقام پر محفوظ رکھنے کے

Marfat.com

لیے روانہ کی۔ مگر ہوا کی مخالفت کے باعث وہ کشتی خود بخود وہاں پہنچ گئی۔ جہاں خسرو تھا۔ چنانچہ اسی مناسبت سے خسرو نے اس خزانہ کا نام بادآورد رکھا (۲) وہ شے جو مفت ہاتھ آئے۔ وہ شے جو بلا مشقت ہاتھ آئے (۳) ایک قسم کا سخت کانٹا جو ریگستانوں اور پہاڑوں میں ہوتا ہے (۴) ایک دوا کا نام (۵) ایک راگ کا نام۔

**بادبادک** (ف) کنکوا۔ پتنگ۔ تکل۔ گڈی۔

**بادبان** (ف) جہاز کی پال (۲) کھڑکی بند کرنے کا پردہ یا کاغذ جو پہلے زمانے میں شیشوں کی بجائے لگاتے تھے کہ روشنی بھی رہے اور ہوا بھی نہ آئے۔

**بادبانِ اخضر** (ف) آسمان۔

**بادبدامان کردن** (ف) ناممکن کام کرلینا (۲) غرور (۳) رعنائی۔ نخوت۔

**بادبدست** (ف) مفلس۔ تہی دست (۲) نکما آدمی

**بادبر** (ف) کنکوا۔ پتنگ (۲) شیخی خورا (۳) باتونی (۴) پھرکی۔

**بادبر** (ف) وہ دوا جو پیٹ کی ہوا کو ختم کرے۔

**بادبرک** (ف) پتنگ۔

**بادبروت** (ف) شیخی۔ گھمنڈ۔ غرور۔

**بادبروت** (ف) مغرور آدمی۔

**بادبریں** (ف) بادِ صبا۔ پروا ہوا۔ (۲) بعض پچھوا ہوا کو بھی کہتے ہیں۔

**بادبز** (ف) فصل خزاں۔

**بادبیزن** (ف) پنکھا۔

**بادپا** (ف) ہوا کے پاؤں والا (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) تیز رفتار۔

**بادپر** (ف) پتنگ۔ کنکوا (۲) لٹو جو ڈوری کے ذریعہ زمین پر گھمایا جاتا ہے (۳) باتونی (۴) شیخی خورا۔

**بادپران** (ف) شیخی خورا (۲) خوشامدی۔

**بادپروا** (ف) دریچہ۔ کھڑکی۔ ہوا کی کھڑکی (۲) کھڑکی والا گھر (۳) بے پروا۔

**بادپیچ** (ف) جھولا۔ پتنگ۔

**بادپیما** (ف) یاوہ گو۔ بے ہودہ بکواس کرنے والا (۲) لاؤ بالی (۳) جھوٹا (۴) مفلس۔

**بادپیمودن** (ف) بے ہودہ کام کرنا۔ لغو کام کرنا (۲) بے تحقیق بات کہنا۔

**بادتخم** (ف) بادبان۔ سولف۔

**بادتوے پوست کے بردن** (ف) چاپلوسی کر کے کسی کو خوش کرنا۔

**بادِ جنوب** (ف) داہنی جانب کی ہوا۔ یہ ہوا آدمی کے مزاج کے سخت مخالف ہوتی ہے۔

**بادحکہ** (ف، ع) عورتوں کی خواہش۔ باد بمعنی ہوا اور حکہ بمعنی خارش۔

**بادخوان** (ف) بیہودہ گو (۲) خوشامدی (۳) بھاٹ۔

**بادخوراک** (ف) ابابیل۔

**بادخیز** (ف) وہ جگہ جہاں ہوا بہت چلے۔

**باددادن** (ف) جھولے کو ہلانا۔ پھیلانا۔ جھونکا دینا۔

**باد در بروت افگندن** (ف) شیخی مارنا (۲) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ (۳) نخرے اور فاسد خیال رکھنا (۴) خشمناک ہونا۔

**باددار** (ف) ہر وہ خوراک جس سے پیٹ میں ہوا بھر جائے۔ متکبر اور خود پسند شخص۔

**باد در سر داشتن** (ف) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ غرور کرنا۔

**باد در سبلت افگندن** (ف) غرور۔ شیخی۔ لاف۔

**باد در سر افگندن** (ف) تکبر و غرور رکھنا۔

**باد در سر بودن** (ف) گھمنڈ کرنا۔

**باد در کف** (ف) تہی دست۔ مفلس (۲) بے ہودہ کار۔

**باد در کلاہ داشتن** }
**باد در کلہ داشتن** } (ف) غرور (۲) لاف وگزاف۔

**باد در مشت پیمودن** (ف) بے ہودہ کام کرنا۔

**باد دست** (ف) مفلس۔ تہی دست (۲) فضول خرچ۔ مسرف۔

**باد دستی** (ف) اسراف۔ فضول خرچی (۲) چالاکی۔ ہوشیاری۔ سرعت۔

**باد دم** (ف) لوہاروں کی دھونکنی (۲) مغرور۔ متکبر۔

**بادر** (ع) دوڑنے والا۔ جلدی کرنے والا۔ چالاک۔

**بادران** (ف) پنکھا (۲) مغرور (۳) نام ایک فرشتہ کا جو ہوا کا موکل خیال کیا جاتا ہے۔

**بادرانی** (ف) بادران سے منسوب، اصفہان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

**بادرش** (ف) ہوادار مکان۔

**بادرم** (ف) ناکارہ۔ نکما۔ عبث۔ بے ہودہ (۲) رعیت۔

**بادرنگ** (ف) کھیرہ۔ ککڑی (۲) ایک قسم کا جنگلی گھوڑا (۳) تیز رفتار گھوڑا (۴) ایک بیماری کا نام۔

**بادریس** }
**بادریسہ** } (ف) دمڑکا۔ چرخہ کے تکلے کی چمڑے کی پھرکی (۲) چوب خیمہ کا لٹو (۳) یک چشم۔

**بادرو** (ف) گرمی کا گھر کہ اس میں ہر طرف سے ہوا آتی ہے۔

**بادروج** (ف) پہاڑی ریحان۔

**بادریش** (ف) غرور۔ شیخی۔ لاف وگزاف۔

**بادزن** }
**بادزنہ** } (ف) بادکش۔ پنکھا۔

**باد زیر بروت افگندن** (ف) مغرور ہونا (۲) خفا اور ناراض ہونا۔

**باد زیر بغل کسے دادن** (ف) چاپلوسی سے کسی کو بے وقوف بنانا۔

**بادسار** (ف) سفلہ۔ کمینہ۔ ٹھگ۔

**بادسام** (ف۔ ع) بادِ سموم۔ گرم ہوا۔ زہریلی ہوا۔

Marfat.com

بادسائی (ف) نخوت و تکبر سے کنایہ۔
بادست دیگر پا چراش واگرفت (ف) دُوسرے ہاتھ سے پنڈلی پکڑ لی۔
بادسخت (ف) حوادثِ زمانہ۔
بادِ سُرخ (ف) سُرخ باد۔ ایک مشہور بیماری کا نام (۲) پرویز کے ایک خزانہ کا نام (۳) ہر شمسی مہینہ کا اٹھائیسواں دن (۴) تیز و تُند ہوا (۵) آہ و نالہ (۶) مدح (۷) کلام۔ سخن۔
بادِ سرد (ف) سرد ہوا۔ ٹھنڈی ہوا (۲) خفیف تکلیف۔
بادسرہ (ف) گھوڑوں کی ایک بیماری کا نام۔
بادسری (ف) غرور۔ گردن کشی۔ تکبر۔
بادسموم (ف) زہریلی ہوا۔
بادسنج (ف) بے ہودہ کام کرنے والا (۲) لالچی (۳) خام طبع۔
بادسنجیدن (ف) مغرور ہونا (۲) بیہودہ کام کرنا۔
بادشاہ (ف) پادشاہ۔ پاد بمعنی تخت اور شاہ بمعنی مالک، اضافت مقلوب ہے یعنی شاہ پاد (۲) اصل لفظ پاسبان تھا جو مختلف حروف کے بدلنے سے پادشاہ ہوگیا۔ بمعنی نگہبانی کرنے والا۔ محافظ مُلک۔
بادِ شُرطہ (ف) وہ ہوا جو طوفان کے بعد چلتی ہے۔ اور جو طوفان کے دُور ہونے کی علامت ہے۔ جہاز کے موافق ہوا۔ نرم ہوا۔ بادِ موافق۔
بادشکن (ف) ہر وہ دوا جو پیٹ کے اپھارے کو دُور کرے۔
بادشنام (ف) مرض جذام کا مقدمہ۔
بادِ صبا (ف) پُروا ہوا۔ صبح کے وقت کی شمال مشرقی گوشہ کی ہوا۔ نسیم۔
بادِ صرصر (ف۔ ع) تند ہوا۔ سخت ہوا۔
بادِ عیسیٰ (ف۔ ع) دمِ عیسیٰ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ جس سے مُردے زندہ ہوجایا کرتے تھے صحت بخش ہوا۔
بادِ فتق (ف) فوطوں یعنی خصیوں کے بڑھ جانے کی بیماری۔
بادفر (ف) پھرکی۔ لڑکوں کے ایک کھلونے کا نام جو چمڑے یا کاغذ سے بنتا ہے اور جو ہاتھ کی چٹکی سے چلایا جاتا ہے (پھرکی)
بادفراہ (ف) بادافراہ۔
بادفرنگ (ف) آتشک۔
بادفروش (ف) خوشامدگو۔ بھاٹ۔
بادفرودیں (ف) باد جنوب جو جنوب یا جنوب مغرب سے چلے۔
بادکردار (ف) تیز و تُند۔
بادکردن (ف) گلا پھول جانا۔
بادکش (ف) بڑا پنکھا جو چھت میں لٹکایا جاتا ہے۔
بادکش معدن (ف) سرنگ۔ کان میں سے دھواں نکلنے کا راستہ۔
بادکوبہ (ف) دیکھو بالُو۔
بادگہ (ف) ضربت جماع۔
بادگرد (ف) گردباد۔ بگولا۔

بادگشتن (ف) برباد ہونا۔ نابود ہو جانا۔
بادگیر (ف) ہوا کی کھڑکی۔ دریچہ۔
بادل (ف) دلیر۔ دلاور۔
بادلش (ف) ایک قسم کی توپ کا نام۔
بادلج (ع) بادلش کا معرّب۔
بادِ مخالف (ف) مخالف ہوا۔ وہ ہوا جو کشتی یا جہاز کو نقصان پہنچائے۔
بادِ مسیح } (ف) باد عیسیٰ۔ دمِ عیسیٰ۔ جس سے مُردے زندہ ہو جاتے تھے۔
بادِ مسیحا }
بادِ مفاصل (ف۔ ع) دردِ مفاصل۔
بادمہرہ (ف) سانپ کا مہرہ جو مارگزیدہ کے لیے مفید ہوتا ہے۔
بادنجان (ف) بادنگان کا معرب ہے۔ بینگن۔
بادنجانِ فرنگی (ف) ٹماٹر جو ایک سبزی ہے۔
بادُودم (ف) تکبر۔ غرور۔ خودستائی۔
بادُون (ع) کھلا۔ نمایاں۔ ظاہر (۲) صحرا میں رہنے والے۔ صحرانشین۔
بادوزیدن (ف) ہوا چلنا۔
بادہ (ف) شراب (۲) جامِ شراب۔
بادہ پرست (ف) ہمیشہ شراب پینے والا۔
بادہ پیما (ف) مے نوش۔ شراب پینے والا۔
بادہ پیمائی (ف) شراب نوشی۔ مے نوشی۔ شراب پینا۔
بادۂ شیراز (ف) نہایت تیز اور تند شراب۔ پُر زور اور مرد افگن شراب۔ کہتے ہیں کہ شیراز کی شراب بہت اچھی ہوتی ہے۔
بادی (ع) شروع کرنے والا (۲) ہر شے کا اوّل (۳) ظاہر (۴) جنگل کا رہنے والا۔
بادیان (ف) سونف۔
بادیانِ رُومی (ف) ایک مشہور دوا جسے انیسوں کہتے ہیں۔
بادیُ الرائے (ع) ظاہر رائے (۲) اوّل رائے (۳) اوپری رائے
بادیُ النظر (ع) پہلی نگاہ (۲) سرسری نگاہ۔ اوپری نگاہ۔
بادیہ (ع) جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔
بادیہ پیما (ف۔ ع) صحرانورد۔ جنگل میں چلنے والا۔
بادیہ پیمائی (ف) صحرانوردی۔
بادیہ نشیں (ف) صحرانشیں۔
بادیہ (ف) بڑا کٹورہ۔ دھات کا بڑا کٹورہ۔
بادیہ غُول }
بادیہ غولدار } (ع) دنیائے فانی۔
بادیہ محن }
باذل (ع) بخشنے والا۔ سخی۔ فیاض۔ کریم۔
بار (ف) بوجھ۔ حمل (۲) پھل۔ میوہ۔ (۳) باری۔ نوبت۔ (۴) بھول (۵) شان و شوکت (۶) اجازت۔ رخصت۔

Marfat.com

(۷) دخل (۸) دفعہ (۹) کام (۱۰) فائدہ - نفع (۱۱) درخت کی جڑھ (۱۲) اسباب - متاع (۱۳) بارگاہ (۱۴) دوست یار۔ (۱۵) بچولیا (۱۶) رنج - غم - اندوہ (۱۷) کستوری اور زعفران کا کھوٹ (۱۸) زور (۱۹) گناہ (۲۰) ہٹنی (۲۱) ساز جسے بجاتے ہیں (۲۲) کثرت - زیادتی (۲۳) ہجوم (۲۴) ناقابلِ برداشت تکلیف (۲۵) باریدن کا امر - برس (۲۶) برسانے والا (۲۷) حرف ظرفیت جیسے زنگبار۔

بارّ (ع) بزرگ (۲) نیکوکار - اچھا آدمی۔

بار افگندن (ف) فروکش ہونا - اُتر پڑنا - مقام کرنا۔

بآرام وسنگیں حرکت کردن (ف) آہستہ اور بے تکان چلنا۔

باران (ف) شراب نوشی - مے نوشی - شراب پینا۔

بارانِ بار (ف) بار کلمۂ ظرفیت ہے بمعنی جگہ - اور باران بار وہ جگہ یا ملک جہاں بارش بہت زیادہ ہوتی ہو۔

بارانداز (ف) مقام کرنے والا - اُترنے والا - فروکش ہونے والا (۲) پُشتہ - ٹیلہ - بند۔

باراندازن (ف) دیکھو بار انداختن۔

باران دیدہ (ف) ہر وہ چیز جس تک بارش پہنچے اور اس کو گیلا کر دے۔

بارانک (ف) خاردار درخت ہے اس کے پھول سُرخ و سفید ہوتے ہیں - شمالی ایران کے جنگلوں میں اُگتا ہے۔

بارانِ گریز
بارانِ گیر } (ف) چھجا - سائبان - چھاتا۔

بارانِ گندہ بہا (ف) ابرنیساں - بیساکھ کے مہینے کا بادل اور بارش۔

بارانی (ف) برساتی (۲) باران کوٹ (۳) برساتی ٹوپی - بارش میں نہ بھیگنے والا لبادہ (۴) وہ زمین جسے سوائے بارش کے اور کہیں سے پانی نہ ملے (۵) ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام۔

بار آور (ف) میوہ دار درخت - بنک کی اصطلاح میں سود دینے والا سرمایہ۔

بار آوُردن (ف) درخت کا پھل لانا (۲) حمل وضع کرنا - بچہ جننا - پیدا کرنا۔

باراہ (ف) راہِ راست پر چلنے والا شخص - باانصاف۔

باربُد (ف) خسرو پرویز کے گویئے کا نام جو فنِ موسیقی کا زبردست ماہر تھا۔

باربہ دریا انداختن (ف) دریا کے راستے سے سفر کرنا۔

باربر (ف) باربردار - حمال - قلی۔

باربردار (ف) بوجھ اُٹھانے والا۔

باربردن (ف) ایک جگہ سے دوسری جگہ بوجھ اُٹھا کر لے جانا۔

باربرزمین اُفتادن (ف) کاروبار میں کمی اور بے رونقی آجانا - بدنصیبی آجانا۔

باربستن (ف) اسباب باندھنا (۲) سفر کی تیاری کرنا (۳) سفر کرنا (۴) آمادۂ سفر ہونا۔

بارگی (ف) بارگ کا عہدہ - نظارت - سرداری - داروغگی۔

باربند (ف) بس کی چھت پر اسباب باندھنے کی جگہ۔

باربندی (ف) اسباب باندھنے کا عمل۔

بارجا (ف) بارگاہ - کچہری رودبار۔

بارِحہ (ع) شب گذشتہ - گزری ہوئی رات - گزشتہ رات۔

بارخانہ (ف) گودام - اسباب رکھنے کا مکان یا کمرہ۔

بارخُدا (ف) خداوند تعالےٰ - اللہ (۲) بڑا بادشاہ (۳) آقا - صاحب (۴) حاکم۔

بارِخُدایا (ف) اے خدا - اے اللہ - یا الٰہی۔

بارِد (ع) ٹھنڈا - سرد۔

بارِدْ (ف) بے مزہ (۲) ناخوشی (۳) نامرد۔

باردار شُدن (ف) پیٹ سے ہونا - حاملہ ہونا۔

باردان (ف) خرجی - بوری (پنجابی چھٹ) (۲) کوئی چیز رکھنے کا برتن (۳) صراحی۔

بار در گل افتادن (ف) دیکھو باربرزمین افتادن۔

باردل (ف) رنج والم - غم واندوہ۔

باردین (ف) ایک شہر کا نام۔

بارِز (ع) ظاہر - آشکارا (۲) ظاہر ہونے والا۔

بارز التناسل (ع) حیاتیات کی اصطلاح میں وہ گھاس جو ریشہ، تنا، پتا اور پھول رکھتی ہو۔

بارِ زماں (ف) تکلیفیں - حادثے - رنج وغم - زمانے کا بوجھ۔

بارسات (ف) برسات۔

بارسالار (ف) حاجب بزرگ - بوڑھا دربان - وہ شخص جو لوگوں کو سامان دینے پر مامور ہو۔

بارِش (ف) مینہ (۲) مینہ کا برسنا۔

بارِ شریعت (ف) تزویج - نکاح۔

بارِع (ع) وہ شخص جو علم و فضل یا حسن و جمال میں دوسروں پر فائق ہو۔

بارِ عام (ف) عام کچہری - دربارِ عام - دیوانِ عام۔

بارِ عام دادن (ف) دربارِ عام کرنا - عام کو دخل دینا (۲) عام داخلے کی اجازت دینا۔

بار فروش (ف) تھوک مال بیچنے والا۔

بارِق (ع) روشن - چمکنے والا بادل - چمکیلا۔

بارِقہ (ع) بجلی (۲) چمکنے والی (۳) چمکیلی تلوار۔

بارکش (ف) بوجھ کھینچنے والا (۲) بوجھ اُٹھانے والا - باندی (۳) مظلوم (۴) چھکڑا - لادو جانور۔

بارک اللہ (ع) اللہ تمہیں برکت دے - تحسین و آفرین کے موقع پر بولتے ہیں۔

بارکشیدن (ف) بوجھ کھینچنا (۲) بوجھ اُٹھانا۔

بارگاہ (ف) محل شاہی - کچہری کی جگہ (۲) کسی بزرگ کا مکان - دیوان خانہ (۳) شاہی خیمہ (۴) حاملہ جانوروں کا پیٹ۔

Marfat.com

بارگاہ زدن (ف) خیمہ استادہ کرنا۔
بارگہ (ف) بارگاہ کا مخفف۔
بارگیر (ف) گھوڑا (۲) اونٹ (۳) بیل (۴) کشتی (۵) ہودہ۔ عماری (۶) وہ شخص جو اپنا گھوڑا نہ رکھتا ہو اور دوسرے کے گھوڑے پر ملازم ہو۔ سائیس (۷) بوجھ اٹھانے والا جانور۔
بارگیر جم / بارگیر سلیمان } (ف) اس ہوا کو کہتے ہیں جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو لیے پھرتی تھی۔
بارگیر حرف (ف) تکیہ کلام۔
بارگیری (ف) بوجھ باندھنا۔
بارمان (ف) ایک تورانی پہلوان کا نام۔
بارنام / بارنامہ } (ف) رونق (۲) سامان (۳) شان وشوکت اور تجمل حشمت (۴) تفاخر (۵) شیخی۔ (۶) بڑائی ہانکنا۔ شیخی بگھارنا۔ (۷) حمد (۸) نعت (۹) بادشاہوں کی ملاقات کا پروانہ۔
بارنہادن (ف) جننا۔ وضع حمل ہونا۔
بارنہادن برکسے (ف) لادنا۔ کسی پر بوجھ کا بار کرنا۔
بارو (ف) قلعہ۔ حصار۔ قلعہ کی دیوار۔
باروا (ف) شائستہ۔ سزاوار۔ رائج۔ مقابل۔ ناروا۔
بارو بندیل (ف) اسباب اور اثاثہ جو ایک شخص ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔
باروت / بارود } (ف) شورہ۔ نمک چینی (۲) بندوق اور توپ کا دارو کیونکہ اس میں شورہ ہوتا ہے۔
باروت خانہ / بارود خانہ } (ف) وہ جگہ جہاں بارود رکھی جائے۔ میگزین۔
باروح (ف ۔ ع) باصفا۔ دلکشا۔ خوش آئند
باروحی (ف) دلکشا۔
بارہ (ف) قلعہ۔ حصار (۲) دیوار قلعہ۔ فصیل (۳) دفعہ (۴) بابت۔ نوبت (۵) قاعدہ۔ قانون۔ طرز۔ روش۔ ڈھنگ۔ (۶) شان (۷) مضمون (۸) دوست (۹) گھوڑا (۱۰) ایک قسم کی شراب (۱۱) بکریوں کا ریوڑ۔
بارہا (ف) بار کی جمع۔ کئی بار۔ کئی دفعہ۔ بہت دفعہ۔ اکثر اوقات۔
بارہ کوب (ف) قلعہ شکن توپ۔
بارے (ف) ایک بار۔ ایک دفعہ (۲) آخر کار (۳) کسی وقت (۴) القصہ (۵) خدا ایسا کرے۔
باری (ع) پیدا کرنے والا۔ خدا۔
باریاب (ف) کچہری میں دخل پانے والا۔ کچہری میں آنے والا۔ دخل پانے والا۔ کسی رئیس یا امیر کے پاس آنے والا۔ بامراد۔
باریابی (ف) بادشاہ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا شرف۔
باریافتن (ف) بادشاہ کی بارگاہ میں حاضر ہونا۔
باری تعالےٰ (ع) اللہ تعالےٰ۔ خدائے برتر۔ بزرگ خدا۔
باریجہ (ف) ہینگ۔

باریدن (ف) برسنا (۲) برسانا۔
باریدہ (ف) امر مشہور و معروف سے کنایہ ہے۔
باریز (ف) پیرس سے مفرس ہے جو فرانس کا دارالحکومت ہے۔
باعزّ اسمہٗ (ع) خدا جس کا نام بزرگ اور بڑا ہے۔ بزرگ اور بڑے نام والا خدا۔
باریک (ف) پتلا۔ مہین (۲) لطیف و نازک (۳) بہت کم موٹا۔
باریک انداز (ف) ماہر تیر انداز۔
باریک اندازی (ف) مہارت سے تیر چلانا۔
باریک اندام (ف) لاغر۔ کمزور۔
باریک بین (ف) گہری نظر سے دیکھنے والا۔ نہایت غور و خوض کرنے والا۔ باریکی کو دیکھنے والا۔
باریک خیال (ف) نازک خیال (۲) شاعر۔
باریک رسیدن (ف) کسی کام کو نہایت غور و فکر اور خوبی سے پورا کرنا۔
باریک شدن (ف) دُبلا ہونا (۲) اپنے آپ کو سمیٹ لینا کہ چلنے میں آہٹ نہ ہو۔
باریک میاں (ف) لاغر۔ جس کی کمر باریک ہو۔
باریکہ (ف) تنگ راستہ۔
باز (ف) دونوں کھلے ہوئے ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ جو اس ہاتھ کی انگلی کے سرے سے اس ہاتھ کی انگلی کے سرے تک ہو جیسے ترکی میں "قلاں" اور عربی میں "باع" کہتے ہیں (۲) پھر (۳) اور (۴) دوبارہ (۵) تکرار (۶) دہرانا (۷) کشادہ (۸) تنبیہ (۹) تمیز (۱۰) تفرقہ (۱۱) طرف۔ جانب۔ سمت۔ (۱۲) گزرگاہ (۱۳) جُدا (۱۴) محصول۔ خراج۔ باج (۱۵) برگشتہ ہونا (۱۶) وقت (۱۷) عکس (۱۸) ہنگام (۱۹) الٹ۔ (۲۰) کھولا ہوا (۲۱) ایک شکاری پرندہ کا نام (۲۲) باختن مصدر سے امر کا صیغہ (۲۳) اور نیز بازیدن مصدر سے امر کا صیغہ۔
باز / باژ } (ف) باج۔ خراج۔ محصول۔ چنگی (۲) نہانے کے وقت اور کھانے کے بعد اور عبادت کے وقت آتش پرستوں کا خاموش رہنا۔
بازا (ف) واپس آ۔ پھر آ (۲) نو سے استیر کا وزن۔ ایک استیر چار مثقال۔ اور ایک مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔
بازار آراستن (ف) بازار لگانا (۲) رونق بنانا اور بڑھانا۔
بازار برچیدن (ف) بازار اُٹھالینا۔ بازار بند کرنا۔
بازار پسند (ف) وہ سامان جو بازار آئے اور گاہک اسے پسند کریں۔
بازارچہ (ف) چھوٹا بازار۔
بازار چیزے آراستن (ف) کسی چیز کا سنوارنا۔ کسی چیز کا آراستہ کرنا۔ کسی چیز کو ترتیب دینا۔ مرتب کرنا۔
بازار چیزے گرم بودن (ف) کسی چیز کا بارونق ہونا (۲) اس کا

Marfat.com

رواج پکڑنا۔
بازارِ خاک (ف) مٹی کا بازار۔ یعنی انسان (۲) انسان کی عظمت و شان (۳) دنیا و آخرت کے امور۔
بازار زدن (ف) بازار لگانا۔ بازار آراستہ کرنا (۲) خاطر خواہ فائدہ اُٹھانا۔
بازار شکستن (ف) کسی کے کاروبار تجارت کو نقصان پہنچانا۔
بازارِ عام (ف) میلہ۔
بازار کشیدن } (ف) بازار لگانا۔
بازار نہادن }
بازارگان (ف) سوداگر۔ تاجر۔ بیوپاری۔
بازارگانی (ف) سوداگری۔ تجارت۔ بیوپار۔
بازارگاہ (ف) بازار کی جگہ۔
بازارگرد } (ف) کم حیثیت آدمی (۲) لاپروا (۳) آوارہ (۴)
بازاری } پرانا۔ استعمال شدہ۔
بازار مکارہ (ف) وہ بازار جو سال میں ایک مرتبہ چند دنوں کے لیے قائم ہو۔ مختلف شہروں یا دوسرے ملکوں کی اجناس نمائش یا خرید و فروخت کے لیے وہاں لائی جائیں۔
بازافگن (ف) زنبیل۔ کشکول۔ گداگروں کی جھولی یا تھیلی (۲) ایک چھوٹا سا رومال جسے گریبان کے ساتھ سی کر کندھوں پر لٹکاتے ہیں۔
بازالت (فرانسیسی) سیاہ سنگ مرمر۔
بازام (ف) جھولا۔ بازیچ۔
باز آمدن (ف) واپس آنا۔ پھر آنا (۲) باز آنا۔ توبہ کرنا۔
باز آورد (ف) سوغات۔ ارمغان۔ پیشکش۔
باز آوردن (ف) واپس کر لینا۔ پھیر لینا (۲) ہٹا لینا۔
باز پرس (ف) تحقیقات (۲) مواخذہ۔
باز پس (ف) پیچھے۔ واپس (۲) پیچھے ہٹنے والا۔
باز جائے (ف) جائے بازگشت (۲) مستقر۔ قرارگاہ۔ قیامگاہ۔ ٹھکانہ۔ مکان۔
باز چیدن (ف) اُٹھا لینا۔
باز خانہ (ف) توشہ خانہ۔
باز خریدن (ف) چھڑانا۔ مخلصی دینا (۲) پھر خریدنا۔
باز خواست (ف) بازپرس (۲) مطالبہ (۳) جستجو (۴) تحقیقات (۵) واپس لینا۔
باز خواندن (ف) پڑھنا۔ دوبارہ پڑھنا۔ حاضر کرنا۔ واپس کر لینا۔
باز خوردن بچیزے (ف) ملنا۔ کسی چیز سے ملنا۔ (۲) سامنے آنا۔ کسی چیز کے سامنے آنا۔ کسی چیز کے مقابل ہونا (۳) ملاقات کرنا۔
باز دادن (ف) لوٹانا۔ واپس کرنا۔ پھیر دینا۔
باز دار (ف) باز رکھنے والا۔ باز کا نگران۔ بازوں کی تربیت کرنے والا۔

باز داشت گاہ (ف) جیل۔ قید خانہ۔
باز داشتن (ف) چھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔
باز داشتن از چیزے (ف) کسی چیز سے منع کرنا۔ کسی چیز سے روکنا۔ منع کرنا۔ روکنا۔
باز داشتن بچیزے (ف) ٹھہرانا (۲) متعین کرنا (۳) آمادہ کرنا۔
باز داشتن زبانِ ملامت (ف) ملامت کرنا۔
باز دانستن (ف) تحقیق کرنا اور اطلاع پانا۔ معلوم کرنا۔ مطلع ہونا۔
باز دید (ف) بدلے کی ملاقات۔ جو ملنے آئے اسے ملنے جانا۔
بازرگان (ف) بازارگان کا مخفف۔ سوداگر۔ تاجر۔ بیوپاری۔
بازرگانی (ف) سوداگری۔ تجارت۔ بیوپار۔
باز شدن گوشۂ چشم بچیزے (ف) کسی چیز کی طرف التفات کرنا۔ اس کی طرف توجہ کرنا۔
بازغ (ع) چمکتا ہوا۔ روشن (۲) طلوع ہونے والا۔
بازغہ (ع) قوم عاد کی ایک حسینہ و جمیلہ عورت کا نام جو حضرت یوسف علیہ السلام کی ہدایت سے معرفت کے درجہ کو پہنچی۔
بازغہ (ع) بازغ کا مؤنث۔ چمکتی ہوئی عربی میں شمس یعنی سورج مؤنث ہے۔ اس لیے اس کی صفت کے لیے بازغہ آتا ہے۔
بازک (ف) باشہ۔ باز کی قسم کا ایک چھوٹا شکاری پرند جو چڑیوں وغیرہ کا شکار کرتا ہے۔
باز کرد (ف) جدا کیا۔ کھولا۔
باز کردن (ف) جدا کرنا۔ کھولنا۔
بازکش (ف) قوت ممیزۂ انسانی۔ انسان کی اس قوت کا نام جس سے وہ تمیز کرتا ہے۔
باز کشیدن (ف) کھینچنا۔
بازگاہ (ف) سیل کی گزرگاہ۔ وہ جگہ جہاں سے رَو کا پانی گزرے۔
بازگرد (ف) لوٹ آنا۔ مراجعت (۲) خصوصاً بدپرہیزی سے بیماری کا لوٹ آنا۔
بازگردان (ف) لوٹا دینے والا۔
بازگردانیدن (ف) لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔
بازگرداندن (ف) لوٹا دینا۔ واپس دینا۔ پھیرنا۔
بازگردیدن (ف) لوٹ جانا۔ واپس ہونا۔
بازگرفتن (ف) واپس لینا۔
بازگزاشتن (ف) چھوڑ دینا۔ رخصت کرنا۔
بازگشت (ف) دیکھو بازگرد۔
بازگشتن (ف) واپس ہونا۔ اصلی جگہ پہ آنا۔
بازگفت (ف) تکرار سخن۔
بازگفتن (ف) پھر کہنا۔ دوبارہ کہنا۔
بازگو (ف) بیان کرنے والا۔ پھر کہنے والا۔

Marfat.com

**باز گوئی** (ف) چرچا۔ شہرت۔
**بازگیر** (ف) (۱) تاریخ دان (۲) مواخذہ (۳) اعتراض (۴) ملامت۔
**بازگیری** (ف) کسی کا مال لے لینا اور ضبط کر لینا۔
**بازل** (ف) نو برس کا اونٹ۔
**باز ماندن** (ف) عاجز ہونا۔ پیچھے رہ جانا۔
**باز ماندہ** (ف) (۱) پیچھے رہا ہوا۔ (۲) بچا ہوا کھانا وغیرہ۔ بچی ہوئی کوئی چیز۔
**باز مردم شکار** (ف) موت۔ اجل۔ مرگ۔
**بازن** (ف) بے غیرت۔ دیوث۔ دلّا۔
**باز ندانستن چیزے را از چیزے** (ف) کسی چیز میں تمیز نہ کرنا۔ ان میں تمیز نہ کرنا۔ فرق نہ کرنا۔
**باز نشاندن** (ف) بٹھانا۔ آگ یا فتنہ کو خاموش کرنا۔
**بازندگی** (ف) حیلہ گری۔ مکاری کھیلنا۔
**بازندہ** (ف) کھیلنے والا۔ کھلاڑی۔
**بازو** (ف) (۱) ہاتھ یعنی ہاتھ کا وہ حصّہ جو کہنی سے کندھے تک ہوتا ہے۔ ڈنڈ (۲) استعداد (۳) چوکھٹ کا بازو۔
**بازو باز کردن** / **بازو برافروختن** / **بازو برآوردن** } (ف) پکڑنے کے لیے ہاتھ اٹھانا۔ (۲) مارنے کے لیے ہاتھ اٹھانا۔
**بازو بند** (ف) ہر چیز کا مصالح۔ جیسے تسبیح کا دھاگا وغیرہ۔
**بازو دادن** (ف) مدد دینا۔ امداد کرنا۔
**بازو دراز** (ف) زبردست۔ غالب (۲) دراز دست۔
**بازو دراز شدن** (ف) زبردست ہونا۔ ظالم ہونا۔
**بازو ستون کردن** (ف) کمان کھینچنے کے لیے بازو کھولنا۔
**بازو شکن** (ف) نہایت طاقتور۔ بہت قوی۔ بڑا زبردست۔ بہت زور آور۔
**بازوکا** (فرانسیسی) آتشیں اسلحہ کی ایک قسم جس کی نالی لمبی ہوتی ہے اور اسے کندھے پر اٹھایا جا سکتا ہے۔
**بازو گشادن** (ف) جوانمردی کرنا۔ بہادری کرنا (۲) سخاوت کرنا۔ کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔
**بازو گشادہ** (ف) عاجز۔ نیازمند۔
**باز ہشتن** (ف) چھوڑنا۔ رہا کرنا۔ واگزار کرنا۔
**بازوئے در رفتہ بود** (ف) بازو اترا ہوا تھا۔
**بازی** (ف) کھیل (۲) فریب۔ دغا۔
**بازی** (ع) باز۔ ایک شکاری پرند۔
**بازیار** (ف) شکاری باز کی تربیت کرنے والا۔
**بازیافت** (ف) پانا (۲) خریدنا (۳) پایا ہوا۔
**بازیافتن** (ف) پھر پانا۔ واپس ملنا۔
**بازی بازی** (ف) بے پروائی سے۔
**بازیچہ** (ف) کھلونا۔ تماشہ (۲) آسان کام (۳) مسخرہ۔
**بازیچۂ اطفال** (ف۔ ع) بچوں کا کھیل۔ نہایت آسان اور معمولی کام۔
**بازی خوردن** (ف) فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔
**بازی در مے آورد** (ف) تماشہ بناتا تھا۔ نقل اتارتا تھا۔
**بازی در آوردن** (ف) کھیل یا تماشہ دکھانا۔
**بازیدن** (ف) کھیلنا (۲) کھلانا (۳) ہارنا۔
**بازی کردن** (ف) وقت گزارنے کے لیے خود کو کسی چیز کے ساتھ مشغول رکھنا۔ جوا کھیلنا۔ ورزش کرنا۔
**بازی گوش** (ف) وہ لڑکا جو دوسرے لڑکوں کے کھیل پر کان لگائے رکھے۔ (۲) شوخ گستاخ۔
**بازی لیکی** (ف) بادشاہ کی کچہری۔ شاہی دربار۔ شاہی بارگاہ۔
**بازی نیش** (ف) سوانگ۔ بے وقوفی کا کھیل۔
**باژگون** (ف) واژگون۔ الٹا۔ اوندھا (۲) منحوس۔
**باس** (ع) رنج۔ دکھ۔ تکلیف۔ غم (۲) خوف۔ خطرہ (۳) مضائقہ (۴) قدرت۔ قوت۔ مقدور۔
**باس** (ف) پرانا۔ قدیم۔
**باسان** (ف) جڑ اور بنیاد سے اکھاڑ دینے والا۔
**باسکوش** (ف) مرزنگوش۔ ایک قسم کی خوشبو ہے۔ چونکہ یہ چوہے کے کان کے مشابہ ہوتی ہے۔ اور چوہے کو مرز کہتے ہیں۔ اس لیے اس کا نام بھی مرزنگوش رکھا گیا۔
**باستار** (ف) فلاں کی طرح کا ایک کلمہ جس سے مجہول اور نامعلوم چیز یا شخص کی طرف اشارہ کیا جائے۔
**باستان** (ف) قدیم۔ گزشتہ۔ کہنہ۔ پرانا (۲) گزشتہ زمانہ (۳) تاریخ (۴) دنیا زمانہ (۵) آسمان۔
**باستان شناس** (ف) علم تاریخ کا ماہر۔
**باستان شناسی** (ف) آثار قدیمہ اور پرانی اشیاء سے متعلق علم۔
**باستان نامہ** (ف) تاریخ کی ایک کتاب کا نام ہے۔ جس میں قدیم شاہانِ فارس کے تاریخی حالات درج ہیں۔
**باستی** (ف) عاجزی۔ فروتنی۔ نیازمندی۔
**باستیان** (ف) برج۔ درجہ۔
**باسرہ** (ف) وہ زمین جو کھیتی باڑی کے لیے تیار کی گئی۔
**باسط** (ع) فراخی دینے والا۔ خدا تعالٰے کا نام۔
**باسق** (ع) اونچا۔ لمبا (۲) بڑھنے والا۔
**باسک** (ف) جمائی۔ دہن۔ درہ (۲) ہندوؤں کے نزدیک سانپوں کے بادشاہ کا نام۔
**باسکٹ بال** (انگ) باسکٹ بال۔
**باسک در جوال شدن** (ف) برے اور بدمزاج آدمی کے ساتھ ایک گھر میں رہنا (۱) بری عورت کا شوہر ہونا۔ دراصل یہ ایک سزا کا نام ہے جس میں آدمی اور کتے کو ایک ہی بوری میں بند کر دیتے ہیں۔
**باسل** (ع) بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ شیر۔
**باسلاح** (ف) مسلح۔ ہتھیار بند۔ با ہتھیار۔
**باسلیق** (ف) ہاتھ کی ایک رگ کا نام۔

Marfat.com

باسلیقہ (ف - ع) ، باذوق - وہ شخص جس کے کام آراستہ ، مرتب اور خوش کرنے والے ہوں۔
باسمج (ف) ، تبریز کے قریب ایک مقام کا نام۔
باش (ف) ، رہ - ٹھہر جا - سُن - میری طرف دھیان کر۔
باش (ت) ، سر - راس۔
باش اچق (ت) ، برہنہ سر - ننگے سر۔
باشاہم فالودہ نمے خورد (ف) ، اس قدر معزور ہے کہ کسی سے نہیں ملتا۔
باش باش (ف) ، ٹھہر ٹھہر۔
باش چاؤش (ف) ، سارجنٹ - حوالدار میجر۔
باش کاتب (ت - ع) ، میر منشی - سر کاتب - کاتبوں کا سر یعنی سردار۔
باشام (ف) ، ہر قسم کا پردہ خواہ گھر کا پردہ یا ساز کا پردہ۔
باشتین (ف) ، میوہ - درخت کا پھل - وہ پھل جو درخت سے چُنا گیا۔
باشگاہ (ف) ، کلب۔
باشگونہ (ف) ، واژگوں - اوندھا - اُلٹا۔
باشلق (ت) ، سردار - امیر۔
باشلیقی (ف) ، سرداری - امارت۔
باشماق (ت) ، جوتا۔
باشماقی (ت) ، جوتے والا۔
باشندہ (ف) ، رہنے والا - دیسی۔
باشہ (ف) ، باز کی قسم کے ایک چھوٹے سے شکاری پرندہ کا نام۔
باشی (ت) ، سردار - امیر۔
باشیدن (ف) ، بسنا - رہنا۔
باصرہ (ع) ، دیکھنے کی قوت - نظر - بینائی - آنکھ۔
باطش (ع) ، سختی کرنے والا - حملہ کرنے والا۔
باطشہ (ع) ، باطش کا مؤنث - سختی کرنے والی (۲) حملہ کرنے والی۔
باطل (ع) ، جھوٹ - دروغ - بے اصل - ناحق (۲) ناچیز - (۳) شیطان۔
باطن (ع) ، پوشیدہ - پوشیدہ چیز (۲) دل (۳) اندرونی حالات۔
باطن زدن (ع - ف) ، بددعا میں مبتلا ہونا۔
باطنی (ف) ، اندرونی - بھیتر کا - دل کا۔
باع (ع) ، دونوں ہاتھوں کے درمیان کا فاصلہ یعنی دونوں ہاتھوں کو دائیں بائیں سیدھا پھیلا کر ایک ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے سے دوسرے ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے تک کا فاصلہ۔
باعث (ع) ، برانگیختہ کرنے والا (۲) بھیجنے والا (۳) سبب - وجہ۔

باعوز (ع) ، بلعم کے باپ کا نام۔
باغ (ع) ، جہاں میوہ دار درخت ہوں (۲) دنیا۔
باغ (ف) ، جہاں میوہ دار درخت ہوں (۲) دنیا۔
باغات (ع) } باغ کی جمع - اصفہان کے ایک محلہ کا نام بھی ہے جہاں
باغات (ف) } زیادہ تر آوارہ مزاج رہتے ہیں۔
باغ باغ (ف) ، خوش و خرم (۲) شگفتہ - نہال۔
باغبان (ف) ، باغ کا نگہبان - مالی۔
باغ بدیع (ع) ، خلد بریں - اعلیٰ بہشت۔
باغ پیرا (ف) ، باغ کو آراستہ کرنے والا - مالی (۲) روشنک کی ماں یعنی دارا کی ملکہ کا نام۔
باغترہ (ف) ، خربوزے ، تربوز ، کھیرے اور اس طرح کی چیزوں کا کھیت۔
بارغج (ف) ، نیم پختہ انگور۔
باغیچہ (ف) ، چھوٹا باغ۔
باغچہ بان (ف) ، باغیچہ کا نگہبان - چھوٹے باغ کا نگران۔
باغچہ سلیمانی (ف) ، باغ طلسم - وہ باغ جو شعبدہ یا جادو کے باعث نظر آئے۔
باغ خدا (ف) ، باغ کا مالک۔
باغ رفیع (ع) ، خلد بریں - اعلیٰ بہشت۔
باغرہ (ف) ، دیکھو باکرہ۔
باغ زاغاں (ف) ، ہرات کے باغ کا نام۔
باغ زمستانی (ف) ، وہ باغ جس پر برف سے بچاؤ کے لیے چھپر ڈالا جائے۔
باغستان (ف) ، باغ کی جگہ۔
باغ سیاوشان (ف) ، قدیم ایرانی موسیقی کا ایک راگ۔
باغ شہریار (ف) ، قدیم ایرانی راگ۔
باغ سرپوشیدہ (ف) ، باغ زمستانی۔
باغ قدس (ف) ، بہشت - جنت۔
باغک (ف) ، چھوٹا باغ۔
باغ گلکاری (ف) ، جہاں کثرت سے پھولوں کے پودے اور درخت ہوں۔
باغل (ف) ، وہ جگہ جو پہاڑ یا جنگل میں بکریوں کے بٹھانے کے واسطے بنا لیتے ہیں - باڑہ۔
باغ مراد (ف) ، ہرات کے ایک باغ کا نام۔
باغ مشجر (ع) ، نہایت گھنا باغ - وہ باغ جہاں گھنے درخت ہوں۔
باغ نباتات (ع) ، وہ باغ جس میں سبزی ترکاری بوئی جاتی ہے - ترکاریوں کا باغ۔
بارغنج (ف) ، بارغج - نیم پختہ انگور۔
باغندہ (ف) ، پونی - دھنی ہوئی روئی کی موٹی سی بتی جو کاتنے کے لیے بناتے ہیں۔
باغ نسیم (ف) ، کشمیر کے ایک مشہور باغ کا نام جس میں صرف چنار

Marfat.com

کے درخت ہیں - جو ڈل جھیل کے مغربی کنارہ پر ہے -
**باغِ نظر** (ف) کرمان کے ایک باغ کا نام -
**باغِ وحش** (ع) چڑیا گھر جہاں ہر قسم کے جانور چرند و پرند رکھے جاتے ہیں -
**باغوش** (ف) پانی میں غوطہ لگانا (۲) کسی شے کو پانی میں ڈبونا -
**باغِ ہشت دَر** (ف) بہشت (۲) انسان کا وجود -
**باغی** (ع) بغاوت کرنے والا - سرکش - نافرمان -
**باغی گری** (ف) بغاوت - سرکشی - نافرمانی -
**بافت** (ف) بُننے کا عمل - بُنا ہوا - تار و پود - نسج -
**بافت کار** (ف) جولاہا - بُننے والا -
**بافتن** (ف) کپڑا وغیرہ بُننا -
**بافتہ** (ف) بُنا ہوا - ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا نام -
**بافدم** (پہلوی) آخر کار -
**بافرہنگ** (ف) با ادب - دانا - عاقل - مہذب -
**بافرہی** (ف) شوکت و جلال والا -
**بافرین** (ف) لائق تحسین -
**باف کار** (ف) بافندہ کار کا مخفف - جولاہا -
**بافلاں چہ داری** (ف) تجھے فلاں شخص سے کیا دشمنی ہے؟
**بافندہ** (ف) بُننے والا جولاہا - نورباف -
**باقر** (ع) بڑا عالم (۲) بڑا مال دار (۳) شیر (۴) امام پنجم حضرت امام محمد باقر علیہ السلام جو بنت حسنؑ کے بطن سے امام چہارم حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے بیٹے تھے ستاون سال کی عمر میں ۱۱۴ھ میں فوت ہوئے -
**باقر قرہ** (ع) کیچڑ - دلدل -
**باقل** (ع) کنجڑا - ترہ فروش - ترکاری سبزی بیچنے والا (۲) وہ شخص جس کی داڑھی نکل رہی ہو (۳) وہ بات جو کاہلی سے بیان کی جائے (۴) ایک احمق کا نام -
**باقلا** (ع) لوبیا کے مشابہ ایک مشہور دانہ ہے جسے شامی زبان میں فول کہتے ہیں - رائج ماں یعنی راج ماش - علاقہ کشمیر میں عام ہوتا ہے اور بطور دال کے کھایا جاتا ہے (۲) تسبیح کا دانہ -
**باقلا خوردن** (ف) احمق ہونا - بے شعور ہونا -
**باقلی** (ف) دیکھو باقلا -
**باقیہ** (ع) گڈی - سبزی ترکاری کا بند یا مٹھا -
**باقی** (ع) بچا ہوا - ہمیشہ رہنے والا (۲) خدا تعالے کا ایک نام -
**باقیات** (ع) باقی کی جمع -
**باقیات الصّلٰحٰت / باقیات الصّالحات** (ع) آثار خیر جو مرنے کے بعد باقی رہیں اور وہ تین ہیں - اوّل نیک اولاد - دوم صدقہ جاریہ یعنی ہمیشہ جاری رہنے والی خیرات یا سخاوت - سوم رفاہ عام کا کوئی کام -
**باقی ذکر شمارا** (ف - محاورہ) جس کا مطلب ہے کہ ہمیں جو کہنا تھا سو کہہ دیا - ماننا نہ ماننا تمہارے اختیار میں ہے -

**باقی ماندن** (ع - ف) باقی رہنا - قائم رہنا - اپنی جگہ پر رہنا -
**باک** (ف) ڈر - خوف - اندیشہ -
**باک نداشتن** (ف) خوف نہ کھانا - پروا نہ کرنا -
**باکر** (ع) صبح سویرے -
**باکرہ** (ع) دوشیزہ - کنواری عورت - صحیح لفظ "بکر" بغیر الف ہے -
**باکسے آتش شدن** (ف) کسی سے غصّے ہونا - اس سے غصّے ہونا - کسی کے ساتھ جھگڑنا -
**باکسے بودن** (ف) کسی کی طرف متوجہ ہونا - کسی سے مخاطب ہونا -
**باکسے برنیامدن** (ف) کسی سے مقابلہ نہ کرسکنا -
**باکسے پیوستن** (ف) کسی سے رشتہ جوڑنا (۲) ملاقات کرنا -
**باکسے در اُفتادن** (ف) کسی سے مقابلہ کرنا - لڑنا - جھگڑنا -
**باکسے در آویختن** (ف) کسی سے لپٹ جانا - کشتی کرنا -
**باکسے دست در کمر زدن** (ف) کسی سے لڑنا - جنگ کرنا -
**باکمال بنیہ بود** (ف) اس کی کاٹھی یعنی جسم کی بناوٹ مضبوط تھی -
**باکمر** (ف) نوکر - خدمتگار - کمربستہ -
**باکو** (ف) ٹرینس کاکیشیا یعنی کوہ قاف کے صوبہ شروان کے ایک مشہور شہر کا نام -
**باکورہ** (ع) پہلا پھل - پہلا میوہ - نیا پھل -
**باکورہ حیات** (ع) جوانی - بیٹا - فرزند -
**باکی** (ع) گریہ کرنے والا - رونے والا -
**باکیہ** (ع) رونے والی - آنسو بہانے والی -
**باگرہ** (ف) باغرہ - پاؤں وغیرہ میں پھوڑا یا زخم ہونے کی وجہ سے ران کی جڑ میں جو گرہ سی ہو جاتی اور چلنے میں تکلیف دیتی ہے (پنجابی ددھر مُرنڈا)
**باگذشت** (ف) سخاوت مند - بخشش دینے والا - اپنے حق سے چشم پوشی کرنے والا - وہ شخص جو دوسرے کے جرم و گناہ سے درگزر کرے -
**بال** (ع) دل (۲) حال (۳) بے پروائی (۴) خوشدلی (۵) شان (۶) عیش (۷) عظمت -
**بال** (ف) پر (۲) ہاتھ (۳) بازو جو انسان کے کندھوں سے ہاتھ کے ناخن تک - چوپایوں میں کندھوں سے سُم تک پرندوں میں شہپروں کے اُگنے کا مقام (۴) ایک قسم کی بڑی مچھلی (۵) بڑھنا - بالیدن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ -
**بال** (ت) شہد - عسل -
**بال** (ا - ن) ناچ - رقص بے تکلم -
**بالا** (ف) اُوپر (۲) قد و قامت (۳) لمبائی (۴) اُونچائی - بلندی - درازی (۵) کوتل گھوڑا -
**بالابان** (ف) بڑا فوجی ڈھول - دھونسہ - بم -
**بالابانچی** (ف) ڈھول بجانے والا -
**بالابلند** (ف) بلند قامت - لمبے شخص کا قد -

Marfat.com

بالاپوش (ف) لحاف۔ رضائی۔ اوورکوٹ۔ چادر۔ برقع۔
بالاتر از سیاہ رنگے نیست۔ بدقسمتی سے بڑھ کر اور کچھ نہیں۔
بالاتفاق (ع) سب کے اتفاق سے۔
بالاجماع (ع) سب کے کہنے سے۔
بالاجمال (ع) مختصر طور پر۔
بالاخانہ (ف) چوبارہ۔
بالآخر (ع) آخرکو۔ آخرکار۔ انجام کار۔
بالاخص (ع) خاص طور پر۔
بالاخوانی (ف) شیخی مارنا۔ طاقت اور حیثیت سے بڑھ کر نمائش کرنا۔
بالادادن (ف) تعریف کرنا۔
بالادست (ف) غالب (۲) حاکم۔ سردار (۳) بہتر۔ عمدہ (۴) صدر مجلس (۵) قوی (۶) نفیس شے۔
بالادست نشستن (ف) صدارت کی کرسی پر بیٹھنا۔
بالارو (ف) بالائی منزل پر چڑھنے کی برقی سیڑھی۔
بالادستی (ف) اوپر کا خرچ۔ زائد خرچ جو اصل خرچ سے علیحدہ ہو۔
بالادہ (ف) کوتل گھوڑا۔
بالارادہ (ع) ارادہ سے۔ جان بوجھ کر۔ قصداً۔ عمداً۔
بالارفتن (ف) بلند پروازی کرنا۔ اوپر چڑھنا۔
بالارفتن دماغ (ف) غرور و نخوت بہم پہنچانا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔
بالتقدیر (ف) اتفاق سے۔
بالاکشیدن (ف) لوٹ لینا۔ ہتھیا لینا۔
بالاکشیدہ (ف) بلند و بالا۔
بالار (ف) شہتیر۔ جسے دیواروں پر رکھ کر اوپر کڑیاں ڈالتے ہیں۔
بالازدن (ف) اوپر چڑھنا۔
بالاستقلال (ع) بغیر کسی دوسرے کی امداد و اعانت کے تنہا کسی کام کے لیے آمادہ و مصروف ہونا۔
بال افشاندن (ف) اڑنا۔ پرواز کرنا۔
بالاگر (ف) ستون۔ کڑی۔ موٹی لکڑی۔ کڑی جو شہتیر کے اوپر ڈالتے ہیں۔
بالاگرفتن (ف) بلند ہونا (۲) رونق و آراستگی پانا۔ (۳) اٹھانا۔ (۴) کسی کو غافل کر کے اس کی کوئی شے اٹھا لے جانا۔
بالاگرفتن آتش (ف) آگ کا بھڑک اٹھنا۔ مشتعل ہونا۔
بالان (ف) دہلیز۔ چوکھٹ (۲) چڑھنے والا (۳) حرکت کرنے والا۔ (۴) ایک قسم کا پنجرہ جس سے جانور کو شکار کرتے یعنی پھنساتے ہیں۔
بالانشین (ف) صدر۔ میر مجلس۔ معزز۔
بالانہ (ف) دہلیز۔ چوکھٹ۔

بالا و پست } (ف) اوپر اور نیچے۔
بالا و نشیب } زمین اور آسمان۔
بالائی (ف) اونچائی۔ بلندی (۲) ملائی (۳) اوپر کی چیز۔
بالائی آمدنی } (ف) تنخواہ کے علاوہ آمدنی۔
بالائی یافت } کمیشن یا رشوت وغیرہ۔
بالتخصیص (ع) خصوصاً۔ خاص کر۔
بالتشریح } (ع) مشرح۔ صاف صاف۔ کھول کر۔
بالتصریح }
بالتفصیل (ع) تفصیل وار۔ الگ الگ۔
بالتمام (ع) تمام۔ کل۔ سب کا سب۔
بالجملہ (ع) خلاصۂ مطلب۔ حاصل کلام۔
بالذات (ع) اپنی ذات سے۔ اکیلے۔ بلاواسطہ۔ آپ ہی آپ۔
بالست (ف) دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔ باکرہ۔
بالش (ف) بالیدگی۔ نمو۔ افزائش۔
بالش (ف) اصطلاح سلاطین مغلیہ میں آٹھ مثقال دو دانگ سونے کو کہتے ہیں۔
بالش } (ف) سرہانہ۔ تکیہ۔ بالین۔
بالشت }
بالش نرم زیر سر کسے کردن (ف) کسی کو میٹھی میٹھی باتوں سے خوش کرنا۔
بالشت پیل (ف) روئی کا بڑا سا تکیہ بنا کر اس سے نوگرفتار ہاتھی کو باولی دیتے ہیں۔
بالشتک } (ف) بالش کی تصغیر۔ چھوٹا تکیہ۔
بالشک }
بالعشی و الابکار (ع) شام و صبح۔
بالعکس (ع) برعکس۔ الٹا۔ خلاف۔
بالغ (ف) گائے بیل کا کھوکھلا سینگ (۲) لکڑی کا کرید کر بنایا ہوا برتن (۳) شراب پینے کا پیمانہ۔
بالغ (ع) حد بلوغ کو پہنچا ہوا لڑکا۔ گبرو۔ جوان۔ رسیدہ (۲) پکی ہوئی چیز۔ اٹھارہ برس کا لڑکا۔
بالغ بر (ف۔ ع) مشتمل بر۔
بالغدو و الآصال (ع) (پ ال غ دو۔ وال۔ آصال) صبح و شام۔
بالغ المرام (ع) مقصد پا لینے والا۔ کامیاب۔
بالغ نظر (ع) غور سے دیکھنے والا۔ گہری نظر سے دیکھنے والا۔ پکی نگاہ والا۔ حقیقت بین۔ تجربہ کار۔
بالغہ (ع) حد بلوغت کو پہنچی ہوئی لڑکی۔ جوانی کو پہنچی ہوئی جوان عورت۔ سولہ سال کی لڑکی۔ کمال کو پہنچی ہوئی۔
بالفرض (ع) بطور فرض۔ تسلیم کیا۔ مانا۔
بالفعل (ع) فی الحال۔ اس وقت۔
بالقوۃ (ع) از روئے قوت۔ دراصل۔ حقیقت بیں۔

Marfat.com

**بالکون** (مف) بالاخانہ۔ مہتابی۔

**بال ماسکہ** (فرانسیسی) محفل رقص جس میں ماسک پہن کر شریک ہوتے ہیں۔

**بال ماہی** (ف) مچھلی کے دونوں پہلوؤں کے پَر۔

**بالرّہ** (ع) بالکل۔ ہرگز۔ ہمیشہ۔

**بالمشافہ** (ع) رُوبرو۔ مُنہ در مُنہ۔ آمنے سامنے۔

**المضاعف** (ع) دوچند۔ دوگنا۔

**بالمقطع** (ع) بھاؤ کے بغیر۔ چکتا۔ کوتاہ۔ قطعی۔

**بالمُواجہ** (ع) موجودگی میں۔ رُوبرو۔ سامنے۔

**باللہ** (ع) خدا کی قسم۔

**بالنسبۃ** (ع) بہ نسبت۔ نسبت سے۔

**بالندگی** (ف) سبزیاں۔ اُگی ہوئی چیزیں۔ غرور۔

**بالنگو** (ف) بادرنجبویہ۔ مشہور دوا کا نام۔

**بالودن** (ف) بڑا ہونا۔ نشو و نما پانا۔ تن آور ہونا۔

**بالوس** (ف) غیر خالص کافور۔ کھوٹا کافور۔ وہ کافور جس میں کوئی اور شے ملا دی گئی ہو۔

**بالوعہ** (ع) گندے پانی کا چوبچہ۔

**بالوعۂ شیطان** (ع) غول۔ بلا۔ شیطان (۲) محنت (۳) دنیا۔

**بالہ** (ف) ایک قسم کا تھیلا جس میں چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

**باللہ** (ع) بخدا۔ واللہ۔ خدا کی قسم۔ سوگند۔

**بالی** (ع) پُرانا۔ کہنہ۔

**بالیدگی** (ف) بڑھنا درخت وغیرہ کا۔

**بالیدن** (ف) بڑھنا۔ بڑا ہونا۔ نشو و نما پانا۔

**بالیک** (ف) کفش۔ جُوتا۔

**بالین** (ف) تکیہ۔ سرہانہ۔

**بالین جمشید** (ف) مسند سکندر۔

**بالین شکستین** (ف) تعظیم کے لیے تکیہ سے ذرا سا ہلنا۔ تھوڑی سی تعظیم دینا۔

**بالین کج نہادن** (ف) جاگنا۔ نیند سے بیدار ہونا۔

**بالیہ** (ع) پُرانا۔ کہنہ۔ پُرانی چیز۔

**بام** (ف) چھت۔ اٹاری (۲) صبح۔ اوّل صبح بامداد کا مخفف۔ (۳) قرض۔

**بامب** (ف) دوہترا۔

**بام بدیع** (ف) عرش (۲) کرسی (۳) آسمان۔

**بامبول** (ف) دھوکہ۔ فریب۔

**بامبودن** (ف) دھوکہ دینا۔

**بام چشم** (ف) جفن۔ پپوٹا۔ آنکھ کا پلک۔

**بامچہ** (ف) ممٹا۔

**بامداد** } (ف) صبح۔
**بامدادان** }

**بام رفیع** (ف) اُونچی چھت یعنی آسمان۔ عرش۔ کرسی۔

**بام طرف** (ف) چھجہ۔ چھت کا بیرونی حصّہ۔

**بام کشادہ رواق** (ف) آسمان۔ عرش۔ کرسی۔

**بام گاہ** (ف) صبح۔

**بام مسیح** (ف) چوتھا آسمان۔

**بام مسکنت** (ف) غریب۔ مسکین۔

**بام نشیں** (ف) برباد شدہ

**بام نہم** (ف) نواں آسمان۔ عرش اعظم۔

**بام وسیع** (ف) فلک الافلاک۔

**بامن ہم بلاس** (ف) میرے ساتھ بھی دھوکا؟ یعنی تم مجھے دھوکا نہیں دے سکتے۔

**بامہ** (ف) لمبی داڑھی والا۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا۔

**بامیان** (ف) غلط نویس۔ بدخط (۲) بلخ اور غزنی کے درمیان ایک ولایت کا نام۔

**بامیل چیدن** (ف) سلائی سے بُننا۔

**بان** (ف) ایک قسم کی ہوائی جس میں بارُود بھری ہوتی ہے اور اسے آگ لگا کر دشمن پر پھینکتے ہیں (۲) ایک قسم کی خوشبو (۳) ایک قسم کا عنبر (۴) بید مشک کا رنگ (۵) لاحقہ جیسے فیلبان۔ شبطان۔ باغبان۔

**بان** (ع) عرب کے ایک خوش نما درخت کا نام جس کے دانوں سے خوشبودار روغن بنایا جاتا ہے۔

**بانک** (مف) بینک کا مفرس۔ خزانہ۔ بینک جہاں سُود پر روپیہ محفوظ رکھا جاتا ہے۔

**بانک استقراضی** (ف) قرضہ دینے والا بینک۔

**بانک بازرگانی** (ف) تجارتی امور میں مدد دینے والا بینک۔

**بانگ بر قدم زدن** (ف) تیزی سے چلنا۔

**بانگ خلیل اللّٰہی** (ف) کُشتی میں جب ایک پہلوان دُوسرے کو اُٹھا کر زمین پر مارنے لگتا ہے تو اللہ اکبر کہتا ہے اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ اُٹھتے بیٹھتے اللہ اکبر کہا کرتے تھے۔ اس لیے اس نعرہ کو بانگ خلیل اللّٰہی کہتے ہیں۔

**بانگ بر کسے زدن** (ف) ڈانٹنا۔

**بانگ زوارد** (ف) ہوش ہوش کی آواز۔ ہٹو بچو کی آواز۔ صُور اسرافیل کی آواز۔

**بانگ زدن** (ف) للکارنا (۲) ہانکنا۔ چلانا (۳) جگہ چھوڑنے سے روکنا۔

**بانگ عنقا** (ف) موسیقی کے ایک پردہ کا نام۔

**بانن** (مف) موز۔ کیلا۔

**بانو** (ف) بیگم۔ امیر کی بی بی۔ گھر کی بیوی۔

**بانو** (ف) صراحی (۲) شیشۂ حلب۔

**بانوا** (ف) آواز دار (۲) باسامان (۳) بے پروا (۴) نقارہ کی ایک قسم۔

Marfat.com

بالوچ (ف) بچوں کا پنگھوڑا ـ جھولا ـ
بانوئے مشرق (ف) آفتاب ـ سُورج ـ
بانوئے مصر (ف) زلیخا ـ
بانوئے شہلا چشم (ف) نرگسی آنکھوں والی ـ خوب صورت عورت ـ
باہ (ف) پیرو (۲) موئے زہار نکلنے والا مقام ـ عربی میں اسے عانہ کہتے ہیں ـ
بانی (ع) بنا کرنے والا ـ بنانے والا ـ
بانئے فساد (ف) فساد کا موجد ـ مفسد ـ سرغنہ ـ فساد کرنے والا ـ
بانئے کار (ف) کارساز ـ موجد (۲) ہوشیار ـ چالاک ـ
باوجود (ع) تس پر بھی ـ اس پر بھی ـ
باور (ف) یقین ـ درست ـ تصدیق ـ
باورچی (ف) اس لفظ میں چی کلمہ نسبت ہے ـ باورچی معنی صاحب اعتبار ـ یعنی اس بات کا اعتبار ہے کہ یہ شخص کھانے میں کوئی زہریلی چیز وغیرہ نہیں ملا دے گا ـ مرادی معنے کھانا پکانے والا ـ طباخ رسوئیا وغیرہ ـ
باوصف (ع) باوجود ـ
باذلی (ف) منسوب بہ شہر بادل ـ جہاں کا ریشمی کپڑا مشہور ہے ـ
باہ (ع) قوت ـ شہوت (۲) مجامعت ـ جماع ـ
باہار (ف) ظرف ـ برتن ـ کاسہ ـ خوراک کا برتن ـ
باہت (ف) ایک سفید پتھر جو اگلے زمانے میں خیال کرتے تھے کہ جو اس پتھر کو ایک نظر دیکھ لے وہ بے اختیار ہنس پڑتا ہے ـ
باہر (ع) غالب (۲) کھلا ہوا ـ روشن ـ ظاہر ـ
باہک (ف) شکنجہ ـ
باہکیدن (ف) شکنجہ کرنا ـ
باہل (ع) بے کار ـ غیر مسلح شخص ـ
باہلہ (ع) زن بے شوہر ـ وہ عورت جس کا شوہر نہ ہو ـ
باہم (ف) آپس میں ـ ایک ساتھ ـ
باہم شیر و شکر شدن (ف) بہت میل جول ـ نہایت اختلاط ـ آپس میں بے حد پیار ہونا ـ
باہم کلہ بزنند (ف) آپس میں ٹکریں ماریں ـ
باہو (ف) چھڑی ـ لکڑی ـ عصا ـ بازو ـ لاٹھی ـ لٹھ ـ
بایا (ف) ضروری ـ لازم ـ کام کی چیز ـ
بائب (ع) شمال مغربی گوشہ ـ
باید (ف) چاہیے ـ بایستن مصدر سے مضارع ہے ـ
باید و شاید (ف) جیسا چاہیے ـ جیسا لائق ہے ـ
بائر (ع) برگشتہ ہونے والا (۲) ہلاک ہونے والا (۳) ہلاک شدہ (۴) بنجر زمین ـ
بایزید (ف) مشہور ولی بایزید بسطامی جن کا اصلی نام طیفور تھا ـ آپ متقدمین میں سے ہیں ـ

بایست (ف) ضروری چیز ـ کام کی چیز ـ لازم ـ لازمہ (۲) حاجت ـ
بایست وقت (ف) وقت کی ضرورت ـ
بایستن (ف) درکار ہونا ـ چاہنا ـ لائق ہونا ـ
بایستہ (ف) بہتر ـ لائق (۲) مناسب (۳) ضروری کام کی چیز (۴) مناسب حال ـ لازمہ ـ
بایستہ ہستی (ف) واجب الوجود ـ
بائع (ع) بیع کرنے والا ـ بیچنے والا ـ فروخت کرنے والا ـ
بائق (ع) بے قیمت چیز جس کا مول نہ ملے ـ
بائقہ (ع) بلا اور سختی ـ
بائک (ع) موٹا اونٹ ـ
بایک دست اندرونی (ف) اندرونی درجہ کے ساتھ ـ
بایک روز مجتہد نمی شود (ف) ایک دن میں عالم فاضل نہیں بن جاتا ـ
بائکہ (ع) بائک کا مونث ـ موٹی اونٹنی ـ فربہ اونٹنی ـ
بایگان (ف) ریکارڈ کیپر ـ خزانچی ـ
بایک گل بہار نمی شود (ف) اکا دکا آدمی سارے معاشرے کے اچھا ہونے کا ضامن نہیں ہوسکتا ـ
بایں سادگی ہم نیست (ف) اتنا آسان بھی نہیں ـ

# ب ـ ب

ببا (ف) مکان کا دروازہ ـ گھر کا دروازہ (۲) ایک قسم کا آش جو بن کے دانے پکا کر بناتے ہیں ـ
بباد آمدہ (ف) سکندر نامہ میں زن فاحشہ کے معنی میں آیا ہے ـ
بباد دادن (ف) تباہ کرنا ـ برباد کرنا ـ
بباد نفس گرفتن (ف) گالی سن کر خاموش رہنا ـ
ببال دیگرے پریدن / ببال کسے پرواز کردن } (ف) دوسرے کی مدد سے کام کرنا ـ دوسرے کے سہارے کام کرنا ـ دوسرے کی حمایت پر کام کرنا ـ
ببر (ع) ایک قسم کا بڑا شیر جس کے سر اور گردن پر بال ہوتے ہیں ـ اور دم گچھے والی ہوتی ہے ـ
ببر بیان (ف) وہ لباس جو رستم جنگ کے موقع پر پہنتا تھا ـ کہتے ہیں کہ ببر بیان ایک دیو کا نام تھا جسے رستم نے شام کے نواح میں ہلاک کیا ـ اور اس کی کھال سے یہ لباس تیار کرایا تھا اس پر تلوار اور تیر اثر نہ کرتے تھے ـ اور غرق و حرق سے بھی محفوظ تھا ـ
ببغا / ببغا } (ع) طوطا ـ سبز طوطا ـ
بہ بیاض بردن (ف) مسودہ کو صاف کر کے لکھنا ـ
ببہ (ف) بابا کا مخفف ـ احمق ـ

Marfat.com

ببیں و تبرک (ف) نظرِ بد سے بچانے کے لیے ایک تعویذ گنڈا۔
ببیں تا چہ بر آید (ف) دیکھیے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔
ببیں تفاوت راہ از کجا است تا بکجا (ف) ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔
بہ بینی خط بر زمین کشیدن (ف) زمین پر ناک سے لکیریں بنانا۔ ناک رگڑنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔
بہ بینی رسیدن (ف) ناک میں دم آنا۔ جینے سے تنگ آنا (۲) قریب بمرگ ہونا۔ کھسیانا ہونا۔

---

# ب ۔ پ

---

بپا (ف) برپا۔ کھڑا ہوا۔ قائم۔
بپارہ دست مالیدن خوابانیدن (ف) تھوڑی دیر ہاتھ ملنے سے سلا دینا۔ ہاتھ ملنا مسمریزم سے مراد ہے جس میں عامل معمول کے چہرہ پر دور سے آہستہ آہستہ ہاتھ پھیر کر اسے بے ہوش کر کے غیب کی خبریں دریافت کرتا ہے۔
بپائے خود بگور آمدن (ف) اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔ جان بوجھ کر موت کے منہ میں جانا۔
بپائے خود آمدن } نہایت خوشی اور رغبت سے کہیں آنا یا
بپائے خود رفتن } جانا۔
بپائے خود شان است (ف) انہیں کے ذمہ ہے۔
بپائے خود گرفتن (ف) کسی کو اپنے تحت میں رکھنا۔
بپائے رساندن (ف) کسی کام کو انجام دینا۔ ختم کرنا۔
بپائے ستور بردن (ف) پامال کرنا۔
بپائے شدن (ف) کھڑا ہونا۔
بپائے کسے رفتن (ف) کسی کے ساتھ یا ہمراہ جانا۔
بپر کار بودن (ف) قاعدہ و قانون پر ہونا۔ اچھی روش پر ہونا۔
بپشت ہم رفتن (ف) مدد کرنا۔ امداد دینا۔
بپشغا (ف) طوطیا۔
بپوست کسے افتادن (ف) کسی کی عیب جوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔
بپوست گفتن (ف) رمز و اشارہ سے بات کرنا۔ پوشیدہ بات کرنا۔ سخن در پردہ کہنا۔
بپوش و بپاش (ف) خود بھی کھا اوروں کو بھی کھلا۔
بہ پہلوئے کسے نشاندن (ف) کسی کو کسی کے برابر کر دینا۔

---

# ب ۔ ت

---

بُت (ف) مورت۔ صنم۔ (۲) معشوق۔
بُت (ع) قطع کرنا۔ کاٹنا۔

بتا (ف) بتائیدن مصدر سے امر کا صیغہ۔ بگذار۔ چھوڑ چھوڑ دے۔
بتا (یونانی) یونانی حروفِ تہجی کے دوسرے حرف کا نام۔
بتائین (ف) چقندر سے نکالا گیا ایک مادہ جو بعض جگر کی امراض میں استعمال ہوتا ہے۔
بتاتہ (ع) آلو۔ بٹیٹو کا بگڑا ہوا ہے۔
بُت اشرفی (ف) اشرفی یا کسی دوسرے سونے کے سکہ پر جو مورت بنی ہوتی ہے۔
بتاراج دادن (ف) لٹانا۔ برباد کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔
بتازیانہ گرم کردن (ف) چابک مار مار کر کسی کو یا گھوڑے کو کام پر لگا کر سرگرم کر دینا۔
بتاسانید (ف) ترسانید۔ ڈرایا۔ اس نے ڈرایا۔
بُتاں (ف) بُت کی جمع۔ معشوق۔
بتا دار (ف) آخر۔ انجام۔ عاقبت۔ آخر کار۔
بتائیدن (ف) چھوڑ دینا۔
بتانیک (فرانسیسی) نباتات شناسی۔ پودوں کے بارے میں علم۔
بُت پرست (ف) بُت پوجنے والا۔
بُت تراش (ف) بُت بنانے والا۔ بُت گھڑنے والا۔
بُت خانہ (ف) صنم خانہ۔ بتکدہ۔ مندر۔
بتر (ف) بدتر کا مخفف ہے۔ بہت برا۔
بتر (ع) دُم کٹا ہونا (۲) لاولد ہونا (۳) بے فیض ہونا۔
بُت راہ (ف) مانع راہ۔ راستہ روکنے والا۔
بترجا (ف) قبل۔ دُبر۔ اگلی پچھلی شرمگاہ۔
بترک گفتن (ف) چھوڑ دینا۔
بترکہ (ف) کلمہ نفرین۔ بددعا۔ پھٹ جائے۔
بترہ (ع) گدھی۔ مادہ خر۔
بتستاں (ف) بُت خانہ۔
بتفوز (ف) منہ کے اردگرد۔ منہ کا آس پاس (۲) پرندہ کی چونچ۔
بتک (ت) پروانۂ راہداری (۲) خط و کتابت۔
بتکچی (ف) دبیر۔ منشی۔
بُت کدہ (ف) بُت خانہ۔ صنم خانہ۔ مندر۔
بتلفظ آوردن (ف) بلوانا۔ گفتگو میں لانا۔
بتن برداشتن } (ف) برداشت کر لینا۔
بتن گرفتن } نامناسب اور ناروا باتوں کا
بتن برداشتن و برگرفتن } متحمل ہونا۔
بتنگ آوردن (ف) تنگ کرنا۔ زچ کرنا۔
بتو (ف) مشرق۔ پورب۔
بتوہ (ف) پیک۔ قیف جو بوتل کے منہ پر رکھ کر اس میں عرق وغیرہ ڈالتے ہیں (۲) لمبا ہتھا جس سے دوا رگڑتے ہیں۔

Marfat.com

بُتواز (ف)، زمین میں کچھ فاصلہ پر دو لکڑیاں گاڑ کر ان پر ایک لمبی لکڑی شاہین - باز - طوطا اور کبوتر وغیرہ پرندوں کے بیٹھنے کے لیے باندھتے ہیں - آرام گاہ۔
بتور افتادن (ف)، پکڑے جانا۔
بتوک (ف)، بینی - لکڑی کی ٹڑے -
بَتول (ع)، جس عورت کو حیض نہ آئے (۲) سیّدہ مریم اور حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کا لقب ہے - کہتے ہیں ان دونوں بیبیوں کو خون نہیں آتا تھا۔
بتیا (ف)، سینہ - چھاتی -
بتیاز (ف)، بدصورت اور مکروہ چیز۔
تباز (ف)، رنج - محنت - مشقت (۲) بیمار کے پیشاب کی شیشی -
تبارہ (ف)، بلا - آفت (۲) افسون - منتر (۳) مکر - فریب - دھوکا (۴) مکروہ شے -
بتیغ آمدن (ف)، تہ تیغ ہونا - ہلاک ہونا - قتل ہونا - مارا جانا۔
بتیغ نماستن (ف)، رونگھٹے کھڑے ہو جانا۔

## ب ۔ ث

بَثّ (ع)، ظاہر کرنا - شائع کرنا - آشکارا کرنا (۲) پھیلانا (۳) پراگندہ کرنا - خبر مشہور کرنا - راز آشکارا کرنا (۴) غبار اڑانا۔
بَثّ شکوای (ع)، اپنی شکایت بیان کرنا - اپنا دکھڑا سنانا۔
بثر (ع)، بثرہ کی جمع - چھوٹی چھوٹی پھنسیاں یا دانے جو خون کے فساد کے باعث جسم پر نکلتے ہیں -
بثور (ع)، بثرہ کی جمع - پھنسیاں۔

## ب ۔ ج

بج (ف)، منہ کے اندر - منہ کا اندرونی حصہ۔
بجا (ف)، ٹھیک - درست -
بجا افتادن (ف)، کمزوری اور ناتوانی کے باعث پاؤں کا زمین پر قائم نہ رہنا۔
بجا افتادن دل (ف)، دل قائم رہنا - حوصلہ رہنا۔
بجا آمدن (ف)، صحیح مقام پر پہنچ جانا - پایہ تکمیل کو پہنچ جانا۔
بجا آوردن (ف)، بجالانا (۲) جاننا - پہچاننا (۳) غلطی سے کسی اور کی بجائے کسی اور پر دھوکا کھا جانا۔
بجا آوردن نشاط (ف)، عیش کا حق بخوبی ادا کرنا۔
بجا ماندن (ف)، باقی رہنا۔
بجاں آمدہ (ف)، عاجز - ناخوش - بددماغ -
بجاں آوردن (ف)، عاجز کرنا - تنگ کرنا (۲) قتل کرنا۔

بجانب ایشاں مجرائے گرفتہ سر دادند (ف)، ان کی طرف جھکا کر توپیں چھوڑ دیں - ان کی طرف رُخ کر کے توپیں چھوڑ دیں۔
بجانِ کسے افتادن (ف)، کسی کے درپے قتل ہونا۔
بجان و دل (ف)، دل و جان سے پوری توجہ سے - بسر و چشم -
بجائے (ف)، قائم مقام - عوض - بدلہ - جگہ پر -
بجائے آوردن (ف)، جاننا پہچاننا (۲) کسی کام کا کرنا۔
بجائے خود است (ف) وہ اپنے موقع و محل پر ہے -
بجائے رسیدن (ف)، کسی درجہ کو پہنچنا - کسی قابل ہونا - لائق ہونا۔
بُجَدّ (ع)، اس میں ب زائد ہے - جَدّ کے معنی ہیں ضد - ہٹ - اِصرار -
بجُرم عیسیٰ موسیٰ را گرفتن (ف)، کرے کوئی بھرے کوئی -
بجس (ف)، ناک کا نتھنا - پرّہ بینی - نتھنا۔
بجشک (ف)، طبیب - حکیم - بید - وید۔
بجل (ع)، اعجوبہ بات - انوکھی بات (۲) بہتان (۳) کمینہ پن (۴) بے ہمتی - دون ہمتی -
بُجَل (ع)، اِل - کافی ہے -
بُجُل (ت)، ٹخنہ کی ہڈی۔
بجلد کسے افتادن (ف)، کسی جیسی شکل و صورت بنانا - کسی سے مشابہت پیدا کرنا -
بجنس بجنسہ (ف - ع)، ویسا ہی - عین بین - ہو بہو -
بجوارِ حق پیوستن (ف)، واصل بحق ہونا - مر جانا۔
بجہنم (ع)، نفرت سے کہتے ہیں جائے جہنم میں -
بجول (ع)، ٹخنہ - (۲) جوا کھیلنے کا پانسہ
بجیب زدن (ف)، کسی کی جیب کاٹ لینا۔

## ب ۔ چ

بچاق (ت)، کارد - چھری - چاقو -
بچاک قبا خوردن (ف)، محظوظ ہونا - خوش ہونا -
بچاک زدن (ف)، بھاگ جانا۔
بچاہ آوردن (ف)، کسی کو ذلت دینا - کسی کو ذلیل کرنا -
بچاہ زمزم شاشیدن (ف)، کوئی ایسا برا کام کرنا جس سے بدنامی کا ہر سو چرچا ہونے لگے۔
بچراغ رسیدن (ف)، دولت مند ہونا - (۲) کسی امیر کی خدمت میں پہنچنا۔
بچُش (ف)، ناک کا نتھنا (۲) سستی - رنج (۳) مشقت -
بچشم بچشم (ف)، جو کچھ تم نے کیا ہم نے اپنے اوپر لے لیا -

Marfat.com

لیکن تلافی میں ہم بھی کمی نہ کریں گے۔ بہت اچھا۔ بہت اچھا۔
**بچشم خوردن** (ف) آنکھوں کی راہ سے کھا لینا۔ نظر بد لگانا۔
**بچشم داشتن** (ف) ہمیشہ سامنے رکھنا۔ نظروں میں رکھنا۔
**بچشم دیگراں کشیدن** (ف) خود نمائی کرنا۔ اترانا۔
**بچشم کردن** (ف) انتخاب کرنا۔ چُننا (۲) کسی کی عزت کرنا۔ کسی کو عزت و وقار دینا۔
**بچشم گرفتن** (ف) مان لینا۔ قبول کرنا (۲) اطاعت کرنا۔
**بچشم و دیدہ شنیدن** (ف) بڑی رغبت سے سُننا۔
**بچنگ آوردن / بچنگ کردن** (ف) حاصل کرنا (۲) قبضہ کرنا۔
**بچہ چوں دامن شناسد بزمین ننشیند** (ف) جو بچہ آغوش مادر یا دایہ کی گود کا عادی ہو جائے وہ بمشکل ہی سے زمین پر بیٹھتا ہے۔
**بچہ حکم طوطی دارد** (ف) بندر بالک ایک سماں۔
**بچہ درد شما مے خورد** (ف) تمہارے کس کام آتا ہے؟ تم اس سے کیا کام لیتے ہو؟
**بچہ عزیز است تربیت عزیز تر** (ف) بچے کو نوالہ سونے کا دو مگر شیر کی نظر سے دیکھو۔
**بچۂ طاؤس علوی** (ف - ع) سورج (۲) آگ (۳) دن (۴) یاقوت۔ لعل۔
**بچہ کوئی** (ف) حرام زادہ۔
**بچیزے نرسیدن** (ف) کسی قابل نہ ہونا۔

# ب - ح

**بحاح / بحاحا** (ع) گلا پکڑا جانا۔ آواز کا بھاری ہونا۔ گلا بیٹھنا۔ آواز بیٹھنا۔
**بحال کسے افتادن** (ف) کسی کے حال پر توجہ کرنا۔
**بحبوحہ** (ع) اصل (۲) درمیان۔ وسط۔
**بحبوحۂ آبادی** (ع - ف) آبادی کا حلقہ۔ شہر کی ہیئت۔ ہیئت شہری۔
**بحت** (ع) محض۔ خالص۔ صرف۔
**بحۃ الصوت** (ع) آواز کا بیٹھ جانا۔ گلا پکڑا جانا۔ آواز کا بھاری ہونا۔
**بحث** (ع) کھودنا۔ بحث کرنا (۲) تحقیق کرنا۔ تفحص۔
**بحد تکلیف رسیدن** (ف) بالغ ہونا۔ احکام شریعت کی پابندی والی عمر کی حد تک پہنچنا۔
**بحر** (ع) سمندر (۲) بڑی نہر (۳) شعر کا وزن (۴) غور۔ فکر۔ خوض (۵) وسعت (۶) بڑا عالم (۷) سخی۔
**بحر اخضر** (ع) دریائے سبز (۲) بحر ہند (۳) آسمان۔

**بحر الکاہل** (ع) بہت بڑا سمندر ہے جو امریکہ اور ایشیا کے درمیان واقع ہے۔ اور رقبہ کے لحاظ سے دنیا کے تمام سمندروں سے بڑا ہے۔
**بحران** (ع) تغیر عظیم۔ تپ کی حالت میں جو تغیر انسان کی طبیعت میں واقع ہوتا ہے طبیعت اور مرض کا باہمی مقابلہ۔ طبیعت اور مرض کی جنگ اس حالت میں یعنی بحران کی حالت میں اگر طبیعت غالب آجائے تو جلد صحت ہو جاتی ہے اور اگر مرض غالب آجائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔
**بحران ایجاد کردن** (ف) بحران پیدا کرنا۔
**بحران آمیز** (ف) نہایت نازک حالت۔
**بحران سر سبید برگ** (ع - ف) شدت سرسام جو بید برگ کو لاحق ہوتا ہے۔
**بحران سیاسی** (ف) سیاسی صورت حال کا بگاڑ۔
**بحران طرب** (ع) رنج و غم سے رہائی پانا (۲) دل ہونا۔ مخلصی پانا۔
**بحر اوقیانوس** (ع) ایک سمندر کا نام ہے جو امریکہ کے مشرق اور یورپ و افریقہ کے مغرب میں واقع ہے۔ اسے بحر ظلمات بھی کہتے ہیں۔ (اٹلانٹک اوشن)
**بحر بیکراں** (ع - ف) بحر بے پایاں۔ بہت بڑا سمندر۔ نہایت وسیع سمندر۔
**بحر پیما** (ف) سمندری جہاز۔
**بحر بیکراں خندق** (ع - ف) عالم ملکوت و جبروت۔
**بحر جنوبی** (ع) کرۂ ارض کے جنوبی سمندر کا نام۔ قطب جنوبی کا سمندر۔
**بحر جود** (ع) سخی آدمی کا ہاتھ۔
**بحر دمان زیبق عمل** (ع - ف) وہ بادل جس سے بوندیں ٹپکیں۔ (۲) وہ بادل جس سے برف گرے۔
**بحر رواں** (ع - ف) کشتی۔ ناؤ۔ سفینہ۔
**بحر سخا** (ع) سخاوت کا سمندر۔ سخی آدمی کا ہاتھ۔
**بحر شمالی** (ع) کرۂ ارض کے شمالی سمندر کا نام۔ قطب شمالی کا سمندر۔
**بحر ظلمات** (ع) دیکھو بحر اوقیانوس۔
**بحر عطا** (ع) بخشش کا سمندر۔ سخی آدمی کا ہاتھ۔
**بحری** (ع) دریائی۔
**بحرف کسے نمے رسد** (ف) وہ کسی کی بات نہیں سُنتا۔
**بحرف کسے رفتن** (ف) کسی کی باتوں پر لگ جانا۔ کسی کی باتوں میں آجانا۔
**بحرف من نمے باشد** (ف) میری بات نہیں سُنتا۔
**بحرف فنا** (ف) دُنیا۔
**بحر کرم** (ع) لطف و کرم کا سمندر۔ سخی آدمی کا ہاتھ۔
**بحر کماں** (ف) وہ فاصلہ جو کھینچنے کے وقت زہ یعنی تانت اور

Marfat.com

کمان کے درمیان ہوتا ہے۔

**بحر المحیط** (ع) دریائے کابل۔

**بحرِ معلق** (ع) آسمان۔

**بحرِ منجمد** (ع) جما ہوا سمندر - وہ سمندر جس کا پانی سردی کے باعث برف بن کر جم گیا ہو۔

**بحرِ منجمد جنوبی** (ع) قطب جنوبی کا منجمد سمندر یعنی برف کی طرح جما ہوا سمندر - چونکہ قطبین پر سردی بہت زیادہ ہے - اس لیے وہاں سمندر کا پانی برف بن کر جم گیا ہوا ہے۔

**بحرِ منجمد شمالی** (ع) قطب شمالی کا منجمد سمندر یعنی برف کی طرح جما ہوا سمندر - جو سردی کی زیادتی کے باعث جما رہتا ہے۔

**بحر و بر** (ع) تری اور خشکی - سمندر اور خشکی (۲) تمام دنیا - تمام کرۂ ارض۔

**بحرِ وسیع** (ع) سخی آدمی کا ہاتھ۔

**بحرہ** (ع) نشیبی سطح کا شہر - تالاب۔

**بحری** (ع) سمندری - دریائی - اس میں یائے نسبتی ہے۔

**بحری قُطاس** (ع) ایک قسم کی گائے جو خطا کے پہاڑوں میں پائی جاتی ہے - ایک قسم کی گائے جس کی دم نیزے کے سرے پر اور گھوڑے کی گردن پر باندھتے ہیں۔

**بحریہ** (ع) گہرا اور خطرناک دریا یا سمندر - سمندری طاقت۔

**بحزج** (ع) جوان اونٹ (۲) بچھڑا (۳) بڑے پیٹ والا ٹھنگنا آدمی۔

**بحساب گرفتن** (ف) معتبر سمجھنا۔

**بحظل** (ع) لحیم - پُر گوشت - موٹا آدمی۔

**بحظلہ** (ع) چوہے کی مانند کودنا۔

**بحق** (ع) بطفیل - بحرمت - بوسیلہ۔

**بحق پیوستن** (ف) مرنا - فوت ہونا۔

**بحل** (ع) زور سے چلانا۔

**بحل** (ع) چھوڑ دینا - معاف کرنا - قصور معاف کرنا (۲) مباح - معاف۔

**بحمد اللہ** (ع) شکر کا کلمہ ہے جیسے الحمد للہ - خدا کی تعریف ہے - خدا کا شکر ہے۔

**بحُوتہ** (ع) بے ملاوٹ - خالص۔

**بحُوث** (ع) بہت بحث کرنے والا - سورۂ توبہ۔

**بحُوح** (ع) دیکھو بحاح۔
**بحُوحہ** (ع) بحاحہ۔

**بحُور** (ع) (۱) بحر کی جمع سمندر (۲) اشعار کے اوزان۔

**بحول اللہ** (ع) خدا کی قوت سے۔

**بحیرہ** (ب ح ی رَ ۃ) (ع) بُت کی قربانی کا جانور۔

**بحیرہ** (ب ح ی رَ ۃ) (ع) چھوٹا سمندر جیسے بحیرہ عرب - بڑی جھیل کو بھی کہتے ہیں - جیسے بحیرہ خزر - بحیرہ مردار - اور آج کل کی فارسی میں پانی کے تالاب کو بھی بحیرہ کہتے ہیں۔

# ب - خ

**بخ** (ع) واہ - خوشی کے موقع پر جب کوئی چیز پسند آئے یا جب کسی کی تحسین منظور ہو - بخ بخ بولتے ہیں۔

**بُخار سنج** (ف) تھرمامیٹر۔

**بُخار** (ع) بھاپ - بادل - دھواں۔

**بُخار** (ف) تپ - بھاپ۔

**بُخار** (ف) علم و فضل (۲) بزرگی۔

**بُخارا** (ف) ماوراء النہر یعنی ترکستان کے ایک مشہور شہر کا نام جو تجارت کا مرکز ہونے کے علاوہ علماء و فضلاء کا مولد و مسکن رہا ہے - امام بخاریؒ یعنی امام اسماعیل مؤلف صحیح بخاری اسی شہر کے رہنے والے تھے۔

**بخارات** (ع) بخار کی جمع - بھاپیں۔

**بخار کردن** (ف) بخار نکالنا - دھواں دینا۔

**بُخار گاز** (مف) گیس کا دھواں یعنی گیس۔

**بُخار معدنی** (ع) کوہ آتش فشاں کا دھواں - گندھک کی کان کا دھواں۔

**بُخار مُعلّق** (ع) ابر - بادل۔

**بُخاری** (ف) بخارا کا رہنے والا - منسوب بہ بخارا - بخارا کی کوئی شے۔

**بخاری**
**بخاری عمارت** } (ع) انگیٹھی - آتش دان - آتش خانہ - جو دیوار میں کمرہ کو گرم کرنے کے لیے بناتے ہیں۔

**بخاری برقی** (ف) ہیٹر۔

**بخاطر آوردن** (ف) خیال میں لانا - یاد کرنا - پہچاننا۔

**بخاعہ** (ع) اقرار کرنا (۲) حق کے لیے گردن رکھنا۔

**بخاق** (ع) بھیڑیا (۲) نر بھیڑیا - گرگ نر۔

**بخاک افتادن** (ف) ذلیل ہونا - عاجز ہونا - مفلس ہونا (۲) ناامید ہونا۔

**بخاک افگندن** (ف) ذلیل کرنا - خوار کرنا (۲) سختی کرنا۔

**بخاک بردن** (ف) عمر بھر کسی بیماری میں مبتلا رہ کر اسی میں مر جانا۔

**بخاک در آمدن**
**بخاک رفتن** } (ف) فوت ہو جانا۔

**بخاک کردن** (ف) کسی کو چاروں شانے چت گرانا۔

**بخاک نشاندن** (ف) کسی کو بالکل مسکین کر دینا۔

**بخاک راہ نشاندن** (ف) ذلیل و خوار کرنا۔

**بخال** (ع) بڑا کنجوس۔

**بخام کشیدن** (ف) نقارہ پر چمڑا منڈھنا (۲) کچے چمڑے میں

Marfat.com

یعنی کسی چوپائے کی کھال میں بند کرنا ۔ جو کسی زمانہ میں سزا کے طور پر کیا کرتے تھے ۔ چنانچہ جہانگیر نے اپنے بیٹے خسرو کے دو امیروں کو جو بغاوت میں اس کے شریک تھے ۔ گدھے اور گائے کی کھال میں بند کیا تھا ۔

**بَخ بَخ** (ع) آفرین ۔ مرحبا ۔ شاباش ۔

**بَخْت** (ف) معرب ۔ نصیب ۔ طالع ۔

**بَخْت** (ع) کسی کو مارنا ۔

**بَخْت** (ف) نصیب ۔ طالع قسمت ۔ نصیبہ ۔ بھاگ ۔ حصّہ (۲) ایک بھوت کا نام جو سوتے میں دبا لیتا ہے ۔ حالانکہ اصل میں یہ ایک مرض ہے جو غلیظ سودا یا بلغم سے ہوتا ہے (لفظ بخت اصل میں بخش تھا ۔ ش کو ت سے بدل کر بخت بنا لیا گیا ۔

**بُخْت** (ف) بیٹا (۲) غلام ۔

**بُخْت** (ع) بختی کی جمع ۔ طاقتور اونٹ ۔ وہ اونٹ جو عربی اونٹنی اور عجمی اونٹ سے پیدا ہوں ۔ چونکہ اس قسم کی نسل بخت نصر بادشاہ نے پہلے نکالی تھی ۔ اس لیے ایسے اونٹ کو بختی کہتے ہیں ۔

**بُختار** (ف) طالع مند ۔ صاحب نصیب ۔ بھاگوان ۔

**بخت از شدن** (ف) لڑکی کو بَر مل جانا ۔

**بخت بخت بودن** (ف) نصیبے کا یاور ہونا ۔

**بخت برگشتہ** (ف) بدنصیب ۔ بدقسمت ۔

**بخت بستہ شدن** (ف) بدنصیب ہو جانا ۔

**بخت بُلند** (ف) بلند نصیبہ والا ۔ خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔

**بخت بیدار** (ف) خوش نصیب ۔ صاحب نصیب ۔ خوش قسمت ۔

**بخت جوان** (ف) خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ صاحب نصیب ۔

**بخت خفتہ** (ف) سوئے ہوئے بخت والا ۔

**بخت دندان نمائے** (ف) بُری قسمت ۔ بُرے نصیب ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔

**بخت را عوض کردن** (ف) قسمت کا پلٹنا ۔

**بُختُرہ** (ع) ناز و انداز سے ٹہلنا ۔

**بخت سبز** (ف) نصیب ۔ عمدہ طالع ۔ خوش قسمتی ۔

**بخت سفید** (ف) خوش قسمتی ۔ اچھی قسمت ۔ اچھا نصیب ۔

**بخت کار** }
**بخت گاؤ** } (ف) نطول ۔ چند دواؤں کو جوش دے کر ان کے پانی سے بیمار کے جسم کو دھونا ۔

**بخت کہ برگردد اسپ تازی خر گردد** (ف) بخت جب پھر جائیں تو تازی گھوڑا ، گدھا بن جاتا ہے ۔

**بختک** (ف) بدنصیبی ۔

**بخت مند** (ف) طالع مند ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔

**بُخْتُو** (ف) گرجنے والا (۲) غرّانے والا (۳) گرج ۔ رعد ۔ کڑک ۔

**بخت والاتفاق** (ع) بغیر محنت و مشقت اور بلا کوشش و تلاش بہت سا فائدہ حاصل ہونا ۔

**بخت ور** (ف) خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔

**بختوہ** }
**بختو** } (ف) گرجنے والا ۔ رعد ۔

**بختور** (ف) خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ بختاور ۔ صاحب بخت و دولت ۔

**بختہ** (ف) تین یا چار برس کا نر بچرا یا دُنبہ یا مینڈھا ۔ موٹا تازہ دُنبہ یا مینڈھا (۲) تحصیل دار ۔ محصّل ۔

**بُختی** (ع) لمبی گردن والا ۔ سرخ رنگ کا طاقتور اونٹ جو عربی مادہ اور عجمی نر سے پیدا ہوتا ہے ۔ چونکہ یہ نسل پہلے پہل بخت نصر بادشاہ نے لی تھی ۔ اس لیے اس کے نام پر بختی کہلاتا ہے ۔

**بختیار** (ف) خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ بھاگوان ۔

**بَخْتِیر** (ع) اکڑ کر چلنے والا ۔ خوش اندام مرد (۲) خوب ٹہلنے والا ۔ خوش اندام ۔

**بُختی مُعلّق** (ع) بادل ۔ ابر ۔

**بَخْثَرہ** (ع) کپڑے کا میلا ہونا (۲) پانی کا گدلا ہونا (۳) پراگندہ کرنا (۴) جدا کرنا ۔

**بخچیدن** }
**بخچیدن** } (ف) سمیٹ لینا (۲) لمبا کرنا (۳) گرد پھرنا (۴) خود کو تکلیف میں ڈالنا ۔

**بخدا** (ف) خدا کے لیے ۔ خدا کی قسم ۔

**بخدجہ** (ع) اس طرح کی رفتار جس میں پاؤں کے پنجے قریب قریب اور ایڑیاں دُور دُور رکھی جائیں ۔

**بُخدن** (ع) نازک اندام لڑکی ۔ نرم بدن والی لڑکی ۔

**بَخَر** (ع) منہ کی بُو ۔ منہ کا بغل گند ۔

**بَخَر** (ع) تُند و تیز رَو ۔

**بخرج ندادن** (ف) پروا نہ کرنا ۔ اثر نہ ہونا ۔

**بخرج رفتن** (ف) ختم ہو جانا ۔ خرچ ہو جانا ۔

**بخرد** (ف) دانا ۔ عقل مند ۔ صاحب شعور ۔ ہوشیار ۔

**بخر دستش نمی رسد بہ پالان می افتد** (ف) کمہار سے لڑائی اور کان اینٹھے گدھی کے ۔

**بخرد بخردال** (ف) داناؤں کا دانا ۔ عقل مندوں کا عقل مند ۔

**بخردگی منگر** (ف) قد و قامت کو نہ دیکھو ۔ چیز کے اصلی گُن دیکھو ۔

**بُخردی** (ف) دانائی ۔ شعور ۔

**بخرک** (ف) پہاڑی بادام جس کی لکڑی کی چھڑی لینا مبارک خیال کیا جاتا ہے ۔

**بخرمن کسے افتادن** }
**بخرمن کسے اوفتادن** } (ف) کسی کی خرابی اور ویرانی کے درپے ہونا ۔ کسی کی پامالی کے درپے ہونا ۔

**بخزیدن** (ف) بچّہ کے لب پھٹنا ۔

**بخزیدن** (ف) نزع کی حالت میں ہونا ۔ لب مرگ ہونا (۲) ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لوٹنا (۳) تنگ سانس لینا اور بیماروں کی مانند آہ و نالہ کرنا (۴) خدمت کرنا ۔

Marfat.com

(۵) کسی کی پوجا کرنا (۶) آسیب زدہ ہونا۔
بخس (ع) ناقص - کھوٹا زر (۲) نقصان کرنا (۳) کم - تھوڑا (۴) کسی کا حق کم کرنا (۵) کسی پر ظلم کرنا (۶) آنکھ کا اندھا کرنا - باہر نکال دینا (۷) محصول جو بازار میں بیٹھنے والوں سے لیا جاتا ہے (۸) زکوٰۃ کا مال لینے والے صدقہ لینے کے بعد مزدوری کے حیلہ سے لیتے ہیں (۹) وہ زمین جو پانی دیے بغیر فصل اُگائے۔
بخس (ف) مرجھایا ہوا - پژمردہ (۲) غم و غصہ سے دل کا برہم ہونا - (۳) آنکھوں سے اشارہ کرنا جسے عشوہ کہتے ہیں (۴) ناز سے ٹہلنا (۵) چمڑا جو آگ کی گرمی سے سکڑ گیا ہو۔
بخسانیدن (ف) پژمردہ کرنا (۲) گداز کرنا (۳) ناز و انداز سے ٹہلنا۔
بخت (ف) آواز خواہ کسی شے کی ہو۔
بختت (ف) خراٹا - وہ آواز جو سوتے وقت دماغ سے نکلتی ہے۔
بخسم (ف) وہ شراب جو جَو، گیہوں یا چنے کے آٹے سے بنتی ہے۔
بخسی (ف) پژمردہ (۲) گداز شدہ (۳) بغیر پانی دیے زمین سے کچھ حاصل ہو۔
بخش (ف) نصیب - حصہ - ٹکڑا (۲) مچھلی (۳) مصدر بخشیدن کا امر۔
بخش پذیر (ف) قابل تقسیم۔
بخش کردن (ف) تقسیم کرنا۔
بخش ناپذیر (ف) ناقابل تقسیم۔
بخش نامہ (ف) گشتی مراسلہ۔
بخشائش (ف) عطا - بخشش - مہربانی - معافی۔
بخشائش گر (ف) معاف کرنے والا - درگزر کرنے والا۔
بخش بخش (ف) ٹکڑے ٹکڑے۔
بخشش (ف) معافی - مغفرت۔
بخشش کنندہ (ف) معاف کر دینے والا۔
بخشش کُند کُند دندان را (ف) احسان و لطف سے دشمن بھی رام ہو جاتے ہیں۔
بخشش کرگس (ف) وہ مُردے جنہیں کرگس یعنی گِدھ کھائیں۔
بخشودگی (ف) ٹیکس کی معافی۔
بخشودن (ف) بخشنا - معاف کرنا - رحم کرنا۔
بخشودنی (ف) قابل معافی۔
بخشہ (ف) ٹکڑا - حصہ۔
بخشیدن (ف) بخشنا - عطا کرنا۔
بخشی گری (ف) سپہ سالاری - سپہ سالار کا عہدہ۔
بخشی الممالک (ف - ع) سپہ سالار - کمانڈر انچیف۔
بخص (ع) کسی کی آنکھ نکالنا۔
بخص (ع) پاؤں کی انگلی طرف کا گوشت (۲) اونٹ کے پاؤں کا گوشت۔

بخع (ع) غم و غصہ سے اپنے آپ کو ہلاک کرنا (۲) خلوص سے کسی کو نصیحت کرنا (۳) کنواں کھودنا (۴) پے درپے زمین میں کھیتی کرنا اور کسی سال خالی نہ چھوڑنا (۵) کسی کی خبر کو سچ ماننا (۶) تصدیق کرنا (۷) بکری کے ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا تاکہ رگ نخاع تک پہنچ جائے۔
بخق (ع) کانا ہونا - یک چشم ہونا (۲) بصارت نہ رہنا (۳) آنکھ کا زیادہ جھپکنا (۴) دونوں پلکوں کا آنکھ کے ڈھیلے پر منطبق نہ ہونا۔
بخل (ع) بخیلی - کنجوسی - کرم کی ضد۔
بخلہ (ف) اخرفہ کا ساگ - عربی میں اسے بقلۃ الحمقاء کہتے ہیں۔
بخود آمدن (ف) ہوش میں آنا۔
بخود پیچیدن (ف) مغرور ہونا - (۲) کسی قسم کا کمال اپنے آپ پر لگانا۔ یعنی کسی فن اور کمال میں اپنے آپ کو ماہر ظاہر کرنا۔
بخود فرو رفتن (ف) سر جھکا کر گہری سوچ میں پڑ جانا۔
بخود نبودن (ف) اپنے آپ سے بے خبر ہونا - محو ہونا۔
بخور (ع) وہ چیز جس کے جلانے سے خوشبو پیدا ہو - وہ شے جس کے جلانے سے خوشبودار دھواں نکلے۔
بخور دادن (ف) دھونی دینا۔
بخوع (ع) اقرار کرنا - حق کے لیے گردن رکھنا۔
بخولی (ف) پنڈلی - ساق۔
بخیدہ (ف) دُھنکی ہوئی روئی یا اُون۔
بخیل (ع) کنجوس، جس سے اوروں کو فیض نہ پہنچے۔
بخیل بمال دیگراں (ف) جو دوسروں کی بخشش پر کبھی راضی نہ ہو۔
بخیلہ (ف) خرفہ کا بیج - تخم خرفہ۔
بخیہ (ف) باریک اور مضبوط سلائی۔
بخیہ برچہرہ رفتن (ف) فاش و رسوا ہونا۔
بخیہ بر روی افگندن (ف) راز فاش ہونا۔
بخیہ سر کردن (ف) راز فاش کرنا - بھید کا ظاہر کر دینا۔

## ب - د

بُد (ف) بود کا مخفف۔
بُد (ف) صاحب - مالک - آقا - سردار۔
بُد (ف) وہ گھاس یا بوسیدہ لکڑی جسے چقماق سے فوراً آگ لگ جائے - آتش گیرہ۔
بَد (ف) برا - نیک اور خوب کی ضد (۲) نیم سوختہ چیتھڑ جو آگ سلگانے کے لیے بناتے ہیں - (۳) صاحب - مالک (۴) خادم - خدمتگار۔
بدء (ع) آغاز - ابتداء - شروع۔
بدّ (ع) پریشان کرنا (۲) ماندگی اور تھکان

Marfat.com

بَدّ (ع)، مانند - مثل - ہمتا -
بَجْر (ع)، علاج - چارہ - (۲) بچھڑ (۳) بُخت کا معرّب -
بَدَا (ع)، دیکھو بدو -
بَدَاءَة، بَدَائت، بَدَاءَة، بِدَائت (ع)، ابتدا - شروع - ہر چیز کا اوّل - ہر چیز کا شروع -
بَدَاح (ع)، فراخ زمین (۲) نرم اور فراخ زمین -
بَدْاختر (ف)، بُرے ستارے والا - بدنصیب - کم بخت -
بدانم (ف)، تُرش رُو - بدخُو - عبوس -
بَدَاد (ع)، حصّہ (۲) پریشان - متفرق -
بِداد (ع)، حصّہ - وہ گدیلا جس میں رُوئی یا اُون یا گھاس وغیرہ بھر کر چوپایہ کی پیٹھ کی حفاظت کے لیے پالان وغیرہ کے نیچے رکھتے ہیں -
بداداد (ف)، بداخلاق - بدخُو -
بَدَار (ف)، وہ لکڑی جس سے بیل چلاتے ہیں -
بِدَار (ع)، دوڑنا - جلدی کرنا - دُوسرے سے آگے بڑھنا سبقت لے جانا -
بَدْاسلُوب (ف)، بدوضع -
بَداعت (ع)، اپنے ہمسروں سے علم و فضل شرافت و بزرگی اور تہوّر - شجاعت میں فائق ہونا -
بَدْآغاز (ف)، بدسرشت - بدذات - بداصل -
بداغر (ف)، نامبارک - بدشگون - بدخُو - بدخلق -
بداق (ف)، شلوار یا پاجامہ کا پائنچہ -
بَداک (ف)، غُصّہ میں بھرا ہوا - غضب ناک -
بَدّال (ع)، غلّہ بیچنے والا - غلّہ فروش -
بَدْآمد (ف)، یہ لفظ خوشامد کے مقابل میں ہے -
بَدْآموز (ف)، دُوسروں کو بُرائی سکھانے والا -
بَدان تا (ف)، بمعنی برائے آنکہ -
بَدْانجام (ف)، بُرے انجام والا - جس کا اخیر اچھا نہ ہو - جس کا خاتمہ بالخیر نہ ہو -
بَدْاندیش (ف)، بدخواہ - دشمن - بیری -
بَداہت (ع)، ہر چیز کا شروع - آغاز (۲) یکایک - ناگاہ - اچانک (۳) بے سوچے بات کرنا (۴) بے سوچے اور اچانک آنا -
بَدْآہو (ف)، بہت بُرا - گمراہ - معیوب -
بَدائت (ع)، شروع کرنا (۲) آغاز - ابتدا -
بدائع (ع)، بدیع کی جمع - نوایجاد چیزیں - انوکھی اور بے نمونہ نئی بنائی ہوئی چیزیں - نادرات - عجائبات - بے مثل -
بَدْباز (ف)، نقل اُتارنے والا - مسخرہ -
بَدْباطن (ف)، دورویہ - منافق -

بدبیا آوردن (ف)، بچّے کا بُرا اُٹھان اُٹھانا - بچّے کی غلط تربیت کرنا -
بَدْبخت (ف)، بدنصیب - بدطالع - بدقسمت -
بَدبد (ف)، بہت بد - بہت بُرا -
بدبدہ (ف)، وہ شخص جو اپنا قرض نہ دے یا اس کے دینے میں تاخیر کرے -
بَدبُدک (ف)، بدبد -
بدبُو (ف)، بُری بُو والی چیز -
بدبوئی (ف)، تعفّن -
بدبینی (ف)، حسد - دشمنی - کینہ -
بَدپسند (ف)، مشکل پسند -
بدپیلہ (ف)، وہ شخص جو کسی معاملے میں یا کوئی چیز طلب کرنے میں اصرار اور ضد کرے -
بَدتبار (ف)، کمینہ - بداصل - بدذات - نالائق -
بدتُخمان (ف)، غلّہ بیچنے والے (۲) ظالم (۳) تنگدست - مزارع - مفلس مزارع (۴) فاسق -
بَدجلو (ف)، سرکش گھوڑا - مُنہ زور گھوڑا -
بدجنس (ف)، بدذات - بدطینت -
بَدچرخ (ف)، بلائے آسمانی - آسمانی مصیبت -
بدچشم (ف)، وہ مرد جو نامحرم عورتوں کو بُری نظر سے دیکھے - جو دُوسروں کو نظر لگا دے -
بدحال (ف)، بُرے حال والا - خراب حال -
بدخط (ف - ع)، خوش خط کی ضد - جس کا لکھا ہوا خوب واضح نہ ہو -
بَدْخش (ف)، بدخشاں کا مخفف -
بَدْخشان (ف)، وسط ایشیا کی ایک ولایت کا نام ہے تاتار اور افغانستان کی سرحد پر ایک شہر ہے - جہاں لعل اور سونے کی کان ہے -
بَدْخش نداب (ف)، لعل بدخشاں (۲) شراب سُرخ (۳) معشوق کے لب -
بدخُو (ف)، بدخصلت - بُری خصلت والا - بُری عادت والا -
بدخُوئی (ف)، بدخُلقی -
بدخواب (ف)، وہ شخص جو خواب سے بیدار کرنے پر بدخوئی کرے - دیر تک سونے والا -
بدخوان (ف)، بُرا خط جو اچھی طرح نہ پڑھا جائے -
بدخواہ (ف)، بداندیش - کینہ پرور -
بَدْخیم (ف)، بدمزاج - تُرش رُو -
بَددِل (ف)، ڈرپوک (۲) بگڑے دِل والا - (۳) مایوس -
بَددماغ (ف)، بدمزاج -
بَددین (ف)، بدراہ - بے دین -
بَدْر (ع)، چودھویں رات کا چاند - پورا چاند (۲) روپوں کا توڑا - (۳) سردار -

Marfat.com

بَدر (ع) عرب میں ایک مقام کا نام۔ جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور کفار میں ۲ھ میں جنگ ہوئی تھی۔

بَدر (ف) بیروں۔ باہر۔

بَدر آمَدن (ف) باہر آنا۔ نکلنا۔

بَدر جام و قدَح (ع) شراب۔

بَدر رفتن (ف) باہر چلے جانا۔ نکل جانا۔

بُدرُستی (ف) بیشک۔ واقعی۔

بِدرِشتن مغرب (ع) شراب۔

بَذرَقہ (ع) راہبر۔ راہنما (۲) محافظ۔ نگہبان۔

بَذرقۂ حیات (ع) پانی (۲) دانائی کی باتیں (۳) رُوح کی مدد۔

بَذرقۂ طریق (ع) توجہ۔ ہمت۔

بَذرقۂ غرُور (ع) بہکانے والا۔ ہمراہی۔ ساتھی۔

بَدر کردن (ف) باہر نکال دینا (۲) گھر سے یا وطن سے بدر کرنا۔ جلا وطن کرنا۔

بَدرَگی (ف) کمینہ پن۔ بدذاتی۔

بِدرُود (ف) رخصت۔ وداع (۲) ترک کرنا۔ چھوڑ دینا (۳) سالم۔ سلامت۔

بدرَہ (ع) توڑا۔ تھیلی۔ ہمیانی۔

بَدرۂ اعتبار }
بَدرۂ غرور } (ع) پائیوں اور پیسوں کی وہ بھری ہوئی تھیلیاں جنہیں غریب سوداگر گاہکوں کے سامنے ان پر اپنا اعتبار اور ساکھ جتانے کے لیے کبھی صندوق میں رکھتے ہیں اور کبھی باہر نکالتے ہیں۔
بَدرۂ حیلہ }

بَدرِ پا آمدن (ف) خطرناک مقام پر پہنچنا۔

بدریخت (ف) بدشکل۔ بدہیئت۔ بدوضع۔

بدریختگی (ف) بدشکلی۔ بدوضعی۔

بدزبان (ف) بدگو۔ گالیاں دینے والا۔

بدزندگانی (ف) بُری زندگی بسر کرنے والا (۲) وہ شخص جس کی عمر تکلیفات میں بسر ہو۔

بَدزَہرہ (ف) بزدل (۲) ڈرپوک۔

بدساخت (ف) بھدا۔ بدشکل۔

بدساز (ف) غضب ناک۔ غمگین۔ غصہ ور (۲) وہ شے جس کی ساخت اچھی نہ ہو۔

بدسالی (ف) خشک سالی۔ تنگ سالی۔

بَدَست }
بَدَشت } (ف) بالشت۔ وَجَب۔ (۲) مہیا۔ حاضر۔

بدست اُفتادن چیزے (ف) کسی شے کا ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔

بدست آمدن (ف) ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔

بَدَست آوَردَن چیزے (ف) کسی چیز کا حاصل کرنا۔

بَدَست باشش (ف) حاضر ہو (۲) درست کر (۳) خوش رہو۔

بَدَست چپ خفتن (ف) آرام سے سونا۔

بدست چپ شمُردن (ف) اکائی اور دہائی کو دائیں ہاتھ سے گنتے ہیں اور سینکڑہ اور ہزار کو بائیں ہاتھ سے۔ اس لیے بہتات۔ کثرت اور زیادتی کے معنوں میں آتا ہے۔

بدست شُدن }
بَدَست شدن چیزے } (ف) کسی چیز کا ہاتھ لگنا۔ کسی چیز کا حاصل ہونا۔

بدست کم گرفتن (ف) حقیر اور ناچیز جاننا۔

بَدَستُور (ف) قاعدہ کے موافق۔ عادت کے موافق۔ حسبِ عادت۔ حسبِ دستور۔

بَدسرِشت (ف) بداصل۔ بدطینت۔

بَدسگال (ف) بدخواہ۔ دشمن۔ بدگو۔ بداندیش۔

بَدشگُون (ف) نامبارک۔ منحوس۔

بَدشِنَو (ف) بہرا۔ اُونچا سُننے والا۔ کر۔ بولا۔

بدطعم (ف) بدمزہ۔ جس کا مزہ بُرا ہو۔

بدطِینَت (ف) کمینہ۔ بداصل۔ بدذات۔

بِدَع (ع) نئی بات جس کی مثال پہلے موجود نہ ہو۔

بِدَع (ع) بدعت کی جمع۔ بدعتیں۔

بَدعادت (ف) بُری عادت والا۔

بدعاقبت (ف۔ ع) جس کا انجام اچھا نہ ہو۔

بِدعَت (ع) دین میں ایسی نئی بات یا رسم نکالنا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت نہ تھی۔

بِدعَتی (ع) بدعت پیدا کرنے والا۔ دین میں نئی بات نکالنے والا۔

بَدعمل (ف۔ ع) بدکار۔ بدکردار۔

بدعنق (ف) بدخُو۔ متکبر۔

بَدعَہد (ف) وہ شخص جو عہد کو پُورا نہ کرے۔ قول و قرار کا نہ نباہنے والا۔

بَدعَہدی (ف) بدگمانی۔ بدظنی۔ عہد کو پُورا نہ کرنا۔

بِدعی (ع) دیکھو بدعتی۔

بَدغ (ع) نجاست آلودہ ہونا۔

بَذغ (ع) بادام یا اخروٹ وغیرہ کا توڑنا۔

بدغلغ (ف) بدخو۔ تندمزاج۔

بَدفرجام (ف) بدعاقبت۔ بدانجام (۲) نالائق۔ بداصل۔ (۳) رُسوا۔

بَدفعل (ف) بدکار۔

بَدفعلی (ف) بدکاری۔ بدچلنی۔ زنا۔

بَدفہمیدن (ف) مطلب غلط سمجھنا۔

بَدِقّت (ع) اچھی طرح سے۔ غور سے۔

بَدِقّت سے کار رند (ف) نہایت تکلیف سے برتتے ہیں۔

بَدقدم (ف) منحوس۔ شوم۔

بُدک (ف) مُدبُد۔

بدکردار (ف) بدفعل۔ بدعمل۔ اوباش۔ حرام کار۔

Marfat.com

بَدکُند (ف)، رشوت۔
بَدکُنش } بَدکُنشت } (ف)، بدچلن۔ بدفعل۔ بدکار۔
بَدکیش (ف)، بے دین۔ بدمذہب۔ بدچلن۔
بدکینہ (ف)، بہت کینہ رکھنے والا۔
بدگزین (ف)، بُری چیز لینے والا۔ بہ گزیں کا متضاد۔
بَدگُفت (ف)، بُری بات۔ بدگفتاری۔
بَدگِل (ف)، بدصُورت۔
بدگماں (ف)، بدظن۔ بُرا سوچنے والا۔
بدگمانی (ف)، بدگمان ہونا۔ سوءِ ظن۔
بدگوہر } بدگہر } بدذات۔ بداصل۔ کمینہ۔
بَدَل (ع)، بدلہ۔ عوض۔ کسی چیز کا بدلہ۔ معاوضہ۔
بَدَل (ف)، توڑ۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں ہر داؤ کے دفعیہ کو کہتے ہیں۔ (۲) نقلی۔ جھوٹا۔
بَدلگام (ف)، وہ گھوڑا جو لگام قبول نہ کرے۔ باغی۔ سرکش۔
بَدِل چسپیدن (ف)، کسی بات کا دل نشین ہونا۔ پسند خاطر ہونا۔
بدِل گرفتن (ف)، دل میں رکھنا۔ یاد رکھنا۔ نہ بھُولنا۔
بَدلگام (ف)، سرکش گھوڑا (۲) نافرمان آدمی۔ (۳) مخالف۔
بَدَلِ مایتحلّل (ع)، اس چیز کا عوض جو تحلیل ہو جائے۔
بدِل نقش بستن (ف)، تصوّر کرنا۔ ہر وقت خیال رکھنا۔
بدل و جان (ف)، دل اور جان سے۔ پوری توجّہ سے۔
بدلہ (ف)، اجزا۔ عوض۔
بَدلہجہ (ف)، بدآواز۔ بدالحان (۲) بدزبان۔
بَدمذہب (ف)، بے دین (۲) بداطوار۔ بُرے ڈھنگ کا آدمی۔ (۳) بدوضع۔
بَدمزگی (ف)، بے لذتی (۲) باہمی شکر رنجی۔
بدمزہ (ف)، بدلذت۔ بُرے مزے والا۔
بَدمُعاش (ف)، بدچلن۔ بُرے ڈھنگ سے روزی کمانے والا۔ بُرے طور سے رہنے والا۔
بَدمُعاملہ (ف)۔ ع، جو معاملہ کا بُرا ہو۔ لین دین کا بُرا۔ ناراستی سے سودا بیچنے یا خریدنے والا۔
بَدم مے آید (ف)، مجھے بُرا معلوم ہوتا ہے۔
بدمہری (ف)، سرد مہری۔ نا فرمانی۔
بَدَن (ع)، جسم۔ تن۔ دھڑ۔ بغیر سر کے دھڑ (۲) بڑی عمر کا آدمی۔ (۳) چھوٹا چغہ جس کی آستین نہ ہو (۴) چھوٹی زرہ۔
بُدن (ع)، بَدنہ کی جمع۔ بَدنہ بمعنی قربانی کا اونٹ یا گائے۔
بَدنام (ف)، جس کا نام بُرائی میں مشہور ہو گیا ہو۔ بدشہرت۔
بَدنداں بُودن (ف)، مناسب اور لائق ہونا۔
بَدنداں خوش آمدن (ف)، لذت پانا۔ محظوظ ہونا۔

بَدنژاد } بَدنژاد } (ف)، بداصل۔ کمینہ۔ بدطینت۔ بدذات۔
بَدنسل (ف)، بداصل۔ حرامزادہ۔ بدذات۔
بَدنشاں (ف)، بداصل۔ بدکار۔ فرومایہ۔
بَدنعل (ف)، بُرا گھوڑا۔ بدرفتار گھوڑا۔
بَدنِ عمارت (ف)، عمارت کی ترکیب۔
بَدنفس (ف۔ ع)، بداصل۔ بدطینت۔ بدذات۔ بدسرشت۔
بَدنُما (ف)، بُرا۔ بدصُورت۔ بداصل۔
بَدنمود (ف)، بدنُما۔
بَدنہ (ع)، قربانی کا اونٹ یا گائے جو مکّہ میں بھیجا جائے۔ ترائی۔ میدان۔
بَدنہاد (ف)، بداصل۔ بدطینت۔ بدسرشت۔
بدنۂ کوہ (ف)، پہاڑ کا درمیانی حصّہ۔
بَدنیا دِہ بارہ آمدہ است (ف)، بہت تجربہ کار ہے۔
بدنیت (ف۔ ع)، بداندیش۔ بدخواہ۔
بَدُو (ف)، اصل بہ اُو تھا۔ الف کو دال سے بدل لیا گیا ہے۔ اسے۔ اس کو۔
بَدُو (ف)، دو کے ساتھ۔
بدو (ف)، سخت گھوڑا۔
بُدُو } بُدُوّ } (ع)، شروع کرنا۔ ابتداء (۲) بیابان جنگل (۳) آشکارا ہونا۔ ظاہر ہونا۔
بدْوًا (ف)، ابتدا میں۔
بُدُوح (ع)، عورت کا ناز سے ٹہل کر چلنا۔
بُدُور (ع)، بدر کی جمع۔ چودھویں رات کے چاند۔ پورے چاند۔
بدوزخ افتادن از نردبان (ف)، آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔
بدو سواراں (ف)، تیز رفتار گھوڑا۔
بَدولت (ف)، آسرا۔ سہارا۔ آسرے سے۔
بَدُون (ف)، بغیر۔ سوائے۔ بگیر۔
بَدوی (ع)، گنوار۔ جنگل۔ بادیہ نشین۔
بَدہ (ف)، خشکہ پلاؤ۔
بدھکار (ف)، قرضدار۔ مدیون۔ مقروض۔
بدھل (ف)، ایک درخت کا نام۔
بَدہیات (ع)، دیکھو بدیہیات۔
بَدِہ (ف)، دادن مصدر سے امر ہے۔ دے۔
بَدی (ف)، قرض لی ہوئی دولت۔
بَدی (ف)، بُرائی۔
بَدِیّ (ع)، پہلے پہل۔ اوّل۔ ابتدًا (۲) عجیب و غریب (۳) پہلا۔ اوّلین۔
بدیخ (ع)، ہلیلہ (۲) بلیلہ۔
بَدیخ (ع)، بڑے مرتبے کا آدمی۔
بَدیدہ (ف)، آفت۔ بلا۔ مصیبت (۲) مانند (۳) برابر کا آدمی۔

Marfat.com

بَدرِ شدہ (ف)، راہ دیکھنے والا۔ منتظر۔
بَدِیع (ع)، نادر۔ انوکھا۔ نرالا۔ نئی بات۔ نیا بنانیوالا ایسی چیز بنانیوالا جس کا مادہ پہلے سے موجود نہ ہو۔
بَدِیل (ع)، کسی چیز کا بدل۔
بَدِیل (ع)، حکیم خاقانی کا نام جو چھٹی صدی ہجری میں ہوا ہے۔ اس کا مولد بخارا۔ جائے وفات تبریز اور مدفن سرخاب میں ہے۔
بَدیُمن (ف)، نحس۔ نامبارک۔ منحوس۔ شوم۔
بدین (ع)، موٹا۔ تنادر۔
بَدِین (ف)، اصل میں بایں تھا۔ الف دال سے بدل لیا گیا۔ اس سے اس کے ساتھ۔
بدیوار ویراں کہ گیرد و پناہ (ف)، گرتے ہوؤں کو کون سہارا دیتا ہے۔
بدیوار ہا کار میگزارند (ف)، دیواروں میں نصب کرتے ہیں۔
بَدِیہہ (ع)، بے سوچی بات (۲) فی البدیہہ اور بے سوچی بات (۳) ناگاہ (۴) آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔
بدیہی (ع)، وہ کھلی اور ظاہری بات جو دلیل یا ثبوت کی محتاج نہ ہو۔ جیسے دو کا نصف ایک ہے۔
بدیہہ گو (ف)، وہ شاعر جو فی البدیہہ شعر کہہ سکے۔
بدیہی الانتاج (ع)، منطق کی پہلی شکل جس کا نتیجہ نکالنے میں غور و فکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔
بدیہیات (ع)، بدیہی کی جمع۔ کھلی باتیں جو ثبوت کی محتاج نہ ہوں مثلاً کل اپنے جز سے بڑا ہوتا ہے۔ یا جزا اپنے کل سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس میں کوئی ثبوت یا سوچ بچار کی ضرورت نہیں۔

# ب - ذ

بُذ (ع)، غلبہ۔ زیادتی (۲) مانند۔ مثل۔ (۳) جوڑ کا آدمی۔
بَذ (ع)، بدزبان ہونا۔ فحش کلام ہونا (۲) حقیر ہونا۔ ذلیل ہونا۔
بِذاء (ع)، باہم فحش کلامی کرنا۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
بِذاتہٖ (ع)، اپنی ذات سے۔ خود۔ بہ نفس نفیس۔
بذاذۃ (ع)، بدحال ہونا۔
بذال (ع)، سخی۔ بہت خرچ کرنے والا۔
بذبار (ف)، مسخرہ۔
بذر (ع)، بیج۔ دانہ (۲) بیج بونا (۳) بھید ظاہر کرنا (۴) فضول خرچی کرنا۔
بذرافشاں (ف)، بیج بکھیرنے والا۔ تخم پاشش۔
بذرام (ف)، صحت افزا مقام۔
بذر آخرت } بذر عقبے } (ع)، نیک اعمال۔ صالح اعمال۔ اچھے اعمال۔

بَذرَقہ (ع)، بدرقہ۔ راہبر۔ رہنما (۲) نگہبان۔
بذرگری (ف)، کاشتکاری۔ کھیتی باڑی۔
بَذع (ف)، خوف۔ ڈر۔ ہراس۔
بَذل (ع)، انعام۔ بخشش۔ جود و سخا۔ عطا (۲) عطا کرنا۔
بِذلہ (ع)، وہ کپڑے جو زیادہ استعمال میں رہتے ہوں۔ کام کے وقت پہننے کے کپڑے۔
بِذلَہ (ع)، وہ کپڑے جو زیادہ استعمال میں رہتے ہوں۔
بذلہ سنج } بذلہ گو } (ف)، لطیفہ گو۔ لطیفہ کہنے والا۔ دل پسند باتیں کرنے والا۔
بذی (ع)، بے ہودہ گو (۲) بے حیا۔ بدزبان۔

# ب - ر

بَر (ف)، پر۔ اوپر (۲) بغل۔ آغوش (۳) سینہ (۴) پھل (۵) بلند۔ (۶) چوڑائی (۷) نفع (۸) طرف (۹) یاد (۱۰) حفظ۔ (۱۱) جوان عورت۔
بَرّ (ع)، خشک زمین۔ جنگل۔ بیابان (۲) مہربان۔ نیک آدمی۔
بِرّ (ع)، نیکی۔ بخشش۔ احسان (۲) عطیہ۔ ہدیہ۔
بر (ت)، ایک۔ (۱) عدد۔
بُرء (ع)، بیماری سے اچھا ہونا۔
برآب آمدن (ف)، ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا۔
برآب نوشتن (ف)، تندی و تیزی کے ساتھ لکھنا۔ نیز مٹا دینا۔
برابر (ف)، ہم قدر۔ ہم مرتبہ۔ مساوی (۲) مقابلہ (۳) عوض۔ (۴) دُگنا۔
برابر کردن (ف)، ہموار و یکساں کر دینا۔
برآب بستن (ف)، سینچنا۔ سیراب کرنا۔
برآب دویدن (ف)، استقبال کرنا۔
برآب کشیدن (ف)، وزن کرنا۔ تولنا۔
برآب نشاندن (ف)، بے قرار ہونا۔
برآب نوشتن (ف)، محو کرنا۔ ناپید کرنا۔ مٹا دینا (۲) فی الفور لکھنا۔
برآب و آتش زدن (ف)، انتہائی کوشش کرنا۔ سخت تگ و دو۔ کوئی کسر نہ چھوڑنا۔
بَرات (ف)، حصّہ۔ بخرہ (۲) چک یعنی وہ چٹھی یا پروانہ جس کے ذریعہ خزانہ سے روپیہ حاصل کیا جاتا ہے (۳) تنخواہ۔
براتِ سُہیل از یمن دادن (ف)، کسی کو اسی کا مال دے کر ممنون و شکرگزار بنانا۔
برآتش کسے دست داشتن (ف)، کسی کی غم خواری اور تیمار داری کرنا۔
برآتش نشاندن (ف)، مضطرب اور بے قرار کرنا۔

Marfat.com

برآتش نشست (ف)، خراب ہوا۔
براتِ عاشقاں برشاخِ آہو (ف)، جو کام ٹل گیا - وہ پھر کب ہوگا۔
برِ اثرِ کسے رفتن (ف)، کسی کے کھوج پر چلنا - کسی کے قدموں پر چلنا۔
براجم (ع)، بُرجُم کی جمع - اُنگلیوں کی پوریں - اُنگلیوں کے بند۔
براح (ع)، کھلی زمین فراخ جس میں کھیتی نہ ہو (۲) ظاہر اور کھلی ہوئی بات (۳) بُری تدبیر۔
بُراد (ف)، چائے دان۔
برادر (ف)، بھائی۔
برادراند (ف)، سوتیلا بھائی۔
برادرِ اعیانی / برادرِ حقیقی (ف)، سگا بھائی - حقیقی بھائی۔
برادرانہ (ف)، برادری کے طور پر۔
برادر خواندہ (ف)، منہ بولا بھائی۔
برادر دین (ف)، اسلامی بھائی - دینی بھائی۔
برادر رضاعی (ف)، دودھ شریک بھائی - کوکہ۔
برادر زن (ف)، بیوی کا بھائی - سالا۔
برادر نسبت (ف)، رجوع بہ ناقبل۔
برادروار تقسیم کردن (ف)، برابر برابر بانٹ لینا۔
بُرادہ (ع)، پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔
بُرادہ (ع)، چورہ۔
بُرادہ آہن (ف)، لوہے کا چورا۔
برآراستن (ف)، مستعد ہونا - آمادہ ہونا۔
برآرم (ف)، میرا بھائی - میرا برادر۔
براز (ف)، زیب - زینت - سجاوٹ - سنوارنا۔
برازد (ف)، میرے بند - سجتا ہے - زینت دیتا ہے۔
برازندہ (ف)، بھڑک دار۔
برآسمان کردن / برآسمان رسانیدن (ع)، کسی کو بلند مرتبہ پر پہنچانا - کسی کو بڑا رتبہ دینا۔
براشی (ف)، خراش - زخم۔
برآشفتن (ف)، جھنجھلانا - خفا ہونا۔
براعت (ع)، روشنی (۲) فصاحت و بلاغت - دانش (۳) فضیلت - فضل (۴) ہنر میں کامل ہونا - فضل و ہنر میں ہمسروں سے فائق ہونا۔
براعۃ الاستہلال (ع)، بوقتِ ولادت بچے کا آواز نکالنا (۲) ایک صنعت کا نام جس سے شاعر یا مصنف نظم کے مطلع یا کتاب کے دیباچہ میں ایسے الفاظ ذکر کرے جس سے اس نظم یا کتاب کے مقاصد و مطالب کا اظہار ہو جائے - جس طرح پیدائش کے وقت بچہ کے آواز نکالنے سے اس کا لڑکا یا لڑکی ہونا پہچانا جاتا ہے۔
براغ (ع)، قصد کرنے والا۔

برآسودن (ف)، آرام دینا یا کرنا - استراحت۔
برآشفتن (ف)، جھنجھلا اُٹھنا - خفا ہونا۔
براغلیدن (ف)، برآغالیدن کا مخفف - اُبھارنا - اکسانا - برانگیختہ کرنا - ترغیب دینا - تحریک دینا۔
برآفتاب افگندن (ف)، سوکھانا - دھوپ میں خشک کرنا۔
براُفتادن (ف)، دُور ہونا - نابود ہونا۔
براُفتادہ (ف)، عاجز - درماندہ - ناتوان - مغلوب۔
برافراشتن (ف)، جھنجھلا اُٹھنا - خفا ہونا۔
برافروختن موم (ف)، نرم بات کہنا۔
برافشاندن (ف)، نچھاور کرنا - نثار کرنا۔
برآفریدہ سہو رواست (ف)، آدمی خطا کا پُتلا ہے - بھول چوک انسان کا قاعدہ ہے۔
بَرّاق (ع)، چمکیلا - چمکتا ہوا۔
بُراق (ع)، اس چوپائے کا نام ہے - جس پر معراج کی رات کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے تھے۔
بُراقِ جم (ع) - (ف)، وہ ہوا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو اُٹھائے پھرتی تھی (۲) گھوڑا۔
بُراقِ سلیمانؑ (ع)، ہوا۔
برآمد / برامد (ف)، نکاسی۔
برآمدگی (ف)، منبع - جھرنا - وہ چھوٹا ٹیکرا جس کے نیچے سے چشمہ جاری ہوا۔
برآمدن (ف)، باہر نکلنا - باہر آنا (۲) اوپر چڑھنا (۳) ترقی پانا (۴) پرورش پانا (۵) غالب آنا (۶) تعظیم کرنا۔
برآمدن بنا (ف)، بنا کا درست کرنا (۲) بنا کا ٹھیک ہونا۔
برآمدن چیزے بہ چیزے (ف)، آشکارا ہونا - ظاہر ہونا۔
برآمیختن (ف)، ملنا - ملانا۔
بُرّان (ف)، تیز - کاٹنے والا۔
برانداختن (ف)، نیچے پھینکنا (۲) ڈھا دینا (۳) ویران کرنا - منہدم کرنا (۴) سوچنا
برانداز (ف)، خرچ جو دخل کے مقابل ہے۔
براندازہ جام بخشیدن (ف)، ظرف کے مطابق جام دینا۔
برآں دل / برآں سر (ف)، اس ارادے پر - اس نیت پر۔
برانگشت پیچیدن (ف)، یاد رکھنا (۲) مشہور کرنا۔
برانگیختن (ف)، اُبھارنا - آمادہ کرنا - اکسانا۔
برآں بودن (ف)، فلاں رائے پر ہونا۔
بُرانہ (ف)، ایک شہر کا نام ہے۔
برآور (ف)، ثمردار - پھل دار۔
برآورد (ف)، جانچنا - تخمینہ لگانا - آنکنا (۲) تنخواہ تقسیم کرنے کا کاغذ۔

Marfat.com

برآوَردن (ف) (۱) نکالنا (۲) لانا (۳) باہر نکالنا (۴) باہر لانا (۵) اُوپر چڑھانا (۶) پرورش کرنا (۷) تقلید کرنا۔

برآوردن چیزے / برآوردن راہ } (ف) کسی کا راستہ بند کرنا۔ روکنا۔

برآویختن (ف) لٹکانا۔

براہ / بَرزاہ / بَرَہ } (ف) (۱) خوب (۲) خوبی (۳) آراستہ۔ (۴) آراستگی۔

بَراہ اُفتادَن (ف) راہ تکنا۔ انتظار کرنا۔

براہ افتادن چیزے (ف) کسی چیز کے حاصل ہونے کے سامان بننا۔

بَراہام (ف) ایک نہایت بخیل یہودی کا نام جو بہرام گور کے زمانہ میں ہوا ہے۔

براہ آوردن (ف) راہِ راست پر لانا۔ ٹھیک کرنا۔

بَراہ بُردن (ف) بسر کرنا۔ (۲) ناز و نعمت یا مفلسی میں زندگی بسر کرنا۔

بَراہِمہ (ع) برہمن کی جمع۔ بُت پرستوں کے پیر و مُرشد۔

بَرآہو سوار شُدن (ف) تیزی سے چلنا۔ سُرعت سے چلنا۔ تند و تیز چلنا۔

بَراہیم (ع) دیکھو ابراہیم۔

بَراہین (ع) برہان کی جمع۔ دلیلیں۔

بَرائے (ف) لیے۔ واسطے۔

بَرایا (ع) بریّہ کی جمع۔ خلقت۔ دُنیا کے لوگ۔ رعایا۔

برائے چہ کار (ف) کاہے کو۔ کس لیے۔

برائے خالہ نبودن عریضہ (ف) ضمناً۔ یونہی۔ فروعی طور پر۔ محض خانہ پُری کے لیے۔

برائے خود است (ف) یہیں کیا۔ وہ دولت مند یا صاحب ہُنر ہے تو اپنے لیے۔

برائے شیطان پا پوش دوختن (ف) شیطان کے بھی کان کترنا۔

برائے صرفِ شب چرہ (ف) رات کے کھانے کے لیے۔

برائے کسے پستان بہ تنور چسپاندن (ف) سخت تکلیف اُٹھانا۔

برائے کسے صدا در آوردن (ف) کسی پر ایسی تہمت لگانا جس سے اسے ضرر اور نقصان پہنچے۔

برائے مارق (ف) نشانے کے واسطے۔

برایہ (ف) سبب۔

بَرباد (ف) تباہ۔ ویران۔ غارت۔ خراب۔ تلف۔ ضائع۔

برباد دَادَن (ف) ضائع کرنا۔ نیست و نابود کرنا (۲) پریشان کرنا۔

برباد رفتن (ف) ضائع ہونا۔ نیست و نابود ہونا (۲) پریشان ہونا۔

بَرباد کَرَدن (ف) برباد کرنا۔ ضائع کرنا (۲) پریشان کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

بَربادی (ف) تباہی۔ ویرانی۔

بُربار / بُربارہ } (ف) بالاخانہ۔ چوبارہ۔

بَربُد (ف) باربد کا مخفف۔ سیستان کو بھی کہتے ہیں۔

بَربَر (ع) حبش کی طرف ایک ملک کا نام ہے۔ افریقہ کے ایک علاقہ کا نام جس میں طرابلس۔ الجزائر۔ ٹرفلی اور ٹیونس شامل ہیں۔

بَربَری (ع) منسوب بہ بربر۔ بربر کا رہنے والا۔

بَربَریّت (ع) وحشت۔ ظلم۔

بَربَروشان (ف) اُمّت۔ جو لوگ کسی پیغمبر کو مانتے ہیں۔ ماننے والا گروہ۔

بَرَبشت (ف) رسم۔ دستور۔ قاعدہ۔ روش۔ طرز۔ قانون۔ انتظام۔

بَربَستن (ف) فائدہ اُٹھانا۔ نفع حاصل کرنا (۲) سفر کو جانے کے لیے تیار ہونا۔

بَربَستہ (ف) جمادات۔ پتھر۔ مٹی۔ لوہا وغیرہ جو نشوونما نہیں پاتے۔

بَربَط (ف) بربط یعنی بطخ کا معرب ہے۔ ایک تکونی قسم کا ساز۔ عود۔ ایک ساز کا نام ہے۔

بَربَط سرائے / بَربَط نواز } (ف) بربط بجانے والا۔ مطرب۔

بَربنا گوش بُردن / بربنا گوش زدن } (ف) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ (۲) طمانچہ مارنا۔

بَربَند (ف) عورتوں کا سینہ بند جسے مارزنگ بھی کہتے ہیں۔

بربیمہ چہ سُنبل چہ سُنبلہ (ف) بھینس کے آگے بین بجانا۔

برپا (ف) قائم۔ پاؤں پر کھڑا ہوا۔

برپا بُودن (ف) قائم رہنا۔

برپا چہ ریدن (ف) بہت ڈرنا۔ نہایت خوف کھانا۔

برپا خاستن (ف) اُٹھ کھڑے ہونا۔

برپا شُدن (ف) قائم ہونا (۲) کھڑا ہونا (۳) برانگیختہ ہونا۔

برپا کَردن (ف) قائم کرنا۔ کھڑا کرنا (۲) برانگیختہ کرنا۔

برپائے جُستن (ف) پاؤں کی طاقت سے اُٹھ کھڑا ہونا۔ (۲) اُچھلنا۔

برپائے خاک بُودن (ف) ذلیل و خوار ہونا۔

برپائے خاک زدن (ف) رُسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔

برپائے داشتن (ف) سہارا دینا۔ قائم رکھنا۔ ثابت قدم رکھنا۔

برپائے کسے اُفتادن (ف) کسی کے پاؤں پر گرنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔

بَربروشان (ف) اُمّت۔ بربروشان۔

برپشت خفتن (ف) خوب لمبی تان کر سونا۔ بے فکری کی نیند سونا۔

Marfat.com

برپشت خوابیدن (ف) پیٹھ کے بل سونا - آرام سے سونا۔
برتاس (ف) ایک پہلوان کا نام (۲) ترکستان کی ایک ولایت کا نام جہاں کی پوستین نہایت اعلیٰ ہے (۳) روس کے ایک شہر کا نام۔
برتافشک (ف) ایک گھاس جسے بومادراں بھی کہتے ہیں۔
برتافتن (ف) بل دینا - موڑنا (۲) قبول کرنا (۳) برداشت کرنا۔
برتر (ف) بہت اونچا۔
برج (ع) گنبد (۲) محل (۳) قلعہ - قصر (۴) آسمان کا بارھواں حصہ۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے کوئی برج - ان بارہ کے نام یہ ہیں - حمل - ثور - جوزا - سرطان - اسد - سنبلہ - میزان - عقرب - قوس - جدی - دلو - حوت۔
برج آبی (ف) آسمان کے بارہ برجوں میں سے یہ تین برج ہیں۔ سرطان - عقرب - حوت۔
برج آتشی (ف) آسمان کے بارہ برجوں میں سے تین برج ہیں۔ حمل - اسد اور قوس۔
برجاس (ف) تیر وغیرہ کا نشانہ۔
برجامۂ کسے خون مالیدن (ف) کسی پر قتل اور خون کی تہمت لگانا۔
برجائے (ف) برقرار - ثابت۔
برج بادی (ف) آسمان کے بارہ برجوں میں سے یہ تین برج ہیں جوزا - میزان اور دلو۔
برج برہ (ف) برج حمل - میکھ راس۔
برج بکر فلک (ف) برج ثور - برج میزان۔
برج ترازو (ف) برج میزان۔
برج ثریا (ع) برج ثور (۲) معشوق (۳) معشوق کا منہ۔
برجخ (ف) چھوٹا نیزہ جسے ژوپین کہتے ہیں۔
برج حمل (ع) آسمان کے برجوں میں سے پہلا برج اس کی شکل مینڈھے کی سی ہے - جس روز سورج اس برج کے پہلے درجہ میں داخل ہوتا ہے تو اسے شرف آفتاب کہتے ہیں اس دن دن رات برابر ہوتے ہیں - مارچ کی اس روز ۲۱ یا ۲۲ تاریخ ہوتی ہے اور چیت کی قریباً ۷ یا ۸۔
برج خوشہ (ف) برج سنبلہ۔
برج زہر مار (ف) پھنیر سانپ کا پھن۔
برجستن (ف) جستن کا مزید علیہ - کودنا۔
برجستہ (ف) چست - ٹھیک (۲) تحفہ - بھرا ہوا۔
برجستگی (ف) بلندی - ابھار - اٹھان۔
برج طرب (ع) صراحی (۲) ساغر (۳) شراب کا مٹکا - خم۔
برج عذرائے فلک (ع) برج ثور - برج میزان۔
برج کبوتر (ف) خانہ کبوتر - ایران میں کبوتروں کی بیٹ رنگریزوں کے کام آتی ہے اور وہاں کبوتروں کے لیے برج بنے ہوتے ہیں - جہاں وہ بیٹ کرتے ہیں اور ان برجوں پر محصول لیا جاتا ہے جو شاہی خزانہ میں داخل ہوتا ہے - ان برجوں کو برج کبوتر کہتے ہیں۔
برجم (ع) انگلی کا بند - پور۔
برج مسیح (ع) چوتھا آسمان۔
برجوشیدن (ف) غصے سے برافروختہ ہونا - جوش میں آنا۔
برج ہلال (ع) برج سرطان
برجیس (ع) مشتری ستارہ - زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
برجخ (ف) درمیانہ نیزہ۔
برچسپ (ف) سرنامہ - وہ چٹ جس پر چیز کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے - اور وہ اس چیز کے ساتھ لٹکی ہوئی ہوتی ہے۔
برچشم کور سرمہ کشیدن (ف) بھینس کے آگے بین بجانا۔
برچشم گفتن (ف) بچشم گفتن - مان لینا - قبول کرنا۔
برچیدن (ف) چننا (۲) چگنا (۳) دور کرنا (۴) اٹھا دینا۔
برچیدن بساط (ف) کاروبار بند کر دینا۔
برچیزے چشم سرخ کردن (ف) کسی چیز کا طمع کرنا کسی چیز کا لالچ کرنا - کسی پر دل آجانا۔
برچیزے دل نہادن (ف) کسی چیز پہ دل لگانا - اس پہ دل لگانا۔
برچیزے گزشتن (ف) کسی چیز کو غور و تامل کی نگاہ سے دیکھنا۔
برچیں قبا بستہ (ف) مستعد۔
برحذر (ف) یکسو - برکنار۔
برحسب دلخواہ (ف) حسب خواہش - دل کی آرزو کے موافق۔
برحق (ف) درست - سچ۔
برخ (ف) حصہ - بہرہ (۲) بعض (۳) تالاب (۴) بجلی - برق - (۵) پھلی (۶) قربان - فدا - (۷) شبنم - اوس۔
برخاستن (ف) اٹھنا (۲) برطرف ہونا (۳) دور ہونا۔
برخاستن از چیزے (ف) کسی چیز کو ترک کرنا - چھوڑ دینا - کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا۔
برخاک افتادن (ف) ذلیل و خوار ہونا - بے اعتبار ہونا۔
بعالمے برطرف اُفتادہ (ف)، خود پسند۔ خود رائے۔ کسی کی نصیحت قبول نہ کرنے والا۔ ہر کسی سے لڑ رہا ہے۔ ضد کر رہا ہے۔
بَعث (ع)، اُٹھانا (۲) برانگیختہ کرنا (۳) زندہ کرنا (۴) جگانا۔ نیند سے بیدار کرنا (۵) روانہ کرنا (۶) لشکر روانہ کرنا۔ (۷) پراگندہ کرنا (۸) قیامت۔
بَعثَت (ع)، برانگیختگی (۲) بیداری (۳) پراگندگی (۴) اٹھاؤ (۵) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۶) نبیوں اور پیغمبروں کا نبوت اور پیغمبری پر مامور ہونا۔
بِعثتِ رسولِ اکرمؐ (ع)، مراد ہے ۲۷ رجب سے جس دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلانِ نبوت کیا۔
بَعثرہ (ع)، اُبھارنا۔ برانگیختہ کرنا (۲) حرص دلانا۔ اُکسانا۔ (۳) اُٹھانا۔ کھڑا کرنا۔
بَعث و نشر (ع)، قیامت کا روز۔
بعجلہ (ع)، جلدی سے۔ عجلت سے۔
بَعد (ع)، پیچھے۔ پس۔ آخر۔

Marfat.com

بُعد (ع) فاصلہ - دُوری - مسافت - تفاوت - فرق (۲) مرگ - لعنت -
بُعدِ اَلبُعدْ (ع) اس دائرے کا نام جو سب افلاک سے اُونچا ہے -
بُعدِ المشرقین (ع) مشرق اور مغرب کے درمیان کا فاصلہ - بہت فاصلہ - بے حد تفاوت -
بعداً (ع) اس کے بعد -
بعد از تنہ خبردار (ف) بے وقت اطلاع دینا -
بعد از مُردن سہراب نوشدارو (ف) بے فائدہ اور بے وقت کام -
بَعر (ع) بعرہ کی جمع - پشک - مینگنیاں - بکری وغیرہ کی مینگنیاں -
بَعیرہ (ع) مینگنی - پھنک -
بعزت تر (ف) بہت عزت کے ساتھ - بہت قیمتی -
ابعض (ع) لاغر ہونا - دُبلا ہونا - کمزور ہونا (۲) اضطراب کرنا -
بعصا راہ رفتن (ف) بڑی حزم و احتیاط سے کام کرنا -
بعض (ع) کوئی - کچھ - چند - متعدد (۲) ہر چیز کا حصہ - ٹکڑا (۳) خاص (۴) متفرق - مختلف -
بُعض (ع) پشہ - مچھر -
بَعل (ع) صاحب - آقا (۲) خاوند - شوہر -
بَعل (ع) ایک بُت کا نام جسے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم پُوجتی تھی -
بعلاوہ (ع) علاوہ ازیں -
بَعلَبک (ع) مُلک شام کے ایک شہر کا نام جس میں حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم بعل نامی بُت کی پرستش کرتی تھی -
بَعلہ (ع) جورو - بیوی -
بَعلہ (ع) وہ عورت جو اپنے آپ کو لباس سے آراستہ کرنے کی لیاقت نہ رکھتی ہو -
بَعمل آوردن (ف) حاصل کرنا -
بُعُوث (ع) بعث کی جمع - لشکر - افواج -
بَعُوض (ع) بعوضہ کی جمع - پشہ - مچھر -
بَعُوضہ (ع) پشہ - مچھر -
بَعُولہ (ع) شوہر ہونا -
بَعیج (ع) وہ عورت جو شوہر کی خیرخواہی میں مبالغہ سے کام لے (۲) پیٹ پھٹا مُردہ -
بَعید (ع) فاصلہ پر - دُور -
بعید از قیاس (ف) قیاس سے ماوراء -
بَعیدُ العقل (ع) عقل کے خلاف - سمجھ میں نہ آنے والا - غلط - لغو -
بَعیدُ الفہم (ع) سمجھ میں نہ آنے والا - مشکل سے سمجھ میں آنے والا
بَعیر (ع) اُونٹ - شتر -

## ب - غ

بَغ (ف) گڑھا - کھُدی ہوئی زمین -
بُغ (ف) ایک بُت کا نام -
بغ (ف) خُون کا جوش مارنا -
بَغداد (ف) خدا داد
بغ کردن (ف) تُرش رُو ہونا - ماتھے پر بل ڈالنا - تیوری چڑھانا -
بَغا (ف) ہیجڑا - مخنث -
بَغا (ع) چاہنا - مانگنا -
بِغا (ع) زنا (۲) زنا کرنا (۳) فاحشہ ہونا -
بُغات (ع) باغی کی جمع - سرکش اور نافرمان لوگ (۲) ڈھونڈنے والے -
بُغاث (ع) گدھ - کرگس - بوڑھا گدھ - یا کوئی اور بوڑھا پرندہ -
بغاز (ف) وہ رقم جو اُستاد شاگرد کو دیتا ہے - یعنی مزدوری کے علاوہ انعام -
بِغاز (ف) فانا - پھانا - وہ میخ جو لکڑی چیرتے وقت درز میں لگائی جاتی ہے - وہ لکڑی جو قالب کے چھوٹا ہونے کی وجہ سے موچی قالب اور جُوتے کے درمیان لگاتے ہیں -
بغازی (ف) مزدوری - اُجرت -
بِغال (ع) بغل کی جمع - خچر -
بَغّال (ع) خچر والا - خچروں کا محافظ -
بُغام (ع) اُونٹ - ہرن اور جنگلی بیل کی آواز -
بَغاوت (ع) زیادتی - سرکشی - بادشاہ وقت کے خلاف سرکشی کرنا -
بغایا (ع) بغی کی جمع - زانیہ عورتیں - زناکار عورتیں -
بغبغو (ف) کبوتر کی آواز - غٹرغوں -
بُغبُور (ع) وہ پتھر یا سل جس پر بُت کی قربانی کے لیے جانور ذبح کرتے ہیں -
بغتاق (ف) ٹوپی - کلاہ -
بَغتۃً (ع) اتفاقاً - دفعتہً - فوراً - اچانک - ناگاہ - یکبارگی -
بغثاء (ع) رنگین مٹی - سیاہ و سفید داغ دار -
بغث (ع) وہ پرندے جو شکار نہیں کرتے -
بُغچہ (ف) چھوٹی گٹھڑی - جامہ بند -
بغچہ کش (ف) نوکر - ملازم -
بُغدا (ف) قصابوں کی قیمہ کوٹنے کی چھُری -
بَغداد (ف) عراق عرب کا مشہور شہر جو دریائے فرات کے کنارہ پر آباد ہے - خلفائے عباسیہ کا دارالخلافہ رہنے کی وجہ سے دنیا کے مشہور شہروں میں سے ہے - علم و ادب اور شان و شکوہ کا مرکز رہ چکا ہے - ہلاکو خان تاتاری کے

Marfat.com

حملہ کے بعد جس میں اس شہر کے سوا لاکھ آدمی قتل ہوئے اپنی پہلی شان پر نہ رہا۔ حضرت محی الدین گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا مدفن ہونے کے باعث مرجع خاص و عام ہے۔ اصل میں باغ داد تھا۔ نوشیرواں نے اسے آباد کیا۔ اور وہ یہاں ہفتہ میں ایک دفعہ مظلوموں کی داد رسی کیا کرتا تھا۔ اس لیے باغ داد کہلاتا تھا۔ مگر کثرتِ استعمال کی وجہ سے الف حذف ہو کر بغداد رہ گیا۔

**بغداد** (ف) خراب۔ کہنہ (۲) جامِ شراب (۳) لوطیوں کی اصطلاح میں شکم۔ پیٹ۔

**بغداد خالی**
**بغداد خراب** } (ف) خالی پیالہ (۲) خالی پیٹ۔
**بغداد کہنہ**

**بغداد خراب است** (ف) پیٹ کا خالی ہونا۔ جیسے کہتے ہیں بھوک کے مارے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں۔

**بُغدادِ مَعمُور** (ف) بغداد خالی کی ضد۔ شراب کا بھرا ہوا جام۔ بھرا ہوا پیٹ۔

**بُغدر** (ف) قیمہ کاٹنے والا قصاب کا بڑا چھرا۔

**بغدی** (ف) اعلیٰ قسم کا اُونٹ۔

**بُغراد** (ف) وہ کُلنگ جو کلنگوں کی قطار کے آگے چلتا ہے۔

**بُغرا** (ف) خوک۔ نر۔ سُور۔

**بُغرا خور** (ف) مُنہ اور دانت جن سے بغرا کھایا جاتا ہے۔

**بغرنج** (ف) مُشکل۔ پیچیدہ۔ دشوار۔ درہم برہم۔

**بَغز** (ع) لات مارنا۔ (۲) لاٹھی سے مارنا (۳) خوشی کرنا (۴) کھیلنا۔

**بغستان** (ف) بُت خانہ۔ بُت کدہ۔

**بَغش** (ع) روزن میں دُھوپ کے باعث گرد دکھائی دینا (۲) ہلکی بارش جس سے زمین پر پانی نہ بہے۔

**بَغشور** (ف) ہرات کے قرب میں ایک قصبہ کا نام۔

**بُغض** (ف) دشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ حسد۔

**بُغضا** (ع) سخت کینہ۔ سخت دشمنی۔

**بغض گرفتن** (ف) دل میں کینہ رکھنا۔

**بغض در گلو** (ف) غمگین۔ غصیلا۔

**بغض بیخ گلویش گرفت** (ف) رقت طاری ہونا۔ آواز رندھ جانا۔

**بغطاق** (ع) بغلتاق کا معرب۔ دیکھو بغلتاق۔

**بغل** (ع) خچر۔

**بغل** (ف) تن بازو۔ کنار۔ بازو کے نیچے کا جسم اسے عربی میں ابط اور پنجابی میں کچھ کہتے ہیں۔

**بغل بغل** (ف) ڈھیر ڈھیر۔ بہت بہت۔

**بغلتاق** (ف) ٹوپی۔ کلاہ۔ (۲) پاکھر۔ لڑائی کا لباس جو حفاظت کے لیے خود بھی پہنتے ہیں اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہیں۔

**بغل تری** (ف) خجالت۔ شرمندگی۔ ندامت

**بغل خواب** (ف) رفیقہ حیات۔ بیوی۔

**بغل زدن** (ف) بغلیں بجانا۔ کسی کے نقصان پر تمسخر سے خوشی کا اظہار کرنا۔

**بغلک** (ف) بغل کا پھوڑا۔ ککھباری۔ ککھوالی۔ پنجابی کچھرالی یا کچھالی۔

**بغل کردن** (ف) گلے ملنا۔ لپٹ جانا۔

**بغلک زدن** (ف) دیکھو بغل زدن۔

**بغلگیر** (ف) گلے ملنے والا (۲) گلے ملنا۔

**بغلگیری** (ف) معانقہ۔ گلے ملنا (۲) فنِ کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

**بَغلَنغاز** (ف) ابلق رنگ کا پرندہ جس کی گردن اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں اور چونچ چپٹی۔ اس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔

**بَغلہ** (ف) ایک یا دو مستول کا جہاز۔

**بغلۂ جادہ**
**بغلۂ راہ** } (ف) وہ راستہ جو زمین کو کھود کر کسی قدر گہرا بنایا جائے اور اس کے بغلی کنارے بلند ہوں۔

**بغلۂ کوہ** (ف) پہاڑ کی ایک جانب کا نیچے کا حصہ (۲) بیرونی جانب۔

**بَغلی** (ف) چھوٹی یا تھوڑی چیز جو بغل میں سما جائے (۲) حمائل یعنی چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے سفر میں بغل میں لے کر پھر سکیں (۳) چپٹی بوتل۔

**بُغمہ** (ع) قلادہ۔ عورتوں کا گردن بند۔

**بَغند** (ف) ایک قسم کا چمڑہ جس سے جوتیاں سیتے ہیں۔ یہ کیمخت کے علاوہ دوسری قسم کا چمڑہ ہے۔ اور اسے غرغند بھی کہتے ہیں۔

**بغوی** (ع) بغ یا بغشور سے منسوب۔ بغشور کا رہنے والا۔ بغشور ایک شہر ہے جو ہرات اور مرو کے درمیان واقع ہے۔

**بَغی** (ع) بغاوت۔ سرکشی۔ نافرمانی۔

**بَغیّ** (ع) باغی۔ سرکش۔ نافرمان (۲) زانیہ۔ زانی عورت۔

**بَغیث** (ع) گیہوں۔ جو میں ملے ہوئے گیہوں۔

**بَغیض** (ع) سخت بغض رکھنے والا۔ سخت دشمن۔

**بُغیہ** (ع) حاجت۔ مطلب۔ احتیاج۔

---

## ب - ف

---

**بَف** (ف) جولاہوں کی کنگھی جو کپڑا بُننے کا اوزار ہے اور ہر تار ڈالنے کے لیے اس سے کام لیتے ہیں۔ دفتین۔

**بَفار** (ف) دیکھو ابخاز۔ فانا۔

**بفاصلہ** (ف) دُور دراز۔

**بفت** (ف) بافت کا مخفف۔ کپڑا بُننا۔

**بَفدی** (ف) دفتین۔ جولاہوں کی کنگھی۔ جولاہوں کا کرگہ

Marfat.com

بفج } (ف) مُنہ کا وہ لعاب جو بات کرتے وقت منہ سے ٹپکے ۔ رال ۔
بفنج

بفراست دریافتن (ف) عقل مندی اور دانائی سے سمجھ جانا ۔

بفردا ممان کار امروز را (ف) آج کا کام کل پر مت چھوڑو ۔

بفرزندی برداشتن (ف) متبنّیٰ بنانا ۔ بیٹا بنانا ۔

بفرزندی قبول کردن (ف) منہ بولا بیٹا بنانا یا کسی کو دامادی کا شرف بخشنا ۔

بفرمائید (ف) آئیے ۔ تشریف رکھیے ۔ بیٹھیے ۔

بفریاد رسیدن (ف) فریاد رسی کرنا ۔ انصاف کرنا (۲) انصاف پانا ۔

بفش (ف) کر و فر ۔ شان و شوکت ۔ عظمت ۔

بغم (ف) اندوہ ۔ دلگیری ۔ دل تنگ ۔ عاجز ۔ غمگین ۔ ملول ۔ رنجیدہ ۔

بفنج (ف) ایک قسم کا سانپ ۔ وہ سانپ جو لوگوں کو ایذا پہنچائے ۔

## ب - ق

بق (ع) مچھر ۔ پشہ (۲) کھٹمل ۔ ضرورت شعری کے باعث فارسی والے بلا تشدید بھی لاتے ہیں ۔

بقا (ع) زندگانی ۔ زیست ۔ جینا (۲) ہمیشہ کی زندگی ۔ ہمیشگی ۔ دنیا میں رہنا ۔

بقا بقائے خدا است (ف) سدا رہے نام اللہ کا ۔

بقار (ع) (۱) کاٹنے والا (۲) لوہار ۔

بقا شما باشد (ف) خدا تمہاری عمر دراز کرے ۔

بقاع (ع) بُقعہ کی جمع ۔ گھر ۔ مکانات ۔ محدود زمینیں ۔

بقال (ع) سبزی فروش ۔ کنجڑا (۲) لفظ بدال کی بجائے غلّہ فروش کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

بقاع متبرکہ (ع) بزرگانِ دین کے مدفن ۔

بقاعدہ (ف) باقاعدہ ۔ ترتیب سے ۔

بقایا (ع) بقیہ کی جمع ۔ باقیات ۔ بچی کھچی چیزیں ۔

بقائم ریختن } (ف) عاجز ہو جانا ۔ ہار ماننا ۔ بغیر جنگ کیے عاجز ہو جانا (۲) شاطروں کی اصطلاح میں حریف مقابل کو غالب دیکھ کر بطور عجز خود بخود مہرے ہاتھ سے رکھ دینا ۔ اور قبل از مات شکست مان لینا ۔
بقائمی ریختن

بقباق (ع) بہت بکواس کرنے والا ۔ بڑا بکواسی ۔

بقبضۂ مردان (ف) مجھے اپنی تلوار کے قبضہ کی قسم ۔ یہ اہل فوج کا محاورہ ہے ۔

بقبقہ (ع) گڑوی یا کوزہ وغیرہ کا پانی میں ڈوبتے وقت آواز کرنا ۔

بقچہ (ف) کپڑوں کی گٹھڑی ۔

بقدر (ف) بمطابق ۔ بسیار ۔ زیادہ ۔

بقر (ع) پھاڑ ڈالنا ۔

بقر } (ع) بقرہ کی جمع ۔ گائے ۔ بیل ۔
بقرات

بقر عید (ف) عید قربان ۔

بقرار (ف) بموجب ۔

بقراط (ی) ایک مشہور یونانی حکیم کا نام جس نے سب سے اول فن طب وضع کیا ۔ یہ راقلیس کا بیٹا اور حکیم اسقلینوس ثانی کا شاگرد تھا ۔ سولہ برس کی عمر میں فارغ التحصیل ہوا ۔ اور اناسی سال تعلیم و تصنیف اور عبادت میں گزارے ۔ اس کا زمانہ مسیح سے قریباً ساڑھے چار سو سال قبل کا ہے ۔ یہ ایران کے بادشاہ بہمن بن اسفندیار کا ہم عصر تھا ۔ پچانوے سال کی عمر میں فوت ہوا ۔

بقراوّل حرف زدن (ف) احتیاط سے بات کرنا ۔

بقراوّل رفتن (ف) نشانہ باندھنا ۔ سیدھا باندھنا ۔

بقعہ (ع) رہنے کا مکان (۲) خانقاہ (۳) صدر (۴) محدود زمین ۔

بقل (ع) بقلہ کی جمع ۔ ساگ پات ۔ سبزی ۔

بقلم دادن (ف) لکھنا ۔ تحریر میں لانا ۔

بقلۃ الانصار (ع) کرم ساگ ۔ کرم کا ساگ ۔

بقلۃ الحمقا (ع) خرفہ کا ساگ ۔

بقلۃ الخطاطیف (ع) زرد چوب ۔ ہلدی ۔

بقلۃ اللینہ (ع) خرفہ ۔ خرفہ کا ساگ ۔

بقلۃ المبارکہ (ع) کاسنی ۔ خرفہ ۔

بقلۃ الملک (ع) شاہترہ ۔

بقلۃ الیہود (ع) جنگلی کاسنی ۔

بقلہ (ع) سبزی ۔ ساگ پات جو بیج سے پیدا ہو ۔

بقم کشتن (ف) مجیٹھ کا کھیت (۲) جگہ جہاں سے سُرخی ہی سُرخی نظر آئے ۔

بقیٰ (ع) بقا ۔ جینا ۔ زندہ رہنا ۔ ہمیشگی ۔ رہنا ۔ باقی رہنا ۔

بقید (ف) حد کے اندر ۔

بقیع (ع) مدینہ کے ایک گورستان کا نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا اور ان کے بیٹے حضرت امام حسن علیہ السلام کا مزار ہے ۔

بقیہ (ع) باقی ۔ بچا ہوا (۲) زندگانی (۳) اطاعت (۴) رحمت ۔

بقیۃ السیف (ع) جنگی غنائم سے بچ رہنے والے ۔

## ب - ک

بکث (ف) رخسارہ ۔ چہرہ (۲) ایک قسم کا تنگ منہ اور چھوٹی گردن والا کوزہ (۳) بے عقلی (۴) بے ہنری ۔

بکث (ف) مینڈک ۔ گریزگاہ (۲) جنگل (۳) گھیرا ۔ جنگلی گھیرا ۔

Marfat.com

بک (ف) ، ازغال - کوئلہ -

بُکا (ع) ، آہ وزاری کرنا - رونا (۲) گانا -

بَکّار (ع) ، بہت بُکا کرنے والا - بہت رونے والا -

بکارِ آب بُودن (ف) ، ہمیشہ مخمور رہنا -

بکار آمد (ف) ، مرد کاروان -

بکار آمدن (ف) ، کام میں آنا - کام کا ہونا -

بکار آوردن / بکار بُردن } (ف) ، کام میں لانا - استعمال کرنا -

بکار انداختن (ف) ، کام پر لگانا - راہ پر لگانا - رائج کرنا -

بَکارت (ع) ، دوشیزگی - کنوارپن - چیرہ -

بکار خوردن (ف) ، کام آنا -

بکار نے خورد (ف) ، کام میں نہیں آتا - کام کا نہیں ہے -

بکار شستن (ف) ، کام کے لائق نہ ہونا -

بکار نیامدنی (ف) ، ناقابل استعمال چیزیں -

بکاغذ بُردن (ف) ، نہایت عزت واحترام سے لے جانا -

بکام (ف) ، موافق - خواہش -

بَکامَت (ع) ، ماں کے پیٹ سے اندھا یا گونگا یا بہرا پیدا ہونا - مادرزاد اندھا یا گونگا بہرا -

بکاول / بکاوُل } (ف) ، باورچی (۲) باورچی خانہ کا داروغہ -

بکتر (ف) ، خیار شنبر جو ایک مشہور دوا ہے - ککڑی -

بکبکہ (ع) ، ہجوم - اندوہ - بھیڑ (۲) ہلانا (۳) پھیرنا (۴) آمد و رفت (۵) ایک چیز کا دوسری چیز پر ڈالنا (۶) بکری کا اپنے بچے کو بلانے کے لیے آواز کرنا -

بکتر (ف) ، زرہ کی قسم کا ایک لباس جو جنگ کے موقع پر پہنتے ہیں -

بکر (ع) ، جوان اونٹ -

بِکر (ع) ، دوشیزہ - کنواری - چیرہ بند (۲) نازک - لطیف (۳) نرالی (۴) ہر شے کا اول -

بکر (ع) ، ایک قبیلہ کا نام (۲) ایک علاقہ کا نام -

بکران (ف) ، کھرچن - دیگ وغیرہ کی کھرچن -

بکران بہشت / بکران جنت } (ف) ، حورانِ بہشت - بہشت کی حوریں -

بکران چرخ / بکران فلک } (ف) ، ستارے -

بکر پوشیدہ رُو لے (ف) ، شراب جو ابھی خم یعنی مٹکے سے نکالی گئی ہو -

بکر تراشی (ف) ، کسی انوکھی بات کا ایجاد کرنا - عجیب غریب امر کا اختراع کرنا - ایجاد کرنا -

بکردار (ف) ، مانند -

بکر مشاطہ خزاں (ف) ، وہ انگوری شراب جس سے ابھی کچھ نہ لیا ہو -

بکر نگاہ (ف) ، وہ معشوق جو ابھی دلربائی ادائیں نہ جانتا ہو - دلربائی اداؤں سے ناآشنا معشوق -

بَکرہ (ع) ، چرخی (۲) جولاہوں کی چرخی (۳) وہ چرخی جو کنوئیں پر پانی نکالنے کے لیے لگائی جاتی ہے -

بُکرہ (ع) ، صبح - فجر - سحر - بامداد -

بکری (ف) ، مست -

بکس بازی (ف) ، مکہ بازی - باکسنگ -

بکسمات (ف) ، ایک قسم کی روغنی روٹی جو مسافر سفر میں بطور زادِ راہ لے جاتے ہیں -

بکنجِ خلوت کردن (ف) ، کسی کے ساتھ تنہائی میں مشورہ کرنا -

بکشتن (ف) ، جان سے مار دینا - قتل کرنا -

بکشہ (ف) ، ایک قسم کا زخم یا غدود جو پیٹھ پر یا کان کے پیچھے ہو جاتا ہے -

بکشید و خوش گلم کنید (ف) ، مزاح کے طور پر جب قد چھوٹا ہو تو استعمال کرتے ہیں کہ کھینچ کر مجھے لمبا کر دو تاکہ خوبصورت لگوں -

بکف (ف) ، ہتھیلی پر -

بکف آوردن (ف) ، ہاتھ میں لانا - قبضہ کرنا -

بُکم (ع) ، گونگا ہونا (۲) گونگا پن (۳) ماں کے پیٹ سے اندھا گونگا بہرا پیدا ہونا -

بَکَم (ف) ، اس کا معرب بقم ہے - مجیٹھ جس سے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے -

بُکم (ع) ، ابکم کی جمع - گونگے -

بکمال (ع) ، کامل - پورا -

بکنک / بکنک } (ف) ، دُم کٹا جانور - وہ جانور جس کی دم کٹی ہوئی ہو -

بکنایہ رسیدن (ف) ، اشارۃً مطلب کہنا -

بکور (ع) ، سویرے اٹھنا - صبح کو اٹھنا - صبح سویرے اٹھنا -

بکوری چشم حسود (ف) ، حاسدوں کی خواہش کے خلاف -

بکالائی داخل خریداران یوسف شدن (ف) ، لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا -

بکوک (ف) ، ہدف - تیر کا نشانہ -

بکونک / بکونہ } (ف) ، لکڑی کی تلوار -

بکہ (ع) ، مکہ معظمہ کا قدیمی نام -

بکیاسہ (ف) ، وہ چھوٹی سی گٹھڑی جو بھاری بار یا بوجھ پر رکھ دیتے ہیں -

بکی (ع) ، بہت رونے والا -

بکی (ع) ، بعلبک کا رہنے والا -

بکیم (ع) ، گونگا -

## ب - گ

Marfat.com

بَک (ف)، غوک ۔ مینڈک ۔
بَگ (ت)، بیگ کا مخفف ۔ امیر ۔ سردار ۔
بُگارہ (ف)، سامان لادنے کی کشتی ۔
بگاہ (ف)، جلدی ۔ شتاب ۔ فوراً (۲) بروقت ۔
بگاہ است (ف)، اب وقت ہے ۔ ابھی وقت ہے ۔
بگتاش (ف)، خوارزم کے ایک بادشاہ کا نام ۔ ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام ۔
بگتر (ف)، لوہے کا لباس جس پر مخمل منڈھی ہوئی ہوتی ہے اور بوقت جنگ پہنتے ہیں ۔
بگچ گرفتن (ف)، دیوار میں زندہ چنوا دینا ۔
بگدہ ۔ ایک ہتھیار کا نام ہے جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں ۔
بگرد آوردن (ف)، جمع کرنا ۔ (۲) پھرانا ۔ گھمانا ۔ چکر دینا ۔
بگرد او نمے رسد (ف)، اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچتا ۔ ایک چیز کے مقابلہ میں دوسری کو نہایت کم قرار دینا ۔
بگرد رفت (ف)، بگڑ گیا (۲) تباہ ہو گیا ۔
بگرد رفتن (ف)، بگڑ جانا (۲) تباہ ہونا ۔ خراب ہونا ۔
بگرد آمدن (ف)، کسی کے ذمہ کچھ واجب الادا ہونا ۔
بگردن حق داشتن (ف)، کسی پر احسانات ہونے کی وجہ سے حق ہونا کہ وہ بھی نیکی کا بدلہ نیکی سے دے ۔
بگردن در افتادن (ف)، گردن کے بل گرنا ۔
بگردن رفتن (ف)، اپنے ذمہ لینا ۔ بیڑا اُٹھانا ۔ قبول کر لینا ۔
بگرد ہست (ف)، خراب و تباہ ہے ۔
بگرس (ف)، اعلیٰ قسم کی بانات جس میں پانی یا چکنائی بہت کم سرایت کرتی ہے ۔ اور اس سے بارانی کوٹ بناتے ہیں ۔ واٹر پروف ۔
بگلر (ت)، دولت مند ۔ امیر (۲) بزرگ ۔
بگلر بگ (ت)، خان خاناں ۔
بگماز (ف)، شراب (۲) جام شراب (۳) شراب پینا ۔
بگماز کردن (ف)، شراب نوشی کی دعوت دینا ۔
بگند (ف)، گھونسلا ۔ آشیانہ ۔
بگنگ (ف)، دم کٹا جانور ۔ بکنک ۔
بگنی (ف)، بوزہ ۔ نبیذ ۔ جو ۔ چاول ۔ چنے کی شراب ۔
بگوش خر لیسین خواندن (ف)، بھینس کے آگے بین بجانا ۔
بگوش رسیدن (ف)، کانوں میں بھنک پڑنا ۔ خبر سننا ۔
بگوش دل شنیدن (ف)، نہایت رغبت اور خلوص نیت سے سننا ۔
بگوش شنیدن (ف)، سننا ۔
بگوشہ گفتن (ف)، اشارہ اور رمز سے بات کہنا ۔
بگہ (ف)، بگاہ کا مخفف ۔ جلدی ۔ شتاب ۔ فوراً ۔ بروقت ۔
بگیر و بہ بند (ف)، پکڑ دھکڑ ۔

# ب ۔ ل

بَل (ع)، اضطراب اور ترقی کا کلمہ ہے ۔ فارسی والے اس کے آگے کاف بیانیہ بڑھا کر استعمال کرتے ہیں ۔ بلکہ ۔
بَل (ف)، ایڑی ۔ پاؤں کی ایڑی ۔
بِل (ف)، چھوڑ ۔ ہل کا مخفف ہے ۔ اور ہل امر ہے ۔ ہلیدن بمعنی چھوڑنا مصدر سے ۔
بُل (ف)، بہت ۔ جیسے بُلہوس ۔ بہت لالچی ۔
بَلا (ع)، امتحان ۔ آزمائش (۲) دُکھ ۔ تکلیف ۔ زحمت (۳) نہایت عجیب کام (۴) نعمت ۔
بَلابل (ع)، بُلبل کی جمع جو مشہور پرندہ ہے ۔ عنادل ۔
بَلابل (ع)، بلبلہ کی جمع ۔ صراحیاں ۔ مینا (۲) قلقل ۔ صراحی کی آوازیں ۔
بَلابل (ع)، بلبال کی جمع ۔ غمہائے سخت ۔ الم ۔ اندوہ ۔ (۲) وساوس ۔
بِلایہ (ف)، بیہودہ گو (۲) بے شرم ۔ بدکار ۔ یہ لفظ زیادہ تر عورتوں کی نسبت استعمال ہوتا ہے ۔
بلا تاخیر (ف)، دیر کیے بغیر ۔
بلا تحاشہ (ف)، بلا تحاشی کا مفرس ۔
بلا تحاشی (ع)، فوراً ۔ بے درنگ ۔
بلا تردد (ف)، سوچے سمجھے بغیر یا شک و شبہ بغیر ۔
بَلاج (ف)، بوریا (۲) بوریا بنانے کی گھاس یعنی ایرا ۔
بلا جرح (ع)، بے روک ٹوک ۔
بَلاجین (ف)، قربانی ۔ صدقہ ۔
بِلاد (ع)، بلد کی جمع ۔ شہر ۔
بَلادت (ع)، کند ذہنی ۔ کوڑ مغزی ۔ بے وقوفی ۔ غبی پن ۔
بَلادُر } بلادُور } (ف)، بھلاوا ۔ ایک پھل کا نام جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے ۔ یونانی میں اسے انقرا کہتے ہیں ۔ زہریلا ہوتا ہے ۔
بلادہ (ف)، فاسق ۔ بدکار (۲) فتنہ انداز ۔ مفسد ۔
بلا دیدن (ف)، مصیبت میں پھنس جانا ۔
بلا دیدہ (ف)، مصیبت زدہ ۔ رنج دیدہ ۔
بلاذر (ع)، بلادر کا معرب ۔ بھلاوہ ۔
بلار (ف)، اُشنان ۔ ایک قسم کی گھاس جس سے کپڑے اور ہاتھ دھوتے ہیں ۔
بَلارک (ف)، تلوار کا جوہر (۲) جوہر دار تلوار (۳) جوہر دار فولاد ۔
بلاز } بلاژ } (ف)، بے وجہ ۔ بے سبب ۔ بلا وجہ ۔ بلا سبب ۔
بَلاس (ف)، مکر و فریب ۔
بَلاس (ع)، پلاس کا معرب ۔ ٹاٹ ۔

Marfat.com

**بلاس** (ع) پلاس کا معرب ۔ ٹاٹ ۔
**بلاسیدن** (ف) (۱) افسردہ ہونا (۲) خشک ہونا (۳) مرجھانا ۔
**بلاش** (ف) بلاوجہ ۔ بلاسبب ۔ بے سبب ۔
**بلاط** (ع) فرش کی طرح ہموار زمین (۲) پتھر یا اینٹوں کا فرش ۔
**بلاغ** (ع) پہنچانا (۲) کمال (۳) کفایت (۴) بس ۔
**بلاغات** (ع) جھوٹی سخن آرائیاں ۔
**بلاغت** (ع) حسب موقع گفتگو کرنا ۔ جیسا موقع دیکھنا ویسی گفتگو کرنا (۲) کلام کا اچھا اور پورا ہونا ۔ کلام کا عیب اور ضعف تالیف سے پاک ہونا (۳) مخاطب کے لائق اور مناسب کلام کرنا (۴) علم بیان کے انتہائی درجہ پر پہنچنا (۵) جوان ہونا ۔
**بلا کردن** (ف) نرالا کام کرنا ۔ عجیب غریب کام کرنا ۔ طاقت سے بڑھ کر عجیب کام کرنا ۔ اُستادی کرنا ۔
**بلاگردان** (ف) قربانی ۔ صدقہ ۔
**بلال** (ف) بلار کا مبدل ۔ اشنان ۔
**بلال** (ع) جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن کا نام جو حبشی نژاد اور ابتدا میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے غلام تھے ۔ انہوں نے انہیں آزاد کر دیا تھا ۔ مکہ کے عوام میں سے پہلے اسلام لانے والوں میں سے ہیں ۔ عمر کے آخری ایام میں ملک شام میں چلے گئے اور ۲۰ھ میں تقریباً ساٹھ سال کی عمر میں فوت ہوئے ۔
**بلامقدمہ** (ع) اچانک ۔ ناگہاں ۔ فوراً ۔
**بلانسبت شما** (ف) احترام کے طور پر بولتے ہیں یعنی خدا آپ کو اس سے محفوظ رکھے ۔
**بلاہت داشتن** (ف) غبی ہونا ۔ سادہ لوح ہونا ۔
**بلاہت** (ع) سادگی ۔ بھولا پن (۲) بے وقوفی ۔ احمق پن ۔
**بلائے سیاہ** / **بلائے سیہ** } (ف) بہت بڑی آفت ۔
**بلایا** (ع) بلیہ کی جمع ۔ مصائب ۔
**بلبال** (ع) سخت اندوہ ۔ شدید غم (۲) وسوسہ ۔
**بلبل** (ع) عندلیب ۔ ہزار داستان ۔ ایک مشہور اور خوش الحان پرندہ جو ایران میں ہوتا ہے ۔ ہندوستان میں بھی اس نام کا ایک پرندہ ہے ۔ لیکن یہ اس سے بالکل جداگانہ حیثیت رکھتا ہے ۔
**بلبل بشو** (ف) کھلبلی ۔ نفسا نفسی ۔ آپا دھاپی ۔ اندھیر نگری ۔
**بلبل بوستان ما زاغ** (ف) حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے ۔
**بلبل زبان** (ف) خوش الحان ۔
**بلبل شدن** (ف) عاشق ہونا (۲) شور مچانا (۳) بول اُٹھنا ۔
**بلبل مے خواند** (ف) اس کا طوطی بول رہا ہے ۔
**بلبل مچخ** (ف) مچھندر ۔ اُلّو ۔ بوم ۔
**بلبل نوا** (ف) خوش نوا ۔

**بلبلہ** (ع) شدید غم ۔ نہایت وسواس ۔
**بُلبُلہ** (ع) صراحی (۲) صراحی کی آواز ۔ قلقل (۳) لوٹا جس میں دستی اور ٹونٹی دونوں لگے ہوں ۔
**بلبلی** (ف) شراب (۲) جام شراب ۔ شراب کا پیالہ (۳) خوبانی زرد آلو (۴) ایک قسم کا بہت نازک اور لطیف تمرطا ۔
**بلبن** (ف) غیاث الدین کا لقب جو ہندوستان کے خاندان غلامان میں نہایت با اقتدار بادشاہ ہوا ہے ۔
**بلبوس** (ف) بصل الذئب ۔ جنگلی پیاز ۔ ایک قسم کی خشخاش جسے زیدی کہتے ہیں ۔
**بلت** (ع) سوزاں پر ۔ ایک پرندہ ہے ۔ اگر اس کا ایک پر دوسرے پرندوں کے پروں پر جا پڑے تو انہیں جلا دیتا ہے ۔
**بلتع** (ع) دانا ۔ ماہر ۔ ماہر و دانا ۔
**بلتعہ** (ع) زبان دراز عورت ۔ بہت بولنے والی عورت
**بلّہ** (ع) تری ۔ تازگی (۲) جوانی ۔
**بلج** (ع) خوش ہونا ۔
**بلج** (ع) کشادہ رُو ۔ خندہ رُو ۔
**بُلجار** (ت) وعدہ ۔ اقرار ۔ قول ۔
**بُلجہ** (ع) صبح کی سفیدی ۔ روشنی (۲) دونوں ابروؤں کے درمیان کی کشادگی ۔
**بلح** (ع) کچی کھجور ۔ کھجور کا کچا پھل ۔
**بلح** (ع) بڑی عمر کا گدھ ۔ گدھ سے بڑا پرندہ ۔ سوزاں پر ۔ بلت
**بلخش** (ع) زمرد کی مانند ایک جواہر ۔
**بلخم** (ف) فلاخن ۔ گوپیا ۔
**بلد** (ع) شہر ۔
**بلد** (ف) پیشوا ۔ رہبر (۲) واقف ۔ جاننے والا ۔
**بلد الامین** (ع) مکہ معظمہ ۔
**بلدان** (ع) بلد کی جمع ۔ شہر ۔
**بلد بودن** / **بلد شدن** } واقف ہونا ۔ جاننا ۔ آشنا ہونا ۔ اہل ہونا ۔
**بلد جلو انداختن** (ف) راہبر کو ساتھ لینا ۔
**بلد راہ** (ف) راستہ کا واقف ۔ راہ شناس ۔
**بلدرچین** (ف) بیتر (۲) بٹیر ۔
**بلد گرفتن** (ف) اپنے ہمراہ کوئی رہنما لے جانا ۔
**بلدہ** (ع) شہر ۔ بلد ۔
**بلدیت** (ف) واقفیت (۲) راستہ بتانا ۔ رہبری ۔
**بلژیک** (ف) بلجیم ۔ یورپ میں ایک ملک کا نام ۔
**بلس** (ع) بے فیض آدمی جس سے نیکی کی امید نہ ہو (۲) انجیر (۳) انجیر کی مانند ایک دوسرا میوہ ۔
**بلس** (ع) نرسک ۔ مسور ۔
**بلسان** (ع) ایک چھوٹا سا درخت جو مہندی کے درخت کے برابر ہوتا ہے ۔ اس کا تیل نہایت مفید ہوتا ہے ۔ یہ درخت مقام عین الشمس کے سوا جو مصر میں ہے اور کسی جگہ نہیں اُگتا ۔

Marfat.com

بُلسک (ف) تنور میں گوشت بھوننے کی سیخ۔
بُلسُن (ف) مسور - عدس - ایک قسم کا غلہ۔
بُلشک (ف) تنور میں گوشت بھوننے کی سیخ۔
بُلط (ع) خرادیوں کے ایک اوزار کا نام۔
بلع (ع) نگلنا - نگل جانا۔
بلعیدن (ف) نگل جانا۔
بلع و بخور (ف) کھانے کی رُت۔
بُلعام (ع) دیکھو بلعم باعور۔
بُلعَم (ع) بہت کھانے والا مرد - بہت نگل جانے والا۔
بُلعم / بلعم باعور } بنی اسرائیل کے ایک بہت بڑے عالم برگزیدہ اور ولی کا نام جو باعور کا بیٹا تھا - چونکہ اس کی بددعا سے حضرت موسیٰ چالیس سال تک جنگلوں میں سرگرداں رہے - اس لیے حضرت یوشع نے اس کے حق میں بددعا کی - چنانچہ اس کی ولایت جاتی رہی - اور یہ کمبخت مردود ازلی ہوگیا۔
بلعنت شیطان ہم نمی ارزد (ف) کسی کام کا نہیں - پھوٹی کوڑی کا نہیں - مُفت ہاتھ آئے تو بھی بُرا۔
بلعیدن (ف) نگل جانا - ہڑپ کر جانا۔
بَلَغ (ع) ماضی مطلق کا صیغہ ہے - پہنچا - منزل پر آگیا۔
بُلغا (ع) بلیغ کی جمع - موقع کے مناسب گفتگو کرنے والے۔
بُلغار / بُلغاریہ } (ع) بلگریڈ - یورپ کی ایک چھوٹی سی سلطنت کا نام جو یوروپین ٹرکی کے ملحقات سے ہے - پہلے ٹرکی کے ماتحت تھا - مگر اب آزاد ہے - اس کا پایہ تخت "صوفیہ" ہے۔
بُلغاق (ع) بلغاک کا معرّب۔
بلغاک (ف) فتنہ - فساد (۲) شور - غوغا۔
بُلغُد / بُلغُدہ } (ف) ایک دُوسرے پر رکھا ہوا - (۲) اکٹھا کیا ہوا۔
بُلغُدہ (ف) خراب - گندہ (۲) ضائع۔
بلغراد (ف) بلگریڈ - ایک شہر کا نام۔
بلغس (ف) جنگل کی ایک خودرو گھاس۔
بلغشنہ (ف) ایک قسم کی پھانسی - جس میں رسّی کے ایک سرے میں حلقہ بنا کر دوسرے کو حلقوں کے درمیان سے گزار کر جب کھینچتے ہیں تو حلقے فوراً تنگ ہوجاتے ہیں۔
بَلغَم (ع) اخلاط اربعہ یعنی چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام - پھیپھڑے کا جما ہوا مادہ۔
بَلغَمی (ف) بلغم کی خلط کی زیادتی والا۔
بُلغندر (ف) بددیانت (۲) بے دین۔
بُلغندہ (ف) دیکھو بُلغُد۔
بلغور (ف) دلیا - گیہوں یا جو وغیرہ کا دلیا جو پکا کر کھاتے ہیں۔
بلغور کردن (ف) تیز تیز باتیں کرنا۔
بلغونہ (ف) گلگونہ - غازہ - سرخی جو عورتیں مُنہ پر ملتی ہیں۔

بلغہ (ع) بالغ کی جمع۔
بُلغہ (ع) گزران - گزران جو معاش میں کفایت کرے۔
بلغنجیدن (ف) اکٹھا کرنا - جمع کرنا۔
بُلفَرَج (ف) پلید - ناپاک - زشت۔
بلفضول (ف - ع) بے ہودہ گو - باتونی۔
بُلقَدَر / بُلقندر } (ف) بددیانت (۲) بے دین - مُلحد۔
بُلقہ (ع) ابلق ہونا - چتکبرا ہونا - دورنگا ہونا۔
بلقاء (ع) ابلق کی مؤنث - چتکبری۔
بلقع (ع) بے آب و گیاہ جگہ۔
بلقیس (ع) شہر سبا کی ملکہ کا نام جو حسن و جمال اور فضل و کمال میں اپنا جواب آپ تھی - حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے نکاح کر کے اسے اپنی زوجہ بنایا - کہتے ہیں کہ ہُدہُد نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس کا پتہ دیا تھا - بعض کے نزدیک حضرت سلیمان علیہ السلام نے خود اس سے نکاح نہیں کیا - بلکہ اپنے وزیر آصف سے نکاح کر دیا تھا۔
بُلک (ف) سخت اور باہر کو نکلی ہوئی آنکھ۔
بَلک (ف) نئی چیز - تحفہ - جو دوستوں کو دیتے ہیں۔
بلکامہ (ف) بہت آرزو رکھنے والا - وہ شخص جو بے حد آرزو رکھتا ہو۔
بلکس (ف) دیوار کا سر۔
بلکفت / بلکفتہ / بلکفد / بلکفدہ } (ف) رشوت - گھُوس - گھونس۔
بلکفہ (ع) بلاکیف سے مشتق ہے - کسی چیز کی حقیقت کو ماننا اور کیفیت سے لاعلمی ظاہر کرنا۔
بلکہ (ف) ترقی اور اضراب کا کلمہ ہے (۲) شاید۔
بلکن (ف) دیوار کا سر (۲) گوپیا۔
بلکنجک (ف) ہر عجیب چیز جس کے دیکھنے سے ہنسی آجائے۔
بَلَل (ع) نمی - تری - نمناکی (۲) عافیت (۳) تھوڑی سی شے (۴) شادی کا کھانا۔
بلم (ف) چھوٹی کشتی۔
بُلماج (ف) رقیق - بہت پتلا (۲) بغیر گوشت کے آش۔
بُلمہ (ف) لمبی داڑھی والا - لمبی اور گھنی داڑھی والا (۲) لمبی داڑھی - گھنی داڑھی۔
بَلَند / بُلند } (ف) اونچا - لمبا - دراز - ارفع - بزرگ (۲) گراں - مہنگا (۳) چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی۔
بلند بالا (ف) لمبے قد والا - اونچے قد والا۔
بلند بانگ (ف) اونچی آواز والا - بلند آواز والا - بلند آواز۔
بلند پایہ (ف) بلند مرتبہ - دوسروں سے برتر۔
بلند پرواز (ف) اونچی اڑان - اونچا اڑنے والا۔

Marfat.com

بُلندخ (ع) فربہ - کوتاہ۔
بُلند حوصلہ (ف) عالی ہمت - دل چلا - بہادر - سخی۔
بُلند شدن (ف) اُٹھ جانا - چلے جانا - ٹل جانا۔
بُلند شدنِ سخن (ف) بات کا لمبا ہونا - درازیٔ کلام - طوالتِ کلام۔
بُلند شدنِ شب (ف) شب کا لمبا ہونا - شب کا دراز ہونا۔
بُلند شنیدن (ف) اُونچا سُننا - کم سُننا - سماعت کا کمزور ہونا۔
بُلند قامت (ف - ع) لمبے قد والا۔
بُلند قد (ف) لمبے قد والا۔
بُلند کردن (ف) بلند کرنا - اُٹھانا۔
بُلند کشادنِ گام (ف) مدّعا کا ادا کرنا۔
بُلند گو (ف) لاؤڈ سپیکر۔
بُلند مرتبہ (ف) بلند پایہ۔
بُلند نام (ف) نیک نام - مشہور۔
بُلند نظر / بُلند نگاہ } (ف) عالی ہمت - عالی ظرف - عالی حوصلہ۔
بلندی (ف) رفعت - اُونچائی (۲) درازی - مرتبہ۔
بُلندین (ف) چوکھٹ کے اُوپر کی لکڑی۔
بلندی و پستی (ف) اونچان - نچان (۲) زمین و آسمان (۳) ترقی و تنزل۔
بُلوا (ع) امتحان - آزمائش (۲) دُکھ - بلا - زحمت۔
بلوایہ (ف) ابابیل۔
بُلوج (ع) صبح کا روشن ہونا۔
بُلوچ (ف) تاجِ خروس - مرغ کا تاج - مُرغ کی کلغی۔
بلوچ (ف) پٹھانوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
بلوچستان (ف) بلوچستان، پاکستان کا ایک صوبہ ہے - اس کا دارالحکومت کوئٹہ ہے اس کی سرحد ایران سے ملتی ہے - زیارت کا صحت افزا مقام اسی صوبہ میں ہے - قدرتی گیس اسی صوبے سے نکالی جا رہی ہے۔
بلور / بلّور / بُلّور } (ع) ایک قسم کے صاف اور شفاف پتھر کا نام جس سے برتن بنائے جاتے ہیں (۲) زیادہ صاف کیا ہوا شیشہ۔ اعلےٰ درجے کا کانچ۔
بلور ساختہ (ف) بلور کا بنایا ہوا۔
بلورین (ف) بلور کا - کانچ کا بنا ہوا۔
بلوریں اندام (ف) نہایت خوبصورت - صاف شفاف۔
بلوریں ساق (ف) جس کی پنڈلیاں بلور جیسی ہوں۔
بلوا (ف) بلوہ۔
بلوط (ع) ایک بڑے قد کے درخت کا نام جس کی چھال سے کپڑا رنگا جاتا ہے - اس کے پھل کو بیتا یاری کہتے ہیں۔
بلوط دریائی (ف) دریائی سیپی کی ایک قسم۔
بُلوغ / بلوغت } (ع) پہنچنا (۲) جوانی کی حد کو پہنچنا - بالغ ہونا۔
بُلوکات (ف) بلوک کی جمع - پرگنہ - قصبہ۔

بُلون (ف) غلام۔
بلونگ / بلونہ } (ف) لکڑی کی تلوار - شمشیر چوبی۔
بَلوہ / بلوائے } (ع) امتحان - آزمائش (۲) سختی - کسی چیز کا حال دریافت کرنا۔
بُلہ (ع) تری (۲) ہری گھاس۔
بُلہ (ع) اَبلہ کی جمع - بھولا - نادان - بے وقوف۔
بَلے (ف) ہاں - آرے۔
بَلیات (ع) بلیہ کی جمع - تکلیفیں - دُکھ - رنج - غم - سختیاں - آزمائشیں۔
بَلید (ع) کم سمجھ - کند ذہن - غبی - کُودن۔
بلیغ (ع) قابل رسا (۲) خوش تقریر - موقع کے مطابق اعلیٰ گفتگو کرنے والا۔
بَلیلہ (ع) ہیڑہ جو ایک مشہور دوا ہے۔
بَلیہ (ع) امتحان - آزمائش (۲) دُکھ - رنج - سختی۔

## ب - م

بم (ف) راگ کی اُونچی آواز - بہت اُونچا سُر (۲) نقارہ وغیرہ کی اُونچی آواز - کسی کے سر پر ڈھول مارنا۔
بماں (ف) ماندن سے امر کا صیغہ - چھوڑ (۲) ٹھہر - رہ۔
بماندہ (ف) تھکا ہارا ہوا۔
بما و آمدن (ف) پناہ میں آنا۔
بمثابہ ای (ف) اس حد تک۔
بمثل (ف - ع) مانند۔
بمجرد (ف) فوراً - جلد - ترت۔
بمرور (ف) بتدریج۔
بمسمار دوختن چیزے (ف) کسی چیز کی حفاظت اور نگہبانی کے لیے مبالغہ کے موقع پر بولتے ہیں۔
بمقتضا (ف - ع) بموجب - تقاضا کے مطابق۔
بموئے بستہ است / بموئے بند است } (ف) نہایت آسان ہے - اس کا حاصل کرنا بالکل آسان ہے۔

## ب - ن

بُن (ف) باغ - کھلیان - زراعت (۲) ایک پھل کا نام۔
بُن (ف) درخت کی جڑ - اصل - بنیاد (۲) درخت کا تنہ (۳) خرما کا خوشہ (۴) اسباب (۵) انتہا۔
بِن (ع) بیٹا - ولد - فرزند۔

Marfat.com

بنا (ع)، عمارت۔ محل (۲) نیو۔ بنیاد۔
بنّاء (ع)، عمارت بنانے والا۔ راج۔ معمار۔
بنابراں } (ف)، اسی واسطے۔ اس لیے۔
بنابریں }
بنابودن (ف)، شروع ہونا (۲) مستعد ہونا۔
بنات (ع)، بنت کی جمع۔ بیٹیاں (۲) گڑیاں جن سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔
بنات الدہر (ع)، زمانہ کے حوادث۔ مصیبتیں۔ آفات۔ تکلیفیں۔
بنات النعش (ع)، بنات ان تین ستاروں کو کہتے ہیں جو نعش ستاروں کے مشرقی پایہ کے قریب ہیں۔ نعش ان چار ستاروں کا نام ہے جو چارپائی کی شکل کے ہیں۔ بنات النعش سات تارے ہیں۔ یہ ساتوں قطب شمالی کے قریب ہیں اور اس کے گرد چکر لگاتے ہیں۔ انھیں سات سہیلیوں کا جھمکا بھی کہتے ہیں۔
بناچار (ف)، مزدور۔ لابد۔
بناخن زمین خراشیدن (ف)، شرمندہ ہونا۔ شرمندگی اٹھانا۔
بناخواست (ف)، بے مقصد۔ بلا ارادہ۔
بنادر (ع)، بندر کی جمع۔ بندرگاہیں۔ جہاز کے ٹھہرنے کے مقامات جہاز کی لنگرگاہ۔
بنادق (ع)، بندوقیں۔
بنادیق (ع)، بندوق کی جمع۔ بندوقیں۔
بناف کسے چیزے نہادن (ف)، کسی کو رشوت دینا۔ رشوت دینا۔
بناف کسے حرف نہادن (ف)، کسی سے دل لگی کرنا۔ دل لگی کرنا۔
بناگاج (ف)، یکایک۔ اچانک۔
بناکام (ف)، ناکامی کے طور پر۔ ناکامانہ
بناکرد (ف)، شروع کیا (۲) بنیاد ڈالی۔
بناکردن (ف)، بنیاد ڈالنا۔ تعمیر ہونا (۲) شروع کرنا (۳) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔
بناگاہ (ف)، یکایک۔ اچانک۔
بناگر (ف)، بنا بنانے والا۔ راج۔ معمار۔
بناگزاشتن (ف)، شروع ہونا۔ مستعد ہونا۔
بناگوش (ف)، کان کی لو۔ نرمۂ گوش کان کا نچلا حصہ جس میں چھید کرکے گوشوارہ پہنا جاتا ہے۔
بناگوش کردن (ف)، بچہ کا تالو اٹھانا۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو دایہ اس کے منہ میں انگلی ڈال کر اس کا تالو اٹھاتی ہے (۲) اطاعت۔ متابعت۔
بناگوشی (ف)، بڑا تنچہ جو چہرے پر مارتے ہیں۔
بنام (ف)، ہمنام (۲) ذمہ (۳) مسمّی۔
بنام ایزد } (ف)، بنام خدا۔ یہ کلمہ تعجب اور چشم زخم کے دفعیہ کے لیے اور بمقام قسم بولا جاتا ہے۔
بنامیزد }
بنام ما بکام تو (ف)، نام کسی اور کا اور فائدہ حاصل کرنے والا کوئی اور۔ یہ محاورہ عموماً عورتوں کے سلسلہ میں استعمال ہوتا ہے کہ وہ

شیرخوار بچے کے بہانے یا نام سے کھاتی خود رہتی ہے اور کہہ دیتی ہے کہ یہ بچے کے لیے مفید بلکہ ضروری ہے۔
بنان (ع)، بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کی پوریں۔
بنانج (ف)، بناغ۔ سوکن۔ سوت۔
بنانمودن (ف)، مستعد ہونا (۲) شروع ہونا۔
بنانہ (ع)، انگلیوں کی پور۔
بنانہادن (ف)، بنیاد ڈالنا۔ تعمیر کرنا۔
بناور (ف)، بڑا دنبل۔ پھوڑا۔
بناہ (ع)، راج معمار۔
بناءً علیہ } (ع)، اس واسطے۔ اس لیے۔ بنابریں۔
بناءً علیٰ ہذا }
بنائی (ف)، معمار کا کام کرنا۔ راج گیری۔
بنایان (ع)، بنّاء کی جمع۔ راج۔ معمار۔
بنایان افلاک (ع)، عقول عشرہ۔
بنائے انقلاب گذاشت (ف)، منقلب ہونا شروع کیا۔ الٹنا پلٹنا شروع کیا۔ تغیر ہونا شروع کیا۔ الٹ پلٹ ہونا شروع

بنائے باریدن داشت (ف)، برسنے کے لیے۔
بنائے دعوےٰ (ع)، دعوے کی وجہ۔ استغاثہ کا باعث۔
بنائے سرتیز (ف)، نوک دار منارہ۔ نوک دار عمارت
بنائے شرارت گذاشتند (ف)، انہوں نے شرارت شروع کی۔ شرارت شروع کی۔
بنائے سرزگی گذاشتند (ف)، انہوں نے بے ہودگی شروع کی۔ بے ہودگی شروع کی۔
بن بخت برزمین مالیدن (ف)، بخت و دولت کی استواری۔
بنبر (ف)، لسوڑی۔ سپستان
بن بست۔ بند کوچہ۔
بنبل (ف)، ترش سیب (۲) ترشی۔ کھٹائی۔
بن بینی (ف)، ناک کا وہ حصہ یا آخری سرا جو بھوؤں کے درمیان ہوتا ہے۔
بنت (ع)، لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔
بنت الجبل (ع)، صدائے بازگشت۔ گونج۔
بنت العنب } (ع)، انگوری شراب۔ عنب اور کرم بمعنی انگور۔
بنت الکرم }
بنتومہ (ف)، کشوث کی شکل کی ایک روئیدگی جو بادام اور انجیر اور زیتون کے درخت پر پیدا ہوتی ہے۔
بنج (ع)، بھنگ۔ یعنی اجوائن خراسانی کا معرب۔ اجوائن خراسانی کا درخت۔
بنج (ع)، سوکنیں۔ سوتیں۔ ایک خاوند کی دو عورتیں۔
بنجاق (ف)، قبالہ ملکیت۔ سند ملکیت۔
بنجشک (ف)، کنجشک۔ چڑیا۔
بنجشک زبان (ف)، ایک دوا کا نام جسے عربی میں لسان العصافیر یعنی چڑیوں کی زبانیں کہتے ہیں۔

Marfat.com

بنجشک زوان (ف) زبان گنجشک۔
بنجک (ف) پونی۔ رُوئی کا گالہ۔
بنچہ (ف) ایک دفتر کا نام جس میں ارباب عرفت و املاک کی جمع بندی ہوتی ہے۔ دفتر خارج المال۔
بَند (ف) بدن کا جوڑ (۲) بندھن۔ تدبیر۔ فکر (۳) قید (۴) شرط۔ (۵) عہدو پیمان۔ قول و قرار (۶) کشتی کا داؤ (۷) مکر و حیلہ (۸) غم و غصہ (۹) گرو۔ رہن (۱۰) قفل (۱۱) رسّی (۱۲) کرتے یا کرتی کا تکمہ (۱۳) کمر بند (۱۴) ترجیع یا ترکیب کا بند جو کئی اشعار کا ہوتا ہے اور جس کے بعد ایک شعر آتا ہے (۱۵) پانی کے بہاؤ کی روک (۱۶) طمع (۱۷) خیال (۱۸) مقام (۱۹) توقع (۲۰) گرہ (۲۱) عقدہ (۲۲) بستہ (۲۳) کاغذ کا بنڈل (۲۴) پترہ جو صندوق وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر لگائے جاتے ہیں (۲۵) زنجیر جو دیوانوں اور مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (۲۶) ستار کی سندری جس سے اس کی آواز میں زیر و بم پیدا ہو جاتا ہے اور جن کے اوپر سازندہ انگلیوں کو ٹکاتا جاتا ہے (۲۷) میخ۔ کھونٹی (۲۸) ازار بند۔
بنداب (ف) بند آب۔ سیلاب کا پانی روکنے کے لیے جو بند باندھا جاتا ہے۔
بُنداد (ف) نیو۔ بنیاد۔ ہر چیز کی اصل۔
بندار (ف) مال دار۔ صاحب ثروت۔ صاحب سرمایہ۔ سرمایہ دار۔
بند از بند جُدا کردن (ف) تکہ بوٹی کرنا۔ بند بند کاٹ کر رکھ دینا۔
بند از دہن باز کردن (ف) فریاد کرنا۔ اپنی امداد کےلیے کسی کے پاس تقاضا کرنا۔
بُنداق (ف) فقیروں اور قلندروں کے پہننے کی ایک قسم کی ٹوپی۔
بند آلیچہ (ف) انگنی۔
بند انداختن (ف) سول یا پھانسی پر لٹکانا۔
بند آہنیں (ف) لوہے کی زنجیریں۔
بند باز (ف) رسن باز۔ نٹ۔ بازی گر۔
بند بازی (ف) رسوں پر نٹوں کا ناچ۔
بُند بہ درم نہادن (ف) درم کو روکے رکھنا اور صرف نہ کرنا۔ کنجوسی۔ بخل۔
بندبستن (ف) اُمید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ طمع رکھنا (۲) فریب اور منصوبہ بازی سے کسی سے کوئی چیز لے لینا (۳) شیشہ یا چینی کی ٹوٹی ہوئی چیز کا جوڑنا۔
بندجوراب (ف) جوراب بند۔
بُندخانہ نَے (ف) گنے کی پوریں۔
بُندخت (ف) منہ۔ چہرہ۔
بُندد (ف) بنیاد۔ نیو۔ ہر چیز کی اصل۔
بن دامن شبستان کردن (ف) زمین پر سونا۔ جاگتے رہنا۔ پہرہ دینا۔
بند در بند بافتن (ف) بہت ہجوم۔ بڑی بھیڑ۔

بندِدست (ف) پہنچا۔ کلائی۔ ساعد۔
بند دل پارہ کردن (ف) ڈرنا۔ دل کا دہلنا۔ دل کا خوف کے مارے بیٹھنا۔
بَندر (ف۔ ع) سمندر کا کنارا جہاں جہاز اور کشتیاں وغیرہ ٹھہریں۔ وہ شہر جو سمندر کے ساحل پر واقع ہوں۔ اور وہاں آکر جہاز لنگر انداز ہوں۔ جیسے کراچی۔ بمبئی۔ کلکتہ۔ مدراس۔ سورت وغیرہ۔
بَند زیر جامہ (ف) ازار بند۔ نالہ
بندش (ف) رُوئی کا گالہ۔ پُونی۔
بند شدن (ف) روکے جانا۔ جیل میں جانا۔
بَندُق (ف) ایک مشہور پھل جس کا مغز بہت مفید ہوتا ہے اور بچھو اس سے بھاگتا ہے۔
بُندُق (ع) مٹی کا غلّہ۔ جو غلیل یا گوپیا میں رکھ کر مارتے ہیں۔
بُندق شکستن (ف) بوسہ دینا۔
بَندک (ف) رُوئی کا گالہ۔
بندکردن (ف) باندھنا۔ قید کرنا۔
بندکشادن (ف) زنجیریں کھول دینا۔
بندگاؤ (ف) مزروعہ زمین۔
بندگل (ف) پھولوں کا کنٹھا۔
بندگی (ف) غلامی۔ عبادت۔ خدمت کرنا۔
بَندمہ (ف) تکمہ۔
بَندن (ف) باندھنا۔
بندنہادن (ف) پاؤں میں بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔ روکے رکھنا۔
بَندوبست (ف) انتظام۔ اس محکمہ کا نام جو مزروعہ زمینوں کی پیمائش کرکے ان پر قسم وار لگان مقرر کرتا ہے۔
بَندُوق (ف) کندھے پر رکھ کر گولی چلانے کا آتشی ہتھیار۔ تفنگ۔
بَندوکشاد (ف) بندوبست۔ اِنتظام۔
بَندہ (ف) غلام۔
بندۂ درگاہ (ف) ملازم۔ عقیدت مند۔
بندۂ شکم (ف) پیٹو۔
بندۂ فرمان (ف) فرمانبردار۔ اطاعت گزار
بندی (ف) اسیر۔ قیدی۔
بندی خانہ (ف) قیدخانہ۔
بندیشہ (ف) اندیشہ۔ خیال۔
بندیمہ } (ف) تکمہ۔
بندینہ }
بندیوان (ف) حاجب زنداں۔ قیدیوں کا نگہبان۔ قیدخانہ کا داروغہ۔ داروغۂ جیل۔
بنزین (ف) پٹرول۔

Marfat.com

بُناله (ف) بوڑھا۔ بڈھا۔
بنشاختن (ف) بٹھانا۔
بنشاستن (ف) بٹھانا۔
بنصر (ع) وہ انگلی جو چھنگلی اور بیچ والی انگلی کے درمیان ہے۔
بنفس نفیس (ع) اپنی ذات پاک سے۔ اپنے آپ خود بدولت۔ خود۔ تعظیم کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
بنفسہ (ع) بذاتِ خود۔ تن تنہا۔
بنفش (ف) بنفشہ کے رنگ کا۔ بنفشی۔ نیلا۔ اودا۔
بنفشہ (ف) ایک مشہور سرد تر بوٹی ہے جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔
بنفشہ ریختن (ف) سیاہی سے مراد ہے۔
بنفشہ زار (ف) وہ کھیت جس میں بکثرت بنفشہ اُگتا ہو۔
بنفشہ گوں طارم (ف) آسمان۔
بنفشہ گوں مہد (ف) آسمان و زمین۔
بنقد (ف) اسی وقت۔ فی الفور۔
بنقہ (ف) مسور کے مشابہ ایک غلہ ہے۔ اس کے فوائد بھی مسور کے سے ہیں۔
بنقہ (ع) گریبان۔ پیراہن کی کلی۔
بُن کار خوردن (ف) کام کے انجام کا اندیشہ کرنا۔
بنگ (ف) بھنگ کا مفرس۔ بھنگ۔ حشیش۔
بنگالہ (ف) مشرقی و مغربی بنگال جو علی الترتیب پاکستان و ہندوستان کے صوبے ہیں اور ان کے پایہ تخت ڈھاکہ اور کلکتہ ہیں۔
بنگان (ف) پیالہ۔ ایک خاص قسم کا پیالہ جس کے نیچے چھید ہوتا ہے۔ اس کا معرب فنجان ہے۔
بنگاہ (ف) مکان۔ منزل (۲) خیمہ (۳) گودام جہاں پر نقد و جنس رکھتے ہیں۔
بنگاہ را دیو انگلیس (ف) بی بی سی (B.B.C)
بنگ بہا (ف) نہایت بے قدر چیز۔
بنگران (ف) کھرچن۔ دیگ کے نیچے کے جلے ہوئے چاول وغیرہ۔
بنگش (ف) ماوراء النہر کے علاقہ کا نام۔ پاکستان اور افغانستان کی سرحد کی ایک قوم کا نام۔
بنگشتن (ف) کسی چیز کو بغیر چبانے کے نگل جانا۔
بنگل (ف) پھول کا پودا۔
بنگن (ف) زمین ہموار کرنے کا آلہ۔ چپٹے سے لوہے پر لکڑی کا دستہ لگا کر اور اس کے دونوں سروں میں رسی ڈال کر ایک آدمی دستہ کو پکڑتا ہے اور دوسرا رسیاں کھینچتا ہے۔ اور زمین ہموار ہو جاتی ہے۔
بنگو / بنگوہ } (ف) اسبغول۔ بزر قطونا۔
بن گوش (ف) کان کی لَو (۲) ادب۔ صدق۔ اطاعت۔
بنگہ تیر (ف) بُرج جوزا۔

بنلاد (ف) نیو۔ بنیاد۔ اصل۔ پشتیبان۔
بنمین (ف) بیٹا۔ فرزند۔
بن ناپدید (ف) بے انتہا۔
بنو (ف) کھلیان۔ خرمن۔ گیہوں یا جو وغیرہ کسی غلہ کا کھلیان۔
بنو اسرائیل (ع) یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔ آج کل یہودی۔
بنوان (ف) کھلیان اور زراعت وغیرہ کا محافظ۔
بنوبت (ف۔ع) باری باری۔ ایک ایک کر کے۔
بنوت / بنوہ } (ع) وہ رشتہ جو بیٹے کو باپ سے ہے۔ فرزندی۔
بنود (ع) جمع بند۔
بنورہ (ف) نیو۔ بنیاد۔
بنو سرخ (ف) مسور۔
بنو سیاہ (ف) ماش۔ اڑد۔
بنو عم (ع) چچازاد۔
بنو ماشک (ف) مونگ۔ ماش۔
بنون (ع) ابن کی جمع۔ بیٹے۔
بنوہ / بنوہ } (ف) کھلیان۔
بُنہ (ف) اسباب۔ رخت (۲) بنیاد۔ جڑ۔
بنہ بستن (ف) اسباب باندھنا۔ سفر کا ارادہ کرنا۔ سفر کو تیار ہونا۔ (۲) سفر کرنا۔
بنی (ع) ابن کی جمع (اصل میں ابن کی جمع بنین ہے۔ مگر بوقت اضافت نون حذف ہو جاتا ہے) بیٹے۔
بنیاد (ف) نیو۔ اصل۔ جڑ (۲) ابتدا۔ شروع۔ آغاز۔
بنیاد بآب بردن / بنیاد بآب رسانیدن } (ف) بنیاد کو مضبوط کرنا۔
بنیاد بد نہادن (ف) بُری رسم ڈالنا۔ بُری رسم ایجاد کرنا۔
بنیاد بر افگندن / بنیاد بر انداختن } (ف) ویران کرنا۔ منہدم کرنا۔ خراب کرنا۔
بنیاد بر آب بردن (ف) بہت مضبوط بنیاد رکھنا۔ عمارت کی بنیاد کو نیچے سے اٹھانا۔
بنیاد بر یخ (ف) کمزور۔ ناپائیدار۔
بنیاد بر یخ نہادن (ف) کمزور بنیاد رکھنا۔ ناپائیدار بنیاد رکھنا۔ پانی پر بنیاد اٹھانا (۲) ناپائیداری۔
بنیاد کردن (ف) آغاز کرنا۔ شروع کرنا۔
بنیادگر (ف) معمار۔ راج۔
بنی آدم (ع) آدم کی اولاد۔ آدمی۔ انسان۔
بنی اسرائیل (ع) حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔
بنی اعمام (ع) چچوں کے بیٹے۔ چچیرے بھائی۔
بنی فاطمہ (ع) فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد۔
بنی ہاشم (ع) ہاشم بن عبد مناف کی اولاد۔

Marfat.com

بُنیامین (ع)، حضرت یوسف علیہ السلام کے حقیقی چھوٹے بھائی کا نام۔

بُنیان (ع)، نیو۔ بنیاد۔ (۲) دیوار بنانا۔

بُنیچہ (ف)، اربابِ حرفت و املاک کی جمع بندی کا دفتر۔ دفتر خارج المال۔

بنیز (ف)، نیز بھی (۲) ہرگز۔ حاشا (۳) فوراً۔

بُنیسک (ف)، کثیر۔ ردی اور ناقص ریشم۔

بنی طَے (ع)، عرب کے ایک قبیلہ کا نام جس سے حاتم طائی ہوا ہے۔

بنی عامر (ع)، عرب کے ایک قبیلہ کا نام جس سے قیس یعنی مجنون ہوا ہے۔

بنی فاطمہؑ (ع)، سادات۔ حضرت فاطمہؑ خاتونِ جنت سلام اللہ علیہا کی اولاد۔

بُنیقہ (ع)، کرتے کی بغل (۲) کرتے کا گریبان۔

بُنیک (ف)، ردّی اور ناقص ریشم۔

بنی نوع بشر (ع)، آدمی۔ انسان۔

بنی و بنین (ع)، فرزند۔ بچّے۔

بُنیہ (ع)، بنیاد (۲) سرشت (۳) جوڑ بند۔ ترکیب اعضا۔ کاٹھی۔ جثہ۔

بَنین (ع)، ابن کی جمع۔ بیٹے۔

---

# ب - و

---

بو (ف)، رائحہ۔ باس۔ (۲) آرزو۔ اُمید (۳) بودن مصدر سے باشد۔ بوم۔ باشم اور بُود کا مخفف (۴) سراغ۔ اثر۔ نشان۔

بَوّ (ع)، اُونٹ کا بچہ۔ اُونٹ وغیرہ کے بچے کی کھال جس میں بھُس بھر کر اور بچے کی صورت بنا کر اونٹنی وغیرہ کے پاس جس کا بچہ مر گیا ہو۔ تسلی کے لیے کھڑا کر کے دُودھ دوہتے ہیں پنجابی میں اسے موہرا کہتے ہیں۔

بَواء (ع)، جواب (۲) اقرار کرنا (۳) برابر۔

بُوا (ف)، بُوَد کا مخفف۔ خدا ایسا ہی کرے۔

بَوّاب (ع)، دربان۔

بَوّابت (ع)، دربانی۔

بَوَاح (ع)، آشکارا۔ ظاہر۔

بواد (ف)، بُود میں الف دُعائیہ داخل کیا گیا ہے۔ ایسا ہی ہو۔

بوادہ (ع)، جو چیز اچانک آجائے۔ تصوف کی اصطلاح میں جو چیز عالم غیب سے اچانک دل تک پہنچے خواہ بموجب نشاط و سرور ہو، خواہ غم و اندوہ کا سبب ہو۔

بَوادی (ع)، بادیہ کی جمع۔ جنگل۔ صحرا۔

بَوار (ع)، خرابی ہلاکت (۲) بنجر زمین۔

بَوارِح (ع)، بارح کی جمع۔ لُو۔ موسم گرما کی گرم ہوا۔ جھکڑ۔ آندھی۔

بَوارِد (ع)، بارد کی جمع۔ تیز تلواریں۔

بوارد (ع)، کھٹائی۔ ترشی۔

بَوارِق (ع)، بارقہ کی جمع۔ چمکتی ہوئی چیزیں۔ روشن اشیاء (۲) روشنیاں (۳) چمکیلی تلواریں۔

بَوارِی (ع)، بوریا فروش۔

بواس (ع)، محنت۔ سختی۔ تکلیف۔

بو اسحاقی (ف)، فیروزہ کی کان کا نام جو نیشاپور میں ہے۔

بواسطہ (ف)، بوجہ۔ بسبب۔

بَواسیر (ع)، باسور کی جمع۔ ایک بیماری کا نام جو مقعد میں ہوتی ہے۔

بَواطِن (ع)، باطن کی جمع۔ پوشیدہ چیزیں۔ پوشیدگیاں۔

بواعث (ع)، باعث کی جمع۔ اسباب۔ وجوہات۔

بُوالفراز (ف)، گرم معاملہ۔

بَواقِر (ع)، بقرہ کی جمع۔ گائے۔ بیل۔

بَواقی (ع)، باقی کی جمع۔ باقیات۔ باقی ماندہ چیزیں۔

بُوال (ع)، ایک بیماری کا نام جس سے بول یعنی پیشاب زیادہ آتا ہے۔

بُوالبَنات (ع)، بانات۔ پشمینہ کا اعلیٰ اور نفیس کپڑا۔

بُوالحزن (ع)، غمگین۔

بُوالحَسَن (ع)، مور (۲) حاشیہ (۳) حضرت علی علیہ السلام کی کنیت۔

بُوالحکمان (ع)، بے دین لوگ (۲) ابوالحکم ابوجہل کی کنیت سابق تھی۔

بُوالعَجَب (ع)، بازی گر۔ نٹ۔

بُوالعجبی (ع)، تعجب۔ حیرانی۔ حیرت۔

بُوالعَلا (ع)، فالودہ۔

بُوالفُضُول (ع)، سست آدمی جو بیٹھا ہوا باتیں بنائے۔ یاوہ گو۔ بے ہودہ گو۔ کاہل۔

بُوالکَفد (ف)، رشوت۔

بُوالکنجک (ف)، وہ عجیب و غریب چیز جس کے دیکھنے سے ہنسی آئے۔

بُوالہَوَس (ف)، ہوسناک۔ لالچی۔ حریص۔ طامع۔

بوالہیجان (ع)، لڑائی کا باپ۔ لڑاکا۔

بوالق (ع)، بالقہ کی جمع۔ بلا۔ سختی۔

بوب (ف)، گھر کا فرش۔

بُوباش (ف)، قدیم۔ ہمیشہ۔

بُوبرد (ف)، بلبل۔

بو برداشتن (ف)، بدبودار ہو جانا۔ گل سڑ جانا۔ دُودھ وغیرہ کا پھٹ جانا۔

بو بردن (ف)، سمجھ جانا۔ تاڑ جانا۔

Marfat.com

بُوبَک (ف) کنواری لڑکی۔ دوشیزہ (۲) ہندی میں احمق کو بھی کہتے ہیں
(۳) بُدھو۔

بُوبلند (ف) آشکارا۔ ظاہر۔

بُوتُراب (ع) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت۔

بُوتَم (ف) طفل۔ لڑکا۔ بچّہ۔

بُوتمام (ع) عرب کے ایک مشہور اور نامی گرامی شاعر کا نام جس نے شعرائے عرب کے کلام کو مختلف ابواب میں مرتب کرکے ایک نہایت فصیح و بلیغ دیوان حماسہ تیار کیا۔ دوسری صدی ہجری کے اواخر میں پیدا ہوا۔ اور ۲۳۱ھ ہجری میں مقام موصل وفات پائی۔

بُوتَہ (ف) جھاڑ۔ وہ درخت جو ہرا بھرا ہو۔ اور زمین سے زیادہ اونچا نہ ہو۔ بلکہ زمین سے ملا ہوا ہو۔ جھاڑی (۲) شال۔ آئینہ اور قلمدان کی نقاشی اور بیل بوٹے (۳) سونا چاندی گلانے کی کٹھالی (۴) نشتر کا نشانہ۔
(۵) بچّہ۔

بُوتۂ امتحان (ف) آزمائش کی کسوٹی جس پر کھرے کھوٹے کو پرکھا جائے۔

بُوتۂ خار (ف) خار دار جھاڑی۔ کانٹوں والی جھاڑی۔

بُوتۂ خاک (ف) آدمی کا بدن۔ قالب انسانی۔

بُوتۂ زرشک (ف) زرشک کا درخت۔ زرشک کشمش کی مانند مگر اس سے چھوٹا ایک پھل ہے۔

بُوتۂ گز (ف) گز کا جھاڑ۔ گز اصفہان کی ایک اعلےٰ درجے کی مٹھائی ہے۔ جسے گز اصفہانی کہتے ہیں۔

بُوتۂ گل سرلیش (ف) نہایت سُرخ پھولوں کا پودا یا جھاڑ۔

بُوتۂ کون (ف) بید کا پودا یا جھاڑ۔

بُوتیمار (ف) بگلا جو مشہور آبی پرندہ ہے۔

بُوجاسپ (ف) توران کے ایک ہیرو کا نام۔

بُوجار لنجان (ف) کھٹو۔ نکما۔ درلغو آدمی جو جدھر منہ اٹھائے چلا جائے۔

بوجیا (ف) ککڑی۔ کھیرا۔

بُوچ (ف) کرّ و فر۔ خودنمائی۔

بُوحنصان (ع) سکول ٹیچر۔

بُوحنیفہؒ (ع) امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت۔ دیکھو ابوحنیفہؒ۔

بوخت (ف) بیٹا۔ پسر۔ فرزند

بوخل (ف) خرفہ۔

بُود (ف) ہست۔ ہستی۔ وجود۔ موجود (۲) بُودن مصدر سے ماضی مطلق بمعنی شُد

بُودادن (ف) بادام۔ چلغوزہ وغیرہ میوے کا بھُوننا۔

بُودش (ف) وجود۔ ہستی۔

بُودن (ف) ہونا۔ رہنا۔

بُودنگ (ف) پودینہ۔ پودنہ۔

بُودنی (ف) تمام موجودات سے مراد ہے۔

بُودباش۔ بود و باش (ف) رہنا سہنا۔ سکونت۔

بود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن (ف) پیشہ ور کو پیشہ والے سے ہمیشہ رقابت ہوتی ہے

بور (ف) جنگلی مُرغ (۲) سُرخ رنگ کا گھوڑا

بوُر (ف) بھُورے رنگ کی مٹی

بوران (ف) طوفان باد و باران۔ کہر۔ نیز خسرو پرویز کی بیٹی کا نام۔ نیز مامون الرشید کی بیٹی کا نام۔

بورس (ف) ایکسچینج مارکیٹ۔

بورک (ف) سموسہ۔ ایک قسم کا کھانا۔

بوُرہ (ف) سفید کھانڈ۔ چینی (۲) سہاگہ۔

بوریا (ف) چٹائی۔

بوریایت چند گزلیست (ف) تم کتنے پانیوں میں ہو یا کس برتے پر تتا پانی۔

بوریاباف (ف) چٹائی بننے والا۔

بوریاپوش (ف) نہایت مفلس۔ بڑا نادار۔

بوریاکوبی (ف) نیا مکان بنانے کے بعد جو ضیافت کرتے ہیں۔

بوز (ف) پھپھوندی (پنجابی اُلّی) (۲) ایک قسم کی سیاہ پھڑ (۳) درخت کا تنہ۔

بَوز (ف) سفیدی مائل نیلا گھوڑا (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) صاحب ادراک اور تیز فہم آدمی۔

بوزا
بوزار } (ف) گرم مصالح۔

بوزک (ف) دیکھو بوز۔ پھپھوندی (۲) درخت کا تنہ (۳) سیاہ پھڑ۔

بوزمند
بوزنہ } (ف) ایک نہایت خوشبودار گھاس۔

بُوزنہ (ف) بندر۔ میمون۔

بوزہ (ف) ایک قسم کی ہلکی شراب۔ شراب جو گیہوں چاول یا جو سے تیار ہوتی ہے

بوزہ چی (ف) بوزہ شراب بیچنے والا۔

بُوزینہ (ف) بندر۔ میمون۔

بُوشنہ (ف) شگوفہ۔ کلی۔ بن کھلا پھول۔

بوس (ف) بوسہ (۲) چُومنا۔ بوسہ لینا۔

بُؤس (ع) شدّت۔ سختی۔ دُکھ۔

بوستان (ف) پھلواڑی۔ بہت خوشبو کی جگہ۔ باغ۔ شیخ سعدی شیرازی کی نظم کی مشہور تصنیف۔

بوستان افروز (ف) گل تاج خروس۔ کلغے کا پھول۔

بوستان بان (ف) باغ کا نگہبان۔ باغبان۔

بوستان گل تما (ف) آسمان۔

Marfat.com

**بُوستہ** (ف) انگریزی لفظ پوسٹ کا مفرس۔ ڈاک۔
**بوستہ خانہ** (ف) پوسٹ آفس کا مفرس۔ ڈاک خانہ۔
**بُوسُلیمان** (ع) ہُدہُد۔
**بوسندہ** (ف) بوسہ لینے والا۔
**بوس وکنار** (ف) چُومنا اور بغل میں لینا۔
**بوسہ** (ف) پیار (۲) چومنا۔
**بوسہ بلب خویش زدن** (ف) کُشتی کے لیے خم ٹھونکنا۔ اپنے بازوؤں پر ہاتھ مارنا۔ اپنی رانوں پر ہاتھ مارنا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔
**بوسہ خوردن** (ف) بوسہ لینا۔ چُومنا۔
**بوسہ دان** (ف) دہن۔ مُنہ۔
**بوسہ زدن** (ف) بوسہ لینا۔ چُومنا۔
**بوسہ شکستن** (ف) بوسہ لینا۔ اس طرح بوسہ لینا جس سے آواز پیدا ہو۔
**بوسہ گرفتن** (ف) بوسہ لینا۔ چومنا۔
**بوسیدگی** (ف) کہنگی۔ پُرانا پن۔
**بوسیدن** (ف) بوسہ لینا۔
**بوسیدہ** (ف) پُرانا۔ کہنہ۔ سڑا ہوا۔ گلا سڑا۔ پھٹا پُرانا۔
**بوسیدہ چوب** (ف) وہ لکڑی جو رات کو سُلگتے ہوئے کوئلہ کی مانند معلوم ہو۔
**بوسیمن** (ف) تہمت۔ بہتان۔ ملامت۔
**بُوش** (ف) قسمت۔ تقدیر۔ نوشتہ ازل۔
**بُوشِش** (ف) شان وشوکت۔ تجلّی۔ کرّ وفر۔ راہ نمائی۔
**بوش** (ع) لُچا۔ شہدہ۔ رند۔ بدمعاش۔ ادنیٰ درجے کا آدمی اسکی جمع اوباش ہے۔
**بوشا** (ف) اندیشہ۔ فکر۔ تردّد۔
**بوشاد** (ف) کچا شلغم۔
**بوشاسپ** / **بوشیاس** } (ف) خواب دیکھنا۔
**بُوشقاب** (ف) طشتری۔ رکابی۔ پلیٹ۔
**بُوشن** (فرانسیسی) دہان۔ مُنہ۔ دہانہ۔
**بوشناس** (ف) وہ شخص جس کی قوتِ شامہ بالکل دُرست ہو۔ پہچاننے والا۔
**بوشی** (ع) نالائق۔ کمینہ (۲) بڑا عیال دار۔ بہت بال بچے والا مُفلس۔
**بُوص** (ف) ریشم۔
**بوطالب** (ع) ابوطالب۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چچا کی کنیت جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے باپ تھے۔
**بُوطہ** (ع) بوتہ کا معرّب۔ سونا چاندی گلانے کی کٹھالی۔
**بُوع** (ع) دونوں ہاتھوں کے درمیان کا پھیلاؤ۔ کھلے ہوئے ہاتھوں کا دائیں ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی سے بائیں ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی تک کا فاصلہ۔
**بوعلی سینا** (ع) ایک مشہور حکیم کا نام جسے شیخ الرئیس بھی کہتے ہیں اس کے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام ستارہ تھا۔ عبداللہ پہلے بلخ کا اور بعد میں بخارا کے نواحی علاقہ میں عامل تھا۔ وہیں بوعلی سینا ماہ صفر ۳۷۰ھ میں پیدا ہوا۔ بارہ سال کی عمر میں تمام علوم و فنون سے فارغ ہوا۔ اور پندرہ سال کی عمر میں ہر قسم کے مطالعہ کرنے کے بعد عالم متبحر بن گیا۔ اور شمس الدولہ کے ہاں وزارت کے عہدہ پر ممتاز ہوا۔ فن طب میں جالینوس کا ہم پلّہ مانا جاتا ہے۔ طبیب اس کے اقوال کی پیروی کو ذریعہ کامیابی خیال کرتے ہیں۔ اس کی اٹھارہ زبردست تصانیف ہیں۔ جن میں قانون۔ نجات۔ حاصل۔ محصول اور شفا نہایت مشہور ہیں۔ تقریبًا ترپن سال کی عمر میں ۴۲۳ھ ہجری میں وفات پائی۔
**بوعلند** (ف) دوہرا لیا ہوا کپڑا جس میں لحاف توشک گھوڑے کی زین وغیرہ رکھتے ہیں۔
**بوعزہ** (ف) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
**بُوغلصُن** (ی) گاؤزبان۔ ایک مشہور دوا کا نام۔
**بوغما** (ف) گھوڑے کے ایک مرض کا نام جس میں اسے بہت پسینہ آتا ہے۔
**بُوغنج** (ف) کلونجی ایک سیاہ دانہ ہے شونیز بھی کہتے ہیں اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
**بُوف** (ف) بُوم۔ اُلو۔ چُغد۔
**بُوفروش** (ف) عطار۔ مُشک فروش۔
**بُوفہ** (مفرس) دعوت کھانے کا کمرہ
**بُوق** (ف) بگل۔ نفیری۔ اس کی شکل شہنائی کی مانند ہوتی ہے لیکن اس سے آواز خوف ناک نکلتی ہے۔
**بُوقنب** (ف) گدھا۔
**بُوقلموں** (ع) ایک قسم کا رومی دیبا ہے جو لحظہ بہ لحظہ مختلف رنگوں میں ظاہر ہوتا ہے (۲) رنگا رنگ۔ طرح طرح (۳) گرگٹ۔ (۴) جہان۔ دُنیا۔
**بُوکان** (ف) برف خانہ۔ لوہے کا جُوتا جو برف پر چلنے کے لیے پہنتے ہیں۔
**بُوکردن** (ف) سونگھنا۔
**بوکس** (ف) مُکہ بازی۔
**بوکسور** (ف) مُکہ باز۔
**بوکشیدن** (ف) سُونگھنا۔
**بوک و مگر** (ف) بوک اور مگر سے مرکب ہے۔ جو تمنا کے معنوں میں آتا ہے۔ ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔ لیت ولعل۔
**بُوگان** (ف) بچہ دان عورت کا رحم۔
**بَوْل** (ع) پیشاب۔ موت۔ شاشہ۔
**بول جار** (ف) امن کی جگہ۔ جائے پناہ (۲) میدان جنگ۔
**بوریج** (ف) ہمیشہ بوئے جانے والی زمین۔
**بول دان** (ع) پیشاب کا برتن۔ پیس پاٹ۔
**بول وبراز** (ف) پیشاب اور ٹٹی۔

Marfat.com

بول و نوشش یکی است (ف)، قول کا کچا جس کی بات کا قطعاً اعتبار نہ ہو سکے۔

بولہب (ع)، ابولہب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی کنیت۔ لہب بمعنی شعلہ۔ چونکہ ان کا چہرہ نہایت روشن سُرخ اور انگارہ کی مانند دکتا تھا۔ اس لیے انھیں ابولہب کہتے تھے۔

بُوم (ف)، اُلّو۔

بُوم (ف)، (۱) زمین جہاں ہل نہ چلا ہو۔ غیر آباد زمین (۲) جگہ۔ مقام۔ منزل (۳) خاک (۴) سرشت۔ طبیعت۔

بُوم (ف)، بالشم کے معنی میں آتا ہے۔

بُوم زمین (ف)، زمین کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔ پارۂ زمین۔

بُوم کَنْد (ف)، تہہ خانہ۔ زمین کے نیچے کی منزل جو مسافروں وغیرہ کے لیے بنائی جاتی ہے۔

بُوہن / بُومہین } (ف)، بھونچال۔ زلزلہ۔

بُومی (ف)، دیسی۔ اہل وطن۔

بُون (ف)، نصیبہ۔ حصّہ۔ بخرہ۔

بُون (ف)، بچہ دانی۔ عورت کا رحم (۲) آسمان۔

بونافع (ع)، سودمند۔ فائدہ مند۔ سرکہ یا شراب۔

بوناک (ف)، بدبو۔ بدبودار چیز۔

بُوند (ف)، نرمی۔ آہستگی۔

بُوند (ف)، مغرور آدمی بمعنی باشند

بُونده (ف)، معزز آدمی (۲) باوقار آدمی۔

بُونده (ف)، بارُعب آدمی۔

بُوہان (ف)، عورت کا رحم۔ بچّہ دان۔

بوی (ف)، بمعنی بالش۔

بویا (ف)، بو دینے والی چیز۔

بویافتن (ف)، کھوج نکالنا۔ سراغ پالینا۔

بُوئے افزار / بُوئے افزا } (ف)، طعام کا مصالح۔

بُوئے بُردن (ف)، باخبر ہونا۔ سراغ پانا۔

بُوئے پرست (ف)، بوگیر کتّا جو بُو سونگھ کر شکار کا پتہ لگاتا ہے۔

بُوئے حلوای کسی بلند شدن (ف)، کسی کا قریب المرگ ہونا۔ مراد بس مرگ حلوے مانڈے سے ہے۔

بُوئے خون از جائے آمدن (ف)، کسی جگہ پر مارے جانے یا ہلاکت ہونے کا خطرہ ہونا۔

بوئیدن (ف)، سونگھنا۔ سونگھانا۔

بُوئے ریسمان آمدن (ف)، مکروفریب کے انداز معلوم ہونا۔

بُوئے سا (ف)، وہ پتھر جس پر خوشبو کی چیزیں پیتے یا گھستے یا رگڑتے ہیں۔ کھرل۔

بُوئے سوز (ف)، آتشدان۔ عودسوز۔

بوئے شیر آمدن از دہان کسے (ف)، کسی کے مُنہ سے دُودھ کی بُو آنا۔ خوار ہونا۔ سخت ناتجربہ کاری۔

بوئے کوہی (ف)، صحرائی گھاس جو زیادہ تر خراسان میں اُگتا ہے۔

بوئے یک رنگی (ف)، مکمل ہم آہنگی۔ ہم خیالی۔

بوینگ (ف)، ریحان کے مشابہ ایک ترکاری۔

بویہ (ف)، ایک شخص کا نام ہے جس کی اولاد میں سے امیر عماد الدولہ نے آل بویہ کی سلطنت کی بنیاد ڈالی۔

# ب - ہ

بہ (ف)، خوب۔ اچھا۔ نیک (۲) ایک پھل کا نام جسے بہی کہتے ہیں۔ اور اس کے بیج بہی دانہ کہلاتے ہیں۔

بَہاء (ع)، روشنی (۲) رونق (۳) زیبائی۔ حُسن۔ خوبصورتی۔

بَہا (ف)، مول۔ قیمت۔

بَہاجت (ف)، عمدہ ہونا۔ خوب ہونا۔ اچھا ہونا۔

بہادار (ف)، قیمت دار۔

بَہادُر (ف)، شجاع۔ دلیر۔ بہادر۔ سُورما

بہادرانہ (ف)، دلیرانہ۔

بَہار (ف)، فصل ربیع۔ بسنت۔ پھول کھلنے کا موسم (۲) نارنج اور کھٹے وغیرہ کا پھول۔ گل بہار۔ (۳) شگفتگی (۴) رونق۔ (۵) جوبن (۶) خوشی (۷) شباب (۸) سرسبزی (۹) تر و تازگی (۱۰) تفریح (۱۱) تماشا (۱۲) سیر۔ (۱۳) سرور۔

بَہاراں (ف)، بہار کا موسم۔ فصل بہار۔

بَہاربند (ف)، (۱) ہوادار مکان جس میں موسم بہار میں بیٹھتے ہیں (۲) وہ مکان جس میں موسم بہار میں گھوڑوں کو باندھتے ہیں۔

بَہارخانہ (ف)، مندر۔ بت خانہ۔

بہارخرما (ف)، کھجور کے درخت کا شگوفہ کہ قدیم طب میں تحیّش کے علاوہ اور معدے کی تقویت کے لیے استعمال کرتے تھے۔

بَہارخوش (ف)، وہ گوشت جسے گرمیوں میں نمک لگا کر سردیوں کے لیے سکھایا جاتا ہے۔

بہارستان (ف)، مولانا جامی کی ایک کتاب کا نام۔

بَہارنارنج (ف)، نارنگی کا پھول۔ سنگترہ کا پھول۔

بَہاری (ف)، منسوب بہ بہار۔ موسم بہار کی چیزیں۔ موسم گل۔ بہار۔ سفید رنگ۔

بہاریہ (ف)، وہ شاعری جس میں بہار کا ذکر آیا۔

Marfat.com

بہ اُفتاد (ف) بہتری - بہبودی -
بہ آفرید } (ف) گشتاسپ کی بیٹی اور اسفندیار کی بہن کا نام جسے
بہ آفرین } ارجاسپ شاہ چین نے قید کر لیا تھا - اور اسفندیار
شاہِ چین کو قتل کر کے اسے چھڑا لایا تھا -
بہاگیر (ف) قیمتی شے -
بہامین (ف) بہار - فصلِ بہار -
بہانہ (ف) حوالہ - وجہ - سبب -
بہانہ جو (ف) سبب معلوم کرنے والا - وجہ تلاش کرنے والا -
بہانہ ساز - حیلہ جو - فریبی -
بہانہ شاخ دارد (ف) بہانوں کی کوئی حد نہیں ہوتی - بہانوں کا
سلسلہ لامتناہی ہوتا ہے -
بہانہ گرفتن (ف) بے جا جواب طلبی کرنا -
بہانہ فروش (ف) جو بہانہ جوئی میں ماہر ہو -
بہاور (ف) قیمتی شے -
بہائی (ف) بہائی مذہب کا پیرو کار - قیمتی -
بہائے آب داشتن (ف) بہت بے قدر ہونا -
بہائم (ع) بہیمہ کی جمع - چوپایہ - جانور -
بہائے ہائے گریستن (ف) زار زار رونا -
بہبود } (ف) بھلائی - بہتری - (۲) شفا -
بہبودی } خیریت -
بہت (ف) کھیر - فیرنی - شیر برنج -
بہتان (ف) جھوٹ - افترا - دروغ -
بہتان تراش (ف) تہمت لگانے والا -
بہتت (ف) حیرانی - حیرت - تحیر -
بہتر (ف) بہت اچھی چیز - بہ کا تفضیل بعض -
بہترین (ف) بہت ہی اچھی شے - نہایت ہی اچھی شے - نہایت
اچھی شے - بہ کا تفضیل کل -
بہجت (ع) خوشی - خوبی (۲) رونق - تازگی (۳) خوبصورتی -
خوشنمائی - (۴) زیبائش - زینت -
بہ خودی خود (ف) خود بخود - اپنی خوشی سے -
بہداشت عمومی (ف) پبلک ہیلتھ کا افسر -
بہدانہ (ف) بہیدانہ جو مشہور دوا ہے -
بہر (ف) لیے - واسطے (۲) حصہ - نصیبہ (۳) باعث -
بہرامج (ع) بید مشک کا معرب -
بہرام چرخ (ف) مریخ ستارہ - اس کا رنگ سرخ ہے -
بہرام چوبین (ف) ہرمز بن نوشیرواں کے سپہ سالار کا نام
جو پرویز کو شکست دے کر ایران کا بادشاہ بن گیا تھا - اور
خسرو پرویز نے قیصر روم کی امداد سے اسے شکست دے کر
دوبارہ سلطنت واپس کی تھی - دبلا پتلا ہونے کے باعث
انہیں چوبیں کہتے ہیں -
بہرام روز (ف) منگل - سہ شنبہ -

بہرام صحرانشین } (ف) عجم کے ایک عادل اور سخی بادشاہ کا نام -
بہرام گور } چونکہ یہ گورخر کے شکار کا بہت شائق تھا - اس
لیے بہرام کے ساتھ لفظ گور ایزد کیا گیا - اور چونکہ شکار کے
لیے جنگل میں زیادہ رہتا تھا - اس لیے صحرانشین زیادہ
کہلاتا ہے -
بہرامن (ف) سرخ یاقوت (۲) ہفت رنگ ریشم (۳) کسنب
کا پھول -
بہرامہ (ف) بید مشک (۲) ریشم کا سبز کپڑا -
بہرج (ع) ردی - ناقص (۲) جھوٹ - باطل (۳) کھوٹا درہم -
بہر حال (ف) ہر حال سے - ہر طرح سے - سب طرح سے -
بہرگی (ف) دولت - مال (۲) دولت مند - مال دار - امیر -
بہرم (ع) گل معصفر - کسنب کا پھول (۲) مہندی -
بہرمن (ف) سرخ یاقوت (۲) بت خانہ -
بہرمان (ف) دیکھو بہرامن -
بہرمہ (ف) برما - چھید کرنے کا اوزار -
بہرمہ (ع) شگوفہ - کلی (۲) برہمنوں کی عبادت -
بہروج }
بہروجہ }
بہروز } (ف) سیاہ رنگ - نیلگوں کم قیمت بلور -
بہروزہ }
بہرہ (ف) حصہ - قسمت - نصیب - بخرا - زراعت میں سے مزارعین
کا حصہ -
بہرہ (ف) گجرات کی ایک قوم کا نام -
بہرہ بر (ف) شریک - شراکت رکھنے والا - مشترکہ کام کرنے والا -
بھائیوال -
بہرہ بہرہ کردن (ف) حصے بخرے کرنا -
بہرہ بود (ف) کسی چیز کے ہونے کا سبب اور علت -
بہرہ برداشتن (ف) حصہ لینا - نیز فصل کی پیداوار اٹھانا -
بہرہ ور } (ف) خوش نصیب - خوش قسمت -
بہرہ مند } صاحب نصیب - نصیبہ والا -
بہرہ مند شدن (ف) فائدہ اٹھانا -
بہرہ وصیت (ف) ورثہ یا ورثے کا وہ حصہ جو وصیت کے مطابق ہو -
بہز (ع) غلبہ کرنا (۲) کسی کے سینہ پر ہاتھ پاؤں مارنا -
بہزاد (ف) نیک ذات - نیک اصل - خوش فطرت -
بہش (ع) اس درخت کا پھل جس کے گوند کو مقل کہتے ہیں -
بہشت (ف) جنت - فردوس (۲) آرام - ہشتن مصدر سے ہشت
ماضی مطلق بھی ہے اور حاصل مصدر بھی - اور ب زینت
کلام کے لیے زائد ہے - لفظ معنی چھوڑا ہوا -
بہشت آسا (ف) بہشت کی مانند -
بہشت خوردن (ف) بہشت کی نعمتوں سے متمتع ہونا یا حصہ پانا -
بہشت زیر پائے مادران است (ف) بہشت ماں کے قدموں کے

Marfat.com

نیچے ہے۔

بہشت را بہشتی اگر دنیا را بہشتی (ف) دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

بہشت رُو
بہشت سیما۔ بہشتی رُو } (ف) خوبصورت (۲) معشوق۔ محبوب۔

بہفت آب شستن
بہفتاد آب شستن } (ف) بہت محنت سے دھونا۔ بہت کوشش سے صاف کرنا۔

بہق (ع) چھیپ۔ وہ داغ جو جسم پر پڑ جاتے ہیں۔ بہک کا معرب (پنجابی بتھم۔ پھلبہری)

بہک (ف) دیکھو بہق۔

بہکل (ع) جوان مرد (۲) پُرگوشت (۳) نازک اندام۔

بہکلہ (ع) بہکل کا مؤنث۔ جوان عورت (۲) پُرگوشت (۳) نازک اندام عورت۔

بہکنہ (ع) بمعنی بہکلہ۔

بہ گزیدہ (ف) ایک قسم کا رنگ ہوتا ہے۔

بہل (ف) چھوڑ دے۔ بلیدن مصدر سے فعل امر ہے۔ بلیدن بمعنی چھوڑنا۔

بہل (ف) آسان (۲) کم مال (۳) لعنت۔

بہل شدن (ف) حساب چکا دینا۔ نہ کسی سے کچھ لینا ہے اور نہ کسی کا کچھ دینا ہے۔

بہلول (ع) خنداں رُو۔ ہنس مکھ آدمی (۲) سردار قوم (۳) جامع صفات۔

بہلول (ع) ایک ولی کا نام۔ جو زمانہ کی حالت کو دیکھ کر خود بخود دیوانہ بن گیا تھا۔ اس کی بعض باتوں میں نہایت ظریفانہ حاضر جوابی اور بعض باتیں نہایت نصیحت و عبرت آموز ہیں۔ اسی لیے اسے بہلول دانا کہتے ہیں۔ عباسی خاندان میں سے ہوا ہے۔

بہلہ (ع) نفرین۔ لعنت۔

بہلہ (ف) چمڑے کا دستانہ جسے ہاتھ میں پہن کر شکاری باز وغیرہ بٹھاتے ہیں۔

باہم
بہم } (ف) ساتھ۔ اکٹھے۔

بہم (ف) نعم کا ترجمہ۔ بلے۔ ہاں۔

بہم آمدن (ف) اکٹھا ہونا۔ کئی چیزوں کا آپس میں ملنا۔

بہماں
بہماں } (ف) فلاں۔

بہم آمیختگی (ف) باہمی میل جول۔

بہم آور (ف) جمع کی ہوئی چیز۔ اکٹھی کی ہوئی چیز۔ تالیف کردہ شدہ۔

بہم آوردن (ف) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

بہم بر آمدن (ف) غصے ہونا۔ خفا ہونا (۲) بے دماغ ہونا۔

بہم بر زدن (ف) جلدی کرنا۔ تند مزاج ہونا۔

بہم بر کردن (ف) اجاڑنا۔ تہ و بالا کرنا۔ خراب و پراگندہ کرنا۔

بہم بافتہ (ف) افترا۔ بہتان۔

بہم پیوستن (ف) آپس میں گھل مل جانا۔ شیر و شکر ہو جانا۔ متحد ہو جانا۔

بہم خوردن (ف) تصادم ہونا۔ منتشر ہونا۔

بہم خوردگی (ف) ناسازی طبع۔

بہم رساندن (ف) حاصل کرنا۔

بہم ریختن لشکر (ف) لشکر کا انبوہ ہونا۔ لشکر کا ہجوم ہونا۔ لشکر کا جمع ہونا۔

بہم زدن (ف) جھاڑنا۔ کھکھوڑنا (۲) پراگندہ کرنا۔ خراب کرنا۔

بہم زدگی (ف) اگر بڑ۔

بہم زوند (ف) جھان مارے (۲) لڑے۔

بہم کشیدن (ف) اکٹھا کھینچنا (۲) چیں بہ جبیں ہونا۔

بہمن (ف) ہر شمسی مہینے کی دوسری تاریخ (۲) پارسیوں کا گیارھواں مہینہ جو اگھن کے لگ بھگ ہوتا ہے۔

بہمن (ف) ایران کے ایک بادشاہ کا نام جو اسفندیار کا بیٹا اور رستم کا شاگرد تھا۔

بہمن (ف) ایک دوا کا نام جس کی دو قسمیں ہیں۔ بہمن سُرخ اور بہمن سفید۔

بہمنجہ (ف) پارسیوں کی عید کا نام جو بہمن کی دوسری تاریخ کو ہوتی ہے۔

بہمنہ (ف) لٹو۔

بہنانہ (ف) بندر۔ بوزنہ۔ میمون۔

بہنانہ (ف) کلیجہ۔

بہ مندر رفتن حنا (ف) مہندی کا اس قدر رچنا کہ رنگ سیاہی مائل ہو جائے۔

بہ نظام ایستادن (ف) فوجی قاعدہ سے صف بندی کرنا۔ فوجی قاعدہ سے کھڑا ہونا۔

بہو (ع) دیوان خانہ (۲) ڈیوڑھی۔

بہو (ف) بالاخانہ (۲) محل۔ قصر۔ کوشک۔

بہو انداختن (ف) اُوپر اُچھالنا۔

بہوا پرت کردن (ف) ہوا میں اُچھالنا۔ اُوپر پھینکنا۔

بہوا پرت مے کرد (ف) ہوا پر اُچھالتا تھا۔ اُوپر پھینکتا تھا۔

بہوا رفتہ است (ف) ہوا میں اُڑ گیا ہے۔

بہوای چیزی رفتن (ف) کسی چیز کی خواہش کرنا۔

بہوائے دست طپانچہ انداختن (ف) اندازے سے نشانہ لگانا۔

Marfat.com

بَہُو (ف) آنکھ - چشم - نگاہ -
بُہُور (ع) (۱) خوشنما ہونا (۲) روشن ہونا (۳) غلبہ کرنا -
بُہُور (ع) شیر -
بِہی (ف) بہبودی - بہتری (۲) ترقی دولت (۳) صحت - تندرستی (۴) ایک پھل کا نام جو سیب کی قسم سے ہے جس کے بیج کو بہدانہ کہتے ہیں -
بَہِی (ع) تاباں - روشن (۲) عمدہ - خوب - زیبا - اچھا -
بہیار (ف) ترس - تیماردار -
بہیج (ف) نیک - خوب - عمدہ -
بہی خواہ (ف) خیرخواہ - خیرطلب -
بہیمہ (ع) چوپایہ - حیوان -
بہین } بہینہ } (ف) سب سے بہتر - عمدہ سے عمدہ - اعلیٰ سے اعلیٰ - اچھے سے اچھا -
بہیتہ (ع) تاباں - روشن - چمکیلا (۲) زیبا - عمدہ -

# ب - ی

بے (ف) بغیر - سوائے - بدوں - کلمہ نفی ہے -
بیا (ف) تو آ - آمدن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ ہے -
بُیا (ف) بھرا ہوا - (۲) سرائے یا گھر کا دروازہ -
بے آب (ف) بے رونق (۲) شرمندہ -
بے آب و تاب (ف) بے رونق جس میں کسی قسم کی کوئی چمک دمک نہ ہو -
بَیّاب (ع) سقا جو پانی بیچنے کے لیے کوچوں میں پھرتا ہے -
بیابان (ف) جنگل - ویرانہ -
بیابان قدس (ف) بیت المقدس کے اردگرد کا میدان -
بیابان گرد (ف) صحرائی - صحرا میں گھومنے والا -
بیابان مرگ (ف) وہ جو جنگل میں مرجائے اور کسی کو اس کا حال معلوم نہ ہو -
بیابان نشین } بیابان نورد } بیابانی } (ف) صحرائی - جنگل کا رہنے والا - جنگلی -
بیاتت (ع) رات پڑنا (۲) رات کے وقت کوئی کام کرنا (۳) رات کو چھاپا مارنا (۴) شب خون مارنا (۵) رات کی روٹی - باسی روٹی -
بے اختیار (ف) بے قابو - بے بس - مجبور - ناچار - از حد - جبراً -
بیاد (ف) بیداری - جاگنا - ہوشیاری -
بیاد کسے جام نوشیدن } بیاد کسے شراب خوردن } (ف) کسی کی یاد میں شراب پینا -

بیار (ف) لے آ - لا - آوردن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ -
بیار جلو (ف - ت) آگے لاؤ -
بیارش (ف) چارہ - تدبیر -
بیارہ (ف) وہ درخت جس کا تنا کھڑا نہ ہو - بیل - خربزہ - تربوز - کدو وغیرہ کی بیل -
بیاستو (ف) منہ کی بو - گندہ دہنی -
بے آبرو (ف) ذلیل و خوار و رسوا ہونا -
بے آزار (ف) نرم دل - مہربان -
بے آزرم (ف) بے حیا - بے شرم -
بے ادراک (ف) بے سمجھ - نادان -
بے اساس (ف) بے بنیاد -
بے استحقاق (ف) بدون حق -
بے آشنا (ف) بغیر آشنا کے - جس کا کوئی آشنا نہ ہو - (۲) لاثانی - بے نظیر -
بَیاض (ع) سفیدی (۲) سادہ کاغذ جس پر کچھ لکھا ہوا نہ ہو (۳) کاپی -
بیاض تیغ (ف) تلوار کی چمک - تلوار کی آب -
بَیّاع (ع) بیچنے والا -
بے اعتدال (ف) بدپرہیز - بدحرکت -
بے اعتدالی (ف) زیادتی - بدحرکتی - بدپرہیزی -
بیاغاریدن } بیاغاشتن } (ف) تر کرنا - بھگونا (۲) گوندھنا - ملانا -
بیاغالیدن (ف) ہلانا - حرکت دینا (۲) ملانا (۳) ورغلانا -
بَیان (ع) ظاہر کرنا - آشکارا کرنا (۲) کھول کر بات کرنا -
بے انتہا } بے انجام } (ف) جس کی انتہا نہ ہو - جس کا انجام و نہایت نہ ہو -
بے اندامی (ف) بے ادبی - گستاخی -
بیانک (ف) ایرا - وہ گھاس جس سے بوریا بنایا جاتا ہے -
بَیانہ (ف) ہندوستان کے ایک علاقہ کا نام جہاں کا نیل عمدہ ہوتا ہے -
بَیاوار (ف) شغل - کام - مشغلہ -
بے باق (ف) لین دین میں حساب کا صاف ہونا - کچھ باقی نہ رہنا -
بے باک (ف) بے خوف - نڈر (۲) بہادر - دلیر -
بیباکانہ (ف) نڈر ہوکر -
بے بال و پر (ف) بے یار - بے سہارا (۲) عاجز - مفلس - مجبور - ناچار -
بے بدل (ف) بے نظیر - لاثانی - جس کی مثال نہ ہو -
بے بر (ف) بغیر پھل کے - وہ درخت جو پھل نہ دے -
بے برگ (ف) بے سامان - محتاج - مفلس -
بے بصر (ف) اندھا - نابینا -

Marfat.com

بے بضاعت (ف) بہت قیمتی ۔ انمول ۔ بیش قیمت ۔
بے بند و بار (ف) لاابالی ۔ بے قید و بند ۔
بے بنیاد (ف) بے اصل ۔ جس کی بنیاد نہ ہو ۔
بے بہا (ف) بہت قیمتی ۔ انمول ۔ بیش قیمت ۔
بے بہرہ (ف) بے نصیب ۔ بدقسمت ۔ مفلس ۔
بی بی (ف) خاتون ۔ نیک عورت ۔ دادی یا نانی ۔
بے پایاب (ف) گہرا دریا ۔
بے پایاں (ف) بے نہایت ۔ بے انتہا ۔ غیر متناہی ۔ جس کی انتہا نہ ہو ۔
بے پردہ گفتن (ف) صاف صاف کہنا ۔ کھلے لفظوں میں کہنا ۔ صریح اور آشکارا کہنا ۔
بے پرکار (ف) بے قاعدہ ۔ بے طریقہ ۔ بے اسلوب ۔
بَیت (ع) گھر ۔ مکان ۔ اس کی جمع بیوت ہے ۔
بَیت (ع) شعر ۔ اس کی جمع ابیات ہے ۔
بَیت (ف) وہ کیڑا جو کپڑوں میں لگتا ہے ۔ پنجابی کوڑا ۔
بیتا (ف) مکان ۔ گھر ۔
بیتاب (ف) بے قرار ۔ بے چین ۔ مضطرب ۔ (۲) بے طاقت ۔
بیتابانہ (ف) گھبرایا ہوا ۔ بلاتامل ۔
بیتابی (ف) بے چینی ۔ گھبراہٹ ۔
بیت الاقصیٰ (ع) دور کا گھر (۲) بیت المقدس کو کہتے ہیں ۔ کیونکہ اہل مکہ کے لیے سب سے زیادہ دور مسجد ہے ۔
بیتُ الاحزان (ع) غم کدہ ۔ غموں کا گھر (۲) غریبوں اور بے کسوں کا گھر (۳) وہ گھر جس میں حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی میں غم کیا کرتے تھے ۔
بیتُ الحرام (ع) عزت و حرمت کا گھر ۔ خانہ کعبہ ۔
بیتُ الحزن (ع) غمکدہ ۔ مصیبت کا گھر (۲) عاشق کے رہنے کی جگہ ۔
بیت الحکمت (ع) خانہ حکمت ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ دل جس پر اخلاص غالب ہو ۔
بیتُ الخلا (ع) پاخانہ ۔ جائے ضرور ۔
بیتُ الدعا (ع) دعا کا گھر (۲) مکہ معظمہ ۔
بیتُ الدوا (ع) شفاخانہ ۔
بیتُ الصنم (ع) بت خانہ ۔ بت کدہ ۔
بیت العتیق (ع) پرانا گھر (۲) کعبہ چونکہ خانہ کعبہ سب سے پرانا گھر ہے ۔ کیونکہ پہلے پہل اسے آدم علیہ السلام نے بنایا تھا ۔ بعد میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس کی تعمیر کی ۔ اس لیے بیت العتیق کہلاتا ہے ۔ عتیق کے معنی معزز اور کریم کے بھی ہیں ۔ معزز گھر ۔ کرم گھر ۔
بیت العروس (ع) وہ مکلف مکان جو نئی دلہن کے لیے سجایا جائے ۔

بیت العنکبوت (ع) کڑی کا جالا جو بے ثباتی میں مشہور ہے ۔
بیت الغزل (ع) چھانٹا ہوا شعر ۔ غزل کا سب سے اعلیٰ شعر ۔ اسے میر شعر بھی کہتے ہیں ۔
بیت الفراغ (ع) پاخانہ ۔ جائے ضرور ۔
بیت القصیدہ (ف) قصیدہ کا بہترین شعر ۔
بیتُ اللہ (ع) خدا کا گھر (۲) خانہ کعبہ ۔
بیت الما (ع) پاخانہ ۔ جائے ضرور ۔
بیت المال (ع) مال کا گھر ۔ وہ مال جس میں غنیمت کا مال اور لاوارث مال رکھا جائے ۔
بیتُ المالچی (ف) خزانچی ۔ وہ شخص جو بادشاہ کی طرف سے بیت المال پر قابض و متصرف ہو ۔
بیت المامول (ع) دیکھو بیت المال ۔
بیت المعمور (ع) آباد گھر (۲) کہا جاتا ہے کہ فلک چہارم پر کعبہ کے مقابل ایک مسجد ہے جو فرشتوں سے معمور و آباد ہے ۔
بیتُ المقدس (ع) ملک شام کی ایک مسجد کا نام جس کی بنا حضرت داؤد علیہ السلام نے رکھی تھی ۔ اور تکمیل ان کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام نے کی ۔ یہودی اور عیسائی اسی طرف منہ کرکے عبادت کرتے ہیں ۔ پہلے مسلمانوں کا بھی یہی قبلہ تھا ۔ بخت نصر بادشاہ نے چھ سو سال قبل مسیح اس مسجد کے زر و جواہر اتار کر اسے تباہ کیا ۔ پہلی صدی ہجری میں حضرت فاروق اعظمؓ نے اسے پھر تعمیر کیا ۔ عیسائی، یہودی اور مسلمان یکساں طور پر اس کی عزت کرتے ہیں ۔
بے تحاشا (ف) بے دھڑک (۲) مآل اور انجام کو خیال میں نہ لانا (۳) بے دھڑک کوئی کام کرنا ۔
بے تصدیع (ف) تکلیف کے بغیر ۔ بآسانی ۔
بیت زدہ (ف) کیڑا لگ گیا ہے ۔ جس کپڑے کو کیڑا لگ جائے ۔
بے تمیز ارجمند و عاقل خوار (ف) اندھیر نگری ۔
بیتوتت (ع) رات رہنا ۔ کسی جگہ رات گزارنا ۔ شب باشی کرنا ۔ شب باش ہونا ۔
بیتوتہ کردن (ف) شب بسری کرنا ۔
بے توشہ (ف) غریب ۔ مفلس ۔
بے توفیق (ف) توفیق ربانی سے محروم
بے تہ (ف) بے اصل ۔
بے تہی (ف) بیہودگی ۔ فضولی ۔
بے ثبات (ف) ناپائدار ۔ کمزور ۔ فانی ۔
بے جا (ف) نامناسب ۔ بے موقع ۔
بے جا کردن (ف) کوئی بے موقع بات کہنا ۔ نامناسب کام کرنا ۔
بیجاد، بیجادہ (ف) کہربا ۔ ایک قسم کے کم قیمت یاقوت کو بھی کہتے ہیں ۔
بیجادہ آب (ف) شراب سرخ ۔ شراب گلرنگ ۔
بیجادہ شدن (ف) بے راہ ہوا ۔ (۲) زرد ہوا ۔
بیجادہ گون (ف) خون آلودہ تلوار ۔

Marfat.com

بے جا ساخت (ف)، پراگندہ کر دیا۔ پریشان کر دیا۔
بے جرأت (ف)، جو کام کرنے کی جرأت نہ رکھتا ہو۔ بے حوصلہ۔ بے ہمت۔
بے جفتی (ف)، بے شوہری۔
بے جگر (ف)، بزدل۔
بے جگری (ف)، بزدلی۔
بے جن (ف)، بیژن گیو بن گودرز کے بیٹے کا نام۔
بے جواب (ف)، وہ بات جو قابل جواب نہ ہو۔ لاجواب (۲) خاموش۔ چپ (۳) بے نظیر۔
بے جوہر (ف)، نکما۔ بے ہنر۔ بے عقل۔
بے جہت (ف)، بلا وجہ۔
بے چشم و رو (ف)، بے شرم۔ بے حیا۔
بے چوبا (ف)، ایک قسم کا خیمہ جس میں چوب نہیں ہوتی۔ بعض دفعہ آسمان کو کہہ دیتے ہیں۔
بے چوں (ف)، لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ بے ہمتا (۲) خدا۔
بے چون و چرا (ف)، بلا حیل و حجت۔
بیچہ (ف)، بیہودہ۔
بیچہ (ف)، بی بی کی تصغیر (۲) معشوقہ۔
بے حال (ف)، برا حال۔ ردی حالت۔
بے حال بودن (ف)، برا حال ہونا۔
بے حجاب (ف)، بے پردہ (۲) بے تکلف (۳) بے حیا۔
بے حد و عد (ف)، بے انتہا اور بے شمار۔ ان گنت۔
بے حرمتی (ف)، بے عزتی۔ بے آبروئی۔
بے حضور شدن (ف)، بے نماز ہونا (۲) بیمار ہونا۔
بے حضوری (ف)، بیماری (۲) ناتوانی (۳) پریشانی۔
بے حفاظی (ف)، بے عزتی۔ بے حمیتی۔
بے حقوق (ف ۔ ع)، بغیر تنخواہ کے رخصت۔
بے حمیت (ف)، بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔
بے حوصلہ (ف)، بے ہمت۔ بے جرأت۔ بزدل۔
بیخ (ف)، جڑ۔ اصل۔
بیخار (ف)، بے خطر۔ بے خوف۔
بیخ از بن بر آوردن (ف)، جڑ و بنیاد سے اکھیڑ پھینکنا۔ نیست و نابود کر دینا۔
بے خان و مان (ف)، جس کا گھر بار نہ ہو۔ بے گھر اور بے در۔ بے گھر اور بے ٹھکانا۔
بے خایہ (ف)، خصی۔ اختہ۔ مخنث۔ خواجہ سرا۔
بیخ بر کندن (ف)، جڑ اکھاڑنا۔ استیصال۔
بیخ پشم (ف)، دنبہ کا گوشت۔
بیخ پیدا کردن (ف)، مضبوط ہو جانا۔ زخم کا زیادہ خراب ہو جانا۔
بیختن (ف)، چھاننا۔
بے خرد (ف)، بے وقوف۔ بے عقل۔

بے خرد خاوند (ف)، نہ کسی کا حاکم نہ کسی کا ماتحت نہ کسی کی ملکیت نہ کسی کا مالک۔
بیخ زدن (ف)، جڑ قائم کرنا۔ جڑ پھیلانا۔ ریشہ دوڑانا۔
بیخستن (ف)، درماندہ ہونا۔ عاجز و ناتواں ہونا۔
بے خشت (ف)، جڑ سے اکھیڑی ہوئی چیز۔
بیخ کردن (ف)، جڑ پھیلانا۔ جڑ پکڑنا۔
بیخ کندن (ف)، جڑ سے اکھاڑنا۔
بیخ کوشش زر و ست (ف)، دلہ ہے۔ بے غیرت ہے۔ قرمساق ہے دیوث ہے (۲) فتنہ انگیز ہے۔ شریر۔
بے خواب (ف)، جو سو نہ سکے۔
بے خواست (ف)، بے فکر۔ بے تلاش۔ وہ چیز جو بغیر مانگے مل جائے۔
بے خود (ف)، مدہوش (۲) حیران۔ متحیر۔
بے خویش
بے خویشتن } (ف)، مدہوش۔ متحیر۔ حیران۔
بے خیال (ف)، بے فکر۔
بے خیلہ (ف)، خرفہ کا ساگ۔ بقلۃ الحمقاء۔
بید (ف)، بیت کا درخت (۲) شعور (۳) آگاہی (۴) بود بمعنی باشد کا مخفف (۵) اس کپڑے کا نام جو اونی کپڑوں کو اور کاغذوں کو لگ جاتا ہے (۶) بے فائدہ (۸) بیہودہ۔
بید (ع)، علاوہ۔ بغیر (۲) ہلاک کرنا۔
بید (ع)، بیدا کی جمع۔ بیابان۔ جنگلات۔
بیدا (ع)، بیابان۔ جنگل۔
بیداد (ف)، ظلم ستم۔ جفا۔ جور (۲) ظالم ستمگر۔
بیداد (ف)، توران کے ایک شہر کا نام ہے جسے رستم نے فتح کیا تھا۔
بیداد پیشہ
بیدادگر } (ف)، ظالم۔ ستمگر۔ جفا جو۔
بیدار (ف)، جاگتا ہوا۔ ہوشیار۔ یہ لفظ بمعنی آگاہی اور آر کلمہ نسبت سے مرکب ہے۔ آگاہی رکھنے والا۔
بیدار باش (ف)، جاگ۔
بیدار بخت (ف)، خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
بیدار خاطر
بیدار دل } (ف)، ہوشیار۔ دانا۔ عاقل۔
بیدار خوابی (ف)، جاگنے اور سونے کے درمیان کی حالت۔
بیدار دولت (ف)، خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
بیدار شدن (ف)، بیدار ہونا۔
بیدار مغز
بیدار ہوش } (ف)، ہوشیار۔ دانا۔ عاقل۔
بیداشت (ف)، غافل۔ بے پروا۔ بے خبر۔
بید انجیر (ف)، ارنڈ کا درخت۔

Marfat.com

بیدانہ (ع)، وحشی گدھی (۲)، وحشی گدھا کا مادہ بچہ۔
بیدبَرگ (ف)، ایک قسم کا پیکان جو بید کے پتے کی مانند ہوتا ہے۔
بیدخَام (ف)، عود خام۔
بیدرمال (ف)، ناقابل علاج۔
بیدرنگ (ف)، بلا تامّل - فوراً۔
بے دست و پا (ف)، بے سہارا (۲)، پریشان (۳)، سراسیمہ۔
بے دست و پا شُدن (ف)، بدحواس ہونا - حواس باختہ ہونا۔ سراسیمہ ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) عاجز ہونا (۴) کام کا نہ رہنا۔
بیدخوردن (ف)، ریشمی یا اُونی کپڑوں کو برسات کے موسم میں جو کیڑا لگ جاتا ہے۔
بیدَستر (ف)، سگ آبی - اُود بلاؤ - لُدّر۔
بیدطبری (ف)، بید کی ایک قسم - بید مجنون اور بید مشک کو بھی کہتے ہیں۔
بیدق (ف)، شطرنج کا ایک مہرہ - پیادہ۔
بیدق سیم (ف)، ستارہ۔
بیدل (ف)، نا اُمید (۲)، عاشق (۳)، دیوانہ (۴) بُزدِل - نامرد۔
بیدلا (ف)، لغو - بے ربط - بے معنی اور پریشان باتیں۔
بے دماغ (ف)، جلا بُھنا - غُصّہ میں (۲) غمگین۔
بے دماغی (ف)، غصّہ ضبط کرنے کے بعد جو بے التفاتی پیدا ہوتی ہے یا طبیعت رُندھی رہتی ہے۔
بیدمال (ف)، تلوار یا آئینہ سے بید یا کسی دُوسری لکڑی سے زنگ صاف کرنا۔
بیدمجنون (ف)، ایک قسم کا درخت جس کے پتے باریک اور شاخیں نازک ہوتی ہیں۔
بیدمُشک / بیدموشس (ف)، بید کی ایک قسم جس کے پھُول سبزی و سیاہی مائل زرد ہوتے ہیں - اور موسم بہار میں پتے نکلنے سے پہلے کھِلتے ہیں - جو نہایت خوشبودار ہوتے ہیں - انہیں کا عرق، عرق بید مشک کہلاتا ہے جو بہت مفرّح اور سرد ہوتا ہے۔
بے دَولت (ف)، بدقسمت - بدنصیب (۲)، بدوضع - نالائق۔
بے دَہن (ف)، وہ شخص جو بات نہ کر سکے۔
بے دیدہ (ف)، اندھا۔
بے دین (ف - ع)، لامذہب۔
بیذار (ع)، بہت بولنے والا (۲)، راز افشا کرنے والا۔
بے ذوق (ف - ع)، بے سلیقہ۔
بیئر (ع)، چاہ - کنواں۔
بِیَر (ف)، سونے کا سامان - مثلاً رضائی - نہالی - توشک وغیرہ بستر - بچھونا (۲)، طوفان (۳)، صاعقہ۔
بیَرار (ف)، سینگ - حیوان کی شاخ۔
بیَران (ف)، ویران - اُجاڑ۔

بیراہ (ف)، کٹھن راستہ (۲)، اجنبی راستہ - گُمراہ (۳)، ناشائستہ کام - (۴)، نالائق آدمی۔
بے ربط (ف)، غیر منتظم - بے جوڑ۔
بے رحم (ف - ع)، سنگدل - ظالم۔
بیرزد / بیرزہ / بیرزی (ف)، ایک قسم کا گوند جو مصطگی کے مشابہ ہوتا ہے - تاثیر اس کی گرم و خشک ہے - نقرس وغیرہ امراض میں دیا جاتا ہے۔
بے رَشک (ف)، جو حسد نہ رکھتا ہو۔
بَیرَق (ع)، جھنڈا - علم - وہ کپڑا جو علم اور نیزہ پر لگایا جاتا ہے۔
بَیرَق ہائے شیر و خورشید زدہ بُوَدند (ف)، شیر و خورشید کی جھنڈیاں لگائے ہوئے تھے - شیر اور خورشید ایرانی بادشاہت کا نشان ہے۔
بے رَگ (ف)، بے غیرت - بے حمیّت - بے عزّت - بے ناموس۔
بَیرَم (ت)، جشن - عید۔
بَیرَم (ف)، ایک لطیف اور نازک سوتی کپڑا (۲) برما جس سے چھید کرتے ہیں۔
بَیرَم خاں (ف)، خان بابا - اکبر کے اتالیق کا نام جو نہایت منتظم شخص تھا - اکبر اسے خان بابا کہتا تھا - اسی کے حُسنِ تدبیر سے ہندوستان میں سلطنت مغلیہ دوبارہ قائم ہوئی - اوّل جب ہمایوں ۹۶۱ھ میں شاہِ ایران سے امداد لے کر ہندوستان پر حملہ آور ہوا اور دُوسری بار جب ۹۶۲ھ میں ہیمو نے چڑھائی کی اور پانی پت کے میدان میں معرکہ ہوا - افسوس ایسے وفادار اور باتدبیر وزیر اور سپہ سالار کا انجام اکبر کی بے تدبیری سے اچھا نہ ہوا - اور ۹۶۸ھ میں پٹن گجرات میں ایک افغان کے ہاتھ سے وفات پائی۔
بے رنگ (ف)، عمارت کی تیاری سے پہلے جو نقشہ تیار کیا جاتا ہے (۲)، تصویر کا خاکہ (۳)، بے رونق (۴)، عالم وحدت۔
بے رنگی (ف)، وحدت کا مرتبہ - خدا کی بے ہمتائی۔
بے رُو (ف)، بے مروّت - شوخ (۲)، روپے پیسے رکھنے کا بٹوا - تھیلی۔
بیرُوز (ف)، ایک سبز رنگ پتھر کا نام۔
بے روزی (ف)، فقیر - محتاج۔
بے رُوزگار (ف)، نکمّا آدمی - جس کا کوئی شغل و کسب نہ ہو۔
بیرُوں (ف)، باہر۔
بیرون آمدن (ف)، نکلنا - باہر آنا (۲)، نافرمان ہونا - اطاعت و فرماں برداری سے نکل جانا۔
بیرون آوردن (ف)، کسی چیز کو باہر لانا۔
بیرُون سرا (ف)، وہ سکّہ جو ٹکسال کے سوا کسی اور جگہ بنایا جائے۔
بیرون شُدن (ف)، باہر جانا - خارج ہونا۔
بیرون کردن (ف)، باہر کرنا - نکالنا۔

Marfat.com

بے رُوئی (ف)، بے مروّتی - بے توجہی (۲) بے رونقی -
بیژہ بَرداشتن (ف)، کسی مہم کا ذمّہ اُٹھانا - بحث - ارادہ کرنا - بیڑا اُٹھانا -
بیرہ زن (ف)، مٹی کا توا -
بیری (ف)، بچھانے اوڑھنے کے کپڑے - بستر - بچھونا -
بے ریا (ف)، صاف باطن - دکھلاوے بغیر - بلا تصنع - صاف صاف -
بے ریائی (ف)، صاف باطنی -
بے ریش (ف)، وہ لڑکا جس کے ابھی داڑھی نہ آئی ہو -
بیزار (ف)، غمگین - ملول - ناخوش -
بیژن }
بیژن } (ف)، گیو کے بیٹے اور رستم کے بھانجے کا نام جو افراسیاب کی بیٹی منیژہ پر عاشق ہونے کے سبب کنوئیں میں قید کیا گیا تھا - جہاں اس نے بڑی بڑی مصیبتیں جھیلیں - آخر رستم وہاں پہنچا - اور اسے کنوئیں سے نکال کر افراسیاب کی قید سے رہائی دلائی -
بے زوال (ف)، ہمیشہ رہنے والا (۲) قائم - ہمیشہ -
بیژہ (ف)، خالص - بے آمیزش - جس میں کھوٹ یا ملاوٹ نہ ہو -
بے ساختہ (ف)، بے تصنع - بے تکلف - برجستہ - بے ارادہ - فی البدیہہ - بے تامّل -
بے سامانی (ف)، پریشان حالی - بے سروسامانی -
بیست (ف)، بیس - عــہ - ۲۰ -
بیست (ف)، بیائے مجہول، بالیست کا مخفف - کھڑا رہ - کھڑا ہو - توقف کر -
بیستگانی (ف)، سپاہیوں اور ملازموں کی تنخواہ -
بیستم (ف)، بیسواں -
بے ستون (ف)، آسمان -
بے ستون (ف)، ایران کے ایک مشہور پہاڑ کا نام جسے فرہاد نے شیریں کے واسطے جوئے شیر لانے کے لیے کاٹا تھا -
بے سخن (ف)، بیشک - بے شبہ - بے قیل و قال (۲) وہ چیز جس میں ذرہ بھر عیب اور خلاف نہ ہو -
بے سروپا (ف)، تباہ - برباد - کم بخت - ہر شے سے محروم -
بے سروپائی (ف)، آوارگی - تباہ حالی - بربادی - بے سامانی - تباہی -
بے سروتہ (ف)، ناقص - بے معنی - لغو -
بے سرودل (ف)، لاپروا - بے پروا -
بے سروزبان (ف)، باحیا - خاموش طبع - محجوب -
بے سکون (ف)، وہ شخص جو شوخی کے باعث کہیں قرار نہ پکڑے - شوخ - چلبلا -
بے سکہ (ف)، جس پر سکہ نہ لگا ہو (۲) بے اعتبار - بے قدر - حقیر - ہلکا -
بیسلک - مفرش - شاہی خواب گاہ -

بیس المصیر (ع)، بازگشت کی بری جگہ (۲) دوزخ -
بے سواد (ف)، ان پڑھ -
بے سوادی کوراست (ف)، جہالت تاریکی ہے -
بے سیرت (ف)، بے آبرو -
بے سیرتی (ف)، بے غیرتی - بے عزتی - بے ناموسی - ننگاپن -
بیش (ف)، زیادہ (۲) زیادتی - کثرت -
بیش ازیں چہ کشاید }
بیش ازیں چہ کُند } (ف)، اس سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے -
بے شائبہ (ف)، بے شبہ - بے شک -
بے شرم (ف)، بے حیا -
بیش فروش (ف)، تھوک فروش -
بے شمار (ف)، بے تعداد - ان گنت -
بیشہ (ف)، جنگل (۲) شیر کے رہنے کی جگہ - بن نیستان - اجمہ -
بیشی (ف)، کثرت - زیادتی - بہتات -
بَیص (ع)، تنگی و سختی -
بے صدا (ف)، خاموش -
بے صرفہ (ف)، احمق -
بے صرفہ گو (ف)، یاوہ گو - واہی تباہی بکنے والا -
بے صفت (ف)، نمک حرام -
بُیُض (ع)، بیضہ کی جمع - انڈے -
بِیض (ع)، بیضا کی جمع (۲) سفید رنگ عورتیں (۳) سفید مؤنث چیزیں (۴) چاندنی راتیں - تیرھویں چودھویں اور پندرھویں راتیں ہر مہینہ کی -
بَیضا (ع)، روشن (۲) سورج (۳) سفید رنگ عورت (۴) گندم (۵) مصیبت - بلا (۶) ویران زمین (۷) دام صیاد - (۸) دیگ -
بَیضا (ع)، ایران کے ایک شہر کا نام -
بے ضابطہ (ف)، ضابطہ کے خلاف - قاعدہ، قانون یا رسم کے برخلاف -
بَیضوی (ع)، انڈے کی شکل کی مانند گول -
بَیضہ (ع)، انڈا - تخم مرغ (۲) آہنی خود -
بیضۂ آتشین (ف)، سورج - آفتاب -
بَیضۂ اسلام (ع)، دائرہ اسلام - اسلامی حلقہ -
بَیضہ افگندن }
بَیضہ انداختن } (ف)، ڈرنا - خوف کھانا -
بیضۂ چرخ (ف)، سورج - آفتاب -
بَیضۂ خاکی (ع)، زمین -
بیضہ در سر افسر کسے شکستن }
بیضہ در سر کسے شکستن }
بیضہ در کلاہ کسے شکستن } (ف)، مغلوب کرنا - (۲) ذلیل کرنا - رسوا کرنا -

Marfat.com

بنفشۂ زر / بنفشۂ زری / بنفشۂ زریں / بنفشۂ صبح } (ف) سورج - آفتاب -
بنفشۂ کافور (ع) برف - برخ -
بنفشۂ مجلس (ع) مجلس کا دائرہ - مجلس کا حلقہ -
بنفشہ ہائے زر / بنفشہ ہائے زری / بنفشہ ہائے زریں } (ف) ستارے -
بیطار (ع) سلوتری - حیوانات کا معالج - مویشیوں اور چارپایوں کا معالج - گھوڑوں وغیرہ کا معالج -
بے طاقت (ف) ناطاقت - کمزور - تکلیف نہ سہار سکنے والا -
بیطر (ع) بیطار - سلوتری - چوپایوں کا معالج - حیوانوں کا ڈاکٹر -
بے طراوت (ف) کملایا ہوا - مرجھایا ہوا - پژمردہ (۲) خشک - سوکھا ہوا -
بے طرف (ف) غیر جانب دار -
بیع (ع) بیچنا (۲) خریدنا (لغات اضداد میں سے ہے)
بِیَع (ع) عیسائیوں کے عبادت خانے - مدرسے -
بے عار (ف) بے حیا - بے شرم -
بیعت (ع) فرمانبرداری کرنا (۲) عہد و پیمان کرنا (۳) متابعت کرنا - مرید ہونا - چیلہ بننا (۴) فارسی والے مطلق عہد و پیمان اور موافقت و سازش کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں -
بیعت کردن (ف) کسی مذہبی پیشوا کا مرید بنانا
بیع زدن (ف) مول لینا - خریداری کرنا -
بیع و شرا (ع) خرید و فروخت -
بے عاطفہ (ف - ع) بداخلاق - بے احساس -
بے علاقہ (ف - ع) بے تعلق -
بیغا (ف) طوطی - توتا -
بیغار / بیغارہ } (ف) سرزنش - طعنہ -
بیغال (ف) نیزہ - رمح -
بے غایت (ف) بے انتہا - بے نہایت -
بے غل و غش (ف) بے کھوٹ - بغیر ملاوٹ کے (۲) بیشک بے شبہ -
بے غم (ف) جسے غم نہ ہو - بے فکر -
بے فکر (ف) بے غم - بے اندیشہ - جسے فکر نہ ہو -
بیقر (ع) جولاہا - نورباف -
بے قرار سخن گفتن (ف) بے سوچے سمجھے بات کہنا -
بے قرین (ف) بے نظیر - بے ہمتا - بے مثل - بے مانند -
بے قرینگی (ف) یکتائی - بے نظیری - لاثانی پن -
بے قرینہ (ف) لاثانی - بے عدیل - بے مثل -
بے قیل (ف) بے گفتگو -

بے قیل و قال (ف) بے شک - بے شبہ -
بے کاخ کردن (ف) ویران کرنا - تباہ کرنا -
بیکار (ف) بے پیشہ - بے روزگار - جس کو کوئی کام نہ ہو -
بیک بستر خفتن (ف) نہایت بے تکلف اور بے حجاب ہونا -
بیک پرکار گذاشتن (ف) ایک ہی اندازہ پر چھوڑنا -
بیک پیالہ مست بودن (ف) کم ظرف ہونا -
بیک چشم دیدن (ف) ایک آنکھ سے دیکھنا - مساوی دیکھنا - مختلف چیزوں میں فرق نہ کرنا -
بیک دست دو ہندوانہ بردن (ف) دو مشکل اور اہم کاموں کو بیک وقت سرانجام دینے کی کوشش کرنا -
بیک دندانہ (ف) ایک ہی طریق پر - ہموار - مناسب - صحیح - یکساں -
بیکراں (ف) بے پایاں - بے نہایت - بے انتہا -
بے کردار (ف) بے وفا - نمک حرام -
بیک سخن بستن (ف) کسی کو ایک ہی بات میں لاجواب کر دینا اور ملزم ٹھہرانا -
بے کفش گریختن (ف) نہایت تیز بھاگنا -
بیک قلم (ف) تمام - سب کا سب -
بے کم و کاست (ف) کمی بیشی کے بغیر - ٹھیک ٹھیک - درست - بجا -
بیک نظر دیدن / بیک نگاہ دیدن } (ف) ایک نظر سے دیکھنا - مساوی جاننا - دو مختلف چیزوں میں فرق نہ کرنا -
بے کوئی (ف) غریبی - مفلسی اور مسافری -
بیگ (ف) امیر - صاحب (۲) ملک ایران میں ایک خطاب ہے -
بیگار (ف) کار بے اُجرت - بغیر اُجرت دینے کے کام لینا -
بیگاہ (ف) شام کا وقت - بے وقت - دیر -
بیگاہاں (ف) رات کا وقت -
بیگاہ و گاہ (ف) شام و صبح -
بیگ زادہ (ف) امیرزادہ -
بیگ زادہا (ف) امیرزادے - اولاد میرزا -
بیگلر بیگ (ف) سپہ سالار (۲) امیر الامراء -
بیگم (تیسرے حرف گ پر پیش) (ف) خاتون - امیر کی بیوی - عمدہ عورت - بیوی -
بیگہ (ف) بیگاہ کا مخفف - شام کا وقت (۲) بے وقت - دیر -
بیل (ف) کدال - پھاوڑا - لوہے کا وہ اوزار جس سے زمین کھودتے ہیں
بیل پاروشدن (ف) اُلٹا نقصان ہو جانا - لینے کے دینے پڑ جانا -
بیلچہ (ف) بیل کا تصغیر - چھوٹا کدال - چھوٹا پھاوڑا -
بیلدار / بیل زن } (ف) کدال - پھاوڑا یا بیلچہ سے زمین کھودنے والا - مالی - دہقان -
بیلک (ف) ایک قسم کا تیر جس کا پھل بیلچہ کی مانند چوڑا ہوتا ہے -

Marfat.com

بیل کش (ف) بیلدار - بیل زن - دہقان - کسان -
بیلوا (ف) دوا فروش -
بیلہ (ف) خربزہ (۲) قبالہ (۳) ٹاچو (۴) فرمان - ارشاد (۵) پہلو (۶) بادشاہ کا منشور -
بیم (ف) خوف - ڈر -
بیمار (ف) ، روگی - خستہ - ناتواں - مریض -
بیمارسال (ف) ، بیمار کی مانند - مثل بیمار -
بیمارستان (ف) شفاخانہ - ہسپتال -
بیمار طبع (ف) اکثر بیمار رہنے والا آدمی (۲) وہ شخص جس کی بیماری ناز و ادا سے ہو - مرجھایا ہوا -
بیمارگران (ف) بیمار جسے ضعف لاحق ہو -
بیماری (ف) ، مرض - روگ -
بیماریٔ رشتہ (ف) ، ناروے کی بیماری
بیماری واگیر (ف) ، چھوت کی بیماری -
بیماری ہمہ گیر (ف) ، وبائی مرض -
بے مانند (ف) ، بے نظیر - لاثانی -
بے مبالات (ف) ، بے پرواہ - لاابالی -
بے مثال (ف) ، لاثانی - بے مانند - بے مثل - بے نظیر -
بے محابا (ف) ، بے دھڑک - بے کھٹکے - بلا لحاظ - بے دریغ - بلامروت - اصل میں عربی مصدر محابات تھا - فارسی والوں نے دوسرے لفظوں مدارا وغیرہ کی مانند اس کی بھی ت اڑا دی ہے -
بے مر (ف) ، ان گنت - بے شمار - بے حد -
بے مروت (ف - ع) ، بدلحاظ - طوطا چشم (۲) بے درد - ظالم -
بے معول (ف) ، بھروسے کے ناقابل - بے اعتبار -
بے مغز (ف) ، بے سمجھ - بے وقوف (۲) کھوکھلا - بے طاقت -
بیمناک (ف) ، ڈرپوک - بزدل -
بیموری (ف) ، مہابت - ہیبت ناک - خوف ناک - ہاژعب - رعب و داب والا -
بے میلی (ف) ، بے دلی -
بیّن (ع) ، آشکارا - علانیہ - ظاہر -
بین (ع) ، درمیان (۲) وصل (۳) جدائی (۴) پیوستہ ہونا (۵) جدا ہونا - (لغات اضداد سے ہے) -
بین الملل (ع) ، بین الاقوامی - انٹرنیشنل -
بینا (ف) آنکھ - آنکھوں والا - دیکھنے والا (۲) عقلمند - صاحب بصیر
بیناب (ف) ، معائنہ (۲) وہ چیزیں جو مکاشفہ میں دیکھی جائیں -
بیّنات (ع) ، روشن کرنے والیاں (۲) روشن دلیلیں (۳) گواہان صادق -
بیناس } بیناسک } (ف) ، کھڑکی - دریچہ -
بین الاثنین (ع) ، دو آدمیوں کے درمیان -
بین الاصبعین (ع) ، دو انگلیوں کے درمیان
بین الحاجبین (ع) ، دو ابرو کے درمیان -

بین الدفتین (ع) کتاب کی جلد کے دونوں اطراف کے درمیان -
بین الطلوعین (ف) صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان کا وقت -
بینش (ف) ، دیکھنا - بینائی - دید -
بے نظیر (ف) ، بے مثل - بے مانند - لاثانی -
بے نماز (ف) ، حیض والی عورت -
بے نمازی (ف) ، حیض والی عورت -
بے نمکی (ف) ، بے مزگی - بے وفائی
بے نمکی کردن (ف) ، بے مزہ کرنا (۲) بے وفائی کرنا -
بے ننگ (ف) ، بے عیب (۲) بے وار (۳) بے وقار (۴) بے غیرت -
بینندہ (ف) ، بینا (۲) دانشمند - عاقبت اندیش - (۳) آنکھ
بینو (ف) ، دہی - جغرات - وہ دہی جس سے مکھن نہ نکالا گیا ہو -
بے نوا (ف) ، بے سامان - بے توشہ - مفلس - محتاج (۲) بے سامان - فقیر - جس کی کوئی آواز نہ ہو -
بینوائی (ف) ، بے سامانی - مفلسی - بے آوازی - فقیری -
بینوک (ف) ، دھوپ میں خشک کی ہوئی چھاچھ -
بینونت (ف) مفارقت - جدائی -
بیّنہ (ع) ، روشن دلیل - حجت واضح - کھلا ثبوت -
بینی (ف) ناک -
بے نیاز (ف) ، بے احتیاج - بے پروا (۲) دولت مند -
بے نیاز شدن (ف) کسی چیز یا حاجت سے بالاتر ہو جانا یا دولتمند ہو جانا -
بین یدی الاعلیٰ (ع) ، حضور کے سامنے
بینی زدن (ف) ، نہ ماننا - انکار کرنا -
بینی بر لو دار آمدن (ف) ، بے آس ہو جانا - ناامید و مایوس ہو جانا -
بینی کردن (ف) ، انکار کرنا - غرور کرنا -
بینی کوہ (ف) ، آگے کو نکلی ہوئی پہاڑ کی چوٹی
بینی گرفتن (ف) ، ناک صاف کرنا -
بیو (ف) ، دلہن - عروس -
بیو (ف) ، اونی کپڑے اور ریشم یا کاغذ کو لگ جانے والا کیڑا -
بیوارہ (ف) ، غریب - مسافر (۲) مفلس - بیکس (۳) تنہا (۴) بے قدر بے اعتبار -
بیواز } بیوازہ } (ف) ، شپرہ - چمگادڑ - خفاش -
بیوان (ف) ، پروانگی - اجازت -
بیو باریدن (ف) ، بغیر چبائے نگل جانا -
بیوتات (ع) ، بیت کی جمع الجمع - مکان - گھر -
بیوتت (ع) ، شب باش ہونا - رات گزارنا -
بے وجود (ع - ف) پست - حقیر - فرومایہ -
بیود (ع) ، ہلاک ہونا (۲) آفتاب کا غروب ہونا -
بیوراسپ (ف) ، دس ہزار گھوڑے کا مالک (۲) ضحاک کا لقب

Marfat.com

ہے کیونکہ وہ بادشاہی سے پہلے دس ہزار گھوڑوں کا مالک تھا۔
بیُوس (ف) خواہش ۔اُمید (۲) تواضع (۳) طمع (۴) چاپلوسی۔
بیوسیدن (ف) اُمید رکھنا ۔خواہش کرنا (۲) تواضع کرنا (۳) چاپلوسی کرنا۔
بیُوض (ع) بیضے یعنی انڈے دینے والی مُرغی۔
بیُوض (ع) بیضہ کی جمع ۔انڈے۔
بے وفائی کردن (ف) وعدہ پُورا نہ کرنا ۔خیانت کرنا۔
بیوگ (ف) دُلہن ۔ عروس۔
بیوگان (ف) بیوہ کی جمع۔
بیوگانی (ف) شادی۔ کتخدائی۔
بیوکندن (ف) پھینک دینا ۔ (۲) ڈال دینا۔
بیُون (ف) افیون ۔تریاک۔
بیوند (ف) عذر کرنا (۲) بے وفائی۔
بیوہ (ف) رانڈ (۲) اکیلا (۳) مسافر۔

بیہدہ (ف) باطل ۔ناحق۔
بیہش (ف) شیر۔ شجاع ۔ بہادر۔
بے ہمال (ع) بے ہمتا ۔لاثانی ۔بے نظیر۔
بے ہمتا (ف) بے مثل ۔بے نظیر۔
بیہن (د) ساہی ۔سہی ۔بڑا خارپشت ۔کانٹوں والا سیہ۔
بے ہنگام (ف) بے وقت ۔بے موقع۔
بے ہُودہ (ف) بے فائدہ ۔ناحق ۔ ہودہ بمعنی حق ۔اور بے حرف نفی ہے۔
بیہُودہ کار (ف) جو فضول کام کرے۔
بیہودہ گو (ف) یادہ گو۔
بیہوش دارو (ف) بے ہوشی کا دارو۔
بے یار (ف) بغیر یار کے ۔جس کا کوئی یار نہ ہو (۲) جو کسی سے مدد نہ چاہے (۳) بے نظیر ۔بے مانند ۔بے مثل۔

Marfat.com

# پ

پ - فارسی حروف تہجی کا تیسرا حرف - بحساب جمل اس کے اعداد بؔ کے برابر یعنی ۲ دو شمار کیے جاتے ہیں -

## پ - ا

**پا** (ف) پاؤں - قدم (۲) قدرت - قوت - طاقت (۳) بنیاد (۴) بیخ (۵) جماؤ - ٹھہراؤ - مضبوطی (۶) نیچے - تحت -

**پا آہو** (ف) چھ گوشہ خانہ (۲) شش پہلو گر (۳) کوہ نما عمارت (۴) گونیا -

**پا از جائے بریدن** - کسی جگہ کی آمد و رفت ترک کر دینا - کسی جگہ کا آنا جانا بند کر دینا -

**پا از حد بُروں بُردن** (ف) اندازہ سے باہر قدم رکھنا (۲) حد سے باہر ہونا - حد سے گزرنا -

**پا از سر ندانستن** (ف) سر پیر کی خبر نہ رہنا - بے اوسانی ہونا - حواس باختہ ہونا -

**پا از شادی بر زمین نرسیدن** (ف) خوشی سے زمین پر پاؤں نہ رکھنا - نہایت خوش ہونا -

**پا اَفزار** (ف) پاپوش - جوتا - کفش -

**پا اَنداز** (ف) وہ ٹاٹ وغیرہ جو دروازہ میں پاؤں یا جوتا صاف کرنے کے لیے بچھاتے ہیں -

**پا اَورنجن** (ف) پازیب - خلخال -

**پا اوزار** (ف) جوتے - کفش -

**پاپ** }
**پاپا** } (ف) عیسائیوں کا مذہبی حاکم - دین مسیحی کا خلیفہ -

**پا باز کردن** (ف) چھوٹے بچے کا چلنا سیکھنا -

**پا بالا کردن** }
**پا بالا گذاشتن** } (ف) دوڑنا - بھاگنا - دوڑ کر چلنا -
**پا بالا نہادن** }

**پا بپا** (ف) قدم بقدم - برابر - ہمراہ -

**پا بپا بُردن** (ف) کسی کا ہاتھ پکڑنا اور اس کو اپنے ہمراہ راستہ پر لانا -

**پا بجولان** (ف) پاؤں میں بیڑی کیا ہوا - اسیر - مجبور -

**پا بحساب نہادن** (ف) احتیاط سے قدم رکھنا - نہایت احتیاط کرنا پھونک پھونک کر قدم رکھنا -

**پا بداماں کشیدن** (ف) گوشہ نشینی اختیار کرنا - صبر کرنا - قناعت کرنا -

**پا برجا** (ف) ثابت (۲) ثابت قدم (۳) محکم (۴) دائم - ہمیشہ - باقی -

**پا برچین** (ف) آہستہ قدم اُٹھانا کہ چاپ کی آواز نہ سُنی جا سکے -

**پا برچین رفتن** (ف) آہستہ چلنا کہ آواز پیدا نہ ہو -

**پا برخش آوردن** (ف) گھوڑے پر سوار ہونا -

**پا برداشتن** (ف) بھاگنا -

**پا بر زمین فشردن** (ف) زمین پر پاؤں جمانا - ثابت قدم ہونا - مستقل مزاج ہونا -

**پا بر کاب** (ف) جانے کو تیار - وہ شخص جو جانے کو تیار ہو -

**پا برنجن** (ف) پازیب - خلخال -

**پا بر نہ** (ف) بچھڑا وہ جس پر تمام سال گزر گیا ہو (۲) ننگے پاؤں -

**پا بر تخت** (ف) بیاہ کے قابل جوان -

**پا بزنجیر** (ف) پاؤں میں بیڑی - اسیر - قیدی - مجبور - (۲) محتاج -

Marfat.com

پابست (ف) اُفتاد - بند (۲) گرفتار - مقید (۳) محکم۔
پالنگ آمدن (ف) ٹھوکر کھانا (۲) خوف وخطر پیش آنا۔
پا بقدر گلیم دراز کردن (ف) جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پسارنا - اپنی استعداد اور حیثیت کے موافق کام کرنا۔
پا بگنج فرو رفتن (ف) دولت مند ہونا۔
پا بلند (ف) وہ جانور جس کے لمبے پاؤں ہوں مثلاً شتر مرغ وغیرہ۔
پا بلند کردن (ف) دوڑنا - بھاگنا (۲) رضامند نہ ہونا (۳) مقید ہونا۔
پا بند (ف) لغوی معنی گھوڑے کی پچھاڑی - اصطلاحاً (۱) مقید (۳) عادی - خوگر (۴) لازم (۵) تحت - محکوم - مطیع (۶) گرفتار (۷) رکا ہوا (۸) ٹھہرا ہوا (۹) قائم (۱۰) مستقل (۱۱) مضبوط (۱۲) بندھا ہوا - زنجیر۔
پابندی (ف) روک تھام (۲) قید (۳) بندش (۴) مناہی (۵) غلامی (۶) نوکری (۷) متابعت - فرمانبرداری (۸) گرفتاری (۹) جولان - بیڑی - (۱۰) مضبوطی - استحکام (۱۱) قیام (۱۲) عادت - خو (۱۳) دھیان - خیال۔
پابوس (ف) پاؤں چومنے والا (۲) پیر چومنا۔
پابوسی (ف) پیر چومنا (۲) قدم بوس ہونا (۳) جھکنا (۴) بڑوں کی ملاقات۔
پابوک (ف) کفش - پاپوش - جوتا۔
پا بہ جولان (ف) پاؤں میں بیڑی ڈالا ہوا - اسیر - مجبور۔
پاپ / پاپا / پایا (ف) عیسائیوں کا مذہبی حاکم - دین مسیحی کا خلیفہ۔
پاپاخ (ف) چمڑے کی ایک بڑی ٹوپی۔
پاپاسی (ف) چھوٹی رقم - تھوڑے پیسے۔
پاپتر (ف) نشیب و فراز - اونچی نیچی جگہ - ناہموار زمین (۲) پرانی مٹی (۳) نرم مٹی - گارا۔
پاپتی (ف) پابرہنہ - ننگا۔
پاپس آوردن (ف) چھوڑ دینا - ترک کرنا۔
پاپس کشیدن (ف) پاؤں پیچھے کھینچنا - باز آجانا
پاپوش (ف) پیزار - جوتا - کفش۔
پاپشت (ف) پار - تخت۔
پاتابہ / پاتاوہ (ف) کپڑے یا چمڑے کی پٹی جو پنڈلیوں پر باندھی جاتی ہے - پتاوہ۔
پاتراس (ف) بدی کی سزا - کیفر کردار۔
پاتختہ (ف) پاافشار - وہ دو تختیاں جنہیں جولاہے باری باری پاؤں سے دبا کر کپڑا بُنتے ہیں۔
پاتختی (ف) شادی کے بعد کی ایک تقریب جس میں دلہن کو کرسی پر بٹھاتے ہیں اور دلہن اور دولہا کے عزیز اس کو تحفے دیتے ہیں۔
پاتر (ف) رقاصہ - گانے والی۔
پات شاہ (ف) بادشاہ - تخت کا مالک۔

پاتکیہ (ف) سوتے وقت پاؤں کے نیچے رکھنے والا تکیہ۔
پاتلہ (ف) پاتیلہ کا مخفف - کڑاہی - تانبے کی کڑاہی (۲) کھلے منہ کا دیگچہ۔
پاتو (ف) غلہ رکھنے کے لیے مٹی کا بنا یا ہوا الماری کی شکل کا بڑا سا صندوق - پنجابی بھڑولا - (۲) عطارد کی منزل یعنی برج جوزا وسنبلہ (۳) یا مریخ کی منزل یعنی برج حمل و عقرب
پا توئے کفش کسے کردن - کسی کی برابری کرنا۔
پاتیمار (ف) شتابی - جلدی۔
پاتینی (ف) چھاج - جس سے دانے صاف کرتے ہیں۔
پاجامہ (ف) زیر جامہ - شلوار - ازار
پاجی (ف) کمینہ - سفلہ - نالائق - رذیل (۲) شریر - بدمعاش (۳) ذلیل - حقیر - شہدہ۔
پاجی پرست (ف) سفلہ پرور - کمینوں کا مددگار - رذیلوں کا حامی (۲) بدمعاشوں کا ساتھی (۳) پاجیوں کی خوشامد کرنے والا۔
پاچال / پاچاہ - پاچاہہ (ف) جولاہے کے پاؤں لٹکانے کا گڑھا - کرگہ کھڈی۔
پاچایہ (ف) پیشاب (۲) پاخانہ۔
پاچلا (ف) دیکھو پاچال۔
پاچناری (ف) کمینہ - سفلہ - خدمت گار۔
پاچنامہ (ف) لقب - وہ نام جس سے کوئی خوبی یا عیب ظاہر ہو (۲) کفو - ہمسر۔
پاچنگ (ف) جوتا (۲) دریچہ۔
پاچہ (ف) پا کی تصغیر (۲) بکری بھیڑ کے پائے جو پکا کر کھاتے ہیں (۳) پاجامہ کا پائنچہ۔
پاچہ در مالیدن (ف) شلوار گھٹنوں تک اٹھا کر کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا۔
پاچہ در مالیدہ (ف) ٹھگ - لٹیرا - دھوکے باز - فریبی - مکار۔
پاچیلہ (ف) دیکھو پاچلہ۔
پاخانہ (ف) جائے ضرور - ٹٹی - (۲) براز - گوہ (۳) چرکین (۴) گندگی - فضلہ۔
پاخرہ (ف) وہ نشست جو دروازہ کے باہر دونوں طرف سٹول کی مانند بیٹھنے کے لیے بناتے ہیں۔
پاخوردن (ف) فریب کھانا۔
پاخیرہ (ف) دیوار کا سب سے نیچے کا ردہ۔
پاد (ف) تخت (۲) دوام - ثبات (۳) حفاظت (۴) پاس (۵) پاسبانی - نگہبانی (۶) سامان (۷) عمدہ (۸) بزرگ۔
پادادن (ف) پاؤں پر کھڑے ہونا - واقع ہونا۔
پادار (ف) برقرار - ہمیشہ - باقی (۲) تیز رو گھوڑا۔
پاداش / پاداشت / پاداشن (ف) بدلہ - عوض - جزا - بدی کا بدلہ - نیکی کا بدلہ۔

Marfat.com

پادام (ف) گھوڑے کی دُم کے بالوں کا دام۔
پا دراز کردن (ف) لیٹنا۔ ستانا۔
پا دراز کشیدن (ف) لیٹنا (۲) دعوے کرنا۔
پا در رکاب (ف) آمادہ سفر۔ سفر کو تیار۔ جانے کے لیے آمادہ۔
پا در کفش کسے کردن (ف) کسی کی باتوں یا معاملات میں ٹانگ اڑانا۔
پا در گل (ف) گرفتار۔ مقید (۳) حیران (۴) متحیر۔
پا زہر (ف) زہر مہرہ۔ فاد زہر۔ زہر کے اثر کو مٹانے والی دوا تریاق۔
پا دشت (ف) اُدھار (۲) کوئی چیز قرض پر لینا۔ اُدھار لینا۔
پادش (ف) عوض۔ بدلہ۔ جزا۔ نیکی یا بدی کا بدلہ۔
پادشاہ (ف) پاد بمعنی تخت اور شاہ بمعنی مالک سے مرکب ہے۔ تخت کا مالک۔ ملک کا مالک۔
پادشاہانہ (ف) شاہانہ۔ بادشاہوں کے لائق۔
پادشاہِ چین، پادشاہِ ختن (ف) سُورج۔ آفتاب۔
پادشاہ زادہ (ف) بادشاہ کا بیٹا۔ شہزادہ۔
پادشاہ سلامت (ف) القابِ دُعائیہ۔ بادشاہ زندہ رہے۔
پادشاہ گردش، پادشاہ گردی (ف) وہ زمانہ جس میں سلطنت ایک بادشاہ سے منتقل ہو کر دوسرے بادشاہ کو ملے۔ لیکن ابھی تک نئے بادشاہ کا رسوخ قائم نہ ہوا ہو۔
پادُکان (ف) قلیل الاستطاعت اور فرومایہ شخص جو کسی دکان کے سامنے بیٹھ کر اس کی مدد سے تجارت کرے (۲) دلال۔
پادکانہ (ف) ہوا کا راستہ۔ کھڑکی۔ دریچہ۔
پادُکانی (ف) دیکھو پادُکان۔
پادگان (ف) سپاہیوں کا وہ گروہ جو ایک محل میں ٹھہرا ہوا ہو اور اس کی نگہبانی پر مامور ہو۔
پادگانہ (ف) بام۔ پنجرہ۔ دریچہ۔
پادنگ، پادنگہ (ف) چاول کوٹنے کی ڈھینکلی۔ جندر۔
پادو (ف) کسی سوار کے ساتھ پیدل دوڑنے والا۔
پادوسپان (ف) عادل نوشیروان بادشاہ کے عہد میں چار سرداروں کا لقب۔
پادہ (ف) گائے اور گدھے کا گلہ (۲) چراگاہ۔
پادہ بان (ف) گلہ بان۔ چرواہا۔ پاسبان۔
پادہ سنگ (ف) مٹی کا پیالہ
پادیاب، پادیاو (ف) دُعا پڑھ کر پاک کرنا۔ دُعا پڑھ کر دھونا۔
پادیر، پازیر (ف) وہ لکڑی جو شکستہ دیوار کی حفاظت کے لیے اس کی پشت پر لگا دیتے ہیں کہ گر نہ پڑے۔
پار (ف) سالِ گزشتہ۔ پچھلا برس (۲) پارہ کا مخفف۔ ٹکڑا۔
پارار (ف) سالِ پیوستہ۔ گزرا ہوا تیسرا برس۔
پاراشوٹ (ف) پیراشوٹ جس کے ذریعہ ہوائی جہاز سے نیچے کودتے ہیں۔

پاراف کردن (ف) مختصر دستخط کرنا۔
پارچہ (ف) کپڑا۔
پارچہ باف (ف) کپڑا بننے والا۔ جولاہا۔
پارچہ بافی (ف) کپڑا بننے کا فن۔ جولاہاپن۔ نوربافی۔
پارچہ مقتول (ف۔ ع) چاندی سونے کی تاروں کا کپڑا۔
پاردُم (ف) زین کی دُمچی۔ ساخت۔
پاردُم سائیدہ (ف) سیاہ کار۔ سخت گنہگار۔
پارس (ف) ملک ایران۔ فارس۔ اس ملک کا یہ نام پارس بن پہلوان سام بن نوح کے نام پر رکھا گیا۔
پارس (ف) ایک پتھر کا نام جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے (۲) اکسیر (۳) غیر فانی (۴) مضبوط (۵) فیاض۔ سخی۔ داتا۔
پارس کردن (ف) بھونکنا۔ فریاد کرنا۔
پارسا (ف) گناہ سے بچنے والا۔ متقی۔ پرہیزگار۔ صالح۔ نیک پاک (۲) پارسی جس کی جمع پارسیاں ہے۔
پارسال (ف) پچھلے سال۔ گئے برس۔ گزشتہ سال۔ سالِ گزشتہ۔ پرسے سال۔
پارسائی (ف) پرہیزگاری یا گناہ سے بچنا۔
پارسہ (ف) گدائی۔ فقیری۔
پارسی (ف) منسوب بہ پارس۔ فارسی زبان (۲) فارس کا رہنے والا۔ (۳) آتش پرست۔
پارسیاں (ف) پارسی کی جمع۔ باشندگانِ فارس (۲) آتش پرست۔
پارک (انگ) پبلک گارڈن۔ عوامی باغ۔
پارکابی (ف) پا بمعنی ذلیل اور رکابی بمعنی مقدار سے مرکب ہے۔ تھوڑا سا۔ قلیل المقدار۔
پارگی (ف) فاحشہ ہونا (۲) پھٹا پرانا ہونا (۳) چہ بچہ جس میں گھر کا گندہ پانی جمع ہو۔
پارنج (ف) صلہ (۲) انعام۔ اُجرت (۳) شاعر کا انعام (۴) مُطرب کا انعام (۵) قاصد کی اُجرت۔
پارنجن (ف) پازیب۔ خلخال۔
پارُد، پارُدب (ف) بڑھیا (۲) برف یا گوبر وغیرہ اکٹھا کرنے کا لکڑی کا پھاوڑا۔
پارو زدن، پارو کشیدن چپو چلانا۔
پارہ (ف) ٹکڑا۔ ریزہ۔ حصہ۔ قطعہ (۲) رشوت (۳) تحفہ۔ تبرک۔ نذرانہ۔ (۴) لوہے کا گرز (۵) بغداد کے ایک سکے کا نام (۶) مٹھائی کی ایک قسم یعنی شکرپارہ (۷) پے داز (۸) بکر کی ضد یعنی وہ لڑکی جو کنواری نہ ہو اور اس کی بکارت زائل ہو چکی ہو (۹) ایک دھات کا نام۔
پارہ پارہ کردن (ف) چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ تکہ بوٹی کرنا۔
پارۂ تن (ف) بدن کا ٹکڑا۔ نہایت قریبی رشتہ دار۔

Marfat.com

پارہ خوار (ف) رشوت خوار۔ مرتشی۔
پارہ دوز (ف) ۱) پھٹے پرانے کپڑے سینے والا ۲) وہ شخص جو خیمہ کو سیتا اور اسے پیوند لگاتا ہے۔ خیمہ دوز ۳) کترن کو سینے والا۔ پیوند لگانے والا ۴) درزی۔ ۵) موچی۔
پارۂ زرد (ف) وہ زرد رنگ کپڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا جسے یہودی کپڑے کے کندھے پر اس لیے سی لیتے ہیں کہ مسلمانوں سے ممتاز رہیں۔
پارہ کار (ف) ۱) شوخ معشوق۔ چلبلا معشوق ۲) شوخ ۳) کچا۔
پاریا / پارياب / پاریاو (ف) سیلاب۔ وہ زمین جو دریا یا نہر کے پانی سے سیراب ہو۔
پاریدن (ف) ۱) اڑنا۔ پرواز کرنا ۲) پھٹنا۔ ٹکڑے ہونا۔
پارین (ف) دیکھو پارینہ۔
پارینہ سنگی (ف) پتھر کا زمانہ۔
پارینہ (ف) قدیم۔ پرانا ۲) وہ چیز جس پر پورا سال گزر چکا ہو۔
پاز (ف) لطیف۔ نازک ۲) خالص۔ بلا ملاوٹ۔
پازاج (ف) دایہ۔ انا۔ دودھ پلانے والی۔
پازار (ف) کسانوں کے پہننے کا ایک قسم کا جوتا۔
پازدن (ف) ترک کرنا۔ ٹھکرانا۔
پازن (ف) ۱) پاؤں مارنا ۲) رقاصہ۔ ناچنے والی عورت۔ پاتر ۳) پہاڑی بکرا۔
پازند (ف) زند یعنی زردشت کی کتاب کی تفسیر و ترجمہ۔
پازدم (ف) طعام۔ کھانا۔ غذا۔
پازہر (ف) پادزہر کا مخفف۔ زہر مہرہ۔ تریاق۔
پازیب (ف) پاؤں کی زینت۔ خلخال۔
پازیر (ف) وہ ستون جو چھت میں نقص ہو جانے کے باعث اس کے نیچے رکھا گیا ہو۔
پازخ (ف) گریہ وزاری۔ نالہ و فریاد۔ رونا۔ ۲) نالش۔
پاژند (ف) دست پناہ۔ چمٹا۔
پاژنگ (ف) دریچہ ۲) جوتا۔
پاس (ف) تین گھنٹے کا عرصہ۔ پہر ۲) وقت ۳) واسطے۔ لیے۔ ۴) خیال ۵) لحاظ۔ ادب ۶) محافظت۔ نگہبانی ۷) جانبداری۔ طرف داری ۸) پہرہ۔ چوکی ۹) اجازت کا پروانہ۔ راہداری ۱۰) منظوری کی چٹھی۔
پاساد (ف) اپنے آپ کو برے اعمال اور فعل کو اس سے محفوظ رکھنا۔
پاسار (ف) لگد۔ لات ۲) لات مارنا۔
پاسبان (ف) نگہبان۔ محافظ۔ پہرہ دار۔ چوکیدار۔
پاسبانی (ف) نگہبانی۔ محافظت۔ پہرہ۔ چوکیداری۔
پاسپر (ف) منحوس قدم ۲) دلال۔
پاسبک کردن (ف) وضع حمل ہونا۔ عورت کا حمل سے فارغ ہونا۔
پاستان (ف) اگلا۔ گزرا ہوا۔

پاسخ (ف) جواب۔
پاس خاطر (ف) واسطے۔ لیے ۲) کسی کی خاطر رکھنا۔
پاسخ سوختن (ف) خاموشی۔ چپ چاپ۔
پاسدار (ف) نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ۔
پاسداری (ف) پاسبانی۔ نگہبانی۔ طرف داری۔
پاسک (ف) جمائی۔ انگڑائی۔
پاسنج (ف) وہ پتھر جو ترازو کے پلڑوں کو برابر کرنے کے لیے ہلکے پلڑے میں رکھتے یا باندھتے ہیں۔
پاسلیقی (ف) سرداری۔
پاسنگ (ف) دیکھو پاسنج
پاسوار (ف) پیادہ۔ تیز رو۔
پاسوز (ف) بے قرار ۲) عاشق۔
پاسیدن (ف) نگہبانی کرنا۔ پاس رکھنا۔
پاش (ف) پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے اور پراگندہ ہونا۔
پاشا (ف) نواب۔ حاکم۔ عامل۔ سردار۔ فوج کا سپہ سالار۔ سرگروہ۔ سردار۔ ترکی سرداروں کا خطاب ہے۔
پاش پاش (ف) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۲) پراگندہ۔
پاشنہ (ف) کواڑ کی چولیں۔
پاشدن (ف) کھڑا ہونا۔ اچھل پڑنا۔
پاشک (ف) جمائی۔ انگڑائی۔
پاشکستہ۔ جو اٹھ نہ سکے اور ایک جگہ بیٹھا رہے۔
پاشنا (ف) ایڑی ۲) خربوزہ۔ تربوز۔ ککڑی وغیرہ جو بیج کے واسطے رکھا جائے۔
پاشنگ (ف) انگور کا چھوٹا خوشہ۔
پاشنہ (ف) پاؤں یا جوتے کی ایڑی ۲) بندوق کا گھوڑا۔ لبلبی۔
پاشنہ بریدہ (ف) اڑاکو۔
پاشنہ خوابیدہ (ف) آرام دہ جوتی۔ وہ جوتی جس کی ایڑی کو دوہرا کر لیتے ہیں گھر میں آسانی کے ساتھ چلنے پھرنے کے لیے۔
پاشنہ سائیدہ (ف) سخت گنہگار۔
پاشنہ کش (ف) شوہارن۔
پاشنہ کشیدن (ف) اکسانا۔ اشتعال دلانا۔
پاشنہ کوب (ف) تیز دوڑتے ہوئے۔ کسی کا تعاقب کرتے ہوئے۔
پاشنہ نخواب (ف) اونچی ایڑی والا جوتا۔
پاشو (ف) اٹھ کھڑا ہو۔ چلا جا۔
پاشویہ (ف) پاؤں دھونا۔ پیروں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔
پاشیب (ف) نیچے اترنے کی سیڑھی۔ نیچے اترنے کا زینہ۔
پاشیدن (ف) چھڑکنا ۲) بکھرنا ۳) بکھیرنا۔
پاغرہ (ف) داء الفیل۔ وہ بیماری جس سے پاؤں میں بہت زیادہ ورم ہو جاتا ہے۔
پاغند / پاغیدہ (ف) دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔

Marfat.com

پاغوش (ف) غوطہ - ڈبکی (۲) غوطہ مارنا۔
پافزار (ف) پاافزار - جُوتا - پاپوش۔
پاک (ف) صاف - پوتر (۲) تمام - بالکل - تمام وکمال۔
پاکار (ف) دیہات کا وہ منصب دار جو مالگزاری وصول کرکے تحصیلدار کو دیتا ہے - پٹواری (۲) چپڑاسی (۳) جھاڑو دینے والا۔
پاکانِ خطۂ اوّل (ف) ملائکہ مقربین - حاملانِ عرش - مقرب فرشتے۔
پاک باختن (ف) سب کچھ ہار دینا۔
پاک باز (ف) راست باز (۲) عاشق صادق۔
پاک بُردن (ف) صاف لے جانا۔
پاکت (ف) لفافہ۔
پاکدامن (ف) پارسا - معصوم - بے داغ - عفیف۔
پاک رائے (ف) عقل صحیح اور فہم رسا رکھنے والا شخص۔
پاکردن (ف) جُوتا پہننا - جراب پہننا۔
پاک رفتن (ف) اچھی طرح پاک وصاف رہنا۔
پاک زاد / پاک سرشت } (ف) نیک اصل - نیک طینت۔
پاک سوختن (ف) بالکل جلا دینا۔
پاک طینت (ف) نیک سرشت۔
پاک کن (ف) ربڑ۔
پاک مغز (ف) عقل صحیح اور فہم رسا رکھنے والا شخص۔
پاک نویسی کردن (ف) رف کام کو صاف کرنا۔
پاکوب (ف) ناچنے والا۔
پاکوبی / پاکوفتن } (ف) ناچنا - رقص کرنا - گت بھرنا۔
پاکی (ف) صفائی - طہارت - غُسل۔
پاکیزہ (ف) پوتر - پاک - صاف۔
پاکیزہ بُوم / پاکیزہ سرشت } (ف) نیک اصل - نیک طینت۔
پاکیزہ صُورت (ف) خوبصورت - حسین - دلرُبا صورت۔
پاکیزہ طینت (ف) نیک اصل - نیک سرشت۔
پاگرفتن (ف) کسی جگہ قیام کرنا۔
پالار / پالاد } (ف) کوتل گھوڑا - وہ گھوڑا جسے سجا کر جلوس کے آگے بغیر سوار کے چلایا جائے۔
پالادہ (ف) کوتل گھوڑا (۲) بدگوئی - غیبت (۳) بدگوئی یا غیبت (۳) بدگوئی یا غیبت کرنے والا (۴) مفسد۔
پالار (ف) بڑا درخت (۲) بڑا استون۔
پالاکش (ف) پاؤں کا کیچڑ سے لتھڑ جانا۔
پالان (ف) ٹاٹ اور نمدہ وغیرہ جو باربرداری کے گدھے گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں - گون۔
پالان کج بودن (ف) بے دین ہونا - بدعقیدہ ہونا۔

پالانچہ (ف) چھوٹا پالان۔
پالان دوز (ف) پالان سینے والا۔
پالان دوزی (ف) پالان سینے کا کام۔
پالان گرد (ف) پالان دوز - پالان سینے والا۔
پالانی (ف) باربرداری کا ٹٹو۔
پالادان (ف) چھلنی کی شکل کا کفگیر جس سے حلوائی شیرہ وغیرہ کو صاف کرتے ہیں۔
پالاہنگ (ف) باگ ڈور (۲) شکاربند (۳) مجرم کو باندھنے کی رسّی (۴) کہکشاں (۵) گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسّی۔
پالایش (ف) صاف کرنا - صفائی۔
پالائی (ف) صاف کرنے والا۔
پالائیدن (ف) صاف کرنا (۲) زیادہ کرنا (۳) زیادہ ہونا۔
پالتو (ف) پشم دار کھال - پوستین - سمور۔
پالغ (ف) ہاتھی دانت یا سینگ یا لکڑی کا شراب کا پیمانہ۔
پالگانہ (ف) اُونچا محل - اُونچا مکان (۲) دریچہ (۳) بالاخانہ (۵) پاشنگ (۶) کھیت کا ٹنا۔
پالنگ (ف) لنگڑا (۲) چمڑے کا جُوتا (۳) چھوٹی سی کھڑکی۔
پالنگ بودن (ف) لنگڑا ہونا - ناتواں ہونا۔
پالو (ف) مستہ - پنجابی موہکا۔
پالودن (ف) پاک وصاف کرنا (۲) پاک وصاف ہونا (۳) زیادہ ہونا۔
پالُودہ (ف) پاک وصاف (۲) پاک وصاف کیا ہوا (۳) مشہور غذا فالودہ۔
پالُودہ مغز (ف) بیدار مغز - ہوشیار۔
پالیدن (ف) پاک وصاف کرنا (۲) ملنا - دیکھنا (۳) تلاش کرنا (۴) جستجو کرنا۔
پالیز (ف) کھیت (۲) باغ (۳) ککڑی - خربوزہ یا تربوز وغیرہ کا کھیت۔
پالیزبان (ف) باغبان - مالی - دہقان - کسان - جاٹ۔
پالیک (ف) پاتابہ - پٹی - جراب - پاتابہ۔
پام (ف) فام کا مبدل - مانند - مثل - رنگ - مشابہ۔
پامال (ف) تباہ - خراب حال - مصیبت زدہ - خستہ حال۔
پامال شدن (ف) برباد ہونا۔
پامال کردن (ف) برباد کرنا۔
پامالی (ف) بربادی - تباہی - ویرانی - روندنا۔
پامرد (ف) مددگار۔
پامردی (ف) سفارش - امداد (۲) قوت۔
پامزد (ف) دیکھو پارنج - وہ مال جو پاؤں سے کام کرنے کے عوض دیا جائے۔
پامس (ف) پابستہ - گرفتار - درماندہ۔

Marfat.com

پالغ (ف) وہ چیز جو لڑکی کے پاؤں کے مشابہ ہو۔
پاموز (ف) وہ مرغ جس کے پاؤں پر بھی پر ہو۔ پردار پاؤں والا مرغ۔
پانزدہ (ف) پندرہ۔ ۱۵۔
پانزدہم (ف) پندرھواں $\frac{1}{15}$ ۔
پانسماں (ف) مرہم پٹی۔
پانصدی ذات (ف) ایک منصب جو شاہان مغلیہ کی طرف سے لوگوں کو ملا کرتا تھا۔ اس منصب میں منصب دار کے بیس ہزار روپیہ مقرر تھے۔
پانگرفتن (ف) پیچھے یا بچوں کا نہ بچنا۔
پانوراما (ف) دور نما نظارہ۔ مکان یا شہر کا نقشہ جس کی اصلی کیفیت آتی گلاس یا خوردبین سے نظر آتی ہے۔
پانہ (ف) فانہ۔ بھانہ۔ پچر جسے لکڑہارے۔ بڑھئی اور موچی استعمال کرتے ہیں۔
پاو (ف) پاک کرنا۔ دھونا۔
پاوُبر (ف) طاقت۔ قوت۔ قدرت۔
پاوُچک (ف) گاؤ کا سوکھا ہوا گوبر۔
پاوُرنجن (ف) پازیب۔ خلخال۔
پاولون۔ مفرس مکان کی چھتری۔ بنگلہ۔
پاہک (ف) شکنجہ۔
پاہکیدن (ف) شکنجہ کرنا۔
پاہنگ / پاہنگہ } (ف) پاسنگ (۲) پازیب (۳) موزہ (۴) پاپوش۔ جوتا۔
پائے (ف) پاؤں (۲) مقابلہ۔ مقاومت (۳) تاب و طاقت۔ (۴) ذمہ (۵) پاس۔
پایاب (ف) دریا کا تھوڑا پانی جس سے آدمی پیدل نکل جائے (۲) ٹھہراؤ (۳) جھاؤ (۴) تاب و طاقت (۵) مقابلہ (۶) گہرائی (۷) پانی کی تھاہ (۸) باؤلی کنوئیں کی ایک قسم جس میں نیچے اترنے کو سیڑھیاں ہوتی ہیں (۹) گھاٹ۔
پایا پائے (ف) جنس کا لین دین۔ جنس دے کر جنس لینا۔
پایار (ف) دیکھو پار۔
پائے از جا بُردن (ف) ڈگمگا دینا (۲) گرا دینا۔
پائے از جا بُریدن (ف) کسی جگہ کی آمد و رفت ترک کرنا۔
پائے افزار / پائے افزارہ } (ف) پاپوش۔ جوتا (۲) وہ تختہ جو جلاہے بنتے وقت پاؤں کے نیچے رکھتے ہیں۔
پافشردن (ف) پاؤں جمانا۔ استقامت کرنا۔
پایان (ف) آخر۔ انجام۔ انتہا۔
پایان آبہ (ف) برتن کے پیندے میں باقی پانی۔
پایان بیں (ف) عاقبت اندیش۔
پایان پذیر (ف) انجام کو پہنچا ہوا۔
پایان کار (ف) آخرکار۔ انجام کار۔

پایان ماہی (ف) تحت الثریٰ تک۔ پاتال تک۔
پائے آن ندارد (ف) وہ یہ طاقت نہیں رکھتا۔ یہ طاقت نہیں۔
پائے اوزار / پائے اوزارہ } (ف) وہ دو تختیاں جن پر جولاہا بنتے وقت پاؤں رکھتا اور انہیں باری باری اوپر نیچے کرتا ہے (۲) جوتا۔
پائے باف (ف) بافندہ۔ جولاہا۔
پائے بر پائے نہادن / پائے بر پے نہادن } (ف) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ متابعت کرنا۔
پائے بر جا ماندن / پائے بر جائے ماندن } (ف) ثابت قدم رہنا۔
پائے بر زمین فشردن (ف) زمین پر پاؤں جمانا۔ ثابت قدمی۔ استقلال۔
پائے بر زمین نرسیدن (ف) بہت خوش ہونا۔ زمین پر مارے خوشی کے پاؤں نہ لگنا۔
پائے بر سنگ آمدن (ف) خوف و خطر پیش آنا۔
پائے بر مصحف کشیدن (ف) نہایت بے ادبی کرنا۔ بہت گستاخی کرنا۔
پائے بز افگندن (ف) بے طاقت اور بے آرام ہونا۔
پائے بزمین نرسیدن (ف) مارے خوشی کے زمین پر پاؤں نہ لگنا۔ نہایت خوش ہونا۔
پائے بست (ف) گرفتار۔ اسیر۔ مقید (۲) محکم و مضبوط (۳) بنیاد۔
پائے بستن (ف) توقع رکھنا۔ منتظر رہنا۔
پائے بستہ (ف) گرفتار (۲) بے کار۔
پائے بند (ف) اسیر۔ قیدی۔ گرفتار۔
پائے پردہ (ف) پردہ کے قریب۔
پائے پست (ف) پامال۔
پائے پشتی (ف) کشتی کے فنون میں سے ایک فن۔
پائے پلہ (ف) سیڑھی کے پاس۔ زینہ کے نیچے۔
پائے پیچیدن (ف) اطاعت نہ کرنا۔ سر پھیرنا۔ بھاگ جانا۔
پائے پیچد (ف) وہ بات نہیں مانتا ہے۔
پائے پیل (ف) پیل پا (۲) زنگیوں کا ایک لڑائی کا ہتھیار (۳) شراب پینے کا پیالہ۔ جام شراب۔
پائتابہ (ف) موزہ۔ جراب۔ پاتابہ۔ پتاوہ۔ پٹی۔
پائے تا سر (ف) سرتاپا۔ تمام۔ کل۔
پائے تخت (ف) دار الحکومت۔ دار السلطنت۔ راجدھانی۔ وہ شہر جہاں بادشاہ رہتا ہے۔
پائے ترسا (ف) شراب پینے کا پیالہ (۲) صراحی۔
پائتابہ برداشتن (ف) شراب پینے کا پیالہ اٹھانا۔
پائے توغ۔ توغ کی علمبرداری کا منصب۔ لشکر کا جھنڈا اٹھانے

Marfat.com

کی خدمت۔
پائے ثبات (ف) ثابت قدمی۔
پائے ثبات افشردن }
پائے ثبات فشردن } (ف) ثابت قدم رہنا۔ مضبوط رہنا۔
پائے جامہ (ف) دیکھو پاجامہ۔
پائے چال (ف) جولاہوں کا گڑھا۔ کھڈی جس میں پاؤں لٹکا کر بنتے ہیں۔
پائے چراغ تاریک }
پائے چراغ تاریک است } (ف) چراغ تلے اندھیرا
پائچہ (ف)، شلوار۔ پاجامہ۔ زیر جامہ۔
پائے حوض (ف)، رسوائی اور بدنامی کی جگہ۔
پائے خاکی کردن (ف)، سفر کرنا (۲) پیادہ سفر کرنا (۳) قدم رنجہ فرمانا۔
پائے خانہ (ف)، پاخانے کی جگہ۔ جائے ضرور۔
پائیدار (ف) ٹھہرا رہ۔ قائم رہ۔ (۲) برقرار (۳) ہمیشہ (۴) تیز رو گھوڑا (۵) خدا تعالےٰ کا نام۔
پائیدارد (ف)، مدد دینے والا۔ مددگار۔ حمایتی۔
پائیداری (ف)، استحکام۔ مضبوطی
پائے داشتن (ف)، قائم رہنا۔ ٹھہرے رہنا۔
پائے دام (ف)، ایک قسم کا دام جس سے پرندے شکار کیے جاتے ہیں۔
پائے دان (ف)، مجلس کی آخری صف جہاں جوتے اُتارے جائیں (۲) پاؤں ٹکا کر گاڑی وغیرہ پر چڑھنے کا تختہ (۳) نگہبان۔ (۴) ضامن۔ کفیل (۵) رہن۔ گرو (۶) سفارت۔ ایلچی گری۔
پائے در (ف)، چوکھٹ جس پر کواڑ کا تختہ پھرتا ہے۔
پائے درشکستن (ف)، عاجز ہونا۔
پائے دکان۔ ایسا کم سرمایہ والا آدمی جو کسی دکان کے تھڑے پر اپنا مال فروخت کرے۔
پائیدن (ف)، پائیدار ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) نظر میں رکھنا
پائے رنج (ف)، قاصد کا انعام۔ اُجرت۔ معاوضہ۔
پائز (ف)، خزاں کا موسم۔ پت جھڑ کا موسم۔
پائز (ف)، پیچھے۔
پائیز (ف)، خزاں کا موسم۔ فصل خراب۔
پائے زار (ف)، پاپوش۔ جوتا۔
پائزہ (ف)، خیمہ کی طناب جس کو زمین پر میخ سے باندھ دیتے ہیں۔ وہ چیز جس کے ساتھ گھوڑے کی لگام باندھتے ہیں۔
پائے زیب (ف)، خلخال۔ ایک قسم کا پاؤں میں پہننے کا زیور۔
پائے سخن (ف)، زورِ کلام۔ سخن کی طاقت۔
پائستن (ف)، پائیدار رہنا۔ مستحکم رہنا۔ ہمیشہ رہنا
پائستہ (ف)، پائیدار۔ برقرار۔

پائیش بند نمے شد (ف)، اس کا پاؤں نہیں جمتا تھا۔
پائشنہ (ف)، ایڑی۔ بندوق کا گھوڑا۔ لبلبی۔
پائے فرو کشیدن (ف)، توقف کرنا۔ ٹھہر جانا۔ دیر کرنا
پائے فشردن (ف)، ثابت قدم رہنا۔
پائک (ف)، پیک۔ قاصد۔ ہرکارہ۔ پیغمبر۔ پیادہ۔ پیدل۔
پائے کار (ف)، پاکار۔ وہ جگہ جہاں مزدور عمارت کے مصالح کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ عمارت کے مصالح کا گودام۔
پائے کشادن (ف)، آنے کا ارادہ نہ رکھتے ہوئے آ جانا (۲) بھاگنا۔ (۳) طلاق دینا۔
پائے کلاغ (ف)، قلم (۲) بُرا خط اور شکستہ خط جو پڑھا نہ جائے۔
پائے کوب (ف)، ناچنے والا
پائے کوبی }
پائے کوفتن } (ف)، ناچنا۔ تھرکنا
پائگاہ (ف)، قدر۔ ہمت۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) ہر چیز کا اصل و نسب (۳) طویلہ۔ اصطبل (۴) پایاب پانی۔
پائے گزار (ف)، مددگار۔
پائگہ (ف)، پائگاہ کا مخفف۔
پائیگر (ف)، پابند۔ مقید۔ وہ چیز جس سے پاؤں کو باندھتے ہیں۔ وہ چیز جس سے انسان کو گرفتار کرتے ہیں۔
پائے لغز (ف)، لغزش۔ جرم۔ قصور۔ خطا۔
پائے ماچان (ف)، درویشوں کی اس رسم کا نام جس میں گنہگار جوتیوں کی جگہ کھڑے ہو کر کان پکڑتا ہے۔
پائے مرد (ف)، مددگار۔ مدد دینے والا۔ سفارش کرنے والا۔ معاون۔
پائے مردی (ف)، مدد۔ معاونت۔ سفارش (۲) زور۔ بل
پائے مزد (ف)، قاصدوں کی مزدوری۔
پائے نام (ف)، جام۔ نام پر۔ ظرف۔
پائیدان (ف)، کفیل۔ ضامن (۲) رہن۔ گرو (۳) جوتیوں کی قطار۔
پائندہ (ف)، قائم۔ استوار۔ ہمیشہ۔ مثلاً بہشت دوزخ اور عرش و کرسی وغیرہ۔
پائے نہادن بر چیزے (ف)، کسی چیز کو ترک کر دینا۔ کسی چیز کو چھوڑ دینا۔
پائے و پر (ف)، پاؤں اور پر۔ کنایتاً قدرت۔ طاقت۔ توانائی۔ تاب و تواں۔ پائیداری۔ استحکام۔ مضبوطی۔
پائے و پر داشتن (ف)، زور و قوت رکھنا۔
پائے ور (ف)، بلند مرتبہ۔ بلند پایہ۔
پائیون (ف)، زیور۔ آرائش۔ پیرایہ۔
پایہ (ف)، مرتبہ۔ درجہ۔ قدر۔ منزلت (۲) بنیاد۔ نیو (۳) پایاب (۴) زینہ (۵) اخوار (۶) شاگرد کو سزا دینے کی چھڑی۔

Marfat.com

پایہ دار (ف) ذی مرتبہ - مرتبہ والا -
پایہ شناس (ف) مرتبہ شناس -
پائین (ف) نیچے - تحت -
پائین باغ (ف) مکان کے نیچے کا باغ - مکان کے ساتھ ملا ہوا باغ (۲) قلعہ کے نیچے کا باغ - زیر محل - مکان کے تحت کا باغ -
پائین پرست (ف) کنیز - خدمت گار - پرستار -
پائین پرستی (ف) فرمانبرداری - اطاعت (۲) خدمتگاری -
پائین تنہ (ف) کمر سے پاؤں تک جسم کا نچلا حصہ -

## پ - پ

پپتک (ف) کھجور یا انگور کا چھوٹا خوشہ (۲) خوشے کا ٹکڑا -
پپرشیدن (ف) چھڑکنا - بکھیرنا - پراگندہ کرنا (۲) پریشان کرنا -
پپہ (ف) احمق - بے ہوش -

## پ - ت

پت (ف) مایہ جو کاغذ پر لگاتے ہیں (۲) بکری کے بالوں کے نیچے وہ نرم پشم جس سے شال بناتے ہیں -
پتارہ (ف) کوچ - جولاہوں کا وہ بڑا سا برش جس سے تانی پہ مایہ لگاتے ہیں -
پت آلود (ف) کلف لگایا ہوا -
پت پت (ف) "اسم صوت" گاڑی خراب ہونے پر ایسی آواز دیتی ہے -
پتت (ف) توبہ - استغفار -
پتخ (ف) بے وقوف (۲) احمق - حیران -
پتر (ف) لوہے وغیرہ کے پترے -
پتز بردار (ف) چوب دار - نقیب -
پتک (ف) ہتھوڑا -
پتگیر (ف) چھلنی کی طرح کا کفگیر - چھلنی -
پتنی (ف) لکڑی کا جہاز -
پتو (ف) وہ جگہ جہاں ہمیشہ دھوپ لگے -
پتواز (ف) چھتری جو کبوتروں کے بیٹھنے کے لیے بنائی جاتی ہے -
پتولہ (ف) منقش ریشمی کپڑا -
پتہ روئے آفتاب افتادن (ف) پول کھل جانا - راز آشکارا ہوجانا -
پتی (ف) ننگا - عریاں - بے پردہ -
پتیارہ (ف) بلا - آفت (۲) زشت - بدصورت (۳) مہیب -

(۴) مکر - حیلہ (۵) شرمندگی (۶) سختی (۷) حادثہ (۸) شور - غوغا - غل -
پتیرہ (ف) بدنما - مکروہ - ناپسند -
پتیلہ (ف) فتیلہ - بتی -

## پ - ج

پج } (ف) پہاڑ - کوہ -
پجار }
پجاوہ (ف) اینٹ پکانے کا آوہ -
پجیو (ف) ریاکاری جو زہد و اتقا میں ہو -

## پ - چ

پچ پچ (ف) کان میں آہستہ بات کہنا (۲) بکریوں کے بلانے کی آواز -
پچ پچ کردن (ف) سرگوشیاں کرنا -
پچشک (ف) مینگنی -
پچخم (ف) دیوان خانہ -
پچل (ف) اپنے لباس کو میلا گندہ اور خراب کرنے والا شخص -
پوستین کردن (ف) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔
پوسیدن (ف) نہایت گھس جانا۔ بہت پرانا ہونا۔
پوسیدہ (ف) نہایت پرانا۔ گلا ہوا۔
پوش (ف) غلاف (۲) زرہ (۳) جوشن (۴) الگ ہو جاؤ یا ایک طرف ہٹ جاؤ کے معنوں میں بھی آتا ہے جیسے پوش پوش (۵) پوشیدن مصدر سے فعل امر۔ یعنی تو پہن۔
پوشاک (ف) لباس۔ پہننے کے کپڑے۔
پوشال (ف) لکڑی کا خاکہ یا کاغذ کا جوڑا جو ہنڈلوں کے باندھنے کے کام آتا ہے۔
پوشانیدن (ف) لباس پہنانا۔ کپڑے پہنانا۔
پوشش (ف) پوشاک۔ لباس۔
پوشک (ف) گربہ۔ بلی۔
پوشنہ (ف) سرپوش (۲) پہننے کی چیز۔
پوشہ (ف) دروازے پر لٹکانے کا پردہ (۲) کسی چیز پر ڈالنے کا کپڑا۔
پوشیدن (ف) پہننا (۲) چھپانا۔ ڈھانپنا۔
پوشیدنی (ف) پہننے کے لائق چیز (۲) ڈھانپنے کے لائق۔
پوشیدہ (ف) چھپا ہوا۔ مخفی (۲) ڈھکا ہوا۔
پوشیدہ چشم (ف) نابینا۔ اندھا (۲) جس کی نظر غیر پر نہ پڑی ہو۔
پوطہ (ف) خزانہ۔
پوطہ دار (ف) خزانچی۔
پول (ف) پیسہ۔ روپیہ۔ نقدی (۲) پل۔
پول سیاہ (ف) پیسہ۔
پول پول را می کشد (ف) مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ۔
پول کار نکردہ (ف) مفت ہاتھ آیا روپیہ۔
پول را کاغذ نمی برند (ف) دولت مشکل سے ہاتھ آتی ہے۔
پولاب (ف) دیکھنے سننے سونگھنے کی قوت۔
پولاد (ف) فولاد۔ ایک قسم کا لوہا جس کی تلواریں بنتی ہیں (۲) جوہر دار تلوار (۳) گرز۔
پولاد (ف) توران کے ایک پہلوان کا نام (۲) مازندران کے ایک دیو کا نام
پولاد پوش (ف) زرہ پہننے والا۔
پولاد خائے / پولاد رگ } (ف) زور آور گھوڑا۔

پولاد سائے (ف) فولاد کو توڑنے والا اوزار۔
پولانی (ف) حریرہ کی قسم کا ایک کھانا جو آٹے سے پکایا جاتا ہے۔
پول بزرگ (ف) ریال سلطانی۔ شاہی سکہ۔
پولی (ف) راہنما۔ راہبر۔
پولدار کباب وبے پول ما بوئے کباب (ف) پیسے والے مزے کرتے ہیں اور مفلس بیچارے انہیں لالچ بھری نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔
پول سیاہ (ف) پیسہ۔
پولک (ف) فلوس ماہی (۲) کپڑوں یا ٹوپیوں وغیرہ پر لگانے کے ستارے۔
پولکی (ف) پیسے پیسے کا سخت حریص۔
پول غول است و ما بسم اللہ (ف) ہم غریبوں کے پاس پیسہ کہاں؟
پول کاغذی (ف) نوٹ۔ کاغذی سکہ۔
پولہ (ف) پلپلا پھل (۲) ایسا خربوزہ یا تربوز جو اندر سے نرم ہو کر خراب ہو گیا ہو۔
پول و پلہ (ف) ہر قسم کی نقدی اور مال وغیرہ۔
پونہ (ف) خوشبودار گھاس۔
پوئے (ف) پو ہو جانا۔ نہ تیز نہ آہستہ۔
پویا / پویان } (ف) چلنے والا۔ دوڑنے والا (۲) دوڑتے ہوئے۔
پویہ (ف) گھوڑوں کی درمیانہ رفتار جو نہ بہت تیز ہو اور نہ آہستہ (۲) تیز رفتار (۳) جلدی چلو (۴) قدم اٹھاؤ۔
پوئیدن (ف) دوڑنا (۲) ادھر ادھر پھرنا۔

## پ - ہ

پہ (ف) واہ۔ شاباش۔ آفرین۔
پہ پہ (ف) واہ وا۔ شاباش۔ صد آفرین۔
پہرہ (ف) نگہبانی۔ محافظت۔ چوکیداری۔
پہرہ دار (ف) نگہبان۔ محافظ۔ چوکیدار۔
پہلو (ف) طرف (۲) جنب (۳) فائدہ۔ نفع (۴) کروٹ (۵) بغل۔ آغوش (۶) گوشہ۔ کنارہ (۷) تکیہ (۸) تدبیر۔ ڈھب۔
پہلو (ف) شیر۔ بہادر۔ شجاع۔ دلاور (۲) بزرگ۔ (۳) صاحب مال۔
پہلوان (ف) بہادر۔ طاقت ور۔ شہزور (۲) شہری۔
پہلوان از برفنی بپا فتند (ف) سپیرے کی موت اکثر سانپ کے ہاتھوں واقع ہوتی ہے۔
پہلوان پنبہ (ف) کاغذی پہلوان۔
پہلوانال (ف) زبان پہلوی۔
پہلوانی (ف) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری (۲) شہری (۳) پہلوی زبان۔

Marfat.com

فارسی کی ساتوں زبانوں میں سے ایک زبان کا نام -
پہلو بندی - امداد - اعانت -
پہلو تہی کردن (ف)، کنارہ کرنا - مُنہ پھیر لینا (۲) انکار کرنا - الگ ہو جانا (۳) برطرف ہونا (۴) بھاگ جانا -
پہلو خوردن (ف) صدمہ اُٹھانا -
پہلو دادن (ف)، مدد دینا - نزدیکی کرنا - فائدہ پہنچانا (۲) کنارہ کرنا - مُنہ پھیر لینا -
پہلو دار (ف)، کنارے والا - (۲) سہارے والا (۳) رمز و کنایہ کی بات -
پہلو دُزدیدن (ف)، پہلو چُرانا - کھسک جانا - کسی سے اس طرح کنارہ کرنا کہ کوئی آگاہ نہ ہو سکے -
پہلو زدن } (ف)، برابری (۲) قدر و منزلت میں کسی کی برابری
پہلو سائیدن } کرنا -
پہلو سا (ف)، برابر کی چوٹ - مقابلہ کرنے والا -
پہلو کردن (ف)، دیکھو پہلو تہی کردن -
پہلو گرفتن - الگ ہو جانا - چھوڑنا - ترک کرنا -
پہلو نشین (ف)، ساتھی - رفیق -
پہلو نہادن (ف)، سونا -
پہلوی (ف)، شہری - شہری زبان - پہلوانی زبان - پہلوانی کا مرادف -
پہن (ف)، چوڑا - فراخ (۲) دُودھ جو ماں کے تھنوں میں جوش زن ہوتا ہے -
پہن (ف)، چوڑا - فراخ -
پہنا (ف)، چوڑا - چوڑائی -
پہنانہ (ف)، بندر کی ایک قسم جس کی ڈاڑھی چوڑی ہوتی ہے - لنگور -
پہنائے زمین (ف)، زمین کی سطح -
پہنائے عُمر (ف)، عمر کی فراخی (۲) حُسنِ معاش -
پہناور (ف)، وسیع - طویل و عریض -
پہناوری (ف)، چوڑائی اور وسعت -
پہن پا زدن (ف)، جُوتیاں چٹخانا - بے کار مارے مارے پھرنا - کسی نہایت معمولی کام پر لگنا -
پہن چشم (ف)، شوخ - بے شرم - بے حیا -
پہند (ف)، ہرن کو پکڑنے کا جال -
پہن کردن (ف)، فراخ کرنا - کشادہ کرنا -
پہن نشستن (ف)، پالتی مار کر بیٹھنا - جم کر بیٹھنا -

## پ - ی

پے (ف)، قدم - پاؤں (۲) کھوج (۳) دُنبالہ - پیٹھا (۴) پیچھا - (۵) تعاقب (۶) عقب (۷) لیے - واسطے (۸) ارادہ -
قصد (۹) بار - دفعہ - مرتبہ (۱۰) طاقت - تاب و تواں -
پی (ف)، پیہ کا مخفف (۱) چربی (۲) موم -
پیاب (ف)، پایاب کا مخفف -
پیاب (ف)، تاب و طاقت -
پیاپے (ف)، لگاتار - پے در پے -
پیادہ (ف)، پیدل (۲) قاصد (۳) جاہل - بے ہُنر - بے علم - (۴) شطرنج کے ایک قسم کے مہروں کا نام جو آٹھ ہوتے ہیں -
پیادہ کردن (ف)، گھوڑے، موٹر یا گاڑی سے اُتارنا -
پیادہ ہائے نظامی (ف)، فوج - جنگی پلٹن -
پیادہ نہادن (ف)، ذلیل خیال کرنا - حقیر جاننا -
پیاز (ف)، بصل - مشہور سبزی کی قسم -
پیازک (ف)، چھوٹا پیاز -
پیاز دشتی } (ف)، ایک زہریلی دوا جس کے کھانے سے چوہا
پیاز موش } مرجاتا ہے - عربی میں اسے بصل الفار اور عنصل کہتے ہیں -
پیازی (ف)، پیاز کے رنگ کا (۲) ایک قسم کا لعل (۳) ایک قسم کا گرگٹ -
پیالہ پیما }
پیالہ دار } (ف)، شراب خور - مے نوش - بادہ پیما -
پیالہ کش }
پیالہ گرداں (ف)، ساقی - شراب پلانے والا -
پیالہ نوش (ف)، شرابی -
پیام (ف)، پیغام - سندیسہ - کوئی بات کہلا بھیجنا - کسی کی زبانی کچھ کہلا بھیجنا -
پیام آور } (ف)، قاصد - ایلچی - سندیسا لانے والا - پیغام لانے
پیام بر } والا (۲) نبی - رسول -
پیانو زدن (ف)، پیانو بجانا - پیانو ایک ساز کا نام ہے -
پے برداشتن } (ف)، سراغ لگانا - کھوج لگانا -
پے بُردن }
پے پُر کردہ (ف)، آزمودہ کار - تجربہ کار - دانا -
پیغام (ف)، پیغام - پیام - سندیسہ -
پیت (ف)، پھیکا - ڈبہ -
پیتک (ف)، اُونی کپڑے کو لگنے والا کیڑا -
پیچ (ف)، بل - خم - حلقہ (۲) تاب (۳) حسد (۴) رشک -
پیچا (ف)، گھیرنے والا - ہر طرف سے احاطہ کرنے والا -
پیچاز (ف)، پکیر دار کپڑا -
پیچازی (ف)، چارخانہ کپڑا -
پیچاق (ف)، کارد - چھُری -
پیچاک (ف)، پیچ و خم (۲) طرہ (۳) زُلف -
پیچ پا (ف)، سرطان - خرچنگ - کیکڑا -
پیچ خوردن (ف)، مروڑنا - پیچ و تاب کھانا -
پیچ در پیچ (ف)، خم اندر خم - بل کھائے ہوئے -

Marfat.com

پیچش (ف) پیچ و تاب (۲) مروڑا جو ایک بیماری ہے عربی میں اسے مغص کہتے ہیں۔

پیچک (ف) عشقہ۔ عورتوں کا سربند (۲) سینگ کی بنی ہوئی بے نگینہ انگوٹھی (۳) دھاگے کی گولی۔

پیچکش (ف) ایک اوزار جس سے پیچ یا میخ نکالتے ہیں۔

پیچ کوک جعبہ (ف) صندوق کی جالی۔

پیچمان (ف) پیچیدگی۔

پیچند (ف) عورتوں کے ماتھے پر باندھنے کی پٹی۔

پیچوان (ف) ایک قسم کا حقہ جو نورجہاں کی ایجاد ہے۔

پیچ ولست (ف) پیچدار ٹونٹی۔

پیچیدگی (ف) اُلجھن۔ اُلجھاؤ۔ اُلجھیڑا۔

پیچیدن (ف) لپیٹنا (۲) لپٹنا۔

پیچیدہ (ف) لپٹا ہوا۔ ملفوف۔ مشکل بات۔

پیچیدہ درکار (ف) غور و فکر کرنے والا۔ تامل کرنے والا۔

پیچیدہ دست (ف) کمزور۔ ناتوان (۲) حقیر۔ ذلیل۔

پیخ (ف) آنکھ کا وہ مواد جس سے پلکیں چپک جاتی ہیں۔ چیپڑا۔ آنکھ کا ڈھیڈ۔

پیخال (ف) پرندوں کی بیٹ (۲) آنکھ کا مواد۔

پیخانہ (ف) پاخانہ۔ جائے ضرور۔ بیت الخلاء۔ براز۔

پیخست (ف) پامال۔ عاجز۔ درماندہ۔

پیدا
پیداد } (ف) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔

پیدا آمدن (ف) نمایاں ہونا۔ ظاہر ہونا۔ وجود میں آنا۔

پیدا تر از خال خوباں (ف) نہایت ہی ظاہر۔ درخشاں اور آشکارا چیز۔

پیداوار (ف) فصل کا حاصل۔ فصل کی پیدائش۔

پیداور (ف) مہیا۔ موجود۔

پیداوسی (ف) چاندی کا پانچ دینار کا ایک سکہ جو شاہان کیان کے وقت میں رائج تھا۔

پیدا شدن (ف) گم شدہ چیز کا مل جانا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔

پیدا کردن (ف) کسی گم شدہ چیز کو ڈھونڈ نکالنا۔ تلاش کر کے پالینا۔

پیداگر (ف) آشکارا کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔

پیدائش (ف) جنم۔ خلقت۔ پیدا ہونا۔ یہ لفظ ہندوستانیوں کی ایجاد ہے۔ فارسی نہیں۔

پیدائشی (ف) پیدائش کے وقت کا۔ فطرتی۔ خلقی۔ اصلی۔

پیر (ف) بوڑھا۔ بڑی عمر کا آدمی۔ بزرگ (۲) گرو۔ مرشد۔ ہادی۔ رہنما (۳) ولی (۴) معمر (۵) شہریوں کا اُستاد۔

پیر (ف) بروزن تیر۔ باپ۔ والد۔

پیرا (ف) آراستہ کرنے والا۔ سنوارنے والا۔

پیرار (ف) اس سال سے دو سال پہلے۔

پیراستن (ف) زیبائش کرنا۔ سنوارنا (۲) زیبائش کی غرض سے درخت کو چھانٹنا (۳) بال اور ناخن کتروانا (۴) چمڑا رنگنا۔ دباغت کرنا۔

پیراستہ (ف) آراستہ۔ سنوارا ہوا۔ ترتیب دیا ہوا (۲) چھانٹا ہوا۔

پیرامن
پیرامون } (ف) آس پاس۔ اردگرد۔ اِدھر اُدھر۔

پیران (ف) ایک مشہور پہلوان کا نام جو افراسیاب کا سپہ سالار اور وسیلہ کا بیٹا تھا۔

پیران سال
پیران سر
پیرانہ سر
پیرانہ سری } (ف) ایام پیری۔ بڑھاپے کا زمانہ۔ بڑھاپا۔

پیراہان
پیراہن
پیراہند } (ف) کرتہ۔ لباس۔ قمیص۔

پیراہن بلند (ف) لمبی قمیص۔ لمبا کرتہ۔

پیراہن خواب (ف) رات کو سونے کا گاؤن۔

پیراہن کاغذی (ف) صبح کی روشنی (۲) مظلوم کی داد خواہی۔ کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں دستور تھا کہ ایران میں مظلوم کاغذ کا لباس پہن کر داد خواہ ہوتا تھا۔

پیراہن کوتاہ (ف) اونچی قمیص۔ اونچا کرتہ۔

پیراہن عثمان (ف) باطل بات۔ کسی سے لڑنے کے لیے جھوٹا بہانہ۔

پیرائش (ف) سنوارنا۔ زینت دینا (۲) تیار کرنا (۳) چمڑا رنگنا۔ دباغت کرنا۔

پیرایہ (ف) آرائش۔ سجاوٹ۔ زیور۔

پیر پنبہ (ف) بوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ روئی کی مانند سفید بالوں والا بوڑھا۔

پیر چہل سالہ (ف) عقل کامل (۲) جبرائیل (۳) حضرت آدم علیہ السلام (۴) ایک قسم کا فیروزہ۔

پیر خدا (ف) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔

پیر خرد (ف) عقل مند۔ دانش مند۔

پیر دو مو (ف) دن اور رات کی نسبت سے زمانہ۔

پیر دہقان (ف) نہایت پرانی شراب انگور۔

پیر را تعلیم دادن (ف) بڈھے طوطے پڑھانا۔

پیر زادہ (ف) مرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی کا سلسلہ ہو۔

پیر زال موسیاہ (ف) دنیا۔ زمانہ۔

پیر سال (ف) بہت بوڑھا (۲) بہت بوڑھی۔

پیر سال خوردہ (ف) بہت بوڑھا (۲) بہت پرانی انگوری شراب۔

پیر صنعا (ف) شیخ صنعا جو ایک مشہور زاہد ہوا ہے۔

Marfat.com

پیر طریقت (ف) مذہبی طریق کا راہنما۔ رُوحانی ہدایت کرنے والا۔
پیرِ فلک (ف) زحل ستارہ۔
پیر کردن (ف) کسی کو عاجز اور ناتوان کر دینا۔
پیرِ کنعاں (ف) حضرت یعقوب علیہ السلام۔
پیرِ مُربّی (ف) مذہبی تعلیم دینے والا۔ رُوحانی معلّم۔
پیرِ معرکہ گیر (ف) وہ بڈھا جس کے سر میں بڑھاپے میں عشق کا جنون سما جائے۔
پیرِ مغاں (ف) (۱) آتش پرستوں کا پیشوا (۲) آتش خانے کا مجاور (۳) مخدوم (۴) گرو گھنٹال (۵) شراب بیچنے والا۔
پیرِ مُنحنی نالاں (ف) منحنی یعنی ٹیڑھی رُباب۔
پیرِ نابالغ (ف) وہ بوڑھا جو نا سمجھ بچوں کی سی باتیں کرے۔ بیوقوف بوڑھا۔
پیرو (ف) (۱) پیچھے چلنے والا (۲) مرید (۳) تابع (۴) مقتدی۔ پیروی کرنے والا۔
پیروز (ف) (۱) فتح مند (۲) کامیاب (۳) مبارک (۴) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
پیروزگر
پیروزمند } (ف) فتح یاب۔ فیروزمند۔
پیروز گردیدن (ف) کامیاب ہونا۔ فاتح ہونا۔
پیروزہ (ف) فیروزہ۔ ایک قسم کا نیلے رنگ کا پتھر جو نیشاپور کا مشہور ہے۔
پیروزہ چادر (ف) آسمان۔
پیروزی (ف) کامیابی۔ فتح مندی۔ نصرت۔ ظفر۔
پیرہ (ف) (۱) شائخ کا خلیفہ و جانشین (۲) خانقاہ نشین۔
پیرہ زن (ف) بڑھیا۔ بوڑھی عورت۔
پیرِ ہشت فلک (ف) زحل یا مشتری ستارہ۔
پیرہن
پیرہند } (ف) دیکھو پیراہن۔
پیرہن کاغذی (ف) دیکھو پیراہن کاغذی۔
پیزار (ف) جوتا۔ پاپوش۔
پیزری (ف) (۱) شیشے کے برتن کا غلاف۔ نکما۔ آوارہ۔ نکھٹو انسان۔
پیزری پالان کسے گزاشتن (ف) دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔
پیزک (ف) خطمی خبازی جو مشہور دوا ہے۔
پیزن
پیزنہ } (ف) غربال۔ چھلنی۔
پیزیدن (ف) (۱) چھاننا (۲) چھننا۔
پیس (ف) (۱) جُذام۔ کوڑھ۔ برص۔ سفید داغ۔ پھلبہری (۲) کمینہ آدمی۔ سفلہ۔
پیسپار (ف) (۱) راہرو۔ چلنے والا (۲) لکد کوب (۳) پائمال۔
پیسپر (ف) پائمال۔ لکد کوب۔
پیسپید (ف) منحوس قدم۔

پیست (ف) جذامی۔ کوڑھی۔ برص کا مریض۔ مبروص۔
پیسراک (ف) (۱) جوان اُونٹ (۲) قوی خنجر۔
پیلی سوز (ف) چربی کی بتی۔
پیسہ (ف) (۱) چتلا۔ چتکبرا (۲) ابلق (۳) مبروص۔
پیسی (ف) برص زدہ۔ جذامی۔ کوڑھی۔
پیسی سرکشی آوردن (ف) کسی کی دُم میں نمدا باندھنا۔ ذلیل کرنا۔
پیش (ف) (۱) آگے۔ سامنے (۲) پہلے۔ رُوبرو (۳) آئندہ (۴) ضمہ یعنی وہ علامت جو کسی لفظ پر نصف واؤ کی بجائے لکھتے ہیں (۵) انگرکھے۔ کوٹ واسکٹ وغیرہ کی گاڑی (۶) تسبیح کا بڑا دانہ جو سب سے اوپر ہوتا ہے (۷) عاقل۔ خرد مند (۸) مقدمہ (۹) کھجور کی شاخ۔
پیشاب (ف) قارورہ۔ بول۔ مُوت۔
پیشادست (ف) پیشگی اُجرت۔ کام کرنے سے پہلے دی ہوئی مزدوری۔
پیش آمد (ف) رعایت۔ سلوک۔
پیش انداز (ف) وہ کپڑا جو ڈاکٹر لوگ یا ان کے معاون دامن پر باندھ لیتے ہیں۔
پیشان (ف) سب سے پہلے۔ آگے سے آگے۔
پیشانی (ف) (۱) ماتھا۔ جبین۔ ناصیہ (۲) شوخی (۳) سخت رُوئی (۴) صلابت و قوت (۵) برابر (۶) سامنے۔ مقابل (۷) دولت (۸) لیاقت۔ شائستگی (۹) وسعت۔ کشادگی۔
پیشانی بلند (ف) صاحب بخت سکندر۔ طالع مند۔
پیشانی پلنگ خاریدن (ف) جان بوجھ کر مصیبت کے منہ میں جانا۔
پیشانی دار (ف) صاحب اقبال۔ آسودہ حال۔
پیشانی داشتن (ف) صاحب بخت سکندر ہونا۔
پیشانی کشادہ (ف) خندہ پیشانی سے۔
پیش آہنگ (ف) آگے آگے چلنے والا۔ قافلہ یا لشکر کا پیشرو۔
پیش باز (ف) (۱) استقبال۔ پیشوائی (۲) گلے ملنے کے لیے سامنے سے بازو کھول کر آنے والا (۳) ایک کپڑا جو سامنے سے کھلا ہوتا ہے (۴) زبان پر جگہ دینے والا (۵) قبول کرنے والا (۶) عورتوں کے پہننے کا ایک کپڑا۔ گون۔
پیش بند (ف) زیر بند۔ وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی گردن کے نیچے جھکی رہنے کی غرض سے پوری اور تنگ کے بیچ میں گردن کے نیچے باندھا جاتا ہے۔
پیش بیں (ف) دُور اندیش۔ عاقبت اندیش۔ انجام بیں۔ دانا۔ مآل اندیش۔
پیش بینی (ف) دُور اندیشی۔ مآل اندیشی۔
پیش پا
پیش پا افتادہ } (ف) (۱) ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں (۲) نہایت نزدیک۔
پیش بادہ (ف) ایک قسم کا حلوا۔
پیش پیرائے (ف) گذشتہ بات یا واقعہ کو آرائش دینے والا اور

Marfat.com

سجانے والا (۲) سکندر نامہ میں فردوسی طوسی سے مراد ہے۔

**پیش تاب** (ف) طپنچہ۔

**پیش تاز** (ف) فوج کا سب سے اگلا اور حملہ کرنے والا دستہ۔ ہراول دستہ۔

**پیش تختہ** (ف) چوکی جس پر رکھ کر لکھتے ہیں۔ میز۔ ڈیسک۔

**پیش خانہ** (ف) برآمدہ۔ ورانڈہ۔ چھجا۔ رواق۔

**پیش خدمت** (ف) نوکر۔ خدمت گار (۲) ہراول (۳) امراء یا فوج کا وہ سامان جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے۔

**پیش خدمتاں کشیک** (ف) باری باری سے پہرہ دینے والے خدمتگار۔

**پیش خواں** (ف) معرّف۔ وہ شخص جو کسی بڑے آدمی کے مجلس میں آنے پر حسب و نسب بیان کرے تاکہ اس کی تعظیم اس کے مرتبہ کے برابر ہو۔

**پیش خود گفتن** (ف) اپنے پاس سے کوئی بات کہنا۔ من گھڑت۔

**پیش خور** (ف) پہلے اور جلدی کھا لینے والا۔ متقروض۔

**پیش خورد** (ف) چاشنی (۲) ناشتہ (۳) نارسیدہ غلہ یا میوہ جو پکنے سے پہلے بیچا جائے۔ بیع سلم۔

**پیش خیز** (ف) چالاک (۲) خادم (۳) شاگرد (۴) راگ کا الاپ یعنی راگ کے شروع کی آواز۔ آہنگ۔

**پیشداد** (ف) پیشگی اُجرت۔ وہ نقد جو کاریگر کو کام کرنے سے پہلے بطور پیشگی مزدوری کے دیا جائے۔

**پیشدادیان** (ف) پیشدادی عہد کے بادشاہ شروع سے لے کر جمشید تک کے شاہان ایران لیکن بعض نے پیشدادیان کی فہرست میں گیارہ بادشاہ لکھے ہیں جن میں ضحاک کے علاوہ افراسیاب شاہ توران بھی شامل ہے کیونکہ وہ بھی ایران کو فتح کرکے چند یوم ایران کا بادشاہ رہ چکا ہے۔ ان پیشدادی بادشاہوں کے نام یہ ہیں۔ کیومرث ہوشنگ طہمورث۔ جمشید۔ ضحاک۔ فریدوں۔ منوچہر۔ نوذر۔ افراسیاب۔ اورن طہماسپ۔ کرشاسپ۔

**پیشدار** (ف) نیزہ کی مانند مگر اس سے چھوٹا ایک ہتھیار۔

**پیشدامن** (ف) خادم (۲) شاگرد (۳) وہ شے جو دامن کے سامنے رکھی جائے۔

**پیشدست** (ف) پیش کار۔ نائب (۲) خدمت گار (۳) نقد (۴) سابق (۵) قومی (۶) فائق (۷) صدر مجلس۔

**پیش دستی** (ف) سبقت (۲) نیابت (۳) خدمت۔

**پیش دنداں** (ف) چاشنی (۲) ناشتہ۔

**پیش دید** (ف) پکا ارادہ۔ عزم مصمم۔

**پیشرس** (ف) سب سے پہلے مجلس میں آنے والا (۲) وہ میوہ جو موسم کے میووں سے پہلے پک جائے (۳) یا سب پھولوں سے پہلے کھلنے والا پھول۔

**پیشرفت** (ف) قابو۔ بس۔ پہلے حملہ کرنا۔

**پیش رفتن** (ف) سامنے جانا۔ کامیاب ہونا۔

**پیشرفت کردن** (ف) ترقی کرنا۔

**پیشرو** (ف) آگے چلنے والا۔ آگے چلنے والا خدمتگار۔ (۲) ہراول۔ (۳) الاپ۔

**پیش سلام** (ف) خوش خوئی اور تواضع کے سبب پہلے سلام کرنے والا۔

**پیش سینہ** (ف) عورتوں کا سینہ بند انگیا۔ بچوں کی چھاتی پر جو بب (کپڑا) باندھ دیا جاتا ہے تاکہ دودھ کے قطرے گرنے سے ان کی قمیض خراب نہ ہو۔

**پیش شاخ** (ف) وہ کپڑا جو آگے سے کھلا ہو (۲) عورتوں کا برقع۔

**پیش طاق** (ف) آنگن۔ صحن (۲) شاہی محل کا بلند دروازہ (۳) دروازے کے آگے کا میدان۔

**پیش طرّہ** (ف) دروازے کا چھجا۔

**پیش فنگ** (ف) بندوق کی سلامی۔

**پیش قبض** (ف) خنجر۔ چھرا۔ کٹار (۲) کشتی کے ایک داؤ کا نام جسے بیلی کہتے ہیں۔

**پیش قدمی** (ف) سبقت (۲) چڑھائی کرنا۔ حملہ (۳) دلیری۔ جرأت (۴) بڑھ کر کام کرنا۔ پہل کرنا۔

**پیش کار** (ف) نائب (۲) شاگرد (۳) خدمتگار (۴) آتمابچی۔ معاون۔

**پیش کارہ** (ف) مدد والف۔ والی۔ ترسوں کی جیب۔

**پیش کش** (ف) تحفہ۔ نذرانہ۔

**پیش کردن** (ف) کسی کو کوئی چیز مفت دینا۔ ہدیہ یا نذرانہ پیش کرنا۔

**پیش گاہ** (ف) صدر (۲) محراب (۳) چبوترہ (۴) صحن (۵) تخت یا دالان کے آگے بچھا ہوا فرش (۶) سامنے۔ روبرو۔ حضور (۷) دربار۔ اجلاس (۸) صدر مجلس (۹) حاکم (۱۰) صاحب تخت۔

**پیشگر** (ف) پیش کار۔

**پیش گرفتن** (ف) سبقت اختیار کرنا۔ آگے بڑھنا۔ اختیار کرنا۔

**پیش گو**
**پیش گوئے** } (ف) دیکھو پیش خواں (۲) اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو بادشاہ اور امراء کے پاس لوگوں کے مطالب عرض کرے۔

**پیش گہ** (ف) پیش گاہ کا مخفف۔

**پیش گہی** (ف) وہ کھانا جو افطار کے وقت کھایا جائے۔

**پیشگی** (ف) وہ اُجرت جو کام سے پہلے دی جائے۔ سائی۔ بیعانہ۔

**پیش لنگ** (ف) لنگوٹ یا وہ کپڑا جسے نہاتے وقت باندھ لیتے ہیں۔

**پیش مزد** (ف) وہ اُجرت جو کام سے پہلے بطور امداد ادا کر دی جائے۔

**پیش مصرع** (ف) مصرع اولیٰ۔ پہلا مصرع۔

**پیشن** (ف) کھجور کے درخت کی کوٹی ہوئی چھال جس کے رسّے بنتے ہیں۔

Marfat.com

پی شناس (ف) جاسوس۔ کھوجی۔
پیش نشین (ف) قابلہ۔ دایہ۔ دائی۔
پیش نماز (ف) امام۔ جماعت کے آگے کھڑا ہو کر نماز پڑھنے والا۔
پیش نہاد (ف) منظورِ خاطر (۲) دل کا ارادہ۔ قضیہ۔ مقدمہ۔
پیش نہاد کردن (ف) کسی اعلیٰ افسر یا کسی نمائندہ اسمبلی کے سامنے تبادلہ خیال اور بحث و تمحیص کے لیے تجویز پیش کرنا۔
پیش نویس (ف) مسودہ جو ابھی قابلِ اصلاح ہو۔
پیشوا (ف) سرگروہ۔ مقتدا۔ ہادی۔ رہنما۔ سردار (۲) آئندہ زمانہ۔ مستقبل۔
پیشواز (ف) دیکھو پیشاز۔
پیشوائی (ف) استقبال۔ کسی کو لینے کے لیے آگے جانا۔
پیشہ (ف) ہنر۔ فن۔ کسب (۲) کام۔ دھندا۔
پیشہ ور (ف) اہلِ حرفہ۔ کسی قسم کا کام کرنے والا دکان دار۔ تاجر۔
پیشی (ف) دیکھو پیش دستی (۲) حضوری (۳) زیرِ تجویز (۴) تاریخ۔ مقدمہ۔
پیشار (ف) بول۔ بیمار کا قارورہ (۲) خدمت گار۔
پیشارہ (ف) ایک قسم کا حلوہ (۲) خوانچہ جس میں کھانا رکھ کر مجلس میں لایا جاتا ہے۔
پیشان (ف) بیمار کا پیشاب جو طبیب کو دکھاتے ہیں۔
پیشین (ف) اگلا (۲) نمازِ ظہر۔
پیشین گاہ (ف) ظہر کا وقت۔
پیشین گوئی (ف) کسی آئندہ واقعہ کا حال نجوم وغیرہ کے ذریعے بتا دینا۔
پیشینہ (ف) اگلا۔ پہلے زمانے والا۔
پیشینیاں (ف) پیشین کی جمع۔ اگلے زمانے کے لوگ۔
پیغارہ (ف) ملامت۔ طعنہ۔ بہتان۔ سرزنش۔
پیغالہ (ف) شراب کا پیالہ۔ جامِ شراب۔
پیغام (ف) پیام۔ سندیسا۔ زبانی بات۔
پیغامبر / پیغمبر (ف) پیغام لانے والا سفیر۔ قاصد۔ ایلچی۔ نبی۔ رسول۔ خدا کا حکم لانے والا۔
پیغام گزاشتن (ف) پیغام پہنچانا۔
پیغمبری (ف) نبوت۔ رسالت۔ خدا کا حکم پہنچانے کی خدمت۔
پیغلوش (ف) سوسن کی قسم کا ایک پھول۔
پیغلہ / پیغولہ (ف) کونا۔ گوشہ (۲) بے ارادہ۔
پیک (ف) قاصد۔ سندیسا لے جانے والا۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیامبر۔ ہرکارہ۔
پیکِ اجل (ف۔ ع) موت کا فرشتہ۔
پیکِ امید (ف) چاند۔
پیکِ فلک (ف) چاند۔
پیکار (ف) جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔

پیکار پرست (ف) جنگجو۔ دلاور۔ لڑاکا۔
پیکان (ف) تیر کا پھل۔ برچھی کی انی۔
پیکان (ف) پیک کی جمع۔ قاصد۔
پیکانِ خارا گزار (ف) وہ تیر جو سنگِ خارا کو بھی چھید کر ڈالے۔
پیکانہ سم (ف) وہ گھوڑا جس کے سم پیکان کی مانند ہوں۔
پیکانی وضع (ف) مثلث۔ نوک دار چیز۔
پیکِ چرخ (ف) چاند۔
پیکر (ف) شکل (۲) جسم (۳) بت۔
پیکرانِ دُور خش (ف) آسمان کے ستارے (۲) روحانی صورتیں۔
پیکِ رائگانی (ف) چاند (۲) سوداگر (۳) بادِ صبا۔
پیکر پرست (ف) بت پرست۔
پیکر کار (ف) مصور۔ آرٹسٹ۔
پے کردن (ف) ٹخنے کے پاس سے رگیں اور پٹھے کاٹ دینا۔ کونچیں کاٹنا (۲) عاجز کرنا (۳) ناقابلِ رفتار کرنا۔
پے کردنِ اُمید (ف) نا امید ہونا۔
پیکر گاؤ (ف) گائے کی شکل کی صراحی۔
پے کردن (ف) ایسا کام جسے بغیر کرنے والے کے دوسرا کوئی نہ سمجھ سکے۔
پے گور کردن (ف) بے نشان ہونا۔
پیل (ف) فیل۔ ہاتھی (۲) خریطہ کیسہ (۳) ایک قسم کی گرہ۔
پیل آتش (ف) برسنے والی کالی گھٹا۔
پیل افگندن (ف) عاجز کرنا (۲) غالب آنا۔
پیل افگن (ف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔
پیل امرود (ف) ایک قسم کا بڑا امرود۔
پیل بالا (ف) ہاتھی کے سے قد والا۔ بہت بڑا۔ عظیم الجثہ۔
پیل بان (ف) فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی ہانکنے والا۔
پیل بند (ف) شطرنج کی وہ چال جس میں دو پیادوں کا زور فیل کو ہو اور فیل کا ان دو پیادوں کو۔ چونکہ یہ نہایت سخت چال ہے اور حریف کو اس کا توڑنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے استحکام۔ مضبوطی اور پختگی کے معنوں میں آتا ہے۔
پیلپا (ف) بڑی صراحی (۲) دیگیوں کے ایک گرز کی شکل کے ہتھیار کا نام (۳) ایک بیماری کا نام جس میں آدمی کے پاؤں سوج کر ہاتھی کے پاؤں کی مانند ہو جاتے ہیں۔ داء الفیل۔
پیل پیکر (ف) بھاری بھرکم۔
پیل پیلی زفتن (ف) مستی کے عالم میں یا نیند کی حالت میں چلنا۔
پیلپایہ (ف) چونے یا پتھر کا ستون۔
پیل تن (ف) رستم کا لقب (۲) قوی ہیکل۔ بڑے جثہ والا (۳) بہادر آدمی (۴) بہادر گھوڑا۔
پیل زہرہ (ف) طاقت ور۔
پیل چشم (ف) چھوٹی آنکھوں والا۔

Marfat.com

پیل گوش (ف) لمبے لمبے کانوں والا۔
پیل مال (ف) کسی آدمی کو ہاتھی کے پاؤں میں کچلوانا۔ ہاتھی سے پامال کرانا۔
پیل مُعلّق در ہوا (ف) بادل۔ ابر۔
پیلو (ف) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام۔ اس کی لکڑی کی مسواک بناتے ہیں۔
پیلوا (ف) عطار۔ دوا فروش۔
پیل دار (ف) ہاتھی کی مانند۔ بہت بڑا۔ ہاتھی کے قریب۔
پیلہ (ف) ریشم کا کیڑا (۲) ریشم کا کویہ (۳) آنکھ۔ پلک (۴) دوا کی تھیلی۔
پیلہ وَر (ف) وہ شخص جو دوا اور ریشم وغیرہ کی گٹھڑی اُٹھا کر گھر گھر بیچتا پھرے۔
پیلہ وری (ف) پھیری لگانے کا کام۔
پیلہ وشیلہ (ف) نادرست۔
پیل ہوائی (ف) ابر۔ بادل۔ برف۔
پیما (ف) پیمودن مصدر سے امر۔ ناپنے والا۔
پیمان (ف) بچن۔ وعدہ۔ قول۔ عہد۔ اقرار (۲) شرط (۳) رشتہ (۴) خویش (۵) پیوند۔
پیمان شکن (ف) وعدہ خلافی کرنے والا۔ عہد و پیمان کو توڑنے والا۔
پیمان گسیختن (ف) عہد کو توڑنا۔ قول و قرار سے پھرنا۔ بے وفائی کرنا۔
پیمانہ (ف) ناپنے کا برتن۔ ناپ۔ پیالہ۔
پیمانہ پُر شدن (ف) عمر کا انتہا کو پہنچنا۔ عمر کا ختم ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔
پیمانہ زدن (ف) شراب پینا۔
پیمانہ کش (ف) شرابی۔
پیمائش (ف) مساحت۔ ناپ (۲) ناپنا۔
پیمبر (ف) پیام لانے والا۔ نبی رسول۔ قاصد۔ سفیر۔ خدا کا حکم لانے والا۔
پیمودن (ف) ناپنا۔ پیمائش کرنا۔
پینکی (ف) اُونگھ۔ غنودگی۔
پینو، پینوک (ف) پنیر۔
پینہ (ف) ہاتھ پاؤں یا دیگر اعضا جو کام کرنے سے سخت ہو گئے ہوں (۲) کپڑے یا چمڑے کا ٹکڑا جس کا پیوند لگایا جائے۔
پینہ دوز (ف) کپڑے۔ موزے و جوتے وغیرہ میں پیوند لگانے والا۔
پیو (ف) خشک مٹی کے ڈھیلے۔
پیواز (ف) سبزہ۔ چمگادڑ۔
پیوس (ف) انتظار۔
پیوستن (ف) ملنا (۲) ایک دُوسرے میں گھس جانا۔ پیوست ہونا۔ جوڑنا۔
پیوستہ (ف) ملا ہوا (۲) ہمیشہ۔ دائم۔
پیوک (ف) دُلہن۔ عرُوس۔
پیوند (ف) جوڑا (۲) ٹکڑا (۳) متصل (۴) اتصال (۵) رشتہ دار۔ خویش۔ قریبی۔
پیہ (ف) چربی۔ شحم (۲) تکبر۔ غرور۔
پیہ سوز (ف) فتیلہ سوز۔ موم جلانے کا آلہ۔
پیہم (ف) لگاتار۔ برابر۔ پے در پے۔
پیین (ف) گھوڑے کی لید۔

Marfat.com

# ت

ت - عربی کا تیسرا اور فارسی حروف تہجی کا چوتھا حرف بحساب جمل اس کے چار سو عدد مقرر ہیں۔

## ت - ا

تا (ع) نرم مٹی - نرم خاک -
تا (ف) (۱) تک (۲) تاکہ (۳) اس تک (۴) جب تک (۵) کبھی نہیں (۶) ہرگز (۷) گنتی کے معنوں میں بھی آتا ہے جیسے دوتا۔ (۸) جفت کی ضد کے لیے بھی آتا ہے (۹) یگانہ اور ایک کے معنی میں بھی آتا ہے۔
تاب (ف) (۱) گرمی (۲) چمک (۳) روشنی (۴) توانائی - طاقت - (۵) پیچ (۶) پیچیدگی (۷) قہر - غصہ (۸) رنج دہی - محنت - مشقت (۱۰) غرور -
تابار (ف) سونا -
تاباک (ف) تمباکو -
تابان (ف) چمکنے والا - چمکیلا -
تابانیدن (ف) چمکانا - روشن کرنا -
تاب آوردن (ف) بردبار ہونا -
تابچند (ف) کب تک (۲) کہاں تک -
تابخانہ (ف) گرم کمرہ (۲) شیشے کی دیواروں اور ہوا کے دروازوں والا کمرہ -
تاب خوردن (ف) بل پڑ جانا - رسی پر رقص کرنا - مروڑے جانا -
تاب دادن (ف) اُلجھا دینا - بٹنا - روشن کرنا - تنبیہ کرنا - چمکانا -
تاب دادہ (ف) مضبوط - محکم - بٹا ہوا -
تاب دار (ف) چمکنے والا - چمکیلا (۲) خم رکھنے والا - پیچ دار - (۳) ایک قسم کی بٹی ہوئی رسی جو بڑی مضبوط اور دیرپا ہوتی ہے - یزد میں اچھی بنتی ہے -
تابدان (ف) روشندان (۲) بھٹی - لوہار یا سنار کی بھٹی - (۳) حمام -
تابسار (ف) روشندان (۲) جھروکہ -
تابستان (ف) گرمی کا موسم - موسم گرما - گرمی -
تابسہ (ف) چراگاہ - مرغزار جہاں گھاس اور پانی عام ہو -
تابش (ف) چمک (۲) گرمی (۳) طاقت (۴) سورج وغیرہ کی روشنی -
تابع (ع) پیروی کرنے والا - ماتحت (۲) فرمانبردار (۳) نوکر (۴) جن جو انسانوں کا عاشق اور اس کے ہمراہ ہو -
تابعیت (ع) رعیت ہونا -
تابعون } تابعین } (ع) تابعی کی جمع - اصطلاح محدثین میں وہ شخص جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ایک یا ایک سے زیادہ اصحاب کو دیکھا ہو -
تابکے (ف) کب تک (۲) کہاں تک -
تابل (ف) گرم مصالح -
تابلو (ف) سائن بورڈ - شیشہ -
تابناک (ف) روشن - چمکیلا -
تابندگی (ف) چمک - روشنی -
تابندہ (ف) روشن - چمکنے والا - چمکیلا -
تابوت (ع) مُردے کا صندوق - وہ صندوق جس میں لاش بند کرکے دفن کرتے ہیں -
تابوت را اسم بدوش کسی نگذاشتن (ف) یہ محاورہ اس نفرت اور عزم کے وقت بولا جاتا ہے جب کسی کو کسی کے پاس پھٹکنے

Marfat.com

نہ دیا جائے۔ عام طور پر لڑکی والے رشتہ ناطہ کے موقع پر جب کسی لڑکے کو رد کرتے ہیں تو بول لیتے ہیں کہ زندہ تو درکنار وہ تو اسے اس کی میت کو چھونے نہ دیں گے۔

**تابوت سکینہ** (ع) کامل مردوں کا جسم۔

**تاب وتواں** / **تاب وطاقت** } (ف) مجال۔ حوصلہ۔ قدرت صبر و قرار۔

**تابوک** (ف) مخارجہ۔ بالاخانے کا باہر کو نکلا ہوا حصہ۔

**تابہ** (ف) توا۔

**تابہ حیات** (ف) عمر بھر۔ جیتے جی۔

**تابہ زر** (ف) سورج۔

**تابہ زیست** (ف) عمر بھر۔ جیتے جی۔

**تابہ کجا** (ف) کب تک۔ کہاں تک۔

**تابید** (ع) ہمیشہ کرنا۔ کسی کام کو ابد تک کیے جانا۔

**تابیدن** (ف) چمکنا (۲) طاقت رکھنا (۳) لپیٹنا (۴) ٹیڑنا (۵) حاصل کرنا۔ پانا (۶) بہکانا۔ پھسلانا۔

**تابیدہ** (ف) بل کھایا ہوا۔ بل دیا ہوا۔ پیچیدہ (۲) چمکتا ہوا۔ روشن۔

**تابیل** (ع) بہت سے اونٹوں کا مالک ہونا (۲) قوی ہونا۔ (۳) غالب ہونا۔

**تابین** (ف) اُمید رکھنا (۲) انتظار کرنا (۳) کسی کے سامنے اس کے عیب بیان کرنا (۴) مُردے پر اس کی خوبیاں بیان کر کے رونا۔

**تابین** (ع) پیروی کرنا۔ کسی کے پیچھے چلنا (۲) پیروی کرنے والا۔ کسی کے پیچھے چلنے والا (۳) محکوم (۴) زیر فرمان۔

**تابیاں** (ف) عربی لفظ تابین کی جمع۔

**تابینی** (ف) فوج میں بھرتی ہونا۔

**تابیہ** (ع) یاد دلانا۔ آگاہ کرنا (۲) تہمت لگانا۔

**تاپاک** (ف) بےقراری۔ اضطراب۔ بےچینی۔

**تاپال** (ف) اُپلے۔ سوکھا ہوا گوبر جو جلانے کے کام آئے۔ نیز درخت کا تنہ۔

**تاپالہ** (ف) رجوع ماقبل۔

**تاپو** (ف) غلہ رکھنے کی کوٹھی۔ پنجابی بھڑولا۔

**تاتار** (ف) ترکستان کا دوسرا نام۔

**تاتاری** (ف) منسوب بہ تاتار۔ تاتار کا رہنے والا۔ ترک۔ مغل۔

**تاتر** (ف) تیتر۔

**تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مُردہ شود** (ف) آگ لگنے پر کنواں کھودنا۔

**تاتق** (ع) آرزومند ہونا (۲) بدخو ہونا۔

**تاتلی** (ف) دسترخوان۔

**تا تنور گرم است نان دربند** (ف) موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھالو۔

**تاتورہ** (ف) دھتورہ (۲) گھوڑے کی اگاڑی۔ پچھاڑی۔

**تاتول** (ف) ٹیڑھے منہ والا آدمی۔

**تاثر** (ع) اثر قبول کرنا۔

**تاثم** (ع) گناہ کی قسم کھانا۔ گناہ سے توبہ کرنا (۲) اپنے آپ کو گنہگار دیکھنا۔

**تاثیر** (ع) اثر دینا۔ اثر کرنا (۲) کسی چیز میں نشان چھوڑنا (۳) نشان (۴) پھل (۵) نتیجہ (۶) خاصیت۔ اثر۔ گن (۷) عمل۔

**تاج** (ع) مکٹ۔ بادشاہی ٹوپی۔

**تاج انسانی** (ع) لوہے کی ٹوپی۔

**تاج پوش** (ف) وہ کپڑا جس سے تاج کو گرد و غبار سے محفوظ رکھنے کے لیے ڈھانپا جاتا ہے۔

**تاجج** (ع) بروزن تعلق آگ کا شعلہ مارنا۔

**تاج خروس** (ف) مرغ کی کلغی (۲) کلغا جو ایک قسم کا پھول ہے۔

**تاج خلقت و تکوین** (ع) کامل انسان۔

**تاج دار** (ف) تاج رکھنے والا۔ بادشاہ۔

**تاج دیک** (ف) مرغ کی کلغی۔

**تاجر** (ع) سوداگر۔ بیوپاری۔

**تاجر خوردہ فروش** (ف) پرچون بیچنے والا۔

**تاجر عمدہ فروش** (ف) تھوک بیچنے والا۔

**تاجدار** (ف) بادشاہ۔

**تاجراں** (ف) ترجمان۔ مترجم۔

**تاج شمع** (ف) بتی کی لو۔ چراغ کی لو۔

**تاج فلک** (ف) سورج۔

**تاج فیروزہ** (ف) آسمان۔

**تاجک** (مف) وہ شخص جو عرب میں پیدا ہوا اور ایران میں پرورش پاکر بڑا ہو۔ ایسے لوگ عموماً سوداگری کرتے ہیں۔ اس لیے تاجک بمعنی سوداگر خیال کیا جاتا ہے۔ تازی کا بگاڑ۔

**تاج گاہ** (ف) تاج کے نگاہ رکھنے کی جگہ (۲) مقام تاجداری۔ تخت گاہ۔

**تاج گردوں** (ف) آفتاب۔

**تاج ماہ** (ف) شاہ ایران کے بازوبند پر ایک ہیرے کا نام جو جڑا ہوا ہے۔

**تاج و تخت** (ف) ملک و سلطنت۔

**تاجور** (ف) تاج رکھنے والا۔ بادشاہ۔

**تاج ہدہد** (ف) ہدہد کی کلغی۔

**تاجیل** (ع) مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا (۲) باز رکھنا (۳) بند کرنا (۴) تکیہ کی ناہمواری سے گردن میں جو بل پڑ جاتا ہے۔ اس کی دوا کرنا۔

**تاچہ** (ف) چھڑ یا گدھے پر اسباب لادنے کے لیے چھپٹ کی ایک

Marfat.com

طرف - جیسے پنجابی میں اکھا کہتے ہیں۔
تاحال (ف)، اب تک۔
تاخ (ف)، ایک درخت کا نام جس کی لکڑی کی آگ بہت دیر پا ہوتی ہے۔
تاخت (ف)، فوج کا حملہ - دوڑ - دھاوا (۲) لوٹ - تباہی۔
تاختن (ف)، دھاوا کرنا - حملہ کرنا - ہلّہ کرنا - (۲) دوڑنا دوڑانا۔
تاخت و تاراج (ف)، لوٹ لینا - برباد کرنا - تباہ کرنا - حملہ کر کے تباہ کر دینا۔
تاخت و تاز (ف)، مار دھاڑ - دھاوا - تباہی بربادی۔
تا خدا خدائی می کند (ف)، تا ابد - جب تک دنیا قائم ہے۔
تاخّر (ع)، دیر کرنا (۲) پیچھے ہونا۔
تاخّی (ع)، کسی کو بھائی بنانا (۲) کسی چیز کا قصد کرنا اور اس کی درستی کی وجوہات تلاش کرنا۔
تاخیر (ع)، دیر - درنگ (۲) دیر کرنا - پیچھے رہنا (۳) پیچھے چھوڑنا۔
تادّب (ع)، زبان دانی سیکھنا - ادب اختیار کرنا۔
تا دست سے زنی، شدہ است (ف)، چٹکی بجانے کی دیر میں کام ہو جائے گا - نہایت تیزی کے موقع پر یہ الفاظ مبالغہ کے طور پر آتے ہیں۔
تادیب (ع)، ادب دینا - علم زبان سکھانا۔
تادیب کردن (ف)، ادبیات و اخلاقیات سکھانا - سزا دینا۔
تادیہ (ع)، ادا کرنا - پہنچانا۔
تار (ف)، ڈوڑا (۲) تاگا (۳) سوت (۴) تاریک - تیرہ - سیاہ (۵) تاڑ کا درخت (۶) سر کی مانگ (۷) ساز کا تار۔
تار (ف)، دو تارہ۔
تارا (ف)، ستارہ۔
تارات (ع)، تارت کی جمع - کئی بار - کئی مرتبہ۔
تارات / تاراج } (ف)، غارت - لوٹ - تباہی۔
تاراج کردن (ف)، لوٹنا - غارت کرنا۔
تاراس (ف)، اپنا تابع بنانا - زبردست بنانا - انسان یا حیوان کو مطیع و فرمانبردار بنانا۔
تاران (ف)، تیرہ - تاریک۔
تاراندن (ف)، بھگا دینا۔
تار برقی (ف)، بجلی کے ذریعہ علامات سے خبر پہنچانے کا آلہ - وہ خبر جو علامات سے خبر پہنچانے والے آلہ کے ذریعے بھیجی جائے۔
تار تار (ف)، ریزہ ریزہ - ذرہ ذرہ۔
تارتن / تارتنک } (ف)، مکڑی - عنکبوت۔
تارزن (ف)، ستار بجانے والا۔
تارک (ف)، سر کی مانگ (۲) سر کی چوٹی (۳) وہ چیز جو جنگ کے دن سر پر رکھی جائے - خود - کلاہ وغیرہ۔
تارک (ع)، ترک کرنے والا - چھوڑنے والا۔
تارک ادب (ف)، بے ادب - بد اخلاق۔
تارکُ الدُّنیا (ع)، دنیا کو چھوڑنے والا - جس نے دنیا کو ترک کر دیا ہو - خلوت نشین - بن باسی - پرہیزگار۔
تارکش (ف)، سونے چاندی وغیرہ کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر لمبا کرنے والا - تار بنانے والا۔
تارکشی (ف)، تارکش کا کام یا پیشہ۔
تارم (ف)، وہ لکڑی کا قبہ دار گھر جو باغ کی حفاظت کے لیے اس میں ایک طرف رکھ دیا جاتا ہے (۲) انگور کے بیل چڑھانے کی ٹٹی (۳) چھجا - آسمان۔
تار مار (ف)، کسی چھید میں سے گزارنا - وار پار کرنا۔
تارمغ (ف)، کہر۔
تارو (ف)، چچڑی - وہ چھوٹا سا جانور جو کتے، گھوڑے، اونٹ اور گائے وغیرہ کے جسم سے چمٹ کر خون چوستا ہے۔
تار و پود (ف)، تانا بانا۔
تار و تور (ف)، تیرہ - سیاہ تاریک - تیرہ و تار۔
تار و مار شدن (ف)، نیست و نابود ہونا۔
تار و مار کردن (ف)، ملیامیٹ کرنا - تیز بھگا دینا۔
تارون (ف)، تاریک، تیرہ۔
تارہ (ف)، ایک بار - ایک مرتبہ - ایک دفعہ۔
تارہ (ف)، تاگا - (۲) سوت یا بال یا چنگ یا طنبور وغیرہ کا تار (۳) تیرہ - تاریک (۴) تنار (۵) تارک (۶) تادم۔
تاری (ف)، تاریک کا مخفف۔
تاریخ (ع)، وقت مقرر کرنا (۲) ایک دن رات - مہینے کا ایک دن - (۳) ایک حادثہ (۴) زمانے کا عرصہ (۵) حادثات و واقعات کا علم (۶) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۷) وہ فن یا کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور آدمیوں کے حالات درج ہوں (۸) وہ جملہ یا فقرہ یا مصرعہ جس کے اعداد نکالنے سے اس واقعہ کی تاریخ نکل آئے (۹) روایات - قصے - افسانے (۱۰) جنگ نامہ۔
تاریخ اسکندری (ف)، سکندری دَور۔
تاریخ گزاشتن (ف)، خط یا کتاب لکھنے کی تاریخ درج کرنا۔
تاریخ تازی (ف)، تاریخ عرب۔
تاریخ دہقان (ف)، ایران کا روایتی زمانہ۔
تاریخ نوروزی (ف)، بادشاہوں کے جشن نوروز میں جو سال کی تاریخ بدلی جاتی ہے۔
تاریخی (ف)، منسوب بہ تاریخ - مشہور و معروف۔
تاریک (ف)، کالا - سیاہ۔
تاریک جان (ف)، جس کی روحانی قوت بالکل ماؤف ہو۔
تاریک چشم (ف)، جس کی نظر کمزور ہو۔
تاریک ماہ (ف)، ہر قمری مہینے کے آخری دو ہفتے جن میں چاند کی

Marfat.com

روشنی کم ہوتی جارہی ہے۔

تاریکی (ف) اندھیرا۔ سیاہی۔

تاز (ف) دھاوا۔ حملہ۔ ہلہ (۲) دوڑ (۳) معشوقانہ۔

تازانہ (ف) تازیانہ کا مخفف۔ کوڑا۔

تازگی (ف) طراوت۔ رونق۔ شادابی۔

تازندہ (ف) دوڑنے والا۔

تازنگ (ف) پیلیا پیہ۔

تازہ (ف) نیا۔ جدید۔ نوپیدا۔ نوبہ نو (۲) ہرا بھرا (۳) تندرست (۴) فربہ (۵) گرما گرم (۶) روشن چہرہ (۷) خوش رُو۔ (۸) ہنستا ہوا۔

تازہ بتازہ (ف) بالکل تازہ۔

تازہ بہار (ف) بہار کے موسم کے تازہ اور کثرت سے کلیوں کا کھلنا۔

تازہ دماغی (ف) دانائی (۲) خوش حالی۔

تازہ رس (ف) نیا میوہ۔ نیا پھل وغیرہ۔

تازہ رُو (ف) شگفتہ رُو۔ خوش۔

تازہ زور (ف) نہایت زور آور۔

تازہ وارد (ف) نو وارد۔

تازہ ولایت (ف) رو۔ پردیسی۔

تازی (ف) عربی زبان (۲) عربی گھوڑا (۳) شکاری کتا (۴) عربی حروف۔

تازی نژاد (ف) عربی النسل۔

تازیان (ف) تازی کی جمع۔

تازیاں (ف) دوڑتا ہوا۔

تازیانہ (ف) کوڑا۔ قمچی۔ چابک۔ ہنٹر۔

تازیانہ زدن (ف) کوڑے برسانا۔ چابک مارنا۔

تازیانہ یافتن (ف) کوڑوں کی سزا پانا۔

تازیدن (ف) دوڑنا۔ حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا۔

تازیک (ف) عربوں اور ترکوں کے سوا دوسرے لوگ۔

تاژ (ف) شامیانہ۔ خیمہ۔

تاسا } (ف) بے قراری۔ غم۔ اندوہ۔ ملال۔
تاسا

تا سرِ جان ہمراہ است (ف) جب تک زندگی ہے۔ امداد اور ہمراہی میں قصور نہ ہوگا۔

تاسع (ع) نواں $\frac{1}{9}$۔

تاسّف (ع) افسوس کرنا (۲) افسوس۔ غم کھانا۔

تاسمہ (ف) چمڑے کا تسمہ (۲) کچا چمڑا (۳) لٹکتی ہوئے پیشانی کے بال۔

تاسہ (ف) بے قراری۔ غم۔ رنج۔ اضطراب۔

تاسّی (ع) پیروی۔ تقلید۔ اطاعت۔

تاسیس (ع) نیو ڈالنا۔ بنیاد رکھنا (۲) جڑ مضبوط کرنا (۳) اصطلاح علم قافیہ میں وہ الف ساکن جس کے اور اولا کے درمیان ایک حرف متحرک واقع ہو۔ جیسے بادا اور خادا میں الف حرف تاسیس ہے (۴) اصطلاح علم معانی میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے سے زیادہ معنی رکھتا ہو۔ بخلاف تاکید کے جیسے علیم و حکیم۔ علیم بمعنی جاننے والا۔ حکیم بمعنی جاننے والا اور کرنے والا۔

تا سینہ در موج خون آمدن (ف) سخت مصیبت میں مبتلا ہونا۔

تاش (ف) یار (۲) صاحب۔ خداوند (۳) شریک (۴) غلام۔

تا شاہرگ می جنبد (ف) جب تک جان میں جان ہے۔ جب تک زندگی ہے۔

تا شب و صبح دم مے نشد (ف) یعنی زود زوال ہے۔

تاشقند (ف) ازبکستان کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔

تاشک (ف) چالاک آدمی۔ ہوشیار (۲) مکھن۔

تاشکند (ف) دیکھو تاشقند۔

تاشو (ف) جو چیز جھک جائے یا جو چیز تہ ہو جائے۔

تاغ (ف) پہاڑ۔ ایک درخت جس کی لکڑی کی آگ دیر تک رہتی ہے۔

تاغی (ف) باغی۔ بادشاہ سے پھرا ہوا۔

تافتن (ف) بٹنا (۲) چمکنا (۳) غصے ہونا (۴) رنجیدہ ہونا (۵) عکس پڑنا (۶) طلوع کرنا۔

تافتہ (ف) بٹا ہوا (۲) رنجیدہ۔ بے قرار (۳) فیتہ (۴) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا (۵) گھوڑے اور کبوتر کے ایک رنگ کا نام۔

تافشک (ف) دیمک۔

تافہ (ف) حقیر شے۔ تھوڑی چیز۔

تاقی (ف) کلاہ۔ ٹوپی۔

تاک (ف) انگور کا درخت۔ داکھ کی بیل۔

تاکّد (ع) (تَ اکّ دُ) استوار ہونا۔ پختہ ہونا۔

تاکستان (ف) انگور کی بیل۔

تاکسی (ف) ٹیکسی۔ کرائے پر چلنے والی موٹر کار۔

تا کلاغ بچہ وارشد سیر نخورد (ف) یہ محاورہ اکثر عورتیں استعمال کرتی ہیں کہ ماں کو اولاد یا بچے کی پرورش کے دوران بہت سی کھانے پینے کی چیزیں چھوڑنا پڑتی ہیں تاکہ بچے کی صحت پر بُرا اثر نہ پڑے۔

تاکید (ع) پختہ کرنا۔ محکم کرنا (۲) بار بار کہنا (۳) زور سے کہنا (۴) کوشش۔ (۵) اصرار۔

تال (ف) مجیرا۔ جھانجھ۔ پیتل کی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جنہیں رقص و سرود میں طبلہ کے ساتھ بجاتے ہیں (۲) حوض (۳) جوہڑ۔ تالاب (۴) تاڑ کا درخت۔ پانی۔

تالاب (ف) جوہڑ۔ بڑا حوض۔ رُکا ہوا پانی۔

تالار (ف) بڑا کمرہ (۲) بلند عمارت (۳) مچان۔ ٹانڈ۔

تالار سلام (ف) دیوان خانہ۔

تالاں (ف) غارت۔ تباہی۔ لوٹ۔

تالّف (ع) (تَ اَلُّ فُ) باہم اُلفت کرنا۔ محبت۔ دوستی۔

Marfat.com

تالمّ (ع) (تَ اَل مّ) الم پانا - دُکھ پانا - غم اُٹھانا۔
تال مال (ف) پریشان - پراگندہ (۲) ٹوٹا پھوٹا۔
تال و مال (ف) پریشان - پراگندہ (۲) ٹوٹا پھوٹا۔
تالواسہ (ف) بے قراری - اضطراب - غم (۲) رغبت - خواہش - میل -
تالہّ (ع) (تَ اَل ہ) خدا کی عبادت - حق پرستی -
تالی (ع) پیروی کرنے والا - پیرو - پیچھے لگنے والا (۲) قائم مقام (۳) علم منطق کی اصطلاح میں قضیہ شرطیہ کے جزِ ثانی کا نام -
تالی نداشتن (ف) ثانی نہ رکھنا - بے نظیر ہونا -
تالیف (ع) اُلفت ڈالنا (۲) ترکیب دینا - جمع کرنا (۳) کتاب بنانا (۴) موافق کرنا -
تالیف قلوب (ع) دلجوئی کرنا (۲) الفت دلانا -
تامّ (ع) کامل - مکمل - پورا - تمام -
تام اختیار (ف - ع) کلّی اختیار کا مالک -
تامات (ع) تامہ کی جمع - کامل چیزیں -
تا مرد سخن نگفتہ باشد - عیب و ہنرش نہفتہ باشد (ف) جب تک آدمی چپ رہے اس کے سب عیب یا ہنر چھپے ہوئے ہوتے ہیں -
تامّل (ع) غور و فکر کرنا - سوچنا -
تامول (ف) پان -
تامہ (ع) کامل چیز -
تامیل (ع) اُمید رکھنا -
تامین (ع) کسی بات پر آمین کہنا (۲) کسی کو امین خیال کرنا -
تامین دادن (ف) حفاظت کرنا - ضمانت دینا -
تامینات (ف) سی - آئی - ڈی -
تان (ف) جمع مخاطب کی ضمیر - تم (۲) بانا (۳) منہ -
تانبول (ف) پان -
تانپذیر (ف) بے نظیر اور بے مثل ہے - نظیر نہیں رکھتا -
تانّس (ع) انس کرنا - انس پکڑنا -
تانست (ف) توانست کا مخفف -
تانّف (ع) شرم کرنا - ننگ و عار رکھنا -
تانگو (ف) نائی - حجام -
تانی (ف) دیر کرنا - تاخیر کرنا - (۲) درنگ -
تانیث (ع) مؤنث کرنا - مؤنث بنانا (۲) مؤنث -
تانیثِ لفظی (ع) جن لفظ کے پیچھے علامت تانیث یعنی تائے اور الف ممدودہ و مقصورہ ہو -
تانیث معنوی (ع) وہ لفظ جس کے آخر علامت تانیث یعنی تائے اور الف ممدودہ و مقصورہ تو نہ ہو لیکن اہل زبان اسے مؤنث بولتے ہوں -
تانیسر (مت) تھانیسر کا مفرس - تھانیسر ہندوستان کا مشہور میدان جنگ ہے جو دہلی کے قریب ہے -

تاوان (ف) جرمانہ - ڈنڈ (۲) جرم (۳) بد - عوض - (۴) کفارہ -
تاوانہ (ف) تابخانہ کا مخفف -
تاور (ف) عرض - جوہر کے مقابل یعنی وہ چیز جو بذاتِ خود قائم نہ ہو - دوسری چیز میں ہو کر پائی جائے -
تاول (ف) پھوڑا - گدھے کا بچہ - آبلہ - پھپھولہ -
تاول زدہ (ف) جس آدمی کے بدن پر چیچک کے نشان ہوں -
تاویل (ع) خواب کی تعبیر بیان کرنا (۲) شرعی حیلہ (۳) متکلم کی مراد معلوم کرنا (۴) حقیقت - اصلیت (۵) باتوں کی کل بٹھانا (۶) کسی کلام کو ظاہری معنوں سے پھیر کر اس کے اور ہی احتمالی معنی مناسبت کے ساتھ بیان کرنا -
تاویلات (ف) طرح طرح کی تعبیریں -
تاہّب (ع) آمادہ ہونا - مستعد ہونا - تیار رہنا - ساختہ و آمادہ ہونا -
تاہّل (ع) شادی کرنا - جورو کرنا (۲) عیال دار ہونا - کنبہ دار ہونا -
تاہم (ف) تو بھی - تا بمعنی تو اور ہم بمعنی بھی - پھر بھی - اس پر بھی - حرفِ ربط ہے -
تائے (ف) تہہ (۲) کپڑا (۳) کاغذ کا تختہ یعنی تا (۴) طاق یعنی جفت کی ضد - وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم نہ ہو سکے -
تائب (ع) توبہ کرنے والا - باز آنے والا -
تائے تشریف (ف - ع) ایک خلعت - پوری خلعت -
تائق (ع) شائق - صاحب شوق -
تائید (ع) مدد کرنا - قوت دینا - پشتی دینا -
تائید آسمانی (ف) غیبی امداد -
تائید کردن (ف) حمایت کرنا - تصدیق کرنا -
تائید کلام (ع) بات کی امداد - دعوے کی مدد - سخن پروری - بات کی پچ -

## ت - ب

تب (ف) تپ - بخار - تابش -
تب انخوال (ف) تپ دق -
تب افسردہ شدن (ف) بخار کا گھٹ جانا -
تب خفیف (ف) ہلکا بخار -
تب لازم (ف) تپ دق -
تب محرقہ (ف) میعادی بخار -
تب نوبہ (ف - ع) باری کا بخار -
تباب (ف) زیاں کاری (۲) ہلاکت -
تباذر (ف) باہم دوڑنا (۲) کسی کام میں سبقت لے جانا -
تبادل (ع) بدل کرنا (۲) ایک دوسرے کی باہم تبدیلی ہونا -

Marfat.com

تَبار (ع) ہلاکت - ہلاکی۔
تَبار (ف) گھرانہ - خاندان (۲) نسل - اولاد۔
تَبارَک (ع) بڑا - عالی - بزرگ (۲) قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام (۳) بابرکت (۴) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم۔
تَبارَکَ اللہ (ع) اللہ تعالےٰ بابرکت و بزرگ ہے مدح کے وقت مقام تعجب پر بولا جاتا ہے۔
تَبابیدن (ف) گرمی کی وجہ سے بے خود ہونا۔
تَباشیر (ف) بنسلوچن - ایک مشہور دوا جو بانس سے حاصل ہوتی ہے (۲) صبح کی روشنی۔
تَباشیر (ع) صبح کی پہلی سفیدی (۲) ہر چیز کا اوّل اور شروع۔ (۳) پگڈنڈی۔
تَباعُد (ع) ایک دُوسرے سے دُور ہونا۔
تَباغُض (ع) آپس میں بغض و عداوت رکھنا۔
تَبان (ع) بھُس بیچنے والا۔
تَباہ (ف) بانٹنے والا (۲) ضائع گئی ہوئی چیز (۳) ناکارہ چیز۔
تَباہی (ف) بربادی (۲) ہلاکت (۳) جو چیز ضائع ہو جائے۔
تب بادہ (ف) تپ لرزہ (۲) وہ تپ جو تلی کے ورم کی وجہ سے پیدا ہو۔
تب بستن (ف) طبی تدابیر کے بغیر حیلہ اور جادُو سے تپ کا ازالہ کرنا۔
تَبت (ف) پشم - بکری کے بڑے بالوں کے نیچے ایک تہ نہایت نرم بالوں کی ہوتی ہے جس سے پشمینہ بنتا ہے - اسے تبت کہتے ہیں۔
تَبَتُّل (ع) (تَ بَ تْ تُ ل) } ماسوائے اللہ سے کنارہ کرنا۔
تَبتیل (ع) (تَ بْ تِ یْ ل) } دنیا سے قطع تعلق کے بعد خدا کی طرف رجوع کرنا۔
تب تند زود عرقش می آید (محاورہ) یہ جوش جلد ختم ہو جائے گا - جتنی جلدی غصہ آیا اسی سُرعت سے ٹھنڈا پڑ جائے گا۔
تَبَّت یَدَاک (ع) تیرے دونوں ہاتھ ہلاک ہوں - مقام لعنت و نفرین پر بولا جاتا ہے۔
تَبجیل (ع) (تَ بْ جِ یْ ل) بزرگی کرنا - عزت کرنا۔
تَبَحُّر (ع) (تَ بَ حْ حُ رْ) سمندر کی مانند علم میں بے پایاں ہونا - بہت علم ہونا۔
تَبخال } (ف) چھوٹے چھوٹے آبلے جو تپ کی گرمی کی وجہ سے ہونٹوں
تَبخالہ } کے آس پاس نکل آتے ہیں - اور تپ کے دفع ہونے کی علامت ہوتے ہیں۔
تَبخیر (ع) دھونی دینا - بخار بنانا - دھواں بنا کر اُڑانا (۲) بھاپ بنانا (۳) خفیف سی حرارت۔
تَبخیر داشتن (ف) بخارات بن کر اُڑنا۔
تَبَدُّل (ع) بدلنا - عوض کرنا - ایک شے کا دُوسری سے بدل جانا۔
تَبدیل (ع) بدلنا - کسی چیز کو دُوسری سے بدلنا۔
تَبدیل آب و ہوا (ع - ف) پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تبدیل ناجائز (ع) دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا۔
تَبَذُّر (ع) زرد ہونا - بدذائقہ ہونا۔
تَبذیر (ع) بکھرنا - پراگندہ ہونا (۲) گھاس کا زمین سے نکلنا (۳) فضول خرچی کرنا - بہت زیادہ خرچ کرنا۔
تَبَر (ف) ایک قسم کی کلہاڑی۔
تِبر (ف) سونا چاندی جو ڈھالا نہ گیا ہو۔
تبر تیشہ (ف) ایسا کلہاڑا جس کے ایک سرے پر لکڑیاں کاٹنے والا اوزار ہو - دوہرا کام کرنے والا کلہاڑا۔
تبر زن (ف) لکڑ ہارا۔
تَبَرّا (ع) نفرت کرنا - بیزار ہونا (۲) بری ہونا۔
تَبَرّائی (ف) رافضی۔
تبر خون (ف) سُرخ صندل (۲) مجیٹھ - عناب - بقم۔
تَبَرُّز (ع) رفع حاجت کے لیے جنگل میں جانا۔
تَبَرزد (ف) قند سفید - نہایت شفاف - جو سختی کے باعث تبر سے توڑنے کے قابل ہو۔
تَبَرُّع (ع) عطا کرنا - بخشنا - خیرات دینا (۲) اپنی خوشی سے عبادت کرنا - نفل پڑھنا (۳) نیکی کرنا۔
تَبَرقُع (ع) برقع پہننا - برقع اوڑھنا۔
تَبَرُّک (ع) برکت حاصل کرنا - وہ چیز جس سے برکت لی جائے۔
تَبَرک (ف) قلعہ - شہر پناہ - عام قلعہ - عموماً - اور قلعہ اصفہان خصوصاً۔
تَبَرُّکات (ع) تبرک کی جمع - بابرکت اشیاء۔
تَبَرُّم (ع) مضبوط ہونا - استوار ہونا - (۲) ملول ہونا (۳) ماندہ ہونا۔
تبرئہ شدن (ف) بری ہو جانا۔
تبرئہ کردن (ف) بری کرنا - رہا کر دینا۔
تَبرید (ع) ٹھنڈا کرنا (۲) ٹھنڈائی۔
تبریز (ف) ایران کے صوبہ آذربائیجان کے ایک مشہور شہر کا نام جسے زبیدہ خاتون ہارون الرشید کی ملکہ نے آباد کیا تھا (۲) موسیقی کے ایک شعبہ کا نام۔
تبریزی (ف) تبریز کا رہنے والا۔
تبریکات (ع) تبریک کی جمع۔
تَبَست (ف) بے کار (۲) شکست - خراب شدہ چیز۔
تَبَشُّع (ع) فصیح - تیز زبان۔
تَبَسُّط (ف) بسیط ہونا - کشادہ ہونا۔
تَبَسُّم (ع) مسکرانا۔
تبسم برق (ف) بجلی کی چمک۔
تبسم پاشں (ف) مسکراتے ہوئے۔
تبسم کینا (ف) شراب کا صراحی سے پیالہ میں ڈالا جانا - صراحی کی

Marfat.com

آواز۔ قلقل۔
تَپ سوختہ (ف) وہ تپ جو اخلاط کے جلنے سے پیدا ہوتا ہے اور ہذیان اور حواس کا مختل ہو جانا اس کا خاصہ ہے۔
تبسیدن (ف) گرم ہونا۔
تبش (ف) موسم گرما۔ گرمی۔
تبشیر (ع) خوشخبری دینا۔ بشارت دینا۔
تبصرہ (ع) بصارت دینا۔ بینا کرنا (۲) راہ دکھانے والی شے (۳) عینک۔
تبصرہ کردن (ف) کسی بات کو روشن اور واضح کرنا۔
تبع (ع) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا (۳) پیروی کرنے والے۔
تبع تابعین (ع) تابعین کے دیکھنے والے۔ وہ لوگ جنہوں نے تابعین کو دیکھا ہو۔
تبعّل (ع) شوہر بننا۔
تبعہ (ع) تابع کی جمع۔ پیرو۔ (۲) کسی چیز کے لوازم و لواحق۔
تبعہ (ع) بُرا کام۔ انجام بد۔
تبعہ و لحقہ (ع) پیرو لوگ۔ ماتحت۔
تبعیّت (ع) فرمانبرداری۔ پیروی۔
تبعید (ع) دُور کرنا۔ بعید کرنا۔
تبعید کردن (ف) جلا وطن کر دینا۔
تبقیہ (ع) باقی رکھنا۔ زندہ چھوڑنا۔
تبکیر (ع) نماز کے لیے اول وقت میں آنا۔ سویرے آنا۔
تبل (ف) شکن۔ چین۔ سلوٹ (۲) جلد کی ناہمواری۔
تبلاب (ف) کھجور کے خوشے کا غلاف۔
تبلّد (ع) کند ذہنی۔ غبی پن۔ غباوت۔
تبلیغ (ع) پہنچانا۔ کسی کے پاس کچھ روانہ کرنا۔
تبلیغات (ف) پروپیگنڈہ۔
تبن (ع) بھوسہ۔ سوکھی گھاس۔
تبنا (ف) گیہوں یا جو کا بھوسہ۔
تبند (ف) حیلہ گر۔ مکار۔
تبنگ (ف) خوان۔ تھال۔ بڑا طباق جس پر روٹیاں یا مٹھائی وغیرہ رکھ کر گلی کوچوں میں بیچتے پھرتے ہیں۔
تبنگو (ف) ٹوکرا (۲) زنبیل (۳) صندوق۔
تبنّی (ع) متبنی بنانا۔ بیٹا بنانا۔ گود لینا۔
تبوراک (ع) چھوٹا نقارہ جسے کھیتوں سے جانور بھگانے کے لیے بجاتے ہیں (۲) کھٹکھٹا (۳) دف۔ ڈھول (۴) خوان۔ (۵) کفچہ (۶) چھلنی۔
تبوک (ع) بحیرہ قلزم کے کنارے شام کے قریب ایک قلعہ جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار سے جنگ کر کے فتح کیا تھا۔
تبویب (ع) باب قائم کرنا۔

تبہ (ف) تباہ کا مخفف۔ ویران۔ اُجاڑ۔ خراب۔ برباد۔
تبہ روزگار (ف) پریشان۔ بدبخت۔ ظالم۔ ستمگر۔
تبہ کار (ف) بدکار۔ بُرا۔ (۲) اُجڑا ہوا۔
تبنازہ / تبیازہ } (ف) تپ لرزہ۔
تبیر (ع) ڈھول (۲) گوبر وغیرہ ڈالنے کی جگہ۔
تبیرہ (ع) ڈھولک (۲) نقارہ۔
تبیرہ زن (ف) نقارچی۔
تبیرہ شدن (ف) نقارہ بجنا۔
تبیع (ع) ایک برس کی گائے یا بیل۔
تبییض (ع) سفید کرنا۔
تبیین (ع) بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ بتانا۔

## ت - پ

تپ (ف) بخار (۲) بے چینی۔ بے قراری۔
تپاسد / تپاسی } (ف) تپاس کرنے والا۔ ریاضت کش۔ مجاہدہ کرنے والا۔
تپاک (ف) گرم جوشی۔ شوق۔ جوش (۲) اضطراب۔ بے قراری۔
تپان (ف) گرم۔ تپتا ہوا۔
تپانچہ (ف) تھپڑ۔ منہ پیٹنا (۲) دریا کی موج (۳) کوہان۔
تپاندن (ف) کسی چیز کو زبردستی کسی دوسری چیز میں داخل کرنا۔
تپ دق (ف) بخار کہنہ۔ جس سے پھیپھڑے گل جاتے ہیں۔
تپ لرزہ (ف) کپکپی والا بخار۔
تپش (ف) گرمی۔ سوزش۔
تپق (ف) لکنت۔
تپک (ف) تفنگ۔ بندوق۔
تپنچہ (ف) تپانچہ کا مخفف (۲) ایک اوزار کا نام بھی ہے (۳) پستول۔
تپنگ (ف) بڑا طباق۔ خوان۔ تھال۔ جس میں دکاندار گلی کوچوں میں چیزیں بیچتے ہیں۔
تپنگور (ف) بے خبر۔ نادان۔ احمق۔
تپہ (ف) پشتہ۔ ٹیلہ۔ چھوٹی پہاڑی۔
تپہ گل (ف) پھولوں کی کیاری۔ خیابان۔
تپہ ماہور (ف) اونچی نیچی جگہ۔
تپیدن (ف) تڑپنا (۲) گرم ہونا۔

## ت - ت

تتابع (ع) ایک دوسرے کی پیروی کرنا (۲) پے در پے ہونا۔

Marfat.com

تبارچہ (ف) ، ایک قسم کا پنیر۔
تتبُّع (ع) ، پیروی کرنا (۲) تلاش کرنا (۳) پیروی (۴) تلاش۔
تتبعِ علمی (ع - ف) ، علمی تحقیق - ریسرچ۔
تتبیب (ع) ، نقصان - زیان (۲) ہلاکت۔
تتبیر (ع) ، ہلاک کرنا (۲) توڑنا۔
تتر (ف) ، تتار کا مخفف جو تاتار کا مخفف ہے۔
تترا (ف) ، گرمی کا موسم۔
تتربُو / تتربوہ / تترہ (ف) ، تمسخر - مخول - ٹھٹھا۔
تترئے (ع) ، پے در پے - متواتر - مسلسل (۲) پراگندہ - متفرق - پریشان۔
تتفُل (ع) ، لومڑی (۲) لومڑی کا بچہ۔
تتق (ف) ، سراپردہ - خیمے کا پردہ۔
تتق زدن (ف) ، اونچا ہونا۔
تتق سپرگوں (ف) ، آسمانی رنگ کا پردہ (۱) شیشے کا نیلا پیالہ - جام کبود رنگ۔
تتق کشیدن (ف) ، خیمہ نصب کرنا۔
تتق نیلی (ف) ، آسمان (۲) بادل۔
تتماج (ف) ، ایک قسم کا آش جس میں ساق دانہ ڈالا جاتا ہے۔
تتما (ف) ، خرس - ریچھ۔
تتمتن (ف) ، گدڑ - شغال۔
تتمہ (ع) ، بقیہ - ہر شے کا آخر۔
تتمیم (ع) ، تمام کرنا - پورا کرنا - انجام کو پہنچانا۔
تتہ (ف) ، سندھ کے ایک شہر کا نام جسے ٹھٹھہ بھی کہتے ہیں۔
تتی (ف) ، مٹی یا آٹے کے کھلونے جو بچوں کے لیے رنگین بنائے جاتے اور میلوں میں بکتے ہیں۔
تتیس (ف) ، یونانی روایت میں دریا کی دیوی کا نام - وہ اسے زمین و آسمان کی بیٹی مانتے ہیں۔

## ت - ث

تثاقُل (ع) ، ثقل ہونا - بوجھل ہونا (۲) اپنے آپ کو بوجھل کرنا - گرانبار ہونا (۳) سستی کرنا (۴) جنگ سے بد دلی کرنا۔
تثبُّت (ع) ، ثبت کرنا (۲) برقرار رہنا (۳) بجالانا - (۴) دیر کرنا۔
تثبُّط (ع) ، دیر کرنا - ٹھہرنا۔
تثبیت (ع) ، ثابت رکھنا - برقرار رکھنا۔
تثبیت شدہ (ع - ف) ، مقرر شدہ۔
تثبیط (ع) ، دیر کرانا - کسی کو کام سے روکنا۔
تثریب (ع) ، سرزنش - ملامت (۲) طعنہ (۳) لپٹنا۔
تثعیط (ع) ، کوٹنا - چورہ چورہ کرنا - ریزہ ریزہ کرنا۔
تثقّل (ع) ، گرانی خاطر - گرانبار ہونا۔
تثقیب (ع) ، چھید کرنا (۲) آگ جلانا۔
تثقیف (ع) ، نیزہ یا تیر کو ثقاف سے سیدھا کرنا - (ثقاف تیر یا ٹیڑھے کو سیدھا کرنے کا آلہ)
تثلیث (ع) ، تین حصوں میں تقسیم کرنا - خدا کی ذات کو تین جزو یعنی باپ - بیٹا اور روح القدس سے مرکب ماننا جو عیسائیوں کا عقیدہ ہے (۲) نجومیوں کی اصطلاح میں قمر کا کسی سعد ستارے سے پانچ یا نو بروج کے فاصلہ پر ہونا۔
تثلیم (ع) ، برتن وغیرہ میں چھید کرنا۔
تثمیر (ع) ، ثمر چننا - میوہ اکٹھا کرنا (۲) مال بڑھانا (۳) نفع حاصل کرنا۔
تثمین (ف) ، کسی چیز کی قیمت مقرر کرنا۔
تثنی (ع) ، جھک جانا۔
تثنیہ (ع) ، دُگنا کرنا - دو بنانا - (۲) دُہرا کرنا (۳) خم دینا۔

## ت - ج

تجار (ف) ، تیز - تند۔
تجادُل (ع) ، جنگ وجدال کرنا - لڑائی بھڑائی کرنا - مقدمہ بازی کرنا۔
تجاذُب (ع) ، باہم جذب کرنا (۲) ایک دوسرے کو کھینچنا (۳) نزاع کرنا۔
تُجّار / تِجار (ع) ، تاجر کی جمع - تجارت کرنے والے - سوداگر - بیوپاری۔
تجارُب (ع) ، باہم ایک دوسرے کو آزمانا۔
تجارت (ع) ، بیوپار - سوداگری۔
تجارت داشتن (ف) ، تجارتی تعلقات رکھنا۔
تجارہ (ف) ، بچھیرا۔
تجاری (ع) ، ایک دوسرے کے ساتھ چلنا (۲) بحث و مناظرہ کرنا۔
تجازی (ع) ، قرض کا تقاضا کرنا (۲) اُجرت مانگنا - مزدوری مانگنا۔
تجاسُر (ع) ، گستاخی (۲) دلیری (۳) گستاخی کرنا (۴) دلیری کرنا۔
تجافی (ع) ، جگہ پر قرار نہ پکڑنا (۲) کسی شے کا جگہ سے اُٹھایا جانا۔
تجاوز (ع) ، گزرنا (۲) حد سے گزرنا۔
تجاوز کار (ف) ، ظالم - متجاوز۔

Marfat.com

**تجاوزات** (ع - ف) گلی کوچوں یا سڑکوں اور بازاروں میں لوگوں نے اپنے گھروں یا دکانوں سے باہر جن جگہوں پر ناجائز قبضہ کیا ہو۔

**تجاہد** (ع) بہت کوشش کرنا۔ طاقت اور قوت کو کام میں لانا۔

**تجاہل** (ع) جان بوجھ کر جاہل بننا۔ اپنے آپ کو انجان بنانا۔ باوجود علم کے اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنا (۲) ٹالنا۔ چشم پوشی۔

**تجاہل عارفانہ** (ع) جان بوجھ کر انجان بننا۔

**تجبُّر** (تَ جَ بُّ ر) (ع) جبر (۲) گردن کشی - زبردستی۔

**تجدد** (ع) اچھوتی بات۔ نئی۔

**تجدد خواہ** (ع - ف) آزادی چاہنے والا۔

**تجدید** (ع) تازہ کرنا۔ نئے سرے سے کوئی کام کرنا۔

**تجدید امتحان** (ع - ف) دوبارہ امتحان دینا۔

**تجدید طبع** (ع - ف) دوبارہ چھاپنا۔

**تجدید فراش** (ع - ف) دوبارہ شادی کرنا۔

**تجدید مرض** (ع - ف) مرض کا پھر عود کرنا۔

**تجدید نظر کردن** (ع - ف) نظر ثانی کرنا۔

**تجدیدی** (ع - ف) سپلمنٹری۔

**تجربت** } **تجربہ** } (ع) آزمائش۔ امتحان (۲) آزمانا۔

**تجربہ عقلا** (ع) عقل مندوں کے تجربہ کا مقام (۲) دنیا۔

**تجربہ کار** (ف) آزمودہ کار۔ واقف - آزمائش کیا ہوا۔

**تجرد** (ع) ننگا ہونا (۲) مجرد ہونا۔ تنہائی۔ دُنیا سے علیحدگی اختیار کرنا۔

**تجریب** (ع) تجربہ کرنا۔ آزمانا۔ امتحان کرنا۔

**تجرید** (ع) مجرد کرنا (۲) تنہائی (۳) ننگا کرنا (۴) درخت کی شاخیں کاٹنا (۵) آراستہ کرنا۔

**تجرید نمودن** (ف) جُدا کرنا۔ ننگا کرنا۔ تنہا کرنا۔

**تجرید بخاری** (ع) احادیث کی ایک کتاب کا نام جو مبارک بن حسین مصری کی انتخاب احادیث کی کتاب سے ترجمہ کی گئی ہے۔

**تجریع** (ع) گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔

**تجزی** } **تجزیہ** } (ع) جزو جزو کرنا (۲) تقسیم کرنا (۳) تقسیم ہونا۔

**تجسد** (ع) صاحب جسد ہونا۔ صاحب جسم ہونا (۲) تناور ہونا۔ فربہ ہونا۔ موٹا تازہ ہونا۔

**تجسُّس** (ع) ڈھونڈنا۔ جستجو کرنا۔ تلاش کرنا۔

**تجشم** (ع) کسی شخص کو ساری قوم سے برگزیدہ کرنا (۲) قصد کرنا۔ (۳) کسی چیز کا بڑے کام میں پڑنا (۴) فربہ ہونا۔ موٹا تازہ ہونا۔

**تجشُّم** (ع) رنج اُٹھانا۔ مشقت کھینچنا۔

**تجصیص** (ع) گچکاری۔

**تجفیف** (ع) خشک کرنا۔

**تجلُّد** (ع) جلدی کرنا (۲) چالاکی کرنا۔ دشمن کے مقابلے میں جلدی کرنا۔ پھرتی۔ دلیری۔

**تجلّی** (ع) نور الٰہی (۲) روشنی۔ چمک (۳) روشن ہونا۔ فارسی والے اس لفظ کو تمنا وغیرہ الفاظ کے مانند الف سے پڑھتے ہیں یعنی تجلا۔

**تجلیل کردن** (ف) تعریف کرنا۔

**تجمّش** (ع) بال مونڈنا (۲) باریک آواز نکالنا (۳) کسی سے عشق کرنا۔

**تجمُّل** (ع) زیبائش (۲) شان و شکوہ - (۳) جمال کی آرائش۔

**تجنُّب** (ع) پرہیز۔ کنارہ کشی (۲) علیحدہ ہونا۔ کنارہ کشی کرنا۔

**تجنیس** (ع) ہم جنس کرنا (۲) یکساں کرنا (۳) یکساں ہونا (۴) علم بدیع کی اصطلاح میں اُس صنعت کا نام جس سے دو یا دو سے زیادہ ہم شکل لفظوں کو مختلف معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے (۱) نہاد - اس کے دو معنی ہیں (اوّل) جسم - بدن (دوم) نہادن مصدر سے فعل ماضی ہے - یعنی اس نے رکھا (۲) مُحِبّت اور محنت - دونوں لفظ لکھنے میں ہم شکل ہیں۔

**تجنیس تام** (ع) دو یا دو سے زیادہ متفق اللفظ اور مختلف المعنی کلموں کا ایک جگہ آنا۔

**تجنیس خط** } **تجنیس خطی** } (ع) جس میں الفاظ کی شکل یکساں اور لفظوں میں فرق ہو۔

**تجنیس زائد** (ع) جس میں ایک کلمہ دُوسرے کلمے سے ایک یا دو حرف زیادہ رکھتا ہو - جیسے ؎

(۱) صاحب ہو تو ایسا ہو مصاحب ہو تو ایسا

(۲) چاہیں تو وہ سبیل کریں سلسبیل کو

**تجنیس قلب** (ع) جس میں دوسرے کلمے کے حرف اُلٹ کر آئیں جیسے

؎ فر فر نفس کی آتی تھی نتھنوں سے جب صدا
کہتے تھے لوگ سب کہ ہے رفرف یہ راہوار

**تجنیس مُرکّب** (ع) جس میں ایک کلمہ نصف لفظ سے بنے - جیسے ؎

اب رُو ہے سامنے نہ وہ ابرو ہزار حیف

**تجنیس مزدوج** (ع) جس میں ایک کلمہ دو لفظوں سے حاصل ہو - جیسے

؎ خالی نہ گیا وار کوئی تیغ دو سر کا
ہاتھ مار گئے گر پاؤں بچا کر کوئی سرکا

**تجنیس مُطرّف** } **تجنیس معرّف** } (ع) جس میں حرکات کا اختلاف ہو جیسے مُردوں کا مارنا نہیں مَردوں کا کام۔

**تجنیس ناقص** (ع) جس میں پہلا حرف مختلف ہو جیسے

؏ حقا کہ تھا ظفر کا وسیلہ سفر تیرا

**تجوید** (ع) نیک کرنا (۲) خالص کرنا (۳) عمدگی سے کام کرنا (۴) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کرنا - علم قرأت۔

Marfat.com

**تجویز** (ع) جائز کرنا (۲) رائے دینا (۳) اپنی طرف سے کوئی بات نکالنا۔

**تجویز کردن** (ف) سفارش کرنا۔ اعلان کرنا۔ تجویز کرنا۔

**تجویف** (ع) کھوکھلا بنانا (۲) شکم خالی رکھنا۔
**تجہز** (ع) تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔
**تجہیز** (ع) سامان کرنا (۲) شادی میں جہیز دینا (۳) جنازہ کا سامان کرنا (۴) مُردے کا اسباب تیار کرنا۔
**تجہیزات** (ع۔ف) جنگی سامان۔
**تجہیز و تدفین** (ع) مُردے کا سامان کرنا اور دفن کرنا۔
**تجہیز و تکفین** (ع) تجہیز یعنی مُردے کا سامان تیار کرنا۔ اور تکفین یعنی کفن پہنانا یعنی دبانا۔
**تجہیل** (ع) کسی کو نادان سمجھنا۔
**تجیر** (ع) قنات۔ پردہ۔
**تجیرکشان** (ف) ٹھاٹھ۔
**تجیرہ** (ف) چق۔ سرکی۔

## ت - ح

**تحابّ / تحابُب** (ع) باہم محبت کرنا۔ آپس میں پیار رکھنا۔
**تحادث** (ع) باہم باتیں کرنا۔
**تحارُب** (ع) باہم محاربہ کرنا۔ آپس میں لڑائی کرنا۔
**تحاسُد** (ع) باہم حسد کرنا۔ آپس میں دشمنی کرنا۔
**تحاسین** (ع) تحسین کی جمع۔ مدائح۔
**تحاکُم** (ع) حاکم کے پاس مقدمہ فیصلہ کرانے کے لیے جانا۔ خصم کے ہمراہ حاکم کے پاس جانا۔
**تحالُف** (ع) باہم حلف اٹھانا۔ آپس میں قسمیں کھانا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔
**تحالُم** (ع) حلم دکھانا۔ حلیم نہ ہونے کے باوجود ظاہراً حلیم بننا۔
**تحامُق** (ع) خود کو بے وقوف ظاہر کرنا۔
**تحامُل** (ع) مشقت سے اپنے ذمے کام لینا (۲) کسی کو اس کی طاقت سے بڑھ کر کام بتانا۔ سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔
**تحامی** (ع) اپنے آپ کو نگاہ میں رکھنا۔ پرہیز کرنا۔
**تحاوُر** (ع) آپس میں گفتگو کرنا (۲) باہم سوال و جواب کرنا۔
**تحائف** (ع) تحفہ کی جمع۔ تحفے۔ سوغاتیں۔ نادرات۔ نذرانے۔
**تحایا** (ع) درود۔ تحیہ کی جمع۔
**تحبُّب** (ع) دوستی کرنا (۲) سیراب ہونا۔
**تحبیب** (ع) کسی کو کسی کا حبیب یعنی دوست بنانا۔

**تحبیر** (ع) سنوارنا۔ آراستہ کرنا (۲) شعر و سخن کو آراستہ کرنا (۳) اچھا خط لکھنا۔
**تحبیس** (ع) بند کرنا۔ مال کو اللہ کی راہ میں وقف کرنا۔
**تحت** (ع) زیر۔ نیچے۔
**تحت البحری** (ع) سمندر کے نیچے۔ چھوٹی سی جنگی کشتی۔
**تحت الثریٰ** (ع) زمین کا سب سے نچلا حصہ۔ پاتال۔ زمین کے نیچے۔
**تحت الحفظ** (ع) زیر نگرانی۔
**تحت الحمایہ** (ع) پناہ میں۔
**تحت الحنک** (ع) پگڑی باندھنے کی ایک خاص طرز۔ جس میں عمامہ کا ایک پیچ ٹھوڑی کے نیچے لے جا کر باندھتے ہیں۔ فرقہ جعفری میں مُردے کی ٹھوڑی سے لے کر سر تک ایک پٹی باندھتے ہیں۔
**تحت الشعاع** (ع) قمری مہینہ کی آخری دو یا تین راتیں جن میں چاند نظر نہیں آتا اور یہ تاریخیں منحوس خیال کی جاتی ہیں۔
**تحت الضمانہ** (ع) ضمانت پر۔
**تحت القہوہ** (ع) وہ ناشتہ جو قہوہ پینے سے پہلے کھایا جاتا ہے۔
**تحت الکتفی** (ع) کندھوں کے نیچے۔
تصاویر (ع) تصویر کی جمع۔ تصویریں۔ مورتیں۔
تصایح (ع) ایک دوسرے کو آواز دینا۔
تصبر (ع) مشکل سے صبر کرنا۔
تصبی (ع) مرد کا عورت کو فریفتہ کرنا (۲) فتنہ ڈالنا۔
تصبیح (ع) صباح بخیر کی دعا دینا۔ صبح کے وقت کسی کے پاس آنا (۲) صبوحی پلانا۔
تصحیح (ع) صحیح کرنا۔ درست کرنا۔
تصحف (ع) لکھے ہوئے کو غلط پڑھنا۔
تصحیف (ع) لکھنے میں غلطی کرنا (۲) اصطلاح میں نقطوں کی تبدیلی سے لفظ بدلنا۔
تصحیف کردن (ف) غلط لکھنا یا غلط پڑھنا۔
تصدع (ع) پراگندہ ہونا۔
تصدف (ع) منہ پھیرنا۔
تصدق (ع) صدقہ کرنا۔ خیرات کرنا۔
تصدق شدن (ف) فدا ہونا۔ قربان ہونا۔ واری جانا۔
تصدق کسے رفتن (ف) کسی کی بلائیں لینا۔ بڑی چاپلوسی اور خوشامد سے کام لینا۔
تصدی (ع) سامنے آنا (۲) کسی کام کے درپے ہونا۔
تصدیر (ع) شروع کرنا (۲) مقدم کرنا (۳) دیباچہ یا مقدمہ لکھنا (۴) لوٹانا۔
تصدیع (ع) دردسر کی تکلیف دینا (۲) جدا جدا کرنا۔
تصدیق (ع) سچا جاننا (۲) مان لینا (۳) کسی شے پر قطعی حکم لگانا۔

Marfat.com

تصدیق نامہ (ف) شہادت نامہ - سرٹیفکیٹ۔
تصدیق طبیب (ف) ڈاکٹری سرٹیفکیٹ۔
تصدیہ (ع) تالی بجانا - ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا۔
تصرّف (ع) دخل دینا (۲) دگرگوں ہونا (۳) قبضہ۔
تصرّف بیجا (ف) بیجا قبضہ (۲) غبن - خیانت۔
تصرّف کردن (ف) نکتہ چینی کرنا۔
تصرّم (ع) لٹ جانا۔
تصریح (ع) صراحت کرنا - خوب ظاہر کرنا - ظاہر کرنا۔
تصریع (ع) کسی کو پچھاڑنا (۲) پہلے مصرع کا قافیہ لانا (۳) دروازے کے دو کواڑ بنانا۔
تصریف (ع) گردش دینا - پھرانا (۲) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھیرنا۔
تصریم (ع) کاٹنا۔
تصعُّد (ع) اوپر چڑھنا (۲) کسی چیز کا دشوار ہونا۔
تصعید (ع) بلند ہونا - اوپر چڑھنا (۲) نیچے اترنا (۳) کسی دوا کو آگ میں رکھ کر اس کے جوہر سرپوش میں منجمد کرانا۔
تصعیر (ع) غرور سے رخساروں کو ٹیڑھا کرنا - گلے پھلانا۔
تصغیر (ع) چھوٹا کرنا۔
تصفّح (ع) تلاش - جستجو (۲) ایک ایک صفحہ دیکھنا معلوم کر لینا (۳) کسی کام کو غور سے دیکھنا۔
تصفیق (ع) تالی بجانا (۲) کسی شے کو چوڑا کرنا۔
تصفیر (ع) زرد رنگ کرنا (۲) آواز کرنا (۳) فریاد کرنا (۴) خالی کرنا۔
تصفیق (ع) جانا (۲) ایک برتن سے دوسرے میں شراب ڈالنا (۳) کسی چیز سے گردن پھیرنا (۴) ہوا کا درخت کو ہلانا (۵) تالی بجانا (۶) ایک چراگاہ سے چوپائے کو دوسری چراگاہ میں لے جانا۔
تصفیع (ع) قسم کھانا - سوگند کھانا - کسی کے لیے قسم کھانا۔
تصفیہ (ع) صاف کرنا - پاک کرنا (۲) روشن کرنا۔
تصفیہ خانہ (ف) تصفیہ کرنے کی جگہ۔
تصلّب (ع) سخت کرنا - محکم کرنا (۲) سختی کرنا۔
تصلّف (ع) لاف زنی کرنا (۲) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا۔
تصلیب (ع) صلیب پر کھینچنا - سولی دینا (۲) کپڑے وغیرہ پر صلیب کا نشان بنانا۔
تصلیہ (ع) نماز پڑھنا (۲) درود پڑھنا (۳) آگ میں ڈالنا (۴) لکڑی کو آگ سے گرم کر کے سیدھا کرنا (۵) پہنچنا۔
تصمیت (ع) خاموش ہونا (۲) خاموش کرنا۔
تصمیم (ع) پختہ کرنا (۲) خالص کرنا۔
تصمیم داشتن (ف) عزم کرنا - کسی کام پر آمادہ ہونا۔
تصمیم قلبی (ع - ف) دو ٹوک فیصلہ یا پکا ارادہ۔
تصنّع (ع) بناوٹ - صنعت (۲) کاریگری کرنا (۳) عورت کا حسن کو زیبائش دے کر ظاہر ہونا۔

تصنیع (ع) بنانا - مہیا کرنا - کسی چیز کو اچھا بنانا اور سجانا۔
تصنیف (ع) کتاب بنانا (۲) دل سے کوئی مضمون نکالنا - قسم قسم علیحدہ کر کے بیان کرنا - نظم و نثر کا کوئی مضمون بنانا۔
تصنیف (ع) شعر و اشعار گانا - غزل گانا - گیت - راگ۔
تصنیف ساز (ف) گیت یا سرود لکھنے والا۔
تصنیف نہادن (ف) بہتان باندھنا۔
تصوّر (ع) صورت و شکل بننا (۲) دھیان - خیال (۳) کسی چیز کی شکل کا ذہن میں لانا (۴) علم منطق کی اصطلاح میں وہ ذہنی صورت جس پر کوئی قطعی حکم نہ لگا ہو۔
تصوّف (ع) پشمینہ بنانا (۲) صوفی بننا - (۳) باطن کو صاف کرنا۔ خدا سے لو لگانا (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں دل سے نفسانی آلائشوں اور جسمانی خواہشوں کو دور کرنا - صوف بمعنی اون اور ایک قسم کا پشمینہ - چونکہ قدیم زمانہ میں صوفی پشمینہ پہنتے تھے اس لیے صوفی کہلائے - اور ان کا عقیدہ تصوف کہلاتا ہے۔
تصون (ف) اپنے آپ کو برائیوں سے بچانا - اپنی نگرانی کرنا اور اپنی حفاظت کرنا۔
تصویب (ع) سر جھکانا (۲) کسی کی رائے کو صائب یا صحیح قرار دینا (۳) تیز چلنے کے لیے گھوڑے کی لگام ڈھیلی چھوڑنا (۴) درست سمجھنا۔
تصویب کردن (ف) تائید کرنا - منظور کرنا۔
تصویب نامہ (ف) وہ فیصلے جو وزیروں کی کابینہ نے منظور کیے ہوں اور اجرا کے لیے حکومتی اداروں کو بھیج دیے ہوں۔
تصویت (ع) صوت کرنا - آواز کرنا۔
تصویر (ع) صورت (۲) صورت بنانا (۳) پیدا کرنا (۴) صورت گری۔
تصیُّد (ع) صید ڈھونڈنا - شکار تلاش کرنا۔
تصیید (ع) صید کرنا - شکار کرنا۔

# ت - ض

تضاحک (ع) آپس میں ہنسنا۔
تضاد (ع) ایک شے کا دوسری شے کی ضد ہونا (۲) مخالفت۔
تضایق (ع) آپس میں تنگ ہونا - ایک دوسرے سے تنگ ہونا (۲) ایک جگہ نہ سمانا۔
تضجّر (ع) (ت ض ج ر) دل تنگ ہونا (۲) دل کی تنگی۔
تضحیک (ع) مضحکہ اڑانا - (۲) ہنسانا۔
تضحیہ (ع) چاشت کا کھانا کھلانا (۲) قربانی کا جانور (۳) چاشت کے وقت ذبح کرنا۔
تضرّر (ع) ضرر پانا (۲) بیمار ہونا (۳) ایذا پانا - صدمہ اٹھانا۔

Marfat.com

تضرّع (ع) منت کرنا - گڑگڑانا - زاری کرنا -
تضرّم (ع) آگ بھڑکنا - غصّہ آنا -
تضریب (ع) بہت مارنا - اکٹھی دو عورتیں رکھنا - فتنہ برپا کرنا - ایک چیز کو دُوسری چیز سے مخلوط کرنا -
تضریس (ع) دندانہ - دندانہ دار - جمع تضاریس -
تضریم (ع) آگ بھڑکانا - غصّہ دلانا -
تضعّف (ع) کمزور سمجھنا - سست و ناتواں جاننا -
تضعیف (ع) دو چند کرنا - دُگنا کرنا (۲) ناتوانی سے منسوب کرنا - کمزور کرنا -
تضلّع (ع) خوب سیراب ہونا (۲) سیر ہونا - پیٹ کا بھر جانا -
تضلیل (ع) ضلالت میں ڈالنا - گمراہ کرنا -
تضمّن (ع) بیچ میں ملا لینا (۲) پیٹ میں لینا (۳) قبول کرنا -
تضمین (ع) ضامن کرنا - اپنی پناہ میں لینا (۳) کسی شاعر کا مشہور شعر اپنے شعروں میں لانا -
تضمین دادن } تضمین کردن } ضامن ہونا - کسی شاعر کا شعر اپنے اشعار میں لگانا - گرہ لگانا -
تضوّر (ع) فریاد کرنا (۲) کُڑھنا - ہائے ہائے کرنا - بھُوک سے پیچ و تاب کھانا -
تضیّع (ع) ضائع ہونا -
تضیّف (ع) کسی کا مہمان ہونا (۲) آفتاب کا غروب ہونے کے قریب ہونا -
تضیّق (ع) تنگ ہونا -
تضییع (ع) ضائع کرنا - کھو دینا - برباد کرنا -
تضییق (ع) تنگ کرنا (۲) دق کرنا -

# ت - ط

تطابُق (ع) باہم مطابق ہونا - مطابقت (۲) اتفاق کرنا -
تطاریف (ع) انگلیوں کے اطراف و جوانب -
تطاعُن (ع) باہم نیزہ زنی کرنا -
تطاوُع (ع) نرمی کرنا -
تطاوُل (ع) تعدی - ظلم (۲) دست درازی کرنا (۳) گردن کشی کرنا -
تطاول کردن (ف) ظلم کرنا - ستم و تعدی کرنا -
تطایُر (ع) اُڑنا - پرواز کرنا -
تطبیق (ع) مطابق کرنا - برابر کرنا -
تطرّق (ع) طریقہ پانا - راہ پانا -
تطعیم (ع) ٹیکہ - انجکشن (۲) ٹیکہ کرنا -
تطفیۃ (ع) آگ بجھانا -
تطلیق (ع) طلاق دینا - عورت کو چھوڑ دینا -
تطوّر (ع) تدریجی ترقی - ارتقا -
تطوّع (ع) حکم ماننا (۲) نیک کام کرنا (۳) اپنی خوشی سے مستحب و نوافل کو بجا لانا -
تطوُّعاً (ع) دلی رضا و رغبت اور مسرت کے ساتھ -
تطوّل (ع) زیادتی کرنا (۲) کسی پر احسان رکھنا -
تطویل (ع) طویل کرنا - دراز کرنا (۲) درازی -
تطہّر (ع) پاک ہونا - اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا -
تطہیر (ع) پاک کرنا -
تطیّب (ع) خوشبودار ہونا (۲) پاک ہونا (۳) خوش ہونا -
تطیّر (ع) اڑانا (۲) حصّے کرنا - بانٹ لینا (۳) ماتولوں کو نر کا گابھن کرنا -

# ت - ظ

تظالُم (ع) ایک دُوسرے پر ظلم کرنا -
تظاہُر (ع) ایک دُوسرے کی مدد کرنا -
تظاہرات (ع) مظاہرے -
تظلّم (ع) کسی کا حق کم کرنا (۲) ظلم سے فریاد کرنا - ظلم کے باعث رونا (۳) فریاد -
تظلّم زان (ف) دادخواہ - فریادی -
تظلّم کردن (ف) ستم سہنا - ظالم کے ظلم کے خلاف واویلا کرنا - فریاد کرنا -
تظلیل (ع) سایہ ڈالنا -

# ت - ع

تعادُل (ع) باہم برابر ہونا -
تعادل برقرار کردن یا داشتن (ف) اپنا توازن قائم رکھنا -
تعادی (ع) باہم دشمنی کرنا (۲) دوڑنے میں مقابلہ کرنا (۳) آپس میں دوڑنا -
تعارُض (ع) دو چیزوں کا آپس میں مخالف ہونا (۲) مقابلہ کرنا - سامنے آنا -
تعارُف (ع) باہمی جان پہچان - شناخت (۲) باہم شناخت کرنا - باہمی جان پہچان ہونا (۳) ایک رسم (۴) خاطر و مدارات - آؤ بھگت - اخلاق (۵) تحفہ جو ہم مرتبہ احباب ایک دوسرے کو بھیجتے ہیں -
تعارُف رسمی (ع) شاہانہ ملاقات -
تعارف شاہ عبدالعظیمی (ف) زبانی جمع خرچ - لفظی خدمت اور عملی طور پر صفر -
تعارف کردن (ف) آؤ بھگت کرنا - خاطر تواضع کرنا - تکلّف کرنا -
تعارفی (ف) جو چیز بطور ہدیہ پیش کی جائے -

Marfat.com

تعاسُر (ع) آپس میں ضد کرنا۔
تعاضُد (ع) ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تعاطُف (ع) آپس میں مہربانی کرنا۔
تعاقُب (ع) پیچھا کرنا۔ایک دوسرے کا پیچھا کرنا (۲) پیچھے دوڑنا۔
تعاقُد (ع) آپس میں گرہ باندھنا (۲) آپس میں عہد و پیمان کرنا۔
تعال (ع) امرِ حاضر کا صیغہ آ۔
تعالےٰ (ع) وہ بلند ہے۔ وہ اعلیٰ ہے۔ خدا کی صفت کے لیے آتا ہے (۲) ضرورت شعری کے لیے فارسی والے اسے مخفف کرکے صرف تعال بھی لکھتے ہیں جیسے ایزد تعال۔
تعامِی (ع) جان بوجھ کر اندھا بننا۔
تعانُق (ع) معانقہ کرنا۔ گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔
تعاوُن (ع) ایک دُوسرے کی مدد کرنا۔
تعاہُد (ع) باہم عہد کرنا (۲) آپس میں ضامن ہونا۔
تعَب (ع) تکان۔ رنج۔ ماندگی۔
تعب دادن (ف) دُکھ پہنچانا۔ آزار دینا۔
تعبُّد (ع) عبادت کرنا۔ بندگی کرنا (۲) بندہ بنانا۔ غلام بنانا (۳) خوار کرنا۔ ذلیل کرنا۔
تعبُّداً (ع) اندھا دھند تقلید۔
تعبُّس (ع) تُرش رُو ہونا۔ ناخوش ہونا۔
تعبیر (ع) خواب کی حقیقت بتانا۔ خواب بیان کرنا۔
تعبِیَہ (ع) آراستہ کرنا (۲) چھپانا (۳) معما کہنا۔
تعبیہ شدن (ع) ایک شے کا دوسری میں اس طرح مِل جانا کہ معلوم نہ ہو۔
تعبیہ شکستن (ف) چیزوں کی ترتیب کا اُلٹ پلٹ ہونا۔
تعبیہ کردن } تعبیہ نمودن } گھریلو فرنیچر اور سامان کو ترتیب دینا۔ٹھیک ٹھاک کردینا۔
تعتیم (ع) دیر کرنا۔ تاخیر کرنا (۲) درنگ۔
تعجُّب (ع) اَنوکھاپن (۲) اچنبھا۔
تعجب آمیز (ف) حیران کن۔
تعجیب (ع) کسی کو تعجب میں ڈالنا۔
تعجیل (ع) جلدی کرنا۔ شتابی کرنا۔
تعداد (ع) شمار کرنا۔ گِننا۔
تعدُّد (ع) گنتی کے۔ بکثرت۔ زیادتی۔
تعدد زوجات (ع) کئی شادیاں کرنا۔
تعدِّی (ع) حد سے گزرنا۔
تعدید (ع) شمار کرنا۔ گننا (۲) سختی۔ ظلم۔
تعدیل (ع) راست کرنا۔ دُرست کرنا۔ برابر کرنا۔
تعدیل ارکان (ع) نماز میں رکوع و سجود کا اطمینان سے ٹھیک ٹھیک ادا کرنا۔
تعدیل نرخ (ع۔ف) چڑھتے ہوئے نرخوں کو اعتدال پر لانا۔
تعدیہ (ع) متعدی کرنا۔ فعل لازم کو متعدی کرنا (۲) ایک چیز کو دُوسری چیز تک پہنچانا۔
تعذُّر (ع) معذور ہونا (۲) عذر کرنا (۳) کام کا مشکل ہونا۔
تعذیب (ع) عذاب دینا۔ دُکھ دینا (۲) باز رکھنا۔
تعذیر (ع) عذر کرنا (۲) عذر کا ثابت ہونا (۳) کام میں قصور کرنا (۴) ختنہ کی مہمانی کرنا۔
تعرُّض (ع) پیش آنا۔ درپے ہونا (۲) چھیڑنا۔ تنگ کرنا (۳) اعتراض کرنا (۴) عیب جوئی کرنا (۵) ٹیڑھا ہونا (۶) کسی کام میں معروف ہونا (۷) تباہ ہونا۔
تعرُّف (ع) پہچاننا۔ شناخت کرنا۔
تعریب (ع) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنانا۔
تعرِیَت (ع) برہنہ کرنا۔ ننگا کرنا۔
تعریس (ع) مسافر کا پچھلی رات کو قیام کرنا۔
تعریش (ع) کام میں دیر کرنا (۲) مکان کی چھت بنانا۔ انگور کی ٹٹی باندھنا (۳) چوبی گھر بنانا۔
تعریض (ع) چھیڑنا (۲) چوٹ کرنا (۳) کسی کو کام پر لانا (۴) رمز و کنایہ سے بات کرنا۔
تعریف (ع) معنی بیان کرنا (۲) شناخت کرانا (۳) جتانا (۴) سراہنا۔
تعریک (ع) کسی شے کو مَلنا (۲) گوشمالی کرنا۔
تعرِیَہ (ع) ننگا کرنا۔
تعزِیَت (ع) ماتم پُرسی کرنا (۲) دُکھیا کو صبر کی تلقین کرنا۔
تعزیہ خواندن (ف) ماتم کرنا۔ واقعہ کربلا کو ڈرامائی شکل میں پیش کرنا۔
تعزیہ دار (ف) سوگوار۔ ماتمی۔
تعزیر (ع) شرعی حد سے کم سزا دینا (۲) سیاست کرنا۔
تعزِیَہ (ع) ماتم پرسی (۲) مصیبت زدہ کو صبر کا حکم دینا۔
تعزِیَہ (ع) امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہ کی تربت کی نقل جو شیعہ ۱۰ محرم کو لکڑی اور کاغذ وغیرہ سے بنا کر نکالتے ہیں۔
تعزیہ دار (ف) سوگوار (۲) تعزیہ کرنے والا۔ تعزیہ نکالنے والا۔
تعزیہ داری (ف) تعزیہ بنانا۔ تعزیہ نکالنا (۲) سوگ۔ ماتم (۳) سینہ کوبی۔
تعَس (ع) ہلاک ہونا (۲) پست ہونا (۳) سر کے بل گرنا (۴) دوری۔ بُعد۔
تعسّر (ع) مشکل ہونا۔ سخت ہونا (۲) دشواری۔ مشکل۔
تعسر کشیدن (ف) تنگی دیکھنا۔ سختی برداشت کرنا۔ مشکل کا سامنا کرنا۔
تعسُّف (ع) راہ سے ٹیڑھا ہو جانا۔ بے راہ چلنا (۲) کسی چیز کے نہ رہنے پر غم کرنا۔
تعشُّم (ع) لالچ کرنا۔ طمع رکھنا۔
تعسیر (ع) دشوار بنانا۔
تعشُّق (ع) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

Marfat.com

**تعشیم** (ع) سُوکھ جانا (۲) نہایت بوڑھا ہونا۔
**تعشّی** (ع) عشاء کا کھانا کھانا۔ شام کا کھانا کھانا۔
**تعصّب** (ع) سر پر پٹی باندھنا (۲) طرفداری کرنا۔ حمایت کرنا۔ پیچ کرنا (۳) بے جا حمایت کرنا۔
**تعصّی** (ع) نافرمانی کرنا۔
**تعصیب** (ع) سر پر پٹی باندھنا (۲) ہلاک کرنا (۳) بھوکا رکھنا۔ (۴) میراث دلانا (۵) سردرد کرنا۔
**تعضیل** (ع) عورت کو نکاح سے زبردستی روکنا۔
**تعطّر** (ع) عطر لگانا (۲) خوشبودار ہونا (۳) عورت کا نکاح نہ کرنا اور والدین کے گھر پڑا رہنا۔
**تعطّش** (ع) پیاس لگنا۔ اپنے آپ کو زبردستی سے پیاسا کرنا۔
**تعطّف** (ع) مہربانی (۲) مہربانی کرنا (۳) چادر اوڑھنا۔
**تعطّل** (ع) معطل ہونا۔ بے کار ہونا (۲) عورت کا زیور نہ پہننا۔
**تعطیر** (ع) خوشبودار کرنا۔
**تعطیل** (ع) گنوانا (۲) کسی چیز کو بے کار کرنا۔ بے کاری کا دن۔ چھٹی۔ رُخصت۔
**تعطیل رسمی** (ع۔ ف) گزٹڈ یا سرکاری چھُٹی جس روز سب سرکاری دفاتر اور ادارے بند ہوں۔
**تعطیل شدن** (ف) ملتوی ہونا۔ معطل ہونا۔
**تعطیل کردن** (ف) بند کرنا۔ چھٹی کرنا۔
**تعظّم** (ع) بزرگ ہونا (۲) بزرگی ظاہر کرنا۔
**تعظیم** (ع) بزرگی کرنا (۲) کسی کو بزرگ بنانا (۳) عزّت کرنا۔
**تعظیم نمودن** (ف) عزّت و احترام کرنا۔
**تعفّف** (ع) پارسائی۔ پرہیزگاری (۲) بہ تکلّف پرہیزگار بننا۔
**تعفّن** (ف) سڑ جانا۔ بدبُو ہونا۔ (۲) بدبُو۔
**تعقّب** (ع) پیچھا کرنا۔ بھاگنے والے کے پیچھے جانا۔
**تعقّل** (ع) سوچنا۔ فکر کرنا۔ سمجھنا۔
**تعقیب** (ع) دیر کرنا۔ پیچھے دیکھنا (۲) ایک چیز کو دُوسری کے پیچھے لانا (۳) متفکر ہونا۔
**تعقیب کردن** (ف) پیروی کرنا۔ سزا دینا۔
**تعقید** (ع) عقد کرنا۔ گانٹھ لگانا۔ گرہ لگانا (۲) ایسی بات کرنا۔ جس کا مطلب سمجھ میں نہ آئے۔
**تعلّق** (ع) علاقہ۔ لگاؤ۔ واسطہ (۲) لگاؤ رکھنا۔
**تعلّقات** (ع) تعلّق کی جمع۔
**تعلّقہ** (ع) لگاؤ۔ علاقہ۔
**تعلّل** (ع) عِلّت دریافت کرنا۔ سبب پوچھنا (۲) بہانہ تلاش کرنا (۳) تاخیر کرنا (۴) کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا کھانا۔
**تعلّم** (ع) تعلیم لینا۔ سیکھنا۔ علم حاصل کرنا۔
**تعلّی** (ع) آہستہ سے اُوپر جانا۔
**تعلیق** (ع) ایک شے کو دُوسری شے سے متعلق کرنا (۲) لٹکانا۔

**تعلیل** (ع) عِلّت زائل کرنا (۲) دلیل لانا۔ وجہ بتانا۔ (۳) بار بار سیراب ہونا (۴) پھل اکٹھا کرنا۔
**تعلیل کردن** (ف) عِلّت دریافت کرنا۔ بہانہ تلاش کرنا۔ سبب پوچھنا۔ تاخیر کرنا۔
**تعلیم** (ع) علم پڑھانا۔ سکھانا۔
**تعلیمی** (ع) اس تسمے کو کہتے ہیں جو گھوڑے کی لگام کے سرے پر ہوتا ہے۔
**تعمّق** (ع) کسی چیز کی تہہ کو پہنچنا۔ غور کرنا۔
**تعمّل** (ع) عمل میں لانا (۲) اپنے آپ کوئی کام کرنا۔ (۳) کسی کے لیے سختی برداشت کرنا۔
**تعمّم** (ع) کسی کو عم یعنی چچا کہنا (۲) عمامہ باندھنا۔
**تعمّی** (ع) کورچشم ہونا۔ اندھا ہونا۔
**تعمید** (ع) قصد کرنا۔
**تعمیر** (ع) عمارت بنانا (۲) آباد کرنا (۳) عمر دراز دینا (۴) درازیٔ عمر کی دُعا دینا۔
**تعمیش** (ع) اللہ تعالےٰ کا کسی کی ضعفِ بصارت کو دُور کر دینا۔
**تعمیق** (ع) گڑھا کھودنا (۲) خوب سوچنا۔ دُور اندیشی کرنا۔ غور کرنا۔ سوچ بچار کرنا۔
**تعمیل** (ع) عمل کرنا (۲) عامل بنانا۔ حاکم بنانا (۳) کام کی اُجرت ادا کرنا۔
**تعمیم** (ع) عام کرنا (۲) عامل یا سردار بنانا (۳) عمامہ بندھوانا (۴) سب کو شامل کرنا۔
**تعمیم کردن** (ع) پھیلانا۔
**تعمیہ** (ع) چھُپانا۔ ڈھانکنا (۲) اندھا کرنا (۳) معما کہنا۔
**تعنّد** (ع) عناد کرنا (۲) لڑنا۔ جھگڑنا۔ دشمنی کرنا۔
**تعنّف** (ع) سرزنش کرنا (۲) سختی کرنا۔ تعدی کرنا۔
**تعنّی** (ع) رنج کھینچنا (۲) رنج دینا۔
**تعنیت** (ع) بھاری کرنا۔ بوجھل کرنا (۲) کسی کے ذمے ایسا کام لگانا جسے وہ کر نہ سکے۔
**تعنیس** (ع) لڑکی کے بالغ ہونے پر بھی اس کا نکاح نہ کرنا (۲) لڑکی کا عرصہ تک گھر میں بے شوہر رہنا۔
**تعنیف** (ع) ملامت کرنا (۲) سرزنش کرنا۔ سختی کرنا۔
**تعنیق** (ع) ٹیڑھا ہونا۔
**تعوّث** (ع) متحیّر ہونا۔
**تعوّج** (ع) ٹیڑھا ہونا۔
**تعوّد** (ع) عادی ہونا۔ عادت اختیار کرنا۔ خوگیر ہونا۔
**تعوّذ** (ع) پناہ لینا (۲) اَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیم ٥ پڑھنا۔
**تعویذ** (ع) پناہ میں لینا۔ پناہ دینا (۲) کسی آسیب یا تکلیف سے بچانے کے لیے دُعائیں یا ان کے اعداد مقررہ طریق

Marfat.com

برکلہ کہ گلے میں ڈالنا یا باندھ (دوغیرہ پر باندھنا (۳) پناہ - بچاؤ۔
تعویق (ع) (۱) تاخیر میں ڈالنا (۲) باز رکھنا (۳) بند کرنا۔ روکنا۔ رکاوٹ کرنا۔
تعویل (ع) اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا (۲) مدد مانگنا (۳) آواز سے رونا۔
تعہد (ع) کسی کام کے پورا کرنے کا ذمہ لینا۔ ضامن بننا۔
تعی (ع) دوڑنا۔
تعیش (ع) زندگی گزارنے کا سامان تیار کرنا۔ معیشت کا سامان تیار کرنا۔
تعین (ع) (۱) مقرر ہونا (۲) مخصوص ہونا (۳) ہستی۔ وجود۔
تعینات (ع) تعین کی جمع۔ خصوصیات۔
تعییث (ع) اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔
تعییر (ع) عار دلانا۔ کسی کے کام میں عیب نکالنا۔ ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا۔
تعییل (ع) عیالداری کرنا۔ نفقہ دینا (۲) گھوڑے کو جنگل یا مرغزار میں چھوڑنا۔
تعیین (ع) مخصوص کرنا۔ مقرر کرنا۔
تعیین گردیدن (ف) مقرر ہونا۔
تعیینات (ع) تعیین کی جمع۔ فارسی والے متعین کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

# ت - غ

تغابن (ع) خسارہ۔ گھاٹا۔ نقصان۔ باہم نقصان اٹھانا۔ افسوس۔
تغار (ف) مٹی کا کونڈا۔
تغازل (ع) آپس میں غزل کہنا۔ عشق بازی کرنا۔
تغافل (ع) دیدہ دانستہ کسی چیز سے غافل ہونا۔ چشم پوشی کرنا۔
تغافل پیشہ (ف) کوتاہی کرنے والا۔
تغافل شعار (ف) غفلت کرنے کا عادی۔
تغالی (ع) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا۔ کسی چیز کا نرخ چڑھ جانا۔
تغایر (ع) آپس میں غیر ہونا۔ باہم مغایر ہونا۔ فرق۔
تغدی (ع) صبح کا کھانا کھانا۔ ناشتہ کرنا۔
تغذیہ (ع) غذا دینا۔ پالنا۔ خوراک دینا۔
تغریب (ع) غربت زدہ کرنا۔ جلا وطن کرنا۔
تغرید (ع) چہچہانا۔
تغزل (ع) غزلیہ اشعار کہنا۔ معاشقہ کرنا۔
تغریر (ع) غدر کرنا۔
تغسیل (ع) غسل دینا۔ نہلانا دھلانا۔
تغشی (ع) پوشیدہ کرنا۔ ڈھانپنا۔ جماع کرنا۔
تغطی (ع) چھپانا۔ ڈھانپنا۔

تغلب (ع) غالب ہونا۔ غلبہ کرنا۔
تغلیس (ت) ارمن کے ایک شہر کا نام۔
تغلیط (ع) غلطی میں ڈالنا۔
تغلیظ (ع) غلیظ کرنا۔ گاڑھا کرنا۔
تغمد (ع) خدا کے بندے کو غریق رحمت کرنا۔
تغنم (ع) غنیمت سمجھنا۔
تغوط کردن (ع) رفع حاجت کرنا۔
تغیر (ع) حالت کا بدل جانا۔
تغیر کردن (ع - ف) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ ڈانٹنا۔
تغیظ (ع) غیظ میں آنا۔ غصہ میں آنا۔
تغییر (ع) بدل دینا۔ دگرگوں کرنا۔
تغییر نام بیمار (ع) جب بیمار کی حالت ناامیدی کی ہو جاتی ہے تو اس کا نام بدل دیتے ہیں اور اسے بیمار کی بہتری اور سلامتی کے لیے اچھا خیال کرتے ہیں۔

# ت - ف

تف (ف) روشنی۔ حرارت۔ بخار۔ بدبو۔
تف (ف) تھوک۔ تھوکنا۔
تف انداختن (ف) تھوکنا۔
تف انداختن بروی کسے (ف) کسی کو ذلیل و خوار کرنا۔
تف (ع) ناخن کی میل۔ کھانا جو دانتوں میں پھنسا رہے۔
تفاح (ع) سیب۔
تفاحش (ع) فحش کہنا۔ بدی کا حد سے گزر جانا۔
تفاخر (ع) ایک دوسرے پر بڑائی ظاہر کرنا۔
تفارر (ع) باہم فرار کرنا۔ دو گروہوں کا ایک دوسرے سے بھاگنا۔
تفاسیر (ع) تفسیر کی جمع۔ کسی کلام کی شرحیں۔ کلام الٰہی کی شرحیں۔
تفاصل (ع) آپس سے جدا کرنا۔ فرق کرنا۔
تفاصیل (ع) تفصیل کی جمع۔ تشریحیں۔ وضاحتیں۔
تفاضل (ع) باہم فضیلت رکھنا۔ ایک دوسرے پر فائق ہونا۔ افزونی چاہنا۔ فضل چاہنا۔
تفاقد (ع) ایک دوسرے کو گم کرنا۔
تفاقم (ع) کام کا زیادہ ہو جانا۔
تفانی (ع) ایک دوسرے کو فنا کرنا۔ جنگ وغیرہ میں ایک دوسرے کو نیست و نابود کرنا۔
تفاوت (ع) فاصلہ۔ فرق۔ دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ یا فرق۔
تفاؤل (ع) فال لینا۔ شگون لینا۔
تفاہم (ع) ایک دوسرے کا مطلب اور مقصد سمجھنا۔
تفتہ (ف) گرم۔ جلا ہوا۔ قہر۔ غضب۔ غصے سے بھڑک اٹھنا۔

Marfat.com

جلدی - ناز و انداز سے مٹک کر چلنا - گفتار و رفتار میں تیزی برتنا - تفتن مصدر کا ماضی بھی ہے - شہر یزد کے توابع میں ایک قصبہ ہے - علامہ تفتازانی وہیں کے تھے -

**تفتان** (ف) گرم - آگ یا دھوپ کی حدّت سے گرم ہو گیا ہوا - پراٹھا -

**تفتُّت** (ع) ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پارہ پارہ ہونا -

**تفتّح** (ع) فتح ہونا - کھل جانا -

**تفتّق** (ع) پھٹنا - کھلنا -

**تفتّک** (ع) خود بخود بلا مشورہ کسی کام میں شامل ہونا -

**تفتّل** (ع) بٹا جانا -

**تفتن** (ف) گرم ہونا - ایک دوسرے کو گرم کرنا -

**تفتہ** (ف) تافتہ کا مخفف - جلا ہوا - سوختہ - عاشق -

**تفتہ جگر** (ف) عاشق - وہ شخص جسے جگر یا دل کی بیماری ہو -

**تفتہ دل** (ف) آزردہ دل -

**تفتیت** (ع) کسی چیز کو ہاتھ سے ریزہ ریزہ کرنا -

**تفتیح** (ع) فتح کرنا - کھولنا - ڈکار لینا -

**تفتیدن** (ف) دیکھو تفتن -

**تفتیر** (ع) سست کرنا - پریشان کرنا - پراگندہ کرنا -

**تفتیش** (ع) تلاش - جستجو - کرید - کھود

**تف تیغ** (ف) نیام سے تلوار کھینچنے کی آواز - تلوار کی چمک -

**تفتیق** (ع) پھاڑنا - کھولنا -

**تفتیک** (ع) رُوئی کو دھنکنا -

**تفتیل** (ع) بٹنا -

**تفتین** (ع) فتنہ میں ڈالنا -

**تفث** (ع) پاک و صاف کرنا - میل کچیل دُور کرنا - حج کے ایام میں لبوں، بغلوں کے بال اور ناخن دُور کرنا -

**تفجُّر** (ع) فجر ہونا - صبح کا روشن ہونا (۲) پانی جاری ہونا (۳) بہادری کرنا -

**تفجُّع** (ع) غم اور تکلیف سے دردمند ہونا -

**تفجیع** (ع) مصیبت زدہ کرنا - دردمند کرنا -

**تفحّش** (ع) فحش کلامی کرنا - بے ہودہ گوئی کرنا -

**تفحّص** (ع) تلاش - جستجو - کھود - کرید -

**تفحّص کردن** (ف) تلاش و جستجو کرنا - کریدنا -

**تفحیش** (ع) بدگوئی کرنا - رُسوا کرنا -

**تفحّل** (ع) سانڈ کے مشابہ ہونا - درخت کا پھل نہ دینا -

**تفحیم** (ع) سیاہ کرنا (۲) رات کی تاریکی میں سیر کرنا -

**تفخّر** (ع) فخر کرنا - بڑائی کرنا -

**تفخیم** (ع) بڑا کرنا (۲) مخصوص حروف کو پُر کر کے پڑھنا -

**تف داشتن جواہر** (ف) جواہرات کا لکیر دار ہونا - اور یہ ان کی عمدگی کی دلیل نہیں ہے -

**تفدیہ** (ع) فدا ہونا - اپنے آپ کو کسی پر فدا کرنا (۲) میں تجھ پر فدا کہنا -

**تفرّث** (ع) متفرق ہو جانا - حاملہ عورت کا جی متلانا -

**تفرّج** (ع) خوشحالی ہونا - کشائش ہونا (۲) سیر تماشا - تفریح -

**تفرّج زدن** (ف) سیر کرنا -

**تفرّج گاہ** (ف) سیرگاہ - تماشا گاہ -

**تفرّر** (ع) فرار ہونا - بھاگنا (۲) ڈرنا (۳) پرہیزگاری -

**تفرّس** (ع) دانائی - فراست - قیافہ - شناس مندی - کسی چیز کو دیکھتے ہی اس کے آثار و علامات سے اسے پہچان لینا - ایک نظر میں تاڑ جانا -

**تفرّش** (ع) پرندے کا بچے اُڑنے یا کسی چیز پر جھکنے کے لیے پر پھیلانا -

**تفرُّع** (ع) درخت کا بہت شاخ دار ہونا (۲) کسی شے سے پیدا آنا -

**تفرُّغ** (ع) فارغ ہونا - کسی کام سے فراغت پانا - اپنے آپ کو کسی کام کے لیے فارغ کرنا -

**تفرّق** (ع) متفرق ہونا - جُدا ہونا - بکھرنا -

**تفرّق اتصال** (ع) اطبا کی اصطلاح میں زخم کو کہتے ہیں -

**تفرقع** (ع) انگلیوں کو مروڑنے سے آواز نکلنا -

**تفرقہ** (ع) فرق - فاصلہ (۲) جُدائی (۳) متفرق کرنا - جُدا کرنا - پراگندہ کرنا -

**تفرُّک** (ع) رفتار و گفتار میں شکستگی پیدا ہونا -

**تفریج** (ع) غم اور سختی سے نکالنا - کشائش دینا -

**تفریح** (ع) فرحت دینا - خوش کرنا -

**تفریح طبع** (ع) دل بہلاوا - خوشی - ہنسی - دل لگی -

**تفرید** (ع) فرید و یگانہ (۲) فقیہ اور دانا ہو جانا - امر و نہی کی رعایت کے لیے تنہا ہو جانا -

**تفریز** (ع) جُدا کرنا -

**تفریس** (ع) مفرس بنانا - کسی غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا -

**تفریش** (ع) فرش بچھانا - کسی کے لیے فرش کرنا (۲) صحن میں پتھر وغیرہ کا فرش بنانا -

**تفرشیش** (ع) فرش بچھانا - پتھر بچھانا - پرندے کا اُڑنے کے لیے بازو پھیلانا -

**تفریض** (ع) ایک چیز کو تھوڑا تھوڑا واجب کرنا - اونٹوں میں زکوٰۃ کا واجب ہونا -

**تفریط** (ع) بیکار کرنا (۲) کمی کرنا - کسی کام میں کوتاہی اور کمی کرنا (۳) درگزر کرنا -

**تفریع** (ع) پہاڑ سے اُترنا (۲) پہاڑ پر چڑھنا (۳) ایک اصل سے کئی مسائل نکالنا -

**تفریغ** (ع) فارغ کرنا (۲) برتن خالی کرنا (۳) پانی انڈیلنا -

**تفریق** (ع) ڈرانا (۲) فرق کرنا (۳) پراگندہ کرنا (۴) علیحدہ کرنا (۵) فاصلہ کرنا (۶) علم حساب کا دُوسرا مفرد قاعدہ

Marfat.com

جس میں چھوٹے عدد کو بڑے عدد سے گھٹایا جاتا ہے۔

تفرّر (ع)، پارہ پارہ ہونا (۲) پارچہ وغیرہ کا پھٹ جانا۔

تفسان (ف)، بہت گرم۔ نہایت گرم۔

تفساندن (ف)، دھوپ یا آگ میں سخت گرم کرنا۔

تفسّح (ع)، فسیح ہونا۔ (۲) مکان وغیرہ کا کشادہ ہونا (۳) کسی کے لیے مکان وغیرہ کو وسیع کرنا (۴) مجلس میں کھلے ہو کر بیٹھنا۔

تفسُّخ (ع)، اڑ جانا (۲) پراگندہ ہونا (۳) بالوں کا چمڑے سے گر جانا۔ (۴) ماندہ ہونا (۵) بوجھ کے نیچے تھک جانا (۶) چونے کا پانی میں ریزہ ریزہ ہونا۔

تفسَرہ (ع)، مرض کی تشخیص کے لیے طبیب کا مریض کے بول کو دیکھنا۔

تفَسْطُط (ع)، احمق بن جانا۔

تفسہ (ع)، کلف۔ چھائیاں (۲) بے قراری۔ دل کا اندوہ (۳) ہر کھانے والی شے کو دیکھ کر اس کی خواہش کرنا جو اکثر ابیوں اور حاملہ کو ہوتی ہے۔

تفسیح (ع)، فراخی۔ وسعت (۲) فراخ کرنا۔ وسیع کرنا۔

تفسیدن (ف)، گرم ہونا۔

تفسیدہ (ف)، نہایت گرم۔

تفسیر (ع)، بیان۔ شرح (۲) کلام کے معنی واضح کرنا (۳) کلام الٰہی کی شرح کرنا۔

تفسیر دان (ع، ف)، علمِ تفسیر جاننے والا۔ دانا۔ عقل مند۔

تفسیق (ع)، فاسق سمجھنا۔ کسی کو فاسق قرار دینا۔

تفسیلہ (ع)، ریشمی کپڑے کی ایک قسم۔

تفش (ف)، انتہا کی گرمی۔ حرارت کی زیادتی۔

تفش } تفشل } (ف)، طعنہ۔ سرزنش۔

تفشلہ (ف)، قلیہ کی ایک قسم جو انڈے۔ گوشت۔ شہد۔ گاجر۔ لہسن اور دھنیا ڈال کر پکایا جاتا ہے۔

تفشہ زن (ف)، طعنہ مارنے والا۔

تفشہ زنی (ف)، طعنہ زنی۔ طعنہ مارنا۔

تفشیلہ (ف)، تفشلہ کا مرادف۔

تفصّد (ع)، خون جاری ہونا۔ خون بہنا۔

تفصّم (ع)، اس طرح ٹوٹنا کہ علیحدگی نہ ہو۔

تفصّی (ع)، مخلصی۔ رہائی۔ چھٹکارا (۲) رہائی پانا۔ مخلصی حاصل کرنا۔

تفصیل (ع)، کھول کر بیان کرنا۔ علیحدہ علیحدہ کر کے بیان کرنا۔ (۲) فاصلہ کرنا۔ جدا کرنا۔

تفصیہ (ع)، رہائی دینا۔ مخلصی دینا۔

تفضض (ع)، متفرق ہونا۔

تفضّل (ع)، بڑائی۔ فضیلت۔ بزرگی۔ عزت۔ فخر۔ (۲) ڈھونڈھنا۔

تفضیح (ع)، فضیحت کرنا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

تفضیض (ع)، چاندی کا ملمع کرنا۔

تفضیل (ع)، بڑھانا۔ بزرگی دینا۔

تفضیل بعض (ع)، بعض پر فضیلت دینا (۲) صفت کا وہ درجہ جس میں ایک موصوف کو بعض موصوفوں پر فضیلت دی جائے جیسے بزرگ تر۔

تفضیل کُل (ع)، سب پر فضیلت دینا۔ تمام پر فضیلت دینا (۲) صفت کا وہ درجہ جس میں ایک موصوف کو تمام موصوفوں پر فضیلت دی جائے جیسے بزرگ ترین۔

تفضیل نفسی (ع)، ذاتی صفت (۲) صفت کا وہ درجہ جس میں موصوف کو کسی پر فضیلت نہ دی جائے جیسے بزرگ۔

تفطُّر (ع)، پھٹ جانا۔

تفطّن (ع)، فطانت سے سمجھ جانا۔

تفطیح (ع)، چوڑا کرنا۔ فراخ کرنا۔ پھیلانا۔

تفطیر (ع)، کسی کا دروازہ کھلوانا۔

تفطین (ع)، سمجھانا۔

تفظّع (ع)، کسی کام کو بڑا پانا۔

تفظیح (ع)، ذلیل و رسوا کرنا۔

تفقّح (ع)، کھلنا (۲) کھلنا۔

تفقّد (ع)، کھوئی ہوئی چیز کا ڈھونڈنا۔ غم خواری۔ مہربانی۔ دلجوئی۔

تفقد کردن } تفقدی کردن } حال احوال پوچھنا۔ مہربانی و شفقت کرنا۔

تفقّع (ع)، پھٹ جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

تفقّم (ع)، کسی کی ناک کا سرا پکڑنا۔

تفقّہ (ع)، فقیہ ہونا (۲) سمجھنا۔

تفقُّو (ع)، اندھا ہو جانا۔ آنکھ کا پھوٹ جانا۔

تفقئہ (ع)، اندھا کر دینا۔ آنکھ نکال دینا۔ آنکھ کو پھوڑ دینا۔

تفقیح (ع)، پتے کا آنکھ کھولنا۔ کتیا کے بچے کا آنکھ کھولنا۔

تفقیہ (ع)، خبردار کرنا۔ سمجھانا۔

تفنگ } تفکیر } (ف)، بندوق۔

تفکّر (ع)، سوچنا۔ غور کرنا۔

تفکّک (ع)، جدا ہونا۔

تفکّہ (ع)، پھل کھانا (۲) پھل سے پرہیز کرنا (لغت اضداد سے ہے) (۳) کسی شے سے تعجب کرنا (۴) پشیمان ہونا۔

تفکیر (ع)، سوچنا۔ بچار کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔

تفکیک (ع)، چھڑانا۔ دو چیزوں کو باہم جدا کرنا (۲) خلاص کرنا۔

تفل (ف)، تھوک (۲) وہ بدبو جو خوشبو کے استعمال نہ کرنے سے ہو جائے۔

تَفل (ع)، تھوکنا (۲) منہ سے کسی شے کا ڈالنا۔

تفِل (ع)، بدبودار ہونا۔

Marfat.com

تفلّت (ع) ہاتھ سے نکل جانا (۲) گذر جانا (۳) لڑائی کرنا ۔ (۴) کسی پر حملہ کرنا ۔
تفلّج (ع) پاؤں میں بوائی ہو جانا ۔ پاؤں کا پھٹ جانا ۔
تفلطش (ع) ناک چپٹی ہونا ۔
تفلّع (ع) پاؤں میں بوائی ہو جانا ۔ پھٹ جانا ۔ کاٹا جانا ۔
تفلفل (ع) ٹہلنا ۔ چلنے میں قریب قریب پاؤں دھرنا (۲) دانتوں میں مسواک کرنا ۔
تفلّق (ع) پھٹ جانا (۲) اس قدر تیز دوڑنا کہ دیکھنے والا متحیّر ہو جائے ۔
تفلّل (ع) اختہ ہو جانا (۲) لشکر کا شکست کھانا (۳) تلوار وغیرہ کی دھار ٹوٹ جانا یا اس میں دندانے پڑ جانا ۔
تفلیج (ع) تقسیم کرنا ۔ بانٹنا ۔
تفلیح (ع) مذاق کرنا ۔ ہنسی کھیل کرنا (۲) فریب دینا (۳) فریفتہ کرنا ۔
تفلیخ (ع) مارنا ۔
تفلید (ع) پارہ پارہ کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔
تفلیس (ع) مفلسی سے نسبت دینا (۲) دیوالہ منظور کرنا (۳) حاکم کا کسی کی مفلسی کا حکم دینا یا مفلسی کا دعوٰے منظور کرنا ۔
تفلیص (ع) کسی کو رہائی دلانا ۔ چھڑانا ۔
تفلیع (ع) کسی شے کو پھاڑنا (۲) کاٹنا ۔
تفلیق (ع) کسی شے کو پھاڑنا ۔
تفلیہ (ع) بالوں وغیرہ سے جوئیں تلاش کرنا ۔
تفنّق (ع) ناز و نعمت میں زندگی گزارنا ۔
تفنگ (ف) بندوق ۔
تفنگ انداز (ف) بندوق چلانے والا (۲) وہ فاصلہ جہاں تک گولی پہنچے ۔
تفنگ تہ پُر (ف) پیچھے سے بھری جانے والی بندوق ۔
تفنگچی (ف) بندوقچی ۔
تفنگ خالی کردن (ف) بندوق کا فائر کرنا ۔ گولہ داغنا ۔
تفنگ دنگی (ف) چقماق والی بندوق ۔ توڑے والی بندوق ٹوپی والی بندوق ۔
تفنگ دولولہ (ف) دونالی بندوق ۔
تفنگ سربازی (ف) فوج کی بندوق ۔ فوجی بندوق ۔
تفنگ کردن (ف) نفرت اور کراہت سے کوئی چیز کھانا ۔
تفنّن (ع) گوناگوں ہونا (۲) شاخ شاخ ہونا (۳) ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا ۔
تفنّن طبع (ع) ہنسی ۔ دل لگی ۔ بطور مشغلہ ۔
تفننہ / تفنی (ف) مکڑی کا جالا ۔
تفنید (ع) برا کہنا (۲) کسی کی طرف دروغ یا کمزوری رائے کو منسوب کرنا (۳) گھوڑے کے فربہ ہونے کے بعد چارہ کی کمی سے لاغر کرنا ۔
تفنین (ع) لباس کا پرانا ہونا ۔
تفو (ف) تھوک ہے (۲) تھوکنا ۔ کسی چیز کی برائی کرنا ۔ نفرت کرنا ۔
تفور / تفوز (ف) گارا (۲) مٹی ۔
تفوف (ف) تھوک (۲) تھوکنا ۔
تفوّق (ع) فوقیت ڈھونڈنا ۔ بڑائی چاہنا (۲) عیش میں فراخی کرنا (۳) بچے کا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد تھن چوسنا ۔ (۴) تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دودھ دوہنا ۔
تفوق جستن (ف) فوقیت و برتری ڈھونڈنا ۔
تفوق داشتن (ف) فوقیت و برتری کا ہونا ۔
تفوّن (ع) بڑھیا ہونا (۲) زیادہ ہونا (۳) اچھی طرح نشو و نما پانا ۔
تفوّہ (ع) کلام کہنا ۔ بات کہنا ۔
تفویت (ع) فوت کرنا (۲) موقع ہاتھ سے نکل جانا ۔
تفویہ (ع) فیرہ یعنی زچہ کا کھانا تیار کرنا ۔
تفویز (ع) گذرنا (۲) مر جانا (۳) راستہ ظاہر ہونا ۔
تفویض (ع) سونپنا ۔ سپرد کرنا ۔
تفویض کردن (ع) کام کا سونپنا ۔ کام سپرد کرنا ۔
تفویض کل (ع) سارے کام مسبب الاسباب پر چھوڑنا ۔
تفویق (ع) تیر کے لیے سوفار تیار کرنا (۲) بچے کو تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دودھ پلانا ۔
تفویم (ع) روٹی پکانا ۔
تفہ (ع) بے مزہ (۲) حقیر شے ۔ تھوڑی چیز ۔
تُفہ / تُفّہ (ع) سیاہ گوش ۔ ایک جانور جو شیر کے آگے آگے رہتا ہے اور اپنی آواز سے دوسرے جانوروں کو شیر کی آمد کی اطلاع دیتا ہے ۔
تفہ (ع) کسی شے کا حقیر اور تھوڑا ہونا ۔
تفہّم (ع) تھوڑا تھوڑا سمجھنا ۔
تفہیم (ع) سمجھانا ۔
تفہیہ (ع) باتوں سے عاجز کرنا ۔
تفیدن (ف) گرم ہونا ۔

# ت ۔ ق

تق تق (ف) ہتھوڑے کی آواز ۔ ٹک ٹک ۔ گھڑی کی آواز ۔
تقا (ع) پرہیزگاری ۔
تقابل (ع) مقابل ہونا ۔ سامنے ہونا ۔

Marfat.com

تقاۃ (ع) بچنا۔
تقاتل (ع) باہم قتل کرنا (۲) آپس میں لڑنا۔
تقادم (ع) قدیم ہونا۔ پُرانا۔
تقادیر (ع) تقدیر کی جمع۔ قسمتیں۔ اندازے۔
تقاذف (ع) ایک دُوسرے کو پھینکنا (۲) گالی دینا (۳) گھوڑا دوڑانے میں جلدی کرنا۔
تقارب (ع) آپس میں قریب ہونا۔ ایک دُوسرے کے پاس پاس ہونا۔ (۲) عروض کی ایک بحر کا نام۔
تقارش (ع) جنگ کے اندر نیزوں کا آپس میں مل جانا۔
تقارض (ع) آپس میں شعر پڑھنا (۲) آپس میں نیکی یا بدی کرنا۔
تقارض (ع) ایک دُوسرے کی تعریف کرنا۔
تقارظ (ع) آپس میں ایک دُوسرے کی تعریف کرنا۔
تقارع (ع) آپس میں قُرعہ ڈالنا۔
تقاریر (ع) تقریر کی جمع۔ باتیں۔ گفتگوئیں۔
تقاسم (ع) آپس میں قسم کھانا (۲) باہم مال تقسیم کرنا۔
تقاص (ع) ایک دوسرے کا بدلہ کرنا۔ حساب وغیرہ میں باہم بدلہ کرنا۔
تقاص گرفتن (ف) بدلہ لینا۔
تقاصر (ع) کوتاہی کا اظہار کرنا۔ رُکا رہنا۔
تقاصف (ع) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
تقاضا (ع) طلب۔ خواہش (۲) مانگنا۔ اصل لفظ تقاضی ہے۔ فارسی والے کسرہ کو فتحہ اور ی کو الف سے بدل لیتے ہیں۔
تقاضا کردن (ف) درخواست کرنا۔ عرضی دینا۔ خواہش کرنا۔ اصرار کرنا۔
تقاضا نامہ (ف) عرضی۔ درخواست۔
تقاضائے سن / تقاضائے عمر (ف) عمر یا سن کی طبعی خواہش کے مطابق۔
تقاضائے وقت (ع) حسب موقع۔ موقع کے موافق۔
تقاضی (ع) قرض واپس طلب کرنا (۲) قرض واپس لینا۔
تقاطر (ع) قطروں کا پےدرپے ٹپکنا۔
تقاطع (ع) باہم قطع تعلق کرنا (۲) ایک دُوسرے کو کاٹنا (۳) جُدا ہونا۔
تقاعد (ع) کسی کام کے کرنے سے رُک جانا۔ کسی کام سے باز رہنا۔
تقافز (ع) باہم اُچھلنا کُودنا۔
تقالیب (ع) تقلیب کی جمع۔ زمانے کی گردشیں۔
تقالید (ع) رسوم۔ رواج۔
تقامر (ع) باہم شرط باندھنا (۲) جوابازی کرنا۔
تقاول (ع) باہم قول و قرار کرنا (۲) آپس میں بات چیت کرنا۔ ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔
تقاوم (ع) ایک دُوسرے کے سامنے ہونا (۲) باہم مقابلہ کرنا۔
تقاوی (ع) قوت دینا (۲) وہ روپیہ جو زمینداروں کو زراعت کے لیے سرکار کی طرف سے بطورِ قرض ملے۔
تقاویم (ع) تقویم کی جمع۔ جنتریاں۔
تقایل (ع) مُشتری اور بائع کا بیع کو چھوڑ دینا۔ سودا واپس کرنا۔
تقبض (ع) جمع کرنا۔ قبضہ کرنا۔
تقبل (ع) قبول کرنا۔ منظور کرنا۔
تقبیح (ع) کسی کو قبیح بنانا (۲) کسی کی بدی ظاہر کرنا۔ کسی کو خیر و نیکی سے دُور کرنا (۳) علیحدہ کرنا۔
تقبیس (ف) بوسہ لینا۔ چُومنا۔
تقبیل (ع) چُومنا۔ بوسہ لینا۔
تقتیت (ع) چغلی کھانا۔ سخن چینی کرنا (۲) تیسل کو پھُولوں میں لبسانا۔
تقتیر (ع) خرچ میں تنگی کرنا۔ خرچ کرنے میں تنگی کرنا۔
تقتیل (ع) بہت قتل کرنا۔
تقحل (ع) جسم سُوکھ جانا۔ چمڑے کا ہڈیوں پر خُشک ہونا (۳) سُوکھے ہوئے جسم والا ہونا۔
تقحیم (ع) کسی کو بے سوچے کسی کام میں داخل کرنا (۲) گھوڑے کا سوار کو اوندھا گرانا۔
تقدد (ع) کٹ جانا۔ پھٹ جانا (۲) قوم کا متفرق و پراگندہ ہو جانا۔
تقدس (ع) پاکیزگی (۲) پاک ہونا۔
تقدم (ع) آگے بڑھنا (۲) پہلے ہونا۔
تقدم بالرتبہ (ع) ایک شے کا دُوسری پر مرتبہ میں مقدم ہونا۔ جیسے امام کا تقدم مُقتدی پر۔
تقدم بالزمان (ع) ایک شے کا دُوسری شے پر بلحاظ زمانہ مقدم ہونا جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آدم علیہ السلام کا تقدم ہے۔
تقدم بالطبع (ع) کسی شے کا اس حیثیت سے مقدم ہونا کہ متاخر اس کا محتاج ہو اور مقدم متاخر کے لیے علت تامہ ہو جیسے وضو کا تقدم نماز پر اور واحد کا تقدم اثنین پر۔
تقدم بالعلت (ع) کسی چیز کا حرکت یا کام کی حیثیت سے دُوسری پر مقدم ہونا۔ جیسے ہاتھ کی حرکت کا تقدم کنجی کے ملنے پر ہے۔
تقدمہ (ع) آگے ہونا۔ (۲) آگے کرنا (۳) رشوت کو کہتے ہیں جو رقم کام کرانے کے لیے پیشگی دی جاتی ہے۔ فارسی زبان میں اسے پیش داد کہتے ہیں۔
تقدمۃ الجیش (ع) لشکر کا پیشوا۔
تقدی (ع) روش و راہ کو لازم پکڑنا۔
تقدیر (ع) اندازہ۔ اندازہ کرنا۔
تقدیر کردن (ف) فرض کرنا۔ قیمت لگانا۔
تقدیر نمودن (ف) قدر کرنا۔ مار دینا۔

Marfat.com

تقدیری أمر (ت)، ہونی - ہونے والی بات - نہ ٹلنے والی بات - شُدَنی -
تُقدیس (ع)، پاکیزگی بیان کرنا -
تقدیم (ع)، مقدم کرنا - آگے (۲) آگے پہنچانا -
تقدیم الساعۃ (ع)، گھڑی کا تیز کرنا -
تقدیمی (ف)، ہدیہ -
تقذّر (ع)، کسی شے کو ناپاک خیال کرنا (۲) کسی شے سے کراہت کرنا -
تُقذیر (ع)، ناپاکی سے آلودہ کرنا -
تقرّب (ع)، قریب ہونا - (۲) نزدیکی (۳) قرب ڈھونڈنا -
تقرب جستن (ف)، قرب ڈھونڈنا - قُرب حاصل کرنے کی کوشش کرنا -
تقرب داشتن (ف)، مقرب ہونا -
تقرُّر (ع)، مقرر ہونا - ٹھہرنا (۲) قیام -
تقریب (ع)، قریب کرنا (۲) اس طرح بات کہنا کہ مطلب کو لازم ہو جائے (۳) گھوڑے کی وہ چال جس میں وہ دونوں پاؤں اکٹھے اُٹھاتا ہے اور وہ تیز دوڑنے سے دھیمی ہوتی ہے - (۴) مجازاً موقع -
تقریباً (ع)، تخمیناً - قریب قریب - اندازے کے طور -
تقریب سعید (ع)، نیک تقریب - نیک موقع (۲) بچے کی تولید یا شادی وغیرہ کا موقع -
تقریر (ع)، گفتگو - بیان (۲) بیان کرنا (۳) مقرر کرنا (۴) اقرار کرانا -
تقریر کردن (ف)، بات کرنا -
تقریری (ف)، زبانی -
تقریظ کردن (ف)، کسی کتاب کے متعلق تعریف لکھنا یا اس کی خوبیاں بیان کرنا -
تقرین (ع)، ایک چیز کو دوسری سے ملا دینا -
تقریع (ع)، ملامت کرنا (۲) سختی کرنا (۳) دھمکی دینا (۴) نر کو مادہ پر چھوڑنا (۵) بے قراری -
تقسّم (ع)، بٹنا - حصے ہونا - تقسیم ہونا - قسم قسم ہونا (۲) پراگندہ ہونا - قسمت ہونا -
تقسیم (ع)، بانٹنا - قسمت کرنا - حصے کرنا (۲) پراگندہ کرنا (۳) علم بدائع میں ایک صنعت کا نام (۴) علم حساب کا چوتھا مفرد قاعدہ -
تقشّر (ع)، تقشیر ہونا - چھلکا اُترنا (۲) چھلکے کا کھل جانا -
تقشّع (ع)، قوم کا پراگندہ ہونا - (۲) بادل کا ہوا سے کھل جانا (۳) دل کا غم سے پریشان ہونا -
تقشّف (ع)، موٹے جھوٹے کپڑے اور تھوڑی روزی پر بسر کرنا -
تقشیر (ع)، تقشیر کرنا - چھلکا اُتارنا -
تقصّد (ع)، ٹوٹ جانا -

تقصّص (ع)، بات یاد کر لینا (۲) کھوج پر جانا -
تقصّع (ع)، زخم کا پیپ وغیرہ سے بھر جانا -
تقصّف (ع)، ٹوٹ جانا (۲) اکٹھا ہونا - فراہم ہونا (۳) کھانے پر لہو ولعب کرنا -
تقصّی (ع)، انتہا کو پہنچنا - ہو چکنا - مُدت کا انتہا کو پہنچنا -
تقصیب (ع)، گالی دینا -
تقصید (ع)، قصور - جرم - خطا - گناہ (۲) کمی کرنا (۳) کام میں کوتاہی اور سستی کرنا (۴) غُصّے اور درد کا جاتے رہنا -
تقصیر (ع)، قصور - جرم - خطا - گناہ (۲) کمی کرنا (۳) کام میں کوتاہی اور سستی کرنا - (۴) غُصّے اور درد کا جاتے رہنا -
تقصیر داشتن (ف)، کسی کام میں کوتاہی کرنا -
تقصیر کار (ف)، قصوروار -
تقصیروار (ع)، قصوروار - خطاکار - مجرم - گنہگار -
تقضّی (ع)، مُدت کا تمام ہونا -
تقطیب (ع)، تیوری چڑھانا - تُرش رُو ہونا -
تقطّر (ع)، قطرہ گرنا - ٹپکنا (۲) گرنا (۳) خوشبودار ہونا (۴) لڑنے پر تیار ہونا -
تقطّع (ع)، ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) شراب کا پانی سے ملایا جانا -
تقطیر (ع)، ٹپکانا (۲) گرانا (۳) پیشاب کا ہمیشہ جاری رہنا - (۴) اونٹوں کا قطار بنانا -
تقطیر کردن (ف)، قطرہ قطرہ کر کے کشید کرنا - صاف کرنا - جوہر نکالنا -
تقطیع (ع)، قطع کرنا - کاٹنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) لباس کا بنانا - سنگار کرنا (۳) علم عروض کی اصطلاح میں بحور کے افاعیل مقررہ کے ساتھ بیت کے اجزا اس طرح وزن کرنا کہ متحرک کے مقابل میں متحرک اور ساکن کے مقابل میں ساکن حرف آ جائے -
تقطیف (ع)، خوشہ انگور کا کاٹ کر چُن لینا -
تقعّد (ع)، کسی کام کو ترک کرنا (۲) کسی کو کسی کام سے روکنا -
تقعّر (ع)، بے تکلف فصاحت کرنا - فصاحت جتانا (۲) کسی کام میں دُور دُور جانا -
تقفیل (ع)، قفل لگانا - تالا لگانا -
تقفیہ (ع)، کسی کے پیچھے بھیجنا -
تقلا کردن (ف)، ہاتھ پاؤں مارنا -
تقلّب (ع)، گردش (۲) پلٹنا - پھر جانا (۳) اپنی خواہش سے کام میں تصرف کرنا -
تقلب کردن (ف)، جعل سازی -
تقلبی (ف)، جعلی سکہ - کھوٹا سکہ -

Marfat.com

تقلد (ع) کسی کام کو اپنے سر لینا۔
تقلدم (ع) کسی چیز کا نکلنا۔ بخیلی اور کنجوسی کی وجہ سے مر جانا۔
تقلنس / تقلسی (ع) ٹوپی پہننا۔ کلاہ پہننا۔
تقلص (ع) سمٹ جانا۔ سکڑ جانا۔
تقلع (ع) قلع ہونا۔ جڑ سے اکھڑ جانا۔
تقلی (ت) بکری یا بھیڑ کا چھ ماہ کا بچہ۔
تقلیب (ع) بدلنا (۲) الٹنا۔ پلٹنا (۳) ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا۔
تقلید (ع) کسی کو عہدہ دینا (۲) کسی کے گلے میں ہار ڈالنا (۳) تلوار گلے میں حمائل کرنا (۴) بے دلیل کسی کی پیروی کرنا۔
تقلید آوردن (ف) نقل اتارنا (۲) بھیس بدلنا۔ روپ بدلنا۔ سوانگ بھرنا (۲) چڑانا۔
تقلیدی (ف) تقلید کرنے والا۔
تقلیس (ع) دف بجانا (۲) گانا (۳) حکام و بادشاہ کے باہر آنے پر باجوں سے ان کا استقبال کرنا (۴) دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر عاجزی کرنا۔
تقلیص (ع) اپنی روش پر ہمیشگی کرنا (۲) کپڑے کا چھن لینا اور سمیٹ لینا (۳) کپڑے کا اونچا ہونا اور سمٹ جانا۔
تقلیع (ع) جڑ سے اکھیڑ لینا۔
تقلیل (ع) قلیل کرنا۔ کم کرنا۔ تھوڑا کرنا۔
تقلیل کردن (ف) کم کرنا۔ گھٹانا۔ تھوڑا کرنا۔
تقلیم (ع) ناخن کاٹنا۔ ناخن تراشنا۔
تقماق (ت) میخ کوب۔ خیمہ کی میخیں گاڑنے کا چوبی ہتھوڑا۔ میخچو۔
تقمح (ع) اونٹ کا سر اٹھا کر پانی نہ پینے کا اظہار کرنا۔
تقمر (ع) قمر کی روشنی میں سیر کرنا (۲) چاندنی میں شکار کی تلاش کرنا (۳) قمار بازی میں جیت رہنا (۴) عورت کو نکاح میں لانا۔
تقمص (ع) قمیص پہننا۔ کرتہ پہننا۔
تقمع (ع) ٹوٹنا (۲) خراب ہونا۔
تقمیص (ع) قمیص پہننا۔ کرتہ پہننا۔
تقنص (ع) شکار کرنا (۲) شکار کی تلاش کرنا۔
تقنع (ع) عورت کا سر پر کپڑا لینا۔ عورت کا چادر اوڑھ کر پردہ کرنا۔
تقنیط (ع) بے آس کرنا۔ ناامید کرنا۔
تقنیع (ع) عورت کو چادر اوڑھانا (۲) کسی کو راضی کرنا۔
تقنیف (ع) دربدہ کرنا۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔
تقوب (ع) بیخ و بن سے اکھڑ جانا (۲) انڈے کا پھٹ جانا (۳) زمین میں گڑھے پڑ جانا۔

تقوت (ع) کھانا تیار کرنا۔ خوراک بنانا۔
تقوح (ع) زخم کا پیپ دار ہونا۔
تقوس (ع) قوس یعنی کمان کی مانند ٹیڑھا ہونا (۲) قوس یعنی کمان والا ہونا۔
تقول (ع) کسی کو جھوٹی تہمت لگانا۔ بہتان باندھنا۔
تقوم (ع) راست ہونا۔ سیدھا ہونا۔
تقوی (ع) طاقتور ہونا۔
تقوٰی (ع) خدا سے ڈرنا۔ پرہیزگاری۔ ڈر۔
تق و دق (ف) بے ترتیب۔ درہم برہم۔ منتشر۔
تقویت (ع) قوت پہنچانا۔ طاقت دینا۔
تقویت دادن (ف) قوت دینا۔
تقویت یافتن (ف) طاقت حاصل کرنا۔
تقویم (ع) سیدھا کرنا (۲) قیمت ادا کرنا (۳) جنتری۔
تقویم پارینہ (ع) پرانی جنتری (۲) بے کار چیز۔
تقویم شمسی (ع) وہ جنتری جس میں سورج کی حرکات اور داخلہ برج کا حساب درج ہوتا ہے۔
تقویم قمری (ع) وہ جنتری جس میں چاند کی حرکات، طلوع و غروب اور دیگر تغیرات کا حساب درج ہوتا ہے۔
تقہقر (ع) پیچھے رہ جانا۔ پیچھے پیچھے چلنا۔ واپس جانا۔
تقی (ع) پرہیزگار۔ خدا سے ڈرنے والا۔
تقی (ع) بارہ اماموں میں سے نویں امام محمد تقی کا نام جو امام علی رضا کے بیٹے تھے ۱۹۵ھ میں مدینہ میں پیدا ہوئے اور پچیس سال کی عمر میں ۲۲۰ھ میں بغداد میں انتقال کیا۔
تقیح (ع) زخم میں پیپ پڑنا۔
تقید (ع) قید ہونا (۲) قید۔ بندش۔
تقیل (ع) قیلولہ کرنا۔ دوپہر کو سونا (۲) کسی کے مشابہ ہونا۔
تقین (ع) سجنا۔ آراستہ ہونا۔

## ت ـ ک

تک (ف) کم۔ تھوڑا (۲) کسی چیز پر کسی چیز کا مارنا (۳) اور خصوصًا کعبتین کو ٹھیک بٹھانے کے لیے ہاتھ کا تختہ نرد پر مارنا (۴) حوض یا کنویں وغیرہ کی تہہ (۵) ایک پانی میں اگنے والی گھاس کا نام جس سے اہل مصر کاغذ بناتے ہیں۔
تک تک (ف) ایک ایک کر کے۔ جدا جدا۔ علیحدہ علیحدہ مثلاً ایشان تک تک آمدند (وہ علیحدہ علیحدہ آئے) گھڑی کی آواز مثلاً ساعت تک تک می کند (گھڑی ٹک ٹک کر رہی ہے)۔
تک (ف) جانوروں کی چونچ (۲) نوک۔ خنجر وغیرہ کی نوک۔ نیزہ کی انی (۲) کم روشنی والا چراغ۔

Marfat.com

تُک (ف) نوالہ ۔ لقمہ
تُک آوردن (ف) تیز بھاگنا ۔ سرپٹ دوڑ لگانا ۔
تُک زدن (ف) ٹھونگیں مارنا ۔ چونچیں مارنا ۔
تکاب (ع) درۂ کوہ ۔ دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ (۲) ایسی زمین جس میں کہیں سے پانی نکل رہا ہو اور کہیں جذب ہو رہا ہو ۔ کہیں جوہڑ ہو اور کہیں زمین خشک اور کہیں پانی بہہ رہا ہو اور کہیں سبزہ زار ۔
تکابُر (ع) تکبر کرنا ۔ ڈھینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔
تکاتُب (ع) باہم خط و کتابت کرنا ۔ ایک دوسرے کو خط لکھنا ۔
تکاثُر (ع) کثرت ۔ بہتات ۔ افزونی ۔ زیادتی (۲) باہم کثرتِ مال پر فخر کرنا ۔
تکاثُف (ع) کثیف ہونا ۔ غلیظ ہونا ۔ گاڑھا ہونا ۔ موٹا ہونا ۔ جغرافیہ میں بخاراتِ آبی کا ذراتِ خاکی پر جمنا ۔
تکارم (ع) باہم کرم کرنا ۔ ایک دوسرے پر بخشش کرنا ۔ آپس میں مہربانی کرنا ۔
تکاسُل (ع) اپنے آپ کو سست ظاہر کرنا (۲) سست ہونا (۳) سستی ۔ کاہلی ۔
تکاشُف (ع) انکشاف کرنا (۲) ایک دوسرے پر عیب ظاہر کرنا ۔
تکافؤ ۔ تکافی (ع) آپس میں مساوی ہونا ۔ باہم برابر ہونا ۔
تکافو کردن (ف) باہم مساوی کرنا ۔ برابر کرنا ۔ پورا کرنا ۔
تکالُم (ع) باہم کلام کرنا (۲) کلام کے بعد باہم ہمکلام ہونا ۔
تکامُل (ع) کامل ہونا ۔ پورا ہونا ۔
تکالیف (ع) تکلیف کی جمع ۔ مصیبتیں ۔ دکھ (۲) فرائض ۔
تکان (ف) دھکا ۔ جھٹکا ۔ دھچکا ۔ ٹکر ۔
تکان خوردن (ف) جھٹکا دینا ۔ دھکا دینا ۔
تکان دادن (ف) کپڑے کو جھاڑنا ۔ دھکا دینا ۔
تکاندن (ف) ہلانا ۔ جھٹکا دینا ۔ دری قالین کو جھاڑنا ۔
تکاہُل (ع) اپنے آپ کو کاہل ظاہر کرنا (۲) کاہلی ۔
تُک آور (ف) تیز رفتار گھوڑا ۔
تکایُد (ع) باہم مکر و فریب کرنا ۔
تکبُّر (ع) کبر کرنا ۔ غرور کرنا ۔ اپنے آپ کو بڑا خیال کرنا ۔
تکبُّر داشتن (ف) غرور کرنا ۔ مغرور و متکبر ہونا ۔
تکبُّر عزازیل را خوار کرد (ف) تکبر ہی کی بنا پر شیطان ذلیل و خوار ہوا ورنہ وہ مقرب خداوندی تھا ۔
تکبند (ف) پیٹی ۔
تکبیب (ع) کباب بنانا ۔
تکبید (ع) آفتاب وغیرہ کا آسمان کے درمیان آجانا ۔
تکبیر (ع) بڑائی کرنا (۲) اللہ اکبر کہنا ۔
تکبیر اُولیٰ } تکبیر تحریمہ } (ع) نماز کی پہلی تکبیر ۔
تکبیل (ع) کسی کو قید خانے میں بند کرنا ۔

تُک تُک (ف) اِدھر اُدھر ۔ جا بجا ۔ منتشر ۔
ٹِک ٹِک (ف) ٹک ٹک ۔ گھڑی کی آواز ۔ کھٹ کھٹ ۔
تکثُّر (ع) کثرت سے ہونا (۲) کثرت ۔ بہتات ۔
تکثیر (ع) کثیر کرنا ۔ کثرت کرنا ۔ زیادہ کرنا ۔ افزوں کرنا ۔ افزونی کرنا ۔
تکثیف (ع) کثیف کرنا ۔ گاڑھا کرنا ۔
تکحُّل (ع) اپنی آنکھ میں کحل یعنی سرمہ لگانا ۔
تکدُّر (ع) گدلا ہونا ۔ میلا ہونا ۔ (۲) تیرہ ہونا ۔
تکدیر (ع) گدلا کرنا ۔ میلا کرنا (۲) تیرہ کرنا ۔
تکذُّب (ع) بے تکلف جھوٹ بولنا (۲) کسی کو جھوٹا جاننا ۔
تکذیب (ع) کسی کو جھوٹا کرنا ۔ جھٹلانا ۔
تکرار (ع) دہرانا ۔
تکرّ عَرّادہ (ع) گاڑی کا دُھرا ۔
تکرُّس (ع) آدمیوں کا مجتمع ہونا ۔
تکرُّم (ع) بہ تکلف مہربانی کرنا (۲) ملامت سے دور کرنا ۔
تکرِمہ (ع) عزت کرنا ۔ بزرگی کرنا ۔
تکریت (ع) عراق کے ایک شہر کا نام ۔
تکریر (ع) بار بار کرنا ۔
تکریز (ع) کریز بیٹھنا ۔ باز کا پر جھاڑنا ۔
تکریم (ع) عزت کرنا ۔ بزرگی کرنا ۔
تکژ (ف) وہ بیج جو انگور کے دانہ کے درمیان میں ہوتا ہے ۔
تکس (ف) انگور کی گٹھلی ۔
تکسُّب (ع) کسب کرنا (۲) کسب میں مشقت اور تکلیف کرنا ۔ رزق کمانا ۔
تکسُّر (ع) ٹوٹ جانا ۔
تکستہ شدہ (ف) ٹوٹا ہوا ۔
تکسُّرِ اعضا } تکسُّرِ مزاج } (ع) اعضا شکنی ۔ جوڑوں کا درد کرنا ۔
تک سوار (ف) تنہا سوار ۔
تکسیر (ع) شکستہ کرنا ۔ توڑنا (۲) اعداد کو تعویذ کے خانوں میں مقررہ قاعدہ کے مطابق بھرنا ۔
تکشمُر (مب) اپنے آپ کو کشمیری بتانا ۔
تکشیف (ع) ظاہر کرنا (۲) ننگا کرنا ۔
تکعیب (ع) چہار گوشہ بنانا ۔ برتن پُر کرنا ۔
تکفُّل (ع) کفیل ہونا ۔ کسی بات کا ضامن ہونا ۔ ذمہ دار ہونا ۔
تکفیر (ع) کافر کہنا (۲) کفارہ دینا (۳) گناہ دور کرنا (۴) ڈھانپنا ۔
تکفیل (ع) کفالت کرنا ۔ ضمانت دینا ۔
تکفین (ع) کفن پہنانا ۔ مُردے کو کفن پہنانا ۔
تکل (ع) وہ مینڈھا جس کے سینگ ہوں ۔ لڑنے والا مینڈھا ۔
تکلتو (ف) گھوڑے کا خوگیر ۔ زین کا نمدہ ۔

Marfat.com

تکلّف (ع)، نمائش ۔ ظاہری نمائش ۔ بناوٹ ۔
تکلّف کردن (ف)، کسی کو کوئی چیز دینا ۔
تکلّل (ع)، گھیر لینا ۔ کسی شے کو احاطہ کرنا ۔
تکلّم (ع)، کلام کرنا ۔ بات کرنا ۔ بولنا ۔
تکلیف (ع)، رنج ۔ دُکھ (۲) کسی سے کام کرانا (۳) کسی کو دُکھ میں ڈالنا ۔ کسی کو رنج پہنچانا (۴) کسی سے ایسا کام کرانا جو اس کی طاقت سے باہر ہو (۵) فرض ۔ کسی کے ذمہ کام ۔
تکلیف ببال کردن (ف)، ناچ میں مدعو کرنا ۔
تکلیف بجا آوردن (ف)، اپنا فرض بجا لانا ۔
تکلیف رسیدن (ف)، بالغ ہونا ۔ سِن بلوغت کو پہنچنا ۔
تکلیف کارے کردن (ف)، کسی کام کے کرنے کی درخواست کرنا ۔
تکلیف مَالَا یُطاق (ع)، طاقت سے زیادہ کام کرنا ۔ ایسا کام جس سے آدمی عاجز آجائے ۔ وہ کام کرانا جو طاقت سے باہر ہو ۔
تکلیل (ع)، چمکنا (۲) سر پر تاج رکھنا (۳) کام میں کوشش کرنا (۴) لڑائی میں بُزدلی نہ دکھانا ۔
تکملہ (ع)، کامل کرنا ۔ پُورا کرنا (۲) وہ چیز جس سے کوئی چیز مکمل ہو جائے ۔
تُکمہ (ف)، گھنڈی ۔ گریبان کا کپڑے کا گول بٹن ۔
تکمہ انداختن (ف)، بٹن لگانا ۔ تسمہ باندھنا ۔
تکمّی (ع)، پوشیدہ اور پنہاں کرنا ۔
تکمید (ع)، گرم پوٹلی سے جسم کو سینکنا ۔
تکمیل (ع)، مکمل کرنا ۔ کامل کرنا ۔ پُورا کرنا ۔
تکمیل دادن (ف)، پُورا کرنا ۔
تکمیم (ع)، درخت کا شگوفہ نکالنا ۔
تکند (ف)، آشیانہ ۔ گھونسلا ۔
تکنّس (ع)، عورت کا محمل یا ہودے میں داخل ہونا (۲) خیمے میں داخل ہونا (۳) ہرن کا اپنے رمنے میں یعنی اپنے رہنے کی جگہ میں داخل ہونا ۔
تکنّف (ع)، گھیرنا ۔ احاطہ کرنا ۔
تکنیہ (ع)، کنیت رکھنا ۔ کنایہ کرنا ۔
تکنین (ع)، ڈھک لینا ۔
تکو (ف)، تیل روغنی روٹی (۲) گھنگریالے بال ۔
تک و تا / تک و تاز / تک و دو (ف)، دوڑ دھوپ ۔ تلاش ۔ تجسس (۲) گھوڑے کو دوڑانا ۔
تکوّر (ع)، زمین پر گرنا (۲) لپکنا (۳) دامن چُننا ۔
تکوّس (ع)، اوندھا ہونا ۔
تکوّع (ع)، کلائی کا درد کرنا ۔
تکوّن (ع)، ہو جانا ۔ وجود پانا ۔ وجود میں آنا ۔
تکویر (ع)، لپیٹنا (۲) سر پہ پگڑی لپیٹنا (۳) سامان جمع کرنا ۔
باندھنا اور ڈال دینا ۔
تکویس (ع)، اوندھا کرنا ۔ لوٹانا ۔
تکویف (ع)، کاف لکھنا (۲) کوفہ میں جانا (۳) کاٹنا ۔
تکویم (ع)، مٹی کے تودے بنانا (۲) تودے کے سر کو اونچا کرنا ۔
تکوین (ع)، وجود دینا ۔ پیدا کرنا ۔
تکوین دادن (ف)، کسی چیز کو وجود میں لانا ۔
تکّہ (ع)، ازاربند ۔
تکّہ (ف)، کسی چیز کا ٹکڑا (۲) ٹکڑے ٹکڑے ۔ ریزے ریزے (۳) نوالہ ۔ لقمہ ۔
تکّہ (ف)، نر بکرا ۔ گلہ کے آگے آگے رہنے والا بکرا ۔ (۲) گوبر کا اُپلہ ۔
تُکّہ (ف)، نر بکرا (۲) ایک قسم کا تیر جس میں بجائے پیکان کے گرہ دی ہوتی ہے (۳) بلندی (۴) ٹیلہ ۔
تکہ بزرگ گوشت بودن (ف)، تکہ بوٹی کر دینا ۔ کسی کا قیمہ کوٹ کر رکھ دینا ۔
تکہ تکہ کردن (ف)، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ تکہ بوٹی کرنا ۔
تکہّف (ع)، غارناک ہونا ۔ پہاڑ کا غارناک ہونا (۲) کنوئیں کی اطراف کو پانی کا کھود ڈالنا ۔
تکہّل (ع)، ادھیڑ عمر کے آدمی کی مانند ہونا (۲) اپنے آپ کو قبیلہ کہلان سے نسبت کرنا ۔
تکہّن (ع)، کاہن بننا ۔ فال گو بننا ۔ (۲) فال گوئی کرنا ۔
تکیدن (ف)، کمزور ہونا ۔ پھل کا درخت سے گرنا ۔
تکیز (ع)، انگور کی گٹھلی ۔
تکیّس (ع)، بہ تکلف دانائی جتانا (۲) ظرافت کرنا ۔
تکیہ (ف)، سرہانہ جس پر سہارا لگایا جائے (۲) فقیروں کا تکیہ (۳) امام باڑہ ۔
تکیہ جائے (ف)، مسند (۲) حمایتی ۔ پشت و پناہ ۔
تکیہ خوردن (ف)، نقصان اُٹھانا ۔ سزا پانا ۔
تکیہ زدن (ف)، بھروسا کرنا ۔
تکیہ کلام (ف)، وہ لفظ یا بات جو کوئی آدمی اپنی گفتگو کے دوران بار بار استعمال کرے ۔
تکیہ کردن (ف)، لیٹنا ۔ آسرا لینا ۔

## ت ۔ گ

تگ (ف)، تھاہ ۔ تہہ (۲) دوڑنا (۳) ڈھنڈورا (۴) اونچی آواز (۵) فریاد (۶) زمین ۔
تگاب (ف)، قیف ۔ وہ آلہ جس سے بوتل وغیرہ میں تیل وغیرہ ڈالتے ہیں ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ نشیب زمین جس میں سبزہ گھاس ہو اور جا بجا پانی کھڑا اور بہتا ہو ۔

Marfat.com

تگاپو (ف)، دوڑ دھوپ۔ تلاش و تجسس (۲) جلدی جلدی آنا جانا۔
تگامشی (ف)، دوڑ دھوپ۔ تگاپو۔
تگاندن / تگانیدن } (ف)، جھاڑنا۔ جھٹکنا۔
تگاور (ف)، تیز رفتار گھوڑا۔
تگاور ابلق (ف)، زمانہ۔ دُنیا۔ روزگار۔
تگ بند (ف)، پتھر۔
تگدی (ف)، گداگری کرنا۔ بھیک مانگنا۔
تگرگ (ف)، اولہ۔ ژالہ۔
تگژ (ف)، انگور کا بیج۔ انگور کی گٹھلی۔
تگژ دانہ (ف)، دانہ چھلکا۔ بیج کا غلاف۔
تگل (ف)، لشکر۔ فوج۔ جنگی سپاہ۔
تگل (ف)، برقع۔
تگ و پو / تگ و تا / تگ و تاز / تگ و دو } (ف)، دوڑ دھوپ۔ تلاش۔ تجسس (۲) دوڑنا۔
تگین (ف)، پہلوان (۲) آگ (۳) چھوٹا حوض۔

---

# ت - ل

---

تل (ع)، پُشتہ۔ تودہ۔ ٹیلہ۔
تل (ت)، زبان۔
تل (ف)، پھاڑنا۔
تل انبار (ف)، وہ جگہ جہاں چیزوں کے ڈھیر لگائے جائیں۔ گودام۔ ریکارڈ آفس۔
تل کردن (ف)، ڈھیر لگانا۔ انبار لگانا۔
تلا (ف)، سونا۔ عربی والے اسے طلا لکھتے ہیں۔
تلاء (ع)، عہد و امان۔
تلاب (ف)، تالاب۔
تلاتوف (ف)، شور و غل۔ غوغا (۲) گندہ آدمی۔ میلا کچیلا آدمی۔
تلاج (ف)، شور و غل۔ غلغلہ۔ آواز (۲) شعلہ۔
تلاحز (ع)، جھگڑا کرنا۔ سخت کلامی کرنا۔
تلاحظ (ع)، باہم ایک دوسرے کی طرف دیکھنا۔
تلاحق (ع)، باہم ملحق ہونا (۲) آپس میں مل جانا۔
تلاحی (ع)، باہم لڑنا جھگڑنا۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
تلازم (ع)، آپس میں لازم ہونا۔
تلازم داشتن (ف)، لازم و ملزوم ہونا۔
تلاش (ف)، تجسس۔ جستجو۔ ڈھونڈنا۔ کوشش۔ سعی۔
تلاش (ف)، بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔

تلاشان (ف)، اصفہان کے ایک بڑے مرغزار کا نام۔
تلاش معاش (ف)، روزی کی تلاش کرنا۔ روزی کے بہم پہنچانے کے لیے کوشش کرنا۔
تلاشی (ف)، تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔
تلاشی (ع)، لاشے ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔
تلاطف (ع)، آپس میں نرمی کرنا۔
تلاطم (ع)، موجوں کے تھپیڑے (۲) آپس میں طمانچہ زنی کرنا۔
تلاعن (ع)، لعنت کرنا (۲) آپس میں گالی دینا۔
تلافی (ع)، تدارک کرنا (۲) ہاتھ میں لانا (۳) پانا۔
تلافی کردن (ف)، ہرجانہ ادا کرنا۔ نقصان پورا کرنا۔
تلافیف (ع)، آپس میں لپٹی ہوئی گھاس۔
تلاق (ف)، گوشت کا وہ زائد ٹکڑا جو عورتوں کی شرمگاہ میں ہوتا ہے (۲) پاجامے کا پائنچہ۔
تلاقب (ع)، ایک دوسرے کو اُلٹے نام دے کر گالی دینا۔
تلاق / تلاقی } (ع)، آپس میں ملاقات کرنا۔ باہم ملنا۔
تلاقی کردن (ف)، ملاقات ہونا یا کرنا۔
تلاکم (ع)، ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
تلال (ع)، تل کی جمع۔ تودے۔ پشتے۔ ٹیلے۔
تلالا (ف)، بات کرنا (۲) پڑھنا (۳) آواز (۴) سانس۔
تلالؤ (ع)، چمکنا۔
تلامذہ / تلامیذ } (مف)، تلمیذ کی جمع۔ شاگرد۔
تلامیذ ابوالبشر (ع)، فرشتے۔
تلاوت (ع)، پڑھنا۔
تلاوم (ع)، باہم ملامت کرنا۔ آپس میں بُرا کہنا۔
تلاوی (ع)، لوگوں کا مجتمع ہونا۔
تلاہی (ع)، جماع کرنا (۲) کھیلنا۔
تلب (ع)، جماعت۔ گروہ۔ ہجوم۔ مجمع۔
تلب (ع)، ہلاکت۔ نقصان۔
تلبث (ع)، تاخیر ہونا۔ دیر کرنا۔
تلبس (ع)، لباس پہننا۔
تلبیث (ع)، تاخیر کرنا۔ دیر کرنا (۲) دیر کرنے پر آمادہ کرنا۔
تلبید (ع)، گوند وغیرہ سے بالوں کو جمانا۔
تلبیس (ع)، لباس پہننا (۲) جعل۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ دغا۔
تلبیس خانہ (ف)، دنیا۔
تلبیس سکہ (ع)، کھوٹا سکہ چلانا۔ جعلی سکہ چلانا۔
تلبیس لباس (ع)، کسی کو دھوکا دینے کے لیے کوئی خاص لباس پہننا یا بہروپ بنانا۔
تلبین (ع)، اینٹیں بنانا (۲) تلبینہ بنانا۔
تلبینہ (ع)، ایک خاص قسم کا کھانا جو گیہوں یا جَو کی بھوسی وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔

Marfat.com

تلبیہ (ع) حاجیوں کا لبیک کہنا۔
تلپت / تلپنہ } دہلی کے قریب ایک پرگنہ کا نام۔
تلپی اُفتادن (ف) دھڑام سے گرنا۔
تلتیخ (ع) آلودہ ہونا۔ ملوث ہونا۔
تلثیم / تلثّم } (ف) بوسہ لینا۔ چومنا۔
تلجئہ (ع) جھوٹ بول کر کوئی چیز فروخت کرنا۔
تلجلج (ع) بات میں متردد ہونا یا اٹکنا (۲) دو دِلا ہونا (۳) بات کو مُنہ میں پھرانا (۴) ہلنا۔
تلجیم (ع) پانی وغیرہ کا مُنہ تک آنا۔
تلحّز (ع) کنجوس اور بخیل ہونا (۲) دیر کرنا (۳) پیچھے رہ جانا (۴) سفر یا لڑائی کے لیے کپڑا اُٹھا لینا۔
تلحّظ (ع) تنگ ہونا (۲) چمٹ جانا۔
تلحّف (ع) لحاف بنانا۔
تلحّی (ع) پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے لا کر باندھنا۔
تلحیج (ع) چیز کو غلط ملط کرنا (۲) دِلی منشا کے خلاف ظاہر کرنا۔
تلحیس (ع) بات کی تہ کو پہنچ کر اسے آہستہ آہستہ ظاہر کرنا (۲) کام میں قوت دینا (۳) کسی کو تنگ کرنا۔ کسی پر سختی کرنا۔
تلحیط (ع) آنکھ کے نیچے ایک داغ کا نام۔
تلحیف (ع) ناز و انداز سے دامن اُٹھا کر چلنا۔
تلخ (ف) کڑوا۔ ناگوار۔ تند و تیز (۲) گالی۔ ناملائم۔
تلخ ابرو (ف) بد دماغ۔ بے دماغ۔
تلخ با شیریں اندر خورد (ف) زہر میں شکر ملانا کیا مزور ہے۔
تلخ بہر (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔
تلخ پاسخ (ف) تلخ زبان۔ بد زبان۔ وہ آدمی جس کی باتیں کڑوی معلوم ہوں۔
تلخ جبین (ف) ترش رُو۔
تلخ چکوک / تلخ چوک } (ف) صحرائی کاسنی۔ جنگلی کاسنی۔
تلخ حرفان (ف) نمک حرام لوگ۔ ناشکرے۔
تلخ رُو (ف) ترش رُو۔ بے دماغ۔ بد دماغ۔
تلخ زبان (ف) بد زبان۔
تلخ شدن (ف) بے مزہ ہونا (۲) ناخوش ہونا۔ بے لطف ہونا۔ خفا ہونا۔ کھسیانہ ہونا۔
تلخ شدن خواب (ف) نیند کا بے مزہ ہونا۔
تلخ شدن زندگانی (ف) زندگی بے مزہ ہونا۔
تلخ شدن عیش (ف) عیش کا بے مزہ ہونا (۲) زندگی بے مزہ ہونا۔
تلخ عتاب (ف) معشوق۔

تلخک (ف) تلخ کی تصغیر۔ حنظل (۲) جنگلی کاسنی۔
تلخ کام (ف) ناامید۔ مایوس۔
تلخ کُمیت (ف) تیلیا کمیت گھوڑا۔ سیاہی مائل کمیت گھوڑا۔
تلخ مزاج (ف) تند مزاج۔ بد مزاج۔
تلخ نگاہ (ف) تند نگاہ والا۔
تلخ ورزش (ف) دُنیا کی محنت و مشقت۔
تلخ وش (ف) تلخ مزہ۔
تلخہ (ف) صفرا۔ پت۔ پتّہ۔
تلخی (ف) کڑواہٹ۔ تلخ پن۔
تلخی کش (ف) وہ شخص جو رنج و ناکامی کو برداشت کرتا ہے۔
تلخیص (ع) خلاصہ کرنا (۲) صاف کرنا۔
تِلد / تُلد } (ع) موروثی مال۔ قدیمی مال (۲) وہ چوپایہ جو اپنے مالک کے گھر میں پیدا ہوا ہو یا جس نے مالک کے گھر بچہ دیا ہو۔
تُلدر (ف) چوزۂ عقاب۔ عقاب کا بچہ۔
تلّد (ع) وہ شخص جو پیدا تو عجم میں ہوا ہو۔ لیکن پرورش عرب میں پائی ہو۔
تلذذ (ع) لذّت حاصل کرنا۔ مزہ اٹھانا۔
تلصیص (ع) مضبوط کرنا۔ محکم کرنا۔
تلطّخ (ع) ملوث ہونا۔ آلودہ ہونا۔
تلطّف (ع) نرمی۔ مہربانی۔
تلطّم (ع) چہرے کا خاکستری اور تیرہ رنگ ہونا (۲) تھپڑ لگنا۔
تلطیخ (ع) ملوث کرنا۔ آلودہ ہونا۔
تلظّی (ع) آگ کا شعلہ زن ہونا۔
تلعاب (ع) کھیلنا۔
تِلعاب / تَلعاب / تِلعابہ / تَلعابہ } (ع) بہت کھلاڑی۔ بہت کھیلنے والا مرد۔
تلعّب (ع) بہت کھیلنا۔
تلعّس (ع) بہت کھانا۔
تلعیص (ع) کسی کو تنگ کرنا۔ کسی پر مشکل ڈالنا۔
تلطّف (ع) لُطف۔ مہربانی۔
تلغّی (ع) شلکہ مارنا۔
تلغراف / تلغرام } (معرب) ٹیلیگراف کا معرب۔ تار برقی۔ ٹیلیگرام۔
تلف (ع) ضائع۔ تباہ۔ ہلاک (۲) ضائع ہونا۔
تلفات (ف) نقصانات۔
تلفّت (ع) اچھی طرح پیچھے پھر کر دیکھنا۔
تلف خرچ (ف) فضول خرچ۔ بے جا خرچ کرنے والا۔
تلف شدن (ف) ضائع ہونا۔ مر جانا۔ کھو جانا۔
تلفظ (ع) لفظ کہنا۔ بات کہنا۔ بولنا۔

Marfat.com

تَلَفُّع (ع) اپنے اوپر کپڑا لپیٹنا (۲) عورت کا سر اور منہ کپڑے میں چھپا لینا۔
تَلَفُّف (ع) اپنے اوپر کپڑا لپیٹ لینا۔
تَلَفُّق (ع) آپس میں مل جانا۔ چمٹ جانا۔
تلفون (ف) ٹیلی فون۔
تلفون زدن (ف) ٹیلیفون کرنا۔
تلفونچی (ف) ٹیلیفون آپریٹر۔
تلفون خانہ (ف) ٹیلیفون آفس۔
تَلفِیف (ع) اچھی طرح لپیٹنا (۲) کوئی چیز جگہ جگہ سے اکٹھی کرنا۔
تَلفِیق (ع) ملا دینا۔ اکٹھا کرنا (۲) ترتیب دینا (۳) دو باتوں کا ملا دینا (۴) دو دروازوں کو ملانا۔
تِلقاء (ع) جانب۔ طرف (۲) جہت (۲) دیکھنا۔ دیدار کرنا۔ (۳) برابر۔
تَلَقُّط (ع) خرما وغیرہ کو جگہ جگہ سے چننا۔
تَلَقُّف (ع) کھانا نگلنا (۲) کوئی چیز پھرتی سے لینا۔
تَلَقُّن (ع) سمجھ لینا (۲) لے لینا۔
تَلَقِّی (ع) ملاقات کرنا۔ دیدار کرنا (۲) قبول کرنا (۳) عورت کا حاملہ ہونا۔
تَلقِیح (ع) کھجور کے مادہ درخت میں نر درخت کا شگوفہ لانا۔
تَلقِیم (ع) کھانے کو نگل جانا۔ کسی کو کھلانا۔
تَلقِین (ع) تعلیم کرنا۔ سمجھانا۔
تلقین کردن (ف) سمجھانا بجھانا۔
تِلک (ع) وہ عورت۔ اشارہ بعید واحد مونث کے لیے۔
تَلک (ع) بڑی لمبی لمبی مونچھوں والا آدمی۔ (۲) پراگندہ مونچھوں والا۔
تلک (ف) تلخ۔ کڑوا (۲) ابرک۔ ایک سفید چمکیلا ورق دار پتھر اگر اسے کسی شے پر ملیں تو اسے آگ نہیں لگتی۔
تلکہ کردن (ف) کمائی میں کوشش کرنا۔
تلگراف (مف) ٹیلیگراف کا مفرس۔ تار برقی۔
تلگرافچی (ف) تار بابو۔ سگنلر۔
تلگراف کردن (ف) تار دینا۔
تلگراف خانہ (ف) تار گھر۔
تَلَل (ع) نمی۔ تری۔ نمناکی۔
تلمبہ (مف) بمبہ کا مفرس۔ آگ بجھانے کا انجن۔ آگ بجھانے کی مشین۔
تلمبہ اطفائی (ف) آگ بجھانے والا انجن۔ فائر بریگیڈ۔
تلمبہ زدن (ف) پمپ چلانا جس سے پانی عمارات کے اوپر چڑھایا جاتا ہے۔
تَلَمُّذ (ع) تلمیذ ہونا۔ شاگرد ہونا۔
تَلَمُّظ (ع) کھانے کے بعد زبان نکال کر لبوں کو چاٹنا (۲) لقمہ کو منہ میں پھرانا اور مزہ معلوم کرنا (۳) سانپ کا زبان نکالنا۔

تَلمِیح (ع) کم نگاہی سے دیکھنا۔ سرسری نگاہ کرنا۔ ہلکی نگاہ کرنا (۲) علم معانی کی اصطلاح میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا۔ یا نجوم، ریاضی، موسیقی، طبی وغیرہ علوم کی اصطلاح کو یا قرآن شریف کی کوئی آیت یا کوئی حدیث اپنے کلام میں لانا۔
تلمیذ (ف) شاگرد۔ طالب علم۔ حواری۔
تلمیذ (ع) تلمیذ کا معرب۔
تلنگ (ف) آڑو کے مشابہ ایک میوہ کا نام۔
تلنگ (ف) ضرورت۔ حاجت (۲) آرزو۔ خواہش (۳) میل۔
تلنگ (ف) انگلی سے دف بجانا وغیرہ۔
تلنگ زدن (ف) دف وغیرہ پر انگلی مارنا۔
تلنگبین (ف) ترنجبین ایک مشہور دوا کا نام۔
تلنگی (ف) حاجت مند۔ محتاج۔ مفلس (۲) گدا۔
تلنہ (ف) ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔
تلو (ف) کاٹنا۔
تلو (ف) پیرو۔ پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنے والا (۲) اونٹ وغیرہ کا بچہ جو ماں کے پیچھے پیچھے چلے۔
تُلُوّ (ع) کسی کے پیچھے جانا (۲) کسی کا پیچھا چھوڑ دینا۔ یہ لفظ لغات اضداد سے ہے۔
تلو تلو خوردن (ف) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ شراب کے نشہ کی حالت میں جیسے اکھڑے اکھڑے چلتے ہیں۔
تلواسہ (ف) فکر۔ رنج۔ غم۔ اندوہ۔ بے قراری۔ بے چینی۔ اضطراب۔
تَلَوُّث (ع) ملوث ہونا۔ آلودہ ہونا۔
تَلَوُّد (ع) مال کا پرانا ہونا۔ مال کا قدیمی ہونا۔
تَلَوُّص (ع) لپٹنا۔ لڑنا۔
تَلَوُّط (ع) لوطی ہونا۔ لوط کی قوم کے سے فعل کرنا۔ لونڈے بازی کرنا۔ لواطت کرنا۔
تلوک (ف) ہدف۔ تیر کا نشانہ۔
تَلَوُّن (ع) رنگ برنگ ہونا۔ رنگا رنگ ہونا۔
تلون مزاج (ع) ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔ غیر مستقل رائے۔
تِلوَہ (ع) پانچ مہینہ سے کم عمر کا بکری کا بچہ۔
تَلوِیث (ع) ملوث کرنا۔ آلودہ کرنا (۲) ملانا (۳) پانی کو گدلا کرنا۔ (۴) بند کرنا (۵) بچے کا انگوٹھا چوسنا (۶) خرما وغیرہ کو پانی میں تر کرنا۔
تَلوِیح (ع) اشارہ کرنا (۲) واضح اور روشن کرنا (۳) چمکانا (۴) سورج کا چہرے کے رنگ کو جلانا (۵) آگ سے گرم کرنا۔ (۶) بڑھاپے کا بالوں کو سفید کرنا (۷) ضرورت کے مطابق خوراک دینا۔
تَلوِیص (ع) صاف شہد کھانا۔
تَلوِین (ع) طرح بطرح کرنا۔ گوناگوں کرنا (۲) تصوف کی اصطلاح میں نفس کے ایک مقام کا نام ہے۔

Marfat.com

تلہ (ع) تلف ہونا (۲) حیران ہونا۔
تلہ (ف) ایک قسم کا جال جو پنجرے کی شکل کا ہوتا ہے۔ پھندا۔
تلہ انداختن (ف) چوہے پکڑنا۔
تلہ گذاشتن (ف) پھندا لگانا۔ جال بچھانا۔
تلہ موش (ف) چوہے دان۔ چوہے پکڑنے والا پنجرہ۔ کڑکی۔
تلہّب (ع) آگ کا بھڑک اٹھنا۔ آگ کا شعلے مارنا۔ آگ کا روشن ہونا۔
تلہّج (ع) شیفتگی (۲) لالچ۔ حرص۔
تلہّف (ع) افسوس کرنا (۲) دریغ اندوہ۔
تلہّی (ع) بازی۔ کھیل۔ دل بہلانا (۲) غفلت کرنا۔ بھول جانا۔
تلہیب (ع) خوب بھڑکانا۔ شعلہ زن کرنا۔
تلہیج (ع) ناشتہ کرانا۔ نہاری کرانا۔
تلے (ف) اوزار (۲) اوزار رکھنے کی تھیلی (۳) حجام کے اوزار رکھنے کی چمڑے کی تھیلی (۴) درزیوں کی سوئی وغیرہ رکھنے کی تھیلی۔ تلے دانی۔
تلی (ف) طلا۔ زر۔ سونا۔
تلیبار (ف) وہ لکڑیاں باندھ کر بنایا ہوا گھر سا جو کرم پیلہ یعنی ریشم کے کیڑے کی حفاظت کے لیے بنایا جاتا ہے۔
تلید (ع) وہ شخص جو پیدا تو عجم میں ہو اور پرورش عرب میں پائے (۲) موروثی مال۔ پرانا مال۔ قدیمی مال۔
تلیدہ (ف) وہ عورت جو عجم میں پیدا ہوئی اور عرب میں پرورش پائی۔
تلیل (ع) گردن۔
تلیمان، تلیمہ (ف) ایران کے ایک پہلوان کا نام۔
تلیین (ع) ملین ہونا۔ نرم ہونا۔ ملائم ہونا (۲) چاپلوسی کرنا۔

## ت - م

تم (ف) غشاوہ۔ آنکھوں کی ایک بیماری کا نام (۲) سیاہی۔ تاریکی۔
تمّ (ع) تمام۔ کامل۔ پورا (۲) کدال (۳) کلہاڑی۔
تمات (ف) فرنگی۔ ٹماٹر۔
تمّ و تمّت (ع) تمام شد۔ ختم شد۔ جیسا کہ عموماً کتابوں کے اوپر لگاتے ہیں۔
تماثل (ع) باہم ہم مثل ہونا۔ آپس میں ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ آپس میں ہم شکل ہونا (۲) بیماری سے اچھا ہونا (۳) بیمار کا تندرست کی مانند ہونا۔
تماثیل (ع) تمثال۔ مورتیں۔ تصویریں (۲) شاہی فرمان۔
تماج (ف) کپڑے کی لمبی سی تھیلی۔ پنجابی واسلہ۔
تماجد (ع) بزرگی و شرافت میں ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

تماچہ (ف) تھپڑ۔ طمانچہ۔
تماخرہ (ف) تمسخر۔ ظرافت۔ مزاح۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔
تمادح (ع) ایک دوسرے کی مدح کرنا۔
تمادی (ع) طوالت۔ درازی (۲) طویل ہونا۔ دراز ہونا (۳) کسی شے کی انتہا کو پہنچنا۔ (۴) کسی میں لڑائی جھگڑا کرانا۔
تمار (ع) خرما فروش۔
تمارس (ع) باہم لڑائی جھگڑا کرنا۔ آپس میں لڑنا جھگڑنا۔
تمارض (ع) مریض بن جانا۔ تندرست ہوتے ہوئے اپنے آپ کو مریض ظاہر کرنا۔
تماری (ع) باہم جھگڑا کرنا (۲) کسی بات میں شک کرنا۔
تمازج (ع) باہم خوش طبعی کرنا۔
تماس (ع) باہم مس کرنا (۲) جماع کرنا
تماس داشتن (ف) ربط ہونا۔
تماس گرفتن (ف) تعلق پیدا کرنا۔
تماس پیدا کردن (ف) تعلق پیدا کرنا۔
تماسح (ع) کسی بات میں باہم سیدھا ہو جانا (۲) خرید و فروخت میں باہم ہاتھ دینا۔
تماسخ (ع) مسخ ہو جانا۔ شکل بگڑ جانا۔ صورت بدل جانا۔
تماسی (ع) مصیبتیں۔ تکلیفیں (اس لفظ کا واحد نہیں) (۲) پارہ پارہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تماسیح (ع) تمساح کی جمع۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔
تماشا (ع) اصل لفظ تماشی ہے۔ مگر فارسی والوں نے دوسرے الفاظ تقاضا اور تمنا وغیرہ کی مانند اس کی یائے کو بھی الف سے بدل دیا ہے اس لفظ کے لغوی معنی ہیں "پیدل چلنا۔ باہم مل کر چلنا۔" چونکہ سیر و تفریح کے لیے اکثر پیدل ہی چلتے ہیں۔ اس لیے اس کے معنی تفریح اور شوق سے دیکھنا ہو گئے۔ (۲) وہ شے جسے شوق اور حیرت سے دیکھیں (۳) دیکھنا (۴) سیر کرنا۔ دھا ہنگامہ۔
تماشا خانہ (ف) تماشا کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں کوئی تماشا ہو۔
تماشا خانۂ اوپرا (ف) تھیٹر۔ ناٹک۔
تماشا خانۂ رسمی (ف) بادشاہی ساز و سامان کا تماشا۔
تماشا خانۂ سرباز (ف) سپاہیوں کے کھیلنے کا سامان۔
تماشا داشتن (ف) قابل دید ہونا۔
تماشا کدہ (ف) تماشا کی جگہ۔ تماشا خانہ۔
تماشا کردن (ف) دیکھنا۔
تماشا گاہ (ف) تماشے کی جگہ۔ تماشا خانہ۔
تماشا گر (ف) تماشا کرنے والا (۲) تماشہ دیکھنے والا۔
تماشائی (ف) تماشا دیکھنے والا۔

Marfat.com

تماشائی بُودن (ف) قابلِ دید ہونا۔
تماشاچی (ف) تماشائی۔ تماشا دیکھنے والا۔
تماشی (ع) باہم مل کر پیدل چلنا۔
تماغہ (ع) باز اور شاہین وغیرہ شکاری پرندوں کی ٹوپی۔
تمالک (ع) بے اختیار نہ ہونا۔ نفس کو قابو میں رکھنا (۲) قدرت اختیار۔ قبضہ۔
تمالُو (ع) جمع ہونا۔ ہجوم کرنا۔
تمام (ع) کامل۔ پورا (۲) کافی (۳) دُرست۔
تمام اجزا (ع) پورا۔ کامل (۲) بے نقصان۔
تمام اندام (ف) موٹا تازہ۔ پورے قد کا۔
تمامت (ع) تمام۔ کل۔ سب کے سب۔
تمام تر (ف) کل۔ تمام۔ سب کا سب۔ مکمل۔
تمام رس (ع) کمال کو پہنچنے والا۔ کمال کو پہنچا ہوا۔ خوب تیار۔ خوب پکا ہوا۔
تمام رسمی (ف) سرکاری لباس۔ نشان اور میڈل تمغات وردی پر میں لگے ہوئے۔
تمام شدن (ف) تمام ہونا۔ ختم ہونا (۲) فوت ہونا۔ مرنا۔
تمام عیار (ع) کامل عیار۔ خالص۔
تمام قد کشیدن (ف) بالکل سیدھے کھڑے ہونا۔
تمامی (ف) آخر۔ انجام (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
تمام یافتہ (ف) جو شخص بڑا ماہر اور کیفیت اور ماہیت کا جاننے والا ہو۔
تماوُت (ع) اپنے آپ کو مردے کی مانند بنانا (۲) ناجائز باتوں سے باز رہنا (۳) ریا سے نمائشی خدا پرستی۔
تمایُل (ع) میل کرنا (۲) نظر بچا کر نکل جانا۔
تمائم (ع) تمیمہ کی جمع۔ تعویذات۔
تمتام (ع) توتلا۔ ہکلا۔ جس کی باتوں میں حرف ت، ت زیادہ آئے۔
تمبرلیکٹ (ف) ڈاک کی ٹکٹ۔
تمبر باز (ف) جس کا مشغلہ ڈاک کی ٹکٹیں اکٹھا کرنا ہو۔
تمبر زدن (ف) ٹکٹ چسپاں کرنا۔
تمتُّع (ع) فائدہ۔ نفع۔ بہرہ (۲) فائدہ اُٹھانا۔
تمتُّع بردن (ف) فائدہ اُٹھانا۔ نفع لینا۔
تمتم (ف) پہاڑی گائے کی دُم جسے سپاہی گھوڑے کے گلے میں لٹکاتے یا نیزہ پر باندھتے ہیں۔
تمتُم (ع) سماق۔ ایک مشہور کھٹی دوا۔
تمتیع (ع) فائدہ دینا (۲) زادِ راہ دینا (۳) لمبا کرنا (۴) باقی رکھنا (۵) انتہا تک پہنچانا (۶) تعمیر کرنا (۷) عورت کو طلاق کے بعد متعہ دینا۔
تمثال (ع) شکل۔ صورت۔ پیکر (۲) شاہی فرمان۔
تمثال (ع) مثال لانا۔
تمثال گر (ف) صورت گر۔ مصوّر۔ نقّاش۔

تمثّل (ع) کسی چیز کی مانند بننا (۲) سامنے ہونا (۳) کہاوت بیان کرنا۔ (۴) ایک شعر کے بعد دوسرا شعر پڑھ کر سند پیش کرنا۔
تمثیل (ع) مثال دینا۔ تشبیہ دینا (۲) نقل۔ سوانگ۔
تمثیلاً (ع) مثال کے طور پر۔
تمجّس (ع) مجوسی بننا۔ آتش پرست بن جانا۔
تمجید (ع) بزرگ خیال کرنا۔ بزرگی کی نسبت دینا۔
تمجیس (ع) مجوسی بنانا۔ آتش پرست بنانا۔
تمحّل (ع) حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔
تمحیص (ع) آزمائش کرنا۔ آزمانا (۲) کم کرنا (۳) گوشت سے چربی علیحدہ کرنا۔
تمخّض (ع) دہی بلونا۔ دُودھ بلونا (۲) بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا (۳) عورت کے دردِ زہ ہونا۔
تمخّط (ع) پاک صاف کرنا (۲) بے قراری سے گرتے پڑتے چلنا۔
تمدّح (ع) مدح کرنا۔ ستائش کرنا۔ تعریف کرنا (۲) فخر کرنا۔ بے تکلّف تعریف کرنا۔
تمدُّد (ع) کشیدگی (۲) انگڑائی لینا (۳) لیٹ جانا۔
تمدّن (ع) تہذیب (۲) شہر میں رہنا سہنا اختیار کرنا (۳) شہر کا انتظام کرنا (۴) پیشہ وروں کا جمع ہونا۔
تمدّہ (ع) تاتا۔ کج زبان۔ وہ شخص جس کی زبان بولتے وقت اچھی طرح نہ چلے۔
تمدّی (ع) دراز ہونا۔
تمدیح (ع) خوب مدح کرنا۔ بہت تعریف کرنا۔
تمدید (ع) کھینچنا۔
تمدیر (ع) مکان کو کہگل کرنا۔ مکان کی مٹی سے لپائی کرنا (۲) پاخانہ بھرنا۔
تمدین (ع) شہر بنانا (۲) کسی کو کسی جگہ مقیم کرنا۔
تمر (ع) کھجور (۲) خشک کھجور۔
تمر (ف) آنکھ کی ایک بیماری کا نام۔
تُمُر (ت) (تام) لفظ تیمور کا صحیح تلفظ۔ ایک عظیم الشان مغل بادشاہ کا نام جس کی اولاد سے ہندوستان کے شاہانِ مغلیہ ہوئے ہیں (۲) مضبوط اور پکّا لوہا۔
تمرّد (ع) سخت نافرمانی کرنا۔ سرکشی کرنا (۲) بے ریش ہونا۔
تمرّد کردن (ف) سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔
تمرّد کن (ف) سرکش۔ باغی۔
تمرّدی (ف) بغاوت۔ ضد۔ ہٹ۔ سرکشی۔
تمرّس (ع) گھس جانا۔
تمرستان (ف) کھجوروں کا باغ۔
تمرّص (ع) کسی شے کا جاتے رہنا۔ اُڑ جانا۔
تمرّض (ع) کسی کام میں سستی ظاہر کرنا۔
تمرّط (ع) بال گر جانا۔

Marfat.com

تمراغ (ع) خاک میں لیٹنا (۲) مرد سے اکٹھا ہونا (۳) کام سے دو دلا ہونا (۴) بدی سے بچنا۔
تمرّق (ع) بالوں کا گرنا (۲) باہر نکل آنا۔
تمرفرک (ت) قرآن شریف۔
تمرکز (ع) مرکز کے تابع ہونا۔
تمرمر (ع) کانپنا (۲) خوشی سے کانپنا۔
تمرّن (ع) نرم ہو جانا (۲) خوگیر ہو جانا۔ عادی ہو جانا۔ عادت اختیار کرنا۔
تمرّؤ (ع) تکلیف سے مروّت کرنا۔
تمرہ (ع) ایک کھجور۔ خرما کا ایک دانہ۔
تمرہندی (ف) املی۔
تمریر (ع) تلخ کرنا۔ کڑوا کرنا۔
تمریض (ع) مریض کی خدمت۔ تیمارداری کرنا (۲) سستی کرنا (۳) سست کرنا۔
تمریط (ع) آستین کو اس قدر چھوٹا کرنا کہ پیرہن چادر کی مانند ہو جائے۔
تمریغ (ع) جانور کو مٹی میں لوٹانا (۲) کھانے میں گھی زیادہ ڈالنا۔
تمرین (ع) قواعد (۲) ورزش (۳) مشق۔
تمرین کردن (ف) مشق کرنا۔
تمرین (ع) نرم کرنا (۲) زمین پر مارنا (۳) کسی کو کسی بات کا عادی بنانا۔
تمرینات (ع) تمرین کی جمع۔ قواعد۔ ورزش۔
تمرینات جسدیہ (ع) جسمانی ورزش۔
تمزیق (ع) کپڑا پھاڑنا۔
تمساح (ع) نہنگ۔ مگرمچھ۔
تمساح (ع) جھوٹ بولنا۔
تمساح قتال (ع) تلوار۔
تمسار (ع) دوا فروش۔ پنساری۔
تمسح (ع) پانی یا روغن بدن پر ملنا۔
تمسخر (ع) مسخری کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی کرنا۔
تمسک (ع) جنگل مارنا (۲) مضبوط پکڑنا (۳) کسی بات سے رکنا۔
تمسک نمودن (ف) چھپے رہنا۔
تمسکن (ع) مسکین ہونا۔ عاجز و بے چارہ ہونا۔ ضعیف و ناتواں ہونا۔
تمسّی (ع) پارہ پارہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تمسیک (ع) مشک سے خوشبودار کرنا (۲) پنجہ مارنا۔ بیعانہ دینا۔
تمشا (ع) چلنا۔
تمشق (ع) رات کا آخر ہونا۔ پو پھٹنا۔ سپیدۂ صبح ظاہر ہونا (۲) کپڑے پھٹ جانا (۳) شاخ کا چھلکا اتر جانا۔
تمشک (ف) بیر۔ ڈیلے۔
تمشی / تمشیت (ع) رواں کرنا۔ جاری کرنا (۲) کارگزاری کرنا۔ (۳) چلنا۔
تمشیش (ع) ہڈی کا گودا نکال کر کھانا۔

تمشیق (ع) کپڑے کو گیروا رنگ کرنا (۲) جلدی لکھنا (۳) نیزہ مارنا۔
تمضمض (ع) کلی کرنا
تمطّی (ع) انگڑائی (۲) انگڑائی لینا۔
تمعدد (ع) قبیلہ معد کی روش اختیار کرنا۔ اور شدت گزران میں ان کی مانند ہونا۔
تمعّر (ع) غصے سے چہرہ کا رنگ بدل جانا (۲) بال گر پڑنا۔
تمعّط (ع) بیماری کی وجہ سے بالوں کا گر پڑنا۔
تمعک (ع) مٹی میں لوٹنا۔
تمغا (ع) چنگی محصول (۲) سرکاری مہر جو سوداگری کے مال پر لگائی جاتی ہے (۳) شاہی فرمان (۴) نشانات جو جانوروں کے جسم پر داغ دے کر لگاتے ہیں۔
تمغاچی (ت) محرر چنگی۔
تمغا کردن (ف) شاعر کا اپنے مضمون کو مکرر باندھنا۔
تمغہ (ت) دیکھو تمغا۔
تمغوز (ف) منہ کا اردگرد (۲) پرندے کی چونچ۔
تمکّث (ع) دیر کرنا اور کسی حکم کا منتظر رہنا۔
تمکّن (ع) قائم ہونا۔ جگہ پکڑنا (۲) کسی چیز پر قادر ہونا۔ (۳) بادشاہ کے پاس مرتبہ ہونا۔
تمکنت (ع) غرور (۲) ٹیپ ٹاپ۔
تمکین (ع) جگہ دینا۔ قائم کرنا۔ ٹھیک جگہ پر رکھنا (۲) کسی چیز پر قادر ہونا (۳) مرتبہ۔ قدر (۴) سالکوں کے مقامات میں سے ایک مقام کا نام (۵) چھوڑ دینا۔
تمکین دادن / تمکین کردن / تمکین نہادن (ف) عزت کرنا۔ قدر و منزلت کرنا۔
تمکین یافتن (ع۔ف) مرتبہ حاصل کرنا۔ عزت پانا۔
تملاق (ع) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تملّح (ع) ملیح ہونا۔ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔
تملّص (ع) آزاد ہونا۔ خلاص ہونا۔
تملّق (ع) چاپلوسی کرنا (۲) خوشامد۔ چاپلوسی۔
تملّک (ع) مالک ہونا۔
تملیت (ف) چھوٹی سی گٹھڑی جو بڑے بوجھ پر چوپائے کی پیٹھ پر رکھ دیتے ہیں۔
تملیح (ع) نمکین کرنا (۲) کھانے میں نمک زیادہ ڈالنا۔ (۳) مزیدار شعر پڑھنا (۴) موٹا ہونا۔
تملید (ع) چمڑے کو ملائم کرنا۔
تملیز (ع) رہائی دلانا۔ چھڑانا۔
تملیس (ع) چکیلا کرنا (۲) نرم کرنا۔
تملیط (ع) دیوار کو مٹی سے لیپنا (۲) شعر کا ایک مصرع کہنا تاکہ دوسرا مصرعہ کوئی اور لگائے۔

Marfat.com

تملیک (ع) مالک بنانا - مالک کرنا۔
تمن (ع) سکّے کا نام۔
تمنا (ع) خواہش - آرزو (۲) خواہش کرنا - آرزو کرنا - اصل لفظ تمنّی ہے - فارسی والے بعض دیگر الفاظ تقاضا اور تماشا کی مانند اس کی ی کو کبھی الف سے بدل لیتے ہیں۔
تمنّا داشتن (ف) خواہش کرنا۔
تمنچہ (ف) پستول۔
تمندار (ف) رسالدار - سلسلے کا افسر۔
تمندہ (ف) اَکھ زبانی - توتلا - جو آواز کو مخرج سے نہ نکال سکے۔
تمنّع (ع) مضبوط ہونا - استوار ہونا (۲) قوی ہونا (۳) غالب آنا۔ (۴) باز رہنا۔
تمنّن (ع) ماندہ کرنا (۲) سست کر دینا۔
تمنہ (ف) لحاف سینے کی سوئی۔
تمنّی (ع) آرزو کرنا (۲) بات گھڑ لینا (۳) جھوٹ بولنا (۴) لکھے ہوئے کو پڑھنا۔
تمنیع (ع) منع کرنا - باز رکھنا۔
تمنیہ (ع) منی ڈالنا (۲) آرزو کرنا۔
تموّج (ع) پانی کا موجیں مارنا - موج مارنا۔
تموُّر (ع) تمر کی جمع - خشک کھجوریں۔
تموّر (ع) آمد و رفت - آنا جانا - (۲) چوپائے کی پشم جھڑنا۔
تموز (ف) سخت گرمی - ساون کا مہینہ۔
تموک (ف) ایک قسم کا تیر جو گوشت یا ہڈی میں پیوست ہو کر نکلتا نہیں۔
تموّل (ع) بہت مال دار ہونا - دولت مندی۔
تمولیس (ع) کپڑے دھونا (۲) پاک کرنا (۳) گھاس بیچنا۔
تمویل (ع) مال دار کرنا۔
تمویہات (ع) تمویہ کی جمع - ملمّع (۲) دھوکے۔
تمہ (ع) کھانا گوشت یا دودھ کا بگڑ جانا - سڑ جانا - کھانے کے قابل نہ رہنا - بودار ہو جانا۔
تمہّد (ع) قابو پانا - قادر ہونا۔
تمہّر (ع) ماہر ہونا۔
تمہید (ع) بستر بچھونا (۲) بچھانا (۳) کام کو درستی سے کرنا (۴) ہموار کرنا (۵) نیک کام کرنا (۶) عذر کہنا (۷) عذر کرنا۔ (۸) کام کی ابتدا (۹) دیباچہ۔
تمہیل (ع) مہلت دینا۔
تمیثث (ع) بارش کی وجہ سے زمین کا سرد اور نرم ہو جانا۔
تمیز (ع) علیحدہ ہونا - جدا ہونا (۲) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تمیز (ع) پاک - صاف - ستھرا۔
تمیز (ع) اصل لفظ تمییز ہے - فارسی والوں نے ایک ی اڑا کر تلفظ کر دیا ہے - علیحدہ کرنا - جدا کرنا (۲) قوتِ ممیزہ - وہ قوت جس کے باعث حق و باطل میں فرق ہو سکے۔
تمیز دادن (ف) دو چیزوں کا آپس میں امتیاز کرنا۔
تمیز دار (ف) ذی شعور - لائق - ہوشیار۔
تمیز کردن (ف) صاف کرنا۔
تمیّس (ع) ناز سے چلنا (۲) ٹہلنا - چہل قدمی کرنا۔
تمیّع (ع) رواں ہونا۔
تمیم (ع) سخت (۲) درشت خلقت جس کے اعضا موزوں نہ ہوں۔
تمیمہ (ع) تعویذ یا منکے وغیرہ جو نظر بد سے محفوظ رہنے کے لیے گلے میں ڈالے جاتے ہیں۔
تمییز (ع) جدا کرنا۔
تمییل (ع) پھیرنا (۲) جھکانا (۳) دو چیزوں میں متردد ہونا (۴) شکایت کرنا۔

# ت - ن

تن (ف) جسم و بدن (۲) تنخواہ (۳) خاموش۔
تن (ع) ہمتا (۱) ہمزاد (۲) حریف۔
تن دادن (ف) تسلیم کرنا - مان لینا۔
تن زدن (ف) چپ سادھ لینا۔
تنابز (ع) آپس میں ایک دوسرے کے برے لقب رکھنا - برے نام رکھنا - باہم عیب ظاہر کرنا۔
تنا (ع) کسی جگہ مقیم ہونا۔
تنالف (ع) بال اکھڑ جانا۔
تناجی (ع) باہم سرگوشی کرنا - آپس میں کانا پھوسی کرنا - ایک دوسرے کے کان میں بات کہنا (۲) آپس میں راز بتانا۔
تن چند (ف) کئی آدمی۔
تناد (ع) ایک دوسرے کو بتانا (۲) لوگوں کا اکٹھے ہونا (۳) باہم محفل میں بیٹھنا (۴) اصل میں یہ لفظ تنادی ہے اور یوم التناد سے مراد قیامت کا دن ہے۔
تنادّ (ع) پراگندہ ہونا (۲) باہم گریز کرنا - ایک دوسرے سے بھاگنا۔
تنادُس (ع) باہم لقب رکھنا - آپس میں ایک دوسرے کے لقب رکھنا۔
تنادُم (ع) شراب کی محفل میں باہم ہم نشینی کرنا۔
تنادی (ع) آپس میں ایک دوسرے کو پکارنا (۲) ایک محفل میں بیٹھنا۔
تنادیل (ف) پارسیوں کا ایک فرقہ جو اپنے پیغمبر اور اس کی شریعت کی مخالفت کرتا تھا۔
تناذُر (ع) آپس میں ایک دوسرے کو ڈرانا۔

Marfat.com

تنار (ع)، تنور بنانے والا۔
تنازع (ع)، جھگڑا کرنا۔ آپس میں جھگڑنا۔
تنازع للبقا (ع)، زندگی کے لیے جد وجہد اور کوشش کرنا۔ زندہ رہنے کے لیے ہاتھ پاؤں مارنا۔
تنازل (ع)، نیچے اترنا۔ باہم لڑائی کرنا۔
تن آساں (ف)، آرام طلب۔
تن آسانی (ف)، آرام طلبی (۲) راحت۔ آرام۔
تناسب (ع)، باہم متناسب ہونا۔ آپس میں نسبت رکھنا۔
تناسخ (ع)، پہلے وارث کے بعد دوسرے وارث کا جائداد کی تقسیم سے پہلے مر جانا (۲) زمانہ کا نوبت بنوبت گردش کرنا (۳) زائل ہونا (۴) آواگون۔ ایک صورت سے دوسری صورت میں جانا۔ روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا۔
تناسخی (ف)، مسئلہ آواگون پر اعتقاد رکھنے والا۔
تناسف (ع)، کان میں آہستہ سے بات کرنا۔ راز کہنا۔
تناسق (ع)، باہم منتظم ہونا (۲) آپس میں آراستہ ہونا۔
تناسل (ع)، ایک دوسرے سے پیدا ہونا۔ نسل جاری ہونا۔ نسل کا چلنا۔
تناسی (ع)، کسی کو فراموش کرنا۔ کسی کو بھول جانا۔
تناسیدن (ف)، خوش ہونا۔
تناشد (ع)، آپس میں شعر پڑھنا۔
تناشیر (ع)، سکول کے بچوں کی مشقیں۔
تناصح (ع)، آپس میں ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔ باہم نصیحت کرنا۔
تناصر (ع)، باہم مدد کرنا۔ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا (۲) ساتھ دینا (۳) کسی خبر کا کسی خبر سے سچا کر دینا۔
تناصف (ع)، ایک دوسرے کا انصاف دینا۔
تناضل (ع)، تیر اندازی میں آپس میں مقابلہ کرنا۔
تناصی (ع)، لڑائی میں ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ لینا۔
تناصیب (ع)، وہ علامات جو راستوں میں رہنمائی کے لیے نصب کرتے ہیں۔
تناطح (ع)، مینڈھوں کا باہم ٹکریں لینا۔ مینڈھوں کا آپس میں ایک دوسرے کو سینگوں سے ٹکریں مارنا۔
تناظر (ع)، باہم نظر کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا (۲) مقابلہ کرنا (۳) کام میں مشقت کرنا۔
تنعم (ع)، آسان ہو جانا۔ نرم ہونا۔ نرمی کا اظہار کرنا۔ تن آسان ہونا۔
تنافر (ع)، نفرت کرنا۔ بھاگنا (۲) علم معانی کی اصطلاح میں چند ایسے الفاظ کا ایک جگہ اکٹھا ہونا جن کا تلفظ زبان پر ثقل ہو۔ اور جس کے پڑھنے سے زبان کو نفرت ہو۔ جیسے عبارت توران۔ صدق تول۔ خواجہ توجہ تجارت مے کنی۔
تنافور (ف)، پارسیوں کے مذہب میں چھوٹے گناہ کو کہتے ہیں۔

تنافی (ع)، ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ باہم منافی ہونا۔
تناقض (ع)، باہم نقیض ہونا۔ ایک دوسرے کی ضد ہونا (۲) عمارات کا گرنا (۳) رسی کا بل کھول دینا (۴) عہد توڑ دینا۔
تناکح (ع)، ایک دوسرے سے نکاح کرنا۔
تناکث (ع)، باہم عہد و پیمان توڑنا۔
تناکد (ع)، باہم دشواری کرنا (۲) دشوار ہونا۔ (۳) سخت ہونا۔
تناکر (ع)، نہ پہچاننا (۲) اپنے آپ کو نا آشنا اور ناداں ظاہر کرنا۔ (۳) قوم کا باہم عداوت کرنا۔
تنانِ تن (ف)، سب سے بڑا جسم۔ فلک الافلاک نواں آسمان۔
تنانی (ف)، منسوب بتن۔ جسمانی۔
تنانی در پابندہ (ف)، ظاہری و باطنی حواس خمسہ۔
تنانیر (ع)، تنور کی جمع۔
تنانین (ع)، تنین کی جمع۔ اژدھے۔
تناوب (ع)، باری سے کام کرنا۔
تناور (ف)، جسم۔ فربہ۔ قوی جثہ (۲) پہلوان۔
تناوش (ف)، ہاتھ بڑھا کر کوئی چیز لینا۔
تناول (ع)، پکڑنا (۲) لینا (۳) کھانا کھانا۔
تناول کردن (ف)، کھانا۔
تناوم (ع)، اپنے آپ کو سویا ہوا ظاہر کرنا۔
تناوہ (ع)، درس و تدریس ترک کرنا (۲) کتابوں کا مطالعہ کرنا۔
تناہز (ع)، ایک دوسرے سے جلدی کرنا (۲) فرصت پانا۔
تناہی (ع)، انتہا کو پہنچنا (۲) منتہی ہونا۔ ختم ہونا (۳) نہایت کو پہنچنا (۴) کسی شے کو روکنا۔
تنایہ (ع)، درس و تدریس اور کتابوں کا مطالعہ ترک کرنا۔
تنائی (ع)، دور ہونا۔
تنباح (ع)، کتے کا بھونکنا (۲) بکرے۔ ہرن، سانپ کا بولنا۔
تنباکو (ف)، تنباکو۔ تماکو۔
تنبالہ (ع)، ٹھگنا۔ کوتاہ قد۔ چھوٹا۔
تنبان (ف)، شلوار۔ پاجامہ۔ (۲) پہلوانوں کا جانگھیا۔
تنبان مرد کہ دو تا شد فکر زن بومی افتد (ف)، ایرانی عورتوں کا یہ مقبول محاورہ ہے۔ ان کے خیال کے مطابق آدمی کو گھریلو اخراجات سے ہرگز فرصت نہیں ملنی چاہیے۔ وگرنہ ذرا آسودگی ہوئی تو خیر نہیں، دوسری کو لے آئے گا۔
تنبسہ (ف)، قالین (۲) بساط۔ اس لفظ کا معرب طنفسہ ہے۔
تنبک (ف)، ڈھولک (۲) طبلہ (۳) چھوٹا سا نقارہ (۴) انگلی کے سرے سے کسی شے کو پکڑنا۔
تن بکارے در دادن (ف)، کسی کام کا منظور کر لینا۔
تنبل (ع)، کوتاہ قد۔ پستہ قد۔ چھوٹا۔
تنبل (ف)، موٹا آدمی (۲) نکما سست آدمی (۳) مسخرہ۔ ڈھیلا۔

Marfat.com

پھپھسا - بھدا۔

تنبل (ع) حیلہ - مکر (۲) جادو سحر۔

تنبّل (ع) خبردار ہونا (۲) تیز طبع ہونا (۳) بزرگ ہونا (۴) چالاکی کرنا (۵) اپنے پاس تیر رکھنا (۶) ڈھیلے یا پتھر سے استنجا کرنا۔

تنبلی کردن (ف) سستی کرنا - تن آسانی سے کام لینا۔

تنبو (ف) ایک قسم کا خیمہ۔

تنبّؤ (ع) نبی بننا - نبوت کا دعوےٰ کرنا۔

تنبور (ف) ایک مشہور ساز کا نام - لفظ طنبور اس کا معرب ہے۔

تنبوشہ (ف) چھوٹی سی مٹی کی نالی جو پانی کے نکاس کے لیے زمین کے اندر یا دیوار کے درمیان بناتے ہیں۔

تنبوک (ف) کباده - نہایت نرم اور کمزور کمان۔

تنبول (ع) پان کا پتہ (۲) کباده - چھوٹی کمان۔

تنبول بہار (ف) پان کا خوشبودار مصالحہ۔

تنبہ (ف) موٹی سی لکڑی جو دروازہ کو بند رکھنے کے لیے اس کے پیچھے رکھ دیتے ہیں۔

تن بہا (ف) وہ رقم جو کسی کو آزاد کرانے کے لیے عدالت کے صندوق میں ڈالتے ہیں۔

تنبیت (ع) بچے کا پرورش پانا۔

تنبیذ (ف) نبیذ بنانا - خرما کو بھگو کر شربت بنانا (۲) نچوڑنا (۳) پھینکنا۔

تنبیق (ع) لکھنا (۲) پھسکی مارنا - بے آواز گوز مارنا۔

تنبیل (ع) کسی کو استنجے کے لیے ڈھیلا دینا (۲) کسی کو تیر دینا۔

تنبیہ عقلا (ع) عقلا کے تجربے کا مقام - دنیا۔

تن پرست } (ف) تن پرورش کرنے والا - وہ شخص جو ہمیشہ کھانے
تن پرور } پینے اور تن کی پرورش میں مصروف رہے۔

تن پروری (ف) تن پالنا - اپنے تن کی پرورش کرنا۔

تن پوشش (ف) اوورکوٹ - لمبا کوٹ - عبا۔

تنتالہ } (ع) کوتہ قد - پستہ قد - ٹھنگنا۔
تنتیل }

تن تن (ف) الاپ - نغمہ - سرود۔

تن تنہا (ف) اکیلا - بالکل تنہا۔

تنتور (ف) رنگ - مون۔

تنتہ (ف) تنا ہوا (۲) جالا (۳) مکڑی کا جالا۔

تنجبتہ (ف) زنبور - سرخ بھڑ۔

تنتی (ع) نر کا مادہ پر چڑھنا۔

تنتین (ع) بدبودار کرنا۔

تنج (ف) اضطراب - بے قراری (۲) پیچ و تاب کھانا۔

تنجج (ع) حاجت روائی کی خواہش کرنا۔

تنجد (ع) اونچا ہونا - بلند ہونا۔

تنجز (ع) ایفائے وعدہ کی خواہش کرنا (۲) حاجت روائی چاہنا۔

تنجس (ع) نجس ہونا - ناپاک ہونا (۲) ایسا کلام کرنا جس سے نجاست ظاہر ہو۔

تنجم (ع) تارے گننا - بدخوابی کی وجہ سے اختر شماری کرنا۔

تنجیدن (ف) اپنے آپ سے ناراض ہونا۔

تنجیدہ (ف) اپنے آپ سے ناراض۔

تنجیر (ف) حلوہ پکانے والا دیگ (۲) پاتیلا۔

تنجیز (ف) ضرورت پوری کرنا۔

تنجیس (ع) نجس کرنا - ناپاک کرنا (۲) وہ گنڈا تعویذ وغیرہ جو نظر سے بچنے کے لیے پہنتے ہیں۔

تنجیع (ع) گھاس کا چوپائے پر اثر کرنا (۲) انسان پر بات یا نصیحت کا اثر کرنا۔

تنجیم (ع) علم نجوم جاننا - ستارہ شناسی - (۲) نیک و بد ساعت کا جاننا (۳) کسی شے کے حصے کرنا (۴) حساب کو تھوڑا تھوڑا چھوڑنا۔

تنحیہ (ع) چھڑانا - خلاص کرنا (۲) زمین پر ڈالنا۔

تنحی (ع) زائل ہونا - دور ہونا۔

تنحیہ (ع) زائل کرنا - دور ہونا۔

تنحنح (ع) کھنکھارنا - گلا صاف کرنا۔

تن خزیدن در چیزے (ف) کسی چیز میں سما جانا۔

تنخع (ع) ناک سنکنا - ناک صاف کرنا (۲) ابر کا سب پانی بہا دینا۔

تنخم (ع) کھنکھار نکالنا - ناک یا سینہ سے بلغم نکال کر پھینکنا۔

تنخواہ (ف) اجرت کا روپیہ - نوکر کا ماہانہ - سامانِ تجارت مال۔

تنخواہ دار (ف) نوکر - غلام۔

تند (ف) تیز (۲) شوخ (۳) جلد (۴) غصے والا - سخت مزاج (۵) فربہ - توانا (۶) غصہ (۷) بلندی (۸) بلند (۹) پہاڑ کی چوٹی۔

تند آب (ف) تیز آب۔

تند باد (ف) آندھی۔

تند بار (ف) درندہ - موذی جانور - شیر - چیتا - سانپ - وغیرہ۔

تند بالا (ف) پہاڑ۔

تند پور (ف) اچھلنا - کودنا۔

تند خو } (ف) بدخو - بدمزاج - جلد ناراض ہو جانے
تند خوے } والا۔

تندر }
تندر } (ف) کڑک - گرج۔

تند رائے (ف) کوتاہ اندیش - عاقبت نااندیش - بے سمجھ۔

تندرست (ف) بے آزار (۲) صحیح - سالم - چنگا۔

تند رو (ف) کنجوس - بخیل۔

تندس }
تندسہ } (ف) تصویر - مورت - شکل۔

Marfat.com

تُندفہم (ف) تیز فہم۔
تُندعناں (ف) مُنہ زور گھوڑا۔
تُندلجام (ف) مُنہ زور گھوڑا۔
تَندل (ع) رومال سے ہاتھ صاف کرنا۔ تولیہ سے ہاتھ پونچھنا۔
تُندنویس (ف) سٹینوگرافر۔
تُندمزاج (ف) تیزمزاج۔ غصیل۔ بدمزاج۔ بدخُو۔ جلد ناراض ہوجانے والا۔
تَندُو (ف) عنکبوت۔ مکڑی۔
تندوخند (ف) ادبر تلے۔ پراگندہ۔ بکھری ہوئی اشیاء۔
تَندُور (ف) رعد۔ کڑک۔ گرج (۲) غرّانا۔
تندوسیاہ (ف) مال کی حفاظت میں تکلیف کھینچنے والا۔
تندہ (ف) وہ پودا یا درخت جو ابھی زمین سے پھُوٹ کر نکلا ہو۔ شگوفے کی مانند ہو۔
تن دہی (ف) کوشش۔ مشقت۔
تُندی (ف) غُصّہ۔ غضب (۲) چالاکی۔ تیزی۔ جلدی۔
تُندی کردن (ف) غُصّے میں آنا۔ ناراض ہونا۔
تندید (ع) کسی کے عیب ظاہر کرنا۔ (۲) اُونٹوں کو تتر بتر کرنا۔
تندیدن (ف) غُصّے ہونا (۲) سخت ہونا (۳) درخت میں کونپل نکالنا۔
تُندلیس } (ف) مورت۔ تصویر (۲) شکل۔ صورت۔
تندلیسہ }
تندیر (ف) خوف زدہ کرنا۔ ڈرانا۔
تَن زَدن (ف) چُپ ہوجانا۔ خاموش ہونا (۲) صبر و تحمل کرنا (۳) آسودہ ہونا۔
تَنَزُّع (ع) دوڑنا۔
تَنَزُّل (ع) آہستہ آہستہ نیچے اُترنا۔
تَنَزُّل کردن (ف) نیچے اُترنا۔ اپنے مقام اور مرتبے سے نیچے آنا۔
تَنَزُّہ (ع) دُور ہونا (۲) عیب سے دُور ہونا۔ بے عیب ہونا۔ (۲) باغ کی سیر کرنا۔ سبزے کی سیر کرنا (۳) بے غمی۔ خوشی۔
تَنَزُّہات (ع) تنزہ کی جمع (۲) خُوبیاں۔ باغوں کی سیر۔
تن زیب (ف) ایک مشہور کپڑے کا نام۔ یورب کی ململ۔
تنزیل (ع) اُتارنا (۲) ترتیب دینا (۳) قرآن شریف (۴) علم سلوک کی ایک کتاب کا نام۔
تَنزیہ (ع) پرہیز کرنا۔ اپنے آپ کو بُری چیزوں سے دُور کرنا۔ گناہ سے بچنا۔ اپنے آپ کو عیب سے بچانا۔
تَنَسُّب (ع) کسی کی رشتہ داری اور قرابت کا دعوےٰ کرنا۔
تن ستہ (ف) مکڑی کا جالا۔ تارِ عنکبوت۔
تَنَسُّخ (ع) بے مثل۔ نادر۔ کمیاب۔ عمدہ۔ نفیس۔
تَنَسُّف (ع) کشتی میں حریف کے دونوں ہاتھ پکڑ کر پاؤں سے اسے گرانا۔
تَنَسُّق (ع) منتظم ہونا (۲) مرتب ہونا۔
تَنَسُّل (ع) نسل جاری کرنا (۲) اولاد جاری ہونا۔
تَنَسُّم (ع) سانس لینا (۲) سانس روکنا (۳) نسیم یعنی ہوا کی خوشبو لینا۔
تنسوخ (ف) نفیس و کمیاب۔
تَنسُوق (ف) تحفہ۔ نادر شے۔
تَنسُوقات (ف) تنسوق کی جمع۔ تحفے۔ نادرات۔ عجائبات۔ کمیاب اشیاء۔
تنسیخ (ع) منسوخ کرنا۔
تنسیق (ع) منظم کرنا۔ آراستہ کرنا۔ ترتیب دینا۔
تنسیم (ع) ہوا کھانا۔ دم کھینچنا۔
تنسیہ (ع) کسی کا کوئی چیز بھلا دینا۔
تنشّر (ع) بچھایا جانا۔ بچھنا۔
تنشّط (ع) خوشی کرنا (۲) چوپائے کو فربہ کرنا (۳) آسان گانٹھ باندھنا۔
تنشّغ (ع) نعرے مارنا (۲) گریہ کو سینہ میں یہاں تک روکنا کہ بے ہوشی کے قریب ہوجائے۔
تَنَشُّف (ع) کاغذ کا سیاہی کپڑے کا پسینہ اور حوض کا پانی کو جذب کرلینا۔
تَن شَناس (ف) معالج۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔ بید۔
تنشمّر (ع) اپنے کام میں چلنا (۲) کوچ کرنا۔
تن شوے (ف) وہ تختہ جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں (۲) چشمہ (۳) حوض (۴) ندی۔ نالہ۔
تنشّی (ع) سُونگھنا (۲) مست ہونا۔
تَنشیر (ع) منتشر کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا (۲) بچھانا (۳) نشرہ تعویذ وغیرہ باندھنا۔
تَنشیف (ع) کپڑا وغیرہ سے پانی سکھانا۔ خشک کرنا۔
تَنشیل (ع) کسی کو ناشتہ کرانا۔
تَنشیم (ع) کوئی کام شروع کرنا (۲) بدی میں لگ جانا۔
تَنَصُّب (ع) پاؤں پر کھڑے ہوجانا (۲) غبار کا بلند ہونا۔
تَنَصُّر (ع) نصرانی بننا۔ عیسائی مذہب اختیار کرنا (۲) مدد دینے کا خوگیر ہونا۔
تَنَصُّف (ع) انصاف کا طالب ہونا (۲) عورت کا سر پر چادر اوڑھنا (۳) خدمت کرنا (۴) خدمت کرانا (۵) کسی کے آگے عاجزی کرنا۔
تَنَصُّل (ع) بالوں کا خضاب سے ظاہر ہونا۔ سفید بال نکلنا (۲) گناہ سے بیزار ہونا۔
تَنصیب (ع) کسی شے کو پست کرنا (۲) کسی شے کو بلند کرنا (۳) اُٹھا دینا۔
تَنصیص (ع) وضاحت کرنا۔ ظاہر کرنا۔ تصریح کرنا۔

Marfat.com

**تَنصِیف** (ع)، نصفا نصف کرنا۔ برابر دو حصّے کرنا (۲) سر پہ اوڑھنی اوڑھنا (۳) بعض بالوں کا سفید رہنا بعض کا سیاہ ہو جانا۔ (۴) کھجور کے خوشے کا کچھ حصّہ سبز رہنا کچھ سُرخ رہنا۔

**تَنصِیل** (ع)، تیر میں سُنبا لگانا (۲)، تیر سے سُنبا نکالنا۔

**تَنضِیج** (ع)، پکانا۔ منضج کرنا۔

**تَنضِیر** (ع)، کسی کو ناز و نعمت سے پالنا (۲) کسی کو تازہ رو کرنا۔ کسی کو بارونق کرنا۔

**تَنَطُّع** (ع)، بات کرنے میں دُور دُور جانا (۲)، گلے پھلا کر اور منہ بھر کر بات کہنا (۳) تالو میں بات کرنا (۴)، کام میں دانائی اور باریک بینی کرنا۔

**تَنَطُّف** (ع)، کان میں بالی ڈالنا (۲)، غیر کا انتظار کرنا (۳) عیب سے آلودہ ہونا (۴)، گناہ سے پرہیز کرنا۔

**تَنطِیف** (ع)، کسی کو اتہام لگانا۔ کسی کو عیب دار کرنا (۲) کسی کے کان میں بالی ڈالنا۔

**تَنطِیق** (ع)، کسی کی کمر کسوانا۔ کسی کی کمر بندھوانا (۳)، کسی ٹیلہ سے پانی وغیرہ کا نصف تک پہنچ جانا۔

**تَنظار** (ع)، کسی شے کو بغور دیکھنا۔

**تَنَظُّر** (ع)، کسی شے پر نظر کرنا۔ کسی شے کو دیکھنا (۲)، مہلت دینا۔ تاخیر کرنا (۳) کسی شے کی خواہش کرنا۔

**تَنَظُّف** (ع)، بہ تکلف پاکیزگی کرنا (۲)، پاکیزگی کی تلاش کرنا (۳) پاکیزہ ہونا۔

**تَنَظُّم** (ع)، موتیوں کا لڑی میں پرو دیا جانا (۲)، موتیوں کا دھاگے میں سیدھا کرنا۔

**تَنظِیر** (ع)، نظیر بنانا۔

**تَنظِیف** (ع)، پاک کرنا۔

**تَنظِیم** (ع)، دھاگے میں موتی پرونا (۲)، نظم بنانا (۳)، انتظار کرنا (۴)، دُرست کرنا۔ شہر اور دربار کے امورات کی دُرستی کرنا۔

**تَنظِیمات** (ع۔ف)، امورات کی دُرستی اور آرائش۔

**تَنعاب** (ع)، کوّے کا بولنا (۲) کوّے کا آواز کرتے وقت گردن کو لمبا کرنا اور سر کو ہلانا۔

**تَنَعُّل** (ع)، نعلین پہننا۔ جُوتا پہننا۔

**تَنَعُّم** (ع)، ناز و نعمت میں پرورش پانا۔ چین اور امن و آسائش سے زندگی بسر کرنا۔

**تَنَغنُع** (ع)، درد ہونا (۲)، پریشان ہونا۔ بے قرار ہونا۔

**تَنعِیر** (ع)، تیر کی درستی اور سیدھا پن معلوم کرنے کے لیے اسے ناخن پر گرداگرد پھیرنا۔

**تَنعِیس** (ع)، سُلانا۔

**تَنعِیش** (ع)، اُٹھانا (۲)، کسی کو دُعا دینا کہ خدا تجھے تنزل سے اُٹھائے۔

**تَنعِیم** (ع)، کسی کو نعمت و ناز میں پرورش کرنا (۲)، کسی کو نَعَم کہنا (۳)

مکّہ میں ایک مکان کا نام۔

**تَنَغُّر** (ع)، کسی سے بگڑنا۔ کسی سے غصّے ہونا (۲)، کسی کے حلق میں اُنگلی ڈالنا۔

**تَنَغُّص** (ع)، زندگی کا تلخ ہو جانا۔

**تَنَغُّض** (ع)، کانپنا اور بیزار ہونا۔

**تَنغِیص** (ع)، زندگی کو تلخ بنا دینا۔ کسی کی زندگی کو تاریک بنا دینا۔

**تَنَغُّم** (ع)، آہستہ نغمہ کرنا۔ آہستہ گانا۔ (۲)، آہستہ بات کہنا۔

**تَن غُنُودَن** (ع)، تھک جانا۔

**تَنَفُّج** (ع)، ہوا سے بھر جانا۔ پیٹ کا باہر نکل آنا۔

**تَنَفُّذ** (ع)، اثر رکھنا۔

**تَنَفُّر** (ع)، نفرت کرنا (۲)، بھاگنا۔

**تَنَفُّر داشتن** (ف)، نفرت کرنا۔

**تَنَفُّس** (ع)، سانس لینا (۲) اندر سے سانس نکالنا۔ (۳)، پَو پھٹنا۔ صبح ہونا (۴)، دن چڑھنا (۵)، تین دفعہ دم لے لے کر پانی پینا (۶)، پانی پیتے ہوئے برتن منہ سے علیحدہ کیے بغیر سانس لینا۔

**تَنَفُّس کردن** (ف)، سانس لینا۔

**تَنَفُّش** (ع)، بلّی کے بال کھڑے ہو جانا (۲)، رُوئی یا پشم کا دُھنکا جانا (۳)، پرندے کا خوف وغیرہ سے پَر ہلانا۔

**تَنَفُّط** (ع)، مارے غصّہ کے جوش مارنا اور جلنا۔ (۲)، آبلے پڑ جانا۔

**تَنَفُّق** (ع)، جنگلی چوہے کو بل سے نکالنا۔

**تَنفِیخ** (ع)، پھونک مارنا۔

**تَنفِیذ** (ع)، نافذ کرنا۔ حکم جاری کرنا (۲) خط بھیجنا۔

**تَنفِیر** (ع)، متنفر کرنا۔ نفرت کرنا (۲) بھگانا (۳)، بُرا لقب رکھنا۔

**تَنفِیز** (ع)، بچّہ کو اچھالنا (۲)، تیر کی کجی دیکھنے کے لیے اسے ناخن کے گرداگرد پھرانا۔

**تَنفِیش** (ع)، اُنگلیوں سے کسی شے کو پراگندہ کرنا (۲) پشم یا رُوئی دُھنکنا۔

**تَنفِیض** (ع)، درخت یا کپڑے کو زور سے جھاڑنا۔

**تَنفِیق** (ع)، کپڑا وغیرہ سامانِ تجارت کو رواج دینا۔

**تَنفِیہ** (ع)، کسی کو شکست اور ماندہ کر دینا۔

**تَنَقُّب** (ع)، نقاب باندھنا۔

**تَنَقُّص** (ع)، کسی کا نقص کرنا۔ کسی کا عیب کرنا (۲) کسی کو بُرا کہنا۔

**تَنقطار** (ت)، نگہبان۔ پاسبان (۲)، وہ پتلی سی بتی کی شمع جو بلندی پر شام سے صبح تک جلتی رہے۔

**تَنَقُّل** (ع)، نقل کرنا (۲)، بہت گردش کرنا۔

**تَنَقِّی** (ع)، پاک کرنا۔

تنقیب (ع) شہروں میں بھاگتے پھرنا (۲) دُنیا میں گردش کرنا۔
تنقیح (ع) ہڈی سے گودا نکالنا (۲) صاف اور ستھرا کرنا (۳) خالص کرنا (۴) درخت کی شاخیں کاٹنا۔
تنقیح طلب (ع - ف) قابل تفتیش - قابل تحقیق۔
تنقید (ف) کلام کے عیوب و محاسن میں فرق واضح کرنا۔
تنقیذ (ع) خلاص کرانا - رہائی دلانا - چھڑانا۔
تنقیر (ع) پرندہ کا آواز کرنا (۲) کسی چیز کو کریدنا۔
تنقیس (ع) دوات میں سیاہی ڈالنا (۲) کسی کا لقب رکھنا۔
تنقیش (ع) نقش و نگار کرنا (۲) لکھنا۔
تنقیص (ع) گھٹانا - کم کرنا
تنقیہ (ع) پاک و صاف کرنا۔
تنقیہ کردن زخم (ف) زخم کا صاف کرنا اور ایک پٹی اُتار کر دُوسری صاف پٹی باندھنا۔
تنقیہ کردن مریض (ف) حقنہ کرکے مریض کے معدے سے گند مند خارج کرنا۔
تُنک (ف) اندک - کم - تھوڑا (۲) باریک - تھوڑا سا - (۳) لطیف - نازک۔
تُنک آب (ف) پایاب (۲) کمینہ - کم ظرف۔
تنک اندام (ف) نازک اندام۔
تنکب (ع) لوٹ جانا - واپس ہونا (۲) کمان یا تیروں کو کندھے پر اُٹھانا۔
تنک بزم (ف) مسخرہ - محفل میں واہی تباہی باتیں کرنے والا۔
تنک بہرہ (ف) جس کا حصہ کم ہو۔
تنک بیز (ف) میدہ چھاننے کی چھلنی۔
تنک حوصلہ (ف) کم حوصلہ (۲) بے حوصلہ - کم ظرف
تنک دِل (ف) نرم دِل (۲) تنگ دِل - کم ظرف۔
تنک رُو
تنک رُوئے } (ف) باحیا - صاحبِ شرم۔
تنک ریش (ف) کم داڑھی والا۔
تنک زہرہ (ف) ڈرپوک - بزدل۔
تنک شکر (ف) کشتی کا ایک داؤ ہے جس میں حریف کے دونوں پاؤں تنگ کرکے اس کے سر اور سینہ پر زور ڈالتے ہیں۔
تنک مائگی (ف) مُفلسی۔
تنک مایہ (ف) مُفلس - کنگال۔
تنک ظرف (ف) کم ظرف - کم حوصلہ - تھڑدلا۔
تنک ظرفی (ف) تنگ ظرفی - تنگ دِلی - کم حوصلہ ہونا۔
تنک مغز (ف) کم عقل۔
تنکہ (ف) مروج سکہ خواہ چاندی کا ہو یا سونے کا۔
تنکیب (ع) پھر جانا (۲) ایک طرف ہونا (۳) ایک طرف ہو جانا۔
تنکیر (ع) حالت بدل دینا متغیر کرنا (۲) کسی اسم کو نکرہ کرنا۔

تنگ (ف) فراخ کی ضد - سکڑا ہوا - بھچا ہوا (۲) غمگین - آزردہ - ملول (۳) مفلس (۴) سخت (۵) بہت (۶) نزدیک - قریب (۷) معشوق کا دہن (۸) گھوڑے کا تنگ (۹) خرجی (۱۰) گون جس میں گیہوں رکھے جاتے ہیں (۱۱) مصوروں یا نقاشوں کا تختہ عموماً اور مانی کا نگارخانہ خصوصاً (۱۲) بے مثل - لاثانی - نایاب (۱۳) درہ کوہ (۱۴) قحط - اور اسی سے تنگی کا لفظ ہے (۱۵) دشوار گزار راستہ (۱۶) چھوٹا (۱۷) بغل - آغوش۔
تُنگ (ف) مینا - صراحی۔
تنگ (ف) منقار - پرندہ کی چونچ۔
تُنگا تنگ (ف) نہایت تنگ۔
تُنگار (ف) سہاگہ۔
تنگ آستین (ف) غریب - بے چارہ - مفلس۔
تنگ آغوش (ف) بھینچ کر ملنے والا۔
تنگ آمدن (ف) تنگ آنا (۲) عاجز ہونا - رنجیدہ ہونا۔
تنگ آوردن (ف) تنگ کرنا۔
تنگ بار (ف) وہ مقام جہاں کسی کو دخل نہ ہو (۲) وہ راستہ جہاں کسی کا گزر نہ ہو (۳) وہ شخص جو ہر کسی کو اپنے پاس نہ آنے دے - (۴) کمیاب چیز - عزیز الوجود شے۔
تنگ بستہ (ف) تمام و کمال - پُورا پُورا۔
تنگ پیغولہ (ف) زمانہ - دُنیا - جہان۔
تنگ تاب (ف) ناتواں - ناطاقت - ضعیف۔
تنگ چشم (ف) کنجوس - بخیل (۲) تنگ ظرف - نودولت - معشوق جو فرطِ حیا یا غرورِ حُسن کی وجہ سے کسی کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھے۔
تنگ چشمی (ف) کنجوسی - بخل (۲) معشوق کی کم نگاہی۔
تنگ حوصلگی (ف) کم ہمتی (۲) کسی بات کا پیٹ میں ہضم نہ ہونا۔
تنگ حوصلہ (ف) کم ہمت (۲) وہ شخص جو راز یا مال نہ چھپا سکے۔
تنگ خُو (ف) بدخُو - بدخلق۔
تنگ در آغوش کشیدن
تنگ در آغوش گرفتن
تنگ در بر گرفتن } (ف) بغل میں خُوب دبانا۔
تنگ دست (ف) مُفلس - محتاج (۲) بخیل (۳) کمیاب مند - چھوٹی مند۔
تنگ دستی (ف) محتاجی مُفلسی (۲) فقیری۔
تنگ دِل (ف) کم خرچ - بخیل - کم حوصلہ (۳) رنجیدہ - ملول - ناخوش۔
تنگ دِلی (ف) بخل (۲) رنج - غم (۳) تنگ حوصلگی۔
تنگر (ف) دیکھو تنگس۔
تنگ روز (ف) غریب - نادار۔

Marfat.com

تنگری }
تنگری } (ت)، خدا تعالیٰ۔ اللہ۔

تنگس (ف)، ایک درخت ہے۔ جس کے کانٹے بہت تیز اور پھول کاسنی کے پھولوں کی مانند ہوتے ہیں۔

تنگ سال (ف)، قحط کا سال قحط کا برس۔

تنگ شکر (ف)، شکر کی گون (۲)، معشوق کا دہن (۳)، کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

تنگ عیش (ف)، مفلس (۲)، دکھیا۔ غمزدہ۔

تنگ غروب (ف)، غروب کے نزدیک۔

تنگ کردن }
تنگ گرفتن } (ف)، سختی کرنا۔ سخت گیری کرنا۔

تنگ میدان (ف)، چھوٹی چیز (۲)، وہ شے جس کا میدان چھوٹا ہو۔

تنگنائے (ف)، تنگ (۲)، تنگی۔ تنگ جگہ (۳)، کوچہ (۴)، درہ کوہ (۵)، انسان کا جسم (۶)، قبر (۷)، دنیا۔

تنگ نفسی (ف)، دمے یا نمونیے کی بیماری جس میں سانس مشکل سے آتا ہے

تنگ ورزی (ف)، (دوا) پڑھنے میں نہیں آتی)، اختلاط۔ وصل۔ دو چیزوں کو خوب چمٹانا۔

تنگوز (ف)، (وا نہیں بولی جاتی)، خنزیر۔ خوک۔

تنگہ (ف)، ٹکہ کا معرب۔ سکہ خواہ چاندی کا ہو یا تانبے کا۔ روپیہ۔ پیسہ۔ پول۔ ٹکا۔

تنگہ (ف)، کشتی کے وقت پہننے کا چمڑے کا جانگیا۔

تنگہ (ف)، تنگ راستہ۔ تنگ جگہ۔

تنگی (ف)، فراخی کی ضد۔ سکڑاپن (۲)، سختی (۳)، مفلسی

تنگی سال (ف)، قحط۔ خشک سالی۔ بارش نہ ہونا۔

تنگی کشیدن (ف)، سختی اٹھانا۔

تنمّر (ع)، چیتے کی مثل ہو جانا۔ تندخوئی کرنا۔ غصہ کرنا۔

تنمیق (ع)، خوب لکھنا۔

تنمیہ (ع)، پالنا۔ پرورش کرنا (۲)، زیادہ کرنا (۳)، آگ بلند کرنا (۴)، آگ میں زیادہ ایندھن ڈالنا (۵)، چغلی کے طور پر کوئی بات ظاہر کرنا۔

تننند (ف)، مکڑی۔ عنکبوت (۲)، سست۔ کاہل۔

تنندو (ف)، عنکبوت۔ مکڑی۔

تنندہ (ف)، عنکبوت۔ مکڑی (۲)، نال۔ جولاہوں کا ایک آلہ۔

تنو (ف)، توانائی۔ طاقت۔ قوت۔

تنوب (ع)، صنوبر کی ایک قسم۔

تنوتاس (ف)، عالم باعمل۔

تن و توش (ف)، قوت۔ طاقت۔ جسم۔

تنوخ (ع)، عرب کے قبیلے کا نام جو پرانے زمانے میں حیرہ میں سکونت رکھتے تھے اور عیسائی تھے۔ خلیفہ مہدی عباسی کے زمانے میں اسلام لائے۔ ان کی ایک جماعت لبنان کے پہاڑوں میں سکونت رکھتی تھی۔

تنودن (ف)، تننا (۲)، کھینچنا۔

تنوّر (ع)، نورانی ہونا۔ روشن ہونا (۲)، دور سے آگ دیکھنا (۳)، بالوں کو صاف کرنے کے لیے گندھک اور چونے کا سفوف بنانا۔ (۴)، آگ روشن کرنا۔ (۵)، بدن پر نورہ ملنا

تنور (ت) }
تنّور (ف) } جس میں روٹی پکاتے ہیں۔
تنّور (ع) }

تنور خانہ (ف)، باورچی خانہ۔ مطبخ۔ رسوئی۔

تنورِ عجوز (ع)، بڑھیا کا تنور (۲)، وہ بڑھیا کا تنور جس سے طوفانِ نوحؑ کے وقت سب سے پہلے پانی نکلنا شروع ہوا تھا۔ (۳)، منبع فتنہ و فساد۔

تنورہ (ف)، زرہ کی ایک قسم (۲)، پانی کا ایک گڑھا (۳)، کاغذ بنانے والوں کا چونے اور مٹی سے بنایا ہوا حوض۔ جس میں کاغذ کے مصالحہ کی مایاسی بنا کر بھر لیتے ہیں۔ اور پھر اس سے کاغذ بناتے جاتے ہیں۔

تنورہ زدن (ف)، پھرنا۔ چکر کھانا۔ حلقہ باندھنا۔

تنوط (ع)، بیا جو مشہور پرندہ ہے۔ اور خاص قسم کا گھونسلا بناتا ہے۔

تنوّع (ف)، طرح بطرح ہونا۔ قسم بہ قسم ہونا۔

تنوفہ }
تنوفیہ } (ع)، دشت۔ بیابان۔ بن۔

تنوّم (ع)، خواب دیکھنا۔ سونا (۲)، خواب میں جماع کرنا۔

تنومند (ف)، جسیم۔ جسم والا۔ ہٹا کٹا۔ قوی ہیکل۔

تنومندی (ف)، موٹاپا۔ فربہی (۲)، طاقت۔ قوت۔ توانائی۔

تنویر (ع)، روشن ہونا (۲)، روشن کرنا (۳)، صبح کا سپیدہ ظاہر ہونا (۴)، درخت کا شگوفہ نکالنا (۵)، کسی پر کوئی کام مشتبہ کر دینا۔

تنویش (ع)، مژدہ دینا۔ خوشخبری دینا۔

تنویع (ع)، ہوا کا کسی چیز کو ہلانا۔

تنویل (ع)، دینا۔ عطا کرنا۔

تنوین (ع)، کسی لفظ کے آخر میں دو زیر یا دو زبر یا دو پیش لکھ کر نون کی آواز پیدا کرنا۔ جیسے فوراً۔

تنویہ (ع)، کسی کو بلانا (۲)، کسی کا نام بلند کرنا۔

تنہ (ف)، ترکیب (۲)، مکڑی کا جالا (۳)، جسم (۴)، درخت کا جڑ سے اوپر اور شاخوں سے نیچے کا حصہ۔ (۵)، نرم۔ مطبع۔

تنہا (ف)، اکیلا۔ مجرد (۲)، خالی۔

تن ہا (ف)، تن کی جمع۔ اجسام۔

تنہائی (ف)، تجرد۔ اکیلا پن۔ تنہا ہونا۔

تنہ خوردن (ف)، دھکا کھانا۔

تنہ خوردہ (ف)، سزا یافتہ جسے دھکا لگا ہو یا عقوبت ہوئی ہو۔

Marfat.com

تنہ خواری (ف) رنج و غم کی وجہ سے تن کا گھٹنا (۲) عذاب - شکنجہ۔
تنہند (ع) غم و گریہ سے سینے کا پھولنا۔
تنہ زدن (ف) دھکا لگنا - کہنی مارنا۔
تنی (ف) منسوب بہ تن۔
تنیان (ف) تنی کی جمع - جسمانیات۔
تنیدن (ف) تننا (۲) خاموش رہنا (۳) دھوکہ دینا۔
تنیدن عنکبوت (ف) مکڑی کا جالا تننا۔
تنیدہ (ف) تنا ہوا - چپ چاپ۔
تنیزہ (ف) دامن - طرف۔
تنیس (ف) ورزش کی ایک قسم۔
تنین (ع) بڑا سانپ - اژدہا۔
تنین فلک (ع) کہکشاں (۲) راس و ذنب - ستاروں کے دونوں عقدے۔

## ت - و

تو (ف) ضمیر واحد حاضر یا مخاطب - تو (۲) خود (۳) تجھے (۴) اندر (۵) بھائی (۶) ضیافت۔
تو (ف) تہ - پردہ (۲) اندر (۳) طاق۔
تو (ف) دھوپ (۲) تالاب - جوہڑ۔
تو (ع) تاک (۲) اکیلا - تنہا۔
توا (ف) تباہ - ضائع - خراب - برباد۔
توا (ع) نصف کرہ شمالی میں نقطہ اعتدال ربیعی سے ۱۵ درجے مشرق میں قدرِ اول کا ایک ستارہ ہے - جس کا عرض بلد مشرقی ہے - یہ ستارہ ہر سال اعتدال ربیعی کے دن ۷ بج کر ۴ منٹ پر شام کے وقت عین نصف النہار پر ہوتا ہے - اسے موخر التوا بھی کہتے ہیں۔
تواب (ع) توبہ کرنے والا (۲) توبہ قبول کرنے والا۔
توابل (ع) گرم مصالحہ۔
توابیت (ع) تابوت کی جمع۔
تواتر (ع) پے در پے (۲) ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
تواثب (ع) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تواجد (ع) وجد و شادمانی کا اظہار کرنا۔
تواجہ (ع) ایک دوسرے کے سامنے ہونا۔
توادّ (ع) باہم دوستی کرنا۔
تو در تو (ف) تہ بہ تہ۔
توادع (ع) باہم صلح کرنا۔
توارث (ع) ایک دوسرے سے میراث لینا۔
توارد (ع) دو آدمیوں کا ایک ہی وقت میں ایک ہی جگہ پر آ اترنا۔
(۲) ایک ہی مضمون کا دو شاعروں کے ذہن میں آنا۔
توارہ (ف) گھاس پھوس سے بنایا ہوا گھر یا دیوار۔
تواریخ (ع) تاریخ کی جمع گزشتہ زمانے کے حالات - علم واقعات۔ (۲) کسی شے کا وقت بتانا۔
توازن (ع) دو اشیاء کا باہم برابر اور ہم وزن ہونا - (۲) برابر تول کر لینا۔
توازی (ع) آپس میں برابر ہونا۔
تواسی (ف) وہ فرش جس پر نقش و نگار ہوں - نیچے بچھانے کا کمبل۔
تواصل (ع) باہم پیوست ہو جانا۔
تواصی (ع) آپس میں وصیت اور نصیحت کرنا۔
تواضع (ع) فروتنی - عاجزی (۲) خاطر داری۔
تواضع سمرقندی (ف) جھوٹی خاطر داری۔
تواطو (ع) باہم موافقت کرنا۔
تواعد (ع) باہم وعدہ کرنا - ایک دوسرے سے عہد کرنا۔
توافر (ع) کثرت - زیادتی - بہتات - بہت ہونا۔
توافق (ع) آپس میں موافق ہونا (۲) باہم موافقت کرنا۔
توافی (ع) ایک دوسرے سے وعدہ نبھانا - کامل و مکمل کرنا۔
تواقر (ع) وقر ہونا - وقار ہونا۔
تواقف (ع) ایک دوسرے کے سامنے کھڑا ہونا - جنگ میں ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہونا۔
تواکف (ع) منہ پھیرنا - کنارہ کشی کرنا۔
توالت (فرانسیسی) وسائلِ آرائش۔
توالد (ع) ایک دوسرے سے تولد ہونا - ایک دوسرے سے پیدا ہونا - (۲) اولاد زیادہ ہونا۔
توالی (ع) متواتر ہونا - پے در پے ہونا (۲) تر کھجور کا سوکھنے پر آنا۔
توأم (ع) جڑواں بچہ - وہ بچہ جو دوسرے کے ساتھ پیدا ہو - (۲) برج جوزا۔
توان (ف) طاقت - قوت - قدرت - زور - (۲) ہر شے کا ممکن ہونا۔
توانا (ف) قوی - طاقتور - قادر۔
توانائی (ف) قوت - طاقت - بل - قدرت۔
توانچہ (ف) طمانچہ۔
توان دخت (ف) خسرو پرویز کی بیٹی کا نام۔
توانستن (ف) سکنا - طاقت رکھنا - کر سکنا۔
توان کن (ف) وہ شخص جو اپنی طاقت کے مطابق کام کرے - اور جس کام کی طاقت رکھتا ہو اسے کر گزرے (۲) قادر - (۳) فاعل۔
توانگر (ف) صاحبِ قدرت (۲) مالدار - دولت مند۔
توانگری (ف) قوت - طاقتوری (۲) دولت مندی۔
توانی (ف) کوتاہی کرنا - سستی کرنا۔

Marfat.com

توأمین (ع)، دونو توأ۔ توأ کے دو ستارے ہیں (۱) مقدم التوّا۔ یہ قدر دوم کا ستارہ ہے۔ (۲) مؤخر التوّا۔ یہ قدر اوّل کا ستارہ ہے۔ (دیکھو توأ)

توب (ف)، گیند۔ گیند بلا (۲) کپڑے کا تھان۔

توبارہ (ف)، زبجرا۔

توبال (ف)، تانبہ (۲) تانبے یا چاندی کا بُرادہ۔

توبرہ (ف)، گھوڑے کو دانہ کھلانے والا تھیلا۔

توبزہ (ف)، خربوزہ کی جڑ۔ خربوزے کی بیل کی اصل۔

توبک (ف)، خزانہ۔ گنجینہ۔ مخزن۔

توبہ (ع)، گناہ سے باز آنا۔ گناہ سے پھرنا (۲) رجوع کرنا۔

توبہ (ف)، قوس قزح۔ دھنک۔

توبۂ اولیا (ع)، ہر وقت اللہ سے لو لگائے رکھنا اور اس کے سوا سب کو چھوڑ دینا۔

توبہ شکستن (ف)، پھر سے بُرے کام کرنے لگ جانا۔

توبہ مخنثہ (ع)، ناپائدار بات۔ ناپائدار کام۔

توبہ گرگ مرگ است (ف)، بُری عادت آخر مر کر ہی چھوٹتی ہے جو عادت پکّی ہو گئی تو اس کا چھوٹنا مشکل ہے۔

توبۃ النصوح (ع)، سچی توبہ۔

توبیخ (ع)، ملامت (۲) ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔

توپ (ف)، بارود کے ذریعہ گولہ پھینکنے کا مشہور آلہ۔ گیند۔

توپ (ف)، کپڑے کا تھان۔

توپ (ف)، گھنا۔ گنجان۔

توپ انداختن (ف)، توپ داغنا۔

توپ بازی (ف)، گیند سے یا فٹ بال سے کھیلنا۔

توپ بستن پول (ف)، خوب دونوں ہاتھوں سے لٹانا۔

توپ توپ (ف)، فوج۔ فوج (۲) بہت۔ بکثرت۔

توپ تہ پر (ف)، پیچھے سے بھری جانے والی توپ۔

توپچی (ف)، توپ داغنے والا۔

توپ خاندار (ف)، خانہ دار توپ۔

توپ خانہ (ف)، توپوں کے رہنے کا مقام (۲) توپوں کی علیحدہ علیحدہ کمپنی۔ ایک توپ خانہ میں چار توپیں ہوتی ہیں۔

توپ زدن (ف)، توپ چھوڑنا۔ توپ مارنا۔

توپ زن (ف)، گولہ پھینکنے والا۔ توپ چھوڑنے والا۔

توپہ (ف)، گیند۔

توپ مسلسل (ف)، مشین گن۔

توپ ہوائی (ف)، ہوائی فائر۔

توت (ع)، ایک مشہور درخت جس کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ اس کے پتے ریشم کے کیڑوں کی خوراک ہیں۔

توت ابریشم (ف)، شہتوت۔

توت فرنگی (ف)، سڑا ہوا پھل۔

تُوتک (ف)، طوطی (۲) چرواہوں کی بانسلی (۳) قزوین کی ایک خاص قسم کی روٹی۔

توتۂ (ف)، طوطی۔ طوطا۔

توتہ (ف)، ایک بیماری کا نام جو توت کی شکل میں گوشت کی زیادتی ہوتی ہے۔ اور کبھی تو پلک کے اندر اور کبھی پلک کے اُوپر ظاہر ہوتی ہے۔

توتیا (ف)، سنگ (۲) انجن۔ سُرمہ۔

توتیا سار (ف)، سُرمہ بنانے والا۔

توتیا شدن (ف)، نہایت باریک ہونا۔ سُرمے کی مانند بہت پسنا۔

توتیا کردن (ف)، سُرمے کی مانند باریک پیسنا۔ بہت پیسنا۔

توتیائے بصر (ف)، آنکھوں کو روشنی پہنچانے والی شے۔

توتیائے خوزہ (ف)، ایک مرکب دوا جسے انگور کے پانی میں گھس کر بصارت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

توتیائے قلم (ف)، ایک قسم کا سُرمہ۔

توتید (ف)، میخ گاڑنا (۲) ذکر میں انتشار پیدا کرنا۔

توثیق (ع)، مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔ (۲) کسی کو معتبر خیال کرنا۔

توج (ف)، ہی جو سیب کی مانند ایک مشہور پھل ہے۔

توجّع (ع)، دکھیا ہونا۔ درد مند ہونا (۲) مُردے کا مرثیہ کہنا۔

توجّہ (ع)، کسی کی طرف مُنہ پھیرنا۔ متوجہ ہونا (۲) شکست کھانا (۳) مُنہ پھیر جانا (۴) بوڑھا ہونا۔

توجہ داشتن (ف)، التفات کرنا۔ رُخ کرنا۔ سُننا۔

توجہات (ف)، عنایات۔ مہربانیاں۔

توجیع (ع)، درد پیدا ہونا۔ (۲) درد ظاہر کرنا (۳) مرثیہ کہنا۔

توجیہ (ع)، کسی کی طرف مُنہ پھیرنا (۲) وجہ بتانا (۳) اچھا بیان کرنا (۴) دلیل لانا (۵) علم قافیہ میں رائے ساکن کی ماقبل حرکت کا نام۔

توچال (ف)، گڑھا۔

توحّد (ع)، واحد ہونا۔ ایک ہونا (۲) یکتائی (۳) خدا کا کسی کو نگاہ میں رکھنا اور اس کے کام کسی دُوسرے پر نہ ڈالنا۔

توحّش (ع)، وحشت۔ خوف۔

توحید (ع)، واحد بنانا۔ ایک بنانا (۲) ایک جاننا۔ ایک ماننا۔ (۳) خدا تعالےٰ کو واحد ماننا۔

توخت (ف)، جمع کیا (۲) ادا کیا۔

توختن (ف)، جمع کرنا (۲) حاصل کرنا (۳) مانگنا (۴) کھینچنا۔ (۵) واپس دینا (۶) ادا کرنا۔

توخچہ (ف)، طاقچہ۔ وہ جگہ جو چیز رکھنے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں۔

تود (ف)، توت کا مبدل۔

تودار (ف)، رازدار۔ وہ شخص جو اپنا راز یا دُوسرے کے راز کی حفاظت کرے اور کسی پر ظاہر نہ کرے۔

تودّد (ع)، نہایت دوست رکھنا۔ بہت دوست رکھنا۔ دوستی۔

تو در تو (ف)، پیچ در پیچ (۲) گنجان۔ تہہ در تہہ۔

تودرہ (ف)، ایک بڑے جسم کا پرندہ جسے شکار کر کے کھاتے ہیں۔

Marfat.com

اس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔

تودَہ (ف) ڈھیر۔ انبار۔ (۲) ٹیلہ

توداری (ف) ظاہر میں بھولا بھالا اور سادہ لیکن باطن میں عیّار اور مکّار ہونا۔ یعنی منافق۔

تُودَری (ف) ایک دوا کا نام۔

تُودَہُ شَمبلید } مشہور (۱) سورکجان کا پھول جو شوخ زرد رنگ کا
تودہُ شنبلید } ہوتا ہے

تودہُ شمبلید (ف) سُورج۔

تودہنی (ف) وہ ضرب جو ہاتھ سے کسی کے مُنہ پر ماریں۔

تودیع (ع) وداع کرنا۔ رخصت کرنا (۲) سونپنا۔ سپرد کرنا۔

تور (ع) کونڈا (۲) کٹھرا۔ ایک برتن جس میں کھانا بھی پیتے ہیں۔ اور اسی سے ہاتھ مُنہ بھی دھو لیتے ہیں۔

تور (ف) بہادر۔ پہلوان (۲) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۳) بھاگنا۔ (۴) دُور ہونا (۵) نفرت (۶) وحشت (۷) قلیل۔ تھوڑا۔ (۸) ضیافت۔ مہمانی (۹) ایک کھٹی گھاس۔

تُور (ف) جال (۲) جالی۔

تَورات (ف) یہودیوں کی مقدس کتاب۔

تُوران (ف) ایک ملک کا نام جسے اب ترکستان کہتے ہیں۔

توران شاہ (ف) ایک مشہور وزیر کا نام۔

تورنبیر (ف) اچھے کاموں میں مال کا خرچ کرنا (۲) گزران کفاف۔

تَوَرُّد (ع) شہر میں کم داخل ہونا۔ پانی پر آنا۔

تورسفید (ف) سفید جالی کا کپڑا۔ جالی لوٹ۔

تَوَرُّط (ع) دشوار کام میں پڑنا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

تَوَرُّع (ع) پرہیزگاری۔ زہد۔

تَوَرُّق (ع) اُونٹ کا پتے کھانا۔

تورک (ف) خرفہ (۲) تخم خرفہ (۳) خرفہ کا ساگ۔

تورکاہ کشی (ف) گھاس باندھنے کا جال۔

تَوَرُّم (ع) متورم ہونا۔ سُوجنا (۲) غرور کرنا۔

تورنگ (ف) جنگلی مُرغ۔

تورہ (ف) قاعدہ۔ قانون۔ رسم۔ آئین۔ دستور العمل شریعت (۲) وہ شریعت جو چنگیز خاں نے بنائی تھی۔

تورہ (ف) گنبد۔ بُرج۔ قلعہ کا بُرج۔

تورہ بندی (ف) شادی سے قبل مختلف قسم کے کھانوں کے خوان بھیجنا۔

توربان جاے (ف) بند ندی۔

تورۂ چنگیزی (ف) چنگیز خان کی شریعت۔ چنگیز خاں کا دستور العمل۔

تَورَیت (ع) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔

توریہ (ع) حقیقت حال چھپانا اور اس کا غیر ظاہر کرنا۔

توریث (ع) وارث کرنا۔

توریخ (ع) کسی چیز کا وقت مقرر کرنا (۲) کتاب کی تاریخ لکھنا۔

تورید (ع) درخت کا پھول نکالنا (۲) رخسار گلگونہ ملنا۔

توریدن (ف) نادم ہونا (۲) دشمن کے سامنے مغلوب ہونا۔

تُورِیس (ع) ورس سے رنگ کرنا۔

توز (ف) لوٹنا۔ تاخت و تاراج کرنا (۲) ایک درخت کی چھال جو کمان اور گھوڑے کی زین پر لپیٹی جاتی ہے۔

تُوز (ف) ایک شہر کا نام جو اہواز کے قریب ہے۔

تَوَزُّر (ع) وزیر بننا۔ وزیری کرنا۔

تَوَزُّع (ع) پریشان۔ پراگندہ ہونا (۲) حصّہ لینا۔

توزک (ف) سامان (۲) انتظام۔ آرائش۔

توزیدن (ف) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) کھینچنا (۳) حاصل کرنا (۴) ادا کرنا (۵) چھوڑنا (۶) تاخت و تاراج کرنا۔

توزیر (ع) کسی کے ذمے گناہ لگانا۔

توزیع (ع) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا (۲) بانٹنا۔

توژ (ف) ایک درخت کا نام جس کی چھال کمان اور گھوڑے کی زین پر ڈالتے ہیں۔

توس (ف) شراب کا ساغر میں ڈالنا۔

توسّخ (ع) میلا ہونا۔

توسّد (ع) کسی چیز کو تکیہ بنانا۔

توسرزدن (ف) سر پر دو ہتڑ مارنا۔

توسری (ف) ڈھول۔ چپت۔ دھپڑ۔

توسری خور (ف) ذلیل و خوار۔ پٹا ہوا۔ فرمانبردار۔ بے چارہ۔

توسّط (ع) اعتدال۔ میانہ روی (۲) ذریعہ۔ وسیلہ۔

توسّط کردن (ف) وسیلہ بنانا۔ واسطہ ہونا۔

توسّع (ع) وسیع کرنا۔ کشادہ کرنا (۲) مجلس میں کھلے ہو کر بیٹھنا۔

توسعہ (ع) وسعت۔ فراخی۔

توسعہ دادن (ف) وسعت دینا۔ کشادہ کرنا۔

توسکا (ف) جھاڑی۔ صحرائی درخت۔

توسّل (ع) وسیلہ تلاش کرنا (۲) کسی کو پیچ میں ڈالنا (۳) چوری کرنا۔

توسّم (ع) فراست سے معلوم کرنا۔

توسن (ف) گھوڑے کا بچہ جو شوخ و سرکشی اور تند خو ہو (۲) سرکش۔

توسنگ (ف) قناعت۔ تھوڑے پر راضی ہونا۔

توسیع (ع) وسیع کرنا۔ کشادہ کرنا۔ فراخ کرنا۔

توسیم (ع) موسم میں حاضر ہونا۔ داغ و نشان چھوڑنا۔

توش (ف) توانائی۔ طاقت۔ تاب (۲) جسم۔ تن۔ جثہ (۳) بینہ (۴) توشہ۔

توشدان (ف) وہ تھیلا سا جس میں سفر کے لیے خوراک رکھی جاتی ہے۔

Marfat.com

**توشقان** (ت)، خرگوش۔
**توشک** (ف)، بچھونا۔ فرش (۲) تلائی۔ گدا۔
**توشکال** (ف)، بھٹی (۲) حمام۔
**توشک خانہ** (ف)، پہننے کے کپڑے رکھنے کا کمرہ۔
**توشمال** (ت)، خوان سالار۔ خانساماں۔ بکاوُل
**توشہ** (ف)، رستے کا خرچ۔ خوراک۔ زادِ راہ۔
**توشہ برداشتن** (ف)، سفر کی تیاری کرنا۔
**توشہ بُعر** (ف)، دشمن۔
**توشہ خانہ** (ف)، امرا و سلاطین کے لباس و زیور رکھنے کا مکان۔
**توشہ دان** (ف)، خوراک کا تھیلا۔
**توشہ عاقبت** / **توشہ عقبہ** } (ف)، اچھے کام۔ نیک اعمال جو اگلے جہان میں کام آئیں (۲) معصوم بچہ جو ماں باپ کے سامنے مر جائے۔
**توشیح** (ع)، گلے میں بدھی ڈالنا (۲) سنوارنا۔ آرائش کرنا۔ (۳) ایک صنعتِ شعریہ کا نام جس میں شاعر مصرعوں کے اوّل ایسے حروف لاتا ہے کہ اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو شاعر کا یا اس شخص کا نام بن جائے جس کی شاعر تعریف کر رہا ہو۔ اور ایسے اشعار موشح کہلاتے ہیں۔
**توصّل** (ع)، وصل ڈھونڈنا۔ ملاپ تلاش کرنا۔
**توصیف** (ع)، وصف کرنا۔ بہت تعریف کرنا۔
**توصیہ** (ع)، وصیت کرنا (۲) نصیحت کرنا۔
**توصیہ کردن** (ف)، سفارش کرنا۔ وصیت کرنا۔
**توصیہ نامہ** (ف)، سفارشی خط۔ وصیت نامہ۔
**توضّح** (ع)، واضح ہونا۔ آشکارا ہونا۔ ظاہر ہونا۔
**توضو** (ع)، وضو کرنا۔ نماز کے لیے ہاتھ منہ دھونا۔ (۲) لڑکے یا لڑکی کا بالغ ہونا۔
**توضیح** (ع)، وضاحت کرنا۔ واضح کرنا۔ ظاہر و آشکارا کرنا۔
**توضیحات** (ف)، شرحیں۔ وضاحتیں۔
**توضیح واضحات** (ف)، غیر ضروری بیان یعنی ایک کھلی اور آشکارا حقیقت کو واضح کرنے کی کوشش۔ سعی لاحاصل۔
**توطّن** (ع)، وطن اختیار کرنا۔
**توطّن اختیار کردن** (ف)، کسی جگہ کو اپنا وطن بنا لینا۔
**توطّو** (ع)، کسی کو پامال کرنا۔ لتاڑنا (۲) موافقت کرنا۔
**توطین** (ع)، آرام دینا۔ راحت پہنچانا۔
**توطیہ** (ع)، پامال کرنا (۲) بچھانا۔ لتاڑنا (۳) مدعا کی تمہید۔
**توطیہ کردن** (ف)، سازش کرنا۔
**توظیف** (ع)، روزانہ رسد دینا (۲) رسد مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
**توغ** (ت)، جھنڈا۔ علم۔ نشان۔

**توغچہ** (ت)، جھنڈی (۲) برچھی۔
**توغچی** (ت)، علمبردار (۲) نشان بردار۔
**توغّر** (ع)، غصّے سے بہت بھڑک اُٹھنا۔
**توغّل** (ع)، کامل مشق کرنا (۲) خوب کوشش کرنا (۳) کام میں لگے رہنا (۴) دُور تک پہنچنا۔ (۵) مبالغہ کرنا۔
**توف** (ف)، فریاد۔ غوغا۔ غلغلہ۔ شور (۲) آواز۔ بازگشت (۳) باہم ٹکرانا (۴) جنبش (۵) انقلاب۔
**توفان** (ف)، شور و غوغا۔ خاص کر دریا کا شور
**توفان** (ع)، وامق کے دوست کا نام۔
**توفّد** (ع)، کسی کے پاس آنا۔
**توفّق** (ع)، باہم موافق ہونا۔
**توفہ** (ع)، خطا (۲) لغزش (۳) بھول
**توفولی** (ف)، موٹا۔ گول مٹول۔
**توفّی** (ع)، فوت کرنا۔ جان لینا۔ مارنا (۲) پورا لے لینا
**توفید** (ع)، بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
**توفیدن** (ف)، فریاد کرنا۔ شور کرنا۔
**توفیر** (ع)، بہت کرنا (۲) بہت ہونا (۳) فائدہ جو اجارہ سے حاصل ہو (۴) کسی کا حق پورا ادا کرنا (۵) کسی کو عزت کی نگاہ میں رکھنا (۶) دو چیزوں میں فرق معلوم کرنا۔
**توفیر داشتن** (ف)، وافر ہونا۔ بکثرت ہونا۔
**توفیق** (ع)، موافق کرنا۔ برابر کر دینا (۲) امداد دینا (۳) ... واقعات کو بندہ کی نیک خواہش کے موافق کرنا۔
**توفیل** (ع)، زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
**توفیہ** (ع)، پورا دینا۔ اچھی طرح پورا کرنا۔
**توق** / **توقان** } (ع)، خواہش (۲) غلبہ شہوت
**توقّد** (ع)، آگ کا بھڑکانا۔
**توقّر** (ع)، آہستگی کرنا۔ بردبار ہونا۔
**توقّص** (ع)، گھوڑے کا اُچھل کود کر چلنا (۲) چلنے میں پامال کرنا
**توقّع** (ع)، اُمید رکھنا۔
**توقّف** (ع)، ٹھہرنا۔ انتظار کرنا۔ تاخیر کرنا۔
**توقّف کردن** (ف)، تامل کرنا۔ رُکنا۔ ٹھہرنا۔
**توقّف گاہ** (ف)، موٹروں اور بسوں کا اڈہ۔ ریلوے سٹیشن۔ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔
**توقّی** (ع)، پرہیز کرنا (۲) اپنے آپ کو کسی بات سے باز رکھنا
**توقیت** (ع)، وقت مقرر کرنا۔
**توقیر** (ع)، کسی کو باوقار جاننا۔ کسی کی عزت کرنا (۲) آرام دینا۔ (۳) متحمل بنانا (۴) آزمانا۔
**توقیراً** (ع)، احترام کے طور پر۔
**توقیع** (ع)، نشان کرنا (۲) فرمان جو مہر و غضب پر مشتمل ہو (۳) چوپائے کی پیٹھ کو زخمی کرنا (۵) گمان کرنا (۶) تلوار وغیرہ

کو سان پر تیز کرنا۔
توقیف (ع) (۱) واقف کرنا (۲) کھڑا کرنا (۳) ہاتھ میں کنگن پہنانا (۴) حج کے موقف میں ایک دوسرے کے پیچھے کھڑے ہونا (۵) حدیث بیان کرنا۔
توقیف کردن (ف) نظر بند کرنا۔ ضبط کرنا۔ گرفتار کرنا۔ قرقی میں لانا۔
توقیف گاہ (ف) حوالات۔ جیل کی کال کوٹھڑی۔
تُوک (ف) چشم۔ آنکھ۔ عین۔
توکاف (ع) چھت وغیرہ سے بارش کا ٹپکنا۔
توکُّد (ع) محکم ہونا۔ مضبوط ہونا (۲) بات کا پختہ ہونا۔
توکّل (ع) خدا پر بھروسہ کرنا (۲) اپنی ناتوانی اور عاجزی کا اظہار کرنا۔
توکُّؤ (ع) تکیہ کرنا۔
توکید (ع) استوار کرنا۔ مضبوط کرنا۔
توکیل (ع) وکیل بنانا۔ کوئی کام کسی کے ذمّے ڈالنا۔
توگوشی (ف) کانا پھوسی۔ کان میں بات کہنا۔
تو گوشکی زدن (ف) تھپیڑ مارنا۔ چپت مارنا۔
تول (ف) لڑائی۔ جنگ (۲) غوغا۔ شورش (۳) وحشت۔ نفرت۔
تولّا (ع) اصل میں تولّی ہے۔ (۱) امید (۲) محبت (۳) حکومت کرنا (۴) پھر جانا۔
تولّا کردن (ف) دوست بنانا۔ محبت کرنا۔
تولّاک اللّٰہ (ع) اللّٰہ تجھے دوست رکھے۔
تولب (ع) گدھے کا بچہ۔
تولّد (ع) پیدا ہونا (۲) ایک شے کا دوسری سے ظاہر ہونا۔
تولّع (ع) لالچ (۲) لالچ کرنا۔
تولہ (ف) کتے کا پلہ (۲) کتّے کی ایک خاص قسم جو لوگ کے ذریعے شکار کا کھوج نکالتی ہے اور جن کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں۔
تولّی (ع) منہ پھیرنا۔ پھر جانا (۲) کسی کے کام لگنا (۳) حکومت کرنا۔
تولیت (ع) ولی کرنا۔ حاکم کرنا (۲) متواتر ہونا۔
تولیت دادن (ف) کسی کو اپنا ولی یا جانشین کرنا۔
تولید (ع) جننا۔ پیدا کرنا (۲) پالنا۔
تولید شدن (ف) پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ ظہور میں آنا۔
تولیدن (ف) دور ہونا (۲) جاگنا (۳) کیسو ہونا۔
توما (ف) لمس۔
تومار کاج (ف) بدکار۔ زانی۔
تومان (ت) عدد (۲) حصّہ (۳) گروہ (۴) دس ہزار آدمی۔ (۵) ایران کا رائج الوقت طلائی سکّہ جو حجم میں جونی کے برابر ہوتا ہے (۶) پرگنہ۔ اس لفظ کی واؤ اور الف پڑھنے میں نہیں آتے۔
تُون (ف) رحم (۲) گوبر (۳) بھٹی (۴) حمام۔
تون تاب (ف) بھٹی جھونکنے والا۔ بھڑبھونجا۔

تونک / تونکہ } (ف) خزانہ۔
تونگر (ف) تواں گر کا مخفف۔ دولت مند۔
تونگو (ف) نائی۔ حجام۔
تونل (مف) انگریزی لفظ ٹنیل کا مفرس۔ ریل کی سرنگ۔ پہاڑی سڑک کی سرنگ۔
تونی (ف) ٹھگ۔ چور۔ راہزن۔ ڈاکو۔
تو و خدا (ف) تجھے خدا کی قسم۔
توول (ف) چھالا۔ آبلہ۔
توہ (ف) تہہ۔ جوڑا (۲) جفت (۳) پردہ۔
توہّج (ع) آگ کا بھڑکنا (۲) موتی کا چمکنا۔ (۳) خوشبو کا پھیلنا۔
توہّم (ع) وہم کرنا۔ گمان کرنا۔
توہم داشتن (ف) وہم ہونا۔
توہن (ع) سست ہونا۔
توہید (ع) فرش بچھانا۔
توہیل (ع) خوفزدہ کرنا۔ ڈرانا۔
توہیم (ع) وہم میں ڈالنا۔ غلطی میں ڈالنا۔
توہین (ع) سست کرنا (۲) بے عزتی (۳) حقارت۔
توئی (ف) اندر۔ اندرون۔ کسی شے کے اندر۔ (۲) تہہ جیسے دوتوئی یعنی دوتہہ۔
توئی (ف) جشن (۲) شادی کا جشن (۳) مہمانی۔
توئی این حمام ہمہ لخت اند (ف) اس حمام میں سبھی ننگے ہیں۔
توئی ناریک رقصیدن (ف) ناروا اور بے جا حرکت کرنا۔ ناشائستہ حرکات کرنا۔
تویل (ف) وہ آدمی جس کے ماتھے پر بال نہ ہوں۔
توئیہ (ف) دھنک۔ قوس قزح۔

## ت - ہ

تہ (ف) تلے۔ نیچے (۲) طاق جو جفت کی ضد ہے (۳) تلوار کی دھار کا زنگ۔
تہّہ (ف) تُف۔ تھوک۔
تہاتُر (ع) ایک دوسرے کو جھٹلانا (۲) ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا۔
تہاجُر (ع) آپس میں قطع تعلق کرنا۔ سلام و کلام ترک کرنا (۲) جدائی کرنا۔
تہاجی (ع) ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
تہادُر / تہادُم } (ع) آپس میں خون مباح کر دینا۔

Marfat.com

جائر (ع)، جور کرنے والا۔ ظالم (۲) راہِ حق کو چھوڑ کر راہِ باطل پر ہونے والا۔
جائز (ع)، دُرست۔ روا۔ شرع کے مطابق (۲) گزرنے والا۔ (۳) شہتیر۔
جائزہ (ع)، صلہ۔ انعام۔ تحفہ۔ نیگ۔ بدلہ۔ (۲) احسان۔ مہربانی (۳) لکیر اور علامت حساب وغیرہ کی صحت۔ (۴) پڑتال (۵) پڑتال کی علامت (۶) گنتی۔ (۷) حاضری۔
جائزہ گرفتن (ف)، انعام پانا۔ صلہ پانا۔
جائشہ (ع)، دل۔ قلب۔
جائے ضرور (ف)، پاخانہ کی جگہ۔ ٹٹی۔ بیت الخلا۔
جائے عزیز (ف)، مقام بزرگ۔ خانۂ خدا۔ مسجد۔

جائے فلاں پیدا
جائے فلاں پیدا است
جائے فلاں خالی
جائے فلاں خالی است
جائے فلاں سبز است
(ف)، کسی غیر حاضر شخص کو یاد کرتے ہیں۔ تو کہتے ہیں کہ فلاں شخص کی جگہ خالی ہے۔ اس جگہ وہ چاہیے۔

جائے گرفتن (ف)، کسی کا قائمقام ہونا۔
جائے کہ گوشت بہ نیست چغندر پہلوان است (ف)، جہاں اچھی چیز نہ ملے وہاں معمولی چیز بھی غنیمت۔

جائے گاہ
جایگہ
(ف)، جگہ۔ مقام۔

جائی (ف)، جوہی کا پھول۔ جاہی جوہی کا پھول۔

Marfat.com

جائے مرد و زن در مسجد است (ف) جہاں دو بیویوں کی نت کھٹ پٹ رہے وہاں میاں بیچارہ کا رہنا محال ہے۔
جائے مند (ف) کاہل۔ بے کار۔ سست۔

# ج ـ ب

جبّ (ع) (۱) کاٹنا (۲) غلبہ کرنا (۳) خصی کرنا۔ خصیے نکالنا۔
جُبّ (ع) کنواں (۲) بہت پانی والا کنواں (۳) بہت گہرا کنواں (۴) بنڈ کے بغیر کنواں۔
جُبَا (ع) بزدلی (۲) بددلی۔
جبا (ع) اونٹوں کے لیے اکٹھا کیا ہوا پانی۔
جباب (ع) سخت قحط۔
جُباب (ع) جُبّہ کی جمع۔ چوغے۔
جُباب (ع) کسی کا ذکر کاٹ دینا۔ کسی پر غالب آنا۔
جُباب (ع) اونٹنی کے دودھ پر مکھن کی شکل کی جو جھاگ آ جاتی ہے (۲) ردی چیز (۳) قحط۔
جبابرہ (ع) جبار کی جمع۔ جابر لوگ۔ جبر کرنے والے۔
جبات (ع) جابی کی جمع۔ خراج جمع کرنیوالے (۲) مال جمع کرنیوالے بخیل لوگ۔
جباجب (ع) ڈھول۔ موٹی اونٹنیاں۔
جباخانہ (ف) اسلحہ خانہ۔ وہ مقام جہاں پر جنگی اسلحہ رکھتے ہیں۔
جبادار باشی اسلحہ خانہ کا رئیس۔
جبار (ع) آنگن۔ صحن۔
جَبّار (ع) جبر کرنے والا۔ سخت دل۔ ظالم۔ سرکش۔ بے رحم۔ (۲) مغرور۔ متکبر (۳) زبردست۔ غالب (۴) اونچے قد کا آدمی (۵) اونچا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے (۶) اللہ تعالےٰ کا نام جس کے معنی ہیں توڑنے والا۔ جوڑنے والا۔
جَبّارہ (ع) موٹی اونٹنی۔
جبارہ (ع) کنگن (۲) وہ لکڑیاں جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جاتی ہیں (۳) خوشحال کرنا۔ مفلسی کے بعد تونگر کرنا۔
جَبّاری (ع) تکبر۔ شان۔
جباکردن (ف) کسی کو از راہ تواضع اپنا پیالہ دینا۔
جبال (ع) جبل کی جمع۔ پہاڑ۔
جبال راسیات (ع) بلند اور مضبوط پہاڑ۔
جُبان (ع) بددل (۲) نامرد (۳) بزدل۔
جَبّان (ع) پنیر بیچنے والا (۲) بددل (۳) جنگل (۴) عیدگاہ جو جنگل میں ہو (۵) ہموار زمین (۶) سبزہ زار (۷) گورستان۔
جَبّانہ (ع) جنگل۔ صحرا (۲) عیدگاہ جو جنگل میں ہو (۳) گورستان جو جنگل میں ہو (۴) بلند اور ہموار زمین۔

جباہ (ع) جبہہ کی جمع۔ پیشانیاں۔ ماتھے۔
جباوت (ع) باج و خراج جمع کرنا۔
جبایت (ع) خراج جمع کرنا۔ خراج لینا۔
جَبائر (ع) جبیرہ کی جمع۔ کنگن (۲) ٹوٹے ہوئے اعضاء پر باندھنے کی پٹیاں۔
جِبت (ع) بُت۔ کاہن۔ جادوگر (۲) جادو۔ فال نکالنے والا (۳) جس چیز میں خیر نہ ہو (۴) سوائے خدا کے جس چیز کی پرستش کی جائے۔
جبجاب (ع) بہت پانی۔ آب کثیر۔
جُنجُبہ (ع) چمڑے کی زنبیل۔
جبر (ع) بورا (۲) ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا (۳) پٹی باندھنا (۴) اصلاح کرنا۔ درستی کرنا (۵) کسی کا حال اچھا کر دینا (۶) زبردستی کرنا۔ ظلم کرنا (۷) پٹی۔
جبراً (ع) زبردستی سے۔ مجبور کر کے۔
جبرائیل (ع) اللہ کا بندہ۔ ایک مشہور فرشتے کا نام جن کا کام انبیاء کو وحی پہنچانا تھا۔
جبران پذیر (ف) قابل تلافی۔
جبران کردن (ف) نقصان کا معاوضہ دینا۔
جبران ناپذیر (ف) ناقابل تلافی۔
جبر کردن (ف) سختی کرنا۔ تشدد کرنا۔
جبر نقصان (ع) نقصان کا معاوضہ۔ تاوان۔
جبروت (ع) بزرگی۔ جلال۔ عظمت (۲) تکبر (۳) برتری (۴) بلند (۵) خدا کا مرتبہ وحدت۔ خدا کا جلال۔
جبر و مقابلہ (ع) فن ریاضی کے ایک شعبہ کا نام جس میں علامات و حروف کے ذریعے مقدار معروف کے وسیلہ سے مقدار مجہول دریافت کرتے ہیں۔ جبر بمعنی زیادہ کرنا اور مقابلہ بمعنی کم کرنا یا ساقط کرنا۔
جبرئیل (ع) دیکھو جبرائیل۔
جَبریّہ (ع) مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ بندوں کو اپنے کاموں میں کچھ اختیار نہیں۔ یعنی برے یا بھلے کام میں وہ بالکل مجبور ہیں۔
جَبَل (ع) پہاڑ۔ کوہ۔
جبل (ع) آدمی۔
جبل الرحمۃ (ع) عرفات میں ایک پہاڑ کا نام۔
جبلت، جبلہ (ع) پیدائش۔ سرشت۔ خلقت۔ طبیعت۔ نیچر۔
جَبَلی (ع) پہاڑ کا۔ پہاڑی۔ منسوب بہ جبل۔
جِبلّی (ع) ذاتی۔ طبعی۔
جُبن (ع) پنیر۔ بزدلی۔ نامردی۔
جُبّہ (ع) فرغل۔ پیراہن۔ صوفیوں کا کرتے کی شکل کا خاص لباس۔
جبہ خانہ (ف) اسلحہ خانہ۔
جبہ خورشید و ماہ (ف) دن اور رات۔ لیل و نہار۔

Marfat.com

**جُبۂ دَرویش** (ف) سردیوں کا سورج (۲) رات (۳) بادل۔
**جُبۂ ہزار میخی** (ف) آٹھواں آسمان (۲) رات۔
**جَبْہَہ** (ع) ماتھا - پیشانی (۲) سردار۔
**جَبْہَہ سائے** (ف) سجدہ کرنے والا - ماتھا رگڑنے والا (۲) منت کرنے والا۔
**جَبْہۂ شیر سائیدن** (ف) نہایت شجاعت - بڑی دلاوری - بہت بہادری۔
**جَبِیرہ** (ع) کنگن (۲) وہ لکڑیاں جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جاتی ہیں۔
**جنبرہ** (ف) موج - پانی میں موج آنا۔
**جبیز** (ع) نان خشک۔
**جبیس** (ع) ریچھ کا بچہ - کمینہ شخص۔
**جبیل** (ع) بُری عادت والا - بدخو۔
**جُبَیل** (ع) جبل کی تصغیر - چھوٹا سا پہاڑ۔
**جبین** (ع) ماتھا - پیشانی (۲) پیشانی کی دونوں طرفیں۔
**جُبَینس** (ع) بزدل - ڈرپوک۔
**جَبِین گرفتہ** (ع) ترش رو - تیوری چڑھائے ہوئے۔

## ج - ت

**جُت** (ف) جٹ یا جاٹ کا مفرس۔
**جتک** (ف) گوند - لیسلی چیز۔

## ج - ث

**جَثّ** (ع) جڑ سے اکھیڑنا۔
**جُثالہ** (ع) درخت سے جھڑے ہوئے پتے۔
**جُثام** (ع) کابوس - وہ بیماری جس میں سوئے ہوئے آدمی کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے۔
**جُثامہ** (ع) دیرفہم - کند ذہن (۲) مُردار (۳) حلیم - بُرد بار۔
**جُثم** (ع) آدھی رات کا گزرنا (۲) کھیت کے پودوں کا زمین سے بلند ہونا۔
**جُثمان** (ع) بدن - جسم - تن۔
**جثوم** (ع) دیکھو جثم۔
**جُثّہ** (ع) بدن - جسم - تن۔
**جُثّہ دار** (ف) موٹا تازہ - ہٹا کٹا - لحیم شحیم۔
**جُثی** (ع) دیکھو جثو۔

## ج - ح

**جحاظ** (ع) آنکھ کا گھیرا۔
**جحات** (ع) کسی کو تکلیف دینا (۲) انبوہ کرنا (۳) لڑائی کرنا۔
**جحافل** (ع) جحفل کی جمع - بہت بڑا لشکر۔
**جحامر** (ع) جحمرش کی جمع۔
**جَحد** } (ع) جان بوجھ کر حق سے انکار کرنا - دیدہ و دانستہ نہ ماننا۔
**جُحد** } (۲) بے نصیبی (۳) بے فیض (۴) بے خیر۔
**جحدب** (ع) ٹھنگنا - کوتہ قد - پست قامت۔
**جحد و جحود** (ع) انکار - اصرار یا ہٹ دھرمی۔
**جُحر** (ع) سوراخ - بل۔
**جحر** (ع) بہت گہرا غار۔
**جحش** (ع) گھوڑے کا بچہ (۲) گدھے کا بچہ (۳) ہرن (۴) ظلم کرنا - سختی کرنا - جفا کرنا (۵) چھیلنا - (۶) چمڑا زخمی کرنا۔
**جُحود** (ع) دیکھو جحد۔
**جحوظ** (ع) آنکھ کا باہر نکل آنا - کاسۂ چشم کا بڑا ہو جانا۔
**جحی** (ع) جوحی کا مخفف جو ایک مسخرے کا نام ہے۔
**جحیم** (ع) گڑھے میں روشن کی ہوئی آگ (۲) نہایت تیز آگ جس کا شعلہ بلند نکلے (۳) دوزخ (۴) دوزخ کے پانچویں طبقے کا نام۔

## ج - خ

**جخ** (ف) لڑائی۔
**جخاجخ** (ف) پے در پے تلوار مارنے کی آواز جخا جخ۔
**جخت** (ف) ابھی - فوراً - جلدی نیز دوسری چھینک کو بھی کہتے ہیں جب پہلی چھینک آتی ہے تو کہتے ہیں ٹھیک ہو اصبر آگیا تھا - مگر ساتھ ہی دوسری چھینک کو کہتے ہیں "جخت شد"
**جخنج** (ف) بڑا پاگل - بڑی چمگادڑ جو چیل کے برابر ہوتی ہے۔
**جخیف** (ع) بہت متکبر انسان - بہت بڑا لشکر - انسان کے پیٹ کی آواز - خراٹوں کی آواز۔

## ج - د

**جَدّ** (ع) دادا - نانا (۲) نصیب بخت (۳) تونگری (۴) بزرگی (۵) کپڑے کو بنتا - کپڑے کو کاٹنا۔

Marfat.com

جَدّ (ع) سعی - کوشش (۲) اصلاح - دُرستی -
جُدّ (ع) تونگر - با اقبال آدمی - صاحب بخت آدمی -
جُدّ (ع) وہ کنواں جو کھیت میں ہو -
جِداء (ع) جدی کی جمع - بکرے - بکری کے نر بچے -
جُدا (ف) علیحدہ - الگ -
جِدّا (ع) از روئے کوشش - از رُوئے سعی -
جَدّات (ع) جدّہ کی جمع - دادیاں -
جُدا جُدا (ف) الگ الگ -
جِداد (ع) درخت سے کھجوریں توڑنا (۲) کھجوریں توڑنے کا وقت -
جُدّاد (ع) پُرانے کپڑے (۲) پارہ پارہ -
جُدارک (ف) ایک قسم کا کھیل جسے کوزہ گرداں بھی کہتے ہیں -
جُدا استہ (ف) وہ شے جو مادہ سے پاک و مبرّا ہو - مفارق - مجرد -
جُدا شدن (ف) جدا ہونا - دُور ہونا -
جُدا شناس (ف) امتیاز کا باعث - مابہ الامتیاز (۲) تفرقہ -
جُداع (ع) سختی اور تنگی کا سال -
جُداع (ع) مرگ - موت - (۲) کملائی ہوئی گھاس -
جُدا گانہ (ف) منفرد - علیحدہ علیحدہ - الگ الگ -
جِدال (ع) لڑنا - جھگڑنا (۲) آپس میں خصومت کرنا -
جَدال (ع) سخت زمین (۲) کھجور کے کچے خوشے (۳) ٹھیکریاں -
جَدالہ (ع) کھجور کا کچا خوشہ -
جدابلنشی (ف) جادو کی ایک قسم جس سے اولے اور بارش برساتے ہیں -
جَداول (ع) جدول کی جمع - نہریں - کھیتوں میں پانی جانے کی نالیاں -
جُدائی (ف) علیحدگی - دُوری - تفرقہ - جدا ہونا -
جُدایہ (ع) ہرن کا بچہ -
جَدب (ع) تنگ سالی (۲) عیب (۳) تنگ سالی (۴) عیب کرنا -
جُذب (ع) کھجور کے درخت کا مغز جو مغز بادام کی مانند ہوتا ہے اور اسے شہد یا شکر کے ساتھ کھاتے ہیں - بھڑ کے کاٹے کو مفید ہے -
جدت (ع) مالدار ہونا (۲) طاقتور ہونا -
جِدّت (ع) تازگی - نیاپن - نیا ہونا (۲) زمین کی اُوپر کی سطح (۳) رُوئے زمین (۴) گھٹنے کا پٹہ (۵) چیتھڑا - کپڑے کا ٹکڑا (۶) ندی کا کنارا -
جَدَث (ع) گور - قبر -
جَدَد (ع) ہموار زمین -
جُدُد (ع) جادہ اور جدّہ کی جمع - راہیں - (۲) گھاٹیاں -

جُدُر / جُدُر (ع) دیوار -
جُدُر (ع) جدار کی جمع - دیواریں -
جُدران (ع) جدر - جدار کی جمع - دیواریں -
جُدَری (ع) سیتلا - چیچک -
جُدَری کاذب (ع) چیچک کی ایک ہلکی قسم جسے چکن پاکس کہتے ہیں -
جَدِّ صحیح (ع) دادا - پردادا - وہ شخص جس کی اولاد مذکور سے کوئی آدمی ہو اور بیچ میں ماں کا واسطہ نہ رکھتا ہو - جیسے بیٹے کا بیٹا - پوتے کا بیٹا -
جَدع (ع) کان - ناک اور لب وغیرہ اعضا کا کاٹنا (۲) قید کرنا (۳) روکنا (۴) ماں کا بچے کو بُری غذا کا عادی بنا دینا (۵) بچے کا بُری غذا کھانے کا خوگر ہونا -
جَدعاء (ع) اجدع کی مونث - ناک کان کٹی -
جَدَف (ع) گور - قبر - شراب کا برتن جو ڈھکا ہوا نہ ہو -
جَدِّ فاسد (ع) وہ شخص جس کی اولاد اناث سے کوئی شخص ہو یعنی بیچ میں ماں کا واسطہ رکھتا ہو - نانا - پرنانا - دادی کا باپ -
جَدَل (ع) جھگڑا - لڑائی - خصومت - جنگ -
جَدل (ع) رسی کو مضبوط بٹنا (۲) مضبوط ہونا - طاقتور ہونا (۳) زمین پر پچھاڑنا (۴) اندام (۵) ہاتھ پاؤں کی خالی ہڈی -
جَدَل کردن (ف) لڑائی کرنا - بحث کرنا -
جُدلہ (ع) ہاون دستہ -
جَدَلی (ع) بحث کرنے والا -
جُدَم (ع) ایک سُرخ چونچ والا چڑیا کی شکل کا پرندہ (۲) کھجور کی ایک قسم -
جدوا (ع) عطیہ - عطا - بخشش -
جدوار (ع) نرلسی - ایک مشہور دوا کا نام -
جُدوار (ع) زقوم - جو اہلِ دوزخ کو کھانے کو ملے گی - سخت کڑوی اور کانٹوں والی ہوتی ہے -
جَدوَل (ع) کھیت میں پانی دینے کی نالی (۲) ورق کے گرد کی سُرخ لکیریں -
جدول بندی (ف) جدول بنانا - کاغذ پر جدول بنانا - سڑکوں کے ساتھ نہر بنانا -
جدول العقرب (ع) پہاڑے -
جدول تقویم (ع) تقویم کی لکیریں -
جدول کش (ف) مسطر (۲) لکیریں کھینچنے والا -
جدول مسطر (ف) مسطر کی لکیریں -
جدول فرق (ع) چراگاہ کے گرد چھوٹی سی کم گہری اور معمولی سی ایک خندق کھود لیتے ہیں تاکہ چراگاہ کا جانور باہر نہ جاسکے

Marfat.com

اور باہر کا کوئی جانور چراگاہ میں اندر نہ آسکے۔

**جَدّہ** (ع) دادی۔

**جَدّہ فاسدہ** (ع) نانی۔

**جَدّہ** (ع) کُتّے کے گلے کا پٹہ۔

**جَدّہ** (ع) عرب کی مشہور بندرگاہ جو بحیرۂ قلزم کے کنارہ پر واقع ہے جہاں حاجی بحری جہاز سے اُترتے اور واپسی پر جہاز میں سوار ہوتے ہیں۔

**جُدّہ** (ع) (۱) راہ (۲) علامت (۳) ندی کا کنارہ (۴) گدھے کی پیٹھ کی لکیر۔

**جَدّی** (ع) دادا کا - موروثی۔

**جَدی** (ع) بزغالہ بچرا (۲) ایک آسمانی بُرج کا نام ہے جب آفتاب اس بُرج کے پہلے درجہ میں داخل ہوتا ہے تو نصف کرہ شمالی میں موسم سردیوں کا اور دن چھوٹا ہوتا ہے اور نصف کرہ جنوبی میں اس کے برعکس موسم نہایت گرمیوں کا اور دن سب سے بڑا ہوتا ہے اور یہ حالت ہر سال تقریباً ۲۲ دسمبر کو ہوتی ہے (۳) ایک چھوٹا سا ستارہ جو قطب شمالی کے قریب ہے قطب ستارہ (۴) زمین کا ایک فرضی دائرہ مینو جو خطِ استوا کے متوازی جنوب کی طرف ½ ۲۳ درجہ پر واقع ہے خطِ جدی کہلاتا ہے۔

**جدّیت کردن** (ف) سرتوڑ کوشش کرنا۔

**جَدیب** (ع) خشک زمین جہاں گھاس اور سبزہ وغیرہ کچھ نہ ہو۔

**جَدید** (ع) نیا - تازہ - نو - فوج میں تازہ بھرتی ہوا ہوا سپاہی - رنگروٹ (۲) شعر کے بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔

**جدیدالورود** (ع) نووارد۔

**جدیدالولادۃ** (ع) نوزائیدہ بچہ۔

**جَدیر** (ع) قابل - لائق - سزاوار - موافق - (۲) چار دیواری۔

**جَدیرہ** (ع) وہ مکان جس کے گرد پتھر کی چار دیواری بنی ہوئی ہو۔

**جدیل** (ع) اُونٹ کی چمڑے کی مہار - اونٹ کی گردن میں باندھنے کی چمڑے یا بالوں کی رسّی - گلے میں ڈالنے کی حمائل۔

## ج - ذ

**جذاب** (ع) بہت کھینچنے والا - دلربا - دلکش۔

**جذاذ** (ع) ہر شے کے ٹکڑے یا ریزے۔

**جذاع** (ع) چھوٹے چھوٹے چار پائے۔

**جذال** (ع) درخت کے تنے۔

**جذام** (ع) کوڑھ - خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے۔

**جذامی** (ف) کوڑھی - مجذوم۔

**جُذامیر** (ع) جذمار کی جمع - جذمور کی جمع۔

**جَذب** (ع) کشش کرنا - کھینچنا۔

**جَذبات** (ع) جذبہ کی جمع۔

**جذبہ** (ع) ایک بار کھینچنا (۲) دل کی کشش - دل کا جوش۔

**جذر** (ع) ہر شے کی اصل (۲) جڑ سے اکھیڑنا (۳) کاٹنا (۴) علم حساب میں وہ عدد جو فی نفسہ ضرب دیا جائے - اپنے حاصل کا جذر کہلاتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں۔

**جَذرِ اَصم** (ع) وہ عدد یا رقم جس کا جذر صحیح صحیح اعداد میں نہ نکل سکے اور جس میں کسر باقی رہے - جیسے دس کا جذر تین مع کسر کے ہے۔

**جَذرِ منطق** (ع) وہ عدد جس کے عدد صحیح اور بغیر کسی کسر کے ہوں جیسے سولہ کا جذر چار ہے۔

**جَذَع** (ع) دوندا - وہ جانور جس کے ابھی اگلے دو دانت نکلے ہوں اُونٹ پانچ سال کے بعد گھوڑا تین سال کے بعد اور گائے اور بکری دو سال کے بعد دوندے ہوتے ہیں۔

**جَذْع** (ع) چوپائے کو گھاس ڈالے بغیر باندھ دینا (۲) اونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا (۳) قید کرنا (۴) ذلیل و خوار کرنا۔

**جِذع** (ع) درخت کا تنہ۔

**جَذعمہ** (ع) خورد سال بچہ (۲) چھوٹا۔

**جَذف** (ع) کاٹنا (۲) تیز اڑانا (۳) تیز دوڑنا۔

**جَذَل** (ع) خوش ہونا - خوش کرنا۔

**جَذِل** (ع) خوش خوش رہنے والا - شادمان۔

**جَذلان** (ع) شادمان - خوش۔

**جَذَم** (ع) جذام کی بیماری ہو جانا (۲) ہاتھ کٹا ہونا (۳) کاٹنا۔

**جِذم** (ع) اصل - ہر شے کی جڑ (۲) اہل قبیلہ۔

**جِذمار** (ع) ٹھنڈھ - شاخ کا وہ حصّہ جو اسے کاٹ لینے کے بعد درخت کے ساتھ رہ جاتا ہے۔

**جُذمور** (ع) بڑ - ہر شے کی اصل (۲) اوّل شاخ کا وہ حصّہ جو اسے کاٹ لینے کے بعد درخت کے ساتھ رہ جاتا ہے۔

**جَذمی** (ع) قبیلہ جذیمہ کا ایک آدمی - جذیمہ قبیلہ عبدالقیس کی ایک شاخ ہے۔

**جذوب** (ع) جذب کرنے والا - کھینچنے والا (۲) تھوڑے دودھ والی اونٹنی۔

**جُذور** (ع) جذر کی جمع۔

**جُذوع** (ع) جذع کی جمع - درختوں کے تنے۔

**جُذول** (ع) جذل کی جمع - اصل - درخت کا بیخ یا تنہ۔

**جُذوہ** (ع) چنگاری - انگارہ - ٹکڑا۔

Marfat.com

جذیذ } (ع) ستو
جذیذہ }

# ج - ر

جرّ (ع) کشش (۲) کشش کرنا۔ کھینچنا (۳) بنیادِ کوہ۔ دامنِ کوہ (۴) گناہ کرنا (۵) زیر جو ایک حرکت ہے (۶) زیر دینا۔
جرّ (ع) جرّہ کی جمع۔ کوڑیاں (۲) ٹھیکریاں (۳) کھرّے۔
جُر (ف) گھوڑے کی زین۔
جر (ف) زمین کا شگاف۔ نقب۔ سرنگ۔
جرا (ف) وظیفہ۔ تنخواہ۔ نفقہ۔
جُراء (ع) بہار جوانی۔
جرائر (ع) گناہ۔
جرائم (ع) جُرم۔
جراب (ع) چمڑے کی تھیلی۔ توشہ دان (۲) خصیوں کے اوپر کا چمڑا (۳) کنوئیں کا اندر۔
جرأت (ع) دلاوری۔ چالاکی۔ جوانمردی۔ دلیری۔
جراثیم (ع) جرثومہ کی جمع۔ ہر شے کی جڑ اور اصل۔
جرّاح (ع) زخم کرنے والا۔ جراحت کرنے والا۔ سرجن۔ چیر پھاڑ کرنے والا۔
جراح (ع) جراحت کی جمع۔ زخم۔
جرّاح باشی (ف) شاہی جراح۔ شاہی ڈاکٹر۔
جراحت (ع) گھاؤ۔ زخم۔
جراحت خنداں (ف) تازہ زخم۔
جراحت دیدہ (ف) جسے زخم لگا ہو۔ زخمی۔
جرّاحی (ف) فصّادی۔ چیر پھاڑ۔ ڈاکٹری۔ زخم کے علاج کرنے کا پیشہ۔
جَراد (ع) ملخ۔ ٹڈی۔
جَرار (ف) وراڑ۔
جَرّار (ع) کھینچنے والا (۲) بہت بڑا جنگی لشکر۔
جرار کوچہ و بازار (ف) فقیر جو گلی کوچوں میں مانگتا پھرتا ہے۔
جِرار (ع) جرّہ کی جمع۔ گھڑے (۲) ٹھیکریاں (۳) کوڑیاں۔
جَرّارہ (ع) بہت بڑا لشکر (۲) ایک قسم کا بچھو جو دُم زمین پر کھینچ کر چلتا ہے اور اہواز کے علاقے میں کثرت سے ہوتا ہے۔ اس کے متعلق یہ عجیب بات بیان کی جاتی ہے کہ مسافر کو نہیں کاٹتا۔
جرآمدن (ف) کھسانا ہونا۔
جران (ع) اونٹ کی گردن کا اگلا حصّہ جسے وہ زمین پر لگا لیتا ہے۔
جرانداختن (ف) ضد کرنا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔ کسی بات پر اڑ جانا۔

جرتوردن (ف) کپڑے کا تھان سے پھاڑا جانا۔
جرزدن (ف) ناروا اور ناشائستہ حرکات کرنا۔ فریب دینا۔ منہ موڑنا۔ پیٹھ دکھانا۔
جرکردن (ف) پھاڑنا۔ لڑنا۔
جرائد (ع) جریدہ کی جمع۔ اخبارات (۲) درخت کی تنہا شاخ۔ درخت کی وہ شاخ جس سے پتے اُتار لیے گئے ہوں (۳) تنہا (۴) دفترِ حساب (۵) سواروں کا گروہ جو دشمن سے جنگ کرنے کے لیے علیحدہ کیا گیا ہو۔
جرائر (ع) جریرہ کی جمع۔ گناہ۔ خطائیں۔
جرائم (ع) جریمہ کی جمع۔ گناہ۔ خطائیں۔
جُرب (ف) بستر۔
جُربدہ (ف) نیزہ۔ برچھا۔
جرِّ اثقال (ع) بوجھ اُٹھانے والی کل۔
جرِّ ثقیل (ع) وہ علم جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ آسانی سے اُٹھالیں۔ چرخیوں کا علم۔
جرثمہ (ع) ہاتھ سے خاک اڑانا۔
جرثومہ (ع) ہر شے کی اصل یا جڑ۔ وہ مٹی جو درخت کی جڑ میں جمع ہوئی ہو۔
جُرج (ع) سخت اور پتھریلی زمین۔
جرجر } (ع) لوبیا (۲) چنے (۳) بہت آواز کرنے والا اونٹ
جُرجیر } (۴) ترہ تیزک۔
جرجیس } (ع) ایک پیغمبر کا نام۔
جرجیس با قیا }
جُرح (ع) گھاؤ۔ زخم۔
جَرح (ع) کسی کو گھائل کرنا۔ کسی کو زخمی کرنا (۲) کمانا (۳) طعن کرنا (۴) کسی میں عیب بتانا (۵) شہادت پر نکتہ چینی کرنا۔ (۶) کسی عدالت کو جھوٹا بنانا (۷) زخمی ہونا۔
جُرد (ف) تختِ شاہی۔
جَرد (ع) بے گیاہ۔ جنگل۔ وہ میدان جس میں گھاس اور سبزہ وغیرہ نہ ہو (۲) چوپایوں کی بیماری اور عیب۔
جرد (ع) ڈھال۔ سپر (۲) پُرانا کپڑا (۳) مرد کا ذکر (۴) عورت کا اندامِ نہانی (۵) کسی شے کا چمڑا اُتار دینا (۶) کھال سے بال دُور کرنا (۷) وہ زمین جس میں گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو (۸) کسی کا کسی شے کا سوال کرنا اور اس کا کچھ نہ دینا یا ناخوش ہو کر دینا (۹) رُوئی سے بنولے جدا کرنا۔
جُرد } (ع) ہموار زمین یا میدان جس میں گھاس اور سبزہ وغیرہ
جُردہ } کچھ نہ ہو۔
جُرذہ (ف) پرانی اور گھسی ہوئی چادر۔
جُرذہ (ف) وہ گھوڑا جو عربی گھوڑے اور غیر عربی گھوڑی سے پیدا ہو۔ خصّی گھوڑا۔
جرذہ (ع) برہنگی۔

Marfat.com

جُرد (ع) گھوڑے وغیرہ کے پاؤں کی بیماری۔
جُرذ (ع) موش صحرائی ۔ جنگلی چوہا۔
جُرذان (ع) جُرذ کی جمع ۔ جنگلی چوہے۔
جرذقہ (ع) دوڑنا ۔ پھرتی کرنا۔
جُرز (ع) بنجر زمین۔
جُرز (ف) دیوار کا سرا۔
جَرس (ع) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔
جَرس (ع) گھنٹہ ۔ گھڑیال۔
جرس کارواں (ف) قافلے کی گھنٹی جو قافلے کے کوچ کے وقت بجتی رہے جیسے شاعر کے اس شعر میں ہے

یاران تیز گام نے محمل کو جالیا
ہم محو نالۂ جرس کارواں رہے

جُرسام (ع) ایک بیماری کا نام جسے برسام بھی کہتے ہیں۔
جرس بر محمل بستن (ف) سفر کو تیار ہونا ۔ سفر کی تیاری کرنا۔
جُرست (ف) دانت رگڑنے کی آواز (۲) کپڑا پھاڑنے کی آواز۔
جُرس کر (ف) کم آواز گھنٹہ۔
جرس ہائے زر / جرس ہائے زریں } (ف) ستارے۔
جَرش (ع) لکڑی وغیرہ کا چھلکا یا پوست اتار لینا (۲) چمڑے کو نرم اور چمکیلا کرنے کے لیے ملنا (۳) سر کو کنگھی سے کھجلانا تاکہ بھوسی وغیرہ نکل جائے (۴) دالوں کو نیم کوفتہ کرنا۔
جرشفت (ف) ہجو ۔ مذمت۔
جُرعُب (ع) بدخو آدمی (۲) احمق آدمی (۳) سخت آفت ۔ سخت بلا۔
جُرعہ (ع) گھونٹ ۔ ایک گھونٹ ۔ پانی وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دم میں پی لی جائے۔
جُرعہ دان (ف) وہ برتن جس میں شراب کا جُرعہ ڈالا جاتا ہے۔
جُرعہ کش (ف) شرابی ۔ تہ جام تک پی جانے والا۔
جُرعہ نوش (ف) مے خوار ۔ شرابی۔
جُرعیب (۱) بدخو آدمی (۲) بے وقوف آدمی۔
جُرف (ع) چاندی ۔ سونا (۲) مال مویشی (۳) فراخ سالی (۴) زمین کو بیلچہ سے کھودنا۔
جُرُف / جُرف } (ع) وہ زمین جس میں پانی جمع ہوتا ہو اور جسے پانی نے کھود ڈالا ہو ۔ فارسی میں اسے آبکند کہتے ہیں۔
جرقہ (ف) شعلہ۔
جُرک (ف) جنگل ۔ بیابان ۔ صحرا۔
جرکوہ (ف) دیوار کوہ۔
جرگ (ف) اکھاڑہ ۔ کشتی کا میدان ۔ کشتی کا حلقہ (۲) مجلس۔
جرگہ (ف) گروہ (۲) حلقہ مجلس ۔ آدمیوں کا ہجوم (۳) قطار ۔ صف (۴) ایک قسم کا شکار جس میں کئی آدمی مل کر شکار کو گھیر لیتے ہیں۔

جرگہ کشیدن (ف) حلقہ بنانا۔
جِرم (ع) جثہ ۔ تن ۔ جسم ۔ اس لفظ کا اطلاق ارضیات اور فلکیات دونوں پر ہوتا ہے۔
جَرم (ع) گرم کا معرب ۔ گرم (۲) کاٹنا (۳) کمانا ۔ کسب کرنا (۴) گناہ کرنا (۵) سخت زمین۔
جُرم (ع) قصور ۔ خطا ۔ گناہ۔
جَرم (ع) چارہ (۲) گرز۔
جرم / جُرمانہ } (ف) تاوان ۔ جرم کے عوض جو روپیہ وغیرہ لیا جائے۔
جرم پوش (ف) خطاپوش ۔ جُرم و گناہ کو معاف کر دینے والا۔
جَرمزہ (ف) سفر (۲) سفر کرنا۔
جُرم شناسی (ف) وہ علم جو جرائم اور مجرموں کے بارے میں بحث کرتا ہے۔
جر منافع (ع) نفع کھینچنا ۔ فائدہ اٹھانا۔
جُرموق (ع) موزہ کے اوپر پہننے کا موزہ۔
جرمہ (ف) نقرہ گھوڑا ۔ سفید گھوڑا۔
جُرنال (ف) جرنل یا جرنیل کا مفرس۔
جرنگ (ف) روپیہ یا تلوار وغیرہ کے ٹکرانے کی آواز جھنا جھن کی آواز۔
جرنگی (ف) وہ روپیہ جو نقد اور اکٹھا دیا جائے۔
جرنگیدن (ف) تلوار اور گرز وغیرہ کا کام میں لاتے وقت آواز دینا۔
جُرد / جُرو / جرو } (ع) چھوٹی چیز چاہے خربوزہ ہو یا لکڑی وغیرہ (۲) کتے یا درندوں وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔
جرواسک (ف) چھوٹا سا حشرہ۔
جُرُوح (ع) زخم ۔ یہ لفظ جمع ہے ۔ اس کا واحد جرح ہے۔
جُرُون (ع) عادی ہونا ۔ خوگر ہونا (۲) دالوں کو پیس کر آٹا بنانا۔
جروند (ف) دیا ۔ چراغ
جُرّہ (ع) ہرن پکڑنے کا دام
جَرّہ (ع) گھڑا ۔ ٹھلیا (۲) کوڑی ۔ خرمہرہ (۳) روٹی (۴) وہ روٹی جو گرم آگ میں سے نکالی علی
جِرّہ (ع) وہ شے جو اونٹ جگالی کے لیے گلے سے کھینچ لیتا ہے ۔ کھینچنے کی ایک خاص طرز۔
جُرّہ باز (ف) باز کا نر۔
جَری (ع) بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر۔
جری شدن (ف) سرکش ہونا ۔ باغی ہونا۔
جِرّی (ع) مارماہی (پنجابی گرّ ج)
جَرَیان (ع) پانی کا جاری ہونا ۔ فارسی والے سکون رائے سے بھی پڑھتے ہیں (۲) ایک بیماری کا نام جس میں پیشاب سے پہلے یا بعد دھات نکلتی ہے۔
جریان آب (ف) پانی کی روانی یا بہاؤ۔

Marfat.com

جریانِ پول (ف)، روپے پیسے کی گردش۔
جریانِ جلسہ (ع)، جلسے کی روئداد۔
جریانات (ف)، واقعات۔
جَرِیب (ع)، گزی کا معرب۔ زمین کی پیمائش کا ایک آلہ جو لمبا زنجیر ہوتا ہے اور اس کے مختلف ماپ ہیں۔ بہارِ عجم، منتہی الارب اور غیاث اللغات وغیرہ میں اسے ۴۴ گز کا لکھا ہے۔ لیکن ہندوستانی جریب ۶۰ گز کی ہے اور انگریزی ۵۵ گز کی (۲) عصا۔ چوب۔
جَرِیح (ع)، مجروح۔ زخمی۔ گھائل۔
جُرَید (ع)، نامہ بر۔ قاصد (۲) جاسُوس۔ لوہے کی موٹی چھڑی (۴) نیزہ۔
جُرَید (ع)، تمام۔ پُورا (۲) کھجور کے درخت کی شاخ (۳) وہ درخت جس کی شاخیں اور پتے کاٹ دیے گئے ہوں۔
جَرِیدہ (ع)، اخبار (۲) تنہا (۳) بغیر پتوں کے شاخ (۴) دفتر۔ (۵) فرد (۶) فوج کی تنخواہ کا رجسٹر۔
جَرِیدہ کَردَن (ف)، لکھنا۔ بہی کھاتہ میں چڑھا لینا دفتر میں لکھ لینا۔
جریدہ نگار (ف)، اخبار نویس۔
جَرِیر (ع)، اونٹ کی مہار کی رسّی (۲) اُونٹ کے گلے میں باندھنے کی چمڑے کی رسّی۔
جریش (ع)، باخور۔ دلیا۔
جَرِیم (ع)، مجرم۔ گنہگار (۲) کسی چیز کا اکٹھا کرنے والا (۳) کٹے ہوئے انگور یا کھجور (۴) خشک کھجور (۵) کھجور کی گٹھلی۔
جَریمانہ (ف)، جُرمانہ۔ تاوان۔
جریمہ (ع)، جُرم۔ قصور (۲) آخری فرزند (۴) لبیک کرنے والا۔
جریمہ (ف)، جُرمانہ لینا۔ تاوان لینا۔
جَرِین (ع)، خرما خشک کرنے کی جگہ۔

---

# ج - ز

---

جَزّ (ع)، بال یا پشم کاٹنا (۲) گیہوں کا کھیت کاٹنا (۳) کھجور کے درخت کا پھل اُتارنا۔
جُز (ع)، بغیر۔ سوائے۔ بدوں۔
جزاء (ع)، عوض۔ بدلہ۔
جَزّار (ع)، اُونٹ بنانے والا۔ قصاب۔
جزاز (ع)، کھیت کاٹنا۔
جزاف (ع)، تولنے اور ناپنے وغیرہ کے بغیر اٹکل سے خرید و فروخت کرنا۔
جَزاکَ اللّٰہ (ع)، خدا تجھے نیک بدلہ دے۔ شاباش۔ مرحبا۔
جَزالت (ع)، مضبوطی۔ استحکام۔ محکمی (۲) بزرگی (۳) خوبی۔
جزائے گراں فروش نخریدن بُود (ف)، جو آدمی سودا سلف مہنگا بیچتا ہے وہ زبانی سمجھانے سے باز نہیں آتا۔ اس کا علاج یہ ہے کہ اس سے سودا لینا بند کر دیا جائے۔
جزائر (ع)، جزیرہ کی جمع۔ ٹاپو (۲) ایک قسم کی بندوق کو بھی کہتے ہیں۔
جُزب (ع)، غلام۔ بندے۔
جزب (ع)، حصّہ۔ بخرہ۔
جُز بُز (ف)، تڑ تڑ کی آواز جو ہنڈیا سے بھونتے وقت آتی ہے نیز صدائے گریہ۔
جُز بندی (ف)، صحیح جزو بندی ہے۔
جُزدان (ف)، صحیح جزو دان۔ کتاب یا کتابیں رکھنے کا بستہ۔
جَزر (ع)، جوار جو سمندر میں ہوتا ہے یعنی پانی گھٹ جانا (۲) پانی کا زمین میں جذب ہو جانا (۳) اُتارنا (۴) درخت سے میوہ اُتارنا (۵) اُونٹ کو ذبح کر کے اس کی کھال اُتارنا (۶) کسی شے کو کاٹنا۔
جَزَر (ع)، گزر کا معرب۔ گاجر۔
جُزرَس (ف)، صحیح جزو رس ہے۔ کفایت شعار۔
جُزرَسی (ف)، صحیح جزو رسی ہے۔ کفایت شعاری۔
جَزر و مَدّ (ع)، جوار بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا گھٹنا اور بڑھنا۔
جز زدن (ف)، رونا دھونا۔ زاری کرنا۔
جَزَع (ع)، بے صبری۔ بے قراری۔
جَزع (ع)، سلیمانی مہرہ جو سفید و سیاہ ہوتا ہے (۲) آنکھ۔
جُزف (ف)، کسی کام کو آسان خیال کرنا۔
جَزَل (ع)، اُونٹ کے کوہان کا زخم جو پالان یا کجاوہ وغیرہ سے ہو جاتا ہے۔ لاگا۔
جَزم (ع)، کسی حرف کو کاٹنا (۲) ساکن کرنا (۳) سکون یعنی وہ علامت جو حرف ساکن پر لکھی جاتی ہے (۴) خاموش ہونا (۵) یقین (۶) پختہ ارادہ (۷) مشک کو بھرنا۔
جزم (ع)، حصّہ۔ نصیبہ۔
جَزمَہ (ع)، ایک دفعہ کھانا۔
جزمہ (ع)، ہر شے کا ٹکڑا (۲) اونٹوں کا غلّہ (۳) بکریوں کا ریوڑ۔
جُزو (ع)، پارہ۔ ٹکڑا (۲) حصّہ (۳) بعض۔
جُزوِ بدن (ف)، بدن کو لازم جو منفک نہ ہو۔
جزو بندی (ف)، کتاب کے اجزا کو ڈورے سے سینا۔
جُزو تن (ف)، دیکھو جزو بدن۔
جُزو دان (ف)، کتاب رکھنے کا بستہ۔
جَزُور (ع)، وہ اُونٹ جو ذبح کرنے کے لیے ہو۔
جُزو رَس (ف)، کفایت شعار (۲) نکتہ رس۔ ذکی۔ دانا (۳) بخیل۔ کنجوس۔
جُزو رسی (ف)، کفایت شعاری (۲) نکتہ رسی۔ دانائی (۳) بُخل۔ کنجوسی۔
جَزُوع (ع)، بے صبر (۲) زاری کرنے والا۔
جُزوکش (ف)، قرآن پاک کے سیپارے پڑھنے والا۔

جزوکشیدن (ف) اکتساب علم۔

جزوکشی کردن (ف) علم حاصل کرنا۔

جزو لایتجزے (ع) کسی چیز کا وہ چھوٹا جزو جو عقلاً فرضاً۔ حِسّاً۔ وہماً۔ کسی طرح بھی تقسیم نہ ہو سکے۔ حکماء کے نزدیک ایسا جزو باطل ہے۔ متکلمین تمام اجسام کو ایسے ہی اجزاء سے مُرکب بتاتے ہیں۔

جُزوہ (ف) لکھا ہوا یا چھپا ہوا ایک دستہ کاغذ۔ کتابچہ۔ دفترچہ۔

جُزوی (ع) منسوب بہ جزو۔ تھوڑا۔

جُزویات (ع) افراد۔ حصے جو کلیات نہ ہوں۔

جَزِیرہ (ع) ٹاپو۔ خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔

جزیرہ مُشجری (ع) پانی کے درمیان درختوں کا جھنڈ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔

جَزیرہ نُما (ف) خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی اور ایک طرف خشکی ہو۔

جَزیز (ع) کاٹا ہوا۔

جزلعہ
جزلعہ } (ع) بکریوں کا ریوڑ۔

جُزیل (ع) بڑی اور مضبوط شے (۲) کثیر۔ بہت۔

جِزیہ (ع) ٹیکس۔ محصول۔ خراج۔ بدلے کا روپیہ۔ وہ ٹیکس جو نوشیرواں عادل کے وقت میں لیا جاتا تھا اور پھر اسلام کے عہد میں بھی صرف ان غیر مسلم لوگوں یا قوموں سے جو فوج میں بھرتی نہ ہوتے تھے۔ ان کی نگہبانی کے معاوضہ کے طور پر لیا جاتا رہا۔ جس کی تعداد تین روپیہ سالانہ سے انیس روپیہ سالانہ تک تھی۔ مگر بوڑھے بچے۔ عورتیں ضعیف۔ اپاہج اور مذہبی پیشوا سب مستثنیٰ تھے۔ علاوہ ازیں جو غیر مسلم فوج میں بھرتی ہوتے جاتے تھے۔ ان سے بھی نہ لیا جاتا تھا۔

جزیہ خانہ (ف) کسٹم ہاؤس۔ انکم ٹیکس کا دفتر۔ محصول چونگی خانہ۔

## ج - س

جَساد (ع) کیسر۔ زعفران۔

جُساد (ع) پیچش۔ مروڑ۔

جَسارت (ع) دلیری۔ مردانگی (۲) تجاوز کرنا۔ گزرنا۔

جَسارت آمیز (ف) جرأت آمیز۔ دلیرانہ۔

جَسارت کردن (ف) دلیری۔ گستاخی کرنا۔

جَسّاس (ع) بہت تفتیش کرنے والا۔ (۲) پنجہ مارنے والا شیر۔

جَسامت (ع) جسم ہونا۔ کسی جسم کا حجم۔ مقدار۔

جَست (ف) چھلانگ۔ چوکڑی۔ قلانچ۔

جُستجو (ع) تلاش۔ ڈھونڈھنا۔

جَستن (ف) کُودنا۔ (۲) رہا ہونا۔ چھوٹنا۔

جستن چشم راست (ف) کسی نیک شگون کا ہونا۔ دائیں آنکھ کے پھڑکنے کو عوام اچھا سمجھتے ہیں۔

جُستن (ف) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۲) پالینا۔

جُستہ جُستہ (ف) کہیں کہیں۔

جَستہ جَستہ حرف زَدن (ف) بچے کا باتیں کرنا جس نے ابھی بولنا سیکھا ہے۔

جَستہ رَگ (ف) ہوشیار۔ خبردار۔

جَسَد (ف) جُثہ۔ تن۔ بدن۔ جسم۔

جَسد بے جان (ف) لاش۔ مُردہ۔

جَسَدی (ع) منسوب بہ جسد۔ بدنی۔ جسمی۔

جَسر (ع) پُل۔

جَسک (ع) دُکھ۔ درد۔ رنج۔ بلا۔

جسم (ع) بدن (۲) وہ شے جو طول۔ عرض اور عُمق رکھتی ہو۔

مُجَسَّم (ع) جسیم ہوا۔ موٹا ہوا۔

جُسمان (ع) جسم۔ تن۔ بدن۔

جسمانی (ع) جسم کا۔ جسم دار۔

جِسمی (ع) متعلق بہ جسم۔ ذاتی۔ شخصی۔ نفسی۔

جُسمی (ف) خار خسک۔ گوکھرو۔ ایک قسم کا سہ پہلو کانٹا۔

جُسو (ع) سخت ہونا۔

جسور (ع) دلیر۔ دلاور (۲) بلند قامت۔

جُسُور (ع) جسر کی جمع۔ پُل۔

جسورانہ (ف) دلیری سے۔

جسوم (ع) جسم کی جمع۔

جسید (ع) خشک خون۔

جسیم (ع) موٹا۔ فربہ۔ تن و توش کا۔

## ج - ش

جَش (ف) نیلے رنگ کے کانچ کا مہرہ جو فیروزہ کے بہت مشابہ ہوتا ہے۔

جشّ (ع) کُوٹنا (۲) توڑنا (۳) کنکروں والی سخت زمین (۴) لاٹھی سے مارنا۔

جُشا (ع) آروغ۔ ڈکار۔

جَشان (ف) کپڑا یا زمین وغیرہ ناپنے کا لکڑی کا گز۔

جَشب (ع) طعام ناگوار۔ بغیر سالن وغیرہ کے روٹی۔

جَشن (ف) بخار۔ تپ۔ حرارت۔

جَشن (ف) خوشی کی محفل (۲) خوشی۔ عیش (۳) خوشی کا دن (۴) کامرانی (۵) عہد۔

جَشنِ سَدہ (ف) پارسیوں کا ایک جشن جو ماہ بہمن کی دسویں

Marfat.com

تاریخ کو ہوتا ہے۔ سدہ کے معنی بھڑکتی ہوئی آگ کے ہیں۔ یہ جشن نہایت قدیمی ہے اور اس کی بنیاد اس طرح پڑی کہ ہوشنگ بن سیامک نے ایک بڑے کالے سانپ کو اپنی طرف آتا دیکھ کر پتھر مارا۔ پتھر بجائے سانپ کے دوسرے پتھر پر لگا اور اس سے آگ پیدا ہو کر ارد گرد کے خس و خاشاک میں لگ گئی اور سانپ جل گیا۔ بس اسی وقت سے آگ کی پرستش شروع ہو گئی کیونکہ اسے خدا کا نور اور دشمن کو ہلاک کرنے والا خیال کیا گیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس سے پہلے آگ کا ظہور بھی نہ ہوا تھا۔

جشن گرفتن (ف) جشن منانا۔

جشن مریم (ف) حضرت مریم علیہا السلام کے اس طعام اور شراب سے مراد ہے جو درخت کی ٹہنی ہلانے سے حاصل ہوتا تھا۔

جشن نیلوفر (ف) پارسیوں کے ایک جشن کا نام جو ماہ خرداد کی ساتویں تاریخ کو ہوتا ہے۔

جُشَہ (ف) آستین۔ پیراہن۔

جُشتہ (ف) پیمانۂ روغن۔

جَشِیب (ع) ہر سخت شے (۲) بدمزہ۔ ناگوار۔ برا کھانا (۳) روکھی روٹی۔

جشیر / جشیرہ } (ف) بافندہ۔ جولاہا۔

جَشِیش (ع) دلیا۔ خواہ خشک ہو یا پکا ہوا۔

جَشِیم (ع) سخت۔ درشت۔

## ج ۔ ص

جَصّ (ع) گچ کا معرب۔ عمارت کا چونہ۔

جَصّاص (ع) گچ گر۔ چونہ بنانے والا۔

## ج ۔ ع

جِعاب (ع) جعبہ کی جمع۔

جعاد (ع) جعد کی جمع۔

جعالہ (ع) کسی کام کے کرنے کا انعام۔ صلہ۔

جَعبہ (ع) تیردان۔ ترکش (۲) صندوقچہ (۳) بڑے نعال کا سرپوش۔

جَعبہ ساز (ف) باجہ وغیرہ کا صندوقچہ۔

جعبہ میز (ف) میز کا دراز۔ میز کا خانہ۔

جَعد (ع) گھونگریالے بال۔ مڑے ہوئے بال۔

جعد آسا (ف) زلف کی مانند پیچدار۔

جَعْدُ الاَصابِع / جَعْدُ الاَنامِل } (ع) چھوٹی انگلیوں والا۔

جعد انگشت (ف) بخل۔ خست۔ کنجوسی۔

جعدِ پرچم / جعد پرچمہ } (ف) سیاہ ریشم یا بالوں کا پھندنا جو جھنڈے کی نوک پر لگایا جاتا ہے۔

جَعدِ تَن (ف) آدمی کے جسم پر بہت بال ہونا۔

جعدِ قلم (ف) سیاہی جو قلم کے شگاف وغیرہ کے ساتھ لگی ہوئی ہو (۲) لطیف سخن (۳) منحنی خط۔

جعدِ مو (ف) گھونگھریالے بالوں والا۔

جَعدہ (ع) زلف (۲) بکری کا مادہ بچہ (۳) گول جسم والی طاقتور اونٹنی (۴) ایک خوشبودار گھاس کا نام۔

جُعشُوش (ع) باریک جسم اور بدصورت چہرے والا مرد۔

جَعفَر (ع) نہر۔ نالہ۔ اکثر لوگوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

جَعفَر بَرمَکی (ع) ہارون رشید کے وزیر اعظم کا نام جو ہارون الرشید کے حکم سے قتل ہوا اور اسی پر خاندانِ برامکہ اور اس کی عظمت و جبروت کا خاتمہ ہو گیا۔

جَعفَر طیّار (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی کا نام جو حضرت ابوطالب کے بیٹے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حقیقی بھائی تھے۔

جَعل (ع) کرنا (۲) بنانا۔ پیدا کرنا (۳) نام رکھنا (۴) کھجور کا درخت (۵) کسی چیز کا اس طرح نقل کرنا کہ اصل کے مشابہ ہو جائے۔

جُعل (ع) مزدوری (۲) رشوت۔

جُعَل (ع) گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔

جعل ساز (ف) دھوکا باز۔ فریبی۔ شریر۔ بد متفنی۔

جُعل سازی (ف) دھوکا۔ فریب۔ بناوٹ۔

جَعلَق (ف) بدشکل۔ بدخو۔ بداخلاق۔ بےادب۔ آوارہ۔ پانچوں عیب شرعی رکھنے والا۔

جُعلُقی (ف) بدشکل۔ بداندام۔ کمینہ۔

جعلی (ع) بناوٹی۔ نقلی جو اصلی نہ ہو۔ بنا ہوا۔

## ج ۔ غ

جُغ (ع) لکڑی کا جوا جو بیل کی گردن پر ڈال کر چلاتے ہیں۔

جَغ (ع) رئی۔ متھنی۔ مدھانی۔ وہ لکڑی جسے دہی میں ہلا کر مکھن نکالتے ہیں۔

جغ جغ (ف) کھٹکھٹانے کی آواز یا پرندوں کے چہچہانے کی آواز۔

جُغالہ (ع) پرندوں کا جھنڈ (۲) کچا پھل۔

Marfat.com

جُغد (ف) چُغد - اُلّو (۲) قلعہ کا کنگرہ -
جُغرات (ف) دہی -
جغرافیہ (ع) یونانی لفظ جیوگرافی کا معرب ہے - جیو بمعنی زمین اور گرافی بمعنی بیان - زمین کے بیان کا علم یعنی وہ علم جس کے پڑھنے سے دُنیا کی موجودات قدرتی اور مصنوعی کا حال معلوم ہو اس کی کئی قسمیں ہیں مثلاً جغرافیۂ طبعی - جغرافیہ ریاضی - جغرافیہ مدنی وغیرہ -
جُغرافیان (ف) علم جغرافیہ جاننے والے -
جُغش (ف) وہ صحرائی گھاس جو موسم بہار کے شروع میں اُگتی ہے اور اس کو سرکے کے ساتھ کھاتے ہیں -
جُغلہ (ف) امرد - سادہ رُو جسے داڑھی مونچھ نہ ہو - ناچنے والا لڑکا -
جغوروغور (ف) بکھری ہوئی اشیا - تصاویر - بُھنا ہوا جگر جسے گھی اور پیاز کا تڑکا دیا جائے - جسے عرفِ عام میں ستہ گوشت کہتے ہیں -

## ج - ف

جَفّ (ع) آدمیوں کا گروہ - آدمیوں کی بہت بڑی جماعت -
جُفّ (ع) کھجور کے شگوفہ کا غلاف (۲) جو شے درمیان سے خالی ہو (۳) بڑی عمر کا بوڑھا -
جَفّ (ع) پژمردہ - مرجھایا ہوا (۲) خشک (۳) بے آب (۴) خوار -
جَفا (ف) جور - ظلم - ستم - زیادتی -
جُفاء (ع) کوڑا (۲) جھاگ (۳) سونے چاندی کا مَیل -
جفاپیشہ / جفاجو (ف) ستم گار - ظالم - گنہگار -
جُفات (ع) جافی کی جمع - جفا کرنے والا - بدخو -
جُفاجف (ع) ہیئت اور لباس -
جَفاخ (ع) متکبر - لاف زنی کرنے والا -
جَفار (ع) علم جفر جاننے والا جفری -
جفازدہ (ف) مظلوم -
جُفاف (ع) خشک ہونا - سُوکھنا -
جفاکار (ف) ستمگار - ظالم - گنہگار -
جفاکفا (ف) سختی اور مصیبت - ظلم و ستم -
جفاکش (ف) زحمت کش - سختی جھیلنے والا - بہت محنتی -
جفاکیش (ف) ستم کرنے والا -
جفاکشی (ف) سخت محنت - سختی -
جفاگستر (ف) ستمگار - ظالم - گنہگار -
جُفال (ع) دُودھ کی جھاگ (۲) پانی کی رو کے آگے جو گھاس پھوس آجاتا ہے -
جُفالہ (ف) فوج - گلہ - پرندوں کا جھنڈ -

جِفان کالجواب (ع) حوض کی مانند بڑے پیالے -
جَفت (ف) ٹیڑھا (۲) ٹیڑھا ہو جا (۳) انگور کی ٹٹی - (۴) چھت -
جُفت (ف) جوڑا (۲) جوڑا جوڑا (۳) وہ عدد جو دو پر پُورا تقسیم ہو جائے (۴) نرمادہ (۵) میاں بیوی (۶) ہل کے بیل -
جُفت آوردن (ف) جو سرد غیرہ کے کھیل میں ایک ہاتھ پھینکنے کے بعد دوسرا ہاتھ پھینکنے کا موقعہ ملنا - ڈبل باری -
جُفت ران (ف) ہل چلانے والا - کسان -
جُفت شدن (ف) جفت ہونا (۲) جماع کرنا -
جُفت فلک (ف) سُورج اور چاند -
جُفتک (ف) چکوا چکوی - سرخاب کا جوڑا -
جُفت گردن نظر (ف) گھورنا - نہایت غور سے دیکھنا -
جُفت گاؤ (ف) وہ بیل جو زراعت کے کام میں لگایا جاتا ہے -
جُفت گیری (ف) تولید نسل کے لیے نر اور مادہ کا ملاپ -
جُفت مقوس (ف) طاق ایوان و عمارت -
جُفتن (ف) جستن -
جفت نقش دیوار شدن (ف) نہایت حیران ہونا -
جُفتہ (ف) جُھوترا - سُرین (۲) گھوڑے یا اُونٹ کی دولتی (۳) کنواں (۴) ٹیڑھا (۵) چھید - سُوراخ -
جُفتہ (ف) جُفتہ - ٹیڑھا - خمیدہ - کج -
جُفتہ زدن (ف) اعلام کرنا (۲) لات مارنا -
جُفتہ طاق (ف) دونوں ابرو -
جُفتہ گردان (ف) کُولا مٹکاتا ہوا -
جُفتی (ف) جفت ہونا (۲) جماع کرنا -
جُفتی خوردن (ف) جماع کرنا - مباشرت کرنا -
جُفتی زدن (ف) حیوانوں کا جفت ہونا - جماع کرنا - مباشرت کرنا -
جُفتی کردن (ف) جماع کرنا - مباشرت کرنا -
جَفجَف (ع) ہموار زمین - تُند ہوا -
جَفر (ع) بکری کا چار مہینہ کا بچہ (۲) ایک مشہور علم کا نام جس سے احوال غیب پر آگاہی ہوتی ہے (۳) مکہ معظمہ میں ایک مقام کا نام -
جَفن (ع) پلک - آنکھ کی پلک (۲) تلوار کا نیام -
جفنات (ع) پلکیں -
جفنگ (ف) بے ہودہ بکنا - واہیات بکنا - فضول باتیں کرنا -
جفنگ گفتن (ف) یاوہ گوئی کرنا - لغویات کہنا -
جفنگیات (ف) لغویات - خرافات -
جَفنہ (ف) لکڑی کا بڑا پیالہ (۲) چھوٹا کنواں (۳) سخی آدمی -
جَفو (ع) ظلم کرنا - دُور ہونا -
جَفَوت (ع) تُو نے ظلم کیا -
جُفُوف (ع) کپڑے وغیرہ کا سُوکھنا -

Marfat.com

جُفُون (ع)، جفن کی جمع - پلکیں۔
جَفْوہ (ع)، ظلم اور بُرائی کرنا۔
جَفِیر (ع)، چمڑے کا تیردان - ترکش۔

## ج - ق

جَق جَق }
جَق جَق } (ف)، شور غل - بک بک - ناحق کا شور غوغا۔

## ج - ک

جَک (ف)، مدھانی - شب برات جو ماہِ شعبان کی پندرھویں رات ہے۔
جکر (معت)، جھکڑ کا مفرس - آندھی - مغرب کی غبار دار آندھی۔

## ج - گ

جگر (ف)، کلیجہ - حوصلہ (۲) تاب و طاقت (۳) انتظار (۴) رنج - غصّہ (۵) درمیان وسط (۶) رحم۔
جگر باختن (ف)، خوف کھانا - ڈرنا۔
جگر بند (ف)، جگر - دل اور پھیپھڑے کا مجموعہ - فرزند - بیٹا۔ (۳) ہر حقیر اور لاغر چیز۔
جگر تاب (ف)، جگر جلانے والا - کلیجہ بھُوننے والا۔
جگر تفتہ (ف)، عاشق (۲) مدقوق - دِل جلا۔
جگر جگر است دِگر دِگر (ف)، اپنے پھر بھی اپنے ہوتے ہیں اور غیر غیر ہی رہتے ہیں۔
جگر جوش (ف)، دیکھو جگر تاب۔
جگر چیزے نداشتن (ف)، کسی چیز کا حوصلہ یا طاقت نہ رکھنا۔
جگر خراش (ف)، نہایت دل سوز بات۔
جگر خوارہ (ف)، رنج اور مصیبت اُٹھانے والا - جسے بہت رنج و غم لگا رہے (۲) ساحروں کی ایک جماعت۔
جگر خوردن (ف)، خونِ جگر پینا - غمگین ہونا۔
جگر خون کردن (ف)، کسی کام کے لیے سخت برداشت کرنا۔
جگر داشتن (ف)، حوصلہ رکھنا - تاب و تواں رکھنا۔
جگر داری (ف)، حوصلہ - ہمت - دلیری۔
جگر سفید (ف)، پھیپھڑا۔
جگر گوشہ به خوردن (ف)، کھو دینا (۲) اچھی شے کا ہاتھ سے جاتے رہنا۔
جگر گوشہ (ف)، بیٹا - فرزند۔
جگرنہ (ف)، کلنگ کی قسم کا ایک پرندہ جس کی گردن پر لمبے سیاہ پر ہوتے ہیں۔
جگی جگی (ف)، غبغب - ٹھوڑی کے نیچے کا نرم گوشت۔
جگی جگی (ف)، ایک کلمہ ہے جو مغلوب اور عاجز آدمی عجز و اضطراب کے وقت کہتا ہے۔

## ج - ل

جَلَّ (ع)، بزرگ ہوا (صیغہ ماضی)
جَلَّ جلالُہٗ (ع)، اس کی عظمت بہت بڑی ہے - اللہ تعالےٰ کے نام کے ساتھ یہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔
جَلَّ شانُہٗ (ع)، اس کی شان بہت بلند ہے - یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ استعمال کیے جاتے ہیں۔
جَلّ (ع)، چوپائے کا گوبر یا مینگنیاں جمع کرنا - (۲) بادبان۔
جِلّ (ع)، اکثر - زیادہ - بہت (۲) بچھونا - کمبل - بساط۔
جُلّ (ع)، گھوڑے یا گدھے کی جھُول۔
جُل بر گاو لبستن (ف)، کوچ یا سفر کے لیے تیار ہو جانا۔
جُلّ (ع)، تمام - کُل (۲) زیادہ - اکثر۔
جُلّ (ع)، گُل کا معرب - پھُول۔
جَلا (ع)، سر کی اگلی جانب کا بالوں سے صاف ہونا - آدھے سر کا بالوں سے صاف ہو جانا (۲) سُرمہ جو آنکھ کو جلا دیتا ہے۔
جِلا (ع)، ایک خاص قسم کا سُرمہ (۲) مطلق سُرمہ۔
جَلاء (ع)، وطن سے نکال دینا - گھر سے نکال دینا (۲) وطن چھوڑ دینا - اُجڑنا۔
جِلاء (ع)، روشن کرنا - صیقل کرنا - زنگ اُتارنا - مجلّا کرنا۔
جَلّاب (ع)، کھینچنے والا (۲) غلاموں - اونٹوں اور گھوڑوں کی تجارت کرنے والا (۳) کسی چیز کو ایک مقام سے دُوسری جگہ لے جانے والا (۴) شہرت دینے والا - مشہور کرنے والا۔
جُلّ آب (ف)، کائی - وہ سبزی جو کھڑے پانی پر آجاتی ہے۔
جُلّاب (ع)، گلاب کا معرّب - ایک قسم کا شربت جو گلاب اور قند سے تیار ہوتا ہے - مجازاً دست آور دوا۔
جَلّابَہ (ع)، بدخُو عورت جو بہت بے ہودہ فریاد کرنے کی عادی ہو۔
جَلاجِل (ع)، جُلجُل کی جمع - گھنٹیاں یا ٹالیں یا چھڑے میں سی کر اونٹ گھوڑے اور بیل وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) جھانجھ جو دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں (۳) دف (۴) ایک خوش آواز

Marfat.com

جانور کا نام۔
جلّاد (ع) تلوار مارنے والا۔ بادشاہ کے حکم سے خونی کو قتل کرنے والا۔ دُرّہ مارنے والا۔ پوست کھینچنے والا۔
جلّاد (ع) کسی کے ساتھ شمشیر زنی کرنا۔ (۲) بڑی دودھیل اونٹنی۔
جُلّاس (ع) جالس اور جلیس کی جمع۔ بیٹھنے والے۔
جلّادِ فلک (ف) مریخ ستارہ۔
جلافت (ع) جہل۔ نادانی۔ حماقت (۲) کمینہ پن (فارسی والوں نے جلف سے بنالیا ہے۔)
جلال (ع) عظمت۔ بزرگی (۲) باعظمت و بزرگ ہونا (۳) آزمودہ کار ہونا (۴) عمر رسیدہ ہونا (۵) حقیر ہونا۔ (۶) سید جلال لکھنوی کا تخلص جو شاعری میں استاد کامل تھے۔
جِلال (ع) جُل کی جمع۔ گدھوں۔ گھوڑوں کی جھولیں۔
جُلال (ع) باعظمت بزرگ۔
جُلال (ع) موٹا (۲) بزرگ۔ بڑا۔
جلالت (ع) بزرگی (۲) بزرگ ہونا (۳) آزمودہ کار ہونا۔ (۴) معمر ہونا۔
جلالت مآب (ع) صاحب جاہ و جلال۔ عزت مآب۔
جلّالہ (ع) گندگی کھانے والی گائے۔
جُلالہ (ع) بڑی اونٹنی۔
جلالی (ع) منسوب بہ جلال۔ بزرگی قہاری کی صفت۔
جلامید (ع) جلمود کی جمع۔ سخت پتھر۔
جلاوِزہ (ع) جلواز کی جمع۔ چوکیدار۔ پاسبان۔
جلاوطن (ع) وطن سے نکالا ہوا۔
جُلائز (ع) گروہ۔ قبیلہ۔
جَلَب (ع) سودا۔ بیع (۲) نفع۔ سود۔ وہ مال جو فروخت کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جائے۔
جَلب (ع) کھینچنا (۲) تجارت کا مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا (۳) گناہ کرنا۔
جلب کردن (ف) اپنی طرف توجہ کھینچنا۔
جُلَب (ف) فاحشہ عورت (۲) شور و غوغا۔
جُلب (ع) بغیر مینہ کے بادل (۲) پہاڑ کے مشابہ بادل۔ (۳) رات کی سیاہی۔
جِلب (ع) پالان کے اوپر ڈالنے کا کپڑا یا گدی (۲) پالان کی لکڑی (۳) پالان معہ تمام سامان کے۔
جلباب (ع) اوڑھنی۔ چادر۔ وہ چادر جس سے عورتیں اپنا لباس زینت ڈھانپتی ہیں۔
جُلبان (ف) اسبزماش۔
جُلبان (ع) توشہ دان۔ چمڑے کا تھیلا (۲) غلاف جس میں تلوار مع نیام کے رکھی جاتی ہے۔
جل برگاؤ بستن (ف) سفر کو تیار کرنا۔

جلت (ف) شکست۔ کاہل۔ کمینہ۔ بے قدر و قیمت۔
جلپو (ف) پودینہ کے مشابہ ایک سبزی۔
جلجل (ف) گھنٹی۔ ٹلی۔ گھنٹہ (۲) ایک خوش آواز پرندے کا نام۔
جُلجُل (ع) گھنٹی۔ ٹلی۔ گھنٹہ۔
جُلجُلان (ف) دھنیا۔ کشنیز۔
جَلد (ع) ہنٹر۔ کوڑا (۲) کوڑا مارنا (۳) چست۔ تیز۔ شتاب۔ چست و چالاک (۴) چست و چالاک ہونا (۵) سخت ہونا (۶) عورت سے جماع کرنا (۷) سانپ کا ڈسنا۔
جَلَد (ع) اونٹنی کے بچے کی کھال جس میں بھس وغیرہ بھر کر اونٹنی کے سامنے اس لیے رکھ دیتے ہیں کہ اسے زندہ سمجھ کر دودھ دے (۲) بڑے اونٹ (۳) بغیر بچہ اور دودھ کے اونٹنیاں (۴) بکری کا وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی مر جائے (۵) ہموار اور سخت زمین۔
جِلد (ع) چمڑا۔ کھال۔ حیوان کا پوست (۲) کتاب کی جلد۔
جلدا (ع) جلید کی جمع۔ سخت۔ طاقتور۔ بردبار۔ چالاک۔ ہوشمند۔
جلد باز (ف) زود کار۔ جلدی کرنے والا۔ شتابی کرنے والا۔ پھرتیلا۔ چست و چالاک۔
جلد ساز / جلد گر (ف) کتاب کی جلد بنانے والا۔
جلدہ (ع) تازیانہ۔ قمچی۔ چابک (۲) کوڑا مارنا۔
جلز و ولز (ف) اصرار۔ الحاح۔ گڑگڑانا۔ کباب بھونتے وقت جو صدا پیدا ہوتی ہے۔
جلس (ع) ہم نشین۔ پاس بیٹھنے والا۔
جُلسا (ع) جلیس کی جمع۔ ہم نشین۔ مجلس کے لوگ۔ پاس بیٹھنے والے۔
جلسان (ع) گلشن کا معرب۔ باغ۔ چمن۔ گلزار۔
جلستان (ع) گلشن کا معرب۔ باغ۔
جَلسہ (ع) ایک بار بیٹھنا (۲) محفل۔ مجلس۔
جُلَسہ (ع) بہت بیٹھنے والا آدمی۔
جِلسہ (ع) بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ایک قسم کی نشست۔
جَلط (ع) جھوٹ بولنا (۲) قسم کھانا (۳) نیام سے تلوار کھینچنا۔
جلعاء (ع) اجلع کی مونث۔ وہ عورت جس کے لمبے دانتوں کی وجہ سے اس کے ہونٹ ہمیشہ کھلے رہیں۔
جلغوزہ (ف) درخت سوسن کا پھل جو پستہ کی مانند مگر اس سے باریک ہوتا ہے۔
جَلف (ع) کاٹنا (۲) اکھیڑنا (۳) پھول جھڑنا۔
جِلف (ع) کمینہ (۲) بے خوف۔ خود سر (۳) مسخرہ۔
جَلَق (ع) قلیح (۲) ہنسنے میں دانتوں کا کھلنا (۳) سر مونڈنا۔
جَلق (ع) ہتھ رسی، مشت زنی کرنا (۲) دخول سے پیشتر منی گرانا۔
جُلق (ف) ایک گھنٹہ کے ایک ہزار اسی حصوں میں سے ایک حصہ۔
جلق زدن (ف) ہتھ رسی کرنا۔ مشت زنی کرنا۔ ہاتھ کی مدد سے انزال ہونا۔

Marfat.com

جلقی (ع) الجلوق ۔ وہ شخص جسے مشت زنی کی عادت ہو۔ مشت زنی کرنے والا۔ ہاتھ کی مدد سے انزال ہونے والا۔

جلک (ف) جل کی تصغیر۔ جو ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ ہے۔

جلکارہ (ف) مختلف روشیں اور تدبیریں۔

جلکہ (ف) سبزہ زار۔ مرغزار (۲) چٹیل میدان۔

جلل (ع) امرِ عظیم۔ بڑا کام۔

جلمباز (ف) کمینہ۔ لفنگا آدمی۔

جلمد (ع) مضبوط اور طاقتور آدمی (۲) سخت ناہموار اور بڑا پتھر (۳) اونٹوں کا بڑا گلہ (۴) سو سے زیادہ بکریوں کا ریوڑ (۵) بڑی عمر کے اونٹ۔

جلمد (ع) دھوبیوں کا کپڑا دھونے کا پتھر۔

جلمدہ (ع) پتھریلی زمین (۲) طاقتور آدمی۔

جلمود (ع) سخت ناہموار اور بڑا پتھر (۲) بڑی عمر کے اونٹ۔

جلنار (ع) گلنار کا معرب۔ انار کا پھول۔

جلنبہ (ف) وہ لکڑی جس سے دھوتے وقت کپڑے کو کوٹتے ہیں۔

جلنبر (ف) بے سروپا آدمی۔ لفنگا آدمی۔ پھٹے کپڑوں والا۔

جلنگ (ف) گھنٹی اور زنجیر کی آواز (۲) جھینگا مچھلی (۳) خربزہ وغیرہ کی بیل (۴) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

جلو (ف) بے حیا آدمی۔ شوخ آدمی (۲) کباب سیخ۔

جلو (ف) باگ (۲) گھوڑا (۳) گھوڑے کو دوڑانا (۴) آگے۔ سامنے

جلوافتادن (ف) آگے نکلنا۔

جلوآب (ف) پانی کی دھار۔

جلواد (ف) بری طبیعت۔ بری خو۔

جلواز (ع) نوکر۔ پیادہ۔ چپراسی۔

جلوافتاد (ف) سامنے رکھا ہوا۔ آگے پڑا ہوا۔

جلوانداختن (ف) کسی کے پیچھے گھوڑا ڈالنا۔ کسی کے پیچھے گھوڑا دوڑانا۔

جلوبردن (ف) آگے لے جانا۔ بڑھانا۔

جلوت (ع) خلوت کے خلاف۔ ظاہر کرنا۔ اپنا آپ لوگوں کو دکھانا۔

جلوخانِ عمارت (ف) مکان کے دروازے کے سامنے۔

جلوخانہ (ف) صحن (۲) چوک (۳) ڈیوڑھی (۴) شاہی دروازے کے سامنے کا میدان۔

جلود (ع) جلد کی جمع۔ کھالیں۔ پوست۔ چمڑے۔

جلودار (ف) سائیس۔ گھوڑے پر سوار کرانے والا۔ گھوڑے کے آگے دوڑنے والا۔ سواری کے واسطے گھوڑے کو تیار کرنے والا۔

جلوز (ف) فندق جو مشہور مغز ہے اور کھانے میں آتا ہے۔

جلوز (ع) چلغوزہ (۲) موٹا آدمی (۳) موٹا اور بہادر آدمی

جلوز (ع) (ف) کائی۔ سبزی جو پانی پر آ جاتی ہے۔

جلوزہ (ف) چلغوزہ کا مخفف۔

جلوس (ع) بیٹھنا (۲) بیٹھنے والا (۳) مجازاً تختِ سلطنت پر بیٹھنا۔ کچہری کرنے کو بیٹھنا (۴) عرفِ عام میں شاہی سواری (۵) بہت سے لوگوں کا کسی خاص تقریب پر ترتیب سے بازاروں وغیرہ میں چکر لگانا (۶) کسی بڑے آدمی کے داخلہ پر بہت سے آدمیوں کا اس کے جلو میں چلنا۔

جلوف (ع) جلف کی جمع۔ احمق۔

جلوگرفتن (ف) مقابلہ کرنا۔ روکنا۔ سامنے آنا۔

جلوگیری (ف) احتیاط۔ روک تھام۔

جلوگیری شدن (ف) روکا جانا۔

جلوگیری کردن (ف) روک تھام کرنا۔

جلول (ع) جلا وطن ہونا۔

جلو ما زمین گذاشت (ف) ہمارے سامنے نیچے رکھ دیا۔

جلوند (ف) دیا۔ چراغ۔

جلونک (ف) خربوزے، تربوز اور کھیرے کا کھیت۔

جلوہ (ع) اپنے آپ کو ظاہر کرنا (۲) بناؤ سنگار کر کے اپنا آپ لوگوں کو دکھانا (۳) دکھانا (۴) خواہش معشوق۔

جلوہ (ع) وہ لونڈی وغیرہ جو خاوند جلوہ کے وقت دلہن کو بخش دے۔

جلوہ کناں (ف) نمایاں۔ ظاہر۔

جلوہ گر (ف) جلوہ دکھانے والا۔

جلوہ گری (ف) جلوہ دکھانا۔

جلہ (ع) سر کی اگلی طرف کا بالوں سے خالی ہونا۔

جلہ (ف) سوت کی لکڑی۔

جلی (ع) روشن۔ آشکارا۔ ظاہر۔

جلیب (ع) وہ شے جو سوداگری کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جائے۔

جلید (ع) برف (۲) اولا (۳) شبنم وغیرہ جو سردی سے جم جاتی ہے۔ (۴) چالاک۔ چست (۵) ٹینگنی۔

جلیدقہ (ف) صدری واسکٹ۔

جلین (ف) مفسد۔ غماز۔ برگزیدہ۔

جلیس (ع) ہم نشین۔ پاس بیٹھنے والا۔

جلیف (ع) ظالم۔ درشت خو۔

جلیفہ (ع) سال قحط۔

جلیقہ (ف) واسکٹ۔ صدری۔

جلیل (ع) بڑا بزرگ۔ افضل۔ اعلیٰ۔

جلیل (ع) پردہ۔ غلاف (۲) کجاوہ پوشش (۳) زین پوشش۔ (۴) گھوڑے کی جھول۔

جلیل القدر (ع) عالی مرتبہ۔ بڑے رتبے کا۔ معزز۔

جلیلہ (ع) جلیل کی مونث۔

## ج - م

Marfat.com

جَمّ (ع)، کل - تمام (۲) بہت (۳) کنویں کا جمع شدہ پانی -
جُمّ (ع)، صدف - سیپ -
جَم (ف)، جمشید کا مرخم - جمشید جو ایران کا بہت بڑا بادشاہ گزرا ہے۔ مطلق بڑا بادشاہ - اس لفظ کا استعمال جب نگین تخت و باد - وحش وطیور و دیو پری کے ساتھ ہو تو حضرت سلیمان علیہ السلام مراد ہوتے ہیں - آئینہ اور سد کے ساتھ ہو تو سکندر - جام کے ساتھ ہو تو جمشید بمعنی پاک اور منزہ بھی آیا ہے -
جَمّاء (ع)، ہموار (۲) بکری جس کے سینگ نہ ہوں - (۳) لوہے کا خود -
جَماجِم (ع)، جمجمہ کی جمع - سر کی کھوپریاں (۲) لکڑی کے پیالے -
جِماح (ع)، گھوڑے کی شوخی اور سرکشی -
جَماد (ع)، وہ شے جس میں حس وحرکت اور نشوونما کی قوت نہیں - جیسے پتھر مٹی وغیرہ (۲) وہ سال جس میں بارش نہ ہوئی ہو (۳) وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو -
جَمادات (ع)، جماد کی جمع - وہ چیزیں جن میں حس وحرکت اور نشوونما کی قوت نہیں -
جمادالکف (ع)، بخیل -
جمادی (ع)، بے جان چیز - پتھریلی -
جمادی الآخرہ - جمادی الاخریٰ (ع)، چھٹا قمری مہینہ
جمادی الاُولیٰ (ع)، پانچواں قمری مہینہ -
جمادی الثانی (ع)، دیکھو جمادی الآخرہ -
جمادی خمسیہ (ع)، پانچواں قمری مہینہ
جمادی ستہ (ع)، چھٹا قمری مہینہ - جمادی الآخرہ -
جِمار (ع)، جمرہ کی جمع - چھوٹے چھوٹے کنکر (۲) وہ کنکر جو حاجی پھینکتے ہیں (۳) حاجیوں کا کنکر پھینکنا - افعال حج میں سے یہ بھی ایک فعل ہے -
جَمّاز (ع)، تیز رفتار اُونٹ -
جَمّازہ (ع)، جماز کی تانیث - تیز رفتار اُونٹنی -
جُمّازہ (ع)، تنگ آستین والا اُون کا چوغا -
جَمّاش (ع)، عورتوں سے چھیڑ چھاڑ کرنے والا (۲) سر مونڈنے والا -
جِماع (ع)، مباشرت - عورت کے ساتھ ہم بستر ہونا صحبت کرنا - (۲) بڑی دیگ - (۳) بہت چیزیں (۴) کسی چیز کی جمع -
جُماع (ع)، جمع شدہ چیز (۲)، جمع ہونے کی جگہ -
جُماع النّاس (ع)، آپس میں ملے جلے ہوئے ہر قبیلہ کے لوگ -
جَماعت (ع)، گروہ (۲) آدمیوں کا گروہ (۳)، تمام چیز (۴) کلاس -
جماعت (ع)، رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل کا نام -
جَماعت دار (ع)، جماعت کا سردار - سپاہیوں کا سردار - جمعدار -
جَمال (ع)، حسن - خوبصورتی - خوبی -

جَمّال (ع)، شتربان -
جِمال (ع)، بہت سے اُونٹ -
جُمال } جُمّال } (ع)، خوبصورت - حسین (۲) نیک سیرت والا -
جمالہ } جِمالہ - جُمالہ } (ع)، نر اُونٹوں کا گلہ جس میں مادہ نہ ہو (۲) یا - مادہ اُونٹوں کا گلہ جس میں نر نہ ہو -
جَمّالہ (ع)، جمال کی جمع - بہت سے شتربان (۲) اُونٹوں کی قطار -
جَمام (ع)، گھوڑے کا تھکنے کے بعد آرام پانا -
جُمام (ع)، برتن کا پانی سے پُر اور لبالب ہونا -
جُمان (ع)، موتی - گوہر - مروارید (۲) موتی کی شکل پر بنے ہوئے چاندی کے دانے -
جُمانی (ف)، ساقی -
جماہیر (ع)، جمہور کی جمع - آدمیوں کے گروہ -
جمائل (ع)، جمل کی جمع - نر اُونٹ (۲) پانچ یا چھ سات یا نو سالہ نر اُونٹ -
جمہوری } جمبولی } فضول النسان - زبان دراز - دخل در معقولات دینے والا - ہر پھٹے میں ٹانگ اڑانے والا -
جُمجُمہ (ع)، کاسۂ سر - سر کی کھوپری -
جمجمہ شناسی (ف)، کھوپڑیوں کا علم جاننے والا -
جمح (ع)، گھوڑے کا شوخی اور سرکشی کرنا -
جمخ (ع)، بڑائی - بزرگی (۲) فخر کرنا -
جمد (ع)، جما ہوا پانی - یخ - برف -
جمُد (ع)، سردی کے باعث پانی کا جم جانا -
جُمُدّہ (ع)، بزرگ - بلند مرتبہ -
جمر (ع)، آگ کے انگارے -
جَمَرات (ع)، جمرہ کی جمع - سنگریزے -
جمرگ (ف)، جنگی محصول -
جمرہ (ع)، آگ کی چنگاری (۲)، مرض آتشک
جُمرہ (ع)، حج میں کنکر پھینکنا -
جمری (ف)، بد اصل - کمینہ - بازاری آدمی -
جمزلور (ف)، وہ گھوڑا جس کی پیشانی پیٹ اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں -
جمس (ف)، یخ - برف -
جَمّش (ع)، سر کے بال مونڈنا (۲)، انگلیوں کے سروں سے دودھ دوہنا - (۳) عورت سے باتیں کرنا اور ہنسنا کھیلنا (۴) باریک اور پست آواز -
جمشاک (ف)، جوتا - کفش -
جمشید } جمشید دل } (ف)، ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جو ضحاک کے ہاتھ سے مارا گیا - اس لفظ کی شناخت بھی لفظ جم کی مانند ہے (۲)، حضرت سلیمان علیہ السلام کو کہتے ہیں -
جمشید ماہی (ف)، حضرت سلیمان علیہ السلام -
جمشید ماہی گیر (ف)، سورج کو اس وقت کہتے ہیں جب وہ برج حوت میں ہو (۲) حضرت سلیمان علیہ السلام -
جمع (ع)، اکٹھا کرنا (۲) جماعت گروہ (۳) واحد کی ضد

Marfat.com

یعنی ایک سے زیادہ (۴) حساب کا پہلا قاعدہ جس سے ایک سے زیادہ رقموں کو اکٹھا کیا جاتا ہے (۵) ایک صنعت کا نام جس میں شاعر کئی چیزوں کو ایک وصف میں جمع کرتا ہے۔
جَمعا (ع) بڑی عمر کی اونٹنی - پرانی - صحیح سالم چوپایہ جس کے اعضا میں کوئی نقص نہ ہو۔
جمعاظ (ع) گُدکھا (۲) احمق۔
جمع آوری شدن (ف) جمع ہونا۔
جمع آوری کردن (ف) جمع کرنا۔
جمع انداز (ف) وہ ماہر تیرانداز جس کا تیر کبھی خطا نہ ہو اور ہمیشہ نشانے پر بیٹھے۔
جمعُ الجمع (ع) جمع کی جمع بنانا - جیسے رسم کی رسوم اور رسوم کی جمع رسومات - گویا رسومات رسم کی جمع الجمع ہے (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں شہود خلق کا حق کے ساتھ قائم ہونا۔
جمع انداز (ف) قدر انداز - محکم انداز - جس کا تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے۔
جمع بندی (ف) فرد لگان - تقسیم جمع۔
جمعدار (ف) صحیح جماعت دار ہے وہ فوجی سردار جس کے ماتحت سپاہیوں کی ایک جماعت ہو - جماعت کا سردار
جمع زدن (ف) جمع کرنا۔
جمع و خرج (ف) روپیہ کا آنا اور خرچ ہونا۔
جُمعہ } جُمُعہ } (ع) شکر دار - مسلمانوں کی تعطیل کا دن جس روز وہ اکٹھے ہو کر نماز پڑھتے ہیں (۲) کھجور وغیرہ کی ایک مٹھی
جمعۃ الوداع (ع) ماہِ رمضان کا آخری جمعہ۔
جمعۃ الصلبوت (ع) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مصلوب ہونے کا دن۔
جمعہ بازار (ف) جمعہ کے دن منعقد ہونے والا بازار - خرید فروخت کرنے والوں کا بے پناہ ہجوم۔
جمعی (ع) کسی کا ماتحت ہونا - ماتحتی۔
جمعیت (ع) جمع ہونا (۲) آدمیوں کا گروہ (۳) فراہمی۔
جمعیت خاطر (ع) اطمینان - دلجمعی۔
جم غفیر (ع) جماعت کثیر - ہجوم عام - جم بمعنی گروہ اور غفیر بمعنی گڑھا پٹنے والا - چونکہ زیادہ ہجوم سے زمین ڈھیپ جاتی ہے یا چھپ جاتی ہے اس لیے جم غفیر کہلایا۔
جَمل (ع) نر اونٹ (۲) پانچ یا چھ یا سات یا نو سال کا اونٹ۔ (۳) مطلق اونٹ (۴) کھجور کا درخت - (۵) جمل البحر - (۶) شتربان۔
جَمَل (ع) خوبصورتی - خوبی۔
جُمل }
جُمَّل }
جُمُل }
جُمْل } (ع) کشتی کا موٹا رسا۔
جُمَّل (ع) ابجد کے اعداد کا حساب۔

جمل البحر (ع) ایک قسم کی مچھلی جو تیس ہاتھ لمبی ہوتی ہے - وہیل کی قسم۔
جُملگی (ف) کل - سب - ہمگی کا مرادف۔
جُملہ (ع) تمام - سب (۲) میزان کل - کلام کا حصہ - لفظوں کا مجموعہ - فقرہ - کلام تام۔
جُملہ فروشی (ف) تھوک مال بیچنا۔
جُملہ معترضہ (ع) وہ زائد فقرہ جس کے ذکر کرنے سے مطلب فوت نہ ہوتا ہو - خارج از بحث ذکر - بات میں بات۔
جَمَن (ف) انگور کی بیل چڑھانے کی جالی دار ٹٹی۔
جُمند (ف) سُست ہونا۔
جُمُوح (ع) گھوڑے کا سرکش ہونا (۲) جلدی کرنا (۳) دوڑنا۔ (۴) عورت کا خاوند سے سرکشی کرنا - عورت کا بغیر خاوند کی اجازت کے میکے چلے جانا - عورت کا خود رائے ہونا۔
جُمُود (ع) جم جانا - جمنا (۲) بخیل ہونا (۳) پانی کا جمنا۔
جَمُود (ع) وہ آنکھ جس سے آنسو نہ بہے۔
جُمُوس (ع) گھی - چربی وغیرہ کا جم جانا - جس طرح پانی کے جم جانے کے لیے لفظ جمود ہے ویسے ہی گھی وغیرہ کے لیے یہ لفظ مستعمل ہے۔
جُمُوش (ع) بال اُڑانے کا پوڈر - چونہ اور ہڑتال وغیرہ جس سے بال اُڑ جاتے ہیں (۲) خشک سال جن میں گھاس اور زراعت وغیرہ سوکھ جائے۔
جُمُوع (ع) جمع الجمع - جمع لفظ کی جمع - جماعتیں - آدمیوں کے گروہ۔
جُمہور (ع) ریت کا بلند تودہ (۲) کثیر التعداد آدمی - آدمیوں کا گروہ۔ (۳) بڑے خاندان کی شریف عورت۔
جُمیازہ (ف) جماہٹ۔
جُمَّیز }
جُمَّیزے } (ع) گولر - ایک قسم کی انجیر تر۔
جُمیش (ع) بے آب و گیاہ زمین۔
جَمیع (ع) کل - تمام - سب (۲) اکٹھی کی ہوئی چیز - اکٹھا کیا ہوا قبیلہ (۴) لشکر - فوج۔
جَمیعًا (ع) سب کے سب۔
جمیعہ (ع) اجتماع۔
جَمیل (ع) خوبصورت مرد (۲) نیک سیرت مرد (۳) پگھلی ہوئی چربی۔
جَمیلہ (ع) خوبصورت عورت - حسین عورت (۲) کبوتروں کا جھنڈ (۳) ہرنوں کا ریوڑ۔
جمیم (ع) بہت زیادہ گھاس جو زمین کو ڈھانپ دے - گھاس سے ڈھکی ہوئی زمین۔

## ج - ن

Marfat.com

**جَن** (ف) طرف۔ سمت۔ جانب۔ کنار۔ سواد۔
**جَنّ** (ع) مُردہ کا دفن کرنا (۲) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ (۳) پاگل ہونا۔
**جِنّ** (ع) دیو۔ بھوت۔ پری جو انسان کی نظر سے پوشیدہ ہیں۔
(۲) ہر چیز کا اوّل۔
**جِنّ زدہ** (ف) جس پر بھوت پریت کا اثر ہو۔
**جِنّ ہالُش رفتند** (ف) غصّے کا بھوت اُتر گیا۔
**جَنا** (ع) تازہ پھل (۲) چُنا ہوا پھل (۳) کھیتی کی قسم کی چیزیں
(۴) کھڑا این۔
**جناب** (ع) درگاہ۔ آستانہ (۲) گھر کا گرداگرد (۳) کنارہ۔
(۴) اُونٹ کا پالان۔ مجازاً (۵) حضرت۔ حضور۔ خود بدولت۔
**جناب** (ف) دکان۔
**جُناب** (ع) درد پہلو۔ ذات الجنب۔
**جِناب** (ع) چوپائے کے گلے کی رسی جسے پکڑ کر اسے اِدھر اُدھر
لے جایا جاتا ہے (۲) وہ داغ جو اُونٹ کے پہلو پر
دیا جاتا ہے (۳) ہم پہلو ہونا (۴) دُور ہونا۔
**جُناب** (ع) باہم شرط بد کھنے کا ایک کھیل۔
**جناب اقدس** (ع) حضور والا۔ عالی جناب۔
**جَنابت** (ع) غسل کی حاجت۔ ناپاکی جو مرد اور عورت کی صحبت
کے باعث ہو جاتی ہے۔
**جناب عالی** (ع) بڑی درگاہ والا۔ خداوند نعمت۔ عالی جناب۔
**جنابِ والا** (ع) بلند رُتبہ بارگاہ۔ آنحضور۔ آنجناب۔
**جُنابہ** (ف) توام لڑکے (۲) دو دو۔
**جنابی** (ع) دیکھو جنابہ۔
**جنات** (ع) جنت کی جمع۔ بہشت (۲) باغ۔
**جِنّات** (ع) جنّ کی جمع۔
**جُنّات** (ع) جانی کی جمع۔ گنہگار (۲) پھل چُننے والا۔
**جَناح** (ع) پرندے کے شہپر یعنی بازو (۲) آدمی کا بازو (۳)
ہاتھ (۴) بغل (۵) مقدمۃ لشکر یعنی ہراول (۶) وہ گروہ جو
لشکر کی دونوں طرفوں پر مدد کے لیے ہوتا ہے۔
**جناح سفر** (ف) سفر کے لیے جلدی تیار ہونا۔
**جُنَاح** (ع) گناہ۔
**جنادِرہ** (ع) جندار کی جمع۔ نگہبان۔ محافظ۔
**جَنادِع** (ع) حشرات الارض۔ زمین میں سوراخ کرکے رہنے
والے جانور۔
**جَنادِل** (ع) جندل کی جمع۔ بڑے بڑے پتھر۔
**جَنازَہ** (ع) مُردے کی لاش جو دفن کرنے کے لیے لے جائی
جاتی ہے۔
**جِنازہ** (ع) مُردے کی لاش (۲) وہ تختہ جس پر لاش اٹھائی
جاتی ہے۔
**جِناس** (ع) کلام میں دو یا دو سے زیادہ ایسے الفاظ لانا جو لفظ
میں مشابہ اور معنوں میں متغائر ہوں۔

**جناغ سینہ** (ف) سینے کی ہڈی۔
**جناغ** (ف) زین کے آگے کا طاق جسے پنجابی میں ہنا کہتے ہیں۔
(۲) زین کا سینہ (۳) رکاب کا تسمہ (۴) زین کا زائد سامان
جو زینت کے لیے نقش کیا جاتا ہے (۵) زین پوش۔
**جُناق** (ع) دیکھو جناغ۔
**جَنان** (ع) دل (۲) رات کا تاریک اور سیاہ ہونا۔ (۳) رات کا
پہلا حصّہ (۴) آدمیوں کی جماعت۔ بہت سے آدمی (۵)
کپڑا۔
**جِنان** (ع) جُنّہ کی جمع۔ ڈھالیں۔
**جِنان** (ع) جنت کی جمع۔ بہت سے باغ۔ بہشت
**جُنان** } (ع) سپر۔ ڈھال۔
**جُنانہ** }
**جنایات** (ع) جنایت کی جمع۔ گناہ۔ تقصیریں۔
**جنائب** (ع) جنیب کی جمع۔ کوتل گھوڑے (۲) مطلق گھوڑے۔
**جنایت** (ع) گناہ کرنا (۲) کسی کا گناہ تلاش کرنا۔
**جنایت کردن** (ف) کسی بُرے کام کا مرتکب ہونا۔ ایسا جرم جس کی سزا
سزائے موت ہو یا عمر قید و حبس دوام
**جنایت کار** (ف) مجرم۔ بُرے کام کا ارتکاب کرنے والا۔
**جَنب** (ع) طرف۔ پہلو۔ کنارہ۔
**جُنُب** (ع) بے غسل آدمی۔ ناپاک آدمی (۲) نافرمان (۳) بیگانہ۔
(۴) مسافر۔
**جَنَب** (ع) لنگڑا کر چلنا۔ ؛ بیٹھے والی کے گھوڑے کو باگ ڈور
پکڑ کر لے جانا۔
**جُنبان** (ف) ہلنے والا (۲) ہلانے والا۔
**جُنبانیدن** (ف) ہلانا۔ حرکت دینا۔
**جُنب خوردن** (ف) ہلنا۔ دھکا لگنا۔ دھچکا لگنا۔
**جُنبد** (ع) گنبد کا معرّب۔
**جُنبش** (ف) ہلنا۔ حرکت
**جُنبش آنا** (ف) سات ستاروں کی جنبش اور حرکت۔
**جُنبش اوّل** (ف) قضاوقدر کے قلم کی حرکت (۲) پہلے آسمان کے سیاروں کی پہلی حرکت
**جُنبک** (ف) حرکت کرنا۔ کودنا۔ مٹکنا۔
**جُنبہ** (ع) طرف داری۔ حمایت۔ رعایت۔
**جُنبہ دار** (ف) طرفدار۔ حمایتی۔
**جُنبہ داری** (ف) طرفداری۔ حمایت۔ رعایت۔
**جُنبیدن** (ف) جنبش کرنا۔ ہلنا۔
**جنّت** (ع) بہشت۔ باغ۔ باغ بہشت۔
**جنّت آشیانی** }
**جنّت مکانی** } نہایت متقی۔ نیک اور پرہیزگار۔ مرحوم۔
**جنّت مکان** }
**جَنتر** (ع) بین (۲) ہندوں کا ایک ساز جس میں بین سے زیادہ
تاریں ہوتی ہیں (۳) آلاتِ رصد یعنی اُسطرلاب وغیرہ۔

Marfat.com

جنث (ع)، ہر شے کی اصل۔
جنج (ف)، گائے کی آواز (۲)، گائے کی فریاد۔
جنجائی (ع)، کلمہ تحسین و آفرین۔
جنجال (ف)، کام کی کثرت (۲)، آدمیوں کی کثرت۔ (۳)
ریل پیل
جُنْد (ع)، فوج۔ لشکر۔
جَنْدال (ف)، عام آدمی (۲) بے ہودہ اور آوارہ لوگ۔
جُنْدر (ف)، لباس۔ پوشاک۔
جُنْدُرہ (ع)، مٹے ہوئے حروف کو روشن کرنا۔
جندک (ف)، پیسہ۔
جندل (ع)، بڑا پتھر۔
جندہ (ع)، فاحشہ عورت (۲)، کسبی عورت۔
جندہ خایہ دار (ف)، نہایت ہی بد قماش اور فاحشہ عورت۔
جُنْدی (ع)، فوجی آدمی۔ سپاہی۔
جنرال (ف)، جرنیل۔
جنرال کونسل (ف)، کونسل جنرال۔
جنس (ع)، نوع۔ قسم۔ ہر چیز کی ایک نوع جس کے نیچے بہت
سی قسمیں مندرج ہوں (۲)، اہل منطق کی اصطلاح میں جنس
وہ شے ہے جس کے نیچے چند صنف ہوں اور صنف وہ
جس کے نیچے چند افراد ہوں جیسے حیوان جنس ہے اور انسان
اس کی نوع اور ایرانی یا ہندی نوع کی صنف اور صنف کے
اشخاص افراد ہیں۔
جنس بعید (ع)، جو جواب میں اپنے بعض مشارکات کے واقع
ہو جیسے جسم نامی جنس انسان، گھوڑے اونٹ کا
ہے۔
جنس عالی (ع)، جنس الاجناس کا مرادف۔ دیکھو جنس الاجناس۔
جنس قریب (ع)، وہ جنس جو جواب میں اپنی جمیع مشارکات
کا سوال واقع ہو۔ جیسے حیوان جواب ہے اس کا کہ
انسان۔ گھوڑا، اونٹ کیا ہیں۔
جنسیت (ع)، ایک جنس ہونا۔ ایک میل ہونا۔
جُنَف (ع)، ظلم کرنے کا ارادہ کرنا۔ ظلم کی طرف مائل ہونا۔
(۲) حق سے روگردانی کرنا (۳)، طرفداری۔
جُنگ (ف)، اونٹ جو ابھی لادا نہ گیا ہو (۲)، کشتی۔ جہاز۔
(۳)، مختلف اشعار کی بیاض (۴)، جوا کی ایک خاص قسم۔
جَنگ (ف)، لڑائی۔ پیکار۔ جھگڑا۔
جنگ آزمودہ (ف)، تجربہ کار سپاہی
جنگ آوردن (ف)، لڑنا۔ جھگڑنا۔
جنگ اوّل کشتہ شُد (ف)، جب کوئی بات پرانی ہو جائے تو
بولتے ہیں کہ اس بات کو تو مدت ہوئی۔ وہ بات تو آئی
گئی ہو گئی ہے۔
جنگار (ف)، لڑاکا (۲)، خرچنگ۔ کیکڑا۔

جنگجو (ف)، لڑاکا۔ لڑنے والا۔
جنگ دو سردارد (ف)، جنگ کے دو نتیجے ہوتے ہیں فتح یا
شکست۔
جنگ زرگری (ف)، دوسرے کو دھوکہ دینے کے لیے آپس
میں لڑنا۔ مصنوعی جنگ۔ بناوٹی لڑائی۔
جنگ گاہ (ف)، میدان جنگ۔
جنگل (ف)، دشت۔ صحرا۔ بیابان۔
جنگلاہی (ف)، علیواج۔ چیل۔ زغن۔
جنگل درہم (ف)، گنجان۔ جھاڑیاں۔
جنگلوک (ف)، وہ آدمی جو بیماری اور نقاہت کے باعث گھٹنے
ٹیک کر یا دیوار پر ہاتھ رکھ کر اُٹھے (۲)، ٹیڑھے ہاتھ
پاؤں والا آدمی۔
جنگلوک (ف)، دیکھو جنگلوک۔
جَنگی (ف)، منسوب بہ جنگ۔ فوجی۔ لشکری (۲)، بہادر (۳)، بڑا۔
(۴)، وسیع۔
جنگی جہاز (ف)، لڑائی کا جہاز۔
جنگیدن (ف)، جنگ کرنا۔ لڑنا۔
جَنَن (ع)، مُردہ (۲)، کفن (۳)، قبر۔
جُنَن (ع)، جنّہ کی جمع۔ ڈھالیں۔
جَنوب (ع)، شمال کی مقابل سمت۔ دکھن (۲)، دکھن کی ہوا۔
جُنُوب (ع)، جنب کی جمع۔ پہلو۔ پسلی۔
جُنُوح (ع)، جھکنا (۲)، جھکانا (۳)، رات کا اندھیرے کو ساتھ
لے کر آنا۔
جُنُود (ع)، جُند کی جمع۔ افواج۔ فوجیں۔ لشکر۔
جُنُود کبریا (ع)، فرشتوں کا گروہ۔
جُنُون (ع)، دیوانگی۔ ایک بیماری کا نام۔
جُنون دَوری (ع)، وہ دیوانگی جو دَورہ سے ہو اور ہمیشہ و
مسلسل نہ رہے۔ جنون کی ایک قسم جس کا دورہ عموماً موسم
بہار میں ہوتا ہے اور دوسرے موسموں میں یا تو ہوتا ہی
نہیں یا کم ہوتا ہے۔
جُنُونی (ع)، دیوانہ۔ پاگل۔ خبطی۔ مجنون۔
جَنّہ (ع)، بہشت۔ باغ۔
جِنّہ (ع)، جنوں کا ایک گروہ (۲)، پریاں (۳)، فرشتوں کی ایک
قسم (۴)، دیوانگی۔
جَنِی (ع)، تازہ پھل (۲)، چنا ہوا پھل۔
جِنّی (ع)، ایک جن (۲)، منسوب بہ جن۔
جنیس (ع)، اصیل۔ وہ جو اپنی جنس میں اصیل ہو۔
جنیبت (ع)، کوتل گھوڑا جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے
آگے چلتا ہے۔
جنیبت کش (ف)، کوتل گھوڑے کو لے جانے والا۔ کوتل گھوڑے
کو چلانے والا۔

Marfat.com

جُنَید (ع)، بغداد کے ایک ولی کامل اور عارف اکمل کا نام جنہوں نے
۲۹۵ھ میں وفات پائی۔
جنیس (ع)، اصیل - وہ جو اپنی جنس میں اصیل ہو۔
جَنین (ع)، وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔
جَنینہ (ع)، باغ۔

# ج - و

جُو (ف)، شعیر - مشہور غلہ ہے۔
جَوّ (ع)، خلا - زمین و آسمان کا درمیان۔
جواء (ع)، وادی فراخ - گھروں کے درمیان کھلی جگہ۔
جَوآب (ف)، جَو کا جوشاندہ - آش جَو - وہ پانی جس میں جَو ابال
کر بیمار کو دیا جاتا ہے۔
جَواب (ع)، سوال کا اُلٹ - بات کا اتار (۲) پاسخ (۳) مقابل
(۴) ثانی - نظیر (۵) تردید (۶) بدلہ (۷) موقوفی -
(۸) انکار۔
جَواب (ع)، پانی کے بڑے بڑے حوض - اصل میں جوابی تھا۔
جَواب الجواب (ع)، جواب کا جواب۔
جَواب باصواب (ع)، مناسب اور عمدہ جواب۔
جَواب تُرکی بہ تُرکی (ف)، مثل - جیسا کہو گے ویسا سُنو گے۔
اینٹ کا جواب پتھر - نہلے پہ دہلا۔
جواب خالی (ف)، ٹکا سا جواب۔
جواب خوش وخالی (ف)، ٹکہ سا جواب۔
جواب دَادَن (ف)، جواب دینا (۲) مقابلہ کرنا - سامنا کرنا۔
جواب دعوٰے (ع)، مدعا علیہ کا تحریری جواب۔
جواب دِہ (ف)، جس سے مطالبہ کیا جائے۔
جواب زور ہم زورمی دہد (ف)، اینٹ کا جواب پتھر سے
دینا چاہیے۔
جَواب سوال (ع)، بحث - مناظرہ - تکرار - حجت۔
جواب شافی (ع)، پورا جواب - تسلی بخش جواب۔
جواب طلب (ع)، قابل بازپرس (۲) بازپرس (۳) رسید طلب -
قابل دریافت (۴) مشکوک۔
جَواب قطعی (ع)، پُورا پُورا جواب - جواب مطلق۔
جواب ندارد (ف)، بے نظیر ہے - لاجواب ہے۔
جواب نداشتن (ف)، لاثانی و بے نظیر ہونا۔
جوابی (ع)، وہ شخص جو سوز خوانی میں مرثیہ کا پہلا مصرع ہر بند
کے ختم ہونے پر پڑھے (۲) مقابل (۳) نظیر (۴) مدعا
علیہ (۵) جھگڑالو - حجتی
جُواد (ع)، (اس لفظ کو مشدد پڑھنا غلط ہے)، بہت بخشش
کرنے والا (۲) خدا کا نام (۳) تیز رَو گھوڑا۔

جَواذب (ع)، جاذبہ کی جمع - کشش کرنے والی اشیاء۔
جَوار (ع)، بہت گہرا پانی (۲) گھر کا صحن (۳) گھر کا اردگرد۔
جَوّار (ع)، مزارع - کسان۔
جَوار (ع)، (اصل میں جواری تھا)، کشتیاں - جاریہ کی جمع (۲) لونڈیاں
(جاریہ کی جمع ہے)
جِوار (ع)، پڑوسی ہونا (۲) پڑوس - ہمسائیگی کرنا (۳) کسی کو پناہ دینا۔
(۴) کسی کی پناہ میں ہونا (۵) اعتکاف کرنا۔
جُوار (ع)، گائے کی آواز۔
جَوارب (ع)، جراب کی جمع - جرابیں - موزے - پاتابے - پتاوے۔
جَوارح (ع)، جارحہ کی جمع - ہاتھ پاؤں وغیرہ اعضا جن سے کام
کیا جاتا ہے (۲) مادہ گھوڑیاں (۳) شکاری جانور۔
جَوارِی (ع)، جاریہ کی جمع - کشتیاں (۲) لڑکیاں (۳) باندیاں۔
جَواز (ع)، جائز ہونا - مباح ہونا (۲) رواں ہونا (۳) رُخصت -
اجازت (۴) روانی (۵) راہداری کا کاغذ (۶) چوپائے
کو پانی پلانا (۷) کھیت کو پانی دینا۔
جَوّاز (ع)، اخروٹ بیچنے والا۔
جواز (ع)، گزر جانا (۲) پیچھے چھوڑ جانا۔
جِواز (ف)، پتھر یا لکڑی کی اوکھلی (۲) کولھو۔
جُواز (ع)، تشنگی - پیاس۔
جواز داشتن (ف)، جائز ہونا - روا ہونا۔
جواز عبور (ف)، پروانہ راہداری۔
جواز مجانی (ف)، فری پاس - کھیلوں یا سینما وغیرہ میں جو بلا قیمت
ٹکٹ دیے جاتے ہیں۔
جوازال } (ف)، تشنگی - پیاس۔
جوازہ }
جواثیس (ع)، جاسوس کی جمع - حالات کی جستجو کرنے والا۔
(۲) قاصد۔
جَوّاظ (ع)، موٹا آدمی - بڑے پیٹ والا (۲) اترا کر چلنے والا۔
(۳) بدخو - متکبر (۴) شور و غل کرنے والا۔
جُواظ (ع)، بے قراری - بے صبری۔
جُوال دوز (ف)، گون سینے والا - بوری سینے والا (۲) موٹی اور
بڑی سوئی جس سے بوری سیتے ہیں۔
جوال رفتن (ف)، کسی سے لڑائی مول لینا۔
جوالق (ع)، گون - بوری - خرجی (۲) وہ کپڑا جس سے گون بنائی
جاتی ہے - اور اسی سے فقیر اپنے کپڑے بناتے ہیں۔
جَوّالہ (ع)، بہت سے گرد پھرنے والا - گھومنے والا - بہت چکر
کھانے والا (۲) وہ لمبی لکڑی جس کے دونوں سروں پر
آگ لگا کر نہایت تیزی سے اپنے گرد پھراتے ہیں۔
اس لکڑی کے شعلے کو شعلۂ جوالہ کہتے ہیں۔
جَوامع (ع)، جامع کی جمع - سب - تمام (۲) لوہے کے طوق جو
مجرموں کی گردن میں پہنائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

جوامع الکلم (ع) وہ کلام جس کے الفاظ تھوڑے اور مطلب زیادہ ہو (۲) قرآن شریف۔
جُوان (ف) گبرو۔ بالغ۔ پیر کی ضد (۲) تازہ۔ نَو۔
جُوانال (ف) جوان کی جمع۔
جُوانب (ع) جانب کی جمع۔ اطراف۔ طرفین۔
جُواں بخت / جُواں دولت (ف) جس کا بخت اور دولت خوب عروج و ترقی پر ہو۔
جواں سال (ف) نیا جوان۔
جوانگ (ف) گبرو۔ جوان۔
جُواں مرد (ف) ہمت والا۔ سخی۔ کریم۔ فیاض۔
جواں مرگ (ف) وہ شخص جو جوانی میں مر جائے۔
جُوانہ (ف) نوعمر جوان۔
جوانہ زدن (ف) بہار کی آمد پر درختوں میں پہلی کونپل کا پھوٹنا۔
جوانہ مرگ (ف) دیکھو جواں مرگ۔
جوانی (ف) بڑھاپے کی ضد۔ سن بلوغت۔ تازگی۔ گبرو پن۔
جوانی کجائی (ف) جوانی کے وہ ولولے کہاں گئے۔
جُوانغار و برلغار (ف) فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔
جُوانی و ہزار چم خم (ف) جوانی میں لوگ ہزار قسم کی آرائش و زینت کرتے ہیں۔
جواہر (ع) جوہر کی جمع ہر قیمتی پتھر مثلاً یاقوت۔ لعل۔ ہیرا وغیرہ۔
جواہرات (ع) جوہر کی جمع الجمع۔
جُواہرات تسعہ (ع) نو آسمان (۲) نو زنن (۳) نو جواہر یعنی یاقوت لعل۔ الماس۔ زمرد۔ نیلم۔ فیروزہ۔ مروارید۔ مرجان۔ عقیق۔
جُواہر خانہ (ف) توشہ خانہ وہ شاہی مکان جہاں جواہر رکھے جاتے ہیں۔
جواہر دارو (ف) وہ دوا جس میں جواہر ملے ہوئے ہوں۔ خاص کر جواہر والا سُرمہ جسے کحل الجواہر کہتے ہیں۔
جُواہر مجردہ (ع) عقول عشرہ۔ دس۔ فرشتے۔
جواہر مہرہ (ف) اہل فرنگ چند دواؤں سے ترکیب دے کر بہت سے رنگوں کی ایک گولی بناتے ہیں جس میں تریاق کی خاصیت ہوتی ہے۔
جواہر نگار (ف) مرصّع۔ جڑاؤ۔ جس میں جواہر جڑے ہوئے ہوں (۲) خوش خط۔ خوش قلم۔
جُوائز (ع) جائزہ کی جمع۔ عطیے۔ انعامات۔ تحفے بخششیں۔
جُوب (ع) چیرنا۔ پھاڑنا۔
جُوب (ف) چشمہ۔
جُوبال (ف) گون۔ بوری۔ خرجی۔
جُو برہنہ (ف) پیغمبری جَو۔ جَو کی وہ قسم جس پر چھلکا نہیں ہوتا۔

جُوبَہ (ع) گڑھوں کی درمیانی کشادگی (۲) دو زمینوں کے درمیان ہموار فضا (۳) دو پہاڑوں کی درمیانی کشادگی (۴) دو ابروؤں کی درمیانی کشادگی۔
جُوبہ (ف) شہر کی منڈی جس میں مختلف چیزیں شہر سے آکر بکتی ہیں۔
جُوتَرہ (ف) منارہ۔
جُوج (ف) تاج خروس۔ مُرغ کی کلغی۔
جُوجَرہ (ف) ایک درم کا وزن جو اڑتالیس رتی ہوتا ہے۔
جُوجُو (ف) ٹکڑا ٹکڑا (۲) ریزہ ریزہ۔ پارہ پارہ۔ پاش پاش۔
جُوجہ (ف) مُرغی کا بچّہ۔ چوزہ۔
جوجہ را باید در پائیز شمرد (ف) بہار کے آغاز میں نکلوائے ہوئے مُرغی کے چوزوں کا شمار یا گنتی کہیں خزاں میں کرنی چاہیے جب پرورش کے تمام مرحلے طے کر جائیں۔
جُوجہ فکلی (ف) ننھا بچّہ جو لنگوٹی وغیرہ باندھ کر فیشن ایبل بنا پھرے۔
جوجہ گرفتن (ف) مُرغی کے بچے نکلوانا۔
جُوجی (ف) ایک مشہور مسخرے کا نام۔
جُوخ (ف) جماعت۔ جماعت۔ گروہ۔ (۲) انسانوں اور حیوانوں کا لشکر۔
جُوخ (ف) بانات کا تھان۔
جُود (ع) جاند کی جمع۔ اچھی چیزیں۔ عمدہ اشیا (۲) بہت بارش۔
جُود (ع) بخشش کرنا۔ سخاوت کرنا۔ جوانمردی کرنا۔
جُودان / جُودانہ (ف) ایک قسم کا انار (۲) ایک قسم کا کافور (۳) ایک قسم کی بید (۴) پرند کا پوٹہ (۵) چوپائے کے دانتوں کی وہ سیاہی جس سے اس کی عمر معلوم کی جاتی ہے۔
جُودت (ع) خوبی۔ عمدگی (۲) نیکی (۳) چست ہونا۔
جُودت (ع) گھوڑے کی خوش رفتاری (۲) گھوڑے کی تیز رفتاری۔
جُودی (ع) ایک پہاڑ کا نام جس پر طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ٹھہری تھی۔
جُوذر (ف) ٹکڑا ٹکڑا۔ پارہ پارہ (۲) ذرہ ذرہ۔ ریزہ ریزہ۔
جُور (ع) ظلم۔ ستم۔ جفا۔
جُور (ف) پست کی ضد۔ اوپر۔ بالا۔
جُور (ف) قسم۔ طرح۔ مثل۔ مانند۔ ہم پلّہ۔ ہمرنگ۔ جوڑ۔
جُور آمدن / جُور در آمدن موزوں ہونا۔ مطابق ہونا۔
جُوراب (ع) جُراب۔ موزہ۔
جُوراب بند (ف) تسمہ۔ فیتہ۔ جراب باندھنے کا فیتہ۔ ساکس سسپنڈر۔ گیٹس۔
جُورب (ع) دیکھو جوراب۔
جُوربہ (ع) کسی کو موزہ پہنانا۔
جُور بجور (ف) طرح طرح کے۔ متفرق۔

Marfat.com

جور پیشہ (ف) ظالم۔ ستم گار۔
جورف (ع) جیرف یعنی افریقہ کا ایک اونٹ کے مشابہ جانور (۲) نر شتر مرغ (۳) تیز رفتار تاتاری گھوڑا (۴) گدھا (۵) زور کی رَو۔ سیل جو سب کچھ بہا لے جائے۔
جُورَق (ع) نر شتر مرغ۔
جور کردن (ف) جنس بندی کرنا۔ درجہ بدرجہ کرنا۔ ایک جیسا کرنا۔
جور کشیدن (ف) ستم سہنا۔
جورہ (ف) ہندی لفظ جوڑا کا مفرس۔ ہمرنگ (۲) جُفت (۳) مقابل (۴) دو۔
جوز (ع) گوز کا معرب۔ اخروٹ۔ گردگاں (۲) ایک قصبہ کا نام بھی ہے۔
جوز آغند (ف) خشک شفتالو جس کے اندر اخروٹ کا مغز بھرا جاتا ہے۔
جوزاک (ف) غصّہ کھانا (۲) غمزدہ ہونا۔
جوز السروا (ع) سرو کے درخت کا پھل۔
جوز بر گنبد (ف) لغو اور بے ہودہ کام۔
جوز بر گنبد انداختن (ف) لغو اور بے ہودہ کام کرنا۔
جوز بوا (ف) جائفل۔
جوز خراسانی (ف) اخروٹ۔ گردگان۔
جوز زدن (ف) آتش دان میں کوئلے ڈالنا۔
جوز شکستن (ف) ایک قسم کی کھال۔
جوز گندم (ف) ایک گھاس کی جڑ جو دیکھنے میں گیہوں کے چند ملے ہوئے دانے معلوم ہوتی ہے۔ اور اس کا کھانا مٹی کھانے کی خواہش کو دور کرتا ہے۔
جوزل (ع) کبوتر کا بچہ (۲) جوان (۳) زہر (۴) اونٹنی جو لاغری کے باعث گر پڑے۔
جوز ماثل (ف) دھتورے کا پھل۔
جوزن (ف) جادوگر ... حر (۲) ہندوؤں کی وہ عبادت جسے ہون کہتے ہیں ... م اور جو کی بیماری جو انہیں خشک کر دیتی ہے۔
جوزہ (ف) اخروٹ ... ب دانہ۔
جوز ہندی (ف) ناریل (۲) ناریل کا مغز۔
جوزی (ف) منسوب بہ جوز۔ قصبہ جوز کا رہنے والا (۲) ایک عالم کا نام۔
جوزیدن (ف) غصّہ کھانا (۲) غمگین ہونا۔
جوژک (ف) چھوٹا چوزہ۔
جوژہ (ف) چوزہ۔
جوس (ع) پامال کرنا (۲) مجبور (۳) دباؤ ڈالنا (۴) رات کو دلیری سے پھرنا (۵) گھروں کے درمیان غارت گری کے ارادہ سے پھرنا (۶) خوب تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔
جوساک (ف) گریبان کا تکمہ۔
جوسان (ع) گھروں کے درمیان میں غارت گری سے پھرنا۔
جوسک (ف) دیکھو جوساک۔
جوسنگ (ف) جو کے وزن کی شے۔ جو کے وزن کے برابر۔

جوسہ (ف) دیکھو جوشن۔
جوش (ف) اُبال (۲) ولولہ۔ برانگیختگی (۳) تیزی (۴) زیادتی۔ غلبہ (۵) مستی (۶) شہوت (۷) غصّہ (۸) حمایت (۹) مذہبی حرارت (۱۰) تعصب (۱۱) دیوانگی (۱۲) اشتیاق (۱۳) جذبہ (۱۴) محبت الٰہی کا جذبہ (۱۵) فارسی کے مہینوں کا چودھواں دن (۱۶) حلقہ جوزہ کے حلقوں کے مشابہ ہو۔
جوش (ع) سینہ (۲) دل کا تڑپنا (۳) دیگ کا جوش مارنا (۴) رات کا درمیانی حصّہ (۵) انسان کی کمر (۶) رات کے اول یا آخر کا بڑا حصّہ۔
جوشاک (ف) اُبلنا۔ جوش مارنا۔
جوشاندن (ف) اُبالنا۔ جوش دینا۔
جوشاندہ (ف) کاڑھا ہوا۔ جوش دی ہوئی دوا۔
جوشانیدن (ف) جوش دینا (۲) اُبھارنا۔ برانگیختہ کرنا۔
جوش قیمہ (ف) کھانا ہے جس میں آٹے کی روٹی میں قیمہ ملا کر پکاتے ہیں۔
جوش ترشی (ف) ٹارٹرک ایسڈ۔
جوش جوانی (ف) جوانی کی تیزی۔ ولولہ۔
جوش خوردن (ف) غصّے میں آنا۔
جوش خوں (ف) مادری محبت۔ برادرانہ محبت۔ ایک خون ہونے کا تعلق۔
جوش دادن (ف) دلیڈا تنگ کرنا۔
جوش دہن (ف) مُنہ آنا۔ مُنہ پھولنا۔
جوش زدن (ف) جوش میں آنا۔ گرجنا۔
جوشش (ف) جوش۔
جوش شیریں (ف) سوڈیم بائی کاربونیٹ۔
جوشن / جوشن } (ف) ایک قسم کا جنگی لباس جس میں لوہے کی کڑیاں یعنی حلقے اور پٹریاں ہوتی ہیں۔ بخلاف زرہ کے جس میں صرف کڑیاں ہوتی ہیں۔
جوشن صغیر / جوشن کبیر } آیات اور ادعیہ ماثورہ سے کچھ دعائیں ہیں جو جوشن پر پڑھ کر میدان جنگ میں جاتے ہیں تاکہ ان کی تاثیر سے ہر طرح محفوظ ہیں۔
جوش و خروش (ف) طیش۔ غصّہ (۲) کڑک۔ گرج (۳) غل۔ غپاڑہ۔
جوشیدن (ف) جوش مارنا۔ اُبلنا (۲) پیچ و تاب کھانا۔
جوشیدہ مغز (ف) غضبناک۔ خشمناک (۲) ہوشیار۔
جوشیر / جوشیرہ } (ف) جو کا شیرہ۔ ایک قسم کا آش (۲) جولاہا۔
جوع (ع) بھوک۔ گرسنگی۔
جوع البقر (ع) ایک مرض کا نام جس میں باوجود سیری کے معدہ کے تمام اعضا پر بھوک سی طاری رہتی ہے (۲) ہر وقت منہ چلاتے رہنے کی عادت۔ بسیار خوری۔ گائے والی بھوک۔

Marfat.com

جُوعُ الکلب (ع) کُتّے کی سی بھوک - ایک مرض کا نام جس میں خواہ کتنا ہی کھا جائیں - مگر بھوک کا غلبہ ویسا ہی رہتا ہے -
جُوعان (ع) بھوکا - گرسنہ -
جَوف (ع) پیٹ - شکم (۲) ہر شے کا اندرونی حصّہ جو خالی ہو (۳) پست و ہموار زمین -
جَو فروش گندم نما (ف) گیہوں دکھا کر جَو بیچنے والا - بے ایمان اور دغا باز آدمی -
جَوق (ع) جُوق کا معرب - گروہ - فوج (۲) آدمیوں کا گروہ - (۳) پرندوں کا غول -
جُوق (ت) دیکھو جوق -
جَوق جَوق (ع) } گروہ گروہ -
جُوق جُوق (ت) } فوج در فوج -
جُوگک (ف) مُرغ کا بچہ -
جَو گندم (ف) وہ داڑھی جس میں سفید و سیاہ بال ہیں -
جُول (ف) چیل - زغن - غلیواج -
جول (ت) چول کا مرادف - جنگل - بیابان -
جولا (ف) جولاہا -
جولاغی (ف) فریبی - دل لگی کرنے والا -
جُولان (ف) بیڑی جو مجرموں کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے -
جولانگاہ (ف) گھوڑ دوڑ کا میدان -
جولانگری (ف) دوڑنا - پھرنا -
جولانی (ف) گھوڑا - شراب کا پیالہ -
جولاہ } (ف) بافندہ - کپڑا بُننے والا (۲) مکڑی -
جولاہہ } عنکبوت -
جولاہک (ف) جولاہہ کا مصغّر -
جُولخ (ف) کمبل - موٹی اور سخت پشم کا کمبل جو درویش پہنتے ہیں -
جولخی (ف) قلندر - گدڑی پہننے والا - پشمینہ پوش -
جولستان (ت) چولستان کا مرادف - ہموار جنگل -
جولق (ف) دیکھو - جولخ -
جولگاسے مغاں (ف) ایک نہایت سرسبز مقام کا نام - جو مقام چوال مقام جوار دبیل کے قریب ہے - دریائے خسرو تک سات فرسنگ لمبا اور بیس فرسنگ چوڑا ہے -
جَولہ (ف) جولاہ کا مخفف - بافندہ -
جَولیدن (ف) پریشان و پراگندہ ہونا -
جَون (مف) ہندی لفظ جمن کا مفرس - دریائے جمنا -
جَونقی (ف) گدڑی پوش درویش -
جُونہ (ف) عطردان (۲) عطر فروش کا صندوقچہ -
جَو دکاہ (ف) دانہ گھاس -
جَوہر (ع) گوہر کا معرب - مروارید - موتی - قیمتی پتھر (۲) دلاور (۳) نچوڑ - ست (۴) خلاصہ (۵) رُوح (۶) وہ چیز جو بذات خود قائم ہو - عرض کے خلاف جس کا قیام جوہر کے وسیلہ سے ہوتا ہے - جیسے لوح اور نقش میں لوح جوہر اور نقش عرض ہے - کپڑا اور رنگ میں - کپڑا جوہر ہے اور رنگ عرض -
جوہر اوّل (ع) حضرت جبرائیلؑ (۲) یا قلم (۳) یا حضرت آدمؑ (۴) یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نور (۵) یا عقل اوّل سے مراد ہے -
جوہر ایں کار ندارد (ف) اس کام کے سرانجام دینے کی قابلیت و استعداد نہیں رکھتا -
جوہر ثانی (ع) عقولِ عشرہ میں سے دُوسری عقل -
جوہر دار (ف) چمک دار - ہنرمند -
جوہر سرما (ف) جاڑا -
جوہر شورہ (ف) شورے کا تیزاب -
جوہر عُلوی (ع) وہ عناصر جن کا مقام زمین سے بلندی پر ہے آگ، ہوا - رُوح - آسمان -
جوہر فروش (ف) نبی (۲) ولی (۳) شاعر فصیح الکلام -
جوہر فروشاں (ف) جوہر فروش کی جمع -
جوہر فعّال (ع) عقولِ عشرہ میں سے دسویں عقل جس نے بزعم حکمائے نو عقول اور آٹھ آسمانوں کے سوا تمام جہان کو خدا کے حکم سے پیدا کیا -
جَوہر کردن (ف) ننگ و ناموس کے خیال سے اپنے بال بچوں کو ہلاک کر دینا -
جوہر گوگرد (ف) سلفرک ایسڈ -
جوہر لیمو (ف) سٹرکٹ ایسڈ -
جَوہری (ع) جواہرات بیچنے والا (۲) ایک قسم کا فرقہ جو خدا کو جوہر کہہ کر اس کے لیے طول و عرض و عمق ثابت کرتا ہے (۳) ایک شاعر کا تخلّص (۴) صاحب جوہر -
جوئے (ف) ندی (۲) نہر -
جویا - جویاں } (ف) تلاش کرنے والا - ڈھونڈنے والا -
جویائے }
جوئبار (ف) نہر کا کنارہ (۲) چھوٹی نہروں سے مل کر بنی ہوئی بڑی نہر (۳) وہ مقام جہاں پر بہت سی نہریں ہوں -
جوبچہ (ف) جوئے کی تصغیر - جھیل -
جوئیدن (ف) ڈھونڈنا - تلاش کرنا -
جویدن (ف) دانتوں سے چبانا -
جوئے سیم (ف) ستارہ (۲) کہکشاں -
جوئے شیر (ف) دُودھ کی نہر - وہ نہر جو فرہاد نے شیریں کے حکم سے کوہ بیستون کو کاٹ کر شہر میں شیریں کے محل تک تیار کی تھی - جس میں بیستون کے مرغزار سے تازہ دُودھ دوہ کر ڈالا جاتا تھا اور وہ شیریں کے محل میں پہنچتا تھا -
جویک (ف) جوئے کی تصغیر - چھوٹی سی نہر -
جوئے گندم (ف) گیہوں کے دانہ کی لکیر - جیسے الف گندمی

Marfat.com

کہتے ہیں۔
جوین (ف)، جَو کا آٹا (۲)، جَو کی روٹی۔
جوینده (ف)، تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈھنے والا۔
جوینده یابنده (ف)، جو ڈھونڈتا ہے پالیتا ہے۔
جوییدن (ف)، دیکھو جوئیدن۔

# ج - ہ

جِہ (ف)، بدکار عورت۔ فاحشہ عورت۔
جہابذہ (ع)، نقاد لوگ۔
جہات (ع)، جہت کی جمع۔ طرفیں۔ سمتیں۔
جہاتِ اصلی (ف)، شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
جہاتِ ستہ (ع)، شش جہات۔ چھ طرفیں۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔ نیچے اوپر۔
جہاد (ع)، سخت زمین جہاں گھاس نہ ہو اور پیلو کے درخت ہوں۔
جہاد (ع)، کوشش کرنا (۲)، حمایت دین کے لیے ہتھیار اُٹھانا۔ شرائط اسلام کے بند کر دینے پر کفار سے اثبات دیں اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جان و مال سے لڑنا۔ بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام کے ساتھ ہتھیار سے لڑیں۔
جہادِ اصغر (ع)، ظاہری جہاد۔ کفار سے لڑنا۔ چھوٹا جہاد۔
جہادِ اکبر (ع)، بڑا جہاد۔ باطنی جہاد۔ نفس کشی۔ نفس کے ساتھ محاربہ اور مجادلہ کرنا۔ ریاضت۔ فقر۔ زہد۔
جُہارہ (ع)، بلند آواز ہونا۔
جُہاز (ع)، گھر کا مال و متاع (۲)، بہت بڑی کشتی جو سمندر میں چلتی ہے (۳)، جو چیز اونٹ پر لدی ہوئی ہو (۴)، عورت کا اندام نہانی۔
جُہاز } (ع)، دُلہن کا جہیز۔ اسباب عروس (۲)، مسافر کا سامان
جِہاز } (۳)، مُردے کا سامان کفن و دفن (۴)، سامان۔
جہاز خانہ (ف)، گھر کا اسباب کپڑے وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔
جہاز صحرا (ع)، اُونٹ سے مراد ہے۔
جہازی (ع)، منسوب بہ جہاز۔ ملاح (۲)، جہاز کا مسافر (۳)، خلاصی (۴)، جہاز چلانے والا (۵)، بحری۔ سمندری۔
جہّال (ع)، جاہل کی جمع۔ ان پڑھ لوگ۔
جہالت (ع)، بے علمی۔ نادانی۔ بے وقوفی۔
جُہان } (ف)، دنیا (۲)، دُنیا کا مال و اسباب (۳)، کودنے
جِہان } والا۔
جہان آرا (ف)، خدا۔ عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔ جہان کو آراستہ کرنے والا۔
جہان آفرین (ف)، خدا تعالےٰ۔
جہان افروز (ف)، جہان کو روشن کرنے والا۔ آفتاب کی صفت۔

جَہاں بادشاہ (ف)، بادشاہ۔
جَہاں بان (ف)، دنیا کا نگہبان۔ بادشاہ۔
جَہاں بین (ف)، دنیا کو دیکھنے والا (۲)، سیاح (۳)، بٹیا (۴)، آنکھ۔
جَہاں پناہ (ف)، پناہ جہاں کا مقلوب۔ بادشاہ۔
جَہاں پہلو (ف)، پہلوئے جہان کا مقلوب۔ پہلوان جہاں۔
جَہاں تاب (ف)، آفتاب۔ دُنیا کو روشن کرنے والا۔
جَہاں جو۔ جہاں جوئے (ف)، بادشاہ۔
جَہاں جَہاں (ف)، زیادہ۔ بہت۔
جَہاں خسرو (ف)، خسروئے جہان کا مقلوب۔ دنیا کا بادشاہ۔
جہاندار } (ف)، بادشاہ۔
جہانداور }
جہاں در جہان (ف)، بہت زیادہ۔
جہاندن (ف)، اُچھالنا۔ کدانا۔
جَہاندیدہ (ف)، تجربہ کار (۲)، سیاح۔
جہاندیدہ بسیار گوید دروغ (ف)، بہت تجربہ کار۔ جھوٹ بھی بہت بولتا ہے۔
جہاں را بامید خوردہ اند (ف)، جب تک سانس تب تک آس۔
جہاں سالار (ف)، بادشاہ۔
جہاں سوز (ف)، مُلک کو تباہ کرنے والا (۲)، ظالم۔
جہاں سیاہ کردن (ف)، مُلک تباہ کرنا۔
جہاں کُشا (ف)، مُلک فتح کرنے والا (۲)، جہاں کو زیر فرمان کرنے والا۔
جَہاں کُشادن (ف)، مُلک فتح کرنا (۲)، جہاں کو زیر فرمان کرنا۔
جہاں کندن (ف)، ملک کو تباہ کرنا۔
جہاں گرد (ف)، سیاح۔
جہاں گردی (ف)، سیاحت۔ سفر۔
جہانگیر (ف)، بادشاہ۔ ہندوستان کے مشہور بادشاہ نورالدین کا لقب جو اکبر کا بیٹا اور شاہجہان کا باپ اور مُغلیہ خاندان کا چوتھا بادشاہ تھا۔ نور جہاں اسی کی ملکہ تھی۔ اس کا مقبرہ شاہدرہ لاہور میں مشہور عمارت ہے بائیس سال حکومت کے بعد ۱۰۳۷ھ میں وفات پائی۔
جہاں نُما (ف)، دُنیا کا نقشہ۔
جہاں مہین (ف)، عالم کبیر۔ وہ عالم جو ماسوائے اللہ ہے۔
جہاں نورد (ف)، سیاح۔
جہاں نوردی (ف)، سیاحت۔ سفر۔
جہانی (ف)، منسوب بہ جہان۔ جہان کا رہنے والا۔
جہانیاں (ف)، جہان کے لوگ۔ دنیا کے لوگ۔
جہانیدن (ف)، اچھالنا۔ کدانا۔
جہت (ع)، جانب۔ طرف (۲)، باعث (۳)، لیے۔ واسطے۔ برائے۔
جُہد۔ جَہد (ع)، سعی۔ کوشش (۲)، قوت۔

Marfat.com

جُہد مجہد - مشقت (۲) رنج - دُکھ -
جُہدُ المقل (ع) فقیر کی کوشش (۲) تھوڑی سی کوشش -
جُہد جہید } (ع) بے حد کوشش - نہایت کوشش - بے انتہا -
جُہد جہیدُ }
جہر (ع) ظاہر کرنا (۲) بلند آواز سے پڑھنا -
جہزہ (ع) وہ چرخی جس سے جولاہے سوت کی نلی بناتے ہیں -
جہرۃً (ع) ظاہراً - کھلم کھلا - آشکارا -
جہش (ف) طبیعت - سرشت - خلقت - نیچر -
جہفض (ع) دُوسرے کو رہا کرانے کے لیے کسی پر غلبہ کرنا - شکار کو باز کے پنجے یا شکاری سے چھڑا دینا -
جہضم (ع) شیر (۲) بڑے سر اور فراخ سینے والا - تنومند آدمی -
جہل (ع) نہ جاننا - نادانی - بے علمی -
جُہلا (ع) جاہل کی جمع - نادان لوگ -
جہل بسیط (ع) جہل مرکب کی ضد - خالص نادانی - کسی شے کی حقیقت نہ جاننا اور اپنے نہ جاننے سے باخبر اور نہ جاننے کا مقر ہونا -
جہلِ مُرکب (ع) دُہری نادانی - نادان ہونے پر اپنے آپ کو دانا جاننا - کسی چیز پر خلاف واقع اعتقاد کرنا - مثلاً سونے کو چاندی اور چاندی کو سونا جاننا - دو جہلوں میں گرفتار ہونا - یعنی عدم علم اور ناواقفیت عدم علم -
جہلہ (ع) جاہل کی جمع - نادان لوگ -
جہم (ع) کمزور - عاجز (۲) شیر (لغات اضداد سے ہے)
جہمز (ف) زناکار -
جہمزی (ف) زناکاری -
جہمیہ (ع) ایک گروہ کا نام جو جہم بن صفوان کی طرف منسوب ہے -
جہن (ع) کُرشتی (۲) ترش روئی -
جہنم (ع) دوزخ (۲) گہرا کنواں -
جہُود (ف) یہود کا مفرس - یہودی لوگ - حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت - قوم یہود -
جہُودانہ (ف) زرد رنگ کا کپڑا جسے یہود کندھے پر ڈال رکھتے اور اسے عبادت خیال کرتے ہیں -
جہُودانہ (ف) شاکہ - ایک درخت کا نام جس کی گوند کو انزروت کہتے ہیں (۲) نیز چرب رودہ کہتے ہیں جس میں مصالح اور گوشت بھر کر پکاتے ہیں -
جہود خران دیدہ (ف) نہایت کم حوصلہ آدمی جو تھوڑی سی تکلیف پر بلبلا اُٹھے -
جہُودی (ف) یہودی کا مفرس - قوم یہود کا ایک آدمی -
جہُور (ع) بہادر آدمی - دلاور آدمی -
جہورالقوت (ع) بلند آواز جو بڑی آواز سے گفتگو کرے -
جہُورہ (ع) اُونچی آواز سے بات کہنا -
جہوری (ع) بلند آواز - بلند آواز والا آدمی (۲) دیداری آدمی -
جہُوش (ع) کسی کے آگے رُوتا (۲) بچوں کی مانند رونے پر تیار ہونا -
جہُول (ع) سخت بے وقوف - نہایت احمق - بہت نادان -
جہُوم (ع) کمزور - عاجز -
جہُومت (ع) ترش روئی کرنا -
جہُون (ع) قریب ہونا -
جہیدن (ف) اُچھلنا - کودنا (۲) تیز چلنا -
جہیر (ع) صاحب جمال (۲) دیداری آدمی - (۳) قابل احسان -
جہیز (ع) جہاز کا امالہ (۱) رخت عروس - وہ سامان جو شادی کے وقت لڑکی کو دیا جاتا ہے (۲) مُردے کے کفن و دفن کا سامان (۳) وہ روپیہ جو چھٹے میں لگایا جائے -
جہیض (ع) اسقاطِ حمل - گرا بچہ -

## ج - ی

جی (ی) زمین - ارض -
جی (ف) اصفہان کے گرد و نواح کے ایک پرگنہ کا نام -
جے (ف) علاقہ رَے کے ایک پرگنہ کا نام -
جیاب (ف) جیب کی جمع - گریبان -
جیاد (ع) جید کی جمع - گردنیں -
جیاد (ع) جواد کی جمع - تیز رفتار گھوڑے -
جیاد (ع) جیّد کی جمع - کھرے - خالص -
جیاش (ع) وہ گھوڑا جو پاؤں کے خفیف اشارے سے ہوا ہو جائے -
جیاع (ع) جائع کی جمع - بھوکے -
جیب (ع) گریبان (۲) پیراہن (۳) سینہ (۴) دل (۵) کیسہ جو گریبان کے نیچے لگایا جاتا ہے اور اب دامن کے کیسہ کو بھی کہتے ہیں - کیسہ -
جیب بُر } کیسہ تراش -
جیب تراش }
جیا (ف) ایندھن - جلانے کی لکڑی (۲) سوختہ -
جیبر (ف) بہشت - باغ -
جیبہ (ع) جواب دینا -
جیبہ خانہ (ف) زرہ خانہ -
جیحون (ف) مُلک تاتار کے ایک مشہور دریا کا نام جو جھیل ارال میں گرتا ہے -
جید (ع) گردن -
جیّد (ع) خوب - نیک (۲) خالص - کھرا -
جیدر (ع) کوتاہ قد مرد - چھوٹے قد کا مرد -
جیر (ف) زیر - نیچے -

Marfat.com

جیر (ع) بے - ہاں - ٹھیک - درست -
جیران (ع) جار کی جمع - پڑوسی - ہمسائے -
جیرہ (ف) راتب - روزینہ جو فوجی آدمیوں وغیرہ کو ملتا ہے -
جیرہ بندی (ف) غلہ کھانڈ یا دیگر اشیائے خوردنی و پوشیدنی کی راشن بندی -
جیرہ خوار (ف) راتبہ خوار -
جیز جنگ } (ف) مصنوعی ذکر جو چمڑے وغیرہ سے بنا کر عورتیں
جیز جنگ } آپس میں چپٹی لڑاتی یعنی باہم مجامعت کرتی ہیں -
جیزگر (ف) سود خور -
جیستن (ف) اُچھلنا - کودنا -
جیش (ع) لشکر - فوج (۲) ہانڈی کا جوش کھانا (۳) دل کا شورش میں آنا -
جیش را تار عنکبوت گرفتہ (ف) اس کے پاس پھوٹی کوڑی تک نہیں - بالکل قلاش -
جیش (ع) میتھی جو مشہور سبزی ہے -
جیعم (ع) وہ بھوکا جس کی نظر صرف کھانے کی چیز پر ہو -
جیغ } (ف) فریاد - شور - آواز -
جیغہ }
جیغ زدن (ف) داد فریاد کرنا - چیخ و پکار کرنا -
جیغ جیغ کردن (ف) چوں چوں کرنا - پرندوں کا چہچہانا -
جیغہ (ف) ایک مرصع زیور جسے پگڑی پر باندھتے ہیں -
جیغہ جیغہ (ف) وہ شے جسے ولایت کی عورتیں ابرک میں ملا کر پیشانی پر لگاتی ہیں - افشاں -
جیفہ (ع) مُردار - سڑا ہوا حیوان - بدبودار -
جیق جیق (ف) چڑیوں کی چوں چوں -
جیک جیک (ف) پرندوں کا بولنا -
جیل (ع) آدمیوں کا گروہ - فوج (۲) زمانہ -
جیل - جیلان (ع) بغداد کے قریب ایک گاؤں کا نام -
جیل } (ع) گیل اور گیلان کا معرب - ایک علاقہ کا نام جو
جیلان } ایران کے نواح میں ہے -
جیلانی (ع) آلس کریم -
جیلان (ع) کنکریاں جنہیں ہوا اُڑا لے پھرے (۲) خاک
جیم (ع) اونٹ جو جفتی کا نہایت مشتاق ہو (۲) دنیا (۳) حرف جیم -
جین (ف) بُری صفات - بُرے اخلاق -
جینہ ور (ف) پُل صراط -
جیو (ی) زمین - ارض -
جیواد (ف) پرہیزگاری - زہد -
جیود (ع) جید کی جمع - گردنیں -
جیوش (ع) جیش کی جمع لشکر
جیوہ } (ف) سیماب - پارہ -
جیوہ }

Marfat.com

# چ

چ - فارسی حروف تہجی کا ساتواں حرف بحساب جمل اس کے عدد بھی جیم کے برابر یعنی تین خیال کیے جاتے ہیں۔

## چ - ا

چا (ف) چائے۔
چابک (ف) چست - چالاک - پھرتیلا - برجستہ (۲) جلد (۳) کوڑا - تازیانہ۔
چابک خرام (ف) تیز رفتار - تیز چلنے والا۔
چابک دست (ف) وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں پھرتیلا ہو - چالاک - ہوشیار۔
چابک رکاب / چابک رکیب (ف) وہ سوار جو چالاکی سے گھوڑا دوڑائے - تیز رو سوار (۲) تیز رفتار گھوڑا۔
چابک زدن (ف) کوڑا مارنا - کام کی ترغیب دینا۔
چابک سوار (ف) گھوڑا پھیرنے اور سدھانے والا (۲) گھوڑے کا خوب سوار (۳) گھوڑوں کا سوداگر۔
چابکی (ف) چستی - چالاکی (۲) تیز رفتار گھوڑا جو تازیانہ لگنے پر غلط راہ نہ چلے۔
چاپ (ف) چھاپہ۔
چاپ زدن (ف) دھوکہ دینا - فریب دینا۔
چاپاتی (ف) چپاتی - توے کی پتلی روٹی - پھلکا۔
چاپار (ف) سواری کی ڈاک (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک چوکی۔
چاپار خانہ (ف) ڈاک خانہ۔
چاپ خانہ (ف) چھاپہ خانہ۔
چاپ درمے آید (ف) چھپ کر نکلتا ہے - طبع ہو کر نکلتا ہے۔

چاپ سربی (ف) ٹائپ کی طباعت۔
چاپ سنگی (ف) پتھر کا چھاپہ۔
چاپ کردن (ف) چھاپنا - طبع کرنا۔
چاپلوس (ف) خوشامدی - چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - چرب زبان۔
چاپہ (ف) چھاپہ - وہ لکڑی کا قالب جس سے کپڑوں وغیرہ پر نقش کیے جاتے ہیں۔
چاپی (ف) چھپا ہوا - جعلی۔
چاپیدن (ف) لوٹ مار کرنا (۲) خراب کرنا۔
چاتو (ف) پھانسی۔
چاچ (ف) ترکستان کے مشہور شہر تاشقند کا قدیمی نام جہاں کی کمانیں مشہور تھیں (۲) بعض کے نزدیک کاشغر کا قدیمی نام ہے (۳) صاف کیے ہوئے غلہ کا ڈھیر۔
چاچلہ (ف) چمڑے کا جوتا۔
چاچول باز (ف) خوشامدی - نیم حکیم۔
چاچی (ف) منسوب بہ چاچ - چاچ کا رہنے والا (۲) چاچ کی کمان۔
چاچیاں (ف) چاچی کی جمع - چاچ کے رہنے والے۔
چاخان (ف) چاپلوس۔
چادر (ف) اوڑھنی - دوپٹہ - بڑا اور چوڑا دوپٹہ۔
چادر آب (ف) پانی کی چادر - آبشار۔
چادر اجساد (ف) اربعہ عناصر - آگ - پانی ہوا اور مٹی۔
چادرِ احرام (ف) سفید چادر جو حاجی لوگ حج کے موقعہ پہ پہنتے ہیں - مجازاً برف - یخ۔
چادر بر کشیدن (ف) برقعہ اوڑھنا۔
چادر بیک شاخ افگندن (ف) چادر اتار دینا۔

Marfat.com

**چادر پوش قلندر** (ف) شامیانہ۔ درباری شامیانہ۔
**چادر ترما** (ف) سنجاف دار شاہی خیمہ۔
**چادر خون کشیدن** (ف) تلوار سے لڑنا۔
**چادرِ رخت خواب** (ف) وہ کپڑا جس میں سونے کے کپڑے یعنی بستر وغیرہ لپیٹا جاتا ہے۔
**چادر زدن** (ف) خیمہ لگانا۔
**چادر قلعہ زن است** (ف) برقعہ عورت کی پناہ ہے۔ برقعہ پوش عورت سے لوگ شوخی سے بات نہیں کر سکتے۔
**چادر قلندری** (ف) ایک قسم کا خیمہ۔
**چادر قیرگوں** (ف) رات۔
**چادر کافوری** (ف) صبح صادق کی سفیدی۔
**چادر کبود** / **چادر کحلی** } (ف) آسمان (۲) رات۔
**چادر گل ریز** (ف) آسمان اور ستارے۔
**چادر لاجورد** / **چادر لاجوردی** } (ف) آسمان (۲) رات (۳) مرغزار۔ سبزہ زار (۴) قطب کے اردگرد کے چار ستارے۔ (۵) اربعہ عناصر۔
**چادر نشین** (ف) صحرا میں خیمہ لگا کر رہنے والے
**چادر نشینی** (ف) خانہ بدوشی۔
**چادر نماز** (ف) جانماز۔ مصلیٰ۔
**چادر نیلی** (ف) نیلی چادر۔ آسمان اور تاریک رات۔
**چار** (ف) چہار کا مخفف۔ ۴۔ للعہ۔
**چار** (ف) چارہ کا مخفف۔ علاج۔ آدا۔
**چار اجساد** (ف) اربعہ عناصر۔ خاک۔ باد۔ آب۔ آتش۔
**چار اختر** (ف) اربعہ عناصر (۲) بنات النعش کے وہ چار ستارے جو نعش کہلاتے ہیں۔
**چار آخشیج** (ف) اربعہ عناصر (۲) چار عنصر۔
**چار ارکان** / **چار اژدہا** } (ف) اربعہ عناصر۔ خاک۔ ہوا۔ پانی۔ آگ۔
**چار استاد** (ف) اربعہ عناصر۔
**چار آئینہ** (ف) ایک قسم کی زرہ کا نام۔ جس میں فولاد کے چار تختے بانات یا مخمل میں مڑھ کر سینہ اور پشت اور دونوں پہلوؤں کے گرد لگاتے ہیں۔
**چار باغ** (ف) وہ شالی رومال جس کے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بوٹے کڑھے ہوتے ہیں (۲) بابر بادشاہ نے آگرہ میں ایک باغ تعمیر کرایا تھا۔ وہ لطافت اور عمدگی میں بہت بے نظیر تھا اب وہ منہدم ہو چکا ہے۔
**چار بالش** / **چار بالشت** } (ف) گاؤ تکیہ (۲) مسند۔ سلاطین و امرا کے بیٹھنے کی مسند (۳) مسند شاہی کا تخت (۴) اربعہ عناصر (۵) دنیا۔

**چار برگ** (ف) ایک پھول کا نام۔ بعض لالہ کو بھی کہتے ہیں۔
**چار بزگہ** (ف) ایک قسم کی گھاس۔
**چار بغل باختن** (ف) تیز دوڑنا۔
**چار بند** (ف) عناصر اربعہ (۲) دنیا۔
**چار بیخ** (ف) اصول اربعہ۔ چار جڑیں جو بطور دوا استعمال ہوتی ہیں۔ یعنی کاسنی۔ کبر۔ کرفس اور رازیانہ (۲) اربعہ عناصر۔
**چار پا** (ف) چوپایہ۔ مویشی۔
**چار پارہ** (ف) ایک قسم کے رقص کا نام (۲) ایک ساز کا نام۔
**چار پا** (ف) چار پاؤں۔
**چار پایہ** (ف) چارپا۔ چوپایہ۔
**چار پائی** (معف) پلنگ و ہندی فارسی دانوں کی اصطلاح ہے
**چار پائے بند** (ف) عناصر اربعہ۔
**چار پخ** (ف) ایک قسم کا خیمہ ہے۔ جسے ہندوستان میں سے جوبہ خیمہ کہتے ہیں۔
**چار پہلو** (ف) ایک قسم کی اعلیٰ انجیر۔
**چار پہلو شدن** (ف) پیٹ بھر لینا۔ بہت کھانا (۲) بیٹھ کے بل سونا۔
**چار تا** / **چار تار** / **چار تارہ** } (ف) چار تاروں کا رباب یا طنبورہ (۲) دنیا (۳) عناصر اربعہ۔
**چار تکبیر زدن** / **چار تکبیر کردن** / **چار تکبیر گفتن** } (ف) قطع تعلق کرنا۔ سب کچھ چھوڑ دینا (۲) نماز جنازہ ادا کرنا۔
**چار جامہ** / **چار جُل** } (ف) بانات یا مخمل کی جھول جو آرائش کے لیے گھوڑے پر ڈالتے ہیں۔
**چار جوئے بہشتی** (ف) پانی۔ دودھ۔ شہد۔ شراب کی چار نہریں۔ (۲) جیحون۔ سیحون۔ نیل۔ فرات چار دریا۔
**چار جوئے فطرت** (ف) اربعہ عناصر۔
**چار جہت** (ف) چاروں طرف۔ مشرق۔ مغرب۔ شمال۔ جنوب۔
**چار چار** (ف) مقابلہ۔ ہم چشمی۔ برابری۔
**چار چار زدن** (ف) فضول باتیں کرنا۔
**چار چشم** (ف) منتظر۔ نہایت مشتاق۔
**چار چنگول** (ف) وہ شخص کے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں ٹیڑھی یا خشک ہو جائیں۔
**چار چوب** (ف) دروازہ کی چار لکڑیاں۔ چوکھٹ
**چار چوب فطرت** (ف) اربعہ عناصر۔
**چار حد** (ف) شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
**چار خایہ** (ف) مکار۔ فریبی۔ جعلساز۔ مفسد۔
**چار خم** (ف) کشتی کا ایک داؤ (۲) کمان کو اچھی طرح کھینچنا۔

Marfat.com

(۳) ایک قسم کی خمدار کمان۔

چار دانگ (ف) ، چونکہ دینار چھ دانگ کا ہوتا ہے اس لیے یہ لفظ ان معنوں میں آتا ہے - دو تہائی - ⅔ (۲) دنیا کی شش جہات میں سے چار طرفین شمال - جنوب - مشرق - مغرب (۳) وہ چیز جو اپنی ہم مثل اشیا سے دو چند ہو۔

چار دوال (ف) ، بیلوں کو ہانکنے والا ڈنڈا جس میں تیز لوہے کی میخ لگی ہوتی ہے۔

چارَدَہ (ف) ، چودہ - ۱۴ - للعدد

چارَدَہ روایت (ف) ، علم قرأت کی چودہ روایتیں علم قرأت کے سات امام تھے اور ہر ایک امام کے دو شاگرد - اس لیے انہیں چودہ روایتیں کہتے ہیں۔

چار دیوار (ف) ، مکان - گھر - چار حدیں - چار طرفیں (۲) دنیا۔

چار دیوار نفس (ف) ، آدمی کا نفس (۲) دُنیا۔

چار راہ (ف) ، چوراہا - چوک۔

چار زانو نشستن (ف) ، دو گھٹنے ٹیک کر درزیوں کی طرح بیٹھنا۔

چار بان (ف) ، بہت باتیں کرنے والا - بے ہودہ گو۔

چار سالگی (ف) ، چار سال کی عمر یا زندگی۔

چار ستون بدن درست بودن (ف) ، سب اعضا کا ٹھیک ٹھاک کام کرنا۔

چارسُو (ف) ، چار طرف - چوراہہ - چوک - چوہٹہ (۲) بازار (۳) چار پہلو یعنی مربع شکل (۴) منتظر۔

چارسُوق (ف) ، چارسُو (۲) چوک - دوراہہ۔

چار شاخ (ف) ، ایک قسم کی سزا کا نام۔

چار شانہ (ف) ، فربہ اندام - ہٹا کٹا - تنومند جسیم (۲) خوش وضع (۳) ناتمام - اُدھورا۔

چار شف (ف) ، ایک قسم کا ترکی برقعہ۔

چار شنبہ (ف) ، بدھ کا دن۔

چار ضرب (ف) ، چار تال جو طبلہ بجانے میں ایک تال کا نام ہے (۲) صوفیوں کے ایک شغل کا نام (۳) سر ، داڑھی ، مونچھ اور بھویں منڈا ڈالنا ، جو قلندروں کا دستور ہے۔

چار طاق (ف) ، راوٹی جو ایک قسم کا خیمہ ہے - مطبخ کا خیمہ - (۲) اربعہ عناصر۔

چار طاق ارکانی (ف) ، دُنیا۔

چار طاق افگن (ف) ، فراش - فرش بچھانے والا خیمہ نصب کرنے والا۔

چار طبع (ف) ، اربعہ عناصر۔

چار طوفان (ف) ، چار نافرمان اقوام پر جو چار سخت طوفان آئے - یعنی قوم نوح علیہ السلام پر پانی کا طوفان - قوم لوط علیہ السلام پر آگ کا طوفان - قوم ہود علیہ السلام پر ہوا کا طوفان - قوم صالح علیہ السلام پر مٹی کا طوفان ، (۲) ظلم - حرص - جہل - نامردی کو بھی چار طوفان کہتے ہیں۔

چار عنصر (ف) ، اربعہ عناصر - آگ - پانی - ہوا - مٹی۔

چارُغ
چارُق } (ف) ، جنگلی لوگوں کا ایک قسم کا جوتا۔

چار قب (ف) ، توران کے امرا کا ایک قسم کا لباس۔

چار قد (ف) ، چادر (۲) رُومال۔

چار قلم (ف) ، دونوں ہاتھ - دونوں پاؤں۔

چارک (ف) ، ایک چوتھائی نقیب قافلہ۔

چارک آشنا ہشت سیر است (ف) ، بار آئیں اور چھچھڑے پکائیں - یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

چار کاسہ (ف) ، تیز رفتار گھوڑا۔

چارگ (ف) ، قافلہ کا نقیب۔

چارگام
چارگامہ } (ف) ، تیز رفتار گھوڑا - شاہی تخت - جنازہ کا تابوت۔

چارگاہ (ف) ، چراگاہ۔

چار گوشہ (ف) ، چوکھونٹی چیز (۲) تخت شاہی (۳) جنازہ کا تابوت۔

چار گوشی (ف) ، صراحی یا گھڑا جس کے چار دستے ہوں - چوپہل صراحی۔

چار لنگر (ف) ، چار لنگروں والی بڑی کشتی۔

چار لنگر شدن (ف) ، جب کشتی دریا میں کسی خطرناک موقع پر پہنچے تو چاروں طرف کے لنگر ڈال دیتے ہیں تاکہ تباہی نہ ہو۔

چار مادر (ف) ، عناصر اربعہ (۲) دُب اکبر میں نعش کے چار ستارے جو بنات النعش میں ہیں۔

چارم اصطرلاب (ف) ، سورج جسے فلک چہارم پر خیال کیا جاتا تھا (۲) قرآن شریف جو آسمانی کتابوں میں چوتھی کتاب ہے (۳) اقلیم چہارم۔

چار میخ (ف) ، شکنجہ۔

چار مذہب (ف) ، چار آسمانی کتابوں کو ماننے والے چار مذہب۔ (۲) اہل اسلام کے چار مصلے - حنفی - شافعی - حنبلی اور مالکی۔

چار مرغ خلیل (ف) ، کبوتر - مور - مرغ - کوا - جنہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذبح کرنے کے بعد ریزہ ریزہ کرکے چار پہاڑوں پر رکھ دیا تھا - اور پھر جب انہیں آواز دی تو وہ اللہ تعالےٰ کے حکم سے زندہ ہو گئے۔

چار مغز (ف) ، اخروٹ (۲) طبیبوں کی اصطلاح میں مغز خربوزہ مغز تربوز - مغز خیارین اور مغز کدو۔

چارم کتاب (ف) ، قرآن شریف۔

چار منزل (ف) ، شریعت - طریقت - حقیقت - معرفت۔

چار موج
چار موجہ } (ف) ، گرداب بھنور۔

چار میخ (ف) ، ایک قسم کی سزا جس میں مجرم کے ہاتھ پاؤں

Marfat.com

چارمیخوں سے باندھے جاتے ہیں (۲) اربعہ عناصر (۳) لوازمات قلم ۔
چار نفس (ف) نفس امارہ ۔ نفس لوامہ ۔ نفس ملہمہ ۔ نفس مطمئنہ ۔
چارُو (ف) چونہ جو سُرخی وغیرہ ملا کر تیار کیا جاتا ہے ۔
چاروا (ف) چوپایہ ۔
چار وا دار (ف) گدھا کرایہ پر دینے والا ۔
چارو چُدر (ف) علاج و تدبیر ۔
چار و رُغ (ف) دیکھو چارُغ ۔
چار و ناچار (ف) مجبوراً ۔
چار و ہفت (ف) چار عنصر (یعنی پانی ۔ آگ ہوا ۔ مٹی) اور سات ستارے (یعنی عطارد ، زہرہ ۔ شمس ۔ قمر ۔ مریخ ۔ مشتری ۔
چارہ (ف) علاج ۔ تدبیر ۔ مدد (۲) فریب ۔ مکر (۳) مفارقت ۔ جدائی ۔
چارہ انداختن / چارہ برانداختن } (ف) چارہ جوئی کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔
چارہ پرداز (ف) چارہ ساز ۔ معالج ۔ مداوا کرنے والا ۔ چارہ گر ۔
چارہ پذیر (ف) قابلِ علاج ۔
چارہ شدن (ف) علاج ہونا ۔ تدبیر ہونا ۔
چار شدن زخم (ف) زخم کا اچھا ہو جانا ۔
چارہ شدن درد (ف) درد کا رفع ہو جانا ۔
چارہ ناپذیر (ف) ناقابل علاج ۔
چاریک (ف) ایک چوتھائی ۱/۴ ۔
چاشں (ف) صاف کیے ہوئے غلہ کا ڈھیر ۔
چاشت خوردن (ف) ناشتہ کرنا ۔
چاشت (ف) دن کا پہلا پہر گزرا ہوا ۔ دن کا پہلا چوتھا حصہ ۔ نو بجے کا وقت ۔ (۲) پہر دن چڑھے کا کھانا ۔
چاشت گاہی (ف) پہر دن چڑھے کا کھانا ۔
چاشتدان / چاشندان } (ف) وہ برتن جس میں طعام چاشت رکھتے ہیں ۔
چاشنی (ف) ذائقہ (۲) چکھنے کی مقدار (۳) چکھنا ۔ مزا (۴) صفت (۵) نمونہ (۶) شیرینی (۷) نقارہ پر ابتدائی چوٹ لگانا (۸) بندوق کی ٹوپی ۔
چاشنی چیزے کردن (ف) کسی چیز کی حقیقت دریافت کرنے کے لیے اس سے کچھ ذرا سا چکھنا ۔
چاشنی در بن دندان افتادن (ف) نہایت تقاضا کرنا ۔
چاشنی دل (ف) لطیف و دل کشا باتیں ۔
چاشنی گیر (ف) باورچی ۔ خانساماں ۔ سفرچی ۔ کھانا تقسیم کرنے والا ۔
چاغر (ف) حوصلہ ۔ پوٹہ ۔
چاق (ف) چالاک (۲) تندرست (۳) طاقتور (۴) صحت درستی (۵) وقت ۔ زمانہ ۔

چاق بکن (ف) اسے تیار کر دو ۔ اسے درست کر دو ۔
چاق شدن (ف) موٹا ہونا ۔
چاقشو (ف) پشمینہ یا بانات کا موزہ ۔
چاق کردن (ف) تیار کرنا ۔
چاقو (ف) قلم تراش ۔ مشہور اوزار ہے ۔
چاقوے دستہ ساختن (ف) جھوٹ بولنا ۔ غلط بیانی کرنا ۔ دھوکا دینا ۔
چاقو دستہ خود را نبرد (ف) اپنے پھر بھی اپنے ہوتے ہیں وہ نقصان پہنچاتے وقت دریغ کرتے ہیں ۔
چاقو دستہ کردن (ف) گریبان میں سر ڈالنا ۔
چاقوکش (ف) شریر و بدفطرت آدمی ۔
چاقی (ف) موٹا تازہ ۔ گول مٹول ۔
چاک (ف) پھٹا ہوا ۔ چرا ہوا (۲) مکان یا باغ کا نالہ (۳) درجہ (۴) صبح کی سپیدی (۵) تیار ۔ آمادہ (۶) تلوار وغیرہ مارنے کی آواز ۔
چاکا چاک (ف) تلوار یا خنجر وغیرہ مارنے کی آواز ۔ (۲) شگاف ۔
چاکانیدن (ف) ٹپکانا (۲) خالی کرنا ۔
چاک چاک (ف) پھٹا ہوا ۔ بہت پھٹا ہوا (۲) تلوار یا خنجر وغیرہ مارنے کی آواز ۔ تڑاق پڑاق ۔
چاکر بودن (ف) نوکر ہونا ۔
چاکر (ف) نوکر ۔ خدمت گار
چاکری (ف) نوکری ۔ ملازمت ۔
چاکسو (ف) چھوٹا سا سیاہ دانہ جو آنکھوں کی مشہور دوا ہے ۔
چال (ف) سُرخ و سفید بالوں والا گھوڑا ۔ چھوٹا کنواں چھوٹا گڑھا (۲) قمار بازی کا ایک داؤ (۳) جولاہے کی کھڈی (۴) چکور
چالاک (ف) چست ۔ تیز (۲) خوبی (۳) جور (۴) بلند جگہ
چالاکی (ف) چستی ۔ تیزی ۔
چالپوس (ف) چاپلوس کا مقلوب ۔ خوشامدی ۔ فریبی ۔ مکار ۔
چال حوض (ف) بچہ حوض ۔
چالش (ف) ناز کر چلنے کی چال ۔ غرور اور گھمنڈ کی چال (۲) حملہ ۔ ہلہ ۔ لڑائی (۳) جماع ۔ مباشرت ۔
چالو / چالہ } (ف) وہ گڑھا جو زمین گز سے زیادہ گہرا نہ ہو
چالیر (ف) گہرا گڑھا ۔
چالیش (ف) دیکھو چالش ۔
چالیک (ف) گلی ڈنڈا جو مشہور کھیل ہے ۔
چام (ف) ناز و ادا کی چال ۔
چام چام (ف) پہاڑوں کے درے ۔ پیچیدہ راستے
چاموش (ف) ایک قسم کا جوتا
چامہ (ف) شعر (۲) غزل

Marfat.com

چامہ گو - چامہ گوئے (ف)، شاعر - سخن گو - غزل گو (۲)، خوش آوازی سے پڑھنے والا -
چامیدن (ف)، موتنا - پیشاب کرنا -
چامین (ف)، موت - پیشاب (۲)، پاخانہ -
چانہ (ف)، ٹھوڑی کی ہڈی (۲) ٹھوڑی (۳) ایک روٹی کا پیڑا - (۴) سخن - بات -
چانہ انداختن (ف)، مرجانا -
چانہ بیجا زدن (ف)، بے ہودہ گوئی -
چانہ زدن (ف)، مول تول کرنا - جھگڑنا -
چانہ گرم شدن (ف)، خوب باتیں کرنا -
چاوش (ف)، قافلہ کا نقیب - لشکر کا نقیب - چوبدار -
چاوشی خواندن (ف)، زائرین کے کارواں کے ساتھ ہیجان خیز اشعار پڑھنا -
چاولی (ف)، علم افشاں - چھلج -
چاویدن (ف)، چڑیا کا اس کے گھونسلے پر حملہ کیے جانے کے وقت چیخنا اور چلانا (۲) حیوان و انسان کا آواز کرنا - (۳) لوٹ مار کرنا - لوٹنا -
چاہ (ف)، کنواں - باؤلی (۲) گڑھا - غار -
چاہِ بابل (ف)، شہر بابل کا کنواں جس میں بعض کے نزدیک ہاروت و ماروت دو فرشتے قید ہیں -
چاہِ بیدار (ف)، نہایت گہرا کنواں -
چاہِ ششت (ف)، دنیا -
چاہِ بو / چاہ جو } (ف)، وہ آنکڑا جس سے کنویں میں گری ہوئی چیز نکالتے ہیں -
چاہِ دم دار (ف)، نہایت تنگ و تاریک کنواں - جب کوئی اس میں اترتا ہے تو اس کا دم گھٹتا ہے -
چاہِ ذقن / چاہ زنخ / چاہ زنخدان } (ف)، ٹھوڑی کا گڑھا -
چاہِ ظلمانی (ف)، دنیا (۲) انسان کا قالب -
چاہ کن (ف)، ظالم (۲) مکار -
چاہ مبرز (ف)، سنڈاس - پاخانہ -
چاہ مغ (ف)، گہرا کنواں -
چاہ مقنع / چاہ نخشب } (ف)، شہر کش کے اس کنواں کا نام جس سے حکیم ابن مقنع کا سائنس کے ذریعے تیار کیا ہوا چاند جسے ماہِ نخشب کہتے ہیں - روزانہ رات کو نکلتا تھا اور اس کی روشنی چار فرسنگ میں ہوتی تھی -
چاہِ نیساں (ف)، بے آب کنواں - ویران کنواں -
چاہہ (ف)، کنویں کی مانند گہرا گڑھا -
چاہی (ف)، منسوب بہ چاہ - وہ زمین جسے کنویں کا پانی ملتا ہو -

چاہ یوز (ف)، وہ آنکڑا جس کے ذریعے سے کنویں میں گری ہوئی چیز نکالی جاتی ہے -
چاہِ یوسف (ف)، وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں نے گرایا تھا -
چائے (ف)، مشہور پتی جسے پکا کر پیتے ہیں -
چائے خوردن (ف)، چائے پینا -
چائے دم کردن (ف)، چائے بنانا -
چائے صاف کن (ف)، وہ چھلنی جس میں چائے کی پتی کو چھانٹ لیا جاتا ہے -
چائمان (ف)، زکام -
چائیدہ (ف)، ٹھنڈا - سرد -

## چ - ب

چپتن (ف)، تھیلا -
چپچلہ (ف)، بلند ٹیلہ - اونچا پشتہ - جس پر سے لڑکے چوتڑ کے بل کھسکتے ہیں -
چپلوس (ف)، چاپلوس - خوشامدی - مکار -
چپیرہ (ف)، کسی کام پر آدمیوں کا جمع ہونا -
چپچین (ف)، لکڑی کا طشت -

## چ - پ

چپ (ف)، بایاں (۲) بایاں ہاتھ (۳) بائیں طرف (۴) راگ یا ساز کا بے اصول ہو جانا (۵) مخالف (۶) ٹیڑھا - (۷) ناموافق (۸) دغاباز (۹) دغا - فریب -
چپ افتادن (ف)، مخالف ہونا - مخالفت کرنا -
چپات (ف)، چپت - تھپڑ - طپانچہ -
چپاتی (ف)، چاپاتی کا مخفف - توے کی پتلی روٹی - پھلکا -
چپارغ (ف)، ایک قسم کی مچھلی -
چپچان (ف)، پرانے کپڑے -
چپ انداز (ف)، بازگشتی تیر چلانے والا - فریبی - مکار -
چپانی (ف)، پرانے کپڑے پہننے والا - بے سروپا شخص -
چپاول (ف)، کسی حصہ فوج کا لشکر سے الگ ہو کر دشمن پر حملہ کرنا - (۲) تاخت و تاراج - لوٹ مار -
چپاول کردن (ف)، لوٹ مار کرنا - غارت گری کرنا -
چپ بودن (ف)، بائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی ہونا - نیز بائیں بازو کی سیاسی جماعت سے تعلق ہونا -
چپ چپ نگاہ کردن (ف)، قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا -

Marfat.com

غصے بھری نگاہوں سے دیکھنا۔

چپ دادن (ف) چھوڑ دینا (۲) دھوکہ دینا۔

چپداز / چپدان } (ف) موزوں کے اُوپر پہننے کا جرموق۔

چپ دست (ف) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

چپر (ف) چھپر۔ کھپر۔ اُردو کے لفظ چھپر کا مفرس ہے۔

چپر (ف) وہ شخص جسے اُمراؤ سلاطین کی طرف سے ہر منزل پر نئی سواری ملتی ہے جس سے وہ ضروری خبر نہایت سرعت سے پہنچا دیتا ہے۔

چپیدن (ف) چسپیدن کا مقلوب۔ چپکنا۔ چمٹنا چفسیدن بھی کہتے ہیں۔

چپش (ف) ایک سالہ بھیڑ یا بکری۔

چپ شدن (ف) رُو گردانی کرنا۔ منحرف ہونا۔

چپق (ف) حقہ۔ پائیپ۔

چپقلش (ف) تلوار کی لڑائی (۲) ہجوم۔ انبوہ۔

چپکن (ف) ایک قسم کا انگرکھا۔

چپو (ف) لوٹ مار۔ غارت گری۔

چپوق (ف) حقہ۔ پائیپ۔

چپہ (ف) اُچھل کود (۲) اوندھا (۳) تالی۔

چپہ زدن (ف) تالیاں بجانا۔

چپیدن (ف) بائیں طرف رجوع کرنا۔

چپین (ف) دیکھو چبین۔ لکڑی کا برتن۔ چوبی طشت۔

## چ - ت

چتر (ف) چھاتا۔ چھتری۔ چھتر (۲) سر کے چھوٹے بال۔

چتر آبگوں (ف) آسمان۔ اکاس۔

چتر پُر از اختر (ف) آسمان اور ستارے سے (۲) دف اور دائرہ یعنی وہ دف جس کے گرد حلقے سے لگے ہوں۔

چتر دار (ف) تاج رکھنے والا۔ وہ جو بادشاہ کے سر پر تاج کی نگرانی کرتا ہے۔

چتر داری (ف) چتر دار کا کام۔

چتر در چتر کسے زدن (ف) کسی کے ساتھ برابری کرنا۔

چتر زدن (ف) کشتی گیروں کی ایک ورزش کا نام۔

چتر زدہ (ف) دُم چنور کیے ہوئے گھوڑا۔

چتر زر / چتر زریں / چتر سحر } (ف) سُورج۔ آفتاب

چتر ساز (ف) تاج بنانے والا۔

چتر سیمابی / چتر سیمیں } (ف) بدر۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورا چاند۔ ماہِ کامل۔

چتر عنبرین (ف) شب۔ رات۔

چتر کحلی (ف) آسمان (۲) ابر سیاہ۔

چتر مان / چتر من } (ف) بادشاہ (۲) امیر۔

چتر نور (ف) آفتاب۔

چتر ہوائی (ف) پیرا شوٹ۔

چتو (ف) پردہ۔

چتوک (ف) کنجشک۔ چڑیا۔

## چ - خ

چخ (ف) تلوار۔ چھری۔ چاقو وغیرہ کا نیام (۲) لڑائی جھگڑا (۳) چرک۔ میل (۴) پیپ (۵) کوشش (۶) فوراً (۷) کوشش کرنا۔

چخان (ف) لڑتا ہوا (۲) کوشاں۔ کوشش کرنے والا (۳) ایک قصبہ کا نام بھی ہے۔

چخماق (ف) چقماق۔ سنگ ریزہ۔

چخماس (ف) چقماق۔ آگ جلانے والا پتھر۔

چخیدن (ف) جنگ کرنا۔ لڑائی کرنا (۲) لڑائی کی خواہش کرنا (۳) دم مارنا (۴) کوشش کرنا۔ گفتگو کرنا۔

## چ - د

چدن (ف) چیدن کا مخفف۔ چننا۔

## چ - ر

چر (ف) ذکر۔ آلہ تناسل۔

چرا (ف) چہ را۔ کیوں۔ کس لیے۔

چرا (ف) چرنا (۲) چراگاہ۔

چرابہ (ف) بالائی۔ ملائی۔

چراخور (ف) چراگاہ۔

چرازار (ف) چراگاہ۔

چراغ / چراغ } (ف) دیا۔ لمپ (۲) چرنا (۳) گھوڑے کا الف ہونا (۴) روشنی (۵) مرشد۔ گرد (۶) بیٹا۔ پسر۔

چراغ آخر (ف) دولت کی زیادتی۔ عیش کی فراخی۔

Marfat.com

چراغ ازچشم پریدن }
چراغ ازچشم جستن } (ف) دماغ کو صدمہ پہنچنے سے آنکھوں کے سامنے بجلی کی سی چمک محسوس کرنا۔
چراغ از خانۂ کسے بُردن (ف) کسی سے نور حاصل کرنا۔
چراغ ازدم کشتن (ف) دیئے کو پھونک مار کر بجھانا۔
چراغ آسمانی (ف) سورج (۲) بجلی۔
چراغ الکٹریسیہ (ف) بجلی کی روشنی۔ برقی روشنی۔
چراغ اللہ (ف) درویش کو خدا کی راہ میں نذر و نیاز دینا۔ سادہ لوح انسان کو بھی کہتے ہیں۔
چراغان (ف) ایک قسم کی سزا جس میں مجرم کے سر میں کئی زخم لگا کر پھر ایک زخم پر ایک جلتی ہوئی بتی رکھی جاتی ہے (۲) مجازاً دیپ مالا۔
چراغاں کردن (ف) روشنی کرنا۔ دیپ مالا کرنا۔
چراغ بحری (ف) سمندر کے روشنی کے مینار کی روشنی۔
چراغ برکردن (ف) چراغ روشن کرنا۔ دیا جلانا۔
چراغ برگرفتن (ف) دیا جلانا۔
چراغ برہ (ف) چراغ رکھنے کی جگہ۔ چراغ دان۔ طاقچہ۔
چراغ بنگال (ف) رنگین شیشوں سے برقی طاقت کے ذریعے سے جو رنگ برنگ روشنی پیدا کی جاتی ہے۔ نمائشی چراغ۔
چراغ پا (ف) گھوڑے کا اگلے پاؤں اٹھا کر کھڑے ہونا۔ (۲) چراغ دان۔ ڈیوٹ۔
چراغ پایہ (ف) ڈیوٹ۔ چراغ دان (۲) بعض لغات میں اس کے معنوں میں گھوڑے کا الف ہونا بھی لکھا ہے۔
چراغ پریاں (ف) وہ چراغ جو عورتیں پریوں کی منت کے طور پر جلا کر دریا میں چھوڑتی ہیں کیونکہ عورتوں کے خیال میں پریوں کا مسکن دریا ہے۔
چراغ پیش آفتاب (ف) نہایت حقیر سا تحفہ یا ہدیہ۔ محاورے میں جوہریوں کے بازار میں سیپی۔
چراغ چشم (ف) بیٹا۔ عزیز دوست۔
چراغچی (ف) وہ نوکر جس کے ذمے چراغ روشن کرنے کا کام ہو۔
چراغ خاموش کردن (ف) چراغ گل کرنا۔ دیا بجھانا۔
چراغ خواستن (ف) چراغی مانگنا۔ لوگوں سے کچھ مانگنا۔
چراغ خانوادہ را کور کردن (ف) آبائی گھر کا ویران کرنا۔ نیز اولاد کا نہ ہونا۔
چراغ دادن (ف) ہدیہ یا خیرات مانگنا۔
چراغ دان (ف) ڈیوٹ۔
چراغ دروغ را فروغ نباشد (ف) جھوٹ کی بیل منڈھے نہیں چڑھتی۔
چراغ روز (ف) سورج۔
چراغ روشن کردن ہندو (ف) دیوالی نکالنا۔
چراغ روشن گفتن کسے را (ف) کسی کو مراد حاصل ہونے کی دعا دینا۔

چراغ سحر (ف) سورج (۲) صبح کا ستارہ۔
چراغ سحری (ف) بجھنے کے قریب دیا (۲) ختم ہونے کے قریب کوئی چیز (۳) موت کی نزدیکی کا وقت (۴) بڑھاپے کی عمر (۵) بہت بوڑھا۔
چراغ طور (ف) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تجلی۔
چراغ عالم افروز (ف) آفتاب۔
چراغک (ف) چراغ کی تصغیر۔ چھوٹا دیا (۲) جگنو۔
چراغ کسے تا سحر نمے سوزد (ف) کسی کی دولت پائدار نہیں زوال پذیر ہے۔
چراغ کور شدن (ف) کسی کا لاولد مرنا۔
چراغ گاز (ف) گیس کا لیمپ۔ گیس کی روشنی۔
چراغلہ (ف) جگنو۔ کرمک۔ شب تاب۔
چراغ مغاں (ف) شراب انگور (۲) صاف شراب۔
چراغ نذر (ف) بزرگوں کے مزار پر جو چراغ بطور نذر یا منت کے چڑھائے جاتے ہیں۔
چراغ نشاندہ (ف) بجھا ہوا چراغ۔
چراغ نشستن (ف) چراغ کا بجھ جانا۔
چراغ وارہ (ف) چراغدان۔ لالٹین۔ فانوس۔ قندیل۔ مشکوٰۃ۔
چراغک (ف) جگنو۔ کرم شب تاب۔
چراغ ہدایت (ف) حضرت جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (۲) قرآن شریف۔
چراگاہ (ف) حیوانوں کے چرنے کی جگہ۔
چراگر (ف) چرندہ۔ چرنے والا جانور۔
چراگہ (ف) چرنے کی جگہ (۲) ہری گھاس۔
چرام (ف) چراگاہ۔
چرامین (ف) چراگاہ (۲) جانوروں کے کھانے کی گھاس۔
چران (ف) چرواہا۔ گڈریا۔
چرانیدن (ف) چرانا۔ حیوان کو گھاس کھلانا۔
چرائی مال (ف) نچروں کی چرائی۔
چرب (ف) غالب (۲) زیادہ غالب (۳) غالب ہونا (۴) چکنا۔ مرغن (۵) فربہ۔
چرباسیدن (ف) زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
چرب بالا (ف) خوش قامت۔ عمدہ قد و قامت والا۔
چرب پہلو (ف) موٹا۔ فربہ (۲) لوگوں کو فائدہ پہنچانے والا۔
چرب دادن (ف) غالب آنا۔
چرب دست (ف) چالاک (۲) دستکار (۳) شیریں کار (۴) ہنرمند (۵) عقل مند۔
چرب زبان (ف) چکنی چپڑی باتوں سے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والا (۲) فصیح۔ شیریں کلام (۳) چاپلوس۔ خوشامدی (۴) فریبی۔

Marfat.com

چرب زبانی کردن (ف) چاپلوسی کرنا۔
چرب سخن دوم جادو است (ف) شیریں زبانی ایک چلتا ہوا جادو ہے۔ میٹھی زبان سے سب رام ہو جاتے ہیں۔
چربش (ف) چربی (۲) غلبہ (۳) کثرت۔
چرب قامت (ف) لمبا۔ بلند قامت (۲) خوش قد۔
چربک (ف) چربہ کی تصغیر۔ وہ باریک کاغذ جو تصویر کی حفاظت کے لیے اس پر رکھتے ہیں (۲) پوری یعنی وہ پتلی سی روٹی جو گھی میں تلی جاتی ہے۔
چربک (ف) جھوٹ (۲) طنز (۳) خوشامد (۴) مسخر۔ ظرافت۔ خوش طبعی (۵) بہتان (۶) ندامت۔ خجالت (۷) پہیلی۔ چیستان۔
چرب کردن (ف) چربی ملنا۔ مالش کرنا۔
چرب گو (ف) دیکھو۔ چرب زبان۔
چرلو (ف) دیکھو چربش۔
چرب و خشک (ف) تھوڑا بہت (۲) برا بھلا (۳) بخیل و سخی (۴) بخل و سخاوت۔
چرب و نرم (ف) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔
چربہ (ف) کاغذ جو تصویر کی حفاظت کے لیے اس پر رکھتے ہیں (۲) خاکہ (۳) باریک اور چکنے کاغذ کو کسی تصویر یا نقش پر رکھ کر ہو بہو اس کی نقل اتارنا (۴) بلائی۔ (۵) پوری۔
چربی (ف) پیہ (۲) نرمی۔ ملائمت (۳) افق (۴) لاطفت۔
چربیدن (ف) غالب آنا۔ بڑھ جانا۔
چرت (ف) اونگھ۔ پینک۔
چرت زدن (ف) اونگھ آنا۔ نیم خواب اور نیم بیداری کی حالت۔
چرتکہ (ف) بڑی بڑی دکانوں پر حساب کرنے کے لیے ایک فریم جس میں گولیاں پروئی جاتی ہیں جس کے ذریعے جلدی گنا جا سکتا ہے۔
چرت مے زند (ف) اونگھتا ہے۔
چرتہ (ف) رنگ (۲) سیاہ رنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
چرخ (ف) آسمان (۲) چرخی (۳) گریبان (۴) سخت کمان (۵) چکر (۶) رقص (۷) دور (۸) تسلسل (۹) ایک قسم کا اطلس (۱۰) محل کا طاق (۱۱) ایک شکاری پرندہ (۱۲) بیلن۔ (۱۳) پہیا (۱۴) چرغ (۱۵) خراسان کے ایک شہر کا نام (۱۶) غزنی کے قریب ایک گاؤں کا نام۔
چرخاب (ف) گرداب۔ بھنور۔
چرخ آبنوس (ف) پہلا آسمان۔
چرخ انداز (ف) تیر انداز۔ کمان دار۔
چرخ پر اختر (ف) آسمان اور ستارے (۲) دائرہ (ف)۔
چرخ ترسا جامہ (ف) پہلا آسمان۔
چرخ تیز رو (ف) تیز رو گھوڑا۔ چست و چالاک گھوڑا۔
چرخچی (ف) ہراول فوج۔

چرخ خوردن (ف) چکر میں آنا۔
چرخ خیاطی (ف) کپڑا سینے کی مشین۔
چرخ دولابی (ف) آسمان۔
چرخ زدن (ف) چکر باندھنا۔
چرخ زریں / چرخ زریں کاسہ (ف) چوتھا آسمان۔ چونکہ سورج اسی آسمان پر خیال کیا جاتا ہے اس لیے زریں کہلاتا ہے۔
چرخ زن (ف) ناچنے والا (۲) سیر کرنے والا (۳) پیراک۔
چرخشت (ف) گنے کا انگور کا شیرہ نکالنے کی چرخی۔ بیلن۔
چرخ صدفی جامہ (ف) پہلا آسمان۔
چرخ قبا (ف) دامن کا دور۔ قبائے چرخ کا مقلوب یعنی قبائے اطلسی۔
چرخ کبود (ف) آسمان۔
چرخ کسے را چیز کردن (ف) سخت اذیت دینا۔
چرخ کبود جامہ (ف) آسمان۔
چرخ کمان (ف) ایک قسم کی مضبوط اور سخت کمان (۲) کمان کا حلقہ۔
چرخ گاہ (ف) سماع کا حلقہ۔
چرخگی زدن (ف) ایک قسم کی ورزش (۲) کشتی گیروں کا غالب آنے پر ناچنا اور چکر لگانا۔
چرخلہ (ف) گھاس کی ایک قسم۔
چرخ مقوس (ف) آسمان (۲) آٹھواں آسمان۔
چرخ مینا (ف) آسمان۔
چرخ نیلگوں (ف) آسمان۔
چرخوک (ف) لٹو جسے لڑکے ڈوری سے زمین پر گھماتے ہیں۔
چرخہ (ف) سوت کاتنے کا آلہ (۲) دور جو بمقابلہ تسلسل ہوتا ہے (۳) ایک درخت کا نام جو بہت پتلا اور خشک سا ہوتا ہے۔
چرخی (ف) گھومنے والی چیز دولاب وغیرہ (۲) کبوتر (۳) ایک قسم کا نفیس اطلس (۴) پھرکی۔ دھاگے کو بٹ دینے کی چرخی یا پھرکی۔
چرخی (ف) منسوب بہ چرخ۔ قصبہ چرخ کا رہنے والا۔
چرد (ف) فساد۔ دنگہ۔ لڑائی۔
چردہ (ف) رنگ۔ رنگت۔ یہ لفظ سیاہ کے ساتھ خاص ہے جیسے سیہ چردہ یعنی سیاہ رنگ سیہ پوست۔
چرز (ف) ایک پرند کا نام جسے ترکی میں توعذری اور عربی میں حبارا کہتے ہیں۔
چرزہ (ف) چردہ۔ آدمی اور حیوان کا رنگ اور چہرہ۔
چرس (ف) مجلس۔ قید خانہ (۲) شکنجہ (۳) حوض جس میں انگوروں کو لاتوں سے روند کر ان کا شیرہ نکالا جاتا ہے (۴) فقیروں کی بھیک مانگ کر اکٹھی کی ہوئی شے (۵) چراگاہ۔
چرس کشیدن (ف) بھنگ کو حقہ کے تمباکو یا سگریٹ میں ملا کر پینا۔

Marfat.com

چرسلان (ف)، گداگروں کی جھولی۔
چرغندہ / چرغندہ (ف)، چراغ - ڈیوٹ - چراغدان (۲) بکری کا زودہ جس میں گوشت بھر کر لگایا گیا ہو۔
چرغول / چرغون (ف)، لسان الحمل - ایک قسم کی گھاس۔
چرغینہ (ف)، بد آدمی - نیچ قوم کا آدمی -
چرک (ف)، زخم -
چرک (ف)، میل (۲) پیپ - ریم - زنگ -
چرکاب (ف)، ناپاک پانی -
چرک آموز (ف)، میلا کچیلا -
چرک تاب (ف)، میل خوردہ رنگ جو جلدی میلا نہ ہو۔
چرکس (ف)، ایک ترک قبیلہ کا نام جو ایشیائی روس کے جنوب میں آباد ہے۔
چرک کردن (ف)، میلا کرنا۔
چرکن / چرکین (ف)، میلا - میل میں لتھڑا ہوا۔
چرگر (ف)، گانے والا خواہ عورت ہو یا مرد - مُغنّی۔
چرم (ف)، شیر - بھیڑیا وغیرہ -
چرم (ف)، چمڑا۔
چرمدان (ف)، چمڑے کی تھیلی - چمڑے کا کیسہ - چمڑے کا بٹوا۔
چرم شیر (ف)، تازیانہ - کوڑا۔
چرمک (ف)، چیستان - پہیلی -
چرم کمان (ف)، کمان کی تانت - کمان کا چلّہ -
چرم گاؤ (ف)، کوڑا - تازیانہ -
چرمگر (ف)، دباغ - چمڑا رنگنے والا -
چرم گزک (ف)، وہ چمڑا جو نقارہ وغیرہ پر منڈھا ہوتا ہے۔
چرم گور (ف)، دیکھو - چرم کمان -
چرم گور بر شاخ آہو کشیدن (ف)، کمان پر چلّہ چڑھانا۔ شاخ آہو سے مراد کمان ہے (۲) تیراندازی کے لیے تیار ہونا۔
چرمہ (ف)، گھوڑا (۲) سفید گھوڑا -
چرمہ و چرمین (ف)، چمڑے کا بنا ہوا۔
چرمینہ (ف)، چمڑے کی شے -
چرند (ف)، چوپایہ - حیوان -
چرند و پرند (ف)، لاف - گزاف - گپ شپ - بے معنی باتیں کرنا۔
چرندو (ف)، غضروف یعنی نرم ہڈی جو چبائی جا سکے (۲) چرندہ جانور۔
چرندہ (ف)، چرنے والا حیوان -

چرنگیدن (ف)، گرز وغیرہ کی آواز آنا۔
چرُوک (ف)، روٹی خواہ گیہوں کی ہو یا جَو وغیرہ کی۔
چروک (ف)، شکن - بل - سلوٹ - جھُرّیاں -
چروک خوردن (ف)، کپڑے یا چہرے پر شکن یا جھُرّیاں پڑنا۔
چرویدن (ف)، چارہ جوئی کرنا - (۲) دوڑنا۔
چریدن دارد (ف)، دیکھنے کے قابل ہے -

## چ - ز

چز (ف)، لوزنہ - بندر - میموں۔
چزاندن (ف)، ستانا - آزردہ کرنا۔
چزو (ف)، ٹڈی کی طرح کا کھیتوں میں رہنے والا چھوٹا سا جانور جو گرم ہوا میں لمبی آواز کرتا ہے -
چزدرہ / چزدہ (ف)، دُنبے کی چربی کے بھُنے ہوئے ٹکڑے۔
چزغ / چزک (ف)، خارپشت - ساہی -

## چ - س

چُس (ف)، گوز بے صدا - پھُسکی
چسپان (ف)، چپکا ہوا۔
چسپانیدن (ف)، چپکانا۔
چس پیس (ف)، بے جا بات کہہ دینا۔
چسپیدگی (ف)، چپک -
چسپیدن (ف)، چپکنا (۲) لپٹنا (۳) میل کرنا (۴) کسی شے کو مضبوط کرنا
چسپیدہ (ف)، چپکا ہوا۔
چُست (ف)، چالاک (۲) ٹھیک - درست (۳) تنگ (۴) مضبوط -
چُستک (ف)، سادہ اور ہلکا چمڑے کا جوتا۔
چُست کمان (ف)، مضبوط کمان -
چُستہ (ف)، بھیڑ اور بکری کا شیردان -
چُستی (ف)، چالاکی (۲) دُرستی (۳) تنگی (۴) مضبوطی۔
چُس رفتہ گوز آمدہ (ف)، کسی مُنہ پھٹ حاکم کا آجانا۔
چسنگ (ف)، گنجا -

## چ - ش

Marfat.com

چش (ف) چشیدن کا امر۔ تو چکھ۔
چش (ف) چشم کا مخفف۔ آنکھ۔
چشان (ف) گزر۔
چشاندن (ف) چکھانا۔
چشانیدن (ف) چکھانا۔ منہ کے طور پر کوئی چیز کھلانا۔
چشیر (ف) کھوج۔ نشان (۲) درندوں کے پاؤں کا نشان۔
چشت (ف) چشتی طریقہ کے لوگ۔ چشتیہ۔
چشت (ف) ایک مقام کا نام۔
چشتہ (ف) چاشتہ کا مخفف۔ طعام چاشت (۲) خوراک۔ (۳) طعمہ۔
چشتی (ف) منسوب بہ چشت۔ حنفی مسلمانوں کے چار مذہبی طریقوں نقشبندی۔ قادری۔ چشتی اور سہروردی میں سے ایک طریقہ جس کے پیش رو اور رہنما ہندوستان کے مشہور بزرگ خواجہ معین الدین چشتی ہوئے ہیں جن کا مزار پُرانوار اجمیر میں ہے (۲) چشت ایک گاؤں کا نام بھی ہے جہاں سے اس سلسلے کے بزرگوں کی ابتدا ہوئی ہے۔
چش رُخ (ف) چشم رُخم کا مخفف۔ نظر بد لگنا۔
چشم (ف) آنکھ۔ نگاہ۔ یقین (۲) توقع۔ اُمید۔ قبول۔
چشم آبچکو (ف) بہتی ہوئی آنکھیں۔
چشم آب کرداون (ف) تماشا کرنا (۲) خوب صورت چیز کو دیکھنا۔
چشم آرو / چشمارُو } وہ چیز جو کھیتوں میں ان کی حفاظت اور جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھڑی کر دیتے ہیں (۲) وہ چیز جو مکان۔ کھیتی اور انسان وحیوان وغیرہ کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔
چشم آشوب (ف) آنکھ کا دُکھنا۔
چشم از چیزے پوشیدن (ف) کسی چیز کا دیکھنا چھوڑ دینا۔ کسی چیز کی پروا نہ کرنا۔
چشم آغل (ف) کن انکھیوں سے دیکھنا۔
چشم آغیل (ف) قہر و غصہ سے کن انکھیوں سے دیکھنا۔
چشم افگندن بر چیزے (ف) کسی چیز کو دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔
چشم آلوس (ف) دیکھو چشم آغیل۔
چشم انداختن (ف) دُور سے نگاہ ڈالنا۔ دُور تک نگاہ ڈالنا۔
چشم انداز (ف) نظر گاہ (۲) کھڑکی۔
چشم باختن (ف) آنکھوں کا بے نور ہونا۔
چشم باطل ساختن / چشم باطل کردن } (ف) نابینا کرنا۔ اندھا کرنا۔ آنکھیں نکال دینا۔
چشم بخواب رفتن (ف) آنکھ لگنا۔ سو جانا۔
چشم بد (ف) نظر بد۔ بدنظر۔
چشم بد دُور (ف) نظر بد دُور ہو۔ نظر نہ لگے۔

چشم بدست کسے بودن (ف) کسی سے طمع رکھنا۔
چشم بدنبال کسے بودن (ف) کسی کی خرابی کی فکر میں ہونا۔ کسی کا انتظار کرنا۔
چشم بر آسمان افتادن (ف) آنکھیں چھت سے لگ جانا۔
چشم براہ (ف) منتظر۔ نگران۔
چشم براہ داشتن / چشم براہ دوختن / چشم براہ نہادن } (ف) منتظر ہونا۔ راہ تکنا۔ انتظار کرنا۔
چشم بر چیزے بستن / چشم بر چیزے دوختن } (ف) کسی چیز کی طرف کمال توجہ کرنا۔
چشم بر زمین افگندن (ف) ادب و تواضع یا شرم و حیا یا رنج کی وجہ سے نگاہ نیچی رکھنا (۲) سجدہ کرنا۔
چشم برہم زدن (ف) آنکھ جھپکانا (۲) آنکھ بند کرنا (۳) مرنا۔ (۴) مدت قلیل۔
چشم بستن (ف) اعراض کرنا۔ بے توجہی کرنا۔
چشم بستہ (ف) اندھا۔ نابینا۔
چشم بطرفے داشتن (ف) کسی کام کے اختیار کرنے میں تردد رکھنا۔
چشم بلارا خاریدان (ف) آ بیل مجھے مار۔
چشم بلبل (ف) ایک قسم کا نقاشی کا چھاپہ ہے جس سے کپڑوں کو چھاپتے ہیں۔ اسے بُلبل چشم بھی کہتے ہیں۔
چشم خوردن (ف) نظر بد لگ جانا۔
چشم بند (ف) لوگوں کی نظر باندھنے کا منتر۔
چشم بندان (ف) منتری لوگ۔ جادوگر (۲) شاعر جو فکر مضمون میں آنکھیں بند کر لیتے ہیں۔
چشم بہم خوردن (ف) آنکھ کا دُکھنا۔
چشم بے آب (ف) بے شرم۔ بے حیا۔ ڈھیٹ۔
چشم پرویزن (ف) چھلنی کے چھید۔
چشم پوشی (ف) غماض (۲) قصور ظاہر نہ کرنا۔ کسی کے قصور سے آنکھیں بند کر لینا۔
چشم پوشیدن (ف) بے توجہی کرنا (۲) بے اعتنائی کرنا۔ (۳) اندھا کرنا (۴) اندھا ہونا۔
چشم پوشیدہ (ف) نابینا۔ کور۔ اندھا۔
چشم پیش (ف) شرمندہ۔ نادم۔ خجل منفعل۔ شرمسار۔
چشم ترازو (ف) ترازو کا پلڑا۔
چشم چار کردن (ف) انتظار کرنا۔ منتظر ہونا۔
چشم چراغ (ف) چشم و چراغ۔
چشم چیزے ندیدن (ف) کسی بات کی طاقت نہ رکھنا۔
چشم خشی (ف) ظاہری آنکھوں
چشم خانہ (ف) آنکھ کا حلقہ۔ آنکھ کا گھر۔

Marfat.com

چشم خروس } (ف)، مرغ کی آنکھ۔ شراب سرخ۔
چشم خروساں } لب معشوق۔
چشم خواباندن (ف)، تغافل کرنا۔
چشم بلبلی (ف)، سفید لوبیا کی قسم جس کے درمیان میں سیاہ تل ہوتا ہے۔
چشم خوردہ (ف)، وہ چیز جسے نظر بد کا اثر پہنچا ہو۔
چشم داشت (ف)، توقع۔ امید۔ بھروسہ۔
چشم داشتن (ف)، امید رکھنا۔ بھروسہ رکھنا۔ انتظار کرنا۔ راہ تکنا۔
چشم دان (ف)، وہ گڑھا جس میں آنکھ ہوتی ہے۔
چشم درد (ف)، آنکھ کا درد۔
چشم در راہ (ف)، نگران۔ منتظر۔
چشم در روئے کسے نمودن (ف)، شوخ چشم اور بے حیا ہونا۔
چشم دریدہ (ف)، پھٹی ہوئی آنکھ۔ بے حیا آنکھ۔ بے حیا۔ گستاخ۔ شوخ۔
چشم دوختن (ف)، نظر جما کر دیکھنا۔
چشم را آب دادن (ف)، تماشا دیکھنا۔ پسندیدہ اور خوب چیز دیکھنا۔
چشم رسانیدن (ف)، نظر لگانا۔
چشم رسیدن (ف)، نظر لگنا۔
چشم رسیدہ (ف)، جسے نظر لگی ہو۔
چشم روز (ف)، آفتاب۔
چشم روشن شدن (ف)، کسی کی ملاقات یا زیارت سے مستفیض ہونا۔
چشم روشنی (ف)، مبارکباد۔
چشم زاغ (ف)، دلیر۔ شوخ۔ بے حیا (۲) شربتی آنکھ۔
چشم زخم (ف)، نظر بد (۲) نظر بد سے جو آزار یا نقصان پہنچے۔
چشم زخم خوردن (ف)، نظر بد لگ جانا۔
چشم زد } (ف)، آنکھ جھپکنے کا عرصہ۔ طرفۃ العین۔ پل (۲) اشارہ
چشم زدن } کرنا۔ جاگنا۔ ڈرنا۔ شرم کرنا۔ حیا کرنا۔
چشم سرخ کردن (ف)، غصہ ہونا (۲) نہایت رغبت سے دیکھنا۔ (۳) جمع کرنا (۴) عاشق ہونا۔
چشم سفید شدن (ف)، آنکھوں کا بے نور ہو جانا۔ طوطا چشمی۔
چشم سفید (ف)، بے مروت۔
چشم سوزن (ف)، نہایت تنگی۔
چشم سیاہ کردن (ف)، دیکھو چشم سرخ کردن۔
چشم شدن (ف)، ظاہر ہونا (۲) روشن ہونا۔
چشم شکستہ (ف)، نابینا۔ کور۔
چشم شوخ (ف)، دیکھو چشم زخم۔
چشم شور (ف)، نظر بد جو فوراً اثر کرے۔
چشم فرنگی (ف)، عینک۔

چشمک (ف)، عینک، چشمہ۔ بکی (۲) رمز۔ آنکھ کا اشارہ (۳) چھوٹی آنکھ (۴) شکر رنجی (۵) چاکسو۔
چشم کردن (ف)، نظر بد لگانا۔ چشم زخم پہنچانا۔
چشم کشادن (ف)، پیدا ہونا۔ بے ہوشی کے بعد ہوش میں آکر آنکھیں کھولنا۔
چشم گرم کردن (ف)، نظارہ کرنا۔ عاشق ہونا۔ دیکھنا۔ تھوڑی دیر سونا۔
چشم گشتہ (ف)، احول۔ بھینگا۔
چشم مالیدن (ف)، ہوشیار ہونا۔
چشم گرفتن (ف)، بینائی جاتے رہنا۔
چشم گرم سے شد (ف)، مجھے نیند آتی تھی۔
چشم گفتن (ف)، کسی کا بیڑہ اٹھانا۔ ذمہ داری لے لینا۔
چشم منقط } (ف)، سفید داغ والی آنکھ۔
چشم منقوط }
چشم کف پات (ف)، خدا کرے تمہیں میری نظر نہ لگے۔
چشم نرم (ف)، ایسا شخص جو ظاہر میں حیادار ہو لیکن باطن میں ایسا نہ ہو۔
چشم نگین (ف)، معشوق۔ پیارا۔
چشم نمائی (ف)، دھمکی (۲) ڈرانا۔ دھمکانا۔
چشم و چراغ (ف)، سرمایہ بصارت۔ باعث۔ بینائی۔ بصارت۔ روشنی چشم (۲) عزت و فخر کا سرمایہ۔
چشم و دیدہ باختن (ف)، نابینا ہونا۔
چشم و رو انداختن (ف)، نہایت بے مروت اور نمک حرام ہونا۔
چشم و رو داشتن (ف)، حیا کرنا۔
چشم و گوش وا کردن (ف)، نیک و بد میں تمیز کرنا۔
چشمہ (ف)، پانی کا سوتہ۔ سوئی کا سوراخ (۳) منبع۔
چشمہ آتش فشاں (ف)، سورج۔
چشمہ بماہی شدن (ف)، سورج کا برج حوت میں جانا۔ اور وہ پھاگن کا مہینہ ہوتا ہے۔
چشمہ پل (ف)، پل کے در۔
چشمہ تدبیر (ف)، دانا اور باتدبیر آدمی (۲) انسان کا مغز (۳) قوت متفکرہ۔
چشمہ تیرہ گوں (ف)، رات۔
چشمہ حیواں (ف)، آب حیات۔ دہن معشوق۔
چشمہ خاوری (ف)، سورج۔
چشمہ خضر (ف)، دیکھو چشمہ حیوان۔
چشمہ خوں (ف)، دل۔
چشمہ دار (ف)، حلقہ دار۔ کڑیوں والی (۲) کڑیوں والی زرہ۔
چشمہ داشتن ترازو (ف)، ترازو کے ایک پلڑے کا ایک طرف جھک جانا۔
چشمہ درع (ف)، زرہ کی کڑیاں۔ حلقہ زرہ۔
چشمہ در ماہی رواں (ف)، سورج کا برج حوت میں جانا۔

Marfat.com

چشمۂ زار / چشمۂ سار } (ف) وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں۔
چشمۂ سوزن (ف) (۱) سوئی کا ناکہ (۲) نہایت تنگی (۳) نہایت بخیل اور کنجوس۔
چشمۂ سیماب / چشمۂ سیماب ریز } (ف) (۱) سورج (۲) چاند (۳) دن۔
چشمۂ قیر / چشمۂ قیر گوں } (ف) رات۔
چشم مالیدن (ف) بے خبری سے ہوش میں آنا اور غور کرنا۔
چشمہ گاہ (ف) وہ جگہ جہاں سے چشمہ پھوٹ نکلے۔
چشمۂ گرم / چشمۂ نور / چشمۂ نور بخش } (ف) سورج۔
چشمۂ نوش (ف) (۱) معشوق کا منہ (۲) آب حیات۔
چشمۂ ہور (ف) آفتاب۔
چشمیزک (ف) ایک خودرو گھاس کا دانہ جو سوڈان اور حجاز میں پیدا ہوتا ہے۔ قدیم طب میں آنکھ کی دوائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
چشنہ (ف) کھانے کی چیز۔
چشنہ خوار (ف) ایسا انسان جو دوسروں کے گھروں سے ہی کھائے۔
چشوم (ف) چشمیزک۔
چشیدن (ف) چکھنا۔

## چ - غ

چغ (ف) مٹھن - رئی - مدھانی (۲) چرخہ۔
چغ (ف) سرکی - چق - چلمن۔
چغاز (ف) بے حیا اور فاحشہ عورت جو گالیاں بہت بکے۔
چغامہ (ف) قصیدہ - غزل۔
چغان - چغانہ (ف) ایک ساز کا نام (۲) موسیقی کا ایک پردہ۔
چغبت / چغبوت } (ف) بھرتی (۲) روئی جو لحاف وغیرہ میں ڈالی جاتی ہے۔
چغد (ف) بوم - الّو۔
چغر (ف) مزاج پرسی - کسی کا حال پوچھنا - التفات کرنا - خوف - ڈر۔
چغرشتہ (ف) سوت کی لکڑی - پنڈیا۔
چغریدن (ف) التفات کرنا (۲) وہم کرنا (۳) ڈرنا۔
چغز (ف) وہ زخم جس کے اندر پیپ پڑ گئی ہو۔
چغنک (ف) چڑیا - کنجشک۔
چغل (ف) چغلی کھانے والا - غماز - لترا۔
چغل (ف) شکن - چین - سلوٹ (۲) ایک برتن کا نام۔

چغلی (ف) سخن چینی - کسی کی برائی کرنا۔
چغند (ف) بالوں کا جوڑا جو عورتیں سر کے پیچھے باندھتی ہیں - اردو میں اسے جوڑی یا چٹیا کہتے ہیں اور پنجابی میں گت۔
چغور (ف) چرکور۔
چغو / چغوک } (ف) چڑیا - کنجشک۔
چغہ (ف) لبادہ - جبہ - فرغل۔
چغیدن (ف) کوشش کرنا - سعی کرنا (۲) ہانپنا - تیز تیز سانس لینا۔

## چ - ف

چفالہ (ف) لشکر (۲) پرندوں کا غول۔
چفت (ف) جالیدار ٹٹی - وہ لکڑی جس پر انگور وغیرہ کی بیل چڑھائی جاتی ہے۔
چفت (ف) دروازہ کی زنجیر - کنڈی۔
چفت ریزہ (ف) صندوقچہ یا قلمدان کی زنجیر۔
چفت زدن (ف) تہمت لگانا۔
چفت کردن (ف) دروازہ میں زنجیر لگانا۔
چفت مو (ف) جالیدار ٹٹی۔
چفتہ (ف) بہتان - تہمت (۲) گوسفند کا سر (۳) دروازہ کی زنجیر۔
چفتیدن (ف) چپکنا۔
چفرشتہ (ف) سوت کی لکڑی۔

## چ - ق

چق (ف) چلمن - بانس کی تیلیوں وغیرہ کی سرکی جو دروازہ کے آگے لگائی جاتی ہے۔
چقاچاق / چقاچق } (ف) تلواروں یا نیزوں وغیرہ کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز۔
چقدر (ف) چہ قدر - کس قدر - کتنا۔
چقر (ف) شراب خانہ۔
چقر (ف) (۱) چشمہ (۲) تالاب - جوہڑ - گڑھا۔
چقماق / چقمق } (ف) وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہے (۲) سرزنش (۳) طعنہ۔
چقندر (ف) شلغم کی قسم کی ایک نہایت سرخ ترکاری کا نام جس سے کھانڈ بنائی جاتی ہے۔
چقو (ف) چاقو کا مخفف۔

Marfat.com

چقوق (ف) چڑیا۔

## چ - ک

چک (ف) برات (۲) وظیفہ (۳) بیعانہ (۴) قبالہ (۵) منشور (۶) غلّہ سے بھوسہ جُدا کرنے کا آلہ۔

چکاد } چکادہ } (ف) پیشانی کا اُوپر والا حصّہ (۲) پیشانی (۳) ڈھال (۴) پہاڑ کی چوٹی۔

چکارہ است (ف) فلاں آدمی کا کیا شغل یا پیشہ ہے۔ وہ کیا کام کرتا ہے۔

چکاسہ (ف) خارپشت۔ ساہی۔

چکامہ (ف) نظم۔ قصیدہ (۲) شعر۔ غزل۔

چکامہ سرا (ف) شاعر۔ نغمہ نگار۔

چکاں (ف) ٹپکتا ہوا۔

چکاندن } چکانیدن } (ف) ٹپکانا (۲) قطرہ قطرہ گرانا۔

چکاد } چکاوک } چکاوہ } (ف) راگ کی ایک آواز کا نام (۲) چڑیا سے کچھ بڑے ایک پرندہ کا نام جسے عربی میں قبرہ اور اردو میں چنڈول کہتے ہیں۔

چکرہ (ف) کروان۔ ایک پرندہ کا نام۔

چکس (ف) چرغ وباز وشاہین وغیرہ کا اڈا۔ پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی (۲) بلبل کا اڈا (۳) شرمندگی۔

چکسہ (ف) پڑیا۔ وہ کاغذ یا پتا جس میں دکان دار کوئی چیز باندھ کر دیتے ہیں (۲) پرندوں کا اڈا۔

چکش (ف) مطرقہ۔ ہتھوڑا۔

چکش بخار (ف) بھاپ سے کام کرنے والا ہتھوڑا۔

چکشی جواب دادن (ف) دندان شکن جواب دینا۔

چکل } چکل } (ف) ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔

چکلہ (ف) قطرہ قطرہ ٹپکنا (۲) پرگنہ۔

چکمہ (ف) لمبا بوٹ (۲) موزہ۔

چکمہ بگردن گرفتن (ف) مرنے مارنے کے لیے تیار ہو کر جانا۔ تیغ وکفن لے کر جانا۔

چکمیزک (ف) تقطیر البول۔ ایک بیماری کا نام جس میں پیشاب قطرہ قطرہ نکلتا ہے۔ دکھو نترا۔

چکن } چکن } (ف) کشیدہ۔ زردوزی (۲) بخیہ دوزی۔

چکنم (ف) کیا کروں۔ کدھر جاؤں۔

چک وچانہ } چک وچونہ } (ف) چک بمعنی ٹھوڑی کی ہڈی اور چونہ یا چانہ بمعنی ٹھوڑی۔ مراد قابلیت یا استعداد۔

چک وچانہ زدن } چک وچونہ زدن } (ف) سودے میں زیادہ جھگڑا کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔

چکہ (ف) قطرہ۔ بوند۔

چکہ (ف) چھوٹا۔ خورد۔

چکیدن (ف) ٹپکنا۔

چکیدۂ خفقان (ف) نالہ دردآمیز۔

چکیدۂ خون (ف) سُرخ انگوری شراب۔

چکیدۂ مژہ (ف) آنسو۔ اشک۔

چکین (ف) دیکھو چکن۔

## چ - گ

چگامہ (ف) چکامہ۔ قصیدہ۔ غزل۔

چگانی (ف) تربوز کی ایک قسم۔

چگلک (ف) چڑیا۔

چگل } چگل } (ف) دیکھو چکل۔

چگوک (ف) چڑیا۔

چگونگی (ف) کیفیت (۲) کس طرح پر ہے۔

چگونہ (ف) کیونکر۔ کس طرح۔ کیسے۔

## چ - ل

چل (ف) چلیدن مصدر کا امر۔ چلو۔ چلے آؤ۔

چل (ف) ندی نالہ کا وہ بند جو اس کے آگے پتھر اور گھاس پھوس سے بنایا جاتا ہے۔

چل (ف) چہل کا مخفف۔ چالیس۔ ۴۰ للعہ۔

چل (ف) کم عقل آدمی (۲) گنوار۔ وہ گھوڑا جس کے اگلے پاؤں سفید ہوں۔

چل (ف) آلہ تناسل۔ ذکر۔

چلاق (ف) ٹُنڈا آدمی (۲) شل آدمی۔ وہ آدمی جس کا ایک ہاتھ نہ ہو۔

چلاق کردن (ف) لنگڑا کرنا۔

چلاک (ف) گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔

چلالی (ف) وہ چھوٹی سی ٹوکری جس میں عورتیں چرخہ کاتنے کے وقت روئی اور سوت وغیرہ رکھتی ہیں۔

چلانگ (ف) ایک کھیل کا نام ہے جسے کوزہ گردانک بھی کہتے ہیں (۲) گبریلا۔

چلاؤ (ف) پکے ہوئے چاول خشکہ۔ اُبلے ہوئے چاول۔

Marfat.com

چلب (ف) شور و غوغا ۔ فتنہ ۔

چلبلہ (ف) جلد باز ۔ شتاب زدہ (۲) وہ چیز جو کسی کو بطور انعام ملے ۔

چلپاسہ (ف) چھپکلی ۔

چلپچی (ف) سلفچی ۔ چلمچی ۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن ۔

چلپک (ف) پوری ۔ گھی میں تلی ہوئی پتلی روٹی ۔

چلتوک (ف) دھان ۔ منجی جس پر چھلکا ہو ۔

چلتہ (ف) زرہ ۔ خفتان ۔

چلچراغ (ف) چاندی یا لکڑی کا بنا ہوا وہ درخت جس پر بہت سے چراغ جلائے جاتے ہیں ۔

چلچلی (ف) ہوس بازی ۔ ہوس رانی ۔

چلسار (ف) چالیس سال کی عمر کا ۔ بہت سے ستونوں والی عمارت ۔ یہ عمارت اصفہان میں موجود ہے جسے چہل ستون کہتے ہیں ۔

چلستان (ف) وہ جنگل جس میں پانی نہ ملے ۔

چلش (ف) ایک ترش ترکاری کا نام جو آش جو میں ڈالی جاتی ہے ۔

چلغوزہ (ف) مشہور میوہ جو درخت صنوبر کا پھل ہے ۔

چلقب / چلغب / چلقد (ف) چلتہ ۔ زرہ ۔ خفقان ۔

چلم (ف) جس میں تماکو بھر کر حقہ پر رکھتے ہیں ۔

چلہ (ف) رائیگاں ۔ مفت ۔

چلمن (ف) بے وقوف ۔ احمق ۔

چلہ (ف) بھیڑ بکریوں کی مینگنیاں ۔

چلنگر (ف) لوہا ۔

چلیپو (ف) غلیظ میلے کچیلے کپڑے رکھنے والا ۔

چلواری (ف) خاصے یا لٹھے کا تھان ۔

چلو (ف) اہل ایران کا ایک عام اور مقبول کھانا ۔

چلوک (ف) وہ رسی جو گھوڑے کی گردن پر ڈالی جاتی ہے ۔

چلو کباب (ف) ایرانیوں کی مشہور و مقبول عوام غذا جو گوشت چاول مکھن انڈے اور دہی سے تیار کی جاتی ہے ۔

چلہ (ف) چالیس دن (۲) چالیس دن تک جو زاہد ایک گوشہ میں بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں (۳) ریاضت (۴) کمان کی تانت ۔

چلی (ف) نامردی ۔

چلیپا (ف) لفظ صلیب اسی کا معرب ہے ۔ عیسائی سونے یا چاندی کی جو چار گوشہ صلیب بنا کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مصائب کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے گلے میں لٹکا لیتے ہیں ۔ کیونکہ ان کا اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب یعنی سولی دیے گئے تھے ۔

چلیدن (ف) چلنا ۔

# چ - م

چم (ف) چمیدن کا امر ۔ لیک جا ۔ ناز سے چل (۲) میلان طبع ۔ طبیعت کا لگاؤ ۔

چماق (ف) لوہے کا شش پہلو گرز (۲) لاٹھی جس کا ایک سرا موٹا اور گرہ دار ہو (۳) ذکر ۔ آلہ تناسل ۔

چمان (ف) جام شراب (۲) ناز و انداز سے چلنا ۔

چمانہ (ف) شراب کا پیالہ (۲) پیالہ کی شکل کا نصف منقش کدو جس میں شراب پیتے ہیں (۳) خرامان ۔

چمانی (ف) شراب پلانے والا ۔ ساقی (۲) ناز سے چلنے والا ۔

چمانیدن (ف) ناز و ادا سے چلنا ۔

چمتاک / چمتک (ف) پاپوش ۔ جوتا ۔

چمچاچ (ف) خمیدہ ۔ منحنی ۔ کبڑا ۔

چمچاخ (ف) جھکا ہوا ۔ منحنی ۔

چمچغہ (ف) ایک قسم کا تازیانہ ۔ کوڑا ۔

چمچمہ (ف) راہ چلتے وقت پاؤں کی آواز ۔

چمچہ (ف) قاشق ۔ چھوٹا کفگیر ۔

چمدان (ف) جامہ دان ۔ سوٹ کیس ۔

چمراس (ف) آسمانی کتاب کا فقرہ ۔ آیت ۔

چمش (ف) خرام ناز (۲) چاکسو ۔

چمشاک / چمشک (ف) پاپوش ۔ جوتا ۔

چمشہ (ف) چشمہ کا مقلوب ۔ چشمہ ۔

چمک (ف) شان و شوکت ۔ دبدبہ ۔ قدرت ۔ قوت (۲) پیش دستی (۳) بیشی ۔ افزونی ۔

چمن (ف) یہ لفظ چم امر چمیدن اور ن نسبت سے مرکب ہے ۔ ٹہلنے کی جگہ ۔ سیر کا مقام (۲) سبزہ کیاری ۔ صحن باغ (۳) باغ کے اندر کی وہ جگہ جہاں طرح طرح کے پھول لگے ہوتے ہیں (۴) باغ کے بیچ کا چبوترہ جس کے چاروں طرف پھول ہوں (۵) خیابان ۔ باغ (۶) روش (۷) گلزار ۔ بستان ۔ گلستان ۔ پر فضا میدان ۔

چمنا (ف) استرہ ۔ خنجر ۔

چمن آرا (ف) باغبان ۔ مالی ۔

چمناک (ف) پاپوش ۔ جوتا ۔

چمن پیرا (ف) مالی ۔ باغبان ۔

چمن توتچی (ف) ایک مقام کا نام ۔

چمن طبع (ف) خوش طبیعت ۔ رنگین مزاج ۔

چمن طراز (ف) مالی ۔ باغبان ۔

Marfat.com

چموش (ف) چاموش کا مخفف۔ پاپوش۔ جوتا۔
چم و خم (ف) ناز و ادا۔
چموش (ف) دولتی مارنے والا گھوڑا یا خچر۔
چمیدن (ف) لچکنا۔ ناز سے چلنا۔

# چ - ن

چناب (ف) پنجاب کے مشہور دریا کا نام جو وادی لاہول سے نکل کر پنجاب کے دیگر چار دریاؤں کو اپنے ساتھ ملا کر سکھر کے قریب دریائے سندھ میں شامل ہو جاتا ہے۔
چناب (ف) خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی کا نام ہے۔
چنار } چنال } (ف) ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے جس کی عمر دو سو برس سے بھی زیادہ ہوتی ہے اس کے پتے انسان کے پنجہ کے مشابہ ہوتے ہیں۔ لغات میں لکھا ہے کہ رات کو اس درخت سے خود بخود آگ کی چنگاریاں جھڑتی ہیں۔ اس درخت میں پھل نہیں آتا۔ عورتوں کے مہندی لگے ہوئے ہاتھوں کو اس کے پتوں سے تشبیہ دیتے ہیں۔
چنان (ف) اس لفظ کی اصل چوں آں ہے۔ ایسا۔ (۲) اس قدر۔ اس کی مانند۔
چنان چن (ف) تیر یا تلوار کے پے در پے پڑنے کی آواز
چنانچہ (ف) جیسا کہ۔
چنانکہ افتد و دانی (ف) شیخ سعدیؒ کا مکمل جملہ یوں ہے۔ در عالم جوانی چنانکہ افتد و دانی۔ یعنی جوانی میں ہر کسی کے قدم ڈگمگا ہی جاتے ہیں۔
چناں و چنیں (ف) ایسا ویسا۔ اس طرح اُس طرح (۲) لسانی (۳) نکتہ چینی (۴) لغت تراشی (۵) چہ چار (۶) بحثا بحثی۔
چنبا } چنپا } (ف) رائے چنپا جو مشہور پھول ہے۔
چنباتمہ (ف) پالتی مار کے بیٹھنے کی حالت۔
چنباتمہ زدن (ف) پالتی مار کے بیٹھنا۔
چنباتمہ نشستن (ف) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
چنبر (ف) حلقہ (۲) دائرہ کا محیط (۳) طوق چنبیلی۔ (۴) کمند (۵) چکر لگانا (۶) چرخ مارنا (۷) گرفتار ہوتا۔ قید ہونا۔ (۸) سرپوش۔
چنبر بازی (ف) ناچنا۔ رقص کرنا اور چکر لگانا۔
چنبر دوش } چنبر گردن } (ف) ہنسلی۔ طوق۔

چنبر مینا } چنبر واژگوں } چنبر واژگونہ } (ف) آسمان
چنبرہ (ف) تاروں سے بنایا ہوا چھکا۔ جسے لٹکا کر حفاظت کے لیے چیزیں رکھتے ہیں۔
چنبک (ف) سنگ آہن ربا۔ مقناطیس۔
چنتہ خالی بودن (ف) کم عقل ہونا۔ احمق ہونا۔
چند (ف) کب تک (۲) کتنا۔ کتنے (۳) ہر چہ (۴) ہر چند۔
چنداں (ف) اتنا۔ اس قدر (۲) اتنی دیر (۳) صندل کی لکڑی۔
چندانکہ (ف) جتنا کہ۔ جس قدر کہ۔
چند پلہ مے خورد (ف) اس عمارت کی کتنی سیڑھیاں ہیں۔
چند روزہ (ف) بے ثبات۔ ناپائدار۔ عارضی۔ فانی۔
چندک زدن (ف) دو زانو ہو کر بیٹھنا۔
چندش (ف) لرزہ۔ کپکپی۔
چندش زدن (ف) لرزنا۔ کانپنا۔
چند کلمہ از وہم بشنو (ف) عموماً استہزاء یا نفرت سے کہتے ہیں کہ ذرا ان کی بکواس بھی سن لو۔
چندگاہ (ف) کئی بار۔ کئی دفعہ۔ بارہا۔
چندل (ف) صندل اسی کا معرب ہے۔ مشہور خوشبودار لکڑی۔ چندن۔
چندلا (ف) کئی تہہ۔ کئی تہہ والا۔
چند مردہ (ف) وہ آدمی جو کئی آدمیوں کی جگہ کام آئے۔
چندے (ف) چند روز۔ کچھ مدت۔
چندیں (ف) اس قدر۔ اتنی۔
چنگ (ف) چنگل۔ پنجہ (۲) ایک ساز کا نام جس کا سر جھکا ہوا ہوتا ہے اور اسے لبوں سے لگا کر پھونک مار کر بجاتے ہیں (۳) مشہور مصور مانی کی کتاب کا نام (۴) مانی کا نگارخانہ۔
چنگار (ف) سرطان۔ خرچنگ۔ کیکڑا۔
چنگال (ف) آدمی کا یا حیوان کا پنجہ۔ (۲) تیر کا نشانہ۔ (۳) وہ کانٹا جس سے یورپین کھانا کھاتے ہیں۔
چنگ چنگ (ف) مٹھی۔ مٹھی۔
چنگش (ف) ایک تورانی پہلوان کا نام جو افراسیاب کی مدد کرتا ہوا رستم کے ہاتھ سے مارا گیا۔
چنگل (ف) حیوان یا انسان کا پنجہ۔
چنگ مریم (ف) دیکھو پنجۂ مریم۔
چنگ نواختن (ف) چنگ بجانا۔ ساز بجانا۔
چنگ نواز } چنگی } (ف) چنگ بجانے والا۔

Marfat.com

چنگیز (ف) مغلوں کی زبان میں بڑے کو کہتے ہیں - اور یہ لفظ عموماً آسمان اور سمندر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
چنگیز } (ف) ترکستان کے ایک ظالم، مشہور اور عظیم الشان
چنگیز خاں } بادشاہ کا نام جو ۵۴۹ھ میں پیدا ہوا۔ ہلاکو خان جس نے بغداد اور کئی بڑے بڑے شہر تباہ کیے اسی کا پوتا تھا۔
چنگیز نژاداں (ف) ازبک قوم۔
چنو (ف) چوں او کا مخفف۔ اس کی مانند۔ ویسا۔
چنہ (ف) چانہ کا مخفف۔ ٹھوڑی۔
چنی (ف) چینی کا مخفف - جو چیدن مصدر سے امر حاضر ہے۔
چنیں (ف) چوں ایں کا مخفف۔ ایسا (۲) ایسی بات۔

# چ - و

چو (ف) جب (۲) مثل۔ مانند (۲) وقت۔
چو انداختن (ف) بے پر کی اڑانا۔
چو او صد کسے در یک انگشت او ست (ف) ایسے ویسے اس کے سینکڑوں محکوم ہیں۔
چوب (ف) لکڑی (۲) پنجرے کے اندر جانوروں کے بیٹھنے کا اڈہ۔
چوب ادب (ف) استاد کی لکڑی یا پولیس کا ڈنڈا۔
چوب از بہشت آمدہ است (ف) لاڈ پیار سے اولاد بگڑ جاتی ہے۔
چوبا (ف) تھونی - تھم - ستون - بتی۔
چوبانی (ف) چرواہا پن - گڈریا پن - نگہبان۔
چوب پنبہ (ف) بوتل کا کارک۔
چوب پیش را کسے داشتن (ف) کسی کا سدِ راہ ہونا - کسی کو روکنا۔
چوب تعلیم } (ف) قمچی جس سے استاد لڑکوں
چوب تعلیم دہ - چوب تعلیمی } کو ادب سکھاتے ہیں یا سوار گھوڑے کو سدھاتے ہیں۔
چوب حاکم صدا ندارد (ف) حاکموں کی لاٹھی بے آواز۔
چوب خدا صدا ندارد ہر کہ خورد دوا ندارد (ف) خدا کی لاٹھی بے آواز ہے اور جسے لگ جائے وہ لاعلاج ہے۔
چوب خط (ف) لکڑی کا پیمانہ - جس پر نشانات لگے ہوئے ہوں۔
چوب خوار } (ف) دیمک۔
چوب خوراک }
چوب دار (ف) نوکر جو سونے یا چاندی کی لاٹھی لے کر آگے دوڑے۔

چوب دار (ف) پھانسی۔
چوب دست } (ف) لاٹھی - چھڑی - عصا - لکڑی۔
چوب دستی }
چوب دنگ (ف) موصلی جس سے دھان کوٹتے ہیں۔
چوب رخت (ف) کھونٹی جس پر کپڑے لٹکاتے ہیں۔
چوب شگاف (ف) پچڑ - پھانا۔
چوبک (ف) وہ لکڑی جسے چوکیداروں کا داروغہ رات بھر تختہ یا نقارہ پر اس لیے مارتا رہتا ہے تاکہ چوکیدار جاگتے رہیں۔
چوبک زن (ف) چوکیداروں کا داروغہ - پاسبانوں کا سردار۔
چوبکش (ف) روئی اوٹنے کی چرخی - پنجابی ویلنا۔
چوبکی (ف) چوبدار (۲) چوکیداروں کا داروغہ - داروغہ کوتوال (۳) نوکر۔
چوب گز (ف) لکڑی کا گز۔
چوب لای چرخ گزاشتن (ف) کسی کی ترقی کو روکنا۔
چوبہ (ف) لاٹھی (۲) کوڑا (۳) تیر۔
چوبۂ دار (ف) پھانسی دینے کی لکڑی۔
چوبیں (ف) دیکھو بہرام چوبین۔
چوبیں } (ف) منسوب بہ چوب - لکڑی کا (۲) منہ صاف
چوبینک } کرنے کا سرخ رومال جو سر پر باندھا جاتا
چوبینہ } ہے۔
چوپان (ف) دیکھو چوبان۔
چوپانی (ف) دیکھو چوبانی۔
چوتزہ (ف) چبوترہ۔
چوچہ (ف) بیلن - جس پر روئی کو بیل کر تیلا کیا جاتا ہے۔
چوخا (ف) فقیروں کا ایک قسم کا پشمینہ کا لباس - اونی لباس - راہبوں کے پہننے کا اونی لباس۔
چوخیدن (ف) گر پڑنا - پھسلنا (۲) لڑنا (۳) کوشش کرنا۔
چو دخلت نیست خرج آہستہ تر کن (ف) اسراف سے بچو - جب آمدنی کم ہو تو محتاط ہو کر خرچ کرو۔
چودن (ف) پگھلا ہوا لوہا - پگھلے ہوئے لوہے سے جو چیز ڈھالی جاتی ہے۔
چور (ف) جنگلی مرغ (۲) تدرو جو ایک مشہور پرندہ ہے۔
چوز (ف) فرج - عورت کا اندام نہانی۔
چوزہ (ف) مرغی کا بچہ۔
چوژہ (ف) مرغی کا بچہ۔
چوسیدن (ف) چمٹنا - چپکنا۔
چوشیدن (ف) چوسنا۔
چو شصت آمد شکست آمد بر اوار (ف) ساٹھ سال کی عمر ہو جائے تو بدنی قوتیں ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔
چوشک (ف) چھوٹا ٹونٹی دار کوزہ۔

Marfat.com

چوشیدن (ف) چوسنا۔
چوغہ (ف) لبادہ ۔ جبہ ۔ فرغل۔
چو فردا شود فکر فردا کنیم (ف) کل کی بات جب کل آئے گا دیکھی جائے گی۔
چوقا (ف) جبہ ۔ چغہ
چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی (ف) اگر جڑ اور اصل ہی میں خرابی ہو تو پھر کیا علاج؟
چوکیدار (ف) پہرہ دار ۔ نگہبان ۔ پاسبان۔
چوگان (ف) بلا (۲) ڈنڈا (۳) وہ ڈنڈا جو سرے پر سے ٹیڑھا ہوتا ہے ۔ نقارہ اور ڈھول بجانے کی چوب
چوگان رزم / چوگان زر } (ف) تلوار۔
چوگان زن (ف) چوگان باز۔
چوگان سنبل (ف) معشوق کی زلف۔
چوگان کہربائی (ف) ہلال۔
چوگانی (ف) چوگان بازی میں خوب اور دوڑنے والا گھوڑا۔
چولک (ف) بوم ۔ اُلو۔
چول (ف) جنگل ۔ بیابان۔
چول (ف) ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔ جھکا ہوا
چول (ف) ذکر ۔ عضو تناسل۔
چولستان (ف) بیابان جنگل جس میں پانی نہ ہو۔
چولکان ۔ چولہ (ف) بلا ۔ ڈنڈا ۔ چوگان۔
چولہ (ف) خارپشت ۔ ساہی۔
چوں (ف) مانند ۔ اگر ۔ جب ۔ ہرگاہ ۔ کیونکہ ۔ چرا ۔ چنانچہ ۔ چگونہ۔
چوں حلقہ دربر (ف) مقیم (۲) ثابت قدم (۳) وہ شخص جو گھر سے باہر ہو اور اندر آنے کی طاقت نہ رکھے۔
چوں حلقہ دربر بودن (ف) ثابت قدم رہنا ۔ جمے رہنا ۔ پاؤں جمائے رکھنا۔
چوں زعفران نزد دراز گوش (ف) گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
چوں عمر نمی ماند گو ہیچ ممان (ف) آپ مرے جگ پرلو۔
چونکہ (ف) جدید فارسی کے محاورہ میں "اگر" کے لیے آتا ہے۔
چوں گوش روزہ دار بر اللہ اکبر (ف) بے قراری سے منتظر۔
چون و چہ / چون و چرا } (ف) کیوں ۔ کس واسطے ۔ حجت و تکرار۔
چونہ (ف) چانہ ۔ ٹھوڑی۔
چونہائے خمیر آرد (ف) آٹے کے پیڑے۔
چونی (ف) تو کس طرح پر ہے۔

## چ ۔ ہ

چہ (ف) کیا ۔ کیونکہ ۔ ہرچہ (۲) بہت (۳) مساوات کے معنی بھی دیتا ہے۔
چہ (ف) چاہ کا مخفف ۔ کنواں۔
چہ آشی باشد کہ لائق قدح باشد (ف) یہ منہ اور مسور کی دال۔
چہا (ف) چہ بسیار (۲) بہت سی (۳) کیا کیا (۴) کون سی ۔ اکثر حوادث و تکالیف کے موقعہ پر استعمال ہوتا ہے۔
چہاد (ف) پہاڑ کی چوٹی (۲) سر کی چوٹی ۔ (۳) آدمی کی پیشانی۔
چہار (ف) چار ۔ ۴ للعدد۔
چہار آخشیج (ف) عناصر اربعہ۔
چہار ارکان (ف) راوٹی جو ایک قسم کا خیمہ ہے (۲) دُنیا کی چار طرفیں۔
چہار اقران (ف) یعنی چار ارکان (۲) نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چار یار۔
چہار اقلیم ہند (ف) تمام ہندوستان ۔ کیونکہ ہندوستان چار اقلیموں میں واقع ہے۔
چہار آئین (ف) دیکھو چہار ارکان (۲) نیز یعنی چار کتابی مذہب (۳) خلفائے اربعہ۔
چہار بالش / چہار بالشت } (ف) اس لفظ کے چار معنی ہیں (۱) تخت و مسند (۲) اربعہ عناصر (۳) جہات اربعہ (۴) دنیا و عالم۔
چہار بسیط (ف) عناصر اربعہ۔
چہار پا (ف) باربردار حیوانات۔
چہار پایہ (ف) چوپایہ۔
چہار پہلو (ف) گہری نیند سونا (۲) ایک قسم کا انجیر۔
چہار تارہ (ف) ایک ساز کا نام۔
چہار چشم شدن (ف) آمنے سامنے ہونا ۔ آنکھیں چار ہونا۔
چہار چوب (ف) چوکھٹ۔
چہار دانگ (ف) دیکھو چار دانگ۔
چہار دریچہ (ف) منہ ۔ کان ۔ ناک ۔ آنکھ ۔ عناصر اربعہ ۔ ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔
چہاردہ (ف) چودہ ۔ ۱۴ للعدد
چہار دہم (ف) چودھواں ۔ ۱۴
چہار دیوار جہان (ف) چار طرفیں (۲) عناصر اربعہ۔
چہار رکن (ف) چار ارکان کعبہ یعنی بنا رشامی ۔ یمانی ۔ عراقی اور حجر اسود۔
چہار روزہ (ف) چند روزہ۔
چہار رئیس (ف) عناصر اربعہ۔
چہار زبان (ف) وہ شخص جو ایک بات پر قائم نہ رہے کبھی کچھ کہے اور کبھی کچھ (۲) منہ ۔ ناک ۔ کان اور آنکھ۔

Marfat.com

چہار ستون بدن (ف) دونوں پاؤں اور دونوں ہاتھ۔
چہار سُو (ف) چار طرفین۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق اور مغرب۔
چہار سوق (ف) چوراہا۔ چوک۔
چہار شنبہ (ف) بُدھ وار۔
چہار طاق (ف) راوٹی جو ایک قسم کا خیمہ ہے۔
چہار عَلَم (ف) خلفائے اربعہ۔
چہار کرکس (ف) عناصر اربعہ۔ (۲) شدّاد کا تخت۔
چہار گامہ (ف) تیز رَو گھوڑا۔
چہار گانہ (ف) چاروں۔
چہار گاہ (ف) راگ کی ایک قسم۔
چہار گوشہ (ف) چوکھونٹی یا مربع چیز (۲) تخت (۳) مُردہ کا تابوت۔
چہار گوہر (ف) عناصر اربعہ۔
چہارُم (ف) چوتھا۔ – ۴ –
چہار مذہب (ف) چار طریقے۔ اہلسنت کے چار مسلک۔ حنفی۔ مالکی۔ شافعی۔ حنبلی۔
چہار مسکون (ف) رُبع مسکون۔ دُنیا کا آباد حصّہ۔
چہار مغز (ف) اخروٹ (۲) دیکھو چار مغز۔
چہارُم منظر (ف) چوتھا آسمان جس پر سُورج خیال کیا جاتا ہے۔
چہار موجہ (ف) بھنور۔ گرداب۔
چہار میخ حیات (ف) اربعہ عناصر۔
چہار میر (ف) خلفائے اربعہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چار یار۔
چہار نعل (ف) تیز دوڑنا۔ گھوڑے کی ایک خاص دوڑ
چہار نفس (ف) چار نفس نفس امّارہ نفس لوامہ۔ نفس ملہمہ۔ نفس مطمئنہ
چہار ہفتہ (ف) ناچیز اور معدوم شے۔
چہار یار (ف) خلفائے اربعہ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چار یار۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ۔ حضرت عمر رضؓ فاروق۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ (رضی اللہ عنہم)
چہ باشد چہ نباشد (ف) ہونا نہ ہونا برابر ہے۔
چہ بچہ (ف) کنوئیں وغیرہ کے نزدیک ایک گڑھا بنا دیتے ہیں جس میں خراب پانی جمع ہوتا ہے۔
چہ بزیر سر دارد (ف) خیال کیا رکھتا ہے (۲) اسے کیا منظور ہے۔
چہ بیژن (ف) وہ کنواں جس میں افراسیاب نے بیژن کو قید کیا تھا۔
چہ پیشہ (ف) ناکارہ اور رَدّی آدمی۔
چہ تواں کرد (ف) کیا کیا جائے۔ کیا کیجئے۔ بے اختیاری کے موقع پر بولتے ہیں
چہ جان دارد (ف) وہ کیا طاقت رکھتا ہے۔ کیا طاقت ہے
چُہچُہہ (ف) بُلبل کی آواز۔

چہ حالت سے گذرد (ف) کیا تکلیف اُٹھا رہا ہے۔
چہ خوش (ف) کلمہ طنز۔ کیا خوب۔ کیا بات ہے۔ وہ کیا کہتا ہے۔
چہ خوش چرا نباشد (ف) کلمہ طنز۔ ہاں کیوں نہ ہو۔ کیا کہتے ہیں
چہ دردماغ دارد۔ چہ در سر دارد۔ چہ سر دارد (ف) اس کا کیا خیال ہے۔ اسے کیا منظور ہے۔
چہر (ف) چہرہ۔ مُنہ۔ اصل۔ ذات۔
چہر آزاد } چہرزاد } (ف) ایران کے بادشاہ بہمن کی بیٹی کا نام جسے بہمن زردشتی شریعت کے بموجب اپنے نکاح میں لایا۔ چنانچہ داراب اسی کا بیٹا تھا۔ اسفندیار کی لڑکی کا نام بھی ہے۔
چہرہ (ف) منہ (۲) صورت (۳) ماتھا۔ پیشانی۔
چہرہ آتش نما (ف) شراب پی کر یا غصہ میں آکر لال ہونا۔
چہرہ پرداز (ف) مصوّر۔ صورت گر۔
چہرہ خیز (ف) روشن۔ مجلّا۔ مصفّا۔
چہرہ درہم کشیدن (ف) چیں بہ جبیں ہونا (۲) مخالف ہونا۔
چہرہ شدن (ف) حریف ہونا۔ مقابل ہونا (۲) لڑنے جھگڑنے کو اُٹھ کھڑا ہونا۔
چہرہ شکستن (ف) رنگ ماند پڑ جانا۔
چہرہ کشا (ف) مصوّر۔ صورت گر۔
چہرہ کشادن (ف) نمودار ہونا۔ نقاب کا اُلٹنا۔
چہرہ کشائی (ف) مصوری۔ صورت گری۔ نقاشی
چہرہ مالیدن (ف) فروتنی کرنا۔ عجز کرنا۔ انکسار کرنا
چہرہ نویس (ف) ملازموں کا حُلیہ وغیرہ لکھ کر سرکار میں پیش کرنے
چہ زُہرہ (ف) بُرج سُنبلہ جو زُہرہ کے ہبوط کی جگہ ہے۔
چہ قیامت است (ف) کیا قیامت ہے۔ تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ بولنے میں "ہ" حذف ہو جائے گی۔
چہ کارہ (ف) ردّی اور ناکارہ آدمی۔
چہ گل شگفت } چہ گل شگفتہ } (ف) کیا اچنبھے کی بات ظہور میں آئی ہے۔ کونسا عجیب کام ظاہر ہوا ہے۔
چہل (ف) چالیس – ۴۰ – للعدد
چہل ابدال } چہل تنان } (ف) ابدال جن کی تعداد چالیس ہے
چہل چراغ (ف) جھاڑ ا حوض، کنوئیں یا تالاب کے کنارے یا دیواریں جن سے دیئے جلانے کی جگہ۔
چہل ستون (ف) بارہ دری۔
چہلُم (ف) چالیسواں۔ – ۴۰ –
چہل مغار (ف) بڑی پولیس کا نام ہے۔
چہ مہ کرد (ف) کیا نفع اُٹھایا کونسا اچھا کام کیا۔

Marfat.com

چہ مہ گرد کہ اُو نخواہد کرد (ف) یہ فقرہ وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں کوئی ایسا کام کرنے لگے کہ اس سے بڑے بھی نہ کر سکیں۔

# چ - ی

چی (ف) چیز کا مخفف۔ شے۔ چہ کے بجائے استعمال ہوتا ہے۔

چی (ت) دارند یعنی رکھنے والا۔ فاعلیت کا کلمہ ہے جیسے بشماقچی یعنی کفشگر اور یالاچی یعنی دروغ گو۔ توپچی۔

چیچک (ت) پھول۔

چیچک (ف) آبلہ۔ پھپھولا (۲) سیتلا جو مشہور بیماری ہے۔

چیچک رو (ف) وہ شخص جس کے چہرہ پر چیچک کے نشان ہوں۔

چیر (ف) غالب ہونا۔ غلبہ پانا (۲) فتح یابی (۳) نصیب۔ حصہ۔ بہرہ (۴) بہادر۔ دلیر (۶) فریاد کرنا۔

چیرگی (ف) غلبہ۔ فتح۔

چیرہ (ف) غالب ہونا۔ غلبہ پانا (۲) بہادر۔ دلیر (۳) اور ہندی بمعنی دستار۔ پگڑی۔

چیرہ بند (ف) منقش اور رنگین پگڑی باندھنے والا (۲) کنواری لڑکی۔ بکر۔

چیرہ دار (ف) دولت مند۔

چیرہ دست (ف) سرکش۔ غالب۔

چیرہ دستی (ف) سرکشی۔ زبردستی (۲) غلبہ۔ قوت۔ قدرت۔

چیرہ زُباں (ف) آزادی سے بات کرنے والا۔

چیز (ف) شے (۲) موجود (۳) کچھ۔

چیزک (ف) معمولی چیز۔

چیز بیز (ف) تھوڑی چیز۔ حقیر پونجی۔

چیز میز (ف) تھوڑا سا۔ اندک۔ قلیل۔

چیزہ (ف) کچھوا۔ خارپشت۔

چیزے بار نبودن (ف) کچھ پلے نہ ہونا۔ بے عقل۔ کم مایہ۔

چیزے بر چیزے اُفگندن (ف) ایک چیز کا دوسری چیز پر موقوف رکھنا۔

چیزے بر چیزے دوختن (ف) مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

چیزی بگو کہ بگنجد (ف) ایسی بات کہو جس کی گنجائش ہو جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں۔ تیلی نے جاٹ سے کہا، جاٹ رے جاٹ تیرے سر پر کھاٹ۔ اس نے جواب دیا، تیلی رے تیلی تیرے سر پر کولھو۔ اس نے کہا کوئی ایسی چیز کہو جو اٹھا تو سکوں۔

چیست (ف) کیا ہے۔

چیستاں (ف) پہیلی۔ بجھارت۔ معمّا۔

چیک چیک (ف) مرغوں کی آواز۔ چڑیوں کی چہچہاہٹ۔

چیلاس (ف) ایک مقام کا نام۔

چیلان / چیلانہ (ف) عناب۔

چیلک (ف) عناب۔

چیلہ (ف) ایندھن۔

چین (ف) بل۔ شکن۔ سلوٹ۔

چین (ف) برّاعظم ایشیا کا مشہور ملک جس کی تہذیب و تمدن نہایت قدیم ہے اور نہایت آباد ملک ہے۔ اس کی آبادی ۴۶ کروڑ ہے۔ جو دنیا کی ایک تہائی آبادی کے قریب ہے۔ باشندوں کا مذہب بدھ ہے لیکن مسلمان بھی تقریباً سات کروڑ ہیں۔ اس ملک کی ایک دیوار اور ایک نہر عجائبات میں شمار ہوتے ہیں۔ اس کا پایہ تخت پیکنگ ہے۔

چین از ابرو کشادن (ف) تیوری کا ماتھے سے ہٹنا۔ ناراضگی اور خفگی کا دور ہونا۔

چین بجبیں (ف) ماتھے پر تیوری ڈالنا۔

چین بچہرہ آوردن (ف) تیوری چڑھانا (۲) مخالف ہونا (۳) مخالفت کرنا (۴) ترش رُو ہونا۔

چین خوردن (ف) شکن پڑنا۔ جھریاں پڑنا۔

چین خوردگی (ف) بل، شکن یا سلوٹ پڑنا۔

چین شدن (ف) تیوری چڑھانا۔ بل ڈال لینا۔ منہ بنانا۔

چین کشاد (ف) غصہ جاتا رہا۔

چینہ (ف) پرندوں کا دانہ۔ چوگا (۲) پلستر کی ایک تہ یا دیوار کا ایک رداّ۔

چینہ دان (ف) مرغ کا پوٹا۔ پرندہ کا پوٹا۔

چینہ دانِ کسی را تکاندن (ف) مکر و فریب سے کسی کو افشائے راز پر آمادہ کرنا۔

چینہ دیوار (ف) منڈیر۔

چینہ کشیدن (ف) کچی دیوار بنانا یا کسی کے اردگرد باڑ لگانا۔

چینی (ف) منسوب بہ چین۔ چین کا آدمی۔ چین کی کوئی شے۔ چین کی کھانڈ (۲) شکر سفید۔ دانہ دار کھانڈ۔

چینی پرند (ف) گل دار اور منقش چادر۔

Marfat.com

# ح

**ح** - عربی کا چھٹا اور فارسی حروفِ تہجی کا آٹھواں حرف۔ بحسابِ جمل اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں

## ح - ا

**حاب** (ع) گناہ۔ قصور۔ خطا۔
**حابس** (ع) روکنے والا۔
**حاتم** (ع) عرب کے ایک مشہور سخی اور فیاض شخص کا نام جو عبداللہ بن سعد کا بیٹا تھا۔ حاتم کا بیٹا عدی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت سے فیض یاب ہوا۔ حاتم عرب میں اور نوشیروانِ عادل ایران میں ایک ہی زمانے میں ہوئے ہیں۔
**حاج** (ع) حج کرنے والا۔
**حاج** (ع) حاجی کی جمع۔ حج کرنے والا۔
**حاج الحرمین** / **حاج الحرمین الشریفین** (ع) مکہ اور مدینہ دونوں کا حاجی حرمِ مکہ اور حرمِ نبوی سے ہو کر آیا ہوا شخص
**حاجات** (ع) حاجتیں۔ ضرورتیں۔
**حاج آقا** (ف) مالدار۔ دولت مند۔
**حاجب** (ع) دربان۔ چوکیدار۔ پردہ دار (۲) پردہ کرنے والا (۳) چہرہ دار (۴) چوب دار (۵) ابرو
**حاجب الدولہ** (ع) ایک شاہی خطاب ہے۔ دربار کا عرض بیگی
**حاجب بار** (ع۔ف) حضرت جبرائیل علیہ السلام سے مراد ہے۔
**حاجب زنداں** (ف) قید خانہ کا داروغہ۔ زنداں کا محافظ قیدیوں کا نگراں۔
**حاجت** (ع) احتیاج۔ ضرورت (۲) خواہش
**حاجت خواستن** (ف) دُعا مانگنا۔ مراد مانگنا۔ حاجت مند ہونا۔
**حاجت خواہ** (ف) محتاج۔ خواہش مند
**حاجت روا** (ف) حاجتوں کو پورا کرنے والا۔
**حاجت مشاطہ نیست رُوئے دلآرام را** (ف) خوبصورت کو آرائش کی ضرورت نہیں۔
**حاجت مند** / **حاجتمند** (ف) خواہش مند۔ محتاج۔
**حاجز** (ع) پردہ۔ روک۔ آڑ (۲) مانع
**حاجّہ** (ع) حاج کی تانیث۔ حج کرنے والی عورت۔
**حاجی** (ع) کعبۃ اللہ کا حج کرنے والا۔
**حاجی ارزانی** (ف) مزاح سے بہت مہنگا سودا بیچنے والے کو کہتے ہیں
**حاجی الحرمین** / **حاجی الحرمین الشریفین** دیکھو حاج الحرمین
**حاجی لک لک** (ف) بگلا۔
**حاجیہ** (ع) حاجی کی تانیث۔ حج کرنے والی عورت
**حادّ** (ع) تیز۔ تند
**حادث** (ع) قدیم کی ضد۔ نیا۔ نو پیدا۔ نیا پیدا ہونے والا نیا امر ظہور میں آنے والا۔ نئی پیدا شدہ چیز۔
**حادث شدن** (ف) نمودار ہونا
**حادثہ** (ع) نئی پیدا شدہ بات۔ نو پیدا (۲) واقعہ (۳) مصیبت (۴) زمانہ کی گردش
**حاذ** (ع) پیٹھ۔ پشت
**حاذر** (ع) مستعد۔ آمادہ (۲) محترز
**حاذق** (ع) دانا۔ زیرک (۲) ماہر۔ کسی فن کا استاد
**حارّ** (ع) گرم (۲) گرمی کرنے والا
**حارث** (ع) کسان (۲) شیر

Marfat.com

حارث میزنی و ارس (ف)، ادھر شریک قافلہ اُدھر ڈاکوؤں کا ساتھی۔
حارج (ع)، حرج کرنے والا۔ مزاحم۔ متعرض۔
حارس (ع)، نگہبان۔ پاسبان۔ حراست کرنے والا۔
حاشا (ع)، ہرگز۔ خدا بچائے۔
حارص (ع)، حرص کرنے والا۔ لالچی۔
حارہ (ف)، کشت زار۔ کھیت۔ کھیتی۔
حاز (ع)، گھیر لیا (۲) جمع کر لیا۔
حازم (ع)، دُور اندیش۔ پیش بین۔ ہوشیار۔ دانا (۲) استوار۔ مضبوط۔
حاسب (ع)، حساب کرنے والا۔ گننے والا۔
حاسد (ع)، حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔ دُشمن۔
حاسر (ع)، رُکنے والا (۲) برہنہ۔ ننگا (۳) جو بات کرتے کرتے رُک جائے (۴) جو شخص بغیر ڈھال زرہ اور خود کے میدانِ جنگ میں نکلے۔
حاسوس (ع)، بھلائی کے لیے خبر تلاش کرنے والا اور جاسوس بری کے لیے خبر تلاش کرنے والا۔
حاسہ (ع)، ادراک کرنے والی قوت۔ حس کرنے والی۔ جیسے قوتِ سامعہ۔ باصرہ۔
حاشں (ع)، پاکیزگی۔ عیب سے علیحدگی۔
حاشہ (ع)، پاکیزگی ہو جیو (۲) دوری ہو جیو (۳) سوا۔ ہرگز۔
حاشہ کردن / حاشہ زدن } انکار کرنا۔
حاشہ تم / حاشہ رحمان / حاشہ للہ / حاشہ وکلا } (ع)، یہ کلمے کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنے یا قسم کھانے یا لاعلمی ظاہر کرنے کے موقعہ پر بولے جاتے ہیں۔ خدا اس کام سے دُور ہے۔ خدا اس کام سے پاک ہے۔ ہرگز نہیں۔ پناہ بخدا۔
حاشر (ع)، جمع کرنے والا (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام بھی ہے۔
حاش للہ (ع)، دیکھو حاشا للہ۔
حاشیہ (ع)، کنارہ (۲) خدمت گار۔ نوکر (۳) جوان اُونٹ (۴) شرح کی شرح (۵) گوٹ۔ سنجاف۔
حاشیہ دار (ف)، جس شے کا حاشیہ ہو۔
حاشیہ رفتن (ف)، اصل موضوع سے ہٹ جانا۔
حاشیہ مندیل۔ رومال کا نقاشی والا حاشیہ اور کنارہ زینت کے لیے۔
حاشیہ نشین (ف)، کسی بادشاہ یا امیر کے مصاحب (۲) پاس بیٹھنے والے لوگ۔
حاصب (ع)، پتھر برسانے والی ہوا۔ سخت آندھی۔
حاصر (ع)، حصر کرنے والا۔ احاطہ کرنے والا۔ روکنے والا۔
حاصل (ع)، کھیتی۔ زراعت۔

حاصل (ع)، کسی چیز کا بقیہ (۲) نقدی۔ آمدنی (۳) منافع۔ فائدہ (۴) نتیجہ (۵) پھل (۶) مطلب۔ خلاصہ (۷) زمین کی پیداوار۔
حاصل آمدن / حاصل شدن } حاصل ہونا۔ پیداوار کا حاصل ہونا۔ نفع ہونا۔
حاصل تفریق (ف)، وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے۔
حاصل تقسیم (ع)، خارج قسمت۔ وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے۔
حاصل جمع (ع)، میزان۔ مجموعہ۔
حاصل چیزے (ف)، محاصل پیداوار۔ آمدنی۔
حاصل خورم (ف)، ہری بھری کھیتی۔
حاصل خیز (ف)، زرخیز۔
حاصل داشتن (ف)، کسی چیز کا سٹور میں موجود ہونا۔
حاصل دِہ (اضافت کے بغیر) زرخیز زمین۔
حاصل ضرب (ع)، وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔
حاصل کلام (ع)، خلاصہ کلام۔ خلاصہ مطلب۔ القصہ۔ الغرض۔
حاصل مصدر (ف)، کسی مصدر کی کیفیت جیسے سوختن سے سوزش، پریدن سے پرواز۔
حاضر (ع)، موجود۔ سامنے ہونے والا (۲) آگاہ۔
حاضرات (ع)، جن بھوت وغیرہ کے جمع کرنے کا جلسہ جو اکثر عامل کرتے ہیں۔
حاضر باش (ف)، وہ شخص جو کسی امیر یا حاکم کی خدمت میں ہمیشہ موجود رہے۔
حاضر بجنگ باش اگر صلح آرزو ست۔ امن اور صلح چاہتے ہو تو جنگ کی خوب تیاری رکھو۔
حاضر جواب (ع)، فوراً جواب دینے والا۔ بات سنتے ہی معقول جواب دینے والا۔ فی البدیہہ جواب دینے والا۔
حاضرزن (ف)، حاضرین۔
حاضر ساز در رقص بودن (ف)، گانے اور ناچنے میں چالاک و تیار ہونا۔
حاضر سخن (ف)، دیکھو حاضر جواب۔
حاضر و غائب کردن۔ حاضری لینا۔
حاضری (ع)، موجودگی (۲) ما حضر۔ طعام موجود (۳) شہداے کربلا حضرت عباسؓ کا فاتحہ کا کھانا۔
حاضنہ (ع)، دایہ۔ انّا۔ غیر کے بچّہ کی خدمت اور پرورش کرنے والی عورت۔
حاطب (ع)، لکڑیاں جمع کرنے والا۔
حاطم (ع)، توڑنے والا۔
حاطمہ (ع)، توڑنے والی۔
حافد (ع)، دوست۔ یار (۲) پوتا (۳) نواسہ (۴) داماد (۵) سسر (۶) سالار (۷) خدمت گار۔
حافر (ع)، گھوڑے کا سُم (۲) کھودنے والا۔

Marfat.com

حافِرہ (ع) پہلی حالت۔ ہر شے کا اوّل۔
حافِظ (ع) حفظ کرنے والا (۲) محافظ (۳) وہ شخص جسے قرآن شریف حفظ ہو۔
حافِظ (ع) شیراز کے مشہور شاعر خواجہ شمس الدین محمّد کا تخلص جن کی غزلیات کا دیوان بنام دیوان حافظ مشہور ہے آل مظفر کے زمانہ میں شیراز میں تھے۔ تیمور نے جب ایران فتح کیا تو شیراز میں حافظ سے ملاقات کی ۷۹۱ھ میں وفات پائی اور مُصلائے شیراز میں دفن ہوئے۔ ان کا کلام آپ ہی اپنی نظیر اور آپ ہی اپنا جواب ہے۔
حافِظ (ف) مُطرب۔ قوال۔
حافِظان (ع) گرسنگی اور برہنگی۔ بھوک اور ننگا پن۔
حافِظِ حقیقی (ع) اصلی محافظ (۲) اللہ تعالےٰ۔
حافِظہ (ع) یاد رکھنے کی قوت۔
حافِل (ع) بھیڑ۔ انبوہ (۲) دُودھ بھری چھاتی۔
حافِی (ع) برہنہ پا۔ پاؤں ننگا۔ بغیر جوتے۔
حاق (ع) بیچ۔ درمیان۔ وسط۔
حاقِن (ع) جسے پیشاب پاخانہ زور کا لگ رہا ہو۔ بول و براز روکنے والا۔
حاقہ (ع) ثابت ہونے والی بات (۲) سخت بلا۔ (۳) قیامت۔
حاکِم (ع) حکم کرنے والا۔ سردار۔ مُلک کا والی۔ فرمانروا (۲) بادشاہ (۳) آقا۔ مالک۔
حاکِمِ اعلیٰ / حاکِمِ بالا } (ع۔ف) بڑا حاکم۔ اعلیٰ سردار۔ (۲) اللہ تعالےٰ۔
حاکِمِ عدالت (ف) جج۔
حاکِمِ عرف (ف) سول مجسٹریٹ۔
حاکِم نشین (ف) حاکم کے بیٹھنے کی جگہ (۲) صدر مقام۔ پایہ تخت۔
حاکِمِ وقت (ع) فرمانروائے حال۔ موجودہ حاکم۔
حاکمیت (ع) فرمانروائی۔
حاکہ (ع) حائک کی جمع۔ جولاہے۔
حاکی (ع) حکایت کرنے والا۔ بات کرنے والا۔
حال (ف) اصل میں ہال تھا۔ گیند بلا۔
حال (ع) موجودہ زمانہ۔ اس وقت کا زمانہ (۲) کیفیت رقص اور وجد (۳) عشق و محبّت (۴) حالت۔ کیفیت (۵) حیثیت (۶) طور (۷) جذبۂ الٰہی (۸) رقت (۹) ذکر (۱۰) احوال (۱۱) طاقت۔
حال آمدن (ف) ہوش میں آنا۔
حال بحال شدن (ف) حالت کا بدلنا یا بدلتے رہنا۔ انقلاب آتے رہنا۔
حالا (ع) اسی وقت۔ ابھی۔
حالا پاشو (ف) ابھی اُٹھ۔

حالا از ہر خیال اُفتادہ (ف) اپنے سب خیالات کو چھوڑ کر۔
حالات (ع) حالت کی جمع۔ کیفیتیں۔ حالتیں۔
حالانکہ (ف) باوجودیکہ۔ درحالیکہ۔
حال برگشتن (ف) حال بدل جانا۔ حال کا متغیّر ہونا (۲) بدحال ہونا۔
حالَت (ع) حال۔ کیفیت۔ واردات جو انسان پر گزرے۔ گت۔
حالتِ دَوارِ سر گیجی (ف) سر چکرانے کی حالت۔ دردِ سر کی حالت۔
حالت کشیدن (ف) تکلیف اُٹھانا۔
حالتِ موجودہ (ع) موجودہ حیثیت۔ اس وقت کی کیفیت۔
حالتِ ناخوشی (ف) بیماری کی حالت۔
حالتِ نزع (ع) جان کنی کا عالم۔ دم توڑنے کی کیفیت۔
حال دادن (ف) اپنا حال بیان کرنا۔
حالِ دگر / حالِ دگرگوں / حالِ دیگر } (ف) بدلا ہوا حال۔ متغیّر حالت۔
حالِ شما چطور است (ف) آپ کے مزاج کیسے ہیں۔
حالِ سگ / حالِ شغال / حالِ گربہ } تباہ حالی۔ بے حد بدحالی۔
حالِق (ع) بال مونڈنے والا (۲) نامبارک جگہ (۳) اُونچا مقام (۴) بھرا ہوا۔
حالِک (ع) نہایت سیاہ۔ بہت کالا۔
حال کردن (ف) حالت میں آنا۔ وجد کرنا۔
حال گاہ (ف) گیند کھیلنے کی جگہ۔
حال گردان (ف) حال پھیرنے والا۔ تبدیلی لانے والا۔
حال گردیدن (ف) حال کا بدل جانا۔
حال گہ (ف) حال گاہ کا مخفف۔
حالِم (ع) خواب دیکھنے والا (۲) بالغ۔
حال نداشتن (ف) بہت بُرا حال ہونا۔ طبیعت کا بہت بُرا ہونا۔
حال منقلب کردن (ف) طبیعت کا بگڑ جانا۔
حالی (ف) فی الحال (۲) جلد۔ اسی وقت۔ ابھی (۳) آگاہ۔ واقف۔ خبردار۔
حالی (ع) جو زیور سے آراستہ ہو۔
حالی (ع) ہندوستان کے مشہور شاعر خواجہ الطاف حسین پانی پتی کا تخلص جو صاحب تصنیف و تالیف اور اردو نیچرل شاعری میں نئی رُوح پھونکنے کے موجد ہوئے ہیں۔ نثر کی کئی اعلیٰ تصانیف کے علاوہ مجموعہ کلام دیوان حالی مشہور ہے۔ اور مد و جزر اسلام پر جو نظم مسدس لکھی ہے خاص شہرت اور مقبولیت رکھنے کے علاوہ اُردو شاعری میں اپنا جواب نہیں رکھتی۔
حالیا (ع) ابھی۔ فوراً۔ اسی وقت (۲) فی الحال۔

Marfat.com

حالی شُدن ۔ واقف ہونا ۔ آگاہ ہونا ۔
حالی کردن ۔ اطلاع دینا ۔ ظاہر کرنا ۔
حالیہ (ع)، وہ عورت جو زیور سے آراستہ ہو ۔
حام (ع)، حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جن کی اولاد سے حبشی ہیں ۔
حام (ع)، وہ اُونٹنی جس سے دس بچے پیدا ہو چکے ہوں مشرکین عرب ایسے اُونٹ پر بوجھ نہیں لادتے تھے (۲) درندہ ۔
حامِد (ع)، حمد کرنے والا ۔ تعریف کرنے والا ۔
حامِض (ع)، کھٹا ۔ ترش ۔
حامِل (ع)، اُٹھانے والا (۲) بوجھ اُٹھانے والا (۳) لانے والا ۔ (۴) ایک فرضی ملک کا نام بھی ہے ۔
حاملات (ع)، حاملہ کی جمع ۔ بوجھ اُٹھانے والی عورتیں ۔ پیٹ والی عورتیں ۔ پانی سے بھرے ہوئے بادل
حاملانِ عرش (ف)، فرشتے ۔
حاملِ وحی (ع)، حضرت جبرائیل علیہ السلام ۔
حاملہ (ع)، بوجھ اُٹھانے والی عورت (۲) وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو ۔ پیٹ والی عورت ۔
حامی (ع)، حمایت کرنے والا ۔ نگاہ رکھنے والا (۲) بہت گرم (۳) وہ اُونٹ جس کے دس بچے ہو چکے ہوں ۔
حامی بُودن (ف)، حمایت کرنا ۔
حامین (ع)، عار رکھنے والے ۔
حامیہ (ع)، گرم ہونے والی (۲) خوب گرم شے (۳) اپنی قوم کی حمایت کرنے والا مرد یا جماعت ۔
حانات (ع)، حانہ کی جمع ۔ مے خانہ ۔ میکدہ ۔
حانِث (ع)، قسم توڑنے والا ۔ گنہگار ۔
حانُوت (ع)، دُکان (۲) شراب کی دُکان ۔
حانہ (ع)، شراب خانہ ۔ شراب کی دُکان ۔
حاوی (ع)، احاطہ کرنے والا ۔ گھیرنے والا ۔
حائر (ع)، حیران ۔ سرگشتہ (۲) لاغر ۔ دُبلا (۳) گرداب ۔ بھنور
حائزِ مقام بُودن (ف)، کسی بہت بلند مقام کو حاصل کرنا ۔
حائض (ع)، حیض کی حد کو پہنچی ہوئی عورت ۔
حائضہ (ع)، وہ عورت جسے حیض آتا ہو ۔
حائک (ع)، کپڑا بُننے والا ۔ جولاہا ۔ بافندہ ۔
حائل (ع)، روکنے والا ۔ باز رکھنے والا (۲) دو چیزوں کے درمیان آنے والا ۔ روک ۔ آڑ (۳) بانجھ عورت جسے حمل نہ ہو ۔
حائم (ع)، پیاسہ ۔ تشنہ ۔

## ح ۔ ب

حَب (ع)، گولی ۔ دانہ ۔
حِب (ع)، محبوب ۔ معشوق (۲) دوست (۳) دوستی ۔
حُب (ع)، محبت (۲) دوستی ۔
حِباء (ع)، بخشنا ۔ بخشش کرنا (۲) بخشش ۔ انعام ۔
حُباب } حَباب } (ع)، پانی کا بُلبلہ ۔
حِباب (ع)، دوستی کرنا ۔
حَبّات (ع)، حَبّ کی جمع ۔ گولیاں ۔ دانے ۔
حُباب آسا (ف)، بلبلے کی مانند ۔ فانی ۔
حَبّات (ع)، حبّہ کی جمع ۔ دانے ۔
حُباحب (ع)، کرم شب افروز ۔ جگنو ۔
حُباریٰ (ع)، چرز ۔ سُرخاب ۔ ایک مشہور پرندہ کا نام ۔
حِبال (ع)، حبل کی جمع ۔ رسیاں ۔
حَبّال (ع)، رسی بٹنے والا ۔
حَبُّ الرّشاد (ع)، سپند ۔ ہرمل ۔ کالا دانہ ۔
حب الصنوبر (ع)، صنوبر کے درخت کا پھل ۔
حَبُّ القطن (ع)، بنولہ ۔ پنبہ دانہ ۔ کپاس کا بیج ۔
حَبُّ الغمام } حَبُّ القر } حَبُّ المزن } (ع)، اولا ۔
حِبالہ (ع)، پھندا ۔ جال
حبالہ نکاح (ف)، عقد ۔
حُبالےٰ (ع)، حُبلےٰ کی جمع ۔ حاملہ عورتیں ۔ پیٹ والی عورتیں ۔
حبائک (ع)، حبیکہ کی جمع ۔ ریگزار کے درمیان راستہ ۔
حُبائل (ع)، حبلےٰ کی جمع الجمع ۔ حاملہ عورتیں ۔
حبائل (ع)، حبالہ کی جمع ۔ پھندے ۔ جال ۔
حبائل الشیطان } حبائلِ شیطان } (ع)، شیطان کے جال یعنی فاحشہ عورتیں ۔
حَبْحَبہ (ع)، بنولہ ۔ پنبہ دانہ (۲) تر بوز ۔
حَبّذا (ع)، بہت اچھا ہے ۔ بہتر ہے ۔ خوب ہے ۔ مدح کا کلمہ ۔
حَبر (ع)، یہودیوں کا عالم (۲) نیکوکار (۳) نعمت (۴) خوشی ۔
حِبر (ع)، دوات کی سیاہی ۔ روشنائی (۲) دانا ۔ عقل مند (۳) یہودیوں کا عقل مند (۴) نیکوکار ۔
حِبردان (ف)، دوات ۔
حَبس (ع)، قید ۔ بند (۲) قید خانہ ۔
حبس بے جا (ف)، زبردستی کسی شخص کو مکان میں بند کرنا ۔
حبس خانہ (ف)، زندان ۔ قید خانہ ۔
حبس دم (ف)، ضیق النفس (۲) دم روکنا ۔ سانس کو قابو کرنا ۔ ہندوستان میں بعض فرقوں کے سادھوؤں میں سانس روکنے کی ایک طرح کی عبادت بھی ہے ۔
حبس دَوام (ف)، عمر قید ۔ ہمیشہ کی قید ۔
حبس دوام لعبور دریائے شور (ف)، وہ عمر قید جس کے بھگتنے

Marfat.com

کے لیے کسی دوسرے خراب علاقہ میں بھیجا جائے۔ کالے پانی کی سزا۔
حبس شدن (ف) جیل میں جانا۔ قید ہونا۔
حبس کردن (ف) قید کرنا۔
حبس گاہ (ف) محبس۔ قید خانہ۔
حبش (ع) حبشیوں کا قبیلہ (۲) حبشیوں کا ملک۔
حبشہ (ع) حبشیوں کا گروہ۔
حبشی (ع) منسوب بہ حبش۔ حبش کا رہنے والا۔
حبق (ع) پودینہ۔
حبک (ع) راستے (۲) جالی۔
حبل (ع) رسی (۲) رگ (۳) پیمان۔ عہد۔
حبل (ع) حمل۔ پیٹ کا حمل (۲) انگور کا درخت۔
حبل (ع) بلا۔ سختی۔
حبل المتین (ع) مضبوط رسی (۲) قرآن مجید۔
حبل الورید (ع) شہ رگ۔
حبلہ (ع) انگور کی بیل (۲) انگور کی جڑ۔
حبلیٰ (ع) حاملہ۔ پیٹ والی عورت۔
حبوب (ع) حب کی جمع۔ گولیاں۔ دانے۔
حبور (ع) خوش ہونا۔ خوشی کرنا۔
حبوط (ع) دیکھو حبط۔
حبوہ (ف) عطا۔ یعنی باپ کا لباس اور خاص چیزیں جو بڑے لڑکے کو باپ کی موت کی عطا ہوتی ہیں۔
حبہ (ع) ایک گولی۔ دانہ (۲) رتی۔
حبہ را قبہ کردن (ف) سوئی کا بھالا بنانا۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔
حبیب (ع) محبوب۔ دوست۔ یار۔ معشوق۔
حبیب خدا (ف) اللہ کا نیک بندہ۔
حبیبہ (ع) محبوبہ۔ دوست عورت۔
حبیس (ع) محبوس۔ قیدی۔ زندانی۔

## ح ۔ ت

حت (ع) درخت کے پتے جھڑنا (۲) خشک مٹی کا کپڑے پر سے چھیل ڈالنا۔
حتف (ع) مرگ۔ موت۔
حتک (ع) دوڑ کر چلنا۔
حتم (ع) کام کا واجب کرنا (۲) کام کا استوار کرنا (۳) حکم کرنا (۴) ارادہ کا مضبوط کرنا۔
حتم داشتن (ف) یقین ہونا۔
حتمی (ع) واجب۔ لازم۔
حتما (ع) ضروری۔
حتن (ع) گرمی کا تیز ہونا (۲) مانند (۳) برابر (۴) نزدیک۔

حتو (ع) بہت تیزی سے دوڑنا۔
حتیٰ (ع) یہاں تک۔ یہاں تک کہ۔
حتی الامکان / حتی المقدور / حتی الوسع } (ع) جس قدر ممکن ہو۔ جہاں تک ہو سکے۔ تا بمقدور۔
حتیٰ کہ (ف) یہاں تک کہ۔

## ح ۔ ث

حثالہ (ع) ناقص اور ردی شے (۲) کھل وغیرہ نکمی چیز (۳) گیہوں وغیرہ اناجوں کا چھلکا (۴) تلخ دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

## ح ۔ ج

حج (ع) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا (۲) حجت و دلیل سے کسی پر غالب آنا (۳) مقررہ وقت اور مقررہ شرائط کے ساتھ کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے قصد کرنا (۴) ایام مقررہ میں مکہ میں شرائط عبادت ادا کرنا۔
حجا (ع) کسی چیز کا کنارہ۔
حجاب (ع) پردہ۔
حجاب (ع) حاجب کی جمع۔ پردہ داران (۲) دربان لوگ۔ نگہبان لوگ (۳) ایلچیاں۔
حجاب برداشتن (ف) پردہ اٹھا دینا۔ بے نقاب ہونا۔
حجابی (ف) شرمیلا۔ پردہ دار۔
حجاج (ع) بہت حج کرنے والا۔
حجاج (ع) حجت لانا (۲) جھگڑا لانا۔
حجاج (ع) حاج کی جمع۔ حج کرنے والے۔ حاجی لوگ۔
حجار (ع) سنگتراش۔
حجار / حجارہ } (ع) حجر کی جمع۔ پتھر۔
حجاز (ع) عرب کے ایک صوبہ کا نام جس میں مکہ مدینہ اور طائف وغیرہ کا علاقہ شامل ہے (۲) موسیقی کے ایک مقام کا بھی نام ہے۔
حجازی (ف) عربی۔ حجاز کا رہنے والا۔
حج اکبر (ع) بڑا حج (۲) وہ حج جو بروز جمعہ ہو۔
حجال (ع) حجلہ کی جمع۔ ڈولیاں (۲) دلہنوں کے چھپرکھٹ۔
حجام (ع) پچھنے لگانے والا۔ استرہ وغیرہ سے زخم لگا کر سینگ وغیرہ کے ذریعہ سے خون کھینچنے والا (۲) حجامت کرنے والا۔ نائی۔

Marfat.com

حِجامت (ع)، پچھنے لگانا۔
حجامت کردن (ف)، پچھنے لگانا۔
حَجب (ع)، روکنا (۲) پردہ میں کرنا (۳) نہ آنے دینا (۴) وارث کو حصۂ میراث سے محروم کرنا۔ (۵) وارث کا حصّہ کم کرنا۔
حُجّت (ع)، دلیل۔ برہان (۲) غلبہ۔
حُجّت (ع)، معاہدہ۔
حُجّت آوردن (ف)، دلیل لانا۔ ثبوت پیش کرنا۔
حُجّت اُستوار (ع)، آسمانی کتاب (۲) قرآن۔
حُجَج (ع)، حجت کی جمع۔ دلیلیں۔ براہین۔
حُجَج (ع)، حجّہ کی جمع۔ ایک بار حج کرنا۔
حِجَج (ع)، حجہ کی جمع۔ سال۔
حَجر (ع)، گود۔ بغل۔ آغوش (۲)، آنکھ کا گوہر۔ چشم خانہ۔ ریت کا ٹیلہ۔
حَجر (ع)، سنگ۔ پتھر۔
حِجر (ع)، عقل (۲) گود۔ بغل (۳) روکنا۔
حُجَر (ع)، (۱) حُجرہ کی جمع۔ کوٹھڑیاں۔ حجرے (۲) گود۔ آغوش۔
حُجرات (ع)، حجرہ کی جمع۔ کوٹھڑیاں۔
حجر اسود / حجرُ الاسود } سیاہ پتھر۔ جو حرم کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے۔ زائرین اسے بوسہ دیتے ہیں۔
حجر باقوری (ف)، تعویذ۔ گنڈہ۔
حجر صفراوی (ف)، پتے میں پتھری۔
حجر مثانہ (ف)، مثانے میں پتھری۔
حُجرہ (ع)، کمرہ۔ کوٹھڑی (۲) دُکان۔
حُجری۔ جواہرات کا نقدی کا ڈبہ۔
حَجرِیَت (ع)، پتھریلا۔ سخت۔
حَجَل (ع)، چکور۔ کبک نر۔
حِجل / حَجل } (ع)، جھانجھ۔ جھینے۔
حَجَلہ (ع)، دُلہن کی چھپرکھٹ۔ وہ مکان جو دُلہن کے لیے کمال زینت سے آراستہ کیا جائے۔
حَجلۂ عُروس / حَجلۂ عَروسی } (ع)، کمال زینت و آرائش سے دُلہن کے لیے آراستہ کیا ہوا مکان یا کمرہ۔ دُلہن کی چھپرکھٹ۔
حَجم (ع)، جسامت۔ موٹائی۔ ضخامت۔ چیز کا بڑھاؤ۔
حَجم (ع)، باز رکھنا۔ روکنا (۲) بچے کا ماں کا پستان چوسنا۔ (۳)، نوجوان لڑکی کے پستان کا اُبھرنا (۴)، پچھنے لگا کر سینگ سے خون چوسنا۔
حِجہ (ع)، سال۔ برس۔
حَجہ (ع)، ایک بار حج کرنا۔

حِجےٰ (ع)، عقل۔ دانائی۔
حِجےٰ (ع)، کسی چیز کا کنارہ۔
حَجےٰ (ع)، لالچی ہونا۔ حریص ہونا (۲) ملازم ہونا (۳) بخیل ہونا (۴) حباب۔ بلبلے۔
حجیز (ع)، حجاز کا امالہ۔ دیکھو حجاز۔
حجّی (ف)، ماہ ذوالحج میں پیدا ہونے والا جیسے ماہِ رمضان میں پیدا ہونے والے کا نام رمضان رکھ دیتے ہیں۔
حجیم (ع)، حجم والا۔ موٹا۔

# ح - د

حدّ (ع)، انتہا۔ کنارہ (۲)، فاصلہ (۳)، مجرم کی سزا۔ کسی شے کی تعریف اس کی ذاتیات سے کرنا۔ جیسے انسان کی تعریف حیوانِ ناطق۔
حدّ اقل (ع)، کم از کم۔
حدّ اکثر (ع)، زیادہ سے زیادہ۔
حدّ زدن (ف)، شرعی سزا دینا۔ اسّی کوڑے لگانا۔
حدّ فاصل (ف)، جدا کرنے والی لائن۔ پردہ۔ پارٹیشن۔
حداء / حُداء } (ع)، اُونٹوں کو سرود اور آواز سے جلد چلانا۔
حَداثت (ع)، نوجوانی۔ آغاز۔ ہر شے کی ابتدا۔
حداثت سِنّ (ع)، نوجوانی (۲)، لڑکپن (۳)، بچپن۔
حِداجہ (ع)، پردہ دار کجاوہ۔
حَدّاد (ع)، آہن گر۔ لوہار (۲)، حد مارنے والا (۳)، قید خانہ کا داروغہ (۴)، دربان۔
حِداد (ع)، سیاہ ماتمی لباس۔ سوگ کے کپڑے (۲)، تیز تلواریں۔ (۳)، چھریاں (۴)، زبانیں وغیرہ۔
حدّاس (ع)، قیافہ لگانے والا۔
حِداق (ع)، حدقہ کی جمع۔ آنکھوں کی سیاہیاں۔
حَدائد (ع)، حدید و حدیدہ کی جمع۔ لوہے (۲) تیز تلواریں۔ چھریاں وغیرہ۔
حدائق (ع)، حدیقہ کی جمع۔ باغات۔
حَدَب (ع)، پیٹھ کا باہر نکل آنا۔ کبڑا پن (۲) اُونچی زمین۔ بلند مکان۔
حَدَب (ع)، مہربانی کرنا۔
حَدَبہ (ع)، کبڑا پن۔
حِدّت (ع)، تیزی۔ تندی۔
حِدَۃ (ع)، تنہا رہنا۔ تنہائی۔
حَدَث (ع)، بے وضو ہونا (۲)، وضو ٹوٹ جانا (۳)، وضو توڑنے والی چیز (۴)، نئی نکلی ہوئی چیز۔
حَدَث (ع)، لڑکا (۲)، امرد (۳)، نوجوان (۴)، قصہ۔ افسانہ۔
حُدثان (ع)، نوجوان لڑکے۔

Marfat.com

حَدَثان (ع) کسی شے کی ابتدا۔
حَدَثانِ (ع) حادثہ - واقعہ۔
حَدَج (ع) اُونٹ پر کجاوہ یا بوجھ کس کر باندھنا (۲) کسی کو تہمت لگانا (۳) بوجھ (۴) کجاوہ۔
حِدَج (ع) عورتوں کی پردہ دار سواری مثلاً ڈولی وغیرہ۔
حَدَج (ع) اندرائن کا پھل۔
حَدَر (ع) اُوپر سے نیچے آنا - بلندی سے پستی میں لانا (۲) جلدی کرنا۔
حَدَس (ع) فراست - دانائی (۲) تاڑنے والی قوت (۳) جلد سمجھ جانا (۴) تخمین اور گمان سے بات کہنا۔
حدس زدن (ف) قیاس کرنا - تخمینہ لگانا۔
حدشکن (ف) حدود پھاند جانے والا - خلاف ورزی کرنے والا۔
حَدَق (ع) حدقہ کی جمع - آنکھوں کی سیاہیاں۔
حُدَق (ع) بینگن - بادنجان۔
حِدَق (ع) کسی شے کو گھیر لینا (۲) کسی شے کی طرف دیکھنا۔
حَدَقہ (ع) آنکھ کی سیاہی۔
حَدَقہ (ع) آنکھ کا خانہ - کاسۂ چشم۔
حُدُوث (ع) نیا پیدا ہونا - عدم سے وجود میں آنا۔
حُدُوث کردن (ف) واقعہ کا ہونا۔
حُدُود (ع) حد کی جمع - کنارے - حدیں - انتہائیں۔
حُدُودِ اربعہ (ع) چاروں حدیں شمال - جنوب مشرق اور مغرب۔
حُدُود (ع) جائے نشیب - پست مقام۔
حدِ وسط نگاہ داشتن (ف) افراط و تفریط سے بچنا - درمیانی لائن کا خیال رکھنا۔
حِدَہ (ع) تنہا ہونا - اکیلا ہونا۔
حُدَیبیہ (ع) مکہ سے دو فرسنگ کے فاصلہ پر ایک گاؤں کا نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش سے صلح کی تھی۔
حَدیث (ع) بات (۲) نئی بات (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال و افعال۔
حدیث تقریری (ع) وہ کام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہ کیا۔
حدیث حسن (ع) وہ حدیث جس کے راوی درجہ حفظ میں حدیث صحیح کے راویوں سے کم ہوں۔
حدیث صحیح (ع) وہ حدیث جسے دین دار اور پرہیزگار اور خوب یاد رکھنے والے لوگوں نے ہر زمانے میں برابر روایت کیا ہو۔ اور اس میں نہ تو کوئی پوشیدہ عیب ہو اور نہ ہی معتبر لوگوں کی مخالفت ہو۔
حدیث ضعیف (ع) وہ حدیث جس کے راوی معتبر نہ ہوں اور یا کوئی اور ضعف کی وجہ ہو۔
حدیث فعلی (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کو حدیث فعلی کہتے ہیں۔
حدیث قولی (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور اقوال کو حدیث قولی کہتے ہیں۔
حدیث کردن (ف) بات کرنا (۲) بیان کرنا۔
حدیث متواتر (ع) وہ حدیث جسے ہر زمانہ میں اتنے لوگوں نے روایت کیا ہو کہ کذب کا احتمال ان کی طرف عقل کے نزدیک ممتنع ہو۔
حدیج (ع) تعلق - بنگلا۔
حدید (ع) لوہا - آہن (۲) تیز چیز۔
حدیدہ - سُنار کی جنتری جس میں سے بہت باریک تار نکال سکتے ہیں۔
حدیقہ (ع) وہ باغ جس کے گرد دیوار یا احاطہ ہو۔
حدیقہ (ع) مدینہ منورہ کے قریب ایک گاؤں کا نام۔

## ح - ذ

حذر (ف) قطع کرنا - کاٹنا۔
حِذا (ع) برابر (۲) برابر کرنا - مقابل - سامنے۔
حِذار (ع) خوف کھانا - ڈرنا۔
حُذّاق (ع) حاذق کی جمع - دانا لوگ - زیرک لوگ - عقلا (۲) ماہرین۔
حِذاق (ع) حاذق ہونا - دانا ہونا - ماہر ہونا۔
حذاقت (ع) دانائی - مہارت۔
حِذام (ع) عرب کی ایک عورت کا نام۔
حَذَر (ع) پرہیز کرنا (۲) ڈرنا (۳) ڈر - خوف۔
حَذِر (ع) ڈرنے والا - پرہیز کرنے والا - خائف۔
حَذذ (ع) چالاکی۔
حذف (ع) گرادینا (۲) دُور کرنا (۳) کسی کلمہ میں سے کوئی حرف گرادینا (۴) لاٹھی سے خرگوش وغیرہ کو مارنا۔
حِذفار (ع) جانب - طرف۔
حَذق (ع) دانا ہونا - ماہر ہونا۔
حِذق (ع) دانائی - مہارت۔
حُذُل (ع) آزار (۲) پیراہن۔
حَذَوَر، حَذِیر (ع) دیکھو حذر۔
حُذَیفہ (ع) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو اصحاب کا نام ہے۔ جن میں ایک تو حذیفہ اور دوسرے ابوسریحہ کے نام سے مشہور ہے۔

## ح - ر

Marfat.com

حِر / حِرّ } (ع) فرج - عورت کا اندام نہانی -

حَرّ (ع) (۱) گرم ہونا (۲) گرمی (۳) پتھریلی زمین -

حُرّ (ع) (۱) آزاد - خود مختار (۲) برگزیدہ (۳) جو غلام نہ ہو (۴) بچنی ہوئی شے (۵) کبوتر - ہرن یا سانپ کا بچہ (۶) عمدہ کام (۷) عمدہ گھوڑا (۸) باز - چرخ -

حُرّ (ع) یزید کی فوج کے ایک سردار کا نام جو معرکہ کربلا میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی صداقت دیکھ کر ان کی طرف آگیا اور یزید کی فوج سے لڑ کر شہید ہوا -

حراز برنشناختن (ف) بالکل بدھو ہونا -

حرا (ع) مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ ہے جس کے غار میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت سے قبل چند روز خدا تعالیٰ کی عبادت کی -

حَرا (ع) (۱) لائق ہونا (۲) لیاقت -

حِراب (ع) حرب کی جمع - جنگیں - لڑائیاں -

حُرّاث (ع) حارث کی جمع - کسان لوگ - کھیتی کرنے والے -

حِراثت (ع) زراعت کرنا - کھیتی کرنا -

حَراج - نیلام -

حَرّاج - نیلام کرنے والا -

حراج چی (ف) نیلامی کرنے والا -

حراج کردن (ف) نیلام کرنا -

حَرارت (ع) گرمی - آنچ - حدت -

حَرارت (ف) جوش - غصہ - کرودھ - غضب (۲) بخار - تپ - (۳) درد - تکلیف -

حرارت بخرج دادن (ف) جوش و خروش دکھانا -

حرارت سنج (ف) تھرمامیٹر -

حَرارتِ غریبی (ع) وہ گرمی جو اصلی نہ ہو - بخار یا دھوپ وغیرہ کی گرمی - غیر طبعی گرمی -

حَرارتِ عزیزی (ع) طبعی گرمی - انسان کی اصلی حرارت جس پر اس کی زندگی کا مدار ہے -

حَرارہ (ع) (۱) ناچنا (۲) دف کو آواز بلند اور تیز کرنے کے لیے آگ سے گرم کرنا -

حُرّاس (ع) حارس کی جمع - پاسبان - پہرہ دار - چوکیدار -

حِراست (ع) (۱) محافظت (۲) نگہبانی کرنا -

حَرّاف (ع) مکار - چالاک - بہت باتیں کرنے والا -

حراف وزرنگ (ف) (۱) چالاک (۲) زبان دراز -

حَرّاق (ع) بہت جلانے والی چیز - جس کی گرمی سے دوسری شے جل جائے -

حُراق / حُرّاق } (ف) سوت وغیرہ کا سوختہ جس پر چقماق سے آگ ڈالتے ہیں اور وہ فوراً جل اٹھتا ہے -

حَرّاقہ (ع) ایک قسم کی کشتی جس سے دشمن پر گولی چلاتے ہیں -

حَرّاقہ (ع) تارپیڈو - جس کے ذریعے دشمن کا جہاز غرق کیا جاتا ہے -

حَرام (ع) حلال کی ضد - ناروا - ناجائز - روکی ہوئی چیز - ممنوع - (۲) ناشائستہ (۳) احرام باندھنے والا (۴) وہ شخص جس کی عزت کی جائے -

حرام خوار (ف) نمک حرام -

حرام خواری (ف) نمک حرامی -

حرام خور (ف) نمک حرام - بے وفا -

حرام خوری (ف) نمک حرامی (۲) بدذاتی - بے وفائی -

حرام زادہ (ف) ولد الزنا (۲) شریر (۳) بدذات -

حرام زادی (ف) حرام زادہ کی تانیث -

حرام زدگی مایہ نمی خواہد (ف) بدی اور برائی ہر کوئی کر سکتا ہے -

حرام کار (ف) بدکار - زانی -

حرام کاری (ف) بدکاری - زنا -

حرام مغز (ف) ریڑھ کی ہڈی کا گودا -

حرامی (ف) چور - رہزن (۲) شریر (۳) بدذات - (۴) ولد الزنا -

حرامی باش حرامی سفرہ مباش (ف) حرامی سفرہ کے معنی ہیں ایسا پیٹو جو دسترخوان کی سب چیزیں چٹ کر جائے اور دوسرے منہ تکتے رہ جائیں، یہ بدترین عادت ہے اس سے تو چور بھلا -

حَرّان (ع) پیاسا -

حَرّان (ع) شام کے ایک شہر کا نام جو آتش پرستوں کے پیغمبر زرتشت کی جائے پیدائش ہے -

حِران (ع) سرکشی (۲) گھوڑے وغیرہ کا شوخی کرنا -

حَراوہ (ع) فلفل یا مولی کی تیزی اور گرمی جو زبان پر محسوس کی جاتی ہے -

حَرائر (ع) حُرّہ کی جمع - آزاد عورتیں (۲) اصیل اور برگزیدہ عورتیں -

حَرب (ع) لڑائی - جنگ (۲) لڑاکا آدمی (۳) جنگی - (۴) دشمن -

حَرَب (ع) غصے ہونا (۲) کسی کا مال لے لینا (۳) خرما کا شگوفہ -

حِربا (ع) گرگٹ (۲) ریڑھ کی ہڈی کے مُہرے (۳) سخت زمین -

حُرّ الطبع (ع) وہ شخص جس کی طبیعت شائستہ اور برگزیدہ لوگوں کی سی ہو -

حَرب گاہ (ف) لڑائی کا میدان - میدان جنگ -

حَربہ (ع) لڑائی کا ہتھیار -

حربہ بدست آمدن / حربہ بدست آوردن } کسی پر حملہ کرنے یا کسی کو تنگ کرنے اور ٹھکانے لگانے کا بہانہ ہاتھ آجانا -

حَرث (ع) (۱) لوٹنا (۲) کھیتی کرنا (۳) آگ جلانا (۴) مال جمع

Marfat.com

کرنا (۵) قرآن شریف کا درس کرنا (۶) فقہ کی تعلیم لینا (۷) گھوڑے وغیرہ کو زیادہ سواری لینے سے لاغر کر دینا۔
حَرَج (ع) تنگی۔ سختی (۲) گناہ (۳) تنگ ہونا (۴) معناً لغو۔
حَرَج مَرَج (ع) حرجہ (۲) بکھیڑہ۔ دنگا۔ فساد (۳) نفع نقصان۔
حِرح (ع) فرج۔ عورت کی شرم گاہ۔
حِرذَون (ع) سوسمار نر۔ نرگوہ۔
حَرَز (ع) نگاہ رکھنا۔
حِرز (ع) جائے پناہ۔ جائے استوار (۲) تعویذ۔
حِرزِ جاں (ف) نہایت عزیز۔
حِرزِ ہفت اندام (ف) وہ دُعا جسے پڑھ کر اپنے تمام جسم پہ دم کر لیں۔
حَرَس (ع) نگہبانی کرنا (۲) زمانہ۔
حَرَس (ع) حارس کی جمع۔ بہت سے نگہبان۔
حِرص (ع) طمع۔ لالچ۔
حرصی (ف) لالچی۔
حَرَض (ع) غم اندوہ یا عشق کے باعث جسم نحیف ولاغر ہو جانا (۲) فساد بدن (۳) فساد مذہب (۴) فسادِ عقل (۵) مرض الموت۔
حرف (ع) سخن (۲) طرف۔ کنارہ (۳) تلوار کی دھار (۴) عیب۔ نقص (۵) طنز (۶) کسی زبان کے حروف جن کے ملنے سے الفاظ بنیں۔ حروف تہجی مثلاً ا ب ت وغیرہ تمام حرف کہلاتے ہیں (۷) علم صرف کی اصطلاح میں وہ غیر مستقل کلمہ جس کے معنی بغیر دوسرا لفظ ملانے کے مفہوم نہ ہوں۔
حِرَف (ع) حرفہ کی جمع۔ حرفے۔ پیشے۔ کسب۔ روزگار۔
حَرفِ آخرِ ابجد (ع) غین سے مُراد ہے۔ کیونکہ بروئے ابجد یہ تمام حروف کے بعد آتا ہے اور اس کے اعداد ایک ہزار ہیں (۲) پورا۔ کامل (۳) بہت۔ (۴) بلبل ہزار داستان۔
حَرف آوردن (ف) بات کرنا۔ بولنا۔
حرف است از شمشیر بدتر (ف) زبان کے گھاؤ تلوار سے گہرے ہوتے ہیں۔
حرف استخوان دار۔ پکی بات۔ وزن دار کلام۔
حَرفِ بارگیر (ف) تکیہ کلام۔
حَرفِ بحدِّ خویش زدن (ف) اپنے انداز کے موافق بات کرنا۔
حَرف بحَرف (ف) لفظ بلفظ۔ حرفاً حرفاً۔ (۲) مفصّل۔ (۳) مکمل۔
حَرف بَستن۔ اپنے پاس سے بات گھڑ لینا اور کسی کی طرف سے کہہ دینا۔
حرفِ پشتِ گوش افگندن۔ بات نہ سننا اور دھیان نہ دینا۔

حَرفِ پہلو دار (ف) وہ بات جو مراد پر صراحتہً دلالت نہ کرے بلکہ کنایۃً مراد اس سے مفہوم ہو (۲) وہ بات جو گالی نکالتے وقت کنایۃً کہی جائے (۳) نفاق پیدا کرنے والی بات۔
حَرفِ تہہ دار (ف) معقول بات۔
حَرفِ جوہر دار (ف) عمدہ بات (۲) عمدہ حرف۔
حَرفِ چشمہ دار (ف) دائرہ دار حرف۔
حَرفِ چندین رُو (ف) وہ کلام جس کے کئی معنے اور مفہوم نکل سکتے ہوں۔
حَرف چین (ف) نکتہ چین۔
حَرف چینی (ف) نکتہ چینی۔
حَرف حَرف کی آرد (ف) بات سے بات نکلتی ہے۔
حَرفِ حسابی (ف) منطقی بات۔ معقول۔
حَرفِ حسابی جواب ندارد (ف) معقول بات کا کوئی توڑ نہیں ہوتا۔
حَرفِ خاطر رنج (ف) دُکھ پہنچانے والی بات۔
حَرفِ خُنک (ف) بے تاثیر بات۔ بے مزہ بات۔
حَرف داشتن (ف) اعتراض کا ہونا۔
حَرفِ خود را کرسی نشاندن (ف) اپنی بات کو دلائل و براہین سے منوانا۔
حَرف در قفا زدن (ف) غیبت کرنا۔
حَرف در کار کسے کردن (ف) کسی پر اعتراض کرنا۔
حَرف در لباس گفتن۔ پردے میں بات کرنا۔ نہایت آہستگی سے بات کہنا۔
حَرف را کشیدن (ف) بات کو طول دینا۔
حَرف زدن (ف) بات کرنا۔ بولنا۔
حَرفِ سَرد (ف) بے تاثیر بات۔ بے مزہ بات۔
حَرف شناس (ف) حروفِ تہجی کو پہچاننے والا۔ ابجد خواں۔
حَرفِ طوطکی / حَرفِ قالبی (ف) وہ بات جو سمجھے اور بغیر مضمون دریافت کیے ہو بہو بیان کر دی جائے۔
حَرف کش (ف) منشی۔ محرّر۔ لکھنے والا۔
حَرف کشی (ف) لکھنا۔ تحریر کرنا۔
حَرف کشیدن (ف) بات کو طول دینا۔
حَرفِ کم (ف) وہ بات جو مخاطب کی تحقیر کے لیے کہی جائے۔
حَرفِ گلو سوز (ف) تلخ بات۔ کڑوی بات۔
حَرفِ گلوگیر (ف) دُکھ پہنچانے والی بات۔
حَرف گیر (ف) نکتہ چین۔ عیب بیان کرنے والا۔
حَرف گیری (ف) نکتہ چینی۔ عیب بیان کرنا۔
حَرفِ مار۔ لمبی بات جس کی انتہا نہ ہو۔
حَرفِ مُسَلسَل (ف) لمبی اور پیچیدہ بات (۲) سلسلہ وار بات۔
حَرفِ مشکل آلُود (ف) وہ بات جس کا راز سمجھ میں نہ آئے۔
حَرفِ ہفت زدن۔ فضول باتیں کہنا۔ لغو بکنا۔

Marfat.com

حَرفِ مغز دار (ف) معقول بات ۔
حَرفِ می ماند و وقت نمی ماند (ف) وقت گزر جاتا ہے لیکن بات رہ جاتی ہے ۔
حَرفِ وَرَق گیر (ف) لمبی بات جس کے لکھنے سے ورق بھر جائے ۔
حِرفہ (ف) ہُنر ۔ پیشہ ۔ کسب ۔
حَرف ہا باکسی کردن (ف) کسی کو گالیاں دینا ۔ بے نقط سُنانا ۔
حُروف ہندسی (ع) ایک سے نو تک ہندسے ۔ نورقمیں ۔
حَرَق (آگ) آتش (۲) شعلہ آتش ۔
حَرق (ع) جلنا ۔ غصّہ سے دانت کٹکٹانا ۔ کسی چیز کا کسی چیز پر گھسنا ۔
حَرِق (ع) وہ شخص جس کے اعضا پھٹے ہوئے ہوں ۔ سخت بجلی والا ابر ۔
حِرک (ع) سمجھ دار لڑکا (۲) تیز فہم نوجوان ۔
حَرَکات (ع) حَرَکت کی جمع ۔ جنبشیں ۔ فارسی والے را کو ساکن بھی استعمال کرتے ہیں (۲) حرکتیں مثلاً زبر ۔ زیر ۔ پیش ۔
حرکاتی ۔ ملّاح ۔ کشتی چلانے والا ۔
حَرَکت (ع) ہلنا ۔ جُنبش (۲) پیش ۔ زبر ۔ زیر ۔ فارسی والوں نے حرکات کی مانند اس کی را کو بھی ساکن لکھا ہے ۔ مثلاً (ملّا فوقی) زبس خوش حرکت و شیریں ادا بود ۔ کہ گرمی داد تیزی خوشنما بود ۔ مگر فصاحت کے خلاف خیال کیا جاتا ہے اس حرکات اور حرکت کی را ئے متحرک ہی صحیح ہے ۔
حرکتِ انتقالی (ف) زمین کی وہ گردش جو وہ سُورج کے گرد ۳۶۵ دن میں مکمل کرتی ہے جسے جغرافیائی اصطلاح میں زمین کی سالانہ گردش کہتے ہیں ۔
حَرَکتِ دُوری (ف) } وہ حرکت جو گردش کرنے اور چکر لگانے سے
حَرَکتِ دُوریہ (ع) } حاصل ہو ۔
حَرَکتِ کالمذبُوح (ع) } ذبح کیے ہوئے جانور کی سی حرکت ۔
حَرَکتِ مذبُوحی (ف) } چونکہ ذبح کیے ہوئے جانور کی حرکت
حَرَکتِ مذبُوحیہ (ع) } بے فائدہ اور بہت کم عرصہ کے لیے ہوتی ہے اس لیے اس کے معنی بے فائدہ اور خفیف حرکت کے ہیں ۔ بے فائدہ ہاتھ پاؤں مارنا ۔ بے تابی و بے اختیاری ۔
حَرَکتِ وضعی (ف) زمین کی وہ گردش جو وہ ۲۴ گھنٹے میں پوری کرتی ہے جسے زمین کی روزانہ حرکت کہتے ہیں ۔
حَرَم (ع) خانہ کعبہ کا اردگرد ۔
حَرَم (ع) منکوحہ عورت ۔ بیوی (۲) باندی یا کنیزک جو گھر میں ڈال لی جائے ۔
حِرم (ع) وہ چیز جو حرام ہو ۔
حُرُم (ع) احرام باندھے ہوئے لوگ ۔ (۲) عزّت و حُرمت والے لوگ (۳) شہر حُرُم وہ چار مہینے جن میں ان کی حرمت کے باعث جنگ حرام ہے یعنی رجب ۔ ذوالقعدہ ۔ ذوالحجہ ۔ محرم ۔
حُرُمات (ع) حُرمت کی جمع ۔ عزّت کی چیزیں ۔ قابل عزّت اشیاء ۔

حِرمان (ع) محروم رہنا ۔ نا اُمیدی ۔ مایوسی ۔ کچھ نہ ملنا ۔
حُرمت (ع) عزّت (۲) عزیز ہونا ۔ وہ چیز جس کا ادب توڑنا ۔ یا کر گزرنا جائز نہ ہو ۔
حُرمت بہا (ف) ہتک عزّت کا ہرجانہ ۔
حُرمت داشتن } کسی کی عزّت کرنا ۔ کسی کے احترام کو ملحوظ
حُرمت نگاہ داشتن } رکھنا ۔
حَرَم خانہ }
حَرَم سرا } (ف) محل سرائے ۔ زنان خانہ (۲) منکوحہ عورت ۔
حَرَم گاہ }
حَرمل ۔ اسپند ۔ کالا دانہ ۔
حَرَمین }
حَرَمین الشریفین } (ع) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ ۔
حَرَمینِ شریفین }
حُرُوب (ع) حرب کی جمع ۔ جنگیں ۔ لڑائیاں ۔
حُرُور (ع) گرمی ۔
حَرُور (ع) رات کو چلنے والی گرم ہوا ۔ لُو (۲) سُورج (۳) آگ اور دھوپ کی گرمی ۔
حَرُوریہ (ع) منسوب بہ حرورا ، جو کوفہ کے قریب ایک گاؤں ہے ۔ خارجیوں کے ایک گروہ کا نام ہے ۔
حُرُوف (ع) حرف کی جمع ۔
حروریّت (ع) آزادی ۔ آزاد مردی ۔
حُرُوف الحلق (ع) حلق سے نکلنے والے حروف جو چھ ہیں :- ح خ ع غ ق ہ ۔
حُرُوفِ تہجّی (ع) کسی زبان کے حروف ہجا ۔ کسی زبان کے تمام حروف مثلاً الف ب پ ت وغیرہ ی تک تمام حروف حروفِ تہجی کہلاتے ہیں ۔
حُرُوفِ چشمہ دار (ف) گول دائروں والے حروف ۔
حُرُوفِ غیر منقوط (ع) وہ حروف جن پر نقطے نہیں ہیں ۔ بغیر نقطوں کے حروف ۔
حُرُوفِ مُعجم } (ع) حروفِ منقوط ۔ وہ حروف جن پر نقطے ہیں
حُرُوفِ مُعجمہ } نقطوں والے حروف ۔
حُرُوفِ منقوط (ع) نقطوں والے حروف ۔ وہ حروف جن پر نقطے ہیں جیسے ث ۔ ج ۔ ش ۔ ض ۔ ظ وغیرہ ۔
حُرُوفِ مُقطّعات (ع) قرآنِ مجید کی بعض سُورتوں کے آغاز میں چند کلمات یا حروف ایسے ہیں جن کے معنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا ۔ اُنہیں حروفِ مقطعات کہتے ہیں ۔ جیسے الٓمٓ ۔ الٓرٰ ۔ کٓہٰیٰعٓصٓ ۔
حُرُوفِ مقطعات (ف) فارسی محاورے میں کسی نام کے ابتدائی حروف لکھ دینا ۔ جیسے س ۔ د ۔ سیف الدین کے ابتدائی حروف ہیں ۔
حُرُوفِ مُہملہ (ع) غیر منقوط ۔ وہ حروف جو نقطے نہیں رکھتے جیسے

Marfat.com

ح - د - ر - س وغیرہ۔

حُرُوفِ ہجا (ع) دیکھو حروفِ تہجی۔

حَرُوق (ع) (۱) ایندھن جلانے کی لکڑی (۲) وہ گھاس پھوس جس میں چقماق سے آگ لگ جائے۔

حَرُون (ع) (۱) سرکش (۲) سرکش گھوڑا (۳) سرکش بچھیرا۔

حُرُون (ع) سرکشی کرنا۔

حَرَّہ (ع) زمین سنگلاخ - پتھریلی زمین۔

حُرَّہ (ع) (۱) آزاد عورت (۲) وہ عورت جو کسی کی لونڈی نہ ہو یا لونڈی سے آزاد ہوگئی ہو (۳) بہت مینہ برسانے والا بادل۔ (۴) بہت دُودھ دینے والی اُونٹنی۔

حَرِی (ع) سزاوار - لائق - زیبا۔

حریبہ (ع) لوٹا ہوا مال۔

حُرِّیَّت (ع) (۱) آزادی - خودمختاری (۲) کسی کا غلام نہ ہونا (۳) غلامی سے آزاد ہونا۔

حُرِّیَّت خواہ یا پسند (ف) آزادی خواہ۔

حَرِیر (ع) (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا۔

حَرِیر (ع) وہ شخص جو غصہ اور غضب سے گرم ہو رہا ہو۔

حَرِیرہ (ع) (۱) ریشمی کپڑا (۲) ایک کھانا جو دُودھ اور شکر سے پکایا جاتا ہے (۳) کاغذ۔

حَرِیری (ع) (۱) ریشمی کپڑا بیچنے والا (۲) ایک عالم کا نام۔

حَرِیز (ع) محفوظ مقام - مستحکم جگہ۔

حَرِیص (ع) حرص کرنے والا - لالچی - طامع۔

حَرِیصہ (ع) حریص کی مؤنث۔

حَرِیفِق (ع) (۱) تھکا ماندہ (۲) ضعیف جو جگہ سے نہ ہل سکے۔

حَرِیف (ع) (۱) ہم پیشہ - ہم کار (۲) مقابل (۳) شریک (۴) دوست (۵) دشمن۔

حِرِّیف (ع) تیز مزہ شے جو زبان کو کاٹے۔

حریف اَفگن (ف) دشمن کو گرا دینے والا۔

حَرِیف دَغل (ع) کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

حَرِیق (ع) (۱) سوزش (۲) آگ کی لپیٹ (۳) جلا ہوا (۴) دانت پیسنے کی آواز۔

حَرِیق اُفتادن (ف) کہیں آگ لگ جانا۔

حَرِیم (ع) (۱) گھر کے گرد کی دیوار (۲) گھر کا گرداگرد (۳) کنویں کا گرداگرد (۴) خانہ کعبہ کا گرداگرد (۵) جس شے پر عزت و حرمت لازم ہو۔

حَرِیم (ف) گھر - مکان۔

حریم ناز (ف) محبوب کے رہنے کی جگہ۔

## ح - ز

حَزاز (ع) لِقا - سر کی بھوسی جو خشکی کے باعث سر کے بالوں میں ہو جاتی ہے۔

حَزّاز (ع) (۱) بہت غم - سخت اندوہ (۲) غصہ وغیرہ کے باعث دل کی سوزش (۳) جھنجھلانے والا آدمی (۴) کھانا جو معدہ میں ترش ہوگیا ہو۔

حَزازی (ع) سخت غصے والا آدمی۔

حِزام (ع) (۱) چوپائے کا تنگ (۲) گہوارہ میں بچے کا دست بند۔ (۳) جانور کو باندھنے کی رسی۔

حِزامت (ع) کام میں ہوشیار اور آگاہ ہونا۔

حِزب (ع) (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) ہر چیز کا ٹکڑا اور حصہ۔ (۳) مقررہ ورد۔

حزبِ اقتدار (ف) حکمران پارٹی۔

حِزبُ الاَحرار (ع) لبرل پارٹی - آزادوں کا گروہ۔

حِزبُ البحر (ع) ایک خاص وِرد اور دُعا کا نام۔

حِزبِ سیاسی (ف) سیاسی پارٹی۔

حِزبِ ڈیموکریٹک (ف) جمہوری پارٹی۔

حِزبِ دستِ چپ (ف) بائیں بازو کی پارٹی۔

حِزبُ الشیطان (ع) (۱) شیطان کا گروہ (۲) فاسق اور کافر لوگ۔

حِزبُ اللہ (ع) نیک لوگوں کا گروہ۔

حِزبِ کارگراں (ف) مزدور پارٹی۔

حَزم (ع) (۱) مآل اندیشی - دُور اندیشی - عاقبت اندیشی - انجام بینی۔ (۲) ہوشیاری (۳) مضبوط باندھنا (۴) اُونچی اور سخت زمین۔

حُزمہ (ع) (۱) کاغذ کا دستہ (۲) خوشہ گندم کی گڈی (۳) گھاس کا یا لکڑیوں کا گٹھا۔

حَزن (ع) سخت زمین۔

حَزِن (ع) غمگین - رنجیدہ - اندوہناک - ملول۔

حُزن } (ع) غم - رنج - اندوہ - ملال۔
حَزَن }

حَزوَر } (ع) (۱) پاٹھا - نوجوان (۲) طاقتور - مرد - قوی (۳) مرد
حَزَوَّر } ضعیف - لغات اضداد سے ہے۔

حَزّہ (ع) وقت۔

حُزّہ (ع) پاجامہ کا نیفہ۔

حَزْی (ع) (۱) غیب کی خبر دینا (۲) فال گوئی کرنا (۳) کھجور کے درخت کے پھل کا اندازہ کرنا۔

حَزِین (ع) غمگین - ملول - اندوگین - غمزدہ۔

## ح - س

Marfat.com

حَسّ (ع) (۱) سمجھ (۲) حیلہ (۳) ہوشیاری۔
حَسّ (ع) (۱) جڑ سے اکھیڑنا (۲) مار ڈالنا (۳) گوشت کو بغیر کسی برتن کے آگ پر بھونتا۔
حِسّ (ع) (۱) آگاہ ہونا (۲) دریافت کرنا (۳) آہٹ پانا (۴) حرکت کرنا (۵) کسی چیز کا حواسِ خمسہ سے ادراک۔
حَسا
حَساء } (ع) پتلی چیز جو پی سکیں۔ یخنی۔ شوربا۔ حریرہ۔
حِساب (ع) (۱) شمار۔ گنتی (۲) وہ علم جس میں اعداد کے علم وعمل سے بحث ہوتی ہے (۳) معاملہ۔
حساب از خود داشتن (ف) غرور کرنا۔
حساب از کسے برداشتن
حساب از کسے بردن
حساب از کسے برگرفتن
حساب از کسے بگرفتن } (ف) کسی چیز سے عبرت پکڑنا (۲) ڈرنا۔
حساب باز کردن (ف) بینک میں اکاؤنٹ کھولنا۔
حساب برانداختن (ف) نیک تدبیر سوچنا۔ (۲) رائے بیان کرنا۔
حساب بردن از کسے (ف) کسی سے ڈرنا۔ خائف ہونا۔
حساب برہم زدن (ف) حساب کا انتظام بگاڑ دینا۔ حساب پریشان کرنا۔
حساب بستن (ف) حساب بند کر دینا۔
حساب پاک بودن (ف) حساب بالکل درست اور ٹھیک ٹھاک ہونا۔
حساب پاک شدن (ف) معاملہ صاف ہونا۔
حساب پاک کردن (ف) معاملہ صاف کرنا۔
حساب جاری (ف) کرنٹ اکاؤنٹ۔
حساب چیزے از چیزے گرفتن۔ دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ برابر رکھنا۔ یکساں جاننا۔
حساب روشن کردن۔ حساب بے باق کر دینا۔
حساب کردن با کسے
حساب کردن چیزے را بچیزے } (ف) یکساں شمار کرنا۔ برابر خیال کرنا۔
حساب مناسک (ف) آدابِ حج۔
حساب نگرفتن (ف) متوجہ نہ ہونا (۲) حساب نہ لینا۔ کسی گنتی شمار میں نہ لانا۔
حَسابَہ (ع) صاحبِ حسب ہونا۔
حِسابَہ (ع) گننا۔ شمار کرنا۔
حِسابِیَّہ (ع) منسوب بہ حساب۔
حُسّاد (ع) حاسد کی جمع۔ بدخواہ۔ دشمن۔ دیکھ کر جلنے والے۔
حَسّاس (ع) حس کرنے والا (۲) دریافت کرنے والا۔
حُسالہ (ع) (۱) چاندی (۲) چاندی کا برادہ (۳) جَو کی بھوسی۔
حُسام (ع) تلوار۔ تیز تلوار۔ شمشیر۔

حُسّان
حُسّان } (ع) خوبصورت مرد۔ صاحب جمال مرد۔
حِسان (ع) خوبصورت مرد اور عورتیں۔ صاحبانِ جمال۔
حَسّان (ع) بہت خوب۔ بہتر (۲) عقل مند (۳) عرب کے ایک شاعر حسان بن ثابت انصاری کا نام جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مدّاح تھے۔
حِسانُ الوُجُوہ (ع) خوبصورت لوگ۔ حسین آدمی۔
حَسّانِ عجم (ع) ایران کے مشہور شاعر خاقانی کا لقب کیونکہ اس نے بھی حسان کی مانند آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح میں بہت سے اشعار و قصائد لکھے ہیں۔ دیکھو خاقانی۔
حَسَب (ع) شرف مال وجاہ اور دین کی بزرگی (۲) کسی شے کا اندازہ اور شمار۔
حَسْب (ع) کافی ہونا۔ بس ہونا (۲) کفایت موافق (۳) مماثل مثل (۴) شمار کرنا۔ گننا (۵) مُردہ کو کفن میں لپیٹ کر قبر میں رکھنا۔
حِسَب (ع) تدبیریں۔ کاموں کی مزدوریاں۔
حُسَباء (ع) حسیب کی جمع۔ محاسب۔
حُسبان (ع) شمار کرنا۔ گننا۔
حسبِ اتفاق (ع) اتفاقاً۔ ناگاہ۔ ناگہاں۔
حسبِ ارشاد (ع) حسب الحکم۔ کہنے کے مطابق۔
حُسبان (ع) شمار کرنا۔ گننا۔ اندازہ کرنا (۲) شمار۔ گنتی (۳) عذاب۔ دُکھ۔ تکلیف۔
حِسبان (ع) خیال کرنا۔ گمان کرنا۔
حَسبِ توفیق (ع) خدا کی ہدایت کے موافق۔ اپنی حیثیت کے مطابق۔
حَسبِ حال (ع) حال کے موافق اور مناسب (۲) جس میں کمی بیشی کو دخل نہ ہو (۳) ٹھیک موقع سے۔
حسبِ دستور (ع) قاعدہ کے مطابق۔
حَسبِ ذیل (ع) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق تفصیل زیریں کے مطابق۔
حَسبُکَ (ع) تجھے کفایت کرتا ہے۔
حَسبَلَہ (ع) حسبی اللہ کہنا۔ یہ کہنا کہ مجھے اللہ کافی ہے۔
حَسبِ معمول (ع) معمول کے مطابق۔ دستور کے مطابق۔
حَسبِ مقدار (ع) اپنی حیثیت اور بساط کے موافق۔
حَسبِ منشاء (ع) خواہش و ارادہ کے موافق۔
حَسب نسب (ع) سلسلہ خاندان۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
حَسَد (ع) ڈاہ۔ کینہ۔ بدخواہی۔ جلن۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔
حَسَد بُردن (ف) حسد کرنا۔ جلنا۔
حَسَدَہ (ع) حاسد کی جمع۔ بدخواہی کرنے والے۔
حَسْر (ع) برہنہ کرنا۔ اپنا جسم ننگا کرنا۔
حَسران (ع) بہت ہی حسرت زدہ۔
حَسرت (ع) دریغ۔ افسوس (۲) ارمان (۳) پشیمانی کسی شے کے

Marfat.com

نہ ملنے کا افسوس - پچھتاوا۔
خسک (ع) خسک کا معرب - گوکھرو (۲) گوکھرو کی شکل کے لوہے کے کانٹے جو دشمن کی فوج کے راستہ میں بچھا دیتے ہیں۔ جس سے دشمن کے گھوڑے اور پیادے مجروح و خستہ ہو جاتے ہیں۔
حِسل (ع) سوسمار کا بچہ - گوہ کا بچہ۔
حَسم (ع) قطع کرنا - کاٹنا (۲) رگ کو کاٹ کر لوہے سے داغ دینا تاکہ خون بند ہو جائے۔
حَسَن (ع) نیک - اچھا (۲) خوبصورت (۳) حضرت علی رضہ کے بڑے بیٹے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرت ابو محمدؒ امام دوم کا اسم مبارک - آپ کو مخالفین نے زہر دے کر شہید کر دیا تھا - اس لیے محرم میں آپ کا ماتم اور سوگ بھی آپ کے چھوٹے بھائی سید الشہدا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ماتم کے ساتھ کیا جاتا ہے (۴) تخلص ہے حسن دہلوی کا جو امیر خسرو کے ہمعصر اور ان کے نہایت عزیز دوست تھے - حسن دہلوی کا کلام خاص طور پر سہل ممتنع ہے - آٹھویں صدی ہجری کے آغاز میں ہوئے ہیں۔
حَسُن (ع) خوبصورت ہو گیا - اچھا ہو گیا - خوشنما ہو گیا۔
حُسن (ع) خوبصورتی - عمدگی (۲) نیکی - خوبی (۳) بہتری۔
حَسناء (ع) خوب صورت عورت - جمیلہ۔
حُسنِ ابتدا (ع) خوب صورت آغاز۔
حسن ابدال (ع) ایک ولی کا نام اور راولپنڈی کے علاقہ میں ایک شہر کا نام جہاں اس ولی کا مزار ہے اور اس شہر کا نام اسی ولی کے نام پر ہے - اب اسے حسن ابدال کہتے ہیں۔
حُسنِ اتفاق (ف) اتفاقیہ طور پر۔
حَسنات (ع) حسنہ کی جمع - نیکیاں۔
حُسنِ تخلص (ع) علم بدیع کی اصطلاح میں شاعر کا تغزل سے مناسب طریقہ سے گریز کر کے ممدوح کی مدح میں مشغول ہو جانا ہے۔
حُسنُ التعلیل (ع) ایک صنعت کا نام جس میں کسی وصف کے لیے ایک علت اس کے مناسب ادعا کرتے ہیں - جو درحقیقت اس کی علت نہیں ہوتی جیسے ؎
لالہ کہ بدل گرہ شدش گردد ۔ از آہِ من است حسرت آلود
حُسنُ المآب (ع) نیک بازگشت (۲) قرب الٰہی۔
حُسنِ برشُدان (ف) وہ حُسن جس کے سانولے رنگ میں سُرخی اور خوبصورتی جھلکتی نظر آتی ہے۔
حَسَن بَسَن (ع) بہت خوبصورت (۲) بہت اچھا (۳) بہت نیک۔ بسن حسن کا تابع مہمل اور موکد ہے۔
حَسَن بَصری (ع) ایک بہت بڑے ولی کا نام جو آنحضرتؐ کے صحابی بھی تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کمال ارادت رکھتے اور سلسلہ تصوف میں ان کے خلیفہ بھی تھے انہوں نے ۱۲۰ھ میں وفات پائی۔
حُسنِ خداداد (ف) اصل حُسن - قدرتی خوبصورتی۔
حُسنِ خطاب (ف) عمدہ گفتگو۔
حُسنِ ساختہ (ف) بناوٹی حُسن - وہ حُسن جو خط و خال اور سُرمہ و آرائش وغیرہ سے بنایا جائے۔
حَسَن سَبّاح (ع) ایک ولی کا نام۔
حُسنِ شکری (ف) زردی مائل سفید خوبصورت رنگ۔
حَسَن صَباح (ع) دیکھو حسن بن صباح۔
حُسنِ صندلی رنگ (ف) زردی مائل حُسن۔
حُسنِ صبیح (ع) گورا رنگ - گورے رنگ والا حُسن۔
حُسنِ طلب (ع) اشارہ اور کنایہ سے کوئی شے مانگنا۔
حُسنِ ظن (ع) اچھا گمان - نیک گمان۔
حُسنِ عاریتی (ف) دیکھو حُسن ساختہ۔
حُسنِ فرنگ (ف) گورا رنگ - سفید حُسن۔
حُسنِ گلنار / حُسنِ گلناری (ف) نہایت سُرخ رنگ کی خوبصورتی۔
حُسنِ گندم گوں (ف) گندمی رنگ کا حُسن - سیاہی مائل سُرخی میں خوب صورتی کا ہونا۔
حُسنِ مردانہ در وطلبِ شعر (ف) مردانہ خوب صورتی اور شعر کی فصاحت۔
حُسنِ مَطلع (ع) قصیدہ یا غزل کا دُوسرا شعر۔
حُسنِ مُطلق (ع) اللہ تعالےٰ کا حُسن جسے زوال و تنزل اور عدم کچھ بھی نہیں ہے۔
حُسنِ مُعاشرت (ف) دوستانہ اسم - اچھا میل ملاپ۔
حُسنِ مقیّد (ع) مخلوقات کا حسن جو زوال و تنزل اور عدم سے امن نہیں ہے - اور ایک ڈر نہیں رکھتا۔
حُسنِ مَلیح (ع) سانولے رنگ کا حُسن - نمکین حُسن۔
حُسنِ منظر (ع) ظاہری خوبصورتی۔
حُسنِ مہتابی (ف) چاند کے رنگ کا حُسن - مائل بہ زردی سفید حُسن۔
حَسَنہ (ع) بھلائی - نیکی (۲) خوبی۔
حَسَنی (ع) منسوب بہ امام حسن رضی اللہ عنہ - امام حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد سے سیدوں کا ایک گروہ۔
حُسنیان (ف) کامیابی - شہادت۔
حَسُود (ع) نہایت حاسد - بہت حسد کرنے والا۔
حُسُود (ع) حسد کرنا - بدخواہی کرنا - کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔ حسد کی جمع۔
حُسُور (ع) تھک جانا (۲) بینائی کا دیکھنے سے عاجز ہو جانا - (۳) برہنہ ہونا - (۴) ظاہر ہونا۔
حُسُوس (ع) سخت قحط - بہت قحط سالی۔
حَسُوک (ع) خاردار (۲) بُرا - بد (۳) شریر۔
حِسّی (ع) محسوس ہونے والی شے - دکھائی دینے والی اور معلوم ہونے والی چیز جو حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعہ سے معلوم ہو سکے۔

Marfat.com

حَسِیب (ع) بزرگوار (۲) کافی (۳) حساب کرنے والا (۴) بدلہ لینے والا (۵) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔
حَسِیر (ع) غمگین۔ اندوہگیں۔ رنجیدہ۔ دُکھیا (۲) افسوس کرنے والا (۳) تھکا ہوا۔
حَسِیس (ع) آہٹ۔ نرم آواز (۲) اس شے کی آہٹ جو دکھائی نہ دے۔
حَسِیکہ (ع) عداوت۔ کینہ۔ دشمنی۔
حَسِین (ع) خوش شکل۔ خوبصورت۔
حُسَین (ع) حسن کی تصغیر۔ خوبک (۲) حضرت علی رضہ کے چھوٹے بیٹے۔ آنحضرتؐ کے نواسے اور حضرت امام حسنؓ کے چھوٹے بھائی کا نام جنہوں نے محرم ۶۱ھ میں میدان کربلا میں اپنے کنبہ کے مردوں اور حمایتیوں کے ساتھ یزید کی سپاہ سے راہِ خدا میں لڑ کر شہادت پائی۔ عشرہ محرم کو آپ کا ماتم اور سوگ کیا جاتا ہے۔
حُسَینی (ع) منسوب بہ امام حسینؓ۔ سیدوں کا وہ گروہ جو امام حسینؓ کی اولاد سے ہیں (۲) موسیقی کے ایک مقام کا نام (۳) تفت کے نواح میں ایک چشمہ کا نام۔
حُسَینیہ (ف) وہ جگہ جہاں ماہِ محرم میں نوحہ خوانی کی جاتی ہے۔

## ح - ش

حَشا (ع) پیٹ کے اندر کے اعضاء مثلاً گردے اور آنتیں وغیرہ۔
حَشّاش (ع) گھاسی۔ گھسیارے۔ گھاس جمع کر کے یا کاٹ کر بیچنے والے۔
حُشاش، حُشاشہ (ع) وہ تھوڑی سی جان جو بیمار یا زخمی میں باقی ہو۔ رَمَق۔
حَشائش (ع) حشیش کی جمع۔ سوکھی ہوئی گھاس۔
حَشد (ع) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) مدد دینا (۳) کسی کام کے لیے جمع ہونا۔
حَشَر (ع) گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔
حَشر (ع) جلاوطن کرنا (۲) جمع کرنا (۳) اُٹھانا (۴) قیامت (۵) یوم الحشر۔
حَشَرات۔ حَشَراتُ الاَرض (ع) حشر کی جمع۔ زمین میں سوراخ کر کے رہنے والے جانور مثلاً سانپ۔ چوہا۔ نیولا وغیرہ۔
حشرگاہ (ع) قیامت کا میدان۔
حَشرہ (ع) زمین میں سوراخ کر کے رہنے والا جانور مثلاً سانپ۔ چوہا۔ نیولا۔
حشرہ خوار (ف) ہر وہ جانور جس کی خوراک حشرات ہوں۔
حشرہ شناس (ف) وہ شخص جو حشرات کے بارے میں علم رکھتا ہو۔ جو حشرات کے احوال کا مطالعہ کرتا ہے۔
حشرہ شناسی (ف) حشرات کی اقسام کا علم۔ حشرات کے احوال کا علم۔
حشرہ کش (ف) حشرات کو ختم کرنے کے لیے زہریلی دوا۔
حَشَف (ع) کھجور کی بدترین قسم۔ خشک پستان۔
حَشَفہ (ع) عضوِ تناسل کا سرا۔ سرِ ذکر۔ تقضیب کی ٹوپی (۲) کھیتی کاٹنے کے بعد جو جڑیں باقی رہ جاتی ہیں (۳) بہت بوڑھی عورت۔
حَشَم (ع) حیوانات کا گلہ (۲) اہل و عیال (۳) نوکر چاکر سپاہی وغیرہ۔
حُشمت (ع) مطیع اور خدمت گار لوگ۔
حِشمت (ع) دبدبہ۔ بزرگی (۲) شرم و حیا (۳) غصہ۔
حشم نشین (ف) صحرانشین لوگوں کے رہنے کی جگہ۔
حَشو (ع) بھرتی (۳) روئی یا اُون وغیرہ جو لحاف یا تکیہ وغیرہ میں بھری جائے (۴) کلام زائد جو ادائے مطلب میں واقع ہو (۵) بے ہودہ بات۔
حَشوی (ع) حشو سے بھرا ہوا۔
حَشویہ (ع) وہ لوگ جو اصولِ عبادات کی طرف توجہ نہ دیں اور واجبات شرعی کے پابند نہ ہوں۔
حَشیش (ع) سوکھی گھاس۔ کاہ۔ مجازاً بھنگ۔

## ح - ص

حَصا (ع) حصاۃ کی جمع۔ کنکر۔ سنگریزے (۲) ٹھیکریاں۔
حصاۃ (ع) کنکر۔ سنگریزہ (۲) مثانہ یا گردہ کی پتھری (۳) رائے۔ تدبیر۔ عقل۔
حصاد (ع) کھیتی کاٹنا۔ فصل کاٹنا۔
حَصّاد (ع) کھیتی کاٹنے والا۔
حُصّاد (ع) حاصد کی جمع۔ کھیتی کاٹنے والے۔
حِصادۃ (ع) کھیتی کاٹنے کا وقت (۲) کٹی ہوئی کھیتی۔
حِصار (ع) گڑھ۔ قلعہ (۲) احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ محاصرہ کرنا (۳) ایک قسم کا گدا جو اونٹ پر پالان کی مانند ڈال کر سوار ہوتے ہیں (۴) سرود کا ایک شعبہ (۵) پنجاب کے ایک مشہور شہر کا نام۔
حصارِ پولادی (ف) انگشتانہ (۲) نہایت مضبوط قلعہ (۳) پہلا آسمان۔
حصارِ پیروزہ (ف) آسمان۔
حِصارِ مُعلّق (ع) آسمان۔
حِصاری (ع) محصور۔ قلعہ بند (۲) شہر حصار کا رہنے والا۔

Marfat.com

(۳) سرود کے ایک شعبہ کا نام۔
حَصافَت (ع) عقل کی پختگی (۲) استواری - مضبوطی۔
حِصال (ع) قلعہ (۲) احاطہ (۳) سرود کے ایک شعبہ کا نام۔
حَصالہ (ع) کھلیان اٹھا لینے کے بعد جو گیہوں اور جو باقی رہ جاتے ہیں (۲) تلخ دانہ جو گیہوں سے نکلتا ہے۔
حِصان (ع) اصیل اور عمدہ گھوڑا جس کی نسل رکھنے کے قابل ہو۔
حَصان (ع) شوہردار عورت (۲) پارسا عورت۔
حَصانَت (ع) مضبوطی - استواری - مضبوط ہونا۔
حَصانت (ع) پرہیزگاری - پارسائی۔
حَصَب (ع) ایندھن - جلانے کی لکڑی۔
حصبا / حَصْبَا (ع) کنکر - سنگریزہ۔
حَصَبہ (ع) خسرہ - چھوٹی چیچک - سرخجہ۔
حَصَبَہ (ع) کنکر اُڑانے والی آندھی (۲) پتھریلی زمین۔
حَصحص (ع) مٹی (۲) سنگریزہ - کنکر۔
حَصحَص الحَقّ (ع) سچی بات ظاہر ہو گئی۔
حَصحَصَہ (ع) ظاہر ہونا (۲) ممتاز ہونا (۳) حق کا باطل کے مقابلہ میں ظاہر اور ممتاز ہونا۔
حَصد (ع) کھیتی کاٹنا۔
حَصَد (ع) سوکھی گھاس - کاہ (۲) رسی کو مضبوط بٹنا۔
حَصَر (ع) رک جانا (۲) بات کرنے یا پڑھنے میں رُکنا (۳) تنگ ہونا - بخیل ہونا۔
حَصْر (ع) محاصرہ کرنا - گھیرا ڈالنا - احاطہ کرنا (۲) سفر سے روکنا۔ (۳) اونٹ پر حصار جو ایک قسم کا گدا ہے باندھنا۔
حُصْر (ع) پیٹ کا بند ہو جانا۔
حِصرِم (ع) کچا انگور - نارسید - انگور جو کھٹا ہو۔
حِصَص (ع) حصہ کی جمع - حصے بخرے۔
حَصْن (ع) عورت کا پردہ میں بیٹھنا اور پارسا و پرہیزگار ہونا۔
حِصْن (ع) پناہ (۲) قلعہ (۳) پناہ کی جگہ۔
حُصْن (ع) عورت کی پارسائی اور عفت۔
حَصناء (ع) عفیفہ اور پارسا عورت۔
حِصنِ پیروزہ / حِصنِ فیروزہ / حِصنِ معلّق (ف) آسمان۔
حِصنِ ہزار میخی (ف) آسمان (۲) آٹھواں آسمان۔
حَصو (ع) باز رکھنا - رکاوٹ کرنا - روکنا (۲) آنتوں کا درد کرنا۔
حُصُول (ع) حاصل ہونا (۲) پیدا ہونا (۳) کسی شے کا ثابت اور باقی رہنا۔
حُصُول ناپذیر (ف) ناقابل حصول۔

حُصُون (ع) حصن کی جمع - قلعے - گڑھیاں۔
حَصُون (ع) پارسا آدمی - پرہیزگار آدمی۔
حِصّہ (ع) جزو - ٹکڑا (۲) بخرہ - بہرہ۔
حَصیٰ (ع) سنگریزہ۔
حصیات (ع) سنگریزے۔
حَصِید (ع) کاٹی ہوئی فصل۔
حَصِیر (ع) چٹائی - بوریاں (۲) زندان۔
حَصِیرہ (ع) کھجوریں سکھانے کی جگہ۔
حَصِیری (ع) فرش (۲) بوریا - چٹائی۔
حَصِیف (ع) مرد درست عقل (۲) استوار۔
حَصِین (ع) مضبوط - استوار - محکم۔

# ح - ض

حَضّ (ع) ترغیب دلانا - برانگیختہ کرنا (۲) لڑائی یا کھانے پر آمادہ کرنا۔
حضائر (ع) حظیرہ کی جمع - کھجور ڈالنے کی جگہ۔
حَضاجِر (ع) حضجر کی جمع - کفتار - ہنڈار - بجو جو ایک درندہ جانور ہے - مُردوں کو قبروں سے اکھیڑ کر کھاتا ہے (۲) ڈائن (۳) اونٹ جسے زیادہ کھانے سے پیٹ پر ورم ہو گیا ہو۔
حُضّار (ع) حاضر کی جمع - حاضرین - حاضرین محفل (۲) شہر کے باشندے - مقیمان شہر۔
حِضارۃ (ع) شہر (۲) شہر میں مقیم ہونا۔
حِضانَت (ع) پرندے کا انڈے سینا (۲) بچہ کو پالنا (۳) بچہ کو گود میں لینا۔
حَضَر (ع) اقامت (۲) شہر (۳) شہر میں رہنا (۴) وطن (۵) خانہ باشی۔
حَضَر (ع) سفر کی ضد - اپنے وطن میں رہنا - مخفف حضرموت (صوبہ عرب)
حَضَرات (ع) حضرت کی جمع - بزرگ لوگ۔
حضرت (ع) حضور - درگاہ (۲) نزدیکی و قرب (۳) بزرگی کا کلمہ جو نیک اور بزرگ لوگوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
حَضرَموت (ع) عرب کے ایک صوبہ کا نام جو عرب کے جنوب کی طرف یمن میں واقع ہے۔
حَضرَمی (ع) منسوب بہ حضر - حضرموت کا رہنے والا۔
حَضَری (ع) شہری۔
حُضُض / حُضُض (ف) رسوت جو مشہور دوا ہے۔
حِضن (ع) بغل - گود (۲) بغل سے کوکھ تک (۳) سینہ اور

Marfat.com

دونوں بازو اور جس قدر حصہ جسم ان کے درمیان ہے (۴) کسی چیز کا کنارہ اور طرف (۵) کفتار یعنی بجو کا گھر۔

حُضُور (ع) حاضر ہونا (۲) سامنے آنا (۳) کچہری میں حاضر ہونا۔ (۴) فارسی والے خرمی اور شگفتگی کے معنی میں استعمال کرتے ہیں (۵) نیز کلمہ تعظیم ہے جیسے جناب حضور عالی۔

حُضُور داشتن (ف) حاضر رہنا۔

حُضُور والا (ع) جناب عالی - حضور اقدس۔

حُضُوری (ع) حاضری - قرب - نزدیکی (۲) بادشاہی - دربار یا اجلاس۔

حَضِیض (ع) پستی (۲) نشیب - گڑھا۔

## ح - ط

حَطّاب (ع) لکڑہارا۔

حُطام (ع) ریزہ - برادہ (۲) خشک گھاس کا ریزہ (۳) دُنیا کا تھوڑا سا مال - دنیا کا بے حقیقت مال (۴) پوست بیضہ۔

حَطْب (ع) ایندھن اکٹھا کرنا - لکڑیاں چُننا۔

حَطَب (ع) لکڑی - چوب (۲) سخن چینی۔

حَطِب (ع) خشک اندام - مرد لاغر۔

حِطْل (ع) گرگ - بھیڑیا۔

حَطْم (ع) توڑنا۔

حُطَمہ (ع) تیز آگ چورہ چورہ کرنے والی - دوزخ کے تیسرے طبقے کا نام۔

حَطِیم (ع) ٹوٹا ہوا - شکستہ (۲) کعبہ کا وہ حصہ یا پتھر جو رکن اور زمزم کے درمیان ہے - کعبہ کی مغربی بیرونی دیوار جہاں ناوُدان یعنی پرنالا ہے۔

## ح - ظ

حَظّ (ع) حصہ - بخرہ - بہرہ - قسمت - نصیب (۲) فارسی والے خوشی اور خرمی کے معنوں میں اور بلا تشدید بھی استعمال کرتے ہیں۔

حظ کردن } لذت اندوز ہونا۔
حظ بُردن }

حَظاء (ع) سیراب کرنا۔

حَظائِر (ع) حظیرہ کی جمع - چار دیواریاں - باڑے۔

حَظْر (ع) روکنا - باز رکھنا (۲) حرام کرنا۔

حَظِ نفسانی (ع) حیوانی خواہش۔

حَظِّ وافر بردن (ف) بہت بڑا حصہ لینا - یا بہت لطف اندوز ہونا۔

حُظُوظ (ع) حظ کی جمع۔

حِظْوَہ (ع) عورت اور مرد کا ایک دُوسرے سے لذت حاصل کرنا۔ (۲) کامیاب ہونا۔

حَظِّی (ع) صاحب منزلت۔

حَظِیرہ (ع) بھیڑ بکری وغیرہ کا باڑہ (۲) قبرستان کی چار دیواری (۳) مزار کا گنبد۔

حَظِیَّہ (ع) وہ منظور نظر لونڈی جسے بیوی سے چھپا کر رکھا جائے۔

## ح - ف

حَفّ (ع) کسی چیز کا احاطہ کرنا - گھیرنا - (۲) مہربانی کرنا - (۳) گھاس کا زمین میں خشک ہو جانا (۴) سر کے تمام بال منڈوانا (۵) ڈاڑھی مونچھ کے بالوں کو کم کرنا - (۶) اُڑنے میں پرندوں کے پروں کی آواز۔

حَفا (ع) پاؤں کا گھس جانا (۲) ننگے پاؤں چلنا۔

حُفات (ع) ننگے پاؤں والے۔

حَفّار (ع) کنواں یا سُرنگ کھودنے والا۔

حِفاظ (ع) مروت (۲) حمیت (۳) نگہبانی (۴) عار - (۵) پرہیزگاری۔

حُفّاظ (ع) حافظ کی جمع - حفاظت کرنے والے۔

حِفاظت (ع) پاسبانی - نگہبانی - رکھوالی۔

حِفایہ (ع) ننگے پاؤں چلنا (۲) پاؤں یا سُم کا گھس جانا (۳) زمین سے گھاس اکھیڑنا۔

حَفْد (ع) خدمت میں چُست ہونا - خدمت میں تیز روی کرنا۔

حَفَد (ع) حافد کی جمع - یار لوگ (۲) خدمت گار۔

حَفَدہ (ع) پوتے (۲) نواسے (۳) بیٹیاں (۴) سُسرے - (۵) داماد (۶) یار دوست (۷) خدمت گار۔

حَفْر (ع) صاف کرنا (۲) زمین کو کھودنا (۳) عورت سے مجامعت کرنا۔

حَفَر (ع) کھدی ہوئی زمین کی مٹی (۲) کنواں جس کا مُنہ کھلا ہو۔ (۳) دانتوں کی جڑوں کی زردی۔

حَفْر کردن (ف) کھودنا۔

حُفْرہ (ع) گڑھا (۲) زمین (۳) کھدی ہوئی زمین۔

حَفْز (ع) نیزہ مارنا (۲) پیٹھ میں کوئی چیز چبھونا (۳) چلانا۔ (۴) ہانکنا (۵) عورت سے مجامعت کرنا۔

حفریات (ف) کھدائی۔

حَفْص (ع) ایک مشہور قاری کا نام جو علم قرأت کا امام ہوا ہے اور عاصم کوفی کا شاگرد تھا۔

حَفْصَہ (ع) حضرت فاروق اعظم کی بیٹی کا نام جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں تھیں۔

حِفْظ (ع) یاد کرنا (۲) یاد رکھنا (۳) نگاہ رکھنا۔

Marfat.com

حفظ الغیب (ع) پیٹھ پیچھے کسی کو بھلائی اور نیکی سے یاد کرنا۔
حفظان (ع) بچاؤ۔ حفاظتیں۔ محافظت۔
حفظ کردن (ف) بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ زبانی یاد کرنا۔
حفظ ماتقدم (ع) پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنا۔ وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے۔
حفل (ع) لوگوں کا جمع ہونا۔ محفل کا مادہ یہی لفظ ہے۔
حفلہ (ع) کثرت۔ بہتات۔ انبوہی۔
حفی (ع) عقل مند (۲) مہربان (۳) بڑا عالم (۴) سعی و کوشش اور مبالغہ سے سوال کرنے والے۔
حفید (ع) پوتا۔ نواسہ۔
حفیر (ع) کھودی ہوئی شے (۲) کھودی ہوئی قبر (۴) گڑھا۔
حفیظ (ع) محافظ۔ نگہبان (۲) اللہ تعالے کا نام (۳) حفظ کرنے والا۔ زبانی یاد کرنے والا (۴) اونٹوں یا بھیڑوں کو چرانے والا۔
حفیظہ (ع) حمیت۔ عزت (۲) غصہ (۳) ناجائز کام سے روکنا۔

# ح - ق

حق (ع) سچ۔ ٹھیک۔ درست۔ راست (۲) لائق سزاوار (۳) واجب۔ جائز (۴) اللہ تعالے کا نام۔ فارسی میں بلاتشدید استعمال ہوتا ہے۔
حقا (ع) سچ ہے۔ درست ہے (۲) خدا کی قسم۔
حقارت (ع) ذلت۔ خواری (۲) حقیر ہونا۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا (۳) حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا۔
حق تقدم (ع) فوقیت۔
حق التعلیم (ع) ٹیوشن فیس۔
حق التالیف (ع) کتابوں پر یا تصنیف و تالیف کے کام پر رائلٹی۔
حق الثبت (ع) رجسٹریشن فیس۔
حق العباد (ع) بندوں کا حق۔
حق القدم (ع) قاصد یا مہمان کو جو کچھ دیا جائے۔
حق اللہ (ع) خدا کا حق۔
حق الناس (ع) آدمیوں کا حق۔ انسانوں کا حق۔
حق النظر (ع) جو شخص کھانے کے وقت موجود ہو اور اسے دیکھنے کی شرم سے صلا کریں اسے حق النظر کہتے ہیں۔
حق الوکالہ (ع) وکیل کی فیس۔
حقانی (ع) خدائی۔ اللہ والا (۲) خدا کی محبت میں رہنے والا۔
حقانیت (ع) سچائی۔ صداقت۔ راستی۔ درستی۔
حقائق۔ حقیقت کی جمع۔ حقیقتیں۔
حقائق شناس (ع) اشیاء کی حقیقتیں پہچاننے والا۔

حقب }
حقب } (ع) اسی برس (۲) سالہا سال۔ بڑا زمانہ۔
حقب (ع) پالان (۲) اونٹ کا تنگ
حق الزحمت }
حق السعی } کمیشن۔ فیس
حق بجانب (ف) وہ شخص جو راستی پر ہو۔
حق بدست اوست (ف) وہ سچائی پر ہے۔
حق برطرف کسے بودن (ف) دیکھو حق بجانب کسے بودن۔
حق برکنار گذاشتن (ف) حق فراموش کرنا۔ حق تلفی کرنا۔
حق بہ مرکز رسید (ف) حق بہ حق دار رسید۔
حق بگردن کسی داشتن (ف) کسی کی گردن پر احسان کا بوجھ ہونا
حقبہ (ع) اسی برس کی مدت (۲) ہوا کا تھم جانا۔
حقبہ (ع) سالہا سال۔ بڑی مدت۔
حق پرست (ف) سچا آدمی (۲) مطیع حق۔
حق پرستی (ف) سچائی (۲) خدا کی اطاعت
حق تعالے (ع) خدائے بزرگ و برتر۔
حق تلفی (ف) بے انصافی۔ حق مارنا۔ حق ضائع کرنا۔
حقد (ع) دشمنی۔ کینہ۔ بغض۔ عداوت۔ عناد۔ حسد۔
حق دار (ف) جس کا حق ہو۔ مستحق۔ وارث
حق داشتن (ف) حق دار ہونا۔
حق شفعہ (ع) ملحق جائداد کے خریدنے کا استحقاق۔ پڑوس کا حق ہمسائیگی۔
حق شناس (ف) حقیقت آشنا (۲) قدر دان (۳) منصف حقیقت پہچاننے والا۔
حق شناس بودن (ف) احسان شناس ہونا۔
حقف (ع) کج رو۔ ٹیڑھا (۲) ریت کا ٹیلہ
حق فراموش کردن (ف) کسی کا حق بھلا دینا۔ احسان یاد نہ رکھنا۔ احسان کا بدلہ نہ اتارنا۔
حق گفتن (ف) سچ بولنا۔ سچ بات کہنا۔
حق گو (ف) سچ بولنے والا۔ انصاف کی بات کہنے والا۔ (۲) مرغ شب آویز۔ مرغ شب خیز۔ وہ پرندہ جو رات کو ایک ہی پنجے سے کسی ٹہنی میں لٹکا رہتا اور حق حق کہتا ہے۔
حقلہ (ع) کھیتی کے قابل زمین۔
حقن (ع) کسی چیز کو نکلنے سے روکنا یا بند کرنا۔ روکنا۔
حقنہ (ع) ایک قسم کا درد شکم
حقنہ (ع) کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پاخانہ لانے کے لیے مقعد میں چڑھائی جاتی ہے۔
حقود (ع) حاسد۔ کینہ ور۔
حقود (ع) حقد کی جمع۔ کینے۔ دشمنیاں۔
حقوق (ع) حق کی جمع۔

Marfat.com

حقوقِ بازنشستگی }
حقوقِ تقاعد } پنشن جو ریٹائر ہونے پر ملتی ہے۔

حُقوَہ (ع)، (۱) ازار (۲) تہبند (۳) ازار باندھنے کا مقام۔

حُقّہ (ع)، وہ ڈبّہ جس میں جواہرات یا عطر یا معجون وغیرہ رکھی جائے۔

حُقّہ باز (ف)، بازی گر۔ مداری۔ بھان متی کا تماشا کرنے والا۔ (۲) مجازاً مکّار۔ حیلہ گر۔ عیّار۔

حُقّۂ خشخاش (ف)، پوست کا ڈوڈا۔ جس میں سے خشخاش کے دانے نکال لیے گئے ہوں۔

حُقّہ زَدَن (ف)، دھوکا دینا۔

حُقّۂ سبز }
حُقّۂ مینا } (ف)، آسمان۔

حُقّہ نوش (ف)، حقہ یعنی ڈبّہ اور نوش یعنی آبِ حیات یا شہد یا تریاق یا شیریں وغیرہ۔ آبِ حیات یا تریاق یا شہد وغیرہ کی ڈبیہ (۲) معشوق کا مُنہ۔

حَقّیّت (ع)، حق۔ حقداری۔ استحقاق۔ ملکیت۔

حَقیر (ع)، (۱) ادنےٰ (۲) چھوٹا (۳) ذلیل۔ خوار۔ زبوں۔ بےقدر۔ (۴) اوچھا۔

حقیقت (ع)، اصل۔ ماہیت۔ کسی شے کی ذات اور اصل۔ اصلیت۔

حقیقت بیں (ف)، حقیقت کو دیکھنے والا۔

حقیقت شعار (ف)، حقائق کو سامنے رکھ کر اقدام کرنے والا۔

حقیقی (ع)، اصلی جو بناوٹی نہ ہو۔

## ح ۔ ک

حَک (ع)، (۱) چھیلنا (۲) رگڑنا (۳) دُور کرنا (۴) کسی شے کو دُوسری چیز سے کھرچنا۔ (۵) چھیلنا۔

حَک کَرَدن (ف)، کھرچنا۔

حَکّاک (ع)، مُہرکن۔ نگینہ ساز۔ حک کرنے والا (۲) ایک مرض کا نام جس میں اعضاء کے کھجلانے سے سوزش ہوتی ہے۔

حُکاک (ع)، کھجلی۔ کھجلانے کی حاجت۔

حَکّاکات (ع)، دل کے خیالات۔ وسوسے۔

حَکّاکات (ع)، حکاکہ کی جمع۔ بُرادے۔

حُکّاکہ (ع)، بُرادہ (۲) سُرمہ۔

حکّام (ع)، حاکم کی جمع۔ حکم کرنے والے۔

حِکایات (ع)، حکایت کی جمع۔ روایتیں۔ باتیں۔ کہانیاں۔

حکایاتِ شیریں (ف)، نہایت دلکش کہانیاں۔

حکایت (ع)، روایت۔ بات۔ کہانی (۲) بیان کرنا۔

حکایت داشتن (ف)، لمبی بات سُنانا۔ بات کا قابلِ شنید ہونا۔

حکایت کردن (ف)، بیان کرنا۔ سُنانا۔

حکایتًا (ع)، بطورِ ذکر۔ بسبیلِ روایت۔

حکایتِ غرامیّہ (ع)، ناول۔

حَکَم (ع)، انصاف کرنے والا۔ پنچ۔ ثالث۔ فیصل۔

حَکْم (ع)، (۱) باز رکھنا (۲) گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا۔

حِکَم (ع)، حکمت کی جمع۔ حکمتیں۔ دانائیاں۔

حُکْم (ع)، فرمان۔ پروانہ (۲) حکم کرنا (۳) حکمت۔ دانائی۔

حکمِ اعدام (ف)، سزائے موت۔ پھانسی۔

حُکَماء (ع)، حکیم کی جمع۔ اشیاء کے حقائق کے جاننے والے۔

حُکمِ بیاضی (ع)، ایک قسم کا شاہی فرمان جس کا رُتبہ احکام دفتری سے بہت زیادہ ہوتا ہے چونکہ امورِ سلطنت میں بعض احکام ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی تاخیر و توقف نہایت حرج کا باعث ہوتی ہے۔ اس واسطے اخفائے راز اور تعجیل کے لیے بعض اوقات بادشاہ اس قسم کے احکام پر فقط اپنی مُہر ہی لگا دیتے ہیں اور انھیں دفتر پر نہیں چھوڑتے ایسے احکام کو حُکمِ بیاضی کہا جاتا ہے۔

حکمِ توقیف (ف)، ضبطی۔ قرقی کا حُکم۔

حکمت (ع)، راست گفتاری (۲) دُرست کرداری (۳) عقل مندی۔ دانائی (۴) اصطلاح میں حکمت وہ علم ہے جس کے ذریعہ بقدرِ طاقتِ بشری موجودات کی صحیح حقیقت معلوم ہو۔ اس کی کئی قسمیں ہیں جن کی تفصیل حکمت کی کتابوں سے معلوم ہو سکتی ہے (۵) تدبیر (۶) ترکیب (۷) علاج معالجہ (۸) ڈھنگ (۹) غرض۔ مطلب۔

حِکمتُ العَین (ع)، علم حکمت کی ایک کتاب کا نام ہے۔

حِکمتِ الٰہی (ف) }
حِکمتِ الٰہیہ (ع) } وہ علم جس میں الٰہیات کا بیان ہو۔

حِکمتِ مَدَنی (ف) }
حِکمتِ مدنیہ (ع) } شہروں کے انتظام کے قانون۔ انتظام ممالک کے قواعد (۲) شریعت نبوی۔

حِکمتِ یمانیہ (ع)، شریعت محمدی۔ کیونکہ ایران عراق والے کو یمن سے متعلق خیال کرتے تھے۔

حکم راندن (ف)، حکم چلانا۔ حاکم ہونا۔

حُکمران (ف)، حاکم۔ فرمانروا۔ بادشاہ۔

حُکمرانی (ف)، فرمانروائی۔ حکومت۔ بادشاہی۔

حُکمروا (ف)، دیکھو حکمران۔

حُکمِ زور (ف)، ناجائز کام۔

حُکمِ طلبی (ف)، سمن۔ بُلاوا۔

حُکمِ ظَہری (ع)، وہ حُکم جو کسی کاغذ یا رپورٹ کی پُشت پر لکھا جائے۔

حُکمِ قضا (ف)، تقدیر۔ موت۔

حُکمِ قطعی (ع)، حُکمِ ناطق۔ آخری فیصلہ۔

حُکم کش (ف)، فرماں بردار۔ مطیع۔

حُکم کشی (ف)، فرمانبرداری۔ اطاعت۔

Marfat.com

حکم کشیدن (ف) فرماں برداری کرنا - اطاعت کرنا۔
حکم مطلق (ع) قطعی حکم (۲) عام حکم۔
حکم نامہ (ف) تحریری حکم - فرمان - پروانہ (۲) وہ حکم جو جج کی طرف سے لکھا جائے۔
حکمی (ع) بے خطا - ٹھیک - نشانہ پر (۲) شرطی (۳) ضروری (۴) ہمیشہ - مدام (۵) محکوم - فرمانبردار۔
حکم و اصلاح کردن (ف) کانٹ چھانٹ کرنا - ترمیم کرنا۔
حکومت (ع) حکم کرنا - فرمانروائی - حکمرانی (۲) سلطنت - راج (۳) جبر - سختی۔
حکومت گاہ (ف) پایہ تخت۔
حکومتی (ف) حکومت سے تعلق رکھنے والی شے۔
حکّہ (ع) کھجلاہٹ - کھجلی - خارش۔
حکیم (ع) سب علوم جاننے والا - دانا - جس کے قول و فعل اندازہ کے موافق اور برمحل ہوں۔
حکیمات (ع) حکیمہ کی جمع - حکیم عورتیں - دانا عورتیں۔
حکیم باشی (ف) شاہی حکیم (۲) حکیموں کا سردار۔
حکیم گنجہ (ف) شہر گنجہ کا رہنے والا - حکیم یعنی نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ۔
حکیمہ (ع) حکیم کی تانیث - حکیم عورت - دانا عورت۔

## ح - ل

حَل (ع) کھولنا (۲) مشکل چیز کو آسان کر دینا (۳) اترنا (حلال ہونا، جائز ہونا (۴) لازم ہونا (۵) عورت کا عدت سے نکلنا - (۶) باہر آنا (۷) حل ہو جانا (۸) رل جانا (۹) پگھل جانا - (۱۰) تلوں کا تیل۔
حِل (ع) حلال اور (۲) حرام سے باہر آنا (۳) احرام سے باہر نکلنا (۴) احرام سے نکلنے والا (۵) قسم میں انشاء اللہ کہنا - (۶) کفارہ دے کر قسم سے نکلنا (۷) نشانہ۔
حل کردن (ف) نسخہ کی دوائیوں کو آپس میں ملانا - مشکل کا آسان کرنا۔
حِلاب (ع) دوہا ہوا دودھ (۲) وہ برتن جس میں دودھ دوہا جائے (۳) دودھ پینا۔
حَلّاج (ع) دھنیا - روئی صاف کرنے والا - روئی اوٹنے والا - روئی سے بنولے جدا کرنے والا (۲) ایک مشہور ولی حسین بن منصور کا لقب ہے - وہ خود حلاج نہ تھے بلکہ ایک دفعہ اپنے ایک حلاج دوست کے مکان پہ بیٹھے تھے وہ خود موجود نہ تھا - انہوں نے اشارہ کیا تو روئی خود بخود صاف ہونے لگی - اسی سے ان کا نام حلاج پڑ گیا - یہ عرب و ایران کے شہروں میں رہے اور انا الحق کہنے پر ۳۰۹ھ میں دار پر چڑھائے گئے - اور ان کی لاش کو جلا کر دریا میں ڈال دیا گیا - منصور ان کے باپ کا نام تھا - غلطی سے لوگ انہیں منصور کہتے ہیں۔
حلاجت (ف) روئی دھنکنا - جولاہے کا پیشہ۔
حلاجی (ف) دھنیا - روئی دھنکنے والا۔
حلاجی کردن (ف) کسی کو کنایۃً یا ظاہراً سخت باتیں کہنا۔
حلّاف (ع) بہت حلف اٹھانے والا۔
حَلاق (ع) موت۔
حُلاق (ع) حلق کا درد۔
حلاق (ع) مونڈنا - حجامت کرنا۔
حلال (ع) جائز - روا - درست - شرع کے موافق (۲) احرام سے باہر نکلنا (۳) حرم سے باہر آنا (۴) احرام سے باہر آنے والا (۵) حرم سے باہر آنے والا۔
حلّال (ع) بہت مشکل آسان کرنے والا (۲) بہت گرہ کھولنے والا - (۳) تلوں کا تیل بیچنے والا۔
حلال خور (ف) حق حلال کی اجرت کھانے والا (۲) خاکروب - بھنگی - مہتر۔
حلال روزی شدن (ف) رزق حلال کمانا۔
حلال غامض (ف) مشکلات یا سربستہ راز اور چیزوں کو حل کرنے والا۔
حلال مشکلات (ف) خداوند تعالےٰ - روپیہ پیسہ جس سے دنیا عبارت ہے۔
حلال نمک (ف) وفادار - حق شناس۔
حلالہ (ع) وہ عورت جو اپنے پہلے خاوند سے جس نے اسے طلاق دی ہو کسی اور محلل سے شادی کرنے پر رجوع کرے۔
حلالی خواستن (ف) مرتے وقت لوگوں سے حقوق یا گناہ معاف کرانا (۲) مرنے والے سے لوگوں کا معافی مانگنا - بخشنا بخشوانا۔
حُلام } حُلّان } (ع) حلوان - بکری کا بچہ۔
حلاوت (ع) مٹھاس - شیرینی (۲) مزہ (۳) اچھا مزہ۔
حلائل (ع) حلیلہ کی جمع - بیویاں - منکوحہ عورتیں۔
حَلَب (ع) شام کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں کا شیشہ قدیم زمانہ میں مشہور تھا۔
حَلَب (ع) دوہا ہوا دودھ (۲) دودھ دوہنا۔
حَلْب (ع) دودھ دوہنا۔
حلبہ (ع) میتھی جو مشہور ساگ ہے۔
حلبی سازی (ف) قلعی کا سامان۔
حِلّت (ع) مباح ہونا - جائز ہونا - حلال ہونا (۲) کشادگی - (۳) عورت کا عدت سے فارغ ہونا (۴) قربانی کے جانور کا وہاں پہنچنا جہاں اس کا ذبح کرنا جائز ہے۔
حلتیت (ع) انگوزہ - ہینگ۔
حلج (ع) دھنکنا - روئی سے بنولوں کو جدا کرنا (۲) تھوڑا تھوڑا

Marfat.com

چلنا - (۳) گوز مارنا -
حَلِس (ع)، بہادر - شجاع - دلیر (۲)، حریص -
حِلس (ع)، موٹا کپڑا - ٹاٹ (۲) چودھری -
حَلف (ع)، قسم کھانا - سوگند کرنا -
حِلف (ع)، قسم - سوگند - عہد -
حُلَفا (ع)، حلیف کی جمع - ہم عہد (۲)، سوگند کا ساتھی -
حَلفاء (ع)، ایک قسم کی گھاس جس سے بورے بنتے ہیں -
حَلفًا (ع)، قسمیہ - از رُوئے قسم -
حلفی } (ع)، قسمیہ - از رُوئے حلف -
حَلفیہ }
حَلق (ع)، گلا - گلو (۲)، بال مونڈنا (۳)، گلے پر مارنا -
حلق اُفتادن (ف)، تقریر کرتے ہوئے کسی وجہ سے رُک جانا یا گر جانا -
حَلق آویختہ (ف)، وہ شخص جس کو پھانسی دیا گیا ہو -
حلقچی (ت)، جلیبی جو مشہور مٹھائی ہے -
حُلقوم (ع)، نائے گلو - نرخرہ -
حَلقہ (ع)، گھیرا - گول دائرہ - احاطہ (۲) مجلس - مجمع (۳) بیتہ -
حلقۂ آبگوں (ف)، آسمان -
حلقۂ انگشترین (ف)، دو آدمیوں کی مجلس - دو آدمیوں کا حلقہ -
حَلقہ بر در زدن (ف)، زنجیر کھٹکھٹانا - دستک دینا - دروازہ کھلوانا -
حَلقہ بر سندان زدن (ف)، زنجیر کھٹکھٹانا - دروازہ کھلوانا -
حلقہ بگوش (ف)، مطیع - غلام - فرمانبردار - ایران میں دستور تھا کہ غلاموں کے کان میں سونے یا چاندی کا ایک حلقہ شناخت کے لیے ڈال دیتے تھے -
حلقۂ بینی (ف)، نتھ جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں -
حَلقہ بپشت (ف)، حلقہ بگوش -
حلقہ جنبانیدن (ف)، دستک دینا - دروازہ کا کھٹکھٹانا -
حَلقۂ دام (ف)، چکور پکڑنے کا گھوڑے کی دُم کے بالوں کا جال - (۲) جال کی مانند بنا ہوا رومال -
حلقہ در گوش (ف)، دیکھو حلقہ بگوش -
حَلقہ زَدن (ف)، زنجیر کھٹکھٹانا - دروازہ پر دستک دینا (۲) جمع ہونا (۳)، طلب کرنا -
حلقۂ زریں (ف)، سونے کی بالی (۲)، بجلی -
حلقۂ سیمیں (ف)، بدر - چودھویں رات کا چاند -
حَلقۂ شست (ف)، شست بمعنی کمند یا کمان - کمند کا پھندا - (۲) کمان کا چلہ (۳)، شست بمعنی مچھلی کا کانٹا بھی ہے -
حَلقہ کشیدن (ف)، حصار - منتر پڑھنے والے کا آسیب سے محفوظ رہنے کے لیے آپ گرد حلقہ کھینچ لینا -
حَلقۂ میم (ف)، دہنِ معشوق -
حَلکک (ع)، بہت سیاہی - سخت سیاہی -

حُلَل (ع)، حُلّہ کی جمع - پوشاکیں -
حَلَم (ع)، چمڑے میں کیڑے پڑ جانا - چمڑے کا خراب ہو جانا -
حِلم (ع)، آہستگی - بُردباری (۲)، عقل - دیر سے غصّہ آنا - حلیمی -
حُلم (ع)، خواب دیکھنا (۲)، جو کچھ خواب میں دکھائی دے -
حُلُم (ع)، جو کچھ خواب میں دکھائی دے (۲)، خواب میں جماع کرنا -
حَلَمہ (ع)، گھنڈی - پستان کا سر -
حَلو (ع)، میٹھا ہونا (۲)، بطور تحفہ کسی کو کچھ دینا -
حُلو (ع)، میٹھا - شیریں -
حَلوا (ع)، میٹھی چیز - شیریں چیز - مٹھائی - کڑاھا -
حلوائی (ف)، حلوائی - حلوا بیچنے والا -
حلوانی (ع)، مٹھائی بیچنے والا -
حلوائے آشتی (ف)، صلح شیرینی - وہ مٹھائی جو صلح کے بعد بانٹی جائے -
حلوائے بے دُخاں } (ف)، پھل - میوہ جو سورج کی گرمی سے
حلوائے بے دُود } پکتا ہے (۲)، لبِ معشوق (۳)، بوسۂ معشوق -
حلوائے تنتمی (ف)، ایک قسم کا حلوا اور مٹھائی -
حلوائے تر (ف)، میٹھے اور تازہ میوے جیسے سیب و ناشپاتی - (۲)، لبِ معشوق -
حلوائے خوردن را روی باید (ف)، یہ منہ اور مسور کی دال -
حلوائے درختی (ف)، اکیلا -
حلوائے دروغ (ف)، جھوٹا وعدہ -
حلوائے شہید (ف)، حلوا کی ایک قسم -
حلوائے مُزک (ف)، مُردے کے نام کا حلوہ -
حلوائے مغزی (ف)، ایک قسم کا حلوا جو بہت سفید ہوتا ہے اور اس میں مغزیات ڈال کر ٹکیاں بنائی جاتی ہیں -
حلوائے مقراضی (ف)، وہ حلوا جس میں مغزیات بہت باریک کاٹ کر ملائے جاتے ہیں -
حَلُوب (ع)، دودھیل اونٹنی -
حل و عقد (ع)، کھولنا اور باندھنا - اُدھیڑبُن -
حُلُوق (ع)، حلق کی جمع -
حَلُوک (ع)، نہایت سیاہ ہونا -
حُلُول (ع)، ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح گھس جانا کہ تمیز نہ ہوسکے (۲)، کسی چیز کا وعدہ آپہنچنا (۳)، قربانی کا ذبح ہونے کے مقام پر جلد پہنچنا (۴)، نیچے اترنا -
حلولی (ع)، عقیدہ حلول کا قائل -
حُلُوم (ع)، حلم کی جمع - عقل - بُردباری - آہستگی -
حُلّہ (ع)، ایک شہر کا نام (۲)، ایک قبیلہ کا نام (۳)، مقام (۳)

Marfat.com

شام میں ایک محلہ کا نام۔
حلّہ (ع) مکہ معظمہ کی راہ میں ایک منزل کا نام (۲) مقام (۳) مجلس۔ (۴) منزل۔
حُلّہ (ع) کپڑوں کا جوڑا۔ دو کپڑے (۲) استردار کپڑا۔ (۳) جبّہ (۴) جامہ۔ (۵) یمن کی چادر۔
حُلّہ بافتن (ف) لباس پہننا۔
حُلّہ گر خاک (ف) زمین کو سبزہ کی حلہ پہنانے والا۔ مراد خداوند تعالٰے۔
حُلی (ع) زیور۔ سنگار کی چیز خواہ سونے چاندی کی ہو یا جواہرات وغیرہ کی۔
حُلّی (ع) حلی کی جمع۔
حِلی (ع) حلیہ کی جمع۔ زیورات (۲) آرائشیں۔
حَلیب (ع) تازہ کچا دودھ۔
حَلیت (ع) منگنی (۲) اولاد (۳) اجازت۔ رخصت۔
حِلتیت (ع) ہینگ۔
حَلیج (ع) دھنی ہوئی روئی۔ صاف کی ہوئی روئی۔ وہ روئی جس سے بنولے نکالے گئے ہوں۔
حلیجہ (ع) دودھ جس میں چھوارے بھگوئے جائیں۔
حلیف (ع) حلف اٹھانے والا۔ قسم کھانے والا (۲) ہم قسم (۳) ہم عہد۔
حلیل (ع) شوہر (۲) جورو (۳) ہم منزل (۴) حرام کی ضد۔
حلیلہ (ع) منکوحہ۔ جورو۔ بیوی۔
حلیم (ع) صاحب حلم۔ بردبار۔ غصہ برداشت کرنے والا۔ (۲) فارس والوں میں ایک کھانے کا نام بھی ہے۔
حلیمہ (ع) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دایہ کا نام۔
حُلیہ (ع) زیور۔ گہنا (۲) صورت (۳) خط و خال جو شناخت کے لیے لکھے جائیں۔
حِلیہ (ع) صورت۔ چہرہ (۲) آرائش (۳) کسی چیز کی صفت۔ (۴) زیور (۵) خلعت۔

## ح - م

حم (ع) سسرا۔ سالا وغیرہ۔ سسرال کا رشتہ دار۔
حمأہ / حمات } (ع) کالی کیچڑ۔ بدبودار مٹی۔ سیاہ مٹی۔ تہہ کی مٹی۔
حُمات (ع) حامی کی جمع۔ مددگار۔ حمایت کرنے والے۔
حماۃ (ع) خاوند کی ماں۔ عورت کی ساس۔
حمّاد (ع) بہت حمد کرنے والا۔
حمّار (ع) گدھا ہانکنے والا۔ خرکار۔
حِمار (ع) خر۔ گدھا۔
حمار (ع) حمارہ کی جمع۔

حمارّہ (ع) سخت گرمی۔ جمع اس کی حمار ہے۔ کبھی تخفیف میم سے بھی آتا ہے۔
حمارہ (ع) گدھی (۲) بڑا پتھر (۳) لحد پر رکھنے کا چوڑا پتھر (۴) ہودہ کی ایک لکڑی کا نام (۵) وہ پتھر جو پانی کی رکاوٹ کے لیے حوض کے ارد گرد رکھ دیتے ہیں۔
حمازہ (ع) تیزی۔ زبان کو لگنا۔
حماسہ (ع) بہادری۔ دلیری۔
حماسہ خواندن (ف) رزمیہ اشعار پڑھنا۔ رجز خوانی۔
حماسہ سرائی (ف) رزمیہ شاعری جیسے شاہنامہ فردوسی ہے۔
حمّاض (ع) ترشہ۔ ایک قسم کا ترش ساگ۔ چوکا (۲) نارنگی یا لیموں کی پھانک۔
حماقت (ع) بے عقلی۔ بے وقوفی۔ نادانی (۲) بازار کا بے رونق ہونا۔
حمّال (ع) بوجھ اٹھانے والا مرد۔ پانڈی۔
حمّالہ (ع) بوجھ اٹھانے والی عورت۔
حمالہ (ع) خون بہا (۲) جرمانہ۔ تاوان۔
حمالہ (ع) حمال کا پیشہ (۲) تلوار کا تسمہ جسے پرتلہ کہا جاتا ہے۔
حمالی (ف) باربرداری۔ سخت محنت و مشقت۔
حمّام (ع) گرمابہ۔ گرم پانی سے نہانے کی جگہ۔
حَمام (ع) واحد اور جمع دونوں کے لیے یکساں آتا ہے۔ ہر وہ پرندہ جس کے گلے میں طوق ہو۔ کبوتر۔ قمری فاختہ وغیرہ۔
حُمام (ع) بخار۔ تپ (۲) تپ والا اونٹ (۳) سردار۔
حمّامات (ع) حمام کی جمع۔ گرمابے۔
حمام زنان (ف) عورتوں کا حمام (۲) شور و غل کی جگہ۔ کیونکہ جہاں بہت سی عورتیں جمع ہو جائیں وہاں شور و غل بہت زیادہ ہوتا ہے۔
حمام فلاں در گرد است (ف) اس حمام میں بہت لوگ غسل کے لیے آتے ہیں۔
حمام کردن / حمام گرفتن } نہانا۔ غسل کرنا۔
حمامہ (ع) ہر وہ پرندہ جس کے گلے میں طوق ہو۔ کبوتر۔ قمری۔ فاختہ (۲) خوبصورت عورت (۳) سینہ کا درمیان (۴) ڈول کھینچنے کی چرخی۔
حمایت (ع) بچاؤ۔ طرف داری (۲) نگہبانی۔ مددگاری۔
حمایت کردن (ف) طرفداری کرنا۔ مدد کرنا۔
حمایت گر (ع۔ف) مددگار۔ حامی۔ حمایت کرنے والا (۲) نگہبان۔
حمائد (ع) حمید کی جمع۔ اچھی خصلتیں۔ خوبیاں۔
حمائل (ع) پرتلہ۔ تلوار کا تسمہ (۲) بغل میں لٹکانے کی شے (۳) ہار۔ گلے میں پہننے کا زیور (۴) چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید۔
حمائل کردن (ف) گلے میں تلوار ڈالنا۔ تلوار گلے میں لٹکا لینا۔

Marfat.com

حمائل نشستن (ف)، ناز و انداز سے بیٹھنا۔
حمت (ع)، سخت گرمی (۲) سیاہی (۳) گھوڑے کا ایک رنگ جو کمیت اور سیاہ کے درمیان ہے۔
حمد (ع)، تعریف کرنا۔ سراہنا (۲) تعریف (۳) اللہ تعالےٰ کے جلال و عظمت کا بیان۔
حمدان (ف)، ذکر۔ عضو تناسل۔
حمد کردن }
حمد گفتن } تعریف کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنا۔
حمدلہ (ع)، الحمد للہ کہنا۔
حمدون (ع)، ذکر۔ عضو تناسل (۲) ایک استاد معمار کا نام (۳) ایک عمارت کا نام۔
حمدونہ (ف)، بوزنہ۔ بندر۔ میموں۔
حمر (ع)، حمار کی جمع۔ گدھے۔
حمر (ع)، املی۔ تمرہندی۔
حمر }
حمرا } (ع)، سُرخ۔ لال (۲) چڑیا کی مانند ایک چھوٹا سا پرندہ۔
حمرا (ع)، نہایت سُرخ۔ بہت لال (۲) سُرخ رنگ کی عورت (۳) ہر سُرخ رنگ مادہ (۴) دوپہر کی کڑی دھوپ۔
حمرالابل (ع)، سُرخ اُونٹ۔
حمرات (ع)، حمرہ کی جمع۔ لال۔ سُرخ (۲) ایک مشہورہ پرندہ جس کا سر اور گردن سُرخ ہوتے ہیں۔
حمرت (ع)، لالی۔ سُرخی (۲) سُرخ باد۔ ایک قسم کی بیماری جو خرابی خون کی وجہ سے ہوتی ہے۔
حمرہ (ع)، ۔ سُرخ۔ لال۔ ایک مشہور پرندہ کا نام۔
حمری (ع)، منسوب بہ حمرت۔ سُرخ۔ لال۔
حمز (ع)، کسی سبزی یا شراب کا مزہ تیز ہونا۔ زبان کو کاٹنا۔
حمزہ (ع)، شیر (۲) ایک ترش مزہ زبان کو کاٹنے والی ترکاری۔
حمزہ (ع)، حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام جنہیں امیر حمزہ کہتے ہیں جو بڑے بہادر اور شجاع تھے اور جنگ بدر میں شہید ہوئے۔
حمس (ع)، مذہب اور دین میں قوی اور مضبوط ہونا (۲) جنگ میں قوی اور مضبوط و دلیر ہونا۔
حمس (ع)، دین و مذہب میں قوی اور مضبوط مرد (۲) جنگ میں قوی اور دلیر مرد۔
حمس (ع)، احمس کی جمع۔ دین و مذہب میں مضبوط لوگ (۲) جنگ میں قوی اور دلیر لوگ (۳) سخت سال (۴) سخت جگہ۔
حمش (ع)، پتلی پنڈلی والا (۲) پتلی پنڈلی (۳) کسی کو غصہ دلانا۔ (۴) غصے سے بھڑک اُٹھنا۔

حمص }
حمص } (ع)، چنا۔ نخود۔
حمص (ع)، آنکھ کا نکل آنا (۲) زخم کے ورم کا فرد ہو جانا۔
حمض (ع)، کھٹا ہونا۔ ترش مزہ ہونا۔
حمق }
حمق } (ع)، احمق پن۔ بے وقوفی۔
حمقا (ع)، احمق عورت۔ بے وقوف عورت۔
حمقے (ع)، احمق کی جمع۔ بے وقوف۔
حمل (ع)، بھیڑ (۲) بھیڑ یا بکری یا ہرن کا بچہ (۳) پہلا آسمانی برج جو مینڈھے کی شکل کا ہے۔ میکھ راس۔ اس برج کا سب سے روشن ستارہ اَلحَمَل ہے۔ جو قدر ثالث کا ستارہ ہے اور ہر سال تقریباً ۷ دسمبر کو رات کے ۹ بجے نصف النہار پر سے گزرتا ہے۔
حمل (ع)، بار۔ بوجھ (۲) پھل (۳) بوجھ اُٹھانا (۴) لادنا (۵) جنین۔ گربھ۔ عورت کا پیٹ کا بچہ (۶) گردن پر اُٹھانے کا بوجھ (۷) کسی کو سواری پر سوار کرانا (۸) کسی پر حملہ کرنا۔
حمل (ع)، بوجھ۔ بار (۲) گٹھڑی (۳) سر پر پیٹھ پر لادنے کا بوجھ (۴) گناہ۔
حملات (ع)، حملے۔ دھاوے۔
حملاق (ع)، ٹکٹکی باندھنا۔
حمل برداشتن (ف)، حاملہ ہونا۔ بوجھ اُٹھانا۔
حمل دادن (ف)، لادنا (۲) کہیں لاد کر بھیجنا۔
حملق (ع)، ٹکٹکی باندھنا۔
حملقہ (ع)، آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
حمل کردن (ف)، بوجھ ڈالنا۔ لادنا (۲) ڈنڈ ڈالنا۔
حمل و نقل (ع)، اُتارنا چڑھانا (۲) ایک مکان کو خالی کرکے دُوسرے میں جانا۔
حملہ (ع)، دھاوا۔ ہلہ۔
حملہ (ع)، حامل کی جمع۔ بوجھ اُٹھانے والے۔
حملہ آور (ع)، حملہ کرنے والا۔
حمم (ع)، راکھ۔ خاکستر (۲) جلی ہوئی چیز۔
حمم (ع)، حممہ کی جمع۔ کوئلے۔
حمو (ع)، عورت کا سسر۔ جیٹھ۔ دیور وغیرہ جو شوہر کے رشتہ سے ہو۔ مرد کا سالہ سسر وغیرہ جو عورت کے رشتہ سے ہو۔
حموضت (ع)، کھٹاس۔ ترشی۔
حمول (ع)، دوا کی بتی جو فرج یا مقعد میں رکھی جاتی ہے۔
حمولہ (ع)، بوجھ اُٹھانے والا۔ اُونٹ یا گدھا۔

Marfat.com

حُموَمہ (ع) خدا کا نام۔
حُمومی (ع) منسوب بہ حمومہ جو خدا کا نام ہے۔
حُمَہ (ع) بچھو وغیرہ کا زہر (۲) ڈنگ۔
حِمٰے (ع) چراگاہ۔ رکھ جو چرپایوں وغیرہ کے لیے حکام علیحدہ کر لیتے ہیں۔
حُمّٰے (ع) بخار۔ تپ۔
حمّی (ع) سورج کی گرمی۔
حِمّی (ع) بیمار جسے پرہیز کرایا جائے۔
حُمیا (ع) غصہ کی تیزی اور شدت (۲) ہر شے کی سختی اور شدت۔
حُمّیات (ع) حُمّٰی کی جمع۔ بخار۔
حَمیات (ع) حمیت کی جمع۔
حَمیّت (ع) غیرت (۲) ننگ۔ شرم۔ حیا۔
حِمیّت (ع) ہر مضبوط چیز۔
حِمیت ـ (ع) حفاظت۔ پرہیز۔
حَمیّت داشتن (ف) غیرت مند ہونا۔ باحیا ہونا۔
حَمید (ع) تعریف کیا ہوا۔ حمد کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔
حَمیدہ (ع) حمید کی مؤنث۔ پسندیدہ۔ قابل تعریف۔
حَمیر (ع) حمار کی جمع۔ گدھے۔
حِمیَر (ع) بنی سبا کے قبیلہ کا نام جس میں سے ضحاک بادشاہ ہوا ہے۔
حُمیس (ع) درشت اور سخت آدمی۔
حَمیقا (ع) ٹھگنی عورت۔ بے وقوف عورت۔
حَمیل (ع) سر اور پیٹھ پر اٹھایا ہوا بوجھ۔ (۲) سوکھی گھاس وغیرہ جو بہتا ہوا پانی اپنے ساتھ لاتا ہے (۳) لے پالک۔ پسر خواندہ (۴) ضامن (۵) ناآشنا۔ بیگانہ۔
حَمیلہ (ع) پرتلہ۔ تلوار کا تسمہ۔
حَمیم (ع) گرمی (۲) شدت (۳) گرم پانی (۴) سرد پانی۔ الفاظ اضداد سے ہے (۵) بخار والا (۶) پسینہ (۷) رشتہ دار (۸) دوست۔

## ح - ن

حَنّ (ع) بخشنا (۲) مہربانی کرنا۔ رحم کرنا۔
حِنا (ع) مہندی۔
حِنا (ف) مہندی۔
حنا بر کف کسے نہادن (ف) کسی کو بیکار کر دینا۔
حنا بستن (ف) عورتوں کا مہندی لگانا۔
حنابلہ (ع) حنبلی مسلک کے لوگ۔
حنا بندی (ف) بیاہ میں دولہن کی مہندی کا جشن۔
حنادِس (ع) حندس کی جمع۔ تاریک رات۔

حَنّاط (ع) گیہوں بیچنے والا (۲) خوشبو بیچنے والا۔
حَنان (ع) رحم کرنا۔ مہربانی (۲) برکت (۳) مزدوری۔
حَنّان (ع) بخشنے والا۔ رحم کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا نام
حَنّانہ (ع) پہلے خاوند کی یاد میں غم و نوحہ کرنے والی عورت (۲) وہ عورت جو پہلے شوہر کی اولاد پر مہربان ہو اور موجودہ شوہر کے مال سے ان کو دے (۳) وہ کمان جو تیر چھوڑنے کے وقت آواز دے (۴) وہ لکڑی کا ستون جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکیہ لگا کر خطبہ پڑھا کرتے تھے۔
حنائی (ف) مہندی کا رنگ۔
حنائے سرناخن (ف) جلد زوال پذیر ہونے والی شے۔
حنائے قدح (ف) سرخ شراب۔
حنائے مجنوں (ف) وسمہ جو بالوں کو سیاہ کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔
حَنبل (ع) چھوٹے قد کا آدمی۔ نیز امام احمد بن حنبل جو فقہ کے مشہور امام ہیں۔
حَنبلی (ع) حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا پیرو کار۔
حَنتم (ع) سیاہ گھڑا (۲) سیاہ ابر۔
حِنث (ع) گنہگار ہونا (۲) قسم توڑنا (۳) حق سے باطل کی طرف یا باطل سے حق کی طرف رغبت کرنا۔
حنجر / حنجرہ } (ع) حلقوم۔ نرخرہ۔ حلق کی نالی۔ گلا۔
حنجرہ غلطاں / حنجرہ غلطک } (ف) خوش آواز۔ اچھا گانے والا۔ گٹکری میں گانے والا۔
حَنش (ع) مار۔ سانپ۔ اژدہا (۲) مکھی (۳) کوئی جانور جسے شکار کریں۔
حِنطہ (ع) گیہوں۔ گندم۔
حَنظل (ع) اندرائن کا پھل۔ تمہ۔
حَنف (ع) استقامت۔ استواری (۲) دین کی راستی اور مضبوطی۔
حَنفا (ع) استرہ (۲) کمان۔
حُنفا (ع) حنیف کی جمع۔ وہ لوگ جو ہر باطل مذہب سے پھر کر اسلام کی طرف رغبت کریں۔
حِنفِش (ع) بڑا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن پتلی ہوتی ہے اور یہ بہت خطرناک ہوتا ہے۔
حَنفی (ع) وہ شخص جو امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے عقیدہ پر ہو۔
حَنق (ع) دشمنی۔ کینہ۔ عناد۔ بغض (۲) غضبناک ہونا۔
حَنک (ع) ظرافت۔ مزاح۔ دل لگی۔
حَنک (ع) کام۔ تالو (۲) ٹھوڑی کے نیچے کا مقام (۳) پرندہ کی چونچ۔

Marfat.com

حُنکہ (ع) ٹیلہ - تودہ -
حِنو (ع) ہر ٹیڑھی اور خمدار شے -
حَنُوط (ع) چند خوشبودار اشیا کا مرکب جو بعد غسل مُردہ کے لگاتے ہیں -
حَنُوط کردن (ف) مُردے کا دفن کفن کرنا - تجہیز و تکفین کرنا -
حَنُون (ع) مہربان - مشفق - نوازش کرنے والا -
حَنِیذ (ع) گائے یا بکری کا تازہ جنا ہوا بچّہ -
حَنِیف (ع) دین میں سچّا (۲) وہ شخص جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے دین پر ہو - باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف رغبت کرنے والا -
حَنِین (ع) آرزومندی - نوحہ کرنا - گریہ کرنا -
حُنَین (ع) مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام کا نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کفار سے جنگ ہوئی تھی (۲) ایک بڑے عالم کا نام جس نے یونانی کتب کا عربی میں ترجمہ کیا (۳) عرب کے ایک نہایت دانا موچی کا نام -

---

# ح - و

---

حَوّا (ع) سُرخ مائل بہ سیاہ رنگ کی عورت (۲) حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی کا نام - پہلی عورت کا نام - تمام آدمیوں کی ماں -
حَواجِب (ع) حاجب کی جمع - دربان (۲) پلکیں (۳) بھویں - (۴) چھپانے والے (۵) پردہ کرنے والے -
حَوادِث (ع) حادثہ کی جمع - زمانہ کی گردشیں مصیبتیں - تکلیفیں -
حَوادِث زَدہ (ف) دکھوں کا مارا - بدبخت -
حُوار }
حِوار } (ع) جواب دینا - بات لوٹانا - جواب -
حُوار (ع) اُونٹ کا تازہ جنا ہوا بچّہ (۲) یا وہ بچّہ جس کا دُودھ چھڑایا گیا ہو -
حَوارِی (ع) رشتہ دار - خویش - اقارب (۲) دھوبی (۳) گورے رنگ والا (۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب (۵) معاون - مددگار -
حَوارے }
حُوارے } (ع) سفید میدہ (۲) سفید روٹی -
حواری (ع) دو دفعہ چھنا ہوا میدہ -
حَوارِیات (ع) شہری عورتیں - چونکہ شہر کی عورتوں کا رنگ سفید اور صاف ہوتا ہے - اس لیے انہیں حواریات کہتے ہیں -
حَوارِیون (ع) حواری کی جمع - معاون (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب -

حوارِیّہ (ع) شہری عورت -
حَواس (ع) حاسّہ کی جمع - دریافت کرنے کی قوتیں -
حواس باختہ (ف) جس کے ہوش و حواس بجا نہ ہوں جس کے اوسان خطا ہوں -
حواس پرت شُدن (ف) پریشان حال ہونا - اوسان خطا ہونا -
حواس خمسہ (ع) پانچ قوتیں - قوتِ باصرہ (دیکھنے کی قوت) قوت شامہ (سُونگھنے کی قوت) قوتِ ذائقہ (چکھنے کی قوت) - قوتِ سامعہ (سُننے کی قوت) قوتِ لامسہ (چھُوکر معلوم کرنے کی قوت) -
حواس خمسہ باطنی (ف) }
حواس خمسہ باطنیہ (ع) } پانچ باطنی حواس یعنی حِس مُشترک - حس خیال - حس متصرفہ - حس واہمہ - حس حافظہ -
حواس خمسہ ظاہری (ف) }
حواس خمسہ ظاہریہ (ع) } دیکھو حواس خمسہ -
حواس نداشتن (ف) ہوش و حواس کا قائم نہ رہنا - بے ہوش ہونا - سر چکرانا -
حَواشی (ع) حاشیہ کی جمع - کنارے (۲) نوکر چاکر -
حواصِل (ع) حوصلہ کی جمع - پرندوں کے پوٹے (۲) ایک آبی جانور کا نام بھی ہے - جس کا پوٹا بہت بڑا ہوتا ہے -
حواصن (ع) حاملہ عورتیں -
حوافر (ع) حافر کی جمع - کھُر - سُم -
حوال (ع) زمانہ کی گردش -
حِوال (ع) دو چیزوں کے درمیان حائل ہونے والی چیز -
حَوالت (ع) سپرد کرنا (۲) قرض کو دوسرے کے ذمے کرنا - خود قرض خواہ سے چھٹکارا پانا (۳) کسی کا ضامن کرنا - (۴) چیک - بل -
حَوالہ (ع) دیکھو حوالت -
حوالہ کردن (ف) کسی کے نام ہنڈی یا چیک لکھنا -
حوالہ گاہ (ف) دیکھو حوالت گاہ -
حوالی (ع) گرداگرد -
حوالی شہر (ف) شہر کا نواح - شہر کے اردگرد کی زمین -
حوالیہ (ع) اس کے اردگرد -
حَوامِل (ع) حاملہ کی جمع - حاملہ عورتیں -
حَوامِل (ع) پاؤں - قدم (۲) پاؤں کے پٹھے (۳) ہاتھ کے پٹھے -
حوادی (ع) رودوں کی چکنائیاں -
حوادی (ع) حادیہ کی جمع - گھیرنے والیاں -
حوایا (ع) رودوں کی چکنائیاں -
حوائج (ع) حاجت کی جمع - حاجتیں -
حَوب (ع) گناہ کرنا (۲) اونٹ کو چلتا رہنے کے لیے آواز دینا (۳) غم (۴) گناہ (۵) وحشت (۶) باپ (۷)

Marfat.com

ماں (۸) بہن - (۹) بیٹی۔

حُوب (ع) ہلاکت (۲) گناہ (۳) بیماری -

حَوبا (ع) رُوح (۲) دل (۳) آدمی کا جسم -

حَوبَت (ع) گناہ کرنا (۲) باپ (۳) ماں (۴) بہن (۵) بیٹی (۶) وہ رشتہ جو ماں کی طرف سے ہو (۷) بیٹے پر ماں کا مہربان ہونا (۸) محتاجی (۹) غم -

حَوت (ع) وحشی جانور یا پرندے کا کسی شے کے گرد پھرنا -

حُوت (ع) مچھلی (۲) بارھویں آسمانی برج کا نام - یعنی راس -

حَوج (ع) حاجت مند ہونا (۲) سلامت -

حُوج (ع) محتاجی (۲) درویشی -

حَوجَم (ع) حَوجَمہ کی جمع - گُل سُرخ - گلاب کا پھول -

حَوجَمہ (ع) گلاب کا پھول -

حَور (ع) لوٹنا - واپس ہونا (۲) حیران ہونا (۳) کم ہونا (۴) پگڑی کھولنا -

حُور (ع) ہلاکت (۲) نقصان - زیان -

حُور (ع) حورا کی جمع - گورے رنگ کی سیاہ چشم عورتیں -

حُور (ف) فارسی میں واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے -

حَور (ع) کسی شے کا سفید ہونا (۲) آنکھ کی سیاہی کا نہایت سیاہ اور سفیدی کا نہایت سفید ہونا (۳) آنکھ کا مدوّر اور گول ہونا (۴) آنکھ کے تمام ڈھیلے کا ہرن کی مانند سیاہ ہونا -

حَورا (ع) گورے رنگ کی سیاہ بالوں اور سیاہ آنکھوں والی عورت -

حُورالعین (ع) عین جمع ہے عینا بمعنی زن فراخ چشم یعنی سفید رنگ عورتیں - سیاہ بالوں اور سیاہ بڑی آنکھوں والی -

حُوران بہشتی را دوزخ بُود اعراف (ف) بہت سکھ میں رہنے والوں کے لیے معمولی سی تکلیف بھی بڑا عذاب ہوتا ہے -

حُور پیکر (ف) پری چہرہ -

حُور زبانی ساز (ف) تلوار -

حُور و غلمان (ع) بہشت کی دوشیزائیں اور نابالغ لڑکے -

حَوزہ (ع) گرد و نواح (۲) درمیانِ مملکت (۳) ناحیہ (۴) کنارہ (۵) وسط (۶) کرج -

حَوشَب (ع) نر لومڑ (۲) خرگوش (۳) بچھڑا -

حَوصَلہ (ع) پوٹا - دانہ چگنے والے جانور کا سنگ دان (۲) برداشت - تحمل (۳) مقدور (۴) ہمت -

حوصلہ دار } بلند حوصلہ اور باہمت انسان -
حوصلہ مند }

حوصلہ داشتن (ف) بُردبار اور متحمل مزاج ہونا -

حَوض (ع) پانی کے لیے بنائی ہوئی جگہ - چوبچہ -

حَوضِ ترسا (ف) انگوروں کو پاؤں سے کچل کر شیرہ نکالنے کا حوض -

حَوضِ خانہ (ف) حمام جہاں نہانے کے لیے حوض بنائے جاتے ہیں -

حوضِ خانہ کاری (ف) حوض کی چھت -

حوضِ دَردَہ (ف) دس گز لمبا دس گز چوڑا حوض - ایسا حوض معمولی پلیدی سے ناپاک نہیں ہوتا - جب تک کہ ناپاکی کا اثر پانی کا مزہ یا رنگ نہ بدل دے -

حوضِ کُرسی (ف) حوض کی طرح ایک جگہ بناتے ہیں - جس میں پانی کی بجائے روشن اور دہکتے ہوئے کوئلے ڈال کر سردیوں میں اس کے کنارے کنارے بیٹھتے ہیں - تاکہ بدن کو گرمی پہنچتی رہے -

حوضِ ماہی (ف) برج حُوت -

حَوضِ نعمان (ع) کڑوے پانی کے ایک حوض کا نام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت شیریں ہو گیا تھا -

حوضِ نوشیدن گلاب (ف) گلاب ملے ہوئے شربت کا حوض -

حَوقَلہ (ع) لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہنا (۲) بوڑھے آدمی کا بڑھاپے کی وجہ سے جماع نہ کر سکنا -

حَوک (ع) ریحان کوہی - ایک قسم کا ریحان -

حَول (ع) فتح مند ہو کر واپس ہونا (۲) گرداگرد (۳) توانائی - قوت (۴) برس - سال (۵) تغیر حال (۶) بچہ کا ایک برس کا ہو جانا -

حَول (ع) ایک حال سے دوسرے حال میں پھر جانا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا -

حَول و حَوش (ف) ارد گرد - آس پاس -

حَولہ (ع) ہاتھ منہ صاف کرنے کا تولیہ -

حَوم (ع) اونٹوں کا بڑا گلہ - بے شمار اونٹ - ایک ہزار یا اس سے زیادہ اونٹ (۲) کسی جانور پرندہ وغیرہ کا کسی کے گرد پھرنا -

حُومر (ف) تمر ہندی - املی -

حُومہ (ع) مضافات شہر -

حَویلی (ف) وہ مکان جس کے چاروں طرف دیوار ہو اصل میں حوالی تھا - یہ اہل فارس کا تصرف ہے -

## ح - ی

حَیّ (ع) جینا - زندہ (۲) خدا تعالٰے کا ایک نام (۳) زندگی (۴) چھوٹا قبیلہ (۵) گاؤں - فارسی میں بلا تشدید مستعمل ہے -

حَیّ (ع) آ - بیا -

حَیّ و قیوم (ع) زندہ اور قائم رہنے والا - اللہ تعالٰی کے صفاتی نام -

حَیّ لایموت (ع) لافانی - ابدی -

Marfat.com

حَیّ (ع)، عرب کے ایک قبیلہ کا نام - قیس کی معشوقہ لیلیٰ اسی قبیلہ سے تھی -
حَیا (ع)، مینہ - بارش - باران (۲) فراخ سالی -
حَیاء (ع)، شرم (۲) توبہ (۳) مادہ درندہ (۴) بھیڑ بکری اور اونٹنی کی پیشاب گاہ -
حیا داشتن (ف)، باحیا ہونا -
حیا حصار ایمان است (ف)، حیا ایمان کے لیے پہلا زینہ ہے -
حَیّا (ع)، سلام بھیجنا -
حَیات (ع)، جینا - زندگی (۲) جانداری -
حَیّات (ع)، حیّہ کی جمع - سانپ -
خَیّات (ع)، لمبے پیڑے -
حیاتِ ابدی (ف)، ہمیشہ کی زندگی -
حیات بخش (ف)، جاں فزا -
حیات صالح (ف)، نیک اور پاک زندگی -
حیات سپردن (ف)، جان دینا - مرنا -
حِیاد (ع)، ایک طرف ہونا -
حیا را بانان و ماست خوردن (ف)، سخت بے حیا ہونا -
حَیا زدہ (ف)، شرمندہ -
حَیارٰی (ع)، حیران کی جمع - پریشان - سرگشتہ -
حیا زدہ (ع)، شرمندہ - شرمناک -
حیاصہ (ع)، تنگ کا حلقہ - وہ دوال جس سے گھوڑے کا تنگ مضبوط کیا جاتا ہے -
حیاض (ع)، حوض کی جمع - بہت سے حوض -
حیاط (ع)، احاطہ - چاردیواری - صحن -
حیاکت (ع)، کپڑا بُننا -
حَیّال (ع)، بڑا حیلہ کرنے والا - بڑا مکار -
حِیال (ع)، مقابل - رُوبرو - سامنے (۲) اُونٹنی کا نر سے ملنے کے بعد حاملہ نہ ہونا (۳) حمل نہ رہنا (۴) دو چیزوں کے درمیان حائل ہونا (۵) منہ کا رنگ بدل جانا -
حَیث - حیثما (ع)، جس جگہ - جہاں کہیں - ہر کجا -
حیثیت (ع)، اسلوب - وضع - طریق - طور -
حیثیت داشتن (ف)، باعزت اور باوقار ہونا - عزت و آبرو والا ہونا -
حیثیت عُرفی (ع)، مشہور عزت - ساکھ - اعتبار -
حَید (ع)، میل کرنا (۲) بارہ سنگا کے سینگ کی گرہ (۳) پہاڑ کی اُونچائی -
حَیدر (ع)، شیر درندہ (۲) امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب -
حیدری (ف)، ایک فرقہ منسوب بہ حضرت علیؓ
حَیر (ع)، سرگشتہ ہونا - حیران ہونا (۲) پانی جمع ہونے کا مقام -
حَیران (ع)، ہکا بکا - بھوچکا - سرگشتہ -

حیران و سرگرداں (ف)، پریشان حال -
حیرانی (ف)، سرگشتگی - حیرت -
حَیرت (ع)، حیران ہونا - تعجب کے باعث ایک ہی حالت پر رہ جانا -
حیرت آفریں — حیرت میں ڈال دینے والا -
حیرت افزا — حیرت بڑھانے والا -
حیرت انگیز — حیرت انگیز - حیران کن -
حیرت زدہ (ف)، حیران - ہکا بکا - متحیر -
حیرتی (ف)، حیران - پریشان -
حیرہ (ف)، گُدّی - پُشت گردن -
حَیز (ع)، کنارہ (۲) مکان (۳) جگہ - احاطہ (۴) حکماء کی اصطلاح میں جسم حاوی کی سطح باطنی جو جسم محوی کی سطح ظاہری کو مماس ہو -
حیز (ع)، مخنث - ہیجڑا -
حیز امکان (ف)، دائرہ امکان -
حیزبُون (ع)، بوڑھی عورت - عفیفہ -
حیزوم (ع)، سینہ (۲) سخت زمین -
حَیص (ع)، بے راہ ہونا -
حَیصَل (ع)، بینگن -
حَیض (ع)، خونِ معتاد جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے -
حَیضا (ع)، حیض والی عورت -
حیض الرجال (ع)، چغلی - غیبت (۲) بے ہودہ بات -
حیض بر حور بستن (ف)، صریحاً تہمت لگانا -
حیض سفید (ف)، منی -
حیض شدن (ف)، داغ دار ہونا -
حیض عروس رز (ف)، شراب انگور (۲) سُرخ شراب -
حیض گل (ف)، پھول کا کھلنا - خندۂ گل -
حیطان (ع)، حائط کی جمع دیواریں -
حیط (ع)، احاطہ - چاردیواری -
حیطۂ التصرف (ع)، اقتدار کا دائرہ -
حَیف (ع)، افسوس - دریغ (۲) ظلم - ستم -
حیف از کسے کشیدن (ف)، کسی سے انتقام لینا -
حیف بُودن (ف)، ناجائز و ناروا ہونا -
حیف خوردن (ف)، افسوس کرنا - افسوس ہونا -
حیّز کردہ (ف)، احاطہ کیا ہوا - قید کیا ہوا -
حَیل (ع)، طاقت - توانائی (۲) حیلہ -
حِیَل (ع)، حیلہ کی جمع - حیلے - تدبیریں -
حَیل (ع)، حضرت یعقوب علیہ السلام کے ماموں کی بیٹی جو حضرت یعقوب علیہ السلام کی بیوی اور حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ تھیں -
حیلت (ع)، چارہ (۲) بہانہ - مکر و فریب -

Marfat.com

حَیلولت }
حَیلوُلہ } (ع)، دو چیزوں کے درمیان حائل ہونا۔
حِیلہ (ع)، ہوشیاری - چارہ (۲)، بہانہ - فریب۔
حِیلہ باز (ف)، مکّار - فریبی - دغاباز۔
حِیلہ حوالہ (ع)، لیت ولعل - ٹال مٹول۔
حِیلہ ساز }
حِیلہ گر } (ف)، دیکھو حیلہ باز۔
حِین (ع)، ہنگام - وقت (۲) قیامت کا دن۔
حَین (ع)، مرگ - موت - ہلاکت۔
حَیَوان }
حَیْوان } (ع)، زندہ - جان دار (۲)، زندہ ہونا (۳)، زندگی۔
حیوانات (ع)، حیوان کی جمع۔
حیوانِ الیف (ع)، پالتو حیوان۔
حیوان خوارانِ جہاں (ف)، غم وفکر اور موت۔
حیوانِ مُطلق (ع)، جانور - بے سلیقہ - مطلق حیوان - حیوان بے زبان۔
حیوان ناطق (ع)، بولنے والا حیوان - انسان - آدمی۔
حیوانی (ع)، منسوب بہ حیوان - جان دار کا گوشت - دُودھ دہی وغیرہ - جو چیزیں حیوانات سے پیدا ہوں۔ (۲) شہوانی اور نفسانی - انسانی کا متضاد۔
حیوانیّت (ع)، وحشت (۲)، بے شرمی - بے حیائی (۳) نادانی - بے وقوفی۔
حَیُّوت (ع)، نر سانپ۔
حَیّہ (ع)، سانپ - مار۔

Marfat.com

# خ

خ - عربی کا ساتواں اور فارسی حروفِ تہجی کا نواں حرف - بحساب جمل اس کے چھ سو عدد مقرر ہیں۔

## خ - ا

خا (ع)، گندہ پانی جمع ہونے کا گڑھا (۲)، دُبر کے بال۔
خاب (ف)، ناقابل استعمال پانی - وہ پانی جو پھینک دیا جائے۔
خاب (ع)، ناکام ہوا۔
خابر (ع)، مرد آگاہ - خبر رکھنے والا۔
خابز (ع)، اپنے ساتھ روٹی رکھنے والا۔
خابس (ع)، شیر درندہ۔
خابط (ع)، خبطی۔
خابل (ع)، مفسد - شیطان۔
خابور (ع)، خانہ - پچر - پھانہ (۲)، ایک قسم کی گھاس۔
خابیہ (ع)، سرکہ وغیرہ ڈالنے کا مٹکا۔
خاتام (ع)، انگشتری (۲)، مُہر۔
خاتر (ع)، دھوکہ دینے والا (۲)، غدر کرنے والا۔
خاتل (ع)، شکار کے لیے چھپ جانے والا۔ (۲)، فریب دینے والا۔
خاتَم (ع)، انگشتری (۲)، مُہر - انگوٹھی (۳)، جس شے پر فرمان ختم کیا جائے۔
خاتِم (ع)، ختم کرنے والا۔
خاتم الانبیاء (ع)، تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والا - آخری پیغمبر - حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
خاتم جمشید (ف)، جمشید شاہِ ایران کی انگوٹھی - کہا جاتا ہے کہ پہلے پہل اسی شخص نے انگشتری ہاتھ میں پہنی یعنی انگشتری اسی کی ایجاد ہے۔
خاتم سہیل نشان (ف)، معشوق کا مُنہ (۲)، ساقی کا منہ۔
خاتم سلیمان (ع)، حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم لکھا ہوا تھا - اور کہا جاتا ہے کہ اسی کے سبب تمام مخلوقات آپ کی مطیع و منقاد تھی۔
خاتم ساز } پچی کاری کا کام کرنے والا۔
خاتم کار } ہاتھی دانت کا کام کرنے والا۔
خاتم سازی } پچی کاری کا فن۔
خاتم کاری } جڑاؤ کا کام
خاتم گویا (ف)، دیکھو خاتم سہیل نشان۔
خاتمہ (ع)، آخر (۲)، کتاب کا آخری حصہ۔
خاتمہ بالخیر (ع)، نیک انجام - انجام بخیر (۲)، اخیر وقت میں ایمان کی سلامتی۔
خاتمہ دادن (ف)، ختم کرنا - انجام دینا۔
خاتمی (ف)، انگوٹھی بنانے والا۔
خاتن (ع)، ختنہ کرنے والا۔
خاتول (ف)، حیلہ کرنا - دغا کرنا - مکر کرنا (۲)، دو دلا ہونا۔
خاتون (ف)، بیگم - بی بی - گھر کی مالک (۲)، امیرزادی۔
خاتون آباد (ف)، اصفہان کے ایک محلہ کا نام۔
خاتونِ جنت (ف)، حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا لقب۔
خاتونِ خم (ف)، خالص شراب (۲)، خم کی شراب۔
خاتونِ عرب (ف)، حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا (۲)، مکہ معظمہ۔
خاتونِ عنب (ف)، شرابِ انگور۔
خاتونِ فلک (ف)، زہرہ (۲)، چاند (۳)، سورج۔
خاتونِ کائنات (ف)، دیکھو خاتون عرب۔
خاتونِ یغما (ف)، آفتاب۔
خاج (ف)، چلیپا - صلیب نصاریٰ (۲)، نرمۂ گوش - کان کی لو۔

Marfat.com

**خاج شویان** (ف)، عیسائیوں کا ایک مذہبی تہوار

**خاد** (ف)، (۱) چیل (۲) باز۔

**خادع** (ع)، مکار۔ فریبی (۲) متلون مزاج (۳) وہ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ (۴) ناقص دینار۔

**خادعہ** (ع)، مکارہ۔ دھوکہ دینے والی عورت (۲) گھر جو گھر کے اندر ہو (۳) بڑا دروازہ (۴) چھوٹا دروازہ (۵) بے رونق اور مختلف حالتیں رکھنے والا بازار۔

**خادم** (ع)، خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ چاکر۔ خدمتگار۔ مجاور۔

**خادم باشی** (ف)، خدمتگزاروں میں سب سے بڑا۔

**خادم پیر** (ف)، زحل ستارہ۔

**خادم درگاہ** (ف)، مجاور (۲) درگاہ کا ملازم۔

**خادمہ** (ع)، نوکرانی۔

**خادہ** (ف)، مسنول۔ وہ لمبی لکڑی جس کے ذریعہ سے ملاح کشتی چلاتے ہیں (۲) وہ لمبی لکڑی جس سے جھاڑو باندھ کر چھت اور دیواریں صاف کی جاتی ہیں۔

**خار** (ف)، کانٹا۔ سُول (۲) ناگوار (۳) بُرا (۴) چودھویں رات کا چاند (۵) سنگ خارا (۶) رے کے قریب ایک قصبہ کا نام۔

**خار آہنی** (ف)، ایتھلیٹوں کے بوٹوں کے نیچے جو کیل ہوتے ہیں۔

**خارا** (ف)، سخت پتھر (۲) ایک قسم کا سادہ اور لکیردار ریشمی کپڑا جو سُورج کے سامنے رکھنے سے پھٹ جاتا ہے۔ جیسے کتان کپڑا چاند کے سامنے پھٹ جاتا ہے (۳) موسیقی کی ایک راگنی کا نام۔

**خارا تراش** (ف)، پتھر کاٹنے والا۔

**خارا پوش** (ف)، ریشمی لباس میں ملبوس۔

**خارا ستیز** (ف)، جنگ میں چٹان کی طرح ڈٹ جانے والا۔

**خارا سنگ** (ف)، سخت ترین پتھر۔

**خارا شکن** (ف)، پتھر توڑ دینے والا۔

**خارا شگاف** (ف)، پتھر پھاڑ دینے والا۔

**خار انداز** (ف)، ساہی۔ ایک قسم کا خارپشت۔

**خارب** (ع)، سارق۔ چور۔

**خاربست** (ف)، کھیت کے گرد کی باڑ۔

**خاربن** (ف)، کانٹوں والا درخت۔

**خاربند** (ف)، خاربست۔ کانٹوں والے تار کی کھیت کے گرد باڑ۔

**خارپشت** (ف)، ساہی۔ جنگلی چوہا (۲) کٹھل جو ایک پھل ہے۔

**خار ترازو** (ف)، وہ کانٹا جو جوہریوں۔ صرافوں اور سناروں وغیرہ کی ترازو میں ہوتا ہے۔

**خار ترنجبین** (ف)، ترنجبین کے کانٹے۔ وہ کانٹے جو ترنجبین میں ہوتے ہیں۔

**خارج** (ع)، باہر نکلنے والا۔ الگ۔ باہر۔

**خارج** (ف)، کھوٹے سونے یا چاندی سے سکہ بنانا جو سرکاری ٹکسال میں نہ بنا ہو۔ جعلی سکہ۔

**خارج از بخشش** (ف)، بخشنے کے ناقابل۔

**خارج آہنگ** (ف)، بے سُرا (۲) بونگا (۳) قصوروار۔

**خارج آہنگی** (ف)، بے سُر ہونا (۲) بے سُرا۔

**خارج زدن** (ف)، ٹکسال کے باہر کھوٹا سکہ بنانا۔

**خارج قسمت** (ع)، حاصل قسمت۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔

**خارجی** (ع)، جو خاندانی نہ ہو اور خود بخود سردار بن جائے (۲) رافضیوں کے خلاف ایک فرقہ جو اصحاب ثلثہ کو تو اچھا جانتے ہیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اچھا نہیں کہتے۔ انھوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر خروج کیا تھا اس لیے خوارج کہتے ہیں اور ان میں کا ایک آدمی خارجی کہلاتا ہے۔

**خارچیدن** (ف)، کانٹے چننا۔

**خارچین** (ف)، دیکھو خارپشت۔ جنگلی چوہا۔

**خارچینہ** (ف)، موچنہ۔ بال اکھیڑنے کا آلہ (۲) انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے کسی کے چمڑے کو پکڑ کر خوب دبانا۔ چٹکی لینا۔

**خارخار** (ف)، فکر۔ اندیشہ۔ تردد۔ قلق (۲) خارش (۳) خلجان جو عشق کے باعث پیدا ہو۔

**خاردار** (ف)، کانٹوں والا (۲) ساہی جو خارپشت کی قسم ہے اور تیر کی طرح کانٹے چبھوتا ہے۔

**خار در پیراہن ریختن** (ف)، دُکھ دینا۔ ایذا پہنچانا۔

**خار در جگر شکستن** (ف)، بے قرار ہونا۔

**خار در جیب افگندن** (ف)، دُکھ دینا۔ ایذا پہنچانا

**خار در راہ نہادن** (ف)، مشکل کام پیش کرنا (۲) کسی کو دُکھ دینے کی تدبیر کرنا (۳) راستہ میں کانٹے بچھانا (۴) راہ بند کرنا

**خار دلوکش** (ف)، لوہے کا کانٹا جس سے کنوئیں میں گری ہوئی چیز نکالی جاتی ہے۔

**خار دیدہ** (ف)، جسے کانٹا لگا ہو۔

**خار راہ** (ف)، روک۔ مانع۔ حائل۔

**خارسان** (ف)، خارستان کا مخفف۔ وہ جگہ جہاں جھاڑیاں اور بہت سے کانٹے ہوں (۲) ویران جگہ۔

**خارسو** (ف)، خاوند کی بہن۔ نند۔

**خارشنان** (ف)، دیکھو خارسان۔

**خارش** / **خارشت** (ف)، کھجلی۔ کھجلاہٹ۔

**خار شتر** (ف)، خار اشتر۔ اونٹ کٹارہ۔ اسے اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے۔

**خارشتی** (ف)، کھجلی کا مارا۔

Marfat.com

خارطہ - نقشہ -
خارطۂ تاریخ - کیلنڈر - جنتری -
خارِف (ع) کھجوروں کا نگہبان -
خارِق (ع) توڑنے والا (۲) پھاڑنے والا - (۳) خلافِ عادت -
خارقان (ف) ایک گاؤں کا نام جو بسطام کے قریب ہے -
خارقِ عادات } (ع) عادت اور نیچر توڑنے والا (۲) عادت اور
خارقِ عادات } نیچر کو توڑنے والے امور (۳) پیغمبروں کے معجزے
اور اولیاء کی کرامتیں -
خارق الصّفوف (ع) صفوں کو چیرنے والا یعنی صف شکن -
صفدر -
خارک (ف) خار کی تصغیر - چھوٹا کانٹا -
خارکش (ف) لکڑیوں اور کانٹوں کا بوجھ اُٹھانے والا (۲) لکڑہارا -
(۳) جرموق جو موزہ کے اُوپر پہننے کا ایک قسم کا
موزہ ہے -
خارکن (ف) ہیشہ کانٹوں والے درخت کاٹنے والا - (۲)
لکڑہارا -
خارِ مغیلاں (ف) کیکروں کے کانٹے -
خار نہادن (ف) جبر کرنا - زیادتی کرنا - ظلم کرنا - (۲)
نافرمانی کرنا -
خار و خس (ف) کوڑا کرکٹ -
خارِ وطن از سُنبل و ریحان خوشتر (ف) اپنا وطن اپنا ہوتا ہے
اور اسی نسبت اس کی عام شے بھی عزیز ہوتی ہے -
خارہ (ف) دیکھو خارا -
خاریدن (ف) خارش کرنا (۲) کھجلانا -
خاریدنِ کوس (ف) نقارہ بجانا -
خازِن (ع) زر جمع کرنے والا (۲) خزانچی (۳) زبان -
خازہ (ف) کہگل - پسائی (۲) گوندھی ہوئی مٹی -
خاژغان (ف) دیگ - پتیلا وغیرہ
خاسپ (ف) سیب - تفاح -
خاستن (ف) اُٹھنا (۲) کھڑا ہونا -
خاستن حکم (ف) حکم صادر ہونا -
خاسر (ع) زیان کار - نقصان اُٹھانے والا - ٹوٹا پانے
والا -
خاسی (ع) عاجز رہنے والا -
خاش (ف) خوشدامن - ساس (۲) لکڑی کے ریزے (۳)
کوڑا کرکٹ (۴) حد سے زیادہ محبت رکھنے والا (۵) چبانا -
خاش جو (ف) جنگی - لڑاکا -
خاشاک (ف) کوڑا کرکٹ -
خاشاک بر چیزے افشاندن (ف) کسی چیز کو چھپانا -
خاشع (ع) عاجزی کرنے والا - فروتنی کرنے والا -
خاشع و خاضع (ع) خشوع و خضوع کرنے والا - عجز و انکسار کرنے
والا - آہ و زاری کرنے والا - گڑگڑانے والا -
خاشاک (ف) کوڑا کرکٹ -
خاشکدان (ف) عورتوں کی چھوٹی چھوٹی متفرق چیزیں رکھنے کا
صندوقچہ -
خاشوشش (ف) درانتی جس سے کھیت کاٹتے ہیں -
خاشہ (ف) کوڑا کرکٹ -
خاشی (ع) ڈرپوک - ڈرنے والا -
خاص (ع) عام کی ضد - مخصوص - نج - ذاتی - جو عام نہ ہو -
(۲) عمدہ آٹے کی روٹی - میدہ کی روٹی -
خاصان (ف) خاص لوگ -
خاصدان (ف) پان رکھنے کا برتن -
خاصگی (ف) بادشاہ یا امیر کا مقرب - مصاحب (۲) خزانچی -
(۳) رسالدار (۴) نفیس شے (۵) وہ لونڈی جو
مباشرت و معاشرت کے لیے ہو -
خاصم (ع) باہم جھگڑا کیا -
خاصّہ (ع) خاصیت - وہ وصف جو ایک ہی شے میں پایا جائے
وہ بات جو کسی شے کے واسطے مخصوص ہو - جیسے ہنسنا
صرف انسان کا خاصہ ہے (۲) امرا کا کھانا (۳) خصوصًا -
خاص کر -
خاصہ (ف) لٹھے سے قدرے باریک سُوتی کپڑا -
خاصّۃً (ع) خاص کر -
خاصہ تراش (ف) بادشاہ کا حجام -
خاصہ و خرجی کردن (ف) ناہموار اور غیر یکساں تقسیم کرنا - کسی کو
کم اور کسی کو زیادہ دینا -
خاصیّت (ع) طبیعت - خُو (۲) اثر - فارسی میں بلا تشدید
بھی مستعمل ہے -
خاصیّت داشتن (ف) اثر رکھنا - کسی خاص وصف کا حامل
ہونا - فائدہ مند ہونا -
خاضع (ع) جھکنے والا - عاجزی کرنے والا - عاجز -
خاطر (ع) جو دل میں گزرے (۲) قصد - ارادہ (۳) دل -
خاطر آزردہ (ف) غمگین -
خاطر آسودن (ف) تسکین دینا -
خاطر آشفتہ (ف) پریشان حال -
خاطر آمدن - یاد آنا -
خاطر آویختن (ف) محبت ہونا - دل لگانا -
خاطر پذیر (ف) دل پسند -
خاطر پریش (ف) دل کو پریشان کرنے والی بات -
خاطر پسند (ف) دل پسند - مرغوب - حسبِ منشا -
خاطر جمع (ع) دلجمعی - اطمینان - دل کی تسلی -
خاطر جمع شدن (ف) مطمئن ہونا -
خاطر خواہ (ف) حسبِ منشا -

Marfat.com

خاطر دادن (ف)، دل دینا (۲)، عاشق ہونا۔

خاطر داشتن (ف)، پسند کرنا۔

خاطر فریب (ف)، دلربا۔ معشوق۔

خاطرکسے دریافتن (ف)، کسی کی دلجوئی اور دلداری کرنا۔

خاطر کوفتہ } (ف)، رنجیدہ۔ دکھیا (۲)، تنگ دل۔
خاطر گرفتہ } (۳)، ملول۔ غمگین۔

خاطر ملول (ف)، رنجیدہ و غمگین۔

خاطر نشان }
خاطر نشین } (ف)، جو بات دل میں بیٹھ جائے۔

خاطر نشان کردن (ف)، آگاہ کرنا۔

خاطرہ (ف)، خیال۔ گمان۔ ارادہ۔ تجویز۔ قصد۔

خاطف (ع)، لے جانے والا (۲)، اُچک لے جانے والا (۳)، بھیڑیا (۴)، بجلی۔

خاطئہ (ع)، تقصیر کرنے والی۔ خطا کرنے والی۔

خاطی (ع)، جان بوجھ کر خطا کرنے والا۔

خافض (ع)، نیچا دکھانے والا۔ پست کرنے والا (۲)، نیچے اُتارنے والا (۳)، متکبروں کو ذلیل کرنے والا (۴)، خدا کا نام (۵)، آرام کی زندگی (۶)، اچھی عیش (۷)، حرف کو زیر دینے والا۔

خافق (ع)، خوف کھانے والا۔ ڈرنے والا (۲)، کانپنے والا (۳)، ہلنے والا (۴)، جہان کا کنارہ۔

خاقان (ت)، بادشاہ بزرگ (۲)، پہلے چین اور ترکستان کے شاہان کا لقب تھا۔ اب ہر بادشاہ کو کہتے ہیں۔

خاک (ف)، مٹی (۲)، راکھ (۳)، زمین (۴)، ملک (۵)، فروتنی (۶)، فرماں بردار (۷)، سلیم النفس (۸)، قبر (۹)، ناکارہ چیز۔ بے قدر شے۔

خاک انداختن (ف)، دیکھو خاک ریختن۔

خاک انداز (ف)، کوڑا بھر کر باہر پھینکنے کا برتن (۲)، سوراخ وغیرہ جو قلعہ کے اوپر سے کوڑا کرکٹ اور دشمن پر پتھر پھینکنے کے لیے بنا ہوتا ہے (۳)، جھالر (۴)، جادوگر۔ منتر کرنے والا۔

خاک انداز (ف)، چوری کے مال کی دستیابی کے لیے جھولی میں مٹی ڈال کر ایک جگہ پھینک دینا۔ تاکہ اس پردے میں چوری کرنے والے کا راز ظاہر نہ ہو، اور مال بھی مل جائے۔

خاک انگیختہ (ف)، کرۂ ارض۔

خاک بازی (ف)، کھیلنا۔ شطرنج وغیرہ کھیلنا۔

خاک بالا پیمودن (ف)، مرجانا۔

خاک برآوردن از چیزے (ف)، کسی چیز کو تباہ و برباد کرنا۔

خاک برلب (ف)، خاموش۔ چپ۔

خاک برلب بودن (ف)، خاموش رہنا۔ چپ رہنا۔

خاک بسیط (ف)، زمین۔

خاک بودن (ف)، متواضع ہونا (۲)، عاجزی و فروتنی کرنا (۳)، مٹی ہونا (۴)، مٹی میں ملنا۔

خاک بیز (ف)، سُناروں کی خاکستر سے سونے چاندی کے ریزے نکالنے والا۔ نیاریہ (۲)، باریک بین۔

خاک بیمار (ف)، دولت۔ زر۔ مال۔

خاکپا (ف)، عاجز۔ مسکین۔

خاک بیر (ف)، دیکھو خاک بیز۔

خاک تاریک (ف)، جسم انسانی۔

خاک تودہ (ف)، مٹی کا تودہ جو تیر یا بندوق کی مشق کے لیے بنایا جاتا ہے۔

خاک حاصل پرور (ف)، عمدہ زمین جس میں فصل اچھی ہو۔

خاک خاموش (ف)، وہ زمین جس میں گھاس اور سبزی وغیرہ کچھ نہ ہوتا ہو۔

خاک خُسبہ (ف)، چرز جو ایک مشہور پرندہ ہے۔

خاک خشک (ف)، دیکھو خاک خاموش۔

خاک خفت (ف)، مٹی میں دبی ہوئی چیز۔

خاک خوردن تیر (ف)، تیر کا نشانہ پر نہ لگنا اور زمین پر گرنا۔

خاک دامن گیر۔ وہ مقام جہاں دل لگ چکا ہو اور وہ جگہ چھوڑنے کو جی نہ چاہے۔

خاکدان (ف)، کوڑا مٹی پھینکنے کی جگہ۔

خاکدان دیو }
خاکدان غرور } (ف)، دُنیا۔
خاکدان کہن }

خاک در کاسہ کسے کردن (ف)، کسی کو ذلیل و خوار کرنا۔

خاک ذلیلاں (ف)، کافروں اور جاہلوں کا بدن۔

خاک رنگین (ف)، آدمی (۲)، گلزار (۳)، سونا (۴)، چاندی۔

خاکروب (ف)، جھاڑو دینے والا۔ بھنگی۔ مہتر۔ چوہڑا۔

خاکروبہ (ف)، کوڑا کرکٹ۔

خاکروبہ بر }
خاکروبہ بخش } بھنگی۔

خاک روزی شدن (ف)، زمین میں دفن ہونا۔

خاک ریحان (ف)، پھولوں کے گملے۔

خاک ریختن (ف)، ہندوستان میں دستور ہے کہ جب کوئی چیز چوری ہو جاتی ہے تو جن پر شبہ ہوتا ہے۔ ان سے مٹی ڈلواتے ہیں۔ تاکہ چور چرائی ہوئی چیز کو پردے سے ڈال جائے اور چوری کے الزام سے بچا رہے۔ شاعروں نے چونکہ اسے اپنے اشعار میں لکھا ہے اس لیے اس کی تفصیل بھی لازمی تھی۔

خاک ریز (ف)، وہ سوراخ جو قلعہ کے اوپر کوڑا کرکٹ اور دشمن پر پتھر وغیرہ پھینکنے کے لیے بنایا جاتا ہے (۲)، پشتہ بند۔

خاک زدن (ف)، جھاڑو دینا۔

Marfat.com

خاکسار (ف) خاک کی مانند - مٹی جیسا (۲) متواضع (۳) عاجز - غریب (۴) ذلیل - حقیر (۵) گرد آلود شے (۶) جوتیوں کے پاس بیٹھنے والا -
خاکساری (ف) فروتنی - عجز و انکسار - عاجزی (۲) غریبی -
خاکستر (ف) راکھ - خاک -
خاکستر دان (ف) ایش ٹرے -
خاکستر نشیں (ف) بدبخت - قسمت کا مارا -
خاک سیاہ نشاندن (ف) کسی کو بے نوا و بے چارہ کر دینا -
خاک سیاہ نشستن (ف) بے چارا و بے نوا ہونا -
خاکستری (ف) خاکستر کے رنگ کا -
خاک شدن (ف) اپنے آپ کو ناچیز و حقیر خیال کرنا (۲) متواضع ہونا -
خاک شفا (ف) کربلائے معلیٰ کی مٹی -
خاک شو / خاک شوے } (ف) نیاریہ - سُنار کے کوڑا کرکٹ سے سونے چاندی کے ریزے نکالنے والا -
خاک شو / خاکشی } (ف) خوبکلاں جو مشہور دوا ہے - جبہ -
خاکشی مزاج (ف) سرد طبع انسان جو ہر قسم کے آدمی سے نبھاہ کر سکے -
خاک ضعیف (ف) آدمی - انسان - بشر -
خاک طینت (ف) انسان کی طبیعت -
خاکِ غربت (ف) مسافری - سفر کی منزل - پردیس - وہ سرزمین جہاں مسافر چند روز کے لیے مقیم ہو -
خاک فراموشاں (ف) قبر -
خاک فراموشی ریختن (ف) بھلا دینا - غافل ہونا -
خاک فیروزہ (ف) فیروزہ کی کرچ - فیروزے کا بہت چھوٹا ٹکڑا -
خاک قبر درخانہ ریختن (ف) اس عمل کو کہتے ہیں جس سے جادوگر لوگ قبر کی مٹی پر کچھ منتر وغیرہ پڑھ کر دشمن کے گھر میں ڈالتے ہیں تاکہ ویران ہو جائے -
خاک کردن (ف) دفن کرنا - زیر زمین دبا دینا - نیز نرم کرنا - ریزے ریزے کر دینا -
خاکِ گرُبہ گوں (ف) زمین -
خاک مال کردن (ف) پہلوان کو زمین پر گرانا (۲) ذلیل کرنا -
خاک مُراد - وہ جگہ جہاں سے مقصد پورا ہو -
خاک مُردہ (ف) وہ زمین جس میں گھاس یا سبزی وغیرہ کچھ نہ ہو -
خاک مُرکّب (ف) موالید ثلاثہ - حیوانات - نباتات اور جمادات -
خاک مُطلق / خاک معلق } (ف) کرۂ ارض -
خاک مہر را می برد (ف) مہر و محبت سب جیتے جی ہوتی ہے - موت انسان کی یاد کو بھلا دیتی ہے - آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل -
خاک می کشد (ف) قبر میں ایک کشش ہوتی ہے آدمی رہتا کہیں اور ہے اور مرتا کہیں اور ہے -

خاکنائے (ف) اصطلاح جغرافیہ میں خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعات کو ملائے -
خاک نمک (ف) شطرنج وغیرہ کھیلنا -
خاک نہاد (ف) متواضع اور خلیق آدمی -
خاک و آب (ف) انسان کا جسم -
خاک و خُل (ف) کوڑا کرکٹ - میل - گندگی -
خاکِ وطن (ف) خضر - وطن میں ہونا (۲) وطن کی مٹی - (۳) وطن -
خاکہ (ف) ڈھانچہ - چربہ (۲) نقشہ (۳) تصویر یا نقشہ کے نشان لگانا - تصویر کا مسودہ -
خاکۂ ارّہ (ف) لکڑی کا بُرادہ -
خاکۂ زغال (ف) کوئلے کی کیری -
خاکی (ف) منسوب بہ خاک - مٹی کا (۲) مٹی کے رنگ کا (۳) بے عزت اور ذلیل اور ذلیل آدمی - (۴) بُرج ثور و سنبلہ و جدی (۵) فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے -
خاکیان (ف) مٹی کے بنے ہوئے (۲) ذلیل لوگ -
خاکی کردن (ف) بندگی اور عاجزی کرنا (۲) بے قراری کرنا -
خاکی نہاد (ف) بڑا متواضع - خلیق اور نرم دل آدمی -
خاگ (ف) مرغی کا انڈا - بیضہ -
خال (ع) ماں کا بھائی - ماموں -
خال (ف) تِل - سیاہ نقطہ جو جسم پر ہوتا ہے - (۲) سیاہ اُونٹ -
خالد (ع) ہمیشہ رہنے والا (۲) لازم چیز (۳) بہشت یا دوزخ میں ہمیشہ رہنے والا (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام جو ولید کے بیٹے اور بہت بڑے بہادر و شجاع تھے - انہوں نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے عہد میں شام و ایران میں بڑی بڑی زبردست فتوحات کیں -
خالدین (ع) خالد کی جمع - ہمیشہ رہنے والے -
خالص (ع) کھرا (۲) جو کسی دوسری چیز سے نہ ملا ہو -
خالصہ (ع) خاصہ (۲) بغیر ملاوٹ کے (۳) بادشاہی زمین یا ملک جو کسی کی جاگیر نہ ہو -
خالف (ع) بے عقل (۲) پانی کھینچنے والا -
خالفہ (ع) بے وقوف عورت (۲) بُری اور غلط بات (۳) باقی بچی ہوئی شے -
خالق (ع) پیدا کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا نام -
خالم (ع) سانپ - مار -
خالو (ع) خال کا مزید علیہ - ماموں -
خالو (ف) خالہ کا شوہر -
خالہ (ع) اماں کی بہن - ماسی -
خالہ بی بی (ف) حریرہ کی ایک قسم جس میں چاول بھی ڈالتے ہیں -
خالہ خواب رفتہ (ف) مزاح سے اس عورت کو کہتے ہیں جو شادی و غم سے قطعاً بے نیاز اور بالکل بے پروا ہو -

Marfat.com

**خالہ خوش وعدہ** (ف) بن بلائے آ دھمکنے والا۔ بن بلایا مہمان۔
**خالہ زوزو** (ف) ہر کسی کے ہاں ہر روز آنے جانے والی۔
**خالہ زنک** (ف) پرانے خیالات کی عورت۔ باتونی اور کم سمجھ عورت۔
**خالی** (ع) تہی جس میں کچھ بھرا ہوا نہ ہو (۲) وہ مرد جس کی عورت نہ ہو (۳) وہ عورت جس کا شوہر نہ ہو۔
**خام** (ف) کچا۔ پختہ کی ضد (۲) کمزور (۳) بے اصل بات (۴) خالص (۵) منقصر شراب (۶) قلم (۷) ناتجربہ کاری (۸) کند (۹) بغیر کمایا ہوا چمڑا۔
**خام چرم** (ف) آدمی کا جسم۔
**خام خو** (ف) متلون مزاج۔ خیالات۔ بدلتے رہنے والا جس کی طبیعت کا کچھ ٹھکانا نہ ہو۔
**خام خیال** (ف) فاسد اور بے ہودہ خیالات کا آدمی۔
**خامد** (ع) بجھنے والا۔
**خام درائی** (ف) بے ہودہ بکواس کرنا۔
**خام دست** (ف) ناتجربہ کار۔ مال کا بے ہودہ خرچ کرنے والا۔
**خام دستی** (ف) ناتجربہ کاری۔ فضول خرچی۔
**خام رائے** (ف) نادان۔ کم عقل۔
**خام ریش** (ف) بے وقوف (۲) مسخرا۔
**خامس** (ع) پانچواں۔ پنجم۔
**خام سوز** (ف) وہ چیز جو اوپر سے جل جائے اور اندر سے کچی ہو۔
**خام سوک** } **خام سوگ** } (ف) فطیری روٹی۔ خمیر نہ کیے ہوئے آٹے کی روٹی۔
**خامش** (ف) خاموش کا مخفف۔ چپ۔
**خامشی** (ف) خاموشی کا مخفف۔ چپ۔ سکوت۔
**خام طمع** (ف) دیکھو خام خو۔
**خام طبع** (ف) دیکھو خام خیال۔
**خام کار** (ف) ادھورا کام کرنے والا۔
**خام کاری** (ف) ناتجربہ کاری۔
**خام کردن** (ف) محو کرنا (۲) برطرف کرنا (۳) فریب اور دھوکا دینا۔
**خام کن پختہ تدبیرہا** (ف) پختہ تدبیروں کا باطل کرنے والا (۲) اللہ تعالے۔
**خامل** (ع) گمنام (۲) کمینہ۔
**خاموش** (ف) چپ۔ چپکا ہو۔ چپ رہ خاموش شو کا مخفف۔
**خاموش شدن** (ف) چپ ہونا۔ بے صدا ہونا۔ بجھ جانا۔ مرجھانا۔
**خاموشانیدن** (ف) چپ کرانا۔
**خاموش ساختن چراغ** (ف) چراغ گل کرنا۔ شمع کو بجھانا۔
**خاموش کار** (ف) چپ رہنے والا۔
**خاموش کاری** } **خاموش گاری** } (ف) خاموش رہنا۔ چپ رہنا۔
**خاموش کردن چراغ** } **خاموش کردن شمع** } (ف) چراغ یا شمع کو بجھانا۔
**خاموشی** (ف) سکوت۔ چپ رہنا۔
**خاموشیدن** (ف) چپکا ہونا۔
**خامہ** (ف) قلم۔ کلک۔
**خامۂ ازل** (ف) کاتب تقدیر کا قلم۔
**خامہ بر تختہ نہادن** (ف) لکھنے کی تیاری کرنا۔
**خامۂ تصویر** (ف) نقاشی کا قلم۔ مو قلم۔
**خامہ جنباں** (ف) منشی۔ محرر۔
**خامہ دال** (ف) قلمدان۔
**خامہ دوزی** (ف) کڑھائی کا کام۔
**خامہ زدن** (ف) قلم بنانا (۲) قلم کو قط لگانا۔
**خامۂ زریں** (ف) آفتاب کے شعاعی خطوط۔
**خامہ زن** (ف) قطزن جس چیز پر قلم کو قط لگایا جائے۔
**خامہ فرسا** (ف) لکھنے والا۔
**خامہ فرسائی** (ف) لکھنا۔
**خامہ گوہر نثار** (ف) نہایت اعلیٰ پایہ کا کاتب جس کے قلم سے نفیس کتابت ہو۔
**خامہ مو** (ف) مو قلم۔ نقاشی کا قلم۔ بالوں کا قلم۔
**خامی** (ف) کچا پن۔ نادانی۔
**خامی کردن** (ف) نادانی کی بات کرنا۔ بدتمیزی کرنا۔
**خان** (ع) دکان (۲) دکاندار (۳) کاروان سرائے۔
**خان** (ف) خانہ کا مخفف۔ گھر۔ مکان (۲) سرائے۔
**خان** (ت) پہلے ترکستان اور خطا کے بادشاہوں کا لقب تھا اور اب ہر رئیس و امیر کو کہتے ہیں۔ خاقان کا مخفف ہے۔
**خان بابا** (ف) مراد ہے اکبر اعظم کے اتالیق بیرم خان سے جسے ادب سے خان بابا کہتے ہیں۔
**خانات** (ع) دکانیں (۲) سرائیں۔
**خان بابا** (ف) اکبر بادشاہ کے اتالیق بیرم خاں کا لقب۔
**خانت** (ع) خیانت۔ دھوکا۔
**خانج** (ف) چھوٹا سا گڑھا جس میں بچے اخروٹ وغیرہ سے ہار جیت کھیلتے ہیں۔ (پنجابی) گتی یا کھتی۔
**خانچہ** (ف) کارواں سرائے (۲) چھوٹا سا گھر۔ لکڑی کا طباق۔
**خانخاناں** (ف) سرداروں کا سردار۔ امیر الامراء (۲) سرائے کا داروغہ (۳) سرائے کا مالک (۴) بیرم خاں اور اس کے بیٹے عبدالرحیم خاں سپہ سالار اعظم دربار اکبری کا خطابی عرف۔
**خان خانی** (ف) کھلبلی۔ ہرج مرج۔ اندھیر نگری۔
**خاندان** (ف) گھرانہ۔ نسل۔ گوت۔ قبیلہ۔
**خاندان نبوت** (ف) نبی کا گھرانہ۔

Marfat.com

خانِ دِل (ف)، کعبہ شریف
خانِ سامان (ف)، کھانے کا داروغہ۔
خانِق (ع)، گلا گھونٹنے والا۔ تنگ پہاڑی راستہ (۳) تنگ کوچہ (۴)، کاکوس جو ایک بیماری ہے۔
خانِقُ الذِّئب (ع)، خرلق سیاہ جو ایک زہریلی دوا ہے۔
خانِق النّمِر (ع)، ایک زہریلی نباتات کا نام۔
خانقاہ (ع)، خانگاہ کا معرب۔ مشائخ اور درویشوں کے رہنے کی جگہ۔
خانقاہِ بالا (ف)، ملاء اعلیٰ۔ عالم بالا۔ آسمان (۲)، مقرب فرشتے۔
خانقاہِ کمان (ف)، خانۂ کمان۔
خانگاہ (ف)، عبادت کی جگہ۔ فقیروں کا مقام۔ تکیہ۔ خانقاہ۔
خانگی (ف)، گھریلو۔ گھر کا پرائیویٹ۔ پیشہ ور عورت۔
خانم (ف)، بیگم۔ امیرزادی۔ اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب۔ خان کی مؤنث۔
خانماں (ف)، گھر بار (۲)، گھر کا اسباب۔
خانماں خراب (ف)، تباہ و برباد آدمی۔ رنڈوا آدمی۔
خانوادہ (ف)، خاندان۔
خان و مان (ف)، دیکھو خانماں۔
خانہ (ف)، گھر۔ مکان (۲)، عورت سے بھی مراد ہے۔
خانہ باد (ف)، ہوا کی کھڑکی۔ دریچہ (۲) ہوادار کمرہ (۳) گرمیوں کے گزارنے کا مکان (۴)، برج جوزا (۵)، بُرج میزان (۶)، بُرج دلو۔
خانہ باز (ف)، اپنا گھر بار اور سب کچھ جوئے میں ہارنے والا۔ قمار باز۔
خانہ بازیں یکے شُدَن (ف)، گھر کا اُجڑنا۔ گھر کا برباد ہونا۔
خانہ بدوش (ف)، آوارہ۔ پریشان (۲) مسافر (۳)، بے ٹھکانا (۴)، وہ قوم یا آدمی جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو۔
خانہ بر خر وسس بار کردن (ف)، گھر اُجاڑنا۔
خانہ بُردَن (ف)، لوٹنا۔ غارت کرنا (۲)، چوری کرنا۔
خانہ بَرَہ (ف)، بُرج حمل۔ میکھ راس۔
خانہ برہم خوردن (ف)، گھر کا اُجڑ جانا۔
خانہ بَرہم زن (ف)، گھر بار اُجاڑنے والا۔
خانہ بُریدَن (ف)، دیکھو خانہ بُردن۔
خانہ بیزار (ف)، گھر میں نہ ٹھہر سکنے والا۔
خانہ پاک کردن (ف)، گھر ویران کرنا۔
خانہ پرداز (ف)، دیکھو خانہ برانداز۔
خانہ پردازی (ف)، خانہ داری۔
خانہ پرور }
خانہ پرورد } (ف)، گھر کا پلا ہوا (۲)، وہ شخص جو ہمیشہ آرام میں رہا ہو۔ اور دنیا کا گرم و سرد نہ دیکھا ہو (۳)، عمدہ چیز جو گھر میں حفاظت سے رکھی جائے اور زیادہ قیمت پر بیچی جائے۔

خانۂ پست (ف)، دُنیا (۲)، فقیر کا گھر (۳) قبر۔
خانۂ پنج در (ف)، دماغ اور حواس خمسہ اس کے پانچ دروازے۔
خانہ تاب (ف)، گھر کو روشن کرنے والا۔
خانہ جنگ (ف)، معمولی اور ادنےٰ ادنےٰ باتوں پر لڑائی کرنے والا شخص۔
خانہ جنگی (ف)، لڑائی۔ دنگا۔ فساد۔
خانہ چشم (ف)، آنکھ کا حلقہ۔

خانہ خُدا (ف)، گھر کا مالک۔
خانۂ خُدا (ف)، خدا کا گھر۔ مسجد۔ عبادت گاہ۔
خانہ خراب (ف)، جس کا گھر بار سب تباہ و برباد ہو گیا ہو۔
خانہ خراب کَردَن (ف)، گھر اُجاڑنا۔
خانہ خَس پوش (ف)، چھپروں سے بنا ہوا گھر۔
خانۂ خُمار (ف)، شراب خانہ۔
خانۂ خورشید (ف)، بُرج اسد۔
خانہ دار (ف)، گھر باری آدمی (۲)، گھر کا مالک (۳)، گھر کا نگہبان۔
خانہ داماد (ف)، سُسرال کے گھر رہنے والا۔ گھر جوائی۔
خانۂ دل (ف)، کہ معظمہ۔
خانہ دو آشیانہ (ف)، دو منزلہ گھر۔
خانہ دوست (ف)، ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔
خانہ دوستاں بروب (ف)، دوستوں سے ہر چیز مانگ بلکہ چھین لے مگر دشمن کے آگے دستِ سوال دراز نہ کر۔
خانۂ راستان (ف)، کعبہ شریف۔
خانہ را یار و راہ را یاراں (ف)، فارغ وقت یا سفر کے لیے کوئی نہ کوئی ساتھی ہونا چاہیے تاکہ وقت سہولت سے کٹ جائے۔
خانہ رَس (ف)، پال کا پکا ہوا پھل۔
خانہ رمیدہ (ف)، گھر میں نہ رہنے والا (۲)، وہ شخص جو گھر سے دُور ہو۔
خانہ روشن کَردَن (ف)، انتہا کو پہنچنا (۲)، جان کنی کی حالت۔
خانہ زاد (ف)، گھر میں پیدا ہونے والا غلام (۲)، موروثی خدمتگار۔
خانۂ زر (ف)، چوتھا آسمان (۲)، سورج (۳)، بُرج اسد۔
خانہ زریں (ف)، سورج (۲)، ستارے (۳)، آٹھواں آسمان۔
خانہ ساختہ و جامہ دوختہ (ف)، بنا بنایا گھر اور سلا سلایا کپڑا لے کر آدمی کئی قسم کے تردّدات سے بچ جاتا ہے۔
خانۂ زنبور (ف)، بھڑوں کا چھتہ۔
خانہ ساز (ف)، گھر کی بنی ہوئی چیز۔ (۲)، معمار۔
خانۂ سالار (ف)، کنبے کا سردار۔
خانہ سوز (ف)، دیکھو خانہ برانداز۔
خانہ سیاہ (ف)، بدبخت۔ ویران گھر والا۔
خانۂ سیل ریز (ف)، شراب خانہ (۲)، دُنیا (۳)، انگوری شراب۔
خانۂ شاگرد (ف)، نوکر۔ وہ بچہ جو گھر کا چھوٹا موٹا کام کرے۔
خانۂ ششم (ف)، بُرج سنبلہ
خانہ شماری (ف)، گھروں اور مکانوں کا شمار کرنا۔ مردم شماری۔
خانہ شورانِدن (ف)، گھر اُجاڑنا۔

Marfat.com

خانۂ شیر (ف)، بُرجِ اسد۔
خانۂ شیر (ف)، پستان - تھن۔
خانۂ غول (ف)، دُنیا۔
خانۂ فردا (ف)، عالمِ آخرت - دُوسرا جہان - عقبیٰ۔
خانۂ فروشش (ف)، تارک الدنیا۔
خانۂ قلم (ف)، قلم کا میدان (۲) قلم کے تراشنے کی مقدار۔
خانہ کردن (ف)، کسی جگہ قرار اور قیام کرنا - کسی جگہ رہ پڑنا۔
خانہ کردن کمان (ف)، کمان کے گوشوں کا اصلی وضع سے ترچھا ہونا۔
خانہ کردن و گرفتن (ف)، قیام کرنا - جگہ پکڑنا - ٹھہرنا - ٹھہر جانا۔
خانہ کُن (ف)، اپنے عاشقوں سے میل جول اور ان سے سب کچھ چھین لینے والا امرد لڑکا (۲) ناخلف آدمی (۳) گھربار اُجاڑنے والا۔
خانہ کَندن (ف)، چوری کرنا۔
خانۂ گور و چراغ (ف)، بے موقع خرچ کرنا۔
خانۂ ماہی (ف)، پانی۔
خانۂ نیشکر (ف)، گنّے کی پوری۔
خانۂ یک آشیانہ (ف)، ایک منزلہ گھر۔
خانی (ف)، بہ خان - زرِ خالص - چھوٹا سا حوض (۳) پانی کا چشمہ (۴)، توران کے ایک رائج الوقت سکّہ کا نام۔
خاوَر (ف)، مشرق یا مغرب۔
خاوِر (ف)، چیونٹی۔
خاوَران (ف)، مشرق و مغرب۔
خاوَران (ف)، خراسان کی ایک ولایت کا نام جو حکیم انوری کی جائے پیدائش ہے۔
خاور خدیو (ف)، بہ اضافت مقلوب - شاہِ مشرق یعنی سُورج۔
خاور شناس (ف)، مستشرق - وہ مغرب کے ادیب جو مشرقی زبانوں میں دلچسپی رکھتے اور تحقیق و تدقیق کرتے رہتے ہیں۔
خاور میانہ (ف)، مشرقِ وسطیٰ۔
خاوَری (ف)، خاوران کا رہنے والا - خراسان کا رہنے والا۔ (۲)، حکیم انوری کا ابتدائی تخلص۔
خاوُل (ف)، مورچہ - چیونٹی۔
خاوَند (ف)، خداوند کا مخفف - مالک (۲) صاحبِ خانہ - (۳)، شوہر (۴)، لوازِ آسمان۔
خاوندگار (ف)، خداوندگار کا مخفف - صاحبِ ملک - حکمران۔
خاوی (ع)، خالی۔
خاویہ (ع)، وہ زمین جس میں کوئی باشندہ نہ ہو - ویران پڑی ہوئی زمین۔
خائے (ف)، چبا (۲)، چباتا (۳) چبانے والا۔
خائب (ع)، ناامید ہونے والا (۲) بدقسمت - بدنصیب۔

محروم - زیان کار۔
خائیدہ (ف)، چبایا ہوا۔
خائیسک (ف)، مطرقہ - ہتھوڑا۔
خائیسک تادیب بر سر خوردن (ف)، متنبہ ہونا - مؤدب ہونا۔
خائف (ع)، ڈرنے والا - ڈرپوک۔
خائن (ع)، خیانت کرنے والا - فریبی۔
خائن العین (ع)، دزدیدہ نگاہ کرنے والا (۲)، شیر کی آنکھوں میں چونکہ فتور اور خلل ہوتا ہے - اس لیے شیر کو بھی کہتے ہیں۔
خائنۃ الاعین (ع)، آنکھ چُرا کر دیکھنا - دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
خایہ (ف)، مُرغی وغیرہ کا انڈا (۲)، انسان اور حیوان کا خصیہ۔
خایۂ ابلیس (ف)، ایک قسم کا پتھر جو چین سے آتا ہے (۲) فریبی اور مکار آدمی (۳)، کرنجوہ کے بیج جو ایک دوا ہے۔
خایہ بردار (ف)، چاپلوس - خوشامدی۔
خایہ بر کلہ جستن (ف)، بہت پریشان ہونا۔
خایۂ دلیس (ف)، کھنبی جو انڈہ کے مشابہ ایک نبات ہے۔
خایہ ریز (ف)، انڈوں کا سالن - تلے ہوئے انڈے۔
خایۂ زر / خایۂ زرّیں (ف)، سونے کا انڈا (۲) سُورج۔
خایۂ غلامان (ف)، ایک قسم کا انگور۔
خایہ غول شکستن (ف)، کوئی بڑا ہی اہم اور کٹھن کام کرنا۔
خایہ کسی را دستمالی کردن (ف)، کسی کی بے جا چاپلوسی اور خوشامد کرنا۔
خایہ کشیدن (ف)، خصی کرنا۔
خایہ کشیدہ (ف)، آختہ کیا ہوا - خصی۔
خایہ کُن (ف)، انڈے دینے والی مُرغی۔
خایہ گزاشتن (ف)، انڈا دینا (۲)، ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ ننگ و عار ہو (۳)، پشیمان ہونا - شرمندگی اُٹھانا (۴)، ڈرنا۔
خاگینہ (ف)، انڈوں کا سالن۔
خایہ مالی (ف)، چاپلوسی - خوشامد۔
خایہ مُرغ (ف)، مُرغی کا انڈا۔
خایہ نہادن (ف)، دیکھو خایہ گزاشتن۔
خائیدن (ف)، چبانا (۲)، مجازاً کھانا۔

## خ - ب

خَبَب (ع)، درخت کی چھال (۲)، گڑھا (۳)، نشیب زمین۔
خَباء (ع)، پنہاں (۲)، پوشیدگی (۳)، گھاس (۴)، بیتہ۔
خِبا (ع)، تنبو - خیمہ۔

Marfat.com

خباثت (ع) ناپاکی - پلیدی (۲) شرارت - بدذاتی -
خَبار (ع) نرم زمین (۲) درختوں کی جڑوں میں جمع ہونے والی مٹی -
خَبّاز (ع) روٹی پکانے والا - نانبائی -
خُبّازی (ع) نانکلاغ - سونچل - ایک مشہور دوا کا نام ہے جو خطمی کی قسم سے ہے -
خِباط (ع) اُونٹ کی ران یا منہ پر داغ دینا (۲) جفتی کرنا -
خُباط (ع) دیوانگی - جنون -
خَبال (ع) ہلاکت - تباہی - نقصان (۲) رنج (۳) زہر قاتل (۴) دوزخیوں کی پیپ (۵) گرانی (۶) عیال -
خَبایا (ع) خبا کی جمع - خیمے -
خبائث (ع) پلیدیاں (۲) پلید (۳) شریر جنات (۴) بُری عورتیں -
خَبَب (ع) دریا کا لہر مارنا - دریا کا جوش مارنا (۲) تیز چلنا (۳) پویہ چلنا - گھوڑے کا اگلا پچھلا بایاں قدم ایک بار اُٹھا کر دوڑنا (۴) گھوڑے کا کبھی اِس پاؤں پر اور کبھی اُس پاؤں پر کھڑے ہونا -
خَبْت (ع) نشیب اور فراخ زمین -
خُبْث (ع) پلیدی (۲) میل (۳) زنا (۴) شریر ہونا (۵) کسی سے بُرائی کرنا (۶) ناخوش ہونا -
خُبث (ع) ناپاکی - پلیدی -
خُبث (ع) پلید آدمی
خُبث (ع) خبیث کی جمع - پلید - شریر -
خَبث الحدید }
خُبث الحدید } (ع) لوہے کا میل - منڈور کا کشتہ -
خُبث طینت (ف) بدسرشتی - بدجنسی -
خَبجہ (ف) املی - تمر ہندی -
خَبَر (ع) سند لینا (۲) آگاہی (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث (۴) خبردار -
خَبْر (ع) آگاہی (۲) بٹائی یعنی نصف یا کم و بیش حصہ پر کھیتی کرنا -
خُبر (ع) جاننا - آگاہی (۲) جاننے والا آدمی -
خبر آوردن (ف) نئی تازہ بات کا لانا -
خبر بُردن (ف) قاصد کا کام کرنا -
خُبرت (ع) جاننا - آگاہی (۲) گوشت وغیرہ کا حصہ -
خِبرت (ع) جاننا (۲) امتحان - آزمائش -
خبر تازہ (ف) نئی بات -
خبر جو (ف) جاسوس -
خبر چیں (ف) چغل خور -
خبردار (ف) جاننے والا - واقف - آگاہ -
خبردار شدن (ف) اطلاع پانا - آگاہ ہونا -
خبر گرفتن (ف) حال پوچھنا - خبر لینا -
خبر گیر (ف) خبر لینے والا (۲) محافظ - چوکیدار (۳) جاسوس -

خبرگیری (ف) حفاظت - نگہبانی - محافظت -
خبر نگار (ف) نامہ نگار - خبریں لکھنے والا -
خبرع (ع) غمّاز - چغل - سخن چیں -
خَبزہ (ف) مضبوط - محکم (۲) حساب کرنا - تولنا -
خُبز (ع) روٹی - نان -
خَبز (ع) روٹی پکانا -
خَبْط (ع) دیو بھوت کا کسی کو پاگل اور دیوانہ بنا دینا - (۲) جنون کا عقل میں مل جانا (۳) بے راہ ہونا (۴) چوپایوں کا ہاتھ پاؤں مارنا (۵) لاٹھی سے درخت کے پتے جھاڑنا -
خَبَط (ع) درخت سے جھاڑے ہوئے پتے -
خبط کردن (ف) غلطی کرنا -
خَبْل (ع) روکنا (۲) دیوانہ کرنا (۳) فالج (۴) ہاتھ پاؤں کاٹنا (۵) اعضا کا خراب اور ناکارہ ہو جانا (۶) عاریت مانگنا (۷) قرض دینا (۸) اِصطلاح علم عروض میں بحر بسیط اور رجز میں مستفعلن سے "س ف" گر کر متعلن باقی رہ جانا -
خَبَل (ع) جن - بھوت (۲) چوپائے کے اعضا میں دیوانگی (۳) خرابی اور تباہی (۴) خشک (۵) توشہ دان -
خَبْن (ع) کپڑے کے دامن کو چھوٹا کرنے کے خیال سے سی لینا یا اُوپر چڑھا لینا (۲) علم عروض کی اِصطلاح میں رکن کے پہلے سبب خفیف سے حرف ساکن کو گرا دینا مثلاً فاعلن کو فعلن بنانا -
خَبُو }
خُبُو } (ع) آگ کا بجھ جانا -
خُبُور (ع) شیر -
خُبُوس (ع) شیر - (۲) ظالم -
خَبُوک }
خَبُوہ } (ع) مضبوط - محکم - استوار -
خَبہ (ع) گلا گھونٹنا -
خَبِیّ }
خَبیہ } (ع) پوشیدہ اور پنہاں شے - چھپائی ہوئی چیز -
خَبیت (ع) نالائق - حقیر - کمینہ
خَبیث (ع) ناپاک - پلید - بدباطن - شریر -
خبیدہ (ف) وہ شخص جس کا گلا گھونٹا جائے - گلا گھٹا ہوا -
خَبیر (ع) واقف - جاننے والا (۲) دانا (۳) عارف (۴) اللہ تعالٰی کا نام (۵) اُونٹ کی پشم (۶) کسان -
خَبیرہ (ع) وہ بکری جسے چند آدمی شرکت سے مول لے کر ذبح کریں -
خَبیز (ع) پکی ہوئی روٹی (۲) روٹی کے ٹکڑے شوربا وغیرہ میں بھیگے ہوئے -
خَبیس (ع) خوش طبع - ظریف - ہنس مکھ -
خَبیص (ع) گھی اور کھجور سے بنایا ہوا حلوہ -

Marfat.com

خُجین (ف) لکڑی کا طباق۔

# خ - پ

خُپ (ف) امر کا صیغہ ۔ چُپ ۔ چُپ رہ۔
خُپاک (ف) بھیڑ ۔ بکری اور گائے گدھے کے بند کرنے کا باڑہ۔ (۲) چار دیواری۔
خُپچہ (ف) باریک اور سیدھی درخت کی ٹہنی۔
خُپک (ف) بڑی سی روٹی (۲) گلا گھونٹنا۔
خُپلہ (ف) موٹا اور چھوٹے قد کا گول مٹول۔
خُپہ (ف) گلا گھونٹنا۔
خُپیدہ (ف) خمیدہ ۔ جھکا ہوا ۔ ٹیڑھا۔

# خ - ت

خُتا (ف) چین کے علاقہ میں ایک شہر کا نام۔
خُتار (ف) تلافی کرنا ۔ کھیتی وغیرہ کو خودرو گھاس سے صاف کرنا۔
خَتّار (ع) مکّار ۔ دھوکا باز ۔ فریبی۔
خِتان / خِتانہ (ع) ختنہ (۲) ختنہ کرنے کا مقام۔
خَتْر (ع) فریب دینا (۲) نہایت بُرے عذر سے کسی کو دھوکا دینا۔
خُتل / خُتلان (ف) ایک حسن خیز ولایت کا نام جو بدخشان کے نواح میں ہے ۔ یہاں کے گھوڑے بہت مشہور ہیں۔
خَتْم (ع) تمام کرنا ۔ پورا کرنا (۲) مُہر کرنا۔
ختم برچیدن (ف) ختم کی مجلس کو ختم کرنا۔
ختم شدن (ف) ختم ہونا ۔ مرجانا۔
ختم کردن (ف) تمام کرنا ۔ پورا کرنا۔
ختم گرفتن (ف) قرآن حکیم کا ختم کرانا ۔ ایصالِ ثواب کے لیے۔
خَتَن (ع) ختنہ کرنا۔
خَتَن (ع) داماد اور خُسر ، سالا وغیرہ عورت کے رشتہ دار۔
خُتَن (ف) چینی تاتار کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں کے ہرن مشہور ہیں اور جہاں سے مشک نافہ آتا ہے۔
خَتْنہ (ع) سنّت ۔ مسلمانوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قائم کی ہوئی سُنّت جس میں بچّہ کے آلۂ تناسل کا زائد چمڑا کاٹ دیا جاتا ہے۔
ختنہ سُوراں (ف) بچّے کی سُنّت کے موقع پر جو دعوت اور ضیافت کی جاتی ہے۔
خَثْیٰ (ع) گوبر ۔ لید (۲) گائے یا ہاتھی کا پس انگندہ۔

# خ - ج

خَج (ف) خجالت کا مخفف ۔ شرمندگی ۔ ندامت۔
خَجارہ (ف) کم ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔ حقیر شے۔
خَجالت (ع) شرمندگی ۔ ندامت ۔ حیا ۔ شرم۔
خجالت آور (ف) شرمناک۔
خجالت بُردن (ف) شرمسار ہونا۔
خجالت بکش (ف) تجھ پر افسوس ہے۔
خجالت کشیدن (ف) شرمندہ ہونا۔
خجالت کش (ف) شرمسار۔
خَجاد (ف) آواز ۔ صدا۔
خُجَستَہ (ع) مبارک ۔ ہمایوں ۔ فرخ (۲) گُل ہمیشہ بہار یعنی وہ پھول جس کا رنگ زرد اور درمیان سے سیاہ ہوتا ہے۔
خجستہ اختر (ف) خوش بخت۔
خجستہ آباد / خجستہ بنیاد (ف) دکن کے مشہور شہر اورنگ آباد کا لقب۔
خَجَش (ف) گردن کے ورم اور گرہ کو کہتے ہیں جس میں درد نہیں ہوتا۔
خَجکول (ف) کچکول ۔ گداگروں کا کاسۂ گداگری۔
خَجَل (ع) شرمندہ ہونا (۲) شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ (۳) دولت و نعمت کی وجہ سے غرور کرنا۔
خَجِل (ع) شرمندہ ۔ نادم (۲) بُرا تا فراخ کپڑا (۳) اُونچی گھاس (۴) گھاس والی زمین۔
خجلت / خجلت شرمندگی ۔ ندامت ۔ شرمندہ ہونا۔
خجلت زدہ (ف) شرمندہ ۔ نادم۔
خجلت کش (ف) شرمسار۔
خجلت گری (ف) شرمندگی ۔ ندامت۔
خجلت ناک (ف) شرمندہ۔
خُجند (ف) ماوراء النہر کے ایک شہر کا نام۔
خُجندی (ف) منسوب بہ خجند ۔ خجند کا رہنے والا۔
خَجول (ع) بہت باحیا اور باشرم۔
خجیدن (ف) اکٹھا ہونا ۔ جمع ہونا۔

# خ - د

خَدّ (ع) گال ۔ رخسارہ (۲) خندق ۔ کھائی (۳) زمین میں لمبا

Marfat.com

گڑھا کھودنا۔

خُدا (ف) یہ لفظ خود اور آ یعنی آئندہ سے مرکب ہے۔ اور یہ ترجمہ ہے واجب الوجود کا۔ صاحب۔ مالک (۲) اللہ تعالیٰ۔

خُدا آفرید (ف) قدرتی۔ پیدائشی۔ جس شے میں انسان کا ہاتھ نہ لگا ہو۔

خُدا آگاہ (ف) عارف باللہ۔ واقف اسرار الٰہی۔ خُدا کے بھید جاننے والا۔

خُدا از دلت بپرسد (ف) تم بظاہر مُنہ سے نہ کر رہے ہو مگر جی میں لڈو پھوٹ رہے ہوں۔

خدا از دہنت بشنود (ف) تیری آواز سُنے اور سُن لے۔ خدا تیری دُعا قبول کرتا ہے۔

خُدا بآدم دو چشم داد (ف) اللہ تعالیٰ نے دو آنکھیں دی ہیں دیکھ کر چلو اور دیکھ کر کام کرو۔

خُدا بردارد (ف) خُدا اُسے اُٹھالے۔ خُدا اُسے موت دے۔

خُدا بگذار (ف) جن کے بچے نہ بچتے ہوں وہ ماں باپ یہ نام رکھ دیتے ہیں کہ خُدا اسے بچائے رکھے جیسے ہمارے ہاں رکھ لیتے ہیں "اللہ رکھا"

خُدا بیں (ف) پرہیزگار۔

خُدا بینی (ف) پرہیزگاری۔ تقویٰ۔

خُدا پرست (ف) حق پرست۔ خُدا کو پُوجنے والا۔ عابد۔ زاہد۔

خُدا پرستی (ف) زہد۔ عبادت۔ خُدا کو پُوجنا۔

خُدا پسند (ف) وہ کام جو خدا کو پسند ہو (۲) نیک کام۔ عمدہ کام۔ اچھا کام۔

خُدا پنج انگشت یکساں نہ کرد (ف) خُدا نے پانچوں اُنگلیاں برابر نہیں بنائیں۔

خُدا ترس (ف) خدا سے ڈرنے والا۔

خِداج (ع) نقصان (۲) ناتمام (۳) ناقص۔

خُدا جو (ف) خُدا کا طالب۔

خُدا حافظ (ف) خدا کا کلمہ جو کسی کو رُخصت کرتے وقت بولتے ہیں۔ اللہ کو سونپا۔ اللہ بیلی۔ فی امان اللہ۔

خُدا خُدا داشتن (ف) ڈرتے ڈرتے کام کرنا۔
خُدا خُدا کردن (ف) خُدا سے پناہ مانگنا۔

خداد (ع) رُخسارہ کا داغ۔

خداداد (ف) خدا کی دی ہوئی چیز۔ وہ چیز جو خدا نے بخشی ہو۔

خُدا دُوراں (ف) بُرے لوگ۔ بدکار۔ ظالم۔ فاسق۔

خُدا را (ف) بُرائے خُدا۔ خدا کے لیے۔

خدارت (ع) پردہ نشینی۔

خُدا شتر را رحم کند (ع) یہ الفاظ ایک حاسد عورت اپنی مخالف عورت کے حق میں کہتی ہے۔

خِداع (ع) فریب۔ فریب دینا۔

خَدّاع (ع) بڑا فریبی۔ سخت مکّار۔

خدا فروشاں (ف) ریاکار اور دھوکہ باز صوفی (۲) خُدائی کا دعویٰ کرنے والے۔

خُدا گیر (ف) ناگہانی آفت میں مبتلا ہونے والا شخص جس پر بلائے آسمانی نازل ہو۔

خُدّام (ع) خادم کی جمع۔ خدمتگار۔ نوکر چاکر۔

خُدا ناترس (ف) خُدا سے نہ ڈرنے والا شخص۔

خُدا ناکردہ
خُدا نخواستہ
خُدا نہ پسندد
خُدا نہ کردہ
(ف) خُدا نہ کرے جو ایسا واقعہ ہو۔ خدا ایسا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو۔ مبادا۔

خُداوند (ف) صاحب۔ مالک (۲) خُدا۔

خُداوند زادہ (ف) صاحبزادہ۔

خُداوندگار (ف) آقا۔ مالک۔ صاحب۔

خُدائی (ف) خُدا ہونا (۲) مالکی۔ صاحبی۔

خُدائع (ع) خدیعت کی جمع۔ فریب۔ دھوکا۔

خُدایگاں (ف) خداوند (۲) بڑا بادشاہ (۳) حاکم اعلیٰ۔

خُدائے مجازی (ف) بادشاہِ وقت (۲) حاکم وقت (۳) شوہر۔

خَذب (ع) تلوار سے مارنا۔ سر کاٹنا۔ گوشت اور پوست چیرنا نہ کہ ہڈی کو۔ دانتوں سے کاٹنا۔ جھوٹ بولنا۔ دُودھ بہت دوہنا۔

خَدَر (ع) اعضا کا سُن ہو جانا۔ جسم کا سُست ہو جانا۔

خِدر (ع) پردہ۔

خَدِر (ع) بے حِس (۲) سُست۔ سُن۔

خُدَری (ع) وہ مرض یا درد جس سے عضو کی حِس باطل ہو جاتی ہے۔

خُدری (ع) سیاہ گدھا۔

خدشہ (ع) زخم کا نشان۔ خراش۔ موچ (۲) شُبہ۔ شک (۳) خلش۔ اُلجھن۔

خدشہ وار کردن (ف) عیب دار کرنا۔

خَذع
خَدع
(ع) فریب دینا۔ دغا کرنا۔

خُدعہ (ع) بھولا بھالا دھوکہ کھانے والا آدمی۔ وہ شخص جسے لوگ بہت فریب دیں۔

خُدَعہ (ع) بہت دھوکہ باز۔ لوگوں کو بہت فریب دینے والا۔

خُدعہ
خَدعہ
خُدَعَہ
خُدعہ
(ع) دھوکہ۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔

خَدک
خُدک
(ف) بیل

خُدک (ف) اندیشہ (۲) غصّہ۔

Marfat.com

خُدَم (ع) خادم کی جمع - خدمت گار - نوکر چاکر۔
خُدَمات (ع) خدمت کی جمع - خدمتیں۔
خِدمت (ع) بندگی - نوکری - چاکری (۲) کام کرنا (۳) تحفہ (۴) سلام (۵) نذرانہ۔
خدمتانہ (ف) خدمت کی اُجرت۔
خدمت تنگ داشتن (ف) ایسی ملازمت جس میں دم بھر کی فرصت نہ ملے۔
خدمت گار / خدمت گر / خدمت گزار / خدمت نما } (ف) نوکر - خدمت کرنے والا۔
خدمت چندانی نبود (ف) کچھ زیادہ کام نہ تھا - وہ تو کچھ کام ہی نہ تھا۔
خدمت خانہ با قبضہ بودن (ف) گھر میں کسی نوکرانی کا نہ ہونا اور مالکہ کو خود ہی سب کام کاج کرنے پڑیں۔
خدمتِ دیوانی (ف) سرکاری ملازمت۔
خدمت رسیدن (ف) خدمت میں حاضر ہونا۔
خدمتی (ف) نذرانہ - تحفہ - پیشکش۔
خِدن (ع) دوست (۲) معشوق۔
خدنگ (ف) ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر اور نیزہ بنتا ہے اور زین کے کام بھی آتی ہے (۲) تیر۔
خدنگ آتشی (ف) ایک قسم کی ہلکی لکڑی جس کے تیر بنتے ہیں۔
خدنگ بستن (ف) تیر کو زہ پر رکھ لینا۔
خُدُو (ف) تھوک۔
خُدُو انداختن (ف) تھوکنا - تھوک پھینکنا۔
خُدُود (ع) خد کی جمع - رخسارے۔
خُدُور (ع) خدر کی جمع - پردے۔
خُدُوش (ع) خدشہ کی جمع - خراشیں - زخم کے نشانات۔
خُدُش (ع) کُتکی - (۲) پِسّو۔
خدوع (ع) بڑا فریبی۔
خُدُوک / خُدوک } (ف) قہر - غصّہ (۲) رشک - حسد (۳) شرمندگی (۴) پریشانی (۵) گدگدی (۶) وسواس (۷) اندوہ۔
خُدوم (ع) بڑا فریبی۔
خَدِیج (ع) اُونٹنی کا وہ بچّہ جو مدّت وضع سے پہلے گر گیا ہو (۲) وہ اُونٹنی جس نے مدتِ وضع سے پہلے بچّہ گرا دیا ہو۔
خَدیجہؓ (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی پہلی بیوی اور حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی والدہ ماجدہ کا نام ہے جو عورتوں میں سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رسالت پر ایمان لائیں۔

خَدِیش / خُدیش } (ف) بادشاہ (۲) صاحب خانہ (۳) گھر کی مالکہ - بیوی۔
خدیعت (ع) فریب - دھوکہ (۲) عربوں کے ایک کھانے کا نام جس میں گوشت کے ٹکڑے ڈالے جاتے ہیں۔
خَدیو (ف) بادشاہ (۲) خداوند (۳) بزرگ (۴) شاہانِ مصر کا لقب۔
خَدیو (ف) خداوند - بادشاہ - بزرگ۔

## خ - ذ

خُذ (ع) امر حاضر کا صیغہ - پکڑلے۔
خَذَب (ع) نادانی (۲) درازی۔
خَذْب (ع) تلوار کا مارنا - کاٹنا (۲) جھوٹ بولنا۔
خَذف (ع) ٹھیکری (۲) پھینکنا (۳) مارنا (۴) کنکر یا چھوہارا وغیرہ کی گٹھلی کا دو انگلیاں یا لکڑی سے مارنا۔
خَذل / خِذلان } (ع) چھوڑ دینا (۲) ذلیل کرنا (۳) مدد اور یاری نہ کرنا۔
خُذ ما صفا (ع) اس چیز کو لے لے جو صاف ہے۔
خُذ ما صفا دع ما کدر (ع) وہ شے لے لے جو صاف ہے اور اسے چھوڑ دے جو مکدر ہے۔
خَذُول (ع) شرمندہ (۲) بے نصیب۔

## خ - ر

خَر (ف) گدھا (۲) کلاں - بڑا (۳) احمق (۴) گردے (۵) حوض اور نالی کے نیچے کی کیچڑ۔
خَرّ (ع) اُوپر سے نیچے گرنا۔
خُرّ (ف) آفتاب - متاخرین فرق کے لیے اس لفظ میں واؤ لکھتے ہیں۔
خَرء (ع) جانور کی بیٹ - پلیدی - گوبر - لید - گوہ - پاخانہ۔
خُرّ (ف) خوش (۲) خوشحالی۔
خر آخر خود را ای شناسد (ف) خواہ اندھیرا ہو یا آدمی بذاتِ خود اندھا ہو کھاتے وقت لقمہ ہر کوئی اپنے ہی منہ میں ڈالتا ہے - اس سے کوئی نہیں چوکتا۔
خَراء (ع) پاخانہ۔
خَراب (ع) ویران (۲) ویرانی (۳) ویران کرنا۔
خَراب (ف) ضائع - ویران (۲) مست (۳) فقیر (۴) ویرانہ۔
خراب آباد (ف) دنیا۔

Marfat.com

خراب شدن (ف) تباہ ہونا۔ ویران ہونا۔
خراب کار (ف) وہ جو کسی چیز کو خراب کرے۔ وہ جو ویرانی اور تباہی کا باعث ہو۔
خرابات (ف) شراب خانہ (۲) رنڈی خانہ۔
خراباتی (ف) شراب خوار (۲) جواری۔
خراب حال (ف) بدحال۔ پریشان حال۔
خرابہ (ف) ویرانہ (۲) ویران مکان (۳) خراب و خستہ حال۔
خرابی ردہ (ف) تہی دست۔ مفلس۔
خراءۃ (ع) پاخانہ پھرنا۔
خرآگین (ف) لڑائی کا سامان جو پہنا جاتا ہے۔
خرابین (ف) کیچوے (پنجابی) گنڈوئے۔
خراج (ع) زمین وغیرہ کا محصول۔
خُراج (ع) ایک خاص قسم کا پھوڑا۔
خراخر (ف) خراٹے۔ سوئے ہوئے آدمی کے زور سے سانس لینے کی آواز۔
خَرّاد (ف) اس لفظ کی اصل خَرّاط ہے۔ لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر صاف اور سڈول بنانے والا۔
خَراد (ف) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
خرارہ (ف) بہت رونے کی وجہ سے گلے سے جو آواز آنے لگتی ہے (۲) اونچی جگہ سے پانی گرنے کی آواز۔
خَرّاز (ع) چمڑا سینے والا۔ موچی۔ مشک دوز۔
خراز پل گذشتن (ف) اپنا مقصد حل ہو جانا۔
خِرازہ (ع) عضوِ تناسل۔ ذکر۔
خَرازی (ف) بساطی کی دوکان۔ چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والے پنساری کی دکان۔
خرازی فروش (ف) پنساری بیچنے والا۔
خَراس (ف) یہ لفظ خر بمعنی کلاں اور آس بمعنی چکی سے مرکب ہے۔ آٹا پیسنے کی بڑی چکی جسے بیل چلاتے ہیں۔
خُراساں (ف) مشرق (۲) ایران کے مشرق اور افغانستان کے مغرب میں ایک ملک ہے جس میں ہرات اور مشہد مشہور شہر ہیں (۳) ایک پردۂ موسیقی کا نام ہے۔

خراس خراب
خراس خیساں } (ف) آسمان۔
خراس ہفت چشمہ

خراش (ف) چھیلن۔ کھرنڈ۔ زخم کا نشان (۲) ناکارہ پھینکنے کے قابل چیز۔
خراشاندن (ف) چھیلنا۔
خراشہ (ف) ریزہ۔
خراشیدن (ف) چھیلنا۔ زخمی کرنا۔
خُراص (ع) جھوٹا۔

خَرّاط
خَراطی } (ع) لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر صاف اور سڈول کرنے والا۔
خراطیم (ع) خرطوم کی جمع۔ ہاتھی کی سونڈ (۲) قوم کے سردار۔
خراطین (ع) خراتین کا معرب۔ کیچوے۔
خُرافات (ع) خرافہ کی جمع۔ بے ہودہ باتیں۔ لغویات (۲) رات کی باتیں (۳) ہنسی لانے والی باتیں۔

خُرافت
خرافہ } (ع) بیہودہ بات۔ ناقابلِ یقین باتیں (۲) عرب کے ایک خرافہ گو کا نام۔

خُراک (ف) گلا گھونٹنے سے جو خرخر کی آواز آتی ہے (۲) خراٹا۔
خر اگر اطلس بپوشد خر است (ف) اصلیت کبھی نہیں بدلتی۔ گدھے پر سونے کا جھول دو وہ گدھا ہی رہے گا۔
خِرام (ف) نزاکت کی چال۔ نرم چال۔
خرامرود (ف) بڑا اور بے مزہ امرود۔
خرامیدگی (ف) ٹہلنا۔ چہل قدمی۔
خِرامیدن (ف) مٹک کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ ٹہلنا۔
خرانبار (ف) بہت بڑا ڈھیر۔

خَرّان
خِران } (ف) مطیع۔ فرمانبردار۔

خَرائد (ع) خریدہ کی جمع۔ دُرِ ناسُفتہ (۲) کنواری عورتیں۔ باکرہ عورتیں (۳) شرمیلی عورتیں۔
خِرَب (ع) خربہ کی جمع۔ اُجاڑ۔ ویران۔
خربار (ف) ایک گدھے کا بوجھ۔
خر بربام بُردن (ف) کسی شے کو بے ٹھکانے رکھنا۔ کسی بے استعداد اور نااہل کو بڑے مرتبہ پر پہنچانا۔
خرِ عیسیٰ اگر بمکہ رود باز آید ہنوز خر باشد (ف) اصلیت کبھی نہیں بدلتی۔

خربُز
خربُزہ } (ف) خربوزہ جو مشہور میوہ ہے۔

خربزہ آب است (ف) مراد یہ ہے کہ یہ کوئی مکمل غذا نہیں جس سے بھوک رفع ہو جائے۔
خربزہ رودبار (ف) اندرائن کا پھل۔
خربزۂ ہندی (ف) تربوز۔ ہندوانہ۔
خربط (ف) قاز۔ بڑی بطخ (۲) احمق آدمی۔
خربلہ (ف) رہٹ۔
خربندہ (ف) بہ اضافت مقلوب۔ بندۂ خر۔ گدھے کا خدمتگار۔ (۲) گدھے کا مالک۔

خربوار
خربوز } (ف) بڑی چمگادڑ۔ بڑ باگل۔ پنجابی۔ کھٹک۔

خربوزہ (ف) مشہور میوہ ہے۔
خربہ (ف) خرابہ کا مخفف۔ ویرانہ۔

Marfat.com

خَرَبَہ (ع) (۱) چھلنی۔ غربال (۲) گول چھید (۳) کان کے سوراخ کی کشادگی (۴) سوئی کا سوراخ۔
خُرَبَہ (ع) توشہ دان۔ گڈریوں کے کھانا رکھنے کا برتن (۲) کسی شخص کے دین میں خرابی پیدا ہونا۔
خَرَبَہ / خِرْبَہ } (ع) ویران۔ اُجاڑ جگہ۔
خرِ بیوار (ف) دیکھو خرلواز۔
خرپا (ف) لمبے لمبے پاؤں۔
خر پاچہ (ف) گدھے کا بچہ۔
خرپشہ (ف) بڑا مچھر۔
خرپشتہ (ف) بڑا ٹیلہ۔ اُونچا ٹیلہ (۲) حُجرہ (۳) ایک قسم کی زرہ۔
خُرْت / خُرُت } (ع) سُوئی کا ناکہ (۲) کان کا سُوراخ۔
خر توت (ف) بڑا اور بدمزہ توت۔
خَرْج (ع) آمد کی ضد۔ وہ مال جو ہاتھ سے نکل جائے وہ مال جسے خرچ کرسکیں (۲) محصول۔
خَرَج (ع) ابلق۔ سیاہ وسفید۔ دو رنگا۔
خُرْج (ع) خرجین۔ سامان رکھنے کا تھیلا۔
خرچ چیزے شدن (ف) کسی چیز کی تلاش میں ہلاک ہونا۔
خرج راہ شدن (ف) سفر میں مرجانا۔
خرچل (ف) ایک قسم کی ٹنڈی۔
خرجی (ف) وہ قلیل مال جس پر سفر یا راستہ کا ضروری خرچ موقوف ہو۔
خرجین (ف) ٹاٹ وغیرہ کا دو رُخہ تھیلا جس میں سفر کا ضروری سامان کپڑے وغیرہ بھر کر گھوڑے پر رکھ لیتے ہیں۔
خرچ (ف) خرج کا مفرس۔ درجو ہاتھ سے نکل جائے۔ مال جسے خرچ کرسکیں۔
خرچال (ف) ایک پرندہ جسے ذبح کرکے کھاتے ہیں اس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔
خرچ چیزے شدن (ف) دیکھو خرج چیزے شدن۔
خرچ خرچ کردن (ف) دانت پیسنا۔
خرچ راہ شدن (ف) دیکھو خرج راہ شدن۔
خرچ کردن (ف) فروخت کرنا۔
خرچ کردن کسے را (ف) دیکھو خرج راہ شدن۔
خرچنگ (ف) کیکڑا۔ سرطان (۲) بُرج سرطان جو کیکڑا یعنی سرطان کی شکل کا ہے۔
خرچوب (ف) چھوٹی سی لکڑی جو طنبور کے تونبا پر چڑھا کر اس پر تار چڑھائی جاتی ہے۔
خرچہ (ف) لاگت۔ صرف۔
خرچہ داند قیمت نقل ونبات (ف) گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
خرچی (ف) جماع کی قیمت۔
خرچین (ف) دیکھو خرجین

خرحمالی (ف) سخت مشقت کرنے والا مزدور۔
خرخانہ (ف) گدھوں کا اصطبل۔
خرخاوند (ف) نوکروں کو جس مالک سے سخت نفرت ہو اُسے نفرت سے کہتے ہیں۔
خَرخشہ (ف) خلجان۔ بے موقع لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
خرخود را دراز بستن (ف) بے فکر اور فارغ البال ہونا (۲) اپنی شان شوکت کا اظہار کرنا (۳) اپنی حد سے باہر نکلنا۔
خرخود را سواری کردن (ف) اپنا مقصد حاصل کرلینا۔
خَرخود یافتن (ف) اپنا مقصد حاصل کرنا۔
خرخیار (ف) بہت بڑا کھیرا۔
خُرد (ف) بزرگ کی ضد۔ چھوٹا (۲) کسی چیز کا ریزہ۔
خِرَد (ف) عقل۔ دانائی۔
خرداده زرداده وسر ہم داده (ف) سو پیاز بھی کھائے اور سو جوتے بھی کھائے۔
خرد پرست / خرد پرور / خرد پوش / خرد پیشہ } (ف) عقلمند۔ دانا۔
خرِ دجال (ف) وہ گدھا جس پر دجال سواری کرے گا۔
خر در پیش خانۂ خود بستن (ف) دیکھو خر خود را دراز بستن۔
خُردسال (ف) چھوٹی عمر کا۔ خورد سال۔
خَرْدَل (ع) رائی۔
خُردل (ف) ڈرپوک۔ بزدل۔ نامرد۔
خَرْدَلہ (ع) رائی کا ایک دانہ۔
خِردمند (ف) عقلمند۔ دانا۔
خرد و خمیدہ شدن (ف) شکستہ اور چور رہنا۔ سخت تھک جانا۔
خرد و ریز (ف) گھر کا چھوٹا موٹا مال اسباب۔
خُرْدہ (ف) ٹکڑا۔ پارہ۔ ریزہ (۲) ریز کاری (۳) چھٹن۔ جھڑن (۴) نکتہ۔ باریکی (۵) عیب (۶) فروخت۔ بیع۔
خُردہ بین (ف) باریک بین۔ نکتہ دان۔
خُردہ بینی (ف) باریک بینی۔ نکتہ دانی (۲) عیب نکالنا۔ بُرائی نکالنا (۳) باریکی نکالنا۔
خُردہ دان (ف) دیکھو خُردہ بین۔
خُردہ فروش (ف) بساطی۔ ہلکے ہلکے مول کی چیزیں بیچنے والا۔
خُردہ قلم (ف) تراشۂ قلم۔
خُردہ کاری (ف) صندوقچی یا چاقو وغیرہ کے دستوں پر ہاتھی دانت وغیرہ کی مینا کاری۔
خُردہ گرفتن (ف) عیب پکڑنا۔
خُردۂ مینا (ف) شراب سُرخ۔
خَرَز (ف) موزے سینا (۲) موزہ یا مشک کی درز سینا۔

Marfat.com

خُرز (ع)، موزہ اور مشک کی درزیں۔
خُرز (ع)، مہرے۔
خُرزان (ف)، کوڑا۔تازیانہ۔چابک۔
خُرزَہ (ف)، لمبا، موٹا اور ناہموار آلۂ تناسل۔
خرزَہرَہ (ف)، کنیر کا درخت جس کی دو قسمیں ہیں۔ سُرخ پھُول اور
سفید پھُول والا۔
خرس (ف)، بھالو۔ریچھ (۲)، شمال کی طرف آسمان پر ریچھ کی
شکل کے دو اشکال ہیں جن میں سے ایک کو دُبّ اکبر اور دوسری
کو دُبّ اصغر کہتے ہیں۔
خُرس (ع)، مٹکا۔ٹھلیا۔خُم۔
خَرس (ع)، گنگ ہونا۔بے زبان ہونا۔
خُرس (ع)، ضیافت۔جشن ولادت۔
خُرس (ع)، اخرس کی جمع گونگے۔بے زبان۔
خرستر (ف)، جونک۔
خرس در کوہ بوعلی سینا (ف)، نابلدوں کے محلہ میں احمق بھی دانا
کا حکم رکھتا ہے۔
خرسک (ف)، قالین کی قسم سے ایک طرح کا فرش ہے۔قالین اور
خرسک میں فرق یہ ہے کہ بُننے کے بعد قالین کے باہر کے
ریشے کاٹ دیتے ہیں اور خرسک کے نہیں کاٹتے۔
خرسک بازی (ف)، بچوں کے ایک کھیل کا نام جسے چیل جھپٹا
کہتے ہیں۔
خرسلک (ف)، گدھے والا۔گدھا کرایہ پر دینے والا۔
خُرسند (ف)، خوش۔شاد (۲)، شادمان (۳)، شاکر (۴)، قانع۔
ہر حال میں رضائے الٰہی پر راضی رہنے والا۔
خُرسندی (ف)، خوشی۔رضا۔
خَرسنگ (ف)، خر بمعنی کلاں اور سنگ بمعنی پتھر۔بڑا پتھر جو
راستہ میں پڑا ہوا ہو (۲)، طالب و مطلوب کے درمیان
خلل انداز۔
خرس مادہ (ف)، ریچھنی۔
خرسُول (ف)، نامبارک (۲)، گدھا۔
خرسی شاہی پالان دو ہزار (ف)، چھچھوندر کے سر میں چنبیلی
کا تیل۔
خرش از پل گزشت (ف)، اس کا کام ہوگیا اس موقع پر
بولتے ہیں۔
خَرص (ع)، میوہ کا درخت پر اور غلّہ کا زراعت پر اندازہ
یا تخمینہ کرنا (۲)، جھوٹ بولنا۔
خَرص (ع)، بھوک لگنا (۳)، زنبیل۔
خِرص (ع)، طاقت ور اُونٹ (۲)، باریک نیزہ۔
خُرص (ع)، سونے یا چاندی کا حلقہ، چھلّا یا بالی وغیرہ۔
خَرط (ع)، لکڑی کو خراد پر چڑھانا (۲)، لکڑی کو چھیلنا اور صاف
کرنا۔

خُرطوم (ع)، ہاتھی کی سُونڈ (۲)، ناک یا ناک کا سِرا۔
خُرطَہ (ع)، گلوب۔کرہ ارض۔
خرِ عیسےٰ (ف)، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سواری کا گدھا۔
خرِ غلت زدن (ف)، کروٹیں بدلنا۔
خَرِف (ع)، بے عقل بوڑھا۔بدحواس بوڑھا۔
خَرَف (ع)، بڑھاپے کی بدحواسی۔
خُرفہ (ف)، ایک مشہور ساگ ہے۔
خرفہم کردن (ف)، کسی نالائق آدمی کو کھول کر سمجھانا۔
خَرق (ع)، پھاڑنا (۲)، جھوٹ بولنا (۳)، مسافت قطع کرنا (۴)،
فراخ زمین (۵)، بغیر گھاس کا جنگل۔
خَرَق (ع)، شرمندہ ہونا (۲)، نادان ہونا۔
خُرق (ع)، بے عقلی۔نادانی۔
خَرِق (ع)، بے عقل۔نادان۔
خرقِ عادت (ع)، معجزہ۔کرامت۔جو خلافِ عقل ہو۔
خرق والتیام (ع)، پھٹ جانا اور پھر باہم مل جانا۔
خِرقہ (ع)، پرانا کپڑا۔چیتھڑا (۲)، گدڑی۔فقیروں کا لباس۔
خرقہ از دست کسے پوشیدن (ف)، کسی کا مُرید ہونا۔
خرقہ انداختن (ف)، خرقہ عطا کرنا (۲)، تسلیم کرنا (۳)، گناہ کا اقرار
کرنا (۴)، عاجز ہونا (۵)، خودی کو چھوڑنا (۶)، اپنی ہستی سے
پاک اور مجرّد ہونا۔
خرقہ بازی (ف)، حال اور وجد میں صوفیوں کا اپنے خرقہ کے ساتھ
کھیلنا۔
خرقہ بدستِ کسے تازہ کردن (ف)، نئے سرے سے بیعت کرنا۔
دوبارہ مرید ہونا۔
خرقہ پوش (ف)، درویش۔فقیر۔
خرقہ پوشیدن (ف)، درویش ہو جانا۔خلعت پہننا۔
خرقہ دوز (ف)، محتاج۔مفلس۔
خرقہ شدن (ف)، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔پھٹ جانا۔
خرکچی (ف)، گدھے والا۔
خرقہ کردن (ف)، پھاڑنا۔پارہ پارہ کرنا۔
خرقہ گشتن (ف)، پھٹنا۔پارہ پارہ ہونا۔
خرک (ف)، خر کی تصغیر۔چھوٹا گدھا۔
خَرَک (ف)، کچی کھجور (۲)، کچا انگور۔
خَرَک (ف)، طنبور۔
خرکردن (ف)، کسی کو بے وقوف بنانا۔
خرکرہ (ف)، گدھے کا بچہ۔
خرکریم را نعل کردن (ف)، کسی کو رشوت دینا۔کسی کی مٹھی گرم
کرنا۔
خرکس (ف)، بے وقوف۔بے تمیز۔احمق۔جاہل۔
خرکسی (ف)، جہالت۔بے تمیزی۔نادانی۔حماقت۔
خرکش (ف)، جرموق یعنی موزہ کے اُوپر پہننے کا موزہ۔

Marfat.com

خرکمان (ف) بڑی اور سخت کمان (۲) سخت اور مشکل کام۔
خرکہ جو دید کاہ نمی خورد (ف) حلوے کے بعد روٹی بمشکل ہی کھائی جاتی ہے۔
خزگ (ف) انگارہ۔
خرگاہ (ف) بڑا خیمہ (۲) وسیع اور فراخ جگہ۔
خرگاہ زدن (ف) خیمہ لگانا۔
خرگاہ ازرق، خرگاہ خضر، خرگاہ سبز (ف) آسمان۔
خرگاہ قمر، خرگاہ ماہ (ف) چاند کا ہالہ
خرگاہ مینا (ف) آسمان۔
خرگر (ف) چاند کا ہالہ (۲) کھلیان۔
خرگردن (ف) موٹی گردن والا۔
خرگرفتن (ف) کسی کو بے وقوف فرض کرنا۔
خرگوش (ف) مشہور جانور ہے۔ ساہا۔ برج سرطان کو بھی کہتے ہیں۔
خرگہ (ف) خرگاہ کا مخفف۔
خرگہ مہ (ف) چاند کا ہالہ (۲) برج سرطان۔
خرم (ع) ناک کے نتھنے کا پھاڑنا (۲) ناک کاٹنا (۳) کم کرنا (۴) سُرخ کرنا (۵) سلی ہوئی جگہ کو پھاڑنا (۶) پہاڑ کی چوٹی (۷) علم عروض کی اصطلاح میں فعولن کی ف اور مفاعیلن کے میم کا گرجانا۔
خرّم (ف) تازہ (۲) سیراب (۳) خوش۔ شادمان (۴) شمسی سال کا دسواں مہینہ۔ یہ لفظ بلا تشدید بھی آتا ہے اور واؤ معدولہ سے بھی لکھا جاتا ہے۔ یعنی خورم۔
خرم (ف) نظر بد سے بچانے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھنے کے کانچ کے سفید سیاہ اور سبز رنگ کے مہرے۔
خرم شدن (ف) خوش ہونا۔ مسرور ہونا۔
خرم کردن (ف) تازہ دم کرنا۔
خرما (ف) چھوہارا جو مشہور پھل ہے۔ کھجور۔
خرم آباد (ف) خوش جگہ (۲) خوشی کی جگہ۔
خرم بگل نخوابیدہ است (ف) مجھے کیا مصیبت پڑی ہے۔
خرمار (ف) سائیس۔ گھوڑے کا ٹہلنا۔
خرماستان (ف) کھجوروں یا چھوہاروں کا باغ۔
خرمائے کور (ف) بدمزہ کھجور۔
خرما نتوان خورد از آں خار کہ کشتیم (ف) بوئے پیڑ ببول کے پھول کہاں سے ہوں۔
خرمست (ف) گمراہ جو بے وقوفی کے سبب کسی کا کہنا نہ مانے۔ نادان۔ احمق۔
خرمستی (ف) بدمستی۔ بے پروائی۔
خرم گاہ (ف) بڑا اور مدور خیمہ۔

خرمگس (ف) بڑی مکھی جس کے زخم پر بیٹھنے سے کیڑے پڑ جاتے ہیں۔
خرم گہ (ف) خرم گاہ کا مخفف۔
خرمن (ف) خر بمعنی بڑا اور من بمعنی بوجھ سے مرکب ہے۔ بڑا بوجھ (۲) کھلیان۔ ڈھیر۔ انبار (۳) غلّہ کا وہ تودہ جس سے بھوسہ الگ نہ کیا گیا ہو (۴) چاند کا ہالہ۔
خرمنج (ف) دیکھو خرمگس۔
خرمن سوختہ (ف) بے سامان۔ بے سرمایہ۔ مفلس۔
خرمن سوختہ را از برق چہ باک (ف) جس کا کھلیان جل گیا ہو اُسے بجلی کے گرنے کا کیا خوف۔
خرمن کوب (ف) غلّہ نکالنے والی مشین۔
خرمن کہنہ بباد دادن (ف) پہلی دولت پر غرور کرنا۔ پہلی دولت پر شیخی کرنا۔
خرمن گدا (ف) گداگروں یا خوشہ چینوں کا جمع کیا ہوا غلہ یعنی خوشوں کا انبار۔
خرمن گل (ف) معشوق۔ محبوب۔
خرمن ماہ (ف) چاند کا ہالہ۔
خرمن ہستی (ف) جان۔
خرموش (ف) ایک قسم کا ... یا ... بلّی ... اس پر غالب آ جاتا ہے۔
خرمہرہ (ف) خر بمعنی بڑا اور مہرہ بمعنی کوڑی سے مرکب ہے۔ بڑی کوڑی۔ ... کسنکرہ۔
خرمہرہ (ف) خر بمعنی کیچڑ اور مہرہ بمعنی کوڑی سے مرکب ہے گھونگا۔ کوڑی۔
خرّمی (ف) سیرابی۔ تازگی (۲) خوشی۔
خرناس کشیدن (ف) بڑے بڑے خراٹے بھرنا۔
خرنائے (ف) کرناہ جو جنگ وغیرہ میں بجاتے ہیں۔
خرنق (ع) خرگوش کا بچہ۔
خروار (ف) اس قدر بوجھ جسے گدھا اٹھا سکے (۲) بڑا تودہ۔ انبار (۳) ایک وزن جو ساڑھے نو من کے قریب ہوتا ہے۔
خروج (ع) باہر نکلنا (۲) کسی حکم سے منحرف ہونا۔ باغی ہونا۔
خروج، خروج، خروس (ف) مرغا۔ پالتو مرغا۔
خروسان طاؤس دم (ف) شراب کی صراحیاں۔
خروس بازی (ف) مرغ بازی۔ مرغ لڑانا (۲) حیلہ گری۔ مکاری۔
خروس بہ بانگ آمدن (ف) بالغ ہونا۔ بالغ ہونے کی عمر کو پہنچنا۔

Marfat.com

خروس بے محل (ف)، مرغ بے ہنگام۔
خروس جنگی (ف)، لڑنے والا مرغا۔
خُرُوس صبحگاہ (ف)، آفتاب۔
خُرُوسِ عرش (ف)، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عرش پر ایک مرغ ہے۔ صبح اس کے بانگ دینے پر باقی مرغ بھی بانگ دیتے ہیں۔
خُرُوسک (ف)، ایک سُرخ رنگ جانور جو عام طور پر حماموں میں ہوتا ہے (۲) گوشت کا وہ زائد ٹکڑا جو عورتوں کی فرج پر ہوتا ہے۔
خُروسِ کنگرۂ عقل (ف)، معقول بات (۲) رُوحِ نفسانی۔
خروش (ف)، شور و غل۔ فریاد۔ غوغا۔
خروش زدن (ف)، شور مچانا۔
خروشیدن (ف)، غل مچانا۔ شور کرنا۔
خَرُوف (ع)، برہ۔ بکری کا بچّہ (۲) خرگوش کا بچّہ (۳) چھ مہینے کا بچھڑا۔
خُرُدہ (ف)، مُرغا۔
خُرَہ (ف)، ثقل۔ کھلی (۲) تلچھٹ (۳) کیچڑ۔
خَرَہ (ف)، دیمک (۲) ناخورہ جو ایک بیماری ہے (۳) بالخورہ جو ایک بیماری ہے۔
خُرَہ (ف)، مُرغا۔
خَرِید (ع)، باکرہ۔ کنواری عورت۔
خَرِید (ف)، قیمت۔ مول (۲) خریدی ہوئی۔ مول لی ہوئی۔
خَرِیدار (ف)، خریدنے والا۔ مول لینے والا۔
خریدار گیر (ف)، جس چیز کا بہت رواج ہو۔ جو چیز بہت فروخت ہو۔
خریداری (ف)، بِکری۔ گاہکی۔
خَرِیدَن (ف)، خریدنا۔ مول لینا۔
خَرِیدہ (ف)، نابالغ لڑکی (۲) شرمگیں عورت (۳) دُرِ ناسفتہ۔
خَرِیر (ع)، خرّاٹا (۲) پانی کے گرنے کی آواز۔
خَری زاد و خَری زیست و خَری رفت (ف)، دنیا میں جیسے بدھو آئے ویسے ہی بدھوؤں کی طرح زندگی گزار کر بدھو کے بدھو گئے۔
خَرِیشہ (ف)، گدھے کا پیشاب۔
خَرِیطہ (ع)، چمڑے کی تھیلی یا کیسہ (۲) امیروں کے خط کا لفافہ (۳) نقشہ۔
خَرِیف (ع)، ساونی۔ وہ موسم جس میں جوار اور مکّی وغیرہ ہوتی ہے۔

## خ ۔ ز

خَزّ (ع)، ایک قسم کا پوستین (۲) ریشمی کپڑے کی ایک قسم۔
خَزَر (ف)، نیولا۔
خَزّاف (ف)، مٹی کے برتن بنانے والا کمہار۔

خزاں (ف)، پت جھڑ کا موسم۔ موسم خریف۔
خزانِ عُمر (ف)، زندگی یا عمر کا پچھلا پہرہ۔
خزانچی (ف)، خزانہ رکھنے والا۔
خزانِ حِنا (ف)، مہندی کے رنگ کی زردی۔
خزانہ (ع)، نقدی کا ذخیرہ۔ نقدی کا گودام۔ وہ جگہ جہاں نقد روپیہ رہتا ہو۔ یہ لفظ مصدر خزیدن سے مشتق ہے۔ خزیدن کے معنی ہیں گھسنا۔ گھس جانا۔ چونکہ مال۔ زر کو بھی زمین میں گہرا گڑھا کھود کر اور اُسے مضبوط کر کے رکھتے ہیں۔ اس لیے اس جگہ کو خزانہ کہتے ہیں۔
خزانۂ حمّام (ف)، حمام میں گرم پانی رہنے کی جگہ۔
خزانہ دار (ف)، رئیس خزانہ۔
خزانۂ عامرہ (ع)، بھرپور خزانہ۔ بھرا ہوا خزانہ۔
خزانہ کردن (ف)، جمع کرنا۔ انبار لگانا۔
خزائن (ع)، خزانہ کی جمع۔ خزانے۔
خزائنِ بےکراں (ف)، بے شمار خزانے۔
خزلوش (ف)، فریبی۔ دغاباز۔
خزدوک (ف)، گبریلے کی شکل کا ایک جانور۔
خزر / خزران (ف)، ترکستان کے شمالی حصّے کا نام یہاں کے باشندے سفید رنگ ہوتے ہیں (۲) گیلان کے ایک حصّہ کو بھی کہتے ہیں (۳) اس کے قریب ہی اسی نام کا ایک بحیرہ ہے جسے جھیل کیسپین کہتے ہیں۔
خَزْرَج (ع)، عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔
خَزْرَج (ع)، دکن کی ہوا (۲) سرد ہوا (۳) شیر۔
خَزْرَہ (ف)، کھُلا ہوا پنجہ۔ ہاتھ۔
خَزَری (ف)، منسوب بہ خزر۔ خزر کا رہنے والا۔
خَزَع (ع)، دوستوں کا پیچھے ہٹنا۔
خزعبل (ع)، عجیب باتیں۔ جن سے ہنسی آئے۔
خزعبیل (ع)، باطل۔ ناحق۔
خَزَف (ع)، ٹھیکری۔ سفال ریزہ۔
خَزْن (ع)، خزانہ رکھنا (۲) مال جمع کرنا۔
خزندہ (ف)، حشرات الارض۔ زمین میں بل رکھنے والا جانور (۲) پھیلنے والی بیلیں۔ جیسے انگور۔ عشق پیچہ وغیرہ۔
خَزَنَہ (ع)، خازن کی جمع۔ خزانچی۔
خزوک (ف)، گبریلا۔
خزّہ سبز (ف)، وہ سبز جھلّی جو کھڑے پانی کے اُوپر آجاتی ہے۔
خَزِی (ع)، رسوا۔
خزیدن (ف)، گھسٹنا۔ بچوں کی مانند بیٹھ کر چلنا۔ پھسلنا۔
خزیر۔ (ف)، گرم راکھ۔ جلتی ہوئی راکھ۔ بھوبل۔
خزیر / خزیرہ (ع)، ایک قسم کا کھانا۔ جسے گوشت کے ٹکڑے ہیں دیگ میں ڈال کر پانی میں پکاتے ہیں۔ جب تھوڑا رہ جاتا ہے تو آٹا ملا کر اُتار لیتے ہیں۔ اگر اس کھانے میں

Marfat.com

گوشت نہ ہو تو اسے عصیدہ کہتے ہیں ۔
خُزِینہ (ف) خزانہ ۔
خُزِینہ چی } (ف) خزانچی ۔
خُزِینہ دار }

# خ ۔ س

خَس (ف) گھاس کا تنکا (۲) کوڑا (۳) ایک خوشبودار گھاس کا نام ۔
خَسّ (ع) نالائق (۲) کمینہ (۳) بخیل ۔ کنجوس (۴) تخم کاہو ۔ فارسی میں بلا تشدید آتا ہے ۔
خَسارت (ع) گھاٹا ۔ ٹوٹا ۔ نقصان ۔ زیان (۲) گمراہی ۔ ہلاکت ۔
خسارت دادن (ف) تاوان ادا کرنا ۔ کسی کا خسارہ پورا کرنا ۔
خسارت دیدن (ف) نقصان اُٹھانا ۔
خسارت رساندن (ف) کسی کو نقصان پہنچانا ۔ خسارہ پہنچانا ۔
خَسارہ (ف) نقصان (۲) درخت کی زائد شاخوں کو کاٹنا ۔ (۳) پیراستہ کرنا ۔
خَسان (ف) خس کی جمع ۔ کمینے لوگ ۔
خَساندن (ف) بھگونا ۔ تر کرنا ۔ (۲) دانتوں میں داڑھی کو دبانا ۔
خَساندہ (ف) بھگویا ہوا ۔ دوا ۔ جو کچھ عرصہ پانی میں بھگو کر اور نتھار کر پی جاتی ہے ۔ اسی کو اگر آگ پر جوش دیا جائے تو جوشاندہ کہلاتا ہے ۔
خَسانیدن (ف) داڑھی کو دانتوں میں دبانا (۲) دانتوں سے کاٹنا (۳) دانتوں سے زخم کرنا ۔
خَسائس (ع) برائیاں (۲) نالائقیاں (۳) کمینے پن (۴) حقیر چیزیں ۔
خس بدنداں گرفتن } (ف) نہایت عاجزی ظاہر کرنا ۔ پناہ مانگنا ۔ امان چاہنا ۔
خس بدہن گرفتن }
خُسپی (ف) مشتری ستارہ ۔
خس پرور (ف) کمینہ پرور ۔
خس پوش (ف) بے ہودہ آدمی ۔
خس پوشی کردن (ف) ناشائستہ کام کرنا ۔
خُسپیدن (ف) سونا ۔ سو جانا ۔
خَست (ف) اس نے زخمی کیا ۔
خِسّت (ع) بخیلی ۔ کمینہ پن ۔
خَستر (ف) حشرات الارض ۔
خَستگی (ف) ماندگی ۔ تھکاوٹ (۲) رنج ۔ دلگیری ۔
خستگی درکردن (ف) ستانا ۔ ذرا تکان دُور کرنے کے لیے بیٹھ جانا ۔
خستگی کشیدن (ف) بہت محنت مشقت کرنا ۔
خستگی گرفتن (ف) تازہ دم ہونا ۔ ستانا ۔
خستگی ناپذیر (ف) اَن تھک ۔
خَستن (ف) زخمی ہونا ۔ زخمی کرنا ۔
خَستو (ف) پھل کا دانہ (۲) آڑو اور چھوہارہ وغیرہ کی گٹھلی ۔
خُستوان (ف) اقرار کرنے والے ۔
خَستوانہ } (ف) فقیروں کا خرقہ ۔ گدڑی جو رنگ رنگ کے ٹکڑوں سے بنی ہوتی ہے ۔
خَستونہ }
خَستہ (ف) زخمی ۔ مجروح ۔ گھائل (۲) مفلس (۳) خراب (۴) عاشق (۵) بیمار (۶) آڑو یا چھوہارے وغیرہ کی گٹھلی (۷) بھُربھرا ۔
خستہ بند (ف) زخم کی پٹی (۲) لکڑی جو زخم پر باندھی جاتی ہے (۳) مرہم کا پھایا (۴) جرّاح ۔
خستہ جگر }
خستہ حال }
خستہ خاطر } (ف) پریشان ۔ ناخوش ۔ شکستہ دل ۔ آزردہ ۔ دُکھیا ۔ غمگین ۔
خستہ دل }
خستہ رَوان }
خستہ خانہ (ف) جہاں محتاج لوگوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے ۔ محتاج خانہ ۔
خسخانہ (ف) خس کی ٹٹی ۔
خُسر (ف) سُسر ۔ سُسرا ۔
خُسر (ع) گھاٹا ۔ نقصان ۔ زیان ۔ ٹوٹا ۔
خُسر پورہ (ف) سالا ۔ جورو کا بھائی ۔
خُسر خواجہ (ف) سسر ۔
خُسرُو (ف) سسر ۔
خُسرو (ف) خوبصورت (۲) مجازاً بڑی شان و شوکت والا بادشاہ ۔ کسریٰ اسی کا معرب ہے ۔ خواجہ ابوالحسن امیر خسرو ملقب بہ طوطیٔ ہند دہلوی کا تخلص جو ریختہ کے موجد اور فارسی میں با کمال اُستاد ہوئے ہیں ۔ خالق باری آپ ہی کی مشہور تصنیف ہے ۔ آپ درویش صفت امراء سے تھے اور خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی کے خاص الخاص مقرب تھے ۔
خُسرو (ف) سیاوش بن کیکاؤس کے بیٹے کا نام جو بڑا صاحب اقبال اور شان و شوکت والا بادشاہ گزرا ہے ۔ اسی لیے ہر بڑے بادشاہ کو خسرو کہتے ہیں ۔ پرویز کا نام دیکھو خسرو پرویز ۔
خسرو اختران (ف) خورشید ۔ سُورج ۔
خسرو اقلیم چہارم (ف) سُورج ۔

Marfat.com

خسرو انجم (ف)، سورج۔
خسروان عجم (ف)، ضحاک۔ فریدوں اور جمشید وغیرہ سے مراد۔
خسروانہ (ف)، شاہانہ۔ بادشاہانہ (۲)، بہت نفیس۔ نہایت اعلیٰ۔
خسرو پرست (ف)، بادشاہ کی پرستش کرنے والا (۲)، نوکر۔ خدمتگار۔
خسرو پرویز (ف)، ہرمز بن نوشیروان کے بیٹے کا نام جو شاہانِ ایران میں بڑے جاہ و جلال کا بادشاہ ہوا ہے۔ فرہاد کی معشوقہ شیریں اسی کی ملکہ تھی۔ یہ بادشاہ چھٹی صدی عیسوی میں ہوا ہے۔

خسرو چہارم سریر
خسرو خاور
خسرو زریں عطا
خسرو سیارگان
} (ف)، سُورج۔

خسرو خاور (ف)، سُورج
خسرو مشتم بہشت (ف)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
خسروی (ف)، منسوب بہ خسرو یعنی شاہانہ شاہی (۲) ایک قسم کی شراب کا نام۔
خس شیشہ۔ سٹھی بھر گھاس جو شیشوں کی ٹوکری میں رکھ دیتے ہیں تاکہ آپس میں ٹکرا کر ٹوٹ نہ جائیں۔
خسف (ف)، اخروٹ۔
خسک (ف)، گھاس۔ تنکے (۲) گوکھرو (۴) لوہے کے گوکھرو جو دشمن کی فوج کی راہ میں بکھیرے جاتے ہیں۔
خسک (ف)، گل معصفر۔ کسم کا پھول۔
خسک آوردن (ف)، خاموش رہنا۔
خسک دانہ (ف)، کرر۔ کسم کے بیج۔
خسک در راہ مشتاقاں حریر و پرنیاں باشد (ف) عشاق کیلئے کوئی مصیبت یا مشکل کٹھن نہیں ہوتی۔ وہ ہر بلا کو بخوشی قبول کرتے ہیں۔
خس کم جہاں پاک (ف)، بیکار۔ نالائق یا بُرے آدمی کے مرجانے یا مرنے پر کہتے ہیں۔
خسودن (ف)، گھاس اور غلے کا کاٹنا۔
خسور (ع)، گھاٹا کھانے والا۔ ٹوٹا پانے والا۔ نقصان اُٹھانے والا۔
خسور (ف)، خسر (۲)، گھاس یا غلہ کاٹنا۔
خسوف (ع)، زمین میں دھس جانا (۲)، چاند کو گہن لگنا۔ چاند گہن۔
خسی (ف)، کمینہ پن۔
خسیدن (ف)، چبانا۔ دانتوں سے چبا کر نرم کرنا۔
خسیس (ع)، کنجوس۔ بخیل (۲)، نالائق۔ زبون۔
خسیسہ (ع)، خسیس کی مؤنث۔
خسیف (ع)، سخت زمین میں پانی سے بھرپور کنواں۔

# خ - ش

خش (ف)، بغل۔ تیز دوڑنا۔
خش (ف)، کسی سے پوشیدہ ملامت (۲)، دشمن بنانا۔
خش (ع)، ریت کا ٹیلہ۔
خشاب (ع)، لکڑیاں بیچنے والا۔
خشاۃ (ع)، ڈرنا۔ خوف کھانا۔
خشار (ع)، کمینہ آدمی (۲)، ناکارہ اور ردی شے۔
خشارم (ف)، درشت آوازیں۔

خشار
خشارۃ
} (ع)، سجائی ہوئی۔ آراستہ کی ہوئی (۲) باغ وغیرہ کو خودرَو گھاس سے صاف کرنا۔ (۳) صاف کی ہوئی زمین وغیرہ۔

خشارہ (ع)، پس خوردہ۔ دسترخوان پر جھوٹا بچا ہوا کھانا۔ جو کسی کام نہ آئے (۲)، کھیت اور باغ میں نلائی کرنا۔ یعنی خودرو گھاس صاف کرنا۔

خشاش
خشاش
} (ع)، حشرات الارض (۲)، چڑیاں وغیرہ پرند۔

خشاش
خشاش
} (ع)، بیکار اور ردی شے۔

خشاش (ع)، اونٹ کی ناک میں ڈالنے کی لکڑی جس سے مہار کی رسی باندھی جاتی ہے۔ نکیل۔

خشامن
خشامن
} (ف)، خوشدامن۔ ساس۔

خشان (ع)، خش کی جمع۔ درشت۔
خشانیدن (ف)، دانتوں کا کسی چیز کو کاٹنا۔
خشائے (ف)، پسندیدہ اور خوش کرنے والی چیز۔
خشب (ع)، ایک چیز کو دوسری میں ملانا (۲)، جلا دینا۔
خشب (ع)، ایندھن۔ لکڑی (۲) لاٹھی۔
خشب (ع)، خشب کی جمع۔ لکڑیاں۔
خشت (ف)، اینٹ۔
خشت (ف)، ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔ جسے سانگ کہتے ہیں اور جس کے بیچ میں ریشم یا سوت کا حلقہ بندھا ہوتا ہے اور اسی حلقہ کو پکڑ کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔
خشت از جای رفتن (ف)، اصلاح احوال کی کوئی سبیل یا صورت نظر نہ آنا۔
خشت اوّل چوں نہد معمار کج (ف)، جب بنیاد خراب ہو تو کما جاتا ہے۔

خشامن
خشامن
} (ف)، خوشدامن۔ ساس۔

Marfat.com

خشت باد (ف) چھت وغیرہ میں لٹکانے کا پنکھا۔
خشت بخیر گزاشتن (ف) مسجد، پل، کنواں، سرائے، حوض وغیرہ بنانا۔ جس سے لوگ آرام اور فائدہ پاتے ہوں۔ مراداً نیک کام۔
خشت بر آب زدن (ف) بے ہودہ اور فضول کام کرنا۔
خشت پختہ (ف) پکی اینٹ۔
خشت پز (ف) اینٹیں پکانے والا۔
خشت پہلو (ف) بخیل اور کنجوس آدمی جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے۔
خشتچہ (ف) چوکونہ کپڑا جو کُرتے کی اور پاجامہ کی میانی میں لگایا جاتا ہے۔ بغلی رومال۔ خشتک
خشت خام در آب افگندن (ف) بے فائدہ کوشش کرنا۔ لغو کام کرنا (۲) لڑائی جھگڑا اور فتنہ و فساد کا خواہاں ہونا۔
خشت زر }
خشت زریں } (ف) سُورج۔
خشت زن (ف) اینٹیں بنانے والا۔
خشت ساختن (ف) اینٹیں بنانا۔
خشت قمار (ف) وہ اینٹ جس پر قمار باز کوڑیاں پھینکتے ہیں (۲) بُت۔
خشتک (ف) دیکھو خشتچہ۔
خشتک دریدن (ف) کسی کو ذلیل و خوار کرنا۔
خشت گر }
خشت مال } (ف) اینٹیں بنانے والا۔
خشتوک (ف) مکّار۔ حرامزادہ۔
خشتی (ف) مٹی کا بنایا ہوا۔
خشتیان (ف) عناصر اربعہ۔
خشخاش (ف) پوست کا درخت اور مجازاً (۲) پوست کا بیج۔
خشخاش کردن (ف) ریزہ ریزہ کرنا۔ باریک کرنا۔
خشدامن }
خُشدامن } (ف) خوشدامن۔ ساس۔
خشف (ع) لیٹنا۔ چمٹنا (۲) پالینا (۳) پتھر پر سر مارنا (۴) پتھر سے سر کچلنا (۵) برف پر چلنے کی آواز۔
خشف }
خِشف }
خُشف } (ع) ہرن کا بچّہ۔
خشک (ف) سوکھا ہوا (۲) خالی (۳) خالص (۴) بخیل (۵) بے فائدہ۔ دلچسپی سے خالی۔
خشکاب (ف) روکنے والا۔ مانع۔
خشک آخور (ف) قحط کا سال (۲) عیش کی تنگی (۳) بخیل۔
خشکار (ف) بغیر چھنا ہوا آٹا (۲) خاکینہ۔

خشکاندن (ف) سکھانا۔ خشک کرنا۔
خُشک آوردن (ف) غرور کی وجہ سے چُپ رہنا۔
خُشک باختن (ف) بغیر شرط کے جُوا کھیلنا۔ جس میں کچھ لینا دینا نہ ہو۔ سب کچھ ہار جانا۔
خُشک با خشک نگیرد (ف) سُوکھی چیز سُوکھی چیز سے نہیں جُڑ سکتی۔
خُشک پہلو (ف) بخیل۔ بے فیض۔
خُشک پے (ف) نامبارک قدم۔ شوم قدم (۲) نامبارک حیوان۔
خُشک دامن (ف) پاک دامنی۔ پارسا۔ جس کا دامن گناہ میں تر نہ ہو۔
خُشک دست (ف) کنجوس۔ بخیل۔
خُشک دماغ (ف) تُند خُو۔ دیوانوں کی سی طبیعت والا (۲) سودائی (۳) بے ہودہ گو (۴) غمگین۔
خُشک دماغی (ف) دیوانگی۔ جنون (۲) تُند خوئی (۳) بے ہودہ گوئی۔
خُشک دہان (ف) صائم۔ روزہ دار۔
خُشک ریش }
خُشک ریشہ } (ف) زخم جو باہر سے اچھا ہو گیا ہو (۲) کھرنڈ (۳) بہانہ۔
خشک زار (ف) بے آب زمین۔ جس میں گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو (۲) صحرا۔
خُشک زدن (ف) ششدر رہ جانا۔
خُشک زر (ف) خالص سونا (۲) سُورج۔
خُشک سال (ف) قحط کا برس۔ کال کا سال۔
خُشک سالی (ف) کال۔ قحط۔
خُشک شانہ (ف) تکبّر۔ غرور (۲) مغرور آدمی۔
خُشک شدن (ف) سردی کے مارے ٹھٹھر جانا۔
خُشک طینت (ف) بے فیض آدمی (۲) خشک مزاج۔
خُشک عبارت (ف) وہ شخص جس کے کلام سے فائدہ نہ حاصل ہو (۲) ایسی عبارت جس میں رنگینی نہ ہو۔
خُشک عناں (ف) سرکش گھوڑا۔
خُشکفا (ف) فطیری روٹی۔
خُشک مغز (ف) دیکھو خشک دماغ (۲) مجازاً بدمزاج۔
خُشک مغزی (ف) دیکھو خشک دماغی۔
خُشک مقدس (ف) بظاہر مقدس مگر باطن میں کچھ اور۔
خُشک نانہ (ف) خشک روٹی۔ بغیر سالن کے۔
خُشک نہاد (ف) بے فیض آدمی۔
خُشکوا (ف) فطیری روٹی۔
خُشک و تر (ف) ادنیٰ و اعلیٰ۔ سب لوگ۔ ہر کوئی۔
خُشک و تر سوختن (ف) سب کچھ جلا کر راکھ کر دینا۔ تباہ کرتے وقت اچھے اور بُرے کی تمیز اور تخصیص نہ کرنا۔
خُشکہ (ف) اُبالے ہوئے چاول۔

Marfat.com

خشکبار (ف)، خشک فروٹ ـ اخروٹ ـ کشمش ـ چلغوزے وغیرہ

خشکی (ف)، سوکھاپن ـ تری کا نہ ہونا ـ روکھاپن ـ سکھاوٹ ـ

خشکیدن (ف)، خشک ہونا ـ سوکھنا ـ

خَشم } (ف)، خفگی ـ غُصّہ ـ غضب ـ
خِشم }
خُشم }

خَشَم (ع)، ناک سے بُو آنے کا مرض ـ

خشم آلود کردن (ف)، غصّے کو بھڑکانا ـ کسی کو غُصّہ دلانا ـ

خشمگین }
خشمگین } (ف)، غضب ناک ـ غُصّہ ور (۲) خفا ـ
خشمن }

خشمناک } (ف)، غُصّہ میں بھرا ہوا ـ غضب ناک ـ
خشمناک }

خُشن (ف)، ٹاٹ (۲) کھُردرا ـ

خَشِن (ف)، نہایت کھُردرا (۲) وہ بیماری جس سے عضو کا چمڑا سخت ہوجاتا ہے ـ

خشن پوشیدن (ف)، دورخہ اور منافق ہونا ـ

خشند (ف)، خوشنود کا مخفف ـ

خشنک (ف)، جس کے سر کے بال نہ ہوں ـ گنجہ (۲) سر کے داغ گنج ـ

خشنو } (ف)، خوش ـ راضی ـ مسرور ـ
خشنود }

خشنودی (ف)، خوشی ـ مسرّت ـ رضا ـ

خشنی (ف)، حرام کار عورت ـ فاحشہ عورت ـ

خشو (ف)، خوشدامن ـ ساس ـ

خشودن (ف)، درخت کی زائد ٹہنیوں کو کاٹنا (۲) آراستہ کرنا ـ

خُشُوع (ع)، فروتنی ـ انکسار ـ عاجزی ـ گڑگڑانا (۲) ڈر ـ

خشونت (ع)، سختی ـ درشتی ـ کھُردراپن ـ

خشونت کردن (ف)، سختی کرنا ـ

خشی }
خشیت } (ع)، ڈرنا ـ خوف کھانا ـ

خشیش (ف)، زیادتی ـ غلبہ ـ

خشین (ف)، سیاہ رنگ کی چیز جس میں سفیدی ہو ـ مثلاً برف دار پہاڑ ـ کالے رنگ کا پہاڑ جس کی چوٹی پر برف پڑی ہوئی ہے ـ

خشین (ع)، سخت طبیعت والا ـ

خشیہ (ع)، ڈر ـ دہشت ـ

## خ ـ ص

خص (ع)، ٹٹی ـ چھپر ـ گھاس پھوس کی جھونپڑی ـ

خَصّ (ع)، خاص کرنا ـ خصوصیت ـ

خِصاء (ع)، خصی کرنا ـ

خصّاف (ع)، جوتی سینے والا ـ موچی ـ چمار (۲) کم رتبہ آدمی ـ

خِصال (ع)، خصلت کی جمع ـ عادتیں ـ

خِصام (ع)، لڑنا ـ جنگ کرنا ـ جھگڑنا ـ

خصام (ع)، خصیم کی جمع ـ لڑنے والے ـ

خِصان (ع)، بزرگان قوم ـ

خصائص (ع)، خصیصہ کی جمع ـ عادتیں ـ خاصیتیں ـ

خصائل (ع)، خصلت کی جمع عادتیں ـ

خِصب (ع)، آسودگی ـ عیش کی فراخی (۲) ارزانی ـ (۳) گھاس کی کثرت ـ

خَصر (ع)، انسان کی کمر ـ پاؤں کے تلوے کا وہ حصّہ جو زمین پر نہیں لگتا ـ

خَصَر (ع)، جاڑا (۲) دن کا سرد ہونا (۳) سردی لگنا ـ سرما ـ

خَصَر (ع)، سردی ـ ٹھنڈک ـ

خَصف (ع)، جُوتا گانٹھنا ـ جُوتا سینا (۲) جوڑنا (۳) پیوند لگانا (۴) ایک چیز کو دُوسری کے ساتھ گانٹھنا ـ

خَصل (ع)، وہ نقدی جو قماربازی میں داؤں پر لگائی جائے ـ جوئے کی شرط ـ

خَصلت (ع)، عادت ـ سبھاؤ ـ

خَصم (ع)، جھگڑا کرنے والا ـ دشمنی کرنے والا ـ دشمن (۲) مالک صاحب ـ

خصم افگن (ف)، دشمن کو گرا دینے والا ـ

خُصمان (ف)، خصیم کی جمع ـ جھگڑنے والے ایک دُوسرے کے مخالف دشمن ـ

خصمانہ (ف)، تربیت ـ غور و پرداخت ـ

خُصمانہ (ف)، دشمن کی مانند ـ حریف ـ

خَصم خانہ (ف)، صاحب خانہ ـ گھر کا مالک ـ

خصم را حقیر نباید شمر (ف)، دشمن کو خواہ کتنا ہی معمولی کیوں نہ ہو حقیر نہیں سمجھنا چاہیے ـ

خصم ضعیف را حقیر نباید دانست (ف)، کمزور دشمن کو بھی حقیر نہ سمجھو ـ

خَصمی (ع)، مالکیت (۲) دشمنی ـ

خَصم یک چشم (ف)، دجال (۲) شیطان (۳) دل (۴) آسمان ـ

خُصُوص (ع)، خصوصیت ـ خاص کرنا ـ

خُصُوصاً (ع)، خاص کر ـ

خصوصی (ف)، خاص ـ سپیشل ـ

خصوصیات (ع)، خصوصیت کی جمع ـ

خُصُوصیت }
خُصُوصیّت } (ع)، خاص کرنا (۲) خاص ہونا ـ (۳) خاص بات ـ

خصوصیت داشتن (ف)، کسی سے بہت دوستی اور آشنائی کرنا ـ

خُصُوم (ع)، خصم کی جمع ـ جھگڑا ـ دشمن ـ

خُصُوم (ع)، جھگڑنا (۲) دشمنی کرنا ـ

Marfat.com

**خصومات** (ع) خصومت کی جمع - جھگڑے (۲) دشمنیاں - کینے -
**خصومت** (ع) کینہ - دشمنی (۲) جھگڑا -
**خصی** (ع) آختہ - وہ جانور جس کے خصیئے نکال دیے گئے ہوں۔ (۲) نامرد نخوذ - خواجہ سرا -
**خصیتان** (ع) دونوں خصیئے - دونوں بیضے -
**خصیصت** (ع) خصلت - سبھاؤ - خاصیت -
**خصیم** (ع) جھگڑا کرنے والا (۲) دشمن -
**خصین** (ع) کلہاڑی - کلہاڑا -
**خصیہ** (ع) خایہ - بیضہ - انڈا - فوطہ -

## خ - ض

**خضاب** (ع) ہر رنگ عموماً اور وسمہ مہندی خصوصاً (۲) رنگین (۳) گلگونہ -
**خضار** (ع) بہت سے پانی میں ملا ہوا دودھ (۲) تازہ بتازہ ساگ -
**خضب** (ع) رنگ کرنا - رنگنا -
**خضب** (ع) وہ شے جس سے بالوں کو رنگین کریں -
**خضر** (ع) ہری ٹہنی - شاخ سبز -
**خضر / خضر** (ع) ایک مشہور پیغمبر یا ولی کا نام جن کی نسبت مشہور ہے کہ گمراہوں کو رستہ بتاتے ہیں -
**خضرا** (ع) سبزہ - ہری گھاس (۲) ہر سبز شے (۳) قوم کا سردار (۴) آسمان (۵) ہمدان میں ایک عمارت کا نام -
**خضراء الدمن** (ع) وہ سبزی جو کھاد اور کوڑا کرکٹ میں اُگتی ہے (۲) ہر وہ شے جو ظاہر میں اچھی اور باطن میں بُری ہو (۳) وہ حسین عورت جو بدخصلت ہو -
**خضر اخرام** (ف) ہمیشہ سبزہ زار میں چلنے والا شخص (۲) وہ شخص جس کے قدم میں برکت ہو اور جہاں جائے زمین سبز ہو جائے (۳) تیز رو -
**خضرائے دمن** - دیکھو خضراء الدمن -
**خضر بہار ور قدم وارد** (ف) وہ مبارک قدم ہیں جہاں جائیں بہار ہی بہار ہوتی ہے -
**خضرت** (ع) سبزی - نباتات کی ہریالی (۲) انسان میں گندم گونی -
**خضر خضر اخرام** (ف) حضرت خضر علیہ السلام -
**خضر راہ** (ف) راہبر - راہنما صحیح راہ دکھانے والا -
**خضر مقدم** (ف) مبارک قدم -
**خضریات** (ع) خضرت کی جمع - سبزیاں - ترکاریاں -
**خضور** (ع) سبزہ (۲) سبز ہونے والا
**خضور** (ع) سبزیاں - ترکاریاں -

**خضوع** (ع) عاجزی کرنا - گڑگڑانا -
**خضوع و خشوع کردن** (ف) نہایت عاجزی اور انکساری کرنا - گڑگڑانا -
**خضوف** (ف) بہت پادنے والا - بہت گوز مارنے والا -
**خضیب** (ع) رنگا ہوا - رنگین -
**خضیب** (ع) ایک حبشی غلام کا نام جسے ہارون الرشید نے مصر کی حکومت دی تھی -

## خ - ط

**خط** (ع) وہ لکیر جس میں صرف طول ہو اور عرض و عمق نہ ہو (۲) ہر لکھی ہوئی چیز عموماً اور نامۂ مکتوب خصوصاً (۳) نیا سبزہ جو لبوں سے شروع ہو کر رخساروں کے گرد ظاہر ہوتا ہے - (۴) حجیت (۵) محضر (۶) روگردانی - اعراض (۷) ایک قصبہ کا نام -
**خط** (ع) وہ زمین جس پر مینہ نہ برسا ہو -
**خط** (ع) فراخ راستہ - چوڑا راستہ -
**خطا** (ع) بھول چوک - غلطی گناہ - قصور -
**خطا** (ع) ہمیشہ قصور کرنے والا -
**خطا** (ف) ایک علاقہ کا نام جو چین اور ترکستان کے درمیان ہے -
**خطا آمرزگار** (ف) گناہ بخشنے والا - خدا تعالٰے -
**خط آب** (ف) نقش آب - ناپائدار - بے ثبات -
**خطاب** (ع) وصفی لقب جو بادشاہوں یا حاکموں کی طرف سے ملے (۲) غیبت کی ضد - رُوبرو بات کہنا (۳) حضور (۴) عتاب اور خفگی -
**خطاب کردن** (ف) تقریر کرنا - لیکچر دینا - رُوبرو بات چیت کرنا -
**خطا بخش** (ف) گناہ معاف کرنے والا -
**خطا بر بزرگاں گرفتن خطا است** (ف) بڑوں کے عیب نکالنا سخت غلطی ہے
**خطابہ** (ع) خطبہ خوانی - خطبہ پڑھنا -
**خط ازرق** (ف) جام جمشید کے سات خطوں میں سے اوپر کا جو تھا خط - جسے خط سیاہ بھی کہتے ہیں -
**خط اجرا** (ف) پنشن یا وظیفہ کے کاغذات -
**خط آزادی** (ف) آزادی کا پروانہ -
**خط استوا** (ع) اس فرضی دائرہ عظیمہ کا نام جو زمین کے بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھنچا ہوا مانا گیا ہے - اسے خط استوا اس لیے کہتے ہیں کہ جو مقامات اس پر واقع ہیں وہاں دن اور رات تقریب قریب برابر ہوتے ہیں - آفتاب اس خط پر سے سال میں دوبار گزرتا ہے - اول ۲۱ مارچ کو اس روز دن رات برابر

Marfat.com

ہوتے ہیں۔ اسے اعتدال لیل ونہار موسم بہار کہتے ہیں۔ دوم ۲۲ ستمبر کو۔ اس تاریخ کو بھی دن رات برابر ہوتے ہیں اور اسے اعتدالِ لیل ونہار موسم خزاں کہتے ہیں۔

خطِ اشک (ف) جام جمشید کے سات خطوں میں سے پانچویں خط کا نام۔

خَطّاط (ع) بہت لکھنے والا (۲) خوشنویس۔

خُطّاف (ع) ابابیل۔

خطِ اُفقی (ف) دائیں سے بائیں کو کھینچا ہوا خط۔

خطِ الحاق (ع) وہ لکیر جو چھوٹی ہوئی عبارت کے لکھنے کی جگہ کھینچی جاتی ہے۔

خِطام (ع) اُونٹ کی نکیل۔

خطِ امان (ف) امن کا پروانہ۔

خُطّامہ (ع) بدکار اور بدنام عورت۔ صحیح قطامہ ہے۔ یہ لفظ غلط العوام ہے۔

خطِ اوّل (ع) الف جو حروف تہجی کا پہلا حرف ہے (۲) عرش اعظم (۳) مکہ معظمہ۔

خَطب (ع) حال۔ شان (۲) دشوار کام (۳) حادثہ۔

خُطب (ع) خطبہ کی جمع۔ خطبے (۲) کتابوں کے دیباچے۔

خُطبا (ع) خطیب کی جمع۔ خطبہ پڑھنے والے لکچرار۔ تقریر کرنے والے۔

خطِ باراں۔ خط یعنی لمبی سی لکیر جو بارش کے قطروں سے ہوا میں نظر آتی ہے۔

خطِ باطل کشیدن (ف) منسوخ کر دینا۔

خط بجہاں کشیدن (ف) دُنیا ترک کر دینا۔

خط بخوں دادن (ف) اپنے قتل پر راضی ہونا۔ اپنا قتل منظور کر لینا۔

خط بر آب کشیدن (ف) لغو حرکت کرنا (۲) عجیب اور دشوار کام کرنا۔

خط بر جہاں کشیدن (ف) دُنیا ترک کرنا۔ دنیا سے قطع تعلق کرنا۔ دنیا کو چھوڑنا۔

خط بر خاک کشیدن (ف) نادم ہونا (۲) عجز و انکسار کرنا۔

خط بر دیوار کشیدن (ف) گنتی یاد رکھنے کے لیے دیوار پر لکیریں کھینچنا۔

خط بر زمین کشیدن (ف) عاجزی اور شرمندگی ظاہر کرنا۔

خط بر عالم کشیدن (ف) دنیا کو ترک کرنا۔ دُنیا سے قطع تعلق کرنا۔ دنیا کو چھوڑ دینا۔

خطِ بریدہ (ف) قینچی سے حروف کاٹ کر کسی دُوسرے کاغذ پر یا کپڑے پر لگانا۔

خط بستن (ف) داڑھی مونچھ کا اُگ آنا۔

خطِ بسر خود دادن (ف) مچلکا لکھ دینا۔

خط بسر خویش دادن (ف) اپنے قتل پر راضی ہونا (۲) اپنے قتل کا باعث ہونا (۳) حجت بہم پہنچانا۔

خطِ بُطلان (ف) خطِ تنسیخ۔

خطِ بغداد (ف) جام جمشید کے سات خطوں میں سے دُوسرا خط۔

خطِ بندگی (ف) غلامی کی سند۔

خُطبَہ (ع) کتاب کا دیباچہ (۲) وہ کلام جس میں حمد و نعت اور لوگوں کے لیے وعظ و نصائح ہوں یہ خطبہ امام جمعہ کی نماز سے پہلے منبر پر کھڑے ہو کر پڑھتا ہے اور نماز عیدین میں نماز کے بعد بغیر منبر کے پڑھتا ہے (۳) کتب فقہ۔

خِطبَہ (ع) پیغام نکاح (۲) منگنی کرنا (۳) کسی عورت سے نکاح کی خواہش کرنا۔

خطِ بیضوی (ف) رسم الخط کی ایک قسم جس میں حروف کی شکل گول ہوتی ہے۔

خطِ باکی (ف) حساب سے فارغ ہونے کے بعد جو خط ملے۔

خطِ پرکار (ف) وہ خط جو پرکار سے کھینچا جائے۔ دائرہ (۲) دائرہ کا محیط۔

خطِ پُشت لب (ف) مونچھیں۔

خطِ تواماں (ف) خط کی وہ قسم جس میں دو ورقوں کے ایک صفحہ پر سیاہی سے مختلف نقوش کھینچے جاتے ہیں۔ اور ان دونوں ورقوں کو آپس میں ملا دینے سے موٹے موٹے سفید حروف نمایاں ہوتے ہیں۔

خطِ جدی (ع) کرۂ ارض کا وہ خط جو خطِ استوا سے جنوب کی طرف ۲۳½ درجے پر واقع ہے۔ جب آفتاب اس خط پر پہنچتا ہے تو نصف کرہ جنوبی میں دن بڑا اور رات چھوٹی ہو کر گرمی پڑنے لگتی ہے اور خطِ سرطان کی طرف نصف کرہ شمالی میں سردی ہو جاتی ہے۔ آفتاب اس خط پر ہر سال ۲۳ دسمبر کو ہوتا ہے۔

خطِ جواز (ع) پروانہ راہداری۔

خطِ جور (ف) جام جمشید کے سات خطوں میں سے پہلا خط۔

خطِ جوہری (ع) حکماء کی اصطلاح میں وہ خط ہے جو صرف ایک طرف میں قسمت کو قبول کرے (۲) معشوق کا منہ (۳) معشوق کی کمر۔

خطِ خطر (ف) دیکھو خطِ اشک۔

خطِ خوانا (ف) وہ خط جو بآسانی پڑھا جا سکے۔

خطِ خون (ف) موت کا وارنٹ۔

خط دادن (ف) مقرر کرنا۔ کسی کو کسی جگہ پر لگانے کا پروانہ دینا۔

خط دمیدن (ف) رخساروں کے گرد سبزہ نکلنا۔

خطِ دیوانی (ف) دفتر والوں کا شکستہ خط۔

Marfat.com

خَطَر (ع) عظمت و بزرگی - جاہ و عزّت (۲) ہلاکت کے قریب پہنچنا۔ (۳) اندیشہ، ضرر (۴) آفت و دشواری۔

خِطر (ع) وسمہ جس سے خضاب کیا جاتا ہے (۲) وہ دُودھ جس میں پانی زیادہ ملا ہوا ہو۔

خطِ راہ (ف) پروانہ راہداری (۲) وہ مال جسے درمیان میں رکھ کر اس پر شرط باندھیں۔

خطِ رمز (ف) مختصر نویسی - شارٹ ہینڈ۔

خطِ رُواں (ف) وہ خط جو صاف ہو اور بے تامل پڑھا جائے۔


خطرہ (ع) دفعہ - مرتبہ - اندیشہ - صوفیوں کی اصطلاح میں وہ اندیشہ مراد ہے جو احکام طریقت سے ان کے دل پر گزرتا ہے۔

خطِ ریحان (ف) ابن مقلہ نے جو چھ خط ایجاد کیے تھے - ان میں سے ایک خط کا نام ہے - جسے خطِ گلزار بھی کہتے ہیں۔

خطِ زیر نگیں (ف) خوب نمایاں اور واضح روشن خط۔

خطِ سبز (ف) امرد لڑکے کے چہرہ کا نیا سبزہ وہ سبزہ جو عنفوان شباب میں چہرہ پر نمودار ہوتا ہے۔

خطِ سَرو (ف) خوشنویسوں کی اصطلاح میں خط کی ایک قسم ہے اس خط میں حروف یا الفاظ کی شکل درخت سرو جیسی ہوتی ہے - اس لیے اسے خطِ سرو کہتے ہیں - مثلاً فیروز کو یوں لکھیں گے۔



ف ی ر و ز

خطِ سرطان (ع) کرہ ارض کا وہ خط جو خط استوا سے ½ ۲۳ درجے شمال کی طرف واقع ہے - آفتاب اس خط پر ہر سال ۲۱ جون کو ہوتا ہے - اس وقت نصف کرہ شمالی میں دن بڑے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں اور موسم گرمی کا ہوتا ہے - اور اس کے برعکس نصف کرہ جنوبی میں دن چھوٹے اور راتیں بڑی اور موسم سردی کا ہوتا ہے۔

خطِ سیاہ (ف) دیکھو خطِ ازرق۔

خطِ شعاع (ع) سورج کی کرنیں - وہ خط جو سورج کی کرنوں سے پیدا ہوتا ہے۔

خطِ شکستہ (ع) خوشنویسوں کی اصطلاح میں خط کی ایک قسم ہے وہ خط جسے عرفِ عام میں منشیانہ کہا جاتا ہے لیکن وہ عام طور پر پڑھا نہیں جاتا۔

خط خط - دھاری دار - جس پر سیدھی لکیریں بنی ہوئی ہوں - مخطط۔

خطِ طغریٰ (ف) شاہی دستخطوں کے لیے فرمان۔

خطِ عَمُود (ع) سیدھا خط - وہ کھڑی لکیر جو برابر کے دو زاویے پیدا کرے۔

خطِ عمودی (ف) سیدھا ۹۰° درجے کا خط جو اُوپر سے نیچے کو آتا ہے۔

خَطف (ف) بجلی کی چمک اور روشنی کا آنکھوں کو خیرہ کرنا (۲) اُچک کر لے جانا۔

خطِ فاصل (ف) حدبندی کی لائن۔

خطِ فرمان (ف) شاہی فرمان نامہ۔

خطِ فرودینہ (ف) جام جمشید کا ساتواں خط - جام جمشید کا آخری خط۔

خطِ کاسہ گر (ف) جام جمشید کے سات خطوں میں سے چھٹا خط۔

خطِ کتابت (ع) مراسلت - چٹھی پتری۔

خطِ کردار (ف) نامۂ اعمال (۲) فرمانِ الٰہی۔

خطِ کش (ف) پیمانہ - مسطر - رولر۔

خطِ کشیدن (ف) مٹا دینا - محو کرنا (۲) ترک کرنا - متروک کرنا۔ (۳) برطرف کرنا (۴) چہرے کے بالوں یعنی داڑھی مونچھ وغیرہ کا نکلنا (۵) لکھنا۔

خطِ گلزار (ف) خوشنویسوں کی اصطلاح میں خط کی ایک قسم ہے خطِ ریحان بھی کہتے ہیں۔

خَطَل (ع) بے وقوفی - یاوہ گوئی۔

خطِ متوازی (ع) وہ دو خطوط جنہیں جہاں تک چاہیں کھینچتے جائیں وہ آپس میں نہ ملیں اور ان کا درمیانی فاصلہ ہر جگہ برابر رہے۔

خطِ کوفی (۱) قدیم عربی خط (۲) جلدی ہی زوال پذیر چیز۔

خطِ مستقیم (ع) ہموار اور سیدھا خط (۲) دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط۔

خطِ مُشکل (ع) وہ خط جو بمشکل پڑھا جائے۔

خطِ مشکیں (ف) خطِ سیاہ (۲) خطِ سبز۔

خطِ معّا (ف) وہ خط جو پڑھا نہ جا سکے۔

خطِ منحنی (ع) ٹیڑھا خط۔

خطِ مندل (ع) وہ دائرہ جو منتر پڑھنے والے آسیب وغیرہ سے بچنے کے لیے اپنے یا کسی دوسرے کے گرد کھینچتے ہیں۔

خطمی (ع) گل خیرو۔

خطِ نختیں (ف) نقطہ۔

خطِ نستعلیق (ع) وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور خطِ تعلیق سے نکالا گیا ہے۔

خطِ نسخ (ف) خوشنویسوں کی اصطلاح میں ایک خط کا نام۔ قرآن مجید اسی خط میں لکھا جاتا ہے - عربی خط۔

خطِ نسیاں کشیدن (ف) کسی چیز کو بھلا دینا - دل سے نکال دینا۔

خطِ نسیان کشیدن (ف) ڈرانا - دھمکانا - سختی کرنا۔

خطِ نصف النہار (ع) دیکھو دائرہ نصف النہار۔

خطِ نیل (ف) الف کی شکل کا ایک سیاہ خط جو چشم زخم یعنی

Marfat.com

نظر بد کے دفعیہ کے لیے بچوں کی پیشانی پر کھینچ دیتے ہیں۔
خَطْو (ع) قدم رکھنا۔
خُطوات (ع) خطوہ کی جمع قدم۔
خُطُوب (ع) خطب کی جمع - دشوار کام (۲) بڑے کام (۳) حادثات۔ (۴) کام (۵) حال۔
خُطُور (ع) خیال آنا - دل میں گزرنا - دل میں کوئی بات آنا (۲) قدر بلند ہونا (۳) کھٹکا - اندیشہ۔
خطور کردن (ف) سوجھنا - کسی بات کا دل سے گزرنا۔
خُطُوط (ع) خط کی جمع - لمبا خط خواہ کسی شے پہ ہو (۲) مکتوبات۔ (۳) نرم زمین میں خفیف سا راستہ۔
خُطُوطِ شعاعی / خُطُوطِ شعاعیہ } سورج کی کرنیں۔
خطوہ (ع) ڈگ - قدم
خِطّہ (ع) زمین کا گھرا ہوا قطعہ - محدود زمین (۲) بڑا شہر۔
خِطّۂ اوّل - خطۂ کل (ع) عرش مجید۔
خِطّی (ع) نہایت سپید ھا نیزہ۔
خَطّی (ع) منسوب بہ قصبہ خط - خط کا رہنے والا (۲) خط کا نیزہ جو بہت عمدہ ہوتا ہے۔
خطیب (ع) خطبہ پڑھنے والا - لوگوں کو مخاطب کر کے بولنے والا - لکچرار - سپیکر (۲) قابلیت والا۔
خطیب الٰہی (ع) ہاتف غیبی (۲) قرآن کا قاری۔
خطیب فلک (ف) مشتری ستارہ۔
خطیبی کردن (ف) تبلیغ کرنا۔
خطیر (ع) بڑا کلاں - بزرگ۔
خطیئہ (ع) خطا - جرم - قصور - گناہ (۲) قصداً گناہ کرنا۔
خطیئات (ع) خطیئہ کی جمع۔

# خ - ف

خَف (ع) ایک قسم کی گھاس جسے جلد آگ لگ جاتی ہے۔
خِف (ع) ہلکا - سُبک (۲) تھوڑا سا گروہ۔
خُف (ع) موزہ (۲) بوڑھا اونٹ (۳) صرف اونٹ یا شتر مرغ کا پاؤں - (۴) انسان کے پاؤں کا وہ حصّہ جو زمین پر لگے۔
خُفا (ع) پوشیدہ - پنہاں (۲) چھپا ہوا۔
خفاء (ع) پنہانی پوشیدگی (۲) پوشش جس سے کوئی شے چھپائی جائے۔
خَفا (ف) ناراض - غصّہ دلا۔
خُفا (ف) خبہ - گلا گھونٹنا۔
خَفاجہ (ع) عرب کے ایک راہزن اور چور گروہ کا نام۔
خفاش (ع) چمگادڑ۔
خَفّاف (ع) موزہ دوز (۲) موزہ فروش۔
خِفاف (ع) خف کی جمع - موزے۔
خَفاف (ع) ہلکا - سُبک۔
خِفاف (ع) خف کی جمع - ہلکے سُبک۔
خفافیش (ع) خفاش کی جمع - چمگادڑیں۔
خِفا کردن (ف) گلا گھونٹنا۔
خُفت (ف) سویا - ماضی مطلق کا صیغہ ہے۔
خِفّت (ع) ہلکاپن - سُبکی۔
خِفّت آمیز (ف) ذلت آمیز۔
خِفّت کشیدن (ف) ذلیل و خوار ہونا۔
خفتان (ف) جلتہ - ایک قسم کا کرتے کی مانند کپڑا - جو جنگ کے وقت پہنا جاتا ہے۔
خفانیدن (ف) سُلانا۔
خِفّت عقل (ف) کم عقلی - بے وقوفی۔
خُفتک (ف) بھیانک خواب۔
خُفتن (ف) سونا۔
خفت و خیز (ف) آہستگی (۲) اضطراب - بے قراری (۳) جماع۔
خفت و خیز کردن (ف) اعتراض کرنا۔
خُفتہ (ف) سویا ہوا۔
خُفتہ (ف) ٹیڑھا - خمیدہ (۲) گلی ڈنڈا سے کھیلنا۔
خفتہ ای برخیز (ف) مراد ہے کہ بالکل وقت ضائع کیے بغیر کام کرو۔
خفتہ را خفتہ کے کند بیدار (ف) جو آپ سویا ہوا ہو دوسرں کو کیسے جگائے۔
خفتی (ف) رات کا کھانا۔
خفتیدن (ف) سونا۔
خفج (ف) دیکھو خفتو۔
خفچاق (ت) ترکستان کی ایک صحرانشین قوم کا نام ہے - جس جنگل میں یہ قوم رہتی ہے اسے دشت قفچاق کہتے ہیں۔
خَفچہ - وہ چھوٹی لکڑی جس کے سر پر نکیلا اور تیز لوہا لگا ہوتا ہے۔
خَفدان (ف) دیکھو خسان۔
خَفَر (ع) شرم - حیا (۲) بڑا شرمالو۔
خَفر (ع) شرمگیں ہونا - عہد شکنی کرنا۔
خِفر (ع) نگہبان ہونا - حفاظت کرنا۔
خَفْ رگ (ف) خفتہ رگ کا مخفف - سست رگ (۲) بے حیا - بے عزت۔
خُفرہ (ع) عہد و پیمان (۲) پناہ۔
خفریق (ع) بد - زشت - برا - (۲) ندامت - شرم۔
خَفَقان (ع) دل دھڑکنا۔ / خفقان (ف) دل کا دھڑکنا۔

Marfat.com

خفقانی (ف) جسے اختلاج قلب کا مرض ہو۔
خفگی (ف) خفا ہونا ۔ ناراضگی ۔ دم گھٹنا ۔
خفہ (ف) گلا گھونٹنا (۲) گلو افشردہ۔
خفہ (ف) کھانسی ۔
خفہ شدن (ف) گلا گھونٹے جانا۔
خفہ شو (ف) چپ کر جا ۔ خاموش رہ ۔
خفہ کردن (ف) گلا گھونٹنا ۔
خفہ کن (ف) گلا دبانے والی چیز۔
خفہ گان (ف) کسی صدمہ یا مرض یا گلا گھونٹنے کے باعث خون کا اندر بند ہو جانا۔
خفی (ع) پوشیدہ کرنا (۲) بجلی کا کم چمکنا۔
خفی (ع) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔
خفیات (ع) خفیہ کی جمع ۔ پوشیدگیاں (۲) کنویں ۔
خفیدن (ف) گلا گھونٹا جانا (۲) چھینکنا ۔
خفیر (ع) نگہبان ۔ بدرقہ (۲) گارد کے سپاہی ۔
خفیف (ع) ہلکا ۔ سبک ۔
خفیفہ (ع) چھوٹی ۔ جیسے نجاست خفیفہ ۔ معمولی نجاست (۲) عدالت مطالبات خفیفہ یعنی چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کرنے والی عدالت ۔
خفیق (ع) وہ شخص جسے خفقان کا مرض ہو۔
خفیہ (ع) پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ پنہاں ۔

# خ ۔ ل

خل (ف) خلیدن مصدر سے امر کا صیغہ ۔ زخمی کر ۔ گھائل کر ۔ چبھ ۔
خل (ف) آنا (۲) آ ۔ آجا ۔
خل (ع) فقیر ہونا (۲) دبلا ہونا (۳) ریگستانی راستہ (۴) جامہ کہنہ ۔
خل (ع) دوست (۲) دوستی (۳) بھائی بننا ۔
خل (ف) رینٹھ ۔ ناک سے جو غلیظ مادہ نکلتا ہے ۔
خل (ف) خاکستر ۔ راکھ (۲) گندا ۔ خمیدہ (۳) رینٹھ یعنی ناک کا غلیظ مادہ
خلا (ع) سوا ۔ ماسوا ۔ حرف استثنا ہے ۔
خلا (ع) خالی ہونا ۔ تنہا ہونا (۲) طہارت خانہ ۔ جائے ضرور ۔ صحت خانہ ۔ ٹٹی ۔
خلاب (ع) مکار ۔ دھوکا دینے والا ۔ فریبی ۔
خلابہ / خلابت (ع) داؤ میں لانا ۔ کسی کو چکنی چپڑی باتیں کر کے پھسلا لینا ۔
خلاجا (ف) بیت الخلا ۔ پاخانہ (۲) تنہائی کی جگہ ۔
خلاش (ف) کوڑا کرکٹ (۲) شور و غل ۔
خلاش (ف) کیچڑ (۲) کیچڑ والی زمین (۳) شور و غل ۔
خلاشان (ف) حاسد لوگ ۔ دشمن لوگ (۲) مفسد لوگ ۔
خلاشمہ (ف) ناک اور حلق کے درمیان بدہضمی سے پیدا ہونے والی بیماری ۔
خلاشہ (ف) کوڑا کرکٹ ۔
خلاص (ع) مخلصی ۔ رہائی ۔ چھٹکارا (۲) رہائی پانا ۔
خلاص (ع) خالص (۲) برگزیدہ (۳) سچی محبت (۴) سناروں کی کٹھالی (۵) مسکہ ۔
خلاص خواستن (ف) نجات چاہنا ۔
خلاص دادن (ف) چھوڑ دینا ۔ رہا کر دینا ۔
خلاص شدن (ف) رہائی پانا ۔
خلاص (ع) گھر کا سوراخ ۔
خلاصہ (ع) صاف ۔ پاک (۲) انتخاب برگزیدہ ۔
خلاصہ نویس (ف) کسی چیز کی تلخیص کرنے والا ۔ مختصر رپورٹ بنانے والا ۔
خلاصگان (ف) منتخب ۔ برگزیدہ ۔ چنے ہوئے ۔
خلاصی (ف) رہائی ۔ چھٹکارا ۔ مخلصی (۲) خلاص کا مزید علیہ ۔
خلاط (ع) عقل کی پریشانی (۲) مخالفت کرنا (۳) نر اور مادہ کا آپس میں ملنا ۔
خلاع (ع) خلعت کی جمع ۔
خلاعت (ع) کڑھنا (۲) بیماری سے بھاگنا ۔
خلاف (ف) بید کا درخت ۔
خلاف (ع) ناموافقت ۔ مخالفت ۔ برعکس (۲) جھوٹ ۔ (۳) ایک قسم کا بید ۔
خلافت (ع) بے عقلی ۔ بے وقوفی ۔ حماقت ۔
خلافت (ع) نیابت ۔ جانشینی ۔ قائم مقامی ۔
خلاف جستن (ف) مخالفت کرنا (۲) لڑائی جھگڑا کرنا (۳) باہم نا اتفاقی ظاہر کرنا ۔
خلاف شرع (ع) شریعت کے خلاف ۔
خلاف طبع (ع) مزاج کے ناموافق ۔
خلاف عقل (ع) دانش مندی کے خلاف ۔
خلاف کردن (ف) مخالفت کرنا (۲) جھوٹ کہنا ۔
خلاف ورزیدن (ف) مخالفت کرنا ۔ الٹ کرنا ۔ تردید کرنا ۔
خلاف ورز (ف) مخالفت یا تردید کرنے والا ۔
خلاف ورزی (ف) تردید ۔ مخالفت ۔ ناموافقت
خلاف وضع (ع) رسم و رواج کے خلاف ۔
خلاف وضع فطری (ع) اغلام ۔ لواطت ۔ لونڈے بازی ۔
خلاق (ع) حصہ ۔ بہرہ ۔
خلاق (ع) ایک قسم کی خوشبو ۔
خلاق (ع) بہت بڑا پیدا کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ ۔
خلاق سخن (ف) فصیح و بلیغ
خلاقت (ع) پرانا ہونا (۲) خوش خلق ہونا ۔
خلاق معانی (ع) خاقانی کا لقب ہے ۔ حسان عجم بھی اسی کا لقب ہے ۔

Marfat.com

خلاگوش (ف) آواز (۲) غوغا۔ شور۔
خلال (ع) بیچ درمیان (۲) دوستی کرنا (۳) دانتوں کے کریدنے کا تنکہ (۴) لاغر۔ باریک۔
خَلّال (ع) سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ فروش۔
خَلال (ع) کچی کھجوروں کا خوشہ۔
خِلال کَرْدَن (ف) کھانے سے ہاتھ اُٹھا لینا۔
خلال مامُونی (ف) اِذخر جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے۔
خِلال مائدہ (ف) سوّیاں۔
خُلالہ (ع) دانت کریدنے کا تنکہ (۲) دانت میں اٹکا ہوا کھانا۔
خلالُوش (ف) شور و غوغا۔
خُلّان (ع) خلیل کی جمع۔ دوست لوگ۔ احباب۔
خِلانیدن (ف) چبھونا۔
خُلازہ (ف) حیران۔ سرگشتہ۔
خَلائِف (ع) خلیفہ کی جمع۔ جانشین
خَلائِق (ع) خلقت کی جمع۔ مخلوقات۔
خَلائِق (ع) خلقیت کی جمع۔ عادتیں۔
خلائق بندۂ حاجات خویش اند (ف) دنیا والے حرص کے بندے اور خود غرض ہوتے ہیں۔
خَلْب (ع) کاٹنا (۲) ناخن سے چھیلنا (۳) ٹکڑے کرنا (۴) کسی کے ہوش کھو دینا (۵) دھوکہ دینا۔
خُلْب (ع) کھجور کی چھال۔ بٹی ہوئی رسّی۔
خَلَب (ع) کیچڑ۔
خَلبان (ف) پائلٹ۔ ہوائی جہاز چلانے والا۔
خُلِیلہ (ف) ناراستی۔ مکر۔ گڑبڑ۔
خُلّت (ع) مینہ برسانے والا بادل (۲) بیزار ہونا (۳) ہنسی کرنا۔
خَلّت (ع) حاجت (۲) درویشی (۳) رخنہ۔
خُلّت (ع) نیک خصلت۔
خَلْج (ع) باہر کھینچنا (۲) بچّے کا دُودھ چھڑانا (۳) آنکھ اور ابرو سے اشارہ کرنا۔
خَلَجان (ع) چبھنا (۲) تفکر۔ تردد۔ وسواس (۳) میل خاطر۔ خواہش (۴) آنکھ اور ابرو سے اشارہ کرنا۔
خَلَخ (ف) ترکستان کے ایک حسن خیز شہر کا نام۔
خَلْخال (ع) پازیب۔ پابرنجن۔
خَلْخال (ف) آذربائیجان کے ایک مشہور شہر کا نام۔
خلخال زر (ف) آفتاب۔
خلخال فلک (ف) سورج (۲) چاند۔
خَلْخَل (ع) پازیب پاؤں میں ڈالی۔
خُل خُلی کردن (ف) دیوانگی کرنا۔ بے عقلی سے کام کرنا۔
خُلد (ع) ہمیشہ رہنے کی جگہ (۲) ہمیشگی (۳) بہشت (۴) موشک کور (۵) سوسمار (۶) گوشوارہ (۷) بالی (۸) کنگن۔
خُلْد (ع) سوسمار۔ گھونس (۲) موشک کور۔
خَلَد (ع) دل (۲) جان (۳) حال۔
خُلد آشیاں (ف) بہشت میں رہنے والا جنتی۔ مرحوم فوت ہوئے ہوئے آدمی کا جب ذکر کرنا ہو تو اسے ان الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔
خُلدِ بَریں (ف) جنت میں سب سے اعلیٰ طبقہ۔
خُلدستان (ف) بہشت۔
خُلد مکانی (ف) خُلد آشیانی۔ بہشتی۔
خَلْدَہ (ع) کنگن۔
خَلْس (ع) چھین لینا۔
خَلِش (ف) چبھنا (۲) چبھانا (۳) زخم کرنا (۴) جھگڑا۔
خَلَشک (ف) مٹی کا کوزہ۔
خِلْص (ع) خالص (۲) دوست صادق۔
خُلَصاء (ع) خالص اور سچے۔
خِلْط (ع) ملی ہوئی چیز (۲) اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط یعنی خون یا سودا یا صفرا یا بلغم۔
خَلْط (ع) ملنا۔ ملانا۔
خَلْط مبحث (ع) بے فائدہ اُلجھاؤ۔ دخل در معقولات۔
خُلَطاء (ع) خلیط کی جمع۔ شرکاء۔
خِلْطہ (ع) شراکت۔
خِلْطہ (ع) آمیزش (۲) معاشرت۔
خَلْع (ع) کسی جگہ سے نکلنا (۲) بدن سے کپڑا اتارنا (۳) پاؤں سے جوتا یا موزہ اُتارنا (۴) خلعت دینا (۵) معزول کرنا۔ (۶) خاوند کا عورت سے کچھ مال یعنی معاوضہ لے کر اُسے چھوڑ دینا۔
خُلْع (ع) عورت کا خاوند کو مال یعنی معاوضہ دے کر علیحدہ ہونا۔
خِلْعت (ع) سرِ دپا۔ لباس یا پوشاک جو بادشاہ یا امیر کی طرف سے کسی کو ملے۔
خِلعت اندامی (ف) جسم پر پورا اور ٹھیک آنے والا خلعت۔
خِلعت دادن (ف) پوشاک دینا (۲) مہربانی کرنا۔
خِلعت دادن حروف را (ف) وہ خط جو خوشنویس اپنے شاگردوں کے عمدہ حروف کے گرد کھینچتے ہیں۔
خِلعت فاخرہ (ف۔ ع) قابلِ فخر پوشاکیں۔
خَلْعِ رُوح (ع) دیکھو خلع بدن۔
خَلْف (ع) پس۔ پیچھے (۲) خراب اور غلط بات۔
خَلَف (ع) لائق بیٹا (۲) بڑا بیٹا (۳) جانشین (۴) پیچھے آنے والا۔
خُلْف (ع) وعدہ خلافی۔ خلاف وعدہ کرنا۔
خَلْف (ع) اونٹنی کے تھن کا سر۔
خَلِف / خِلْف (ع) حاملہ اونٹنیاں۔ جننے والی اونٹنیاں۔

Marfat.com

**خلفاء** (ع) خلیفہ کی جمع - قائم مقام لوگ - جانشین -
**خلفائے راشدین** (ع) ہدایت والے خلیفے - ہدایت والے جانشین (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چار خلیفے - حضرت ابوبکر صدیق - حضرت عمر فاروق - حضرت عثمان غنی - حضرت علی رضی اللہ عنہم -
**خلفہ** (ع) ایک دوسرے کے پیچھے آنا -
**خلفہ** (ع) نادانی (۲) عیب -
**خلق** (ع) اندازہ کرنا (۲) پیدا کیا ہوا - خلقت - مخلوق - دنیا کے لوگ (۳) جھوٹ بنانا -
**خلق** (ع) (۱) پرانا ہو جانا - (۲) پھٹا - پرانا کپڑا -
**خلق / خلق** } (ع) گدڑی (۲) پرانا کپڑا -
**خلق / خلق** } (ع) عادت - خو (۲) مروت -
**خلق آتشیں** (ف) غضب - غصہ - تند مزاجی -
**خلق آزار** (ف) دنیا کو تنگ کرنے والا -
**خلق عالم** (ف) دنیا والے لوگ - فانی دنیا -
**خلقان** (ف) خلق کی جمع - پھٹے پرانے کپڑے -
**خلق پوش / خلق پوش** } (ف) گدڑی پہننے والا (۲) پھٹے پرانے کپڑے -
**خلقت** (ع) دنیا کے لوگ - مخلوق (۲) پیدا کیا ہوا -
**خلقت** (ع) سرشت - فطرت - خمیر - پیدائش -
**خلقی** (ف) قدرتی - طبعی -
**خلل** (ع) رخنہ (۲) کشادگی (۳) بگاڑ - فساد (۴) فتور پڑنا - (۵) کام میں تباہی آنا -
**خلل انداز** (ف) خلل ڈالنے والا - فسادی - جھگڑالو -
**خلل پذیر** (ف) خرابی قبول کرنے والا -
**خلل ناپذیر** (ف) خرابی نہ قبول کرنے والا -
**خلل دماغ** (ع) جنون - دیوانگی - مالیخولیا - دماغ کا فتور -
**خلل و فرج** (ف) سوراخ - شگاف -
**خلم / خلم** } (ع) ریٹھ - ناک سے نکلنے والی غلیظ خلط (۲) کیچڑ جس میں پھنس جائے (۳) غصہ - غضب -
**خلو** (ع) خلوت کرنا -
**خلو** (ع) خالی - اکیلا - تنہا -
**خلو** (ع) خالی ہونا (۲) جگہ کا خالی ہونا -
**خلوات** (ع) خلوت کی جمع -
**خلوت** (ع) تنہائی (۲) مکان کا خالی ہونا -
**خلوت باصفا** (ف) ایک مقام کا نام -
**خلوت بودن** (ف) تنہا ہونا -
**خلوت پسند** (ف) تنہائی پسند - تنہائی کو پسند کرنے والا -

**خلوت خانہ** (ف) تنہائی میں بیٹھنے کا مقام -
**خلوت دوست** (ف) تنہائی پسند - جو شخص اکیلے رہنا پسند کرے -
**خلوت صحیح / خلوت صحیحہ** } (ع) تنہا ہونا (۲) خاوند اور جورو کا ایسے مقام پر ہم بستری کے لیے اکٹھا ہونا جہاں کوئی انسان وغیرہ نہ ہو -
**خلوت کردن** (ف) خالی کرنا - ریٹائر کرنا -
**خلوت گزیدہ / خلوت گزیں / خلوت نشیں** } (ف) تنہائی میں بیٹھنے والا -
**خلوتی** (ف) تنہا - اکیلا -
**خلود** (ع) ہمیشہ - ہمیشگی -
**خلوص** (ع) پاک اور سادہ ہونا (۲) خالص دوستی -
**خلوص نیت** (ع) پاک نیتی - ارادہ کی صفائی -
**خلوف** (ع) روزہ کے باعث منہ میں بو آنے لگنا - کھانے کی بو اور مزہ بدل جانا -
**خلوق** (ع) ایک قسم کی خوشبو (۲) خوشبو -
**خلوقہ** (ع) چمکیلا ہونا (۲) صاف ہونا -
**خلہ** (ف) سیخ (۲) سوئی (۳) ہر نوک دار شے (۴) مستول وہ لمبی لکڑی جس سے کشتی چلاتے ہیں -
**خلہ** (ف) ریٹھ - ناک سے نکلنے والی غلیظ خلط -
**خلی** (ع) بے فکر - بے غم (۲) خالی -
**خلیہ** (ف) تھیلا - تھیلی -
**خلیج** (ع) شاخ دریا - پانی کا وہ قطعہ جو خشکی کو دور تک کاٹتا چلا گیا ہو - پانی کا وہ قطعہ جسے تین طرف خشکی محیط ہو اور ایک طرف سے پانی سے ملا ہو -
**خلیدگی** (ف) چبھن - خراش - زخم -
**خلیدن** (ف) چبھنا (۲) زخم کرنا - زخمی کرنا -
**خلیس** (ع) وہ مرد جس کے سر کے بال سیاہ و سفید ہوں -
**خلیش** (ف) وہ کیچڑ جس میں پاؤں پھنس کر آسانی سے نہ نکل سکے -
**خلیع** (ع) وہ لڑکا جسے باپ گھر سے نکال دے -
**خلیع العذار** (ع) باگ ڈور توڑے ہوئے - اسپ بے لگام - شتر بے مہار - بے تمیز اللسان - وہ آدمی جو کسی کے سننے میں نہ ہو - بے پرواہ - آزاد خیال -
**خلیفہ** (ع) جانشین (۲) ولی عہد (۳) اہل اسلام کا بڑا بادشاہ - کسی کے مرنے کے بعد اس کی جگہ پر مقرر ہونے والا -
**خلیق** (ع) لائق (۲) پیدائش کے وقت جس کے اعضاء کامل اور پورے ہوں (۳) خوگیر عادی (۴) مروت والا - صاحب خلق -
**خلیل** (ع) دوست صادق (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب -

Marfat.com

خلیلُ اللّٰہ (ع) خدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب۔
خلیل مَرْو (ف) مرو شہر کا ایک قسم کا آلوچہ۔
خلیلی (ع) ہتھکڑی۔

# خ - م

خم (ف) ٹیڑھا - کج (۲) ٹیڑھ - کجی۔
خُم (ف) شراب کا مٹکا - میہ (۲) نقارہ جو جنگ کے وقت بجاتے ہیں۔ (۳) نفیری۔
خمّار (ع) مے فروش - شراب بیچنے والا۔
خِمار (ع) عورت کی اوڑھنی۔
خُمار (ع) نشہ کا اتار جس سے اعضاء ٹوٹتے ہیں - بدمزگی جو نشہ اترنے کے وقت لاحق ہوتی ہے۔
خُمار آلود (ف) نشہ اترنے کی حالت میں۔
خمار آلود با جامی می سازد (ف) جب نشہ ٹوٹ رہا ہو تو جو مل جائے، غنیمت ہے ویسے عام طور پر اس معنی میں یہ استعمال ہوتا ہے کہ عاشق پیغام یار ہی سے مطمئن بلکہ خوش ہو جاتا ہے۔
خُمار خانہ (ف) شراب خانہ۔
خُماسی (ع) پانچ والا (۲) وہ کلمہ جس میں حروف اصلی پانچ ہوں۔
خُماشس } (ف) نکمی اور ردی شے جو پھینکنے کے قابل ہو۔
خُماشہ }
خُم افلاطون (ف) وہ مٹکا جس میں افلاطون بڑھاپے میں یکسوئی پیدا کرنے کے لیے بیٹھتا تھا - اور آخری وقت میں اس کے شاگردوں نے اس کی وصیت کے مطابق منہ کو مضبوط بند کر کے ایک پہاڑ کے غار میں رکھ دیا تھا یہ واقعہ معتبر نہیں ہے۔
خَمان (ف) کمان (۲) خم ہونا (۳) خمیدہ چیز۔
خم اندر خم داشتن (ف) برابر ہونا - مساوی ہونا۔
خمانیدن (ف) ٹیڑھا کرنا - جھکانا (۳) تمسخر سے کسی کی حرکات و سکنات کی نقل کرنا۔
خُماہان } (ف) صندل حدیدی۔ سیاہ مائل بہ سرخی ایک مہرہ - سیاہ سرخی مائل ایک مضبوط پتھر ہے۔
خُم آہن }
خُماہن }
خُم آہن گوں (ف) آسمان۔
خُمبرہ (ف) چھوٹا مٹکا۔
خم بستن بر چیزے (ف) کسی پر نقارہ لادنا۔
خُمپارہ (ف) بم کی توپ - مارٹر - ایک قسم کی توپ جس کا منہ بڑا اور لمبائی کم ہوتی ہے۔
خمپارہ انداز (ف) توپ۔
خمپارہ دستی (ف) دستی بم۔
خُمچہ (ف) چھوٹا مٹکا۔
خُم خانہ (ف) شراب خانہ۔
خُمخمہ (ف) مغرورانہ بات کہنا - ناز سے کلام کرنا (۲) بُرے طریقہ پر کھانا کھانا۔
خم خوردن (ف) خم ہونا۔
خَم دادن (ف) دفع کرنا - رد کرنا - ٹیڑھا کرنا۔
خم زدن (ف) کنی کترانا - جھک کر ایک طرف ہو جانا۔
خمدار (ف) ٹیڑھا - ترچھا - خمیدہ (۲) پیچدار۔
خُمدان (ف) شراب خانہ۔
خُم در خم کسے داشتن (ف) کسی کی بربادی اور تباہی کے درپے ہونا۔
خَمَدہ (ف) خمیدہ کا مخفف - ٹیڑھا - جھکا ہوا (۲) سویا ہوا۔
خَمْر (ع) انگوری شراب (۲) مطلق شراب جس سے نشہ ہو جائے (۳) شراب پلانا (۴) آٹا گوندھ کر رکھ دینا - خمیر بنانا۔
خمر فروش (ف) شراب بیچنے والا۔
خُمرہ (ف) چھوٹا مٹکا۔
خم زدن (ف) بھاگ جانا (۲) جھکنا (۳) سر جھکانا۔
خم زدن ترازو (ف) ترازو کے ایک پلڑے کا جھک جانا۔
خَمس (ع) پانچ - ھ - ۵۔
خُمُس (ع) پانچواں حصہ $\frac{1}{5}$۔
خُمُس (ع) مال کا پانچواں حصہ۔
خُمستان (ف) شراب خانہ۔
خُمستون (ف) شراب خانہ۔
خَمسہ (ع) پنج - پانچ - ۵۔
خمسۂ آلِ عبا (ف) پنجتن پاک - حضور سرور کائنات - حضرت علیؓ حضرت بی بی فاطمہؓ - حضرت امام حسنؓ - حضرت امام حسینؓ۔
خمسۂ متحیرہ (ع) سبعہ سیارہ میں سے سورج اور چاند کے علاوہ پانچ ستارے - یعنی زہرہ - عطارد - مریخ - مشتری اور زحل - کیونکہ یہ بعض اوقات اپنی معمولی رفتار کو چھوڑ کر پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں اور پھر پھر کر اپنی معمولی رفتار پر چلتے ہیں - گویا ان میں تحیر ہوتا ہے۔
خمسۂ مُسترقہ } (ع) پانچ چرائے گئے (۲) شمسی سال ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۷½ سیکنڈ کا ہوتا ہے لیکن فارس کے متاخرین ہر شمسی مہینہ ۳۰ دن کا قرار دے کر ماہ اسفندار کے آگے پانچ دن بڑھا لیتے ہیں ان کے نام یہ ہیں اہنود - اشنود - اسفندار - وہشت - ہشتویس۔ انہی پانچ دنوں کو جو سال سے چرا لیے گئے ہیں خمسہ مسترقہ کہتے ہیں اور چوتھائی دن جو باقی بچ رہتا ہے اس کے عوض ۱۲۰ سال کے بعد ایک مہینہ بڑھا کر سال تیرہ مہینہ کا
خمسۂ مسروقہ }

Marfat.com

قرار دیتے ہیں (۳) بعض محققین اس لفظ کی تشریح اس طرح پر کرتے ہیں کہ عجم کے ایک بادشاہ کا وزیر ان پانچ دنوں کا محاصل ملک سے وصول کر لیا کرتا تھا۔ اور حساب میں درج نہیں کرتا تھا۔ اس لیے یہ دن خمسہ مسترقہ کہلاتے ہیں۔
خمسۂ نظامی (ف) نظامی کے پنج گنج۔ مولوی نظامی کی پانچ مشہور کتابیں۔ یعنی مخزن اسرار۔ خسرو شیریں۔ لیلیٰ مجنوں۔ سکندر نامہ اور ہفت پیکر خمسہ نظامی کہلاتی ہیں۔
خمسین (ع) پچاس کا عدد۔ ۵۰۔
خمش (ف) خاموش کا مخفف۔
خمص (ع) کسی کو بھوک سے لاغر اور دُبلا کر دینا۔
خمصان } خمصان } (ع) بھوکا۔ خالی پیٹ۔
خمط (ع) پیلو کا درخت (۲) خاردار درخت (۳) ہر تلخ ترش چیز۔
خمع (ع) پھاڑنے والا بھیڑیا (۲) چور۔
خم عیسیٰ (ف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ بھی ایک معجزہ تھا کہ اگر وہ سوانگ کا کپڑا مٹکے میں ڈال کر نکالتے تو سفید و سیاہ نکلتا تھا۔
خم فلاطون (ف) دیکھو خم افلاطون۔
خمک (ع) چھوٹا مٹکا (۲) چھوٹی دف (۳) تال دینا۔ موسیقی کے اصول کے مطابق تالی بجانا (۴) آواز۔
خمکدہ (ف) شراب خانہ۔ میکدہ۔
خم کسے خوردن (ف) کسی سے دھوکا کھانا۔ کسی کے فریب میں آنا۔
خمل (ع) کپڑے کے ریشے (۲) کپڑے کے پلّے جو جھالر کی طرح لٹکتے ہیں (۳) مخمل وغیرہ کے ٹکڑے۔
خمل } خمل } (ع) خالص دوست۔ دوست صادق۔
خم لاجورد (ف) آسمان۔
خم نیل ناب (ف) آسمان (۲) خالص نیل کا مٹکا۔
خمود (ع) آگ کا بجھ جانا (۲) آرام لینا (۳) بے ہوش ہونا۔
خموش (ع) منہ کا پھیلنا (۲) مچھر۔
خموش (ف) خاموش کا مخفف۔
خموشانہ (ف) خاموشانہ۔
خموش کردن آتش (ف) آگ بجھانا۔
خموش کردن شمع (ف) شمع گل کرنا۔ چراغ بجھانا۔
خموشی (ف) خاموشی کا مخفف۔
خموشیدن (ف) چپ رہنا۔ چپ ہو جانا۔
خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید (ف) خاموش رہنے کے ہزاروں فوائد ہیں۔
خموص (ع) زخم وغیرہ کے ورم کا بیٹھ جانا۔
خموم (ع) گوشت کا سڑ جانا (۲) برتن کی بُو سے دودھ کا خراب ہو جانا۔

خمیازہ۔ انگڑائی۔ اُردو میں بدلہ اور مکافات کے معنوں میں مستعمل ہے۔
خمیازۂ پا (ف) کاہلی دفع کرنے کے لیے تھوڑی سی سیر اور چہل قدمی۔
خمیازۂ خشک (ف) بے حاصل آرزو۔
خمیازہ دمیدن (ف) آرزو مند اور مشتاق ہونا۔
خمیازہ ریختن } خمیازہ کردن } (ف) انگڑائی لینا۔
خمیازہ کشیدن (ف) جمائی لینا۔
خمیدگی (ف) جھکاؤ۔
خمیدن (ف) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ کبڑا ہونا۔ خم کھانا۔
خمیدہ (ف) ٹیڑھا۔ کبڑا۔
خمیدہ قد (ف) بوڑھا۔ کبڑا۔
خمیر (ع) گندھا ہوا آٹا جو اور آٹے کو پھلا دیتا ہے۔ سڑا ہوا آٹا۔
خمیر آمدن (ف) خمیر اٹھنا۔ خمیر تیار ہونا۔
خمیر کردن (ف) گوندھنا۔
خمیر فطیر (ف) تازہ گوندھا ہوا آٹا جو ابھی پوری طرح خمیر نہ ہو۔
خمیس (ع) جمعرات کا دن پنجشنبہ (۲) وہ لشکر جس میں پوری پانچوں فوجیں ہوں۔ یعنی مقدمہ۔ قلب۔ میمنہ۔ میسرہ اور ساقہ۔ ترکی میں انہیں ہراول قول جرنغار برنغار اور چنداول کہتے ہیں۔

## خ - ن

خن (ف) خانہ کا مخفف۔
خنا (ع) بے ہودہ کام (۲) بے حیائی۔
خناب (ع) لمبا (۲) احمق مرد۔
خناث } خناثے } (ع) خنثیٰ کی جمع۔ مخنث۔ ہیجڑے۔ جن اشخاص میں مرد اور عورت دونوں کی علامات ہوں۔
خنازیر (ع) خنزیر کی جمع۔ سور (۲) ایک مرض کا نام جو گلے پر ہوتا ہے۔ ہندی میں اسے کنٹھ مالا بھی کہتے ہیں۔
خنّاس (ع) شیطان (۲) دیو (۳) دل میں وسوسہ ڈالنے والا (۴) خدا کے ذکر سے بھاگنے والا۔
خناق (ع) خناک کا معرب۔ گلے کی ایک بیماری کا نام۔
خناق (ع) وہ رسّی جسے گلے میں ڈال کر پھانسی دیتے ہیں۔
خنام (ع) بدنام۔ گھوڑے۔ خچر اور گدھے کی ایک بیماری کا نام۔
خنب (ف) خم۔ شراب وغیرہ کا مٹکا۔
خنبرہ (ف) چھوٹا خم۔ چھوٹا مٹکا۔
خنبرۂ دودناک (ف) آسمان۔

Marfat.com

خُنبک } (ف) تالی بجانا۔ تال دینا۔
خُنبیدن }

خُنث (ع) (۱) سُست (۲) گج (۳) سُست ہونا (۴) کج ہونا۔

خُنثیٰ (ع) وہ شخص جس میں مرد اور عورت دونوں کی علامت ہوں۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔

خَنج (ف) عیش (۲) نفع۔ فائدہ۔

خَنج خَنج (ف) ناک کے ذریعے زور زور سے سانس لینا۔

خَنجر (ف) مشہور ہتھیار کا نام (۲) تلوار کے معنوں میں آیا ہے۔

خنجر بر سنگ کشیدن (ف) خنجر تیز کرنا۔

خنجر بیگ (ف) ایک مہلک پھوڑے کا نام جو پیٹھ کے پیچھے ہوتا ہے۔

خنجر بر سن زدن } (ف) خنجر تیز کرنا۔
خنجر بسنگ کشیدن }

خنجر بکف (ف) ہاتھ میں خنجر اُٹھائے۔

خنجر زر }
خنجر زرفشاں }
خنجر تسیم } (ف) ابتدائی چاند اور طلوع ہونے والے صبح کے سُورج کے لیے بولا جاتا ہے۔
خنجر صبح }
خنجر فلک }

خنجری (ف) ایک ساز کا نام۔

خنجیر (ف) ہڈیوں اور آدن کے جلنے کی بُو (۲) چراغ بجھنے کی بُو (۳) ہر تیز اور تُند شے (۴) نیزہ۔

خُند (ف) ہنس، خندیدن مصدر سے فعل امر۔

خندا خند (ف) خنداں خند کا مخفف۔ ہنستے ہنستے۔

خُنداں (ف) ہنس مکھ۔

خنداں خند } (ف) ہنستے ہنستے۔
خنداں خنداں }

خنداں شدن تیغ (ف) تلوار میں دندانے پڑ جانا۔

خندانیدن (ف) ہنسانا۔

خند خنداں (ف) ہنستے ہنستے۔

خندق (ع) کندہ کا معرب۔ کھائی جو قلعہ کے گرد بنائی جاتی ہے۔

خُندگار (ف) خوندگار کا مخفف۔ اُستاد۔ معلّم۔

خندگی (ف) ہنسی۔

خند و تند (ف) تباہ۔ اُلٹ پلٹ۔

خندہ (ف) ہنسی۔

خندہ آفتاب (ف) طلوع آفتاب۔

خندہ آمدن بر چیزے (ف) کسی چیز پر ہنسی آنا۔

خندہ آور (ف) مضحکہ خیز۔

خندہ برق (ف) بجلی کا کوندنا۔ بجلی کا چمکنا۔ صبح کا طلوع ہونا۔

خندہ پیشانی (ف) ہنس مکھ۔ ہشاش بشاش رہنے والا۔

خَندۂ تیغ (ف) تلوار کی خونریزی۔

خَندۂ جام (ف) جام شراب کا پرتو۔ جام شراب کی لہر (۲) پیالہ میں شراب ڈالنا۔ (۳) لبالب کرنا (۴) مُنہ کھلا رہنا۔

خَندۂ راز (ف) بھید کا ظاہر ہو جانا۔ راز فاش ہونا۔

خَندہ رُو (ف) دیکھو خندہ پیشانی۔

خَندۂ ریش (ف) دیکھو۔ خندہ خریش۔

خَندہ زدن (ف) ہنسنا۔ قہقہہ لگانا۔

خَندہ زمین (ف) پھلواری (۲) پھول (۳) سبزہ۔ ہریاول۔

خَندہ زن (ف) ہنسنے والا۔

خَندہ زورکی کردن (ف) مصنوعی ہنسی ہنسنا۔

خَندہ زیر لب } (ف) مسکرانا۔ تبسّم۔
خَندہ زیرلبی }

خَندۂ شیشہ (ف) قلقل صراحی۔ قلقل مینا۔

خَندۂ صبح (ف) طلوع صبح۔

خَندۂ صُراحی (ف) صراحی کی قلقل۔ قلقل مینا۔

خَندۂ غنچہ (ف) کلی کا کھلنا۔

خَندہ گرفتن از چیزے (ف) کسی چیز پہ ہنسی آنا۔

خَندۂ گُل (ف) پھُول کا کھُلنا۔

خَندۂ مے (ف) شراب کا عکس۔

خَندیدن (ف) ہنسنا۔ قہقہہ لگانا۔

خَنز (ع) گوشت کا بدبودار ہو جانا۔ گوشت کا سڑ جانا۔

خِنزیر (ع) سُؤر۔

خُنّس (ع) چھپنے والے تارے۔

خُنشان }
خُنشا } (ف) مبارک۔
خُنشان }

خِنصِر } (ع) چھنگلی۔ چھوٹی اُنگلی۔
خُنصُر }

خُنفسا } (ع) گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔
خُنفُسَہ }

خَنق (ع) گلا گھونٹنا (۲) گلا گھٹا ہوا۔

خَنَق (ع) گلا گھونٹنا۔

خُنک (ف) ٹھنڈا۔ سرد (۲) آسانی (۳) خوش۔

خنک ساختن (ف) ٹھنڈا کرنا۔

خُنک کردن (ف) کسی کا غصہ ٹھنڈا کرنا۔

خُنکا (ف) خوشا۔ خوشخبری۔

خُنک جان (ف) سرد مزاج۔

خُنک شدن (ف) تازہ دم ہونا۔

خُنک کنندہ (ف) فرغ۔

خُنکی (ف) ٹھنڈک۔ سردی۔

Marfat.com

خنکی کردن (ف) بدمزگی کرنا۔
خنگ (ف) بدنفس - بدذات۔
خنگ (ف) ہر سفید چیز عموماً اور سفید گھوڑا خصوصاً۔
خنگ (ف) گوشہ - کونہ (۲) بے خود (۳) عاشق زار۔
خنگا (ف) ہٹا کٹا - موٹا تازہ۔
خنگال } (ف) نشانہ لگانے کا سوراخ۔
خنگال }
خنگ بت (ف) سفید بت (۲) بلور کا پیالہ۔
خنگسار (ف) وہ شخص جس کا تمام سر سفید ہوگیا ہو۔
خنگ شب آہنگ (ف) چاند (۲) صبح صادق (۳) ابلق گھوڑا (۴) براق جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج سوار ہوئے تھے۔
خنگل (ف) زرہ - جوشن بکتر۔
خنگ لمگش (ف) سیاہ یا سرخ دھبوں والا سفید گھوڑا۔
ختو (ع) بدزبان - لوچ۔
ختو (ع) بدزبانی کرنا - فحش کہنا۔
خنور (ف) برتن۔
خنوز (ع) گوشت میں بو پڑ جانا - گوشت کا بگڑ جانا۔
خنوس (ع) شیر درندہ۔
خنوص (ع) سور کا بچہ۔
خنیا (ف) راگ - نغمہ - سرود (۲) ساز۔
خنیاگر (ف) مطرب - گویا - کلاوم۔
خنیاگر فلک (ف) زہرہ ستارہ۔
خنیدن (ف) شہرت پانا - گانا بجانا۔
خنیدہ (ف) شہرت یافتہ - پسندیدہ۔
خنیک (ف) فقیروں کے پہننے کا موٹا لباس۔

# خ - و

خو }
خو } (ف) خصلت - عادت - سبھاؤ - سرشت۔
خو (ف) بانسوں وغیرہ کی باڑ جس پر بیٹھ کر تعمیر کے کام کرتے ہیں (۲) باغوں اور کھیتوں کی خود رَو گھاس (۳) گھاس کاٹنا (۴) درختوں کی زائد شاخوں کو کاٹنا (۵) ہتھیلی (۶) مٹھی بھر شے (۷) گھوڑے کا پٹھہ (۸) عشق پیچاں بیل۔
خوا (ف) گوشت - لحم (۲) نکسیر - رعاف۔
خوا (ع) گھر کا بسنے والوں سے خالی ہونا (۲) بچہ جننے کے بعد عورت کے پیٹ کا خالی ہونا۔
خواب (ف) نیند (۲) نیند میں جو دکھائی دے - غفلت۔
خواب ابدی (ف) موت۔

خواب اجل (ف) موت کی نیند۔
خواب از چشم برداشتن (ف) نیند کو دور کرنا۔
خواب از چشم پریدن }
خواب از دیدہ رفتن } (ف) نیند کا جاتے رہنا - نیند اچٹ جانا۔
خواب از دیدہ رمیدن }
خواب آشفتہ (ف) اکھڑی اکھڑی اور پریشان قسم کی نیند۔
خواب آلود }
خواب آلودہ } (ف) سست (۲) نیند میں بھرا ہوا - (۳) سویا ہوا خفتہ۔
خواب آوردن (ف) سلانا۔
خواباندن چیزے را بچیزے (ف) کسی چیز کو دوسری چیز میں ملا دینا۔
خوابانیدن (ف) (۱) سلانا (۲) مرغی کو انڈوں پر بٹھانا - آگ بجھانا۔
خوابانیدن تیغ (ف) تلوار کی چوٹ۔
خواب بریدن (ف) سوتے میں کسی کو جگانا۔
خواب بستن (ف) کسی کی نیند باندھ دینا۔
خواب بند (ف) نیند اڑانے والا منتر۔
خواب پا (ف) دیر تک بیٹھنے کے سبب سے پاؤں کا سن ہو جانا - سو جانا۔
خواب پریشان (ف) وحشت ناک خواب (۲) بے آرامی کی نیند۔
خواب جامہ (ف) سونے کا لباس۔
خواب جاوید (ف) ہمیشہ کی نیند (۲) موت۔
خواب چار پہلو (ف) لمبی نیند - فراغت کی نیند۔
خواب خرگوش (ف) تغافل - خواب - غفلت کی نیند۔
خواب خرگوش دادن (ف) ناز و ادا۔
خواب در دیدہ سوختن }
خواب در دیدہ شکستن } (ف) نیند کا جاتے رہنا - نیند اچٹ جانا۔
خواب دوختن (ف) کسی کی نیند باندھ دینا۔
خواب دیدن (ف) سپنا دیکھنا۔
خواب رفتن (ف) سو جانا۔
خوابستان (ف) سونے کی جگہ - خواب گاہ۔
خواب کردن (ف) نیند کرنا - سونا۔
خواب گاہ (ف) سونے کی جگہ۔
خواب گاہ غول (ف) دنیا۔
خواب نادیدہ (ف) نابالغ لڑکا - ان سنی بات۔
خوابیدن (ف) سونا - نیند کرنا (۲) کسی جگہ مقیم ہونا۔
خوابیدن شیر (ف) دودھ کا جم جانا - دہی بن جانا۔
خوات (ع) عقاب کے گرنے کے وقت اس کے پروں کی آواز۔
خوات (ع) دلیر آدمی (۲) وہ آدمی جو ہر وقت کھاتا رہے۔
خواتم }
خواتیم } (ع) خاتم کی جمع انگشتریاں - انگوٹھیاں۔

Marfat.com

**خوانین** (ف) خاتون کی جمع - پردہ نشین عورتیں -
**خواجگان** (ف) خواجہ کی جمع - سردار -
**خواجگی** (ف) سرداری (۲) غرور -
**خواجہ** (ف) گھر کا مالک - صاحب خانہ (۲) شیخ سردار (۳) پیر (۴) حاکم - صاحب جمعیت (۵) مالدار (۶) زوج (۷) ولی (۸) وہ ملازم - جس کا عضو تناسل کاٹ دیا گیا

**خواجۂ اختران** (ف) آفتاب (۲) مشتری ستارہ -
**خواجہ بار** (ف) قوت لایموت - اس قدر تھوڑی غذا جس سے صرف جان بچ سکے -
**خواجہ بزرگ** (ف) تاریخ ادبیات ایران میں اس سے مراد ایران کا مشہور وزیر خواجہ نظام الملک طوسی ہے جو الپ ارسلان اور ملک شاہ کا وزیر اعظم تھا -
**خواجہ بعث ونشر** (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم -
**خواجہ بقال** (ف) سبزی فروش -
**خواجہ تاش** (ف) ایک آقا کے نوکر - ایک مالک کے غلام - (۲) صاحب خانہ - خداوند -
**خواجہ سرا** (ف) نامرد - غلام یا خدمت گار جو زنان خانہ میں آجا سکے اور زنانہ کام کرے -
**خواجہ سید حسن خنگ سوار** (ف) ایک ولی بزرگ کا نام اور لقب جنہوں نے اسلام کے ابتدائی زمانہ میں اجمیر کے قریب شہادت پائی - چونکہ ان بزرگ کی سواری کا گھوڑا خنگ یعنی نقرہ تھا - اس لیے خنگ سوار کہلائے -
**خواجہ عبد القادر** (ف) فن موسیقی کے ایک ماہر کامل کا نام
**خواجہ غریب نواز** (ف) دیکھیں خواجہ معین الدین چشتی -
**خواجہ مساح** (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم -
**خواجہ معین الدین چشتی** (ف) چشتیہ خاندان کے مشہور و معروف ولی کامل سلطان الہند غریب نواز حسن سنجری ثم الاجمیری کا نام - جو سیستان کے مشہور قصبہ سنجر میں ۵۳۲ھ میں پیدا ہوئے - خراسان میں نشو و نما پائی - پندرہ برس کی عمر میں والدین نے وفات پائی - آپ نے ترک وطن کرکے سمرقند و بخارا میں جو اس زمانہ میں علوم کے مرکز تھے - تحصیل علوم کی - اور بیس برس خواجہ عثمان ہارونی کی خدمت میں رہ کر روحانی فیض حاصل کیا - اس کے بعد بغداد میں جاکر اکابر اولیاء اللہ سے ملاقات کی اور مختلف ممالک کی سیاحت کے بعد بغرض تبلیغ و تلقین ہندوستان تشریف لاکر اجمیر میں قیام کیا اور ۹۷ سال کی عمر میں ۶۳۳ھ میں وفات پائی - اجمیر میں آپ کا مزار صدیوں سے مرجع خاص و عام ہے - اور ایشیا کے دور دراز حصص سے زائرین آتے ہیں - آپ کی وفات کے بعد خواجہ بختیار کاکی دہلوی آپ کے جانشین ہوئے -

**خوار** (ف) بصورت ترکیب بمعنی کھانے والا - جیسے شراب خوار - کباب خوار وغیرہ (۲) بے اعتبار - رسوا - ذلیل - بے قدر (۳) تھوڑا - قلیل - (۴) آسان - سیدھا -
**خوار بار** (ف) اشیائے خوردنی - کھانے پینے کی چیزیں -
**خوار بارکش** (ف) اشیائے خوردنی لانے والا -
**خوار داشتن** (ف) گھٹیا سمجھنا -
**خوار شدن** (ف) ذلیل ہونا -
**خوار کردن** (ف) ذلیل کرنا -
**خوار** (ع) گائے - ہرن اور بکری وغیرہ کی آواز -
**خوار** (ف) سست (۲) نرم (۳) ضعیف -
**خوارج** (ع) خارجی اور خارجہ کی جمع - جو ایک مشہور فرقہ ہے -
**خوارزم** (ف) خیوا کا قدیم نام جو ترکستان کا ایک حصہ ہے -
**خوارق** (ع) خارق کی جمع - خلاف عادات امور - معجزے - کرامتیں -
**خواری** (ف) رسوائی - ذلت - بے اعتباری (۲) گالی (۳) آوارگی -
**خواری خوار** (ف) گالی سننے والا -
**خواری کردن** (ف) گالیاں دینا - زیاں کاری کرنا -
**خواز** (ف) گدھے یا بیل وغیرہ کو ہانکنے اور چلانے کی لکڑی یا لاٹھی -
**خوازہ** (ف) آفرین (۲) خواہش -
**خوازہ گر** (ف) خواہش مند - طلب گار -
**خواس** (ف) خواستگار - طلب گار -
**خواص** (ف) خوف - ڈر -
**خواست** (ف) بھیک مانگنا - سوال کرنا (۲) سامانِ زر - (۳) مال (۴) خواہش (۵) ارادہ -
**خواستگار** (ف) خواہش مند - طالب - چاہنے والا -
**خواستگاری** (ف) تمنا - چاہنا - خواہش - طلب گار ہونا (۲) کسی سے شادی ٹھہرانا -
**خواستگاری کردن** (ف) کسی سے شادی کی تمنا کرنا - منگنی کرنا -
**خواستن** (ف) خواہش کرنا - چاہنا (۲) شمار کرنا -
**خواستن توانستن است** (ف) جہاں چاہ وہاں راہ ہوتی ہے -
**خواستہ** (ف) سامان (۲) زر - مال (۳) ملک (۴) جمعیت (۵) وہ چیز جو دل کی خواہش کے مطابق ہو -
**خواسہ** (ف) وہ شکل جو کھیتوں وغیرہ میں جانوروں اور پرندوں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں -
**خواص** (ع) کھجوروں کے پتے یا ان پتوں کی بنی ہوئی چیزیں بیچنے والا -
**خواص** (ع) خاص کی جمع - عوام کی ضد - خاص -
**خواص** (ف) خدمت گار (۲) ہر وقت حاضر رہنے والے خدمتگار -

Marfat.com

خواص داشتن (ف) پُر تاثیر ہونا۔
خواطر (ع) (۱) خاطر کی جمع (۲) طبیعتیں (۳) دل۔
خواطر و بدارات (ف) خیالات۔ دلی ارادے۔
خواطف (ع) خاطف کی جمع۔ اچکنے والے (۲) صدمے۔
خواقی (ف) خواقین کا مخفف۔ سلاطین۔
خواقین (ف) خاقان کی جمع۔ بڑے بڑے بادشاہ۔
خواگ (ف) پالتو مرغ (۲) بیضہ۔ انڈا۔
خوال / خوالی } (ف) کھانا (۲) چراغ کا کاجل۔
خوالی گر (ف) باورچی۔
خوالب (ع) غالب کی جمع۔ ہوش کھونے والی اشیاء۔
خوالستان / خوالستہ } (ف) روشنائی یا سیاہی کی دوات۔
خوالگر (ف) خانساماں۔ باورچی۔
خوالی / خوالی } (ف) کھانا (۲) باورچی (۳) نہر۔ (۴) خوشنما۔
خوالیگر (ف) دیکھو خوالگر۔
خوالیگری (ف) باورچی گری۔
خوان (ف) خوردنی (۲) لکڑی کا تھال یعنی سینی۔ (۳) وہ خودرو گھاس جو کھیتی سے نکال دی جاتی ہے۔
خوان (ف) خواندن مصدر سے امر کا صیغہ ہے۔ پڑھ۔ پڑھو۔
خوان / خوان / خوان } (ع) خوان کا معرب۔ دسترخوان جس پر رکھ کر کھاتے ہیں۔
خوان (ع) شیر درندہ۔
خوانا (ف) پڑھنے والا (۲) وہ چیز جو بلا تامل پڑھی جائے۔
خوانا بینا است (ف) پڑھا لکھا آدمی دانا ہوتا ہے۔
خوان آراستن (ف) دسترخوان بچھانا۔
خوانچہ (ف) خوان کی تصغیر۔ چھوٹا خوان۔ دسترخوان۔
خوانچہ چیدن (ف) دسترخوان بچھانا۔
خوان دل (ف) خانہ کعبہ۔
خوانچہ زر / خوانچہ زریں / خوانچہ سپہر / خوانچہ فلک } (ف) سورج۔ آفتاب۔
خواندگی (ف) پڑھائی۔ پڑھنا۔
خواندن (ف) پڑھنا۔ دوسرا یاد کرنا (۳) بلانا (۴) گانا (۵) دریافت کرنا (۶) سمجھنا۔
خواندہ (ف) پڑھا ہوا سبق (۲) بلایا ہوا۔
خوان سار / خوان سالار } (ف) باورچی۔ خانساماں۔ بکاول۔

خوانساماں (ف) کھانا کھلانے کا سامان رکھنے والا۔
خوان کرم (ف) سدابرت۔ عام لنگر۔
خوان گاہ (ف) لنگر خانہ۔
خوان گر (ف) باورچی۔
خوان گستردن (ف) دسترخوان بچھانا۔
خوانندہ و سازندہ (ف) گانے بجانے والا۔ گویا۔
خوان نہادن (ف) دعوت کرنا۔
خوانہ (ف) مقعد۔ گُبر۔
خوانہائے لعل (ف) لعلوں کے بھرے ہوئے خوانچے۔
خوانین (ف) خوان کی جمع۔
خواد (ف) خواب۔ نیند۔
خواہ (ف) خواستن مصدر سے امر کا صیغہ۔ مانگ۔ (۲) چاہنے والا۔ مانگنے والا (۳) چاہا گیا (۴) چاہے۔ کلمہ تردید۔
خواہاں (ف) مانگنے والا۔ چاہنے والا۔
خواہاں کسی باش کہ خواہاں تو باشد (ف) کسی ایسے سے محبت کر جو تمہیں بھی چاہے ورنہ یک طرفہ محبت تو نرا عذاب ہے۔
خواہد (ف) مانگے۔ چاہے (۲) فعل ماضی کے پہلے صیغہ مستقبل کی علامت یعنی "گا" جیسے خواہد کرد۔
خواہر (ف) ہمشیرہ۔ بہن۔
خواہر اندر (ف) سوتیلی بہن۔
خواہر خواندہ (ف) منہ بولی بہن۔
خواہر گیر (ف) جسے بہن کہہ دیا ہو۔ منہ بولی بہن۔
خواہش (ف) آرزو۔ تمنا (۲) مال۔ اسباب۔
خواہر زادہ (ف) بھانجہ۔ بہن کا لڑکا۔
خواہش کردن (ف) تمنا کرنا۔ التجا کرنا۔
خواہش گری (ف) تمنا۔ مدعا۔
خواہش مند (ف) طالب۔ شائق۔ آرزومند۔
خواہ ناخواہ / خواہ نخواہ } (ف) خواہ مخواہ۔ ناچار۔ مجبوراً۔ زبردستی۔ چار و ناچار۔ طوعاً و کرہاً۔
خواہندہ (ف) مانگنے والا۔ سوالی۔ سائل۔
خوب (ع) غریب ہونا۔ مفلس ہو جانا۔ کنگال ہو جانا۔
خوب (ف) اچھا (۲) نیک۔ بہتر (۳) خوبصورت (۴) معشوق (۵) محکم۔ استوار۔ مضبوط (۶) نفیس۔ زیبا۔
خوباں (ف) خوب کی جمع۔ معشوق۔ معشوقوں کا گروہ۔
خوبانی (ف) خشک زرد آلو۔ جس کی گٹھلی میں بادام کی مانند مغز ہوتا ہے۔ مشہور میوہ۔
خوبرو (ف) حسین۔ شکیل۔ پری چہرہ۔ خوبصورت۔
خوبروئی (ف) خوبصورتی۔ حسن۔
خوب سیرت (ف) دیکھو۔ خوب آئین۔
خوب صورت (ف) خوش شکل۔ خوبرو۔ حسین۔ شکیل۔

Marfat.com

خوبصورتی (ف) حسن و جمال - خوش اندامی -
خوب فرجام } (ف) دیکھو خوب آئین -
خوب کردار }
خوب کلاں (ف) خاکشی - شفترک جو ایک مشہور دوا ہے -
خوب نہاد (ف) دیکھو - خوب آئین -
خُو بُو (ف) سبھاؤ - عادت - خصلت - چال چلن (۲) رنگ ڈھنگ -
خوبی (ف) عمدگی - بہتری - بھلائی (۲) حسن - خوبصورتی (۳) بڑائی - شرف - فوقیت - (۴) گُن - جوہر -
خوبی کسے کردن (ف) کسی کو بھلائی سے یاد کرنا -
خوبی گم نشود (ف) بھلائی اور نیکی کا اجر خواہ دیر سے ملے آخر مل ہی جاتا ہے -
خوبی و وفا ہر دو بہم گرد نیاید (ف) حسن اور وفا دونوں اکٹھے نہیں ہوتے - یعنی حسینوں میں وفا نہیں ہوتی -
خونچین (ف) سلاجیت - مومیائی -
خوپذیر (ف) خصلت قبول کرنے والا - قابلیت کا مادہ رکھنے والا -
خوجہ (ف) خواجہ کا مخفف - سردار - بزرگ -
خوچ } (ف) مرغ کی کلغی (۲) کلغا جو ایک پھول ہے اور مرغ کی شکل کا ہوتا ہے -
خوچہ }
خوخ (ع) خوخہ کی جمع - شفتالو - آڑو (۲) روشندان (۳) دریچہ (۴) ڈبر - مقعد (۵) ایک قسم کا سبز کپڑا -
خود (ع) البیلی عورتیں - نازنین اور نوجوان عورتیں -
خود (ف) فولاد کی ٹوپی - جو جنگ کے موقع پر سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے -
خود (ف) آپ (۲) اپنا - بذات خاص -
خود آرا (ف) خود نمائی کرنے والا -
خو دادن (ف) عادی کرنا (۲) خوگیر کرنا -
خود باختن (ف) ڈرنا - سہم جانا -
خود بخود (ف) از خود - آپ ہی آپ -
خود بدولت (ف) آپ - بذات خاص - حضور - عالی جناب -
خود بین (ف) مغرور - خود پسند -
خود بینی (ف) خود پسندی - غرور - کبر -
خود پرست (ف) خود پسند - مغرور (۲) کمینہ -
خود پرستی (ف) خود پسندی - غرور - کبر -
خود پسند (ف) خود را - سرکش - مغرور - وہ شخص جو دوسرے کی رائے پسند نہ کرے - اور اپنی رائے کو ہی باوقعت خیال کرے - اپنی کرنے والا -
خود پسندی (ف) خود رائی - سرکشی - غرور -
خودت (ف) تو خود -
خود حساب (ف) اپنے اعمال و افعال کا خود حساب کرنے اور جائزہ لینے والا -
خود حسابی (ف) اپنے مرتبہ اور اپنی حالت کو پہچاننا -

خود خواہ (ف) خودسر - مطلبی -
خود دار (ف) اپنے لیے - اپنے واسطے (۲) اپنے آپ کو -
خود داری (ف) اپنی شان کا خیال رکھنا - متانت - سنجیدگی -
خود را بجا گذاشتن (ف) مرنا - جان دے دینا -
خود را بر چیزے دوختن (ف) کسی چیز کا بے حد مشتاق ہونا -
خود را بکسے رسانیدن (ف) کسی کی برابری کرنا -
خود را بگنبد کشیدن } (ف) غرور کرنا - تکبر کرنا -
خود را بلند کشیدن }
خود را جمع کردن (ف) اپنے آپ کو سنبھالے رکھنا - اپنے آپ کو ناشائستہ حرکات سے بچانا -
خود را خوردن (ف) غم کو اندر ہی اندر کھانا اور ظاہر نہ ہونے دینا -
خود را دریافتن (ف) اپنے آپ کو سنبھالنا -
خود را رسن کردن (ف) اپنے آپ کو مقید کرنا - اپنے جذبات قابو میں رکھنا -
خود را گرفتن (ف) دیکھو خود را جمع کردن -
خود را گم کردن (ف) اپنے ہی خیالات میں مگن رہنا اور دوسروں سے بے نیاز رہنا -
خود رائے (ف) اپنی ہی رائے پر چلنے والا - کسی کی نہ ماننے والا - نافرمان -
خود رفتہ (ف) بے خود - بے خبر - آپے سے باہر -
خود رفتگی (ف) بے خودی - بے خبری - مدہوشی -
خود رو (ف) اپنے آپ اُگنے والا - اپنے آپ اُگا ہوا -
رُوئیدن مصدر سے فعل امر ہے - رَو و رے کی زبر سے، غلط ہے -
خود سازی (ف) اپنا ظاہر سنوارنا -
خود ستا (ف) آپ اپنی تعریف کرنے والا -
خود ستائی (ف) اپنی تعریف آپ کرنا - اپنے منہ میاں مٹھو -
خود ستائی جان من برہان نادانی بود (ف) اپنی تعریف آپ کرنا نادانی کی دلیل ہے -
خودسر (ف) خود رائے - ہٹیلا - ضدی - سرکش -
خودسری (ف) ہٹ - ضد - سرکشی - تکبر -
خودسری کردن (ف) ضد کرنا - ہٹ پر اڑنا - سرکشی کرنا -
خود سوار (ف) دیکھو خودسر -
خود شکن (ف) منکسر - صاحب عجز -
خود شناس (ف) عارف - اپنے کو پہچاننے والا -
خود غرض (ف) خودکام - نفس پرور - وہ شخص جو اپنی غرض پر تو محبت کا دم بھرے اور دوسرے کے مطلب پر بے پروائی ظاہر کرے -
خود غرضی (ف) خود مطلبی -
خود فروش (ف) لوگوں کے سامنے اپنی یا اپنے باپ دادا کی

Marfat.com

تعریف کرنے والا۔

خُوک (ف) خرخشہ۔ دشواشں۔ غلیان۔ خاطر (۲) خشم (۳) حسد۔ (۴) نا ملائم امر کے دیکھنے سے طبیعت کا پریشان ہونا۔

خُود کاشت (ف) وہ شخص جو اپنی ہی زمین کا مالک ہو اور آپ ہی کاشت کرے۔

خُود کام (ف) دیکھو خود غرض۔

خُود کامگی (ف) دیکھو خود غرضی۔

خُود کامہ (ف) دیکھو خود غرض۔

خُود کامی (ف) دیکھو خود غرضی۔

خود کردہ را علاجے نیست (ف) اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑا مارنا۔

خُود کُشتہ را تعزیت نمی دارند (ف) جس کو خود قتل کریں اس کی تعزیت نہیں کی جاتی۔

خُود کُشی (ف) اپنے آپ کو مار ڈالنا (۲) مقدور سے بڑھ کر دعوت وغیرہ پر خرچ کرنا۔

خود گویم و خود خندم و مرد ہنر غلام (ف) اپنے منہ آپ میاں مٹھو بننا۔

خودم (ف) میں خود۔

خُود مختار (ف) آزاد۔ با اختیار۔ جو کسی کے تابع اور ماتحت نہ ہو۔

خُود مختاری (ف) با اختیاری۔ آزادی (۲) خودسری۔

خود نُما (ف) خودستا۔ مغرور۔ متکبر۔

خود نمائی (ف) خودستائی۔ غرور۔ نخوت۔

خُودی (ف) اپنی ذات۔ نفس۔ آنما (۲) خودسری۔ خودغرضی۔ خودبینی۔ تکبر۔ غرور۔

خَور (ف) سُستی۔ کاہلی۔

خُور (ف) خوردن مصدر کا امر۔ کھا۔

خُور (ف) خورشید کا مخفف (۲) نہایت تیز روشنی (۳) قوت لایموت۔ یعنی اس قدر قلیل غذا جس سے فقط زندگی رہ سکے (۴) لذت۔ مزہ۔ (۵) ہر شمسی مہینہ کی گیارہویں تاریخ۔ (۶) سورج کا موکل فرشتہ (۷) دریا کا تنگ دہانہ۔ خلیج۔

خُورا<br>خُورائے } (ف) درخور۔ سزاوار۔ لائق (۲) اس قدر قلیل غذا۔ جس سے فقط جان بچ سکے۔

خُوراک (ف) خوردنی۔ کھانے کی شے (۲) ایک وقت کا کھانا طعام۔

خورانیدن (ف) کھلانا (۲) کھلوانا۔

خُورد (ف) کھانا۔ کھانے کی چیز۔ خورش (۲) میوہ۔

خورداد (ف) ایک شمسی مہینہ کا نام جو اساڑھ کے لگ بھگ ہوتا ہے۔

خُورد بُرد (ف) کھانا اُڑانا۔ خیانت۔ غبن۔ بددیانتی (۲) رشوت۔

خُورد پز (ف) کھانے کو پکانے والا۔ باورچی۔

خُورد خوان (ف) خوانِ طعام۔ طعام کی سینی۔ طعام کا دسترخوان۔

خُورد کردن (ف) ریزے ریزے کرنا۔ ریزگاری لینا۔

خُوردن (ف) کھانا۔ ملنا۔ ملاقی ہونا۔

خُوردنی (ف) کھانے کی شے۔ کھانا۔ طعام۔ قوت۔

خُورد و خواب (ف) محض کھانا پینا اور سو رہنا۔ دیگر کام نہ کرنا۔

خُوردَہ (ف) کھایا ہوا (۲) طعام۔ خوراک (۳) ہر چیز کا ریزہ۔ (۴) نکتہ (۵) عیب (۶) آگ کی چنگاری۔

خُوردہ بین (ف) باریک بین۔ نکتہ چین۔ نکتہ سنج (۲) ایک قسم کی دُوربین۔ جس سے نہایت باریک اشیاء دیکھی جاسکتی ہیں۔

خُوردہ بینی (ف) باریک بینی (۲) نکتہ چینی۔

خُوردہ پز (ف) باورچی۔

خُوردہ داں (ف) دانا۔ باریک بین۔ دقت پسند۔

خُوردہ فروشی (ف) پرچون بیچنا۔

خُورسند (ف) خوش۔

خُورسندی (ف) خوشی۔

خُورش (ف) کھانا۔ خوراک۔ طعام۔

خُورشخانہ (ف) باورچی خانہ۔ مطبخ

خُورش دَستاس (ف) گالا۔ چکی میں پیسنے کے لیے ایک بار جو مٹھی بھر دانے ڈالے جاتے ہیں (۲) نیز گلا۔ چکی کا گول چھید جہاں گالا ڈالا جاتا ہے۔

خُورش گر (ف) باورچی۔

خُورشید<br>خُورشید } (ف) بیائے مجہول و بیائے معروف دونوں طرح صحیح ہے۔ یہ لفظ خور بمعنی سُورج اور شید بمعنی روشن سے مرکب ہے۔ یعنی روشن سُورج۔ آفتاب۔

خُورشید بر لب بام (ف) انتہائے عمر۔

خُورشید پیکر (ف) خوبصورت۔

خُورشید بگل اندودن<br>خُورشید را بگل نہفتن } (ف) ایسی بات کو چھپانے کا ارادہ کرنا۔ جس کا اخفا نا ممکن ہو (۲) لغو حرکت کرنا (۳) امر بدیہی کا انکار کرنا۔

خُورشید جہاں تاب (ف) سُورج۔

خُورشید سَر دیوار (ف) انتہائے عمر۔

خُورشید سوار (ف) شب بیدار۔ رات کو جاگنے والا (۲) سحر خیز (۳) گرمی کے وقت سوار ہونے والا (۴) بادشاہ کا مقرب۔ فرشتہ۔

خُورشید سواراں (ف) خورشید سوار کی جمع

خُورشید سُوئے کوہ (ف) سُورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

خُورشید سیما<br>خُورشید طلعت<br>خُورشید عذار<br>خُورشید غبغب<br>خُورشید فروغ<br>خُورشید لقا } (ف) معشوق۔

Marfat.com

خور ماہ (ف) گرمی کے ایک مہینے کا نام۔
خُورندہ (ف) کھانے والا۔ پیٹو۔ کھاؤ (۲) فضول خرچ۔
خورو نوش (ف) کھانا پینا۔
خورہ (ف) جذام۔ کوڑھ (۲) بالخورہ۔
خوز (ف) ایران کی ایک ولایت کا نام جہاں کی شکر بہت مشہور ہے۔
خوزی (ف) گنا۔ نیشکر
خوزی (ف) خوزستان کا رہنے والا۔
خوزستان (ف) ولایت خوز۔
خوزم (ف) کہر۔ وہ بخار جو زمین کے قریب ہوتا ہے (۲) مطلق بخار۔
خوزہرج (ع) خزیرہ کا معرب۔ کنیر کا درخت۔
خَوس (ع) بے وفائی کرنا (۲) خیانت کرنا۔
خوسانیدن (ف) تر کرنا۔ بھگونا۔
خُوست (ف) ملا ہوا۔ مالیدہ (۲) کوٹا ہوا (۳) دریا کے درمیان کا جزیرہ۔
خوست (ف) افغانستان کے ایک علاقہ کا نام۔
خُوستن (ف) باریک کرنا۔ کوٹنا۔
خوسہ (ف) وہ شکل جو کھیتی وغیرہ میں جانوروں اور پرندوں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں۔
خُوش (ف) اچھا۔ خوب (۲) خود۔ خویش۔ ساس یعنی خوشدامن۔ بوسہ۔ اس لفظ پر ضمہ یعنی پیش پڑھنا غلط ہے۔
خوش (ف) بواؤ مجہول۔ خشک۔
خُوشا (ف) بہت خوش۔
خُوشاب (ف) سیراب۔ تروتازہ (۲) جواہر۔ آب دار۔ آبدار موتی (۳) پنجاب کے ایک مشہور ضلع کا نام جو دریائے جہلم کے کنارے پر آباد ہے۔
خُوش آب (ف) موتی۔
خُوش اَدا (ف) خوش آواز (۲) محبوب۔
خُوش اسلوب (ف) عمدہ۔ خوب۔ دل پسند (۲) خوش انتظام (۳) خوش وضع۔
خُوش اطوار (ف) اچھی عادتوں والا۔
خُوش الحان (ف) خوش آواز۔
خُوش آمد (ف) مخاطب کو خوش آنے والی بات (۲) چاپلوسی۔
خُوشامد پسند } (ف) خوشامد کو پسند کرنے والا۔
خوشامد دوست } چاپلوسی کو پسند کرنے والا۔
خُوشامن (ف) خوش دامن۔ ساس۔
خُوش انگشت (ف) اچھا سازندہ۔ عمدہ گانے بجانے والا۔
خُوش آہنگ (ف) خوش آواز۔
خوش آیند (ف) بھلا لگنے والا۔ پیارا۔
خوشانیدن (ف) سکھانا۔ خشک کرنا (۲) بے آب کرنا (۳) بے رونق کرنا۔
خوش باد } (ف) گداگروں کی آواز ہے۔ جو وہ مانگنے کے وقت
خوش باش } دیتے ہیں۔

خُوش باش (ف) ہمیشہ خوش رہنے والا۔
خُوش باش زدن (ف) تکلیف کرنا۔ کھاتے وقت کسی کو ساتھ کھانے کی دعوت دینا۔
خُوش باور (ف) زود اعتقاد۔
خُوش بخت (ف) خوش نصیب۔
خُوش بختانہ (ف) خوش نصیبی سے۔
خُوش برگ (ف) دولت مند۔ بہت سامان والا۔
خُوشبو (ف) عمدہ بو۔ بوئے خوش۔ مہک۔
خُوشبو دار (ف) خوشبو والا۔ معطر۔ عمدہ بو والا۔
خُوش بیان (ف) خوش تقریر۔ خوش گفتار۔ شیریں گفتار۔
خُوش بیانی (ف) خوش گفتاری۔ لطافت۔ خوش کلامی۔
خُوش بیں (ف) چیزوں کا روشن پہلو دیکھنے والا انسان۔
خُوش بینی (ف) رجائیت
خُوش پرکار (ف) نہایت خوش اسلوب۔ سلیقہ مند۔ باشعور۔ ہنرمند۔
خُوش پوشاک (ف) عمدہ لباس پہننے والا۔ سفید پوش۔
خُوشتامن (ف) ساس۔
خُوشتر } (ف) بہت خوش۔
خُوشترک }
خُوش تراش (ف) اچھی وضع قطع والا۔
خُوش ترکیب (ف) تناسب الاعضاء۔
خُوش تقریر } (ف) خوش کلام۔ شیریں گفتار۔
خُوش حرف } میٹھی باتیں کرنے والا۔
خُوش حساب (ف) لین دین کا اچھا۔
خُوش خبری (ف) نوید۔ مژدہ۔ بشارت۔ اچھی خبر۔
خُوش خرام (ف) خوش رفتار۔ اچھا چلنے والا۔ آہستہ چلنے والا۔ (۲) معشوق۔ محبوب۔
خُوش خصال (ف) اچھی عادتوں والا۔
خُوش خط (ف) عمدہ لکھا ہوا (۲) عمدہ لکھنے والا (۳) نوخط جوان۔
خُوش خلق (ف) عمدہ خصلت والا۔ بامروت۔ خلیق۔
خُوش خوان (ف) خوب پڑھنے والا (۲) وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو۔
خُوش خوراک (ف) لذیذ اور عمدہ غذا کھانے والا۔
خُوش خیال (ف) اچھے خیالات والا (۲) شاعر۔
خُوشدامن (ف) ساس۔
خُوشدل (ف) مگن۔ شادمان۔ بشاش۔
خُوش ذائقہ (ف) مزے دار۔ لذیذ۔ خوش مزہ۔
خُوش رفتار (ف) دیکھو خوش خرام۔
خُوش رنگ (ف) اچھے اور چمکیلا رنگ والا۔ شوخ رنگ۔ عمدہ رنگ والا۔
خُوش رَو (ف) خوش رفتار۔ تیز رفتار۔

Marfat.com

خُوش رُو (ف) خوبصورت - خوبرو -
خُوش سال (ف) ارزانی کا سال - خشک سال کے مقابلے میں -
خُوش طالع (ف) نیک بخت - خوش نصیب -
خُوش طبع (ف) زندہ دل - ظریف - خوش رہنے والا -
خُوش طبعی (ف) زندہ دلی - ظرافت - دل لگی -
خُوش طینت (ف) نیک خو -
خُوش ظاہر و باطن (ف) جس کا ظاہر دیکھنے کو بہت اچھا ہو مگر باطن بُرا جیسے ہاتھی دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور -
خُوش عنان (ف) (۱) اصیل گھوڑا (۲) خوش رفتار گھوڑا - فرمانبردار گھوڑا جو اشارہ پر کام دے -
خُوش فرش بوریا و گدائی خواب من (ف) چھپر والا سونے کوٹھے والا ردے -
خُوش قدم (ف) مبارک قدم -
خُوش قسمت (ف) خوش نصیب -
خُوش قسمتی (ف) خوش نصیبی -
خُوش قلم (ف) (۱) خوشنویس - عُمدہ لکھنے والا (۲) بہت صاف کاغذ جس پر عمدہ لکھا جائے -
خُوش قمار (ف) اچھا کھلاڑی - یعنی ہمیشہ جیتنے والا - قمار باز -
خُوش قوال (ف) جلی اور دلکش باتیں کرنے والا -
خُوش کنار (ف) معشوق - محبوب -
خُوش گام (ف) عُمدہ چلنے والا گھوڑا -
خُوش گاہ (ف) رندوں کی اصطلاح میں عورت کی شرمگاہ -
خُوش گزران (ف) عُمدہ طریق پر گزراوقات کرنے والا -
خُوش گل (ف) خوبصورت -
خُوشگوار } (ف) لذیذ چیز - مزیدار شے - خوش ذائقہ -
خُوش گواراں }
خُوش مزہ (ف) زندہ دل - لطیفہ گو - بذلہ سنج -
خُوش منزل (ف) بادشاہوں اور امیروں کے پہنچنے سے پہلے ان کی رسد اور دیگر امور کا انتظام کرنے والا -
خُوش منظر (ف) خوشنما - خوب صورت -
خُوش نشین (ف) جہاں جی لگے - وہیں سکونت کر لینے والا -
خُوش نصیب (ف) خوش نصیب - صاحب نصیب - بختاور -
خُوش نصیبی (ف) خوش اقبالی - خوش قسمتی -
خُوش نغمہ (ف) عُمدہ گویا - اچھا گانے والا -
خُوش نگاہ (ف) معشوق -
خُوشنما (ف) خوب صورت - خوش منظر -
خُوشنمائی (ف) خوبصورتی -
خُوش نمک (ف) لذیذ کھانا - جس میں نمک اور مصالحہ وغیرہ سب کچھ ٹھیک اور اندازہ کے موافق ہو -
خُوشنود (ف) (۱) راضی - خوش (۲) رضامندی -
خُوشنودی (ف) رضامندی - خوشی -

خوشنویس (ف) خوش رقم - خوشخط - اچھا لکھنے والا -
خوش نہاد (ف) نیک ذات - نیک طینت -
خوش و خُرّم (ف) دلشاد - شاداں و فرحاں - آنند -
خوش وقت بودن (ف) خوش ہونا - مسرور ہونا -
خوش ہیکل (ف) خوب تن و توش والا -
خوشہ (ف) گچھا - اناج کی بال - سٹّہ -
خوشہ چیں (ف) (۱) فیض اٹھانے والا (۲) کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے خوشے اٹھانے والا -
خوشہ پروین (ف) برج سنبلہ -
خُوشہ نداون (ف) خراج ادا نہ کرنا -
خُوشی (ف) (۱) شادی - سرور - مسرت (۲) نیکی - بھلی -
خوشیدن (ف) خشک ہونا - سوکھنا -
خوش یمن (ف) مبارک حال -
خُوض (ع) (۱) سوچنا - فکر (۲) پانی میں اترنا (۳) گھوڑے کو پانی میں اتارنا -
خُوض کردن (ف) غور کرنا -
خُوضوا (ع) (۱) ڈر - دہشت (۲) لڑائی (۳) قتل -
خوف (ع) (۱) ڈر - دہشت (۲) لڑائی (۳) قتل -
خوف ناک (ف) (۱) ڈرنے والا (۲) خوف کا مقام -
خوک (ف) (۱) سُؤر - خنزیر (۲) خنازیر جو گلے کی ایک مشہور بیماری ہے -
خُوکردن (ف) عادی ہونا - خوگر ہونا -
خُوگر (ف) (۱) عادی - خوگر - کسی بات کی عادت والا (۲) محبت کرنیوالا ملنسار -
خُوگرفتن (ف) (۱) عادت پڑ جانا (۲) محبت ہو جانا -
خُوگیر (ف) خوگر - عادی -
خُوگیر (ف) (۱) نمدزین - وہ نمد وغیرہ جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالا جاتا ہے (۲) پسینہ پونچھ لینے والا -
خول (ف) چڑیا کی مانند ایک چھوٹا سا تیز پرواز اور بلند پرواز پرندہ - بعضے چنڈول کو کہتے ہیں -
خَول (ع) (۱) نگاہ رکھنا (۲) بہت رعایت کرنا
خَول (ع) (۱) نوکر - غلام - خدمت گار - لونڈیاں (۲) دولت - نعمت - خدم و حشم -
خولان (ع) رسوت جو مشہور دوا ہے -
خولہ (ف) خال -
خولی (ع) گڈریا - مال کی نگہبانی کرنے والا -
خولی بکفم بہ زکلنگی کہ در ہوا ست (ف) نو نقد نہ تیرہ اُدھار -
خُون (ف) (۱) لہو (۲) مار ڈالنا (۳) خونی آدمی -
خُوَن (ع) خائن - خیانت کرنے والا -
خُون از بُن ناخن بر آوردن }
خُون از بن ناخن دویدن } (ف) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا -
خُون از بن ناخن رواں بودن }
خُون از بن ناخن رواں شدن }

Marfat.com

خو از بینی کسی تیا مدن (ف)، کسی کی نکسیر تک نہ پھوٹنا۔
خُونِ آشام (ف)، ستمگار۔ ظالم۔
خُون آلُودہ (ف)، خُون میں لتھڑا ہوا۔
خُون آمدن (ف)، خُون کا جاری ہونا۔ زخمی ہونا۔
خُون بجوشش آمدن (ف)، خون کا جوش مارنا۔ رشتہ داری کی وجہ سے کسی کے خلاف غصہ آنا۔
خُونِ بَط (ف)، سُرخ شراب۔
خُوں بہا (ف)، خُون کا معاوضہ۔ دیت (۲)، مقابل مانند۔
خُونِ تاک
خُون جام } (ف)، شرابِ انگور۔
خُونِ جگر (ف)، غم۔ غصّہ۔ اندوہ۔
خُونِ جہاں (ف)، سُرخیٔ شفق۔
خُونِ حلال (ف)، جس قتل میں گناہ نہ ہو۔ مباح خُون۔
خُونِ حیوان (ف)، دُودھ۔ لسّی۔ گھی اور شہد۔
خُونِ خام (ف)، انگوری شراب (۲)، خالص اور صاف خُون۔
خُون خریدن (ف)، خون بہا۔ یعنی کچھ مال وغیرہ دے کر قتل سے رہائی حاصل کرنا۔
خُون خُم (ف)، سُرخ شراب۔
خُونخوار (ف)، ستمگر۔ ظالم۔
خُوں خوارگی (ف)، ظلم وستم۔ غم وغصّہ۔
خُوں خوارہ (ف)، ظالم۔ ستمگر۔
خونخواری (ف)، ظلم وستم (۲)، غم وغصّہ۔
خُون خواہ (ف)، انتقام لینے والا۔
خُوں خواہی (ف)، قصاص مانگنا۔
خُوں خوردن (ف)، خُون پینا۔ قتل کرنا۔
خُونِ دراند اختن (ف)، خون بہانا۔ قتل کرنا۔
خُوں دار (ف)، قاتل اور قتل کا انتقام لینے والا۔
خُون در جگر افگندن (ف)، نہایت پیچ وتاب میں ڈالنا۔
خُون در جگر کردن (ف)، دیکھو۔ خُون در جگر افگندن۔
خُون در جوش است (ف)، اس کے سینے میں اُمیدیں اور آرزوئیں ہیں۔
خُون در کنار راندن (ف)، بہت رونا۔
خُونِ درمیان است (ف)، جنگ شروع ہے (۲)، خُون کا دعوےٰ دائر ہے۔
خُونِ دل (ف)، اندوہ۔ غم (۲)، غصّہ (۳)، سختی۔ محنت۔
خُونِ دل بناخن آوردن
خُونِ دل بناخن رسیدن } (ف)، بدلہ لینا (۲)، گریہ کرنا (۳)، چھاتی پیٹنا۔
خُونِ دل خاک (ف)، پھول (۲)، لعل اور یاقوت وغیرہ۔
خُونِ دل خوردن (ف)، خونِ جگر پینا۔ انتہائی رنج والم میں ہونا۔
خُونِ دماغ کردن (ف)، نکسیر چلنا۔ ناک سے خون بہنا۔
خُونِ رز
خُونِ رزان
خُونِ رنگین } (ف)، شراب انگور۔

خُون ریختن (ف)، خون بہنا (۲)، خون بہانا۔
خُون ریز (ف)، خُونی۔ خُون بہانے والا (۲)، خُون بہانا۔
خُون ریزی (ف)، خون خرابہ۔
خُونِ سادہ (ف)، خالص خون۔
خُون سرد (ف)، بے مہر۔
خُونِ سیاوُش
خُونِ سیاوُشان } (ف)، دم الاخوین۔ ایک سُرخ رنگ بوٹی کا نام ہے جو مشہور دوا ہے۔ کہتے ہیں کہ جب افراسیاب نے اپنے داماد سیاوس بن کیکاؤس کو قتل کیا تو زمین پر اس کا خون گرا تھا۔ وہاں یہ بوٹی پیدا ہوگئی۔ اسی لیے خونِ سیاوش کہلاتی ہے۔ (۲)، سُرخیٔ شفق (۳)، شرابِ سُرخ (۴)، صبح کی روشنی۔
خُونِ سیاوُش بجوش آمدن (ف)، باسی کڑاہی میں اُبال آنا۔ کسی بے حس میں احساس کا پیدا ہونا۔
خُون شُدن (ف)، ہلاک ہونا۔
خُون شُدن آرزُو (ف)، آرزؤں اور تمنّاؤں کا خُون ہونا۔
خُون شُدن اُمید (ف)، اُمیدوں کا خُون ہونا۔
خُون شُدن دِل (ف)، دل کا خُون ہونا۔
خُون عاقبت جان خُون کشد (ف)، گھٹنا آخر پیٹ کی طرف ہی جھکتا ہے۔ مراد ہے کہ رشتہ دار چونکہ ایک ہی خُون سے ہوتے ہیں اس لیے وہ آخر کار مل بیٹھتے ہیں۔
خُون فروش (ف)، معمولی چیز پہ خون کا معاوضہ طلب کرنے والا۔
خُون قدح
خُون کبوتر } (ف)، شرابِ سُرخ۔
خُون کردن (ف)، ہلاک کرنا۔
خُون کسی را بہ شیشہ کردن (ف)، کسی کو جان سے مار دینا۔ نہایت ہی گراں بیچنا۔ ذخیرہ اندوزی کرنا۔
خُون کُشادن
خُون کشیدن } (ف)، فصد کرنا۔
خُون گرفتن از کسے (ف)، کسی سے قصاص لینا۔
خُون گرفتن دِل (ف)، غم وغصّہ سے دِل کا بھر آنا۔
خُون گرفتہ (ف)، اجل رسیدہ۔
خُون گرم (ف)، ہمدرد۔
خُون گرمی (ف)، جوش۔ محبّت۔ اُلفت۔ تپاک۔
خُون گریستن (ف)، خون کے آنسو رونا۔ زار وزار رونا۔
خُون گریہ کردن (ف)، خُون کے آنسو رونا۔
خُونِ مُردہ (ف)، وہ خون جو چوٹ لگنے سے جسم پر ایک جگہ جم جائے۔
خُوناب (ف)، خُون اور آب سے مرکّب ہے۔ خون پانی ایک کرنا۔ نہایت رنج وغم کرنا (۲)، خُون کے آنسو بہانا (۳)، سرخ ورم (۴)، شفقت۔
خُوناب خُم (ف)، شراب سُرخ۔

Marfat.com

خون نابہ (ف) خون ناب کا مزید علیہ۔
خون ناحق نمی خواہد (ف) قتل کو چھپایا نہیں جا سکتا۔
خون ناموس (ف) شراب سُرخ۔
خون نشاندن (ف) خون کی اصلاح کرنا - خون کی تعدیل کرنا - خون کی تیزی اور گرمی کو رفع کرنا۔
خون نوش، خونوشہ (ف) ستمگر - ظالم۔
خون نوشیدن (ف) خون پینا (۲) قتل کرنا۔
خونی (ف) خون کرنے والا قاتل۔
خونیں (ف) خون آلودہ - خون میں لتھڑا ہوا۔
خوہل - خوہلہ (ف) کج - ٹیڑھا - خمیدہ۔
خوئے (ف) خصلت - عادت۔
خوے (ف) پسینہ۔
خوے بر آوردن از کسے (ف) کسی کو شرمندہ کرنا۔
خوید (ف) جو یا گیہوں کی ہری گھاس جس سے ابھی بالیں نہ نکلی ہوں۔
خوشیدن (ف) خو پکڑنا - عادت پکڑنا۔
خوئے زویدن (ف) شرمندہ ہونا۔
خوئے زدہ (ف) جسے پسینہ آیا ہوا ہو۔
خولیہ (ف) بحث - جھگڑا۔
خویش (ف) آپ (۲) اپنا (۳) بھائی بند - رشتہ دار (۴) اہل (۵) خوب (۶) نیک (۷) وجود۔
خویشان (ف) خویش کی جمع - رشتہ دار - اپنے۔
خویشاوند (ف) اپنے لوگ - عزیز - رشتہ دار۔
خویش باز (ف) عشق الٰہی میں اپنے آپ سے بے خبر ہونے والا۔ عشق الٰہی میں فنا ہو جانے والا۔
خویش بیں (ف) متکبر - مغرور۔
خویشتن (ف) خود - آپ۔
خویشتن بین (ف) دیکھو خویش بیں۔
خویشتن دار، خویش دار (ف) بھاری بھرکم (۲) اپنے آپ کو قابو میں رکھنے والا - صابر - مآل اندیش (۳) فراغت دوست (۴) تن پرور (۵) منابطہ۔
خویش کام (ف) خود غرض - خود مطلب۔
خویش کردن (ف) زمین میں ہل چلانا۔
خویشی (ف) اپنائیت - قرابت۔

---

## خ - ہ

---

خَہ (ف) خوب - خوشش - کلمہ تحسین ہے۔
خہ خہ (ف) بہت خوب - واہ واہ۔
خہر (ف) وطن (۲) مقام - جگہ - منزل۔

خہل، خہل، خہلہ، خہلہ (ف) کج - ٹیڑھا۔
خہے (ف) تحسین کا کلمہ ہے جو خَہ اور ے سے مرکب ہے - آفریں - مرحبا - بارک اللہ۔

---

## خ - ی

---

خی (ف) مشک - پانی کی کھال۔
خیاب (ع) بے بہرہ - بے نصیب (۲) نا اُمید۔
خیابان (ف) باغ کی روشیں - پٹڑیاں - کیاریاں - چمن (۲) وہ سڑک جس کے دونوں طرف درخت ہوں - اگر درخت نہ ہوں تو "کوچہ" کہتے ہیں۔
خیابان وزع کردن (ف) گلیاں ناپتے پھرنا - جوتیاں چٹخانا - آوارہ پھرنا۔
خیابان گز کردن (ف) آوارہ پھرنا۔
خیابان بندی (ف) سڑک کے دو رویہ درخت لگانا۔
خیابت (ف) بالوسی۔
خیار (ع) کھیرا - ککڑی (۲) اختیار (۳) چھانٹنا (۴) قبول کرنا (۵) مقبول۔
خیار شنبر (ع) خیار چنبر کا معرب۔
خیارک (ف) بد - ایک قسم کا ورم جو جڑوں یعنی ران کے پیوند میں ہوتا ہے۔
خیارین (ف) خیار کی جمع۔
خیازنہ (ف) سالی - جورو کی بہن۔
خیاشیم (ع) خیشوم کی جمع - نتھنے
خیاط (ع) سوزن - سوئی (۲) دھاگا۔
خیّاط (ع) درزی۔
خیال (ع) وہ صورت جو بیداری میں تصور کی جائے یا خواب میں نظر آئے (۲) تصور - دھیان (۳) گمان (۴) نقش - تصویر (۵) پانی یا شیشے میں نظر آنے والی صورت (۶) ایک قوت کا نام بھی ہے - جو صُوَرِ محسوسات کو جو حس مشترک نے قبول کی ہوں، غائب ہونے کے بعد محفوظ رکھتی ہے۔
خیالات (ع) خیال کی جمع۔
خیالاتی (ف) خیالات میں مگن رہنے والا - وہمی آدمی۔
خیال باطل (ع) جھوٹا خیال (۲) غیر ممکن الوقوع بات کا خیال۔
خیال باف (ف) بے ہودہ خیال آرائیاں کرنے والا۔
خیال بستن (ف) تصور میں لانا۔
خیال بنگ (ف) بھنگ پینے سے پیدا ہونے والا خیال یا وسوسہ۔

Marfat.com

خیال پختن (ف) توقع رکھنا (۲) طمع کرنا۔
خیال پرست (ف) شاعر (۲) فشی (۳) حریص۔ لالچی (۴) عاشق۔ دلدادہ۔
خیال پرستان (ف) خیال پرست کی جمع۔
خیالِ خام (ف) ایسے امر کا خیال جس کے حصول کی اُمید نہ ہو۔ بے ہودہ خیال۔
خیالی (ف) وہمی۔ قیاسی۔ ظنی۔
خیام (ع) خیمہ کی جمع۔ تنبو۔
خیّام (ع) خیمہ دوز۔ تنبو بنانے والا۔
خیانت (ع) امانت میں چوری کرنا (۲) ناراستی۔
خیانت پیشہ } (ف) ٹھگ۔ بدمعاملہ شخص۔
خیانت گر }
خیانت کار ترسناک بود خائن کو سدا کھٹکا لگا رہتا ہے کہ کہیں اس کی بددیانتی اور خیانت کا پول نہ کھُل جائے۔
خیانت مجرمانہ (ع) وہ خیانت جو سرکاری جُرم میں داخل ہو۔ قانون کے خلاف غبن۔
خیبت (ع) یاس۔ نااُمیدی۔ بےنصیبی۔ محرومی۔
خیبر (ع) مدینہ منورہ کے نزدیک ایک مشہور قلعہ جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا۔
خیبرستان (ع) خیبر کو فتح کرنے والا۔
خیدن (ف) ٹیڑھا ہونا۔
خیر (ع) بھلائی۔ نیکی (۲) دولت و مال۔
خیر (ف) نہیں۔ نہ۔
خیر (ف) حیران۔ سرگشتہ (۲) عبث۔ بے ہودہ (۳) تیرہ و تار (۴) شوخ۔ دلیر (۵) بےسبب (۶) گل سدا بہار (۷) گل خیری۔
خیرات (ع) خیر کی جمع۔ نیکیاں۔ کام۔
خیرات خانہ (ف) محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔
خیر اندیش (ف) خیرخواہ۔ نیک خواہ۔ کسی شخص کی بھلائی چاہنے والا۔ بہی خواہ۔
خیر باد (ف) رخصت کے وقت بولنے کا کلمہ۔
خیر باشد (ف) تجاہل عارفانہ یا شکایت دوستانہ کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ خیر تو ہے؟ خیر ہے؟
خیر جاری۔ نیکی اور بھلائی کی چیزیں۔ مثلاً سرائے۔ پل۔ کنواں۔ مسجد۔ حوض۔ تالاب وغیرہ۔
خیر خواہ (ف) دیکھو خیر اندیش۔
خیر خواہی (ف) بھلائی۔ بہتری (۲) نمک حلالی۔
خیر خواہانہ (ف) خیر خواہی کے طور پر۔ از رُوئے ہمدردی۔
خیر خیر (ف) ہرزہ۔ بے ہودہ (۲) بےسبب (۳) بےتقریب (۴) تیرہ و تار (۵) شوخ شوخ۔
خیرگی (ف) حیرانی۔ حیرت (۲) بےحیائی (۳) دلیری (۴) شوخی۔ سرکشی۔
خیر محض (ع) خالص نیکی۔ بالکل نیک۔
خیر مقدم (ع) کسی عزیز یا دوست کے آنے پر یہ کلمہ کہا جاتا ہے یعنی آپ کا آنا مبارک اور اچھا ہے جیسے رخصت کے وقت کہا جاتا ہے۔
خیرو (ف) خطمی۔ گل خطمی (۲) گل ہمیشہ بہار (۳) گل خوشبو۔
خیر و عافیت (ع) خیریت۔ خیر سلا۔ تندرستی۔ سلامتی۔
خیرہ (ف) آنکھوں کے سامنے جو غبار ہو جائے (۲) بےشرم۔ شوخ چشم (۳) بےباک۔ بےحیا (۴) سرکش (۵) بیہودہ (۶) حیران۔ سرگشتہ (۷) دلیر۔ شجاع (۸) تیرہ و تاریک (۹) بےسبب (۱۰) بےتقریب (۱۱) تعجب۔ حیرت (۱۲) سُن ہو جانے والا عضو (۱۳) سدا بہار پھول۔
خیرہ (ع) برگزیدہ (۲) فضیلت دینا (۳) پسند کرنا (۴) اختیار۔
خیرہ چشم (ف) شوخ چشم۔ بےحیا۔
خیرہ خند (ف) بے ہودہ ہنسنے والا۔
خیرہ خیرہ نگاہ کردن (ف) گھُورنا۔
خیرہ نگریستن (ف) گھُور کر دیکھنا۔
خیرہ درائے (ف) بےعقل۔ بے ہودہ بکنے والا۔
خیرہ دست (ف) سرکش۔
خیرہ رُو } (ف) پریشان۔ آشفتہ (۲) بوالہوس۔
خیرہ سر } بے ہودہ گرد۔
خیرہ شدن (ف) چندھیا جانا۔ غصے سے دیکھنا۔
خیرہ کش (ف) بےسبب مار ڈالنے والا۔ ناحق مار دینے والا ظالم (۲) بےباک۔ بےخوف۔ نڈر۔
خیرہ نگاہ (ف) شوخ چشم۔ بےحیا۔
خیری (ف) ایک قسم کے پھُول کا نام جس کی کئی قسمیں ہیں۔
خیری خطائی (ف) سیاہ رنگ کا گل خیری۔
خیری شیرازی (ف) خیری خزامی۔
خیری میر وکی (ف) بنفشی رنگ کا گل خیری جو ہفت رنگ کے نام سے مشہور ہے۔
خیری و خیریہ (ف) نیک اور بھلے کاموں سے منسوب۔
خیریہ (ف) خیراتی ادارہ۔
خیریت (ع) نیکی۔ بھلائی (۲) خیر و عافیت۔ تندرستی۔ سلامتی۔
خیز (ف) اٹھ (۲) پانی کی لہر (۳) کبوتر کے نشاط کے وقت کبوتر کی مستی۔
خیز آب (ف) کناروں سے گزر جانے والی پانی کی لہر۔
خیزاں و افتاں (ف) چھلانگ لگانا۔ اُچھلنا۔ کُودنا۔
خیز داشتن (ف) ورم آجانا۔ سُوج جانا۔ کسی جگہ کا اُبھر آنا۔
خیزران (ف) ایک قسم کی لکڑی جو خم دینے سے نہیں ٹوٹتی۔ اس کے نازیانے بناتے ہیں جسے بید کہتے ہیں (۲) سرو کے درخت کی جڑ۔
خیزش (ف) خیزی۔ شہوت۔

Marfat.com

خیز و میز (ف) خلا ملا - میل جول (۲) ذوق و شوق - تپاک -
خیز نده (ف) کودنے والا (۲) پھسلنے والا (۳) کنار دریا کی پھسلوان جگہ جہاں بچے پھسل پھسل کر پانی میں جاتے ہیں -
خیزیدن (ف) کسی جگہ آہستہ داخل ہونا (۲) گھسنا (۳) کھڑے ہونا - اُٹھنا (۴) بچوں کا بیٹھ کر گھٹنوں کے بل چلنا -
خَیس (ع) غم (۲) گمراہی (۳) خطا (۴) وعدہ خلافی - جھوٹ -
خِیس (ف) گیلا - تر - بھیگا ہوا -
خیس شدن (ف) مینہ میں بھیگ جانا -
خیسانیدن (ف) بھگونا - تر کرنا -
خِیسیدن (ف) بھگونا - تر کرنا (۲) بھیگنا - تر ہونا -
خُیش (ف) ایک قسم کا بڑا موٹا اور ڈلدار کتانی کپڑا - کھیس -
خیش (ف) جوا - پنجابی وہ لکڑی جو بیلوں کی گردن پر رکھ کر ہل جوتتے ہیں -
خیش (ع) موٹے سوت کا پتلی بناوٹ کا کپڑا (۲) ناقص کتان کا بنا ہوا کپڑا -
خیش کردن (ف) ہل چلانا -
خیشاده (ف) ہل چلا کر نرم کی گئی ہوئی زمین -
خیش خانه (ف) خیش کا خیمہ - خیش ایک قسم کا ڈلدار کتانی کپڑا ہوتا ہے - امرا گرمی کے موسم میں اس کا خیمہ یا رلوٹی بنا کر اس میں رہتے ہیں اور اندر بید کے پتے بچھا کر پانی چھڑکاتے ہیں اور یہ ہمارے ہاں کے خسخانہ کی مانند ہوتا ہے -
خَلیشفوج (ف) پنبہ دانہ - بنولے -
خَیط (ع) ڈور - دھاگا -
خیط ابیض (ع) صبح صادق - صبح کی سفیدی -
خیط اسود (ع) صبح کاذب (۲) رات کی سیاہی -
خیط الشعاع (ع) آفتاب کے شعاعی خطوط -
خیط شدن (ف) باریک اور لاغر ہونا -
خُیطل (ع) بلی - گربہ (۲) کتا -
خیعل (ع) کفنی (۲) پوستین - وہ کپڑا جس کے دونوں چاک نہ سیئے گئے ہوں - بے آستین کرتا (۳) مارا ہوا جانور یا (۴) بھیڑیا -
خَیف (ع) وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ سفید اور دوسری سیاہ ہو -
خیفا (ع) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ سفید اور دوسری سیاہ ہو (۲) اور اسی مناسبت سے علم بدیع میں وہ نظم یا نثر جس کا ایک کلمہ منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہو - جیسے
زوج جنبش دہد بمیں کل را
خیک (ف) گھی یا شراب یا شیرہ وغیرہ ڈالنے کی مشک یا کپا -
خیک بزرگ در نفش خوب نمی شود (ف) اونچی دکان پھیکا پکوان
خیکچه (ف) خیک کی تصغیر - مشکیزہ -
خیکی بالا آوردن (ف) رسوا ہونا - کمزور و لاغر ہونا -
خیکی در آوردن (ف) توند نکل آنا -

خَیل (ع) سوار آدمیوں کا گروہ (۲) گھوڑوں کا گلہ (۳) جماعت - گروہ -
خَیلاء (ع) وہ عورت جس کے جسم پر بہت تل ہوں -
خِیلان (ع) خال کی جمع - سیاہ نقطے جو جسم پر ہوتے ہیں -
خیلتاش (ف) غلاموں اور نوکروں کا گروہ (۲) ایک رسالہ کے نوکر (۳) ایک گروہ کے غلام (۴) صاحب لشکر (۵) سردار -
خَیلخانه (ف) خاندان -
خَیل خَیل (ع) فوج فوج - گروہ گروہ -
خَیلوله (ع) خیال کرنا - گمان کرنا -
خَیلے (ف) بہت زیادہ -
خیلے خوب (ف) بہت خوب -
خیلے خیلے (ف) زیادہ سے زیادہ -
خیم (ف) بری عادت (۲) رینٹھ (۳) چیپڑ (۴) رال (۵) پرانی روئی سے بنائی ہوئی بوری -
خِیَم (ع) خیمہ کی جمع - خیمے -
خیمگی (ف) خیمہ لگانے والا - فراش (۲) خیمہ میں رہنے والا - خیمہ نشین -
خیمگی (ف) خیمہ سینے کا سوا -
خیمه (ف) تنبو - ڈیرا -
خیمۂ ازرق (ف) آسمان -
خیمه افراشتن (ف) خیمہ لگانا - نصب کرنا -
خیمه افگندن (ف) ڈیرہ اُٹھانے کے لیے خیمہ گرا دینا - ڈیرہ ڈالنا (۲) خیمہ لگانا - ڈیرہ ڈالنا -
خیمه برپا کردن (ف) خیمہ لگانا - ڈیرہ لگانا -
خیمه بر سر انداختن (ف) بے قرار کرنا -
خیمه بر کردن (ف) خیمہ لگانا -
خیمه بر کندن (ف) تنبو اکھیڑنا - ڈیرہ اُٹھانا -
خیمه بصحرا بردن (ف) بے پردہ اور آشکارا ہونا (۲) غائب ہونا -
خیمۂ دهر }
خیمۂ رهبانیان } (ف) آسمان -
خیمه زدن (ف) تنبو لگانا - مقیم ہونا - ڈیرہ ڈالنا - فروکش ہونا - (۲) لشکر کشی کرنا -
خیمۂ زنگاری }
خیمۂ فیروزه رنگ } (ف) آسمان -
خیمۂ کبود }
خیمه شب بازی (ف) تپلیوں کا تماشا -
خیمه شیدن (ف) دیکھو خیمہ افگندن -
خیمه گاه (ف) وہ جگہ جہاں خیمہ لگایا جائے -
خیمه کندن (ف) دیکھو خیمہ افگندن -
خیمه نشین (ف) خانہ بدوش - بدوی -

Marfat.com

خیو - خیو - خیوک (ف) تھوک - آب دہن - منہ کا پانی - رال -

خیوط (ف) دھاگے -

خیول (ع) خیل کی جمع - سوار (۲) گھوڑے (۳) گروہ - (۴) افواج -

Marfat.com

# د

د - عربی کا آٹھواں اور فارسی حروفِ تہجی کا دسواں حرف - بحسابِ جمل اس کے چار عدد مقرر ہیں۔

## د - ا

دا (ف) دیوار کا ردّہ۔
داء (ع) بیماری - مرض - روگ۔
داء الاسد (ع) کوڑھ - جذام
داء البطن (ع) دردِ شکم۔
داء البقر (ع) اسہال - پیچش۔
داء الثعلب (ع) بالخورہ - بال چرا - وہ بیماری جس سے جسم کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
داءُ الحیّۃ (ع) وہ مرض جس سے سر کے بال اور کھال گر جاتے ہیں۔
داء الذہب (ع) بھوک کی بیماری۔
داء الفیل (ع) وہ بیماری جس سے پاؤں سُوج کر ہاتھی کے پاؤں کی مانند ہو جاتے ہیں۔
داء الکلب (ع) کُتّے کی بیماری - کُتّے یا کسی دوسرے جانور کا دیوانہ ہو جانا۔
داء المفاصل (ع) جوڑوں کے درد کی بیماری۔
داب (ع) طریقہ - ڈھنگ (۲) کام (۳) خصلت (۴) کسی کام میں محنت اور کوشش کرنا۔
داب (ف) شان و شوکت - کرّ و فر - خودنمائی۔
داب مجلس (ف) مجلس کے آداب۔
دابا (ف) زرِ سُرخ - سونا۔
دابر (ع) پیچھے چلنے والا (۲) اصل - جڑ (۳) کسی چیز کا بقیہ۔
دابِ سلطنت (ع) سلطنت کے قواعد - حکومت کے طریقے۔
دابِ صُحبت (ع) علم مجلس - مل بیٹھنے کا ڈھنگ - تہذیب - شائستگی۔
دابُوغ - دابُوغہ (ف) تربوز۔
دابّۃ (ع) چلنے والا (۲) زمین پر چلنے والا حیوان (۳) بوجھ لادنے یا سواری کرنے کا جانور۔
داث (ع) بھاری پن (۲) میلا کچیلا پن۔
داثا (ع) لونڈی۔
داثر (ع) پرانا - ہلاک ہونے والا۔
داج (ف) تاریک (۲) شبِ تاریک (۳) تاریکی۔
داجّ (ع) بہت تاریک (۲) سوداگر لوگ (۳) مکّار لوگ۔
داجن (ع) پوشیدہ کرنے والا (۲) گھنگور گھٹا (۳) پالتو جانور (۴) پلی ہوئی بکری (۵) پانی کھینچنے والا اُونٹ۔
داجنہ (ع) خُوب برسنے والا مینہ۔
داچک (ف) کان کی بالی۔
داحض (ع) پھسلنے والا (۲) دُور ہونے والا (۳) باطل۔
داحضہ (ع) حُجّتِ باطل۔
داختن (ف) چاہنا۔
داخر (ع) ذلیل ہونے والا۔
داخل (ع) گھُسنے والا - اندر آنے والا۔
داخل (ف) شاہی محل میں عوام کے بیٹھنے کا بیرونی حصّہ (۲) وہ صورت جو جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھیتی وغیرہ میں بناتے ہیں۔
داخل خارج (ف) بہی کھاتہ یا وہ رجسٹر جس پر داخل کیا جائے اور خارج ہونے پر نام کاٹ دیا جاتا ہے۔
داخل دفتر (ف) کسی کیس کا فائل ہو جانا۔

Marfat.com

داخل شدن (ف)، داخل ہونا - اندر آنا۔
داخل کردن (ف)، کسی کو سینہ زوری سے اندر بھیجنا۔
داخِلہ (ع)، اندر آنے والی عورت (۲) وہ شے جس کے باعث کہیں دخل ہو (۳) داخل ہونے کی فیس۔
داخِم (ف)، روزی - رزق۔
داد (ف)، آدمی کی عمر اور سن و سال (۲) ایک مرض کا نام جسے عربی میں توبا کہتے ہیں (۳) عدل - انصاف (۴) بخشش۔ عطا (۵) نالہ و فریاد - فغاں (۶) دادن مصدر سے ماضی کا صیغہ بھی ہے۔
دادا (ف)، بڑا بھائی۔
دادار (ف)، داد اور ار کلمہ نسبت سے مرکب ہے - داد دہندہ (۲) عادل - منصف (۳) اللہ تعالےٰ کا نام۔
دادا آفرید } دادا آفرین } (ف)، اللہ تعالیٰ کا نام (۲) موسیقی کا ایک سرود۔
داد بخش (ف)، عادل - منصف۔
داد چیزے دادن (ف)، کسی کام کو اچھی طرح کرنا - کسی کا حق بخوبی ادا کرنا۔
داد خواست (ف)، درخواست - عرضی۔
داد خواندہ (ف)، مدعا علیہ۔
داد خواہ (ف)، فریادی - مظلوم - انصاف چاہنے والا۔
داد خواہی (ف)، فریاد - انصاف چاہنا۔
داد داد اِ دست (ف)، سخاوت اسی کا حق ہے (کسی کی جود و سخا کے لیے مبالغہ کے طور پر کہتے ہیں)
دادَر (ف)، بھائی - برادر (۲) دوست۔
دادراست } دادرَس } (ف)، مُنصِف - عادل۔
دادرَسی (ف)، عدل - انصاف۔
داد رسیدن (ف)، کسی کی فریاد سن کر پہنچنا۔
داد رَند (ف)، بڑا بھائی۔
داد زدن (ف)، چلّانا - شور مچانا۔
دادستان (ف)، مظلوم کا حامی - سرکاری وکیل۔
دادستانی (ف)، سرکاری وکیل کا دفتر۔
دادسرا (ف)، عدلیہ - کچہریاں۔
داد طلب (ف)، دادخواہ - فریادی - مظلوم۔
داد فرما (ف)، منصف - عادل (۲) خدا کا نام۔
دادگاہ (ف)، عدالت - کچہری جہاں انصاف کیا جاتا ہو۔
دادگر } دادگستر } (ف)، دیکھو داد دِہ۔
دادگستری (ف)، عدلیہ۔
دادِ مردانگی دادن (ف)، بہت بہادری دکھانا - شجاعت کا حق ادا کرنا۔
دادَن (ف)، دینا۔
دادن بہ دیوانگی و گرفتن بفرزانگی (ف)، قرض دینا بہت آسان ہے - لیتے وقت مشکل بنتی ہے - گویا قرض دینے میں کسی دانشمندی کی ضرورت نہیں مگر وصول کرتے وقت ہوسکتا ہے کہ آپ بہترین دوست ہی کھو بیٹھیں۔
دادَند (ف)، دادا اند کا مخفف - بڑا بھائی۔
دادنی (ف)، قرض۔
داد نیافتن (ف)، کسی کام کا انجام حسب خواہش نہ ہونا۔
دادُو (ف)، دادا کا مترادف۔
داد و بیداد کردن (ف)، دُہائی دینا - ظلم کے خلاف چیخنا چلّانا۔
داد و دہش (ف)، بخشش - عطا - انعام۔
داد دَر (ف)، دیکھو داد دِہ۔
دادِستد (ف)، لین دین۔
دادوَند (ف)، معتدل۔
دادَہ (ف)، قسمت - نصیب۔
دادیار (ف)، بیرسٹر۔
دار (ف)، داشتن مصدر کا امر۔
دار (ف)، لکڑی (۲) درخت (۳) صلیب - سُولی۔
دار (ع)، گھر - خانہ - مکان۔
دارا (ف)، بادشاہ (۲) اللہ تعالیٰ (۳) دولت مند - (۴) دارندہ - دارِندہ (۵) ایران کے مشہور بادشاہ کا نام جو سکندر اعظم سے جنگ کرتا ہوا مارا گیا۔
داراب (ف)، شان و شوکت - کرّوفر (۲) خودنمائی (۳) بہمن کے دوپتے کا نام (۴) دارا کے باپ کا نام۔
دارات (ف)، شان و شوکت - کرّوفر۔
دار آفرین (ف)، تکیہ گاہ - جس پر تکیہ لگایا جائے - خواہ آدمی ہو یا کوئی اور شے۔
دار الآثارِ العربیّہ (ع)، مصر کے اس عجائب خانہ کا نام جس میں ملک عرب کی قدیم اشیاء رکھی ہوئی ہیں۔
دارُ الآخرت (ع)، قیامت۔
دارُ الادب (ع)، وہ جگہ جہاں ادب سکھایا جائے - علم و ہنر کی مجلس۔
دارُ الاسلام (ع)، وہ ملک جہاں اسلامی حکومت ہو۔
دارُ الامارت (ع)، دار السلطنت - پایۂ تخت - صدر مقام۔
دارُ الامان } دار الامن } (ع)، امن و امان کا گھر جہاں لڑائی اور فساد نہ ہو - افغانستان کے ایک نئے شہر کا نام۔
دار الایتام (ع)، یتیموں کا گھر - یتیم خانہ۔
دارُ البقاء (ع)، عالم آخرت - ہمیشگی کا گھر۔
دارُ التحف (ع)، عجائب خانہ - عجائب گھر۔
دارُ الجلال (ع)، گذشتہ زمانہ میں دہلی کا لقب تھا (۲) بہشت۔
دارُ الجہاد (ع)، جس مقام کے لیے جہاد کیا جائے (۲) اورنگ زیب کے عہد میں حیدرآباد کو کہتے تھے۔
دارُ الحرب (ع)، وہ جگہ جہاں خدا کی عبادت سے روکا جائے۔ (۲) کفار کا ملک۔
دار الحکومت (ع)، دار السلطنت۔

Marfat.com

دارُالحوادث (ع)، حادثوں کا گھر۔ تکلیفوں کا گھر۔ (۲) دُنیا۔
دارالخلافت } (ع)، جس شہر میں مسلمانوں کا خلیفہ رہے۔
دارالخلافہ }
دارُالسّرور (ع)، خوشی کا گھر (۲) بہشت (۳) زمانہ گذشتہ میں بیجاپور کا لقب تھا۔
دارالسّلام (ع)، سلامتی کا گھر (۲) بہشت (۳) بغداد کا ایک لقب (۴) افریقہ میں ایک مشہور شہر۔
دارالسلطنت (ع)، دارالحکومت۔
دارالشفاء (ع)، شفاخانہ۔ ہسپتال۔
دارالصّفا (ع)، خانہ کعبہ۔
دارالضرب (ع)، ٹکسال۔
دارالضیف (ع)، مہمان خانہ (۲) مسافر خانہ۔
دارُالعجزہ (ع)، غربا خانہ جہاں بوڑھے اور اپاہجوں کی پرورش ہوتی ہو۔
دارالشّورٰی (ع)، مشورت خانہ۔ مشورہ کرنے کی جگہ۔ کونسل۔
دارالعبادت (ع)، مسجد۔
دارالعجزہ (ع)، محتاج خانہ۔ اپاہج لوگوں کے رہنے کی جگہ۔
دارالعدالت (ع)، عدالت۔ کچہری۔ جہاں انصاف ہوتا ہو۔
دارالعلم (ع)، سکول، کالج۔ یونیورسٹی۔
دارُالعبار } (ع)، دُنیا۔
دارُالغرور }
دارالفناء (ع)، دُنیا۔ فنا ہونے کا گھر۔
دارالفنون (ع)، پولی ٹیکنیک۔
دارالقرار (ع)، آرام کا گھر (۲) بہشت۔ جنّت (۳) قندھار کا لقب۔
دارُالقضا (ع)، قاضی کی کچہری۔ فیصلہ کی جگہ۔
دارُالقمامہ (ع)، کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ رُوڑی (۲) فاحشہ عورتوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ (۳) گرجا۔ کلیسا۔
دارُالکمال (ع)، وہ جگہ جہاں کمال حاصل ہو۔
دارُالکتب (ع)، کتب خانہ۔ لائبریری۔
دارالمجانین (ع)، پاگل خانہ۔
دارالمرز (ع)، دیکھو دارالحکومت۔
دارالمرض (ع)، بیماری کا گھر۔ وہ جگہ جہاں بیماری لگ جائے۔
دارالمساکین (ع)، محتاج خانہ۔
دارالمکافات (ع)، بدلے کا گھر۔ مراد دُنیا۔
دارالمعلّمین (ع)، ٹریننگ کالج جہاں اساتذہ کو بچوں کے پڑھانے کے لیے خاص تربیت دی جاتی ہے۔
دارالملک (ع)، دیکھو دارالحکومت۔
دارُالنعیم (ع)، ناز و نعمت کا گھر (۲) بہشت۔
دارالنکبت } (ع)، رنج۔ تکلیف اور محنت کا گھر۔
دارالنکبۃ }
دارالوکالہ (ع)، بارگودام۔
دارائی (ف)، بادشاہت۔ حکومت (۲) ایک مشہور ریشمی کپڑا جسے دریائی کہتے ہیں۔
دارائی گُونہ (ف)، اتالیق۔ تربیت کرنے والا۔ اور محافظ رب النوع۔
داربازی (ف)، نٹ بازی۔ بازی گری۔
داربام (ف)، شہتیر۔ گارڈر۔
داربست (ف)، پاڑ جس میں بیٹھ کر معمار عمارت کا کام کرتے ہیں۔ (۲) انگور وغیرہ کی بیل کی ٹٹی۔
دارپلپل (ف)، فلفل دراز۔ مگھاں۔
داربوش (ف)، دارا شاہ ایران۔
دارخال (ف)، نیا لگا ہوا پودا۔
دارزرد (ف)، زرد چوب۔ ہلدی۔
دارسلامت (ع)، بہشت۔
دارششدر (ف)، دُنیا۔
دارشیشعان (ع)، ایک خاردار درخت کا نام۔
دارصینی (ع)، دارچینی کا معرب۔
دارع (ع)، زرہ پوش۔ جس نے زرہ پہنی ہوئی ہو۔
دارفلفل (ف)، پپل دراز۔ فلفل دراز۔ مگھاں۔
دارگوش (ف)، نگاہ رکھ۔ حفاظت کر۔ نگہبانی کر۔
دارموش (ف)، گلہری۔
دارنہال (ف)، بقم کی لکڑی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔
دارُو (ف)، دوا (۲) علاج۔ درمان۔
دارو برد (ف)، دار و گیر (۲) کر و فر۔
داروغہ (ف)، سپاہیوں کا سردار (۲) محافظ (۳) صدر دفتر۔ سپرنٹنڈنٹ۔
داروغۂ صفائی (ف)، میونسپلٹی کا وہ عہدہ دار جس کے سپرد شہر کی صفائی کا انتظام ہو۔
داروغہ مرا بگیر (ف)، آ بیل مجھے مار۔
داروکدہ (ف)، دواخانہ۔
داروگیر (ف)، ریاست۔ حکومت (۲) جنگ۔ لڑائی۔
دارومدار (ف)، قرار۔ ٹھہراؤ (۲) موافقت۔ مصالحت (۳) کش مکش۔
داروگر (ف)، آنکھوں کا علاج کرنے والا۔
دارُوئے تفنگ (ف)، بارُود۔
داروئے جرّاح۔ داروئے مستی (ف)، دیکھو داروئے بیہوشی۔
دارہ (ف)، راتب۔ وظیفہ (۲) دائرہ کا مخفف۔
داری (ف)، تو رکھتا ہے۔
داری (ع)، قبیلہ عبدالدّار کا آدمی (۲) جاننے والا (۳) ایک جگہ مقیم رہنے والا (۴) حاجب۔ نعمت (۵) خوشبو فروش۔
دارین۔ ملک شام کے ایک مقام کا نام۔ بحرین میں کشتی کے آنے کی جگہ۔ ہندوستان کا مشک یہاں لا کر بیچتے ہیں۔ اور اس مقام کی طرف نسبت کرکے خوشبو فروش کو داری کہتے ہیں۔
دازہ (ف)، اڈا۔ تنواڑ۔ زمین میں دو لکڑیاں گاڑ کر ان پہ

Marfat.com

ایک لکڑی عرض میں باندھی جاتی ہے اور اس پر کبوتر وغیرہ پرند بیٹھتے ہیں۔

داس (ف) درانتی۔ ہنسیا (۲) وہ تیز تنکے جو گیہوں اور جَو کی بال پر ہوتے ہیں۔

داسار (ف) دلّال۔

داس افگندن (ف) مال کا خرچ کرنا۔

داستان (ف) قصّہ۔ کہانی۔ افسانہ (۲) شہرت (۳) مثل۔

داستان زدن (ف) قصّہ بیان کرنا۔

داستان گو (ف) قصّہ بیان کرنے والا۔

داستخالہ / داستغالہ / داستکالہ / داسخالہ (ف) باغبانوں کی چھوٹی درانتی۔

داس زرّیں (ف) ہلال۔ نیا چاند۔

داس کردن (ف) فصل کاٹنا۔

داس و دکوس (ف) سفلہ۔ کمینہ۔

داسہ (ف) دیکھو داس۔

داشش (ف) پزاوہ۔ پجاوہ۔ بھٹی۔ بھٹا۔ آوہ۔

داشاب / داشات / داشاد (ف) عطا۔ بخشش۔ داد و دہش۔

داشت (ف) احتیاط۔ حفاظت (۲) کپڑے کا دیر تک چلنا۔

داشتن (ف) رکھنا۔

داشتہ (ف) رکھی ہوئی چیز (۲) پُرانا۔

داشتہ آید بکار گرچہ بُوَد زہر مار (ف) رکھی ہوئی چیز کام آ ہی جاتی ہے۔ خواہ سانپ کا زہر کیوں نہ ہو۔

داشخار / داشخال (ف) لوہے کا میل۔

داعی (ع) طلب کرنے والا (۲) بلانے والا (۳) دُعاگو۔ دُعا کرنے والا۔

داعی اَجل (ع) موت (۲) موت کا فرشتہ۔

داعیہ (ع) خواہش (۲) سبب۔

داعیہ داشتن (ف) خواہش رکھنا۔

داغ (ف) دھبّا۔ نشان (۲) کسی عزیز کے مرنے کا غم (۳) دفتر کی مُہر۔

داغ بالائے داغ (ف) مُفلسی میں آٹا گیلا۔ نیز غم پر غم۔ دکھوں کی بھرمار۔

داغ بر جبہہ نہادن (ف) حکومت۔ فرمان روائی۔

داغ بر رُو (ف) غلام۔ فرمان پذیر (۲) مطیع۔ اگلے زمانہ میں غلاموں کو اکثر داغ دیا کرتے تھے۔

داغ بر رُوئے یخ نہادن / داغ بر یخ زدن / داغ بر یخ نہادن (ف) بے حاصل کام کرنا۔ (۲) کسی کو اس طرح تکلیف دینا کہ اسے ایذا نہ پہنچے۔

داغِ بلنداں (ف) محراب یعنی سجدہ کا نشان جو غازی کے ماتھے پر ہو جاتا ہے۔

داغدار (ف) داغ دیا ہوا (۲) معیوب (۳) غلام۔

داغدار کردن (ف) دھبّا لگانا۔ عیب ناک کرنا۔

داغ درفشی (ف) درفش یعنی ستالی کو گرم کر کے داغ دینا جو اکثر چھید کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔

داغ دیدن (ف) اپنے عزیزوں کی موت دیکھنا۔

داغ دیدہ (ف) وہ شخص جسے داغ پہنچا ہو۔

داغ زندہ (ف) وہ داغ جس سے ہمیشہ خون بہتا رہے۔

داغ سیاہی فگندہ (ف) تندرست ہونے کے قریب پہنچا ہوا داغ۔

داغ شُدن (ف) کمال رنجیدہ ہونا۔ نہایت آزردہ ہونا (۲) عیب دار ہونا (۳) شہرت پانا (۴) پُرانا اور مستعمل ہونا۔

داغ فِسق (ف) کپڑے پر لگا ہوا بدکاری کا نشان۔

داغ قصّار / داغ گازُراں (ف) وہ داغ جو شناخت کے لیے دھوبی کپڑے پر لگاتے ہیں (۲) کبھی نہ مٹنے والا داغ۔

داغ گاہ (ف) کچہری جہاں کاغذات پر مہریں لگتی ہیں۔

داغلُو (ت) قزلباشوں کی ایک قوم کا نام۔

داغول (ف) مکّار۔ عیّار (۲) حرام زادہ۔

داغول شُدن (ف) ناپاک ہونا۔ مکّار ہونا۔

داغولی (ف) مکّاری۔ عیّاری۔ حرام زدگی۔

داغی (ف) عیب ناک۔ معیوب۔

داغی شُدن (ف) عیب دار ہونا (۲) رسوا ہونا (۳) پُرانا ہونا۔

دافع (ع) ہٹانے والا۔ دفع کرنے والا۔

دافع زہر (ف) تریاق۔

دافع سم (ف) تریاق۔

دافع عفونت (ف) ڈی ڈی ٹی۔ عفونت ختم کرنے کی دوا۔

دافعہ (ع) دفع کرنے والی (۲) انسان کے جسم کی اس قوت کا نام جو خوراک کے اس حصّہ کو جو غذا بننے کی قابلیت نہ رکھتا ہو نکال دیتی ہے۔

دافق (ع) اُچھلا ہوا (۲) اُچھالا ہوا (۳) اُچھلنے والا۔ کودنے والا۔

دالّ (ع) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا۔

دال (ف) عقاب (۲) فارسی حروف تہجی کا دسواں اور عربی کا آٹھواں حرف (۳) جنتری کی اصطلاح میں برج اسد اور ستارہ عطارد۔

Marfat.com

والان / والانہ (ف) بڑا کمرہ (۲) دہلیز خانہ (۳) چھتہ (۴) مسقف کوچہ۔
والان دار (ف) گھر کا یا سرائے کا مالک۔
والان داری (ف) وہ رقم یا کرایہ جو سرائے والا مسافروں یا قافلہ والوں سے طلب کرتا ہے۔
والبزہ / والیوز / والیوزہ (ف) پرستوک۔ ابابیل جو مشہور پرندہ ہے۔
وال خال (ف) نیا لگایا ہوا پودہ۔
دام (ف) جال۔ پھندا (۲) روپے کا چالیسواں حصّہ (۳) چرنے والے جنگلی جانور جیسے ہرن وغیرہ۔
دام (ع) ہمیشہ ہو جیو۔
داماء (ع) دریا۔ سمندر۔
داماد (ف) نوکتخدا۔ خاوند۔ جس کی شادی ابھی ہوئی ہو۔ (۲) مجازاً بیٹی کا خاوند۔ جنوائی۔
داماد سرخانہ (ف) گھر جوائی۔ جو دولہا دلہن کے گھر رہنے لگ جائے۔
داماد شدن (ف) شادی کرنا۔
دامادی (ف) بیاہ۔ شادی۔
دام باز چیدن / دام برچیدن / دام بر داشتن (ف) جال اُٹھا لینا۔
دام داشتن (ف) خیالی عیش وعشرت میں محو ہونا۔
دامع (ع) اشک ریز۔ آنسو بہانے والا (۲) تر مٹی۔ خاک نمناک۔
دام عنکبوت (ف) مکڑی کا جالا۔
دامغ (ع) سر توڑنے والا۔
دامغول (ف) اخروٹ کے برابر مسّہ جو گردن یا دیگر اعضاء میں نکل آتا ہے۔ اور درد نہیں کرتا۔
دامغہ (ع) دماغ تک پہنچا ہوا سر کا زخم۔
دامک (ف) چھوٹے جانور (۲) وحشی۔ (۳) عورتوں کی اوڑھنی۔
دام کشیدن (ف) جال بچھانا۔
دام گاہ (ف) جال بچھانے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں جال بچھا ہوا ہو۔
دام گاہ دیو / دام گاہ ستور / دام گاہ گرگ (ف) دُنیا۔
دام گستر (ف) شکاری۔ مکّار۔ دھوکے باز۔
دام گستردن (ف) جال بچھانا۔
دام گشتن (ف) جال بچھانا (۲) دام سے رہائی پانا (۳) بازی ہار جانا۔
دام مشکیں (ف) زُلف۔

دامن (ف) آنچل۔ داماں۔ انگرکھے وغیرہ کا لٹکتا ہوا آنچل۔
دامن از بدی نگاہ داشتن (ف) گناہ میں دامن تر نہ کرنا۔ پرہیزگاری کرنا۔
دامن افشاندن (ف) ناز کرنا۔ غرور کرنا۔
دامن افشردن (ف) دامن سمیٹنا۔
دامن آلودن (ف) داغدار کرنا۔ بدنام کرنا۔
دامن آلودہ (ف) گنہگار۔ بدنام۔
دامن باسنگ گرفتن (ف) خلوت اور گوشہ نشینی اختیار کرنا۔
دامن بالا زدن (ف) دامن سمیٹ لینا (۲) آمادہ و تیار ہونا۔
دامن بدامن بستن باہم موافق ہونا۔ ایک دُوسرے کے ساتھ ہونا۔
دامن بدنداں گردن وگرفتن (ف) بھاگنا (۲) عاجزی اور فروتنی کرنا۔
دامن برآتش زدن / دامن بر اخگر زدن (ف) دامن کی ہوا سے آگ جلانا۔
دامن برافشاندن (ف) کوچ کرنا۔ سفر کرنا (۲) ترک کرنا۔ منہ پھیرنا۔
دامن بر چراغ زدن (ف) چراغ بجھانا۔ دیا گُل کرنا۔
دامن برچیدن (ف) کنارہ کرنا۔ دُوری کرنا۔
دامن بر زمین کشید (ف) ناز سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔
دامن بر کمر سخت کردن۔ دامن بر میان زدن (ف) دامن سمیٹ لینا۔ آمادہ و تیار ہونا۔
دامن بستن (ف) ایک دُوسرے میں بالکل موافقت اور سازگاری کا ہونا۔
دامن پاک (ف) صاحب نیکی و تقویٰ ہونا۔ پاکدامنی۔ نیکی۔
دامن پہلو دار (ف) نہایت فراخ دامن جس سے ایک عالم فیض اُٹھا سکے۔
دامنِ چاک بودن دختر (ف) بیٹی کی منگنی ہونا۔
دامن خشک (ف) دیکھو دامن پاک۔
دامن خوردن شعلہ (ف) دامن کی ہوا سے آگ کا بھڑک اُٹھنا۔
دامن در پائے اُفتادن (ف) بے قرار ہونا (۲) بے قرار ہو کر بھاگنا۔
دامن در دامن بستن (ف) آپس میں ایک دُوسرے کی موافقت و مدد کرنا۔
دامن در زیر پا (ف) بے قرار و مضطرب شخص۔
دامنِ داغ چاک کردن و کشیدن (ف) زرہ کا دامن چاک کرنا (۲) گھوڑے پر سوار ہونے کو تیار ہونا اور زرہ کا دامن سمیٹنا۔
دامن درکشیدن / دامن درکشیدن وکشیدن (ف) مُنہ پھیر لینا۔ کنارہ کرنا۔ (۲) ترکِ صحبت کرنا۔

Marfat.com

دامن زدن چراغ (ف)، چراغ بجھانا۔
دامن زیر پا کشیدن (ف)، کسی کے پاؤں تلے اپنا دامن بچھانا۔
دامن سوار (ف)، دونوں پاؤں کے درمیان سے دامن نکال کر کھیلتا پھرنے والا لڑکا۔
دامن شب (ف)، پچھلی رات۔ آخر شب (۲) نیمۂ آخر شب۔
دامن شکستن (ف)، خدمت کے لیے آمادہ ہونا۔
دامن فراخ بودن (ف)، فیاض ہونا۔
دامن فشاندن (ف)، اترا کر اور اٹھلا کر چلنا۔
دامن فلاں کشادہ و فراخ است (ف)، وہ بڑا جوانمرد اور فیاض ہے۔
دامن کشاں (ف)، ناز و انداز سے چلنے والا۔
دامن کشا رفتن (ف)، لٹک کر چلنا۔ ناز و نخوت سے چلنا۔
دامن کوہ (ف)، پہاڑ کے نیچے کی جگہ۔
دامن گیر (ف)، مدعی (۲) مزاحم (۳) مصاحب۔ مقرب۔
دامن گیر شدن (ف)، لاحق ہونا۔ دوچار ہونا۔
دامن نمازی کردن (ف)، کپڑا پاک کرنا۔
دامن نہادن (ف)، جال بچھانا۔
دامنہ (ف)، پہاڑ کا دامن۔
دامن ہمت بمیاں بر زدن (ف)، مشکل کام اختیار کرنا۔
دامنی (ف)، اوڑھنی۔
داموُد (ف)، خطا معاف کرنا۔ قصور بخشنا۔
دامی
دامیار } (ف)، شکاری۔ صیاد۔
دان (ف)، دانہ کا مخفف۔
دان (ف)، دانستن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ۔ جان تو (۲) جاننے والا۔
دان (ف)، حرفِ ظرفیت۔ جیسے آتشدان آگ کی جگہ یعنی انگیٹھی۔
دان (ع)، قریب ہونے والا۔
دانا (ف)، جاننے والا۔ عقل مند۔
دانا بچشم ابرو کار می کند (ف)، یعنی عاقل کو ایک اشارہ کافی ہے۔
دانا توانا بود (ف)، علم اور عقل میں ایک طاقت ہے۔
داناج (ع)، دانا کا معرب۔ عقل مند۔
دانادل (ع)، دانش مند۔
دانائی (ف)، دانش۔ عقل۔
دانائے پیشینہ (ف)، فردوسی سے مراد ہے۔
دانچہ (ف)، عدس۔ مسور جو مشہور دال ہے۔
داند (ف)، جان۔ سمجھ (۲) بمعنی تواند بھی آیا ہے۔
دانستن (ف)، جاننا۔ سمجھنا (۲) بمعنی توانستن بھی آیا ہے۔
دانستن توانستن است (ف)، علم میں ایک قوت اور طاقت ہے۔
دانستن کار بستن (ف)، علم کے لیے عمل ایک لازمی چیز ہے۔

دانستنی (ف)، جاننے کے قابل۔
دانستہ (ف)، جان کر۔ جان بوجھ کر (۲) جانا ہوا۔
دانش (ف)، دانائی۔ عقل۔ جاننا (۲) علم و فضل۔
دانش آموز (ف)، عقل سکھانے والا۔ معلم۔ استاد۔ عقل سیکھنے والا شاگرد۔
دانش آموزناک (ف)، صاحب عقل استاد۔
دانش بہر
دانش پرست } (ف)، عقل مند۔ دانا۔
دانش پرور (ف)، علم و فضل کی قدر اور پرورش کرنے والا۔
دانش پژدہ (ف)، طالب علم (۲) عاقل۔ دانا۔
دانش پیچ
دانشگر
دانش مند
دانشور
دانشومند
دانشی } (ف)، عقل مند۔ دانا۔
دانش سرا (ف)، نارمل سکول۔
دانش سرا عامی (ف)، ٹریننگ کالج۔
دانق (ع)، ناداں (۲) زبون۔
دانق (ع)، دانگ کا معرب۔ چھ رتی کا وزن۔ درم کا چھٹا حصہ۔
دانگ (ف)، چھ رتی کا وزن (۲) چھ رتی وزن کا چاندی کا سکہ۔
دانگانہ (ف)، سیر و تماشہ کے لیے جو چندہ جمع کیا جائے۔
دانگانہ (ف)، گھر کا مال و متاع۔
دانہ (ف)، بیج (۲) دانہ۔ حب (۳) بند (۴) عدد مثلاً سہ دانہ تربوز۔ یہ لفظ جواہرات میوے کے لیے آتا ہے۔
دانہ آتش (ف)، چنگاری۔
دانہ افشاندن
دانہ افگندن } (ف)، دانہ بکھیرنا۔ بیج بونا۔
دانہ برچیدن
~~دانہ~~ برداشتن } (ف)، زمین پر سے دانہ اٹھانا۔
دانہ پاشیدن (ف)، دانہ بکھیرنا (۲) بیج بونا۔
دانہ پاک کردن (ف)، بھس وغیرہ سے دانہ کو الگ کرنا۔
دانہ چیدن (ف)، بھیک مانگنا۔
دانہ دانہ شدن (ف)، بکھرنا۔ پراگندہ ہونا۔
دانہ ریختن (ف)، بیج بونا۔ دانہ بکھیرنا۔
دانہ زن (ف)، جو وغیرہ کے دانہ پر افسوں پڑھنے والے ہندوستانی ساحر۔
دانہ زنجیر (ف)، کڑی۔ زنجیر کا حلقہ۔
دانہ کردن (ف)، بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔
دانی (ع)، نزدیک ہونے والا (۲) ناکس (۳) کمینہ۔
دانی (ع)، تو جانتا ہے۔
دانیہ (ع)، نزدیک ہونے والی عورت۔ قریب۔ پاس۔ نزدیک۔
داؤ (ف)، فریب (۲) نار میں جیتنا (۳) دیوار۔

Marfat.com

داؤد (ع) مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے باپ تھے۔ زبور کتاب انہی پر نازل ہوئی۔ خوش الحانی میں مشہور ہیں۔
داور (ف) داؤر کا مخفف ہے۔ عادل۔ منصف (۲) حاکم۔
داور محشر (ف) خدا تعالےٰ۔
داوری (ف) (۱) انصاف۔ عدل (۲) حکومت۔ دادخواہی (۳) شکایت (۴) فریاد (۵) معاملہ (۶) جھگڑا۔ قضیہ (۷) دشمنی (۸) لڑائی (۹) فیصلہ کرنا۔
داوریگاہ (ف) کچہری۔ عدالت۔
داہ (ف) (۱) کنیزک۔ لونڈی (۲) پرستار (۳) ڈرپوک (۴) بددل۔ بزدل (۵) گداگر (۶) دائی (۷) دس۔
داہا (ف) درہ۔ غار کوہ۔
داہ عرب (ف) عرب کی لونڈی (۲) ذلیل۔ خوار۔ رسوا۔
داہل (ف) چشمارو۔ وہ صورت جو کھیت وغیرہ میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں۔
داہم (ف) بادشاہوں کا تاج۔
داہول (ف) دیکھو داہل۔
داہی (ع) زیرک۔ دانا۔ سیانا۔
داہیم (ع) مرصع تاج۔
داہیہ (ع) زمانہ کی بلا۔ سختی۔ مصیبت۔ حادثہ۔
دائب (ع) کلام میں تکلیف اٹھانے والا (۲) مشقت کرنے والا۔
دائبان (ع) روز و شب۔ دن رات۔
دائحہ (ع) اونچا اور بڑا درخت۔
دائر (ع) گرد پھرنے والا (۲) گردش کرنے والا۔ پھرنے والا۔
دائر شدن (ف) جاری ہونا۔ قائم ہونا۔
دائر کردن (ف) جاری کرنا۔ کسی ادارے کا کھولنا یا قائم کرنا۔
دائرہ (ع) گول حلقہ۔ سرکل (۲) زمانہ کی گردش (۳) ہزیمت (۴) مجلس کا حلقہ (۵) دف جو مشہور ساز ہے (۶) محکمہ۔ سررشتہ (۶) پہیے کا دُھرا۔
دائرہ الرسومات۔ چنگی خانہ۔
دائرہ چی (ف) دف بجانے والا۔
دائرہ زدن (ف) حلقہ باندھنا۔
دائرہ ساختن (ف) چندہ لینا۔
دائرہ صغیرہ (ف) وہ دائرہ یعنی خط جو سطح زمین کے میان سے نہ گزرے۔ اور نہ کرۂ ارض کو دو حصّوں میں تقسیم کرے۔ یہ پانچ دائرے ہیں خطوط درجات العرض۔ خط جدی۔ خط سرطان۔ دائرہ قطب شمالی۔ دائرہ قطب جنوبی (۲) خط استوا کے سوا باقی تمام خطوط عرض البلد۔
دائرہ عظیمہ (ع) وہ دائرہ جو سطح زمین کے درمیان سے گزر کر کرۂ ارض کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرتا ہے جیسے خط استوا اور خط نصف النہار۔
دائرہ کردن (ف) گھیر لینا۔

دائرہ کش (ف) پرکار۔
دائرہ کشیدن (ف) دیکھو دائرہ ساختن۔
دائرہ معدل النہار (ع) دیکھو معدل النہار۔
دائرہ منطقۃ البروج (ع) دیکھو منطقۃ البروج۔
دائرہ نصف النہار (ع) وہ دائرہ عظیمہ ہے جو شمال سے جنوب کو دونوں قطبوں پر ایک دوسرے کو کاٹتا ہوا گزرے اور ہر ایک خط نصف النہار کرہ ارض کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرتا ہے۔ ایک نصف کرہ مشرقی۔ دوسرا نصف کرہ مغربی۔
دائرہ وار (ف) گرداگرد۔
دائم (ع) سدا۔ ہمیشہ۔
دائما (ع) ہر وقت۔ ہمیشہ
دائم المرض (ع) ہمیشہ کا بیمار۔
دائمی (ع) ہمیشہ۔ سدا۔ ہر وقت۔
دائن (ع) قرض خواہ۔ قرض دینے والا۔ لین دار۔
دائی (ف) دودھ پلانے والی عورت۔ بچّہ کو پرورش کرنے والی عورت۔
دایگان (ف) دایہ کی جمع۔
دایہ (ف) دیکھو دائی۔
دایہ از مادر مہربان تر (ف) مدعی سست گواہ چست۔
دایہ وسر (ف) دُنیا۔
دایہ شوہر کش پسر (ف) دُنیا (۲) کرۂ ارض۔

## د - ب

دَبّ (ع) آہستگی سے چلنا (۲) شراب یا بیماری کا جسم میں سرایت کرنا۔
دب (ع) لواطت۔ اغلام کرنا (۲) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (۳) کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔
دَبا۔ دُبا۔ کدو۔
دَباب (ع) اغلام۔ لواطت۔
دُباب (ف) ایک قسم کا ریحان۔
دبار (ع) ہلاکت۔
دُبار (ع) بدھوار۔ چہار شنبہ۔
دِبار (ع) کھیتی اور ترکاری کی کیاریاں۔
دُبّ اصغر (ع) قطب شمالی کے چند ستاروں کے ملنے سے ریچھ کی سی دو شکلیں بن گئی ہیں۔ ایک چھوٹی ہے۔ اور ایک بڑی۔ چھوٹی کو دُبّ اصغر اور بنات النعش صغریٰ کہتے ہیں۔ اور بڑی کو دُبّ اکبر اور بنات النعش کبریٰ کہتے ہیں۔
دِباغ (ع) چمڑے کو رنگنا (۲) وہ شے جس سے چمڑا رنگا جاتا ہے۔
دَبّاغ (ع) چمڑا رنگنے والا۔ چرم رنگ۔ ڈبگر۔

Marfat.com

دباغت (ع) چمڑا رنگنا ۔ چمڑے کو پکانا ۔ چمڑے کو درست کرنا اور پاک کرنا۔
دباغ خانہ (ف) وہ فیکٹری جس میں چمڑا کمانے کا کام کیا جاتا ہے۔
دباغی کردن (ف) چمڑا کمانا۔
دُبِّ اکبر (ع) دیکھو دبِّ اصغر۔
دُبال (ع) ترنج ۔ لیموں (۲) کھٹّا۔
دَبال (ع) گوبر ۔ گوبر کی مانند دوسری چیزیں
دَبج (ع) نقش و نگار۔
دِباب (ع) کرّ و فر ۔ شان و شوکت
دَبیب (ع) چیونٹی کی چال۔
دبدبہ (ع) وہ آواز جو سخت زمین پر گھوڑے کے سُم لگنے کی مانند ہو (۲) چھاچھ جس میں تازہ دودھ ملایا جائے۔
دبدبہ (ف) ٹیپ ٹاپ ۔ شان و شوکت (۲) بزرگی (۳) اظہار عظمت (۴) ڈھول یا نقارہ کی آواز۔
دبدبہ برداشتن (ف) ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنا ۔ شان و شوکت رکھنا۔
دَبْر (ع) شہد کی مکھیاں (۲) بھڑیں (۳) ٹڈی کے بچے (۴) پیچھے آنے والی کوئی شے (۵) پہاڑ (۶) موت۔
دَبَر (ع) جانور کی پیٹھ کا زخم۔
دَبِر (ع) زخمی پیٹھ والا چوپایہ ۔ زخمی پیٹھ والا گھوڑا وغیرہ۔
دُبُر (ع) پیٹھ (۲) ہر چیز کا پچھا (۳) مقعد ۔ کوُن۔
دُبُرالشہر (ع) مہینے کا آخری حصّہ۔
دَبْرَہ (ع) نقیض دولت (۲) ختم ہو جانا (۳) کام کی انتہا (۴) جنگ میں شکست پانا۔
دَبْرِی (ع) کام کے فوت ہو جانے کے بعد سُوجھنے والی تدبیر (۲) اخیر وقت میں پڑھی جانے والی نماز۔
دِبْس (ع) سیاہ چیز۔
دِبْس (ع) کھجور اور شہد کا شیرہ ۔ (۲) آدمی کا گروہ۔
دبستان (ف) ادبستان کا مخفف ہے ۔ مدرسہ ۔ مکتب ۔ دارالادب۔
دبستانی (ف) مدرسہ کا لڑکا۔
دُبْسِی (ع) ایک سیاہی مائل خوش آواز پرندہ۔
دبش (ف) بدمزہ ۔ تلخی مائل جیسے انار کا چھلکا۔
دَبْغ (ع) چمڑا رنگنا۔
دَبْق (ع) سرِیش۔
دُبَیْل (ع) طاعون ۔ پلیگ (۲) چھوٹی نہر (۳) حوض۔
دَبِیْل (ع) سختی ۔ عورت کا بے فرزند ہونا۔
دَبْن (ع) بکریوں کا باڑہ (۲) جنگل یا پہاڑ میں بھیڑ بکریوں کے بٹھانے کی جگہ۔
دبنگ (ف) احمق۔
دَبُور (ع) پچھوا ہوا۔
دُبُور (ع) جانا (۲) لے جانا (۳) پیچھے چلنا۔

دَبُوس (ف) لوہے کا گرز ۔ دبوسہ ۔ ایک قلعہ کا نام۔
دبوسک (ف) خبازی جسے نان کلاغ بھی کہتے ہیں۔
دبوسہ (ف) جہاز یا کشتی کے پچھلے حصّہ کا وہ مکان جس میں ملّاح کے اہل و عیال رہتے ہیں۔
دَبَّہ (ع) کدو ۔ گھی وغیرہ رکھنے کا برتن ۔ شیشہ کا برتن ۔ جو مرغابی کی شکل کا ہوتا ہے۔
دُبَّہ (ع) طریقہ (۲) حال (۳) مذہب۔
دَبَّہ (ع) چمڑے کا کپّا۔
دِبَّہ (ع) نرم رفتار (۲) نرم چلنے کی ایک چال۔
دبہ بودن (ف) شوخی کرنا۔
دبہ خایہ (ع) بڑے بڑے خصیوں والا آدمی۔
دبہ دریائے آتش افگندن (ف) فتنہ اٹھانا (۲) بڑے کام کا مرتکب ہونا (۳) لڑائی کرنا۔
دبہ آوردن (ع) خریدا ہوا مال واپس کرنا۔
دبہ و زنبیل (ف) دُبر و قبل۔
دبیب (ع) نرم ۔ کوفتہ ۔ رینگنا۔
دبیر / دُبیر (ع) محرّر ۔ منشی ۔ کاتب (۲) محاسب (۳) مدبر ۔ اخبار کا ایڈیٹر۔
دبیرخانہ (ف) سکرٹریٹ۔
دبیرستان (ف) مکتب (۲) دفتر (۳) دیوان۔
دبیر فلک (ف) عطارد ستارہ۔
دُبَیْلہ (ع) گول شکل کا درم۔
دُبَیْلہ (ع) سختی (۲) پیٹ کی ایک بیماری (۳) ایک قسم کا زخم۔
دپارتمان (فرانسیسی) ڈیپارٹمنٹ۔

## د ۔ ث

دِثار (ع) وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔ مثلاً چغہ۔ کوٹ وغیرہ جسم کے ساتھ رہنے والے کپڑے کو شعار کہتے ہیں۔
دَثْر (ع) بڑا مال و دولت۔
دَثَر (ع) کپڑے کا میل۔
دُثُور (ع) گمنام آدمی۔
دُثُور (ع) نشان کا گم ہو جانا (۲) جلدی بھول جانا ۔ کسی چیز کا یاد سے اتر جانا۔

## د ۔ ج

دَج (ف) وہ سخت پتھریلی زمین جس میں پانی نیچے نہ رس سکے۔

Marfat.com

دجاج } دجاجہ } (ع) مُرغے - مُرغیاں۔
دَجال (ع) گوبر۔
دَجّال (ع) جو ہر تیغ (۲) بڑی جماعت (۳) مکر کرنے والا۔ فریب دینے والا (۴) جھوٹے مسیح کا لقب جو اخیر زمانہ میں ظاہر ہو کر خدائی کا دعوے کرے گا۔ یا کر چکا ہے۔
دجالہ (ف) بڑا گروہ۔
دَجّانہ (ع) لدو اُونٹ۔
دُجج (ع) سخت اندھیرا۔ نہایت تاریکی (۲) کالے پہاڑ۔
دُجر } دِجر } دُجر } (ع) لوبیا جو ایک مشہور غلّہ ہے۔
دَجر (ع) نکالنا (۲) دُور کرنا۔
دَجل (ع) جھُوٹ بولنا (۲) جلانا (۳) اُونٹ کے جسم پر رال ملنا۔ (۴) تمام زمین پر چل جانا۔
دِجلہ (ع) ایشیائی رُوم کے مشہور دریا کا نام جو بغداد کے نیچے بہتا ہے (۲) مجازاً ہر ایک دریا۔
دَخم (ع) نوع۔ قسم۔ صنف۔
دجم (ع) تاریک ہونا۔
دِجَم (ع) دجمہ کی جمع۔ یار۔ دوست لوگ۔
دَجمہ (ع) یار۔ دوست۔
دجن (ع) بہت بارش (۲) ابر کا آسمان کو گھیر لینا۔
دَجُون (ع) دن کے وقت ابر سے اندھیرا ہو جانا (۲) کسی جگہ مقیم ہونا۔
دُجے (ع) رات کا اندھیرا۔
دَجیہ (ع) دیکھو دجی۔
دچار (ف) اچانک ملاقات۔

# د - ح

دِحال (ع) دحل کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے جو نیچے سے فراخ ہوں
دَحداح (ع) ٹھنگنا۔ پستہ قد۔ چھوٹے قد کا آدمی۔
دَحر (ع) چلانا۔ ہانکنا (۲) دُور کرنا۔
دحض (ع) پاؤں کا پھسلنا (۲) پھسلنے والی جگہ (۳) سُورج کا ڈھلنا۔
دَحل (ع) تنگ منہ والا گڑھا جو نیچے سے فراخ ہو۔
دَحم (ع) بہت چلّانا (۲) جماع کرنا۔
دحو (ع) پھیلانا (۲) زمین کو فراخ کرنا (۳) بچھانا (۴) برابر کرنا۔ (۵) جماع کرنا۔
دُحور (ع) دُور کرنا (۲) ہانکنا۔
دَحی (ع) پھیلانا۔ بچھانا۔

دَحیہ (ع) بندریا۔ مادہ لنگور۔

# د - خ

دَخ (ف) خوب۔ گہرا (۲) ہر شے کا خلاصہ (۳) فوج (۴) صفت
دُخ (ف) دُخت کا مخفف جو دختر کا مخفف ہے۔ لڑکی۔ بیٹی۔
دُخ (ع) دُھواں۔
دخال (ع) دخل دینے والا۔
دخالت (ع) دخل۔ خلل اندازی۔
دخالت کردن (ف) دخل دینا۔
دخالت داشتن (ف) عمل دخل ہونا۔
دُخان (ع) دھواں۔
دُخان ساختن از آب (ف) بھاپ یا سٹیم پیدا کرنا۔
دُخت (ف) دختر کا مخفف۔ بیٹی۔ لڑکی۔
دُختر (ف) بیٹی۔ لڑکی۔
دُختر آفتاب (ف) انگوری شراب۔
دُختر تاک (ف) شراب انگور (۲) خوشۂ انگور
دُختر خانہ (ف) کنواری لڑکی۔
دُختر خُم (ف) انگوری شراب (۲) سُرخ شراب۔
دُختر ربیبہ (ف) سوتیلی بیٹی۔
دُختر رز (ف) شراب سُرخ (۲) انگوری شراب
دُختر روزگار (ف) مصیبت۔ حادثہ۔
دُختر صُوفی (ف) ممولا۔ جو چھوٹا سا مشہور پرندہ ہے
دُخترک (ف) چھوٹی لڑکی (۲) چھوٹی بیٹی۔
دُختر پدر (ف) سوتیلی بیٹی۔
دُختر نعش (ف) بنات النعش جو چند مشہور ستارے ہیں
دُخترہ } دُختری } (ف) دوشیزگی۔ کنوارپن۔
دُختن (ف) دوختن کا مخفف۔ سینا۔
دُختن (ف) اندوختن کا مخفف۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔
دُختندر (ف) دختر پدر کا مخفف۔ پچھلگ بیٹی۔ سوتیلی لڑکی
دُختہ (ف) دوختہ کا مخفف۔ سیا ہوا (۲) بمعنی پوشیدہ دولہا (۲)
دخش (ف) تیرہ و تار (۲) آغاز۔ ابتدا۔
دَخل (ف) وہ پیالہ یا برتن جس میں گداگر پیسے مانگتے ہیں۔
دَخل (ع) آمد (۲) اندر آنا (۳) آمدنی (۴) قلت (۵) عیب (۶) تہمت (۷) کسی کام میں دخل دینا (۸) اعتراض کرنا
دَخل (ع) جسم کا فاسد ہونا (۲) عقل کا فساد (۳) بے وفائی (۴) مکر و فریب (۵) خاندان کا عیب۔
دخل بیجا (ف) بے اجازت کسی کے مکان کے اندر جانا۔
دخل دار (ف) نفع بخش۔

Marfat.com

دخل دان (ف) کیش بکس ۔
دخل درمعقولات (ف) بیچ میں بولنا ۔ کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا ۔
دخل نامہ (ف) کسی جگہ پر قبضہ کرنے کی دستاویز ۔
دخل و دست درازی کردن (ف) بے جا قبضہ و تصرف کرنا یا دخل دینا ۔
دخل یابی (ف) قبضہ ۔ تصرف (۲) باریابی ۔ رسائی ۔ پہنچ ۔
دخم
دخمہ } (ف) سرداب جس میں مُردہ دفن کیا جائے (۲) آتش پرستوں کے مُردہ دفن کرنے کا تہ خانہ (۳) مُردہ کا تابوت ۔
دخن (ع) دھواں (۲) تیرگی (۳) کج خلقی (۴) کینہ ۔
دُخن (ع) باجرہ ۔ کنگنی ۔ چینہ ۔
دخنہ (ع) تیرگی (۲) خوشبودار دوا کا نام جس کی دھونی سے کمرہ خوشبودار کرتے ہیں ۔
دخو (ف) سادہ لوح انسان ۔
دُخور (ع) ذلیل خوار ہونا ۔
دُخول (ع) اندر آنا (۲) گھسنا (۳) داخل کرانا (۴) جماع کرنا ۔
دخیل (ع) (۱) دخل دینے والا (۲) غیر زبان کا لفظ جو عربی میں داخل کیا جائے (۳) سائل و درویش (۴) امان ۔ رحم
دخیل کار (ف) قابض ۔ متصرف ۔

## د ۔ د

دد
دده } (ف) درندہ ۔ چرپایہ مثلاً شیر ۔ چیتا ۔ بھیڑیا وغیرہ (۲) چرندہ چوپایہ مثلاً ہرن ۔ بارہ سنگھا وغیرہ ۔

## د ۔ ر

در (ف) میں (۲) اندر (۳) بیچ (۴) دروازہ ۔ باب (۵) درہ کوہ (۶) کتاب کا باب (۷) بار ۔ دفعہ ۔ (۸) پھاڑ (۹) پھاڑنا ۔
دَر (ع) خون (۲) دودھ (۳) غنیمت (۴) کثرت (۵) نیکی ۔ خوبی (۶) بہتری ۔ بھلائی (۷) اچھا کام ۔
دُرّ (ع) دُرّہ کی جمع ۔ موتی ۔ جواہر ۔
دُر (ف) موتی ۔ گوہر ۔
درء (ع) ٹالنا (۲) دفع کرنا ۔ دُور کرنا ۔
درا (ف) جرس ۔ گھنٹہ ۔
درا (ف) اندر آ ۔
دراب (ف) بڑا دروازہ ۔ فراخ دروازہ (۲) تنگ کوچہ میں فراخ دروازہ ۔

در آب افتادن
در آب فرو رفتن
در آب فرو شدن } (ف) غرق ہونا ۔ ڈوبنا (۲) نیست و نابود ہونا ۔
در آب انداختن (ف) غرق کردینا ۔
درانت (ف) موتی ۔
در آب و آتش بودن (ف) محنت و مشقت اٹھانا ۔
در آتش آب جستن (ف) ناممکن کام کرنا ۔
دراج
دُراج
دُراجہ } (ع) تیتر ۔
درازہ (ف) دیّوث ۔ بے غیرت ۔ بھڑوا ۔
درازہ (ع) تکلا ۔
دراز (ف) طویل ۔ لمبا ۔
دراز بودن (ف) دیر ہونا ۔
دراز خوان (ف) وسیع دسترخوان ۔ لمبا ۔ دسترخوان ۔
دراز دست (ف) غالب (۲) بے انصاف ۔
دراز دستی (ف) بے انصافی (۲) ظلم (۳) لوٹ مار ۔
دراز دستی کردن (ف) ظلم کرنا (۲) لوٹنا ۔
دراز دم (ف) گرگٹ (۲) بندر (۳) کتا (۴) بچھو (۵) آفتاب پرست ۔
دراز دنبال (ف) گائے ۔ بھینس ۔
دراز زبان (ف) بدزبان ۔ بے ادبی اور گستاخی سے بولنے والا ۔
دراز سفرہ (ف) دیکھو دراز خوان ۔
دراز شدن (ف) لیٹنا (۲) سونا ۔
دراز شمشیر (ف) نہایت چالاکی اور چستی سے تلوار چلانے والا ۔
دراز عمر (ف) لمبی عمر یا لمبی عمر پانے والا انسان ۔
دراز قد (ف) لمبے قد والا ۔
دراز کشیدن (ف) لیٹ جانا (۲) سو جانا ۔
دراز گوش (ف) خر ۔ گدھا ۔
درازنا (ف) طولانی ۔
دراز نفس (ف) بے ہودہ گو ۔
دراز نفسی (ف) بہت بکواس ۔ بے ہودہ گوئی ۔ فضول باتیں ۔ بات کو طول دینا ۔ لاف و گزاف ۔
دراز نفسی کردن (ف) گپیں ہانکنا ۔ دوسروں کو اپنی باتوں سے بور کرنا ۔
درازی (ف) لمبائی ۔ طوالت ۔
درازیٔ بازو
درازیٔ دست } (ف) غلبہ ۔
درازیٔ دامن (ف) دامن کی وسعت ۔
دراست (ع) پڑھنا (۲) پڑھانا (۳) دانائی ۔
دراستادن (ف) ڈٹ جانا ۔

Marfat.com

در آستین بودن (ف) موجود و مہیا ہونا۔
در آستین کردن (ف) تصرّف کرنا (۲) اپنی ملک جاننا۔
در آسمان باز کردن (ف) دُعا کے قبول ہونے کا وقت آ پہنچا۔
در آسمان سوراخ شدن (ف) بڑا حادثہ واقع ہونا۔
دُرّاعہ / دُرّاعہ } (ع) صوفیوں کا ایک قسم کا لباس جو اُون وغیرہ کا ہوتا ہے۔
در آغوش کشیدن / در آغوش گرفتن } (ف) بغل میں لینا۔
در آفتاب کردن (ف) سزا کے طور پر دھوپ میں بٹھانا۔
در اُفتادن تن (ف) مکروہاتِ زمانہ میں مبتلا ہونا۔
دُر افشانی (ف) موتی بکھیرنا۔ بڑے سخنی یا شاعر یا لکچرار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
دَرّاک (ع) خوب سمجھنے والا (۲) بڑا جاننے والا۔
دِراک (ع) پہنچنا (۲) پالینا (۳) آواز کے پیچھے جانا (۴) پے در پے ہونا۔
درام (ف) ساہی جو خار (دار) جانور ہے۔
درآمد (ف) آمدنی۔ ابتدا۔
درآمد برآمد (ف) آمد و رفت۔ آنا جانا (۲) اندر آنا۔ باہر آنا۔
درآمد کار (ف) آغاز کار۔
درآمد کردن (ف) کام کا آغاز کرنا۔
درآمدن (ف) اندر آنا (۲) گھسنا (۳) آنا۔
درآمیختگی (ف) میل جول۔
درآمیختن (ف) آمیزش کرنا۔ ملنا ملانا۔
درانداز (ف) بدگو۔ چغل (۲) دو آدمیوں میں لڑائی کرانے والا۔
دراندازی (ف) بدگوئی۔ چغل خوری۔
دراں سخن است (ف) اس میں تامّل ہے۔
در انگشت آوردن (ف) حساب کرنا (۲) حساب عقد کرنا۔
در انگشت بودن (ف) قبضہ میں ہونا۔ تصرف میں ہونا۔
درآوردن (ف) انتخاب کرنا۔ چننا۔
درآویختن (ف) لٹک جانا۔ لٹکنا۔
دَراہم (ع) درہم کی جمع۔ جو چاندی کا ایک سکہ ہے۔
دَرائے (ف) گھنٹہ۔
دَرای (ف) درائیدن بمعنی گفتن مصدر سے امر ماضی اور اسم فاعل
درائے (ف) آمدن مصدر کا امر۔ اندر آ۔
درائے (ف) بیہودہ گو۔
دِرایت (ع) دانش۔ دانائی۔ عقل۔
درائیدن (ف) بولنا۔ آواز کرنا۔
دَرائر (ع) دُرور کی جمع۔ بڑی دُودھیل اونٹنیاں۔
درائیش رفت (ف) اثر کرنا۔ تاثیر کرنا۔
در آئینہ نقش پری دیدن (ف) جام بلورین میں شراب دیکھنا (۲) جام شراب میں ساقی کا جمال دیکھنا۔
دَرب (ف) پھاٹک۔ بڑا دروازہ (۲) کوچہ (۳) محلّہ۔

دُرب (ع) عادت (۲) عقل۔
دَرباب (ف) بابت۔
درباختن (ف) ہار جانا۔
دربار (ف) بادشاہ کی کچہری۔
دُربار (ف) موتی برسانے والا۔ گہربار۔
درباره (ف) بابت۔
درباری (ف) دربار سے متعلق۔
درباز کردن (ف) دروازہ کھولنا۔
دُرباش (ف) دُور باش کا مخفف۔
در باغ سبز نشان دادن (ف) سبز باغ دکھانا۔ دھوکہ دینا۔ ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔
در باقی شدن (ف) تمام ہو جانا (۲) کچھ نہ رہنا۔
در باقی کردن (ف) بے باق کرنا (۲) چھوڑ دینا (۳) موقوف رکھنا۔
دربان (ف) دربمعنی دروازہ۔ اور بان کلمہ محافظت سے مرکب ہے۔ دروازہ کا محافظ۔ چوکیدار۔
دربانِ فلک (ف) سورج (۲) چاند۔
دربانیت (ف) مزدوری
دربچہ (ف) چھوٹا دروازہ۔
در بخشت اندائیدن / در بخشت برآوردن / در بخشت زدن } (ف) دروازہ تیغا کرنا۔ اینٹ وغیرہ سے دروازہ بند کر دینا۔
دربدر (ف) ایک دروازے سے دوسرے دروازوں پر جانا۔
دربدر دنبال کے گشتن (ف) کسی کے پیچھے جا بجا ڈھونڈتے پھرنا۔
دربدر شدن (ف) مارے مارے پھرنا۔
دربرابر (ف) سامنے۔ رُوبرو۔
دربرآوردن (ف) دروازہ بند کرنا۔
دربر کردن / دربر کشیدن / دربر گرفتن } (ف) لباس اور زرہ وغیرہ پہننا۔ پہنانا۔ (۲) بغل میں دبانا۔
دربست (ف) تمام و کمال۔
دربستن دربست (ف) دروازہ بند کرنا۔
دربغل گرفتن (ف) بغل میں لینا (۲) بغل گیر ہونا (۳) کپڑا وغیرہ پہننا۔
دربغل اندائیدن / دربغل برآوردن / دربغل بربستن } (ف) دروازہ تیغا کرنا۔ دروازہ کو مٹی سے پاٹ دینا۔
دربلہ (ع) ڈھول بجانا (۲) ایک قسم کا نقارہ۔
دربند (ف) دریا یا بحر کا بند (۲) دو ملکوں کا درمیانی فاصلہ (۳) دروازہ کے کواڑ (۴) قلعہ۔
دربند او دست۔ یہ کام یا چیز اُسی کے لیے مخصوص ہے۔
دربند چیزے بودن (ف) کسی چیز کی فکر میں ہونا۔
دربند کشیدن (ف) زنجیروں میں جکڑنا۔

Marfat.com

دَر بہرہ (ف) جَو کی شراب کی ایک قسم۔
دَر بیش وکم (ف) تھوڑا بہت۔
دَر پائے افگندن (ف) چھوڑنا (۲) موقوف رکھنا۔
دَر پائے پیل انداختن (ف) ہاتھی کے پاؤں میں کچلوانا۔ (۲) دکھ دینا۔
دَر پائے کسے افتادن (ف) منت وسماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔
دَر پردہ (ف) پوشیدہ طور پر۔
دَر پردہ داشتن (ف) چھپانا۔
دَر پرِ سیمرغ وطن ساختن (ف) معدوم ہونا۔ نابود ہونا۔
دَر پس (ف) پیچھے۔
دَر پس زانو نشستن (ف) فکرمند ہونا (۲) مراقبہ میں بیٹھنا۔
دَر پس کار است (ف) کام میں مشغول ہونا۔
دَر پسِ کارِ خویش عاقل نشستن (ف) اپنا کام ہوشیاری سے سرانجام دینا۔
دَر پشم کشیدن (ف) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔
دَر پوست در آمدن (ف) کسی کے بھید سے واقف ہونا۔
دَر پوست کسے دویدن (ف) کسی کے راز سے واقف ہونا۔
دَر پوست گفتن (ف) پوشیدہ کہنا (۲) اشارہ سے کہنا۔
دَر پوست نگنجیدن (ف) پھولے نہ سمانا۔
دَر پوستین افتادن (ف) در پوست افتادن۔
دَر پے (ف) پیچھے (۲) سراغ میں۔ کھوج میں۔
دَر پیراہن نبودن } (ف) جامے میں پھولے نہ سمانا۔ بہت خوش ہونا۔
دَر پیراہن نہ گنجیدن }
دَر پیش (ف) آگے۔ سامنے۔ رُوبرو۔
دَر پیش است (ف) موجود اور مہیا ہے۔ ہر طرح سے تیار ہے۔
دَر تاب رفتن (ف) غضب ناک ہونا۔ غصّے میں آنا۔
دَر تہِ پوست دویدن (ف) رگ وریشہ میں سرایت کر جانا۔ (۲) کسی کے دل میں وسوسے ڈالنا۔
دَر تاب رفتن (ف) غضب ناک ہونا۔ غصّے میں آنا۔
دَر تاریکی رقصیدن (ف) تنہائی میں کسی کو رشوت دینا۔
دَر تنور چوبیں نان پختن (ف) ریت پر دیوار بنانا۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔
دَر توکل از سبب غافل مشو (ف) توکل کے ساتھ ساتھ اپنی سی کوشش بھی کیے جاؤ۔
دَرج (ع) ایک چیز کو دُوسری میں لپیٹنا (۲) کاغذ (۳) طومار (۴) خط کی شکن (۵) وہ نظم یا نثر جو شاعر اپنے کمال کے اظہار میں لکھ کر اپنے پاس رکھے (۶) عرش پر کے ایک مقام کا نام جو شبِ معراج آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے دیکھا تھا۔
دُرج (ع) ڈبّا (۲) صندوقچہ (۳) جواہرات رکھنے کا ڈبّا۔
دُرجِ تنگ۔ دُرجِ دُر (ف) دہنِ معشوق۔
دَر جائے بند شدن (ف) کسی جگہ مقیم ہو جانا۔
دَرج کردن (ف) کتاب یا رجسٹر میں لکھنا۔
دَر جگر بودن (ف) رنج، دُکھ اور پریشانی میں ہونا۔
دَر جگر گِل گرفتن (ف) مٹی کے نیچے دبانا۔
دُرجِ گہر کشودن (ف) عمدہ کلام کرنا۔
دَر جلو رفتن (ف) ہمراہ چلنا۔
دَر جُوال رفتن } (ف) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
دَر جوال شُدن }
دَر جوال کردن (ف) دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔
دَرجہ (ع) رتبہ۔ مرتبہ (۲) دائرہ کا تین سو ساٹھواں حصّہ یعنی $\frac{1}{360}$۔
دَرجہ بندی کردن (ف) مراتب اور رُتبوں کا متعین کرنا۔
دَر چاہ افگندن (ف) بے نام ونشان کرنا (۲) گم کر دینا۔
دَر چشم ندیدم (ف) اپنے آپ میں طاقت نہ دیکھی۔
دَر چیزے خوابانیدن (ف) کسی چیز سے آلودہ کرنا۔
دَر چیزے زدن (ف) کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا۔
دَر چیزے کردن (ف) ملانا۔
دَر چیزے گرفتن (ف) گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
دَر حال (ف) اسی وقت۔ فی الفور۔
دَر حساب نیاوردن (ف) حقیر جاننا۔ کچھ نہ خیال کرنا۔ معمولی سمجھنا۔
دَر حیض بودن (ف) ناپاک ہونا (۲) بے نماز ہونا۔
دَر حساب نبودن (ف) کچھ قدر نہ رکھنا۔ بے قدر ہونا۔
دَر خاک کردن (ف) دفن کرنا۔
دَر خاک وخون کردن (ف) قتل کرنا۔
دَر خاک وخون غلطیدن (ف) خون میں لت پت ہونا۔
دَر خانہ شلوغ است (ف) گھر میں اودھم مچا ہوا ہے۔
دَر خانہ مور شبنم طوفان است (ف) چیونٹی کے لیے شبنم کا قطرہ ہی ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔
دَرخت (ف) شجر۔ پیڑ۔ بوٹا۔
دَرختِ دانا (ف) ملک اندلس کے ایک درخت کا نام جس کے پتے ہمیشہ سُورج کی طرف رہتے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے پتے سر کے نیچے رکھ کر سونے سے بھُولی ہوئی چیز یاد آ جاتی ہے۔
دَرخش } (ف) بجلی۔ روشنی۔
دُرخش }
دَرخش (ف) روشنی۔
دَرخش (ف) لائق۔ سزاوار۔
دَرخشاں (ف) تاباں۔ چمکتا ہوا (۲) لرزاں۔
دَرخشیدن (ف) چمکنا۔
دَر خط شدن (ف) بے ہوش وبے قرار ہونا (۲) متغیرہ وغمزدہ ہونا (۳) عاجز ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) خراب ہونا۔

Marfat.com

درخطِ کسے بُودن رف، کسی کے حکم میں ہونا۔ کسی کے ماتحت ہونا۔
درخواست رف، عرضداشت۔ عرضی (۲) خواہش (۳) سوال (۴) عرض۔ التماس۔ گزارش۔ تمنا۔ آرزو۔
درخواہ رف، درخواست (۲) التماس (۳) التماس کو مانگنے والا۔ (۴) بھکاری (۵) بازپُرس۔
درخود فرو رفتن رف، حیران و پریشان ہونا۔
درخود گریختن رف، اپنی حالت پر توجہ کرنا۔
درخور / درخورد } رف، سزاوار۔ لائق۔
درخون اُفتادن رف، مقتول ہونا۔
درخون شدن رف، کسی کے قتل کی نیت کرنا۔
درخوئے نشستن رف، شرمسار ہونا۔
درخیال آمدن کسے رف، متصور ہونا۔
درد رف، تکلیف۔ دُکھ (۲) بیماری (۳) پیڑ (۴) ہوک (۵) ترس (۶) رحم (۷) دریغ۔ افسوس (۸) ٹیس (۹) سوز و گداز۔
دَرد رع، دانت گر جانا۔
دُرد رف، تلچھٹ۔ گاد۔ دُردی۔
درداء رع، پوپلی۔ وہ عورت جس کے دانت نہ ہوں۔
درداب رع، ڈھول کی آواز۔
درداب رف، خربوزہ کی مانند ایک چھوٹا سا خوشبودار پھل۔
درد احبا بُردی بہ اطباء رف، دوستوں کے دیے ہوئے غم کا علاج تم ڈاکٹر اور حکیموں کے پاس ڈھونڈتے پھرتے ہو۔
درد آمیز رف، دردناک۔ مؤثر۔ رقت انگیز۔ سوز و گداز والا۔
دردانہ رف، تنہا۔ واحد۔ اکیلا۔
درد انگیز رف، دل پر اثر کرنے والا۔ جان گداز۔ رقت انگیز۔
درد برچیدن رف، درد کو دُور کر دینا۔
دردچین رف، وہ دوائی جو درد کو مٹا یا گھٹا دے۔
دردچیدن رف، تیمارداری کرنا۔ بیمار کی خدمت کرنا۔
دُرد خوار رف، کمینہ (۲) حقیر (۳) زمین۔
در دست و پا افگندن رف، پامال کرنا۔ پاؤں تلے روندنا۔
در دست و پا پیچیدن رف، عاجزی اور منت خوشامد کرنا۔
دردِ دل رف، دلی صدمہ۔ رنج و غم۔ دُکھ۔
دردِ دل کردن رف، دل کا درد ظاہر کرنا۔ گریہ زاری کرنا۔
دُر در گوش رف، حلقہ بگوش۔ وفادار غلام۔
درد شریک رف، مونس۔ غم خوار۔ غمگسار۔
درد سر دادن رف، تکلیف دینا۔
درد سنگین رف، بھاری بیماری۔ مہلک بیماری۔
درد کشیدن رف، دکھ تکلیف برداشت کرنا۔
دردِ کوہ می آید مومی رود رف، بیماری گھوڑے کی طرح آتی ہے مگر جاتی نہایت ہی آہستہ آہستہ ہے۔
دردِمن رف، دردمند کا مخفف۔
دُردِمن رف، صاحب ذوق۔ عشق باز (۲) خاکسار آدمی۔
دردمند رف، دُکھیا۔ دُکھی۔ مصیبت زدہ۔ ہمدرد (۲) غمخوار۔ رحمدل۔
دردمندی رف، غمخواری۔ ہمدردی۔ رحمدلی۔ خوف۔ خدا ترسی۔
دُرد مہ و سال رف، آخری چار شنبہ جو ہر صفر کے مہینے کے آخر میں آتا ہے۔
دُردہ رف، تلچھٹ۔ شراب وغیرہ کی گار۔ تہ نشین۔
دردِ من اُفتادن رف، رسوا ہونا۔
دُردی رع، دُرد۔ تلچھٹ۔ تیل اور شراب وغیرہ کی تہ نشین گار۔
دُردی کش رف، شراب فروش۔ شراب نوش۔
دردی نوش رف، بلانوش۔
در دیزی باز است حیای گُربہ کجا رفت رف، ہنڈیا کا منہ کھلا تھا تو بلی کے شرم و حیا کو کیا ہوا۔
دُرر رف، دُرہ کی جمع۔ موتی۔
در رخنہ بُودن رف، خوار ہونا۔
در رزق زدن رف، رزق تلاش کرنا۔ رزق کا دروازہ کھٹکھٹانا۔
در رشتہ کشیدن رف، پرونا۔
در رفتن رف، نکل جانا۔
در رکاب ایستادن رف، خدمت کرنا (۲) خدمت میں مستعد ہونا۔
دُر ریختن رف، آنسو بہانا (۲) نہایت عمدہ کلام کرنا (۳) بات کرتے وقت منہ سے موتی جھڑنا۔
دَرز رف، شگاف۔ دراز۔
درزادہ رف، وہ تختہ جو پن چکی کے آگے اس لیے رکھا جاتا ہے کہ پانی دوسری طرف نہ جائے۔
در زبان داشتن رف، کسی کو رسوا کرنا۔ کسی کے حق میں ناجائز باتیں کہنا۔
در زدن رف، دروازہ کھٹکھٹانا۔
درز کردن رف، شگاف ہونا (۲) ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔
درز گیری رف، مربوط ہونا۔ دو چیزوں کو باہم خوب وصل کرنا۔
درزمان رف، سوئی میں ڈالا ہوا دھاگا۔
درزمان رف، اسی وقت۔ ابھی۔ فی الفور۔
در زمین استخواہ یافتن رف، نشان پانا۔
درزن رف، دروازہ کھٹکھٹانے والا۔
دَرزن رف، درزن کا مخفف۔ سوئی۔ سوزن۔
دَرزہ رف، راکھ۔ مٹی۔ خاک وغیرہ کا تودہ۔
درزی رف، سینے والا۔ خیاط۔
در زیر بار کشیدن رف، بوجھ لادنا۔

Marfat.com

در زیر خاک کردن (ف) دفن کرنا (۲) نیست و نابود کرنا - خیال کرنا -
در زیر لب (ف) آہستہ -
در زیر یک پیراہن بودن (ف) نہایت نزدیک ہونا -
دَرس (ع) سبق پڑھانا (۲) پُرانا ہونا (۳) پُرانا کرنا (۴) جماع کرنا (۵) حائض ہونا (۶) اُونٹ کے خارش ہونا (۷) گیہوں کو کھلیان میں کوٹنا (۸) پوشیدہ راستہ -
درس آموختن (ف) سبق پڑھانا -
درس خواندن (ف) اُستاد سے سبق لینا -
درس عام (ف) پبلک لیکچر -
دِرس (ع) پرانا کپڑا (۲) اُونٹ کی دُم -
درساختن (ف) موافقت کرنا -
درسار } (ف) دروازہ کے سامنے کی دیوار جو پردہ کے لیے
درسار } بنائی جاتی ہے -
در ساعت (ف) ابھی - اسی وقت - فوراً -
درسپردن (ف) حوالے کر دینا - ہتھیار ڈال دینا -
دُرست (ف) ٹھیک - صحیح (۲) اچھی (۳) صحت - تندرستی (۴) اشرفی - دینار -
دُرست پیماں (ف) وعدہ کا سچا -
دُرست تن (ف) تندرست -
دُرست حساب (ف) خوش معاملہ -
دُرست خواں (ف) صحیح پڑھنے والا -
دُرست شدن (ف) مرمت ہو جانا -
دُرست قول } (ف) صادق القول - بات کا سچا -
دُرست گو }
درشتنہ (ف) رحمت - عفو - معافی - کسی کا گناہ بخش دینا -
دُرستی (ف) اصلاح - ترتیب (۲) ترمیم (۳) گوشمالی -
دَرس خانہ (ف) مکتب - مدرسہ -
درس خواں (ف) طالب علم - شاگرد -
در سر آمدن } (ف) برباد ہونا (۲) آخر ہونا - ضائع ہونا -
در سر شدن } کھو جانا -
در سر کردن (ف) ضائع کرنا - کھو دینا (۲) صرف کرنا -
در سر کشیدن (ف) سر پر چادر وغیرہ اوڑھنا -
در سر گنجیدن (ف) قبول کرنا - ماننا - تسلیم کر لینا -
در سر منقار کشیدن (ف) بولنا - زبان پر جگہ دینا -
دَرس زوال (ف) قاعدہ شروع کرنے سے پہلے جو زبانی تعلیم دی جائے -
دُر سُفتن (ف) نہایت عمدہ کلام کرنا (۲) بکارت توڑنا -
دُر سُفتہ (ف) سوراخ دار موتی -
در سوال بر خود کشادن (ف) گداگری کرنا -
دُرسہ (ع) ریاضت -

دَرسہ (ع) معافی - بخشش - عفو -
دَرش (ف) لکڑی - کھیرا کی ایک قسم جو پتلی اور لمبی ہوتی ہے -
دَرش (ف) گھوڑوں کا طویلہ -
دُرُشت (ف) کھُردرہ - سخت -
دُرشت پسند (ف) کثیف الطبع آدمی -
درشت خو (ف) سخت و سخت گیر -
درشت گوئی (ف) سخت سُست کہنا -
درشت گوش (ف) جسے اُونچا سنائی دے -
درشتہ (ف) معاف کرنا - گناہ بخشنا -
دُرشتی (ف) سختی - بے رحمی (۲) بدخلقی (۳) موٹاپا (۴) پہلوانی -
درشتی کردن (ف) سختی کرنا -
دریشدن (ف) اندر آنا - داخل ہونا -
درشکستن (ف) دروازہ توڑنا -
در شکل مردم بسے کژدم است (ف) انسانی شکل میں بہت سے لعین شیطان اور ظالم ہوتے ہیں -
در شکم داشتن (ف) موجود رکھنا - مہیا رکھنا -
دَرشن (ف) جھروکہ - مکان کا دریچہ جس میں بادشاہ بیٹھتا ہے ہندی زیارت - جلوہ -
دُرِّ شہوار (ف) بادشاہوں کے قابل موتی (۲) بہت بڑا موتی
دَرشکہ (ف) پالکی کی طرح کی ایک گاڑی -
در صحرا نہادن (ف) آشکارا کرنا -
در صفحہ گفتن (ف) خط میں لکھنا -
در عرق افتادن } (ف) شرمندہ ہونا - ندامت اُٹھانا -
در عرق شدن }
در عقد گرفتن زن (ف) عورت کو نکاح میں لانا -
در عمل کوش ہرچہ خواہی پوش (ف) پوشاک چاہے جیسی ہو مگر عمل اچھے ہوں -
درعہ (ف) گردن ناپنے کا آلہ -
درغ (ف) پانی کے آگے باندھا ہوا بند -
دَرغال (ف) بے خوف (۲) آسودہ -
در عناں رفتن (ف) سواری کے ہمراہ پیدل چلنا -
درغالہ (ف) پہاڑی راستہ - گھاٹی - وادی - دو پہاڑوں کا درمیانی میدان -
درغال (ف) آسودہ - آرام -
درغالی (ف) آسودگی -
درغان (ف) نواح سمرقند میں ایک شہر کا نام -
درغست (ف) نامعقول آدمی - فضول آدمی -
در غضب رفتن (ف) غضب ناک ہونا - خفا ہونا -
در غم فرو رفتن (ف) غم میں ڈوبنا یا غم کے مارے مر جانا -
در غورگی مویز شدن (ف) مقصد پر پہنچے بغیر ہلاک ہو جانا -
دِرفش (ف) آر - موچی کا سُوا - ستالی (۲) جھنڈا - علم (۳) بجلی -
درفشاں (ف) لرزاں -
دُر فشانی (ف) موتی بکھیرنا (۲) نہایت عمدہ کلام کرنا -

Marfat.com

درفش کاواں / درفش کاویاں / درفش کاویانی } (ف) کاوہ لوہار کا بنایا ہوا جھنڈا جس کی برکت سے فریدون نے ضحاک پر فتح حاصل کی تھی۔ کہتے ہیں کہ شاہ ایران جس لڑائی میں اسے ہمراہ لے جاتے تھے۔ ضرور فتح پاتے تھے۔
دُرفشہ (ف) شمشیر۔ تلوار۔
دِرفشی (ف) جھنڈا (۲) مشہور (۳) اپنے آپ کو مشہور کرنا (۴) انگشت نما۔
درفنجک (ف) کابوس۔ وہ بیماری جس میں سوئے ہوئے آدمی کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے۔
دَرَق (ع) دَرَقہ کی جمع۔ سپر۔ ڈھال۔
دَرقا (ع) بادل۔ ابر۔
درقدم گرفتن (ف) کسی کو اپنے ساتھ لے لینا۔ ہمراہ لے لینا
درقلم آمدن (ف) باطل ہونا (۲) منسوخ ہونا۔
درقلم کشیدن / درقلم گرفتن } (ف) لکھنا۔
دَرَقہ (ع) سپر۔ ڈھال۔
دَرَک (ع) پانا۔ معلوم کرنا۔
دَرَک (ع) منہ پونچھنے کا رومال۔
دَرَک (ع) ڈول کے کنارے پر باندھنے کی چھوٹی سی رسی (۲) وہ عوارض جو کسی کام کے بعد لاحق ہوتے ہیں (۳) دوزخ کا طبقہ۔
دَرَکات (ع) درک کی جمع چیزیں (۲) تہیں (۳) عذاب دوزخ کے طبقات۔
درکار (ف) کام میں (۲) خواہش (۳) ضرورت۔
درکار کردن (ف) تعلیم دینا۔ سکھانا (۲) کسی کے واسطے کوئی چیز معاف کرنا (۳) جمع کرنا۔
درکار گرفتن (ف) جماع کرنا۔
درکاسہ نیم کاسہ داشتن (ف) فریب سے کسی چیز کو کسی چیز میں چھپا دینا (۲) خلاف واقع ظاہر کرنا۔
درکسے گریختن (ف) کسی کی طرف پناہ لینے جانا۔ (۲) التجا کرنا۔
درکشیدن (ف) پینا (۲) رد کرنا (۳) محو کرنا۔
درکل (ف) بالکل۔ تمام۔
درکنار (ف) ایک طرف۔ علیحدہ۔ الگ۔ جدا (۲) علاوہ۔ سوا۔
درکنار کردن / درکنار کشیدن / درکنار گرفتن } (ف) بغل میں لے لینا۔ گلے لگانا۔
درکندن (ف) کھودنا۔
درکہ (ع) تہہ۔ نشیب (۲) طبقہ دوزخ (۳) درجہ کی ضد۔
درگاہ (ف) کچہری۔ دربار۔

درگاہ خدا (ف) مسجد۔
درگاہ نشین (ف) درباری۔
دُرگر (ف) نجار۔ بڑھئی۔
درگردیدہ (ف) ویران۔ خراب۔ بے آباد۔
درگزر (ف) معافی۔ چشم پوشی۔
درگزشت (ف) گزر گیا۔ مرگیا۔
درگزشت آئی (ف) فوری۔ ناگہانی اور اچانک موت۔
درگل فرو ماندن (ف) کیچڑ میں پھنسنا۔ گرفتار ہونا۔ ناچار ہونا۔ عاجز ہونا۔
درگوش آوردن (ف) سننا۔
درگیر شدن (ف) الجھ پڑنا۔ جنگ شروع کرنا۔
درلوزینہ سیر خوردن (ف) دھوکا کھانا (۲) عین خوشی میں غم پیش آنا۔ عیش تلخ ہونا۔
درلوزینہ سیر دادن (ف) بادام میں لہسن ملانا (۲) کسی کے عیش میں خلل ڈالنا۔ کسی کی خوشی میں غم پیدا کرنا۔
درم (ف) درہم۔ نقدی۔ پیسہ۔
دَرما (ف) خرگوش۔
دَرماں (ف) علاج۔ دوا۔ (۲) درماندہ۔ لاچار۔
درماں کردن (ف) علاج معالجہ کرنا
درماں پذیر (ف) قابل علاج۔
درماں ناپذیر (ف) ناقابل علاج۔
درماندگی (ف) تھکن۔
درماں گاہ (ف) کلینک۔
درماندن (ف) ناچار ہونا۔ عاجز ہونا۔
دَرماندہ (ف) ناچار۔ عاجز۔
درماہہ (ف) ماہواری تنخواہ۔
دِرم بر درم نہادن (ف) روپیہ پیسہ جمع کرنا۔
درمرگ کوفتن (ف) موت کو بلانا۔ موت کی خواہش کرنا۔ موت کا دروازہ کھٹکھٹانا۔
درم ریز (ف) سخی۔ دولت مند۔
درم سرا (ف) ٹکسال۔
درم سنگ (ف) درم کے برابر۔ درم کے وزن کا۔
درمکنت (ف) ضبط۔
درمغز بادام سیر آمیختن (ف) دیکھو درلوزینہ سیر دادن۔
درمک (ع) سفید میدہ (۲) نرم مٹی۔
دُرِ مکنون (ع) پوشیدہ رکھا ہوا موتی۔ خالص موتی۔ یکتا موتی۔ اعلیٰ موتی۔
دُرمکہ (ع) میدہ کی سفید روٹی۔
درمنہ (ف) ایک قسم کی گھاس جو دوا میں کام آتی ہے۔
درموک (ع) بچھانے کا کپڑا۔
درمیان (ف) بیچ۔

Marfat.com

درمیان گرفتن ۔ (ف) بیچ میں گھیرنا ۔ محاصرہ کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔
دَرمیدَن (ف) کُتّے کا بھونکنا ۔ بھونکنا ۔
دَرَن (ع) میل کچیل ۔
دَرَن (ف) جونک ۔ زلو ۔
درناس (ع) شیر درندہ ۔
دُرِّ ناسفتہ (ف) بغیر چھید کا موتی ۔ اَن بدھ موتی (۲) دوشیزہ ۔ کنواری ۔ باکرہ ۔
دَرنامہ کَردَن (ف) لکھنا ۔
دُرِّ نجف (ف) ایک قسم کا بلور یا پتھر ہے جس میں بال نظر آتے ہیں اور شہر نجف میں اس کی تسبیحیں بنتی ہیں ۔
دَرنَد (ف) صورت ۔ شکل (۲) مثل ۔ مانند ۔
دَرندگی (ف) بے رحمی ۔
دَرندَہ (ف) پھاڑنے والا ۔
دَرندَہ خُو (ف) وحشی صفت ۔
دَر نفس (ف) ابھی ۔ اسی وقت ۔ فی الفور ۔
دِرَنگ (ف) دیر ۔ تاخیر (۲) آہستگی (۳) فرصت (۴) رنج و محنت (۵) شیشہ وغیرہ کے توڑنے یا ناقوس بجانے سے جو آواز پیدا ہو ۔
درنگ آورد دُرستی ہا (ف) سہج پکے سو میٹھا ہو ۔
درنگیدن (ف) توقف کرنا (۲) آرام کرنا ۔
درو دریدن (ف) لپیٹنا ۔
دَرنوشتن (ف) لپیٹنا ۔
دَرَنہ (ف) تلوار ۔
دَرنیل زَدن } (ف) نیلا کرنا (۲) نیل میں رنگنا ۔
دَرنیل کشیدن }
دِرَو (ف) فصل کاٹنا ۔ کھیتی کاٹنا ۔
دَرَو (ف) اس کے بیچ ۔
دُرُو (ف) دفعۃً نکلنا (۲) طلوع ہونا (۳) نمایاں ہونا ۔
دَرداخ (ف) بیماری سے اچھا ہونے کے بعد کمزوری اور ضعف (۲) نقاہت (۳) مضبوط ۔ محکم (۴) مضبوطی ۔ (۵) دلیری ۔
دَروَزہ (ف) در ۔ باب ۔ گھر کا دروازہ ۔
دَروَازہ بان (ف) دربان ۔ چوکیدار ۔
دَرو کَردَن (ف) فصل کاٹنا ۔
دروازہ گوش (ف) کان کا سوراخ ۔
دَروازۂ نو (ف) رنڈیوں کا محلہ ۔
دَروَازۂ نوش (ف) دہن معشوق ۔
دَروَازۂ ہزار گام (ف) سنگ نشان ۔ میل کا نشان جو سڑکوں پر لگایا جاتا ہے ۔
دَر وَاقع (ف) واقع میں ۔ واقعی ۔ درحقیقت ۔
دَروا کَردَن (ف) دروازہ کھولنا ۔

دَروَانہ (ف) چھت میں رکھا ہوا وہ سوراخ جس میں سیڑھی لگا کر اوپر آتے جاتے ہیں ۔
دَرواہ (ف) اوندھا ۔ سرنگوں (۲) حیران ۔ سرگشتہ ۔ (۳) کام کی شے ۔
دَروائے (ف) سرنگوں ۔ اوندھا ۔
دَروایُست (ف) کارآمد شے ۔ مایحتاج ۔
دَر دَربَست (ف) تمام (۲) سب کسی دوسرے کے تصرف بغیر ۔
دُرُود (ف) صلوٰۃ ۔ اللہ تعالٰے کی طرف سے ہو تو رحمت ۔ فرشتوں کی طرف سے ہو تو استغفار ۔ اِنسانوں کی طرف سے ہو تو دُعا ۔ حیوانوں کی طرف سے تسبیح (۲) دُرُودَن (لکڑی تراشنا) بھی آیا ہے ۔
دُرُودگر (ف) بڑھئی ۔
دُرُودن (ف) لکڑی تراشنا (۲) کھیتی کاٹنا ۔
دُرور (ع) پسینہ یا دُودھ وغیرہ کا رواں ہونا ۔ (۲) جاری ہونا ۔
دُرُوز (ع) درز کی جمع ۔ شگاف ۔ رخنے ۔
دُرُوس (ع) پُرانا ہونا (۲) بے نشان ہونا (۳) عورت کا حیض سے ہونا ۔
دُرُوش (ف) فصد کرنے کا نشتر ۔
دُرُوع (ع) درع کی جمع ۔ زرہیں ۔
دُرُوغ (ف) سچ کی ضد ۔ جھوٹ ۔
دُرُوغ باف (ف) اصطلاحًا جھوٹا ۔
دُرُوغ بافتن (ف) جھوٹ مُوٹ باتیں کرنا ۔
دُرُوغ بافی (ف) اصطلاحًا جھوٹ بولنا ۔
دُرُوغ پرواز }
دُرُوغ زَن } (ف) جھوٹا ۔ جھوٹ بولنے والا ۔
دُرُوغ گو }
دُروغ شاخدار (ف) بالکل سفید جھوٹ ۔
دُروغ گوئی (ف) جھوٹ بولنا ۔
دُروغگی (ف) جھوٹ موٹ ۔
دُروغ گو را حافظہ نباشد (ف) جھوٹ یا جھوٹے کے پاؤں نہیں ہوتے ۔
دُروغِ مصلحت آمیز بہ زراستے فتنہ انگیز (ف) جس جھوٹ سے فساد رُک جائے ۔ وہ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہے ۔
دُرُودگر (ف) درودگر کا مخفف ۔ بڑھئی ۔
دُرُول (ف) بیچ (۲) اندر (۳) دِل ۔
دُرول پرور (ف) صاحب دِل ۔ مجاہدہ کش (۲) اللہ تعالٰے ۔
دُرونج } (ع) درونہ کا معرب ۔ بچھو کے مشابہ ایک جڑ ہے ۔ جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے ۔
دُرونج عقرب }
دُرونددار (ف) کینہ ور ۔ منافق ۔

Marfat.com

دُرَوَندہ (ف) کھیت کاٹنے والا۔

دُرُوتہ (ف) دیکھو درونج۔

درویزہ / درویژہ } (ف) دریوزہ۔ گداگری۔ بھیک مانگنا۔

دَرویش (ف) اس کی اصل درویز یعنی درآویز بمعنی آویزندہ در۔ دروازہ سے چمٹنے والا۔ زا کو شین سے بدل لیا گیا ہے پس جو خدا کے دروازہ سے چمٹا۔ وہ فقیر کامل ہے۔ اور جو انسان کے دروازہ سے چمٹا وہ بھک منگا اور گداگر ہے۔

دَرخدا مست (ف) خدا سے لو لگائے ہوئے۔ پارسا انسان۔

درویش دوست (ف) پارساؤں کی قدر کرنے والا۔

درویشانہ (ف) فقیرانہ (۲) ماحضر۔ تھوڑا سا کھانا۔

درویش سلطان دل (ف) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرورِ کائنات سے مراد ہے۔

درویش ہر کجا کہ شب آید سرای اوست (ف) سادھو کا کہاں بسرام۔ جہاں رات ہو گئی وہیں آرام۔

درہ۔ دَرّہ (ف) پہاڑوں کے درمیان کا راستہ (۲) جانوروں کی پیٹھ (۳) بوجھ۔

دُرّہ (ع) بڑا موتی۔

دِرّہ (ع) چمڑے کا تسمہ جس سے مجرم کو سزا دی جاتی ہے۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔

دِرّہ (ع) دودھ (۲) خون (۳) دودھ کا بہنا (۴) دودھ کی بہتات (۵) بازار کی رونق (۶) مینہ کا برسنا۔

درّہ آسمان (ف) کہکشاں۔

درہم (ف) ایک مشہور سکہ اور مشہور وزن۔

درہشتہ (ف) سخاوت۔ جود۔ بخشش۔

دَرہفت آسمان یک ستارہ نداشتن (ف) نہایت بدنصیب۔ مفلس اور قلاش جس کے بخت کھوٹے ہیں۔

دِرہم (ع) ساڑھے تین ماشہ کا وزن۔ دِرہام۔

دَرہم (ف) گڑبڑ (۲) ملا جلا (۳) ناخوش (۴) بے دماغ (۵) پریشان۔

دَرہم برہم (ف) بے انتظام۔ پراگندہ۔ پریشان۔

دِرہم نعلی (ع) ایک سکہ جسے راس البغل عجمی نے مسکوک کیا تھا۔ اور وہ ہتھیلی کے برابر تھا۔ اور ہاتھ کی ہتھیلی اتنا حصہ ہے کہ ہاتھ پھیلا کر اس پر پانی ڈالا جائے۔ اور جتنے حصہ میں پانی ٹھہرا رہے وہ ہتھیلی ہے۔

دَرّی (ف) فارسی زبان کی ایک شاخ جو بہت فصیح ہے (۲) منسوب بہ دَر (۳) منسوب بہ درہ کوہ۔

دُرّی (ع) جاننا (۲) فریب دینا۔

دریا (ف) سمندر۔ ساگر۔ بحر۔

دریا او را گیرد (ف) وہ سمندری سفر سے ناخوش و ناراحت و بیمار ہو جاتا ہے۔

دریاب (ف) دریافتن مصدر سے امر کا صیغہ۔

دریا بادی (ف) ایک قسم کی نقاشی اور ریزہ کاری۔

دریا بار (ف) بڑا دریا۔ بحر۔

دریا بان / دریا دار / دریا سالار } جہاز کا کپتان۔

دریا بر آمد (ف) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے۔

دریا بند (ف) دریا کی وہ جگہ جہاں پانی کم ہو اور خشکی نظر آتی ہو اور وہاں کشتی نہ چل سکے۔

دریاچہ (ف) بڑا حوض۔ بڑا تالاب۔ جھیل۔ جوہڑ۔

دریا دل (ف) بلند حوصلہ۔ فیاض۔ سخی۔

دریا دلی (ف) فیاضی۔ سخاوت۔ بلند حوصلگی۔

دریاس (ع) شیر۔

دریا شکوہ (ف) عالی مرتبہ۔

دریافت (ف) تحقیق۔

دریافت کردن (ف) وصول کرنا۔ پانا۔ معلوم کرنا۔

دریافتگی (ف) وصولی۔

دریافتن (ف) تحقیق کرنا (۲) پانا۔

دریاک (ف) تریاق۔ زہر کے اثر کو زائل کرنے والی دوا (۲) افیون کو بھی کہتے ہیں۔

دریاکش / دریانوش } (ف) دیر سے مست ہونے والا شراب خور۔

دریائے آب / دریائے اخضر } (ف) آسمان۔

دریائے اعظم (ف) سمندر۔

دریائے اوّل (ف) بہشت کی نہریں۔ دیکھو دریائے ثالث۔

دریائے بصرہ (ف) شراب کا بڑا پیالہ۔

دریائے ثانی (ف) سمندر اور دریا وغیرہ دیکھو دریائے ثالث۔

دریائے حاملہ (ف) وہ دریا جس سے موتی نکلیں (۲) شراب سے بھی مراد ہے۔

دریائے خضر (ف) بحر اخضر۔

دریائے خون (ف) لشکر۔ فوج۔ کیونکہ لشکر خون ریزی کرتا ہے۔ اپنے اور دوسرے کے خون کی پروا نہیں کرتا۔ اور جب دو لشکر مصروف پیکار ہوتے ہیں۔ تو خون کے دریا بہہ جاتے ہیں۔

دریائے خون گشادن (ف) خون کا دریا بہانا۔

دریائے دُر افشاں / دریائے دُر فشاں } (ف) سمرقند کی ایک نہر کا نام ہے۔

دریائے سائلہ (ف) دیکھو دریائے حاملہ۔

دریائے عمان (ف) بحر عمان۔

دریائے سیاہ (ف) بحر اسود۔

دریائے قیر (ف) اندھیری رات (۲) سیاہی بھری ہوئی دوات۔

دریائے قلزم (ف) بحیرہ قلزم۔ سرخ سمندر۔

Marfat.com

دریائے لعل (ف) شراب کا پیالہ (۲) شراب کی صراحی (۳) شراب کا مٹکا۔

دریائے محیط (ف) سمندر جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔

دریائے ہفت اختر (ف) سات آسمان۔

دُرِ یتیم (ع) بڑا آب دار موتی جو صدف میں تنہا ہو۔ یکتا موتی (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مراد ہے کہ آپ بچپن میں ہی یتیم ہوگئے تھے۔

دریچہ (ف) کھڑکی۔ چھوٹا دروازہ۔

دریچہ گوش (ف) کان کا سوراخ۔

دَریدن (ف) پھاڑنا۔ (۲) پھٹنا۔

دُریدن (ف) کھیتی کاٹنا۔

دَریدہ (ف) پھٹا ہوا۔

دریدہ چشم (ف) بے حیا۔ شوخ چشم۔

دریدہ دہان
دریدہ دہن } (ف) منہ پھٹ۔ بے محابا بات کرنے والا

دَریر (ع) تیز رو گھوڑا۔

دریس (ع) پُرانا۔

دُریع (ع) ادرع کی تصغیر۔ چھوٹی زرہ

دَریغ
دریغا } (ف) حسرت۔ افسوس۔ غم۔

دریغ خوردن (ف) افسوس کرنا۔ غم کھانا

دریغ داشتن (ف) روک رکھنا۔

دریغ سُود ندارد چُو رفت کار از دست (ف) اب پچھتا ئے کیا ہووت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت۔

دریغ نیست (ف) کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

دریک پلہ داشتن (ف) برابر سمجھنا۔ مساوی خیال کرنا

دریکتا
دُریکدانہ } (ف) دیکھو دُرِ یتیم۔

دَرِیں (ع) سوکھی ہوئی گھاس کا چُورہ (۲) بوسیدہ کپڑا۔

دَریں (ف) اس میں۔ اس کے درمیان (۲) آپس میں۔

دَریُوزہ
دریوزگی
دریوزہ } (ف) گداگری۔ گدائی۔ بھیک مانگنا۔

دریوزہ گر (ف) گداگر۔ بھیک منگا۔

دریوزہ گری (ف) گداگری۔ بھیک مانگنا۔

دریوش (ف) گداگر۔ بھیک منگا۔

## د ۔ ز

دُز (ف) بالاخانہ۔

دِز (ف) قلعہ۔ حصار۔ گڑھی۔

دُزد (ف) چور۔ سارق (۲) چوری۔

دِزدار (ف) قلعہ دار۔ قلعہ کا محافظ۔

دزدانہ (ف) چوری چھپے۔

دُزد اَفشار (ف) چور کا محرم راز اور شریک جو ظاہر میں اپنے آپ کو معتمد اور چور سے علیحدہ ظاہر کرے۔

دزدام (ف) زندان۔ قید خانہ۔

دُزد بازار (ف) چور بازاری۔

دُزد ترازو (ف) ترازو کے ذریعہ سے چوری کرنیوالا۔ وہ دکاندار جس کے باٹ کم ہوں

دُزد خانہ۔ دُزد خانگی (ف) گھر کا چور۔

دُزدکی (ف) چوری چھپے۔

دُزدگیر (ف) کوتوال۔ شحنہ

دُزدی (ف) چوری۔

دُزدیدن (ف) چرانا۔ چوری کرنا۔

دِزغالہ (ف) قلعہ (۲) بُرج (۳) شہر پناہ۔

دِزک (ف) چھوٹا قلعہ (۲) رُومال۔

## د ۔ ژ

دژ (ف) بالاخانہ۔

دژ (ف) قلعہ۔ حصار (۲) بدخو۔ بدشکل۔ بُرا۔ (۳) غصہ۔ قہر۔

دژ آگاہ
دژ آلود } (ف) قہر آلود۔ غضب ناک

دژ آہنگ (ف) بدنیت۔ بُرے ارادے والا۔

دژبان (ف) قلعہ دار۔ ملٹری پولیس۔

دِژخم
دِژخیم } (ف) دژ بمعنی بد اور خیم بمعنی خصلت سے مرکب ہے۔ بدخو۔

دژکاک (ف) چیل (۲) مُردار خوار۔ گدھ۔

دژکام
دِژکام } (ف) غصہ میں بھرا ہوا۔ خوف ناک (۲) پرہیزگار۔ زاہد (۳) خواجہ سرا۔

دِژم (ف) افسردہ۔ غمگین (۲) بیمار (۳) سرمست۔

دِژمان (ف) حسرت۔ افسوس (۲) حسرت رکھنا۔

دِژمناک (ف) اندوہ ناک۔ غمگین۔

دُژن
دُژند } (ف) بدمزہ (۲) تند (۳) تیز (۴) غضب ناک۔

دُژنام (ف) دشنام۔ گالی گلوچ۔

دُژنگ (ف) پرزہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔

دُژوند (ف) فاسق۔ بدکار (۲) بدمذہب۔

Marfat.com

دژ بخات / دژ ہوخ / دژ ہوخت (ف) بیت المقدس۔

# د - س

دس (ع) پوشیدہ کرنا۔ کسی چیز کو کسی چیز کے نیچے چھپانا۔

دس (ف) تشبیہ۔ نظیر۔ مانند۔

دِس (ف) دیس کا مخفف جو تشبیہ کے لیے آتا ہے۔ شبیہ۔ نظیر۔ (۲) ملک۔ ولایت۔

دس (ی) ہندسہ۔

دَس (ف) سخت مٹی (۲) پکائی ہوئی مٹی۔

دسار (ع) لوہے کی میخ۔

دست (ع) مسند۔ گدی (۲) چبوترہ۔ صدر خانہ (۳) کاغذ وغیرہ کا دستہ۔

دست (ف) ہاتھ۔ پنجہ (۲) نفع۔ فائدہ (۳) فیروزی۔ فتح۔ نصرت (۴) توانائی۔ قوت۔ طاقت۔ قدرت (۵) مسند (۶) ایک چیز تمام جیسے یک دست سلاح (۷) قاعدہ۔ قانون۔ طرز روش (۸) دفعہ۔ بار۔ مرتبہ (۹) وزیر (۱۰) قسم۔ نوع (۱۱) عدد (۱۲) جوئے کا داؤ۔ (۱۳) مہارت۔

دست آب (ف)

دست ابرنجن (ف) ہاتھ کا کنگن۔

دست آختن (ف) دست درازی کرنا۔

دست آخر (ف) آخری ہاتھ۔ جوئے کا آخری پانسہ۔

دست آسیا (ف) چکی کا ہتھہ۔

دست آلودہ (ف) ناپاک۔ گنہگار۔

دست امتحان (ف) پنجہ آزمائی۔

دست آموز (ف) پالتو۔ سدھایا ہوا جانور۔

دستا دست (ف) ہاتھوں ہاتھ۔ نقد النقد۔

دستار (ف) پگڑی (۲) رومال۔

دستار (ف) دسترخوان کا مخفف

دستاراں (ف) پیشگی اُجرت۔ شاگردانہ جو اُجرت کے علاوہ بطور انعام استاد شاگرد کو دیتا ہے۔

دستار بر زمین زدن (ف) فریاد کرنا (۲) انصاف چاہنا۔

دستار بزرگ (ف) بے غیرت۔ دیوث۔

دستار بنداں (ف) سادات (۲) مشائخ (۳) علماء و فضلاء۔ (۴) مفتی (۵) وزراء۔ اُمراء (۶) منشی۔ متصدی۔

دستار خوان (ف) دسترخوان۔

دستار در گلو کردن (ف) بے عزت اور ذلیل کرنا۔ (۲) بزور مطیع کرنا۔

دستار سیمابی (ف) سفید پگڑی۔

دستار فضیلت (ف) فاضل ہو جانے کی پگڑی۔

دست از آستین در آوردن (ف) لڑنا۔ جنگ کرنا۔ آمادہ بہ جنگ ہونا۔

دست از پا خطا کردن (ف) اوسان خطا ہونا۔

دست از چیزے برکندن۔ دست از چیزے برداشتن (ف) کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا۔ کسی چیز کو ترک کرنا۔ جدا کرنا۔

دست از دامن کسے افگندن / دست از دامن کسے گسستن (ف) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔ جدا کرنا۔

دست از دنیا شستن (ف) دنیا کو ترک کر دینا۔

دست از دہان برداشتن (ف) کسی کو رہا کر دینا۔ چھوڑ دینا۔

دست از سر کسے گرفتن / دست از سر گرفتن (ف) مدد نہ دینا (۲) بے توجہی کرنا۔ (۳) بے رحمی کرنا۔

دست از سرکشی برداشتن (ف) کسی کو رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔

دست از کار داشتن (ف) کام چھوڑ دینا۔ بے کار ہو جانا۔ (۲) خدمت ترک کر دینا۔

دست از کار کشیدن (ف) کام سے ہاتھ کھینچ لینا۔

دست از کار ماندن (ف) بے کار ہو جانا۔ کام سے رہ جانا۔

دست از کسے بردن (ف) کسی پر غلبہ پانا (۲) کسی سے سبقت لے جانا۔

دست از ماست (ف) ہمارا ہاتھ اُوپر ہے۔

دست از ہم دادن (ف) پراگندہ ہونا۔ بکھر جانا۔

دست آس (ف) ہاتھ سے چلانے کی چکی۔

دست آسیا (ف) چکی کا ہتھا۔ وہ لکڑی جسے پکڑ کر چکی گھمائی جاتی ہے۔

دستاش (ف) ایندھن کا گٹھا۔

دست آشنا (ف) صاحب معاملہ۔

دست افراز (ف) کاریگر کا کام کرنے کا اوزار یا ہتھیار جیسے بڑھئی کا تیشہ وغیرہ۔

دست افسوس مالیدن (ف) کف افسوس ملنا۔

دست افشار (ف) ہاتھ سے نچوڑی جانے والی نرم چیز۔

دست افشان (ف) ناچنا (۲) ناچنے والا (۳) گت بھرنے والا۔ (۴) تباہ (۵) وہ شے جو ہاتھ سے چھڑکی جائے۔

دست افشاندن (ف) ناچنا۔ گت بھرنا (۲) ترک کرنا۔ انکار کرنا۔

دست افشاندن از چیزے (ف) کسی بات کو ترک کرنا (۲) الگ ہو جانا۔

Marfat.com

دُشتاق (ف) اسیر۔ محبوس۔ قیدی۔
دستِ اِمتحان (ف) زور آزمائی۔
دست آموز (ف) ہلا ہوا پرند جو اُڑ جانے کے بعد پھر ہاتھ پر آبیٹھے۔
دُستان (ف) دست کی جمع۔ ہاتھ (۲) حیلہ۔ مکر۔ فریب (۳) افسانہ۔ کہانی۔ حکایت (۴) نغمہ۔ گیت (۵) ایک قصبہ کا نام بھی ہے۔
دست انداختن (ف) بیزنا (۲) تسخر کرنا۔
دست انداز (ف) مزاحم۔ مخل (۲) ناچنے والا (۳) تیراک (۴) گٹھ کٹا۔ کیسہ بُر (۵) لوٹ کھسوٹ (۶) مسند بچھانے والا۔ (۷) تیرانداز (۸) کٹہرہ۔ جنگلہ۔
دست اَندازی (ف) مداخلت۔ (۲) مخالفت۔
دَستان زَن (ف) مُطرب۔ گویا۔
دستانہ (ف) ہاتھ کا غلاف۔ ہاتھ کا موزہ۔
دست آوردن بچیزے (ف) کسی چیز پر غالب آنا۔
دست آور (ف) اِصطلاح اطبا میں وہ دوا جس سے پتلا پاخانہ یا اسہال آئیں۔ جُلاب۔
دستِ اُو زیر بار اوست۔ اس کا ممنون احسان ہے۔
دست آویز (ف) تمسک۔ قبالہ۔ سند جس سے کوئی بات یا اقرار ثابت ہوسکے۔
دست آہنگ (ف) کاشتکاروں کے ایک اوزار کا نام۔
دست بآب رسانیدن (ف) وضو کرنا۔
دست باختن (ف) اپنا ہاتھ ہار جانا۔
دست بادِ پیما (ف) خالی ہاتھ۔
دست باز (ف) فیاض ہونا
دست باز داشتن (ف) ہاتھ روک لینا۔
دست بازی (ف) زور آزمائی (۲) معشوق کے ساتھ کھیلنا۔ (۳) دل بہلانا۔
دست باف (ف) آسان۔
دست با کسے فرکوفتن (ف) مقابلہ کے لیے بازو پر ہاتھ مارنا۔ خم ٹھونکنا۔ مقابلہ کے لیے تیار ہو جانا۔
دست بالا کردن (ف) فریاد کرنا۔ انصاف چاہنا۔
دست بانہ (ف) دستانہ۔
دست ببازو زدن (ف) خم ٹھونکنا۔ مقابلہ کے لیے بازو پر ہاتھ مارنا۔ مقابلہ کے لیے تیار ہونا۔
دست بچیزے بُردن (ف) دست درازی کرنا (۲) کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا۔
دست بدامان دادن (ف) چیلا بننا۔ مُرید ہونا۔
دست بدامن کسے آویختن
دست بدامن کسے دادن
دست بدامن کسے زدن
دست بدامن کسے نمودن
(ف) کسی کا مُرید ہونا۔ کسی کا دامن پکڑ لینا۔

دست بدست بُردن (ف) عزت سے لے جانا۔
دست بدست دادن (ف) یگانہ ہونا۔ مل کر کام کرنا۔ شادی کرنا۔
دست بدست رسیدن (ف) عزت سے پہنچ جانا۔
دست بدست بُردن
دست بدنداں کشدن
دست بدنداں کردن
دست بدنداں کندن
دست بدنداں گزیدن
دست بدنداں گرفتن
(ف) افسوس کرنا۔ حسرت کرنا (۲) پشیمان ہونا۔
دست بدعا برداشتن (ف) دُعا کے لیے ہاتھ پھیلانا۔
دست بدیوار دادن (ف) دیوار سے ہاتھ ٹیک کر چلنا۔
دست برابر و گرفتن (ف) دیکھنے کی تاب نہ لانا (۲) کسی کے حسن کی تاب نظارہ نہ لانا۔
دست برآوردن (ف) دُعا کرنا (۲) سفارش کرنا (۳) دعویٰ کرنا۔ (۴) پرورش پانا (۵) غالب آنا۔
دست بر پشتِ چنبر کردن (ف) کسی کی مشکیں باندھنا۔
دست برتافتن (ف) ہاتھ مروڑنا۔
دست بر ترکش زدن (ف) خود آرائی کرنا (۲) معشوق کا اپنے آپ کو زینت دینا (۳) تربیت دینا (۴) لڑائی پر آمادہ ہونا۔
دست برجن (ف) ہاتھ کا کنگن۔
دست برچشم نہادن (ف) قبول کرنا۔
دست برچوب بستن (ف) بے دخل کرنا (۲) عاجز کرنا (۳) ایک قسم کی سزا۔
دست بردار (ف) ہاتھ اُٹھانے والا۔ چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا۔
دست بردست (ف) پشیمان ہونا۔ ہاتھ ملتے رہ جانا۔
دست برداشتن (ف) (۱) زمین پر اپنا ہاتھ جما کر حریف کو دعوے سے کہنا کہ اسے اُٹھاؤ (۲) قطع تعلق کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
دست بردل (ف) بے قرار۔ مضطرب۔
دست بردل گذاشتن
دست بردل نہادن
(ف) تسلی دینا (۲) تسلی پانا (۳) دل کو مضبوط کرنا۔
دست بُردن از چیزے (ف) کسی سے سبقت لے جانا۔
دست بر دوش زدن (ف) مہربانی اور شفقت کرنا۔ (۲) تحسین و آفرین کرنا (۳) دلدہی کرنا۔ دلاسا دینا۔
دست بردہان بُردن (ف) افسوس کرنا (۲) پشیمانی اُٹھانا۔
دست بردہان بُودن (ف) خاموش رہنا۔
دست بر دہان زدن (ف) اُونچی آواز سے باتیں کرنا۔
دست بر روئے دست نہادن (ف) بے کار ہونا۔

Marfat.com

دست بر زانو زدن (ف) ناکامی سے ہاتھ زور سے گھٹنے پر مارنا ۔ (۲) نماز میں قعدہ کرنا ۔

دست بر سر (ف) حیرت ۔ حیرانی (۲) افسوس (۳) متواضع آدمی ۔

دست بر سر زدن (ف) حسرت سے سر پر ہاتھ مارنا ۔ (۲) پیٹنا ۔

دست بر سر نہادن (ف) سلام کرنا ۔

دست بر سر و روی کسے کشیدن (ف) پیار کرنا ۔ پیار دینا ۔ نوازش کرنا ۔

دست بر سینۂ کسے نہادن (ف) کسی کے سینہ پر ہاتھ رکھنا ۔ یعنی روکنا اور پیچھے ہٹانا ۔

دست بر فلک شدن (ف) دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا ۔

دست بر قضا (ف) اتفاقاً ۔ قدرتی طور پر ۔

دست بر کارے بستن (ف) کسی کام کی مضبوطی میں لگ جانا ۔

دست بر کے افشاندن (ف) عمدہ تقریر کرنا ۔

دست بر کے بستن (ف) کسی کی خرابی کے درپے ہونا ۔

دست بر کمر داشتن (ف) غرور کرنا ۔

دست برنجن (ف) ہاتھ کا کنگن ۔

دست بزیر سنگ آمدن (ف) مغلوب ہونا ۔ (۲) بلا میں پھنسنا ۔

دست بستن (ف) گرفتار کرنا ۔

دست بستہ (ف) کنجوس ۔ بخیل (۲) نماز گذار (۳) عمدہ اور عجیب کام (۴) ہاتھ باندھ کر ۔

دست بسر نہادن (ف) منظور کرنا ۔ قبول کرنا (۲) وداع کرنا ۔ رخصت کرنا ۔

دست بہ سفرہ مشت بہ پیشانی (ف) جس کا کھائے اسی کو گھورے ۔

دست بہ عصا رفتن (ف) نہایت احتیاط سے چلنا ۔ قدم پھونک پھونک کر رکھنا ۔

دست بہ غبغب بردن (ف) لفظی معنی ہاتھ ٹھوڑی تلے رکھنا ۔ مرادی معنی حیران ہونا ۔ فکر مند ہونا ۔

دست بقچہ (ف) کپڑوں کی گٹھڑی ۔

دست بند (ف) جواہرات اور موتی وغیرہ کا لچھا جو عورتیں کلائی پر باندھتی ہیں ۔ جڑاؤ پہنچی ۔ (۲) ایک قسم کا ناچ جس میں کئی ناچنے والے ہاتھ پکڑ کر اکٹھے ناچتے ہیں ۔

دست بوس (ف) ہاتھ چومنے والا ۔

دست بوسی (ف) ہاتھ چومنا ۔

دست بوسیدن (ف) کسی کام کے لیے التماس کرنا ۔ منت کرنا ۔

دست بویہ (ف) دیکھو دست انبویہ ۔

دست بہم دادن (ف) آپس میں موافقت کرنا ۔

دست بیرون کردن (ف) لڑائی کرنا ۔

دست پاک (ف) تولیہ (۲) خالی ہاتھ (۳) پرہیزگار (۴) دین دار ۔

دست پخت (ف) اپنے ہاتھ کا پکا ہوا (۲) اپنے ہاتھ کا پالا ہوا (۳) ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔

دست پرورد ۔ دست پرور
دست پرورده
} ہاتھ کا پلا ہوا ۔ ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔

دست پسیں (ف) آخری بار ۔

دست پناہ (ف) چمٹا ۔

دست پیچ (ف) ذریعہ (۲) دستاویز ۔

دست پیش داشتن (ف) منع کرنا ۔ روکنا (۲) دعا مانگنا (۳) گریہ و زاری کرنا (۴) گداگری کرنا ۔ بھیک مانگنا ۔ (۵) تعظیم کرنا ۔

دست پیش دہن گذاشتن (ف) منہ کے آگے ہاتھ رکھنا یعنی آہستہ آہستہ باتیں کرنا (۲) سرگوشی کرنا ۔

دست پیش کسے دراز کردن (ف) کسی کے سامنے دستِ سوال پھیلانا یا دراز کرنا ۔

دست پیمان (ف) مہر (۲) مہر معجل (۳) وہ سامان جو داماد کی طرف سے دلہن کے گھر بھیجا جائے ۔

دستتان درد نکند (ف) دعائیہ کلمات ہیں کہ خدا تمہارے ہاتھ کو سلامت رکھے ۔

دست تغابن بر زانو زدن (ف) افسوس سے زانو پر ہاتھ مارنا ۔ نہایت افسوس کرنا ۔

دستِ تو بر سر من (ف) جو تمہیں میسر ہے وہی مجھے بھی نصیب ہو ۔

دست جنباندن (ف) تیزی سے ہاتھ پاؤں مارنا ۔

دست چالاک (ف) چور ۔

دست چپ و راست تمیز نہ کردن (ف) نہایت نالائق ہونا ۔

دست چرب (ف) امداد ۔ اعانت ۔

دست چرب بر سر کشیدن (ف) شفقت کا اظہار کرنا ۔

دست چربی (ف) اعانت ۔ امداد (۲) ثروت ۔

دست چک (ف) غلبہ (۲) فتح (۳) دلیری (۴) چالاکی (۵) قدرت ۔ قوت (۶) موٹاپا ۔

دست چنار (ف) پنجہ چنار ۔ چنار کا پتا ۔

دست چوب (ف) لاٹھی ۔ چھڑی ۔ لکڑی ۔

دست چیں (ف) خلاصہ (۲) عمدہ (۳) برگزیدہ ۔

دست حمائل کردن (ف) کسی کے گلے میں ہاتھ ڈالنا ۔

دستِ خر (ف) نر گدھا ۔ ایک مغلظ گالی ۔ یعنی کیر خر ۔

دستخط (ف) اپنے ہاتھ سے اپنا نشان کرنا ۔ خواہ نام لکھ کر خواہ کوئی اور نشان بنا کر ۔ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا خط ۔

دستِ خود از دست کسے بر کشیدن
دستِ خود از کسے بر کشیدن
} (ف) کسی شخص سے اپنا ہاتھ چھڑانا ۔

دستِ خود بوسیدن (ف) عمدہ کام کرنا ۔

Marfat.com

دست خود دہان خود (ف) اپنا ہاتھ اور اپنا منہ (۲) خود اختیاری۔ خود مختاری۔
دست خود دہان خود گر نہ خوری زبان خود (ف) موجود ہوتے ہوئے نہ کھانا یا مختار ہو کر نہ کھانا اپنا نقصان کرنا ہے
دست خوردن (ف) چھوا جانا۔ استعمال ہونا
دست خوردہ (ف) خراب اور استعمال شدہ چیز۔
دست نخوردہ (ف) ان چھوا۔
دست خوش (ف) (۱) زوال (۲) مشق مہارت (۳) حقیر (۴) مغلوب (۵) عاجز (۶) زبون (۷) استعمال (۸) رعیت۔
دست خوش خواستن (ف) شے کے چھننے والے مال سے حصہ مانگنا
دست خوش دادن (ف) کسی کو چھنتے ہوئے مال میں سے دیکھنے والے کو بھی کچھ دینا۔
دست خوش کردن (ف) مشق کرنا
دست خوش گفتن (ف) داد دینا۔ آفرین کہنا
دست دادن (ف) عہد کرنا (۲) بیعت کرنا (۳) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ میسر ہونا۔
دست داشتن (ف) ہاتھ اٹھا لینا۔ ترک ہو جانا۔
دست دراز (ف) ٹھگ۔ چالاک۔ لڑاکا۔ جور زیادتی کرنے والا۔
دست دراز کردن (ف) بھیک مانگنا
دست دراز کردن بچیزے (ف) دست درازی کرنا (۲) غارت کرنا (۳) لوٹنا (۴) غلبہ کرنا۔
دست درازی (ف) ہاتھ چالاکی (۲) زیادتی (۳) عہد شکنی (۴) مار پیٹ (۵) لوٹ مار۔
دست در آستین کردن (ف) منع کرنا۔ روکنا
دست در پیش داشتن (ف) مانگنا۔ نذر کرنا۔
دست در خون داشتن (ف) قتل پر آمادہ کرنا۔
دست در خون زدن (ف) قتل و خون ریزی کرنا۔ جنگ و جدل کرنا۔
دست در دنداں ماندن (ف) حیران ہونا (۲) افسوس کرنا۔
دست در رکاب زدن (ف) کسی کی سواری کے ساتھ دوڑنا۔
دست در روغن داشتن (ف) مالدار ہونا (۲) عزت و مرتبہ رکھنا۔
دست در کارے داشتن (ف) کسی کام میں قدرت حاصل ہونا۔
دست در کارے زدن (ف) کسی کام کو شروع کرنا۔
دست در کمر داشتن (ف) خودستائی کرنا۔
دست در کمر زدن (ف) کمر میں ہاتھ ڈالنا (۲) لڑنا۔ گتھ جانا۔

دست در کیسہ زدن (ف) سخاوت کرنا۔
دست در گریبان کسے بودن (ف) کسی سے لڑائی کرنا۔ کسی سے لپٹ جانا۔
دست در گل داشتن (ف) تعمیر کے لیے مستعد ہو جانا۔
دست دست اوست (ف) اسے سب طرح کی قدرت حاصل ہے۔
دست دست کردن (ف) کوتاہی کرنا۔
دست دست کسے بودن (ف) کسی کا طوطی بولنا۔ پوری قوت اور غلبہ کا ہونا۔
دست دوختہ (ف) ہاتھ کا سلا ہوا۔
دست راست (ف) دایاں ہاتھ (۲) وزیر اعظم (۳) معتمد با اعتبار (۴) مقرب
دستر خوان (ف) دستار خوان کا مخفف
دسترس (ف) رسائی۔ پہنچ (۲) قدرت (۳) تابعیت (۴) تونگری۔
دست رسیدن بر چیزے (ف) کسی چیز پر قدرت حاصل ہونا غلبہ پانا
دست رنج (ف) مزدوری۔ کسب۔ پیشہ۔ ہاتھ کی محنت و مشقت۔
دست روی دست (ف) بے کار۔ کساد بازاری۔
دست زدن (ف) تالی دینا۔ تالی بجانا (۲) خوشی کرنا
دست زن / دست زناں } (ف) ہاتھ چننے والی (۲) پشیمان (۳) نادم (۴) شرمندہ (۵) گانے والا (۶) تالیاں بجانے والا
دست زور (ف) غلبہ۔
دست زور بالا (ف) زور آور کا ٹھینگا سر پر۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس
دست زیر زنخ داشتن / دست زیر زنخ ستون شدن / دست زیر سر ستون ساختن } (ف) افسوس کرنا (۲) فکر کرنا (۳) حیران ہونا۔
دست ساز (ف) اپنے ہاتھ کی بنی ہوئی چیز
دست ستون زنخ کردن (ف) حیران ہونا۔
دست شستن (ف) (۱) مایوس ہونا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ نا امید ہونا۔
دست شفا (ف) صحت بخشنے والا ہاتھ۔
دست شکستہ (ف) نکما (۲) نکھٹو (۳) بے طاقت (۴) بے ہنر۔
دست شکستہ وبال گردن (ف) اپنا بوجھ اپنے سر پر۔ ٹوٹا ہوا بازو آخر گلے کے حمائل ہوتا ہے۔
دست شوئی (جس برتن میں ہاتھ دھوتے ہیں) چلمچی۔
دست شورہ (ف) شکستہ شدہ۔
دست صلیب / دست صلیبی کردن } (ف) خدمت کو تیار ہونا (۲) مخلوق کے سامنے ہاتھ باندھنا۔

Marfat.com

دستِ فال (ف) بوہنی۔ دکان وغیرہ کی صبح کے وقت سب سے پہلی آمدنی۔
دستِ فروش (ف) پھیری والا۔
دستِ فروشی (ف) پھیری۔ بازاروں اور گلیوں میں پھر کر چیزیں بیچنا۔
دستِ فرو کوفتن (ف) کشتی کو تیار ہونا۔
دستِ قطع کردن } (ف) ہاتھ کاٹ ڈالنا۔
دستِ قلم کردن }
دستِ قید (ف) شکنجہ جس سے کتابوں کی جلد باندھتے ہیں۔
دستک (ف) کسی کو بلانے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ تالی بجانا۔ (۲) تالی (۳) حاکم کے حکم سے لکھا ہوا مُہری کاغذ۔
دستِ کار (ف) کاریگر (۲) ہاتھ کا چالاک (۳) استاد (۴) ساختہ۔ پرداختہ۔ کام جو ہاتھ سے کیا جائے۔
دستِ کاری (ف) کاریگری۔ کسی چیز کو بڑے غور سے تیار کرنا۔ اور زینت دینا۔
دستِ کاری کردن (ف) ہاتھ سے کام کرنا۔ اصلاح و مرمت کرنا۔
دستِ کالہ (ف) درانتی۔ جس سے کھیت کاٹتے ہیں۔
دستِ کج (ف) چور۔
دستِ کج داشتن (ف) چوری کرنا۔ تنگدست ہونا۔
دستِ کجی (ف) چوری کرنا۔
دستک زدن (ف) تالی بجانا۔
دستک زن (ف) گویا۔ مضطرب (۲) تالی بجانے والا (۳) نادم۔ پشیمان۔
دستِ کسے را بہ پُشت بستن (ف) کسی کو سخت ذلیل و خوار اور رسوا کرنا۔
دستِ کسے در حنا گذاشتن (ف) کسی کا ہاتھ کام کرنے سے روک دینا۔
دستِ کش (ف) اندھے کا عصا یا ہاتھ پکڑ کر چلانے والا (۲) ترک کرنے والا (۳) ہاتھ کھینچ لینے والا (۴) گداگر (۵) سائل (۶) قیدی۔ گرفتار۔ اسیر (۷) عاجز۔ زبون (۸) مشاطہ (۹) ہاتھ کی مزدوری (۱۰) مزدوری (۱۱) تحفہ (۱۲) دست پروردہ (۱۳) ہاتھ سے کھینچنے کی چیز جیسے کمان وغیرہ (۱۴) دستانہ۔
دستِ کشادن (ف) ہاتھ کھولنا (۲) ہاتھ کھڑے کرنا (۳) بخشش کرنا۔ سخاوت کرنا۔
دستِ کشی (ف) ترک کرنا۔ چھوڑنا (۲) گداگری۔
دستِ کشیدن (ف) کسی کام سے فارغ ہونا (۲) دست درازی کرنا۔ (۳) چھوڑنا (۴) منع کرنا۔ روکنا۔
دستِ کشیدن از چیزے (ف) کسی بات سے ہاتھ کھینچ لینا۔ ترک کرنا۔ (۲) فارغ ہو جانا۔
دستِ کشی کردن } (ف) ہاتھ پھیلانا (۲) بھیک مانگنا۔
دستِ کفچہ کردن }

دستِ کلیم (ف) سورج۔ آفتاب۔
دستِ کندیدن (ف) پشیمان ہونا۔ افسوس کرنا۔
دستِ کوفتن (ف) پہلوانوں کا اپنے بدن پر تھاپی لگانا۔
دستگاہ (ف) قدرت (۲) سامان (۳) مال و سرمایہ (۴) قابو (۵) جمعیت (۶) علم و فضل (۷) دانش مندی (۸) مغلوب (۹) معجزہ (۱۰) اہل حرفہ کا کارخانہ (۱۱) کل دُکانی۔ کل۔ مشین (۱۲) کاروبار۔
دستگاہِ وُجُود (ف) حواسِ خمسہ ظاہری اور حواسِ خمسہ باطنی یعنی دس قوتیں۔
دستگرداں (ف) اُدھار مانگ کر لی ہوئی چیز۔
دستگزار (ف) معاون۔ مددگار۔ ممد۔ حمایتی (۲) تحفہ (۳) یادگار۔
دستگیر (ف) دست گیرندہ۔ معاون۔ مددگار۔ دستگیری کرنے والا۔ (۲) حضرت محبوب سبحانی میراں محی الدین گیلانی غوث الاعظم کا لقب جن کا مزار بغداد میں مرجع خاص و عام ہے۔
دستگیر (ف) نئی فارسی میں بمعنی گرفتار
دستگیر شدن (ف) گرفتار ہونا۔ پکڑے جانا۔
دستگیر کردن (ف) گرفتار کرنا۔
دستگیری (ف) حمایت۔ مدد۔ معاونت (۲) پناہ۔
دستگیری کردن (ف) مدد کرنا۔
دستِ لاف (ف) بوہنی۔
دستِ مال (ف) رومال (۲) اسیر (۳) بدحال۔
دستِ مال کردن (ف) ہاتھ پونچھنا۔
دستِ مایہ (ف) سرمایہ۔
دستِ مجلس (ف) صدر۔ پردھان۔
دستِ مرد (ف) مددگار۔ شفیع (۲) یار۔ سفارشی۔
دستِ مُزد (ف) مزدوری۔ اُجرت (۲) نیکی یا بدی کا عوض۔
دستِ من و دامن تو فردائے قیامت (ف) میں قیامت کے دن تیرا دامن تھام کر فریاد کروں گا اور خدا سے داد رسی چاہوں گا۔
دستِ موسیٰ (ف) سُورج۔
دستنبو }
دستنبویہ } (ف) دیکھو دستانبویہ۔
دستِ نشان (ف) کسی کام پر مقرر ہونے والا شخص (۲) فرمانبردار۔ مطیع (۳) ہاتھ کا لگایا ہوا درخت۔
دستِ نمودن (ف) شان و شوکت کا اظہار کرنا (۲) طاقت و قوت ظاہر کرنا (۳) میر مجلس بنانا۔
دستوانہ (ف) میر مجلس (۲) عورتوں کا کنگن (۳) مردوں کا آہنی ساعد بند جو جنگ کے وقت پہنا جاتا ہے۔

Marfat.com

دست و پا رف، سعی و تلاش۔
دست و پا افشاندن رف، نزع کی حالت میں تڑپنا اور تلملانا (۲) جانوروں کا وقت ذبح تڑپنا یا پھڑپھڑانا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔
دست و پا خشک شدن رف، ہاتھ پاؤں کا سوکھنا (۲) ہاتھ پاؤں کا بے حس و حرکت ہونا۔
دست و پا زدن رف، ہاتھ پاؤں مارنا (۲) کوشش کرنا (۳) تیرنا (۴) بوقت نزع تڑپنا۔
دست و پا گم کردن رف، ہاتھ پاؤں بھلا دینا۔ حواس باختہ ہونا۔ (۲) بے قرار اور سراسیمہ ہونا۔
دست و پنجہ نرم کردن رف، کشتی لڑنا۔ زور آزمائی کرنا۔
دست و دل رف، توت و حوصلہ۔
دست و دہان رف، بہت نزدیک۔
دستور رف، قاعدہ۔ قانون۔ آئین۔ طرز۔ روش (۲) معمول۔ (۳) منشی (۴) وزیر۔
دستور زبان رف، گرامر۔
دستور العمل رف، کام کرنے کا ڈھنگ (۲) قانون جس کے مطابق چلنا چاہیے (۳) سرکلر (۴) کارنامہ۔
دست ورجن رف، کنگن۔
دست ورزاں رف، ہتھ ناٹک کرنے والا۔
دست ورنجن رف، کنگن۔
دست و رو آب کشیدن رف، ہاتھ منہ دھونا۔
دستوری رف، اجازت۔ رخصت۔
دست و گریباں بودن / دست و گریبان داشتن } رف، لڑنا۔ جھگڑنا۔
دست و گریباں شدن رف، نہایت قریب ہونا (۲) لڑنا۔ جھگڑنا۔
دستہ رف، تلوار یا چھری وغیرہ کا قبضہ (۲) آدمیوں کا گروہ (۳) مددگار (۴) کاغذ کے چوبیس تختے (۵) گلدستہ۔ (۶) گستاخ۔ بے ادب (۷) مسخرہ (۸) رسالہ۔ ترتیب۔
دستہ بندی کردن رف، فرقے بنانا۔ دھوکے دینا۔
دستہ جمعی رف، گروپ کی شکل میں۔
دستہ راہ انداختن رف، جمع ہونا۔ اپنی جمعیت کی نمائش کرنا۔
دستہ دار رف، سپہ سالار۔ لشکر کا سردار۔
دستی رف، ہاتھ سے اٹھایا جانے والا برتن (۲) مددگاری۔ یاری (۳) وسیلہ۔ ذریعہ۔
دستیاب رف، ملنا۔ میسر ہونا (۲) میسر۔
دستیار رف، زبردست (۳) شاگرد۔
دستیاری رف، مدد۔ اعانت (۲) وسیلہ (۳) قوت۔ قدرت۔

دستیاری کردن رف، مدد کرنا۔
دست یافتن رف، غالب آنا۔ فتح پانا (۲) عادت ہو جانا (۳) مراد کو پہنچنا۔
دست یکے شدن رف، ہم دست ہونا۔ مل کر کام کرنا۔
دستیانہ رف، دستانہ (۲) کنگن (۳) کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔
دستینہ رف، کنگن (۲) چھری وغیرہ کا دستہ (۳) اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا رقعہ (۴) شاہی فرمان (۵) کتاب کے آخر میں اپنا نام اور تاریخ جو لکھی جاتی ہے۔
دسر رع، میخیں۔ کیلیں (دسار کی جمع)
دسک رف، بٹا ہوا دھاگا۔
دسکرہ رف، بستی۔ گاؤں (۲) عیسائیوں کا معبد۔ گرجا (۳) عجمیوں کے گھر جن میں شراب وغیرہ موجود ہوتی ہے (۴) شراب خانہ (۵) ہموار زمین۔
دسکرہ رف، قلعہ۔ حصار (۲) شہر۔
دسم رع، کان کو یا زخم کو مضبوط باندھنا (۲) سر بند باندھنا (۳) جماع کرنا (۴) بچہ کا زمین کو تھوڑا سا تر کرنا۔ (۵) دروازہ کو بند کرنا (۶) اثر کا ناپدید ہونا۔
دسم رع، چکنا۔ چرب۔
دسمہ رع، چیونٹی
دسمہ رع، ایک غلہ کا نام (۲) دھندلا رنگ ہونا۔
دسومت رع، چکنائی۔ چکنا ہونا۔
دسی رع، گاڑ دیا (۲) خاک میں ملا دیا۔
دسیسہ رف، سازش۔
دسیسہ کار رف، سازشی۔
دسیسہ کردن رف، سازش کرنا۔

## د - ش

دش رف، اپنے آپ کو آراستہ کرنا۔ خود آرائی۔
دُش رف، برا۔ زشت۔ بدشکل۔
دشت رف، جنگل۔ بیابان۔
دُشت رف، بدشکل۔ برا۔ بدنما (۲) بوہنی صبح کو دکان کھولنے پر سب سے پہلے خریدار کی خریداری۔
دشت افروز رف، ایک سیرگاہ کا نام۔
دشتان رف، حیض والی عورت۔
دشت بان رف، جنگلی آدمی۔ صحرا کا رہنے والا۔
دشت بیامن رف، خراسان کے ایک شہر کا نام۔
دشت پیما رف، جنگل بیابانوں میں گھومنے والا۔
دشت داراں رف، صحرا میں زندگی بسر کرنے والا۔

Marfat.com

دشتِ کربلا (ف) کربلا کا وہ صحرا جہاں سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے تھے۔
دشت کردن (ف) صبح کے وقت بوہنی کرنا۔
دشت کور کردن (ف) پہلے سودے کے وقت اُدھار مانگنا جسے دکاندار بدشگون سمجھتے ہیں۔
دشت گرد (ف) گھومنے والا۔
دشت نمک زار (ف) کاشان کے نزدیک ایک صحرا کا نام ہے۔
دشت نورد (ف) جنگل میں پھرنے والا (۲) دیوانہ۔
دشت نوردی (ف) جنگل میں پھرنا (۲) دیوانگی۔
دشتِ نیزہ داراں (ف) یمن کے بہادروں کا جنگل جہاں وہ بود و باش رکھتے تھے (۲) عام بہادروں کا جنگل۔
دشتی (ف) وحشی۔ جنگلی۔
دشتی (ف) جونک۔
دشت یاد (ف) غیبت۔ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔
دشخوار (ف) دشوار۔ مشکل۔ کٹھن۔
دشخیم (ف) بدطینت۔ بدخو۔
دشک (ف) بٹا ہوا تاگا جس سے کپڑا سیا جاتا ہے۔
دشکی (ف) لکڑی۔ کچے سوت کی انٹی۔
دشم (ف) ستال جس سے موچی چمڑے میں سوراخ کر کے سیتے ہیں۔
دشمن (ف) بیری۔ بدخواہ۔ بُرا چاہنے والا (۲) بدطینت۔
دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست (ف) دشمن کیا کر سکتا ہے جب دوست مہربان ہو۔
دشمن کام (ف) دشمنوں کی خواہش کے موافق ذلیل و خوار ہونے والا (۲) کم بخت۔
دشمن کاہ (ف) دشمن کو گھٹانے والا۔ جو شخص اچھی حالت میں ہو اور دشمن اسے دیکھ کر جلتا رہے۔
دشمنی (ف) بیر۔ بغض۔ عداوت۔
دشمیر (ف) ضد۔ نقیض (۲) عنصر۔
دشنام (ف) گالی گلوچ۔
دشنگی (ف) عالم سفلی۔ دنیا (۲) زمانہ۔
دشنہ (ف) کٹاری جو خنجر کی قسم کا اوزار ہے۔
دشنہ تیز کردن (ف) ذبح کرنا یا قتل کے لیے تیار ہونا۔
دشنہ صبح (ف) صبح کی روشنی۔
دشوار (ف) کٹھن۔ مشکل۔
دشواری (ف) مشکل۔ آسانی کی ضد۔ دقت۔ سختی۔

## د - ص

دصق (ع) شیشہ وغیرہ کو توڑ ڈالنا۔

## د - ظ

دظّ (ع) دفع کرنا (۲) ہانکنا (۳) شک کرنا۔ (۴) چیرنا (۵) پھاڑنا۔

## د - ع

دع (ع) ترک کر۔ چھوڑ دے۔
دعّ (ع) دھکیلنا (۲) تیز ہانکنا (۳) دفع کرنا۔
دعا (ع) پکارنا (۲) خواہش کرنا (۳) مانگنا۔
دعّاب (ع) خوش طبعی کرنے والا آدمی۔ ہنسی اور دل لگی کرنے والا۔
دعات (ع) داعی کی جمع۔ پکارنے والے (۲) دعا کرنے والے۔
دعارت / دعارّت (ع) تباہی (۲) پلیدی (۳) فسق۔
دعا کردن / دعا گفتن (ف) دعا کرنا (۲) رخصت کرنا (۳) رخصت ہونا۔
دعائے الف با بمیرد (ف) کوئی نٹ کھٹ بچہ جو پڑھائی میں کمزور تھا دعا مانگ رہا تھا کہ یا اللہ استاد مرجائے تاکہ پڑھائی سے جان چھوٹ جائے۔ استاد نے بھی سن لیا۔ کہنے لگا بیٹے میں مرگیا تو کوئی اور استاد آجائے گا۔ یہ دعا درست نہیں۔ بہتر ہے یہ دعا مانگو کہ یا اللہ الف ب مرجائے تاکہ سرے سے قصہ ہی پاک ہوجائے۔
دعاگر / دعاگو (ف) دعا کرنے والا۔
دعام (ع) ستون۔
دعامت (ع) ستون (۲) عمارت کے نیچے ستون رکھنا۔
دعامہ (ع) ستون۔
دعانویس (ف) تعویذ گنڈا وغیرہ لکھنے والا۔
دعاوی / دعاوَی (ع) دعویٰ کی جمع۔
دعائے باراں (ف) نماز استسقاء۔
دعائے خیر (ع) نیک دعا۔ اچھی دعا (۲) نکاح (۳) فاتحہ۔
دعائے دولت (ع) کسی کی ترقی دولت و اقبال کی دعا مانگنا۔
دعائے قدح (ع) نماز استسقاء۔ ایک دعا کا نام۔
دعائے گوشہ نشیناں بلا گرداند (ف) دعائے فقیراں رد بلا ہوتی ہے۔
دعائم (ع) دعامہ کی جمع۔ ستون۔

Marfat.com

دَغب (ع) ہانکنا (۲) منی کرنا (۳) جماع کرنا۔
دعب (ع) منی کرنے والا۔ ظریف۔
دُعبُوس (ع) احمق۔ بے وقوف۔
دعت (ع) راحت۔ تن آسانی۔ عیش
دعر (ع) بدکاری۔ فسق (۲) تباہی۔ پلیدی (۳) لکڑی کا دھواں دینا اور روشن نہ ہونا۔ چقماق کا آگ نہ دینا۔
دعرور (ع) کمینہ۔ سفلہ۔
دعوات (ع) دعوت کی جمع۔ دُعائیں۔
دعوت (ع) دُعا (۲) بُلانا (۳) ضیافت۔
دعوت (ع) نسبت کا دعویٰ کرنا (۲) کسی کو اپنا بیٹا قرار دینا
دعوت شدن (ف) کھانے پر بُلائے جانا۔
دعوت شیراز (ف) بے تکلفی کی دعوت جس سے تکلیف نہ ہو (۲) ماحضر اور موجود چیز کھلا دینے کی ضیافت۔
دعوت نامہ (ف) دعوتی کارڈ۔
دعوت ولیمہ (ع) شادی کی ضیافت۔ بعد از نکاح کی ضیافت۔
دعوے (ع) مطالبہ (۲) خواہش
دعویٰ بکرسی نشاندن (ف) دعوے کو دلیلوں اور شہادتوں سے ثابت کرنا۔
دعویٰ دار (ف) کسی فن یا کمال کا دعویٰ کرنے والا۔
دعویٰ داشتن (ف) کسی چیز پر حق جتلانا۔ جھگڑنا۔ لڑنا۔
دعویٰ قطع شدن (ف) دعوے کا فیصلہ ہونا۔

## د - غ

دغ (ف) چٹیل زمین جس میں گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو (۲) گنجا سر جس پر بال مطلق نہ ہوں (۳) چار ابرو کا صفایا کرانے والا۔ قلندر۔
دغ (ف) داغ کا مخفف۔ دھبا۔ نشان۔
دغا (ف) دھوکا۔ فریب۔
دغاباز (ف) فریبی۔ مکار۔
دغابازی (ف) فریب۔ مکر۔ جعلسازی۔
دُغدار (ف) داغدار کا مخفف۔ عیب دار۔
دَغدغہ (ف) اندیشہ۔ تشویش۔ خوف۔ فکر۔
دغدغہ (ف) گداگری کرنا۔
دَغل (ف) فریب۔ مکر۔ حیلہ۔ فساد (۲) کھوٹ (۳) عیب (۴) کھوٹا سونا چاندی (۵) حیلہ گر۔ مکار۔ دغاباز۔ (۶) نکما اور ناقص آدمی۔
دَغل (ع) تباہ ہونا (۲) تباہی۔ فساد۔ خرابی۔ (۳) فریب۔
دغل باز (ف) مکار۔ فسادی۔
دغل خاکدان (ف) عالمِ سفلی۔ دُنیا (۲) انسان کا قالب۔
دغل دار (ف) عیب جُو۔ منافق۔ لڑنے والا۔
دَغل وَرِی (ف) عیب جُو (۲) عیب گو (۳) منافق۔
دَغل زن (ف) فریبی۔ دغاباز (۲) بدعمل۔
دَغلی (ف) حرامزدگی (۲) حیلہ گری۔ مکاری۔
دَغول (ف) حرام زادہ۔
دَغہ (ع) عام بیماری اور اس کی شدت۔

## د - ف

دَف / دُف } بجانے کی ڈفلی جو ایک مشہور ساز ہے۔
دَف (ع) ہر شے کا کنارہ (۲) پہلو (۳) چلنے میں جوتے کی آواز۔
دف (ع) گرمی کی شدت (۲) ناخوش ہونا (۳) جانوروں کا دودھ پشم اور بچے۔
دِف (ع) جاڑے کا سامان۔
دَفاتر (ع) دفتر کی جمع۔ کاغذات کے مجموعے (۲) محکمہ جات (۳) حسابات کے رجسٹر۔
دِفاع (ف) بچاؤ۔ تحفظ۔
دِفاع کردن (ف) دشمن سے گھر کا یا ملک کا بچاؤ کرنا۔
دَفاف (ع) دف بجانے والا۔
دَفائن (ع) دفینہ کی جمع۔ زمین میں گڑے ہوئے خزانے۔
دفتر (ع) وہ کتاب جس میں حساب وکتاب درج ہو۔ حساب و کتاب کے کاغذات کا مجموعہ (۲) وہ مکان جہاں حساب وکتاب کے کاغذات جمع ہوں (۳) کچہری۔
دفتر از حکمت شستن (ف) دانائی کا دفتر دھو ڈالنا (۲) عقل سے دُور بات کرنا۔
دفتر ایام (ف) دن۔ رات۔ سال۔ مہینے۔
دفتر بغلی (ف) ڈائری جو جیب میں رکھی جاسکے۔
دفتر پارینہ (ف) بہت پرانی کتاب یا نسخہ۔
دفتر پارین را گاؤ خورد (ف) پچھلا حساب ختم ہوا۔ پچھلی بات جاتی رہی۔
دفترچہ (ف) دفتر کی تصغیر۔ چھوٹا دفتر۔
دفتر را گاؤ خورد (ف) حساب ہوچکا۔
دفتر قاضی (ف) دوجھ۔
دفتر نگار (ف) محرر۔ دفتر کا کام کرنے والا۔
دفتر نویس / دفتری } (ف) دیکھو دفتر نگار۔
دفنہ (ف) جولاہوں کا کوچ جس سے تانی پر ماوا لگاتے ہیں۔
دفتی (ف) کتاب کا پٹھا۔
دفتہ (ف) کسی چیز کا پہلو۔

Marfat.com

دفتین (ع) جلاہے کا کوچ جس سے تانے پر ماوا لگاتا ہے
(۲) خوشنولیسوں اور نقاشوں کے کاغذات رکھنے کے
مقوے۔

دفر (ع) چھونا۔ (۲) گھسیٹنا (۳) دھکے دے کر نکال دینا۔
(۴) طعام وغیرہ کا بدبودار ہوجانا۔

دف زدن (ف) بھیک مانگنا۔

دف زن (ف) دف بجانے والا۔

دفزک (ف) ضخیم (۲) موٹا (۳) گاڑھا۔

دفع (ع) دور کرنا۔ ہٹانا۔

دفعات (ع) دفعہ کی جمع۔ کئی دفعہ۔ کئی بار۔

دفع آتش (ف) پیاس بجھانا۔

دفع آتش کسی با آتش نہ کرد (ف) خون کے دھبوں کو کبھی
خون سے نہیں دھویا جا سکتا۔

دفعتہً (ع) ایک بارگی۔ اچانک۔ ناگاہ۔

دفعہ (ع) ایک بار۔

دفق (ع) پانی ڈالنا (۲) پانی کا اچھلنا۔

دفک (ف) نشانہ۔ ہدف۔

دفکش (ف) حرم سرائے کا موکھا جہاں سے عورتیں جھانک کر
دیکھتی ہیں۔

دفل }
دفلے } (ع) خرزہرہ (۲) کنیر جو مشہور درخت ہے

دفن (ع) زمین میں چھپانا (۲) کسی چیز کو زمین میں دبا دینا۔

دفن کردن (ف) مردے کو زمین میں دفن کرنا۔

دف نواز (ف) دف بجانے والا۔

دفنوک (ف) زین پوش

دفنی (ع) ایک قسم کا مخطط کپڑا۔

دفوف (ع) دف کی جمع۔ ڈفلیاں۔

دفہ (ف) جولاہوں کا کوچ۔

دفی (ع) گرم دن۔

دفین (ع) پوشیدہ۔ پنہاں (۲) زمین میں گڑا ہوا مال

دفینہ (ع) گڑا ہوا مال (۲) پوشیدہ۔

## د - ق

دق (ع) کوٹنا (۲) آٹا بنا دینا (۳) بھیک مانگنا۔

دق (ع) دک کا معرب۔ گداگری۔ بھیک مانگنا (۲) وہ پشمینہ
جس کا رواں گر گیا ہو (۳) وہ سر جس پہ بال نہ
ہوں (۴) لوگوں کی باتوں پر اعتراض کرنا (۵) ایک
قیمتی کپڑا۔

دق (ع) باریک (۲) تھوڑی چیز۔ اندک (۳) ٹکڑا (۴) تپ
کی ایک قسم جو آدمی کو دبلا اور باریک کر دیتی ہے۔

دق اسباب کردن (ف) دروازہ کھٹکھٹانا۔

دقاق (ع) دقیق کی جمع۔ باریک چیزیں۔

دقاق (ع) کوٹنے والا (۲) دھولی (۳) کندی گر (۴) آٹا بیچنے
والا۔ اور پیسنے والا۔

دقاق (ع) باریک (۲) اندک (۳) ریزہ۔

دق الحصیر (ع) نئے مکان کی تقریب پر جو کھانا کھلایا جاتا ہے
فارسی میں اسے بوریا کوبی کہتے ہیں (۲) محنت اور سفر
کے معنوں میں بھی آیا ہے۔

دقائق (ع) دقیقہ کی جمع۔ باریک چیزیں (۲) باریک نکتے۔

دقت (ع) باریک ہونا۔ باریکی (۲) خساست

دقت پسند (ف) مشکل پسند۔

دق دادن (ف) سبقت لے جانا۔

دق دل بر آوردن (ف) اپنے دل کا غبار نکالنا۔ دل کی بھڑاس نکالنا

دق زدن (ف) بھیک مانگنا۔

دق شیخوخت }
دق شیخوخیت } (ع) دق کے مشابہ ایک مرض کا نام جو بوڑھوں
کو لاحق ہوتا ہے۔

دق کردن (ف) بھیک مانگنا۔

دق و لق (ع) دک دلک کا معرب۔ جنگل جس میں درخت اور
گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو (۲) سنسان میدان (۳)
لنجا آدمی۔

دقہ (ع) ٹوکری (۲) فقیرانہ لباس

دقہ (ع) باریکی۔

دقیانوس (ع) نہایت قدیم زمانے کے ایک ظالم بادشاہ کا نام
جس کے خوف سے اصحاب کہف دشت یا میر کے ایک
غار میں جا چھپے تھے۔

دقیانوسی (ع) منسوب بہ دقیانوس (۲) نہایت پرانی بات۔

دقیق (ع) مہین آٹا (۲) آٹا (۳) باریک چیز (۴) نازک (۵)
مشکل۔ کٹھن

دقیق بودن (ف) نہایت غور و خوض کرنا

دقیق شدن (ف) سخت متوجہ ہونا۔

دقیقہ (ع) باریک چیز (۲) باریکی۔ نکتہ (۳) درجات شمار کا حصہ
یعنی منٹ جو ساٹھ ثانیہ کا ہوتا ہے

دقیقہ رس }
دقیقہ شناس } (ف) دانا۔ باریک بین۔ نکتہ رس۔
دقیقہ یاب }

دقیقہ شمار (ف) گھڑی کی منٹوں والی سوئی۔

دقیقی (ع) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا نام جس نے فردوسی سے
قبل شاہ نامہ کے ایک ہزار شعر لکھے تھے۔ اپنے
غلام پر عاشق ہونے کے باعث اس کے ہاتھ سے
مارا گیا۔

Marfat.com

# د ۔ ک

دَک (ف) تقدیر ۔ نصیب (۲) گدا ۔ فقیر (۳) گدائی ۔ فقیری (۴) محکم ۔ مضبوط (۵) آسیب ۔ صدمہ (۶) گنجا سر (۷) جنگل یا پہاڑ جس میں سبزی اور گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو (۸) وہ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں (۹) سخت زمین جو کھودی نہ جائے (۱۰) بنیاد ۔ نیو (۱۱) مُنہ ۔ چہرہ (۱۲) چار ابرو کا صفایا کرانے والا ۔

دُکّ (ع) ہموار ریگستان (۲) تودہ ۔ ٹیلہ (۳) باریک کرنا (۴) کوٹنا ۔ کھٹکھٹانا (۵) ہموار کرنا (۶) کوٹ کر ہموار کی ہوئی زمین ۔

دِکّ (ع) موٹا (۲) سخت (۳) نرم پہاڑ ۔

دَکّا (ع) ہموار زمین (۲) نرم مٹی کا ٹیلہ ۔

دَکاکین (ع) دکان کی جمع ۔ دکانیں ۔

دُکّان ۔ (ع) } ہٹی ۔ سودا بیچنے کی جگہ ۔ (۲) کارخانہ اس لفظ
دُکان ۔ (ف) } میں دال کے بعد واؤ لکھنا غلط ہے ۔

دُکان آوارہ کردن (ف) دکان کو خراب اور ویران کر دینا ۔

دُکان باز کردن (ف) دکان کھولنا (۲) تجارت شروع کرنا ۔

دُکان بدولاب گشتن (ف) دوسروں کے مال سے تجارت کرنا ۔

دُکان بالا گرفتن (ف) تجارت میں فروغ پانا ۔

دُکان برابر دُکان کسے باز کردن (ف) تجارت میں کسی سے رقابت اور چشمک رکھنا ۔

دُکان برچیدن (ف) دکان بڑھانا ۔ بند کرنا ۔

دُکان تختہ کردن (ف) بند ہونا ۔ دکان پر چھٹی کا دن ہونا ۔

دُکانچہ (ف) دکان کی تصغیر ۔ چھوٹی دکان ۔

دُکان چیدن (ف) ہر چیز کو الگ الگ اور اپنے اپنے ٹھکانے پر قرینے سے رکھنا تاکہ جس شخص کا دل چاہے لے لے ۔

دُکان دار (ف) دکان والا ۔ دکان کا مالک ۔

دُکانداری (ف) دکان آرائی (۲) چرب زبانی (۳) تعریف کرنا ۔

دُکانداری کردن (ف) مال و اسباب کی نمائش کرنا ۔

دُکان کشادن } (ف) دکان کھولنا ۔
دُکان کشیدن }

دُکان گرداندن ۔ دُکان گرد آوردن } (ف) رواج پانا (۲) رونق پکڑنا ۔
دُکان گردیدن }

دُکان نہادن } (ف) دکان کھولنا ۔ تجارت شروع کرنا ۔
دُکان وا کردن }

دُکچی (ف) انگڑی ۔ سُوت کی انٹی ۔

دُکر (ف) آذربائی جان کی ایک نہر کا نام ۔

دَک زدہ (ف) چار ابرو کا صفایا کرانے والا ۔

دَکل (ف) موٹے موٹے ہاتھ پاؤں والا ۔ بے ڈول اور بے ریش آدمی ۔

دُکلان (ف) پشم اور ریشم کاتنے کا آلہ ۔

دَکن (ف) پہاڑ کی چوٹی (۲) ہندوستان کے جنوبی علاقہ کا نام بھی دکن ہے ۔

دَکّہ (ع) کوٹنا (۲) ریزہ ریزہ کرنا ۔

دَکن (ع) رنگ کا سیاہی مائل ہونا (۲) سامان نیچے اُوپر رکھنا ۔

دُکنہ (ع) سیاہی مائل رنگ ۔

دَکت و لک (ف) دیکھو دُلق دَلق ۔

دُکّہ (ع) دُکان کا مخفف ۔

دُکّہ دار (ف) دُکان دار ۔

# د ۔ گ

دُگانہ (ف) دو رکعت نماز (۲) نماز شکرانہ (۳) دوہری چیز ۔ دوگانہ کا مخفف ۔

دَگدگ (ف) سردی کی شدت سے دانت کڑکڑانا ۔

دِگر (ف) دیگر کا مخفف ۔ دُوسرا ۔ اور ۔ اور چیز ۔ اور شخص ۔

دَگل (ف) دیکھو دَغل ۔

دَگلہ (ف) سپاہیوں کی قبا جو مشہور کپڑا ہے ۔

دُگرد (ف) مُکّر ۔

دَگہ (ف) تصادم ۔ صدمہ ۔

# د ۔ ل

دَلّ (ع) اچھی خصلت ۔ اچھی روش (۲) ناز (۳) عورت کا اپنے خاوند پر ناز کرنا ۔

دُل (ف) ایک مرض کا نام جس سے پیٹ میں گرہ سی ہو جانے سے آدمی ہلاک ہو جاتا ہے ۔

دِل (ف) قلب ۔ من ۔ سینہ کے اندر بائیں پستان سے دو انگشت نیچے پان کی شکل کا ایک گوشت کا لوتھڑا ہے جس پر زندگی کا انحصار ہے (۲) ضمیر (۳) قصد (۴) خیال (۵) درمیان (۶) حوصلہ ۔ ہمت (۷) شجاعت (۸) فیاضی (۹) رغبت ۔ خواہش (۱۰) توجہ (۱۱) رُخ (۱۲) باطن ۔

دِل آب دادن (ف) محظوظ ہونا ۔

دلاد (ف) داماد ۔

دلادل کردن (ف) دو دِل میں ہونا ۔

Marfat.com

دِل آراء (ف) دل کو آراستہ کرنے والا (۲) محبوب - معشوق -
دل آرام (ف) دل کو آرام دینے والا (۲) محبوب - معشوق -
دل آرائے (ف) دیکھو دل آرا -
دل آزار (ف) دل کو آزردہ کرنے والا - دل کو دکھ دینے والا - (۲) رنج -
دل آزاری (ف) ایذا رسانی - ظلم - ستم -
دل از چیزے برداشتن / دل از چیزے برگرفتن } (ف) کسی چیز سے دل اٹھا لینا - الفت چھوڑ دینا - (۲) دل برداشتہ ہونا -
دل از حال رفتن (ف) بے حال ہونا - بے ہوش ہونا -
دل از دست دادن (ف) عاشق ہونا -
دل از دست دادہ / دل از دست رفتہ } (ف) عاشق -
دل از دست افتادن (ف) عاشق ہونا -
دل آزردہ (ف) رنجیدہ -
دل آزردہ شدن (ف) رنجیدہ ہونا -
دل از کف دادہ (ف) عاشق -
دلاسا (ف) تسلی - تشفی (۲) دل کا آسودہ ہونا -
دل آسمان (ف) آسمان کا وسط (۲) زمین (۳) ستارہ -
دل آشوب (ف) معشوق - محبوب (۲) ایک خوش قد درخت جو نہروں کے کنارے اگتا ہے - اس کے پتے میں پانچ انگلیاں ہوتی ہیں -
دل آشوب شدن (ف) دل کا آزردہ ہونا -
دلاص (ف) روشن (۲) نرم (۳) چمکتی ہوئی نرم زرہ -
دُلاع (ع) تربوز -
دُلاعِس (ع) بدخو مرد -
دل افتادن (ف) عاشق ہونا -
دل افتادہ (ف) عاشق -
دل افروز (ف) باعث مسرت قلبی - محبوب -
دل افگار (ف) رنجیدہ - خستہ دل (۲) عاشق -
دلاکی کردن (ف) حجامت بنانا - حمام میں بدن پر مالش کرنا -
دلاکی بر سر کسی آوردن (ف) کسی کو زحمت اور تکلیف دے کر اپنا کام چلتا کرنا -
دل آگاہ (ف) بیدار مغز - ہوشیار - سمجھ والا -
دَلال (ف) کرشمہ - ناز - غمزہ -
دُلال (ع) آنکھ سے اشارہ کرنا - غمزہ -
دلال (ع) ناز - نخرہ -
دَلّال (ع) راہنما - رشتہ بتانے والا (۲) سودا دلانے والا - خریدار اور سودا بیچنے والے کے درمیان سودا کرانے والا -
دَلالت (ع) راہ دکھانا (۲) راہنمائی کرنا - دلالی کرنا - اس کی کئی قسمیں ہیں - دلالت التزامی - دلالت تضمنی - دلالت کلی -
دلالت مطابقی -
دَلّالہ (ع) رشتہ بتانے والی عورت (۲) نکاح کرانے والی (۳) سودا بنانے والی عورت (۴) کٹنی -
دَلّالی (ف) دلال یا دلالہ کی اجرت -
دَلالت (ع) راہ دکھانا -
دَلالت کردن (ف) رہنمائی کرنا -
دلالی (ف) دلال پن -
دِلام (ف) چھوٹا نیزہ -
دل انداختن (ف) دل دینا (۲) بیدل ہونا -
دلاور (ف) بہادر - دل چلا -
دلاوری (ف) بہادری -
دل آویز (ف) دل پسند - پسندیدہ - مرغوب - دلچسپ - دل کو بھانے والا (۲) مطلوب -
دل آویزی (ف) خوبصورتی - خوش نمائی -
دُلب (ف) چنار کا درخت -
دل باختن (ف) دل چھوڑ دینا - ہمت ہارنا (۲) عاشق ہونا -
دل باختہ (ف) عاشق -
دل بادل (ف) ایک بڑے خیمہ کا نام جو شاہجہان نے بنوایا تھا -
دل باز (ف) کشادہ دل - فراخ دل -
دل بازی (ف) بے سوچے جلدی کرنا (۲) بے سوچے خطرہ میں ڈالنا -
دل بچیزے بستن / دل بچیزے دوختن / دل بچیزے نہادن } (ف) کسی چیز پر دل لگانا (۲) متوجہ ہونا -
دل بخواہ (ف) جسے دل چاہے -
دل بدریا افگندن / دل بدریا انداختن } (ف) کچھ بھی ہو ہمت نہ ہارنا (۲) کسی بڑے کام پر ہمت باندھنا (۳) بخشش - جود و سخا -
دل بدست آوردن (ف) کسی کا دل موہ لینا -
دل بدریا زدن (ف) جی کڑا کرنا -
دل بدل راہ داشتن (ف) دل کو دل سے راہ ہوتی ہے -
دل بر (ف) دل لے جانے والا (۲) معشوق -
دل بر کسے سوختن (ف) کسی پر رحم کرنا (۲) غمگساری کرنا - ہمدردی کرنا -
دل برداشتہ (ف) ناامید - دل شکستہ -
دل بر سر زبان داشتن (ف) جو دل میں ہو کہہ دینا - مافی الضمیر کا اظہار کرنا -
دل بر کسے لرزیدن (ف) کسی پر رحم کرنا - کسی سے غمخواری کرنا -
دل بر لب رسیدن (ف) سرخ آنسو بہانا (۲) خون رلانا -
دل برہم خوردن (ف) دل پریشان ہونا -
دلبر (ف) محبوب - معشوق -
دلبری (ف) معشوق پن - معشوقیت -

Marfat.com

دِل بستگی (ف)، دِل کا لگنا۔ دِل کا تعلق۔
دل بستگی داشتن (ف)، عاشق ہونا۔ دِل کا کہیں لگ جانا۔
دل بستہ (ف)، دل لگا ہوا۔ عاشق۔
دل بصد جا رفتن (ف)، بدگمان ہونا۔
دل بفلاں چیزے دَوَد } (ف)، دِل فلاں چیز چاہتا ہے۔ دِل
دِل بفلاں چیزے کشد } فلاں امر کا طالب ہے۔
دِل بند (ف)، دِل کا ٹکڑا (۲) بیٹا۔ فرزند۔ پیارا۔
دِل پُر داشتن (ف)، شکوہ و شکایت سے بھرا ہوا ہونا۔
دِل پُر شُدن (ف)، دِل بھر جانا (۲) متنفر ہونا۔
دل پسند (ف)، دِل کو اچھی لگنے والی چیز۔ پسندیدہ۔
دل پنبہ (ف)، خاموش۔
دل تافتن از چیزے (ف)، کسی چیز سے منہ پھیرنا۔
دل تنگ (ف)، رنجیدہ۔ ناخوش (۲) بخیل۔ کنجوس۔
دِل جمع (ف)، مطمئن۔ خاطر جمع۔
دِل جمعی (ف)، اطمینان۔ تسلی۔
دل جوئے (ف)، تسلی دینے والا۔ غمخوار۔ دوست۔
دِل جوئی (ف)، تسکین۔ تسلی۔ دلداری۔
دِل چسپ (ف)، دِل میں کھُب جانے والا (۲) خوشنما۔ دل پسند۔
دِل خاک (ف)، مرکز زمین (۲) جوف ارض (۳) قبر (۴) بیل اور مچھلی جن کی پیٹھ پر بعض زمین کو خیال کرتے تھے (۵) اولیا و انبیار۔
دِل خالی کردن (ف)، (۱) بھُول جانا (۲) ترک کر دینا۔
دِل خراش (ف)، دِل کو چھیلنے والا (۲) رنج دینے والا (۳) ناگوار۔
دِل خواستہ۔ دِل خواہ (ف)، مرغوب۔ دِل پسند۔ (۲) معشوق۔
دِل خوش کردن (ف)، خوش ہونا۔ راضی ہونا۔
دِل خوش کُن (ف)، دِل کو خوش کرنے والا۔ تسلی بخش۔
دِل خُون (ف)، مشتاق۔ مہجور۔
دِل خُون بُودن (ف)، غمگین اور آزردہ ہونا۔
دِل دادگاں (ف)، عشاق۔
دلدادہ (ف)، عاشق۔
دِل دار (ف)، پیارا۔ معشوق (۲) غم خوار۔
دِل داری (ف)، غم خواری۔ دلاسا۔
دِل در چیزے بستن (ف)، کسی چیز سے دِل لگانا۔
دِل درد داشتن (ف)، درد مند ہونا۔
دِل دریا کردن (ف)، نہایت سخاوت کرنا۔
دُلدُل (ع)، سیاہی (۲) بڑا کام۔ امر عظیم۔ بڑا خارپُشت۔ (۳) اس سفید مائل بہ سیاہی مادہ خچر کا نام جو حاکم اسکندریہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کو بطور ہدیہ بھیجی تھی۔ اور آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بخش دی تھی۔ اور جو میدان کربلا میں حضرت حسین رضی اللہ تعالٰی کی سواری میں تھی۔

دِل دِل کردن (ف)، مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔
دُلدُلہ (ع)، چلا جانا۔ اضطراب کرنا۔ چلنے میں اعضاء کا ہلانا۔
دِل دَویدن (ف)، عاشق ہونا (۲) لالچ کرنا۔
دِلدہی (ف)، تسلی۔ تشفی (۲) دلیر کرنا (۳) عاشق ہونا۔
دِلرُبا (ف)، معشوق۔ پیارا۔ دِل لے جانے والا۔
دِلربائی (ف)، دلبری۔ معشوقیت (۲) محبت۔
دِل ربُودن (ف)، ناز و ادا سے دِل موہ لینا۔
دِل رفتہ بجا آمدن (ف)، تسلی پانا۔ دِل ٹھکانے ہونا۔
دِل روز (ف)، سُورج (۲) دوپہر۔
دِل ریش (ف)، دل فگار۔ زخمی دِل۔
دِل زدن از چیزے } (ف)، کسی چیز سے سیر ہونا (۲)
دِل زدہ شدن از چیزے } کسی چیز سے ملول ہونا (۳) متنفر ہونا (۴) شکایت کرنا۔
دِل زندہ (ف)، بیدار دِل۔ صاحب دِل (۲) دانا۔ عالم۔
دَلس (ف)، تاریکی (۲) فریب۔
دِل سادہ (ف)، صاف دِل۔ بے کینہ۔
دِل ساز (ف)، دِل پسند۔ مرغوب۔
دِل سپُردن بچیزے (ف)، کسی چیز پر دِل لگانا۔
دِل ستاں (ف)، دِل لینے والا (۲) معشوق۔ پیارا۔
دِل سرد شُدن (ف)، افسردہ ہونا۔
دِل سوختہ (ف)، دِل جلا (۲) پریشان دِل والا (۳) عاشق (۴) غمزدہ۔
دِل سوز (ف)، ہمدرد۔ غمخوار۔ خیر خواہ (۲) دوست (۳) درد انگیز (۴) دِل گداز۔
دِلسوزی (ف)، ہمدردی۔ غمخواری (۲) رحم۔
دِلسوزی کردن (ف)، ہمدردی کرنا۔
دِلشاد (ف)، بخشش (۲) ہمت (۳) نشاط۔ خوش حالی (۴) خوش۔ مگن۔
دِل شب (ف)، آدھی رات۔
دِل شُدہ (ف)، عاشق۔
دِلش طاقچہ ندارد (ف)، پیٹ کا ہلکا ہونا۔
دِل شکستن (ف)، رنجیدہ ہونا۔ ناراض ہونا (۲) ناراض کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔
دِل شکستن بر چیزے (ف)، کسی چیز سے ڈرنا۔ ترس کھانا۔
دِل شکن (ف)، دِل توڑنے والا (۲) ناراض کرنے والا۔ رنجیدہ کرنے والا۔
دِل شکنی (ف)، دِل توڑنا (۲) ناراض اور رنجیدہ کرنا۔
دِل شگفتہ (ف)، خوش دِل (۲) خوش۔
دِل شیریں کردن (ف)، خوش کرنا۔
دِل ضعف زدن (ف)، سخت بھوکے ہونا۔
دِل طاق کردن (ف)، قطع تعلق کرنا (۲) تعلقات چھوڑ کر تنہا اور مجرد ہونا۔

Marfat.com

دُلَف (ع)، آہستہ چلنا - لڑائی میں لشکر کا سامنے آنا۔
دِل فِرد گِیر (ف)، دل لگنے کی جگہ۔
دِل فریب (ف)، دل کو فریفتہ کرنے والا (۲) من موہن - معشوق۔
دِل فگار (ف)، زخمی دل والا (۲) غمگین (۳) عاشق۔
دِل فگاری (ف)، افسردگی۔
دلفین (ف)، مچھلی کی قسم کا ایک دریائی جانور - جو ڈوبنے والے کو بچاتا ہے۔
دَلَق (ع)، دَلَہ کا معرّب - قاقم - جنگلی بلّی جس کی کھال نہایت عمدہ ہوتی ہے - اور اس سے پوستین بناتے ہیں۔
دَلِق (ع)، تیز زبان۔
دُلُق (ع)، تلوار کا میان سے نکالنا۔
دُلق (ع)، گدڑی (۲) درویشوں کے پہننے کا پشمینہ کا لباس (۳) پھسلانا (۴) ناکس (۵) فرومایہ۔
دَلق پوش (ف)، درویش۔
دَلک (ع)، مَلنا (۲) رگڑنا (۳) مَل مَل کر دھونا (۴) زمانہ کا ادب دینا (۵) آزمودہ کار بنانا۔
دُلُوک (ع)، سُورج کا ڈھلنا (۲) آفتاب کا زوال (۳) غروب (۴) سُستی (۵) نرمی۔
دِل کردن (ف)، رغبت - خواہش - آرزو - تمنّا۔
دِل کش (ف)، دِل کو کھینچنے والا (۲) مرغوب - دل پسند - محبوب۔
دِل کسے خوش کردن (ف)، کسی کو منا لینا۔
دِل کشا
دِل کشائے } (ف)، دل کو کھولنے والا (۲)، دل پسند - مرغوب۔
دِل کشیدن (ف)، کسی چیز پہ دل کا مائل ہونا۔
دِل کعبہ کردن (ف)، دل کی طرف متوجہ ہونا۔
دِل کندن از چیزے (ف)، کسی چیز سے دِل ہٹا لینا۔
دِل کوب (ف)، دل آزار۔
دِل کور (ف)، سیاہ دِل (۲) سیاہ باطن۔
دِل گداز (ف)، دِل کو پگھلا دینے والا۔
دِل گر (ف)، کُھرچن - قرارہ۔
دِل گراں (ف)، رنجیدہ - ملُول - غمگین - ناخوش۔
دِل گرفتن (ف)، رغبت کرنا (۲) عاشق ہونا۔
دِل گرفتہ (ف)، رنجیدہ - غمگین - ناخوش۔
دِل گرم کردن بر چیزے (ف)، کسی پر فریفتہ ہونا۔
دِل گرمی (ف)، حمایت - مدد۔
دِل گیر (ف)، رنجیدہ - ملول - غمگین - ناخوش۔
دِلّل (ع)، ناز - نخرہ - کرشمہ۔
دُلم
دُلُم } (ف)، پِتّی - چھوٹے چھوٹے دانے جو موسم گرما میں گرمی کے جوش سے جسم پر نکل آتے ہیں - اور ان میں سوزش ہوتی ہے۔
دِل مُردہ (ف)، افسردہ دِل۔

دُلمک (ف)، غلّہ خام - کچا غلّہ جو بھُوننے کے قابل ہو - کچے چنے جو ابھی ٹاٹ میں ہوں۔
دِلم نمی دہد
دِلم نیامد } (ف)، میرا دل اجازت نہیں دیتا - میرا دل نہیں مانتا۔ میرا دل نہیں چاہتا۔
دَلمہ (ف)، پنیر مایہ ڈال کر گاڑھا کیا ہوا دُودھ۔
دَلمہ (ف)، دیکھو دَلمک۔
دل نازک (ف)، زُود رنج - بُزدل۔
دِل نزدیک باشد (ف)، دوستی میں بُعد اور فاصلے کی کوئی بات نہیں دوست خواہ کہیں رہتا ہو فرق نہیں آتا۔
دِل نشیں (ف)، دِل پسند - مرغوب۔
دَلنگ (ف)، گھاس پھوس کا بند جو پانی کے آگے باندھا جاتا ہے۔
دلنگاں (ف)، الگنی - کپڑے وغیرہ لٹکانے کی رسّی۔
دِل نگراں (ف)، فکرمند۔
دِل نگراں بُودن (ف)، بے قرار و متفکر رہنا۔
دِل نمودن (ف)، رحم کرنا (۲) مروّت کرنا۔
دِل نواز (ف)، مشفق - شفیق (۲) دوست - پیارا (۳) معشوق۔
دَلو (ع)، ڈول۔
دَلو بچاہ اُفتادن (ف)، ڈول کا کنوئیں میں گر پڑنا (۲)، کام کا بگڑ جانا۔
دِل و زبانش یکے است (ف)، اس کا ظاہر و باطن یکساں ہے اس کے دل میں منافقت نہیں۔
دلوش بسر چاہ رسید (ف)، اس کا کام پُورا ہو گیا (۲) وہ مر گیا (۳) اس کی عمر ختم ہو گئی۔
دَلُوف (ع)، تیز اُڑنے والا عقاب۔
دَلُوق (ع)، مضبوط جسم کا گھوڑا (۲) نہایت تیز رَو گھوڑا۔
دَلُوک (ع)، جسم پر ملنے کی چیز - کوئی خوشبو یا اُبٹنا وغیرہ۔
دَلہ (ف)، قاقم جو ایک مشہور جانور ہے - جنگلی بلّی - جس کی کھال نہایت عمدہ ہوتی ہے اور اس سے پوستین بناتے ہیں (۲) حیلہ گر عورت (۳) درویشوں کا وہ خرقہ جس سے پشم لٹک رہی ہو۔
دَلّہ (ع)، مکر - حیلہ (۲)، منافق (۳) عیار (۴) بگولا -
دِلہ (ف)، دِل والا - جیسے دو دلہ - یک دِلہ -
دَلّہ (ع)، ناز - لچک۔
دِلہاث (ع)، شیر درندہ (۲) شجاع مرد - مردِ میدان -
دِلہام (ع)، کام کا مرد - مردِ رسا (۲) شیر درندہ۔
دُلہ دُزد (ف)، کم ہمت - پست ہمت۔
دلہ دزدی کردن (ف)، چھوٹی موٹی چیزیں چھپانا۔
دلہرہ (ف)، خوف - ڈر۔
دِلی (ع)، دلو کی جمع - ڈول۔
دَلیدن (ف)، دَلنا۔
دَلیدہ (ف)، دلا ہوا۔

Marfat.com

دلیر (ف)، دل چلا ۔ چالاک ۔ بہادر ۔
دلیری (ف)، جوانمردی ۔ بہادری ۔
دلیص (ع)، چمکیلا ۔
دلیک (ف)، جنگلی گلاب کا پھول ۔
دلیل (ع)، راہ (۲) راہ دکھانے والا (۳) وجہ ثبوت ۔ (۴) قارُورہ ۔
دلیل آوردن (ف)، ثبوت بہم پہنچانا ۔
دلیل تُرسی (ع)، اِصطلاح علم حکمت میں ایک دلیل کا نام ۔
دلیلی (ع)، ایک قسم کا سیب ۔
دلیل یکے بُودن (ف)، کامل اتفاق ہونا ۔

## د ۔ م

دَم (ف)، نفس ۔ سانس (۲) شیخی ۔ غرور ۔ گھمنڈ (۳) دھوکا ۔ فریب ۔ حیلہ (۴) زرگروں کی پھکنی (۵) دُھونکنی ۔ (۶) شعر کا وزن ۔ بُوٹی (۷) منتر ۔ افسون (۸) آہ ۔ (۹) زمان ۔ وقت (۱۰) مُنہ (۱۱) گھونٹ (۱۲) تلوار وغیرہ کی باڑھ یا دھار (۱۳) برابر ۔
دَم (ع)، خون ۔ لہو (۲) طلا کرنا ۔ مالش کرنا ۔
دَم (ع)، ایک روئیدگی کا نام ۔
دمّ (ع)، بڑے خایہ والا ۔
دُم (ف)، جانور کی پونچھ (۲) عقب ۔ پیچھا ۔
دماء (ع)، دم ۔ نفس (۲) طبیعت ۔
دِما (ع)، دم کی جمع ۔ خون ۔ لہو ۔
دَمِ آب (ف)، پانی کا گھونٹ ۔
دمادم (ف)، پے در پے ۔ دم بدم ۔
دماوند (ف)، مازندران کے ایک شہر کا نام اور اس کے قریب ایک پہاڑ کا نام بھی ہے ۔ جسے کوہِ دماوند کہتے ہیں ۔ فریدون نے ضحاک کو اسی پہاڑ کی غار میں مقید کیا تھا ۔
دَمار ۔ (ع) }
دِمار (ف) } موت ۔ ہلاکت (۲) زندگی (۳) آدمی کو جس شے کی ضرورت ہو (۴) سانس ۔ دم (۵) دھواں ۔
دَم از چیزے زَدن (ف)، کسی چیز کا دعوےٰ کرنا ۔
دَم اسد (ف)، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی محبت کا دعویٰ کرنا ۔
دِماغ } (ع)، مغز کا گودا ۔
دَماغ } (ف)، غرور ۔ تکبر ۔ ناز ۔
دماغ از روزگار کسے برآوردن (ف)، کسی کو تباہ و برباد کر دینا ۔
دماغ بالا بُردن (ف)، غرور کرنا ۔
دماغ بالا رفتن (ف)، متکبر ہونا ۔
دِماغ بے ہودہ پختن (ف)، بے فائدہ کوشش کرنا ۔
دِماغ پختن (ف)، نہایت رنج و محنت اُٹھانا ۔
دِماغ تان چاق است (ف)، تم بالکل ٹھیک ٹھاک ہو اور صحت مند ہو ۔
دماغ تر داشتن (ف)، تیز دماغ ہونا ۔
دماغ تیشہ گرفتن }
دماغ تیغ گرفتن } (ف)، تیشے یا تلوار کی دھار کو تیز کرنا ۔
دماغ داشتن (ف)، خوشحال ہونا ۔
دماغ دُزدیدن از چیزے (ف)، کسی چیز سے مُنہ پھیرنا (۲) بے دماغ ہونا ۔
دماغ رسانیدن (ف)، مست ہونا ۔
دِماغ سوختن (ف)، نہایت محنت کرنا (۲) بہت فکر کرنا ۔
دِماغ شُستن (ف)، دماغ کو وسوسوں اور خدشوں سے پاک کرنا ۔
دماغ فروختن }
دماغ کردن } (ف)، غرور کرنا ۔ شیخی کرنا ۔
دماغ گرفتن (ف)، ناک صاف کرنا ۔
دَمار از چیزے برآوردن (ف)، کسی چیز کو فنا اور ہلاک کر دینا ۔ کسی چیز کو نیست و نابود کرنا ۔
دَمارت (ع)، نیست و نابود ہونا ۔ (۲) ہلاکت ۔
دماغ گرفتن از چیزے (ف)، ناک پر کپڑا رکھنا ۔ نفرت کرنا ۔
دماغ گرم کردن (ف)، مست ہونا ۔ (۲) شراب پینا ۔
دماغۂ کوہ (ف)، پہاڑ یا دیوار یا کسی چیز کا جھکاؤ ۔
دماغی (ف)، منسوب بہ دماغ ۔ مغرور ۔ متکبر ۔
دَم الاخوین (ع)، ایک سُرخ رنگ حابسِ خون دوا کا نام ۔ دیکھو خون سیاوش ۔
دَمامت (ع)، بدشکل ہونا ۔
دَمامہ (ف)، ڈھولنا ۔ نقارہ ۔ نفیری ۔
دَمامیل (ع)، دُمل کی جمع ۔ پھوڑے ۔ پھنسیاں ۔
دَمان (ع)، راکھ (۲) گوبر (۳) زمین کو کھاد کے طور پر طاقت دینے والا (۴) کھجور کے درخت کا گلنا اور سیاہ ہونا ۔
دَمان کش (ف)، وقت ۔ مدت ۔ زمانہ ۔
دَمانک (ف)، قرابین جو بندوق کی قسم کا ایک اوزار ہے ۔
دَمادر }
دَم آہنج } (ف)، مرض ضیق النفس ۔
دَمائم (ع)، دمیہ کی جمع ۔ حقیر (۲) بدصورت عورت ۔
دَمایہ (ف)، ملائی ۔ دودھ کی بالائی ۔
دَم باز (ف)، دغاباز ۔ فریبی ۔
دمبال (ف)، دنبال ۔ پیچھے ۔
دمبال رفتن (ف)، پیچھے جانا ۔ پیروی کرنا ۔
دم بخود آوردن (ف)، سانس کا باہر آنا ۔
دم بہ تلہ دادن (ف)، پھنس جانا ۔

Marfat.com

دُم بخود بُودن / دُم بخود شدن / دُم بخود کردن } رف، چُپ رہنا۔
دُمبدم رف، پے در پے (۲) ہر دم - ہر لمحہ۔
دُم بر آمدن رف، سانس کا باہر نکلنا۔
دُم بر انداختن / دُم برہم زدن } رف، سانس پھلا دینا - تھکا دینا (۲) عاجز کر دینا (۳) پست کر دینا۔
دُم بستن رف، خاموش رہنا۔
دُم بستہ رف، چپکا - خاموش۔
دُم بشمار افتادن رف، حالت نزع ہونا۔
دُم بے قدم رف، زبانی جمع خرچ - قول بے فعل۔
دُم پخت رف، پلاؤ کی ایک قسم۔
دُمّہ رع، جوں (۲) چیونٹی (۳) پستہ قد حقیر آدمی - (۴) بکری۔ (۵) بلی (۶) جنگل میں بکریوں کے بٹھانے کی جگہ (۷) اُونٹ یا بکری کی مینگنی۔
دُم تیغ رف، تلوار کی دھار۔
دُم جنبانیدن رف، دُم ہلانا (۲) نہایت عاجزی کرنا۔
دُمچہ رف، دم کی تصغیر - چھوٹی پونچھ (۲) پچھا۔
دُم خر پیمودن رف، بے ہودہ کام کرنا۔
دُم خود بہ کسے سپردن رف، مرنے کے وقت کسی کو اپنا راز بتانا اور قائم مقام کرنا۔
دُم دادن رف، دھوکا دینا۔
دُمدار رف، دُم والا۔
دُمدار رف، لشکر کا پچھلا حصّہ - چنداول - ساقہ۔
دُم در کشیدن رف، خاموش ہونا۔
دُمدمہ رع، غصّہ (۲) پست و نابود کرنا (۳) کسی شے کو زمین سے ملا دینا (۴) غمگین کرنا۔
دُمدمہ رف، افسوں - منتر (۲) فریب - مکر - حیلہ (۳) ڈھول (۴) نقارہ (۵) نقاروں کی آواز (۶) شہرت (۷) قلعہ کے گرد کی دیوار جو پتھر - مٹی اور لکڑی سے بنا کر اس سے دشمن پر گولہ باری کرتے ہیں۔
دمدمی رف، متلون مزاج - شکی۔
دمدمی مزاج رف، شکی مزاج۔
دم دہنت را بگذار رف، بکواس بند کرو۔
دَمَرد رف، اُلٹا - اوندھا۔
دمر خوابیدن رف، زمین پر اوندھا لیٹا ہونا۔
دم ریز رف، مسلسل - لگاتار۔
دُم زدن رف، منہ بند کر لینا - چپ رہنا (۲) دعویٰ کرنا (۳) توقف کرنا (۴) دم لینا (۵) ترک کرنا۔
دَمساز رف، دوست (۲) ہمراز (۳) یک رائے متفق - موافق۔
دُم سحر رف، صبح کا وقت۔

دُم سرد رف، سرد آہ (۲) نا اُمیدی کی آہ - ٹھنڈا سانس۔
دِمسہ رف، سفید ریشم۔
دُم سخاتی رف، مظلوم کی آہ۔
دُم سنجہ رف، ابابیل۔
دُم سیاوش / دُم سیاوشاں } رف، دم الاخوین - دیکھو سیاوش۔
دُم سیاہ رف، سیاہ دُم والا جانور۔
دُم سیچہ / دُم سیچہ } رف، ممولا - جو ایک مشہور پرندہ ہے اور ہر وقت دُم زمین پر مارتا رہتا ہے۔
دُم شتر بہ زمین آمدن رف، بہت دیر ہونا - کسی کام یا معاملہ کا طول پکڑ جانا۔
دُم شمردن رف، وقت گزارنا - عمر گزارنا۔
دُم شمشیر رف، تلوار کی دھار۔
دُم شناس رف، دانا (۲) طبیب - حاذق۔
دُم صُور رف، قیامت کا دن۔
دُم طاؤس رف، آسمان۔
دَمع / دَمع } رع، آنسو - خوشی کا ہو یا غم کا (۲) آنسو بہانا۔
دَمعہ رع، قطرہ اشک (۲) ایک بیماری کا نام جس سے آنکھ ہمیشہ پُر آب رہتی ہے۔
دمعۃ النّخر رع، عشق پیچہ۔
دمعۃ العشاق رع، کالا دانہ۔
دمعۃ الکرم رع، انگور کا پانی - جو موسم بہار میں خود بخود ٹپکتا ہے۔
دَمغ رع، سر پھوڑنا (۲) سر میں ایسا زخم کرنا جو دماغ تک پہنچ جائے (۳) دھوپ سے سر میں درد ہونا۔
دُم فرو رفتن رف، سانس کا باہر نکلنا۔
دَمق رع، ہوا اور برف (۲) لوہاروں کی دھونکنی یا پھکنی - (۳) چوری۔
دُم قلم رف، قلم کی آواز جو لکھتے وقت آتی ہے۔
دُم قمری رف، موسیقی کے ایک لحن کا نام۔
دُم کش رف، گانے والے کے ساتھ آواز ملا کر اسے مدد دینے والا (۲) آس دینے والا۔
دُم کشی رف، گانے میں دوسرے کی آواز کو مدد دینا۔
دُم کل رف، دُم کٹا۔
دُم گاؤ رف، بڑا کوڑا جس سے بیل یا گدھے وغیرہ ہانکتے ہیں۔ (۲) کرنا - نفیری۔
دُمگاہ رف، لوہاروں - سناروں وغیرہ کی بھٹی - بھاڑ (۲) حمام۔
دُم گرفتن رف، توقف کرنا (۲) خاموش ہو جانا (۳) دم گھٹ جانا (۴) ترک کرنا۔
دُم گرگ بر پائے میش بستن رف، نہایت انصاف کرنا (۲) اضداد کو ایک جگہ جمع کر لینا۔

Marfat.com

دُمِ گرم (ف) ، مؤثر کلام - مؤثر تقریر -
دُمگو (ف) ، احمق (۲) ، کشتی کا ایک داؤ -
دُم گل (ف) ، ڈنٹھل -
دَم گیر (ف) ، جس سے سانس رکے -
دَمگہ (ف) ، دمگاہ کا مخفف - بھٹی - بھاڑ -
دُمَل (ع) ، پھوڑا - زخم -
دُمَل درآوردن (ف) ، جسم پر پھوڑے پھنسیاں نکل آنا -
دُم لابہ (ف) ، کُتّے کا دُم ہلانا (۲) خوشامد - چاپلوسی - عاجزی -
دُم لابہ کردن (ف) ، خوشامد کرنا -
دُملج (ع) ، بازو بند -
دِمن (ع) ، گوبر اور غلاظت وغیرہ کا ڈھیر -
دَمن (ف) ، دامن کا مخفف - آنچل -
دِمَن (ع) ، دِمنہ کی جمع - گیدڑ - لومڑیاں -
دَمندہ (ف) ، فریاد کرنے والا -
دَمنہ (ف) ، تنور کا سوراخ جو ہوا کے لیے رکھا جاتا ہے -
دِمنہ (ع) ، گیدڑ (۲) لومڑی (۳) ایک خاص گیدڑ کا نام جو بڑا مکار تھا - اور جس کا قصہ کلیلہ دمنہ اور انوار سہیلی میں درج ہے (۴) مجازاً ہر مکار اور حیلہ گر کو کہتے ہیں -
دِمنہ (ع) ، غلاظت کا تہ بہ تہ ڈھیر -
دمنہ دانی (ف) ، تنور کے سوراخ کو بند کرنے کا چیتھڑا -
دمِ واپسیں (ف) ، دمِ آخر - آخری سانس -
دَم و باد (ف) ، غرور اور تکبر -
دَم و دود (ف) ، نشان - علامت -
دَمور (ف) ، آہستہ اور نرم آواز -
دَمور (ف) ، افراسیاب کے ایک رشتہ دار کا نام جس نے سیاوش کے مروانے میں بہت کوشش کی تھی -
دُمور (ع) ، بغیر اجازت کسی کے گھر میں چلے جانا -
دُموس (ع) ، رات کا تاریک ہونا -
دُموع (ع) ، دمع کی جمع - آنسو -
دَموی (ع) ، منسوب بہ دم بمعنی خون -
دَمہ (ف) ، بھکنی (۲) دھونکنی (۳) مرض ضیق النفس -
دُمی (ع) ، دُمیہ کی جمع -
دَمی چند (ف) ، چند لمحات -
دِمیاط (ع) ، مصر کے ایک مشہور شہر کا نام -
دِمیاطی (ع) ، منسوب بہ دمیاط شہر - دمیاط کا ایک قسم کا نہایت عمدہ کپڑا -
دمیدگی (ف) ، اُبھار -
دمیدن (ف) ، اُگنا (۲) اُگانا (۳) گپ مارنا (۴) جوش مارنا (۵) حملہ کرنا (۶) سانس لینا (۷) دم کرنا (۸) پھونکنا (۹) ہوا چلنا (۱۰) طلوع کرنا - یہ لفظ لازم اور متعدی کی دونوں طرح پر آتا ہے -

دم یکے کردن (ف) ، باہم موافق ہونا -
دُمیم (ع) ، زشت رُو - بدشکل - بدصورت -

## د - ن

دَنّ (ع) ، بڑا مٹکا - مٹھو - فارسی والے بلا تشدید نون استعمال کرتے ہیں -
دَناءۃ (ع) ، کبڑا ہو جانا -
دَناءۃ (ع) ، کمینہ اور حقیر ہونا -
دَنادِنُ الثیاب (ع) ، کپڑوں کی شکنیں -
دِنان (ع) ، دَنّ کی جمع - مٹکے -
دَنانیر (ع) ، دینار کی جمع - اشرفیاں -
دُنب (ف) ، دُم - پونچھ -
دَنبال (ف) ، مسخرہ -
دُنبال (ف) ، دُم - پونچھ (۲) کسی چیز کا پیچھا -
دُنبال آمدن (ف) ، پیچھے آنا -
دُنبال افگندن (ف) ، پیچھے چھوڑ جانا -
دُنبال دادن (ف) ، جاری رکھنا -
دُنبال داشتن (ف) ، جاری ہونا - طویل ہونا -
دنبال رفتن (ف) ، پیچھے یا عقب میں جانا -
دُنبال کردن (ف) ، پیچھا کرنا -
دُنبال ماندہ (ف) ، پیچھے رہا ہوا -
دُنبالہ (ف) ، دُم - پیچھا -
دُنبالہ دار (ف) ، دُم دار (۲) گچھے والا -
دُنبک (ف) ، ایک قسم کا لمبی دُم والا ڈھول -
دُنبل (ف) ، پھوڑا (۲) زخم -
دُنبہ (ف) ، سرین - چوتڑ (۲) دم (۳) چکتی جو چوڑی سی مینڈھے کی دُم پر ہوتی ہے (۴) ایک قسم کے کھانے کا نام - (۵) مکر و فریب -
دُنبہ بر وردن / دُنبہ دادن / دُنبہ نہادن } (ف) ، فریب دینا (۲) غافل کرنا -
دُنبہ داشتن (ف) ، خوب موٹا تازہ ہونا - فربہ و چاق -
دنج (ف) ، تنہائی کی جگہ - گوشۂ عافیت -
دنج گزیدن (ف) ، آرام سے گوشۂ تنہائی میں رہنا -
دَند (ف) ، دنداں کا مخفف - دانت -
دَند (ف) ، نڈر (۲) نادان (۳) فقیر (۴) مفلس (۵) پسلی کی ہڈی (۶) بد دیانت - خائن (۷) کنگھی (۸) جولاہوں کے ایک اوزار کا نام جس کے ہر دندانہ سے تانا کا ایک ایک تار نکالتے ہیں (۹) حب السلاطین یعنی جمال گوٹہ (۱۰) ہر

Marfat.com

خشک اور کسیلی چیز جو منہ خشک اور صاف کرے ۔ جیسے مازو وغیرہ (۱۱) ایک قسم کے گداگر جو ایک ہاتھ میں بکری کا سینگ اور دوسرے میں شانہ کی ہڈی لے کر دکان پر کھڑے ہو کر ان سے آواز نکالتے ہیں تاکہ دکان دار کچھ دے ۔ اور اگر دکان دار کچھ نہ دے تو چھری سے اپنے جسم کو زخمی کرتے ہیں ۔

دُندا (ف)، خراب و تباہ ۔

دُندان (ف)، دانت (۲) مجازاً توقع (۳) طمع (۴) منہ (۵) بوسہ (۶) مضائقہ (۷) دریغ ۔

دُندان آبریز
دُندان ابریز
دُندان آبرلیش
دندان ابریش
} (ف)، خلال ۔ دانت کریدنے کا تنکا ۔

دُندان از بیخ برکندن (ف)، نہایت ذلیل کرنا (۲) نہایت عاجز کرنا ۔

دندان از خشم خائیدن (ف)، غصے سے دانت پیسنا ۔

دندان آفریز
دندان آفریش
} (ف)، خلال ۔ دانت کریدنے کا تنکا ۔

دندان افگندن (ف)، دانت اکھیڑ پھینکنا ۔

دندان باز فرد بردن (ف)، طمع کرنا ۔

دُندان بخود بُردن (ف)، برداشت کرنا ۔ صبر کرنا (۲) کاٹنا (۳) خون کرنے پر آمادہ ہونا ۔

دُندان بدندان زدن (ف)، حسرت و افسوس کرنا ۔

دندان برآوردن (ف)، دانت اکھیڑنا ۔ دانت نکالنا ۔

دُندان بر چیزے داشتن (ف)، کینہ رکھنا ۔ بغض رکھنا ۔

دندان برکندن (ف)، مغلوب کرنا (۲) ذلیل کرنا ۔

دندان بزہر خائیدن (ف)، سخت دشمنی اور عداوت کی بات کرنا ۔

دندان بفارسی نہادن (ف)، بات سمجھنا (۲) بات قبول کرنا ۔

دُندان بکلام شکستن (ف)، نہایت ذلیل کرنا (۲) عاجز و مغلوب کرنا ۔

دُندان بکام فرو بردن (ف)، کامیاب ہونا (۲) غضب اور غصہ کرنا ۔ (۳) غالب آنا ۔

دندان بلند (ف)، بوڑھا گھوڑا ۔

دندان بلوغ (ف)، دانائی کا دانت ۔ جسے عرف عام میں عقل داڑھ کہتے ہیں ۔

دندان بہم خوردن (ف)، دانت کٹکٹانا ۔

دندان تیز کردن (ف)، طمع کرنا (۲) عداوت اور کینہ رکھنا (۳) چمٹ جانا ۔

دندان ثنایا (ف)، وہ چار دانت جو غذا کو ریزہ ریزہ کرتے ہیں ۔

دندانِ حوت (ف)، مینہ (۲) آنسو ۔

دندان خرد (ف)، عقل داڑھ ۔

دندانِ خوئی شُدن (ف)، مکروہات پر تحمل کرنا ۔

دُندان داشتن (ف)، لالچ کرنا (۲) اُمید رکھنا ۔ عداوت اور کینہ رکھنا ۔ کسی کام میں پوری پوری کوشش کرنا ۔

دُندان دراز (ف)، لالچی ۔ حریص ۔

دندان دراز کردن (ف)، لالچ کرنا ۔ حرص کرنا ۔

دندان را اشتر شکستہ و ناوان را خرداد (ف)، کرے کوئی بھرے کوئی ۔

دندان ریخش (ف)، کھانا کھلانے کے بعد جو رقم کسی کو دی جائے ۔ دانت گھسائی ۔

دُندان زدن (ف)، دانت کاٹنا (۲) دشمنی کرنا (۲) برابری کرنا ۔ (۴) کینہ نکالنا (۵) پیٹنا ۔

دُندان زن (ف)، گھر کے افراد ۔ گھر میں کھانے والے افراد ۔

دُندان زنی (ف)، دشمنی ۔ عداوت ۔ کینہ (۲) لڑائی ۔

دندان ساز (ف)، دانتوں کا علاج کرنے والا ۔ مصنوعی دانت بنا کر لگانے والا ۔

دندان سائیدن (ف)، دانت کٹکٹانا ۔

دندان سپید (ف)، شگفتہ ۔ خنداں ۔

دندان سپید کردن (ف)، ہنسنا ۔ مسکرانا (۲) خوش ہونا (۳) عاجز ہونا ۔ (۴) عاجزی کرنا ۔

دندان سُرخ کردن بچیزے (ف)، کسی چیز کی خواہش کرنا ۔ کسی چیز پر راغب ہونا ۔

دُندان سفید (ف)، دیکھو دندانِ سپید ۔

دندان سفید کردن (ف)، دیکھو دندانِ سپید کردن ۔

دندان شکستن (ف)، دانت توڑنا ۔

دندان شکن (ف)، دانت توڑنے والا (۲) لاجواب کرنے والا ۔ سردبانی ۔

دُندان صُبح (ف)، صبح کی سفیدی ۔

دندان طمع داشتن (ف)، لالچ کرنا ۔

دندان طمع کندن (ف)، بے لالچ ہونا ۔

دندان فریز
دندان فریش
} (ف)، خلال ۔ دانت کریدنے کا تنکا ۔

دندان فگن (ف)، ایک قسم کی مچھلی جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے ۔

دندان کاو (ف)، خلال ۔

دندان کردن (ف)، پھیرنا ۔

دندان کسے شمردن (ف)، کسی سے خوب واقف ہونا ۔

دندان کشیدن (ف)، دانت کو جڑ سے نکالنا ۔

دندان کناں (ف)، گڑگڑانے والا ۔ عاجزی کرنے والا (۲) خوف زدہ (۳) لالچ نہ رہنا (۴) بے قراری (۵) بے قدری ۔

دندان کند شدن (ف)، دانت کھٹے ہونا ۔

Marfat.com

دندان کوہ (ف) لعل یا یاقوت وغیرہ۔
دندان گیر (ف) کاٹنے والا گھوڑا یا کتا۔
دندانِ مُزد (ف) کھانا کھلانے کے بعد فقیر کو جو کچھ نقد دیا جائے۔
دندان نُما (ف) نمایاں - آشکارا (۲) غصے کو ظاہر کرنے والا۔
(۳) عاجزی کو ظاہر کرنے والا۔
دندان نمودن (ف) ہنسنا (۲) ڈرنا (۳) ڈرانا - دھمکانا۔
(۴) عاجزی کرنا (۵) گریہ وزاری کرنا۔
دندان نہادن (ف) رغبت کرنا (۲) قبول کرنا۔
دندانہ (ف) دانت کے مشابہ ہر چیز کا کنگرہ۔
دندانی کردن (ف) شرمندہ ہونا۔
دندانی کر در گند یا بد کشید (ف) بھٹ پڑے وہ سونا جو کانوں کو
تکلیف دے۔
دندش (ف) آہستہ بات کرنا جو دوسرا نہ سمجھ سکے۔
دَندَمہ (ف) مکھی کی بھنبھناہٹ (۲) کسی جگہ آمدورفت کرنا (۳)
آہستہ بات کرنا جو دوسرا سمجھ نہ سکے۔
دندہ (ف) پسلی - دندانے دار چکر۔
دندہ ماشین (ف) جس سے مشین کی حرکت کو تیز یا آہستہ کیا جاتا
ہے۔
دندہ ناں نرم شود (ف) بددعائیہ کلمات - تم مر جاؤ۔
دندیدن (ف) غصے سے جوش میں آنا (۲) بڑبڑانا۔
دنگ (ف) حیران (۲) دیوانہ (۳) احمق۔
دنگل (ف) کشتی لڑنے کی جگہ - لڑائی کا مقام۔
دنگی (ف) دھان کوٹنے والا اوزار۔
دُنو (ع) نزدیکی - قرب (۲) نزدیک ہونا۔
دَنِی (ع) پست ہمت (۲) نالائق (۳) کمینہ - فارسی میں بلا تشدید
مستعمل ہے - یہ لفظ دناءت سے مشتق ہے۔
دَنی (ع) نزدیک - قریب (۲) ناکس - حقیر - یہ لفظ دنو سے
مشتق ہے۔
دُنیا (ع) دنو سے مشتق ہے - قریب کی چیز (۲) یا ادنیٰ کی مؤنث۔
(۳) کمینی - ناکس (۴) یعنی یہ عالم - جہان۔
دُنیا پرست } (ف) بخیل - کنجوس۔
دُنیا دوست }
دنیوی (ع) منسوب بہ دنیا - دنیا کی چیزیں۔
دنیہ (ع) کمینی - نالائق۔

---

## د - و

---

دَو (ف) دویدن مصدر سے امر - دوڑ۔
دَوّ (ع) جنگل - بیابان۔
دو (ف) اثنان - ایک کا دوگنا۔

دوء (ع) بیمار ہونا۔
دَوَاء (ع) دارو۔
دَوَابّ (ع) دابہ کی جمع - سواری اور باربرداری کے جانور جیسے گھوڑا۔
اونٹ - گدھا - بیل وغیرہ - فارسی میں بلا تشدید بائے
آتا ہے۔
دوات (ع) سیاہی رکھنے کا برتن۔
دوات دار (ف) سیکرٹری - دبیر۔
دو آتش (ف) معشوق کے دونوں ہونٹ۔
دو آتشہ (ف) دو دفعہ کھینچی ہوئی تند و تیز شراب یا کوئی عرق وغیرہ۔
دَواج }
دُواج } (ف) بالاپوش (۲) لحاف (۳) قبا۔
دُوّاج }
دِواج (ع) لباس۔
دواجن (ع) پالتو بکریاں۔
دواخانہ (ف) شفاخانہ - کلینک۔
دوا دو (ف) ہر طرف دوڑنا (۲) پے درپے دوڑنا۔
دَوّار (ع) دورہ کرنے والا (۲) بہت پھرنے والا۔
دُوار (ع) ایک مرض کا نام جس سے سر پھرا کرتا ہے۔
دوازدہ (ف) بارہ - عشرہ - ۱۲۔
دوازدہ امام (ف) بارہ امام یعنی حضرت علیؓ - امام حسنؓ -
امام حسینؓ - امام زین العابدینؓ - امام باقرؓ - امام جعفرؓ -
امام موسیٰ کاظمؓ - امام موسیٰ رضاؓ - امام نقیؓ - امام تقیؓ -
امام نقیؓ - امام حسن عسکری - امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
دوازدہ جوسق (ف) آسمان کے بارہ برج۔
دوازدہ مقام (ف) موسیقی کے بارہ مقام - راست[۱] - صفاہان یا
نوا[۲] - بوسلیک[۳] - عشاق[۴] - زیر - بزرگ[۵] - زیر کوچک[۶]
حجاز[۷] - عراق[۸] - زنگلہ[۹] - حسینی[۱۰] - راہاوی[۱۱] - نوائیہ[۱۲] - ایرانی
موسیقی کے یہی بارہ مقام ہیں۔
دواساز (ف) کیمسٹ - کمپاؤنڈر۔
دواسپہ (ف) جلدی - تعجیل - سرعت۔
دو اصطرلاب (ف) سورج اور چاند۔
دَوَاعی (ع) داعیہ کی جمع - بلانے والی چیزیں (۲) خواہشیں
(۳) بواعث (۴) محرکات۔
دَوافع (ع) دافع کی جمع - دفاع کرنے والے۔
دُوال } (ف) چمڑے کا تسمہ (۲) نقارہ کی چوب - جو موٹے تسمہ کی ہوتی
دَوال } ہے (۳) مکر - حیلہ (۴) تکرار (۵) ازدر۔
دوال از پشت شیر کشیدن (ف) بہت ہی طاقت ور اور
توانا ہونا۔
دُوال باز (ف) دغاباز - فریبی۔
دُوال بازی (ف) ایک قسم کا جوا جو باریک تسمہ سے کھیلا جاتا ہے۔
دُوال در گلو کردن (ف) گلا گھونٹنا۔

Marfat.com

دُوال قصب (ف) گریبان کا حلقہ۔
دُوالک / دُوالک } (ف) دوال کی تصغیر۔
دوالک باختن (ف) مکر و فریب کرنا۔
دوالک بازی (ف) مکاری (۲) بے حیائی۔
دُوال کشادن (ف) اُڑنا۔ پرواز کرنا۔
دُوال کمر (ف) چمڑے کا پٹکا۔ پیٹی۔
دُوالہ (ف) پھار پھیلا۔ سنبل الطیب۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام (۲) یعنی دوال بھی آیا ہے۔
دَوالیب (ع) دولاب کی جمع۔ رہٹ۔ کنویں سے پانی نکالنے کی چرخی۔
دَوام (ف) ہمیشگی۔
دُوام (ف) دوار۔ سر پھرنے کی بیماری۔
دوام دادن (ف) کسی کو پائیداری بخشنا۔ ہمیشگی عطا کرنا۔
دوام داشتن (ف) پائیداری ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔
دوام کردن (ف) زندہ جاوید رہنا۔
دوال (ف) دوڑتا ہوا (۲) دوڑنے والا۔
دَوانَدن (ف) شرمندہ کرنا۔ دوڑانا (۲) کسی کو بنانا۔ مزاح کرنا۔ (۳) ایسی بات کہنا جس کے ظاہراً معنے تعریف کے ہیں اور اصل میں مذاق کے معنے نکلتے ہوں۔
دَوال دَوال آمدن (ف) بھاگتے ہوئے آنا۔
دَوانیدن (ف) دوڑانا۔
دَواوین (ع) دیوان کی جمع۔ دفتر (۲) غزلیات کے دیوان۔
دَوَاءُ المِسک (ع) ایک معجون کا نام جس کا جز و اعظم مشک ہے۔ دل کو تقویت دینے والی معجون۔
دَوائر (ع) دائرہ کی جمع۔ حلقے۔ گول لکیریں (۲) سختیاں جاننے (۳) پھرنے والے۔
دوائر صغیرہ (ع) حکماء کے آسمان پر فرض کیے ہوئے چھوٹے دائرے جو بہت سے ہیں۔ دائرہ صغیرہ کی جمع بھی ہو سکتی ہے جو زمین کے دائرے ہیں دیکھو دائرہ صغیرہ۔
دوائر عظیمہ (ع) آسمان کے بڑے بڑے دائرے جو حکماء نے فرض کیے ہیں یعنی دائرہ معدل النہار۔ دائرہ منطقۃ البروج۔ دائرہ مارہ بالاقطاب الاربعہ۔ دائرہ میل۔ دائرہ عرض۔ دائرہ افق۔ دائرہ نصف النہار۔ دائرہ اول السموات۔ دائرہ ارتفاع۔ دائرہ وسط السماء۔ زمین کے بڑے بڑے دائرے کو بھی دائرہ عظیمہ کہتے ہیں اور یہ لفظ اس کی جمع بھی ہو سکتا ہے۔ دیکھو دائرہ عظیمہ۔
دَوائر فلکی / دوائر فلکیہ } (ف) آسمان کے دائرے۔ دوائرہ۔ (ع) دوائر صغیرہ دوائر عظیمہ۔
دَوب (ع) کوشش کرنا (۲) کام میں تکلیف پانا۔
دوبارہ (ف) دوسری دفعہ۔ مکرر۔

دوبالا (ف) دُگنا۔
دوبالا کردن (ف) بلند کرنا۔
دو بام دریک مغز بودن (ف) ایک جان اور دو قالب ہونا۔ بہت محبت ہونا۔
دو بامہ (ف) وہ کبوتر جو کبوتر خانے میں نہ رہے۔ جابجا بیٹھنے والا۔
دُو بدُو (ف) رُوبرو۔ سامنے۔
دُو برجی (ف) ہر جگہ بیٹھ جانے والا کبوتر۔ فضول اُڑنے والا کبوتر۔
دو بہم زن (ف) چغل خور۔
دو برہم زنی (ف) چغلی لگا کر دو آدمیوں کو آپس میں لڑا دینا۔
دوبل (ع) سُور (۲) نر سُور (۳) سفید و سیاہ ملے ہوئے رنگ کا بھیڑیا (۴) لومڑی (۵) گدھے کا بچہ۔
دو بیتی خواندن (ف) گیت گانا (۲) الاپنا۔
دو بادشاہ تہار (ف) دن اور رات۔
دو پروانہ (ف) رات اور دن۔
دو پرویزی (ف) دو دفعہ چھانا ہوا آٹا۔
دو پیازہ (ف) ایک قسم کا سالن جو گوشت میں پیاز ڈال کر پکایا جاتا ہے۔
دو پیکر (ف) بُرج جوزا۔ دو رنگ سے بھی مراد ہوتی ہے۔
دَوتا (ف) کُبڑا (۲) جھکا ہوا (۳) دُگنا۔
دوتار (ف) دوتارہ (۲) ستار۔
دوتا شدن (ف) جُدا ہونا۔ دو حصوں میں تقسیم ہونا۔
دوتائی (ف) دو لڑی۔
دوتاہ (ف) دُگنا۔ دوہرا۔
دو ترکہ (ف) ایک گھوڑے، گدھے یا خچر یا سائیکل پر دو آدمیوں کا سوار ہونا۔
دو تن نہ چو یک تن است (ف) ایک اکیلا اور دو گیارہ۔
دو تیغ (ف) دو دھاری تلوار۔
دو تیغہ باز (ف) دونوں ہاتھوں سے تلوار مارنے والا۔
دو تیغہ بازی (ف) پٹہ بازی۔ سپہ گری کا کمال ہنر۔
دو جہاں (ف) دُنیا اور آخرت۔
دو چار (ف) مقابل (۲) ملاقات (۳) دوبارہ۔
دو چار شدن (ف) مقابل ہونا (۲) ملنا۔
دو چرخہ (ف) بائیسکل۔
دو چشمہ (ف) سُورج اور چاند (۲) رات اور دن۔
دو چشمۂ رواں (ف) رونے والے کی دو آنکھیں (۲) دودھ والی عورتوں کے دو پستان۔
دو چند (ف) دُگنا۔ مضاعف۔
دو چوبہ (ف) خیمہ کی ایک قسم۔
دوح (ع) دوحہ کی جمع۔ بڑے بڑے درخت۔
دو حرف / دو حرف بے نوا } (ف) عربی کے لفظ کُن سے مراد ہے جس کے معنی ہیں ہو جانا۔ خدا تعالیٰ نے روز ازل مخلوقات کے پیدا کرتے وقت یہ لفظ فرمایا تھا۔ جس سے

Marfat.com

تمام عالم اسی وقت موجود ہوگیا۔
دَوخ (ع) خوار ہونا (۲) شہروں پر غالب ہونا۔
دوخ (ف) جنگل جس میں گھاس وغیرہ نہ ہو (۲) بغیر پتوں کے شاخ (۳) بغیر بالوں کے سر (۴) بے داڑھی مونچھ والا۔
(۵) بوریا بنانے کی ایک گھاس کا نام۔

دوخاتون
دوخاتون بینش } (ف) آنکھ کی پُتلیاں (۲) سُورج اور چاند۔

دوخادم حبشی و رُومی (ف) رات اور دن۔
دوخت (ف) سِلائی۔ سینا (۲) دُودھ دوہنا (۳) فرض ادا کرنا۔
دوختن (ف) سینا (۲) دُودھ دوہنا (۳) مال جمع کرنا۔
دوختہ فروش (ف) سِلے سلائے کپڑے بیچنے والا۔
دوخلہ (ع) کھجور کے پتوں کا ٹوکرا (۲) زنبیل۔
دوخواہر (ف) دو ستارے جن کے نام شعریٰ یمانیہ اور شعریٰ شامیہ ہیں۔
دُود (ف) دھواں (۲) غبار (۳) سانس (۴) رنج و غم (۵) سیاہی (۶) فوج۔ لشکر۔
دُود (ع) دودۃ کی جمع۔ کیڑے۔
دُود از دماغ بر آمدن (ف) رنج اُٹھانا (۲) ہلاک ہونا۔
دُود از سر بلند شدن (ف) حیران و ششدر ہو جانا۔
دود آسا (ف) دھوئیں کی مانند۔
دُود آلود (ف) دھوئیں دار۔
دُود آہ (ف) آہوں کا دھواں۔
دُود آمیج (ف) وہ مٹی کا پیالہ جسے چراغ کے اُوپر چراغ کی سیاہی لینے کے لیے لٹکاتے ہیں اور اس سے لکھنے کی سیاہی بناتے ہیں۔

دُود آہنج
دُود آہنگ } (ف) دھواں باہر جانے کا روزن۔

دُود الحریر
دُود القز } (ع) ریشم کے کیڑے۔

دُود بر آوردن (ف) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا (۲) جلانا (۳) ہلاک کرنا۔
دُود بر انگیختن (ف) جلانا (۲) تباہ کرنا۔
دُود بسوئے آسمان رود (ف) دُنیا دولت مندوں کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔
دُودِ جگر (ف) آہ۔
دُودِ چراغ (ف) ایک قسم کا عمدہ خربوزہ۔
دُود خانہ (ف) دودمان۔ خاندان۔

دُودِ دِل
دُود دَم } (ف) آہ۔

دُودِ دِل خالی کردن (ف) دِل کا درد کہنا۔ دِل کا دُکھ بیان کرنا۔

دو دست زدن (ف) خوشی کرنا۔
دو دست گرفتن و درآویختن (ف) نہایت بے تکلفی اور بے حجابی کرنا۔

دو دستی بہ تیغ آویختن
دو دستی زدن تیغ } (ف) دو دستی تلوار چلانا۔ دونوں ہاتھوں میں تلواریں لے کر مارنا۔

دُود کردن (ف) ظاہر کرنا (۲) ظاہر ہونا (۳) ظہور۔
دُودکش (ف) دیکھو دود آہنگ۔

دو دل
دو دِلہ } (ف) پراگندہ خاطر۔ متردد (۲) منافق۔

دُودمان (ف) قبیلہ۔ کنبہ۔ خاندان۔
دُودِ مشعل (ع) سامان (۲) جاہ و حشمت (۳) ایک قسم کا خربوزہ۔

دُود ہنج
دُود ہنگ } (ف) دیکھو دود آہنج اور دُود آہنگ۔

دُودی (ف) فقیروں کا دھواں (۲) الاؤ۔
دُودی کردن کلیان (ف) حقے کا پہلا کش لگانا۔ پہلا گھونٹ پینا۔
دَور (ع) گول ہونا (۲) گردش (۳) چکر لگانا (۴) پھیرنا (۵) عہد (۶) زمانہ گذشتہ (۷) سبقوں کا تکرار کرنا۔ یعنی بار بار پڑھنا۔ تاکہ بھول نہ جائے۔ (۸) اِصطلاح میں ایک شئے کا اسی ذات پر آٹھہرنا۔ اور دوسری شے کا پھر اسی پہلی شئے پر آٹھہرنا۔ علیٰ ہذا۔ جیسے مُرغ کا وجود انڈے پر موقوف ہے۔ اور انڈے کا مُرغ پر (۹) نجومیوں کی اِصطلاح میں ہر دَور تین سو ساٹھ سال کے عرصہ کا نام ہے۔ (۱۰) علم حساب میں کسر متوالی کے وہ ہندسے جو بار بار آئیں۔
دُور افتادہ (ف) بے سمجھ آدمی (۲) فراق زدہ۔ مہجور۔
دَوران (ف) آسمان کی گردش (۲) زمانہ (۳) سر کے چکر۔
دُور اندیش (ف) دُور کی بات سوچنے والا۔ انجام بین۔
دُورباش (ف) وہ دو شاخہ نیزہ جس کی چوب جواہرات سے مرصع ہوتی ہے۔ یہ بادشاہوں کی سواری کے آگے رہتا ہے تاکہ لوگ اسے دیکھ کر ہٹ جائیں۔ (۲) آہ سے بھی مراد ہے۔
دُوربار (ف) وہ نیزہ جو اگلے زمانہ میں بادشاہ کی سواری کے دونوں طرف لے کر چلتے تھے۔
دُوربین (ف) انجام بین۔ دُور اندیش (۲) ایک آلہ کا نام جس سے دُور کی شے قریب نظر آتی ہے۔
دُورترک (ف) بہت دُور۔
دورِ چرخ (ف) آسمان کی گردش۔
دور رخ نہادن (ف) بے بس کرنا۔ مات کرنا۔
دُور دست (ف) بہت دُور مقام جہاں پہنچنا مشکل ہو (۲) وہ چیز جس کا ملنا دشوار ہو۔
دورِ زمان (ف) زمانے کی گردش۔

Marfat.com

دَورَق (ع)، شراب کا پیمانہ (۲) پانی سے بھرا ہوا حوض (۳) گوشہ دار گھڑا۔

دَورِ قمر (ع)، چاند کا دَور جو سب سیاروں سے پیچھے خیال کیا جاتا ہے۔ ہر سیارہ کا دَور سات ہزار سال شمسی تک رہتا ہے۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ چاند کے دَور کے ابتدا ہی میں عالمِ وجود میں آئے تھے۔

دَور کردن (ف)، گھیرا ڈال لینا۔ حلقہ بنانا۔

دَور کسے گرفتن (ف)، کسی کے گرد جمع ہونا۔

دَور کسے گردیدن (ف)، کسی کے گرداگرد پھرنا۔

دَورِ گوشمال (ف)، ظلم اور فتنہ کا زمانہ (۲) تنگ دستی اور حادثات کا زمانہ۔

دُور گیر (ف)، بڑا بادشاہ۔

دورنگ / دورُو } (ف)، منافق۔

دورُوئی (ف)، نفاق۔

دورِویہ (ف)، دو طرفہ۔ دونوں جانب۔

دَورہ (ع)، گردش۔ گشت۔ پھراؤ (۲) گرداگرد پھرنا (۳) دائرہ (۴) شراب کا پیمانہ (۵) زُلف۔

دَورۂ تحصیلات (ف)، تعلیمی پریڈ۔

دَورہ گرد (ف)، پھیری والا۔ آوارہ گرد۔ بیکار۔

دَورہ (ف)، چھوٹا مرتبان۔

دُوری (ف)، دُور ہونا (۲) بہت فاصلہ۔ نزدیکی کی ضد۔

دُوری کن (ف)، دشمن (۲) وہ بات جو نفاق ڈلوائے۔

دُوری و دوستی (ف)، دُور رہ کر دوستی نبھانا۔

دوزانیدن (ف)، سلانا۔

دوزائے (ف)، بانسلی۔ گویّوں کے بجانے کی نَے۔

دوزبان (ف)، منافق۔ ریاکار (۲) قلم (۳) سانپ۔

دوزخ (ف)، نرک۔ جہنم۔

دوزخ بان (ف)، داروغۂ دوزخ۔

دوزخی (ف)، منسوب بہ دوزخ۔ جہنمی۔

دوزندگی (ف)، کپڑے سینا۔ درزی گری۔

دوزنہ (ف)، سوئی کی نوک (۲) بھڑ کا ڈنک۔

دوزیدن (ف)، سینا۔ دوختن۔

دوزیرہ (ف)، ایک قسم کے چاول۔

دوزیست (ف)، خشکی اور تری میں زندگی بسر کرنے والے جانور جیسے مینڈک۔

دوژخ (ف)، دوزخ۔ جہنم۔

دوژخی (ف)، دوزخی۔ جہنمی۔

دوژہ (ف)، بھِڑ یا بھڑ کا ڈنک۔

دَوسس (ع)، کھلیان کوٹنا (۲) پامال کرنا (۳) جلا دینا صیقل کرنا چمکانا۔

دوست (ف)، دوسیدن مصدر سے امر کا صیغہ ہے۔ چسپیدہ۔ پیوستہ۔ (۲) یار۔ محب۔ پیارا۔ ساتھی۔ یک دل۔ دشمن کی ضد۔

دوستار (ف)، پیارا۔ محبت۔

دوست انگیز (ف)، دوست بنانے والا۔

دوست دار (ف)، ہمکار۔ ساتھی۔

دوست داشتن (ف)، پسند کرنا۔ کسی شخص یا چیز کو عزیز جاننا۔

دوست کام (ف)، وہ شخص جس کا مطلب دوستوں کی مراد کے مطابق حاصل ہو۔

دوست کامی (ف)، اپنے حصّہ کا جام شراب دُوسرے کو دینا۔ (۲) جام شراب جو دوست آپس میں ایک دُوسرے کو دیتے ہیں۔ کہ فلاں شخص کی یاد میں نوش کرو (۳) دُوسرے کی تواضع کرنا۔

دوست کانی (ف)، دوست کامی کا مرادف۔

دوستی (ف)، یاری۔ پیار۔ یارانہ۔ محبّت۔

دوسَر (ف)، ریاکار۔ منافق۔ جس کا باطن بُرا اور ظاہر اچھا ہو۔

دوسَرائے (ف)، دوجہاں۔ دُنیا اور آخرت۔

دوسَری (ف)، نفاق (۲) ایک قسم کا خیمہ (۳) کجاوہ۔ ڈھانپنے کا کپڑا۔

دوسہ (ف)، دوتین۔

دوسیدن (ف)، پیوستہ ہونا۔ چپکنا۔

دوش (ف)، کندھا۔ مونڈھا (۲) گزشتہ رات۔

دوشا (ف)، دودھ دینے والا مویشی۔ جیسے گائے۔ بھینس۔

دوشابِ دِل (ف)، خلیق۔ ملنسار (۲) جس کا دِل ہر وقت کسی شے کی خواہش کرے۔

دوشابِ دِلی (ف)، ہر دم کسی چیز کی طرف رغبت کرنا۔ جیسے حاملہ عورتوں کو بعض چیزوں سے رغبت ہوتی ہے۔

دوشاخہ (ف)، دو شاخوں والی لکڑی جسے سزا کے طور پہ مجرموں کی گردن پر رکھتے ہیں۔

دوشال / دوشالہ } (ف)، پشمینہ کی کامدار چادر۔ فرد۔

دوشاہیں (ف)، دو ستارے۔ نسر الطائر اور نسر الواقع۔ (۲) ترازو کا دستہ (۳) ایک قسم کا پیکان۔

دوشانیدن (ف)، دُودھ دوہنا یا کسی سے دُودھ نکلوانا۔

دَوش بَر زَدن (ف)، خوشی کرنا (۲) مغرور ہونا۔

دوش خُوردن (ف)، صدمہ اُٹھانا۔

دوش دادن (ف)، مدد کرنا۔

دوش زَدن (ف)، شانہ ہلانا (۲) آگاہ کرنا (۳) کسی کام پر آمادہ کرنا (۴) برابری کرنا۔

دوشنبہ (ف)، سوموار۔ پیر کا دن۔

دوشنبہ بازار (ف)، کھُلے بازار میں سامان بیچنے کا دن۔

Marfat.com

دوشندہ (ف)، دُودھ دُہنے والا۔

دوشنہ } (ف)، دُودھ دُہنے کا برتن۔
دوشہ }

دوشیدن (ف)، دُودھ دُہنا۔

دوشیزگان (ف)، کنواری لڑکیاں۔

دوشیزگان جنّت (ف)، حورانِ بہشت۔

دوشیزگی (ف)، کنوارپن۔ باکرہ پن۔

دوشیزہ (ف)، کنواری عورت۔ باکرہ۔

دو صاد (ف)، دونوں آنکھیں۔

دو صحن (ف)، زمین و آسمان۔

دو صد (ف)، دو سو (۲) بہت سے۔

دو صد گفتہ چو نیم کردار نیست (ف)، قول کی نسبت فعل بہت بلند چیز ہے۔

دو طفلِ پسندیدہ }
دو طفلِ نوُر } (ف)، آنکھوں کی پتلیاں۔
دو طفلِ ہندُو }

دو طوطی (ف)، معشوق کے دو لب۔

دو عالم برہم زدن (ف)، دونوں عالم کا تباہ و ویران کرنا۔ (۲) تہ و بالا کرنا۔

دو عملی (ف)، بدانتظامی۔

دُوغ (ف)، چھاچھ۔ لسّی۔

دُوغ آبہ (ف)، دُودھ کی لسّی۔

دُوغبا (ف)، چھاچھ سے بنا ہوا سالن۔ کڑھی۔

دوغ خوُردن (ف)، غلطی کھانا۔

دُوغو (ف)، گھی کی تلچھٹ۔ مسکہ گرم کرکے گھی نکالنے کے بعد جو چھاچھ رہ جاتی ہے۔

دُوغہ }
دوغینہ } (ف)، گھی صاف کرنے کا آلہ۔

دو قولی (ف)، جھُوٹی بات۔

دُوک (ف)، تکلا۔

دو کاک (ف)، آنکھ کی پُتلیاں۔

دو کانداری کردن (ف)، خوشامد کرنا۔

دُوک ریسہ (ف)، رسا بٹنے کی چرخی۔

دوک دان (ف)، چرخہ۔

دوک ریس (ف)، رسّی بٹنے والا۔

دوک ریسہ (ف)، وہ چرخی جس پر رسّی بٹتے ہیں۔

دو کعبتین (ف)، سُورج اور چاند۔

دو کون (ف)، دُنیا اور آخرت۔

دو کوہا (ف)، دو کوہانوں والا اُونٹ۔

دوگان (ف)، دُگنا۔

دوگانہ (ف)، دو رکعت نماز (۲) نمازِ شکرانہ (۳) توام۔ جڑواں۔

دوگانہ زدن (ف)، جڑواں بچے پیدا ہونا۔

دُوَل }
دِوَل } (ع)، دولت کی جمع۔ دولتیں۔

دول (ف)، ڈول (۲) بے حیا (۳) مکّار (۴) کیسہ۔ (۵) خریطہ۔ تھیلی۔

دُولا (ف)، پانی یا شراب کا گھڑا۔

دولاب } (ع)، رہٹ۔ کنوئیں کی چرخی (۲) گراری۔
دُولاب } (ف)، ہٹّ۔ الماری۔

دولاب گردانی (ف)، دوسروں کے مال پر کام کا مدار رکھنا (۲) بے سرمایہ ہونا۔

دولابہ (ف)، رہٹ۔ چرخی۔ گراری۔ ہٹّ۔

دولانہ (ف)، چھوٹے سیب کی شکل کا ایک پھل جس کی گٹھلی آڑو کی گٹھلی کی مانند ہوتی ہے۔

دولائی (ف)، دو تہہ والا کپڑا۔ جس میں استر اور ابرہ دونوں ہوں۔

دولب را چار کردن (ف)، منہ پر منہ رکھنا۔

دَول بند (ف)، دستار۔ پگڑی (۲) کمر بند۔ پٹکا۔

دَولت (ع)، دھن۔ مال (۲) زمانہ کا اقبال اور خوبی سے گردش کرنا۔

دولت بیدار (ف)، وہ مال جس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

دَولتِ تیز (ف)، وہ دولت جو کسی کو اُس کی قابلیت سے بڑھ کر یکایک مل جائے۔

دَولتِ جان پرور (ف)، حکیمانہ باتیں۔

دَولتِ خدُا (ف)، خدائے دولت۔ صاحب دولت۔ دولت مند۔

دَولتِ خدا داد (ف)، گنج بے رنج۔

دَولتِ خُدائی (ف)، خدائیے دولت۔ دولت مندی۔

دَولتِ خفتہ }
دَولتِ خوابیدہ } (ف)، وہ دولت جس سے فائدہ نہ اُٹھا سکیں۔

دولت خواہ (ف)، سرکار کا حمایتی۔

دولت دار (ف)، امیر۔ متمول۔

دَولت گزائے (ف)، نیا مال دار ہونے کے باعث لوگوں کو تکلیف دینے والا شخص۔

دولت مَند }
دَولتی } (ف)، صاحبِ دولت۔ امیر۔ مال دار۔

دولت مند شُدن (ف)، امیر کبیر ہونا۔

دولت یاب (ف)، امیر۔

دُوَل خارجہ (ع)، غیر سلطنتیں۔

دو لختِ دَر (ف)، دروازہ کے دونوں کواڑ۔

دَولہ (ف)، دائرہ۔ حلقہ۔ گول لکیر (۲) گرد باد۔ بگولا۔ (۳) شراب کا پیمانہ (۴) زلفِ معشوق۔

دُولیہ (ع)، بین الاقوامی۔

دُوُم }
دُوُمی } (ف)، دُوسرا۔

Marfat.com

دو مار رف، ضحاک بادشاہ۔ کیونکہ اس کے کندھوں پر دو سانپوں کا ہونا بتایا جاتا ہے۔ جو گوشت خورہ کی قسم کے دو پھوڑے تھے۔
دو مارِ سیاہ و سپید گزندہ رف، رات اور دن۔
دو مرجان رف، معشوق کے دونوں لب۔
دو مرغ رف، رُوح اور نفس ناطقہ (۲) یا صورت اور ہیولے۔
دو مستِ آہو رف، معشوق کی دو آنکھیں۔
دو مغز رف، بادام۔
دو مغز دریک بادام رف، یک جان اور دو قالب۔
دو مغزہ رف، موٹا۔ تازہ۔ فربہ۔
دو منزل رف، یہ دُنیا اور اگلی دُنیا۔
دو مو رف، سیاہ اور سفید بالوں والا۔ (۲) ادھیڑ عمر کا آدمی۔
دو میخ رف، قطب شمالی اور قطب جنوبی۔
دُون رع، سوا۔ غیر (۲) تھوڑا (۳) قریب (۴) نیچے (۵) سفلہ۔ حقیر۔ کمینہ۔
دُوناں رف، کمینے۔
دونانِ گرم و سرد رف، سُورج اور چاند۔
دون پرور رف، کمینوں کی پرورش کرنے والا۔ دُنیا۔
دوندگی رف، بھاگ دوڑ۔ دویدن کا حاصل مصدر۔
دوندہ رف، دوڑنے والا۔
دون صفت رف، ناکس۔ نا اہل۔
دون ہمت رف، کم ہمت۔ خسیس۔
دو نیم رف، ایک چیز کے برابر دو حصے۔
دو ہاروتِ کافر رف، ساحر کی آنکھیں (۲) معشوق کی آنکھیں (۳) معشوق کی زلفیں۔
دو ہندوی طفل رف، آنکھوں کی دونوں پتلیاں۔
دَوِی رع، کان کی آواز۔ اگر۔ آواز نرم اور غلیظ ہو۔ تو دوی کہتے ہیں۔ اور اگر باریک اور تیز ہو تو طنین کہتے ہیں (۲) ہوا کی سرسراہٹ (۳) مکھی اور مچھر کی بھنبھناہٹ (۴) پرندے کے پروں کی آواز۔
دُوئی رف، دو ہونا۔
دَویت رف، دوات کا امالہ۔ سیاہی رکھنے کا برتن۔
دَویت آشور رف، دوات میں سیاہی حل کرنے کی لکڑی یا میخ۔
دُویدن رف، دوڑنا۔
دویدن چشم رف، دیکھنا۔ کسی چیز کی تلاش میں بہت نظر دوڑانا۔
دُویرہ رف، منشی (۲) شاعر۔
دُوبیرہ رف، جُوا کھیلنے کا تسمہ۔
دُوبیست رف، دو سو۔ ۲۰۰۔

دَو یک رف، آخری سانس۔ دم واپسیں۔
دو یل رف، موٹا ریشم (۲) مکر۔ حیلہ۔ فریب۔

## د - ہ

دَہ رف، دس۔ ۱۰۔ عہ۔
دِہ رف، گاؤں (۲) اور کلمہ نفرین بھی ہے جیسے ہندی میں دُور ہو۔
دِہ رف، دادن مصدر سے امر۔ دے۔
دَہا رع، ذہانت۔ دانائی۔ تیزی۔
دَہا رع، مصیبت پہنچی (۲) آفت پہنچائی۔
دُہات رع، داہی کی جمع۔ ذہین۔ عقل مند۔
دِہات رف، دِہ کی جمع۔ گاؤں۔
دِہاتی رف، گاؤں کا رہنے والا۔ بدو۔ غیر مہذب۔
دَہار رف، کھوہ۔ غار۔ پہاڑ کا شگاف۔
دَہاز / دَہاژ } رف، چیخ پکار۔ نعرہ۔ فریاد۔ فغاں۔
دِہاق رع، بھرپور (۲) مالا مال (۳) لبالب۔
دَہاقین رع، دہقان کی جمع۔ کسان۔ دیہاتی۔
دَہالیز رع، دہلیز کی جمع۔ گھر اور دروازہ کی درمیانی جگہیں (۲) پانی ٹھہرنے کی جگہ (۳) دل کے اندر کی خالی جگہ۔
دِہان رع، سُرخ چمڑا (۲) دشمنی کا در گم ہو جانا۔
دِہان رع، دہن کی جمع۔ روغن (۲) تلچھٹ (۳) تری۔ (۴) ہلکی بارش۔
دَہان اژدر رف، بہت بڑا منہ۔
دَہان بآب کشیدن رف، وضو کرنا۔
دَہان باز کردن رف، منہ کھولنا۔ بولنا۔
دہان باز ماندن رف، حیران و پریشان ہونا۔
دَہان بند رف، وہ تعویذ جو بکریوں کے گلے میں بھیڑیے سے محفوظ رہنے کے لیے باندھتے ہیں (۲) زبان بندی کا تعویذ۔
دَہان بین رف، دوسروں کا مُنہ دیکھنے والا یا دوسروں کی ہاں میں ہاں ملانے والا۔
دَہان پُر آب گشتن رف، لالچ کرنا۔ لالچی ہونا۔
دَہان پشت رف، مقعد کا سوراخ۔
دَہان دریدہ رف، منہ پھٹ آدمی۔
دَہان ضیغم رف، بُرج اسد۔
دہ انگشت بدنداں گرفتن / دہ انگشت بر دَہان گرفتن } رف، نہایت عاجزی۔
دَہان غنچہ کردن رف، ناز و ادا کرنا یا مسکرانا۔
دَہان گرفتن کسے رف، کسی کو چپ کرانا۔
دَہان گرم داشتن رف، خوب کھل کر گانا۔

Marfat.com

دَہانگیر (ف)، لغوگو۔ بکواس سے لوگوں کا مُنہ بند کرنے والا۔
دہان لق بودن (ف)، راز چھپائے رکھنا۔ بے موقع بات کرنا۔
دہان لقی (ف)، ہرزہ سرائی۔
دہانہ (ف)، لگام (۲)، زنگار معدنی (۳)، منہ کے مشابہ چیزیں۔ جیسے
مشک کا مُنہ۔ چشمہ یا پہاڑ جہاں سے دریا نکلے۔
دہانہ کردن (ف)، گھوڑوں کے مُنہ پر توبرہ باندھ دینا۔
دَہانیدن (ف)، دینا (۲)، دلانا۔
دَہ پانزدہ (ف)، زیب و زینت۔
دَہ پنجی (ف)، کھوٹا سونا۔
دِہ چِہ (ف)، زمیندار۔ دیہاتی (۲)، رعیت کے لوگ۔
دَہ حواس (ف)، حواس خمسہ ظاہری اور حواس خمسہ باطنی۔
دِہ خدائے (ف)، گاؤں کا مالک۔ گاؤں کا رئیس۔
دہ دار (ف)، نمبردار۔
دَہ دِل (ف)، بہادر (۲)، منافق۔
دَہ دِلہ (ف)، بہادر (۲)، متلون مزاج (۳)، منافق (۴)، بے وفا
(۵)، متردد۔ پریشان (۶)، ہرجائی۔ (۷)، لامذہب۔

دَہ دَہ
دَہ دہی } (ف)، کھرا سونا۔ زرِ خالص۔

دَہر (ع)، زمانہ۔
دَہر نکوہی (ف)، زمانہ کو بُرا کہنا۔
دَہ روز (ف)، تھوڑا عرصہ۔ مُدّت قلیل۔
دَہرہ (ف)، خنجر (۲)، ایک قسم کا تیز ہتھیار جو درانتی کے مشابہ
ہوتا ہے اور دستہ اس کا لوہے کا ہوتا ہے۔
دَہرۂ صُبح (ف)، صبح کی روشنی۔
دَہری (ع)، اس فرقہ کا آدمی جو زمانہ کو قدیم خیال کرتا ہے اور
خدا کو نہیں مانتا۔ بلکہ مخلوقات کو خود بخود پیدا ہونے والا
کہتا ہے۔ اور قیامت کا قائل نہیں۔
دَہ رِیش (ف)، گھنی ڈاڑھی۔
دَہ زُبان (ف)، ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔
دَہ زُبانی (ف)، ایک بات پر قائم نہ رہنا۔
دِہ زدہ (ف)، ویران گاؤں۔
دِہستان (ف)، بمقابلہ شہرستان۔
دَہش (ع)، حیران (۲)، مدہوش۔
دَہش (ع)، حیران کرنا۔
دَہش (ع)، بخشش۔ سخاوت۔ اِنعام۔
دَہشت (ع)، خوف (۲)، پریشانی۔ حیرت۔
دُہشت (ف)، یگانگت۔ یک جہتی۔
دہشت انگیز (ف)، ڈراؤنا۔ خوفناک۔
دہشت زدہ (ف)، خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔
دہشت ناک (ف)، خوفناک۔ ڈراؤنا۔
دَہ عقل (ف)، حکماء کے نزدیک کل دس فرشتے ہیں جن سے
تمام عالم وجود میں آیا۔ یا وہی دس سے ہے جسے ملک یا
فرشتہ کہتے ہیں۔
دہقان (ع)، دہگان کا معرب۔ گاؤں والا۔ کسان۔ زمیندار۔
گنوار۔
دہقان پیر (ف)، تاریخ دان۔ مؤرخ (۲)، پرانی شراب (۳)، انگوری
شراب۔
دہقان خُلد (ف)، دربانِ جنّت۔ رضوان۔
دہقان وَرَد (ف)، تاریخ۔ دفترِ حساب۔

دہقانی
دِہقانیت } (ع)، گنوارپن (۲)، کھیتی کرنا۔

دَہقنت
دَہقنہ } (ع)، کسان بننا۔ زراعت کا کاروبار کرنا۔

دہکدہ (ف)، دیہاتی مکان۔ مکان جو گاؤں میں ہو۔
دہکدہ ویران شود زجور کدیور (ف)، ظالم کے ظلم و ستم سے آبادیاں
ویران ہو جاتی ہیں۔
دِہ کیا (ف)، گاؤں کا نمبردار۔ مقدم۔ مکھیا۔ چودھری۔ زمیندار۔
دَہگانی (ف)، زر کی ایک قسم جو قدیم زمانہ میں رائج تھی۔
دِہگانی (ف)، کسان ہونا۔ زراعت کا کاروبار کرنا۔
دِہ گر (ف)، دیہات کا باشندہ۔ گنوار۔
دُہل (ف)، ڈھول۔ نقارہ۔
دُہل باز (ف)، ڈھول بجانے والا۔
دُہل دَریدَن (ف)، کسی کو گانے سے روکنا (۲)، راز کو ظاہر کرنا۔
(۳)، رُسوا کرنا۔
دُہل دَریدَہ (ف)، رُسوا (۲)، چُپ۔ خاموش۔
دُہل زن (ف)، ڈھول بجانے والا۔
دِہلی (ف)، ہندوستان میں سب سے مشہور شہر جو قدیم الایام
سے اسی ملک کا دارالسلطنت ہے اور دریائے جمنا کے
کنارے آباد ہے۔
دَہلیز (ف)، کمرہ اور دروازہ کے درمیان کی جگہ۔
دَہلیزی (ف)، بے اصل باتیں۔ جھوٹی باتیں۔
دَہم (ف)، دسواں۔ ۱/۱۰۔
دُہمَت (ع)، سیاہی۔
دَہ مَردہ (ف)، وہ چیز جو دس مردوں کی طرف منسوب ہو یعنی
بہت زیادہ۔
دَہ مَردہ گو (ف)، گپی۔ جھوٹا۔ بکواسی۔
دَہن (ف)، دہان کا مخفف۔ مُنہ۔
دُہن (ع)، تیل۔
دَہن باب کشیدن (ف)، وضو کرنا۔
دَہن بند (ف)، دیکھو دہان بند۔
دَہن تر کردن بچیزے (ف)، پوچھنا۔ استفسار کرنا۔
دَہن تلخ بودن (ف)، گلہ کرنا۔

Marfat.com

دہن تلخ بودن از چیزے (ف) کسی کا گلہ کرنا۔
دہن تیغ (ف) تلوار کی دھار
دہن خوانی (ف) الزام دینا (۲) کسی بات کی تمسخر کے طور پر تقلید کرنا۔
دہن درّہ (ف) جمائی۔
دہن دریدہ (ف) مُنہ پھٹ۔ بے ہودہ گو۔ بے حیا۔
دہندگی (ف) بخشش۔
دہندہ (ف) دینے والا۔
دہن دیزی باز بود حیائے سگ کجا رفت (ف) ہنڈیا کا مُنہ کھلا تھا کتا ہی شرم کرلیتا۔ اس کی حیا کو کیا ہوا۔
دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ (ف) لالچی کے مُنہ میں کچھ نہ کچھ ڈال دو تاکہ وہ بکنے سے باز رہے۔
دہن سوز (ف) فائدہ مند۔ بہت گرم جو مُنہ جلائے۔ دلرُبا۔
دہنش آستر ندارد (ف) وہ گرم سے گرم شے بھی بڑی آسانی سے کھاسکتا ہے۔
دہنش بوی شیر دہد (ف) وہ ابھی بچہ ہے۔
دہن فرنگ (ف) زنگار معدنی۔ جو ایک پتھر ہے اور آنکھوں کی دوا میں کام آتا ہے۔
دہن فلاں چیز ندارد (ف) اس لائق نہیں۔
دہن کسے بستن
دہن کسے شیریں کردن } (ف) رشوت وغیرہ دے کر راضی کرلینا۔
دُہن مصری (ع) روغن بلسان۔
دُہنہ (ف) دریا کے نکلنے کی جگہ (۲) ملک کی سرحد (۳) زنگار معدنی۔
دہ نہ (ف) زیب و زینت۔ کیونکہ زیب کے عدد انیس ہیں۔
دُہنۂ فرنگ (ف) دہن فرنگ۔
دُہنیت (ع) چکناہٹ۔ چربی۔
دُہور (ع) دہر کی جمع۔ زمانے۔
دُہون (ف) دہان۔ منہ۔
دُہون (ف) یاد رکھنا (۲) کسی چیز کو محض یاد سے بغیر دیکھے پڑھنا۔
دہہ (ف) عشرہ۔
دہ ہفت (ف) ایک قسم کا ناقص زر جس کے دس مثقال میں تین مثقال کھوٹ ہوتا ہے۔
دہ ہلال (ف) دسوں انگلیوں کے ناخنوں کے سرے۔
دَہی (ع) دانائی۔ زیرکی۔ ہشیاری۔ ذہن کا تیز ہونا۔
دِہی (ف) دِہ کا رہنے والا۔ زمیندار۔ گنوار۔
دہیز (ف) جہیز۔
دہ یک (ف) دسواں حصہ جو زمین کے محصول سے لیا جاتا ہے (۲) عشر۔ محصول۔ خراج۔
دہ یک ستان
دہ یک گیرندہ } (ف) خراج وصول کرنے والا۔ محصول لینے والا۔

# د - ی

دِی (ف) گزرا ہوا کل کا دن۔ روز گزشتہ۔
دے (ف) دسویں شمسی مہینہ کا نام جو ماگھ کے لگ بھگ ہوتا ہے (۲) ہر شمسی مہینہ کی تویں تاریخ (۳) یہ لفظ بعض اوقات مطلق سرما کے معنوں میں بھی آتا ہے۔ کیونکہ اس مہینہ میں سورج کے برج جدی میں ہونے کے باعث سخت سردی ہوتی ہے۔
دِیاثتہ (ع) زبان کا پیچیدہ اور نرم ہونا۔
دِیار (ع) دار کی جمع۔ گھر (۲) شہر (۳) ملک۔
دَیّار (ع) صاحب خانہ (۲) باشندہ۔
دیار بکر (ع) شام کے ایک مشہور شہر کا نام۔
دیار مشرق (ف) مشرقی ممالک۔
دیار مغرب (ع) مغربی ملک۔
دِیاس (ع) پامال کرنا۔ پاؤں سے لتاڑنا (۲) کھلیان کو پاؤں سے روندنا۔
دَیّاس (ع) پامال کرنے والا (۲) کھلیان کوٹنے والا مرد۔
دِیاست (ع) دیکھو دیاس۔
دیاقوزا (ی) خشخاش کا شربت۔
دَیّان (ع) بدلا دینے والا (۲) قہر کرنے والا (۳) حساب کرنے والا (۴) خدا کا ایک صفاتی نام۔
دِیانت (ع) راستی۔ ایمان داری۔ دینداری۔
دیانت دار (ف) راست باز۔ ایمان دار۔
دیانت داری (ف) راست بازی۔ ایمان داری۔
دیانت داشتن (ف) دیندار ہونا۔ دین و آئین شرع کا پابند ہونا۔
دیپلوم (مفرس) ڈپلومہ۔
دیانت گر (ف) دیکھو دیانت دار۔
دیبا (ف) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
دیباج (ع) دیبا کا معرب۔
دیباجہ (ع) دیباجہ کا معرب۔ کتاب کا شروع اور آغاز (۲) چہرہ (۳) رُخسارہ۔
دیباجی (ف) دیباباف (۲) دیبا پہننے والا (۳) ریشمی کپڑا۔
دیبارُو (ف) معشوق۔
دیباہ (ف) دیبا کا مزید علیہ۔
دیبائے چینی (ف) چین کی دیبا۔
دیبائے رُوم (ف) سکندرنامہ میں شاہان رُوم کے احوال سے مراد ہے۔
دیبائے رُومی (ف) روم کی دیبا۔

Marfat.com

دیبائے شب اندر روز (ف) ایک قسم کا سیاہ و سفید ریشمی کپڑا۔

دیبائے مُعلّم (ف) دیبائے منقش۔ بیل بوٹے والی دیبا۔ معلم بمعنی منقش و مخطط۔ کیونکہ علم کے معنی نشان اور نقش کے ہیں۔

دیبق (ع) دیبا کا معرّب۔

دیبہ (ف) دیباہ کا مخفف۔

ڈپلوم (مفرس) ڈپلوما۔

ڈپلومات (مفرس) ڈپلومیٹک۔ سیاسی۔

ڈپلوماسی (مفرس) حکمت عملی۔

دیت (ع) خون بہا۔ خون کے معاوضہ کا روپیہ (۲) مطلق جرمانہ۔

دیجور (ع) اندھیری رات (۲) اندھیرا۔ تاریکی۔

دید (ف) دیکھنا (۲) تماشہ دیکھنا۔

دیدار (ف) چہرہ۔ مُنہ۔ (۲) بینائی (۳) دیکھنا۔

دیدار بقیامت اُفتادن (ف) مرجانا۔

دیدان (ع) دُود کی جمع۔ کیڑے۔

دیدبان (ف) نشانہ تاکنے کا سوراخ (۲) کسی اُونچے مقام پر بیٹھ کر اہل قلعہ کو دشمن کی فوج کے آنے کی اطلاع دینے والا۔ (۳) مخبر۔ جاسوس (۴) ناظر حال۔

دید زدن (ف) کسی چیز کی قیمت کا اندازہ یا تخمینہ لگانا یا مقرر کرنا۔

دید کردن (ف) ملنا۔ زیارت کرنا۔

دیدگاہ (ف) دیدبان کے بیٹھنے کی جگہ۔

دیدن (ف) دیکھنا۔

دیدن (ع) عادت۔ خُو۔ خصلت۔

دیدنِ دیوانہ ماہِ نَو (ف) دیوانے کے جنون کا جوش میں آنا۔

دیدنی (ف) قابل دید۔

دیدنی بُودن (ف) دیکھنے کے لائق ہونا۔

دید و باز دید (ف) ملاقات اور جوابی ملاقات۔

دیدہ (ف) چشم۔ آنکھ (۲) اسم مفعول۔ وہ شخص جس نے دنیا کا بہت سامال و دولت دیکھا ہو۔

دیدہ بانانِ عالم (ف) سبعہ سیارہ۔

دیدہ بانِ فلک (ف) زحل ستارہ۔

دیدہ براہ کسے داشتن (ف) کسی کا انتظار کرنا۔

دیدہ برحال کسے داشتن (ف) کسی سے بے اعتنائی کرنا۔

دیدہ برداشتن (ف) انتظار کرنا۔ منتظر ہونا۔

دیدہ بردست کسے داشتن } (ف) کسی سے توقع کرنا۔
دیدہ بردست کسے کردن }

دیدہ بر دوختن (ف) چشم پوشی کرنا (۲) غرور کرنا۔

دیدہ برہم کردن } (ف) اونگھنا۔ آنکھیں بند کرنا (۲) مرجانا۔
دیدہ برہم نہادن }

دیدہ پَریدن (ف) آنکھ پھڑکنا۔

دیدہ در قفائے کسے بُودن (ف) کسی کی خرابی کا منتظر ہونا۔ انتظار کرنا۔

دیدہ دوختن (ف) چشم پوشی کرنا (۲) تغافل کرنا۔ بے اعتنائی کرنا۔

دیدہ دوز (ف) متوجہ۔ دیکھنے والا۔

دیدہ دوست عیب بیں نبود (ف) دوست دوستوں کے عیب نہیں دیکھتے۔

دیدہ سُرخ کردن (ف) لالچ کرنا (۲) کسی پر عاشق ہونا۔

دیدہ سفید شدن (ف) اندھا ہو جانا۔

دیدہ سفید کردن (ف) اندھا ہونا۔ طوطا چشمی کرنا۔

دیدہ گرفتن از کسے (ف) کسی کی بصارت چھین لینا۔

دیدہ گرم کردن (ف) ذرا سا سو لینا۔

دیدہ وَر (ف) بینا۔ صاحب نظر (۲) ہوش مند۔ حقیقت بین۔

دیدۂ میزان (ف) ترازو کا پلڑا۔

دَیر (ف) بُت خانہ (۲) گرجا (۳) مندر (۴) گنبد۔

دیر (ف) تاخیر۔ درنگ۔ ڈھیل۔

دیرا (ف) دیر سے آنے والا۔

دیران (ع) دار کی جمع۔ گھر۔

دیرانہ (ف) قدیمی۔ پُرانا۔

دیر آئی و شیر آئی (ف) سہج پکے سو میٹھا ہو۔

دیر باز (ف) لمبا (۲) لمبی مُدت۔

دیر باور (ف) بدگمان۔

دیر بزی (ف) بہت مدت جینے والا۔

دیر پا (ف) پائدار۔ مضبوط۔

دیر تنگ }
دیر رند سوز } (ف) دُنیا۔
دَیر سپنجی }

دیر زیستن (ف) لمبی عمر پانا۔

دیر شدن (ف) خراب ہونا (۲) ضائع ہونا (۳) فوت ہونا۔

دیر کردن (ف) تاخیر کرنا۔

دَیر کُہن (ف) دنیا۔

دیر گوار (ف) دیر ہضم۔

دیرمان (ف) باقی۔ پائدار۔

دیر مُسدّس } (ف) دُنیا۔
دیر مکافات }

دیروزہ (ف) گزرا ہوا کل کا دن۔ روز گزشتہ۔

دَیر ہرقل (ف) ہرقل شاہِ روم کا بنایا ہوا گرجا۔

دیر یاب (ف) دیر میں سمجھنے والا۔ دیر میں مطلب پانے والا۔

دیر یازہ (ف) مُدت قدیم۔ زمانہ دراز۔

دیریں } (ف) پُرانا۔
دیرینہ }

دیز (ف) رنگ (۲) خاکستری رنگ (۳) قلعہ۔

Marfat.com

دیزک (ف) خاکستری رنگ۔
دیزندان (ف) لوہے کا سہ پایہ چولہا۔
دیزہ (ف) دیز کا مرادف۔
دیزی بار آمدہ (ف) استعمال شدہ ہنڈیا۔ شادی شدہ اور مطلقہ عورت۔
دیس (ف) تشبیہ کا کلمہ ہے۔ نظیر۔ مثل۔ مانند (۲) ولایت۔ ملک۔
دیش (ف) دینا۔ بخشش۔ عطا۔
دیشب (ف) گزشتہ کل رات۔
دِیک (ع) خروس۔ مُرغ۔
دیکتا تور (معرب) ڈکٹیٹر۔
دِیکہ (ع) دیک کی جمع۔ مُرغے۔
دیگ (ف) تانبے کا پتیلہ۔
دیگ بجوش آمدن (ف) پختہ ہونا (۲) کامل ہونا۔
دیگ بدیگ گوید رویت سیاہ (ف) چھاج بولے سو بولے چھلنی کیوں بولے جس میں اکہتر سو چھید۔

دیگ بر بار کردن
دیگ برپا کردن } (ف) چولہے پر دیگ چڑھانا۔

دیگ پایہ (ف) لوہے کا سہ پایہ چولہا۔
دیگ جوش (ف) نذرانے کا کھانا جو حصول مراد سے کبھی پہلے اور کبھی بعد میں دیا جاتا ہے۔
دیگچہ (ف) چھوٹی دیگ۔ پتیلی۔
دیگ دان (ف) چولہا۔
دیگ دان سرد (ف) بخیل۔ کنجوس۔
دیگدان سرد بودن (ف) بخل۔ کنجوسی۔
دیگر (ف) دوسرا۔ اور۔ دگر۔ ثانی۔
دیگر بقیامت است دیدار (ف) مرنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں کہ اب ہم اور تم قیامت ہی کو ملیں گے۔
دیگر سرائے (ف) عالم آخرت۔
دیگ گیر (ف) دیگ پکڑنے کا کپڑا۔
دُیلم (ع) وہ شخص جس کے والدین میں سے ایک حبشی اور دوسرا ترک ہو (۲) دوغلا (۳) سختی۔ بلا۔ (۴) تیتر بٹیر۔
دَیلم (ف) علاقہ گیلان کے ایک شہر کا نام۔ جہاں کے باشندوں کے بال گھنگریالے ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو بھی دیلم کہتے ہیں (۲) لکڑی یا لوہے کا بیلن۔
دیلماج (ف) ہم زبان۔
دیلمک (ف) رتیلا۔ مکڑی کے مشابہ ایک زہریلے جانور کا نام۔
دیم (ف) چہرہ۔ منہ (۲) روشنی (۳) بارش۔ مینہ۔ باراں۔
دیم زار (ف) بارانی زمین۔
دیماس (ع) حمام۔
دیمک (ف) لکڑی وغیرہ کو کھانے والا سفید چیونٹی جتنا جانور۔ سیوک۔

دیمہ (ف) خسارہ (۲) وحشی (۳) ہمیشہ برسنے والا (۴) ایک قسم کا چمڑا۔
دیمی (ف) بارانی زمین۔
دیمیں (ف) گلی ڈنڈا۔
دِین (ع) مذہب۔ پنتھ (۲) حساب (۳) بدلہ دینا۔
دِین (ف) ایک فرشتہ کا نام (۲) ہر شمسی مہینہ کی چوبیسویں تاریخ۔
دَین (ع) اُدھار۔ قرض۔ وہ قرض جس کے ادا کرنے کا وقت مقرر کیا جائے دین کہلاتا ہے۔ اور جس کی ادائیگی کا وقت مقرر نہ ہو۔ اسے قرض کہتے ہیں۔
دِینار (ع) اشرفی سونے کا ایک سکہ۔
دین بدنیا فروشاں خراند (ف) دین کو دُنیا کے بدلے بیچنے والے سخت احمق اور نادان ہوتے ہیں۔
دین حنیفی (ع) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مذہب۔ اسلام۔
دینِ دُرست (ف) دین اسلام۔
دین دہقان (ف) سکندر نامہ میں زردشت کا مذہب مُراد ہے۔
دِینہ (ف) روز گزشتہ۔ گزرا ہوا کل۔ دیروز۔
دینہائے آلودہ (ف) آتش پرستوں کا مذہب۔
دیو (ف) جن۔ بھوت (۲) شیطان (۳) پہلوان (۴) ایک قسم کا اونی کپڑا جسے جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔
دیوار اُفتادن (ف) دیوار گرنا۔
دیوار انداختن (ف) دیوار گرانا۔

دیوار بر آوردن
دیوار برداشتن
دیوار بستن } (ف) دیوار بنانا۔

دیوار بلند (ف) دولت مند (۲) عالی جاہ۔
دیوار بلند داشتن (ف) امیر کبیر ہونا۔
دیوار حاشا بلند است (ف) ایک نہ سو آرام۔
دیوار خانہ روزن شدن (ف) گھر کا خراب ہونا۔
دیوار کسے کوتاہ دیدن (ف) کسی کو بدحال اور عاجز دیکھنا۔
دیوار کوب (ف) وہ چیز جو دیوار پر لگائی جائے۔ مثلاً ساعتِ دیوار کوب۔ یعنی کلاک۔ لیمپ ہائے دیوار کوب یعنی دیوار کے ساتھ لگایا ہوا لیمپ۔
دیوار کوتاہ بودن (ف) غریب ہونا۔ بے اثر و رسوخ ہونا۔
دیوار کج (ف) ٹیڑھی دیوار۔
دیوار گر (ف) دیوار بنانے والا۔ معمار۔
دیوار گوش دارد (ف) راز کی بات زیادہ اونچی نہ کہنی چاہیے۔ دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔
دیوار نہادن (ف) دیوار بنانا۔
دیوال (ف) دیوار۔
دیوان (ع) دیوان کا معرب۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

Marfat.com

کچہری - دارالعدالت (۲) مسند (۳) دفتر (۴) غزلوں کی کتاب (۵) حاکم (۶) داد فریاد -

دِیوان (ف) دیکھو دیوان -

دیوال (ف) دیو کی جمع - بھوت - شیطان -

دِیوان باز کردن (ف) کچہری کرنا -

دیوانِ تن (ف) دیوان تنخواہ کا مخفف -

دیوانِ جزا (ع) دارالعدالت (۲) روزِ قیامت -

دیوان خانہ (ف) امرا و اہل دفتر کے بیٹھنے کا کمرہ (۲) گھر کی نشست کا کمرہ -

دیوانِ قیامت (ع) قیامت کا دن -

دیوان گاہ (ف) دیوان خانہ - کچہری -

دیوانگی (ف) دیوانہ پن - پاگل پن -

دیوانِ محشر (ع) روزِ قیامت -

دیوان نہادن (ف) کچہری کرنا - عدالت کرنا -

دیوانہ (ف) پاگل - سڑی - مجنوں -

دیوانہ بردکہ مست آمد (ف) مطلب یہ ہے کہ شرابی یا شراب کے نشہ میں مست آدمی پاگل سے بھی زیادہ خطرناک ہوتا ہے -

دیوانہ بکار خویش ہوشیار (ف) اپنے مطلب کا پکا -

دیوانہ چیزے بودن (ف) کسی کا عاشق ہونا -

دیوانہ رامپرس کہ چندم ماہ ہست (ف) کسی صاحب ہوش سے پوچھو -

دیوانہ رَو (ف) دیوانوں کی سی چال ڈھال والا -

دیوانہ زنجیری (ف) سخت پاگل جو تشدد کرے اور جسے اکثر زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے - عاشق زار -

دیوانہ وار (ف) دیوانے کی طرح -

دیوانی (ف) کچہری کی عدالت جس میں قرض اور داد و ستد کی نالش کی جائے -

دیوبند (ف) طہمورث - جمشید اور قارون کا لقب - ہندوستان کے ایک قصبہ کا نام -

دیوپا (ف) مکڑی (۲) ایک گھاس -

دیوث (ع) بھڑوا - بے غیرت - بے شرم - اپنی جورو سے کسب کرانے والا -

دیوجان (ف) بوڑھا (۲) شیطان صفت - بدنفس (۳) بے رحم (۴) سخت جان (۵) بہادر -

دیوچہ (ف) جونک (۲) اونی کپڑا کھانے والا کیڑا (۳) دیمک -

دیودار (ف) صنوبر - ایک پہاڑی درخت جس سے جہاز کا مستول بنتا ہے -

دیو دَرُوں (ف) نفس امارہ -

دیو دِل (ف) سیاہ دِل (۲) سخت دل (۳) بے رحم (۴) شجاع - بہادر - دلیر -

دیو دید } (ف) پاگل - مجنوں - دیوانہ -
دیو دیدہ }

دیو دیدن (ف) پاگل ہونا -

دیو دین (ف) شیطان لعین -

دیو زاد (ف) قوی ہیکل (۲) تیز رفتار گھوڑا -

دیو زَدَہ (ف) آسیب زدہ - جن وغیرہ کے آسیب والا -

دیوسار (ف) دیو کی مانند (۲) ناشائستہ حرکات کرنے والا -

دیوک (ف) دیمک (۲) جونک -

دیو گیر (ف) آسیب زدہ (۲) جن قابو کرنے والا -

دیولاخ (ف) دیوؤں اور جنوں کا مسکن (۲) جنگل بیابان - خارستان (۳) دنیا -

دیومار (ف) اژدھا -

دیو مَرْدُم (ف) جنوں کا گروہ (۲) بن مانس (۳) شریر - مفسد (۴) موذی -

دیو مُرید (ف) دیو (۲) شیطان (۳) سرکش -

دُیُون (ع) دَین کی جمع - ادھار - قرض -

دیو ہفت دَر (ف) سات ولایتیں - ہفت اقلیم -

دیو ہفت سَر (ف) رات (۲) کرۂ ارض -

دیہہ (ف) گاؤں -

دیہور (ف) آسمان -

دیہول (ف) مرصع تاج - جڑاؤ تاج -

دیہیم (ف) تاج -

دیہیم دار (ف) بادشاہ -

Marfat.com

# ذ

ذ - عربی حروفِ تہجی کا نواں اور فارسی کا بارھواں حرف۔ بحسابِ جمل اس کے سات سو عدد مقرر ہیں۔

## ذ - ا

ذا (ع)، یہ۔ اسم اشارہ واحد مذکر قریب کے لیے۔
ذاءِ (ع)، صاحب۔
ذاب (ع)، عیب پکڑنا (۲) عیب (۳) بہت پیاسا جس کے ہونٹ مارے پیاس کے سوکھ گئے ہوں۔ (۴) پگھلا ہوا۔
ذابح (ع)، ذبح کرنے والا۔
ذابر (ع)، علم ہیئت میں امام۔
ذات (ع)، اصلیت۔ حقیقت (۲) صاحب۔ مالک۔
ذات البین (ع)، دو شخصوں کے مابین معاملہ۔
ذات الشلافیف (ع)، باریک انتڑیاں۔
ذات الجنب (ع)، ایک مہلک بیماری جس میں دل اور معدہ کے درمیانی پردہ میں ورم ہو جاتا ہے۔
ذاتُ الحُبُک (ع)، آسمان۔
ذات الرجع (ع)، مینہ والا۔
ذات الریہ (ع)، پھیپھڑے کی سوجن۔ نمونیا۔
ذاتِ شریف (ف)، نیک پاک آدمی۔
ذاتُ الشمال (ع)، بائیں ہاتھ والی طرف یا جماعت (۲) دوزخی۔
ذات الشیٔ (ع)، چیز کی حقیقت۔
ذات الصُدُور (ع)، دلی راز۔ سینہ کے اندر کی باتیں۔ بھید۔
ذاتُ العماد (ع)، بلند ستونوں والا (۲) بلند عمارتوں والا (۳) باغ ارم۔
ذاتُ العین (ع)، آنکھ کا درد۔
ذاتُ الکبد (ع)، جگر کی سوجن۔
ذات الودع (ع)، بُت (۲) حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی۔
ذات الیمین (ع)، دائیں ہاتھ والی طرف یا جماعت (۲) اہل جنت بہشتی۔
ذاتِ بحق (ع)، خدا کی ذات۔
ذاتِ عرق (ع)، اس مقام کا نام جہاں عراقی احرام باندھتے ہیں۔
ذاتِ ہمایوں (ف)، بادشاہ کی مبارک۔
ذاتی (ف)، اصلی۔ جبلی۔
ذاج (ع)، زور سے دم کے ساتھ پانی کھینچنا (۲) یا تھوڑا تھوڑا پینا۔ لغات اضداد سے ہے۔
ذاریات (ع)، اُڑا لے جانے والی ہوائیں۔
ذاعر (ع)، خوف ناک۔
ذاقنہ (ع)، ٹھوڑی کے نیچے گردن کا سرا (۲) چنبر گردن۔ ہنسلی۔
ذاکر (ع)، ذکر کرنے والا۔ یاد کرنے والا۔
ذاکرہ (ع)، قوتِ حافظہ۔ یادداشت۔
ذاکرین (ع)، ذکر کرنے والے۔
ذاکی / ذاکیہ (ع)، تیز خوشبو والی چیز (۲) اعلیٰ خوشبو والا مشک۔
ذال (۲)، نرمی سے چلنا (۲) جلدی سے چلنا۔ لغات اضداد سے ہے۔ (۳) عربی حروفِ تہجی کا نواں حرف۔
ذالک (ع)، وہ۔
ذالکم (ع)، یہ سب مرد۔
ذالکما (ع)، یہ دو مرد۔
ذالکن (ع)، یہ سب عورتیں۔
ذامر (ع)، ڈرانے والا (۲) غصیل۔
ذان (ع)، یہ دو مرد۔

Marfat.com

ذان (ع)، عیب ۔
ذانک / ذانِک (ع)، وہ دو مرد (۲) یہ دو مرد ۔
ذاہب (ع)، جانے والا ۔
ذاہل (ع)، غافل ۔ بھولنے والا ۔
ذائب (ع)، گلنے والا ۔ پگھلنے والا ۔ گلا ہوا ۔
ذائع (ع)، ظاہر ۔ آشکارا (۲) پراگندہ ۔
ذائق (ع)، چکھنے والا ۔
ذائقہ (ع)، چکھنے والی ۔ چکھنے کی قوت جو زبان میں ہے
ذائقہ دار (ف)، مزے دار ۔ لذیذ ۔

## ذ ۔ ب

ذَبّ (ع)، دُور کرنا ۔ دفع کرنا (۲) باز رکھنا ۔ (۳) سخت پیاس لگنا ۔
(۴) متردد ہونا ۔ (۵) دُبلا ہونا ۔ (۶) جنگلی بیل ۔
ذُباب (ع)، مگس ۔ مکھی (۲) آنکھ کی پُتلی ۔ (۳) تلوار کی دھار ۔
ذباب السیف (ع)، تلوار کی دھار ۔
ذُبابی (ع)، مکھی کا سا رنگ (۲) سبز رنگ ۔
ذبال (ع)، ذبالہ کی جمع ۔
ذبح (ع)، گلا کاٹنا (۱) شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا ۔
ذِبح (ع)، ذبح کیا ہوا جانور ۔
ذِبح اکبر (ع)، وہ گوسفند جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ میں آیا تھا ۔
ذبح عظیم (ع)، بڑی قربانی ۔ دیکھو ذبح اکبر ۔
ذبح کردن (ف)، شرعی طور پر قربانی کرنا ۔
ذُلبعہ (ع)، ایک درم کا نام جو حلقوم کے دونوں طرف ہوتا ہے ۔
ذبل (ع)، لاغر ہونا (۲) پژمردہ ہونا ۔
ذَبلہ (ع)، مینگنی (۲) پژمردہ کرنے والی گرم ہوا ۔
ذُبُول (ع)، پژمردگی (۲) لاغری ۔
ذبیح (ع)، وہ جانور جو بطریق شرعی ذبح کیا جائے ۔
ذبیحُ اللہ (ع)، حضرت اسماعیل علیہ السلام کا لقب ۔
ذبیحہ (ع)، دیکھو ذبیح ۔

## ذ ۔ ح

ذَحل (ع)، دُشمنی ۔ کینہ ۔
ذحملہ (ع)، لڑھکانا ۔

## ذ ۔ خ

ذَخائر (ع)، ذخیرہ کی جمع ۔ ذخیرے ۔ گودام ۔
ذخائر ملی (ف)، قومی ذخیرے ۔
ذُخر (ع)، رکھ چھوڑنا (۲) کسی وقت کے واسطے رکھی ہوئی چیز ۔ ذخیرہ کرنا ۔
ذُخرہ (ع)، ذخیرہ ۔ سینت کر رکھی ہوئی اشیاء ۔
ذَخیرہ (ع)، وہ چیزیں جو کسی وقت پر کام آنے کے لیے رکھ چھوڑیں ۔
ذخیرہ کردن (ف)، جمع کرنا ۔

## ذ ۔ ر

ذَر (ع)، بگذر ۔ چھوڑ ۔ چھوڑ دے ۔
ذَرّ (ع)، چھوٹی چیونٹی ۔
ذَرء (ع)، پیدا کرنا (۲) بیج ڈالنا ۔ زمین میں بیج کو پھیلانا ۔
ذَراری (ع)، ذریّت کی جمع ۔ اولادیں ۔ نسلیں ۔ فرزندان ۔
ذِراع (ع)، بازو (۲) ہاتھ کہنی سے اُنگلیوں کے سرے تک (۳) گز ۔
ذَرائر (ع)، ذر کی جمع ۔ چھوٹی چیونٹیاں ۔
ذرائع (ع)، ذریعہ کی جمع ۔ وسیلے ۔
ذَراقی (ع)، ایک قسم کا سخت اور سفید نمک ۔
ذَراب (ع)، بدزبانی (۲) زخم کا خراب ہونا (۳) زخم کا پھیل جانا ۔
(۴) پیپ کا زخم سے جاری ہونا (۵) ایک قسم کے اسہال جو کبھی آتے ہیں اور کبھی بند ہو جاتے ہیں ۔
ذَرع (ع)، چستی ۔ طاقت (۲) گز سے ناپنا (۳) قے کا غلبہ کرنا ۔
ذرع اندر ذرع (ف)، ایک مربع گز ۔
ذرع (ع)، لالچ (۲) جنگلی گائے کا بچہ ۔
ذِرعان (ع)، ذرع کی جمع ۔ جنگلی گائے کے بچے ۔
ذرع کردن (ف)، ناپنا ۔ پیمائش کرنا ۔
ذرع نکردہ پارہ مکن (ف)، پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو ۔
ذرع و پیمان کردن (ف)، اندازہ لگانا ۔ تخمینہ لگانا ۔
ذُرعہ (ع)، وسیلہ (۲) کسی سے تعلق و پیوند والا ۔
ذِرف (ع)، آنسو کا جاری ہونا ۔
ذَرق (ع)، پرند کی بیٹ (۲) پرند کا بیٹ کرنا ۔
ذَرو (ع)، ہوا کا کسی شے کو اُڑا لے جانا ۔
ذُروہ / ذِروہ (ع)، کنگرہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) سب سے اُونچی چیز ۔
ذَرّہ (ع)، چھوٹی چیونٹی (۲) وہ باریک ذرہ جو آفتاب کی روشنی

Marfat.com

میں سوراخ سے نکلتا ہوا معلوم ہوتا ہے اور یہ بہت سے نظر آتے ہیں۔

ذُرّہ (ع) جوار۔چینا۔

ذرہ بخورشید بردن (ف) اُلٹے بانس بریلی۔

ذَرّہ بین (ع) مُحدّب شیشہ۔خوردبین

ذَرّہ پرور (ف) غریبوں کی پرورش کرنے والا۔

ذَرّہ ذَرّہ ہشم قالی می شود (ف) قطرے قطرے سے دریا بنتا ہے۔

ذَرّہ را با آفتاب چہ نسبت (ف) خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت ہو سکتی ہے۔

ذری (ع) ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔کھلیان کو اُڑانا۔غلّہ سے بھوسہ علیحدہ کرنا۔

ذُرّیّت (ع) اولاد۔نسل۔فرزندان۔

ذُریرہ (ع) ایک خوشبو کا نام (۲) خشک چھڑکنے والی دوا۔

ذَریع (ع) خارش کرنے والا (۲) تیز رو۔فراخ قدم۔

ذَریعہ (ع) واسطہ۔وسیلہ (۲) دست آویز (۳) وہ اونٹنی جس کی آڑ میں چھپ کر شکار کھیلا جائے۔

## ذ۔ع

ذُعاف (ع) زہر قاتل۔موت۔

ذَعر (ع) ڈرنا۔

ذُعر (ع) ڈر (۲) خوف ناک امر۔

ذُعرہ (ع) دہشت (۲) خوف ناک امر۔

ذُعرہ (ع) حلقۂ دُبر۔

ذُعَرہ (ع) ایک چھوٹا سا پرند جو درخت پر گھونسلا بناتا اور ہر وقت دم ہلاتا رہتا ہے

ذَعق (ع) کسی کو للکارنا۔

## ذ۔ف

ذَفّ }
ذِفاف } (ع) زخمی کو مار ڈالنا (۲) کسی کام میں جلدی کرنا۔

ذُفاف (ع) جلدی (۲) ٹیک۔

ذَفَر (ع) بوئے تیز خواہ اچھی ہو یا بری (۲) بوئے تیز کا آنا۔

ذَفف (ع) دیکھو ذف۔

ذَفیف (ع) زُود۔ٹیک۔

## ذ۔ق

ذَقِق (ع) چکھہ۔

ذَقَن (ع) ٹھوڑی۔

ذِقن (ع) پیر فانی (۲) بہت بوڑھا۔

ذُقن (ع) چکھا ان عورتوں نے۔

## ذ۔ک

ذَکاء (ع) ذہانت۔عقل۔عقل مندی۔طبیعت کی تیزی (۲) شعلہ کا بھڑکنا۔

ذُکاء (ع) سُورج۔

ذِکر (ع) یاد کرنا زبان سے یا دل میں (۲) یاد۔مُناجات۔وظیفہ مقدس گیت۔یاد الٰہی۔

ذَکر (ع) نر (۲) مرد کا عضو تناسل (۳) فولاد۔

ذُکران (ع) ذکر کی جمع۔مرد۔زکور۔

ذکرِ جمیل }
ذکرِ خیر } (ع) نیک ذکر۔نیکی سے یاد کرنا۔

ذکرِ عیش نصف عیش (ف) راحت کے ذکر سے بھی راحت ملتی ہے

ذَکاۃ (ع) حلال کرنا۔ذبح کرنا (۲) گلا کاٹنا۔

ذُکوہ (ع) جس سے آگ بھڑکائیں (۲) دہکتی ہوئی آگ۔

ذَکی (ع) تیز فہم۔ذہین۔زیرک۔عقل مند (۲) مذبوح۔گلا کاٹا ہوا۔

ذکیہ (ع) تیز فہم عورت۔

## ذ۔ل

ذُلّ (ع) خواری۔ذلت (۲) خوار ہونا۔

ذَلّ (ع) روش۔طریقہ (۲) عادت۔

ذِلّ (ع) نرمی (۲) مطیع ہونا۔

ذلاقت (ع) فصاحت (۲) تیزی (۳) تیز زبانی (۴) خوش تقریر ہونا (۵) تقریر کی صفائی۔

ذِلّت (ع) خواری۔

ذَلَق (ع) تیز زبانی (۲) ہر شے کی تیزی (۳) بے آرام ہونا (۴) پرندہ کا بیٹ ڈالنا۔

ذَلق بیان (ع) فصیح و بلیغ۔

ذَلول (ع) نرم (۲) مطیع۔اطاعت کرنے والا (۳) ہموار (۴) چارپایہ۔

ذِلہ شکرن (ف) جھنجھلانا۔ذلیل و رُسوا ہونا۔بے عزّت ہونا۔

ذَلیق (ع) تیز زبان (۲) تیز سنان۔

ذلیل (ع) بے عزّت۔خوار۔

Marfat.com

# ذ - م

ذَم (ع)، ہجو - بُرائی (۲) ہجو کرنا - بُرائی کرنا۔
ذِمّ (ع)، نہایت لاغر اور دُبلا۔
ذِمام (ع)، حق (۲) آبرُو - حُرمت۔
ذِمامہ (ع)، ضمانت (۲) امان (۳) عہد (۴) حیا۔
ذِمّہ (ع)، امان - پناہ (۲) عہد - ضمانت۔
ذِمّہ دار بودن (ف)، کسی کا ذِمّہ لینا۔
ذِمّی (ع)، اہلِ کتاب جنہیں مسلمانوں کے ملک میں پناہ دی گئی ہو اور وہ ٹیکس ادا کرتے ہوں۔
ذمیم / ذمیمہ } (ع)، قابلِ نفرت - بد - بُرا - بدنُما۔

# ذ - ن

ذناک (ع)، وہ رسّی جس سے اُونٹ کی دُم اس کے تنگ سے باندھی جاتی ہے۔ (۲) پچھلا حصّہ (۳) آخر۔
ذَنَب (ع)، پُونچھ - دُم (۲) آسمان کی ایک شکل کا نام جس کی ایک طرف کو راس اور دُوسری کو ذنب کہتے ہیں - ایک ستارہ کا نام (۳) دُمدار ستارہ۔
ذَنْب (ع)، گناہ - خطا۔
ذُنُوب (ع)، ذنب کی جمع گناہ - خطائیں۔
ذَنُوب (ع)، ڈول - پانی بھرا ڈول (۳) لمبی دُم والا گھوڑا۔

# ذ - و

ذُو (ع)، صاحب - جیسے ذوالفضل فضل والا - صاحبِ فضل۔
ذُوابہ (ع)، گیسو (۲) سر کے آگے بال۔
ذُواضعاف (ع)، علمِ ریاضی کی معمولی ضرب۔
ذُواَضعافِ اَقل (ع)، ریاضی کی سب سے مختصر ضرب۔
ذَوّاق (ع)، رنجیدہ آدمی - مردِ ملول - غمگین۔
ذوالبحرین (ع)، وہ شعر جسے دو بحر سے پڑھ سکیں۔
ذوالجلال (ع)، صاحبِ شوکت (۲) صاحبِ عزّت - دبدبہ والا۔ (۲) خدا تعالےٰ۔
ذوالحجّہ (ع)، بارھواں قمری مہینہ۔
ذوالفقار (ع)، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔
ذوالفنون (ع)، کئی فنون میں ماہر۔
ذُوالقُربیٰ (ع)، رشتہ دار لوگ (۲) عزیز و اقارب۔
ذُوالقرنین (ع)، سکندرِ اعظم کا لقب - بعض کے نزدیک سکندر کے علاوہ یہ کوئی اور شخص تھا۔
ذُوالکفل علیہ السلام (ع)، ایک پیغمبرؑ کا نام ہے۔
ذُوالمِنَن (ع)، احسانوں والا (۲) خدا تعالےٰ۔
ذُوالنُورین (ع)، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
ذوالنُّون مِصری (ع)، ثعبان بن ابراہیم نوبہ کے رہنے والے ایک مشہور صوفی اور ولی کامل کا نام جنہوں نے ۹۰ سال کی عمر میں ۲ شعبان سنہ ۲۴۵ھ میں وفات پائی۔
ذُوبان (ع)، بے قراری (۲) گلنا - پگھلنا۔
ذُوجَسَدَین (ع)، ستارہ عطارد - اس لیے کہ اس کا گھر جوزا بُرج ہے اور جوزا کی شکل دو جڑواں برہنہ لڑکوں کی ہے - اس لیے اسے دوپیکر اور ذوجسدین کہتے ہیں۔
ذُوفنون (ع)، کئی فن اور علم جاننے والا۔
ذَوق (ع)، چکھنا - چاشنی (۲) فارسی میں لذّت - مزہ - خوشی اور نشاط کے معنوں میں آتا ہے۔
ذَوق داشتن (ف)، مسرور ہونا۔
ذَوق کردن (ف)، لُطف اندوز ہونا۔
ذَوق زدہ (ف)، بہت خوش و خرم - پھُولے نہ سمانے والا۔
ذَوق القدر (ع)، عالی شان - صاحبِ قدر۔
ذَوق وحال کَردن (ف)، گپ شپ لگانا۔
ذُوناب (ع)، درندہ۔
ذُوالقعدہ (ع)، اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ۔
ذُووجہین (ع)، دو چہروں والا - منافق۔
ذُوَیزَن (ع)، یمن کے ایک بادشاہ کا نام جو بہادری اور نیزہ زنی میں مشہور تھا۔
ذوی العقول (ع)، صاحبِ عقل۔

# ذ - ہ

ذَہاب (ع)، جانا - (۲) گزرنا۔
ذِہاب (ع)، عرب کے مشہور دنوں میں سے ایک دن۔
ذہاب وایاب (ع)، آمد و رفت۔
ذَہَب (ع)، زر - سونا۔
ذہل (ع)، کسی کو پہلے حال پر چھوڑ دینا (۲) بے پرواہی سے بھُلا دینا۔
ذَہلول (ع)، خوب چلنے والا گھوڑا۔
ذِہن (ع)، عقل - فہمیدگی - زیرکی۔
ذِہن (ع)، گرداب - بھنور (۲) دریا کی تہہ۔
ذِہن روشن (ف)، روشن دماغ۔

Marfat.com

ذہن کور (ف) غبی - کُند ذہن -
ذُہُوب (ع) جانا - گزرنا -
ذُہُول / ذُہولت (ع) غفلت - فراموشی -
ذہین (ع) تیز ذہن والا - سمجھ دار - عقلمند -

## ذ - ی

ذی (ع) صاحب - والا -
ذِیاب (ع) ذِیب کی جمع - بھیڑیے -
ذی الحجہ (ع) بارھواں قمری مہینہ -
ذی القعدہ (ع) گیارھواں قمری مہینہ -
ذِی بال (ع) صاحبِ شان و شوکت - صاحبِ عظمت -
ذی حق (ع) حق دار -
ذِئب (ع) بھیڑیا - گرگ -
ذَیل (ع) دامن - آنچل -
ذُیُول (ع) ذیل کی جمع -

Marfat.com

# ر

ر - یہ عربی کا دسواں اور فارسی کا بارھواں حرف ہے - بحساب جمل اس کے دو سو عدد مقرر ہیں -

## ر - ا

را (ف) یہ حرف مفعول کی علامت ہے - اور کبھی برائے کے معنی میں آتا ہے - جیسے خدارا - بمعنی برائے خدا - کبھی بجائے اضافت کے آتا ہے - جیسے کسان را نہ شد ناوک اندر حریر - یعنی ناوک آن کسان - کبھی از سببیہ کے معنی دیتا ہے جیسے قضارا - یعنی بسبب قضا - کبھی زائد بھی ہوتا ہے جیسے ؎

گرچہ تن من زبیے سوز راست
رحمتِ تواز پئے ایں روز راست

رابح (ع) فائدہ مند - فائدہ دینے والا -

رابد (ع) گنجینہ دار -

رابض (ع) قلعہ دار -

رابضہ (ع) وہ فرشتے جو حضرت آدم علیہ السّلام کے ہمراہ زمین پر آئے تھے اور بھولے ہوئے کو راہ پر لے آتے ہیں - (۲) حقیر انسان جو بڑا کام کرنے سے عاجز ہوں -

رابط (ع) ربط دینے والا - ملانے والا (۲) لگاؤ (۳) دُنیا کو ترک کرنے والا (۴) زاہد (۵) حکیم -

رَابطہ (ع) علاقہ - لگاؤ (۲) دو اشیاء کو باندھنے والا - (۳) تعلق (۴) دشمن کے آگے سے بھاگنے والا - بھاری لشکر -

رَابعہ بصری (ع) ایک مشہور عالمہ اور فاضلہ اور زاہدہ عورت کا نام جو اپنے باپ کی چوتھی لڑکی اور بصرہ کی رہنے والی تھیں - ان کا زمانہ دوسری صدی ہجری کا زمانہ ہے -

رابو (ف) ایک خوشبودار پھول کا نام -

رابیہ (ع) اُونچی زمین - بلند مقام - ٹیلہ - پشتہ (۲) زیادتی -

راپورٹ (ف) انگریزی لفظ رپورٹ کا مفرس - اطلاع -

راتِب (ف) روزانہ معمول (۲) روزانہ خوراک - روزینہ -

راتِب خوار (ف) وظیفہ خوار - جس کا روزینہ مقرر ہو -

راتِبہ (ع) ساکن - ثابت - قائم (۲) مقررہ - ٹھہرا ہوا -

راتبہ (ف) وظیفہ - روزانہ معمول - مقررہ - روزانہ خوراک -

راتبہ خوار (ف) دیکھو راتب خوار -

راتع (ع) چرنے والا -

راجِح (ع) غالب - فائق (۲) افزوں (۳) بہتر (۴) ترازو کا جھکنے والا پلڑا -

راجِع (ع) رجوع کرنے والا (۲) لوٹنے والا -

راجِفہ (ع) پہلا نفخہ - وہ قرنا جو قیامت کے قریب پھونکا جائے گا - اور جس سے تمام جہان تباہ ہو جائے گا -

راجِل (ع) پیدل چلنے والا - پیادہ -

راجِلہ (ع) گڈریے کا بڑا بکرا جس پر وہ اپنا سامان لادتا ہے -

راجِن (ع) مانوس - ہلا ہوا -

راجی (ع) اُمیدوار -

راح (ع) شراب (۲) خوش ہونا (۳) خوشی -

راحَ (ع) گیا -

راحت (ع) آرام (۲) خوشی - آسائش - (۳) ہاتھ کی ہتھیلی -

راحت باش (ف) آرام سے کھڑے ہو جاؤ -

راحت شدن (ف) آسودہ ہونا - مرجانا - صحت یاب ہو جانا -

راحت کردن (ف) آرام کرنا - تھکاوٹ دُور کرنا - سستانا -

راحتی (ف) آرام دِہ - وہ جوتا جو گھر پر عام استعمال کیا جائے -

راحت طلب (ع) آرام طلب -

Marfat.com

راحِ رُوح (ع)، باربد کی تیس لحنوں میں سے ایک لحن کا نام - (۲) آرامِ دل -
راحِ ریحانی (ع)، ایک قسم کی پھولوں کی شراب -
راحِل (ع)، کوچ کرنے والا -
راحِم (ع)، رحم کرنے والا - مہربانی کرنے والا -
راحول (ع)، اُونٹ کا پلان -
راخ (ع)، آسودہ حال - فراخ عیش آدمی -
راخ (ف)، نہایت رنج و غم -
راد (ف)، بہادر (۲) سخی - جواں مرد -
رادّ (ع)، رد کرنے والا (۲) واپس کرنے والا -
رادبادہ (ف)، ہینگ -
رادور (ف)، جوان - باعزت - سخی - جوانمرد -
رادِع (ع)، ہٹانے والا (۲) روکنے والا -
رادِف (ع)، دوسرے سوار کے پیچھے سوار ہونے والا - ردیف -
رادہ کشیدن (ف)، ناپسندیدہ بات کہنا -
رادمرد
رادمنش } (ف)، سخی -
رادی (ف)، سخاوت (۲) حکمت - جوانمردی (۳) شجاعت (۴) دانش مندی -
رادیو (مفرس)، ریڈیو -
رادیر (ف)، بیل کی کھال کی مشک - پکھال -
راز (ف)، بھید - پوشیدہ بات (۲) رنگ (۳) خارپشت (۴) سُرخ رنگ کا بڑا زنبور -
راز با کسے کردن
راز با کسے گفتن } (ف)، کسی کے آگے بھید ظاہر کرنا -
رازبان (ف)، رازدان - بھیدی (۲) بادشاہ کے حضور میں حاجت مندوں کی عرض کرنے والا -
راز بر صحرا نہادن (ف)، بھید ظاہر کرنا -
راز برملا افتادن (ف)، بھید ظاہر ہونا - راز کھل جانا -
راز بصحرا افگندن (ف)، بھید ظاہر کرنا -
راز بیروں افتادن (ف)، بھید ظاہر ہونا - راز کھل جانا -
راز بیروں آوردن
راز بیروں دادن } (ف)، بھید ظاہر کرنا -
راز خواندن (ف)، بھید معلوم کر لینا -
رازدار
رازدان } (ف)، محرمِ راز - راز کا جاننے والا - بھید جاننے والا -
رازداری (ف)، اخفائے راز - بھید چھپانا -
رازِ دلِ آب (ف)، نمی - تری - رطوبت - برودت (۳) عکس جو پانی میں پڑتا ہے -
رازِ دلِ زمانہ (ف)، سورج -
رازِ زمین (ف)، حضرت آدم علیہ السلام (۲) سبزہ (۳) پھول -

رازِ سر بازار نہادن (ف)، بھید ظاہر کرنا -
راز فاش کردن (ف)، کسی کا راز عیاں کر دینا -
رازِق (ع)، رزق دینے والا (۲) اللہ تعالےٰ -
رازِقِ مطلق (ع)، اللہ تعالیٰ -
رازِقیہ (ع)، لسی کا سفید کپڑا (۲) شراب -
راز کش (ف)، بھید ظاہر کرنے والا - راز افشا کرنے والا -
راز کشادن (ف)، بھید ظاہر کرنا -
راز گل بلبل بداند (ف)، پھولوں کی قدر بلبل جانتی ہے -
رازِ نہاں (ف)، پوشیدہ بات - راز (۲) بہت بڑا راز -
رازِ نہانِ خاک (ف)، دیکھو رازِ خاک -
رازِ نہانی (ف)، چھپا ہوا بھید -
رازہ (ف)، راز - بھید -
رازی (ع)، منسوب بہ شہر "رے" بہ امام فخرالدین رازی سے مراد ہے جو تفسیرِ کبیر کے مصنف اور رے کے رہنے والے تھے -
رازیانج (ع)، رازیاں کا معرب - سونف -
رازیانہ (ف)، سونف -
راژ (ف)، خرمن - غلے کا ڈھیر - تودہ -
راس (ف)، راستہ (۲) جغرافیہ کی اصطلاح میں خشکی کا وہ قطعہ جو دُور تک پانی میں چلا گیا ہو -
رأس (ع)، سر (۲) سردار - واحد و جمع کے لیے یکساں آتا ہے - (۳) سرا (۴) اُوپر کا حصّہ (۵) چیز کا شروع (۶) آخری حصّہ -
رآس (ع)، کلہ فروش - سریاں بیچنے والا -
راس الثّنین (ع)، ستارہ قطب شمالی سے کچھ فاصلہ پر ایک ستارہ ہے جس کا طول ۹ ۲۶ مشرقی اور عرض ۱/۲ ۵۱ شمالی ہے -
راس الجدی (ع)، وہ نقطہ جس پر سورج ہر سال ۲۲ دسمبر کو پہنچتا ہے - اس وقت نصف کرہ جنوبی میں دن سب سے بڑا اور موسم گرمیوں کا ہوتا ہے اور نصف کرہ شمالی میں اس کے برعکس دن سب سے چھوٹا اور موسم سردیوں کا ہوتا ہے -
راس الحَدّ (ع)، عرب کے مشرق میں ایک راس کا نام ہے -
راس الحَمل (ع)، خطِ استوا کا وہ نقطہ جس پر آفتاب ہر سال ۲۱ مارچ کو ہوتا ہے - اس وقت دن اور رات برابر ہوتے ہیں - اور اسے اعتدالِ لیل و نہار موسمِ بہار کہتے ہیں - اس کے بعد نصف کرہ شمالی میں گرمیوں کا موسم شروع ہو جاتا ہے -
راس المال (ع)، سرمایہ تجارت (۲) پونجی -
راس المیزان (ع)، خطِ استوا کا وہ نقطہ جس پر آفتاب ہر سال ۲۳ ستمبر کو ہوتا ہے - اس وقت دن رات برابر ہوتے ہیں اور اسے اعتدالِ لیل و نہار موسمِ خزاں کہتے ہیں - اس کے بعد نصف کرہ جنوبی میں گرمیوں کا موسم شروع ہو جاتا ہے -
راسب (ع)، تہ نشین - نیچے بیٹھ جانے والا -
راست (ف)، ٹھیک - دُرست - سچ (۲) دایاں ہاتھ (۳) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام -

Marfat.com

(ف) سیدھا۔ جو ٹیڑھا نہ ہو (۲) راہ۔ راستہ۔ طریق۔
راستا (ف) راست۔ سچ۔
راستاحسینی (ف) سیدھی سادھی۔ بے زبان۔
راتساد (ف) تنخواہ۔ (۲) وظیفہ۔ روزینہ۔ راتب۔
راست آمدن (ف) دُرست ثابت ہونا۔
راست باز (ف) سچا۔ دیانت دار۔
راستبازی (ف) سچائی۔ صداقت۔ دیانت۔
راست باش ونداز از کسی باک (ف) راہِ راست پر رہ اور کسی سے کھٹکا نہ رکھ۔
راست بالا (ف) سرو کا درخت۔
راست بُود (ف) موجودِ حقیقی (۲) اللہ تعالیٰ۔
راست بُودن (ف) سیدھا یا مستقیم ہونا۔
راست پا آمدن (ف) راہ میں کہیں ٹھہرے بغیر سیدھے چلے آنا (۲) دیر نہ لگانا۔
راست پوش (ف) عربی لفظ کافر کا ترجمہ ہے۔ راستی کو چھپانے والا۔
راست خدیو (ف) موجودِ حقیقی (۲) اللہ تعالیٰ۔
راست دست (ف) امین۔ دیانت دار۔
راست رفتن (ف) سیدھی راہ پر چلنا۔
راست رو (ف) سیدھی راہ پر چلنے والا۔
راست گو (ف) سچا۔
راست سخن (ف) سچا۔ صادق القول۔
راست شدن خواب (ف) خواب کا سچا ہونا۔ تعبیر کے مطابق وقوع میں آنا۔
راست قلم (ف) دیانت دار۔ محنتی۔
راست کردن کار (ف) کام کا دُرست کر لینا۔ کام کا سنوارنا۔
راست گو (ف) سچا۔
راست گوش (ف) صحیح بات سُننے والا۔
راست مزاج (ف) معتدل مزاج۔
راستہ (ف) چپہ کی ضد یعنی وہ شخص جو تمام کام دائیں ہاتھ سے کرے۔ قطار اور صف کے معنوں میں بغیر الف کے آتا ہے۔
راستی (ف) سچائی۔ کجی کی ضد (۲) سیدھا ہونا (۳) ہاں سچ۔ اوہ سچ۔ جیسے راستی۔ این ہم بیاد ما آمد۔ ہاں سچ یہ بھی یاد آ گیا (۴) واقعی۔
راستی این است } (ف) سچ بات یہ ہے۔ حق یوں ہے ایسے
راستی اینکہ } موقع پر بولا جاتا ہے جہاں متکلم شک و شبہ کو رفع کرنا چاہتا ہو۔
راستیہا (ف) دیکھو راستی این است۔
راسخ (ع) مضبوط۔ استوار۔ (۲) دہلی کے ایک مشہور اُردو شاعر کا تخلص۔
راسن (ف) زخم اور آبلہ کو فائدہ دینے والی ایک دوا کا نام۔
راشو (ف) تیولا۔

راست و ذنب (ع) تنیں فلک شمالی حصہ میں۔ آٹھواں پر اژدہا کی صورت کی ایک شکل ہے۔ جس کی ایک جانب کو راس اور دُوسری کو ذنب کہتے ہیں۔ دیکھو راس التنین۔
راسیات (ع) راسیہ کی جمع۔ محکم پہاڑ۔
راسیہ (ع) ثابت (۲) محکم اور استوار پہاڑ وغیرہ۔
راش (ف) غلّہ کا تودہ۔ غلّہ کا ڈھیر۔
راش (ع) سُست۔ کاہل۔
راشد (ع) ہدایت یافتہ۔ راہِ راست پانے والا۔
راشق (ع) تیر مارنے والا۔
راشی (ع) رشوت دینے والا۔
راصد (ع) نجومی۔ منجم۔
راضع (ع) دُودھ پیتا بچہ۔ شیرخوار (۲) کنجوس۔ بخیل۔
راضعتان (ع) دُودھ کے دانت (۲) دُودھ کے دو دانت۔
راضی (ع) خوش۔ شاد۔ خرم۔
راضی برضائے دوست باش (ف) دوست کی رضا پر راضی ہو جا۔
راضیہ (ع) پسندیدہ۔
راطم (ع) ہر وقت کسی کے ہمراہ رہنے والا (۲) نوکری کرنے والا۔
راطینج (ع) صمغ۔ گوند۔
راع (ع) مراعات گر۔
راعی (ع) حاکم (۲) نگہبان (۳) چرواہا۔ گڈریا۔
راعی العباد (ع) لوگوں کا محافظ (۲) بادشاہ۔
راعیل (ع) حضرت زلیخا کا نام جو عزیز مصر کی ملکہ تھیں۔ اور پھر حضرت یوسف علیہ السلام کے نکاح میں آئیں۔
راغ (ف) سبزہ زار (۲) پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ دامن کوہ (۳) جنگل۔
راغب (ع) رغبت کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔
راغب جہاد (ف) جہاد پر مائل۔
راف (ف) جادوگری۔ بساسہ۔
رافت (ع) مہربانی۔
رافض (ع) رد کر دینے والا۔ ترک کر دینے والا۔
رافضہ (ع) اپنے سردار سے سرکشی کرنے یا اس کا ساتھ چھوڑ دینے والا گروہ۔ شیعوں کے مشہور گروہ کا نام۔ ان لوگوں نے حضرت زید بن علی بن امام حسین علیہم السلام کے ہاتھ پر بیعت کی اور ان سے کہا کہ آپ حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہم سے تبرا یعنی نفرت کریں۔ لیکن آپ نے انکار کیا اور کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو جو ہمیشہ ان کے ممدّ و معاون رہے ہیں۔ کیونکر بُرا کہہ سکتا ہوں۔ اس پر ان لوگوں نے صرف ان کا ساتھ ہی نہ چھوڑ دیا۔ بلکہ بے وفائی سے پیش آئے اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت زید حجاج بن یوسف کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔

Marfat.com

رافضی (ع)، منسوب بہ رافضہ جو شیعوں کا مشہور گروہ ہے۔ دیکھو رافضہ۔
رافع (ع)، بلند کرنے والا (۲) اُٹھانے والا (۳) کلمہ کو پیش کی حرکت دینے والا (۴) اپنا قصّہ حاکم کے سامنے لے جانے والا۔ داد خواہ۔
راقب (ع)، انتظار کرنے والا۔ منتظر۔
راقع (ع)، کپڑے پر پیوند لگانے والا۔ گدڑی سینے والا۔
راقم (ع)، رقم کرنے والا۔ لکھنے والا۔
راقی (ع)، جادوگر۔ ساحر۔ منتر پڑھنے والا۔ افسون پڑھنے والا۔ (۲) مریض پر دُعا دم کرنے والا۔ (۳) اُوپر چڑھنے والا۔
راک (ف)، لڑنے والا مینڈھا (۲) جنگلی مینڈھا۔ (۳) قُچ (۴) پانی پینے کا کاسہ (۵) سوئی کا دھاگا (۶) راہ۔
راکارہ (ف)، فاحشہ۔ بدکار عورت۔
راکب (ع)، سوار (۲) شتر سوار۔
راکد (ع)، بند پانی۔ کھڑا پانی۔
راکد ماندن (ف)، کھڑے رہنا۔ رُکے رہنا۔
راکض (ع)، گھوڑے دوڑانے والا۔
راکع (ع)، رکوع کرنے والا۔ جھکنے والا۔ نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنے والا۔
رالہ (ف)، مشک۔ پانی بھرنے کی مشک۔
رام (ف)، مطیع۔ فرماں بردار۔ اطاعت گزار (۲) رواں۔ روندہ (۳) آرام (۴) طاقت (۵) ہر شمسی مہینہ کی اکیسویں تاریخ (۶) ایک فرشتہ کا نام جو آرام کے دلوں مصالح اور امور مردم پر موکل خیال کیا جاتا ہے (۷) چنگ مشہور ساز کے موجد کا نام۔
رامح (ع)، نیزہ مارنے والا (۲) نیزہ دار۔
رامش (ف)، خوشی۔ شادمانی (۲) آسائش۔ آسودگی (۳) راگ۔
رامشخور (ف)، موسیقی کی ایک سُر۔
رامشگاہ (ف)، آرام گاہ (۲) ناچ و رنگ کی مجلس۔ (۳) بزم۔
رامی (ع)، تیر انداز (۲) پتھر مارنے والا (۳) گالی دینے والا (۴) تہمت لگانے والا۔
رامی / رامین / رامینہ } (ف)، ویس کے عاشق کا نام (۲) چنگ کے موجد کا نام بھی ہے۔
رامیا (ف)، گڈریا۔ چوپان۔
ران (ف)، کمر سے نیچے اور گھٹنے سے اُوپر کا ٹانگ کا حصّہ۔ جانگھ۔
ران افشردن (ف)، گھوڑے پر ران جمانا (۲) گھوڑے کو تیز کرنا۔
راندگان (ف)، درگاہ سے راندے ہوئے۔
راندن (ف)، ہانکنا (۲) دُور کرنا۔ رد کرنا (۳) روانہ کرنا (۴) روانہ ہونا (۵) چلانا۔

ران گشادن (ف)، سوار ہونا (۲) چلنا (۳) عیب آشکارا کرنا۔ (۴) ننگا ہونا (۵) گھوڑے سے اُترنا۔
رانگی (ف)، زمین کی نرمی۔
رانندہ (ف)، ہانکنے والا۔ ڈرائیور۔ موٹر تانگہ چلانے والا۔
رانندۂ کشتی (ف)، ملاح۔
رانندگی (ف)، ڈرائیوری۔
رانین (ف)، شلوار۔ ازار۔ تہہ بند۔ پاجامہ۔
راوت (ف)، بہادر۔ مہتر۔
راود (ف)، نشیب و فراز۔ اُونچی نیچی زمین۔
راوق (ع)، شراب صاف کرنے کا کپڑا۔ شراب کی صافی (۲) فارسی میں بمعنی شراب صاف مستعمل ہے۔
راوک (ف)، صاف۔ بے غلاظت (۲) رواں۔
راول (ع)، گھوڑے کے مُنہ کا پانی۔ گھوڑے کی رال۔
راوند (ف)، انگور کے خوشے لٹکانے کی الگنی۔
راوی (ع)، روایت کرنے والا۔ قصّہ کہنے والا۔ (۲) سیراب کرنے والا۔ پنجاب کے ایک دریا کا نام۔
راویہ (ف)، بہت روایت کرنے والا (۲) اُونٹ جس پر پانی کی پکھال لدی ہوئی ہو (۳) پانی کی مشک۔
راہ از پیش پائے برداشتن (ف)، تلاش و تردد چھوڑ دینا (۲) عبرت حاصل کرنا۔
راہِ اسفالت (ف)، پکی سڑک۔
راہ اُفتادن (ف)، ڈاکہ پڑنا۔ راستہ لُٹنا (۲) نقصان ہونا۔
راہ آموز (ف)، راہنما۔ استاد۔
راہ انجام (ف)، سامانِ سفر (۲) سواری یا گھوڑا (۳) قاصد۔ پیک۔ (۴) ڈاک ہرکارہ۔
راہ آوارہ / راہ آورد } (ف)، سفر کا تحفہ جو کسی کو بھیجا جائے۔ سوغات۔
راہِ آہن اسپی (ف)، ٹریموے کی سڑک۔
راہب (ع)، ڈرنے والا (۲) دُنیا ترک کرنے والا (۳) گوشہ نشین (۴) عیسائیوں کا پادری۔
راہِ باریک (ف)، تنگ رستہ۔
راہِ باز گونہ نورد (ف)، دشوار گزار رستہ۔
راہ بان (ف)، راہ کا محافظ (۲) مسافر۔ (۳) چور۔
راہِ بخت (ف)، بختاور زندگی (۲) عیش و زندگی کی راہ۔
راہ بدہ بُردن (ف)، کامیابی کی صورت ہونا (۲) معقول بات کہنا۔
راہبر (ف)، رستہ بتانے والا۔
راہ بر آوردن بچیزے (ف)، اینٹ پتھر وغیرہ سے رستہ بند کرنا۔
راہ برداشتن (ف)، مخطط۔ دھاری دار۔
راہ برگشادن (ف)، رستہ دینا (۲) تعظیم کرنا۔

Marfat.com

راہ برگرفتن (ف) رستہ لینا ۔ چل دینا۔
راہ بُریدن (ف) رستہ طے کرنا (۲) رستہ کاٹنا (۳) سفر کرنا ۔ (۴) کسی کے کام میں حارج ہونا۔
راہ بُریدہ (ف) وہ راہ جو راہزنوں کے خوف سے بند ہوگئی ۔
راہ بستن (ف) رستہ بند کر دینا ۔
راہ بسر بُردن (ف) راہ طے کر لینا (۲) پورا کر لینا ۔
راہ بند (ف) ڈاکو ۔ راہزن ۔ چور ۔
راہ بہ بست آمدن (ف) رستہ بند ہو جانا ۔
راہ بپیش گذاشتن (ف) راہ نمائی کرنا ۔
راہ بپیش گرفتن (ف) رستہ لینا ۔ چل دینا ۔
راہ انداختن (ف) کام پر لگانا ۔ آمادہ کرنا ۔
راہ پیما (ف) مسافر ۔ راہی ۔
راہ پیمودن (ف) راہ طے کرنا ۔

راہ خامہ دراں
راہ خارکش
راہ خارکن
راہ خسروانی
(ف) یہ چاروں موسیقی کی مختلف نوا ہیں ۔ موسیقی کی شرحیں ۔

راہ خفتہ (ف) دُور دراز رستہ ۔
راہِ خلوت (ف) خالی رستہ ۔
راہ خود را پیش گرفتن (ف) اپنے کام سے کام رکھنا ۔
راہ خوردن (ف) تیزی سے راستہ طے کرنا ۔
راہ دادن (ف) رستہ دینا (۲) اجازت دینا (۳) منظور کرنا ۔ (۴) رضامند ہونا ۔
راہداری (ف) محصول چنگی ۔ وہ محصول جو رستوں اور گزرگاہوں پر لیا جاتا ہے ۔
راہ داشتن (ف) آسان ہونا ۔
راہِ دریا قفل بودن (ف) غیر موسم سیلاب اور طوفان کے باعث دریا کا راستہ بند ہو جانا ۔
راہ دویدن کفش بریدن (ف) جوتیاں چٹخاتے پھرنا ۔
راہ دویدہ (ف) سعی و تلاش بے فائدہ ۔
راہِ راست (ف) سیدھا راستہ ۔
راہ را نزدیک کردن (ف) مختصر راستہ اختیار کرنا ۔ دُنیا سے کوچ کرنا ۔
راہ رخت (ف) راہ دُرست ۔
راہرو (ف) چلتا راستہ (۲) مکان کے اردگرد کا برآمدہ ۔ (۳) رستہ چلنے والا (۴) مسافر ۔
راہزدن (ف) لوٹنا (۲) گمراہ کرنا (۳) گانا (۴) گانا بجانا ۔
راہزن (ف) مسافر کو لوٹنے والا ۔ چور ۔ ڈاکو (۲) گویا ۔ مُطرب ۔
راہزنی (ف) مسافر کو لوٹنا ۔ ڈاکہ ڈالنا (۲) گمراہ کرنا ۔
راہ سپردن (ف) روانہ ہونا (۲) رستہ چلنا ۔
راہ سخن بستن (ف) زبان بند کر دینا ۔ بولنے نہ دینا ۔
راہ سرآشیب (ف) آتارا کا راستہ ۔ ڈھلوان کا راستہ ۔ اترائی ۔

راہِ سربالا (ف) چڑھائی کا رستہ ۔
راہ سنج (ف) رستہ چلنے والا ۔ راہرو ۔
راہ سودن (ف) راہ چلنا ۔
راہِ صواب گرفتن (ف) سیدھا رستہ لینا ۔ (۲) ہدایت پانا (۳) صحیح طریق اختیار کرنا ۔
راہِ عرادہ (ف) گاڑی کا رستہ ۔
راہ غول (ف) دنیا ۔
راہِ فرمان سپردن (ف) فرماں برداری کرنا ۔
راہ کسے بستن (ف) کسی کے سدِ راہ ہونا ۔
راہ کسے دیدن (ف) کسی کا انتظار کرنا ۔
راہ کج کردن (ف) رستہ کترا جانا ۔
راہ کوہ رفتن (ف) اغلام کرنا ۔
راہ گاں (ف) رائیگاں کا مترادف ۔
راہ گزر (ف) راستہ ۔ سڑک ۔
راہ گستر (ف) راہ دار ۔ سواری کا جانور ۔ مرکب ۔
راہ گیر (ف) سرکار کی طرف سے رستہ کا محصول لینے والا (۲) مسافر (۳) رستہ چلنے والا ۔
راہن (ع) رہن رکھنے والا ۔ گرو رکھنے والا ۔
راہ نشین (ف) گداگر ۔ بھیک مانگنے والا ۔
راہنما (ف) رستہ دکھانے والا ۔
راہ نورد (ف) مسافر ۔ رستہ چلنے والا (۲) قاصد ۔ پیادہ ۔ (۳) گداگر ۔
راہ نوردی (ف) سفر ۔ مسافرت (۲) رستہ چلنا ۔

راہ نوردیدن
راہ نوشتن
(ف) رستہ چلنا ۔ مسافت طے کرنا ۔

راہوار (ف) گھوڑے کی ایک قسم کی رفتار (۲) تیز رفتار گھوڑا ۔

راہ و ربط
راہ و رسم
(ف) میل جول ۔ آمد و رفت ۔ ملاقات ۔ واقفیت ۔

راہوی (ف) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام ۔
راہ یافتن (ف) راستہ پانا ۔
راہی (ف) رستہ چلنے والا ۔ مسافر ۔
راہی شدن (ف) روانہ ہونا (۲) راہ چلنا ۔
راہی کردن (ف) روانہ کرنا ۔
رائے (ع) تجویز (۲) خیال (۳) فکر ۔ (۴) تدبیر (۵) عقل ۔ دانائی ۔
رائے (ف) رستہ ۔ راہ (۲) ہندوستان میں قنوج کے راجوں کا لقب اور مطلق راجہ سردار ۔
رائے اعتماد (ف) اعتماد کا ووٹ ۔
رائے دادن (ف) ووٹ دینا ۔
رائے قاطع (ف) کاسٹنگ ووٹ ۔ فیصلہ کن ۔
رائے گرفتن (ف) ووٹ لینا ۔

Marfat.com

رایات (ع) رایت کی جمع - جھنڈے - علَم -
رائی العین (ع) آنکھ دیکھی بات - وہ بات جو رُو برو گزری ہو - (۲) آنکھوں سے دیکھنا -
رائب (ع) خراب اور مشتبہ کام -
رائت (ع) جھنڈا - علَم - نیزہ -
رائث (ع) دیر کرنے والا - درنگ کرنے والا -
رائج (ع) رواج یافتہ - جس چیز کا رواج ہو (۲) جاری - چلن والی شے (۳) سرکاری سکہ - جو سرکاری ٹکسال میں بنایا گیا ہو -
رائج الوقت (ع) زمانہ حال میں یعنی موجودہ وقت میں رواج یافتہ شے -
رائح (ع) آئندہ رات -
رائحہ (ع) بو (۲) خوشبو -
رائد (ع) چکی کا دستہ جسے پکڑ کر چکی چلاتے ہیں (۲) وہ آدمی جسے گھاس پانی کے لیے بھیجا جائے -
رائے زنی (ف) باہم صلاح و مشورہ - تجویز کرنا - (۲) رائے دینا -
رائس (ع) حاکم - سردار - رئیس -
رائش (ع) رشوت دلانے والا - راشی و مرتشی کے درمیان دلالی کرنے والا (۲) تیر پردار -
رائض (ع) چابک سوار (۲) فرماں بردار - مطیع -
رائع (ع) دلچسپ - خوش آئند شے (۲) عمدہ گھوڑا -
رائگاں (ف) اصل میں رائگاں تھا - وہ شے جو رستہ میں پڑی ہوئی مل جائے (۲) مفت کے عوض -
رائگاں خوار (ف) مُفت خور - مُفت کھانے والا - طفیلی - گدا -
رائگاں گراں است (ف) مُفت ہاتھ آئے تو بھی مہنگا ہے -
رائیل (ف) انگریزی لفظ ریل کا مفرس - ریل گاڑی -
رایہ (ف) پھنسیوں کی ایک قسم جو بچوں کے سر پر نکلتی ہیں - گنج -

## ر - ب

رَب (ع) پالنے والا - پروردگار (۲) خداوند - اللہ تعالیٰ (۳) بڑا بھائی (۴) یار -
رُب (ع) انگور - انار اور سیب وغیرہ کا پانی جو آگ پر پکا کر غلیظ کیا گیا ہو -
رُبَّ (ع) بعض دفعہ - اکثر دفعہ - بعض وقت - کبھی - تھوڑا -
ربا (ع) زیادہ ہونا - بڑھنا (۲) سُود - بیاج -
رَباب (ف) ایک مشہور ساز کا نام -
رُباب (ع) رُباب کا معرب - جو مشہور ساز ہے -
رَباب (ع) ابر سفید -
رَباب (ع) رعد کی معشوقہ کا نام (۲) مکہ معظمہ کے قریب ایک گاؤں کا نام (۳) مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام

رَباح (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کا نام (۲) اُندلس کے ایک قلعہ کا نام -
رِباخوار (ف) سُود خوار - بیاج کھانے والا -
رَبّاد (ع) مٹی کا کام کرنے والا -
رِباط (ع) سرائے - مسافر خانہ -
رِباط (ع) وہ شے جس سے دُوسری چیز کو خُوب کس کر باندھا جائے (۲) دل (۳) دشمن کے آنے جانے کے رستہ کی حفاظت کرنا اور تاک میں بیٹھے رہنا -
رُباع (ع) چار - چار -
رُباعی (ع) چار برس کا گھوڑا اور بیل اور بکرا (۲) سات برس کا اُونٹ -
رُباعی (ع) وہ کلمہ جس کے اصلی چار حرف ہوں -
رُباعی (ع) چار مصرعوں کے دو شعر جن کا پہلا دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہو اور اگر تیسرا مصرعہ بھی ہم قافیہ ہو تو جائز ہے - یہ صرف بحر ہزج ہی میں کہی جاتی ہے اور اس کے لیے چوبیس وزن مخصوص ہیں ہزج کے علاوہ کسی دوسرے بحر میں اس کا کہنا دُرست نہیں
رَبُّ الاَرباب (ع) تمام پرورش کرنے والوں کا پالنے والا (۲) اللہ تعالیٰ -
رَبُّ البیت (ع) صاحب خانہ -
رَبُّ العالمین (ع) دُنیا کو پالنے والا - کُل عالم کا پرورش کرنے والا -
رَبِ کعبہ (ع) خدا تعالیٰ -
رَبُّ النّوع (ع) مخلوقات کی ہر ایک نوع کی پرورش کے لیے جو ایک ایک فرشتہ مقرر ہے -
رَبُّ النّوع روزی کو راست (ف) مُراد ہے کہ دُنیا میں دولت کی تقسیم سخت ناہموار ہے -
ربان / رُبانی (ع) جہاز کا کپتان -
ربانی (ع) منسوب بہ رب - اللہ والا -
ربائیدن (ف) اُچک لے جانا -
ربائش (ف) اُچکنے کا عمل -
ربائندہ (ف) اُچک لینے والا -
ربح (ع) نفع - فائدہ - سود (۲) تجارت کا منافع -
رَبض (ع) قلعہ کا ارد گرد (۲) شہر پناہ - شہر کے گرد کی دیوار (۳) عورت (۴) گھر کی عورت - ماں - بہن - زوجہ - وغیرہ -
رَبط (ع) لگاؤ - علاقہ - وابستگی (۲) باندھنا - تعلق -
رَبع (ع) مکان - منزل (۲) سرائے - (۳) محلّہ -
رِبع (ع) چوتھیا بخار - جو دو دن ناغہ کر کے چوتھے روز ہوتا ہے -
رُبع (ع) چوتھا حصّہ (۲) اصطرلاب کی مانند ایک آلہ جس سے ستاروں کی بلندی دریافت کی جاتی ہے -
ربع زمین (ف) ربع مسکون - زمین کا چوتھا حصّہ جو آباد ہے -
ربع شدّاد (ع) باغ ارم - شدّاد کا بہشت -

Marfat.com

رُبعِ مسکون (ع) زمین کا چوتھائی حصّہ جو آباد ہے اور ¾ پانی سے گھرا ہوا ہے - یعنی اس میں سمندر ہے - ہفت اقلیم -

رَبْعَہ (ع) میانہ مرد - میانہ عورت -

رُبَع (ع) سیرابی (۲) باریک مٹی -

رِبق (ع) وہ رسّی جس میں کئی حلقے اور گوشے بنے ہوتے ہیں -

رِبقہ (ع) رسّی کا حلقہ -

رِبقۂ اطاعت (ف) طوقِ غلامی - غلامی کا جوا -

رُبّما (ع) بسا اوقات - اکثر - بہت -

رَبّنا (ع) اے ہمارے رب -

رَبو (ع) کوتہ دمی جو مشہور مرض ہے -

ربوبیّت (ع) پروردگاری - خدائی - خداوندی -

رَبُودن (ف) اُچک لینا - کسی سے جلدی سے چیز لے کر بھاگ جانا -

رُبُوسر / رُبُوشہ } (ف) سر پر اوڑھنے کی چادر (۲) برقعہ -

رَبُوع (ع) ربع کی جمع - سرائیں - مسافر خانے -

رَبوہ (ع) تودہ - ٹیلہ - اُونچی زمین (۲) بیت المقدس کی زمین جو سب زمینوں سے اُونچی ہے -

رِبّی (ع) خداشناس - رب والا (۲) بہت سے لوگ - بڑی جماعت - ہزاروں آدمی -

رَبّی (ع) اے میرے رب -

رَبیب (ع) پروردہ - پالا ہوا (۲) عورت کا وہ لڑکا جو اسے پہلے شوہر سے ہو - اور اسے اپنے ہمراہ دُوسرے شوہر کے گھر لائے - وہ لڑکا اس دوسرے شوہر کا ربیب کہلاتا ہے - پچھلگ لڑکا -

ربیبہ (ع) ربیب کا مونث - پہلے خاوند کی لڑکی جسے عورت اپنے ہمراہ دُوسرے شوہر کے گھر لائے - وہ اس دُوسرے شوہر کی ربیبہ کہلاتی ہے -

ربیثا (ف) چھوٹی سی مچھلی -

ربیع (ع) بہار کا موسم - ہندوستان میں یہ موسم پھاگن چیت اور دُوسرے ممالک میں بیساکھ اور جیٹھ میں ہوتا ہے - عرب کے ایک سخی آدمی کا نام -

ربیع الآخر (ع) چوتھا قمری مہینہ -

ربیع الاوّل (ع) تیسرا قمری مہینہ -

ربیعہ (ع) خود - لوہے کی ٹوپی (۲) زور آزمائی کا پتھر (۳) سبزہ زار - چراگاہ (۴) خوشبو رکھنے کا برتن -

رپوتر (مفرس) خبر نگار - وقائع نگار - مخبر -

## ر - ت

رُت (ف) ننگا - (۲) ننگی - برہنہ -

رَتاع (ع) چوپائے کا سبزہ زار اور عام گھاس والی زمین میں چرنا اور پانی پینا (۲) چوپائے کا کھلا چرنا -

رِتام (ع) رتیمہ کی جمع - وہ دھاگا جو یادداشت کے لیے اُنگلی پر باندھتے ہیں -

رُتبہ (ع) مرتبہ - درجہ -

رَتبیل (ف) وہ نام جو قدیم زمانے میں سندھ اور کابل کے بادشاہوں کے لیے بولا جاتا تھا -

رَتج (ع) دیکھو رتاج -

رَتج (ع) دروازہ بند کرنا -

رَتق (ع) باندھنا -

رَتق و فتق (ع) باندھنا اور کھولنا (۲) ضبط و انتظام -

رَتم / رَتمہ } (ع) یاد آور - وہ دھاگا جو یادداشت کے لیے اُنگلی پر باندھا جاتا ہے -

رَتو (ع) مضبوط باندھنا (۲) سست کرنا (لغات اضداد سے ہے) دل کو مضبوط اور قوی کرنا - (۲) سر سے اشارہ کرنا -

رُتوب (ع) ساکن و ثابت ہونا (۲) ٹھہرنا -

رُتوع (ع) دیکھو رتاع -

رَتہ (ف) ریٹھا -

رَتیمہ (ع) دیکھو رتمہ -

## ر - ث

رَثّ (ع) پُرانا - کہنہ - بدحال -

رِثاء (ع) مُردہ کو رونا -

رِثاث (ع) رث کی جمع - پُرانے (۲) بدحال -

رثا خواندن (ف) مرثیہ پڑھنا - نوحہ خوانی -

رثایت (ع) دیکھو رثاء -

رَثغ (ع) توتلا ہونا - ہکلا ہونا -

رَثی (ع) دیکھو رثاء -

رثیت (ع) میں رویا (۲) میں نے مرثیہ پڑھا -

رثیث (ع) تاج کا گوشوارہ (۲) مجروح -

رثیم (ع) ناک کٹا ہوا (۲) خون آلودہ -

رثیہ (ع) چھاچھ (۲) بے وقوفی -

## ر - ج

رَجّ (ع) حرکت دینا (۲) ملانا (۳) ہلنا (۴) روکنا - باز رکھنا - (۵) دروازہ ہٹانا -

رجا / رجاء } (ع) بھروسہ - اُمید (۲) اُمید رکھنا (۳) ڈرنا (۴) ڈر -

Marfat.com

رُجا - رَجاء (ع)، کنارہ - طرف (۲) کنویں کی مینڈھ -
رَجات (ف)، نقارہ کی آواز -
رِجال (ع)، رجل کی جمع - مرد -
رِجالِ دولت (ع)، اُمرائے سلطنت -
رجالِ سیاست (ع - ف)، سیاسی لوگ -
رجالِ معیتہ (ع)، اشخاص - ساتھ کام کرنے والے -
رجام (ع)، پتھر - جسے رسّی میں باندھ کر گہرائی معلوم کرنے کے لیے کنویں میں ڈالتے ہیں -
رجب (ع)، ساتواں قمری مہینہ (۲) ڈرنا (۳) تعظیم کرنا -
رُحجان - بہشت کی ایک نہر کا نام -
رَجَز (ع)، شعر کی اُنیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام جس کا وزن آٹھ بار اور چھ بار بھی مستفعلن ہے (۲) وہ اشعار جو اہلِ عرب میدانِ جنگ میں دشمن کے مقابل ہوتے وقت اپنی بہادری اور شرافت ظاہر کرنے کے لیے فخریہ پڑھتے ہیں -
رِجز (ع)، بت پرستی - شرک (۲) بُت (۳) پلیدی (۴) گناہ (۵) عذاب -
رجز خواندن (ف)، جنگی ترانہ پڑھنا جس سے بہادروں کے دل جوش پکڑیں -
رِجس (ع)، پھٹکار - لعنت (۲) پلیدی (۳) عذاب - گناہ کی سزا جو مجرم کو دی جاتی ہے -
رَجع (ع)، لوٹنا - پھرنا - واپس ہونا (۲) لوٹانا - پھرانا - واپس کرنا - (۳) مینہ کے بعد مینہ (۴) موسم بہار کی روئیدگی (۵) فائدہ - منفعت -
رُجعت (ع)، بازگشت - پھرنا (۲) پھر کر وہی کام کرنا (۳) شوہر کا اپنی طلاق دی ہوئی بیوی کی طرف ایام عدت میں رجوع کرنا -
رَجعتہُ القہقرٰے (ع)، اُلٹے پاؤں چلنا - اپنی ایڑی کی طرف چلنا -
رجعت کردن (ف)، واپس آنا -
رجعت مرض (ف)، مرض کا عود کر آنا -
رَجعی (ع)، وہ طلاق جس میں خاوند عورت کو پھر اپنے نکاح میں لا سکتا ہے -
رَجفنگ (ف)، ڈکار -
رَجف } رَجفہ } (ع)، لرزہ - بھونچال - زمین وغیرہ کا سخت لرزنا (۲) کانپنا (۳) ہلنا (۴) ہلالہ (۵) کپکپی -
رَجک (ف)، ڈکار -
رَجل (ع)، اُونٹ کے بچّہ کا اپنی مرضی کے مطابق دُودھ پینا - (۲) نر کا مادّہ پر کودنا -
رَجِل (ع)، جس کے بال گھنگھریالے نہ ہوں -
رِجل (ع)، پاؤں (۲) حصّہ (۳) ہر چیز کا ٹکڑا (۴) ٹڈی دل -
رَجُل (ع)، حدِ بلوغت کو پہنچا ہوا (۲) بالغ مرد -
رَجَل (ع)، پیادہ ہونا -
رَجلہ (ع)، خرفہ کا ساگ (۲) عورت (۳) مردوں سے مشابہت رکھنے والی عورت -
رَجلیٰ (ع)، پیادہ عورت -
رُوزِ عزلت (ف) تنہائی کا دن۔
رُوزِ غدیر (ف) وہ دن جس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مقامِ غدیر خم پر خطبہ پڑھا تھا۔ اور فرمایا تھا کہ جس کا میں دوست ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اس کے دوست ہیں۔
رُوزِ فراق (ف) جُدائی کا دن۔ سفرقت کا دن۔
رُوزِ فرو شدن (ف) عمر کا ختم ہونا۔
رُوزک (ف) روز کی تصغیر۔ چھوٹا سا دن۔
رُوزِ کار (ف) کام کا دن (۲) کارزار کا دن۔ میدان کا دن۔ لڑائی کا دن۔

Marfat.com

رُوزِ کوشِش (ف)، لڑائی کا دِن۔
رُوزگار (ف)، زمانہ۔ وقت (۲)، مہلت۔ فرصت۔ شُغل۔ (۴)، نوکری (۵)، پیشہ۔
رُوزگار است (ف)، اُمید اور تمنا میں مُدّت گزر گئی ہے۔
روزگاراں (ف)، روزگار کا مزید علیہ۔
رُوزگار بَرآوُرْدَن (ف)، عُمر بسر کرنا۔
رُوزگار بُرْدَن (ف)، عُمر ضائع کرنا۔ وقت کھونا۔
رُوزگار بمن چہ کرد (ف)، دیکھو زمانے نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟
رُوزگار جوانی (ف)، ایامِ جوانی۔
رُوزگارِ رُفتگاں (ف)، تنگدست لوگ۔ مفلس۔
رُوزگارے شُمُرْدَن (ف)، کچھ روز زندہ رہنا۔
رُوزگزار (ف)، دِن کاٹنے کا شُغل۔
رُوزگزارنیدَن (ف)، ٹالنا۔ دفع الوقتی۔
رُوزگرد (ف)، آفتاب۔
رُوزگار یافتن (ف)، موقع مِلنا۔ ملازمت مِلنا۔
رُوزگرْدَک (ف)، سُورج مکھی کا پھُول۔
رُوزمَرَّہ (ف)، ہر روز (۲)، ہمیشہ (۳)، وہ لفظ جو روز بولے جاتے ہیں (۴)، وہ شے جو ہر روز ملے۔
روزمزد (ف)، وہ مزدور جو روز کی روز مزدوری لے کر کام کرے۔
رُوزِمہ (ف)، روز ماہ کا مترادف۔
رُوزمیاں (ف)، ایک دِن چھوڑ کر ہر تیسرے دِن۔
رَوزَن (ف)، سوراخ (۲)، وہ سوراخ جو دیوار میں ہو۔ کھڑکی۔ روشندان۔ تابدان۔

رُوزنامچہ / روزنامہ } (ف)، اخبار (۲)، وہ کتاب جس میں ہر روز کا حال لکھا جائے۔

روزنامہ نویس (ف)، اخبار نویس۔

روزِ نبرد / روزِ ننگ / روزِ ننگ و نام } (ف)، لڑائی کا دِن۔ روزِ جنگ۔

روزَنہ (ف)، سوراخ۔ روشندان۔ تابدان۔
روزنۂ اُمید (ف)، اُمید کی جھلک۔
روزہ (ف)، برت۔ شرعی طور پر تمام دِن بھوکا۔ پیاسا رہنا۔
روزہ باطل شُدن (ف)، روزہ داری کے خلاف کام کرنا۔
روزہ بے نماز و عروس بے جہاز و قورمہ بے پیاز (ف)، نماز کے بغیر روزہ، جہیز کے بغیر دُلہن اور پیاز کے بغیر قورمہ یعنی ادھورا اور نامکمل کام۔
روزۂ تنفس (ف)، خاموشی (۲)، رات سے نیّت کر کے دن بھر کسی سے نہ بولنا۔ یہ فقرا کی ایک ریاضت ہے۔
روزہ خوردَن (ف)، روزہ کھولنا اور کبھی روزہ رکھنے سے بھی مُراد لی جاتی ہے۔

روزَہ داشتن (ف)، روزہ رکھنا۔
روزِ ہُرمُزد (ف)، پنجشنبہ کا دِن۔
روزَہ کُشادن (ف)، روزہ کھولنا۔ افطار کرنا۔
روزَہ واکردن (ف)، روزہ کھولنا۔
رُوزی (ف)، رزق (۲)، حِصّہ۔ نصیب۔
رُوزی از زخمِ پراگندہ خوردن (ف)، نہایت محنت اور مشقت سے روزی کمانا۔
رُوزیانہ (ف)، روزینہ (۲)، روزانہ۔
رُوزی دِہ (ف)، رزّاق (۲)، اللہ تعالےٰ۔
رُوزینہ (ف)، ہر روز کا خرچ جو روز بروز کہیں سے ملے۔ راتبہ۔
رُوس (ف)، ایشیا کے شمال اور یُورپ کے شمال مشرق میں جو مُلک ہے۔ یہ تمام ملکوں سے زیادہ وسیع ہے۔ پہلے یہاں شہنشاہیت تھی۔ لیکن ۱۹۱۴ء والی جنگِ عظیم کے بعد زار اور اس کے خاندان کو گولی سے اُڑا کر جمہوری حکومت قائم کی جو بالشویکوں کی حکومت کہلاتی ہے۔
رُوس (ع)، رؤس کا مخفف۔ راس کی جمع۔
رُوساختن (ف)، شرمندہ ہونا (۲)، مُنہ بنانا (۳)، تصویر کھینچنا۔
رُوس انگروہ (ف)، عنب الثعلب۔ مکو۔
رُوسپی (ف)، فاحشہ عورت۔ بدکار عورت۔ قحبہ۔ اصل میں رُوسپید کا مخفف ہے اور طعن کے طور پر بدکار عورت کو کہتے ہیں۔ جیسے بھنگی کو طعن کے طور پر مہتر کہتے ہیں۔
روستا (ف)، گاؤں (۲)، کسان۔ دہقان۔ گنوار۔
روستا را حمام خوش آمد (ف)، محاورہ ہے جس کا مطلب ہے کہ جو آدمی جہاں رہتا ہے یا جس شے سے تعلق رکھتا ہے اُسے پسند کرتا ہے اور اسی پر قائم رہنے کی کوشش کرتا ہے۔
رُوستازادگاں (ف)، گنواروں کے بچے۔ کسانوں کے بیٹے۔
روستائی (ف)، دہقانی۔ گنوارپن۔
روستخیز (ف)، قیامت کا دِن۔
روسرکہ کردن (ف)، چیں بجبیں ہونا۔ ناک بھنویں چڑھانا۔
روسری (ف)، عورتوں کے سر پر اوڑھنے کا رومال۔
رُوسفید (ف)، سُرخرو۔ ممتاز۔ معزز۔
رُوسفید بُودن (ف)، خوش بخت ہونا۔
روسفیدی (ف)، عزّت و آبرو۔
رُوسی (ف)، منسوب بہ مُلک روس۔ روس کا رہنے والا۔ رُوس کی کوئی شے (۲)، ایک تورانی پہلوان کا نام۔
روسیاہ (ف)، خطا کار۔ گنہگار (۲)، رُسوا (۳)، زنگی کو بھی کہتے ہیں۔
روسیہ (ف)، گنہگار۔ خطا کار (۲)، رسوا۔ ذلیل۔
رَوِش (ف)، طور طریقہ (۲)، رفتار (۳)، طرز۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔ (۴)، باغ کی کیاری۔
رَوِش (ف)، کنگرہ (۲)، چھوٹی منڈیر۔

Marfat.com

رُوشِ (ف) روش کا مخفف
روشان (ف) روشن (۲) واضح۔ ظاہر۔
روش راست (ف) سیدھی حرکت۔
روشن / روشن } (ف) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ درخشاں۔ (۲) ظاہر۔ آشکارا۔
رُوشن (ع) روشن کا معرب۔ چمکتا ہوا۔ تاباں۔ درخشاں (۲) روشندان (۳) ستارہ (۴) تُند خُو۔
رُوشناس (ف) جان پہچان والا۔ واقف کار (۲) مشہور و معروف۔ (۳) خوبصورت (۴) خوش قطع۔
روشنانِ فلک (ف) ستارے۔
روشنائی (ف) روشنی۔ چمک۔ نور۔ ضیاء۔
روشندان (ف) تابدان۔ روشنی کا چھوٹا سا دریچہ (۲) چراغدان۔
روشن دل (ف) روشن ضمیر۔
روشن دماغ / روشن رائے } (ف) مُدبّر۔ دانشمند۔ عاقل۔
روشن رواں (ف) زندہ دل۔ دانا۔ مرحوم۔
روشن سواد (ف) عالم۔ فاضل۔
روشن شدن (ف) آگاہ ہونا۔ کسی معاملے کو خوب سمجھ لینا۔
روشن ضمیر (ف) روشن دل۔ صاحب کشف۔
روشن فکر (ف) عمدہ و اعلیٰ سوچ کا مالک۔
روشن قیاس (ف) عاقل۔ دانا۔
روشن کتاب (ف) قرآن شریف۔
روشن کردن سبق (ف) سبق یاد کرنا۔ سبق حفظ کرنا۔
روشن کردن سخن (ف) وضاحت سے بیان کرنا۔
روشن کردن خانہ (ف) نزع کا عالم۔ آخری سانس لینا۔
روشن گہر (ف) نیک سرشت (۲) روشن رُوح والا۔
روشن نہاد (ف) نیک سرشت۔ پاک ذات والا۔
روشنی (ف) چمک۔
روشی (ف) ایک قسم کا کپڑا۔
رَوضن / روضات } (ف) روضہ کی جمع۔ باغات۔ باغ (۲) سبزہ زار۔
رَوضہ (ع) باغ (۲) سبزہ زار۔
روضۂ باغ رفیع / روضۂ باغ رفیعہ } (ف) جنّت۔ بہشت۔
روضۂ جاوید (ف) بہشت۔ جنت۔
روضۂ دوزخ بار (ف) تیغ آبدار۔
رَوع (ع) ڈرنا (۲) ڈرانا (۳) حیران کرنا۔
رُوع (ع) عقل (۲) دل۔
روعت (ع) ڈر۔ خوف۔
روغ (ف) روغ کا مخفف۔ ڈکار۔
رَوغن (ف) تیل۔ گھی۔

روغن از خاک کشیدن / روغن از ریگ کشیدن / روغن از ریگ گرفتن / روغن از سنگ کشیدن } (ف) عجیب کام کرنا (۲) کسی چیز کا ایسی جگہ سے تلاش کرنا۔ جہاں سے اُس کا ملنا ناممکن ہو۔
روغن بریگ ریختن (ف) لغو حرکت کرنا۔
روغن تلخ (ف) سرسوں کا تیل جسے پنجابی میں کڑوا تیل کہتے ہیں۔
روغن جوش (ف) گھی میں تلی ہوئی چیز۔
روغن چراغ (ف) وہ تیل جو دیے میں ڈالا جاتا ہے۔
روغن خالص (ف) خالص مکھن کا تیار کیا ہوا گھی۔
روغن خود (ف) اپنا دین مذہب۔
روغن خوش (ف) گائے بھینس کا گھی جو غذا میں استعمال کیا جاتا ہے۔
روغن داشتن (ف) چربی دار ہونا۔
روغن داغ (ف) گھی میں بھُونی ہوئی چیز۔
روغن رفتہ (ف) عمر اور مال و دولت سے سیر ہو چکا ہوا آدمی۔
روغن زباں (ف) چرب زبان (۲) فریبی۔
روغن زُبانی (ف) چرب زبانی (۲) خوشامد۔
روغن زرد (ف) گھی۔
روغن قاز مالیدن (ف) خوشامد کرنا (۲) فریب دینا۔
روغن کردن (ف) چکنا کرنا۔
روغن مغز (ف) دانائی۔ عقل۔
روغنی (ف) روغن کی ہوئی چیز۔ گھی یا تیل سے چپڑی ہوئی شے منسوب بہ روغن۔
رؤف (ع) بڑا مہربان (۲) اللہ تعالیٰ۔
رُو فراخ (ف) شگفتہ رُو۔ خوش و خرم۔
رُو فرسودن (ف) شرمندہ کرنا۔
رُوفس (ی) ایک یونانی حکیم کا نام۔
رُو فگندن (ف) گڑگڑانا۔ عاجزی کرنا۔
رُو کردن (ف) حاصل کرنا (۲) رُو برو کرنا۔ (۳) ظاہر ہونا۔ (۴) توجہ کرنا۔
رُو کردن بچیزے (ف) کسی کی طرف توجہ کرنا۔
رُوکش (ف) مقابل۔ حریف (۲) شرمندہ کرنے والا (۳) نقاب (۴) ملمّع (۵) دلال جو تجارت میں سودا کرائے۔
رُوگاہ (ف) دیباچۂ کتاب (۲) نقش جامہ (۳) پیشوائے اُمت۔
رُوگردانی (ف) منہ پھیرنا۔ ناراضی (۲) سرکشی۔
رُوگردانیدن (ف) مُنہ پھیر لینا (۲) نہ ماننا۔
رُو گرفتن (ف) مُنہ چھپانا (۲) شرمندہ ہونا۔
رَوم (ع) چاہنا (۲) تلاش کرنا (۳) کسی حرکت کو تخفیف کے لیے دو حرکتوں کے درمیان ادا کرنا (۴) حرکت خفی۔
رُوم (ع) ایک مشہور ملک کا نام جس کا کچھ حصہ ایشیا میں ہے۔ جو ایشیائی رُوم کہلاتا ہے۔ اور کچھ حصہ یورپ میں ہے۔ جو یورپی رُوم کہلاتا ہے۔ رُوما جو اٹلی کا پایہ تخت ہے۔ کسی

Marfat.com

زمانہ میں وہاں کی حکومت قریباً تمام دُنیا پر غالب تھی ۔ اخیر زمانہ میں اس کے دو حصّے ہو گئے ۔ اور مشرقی حصّہ کا نام روم قرار پاکر اس کا دارالخلافہ قسطنطنیہ مقرر ہوا ۔ چنانچہ کئی صدیوں سے یہ مُلک ترکوں کے قبضہ میں رہا ۔ یہاں کا ترک شہنشاہ سلطانِ روم کہلاتا تھا ۱۹۱۴ء والی جنگ عظیم کے بعد ترکوں نے شہنشاہیت کا خاتمہ کر کے جمہوری حکومت قائم کرلی ہے ۔

رُومال (ف) مُنہ صاف کرنے کا کپڑا ۔

رُومالی (ف) رومیلیا (ایک ملک کا نام) ۔

رُومان (ف) ناول ۔

رومہ (ف) جسم کے بال (۲) مُوئے زہار ۔

رُومی (ع) منسوب بہ ملک رُوم ۔ رُوم کا آدمی ۔ رُوم کی کوئی چیز ۔

رُومی بچگاں }
رُومی بچگاں رواں } (ف) آنسو ۔ اشک (۲) خُون کے آنسو ۔

رُومی بچہ (ف) خوب صُورت بچہ ۔

رُومی خوسے (ف) رکابی مذہب ۔

رومیزی (ف) میز پوش ۔

رومینیا (ف) ایک مشہور ملک کا نام ۔

رومی و زنگی }
رومی و ہندو } (ف) دِن رات ۔ روز و شب ۔
رومی و ہندی }

روناس (ف) مجیٹھ سے سُرخ رنگ حاصل ہوتا ہے ۔

روندگاں (ف) رونده کی جمع ۔ چلنے والے ۔

روندگانِ عالم (ف) سبعہ سیارے ۔

رَونق (ع) زیبائش ۔ خُوبی (۲) چمک ۔

رُونما (ف) وہ تحفہ جو دُلہن کو مُنہ دکھانے کے وقت دیا جائے خواہ نقدی ہو ۔ نذر دیدار ۔ سلامی ۔

رُونمائی (ف) مُنہ دکھانا ۔ دُلہن کا نذرانہ لے کر مُنہ دکھانا ۔

رونمودن (ف) نمودار ہونا ۔ آنا ۔ خوش بخت ہونا ۔ واقع ہونا ۔

رُونوشت (ف) جو کسی دُوسری چیز سے نقل کر کے لکھی جائے ۔

رونویس (ف) نسخہ دیکھ کر صاف کر کے لکھنے والا ۔

رونویسی کردن (ف) کسی مضمون کو نقل کرنا ۔

رُونیافتن (ف) اپنے حال پر کسی کی توجہ اور شفقت نہ پانا ۔

رُو در رُخ گرفتن (ف) چہرہ چھپا لینا ۔

روؤس (ف) راس کی جمع ۔ سر ۔

روسے (ف) کانسی جو مشہور دھات ہے ۔

روسے (ف) مُنہ ۔ چہرہ (۲) آس ۔ اُمید (۳) توجہ (۴) سبب ۔ (۵) طاقت ۔

رَوِیّ (ع) سیراب ۔ تازہ (۲) قافیہ کا اصلی حرف جس پر اس کا مدار ہو ۔ شعرائے عجم اسے بلا تشدید استعمال کرتے ہیں ۔

رُؤیا (ع) خواب ۔ سپنا ۔

رُؤیائے صادقہ (ع) سچا خواب ۔

رُوی از آہن داشتن (ف) سخت بے حیا اور بے لحاظ ہونا ۔

رُوئے اَفگندن }
روئے انداختن } (ف) رونا اور الحاح کرنا ۔

رُوی آن ندارد (ف) اس میں یہ کام کرنے کا چارہ نہیں ۔

رُوئے آہن }
رُوئے آہنی } (ف) خود ۔ لوہے کی ٹوپی جو جنگ کے وقت سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے ۔
رُوئے آہنیں }

رُوئے باز کردن (ف) مُنہ پر سے پردہ ہٹا دینا ۔

رُو بجنگ آوردن (ف) لڑائی اور جنگ کے لیے آمادہ ہونا ۔

رُوئے بخود کردن (ف) اپنی طرف متوجہ کرنا ۔

رُوئے بدیوار کردن (ف) مُنہ پھیر لینا ۔ بے دماغ ہونا ۔

رُوئے بر خاک مالیدن (ف) نہایت عاجزی کرنا ۔

رُوسے بہ آب کشیدن (ف) وضو کرنا ۔

رُوئے بہم کشیدن (ف) تیوری چڑھانا ۔

رُؤیت (ع) دیکھنا ۔ آنکھ سے دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔

رَؤیت (ع) تفکر ۔ تامّل (۲) حاجت ۔

رُؤیت ہلال (ف) چاند کا نظر آنا ۔ ہلال کا نظر آنا ۔

رُوئے تافتن }
رُوئے ترش کردن } (ف) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔

رُوئے تخم نشستن (ف) مُرغی کا انڈوں کو سینا ۔

رُوئے تلخ کردن (ف) ناخوش ہونا ۔

رُوئے تیغ (ف) تلوار کی دھار ۔

رُوَیجل (ف) رجل کی تصغیر ۔ چھوٹا سا مرد ۔

رُوئے خاندان (ف) فخر خاندان ۔

رُوئیداد (ف) حال ۔ حقیقت ماجرا ۔

رُوئے دائرہ ریختن (ف) راز فاش کرنا ۔

رُوئے در چیزے داشتن (ف) کسی چیز کی طرف توجہ رکھنا ۔

رُوئے در خدا آوردن (ف) خدا کی طرف رجوع کرنا ۔

رُوئے درہم کشیدن (ف) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔ ناخوش ہونا ۔

رُوئے دست (ف) کُشتی کے ایک داؤ کا نام ہے جس میں حریف کو گرانے کے لیے اس کے پاؤں میں پاؤں ڈال کر اس کے سینے کو زور سے دھکیلتے ہیں (۲) طپانچہ (۳) فریب ۔ مکر ۔

روئیدن (ف) اُگنا ۔

رُوئے روشن (ف) ظاہر ۔ آشکارا ۔

رُوئے زمیں نقش لبت (ف) گر پڑا ۔

رُوئے زمیں نقش بستن (ف) گر پڑنا ۔

رُوئے سخن (ف) بات کا رُخ ۔ خطاب سخن

رُوئے سر گذاشتن اطاق (ف) اوڑھم مچانا ۔

رولیش بہ ایں حالت میسر (ف) اس کی صورت ہی سے اس کی

Marfat.com

حالت زار کا اندازہ لگالو - حال پوچھنے کی حاجت نہیں -
رُوئے شُگفتہ ترنج (ف) آفتاب -
رُوئے فلاں در ترقی است (ف)، وہ روز بروز ترقی کر رہا ہے۔
رُوئے فلاں سفید (ف)، خدا اسے سرخرو کرے -
رُوئے فلاں سیاہ (ف)، خدا اسے ذلیل و خوار کرے -
رُوئے کسے بر زمین انداختن
رُوئے کسے بر زمین مالیدن } (ف)، کسی کو نہایت ذلیل کرنا -
رُوئے کسے دیدن (ف)، کسی کی رُو رعایت کرنا - کسی کی طرفداری کرنا -
رُوئے کسے گرفتن (ف)، تسخیر کرنا (۲) حمایت کرنا -
رُوئے گر (ف)، کانسی کے برتن بنانے والا -
رُوئے گردانیدن (ف)، نفرت و حقارت سے مُنہ پھیر لینا -
رُوئے گلگوں (ف)، سُرخ گلابی چہرہ -
رُوین (ف)، بر وزن - سوزن - مجیٹھ جس سے سُرخ رنگ حاصل ہوتا ہے۔
رُوئے نسلِ آدم (ف)، پیغمبر (۲) شریف لوگ (۳) آرام -
رُوئے نہادن (ف)، متوجہ ہونا -
رُوین ہائے قدیم (ف)، پُرانے کھنڈر -
رُوئے وَرَہ (ف)، طور و طریقہ -
رَوِیّہ (ع)، حاجت (۲) فکر - تامّل -
رَوِیّہ (ف)، طریقہ - دستور (۲) سمت - طرف -
رُوئے ہم (ف)، اُوپر تلے -
رُوئے ہم رفتہ (ف)، سب ملاکر -
رُوئے ہم ریختن (ف)، متحد ہونا - متفق ہونا - باہم مل بیٹھنا -
رُوئین (ف)، دھات - پیتل - کانسی لوہا وغیرہ کی چیز -
رُوئین تن (ف)، اسفندیار کا لقب جو گشتاسپ شاہ ایران کا بڑا بہادر بیٹا تھا - اور رستم کے ہاتھ سے مارا گیا - کہتے ہیں کہ کسی وجہ سے اُس کے جسم پر تیر و تلوار اثر نہ کرتے تھے -
رُوئین تنی (ف)، مضبوط جسم ہونا (۲) مغز (۳) معدہ -
رُوئین دژ
رُوئین دوژ } (ف)، توران کے ایک قلعہ کا نام جہاں افراسیاب کے پوتے ارجاسپ نے گشتاسپ کی بیٹیوں کو بلخ سے لے جاکر قید کیا تھا - اور آخر اسفندیار نے ہفت خواں طے کرکے قلعہ کو فتح کیا - اور اپنی بہنوں کو چھڑا لایا -
رُوئینہ تن (ف)، دیکھو رُوئین تن -
رُوئینہ خم (ف)، دیکھو رُوئین خم -

## ر - ہ

رَہ (ف)، راہ کا مخفف - رستہ - راہ - طریقہ (۲) دفعہ - بار - مرتبہ (۳) قانون - قاعدہ (۴) راگ - نغمہ - (۵) آہنگ -
رہ افتادن (ف)، اپنی راہ لگنا -

رَہا (ف)، آزاد - چھوٹا ہوا - خلاص -
رہا شدن (ف)، آزاد ہونا - خلاصی پانا -
رہا کردن (ف)، آزاد کرنا -
رہائی (ف)، آزادی - نجات -
رہاینہ (ف)، رہبان کی جمع -
رِہاق (ع)، ابتدائے بلوغ - بالغ ہونے کے قریب کا زمانہ -
رُہام (ف)، گودرز کے بیٹے کا نام -
رِہان (ف)، گھڑ دوڑ میں شرط لگانا - شرط لگا کر گھوڑا دوڑانا -
رَہ انجام (ف)، زادِ راہ (۲) قاصد (۳) تیز رو گھوڑا -
رَہ انجامِ رُوحانی (ف)، براق جس پر آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم شبِ معراج سوار ہوئے تھے -
رہاندن
رہانیدن } (ف)، رہائی دلانا - چھڑانا -
رہاوُ (ف)، ایک قلعہ کا نام -
رَہ آوَرد (ف)، سوغات - سفر کا تحفہ جو احباب کے لیے دیا جائے -
رہائن (ع)، رہینہ کی جمع - رہن - گرو -
رَہائی (ف)، خلاصی - چھٹکارا -
رَہَب (ع)، ڈرنا - آستین -
رُہب (ع)، ڈرنا -
رُہبان (ع)، ڈرنا - خوف کھانا -
رُہبان (ع)، راہب کی جمع - عیسائی عابد (۲) تارک الدنیا -
رَہبان (ع)، ڈرنے والا -
رَہبانیّت (ع)، دُنیا کو ترک کرنا - ترکِ دُنیا (۲) جائز لذّات کو رضائے الٰہی کے لیے چھوڑ دینا (۳) عیسائی عابدوں کا ترکِ لذّات اور زہد و پرہیزگاری کرنا -
رَہبر (ف)، رہنما - ہادی - رستہ بتانے والا (۲) دلیل عقل -
رہ بُردن (ف)، راستہ معلوم کرنا - راستہ طے کرنا -
رہ بر گرفتن (ف)، رستہ لینا - روانہ ہونا -
رہ بسیج (ف)، سفر کرنے والا -
رہبوت
رہبوتے } (ع)، خوف - ڈر - دہشت -
رہ توشہ (ف)، توشہ راہ - سفر کا سامان -
رہج (ع)، گرد - غبار (۲) شور - غل -
رہ جام داشتن (ف)، کامیاب ہونا -
رہ جام یافت (ف)، کامیاب ہوا -
رہ جام یافتن (ف)، کامیاب ہونا -
رَہ دار (ف)، محصول اور چنگی وغیرہ قبول کرنے والا - (۲) رہزن - چور -
رَہ داشتن (ف)، سفر کرنا (۲) انتظار کرنا (۳) رستہ کی حفاظت کرنا -
رَہرو (ف)، مسافر - رستہ چلنے والا -
رَہروانِ ازل (ف)، خدا کے طالب -

Marfat.com

رہروانِ بحر (ف) سالک ۔ درویش لوگ رات کے جاگنے والے ۔
رہروانِ طریقت (ف) سالکانِ طریقت ۔ جو لوگ تصوف، درویشی اور معرفت کی راہ اختیار کرتے ہیں ۔
رہروانِ گردوں (ف) سبعہ سیارے ۔
رہزن (ف) راہ مار ۔ لٹیرا ۔ ڈاکو ۔ چور ۔ راہ میں لوٹنے والا ۔
رہ سپار / رہ سپار (ف) رہرو ۔ رستہ چلنے والا ۔
رہ سپار شدن (ف) سفر پر نکلنا ۔
رہص (ع) بیخ ۔ تخم (۲) جڑ (۳) بنیاد (۴) گارہ ۔
رہق (ع) سرکشی (۲) سرچڑھنا ۔
رہق (ع) جھوٹ بولنا (۲) قریب ہونا (۳) کسی چیز پر گرد وغبار کا اس طرح پڑنا کہ وہ چیز چھپ جائے (۴) حملہ کرنا ۔ (۵) غرور کرنا (۶) دوڑنا (۷) حرام اور فساد پر بیباک ہوجانا ۔ (۸) نادانی ۔
رہگزر (ف) شاہراہ ۔ عام راہ ۔ سڑک ۔ سبب ۔
رہگیر (ف) مسافر ۔ رستہ چلنے والا ۔
رہ گوے (ف) گویا (۲) رقاص ۔
رہن (ع) گرو (۲) گرو کرنا ۔
رہن (ع) گرو رکھی ہوئی چیز ۔
رہن (ع) گرو رکھنے والا ۔
رہ نشین (ف) گداگر ۔ بھک منگا (۲) غریب (۳) بے خانماں (۴) مسافر (۵) قاصد (۶) رہزن (۷) رستے میں بیٹھنے والا ۔
رہنمونی (ف) رہنمائی ۔ ہدایت ۔
رہ نورد (ف) تیز رفتار (۲) تیز رفتار گھوڑا ۔
رہو (ع) اونچی زمین (۲) نیچی زمین ۔ لغاتِ اضداد سے ہے ۔
رہوار (ف) خوش رفتار گھوڑا ۔ کشادہ قدم گھوڑا ۔
رہور (ف) رہوار کا مخفف ۔
رہون (ع) رہن کی جمع ۔ گرو رکھی ہوئی چیز ۔
رہیدن (ف) رہائی پانا ۔ چھوٹنا ۔
رہی زادہ (ف) غلام زادہ ۔
رہین (ع) گرو رکھی ہوئی شے ۔

## ر ۔ ی

ری (ع) سیراب ہونا (۲) سیراب ۔
ری (ع) نمود ۔
رے (ف) عراق عجم کے ایک مشہور شہر کا نام
ریا (ع) نمود بے بود ۔ دکھلاوا ۔ ظاہرداری ۔ نمائش ۔
ریا (ع) بوئے خوش ۔

ریاح (ع) ریح کی جمع ۔ ہوائیں ۔
ریاحین (ع) ریحان کی جمع ۔ ریحان کے پھول (۲) خوشبودار پھول ۔ (۳) سبزہ زار (۴) باغات ۔ گلستان (۵) رزق ۔ (۶) رحمت (۷) فرزند ۔
ریاد (ع) ڈھونڈنا (۲) گھاس اور پانی تلاش کرنا ۔
ریاش الامر (ع) کام کا شروع ۔
ریاست (ع) سرداری ۔ حکومت ۔
ریاست طلب (ف) جاہ طلب ۔
ریاست کردن (ف) حکومت کرنا ۔
ریاست مآب (ف) جو رئیس تو نہ ہو مگر رئیسانہ دبدبہ رکھتا ہو ۔ جانشین رئیس ۔
ریاش (ع) ریش کی جمع ۔ پرندہ کے پر ۔ (۲) عمدہ کپڑے ۔ نفیس لباس (۳) آسودہ حالی ۔
ریاض (ع) روضہ کی جمع ۔ باغات ۔
ریاضات (ع) ریاضت کی جمع ۔
ریاضت (ع) محنت کرنا ۔ مشقت کرنا (۲) رنج و تکلیف کھینچنا ۔ (۳) فرمانبرداری (۴) نفس کشی (۵) اصطلاح اطبا میں وہ حرکت جو اپنے ارادہ اور خواہش سے کی جائے ۔ اور جس سے سانس پھول جائے ۔ ورزش (۶) گھوڑوں کو سدھانا ۔
ریاضت کشیدن (ف) محنت مشقت اٹھانا ۔ نفس امارہ کو مارنا ۔
ریاضت یافتہ (ف) تربیت یافتہ ۔
ریاضتی (ف) محنتی ۔ محنت کش ۔
ریاضی (ع) طبعی اور الٰہی کے علاوہ حکمت کی تیسری قسم ۔ اس علم میں اُن امور سے بحث کی جاتی ہے ۔ جو فقط وجود خارجی میں مادہ کے محتاج ہیں ۔ جس طرح مقدار اور عادِ خاص ریاضیات میں پائے جاتے ہیں نہ کہ مطلق عدد ۔ ریاضی کی قسمیں یہ ہیں : علم حساب ۔ علم ہندسہ ۔ علم نجوم ۔ علم جبر و مقابلہ ۔ علم جر ثقیل ۔ علم مناظرہ و مرایا ۔ علم موسیقی ۔
ریاضی دان (ف) علم ریاضی جاننے والا ۔
ریاکار (ف) منافق ۔ فریبی ۔ مکار ۔
ریاکاری (ف) فریب ۔ مکر ۔ ریا ۔
ریال (ف) ڈالر جو مشہور سکہ ہے ۔
ریان (ع) تر و تازہ (۲) سیراب ۔
ریائی (ف) منافقانہ ۔ ریاکارانہ ۔
ریب (ع) شک (۲) تہمت ۔ گمان (۳) شک میں ڈالنے والی چیز (۴) حاجت (۵) گردشِ زمانہ ۔ حوادثِ زمانہ ۔
ریباری (ف) سانڈنی سوار ۔ شتر سوار ۔
ریب المنون (ع) حوادثِ زمانہ ۔ زمانہ کے چکر ۔ زمانہ کی گردشیں ۔
ریبت (ع) شک ۔ گمان (۲) تہمت (۳) شک میں ڈالنے والی چیز ۔

Marfat.com

ریتہ (ف) ریٹھا ۔ جو ریشمی اور اُونی کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔

ریچار
ریچال } (ف) اچار (۲) مربّہ۔
ریچالہ

ریچار گفتن (ف) بُرا بھلا کہنا۔

ریح (ع) بُو ۔ خواہ خوشبو ہو یا بدبُو (۲) ہوا (۳) پیٹ کی اندرونی ہوا جس کے اثر سے جسم کے اعضا میں درد پیدا ہوتا ہے۔

رَیحان (ع) غلبہ (۲) طاقت (۳) طاقت دری (۴) پاکیزہ شے (۵) دولت (۶) مہربانی (۷) روئیدگی (۸) سبزہ (۹) نازبو۔ (۱۰) ہر خوشبودار گھاس (۱۱) گلاب کے سوائے ہر پھول (۱۲) ایک مشہور خط کا نام (۱۳) رزق (۱۴) رحمت۔ (۱۵) راحت (۱۶) فرزند (۱۷) شراب۔

رَیحانہ (ف) وہ چیز جس میں ریحان لو یا جائے (۲) ریحان کا گلدستہ (۳) خوشبودار گھاس جو نرم زمین پر اُگتی ہے۔

رَیحانی (ف) ایک قسم کا خوشبودار تمباکو (۲) ایک قسم کی نہایت خوشبودار اور صاف شراب۔

ریخ (ف) پتلا پخانہ ۔ دست ۔ پتلا گوبر ۔ پتلی بیٹ۔

ریخ زدن (ف) اسہال یا دست لگ جانا۔

ریخت (ف) شکل وصورت۔

ریختن (ف) گرانا (۲) ڈالنا (۳) بکھیرنا (۴) بکھرنا (۵) ڈھالنا۔ (۶) بیٹ کرنا۔

ریختن بہار (ف) موسم بہار کا ختم ہو جانا۔

ریختن گاہ (ف) دہانہ۔

ریختن گاہ آب در دریا (ف) جہاں دریا جا کر سمندر میں گرتا ہے۔ دہانہ ۔ ڈیلٹا۔

ریختنی (ف) نثار ۔ قربان۔

ریخت و پاش (ف) فضول خرچی ۔ اسراف۔

ریخت و فوارہ (ف) شکل وصورت۔

ریختہ (ف) قالب میں ڈھال کر بنائی ہوئی چیز (۲) دو یا زیادہ زبانوں سے مخلوط کلام (۳) ایسے معنی جو بلا تامل سمجھ میں آ جائیں۔

ریختہ پا (ف) تیز قدم ۔ خوب صورت گھوڑا جس کے اعضا ایسے متناسب ہوں کہ گویا سانچہ میں ڈھلا ہوا ہے۔

ریختہ گر (ف) دھات اور شیشہ وغیرہ کو قالب میں ڈھال کر برتن وغیرہ بنانے والا۔

ریدک (ف) نابالغ ۔ امرد لڑکا ۔ بے ریش۔

ریدکان (ف) نابالغ لڑکے ۔ ریدک کی جمع۔

ریدن (ف) ہگنا ۔ پاخانہ کرنا۔

ریز (ف) ریختن کا امر ۔ گرا ۔ ڈال (۲) کسی دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے (۳) کسی شے کا ٹکڑا۔

ریزاب (ف) حمام اور غسل خانوں سے نکلنے والا گندہ پانی۔

ریزان (ف) گراتا ہوا (۲) ڈالتا ہوا۔

ریز باراں (ف) بوندا باندی ۔ پھوار۔

ریز بافت (ف) بہت اچھا بنا ہوا۔

ریز ریز (ف) ریزہ ریزہ۔

ریزش (ف) گرانا (۲) ڈالنا (۳) نزلہ و زکام (۴) بخشش ۔ انعام واکرام۔

ریز و پاش (ف) اوڑھنا بچھونا (۲) بساطی کا چھوٹا چھوٹا سامان۔

ریزہ (ف) ٹکڑا ۔ قطعہ (۲) کواڑ۔

ریزہ خوانی (ف) پیچیدہ آواز سے گانا ۔ جو اصطلاحاً تحریر کہلاتا ہے۔

ریزہ سرا (ف) گانے والا ۔ نغمہ سرا۔

ریزہ سرائی (ف) آہستہ آہستہ گانا ۔ نغمہ سرائی۔

ریزہ سیمیں (ف) ستارے۔

ریزہ کاری (ف) باریک کام کرنا۔

ریژ (ف) مراد ۔ خواہش (۲) ٹیلہ ۔ اونچی جگہ۔

ریس (ف) غضب ۔ غصّہ ۔ قہر ۔ خشم۔

ریس (ف) ہریسہ (۲) حلیم (۳) کشک جو ابھی پکا نہ ہو۔

ریس (ف) (۱) ریستن مصدر سے فعل امر (۲) سوت کی اَٹی۔

ریستن (ف) پاخانہ پھرنا ۔ ہگنا (۲) نوحہ کرنا (۳) کنویں میں اُترنا۔

ریسماں (ف) رسّی (۲) ڈورا ۔ سوت کا تاگا۔

ریسماں باز (ف) نٹ ۔ بازی گر۔

ریسماں بازی (ف) بازیگری ۔ نٹوں کا تماشا۔

ریسماں باف (ف) رسّی بٹنے والا۔

ریسماں بافتن (ف) رسّی بٹنا۔

ریسماں بودن آسماں در چشم کسے (ف) بے تمیزی۔

ریسماں تابیدن برائے کسے (ف) کسی کے تباہ و برباد کرنے کی کوشش کرنا۔

ریسماں دراز کردن (ف) رسی ڈھیلی چھوڑنا (۲) مہلت دینا۔

ریسماں دیگراں پنبہ کردن (ف) دُوسروں کے لیے سخت محنت اور مشقت اُٹھانا۔

ریسماں سوخت و پیچش بیروں نرفت (ف) مثل مشہور ہے کہ رسّی تو جل گئی پر بل نہ گیا۔

ریسیدن (ف) کاتنا۔

ریسندہ (ف) کاتنے والا۔

ریسہ رفتن (ف) قطار میں چلنا۔

ریسہ کردن (ف) قطار میں کھڑے ہونا۔

ریش (ف) ڈاڑھی (۲) غصّہ ۔ غضب۔

رِیش (ع) پرندوں کے پَر (۲) نفیس لباس (۳) معاش کی فراخی۔

ریش (ف) گھاؤ ۔ زخم (۲) گھائل ۔ زخمی (۳) گاڑھا شوربا۔ (۴) ہریسہ (۵) حلیم۔

ریش از سیاہ سفید کردن (ف) ناتجربہ کاری۔

ریشان (ف) زخمی ۔ گھائل۔

Marfat.com

ریشائیل (ف) لمبی ڈاڑھی والا۔
ریش بابا (ف) ایک قسم کا انگور۔
ریش بباد دادن (ف)، ذلیل و خوار ہونا۔
ریش بچہ (ف)، چند بالوں کا نام۔ جسے عربی میں عنفقہ کہتے ہیں۔
ریش بہ دوغ سفید کردن (ف)، ناتجربہ کاری۔
ریش بہ ریش بافتن (ف)، ہر وقت حاضر رہنے والا۔
ریش بدست دیگرے دارد (ف)، اپنا اختیار کسی دوسرے کے ہاتھ میں دے رکھا ہے۔
ریش بہ فلفل افگندن (ف)، زخموں پر نمک چھڑکنا۔
ریش پُر باد (ف)، غرور۔ تکبر۔
ریش پیوند سبل کردن (ف)، احمق بننا۔ بے ہودہ اور لغو کام کرنا۔
ریشتن (ف)، بھنبھنانا۔ کاتنا۔
ریش توپی (ف)، گول گنجان اور محرابی ڈاڑھی۔
ریش جوگندم (ف)، جس ڈاڑھی میں کچھ بال سفید ہوں اور کچھ سیاہ۔
ریش چیر باف (ف)، جولاہوں کے کوچ کے مشابہ بھاری ڈاڑھی۔
ریشچہ (ف)، ریش بچہ کا مُرادف۔
ریش خاریدن (ف)، بے فائدہ تکلیف اُٹھانا۔
ریشخند (ف)، دل لگی۔ ہنسی۔ تمسخر۔
ریشخند کردن (ف)، تمسخر اڑانا۔ پھسلانا۔ دھوکا دینا۔
ریشخندی (ف)، احمقانہ کام جو عمر کے لحاظ سے شایانِ شان نہ ہو۔
ریش خوک (ف)، خنازیر جو مشہور بیماری ہے۔
ریش در آفتاب سفید کردن (ف)، دھوپ میں ڈاڑھی سفید کرنا۔ ناتجربہ کاری۔
ریش ریش کردن (ف)، پارہ پارہ کرنا۔
ریش ساز (ف)، جرّاح۔ حجام۔
ریش سفید (ف)، چودھری۔ معزز۔
ریش قاضی (ف)، شراب چھاننے کا کپڑا (۲)، شیشۂ شراب کے منہ پر باندھنے کا کپڑا (۳)، شراب کے شیشہ کا ڈاٹ۔
ریش گاؤ (ف)، مسخرہ (۲)، احمق (۳) لالچی۔ خام طبع۔
ریش گاوی (ف)، بے وقوفی۔ حماقت۔
ریشم (ف)، ابریشم کا مخفف۔
ریشمال (ف)، دیّوث۔ بے غیرت۔
ریشمالی (ف)، بے غیرتی۔
ریشمان (ف)، ریشمیں۔
ریش مورچہ پیے (ف)، خشخاشی ڈاڑھی۔
ریشہ (ف)، سُوت کا تار (۲)، درخت کی نسلیں (۳)، زلف (۴)، طرہ (۵)، دستار۔
ریشہ (ع)، مرغے کا ایک پَر (۲)، نب یعنی انگریزی قلم یا ہولڈر کی زبان۔
ریشہ دار (ف)، جڑ دار۔
ریشہ دار شدن (ف)، طاقتور ہونا۔
ریشہ دواندن / ریشہ کرداندن (ف)، ریشہ دوانی کرنا۔ کسی کے خلاف پوشیدہ طور پر بُری تدبیریں کرنا۔

ریشہ دوانی (ف)، سازش۔
ریشہ ریشہ شدن (ف)، ریزہ ریزہ ہونا۔
ریشہ زدن (ف)، جڑ پکڑنا۔
ریشہ کردن (ف)، جڑ پکڑنا۔
ریشہ کَن (ف)، جڑ اکھیڑنے والا۔
ریشہ کندن (ف)، جڑ سے اکھاڑ پھینکنا۔
ریشہ کَن کردن (ف)، جڑ سے اکھاڑ پھینکنا۔ نیست و نابود کر دینا۔
ریشہ ہائے افگندن (ف)، ہلکی پھلکی چیزیں۔
ریشیدن (ف)، ملنا (۲)، ملانا (۳)، رنگ کرنا۔
رَیط (ع)، ریطہ کی جمع۔ ایک پاٹ کی چادریں۔
رَیطہ (ع)، ایک پاٹ کی چادر۔
ریعناں (ف)، باغات۔ سبزہ زار۔
رَیع (ع)، زیادہ ہونا۔ بڑھنا (۲)، کھیتی کا زیادہ ہونا (۳)، کھیتی کی آمد۔
ریع (ع)، دو پہاڑوں کے درمیان کا کشادہ رستہ (۲)، اُونچی زمین وغیرہ۔
ریغ (ف)، حسد۔ کینہ۔
ریغ (ف)، راغ کا امالہ۔ سبزہ زار (۲)، جنگل (۳)، دامنِ دشت۔ (۴)، دامنِ کوہ۔
ریغال (ف)، کشکول (۲)، پیالہ۔
ریف (ع)، گھاس والی زمین (۲)، کھیتی والی زمین (۳)، کھانے پینے میں فراخی۔
رَیف (ع)، سبزہ (۲)، سبزہ زار میں چوپائے کا چرنا۔
ریق (ع)، تھوک۔
ریق زدن (ف)، ہگنا۔
ریکا (ف)، معشوق۔ محبوب۔ مطلوب۔
ریگ (ف)، ریت۔ بالو۔
ریگ بُوم (ف)، ریگستان۔
ریگ رواں (ف)، پانی کی طرح چمکتی اور بہتی ہوئی ریت۔
ریگ ریگ (ف)، ذرّہ ذرّہ۔
ریگ زادہ (ف)، ایک قسم کی مچھلی جو ریت میں اس طرح چلتی ہے جیسے پانی میں چلتی ہے۔ ریگ ماہی۔
ریگ زار (ف)، ریگستان۔ صحرا۔
ریگ ریختن (ف)، خراب کرنا۔
ریگِ زرگری (ف)، سُنار کی بھٹی اور دکان کی خاک جسے دھو کر سونے کے ذرات نکالے جاتے ہیں۔
ریگستان (ف)، صحرا۔ جہاں سوائے ریت کے درخت وغیرہ کچھ نہ ہو۔
ریگ شستن (ف)، ریت کو دھو چھان کر اس میں سے سونے کے ذرات تلاش کرنا۔

Marfat.com

ریگ شو (ف) نیاریا۔
ریگ قلعہ (ف) ایک کھیل کا نام ہے۔
ریگ ماہی (ف) دیکھو ریگ زادہ۔
ریل (ف) لوہے کے گاڈر۔
ریم (ف) پیپ (۲) میل۔ کثافت۔
ریم (ع) سفید ہرن۔
ریم آہن (ف) لوہے کا میل۔
ریمگیں (ف) چرک آلودہ۔ میلا کچیلا۔
ریمناک (ف) میلا۔
ریمہ (ف) آنکھ کا میل۔ چرک چشم۔
ریمیا (ع) ایک علم ہے جس کے عمل سے آدمی دم بھر میں جہاں چاہے آجا سکتا ہے۔
رین (ع) گنہگار و خبیث ہونا۔ (۲) بدکار و بد افعال۔
رین (ع) ایسی جگہ گرنا جہاں سے نکلنا ممکن نہ ہو۔
ریو (ف) فریب۔ مکر۔ حیلہ۔
ریو خوردن (ف) فریب کھانا۔
ریوند (ع) راوند کا املا۔ ایک مشہور مسہل دوا کا نام۔
ریوند چینی (ف) دیکھو ریوند۔
ریۂ (ع) پھیپھڑا۔
رئیس (ع) سردار۔
رئیس ایستگاہ (ف) سٹیشن ماسٹر۔
رئیس احتساب (ف) محتسب۔ کوتوال۔
رئیس بانک (ف) بینک کا مینجر۔
رئیس پست (ف) پوسٹ ماسٹر۔
رئیس بحری (ف) ناخدا۔
رئیس ضابطہ (ف) کوتوال۔

Marfat.com

# ز

ز - عربی کا گیارھواں اور فارسی کا تیرھواں حرف بحساب جمل اس کے سات عدد مقرر ہیں۔

## ز - ا

زاب (ف) صفت۔
زآب خرد ماہی خرد خیزد (ف) مراد ہے کہ
فکر ہر کس بقدر ہمت او است
زابل (ف) سیستان کے ایک شہر کا نام۔ یہاں کے باشندوں کو زابلی یا زابلستانی کہتے ہیں (۲) موسیقی کے ایک مقام کا نام۔
زابن (ع) بھوت۔ سرکش دیو (۲) دوزخ کا فرشتہ۔
زابوقہ (ع) گھر کا گوشہ۔
زابیدن (ف) صفت کیا جانا۔ موصوف ہونا۔
زابیدہ (ف) موصوف۔
زاپاس (ف) ذخیرہ۔
زاج (ع) زاک کا معرب۔ پھٹکڑی۔
زاج (ع) زچہ۔ نئی جنی ہوئی عورت۔
زاج ابیض (ع) پھٹکڑی۔
زاج بلوری (ف) پھٹکڑی۔
زاجر (ع) زجر کرنے والا۔ ڈانٹنے والا۔ منع کرنے والا (۲) پرندوں سے فال لینے والا (۳) کسی کام پر اُبھارنے والا (۴) جمع کرنے والا (۵) جھڑکی دینے والا۔
زاج شور (ف) بچہ کے پیدا ہونے کا جشن اور دعوت۔
زاجل (ع) وہ مرد جو نشاط و طرب سے گائے۔
زاجہ } زاچہ } (ف) وہ عورت جس نے بچہ جنا ہوا ہو۔ اور چالیس دن کے اندر ہو۔ زچہ۔

زاحف (ع) وہ تیر جو نشانہ کے قریب پہنچ کر پہلے زمین پر اور وہاں سے اُچٹ کر نشانہ پر لگے (۲) پیٹ کے بل چلنے والا حیوان (۳) دشمن پر حملہ کرنے والا لشکر یا سوار۔
زاحل (ع) زائل ہونے والا (۲) تھک جانے والا۔
زاخل (ع) تھوہر کا درخت۔
زاد (ف) رستہ کا خرچ۔ توشہ۔ زاد راہ۔
زاد (ف) زادن کا ماضی اور حاصل مصدر۔ جنا۔ پیدا کیا (۲) فرزند۔ بیٹا (۳) سن و سال۔
زاد برزاد (ف) نسلاً بعد نسل۔ پشت بہ پشت۔
زاد بود (ف) خانوادہ۔ مال و متاع۔
زاد بوم (ف) بہ اضافت مقلوب۔ وہ جگہ جہاں آدمی پیدا ہوا ہو۔ جنم بھومی۔
زاد خور (ف) سال خوردہ۔
زاد خوست (ف) بہت بوڑھا۔
زاد راہ (ف) توشہ۔ راہ کا خرچ۔
زاد سرو (ف) آزاد سرو کا مخفف۔ سرو آزاد۔
زاد غر (ف) حرامزادہ۔
زادگاہ (ف) محل تولد۔ پیدا ہونے کا مقام۔
زاد مرد (ف) آزاد مرد کا مخفف۔ مرد آزاد۔
زادن (ف) جننا۔ پیدا ہونا (۲) پیدا کرنا۔
زاد و رود (ف) بال بچے۔
زاد و ولد کردہ (ف) بچے دے کر۔
زادہ (ف) جنا ہوا (۲) بیٹا۔
زادۂ تاک (ف) شراب انگور۔
زادۂ خاطر (ف) طبع زاد۔

Marfat.com

زادۂ شش روز } (ف)، تمام عالم۔ کیونکہ اللہ تعالٰے نے چھ روز
زادۂ شش روزہ } میں عرش سے تحت الثریٰ پیدا کیا۔
زادۂ مرد (ف)، مرد آزار نفس۔
زادۂ مریخ (ف)، لوہا (۲)، بخیل۔ کنجوس (۳)، خونریز لڑاکا۔
زار (ف)، شاہانِ روس کا لقب تھا۔ ۱۹۱۴ء والی جنگِ عظیم کے بعد بادشاہت کی بجائے جمہوریت ہو گئی۔
زار (ف)، نالاں (۲)، خوار (۳)، ضعیف (۴)، عاجز۔ (۵)، غم زدہ۔
زارا زار (ف)، حالت زاری۔ بُری حالت میں۔
زارا غنگ (ف)، سخت زمین (۲)، ریتلی زمین۔
زار زار گریستن (ف)، بہت رونا۔
زار غنگ (ف)، زارا غنگ کا مخفف۔
زارکش کردن (ف)، شکنجے میں کسی کو سخت اذیت دے کر مارنا۔
زار نالی (ف)، بے قراری سے رونا (۲)، عاجزی سے فریاد کرنا۔
زار نزار (ف)، نحیف و کمزور۔ روتا ہوا۔
زارہ (ف)، عاجزی کرنا۔ زاری سے رونا (۲)، خواری۔
زاری (ف)، رونا (۲)، ضعیفی (۳)، عاجزی (۴)، عاجزی کرنا (۵) دُعا کرنا۔
زاریانہ (ف)، زاری کا سبب۔ رونے کی وجہ۔
زاریدن (ف)، رونا۔
زازل (ف)، سوراخ دار کفگیر جس سے گھی وغیرہ میں چیزیں تلتے ہیں یا گھی وغیرہ کو صاف کرتے ہیں۔
زاغ (ف)، کوّا جو مشہور پرندہ ہے (۲)، کمان کا گوشہ جو سیاہ سینگ کا کمان کے دونوں کونوں پر لگاتے ہیں (۳)، موسیقی کا ایک راگ۔
زاغ (ع)، ٹیڑھا ہوا۔ حق سے روکش ہوا۔
زاغ بچ (ف)، سُرخ چونچ والا کوّا۔
زاغ چشم (ف)، کرنجی آنکھ والا۔
زاغچہ (ف)، پہاڑی کوّا۔
زاغ دِل (ف)، سیاہ دل۔ بے رحم۔
زاغر (ف)، حوصلہ۔ پرندے کا پوٹا۔
زاغ زباں (ف)، سیاہ زبان۔ جس کی بد دُعا بہت مؤثر ہوتی ہے۔
زاغ سر پر (ف)، تیر۔
زاغ سیاہ کسے را چوب زدن (ف)، کسی کا تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا۔
زاغ کماں (ف)، کمان کے گوشوں کی نوک۔
زاغ گرفتن (ف)، طعنہ دینا۔ تمسخر اڑانا۔
زاق وزوق (ف)، بچّے کے رونے دھونے کی آواز۔
زاک (ف)، پھٹکڑی۔ زاج۔
زاکون (ف)، قانون۔ قاعدہ۔
زاکی (ف)، پاک صاف کرنے والا۔
زاگاب (ف)، لکھنے کی سیاہی۔ روشنائی۔

زال (ف)، سفید بالوں والی عورت۔ بڑھیا (۲)، سفید بالوں والا مرد (۳)، رستم کے باپ یعنی سام کے بیٹے اور نریمان کے پوتے کا نام جو سفید بالوں سے پیدا ہوا تھا۔
زالِ ابرُو (ف)، دُنیا (۲)، آسمان سے بھی مراد لیتے ہیں۔
زالِ بد افعال } (ف)، دُنیا۔
زالِ رعنا }
زالِ خر (ف)، بڈھا کھوسٹ۔
زالِ دستاں (ف)، رستم کے باپ کا نام ہے۔
زال زالک (ف)، ایک جنگلی میوے کا نام ہے۔
زالِ سر سپید سیاہ دِل } (ف)، دُنیا (۲) بے مہر و شفقت آدمی۔
زالِ سر سفید سیاہ دل }
زالِ سپید رُو } (ف)، دُنیا۔
زالِ سفید رُو }
زالِ سفید ابرو (ف)، آسمان۔
زالِ سیاہ دِل (ف)، بے رحم دُنیا۔
زالِ عقیم (ف)، دُنیا۔
زالِ کوژ پشت (ف)، آسمان۔
زالِ کوفہ (ف)، کوفہ کی وہ بڑھیا جس کے تنور سے طوفانِ نوحؑ شروع ہوا تھا اور وہ خود محفوظ رہی تھی۔
زالِ مستحاضہ (ف)، دُنیا۔
زالِ مُو سیاہ } (ف)، دُنیا۔ آسمان۔
زالِ مو سپید }
زالو (ف)، جونک۔
زالو انداختن (ف)، جونک لگانا۔
زاں (ف)، از آں کا مخفف۔ اُس سے۔
زانو (ف)، گھٹنا۔
زانو بر خاک مالیدن } (ف)، نہایت عجز اور فروتنی کرنا (۲) نہایت
زانو بر خاک نہادن } متواضع اور مؤدّب ہونا۔
زانو بہ زانو نشستن (ف)، بالکل قریب قریب بیٹھنا۔
زانو تہ کردن (ف)، ادب سے بیٹھنا۔
زانو صدگاہ کردن (ف)، متفکر ہونا (۲)، مراقبہ میں بیٹھنا۔
زانو زدن } (ف)، دوزانو بیٹھنا۔ ادب سے بیٹھنا (۲)،
زانو شکستن } سجدہ کرنا۔
زانی (ع)، زنا کرنے والا مرد۔ حرامکار۔
زانیہ (ع)، زنا کرنے والی عورت۔
زاو (ف)، پُر زور (۲)، قوی۔ معمار (۳)، شگاف۔ رخنہ (۴)، درہ کوہ (۵)، اینٹ کا ٹکڑا۔
زاول (ف)، زابل کا مرادف۔
زاوی (ع)، ریزہ (۲)، ہر شے کا گوشہ۔
زاویل (ف)، معمار۔ گلکار۔
زاویہ (ع)، کونہ۔ گوشہ۔ کنج۔

Marfat.com

زاویۂ حادّہ (ع) تنگ گوشہ -(۲)- وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو۔

زاویہ سنج (ف) پروٹیکٹر۔

زاویۂ قائمہ (ع) جب ایک خط دوسرے خط پر واقع ہو کر اپنے پہلو کے متصلہ زاویے برابر برابر پیدا کرے تو ان میں سے ہر ایک زاویہ قائمہ کہلاتا ہے۔

زاویۂ مسطحہ (ع) دو خطوں کا میلان جو ایک سطح پر ملیں۔ لیکن ایک ہی سیدھ میں نہ ہوں۔

زاویۂ مسطحہ مستقیم الخطین (ع) دو مستقیم خطوں کا میلان جو باہم ایک سطح پر ملیں۔ لیکن ایک سیدھ میں نہ ہوں۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ قائمہ۔ حادہ۔ منفرجہ۔

زاویۂ منفرجہ (ع) کشادہ گوشہ یعنی وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔

زاہد (ع) پرہیزگار۔ عابد (۲) بے رغبت (۳) بیزار - (۴) تارک الدنیا۔

زاہد ساحل (ف) دیکھو زاہد خشک۔

زاہد کوہ (ف) سورج۔

زاہر (ع) روشن (۲) بلند (۳) کھلا ہوا پھول۔

زاہق (ع) باطل (۲) خشک (۳) بے نور ہونے والا (۴) مٹ جانے والا (۵) ہلاک ہونے والا۔

زاہل (ع) بھولنے والا۔

زاہیہ (ع) سجا ہوا (۲) خوبصورت۔

زای (ف) زائیدن مصدر سے حاصل مصدر نیز علامت اسم فاعل مثلاً بیماری زای یعنی وہ جگہ جو بیماریوں کو جنم دینے والی ہو۔

زائچہ (ف) رمال۔ قرعہ ڈال کر جو رمل کی شکلیں لکھتے ہیں۔ جنم پترہ۔

زائچہ کشیدن (ف) زائچہ نکال کر نومولود بچے کے بخت و طالع کے متعلق پیش گوئی کرنا۔

زائد (ع) بڑھا ہوا۔

زائدہ (ع) بڑھی ہوئی۔

زائش (ف) پیدا ہونا۔

زائش گاہ (ف) زچہ خانہ۔

زائف (ع) شیر درندہ (۲) کھوٹا سکہ (۳) کھوٹا درہم۔

زائل (ع) مٹنے والا (۲) دور ہونے والا۔

زائلہ (ع) ہر چلنے پھرنے والا جاندار۔

زائندہ (ف) ماں۔

زائیدن (ف) جننا۔ پیدا کرنا۔

# ز - ب

زب (ف) رائگاں - مفت (۲) آسان۔

زباراں سوئے نادان آمدن (ف) چولھے سے نکل کر بھاڑ میں جانا۔

زبالہ (ف) کوڑا کرکٹ۔

زَبان / زُبان (ف) مشہور عضو ہے۔ جیب (۲) بولی۔

زبان (ف) دشمن کی فوج میں سے گرفتار کیا ہوا آدمی۔ جس سے دشمن کی فوج کے حالات اور تعداد وغیرہ معلوم ہو سکے۔

زبان آتشیں (ف) با اثر زبان۔ گرم زبان۔

زبان از قفا بدر کردن / زبان از قفا بیروں کردن (ف) زبان گدی سے نکال دینا۔

زبان آور (ف) صاحب زبان (۲) شاعر (۳) فصیح۔

زبان آوری (ف) زبان کی تیزی۔

زبان باز (ف) چاپلوسی کرنے والا خوشامدی۔

زبان بازی (ف) ہم کلام ہونا (۲) برابری کرنا (۳) خصومت کرنا (۴) طعن کرنا۔

زبان بازی کردن (ف) خوشامد کرنا۔ چرب زبانی سے کام کرنا۔

زبان بد گزاشتن (ف) بری رائے دینا۔

زبان برخاک مالیدن (ف) عاجزی کرنا (۲) آرزو کرنا - (۳) حسرت کرنا۔

زبان بر دیوار مالیدن (ف) توکل کرنا۔ صبر و قناعت کرنا۔

زبان بریدن (ف) مدعی کو دلیل قاطعہ سے لاجواب کرنا (۲) بخشنا۔ عطا کرنا۔

زبان بستن (ف) چپ ہونا۔ خاموش ہونا (۲) خاموش کرنا۔

زبان بستہ (ف) خاموش۔

زبان بقفا (ف) گل نافرمان۔

زبان بکام درکشیدن (ف) زبان تالو سے لگانا۔ خاموش ہونا۔

زبان بیکے کردن (ف) کسی کی بات کی موافقت کرنا۔

زبان بسمار دوختن (ف) چپ رہنا۔ خاموش ہونا۔

زبان بند (ف) وہ تعویذ جو حاسدوں اور بدگو آدمیوں کی زبان بندی کے لیے لکھتے ہیں۔

زبان بند خرد (ف) شراب۔

زبان بندی (ف) خاموش رہنے کا حکم۔

زبان بے سر (ف) بے ہودہ بات۔ بے تکی بات۔

زبان تازہ کردن (ف) بار بار کہنا۔ تاکید کرنا۔

زبان تازہ کردن بہ اقرار (ف) تجدید اقرار

زبانت رامگرداں (ف) زبان نہ بدل۔ زبان نہ پلٹنا۔

زبان ترازو (ف) کانٹا یا ترازو کی سوئی وغیرہ۔ جس سے وزن کی کمی بیشی معلوم ہوتی ہے۔

زبان تیغ فولاد کردن (ف) زبان کا تیز اور سخت کرنا۔

زبان جالے نرم گزاشتہ است (ف) کہنا آسان ہے مگر کرنا مشکل ہے۔

Marfat.com

زبان دادن (ف) (۱) خوشامد کرنا (۲) اقرار کرنا (۳) شرط کرنا (۴) بات کرنے کی اجازت دینا۔

زبان دان (ف) فصیح - خوش تقریر (۲) شاعر۔

زبان دراز (ف) زیادہ بولنے والا - بے ہودہ گو - بکواسی (۲) بے محابا بات کرنے والا۔

زبان درازی کردن (ف) گستاخی کرنا

زبان درآوردن (ف) شیخی بگھارنا۔

زبان در تہہ دندان گرفتن (ف) خاموش ہونا۔

زبان در تہہ زبان داشتن (ف) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

زبان در دہان نگہ داشتن

زبان در کام دزدیدن

زبان در کام رہا کردن

زبان در کام نگہداشتن

زبان درکشیدن

} (ف) خاموش رہنا۔ چپ رہنا

زبان زن (ف) باتیں بنانے والا۔

زبان زد (ف) مشہور - زبان پر چڑھا ہوا۔

زبان زدن (ف) بولنا - کلام کرنا۔

زبان زدہ (ف) دیکھو زبان زد۔

زبان سپید کردن (ف) عاجزی ظاہر کرنا۔

زبان شدن (ف) چپ کرانا۔

زبان سرخ (ف) زبان دراز۔

زبان سنگین (ف) توتلی زبان

زبان سوختن (ف) چپ ہونا - گفتگو نہ کرنا۔

زبان فہمیدن (ف) غیر ملکی زبان کو سمجھنا۔

زبان قلم (ف) شگاف لگانے سے قلم کا منہ جو دو حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے - ان میں ہر ایک کو زبان قلم کہتے ہیں۔

زبان فروش (ف) بہت اور بے محل بولنے والا۔

زبان گشاد (ف) زبان دراز - منہ پھٹ۔

زبان گشادن بر کسے (ف) کسی سے زبان درازی کرنا۔

زبان گنجشک (ف) ایک درخت کا نام ہے۔

زبان گرفتن (ف) توتلا ہونا۔

زبان گندھی (ف) نرم زبانی۔

زبان گرفتگی (ف) لکنت۔

زبان گیر (ف) جاسوس۔

زبانہ (ف) شعلہ - آگ کی لپٹ (۲) ترازو کا کانٹا یا ڈنڈی کی ڈوری۔

زبانہ (ف) زبان کی نوک۔

زبانہ دل (ف) اندرونی آگ۔

زبانہ زدن (ف) بھڑک اٹھنا۔

زبانہ قفل (ف) قفل کا بولٹ۔

زبانہ کشیدن آتش (ف) آگ کا بھڑک اٹھنا۔

زبانی (ف) منسوب بزبان - زبان کا - زبان سے۔

زبانی (ع) زبنی کی جمع - درشت اور سرکش لوگ - (۲) دوزخ کے دربان فرشتے (۳) سرکش دیو - فارسی والے اسے مفرد استعمال کرتے ہیں۔

زبانیہ (ع) دوزخ کے دربان۔

زباہ (ع) بلند ٹیلے جن پر سیلاب کا پانی نہ پہنچ سکے۔

زبد (ع) ہر چیز کی جھاگ - کف (۲) دودھ۔

زبد

زبد

} (ع) مکھن (۲) ملائی۔

زبدہ (ع) مکھن (۲) ہر چیز کا خلاصہ (۳) چیدہ - برگزیدہ - منتخب (۴) بالائی کے معنوں میں بھی آیا ہے۔

زبر

زبر

} (ع) تحریریں - کتابیں (۲) تختیاں (۳) لوہے کے پترے (۴) لوح محفوظ۔

زبر (ف) طاقت ور (۲) اوپر والا (۳) فتحہ یعنی وہ حرکت جو حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے۔

زبر (ع) لکھنا (۲) توانا (۳) مضبوط (۴) عقل (۵) چلا کر بولنا (۶) ڈانٹنا۔

زبر (ع) کتاب (۲) لکھا ہوا۔

زبر (ف) موٹا - بھدا - کھردرا کاغذ یا کپڑا۔

زبر پوش (ف) لحاف - رضائی۔

زبر تنگ (ف) گھوڑے کا دوسرا تنگ جو ایک تنگ کے اوپر باندھا جاتا ہے۔

زبرج (ع) زر (۲) آرائش - زینت۔

زبرجد (ع) ایک معدنی جواہر جو مصر اور شام میں ملتا ہے - اس کا رنگ زردی مائل سبز ہوتا ہے۔

زبرجدی (ف) سبز - زیتونی۔

زبردست (ف) طاقت ور (۲) غالب۔

زبردستی (ف) زیادتی (۲) دھینگا مشتی کرنا۔

زبر کردن (ف) کھردرا بنانا۔

زبرہ (ع) ایک کتاب (۲) ایک تحریر۔

زبرہ (ع) لوہے کا پترہ (۲) لوہے کا ہتھوڑا (۳) دو روشن ستارے جو برج اسد کے دوش پر واقع ہیں - یہ چاند کی گیارھویں منزل ہے۔

زبرین (ف) اعلیٰ (۲) غالب۔

زبل (ع) زمین کو طاقت ور بنانا اور اچھا کرنا کھاد وغیرہ سے۔

زبن (ع) ہانکنا (۲) درخت میں لگے ہوئے پھل کا تخمینہ کر کے اترے ہوئے پھل کے عوض پیمانہ کے حساب سے بیچنا۔ مثلاً اندازہ کرنا - کہ درخت سے دس سیر کھجوریں اتریں گی - ان کو اتری ہوئی دس سیر کھجوروں کے عوض بیچنا (جو منع ہے) (۳) اونٹ کا گھٹنوں سے کسی کو مارنا۔

زبن (ع) حاجت - ضرورت۔

Marfat.com

زلُوخر (ف) لذتِ جماع - مجامعت کے وقت کی لذت -
زَبُوُر (ع) تحریر - لکھی ہوئی چیز (۲) اُس آسمانی کتاب کا نام جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی - (۳) راگ - گیت -
زبورِ عجم (ف) علامہ اقبالؒ کی ایک کتاب کا نام ہے -
زَبُون (ع) لات مارنے والا اُونٹ -
زُبُون (ف) بے وقوف (۲) عاجز - بیچارہ (۳) قیدی (۴) بد - بدتر -
زُبُونی (ف) عاجزی - بے چارگی -
زِبَہ کردن (ف) عاق کرنا - والدین کا اولاد سے بیزار ہونا -
زبر نہادن چہ سنگ و چہ زر (ف) دفینہ اور پتھر ایک برابر -
زبیدن (ف) معزول ہونا - کام سے الگ ہونا -
زَبیب (ع) خشک انگور (۲) خشک انجیر (۳) پانی کی جھاگ (۴) سانپ کے مُنہ کا زہر -
زَبیبہ (ع) ایک خشک انگور (۲) جھاگ جو باتیں کرنے سے باچھوں میں اکٹھی ہو جاتی ہیں -
زُبیدہ (ع) ہارون رشید کی ملکہ کا نام جو بڑی عالی ہمت اور پاک دامن عورت تھی -

زَبیط (ع) بطخ کا بولنا -

زَبیل (ع) گوبر (۲) اندر سے خالی کیا ہوا سوکھا کدو - تُونبا -

زبیماری بہتر تیمار داری (ف) بیمار کی نسبت بیچارہ تیمار دار زیادہ تکلیف میں ہوتا ہے -

## ز - ج

زَجّ (ع) تیر مارنا (۲) نیزہ مارنا (۳) شتر مرغ کا دوڑنا -
زُجّ (ع) نیزے کی پچھلی طرف کا لوہا (۲) کمنی کی نوک -
زُجاج / زِجاج / زَجاج (ع) شیشہ - کانچ (۲) قندیل کی شکل کی بنی ہوئی سفید شیشہ کی چیز (۳) عرق بھرنے کا شیشہ -
زَجّاج (ع) شیشہ گر - کانچ کے برتن بنانے والا -
زِجاج (ع) بہت سے شتر مرغ -
زُجاجی (ع) شیشہ کے برتن بیچنے والا -
زُجال (ف) جالا تننے والی کڑی - عنکبوت -
زَجر (ع) روکنا - باز رکھنا (۲) گھڑکی - جھڑکی (۳) ڈانٹنا (۴) اُونٹ وغیرہ کو پیچھے سے ہانکنا -
زجر کردن (ف) اُونٹ ذبح کرنا -
زجر و لو اخت ہرچہ کنی رائے تست (ف) تمہیں کُل اختیار ہے جو چاہو کرو -

زَجرہ (ع) بہت کڑی آواز (۲) بہت شور (۳) صُور کی آواز جو روزِ قیامت پھونکا جائے گا -
زجہ (ف) زچہ -

## ز - چ

زچشم مست دیدن ز دل خواستن (ف) پہلے آنکھیں مائل ہوتی ہیں پھر دل بھی چاہنے لگتا ہے -
زَچَّہ (ف) وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو -
زَچَّہ خانہ (ف) زچہ کا گھر جننے کے چالیس دن تک کوئی ایسا مکان جو زچہ کے معالجہ وغیرہ کے لیے مقرر ہو -

## ز - ح

زِحافات (ع) زحاف کی جمع -
زِحام (ع) کثرت - بھنات - انبوہی (۲) تنگ کرنا -
زَحف (ع) بچے کا گھٹنیوں کا چلنا (۲) حیوان کا پیٹ کے بل گھسٹنا (۳) تیر کا نشانہ سے خطا کرنا (۴) تیر کا زمین پر لگ کر پھر نشانہ پر لگنا (۵) دشمن پر حملہ کرنے والا لشکر -
زُحل (ع) ایک مشہور سیارہ کا نام جو ساتویں آسمان پر ہے اسے نحس اکبر خیال کرتے ہیں - تیس سال کے عرصہ میں یہ ستارہ آفتاب کے گرد اپنی ایک گردش پوری کرتا ہے - اور آفتاب سے اس کا اوسط فاصلہ ۸۸ کروڑ میل سے کچھ زیادہ ہے - اس سیارے کو ہندو شنی فلک بھی کہتے ہیں اور اس کا قطر ۲۰۰ ۴۴ میل ہے - ہندی میں اس کا نام سنیچر ہے -
زُحل (ع) وہ شخص جو کام سے دور رہو -
زَحم (ع) زحمت (۲) انبوہ (۳) انبوہ کرنے والے لوگ (۴) تنگی
زَحمات (ع) زحمت کی جگہ -
زَحمت (ع) دُکھ - رنج - تکلیف - تنگی (۲) لوگوں کی کثرت - انبوہ -
زحمت بخود دادن (ف) کسی کو تکلیف دینا -
زحمت دادن (ف) کسی کو تکلیف دینا -
زحمت داشتن (ف) تکلیف میں ہونا -
زحمت کشیدن (ف) تکلیف برداشت کرنا -
زحمت کش (ف) تکلیف برداشت کرنے والا -
زحمت کم کردن (ف) چلے جانا - رخصت ہونا -

## ز - خ

Marfat.com

زَخ (ف) غل - شور (۲) صدائے جرس - گھنٹہ کی آواز۔
زخّار (ف) شور کرنے والا (۲) نعرہ مارنے والا۔
زَخارِف (ع) زخرفہ کی جمع - ملمع کی ہوئی چیزیں - جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو (۲) دُنیا کی آرائشیں۔
زخارہ (ف) درخت کی شاخ۔
زَخر (ع) دریا کا پانی سے پُر ہونا اور کناروں سے بہ نکلنا (۲) کسی چیز کو لبالب بھرنا (۳) جوش میں آنا (۴) ہری گھاس کا گھنا نکلنا (۵) فخر کرنا - (۶) لڑائی کا گرم ہونا۔
زُخرُف (ع) بناوٹی باتیں - مزخرفات اور واہی تباہی باتیں (۲) ظاہر کچھ باطن کچھ (۳) ظاہراً اچھا باطن خراب - قرآن مجید کی ایک سورہ کا نام۔
زخمِ آب رسیدہ (ف) پانی چڑایا ہوا زخم۔
زخم آزما / زخم آزمائے (ف) جس نے بہت سے زخم کھائے ہوں جو سخت گھائل اور زخمی ہو چکا ہو۔
زخم افگندن / زخم انداختن (ف) زخمی کرنا۔
زخم بر داشتن (ف) زخمی ہونا۔
زخم بستن (ف) زخم لگانا - کسی کو زخمی کرنا۔
زخم پیرا (ف) پرستار - زخموں کی دیکھ بھال کرنے والا۔
زخم بندی (ف) زخم پر مرہم لگا کر پٹی کرنا۔
زخم تیر بر تن است و زخم زباں بر جان (ف) تیروں تلواروں کے زخم مندمل ہو جاتے ہیں زبان کا زخم مندمل نہیں ہوتا۔
زخم تیز (ف) گہرا زخم۔
زخم چشیدن / زخم خوردن (ف) زخمی ہونا۔
زخم دامن دار (ف) گہرا زخم - ایسا زخم جس کا منہ بہت کشادہ ہو اور اس کا گوشت ہر طرف سے بالکل باہر نکل آیا ہوا ہو۔
زخم دجلہ ریز (ف) وہ زخم جس سے بہت خون جاری ہو۔
زخم رکاب (ف) گزشتہ زمانہ میں دستور تھا کہ سوار جنگ کے وقت خاردار رکاب زین میں لگاتے اور خاردار موزے پہنتے تھے - اور اُن سے دشمن کو زخم لگاتے تھے - پس اسی زخم کو زخم رکاب کہتے تھے۔
زخم ریختن (ف) زخمی کرنا۔
زخم ریز (ف) زخم کرنے والا۔
زخم زباں زدن (ف) زبان کا گھاؤ لگانا۔
زخم زدن (ف) چاقو مار کر یا خنجر مار کر زخمی کرنا۔
زخم کار (ف) معمار۔
زخم کاری (ف) خطرناک زخم۔
زخم کردن (ف) زخمی کرنا (۲) تعمیر کرنا۔
زخم کشیدن (ف) زخمی ہونا۔
زخم کوس (ف) وہ چوٹ جو نقارہ پر پڑتی ہے۔
زخم منکر (ف) گہرا زخم۔
زخم ناک (ف) زخمی گھائل۔
زخم ناک بند (ف) ایسا زخم جس کا خون بند کرنے کے لیے اس پر نمک باندھ دیا گیا ہو - خون کا بند کر دینا نمک کی خاصیت ہے۔
زخمہ (ف) مضراب - ساز بجانے کی چیز (۲) نقارہ کی چوٹ (۳) اصطلاحاً - حرکتِ جماع۔
زخمہ ور (ف) سازندہ (۲) مطرب۔
زخمی کردن (ف) زخمی کرنا۔
زخود شدن (ف) بے خود ہونا (۲) بے ہوش ہونا۔

## ز - د

زد (ف) مار (۲) مارا (۳) چوٹ۔
زد انش چوں جان ترا مایہ ہست (ف) علم بڑی دولت ہے۔
زدن (ف) مارنا - یہ مصدر متعدی ہے - مگر کبھی لازم کے معنی بھی دیتا ہے - اس کے معنی بہت سے ہیں - مثلاً (۱) مارنا جیسے تیغ زدن (۲) پینا - جیسے شراب زدن (۳) کھانا - جیسے کباب زدن (۴) جیسے چشم براہ زدن (۵) بھر دینا - جیسے سیراب زدن (۶) پہنچانا - جیسے صدمہ زدن (۷) کرنا - مشق زدن (۸) کھولنا - رنگ زدن (۹) ڈالنا - قرعہ زدن (۱۰) جلانا - آتش زدن (۱۱) ملنا - روغن زدن (۱۲) پھیرنا - عنان زدن (۱۳) برپا کرنا - خیمہ زدن (۱۴) بھڑکنا - شعلہ زدن (۱۵) رکھنا - تخت زدن (۱۶) کھینا - نقش زدن (۱۷) چلانا - قلم زدن (۱۸) راہ طے کرنا - پا زدن (۱۹) باندھنا - گرہ زدن (۲۰) گرانا - آب زدن (۲۱) بند کرنا - قفل زدن (۲۲) چھڑکنا - نمک زدن (۲۳) بچھانا - فرش زدن (۲۴) نکلنا - آبلہ زدن (۲۵) پہننا - تاج زدن (۲۶) کہنا - حرف زدن (۲۷) لوٹنا - راہ زدن (۲۸) لینا - بوسہ زدن (۲۹) بجانا - طبل زدن (۳۰) کپڑے کا پشمینہ اور اُون کے کپڑے کو کھا جانا (۳۱) مٹانا - لفظ یا حرف کا کاغذ سے مٹانا - علاوہ ازیں اور بھی بہت سے معنی ہیں۔
زدند و خواندند (ف) وہ بجائے اور گائے۔
زُدودن / زِدودن (ف) صیقل کرنا - زنگ چھڑانا (۲) صاف کرنا۔
زد و کوب (ف) مار پیٹ - لڑائی
زد و بند (ف) سازش
زد و بند کردن (ف) سازش کرنا۔
زدہ (ف) مارا ہوا (۲) چوٹ کھایا ہوا (۳) آراستہ کیا ہوا زینت

Marfat.com

دیا ہوا (۴) حرف ساکن۔
زُدہ زُدہ آندر رف، بھاگتے ہوئے آئے۔ دوڑتے ہوئے آئے۔ (۲) گھوڑا لپکائے ہوئے آئے۔
زُدہ شدن رف، کسی چیز سے سیر اور بیدار ہونا۔
زدی ضربتی نوش کن رف، ادلے کا بدلہ۔

# ز ـ ر

زر رف، سونا (۲) اشرفی (۳) روپیہ پیسہ (۴) بوڑھا (۵) بوڑھی (۶) زال جو رستم کا باپ تھا (۷) زرد کا مخفف۔
زرآب رف، حل کیا ہوا سونا (۲) زرد رنگ کی شراب۔
زَرَاچہ رف، زنگبار کے ایک پہلوان کا نام۔ جس نے سکندر سے مقابلہ کیا تھا۔
زِرَاد رع، وہ رسی جو اُونٹ کے گلے میں اس لیے باندھی جاتی ہے کہ جگالی پیٹ سے مُنہ میں نہ لا سکے۔ (۲) دِرّہ۔ کوڑا۔
زَرّاد رع، زرہ بنانے والا۔
زرّاد خانہ رف، سلاح خانہ۔
زرادُشت / زرادُہشت } رف، دیکھو زردُشت۔
زَرّاع رع، زارع کی جمع۔ کاشت کار۔
زَرّاع رع، بہت زیادہ کاشتکاری کرنے والا۔
زراعت رع، کھیتی (۲) کھیتی کرنا۔
زُراف رع، شتر گاؤ پلنگ۔ جو ایک چوپایہ ہے۔ اس کا سر اور کان اُونٹ کی مانند۔ آنکھیں ہرن کی طرح اُبھری ہوئی۔ کھر گائے کی مانند۔ گردن اُونٹ کی مانند مگر خوش وضع شکل کی۔ زبان بہت سی باہر نکلی ہوئی۔ رنگ شیر اور چیتے جیسا۔ اُونٹ جیسی چار ٹانگیں۔ مگر اگلی زیادہ لمبی۔ قد بھی اُونٹ سے لگ بھگ ہوتا ہے۔
زرافشاں رف، زرنگار۔
زرافشاندن رف، سونا بکھیرنا۔ بہت زیادہ سخاوت کرنا۔
زَر اَفشاں شُدن رف، سخاوت کرنا (۲) کسی کی تعریف کرنا۔
زُرافہ رف، دیکھو زراف۔
زَرّاق رع، فریبی۔ مکار۔ ریاکار (۲) نفاق والا۔
زرّاق خانہ رف، وہ گھر جس کے رہنے والے فریبی۔ مکار اور ریاکار ہوں۔
زراندُود رف، سونے کا ملمع کی ہوئی چیز۔
زراندود کردن رف، ملمع کرنا۔
زراندُودن رف، کسی چیز پر سونا چڑھانا۔ مُطلّا کرنا۔
زراوند رف، ایک دوا کا نام۔
زُراہ رف، دریا۔

زرالو رف، نقاب۔ عورتوں کا مُنہ ڈھانپنے کا رُومال۔
زرِ ناب رف، سونا (۲) سونے کا پانی۔
زَر بآتش زدن رف، تلف کرنا (۲) کمال کا ضائع کرنا۔
زرباف رف، زربفت بُننے والا۔
زَربافت رف، دیکھو زربفت۔
زربہا دادن رف، غلام خریدنا۔
زربہا دادہ رف، زرخرید غلام۔
زر بر سکہ رساندن / زر بر سکہ زدن } رف، روپیہ اور اشرفی پر سکہ لگانا۔
زر بزر دادن رف، نہایت عُمدہ چیز خریدنا۔ بڑی اعلیٰ چیز مول لینا۔
زربفت رف، سونے چاندی کے تاروں اور ریشم سے بنا ہوا کپڑا۔
زر بنام کسے زدن / زر بنام کسے ساختن } رف، کسی کے نام کا سکہ لگانا۔
زربندہ رف، بہ اضافت مقلوب۔ یعنی بندۂ زر۔ حریص۔ طامع۔ لالچی۔
زر پاک از عیار نمی ترسد رف، جو پاک ہے بے باک ہے۔
زر پاک عیار رف، خالص سونا۔
زر پرست رف، روپیہ کا لالچی۔
زر پوست رف، ہرن کی کھال جس پر سونے کے ورق چپکائے ہوئے ہوتے ہیں۔
زر پیش زر رد رف، بایاں لوہا یا ملے کر کے لمبے ہاتھ۔
زُرَّت / زُرَت } رع، جوار۔ جو مشہور غلہ ہے۔
زرتشت رف، دیکھو زردشت۔
زرِ تمام عیار رف، خالص سونا۔
زرِ توفیقی رف، سو دینار سے کسی قدر کم وزن کا سونا۔
زرجامی رف، ایک قسم کا انگور۔
زرِ جعفری رف، ہارون رشید کے وزیر جعفر برمکی سے منسوب۔ جس کے حکم سے خالص اور صاف سونے کا استعمال شروع ہوا۔ بعض کے نزدیک جعفر کیمیاگر سے منسوب ہے۔ خالص سونا۔ کھرا سونا۔
زرچوبہ رف، زردچوبہ۔ ہلدی۔
زرِ خشک / زرِ خلاص } رف، خالص سونا۔
زرد رف، پیلا۔ بسنتی۔
زرد رع، زرہ بنانا (۲) گلا گھونٹنا (۳) نوالے کا حلق سے نیچے اُتارنا۔
زردآب رف، زرد پانی (۲) صفرا (۳) پیپ۔ ریم۔
زرد آب شکستن رف، (۱) صفرا کو دُور کرنا (۲) صبح کا ناشتہ کرنا۔
زر دادن و درد سر خریدن رف، مُفت میں مصیبت مول لینا۔
زَرد آلو رف، ایک مشہور میوہ جسے خشک کرنے کے بعد خُوبانی کہتے ہیں۔

Marfat.com

زرد بتو (ف)، بہت زرد ۔ کمزور ۔ لاغر ۔
زرد چشم (ف)، شکاری پرند جیسے شاہین ، باز ، جُرہ باشہ وغیرہ ۔
زرد چوب } (ف)، ہلدی ۔
زرد چوبہ }
زرد رُخ } (ف)، عاشق (۲)، خوفزدہ (۳)، شرمندہ ۔
زرد رُو }
زرد رُوئی (ف)، شرمندگی (۲)، دہشت (۳)، عشق ۔
زرِ دست افشار (ف)، خسرو پرویز کے خزانہ کے ایک قسم کے سونے کا نام جو موم کی طرح نرم تھا ۔
زردشت (ف)، یونان کے مشہور حکیم فیثا غورث کے شاگرد کا نام جو منوچہر شاہِ ایران کی نسل سے تھا ۔ زردشت نے گشتاسپ شاہِ ایران کے عہد میں نبوت کا دعویٰ کر کے آتش پرستی کا مذہب ایجاد کیا ۔ آتش پرست اسے پیغمبر مانتے اور اس کی کتاب ژند کو آسمانی یا الہامی کتاب خیال کرتے ہیں ۔
زردشتی (ف)، زردشت کے مذہب سے تعلق رکھنے والا ۔
زرد شُدن آفتاب } (ف)، سُورج کا زرد ہونا (۲)، آفتاب کا زوال کے قریب ہونا ۔
زرد شُدن خوُر }
زردکف (ف)، آفتاب ۔
زردگوش (ف)، مذبذب (۲)، منافق (۳)، کاہل (۴)، بیکار (۵)، خوف زدہ (۶)، ڈرپوک ۔ بے غیرت ۔
زردوزی (ف)، سلمہ ستارہ اور کلابتوں کا کام ۔
زردوست (ف)، کنجوس ۔ بخیل (۲)، حریص ۔
زردہ (ف)، انڈے کی زردی ۔
زردہ دِہی (ف)، خالص سونا ۔
زردہ رسیدہ (ف)، یرقان کا مارا ہوا ۔
زردۂ گُل (ف)، پھول کے وسط میں جو چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے ریزے ہوتے ہیں
زردُہشت (ف)، دیکھو زردشت ۔
زرِ دَہ دہی (ف)، خالص سونا ۔
زرِ رُومی (ف)، عمدہ اور خالص سونا ۔
زرزُرد (ع)، سبز رنگ ۔
زرزُودیت (ع)، سبز رنگ والی چیز ۔
زرِ سارا (ف)، خالص سونا ۔
زرساز (ف)، سنار ۔
زرِ سُرخ (ف)، سونا (۲)، اشرفی ۔
زرِ سُرخِ سپہر (ف)، سُورج ۔
زرِ سفید (ف)، چاندی (۲)، روپیہ ۔
زرِ شُشش سری (ف)، عمدہ اور خالص سونا ۔
زرِشک (ف)، کشمش کی قسم ۔ مگر اس سے چھوٹا ایک خشک میوہ جس کا ذائقہ ترشی لیے شیریں ہوتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتی ہے ۔

زرشناس (ف)، سونا چاندی پرکھنے والا صراف ۔
زرِ صامت (ف)، سونا (۲)، اشرفی (۳)، چاندی ۔
زرِ طلا (ف)، خالص سونا ۔
زَرع (ع)، کھیتی (۲)، کھیتی کرنا ۔
زُرعہ (ع)، تخم ۔ بیج ۔
زُرعُب (ع)، کیفیت جو ایک قسم کا چمڑا ہے ۔
زرعونی (ع)، زرگونی کا معرب ۔ ایک مرکب دوا کا نام جو گردہ اور پشت کو تقویت دیتی ہے ۔
زُرفین (ع)، دروازہ کا حلقہ اور زنجیر ۔
زَرق (ع)، نیلی آنکھ والا ہونا ۔ گربہ چشمی (۲)، چشم نیلگوں ۔ کبود چشم ۔
زَرق (ع)، مکر (۲)، جھوٹ (۳)، نفاق (۴)، آنکھوں کی گردش (۵)، اندھا ہونا (۶)، پرند کا بیٹ ڈالنا (۷)، دوا ٹپکانا ۔
زُرق (ع)، ازرق کی جمع ۔ نیلی آنکھوں والے (۲)، صاف پانی (۳)، اندھے (۴)، ریت کے ٹیلے ۔
زَرقا (ع)، نیلی آنکھوں والی عورت ۔ گربہ چشم عورت (۲)، ایک نہایت تیز نظر عورت کا نام بھی ہے ۔ کبود چشم عورت ۔
زرق پوش (ف)، صوفیوں کا لباس پہننے والا ۔ نیلا لباس پہننے والا ۔
زرق سجادہ (ف)، مکر و فریب کا مصلیٰ بچھانے والا آدمی ۔
زرق فروش (ف)، منافق ۔ ریاکار ۔
زرقم (ف)، نیلی آنکھوں والا ۔
زُرقت (ع)، گربہ چشمی ۔ نیلی آنکھ والا ہونا ۔
زرِ قلب (ف)، کھوٹا سونا ۔
زرق و برق (ف)، ٹیپ ٹاپ ۔ کروفر ۔ طمطراق ۔
زَرَک (ف)، سونے کے ورق کے ریزے ۔
زرکار (ف)، زری کے کام والی شے ۔
زرکار کند مرد لاف زند (ف)، کام کسی کا نام کسی کا ۔
زرِ کامل عیار (ف)، خالص سونا ۔
زرِ کشتی (ف)، دریا سے پار اترنے کے لیے کشتی کا کرایہ ۔
زرکوب (ف)، سونے چاندی کے ورق بنانے والا ۔
زرگر (ف)، سُنار ۔
زرگرِ چرخ (ف)، آفتاب ۔
زرگری (ف)، سُنار کا پیشہ ۔
زرگُل (ف)، گلاب کا ریزہ ۔
زرگنج (ف)، گنج زر ۔ سونے کا خزانہ ۔ تیز مٹی کے بہت بڑے پیالے کو کہتے ہیں ۔
زرگون (ف)، زرد چہرہ ۔
زرگونی (ف)، ایک مرکب دوا کا نام جو پشت اور گردہ کو تقویت دیتی ہے ۔
زَرم (ع)، پرہیز ۔ ڈر ۔
زرِ مُشت افشار (ف)، پرویز کے خزانہ میں ایک قسم کا سونا تھا جو

موم کی مانند تھا۔
زرِ مصری (ف) عمدہ اور خالص سونا۔
زرِ مغربی (ف) خالص سونا (۲) سورج۔
زرِ ناخنی (ف) نہایت خالص سونا۔ جس پر ناخن رکھ کر دبانے سے نشان پڑ جائے۔
زرنب (ع) برہمی بوٹی۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام۔
زُرنباد (ع) نرکچور۔ جو مشہور دوا ہے۔
زرنشاں کردن (ف) مرصع کاری کرنا۔
زرنگ (ف) نیا۔ پرانا کی ضد (۲) ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے زین۔ بٹنے وغیرہ بنتے ہیں۔ (۳) ہلدی (۴) گھوڑوں کا گلّہ (۵) ہوشیار۔
زرنگ خویش نباشد نصیب حنا را (ف) چراغ تلے اندھیرا۔
زرنگار (ف) وہ چیز جس پر سونے کے نقش بنے ہوں۔
زرنگی کردن (ف) چالاکی کرنا۔
زُرنوک (ع) چکی کا دستہ۔
زرنی / زرنیخ } (ف) ہڑتال۔
زرُو (ف) جونک۔
زرُود (ع) مکہ معظمہ کی راہ میں ایک گاؤں ہے جہاں پانی نہیں ملتا۔
زُروغ (ف) ڈکار۔
زروغ زدن (ف) ڈکار مارنا۔
زرہ (ف) چلتہ۔ فولاد کی باریک کڑیوں سے بنایا ہوا کرتہ جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔
زرہ براق (ف) چمکیلی۔
زرہ براقی (ف) چمکیلی زرہ۔
زری (ف) منسوب بہ زر۔ زربفت۔
زُریر (ف) ایک زرد رنگ گھاس کا نام (۲) مجازاً زرد رنگ۔
زرّیں (ف) سونے کا کام کیا ہوا (۲) سلمہ ستارہ کے کام والی شے۔
زرّیں بیضۂ خوَر (ف) یوسفؑ زلیخا میں حضرت یوسف علیہ السلام کی ٹوپی سے مراد ہے۔
زرّیں ستوک (ف) زرّیں کمر غلام۔
زرّیں ترنج (ف) آفتاب۔
زرّیں درخت (ف) ترنج یا لیموں کا درخت۔
زرّیں رقم (ف) خوش نویس۔
زرّیں صدف / زرّیں کاسہ } (ف) آفتاب۔
زرّیں کلاہ (ف) سنہری ٹوپی والا شخص (۲) آفتاب۔
زرّیں کلید (ف) سکندر نامہ میں آراستہ عبارت سے مراد ہے۔
زرّیں نرگسہ (ف) ستارے۔
زرّیں نعل (ف) جس کے سونے کے نعل لگے ہوں۔
زرّیں ہما (ف) سورج۔

زرلیو (ف) بھاری بھرکم ہونا۔
زرلیون (ف) زرگوں۔ سنہری رنگ والا۔
زرلیوند (ف) شقائق کے پھول۔

## ز - س

زستن (ف) زندہ رہنا۔ جینا۔ زیستن کا مخفف۔
زِستہ (ف) زیستہ کا مخفف۔ زندہ۔ جینا۔

## ز - ش

زش (ف) چہ کا ترجمہ۔ کیا۔
زشت (ف) برا۔ بدشکل۔ بھونڈا۔ بدنما۔
زِشتار (ف) برا بولنے والا۔
زشت خو / زشت خوئے } (ف) برا بولنے والا۔
زشت روئے (ف) بدصورت۔
زشت کردن (ف) عاجز کرنا۔ مغلوب۔
زشتی (ف) برائی (۲) بدصورتی۔

## ز - ط

زُطّ (ع) جٹ کا معرب۔ ایک قوم کا نام۔

## ز - ع

زُعاف (ع) حوادث زمانہ (۲) سخت ہوا۔ چیزوں کو اکھاڑ پھینکنے والی ہوا۔
زُعاق (ع) شور مزہ (۲) کھاری پانی۔
زُعر (ع) غصہ کرنا (۲) کم بالوں والا ہونا (۳) زمین جس میں گھاس کم ہو۔
زُعرور (ع) بدخلق (۲) تند خوئے (۳) ایک قسم کا پھل (۴) ایک قسم کا بیر۔
زُعزاع (ع) ہوا کا سخت جھونکا (۲) ہوا کا تیز چلنا (۳) ہلا دینے والی ہوا۔
زُعزَع / زُعزَعہ } (ع) ہوا کا درخت وغیرہ کو سخت ہلانا۔

Marfat.com

زعفران (ع) کیسر۔
زعفران ریز (ف) نہایت زرد۔
زعفران زار (ف) کیسر کا کھیت - کیسر والی زمین - وہ جگہ جہاں کیسر اگے۔
زعفرانی خندہ (ف) بے اختیار ہو کر بہت ہنسنا - اس لفظ کی اصل یہ ہے کہ مشہور ہے کہ جب کوئی شخص زعفران زار میں جاتا ہے تو کھلے ہوئے زعفرانی پھولوں کی تیز خوشبو سے وہ اجنبی بے اختیار ہو کر بہت ہنسنے لگتا ہے۔
زعم، زُعم، زِعم (ع) گمان - ظن (۲) ایسی بات جس کے سچ اور جھوٹ میں کہنے والا خود متردّد ہو (۳) جھوٹ بولنا۔
زعم (ع) ضامن ہونا۔
زُعم (ع) لالچ - طمع - حرص۔
زُعم (ع) طمع کرنا - لالچ کرنا۔
زُعما (ع) قوم کا چودھری - وکیل - زعیم کی جمع ہے۔
زعیر (ع) تخم کتان - السی کا بیج۔
زعیم (ع) پیشوا (۲) کفیل - ضامن (۳) وکیل (۴) قوم کا چودھری رئیس قوم۔

## ز - غ

زَغار (غ) نمناک زمین - گیلی زمین (۲) زنگار والی شے (۳) رنج - سختی (۴) محنت (۵) نعرہ - شور - فریاد
زغارچہ (ف) شور و غل - نیز ایک میٹھی گھاس کا نام۔
زغارکرم (ف) مٹی کا ایک کیڑا۔
زغارو (ف) چکلہ - قحبہ خانہ۔
زُغارہ، زَغارہ (ف) کنگنی یا باجرہ کی روٹی۔
زُغال (ف) کوئلہ۔
زغال اختہ (ف) ایک میوہ ہے - زرشک سے کسی قدر بڑا - اس کا ذائقہ ترش اور رنگ زرشک سے زیادہ سیاہ ہوتا ہے۔
زُغال چوب (ف) لکڑی کا کوئلہ۔
زُغال سنگ (ف) پتھر کا کوئلہ۔
زغاد (ف) رنڈی - ناخشتہ عورت - کسبن۔
زغبر (ف) خوشبودار گھاس کی ایک قسم۔
زغزغہ (ف) سرگوشیاں کرنا۔
زَغل (ع) ماں کا بچہ کو دودھ پلانا (۲) کسی چیز کو ایک دم گرا دینا۔
زغن (ف) چیل - غلیواج۔
زغبوت (ف) سخت کڑوی چیز۔
زَغند (ف) جست - چھلانگ (۲) کود - پھاند (۳) ہرن کی چوکڑی (۴) بلند آواز (۵) چیتے کی آواز (۶) چنیا۔
زغوتہ (ف) انٹی - سوت کی لکڑی۔
زَغید (ف) مکھن - مسکہ۔
زغیدن (ف) نچوڑنا - ٹپکنا - ٹپکانا۔
زُغیر (ف) تخم کتان - السی کے بیج۔
زَغیدہ (ف) نچوڑا ہوا۔

## ز - ف

زَفّ (ع) ہوا کا چلنا (۲) کسی چیز کا تیز چلنا (۳) دلہن کو دولہا کے گھر بھیجنا۔
زِفّ (ع) شتر مرغ کے چھوٹے چھوٹے پر (۲) کسی پرندہ کے چھوٹے چھوٹے پر۔
زِفاف (ع) دلہن کو دولہا کے پاس بھیجنا۔
زِفاف کردن (ف) دلہن کو دولہا کے حوالے کرنا - بچی کی رسم رخصتی ادا کرنا۔
زفاک (ع) برسنے والا ابر۔
زُفان (ف) زبان۔
زُفانہ (ف) زبانہ یعنی آگ کا شعلہ۔
زفت (ف) فربہ - موٹا (۲) مضبوط - محکم (۳) سخت (۴) تیز مزہ - کسیلی چیز - ہلیلہ - مازو وغیرہ۔
زِفت (ع) تیر یا قار کی ایک قسم کا نام جو صنوبر کے درخت کا گوند ہے - گندہ بروزہ - گپلاسک - بروزہ جسے کشتی کی درزوں میں اس لیے لگاتے ہیں کہ پانی اندر نہ آسکے۔
زَفر (ف) منہ۔
زِفر (ف) بوجھ (۲) مسافر کا اسباب (۳) آدمیوں کا گروہ۔
زُفَر (ع) دلیر آدمی (۲) شیر (۳) زیادہ پانی کی نہر (۴) دریا (۵) موٹا اور فربہ باربرداری کا اونٹ (۶) بہت بخشش (۷) فوج - لشکر - آدمیوں کا گروہ۔
زفرمان یزداں گریا بدکنار (ف) قضا سے کسی کو مفر نہیں - ہونی اور شدنی ہو کر رہتی ہے۔
زُفو (ف) دہن - منہ - (۲) زبان۔
زَفیدہ (ف) بھگویا ہوا۔
زَفیر (ع) سانس کو کھینچ کر بلند کرنا (۲) گدھے کی پہلی آواز (آخری آواز کو شہیق کہتے ہیں) (۳) سختی - بلا۔
زَفیف (ع) بہت دوڑنے والا - نر شتر مرغ (۲) شتر مرغ کا دوڑنا۔

Marfat.com

# ز - ق

زَق (ع)، پرندہ کا اپنے بچہ کو چونچ میں چونچ ڈال کر دانہ دینا - بھرانا -
(۲)، پرندہ کا بیٹ کرنا -
زِق (ع)، پانی وغیرہ کی مشک -
زُق (ع)، شراب -
زَق زَق کردن (ف)، چُوں چُوں کی آواز -
زُقاء (ع)، اُلو کی آواز -
زُقاع (ع)، گدھے کا گوز - گوز خر -
زُقاق (ع)، زق کی جمع - مشکیں -
زقنبوت (ف)، زہر ہلاہل -
زَقم (ع)، کسی چیز کو حلق سے نیچے اُتارنا - کھانا -
زَقہ (ع)، طاعون - پلیگ -
زَقن (ع)، بوجھ اُٹھانا -
زُقہ (ع)، گھٹی - بچہ کو پیدا ہونے کے بعد جو دی جاتی ہے (۲) چوگا جو پرندے اپنے بچوں کو مُنہ سے نکال کر دیتے ہیں (۳) وہ دوا جو ماں بچہ کو اپنے دودھ میں ملا کر دے (۴) ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام بھی ہے -

# ز - ک

زَک (ف)، زاک کا مخفف - پھٹکری -
زَک (ف)، ہرا دینا (۲) الزام دینا -
زَک (ع)، لاغری اور کمزوری کے باعث چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا -
ز زدان (ف)، آہستہ آہستہ قدم اُٹھانا جو شکستہ و چور ہونے کی علامت ہے -
زُک (ع)، فاختہ کا بچہ -
زکاء (ع)، بڑھنا - پھلنا - پھولنا (۲) عیش و عشرت کرنا (۳) زیادہ ہونا -
زَکاب (ع)، روشنائی یعنی لکھنے کی سیاہی -
زکوٰۃ (ف)، خدا کی راہ میں اپنے مال کا چالیسواں حصہ دینا -
زکوٰۃ حسن (ف)، کسی عاشق کو خوش کرنا -
زَکارہ (ف)، ضدی (۲) لڑاکا - جنگجو -
زُکاسہ } زُکاشہ } (ف)، سیاہی - خارپشت -
زُکام (ع)، ریزش - ناک کے رستہ سے دماغ کا فضلہ بہنا -
زَکاوت (ع)، ذانت - ذہن کی تیزی (۲) آگ کا بھڑکنا -

زَکرہ (ع)، شراب یا سرکہ کی تیزی -
زَکَرِیّا (ع)، زک ریّا ایک مشہور پیغمبر کا نام - حضرت عیسیٰ علیہ السلام انہی کے وقت میں پیدا ہوئے تھے -
زَکَن (ع)، جاننا - کسی بات کا ظن غالب ہونا - (۲) دریافت کرنا
زُکنج } زُکند } (ف)، مٹی کا بڑا پیالہ -
زَکوٰۃ (ع)، مال کا چالیسواں حصہ جو شرعی صدقہ ہے - اور دولت مند مسلمانوں کو ہر سال بحساب اڑھائی روپیہ فی صدی فی سال راہِ خدا میں دینا فرض ہے -
زکوٰۃ بدر کردن (ف)، زکوٰۃ نکالنا -
زَکوُر (ف)، بخیل - کمینہ (۲) نالائق (۳) رہزن - چور - ڈاکو -
زَکی (ع)، پاک - صاف (۲) ذہین - دانا -
زَکیدن (ف)، قہر و غضب سے آپ ہی آپ بڑبڑانا -
زَکیک (ع)، نرم چال - آہستہ چال -
زکیہ (ع)، پاک و پاکیزہ - یا وہ مال جس میں سے زکوٰۃ شرعی لحاظ سے دے دی گئی -

# ز - گ

زُگال (ف)، زغال کا مرادف - کوئلہ -
زُگالاب (ف)، روشنائی یعنی لکھنے کی سیاہی -
زگالہ (ف)، لکھنے والی سیاہی - تل جسم پر سیاہ نشان -

# ز - ل

زَلّ (ع)، پاؤں کا کیچڑ وغیرہ میں پھسلنا (۲) بات میں لغزش کھانا - بات میں خطا کرنا -
زُلّ (ع)، پھسلنے کی جگہ -
زلابیہ (ع)، جلیبی جو مشہور مٹھائی ہے -
زلات (ع)، زلّ کی جمع - لغزشیں (۲) غلطیاں -
زَلازِل (ع)، زلزلہ کی جمع - زلزلے - بھونچال -
زلال (ع)، برف کا کیڑا (۲) مجازاً سرد - صاف اور شیریں پانی -
زُلال (ع)، صاف اور شیریں پانی -
زَلّت (ع)، لغزش - پھسلنا -
زِلزال (ع)، ہلانا - جھنجھوڑنا -
زلزل نگاہ کردن (ف)، آنکھیں خیرہ ہونا - چندھیائی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا -
زَلزلہ (ع)، خوب ہلانا (۲) زمین کا ہلنا (۳) بھونچال -
زلزلہ سنج (ف)، زلزلہ کا جائزہ لینے - الاآلہ -

Marfat.com

زُلفت } (ع)، نزدیکی (۲) آگے ہونا (۳) مرتبہ -
زُلَف }

زَلَف (ع)، سبزہ زار - بہت گھاس والی جگہ -

زُلَف (ع)، زُلفہ کی جمع - حصّے - ٹکڑے (۲) رات کا ایک حصّہ (۳) فارسی والے اپنے تصرّف سے اس لفظ کو لام کے جزم سے پڑھتے ہیں - اور چونکہ رات سیاہ ہوتی ہے - اس لیے مجازاً اس لفظ کے معنی بالوں کی لٹ جو کان کے قریب ہوتی ہے - قرار دیتے ہیں -

زُلف بجُون کے شِکستن (ف)، کسی کے ہلاک کرنے کے لیے زُلف کو بل دینا -

زُلف بریدن (ف)، کسی کے حسن وجمال کو تباہ و برباد کرنا -

زُلف بستن (ف)، اپنا آپ عاشق کو دکھانا اور اُس کی آتشِ عشق کو بھڑکانا -

زُلف پریشان (ف)، بکھری ہوئی زُلفیں -

زُلفت (ع)، نزدیکی (۲) رتبہ - درجہ - منزلت (۳) رات کا حصّہ - (۴) فارسی میں مجازاً دوستی -

زُلف چلیپا (ف)، پُرپیچ زُلف -

زُلف چین ساختن (ف)، زُلف کو آراستہ کرنا -

زُلف زمیں (ف)، مٹی (۲) رات (۳) ارضی بلائیں -

زُلف ساختن } (ف)، زُلف کو آراستہ کرنا -
زُلف شکستن }

زُلف عُروس (ف)، زُلف کے مشابہ ایک پھول ہے جو کشمیر میں ہوتا ہے -

زُلفعلی (ف)، مزاح سے گنجے آدمی کو کہتے ہیں -

زُلفَہ (ع)، دیکھو زلفت -

زُلفیٰ (ع)، نزدیکی (۲) مرتبہ -

زُلفین (ع)، زنجیر -

زَلَق (ع)، پھسلنے والی جگہ -

زَلْق (ع)، پھسلنا (۲) پھسلنے والی جگہ (۳) بنجر زمین -

زَلِق (ع)، جلد غصّہ میں آجانے والا (۲) جماع سے پہلے منزل ہو جانے والا -

زَلَل (ع)، لغزش (۲) لغزش کی جگہ (۳) نقصان (۴) ترازو کی کمی -

زلم زیمبو (ف)، ساز اور آواز نیز گھونگرو -

زلنگ و زدلونگ (ف)، گھنٹیوں کی آواز -

زَلُو } (ف)، جونک -
زَلُوک }

زَلَہ (ف)، جھینگر -

زَلّہ (ع)، جھوٹا کھانا - آگے کا بچا ہوا کھانا -

زَلّہ (ع)، لغزش (۲) چکنا پتھر - جس پر پاؤں نہ جمے (۳) کیچڑ میں پاؤں کا پھسلنا (۴) بے ارادہ گناہ اور خطا کرنا (۵) بات میں غلطی کرنا (۶) شادی کا کھانا (۷) کسی کے ہاں سے مہمانی کا لایا ہوا کھانا -

زَلّہ بند (ف)، جھوٹا کھانا - دُوسرے وقت کے لیے رکھنے والا -

زَلّہ کردن (ف)، دق کرنا - تنگ کرنا -

زُلیبا (ف)، جلیبی جو مشہور مٹھائی ہے -

زُلیبیا (ع)، زُلابیہ - جلیبی جو مشہور مٹھائی ہے -

زُلیخا (ع)، عزیزِ مصر کی بیوی جو شادی سے پہلے حضرت یوسف علیہ السلام کو خواب میں دیکھ کر اُن پر عاشق ہو گئی تھی - اور آخر انہی کے نکاح میں آئی تھی -

زُلیق (ع)، پیدا ہونے سے پہلے اسقاط ہو جانے والا بچہ - ناتمام -

زُلیق (ع)، آڑو کی ایک قسم -

---

# ز - م

زَم (ف)، شہر - ایک نہر کا نام -

زَم (ف)، معمولی جاڑا (۲) سخت و تند ہوا -

زَمّ (ع)، مضبوط کرنا (۲) سخت بنانا (۳) مشک بھرنا (۴) مشک کا بھر جانا - (۵) اُونٹ کو مہار ڈالنا -

زِمار (ع)، شتر مُرغ کی آواز -

زِمام (ع)، اُونٹ کی نکیل - مہار (۲) اُونٹ کی نکیل میں دونوں طرف باندھنے کی رسّی -

زمامِ تمالک و تماسُک از دست دادن (ف)، بے صبر ہونا - بے اختیار ہو جانا (۲) گھبرا جانا -

زمام دار (ف)، صدرِ مملکت - صاحبِ اختیار -

زمام داری (ف)، سرداری - حکومت -

زمام سپردن (ف)، کسی کو عنانِ اختیار دے دینا -

زَمان (ع)، زمانہ - وقت - عرصہ (۲) ساعت (۳) عہد (۴) فرصت - (۵) موت (۶) جب یہ لفظ زمین کے مقابلے میں آتا ہے تو اس وقت اس کے معنی آسمان کے ہوتے ہیں -

زَمان دادن (ف)، مہلت دینا - فرصت دینا -

زمان سیر (ف)، تیز - تند -

زمان و زمن (ف)، وقت - ہنگام - دُنیا - جہان -

زَمانہ (ع)، وقت -

زَمانہ ساز (ف)، زمانہ کے موافق چال ڈھال والا - زمانہ کا رُخ دیکھنے والا (۲) مطلب کا یار - خود غرض -

زَمانہ سازی (ف)، ظاہرداری - بناوٹ (۲) خوشامد (۳) دُنیاداری (۴) مکّاری -

زَمانیاں (ف)، زمانہ کے لوگ -

زُمخت (ف)، کسیلا - بے مزہ -

Marfat.com

زمخشر (ف) نواح ۔ خوارزم کے ایک قصبہ کا نام۔
زَمْر (ع) بانسری بجانا (۲) سرود کہنا۔
زَمَر (ع) کم بالوں والا ہونا۔
زُمَر (ع) زمرہ کی جمع ۔ متفرق جماعتیں (۲) بہت سے گروہ (۳) قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام۔
زُمُرّد (ع) ایک سبز رنگ اور بیش قیمت جواہر کا نام ۔ بعض کا خیال ہے کہ اس کے سامنے سانپ اندھا ہو جاتا ہے۔
زُمُرّدین (ف) زمرد کے رنگ کی چیز ۔ سبز رنگ چیز (۲) نیل چیز۔
زُمْرَہ (ع) آدمیوں کا گروہ ۔ جماعت۔
زَمْزَم (ع) بہت پانی (۲) مکہ معظمہ کے اصل کنویں کا نام جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے پاؤں کی رگڑ سے ظاہر ہوا تھا۔
زمزم (ع) چھ سال کے اونٹوں کا گلہ۔
زَمْزَم (ف) ہلکی آواز سے سرود کرنا ۔ آہستہ گانا (۲) وہ الفاظ جو آتش پرست عبادت کے وقت یا کھانا کھانے وقت بولتے ہیں۔
زمزمہ (ف) ہلکی آواز سے سرود کرنا (۲) آہستہ گانا ۔ وہ الفاظ جو آتش پرست عبادت کے وقت یا کھانا کھاتے وقت بولتے ہیں۔
زَمْزَمَہ (ع) دور سے آنے والی آواز جو مکھیوں کی بھنبھناہٹ کی طرح معلوم ہو (۲) بادل کی گرج جیسی آواز (۳) وہ الفاظ جو آتش پرست کھانا کھاتے وقت بولتے ہیں ۔ اس میں لب اور زبان حرکت نہیں کرتے بلکہ آواز ناک اور حلق سے نکلتی ہے اور آپس میں ایک دوسرے کا مطلب سمجھتے ہیں (۴) ہر آہستہ آواز جو سمجھی نہ جائے (۵) شیر کی آواز۔
زمزمر (ع) آدمیوں کا گروہ (۲) پچاس اونٹ ۔ اونٹوں کا گلہ۔
زمزمہ آتش فشاں (ف) آفتاب۔
زمزمہ پرداز (ف) گانے والا۔
زمزمہ سنج (ع) گانے والا۔
زمزمی (ع) آب زمزم رکھنے کا برتن۔
زمستان (ف) زم یعنی جاڑا اور ستان کلمہ ظرفیت سے مرکب ہے ۔ موسم سرما ۔ جاڑا۔
زمستان جائے کوزۂ روغن تنگ است (ف) سردی اور جاڑے کے موسم میں بے وقت آ دھمکنے والا مہمان صاحب خانہ پر بوجھ ہوتا ہے اور گراں گزرتا ہے۔
زمستان گذشت روسیاہی بزغال ماند (ف) سردی کا وبال غریبوں پر گذر جاتا ہے لیکن امیروں کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ رہ جاتا ہے جن کے ہاتھوں انھیں سختیاں برداشت کرنا پڑتی ہیں۔
زمگار (ف) موئے زہار ۔ شرمگاہ کے بال۔
زمم (ع) مقابل ۔ سامنے۔
زمن (ع) زمانہ ۔ وقت۔
زمن (ع) اپاہج ۔ جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں اور چل پھر نہ سکے۔

مدت کا بیمار (۳) زمانہ کی آفت اور مصیبت میں مبتلا۔
زمود (ف) نقش و نگار۔
زمودن (ف) نقش و نگار کرنا۔
زموں (ف) چونٹی۔
زمہ (ع) سخت گرمی ہونا (۲) سورج کی گرمی کا کسی کو ستانا۔
زمہریر (ع) کرہ ہوا کے وسط میں ایک سرد بلند ہے جہاں بخارات پہنچ کر اولے اور برف بن جاتے ہیں (۲) دوزخ کا وہ طبقہ جہاں دوزخیوں کو سردی کا عذاب دیا جائے گا (۳) سخت سردی (۴) چاند۔
زمیدن (ف) چبانا۔
زمین (ع) اپاہج (۲) شل۔
زمین (ف) کرۂ ارض جس پر ہم آباد ہیں ۔ نظام شمسی کا تیسرا سیارہ ۔ آفتاب سے اس کا اوسط فاصلہ نو کروڑ میل ہے اور قطر آٹھ ہزار میل ۔ ¼ ۳۶۵ دن میں آفتاب کے گرد ایک چکر پورا کرتی ہے۔
زمین آچار (ف) ناہموار زمین۔
زمین از دور بوسیدن (ف) نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔
زمین با آسمان دوختن (ف) کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا ۔ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا۔
زمین بدنداں گرفتن (ف) عاجزی کرنا۔
زمین بوس (ف) زمین چومنے والا (۲) آداب بجا لانے والا۔
زمین بوسیدن (ف)
زمین پوک (ف) بھوکل زمین۔
زمین پیما (ف) سیاح (۲) مسافر (۳) ستاح۔
زمین حسن خیز (ف) وہ مقام جہاں کے باشندے عموماً حسین ہوں۔
زمین خستہ ۔ ایسی زمین جس میں ہل چلایا گیا ہو اور پھر لوگوں کی آمدورفت سے وہ بہت نرم ہو چکی ہو اور ذرا سی ہوا چلنے سے بھی اس کا غبار اٹھتا ہو۔
زمین خوردن (ف) ٹھوکر کھانا ۔ گر پڑنا ۔ ذلیل و خوار ہونا ۔ چیزوں کا نرخ بری طرح گر جانا۔
زمیندار (ف) زمین کا مالک ۔ کسان۔
زمین دوز (ف) مضبوط ۔ محکم (۲) ایک قسم۔
زمین دیوار (ف) ڈنڈ ۔ ایک قسم کی ورزش ہے۔
زمین دیدن (ف) نئے کرنا۔
زمین زاد / زمین زادہ (ف) خاکی نژاد ۔ خاک سے پیدا ہوا ہوا۔
زمین زدن (ف) زمین پر دے مارنا ۔ زمین پر ٹپکنا ۔ شکست دینا۔
زمین زندہ داشتن (ف) زمین کو آباد رکھنا۔
زمین شگافنہ (ف) زمین چھیدنے والا (۲) زمین چھیدنے کا اوزار۔
زمین سوختہ (ف) ناقابل زراعت زمین۔

Marfat.com

زمین شناسی (ف) طبقات الارض کا علم۔
زمین کینہ (ف)، سخت کینہ والا آدمی۔
زمین گل (ف)، کیچڑ۔
زمین گیر (ف)، اپنی جگہ سے نہ ہل سکنے والی چیز۔
زمین گیر بودن } اپاہج ہونا۔ شل ہونا۔ پاؤں کا فالج زدہ ہونا۔
زمین گیر شدن } بوڑھے ہو جانا۔ ہل جل سکنے کے قابل نہ ہونا۔
زمین لرزش } (ف)، بھونچال۔ زلزلہ۔
زمین لرزہ }
زمین مُردہ (ف)، بنجر زمین جو زراعت کے قابل نہ ہو۔
زمینہ (ف)، زمین۔
زمینہ وا ہم کردن (ف)، آگاہ کرنا۔ بنیاد رکھنے کا سامان یا مقدمہ لڑنے کا سامان مہیا کرنا۔

# ز - ن

زَن (ف)، عورت۔ (۲) جورو۔
زَن (ف)، کسی لفظ کے بعد آ کر فاعل ... کا فائدہ دیتا ہے۔
زِنا (ع)، حرام کاری۔ مرد کا غیر عورت اور عورت کا غیر مرد سے صحبت کرنا۔
زِناد (ع)، زند کی جمع۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لکڑی۔
زُنّار (ع)، جنیئو۔
زُنّار از زیر خرقہ گشادن } (ف)، بھید ظاہر کرنا (۲) ذلیل و خوار ظاہر کرنا۔
زُنّار از زیر خرقہ کشیدن }
زُنّار بستن (ف)، جنیئو باندھنا۔
زُنّار بند (ف)، جنیئو باندھنے والا برہمن۔
زناشوئی (ف)، عقد۔ نکاح۔ شادی۔
زناشوئی کردن (ف)، نکاح کرنا۔
زنا کردن (ف)، حرام کاری کرنا۔
زنا کار (ف)، زانی۔
زناں را زبان ہم نماندہ بہ بند (ف)، عورت راز کو نہیں رکھ سکتی۔
زنانہ (ف)، عورتوں کا۔
زَنانیر (ع)، زُنّار کی جمع۔ جنیئو۔
زَنانیر (ع)، چھوٹی مکھیاں (۲) سنگریزے۔
زَن بارہ (ف)، عورتوں کے ساتھ بہت اختلاط رکھنے والا۔
زن باید با چادر بیاید با کفن برود (ف)، عورت شوہر کے گھر سے مر کر جائے۔
زن بختی (ف)، نیک عورت۔
زَن بُردن (ف)، شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔

زَنبق (ف)، ایک قسم کا چھوٹا سا پھولدار پودا۔ نہایت تیز خوشبودار ایک پھول (۲) چنبیلی کا تیل۔
زَن بُرد (ف)، بھڑوا۔ دَلّہ۔ قرمساق۔
زُنبُور (ع)، زنبور کا معرب۔ بھڑ (۲) شہد کی مکھی۔
زَنبُور (ف)، بھڑ۔
زَنبور سُرخ (ف)، انگارا۔ دہکتا ہوا کوئلہ۔
زنبور عَسَل (ف)، مگس۔ شہد کی مکھی۔
زَنبورک (ف)، چھوٹی توپ اور بڑی بندوق جو اونٹ پر لادی جاتی ہے۔
زَنبور گیلی (ف)، گیلان کی بھڑ جو بہت بڑی ہوتی ہے۔
زَنبورہ (ف)، تیر کی بھال (۲) چھوٹی توپ (۳) موئج (۴) انبوہ (۵) ایک ساز کا نام۔
زَنبیل (ع)، فقیروں کی جھولی۔
زَنجار (ع)، زنگار کا معرب۔
زُنجان (ف)، قزوین اور تبریز کے مابین اردشیر بابکان شاہ ایران کا بسایا ہوا ایک شہر۔
زَنجب (ع)، کمربند۔
زَنجبار (ع)، زنگبار کا معرب۔ دیکھو زنگبار۔
زُنجبان (ع)، کمربند۔ زنجبیل (ع)، سونٹھ۔
زَنجفر (ع)، شنگرف کا معرب۔
زَنجرہ (ع)، چٹکی بجانا۔
زَنجرہ (ف)، جھینگر۔
زَن جلب (ف)، قرمساق۔ بھڑوا۔ دَلّہ۔
زَنجی (ع)، زنگی کا معرب۔ حبشی۔
زَنجیر (ف)، لوہے کا سلسلہ۔ لوہے کی گتھی ہوئی کڑیاں۔ کڑی۔
زَنجیر دَر (ف)، کنڈی۔ دروازہ بند کرنے کی زنجیر۔
زَنجیر فیل (ف)، زنجیر کا لفظ فیل کے ساتھ تعداد کے لیے اس طرح آتا ہے۔ جیسے روپیہ کے ساتھ مبلغ اور گھوڑے کے ساتھ راس۔
زَنجیری (ف)، دیوانہ (۲) قیدی۔
زَنجیک } (ف)، عورتوں کی خصلت والا۔ خنثہ۔ ہیجڑا۔
زَنچہ }
زَنخ (ف)، ٹھوڑی (۲) بے ہودہ بات۔
زنخ بر خوردن (ف)، شرمندہ ہونا۔
زنخدان (ف)، اس لفظ میں کلمہ دان زائد ہے۔ ٹھوڑی۔
زنخدان بجیب فرو بُردن (ف)، سر جھکانا۔ (۲) ٹھوڑی کو گریبان سے نکالنا (۳) سوچنا۔ فکر کرنا۔ تامل کرنا۔
زَن خواستن (ف)، عورت کا غالب ہونا (۲) منگنی کرنا۔
زَن خواستہ (ف)، بیاہا ہوا۔
زن خود لوسیدن پلیہ چائیدن است (ف)، گھر کی مرغی دال برابر۔ حرام میں ایک کشش ہے۔
زند (ف)، زردشت کی کتاب ژند۔ جسے پارسی آسمانی کتاب مانتے ہیں (۲) پرانی فارسی۔

زَند (ع)، پہنچا - یعنی ہاتھ کا بند (۲)، کلائی کی ہڈی (۳) آگ نکالنے کی لکڑی جس پر چقماق سے آگ لی جاتی ہے۔
زِنْد (ف)، رُوحِ جان۔
زن دادن (ف)، کسی کی شادی کر دینا۔
زنداوستا (ف)، زندگی کی تفسیر۔
زندان (ف)، قیدخانہ۔ بندی خانہ۔
زندان بان (ف)، پاسبان - محافظ۔
زندان خاموش
زندان خاموشاں } (ف)، قبرستان۔
زندان خانہ
زندان سرا } (ف)، قیدخانہ۔
زندانِ شحنہ (ف)، کوتوالی کی حوالات۔
زِندانیاں (ف)، قیدی لوگ۔
زَندباف (ف)، زند پڑھنے والا (۲)، قمری (۳) بُلبل (۴)، فاختہ۔
زَندیچی (ف)، کلبپ دار سفید کپڑا (۲)، کتاب جو زند پڑھنے والے سر پر پگڑی کی طرح باندھتے ہیں۔
زندپیل (ف)، بہت بڑا ہاتھی۔
زندخواں
زنددواں } (ف)، زندباف کا مرادف۔
زندقہ (ع)، زندیق ہونا - بے دین ہونا۔
زندگانی
زندگی } (ف)، جینا - زندہ رہنا (۲)، گزر کرنا - (۳)، عُمر گزارنا۔
زندگی بمراد ہمہ کس نتواں کرد (ف)، دُنیا میں سب کو خوش نہیں کیا جاسکتا۔
زندگانی کردن (ف)، زندگی گزارنا۔
زندلاف (ف)، زندہ پڑھنے والا - آتش پرست (۲)، بُلبل - قمری وغیرہ - خوش آواز پرندہ۔
زَن دَرد انگن (ف)، جادُوگرنی (۲)، رات۔
زَن دوست (ف)، عورتوں سے زیادہ میل جول رکھنے والا۔
زَن صفت (ف)، زنانہ۔
زندوق (ع)، صندوق۔
زِندہ (ف)، جیتا - جاندار (۲)، جیتا ہوا (۳)، بزرگ - بڑا - (۴)، متکبر۔
زُندہ (ع)، چقماق یا وہ لکڑی وغیرہ جس پر چقماق کی آگ حاصل کی جائے۔
زِندہ پیل (ف)، بہت بڑا ہاتھی۔
زِندہ دل (ف)، خوش طبع (۲)، صاف باطن (۳)، صوفی - عارف - خداشناس۔
زِندہ رَزم (ف)، رودابہ کے بھائی اور سہراب کے ماموں یعنی رستم کے سالے کا نام جو نادانستہ اندھیرے میں رستم کے ہاتھ سے مارا گیا۔

زندہ رُود (ف)، بڑی ندی (۲)، اصفہان کی ندی کا نام جس کا پانی نہایت صاف اور شیریں ہے۔
زندہ شدن اُمید (ف)، اُمید کا جینا۔
زندہ شُدن باد (ف)، ہوا کا چلنا۔
زندہ شدن چراغ (ف)، چراغ کا روشن ہونا
زندہ کردن (ف)، زندہ کرنا - موت کے مُنہ سے بچانا
زندہ وزا کردن (ف)، زندہ رہنا اور پھلنا پھُولنا۔
زندیق (ع)، زندیک کا معرب۔
زندیک (ف)، زند یعنی زردشت کی کتاب "زند اور یا سے نسبت اور کاف تصغیر سے مرکب ہے - بے دین بے ایمان
زُنّر (ع)، پُر کرنا (۲)، جنئو پہننا۔
زَن راضی مرد راضی گو زبرشیں قاضی (ف)، میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی۔
زَن رَسمی (ف)، منکوحہ بیوی۔
زَن سلیطہ (ف)، زبان دراز عورت۔
زَن سلیطہ سگ بے قلادہ است (ف)، بدزبان عورت کے منہ میں لگام نہیں۔
زَن سلیطہ شوہر مرد است (ف)، بدزبان عورت اپنے خاوند کی بھی خاوند ہوتی ہے۔
زَن سوگلیت (ف)، چہیتی بیوی۔
زَنِ صیغہ (ف)، مُتعہ کی عورت۔
زَن صیغہ من غیر رسم (ف)، غیر منکوحہ عورت۔
زَنک (ف)، نکمی عورت (۲)، کمینہ عورت۔
زَن کوجہ ٔ باستان (ف)، دُنیا۔
زَنکہ (ف)، حقارت کی لگائی ہے جس کے معنی کمینہ عورت۔
زَنگ (ف) مُلک زنگبار۔
زنگ اِخبار (ف)، ملازم کو بلانے کی گھنٹی۔
زنگار (ف)، زنگ - لوہے وغیرہ کا میل۔
زنگانہ رُود (ف)، حبشیوں کا زنگی باجہ (۲)، رود بار زنگبار۔
زنگاہن (ف)، زنگِ آہن - فولاد کا کُشتہ۔
زنگبار (ف)، بَرِ اعظم افریقہ کے مشرق میں ایک مشہور مُلک ہے جس کا پایہ تخت اسی نام کے جزیرہ پر واقع ہے - حبشیوں کا مُلک (۲)، دوات کی سیاہی۔
زنگ بر آئینہ اُفتادن (ف)، آئینہ میں چہرہ نظر نہ آنا۔
زنگِ دل (ف)، غم - اندوہ - ملال - رنج۔
زنگ را بعدا آوردن (ف)، کسی کے گھر کی گھنٹی بجانا۔
زنگ رُوس
زنگ رُوسی } (ف)، روسی گھنٹہ یا جرس جو بہت بلند آواز دیتا ہے۔
زنگِ ساعت (ف)، وقت پر بجنے والا گھنٹہ - گھڑیال - کلاک
زنگ سینہ (ف)، دیکھو زنگِ دل۔
زنگِ کلیسا (ف)، گرجا کا گھنٹہ۔

Marfat.com

زنگل (ف) گھنٹہ (۲) جھانج (۳) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام (۴) گھنگرو جو ناچتے وقت پاؤں میں باندھتے ہیں۔
زنگ میزدند (ف) گھنٹہ بجاتے وقت۔
زنگولہ (ف) دیکھو زنگل۔
زنگولہ بستن (ف) کسی فن کے بلند مرتبہ پر پہنچنا (۲) بلند مرتبہ کا دعویٰ کرنا۔ ایران میں رسم ہے کہ جب پہلوان اپنے فن کے کمال پر پہنچتے ہیں تو پاؤں میں گھنگرو باندھتے ہیں۔
زنگہ (ف) ترکستان کے ایک شہر کا نام زنگہ پہلوان اسی شہر کا رہنے والا تھا۔
زنگہ (ف) ایک بہت بڑے ایرانی پہلوان کا نام۔
زنگۂ شاوران (ف) ایران کا زبردست پہلوان۔ زنگہ چونکہ شاوران کا بیٹا تھا۔ اس لیے اسے زنگۂ شاوران کہتے ہیں۔
زنگی (ف) حبشی ملک زنگ کا رہنے والا۔
زن مرید (ف) جورو کا غلام۔ عورت کے کہنے پر چلنے اور اس کا حکم ماننے والا۔
زنندہ (ف) ساز بجانے والا۔
زنو (ف) دیمک۔
زنوبیدن (ف) گھوڑے کا ہنہنانا (۲) بھیڑیے اور کتے وغیرہ کا بھونکنا۔
زنہار (ف) امان۔ بچاؤ۔ پناہ (۲) مہلت (۳) عہد۔ پیمان (۴) امانت (۵) خوف۔ ڈر (۶) شکایت۔ شکوہ گلہ (۷) افسوس۔ حسرت (۸) پرہیز (۹) جلد۔ شتاب (۱۰) آگاہی (۱۱) ہوش (۱۲) ہرگز۔
زنہار خوار (ف) عہد توڑنے والا۔
زنہار خواستن (ف) مہلت مانگنا۔ پناہ چاہنا۔
زنہار خواہ (ف) مہلت چاہنے والا (۲) امان چاہنے والا۔
زنہار دادن (ف) مہلت دینا۔ پناہ دینا۔
زنہار دار (ف) قول کا دھنی۔
زنہاری (ف) امان طلب کرنیوالا (۲) غیر مذہب مسلمانوں کی پناہ میں آنیوالا (۳) عہد و قرار کرنیوالا۔
زنہائے از دنیا گزشتہ (ف) تارک الدنیا عورتیں۔
زنیم (ع) وہ شخص جو کسی خاندان سے مشہور ہو لیکن اس خاندان سے نہ ہو اپنے آپ کو ایسے خاندان سے منسوب کرنے والا جس سے کہ وہ نہ ہو (۲) برائی اور خست میں مشہور شخص۔

## ز - و

زو (ف) دریا۔ بحر۔ سمندر۔
زو (ف) زود کا مخفف۔ جلد۔ شتاب۔
زو (ف) از۔ او کا مخفف۔ اس سے۔
زو (ف) طہماسپ شاہ ایران کے بیٹے کا نام۔
زوّار (ع) بہت زیارت کرنے والا۔
زُوّار (ع) زائر کی جمع۔ زیارت کرنے والے۔ زائرین۔
زُوار (ع) زیارت کرنا۔
زُواریدن (ف) بہت لاغر ہو جانا۔ دبلا ہو جانا۔
زوال (ع) جاتا رہنا (۲) ایک حال سے دوسرے حال میں ہو جانا (۳) ڈھلنا (۴) کسی جگہ سے دور ہو جانا (۵) نیست و نابود ہو جانا۔ (۶) مجازاً عروج کی ضد کے طور پر مستعمل ہے۔
زوال پذیر (ف) زوال قبول کرنے والا۔
زوالہ (ع) آٹے کا غلولہ جسے پیڑا کہتے ہیں۔
زوانی (ع) زانیہ کی جمع۔
زواہر (ع) زاہرہ کی جمع۔ بلند (۲) روشن چیزیں (کھلے ہوئے پھول)
زوایا (ع) زاویہ کی جمع۔ کونے گوشے۔
زوائد (ع) زائدہ کی جمع۔ بڑھی ہوئی چیزیں (۲) حاجت سے زیادہ چیزیں۔
زوائل (ع) عورتیں (۲) ستارے (۳) شکار۔
زوبعہ (ع) بگولا۔
زوج (ع) جوڑا (۲) بیوی خاوند (۳) بیوی خاوند میں سے کوئی ایک (۴) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے۔ جیسے چار۔ چھ۔
زوجات (ع) زوجہ کی جمع۔ بیویاں۔
زوج الزوج (ع) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو کر پھر دو پر بٹ سکے۔
زوج الفرد (ع) وہ عدد جو جفت و طاق دونوں پر بٹ سکے۔
زوجان (ع) جوڑا۔ نر۔ مادہ۔
زوجہ (ع) بیوی۔ وہ عورت جس سے نکاح ہوا ہو۔
زوجیت (ع) بیوی بننے کا حق (۲) نکاح۔ عقد۔
زود (ف) توشہ تیار کرنا۔
زود (ف) جلد۔ شتاب۔
زودا (ف) قریب ہے۔
زود از زود (ف) بہت جلد۔
زود آشتی (ف) جلد صلح کر لینے والا (۲) صلح پسند۔
زود آشنا (ف) بڑی جلد دوست بن جانے والا۔
زود باش (ف) جلدی کرو۔ شتابی کرو۔
زود باور (ف) جلدی یقین کر لینے والا۔ سادہ لوح۔ ناتجربہ کار۔
زود بود (ف) بے جا۔ بے حساب۔
زود بودن (ف) بہت جلدی میں ہونا۔
زود تر (ف) بہت زیادہ جلدی۔
زود پشیمان (ف) جلد شرمندہ ہونے والا۔
زود خشم (ف) بہت غصیلا۔ بہت جلد بھڑک اٹھنے والا۔

Marfat.com

زُود خیز (ف) چست و چالاک طازم - صبح کو جلد بیدار ہونے والا -
زُود رام (ف) جلد مطیع ہونے والا -
زُود رس (ف) تیز فہم - بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا -
زُود رنج (ف) جلد خفا ہو جانے والا -
زُود رو (ف) تیز رَو -
زُود زا نیہ گردد آں زن کر شوہر زانی دارد (ف) بدوں کے لیے بد اور نیکوں کے لیے نیک جوڑا ہے -
زُود سیر (ف) دوستوں کی صحبت سے جلد ناراض ہو جانے والا (۲) ناپائیدار (۳) بے فائدہ (۴) بدمزاج -
زُود فہم (ف) دیکھو زُود رس -
زُودی (ف) جلدی - شتابی - پھرتی -
زُور (ع) سینہ کا درمیان (۲) زیارت کرنے والے -
زُور (ع) جھوٹ (۲) فریب (۳) شرک (۴) کفر خدا کے سوا جس چیز کی عبادت کی جائے -
زُورا (ع) چاندی کا برتن (۲) قدح (۳) بغداد (۴) دریائے دجلہ (۵) مدینہ منورہ کے ایک بازار کا نام (۶) مدینہ منورہ کے قریب ایک گاؤں کا نام -
زور آزما (ف) پہلوان -
زور آور (ف) طاقت ور - قوی -
زُورت (ع) ایک دفعہ ملاقات کرنا -
زوردار (ف) طاقت ور - زوروالا -
زَورق (ع) چھوٹی کشتی -
زَورقِ زرّیں (ف) آفتاب -
زَورقِ سیمیں (ف) ہلال - نیا چاند -
زَورقی (ف) فقیروں کی ایک قسم کی کشتی نما ٹوپی -
زورگر (ف) پہلوان -
زورگری (ف) پہلوانی -
زورگفتن (ف) ظلم و ستم کرنا - سختی کرنا -
زورگو (ف) بہتان باندھنے والا - جھوٹا -
زورمند } زورناک } زورور } (ف) زوروالا - طاقتور -
زوز (ف) گریہ - نوحہ (۲) شور - غوغا (۳) ماتم -
زوزن (ف) خراسان میں ہرات کے قریب ایک شہر (۲) ایک بادشاہ کا نام بھی ہے -
زوزہ (ف) دیکھو زوز -
زوزہ کشیدن (ف) کتوں اور بھیڑیوں کا دردناک آواز میں چلانا اور چیخنا -
زوشں (ف) دلیر - طاقتور (۲) تند خو -
زول (ف) قسمت - نصیب - حصّہ -
زولیدن (ف) اُلجھنا -
زونج } زونگ } کیڑا -
زوہیدن (ف) چھت کا ٹپکنا
زوئیت (ع) پیچیدہ ہونا (۲) راتوں کا اوّل یا آخر کا ایک حصّہ -
زوییت (ع) کنارہ کیا -

# ز - ہ

زہ (ف) جننا (۲) نُطفہ (۳) بچّہ (۴) فرزند -
زہ (ف) شاباش - آفرین (۲) کمان کا چلّہ (۳) ہر چیز کا کنارہ - جیسے زہ حوض - زہ گریبان -
زُہّاد (ع) زاہد کی جمع - پرہیزگار - عابد -
زَہادت (ع) زُہد - پرہیزگاری اور تقوے -
زِہار (ف) عورت کی فرج (۲) مرد کا عضو تناسل - نہر وغیرہ کا سوراخ جس سے پانی نکلے -
زہانہ (ف) نعرہ - بانگ - فریاد -
زہاز (ف) تعریف کی آوازیں جو پے در پے ہر طرف سے آئیں -
زُہد (ع) نفسانی خواہشوں سے نفرت کرنا - دُنیا کی لذتوں سے کنارہ کرنا -
زہدان (ف) عورت کا رحم - بچّہ دان -
زہداں نہادن (ف) عاجز ہونا -
زہد بانیت است نہ با جامہ پاک (ف) زہد باطنی صفائی کا نام ہے ظاہری صفائی کا نہیں -
زہ دیدہ (ف) بے حیا - شوخ چشم -
زہد فروختن (ف) ریا کاری سے کام لینا -
زہد فروش (ف) ریاکار -
زہد فروشی (ف) ریا کاری - فریب -
زَہر (ف) بِس (۲) غُصّہ - غضب (۳) زہریلے جانور کا ڈنگ -
زُہَر (ع) زہرہ کی جمع - پھول (۲) شگوفے -
زَہرا (ع) جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب - کیونکہ اُن کا رنگ سفید اور خوبصورت تھا -
زَہراب (ف) پیشاب -
زہر از قبل تو نوشدارو است (ف) تو زہر بھی دے تو گلقند ہے -
زہر آگین (ف) زہر آلود - زہردار -
زہر باد (ف) کھانا جس میں زہر ملا ہوا ہو -
زہر باد (ف) خناق جو مشہور مرض ہے -
زہر بدنداں مالیدہ است (ف) بہت بے ہودہ گو اور بدزبان ہے -
زہر چشم (ف) غُصّہ کے مارے گھور کر دیکھنا -
زہر چشم داشتن (ف) سخت رُعب داب والا ہونا -

Marfat.com

زہر چیزے گرفتن (ف) کسی کے غصہ اور تندی کی برداشت کرنا۔
زہر خند (ف) شرمندگی یا غصہ کی حالت میں ہنسنا (۲) رنج و مصیبت کے وقت ہنسنا۔
زہر دادن (ف) زہر کھلانا۔
زہر دارو (ف) تریاق۔
زہر کردن (ف) عیش تلخ کرنا۔
زہر کردن چیزے (ف) کسی چیز کو بے مزہ کرنا (۲) کسی چیز کو ناگوار کرنا۔
زہر گیا (ف) ایک زہریلی گھاس جسے کھا کر جانور مر جاتا ہے۔
زہر مار کردن (ف) ناگوار کھانا۔ طبیعت کی ناخوشی کے باوجود کھانا۔
زہر مینا (ف) شراب تلخ۔
زہر ناب (ف) خالص زہر کڑوا پانی۔
زہرہ (ع) شگوفہ۔ گل (۲) تازگی (۳) خوبی (۴) آرائش۔
زہرہ (ع) نظام شمسی کا دوسرا سیارہ۔ جس کا قطر ۰۰،۷۷ میل اور آفتاب سے اس کا اوسط فاصلہ ۶ کروڑ ۷۲ لاکھ میل ہے۔ آفتاب کے گرد ۲۲۵ دن میں اپنا دورہ پورا کرتا ہے۔ فارسی میں اسے ناہید اور ہندی میں شکر کہتے ہیں (۲) حسن (۳) سفید رنگ (۴) قریش کے ایک قبیلہ کا نام۔
زہرہ آب شدن (ف) خوف کے مارے پتہ پانی ہونا۔
زہرہ بناگوش (ف) معشوق۔ پیارا۔
زہرہ ترک شدن (ف) خوف کے مارے مر جانا۔
زہرہ ترک می شوم (ف) ڈر سے مرجاتا ہوں۔
زہرہ ترکاندن (ف) ڈرانا۔ پتے کا پھٹ جانا۔
زہرہ جبیں (ف) نہایت خوبصورت معشوق۔
زہرہ در میزان (ف) سعادت کا وقت۔
زہرہ رخ (ف) نہایت خوبصورت (۲) معشوق۔
زہرہ طبع (ف) خوش طبیعت (۲) مرغوب۔ دل پسند۔
زہرہ میغ (ف) بارش کے قطرے۔
زہرہ نوا (ف) نہایت خوش آواز۔
زہزاد (ف) نسل (۲) فرزند (۳) عیال۔
زہ زدن (ف) استقاط حمل۔ میدان سے بھاگ جانا۔ عہد سے پھر جانا۔
زہزدہ (ف) نکما۔ بے کار۔
زہش (ف) تحسین۔ آفرین۔
زہشت (ف) نفس۔ دم۔ آہ۔
زہف (ع) سبک ہونا (۲) دوڑنا۔
زہق (ع) بڑھ جانا (۲) دوسروں پر سبقت لے جانا۔
زہق (ع) مر جانا (۲) نیست و نابود ہونا (۳) نشیب زمین۔
زہق (ع) تیز رو۔ تیز رفتار۔
زہک (ف) سخت تیز و تند ہوا۔
زہگیر (ف) تیر اندازی کے وقت انگوٹھے پر پہننے کا انگشتانہ۔ جو سینگ یا چمڑے کا ہوتا ہے۔

زہمت (ع) سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی یا چکنائی کی بگڑی ہوئی بدبو۔
زہو (ف) کان کا میل۔
زہ و زاد (ف) بیوی۔ لڑکا۔ اہل و عیال۔ بچے بالے۔
زہون (ع) نیست و نابود ہونا (۲) ہلاک ہونا (۳) باطل ہونا (۴) تیر کا نشانہ سے گزرنا (۵) بڑھنا۔ سبقت لے جانا۔
زہوق (ع) نیست و نابود ہونے والا۔
زہومت (ع) دیکھو زہمت۔
زہید (ف) کم کھانے والا (۲) تنگ طبیعت۔
زہیدن (ف) جننا (۲) جوش کرنا (۳) باہر آنا (۴) گرنا (۵) ٹپکنا۔
زہیر (ع) کھلا ہوا (۲) روشن۔ تاباں (۳) شگوفوں سے لدا ہوا درخت۔

---

# ز - ی

---

زی (ع) دور کرنا (۲) راز کا چھپانا
زے (ف) جینا۔ زندگی۔
زی (ع) لباس۔ پوشاک۔ جامہ۔
زیات (ع) روغن زیتون بیچنے والا۔
زیاد (ع) زیادہ (۲) زیادہ ہونا (۳) نرد کی سات بازیوں میں سے ایک بازی کا نام (۴) ایک کافر کا نام جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر زنا کی جھوٹی گواہی دی تھی۔ (۵) عبد اللہ بن زیاد سے کنایہ ہے۔ جس نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے لڑائی کی تھی۔
زیادت۔ کثرت۔ بہتات۔ افزونی۔ زیادتی۔ نہایت۔
زیادتی (ف) افزونی۔
زیادتی خورہ (ف) اپنے حصے سے زیادہ طلب کرنے والا۔
زیادتی طلب (ف) قسمت اور نصیب سے زیادہ چاہنے والا۔ عزت چاہنے والا۔
زیاد ور کردند (ف) بہت کچھ چھوڑا۔
زیاد کردن (ف) اپنی حد سے بڑھنا۔ بڑھانا۔ اضافہ کرنا۔
زیادہ (ع) بہت افزوں۔
زیادہ روی (ف) فضول خرچی۔ غرور و تکبر۔
زیادہ سر (ف) خود پسند۔ مغرور (۲) سرکش۔
زیادہ سری (ف) خود پسندی۔ غرور (۲) سرکشی۔
زیادہ کردن۔ ختم کرنا اور اٹھانا۔ دسترخوان۔ بڑھا لینا۔
زیارت (ع) ملنا (۲) ملاقات۔ ورزش۔
زیارت آمدن (ف) زیارت کے لیے آنا۔
زیارت کردن (ف) زیارت کرنا۔

Marfat.com

زیارت گاہ (ف)، مقدس جگہ۔
زیارت نامہ (ف)، وہ کتابچہ جس میں وہ دُعائیں درج ہوتی ہیں جو زیارت کے وقت پڑھی جاتی ہیں۔
زیارت نامہ خوان (ف)، مُعلّم جو دُوسروں کے لیے زیارت نامہ پڑھتے ہیں۔
زیافت (ع)، کھوٹاپن (۲) کھوٹ (۳) کھوٹا ہونا۔
زیان (ف)، نقصان۔ ہرج۔
زیاں آور (ف)، نقصان دِہ۔
زیاں داشتن (ف)، گھاٹا پڑنا۔
زیاں دیدہ (ف)، جس نے نقصان اُٹھایا۔
زیب (ع)، زینت۔ زیبائش۔ خوبصورتی۔
زیبا (ف)، خوشنما (۲) لائق (۳) آراستہ۔
زیبارُو (ف)، خوبصورت۔ حسین۔
زیبال (ف)، تیز چلنے والا۔ گھوڑا وغیرہ جانور۔
زیبان (ف)، دیکھو زیبا۔
زیبائش / زیبائی (ف)، آرائش۔ آراستگی (۲) خوبصورتی۔
زیبق (ع)، پارہ۔
زیبق کردن (ف)، نیست و نابود کرنا۔
زیلن (ف)، تارک الدنیا (۲) عیش و لذّت کو چھوڑ کر تنہائی اختیار کرنے والا۔
زیبندہ (ف)، زیب دینے والا۔
زیبیدن (ف)، زیبا ہونا۔ آراستہ ہونا۔
زیت (ع)، روغنِ زیتون (۲) کھانے میں روغن زیتون ڈالنا۔
زیتون (ع)، ایک مشہور درخت کا نام جس کا تیل کھانے میں، دواؤں میں اور چراغ جلانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔
زیج (ع)، زیک کا معرب۔ نجومیوں کی وہ کتاب جس میں ستاروں کی حرکت نقشوں میں لکھی ہوتی ہے۔
زیج بستن (ف)، عمدہ کام کرنا۔
زیچ (ف)، خوش مزاج۔ خوش طبع۔
زِر (ف)، باریک آواز۔ نرم آواز۔ جو بم کے مقابلہ میں ہوتی ہے بم موٹی آواز کو کہتے ہیں (۲) موسیقی کے ایک پردہ کا نام بھی ہے۔
زر (ع)، بڑا رو غنی مٹکا (۲) عقل و تدبیر۔
زر (ف)، نیچے (۲) کمزور۔
زر (ف)، اس واسطے (۲) کیونکہ۔
زیر اَز میانہ (ف)، درمیانہ درجہ سے کم درجے کی چیز۔ ادنیٰ چیز۔ حقیر چیز۔
زیر افگن (ف)، تو شک (۲) دری۔ بھیروں جو مشہور راگ ہے۔

زیراک / زیراکہ (ف)، اس واسطے۔ اس واسطے کہ۔
زیربا / زیرباجہ (ف)، ایک قسم کا کھانا۔ ایک قسم کا آش۔
زیربار (ف)، بوجھ کے نیچے دبا ہوا (۲) مقروض۔
زیربار کسے بودن۔ کسی کی امداد اور احسان کا ممنون ہونا۔
زیر بال کسے را گرفتن (ف)، کسی کی مدد یا کمک کرنا۔
زیربُر (ف)، وہ شخص جو ظاہر میں دوست اور باطن میں دشمن ہو (۲) چور۔ گٹھ کترا۔
زیر بغل کسے ہندوانہ گزاشتن (ف)، کسی کو غرور یا تکبر کی ترغیب دینا۔
زیربند (ف)، ایک تسمہ جو گھوڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے۔
زیر پا انداختن (ف)، فرش کرنا۔ بچھانا۔
زیر پائے کسے پوست خربزہ گذاشتن (ف)، کسی کو مصیبت کے مُنہ میں جھونک دینا۔
زیر پائے مادراں باشد بہشت (ف)، بہشت ماں کے پاؤں تلے ہوتی ہے۔
زیرپوش (ف)، جانگیہ۔
زیر پیراہنی (ف)، بنیان۔
زیر پا انداختن (ف)، فرش کرنا (۲) بچھانا۔
زیر پیچ (ف)، چھوٹی دستار جو بڑی دستار کے نیچے باندھی جائے۔
زیرجامہ (ف)، ازار۔ پاجامہ۔
زیر خاک سپردن / زیر خاک کردن (ف)، دفن کرنا (۲) نیست و نابود کرنا۔
زیر دامن پرورden (ف)، پرورش کرنا (۲) نوازش کرنا۔
زیر دامن نگاہ داشتن (ف)، پناہ دینا۔
زیر دستِ زیر دستاں شدن (ف)، نہایت ذلیل ہونا۔
زیر دستاں شدن / زیر دست شدن (ف)، ذلیل ہونا۔
زیر زباں گفتن (ف)، آہستہ کہنا۔ چپکے سے کہنا۔
زیر زمیں (ف)، (اضافت کے بغیر) تہ خانہ۔ سردابہ۔
زیر سر کردن (ف)، کسی چیز کو اپنا مال سمجھنا۔ اپنی ملکیت بیان کرنا۔
زیر قلم آوردن / زیر قلم گرفتن (ف)، ثبت کرنا (۲) لکھنا (۳) مطیع کرنا۔
زیرک (ف)، دانا۔ عاقل (۲) حکیم۔
زیر کاسہ (ف)، کشتی کے ایک داؤ کا نام۔
زیر کاسہ نیم کاسہ دارد (ف)، دال میں کچھ کالا ہے۔
زیر کلاہ کسے بودن چیزے (ف)، کسی کے قبضہ میں ہونا۔
زیرکی (ف)، دانائی۔ ہوشیاری۔ حکمت۔
زیرکی بفروش و حیرانی بخر (ف)، عشق کا مقام عقل سے بہت بلند ہے۔

Marfat.com

زیرگاہ (ف) کرسی۔
زیرلب گفتن (ف) آہستہ کہنا۔ چپکے سے کہنا۔
زیرماندن (ف) گرنا۔ نیچے رہنا۔
زیرنگیں داشتن }
زیرنگیں کردن } (ف) مسخر کرنا۔ مطیع کرنا۔
زیرنگیں گرفتن }
زیروبالا (ف) نیچے اوپر (۲) خطا۔
زیروبالا شدن (ف) بدل جانا۔ الٹ پلٹ جانا۔
زیروزار (ف) آہستہ اور غمگین آواز۔
زیروزبر (ف) نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ۔
زیروزبر کردن (ف) تہ و بالا کرنا (۲) خراب کرنا۔
زیرہ بہ کرمان بردن (ف) بے فائدہ کام کرنا۔
زیرۂ کرمان (ف) کرمان کا زیرہ جو نہایت عمدہ ہوتا ہے۔
زیر ہر کاسہ نیم کاسہ یافتن (ف) کسی کا فریب ظاہر کرکے عجائبات دیکھنا۔
زیریں (ف) نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں۔
زیست (ف) جینا۔ زندگی (۲) جیا۔
زیست شناسی (ف) حیاتیات۔
زیست کردن (ف) زندگی گزارنا۔
زیستن (ف) جینا۔
زیغ (ع) نظر کا کند ہوجانا (۲) کجی (۳) ٹیڑھا (۴) ٹیڑھا چلنا۔ (۵) شک کرنا۔
زیغ (ف) بوریا۔ ایک قسم کا فرش (۲) اطمینان۔ فراغت۔ خاطر جمعی۔
زیف وزلیق (ف) عیال و اطفال۔
زیک (ف) دیکھو زیج۔
زیلو (ف) شطرنجی۔
زین (ع) زینت دینا۔ آراستہ کرنا۔

زین (ف) کاٹھی جو گھوڑے وغیرہ پر سوار ہونے کے لیے ڈالتے ہیں۔
زینب (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بیٹی کا نام (۲) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی کا نام۔
زینب ستمکش است (ف) اب اس بہو یا بیٹی کو کہتے ہیں جس کے کندھوں پر غم کا بارِ گراں اور گھربار کے کام کاج کا بوجھ ہو۔
زین بر گاؤ نہادن (ف) سفر کو تیار ہونا۔
زین بر گرگ نہادن (ف) بھیڑیے کو مطیع کرنا۔
زین بر مرکب بستن }
زین بر مرکب تنگ کردن } (ف) گھوڑے پر زین ڈالنا۔
زین بر مرکب گرفتن }
زین بر مرکب نہادن }
زینت (ع) آراستگی۔ زیبائش۔ آرائش۔ بناؤ سنگار (۲) سنگار کی چیزیں۔
زین دارباشی (ف) اصطبل کا داروغہ۔
زین کردن (ف) گھوڑی پر زین ڈالنا۔
زین گرفتن (ف) اتارنا اور جانور کو آرام دینا۔ احترام سے کسی کا زین تھامنا۔
زین وبرگ (ف) گھوڑے کی زین اور تمام متعلقہ سامان۔
زینہ (ف) سیڑھی۔
زینہار (ف) امان۔ پناہ (۲) عہد و پیمان۔ قول (۳) مہلت (۴) شکایت شکوہ۔ (۵) پرہیز (۶) ترک کرنا (۷) ہرگز۔
زیور (ف) گہنا۔
زیور بستن }
زیور دادن } (ف) زیور پہننا (۲) بناؤ سنگار کرنا۔ آراستہ ہونا۔ (۳) آراستہ کرنا۔
زیور زدن }
زیور کشیدن }
زے وزاف (ف) بے ربط اور فضول باتیں۔

Marfat.com

# ژ

ژ - فارسی حروفِ تہجی کا چودھواں حرف - بحساب جمل اس کے عدد بھی زا سے کے برابر یعنی سات خیال کیے جاتے ہیں۔

## ژ - ا

ژاپن (ف) جاپان۔
ژاپونی (ف) جاپانی - جاپان کا رہنے والا - جاپان کی کوئی چیز۔
ژپون (ف) جاپان۔
ژاپنی (ف) جاپانی۔
ژپونی (ف) جاپانی۔
ژاژدان (ف) باغ - گلستان۔
ژاژ (ف) ایک قسم کی سفید خاردار گھاس جو نہایت سخت اور بدمزہ ہوتی ہے - اس لیے اونٹ بھی اسے نہیں نگل سکتا (۲) بے ہودہ باتیں۔
ژاژ خائی (ف) بے ہودہ گوئی - بکواس۔
ژاژ خائیدن (ف) واہی تباہی بکنا - بے تکی باتیں کرنا - بدمزگی کرنا۔
ژاژہ (ف) دیکھو ژاژ۔
ژاغر (ف) پرندے کا پوٹا (۲) حوصلہ۔
ژاکٹ (ف) جیکٹ۔
ژالہ (ف) اولا۔
ژالہ بار (ف) اولے برسانے والا بادل۔
ژالہ باری (ف) اولے برسنا۔
ژامائیک (ف) جمیکا - ایک جزیرے کا نام ہے۔
ژاندارم (ف) شریف و نجیب۔
ژاندرم (ف) ملٹری پولیس۔
ژاندارمری (ف) ملٹری پولیس کا محکمہ۔
ژانویہ (ف) جنوری۔
ژاد (ف) ہر چیز کا خالص جزو (۲) خلاصہ - انتخاب۔
ژاولت (ف) ساگھ۔

## ژ - خ

ژخ (ف) نالہ - فریاد - شور (۲) ستا۔
ژخار (ف) نعرہ (۲) آواز۔

## ژ - ر

ژرد (ف) پُرخوری - بہت کھانا۔
ژرف / ژرفا (ف) گہرا - عمیق۔
ژرف نگاہ (ف) باریک بین - بات کی تہ کو پہنچنے والا۔

## ژ - غ

ژغار (ف) ایک گھاس جس سے رنگ حاصل کیا جاتا ہے۔
ژغارہ / ژغالہ (ف) غازہ جو عورتیں منہ پر ملتی ہیں - سرخی (۲) فریاد (۳) شور۔

Marfat.com

ژَغاوُ (ف) بدکار عورت - فاحشہ عورت -
ژَغَژ (ف) سخت چیز چبانے کی آواز (۲) دانت کڑکڑانے کی آواز - (۳) اخروٹ وغیرہ کے بوری میں بھرنے کی آواز -

## ژ - ف

ژف (ف) تر (۲) تروتازہ (۳) نمناک -
ژفت (ف) چوڑا (۲) گوبلا -
ژفتی (ف) سختی - دُرشتی -
ژفک / ژفک آب } (ف) آنکھوں کے کونوں میں جمع ہونے والا میل -
ژَفیدَن (ف) بھیگنا - تر ہونا -

## ژ - ک

ژَک (ف) وہ بات جو غصہ کے باعث ہونٹوں میں بڑبڑا کر کہی جائے -
ژکاشَہ (ف) خارپشت - ساہی -
ژُکال (ف) زغال - کوئلہ -
ژُکان (ف) بے خود - آپے سے باہر شخص -
ژَکفر (ف) برداشت کرنے والا - صبر کرنے والا -
ژُکور (ف) خسیس - کنجوس - بخیل (۲) چور - راہزن -
ژَکیدن (ف) غصہ کے سبب آہستہ آہستہ بڑبڑانا -

## ژ - گ

ژگان (ف) ژکان - جو اپنے آپ میں نہ ہو -

## ژ - م

ژم (ف) قابلہ - دایہ - دائی - جنائی -
ژمارورغ (ف) ایک قسم کی کھمبی -

## ژ - ن

ژن (ف) بدصورت - بدشکل -
ژَند (ف) پُرانا کپڑا (۲) چیتھڑا (۳) گدڑی (۴) چقماق (۵) کلاں - ہر بڑی چیز (۶) خوف ناک -
ژَند (ف) زند - زردشت کی کتاب - جسے پارسی آسمانی کتاب مانتے ہیں -
ژندباف (ف) خوش آواز پرندہ - مثلاً بلبل - قمری وغیرہ -
ژَندرود (ف) اصفہان کی ایک نہر کا نام -
ژندگی (ف) پُرانا پن -
ژَندَہ (ف) پُرانا کپڑا (۲) گدڑی (۳) چیتھڑا (۴) ہر بڑی اور خوف ناک شے -
ژندہ باش و گندہ مباش (ف) لباس صاف ستھرا اور اُجلا ہو خواہ چیتھڑے میں کیوں نہ ہوں -
ژندہ پوش (ف) گودڑی پوش - چیتھڑوں میں ملبوس - غریب -
ژندہ چیں (ف) جو گلی کوچوں سے چیتھڑے چنتا ہو -
ژَندَہ پیل (ف) بڑا ہاتھی (۲) مست ہاتھی -
ژنرال (ف) جرنیل -
ژَنگ (ف) مانی نقاش کی کتاب کا نام جس میں اُس کے اختراع کیے ہوئے کئی قسم کے نقشے اور تصویریں درج تھیں -
ژَنگ (ف) ارژنگ کا مخفف - جھری جو ضعیفی کے باعث منہ پر پڑ جاتی ہے -
ژَنگَہ (ف) زراعت کی ایک بیماری جس سے خوشہ دانہ سے خالی اور زرد ہو جاتا ہے -
ژَنَہ (ف) سوئی کی نوک (۲) زہریلے جانور جیسے بچھو وغیرہ کا ڈنگ -
ژَنیاں (ف) اجوائن - نانخواہ -

## ژ - و

ژوپین (ف) دوشاخہ بھل کا نیزہ -
ژوژک (ف) ایک پرندہ کا نام جس کا سر اور گردن سُرخ ہوتے ہیں -
ژورنال (ف) جرنل - روزنامہ -
ژوژ / ژوژہ } (ف) ساہی - خارپُشت -
ژول (ف) پریشان (۲) درہم برہم (۳) اُلجھا ہوا -
ژولَہ (ف) چنڈول جو مشہور پرندہ ہے -
ژولیدَن (ف) اُلجھنا - پریشان ہونا -
ژولیدَہ (ف) پریشان - درہم برہم -
ژومیدن (ف) کھیتی کو پانی دینا -
ژون (ف) بُت - صنم -
ژُون (مف) جون کا مفرس جو انگریزی چھٹا مہینہ ہے -
ژومیدَن (ف) چھت کا ٹپکنا -

# ژ ۔ ی

ژی (ف) ندی ۔ نہر ۔ تالاب ۔
ژیان (ف) غضب ناک ۔ خشمناک ۔ تُند خوے ۔ غُصّہ میں بھرا ہوا ۔ اس لفظ کا اطلاق درندوں ۔ شکاری جانوروں اور شکاری پرندوں پر ہوتا ہے ۔ مگر بعض نے انسان پر بھی اسے استعمال کیا ہے ۔
ژیرہ (ف) زیرہ جو مشہور گرم مصالح ہے ۔
ژیژ (ف) مُردار ۔ پلید ۔ گندہ ۔
ژیغ ژلیغ (ف) قطرہ قطرہ ۔
ژیک (ف) مینہ کی بُوندیں (۲) خار پُشت ۔
ژیکا (ف) مینہ ۔ خار پشت ۔
ژیمناستیک (ف) جمنا سٹک
ژیوہ (ف) سیماب ۔ پارہ ۔

Marfat.com

# س

س - عربی حروف تہجی کا بارھواں، فارسی کا پندرھواں اور اُردو کا اٹھارھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے ۶۰ عدد مقرر ہیں۔

## س - ا

سا (ف) (۱) مشابہ - مانند (۲) موافق (۳) باج - خراج -
ساباط (ع) مسقف رستہ - کوچہ جس کے اوپر چھت ہو۔
سابح (۱) تیرنے والا (۲) بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
سابحات (ع) (۱) کشتیاں (۲) فرشتے (۳) روح مومنین (۴) ستارے
سابری (ع) ایک قسم کا نفیس اور ریشمی کپڑا۔
سابع (ع) ساتواں۔
سابغ (ع) کامل - پورا - تمام (۲) وسیع -
سابغت (ع) چوڑی - چکلی زرہ -
سابق (ع) اوّل - اگلا (۲) سبقت لے جانے والا - بڑھا ہوا۔
(۳) جماعت کا مانیٹر۔
سابقا (ع) پہلی دفعہ (۲) پہلے -
سابقات (ع) فرشتے جو وحی کے سننے میں شیاطین سے سبقت لے جاتے ہیں۔
سابقہ (ع) (۱) وہ امر جو پہلے سے کسی کام کا وسیلہ ہو - تمہید
(۲) گزشتہ زمانہ کی معرفت اور پہچان۔
سابقہ دار (ف) پہلا ریکارڈ رکھنے والا۔
سابقہ داشتن (ف) نمونہ یا مثال رکھنا۔
سابقہ سالار (ف) (۱) سپہ سالار (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم -
سابقہ معرفت (ف) گزشتہ واقفیت - پچھلی جان پہچان - شناسائی۔
سابقین (ع) دیکھو سابقون۔

سابُوہ (ف) بوڑھی عورت - بڑھیا۔
سابُود (ف) چاند کا ہالہ (۲) جھولا جو عید کے دن بچے جھولتے ہیں۔
سابورہ (ف) مخنث - ہیجڑا - نامرد۔
سابوری (ف) سابور سے منسوب - سابور، شابور کا معرب ہے جو ایران کا ایک شہر ہے۔
سابوس (ف) اسبغول۔
سابیزک (ف) دیکھو - سابیزج۔
سات (ف) سونا - نیند کرنا -
ساتر (ع) چھپانے والا - ڈھکنے والا -
ساتگنی، ساتجیں، ساتگیں (ف) شراب پینے کا بڑا پیالہ۔
ساتگیں (ف) معشوق - محبوب -
ساتور (ف) قصاب کا لگدا -
ساج (ف) مرغ کنجد خوار - جو ایک پرندہ ہے۔
ساج (ع) (۱) سال کی لکڑیاں جس سے کشتیاں بنتی ہیں - سیاہ لکڑی
(۲) تلوار کو صیقل کرنے کا پتھر (۳) روٹی پکانے کا توا -
(۴) چادر۔
ساجد (ع) سجدہ کرنے والا - سر جھکانے والا -
ساجدہ (ع) سجدہ کرنے والیاں۔
ساجدین (ع) سجدہ کرنے والے -
ساجر (ع) پرنالوں کا پانی جمع ہونے کی جگہ۔
ساجع (ع) باقافیہ بات کرنے والا (۲) گانے والا پرندہ جیسے بلبل وغیرہ۔

Marfat.com

ساچہ (ع)، بولتا ہوا کبوتر۔
ساجگون (ف)، تیرہ فام۔ کالا۔
ساجو (ع)، وہ لکڑی جو کتے کے گلے میں اس لیے باندھی جاتی ہے کہ انگور کی ٹٹی سے سر نکال کر انگور خراب نہ کر سکے۔
ساچمہ (ف)، چھرّہ جو بندوق میں بھرتے ہیں۔ بارود کی بڑی تھیلی جو توپ میں بھرتے ہیں۔
ساچمہ دان (ف)، کارتوسوں والی پیٹی جو گلے میں حمائل ہوتی ہے۔
ساچی (ف)، سفید۔
ساجمہ (ع)، بہت بارش۔ باران شدید۔
ساحت (ع)، صحن۔ آنگن (۲) میدان (۳) کشادگی۔
ساحت مقدس (ف)، کوئی پاکیزہ درگاہ۔
ساحر (ع)، جادوگر۔ فریب دینے والا (۲) بیمار کرنے والا (۳) عقل مند۔
ساحرہ (ع)، جادوگرنی۔
ساحرین (ع)، زیادہ جادوگر۔
ساحق (ع)، پیسنے والا۔ رگڑنے والا۔
ساحل (ع)، دریا یا سمندر کا کنارہ۔
ساخت (ف)، ساختن کا حاصل مصدر۔ بناوٹ۔ بناؤ (۲) ساختن کا ماضی بھی ہے۔ گھوڑے کی زین (۳) رکاب کا تسمہ (۴) زرہ (۵) پاکھر۔
ساختمان (ف)، عمارت۔
ساختن (ف)، (۱) بنانا (۲) موافقت کرنا (۳) آمادہ کرنا۔
ساخت و یاخت (ف)، سازش۔ ملی بھگت۔
ساختہ (ف)، (۱) بنایا ہوا۔ مرتب (۲) موجود۔ مہیا (۳) مستعد۔ آمادہ۔
ساختہ پرداختہ (ف)، آراستہ و پیراستہ (۲) موجود۔ مہیا (۳) مستعد۔ آمادہ۔
ساختہ رُو
ساختہ رُوئے } (ف)، شرمندہ۔ بہ تکلف منہ بنائے ہوئے۔ ترشرو۔
ساختہ روزگار (ف)، تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔
ساختہ کار (ف)، جعل ساز۔
ساختہ کاری (ف)، جعل سازی۔
ساختہ لگام (ف)، منہ زور۔ ضدی۔
ساخر (ع)، مسخر کرنے والا۔ مطیع کرنے والا۔
ساخر (ع)، تمسخر کرنے والا۔ ٹھٹھا کرنے والا۔
ساخط (ع)، غضب ناک۔ غصہ میں بھرا ہوا۔
ساخن (ع)، گرم دن۔
ساخن (ع)، راکھ ملا ہوا چونا۔
ساد (ف)، (۱) سادہ (۲) استاد (۳) جنگل (۴) سور۔ خوک نر۔
سادت (ع)، سادگی۔ سید۔ سردار۔ پیشوا۔
سادس (ع)، چھٹا۔ ششم۔
سادگی (ف)، صفائی۔

سادن (ع)، خادم کعبہ۔ خادم بت خانہ۔ دربان۔
سادہ (ع)، دیکھو سادات۔
سادہ (ف)، خالص۔ بے نقش و نگار (۲) بے ریش لڑکا (۳) احمق۔ نادان۔ بھولا بھالا (۴) جنگل۔
سادہ پرکار (ف)، شوخ۔ عیار معشوق۔
سادہ جگر (ف)، کم عقل آدمی۔
سادہ دشت (ف)، (۱) فلک اطلس جس پر ستارے نہیں ہیں۔
سادہ دل (ف)، صاف دل جو منافق نہ ہو (۲) نادان۔ احمق
سادہ دلی (ف)، صاف دلی۔ بھولاپن۔ بے وقوفی۔
سادہ رُو
سادہ رُوئے } (ف)، (۱) امرد۔ لڑکا۔ بے ریش لڑکا (۲) معشوق۔
سادہ رُخ
سادہ سپہر (ف)، دیکھو۔ سادہ دشت۔
سادہ لوح (ف)، سیدھا سادھا۔
سادہ طور (ف)، بے تکلف آدمی۔
سادہ عذار (ف)، بے ریش۔ نوجوان۔
سادہ گردہ (ف)، خصتی۔ اختہ۔
سادہ لوح (ف)، بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ آدمی (۲) بے شعور۔ احمق۔
سادہ ومنعی (ف)، سادگی۔ حماقت۔
سادی (ع)، چھٹا۔ ششم۔
ساذج (ع)، سادہ کا معرب۔ نیز ایک دوا کا نام جسے تیز پات کہتے ہیں۔
سار (ف)، مینا جو خوش آواز پرندہ ہے۔
سار (ف)، اونٹ۔
سار (ف)، سرکار کا مزید علیہ۔
سار (ف)، خالص یہ لفظ صرف عنبر۔ مشک اور زر کی صفت کے لیے آتا ہے۔
سارب (ف)، ایک طریقہ پر چلنے والا۔ اپنے مسلک اور مذہب میں ظاہر اور کھلا ہوا۔
ساربان (ف)، شتربان۔ اونٹوں کا محافظ۔
سارخک
سارنتک } (ف)، پھر۔
سارق (ع)، چور۔ دزد۔
سارقین (ع)، سارق کی جمع۔
سارک (ف)، (۱) بلبل (۲) مینا۔
سارو (ف)، چونا۔ جس میں راکھ وغیرہ ملی ہوئی ہو۔
ساروان (ف)، ساربان۔ شتربان۔
ساروج (ف)، قلعی میں ریت یا راکھ کی آویزش سے تیار شدہ مرکب۔ کہگل۔ کونڈی۔ ہاون دستہ۔

Marfat.com

سارُوک (ف) پینا۔
سارُونہ (ف) انگور کی بیل۔
سارہ (ف) ایک قسم کی چادر ساڑھی جو مشہور پہننے اور اوڑھنے کا کپڑا ہے (۲) پردہ (۳) رشوت۔
سارہ۔ سائرہ کا مخفف جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کا نام تھا۔
ساری (ف) پینا۔
ساریہ (ع) (۱) اثر کرنے والی شے (۲) رات کا مینہ (۳) ستون۔
ساز (ف) (۱) باجہ۔ ستار۔ سارنگی وغیرہ (۲) استعداد (۳) کام کی رونق (۴) سامانِ سفر (۵) تحمل (۶) سرانجام (۷) موافقت (۸) لڑائی کے ہتھیار (۹) ضیافت۔ مہمانی (۱۰) توانا۔ چست (۱۱) موافق (۱۲) شکل۔ مانند (۱۳) نفع (۱۴) غریب۔ مکر۔ حیلہ (۱۵) نٹ (۱۶) ساختن کا امر۔ یعنی کام کر۔
سازاست (ف) موافق ہے۔ جیسا کہ چاہیے۔ موجود ہے۔
ساز باز (ف) تیار کرنا۔ زیور کی آرائش اور کانٹ چھانٹ۔
ساز بر تار بستن (ف) ساز کو کوکنا۔
ساز بودن (ف) حال کا ٹھیک ٹھاک ہونا۔
ساز بودن دماغ (ف) دماغ کا تازہ اور خوش ہونا۔
ساز زدن (ف) ساز بجانا۔
ساز زن (ف) ساز بجانے والا۔
سازش (ساختن کا حاصل مصدر) (۱) بناؤ۔ بناوٹ (۲) موافقت۔ اتفاق۔ میل۔ لگاؤ۔
سازش داشتن (ف) قناعت کا ہونا۔ موافقت کرنا۔
سازش کردن (ف) نیا گیت چھیڑنا۔ شروع کرنا۔
ساز کردن (ف) آمادہ ہونا۔
سازگار (ف) لائق (۲) موافق (۳) موافق دوست۔
سازگاری (ف) موافقت۔ نیک سلوک۔
سازگاؤ (ف) سانٹا۔ چوپاؤں کے ہانکنے کا چابک۔
سازگری (ف) موسیقی کی ایک سُر کا نام۔
سازمان (ف) انجمن ادارہ۔
سازمان ملل متحدہ (ف) یو۔ این۔ او۔
سازمند (ف) آراستہ (۲) تیار۔ آمادہ۔
سازندہ (ف) موافق۔ موافقت کرنے والا۔
ساز نواختن (ف) ساز بجانا۔
سازو (ف) (۱) رسّی جو چوروں کے پاس ہوتی ہے اور لوگوں کے گلے میں ڈال کر انہیں مار دیتے ہیں۔ یا وہ رسّی جس سے چوروں کو مار ڈالتے ہیں (۲) کھجور کے ریشہ کی رسّی۔
سازو باز (ف) رسن باز یا نٹ۔
سازوار (ف) سازگار کا مترادف۔
سازور (ف) صاحبِ سامان (۲) ساختہ و آمادہ۔

سازیدن (ف) (۱) سازش کرنا۔ بنانا۔ موافقت کرنا (۲) گھڑنا۔ نقش کرنا۔
سانس (ف) (۱) کھٹمل (۲) پاکیزہ۔ لطیف۔
ساسان (ف) گدا۔ فقیر۔
ساسان (ف) بہمن بن اسفند یار کے بیٹے کا نام جو اپنی بہن ہمارخت کے خوف سے جو زردشتی شریعت کے مطابق اپنے باپ بہمن کے نکاح میں تھی فقیر ہو گیا تھا۔ اسی کی اولاد شاہانِ ساسانی کہلاتی ہے۔
ساسانی }
ساسانیہ } (ف) شاہانِ ایران کا وہ خاندان جو اشکانیوں کے بعد ایران کا فرمانروا ہوا۔ چونکہ یہ خاندان ساسان بن بہمن کی اولاد سے ہوا ہے اس لیے ساسانی کہلاتا ہے۔
ساسم (ع) آبنوس۔ سیاہ لکڑی کا درخت۔
ساسم (ف) اجوائن۔
ساسہ (ع) سائس کی جمع۔ محافظ۔ نگہبان۔
ساطر (ع) قصاب۔
ساطع (ع) بلند (۲) روشن چمکتا ہوا۔
ساطور (ع) خنجر۔ چھرا۔ کارد۔ لیکن قصاب کا۔
ساع }
ساعات } (ع) ساعت کی جمع۔ گھڑیاں۔
ساعت (ع) (۱) گھنٹہ۔ یعنی اڑھائی گھڑی کا عرصہ (۲) قیامت۔
ساعت بغلی (ف) جیبی گھڑی۔ واچ۔
ساعت تند است (ف) یہ گھڑی آگے نکل جاتی ہے۔
ساعت دستہ کوک (ف) وہ گھڑی جسے چابی دینے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ کلائی پر ہلنے جلنے سے اسے چابی آتی رہتی ہے۔
ساعت سنگین (ف) منحوس گھڑی۔ منحوس ساعت۔
ساعت عقرب (ع) گھڑی کے گھنٹے کی سوئی۔
ساعت مجلسی (ف) کلاک۔ ٹائم پیس۔
ساعت نجومیہ (ع) نجومیوں کی ساعت جو اڑھائی گھڑی کی ہوتی ہے۔ ایک گھنٹہ وقت۔
ساعد (۱) انسان کا بازو (۲) پرندہ کا شہپر (۳) فارسی میں کلائی کے معنوں میں مستعمل ہے۔
ساعدہ (ع) شیر۔
ساعی (ع) (۱) کوشش کرنے والا۔ دوڑنے والا (۲) خراج وصول کرنے والا (۳) کسی قوم کا سردار (۴) عیسائیوں اور یہودیوں کا سردار (۵) بدگوئی کرنے والا چغلخور۔
ساغ (ف) پینا۔
ساغب (ف) بھوکا۔ تھکا ماندہ بھوکا۔
ساغر۔ شراب کا پیالہ۔
ساغر بر تارک شکستن }
ساغر بر سر کشیدن } (ف) ایک دم شراب کا پیالہ ختم کر دینا۔ نہایت ذوق و شوق سے شراب پینا۔
ساغر کشیدن }
ساغر خواستن } (ف) شراب پینا۔

Marfat.com

ساغر خوردن
ساغر زدن
ساغر کشیدن
ساغر نوشیدن } (ف) شراب پینا۔

ساغر جم (ف)، جام جم۔
ساغر خواستن (ف)، شراب مانگنا۔
ساغر کش (ف)، شراب پینے والا۔
ساغری (ف)، ایک شاعر کا تخلص جو مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ کا ہمعصر تھا۔
سافر (ع)، مسافر۔ سفر کرنے والا (۲) قاصد (۳) دُبلا گھوڑا (۴) کاتب (۵) کشادہ رُو عورت (۶) قوم کا سردار۔
ساق الشجر۔ درخت کا تنا۔
ساق بر ساق مالیدن (ف)، تلملانا۔ تڑپنا۔ نزع کی حالت میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ساق حُر (ع)، قمری۔
ساق دوش (ف)، دُولہا کا دوست۔ جسے فارسی میں شاہ بالا اور پنجابی میں سربالا کہتے ہیں۔
ساقری (ف)، کیمخت۔ مخمل کی قسم کا ریشمی کپڑا۔
ساق سیمیں (ف)، چاندی جیسی پنڈلی۔ گوری پنڈلی۔

ساق عروس
ساق عروساں } (ف)، ایک قسم کی ایرانی مٹھائی کا نام۔

ساقط (ع)، گرنے والا۔ گرا ہوا (۲) متروک (۳) نکما (۴) لیس ماندہ۔
ساقط شدن (ف)، قیمت کا گرنا۔ گرنا۔ بچے کا گرنا۔ اسقاط حمل۔
ساقط کردن (ف)، باطل کرنا۔ قیمت کا گرا دینا۔
ساقط گردیدن (ف)، گر جانا۔
ساقہ (ع)، چنداول۔ یعنی لشکر کا پچھلا حصہ۔ لشکر کے پیچھے کی فوج (۲) پودے کا ڈنٹھل۔
ساقہ دار (ف)، ڈنٹھل رکھنے والا۔
ساقی (ع)، (۱) پلانے والا۔ شراب پلانے والا۔ (۲) معشوق۔ محبوب۔
ساقیٔ رُوحانیاں (ف)، حضرت آدم علیہ السلام (۲) حضرت جبرائیل علیہ السلام۔
ساقیٔ شب (ف)، چاند۔
ساقیٔ کوثر (ف)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
ساقیہ (ع)، چھوٹی نہر۔ نالی۔
ساک (ف)، ساگوان کا درخت۔
ساکب (ع)، (۱) بہانے والا (۲) بہنے والا۔
ساکت (ع)، خاموش۔ چپکا۔
ساکت بودن (ف)، چپ ہونا۔
ساکت کردن (ف)، چپ کرانا۔
ساکت گردیدن (ف)، چپ ہو جانا۔
ساکن (ع)، ٹھہرا ہوا۔ بے حرکت (۲) اقامت کرنے والا (۳) باشندہ رہنے والا۔
ساکنان (ف)، ساکن کی جمع۔ رہنے والے۔
ساکنین (ف)، ساکن کی جمع۔ رہنے والے۔ بسنے والے باشندے۔
ساکوت (ع)، نہایت خاموش رہنے والا مرد۔
ساکیز (ف)، مندہ۔
سال (ف)، (۱) برس۔ سمت (۲) ساگوان کی لکڑی۔ جس سے کشتیاں اور جہاز بنتے ہیں۔ اور اسی نسبت سے بعض اوقات سال بمعنی کشتی اور جہاز بھی آتا ہے۔
سال (ی)، کشتی۔ جہاز۔
سال زور سیزدہ ماہ (ف)، جس کی لاٹھی اسی کی بھینس۔
سالار (ف)، سردار (۲) سالخوردہ۔ پرانا۔ کہنہ۔
سالار بار (ف)، عرض بیگی۔ یعنی وہ شخص جو لوگوں کی عرض معروض بادشاہ تک پہنچائے۔
سالار بیت الحرام (ف)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
سالار ہفت خرد ورکوس (ف)، آفتاب۔

سال آزمائے
سال دیدہ } (ف)، بوڑھا۔ تجربہ کار آدمی۔

سالانہ (ف)، وہ مقررشے جو سال بھر کے بعد ملے۔
سالب (ع)، چھیننے والا۔ جبراً چھین لینے والا (۲) وہ عورت یا اونٹنی جس کا بچہ مر گیا ہو (۳) نفی کرنے والا (۴) مٹانے والا۔
سالبہ (ع)، علم منطق کی اصطلاح میں وہ قضیہ جس میں حکم بالسلب ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
سالبہ جزئیہ (ع)، وہ جملہ جس میں بعض کی نفی ہو اور کُل کی نفی نہ ہو۔
سالبہ کلیہ (ع)، وہ جملہ جس میں کل کی نفی ہو۔
سالجوق (ف)، دیکھو سلجوق۔

سال خرد
سال خورد } (ف)، خورد سال کا مقلوب۔ کمسن۔

سال خورد
سال خوردہ } (ف)، (۱) معمر۔ بوڑھا (۲) پُرانا۔

سال دات (ف)، سیاہی۔
سال دار (ف)، پیر۔ بوڑھا۔
سال دزدیدن (ف)، عمر کم ظاہر کرنا۔ عمر کے سال کم بتانا۔
سال دیدہ (ف)، بوڑھا۔ عمر رسیدہ (۲) پُرانا۔
سال شمسی (ف)، وہ سال جو سُورج کی چال پر شمار کیا جاتا ہے۔ یہ سال مشہور ہیئت دان عمر خیام کا ترتیب دیا ہوا ہے اور ½ ۴ سیکنڈ کا ہوتا ہے۔
سالغ (ع)، چھ برس کا بیل یا بکرا۔
سالف (ع)، قدیم۔ اگلا۔ جو پہلے گزر گیا۔

Marfat.com

سالفہ (ع)، گزرے ہوئے دن۔
سالِ قمری (ف)، وہ سال جو چاند کی رفتار پر شمار کیا جاتا ہے۔ یہ سال ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے اور ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے۔
سالقہ (ع)، مصیبت میں بہت چلّانے۔ آواز سے رونے۔ منہ پر طمانچے مارنے اور رخسار سے نوچ ڈالنے والی عورت۔
سالقہ (ع)، زرہ۔ یمن کے قصبہ سلوق کی طرف منسوب ہے جہاں کی زرہ مشہور ہے۔
سالک (ع)، رستہ چلنے والا۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو قرب الٰہی کا طالب ہو اور فکرِ معاش بھی رکھتا ہو۔ سالک سے مراد ہے
سالکان (ف)، سالک کی جمع۔ طالبانِ حق۔
سالکانِ عرش (ف)، فرشتے۔ اہلِ سلوک آدمی۔
سالِ گردش (ف)، بادشاہ کے جلوس کا نیا سال۔
سال گردیدن (ف)، سال کی بدلی نوروز۔ ایک سال ختم ہو کر دوسرا سال شروع ہونا۔
سالم (ع)، ثابت۔ پورا (۲) درست (۳) تندرست۔ (۴) بے عیب۔
سالمًا وغانمًا (ع)، تو سلامت رہے اور غنیمت لے کر واپس آئے۔ مسافر کے لیے دعا ہے۔
سالمند (ف)، بالغ۔
سال مہ (ف)، خط کے دائیں کونے میں اتے پتے کے نیچے جو تاریخ درج کی جاتی ہے۔
سال میلادی (ف)، عیسوی سال۔
سالو (ف)، دستار کے لائق سفید اور باریک کپڑا۔
سالوس (ف)، فریبی۔ مکّار (۲) زبان دراز۔ چرب زبان (۳) دروغ گو (۴) فریب۔
سالوس فروش (ف)، عیّار۔ ریاکار۔
سالوسی (ف)، فریب کرنا (۲) چرب زبانی۔
سالوک (ف)، (۱) ڈاکو۔ چور۔ راہزن (۲) خونی۔
سالہ (ف)، وہ لشکر جو درمیانی صف کے پیچھے نگاہ رکھتا ہے۔
سالی (ف)، پرانی اور مستعمل چیزیں۔
سالیاں (ف)، سال کی جمع برس۔
سالیانہ (ف)، سالانہ۔
سالیانہ کردن (ف)، سال بھر کے لیے دینا۔
سالے کہ نکوست از بہارش پیدا (ف)، ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔
سام (ع)، موت (۲) ملول ہونا (۳) عاجز ہونا۔
سام (ع)، زہریلا۔
سام (ع)، حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام (۲) ایک پہاڑ کا نام۔
سام (ف)، نریمان کے بیٹے۔ زال کے باپ اور رستم کے دادا کا نام۔
سام (ف)، سر کی بیماری۔ سر کا ورم۔ سرسام جو مشہور بیماری ہے (۲) آگ۔

سامِ اَبرَص (ع)، چلپاسہ۔ چھپکلی (۲) گرگٹ۔ (۳) گوہ۔ سوسمار۔
سامان (ف)، (۱) دولت۔ ثروت (۲) راحت۔ آرام (۳) ترتیب۔ انتظام (۴) اسباب۔ تیاری کی چیزیں (۵) حد۔ کنارہ (۶) اندازہ (۷) شہر۔ قصبہ (۸) قدرت۔ قوّت (۹) عفت۔ عصمت۔ پاک دامنی۔ (۱۰) حاصل ہونا۔ (۱۱) تلوار وغیرہ اوزاروں کے صاف کرنے کا آلہ۔
سامان (ف)، ایک شخص کا نام جس کی اولاد سے بخارا کے شاہان سامانی ہوئے۔
سامان ساختن (ف)، انتظام کرنا۔ ترتیب دینا۔ آسودہ حال ہونا۔
سامان شیر کن و شکار شغال رَو (ف)، زبردست تیاری کر کے جانا چاہیے۔
سام اَندر (ف)، آگ کا کیڑا۔ دیکھو سمندر۔
سامانی (ف)، بخارا کے مشہور شاہی خاندان کا نام جو سامان کی اولاد تھی۔
سامبا (ف)، رقص کی ایک قسم۔
سامت (ع)، رنجیدہ ہونا۔ ملول ہونا۔
سامح (ع)، مراد کہنے والا۔ گانے والا (۲) جوانمردی کرنے والا۔
سامد (ع)، مراد کہنے والا۔ گانے والا (۲) کھیلنے والا۔ (۳) ہمیشہ چلنے والا۔
سامر (ع)، داستان کہنے والا۔ قصہ گو۔
سامرہ (ع)، ایک شہر کا نام جو حرمین کے درمیان ہے۔
سام سوار (ف)، سام یعنی رستم کا دادا۔
سامع (ع)، سننے والا۔
سامعہ (ع)، سننے کی قوت (۲) کان۔
سامک (ع)، بلند۔ اونچا۔
سام کیس (ف)، بزرگ (۲) شریف۔
سامن (ع)، (۱) آٹا (۲) گھی رکھنے والا۔
سامندر } سامندل } (ف)، آگ کا کیڑا۔ دیکھو سمندر۔
سامہ (ف)، قول و قرار۔ عہد (۲) قسم۔ سوگند۔
سامی (ع)، اونچا۔ بلند۔
سامیز (ف)، سنگ فشان۔ جس پر تلوار یا چھری وغیرہ تیز کرتے ہیں۔
سامیہ (ع)، بلند۔ بلند مرتبہ۔
سان (ف)، (۱) روش۔ رسم۔ عادت (۲) شکل۔ نظیر۔ مانند۔ (۳) ٹکڑا۔ پارہ۔ حصہ (۴) جائزہ۔ لشکر (۵) سامان۔ سامان جنگ (۶) سرانجام (۷) سوہان۔ جس سے لوہا وغیرہ رگڑا جاتا ہے (۸) سنگ فشان۔ جس پر تلوار یا چھری وغیرہ تیز کرتے ہیں۔
سانتر (ف)، مرکز۔ وسط۔

Marfat.com

سانتراں (ف) مرکزی ۔ اصلی ۔
سانتی (ف) سینٹی ۔
سانتی گراد (ف) سینٹی گریڈ ۔
سانتی گرام (ف) سینٹی گرام ۔
سانتی میتر (ف) سینٹی میٹر ۔
سانح } (ع) ظاہر ہونے والا ۔ پیش آنے والا ۔ حادثہ ۔ واقعہ ۔
سانحہ } وہ شکار جو بائیں طرف سے داہنی جانب کو آئے اور اُسے مبارک خیال کرتے ہیں اور جو داہنی جانب سے آئے اُسے بارح کہتے ہیں ۔ اور اُسے نامبارک خیال کرتے ہیں ۔
سان دادن (ف) فوج کا معائنہ کرنا ۔
سان دیدن (ف) فوجی پریڈ کا معائنہ ۔
سان سپاہ } (ف) لشکر کا ملاحظہ کرنا ۔ پریڈ میں فوج کا جائزہ
سان لشکر } لینا ۔
سانسور (ف) سنسر ۔ تنقید ۔
سانیہ (ع) بڑا ڈول مع سامان کے (۲) پانی کھینچنے والا اونٹ ۔
ساو (ف) خالص سونے کے ٹکڑے (۲) خراج ۔ باج ۔
ساوری (ف) تحفہ ۔ پیشکش ۔
ساوری (ف) ایک تورانی پہلوان کا نام جو رستم سے جنگ کرتا ہوا مارا گیا ۔
ساوہ (ف) عراق عجم کے ایک شہر کا نام ۔ ساوجی شاعر یہیں کا رہنے والا تھا ۔
ساویز (ف) خوش خلق ۔ اچھی عادت والا ۔
ساوین (ف) کاتنے کے لیے روئی رکھنے کی پٹاری ۔
ساہر (ع) بیدار ۔ جاگنے والا ۔
ساہی (ع) غافل ۔ بھولنے والا ۔
سائے (ف) سائیدن کا امر ۔ رگڑ ۔ گھس ۔
سائبان (ف) شامیانہ ۔ چتر ۔ چھپر ۔ چھتری ۔
سائبان سیمابی (ف) صبح کاذب ۔
سائح (ع) روزہ رکھنے والا (۲) مسجد میں رہ کر عبادت کرنے والا ۔
سائحات (ع) روزہ رکھنے والی عورتیں (۲) سیر کرنے والی عورتیں ۔
سائد (ع) سردار ۔
سائر (ع) (۱) باقی (۲) تمام (۳) سیر کرنے والا (۴) رواں ۔ جاری ۔
سائر و دائر (ع) پھرنے والا ۔ گردش کرنے والا (۲) جاری اور مشہور ۔
سائرین (ع) سائر کی جمع ۔ سب کے سب ۔
سائس نجم زُداق (ف) مریخ ستارہ ۔
سائع (ع) ہلاک ہونے والا ۔
سائغ (ع) گوارا ۔ خوش مزہ ۔ گلے سے اترنے والا ۔
سائف (ع) تلوار والا ۔ تلوار چلانے والا ۔
سائق (ع) پیچھے سے ہانکنے والا ۔ چرانے والا ۔

سائگی (ف) ایسے میوے جو سایہ میں رکھ کر خشک کر لیے ہوں ۔
سائل (ع) سوال کرنے والا ۔ پوچھنے والا (۲) مانگنے والا ۔ (۳) جاری ہونے والا ۔
سائل بکف (ف) وہ نادار فقیر جس کے پاس بھیک مانگنے کا کاسہ بھی نہ ہو ۔
سائمہ (ع) باہر چرنے والے چوپائے ۔
سائے وان (ف) سائبان ۔
سایہ (ف) (۱) چھاؤں ۔ پرچھائیں (۲) مدد ۔ حمایت (۳) فسق و فجور (۴) رات (۵) سکندر نامہ میں ظلمات سے مُراد ہے ۔
سایہ اش را تیر می زند (ف) وہ اس کے سایہ کو بھی تلواریں مارتا ہے یعنی اس کا جانی دشمن ہے ۔
سایہ اش را نمی تواند دید (ف) اس کی پرچھائیں تک نہیں دیکھ سکتا ۔ یعنی اس کا قدیمی جانی دشمن ہے ۔
سایہ افگن (ف) متوجہ ۔ مہربان ۔
سایہ افگندن } (ف) متوجہ ہونا ۔ شفقت کرنا ۔
سایہ انداختن }
سایہ بالا (ف) خاوند ۔ شوہر ۔
سایہ بالا رفتن (ف) مغرور ہونا ۔
سایہ بان (ف) شامیانہ ۔ سائبان ۔
سایہ بر کسے افگندن } (ف) کسی کی طرف متوجہ ہونا ۔ کسی پر مہربانی
سایہ بر کسے انداختن } کرنا ۔
سایہ پرست (ف) وہ شخص جو ہمیشہ ناشائستہ حرکات اور فسق و فجور میں رہتا ہے ۔
سایہ پرور } (ف) ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔
سایہ پرورد }
سایہ دار (ف) آسیب زدہ ۔
سایہ دست (ف) امداد ۔ اعانت (۲) فیض ۔
سایہ دست کسے گرفتن (ف) کسی سے فیض حاصل کرنا ۔
سایۂ ربّ النعیم (ف) خلیفہ یا بادشاہ کا سایہ ۔
سایہ رست (ف) (۱) وہ نباتات جو درختوں کے سایہ کے نیچے اگی ہوئی ہو (۲) ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔ ناتجربہ کار ۔
سایہ رکاب (ف) حمایت ۔
سایہ رو (ف) شب زندہ دار ۔ رات کو جاگنے والا (۲) چور ۔ عیار ۔
سایہ زدن (ف) چھاؤں کرنا ۔
سایہ زدہ (ف) آسیب زدہ ۔ جسے آسیب ہو ۔
سایہ سنگین شدن (ف) مغرور و متکبر ہونا ۔
سایۂ شما کم نشود (ف) تم سلامت رہو ۔ خدا کرے تمہیں آنچ تک نہ آئے ۔
سایہ کم مباد (ف) تم سلامت رہو ۔
سایہ کسے بہ تیر و خنجر زدن (ف) سخت عداوت رکھنا ۔

Marfat.com

سایہ گستر (ف) مہربان ۔ متوجہ ۔ سرپرست ۔
سایہ گستردن (ف) مہربانی کرنا ۔ توجہ کرنا ۔
سایہ نشین (ف) وہ شخص جس نے دنیا کی تکلیفیں نہ دیکھی ہوں ۔
سائیدن (ف) (۱) گھسنا ۔ پیسنا (۲) ملنا ۔
سائیس (ف) عربی لفظ ۔ سائیس کا مزید علیہ ۔ گھوڑے کا نگہبان ۔ سیاست کنندہ ۔

## س ۔ ب

سَبّ (ع) (۱) گالی ۔ دُشنام (۲) کاٹنا (۳) جوتروں پر نیزہ مارنا ۔
سَبّاب (ع) بڑا گالی دینے والا ۔
سِبّ (ع) پگڑی (۲) بُرقع (۳) بی (۴) آلسی کا کپڑا (۵) باریک کپڑا ۔
سبّ کردن (ف) گالی دینا ۔ بدگوئی کرنا ۔
سبا (ع) یمن کے اس شہر کا نام جس کی حکمران ملکہ بلقیس تھی ۔ اور جو بعد میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے نکاح میں آئی ۔
سبابہ (ع) انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی ۔ اِبہی ۔ انگشت شہادت ۔
سُبات (ع) (۱) روزگار ۔ زمانہ (۲) خواب ۔ نیند (۳) راحت ۔ آرام (۴) ایک بلغمی مرض کا نام جس میں بہت نیند آتی ہے ۔
سبّاج (ف) چھوٹی چھوٹی سیپیاں بیچنے والا ۔
سبّاح (ع) تیراک ۔ تیرنے والا ۔
سباحت } (ع) شناوری ۔ تیرنا ۔
سباحت }
سباخ (ع) سبخہ کی جمع ۔ شور زمینیں ۔
سباد (ف) آخری پھل ۔
سبارُوک (ف) کبوتر ۔
سباسب (ع) سبسب کی جمع ۔ جنگل ۔ بیابان ۔
سباع (ع) سبع کی جمع ۔ درندے ۔
سُباعی (ع) (۱) نظم کی ایک قسم جس میں سات سات مصرعے ہوتے ہیں (۲) سات آسمان ۔ سبعہ سیارہ (۳) سات حرفی کلمہ (۴) تندرست اور چست و چالاک آدمی ۔
سباغ (ع) نان خورش ۔ سالن ۔
سباغر (ع) ایک پہلوان کا نام ۔
سِباق (ع) دوڑنے میں سبقت لے جانا ۔ آگے بڑھ جانا ۔
سبّاک (ع) سکہ ڈھالنے والا ۔ روپیہ اشرفی بنانے والا ۔ (۲) سونا چاندی گلانے والا سُنار ۔
سبال (ع) سبلت کی جمع ۔ مونچھیں ۔

سَبایا (ع) سبی کی جمع ۔ قیدی ۔ اسیر ۔
سَبَب (ع) رسّی (۲) پیوند (۳) قرابت ۔ رشتہ داری (۴) باعث ۔ وجہ (۵) ذریعہ ۔ وسیلہ (۶) علم عروض کی اصطلاح میں وہ دو حرفی لفظ جس کے دونوں حرف متحرک ہوں ۔ یا ایک متحرک اور دوسرا ساکن ہو (۷) گالی دینا ۔
سبب بودن } وجہ یا باعث ہونا ۔
سبب شدن } کسی چیز کا سبب ہونا ۔
سَبت (ع) (۱) ہفتہ کا دن ۔ سنیچر وار (۲) زمانہ (۳) آسائش (۴) یہودیوں کا بروز ہفتہ عبادت کرنا ۔
سِبت (ع) گائے کا چمڑا جو جوتوں کے لیے رنگا جاتا ہے ۔
سِبتیہ (ع) گائے کے چمڑے کی رنگی ہوئی جوتیاں ۔
سبجہ (ع) سیاہ لباس ۔ سیاہ گودڑی ۔
سُبحان (ع) اللہ تعالےٰ کو پاکی کے ساتھ یاد کرنا ۔
سُبحان اللہ (ع) اللہ پاک ہے (۲) میں اللہ کو پاکیزگی سے یاد کرتا ہوں (۳) تعجب اور تحسین کا کلمہ بھی ہے ۔
سُبحلہ (ع) سبحان اللہ کہنا ۔
سُبحہ (ع) (۱) تسبیح ۔ مالا ۔ سمرن ۔ نفل (۲) خدا تعالےٰ کا ذکر ۔ دُعا ۔
سُبحہ گردانی (ف) تسبیح کرنا ۔ مالا پھیرنا ۔
سُبخ (ع) سخت نیند (۲) فراغت ۔
سَبخہ }
سَبَخہ } (ع) کلر ۔ زمینِ شور ۔
سَبِخہ }
سَبَد (ف) ٹوکرا ۔ ٹوکری ۔
سَبَد (ع) کم ۔ تھوڑا ۔
سَبد (ع) بال مونڈنا ۔
سِبَد (ع) سختی ۔ بلا (۲) بھیڑیا ۔
سُبَد (ع) موئے ذکار ۔ پشم ۔
سبد باف (ف) ٹوکری بننے والا ۔
سبد چیں (ف) انگور یا کوئی اور پھل جو درخت سے چن کر ٹوکری میں ڈالا جاتا ہے ۔ فصل کے آخر میں درخت کی شاخوں پر باقی رہ جانے والا پھل ۔
سبدِ گل (ف) پھولوں کی ٹوکری ۔
سَبر (ع) (۱) زخم کی گہرائی معلوم کرنے کے لیے اس میں سلائی ڈالنا (۲) آزمانا (۳) کسی چیز کی گہرائی معلوم کرنا ۔ (۴) شیر ۔
سِبر (ع) خوبصورتی جمال (۲) دشمنی (۳) عار ۔
سَبز (ف) ہرا (۲) سانولے رنگ کا معشوق (۳) توران کے ایک شہر کا نام جو بخارا کے قریب ہے ۔
سبزارنگ (ف) (۱) سبز رنگ (۲) موسیقی کے ایک مقام کا نام ۔
سبزان (ف) سانولے رنگ کے معشوق (۲) خوبصورت ۔

Marfat.com

سبزان چمن (ف) باغ کے درخت۔
سبز اندر سبز (ف) موسیقی کے ایک راگ کا نام۔
سبز باغ (ف) تندرست جسم (۲) جوانی کی طاقت۔
سبز بخت (ف) خوش نصیب۔
سبز بختی (ف) خوش نصیبی۔
سبز بہار (ف) موسیقی کے ایک راگ کا نام۔
سبز پا / سبز پائے } (ف) نا مبارک قدم۔ منحوس و بدبخت۔
سبز پری (ف) موسم بہار۔ فصل ربیع۔
سبز پل (ف) آسمان۔
سبز پوشانِ فلک (ف) فرشتے۔ حوریں۔
سبز تشت (ف) آسمان۔
سبز تلخ (ف) سانولے رنگ کا معشوق۔
سبز تہ گلگوں (ف) سانولے رنگ کا معشوق۔ جس کی جلد کے نیچے ناز و نزاکت کے باعث خون کی جھلک معلوم ہو۔
سبز چشم (ف) کرنجی آنکھ والا۔ جسے شریر و بے مروت خیال کیا جاتا ہے۔
سبز خانہ (ف) ماتم خانہ۔
سبز خوان (ف) آسمان۔
سبز در سبز (ف) موسیقی کے ایک راگ کا نام۔
سبز دریا (ف) رات۔
سبز دہ (ف) آسمان۔
سبز روشن (ف) کبوتر کی ایک قسم۔
سبز زاغ (ف) آسمان دنیا۔
سبز شدن (ف) ظاہر ہونا (۲) اُگنا (۳) معزز ہونا۔ اپنی جگہ پہنچنا۔
سبز شدن آب (ف) پانی پر کائی جم جانا۔
سبز شدن آفتاب (ف) سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
سبز شدن بخت (ف) خوش نصیب و خوش حال ہونا۔
سبز شدن حرف (ف) کہنے کے مطابق ظہور میں آنا۔
سبز شیریں (ف) سانولے رنگ کا معشوق۔
سبزک (ف) شراب کی صراحی (۲) نیل کنٹھ جو مشہور پرندہ ہے (۳) عقعق جو مشہور پرندہ ہے۔ (۴) بھنگ۔ حشیش۔
سبز کار (ف) اچھے کام کرنے والا شخص۔ وہ شخص جس سے عمدہ کام سرزد ہوں۔
سبز کارگاہ (ف) آسمان۔
سبز کردن (ف) بونا (۲) اُگانا۔
سبز کوشک (ف) آسمان۔
سبز گندم گوں (ف) سانولے رنگ کا معشوق۔
سبزہ (ف) سبزی۔ ہریاول۔ روئیدگی۔ نباتات (۲) خطِ رخسار۔
(۳) نیل کنٹھ۔
سبزہ آخور (ف) چوپایوں کے کھانے کی ہری گھاس۔
سبزہ بیگانہ (ف) خودرو گھاس جو بے موقع اور بے جا اُگے۔ جسے باغبان جڑ سے اکھیڑ دیتے ہیں۔
سبزہ خوابیدہ (ف) پاؤں تلے روندا ہوا سبزہ یا گھاس۔
سبزہ را تازگی بباران است (ف) جس طرح سبزہ پانی سے سرسبز ہو جاتا ہے اسی طرح انسان کے لیے رونا مفید ہے۔
سبزہ زار (ف) سبزہ اُگنے کی جگہ۔
سبزہ میدان (ف) سبزی منڈی۔ میوہ منڈی۔
سبزہ نورس (ف) مس بھیگنا۔ داڑھی کا پھوٹنا۔
سبزی (ف) (۱) ہریاول (۲) ترکاری (۳) طراوت (۴) قدر و منزلت۔ (۵) شراب کی صراحی۔
سبزی پاک کردن (ف) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
سبزی فروشش شہر زینکی فروش بہ (ف) ریاکار عبادت کرنے والے سے شہر کا نقال اور کنجڑا اچھا۔
سبزی کار (ف) سبزی ترکاری کاشت کرنے والا۔
سبزی کاری (ف) سبزی بونا۔
سبزینہ (ف) سانولے رنگ کا معشوق۔
سبسب (ع) جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔
سبط (ع) (۱) بیٹے یا بیٹی کی اولاد (۲) حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد (۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم۔ (۴) قبیلہ قوم۔
سبط اصغر (ع) حضرت امام حسین علیہ السلام سے مراد ہے۔
سبط اکبر (ع) حضرت امام حسن علیہ السلام سے مراد ہے۔
سبطر (ع) تیز فہم۔ ہوشیار۔ چالاک (۲) لمبا۔
سبطین (ع) حضرت امام حسن اور امام حسین علیہم السلام۔
سبع (ع) سات۔ ہفت (۲) معہ۔
سبع (ع) درندہ۔ جانور۔
سُبع / سُبُع } (ع) کسی شے کا ساتواں حصہ (۲) قرآن شریف کا ساتواں حصہ جسے منزل کہتے ہیں۔
سبع المثانی (ع) سورہ فاتحہ۔ قرآن شریف۔
سبع شداد (ع) ہفت افلاک۔
سبعہ (ع) سات مرد (۲) سات قرأت۔
سبعہ الوان (ع) سات رنگ یعنی سفید۔ سیاہ۔ سبز۔ سرخ۔ زرد۔ نیلا۔ عباسی (۲) سات آسمان (۳) زمین کے سات طبقے (۴) سات قسم کے کھانے۔
سبعہ سیارہ (ع) سات متحرک ستارے۔ یعنی سورج۔ چاند۔ زہرہ۔ عطارد۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔
سبعہ طوال / سبعہ معلقات } (ع) فصحائے عرب کے وہ سات قصیدے جو ازراہ تفاخر کعبہ کے دروازہ پر لٹکائے گئے تھے۔

Marfat.com

سَبُعی / سَبُعِیَّت (ع)، درندہ پن - درندگی - درندہ ہونا -

سَبُعِین (ع)، ستر - ۷۰ - صعه

سَبَق (ع)، تیراندازی یا گھوڑ دوڑ میں شرط لگانا (۲)، کتاب کا وہ حصّہ جو ہر روز پڑھا جائے -

سَبْق (ع)، آگے بڑھنا - سبقت لے جانا -

سَبْق بُردن (ف)، کسی پر سبقت لے جانا - غالب ہونا -

سَبقَت (ع)، آگے بڑھنا - پیش دستی کرنا -

سبق جستن (ف)، سبقت چاہنا -

سبق خواں (ف)، پڑھنے والا شاگرد -

سبق خواندن (ف)، درس پڑھنا -

سبق دادن (ف)، درس دینا -

سبق رواں کردن (ف)، سبق یاد کرنا -

سبق تن (ف)، پڑھانا - تعلیم دینا -

سبق وا دادن (ف)، پڑھا ہوا سبق سُنانا -

سَبِیک (ع)، سکّہ ڈھالنا (۲) سونے چاندی کا گلانا -

سَبُک (ف)، ہلکا کم وزن (۲) بے تعلق (۳)، چست و چالاک (۴) جلد شتاب (۵) بے وقار -

سبک بار (ف)، (۱) ہلکے بوجھ والا (۲)، خوش حال، فارغ البال ہمیشہ خوش رہنے والا -

سُبک باشں (ف)، قطع تعلق کرنا -

سبک بال (ف)، بلند پرواز -

سبک پائے (ف)، تیز رفتار - بھاگنے والا (۲)، ڈاک کا گھوڑا - اوچھا - بے وقار آدمی -

سُبکتگین (ف)، لفظی معنی - سُبک قدم (۲)، افغانستان کے بادشاہ کا نام جو محمود غزنوی کا باپ تھا -

سُبک خِرد (ف)، کم عقل - بے وقوف - سادہ لوح -

سُبک خیز (ف)، چالاک - چست -

سُبک دَست (ف)، تیز دست - ہاتھ کا پھرتیلا - چالاک -

سُبک دستی (ف)، تیز دستی - پھرتی - چالاکی -

سُبک دل (ف)، خوش طبع - ظریف -

سُبک دَو (ف)، تیز دوڑنے والا -

سُبک دوشں (ف)، جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو - فارغ -

سبک رائے (ف)، کم عقل - احمق -

سُبک رفتار / سُبک رِکاب / سُبک رَو (ف)، تیز رفتار - تیز دوڑنے والا -

سُبک رُوح (ف)، خوش گفتار - ظریف (۲)، خوش خُلق - بے تکلف (۳) مجرّد - بے تعلق (۴) تیز رفتار (۵) بے کینہ - بے غرور (۶) چست و چالاک (۷) لطیف البدن -

سُبک زبانی (ف)، پُھر زبانی - بہت باتیں کرنا -

سُبک سار (ف)، فارغ البال (۲) مجرّد - بے تعلق (۳) کمینہ - فرومایہ - ذلیل و خوار -

سُبک ساری (ف)، تجرّد (۲) کمینہ پن - ذلّت -

سُبک سایہ (ف)، (۱) چلا جانے والا (۲) ناپائیدار - بے ثبات -

سُبک سر (ف)، (۱) مفلس (۲) بے وقوف (۳) کمینہ -

سُبک سنگ (ف)، دیکھو - سُبک سر -

سُبک سیر (ف)، تیز رَو - تیز رفتار -

سُبک طبع (ف)، خوش طبع - خوش خلق - ہنس مکھ (۲) بے تعلق -

سُبک عنان (ف)، تیز رفتار -

سُبک کردن (ف)، ہلکا کرنا - ذلیل کرنا -

سُبک کردن دَست (ف)، طمانچہ - مُنہ پر تھپڑ مارنا -

سُبک لقا (ف)، دیکھو - سبک رُوح -

سُبک مشرب (ف)، فرومایہ - اوچھا -

سُبک مایہ (ف)، فرومایہ - بے قدر چیز -

سُبک مغز (ف)، کم عقل - بے وقار -

سُبک وزن (ف)، ہلکا - کم ہمّت -

سُبک و سنگین کردن (ف)، تولنا -

سُبک ہمّت (ف)، کم ہمّت - کم حوصلہ -

سُبکی / سُبُکی (ف)، خفّت - ہلکاپن - بے قدری - بے عزّتی -

سَبَل (ع)، آنکھ کی بیماری جس سے آنکھ کی رگیں سُرخ ہو کر آنکھ سے پانی اور میل بہتا ہے - جو آنکھ کے اندر پیدا ہو کر ڈیلے پر کھٹکتا ہے - آشوب چشم -

سُبُل (ع)، سبیل کی جمع - راہیں - رستے -

سُنبُل (ع)، خوشہ - بال - جس میں دانے ہوں -

سُبُل (ع)، اُونٹ کے پاؤں کی نچلی طرف -

سَبَلَت (ع)، مُونچھ - فارسی میں بہ سکون بائے مستعمل ہے -

سَبَلَت سُست کردن / سَبَلَت کشیدن (ف)، عجز و انکسار کرنا -

سَبُو / سُبُو (ف)، زمین میں چلانے کا ہل -

سَبُو از آب دُرست بیروں آوردن (ف)، مہلک اور خطرناک جگہ سے صحیح سلامت باہر آجانا -

سَبُوچہ / سُبُوچہ (ف)، چھوٹا گھڑا - ٹھلیا - سبو کی تصغیر -

سَبُوح (ع)، (۱) تیراک (۲)، تیز رفتار گھوڑا -

سُبُّوح (ع)، (۱) بہت تعریف کرنے والا (۲) ہر عیب سے پاک (۳) اللہ تعالیٰ کا نام -

سَبُّوح (ع)، (۱) بہت پاک (۲)، اللہ تعالےٰ کا نام -

سَبُّورة (ع)، سلیٹ - جس پر لڑکے سوال حل کرتے ہیں -

سَبُوره (ف)، نامرد - ہیجڑا - مخنث -

سَبُوس (ف)، بھوسی - چھان - چوکر -

سَبُوسہ (ف)، سر کی جلد کی خشکی - (۲) گیہوں کا کیڑا یعنی

Marfat.com

سُرسری (۳) بھوسی (۴) لکڑی کا بورہ۔

سَبُو شکستن (ف) شراب پینے سے توبہ کرنا۔ شراب چھوڑ دینا (۲) شراب گرا دینا (۳) نا اُمید ہونا۔ مایوس ہونا۔

سبو شکستن آخر چہار شنبہ (ف) ایران میں دستور ہے کہ گھر سے نحوست اور بدبختی کو باہر پھینکنے کے لیے مٹکا بند کر کے آخری چہار شنبہ کے دن لے دروازے سے باہر پھینکتے ہیں اور یہ آواز بلند کرتے ہیں کہ بدبختی جائے اور خوش بختی آئے۔

سبوئے خالی را بسوی پُر زدن (ف) کمزور کا طاقتور کے ساتھ پنجہ آزمائی کرنا۔

سُبُوع (ع) ہفتہ۔

سُبُوغ (ع) نعمت کی فراخی۔ نعمت کا عام ہونا۔

سَبْی (ع) قید کرنا۔

سَبْی (ع) قیدی اسیر۔

سَبِیخ (ع) اُون یا روئی کی پونی (مُرغ کا گرا ہوا پَر۔

سبیکہ (ع) چاندی وغیرہ کا ٹکڑا جسے پگھلایا گیا ہو۔

سَبِیل (۱) راستہ۔ راہ۔ سڑک (۲) وقف کی ہوئی شے (۳) وہ پانی یا شربت جو راہِ خدا میں وقف کیا جائے۔

سبیل بہ سبیل (ف) پہلو بہ پہلو۔ صف بندی۔

سبیل کسے را چرب کردن (ف) کسی کی مٹھی گرم کرنا۔ کسی کو رشوت دینا۔

سبیل کردن (ف) آزاد کر دینا۔ مفت دینا۔

سَبِیل (ف) مونچھ۔

سبیوشکس (ف) اسپغول۔

## س - پ

سُپار (ف) زمین میں چلانے کا ہل۔

سِپار (ف) سپردن مصدر سے امر کا صیغہ۔

سِپار (ف) گھر کے برتن (۲) انگور کا شیرہ نکالنے کا چرخ (۳) انگور کا شیرہ ڈالنے کا حوض (۴) وہ برتن وغیرہ۔ جس میں انگور رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔

سپارندہ (ف) امانت سپرد کرنے والا۔

سُپارُوک (ف) کبوتر۔

سِپارَہ (ف) (۱) تیسواں حصّہ۔ قرآن شریف کا تیسواں حصّہ (۲) سان۔ سنگ فسان۔

سِپاری (ف) جو یا گیہوں کے خوشہ کا ڈنٹھل۔

سپاس } (ف) (۱) محسن کی تعریف۔ تعریف کرنا۔ سراہنا (۲) ہاتھ
سُپاس } پاؤں۔ دل اور زبان سے کسی کا شکر کرنا۔ منت۔

سپاس بُردن (ف) احسان ماننا۔ تعریف اور شکر کرنا۔

سپاس نامہ (ف) تحریری شکریہ۔ ایڈریس۔

سِپاسہ (ف) شفقت کرنا۔ احسان کرنا۔

سپاسی (ف) گدا۔ بھک منگا۔

سِپاناخ (ف) پالک کا ساگ۔

سِپاذہ (ف) کرّ و فر۔ شان و شوکت۔

سِپاہ (ف) (۱) فوج (۲) فوج کا سپاہی۔

سِپاہان (ف) ایران کا مشہور شہر اصفہان۔ اس شہر کے آباد ہونے سے پہلے یہاں سپاہ آکر ٹھہری تھی۔

سِپاہ سالار (ف) فوج کا سردار۔ کمانڈر انچیف۔

سِپاہ گری (ف) سپاہی کا کام۔ بہادری۔

سپاہی (ف) فوج کا ایک آدمی۔

سپاہیانہ (ف) بہادرانہ۔ دلیرانہ۔ سپاہیوں کی طرح۔

سپناک (ف) سفید روغن جسے عورتیں مُنہ پر ملتی ہیں اور نقاش بھی استعمال کرتے ہیں۔

سپتامبر (ف) انگریزی مہینہ ستمبر۔

سِپَر (ف) ڈھال۔

سپر افگندن } (ف) ہتھیار ڈال دینا۔ جنگ میں ہار جانا۔ نامردی
سپر انداختن } دکھانا۔ عاجز ہونا۔

سپر بر سپر باختن (ف) ڈھال سے ڈھال بھڑا دینا۔ ڈھال سے ڈھال ملا دینا۔

سپر بر کتف دوختن (ف) ڈھال کو کندھوں پر استوار کرنا۔

سپرداری (ف) (۱) حفاظت۔ نگہبانی (۲) خدمت گاری۔

سِپُرد (ف) کسی کے قبضہ میں دینا یا ہونا۔

سپر در آب انداختن (ف) دیکھو سپر افگندن۔

سِپُردَن (ف) (۱) رستہ چلنا (۲) جانا (۳) پامال کرنا۔ (۲) تمام کرنا۔

سپُردنِ جان (ف) جان جانِ آفرین کے حوالے کرنا۔

سپُردَنی (ف) سونپنے کے لائق۔

سپُردہ (ف) پامال۔ طے کیا ہوا۔

سُپُرز (ف) طحال۔ تلی۔

سپر ساز (ف) ڈھال بنانے والا۔

سپر سیاہ (ف) آفتاب۔

سپر غم (ف) غم کی سپر یعنی ریحان یا نازبو کا پھول جس کے سونگھنے سے دل کو فرحت ہوتی ہے۔

سپر کسے در آب انداختن (ف) لڑائی میں کسی کو عاجز و مغلوب کرنا۔

سپر کش (ف) ڈھال اُٹھانے والا۔

سپرگی (ف) رنج۔ سختی۔

سپرلوس (ف) شاہی محل۔ بادشاہ کے رہنے کا مکان۔

سپرم (ف) سپر غم کا مخفف۔ ایک قسم کا ریحان۔

سپر ہزارہ (ف) ایک قسم کی ڈھال۔

سپر ہم (ف) دیکھو سپر غم۔

سپری (ف) طے کیا ہوا (۲) وہ شے جو ختم ہو چکی ہو (۳) ناچیز۔

Marfat.com

(۴) تمام۔ آخر (۵) معدوم۔
سپری شدن (ف) طے ہونا۔ گزرنا۔ مرجانا۔ چھپ جانا۔
سپریس (ف) گھڑ دوڑ کا میدان۔
سپری شدن (ف) طے ہونا۔ گزرنا۔ آخر ہونا۔ تمام ہونا۔
سپریدن (ف) سپرد کرنا۔ تمام کرنا۔
سپری کردن (ف) تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔
سپریغ (ف) انگور کا وہ خوشہ جس کے دانے ابھی چھوٹے چھوٹے ہوں۔
سپس (ف) پس۔ پیچھے۔ بہت پیچھے۔ بعد۔
سپنسار (ف) دلاّل۔
سپست (ف) اسپست کا مخفف جو ایک گھاس ہے اور جس کے کھانے سے چوپائے بہت موٹے تازے ہو جاتے ہیں۔
سپش }
سپشہ } (ف) جوں۔
سپنغ (ف) شہد کا چھتہ (۲) گھر کی چھت۔
سپنج (ف) عاریت (۲) مہمان (۳) عاریتی مکان (۴) عمر قلیل۔ (۵) پندرہ۔
سپنجی سرائے (ف) گڈریوں اور کھیت وغیرہ کے رکھوالوں کا عارضی جھونپڑا (۲) وہ مقام جسے قیام نہ ہو (۳) دُنیا۔
سپند (ف) حرمل۔ کالا دانہ۔ جسے چشم زخم کے دفعیہ کے لیے جلاتے ہیں۔
سپنددان (ف) انگیٹھی۔ ہرمل جلانے کا برتن۔
سپوختن (ف) چھونا۔
سپوز (ف) سپوختن کا امر۔ چبھو۔ چبھونا۔
سپوزیدن (ف) چبھونا۔
سپہ (ف) سپاہ کا مخفف۔ فوج۔
سپہدار (ف) سپہ سالار۔ فوج کا سردار۔ کمانڈر انچیف۔
سپہر (ف) آسمان۔
سپہر آستان (ف) شہنشاہ۔
سپہر بند (ف) طلسم۔ جادو۔
سپہر شناس (ف) کاہن۔ نجومی۔
سپہ سالار }
سپہ کش } (ف) فوج کا سردار۔ سرلشکر۔ کمانڈر انچیف۔
سپاہ کشی (ف) لشکر کشی۔
سپے (ف) سفید کا مخفف۔ سفید۔ چٹّا۔
سپیچ (ف) کالا لباس۔ کالی گودڑی۔
سپید (ف) سفید۔ چٹّا۔
سپیدار (ف) سپید دار کا مخفف جو سپید بمعنی سفید اور دار بمعنی درخت سے مرکب ہے۔ ایک قسم کا سفید بید جو نہایت خوبصورت اور بے ثمر ہوتا ہے۔
سپید آمدن (ف) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا (۲) سرخرو ہونا۔

(۳) معزز و محترم ہونا۔
سپید بالا (ف) صبح کاذب۔
سپید بخت (ف) نیک بخت۔ خوش نصیب۔
سپید بر (ف) موسم گرما۔
سپید برگ (ف) بقلۃ الیمانیہ۔ جو ایک ترکاری ہے۔
سپید پا }
سپید پائے } (ف) خجستہ پے۔ مبارک قدم۔
سپید پر (ف) مچھر۔ پشہ۔
سپید پہنا (ف) صبح صادق۔
سپید پئے (ف) دیکھو سپید پا۔
سپید جامگاں (ف) سپید پوش (۲) آتش پرست لوگ۔
سپید جامہ (ف) سپید پوش (۲) آتش پرست۔
سفید چردہ (ف) سفید چہرے والا۔
سپید چشم (ف) بے شرم۔
سپید چشمی (ف) بے شرمی۔ بے حیائی (۲) بے مروّتی۔
سپید دست (ف) سخی۔ مبارک (۲) حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا لقب (۳) چور۔ بد دیانت۔ دغا باز۔
سپید رُو (ف) رانگ۔ قلعی (۲) کشادہ طبیعت۔ نیک آدمی۔
سپید رُود (ف) ایک نہر کا نام جو گیلان اور شیروان کے درمیان ہے۔
سپید رُوئے (ف) دیکھو سپید رُو۔
سپید شُدن (ف) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا (۲) نامور ہونا۔ معزز ہونا۔
سپید شُدن خُون (ف) بے مہر ہونا۔ سنگدل ہونا۔
سپید فام (ف) سفید رنگ۔
سپید کار (ف) صالح۔ متقی۔ پرہیزگار۔
سپید کاسہ (ف) جواں مرد۔
سپید کردن جامہ (ف) کپڑے دھونا۔
سپید کردن دنداں (ف) مسکرانا۔
سپید کردن زباں (ف) عجز و فروتنی کرنا۔
سپید کردن لب (ف) مسکرانا۔
سپید نامہ (ف) دیکھو سپید کار۔
سپیدہ (ف) صبح کی روشنی (۲) ایک مشہور دوا جسے عورتیں منہ پر ملتی ہیں۔
سپیدہ دم }
سپیدہ دماں } (ف) صبح صادق۔
سپیدہ صبح (ف) صبح کی روشنی۔
سپید نامہ (ف) پرہیزگار۔
سپیدی (ف) (۱) سفید۔ چٹاپن (۲) آنکھ کی ایک بیماری کا نام۔
سپیل (ف) سفیر پرندہ۔ یا انسان کا آواز کرنا۔

Marfat.com

# س - ت

ست (ع) چھ - چھ عورتیں (مؤنث کے لیے)
ستا (ف) (۱) ستودن کا امر (۲) ستائش - تعریف (۳) تعریف کرنے والا (۴) تعریف کرنا (۵) شامیانہ (۶) ستار کا مخفف۔ (۷) موسیقی کے ایک لحن کا نام (۸) شراب کے تین پیالے۔ جو صبح کو پیئے جاتے ہیں (۹) نعمت کا شکر ادا کرنے والا۔
ستاخ (ف) درخت نازک اور تازہ ٹہنی۔
ستادن (ف) ایستادن کا مخفف۔ کھڑے ہونا۔
ستار (ف) اصل میں سہ تار تھا۔ طنبور جو مشہور ساز ہے۔
ستّار (ع) عیب چھپانے والا۔ پردہ پوش (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔
ستّار العیوب (ع) خداوند تعالیٰ جو ہر کسی کے عیب کو ڈھانپتا ہے۔
ستارت (ع) پوشاک - پردہ۔
ستارہ (ف) کوکب - تارہ (۲) طالع - نصیب - بخت (۳) مسطر - رول (۴) ستار - طنبور - (۵) علم - جھنڈا (۶) دہلیز - (۷) کتاب کے صفحہ کے گرد جدول کھینچنے کی مسطر - لوہے یا لکڑی سے بنائی جاتی ہے - اور لکیریں کھینچنے کے کام آتی ہے۔
ستارہ }
ستارہ } (ف) تنبو - خیمہ۔
ستارہ بروز کسے نمودن (ف) دُم میں نمدہ باندھ دینا - چھٹی کا دودھ یاد دلانا۔
ستارہ بزیر آوردن (ف) ناممکن کام کرنا - عجیب کام کرنا۔
ستارہ زدن (ف) خیمہ لگانا۔
ستارۂ زمین (ف) ابرک - طاق۔
ستارۂ سحر (ف) زہرہ ستارہ۔
ستارہ سوختہ (ف) بدنصیب - بدبخت۔
ستارہ شمر (ف) نجومی - منجم۔
ستارہ سہیل است (ف) عید کا چاند ہونا۔
ستارہ شمردن (ف) جاگتے رہنا - ساری رات بیدار رہنا۔
ستارہ شناس (ف) نجومی - منجم۔
ستارہ شناسی (ف) رمل - نجوم۔
ستارہ صبح (ف) زہرا ستارہ۔
ستارہ قطبی (ف) قطب تارہ جس سے قطب کی سمت متعین ہوتی ہے۔
ستارہ بلند راں (ف) آفتاب۔
ستّاری (ف) پردہ پوشی۔
ستازن (ف) ستارزن کا مخفف۔ ستار بجانے والا۔

ستازن (ف) سہ شاخہ - سیخ - کباب۔
ستناخ (ف) بچھیرا جس پر ابھی زین نہ ڈالی گئی ہو (۲) گھوڑا۔ (۳) بانجھ عورت یا گھوڑی (۴) بے اولاد آدمی۔
ستام (ف) گھوڑے کا ساز (۲) گھوڑے کا زیور (۳) دہلیز - چوکھٹ۔
ستان (ف) (۱) چت لیٹا ہوا (۲) چوکھٹ - آستان (۳) بے صبر - (۴) ناطاقت (۵) انبوہ - انبوہی - جیسے گلستان یعنی وہ جگہ جہاں قسم قسم کے بہت سے پھول ہوں (۶) جگہ - مقام جیسے سبستان۔
ستاندن (ف) لینا۔
ستانہ (ف) آستانہ کا مخفف - جوتے اتارنے کی جگہ۔
ستاوہ (ف) فریب - مکر - دغا۔
ستاوند (ف) برآمدہ - دالان (۲) بالاخانہ۔
ستائش (ف) تعریف - دعا - شکر۔
ستائش گاہ (ف) قصیدہ - مثنوی یا غزل کا آخری شعر - مقطع۔
ستائش گر (ف) مداح - تعریف کرنے والا۔
ستائش گری (ف) تعریف کرنا۔
ستبر (ف) موٹا - گاڑھا - دلدار۔
ستبری (ف) موٹائی - گاڑھاپن۔
ستخر (ف) استخر کا مخفف - تالاب - ایران کے ایک مشہور قلعہ کا نام جسے جمشید نے تعمیر کرایا تھا اور چونکہ اس میں پانی کا بہت بڑا تالاب تھا - اس لیے یہ نام پایا۔
ستخیز (ف) رستخیز کا مخفف - قیامت۔
ستد (ف) ستدن مصدر سے ماضی مطلق لیا۔
ستدن (ف) لینا۔
سَتر (ع) چھپانا - ڈھانکنا (۲) جسم کا اس قدر حصہ جسے ڈھانکنا ضروری ہے۔
سِتر (ع) پردہ۔
ستردن (ف) (۱) مونڈنا (۲) صاف کرنا۔
ستر زن (ف) عورت کی ناموس۔
سترک }
سترگ } (ف) (۱) قوی ہیکل - بڑے جثے کا آدمی (۲) بڑا (۳) بھاری (۴) بڑا غصہ ور - تند مزاج۔
ستروَن (ف) استروَن کا مخفف جو استر بمعنی خچر اور وَن بمعنے مانند سے مرکب ہے - بانجھ عورت - عقیمہ۔
ستروَن کردن (ف) بانجھ کرنا - عقیم کرنا۔
سترہ (ف) گرد پوش۔
ستل (ف) تالاب - حوض۔
ستم (ف) ظلم - جفا - بے انصافی۔
ستم آباد (ف) (۱) جہاں بہت ظلم ہوتا ہو - (۲) دنیا۔

Marfat.com

ستم اندیش / ستم ایجاد / ستم پرور / ستم پیشہ } (ف) ظالم۔
ستم بر ستم عین پیشہ عدل است (ف) ظالم پر ظلم کرنا عین انصاف ہے۔
ستم بر ستمگار آید پدید (ف) آخر کار ظالم کو ظلم کی سزا مل کر رہتی ہے۔
ستم دیدہ / ستم رسیدہ / ستم زدہ } (ف) جس پر ظلم ہوا ہو۔ مظلوم۔
ستم شکن (ف) عادل۔ منصف۔
ستم ظریف (ف) ہنسی ہنسی میں ظلم کرنے والا۔
ستم کش (ف) جس پر ظلم ہوا ہو۔ مظلوم۔
ستم کیش / ستمگار / ستمگر / ستم گستر } (ف) ظلم کرنے والا۔ ظالم۔
ستم ہائے روزگار (ف) دُنیا کے مظالم اور سختیاں۔
ستنبہ (ف) (۱) قوی ہیکل (۲) دلیر (۳) تند خو۔
ستو (ف) کھوٹا سونا۔ یا۔ کھوٹی چاندی۔
ستوان (ف) لفٹیننٹ۔
ستودان (ف) آتش پرستوں کا مقبرہ۔ گورستان۔
ستودن (ف) سراہنا۔ تعریف کرنا۔
ستودہ (ف) تعریف کیا گیا۔ تعریف کیا ہوا۔
ستودہ اخلاق (ف) عمدہ اخلاق۔
ستودہ بُودن / ستودہ شُدن } جس کی تعریف کی جائے۔
ستور (ف) چوپایہ۔ مثلاً گھوڑا۔ گدھا۔ بیل وغیرہ۔ گدھا اور خچر کے لیے عموماً استعمال ہوتا ہے۔
ستوربان (ف) گھوڑے کا محافظ۔ سائیس۔
ستوقہ (ع) ستو کا معرب۔ زرقلب۔ کھوٹا سونا۔ یا۔ چاندی۔
سُتون (ف) تھم۔ کھمبا۔ پیلپایہ۔
ستون بندی (ف) ترتیب دینا۔ شیرازہ بندی۔
ستون جرائد (ف) اخبار کا کام۔
ستون (ف) ساٹھ۔ ۶۰۔ س
ستون اسپ وخر (ف) گدھے یا گھوڑے کے ہاتھ پاؤں۔
ستون فقرات (ف) ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ۔
ستون کردن از دست بازو (ف) کمان کھینچنے کے لیے بائیں ہاتھ کا آگے کو سیدھا بڑھانا۔
ستون مدلول (ف) یہی کہاتے ہیں آمدن یا جمع کا حاکم۔
سُتوہ (ف) (۱) تھکا ہوا (۲) عاجز (۳) ملول۔ رنجیدہ۔
ستوہ آمدن (ف) تنگ آنا۔

سُتہ (ع) (۱) سرین (۲) دُبر۔ مقعد۔
سُتہ (ع) لواطت کرنے والی قوم۔ پس رُو قوم۔
سُتہ (ف) (۱) انگور (۲) سرکہ (۳) ہر ایک چیز جس پر رات گزری ہو۔
ستہ (ف) ناتوان۔ ضعیف۔
ستہا (ع) بڑے سرین والی عورت۔
ستہار (ف) دُنیا۔ زمانہ۔ روزگار۔
ستی (ف) خاتون بیگم۔ اصل میں سیدتی تھا۔
ستی (ف) لوہا۔ فولاد (۲) سنان۔ نیزہ۔ بھالا۔
ستیا (ف) دُنیا۔ روزگار۔ زمانہ۔
ستیخ (ف) ستانخ کا امالہ (۱) سیدھی اور لمبی ٹہنی (۲) ہر سیدھی اور لمبی شے (۳) بلندی۔ راستی۔
ستیر (ع) پارسا مرد۔
ستیرہ (ع) پارسا عورت۔
ستیز (ف) جنگ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
ستیزہ و ستیزہ کردن (ف) لڑائی جھگڑا کرنا۔
ستیزندہ (ف) دیکھو ستیز۔
ستیزہ (ف) دیکھو ستیز۔
ستیزہ جُو (ف) لڑاکا۔
ستیزہ خُو (ف) جھگڑالو۔
ستیزیدن (ف) لڑنا۔ جنگ کرنا۔
ستین (ع) ساٹھ۔ ۶۰۔ س
ستیہش (ف) جنگ۔ لڑائی۔
ستیہیدن (ف) لڑنا۔ جھگڑنا۔

## س - ج

سَج (ف) رخسار۔ رُخ۔
سَجّ (ع) دیوار کو لپائی کرنا۔ کہگل کرنا۔
سَج (ف) کفل۔ سرین۔
سجا (ف) عنوان۔ سرنامہ۔ خط کی پیشانی۔
سجا (ع) قرار پکڑنا۔ سکون پکڑنا۔
سجاح (ع) ایک عورت کا نام جو جھوٹ بولنے میں ضرب الامثال ہوئی اور جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخر زمانہ میں نبوت کا دعوے کیا تھا۔
سُجاح (ع) ہوا۔
سَجّاد (ع) (۱) بہت سجدہ کرنے والا (۲) حضرت امام حسین علیہ السلام کے بیٹے اور نہایت عابد و زاہد تھے ۳۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۹۵ھ کو وفات پا کر مدینہ کے گورستان بقیع میں مدفون ہوئے۔

Marfat.com

سَجّادَہ (ع) (۱) جائے نماز۔ مُصَلّٰی (۲) وہ نشان جو زیادہ سجدہ کرنے سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے۔
سَجّادۂ محرابی (ع) محراب کی شکل کا جانماز۔
سَجّادۂ نان (ف) دسترخوان۔
سجادہ نشین (ف) کسی درگاہ یا بزرگ کا متولی اور جانشین۔
سجادہ نشینی (ف) جانشینی۔
سَجاف (ف) استر جو کپڑے کے اندر کی طرف لگایا جاتا ہے اور بمعنی سنجاف بھی آتا ہے۔
سِجاف (ف) پردہ جو دروازہ پر لٹکایا جاتا ہے۔
سِجاف (ع) سنجاف یعنی حاشیہ جو کپڑے کے چاروں طرف لگایا جاتا ہے۔
سجاف کے پہن شدن (ف) گرد فرد کھانا۔
سِجاف (ع) درز۔
سجاکند (ف) شدّتِ سرما۔
سِجال (ع) کسی کام میں باہم فخر کرنا۔
سُجام (ف) سردی کی شدت۔ شدّتِ سرما۔
سَجّان (ع) حاجب زندان۔ داروغہ جیل۔
سجائیدن (ف) گرم اشیاء کو سرد کرنا۔
سَجاوَندی کردن (ف) نقش و نگار کرنا۔ قرآنِ مجید کو منقش کرنا۔
سَجاہَر (ف) نظیر۔ شبیہہ۔ سراسر۔
سجائن (ع) سجین کی جمع۔ قیدی۔
سجایا (ع) سجیہ کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں۔
سُجحا (ع) اونٹنی۔
سُجحہ (ع) عادت۔ چیز کی مقدار۔
سَجد (ف) شدّت۔ سرما۔
سَجَدات (ع) سجدہ کی جمع۔
سجدہ (ع) خدا کے سامنے سر جھکانا۔ زمین پر سر رکھنا۔ ماتھا ٹیکنا۔ عاجزی کرنا۔
سجدہ (ع) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
سجدہ گاہ (ع۔ف) سجدہ کرنے کی جگہ۔
سجدہ گزار (ع۔ف) سجدہ کرنے والا۔
سَجَر (ع) (۱) سرخی و سفیدی ملا ہوا (۲) بارش کا جمع شدہ پانی۔
سَجِیر (ع) خالص دوست۔ دوست صادق۔
سُجرہ (ع) (۱) سرخی و سفیدی ملا ہوا (۲) مینہ کا جمع شدہ پانی۔
سجزی (ف) سجستانی۔
سَجسَج (ع) صبح صادق سے طلوعِ آفتاب تک کا وقت (۲) عمدہ اور ہموار زمین۔
سُجسُج (ع) راستہ کا درمیان۔ شاہراہ۔
سَجع (ع) قمری کی آواز (۲) خوش آواز پرندوں کی آواز (۳) موزوں کلام۔ مقفیٰ کلام (۴) وہ مصرعہ وغیرہ جس میں کسی کا نام آجائے (۵) وہ لفظ جو مقفیٰ عبارت کے آخر میں واقع ہوتا ہے۔ جیسے گل مل۔ مال و منال (۶) قافیہ۔
سجع کی تین قسمیں ہیں۔
سَجعِ متوازان (ع) سجع کی وہ قسم جس میں دو لفظوں کے وزن اور شمار حروف میں موافقت ہو۔ مگر روی یعنی اخیر حروف دونوں کے جدا ہوں جیسے مراتب و مراسم اعمار و ارزاق۔
سجع متوازی (ع) سجع کی وہ قسم جس میں قافیہ کے لفظ شمار حروف میں برابر اور ہموزن ہوں اور آخیر حرف دونوں کے مشترک جیسے مہجور۔ مجبور۔
سَجعِ مُطرف (ع) سجع کی وہ قسم۔ جس میں دونوں لفظوں کے آخری حروف ایک ہوں۔ مگر کلمات کے حروف شمار میں مختلف جیسے وقار۔ اطوار۔
سجف }
سجفت } (ع) پردہ (۲) پردے کا ڈھیلا ہونا (۳) پیٹ کا پتلا ہونا۔ (۴) رات کا تاریک ہونا (۵) کمر کی باریکی
سُجیک (ف) ہچکی۔ فواق۔
سَجل (ع) پانی سے بھرا ہوا ڈول۔
سِجل (ع) چک۔ قبالہ۔ حکم نامہ۔ پروانہ۔ شرعی قبالہ جس پر قاضی کے دستخط ہوں۔
سِجلاط (ع) سجلات کا معرب۔
سَجم (ع) آنسو (۲) پانی (۳) برگِ بید۔
سَجم (ع) پانی بہانا (۲) آنسو بہانا۔
سَجن (ع) قید کرنا۔ روکنا۔
سِجن (ع) قید خانہ۔ زندان۔ جیل۔
سُجناء (ع) سجین کی جمع۔ قیدی۔
سُجنیٰ (ع) سجین کی جمع۔ قیدی۔
سُجود (ع) سجدہ کرنا۔
سجود صعدی (ع) کشتی گیروں کی اصطلاح میں وہ سجدہ جو کشتی سے پہلے یا بعد میں کیا جائے
سَجور (ع) تنور کا ایندھن۔
سُجول (ع) سجل کی جمع۔ پانی کے بھرے ہوئے ڈول
سُجوم (ع) آنسو جاری ہونا۔
سجون (ع) قید خانے۔
سجہ (ف) صاف ستھری چیزیں (۲) صاف ستھرے بالاخانے۔
سَجیات (ع) سجیہ کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں
سجیج (ع) نرم اور سہل زمین۔
سجیہ (ع) عادت۔ خصلت۔
سجیدن (ف) زیادہ سردی ہونا۔
سجیل (ع) نصیب۔ حصہ۔
سجیل (ع) کنکری۔ ٹھیکری۔

Marfat.com

سجین (ع) (۱) قید خانہ (۲) وہ کتاب جس میں کفار و فجار کے اعمال لکھے جاتے ہیں (۳) وہ مقام جہاں کفار و فجار کی روحیں مقید رہتی ہیں (۴) دوزخ کے ایک مقام کا نام۔
سجین (ع) قیدی۔ اسیر۔
سجیہ (ع) عادت۔ خصلت۔ خو۔ سبھاؤ۔

## س - چ

سچان (ف) چوہا۔ موش۔
سچقان ئیل (ف) سال موش۔ ترکوں کے مقررہ بارہ سالوں میں سے ایک سال کا نام۔
سچغنہ / سچقان (ت) شکاری کتا۔
سچک (ت) ہچکی۔ فواق۔
سچک (ف) ہچکی۔ فواق۔
سچی (ت) شراب۔
سچی خانہ (ت) شراب خانہ۔

## س - ح

سح (ع) پانی کا بہنا (۲) سوکھی ہوئی کھجور (۳) ردی چیز۔
سحاء (ع) مہرنامہ۔
سحاب (ع) بادل۔
سحاد (ع) (۱) بہنے والا۔ جاری (۲) زمین سے کیچڑ وغیرہ صاف کرنے والا (۳) باغبان جو کیاریوں کو زائد مٹی وغیرہ سے صاف کرتا ہے۔
سحاب (ع) ابر۔ بادل۔
سحاب البحر (ع) ابر مردہ۔ اشفنج۔
سحابہ (ع) بادل کا ایک ٹکڑہ۔ ٹکڑا ابر۔
سحابی (ع) ایک شاعر کا نام۔
سحاح (ع) جاری ہونے والا۔ بہنے والا۔
سحار (ع) سحر کرنے والا۔ جادوگر۔
سحب (ع) کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنا۔
سحبان (ع) عرب کے ایک مشہور فصیح و بلیغ شخص کا نام جو فصاحت میں ضرب المثل ہوئے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شاعر خاص تھے۔ ان کے باپ کا نام وائل تھا۔
سحت (ع) (۱) گوشت ہڈی سے جدا کرنا (۲) پرانا کپڑا۔

سحج (ع) (۱) چھیلنا (۲) کھال اتارنا (۳) پیٹ کا ایک مرض جو خراش رودہ سے ہوتا ہے۔
سحر (ع) صبح نور کا تڑکا۔
سحر (ع) (۱) جادو۔ افسون (۲) جادو کرنا (۳) جاننا (۴) فریفتہ کر لینا (۵) ہر لطیف شے جس کا جاننا مشکل ہو۔
سحر (ع) دل۔
سحر / سحر / سحر / سحر (ع) پھیپھڑا۔
سحر آفریں (ف) خدا تعالیٰ۔
سحر بناں (ف) خوش نویس۔
سحر بیاں (ع) خوش خط لکھا ہوا۔
سحر بیاں (ع) بڑا فصیح و بلیغ۔
سحر حلال (ع) جادو کا اثر رکھنے والا۔ فصیح و بلیغ شعر و سخن (۲) ایک مثنوی کا نام۔
سحر خیز (ف) صبح کو اٹھنے والا (۲) عابد۔ زاہد (۳) چور۔ اچکا۔
سحر خیزی (ف) صبح کو جلدی اٹھنے کی عادت۔
سحر سامری (ع) سامری کا جادو۔ جس نے اپنی چالاکی سے بنی اسرائیل کو گمراہ کیا تھا۔
سحر گاہ (ف) صبح کا وقت۔
سحر گاہاں (ف) صبح کا وقت۔ اس لفظ میں الف اور نون زائد ہے۔
سحرہ (ع) صبح کاذب۔
سحرہ فرعون (ف) وہ جادوگر جو فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے کے لیے جمع کیے تھے۔ اور آخر وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے اور فرعون نے انہیں سخت اذیتوں سے قتل کرایا۔ لیکن وہ اپنے ایمان پر قائم رہے۔
سحری (ف) وہ غذا جو رمضان میں روزہ رکھنے وقت کھائی جائے۔
سحق (ع) (۱) گھسنا (۲) پیسنا (۳) پرانا کپڑا (۴) باریک بادل (۵) ہوا کا زمین پر کے نشان کو مٹانا (۶) آہستہ چلنا۔
سحق (ع) دوری۔ دور ہونا (۲) کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔
سحک (ع) گھسنا (۲) ریزہ ریزہ ہونا۔
سحل (ع) سفید سوت کا کپڑا (۲) سفید کپڑا (۳) اکہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۴) چاندی (۵) نقد (۶) ہوا کا زمین کو کوڑا کرکٹ سے صاف کرنا۔
سحاء (ع) دُبر۔ مقعد۔
سحمہ (ع) سیاہی۔
سحن (ع) بہت بڑی جماعت۔

Marfat.com

سَحن (ع) پناہ کی جگہ۔
سُحنہ / سَحنہ } (ع) آدمی کے چہرہ کا رنگ روپ۔ صورت شکل۔ مُنہ کی نرمی اور تازگی۔
سُحُوج (ع) چمڑے کا چھیلا جانا۔
سُحُور (ع) سحر کی جمع۔
سَحِیق (ع) نہایت باریک پسا ہوا (۲) دوا۔
سَحِیل (ع) بٹا ہوا تاگا۔

# س ۔ خ

سُخ (ف) خوش۔ خوب۔
سخا (ع) سخاوت کرنا۔ جوانمردی کرنا۔
سخاب (ع) بہت شور و فریاد کرنے والا۔
سخافت (ع) ہلکا پن۔ سبکی۔ کھوکھلا پن۔ لاغری (۲) کم ظرفی (۳) نادانی۔ بے وقوفی۔
سخانت (ع) گرم ہونا۔
سخاوت (۱) فیاضی کرنا۔ جوانمردی کرنا۔ بخشش کرنا (۲) کسی چیز کو ترک کرنا۔ کسی چیز سے باز رہنا۔
سخاوت داشتن (ف) سخی ہونا۔
سخاوت پیشہ بُودن (ف) سخی ہونا۔
سخایا (ف) سخیہ کی جمع۔ سخی عورتیں۔
سخت (ف) جو نرم نہ ہو۔ کڑا (۲) رذیل (۳) بخیل (۴) بہت (۵) وزن کیا۔ تولا (۶) مضبوط۔ محکم (۷) چمٹنے والا۔
سخت بازو (ف) زور آور۔ توانا۔
سخت بُوم (ف) ہلاک کرنے والی زمین۔ میدانِ جنگ۔ سخت زمین۔
سخت پا / سخت پائے } (ف) ثابت قدم۔ توانا۔
سخت پنجہ (ف) بخیل۔ کنجوس۔ ممسک۔
سخت جان (ف) بے رحم۔ سنگ دل (۲) بڑے حوصلے والا۔
سخت جانی (ف) تنگی۔
سخت جاوید (ف) ہرزہ۔ پوچ۔
سخت چشم (ف) بے حیا۔ شوخ۔
سخت خوردن (ف) تکلیف اٹھانا۔
سخت دل (ف) بے رحم۔ سنگ دل۔
سخت زہ (ف) (۱) کڑی کمان (۲) پہلوان۔ شہ زور (۳) تیر انداز۔
سخت سا (ف) گھسا جو کشتی کا ایک داؤ ہے۔
سخت شدن (ف) سختی کرنا۔
سخت کمان (ف) شہ زور۔ پہلوان (۲) تیر انداز۔
سخت لگام (ف) سرکش گھوڑا (۲) سرکش آدمی۔

سخت میر (ف) جس کی جان بڑی مشکل سے نکلے۔
سختن / سُختن } (ف) تولنا۔ وزن کرنا۔ جانچنا۔
سخت گرفتن (ف) چیزوں کو زیادہ حساس طور پر لینا۔
سُختو (ف) مصالحہ بھر کر بھونے ہوئے رودے۔ (۲) عضو تناسل۔
سُختہ (ف) وزن کیا ہوا۔ تولا ہوا (۲) سنجیدہ۔ معقول۔
سختی دلواز دہر (ف) (۱) حوادثِ زمانہ (۲) آفتاب۔
سختی دہر (ف) حوادثِ زمانہ۔
سختی کردن (ف) کسی پر سختی کرنا۔
سختی و بدبختی (ف) بدنصیبی۔
سخرت (ع) ٹھٹھا کرنا۔ تمسخر کرنا۔
سُخرت بہ / سُخرت منہ } (ع) جس سے تمسخر کیا جائے۔
سُخرہ (ا) (۱) ہر ایک کا فرماں بردار۔ مطیع (۲) وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔
سُخَرہ (ع) لوگوں پر ہنسی اڑانے والا۔
سُخرہ (ف) بیگار۔
سُخری / سِخری } (ع) بیگار پکڑنا۔ بلا اجرت کام کرنا۔
سَخَط / سُخط } (ع) غضب ناک ہونا۔ غصے ہونا۔ ناخوش ہونا۔ غصہ۔ غضب۔
سَخف / سُخف } (ع) (۱) کم ظرفی (۲) بے عقلی۔
سُخمہ زدن (ف) کسی کو کٹار سے زخمی کرنا۔
سخن / سَخُن / سُخن / سُخُن / سَخَن } (ف) کلام۔ بات (۲) شعر (۳) گفتار۔ لفظ۔
سخن (ع) گرم ہونا۔
سخن (ع) گرم ہونا۔
سخن از دہن کسے گرفتن (ف) کسی کی بات کو بیچ میں سے کاٹ کر خود وہی بات شروع کر دینا۔
سخن از سخن خیزد (ف) بات سے بات نکلتی ہے۔
سخن افشاندن (ف) بولنا۔
سخن افواہی (ف) سنی سنائی بات۔
سخن با کسے درمیان نہادن (ف) کسی سے بات کہہ دینا۔
سخن بر خاک افگندن / سخن بر زمین افگندن } (ف) (۱) ضائع کرنا (۲) خوار اور بے اعتبار کرنا۔
سخن بلند شدن (ف) بات کا طول پکڑنا۔
سخن پرداختن (ف) بات کرنا۔ کلام کی چھان بین کرنا۔

Marfat.com

سخن پرواز } (ف) عمدہ گفتگو کرنے والا (۲) شاعر۔
سخن پرور }
سخن پیش بردن (ف) بہت اچھی طرح گفتگو کرنا۔
سخن تلخ (ف) کڑوی بات۔ ناگوار کلام۔ گالی۔ دشنام۔
سخن جور (ف) دل شکن بات۔ بے مزہ بات۔
سخن چین (ف) چغل خور (۲) عیب جو۔
سخن چینی (ف) چغلی (۲) عیب جوئی۔
سخن حق تلخ باشد (ف) سچی بات کڑوی بات ہوتی ہے۔
سخن دان (ف) شاعر۔
سخن دانی (ف) شاعری۔
سخن دراز کردن } (ف) بات کو بڑھانا۔ لمبی تقریر کرنا۔
سخن دراز کشیدن }
سخن دلفروز } (ف) اچھی بات۔ عمدہ کلام۔
سخن دلفروش }
سخن را لباس پوشاندن (ف) خفیہ بات کہنا۔ در پردہ کلام کہنا۔
سخن راندن (ف) بات کرنا۔
سخن ران (ف) مقرر۔
سخن زمہریر (ف) بے مزہ بات۔ کلام سرد۔
سخن زن (ف) بات کرنے والا (۲) شاعر (۳) سخن فہم (۴) قصہ خواں (۵) تہمت لگانے والا۔
سخن زندہ (ف) اچھی اور معقول بات۔
سخن زیر لب (ف) آہستہ بات۔
سخن سرائے } (ف) شاعر۔
سخن سنج }
سخن شناس (ف) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔
سخن رانی (ف) تقریر۔
سخن شنو (ف) بات کو کان دھر کر سننے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار۔
سخن شنیدن (ف) بات سننا۔
سخن غلافی (ف) پردہ کی بات۔
سخن گستردن (ف) لمبی چوڑی تقریر کرنا۔
سخن گفتن (ف) بات کہنا۔ (۲) شعر کہنا۔
سخن گو } (ف) شاعر۔
سخن گوئے }
سخن گوئے پیشینہ (ف) سکندر نامہ میں فردوسی سے مراد ہے۔
سخن مجلسی (ف) جو بات برملا کہہ دیں اور جسے چھپانے کی ضرورت نہ ہو۔
سخن نمازی (ف) سچی اور صحیح بات جس میں کوئی فریب یا جھوٹ نہ ہو۔

سخن نو آر کہ نو را حلاوتی است دگر (ف) نئی بات میں ایک نیا لطف ہوتا ہے۔ پچھڑی ہوئی ہڈیوں کو چچوڑنے میں کچھ مزہ نہیں ہوتا۔
سخنور (ف) شاعر۔
سخنوری کردن (ف) شاعری کرنا۔
سخنہائے پروردہ (ف) عمدہ اور سنجیدہ باتیں۔
سخنہائے سرد (ف) بے مزہ باتیں۔
سخن ہر چہ گوئی ہماں بشنوی (ف) جیسا کہو گے ویسا سنو گے۔
سخوط (ع) مکروہ۔
سخون (ف) سخن کلام۔
سخونت (ع) گرم ہونا۔ گرمی۔
سخی (ع) داتا۔ جوانمرد۔ خدا کے نام پر دینے والا۔
سخیف (ع) (۱) کم عقل۔ کم فہم (۲) سُبک۔ ہلکا (۳) جھر جھرا کپڑا۔
سخیف الرائے (ع) بے عقل۔ بے سمجھ۔
سخیہ (ع) سخی عورت۔

## س - د

سد (ع) (۱) دیوار۔ آڑ۔ روک۔ حائل (۲) کسی شے کا استوار کرنا (۳) رخنہ۔
سداب (ع) تلسی جو پودینہ کی مانند ایک گھاس ہے اور اسقاط حمل کے لیے کام آتی ہے۔
سداد (ع) مضبوطی (۲) راست اور درست ہونا (۳) عقل و قول کی درستی۔
سداد (ع) ایک مرض کا نام جس میں ناک کا سوراخ بند اور سینہ بھاری ہو جاتا ہے۔ اسے سدہ بھی کہا جاتا ہے۔
سدپایہ۔ کنکھجورا۔
سدد (ع) درستی۔ راستی۔
سدد (ع) سدہ کی جمع (۱) مشہور مرض کا نام (۲) سائبان (۳) درگاہ۔ (۴) صحن۔
سدر (ف) آنکھوں کی تیرگی جو گردانی اور سر کی گردش کے باعث ہو۔
سدر (ع) (۱) سراسیمہ۔ حیران (۲) جس کی آنکھ دیکھنے میں خیرگی کرے۔
سدر (ع) سدرہ کی جمع۔ بیری کا درخت۔
سدرہ (ع) بیری کا درخت۔
سدرۃ المنتہیٰ (ع) ساتویں آسمان پر بیری کا درخت۔
سدرہ نشین (ف) مقرب فرشتہ۔
سدرہ نشینان (ف) مقرب فرشتے۔

Marfat.com

سُدس / سُدُس } (ع)، چھٹا حصّہ ۱/۶ ۔

سَدِ سکندر / سَدِ سکندری } (ف)، سکندر اعظم کی چین کے شمال میں بنائی ہوئی مضبوط دیوار کا نام ۔ اسے سَدِ یاجوج اور سدِ روئیں بھی کہتے ہیں ۔

سَد شکستن (ف)، ترتیب کا اُلٹ پلٹ کر دینا ۔

سَدق (ف)، ترکش ۔

سَدَنہ (ع)، کعبہ اور بُت خانہ کے مجاور ۔ دربان ساون کی جمع ۔

سُدّہ (ع)، (۱) چوکھٹ ۔ آستانہ (۲) گرہ جو غلیظ مواد کے باعث انتڑیوں میں پڑ جاتی ہے (۳) اس مرض کا نام جس سے ناک کا سوراخ بند ہو کر سانس کی آمد و رفت ناک کی راہ سے بند ہو جاتی ہے ۔

سُدّہ سینہ (ف)، آستانہ مبارک ۔

سَدہ (ف)، ایک ایرانی جشن جو عید نوروز سے پچاس دن قبل ہوتا ہے اس دن ایرانی خوشیاں مناتے اور آتشبازی کرتے ہیں ۔

سَدِ یاجوج (ف)، دیکھو سدِ سکندری ۔

سَدید (ع)، (۱) درست ۔ راست (۲) محکم ۔

سَدیر (ع)، اس عمارت کا نام جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لیے تیار کرائی تھی ۔

سَدیو (ف)، اس دیو یا جن کا نام جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی گم کی تھی ۔

## س ۔ ر

سَر (ف)، سر ۔ راس (۲) خیال ۔ فکر (۳) قوت ۔ طاقت ۔ زور (۴) مقدمہ سپاہ (۵) سردار (۶) خالص (۷) اُوپر (۸) خلاصہ ۔ (۹) اوّل ۔ شروع (۱۰) خواہش ۔ ارادہ ۔

سِرّ (ع)، راز ۔ بھید ۔ پوشیدہ چیز (۲) عورت کا اندام نہانی ۔ (۳) جماع (۴) زنا (۵) نکاح (۶) اصل نیک (۷) زمین نیک (۸) ہر چیز کا درمیان اور مغز (۹) ہتھیلی کے خطوط (۱۰) لکیریں (۱۱) بہترین (۱۲) اعلیٰ نسب ۔ عمدہ نسب ۔

سُرّ (ع)، (۱) شادی ۔ خوشی (۲) ناف (۳) پہلوان جگہ یا چیز ۔

سُرّ (ف)، رے کے ایک گاؤں کا نام ۔

سَرّ (ع)، نیکی کرنے والا ۔ نیک مرد ۔ خوشی کرنے والا ۔

سَرا (ف)، گھر ۔ خانہ ۔ مکان ۔

سَرا (ف)، سائیدن ۔ مصدر کا امر ۔ گھس پیس ۔

سَرا (ف)، ٹیکس جو عام رعایا سے لیتے ہیں ۔

سَرابُستاں (ف)، وہ گھر جس میں باغ ہو ۔ وہ گھر جو باغ میں ہو ۔

سَرابیلی (ف)، مخنث ۔ ہیجڑا ۔ نامرد ۔

سَراپا (ف)، سر سے پاؤں تک ۔ اوّل سے آخر تک ۔ تمام و کمال (۲) خلعت ۔ (۳) معشوق کے تمام اعضاء کی تعریف ۔

سَراپَردہ (ف)، بڑا (ف)، بڑا پردہ جو دیوار کی طرح خیمہ کے گرد کھڑا کرتے ہیں (۲) گھر کا پردہ (۳) خیمہ ۔ (۴) شاہی بارگاہ ۔

سَرّاج (ع)، زین ساز ۔ زین فروش ۔

سَرّاج (ع)، ابو نصر ولی کا لقب جو طوس کے رہنے والے تھے اور ۳۷۸ھ میں فوت ہوئے ۔

سِراج (ع)، (۱) چراغ ۔ دیا ۔ سُورج ۔

سِراج اللیل (ع)، جگنو ۔ کرمک ۔ شب تاب ۔

سَراجلاس (ف)، برسرِ عام ۔

سَراجی (ف)، چمڑے کا کاروبار ۔

سَر آچاغ بار کردن (ف)، چولہے پر چڑھانا ۔

سَراچہ (ف)، چھوٹا سا خیمہ (۲) چھوٹا گھر ۔ چھوٹا مکان (۳) مُرغیاں بند کرنے کا ٹوکرا (۴) دُنیا ۔

سَراح (ع)، طلاق ۔ مرد کے نکاح سے عورت کی رہائی ۔

سَرآخُر / سَرآخُور } (ف)، عُمدہ گھوڑا جو سب سے مقدّم باندھا جاتا ہے ۔

سَرادار (ف)، شفاخانہ کا محافظ ۔ شفاخانہ کے مریضوں کی خبرگیری کرنے والا (۲) سرائے کا محافظ ۔

سُرادِق (ع)، سراپردہ ۔ شامیانہ ۔ خیمہ ۔

سِرار / سَرار } (ع)، چاند کی آخری رات ۔ محاق ۔

سَراری (ع)، سُریہ کی جمع ۔ وہ لونڈیاں جن سے مالک نے جماع کیا ہو ۔

سَراز آبِ بیگانہ شُستن (ف)، مُفت کا مال ہاتھ آنا ۔

سَراز آسماں برتر بُردن / سَراز آسماں برتر گذاشتن } (ف)، بہت عالی رتبہ ہونا ۔

سَراز اطاعت پیچیدن (ف)، سرکشی کرنا ۔

سَراز بالین تہی کردن (ف)، مرجانا ۔ دُنیا سے کوچ کرنا ۔

سَراز پا نشناختن (ف)، بہت زیادہ عجلت اور تندی میں ہونا ۔ عجیب سراسیمگی ۔

سَراز چیزے بیروں آوردن (ف)، عہدہ برآ ہونا ۔ کسی کام سے فرصت پانا ۔

سَراز خط برداشتن / سَراز خط برگرفتن } (ف)، سرکشی کرنا ۔

سَراز خطِ پرکار بُردن (ف)، سرکشی کرنا ۔

Marfat.com

سراز خویش بر آوردن (ف) ہوش میں آنا۔
سراز زانو بر گرفتن (ف) مراقبہ سے سر اٹھانا۔
سراز زیر خاک شدن (ف) اُگنا۔ پیدا ہونا۔
سراز سرا بدر کردن (ف) گھر سے باہر نکلنا۔
سراشیب (ف) ڈھلان۔ سلامی۔ اترائی۔
سراز شیشہ تہی چرب کردن (ف) مکر کرنا۔ فریب دینا۔
سراز کارے بیروں آوردن (ف) کسی کام کی حقیقت کو سمجھنا۔
سراز کارے پیچیدن (ف) کسی کام سے مُنہ موڑنا۔
سراز کار در آوردن (ف) کسی کام کی حقیقت سے آگاہ ہونا۔
سرازیر (ف) ڈھلوان جگہ۔ سلامی جگہ (۲) اُلٹی۔
سرازیر شدن (ف) نیچے اُترنا۔
سرازیر کردن (ف) اوندھا کرنا۔ لڑھکانا۔ ڈھلان کرنا۔
سرازیری (ف) ڈھلوان۔
سراز یک آستین بر آوردن
سراز یک جیب بر آوردن
سراز یک گریبان بر آوردن
} (ف) برابری کرنا۔
سراست (ف) دیکھو سرانہ۔
سراسر (ف) سربسر۔ اس سرے سے اُس سرے تک تمام۔ بالکل (۲) باغ اور سبزہ کی سیر۔
سراسیمہ (ف) سرآسیمہ۔ آسیمہ بمعنی شوریدہ۔ حیران۔ پریشان۔ مضطرب۔
سراسیمہ شدن (ف) حیران و پریشان ہونا۔
سراسیمہ کردن (ف) حیران ہونا۔
سراع (ع) سرع کی جمع۔ انگور کی تازہ شاخیں۔
سُراغ (ع) کھوج۔ نشان قدم (۲) تلاش۔
سراغ گرفتن (ف) کھوج لگانا۔
سراغچ
سراغوج
سراغوچ
سراغوش
} (ف) عورتوں کا گیسو پوش جو جالیدار تھیلی کی مانند بنا ہوتا ہے اور اس پر اکثر زر و جواہر کے نقش و نگار بھی ہوتے ہیں۔ ولایت یعنی ایران کی عورتیں اپنے سر کے بال یعنی چوٹی اسی میں رکھتی ہیں۔
سرافتادن (ف) حد سے نکل جانا۔ بڑھنا۔ دراز ہونا۔
سرافراز (ف) سربلند۔
سرافراز (ف) سربلند ہونا۔
سرافگندگی (ف) عاجزی۔ فروتنی۔
سرافگندن (ف) سر نیچے ڈالنا۔ شرمندہ ہونا۔ عجز و فروتنی۔
سرافگندہ (ف) سر نیچے ڈالے ہوئے شرمندہ۔ خاموش۔ مطیع۔
سَرّاق (ع) بڑا چور۔ بڑا سارق۔
سُراقہ (ع) قریش کے ایک بُت کا نام۔
سرکوفت (ف) ملامت۔ طعنہ۔ سرزنش۔
سرگون (ف) واژگون۔ اوندھا۔
سرآماسی (ف) سر کا سوج جانا۔

سرآمد (ف) (۱) سردار۔ سرگروہ۔ غالب۔ برگزیدہ (۲) بلند عمارت۔
سرآمد (ف) سرآمدن کا ماضی۔ آخر ہوا۔ تمام ہوا۔
سرآمدن (ف) تمام ہونا۔ آخر ہونا۔ پورا ہونا۔
سران (ف) سر کی جمع سردار۔
سرانجام (ف) آخرکار۔ کام کا سامان۔
سراندر زدن (ف) مارے ڈر کے چھپ جانا۔
سراندیپ (ف) ایک مشہور جزیرے کا نام جو ہندوستان کے جنوب میں واقع ہے اور جسے لنکا بھی کہتے ہیں۔ اس کا دارالحکومت کولمبو ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے نکال کر اسی جزیرہ میں اُتارے گئے تھے۔
سرانگشت (ف) اُنگلی کا سرا۔
سرانگشتی (ف) اُنگلی کے سرے کی حنا۔
سرانہ (ف) دو چیزوں کو آپس میں بدلنے کے لیے اگر کوئی اور چیز قیمت میں شامل کر کے زیادہ دی جائے تو اُسے سرانہ یا سراست کہتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص کسی سے گائے لیتا ہے۔ اور ایک بکری کے ساتھ کچھ روپیے دیتا ہے۔ تو روپیوں کو سرانہ کہیں گے۔
سرآوازہ (ف) گانے کے وقت سب سے پہلی آواز یا سُر۔
سرآوردن (ف) انجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔
سرآوری (ف) گردآوری (۲) بیمار کی حفاظت اور تیمارداری۔
سرّا و ضرّا (ع) رنج و راحت۔ فارسی میں بغیر ہمزہ کے بھی آتا ہے۔
سراویل (ع) پاجامہ۔ شلوار
سُرائے (ف) (۱) گھر۔ مکان۔ منزل (۲) سرائیدن کا امر بھی ہے۔ (۳) ایک شہر کا نام بھی ہے جو تاتار کے شمال میں ہے۔
سرایان (ف) گاتا ہوا۔
سرایت (ع) اثر کرنا۔ گھس جانا۔ رات کو چلنا۔
سرائے جاوید (ف) بہشت۔
سرائے جزا (ف) عقبیٰ۔ عالم آخرت۔
سرایچہ (ف) چھوٹا مکان۔ چھوٹا گھر۔
سرائے دورنگ (ف) عالم آخرت۔
سراید زماں (ف) اس کی مدت آخر اور تمام ہو۔
سرائیدن (ف) گانا۔
سرائر (ع) سریرت کی جمع۔ بھید۔
سرائے سپنجی (ف) عارضی رہائش گاہ۔
سرائے سپنجی نماند بکس (ف) اس دُنیا نے کسی سے بھی وفا نہیں کی۔
سرائے سرور (ف) شراب خانہ (۲) بہشت۔
سرائش (ف) تعریف کرنا (۲) پرندوں کا نغمہ۔
سرائے ششدر (ف) دُنیا۔

Marfat.com

سَرائیلی (ع) اسرائیلی کا مخفف۔ اس سے سامری اور بنی اسرائیل کے کفار مراد ہیں۔
سرائے محمود (ف) مقام شفاعت (۲) بہشت۔
سرایندہ (ف) گانے والا۔
سرائے نعمان (ف) نعمان بن منذر کا محل۔
سَرائے نُہفت (ف) دار آخرت۔
سَرائے ہفت رَخشاں (ف) آسمان۔
سَرب (ف) سیسہ۔
سَر باختن (ف) لڑنا۔ جنگ کرنا (۲) سر دے دینا۔ سر قربان کرنا۔ جان فدا کرنا۔
سَربار (ف) باضافت مقلوب۔ بار سر۔ سر کا بوجھ۔ چھوٹی گٹھڑی جو بڑی گٹھڑی پر رکھی جاتی ہے۔
سَرباری (ف) سربار کا مزید علیہ۔ علاوہ چھوٹی گٹھڑی جو بڑی گٹھڑی پر رکھی جائے۔ بوجھ پر رکھا ہوا ہلکا بوجھ۔
سَربار شدن (ف) باعث زحمت ہونا۔
سَرباز (ف) بہادر۔ بے خوف لڑنے والا۔ فوج کا سپاہی۔ جاں نثار۔
سَربازاری (ف) بازار میں آوارہ پھرنا۔
سرباز پیادہ (ف) پیدل فوج کا سپاہی۔
سَرباز جدید (ف) رنگروٹ۔
سَرباز خانہ (ف) فوجی بیرک۔
سَرباز خواستن (ف) فوجی ملازمت چاہنا۔ بھرتی مانگنا۔
سَرباز زدن از چیزے (ف) کسی چیز سے انکار کرنا۔ مُنہ پھیر لینا۔
سَرباز گرفتن (ف) بھرتی کرنا۔
سَربازگیری (ف) فوجی بھرتی۔
سَرباز ماندن (ف) حیران رہنا (۲) ننگے سر رہنا۔
سَربازی (ف) جنگ۔ جان فدا کرنا۔ بہادری سے کام کرنا۔
سَربال (ف) پیراہن۔ قمیص۔ کُرتہ۔
سَربالا (ف) بلند سر۔ چڑھائی۔
سَربالا جواب دادن (ف) تردید کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
سَربالا کردن (ف) سر اُٹھانا۔ سر اُونچا کرنا۔
سَربخش (ف) بڑا حصّہ۔ حصّہ۔
سَربخواب در آمدن (ف) سونا۔
سَربدیوار آمدن (ف) دیوار سے ٹکر لگنا۔ غصّے کی حالت میں بے ہودہ بکنا۔
سَربَر آوردن (ف) سر اُٹھانا۔ سرکشی کرنا۔
سَربر آوردن صبح (ف) صبح کا نمودار ہونا۔
سَربراہ (ف) نگران۔ منتظم۔ مہتمم۔
سَربراہ بودن (ف) فرمانبردار ہونا۔
سَربراہ کردن (ف) راہ پہ لانا (۲) کام پورا کرنا۔ انتظام کرنا۔

سَربَر خط داشتن } (ف) اطاعت کرنا۔
سَربر خط فرمان نہادن } فرمانبردار ہونا۔
سَربَر خط کسے نہادن (ف) کسی کی اطاعت کرنا۔
سَربر خط نہادن (ف) اطاعت کرنا۔
سَربُردن (ف) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔
سَربر داشتن (ف) سر اٹھانا۔ سربلند کرنا۔ سرکشی کرنا۔
سَربر در کسے نہادن (ف) کسی کی منت وسماجت کرنا۔
سَربُردن (ف) بسر کرنا۔
سَربر زانو نشستن (ف) مراقبہ کرنا (۲) کُبڑا ہو جانا (۳) فکر کرنا (۴) سوچنا (۵) غمگین ہونا۔
سربَر زدن (ف) کسی بات کا اچانک واقع ہو جانا۔
سربر سَر کسے نہادن (ف) بحث اور جھگڑا کرنا۔
سَربَر کردن (ف) سر اُٹھانا۔ سرکشی کرنا۔
سَربَر کسے فرود آوردن (ف) کسی کے آگے سر جھکانا۔
سَربَر گرفتن (ف) (۱) نیند سے جاگنا (۲) مسافر ہو جانا۔
سَربر گرفتگان (ف) اطاعت نہ کرنے والے۔
سَربَر نہادن (ف) خاموش ہو جانا۔
سَربزانو نہادن (ف) غمناک ہونا۔ مراقبے میں جانا۔
سَربزرگ (ف) عالی مرتبہ آدمی۔
سَربزرگ بلائے بزرگ دارد (ف) بلند مرتبہ شخص کی مصیبت بھی بڑی ہوتی ہے۔
سربزمین گذاشتن (ف) مر جانا۔
سَربزیر لحاف کشیدن (ف) سو جانا۔ لیٹ جانا۔ (۲) خاموش ہو جانا۔
سَربست (ف) جو آزاد نہ ہو۔
سَربستن (ف) باندھنا۔
سَربستہ (ف) (۱) بندھا ہوا (۲) پوشیدہ (۳) تمام وکمال۔ پورا۔ مکمل۔
سَربسر (ف) تمام۔ بالکل (۲) برابر۔ مساوی۔
سَربسر رفتن (ف) اپنے کام تقدیر کے حوالے کرنا۔
سَربصحرا دادہ (ف) مجنون۔ دیوانہ۔
سَربکوہ و بیابان دادن (ف) آوارہ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔
سَربلند (ف) اُونچا۔ بلند۔ سرافراز۔ عالی رتبہ۔ ممتاز۔ اعلیٰ معزز۔
سَربلند شدن (ف) سربلند ہونا۔
سَربلند کردن (ف) سربلند کرنا۔
سَربلندی (ف) عزت۔ فخر۔ اقبال مندی۔
سَربمُہر (ف) مُہر لگا ہوا۔ سربند۔ سربستہ۔ مقفل۔
سَربند (ف) (۱) بند کوچہ (۲) اختیار و آگاہی۔
سَربہا (ف) خون بہا۔ فدیہ۔ دیت۔ سر کی قیمت۔
سَربہم آمدن (ف) آپس میں لڑانا۔
سَربہ ہوا بودن (ف) سر کا چکرانا۔
سَربر آسمان آمدن (ف) نہایت عالی رتبہ ہونا۔

Marfat.com

سَر بہ تیغ خاریدن (ف) قتل کرنا۔
سَر بہ نعلین و پا در کُلاہ (ف) گھبراہٹ۔ نہایت اضطراب۔ تیزی اور جلدی۔ ہل چل۔
سَر بے صاحب تراشیدن (ف) دخل در معقولات دینا۔
سَر پا خوردن (ف) ٹھوکر کھانا۔
سَر پا زدن (ف) ٹھوکر مارنا۔
سَر پاس (ف) حوالدار۔ محافظ۔
سَر پاسبان (ف) ہیڈ کانسٹیبل۔
سَر پائی (ف) جماع۔ مباشرت۔
سَر پایاں (ف) (۱) عمامہ۔ دستار۔ پگڑی (۲) پاجامہ۔ تہبند۔
سَر پرست (ف) (۱) خانہ زاد۔ نوکر۔ گھر کا خادم (۲) تیماردار۔ (۳) میزبان (۴) مُربی۔ نگران۔ مہتمم۔
سَر پرستی (ف) خبرگیری۔ تیمارداری۔
سَر پنجہ (ف) (۱) ہاتھ کا پنجہ (۲) زور۔ طاقت۔ قوت (۳) قوی پنجہ (۴) تعدی ظلم (۵) طاقت ور۔ قوی پنجہ (۶) ظالم۔ بے باک۔ نڈر۔
سَر پوش (ف) طباق یا سینی یا دیگچہ وغیرہ کا ڈھکنا۔
سَر پوش از رُوئے راز افتادن (ف) بھید کا ظاہر ہو جانا۔
سَر پوشیدہ (ف) کنواری لڑکی۔
سَر پَے (ف) ٹھوکر۔
سَر پیچ (ف) پگڑی (۲) جوہر یا جڑاؤ چیز۔ جو پگڑی پر باندھی جاتی ہے (۳) اُونگھ۔ اونگھنا۔
سَر پیچیدن (ف) سرکشی کرنا۔
سَر پیچی (ف) سرکشی۔ نافرمانی۔ گستاخی۔
سَر پیچی نمودن (ف) انحراف کرنا۔
سَر پیری و معرکہ گیری (ف) بڑھاپے میں عشق کا بھوت سر پر سوار ہونا۔
سَر تابی (ف) سرکشی۔ حکم نہ ماننا۔ نافرمانی۔
سَر تاج (ف) عورتوں کا گیسو پوش۔
سَر تا سر (ف) سب کا سب۔ تمام۔ بالکل۔
سَر تافتن (ف) سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔
سَرت سبز باد (ف) تیری عمر بڑی ہو۔
سَر تکان دادن (ف) سر ہلانا۔
سَرت گردم (ف) تیرے قربان جاؤں۔
سَر تنہا (ف) اکیلا۔ تنہا۔
سَر تُوئی حساب بُودن (ف) کسی کام سے آگاہ ہونا۔
سَر تیپ (ف) سردار صف۔ فوج کے ایک دستہ کا سردار۔
سَر تیر (ف) بزرگ۔ حکیم۔ دانش مند۔ فاضل۔
سَر تیز (ف) (۱) ہر نوک دار شے۔ کانٹا۔ نیزہ۔ پکیس وغیرہ۔ (۲) سرکش اور لڑاکا آدمی۔

سَر تیغ (ف) (۱) سر شمشیر (۲) پہاڑ کی چوٹی۔
سَرج (ع) گھوڑے کی زین۔
سر جائے خود نشستن (ف) آرام سے بیٹھ جانا۔
سَر جُدا کردن (ف) عید الفطر کا صدقہ دینا جو ہمارے ہاں کے وزن کے ۱/۲ ۴ سیر کے برابر ہے۔
سَر جُفت کردن (ف) سرگوشی کرنا۔
سَر جملہ (ف) خلاصہ۔ عُمدہ۔ چنا ہوا۔
سَر جُنبان (ف) باغی۔ فتنہ انگیز۔
سَر جُنبانیدن (ف) (۱) تعریف کرنا۔ تحسین کرنا (۲) کسی کو کسی کام سے روکنا۔
سَر جنگ (ف) دیکھو سرہنگ۔
سَر جنگ داشتن (ف) لڑائی کا متمنی ہونا۔
سَر جوش (ف) شوربے کا پہلا تار۔ شوربے کے اُوپر کی چکنائی (۲) لذیذ (۳) صاف۔ خوش گوار۔
سَر جوقہ (ف) فوجی دستے کا سردار۔
سر جین (ف) گوبر۔
سر چاہ۔ کنویں کا منہ۔
سَر چشمہ (ف) پانی کا سوتا۔ چشمہ۔
سَر چشمہ دار (ف) مُوجد۔ ایجاد کرنے والا۔ مخترع (۲) جو شخص ارزانی کے دنوں میں چیزوں کو جمع کر کے ذخیرہ رکھے تاکہ گرانی میں بیچے۔
سَر چنگ (ف) دھول۔ کسی کے سر پر زور سے ہاتھ مارنا۔
سَر چنگی (ف) چپت۔ دھول۔
سَر چیزے داشتن (ف) کسی چیز کا خواہاں ہونا۔
سر چیزے در دکردن (ف) کسی چیز کی تمنا اور خواہش کرنا۔
سر چین (ف) خلاصہ۔ عمدہ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔
سَرح (ع) (۱) چرنا (۲) چرانا۔ چرائی پر چھوڑنا (۳) چرنے والا جانور (۴) بغیر کانٹے کے درخت (۵) اُونچے درخت (۵) بڑے بڑے درخت۔
سرحان (ف) گرگ۔ بھیڑیا۔
سرحد (ف) حد۔
سَر حرف باز کردن (ف) بات شروع کرنا۔
سَر حساب (ف) واقف۔ آگاہ۔ خبردار۔
سَر حساب باز کردن (ف) فال لینا۔
سَر حلقہ (ف) کسی حلقہ کا پیشوا۔ سردار۔ حاکم۔ صدر نشین۔ پریذیڈنٹ۔
سَر حلقۂ عقل (ف) عقل اوّل۔
سَرخہ (ع) اُونچا درخت۔ بڑا درخت۔
سُرخ (ف) لال۔
سُرخاب (ف) ایک پرندہ کا نام (۲) ایک قسم کی سُرخ مرغابی۔ (۳) شراب (۴) غازہ۔ گلگونہ (۵) خون۔ لہو (۶)

Marfat.com

گشتی کا ایک داؤ (۷) رمل کی ایک کتاب کا نام (۸) سہراب کا دُوسرا نام (۹) کابل کے قریب ایک نہر کا نام (۱۰) تبریز کے نزدیک ایک پہاڑ کا نام (۱۱) شراب کا مٹکا (۱۲) سُرخ شراب۔

سَرخاریدَن (ف) ناامید ہونا (۲) دلیر کرنا۔ توقف کرنا۔ بہانہ کرنا (۳) راغب ہونا (۴) تسلی پانا۔

سَرخانہ (ف) انتہا درجے کا۔ ہر شے کا درجہ کمال (۲) اصطلاح علم موسیقی میں آواز بلند۔

سرخانہ رسانیدن (ف) فن کو کمال پر پہنچانا (۲) موسیقی کی اصطلاح میں بلند آواز۔

سُرخ بید (ف) بید کے درخت کی سترہ قسموں میں سے ایک قسم کا نام۔

سَرخجالت دَرپیش بُودن (ف) نہایت شرمندہ ہونا۔

سُرخ چشم (ف) جلاد۔ خون ریز۔

سُرخچہ (ف) چھوٹی چیچک جسے خسرہ کہتے ہیں۔

سَرخر (ف) گدھے کا سر (۲) بدتمیز۔ بے ہودہ (۳) کام بگاڑنے والا۔ کام میں خلل ڈالنے والا۔

سُرخ رگ (ف) شریان۔

سُرخرو (ف) کامیاب۔ خوش۔

سَرخس (ف) خراسان کے ایک شہر کا نام۔

سُرخ سر (ف) قزلباش۔

سُرخ شدن (ف) غصے ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔

سَرخط (ف) اقبالہ۔ تمسک (۲) کرایہ نامہ (۳) نوکر ہونے کی تاریخ کی یادداشت (۴) خوشخطی کی اصلاح جو استاد شاگرد کو دیتا ہے۔

سُرخ فام (ف) سُرخ چمڑی والے۔

سُرخک (ف) کھٹمل۔

سُرخ کردن (ف) بھوننا۔

سَرخوردن (ف) ہمت ہارنا۔ مایوس ہونا۔ لغزش کھانا۔ پھسلنا۔

سُرخ مرزہ } سُرخ مرو } (ف) نازک بدن جو خوش رنگ اور مشہور گھاس ہے۔

سَرخُود (ف) جو کسی کے ماتحت نہ ہو۔ خود مختار۔ متکبر۔

سرخُود گرفتن (ف) جو جی چاہے سو کرنا۔ اپنا رستہ لینا۔ چل دینا۔

سَرخُوردن (ف) شکست کھانا۔

سَرخوش (ف) وہ شخص جو شراب کے سرور میں خوشحال ہو اور بدمست نہ ہو۔ اس کے علاوہ شراب کے نشے کے تین اور درجے ہیں اور کل چار (۱) سرخوش (۲) تردماغ (۳) نیم مست (۴) خراب۔

سَرخوشی (ف) نشہ شراب کا سرور۔ نیم مستی۔ اعتدال کا نشہ۔

سُرخہ (ف) توران کے بادشاہ افراسیاب کے بیٹے کا نام جسے فرامرز نے گرفتار کیا تھا۔ اور رستم نے اسے سیاوش کے عوض میں مروا ڈالا۔

سُرخی (ف) لالی۔ لال پن۔

سَرخیل (ف) امیر۔ سردار۔

سَرد (ف) ٹھنڈا (۲) بے مزہ (۳) ناخوش۔

سَرد (ع) زرہ (۲) زرہ بننا۔

سَرداب } سَردابہ } (ف) سردخانہ۔ تہ خانہ۔

سَردادن (ف) چھوڑ دینا۔ جانور کو رہا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) کھول دینا (۴) بندوق یا توپ کو آگ دینا۔

سَرداری (ف) حاکم ہونا۔ امیر ہونا۔

سَرداری خز (ف) لشکر کا لبادہ۔

سَرداستاں (ف) عنوان۔ سُرخی۔

سَرداشتن ترازو (ف) ترازو کے ایک پلڑے کا جھک جانا۔

سَردیہ (ف) بہت ٹھنڈی ہوا۔

سَرد بیاں (ف) جس کا کلام مؤثر نہ ہو۔ بے اثر بات کرنے والا۔

سَردبیر (ف) مدیر اعلیٰ۔ ہیڈ کلرک۔

سَردَر (ف) دروازہ کے اُوپر کا بالا خانہ۔

سَردر آمدن براہ (ف) روانہ ہونا۔

سردر آوردن (ف) سمجھنا۔

سردر پیش (ف) شرمندہ۔ متفکر۔

سَردر جہاں گرفتن } سَردر جہاں نہادن } (ف) آوارہ ہونا۔

سَرد حرف (ف) جس کی بات مؤثر نہ ہو۔

سَردرختی (ف) درختان میوہ دار۔ اُونچے اور بڑے درخت۔

سَردرد دادن (ف) زحمت کا باعث ہونا۔

سَردردی (ف) محنت۔ تکلیف۔ مشقت۔

سَردر سر چیزے کردن (ف) کسی شے کی خواہش میں اپنے آپ کو ہلاک کرنا (۲) کسی کام کے لیے بے حد کوشش کرنا۔

سَردر کشیدن (ف) سرکشی کرنا۔ تابع نہ ہونا۔ خود سر ہونا۔ نافرمان ہونا۔

سَردر گریباں کشیدن (ف) سر جھکا لینا۔

سَردر نشیب (ف) اوندھا۔ سرنگوں۔

سَردر نشیب کردن (ف) نادم ہونا۔

سَردر ہوا (ف) پریشان۔ آوارہ (۲) مشتاق۔

سَرِدَردست (ف) کم رتبہ (۲) حقیر لونجی (۳) فقیروں کی لاٹھی۔

سَردست افشاندن (ف) غصہ کرنا۔

سَردستی (ف) وہ چیز جو حاضر ہو یا حضر (۲) بے تامل بات (۳) فقیروں یا قلندروں کی لاٹھی۔

سَردستے گرفتن (ف) امداد کرنا۔

Marfat.com

سَردسیر (ف) گرم سیر کا مقابل - وہ ملک جہاں آب و ہوا سرد ہو - سرد ملک (۲) وہ زمین جہاں زراعت کے لیے پانی خود بخود جاری ہو۔

سَرد شُدن (ف) ٹھنڈا ہو جانا (۲) کسی کام سے ملول ہو جانا - نااُمید ہو جانا۔

سَرد گو } (ف) ناموزوں آدمی - سخت کلام آدمی جس کی بات دوسروں
سَرد گوئے } کو ناراض کرنے والی ہو۔

سَردَم (ف) ایک کرخت آواز آدمی کا نام۔

سَردَم (ف) قمارخانہ - جواخانہ - قہوہ خانہ۔

سَردَم دار (ف) قہوہ خانے کا مالک۔

سَرد ماغ بودن (ف) کیف و سرور میں ہونا۔

سَرد مہر (ف) بے رحم - بے مروّت - بے مہر۔

سَرد مہری (ف) بے مہری - بے رحمی - بے مروّتی۔

سَر دنداں سفید کردن (ف) مسکرانا۔

سَردہ (ف) میخواروں کا میرِ مجلس - ساقی۔

سَردی (ف) (۱) ٹھنڈک (۲) بے مہری - بے رحمی - بے مروّتی۔

سُرُر (ع) سریر کی جمع تخت۔

سُرَر (ع) سُرّہ کی جمع - ناف۔

سَرِ راہ (ف) راہ کے سرے پر - راہ میں۔

سَرِ راہ گرفتن (ف) رستہ روکنا۔

سَر رسیدن (ف) اچانک آدھمکنا۔

سَر رسید (ف) قرض ادا کرنے کی آخری تاریخ۔

سَر رشتہ (ف) مقدارِ قلیل - تھوڑی مقدار۔

سَر رشتہ (ف) (۱) تدبیر - چارہ (۲) مدعا - مقصود (۳) معاملہ (۴) دفتر - دفترِ حسابی - محکمہ (۵) قابلیت - اہلیت۔

سَر رشتہ دار (ف) کسی حاکم کا منشی - میر منشی - ریڈر۔

سَر رشتہ یافتن (ف) مقصد کا حاصل ہو جانا۔

سَر رفتن (ف) ہنڈیا کا اُبل جانا۔

سَر رفتہ (ف) (۱) سرنوشت (۲) مقدر - مقسوم - نصیبہ - بخت (۳) از حد متجاوز۔

سَر زدن (ف) (۱) گردن مارنا - سر اتارنا (۲) کسی محفل میں اچانک آجانا (۳) نہایت کوشش کرنا۔

سَر زدہ (ف) گردن مارا ہوا (۲) ملامت کیا ہوا (۳) اچانک - بے خبر۔

سَر زدہ آمدن (ف) اچانک آنا۔

سَر زُلف (ف) (۱) زلف کا سرا (۲) عتابِ معشوقانہ عتاب (۳) ناز - نخرہ - غمزہ - کرشمہ (۴) استغنا - بے پروائی۔

سَر زمین (ف) زمین - خطہ - ملک - ولایت - سطحِ زمین۔

سَر زَن (ف) نافرمان - سرکش۔

سَر زندہ (ف) (۱) دولت مند (۲) بزرگ (۳) بشاشش - زندہ دل - ہنس مکھ (۴) جوانمرد۔

سَرزَنش (ف) بُرا بھلا کہنا - ملامت۔

سَرزَنش دادن (ف) } ڈانٹ ڈپٹ پلانا -
سَرزَنش کردن (ف) } لعنت ملامت کرنا۔

سَرزَنش یافتن (ف) جھاڑ جھپٹ کھانا۔

سَرسال (ف) شروع سال۔

سَر سالم بگور نبردن (ف) قتل ہو جانا۔

سَرسام (ف) سام یونانی لفظ - بمعنی ورم - سر کا ورم - ایک مہلک مرض کا نام جو دماغ کے ورم سے ہوتا ہے اور سورج کی روشنی اس کے لیے تکلیف دہ ہوتی ہے۔

سَرسامی (ف) سرسام کا مریض۔

سَرسبز (ف) تازہ دماغ۔

سَرسبز (ف) ہرا بھرا - لہلہاتا ہوا (۲) آباد (۳) زندہ (۴) خوش (۵) دولت مند - جوان - دولت مند۔

سَرسبک کردن (ف) معدہ کا خالی کرنا - رفع حاجت کرنا۔

سَرسجدہ (ف) شیعہ لوگوں کا نماز میں سجدہ کی جگہ پر رکھنے کا مہر۔

سَرسختی (ف) سرکشی اور عزو۔

سَرسخن (ف) عنوان - سُرخی۔

سَرسَری (ف) بغیر سوچے سمجھے کام کرنا (۲) کمینہ (۳) سرداری - رعیت پروری۔

سَرسلسلہ (ف) بانیٔ خاندان۔

سَرشار (ف) بھرا ہوا - لبریز - لبالب۔

سَرشام (ف) شام ہوتے ہی - دونوں وقت ملتے۔

سَرشب (ف) اوّل شب۔

سَرشتن (ف) خمیر کرنا - گوندھنا - ملانا - ترشے کو خشک شے میں ملانا۔

سَرشُدن (ف) ہونا - جاری ہونا - شروع ہونا (۲) بندوق اور توپ وغیرہ کا چھوٹنا۔

سَرشف (ف) سرسوں۔

سِرِشک (ف) آنسو - قطرہ۔

سِرِشکِ باراں (ف) مینہ کی بوندیں۔

سِرِشک باریدن (ف) رونا - آنسو بہانا۔

سِرِشکِ خنداں (ف) خوشی کے آنسو۔

سِرِشکِ قدح (ف) شراب کے قطرے۔

سَرشکستہ (ف) سرافگندہ - بدنام - بے آبرو۔

سَرشکستگی (ف) بدنامی - ناکامی - خواری۔

سَرشمار (ف) مردم شماری کرنے والا۔

سَرشماری (ف) مردم شماری۔

سَرشناس بودن } مشہور و معروف ہونا۔
سَرشناسی شدن }

سَرشوئے (ف) (۱) حجام (۲) سر دھونے کی ایک قسم کی مٹی۔

Marfat.com

سَرنشیب (ف) اوندھا - سرنگوں -
سَرشیر (ف) تماغ - بالائی - دُودھ کی ملائی -
سَرشیر (ف) شیر کے مُنہ کی شکل کا پرنالہ - جسے شیر دہان بھی کہتے ہیں -
سَرشیر آوردن (ف) کوئی بڑا نمایاں اور بہادری کا کام کرنا -
سَرصَالحان (ف) خطیب مسجد -
سَرطان (ع) (۱) خرچنگ - کیکڑا - عقرب آبی - کنگچہ (۲) آسمان کے چوتھے بُرج کا نام جو خانۂ قمر ہے (۳) ایک سوداوی ورم جو نہایت سخت ہوتا ہے اور روز بروز بڑھتا جاتا ہے -
سَرطبلدار (ف) کتاب کی بینی دار جلد - جیسی کہ اکثر قرآن مجید کی ہوتی ہے -
سِرطراط (ع) فالودہ -
سَرَع (ع) دوڑنا (۲) جلدی کرنا - تیزی کرنا -
سُرعت (ع) جلدی کرنا - شتابی -
سَرعَسکر (ف) سپہ سالار -
سَرعَشر (ف) قرآن شریف کی دس آیتیں جو بچوں کو بسم اللہ کرانے کے وقت تبرکاً لکھ دیتے ہیں -
سَرغزل (ف) غزل کا پہلا شعر - مطلع - عمدہ غزل -
سَرغلیان (ف) حُقّہ کی چلم -
سَرغنہ (ف) سرگروہ - سرکردہ (۲) بڑا لاثانی - بے مانند - بے نظیر -
سَرغوغا (ف) (۱) فساد کا بانی - فتنہ اُٹھانے والا - فتنہ کا باعث (۲) مفسدوں کا سرگروہ (۳) فوج کا ہراول -
سَرغین (ف) نامے - ترکی نامے شہر -
سَرَف (ع) فضول خرچی کرنا (۲) بے ہودہ خرچ کرنا (۲) کسی چیز کا لالچ کرنا (۳) خطا کرنا - غفلت کرنا -
سَرفراز (ف) (۱) سربلند - بلند مرتبہ - عزّت و دولت اور اعتبار کا بڑھنا (۲) مغرور -
سَرفرازی (ف) سربلندی - غرور -
سَرفرو آوردن (ف) سلام کرنا - سر جھکانا - عاجزی کرنا - بات کرنا - بات ماننا -
سَرفرو بُردن (ف) شرمندہ ہونا -
سرفلانے می جنبد (ف) ابھی جیتا ہے (۲) ابھی قابل اعتبار ہے -
سرفوج (ف) فوج کا سردار -
سُرفہ (ف) کھانسی -
سُرفہ کردن (ف) کھانسنا -
سُرفہ (ع) ایک چھوٹا سا کیڑا جس کا جسم سُرخ اور سر سیاہ ہوتا ہے - یہ کیڑا چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مربع گھر بنا کر اس میں داخل ہوتا - اور وہیں مر جاتا ہے -

سُرفیدن (ف) کھانسنا -
سَرقافلہ (ف) قافلہ سالار - قافلہ کا سردار -
سَرِقت (ع) چوری کرنا -
سرقت کردن (ع - ف) چوری کرنا -
سَرقدم ساختن (ف) نہایت ادب سے چلنا - بڑی عاجزی سے چلنا -
سرقصیدہ (ف) (۱) قصیدہ کا مطلع (۲) عمدہ قصیدہ -
سرقفلی (ف) تجارتی شہرت -
سرقلم (ف) نب -
سرقلیان (ف) حُقّہ کی چلم -
سَرقوچ (ف) نر بکرا (۲) کشتی کے داؤ کا نام -
سَرَقہ
سَرِقہ } (ع) چوری چوری کرنا -
سِرکا (ف) سرکہ -
سَرکار (ف) بادشاہی کچہری (۲) سربراہ - منتظم - مہتمم (۳) حاکم (۴) کپڑے کا کارخانہ - (۵) کسی محکمے کا افسر اعلیٰ -
سرکاری (ف) (۱) منسوب بہ سرکار - حکومت کی کوئی شے یا حکم (۲) سربراہی - مختاری -
سرکردگی (ف) سرداری -
سَرکردن (ف) (۱) شروع کرنا (۲) پُورا کرنا - اتمام کو پہنچانا - (۳) بسر کرنا (۴) صحبت کرنا (۵) کسی کے ساتھ سلوک کرنا - (۶) توپ یا بندوق وغیرہ کا چھوڑنا -
سرکسے بباد دادن (ف) کسی کا سر اُڑا دینا -
سرکسے بے کلاہ ماندن (ف) کچھ ہاتھ نہ لگنا -
سَرکسے خوردن (ف) کسی سے بحث اور جھگڑا کرنا -
سَرکسے دُور دیدن (ف) کسی کی عدم موجودگی سے فائدہ اُٹھانا -
سَرکسے شیرہ مالیدن (ف) کسی کو جگہ دینا - دھوکا اور فریب دینا -
سرکش (ف) (۱) باغی - مغرور (۲) ایک مطرب کا نام -
سَرکشی (ف) (۱) بغاوت - غرور (۲) عیادت اور حال پُرسی -
سَرکشی ایلچی (ف) بچھیروں کی چھانٹ - بچھیروں کا انتخاب - گھوڑوں کے گلہ کو جہاں بچھیرے پیدا ہوتے ہوں - ایلچی کہتے ہیں - اور اُن کی چھانٹ یا انتخاب یا جائزہ کو سرکشی کہتے ہیں -
سرکشی کردن (ف) نافرمانی و بغاوت کرنا -
سَرکشیدن (ف) نافرمانی کرنا - حکم نہ ماننا - انکار کرنا (۲) سر اُٹھانا - بلندی ہونا -
سرکلانتری (ف) محکمہ پولیس -
سَرگلہ (ف) برابری -
سَرکَن (ف) فوج کا سردار - صدر مجلس -
سَرکن بَرکَن (ف) (۱) شتاب - جلد - دوڑتا ہوا (۲) سراسیمہ -

Marfat.com

ہواس باختہ۔
سرکنگبین (ف) سرکہ اور انگبین سے مرکب ہے ۔ سکنجبین کا شربت۔
سرکوب (ف) لائق ۔ انتظام کرنے والا (۲) سردار ۔ حاکم ۔ (۳) دمدمہ (۴) گرز ۔
سرکوبی کردن (ف) کچل دینا۔
سرکوچک (ف) کم عقل ۔ کمینہ ۔ حقیر ۔ بے قدر۔
سرکوچکی (ف) کم عقلی ۔ نامردی ۔ حقارت ۔ بے قدری ۔ کمینہ پن ۔ نالائقی۔
سرکوبہ (ف) دیکھو سرکوب۔
سرکہ (ف) خل جو مشہور کھٹاس ہے
سرکہ ابرو (ف) چین جبین۔
سرکہ فروختن (ف) ترش رُو ہونا۔
سرکہ فروش } سرکہ فشاں } (ف) ترشرو ۔ بے دماغ ۔ بدگو ۔ طعنہ زن ۔
سر کنقد بہ از حلوای نسیہ (ف) نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔
سرکیسہ شل کردن (ف) خوب کھل کر خرچ کرنا ۔ بخشش و سخاوت کرنا۔
سرکیف بودن (ف) خوب مست و سرشار ہونا۔
سرگراں (ف) ناراض ۔ خفا ۔ غضب ناک (۲) متکبر ۔ مغرور ۔ (۳) رنجیدہ (۴) مست (۵) دردسر (۶) ملامت ۔ سرزنش۔
سرگراں شدن (ف) خفا ہونا۔
سرگرانی (ف) دردسر ۔ ناراضگی۔
سرگرداں (ف) پریشان۔
سرگرم (ف) گرم جوش ۔ محنتی ۔ چالاک ۔
سرگروہ (ف) قوم کا سردار۔
سرگزشت (ف) حادثہ ۔ واقعہ ۔ ماجرا۔
سرگزشت بلاکشاں (ف) مصیبت کے حالات۔
سرگشتہ (ف) جان سے تنگ آیا ہوا۔
سرگشتگی (ف) حیرانی ۔ تردد ۔ بے قراری۔
سرگشتہ (ف) حیران ۔ بھٹکا ہوا۔
سرگم (ف) بے ابتدا ۔ اور بے انتہا ۔ جس کے اول و آخر کی خبر نہ ہو۔
سرگوشی (ف) کانا پھوسی ۔ کان میں بات کرنا۔
سرگیجی (ف) دوران سر ۔ دوار سر ۔ سر کا پھرنا ۔ سر چکرانا۔
سرگین (ف) گوبر ۔ لید ۔ بیٹ ۔
سرگین غلطاں } سرگین گرداں } (ف) گوبر کا کیڑا ۔ جُعل ۔ گبریلا۔
سرلشکر (ف) فوج کا سردار۔
سرلوح (ف) نقاشی جو کتاب کے پہلے صفحہ پر کی جاتی ہے۔

سرم (ت) چھیلا ہوا صاف کپڑا۔
سرما (ف) جاڑا ۔ سردی کا موسم۔
سرماہی (ف) مشاہرہ ۔ ماہواری تنخواہ۔
سرمایہ (ف) پونجی۔
سرمائے گل (ف) گلاب کھلنے کی فصل میں جو کم سردی ہوتی ہے ۔ گلابی جاڑا۔
سرمد (ع) (۱) جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو (۲) اللہ تعالیٰ (۳) ہمیشہ دائم (۴) شب و روز۔
سرمدشت (ف) جس کے ہاتھ میں زیادہ کام اور سخت کام کرنے سے چھالے پڑ گئے ہوں۔
سرمدی (ع) دائمی ۔ ابدی۔
سرمست (ف) نشہ میں ۔ نشہ میں مست متوالا۔
سرمق (ع) سرمک کا معرب ۔ تھوے کا ساگ ۔ باتھو کا ساگ۔
سرمقالہ (ف) اداریہ۔
سرمل (ف) مغلوں کے ایک سردار کا نام۔
سرمنزل (ف) کسی جگہ کی اچھی آب و ہوا کے باعث کوئی مسافر یادگار کے طور پر وہاں عمارت بنا دے تو اسے سرمنزل کہتے ہیں۔
سرمو (ف) بال کا سرا۔
سرمہ (ف) کحل ۔ آنکھوں میں ڈالنے کی مشہور شے۔
سرمہ از چشم ربودن (ف) آنکھ کا کاجل چرانا۔
سرمہ بگلو کشیدن (ف) گونگا ہونا ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ سرمہ کھانے سے آواز بند ہو جاتی ہے۔
سرمہ چشم (ف) جس کی آنکھوں میں سرمہ لگا ہو۔
سرمہ چوب (ف) سرمچو ۔ میل سرمہ ۔ سرمہ لگانے کی سلائی۔
سرمہ خاک بین (ف) خسرو پرویز کے اس سرمہ کا نام جو نہایت عمدہ اور بصارت کو بڑھاتا تھا اور ایک دفعہ کا لگایا ہوا سال بھر کفایت کرتا تھا۔
سرمہ خوردن (ف) دیکھو سرمہ بگلو کشیدن۔
سرمہ کش (ف) آنکھوں میں سرمہ ڈالنے والا ۔ (۲) اندھیری رات۔
سرمہ کشیدن چشم را (ف) آنکھوں میں سرمہ لگانا ۔ یا ڈالنا۔
سرمۂ مست (ف) شوخی کے لیے لگایا ہوا سرمہ۔
سرمئی (ف) سرمہ کے رنگ کا۔
سرنا (ف) سورنامے کا مخفف ۔ اور سور بمعنی شادی شہنائی۔ نفیری۔
سرنا از تہ بالا کردن (ف) اُلٹی بنسری بجانا۔
سرناچی (ف) شہنائی بجانے والا۔
سرنافہ گشادن (ف) عطر ملنا ۔ عطر لگانا۔
سرنامہ (ف) عنوان ۔ خط کے لفافہ پر مکتوب علیہ کا نام اور پتہ

Marfat.com

جو لکھا جاتا ہے۔

سُرنامے (ف) دیکھو سُرنا۔

سرنترس (ف) دلیر۔ نڈر۔ جرأت والا۔

سرنتد (ف) (۱) جھولا۔ پینگ۔ (۲) پانی پر جمی ہوئی کائی (۳) عشق پیچہ۔

سرنشین (ف) جو شخص خچر یا گھوڑے کے بوجھ اُوپر بیٹھا ہو۔

سُرنگ (ف) شور و غل۔

سرنگرفتن (ف) موافقت نہ کرنا۔

سرنگوں (ف) اوندھے منہ۔ سر کے بل (۲) افسردہ۔

سرنگوں شدن (ف) اوندھا ہونا۔

سرنگوں کردن (ف) شکست دینا۔

سرنو (ف) نئے سرے سے۔

سرنوشت (ف) قسمت کا لکھا۔ خط پیشانی۔ حکم ازلی۔ تقدیر۔ نصیب۔

سرنهادن (ف) (۱) اطاعت کرنا۔ عاجزی کرنا (۲) سو رہنا (۳) مرجانا۔

سرو (ف) ایک مشہور درخت کا نام۔

سُرو (ف) (۱) سینگ (۲) شراب پینے کا پیالہ۔

سرواد (ف) (۱) سرود۔ گانا (۲) شعر (۳) کہانی (۴) منتر۔

سروازدن (ف) منہ پھیر لینا۔ انکار کرنا۔

سروازدن از چیزے (ف) کسی چیز سے منہ پھیر لینا۔

سرواکردن (ف) ماتم میں عورتوں کے سر کے بالوں کو بکھیرنا۔

سروال (ف) پاجامہ۔ شلوار۔

سرواله (ف) پاجامہ۔ شلوار۔

سرو اندام (ف) راست قد محبوب۔

سرو بالا (ف) معشوق۔

سرو برگ (ف) پروا۔ خیال۔

سروبن (ف) مکمل۔ پورا۔ تمام۔

سروبند (ف) زمانہ۔ عہد۔ عصر۔

سروپا (ف) (۱) خلعت (۲) تمام۔ پورا۔

سروپاگم کردن (ف) حیران اور ہکا بکا رہ جانا۔

سرو پیاده (ف) آدمی کے قد کا سرو۔ جو بہت خوشنما ہوتا ہے۔

سُروج (ع) سراج کی جمع۔ چراغ۔

سرو جویبار (ف) نہر یا ندی کے کنارے کا سرو۔

سرو خرام / سرو خراماں (ف) ٹہلنے والا سرو۔ یعنی معشوق۔ محبوب۔

سرود (ف) شعر۔ نظم۔

سُرود (ف) گیت۔ راگ۔ نغمہ۔

سرود خواندن (ف) راگ۔ گانا۔

سرود ملی (ف) قومی ترانہ۔

سرودن (ف) گانا۔

سرود نو آئین (ف) مبارکباد کے مضمون کا نغمہ یا گیت۔

سرور (ف) بزرگ۔ سردار۔

سُرور (ع) خوشی۔

سرو رعنا (ف) آراستہ و خوبصورت سرو۔ یعنی معشوق۔ محبوب۔

سرو رواں (ف) چلنے والا سرو۔ یعنی معشوق۔

سرورق (ف) کتاب کا پہلا ورق جس پر کتاب کا نام وغیرہ ہوتا ہے۔

سروری (ف) سرداری۔

سروساماں (ف) اسباب سامان۔ سامان کی ترتیب۔

سروسہی / سروسی (ف) سیدھا دو شاخہ سرو۔ معشوق۔ محبوب۔

سروش (ف) (۱) فرشتہ (۲) جبرئیل (۳) غیب کی آواز (۴) الہام (۵) خوشی کی خبر لانے والا فرشتہ (۶) ہر شمسی مہینہ کی سترھویں تاریخ۔

سرو صدا (ف) شور و غل۔

سرو صورت پیدا کردن (ف) پر و بال نکالنا۔

سروق (ع) بڑا چوری کرنے والا۔ سارق۔

سروقت (ف) عین وقت اور موقع پر۔

سروقد (ف) خوبصورت اور خوش قامت۔

سروکار (ف) تعلق۔ علاقہ۔ لگاؤ۔ خواہش۔

سروکار داشتن (ف) تعلق رکھنا۔

سرو کلاں (ف) سکندرنامہ میں شاہنامہ سے مراد ہے۔

سرو کله زدن (ف) بحث کرنا۔

سُرون (ف) سینگ۔

سُرون (ف) سرین۔ چوتڑ۔

سرو ناز (ف) (۱) نیا اُگا ہوا سرو (۲) وہ سرو جس کی ٹہنیاں ہر طرف جھکی ہوئی ہوں۔ (۳) معشوق۔

سره (ف) کھرا۔ پاکیزہ۔ خلاصہ۔ خالص۔ بے عیب۔

سُرہ (ع) ناف۔

سره کردن (ف) پرکھنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔

سرهم (ف) باہم۔

سرهم بندی (ف) اُلٹا سیدھا پیوند۔

سرهنگ (ف) سر یعنی سردار اور ہنگ یعنی سپاہ۔ سپاہ کا سردار۔ سرلشکر (۲) ہراول۔ اگلی فوج (۳) کوتوال (۴) چوبدار (۵) پہلوان۔

سرهنگ نوبت (ف) پہرہ کا سپاہی۔ پہرہ دینے والا۔

سرهنگی (ف) (۱) چستی۔ چالاکی (۲) پہلوانی۔

سری (ف) سرداری۔ سپہ سالاری۔

سُری (ع) رات کو چلنا۔

سریان (ع) رات کو چلنا۔

سریان (ع) ایک شے کا دوسری شے میں گھل جانا جیسے شکر پانی میں گھل جاتی ہے۔

سریچه (ف) صعوہ۔ ممولا جو مشہور پرندہ ہے۔

سرید (ف) جھولا۔ پینگ (۲) کائی۔

Marfat.com

سَرِیر (ع) ، تخت (۲) بادشاہی مُلک (۳) وسعتِ عیش ۔ نعمت ۔
سَرِی سَقَطِی (ع) ، بغداد کے مشہور ولی ابوالحسن کا نام جو معروف کرخیؒ کے شاگرد اور جنید بغدادیؒ کے اُستاد تھے ۲۵۳ھ میں فوت ہوکر بغداد میں مدفون ہوئے ۔
سَریش } (ف) ، مشہور لیس کا نام جو چمڑے سے اور خصوصاً اُونٹ کے
سَریشم } چمڑے سے نکالتے ہیں ۔
سَرِیع (ع) ، جلدی کرنے والا ۔ تیز (۲) جلد (۳) عروض کی ایک بحر کا نام ۔
سَرِیعُ الاستحالہ (ع) ، جلد حالت بدلنے والا ۔ زود ہضم کھانا ۔
سَرِیعُ السَّیر (ع) ، تیز رفتار ۔ تیز رو ۔
سُرین شکستن (ف) ، عیب داری کرنا ۔
سَرِیَّہ (ع) ، (۱) پانچ آدمیوں سے لے کر چار سو آدمیوں تک فوج کا دستہ (۲) وہ لشکر جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود شامل نہ ہوتے تھے ۔ بلکہ کسی صحابی کی ماتحتی میں روانہ کرتے تھے ۔
سُرِّیَّہ (ع) ، وہ لونڈی جو آقا نے جماع کے لیے مقرر کی ہو ۔

## س ۔ ز

سَزا (ف) ، بدلہ (۲) لائق ۔ موافق ۔
سَزا دادن (ف) ، بدلہ یا پاداش دینا ۔
سَزا دادنی (ف) ، سزا دینے کے لائق
سَزا دیدن (ف) ، پاداش میں بھگتنا ۔
سَزاوار (ف) ، مناسب ۔ لائق ۔
سَزاوُل (ت) ، حاصل کرنے والا محصّل ۔
سَزیدن (ف) ، سزاوار ہونا ۔ لائق ہونا
سَزیدہ (ف) ، سزاوار ۔ لائق ۔

## س ۔ س

سُست (ف) ، ڈھیلا ۔ جو چست نہ ہو ۔ غافل ۔
سُست از ہان (ف) ، فیصلہ دینے میں سُست ۔
سُست آمدن (ف) ، سُست ہونا ۔
سُست اندام (ف) ، نامرد ۔
سُست بخت (ف) ، بدبخت ۔
سُست پی (ف) ، آہستہ چلنے والا ۔ سُست قدم ۔
سُست پیمان (ف) ، وعدے کا کچا ۔
سُست رائے } (ف) ، احمق ۔ نادان ۔ کم عقل ۔
سُست رگ یش }
سُست مہر (ف) ، نامہربان ۔ بے مہر ۔
سُست مُہار (ف) ، مطیع ۔ فرمانبردار ہونا (۲) ناقابل ہونا ۔

## س ۔ ط

سِطَبْر (ع) ، سِتبر کا معرب ۔ موٹا ۔ بھدا ۔ گندا ۔
سَطْح (ع) ، (۱) چھت (۲) اصطلاح علم ہندسہ میں وہ شے جس میں طول و عرض ہو اور عمق نہ ہو ۔
سَطْر (ع) ، لکھنا (۲) لکیر کھینچنا (۳) صف ۔ قطار (۴) رستہ (۵) کتاب کی سطریں ۔
اُسْطُرلاب (ع) ، اسطرلاب کا مخفف ۔ جو ستاروں کی بلندی وغیرہ دریافت کرنے کا آلہ ہے ۔
سَطْع (ع) ، بُو کا پھیلنا (۲) روشنی کا پھیلنا (۳) غبار کا بلند ہونا ۔
سَطْل (ع) ، طشت ۔ تھال ۔ سینی ۔
سَطْوَت (ع) ، دبدبہ ۔ قہر (۲) سختی کرنا (۳) حملہ کرنا ۔
سَطِیح (ع) ، توشہ دان (۲) عرب کے ایک مشہور کاہن کا نام جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی خبر دی تھی (۳) خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کا نام ۔

## س ۔ ع

سُعاد (ع) ، عرب کی ایک عورت کا نام جو نہایت خوبصورت ہوئی ہے ۔
سَعادت (ع) ، (۱) نیکی ۔ نیک بختی ۔ نیک بخت ہونا ۔
سعادت کیش (ف) ، سعادت مند ۔ نیک بخت ۔
سعادت مَند (ف) ، (۱) نیک بخت (۲) سپوت ۔
سعادت مندی (ف) ، نیک بختی ۔ فرمانبرداری ۔
سُعال (ع) ، (۱) کھانسی (۲) کھانسنا ۔
سِعَت (ع) ، وسعت ۔ فراخی ۔ گنجائش ۔ تونگری ۔
سَعْتَر (ع) ، پودینہ صحرائی (ایک گھاس کا نام جسے معشوق کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں اسے خشک کرکے دوا میں استعمال کرتے ہیں ۔ کتب طب میں اسے ص سے لکھتے ہیں ۔
سَعْتَر باز } (ف) ، چپٹی باز عورت ۔ چمڑے وغیرہ کے آلہ سے دوسری
سَعْتَری } عورت سے جماع کرنے والی عورت (۲) شوخ بدکار ۔
سَعْد (ع) ، (۱) نیک ۔ نیک بخت (۲) نیکی ۔ نیک بختی (۳) چاند کی بائیسویں منزل کا نام (۴) عرب کے ایک قبیلے کا نام ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دایہ حضرت حلیمہؓ اسی قبیلہ

Marfat.com

سے تھیں ۔
سُغد (ع) ، ناگر موتھا جو خوشبودار نباتات ہے ۔
سُغد آباد (ف) ، ایک قصبہ کا نام ۔ جو تبریز سے دو منزل کے فاصلہ پر ہے ۔
سعد ابن ابی وقاص (ع) ، ایک مشہور صحابی کا نام ۔ جو عشرہ مبشرہ میں سے تھے ۔ انیس سال کی عمر میں حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے اور تمام معرکوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہے ۔ حضرت فاروق اعظم رض کے عہد میں ممالک عجم و مدائن کو فتح کیا کوفہ کو بسایا ۔ راہِ خدا میں سب سے پہلے تیر چلایا ۔ اکثر حدیثوں کے راوی ہیں ۔ عشرہ مبشرہ میں سب سے بعد ۸۰ سال کی عمر پاکر معاویہ کے عہد میں ۵۵ھ کو فوت ہوئے ۔
سَعدِ اکبر (ع) ، مشتری ستارا ۔
سَعدُ السُّعود (ع) ، (۱) مشتری ستارہ (۲) چاند کی چوبیسویں منزل کا نام ۔
سَعدُ الملک (ف) ، نصف کرہ جنوبی میں قدر سوم کے ایک ستارے کا نام ہے ۔
سَعدان (ف) ، ایک مقام کا نام جو شروان کے قریب ہے ۔
سعد ذابح (ع) کواکب کے ایک مجموعہ کا نام جو منازل قمر میں سے بائیسویں منزل ہے ۔
سَعدی (ع) ، شیراز کے مشہور انام ۔ شاعر ۔ فلاسفر ۔ ادیب ۔ ناصح اور صاحب حکمت کا تخلص ۔ ان کا اصلی نام شیخ مصلح الدین بن عبداللہ تھا ۔ سعد بن زنگی کے زمانہ میں پیدا ہوئے اور اسی نسبت سے سعدی تخلص اختیار کیا ۔ شیخ شہاب الدین سہروردی کے مرید تھے ۔ مدرسہ نظامیہ میں تعلیم پائی ۔ نصائح میں ان کی نظم و نثر کا جواب نہیں ۔ زبان نہایت سلیس اور فصاحت و بلاغت کا نمونہ ہے ۔ ان کی زیادہ مشہور تصانیف کریما کے علاوہ گلستان اور بوستان ہیں ۔ جن کا دنیا کی قریب قریب ہر مشہور زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے ۔ آپ کی عمر کا بیشتر حصہ ایران ۔ عرب ۔ روم ۔ مصر ۔ حبش ۔ ترکستان اور ہندوستان وغیرہ کی سیاحت یا پیادہ حج اور بزرگوں کے مزاروں پر گذرا ۔ سلاطین ان کی نہایت عزت کرتے تھے ۔ آخر عمر میں شیراز میں آ بیٹھے اور ۶۹۱ھ میں فوت ہو کر وہیں مدفون ہوئے ۔
سعدیت (ف) ، خوش بختی ۔
سَعدَین (ع) ، زہرہ اور مشتری دونوں ستارے ۔
سَعدیہ (ع) ، شیراز کے مضافات میں وہ مقام جہاں شیخ سعدی شیرازی رح کا مزار ہے ۔
سَعفَر (ع) ، بھاؤ ۔ نرخ ۔
سَعفہ (ع) ، گنج جو سر کی مشہور بیماری ہے ۔
سُعُود (ع) ، نیک ہونا ۔ مبارک ہونا ۔ سیارگان سعد جیسے چاند ۔ زہرہ اور مشتری ۔

سَعُوط (ع) ، ناک میں ڈالی جانے والی دوا ۔ نسوار ۔
سعی (ع) ، (۱) کوشش کرنا (۲) دوڑنا (۳) جلدی کرنا (۳) کسب کرنا ۔ (۴) چغلی کھانا (۵) ارادہ کرنا ۔ صفا اور مروہ پہاڑیوں کے درمیان جو مکہ میں ہیں سات دفعہ دوڑنا جو حج کا ایک رُکن ہے ۔
سعی کردن (ف) ، کوشش کرنا ۔
سعید (ع) ، (۱) مبارک ۔ نیک ۔ نیک بخت (۲) حضرت فاروق اعظم رض کے چچیرے بھائی کا نام جو عشرہ مبشرہ میں سے تھے اور ۷۰ سال کی عمر پاکر معاویہ رض کے زمانہ میں ۵۱ھ کو فوت ہوئے ۔
سعید بودن (ف) ، خوش بخت ہونا ۔
سعیر (ع) ، (۱) آگ کا شعلہ (۲) بھڑکتی ہوئی آگ (۳) دوزخ کے چوتھے طبقے کا نام ۔

## س ۔ غ

سَغار (ف) ، زلال ۔
سَغَب (ع) ، گرسنگی ۔ بھوک ۔
سَغِب / سَغبان (ع) ، گرسنہ ۔ بھوکا ۔
سَغبہ (ف) ، (۱) فریفتہ (۲) چرب اور روغنی شے (۳) خوار ۔
سَغبیٰ (ع) ، بھوکی عورت ۔
سُغدی (ف) ، فارسی زبان کی سات قسموں میں سے ایک قسم کا نام ۔
سَغراق (ت) ، (۱) شراب (۲) شراب کا دستہ دار ۔ یا ٹونٹی دار پیالہ ۔
سُغراق (ت) ، بڑا پیالہ ۔
سَغری (ف) ، گھوڑے کا پٹھا ۔
سَغرتی (ت) ، بے حیائی ۔

## س ۔ ف

سِفاح (ع) ، زنا کرنا ۔
سَفّاح (ع) ، (۱) فصیح (۲) بہت بخشش کرنے والا (۳) ہر بات پر قادر (۴) خونریز ۔
سَفّاح (ع) ، عباسیہ خلفاء میں سے پہلے خلیفہ ابو العباس بن عبداللہ کا لقب ۔ چونکہ اسے بڑی خونریزی کے بعد بادشاہت ملی تھی ۔ اس لیے سفاح کہلایا ۔ ساڑھے چار سال حکومت کرکے ۱۳۶ھ میں فوت ہوا ۔

Marfat.com

سفارت (ع) (۱) پیغام لے جانا (۲) ایلچی گری کرنا۔ سفیر ہونا (۳) صلح کرنا۔
سفارش (ف) (۱) کسی کے واسطے کلمہ خیر کہنا (۲) کوشش کرنا (۳) سپردگی۔ حوالگی۔
سفارش دادن (ف) کسی چیز کے لیے مزید حاصل کرنے کا حکم دینا۔
سفارش کردن (ف) سفارش کرنا۔ ہدایات جاری کرنا۔
سفارشی (ف) رجسٹرڈ ڈاک۔
سفاک (ع) (۱) خونریز۔ قاتل۔ قتل کرنے والا (۲) فصیح و بلیغ۔ ظالم۔
سفاکی (ف) بے رحمی۔ خونریزی۔
سفال } (ع) (۱) بادام یا اخروٹ وغیرہ کا چھلکا (۲) ٹھیکری (۳)
سُفال } مٹی کا برتن (۴) ٹوٹا ہوا گھڑا یا پیالہ۔
سفال ساز (ف) کمہار۔
سفال گر (ف) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمہار۔
سفالہ (ف) (۱) سفال (۲) درانتی (۳) کھپریل۔ چھپّر۔
سفالین (ف) سفال کی جنس سے۔
سفالی را جفت چینی دادن (ف) مخمل پر ٹاٹ کا پیوند لگانا۔
سفالینہ (ف) مٹی کا برتن۔
سفاہان (ف) دیکھو سپاہان۔
سفاہت (ع) (۱) کمینہ پن۔ فرومائگی (۲) نادانی۔ بے وقوفی۔
سفت (ف) گاڑھا۔ موٹا۔ سنگین۔ غلیظ۔
سُفت (ف) (۱) کندھا۔ دوش (۲) مضبوط۔ محکم۔
سُفت (ف) سُفتن مصدر سے ماضی مطلق۔ سوراخ کیا۔ چھید کیا۔ سوراخ۔ چھید۔
سفت کردن (ف) مضبوط بنانا۔
سُفتجہ (ع) سُفتہ کا معرب۔ ہنڈی۔
سفت گر (ف) موتی وغیرہ جواہرات میں سوراخ کرنے والا۔
سُفتن (ف) (۱) سوراخ کرنا (۲) پرونا۔
سُفتہ (ف) (۱) پرویا ہوا (۲) سوغات۔ تحفہ (۳) ایک قسم کا تیر۔
سفتہ (ف) (۱) ہنڈی (۲) سوغات۔ تحفہ (۳) تیر۔ تیر کا پیکان۔
سفتہ (ف) (۱) محکم۔ مضبوط۔ گاڑھا کیا ہوا۔ دبیز اور مضبوط کپڑا۔
سفتہ بازی (ف) ہنڈی کی خرید و فروخت۔
سُفتہ گوش (ف) چھدے ہوئے کان والا۔ غلام۔ لونڈی۔ کنیزک۔ فرمانبردار۔ مطیع۔
سُفتہ لعل (ف) بہ اضافت مقلوب۔ شراب۔ سرخ شراب۔ انگوری شراب۔
سفر (ع) (۱) کھلنا (۲) مکان صاف کرنا۔ جھاڑو دینا۔
سَفَر (ع) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ ایک شہر سے دوسرے شہر کو جانا۔

سِفر (ع) (۱) نامہ (۲) کتاب۔
سُفَراء (ع) سفیر کی جمع۔ ایلچی لوگ۔
سَفَرجل (ع) بہی جو مشہور پھل ہے۔
سُفرہ (ف) مقعد۔ پاخانہ کی جگہ۔
سُفرہ (ف) (۱) مسافر کا توشہ دان (۲) دسترخوان۔ جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔ فارسی والے اس لفظ کو سفرہ بمعنے مقعد کی کراہت رفع کرنے کے لیے فتحہ سے سفرہ بولتے ہیں۔
سُفرہ پرداز (ف) بڑا پیٹو جو دسترخوان پر رکھا ہوا تمام کھانا کھا لے۔
سفرہ پہن داشتن (ف) مزاح سے اُسے کہتے ہیں جو پیٹ کا ہلکا ہو۔
سُفرہ خانہ (ف) ڈرائنگ روم۔ کھانے کا کمرہ۔
سُفرہ فصاحت (ف) (۱) فصیح زبان (۲) تصنیفات۔ تالیفات۔
سَفَری (ف) مسافر۔
سَفسَطہ (ع) وہ حکمت جس کی بنا مغالطہ پر ہو۔
سَفق (ع) کواڑ کھولنا۔ دروازہ کھولنا۔
سَفک (ع) (۱) قتل کرنا۔ خون بہانا (۲) بہت بولنا۔
سِفل }
سُفل } (ع) نچائی۔ پستی۔ نیچا ہونا۔
سفلگانہ (ف) کمینوں کی مانند۔
سِفلہ (ع) اصل سَفَلہ۔ سافل کی جمع ہے۔ کمینہ۔ نالائق۔
سفلہ بودن (ف) کمینہ ہونا۔
سفلہ پرور (ف) کمینوں کی پرورش کرنے والا۔ خود کمینہ۔
سفلہ نہاد (ف) کمینہ۔
سُفلی (ف) کھلے منہ کی لوہے کی دیگ۔
سُفلی }
سِفلی } (ع) پستی۔ نیچے کا حصہ۔ دنیوی۔
سُفلیٰ (ع) بہت پست۔
سفلیس (ف) آتشک۔
سَفَن (ع) (۱) لکڑی چھیلنے کا بسولہ (۲) لوہے کا سوہن (۳) ہر چیز جس سے دوسری شے تراشی جائے (۴) مگرمچھ کا چمڑا جو گرفت کی مضبوطی کے لیے تلوار کے قبضہ پر منڈھا جاتا ہے۔
سَفن (ع) لکڑی چھیلنا۔ ہوا کا زمین سے خاک اڑا دینا۔
سفندارند (ف) دیکھو اسفندارمذ۔
سَفُّود (ع) کباب بھوننے کی سیخ۔
سَفُوف (ع) پھنکی۔ کسی چیز کا پسا ہوا آٹا۔ پوڈر۔
سُفُول (ع) (۱) نیچے اترنا (۲) پستی۔
سَفُون (ع) خاک اڑانے والی ہوا۔
سَفَہ (ع) حماقت۔ نادانی۔ کم عقلی۔
سُفَہا (ع) سفیہ کی جمع۔ کمینے لوگ۔ ہیچ۔ نادان۔

Marfat.com

سُفیان (ع) حدیث کے علماء میں سے دو آدمیوں کے نام۔
سُفیان ثوری (ع) ایک مشہور ولی سعید کوفی کے بیٹے کا نام جو ۱۶۱ھ میں فوت ہوئے۔
سفید (ف) سپید۔ چٹا (۲) نمایاں۔ ظاہر (۳) روشن۔
سفید آب (ف) سفیدہ کاشغری۔
سفیدار (ف) ایک درخت کا نام۔ جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور ٹہنیاں بہت نازک۔ کہ ذرا سی ہوا لگنے سے ہلنے لگتی ہیں۔
سفید بخت (ف) خوش نصیب۔ نیک بخت۔
سفید پے (ف) بدخبر۔ منحوس۔
سفید چشم (ف) بے حیا (۲) اندھا۔ نابینا۔
سفید چشمی (ف) بے حیائی (۲) اندھاپن۔ کوری۔ نابینائی۔
سفید کاری (ف) سفیدی۔ چونا قلعی کرنا (۲) سیہ کاری کے خلاف اور برعکس۔ نیکو کاری۔
سفید کاسہ (ف) جوانمردی۔ ہمت۔
سفید کردن (ف) ظاہر ہونا۔
سفید گر (ف) قلعی گر۔ سفیدی۔
سفید گردیدن (ف) معزز ہونا۔ ظاہر ہونا۔
سفید مُہرہ (ف) سنکھ۔ بڑی کوڑی۔
سفیدہ دم (ف) صبح سویرے۔ تڑکے۔
سفیدہ تخم مُرغ (ف) انڈے کی سفیدی۔
سفیدی زدن راہ (ف) راستے کا نمایاں طور پر نظر آنا۔
سفیر (ف) قاصد۔ ایلچی۔ میانجی۔
سفیر فوق العادۃ (ف) عارضی طور پر کسی اہم آدمی کو سفیر بنا کر بھیجنا۔
سفینہ (ع) ناؤ۔ کشتی۔ بیاضِ اشعار۔
سفینہ کردن (ف) نمودار ہونا۔
سَفیہ (ع) کم عقل۔ نادان (۲) کمینہ۔ نیچ۔

## س - ق

سَقّاء (ع) ماشکی۔ پانی۔ بھرنے یا پلانے والا۔
سِقاء (ع) پکھال۔ مشک۔
سَقام (ع) دُکھ۔ بیماری۔ مرض۔
سِقام (ع) سقیم کی جمع۔ بیمار۔
سقایت (ع) سیراب کرنا۔ پانی دینا۔ پانی پلانا۔
سقائے مُرغاں (ف) جانوروں کا پوٹا۔
سقایہ (ع) پانی پینے کا برتن (۲) پیمانۂ آب (۳) پانی رکھنے کا برتن یا جگہ۔ مسجدوں میں پانی رکھنے کی جگہ جسے غلطی سے سقاوہ کہتے ہیں۔
سقائے زمستانی (ف) سخت مشکل۔ کٹھن اور دشوار کام۔
سقایۂ حاج (ع) حاجیوں کو پانی پلانا۔

سُقَر (ع) دوزخ۔
سَقَر (ع) چلانا۔ جھلسنا (۲) چرغ جو شکاری پرندہ ہے۔
سُقراط
سُقراط } (ی) ایک بہت بڑے یونانی حکیم کا نام جو ۴۶۹ قبل مسیح میں پیدا ہوا۔ یہ ایک بت تراش تھا۔ لیکن عقل خداداد کی رسائی سے ہر علم میں شہرۂ آفاق اور مجسم حکمت ہوا ہے۔ یہ شخص پرلے درجے کا مستقل مزاج قانع اور صابر و شاکر تھا۔ تمام عمر میں کوئی فعل اس سے خلافِ حکمت سرزد نہ ہوا۔ چونکہ بت پرستی اور توہمات کے خلاف تھا۔ اس لیے یونان کی عدالت نے اس کی موت کا حکم دیا۔ اور زہر پلا کر ستر برس کی عمر میں ۳۹۹ قبل مسیح میں ہلاک کر دیا گیا۔
سَقَط (ع) ردی اشیاء (۲) زیادہ گوئی۔
سَقَط (ع) ردی چیز۔ متاعِ زبون (۲) بھول۔ سہو۔ حساب کتاب میں غلطی کرنا۔ خطا کرنا (۳) بُرا بھلا کہنا۔
سقط (ع) چوپایہ کا مر جانا۔ خصوصاً گھوڑے اور گدھے کا مرنا۔
سِقط (ع) چنگاری جو چقماق سے نکلتی ہے (۲) ناتمام بچہ جو ماں کے پیٹ سے گر پڑے۔
سَقط شُدن (ف) عورت کا حمل ضائع ہونا (۲) کم قدر ہونا۔
سَقط فروش (ف) تھوک فروش۔
سَقط فروشاں (ف) (۱) گرے ہوئے پھل جمع کر کے سستا بیچنے والے (۲) پنساری (۳) ذلیل اور خراب بندش کے اشعار کہنے والے شاعر۔
سَقط کردن (ف) بچے کا وقت سے پہلے گر جانا۔
سَقط گفتن (ف) بُرا۔ بھلا کہنا۔
سَقطہ (ف) گرنا۔ پھسلنا۔
سَقط (ع) ٹکڑا۔ بادل کا ٹکڑا۔
سَقطی (ف) دیکھو سری سقطی۔
سَقف (ع) چھت۔ مکان کی چھت۔
سَقفِ لاجورد
سَقفِ محنت رائے
سَقفِ مینا
سَقفِ نیم خانہ } (ف) آسمان۔
سَقلاب (ف) ایشیائے روم کا شمالی حصہ۔
سقلات
سقلاط } (ف) بانات۔
سقلمہ (ف) گھونسہ۔
سُقم (ع) دُکھ (۲) بیماری (۳) عیب۔
سقمونیا
سُقمُونیا } (ع) ایک سبزی اور زردی مائل گوند کا نام جو تلخ مزا ہوتا ہے اور صفرا کا مسہل ہے۔
سُقوط (ع) خطا کرنا۔ گر پڑنا۔ ناتمام بچہ کا عورت کے پیٹ سے گر پڑنا۔
سقوط کردن (ف) نیچے گرنا۔ زوال آنا۔

Marfat.com

سُقُوطر / سُقُوطرہ / سُقُوطری (ع) ایک مشہور جزیرہ کا نام۔
سُقُوف (ع) سقف کی جمع چھتیں۔
سُقَیط (ع) اوس۔ شبنم (۲) اولا۔ برف (۳) کم عقل آدمی۔
سُقیفہ (ع) ایک خفیہ مکان تھا۔ جہاں عرب لوگ باطل مشوروں کے لیے جمع ہوتے تھے (۲) باطل مشورہ (۳) بے ہودہ بات (۴) سخن مشورہ۔
سُقیفہ بُتن (ف) بہتان باندھنا۔
سَقیم (ع) مریض۔ بیمار (۲) عیب دار۔

## س ۔ ک

سَکّ (ع) لوہے کا حلقہ (۲) تنگ کڑیوں کی زرہ (۳) لوہے کی میخ (۴) تنگ کنواں (۵) کان کو جڑ سے اکھیڑنا۔ (۶) دروازہ میں کیلیں لگانا۔
سُک (ف) سرکہ۔
سُک (ف) سانپ۔ بچھو یا مکڑی وغیرہ کا بل (۲) بند رستہ۔ (۳) ایک عمدہ خوشبو کا نام۔
سُکاچہ (ف) کابوس جو مشہور بیماری ہے۔
سَکّار (ع) مے فروش۔ شراب بیچنے والا۔
سُکارے (ع) سکران کی جمع۔ نشہ میں چُور۔ مست۔
سِکاک (ع) سک کی جمع۔ لوہے کی کڑیاں۔ لوہے کی کیلیں۔
سُکاک / سُکاکہ (ع) زمین و آسمان کے درمیان کا خلا۔
سَکاکین (ع) سکین کی جمع۔ چاقو۔ چھُریاں۔
سَکّان (ع) چاقو۔ چھُری بنانے والا۔
سُکّان (ع) ساکن کی جمع۔ رہنے والے (۲) کشتی کا دنبالہ۔
سُکّان السّفینہ (ع) کشتی کا دنبالہ۔
سِکبا (ف) ایک آش جو گوشت۔ گیہوں۔ کشمش اور مصری سے تیار کی جاتی ہے۔
سِکباج (ع) سکبا کا معرب۔
سَکتہ (ع) ایک مرض کا نام جس میں انسان کی حس و حرکت زائل ہو جاتی ہے اور وہ مثل مُردہ کے ہو جاتا ہے (۲) شعر کے وزن کا پورا نہ ہونا (۳) قرآن شریف پڑھنے میں مخصوص مقامات پر ٹھہرنا۔
سُکتہ (ع) روتے ہوئے بچوں کو چُپ کرانے کی چیز۔
سِکّۃُ الحدید (ع) ریلوے لائن۔ ریل کی پٹڑی۔
سِکَر۔ ہر منشی چیز۔ شراب۔
سُکّر (ع) شکر کا معرب۔

سُکر (ع) مستی۔ نشہ بے ہوشی۔
سَکَرات (ع) سکرہ کی جمع (۱) بے ہوشیاں (۲) سختیاں (۳) نزع کی تکلیفیں۔
سکراتِ مرگ (ف) موت کی بے ہوشی۔
سَکران (ع) مست۔
سکر داشتن (ف) مست و بے خود ہونا۔
سَکرہ (ع) بے ہوشی (۲) رنج و غم کی سختی (۳) موت کی سختی (۴) گمراہی۔
سُکرہ (ع) مٹی کا چھوٹا پیالہ۔ جس میں پانچ مثقال پانی سما سکے۔
سُکّریّہ (ع) قند دان۔ کھانڈ رکھنے کا پیالہ یا برتن۔
سُکسُک (ف) ناہموار زمین (۲) بے راہ چلنے والا گھوڑا (۳) سُست رَو گھوڑا (۴) ایک درخت کا نام۔
سُکسکہ (ف) ہچکی۔ سسکی۔
سَکَن (ع) گھر کے رہنے والے۔
سکنات (ع) سکنہ کی جمع۔ رہنے کی جگہیں۔ قرار گاہیں۔ مکانات۔ گھر۔
سَکَنج / سُکُنج (ف) گندہ دہن۔ وہ شخص جس کے مُنہ سے بدبو آئے۔
سکنجبین۔ سِکنگبین کا معرب جو سرکنگبین کا مخفف ہے اور سرکنگبین سرکہ اور انگبین سے مرکب ہے۔ ایک مشہور ترش شربت۔
سِکندر (ر) سرو۔
سکندر (ف) یونان کے مشہور و معروف بادشاہ کا نام جو فیلقوس کا بیٹا تھا۔ اُس نے ایشیا کا بیشتر حصہ فتح کیا اور ہندوستان تک آیا۔ ۳۲۳ قبل مسیح میں ۳۳ سال کی عمر میں فوت ہوا۔ اسے ذوالقرنین بھی کہتے ہیں۔ جو غلط ہے۔
سِکندرِ اعظم (ف) سکندر بادشاہ۔ دیکھو سکندر۔
سکندر خُوردن (ف) ٹھوکر کھاکے سر کے بل گرنا۔
سکندری (ف) ٹھوکر۔
سکندری خُوردن (ف) ٹھوکر کھا کے سر کے بل گرنا۔ سر چکرا کر گر پڑنا۔
سَکَنَہ (ع) ساکن کی جمع۔ باشندے رہنے والے۔
سُکنیٰ (ع) (۱) رہنے کا مکان۔ رہنے کی جگہ (۲) رہنا۔ سکونت۔ کسی جگہ ٹھہرنا (۳) گھر کا رہنے والا۔
سکنیٰ شُدن (ف) سکونت اختیار کرنا۔
سِکَّو (ع) پچانگہ جو غلہ سے بھوسہ جدا کرنے کا مشہور پانچ شاخہ دستہ دار آلہ ہے (۲) چھاج۔ غلہ افشاں۔
سکُو (ف) بنچ۔ چبوترہ۔ گھاٹ۔
سُکُوت (ع) خاموشی۔ چُپ رہنا۔
سکوتِ مرگ (ف) موت کی سی خاموشی۔
سُکُون (ع) خاموشی۔ چُپ رہنا۔

Marfat.com

سِکّہ (ع) گلی - کوچہ - محلّہ - بازار (۲) راہ - رستہ - ہموار راستہ - (۳) چھوہارے کا درخت (۴) لوہا جس پر رائج الوقت سکّہ کے الفاظ کھدے ہوئے ہوں اور اس سے سونے چاندی کے اشرفی اور روپیہ پر مُہر کی جاتی ہے (۵) روش - قاعدہ - طرز (۶) ہل - جس سے زمین کو زراعت کے قابل کرتے ہیں (۷) ناموس سیرت -

سِکّۃُ الحدید (ع) ریل کی لائن -

سکّہ باطل (ف) کھوٹا سکّہ -

سکّہ حق است و بندہ لبسم اللہ (ف) چیل کے گھونسلے میں ماں کہاں ؟

سکّہ خوردن دعوےٰ (ع) دعوے کا دُرست بیٹھنا -

سکّہ داشتن (ف) رواج پانا - رائج ہونا -

سکّہ زدن (ف) سکّہ ڈھالنا -

سکّہ شناس (ف) صراف -

سکّہ مردی (ف) آبرو - غیرت - حمیت (۲) ڈاڑھی (۳) عضوِ تناسل -

سکیزہ (ف) چھلانگ - جست - اچھل کود (۲) جنگ و جدل - (۳) گھوڑے کا لات مارنا -

سکیزیدن (ف) (۱) چھلانگ مارنا - جست لگانا - اُچھلنا - کودنا - (۲) لڑنا - جنگ کرنا - (۳) گھوڑے کا لات مارنا -

سکین (ع) چھری - چاقو - کارد -

سکینت (ع) تسلی - آرام - آسائش -

سکینہ (ع) حضرت امام حسین علیہ السلام کی صاحب زادی کا اسم مبارک -

سکینۃ الاولیا (ف) ایک مشہور کتاب کا نام ہے - دارا شکوہ کی تصنیف ہے -

## س - گ

سگ (ف) کلب - کُتّا -

سگ اَبلق (ف) زمانہ -

سگ آبی / سگابی } (ف) اُدھر جو مشہور آبی جانور ہے جس کی کھال بڑی قیمتی ہوتی ہے -

سگال (ف) فکر - اندیشہ (۲) گفتگو - سخن (۳) کہنے والا (۴) مانگنے والا (۵) دشمن (۶) دشمنی -

سگالش گر (ف) (۱) اصلاح لینے والا (۲) اصلاح دینے والا -

سگالیدن (ف) فکر کرنا - اندیشہ کرنا - سوچنا (۲) بُرا کہنا (۳) دشمنی کرنا -

سگان آز (ف) حریص لوگ - لالچی لوگ -

سگ باش برادر خورد مباش (ف) چھوٹے بھائی سے کُتّا ہونا بہتر ہے - یعنی چھوٹے بھائی کی توقیر نہیں ہوتی -

سگ لستان (ف) سیستان - لسوڑا -

سگ جان (ف) سخت جان - سختی کش -

سگ جانی (ف) سخت جانی - حریص ہونا -

سگ جگر (ف) سخت جان - محنت کش (۲) نامہربان -

سگ حضوری بہ از برا در دوری (ف) آنکھوں کے سامنے ادنیٰ کی بھی رعایت کرنی پڑتی ہے -

سگ دل (ف) رنج دینے والا - دُکھ دینے والا -

سگ دنداں (ف) کاٹنے یا چیرنے پھاڑنے کے دانت - جیسے سانپ اور درندوں کے ہوتے ہیں -

سگز (ف) زابلستان یعنی سیستان کے ایک پہاڑ کا نام جہاں رستم پیدا ہوا تھا - اس لیے اسے رستم سگزی بھی کہتے ہیں -

سگ زرد برادر شغال (ف) جیسا یہ ویسا وہ - زرد رنگ کا کتا بھی گیدڑ کا بھائی ہوتا ہے -

سگ صاحب خود را می شناسد (ف) کُتا بہت وفادار جانور ہے اور اپنے مالک کو خوب پہچانتا ہے - اگر وہ بھی نہ پہچان سکے تو مطلب یہ ہے کہ عجب نفسا نفسی کا عالم ہے -

سگزی (ف) کوہ سگز کا رہنے والا - کوہستانی -

سگسار (ف) کُتّے کا سا - طالبِ دُنیا -

سُگسست (ف) منقطع ہونا - انقطاع -

سگ و اژدہ (ف) کشتی کے ایک داؤ کا نام -

سگی (ف) کشتی کے ایک داؤ کا نام - جس میں کشتی گیر اس طرح نیچے اوپر ہوتے ہیں جیسے کُتّا اور کُتیا جماع کے وقت -

سگ کیست (ف) اس کا حامی ہے - کون ہے ؟ کس کا رنگ ڈھنگ ہے -

سگ لاب / سگ لابی / سگ لاد / سگ لادی } (ف) سگ آبی - اُدھر -

سگ لیلیٰ (ف) عزیز شے -

سگوچہ (ف) کُتّے کا پلّا -

سگ و گربہ (ف) دو متضاد چیزیں -

سگونہ (ف) کُبّا -

## س - ل

سَل (ف) کشتی لکڑی اور گھاس پھوس کی کشتی (۲) نیزہ - دوشاخہ نیزہ (۳) پھیپھڑہ -

Marfat.com

سلول (ف) خلیہ۔

سلوئے (ع) بٹیر۔ بنی اسرائیل کو یہ پرندہ جنگل میں خدا کی طرف سے بھنا ہوا ملتا تھا۔

سُلیح - سلاح کا امالہ - ہتھیار۔

سَلِیس (ع) رواں - ہموار - وہ تحریر جس میں ثقیل الفاظ نہ ہوں۔

سَلِیط (ع) زبان دراز (۲) حاضر جواب (۳) فصیح آدمی (۴) روغن کنجد (۵) زیتون۔

سَلِیطہ (ع) زبان دراز عورت (۲) حاضر جواب عورت۔

سلیطہ بازاری (ف) بازاری فاحشہ عورت۔

سَلِیقہ (ع) شعور - طبیعت - سرشت۔

سَلک (ع) پروئی ہوئی شے۔ مسلک۔

سلیقہ ہا مختلف است (ف) نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی۔

سلیل (ع) بیٹا - فرزند - (۲) اونٹ کا بچہ (۳) ننگی تلوار۔ (۴) گھنے درختوں والی وادی۔

سلیم (ع) وہ شخص جس میں سلامت روی ہو (۲) صحیح و سلامت - درست (۳) بچا ہوا - بے عیب (۴) سادہ دل - احمق۔ (۵) مارگزیدہ - سانپ کا ڈسا ہوا آدمی۔

سلیم الطبع (ع) حسین طبیعت والا۔

سلیم النفس (ع) اچھی طبیعت والا۔

سلیمان (ع) ایک مشہور پیغمبر کا نام - جو حضرت داؤدؑ کے بیٹے تھے۔ اور ایک ہزار پندرہ سال قبل مسیح ہوئے ہیں۔ بیت المقدس کی تکمیل انہیں کے وقت میں ہوئی - جس کی بنیاد ان کے والد نے رکھی تھی - اس میں سنگ مرمر پر سونے - چاندی اور بیش بہا جواہرات کا کام تھا - جسے بخت نصر نے تباہ کیا اور عہد فاروق اعظم رضی اللہ عنہ میں دوبارہ تعمیر ہوئی - حضرت سلیمان علیہ السلام کے پند و نصائح اور امثال حکمت و تعلیم کتب عہد عتیق میں اب تک موجود ہیں۔

سُلیمانیہ (ع) ایک مشہور شہر کا نام جو ایران کے مغرب میں واقع ہے۔

## س - م

سَم (ع) زہر (۲) سُوئی کا سوراخ - سُوئی کا ناکا - (۳) سُوراخ۔

سُم (ف) چوپائے کا کھُر - ناخن۔

سم قاطر خوردہ است (ف) مزاح سے بانجھ عورت کو کہتے ہیں۔

سم افگندن (ف) فرمانبردار ہونا - لنگڑا ہونا۔

سَماء (ع) آسمان (۲) چھت (۳) شامیانہ - سائبان (۴) گھوڑے کی پیٹھ - بادل۔

سِمات (ع) سِمت کی جمع (۱) جانب - طرف (۲) اچھی روش (۳) راہ راست (۴) اچھی صورت - عمدہ شکل۔

سَماجت (ع) بدنمائی - زشتی - عیب داری - (۲) منت - خوشامد۔

سَماچہ (ف) محرم - انگیا - عورتوں کا سینہ بند۔

سَماح / سَماحت (ع) سخاوت - جوانمردی (۲) اغماض - چشم پوشی۔

سِماخ (ع) کان کا سوراخ۔

سماچچہ (ف) محرم - انگیا - عورتوں کا سینہ بند۔

سَماد (ف) گوبر جو راکھ میں ملا ہوا ہو۔

سَمارُوغ / سَمارُغ (ف) کھمبی جو مشہور روئیدگی ہے۔

سماروک (ف) کبوتر۔

سِماط (ع) دسترخوان (۲) رستہ (۳) صف - قطار۔

سَماع (ع) سُننا (۲) راگ سُننا (۳) راگ گانا - ناچ (۴) وجد۔

سَماعت (ع) سُننا۔

سَماعی (ع) سُنا ہوا۔

سَماعیلی (ع) ذفضیب، سانپ کی پرستش کرنے والی ایک قوم۔

سُم افگندن (ف) لنگڑا ہونا۔

سماق (ع) ایک قسم کا سفید پتھر۔

سُماق (ع) سماک کا معرب جو ایک ترش پھل ہے اور بطور دوا کام آتا ہے۔

سماق بکیدن (ف) بے کار ہونا - کسی چیز سے محروم رہنا - ہوا کھانا۔

سماک (ف) ایک ترش پھل جو بطور دوا کام آتا ہے۔

سِماک (ع) دو ستاروں کے مجموعہ کا نام۔

سماک اعزل (ع) سماک کے دو ستاروں میں سے ایک ستارہ کا نام - جو قمر کی چودھویں منزل ہے - قدر اول کا یہ ستارہ ہر سال ۱۷ مئی کو نصف النہار پر سے گزرتا ہے - اس کا درجۂ عرض ۱۱ درجے شمالی ہے۔

سَمّ المار (ع) کنیر کا درخت۔

سَمّ الخیاط (ع) سُوئی کا سوراخ - سُوئی کا ناکہ۔

سَمّ الفار (ع) سنکھیا - چوہے کا زہر۔

سماور (ف) کیتلی جس میں چائے تیار کرتے ہیں۔

سمان (ف) آسمان کا مخفف (۲) ہر شمسی مہینے کی ستائیسویں تاریخ۔

سِمان (ع) سمین کی جمع - موٹے لوگ۔

سماوات (ع) سماء کی جمع - آسمان - افلاک۔

سماوی (ع) منسوب بہ سماء آسمانی - آسمان کا۔

سم بارگی بر سر خون کشیدن (ف) دشمن کو قتل کرنے کے ارادے سے سوار ہونا۔

سِمت (ع) دھبا - داغ - نقش - نقص۔

سَمت (ع) جانب - طرف - جہت (۲) شکل صورت (۳) راہ راست (۴) نیک روش (۵) قصد - ارادہ۔

Marfat.com

سَمْتُ الرَّاس (ع) سر کی طرف - سر کے اوپر کی طرف - آسمان کا درمیان -

سَمِج (ع) بدمزہ - ناخوش - بُرا -

سَمْچ } (ف) گرمیوں میں بیلوں اور بکریوں کو آرام سے رکھنے کا تہہ خانہ -
سُمْچَہ } (۲) قید خانہ -

سَمْح (ع) سخی - جوانمرد (۲) سخاوت کرنا - جوانمرد ہونا -

سَمَر (ع) کہانی - قصّہ - افسانہ - سونے سے پہلے رات کو جو کہانیاں کہی جاتی ہیں -

سَمَرقَند (ع) سمرقند کا معرب - جو سمر ایک بادشاہ کے نام اور کند بمعنی شہر سے مرکب ہے - سمر بادشاہ کا آباد کیا ہوا شہر - ترکستان کے ایک مشہور شہر کا نام -

سِمْسار (ع) دلّال - آڑھتی -

سَمْسام (ع) استکام (۲) چالاک (۳) تلوار -

سِمْسِم (ع) کنجد - تل جو مشہور غلّہ ہے (۲) ایک رنگ کا نام -

سِمْسِم (ع) روباہ - لومڑی -

سَمَط (ع) دودھ کا ذائقہ بگڑ جانا (۲) چھُری تیز کرنا -

سِمْط (ع) موتیوں کی لڑی (۲) دانا اور چالاک مرد -

سَمْط (ع) ایک قسم کے اونی کپڑے کا نام -

سِمْع (ع) بھیڑیے کا بچہ -

سَمْع الکیان (ع) علم حکمت کی ایک مشہور کتاب کا نام -

سُمْعَت (ع) مکاری سے نیک اور پرہیزگار بننے کے لیے اپنے نیک کام لوگوں کو سنانا -

سَمَک (ع) مچھلی - فارسی والے صرف اس مچھلی کے لیے استعمال کرتے ہیں - جس کی پیٹھ پر بیل اور بیل کے سینگ پر زمین بعض لوگ خیال کرتے تھے -

سَمْک (ع) اونچائی - بلندی (۲) بلند کرنا (۳) چھت -

سَمکیان (ف) اہل زمین - مچھلی والے یعنی زمین بیل کے سینگ پر اور بیل مچھلی کی پیٹھ پر خیال کیا جاتا ہے -

سَمَن (ف) چنبیلی کا پھول - برکہ (۲) سکندر نامہ میں ستاروں سے بھی مراد ہے -

سِمَن (ع) گھی - روغن زرد -

سَمنان (ف) ایک شہر کا نام جو دامغان کے قریب ہے -

سَمَن اندام (ف) چنبیلی کے پھول جیسے جسم والا - معشوق - محبوب -

سمن پیکر (ف) سمن اندام -

سمنشت (ف) سیمنٹ -

سمن ساق (ف) سفید پنڈلی والا -

سمن سیما (ف) خوبصورت پیشانی والا -

سَمَند (ف) (۱) گھوڑا جس کا رنگ زردی مائل ہو (۲) گھوڑے کا زردی مائل رنگ (۳) مطلق گھوڑا -

سَمَنْدَر (ف) یہ لفظ سام بمعنی آگ اور اندر سے مرکب ہے - آگ کا کیڑا جو آتش کدہ میں پیدا ہوتا ہے - اور اس کا قد بڑے چوہے کے برابر ہوتا ہے - جب آگ سے باہر نکلتا ہے تو فوراً مر جاتا ہے - بعض نے کہا ہے کہ اس کی کھال سے اگر ٹوپی وغیرہ بنائی جائے اور جب وہ میلی ہو جائے تو آگ میں رکھنے سے صاف ہو جاتی ہے - بعض لکھتے ہیں کہ یہ پر دار جانور ہوتا ہے - بعض کا خیال ہے کہ یہ اس آتش کدہ میں پیدا ہوتا ہے - جس میں مسلسل سو سال تک آگ جلتی رہے - بعض نے اس کا نام سمندل - سمندل اور سمندوں بھی لکھا ہے -

سمندر نہ گرد آتش نگرد (ف) تم میں اگر وہ خصوصیت نہیں -

سمن غو (ف) پھول دار چھینٹ -

سَمَنُو (ف) گندم کا دلیہ -

سَمِنَہ (ف) چرو بھی جو مشہور دانہ ہے -

سُمُوّ (ع) بلند ہونا (۲) بلندی - اونچائی -

سَمُو (ع) اونچا - بلند -

سَمٰوات (ع) سما کی جمع - آسمان -

سُمُوت (ع) شکار بند - فتراک -

سَمُّور (ع) لومڑی کی قسم کے ایک جانور کا نام - جس کا رنگ سرخ سیاہی اور تیرگی مائل ہوتا ہے - اس کے پوست کی پوستین بنتی ہے - اس کے پوست کو بھی سمور کہتے ہیں -

سُمُوط (ع) سمط کی جمع - موتیوں کی لڑیاں - موتیوں کے ڈورے

سَمُوم (ع) لُو - گرم ہوا -

سُمُوم (ع) سم کی جمع (۱) زہر (۲) سوراخ -

سِمَہ (ف) جولاہوں کا کوچ (۲) پوشیدہ -

سِمَہ (ع) داغ - داغ کرنا -

سَمِی (ع) ہم نام -

سَمِیر (ع) قصّہ کہنے والا - قصّہ کہنے والے واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے -

سُمَیر (ع) مکہ معظمہ کے قریب ایک گاؤں کا نام -

سَمیراء (ع) گندمی رنگ کی عورت -

سمیز (ف) تحسین - نیکی سے یاد رکھنا -

سُمَیرا (ف) ایک گھاس ہے جو طب میں کام آتی ہے -

سُمَیْط (ع) موتیوں کی لڑی -

سَمِیع (ع) سننے والا - اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام -

سَمِیل (ع) پرانا - فرسودہ -

سمیلان (ف) اناج کے پودوں کے ٹھنٹھ جو کھیتی کاٹنے کے بعد پھوٹ نکلتے ہیں اور پھل نہیں لاتے -

سَمِین (ع) موٹا - فربہ - چرب -

سمیتر (ف) ایک نہایت باریک اور نازک کپڑا -

Marfat.com

# س - ن

سَن (ف) سان کا مخفف۔ رسم۔ طرز۔ شکل۔ مانند۔
سَن (ف) عشق پیچہ۔
سِن (ت) تو۔ ضمیر واحد حاضر۔
سِنّ (ع) عمر۔ عمر کے سالوں کی مقدار۔ سال۔
سَنا (ع) سنائے مکی جو مشہور دوا ہے۔ روشنی۔
سَنا (ع) رفعت۔ بلندی۔ اُونچائی۔ ایک دوا کا نام جس کی عمدہ قسم سنا کی ہے۔
سَنابِل (ع) سُنبلہ کی جمع۔ خوشے۔ بال۔
سَناجِل (ع) سنجل کی جمع۔
سَناد (ف) بہت۔
سِناد (ع) (۱) مخالف (۲) قافیہ کے عیوب میں سے ایک عیب۔ جیسے زبان اور زمین۔ داد۔ اور دید۔
سَنام (ع) اُونٹ کی کوہان۔
سَناءِ مکّی (ع) ایک مشہور دوا کا نام۔
سِنان (ع) (۱) بھالا۔ نیزہ۔ یا تیر کی نوک (۲) تلوار تیز کرنے کا پتھر۔
سِنان کَش (ف) بھال لگا ہوا نیزہ۔
سَنانیر (ع) سنور کی جمع۔ بلیاں۔
سَنائی (ع) ایک مشہور حکیم کا نام جو حکمت اور شاعری میں ماہر ہوا ہے۔
سُنبل ۔ سُنبل الطیب } (ع) (۱) بالچھڑ ایک خوشبودار گھاس کا نام (۲) جو اور گیہوں کی بال (۳) معشوق کی زُلف۔
سِنّ بلوغ ۔ سِنّ بلوغت } (ع) بلوغ کی عمر۔ جوانی کی عمر۔ عہدِ شباب۔ قانوناً مرد کی اٹھارہ سال اور عورت کی سولہ سال عمر۔
سُنبُلہ (ع) (۱) گیہوں یا جو کا خوشہ یعنی بال (۲) چھٹے آسمانی برج کا نام (۳) پسینہ کا قطرہ۔
سَنبوسہ (ف) (۱) مثلث۔ تکونی شے (۲) ایک قسم کا سہ گوشہ پکوان جس میں قیمہ ترکاری یا ترشی یا مٹھاس یا آلو وغیرہ بھر کر تلتے ہیں۔
سُنبُوک (ع) سُنبک کا معرب۔ ڈونگا۔ چھوٹی کشتی۔
سُنبہ (ف) برما۔ بڑھیوں کا مشہور اوزار۔
سُنبیدن (ف) سوراخ کرنا (۲) پرونا۔
سُنّت (ع) راہ روش۔ طور۔ طریقہ۔ عادت۔ فقہا کی اصطلاح میں وہ امر جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہمیشہ عمل کیا ہو۔ اور ایک دو مرتبہ قصداً ترک بھی کر دیا ہو۔

سَنج (ف) وزن۔ وزن کرنے کے باٹ۔
سنجاب (ف) ایک چوہے سے بڑے جانور کا نام جس کی کھال کی پوستین بنتی ہے۔ اس کی کھال کو بھی سنجاب کہتے ہیں (۲) ایک ملک کا جس کا حاکم افراسیاب کے عہد میں کاموس تھا۔
سنجار (ع) موصل سے تین میل کے فاصلے پر ایک شہر ہے سلطان سنجر یہیں پیدا ہوا تھا۔
سنجاق (ف) پن۔
سنجاق زدن (ف) پن لگانا۔
سنجاق زلف (ف) ہیئر پن جو بالوں میں لگاتے ہیں۔
سنجر (ف) (۱) شکاری پرندہ کا نام (۲) اہلِ وجد و سماع (۳) ایران کے مشہور شاہی خاندان سلجوقیہ کے چھٹے بادشاہ کا نام جو ملک شاہ کا بیٹا تھا۔ اسی کو سلطان سنجر کہتے ہیں۔ یہ بادشاہ بڑا صاحب جاہ و جلال اور علماء کا قدر دان تھا۔
سنجش (ف) ناپ تول۔
سنجق ۔ سنجوق } (ف) (۱) علم۔ جھنڈا۔ فوج کا نشان (۲) پٹکا۔ کمربند۔
سُنجہ (ف) تولنے کا پتھر باٹ
سنجیدگی (ف) موزونیت۔ بھاری بھرکم ہونا۔
سنجیدن (ف) تولنا۔ وزن کرنا۔
سنجیدہ (ف) وزن دار۔ بھاری بھرکم (۲) عمدہ۔ لائق۔ متین۔
سَنَد (ف) مرثیا۔ سخت اور نہایت بدبودار پاخانہ۔
سَنَد (ع) وہ شے جس سے پیٹھ لگا کر بیٹھا جائے (۲) پشت بہ پشت کسی چیز کی طرف منسوب ہونا (۳) ایک شے کو دوسری شے کی طرف منسوب کرنا (۴) اونچائی۔ بلندی۔ (۵) سفارش نامہ۔ سارٹیفکیٹ۔
سِند (ف) حرام زادہ۔
سِندان (ف) اہرن۔ جس سے لوہا وغیرہ کوٹا جاتا ہے۔
سَندباد (ف) حکیم ارزقی کی پند و نصائح کی ایک کتاب کا نام ہے۔
سندبیع (ف) بیعنک۔
سِنّ رشاد (ف) سمجھ بوجھ آجانے کا سن۔
سُندرُوس (ف) (۱) زرد رنگ گوند کا نام جو کہربا کی مانند شفاف ہوتا ہے۔ سندرس۔
سُندس (ع) ایک قسم کے نہایت باریک اور ملائم دیبا کا نام۔
سندساز (ف) جعل ساز آدمی جو جعلی سندیں تیار کرے۔
سُندُرہ (ف) (۱) اہرن (۲) پاخانہ۔
سُندرہ (ف) پاخانہ۔ گوہ (۲) گاڑھی اور غلیظ بلغم۔
سندیت (ف) سند ہونا۔
سندیکا (ف) سنڈیکیٹ۔
سنسن (ف) غیر فصیح کلام۔
سنشن (ف) حرام مغز۔

Marfat.com

بہت مشہور ہے، دیکھو سن بلوغ۔

سنگ (ف) (۱) پتھر (۲) وزن۔ باٹ (۳) گرانی۔ بھاری پن (۴) مقدار (۵) قدر۔ مرتبہ۔ وقار۔ (۶) اعتبار (۷) قیمت (۸) ایک ساز جسے چٹکی کہتے ہیں اور نوحہ پڑھتے وقت انگلیوں سے بجاتے ہیں۔

سنگار (ف) ساتھی۔ سنگی۔

سنگ از موم ساختن (ف) ناممکن کام کر کے دکھا دینا۔ عجیب کام کرنا۔

سنگ آس / سنگ آسیا (ف) چکی کا پاٹ۔

سنگ آشنا سرِ چارک است (ف) یار آئیں چھیچھڑے بکائیں۔

سنگِ امتحان (ف) کسوٹی۔

سنگِ انداز (ف) (۱) سوراخ مورچہ یعنی قلعہ کی دیوار کا وہ سوراخ جہاں سے دشمن پر سنگ باری یا گولہ باری کی جاتی ہے۔ (۲) گوپیا۔ فلاخن (۳) مے خواروں کا ایک جشن جو ماہ شعبان کے آخر میں منایا جاتا ہے۔

سنگِ آہن کش (ف) مقناطیس آہن

سنگِ بالش / سنگِ بالیں (ف) وہ پتھر جو تکیہ کی بجائے سر کے نیچے رکھا جائے۔

سنگ بر دندان (ف) دندان شکن جواب۔

سنگ بر سر ماندن (ف) فتنہ و فساد ہونا۔

سنگ بر شکم بستن (ف) پیٹ پر پتھر باندھنا۔ بھوک کی تکلیف سے بچنے اور لوگوں سے اپنی گرسنگی چھپانے کے لیے پیٹ پر پتھر باندھنا۔

سنگ بر شیشہ اُفتادن (ف) راز فاش ہونا۔ عیش تلخ ہونا۔

سنگ بر شیشۂ اُمید زدن (ف) ناامید کرنا۔ آس توڑ دینا۔

سنگ بر شیشہ زدن / سنگ بر قرابہ زدن (ف) شراب ترک کرنا۔ شرابخوری سے توبہ کرنا۔

سنگ بر قندیل زدن (ف) اندھیرا کرنا۔ اندھیر کرنا۔

سنگ بست / سنگ بستہ (ف) مضبوط۔ استوار۔ محکم (۲) پتھر کی عمارت۔ (۳) کچا پھل۔

سنگ بوم (ف) پتھریلی زمین۔

سنگ پا (ف) جھانواں۔ جس سے پاؤں صاف کیے جاتے ہیں۔

سنگ پُشت (ف) کچھوا۔

سنگ ترازو (ف) باٹ۔ وزن کرنے کا باٹ۔

سنگ تراش (ف) جو آدمی پتھر تراشنے کا کام کرتا ہے۔

سنگ تمام (ف) بالکل پورا۔ کانٹے کے تول۔

سنگ جانی (ف) سخت جانی (۲) بے رحمی۔

سنگ جراحت (ف) ایک قسم کا پتھر۔ جسے پیس کر زخم پر چھڑکنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔

سنگ چقماق (ف) چقماق پتھر جس سے آگ نکلتی ہے۔

سنگچہ (ف) ژالہ۔ اولا۔

سنگ خوار / سنگ خوارج / سنگ خور / سنگ خوراک / سنگ خوارہ (ف) قطاطہ جو سنگریزے کھانے والا۔ ایک مشہور پرندہ ہے۔

سنگ دان (ف) حوصلہ۔

سنگ در آب افگندن (ف) ثابت قدم رہنا۔ ہمت سنبھالنا۔ (۲) چھپانا۔ مخفی کرنا۔

سنگ در دنداں آمدن (ف) تکلیف پانا۔

سنگ در دہان انداختن (ف) خاموش رہنا۔

سنگ در موزہ اُفتادن (ف) بے قرار ہونا۔

سنگ دل (ف) سخت دل۔ ظالم۔ بے رحم۔

سنگ دلی (ف) بے رحمی۔ ظلم۔

سنگ دمشق (ف) کسوٹی۔

سنگر (ف) چھوٹا نیزہ۔

سنگر (ف) مورچہ۔ یعنی پتھر وغیرہ کی دیوار۔ جو جنگ کے موقعہ پر اپنے آگے بنا لیتے ہیں (۲) کانٹوں کی باڑ جو باغ یا کھیت کے گرد حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

سنگر بستن (ف) مورچہ بنانا۔

سنگر بندی (ف) مورچہ بندی۔

سنگِ راہ (ف) حائل۔ مانع۔ روک۔

سنگ راہ شدن (ف) روکنا۔ مانع ہونا۔ حائل ہونا۔

سنگ رو (ف) بے حیا۔ بے شرم (۲) شوخ۔

سنگ روئے سنگ (ف) ہرج مرج۔ درہم برہم۔ آشفتگی۔

سنگ روئے یخ (ف) (۱) مطیع۔ فرمانبردار (۲) مضبوط۔

سنگ ریز (ف) پتھروں کا برسنا۔ دنیا کا حادثہ۔

سنگ ریزہ (ف) کنکر۔

سنگ زر (ف) کسوٹی۔

سنگ زن (ف) کم وزن ترازو۔

سنگسار (ف) پتھراؤ۔ پتھروں سے مار دینا۔ نصف جسم زمین میں گاڑ کر اس قدر پتھر برسانا کہ آدمی مر جائے۔ یہ ایک قسم کی سزا ہے۔

سنگسار کردن (ف) سنگسار کرنا۔

سنگستان (ف) پتھریلی زمین۔ پہاڑ۔ پہاڑی علاقہ۔

سنگ شگفتن (ف) عجیب کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔

سنگ سنگ را می شکند (ف) لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔

سنگ سودا (ف) نہایت ہلکا پتھر۔

سنگ شدن بیماری (ف) بیماری کا سخت ہونا۔

سنگ شیشہ (ف) وہ پتھر جس کو پگھلا کر شیشہ بناتے ہیں۔

Marfat.com

سنگک (ف) ایک قسم کی روٹی جو پتھر پر پکائی جاتی ہے۔
سنگ گچ (ف) چونے کا پتھر۔ چونا۔
سنگلاخ / سنگلاخہ (ف) پتھریلی زمین۔
سنگ مجاعت (ف) وہ پتھر جو بھوک کے دفعیہ کے لیے پیٹ پر باندھا جائے۔
سنگ محک (ف) کسوٹی جس پر کھرے اور کھوٹے سونے کو پرکھا جاتا ہے۔
سنگ و آبگینہ (ف) دو متضاد چیزیں جو باہم یک جا نہ رہ سکیں۔
سنگ ولیشم (ف) سبز رنگ کا پتھر جس سے زیورات بناتے ہیں۔
سنگی (ف) دیکھو سنگین۔
سنگی را نتواں برداشت باید بوسید (ف) جس ہاتھ کو آپ توڑ موڑ نہ سکیں اسے بوسہ دینا ہی بہتر ہوگا۔
سنگ یدہ (ف) ایک پتھر ہے جب اسے باہر رکھتے ہیں تو بارش بہت ہوتی ہے۔
سنگ یمن (ف) عقیق۔
سنگین (ف) (۱) پتھر کی چیز (۲) سخت مضبوط۔ (۳) بھاری وزنی۔
سنگین پائے (ف) جو جگہ سے نہ ہل سکے۔
سنگین دست (ف) دیر میں کام کرنے والا۔ مانند کاسست۔
سنگین کار (ف) وہ شخص جو بہت آہستہ کام کرتا ہو۔
سنمار (ف) دیکھو سمنار۔
سنن (ع) سنت کی جمع۔ طریقے۔
سنوات۔ سنہ کی جمع۔ سال۔ برس۔
سنوح (ع) شکار کا بائیں جانب سے ظاہر ہونا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ حادثہ ہونا۔
سنور (ع) بلی۔ گربہ۔
سنون (ع) منجن۔ دانتوں پر ملنے کی دوا۔
سنہ (ع) سال برس۔
سنہ (ع) اونگھ۔ غنودگی۔
سنہ (ع) دندانہ۔
سنہ (ع) بہو بیٹے کی جورو۔
سنی (ع) سنت رسول کی پیروی کرنے والا۔ اہل سنت و جماعت۔
سنی (ع) (۱) روشن۔ چمکیلا (۲) بلند۔
سنین (ع) سنہ کی جمع (۱) سال۔ برس (۲) قحط کا سال (۳) قحط۔
سنیہ (ع) (۱) روشن۔ چمکیلا (۲) بلند۔

## س ۔ و

سوات (ا) (۱) جانب۔ طرف۔ جہت (۲) روشنی (۳) نفع۔ سود (۴) مانند۔ مثل (۵) روشنائی۔
سوی چراغ (ف) دیے کی روشنی۔
سو (ف) (۱) شراب (۲) پانی۔
سو (ع) (بلا ہمزہ) (۱) برائی۔ بدی (۲) مرض برص (۳) مرض (۴) آفت۔
سوء (ع) بدی۔ برائی۔ بدی کرنا۔ غمگین کرنا۔ یہ لفظ مضاف کی حالت میں ضمہ سے اور مضاف الیہ کی حالت میں فتح سے پڑھا جاتا ہے۔
سواء (ع) (۱) برابر۔ درمیان (۲) برابری (۳) دوپہر کا وقت (۴) پہاڑ کی چوٹی۔
سوا (ف) بجز۔ غیر۔
سوا کردن (ف) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
سوابق (ع) سابقہ کی جمع (۱) اگلے۔ پہلے۔ گزشتہ (۲) اگلی ملاقاتیں (۳) گھوڑ دوڑ میں بڑھنے والے گھوڑے۔
سواحل (ع) ساحل کی جمع۔ دریا کے کنارے۔
سواد (ع) (۱) سیاہی (۲) شہر کی طرفیں (۳) ذہن ملکہ (۴) بڑی جماعت (۵) مسودہ۔
سواد اعظم (ع) (۱) بڑا شہر (۲) بڑا جتھا (۳) مکہ معظمہ۔
سوءِ ادب (ع) بے ادبی۔
سواد بر گرفتن (ف) پڑھنے کی استعداد حاصل کرنا۔ لکھنے کا ملکہ حاصل کرنا۔
سواد حبش (ف) کولوں کا ڈھیر۔
سواد داشتن (ف) لکھنے پڑھنے کے قابل ہونا۔
سواد روشن کردن (ف) لکھنا پڑھنا سیکھنا۔
سواد کردن (ف) لکھنا۔
سواد نویس (ف) نقل کرنے والا۔
سوار (ف) اس کی اصل اسپ آر ہے گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ راکب کسی سواری پر چڑھا ہوا
سوار (ع) ہاتھ میں پہننے کا کنگن۔
سوار آب (ف) بلبلا۔ حباب۔
سوار پا (ف) چست و چالاک۔ پیادہ۔
سوار سیستان (ف) رستم۔
سوار کار (ف) گھوڑوں کو سدھانے والا سائیس۔
سوار کے شدن (ف) کسی پر غلبہ پانا۔
سوارگان آب (ف) دیکھو سواران آب۔
سوارہ (ف) پیادہ کا الٹ۔
سوارہ نظام (ف) گھوڑ سوار فوج۔
سواطع (ع) ساطع کی جمع۔ بلند۔
سواع (ع) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بت کا نام جو عورت کی شکل کا تھا۔
سواقی (ع) ساقیہ کی جمع۔ چھوٹی ندی نالیاں۔

Marfat.com

سُواک (ع) مسواک - داتن - ٹوتھ برش -
سِوا کردہ (ف) جُدا کر کے -
سَواکِن (ع) ساکن کی جمع - رہنے والی عورتیں -
سُوال (ع) دریافت کرنا - پوچھنا - مانگنا -
سوال از آسمان جواب از ریسمان (ف) پوچھا کچھ ہے اور جواب کچھ اور ملا -
سَوالِف (ع) سالفہ کی جمع - گزرے ہوئے -
سُوءِ القِنیَہ (ع) غذا کے ذخیرہ کا فساد - ایک مرض کا نام جو ضعف جگر سے پیدا ہوتا ہے -
سُوءِ المزاج (ع) بیماری -
سوانح (ع) سانحہ کی جمع - واردات - پیش آنے والی چیزیں - اس لفظ کا استعمال عموماً پسندیدہ اور متوحش واردات پر ہوتا ہے -
سوانی (ع) سانیہ کی جمع - پانی اُٹھانے والے اُونٹ -
سِوائے (ف) سوا - الگ - علیحدہ -
سَوءَۃ (ع) مرد اور عورت کی شرمگاہ (۲) بُرا کام - بُری عادت (۳) بدنامی - رسوائی -
سُوچی (ف) مرکب ہے - سو بمعنی شراب یا پانی اور سوچی بمعنی صاحب (۱) آب دار (۲) مے فروش - ساقی -
سوچی خانہ (ف) شراب خانہ -
سُورخ (ف) پیاز - بصل -
سوختگی (ف) جلن (۲) جلی ہوئی جگہ -
سوختن (ف) (۱) جلنا (۲) جلانا (۳) شعرائے ایران کی اصطلاح میں معشوق کے ظلم و ستم برداشت کرنا - اور اپنے آپ کو اس کے عشق میں فنا کر دینا - اور وا سوختن معشوق سے بیزار ہونا -
سوختن دماغ (ف) مایوس اور نا اُمید ہونا -
سوختنی (ف) جلا دینے کے قابل -
سوختہ (ف) (۱) جلا ہوا (۲) جلا ہوا کپڑا وغیرہ - جس پر چقماق سے آگ لی جاتی ہے (۳) پرویز کے پانچویں خزانہ کا نام (۴) روم میں طالب علم کو سوختہ کہتے ہیں (۵) سنجیدہ - موزوں (۶) شراب کا پھول -
سوختہ خرمن (ف) بدنصیب -
سُود (ف) نفع - فائدہ (۲) بیاج -
سُود (ع) اسود کی جمع - سیاہ - کالے - حبشی لوگ -
سود بردن (ف) نفع لینا -
سود دادن (ف) فائدہ دینا -
سود گرفتن (ف) نفع لینا -
سَودا (ع) سیاہ - کالی عورت (۲) انسان کے جسم کی چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام -
سَودا (ف) پاگل پن - دیوانگی (۲) دیوانہ - اس لیے کہ خلط سودا کی کثرت کے باعث جنون پیدا ہوتا ہے (۳) عشق -

سَودا (ف) خرید و فروخت -
سودابہ (ف) ایک کاؤس شاہ ایران کی ملکہ کا نام جو روم کے بادشاہ کی بیٹی تھی - اور اپنے سوتیلے بیٹے سیاوش پر عاشق ہو گئی - جب وہ مائل نہ ہوا تو اس پر اتہامات لگانے لگی جن سے وہ تنگ آ کر اپنے ملک و قوم کے دشمن افراسیاب کی پناہ میں جا کر پہلے تو اس کا داماد ہوا - اور بعد میں اسی کے ہاتھ سے مارا گیا - جس پر رستم نے سودابہ کو بنائے فساد قرار دے کر قتل کر دیا -
سودا زدہ (ف) دیوانہ - سودائی - پاگل -
سوداگر (ف) بیوپاری - تاجر -
سوداگری (ف) بیوپار - تجارت -
سُودان (ف) (۱) افریقہ کے ایک ملک کا نام جو مصر کے مغرب میں ہے (۲) حبشی - سیاہ رنگ کے لوگ -
سُود آور / سُود آمدن (ف) سیاہی چھا جانا -
سوداوی (ع) منسوب بہ خلط سودا -
سوداوی مزاج (ع) جس کے دماغ میں خلط سودا کی زیادتی ہو -
سودائی (ف) (۱) دیوانہ - پاگل - سڑی (۲) سوداگر - تاجر -
سودائیان (ف) سوداگر لوگ -
سودائی مزاج (ف) دیکھو سوداوی مزاج -
سُودت (ع) پیشوائی - سرداری -
سوءِ دماغ (ع) دماغ کی بیماری - دماغ کی خرابی -
سود سفر سلامتی است (ف) سفر سے صحیح سلامت واپس آنا ہی سب سے بڑا تحفہ ہوتا ہے -
سُودمند (ف) فائدہ مند -
سُودن (ف) رگڑنا - گھسنا - ملنا -
سُود و زیاں (ف) نفع - نقصان -
سود ویژہ (ف) خالص نفع -
سُور (ع) شہر پناہ - فصیل - قلعہ کی دیوار -
سُور (ع) جھوٹا کھانا یا پانی -
سُوَر (ع) سورۃ کی جمع - قرآن مجید کی سورتیں -
سُور (ف) شادی کا جشن - مہمانی (۲) سُرخ رنگ کا پھول (۳) شراب سُرخ (۴) سُرخ رنگ -
سُوراخ (ف) چھید -
سَورت (ع) غصّہ - تندی - تیزی (۲) تپ کی تیزی (۳) شراب کی تیزی -
سُورت (ع) قرآن شریف کی عبارت کا ٹکڑا (۲) شرف - مرتبہ - بزرگی (۳) بمبئی کے علاقہ میں ایک مشہور شہر اور بندرگاہ -
سورمہ (ف) ہتھوڑا -
سُورہ (ع) قرآن شریف کی عبارت کا ٹکڑا -
سُورۂ اخلاص (ع) قُل ھُوَ اللہُ اَحَد کی سورت -

Marfat.com

سورچران (ف) طفیلی۔ مفت خورہ۔
سورچراندن (ف) مفت کھانا۔
سوردادن (ف) ضیافت دینا۔
سُورَن (ف) ترک دشمن پر حملہ کرتے وقت جو نعرہ مارتے یا تکبیر کہتے ہیں۔ اسے سورن کہا جاتا ہے۔
سُورنامے (ف) شہنائی۔ سرنا۔
سُوری (ف) (۱) ایک سُرخ رنگ پھُول کا نام (۲) ہر سُرخ پھُول (۳) ایک قسم کا پیکان۔
سوز (ف) جلن۔ سوزش۔
سُوزاک (ف) ایک مشہور بیماری کا نام جس میں پیشاب کی نالی کے اندر زخم ہو جاتے ہیں۔
سَوزان (ف) جلتا ہوا۔
سَوزانیدن (ف) جلانا۔
سَوزن (ف) سوئی جس سے کپڑا سیا جاتا ہے۔
سوزن ہمہ را پوشاند و لے خودش لخت است (ف) سُوئی سب کے سیتی ہے اور ان کے تن ڈھانپتی ہے لیکن خود عُریاں ہے۔ چراغ تلے اندھیرا۔
سوز و گداز (ف) درد سوز و جلن۔
سَوزنی (ف) (۱) وہ کپڑا جس پر سُوئی سے کام کیا گیا ہو (۲) مشہور بچھونے کا کپڑا۔
سوزیال (ف) (۱) سرمایہ (۲) نفع (۳) سرگوشی (۴) غم خوار (۵) مافی الضمیر (۶) نیک و بد (۷) سوغات۔ تحفہ۔
سوزیدن (ف) جلنا۔
سُوس (ع) (۱) طبیعت۔ اصل (۲) ایک کیڑے کا نام۔ جو اُونی اور ریشمی کپڑے کو خراب کرتا ہے جیسے اُردو میں دیمک اور فارسی میں دیوچہ کہتے ہیں۔
سُوس (ع) ایک درخت کا نام جس کی جڑ کو عربی میں اصل السوس اور اُردو میں ملٹھی کہتے ہیں۔
سوسک (ف) بھنورا۔
سوسمار (ف) گوہ جو چھپکلی کی قسم کا بڑا سا جانور ہے۔
سوسن آزاد (ف) سفید رنگ سوسن۔
سَوسنی (ف) سوسن کے رنگ کی شے (۲) سفید رنگ گھوڑا۔
سَوسوزدن (ف) ٹمٹمانا۔ ہلکا چمکنا۔
سُوسہ (ف) گیہوں کا کیڑا۔
سَوط (ع) چابک۔ تازیانہ۔ کوڑا (۲) چابک مارنا۔
سوءِ طریق (ع) بدراہی۔
سُوغات (ف) تحفہ۔ ہدیہ۔
سُوفار / سُوفان (ف) تیر کا مُنہ (۲) سُوراخ (۳) سوئی کا ناکہ (۴) مٹی کا برتن۔
سُوفسطا (ع) وہ حکمت جس کی بنیاد وہم پر ہے۔
سُوفِسطائی (ع) حکمار کا وہ گروہ جس کی بنیاد وہم پر ہے۔ اور جو حقائق کو نہیں مانتا۔
سوفی (ی) صاحبِ حکمت۔ حکیم۔
سَوق (ع) (۱) چلانا۔ رواں کرنا (۲) روانی (۳) ساق یعنی پنڈلی پر مارنا۔
سوق (ع) بازار۔
سُوق (ع) ساق کی جمع۔ پنڈلیاں۔
سُوق الثلاثہ (ع) بغداد کے ایک بازار کا نام۔ جہاں سہ شنبہ یعنی منگل کو خرید و فروخت ہوتی ہے۔ لفظی معنی تیسرا بازار یعنی تیسرے دن یا سہ شنبہ کا بازار۔
سوق الجیش (ع) لشکر کشی۔
سوق دادن (ف) رہنمائی کرنا۔
سوق دواب (ع) منڈی مویشیاں۔
سُوقہ (ع) اَن پڑھ عوام۔
سُوقی (ع) (۱) بازاری (۲) دُکاندار۔
سوگ (ف) ماتم۔ غم۔ مصیبت۔
سوگلی (ف) متعہ کی ہوئی عورت۔ معشوقہ۔ محبوبہ۔ سب سے پیاری عورت۔
سوگند (ف) قسم۔
سوگند خوردن (ف) قسم کھانا۔
سوگوار (ف) ماتم والا۔ ماتمی۔ غمزدہ۔
سوگواری (ف) ماتم داری۔ غم۔
سوم (ف) تیسرا۔ ثالث۔
سومنات (ف) ملک گجرات کے ایک مشہور بُت خانہ اور بُت کا نام جسے سلطان محمود غزنوی نے توڑا تھا۔
سوہن (ف)
سُوہش (ف) سوہن سے کیا ہوا سونے، چاندی یا لوہے کا برادہ۔
سُوہان (ف) ریتی جس سے لوہا وغیرہ رگڑتے ہیں۔
سوہانِ رُوح (ف) جو چیز رُوحانی آزار اور تکلیف کا باعث ہو۔
سوہان گیر (ف) ملائم۔ نرم۔
سوئے (ف) جانب۔ طرف۔ جہت۔
سُوئے (ف) شراب۔ پانی۔
سوئے پا دیدن (ف) نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
سَویّت (ع) اعتدال۔ برابری۔
سَویق (ع) ستّو۔
سُوئے کسے گرفتن (ف) کسی کی طرف جانا۔

## س ہ

سہ (ف) تین۔ ۳۔
سُہا (ف) ایک چھوٹے سے ستارہ کا نام۔ جو بنات النعش میں ہے۔

Marfat.com

سُہاد (ع) بے خوابی - بیداری۔
سہ اسپہ (ف) نہایت جلدی چلنے والا شخص۔
سہ اسپہ پوئیدن / سہ اسپہ تاختن } (ف) تیز رو ہونا - جلدی چلنا۔
سَہام (ع) گرمیوں میں ہوا کا سخت گرم ہونا - گرمی کی شدت۔
سِہام (ع) سہم کی جمع (۱) تیر (۲) حصے۔
سِہام (ع) بڑا تیر انداز۔
سَہب (ع) تیز قدم باز گھوڑا (۲) جنگل۔
سَہب (ع) زمین ہموار۔
سہ برگہ (ف) ایک پھول کا نام۔
سہ بُعد (ف) ابعادِ ثلاثہ یعنی لمبائی چوڑائی اور گہرائی۔
سہ پایہ (ف) چولہا۔
سہ تار (ف) ستارہ (۲) تین عدد۔
سہ تائی (ف) تین مل کر باہم۔
ستار (ف) ستارہ۔
سہ چرخہ (ف) ٹرائی سائیکل - تین پہیوں والا بچوں کا سائیکل۔
سہ خوان (ف) عیسائیوں کا گروہ جو اللہ - مریمؑ اور عیسیٰؑ تین خدا مانتا ہے۔
سہ خواہران (ف) بنات النعش کے تین ستارے۔
سُہُد (ع) کم سونے والا آدمی۔
سہ دانگ (ف) ناقص چیز جو اپنے اجزا میں نامکمل ہو۔
سہ دختر (ف) بنات النعش کے تین ستارے۔
سہ دَیر (ف) خورنق - تین گنبد کی وہ عمارت جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لیے تیار کرائی تھی۔
سَہر (ع) جاگنا - بیداری۔
سُہر (ع) ایک مرض کا نام جس میں نیند نہیں آتی۔
سُہراب (ف) رستم کے بیٹے کا نام جو افراسیاب کی طرف سے ایران پر حملہ آور ہوا اور نادانستہ باپ کے ہاتھ سے مارا گیا۔
سَہران (ع) جاگنے والے۔
سہ رُوح (ف) موالیدِ ثلاثہ یعنی رُوحِ حیوانی - رُوحِ نباتی اور رُوحِ جمادی۔
سُہروردی (ف) (۱) منسوب بہ سہرورد جو عراق عجم میں ایک شہر ہے (۲) طریقت کے ایک مشہور گروہ کا نام - جن میں ہر فرد بھی سہروردی کہلاتا ہے - اور ان کا سلسلہ شیخ شہاب الدین سہروردی سے ملتا ہے۔
سہرہ (ف) ایک چھوٹا سا پرندہ جو بلبل کی مانند خوش آواز ہوتا ہے اس کے پَر زرد اور سبز ہوتے ہیں۔
سہ شاخ (ف) موالیدِ ثلاثہ - یعنی حیوانات - نباتات اور جمادات۔
سہ شنبہ (ف) منگلوار۔
سہ ضربہ زدن (ف) ہر طرف سے حملہ کرنا۔
سہ طلاق (ف - ع) تین طلاق دینا۔

سہ طلاقہ (ف) وہ عورت جس کو اس کے شوہر نے تین طلاقیں دے دی ہوں۔
سہ ظلمات / سہ ظلمت } (ف) باپ کی پیٹھ - ماں کا پیٹ اور بچہ دان - یعنی رحم۔
سہ علم (ف) علم طبعی - علم الٰہی اور علم ریاضی۔
سہ غرفۂ دماغ / سہ غرفۂ مغز } (ف) دماغ کے تین بالاخانے جہاں تین دماغی قوتیں ہیں - خیال - فکر اور حفظ۔
سہ فرزند (ف) موالیدِ ثلاثہ۔
سہ قبلہ (ف) (۱) خانۂ کعبہ - بیت المقدس - اور بیت المعمور (۲) یہود و نصاریٰ اور مسلمانوں کا قبلہ۔
سَہک (ع) (۱) پیسنا (۲) گھسنا (۳) ہوا کا خاک کو اڑا کر لے جانا۔
سَہک (ع) گوشت کی بُو (۲) مچھلی کی بُو (۳) لوہے کا زنگ۔
سہ کنج (ف) سہ گوشہ - مثلث۔
سہ گوشہ (ف) مثلث۔
سہ گوہر (ف) موالیدِ ثلاثہ۔
سَہل (ع) (۱) آسان (۲) ہموار اور نرم زمین - (۳) ہر آسان اور نرم شے (۴) ایک مشہور ولی - ابو محمد بن عبداللہ تستری کا نام جو ۸۰ سال کی عمر پا کر ۲۸۳ھ میں فوت ہوئے۔
سہل انگار (ف) بے پروا۔
سہل جوئے (ف) (۱) صلح جو (۲) نرمی اور سہولت چاہنے والا۔
سہل العبور (ع) وہ راستہ جس کو عبور کرنا آسان ہو۔
سہل گرفتن (ف) آسان خیال کرنا (۲) سہار لینا۔
سہلی (ف) دیکھو - سہل جوئے۔
سَہم (ف) ڈر - خوف۔
سَہم (ع) (۱) تیر (۲) فال لینے کا تیر (۳) چھت کی کڑی (۴) حصہ۔
سہم السعادت / سہم الغیب } (ع) علم نجوم کی اصطلاح میں مولود کے طالع کے وقت کواکب کا ایک خاص وضع پر واقع ہونا - نجوم کے قاعدہ کے مطابق سہم بہت سے ہیں۔
سہم بُردن (ف) اپنا حصہ لینا۔
سہم کردن (ف) بانٹنا - حصے بخرے کرنا۔
سہ مرتبہ (ف) لڑکپن - جوانی اور بڑھاپا۔
سہمگین (ف) سہمگین کا مخفف۔
سہمگین / سہمناک } (ف) خوف ناک - ڈراؤنا - ہیبت ناک۔
سہمیدن (ف) خوف کرنا - ڈرنا۔
سہ نوع (ف) موالیدِ ثلاثہ۔
سہو (ع) بھول - چوک - فراموشی (۲) غافل ہونا - بھول جانا۔
سہواً (ع) بھول کر۔
سہو القلب (ع) جو غلطی انگلیوں پر حساب کرتے ہوئے پڑ جائے۔

Marfat.com

اصل لفظ سہو العقد ہے عقد کے معنی ہیں - اُنگلی کے پور۔
سُہولت (ع) نرمی - آسانی۔
سُہوم (ع) ترشروئی۔
سُہوم (ع) عقاب۔
سَہی (ف) سیدھا - راست (۲) سیدھا سرو۔
سُہیل (ع) ایک مشہور ستارہ کا نام - جس کی خاصیت سے یمن میں چمڑا نہایت عمدہ تیار ہوتا ہے - قدر اوّل کا یہ ستارہ بہت روشن ہے اور اس قدر دُور فاصلے پر واقع ہے کہ آج تک اس کا فاصلہ معلوم نہیں ہو سکا - آفتاب سے ۵۵ ہزار گنا بڑا ہے اور ایک بہت بڑے نظام شمسی کا مرکز ہے - ہر سال ۱۰ فروری کو رات کے ۹ بجے نصف النہار پر ہوتا ہے - اس کا عرض ½ ۵۲ درجے جنوبی ہے لیکن چونکہ لاہور خطِ استوا سے ½ ۳۱ درجے شمال میں ہے اس لیے لاہور میں اس کا عرض ۸۴ درجے جنوبی ہوتا ہے۔
سُہیلہ (ع) ایک قسم کا خیمہ۔
سُہیلی (ع) منسوب بہ سہیل ستارہ (۲) افریقہ کے ایک فرقہ کا نام۔
سہیم (ع) شریک - حصّہ دار۔

# س - ی

سی (ف) تیس - ۳۰ - سہ۔
سِی (ت) وہ - اُو۔
سَیّ (ع) بُرائی - بدی - گناہ (۲) بُرا - خراب - بد۔
سَیّات (ع) سیّئہ کی جمع - گناہ - بُرائیاں۔
سَیّاتِ اعمال (ف) بدکاریاں۔
سَیّاح (ع) بہت سیر کرنے والا مسافر۔
سیاحت (ع) سفر کرنا - سیر کرنا۔
سیاحت کردن (ف) سیر و گردش کرنا۔
سیادت (ع) سرداری - بزرگی - پیشوائی۔
سَیّار (ع) سیارہ کی جمع - سیر کرنے والا (۲) تیز چلنے والے - (۳) وہ ستارے جو گردش کرتے ہیں۔
سیّارات (ع) سیارہ کی جمع - حرکت کرنے والے تارے یعنی زمین - عطارد - زہرہ - مریخ - مشتری - زحل - یورنیس - نیپچون - علاوہ ازیں چاند بھی سیارہ ہی کہلاتا ہے۔
سیارگان (ف) دیکھو سیارات۔
سیّارہ (ع) بہت سیر کرنے والا (۲) قافلہ - کاروان (۳) وہ ستارہ جو حرکت یعنی گردش کرتا ہو۔
سیاست (ع) (۱) قانون ملک چلانا - بادشاہت کرنے کا طریقہ (۲) نگہبانی (۳) حکومت (۴) تنبیہ (۵) لوگوں کو قصور و جرم کی سزا دے کر تنبیہ کرنا۔
سیاست باز (ف) سیاست کے پھڈے میں ٹانگ اڑانے والا۔
سیاست باف (ف) سیاسی بازی گر۔
سیاست کار (ف) سیاست میں حصّہ لینے والا۔
سیاست کردن (ف) سزا دینا۔
سیاست گر } سیاستی } (ف) خونریز - سفاک۔
سیاست مدار (ف) سیاست دان۔
سیاست مداری (ف) حکمت عملی۔
سیاط (ع) سوط کی جمع - چابک - کوڑے۔
سیاق (ع) چلانا - رواں کرنا (۲) جان توڑنا (۳) علم حساب (۴) روش طرز۔
سیاقِ کلام (ف - ع) طرزِ ادا۔
سیاقت (ع) چلانا - رواں کرنا۔
سَیّال (ع) پتلا - بہتی ہوئی چیز - بہنے والی شے - جاری (۲) اصطلاح علم طبیعیات میں ہر وہ شے جو اپنی شکل بدل سکے - بخلاف ٹھوس اشیاء کے جن کی شکل اور حجم نہیں بدل سکتے اور بخلاف گاس کے جن کی شکل اور حجم دونوں بدل سکتے ہیں۔
سیّالات (ع) سیّال کی جمع - بہنے والی اشیاء۔
سیالخ (ف) گوکھرو - لوہے کے گوکھرو جو دشمن کی فوج کی راہ میں پھینکے جاتے تھے۔
سیالہ (ف) رو۔
سیّئ الخلق (ع) بدخلق - بدمزاج - بدخصلت۔
سی اُم (ف) تیسواں حصّہ۔
سیامک (ف) کیومرث شاہانِ ایران کے بیٹے کا نام۔
سیاوش } سیاوُش } (ف) کیکاؤس شاہِ ایران کے بیٹے کا نام - جس پر اس کی والدہ سودابہ عاشق ہوگئی تھی - اور جب وہ مائل نہ ہوا - تو اس پر اتہام لگانے شروع کیے - جس سے وہ تنگ آکر اس جنگ میں شامل ہوگیا جو افراسیاب سے ہو رہی تھی - لیکن اس پر بھی باپ کی بدگمانیاں دیکھ کر وہ افراسیاب کے پاس چلا گیا افراسیاب نے پہلے تو اپنی بیٹی فرنگیز سے اس کی شادی کردی - لیکن بعد میں بڑے ظلم سے مروا ڈالا - فرنگیز نے باوجود تکالیف کے اپنے بیٹے کیخسرو کو پرورش کیا - جس نے باپ کے خون اور ماں کی تکالیف کے انتقام میں افراسیاب کو قتل کیا بعض نے اسے سیاوخش بھی کہا ہے - مجازاً سیاوش کے معنی شاد اور خوش و خرم بھی لیتے ہیں۔
سیاہ (ف) (۱) کالا (۲) نحس (۳) حبشی (۴) الٹا - اوندھا۔
سیاہال (ف) چور (۲) ملاح۔
سیاہ بادام (ف) (۱) معشوق کی آنکھ (۲) ایک قسم کا بادام ہے کہ اس کا درخت اور میوہ سب کچھ سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور اس قسم کا بادام ذائقے میں کڑوا ہوتا ہے۔
سیاہ بخت (ف) بدقسمت - بدبخت۔

Marfat.com

سیاہ بہار (ف) موسم بہار - سرد ممالک میں موسم بہار میں برف کے نیچے سے جو سبزہ نکلتا ہے - وہ مائل بہ سیاہی ہوتا ہے - سبز بہار - بڑی بہار -

سیاہ پستان (ف) وہ عورت جس کا کوئی بچہ زندہ نہ رہے اور اگر وہ کسی بچہ کو دودھ پلائے تو وہ بھی مر جائے - مراد دُنیا -

سیاہ پُشت (ف) کبوتر کی ایک قسم -

سیاہ پوش (ف) (۱) سوگوار - ماتمی (۲) کوتوال -

سیاہ پیر (ف) بوڑھا - حبشی - غلام -

سیاہ تلو (ف) ایک ایرانی جنگلی درخت جو شمالی ایران کے جنگلوں میں ہوتا ہے -

سیاہ چال (ف) سیاہ چاہ کا بگاڑ - اندھا کنواں جس میں مجرم قید کیے جاتے ہیں -

سیاہ چُرزہ (ف) کالا - بہت سیاہ جس کی سیاہی میں چمک ہو -

سیاہ چشم (ف) (۱) شکاری پرند - باز و چرغ وغیرہ - (۲) معشوق (۳) بے وفا - بے مروّت -

سیاہ خانہ (ف) صحرانشین لوگوں کا گھر (۲) نامبارک اور بے برکت گھر (۳) قید خانہ (۴) بدبخت - بدنصیب -

سیاہ خانۂ وحشت (ف) دُنیا -

سیاہ درخت (ف) میوہ دار درخت -

سیاہ دَرُوں (ف) (۱) گنہگار (۲) ظالم - منافق -

سیاہ دست (ف) کنجوس - بخیل -

سیاہ دل (ف) گنہگار (۲) ظالم - منافق -

سیاہ رگ (ف) ورید -

سیاہ روز (ف) مصیبت زدہ - بدبخت - ماتمی -

سیاہ رُوئی (ف) شرمندگی - ندامت -

سیاہ زبان (ف) وہ شخص جس کی بددعا موثر ہو -

سیاہ سال (ف) قحط سال -

سیاہ سار (ف) مگرمچھ - نہنگ -

سیاہ سوز (ف) زراعت جو پانی کی کمی کے باعث جل گئی ہو -

سیاہ شدن زُبان (ف) بُرا کہتے کہتے زبان تھک جانا -

سیاہ شدن نامہ (ف) گناہوں کی کثرت سے نامۂ اعمال سیاہ ہو جانا -

سیاہ رنگ (ف) (۱) بغیر رنگ کے سیاہی کی تصویر جیسے فوٹو کی ہوتی ہے (۲) معشوق ملیح -

سیاہ فام (ف) کالا - سیاہ رنگ والا -

سیاہ قلم (ف) وہ تصویر جو کالی سیاہی سے بنائی گئی ہو اور اس میں رنگ آمیزی کی گئی ہو -

سیاہ کار (ف) گنہگار - فاسق - بدکار - مکّار -

سیاہ کاری (ف) بدکاری - گنہگاری -

سیاہ کام (ف) بے نصیب - بدبخت -

سیاہ کرد (ف) سیاہ کار -

سیاہ کردن جبین (ف) دادخواہی کرنا - فریاد کرنا - ظلم سے انصاف کرانا -

سیاہ گلیم (ف) بدبخت - بدنصیب -

سیاہ گوش (ف) ایک درندہ جانور کا نام - بن بلاؤ جو بلّی سے بڑا اور کتّا سے چھوٹا ہوتا ہے - کان سیاہ - رنگ گلابی مائل بہ سیاہی - بہت تیز چلتا ہے اور شیر کے آگے آگے بولتا ہے تاکہ اس کی آمد سے دُوسرے جانور خبردار ہو جائیں -

سیاہ گون (ف) سیاہ فام -

سیاہ مست (ف) بدمست -

سیاہ نامہ (ف) گنہگار - بدکار - فاسق -

سیاہ و سفید (ف) (۱) رات - دن (۲) مشرق - مغرب (۳) خیر و شر (۴) روم و زنگ (۵) کفر و اسلام (۶) نیک و بد - بھلائی - بُرائی -

سیاہ و سفید را تمیز دادن (ف) اچھے بُرے میں تمیز کرنا -

سیاہہ (ف) وہ روزنامچہ جس میں ہر روز کی آمدنی نقد و جنس اجمالاً لکھی جائے (۲) بدکار عورت -

سیاہی (ف) کالک - اندھیرا - سیاہ پن -

سیاہی دِہ - شرمندہ کرنے والا - طاقت دینے والا - آراستہ کرنے والا -

سیاہیِ دِہ (ف) مسافر کو دُور سے کسی گاؤں کے آثار نظر آنا - کسی جگہ بستی اور آبادی کی علامت دُور سے نظر آنا -

سیاہی کردن }
سیاہی نمودن } (ف) ظاہر کرنا -

سَیب (ف) عطا - بخشش -

سیب (ف) ایک مشہور پھل کا نام -

سیب آزالش (ف) اصفہان کا ایک قسم کا سیب -

سیب دونیم (ف) برابر - نظیر - ہم شکل - بالکل مشابہ -

سیب زمینی (ف) آلو -

سیب زنخدان (ف) خوبصورت ٹھوڑی -

سیب سُرخ برائے دست چلاق بد نیست (ف) غریبوں کے ہاتھ میں کوئی اچھی چیز معیوب نہیں - وہ بھی خدا کی مخلوق ہیں -

سیب سپاہان (ف) سیب کی ایک قسم -

سیبویہ (ف) ایک مشہور فاضل کا نام -

سیبہ (ت) سپاہیوں کا مورچہ -

سیپے و سجودے - تحفہ نہایت معمولی اور نیازمندی بہت زیادہ -

سی پارہ (ف) تیس ٹکڑے - ٹکڑے ٹکڑے -

سیحوں (ف) تاتار کے ایک مشہور دریا کا نام جو جھیل آرال میں گرتا ہے -

سیخ (ف) لوہے کی سلاخ -

سیخ پَر (ف) پرندہ کا وہ بچہ جس کی ابھی کلیاں پھوٹی ہوں -

سیخ جاروب (ف) جھاڑو کی تیلی -

سیخ زدن (ف) سیخ پہ چڑھانا - اصرار کرنا -

سیخ شُدن (ف) سیدھا ہونا (۲) کسی کے ساتھ برابری کرنا -

Marfat.com

سیخک (ف) چھوٹی سیخ ۔ تکہ کباب۔
سَیّد (ع) سردار ۔ پیشوا ۔ بزرگ ۔ رئیس ۔
سیّدہ (ع) سیدانی ۔ محترمہ۔
سِید (ع) (۱) بھیڑیا (۲) شیر۔
سَیر (ع) (۱) چلنا ۔ رفتار (۲) چمڑے کا تسمہ ۔
سیر (ف) (۱) پُرشکم ۔ پیٹ بھرا ہوا (۲) آسودہ (۳) رنجیدہ ۔ بیزار ۔
(۴) کثیر ۔ بہت (۵) بے نیاز۔
سیر (ف) لسن ۔ تھوم ۔
سِیَر (ع) سیرت کی جمع (۱) عادتیں ۔ خصلتیں (۲) علم تواریخ جس میں گزشتہ
لوگوں کا حال درج ہوتا ہے ۔
سیر بُودن (ف) سیر ہونا۔
سیراب (ف) جو پیاسا نہ ہو ۔ پانی سے سیر اور آسودہ تازہ ۔ آب دار
(۲) ایک قسم کا کھانا۔
سیراب شُدن (ف) سیراب ہونا۔
سیراب کردن (ف) سیراب کرنا۔
سیر السوانی (ع) پانی اُٹھانے والے اونٹوں کی رفتار جو سست
ہوتی ہے ۔
سیر آفاق (ف) دنیا کی سیر۔
سیر آمدن از چیزے (ف) کسی چیز سے دل بھر جانا (۲) تنگ آنا
(۳) بے نیاز ہونا (۴) ملول ہونا۔
سَیران (ع) چلنا ۔ سیر کرنا۔
سیر آہنگ (ف) بلند آواز ۔
سِیرت (ع) (۱) عادت ۔ خصلت ۔ خو (۲) عزت ۔ ناموس ۔
سیر چشم (ف) بے طمع ۔ آسودہ ۔
سیر حاصل (ف) وہ زمین جس میں زراعت عمدہ ہو ۔
سیر در لوزینہ کردن (ف) خوشی میں غم ڈال دینا۔
سیر شُدن از چیزے (ف) دیکھو ۔ سیر آمدن از چیزے ۔
سیر کردن (ف) پیٹ بھر کر کھلانا۔
سَیرگاہ (ف) سیر کرنے کی جگہ ۔ ہوا خوری کی جگہ ۔
سیر گشتن از چیزے (ف) دیکھو ۔ سیر آمدن از چیزے ۔
سَیرگہ (ف) وہ منزل جس میں راہ نہ ہو۔
سیری (ف) سیر ہونا ۔ پیٹ بھرنا ۔ شکم پُر ہونا۔
سیزدہ (ف) تیرہ ۔ ۱۳ ۔ ۱۳
سیستن (ف) کودنا ۔ جست و خیز کرنا۔
سَیف (ع) (۱) تلوار مارنا (۲) گھوڑے کی دُم کے بال ۔
سِیف (ع) جنگل اور دریا کا کنارہ ۔
سیف اللہ (ع) اللہ کی تلوار ۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کا لقب جو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود عطا فرمایا۔
سیفُور (ف) ایک قسم کا سیاہ رنگ ریشمی کپڑا۔
سیفہ کردن کتاب ۔ جلد بندی کرنے میں کتاب کے حاشیے وغیرہ
کاٹنا اور درست کرنا۔
سیکی (ف) سہ یکی کا مخفف ۔ وہ شراب جو جوش کھاتے کھاتے صرف ایک
تہائی رہ جائے ۔ مطلق شراب ۔
سِیگ (ف) آلہ تناسل ۔
سیگار (ف) چُرٹ ۔ سیگار کا معرب ۔
سیگار کشیدن (ف) سگریٹ پینا ۔ مجامعت کرنا ۔
سَیل (ع) پانی کی رَو ۔ پانی یا خون کا جاری ہونا ۔ طغیانی ۔
سیلاب (ف) پانی کی رَو ۔ باڑھ ۔
سَیلان (ع) پانی یا خون کا رواں ہونا۔
سَیل در خرمن اُفتادن (ف) بے قرار ہونا ۔ پریشان ہونا۔
سَیل عَرِم (ع) دیکھو سیل العرم ۔
سِیلی (ف) تھپڑ ۔ طمانچہ ۔
سیلی بستن } (ف) تھپڑ ابھارنا ۔
سیلی کشیدن }
سیلی خوردن (ف) تھپڑ کھانا۔
سیلی زدن (ف) تھپڑ مارنا۔
سیلی نقد بہ عطائے نسیہ (ف) نو نقد نہ تیرہ اُدھار ۔
سِیم (ف) (۱) چاندی (۲) سکندر نامہ میں ایک جگہ نوشابہ سے مُراد
ہے ۔
سِیم (ف) چاندی ۔ لوہے پیتل وغیرہ کا تار ۔
سِیُم (ف) تیسواں حصہ ۔
سِیما (ع) علامت ۔ نشان جس سے نیکی ۔ بدی شناخت ہو سکے ۔
چونکہ علامت نیکی ۔ بدی پیشانی سے معلوم ہوتی ہے ۔ اس لیے
بمعنی پیشانی آتا ہے (۲) فارسی میں مطلق بمعنی پیشانی (۳) محراب
یعنی وہ نشان جو کثرت سجدہ سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے ۔
سِیَّما (ع) خصوصاً ۔ خاص کر ۔ خاصتہً ۔
سیمائے مردم آئینہ حال باطن است (ف) انسان کی دلی کیفیت کا
اس کے چہرے سے پتہ چل جاتا ہے ۔
سیماب (ف) پارہ ۔
سیماب آتشیں (ف) سُورج ۔
سیماب چشم (ف) اشک ۔ آنسو ۔
سیماب در گوش (ف) بہرہ ۔
سیماب دِل (ف) (۱) بے قرار (۲) بُزدل ۔
سیماب شُدن (ف) (۱) بے قرار ہونا (۲) بھاگ جانا (۳) کانپنا۔
(۴) غائب ہو جانا ۔
سیمابی شُدن (ف) ہوا یعنی خلا ۔ آسمان کا روشن حصہ ۔
سیمان (ف) سیمنٹ جو عمارتوں کی تعمیر میں کام آتا ہے ۔
سیم بر (ف) سیمیں بدن ۔ چاندی جیسے بدن والا۔
سیم بر سنگ زدن (ف) جماع کرنا۔
سیم تن (ف) گورا ۔ چٹا ۔ معشوق ۔ محبوب ۔
سیم دندان (ف) مسکرانے والا ۔ متبسم ۔

Marfat.com

سیمرغ (ف) ایک مشہور پرند کا نام ۔ بعضوں کے نزدیک عنقا کو بھی کہتے ہیں ۔

سیم سوختہ (ف) خاص اور نرم چاندی (۲) لاجورد ۔

سیم کاری (ف) (۱) جلوہ گری (۲) دلفریبی (۳) کسی چیز پر چاندی کا کام کرنا ۔

سیم کش (ف) لٹیرا ۔

سیم کش (ف) تار کش

سیم کش (ف) فضول خرچ ۔

سیم گاورس وار (ف) بہت سے ستارے جو قریب قریب چینی کے دانوں کی طرح پھیلے ہوئے ہیں ۔

سیمیا (ع) علم طلسم ۔ علم نظر بندی ۔ وہ علم جس کے ذریعے اپنی رُوح دُوسرے کے قالب میں لے جائی جائے ۔

سیمیں بناگوش
سیمیں بدن
سیمیں ذقن } (ف) معشوق ۔ محبوب ۔
سیمیں رُخ
سیمیں زنخ

سیمیں سیب (ف) معشوق کی ٹھوڑی ۔

سیمیں عارض
سیمیں عذار } (ف) معشوق ۔ محبوب

سیمیں گوئے (ف) معشوق کی ٹھوڑی ۔

سین (ف) مکڑی کی قسم سے ایک جانور ہے جو زراعات کو کھا جاتا ہے ۔

سینا (ع) (۱) عرب کے شمال مغرب میں ایک پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توریت ملی تھی ۔ (۲) حکیم بو علی کے دادا کا نام ۔

سینہ (ف) چھاتی ۔ صدر ۔

سینہ باز (ف) ابلق دو رنگ ۔

سینہ بند (ف) محرم ۔ انگیا (۲) گھوڑے کے سامان میں چمڑے کا لمبا تسمہ ۔ جو گھوڑے کے سینہ پر باندھا جاتا ہے ۔

سینہ پہلو (ف) نمونیا ۔

سینہ چاک (ف) آزردہ ۔ ماتم زدہ ۔

سینہ ریش (ف) وہ شخص جس کا دل غم و اندوہ سے آزردہ ہو ۔

سینہ زدن (ف) پیٹنا ۔

سینہ زن (ف) عزاداری کے جلوس میں اپنے سینے پر ہاتھ سے ضرب لگانے والا ۔

سینہ سپر کردن (ف) جنگ سے نہ ہٹنا ۔ قدم جمائے رکھنا ۔

سینہ صاف کردن (ف) کھانسنا ۔

سینہ کاوی (ف) سخت کوشش ۔ نہایت مشقت ۔

سینہ کردن (ف) (۱) فخر کرنا (۲) تیر کا زمین پر لگ کر پھر کسی چیز پر لگنا ۔

سینہ کردن تیر ۔ تیر کا زمین پر لگ کر پھر کسی چیز پر لگنا ۔

سینہ کرگدن خاریدن (ف) آ بیل مجھے مار ۔ شیر کے جبڑوں میں ہاتھ دینا ۔

سینہ گشادن (ف) بے حجاب ہونا (۲) آسودہ حال ہونا ۔

سینہ کشیدن (ف) ڈنٹر پیلنا ۔

سینہ مال رفتن (ف) رینگ کر جانا ۔

سینی (۱) چینی سے معرب ہے ۔ تانبے کا خوان یعنی تھال (۲) شمع کا لگن یعنی برتن ۔

سیئو (ف) سیب ۔

سُیُوف (ع) سیف کی جمع ۔ تلواریں ۔

سُیُول (ع) سیل کی جمع ۔ طغیانیاں ۔

سَیّئہ (ع) بدی ۔ برائی ۔ صغیرہ گناہ ۔

سیہ (ف) سیاہ کا مخفف ۔ کالا ۔

سیہ بادام (ف) معشوق کی آنکھ ۔

سیہ بہار (ف) بڑی بہار ۔ بہار سبز ۔

سیہ تاب (ف) صیقل شدہ لوہے کو سیاہ بنفشی رنگ کرنا ۔

سیہ چُردہ (ف) کالا ۔ سانولا ۔ معشوق ۔ ملیح ۔

سیہ چال (ف) دیکھو سیاہ چال ۔

سیہ چشم (ف) دیکھو سیاہ چشم ۔

سیہ خانہ (ف) بدنصیب ۔ بدبخت (۲) قید خانہ (۳) ویران گھر ۔ نامبارک گھر ۔ بے برکت گھر (۴) سیاہ جھولداری (۵) صحرا نشینوں کا خیمہ ۔

سیہ روز (ف) بدبخت ۔

سیہ زُبان (ف) دیکھو سیاہ زُبان ۔

سیہ فام (ف) سیاہ رنگ ۔

سیہ قلم (ف) ایسی تصویر جس میں سیاہ رنگ کے سوا دُوسرا کوئی رنگ نہ ہو ۔ فوٹو ۔

سیہک (ع) آندھی ۔ مٹی جسے ہوا اُڑا لے ۔

سیہ کام (ف) نامراد ۔ بدبخت ۔

سیہ کردن (ف) اُجاڑنا ۔ برباد کرنا ۔

سیہ گلیم (ف) مفلس ۔ بدبخت ۔

سیہ مست (ف) نشہ میں چُور ۔ مست ۔

سیہ نامہ (ف) گناہ گار ۔ بدکار ۔

Marfat.com

# ش

ش - فارسی حروف تہجی کا سولہواں اور عربی کا تیرھواں حرف - بحساب جمل اس کے ۳۰۰ عدد مقرر ہیں -

## ش - ا

شاب (ع) گبرو - جوان - فارسی میں بلاتشدید بھی استعمال ہوتا ہے -

شاباش (ف) (۱) شادباش کا مخفف - کلمہ تحسین - خوش رہو - آفرین - مرحبا - واہ وا - بہت خوب (۲) جب دُلہا دُلہن کو لے کر اپنے گھر میں آتا ہے تو اس وقت دُلہا دُلہن پر سے جو رقم نثار کی جاتی ہے اُسے بھی شاباش کہتے ہیں -

شاباش کردن (ف) دُولہا دُولہن کے سر پر سے مٹھائی اور پیسے نچھاور کرنا -

شاباش گفتن (ف) تحسین و آفرین کہنا -

شابورو (ف) ہالا - چاند کے گرد جو دائرہ ہوتا ہے -

شاث (ف) شور - غل -

شاتم (ف) بدگو - گالی گلوچ دینے والا -

شاتو (ف) زینہ - سیڑھی -

شاتورد (ف) شاث ورد کا بگاڑ (۱) چاند کا ہالا (۲) خسرو کے ساتویں خزانہ کا نام (۳) فرش (۴) موسیقی کے ایک پردہ کا نام -

شاخ (ف) ٹہنی (۲) سینگ (۳) ٹکڑا - پارہ (۴) پیشانی - (۵) کپڑے کی تریز (۶) صراحی (۷) شراب کا پیالہ - (۸) کندھے سے لے کر انگلیوں تک ہاتھ (۹) ران کی جڑ سے انگلیوں تک پاؤں -

شاخابہ (ف) ندی - نہر -

شاخ از پشت کسے برداشتن (ف) کسی کی مخالفت چھوڑ دینا -

شاخ از پشیمانی برآوردن (ف) نہایت پشیمان ہونا -

شاخ آفتابی (ف) سورج کی کرن -

شاخ آہو (ف) کمان -

شاخ بدیوار }
شاخ بردیوار } (ف) مغرور - متکبر - گردن کش -

شاخچہ (ف) شاخ کی تصغیر - چھوٹی ٹہنی (۲) افترا - بہتان - تہمت -

شاخدار (ف) مغرور - متکبر - خودبین (۲) بے غیرت - دیوث - بھڑوا (۳) خالص چاندی -

شاخ داشتن (ف) مددگار رکھنا - معاون رکھنا -

شاخ در آوردن (ف) مغرور ہونا - حیران ہونا -

شاخ در جیب کسے گذاشتن (ف) کسی کو کسی بات پر اُکسانا اور اشتعال دلانا -

شاخ در شاخ (ف) (۱) بکثرت (۲) طرح طرح کے -

شاخ زدن (ف) سینگوں سے ٹکر مارنا -

شاخ زریں (ف) زرد رنگ کا قلم -

شاخسار (ف) وہ جگہ جہاں بہت سے شاخ دار درخت ہوں (۲) بہت ٹہنیوں والا درخت (۳) جنتری جس سے تار کھینچا جائے -

شاخسانہ (ف) فتنہ فساد (۲) مکر - حیلہ - دغا - فریب (۳) نمود نمائی

شاخ شکست (ف) دُنیا -

شاخ شانہ (ف) گرزمار فقیروں کا ایک گروہ جن کے ایک ہاتھ میں بکری کا سینگ اور دُوسرے میں شانہ ہوتا ہے اور اُسے بجا کر مانگتے ہیں - اگر انہیں کچھ نہ دیا جائے تو چھری وغیرہ سے اپنے جسم کو زخمی کرتے ہیں (۲) دھمکانا - ڈرانا -

Marfat.com

شاخ شاخ (ف) پارہ پارہ ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۔
شاخ شکستن ۔ ادب کرنا اور خودسری سے باز آجانا۔
شاخ گل (ف) معشوق ۔
شاخ گیسو ۔ بالوں کی لٹ ۔
شاخل } (ف) ادہر جو مشہور دال ہے ۔
شاخل
شاخ نبات (ف) کوزے کی مصری جو دھاگوں میں لپٹی ہوتی ہے ۔ مصری کے کوزے کی تیلیاں۔
شاخ وبرگ (۱) طول وعرض (۲) حرف وحکایت (۳) تعلق اور سامان ۔
شاد (ف) خوش وخرم ۔
شاداب (ف) سیراب ۔ پُرآب ۔ تروتازہ ۔ بارونق ۔
شاداں (ف) خوش حال ۔ خوش وقت (۳) مُطربہ ۔ مغنیہ (۳) فاحشہ عورتیں ۔
شاداں وفرحاں (ف) خوش وخرم ۔
شاد باد (ف) خدا خوش وخرم رکھے ۔
شاد باش (ف) (۱) تحسین کا کلمہ ۔ خوش رہو ۔ آفرین (۲) بخشش ۔ عطا (۳) فارسی مہینہ کی ۲۶ تاریخ ۔
شاد باش آنکہ سوئے داوراں تنہا رود (ف) قاضی کے پاس تنہا جاکر اس کی مٹھی کو رشوت سے گرم کر دینے والا مزے میں رہتا ہے اور خوش وخرم واپس آتا ہے ۔
شاد بودن (ف) خوش ہونا۔
شاد بہر (ف) خوش نصیب ۔ خوش حال۔
شاد خواب (ف) میٹھی نیند۔
شاد خوار (ف) (۱) فارغ البال ۔ خوش حال ۔ آسودہ ۔ (۲) شراب خوار ۔
شاد خواست (ف) (۱) اشتیاق ۔ شوق (۲) مے خوار ۔ شراب پینے والا۔
شادروال (ف) (۱) بساط ۔ بچھونا ۔ (۲) شاہی بارگاہ کا خرگاہ (۳) شاہی پردہ (۴) سائبان ۔ شامیانہ ۔
شادزی (ف) خوش رہو ۔
شادکام (ف) (۱) خوش (۲) فریدوں شاہ ایران کے بھائی کا نام ۔
شادکامی (ف) خوشی ومسرت ۔
شادکردن (ف) خوش کرنا ۔
شادگونہ (ف) (۱) توشک ۔ نہالی (۲) رضائی لحاف (۳) بچھونا۔ (۴) مُطربہ ۔ ڈومنی ۔
شادماں (ف) خوش ۔ خرم ۔
شادمانی کردن (ف) خوشیاں منانا ۔
شادن (ع) ہرن لوٹا ۔ ہرن کا بچہ ۔
شادورد (ف) (۱) فرش (۲) چاند کا ہالا (۳) موسیقی کا ایک پردہ

(۴) پرویز کے ساتویں خزانہ کا نام ۔
شادی (ف) خوشی ۔ خرمی ۔ جشن (۲) بندر ۔
شادی بے غم دریں بازار نیست (ف) دنیا میں کوئی مسرت ایسی نہیں جس کے ساتھ غم کی جھلکیاں نہ ہوں ۔
شادیانہ (ف) (۱) مبارک باد (۲) خوشی کا باجہ ۔ خوشی کا نقارہ ۔
شادیچہ (ف) لحاف ۔ بالاپوش ۔ رضائی (۲) بچھونا (۳) جُوتا ۔ پاپوش ۔
شاذ (ع) (۱) نادر (۲) کم (۳) تنہا ۔ جُدا ۔ اکیلا ۔
شاذونادر (ع) اتفاقاً ۔ کبھی کبھی ۔ گاہ بگاہ ۔
شار (ف) (۱) شہر ۔ قصبہ (۲) بلند عمارت (۳) پانی گرانا ۔ پانی ڈالنا ۔ (۴) رقص (۵) سماع (۶) ملونی یعنی سونے چاندی کا کھوٹ (۷) گیدڑ (۸) شاہراہ (۹) مینا جو مشہور پرندہ ہے ۔ (۱۰) گرجستان کے بادشاہ کا لقب (۱۱) ساڑھی جو مشہور کپڑا ہے ۔
شارب (ع) (۱) پینے والا (۲) مونچھ ۔
شارح (ع) شرح کرنے والا ۔ کھول کر بیان کرنے والا (۲) کھیتی کی حفاظت کرنے والا ۔
شارد (ع) (۱) چلنے والا ۔ بھاگنے والا ۔ (۲) پریشان ۔ متفکر ۔
شارع (ع) (۱) بڑا رستہ ۔ سیدھا رستہ ۔ کشادہ رستہ ۔ کھلی راہ ۔ (۲) عالم باعمل (۳) صاحب شرع جو لوگوں کو دین کی تعلیم دے (۴) شروع کرنے والا ۔
شارع عام (ع) شاہراہ ۔ عام رستہ ۔ گزرگاہ عام ۔
شارغ (ع) دستار ۔ پگڑی ۔ عمامہ ۔
شارف (ع) بوڑھی اونٹنی ۔
شارق (ع) (۱) تاباں ۔ روشن ۔ چمکنے والا (۲) سُورج ۔
شارقہ (ع) چمکنے والی شے (۲) سُورج کی روشنی ۔
شارمار (ف) ایک قسم کا بڑا سانپ ۔
شارُو (ف) دیکھو شارک ۔
شارہ (ف) (۱) چیرہ یعنی منقش پگڑی (۲) ساڑھی جو عورتیں باندھتی ہیں ۔
شاریدن (ف) (۱) پانی ڈالنا ۔ پانی گرانا (۲) مینہ برسنا (۳) شراب لنڈھانا ۔
شازب (ع) (۱) خشک ۔ لاغر (۲) سخت ۔
شاشش (ف) بول ۔ پیشاب ۔
شاشش پُرکردہ است (ف) وہ بالغ ہوگیا ہوا ہے ۔
شاشدان (ف) موتنے کا برتن ۔ لپس پاٹ ۔
شاشہ (ف) پیشاب ۔
شاطر (ع) (۱) چالاک (۲) اور (۳) قاصد (۴) بے باک ۔ شوخ (۵) شطرنج باز (۶) گرہ کاٹنے والا (۷) اپنے

Marfat.com

اہل وعیال سے بُرائی اور بدخلقی سے پیش آنے والا (۸) چور۔ اُچکا (۹) بادشاہ کی سواری کے آگے باوردی دوڑنے والا سپاہی۔
شاطر زادہ (ف) چست وچالاک۔ خدمت گار۔
شاطن (ع) بدکار۔ خبیث۔
شاطی (ع) ندی یا دریا کا کنارہ۔
شاع (ع) ظاہر۔ آشکارا۔
شاعر (ع) (۱) شعر بنانے والا (۲) صاحب شعور جاننے والا۔
شاعری (ع) (۱) شعر بنانا۔ شعر گوئی (۲) مبالغہ کرنا۔ جھوٹ کہنا۔
شاغول (ف) پنسال
شاغولہ (ف) پگڑی کا شملہ۔
شاف (ف) رُوئی کی بتی جو دوا میں بھگو کر زخم پر رکھتے ہیں۔
شاف ابیض (ف) آنکھوں کی ایک دوائی کا نام ہے۔
شافع (ع) شفاعت کرنے والا۔ سفارش کرنے والا۔ بچانے والا۔
شافعی (ع) مسلمانوں کے ایک بہت بڑے مجتہد اور امام کا لقب جن کا اصلی نام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع تھا۔ ۵۴ سال کی عمر پا کر ۲۰۴ھ میں فوت ہوئے۔ آپ کا شمار چار ائمہ مجتہدین میں ہوتا ہے۔
شاف کردن (ف) بتی چڑھانا۔
شافی (ع) شفا دینے والا۔ صحت دینے والا۔
شافی مطلق (ع) شفا بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
شاق (ع) ناگوار۔ مشکل۔ دشوار۔
شاقہ (ع) مشکل۔ دشوار۔ سخت۔
شاک (ع) شک کرنے والا۔ گمان سے جاننے والا (۲) مسلح۔ ہتھیار بند سپاہی۔
شاک (ف) محرم۔ انگیا۔ عورتوں کا سینہ بند۔
شاکار / شاکر (ف) شاہ کار یعنی بادشاہی کام کا بیگار۔ بیگار۔ بے کام اجرت۔
شاکر (ع) شکر کرنے والا۔ شکر گزار۔
شاکی (ع) گلہ کرنے والا۔ شکایت کرنے والا۔
شاگرد (ف) (۱) نوکر۔ خدمتگار۔ خادم (۲) تلمیذ۔ چیلا۔ (۳) امیدوار۔
شاگرد آشپز (ف) ٹیبل بوائے۔ ہوسٹلوں یا ہوٹلوں میں روٹی کھلانے والے لڑکے۔
شاگرد شوفر (ف) کلینر۔
شاگردانہ (ف) انعام یا بخشش جو نوکر یا بیرے وغیرہ کو دیتے ہیں۔
شاگرد خاص (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
شاگردی کردن (ف) شاگرد ہونا۔
شال (ف) (۱) گودڑی۔ گلیم۔ شال یعنی فرو پشمینہ کی چادر (۲) خوگیر۔ نمدزین۔

شال باف (ف) شال بُننے والا۔ فرو بنانے والا۔ پشمینہ کی چادریں بُننے والا۔
شال بگردن داشتن (ف) مُرادی معنی بیمار ہونا۔
شال تُرمہ (ف) (۱) حاشیہ دار۔ سنجاف دار (۲) ڈورے دار۔
شال کلاہ کردن (ف) قاچاری بادشاہوں کے دورِ حکومت میں شاہی سلام کے لیے شال بیتے اور لمبی ٹوپی پہنتے تھے۔
شالکے (ف) پٹو۔ لوئی (شالکی)
شالنگ (ف) کسی امر کے مطالبہ میں تاوان کے طور پر روکا گیا ہو۔
شالی (ف) دھان۔ سالگداس۔
شام (ف) (۱) سورج غروب ہونے کا وقت۔ دونوں وقت ملنے کا زمانہ (۲) شام کے بعد کا کھانا۔
شام (ع) عرب کے شمال میں ایک مشہور ملک ہے جس کا دارالخلافہ دمشق اور مشہور شہر حلب ہے۔
شاماخ (ف) (۱) چینہ جو مشہور غلہ ہے (۲) انگیا۔ محرم۔ سینہ بند۔
شُامت (ع) بدشگونی۔ بدفالی۔ شومی۔
شامت (ع) کسی کی بدحالی اور خرابی سے خوش ہونے والا۔
شامتِ اعمال (ع) گناہوں کی سزا۔ کیے کا نتیجہ۔
شامخ (ع) اُونچا۔ بلند
شام رسمی (ف) پُرتکلف دعوت۔
شامِ غریباں (ف) (۱) مسافرت کی شام (۲) مصیبت کی شام (۳) ایک شہر کا نام۔
شامگاہ (ف) شام کا وقت۔
شامل (ع) ملا ہوا۔ اکٹھا۔ شریک۔
شامل حال (ع) ہر حال میں شامل رہنے والا۔ رفیق۔ مددگار۔
شاملو (ف) قزلباشوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
شامہ (ف) اوڑھنی۔
شامہ (ع) سیاہ خال۔
شامّہ (ع) سونگھنے کی قوت۔
شامی (ف) (۱) شام کا وقت (۲) ایک قسم کا کباب۔
شامی (ف) ملک شام کا رہنے والا۔
شامیانہ (ف) سائبان۔ سراپردہ۔
شان (ع) عظمت۔ شوکت۔ منزلت (۲) حال۔ حالت (۳) حق (۴) کام کاج۔
شان (ف) ایشاں کا مخفف۔
شان (ف) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔
شاندن (ف) کنگھی کرنا۔
شانو (ف) سیڑھی۔ نردبان۔
شان وشوکت (ف) قدر ومرتبہ۔ جاہ وجلال۔
شانہ (ف) کنگھی (۲) کندھے کی ہڈی۔ کندھا (۳) جولاہوں کی

Marfat.com

کنگھی۔ جولاہوں کا کوچ (۴)، شہد کا چھتا (۵)، ایک دندانہ دار ہتھیار کا نام۔

شاہ آویز / شانہ آویزی (ف)، ایک قسم کی سزا کا نام جس میں مجرم کے کندھوں میں رسّی باندھ کر اسے لٹکا دیتے ہیں (۲)، اُچھل کود۔

شانہ اندازی کردن (ف)، کنگھی کرنا۔ بکھارنا۔

شانہ بَدل کردن (ف)، آپس میں دستار بدل کرتے ہیں تو عورتیں باہم شانہ (کنگھی) بدل لیتی ہیں۔

شانہ بشانہ داشتن (ف)، ساتھ ساتھ رہنا۔

شانہ بہا (ف)، تھوڑی سی قیمت یعنی اس قدر قیمت جو کنگھی کے خریدنے میں صرف ہو۔

شانہ بین (ف)، فال دیکھنے والا۔ فال بین۔ فال نکالنے والا۔ بکری کے شانہ پر تعویذ لکھ کر فال نکالنے والا۔

شانہ بین (ف)، چوڑے چکلے سینے والا۔

شانہ پیچ (ف)، نافرمان۔ سرکش۔ مُنہ پھیرنے والا۔

شانہ چینی (ف)، ایک قسم کی حنا۔

شانہ خالی کردن (ف)، مُنہ پھیرنا۔

شانہ در آب بُودن / شانہ در آب داشتن / شانہ در آب گزاشتن / شانہ در آب نہادن (ف)، بناؤ سنگار کی تیاری کرنا۔ آرائش کرنے پر مستعد ہونا۔

شانہ زُدن (ف)، کنگھی کرنا۔ سنوارنا۔

شانہ شکستن (ف)، ڈرانا۔ خوف دلانا۔

شانہ کاری (ف)، (۱) ظاہری خوشامد۔ فریب (۲)، ہاتھا پائی۔ شانہ لڑانا (۳)، ٹھگنا۔

شانہ کرَدن / شانہ کشیدن (ف)، کنگھی کرنا۔

شانہ گردانی (ف)، مُنہ پھیرنا۔ انکار کرنا۔ پیٹھ پھیرنا۔

شانہ نہادن (ف)، کنگھی کرنا۔ سنورنا۔

شانی (ع)، بغض رکھنے والا دشمن۔

شاہ (ف)، (۱) بادشاہ (۲)، صاحب۔ خداوند۔ مالک (۳)، اصل (۴)، داماد (۵)، شطرنج کے ایک مہرہ کا نام جو سب مہروں کا بادشاہ ہوتا ہے۔

شاہ اِسپرغم / شاہ اِسپرہم / شاہ اِسپرہم (ف)، نازبو۔ ریحان۔

شاہ آلو (ف)، آلو بخارا۔

شاہان (ف)، شاہ کی جمع۔

شاہ انجم (ف)، سُورج۔

شاہ انجیر (ف)، اعلیٰ قسم کا انجیر۔ انجیر وزیری۔

شاہانِ رُوئین تن (ف)، اسفندیار اور بہمن سے مُراد ہے۔

شاہانی (ف)، انگور شاہانی۔ انگور کی ایک قسم۔

شاہ باز (ف)، سفید باز۔ جس سے بادشاہ شکار کرتے ہیں۔

شاہ بندر (ف)، تاجروں کا سردار۔

شاہ بوے (ف)، عنبر۔

شاہ بیت (ف)، غزل یا قصیدہ کا عمدہ تر شعر۔

شاہ بَرم (ف)، نازبو۔ ریحان۔

شاہ ترکان (ف)، افراسیاب جو ترکستان کا بادشاہ تھا۔

شاہ تُرہ (ف)، ایک تلخ مزہ۔ مصفیٰ خون دوا۔

شاہ جان (ف)، دادی۔ نانی۔

شاہ چین (ف)، سُورج۔ چونکہ چین ایران کے مشرق میں ہے اور سورج اسی طرف سے طلوع ہوتا ہے۔

شاہ خانم می زاید ماہ خانم درد می کشید (ف)، درد کسی کو ہو رہا ہے اور چلّا کوئی اور رہا ہے۔

شاہ خاور / شاہِ خرگاہ بینا (ف)، آفتاب۔

شاہد (ع)، گواہ۔ حاضر (۲)، جمعہ کا دن (۳)، روز عرفہ (۴)، روزِ قیامت (۵)، فارسی میں بمعنے حسین و جمیل اور معشوق و محبوب کے آتا ہے۔

شاہ دَانہ (ف)، بھنگ کا بیج۔

شاہد باز (ف)، بدکار۔ فاسق۔ امرد لڑکوں اور رنڈیوں سے میل جول رکھنے والا۔

شاہد رُخ زَرد / شاہد رُوز (ف)، آفتاب۔

شاہد زعفرانی / شاہد شاہِ فلک / شاہد طفلانِ چرخ (ف)، آفتاب۔

شاہد عَدل (ف)، سچا گواہ۔ برحق۔

شاہد غیب (ف)، اللہ تعالےٰ۔

شاہد فاستقم / شاہد لَعمرک (ف)، آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم۔

شاہد معتمد (ف)، قابل اعتماد گواہ۔

شاہ راہ (ف)، کشادہ رستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔

شاہ رُخ (ف)، تیمور کے بڑے بیٹے کا نام جو اس کے بعد تخت نشین ہوا اور ۴۳ سال حکومت کر کے ۸۵۰ھ میں فوت ہوا۔

شاہ رَگ (ف)، حبل الورید۔

شاہ زادہ (ف)، بادشاہ کا بیٹا۔

شاہ زاوُل (ف)، سلطان محمود غزنوی۔

شاہ زنگ (ف)، رات۔

شاہ سپرغم / شاہ سپرم / شاہ سپرہم / شاہ سفرغم (ف)، نازبو۔ ریحان۔

Marfat.com

شاہ سوار (ف) گھوڑ سواری کا ماہر۔
شاہ سیارات / شاہ طارم فلک } (ف) آفتاب۔
شاہق (ع) بلند۔
شاہکار (ف) عمدہ ترین کام۔ ماسٹرپیس۔
شاہکام (ف) شطرنج بازمات کرتے وقت بولتے ہیں۔ کہ اب بادشاہ کبھی نہیں جا سکتا۔
شاہ گوہراں (ف) پرویز کے خزانہ میں ایک بڑا گوہر تھا جس کی نسبت مشہور ہے کہ جب ڈورے میں پرو کر دریا میں ڈالتے اور پھر نکالتے تھے تو اس کے ساتھ اور بہت سے گوہر چمٹ آتے تھے۔ شیخ آذری نے اس واقعہ کو نظم کیا ہے۔
شاہ عرب۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
شاہ گوئندگاں (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
شاہ لشکر (ف) لشکر کا سردار۔
شاہ ماہی (ف) ایک چھوٹی دریائی مچھلی۔
شاہ مثلث بروج (ف) سورج۔
شاہ مربع نشین (ف) خانہ کعبہ۔
شاہ مشرق (ف) سورج۔
شاہ مغرب (ف) چاند۔ ہلال۔
شاہنامہ (ف) فردوسی کی مشہور و معروف کتاب۔
شاہ نحل (ف) یعسوب یعنی شہد کی مکھیوں کی رانی۔ شہد کی مکھیوں کا سردار۔
شاہندان (ف) متقی اور پرہیزگار ہونا۔
شاہنشاہ (ف) بہ اضافت مقلوب۔ شاہانِ شاہ کا مخفف۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ بڑا بادشاہ۔
شاہنشاہ فلک (ف) سورج۔
شاہ نشین (ف) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ۔ بادشاہ کا کمرہ۔ اونچی جگہ۔
شاہ نیمروز (ف) (۱) سورج (۲) سیستان کا بادشاہ۔
شاہ وار (ف) ہر وہ شے جو بادشاہ کے لائق ہو۔
شاہی (ف) منسوب بہ شاہ بادشاہی۔ سرداری (۲) ایران کا ایک سکہ جو پنجاہ دینار کے برابر ہے۔
شاہ یک اسپہ (ف) سورج۔
شاہین (ف) (۱) ایک مشہور شکاری پرندہ کا نام (۲) ترازو کی ڈنڈی کے درمیان کی رسی (۳) ترازو کی ڈنڈی۔
شاہین دزدی (ف) اٹھ ڈنڈی مارنا۔ ہاتھ کی چالاکی سے کم تولنا۔
شایاں (ف) شائستگان کا مخفف۔ جائز۔ روا۔ لائق۔ سزاوار۔ ممکن۔
شایان تمجید (ف۔ ع) قابل ستائش۔
شائبہ (ع) آلودگی۔ لاؤ۔ آمیزش۔ اچھی چیز میں بری کا مل جانا۔

شائستگی (ف) لیاقت۔
شائستن (ف) لائق ہونا۔
شائستہ (ف) لائق۔ صاحب لیاقت۔
شائستہ بودن (ف) لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔
شائستہ بود / شائستہ ہستی } (ف) واجب الوجود۔
شائع (ع) آشکارا۔ ظاہر۔ عام۔ مشہور۔ حاوی۔
شائعات (ع) افواہیں۔
شائع شدن (ف) پھیلنا۔
شائق (ع) شوقین۔ مشتاق۔
شائک (ع) خاردار درخت۔
شائگان (ف) اس کی اصل شاہگاں ہے یعنی بادشاہ کے لائق (۱) بادشاہ کے لائق چیز عمدہ۔ خوب (۲) بہت سامال و اسباب۔ ذخیرہ (۳) کشادہ۔ فراخ (۴) بیگار (۵) پرویز کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا نام (۶) عیوب قافیہ میں سے ایک عیب جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک شائگان جلی اور دوسری شائگان خفی۔
شائگان خفی (ف) قافیہ کا وہ عیب جو نمایاں نہ ہو۔ جیسے دانا۔ کامیاب اور بینا وغیرہ کے ساتھ۔
شائے (ف) چاہئے۔
شائیدن (ف) لائق ہونا۔
شایہ (ف) بیل۔

## ش۔ب

شب (ف) لیل۔ رات۔
شبّ (ع) (۱) پھٹکڑی کی ایک قسم (۲) آگ روشن کرنا (۳) جوانی۔ جوان ہونا (۴) ہر چیز کی بلندی (۵) آگ جلانا۔
شباب (ف) موسیقی کے ایک پردہ کا نام۔
شباب (ع) جوانی۔ جوان ہونا۔
شباب (ع) (۱) شاب کی جمع (۲) جوان لوگ۔ ہر شے کا شروع۔ ہر چیز کی ابتداء۔
شباب (ع) نشاط۔ عیش۔
شباط (ف) ایک رومی مہینہ کا نام جو پھاگن کے لگ بھگ ہوتا ہے۔
شب افروز (ف) (۱) چاند (۲) جگنو (۳) روپہلی زمین کا زربفت (۴) دسریں کلی مہینہ کا نام۔
شب افزار (ف) روشن۔ زیبا۔ جگنو۔ نیز وہ تسبیح جو رات کو چمکے۔
شب انداز روز (ف) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسے سیاہ اور سفید ملا کر بنتے ہیں۔

Marfat.com

شُباک (ع) شبکہ کی جمع - جال۔
شُبّاک (ع) چھید کرنے والا - سوراخ کرنے والا۔
شَبان (ف) شب کی جمع - راتیں (۲) چمگادڑ۔
شُبان (ف) گڈریا - چرواہا۔
شُبّان (ف) شاب کی جمع - جوان۔
شب اندر روز (ف) دھوپ - چھاؤں کپڑا۔
شباں روز (ف) شبانہ روز کا مخفف - شب و روز - رات دن۔
شبان گاہ (ف) رات کا وقت - رات پڑنے کا وقت شام کا وقت (۲) رات بسر کرنے کی جگہ (۳) گڈریے کا مقام (۴) شاہی خواب گاہ۔
شبانہ (ف) وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو (۲) رات کو پینے کی شراب۔ (۳) ایک خوش آواز پرندہ (۴) گڈریا - محافظ۔
شب آویز (ف) مرغ حق گو۔
شب آہنگ (ف) (۱) رات کا وقت (۲) رات کو کسی کام کا قصد کرنے والا (۳) بلبل جو مشہور پرندہ ہے اور اکثر رات کو بولتا ہے (۴) ایک روشن ستارہ - جسے کاروان کش بھی کہتے ہیں جو کبھی تو اول شب اور کبھی آخر شب میں نمودار ہوتا ہے۔
شباہت (ف) مشابہ ہونا۔
شب بارہ (ف) رات کو پھرنے والی عورت۔
شب بازی (ف) (۱) رات کے وقت کا تماشہ (۲) نئی بات - نیا حادثہ یا واقعہ۔
شب بخیر (ف) رات کے وقت آخری سلام۔
شب برات (ف) ماہ شعبان کی پندرھویں رات جو مسلمانوں کا تہوار ہے۔
شب بو (ف) ایک پھول کا نام۔
شب بیدار (ف) رات کو جاگنے اور عبادت کرنے والا۔
شب پاس (ف) پہرے دار - چوکیدار۔
شب پر / شب پرہ } (ف) چمگادڑ۔
شب پوش (ف) رات کے کپڑے - لحاف اور ٹوپی وغیرہ۔
شب پیما (ف) رات کو سفر کرنے والا۔
شب تاب (ف) جگنو۔
شب تاز (ف) شب خون۔
شبثت (ع) سویے کا ساگ۔
شبثت (ع) مکڑی - عنکبوت۔
شب چراغ (ف) گوہر شب گون ایک گوہر ہے - جو رات کو چراغ کی مانند چمکتا ہے - کہتے ہیں کہ ایک قسم کی سمندری گائے ہے جو رات کو چرنے کے لیے سمندر کے کنارہ پر آ جاتی ہے۔ اور اس موتی کو منہ سے نکال کر زمین پر رکھ دیتی ہے۔ اور اس کی روشنی میں گھاس چرتی ہے۔

شب چرہ (ف) دیکھو شب چرا۔
شب چک (ف) شب برات۔
شبح (ع) بدن - جسم - دھڑ۔
شب خانہ (ف) شبستان - رات بسر کرنے کی جگہ۔
شب خون (ف) رات کو پوشیدہ طور پر دشمن پر حملہ کر کے اس کی فوج کو قتل کرنا - چھاپہ مارنا۔
شب خون زدن (ف) رات کے وقت اچانک حملہ کرنا۔
شب خیز (ف) شب بیدار - رات کو اٹھنے والا - رات کو عبادت کرنے والا۔
شب خیز باش تا کام روا باشی (ف) راتوں کو اٹھ کر خداوند تعالیٰ کو یاد کرو تاکہ تمہاری مشکلات حل ہوں اور حاجات بر آئیں۔
شب خیزی (ف) رات کو عبادت کرنا - شب بیداری۔
شب دراز و قلندر بے کار (ف) مراد ہے فرصت سے فائدہ اٹھاؤ نہ درویشوں کی طرح بے کار رہو۔
شب درمیان است (ف) ابھی وقت ہے۔
شب درمیان دادن (ف) ضامن دینا - وعدہ کرنا (۲) سفر کی اتنی مقدار جو ایک رات میں طے ہو سکے۔
شب دیجور (ف) اندھیری رات۔
شب دیز (ف) شب بمعنی رات اور دیز بمعنے رنگ سے مرکب ہے (۱) خسرو پرویز کے مشکی گھوڑے کا نام - جس کی نسبت مشہور ہے کہ قد میں تمام دنیا کے گھوڑوں سے کافی اونچا تھا (۲) ہر سیاہ رنگ یعنی مشکی گھوڑا۔
شب دیگ (ف) گوشت و شلغم جو رات بھر پکتے رہیں۔
شِبر (ع) بالشت - وجب۔
شُبَّر (ع) حضرت ہارونؑ کے بیٹے کا نام لفظ حسن جو حضرت امام حسنؑ کا نام ہے اسی لفظ کا ترجمہ ہے۔
شب رو (ف) چور - سارق۔
شب زندہ دار (ف) رات بھر جاگنے اور عبادت کرنے والا۔
شب زندہ داری (ف) شب بیداری - رات بھر عبادت کرنا۔
شب زندہ داشتن (ف) رات بھر جاگنا۔
شبستان (ف) رات کے رہنے کا مکان - بادشاہوں کی خوابگاہ - حرم سرائے (۲) مسجد میں رات کو عبادت کرنے کی جگہ۔
شبستانی (ف) رات کے کپڑے۔
شب شدن (ف) جوانی ڈھل جانا۔
شب ظلمات (ف) اندھیری رات۔
شبع (ع) پیٹ بھرا ہوا ہونا - پر شکم ہونا - اس قدر کھانا جو سیر کر دے۔
شبعان (ع) سیر - یعنی وہ شخص جس کا پیٹ بھرا ہوا ہو۔
شبغاز (ف) اصطبل۔
شبق (ع) جماع کے لیے بے قرار ہونا۔
شب قدر (ف) ماہ رمضان کے آخری ہفتہ کی رات یا ستائیسویں رات۔

Marfat.com

شبک (ف) آنکڑا جو چرخہ میں ہوتا ہے۔
شبک (ع) دام - جال - پھندا (۲) لوہے کی جالی (۳) جالی دار ٹٹی۔
شبکات (ع) شبکہ کی جمع (۱) صیاد کے جال - دام - پھندے (۲) عمارت کی جالیاں۔
شب کند (ف) آشیانہ۔
شب کوک } (ف) ایک قسم کے فقیر جو رات کو کسی اونچی جگہ پر بیٹھ کر
شب کوکا } محلہ والوں میں سے ایک ایک کا نام بہ آواز بلند لے کر
شب کوکہ } دعائے خیر کرتے ہیں - تاکہ لوگ خوش ہو کر صبح انہیں بہت خیرات دیں۔
شبکہ (ع) دام - جال - پھندا (۲) عمارت کی جالی دار ٹٹی - لوہے کی جالی۔
شب گرد (ف) رات کو پھرنے والا (۲) کوتوال (۳) چاند۔
شب گل (ف) ایک قسم کا پھول ہے جو رات کو صبح ہونے سے دو گھنٹے پہلے کھلتا ہے۔
شب گیر (ف) آدھی رات کے بعد کا وقت - پچھلی رات قریب صبح کا وقت (۲) صبح ہونے سے پہلے اور آدھی رات کے بعد سفر کو جانا (۳) پچھلی رات کو عبادت کرنے والا (۴) ایک پرند کا نام جو پچھلی رات کو نرم آواز سے بولتا ہے۔
شبل (ع) شیر کا بچہ جو شکار کرنے کے قابل ہو۔
شبلی (ع) ایک مشہور عالم و فاضل اور ولی کا نام - جن کی کنیت ابوبکر ہے - آپ مصری الاصل اور جعفر بن یونس کے بیٹے اور حضرت جنید بغدادی کے شاگرد تھے - ۳۳۴ھ میں ۸۷ سال کی عمر پا کر فوت ہوئے۔
شبم (ع) سرما - جاڑا - سرد ہونا۔
شبم (ع) سرد چیز۔
شب ماہ (ف) چاندنی رات۔
شب مردگان (ف) رات بھر سونے والے۔
شبنم (ف) براضافت مقلوب - نم شب - رات کی تری - اوس (۲) ایک نہایت باریک، سفید اور عمدہ کپڑا۔
شب نشین (۱) راتوں کو بیٹھنے والا - اور باتیں کرنے والا (۲) راتوں کو گھر میں بیٹھ رہنا۔
شب نشینی (ف) جشن یا کھیل کے سلسلے میں رات بھر جاگنا۔
شب نیمہ کرد (ف) وہ آدھی رات کے وقت بھاگ گیا۔
شبگو (ف) ایک پھول کا نام - جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے۔
شبور (ع) شیپور کا معرب - نفیری - بگل۔
شبہ (ف) پوتھ۔
شبہ (ع) پتیل۔
شبہ }
شبہ } (ع) مانند - مثل - نظیر۔
شبہہ (ع) شک کی جمع - شکوک۔
شبہہ (ع) شک۔

شبہ جزیرہ (ف) جزیرہ نما۔
شبہ در بازار جوہریاں جوی نبرزد (ف) سورج کے سامنے چراغ کی کچھ وقعت نہیں ہوتی۔
شبیار (ف) ایلوا۔
شبیخوں (ف) دیکھو شب خوں۔
شبیر (ع) حضرت ہارون کے دوسرے بیٹے کا نام - لفظ حسین علیہ السلام جو سید الشہداء کا نام ہے - اسی لفظ کا ترجمہ۔
شبیع (ع) نہایت عقل مند۔
شبینہ (ع) باسی شے - جس پر رات گزر چکی ہو۔
شبیہ (ع) بروزن وسیع (۱) مشابہ - مانند - مثل (۲) وہ تصویر جو کسی شخص کی صورت کے مطابق کھینچی گئی ہو۔
شبیہ بودن (ف) مشابہ ہونا۔
شبیہ در آوردن (ف) ڈرامہ کرنا - ڈرامے میں پارٹ ادا کرنا۔
شبیہ ساختن (ف) کسی چیز کی مانند کوئی چیز بنانا۔
شبیہ شدن (ف) مشابہ ہونا۔

## ش - پ

شپ (ف) اچھلنے اور کودنے والا۔
شپاشاپ (ف) تیروں کے پے در پے نکلنے یا کسی جگہ پر لگنے کی آواز۔
شپر }
شپرک } (ف) چمگادڑ۔
شپرہ }
شپش (ف) جوں۔
شپ شاپ (ف) دیکھو شپاشپ۔
شپ شپ (ف) تیروں کی آواز (۲) جلد جلد (۳) چھچھورا - (۴) مضطرب - بے قرار۔
شپش لحاف کہنہ (ف) ڈھیٹ۔
شپشک (ف) بیکہ جس سے بڑھ کر جوں بنتی ہے۔
شپشو (ف) جوؤں سے بھرا ہوا۔
شپشہ (ف) سسری - گھن۔
شپیل (ف) آواز بلند کرنا (۲) مرتبہ۔
شپلاق }
شپق } (ف) تھپڑ - طمانچہ۔
شپلیدن (ف) نچوڑنا (۲) کبوتر اڑاتے وقت سیٹی بجانا۔
شپو غلتن (ف) دھکا دینا۔

## ش - ت

Marfat.com

شُتا (ف) نہاری - ناشتا۔
شِتا (ع) سردی کا موسم - سرما - جاڑا۔
شِتاب (ف) تیز - جلد (۲) جنگ۔
شتابائیدن (ف) جلدی کرنا۔
شتاب زدگی (ف) مارا مار - جلدی۔
شتابندہ (ف) دوڑنے والا (۲) کوشش کرنے والا۔
شتابیدن (ف) جلدی کرنا - عجلت سے کام لینا۔
شتات (ع) متفرق۔
شتاغ (ف) دودھ دینے والا جانور۔
شتافتن (ف) دوڑنا۔
شتّام (ف) بڑا گالی دینے والا۔
شتّان بینہما (ع) ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔
شَتَر (ف) گوشہ - کنارہ۔
شَتر (ع) قطع کرنا - کاٹنا۔
شَتَر (ف) چرخ - منقار۔
شَتَر (ع) قطع ہونا - کٹ جانا - (۲) علم عروض کی اصطلاح میں بحر ہزج کے رکن مفاعیلن کو فاعلن بنانا۔
شُتُر (ف) اونٹ۔
شتربان (ف) ساربان - اونٹ کا نگہبان۔
شتر بختی (ف) اونٹ کی ایک قسم جس کی نسل بخت نصر بادشاہ نے لی تھی۔
شتر بہ نردبان (ف) آشکارا۔ ذلیل و خوار۔
شتر پا / شتر پائے (ف) سورج مکھی جو مشہور پھول ہے۔
شتر حجرہ (ف) بے تکی باتیں - بے ربط باتیں (۲) ناممکن چیز (۳) وہ چیزیں جو باہم نامناسب اور ایک دوسری کے مخالف ہوں۔
شتر خوار (ف) خار (۲) گھاس جسے اونٹ کھاتے ہیں۔
شتر در خواب بیند پنبہ دانہ (ف) بلّی کو چھیچھڑوں کے خواب۔
شتر خو (ف) کینہ ور۔
شتر دل (ف) بزدل - ڈرپوک - نامرد۔
شتر دلی (ف) بزدلی - نامردی۔
شتر دیدن نہ دیدن (ف) دیکھی چیز کو ان دیکھی کر دینا۔
شتر غلط (ف) کشتی کے داؤ کا نام۔
شتر غمزہ (ف) ناز بیجا - ناموزوں غمزہ۔
شتر غو (ف) ایک ساز کا نام - ایک باجا۔
شتر کینہ (ف) کینہ ور - منافق۔
شتر گاؤ پلنگ (ف) زرافہ جو مشہور جانور ہے - اور جسے اونٹ گاؤ اور شیر شتر بھی کہتے ہیں۔
شتر گربہ (ف) دو ناموافق چیزیں - وہ دو چیزیں جو ایک دوسری کے مناسب اور خلاف ہوں۔
شتر گلو بودن (ف) پہلے بات کو خوب سوچ کر اور تول کر بولنا۔

شتر گم کردن و بے مہار گشتن - اصل کو چھوڑ کر فرع کے پیچھے بھاگنا۔
شتر مرغ (ف) نعامہ - ایک بڑے قد آور دوڑنے والے پرند کا نام جو افریقہ میں ہوتا ہے۔
شتر نامہ (ف) مولانا شیخ فریدالدین عطارؒ کی ایک کتاب کا نام۔
شتر نج (ف) وہ غلّہ جس میں سات اناج ملے ہوئے ہوں۔
شتر نگ (ف) شطرنج۔
شتر نجی (ف) فرش - بچھونا - جھاجھم۔
شتیع (ع) بھوک یا بیماری سے رونا چلّانا۔
شُشتُل (ف) قمارباز جو جیتے ہوئے روپے میں سے حاضرین کو کچھ دیتا ہے اُسے شُشتُل کہتے ہیں۔
شَتم (ع) گالی (۲) گالی دینا۔
شتو (ف) ڈنٹھل پھیلنا - ڈنڈ نکالنا۔
شتیب (ف) (۱) کشادہ دانتوں والا (۲) بکھرا ہوا - پراگندہ۔
شتیم (ف) ترش رُو - زشت رُو۔

# ش - ج

شَجّ (ع) سر پھوٹ کر ہڈی کا ٹوٹ جانا (۲) شراب کا پانی میں مل جانا۔
شُجاع / شِجاع / شَجاع / شُجاع (ع) بہادر - دلیر - جوانمرد۔
شُجاع (ع) ایک قسم کا بڑا سانپ (۲) بہادر اور دلیر لوگ۔
شجاعت (ع) بہادری - دلیری - جوانمردی (۲) بہادری دکھانا۔ دلیر ہونا۔
شَجَر (ع) درخت - بوٹا - رُکھ۔
شَجَرہ (ع) (۱) درخت (۲) نسب نامہ۔
شُجعان (ع) شجاع کی جمع - بہادر لوگ۔
شُجَعَہ / شِجْعَہ / شَجَعَہ / شُجْعَہ (ع) شجاع کی جمع - بہادر لوگ (۲) شجاع کی جمع - بڑے بڑے سانپ - گنجے سانپ۔
شَجَن (ع) اندوہ - غم (۲) حاجت (۳) سخت سردی - کڑاکے کا جاڑا۔ (۴) غمگین ہونا۔
شَجَن (ع) (۱) غم (۲) حاجت (۳) شعبہ (۴) شاخ (۵) آپس میں ملی ہوئی شاخیں (۶) گنجان درختوں کا راستہ (۷) کسی کو کاروبار سے روکنا۔
شُجُون (ع) شجن کی جمع۔
شَجْو (ع) اندوہ - رنج - غم (۲) حاجت۔
شَجَّہ (ع) سر کی ہڈی کا ٹوٹنا (۲) زخم - گھاؤ۔
شَجِیج (ع) پھوٹے ہوئے سر والا - مرد سر شکستہ (۲) وہ میخ جس کا

Marfat.com

سرٹوٹا ہوا ہو۔
شجیدن (ف) ٹھنڈا ہونا۔
شجیع (ع) دلیر۔
شجیعہ (ف) بہادر عورت۔

# ش - ح

شُحّ (ع) بخیل ہونا۔ بخل کرنا۔
شحاح (ع) حریص۔ لالچی۔ بخیل۔
شحاح (ع) شحاح کی جمع۔ حریص۔ بخیل لوگ۔
شحّام (ع) چربی بیچنے والا۔
شحامت (ع) چربی والا ہونا۔ موٹا ہونا۔
شحذ (ع) چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
شحم (ع) چربی۔
شحمت (ع) چربی کا ایک ٹکڑا۔
شحمۃ العین (ع) آنکھ کا ڈیلا۔
شحم حنظل (ع) اندرائن کے پھل کا گودا۔
شحن (ع) پُر کرنا (۲) دُور کرنا۔ چلانا۔
شحنا (ع) دشمنی۔ عداوت۔ کینہ (۲) دشمن۔
شحنگی (ف) کوتوال ہونا۔
شحنہ (ع) کوتوال۔
شحنۂ چہارم حصار (ف) (۱) سُورج (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
شحنۂ دریائے عشق (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
شحنۂ شب (ف) (۱) کوتوال (۲) چور (۳) عاشق۔
شحنۂ شب وسحر } (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
شحنۂ غوغائے قیامت }
شحنۂ نجف (ف) حضرت علی رضؓ۔
شحوم (ع) چربیاں۔
شحون (ع) (۱) بزرگ (۲) قوی۔
شحیح (ع) لالچی۔ بخیل۔ حریص۔
شحیم (ع) چربناک۔ موٹا۔ فربہ۔

# ش - خ

شَخ (ف) (۱) پہاڑ کوہ (۲) دامن کوہ کی زمین (۳) مضبوط اور سخت چیز (۴) سخت زمین۔
شخ (ف) شاخ کا مخفف (۱) ٹہنی (۲) سینگ۔
شخادان (ف) ناخن سے چھیلنے والے (۲) زخمی کرنے والے۔
شخار (ف) سجی۔

شخالیدن (ف) چھیلنا (۲) چھونا۔
شخائیدن (ف) چھیلنا (۲) زخمی کرنا (۳) چھونا۔
شخشیدن (ف) پھسلنا۔ گر پڑنا۔
شخص (ع) بدن۔ جسم خواہ انسان کا ہو یا حیوان کا جاندار لوگ۔ آدمی خواہ مرد ہو یا عورت۔
شخصاً (ع) شخصی طور پر۔
شخصی (ع) منسوب بہ شخص۔ کسی شخص کا۔
شخصیت داشتن (ف) شان و شوکت اور جاہ وجلال والا ہونا۔
شخ کمان (ف) کمان کو سخت کھینچنے والا (۲) وہ تیر انداز جس کی کمان سخت ہو۔
شخل (ف) نعرہ۔ فریاد (۲) گھوڑے کو پانی پلاتے وقت سیٹی بجانا۔
شخم (ف) شفاف۔
شخم زدن (ف) ہل چلانا۔
شخم کاری (ف) کاشتکاری۔
شخم کردن (ف) کاشت کرنا۔
شخودن (ف) نوچنا۔ چھیلنا۔ ناخن سے زخم کرنا۔ چہرہ کو چھیلنا۔ (۲) دانتوں سے کاٹنا۔
شخوص (ع) اُٹھنا۔ بلند ہونا۔
شخول (ف) گھوڑے کو پانی پلاتے وقت جو آواز کی جاتی ہے یا سیٹی بجائی جاتی ہے (۲) فریاد۔ نعرہ۔
شخیدن (ف) پھسلنا۔
شخیص (ع) موٹا۔ فربہ۔
شخیل (ف) کسی چیز کو ناخن سے چھیلنا۔

# ش - د

شَدّ (ع) مضبوط کرنا۔ قوت دینا (۲) دوڑنا (۳) سُورج کا بلند ہونا۔ (۴) الفاظ اور آواز کا بلند کرنا۔ گانے کے لیے سُر نکالنا۔ (۵) ایک اعراب کا نام۔
شُد (ف) ہوا۔ گیا۔ گزرا۔
شُد آنچہ شُد (ف) جو ہوا سو ہوا۔
شدّاد (ع) قوم عاد کے ایک مشہور اور عظیم الشان بادشاہ کا نام۔ جس نے ایک باغ بہشت کے نمونہ پر بنوایا تھا۔ جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے۔ یہ باغ ۱۲ کوس میں تھا اس میں بڑی بڑی اعلیٰ اور شاندار عمارتیں اور قسم قسم کے درخت اور رنگ برنگ کے پھول تھے۔ اس بادشاہ نے خدائی دعویٰ بھی کیا تھا۔
شداد (ع) شدید کی جمع (۱) مضبوط اشیاء (۲) سخت چیزیں۔

Marfat.com

شَدَائِد (ع) شدیدہ کی جمع - سختیاں - تکلیفیں۔
شِدَّت (ع) سختی - تکلیف۔
شَدَّت (ع) یکبارگی حملہ کرنا۔
شدت یافتن (ف) سختی دیکھنا۔
شَدَخ (ع) فربہ ہونا - موٹا ہونا۔
شَدَخ (ع) لمبا ہونا (۲) چوڑا ہونا (۳) سر پھوڑ دینا (۴) پامال کرنا۔ (۵) کسی شے کو توڑ دینا۔ (۶) گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔
شُدَخ (ف) ناتمام بچہ جو پیٹ سے نکل آئے۔
شُدق / شِدق (ع) باچھ منہ کا ایک گوشہ۔
شدکیس (ف) رنگین کمان - قوس قزح۔
شد مخالف (ف) حریف کو گراتے یا ریلتے وقت جو بلند آواز نکالتے ہیں۔
شُدن (ف) ہونا (۲) جانا - گزرنا۔
شُدنی (ف) ہونی - اٹل - حتمی۔
شُدنی شُد (ف) ہونی ہو کر رہی۔
شَدّ و مَدّ (ع) کر و فر - شان و شوکت۔
شُدَہ (ف) نشان - علم - جھنڈا (۲) موتیوں اور دوسرے جواہرات کا ہار جو گریبان کے گرد پہنتے ہیں۔
شدہ بند (ف) وقائع نگار - تاریخ نویس۔
شَدید (ع) (۱) مضبوط - استوار (۲) سخت (۳) دلیر (۴) بخیل۔ (۵) شیر درندہ۔
شدید الباس (ع) سخت کوشش - تُند خو۔
شدید القوی (ع) بہت طاقت ور۔
شدید العداوت (ع) سخت عداوت رکھنے والا۔
شدید العمل (ع) جس کا کام سخت ہو (۲) سختی کرنے والا۔
شدید لحن (ع) سخت اور کرخت لہجہ۔

## ش - ذ

شَذ (ع) پراگندہ ہونا - بکھرنا۔
شَذا (ع) خوشبو کی تیزی - لپٹ - مہک۔
شَذرہ (ع) چھوٹا موتی - گوہر خورد (۲) سونے کا ریزہ جو کان سے چُنا جائے۔
شَذوہ (ع) کستوری (۲) کستوری کی خوشبو
شُذُوذ (ع) دیکھو شذ۔

## ش - ر

شَر (ع) (۱) بدی (۲) بدتر - بُرا (۳) تکلیف (۴) ابلیس - (۵) بُت۔
شِرا (ع) خریدنا - بیچنا۔
شَراب (ع) (۱) ہر رقیق شے جو پی جائے (۲) مے - شراب جو مشہور نشہ والی چیز ہے (۳) شربت۔
شراب پُشت دار (ف) مقوی دواؤں سے بنائی ہوئی شے۔
شراب خانہ (ف) مے کدہ - مے خانہ۔
شراب خور (ف) شراب پینے والا - شرابی۔
شراب خوردن (ف) شراب پینا۔
شراب دار (ف) ساقی۔
شراب زدگی (ف) شراب کے نشہ میں بے ہوش ہو جانا۔
شراب زدہ (ف) شراب کے نشہ میں بے ہوش۔
شراب شیراز (ف) شیراز کی ایک قسم کی انگوری شراب جس کا رنگ سرخ ہوتا ہے - اور ایران کی تمام شرابوں سے اعلیٰ اور عمدہ ہوتی ہے۔
شراب طہور (ف) پاک شراب جو بہشت میں ہوگی۔
شراب مُفت را قاضی ہم خورد (ف) مفت کی شراب تو قاضی کو بھی حلال ہے۔
شراب تورق (ف) حکام کی ممانعت کے باعث جو شراب بہت کم دستیاب ہو اور مہنگے داموں پر فروخت ہوتی ہو۔
شراب گزشتہ (ف) بے مزہ شراب جس کا نشہ زائل ہو گیا ہو۔
شراب ناب (ف) خالص شراب۔
شرابہ (ف) جھالر - نیز وہ رنگ برنگ کے پھندنے جو سپاہی لگاتے ہیں۔
شَرّاح (ع) بہت شرح کرنے والا۔
شَرّار (ع) بہت شر پسند۔
شَرار (ع) شرارہ کی جمع - آگ کی اڑنے والی چنگاریاں - فارسی میں واحد کے لیے آتا ہے۔
شَرارہ (ع) آگ کی چنگاری جو اُچھلے۔
شَراسیف (ع) شرسوف کی جمع - پسلیاں۔
شِراع (ع) کشتی کا بادبان (۲) کمان کی تانت (۳) باجہ کا تار (۴) اونٹ کی گردن۔
شَرافت (ع) بزرگی - بھلائی۔
شِراک (ع) جُوتے کا تسمہ جو جڑان میں لگا ہوتا ہے - جیسے کھڑاؤں کا پٹہ۔
شرانگیز (ف) فتنہ انگیز۔
شَرائف (ع) شریفہ کی جمع - بزرگیاں - بھلائیاں۔
شَرائک (ع) شریکہ کی جمع - وہ عورتیں جو باہم شریک ہوں۔
شَرائن (ع) شریان کی جمع - جنبش کرنے والی رگیں - اُچھلنے والی رگیں - روح والی رگیں۔
شُرَّب (ع) شارب کی جمع - پینے والے۔

Marfat.com

شَرب (ع) پانی کا گھونٹ - پانی کا مقررہ حصہ پانی۔
شُرب (ع) پینا۔
شُربُ الیَہُود (ع) یہود کا شراب پینا - چھُپ کر شراب پینا - کیونکہ یہودی مسلمانوں سے ڈر کر شراب پیتے تھے۔
شُربَت (ع) ایک بار پینا - وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے (۳) پینے کی چیز (۴) اِصطلاح اطبا میں دوا کی ایک خوراک خواہ تر ہو یا خشک۔
شَربتِ الماس (ف) آبِ دارِ تلوار۔
شَربتِ اَلماس (ف) شمشیرِ آبدار۔
شَربتِ بیمار (ف) پانی۔
شَربتِ تر (ف) عمدہ شربت۔
شَربتِ حیواں (ف) آبِ حیات۔
شَربت دار (ف) قہوہ چی۔
شَربتِ دینار (ع) دینار بمعنی کشوث مرکب ادویہ کا ایک شربت جس کا جزوِ اعظم کشوث ہوتا ہے اور جو قبض کُشا اور مسہل ہے۔
شَربتِ شہادت نوشیدن (ف) جامِ شہادت پینا - شہید ہو جانا۔
شَربتِ مسیحا (ف) آبِ حیات۔
شَربتی (ف) ایک قسم کا باریک نازک اور عمدہ ریشمی کپڑا (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳) زرد آلو کی قسم کا ایک پھل (۴) ایک رنگ جو شربت کے رنگ کا ہوتا ہے۔
شَرج (ع) یمن کی ایک رود کا نام (۲) پانی کا جاری ہونا (۳) جھُوٹ بولنا (۴) پتھریلی زمین (۵) خریطہ کو مضبوط باندھنا۔
شَرح (ع) (۱) تفسیر - تفصیل (۲) کھولنا - ظاہر کرنا۔
شَرحِ تجرید (ع) عقاید شیعہ میں ایک کتاب کا نام جو تجرید کی شرح اور نصیر الدین طوسی کی تصنیف ہے۔
شَرح دادن (ف) تشریح کرنا۔
شَرحِ کشاف خواندن (ف) بے ہودہ بکنا - بہت بکواس کرنا۔
شَرحِ مطالع (ع) علمِ منطق کی ایک کتاب کا نام۔
شَرحَہ (ع) لمبائی میں کٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا۔
شَرحہ شَرحہ (ع) پارہ پارہ - ٹکڑے ٹکڑے۔
شِرذِمَہ (ع) تھوڑے سے آدمیوں کی جماعت (۲) تھوڑا سا میوہ - میوہ کا ٹکڑا۔
شَرر (ع) شرارہ کی جمع - آگ کی چنگاریاں۔
شَرر بار (ف) جس سے شرارے نکلیں۔
شَرر در پیراہن (ف) بے قرار - مضطرب۔
شَرر شَرر شدن (ف) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
شَرارَہ (ع) آگ کی چنگاری۔
شَرزَہ (ف) بپھرا ہوا - غصہ میں بھرا ہوا - خوفناک - ہیبت ناک - یہ لفظ شیر اور چیتے کی صفت میں آتا ہے۔

شُرسُوف (ع) پسلی - سینہ کی پسلی۔
شَرط (ع) (۱) بدنا (۲) لازم کرنا اور لازم ہونا - ایک کام کا دوسرے کام پر متعلق ہونا - خرید و فروخت میں لازم ہونا اور لازم کرنا وہ چیز جس پر کسی بات کے ہونے کا انحصار ہو (۳) نشتر لگانا (۴) عہد - پیمان (۵) بخیل - کمینہ۔
شَرَط } شُرُط } (ع) بادِ موافق - وہ ہوا جو کشتی کے موافق ہو۔
شَرَط (ع) علامت - نشانی۔
شرط بستن (ف) شرط لگانا۔
شُرطہ (ع) بادِ موافق - کشتی کے موافق ہوا (۲) علامت نشانی۔
شُرطی (ف) کوتوال کا پیادہ - سرہنگ۔
شَرطیَہ (ع) وہ جملہ جس میں شرط ہو۔
شَرع (ع) راہِ راست - سیدھا رستہ - خدا تک پہنچنے کا رستہ - شریعت۔
شَرعًا (ع) از روئے شرع۔
شِرعَہ (ع) مذہب اسلام - دینِ حق - سیدھی راہ۔
شِرعَہ (ع) کمان کا چلّہ (۲) مُرغ کا پھندا
شَرعی (ع) شرع کا۔
شَرعیات (ع) شرعی امور۔
شَرَف (ع) (۱) بزرگی - بڑائی - بلندی (۲) اُونچی جگہ (۳) حسب کی بزرگی جو باپ کی طرف سے ہو (۴) تازیانہ - چابک - کوڑا (۵) اُونٹ کا کوہان (۶) قریب ہونا (۷) ستارہ کا شرف کسی برج میں - چنانچہ آفتاب کا شرف برج حمل میں ہے اور چاند کا برج ثور میں - زہرہ کا حوت میں - عطارد کا سنبلہ میں - مریخ کا جدی میں مشتری کا سرطان میں زحل کا برج میزان میں شرف ہوتا ہے۔
شُرَفا (ع) شریف کی جمع - بزرگ لوگ۔
شَرفاک (ف) پاؤں کی آہٹ - پاؤں کی آواز - آواز۔
شَرف داشتن (ف) باعزت ہونا - آبرومند ہونا۔
شُرفَہ (ع) (۱) مکان کا کنگرہ (۲) پسندیدہ مال۔
شَرفہ (ف) پاؤں کی آواز - آواز۔
شرف یاب بودن } شرف یاب شدن } شرف حاصل کرنا - حضور میں حاضر ہونا۔
شَرق (ع) (۱) روشن (۲) سُورج (۳) روشن ہونا (۴) طلوع ہونا (۵) سُورج کے نکلنے کی جگہ (۶) وہ روشنی جو کسی سوراخ سے آئے۔
شَرَق (ع) سُورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا (۲) آنکھ کا خون سے سُرخ ہونا (۳) غمناک اور رنجیدہ ہونا (۴) کسی چیز کا حلق میں پھنس جانا (۵) رنج - غم - اندوہ۔
شَرقًا (ع) مشرق کے رُخ۔
شَرقَہ (ع) (۱) جانبِ مشرق (۲) دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔

Marfat.com

شرقی (ع)، اہل مشرق۔
شرقیہ (ع)، منسوب بہ جانب مشرق ۔ شرقرویہ۔
شرک (ف)، جال کے حلقے (۲)، ایک قسم کا جوش جو غلبہ خون سے ہوتا ہے۔
شرک (ع)، (۱) شریک ہونا (۲)، خدا کی ذات وصفات میں کسی کو شریک بنانا۔
شرکت (ع)، ساجھی ہونا ۔ شریک ہونا۔
شرکت تجارتی (ف)، تجارتی کمپنی۔
شرکت جستن (ف)، حصہ لینا۔
شرکت سہامی (ف)، لمیٹڈ کمپنی۔
شرکت کردن (ف)، حصہ لینا۔
شرکت نامہ (ف)، پیمان نامہ ۔ عہد نامہ۔
شَرَک (ع)، جال ۔ دام ۔ دام صیاد۔
شَرم (ف)، (۱) حیا (۲)، آلہ تناسل۔
شرمسار (ف)، شرمندہ ۔ نجل (۲)، شرمندگی۔
شرنگ (ف)، اندرائن کا زہر (۲)، زہر۔
شرمگاہ (ف)، فرج ۔ عورت کا اندام نہانی۔
شرمگین / شرمناک / شرمندہ } (ف)، شرمسار ۔ نجل ۔ نادم۔
شرمہ (ف)، شرمندگی ۔ ندامت۔
شرنگ (ف)، حنظل ۔ اندرائن کا پھل۔
شروانی (ف)، افغانوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
شرود (ع)، بھاگنے والا۔
شرور (ع)، شر کی جمع ۔ شرارتیں ۔ بدیاں۔
شروط (ع)، شرط کی جمع ۔ پیمان ۔ عہد۔
شروف (ع)، متقل ۔ انگیٹھی۔
شروین (ف)، شروان کے قلعہ کا نام۔
شَرَہ (ع)، لالچ ۔ حرص ۔ لالچ کرنا۔
شَرِہ (ع)، لالچی ۔ حریص ۔ طامع۔
شَرّہ (ع)، لالچ ۔ حرص (۲) بد ہونا (۳) تیزی (۴)، جوانی (۵)، عیش ونشاط۔
شرے (ع)، (۱) بیشہ شیر (۲)، صحرا (۳)، جنگل جس میں بہت درخت ہوں (۴)، خارشش ۔ دانہ پتی۔
شریان (ع)، اُچھلنے والی رگ ۔ متحرک رگ ۔ یہ چھوٹی چھوٹی رگیں دوسری رگوں کے نیچے ہوتی ہیں ۔ ان میں خون کی نسبت گردش زیادہ ہوتی ہے اور یہ دل سے آگی ہوتی ہیں۔
شُریدن (ف)، ٹپکنا۔
شریر (ع)، بُرا ۔ بد ۔ (۲) دریا کا کنارہ۔
شِرّیر (ع)، بہت بُرا ۔ بہت بد۔

شریعت (ع)، مذہبی احکام (۲)، خدا تک پہنچنے کا رستہ (۳)، خدا کا بنایا ہوا وہ رستہ جو پیغمبروں کے ذریعے انسانوں کو معلوم ہو (۴)، بڑی ندی بڑی اور جاری نہر (۵)، پنگھٹ یعنی پانی کا کنارہ جہاں سے لوگ پانی پیتے ہیں۔
شریعت مدار (ف)، شرع کا پابند۔
شریف (ع)، (۱) اصیل ۔ نجیب ۔ بزرگ (۲)، مکہ معظمہ کے حاکم کا لقب۔
شریکان (ف)، شرکاء ۔ شرکت کرنے والے۔
شریک دُزد و رفیق قافلہ (ف)، اِدھر ہمارے ساتھ اور اُدھر ہمارے دشمنوں کے ساتھ ساز باز ہے۔

## ش ۔ س

شَشَت (ف)، زلف کا حلقہ (۲)، ساز کا تار (۳)، حجام کا نشتر (۴)، مضراب (۵)، مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۶)، کمند کا حلقہ (۷)، زنار ۔ جنیو (۸) انگوٹھا (۹)، ساٹھ کا عدد ۔ جسے اب صاد سے لکھتے ہیں ۔ تاکہ مندرجہ بالا معنوں سے الگ رہے۔
شُستر (ع)، ایک شہر کا نام ۔ جہاں کی دیبا مشہور ہے۔
شُستری (ع)، منسوب بہ شہر شُستر ۔ شُستر کا رہنے والا ۔ شُستر کی دیبا جو بہت نفیس ہوتی ہے۔
شَشتک (ف)، چمڑے کا آلہ جو انگوٹھے پر چڑھا کر عورت اپنی خواہش جماع پوری کرے (۲)، قضیب ۔ آلہ تناسل۔
شَشتک کسے خبردار شدن (ف)، کسی کی پوشیدہ بات سے آگاہ ہو جانا۔
شستگانی (ف)، بنیاد ۔ مکان کی نیو۔
شُست مریزاد (ف)، (۱) کلمہ تحسین (۲)، انگلیوں کے چھلے۔
شَست میر (ف)، کامل تیر انداز۔
شُستن (ف)، دھونا۔
شِستن (ف)، نشست کا مخفف۔
شُست وشو (ف)، دھلائی۔
شُست وشو کردن (ف)، دھلائی کرنا۔
شُستہ (ف)، دُھلا ہوا ۔ مہذب۔
شُستہ ورفتہ (ف)، دُھلا ہوا ۔ پاک صاف۔
شُستہ رُو ۔ سادہ رُو ۔ جس کے چہرے پر داڑھی مونچھ کے بال ابھی نہ اُگے ہوں۔
شُسی (ف)، نرسری۔

## ش ۔ ش

Marfat.com

شَش (ف) چھ ۔ ۶
شُش (ف) پھیپھڑا ۔
شش ارکان (ف) چھ ضروری چیزیں ۔ جن کے بغیر انسان کا زندہ رہنا ناممکن ہے ۔ اوّل ۔ ہوا ۔ دوم ۔ کھانا ۔ پینا ۔ سوم ۔ حرکت و سکون بدنی (۴) حرکت و سکون نفسانی ۔ پنجم سونا اور جاگنا ششم استفراغ و احتباس یعنی بول و براز ۔
شش آماسیده (ف) بُزدل ۔ نامرد ۔
شش انداز (ف) نرد کھیلنے والا ۔
شش پَر (ف) ایک قسم کا گرز ۔
شش پستان (ف) وہ عورت جس کے تھن نرم اور لٹکے ہوئے ہوں (۲) چونکہ کُتیا کے چھ پستان ہوتے ہیں ۔ اس لیے یہ لفظ عورتوں کے لیے بطور گالی بھی آتا ہے ۔
شش جہت (ف) دُنیا کی چھ طرفیں ۔ شمال ۔ جنوب ۔ مشرق ۔ مغرب ۔ نیچے ۔ اُوپر ۔
شش دانگ (ف) پوری اور مکمل شے ۔ اس لیے کہ چھ دانگ کا پورا ایک دینار ہوتا ہے ۔
شش دانگ حواس (ف) ساری دُنیا ۔
شش دانگ عالم (ف) ساری دُنیا ۔
شش دانگی (ف) مکمل ۔ سالم ۔
ششدر (ف) (۱) عاجز ۔ حیران ۔ متحیر (۲) شش جہت ۔
ششدر تنگ } (ف) دُنیا ۔
ششدر فنا }
ششدره (ف) عاجزی ۔ حیرانی (۲) شش جہت (۳) دُنیا ۔ (۴) تباہی اور ہلاکت ۔
شش روزه (ف) عالم سے مراد ہے ۔ کیونکہ فرش سے عرش تک اللہ تعالےٰ نے چھ روز میں پیدا کیا تھا ۔
شش سَری (ف) خالص سونا ۔ عمدہ سونا ۔ کہتے ہیں کہ خراسان میں ایک بُت خالص سونے کا تھا جس کے چھ سر تھے اسے مسلمانوں نے توڑا ۔ اب ہر خالص سونے کو شش سری کہتے ہیں ۔
شش سو (ف) چھ اطراف ۔
شش طاق (ف) بڑا خیمہ ۔
شش قبرغه (ف) احمق اور بے وقوف آدمی ۔ کہتے ہیں کو کسی آدمی کا ایک غلام تھا ۔ بہت بے وقوف ۔ ایک دن آقا نے اس احمق غلام سے کہا کہ اور لوگوں کی سات پسلیاں ہوتی ہیں ۔ اور تمہاری چھ ہیں ۔ یقین نہیں کہ تم بچ سکو ۔ اور زندہ رہو ۔ یہ سُن کر غلام کو اس قدر غم ہوا کہ وہ بیمار ہو گیا اور آخر چند روز کے بعد وہ اسی غم میں مر گیا ۔
قبرغہ کے معنی پسلی کے ہیں اور یہ ترکی زبان کا لفظ ہے ۔
ششماهه بدنیا آمدن (ف) عجلت اور تیزی و تندی سے کام لینے والے کے بارے میں کہتے ہیں ۔
ششم (ف) چھٹا ۔
ششم زمین (ف) ولایت روم ۔
شش و پنج (ف) حیران ہونا ۔
شش و پنج زدن (ف) جوا کھیلنا ۔

## ش - ص

شِصّ (ع) مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔
شصت (ف) ساٹھ ۔
شصتمین (ف) ساٹھواں ۔
شصوص (ع) شص کی جمع ۔ مچھلی پکڑنے کے کانٹے ۔

## ش - ط

شطّ (ع) نہر یا ندی یا دریا کا کنارہ ۔
شط العرب (ع) خلیج فارس ۔
شطّاح (ع) بے حیا ۔ بے عزت ۔ صُوفیوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو ظاہراً شرع کے خلاف بات کہے ۔
شطّاحی (ع) بے حیائی ۔ شوخی ۔
شطّار (ع) شاطر کی جمع ۔ چالاک ۔
شطارت (ع) شوخ و بے باک ہونا ۔ شوخی ۔
شطح (ع) شرع کے خلاف باتیں کہنا (۲) بے حیائی کرنا ۔ شوخی کرنا ۔
شطر (ع) آدھا ۔ نصف (۲) آدھا کرنا ۔ نصفا نصف کرنا (۳) پارا ۔ ٹکڑا (۴) جانب ۔ طرف ۔ جہت ۔
شطرنج (ع) ایک مشہور کھیل کا نام جو نوشیروان کے لیے حکیم صصّہ نے ایجاد کی ۔ اصل میں شش رنگ تھا ۔ اس لیے کہ اس کے مہرے چھ قسم کے ہیں ۔ یعنی شاہ ۔ وزیر ۔ فیل ۔ اسپ ۔ رُخ ۔ پیادہ ۔
شطرنجی (ف) ایک قسم کا فرش (۲) شطرنج کھیلنے والا ۔
شطط (ع) حد سے بڑھنا ۔ اندازہ سے گزرنا (۲) زبردستی کرنا ۔ ظلم کرنا ۔
شُطل (ع) شل کا معرب ۔ جیتے ہوئے روپوں سے حاضرین کو جو کچھ دیا جائے اُسے شطل کہتے ہیں ۔
شطن (ع) بڑی رسی ۔
شطور (ع) شطر کی جمع ۔ حصے ۔
شطوط (ع) شط کی جمع ۔ کنارے ۔
شطیر (ع) (۱) دُور (۲) نزدیک ۔

Marfat.com

# ش - ظ

شظایا (ع) شظیۃ کی جمع (۱) ہر چیز کے ٹکڑے (۲) ہر چیز کے دندانے (۳) ہر چیز کے ریشے (۴) حرام مغز کے ریشے۔

شظیۃ (ع) ہر شے کا ٹکڑا (۲) ہر شے کا دندانہ (۳) ہر شے کا ریشہ (۴) حرام مغز کا ریشہ۔

# ش - ع

شِعاب (ع) شِعب کی جمع - پہاڑ کے رستے۔

شِعار (ع) علامات۔

شِعار (ع) وہ کپڑا جو انگرکھے کے نیچے پہنا جاتا ہے اور جو بدن سے لگا ہوا ہوتا ہے - چنانچہ اُوپر کے کپڑے کو دِثار کہتے ہیں۔

شُعاع (ع) (۱) سُورج کی کرن (۲) سُورج کی روشنی (۳) چمک۔

شِعاف (ع) وہ سر کے بال جو سُرخ ہوں۔

شعائر (ع) شعیرہ کی جمع (۱) عبادتیں (۲) حج کی قربانیاں - (۳) نشانیاں۔

شعائرِ اسلام (ع) اسلامی آداب و رسوم۔

شعائرِ ملّی (ع) قومی آداب و رسومات۔

شَعب (ع) (۱) درز - شگاف - غار - گڑھا (۲) ملانا (۳) جُدا کرنا (۴) سنوارنا - دُرست کرنا (۵) بگاڑنا (۶) چیرنا۔

شُعَب (ع) شعبہ کی جمع (۱) شاخیں (۲) گروہ۔

شِعب (ع) پہاڑی رستہ - پہاڑ کی راہ - وہ راہ جو پہاڑ میں ہو - گھاٹی۔

شعباء (ع) اشعب کی مؤنث - وہ عورت جس کے دونوں کندھوں کا درمیانی حصّہ بہت فراخ ہو۔

شُعبدہ (ع) وہ کھیل جو کسی فن یا جادو سے کیا جائے۔

شُعبدہ باز } (ف) جادو یا فن کے ذریعے کھیل کرنے والا - مداری -
شُعبدہ باز } بازی گر - مسمریزر۔

شُعبہ (ع) (۱) شاخ (۲) گروہ (۳) ہر شے کا ٹکڑا - (۴) وہ لفظ جو کسی اور لفظ سے نکلا ہو۔

شَعر (ع) (۱) بال (۲) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا جو بالوں کی مانند باریک اور سیاہ ہوتا ہے۔

شعرباف (ف) بالوں کو سنوارنے والا۔

شِعر (ع) (۱) جاننا - دریافت کرنا - سخن کی اصطلاح میں موزوں اور با قافیہ کلام جو کہنے والے نے اپنے ارادہ سے کہا ہو۔

شعرِ حماسی (ف) رزمیہ شاعری۔

شعرِ ہجائی (ف) ہجویہ شاعری۔

شعر فہمی (ف) دانائی - تمیز۔

شَعراء (ع) وہ زمین جہاں بہت سے درخت ہوں (۲) ایک قسم کا شفتالو (۳) ایک سُرخ اور نیلے رنگ کی مکھی جو اُونٹ، گدھے اور کتّے کے پڑ جاتی ہے (۴) سخت اور بڑی بلا (۵) بد اور بُری شے (۶) سختی۔

شُعَراء (ع) (۱) شاعر کی جمع - شعر کہنے والے (۲) جاننے والے دریافت کرنے والے۔

شَعرباف (ع) ریشمی اور اُونی کپڑے بُننے والا۔

شِعرےٰ (ع) ایک ستارہ کا نام جو بڑا اور بہت روشن ہے - فارسی میں یہی لفظ شعری آتا ہے۔

شعرائے شامی } (ع) قدر اوّل کا یہ ستارہ شعرائے یمانی سے
شعرائے شامیہ } ذرا کم روشن ہے - یہ ستارہ ہر سال یکم مارچ کو نصف النہار پر ہوتا ہے - اس کا عرض ½۵ درجے شمالی ہے۔

شعرائے یمانی } (ع) ایک بڑے اور بہت روشن تارے کا نام
شعرائے یمانیہ } قدر اوّل کا یہ ستارہ آسمان کے تمام تاروں میں سب سے زیادہ روشن ہے - عرب میں زمانہ جاہلیت میں اس کی پرستش کی جاتی تھی - یہ ستارہ ہر سال ۱۵ فروری کو نصف النہار پر ہوتا ہے - اس کا عرض ½۱۶ درجے جنوبی۔

شعر فہمی (۱) لیاقت - شعور - دانائی (۲) بے تمیزی - نالائقی۔

شِعریان (ف) شعرے کے دونوں ستارے - یعنی شعرائے یمانی اور شعرائے شامی۔

شَعشَہ (ع) سُورج کی روشنی (۲) شراب (۳) شراب میں پانی ملانا۔

شَعَف (ش ع ف) (ع) مدہوش - بیمار (۲) دوست کے دل کو عاشق اور دیوانہ بنا دینا۔

شَعَف (ع) شعفہ کی جمع - پہاڑ کی چوٹیاں۔

شَعفہ (ع) پہاڑ کی چوٹی۔

شُعلہ (ع) (۱) آگ کی لپٹ (۲) روشنی۔

شعلۂ جام (ف) شراب۔

شعلۂ جوّالہ (ع) گرداگرد - بہت جلد پھرنے والا شعلہ (۲) بنیٹی کا شعلہ۔

شعلہ زبان (ف) تیز زبان (۲) چرب زبان۔

شعلہ زادہ (ف) ابلیس - شیطان۔

شعلہ زبانی (ف) تیز زبانی (۲) چرب زبانی۔

شعلہ زدن (ف) بھڑک اُٹھنا۔

شعلہ کشیدن (ف) آگ لگ جانا۔

شُعلین (ف) منسوب بہ شعلہ۔

شُعوب (ع) شعب کی جمع - اقوام۔

شُعور (ع) جاننا - دریافت کرنا۔

Marfat.com

شور داشتن (ف) صاحب فہم و فراست۔
شعباء (ع) اشعب کی مؤنث۔ وہ عورت جس کے دونوں کندھوں کا درمیانی حصّہ بہت فراخ ہو۔
شُعیب (ع) مدین کے ایک مشہور پیغمبر کا نام۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے بھاگ کر انہی کے پاس آئے تھے اور انہوں نے اپنی بیٹی صفورا کا نکاح حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کر دیا تھا۔
شَعیر (ع) جَو ایک مشہور غلّہ ہے۔

## ش ۔ غ

شَغ (ع) (۱) شاخ۔ ٹہنی (۲) سینگ (۳) کھوکھلا سینگ۔
شَغا (ع) تیردان۔ ترکش۔
شِغار (ع) کسی کو اس کے شہر سے جلا وطن کر دینا۔
شِغار (ع) نکاح کی ایک قسم جسے اسلام نے ممنوع قرار دیا۔
شَغاف (ع) (۱) دل کا پردہ۔ دل کا غلاف (۲) دل کا سیاہ نقطہ (۳) درد دل (۴) دل۔ قلب۔
شغال (ف) گیدڑ۔
شَغَب (ع) (۱) خروش۔ شور۔ غل (۲) فتنہ و فساد (۳) فساد برپا کرنا۔
شَغبہ (ع) (۱) جسم کی کھال جو کام کرنے کے باعث سخت اور سیاہ ہو جاتی ہے (۲) فریفتہ (۳) ذلیل و خوار۔
شغر بغر (ف) درہم برہم۔ پراگندہ۔
شَغَف (ع) محبت کی شدّت۔ انتہا درجہ کی محبت۔ غلاف دل میں محبت کا اثر کرنا۔
شَغَف (ع) (۱) دل کے غلاف کے اندر محبت کا اثر کر جانا۔ دل سے محبت کرنا۔ عاشق کر لینا (۲) ایک چیز کا دوسری سے چسپاں ہو جانا۔
شغک (ف) احمق۔ بے وقوف۔
شُغل / شُغُل / شَغل / شَغَل } (ع) کام کاج۔ بے فرصتی۔
شَغل (ع) (۱) مشغول ہونا (۲) اعراض کرنا۔ (۳) جھوک۔
شُغور (ع) (۱) پیشاب کرنے کے لیے کتّے کا ٹانگ اٹھانا (۲) کسی کو کسی جگہ سے نکال دینا (۳) بستیوں کا آدمی سے خالی ہونا۔ (۴) زمین کا وارث ہونا۔

## ش ۔ ف

شَفت (ف) شب۔ رات۔

شُفّ (ع) (۱) نہایت باریک پردہ (۲) نازک کپڑا (۳) غمگین کرنا۔ (۴) لاغر کرنا۔
شَفا (ع) (۱) کنارہ (۲) عمر کا آخر۔
شِفا (ع) مرض سے صحت پانا (۲) تندرستی۔ صحت (۲) ایک کتاب کا نام جو حکیم بو علی سینا کی تصنیف ہے۔
شفا بخشیدن (ف) کامیاب علاج کرنا۔
شفا پذیر (ف) قابل علاج۔
شَفا جُرُف (ع) نالاب (۲) پانی (۳) کنارہ (۴) وادی۔
شفا خانہ (ف) جہاں مریضوں کا علاج مفت ہوتا ہے۔ ہسپتال۔
شفا دادن (ف) صحت بخش علاج کرنا۔
شفادہ / شفا بخش } شفا بخشنے والا۔
شفاعت (ع) (۱) سفارش کرنا۔ کسی کی نجات کے لیے بھلائی کا کلمہ کہنا۔ (۲) خواہش کرنا۔
شفاعت گر (ف) سفارش کرنے والا۔ نجات دلانے والا۔
شَفّاف (ع) وہ صاف چیز جس کے وار پار نظر گزر سکے۔ جیسے بلور۔ شیشہ وغیرہ۔
شفاہ (ع) شفت کی جمع۔ ہونٹ۔ لب۔
شفاہا (ف) زبانی۔ رو برو۔
شفاہی (ف) زبانی۔
شَفَت (ع) ہونٹ۔ لب۔
شفت (ف) خسیس۔ احمق۔
شفتالو (ف) (۱) آڑو جو مشہور پھل ہے (۲) معشوق کا بوسہ۔
شفتالوے آردی / شفتالوے کاردی } (ف) یہ دونوں شفتالو کی دو قسمیں ہیں۔
شفتہ (ف) سوت کی انٹی۔
شفتین (ع) دونوں لب۔ دونوں ہونٹ۔
شَفرہ (ع) رانپی جو چمڑہ کاٹنے کا اوزار ہے۔ (۲) چھری۔ کارد۔
شُفرہ (ع) پلکوں کا کنارہ جو آنکھوں کی جڑوں کی طرف ہوتا ہے۔
شفشف (ف) درخت کی ٹیڑھی اور جھکی ہوئی شاخ۔
شَفیع (ع) (۱) جوڑا۔ جفت (۲) جفت بنانا۔ جوڑا بنانا (۳) دوگانہ (۴) کسی شے کی خواہش کرنا۔ قربانی کا اونٹ۔ سفارش کرنے والا۔
شُفَعا (ع) شفیع کی جمع (۱) سفارش کرنے والے (۲) حق شفع کا دعوے کرنے والے۔
شُفعہ (ع) پڑوس۔ ہمسائیگی۔ مکان یا زمین کی ہمسائیگی۔
شَفَق (ع) سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کناروں پر ظاہر ہوتی ہے (۲) سکندر نامہ میں روشنک کی ماں سے مراد ہے۔
شَفَقَت (ع) (۱) مہربانی (۲) رحم۔ غمخواری۔ ترس۔ یہ لفظ نظم میں فا کے سکون سے بھی آیا ہے۔

Marfat.com

شفقت کردن
شفقت نمودن } (ف) مہربان ہونا۔
شفقت داشتن (ف) مہربانی کرنا۔
شفقی (ع) شفق کا رنگ۔ سرخ رنگ۔
شفک (ف) بے ہنر۔ نادان۔ ابلہ۔
شفلیدن (ف) سیٹی بجانا۔
شفن (ع) عقل مند۔ دانا۔ ذی شعور۔
شفوده (ف) ہفتہ۔ سات یوم۔ یعنی شنبہ سے جمعہ تک۔
شفوق (ع) شفیق۔ مہربان۔
شفون (ع) آنکھ کے گوشے سے دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔
شفیع (ع) (۱) سفارش کرنے والا (۲) شفعہ کا دعویٰ کرنے والا۔ (۳) خواہش کرنے والا۔
شفیق (ع) شفقت کرنے والا۔ مہربان۔ غم خوار۔

## ش - ق

شق (ع) (۱) صبح (۲) چیرنا۔ شگاف کرنا (۳) شگاف (۴) کسی کو رنج و غم میں ڈالنا (۵) دانت نکالنا۔ قوم سے جدا ہونا (۶) خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کا نام۔
شق (ع) نصف۔ ہر شے کا آدھا (۲) کسی چیز کا ٹکڑا (۳) شدت۔ سختی (۴) پہاڑ کا کنارہ (۵) برادر۔ بھائی (۶) دوست۔ آشنا۔ مہربان۔
شق القمر (ع) حضور سرور کائنات کا معجزہ۔ چاند کا دو ٹکڑے کرنا۔
شق القمر کردن (ف) معجزہ کرنا۔
شقاو (ف) ترکش۔ تیردان۔
شقاء (ع) بدبخت ہونا۔
شقاق (ع) دشمنی۔ مخالفت۔ عداوت (۲) مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔
شقاق داشتن (ف) دشمنی اور مخالفت رکھنا۔
شقاقل (ع) جنگلی شلغم یا جنگلی گاجر جو ایک دوا ہے اور مصری مشہور ہے۔
شقاقلوس (ف) جسم کا بے کار عضو۔
شق النفس (ع) جانوروں کی مشقت۔
شقاوت (ع) سنگ دلی۔ بدبختی۔
شقائق (ع) لالہ کا پھول۔ لالہ کے پھول واحد جمع دونوں کے لیے آتا ہے (۲) مطلق پھول۔
شقائق نمط (ف) فرش گل دوز۔ پھول دار فرش۔ ایک قسم کا پھول دار کپڑا۔
شقدار (ف) دیہات کا حاکم۔ پرگنوں کا حاکم۔
شقر (ع) لالہ کوہی۔ پہاڑی لالہ۔

شقل (ع) (۱) جماع کرنا (۲) دینار و درم تولنا۔
شقوت (ف) سنگ دل۔ بدبخت۔
شقہ
شقہ } (ف) محنت۔ مشقت۔
شقہ (ع) کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا (۲) علم کا پھریرا۔ جھنڈے کا کپڑا۔ (۳) دور دراز کا سفر (۴) محنت۔ مشقت (۴) قصابوں کی اصطلاح میں جانور کا طول یا عرض کی طرف سے پورا نصف حصہ۔
شقہ کردن (ف) لمبائی میں دو ٹکڑے کر کے پھاٹک میں لٹکا دینا۔
شقی (ع) سنگ دل۔ بدبخت۔
شقی القلب (ع) بے رحم۔ سنگ دل۔
شقیح (ع) قبیح۔ برا۔ بدنما۔
شقیق (ع) حقیقی بھائی (۲) ہر شے کا نصف۔

## ش - ک

شک (ع) شبہ۔ گمان (۲) گمان کرنا (۳) سنکھیا۔ سم الفار۔
شک (ع) چوہا (۲) سم الفار۔ یعنی چوہے مارنے کی دوا۔
شک داشتن (ف) شبہ کرنا۔ دو دل ہونا۔
شکار (ف) کسی حیوان کے مارنے کا ارادہ کرنا (۲) مارا ہوا حیوان (۳) ہرن۔
شکارچی (ف) شکاری۔
شکار شدن (ف) شکار ہونا۔
شکار قبیل (ف) تمام شکاری جانوروں کو یکبارگی شکار پر چھوڑ دینا۔
شکار کردن (ف) شکار کرنا۔
شکار گرفتن (ف) شکار پکڑنا۔
شکاری (ف) شکار کرنے والا (۲) ہرن کے رنگ کا۔
شکاست (ع) بدخو ہونا۔
شکاف (ف) دراز۔ سوراخ و دراز (۲) سوراخ کرنے والا۔
شکافتن (ف) شگاف کرنا۔
شکاف دار (ف) شگاف رکھنے والا۔
شکافہ (ف) مضراب۔
شکاک (ف) بہت شک کرنے والا۔
شکال (ع) شکل بنانے والا۔ ظریف۔ خوش طبع۔
شکال (ع) (۱) اونٹ یا گھوڑے کے پاؤں میں باندھنے کی رسی۔
شکایات (ع) شکایت کی جمع ہے۔
شکایت (ع) (۱) شکوہ۔ گلہ (۲) شکوہ کرنا۔ گلہ کرنا۔
شکر (ع) فرج۔ عورت کی شرمگاہ۔
شکر (ف) سیاہ بھڑ۔ بھونرا۔ زنبور سیاہ۔

Marfat.com

شکر } (ف) (۱) مشہور میٹھی شے جو گنے کے رس سے بنتی ہے (۲) لب
شکرّ } معشوق (۳) معشوق کا بوسہ۔
شکر (ع) دینے والے کی تعریف کرنا۔ احسان ماننا۔
شکر (ف) (۱) شکار (۲) شکاری (۳) شکستہ (۴) توڑ (۵) توڑنے والا۔
شکر آب (ف) شکر رنجی۔ خفیف سی ظاہری رنجش و کدورت جو عاشق اور معشوق کے درمیان ہو جاتی ہے (۲) شربت۔
شکرانہ (ف) احسان مندی بیان کرنا۔ شکریہ۔
شکر پورہ (ف) قند و بادام بھر کے بنایا ہوا سنبوسہ۔
شکر پا (ف) لنگڑا۔
شکر پارہ (ف) ایک قسم کی مٹھائی (۲) معشوق شیریں حرکات۔
شکر تری (ف) ہندوستانی فارسی دانوں کا ایجاد کیا ہوا لفظ ہے سفید شکر۔ بورہ چینی۔
شکر خند } (ف) تبسم۔ مسکراہٹ۔
شکر خندہ }
شکر خواب (ف) صبح کی نیند۔ میٹھی نیند۔
شکر خوردن (ف) مزہ پانا۔ لذت پانا۔
شکر در شیر کردن (ف) فریب دینا۔
شکر در مجمر انداختن (ف) شکر میں عود ملا کر انگیٹھی میں جلانا۔
شکردن (ف) شکار کرنا (۲) توڑنا (۳) علاج کرنا۔ چارہ کرنا۔
شکر رنج (ف) ناخوش۔ ناراض۔ بیزار۔
شکر رنجی (ف) دیکھو شکر آب۔
شکر رنگ (ف) دیکھو شکر رنجی۔
شکر رنگی (ف) شکر رنجی کا مترادف۔
شکر ریز (ف) برات کی رات کو دولہا اور دلہن پر جو چیز نثار کی جاتی ہے (۲) رونا جو خوشی کی زیادتی کے باعث ہو (۳) ظریف۔ لطیفہ گو۔ خوش طبع (۴) حلوائی (۵) معشوق کا لب (۶) عمدہ شعر۔ فصیح کلام۔
شکر ریزی (ف) میٹھی باتیں۔ شیریں کلامی۔ عمدہ باتیں۔
شکر عقیق رنگ (ف) لب معشوق۔
شکر لب (ف) معشوق۔ پیارا۔
شکر و شیر بودن } (ف) نہایت اختلاط ہونا۔ بہت میل جول ہونا۔
شکر و شیر کردن }
شکرہ (ف) باشہ سے چھوٹا ایک مشہور شکاری پرندہ ہے۔
شکریدن (ف) دیکھو شکردن۔
شکریہ (ع) احسان مندی بیان کرنا۔ احسان تسلیم کرنا۔ شکرانہ۔
شکس (ع) کنجوس۔ بخیل۔
شکست و بست (ف) توڑ پھوڑ اور درستی۔
شکستن (ف) توڑنا (۲) ٹوٹنا (۳) ٹیڑھا کرنا (۴) ٹیڑھا ہونا (۵) لشکر کو ہزیمت ہونا (۶) تند و تلخ ہونا (۷) روگردانی کرنا (۸) شرمندہ ہونا (۹) کھانا۔
شکستہ (ف) ٹوٹا ہوا۔ ریزہ ریزہ ہو گیا ہوا (۲) ضائع خراب (۳) بے رونق۔
شکستہ بندی (ف) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو صحیح مقام پر رکھ کر جوڑنا اور باندھنا۔
شکستہ خاطر (ف) شکستہ دل۔
شکستہ رنگ (ف) (۱) زرد رنگ (۲) مرجھایا ہوا۔
شکستہ ناخن (ف) بے قوت۔ بے استعداد۔
شکستہ نفس (ف) عاجز۔ فروتن۔
شکستہ نفسی کردن (ف) عجز و نیاز مندی سے کام لینا۔
شگفت (ف) تعجب۔ عجیب۔ حیرت۔
شگفتن (ف) کھلنا۔ کلیوں کا کھلنا۔
شگفیدن (ف) تعجب کرنا۔ متعجب ہونا۔
شکل (ع) صورت۔
شکل عروسی (ع) اقلیدس کے پہلے مقالہ کی سینتالیسویں شکل کا نام۔ جس کا دعوےٰ یہ ہے کہ مثلث قائم الزاویہ کے قاعدہ اور عمود کا مربع وتر کے برابر ہوتا ہے۔
شکل مامونی (ع) اقلیدس کے پہلے مقالہ کی پانچویں شکل۔ چونکہ یہ شکل مامون خلیفہ بغداد کو بہت پسند تھی۔ اور وہ اپنے ہر لباس پر اسے بنواتا تھا اس لیے اس کا نام مامونی ہوا۔ اس شکل کا دعویٰ یہ ہے کہ اگر مثلث متساوی الساقین کے دونوں برابر ضلعے اپنی اپنی سیدھ میں بڑھا دیے جاویں تو جو بیرونی زاویے پیدا ہوں گے وہ آپس میں برابر ہوں گے۔
شکم (ف) پیٹ۔
شکم از عزا در آوردن (ف) ماتم کے بعد پیٹ بھر کر کھانا۔
شکم بند (ف) وہ کپڑا یا بڑی سی پٹی جو عورتیں پیٹ پر باندھ رکھتی ہیں۔
شکم بندہ (ف) بندۂ شکم (۱) لالچی۔ پیٹو۔ بہت کھانے والا (۲) صرف روٹی پر نوکر رہنے والا۔
شکم بندہ کمتر پرستد خدا (ف) ٹھونس کر کھانے اور پیٹ بھر لینے والے آدمی کا عبادت گزار ہونا مشکل بات ہے۔
شکمبہ (ف) معدہ۔
شکم پرست } (ف) بڑا پیٹو۔
شکم پرور }
شکم چار پہلو کردن (ف) پیٹ بھر کر کھانا۔
شکم خاریدن (ف) عذر کرنا۔ بہانہ کرنا۔
شکم خوار (ف) گرسنہ۔ بھوکا۔
شکم در خویش خوردن } (ف) ڈرنا۔
شکم در خویش وزدیدن }
شکم را صابون زدن (ف) ضیافت کھانے کے لیے خوب ڈٹ کر تیار ہو
شکن (ف) سلوٹ (۲) خم۔ بل (۲) نرمی اور ملائمت (۳) سخن و سرود (۴) تند ہونا (۵) اعراض کرنا (۶) مکر و حیلہ (۷) معشوق کی زلف کا پیچ۔

Marfat.com

شکنج (ف) شکن - سلوٹ - خم - بل - پیچ -
شکنج (ف) چٹکی بھرنا - چٹکی -
شکنجہ (ف) (۱) عذاب (۲) سزا دینے کا ایک آلہ (۳) سزا کی ایک قسم (۵) جلد سازی کا آلہ -
شکنجیدن (ف) چٹکی بھرنا - چٹکی لینا -
شکوخیدن / شکوخیدن / شکوخیدن } (ف) ٹھوکر کھانا (۲) گر پڑنا (۳) ڈرنا -
شکور (ع) بہت شکر کرنے والا (۲) خدا کا نام -
شکور (ع) شکر کرنا -
شکور (ع) شاکر کی جمع - شکر کرنے والے (۲) اللہ تعالے کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ہے -
شکوفہ (ف) (عربی کاف سے) (۱) کلی - پھول (۲) پھل والے درخت کا پھول (۳) قے - متلی -
شکوک (ع) بڑا شک کرنے والا -
شکوک (ع) شک کی جمع - گمان - شبہے -
شکولیدن (ف) پراگندہ ہونا -
شکوہ (ع) گلہ - ایک دفعہ شکایت کرنا -
شکوہ خسروی (ف) شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ -
شکوہ (ف) شان و شوکت - بزرگی - حشمت -
شکوہ (ف) خوف - ڈر - بیم -
شکوہیدن (ف) خوف کھانا - ڈرنا -
شکیب (ف) آرام - صبر -
شکیبا (ف) صبر کرنے والا -
شکیبیدن / شکیفتن } (ف) صبر کرنا -
شکیل (ع) خوبصورت - وضعدار - شکل دار -
شکیل (ع) (۱) گھوڑا باندھنے کی رسی (۲) مکر و فریب -
شکیلہ (ع) حسین عورت - خوبصورت عورت -
شکیمہ (ع) گھوڑے کا دہانہ (۲) خصلت - طبیعت - سرشت -

## ش - گ

شگا (ف) ترکش -
شگال (ف) شغال - گیدڑ -
شگر (ف) بھونرا - زنبور -
شگرف (ف) نادر - عجیب (۲) نیک (۳) بزرگ (۴) جوشاندہ (۵) منضج - مسہل -
شگفت (ف) حیرت - تعجب -
شگفت آور (ف) حیران کن -
شگفتن (ف) غنچوں کا کھلنا - کلیوں کا کھلنا - پھول کا کھلنا -
شگن (ف) شگون کا مخفف - فال -
شگوفہ (ف) (۱) غنچہ - کلی (۲) استفراغ - قے -
شگون (ف) فال -
شگون داشتن (ف) نیک شگون ہونا - نیک فال ہونا -

## ش - ل

شل (ف) رنگ برنگ کا چمڑا -
شل (ع) وہ شخص - جس کے ہاتھ اور پاؤں حرکت نہ کر سکیں - اور کام کرنے سے معذور ہوں (۲) ہاتھ کا خشک اور بے کار ہو جانا (۳) سست چیز (۴) اپاہج (۵) ہانکنا - چلانا - (۶) کپڑے کا خشک کرنا (۷) سینا -
شل (ف) چھوٹا بھالا - چھوٹی برچھی -
شل (ف) ہر سست اور نرم شے -
شل / شل / شل } (ف) ایک پھل کا نام جسے ہندی میں بیل کہتے ہیں (بل)
شل (ف) کیچڑ -
شل بستن (ف) ڈھیلا کر کے باندھنا - یا ڈھیلی گرہ دینا -
شل شدن (ف) سست ہونا - ڈھیلے پڑ جانا -
شل کردن (ف) ڈھیلا کرنا یا ہونا -
شلاق خوردن (ف) کوڑے کھانا -
شلاق زدن (ف) کوڑے مارنا -
شلال (ف) لمبا بخیہ -
شلال کردن (ف) لمبے لمبے ٹانکے لگانا -
شلائیں (ف) ناخوشی (۲) شوخ (۳) سختی کرنے والا (۴) محکم - مضبوط (۵) آرام طلب (۶) عاشق -
شلائینی (ف) (۱) کام میں مصروفیت و دلچسپی -
شل بزیر (ف) (محاورہ) اچھی طرح ڈال -
شلپوی (ف) چلنے کی آواز -
شلجم (ع) شلغم کا معرب - جو مشہور ترکاری ہے -
شلخ (ف) (۱) نطفہ (۲) فرج - عورت کی اندام نہانی (۳) مرد کی اصل و نسل -
شلغ (ع) (۱) غوغا (۲) جمگھٹ - ہجوم -
شلف (ف) بدکار عورت - فاحشہ عورت -
شلک (ف) کئی ایک بندوقوں کے یکبارگی سر ہونے کی آواز -
شلل (ع) ہاتھ خشک ہو جانا (۲) کپڑے پر پڑا ہوا وہ سیاہ داغ جو دھونے سے نہ چھوٹے (۳) ہانکنا -
شلنگ (ف) چھلانگ مارنا - ایک جگہ سے کود کر دوسری جگہ جانا -
شلنگ انداختن / شلنگ برداشتن } لمبے لمبے قدم اٹھانا - ڈگ بھرنا -

Marfat.com

شلنگ زدن (ف) خوشی کے مارے اُچھلنا کودنا۔
شلوار (ف) پاجامہ۔ ازار۔
شلوق (ف) ہجوم
شلوق شدہ (ف) بھیڑ بھڑکا ہونا۔ درہم برہم ہونا۔
شلوق کردن (ف) شور مچانا۔ گڑبڑ کرنا۔
شلہ (ف) شولہ۔ بیماروں کے لیے ایک قسم کے نہایت پتلے سے چاول یخنی میں پکائے جاتے ہیں۔
شُلّہ (ف) (۱) فرج۔ عورت کی شرمگاہ۔ کُس (۲) حیض کا لتہ۔
شَلّہ (ف) بُت (۲) بُت پرست (۳) وہ جگہ جہاں پر کوڑا کرکٹ اور غلاظت ڈالی جائے۔
شلہ (ف) خون کے عوض قاتل کو قتل کرنا۔ قصاص۔
شلہ برگشت (ف) قضیہ برعکس ہوگیا۔ اور انقلاب حال ہوگیا۔
شلیتہ (ف) جمپر۔ عورتوں کا تنگ پاجامہ۔
شلیک توپ (ف) گولہ باری۔
شلیک کردن (ف) بندوق کا فائر کرنا۔
شلیک شدن (ف) بندوق کا چل جانا۔
شلیل (ف) شفتالو کی ایک قسم۔

## ش - م

شم (ف) بے ہوشی (۲) نفرت (۳) فریب (۴) فریاد (۵) نوحہ (۶) ناخن (۷) دُم (۸) باشم کا مخفف ہے۔
شَمّ (ع) سونگھنا۔
شَم (ف) چپلی۔ چمڑے کی تسمہ دار جوتی۔
شَم (ف) خال۔ گدنا۔ نیلے رنگ کے نقطے۔ جو عورتیں اپنے ہاتھ پاؤں وغیرہ پر نقش کرتی ہیں۔
شُما (ف) تم۔ آپ۔ جمع حاضر کا صیغہ۔ تو کی جمع۔
شماتت (ع) شامت کی جمع۔ کسی کی خرابی پر خوش ہونے والے۔
شماتت (ع) کسی کی خرابی اور تباہی پر خوش ہونا۔
شماتہ (ف) گھڑیال۔ بڑا کلاک۔
شماخی (ف) ایک قصبہ کا نام جو شروان کے قریب ہے۔
شمار (ف) (۱) حساب۔ گنتی (۲) کاری زخم (۳) دوستی (۴) مانند۔ مثل
شمار بدست چپ کردن (ف) سینکڑوں اور ہزاروں کو گننا۔
شمار رفتن (ف) شمار میں آنا۔
شمارہ (ف) نمبر شمار۔ حساب۔
شمارہ گیر (ف) ٹیلی فون کا ڈائیل۔
شماس (ع) (۱) آفتاب کی پرستش کرنے والا (۲) سر منڈا کر عبادت خانہ میں بیٹھ رہنے والا۔ پادری (۳) آتش پرستی کا مذہب نکالنے والے کا نام۔

شماسی (ف) (۱) آتش پرست (۲) آفتاب پرست۔
شماسیاں (ف) شماسی کی جمع۔
شمال (ع) وہ ہوا جو قطب شمالی کی طرف سے چلتی ہے۔
شمال (ع) (۱) بایاں ہاتھ (۲) عادت۔ خصلت۔ خو (۳) وہ تھیلی جو بکری کے تھنوں پر یا میوہ پر حفاظت کے لیے چڑھائی جاتی ہے (۴) اُتر۔ قطب شمالی کی سمت۔ چونکہ عرب لوگ کعبہ کو ایک شخص قرار دے کر یہ تصور کرتے ہیں کہ اس کا منہ مشرق اور پُشت مغرب کی جانب ہے اور قطب شمالی کی طرف اس کے بائیں ہاتھ کو ہے۔ اس لیے شمال کہلاتی ہے۔
شمامچہ (ف) وہ خوشبودار چیز جسے سونگھا جائے۔
شمامہ (ع) ایک جنگلی خربوزہ جو خوشبودار اور چھوٹا سا دھاریوں والا ہوتا ہے۔ فارسی میں اسے دستنبو کہتے ہیں (۲) دستنبو یعنی خوشبوؤں کا وہ غلولہ جو ایام وبا میں ہاتھ میں رکھتے اور اُسے سونگھتے ہیں۔
شمامہ (ع) خوشبو۔ جو کسی چیز سے سونگھی جائے۔
شمامہ (ع) سونے چاندی، کستوری اور عنبر سے بجایا ہوا مکان۔ (۲) ایک ساز ہے جو بنسری کے ساتھ بجایا جاتا ہے۔
شمامۂ کافور (ف) (۱) سورج (۲) دن (۳) دھوپ۔
شمائل (ع) شمیلہ کی جمع (۱) عادتیں۔ خصلتیں (۲) شکلیں۔ صورتیں (۳) بائیں ہاتھ (۴) درخت کی کونپلیں (۵) فارسی والے صورت وضع اور تقطیع کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں (۶) تصویر۔
شمائم (ع) شمیم کی جمع۔ خوشبوئیں جو سونگھی جائیں۔
شمد (ف) گرمی میں رات کو اوپر لینے کی ہلکی چادر۔
شمر (ف) حوض۔ تالاب (۲) بالائی۔ ملائی۔
شمر (ع) خراماں خراماں چلنا۔ اٹھلا کر چلنا۔
شمر۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کے قاتل کا نام۔
شمر دل (ف) سنگ دل۔ بے رحم۔
شمردن (ف) شمار کرنا۔ گننا (۲) خیال کرنا (۳) دینا۔
شمردہ (ف) آہستہ آہستہ۔
شمردہ سخن گفتن (ف) احتیاط سے آہستہ آہستہ بات چیت کرنا۔
شمریدن (ف) شمردن۔ شمار کرنا۔ گننا۔
شمس (ع) سورج۔ آفتاب (۲) ایران کے ایک بہت بڑے ریاضی دان کا نام ہے (۳) سونے کا ڈلا۔
شمس را در روشنائی امتحان نکنند (ف) آزمائے کو آزمانا جہل ہے۔
شمسہ (ف) (۱) روشندان (۲) تابدان (۳) سونے کا ملمع کیا ہوا قرص جو کلس اور قبہ پر ہوتا ہے۔
شمسہ، شمسیہ (ع) چھاتا۔ چھتری۔
شمشاد (ف) ایک بلند اور خوشنما درخت کا نام، اس کے خوشنما اور

Marfat.com

سیدھا ہونے کی وجہ سے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔
شمشاد (ف) السن ۔
شمشیر (ف) شم بمعنے ناخن یا دم اور شیر مشہور درندہ سے مرکب ہے ۔ تلوار ۔ تیغ ۔ چونکہ یہ شیر کے ناخن یا دم سے مشابہ ہوتی ہے ۔ اس لیے یہ نام رکھا گیا ۔ نظم میں شین ثانی کے کسرہ سے بھی مستعمل ہے ۔
شمشیر در نیام کردن (ف) تلوار نیام میں کرنا ۔ لڑائی بند کرنا ۔
شمشیر کشیدن (ف) تلوار سونت لینا ۔
شمشیر گوشتیں (ف) زبان ۔
شمع (ع) کھیلنا ۔
شمع (ع) موم بہ لفظ بلفتحین صحیح ہے ۔ لیکن فارسی میں میم کے جزم سے موم بتی کے معنوں میں مستعمل ہے ۔
شمع ایمن (ف) نور خدا کی وہ تجلی جو وادی ایمن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک درخت پر دیکھی تھی ۔
شمع بردر کور (ف) اندھے کو شیشہ دکھانا ۔
شمع پیچاں (ف) دیکھو فندک ۔
شمع دانی (ف) ایک پھول کا نام ہے ۔
شمع در ہنگام مردن خانہ روشن میکند (ف) مرنے سے پہلے انسان سنبھالا لیتا ہے جسے عرف عام میں دیئے کا بجھنے سے پہلے مسکرانا کہتے ہیں ۔
شمع سحر (ف) چراغ صبح ختم ہونے کے قریب سے مراد ہے قریب المرگ آدمی ۔
شمع صباح
شمع سحر } (ف) سورج ۔ آفتاب ۔
شمع عالمتاب
شمل (ع) (لغات اضداد سے) (۱) اکھٹا (۲) پراگندہ (۳) جمعیت (۴) پریشانی (۵) اکٹھا ہونا (۶) منتشر ہونا ۔ الگ الگ ہونا ۔
شملہ (ف) (۱) پگڑی کا طرہ (۲) کاندھے پر رکھنے کی چادر وغیرہ ۔
شمن (ف) بت پرست ۔
شمندفر (ت) ریل ۔ یہ لفظ دراصل فرانسوی ہے پھر ترکی میں آیا ۔ اب فارس والوں نے ترکی سے لیا ۔
شموخ (ع) (۱) غرور کرنا (۲) بلند ہونا ۔
شموس (۱) بدخو (۲) سرکش (۳) سرکش گھوڑا (۴) شراب ۔
شموس (ع) شمس کی جمع ۔ سورج ۔ آفتاب ۔
شموع (ع) شمع کی جمع ۔ موم بتیاں ۔
شمول (ع) (۱) شراب (۲) شمالی ہوا سے سرد ہو گئی ہوئی شراب ۔
شمول (ع) کسی چیز پر پورا قبضہ کر لینا ۔ کسی شے پر محیط ہو جانا ۔
شموم (ع) خوشبو دینے والا ۔ خوشبو ۔
شمہ (ع) (۱) تھوڑی بو (۲) ایک مرتبہ سونگھنا (۳) فارسی میں کم ۔ تھوڑا ۔ اندک کے معنوں میں مستعمل ہے ۔
شمہ (ف) بالائی ۔ ملائی ۔ قیماق ۔
شمیدہ (ف) (۱) بھاگا ہوا (۲) بے ہوش (۳) پریشانی ۔

شمیر (ع) تیز رو ۔ تیز رفتار ۔ تیز چلنے والا ۔
شمیم (ع) (۱) خوشبودار ہوا (۲) سونگھنا (۳) خوشبو (۴) بلند چیز ۔
شمیمہ (ف) وہ خوشبو جو سونگھی جائے ۔

# ش ۔ ن

شن (ف) (۱) کرشمہ ۔ ناز ۔ ادا (۲) ایک گھاس کا نام، جس کے چھلکے سے رسی بنتی ہے ۔
شن (ع) (۱) بوسیدہ مشک (۲) پانی چھڑکنا ۔
شنا (ف) (۱) تیرنا (۲) ڈنڈ جو مشہور ورزش ہے ۔
شناب (ف) (۱) تیرنا (۲) ڈنڈ پیلنا ۔
شنات (ع) شنائی کی جمع ۔ دشمن ۔ عدو ۔
شناخت (ف) پہچان ۔
شناخت کنندہ (ف) شناخت کرنے والا ۔
شناختگان مملکت (ف) معزز لوگ ۔ مشہور و معروف لوگ ۔
شناختن (ف) پہچاننا ۔
شنار (ع) عار ۔ عیب ۔ ننگ ۔ برا کام (۲) دشمن ۔
شنار (ف) (۱) تیرنا (۲) شناور ۔ تیرنے والا (۳) منحوس ۔ نامبارک ۔ شوم ۔
شناسا (ف) آشنا ۔
شناساند (ف) شناسد کا متعدی ۔ یعنی پہنچوا دے ۔
شناساندن (ف) آشنا بنانا ۔
شناسامہ (ف) شناختی کارڈ ۔
شناعت (ع) بدی ۔ برائی ۔ زشتی (۲) طعنہ (۳) برا ہونا ۔ بد ہونا ۔
شنا کردن (ف) تیرنا ۔
شناگر (ف) تیراک ۔
شنآن (ع) عداوت ۔ دشمنی ۔
شنان (ع) عداوت رکھنا ۔
شناور
شناوری } (ف) تیرنا ۔
شناہ
شنائع (ع) شنیعہ کی جمع ۔ برائیاں ۔ بدیاں ۔
شنبہ (ف) ہفتہ کا پہلا روز ۔ سنیچر ۔
شنج (ف) (۱) سرین ۔ چوتڑ (۲) پہاڑ کی چوٹی ۔
شنج (ع) سرین ۔ چوتڑ ۔
شنجرف (ف) شنگرف کا مبدل ۔ ایک سرخ رنگ کی چیز جو پارہ اور گندھک کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے ۔ اس لفظ کا معرب سنجرف ہے ۔ عربی میں اسے زنجفر کہتے ہیں ۔ اور ہندی میں اینگر ۔
ششند (ف) منقار ۔ چونچ ۔

Marfat.com

شندرغاز (ف) کوڑی - ادنیٰ ترین۔
شندف (ف) نقارہ - ڈھول - طبلہ۔
شنزبہ (ف) کلیلہ و دمنہ کے قصہ میں ایک بیل کا نام۔
شنشنہ (ع) عادت - خُو - خصلت - طبیعت - مگر عام طور پر خوئے بد کے معنوں میں آتا ہے۔
شنفتن (ف) (۱) سونگھنا (۲) سُننا۔
شنق (ع) پھانسی دینا۔
شنقار (ف) ایک سفید رنگ شکاری پرند کا نام جو عقاب کے برابر مگر اس سے طاقت ور ہوتا ہے - اور قریب قریب ناپید ہے۔
شنقار شدن (ف) ناپدید ہو جانا - بادشاہ کا مر جانا - چونکہ شنکار ایک معزز اور ناپید جانور ہے - اس لیے بادشاہ کے مرنے کو تعظیماً لکھتے ہیں۔
شنگ (ف) اُچکا - رہزن - چور ڈاکو (۲) ظریف طبع (۳) شوخ (۴) بے حیا - معشوق۔
شنگ و شوخ (ف) خوب رُو - خوش مزاج۔
شنگ (ف) مٹر۔
شنگرف (ف) دیکھو سنجرف۔
شنگرف سودن بر لاجورد (ف) شفق کا آسمان سے ظاہر ہوتا۔
شنگل (ف) (۱) خوبصورت - زیبا - (۲) شوخ (۳) ڈاکو - رہزن - چور (۴) ہاتھی کی سونڈ - خرطوم۔
شنو (ف) ٹنڈ جو مشہور ورزش ہے۔
شنوا (ف) سُننے والا۔
شنودن } (ف) (۱) سُننا۔
شنودن } (۲) سونگھنا۔
شنوسہ } (ف) عطسہ - چھینک
شنوسہ }
شنوع (ع) بُرائی - قباحت
شنوءن (ع) لغاتِ اضداد سے ہے (۱) موٹا (۲) دُبلا۔
شنید آزما (ف) سُننے کا آلہ۔
شنیدن (ف) (۱) سُننا (۲) سونگھنا۔
شنیدہ کے بود مانند دیدہ (ف) سُنی سُنائی بات دیکھی ہوئی بات کے برابر نہیں ہوتی۔
شنیدنی (ف) سُننے کے لائق۔
شنیع (ع) بُرا - بد - زشت۔
شنیق (ع) پھانسی دیا گیا - وہ شخص جسے پھانسی دیا جائے۔

## ش - و

شو (ف) شب کا بگاڑ - رات۔
شَو (ف) شدن کا امر - ہو - ہو جا۔
شُو (ف) شوے کا مخفف - خاوند۔
شُو (ف) شستن کا امر - دُھو۔
شَوا (ف) اصم - بہرا - جسے سُنائی نہ دے۔
شواء (ع) بُھنا ہوا - بُھنا ہوا گوشت۔
شوات (ف) (۱) فیل مرغ (۲) سرخاب (۳) گرگٹ - (۴) بوقلموں۔
شَوا (ف) سرخاب۔
شوارد (ع) شاردہ کی جمع (۱) بھاگنے والے (۲) پریشان۔
شوارع (ع) شارع کی جمع - راہیں - بڑے رستے - سیدھے راستے - شاہراہیں - سڑکیں۔
شواغل (ع) شغل کی جمع - کام کاج۔
شوارق (ع) شارقہ کی جمع - روشنیاں - روشن چیزیں۔
شواظ (ع) آگ کا شعلہ۔
شواکل (ع) شاکلہ کی جمع (۱) عادتیں (۲) طرزیں - روشیں۔
شواغل (ع) شغل کی جمع - کام۔
شوال (ع) دسواں قمری مہینہ۔
شواہد (ع) شاہد کی جمع - گواہ۔
شواہق (ع) شاہق کی جمع - بلندیاں۔
شواہب (ع) شاہبہ کی جمع - آلودگیاں - آمیزشیں۔
شوب (ع) آمیزش (۲) شوربا (۳) ملنا (۴) عسل۔
شوب (ف) دستار - پگڑی۔
شوت زدن (ف) پانسہ یا تختے کا لمبا کش لگانا۔
شوخ (ف) (۱) دلیر - بے باک - نڈر - چالاک - تیز (۲) بے شرم - بے حیا (۳) راہزن - چور - عیار۔
شوخ (ف) (۱) جسم کا میل (۲) پیپ۔
شوخ ترازو (ف) کم تولنے والا - دغاباز۔
شوخ چشم (ف) بے حیا - بے شرم۔
شوخ چشمی (ف) بے حیائی - بے شرمی۔
شوخ طبع } (ف) تیز طبع - شوخ مزاج۔
شوخ طبیعت }
شوخی (ف) تیزی (۲) شرارت۔
شوخی زننده (ف) طنزیہ مذاق جو دوسروں کو ناگوار گزرے۔
شوخی شوخی جدی می شود (ف) ہنسی مذاق میں بسا اوقات بات بڑھ جاتی ہے اور معاملہ سنگین صورت اختیار کر جاتا ہے۔
شوخی کردن (ف) گستاخی کرنا۔
شوخیدن (ف) میلا ہونا۔
شور (ع) مشورہ کرنا۔
شور (ف) (۱) غوغا - غل (۲) شہرت (۳) نمک (۴) نمکین (۵) عشق - جنون۔
شورابہ (ف) کھاری پانی - آب شور۔

Marfat.com

شورانِدن }
شورانیدن } (ف) پریشان کرنا۔
شورباج (ف) شوربا۔
شوربخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔
شورچشم (ف) وہ شخص جس کی نظر سے لوگوں اور چیزوں کو ضرر پہنچے۔ یا جس کی نظر سے آدمی بیمار ہو جائے۔
شورش (ف) (۱) کھاری پن۔ نمکینی (۲) شور و غوغا (۳) فتنہ و فساد (۴) پریشانی۔ آشفتگی۔
شورش برپا کردن (ف) فتنہ و فساد کھڑا کر دینا۔
شورش کدہ (ف) (۱) فساد کا گھر (۲) دُنیا۔
شورگز (ف) زمین شور کا درخت جھاؤ۔
شور و مور (ف) (۱) ضعیف و نحس۔ (۲) شور و غوغا۔
شورَہ (ف) (۱) نمک کی مانند ایک مشہور شے کا نام جو آتش بازی وغیرہ میں کام آتی ہے (۲) زمین شور۔ کھاری زمین۔ خاک شور۔ کھاری زمین۔ خاک شور (۳) ایک قسم کا جھاڑ کا درخت۔
شورہ بُوم (ف) زمین شور۔ جو زراعت کے قابل نہ ہو۔
شورہ پُشت (ف) شوخ۔ نٹ۔ کھٹ۔
شورہ پُشتی (ف) شوخی۔
شوریٰ (ع) مشورہ۔
شوری (ف) روسی۔
شوریدہ (ف) (۱) تلخ مزہ (۲) پریشان۔ آشفتہ (۳) دیوانہ۔ مستانہ۔ عاشق۔
شوریدہ بخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔
شوریدہ حال (ف) پریشان حال۔
شوریدہ راہ (ف) گمراہ۔ کلام الٰہی اور کتب سماوی کو نہ ماننے والا
شوریدہ سَر (ف) سرگشتہ۔ پریشان حال۔ دیوانہ۔
شوریدہ سری (ف) پریشان حالی۔ دیوانگی۔
شوریدہ رنگ (ف) دیوانہ۔ دیوانہ وش۔
شوریدہ خال (ف) انعام۔ روزینہ۔
شوریدن (ف) پریشان ہونا۔ بے قرار ہونا۔
شوستر (ف) خوزستان کے ایک شہر کا نام۔
شوشک (ف) چوتارہ جو مشہور ساز ہے۔
شوشکہ (ف) چھوٹا خنجر۔ چھُرا۔
شوشہ (ف) (۱) ہر چیز کا ریزہ (۲) سونے چاندی کی سلاخ (۳) ریت کا ٹیلہ (۴) نشان جو شہیدوں کی قبر پر بنایا جاتا ہے۔
شَوط (ع) گشت۔ دوڑ۔
شوغار }
شوغار } (ف) باڑہ جس میں بکریوں وغیرہ کو بند کرتے ہیں۔
شوفر (ف) ڈرائیور۔
شَوق (ع) خواہش۔ آرزو۔ رغبت دل۔ مشتاق ہونا۔

شُوق (ع) آشوق کی جمع۔ مشتاق لوگ۔ عاشق لوگ۔
شوک (ع) (۱) خار۔ کانٹا (۲) چبھنا (۳) چبھونا۔ (۴) کانٹوں میں گرنا۔ (۵) تیزی کرنا (۶) لڑکی کے پستانوں کا ابھرنا (۷) پرندہ کے پروں کا نکلنا (۸) اونٹ کی کچلیوں کا نکلنا (۹) بالوں کا منڈانے کے بعد نکلنا (۱۰) تیزی کرنا۔
شوکت (ع) (۱) قوت (۲) ہیبت۔ دبدبہ (۳) لڑائی کی شدت (۴) ہتھیار (۵) تیزی (۶) کانٹا۔ خار۔
شولوق (ف) درہم برہم۔ ہجوم۔ ہرج مرج۔ کھلبلی۔
شُولَہ (ف) (۱) کوڑا کرکٹ اور گندگی پھیلنے کی جگہ (۲) شہابہ کی روشنی۔
شُوم (ع) نحوست۔ بدفالی۔ فارسی والے۔ نحس۔ بدفال۔ منحوس وغیرہ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔
شُونیز (ف) کلونجی جو مشہور دوا ہے۔
شوہ (ع) بدشکل ہونا۔ زشت رو ہونا۔
شوہر خدائے کوچک است (ف) خاوند مجازی خدا ہوتا ہے۔
شوہر دادن (ف) لڑکی کا بیاہ کرنا۔
شوہر رفتن (ف) بیاہ ہونا۔
شوہر کردن (ف) لڑکی کا اپنے لیے خاوند انتخاب کرنا۔
شوہرہ (ف) سہرہ پھولوں کا جو دُلہا اور دُلہن کے سر پر باندھتے ہیں۔
شوہہ (ع) دیکھو شوہ۔
شوے (ف) خاوند۔ شوہر (۲) شراب کا طالب۔

# ش - ہ

شَہ (ف) شاہ کا مخفف۔ بادشاہ۔
شُہ (ف) کراہت و نفرت کا کلمہ۔
شَہاب (ع) وہ دُودھ جس میں دو حصے پانی ملا ہوا ہو۔
شَہاب (ف) (۱) شاہ آب کا مخفف۔ سُرخ رنگ (۲) کتے کا پلا۔
شِہاب (ع) (۱) بلند ہونے والا آگ کا شعلہ (۲) روشن ستارہ یعنی ٹوٹنے والا ستارہ جو آتش کی مانند آسمان پر چھوٹا سا معلوم ہوتا ہے۔
شہاب الدین سُہروردی (ع) علم و فضل میں درجہ فضیلت رکھتے تھے اور اپنے وقت میں بغداد کے شیخ الشیوخ تھے۔ اور شیخ نجیب الدین سہروردی کے مرید تھے ۵۳۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۶۳۲ھ میں وفات پائی۔
شہاب الدین غوری (ع) افغانستان کے مشہور بادشاہ کا نام جس نے ہندوستان پر نو حملے کیے اور اسے فتح کر کے یہاں اسلامی سلطنت قائم کی ۱۲۰۶ء میں فوت ہوا۔
شہاب ثاقب (ع) آگ کا روشن شعلہ۔ آسمان پر ٹوٹنے والا ستارہ۔
شہادت (ع) (۱) گواہی (۲) سچی گواہی (۳) گواہی دینا (۴) سچی خبر (۵) شہید ہونا۔ خدا کی راہ میں مارا جانا۔ بے گناہ

Marfat.com

قتل ہونا (۶) خدا کی وحدانیت اور آنحضرتؐ کی رسالت پر گواہی دینا۔
(۷) کلمۂ شہادت۔
شہادتین (ع)، توحید اور رسالت کی گواہی دینا۔
شہادت سربستہ (ف)، سچی گواہی۔ بے لاگ شہادت۔
شہادت مشرب (ع)، شہید۔
شہادت نامہ (ف)، گواہی نامہ۔
شہامت (ع)، (۱) دلیری۔ توانائی۔ چستی (۲) بزرگی (۳) شادمانی۔
شہب (ع)، شہاب کی جمع (۱) روشن ستارے (۲) ہر مہینہ کی آخری تین راتیں۔
شہباز (ف)، (۱) بڑا باز۔ باز سے بڑے ایک شکاری پرندہ کا نام (۲) موسیقی کے ایک گانے اور بحر کا نام بھی ہے۔
شہبالا (ف)، دولہا کا ساتھی جسے پنجابی میں سربالا کہتے ہیں۔
شہبرہ (ف)، بوڑھی عورت۔
شہپر (ف)، بہت بڑا باز۔
شہد / شُہد (ع)، شہد۔ عسل۔ انگبیں۔ وہ میٹھا شیرہ جو مکھیاں جمع کرتی ہیں۔
شہدا (ع)، شہید کی جمع۔ وہ لوگ جو راہ خدا میں مارے جائیں۔ (۲) حاضر۔ گواہ۔
شہر (ع)، (۱) مہینہ یعنی سال کا بارھواں حصہ (۲) چاند (۳) ظاہر کرنا۔ (۴) میان سے تلوار کھینچنا۔
شہر (ف)، بڑا قصبہ۔ بڑی بستی۔ بلد۔ مدینہ۔
شہر آرا (ف)، کسی کے جشن کے سلسلے میں شہر کا سجانا۔
شہر آشوب (ف)، کسی اجڑے ہوئے شہر کا ماتم یا ذکر (۲) وہ شخص جو حسن و جمال کے باعث شہرۂ آفاق ہو۔
شہر آئین بستن (ف)، شہر کو آراستہ کرنا۔
شہربان (ف)، پاسبانِ شہر۔
شہربانی (ف)، پولیس۔
شہر بند (ف)، (۱) فصیل۔ شہر پناہ (۲) قلعہ۔ حصار (۳) شہر کی آرائش (۴) حجرہ۔ کمرہ (۵) قید خانہ۔ زنداں (۶) قیدی۔ اسیر (۷) نظر بند یعنی وہ شخص جو شہر کے حاکم کے بغیر شہر سے باہر نہ جا سکے۔
شہر بہم برزدن (ف)، شہر کو تباہ و برباد کرنا۔
شہرت (ع)، (۱) ظاہر کرنا (۲) تلوار کھینچنا (۳) چرچا۔ مشہوری۔
شہرت داشتن (ف)، مشہور ہونا۔
شہر تاش (ف)، ایک شہر کا باشندہ۔ ہم وطن۔ ہمسایہ۔
شہر خدا (ف)، ماہِ رجب۔ ساتواں قمری مہینہ۔
شہردار (ف)، میونسپل کمیٹی کا صدر۔ کارپوریشن کا میئر۔
شہرداری (ف)، کمیٹی۔ بلدیہ۔ کارپوریشن۔
شہر زریں (ف)، حضرت سلیمان علیہ السلام کے آباد کیے ہوئے ایک شہر کا نام۔
شہر سبز (ف)، ایک شہر کا نام جسے کش بھی کہتے ہیں، جو ترکستان میں سمرقند کے قریب واقع ہے اور تیمور کا وطن ہے۔

شہرستان (ف)، ضلع۔ پرگنہ۔
شہر کشا (ف)، (۱) فاتح (۲) بادشاہ۔
شہر گرداں کردن (ف)، مجرم کو شہر میں پھرانا۔ تشہیر کرنا (۲) کسی کو بے آبرو کرنا۔ کسی کو رسوا کرنا۔
شہر ناپرساں (ف)، وہ شہر جس میں کوئی کسی کا پرسانِ حال نہ ہو۔ اور کوئی داد فریاد کو نہ پہنچے۔
شہرناز (ف)، (۱) موسیقی کی ایک آواز کا نام (۲) عروس (۳) جمشید کی بہن کا نام جو پہلے ضحاک کے اور بعد میں فریدوں کے نکاح میں آئی۔
شہر نبیؐ (ف)، مدینہ منورہ۔
شہروان (ف)، فاحشہ عورت۔ گشتی۔
شہرود (ف)، (۱) باجہ جو اہلِ روم رزم و بزم میں بجاتے ہیں۔ (۲) بڑی ندی۔ بڑی نہر (۳) عراق میں ایک ندی کا نام اور اس ندی کے کنارے پر ایک شہر کا نام۔
شہروزہ (ف)، روزانہ گداگری کرنے والا فقیر۔ دن بھر بھیک مانگنے والا۔
شہرہ (ف)، پھولوں کا سہرا جو دولہا اور دولہن کے سر پر باندھا جاتا ہے۔
شہرہ (ع)، چرچا۔ مشہوری۔ شہرت۔
شہرۂ آفاق / شہرۂ انام (ف)، مشہور زمانہ۔ جو دنیا بھر میں مشہور ہو۔
شہری (ف)، (۱) شہر کا رہنے والا (۲) ایک پہلوی راگ کا نام۔
شہریار (ف)، (۱) بادشاہ۔ بڑا بادشاہ (۲) بزرگ۔
شہر یک چشماں روی یک چشم شو (ف)، جیسا دیس ویسا بھیس اختیار کرو۔
شہریور (ف)، (۱) ایک شمسی مہینہ کا نام جس میں سورج برج سنبلہ میں ہوتا ہے۔ یہ مہینہ کنوار کے لگ بھگ ہوتا ہے۔ آگ کے ایک مؤکل فرشتہ کا نام۔
شہریہ (ف)، ماہوار تنخواہ۔ مشاہرہ۔
شہزادہ (ف)، بادشاہ کا بیٹا۔
شہسوار (ف)، گھوڑے کی سواری میں ماہر، چالاک، دلاور شخص۔
شہسوار سپہر / شہسوار فلک / شہسوار گردوں — سورج سے کنایہ ہے۔
شہقہ (ع)، نعرہ مارنا۔
شہکار (ف)، بڑا اور نمایاں کارنامہ۔ وہ کام جس میں ہنر و فن کا اظہار کیا گیا ہو۔
شہلا (ع)، وہ عورت جس کی آنکھیں نہایت سیاہ ہوں (۲) نرگس کے پھول کی ایک قسم جو بجائے زرد ہونے کے سیاہ ہوتا ہے۔ اور یہی نرگس کی آنکھ کے مشابہ ہوتی ہے (۲) وہ سیاہ آنکھ جس میں سرخی کے ڈورے ہوں۔

Marfat.com

شہلاب (ف) ایک علاقہ کا نام جہاں کی بلیوں کے بال بڑے بڑے ہوتے ہیں۔
شہلہ (ع) بوڑھی عورت۔
شہلہ (ف) چربی والا گوشت۔
شہلیدہ (ف) پریشان - پراگندہ۔
شہناز (ف) (۱) دُلہن (۲) ایک راگ کا نام۔
شہنائی (ف) نفیری - سرنا جو مشہور ساز ہے۔
شہنشاہ (ف) شاہان شاہ کا مخفف - جو شاہ شاہان کا مقلوب ہے بادشاہوں کا بادشاہ بڑا بادشاہ۔
شہنشاہ فلک (ف) سورج۔
شہنشہ (ف) شہنشاہ کا مخفف۔
شہر نیمروز (ف) (۱) حضرت آدم علیہ السلام (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (۳) آفتاب (۴) انسان کا دل (۵) رستم بن زال یعنی ملک نیمروز کا بادشاہ۔
شُہوار (ف) دیکھو شہوار۔
شہوت (ع) (۱) خواہش - آرزو - شوق (۲) بھوک (۳) جماع کی خواہش۔
شہوت پرست (ف) زانی - بدکار۔
شہوت پرستی (ف) زنا - بدکاری۔
شہوت زنی (ف) شہوت پرستی۔
شہود (ع) شاہد کی جمع - گواہ لوگ - حاضر ہونے والے۔
شہود (ع) (۱) حاضر ہونا (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں سالک مراتب کثرت اور موجودات صوری سے گزر کر توحید عیانی کے مقام پر جا پہنچتا ہے - اور اس کو موجودات میں جلوہ حق نظر آتا ہے - بلکہ ہر شے میں حق نظر آنے لگتا ہے۔
شُہور (ع) شہر کی جمع - مہینے۔
شہوی (ف) دیکھو شہوانی۔
شہی (ف) (۱) دامادی (۲) بادشاہی (۳) ہر میٹھی چیز (۴) مرغوب شے (۵) حلوہ جو فستق اور بیضۂ مرغ سے بنایا جاتا ہے۔
شہید (ع) راہِ خدا میں مارا جانے والا (۲) شاہد - گواہ (۳) وہ شخص جس کے علم سے کوئی شے مخفی نہ ہو - (۴) اللہ تعالیٰ کا نام۔
شہیدہ (ع) شہید کی مؤنث۔
شہیدی (ف) (۱) وہ تربوز جو اندر سے سرخ ہو - (۲) ہندوستان کے ایک شاعر کا تخلص جو عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث خاص شہرت رکھتا ہے۔
شہیر (ع) مشہور۔
شہیرہ (ع) شہیر کی مؤنث - بہت مشہور عورت۔
شہیق (ع) گدھے کے بولنے کی آخری آواز - جو بھاری ہوتی ہے۔ پہلی آواز کو زفیر کہتے ہیں۔

# ش - ی

شے (ع) چیز۔
شیاد (ع) فریبی - مکار - حیلہ گر۔
شیار (ع) قابل زراعت زمین - جتی ہوئی زمین۔
شیار کردن (ف) زمین جوتنا - زمین میں ہل چلانا۔
شیاطین (ع) شیطان کی جمع۔
شیاع (ف) شائع ہونا - رائج ہونا۔
شیاف (ف) دوا کی بتی - جسے گھس کر آنکھ میں لگایا جاتا ہے۔
شیاف ابیض (ف) دواؤں کی بتی - جو آنکھ کی سوزش اور سرخی کے لیے بہت مفید ہے - اس کا جزو اعظم سفیدہ کاشغری ہوتا ہے۔
شیب (ع) (۱) پیری - بڑھاپا (۲) سفید بال۔
شیب (ف) نشیب کا مخفف (۲) پستی - پست زمین۔
شیب (ف) (۱) آشفتہ - مدہوش - بے خبر - حیران (۲) نوحہ - گریہ (۳) تازیانہ کا تاگا (۴) کون - دُبر۔
شیب (ع) بوڑھا - پیر - سفید سر۔
شیبا (ف) (۱) مار - سانپ (۲) دیوانہ (۳) شیفتہ۔
شیبان (ف) (۱) لرزاں - کانپنے والا (۲) پریشان - پراگندہ۔
شیبت (ع) پیری - بڑھاپا - سفید بال۔
شیب و بالا (ف) زمین و آسمان۔
شیب و تیب (ف) مدہوش - سرگشتہ۔
شیبیدن (ف) (۱) لرزنا - کانپنا (۲) آٹا گوندھنا (۳) فریفتہ ہونا - عاشق ہونا۔
شیپور / شیفور (ف) نائے رومی - بگل - نفیری۔
شیپور آشوب (ف) خطرے کا بگل۔
شیپور زدن (ف) خطرے کا بگل یا سائرن بجانا۔
شیپور کشیدن (ف) بگل بجانا - الارم دینا - سائرن بجا کر خبردار کرنا۔
شیث (ع) حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو اُن کے بعد پیغمبر ہوئے۔
شیخ (ع) (۱) بوڑھا - جس کی عمر پچاس سال سے زیادہ ہو (۲) خواجہ صاحب (۳) پیرومرشد (۴) اُستاد (۵) بڑا عالم (۶) بزرگ۔
شیخ اجل (ف) سعدیؒ شیرازی کو کہتے ہیں۔
شیخ الرئیس / شیخ رئیس (ع) حکیم بو علی سینا کا لقب۔
شیخک (ف) شیخ کی تصغیر بالتحقیر۔

Marfat.com

شیخکان (ف) شیخک کی جمع۔
شیخوخت (ع) پچاس برس سے آخر عمر تک سِن شیخوخت کہلاتا ہے۔
پیری۔ بڑھاپا۔
شَید (ف) دروغ۔ مکر۔ فریب۔
شِید (ف) (۱) خورشید کا مخفف۔ سُورج (۲) بہت روشن (۳) روشنی۔
شَید (ع) لپائی کرنا۔ کہگل کرنا۔
شَیدا (ف) (۱) دیوانہ۔ مدہوش (۲) فریفتہ۔ شیفتہ۔
شیدا شدن (ف) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
شیدبان (ف) سوسن کا پھول۔
شَیدوس (ف) گودرز کے بیٹے کا نام۔
شیدی (ف) حبشیوں کا لقب۔
شَیذر (ف) اللہ تعالےٰ کا نام۔
شیر (ف) اسد۔ باگ۔ مشہور درندہ ہے۔
شِیر (ف) دُودھ (۲) مجازاً شراب۔
شیرابہ (ف) (۱) خشخاش (۲) خشخاش کا شیرہ۔
شیر آبی (ف) مگرمچھ۔ نہنگ۔ سنسار۔
شیراز (ف) ایران کے مشہور شہر کا نام جسے سعدیؒ و حافظؒ کے وطن ہونے کا فخر حاصل ہے۔
شیراز (ع) وہ دہی جس سے پانی نکالا گیا ہو۔
شیرازہ (ف) (۱) کتاب کی جزوبندی کے بعد جو باندھا جاتا ہے (۲) اکٹھ۔
شیرازہ بندی (ف) کتاب کی جزوبندی۔
شیرازہ دررفتن (ف) شیرازہ بکھر جانا۔
شیرازہ شدن (ف) جمع ہونا۔
شیرازہ کردن (ف) کتاب کو دھاگے کے ساتھ جزوبندی کر کے سینا۔
شیرازہ جمعیت کسے ازہم گسیختن (ف) جمعیت توڑ دینا۔ جُدا جُدا کر دینا۔ منتشر و پریشان کرنا۔
شیرُ البشر (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
شیر اَفگن (ف) بہادر۔ دلیر۔ بڑا طاقت ور۔
شیر افگن خاں (ف) علی قلی خاں کا لقب جو نور جہاں ملکہ جہانگیر کا پہلا خاوند تھا۔
شیران پولاد خاے (ف) پہلوان لوگ۔
شیر اندازا (ف) دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔
شیر انداز (ف) دُودھ سے بھرا ہوا پستان جس سے دُودھ ٹپکے۔
شیر اندام (ف) وہ شخص جس کے بازو سخت اور موٹے، سینہ فراخ اور کمر پتلی ہو۔
شیر اوژن (ف) شیر افگن۔
شیربا (ف) شیر و برنج کا بگڑا ہوا ہے۔ کھیر۔ فرنی۔
شیر برنج (ف) کھیر۔
شیر برفی (ف) برفانی ملکوں میں لڑکے برف کا شیر بنا کر کھڑا کر دیتے ہیں جسے دیکھ کر گھوڑے اور مویشی سب تور ڈرتے اور بھاگتے ہیں۔

شیربہا (ف) (۱) ساچق۔ بری (۲) دُودھ کی قیمت۔
شیر جامہ (ف) (۱) پستان۔ تھن (۲) دُودھ کا برتن۔
شیر چرخ (ف) بُرجِ اسد۔ سنگھ راس۔
شیر حاجی (ف) قلعہ جو دوسرے قلعہ کے گردا گرد ہو۔
شیر خام خوردن (ف) (۱) خام طبعی (۲) غفلت کرنا۔
شیر خانہ (ف) مے خانہ۔ شراب خانہ۔
شیر خدا (ف) اسد اللہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
شیر خشت } شیر خشک } (ف) مسہل کی ایک لطیف دوا جو نرم اور سفید رنگ اور گوند کی مانند ہوتی ہے۔
شیر خوردن (ف) بچے کا دُودھ پینا۔
شیر خور شیر است اگر در کوہ و گر در مرغزار (ف) شیر جہاں کہیں بھی ہو آخر شیر ہے۔
شیر دل (ف) بہادر۔ قوی۔ پُر زور۔
شیر دوشہ (ف) دُودھ دوہنے کا برتن۔
شیرزج (ف) چمگادڑ۔
شیر زن (ف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔
شیر زنہ (ف) رائی۔ مدھانی جس سے دہی بلویا جاتا ہے۔
شیر زہ (ف) توانائی۔ طاقت۔ قدرت۔
شیر سپہر (ف) برج اسد۔ سنگھ راس۔
شیر سوار (ف) آفتاب۔
شیر سیستان (ف) رستم۔
شیر شادروان (ف) فرش یا پردہ پر بنی ہوئی شیر کی تصویر۔
شیر شدن موئے (ف) بالوں کا سفید ہو جانا۔
شیر عَلَم (ف) جھنڈے پر بنی ہوئی شیر کی تصویر جو غلبہ کے شگون اور اظہارِ عظمت کے لیے بناتے ہیں۔
شیر غلط (ف) کشتی گیر کا کشتی میں زمین پکڑ کر لیٹ جانا۔ اور چت نہ ہو سکنا۔ جیسا کہ شیر کبھی پیٹھ زمین پر نہیں لگاتا۔
شیر قالی } شیر قالین } (ف) شیر کی تصویر جو قالین پر بنی ہوتی ہے (۲) لاف زن۔ شیخی خورہ۔ کمزور یا بزدل۔ دلیری جتانے والا۔
شیر قلاب (ف) قلندروں کی کمر کے تسمہ کا بکسوا جو شیر کی شکل کا ہوتا ہے۔
شیرک خانہ (ف) چرس خانہ۔ چنڈو خانہ۔
شیرک شدن (ف) دلیر ہونا (۲) غالب ہونا۔
شیر گنجشک (ف) انجیر خورپرندہ جو چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
شیر گیر (ف) (۱) وہ شخص جو شراب کے نشہ میں ٹپکے۔ اور نہ مدہوش ہو (۲) نیم مست جو ہوش میں ہو (۳) بہادر (۴) معروف صاحب مرتبہ۔
شیر ماہی (ف) ایک بہت بڑی مچھلی جس کے دانت سے خنجر وغیرہ کے دستے بنتے ہیں۔

Marfat.com

شیر مرد (ف) بہادر - دلیر - طاقت ور۔

شیر مرغ (ف) چمگادڑ - جو بچوں کو تھنوں سے دُودھ پلاتا ہے - اور بعض کا خیال ہے کہ مادہ کے حیض بھی آتا ہے (۲) نادر اور کامیاب شے۔

شیر مگس (ف) مکڑی - عنکبوت۔

شیر نیستان (ف) ٹین کی مخروطی چھت جو اکثر پہاڑی مقامات پر جہاں برف گرتی ہو، بنائی جاتی ہے۔

شیروانی
شیروانی } (ف) دیکھو شروانی۔

شیر و شکر (ف) ایک نفیس ریشمی کپڑے کا نام (۲) بہت ملاپ - میل جول

شیر و شکر کردن (ف) بہت میل جول رکھنا - بہت اختلاط ہونا۔

شیر و شکر شدن (ف) گھل مل جانا۔

شیرویہ (ف) شیرہ لے یا شیر رویہ سے ایک رائے حذف کر دی گئی ہے (۱) دلیر - بہادر - صاحب عظمت (۲) خسرو پرویز کے بیٹے کا نام - جو اس کے بعد ایران کے تخت پر بیٹھا۔

شیرہ (ف) (۱) چلی مٹھاس (۲) لیس (۳) جیب (۴) دُودھ کے دانت۔

شیرۂ انگور (ف) انگور کا رس - شراب انگور۔

شیرہ بہ شیرہ زائیدن (ف) ایک پیٹ میں - ایک پوتڑا دن میں۔

شیرہ بسر کسے مالیدن (ف) کھلونے دے کے بہلانا - دھوکہ دینا۔

شیرہ کش (ف) بھنگی - چرسی۔

شیرہ کشیدن (ف) بھنگ و چرس پینا۔

شیر ہشتن (ف) (۱) دُودھ بھری تھالی پر لات مارنا - موجودہ قسمت کا چھوڑ دینا (۲) حسرت و افسوس کرنا۔

شیریں (ف) (۱) میٹھا (۲) عزیز - پیارا (۳) نایاب (۴) پسندیدہ - مرغوب (۵) پرویز کی ملکہ کا نام جو ارمن کی شہزادی تھی - مشہور عاشق فرہاد کوہکن اسی کا عاشق تھا۔

شیریں باف (ف) وہ کپڑا جو نہ بہت موٹا ہو اور نہ بہت باریک۔

شیریں زبان (ف) خوش تقریر - فصیح۔

شیریں سخن (ف) خوش کلام۔

شیریں شمائل (ف) خوش خلق۔

شیریں کار (ف) عمدگی سے کام کرنے والا (۲) مسخرہ۔

شیریں کردن دہن کسے (ف) کسی کو رشوت دینا (۲) منہ میٹھا کرنا۔

شیریں نفس (ف) خوش کلام۔

شیرینی (ف) مٹھاس (۲) مٹھائی (۳) رشوت۔

شیشاک (ف) ایک سال کا بکری کا بچہ۔

شیشک (ف) شیشاک کا مخفف۔

شیشکی (ف) پیٹ سے ہوا کا خارج ہونا۔

شیشکی بستن (ف) پیٹ سے ہوا خارج کرنا۔

شیشلہ (ف) شکست - ناتندرست پاؤں والا (۲) بے دقوت۔

شیشہ (ف) (۱) کانچ (۲) آئینہ (۳) بوتل - صراحی (۴) آلہ مقیاس الہوا - بیرومیٹر۔

شیشہ باز (ف) (۱) حیلہ گر - مکار - دغاباز (۲) وہ بازی گر جو پانی سے بھرا ہوا شیشہ سر پر رکھ کر ناچتے ہیں۔

شیشہ بازی (ف) (۱) حیلہ - مکاری - دغابازی (۲) پانی سے بھرا ہوا شیشہ سر پر رکھ کر ناچنا۔

شیشہ بر سنگ (ف) خراب و خستہ حال آدمی۔

شیشہ بر سنگ زدن (ف) راز ظاہر کرنا۔

شیشۂ بشکستہ را پیوند کردن مشکل است (ف) ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنا آسان کام نہیں۔

شیشہ بندی (ف) سیٹی بجانا - منہ میں انگلی رکھ کر سیٹی بجانا۔

شیشہ دل (ف) نازک مزاج - نازک دل۔

شیشۂ خوناب (ف) آسمان۔

شیشہ در جگر شکستن (ف) بے قرار ہونا۔

شیشۂ دل (ف) (۱) نازک مزاج (۲) ڈرپوک - بزدل - نامرد۔

شیشۂ ساعت (ف) شیشہ کے دو چھوٹے کوزوں کے منہ باہم ملا کر باریک سوراخ رکھ کر اوپر کے کوزہ میں ریت بھر دیتے ہیں وہ ریت ایک ایک گھنٹہ میں نچلے کوزہ میں آ جاتی ہے پھر اسے اُٹھا کر رکھ دیتے ہیں اور اس طرح وقت معلوم کرتے ہیں۔

شیطان (ع) (۱) ابلیس - عزازیل (۲) خدا کا دشمن (۳) بنی آدم کا دشمن (۴) سرکش - نافرمان (۵) شریر (۶) دیو (۷) سانپ۔

شیطنت (ع) شرارت - فتنہ و فساد - بدکاری۔

شیعہ (ع) (۱) گروہ (۲) مطیع - فرماں بردار (۳) مُمد - مدد کرنے والا (۴) وہ لوگ جو مذہب امامیہ رکھتے ہیں - اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے سوا حضرت ابوبکر و حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو نہیں مانتے - یہ لفظ واحد اور جمع کے لیے یکساں آتا ہے۔

شیعی (ف) منسوب بہ شیعہ۔

شیعیان (ف) شیعہ کی جمع۔

شیفتگی (ف) (۱) حیرانی (۲) بے ہوشی (۳) عشق۔

شیفتن (ف) (۱) حیران ہونا (۲) مدہوش ہونا (۳) عاشق ہونا۔

شیفتہ (ف) (۱) حیران (۲) دیوانہ - مدہوش (۳) عاشق۔

شیفتہ و فریفتہ (ف) حیران و ششدر عاشق زار - گرویدہ۔

شیک (ف) خوبصورت - خوش پوش۔

شیلان (ف) (۱) دسترخوان (۲) طعام (۳) عناب جو مشہور پھل ہے بطور دوا کام آتا ہے۔

شیلان کشیدن (ف) دعوت کے لیے دسترخوان بچھانا۔

شیلانچی (ف) (۱) داروغہ مطبخ - باورچی خانہ کا داروغہ (۲) قصاب۔

Marfat.com

شیلہ (ف) حیلہ۔
شیلہ پیلہ (ف) حیلہ گری۔ حقہ بازی۔
شَیَم (ف) وہ زمین جو کبھی نہ گوڑی گئی ہو۔
شِیم (ف) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جس کی پیٹھ پر سفید نقطے ہوں۔
شِیَم (ع) شیمہ کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں۔
شِیمہ (ع) عادت۔ خصلت۔ طبیعت۔ طاقت۔ زور۔
شیمی (ف) کیمیا۔
شَین (ع) (۱) عیب۔ برائی (۲) عیب کرنا۔ برائی کرنا۔
شِین (ف) نشین کا مخفف (۱) بیٹھ (۲) بیٹھنے والا۔
شیوا (ف) فصیح۔ بلیغ۔
شُیُوخ (ع) شیخ کی جمع۔
شُیُوع (ع) (۱) رواج پانا (۲) ظاہر ہونا۔
شیمی دان (ف) کیمیادان۔
شیون (ف) نالہ۔ نوحہ۔ فریاد۔ گریہ۔ رونا۔ ماتم۔ گریہ وزاری۔
شُیُون (ع) شین کی جمع۔ عیب۔ برائی۔
شُیُون (ف) شان کی جمع۔ شانیں۔ حالتیں۔
شیوع یافتن (ف) رائج ہونا۔
شیون کردن (ف) آہ وزاری کرنا۔
شیوہ (ف) (۱) طرز۔ روش۔ طریقہ (۲) ہنر (۳) کرشمہ ناز۔ (۴) خودنمائی۔

Marfat.com

# ص

ص - فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف۔ بحساب جمل اس کے نوّے [۹۰] عدد مقرر ہیں۔

## ص - ا

صاب (ف) (۱) وہ نباتات جس کی ٹہنی یا پتّہ کو توڑنے پر دُودھ نکلے (۲) سپیب۔

صاب (ع) صابہ کی جمع - اندرائن - حنظل۔

صابر (ع) صبر کرنے والا - قانع (۲) حضرت ایوب علیہ السلام پیغمبر کا لقب (۳) حضرت علاؤ الدین علی احمد صابرؒ جو حضرت فرید شکر گنجؒ پاک پٹن والوں کے خلیفہ ہوئے ہیں۔ چشتی صابری انہیں سے منسوب ہیں۔ آپ کا مزار کلیر ضلع سہارن پور میں ہے۔ جہاں ہر سال عُرس کے موقع پر ہزاروں اور لاکھوں زائرین جمع ہوتے ہیں۔

صابُون (ع) صابن جس سے کپڑے وغیرہ دھوئے جاتے ہیں۔

صابون بشکم زدن (ف) ضیافت کھانے کے لیے ڈٹ کر تیار ہونا۔

صابون پز (ف) صابن بنانے والا۔

صابون پزی (ف) صابون سازی۔

صابون زدن (ف) صابن سے دھونا۔

صابون سلطانی (ف) حاکم کا کسی چیز کو ایک جماعت پر تقسیم کرنا۔

صابونی (ف) ایک قسم کی مشہور مٹھائی کا نام۔

صابی (ع) ایک مذہب سے دُوسرے مذہب کی طرف پھرنے والا۔

صاحِب (ع) (۱) دوست - یار - فارسی میں بمعنی (۲) مالک - خاوند (۳) وزیر۔

صاحبِ اختیار (ع) با اختیار - خود مختار۔

صاحبِ اسرار (ف) رازدار - راز کی حفاظت کرنے والا۔

صاحب آخر الزّمان (ع) حضرت مہدی علیہ السلام۔

صاحبِ اَخلاق (ع) خوش خلق - خوش اخلاق۔

صاحبِ استخواں (ف) شریف زادہ۔

صاحبِ افسر گردُول (ف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

صاحبِ اِقبال (ف) خوش نصیب - با اقبال۔

صاحبُ الزّمان (ع) امام مہدی علیہ السلام۔

صاحبِ امتیاز (ف) خاص اجارہ داری رکھنے والا۔

صاحبان (ف) صاحب کی جمع۔

صاحبِ برید (ف) وقائع نگار۔

صاحبِ تدبیر (ع) تجربہ کار - ہوشیار - دانا۔

صاحبِ جمال (ف) نہایت خوبصورت۔

صاحبِ جمعے (ف) تحویلدار۔

صاحبِ جواز (ف) لائسنس ہولڈر۔

صاحبِ جوزا (ف) عطارد - ستارہ - کیونکہ عطارد کا خانہ جوزا ہے۔

صاحب الجیش (ع) سپہ سالار۔

صاحبِ خاطران (ف) (۱) شاعر - اہل سخن (۲) خوش طبع لوگ۔

صاحبِ خانہ (ف) گھر کا مالک (۲) میزبان۔

صاحب (ف) (۱) بادشاہ (۲) اُمرا - وزراء۔

صاحبِ دل (ف) (۱) روشن دل - روشن ضمیر (۲) دانا - عقلمند۔

صاحبِ دیوان (ف) (۱) صدر - مسند - ایران میں یہ عہدہ ہمارے ہاں کے جنرل رجسٹرار یا تنخواہ تقسیم کرنے والے کے مقابل میں ہے (۲) وہ شاعر جس کی غزلیات کا دیوان مرتب ہو چکا ہو۔

صاحبِ ذوق (ع) (۱) عارف کامل (۲) عاشق مزاج - (۳) شوقین۔

Marfat.com

صاحب زادہ (ف) بیٹا - فرزند - لڑکا (۲) شریف زادہ - رئیس زادہ - (۳) پیرزادہ - کسی بزرگِ دین کی اولاد -

صاحب سفرانِ افلاک / صاحب سفرانِ فلک } (ف) سبعہ سیارہ - ساتوں سیارے -

صاحب سنگ (ف) (۱) باوقار - صاحب قدر - صاحب مرتبہ (۲) طعنہ زن (۳) غیبت کرنے والا -

صاحب صابی (ع) ستارہ پرستی کے بانی کا نام -

صاحب عزا (ف) عزادار - تعزیت کرنے والا -

صاحب علوم (ع) مورخ - عالم -

صاحب علین دبران (ف) برج ثور -

صاحب غار (ف) یار غار - حضرت ابوبکر صدیقؓ کا لقب کہ وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں رہے -

صاحبِ غرض (ع) غرض مند - حاجت مند -

صاحب فراش (ع) وہ بیمار جو بستر سے نہ اٹھ سکے -

صاحب قران (ع) وہ شخص جس کی ولادت یا قرار نطفہ کے وقت زہرہ اور مشتری یا زحل اور مشتری کا قران ہو یعنی یہ دونوں ستارے ایک برج میں ہوں - اس قسم کا اتفاق بہت مدت کے بعد ہوتا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ ایسا مولود ضرور بادشاہ ہوتا ہے اور اس کی بادشاہت دیرپا ہوتی ہے (۲) امیر تیمور گورگاں کا لقب ہے - کیونکہ وہ ایسے ہی وقت میں پیدا ہوا تھا - چنانچہ اس کی بادشاہت چھ ولایتوں پر مشتمل ہے -

صاحب قبضہ (ف) صاحب کمال - ہنرمند - خاص کر تیراندازی میں ماہر -

صاحب کار (ف) مالک - حاکم -

صاحب کتاب (ف) وہ پیغمبر جس پر کتاب نازل ہوئی ہو -

صاحب کف بیضا (ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام -

صاحب منصب (ف) بڑا عہدیدار -

صاحب نسبت (ع) اللہ تعالیٰ سے نسبت رکھنے والا - ولی کامل -

صاحب نصیب (ع) خوش نصیب - خوش قسمت -

صاحب نظر (ع) عقل مند - دانا - ذی شعور - دوراندیش - انجام بیں -

صاحب نیاز (ف) حاجت مند - صاحبِ غرض -

صاحبِ ولایت (ع) ولی کامل - باخدا آدمی -

صاحبہ (ع) صاحب کی تانیث (۱) سہیلی - گنیاں (۲) بیوی - جورو - ساتھن (۳) جنابہ جو کلمہ تعظیم ہے -

صاحبی (ف) انگور کی ایک قسم (۲) ایک قسم کا مخلوط ریشمی کپڑا -

صاحی (ع) (۱) ہوشیار (۲) روز بے ابر - بغیر بادل کا دن -

صاد (ع) (۱) عربی کا چودھواں اور فارسی کا سترھواں حرف (۲) اقرار و تصدیق کی علامت - منظور کرنے کی علامت (۳) قرآن شریف کی اڑتیسویں سورۃ کا نام (۴) چشم - آنکھ -

صادح (ع) (۱) بولنے والا (۲) بلند آواز - اونچی آواز والا (۳) مطرب - گویا -

صادر (ع) نکلنے والا - کسی چیز سے باہر آنے والا - لوٹنے والا (۲) گھاٹ سے واپسی کا راستہ -

صادرات (ف) برآمدات - وہ اشیا جو ملک سے باہر بھیجی جائیں -

صادر شدن (ف) برآمد ہونا -

صادر کردن (ف) برآمد کرنا -

صادر کنندہ (ف) باہر بھیجنے والا -

صادر و وارد (ع) جانے آنے والے یعنی آنے جانے والے -

صادق (ع) (۱) سچا (۲) کسی چیز پر درست آ جانا (۳) حضرت امام جعفر علیہ السلام کا لقب جو حضرت امام زین العابدینؓ کے پوتے اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے بیٹے تھے - ۸۳ھ کو پیدا ہوئے اور ۱۴۸ھ میں وفات پائی -

صادق الاعتقاد (ع) پکے عقیدے والا -

صادق القول (ع) بات کا سچا - وعدہ کا پورا کرنے والا -

صادق نفس (ع) راست گو - سچا آدمی -

صادق وعدہ (ف) قول کا پکا -

صاد کردن بر چیزے (ف) صاد کرنا - کسی بات کو صحیح سمجھنا - منظور کرنا -

صارخ (ع) (۱) چلانے والا - چیخنے والا - فریاد کرنے والا (۲) فریادرس -

صارم (ع) (۱) کاٹنے والی تلوار - تیز تلوار (۲) دلیر - بہادر - شجاع -

صاری (ع) زرد - پیلا -

صاع (ع) (۱) دو سو چونتیس تولہ کا ایک وزن یا پیمانہ (۲) نشیب زمین - پست زمین -

صاع جواہر (ع) سورج -

صاعد (ع) صعود کرنے والا - اوپر چڑھنے والا - نیچے سے اوپر جانے والا -

صاعِ زرِ یوسف (ف) سورج -

صاعِ ستاں (ف) زکوٰۃ لینے والا - فطر کا صدقہ لینے والا - محتاج - مفلس -

صاع سر (ف) سر کا صدقہ - بدن کا صدقہ - صدقہ فطر -

صاعقہ (ع) آسمانی بجلی - آسمان سے زمین پر گرنے والی بجلی (۲) موت (۳) ہلاک کرنے والا عذاب (۴) عذاب کی چیخ - (۵) میکائیل کا کوڑا -

صاعقہ آسا (ف) بجلی کی مانند -

صاغری (ف) ایک قسم کا چمڑا جو عموماً سبز رنگ کا ہوتا ہے -

صاف (ع) (۱) پاکیزہ - ستھری چیز - بغیر میل وغیرہ کے شے - صفا (۲) خالص بغیر ملاوٹ کے (۳) شراب -

Marfat.com

صاف (ع) صف یعنی قطار باندھنے والا۔
صافِ باطن (ع) صاف دل - بے کینہ۔
صاف گزشتن (ف) صاف نکل جانا - فوراً نکل جانا۔
صافن (ع) (۱) پنڈلی کی ایک رگ کا نام (۲) وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا رہے - اور چوتھے پاؤں کا ناخن زمین پر ٹیکے رہے - ایسا گھوڑا تیز رفتار ہوتا ہے۔
صاف و پوست کندہ (ف) کھری کھری باتیں۔
صافی (ع) (۱) صاف ستھرا (۲) بغیر کھوٹ کے۔
صافی (ف) دوا یا شراب وغیرہ چھاننے کا کپڑا۔
صافی ضمیر (ف) روشن ضمیر - پاک دل۔
صاقور (ع) صاتور - تبر - کلہاڑی (۲) زبان۔
صاکو (ع) اودر کوٹ - کوٹ پر پہننے کا کوٹ۔
صَالہ (ع) بڑا ہال۔
صالح (ع) نیک - نیکو کار (۲) قوم ثمود کے ایک مشہور پیغمبر علیہ السلام کا نام جن کی دعا سے قوم کے معجزہ طلب کرنے پر ایک پتھر سے اونٹنی بچہ سمیت پیدا ہوئی تھی لیکن بجائے اس کے کہ قوم ان پر ایمان لاتی اس نے اونٹنی اور اس کے بچہ کو ہلاک کر دیا چنانچہ خدا کی طرف سے اس قوم پر ایک نہایت سخت آواز کے ساتھ عذاب نازل ہوا - جس سے تمام قوم تباہ ہو گئی۔
صالحات (ع) شائستہ اور نیک کام۔
صالحان (ع) نیک پاک لوگ۔
صالحہ (ع) (۱) نیک عورت (۲) نیکی - نیک کام۔
صالون (ع) سیلون کا معرب ہے - ہال - کمرہ۔
صامت (ع) (۱) خاموش - چپکا (۲) سونا - چاندی۔
صانع (ع) بنانے والا - کاریگر۔
صانع ازل (ع) خداوند تعالیٰ۔
صاہل (ع) ہاتھ پاؤں مارنے والا - اونٹ۔
صائب (ع) (۱) درست (ع) (۱) درست - رسا - پہنچنے والا (۲) ایک مشہور شاعر کا تخلص جس کا نام محمد علی تھا۔
صائب الرائے (ع) پختہ رائے رکھنے والا۔
صائب بودن (ف) درست ہونا۔
صائغ (ع) سنار - زرگر۔
صائل (ع) حملہ آور - حملہ کرنے والا۔
صائم (ع) روزہ دار - روزہ رکھنے والا - اور روزہ رکھنے والے واحد و جمع کے لیے یکساں آتا ہے۔
صائم الدہر (ع) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔
صائم بودن (ف) روزہ دار ہونا۔

## ص - ب

صَبّ (ع) (۱) ڈالنا - گرانا (۲) پانی گرانا (۳) پانی کا گرنا (۴) گرنے والا پانی (۵) عاشق۔
صبا (ع) (۱) پُروا ہوا (۲) موسم بہار کی ہوا (۳) فارسی میں مطلق ہوا کے معنوں میں مستعمل ہے۔ (۴) ایک راگ کا نام (۵) خوش رفتار گھوڑا۔
صِبا (ع) طفلی - بچپن - لڑکپن۔
صَباء (ع) کسی شے کی طرف دل کا میلان - میل جول کرنا (۲) لڑکوں سے کھیلنا (۳) عاشقی۔
صَباح (ع) (۱) نور کا تڑکا - صبح - (۲) خوب - خوب صورت۔
صَباحُ الخیر (ع) دعا کے طور پر صبح کے وقت یہ کلمہ بولتے ہیں - جب کہ آپس میں ملتے ہیں - یعنی صبح مبارک ہو۔
صَباحُ الخیر زدن (ف) صباح الخیر کہنا۔
صَباحت (ع) گورا رنگ - سفید رنگ - حُسن و جمال۔
صباحت منظر (ف) خوبصورتی۔
صباحت نشاں (ف) نہایت حسین و جمیل۔
صَبّار (ع) بڑا صابر - بہت صبر کرنے والے۔
صَبّاغ (ع) رنگنے والا - رنگریز۔
صَبّاغُ الارض (ع) سورج - کیونکہ رنگ کسی مادی شے کا ذاتی جوہر نہیں بلکہ سورج کی شعاعوں کے مختلف رنگوں سے مادی چیزوں پر طرح طرح کے رنگ آتے ہیں - زمین کو رنگنے والا۔
صَبّاغِ شبکار (ف) قمر - مہتاب - چاند۔
صَبّاغ جواہر (ف) سورج۔
صباغت (ف) رنگریزی۔
صباغ فلک (ف) چاند۔
صَبایا (ع) صبیہ کی جمع - لڑکیاں - بیٹیاں۔
صُبح (ع) فجر - سویرا - تڑکا۔
صُبحِ آخرین (ع) صبح صادق۔
صَبیحان (ع) خوبصورت مرد۔
صبحانہ (ف) ناشتہ۔
صبح ثانی (ع) صبح صادق۔
صبح خیز (ف) سویرے منہ اندھیرے جاگنے والا۔
صبح دل (ف) (۱) روشن ضمیر صاف دل - (۲) پرہیزگار - متقی۔
صبح دوم
صبح راست } (ف) صبح صادق۔
صبح راست خانہ
صبح راستین } (ف) صبح صادق۔
صبح رواں (ف) (۱) مسافر (۲) جوانان۔

Marfat.com

صبح رود (ف) صبح سویرے - تڑکے۔
صبح سفید شدن (ف) صبح کا ظاہر ہونا - صبح کا روشن ہونا۔
صبح شما بخیر (ف) کسی سے صبح کا سلام لیتے وقت کہتے ہیں۔
صبح صادق (ع) نور کا تڑکا - پو پھٹے۔
صبح عارض (ف) خوبصورت رخساروں والا۔
صبح کاذب (ع) صبح سے پہلے کی وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔
صبح کور / صبح ملمع نقاب / صبح و نخست / صبح نخستیں } (ف) صبح کاذب۔
صبح نشیناں (ف) صبح خیزاں - صبح کو اٹھنے والے زاہد اور عابد لوگ۔
صَبر (ع) (۱) شکیبائی - خاموشی - برداشت - بردباری - تحمل (۲) تامل (۲) توقف (۳) خدا کی مار۔
صُبُر (ع) صبور کی جمع - صبر کرنے والے۔
صَبر / صَبِر } (ع) ایلوا جو مشہور کڑوا گوند ہے ضرورت شعری کے لیے نظم میں ب کو ساکن بھی کر دیتے ہیں۔
صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد (ف) صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔
صُبرہ (ع) خرمن - کھلیان - غلّہ کا تودہ جس کا وزن نہ کیا گیا ہو۔
صَبغ (ع) (۱) رنگ کرنا - رنگنا (۲) ہاتھ پانی میں ڈبونا۔
صِبغ (ع) رنگ۔
صَبوح (ع) شراب جو صبح کے وقت پی جاتی ہے شام کے وقت پی جانے والی شراب کو غبوق کہتے ہیں۔
صبوحی (ع) (۱) صبح کی شراب (۲) صبح کے وقت شراب پینا۔
صبور (ع) صابر - صبر کرنے والا۔
صبوری (ع) صبر - تحمل - برداشت - بردباری - آہستگی۔
صبی (ع) لڑکا جو دودھ نہ پیتا ہو - شیر خوار سے بڑا لڑکا۔
صبے (ع) بچپن - لڑکپن۔
صبیح (ع) گورے رنگ والا حسین - جمیل۔
صبیہ (ع) لڑکی - بیٹی۔

## ص - ح

صحّ (ع) درست - تندرست۔
صِحاب (ع) صاحب کی جمع - دوست - یار - رفیق۔
صحابت (ع) صحبت میں رہنا - یار ہونا۔
صحابہ (ع) صاحب کی جمع (۱) یار - رفیق - ہم صحبت (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رفیق اور ان کی صحبت میں رہنے والے لوگ۔

صحابی (ع) ہم صحبت - یار - دوست۔
صحابیہ (ع) صحابی کی مؤنث۔
صِحاح (ع) صحیح کی جمع - تندرست۔
صَحاح (ع) (۱) تندرست ہونا (۲) عیب سے پاک ہونا (۳) علم لغت کی ایک کتاب کا نام جس کا مصنف جوہری ہے۔
صحاح ستہ (ع) حدیث کی چھ کتابیں (۱) بخاری (۲) مسلم (۳) ابوداؤد (۴) ترمذی (۵) نسائی (۶) ابن ماجہ۔
صحاری (ع) صحرا کی جمع - جنگل۔
صحاف (ع) صحفہ کی جمع - بڑے بڑے پیالے۔
صَحّاف (ع) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔
صَحّاف (ع) (۱) جلدساز (۲) کتب فروش - مجلد کتابیں بیچنے والا۔
صحافت (ع) فن اخبار نویسی - اخبار نویسی کا پیشہ۔
صحافی - اخبار نویس۔
صحافی کردن (ف) جلدیں باندھنا۔
صحافیون (ع) صحافی کی جمع - اخبار نویس۔
صحائف (ع) صحیفہ کی جمع - کتابیں۔
صحائف آسمانی (ف) آسمانی کتابیں - یعنی قرآن مجید - زبور - توراۃ - انجیل۔
صَحب (ع) صاحب کی جمع - دوست - یار - رفیق - ساتھی - ہمراہی - اصحاب اس کی جمع الجمع ہے۔
صحبان (ع) صاحب کی جمع۔
صحبت (ع) دوستی - یاری - پاس رہنا۔
صحبت احمق بسے خون ہا بریخت (ف) بے وقوف کی دوستی موجب ہلاکت ثابت ہوتی ہے۔
صحبت چوں چنیں است ہلاکت بہتر (ف) انمل جوڑ۔
صحبت داشتن (ف) بات چیت کرنا۔
صحبت دریافتن (ف) ملنا - صحبت حاصل کرنا - ملاقی ہونا۔
صحبت دولتی (ع) سلطنت کے متعلق مشورہ کرنا۔
صحت (ع) تندرستی۔
صحرا (ع) بغیر گھاس اور درخت کے جنگل ہموار - جنگل - ریگستان۔
صحرا گرد (ف) بیابان میں پھرنے والا۔
صحرا نشین (ف) صحرا میں رہنے والا۔
صحرا نورد / صحرا ینوش } (ف) جنگل کا پھرنے والا - جنگل طے کرنے والا۔
صحرائے اعظم (ع) بڑا جنگل - بحر اعظم افریقہ کا بڑا جنگل جو تین ہزار میل چوڑا ہے - اس میں شیر - گینڈا - شتر مرغ وغیرہ جانور رہتے ہیں۔
صحراوات (ع) صحرا کی جمع۔
صحرائے جاں (ف) عالم ارواح۔
صحرائے تسلیم (ف) صبح صادق۔

Marfat.com

صحرائے محشر (ع) میدانِ محشر۔ میدانِ قیامت۔
صحف (ع) صحیفہ کی جمع۔ کتابیں۔ رسالے۔
صحفہ (ع) بڑا پیالہ۔
صحن (ع) (۱) بڑا تھال۔ بڑا طشت۔ بڑا طباق (۲) آنگن۔ انگنائی۔ ہموار زمین۔
صحنات (ع) مصر میں ایک قسم کا سالن بنایا جاتا ہے۔ اسے صحنات کہتے ہیں۔
صحنِ دورنگ (ف) عالمِ سفلی۔ دُنیا۔
صحنِ سلیم (ف) (۱) قرص۔ قمر۔ چاندی کی ٹکیا (۲) سفید کاغذ کا تختہ۔
صحنِ عظیم (ع) سطحِ زمین۔ رُوئے زمین۔
صحنک (ف) (۱) صحن کی تصغیر۔ چھوٹا صحن۔ انگنائی (۲) چھوٹی رکابی۔ چھوٹا طباق۔ تھالی۔ پلیٹ۔
صحنِ وسیع (ع) سطحِ زمین۔ رُوئے زمین۔
طریقت بجز خدمت خلق نیست (ف) طریقت - خدمت خلق کا نام ہے -

طریق برداشتن (ف) رستہ لینا - چل دینا -

طریق گشتن (ف) شرمندہ ہونا - سرنگوں ہونا - ایک طرف ہٹ جانا -

طریقہ (ع) (۱) راستہ - راہ (۲) روشنی - ڈھنگ (۳) مذہب (۴) اشراف لوگ -

طریقہ (ع) ناتوانی (۲) سستی -

## ط - س

طساس (ع) طشت یعنی تھال بنانے والا -

طسّوج (ع) تسو کا معرب (۱) ہر چیز کا چوبیسواں حصہ (۲) دانگ کی چوتھائی - یعنی دو حبہ کے برابر - (۳) کنارہ - کونہ -

Marfat.com

## ط - ش

**طشت** (ع) تشت کا معرب - تھال - سینی - تسلہ۔
**طشت از بام افتادن** (ف) کسی کا بھانڈا پھوٹ جانا - راز فاش ہو جانا۔
**طشت خاک** (ف) زمین۔
**طشت خون** (ف) آسمان۔
**طشت زر** (ف) سورج۔
**طشت سیمیں** (ع) صبح۔
**طشت طلا بر سر بگیر و برو** (ف) مراد ہے کہ رستے بالکل محفوظ ہیں۔
**طشت گر** (ف) (۱) تھال بنانے والا (۲) ایک مطرب کا نام۔
**طشت نگوں** (ف) آسمان۔
**طشت و خایہ** (ف) زمین و آسمان (۲) ایک کھیل کا نام جس میں مرغی کے خالی انڈہ میں شبنم یا پارہ بھر کر اور موم سے سوراخ بند کر کے طشت میں رکھ کر دھوپ میں رکھتے ہیں۔ اور انڈا اچھلنے لگتا ہے۔

## ط - ع

**طعام** (ع) (۱) کھانا - خورش - غذا - گندم
**طعان** (ع) نیزہ مارنا۔
**طعان** (ع) طاعن کی جمع - نیزہ مارنے والے۔
**طعم** (ع) کھانے کی چیزیں - خورش۔
**طعمہ** (ع) ایک دفعہ چکھنا۔
**طعمہ** (ع) (۱) خوراک - خورش (۲) روزی - وجہ معاش۔
**طعمہ ہر مرغکے انجیر نیست** (ف) ہر منہ اور مسور کی دال۔
**طعن** (ع) نیزہ مارنا (۲) طعنہ دینا (۳) کسی کے کام میں عیب نکالنا۔ عیب گیری کرنا (۴) جنگل میں چلنا (۵) سیر و رفتار - رات کو سیر کرنا۔
**طعنہ** (ع) (۱) ایک بار نیزہ مارنا (۲) سرزنش (۳) عیب جوئی کرنا۔ کسی کے کام میں عیب نکالنا (۴) ایک دفعہ طعنہ دینا۔

## ط - غ

**طغان** (ف) طغیان کا مخفف - سرکشی - حد سے بڑھنا - گمراہی۔
**طغرا** (ت) ایک قسم کا پیچیدہ خط جس میں فرمانوں پر بادشاہوں کے نام اور القاب لکھے جاتے ہیں۔
**طغرل** (ت) بحری جو مشہور شکاری پرندہ ہے۔
**طغرل** (ت) خاندان سلاجقہ کے پہلے بادشاہ کا نام جو سلطان مودود فرزند سلطان محمود غزنوی کے زمانہ میں ترکستان پر قابض ہوا۔
**طغرہ زدن** (ف) گریز کرنا - پہلو تہی کرنا۔
**طغرہ زن** (ف) ٹال مٹول کرنے والا۔
**طغرہ محال بودن** (ف) ناممکن ہونا۔
**طغماج** (ت) ترکستان میں ایک مقام کا نام۔
**طغی**
**طغیان**
**طغیان** } (ع) (۱) حد سے بڑھنا (۲) کثرت - زیادتی (۳) سمندر کا جوش مارنا (۴) پانی کا کثرت سے آنا (۵) گناہ میں حد سے بڑھنا (۶) کفر میں حد سے بڑھنا (۷) سرکشی (۸) ظلم۔
**طغیان کردن**
**طغیان نمودن** } سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔
**طغیانی** (ف) کثرت - زیادتی - طغیان مصدر ہے۔ اس کے آگے یائے زیادہ کرنا فارسی والوں کا تصرف ہے جیسے سلامتی - خلاصی وغیرہ۔

## ط - ف

**طفاوہ** (ع) وہ دائرہ جو آفتاب کے گرد دکھائی دیتا ہے
**طفرہ** (ع) جست - الہام - غلطی
**طفرہ زدن** (ف) ٹالنا۔
**طفل** (ع) آفتاب کا قریب غروب کا وقت۔
**طفل** (ع) بچہ - انسان یا حیوان کا بچہ - لڑکا - واحد جمع کے لیے یکساں آتا ہے۔
**طفلان چمن** (ف) پودے - درخت۔
**طفلانہ** (ف) بچگانہ۔
**طفل چہل روزہ** (ف) حضرت آدم علیہ السلام - کیونکہ ان کی مٹی خمیر چالیس روز میں تیار ہوا تھا۔
**طفل خونیں** (ف) سورج
**طفل را از پستان بریدن**
**طفل را از شیر بازکردن** } (ف) بچے کا دودھ چھڑانا۔
**طفل رزان** (ف) شراب انگور۔
**طفل زباندان** (ف) وہ لڑکا جو استاد کا ایک ہی دفعہ کلام سن کر سمجھ لے اور یاد کر لے۔
**طفل شب** (ف) چاند۔
**طفل شش روزہ** (ف) دنیا - کیونکہ دنیا اور تمام مخلوقات چھ روز میں بنی تھی۔
**طفل شش ماہ رز** (ف) شراب انگور۔
**طفلک** (ف) طفل کی تصغیر - چھوٹا بچہ۔
**طفل مکتب** (ع) نوآموز - ناتجربہ کار۔

Marfat.com

طفل نوقدم (ف) بچہ جس نے ابھی ابھی چلنا سیکھا ہو۔

طفل ہندُو (ف) مردمک۔ آنکھ کی پتلی۔

طفولیّت (ع) طفلی۔ بچپن۔ لڑکپن۔ یہ لفظ جعلی مصدر ہے۔ واؤ کی زیادتی ہے۔ جیسے رجولیت۔

طفیف (ع) تھوڑا۔ قلیل (۲) ناتمام۔ نامکمل۔

طُفیلی (ع) متاخرین طفیل پر یائے زائد کو طفیلی کہنے لگے۔ منسوب بہ طفیل۔ ناخواندہ مہمان بغیر بلائے کسی کے ہمراہ دعوت کھانے کے لیے جانے والا۔

## ط - ق

طقطق (ع) ٹک ٹک۔ کھٹ کھٹ۔ دو سخت چیزوں کے ایک دوسرے پر مارنے کی آواز۔

## ط - ل

طَل (ع) (۱) اوس۔ شبنم (۲) باریک بوندیں۔

طُل (ف) وہ عورت جس کا خاوند نہ ہو۔

طُل (ع) (۱) دُرد (۲) خون۔ لہو۔

طِلا (ع) پتلی دوا جو کسی عضو پر ملی جائے۔

طلا (ع) تلا کا معرب۔ خالص سونا۔

طلاشوی (ف) نیاریا۔

طلاکار (ف) سنار۔ وہ شخص جس کا پیشہ چیزوں کو سنہری بنانا ہو۔

طلاکاری (ف) طلاکار کا پیشہ۔ سُنار کا کام۔

طلاب (ع) طالب کی جمع۔

طلاحی (ع) طلیحہ کی جمع۔ اوراق کاغذ۔

طلاکردن (ف) ملنا۔ کسی عضو پر مائع دوا کی مالش کرنا۔

طلاکوب (ف) وہ شخص جس کا پیشہ ورق کوٹنا ہو۔

طلاکوبی (ف) طلاکوب کا پیشہ۔ کسی چیز پر نقش و نگار بنا کر اُسے خوب صورت بنانا۔

طلاسم (ع) طِلسم کی جمع۔

طلّاع (ع) بڑا چڑھنے والا۔

طلاق (ع) عورت کا قید نکاح سے چھوٹ جانا۔ عورت کا خاوند سے رہائی پانا (۲) آزادگی (۳) کشادگی (۴) روانی۔ (۵) عیش۔ نشاط۔

طلاق بائن / طلاق بائنہ } (ع) وہ طلاق جس کی رُو سے خاوند عورت کو بغیر نکاح کیے بیوی نہیں بنا سکتا۔

طلاقت (ع) (۱) فصاحت۔ تیز زبانی۔ زبان کی روانی (۲) خندہ پیشانی۔ کشادہ رُوئی۔

طلاق ثلاثہ (ع) تین بار لفظ طلاق کہنا جس سے عورت دوسرے مرد سے نکاح کیے بغیر پہلے خاوند کے نکاح میں نہیں آ سکتی۔

طلاقِ رجعی (ع) ایک یا دو دفعہ لفظ طلاق کہنا۔ وہ طلاق جس سے مرد ایام عدت میں عورت کو بغیر نکاح کیے بیوی بنا سکتا ہے۔

طلاقِ طبیعت (ع) طبیعت کی روانی۔

طلاقِ مغلّظ (ع) دیکھو طلاق ثلاثہ۔

طلاق نامہ (ف) وہ دستاویز جس کے ذریعے شوہر اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے۔

طلال (ع) شبنم۔ پھوار۔

طَلاوت / طِلاوت / طُلاوت } (ع) خوبصورتی (۲) رونق۔ تروتازگی۔ خوبی (۳) قبولیت (۴) جادو۔

طلائی (ع) منسوب بہ طلا۔ سونے کا۔ زرد رنگ۔

طلائے دست افشار (ف) زردشت افشار۔ یعنی خسرو پرویز کے خزانہ کا وہ سونا جو موم کی مانند تھا۔

طلایہ (ع) رات کو لشکر اور شہر کی حفاظت کرنے والی فوج۔

طلب (ع) مانگنا۔ خواہش کرنا (۲) تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا (۳) جستجو۔ تلاش (۴) روپیہ جو واجب الادا ہو۔

طلبگار (ف) قرض خواہ۔

طُلَبا / طَلَبہ } (ع) طالب کی جمع۔ ڈھونڈنے والے۔ مانگنے والے۔ اکثر طالب علموں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

طلب گار (ف) خواستگار۔

طلبگاری (ف) خواستگاری۔

طلبہ (ع) (۱) جو چیز طلب کی جائے (۲) ایک چیز ہے جسے شکاری ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ جب باز کسی شکار پر چھوڑتے ہیں تو اسے ہوا میں ہلاتے اور حرکت دیتے ہیں۔ اسے ہلتا دیکھ کر باز واپس ہاتھ پر آ کر بیٹھ جاتا ہے۔

طِلبہ (ع) مطلوب۔

طلبی (ف) بلاوا۔ بلانا۔

طلبیدن (ف) (۱) بلانا (۲) مانگنا۔ چاہنا۔

طلع (ع) (۱) خرما کا شگوفہ (۲) کیلے کا درخت۔

طلحہ (ع) (۱) عشرہ مبشرہ میں سے ایک صحابی کا نام جو حضرت صدیق اکبرؓ کے چچیرے بھائی تھے۔ اور جنگ جمل میں مروان کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ (۲) ایک درخت کا نام۔

طِلَسم / طِلِسم } (ع) عجیب و غریب کھیل (۲) نظر بندی (۳) وہمی خیالات (۴) مصنوعی سانپ کی ڈراؤنی شکل جو خزانوں کے اوپر نصب کرتے ہیں۔

طلسمات (ع) طلسم کی جمع۔

Marfat.com

طلسم افتادن (ف) کام میں رکاوٹ آجانا۔
طلسم شکستن (ف) کام کی رکاوٹ کا دُور ہو جانا۔
طَلْع (ع) خرما کا شگوفہ (۲) بھید۔ راز۔
طِلْع (ع) (۱) راز۔ بھید (۲) اطلاع۔ واقفیت۔
طَلْعَت (ع) (۱) رُخ۔ مُنہ (۲) دیدار۔ دیکھنا۔
طَلْق (ع) (۱) درد زہ جننے یعنی عورت کو بچہ پیدا ہوتے وقت جو درد ہوتا ہے (۲) ابرق (۳) شراب۔ (۴) ہرن۔ (۵) شکاری کتا۔
طَلِق (ع) زبان آور۔ فصیح۔ تیز زبان۔
طِلْق (ع) (۱) حلال (۲) آزاد۔ رہا شدہ۔
طلق اللّسان (ع) فصیح۔ کشادہ زبان۔
طلق الوجہ (ع) (۱) حسین۔ خوبصورت (۲) خندہ رُو۔ ہنس مکھ۔
طَلْق رواں (ف) شراب۔ اس لیے کہ طلق یعنی ابرق اگر پانی کی طرح ہو جائے تو اکسیر اعظم ہے۔ اور چونکہ شراب کے فوائد بھی اکسیر کے قریب خیال کیے جاتے ہیں۔ اس لیے اس کے معنی شراب ہو گئے۔
طَلْق محلول (ع) حل کیا ہوا ابرق جو اکسیر اعظم ہے۔
طُلَقاء (ع) طلق کی جمع۔ آزاد۔ رہا۔ غیر مقید۔ کشادہ۔
طَلَل (ع) بدن۔ تن۔ جسم (۲) ویران مکانوں کے کھنڈر۔
طُلْمَہ (ع) رُوٹی۔
طلمیہ (ع) تختہ۔ بورڈ۔
طُلُوع (ع) سُورج یا ستارہ کا نکلنا (۲) اُوپر چڑھنا (۳) شگوفہ کا نکلنا (۴) ظاہر ہونا (۵) باہر نکلنا۔ (۶) کسی کے پاس آنا۔
طُلُوع کردن (ف) ظاہر ہونا۔ دکھائی دینا۔ اچانک کسی جگہ پہنچ جانا۔
طلول (ع) طلل کی جمع۔ کھنڈرات۔
طلیب (ع) بہت چاہنے والا۔ بہت تلاش کرنے والا۔
طُلَیْطُلی (ف) طلیطلہ میں رہنے والا۔ طلیطلہ سپین کا ایک شہر ہے۔
طُلِیعہ (ع) (۱) مقدمۃ الجیش۔ وہ لشکر جو فوج کے آگے اُترنے کی جگہ۔ پانی وغیرہ اور دشمن کے حالات دریافت کرنے جاتا ہے (۲) لشکر اور شہر کی حفاظت کرنے والی سپاہ۔
طلیق (ع) آزاد۔ رہا شدہ۔
طلیق الوجہ (ع) خندہ رُو۔ کشادہ پیشانی۔

## ط - م

طُمّاع (ع) بڑا طامع۔ بڑا لالچی۔
طُمّاع (ع) طامع کی جمع۔ لالچی لوگ۔
طماعت (ع) لالچ۔ حرص۔
طماغہ، طماغم (ت) جرّہ اور باز وغیرہ کی ٹوپی۔

طَمْث (ع) (۱) حیض کا خون (۲) حیض والی عورت (۳) کسی چیز کا میلا اور خراب ہو جانا (۴) جماع۔ (۵) عورت کی بکارت توڑنا۔
طُمُس (ع) (۱) ناپدید کرنا۔ نام و نشان کا مٹا دینا۔ (۲) ہلاک کرنا۔
طمطام (ع) دریا کا وسط۔ ہر چیز کا بڑا حصّہ۔
طمطراق (ف) شان و شوکت۔ کر و فر۔ خود نمائی۔ تجمّل۔
طمطم (ع) غیر فصیح۔ جس کی زبان درست نہ ہو۔
طمع (ع) (۱) حرص۔ لالچ (۲) اُمّید۔
طمع (ع) حریص۔ لالچی۔
طمع برداشتن (ف) اُمیدیں توڑ لینا۔
طمعاء (ع) لالچی لوگ۔ طامع کی جمع۔
طمع بستن (ف) لالچ کرنا۔
طمع خام (ف) ناممکن چیز کی تمنّا۔
طمع را سہ حرف است ہر سہ تہی (ف) طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں خالی ہیں۔ طمع کا نقصان ہوتا ہے۔
طمع کردن (ف) لالچ کرنا۔
طمعات (ف) حرص کرنا۔
طمغاچی (ف) طمغاج کا رہنے والا۔
طُمُوس (ع) (۱) معدوم ہونا (۲) مٹا دینا (۳) محو کر دینا (۴) پُرانا ہونا۔
طمیس (ع) اندھا۔ نابینا۔

## ط - ن

طِناب (ع) (۱) رسّی۔ خیمہ کی ڈوری (۲) پھانسی۔
طناب اَمل (ع) اُمید کی رسّی۔
طناب انداختن (ف) پھانسی دینا۔
طناب انداختہ (ف) پھانسی دیا ہوا۔
طناب خوردن (ف) رسّی سے ناپے جانا۔
طناب در طناب کشیدن (ف) لشکر کا کسی جگہ پر خیمے لگا کر قیام کرنا۔
طناب زدن بر چیزے (ف) ناپنا۔ پیمائش کرنا۔
طناب تورق (ف) فوج میں غیر آدمیوں کی آمد و رفت کو روکنے کے لیے دو خیموں کے درمیان رسّی تان دیتے ہیں۔ اسی رسّی کو طناب تورق کہتے ہیں۔
طناب معمار (ع) معماروں کا سوت جس سے عمارت یا دیوار کی سیدھائی وغیرہ معلوم کی جاتی ہے۔
طناب نہادن بر چیزے (ف) ناپنا۔ پیمائش کرنا۔
طنابیر (ع) طنبور کی جمع۔
طناجیر (ع) طنجیر کی جمع۔
طنّاز (ع) (۱) اشاروں میں بات کرنے والا (۲) طنز کی بات کرنے والا۔ (۳) ناز سے چلنے والا (۴) شوخ۔

Marfat.com

طناز بودن (ف) شوخ ہونا۔

طنازی (ع) چال ڈھال - رفتار۔

طنازی داشتن (ف) شوخی و دلربائی کرنا۔

طنافس (ع) طنفسہ کی جمع۔

طنان (ع) بڑی آواز والا (۲) مشہور۔

طُنب (ع) خیمہ کی ڈور۔

طُنبک (ع) تنبک کا معرب - ڈھولک۔

طُنبور / طُنبورہ (ع) ستار - مشہور ساز کا نام۔

طنبور گرفتن ... (ف) اچھی چیز دے کر بری چیز لینا۔

طنبورنواز (ف) تنبورہ نواز - تنبورہ بجانے والا۔

طنبی ... (ف) کمرے کے اندر کمرہ - ایوان کے اندر ایوان۔

طنجیر (ع) تنجیر کا معرب ... دیگچہ - پتیلا۔

طنز (ع) رمز کی بات کہنا - طعنہ دینا (۲) ٹھٹھا کرنا (۳) ناز - نخرہ۔

طنطن (ع) آواز - صدا۔

طنین (ع) مکھی اور مچھر وغیرہ کی آواز - بھنبھناہٹ - نقارہ اور طشت وغیرہ کی آواز۔

طنین انداز بودن / طنین انداز شدن } آواز کا بلند ہونا - لوٹ کر آنا۔

# ط - و

طواب (ع) اینٹ بنانے والا۔

طوارق (ع) طارقہ کی جمع - زمانہ کی سختیاں اور حوادث جو رات کو آسمان سے نازل ہوتی ہیں۔

طواف (ع) (۱) کسی چیز کے گرد گھومنا (۲) خانہ کعبہ کے گرد پھرنا۔

طوّاف (ع) (۱) بہت طواف کرنے والا - بہت گرد پھرنے والا (۲) وہ آدمی جو اپنے مالک کی خدمت کرنے والا خادم۔

طواف کردن (ف) گرد اگرد گھومنا۔

طُوال / طُوّال } بہت طویل - بہت لمبا۔

طوالت (ع) درازی - لمبائی۔

طوامیر (ع) طومار کی جمع - نامے - صحیفے - دفتر۔

طوائح (ع) آفتیں - ہلاک کرنے والے حادثے۔

طوائف (ع) طائفہ کی جمع - گروہ - جماعتیں۔

طوب (ع) پکی اینٹ۔

طوبیٰ (ع) خوشی - خوبی (۲) خوش (۳) خوش خبری - مژدہ - بشارت (۴) خوشبودار (۵) پاک تر (۶) بہشت کے ایک درخت کا نام جو طرح طرح کے میوے اور خوشبوئیں دیتا ہے۔

طوبیٰ قامت (ع) معشوق - محبوب۔

طوپ (ف) توپ۔

طوپچی (ف) توپچی۔

طور (ع) بڑا پہاڑ - بڑا ٹیلہ - بلند گھاٹی۔

طور (۱) ایک دفعہ - ایک مرتبہ (۲) ڈھنگ - وضع - روش - طریقہ۔

طُور / طُورِ سینا } فلسطین کے ایک مشہور پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی۔

طوزہ (ف) جالی۔

طورۂ کاہ کشی (ف) گھاس باندھنے کی جال۔

طوسی (ف) (۱) منسوب بہ شہر طوس - طوس کا رہنے والا (۲) ایک رنگ کا نام۔

طوطک (ف) (۱) طوطا (۲) الغوزہ جو مشہور ساز ہے۔

طوطی (ع) توتی کا معرب (۱) توت منسوب بہ درخت توت یا شہتوت - ایک مشہور پرندہ کا نام جو شہتوت کی فصل میں بہت جمع ہو جاتا ہے - اور شہتوت کھاتا ہے۔

طوطیک (ف) چھوٹا طوطا۔

طوطی مقال (ف) فصیح۔

طوطی وار (ف) طوطی کی مانند۔

طوطیا (ف) (۱) نیلا تھوتھا (۲) تہمت - بہتان۔

طوطیانوش (ف) سکندر کے منشی کا نام۔

طوطی وار (ف) بے سوچے سمجھے رٹ لینا۔

طوع (۱) اطاعت (۲) رغبت۔

طوعاً (ع) ازروئے اطاعت و فرماں برداری (۲) اپنی رغبت سے اپنی خوشی سے - شوق سے۔

طوعاً و کرہاً (ع) چار و ناچار۔

طوغ (ت) جھنڈا - فوج کا نشان - علم۔

طوف (ع) (۱) کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) سیر کرنا (۳) رفع حاجت کے لیے باہر جانا۔

طوف (ع) چوکیدار - سپاہی جو رات کو لوگوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

طوف (ف) بہت بوڑھی عورت۔

طوفان (ع) (۱) پانی کی وہ رو جو سب کچھ ڈبو دے (۲) سخت بارش (۳) باد تند یعنی سخت آندھی (۴) ہر شے بہت غالب ہو اور سب کو گھیرے (۵) رات کا سخت اندھیرا۔

طوفان خیز (ف) وہ جگہ جہاں سے طوفان اٹھے - طوفان اٹھنے کا باعث۔

طوفان کردن (ف) بڑا کام کرنا۔

طوق (ع) گلے کا حلقہ - گول پٹا - ہنسلی۔

طوق (ع) طاقت - توانائی - طاقت رکھنا۔

Marfat.com

**طوق بُردن** (ف) سبقت لے جانا۔
**طوق بندگی** (ف) غلامی کا طوق۔
**طوق بہار** (ف) دھنک - قوس قزح۔
**طوق دار** (ف) (۱) قمری فاختہ (۲) قیدی - اسیر (۳) غلام
**طوق گلو افشار** (ف) گلا گھونٹ دینے والا طوق۔
**طوق لعنت بگردن آویختن** (ف) کسی بڑے کام کا بیڑہ اٹھانا - ضمانت دینا۔
**طوق ماہ** (ف) ہالہ جو چاند کے گرد ہوتا ہے۔
**طوق و تاج** (ف) تخت و تاج۔
**طول** (ع) عطا - بخشش - احسان (۲) احسان کرنا (۳) کسی پر سبقت لے جانا (۴) بزرگی اور فضیلت میں کسی پر غالب ہونا (۵) قدرت - وسعت گاہ (۶) دولت مندی - تونگری۔
**طول** (ع) لمبائی - درازی - لمبا ہونا۔
**طول** (ع) وہ لمبی رسی جس سے چوپائے کا پاؤں باندھ کر چرنے کو چھوڑ دیتے ہیں۔
**طُول** (ع) درازی اور لمبی چیزیں۔
**طول کشیدن** (ف) بات کا یا معاملے کا لمبا ہو جانا - ناخوب ہو جانا۔
**طول کلام** (ف) بات کا لمبا ہونا۔
**طولانی** (ف) دراز۔
**طولمبچی** (ف) آگ بجھانے والے - ٹول مپ کا مفرس۔
**طولمبہ** (ف) انگریزی لفظ ٹول مپ کا مفرس - آگ بجھانے کا آلہ - آگ بجھانے کا انجن۔
**طولہ** (ف) بوتیہ کتا - چھوٹی نسل کا شکاری کتا جو شکار کی بو پر جا کر اس کی تلاش کرتا ہے۔
**طومار** (ع) (۱) نامہ - خط - لمبا چوڑا لکھا ہوا خط - صحیفہ (۲) ٹوپی یا کلاہ کی نوک جو پگڑی سے باہر نکلی ہوئی ہو۔
**طومار نویس** (ف) منشی - پٹواری۔
**طومان** (ت) (۱) ایران کے رائج الوقت طلائی سکہ کا نام جو چونی کے برابر اور قیمت میں چار روپیہ کے قریب ہے۔ (۲) عدد (۳) رستہ (۴) پرگنہ (۵) دس ہزار روپیہ - بیس ہزار روپیہ - اس کو تومان اور تمن بھی کہتے ہیں۔
**طومان عراق** (ت) چالیس ہزار روپیہ کے قریب ہوتا ہے۔
**طوی** (ع) ترکی لفظ توی کا معرب - شادی - عروسی - بیاہ۔
**طوے** (ع) بھوک - گرسنگی۔
**طوٰے** (ع) شام کی ایک وادی کا نام - جسے وادی ایمن کہتے ہیں - اور جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پہلی دفعہ الہام ہوا تھا۔
**طویت** (ع) (۱) نیت - ضمیر - ارادہ - قصد (۲) راز - بھید۔
**طویل** (ع) (۱) دراز - لمبا (۲) عروض کے انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام جس میں فعولن مفاعیلن کا چار دفعہ تکرار ہوتا ہے۔
**طویلہ** (ع) (۱) پچھاڑی - وہ لمبی رسی جو گھوڑے کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے (۲) وہ رسی جس میں بہت سے گھوڑوں کے پاؤں باندھے ہیں (۳) وہ مکان جس میں گھوڑے باندھے جاتے ہیں - اصطبل - فارسی والے یائے مجہول سے استعمال کرتے ہیں۔
**طویلہ بَرون زدن** (ف) ظاہر ہونا - باہر نکلنا۔
**طویلہ بُرون زدن صبح** (ف) صبح ہو جانا۔
**طویلہ بُروں زدن** (ف) دیکھو طویلہ برون زدن۔
**طویلہ بروں زدن صبح** (ف) دیکھو طویلہ برون زدن۔
**طویلہ دُر** (ف) موتیوں کی لڑی - سلک - مروارید۔

# ط - ہ

**طہارت** (ع) پاکیزگی - پاک ہونا - پاکدامنی - وضو - استنجا وغیرہ۔
**طہر** (ع) عورت کا حیض سے پاک ہونا - وہ زمانہ جس میں عورتوں کو حیض نہیں ہوتا۔
**طہرہ** (ع) پاکی - پاکیزگی۔
**طہران** (ع) تہران کا معرب - ایران کا مشہور شہر جو اس ملک کا دارالخلافہ ہے۔
**طہور** (ع) (۱) پاک ہونا (۲) پاک کرنے والا - وہ چیز جس سے طہارت کی جائے - آبدست۔
**طاہر** (ع) پاک - پاک کرنے والا۔

# ط - ی

**طی** (ع) (۱) لپیٹ (۲) لپیٹنا (۳) شکن (۴) بھول (۵) ضمن (۶) درمیان - فارسی میں لپیٹنے کے معنوں میں بغیر تشدید آتا ہے۔
**طی طریق** (ع) راہ کا طے کرنا۔
**طی مذاکرات** (ف) مذاکرات کے دوران۔
**طے** (ع) عرب کے ایک یمنی قبیلہ کا نام - حاتم طائی مشہور سخی اسی قبیلہ سے ہوا ہے۔
**طیّار** (ع) (۱) اُڑنے والا (۲) حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کا لقب (۳) فارسی میں بمعنی مہیا - مستعد - آمادہ۔
**طیارات** (ع) طیارہ کی جمع - طیارے۔
**طیّارہ** (ع) (۱) کنکوا - پتنگ (۲) ہوائی جہاز - اُڑن کھٹولا - ایروپلین (۳) تیز رفتار جہاز یا کشتی (۴) تیز رفتار گھوڑا۔
**طیاف** (ع) رات کی سیاہی اور تاریکی۔
**طیالس** (ع) طیلسان کی جمع - وہ لمبا چوڑا کپڑا جس کو کندھوں پر

Marfat.com

ڈال لیتے ہیں۔

طَیِّ الثَّوب (ع) کپڑے کو لپیٹنا۔

طَیِّ الحَدِیث (ع) بات کو چھپانا۔

طَیَّان (ع) (۱) کمہار۔ مٹی کے برتن بنانے والا (۲) گرسنہ۔ بھوکا۔

طِیب (ع) (۱) خوشی (۲) خوشبو (۳) خوش طبعی۔ خوش مزاجی (۴) اچھا (۵) پاک ہونا۔

طَیِّب (ع) حلال (۲) پاک (۳) لذیذ۔ خوش مزہ۔

طِیب (ع) کسی چیز کا پاک اور لذیذ ہونا۔

طَیِّبُ الادا (ع) خوش گو۔ خوش آواز۔

طِیبَت (ع) پاک ہونا۔ حلال ہونا (۲) مذاق۔ خوش طبعی۔

طَیِّب و مُطَیِّب (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو صاحبزادوں کے نام ہیں۔

طَیبَہ (ع) مدینہ منورہ۔

طَیِّبِین (ع) نصبی اور جری حالت میں طَیِّبٌ کی جمع۔

طِیَّت (ع) ضمیر۔ نیت (۲) حاجت۔

طَیر (ع) پرندہ۔ واحد و جمع دونوں کے لیے آتا ہے۔

طَیَران (ع) اڑنا۔

طیران کردن (ف) پرواز کرنا۔

طیرگی (ف) غصہ۔ غضب (۲) سبکی۔ خفت۔

طَیرَہ (ع) (۱) شرمندہ۔ نادم (۲) غصہ۔ غضب (۳) سبکی خفت۔

طَیرَہ } (۱) برا شگون۔ فال بد (۲) وہ شے جس سے فال بد لی
طِیرَہ } جائے۔

طَیش (ع) عقل کا زائل ہونا (۲) سبک ہونا۔ سبکی۔ ہلکاپن (۳) تیر کا نشانہ سے خطا کرنا (۴) غصہ۔ خفگی۔ بے دماغی۔

طیطوی (ع) دریائی پرندے۔

طَیف (ع) (۱) غصہ۔ غضب (۲) دیوانگی۔ جنون (۳) خیال جو نیند میں آتا ہے۔ خیال جو خواب میں دکھائی دے۔

طَیفُ الخَیال (ع) ایک کتاب کا نام۔

طَیف (ع) خواب میں خیال آنا۔

طے کَردَن (ف) طے کرنا۔ لپیٹنا (۲) فیصلہ کرنا۔

طے کش (ف) طے کا دروازہ کھولنے والا۔ یہ روزہ تین دن کے بعد کھولا جاتا ہے۔ البتہ شام کو ایک آدھ گھونٹ پانی پی لیتے ہیں۔

طَیِّ لِسان (ع) (۱) زبان کو لپیٹ لینا۔ یعنی خاموشی (۲) قوتِ گویائی۔ استعدادِ کلام۔

طیلس (ع) طیلسان۔

طَیلَسان مُزَعفَر (ع) شعاعِ آفتاب۔

طَیلَسان مُطَرّا (ع) رات۔ شب۔

طَین (ع) مٹی سے لیپنا۔

طِین (ع) (۱) مٹی۔ چونا (۲) نمناک مٹی۔

طِینَت (ع) مٹی (۲) چونا (۳) نمناک مٹی۔ (۴) تھوڑی سی مٹی۔

طِینَت (ع) اصلی خصلت۔ سرشت۔ خو۔ خلقت۔

طِینی (ع) گل۔ مٹی کی چیز۔

طیفور (ع) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

طُیُور (ع) طیر کی جمع۔ پرندے۔

طیور شناس (ف) پرندوں کی عادات اور انواع کا علم رکھنے والا۔

طُیُوری (ع) منسوب بہ طیور۔ پرندوں کی چیز۔

طُیُوریدہ (ع) فرشتے۔

طِیَہ (ع) پلیٹ۔ رکابی۔

طَیہُوج (ع) تیہو کا معرب۔ لوا جو مشہور پرندہ ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ چکور کے مشابہ اور اس سے چھوٹا ایک پرندہ ہے۔

Marfat.com

# ظ

ظ - فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف - بحساب جمل اس کے نوسو عدد مقرر ہیں -

## ظ - ا

ظاب (ع) ہم زلف -
ظار } عورت یا اونٹنی کا غیر کے بچہ پر مہربان ہونا -
ظار } دایہ گری کرنا -
ظافر (ع) ظفریاب - فتح مند - فتح کرنے والا -
ظالم (ع) ظلم کرنے والا -
ظالمان (ف) ظلم وستم کرنے والے -
ظالمی کردن (ف) ناانصافی کرنا -
ظامی (ع) تشنہ - پیاسا -
ظان (ع) بدگمان شخص - کسی پر تہمت لگانے والا -
ظاہر (ع) (۱) کھلا ہوا - آشکارا (۲) شہر کا گرد و نواح - (۳) میدانِ نواح (۳) میدان - پرید -
ظاہر از شیخ و باطن از شیطان (ف) بغل میں چھری منہ میں رام رام -
ظاہر بین (ف) ظاہری حالت کو دیکھنے والا -
ظاہر ساز (ف) آرائش کرنے والا -
ظاہر سازی کردن (ف) ایسی بات کرنا جس کی مطلقاً کوئی حقیقت نہ ہو -
ظاہر فریب (ف) ریاکار - منافق -
ظاہری (ع) منسوب بظاہر

## ظ - ب

ظبی (ع) ہرن - آہو -
ظبیہ (ع) (۱) عورت - اونٹنی - گائے - بکری اور ہرنی کی شرمگاہ - (۲) بٹوا - چمڑے کی چھوٹی تھیلی (۳) چاہ زمزم -

## ظ - ر

ظرابی } ظرباء اور ظربان کی جمع -
ظرابین }
ظراف } (ع) نہایت دانا - بڑا عقلمند (۲) خوش طبع - بڑا دل لگی باز -
ظُراف }
ظرافت (ع) زیرک ہونا - دانا ہونا - فارسی میں زیرک اور خوش طبع ہونا - دل لگی - خوش طبع -
ظُرباء - ظربان (ع) بلی کی شکل کا ایک بدبودار جانور -
ظَرف (ع) دانائی - عقل مندی (۲) خط کا لفافہ - (۳) برتن (۴) حوصلہ -
ظُرفاء (ع) ظریف کی جمع (۱) زیرک و دانا لوگ - (۲) خوش طبع لوگ -
ظرف ظرف مس است و نان نان گندم (ف) برتنوں میں تانبے کا برتن اور روٹیوں میں گندم کی روٹی سب سے اعلیٰ ہے -

Marfat.com

ظرف السّاعت (ع) گھڑی کا کیس۔
ظرف لبریز شدن (ف) عمر کا ہو چکنا۔
ظرفیّت (ع) (۱) ظرف ہونا (۲) حوصلہ۔ منسوب بہ ظرف۔
ظُرُوف (ع) ظرف کی جمع۔ برتن۔
ظریف (ع) (۱) عقل مند۔ زیرک (۲) خوش طبع۔
ظریف حریف خود را می تواند دید (ف) پیشہ ور کو پیشہ ور سے رقابت ہوتی ہے۔

# ظ - ع

ظعان (ع) ہودہ کسنے کی رسی۔
ظعائن (ع) ظعینہ کی جمع (۱) ہودہ (۲) ہودہ نشین عورتیں۔
ظعن (ع) (۱) چلنا۔ کوچ کرنا۔ سفر کرنا (۲) سیر کرنا۔
ظعینہ (ع) وہ عورت جو ہودج میں بیٹھی ہو۔

# ظ - ف

ظفر (ع) (۱) فتح۔ فتح مندی۔ کامیابی (۲) ابوظفر سراج الدین شہنشاہ ہند کا تخلص جو بلند پایہ شاعر تھے۔ جہاں سلطنت ہند کی عنان حکومت ان کے ہاتھ میں تھی۔ وہاں سلطنت شعروسخن کی حکمرانی بھی انہیں ملی ہوئی تھی۔ یہ خاندان تیموری کے آخری بادشاہ عین عالم پیری میں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد اپنے نوجوان شہزادوں کو اپنی آنکھوں سے نشانہ توپ دیکھ کر رنگون میں عرصہ تک قید رہے اور وہیں بحالت اسیری فوت ہوئے۔

ظُفُر / ظُفْر / ظَفَر } (ع) ناخن۔

ظفر (ع) ہر مطلب میں کامیاب ہونے والا شخص۔
ظفر مند (ف) کامیاب۔ فتح یاب۔
ظفرنامہ (ف) تاریخ تیموری جس کا مصنف شرف علی یزدی ہے۔
ظفرہ (ع) ناخنہ جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے۔ اور یہ آنکھ کا ایک مرض ہے۔
ظفر یافتن (ف) فتح پانا۔

ظفیر / ظفیر } (ع) ہر مطلب میں کامیاب ہونے والا شخص۔

# ظ - ل

ظلّ (ع) (۱) سایہ۔ چھاؤں (۲) نمونہ (۳) خیال (۴) رات کا ایک حصہ (۵) گرمی کی شدت (۶) اوّل جوانی (۷) رات کی تاریکی (۸) سورج کو چھپانے والا۔ سایہ۔ بہشت۔ دن کے پہلے حصہ کے سایہ کو ظل کہتے ہیں اور آخر حصہ کے سایہ کو فے۔
ظلال (ع) ظل کی جمع۔ سائے۔
ظلال (ع) (۱) سایہ دار جگہ (۲) بادل کا سایہ۔
ظلام (ع) اوّل شب کا اندھیرا۔
ظلام (ع) ظلمت کی جمع۔ تاریکیاں۔
ظلّام (ع) بڑا ظالم۔ سخت ظلم کرنے والا۔
ظُلّام (ع) ظالم کی جمع۔
ظلامہ (ع) کسی پر ہونے والا ستم۔

ظلّ حق / ظلّ خدا } (ف) خدا کا سایہ یعنی بادشاہ۔

ظلّ زمین (ف) رات۔ کیونکہ زمین کے اپنے ہی سایہ کے باعث سورج اوٹ میں آکر رات ہو جاتی ہے۔
ظلّ ظلیل (ع) لمبا سایہ۔ دور تک پھیلا ہوا سایہ (۲) ہمیشہ رہنے والا سایہ۔
ظلف (ع) چوپائے کا چرا ہوا کھر جیسے گائے۔ بکری اور ہرن وغیرہ کا ہوتا ہے۔
ظلف (ع) بلند جگہ۔ بلند ٹیلہ۔
ظُلف (ع) ظلیف کی جمع (۱) سخت مصیبتیں (۲) سخت چیزیں۔
ظُلل (ع) ظلۃ کی جمع (۱) ابر (۲) سائبان۔
ظلم (ع) (۱) تاریکی (۲) رات کا تاریک ہونا۔
ظلم (ع) (۱) برف (۲) دانت کی سفیدی اور آب و تاب۔
ظُلَم (ع) ظلمت کی جمع۔ تاریکیاں۔ اندھیریاں۔
ظلم (ع) بے انصافی۔ کسی کا حق کم کرنا۔ ستم۔
ظلما (ع) تاریکی۔ بہت تاریک۔
ظُلمات (ع) (۱) ظلمت کی جمع۔ تاریکیاں۔ ضرورت شعری کے لیے بسکون لام جائز ہے (۲) ایک سمندر کا نام جسے بحر اوقیانوس کہتے ہیں۔ جو برّ اعظم افریقہ کے مغرب سے امریکہ کے مشرق تک پھیلا ہوا ہے۔
ظلمات اسکندری (ف) آب حیواں جو تاریکی میں بیان کیا جاتا ہے جہاں سکندر گیا تھا۔
ظُلمات سکندری (ف) دیکھو ظلمات اسکندری۔
ظلمانی (ع) منسوب بہ ظلمت۔ وہ شے جو تاریک ہو اور شفاف نہ ہو۔ اس لفظ میں ت حذف ہو کر یا کے نسبت سے قبل الفاظ حقانی۔ نورانی اور جسمانی کی مانند الف اور نون زائد ہیں۔
ظُلمانیت (ع) تیرہ ہونا۔ تیرگی پیدا ہونا۔
ظُلم پیشہ (ف) ظالم۔ ستمگر۔
ظُلمت (ع) تاریکی۔ اندھیرا۔
ظُلمت کدہ (ف) ظلمت سرا۔ دنیا سے کنایہ ہے۔
ظُلمت فزا (ف) تاریکی میں اضافہ کرنے والا۔

Marfat.com

**ظلمتِ شب** (ف) رات کی تاریکی۔
**ظلمتیاں** (ف) اہلِ نور کی ضد۔ بُت پرست لوگ جو مذہب حق قبول نہیں کرتے۔
**ظلم دوست** (ف) ظالم۔
**ظلم و شاہی چراغ و باد است** (ف) ظلم اور بادشاہت دو متضاد چیزیں ہیں مُراد ہے کہ ظالم حکمران کی حکومت ناپائیدار ہوتی ہے۔
**ظلمہ** (ع) ظالم کی جمع۔ ظالم لوگ۔ ظلم کرنے والے۔
**ظُلُول** (ع) سایہ کرنا۔
**ظلوم** (ع) بڑا ظلم کرنے والا۔ بڑا ظالم۔
**ظُلّہ** (ع) (۱) چھتری (۲) سائبان (۳) سایہ کرنے والا ابر (۴) سایہ دار درخت (۵) چھجا۔
**ظلیف** (ع) خراب۔ بدحال (۲) سختی۔ مشکل (۳) رائگاں چیز (۴) ذلیل و خوار (۵) سخت اور اُونچی نیچی زمین (۶) سخت اور دشوار کام۔
**ظلیل** (ع) (۱) دائمی سایہ (۲) سایہ دار درخت (۳) سایہ کرنے والی چیز۔
**ظلیلہ** (ع) ظلیل کی مؤنث۔ مرغزار۔
**ظلیلات** (ع) وہ باغ جس میں درخت بکثرت ہوں۔
**ظلیم** (ع) شتر مرغ جو مشہور پرندہ ہے۔
**ظلیم** (ع) مظلوم۔ جس پر ظلم ہوا ہو۔ ستم رسیدہ۔
**ظلیم** (ع) بڑا ظالم۔
**ظلیمہ** (ع) ستم کش۔

## ظ - م

**ظِمْ** (ع) پیاس۔ تشنگی۔
**ظما** (ع) پیاسا۔ تشنہ۔ پیاسا ہونا۔
**ظمان، ظمی** (ع) پیاسا۔ تشنہ۔

## ظ - ن

**ظن** (ع) گمان۔ وہم (۲) یقین (۳) تہمت لگانا۔
**ظن بُردن** (ف) گمان کرنا۔
**ظنِ غالب** (ف) وہ قیاس جو یقین کے لگ بھگ ہو۔
**ظنائن** (ع) الزامات۔ تہمتیں۔
**ظنّیت** (ع) تہمت۔ بہتان۔
**ظنون** (ع) (۱) سُست۔ (۲) بدگمان۔ (۳) کنواں جس میں پانی کم ہو۔
**ظنون** (ع) ظن کی جمع۔ گمان۔
**ظنّہ** (ع) تہمت۔
**ظنّی** (ع) منسوب بہ ظن۔ ظنی۔ خیالی۔
**ظنین** (ع) وہ شخص جسے تہمت لگائی گئی ہو۔
**ظنین شُدن** (ف) بدگمان ہونا۔
**ظنیہ** (ع) بظن۔ یقین سے دور۔

## ظ - و

**ظواہر** (ع) ظاہر کی جمع (۱) ... (۲) ... چیزیں (۳) اشراف لوگ۔

## ظ - ہ

**ظہار** (ع) خاوند کا اپنی بیوی سے یہ کہنا کہ تو مجھ پر میری ماں کے برابر حرام ہے۔ ایسی صورت میں حسب شرع اگر وہ رجوع کرے تو عورت اس پر حرام ہوتی ہے۔ اس کا کفارہ ہے کہ یا تو ایک غلام آزاد کرے یا دو مہینے لگاتار روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے اور کفارہ تمام ہونے سے پہلے ...۔
**ظہارت** (ع) قوی پشت ہونا۔
**ظہارہ** (ع) ابرہ۔ دوہرے کپڑے کی اوپر والی تہ۔
**ظہائر** (ع) ظہیرہ کی جمع۔
**ظہر** (ع) پیٹھ۔ پشت۔
**ظہر** (ع) پیٹھ کا درد۔
**ظہر** (ع) زوالِ آفتاب۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔
**ظہر نویس** (ف) ہنڈی یا چیک کے پیچھے لکھنے والا یا تصدیق کرنے والا۔
**ظہر نویسی** (ف) ہنڈی یا چیک کے پیچھے کی تصدیق۔
**ظہور** (ع) ظاہر ہونا (۲) کوٹھے پر چڑھنا (۳) غالب آنا۔
**ظہر** (ع) مددگار۔ پُشت و پناہ۔ ہم پشت (۲) ... پیٹھ میں درد ہو۔ جمع و واحد کے لیے یکساں آتا ہے۔
**ظہیر** (ع) مددگار۔ پشتیبان۔
**ظہیرہ** (ع) دوپہر کا وقت جو بہت گرم ہو۔

## ظ - ع

Marfat.com

ظِبِیر (ع)، دایہ - دائی - دُودھ پلانے والی -

## ظ - ی

ظَلّی } (ع)، شہد - عسل -
ظَلَیَان }
ظِلِّیَان (ع)، جنگل چنبیلی -

Marfat.com

# ع

ع - فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارہواں حرف - بحساب جمل اس کے ستّر عدد مقرر ہیں -

## ع - ا

**عابث** (ع)، ضائع کرنے والا - وقت ضائع کرنے والا - کھیلنے والا -
**عابد** (ع)، عبادت کرنے والا -
**عابدانہ** (ف)، عابدوں جیسا -
**عابدفریب** (ف)، عابدوں کو فریب دینے والا -
**عابدون** (ع)، عابد کی جمع - عبادت کرنے والے -
**عابدہ** (ع)، عبادت کرنے والی -
**عابر** (ع)، راہ سے گزرنے والا - مسافر - راہی - راہگیر (۲) پل پر سے اُترنے والا - پار جانے والا -
**عابرہ** (ع)، عابر کی مؤنث -
**عابری سبیل** (ع)، (۱) رستے سے گزرنے والے (۲) پل پر سے اُترنے والے -
**عابس** (ع)، ترش رُو -
**عات** (ع)، متکبر - حد سے گزرنے والا - سرکش -
**عاتق** (ع)، (۱) رہا شدہ - آزاد (۲) ہر پرانی بے جان چیز (۳) پرانی شراب (۴) کندھا (۵) جوان عورت (۶) وہ عورت جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو -
**عاج** (ع)، ہاتھی دانت -
**عاجز** (ع)، ناچار - جس سے کچھ نہ ہو سکے - بےبس - شکست - ناتواں -
**عاجزانہ** (ف)، ناچار ہو کر -
**عاج ساز** (ف)، ہاتھی دانت کا کام کرنے والا -
**عاجل** (ع)، (۱) عجلت کرنے والا - جلدی کرنے والا - جلد باز - (۲) موجودہ - سردست (۳) دنیا -
**عاجلاً** (ع)، تیزی و تندی سے -
**عاجلہ** (ع)، (۱) بے مہلت - سردست - شتاب (۲) دنیا -
**عادات** (ع)، عادت کی جمع - عادتیں -
**عادت** (ع)، سبھاؤ - خصلت - خو -
**عادہ** (ع)، عورت کے ماہواری ایام - حیض کے دن -
**عادِ اعظم** (ع)، وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کرے -
**عادت بہ لشکر سے دادن** (ف)، فوج کو قواعد سکھانا -
**عادت طبیعت ثانوی است** (ف)، عادت کا چھوٹنا مشکل ہوتا ہے -
**عادل** (ع)، (۱) عدل کرنے والا - انصاف کرنے والا - منصف (۲) معتبر - ثقہ - جس کی گواہی معتبر ہو - (۳) شرک کرنے والا - مشرک -
**عادلانہ** (ف)، عدل پر مبنی -
**عادم** (ع)، نابود کرنے والا -
**عادی** (ع)، (۱) خوگر - خو یافتہ - جس کو کسی بات کی عادت ہو - منسوب بہ عادت (۲) وہ چیز جس کی عادت ہو گئی ہو (۳) حد سے گزرنے والا (۴) منسوب بہ قوم عاد - وہ شے جو قوم عاد سے متعلق ہو - (۵) دشمن - عدو -
**عاذرا** (ع)، ایک شخص کا نام جو بے ایمان مرا تھا - اور کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے اسے چالیس سال کے بعد زندہ کر کے مسلمان کیا - "
**عاذل** (ع)، ملامت کرنے والا -
**عار** (ع)، (۱) غیرت - شرم (۲) عیب - ننگ - دشنام -
**عارج** (ع)، عروج کرنے والا - اُوپر چڑھنے والا -
**عارض** (ع)، گال - رخسار (۲) لاحق ہونے والا - ملنے والا - الحاق

Marfat.com

کرنے والا (۳) افق میں پھیلا ہوا بادل (۴) فوج کا افسر۔ سپہ سالار
سپہ سالار (۵) فوج کی موجودات لینے والا۔ بخشی (۶)
عرض کرنے والا (۷) عرضی لکھنے والا۔

عارض سیمیں (ف) چاندی جیسا رخسارہ۔ گورے گال۔

عارض شدن (ف) شکایت کرنا۔ نالش کرنا۔ نمودار ہونا۔ واقع ہونا۔

عارضہ (ع) (۱) لاحق ہونے والی چیز (۲) بیماری۔ رنج (۳) حاجت۔ رخسارہ۔

عارضی (ع) لاحق جو اصلی نہ ہو۔

عارف (ع) پہچاننے والا۔ جاننے والا (۲) خداشناس (۳) صبر کرنے والا۔

عارف ذات شو نہ بہ دلق (ف) قلندری اور درویشی کا تعلق دل سے ہے۔ ظاہری درویشانہ لباس سے نہیں۔

عارفہ (ع) عارف کا مونث (۲) خدا کو پہچاننے والی۔ جاننے والی (۳) نکوئی۔ نیکی۔

عاری (ع) برہنہ۔ ننگا (۲) خالی (۳) جاہل۔

عاریت } (ع) (۱) مانگی ہوئی چیز۔ مستعار (۲) مانگ کر کوئی چیز لینا۔
عاریّت } (۳) مانگنے پر کوئی چیز دینا۔ یہ لفظ عار سے منسوب ہے کیونکہ مانگنا عار و شرم کی بات ہے۔

عاریت گرفتن (ف) اُدھار لینا۔ مانگ لینا۔

عازم (ع) عزم کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔ قصد کرنے والا۔

عاشر (ع) دسواں حصّہ (۲) دسواں حصّہ لینے والا۔

عاشق (ع) عشق رکھنے والا۔ بہت چاہنے والا۔

عاشق خشک (ع) ذلیل اور خسیس عاشق۔ بے صدق عاشق۔

عاشق سگ جہان (ف) طالب دنیا۔

عاشقم لیکن تا کنار بام (ف) دودھ پینے والا مجنوں ہوں نہ خون پینے والا۔

عاشق و معشوق (ف) مختلف رنگ دو نگینے جو ایک انگوٹھی میں ہوں۔ دربند وغیرہ کے آنکڑے جو آپس میں ہونے سے بند ہو جاتے ہیں۔

عاشورا }
عاشوراء } (ع) محرم کی دسویں تاریخ۔

عاصف (ع) سخت آندھی کا دن۔ آندھی۔

عاصفات (ع) عاصفہ کی جمع۔ سخت آندھیاں۔

عاصفہ (ع) سخت آندھی۔

عاصم (ع) (۱) باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا (۲) قرآن شریف کے ساتوں قاریوں میں سے ایک قاری عاصم کوفی کا نام۔ ہندوستان میں بھی عموماً اسی کی قرأت کے مطابق قرآن شریف پڑھایا جاتا ہے۔

عاصمہ (ع) دارالخلافہ۔ پایہ تخت۔ راجدھانی۔

عاصی (ع) مجرم۔ گنہگار۔ نافرمان۔ خطاکار۔ سرکش (۲) وہ گھٹا جس میں مینہ نہ ہو (۳) اصطلاح طب میں رگ عاصی وہ رگ جو فصد سے خون نہ دے اور معدہ عاصی وہ معدہ جو مسہل کے اثر کو قبول نہ کرے۔

عاصی شدن (ف) تنگ آ جانا۔ گناہ کرنا۔ سرکشی کرنا۔

عاطر (ع) عطر لگانے والا۔ خوشبو کو دوست رکھنے والا۔

عاطف (ع) (۱) مہربانی کرنے والا (۲) پھیرنے والا۔ موڑنے والا۔

عاطل (ع) خالی۔ بیکار (۲) علم و ادب سے خالی (۳) مفلس جس کے پاس مال نہ ہو (۴) بغیر زیور کے عورت۔

عاطلہ (ع) بغیر زیور کے عورت۔ بے زیور عورت۔

عاف }
عافی } معاف کرنے والا۔ خطا بخشنے والا (۲) طالب رزق۔

عافیت (ع) (۱) صحت۔ امن۔ آرام۔ چین (۲) پارسائی۔

عاق (ع) ماں باپ کا نافرمان بیٹا۔

عاقب (ع) پیچھے آنے والا (۲) نائب۔

عاقبت (ع) آخر۔ انجام۔

عاقبت الامر (ع) آخرکار۔ انجام کار۔

عاقبت اندیش (ف) انجام سوچنے والا۔ انجام بین۔ ہوشیار۔

عاقبت بیں (ف) عاقبت اندیش۔

عاقبت جوینده یا بنده بود (ف) ڈھونڈنے والا آخر پا ہی لیتا ہے۔

عاقبت گرگ زاده گرگ شود (ف) بھیڑیے کا بچہ آخرکار بھیڑیا ہی ہوتا ہے۔

عاقبت ندارد (ف) اس کا انجام اچھا نہیں۔

عاقد (ع) (۱) عقد کرنے والا۔ گرہ لگانے والا (۲) عہد کرنے والا۔

عاقر (ع) بانجھ خواہ مرد ہو یا عورت۔

عاقل (ع) عقل مند۔ دانا۔ زیرک۔

عاقلہ (ع) عاقل کی تانیث۔ عقل مند عورت۔

عاکف (ع) گوشہ نشیں۔ مقیم۔ عبادت کے لیے مسجد میں ایک گوشہ میں بیٹھنے والا۔

عاکفان }
عاکفین } عاکف کی جمع۔

عالم (ع) ماسوائے اللہ کے سوا تمام مخلوقات و موجودات (۲) فارسی میں بمعنی صورت۔ حالت۔ قسم۔ جنس۔

عالِم (ع) علم والا۔ جاننے والا۔ پڑھا ہوا۔

عالم آب (ف) شراب کا نشہ۔ شراب خوری۔ مستی۔

عالم آرا (ف) جہاں زیب۔

عالم ارواح (ف) آخرت۔

عالم اسباب (ع) دُنیا۔

عالم افروز (ف) دُنیا کو روشن کرنے والا۔

عالم الغیب (ع) غیب کا جاننے والا۔ اللہ تعالےٰ۔

عالم امر (ع) (۱) عالم ارواح (۲) عالم ملائک۔

عالم امکان (ع) دُنیا۔

Marfat.com

عالم النفس و آفاق (ع)، عالم ظاہری۔
عالم بالا (ف)، فرشتوں کی دُنیا۔
عالم برزخ (ع)، موت اور قیامت کے درمیانی عرصہ کے لیے رُوحوں کے رہنے کا مقام۔
عالم بے عمل شجر بے ثمر است (ف)، بے عمل عالم کی مثال اس درخت کی سی ہے جسے کوئی پھل نہ لگتا ہو۔
عالم پناہ (ف)، بادشاہ۔
عالم تر (ف)، وہ شخص جو اپنے آپ کو فاضل اور صالح ظاہر کرے اور درحقیقت جاہل اور فاسق ہو۔
عالم تر (ف)، جاہلیت۔
عالم جان (ف)، عالم ارواح۔ دُنیا (۲) اربعہ عناصر۔
عالم جبروت (ع)، صفات اللہ کا مرتبہ۔
عالم خاک (ف)، (۱) دُنیا (۲) جسم انسان۔
عالم دو رنگ (ف)، (۱) دُنیا (۲) منافق اور غدار آدمی۔
عالم ذرات (ف)، ازل۔ آغاز عالم۔
عالم صُغرےٰ / عالم صغیر } (ع)، انسان اور جسم انسان۔
عالم عالم (ع)، بہت کثرت سے۔ بہت ہی۔
عالم کون (ع)، دُنیا۔
عالم کون و فساد (ع)، دُنیا۔
عالم گرد (ف)، سیّاح۔
عالمگیر (ف)، جہان کو لینے والا۔ تمام عالم پر چھایا ہوا۔ اورنگ زیب کا لقب۔
عالم لاہوت (ع)، اللہ کی ذات کا عالم۔
عالم مثال (ع)، اس عالم اجسام کی نسبت ایک عالم لطیف ہے۔ جو شے اس عالم میں نظر آتی ہے۔ اس کا نظیر اس عالم میں پائی جاتی ہے۔
عالم معقول (ع)، عالم عقل۔ عالم ذہنی۔
عالم ملکوت (ع)، اسمائے الٰہی کا مرتبہ۔
عالم ملکوتی (ف)، عالم معنوی و رُوحانی۔
عالم ناسوت (ع)، دُنیا۔ عالم فانی۔
عالم وجود (ع)، عالم ہستی۔ جہانِ زندگی۔
عالمی (ع)، دُنیا کا۔ عالم کا رہنے والا۔ دنیاوی۔
عالمیاں (ع)، عالمی کی جمع۔ دُنیا والے۔
عالی (ع)، اُونچا۔ بلند۔ بلند مرتبہ۔
عالیات (ع)، عالیہ کی جمع۔ بلند مرتبے۔
عالی جاہ (ف)، بلند حوصلہ۔
عالی جناب (ع)، بلند مرتبہ۔ بلند درگاہ۔
عالی حضرت / عالی مرتبت } (ع)، بلند مرتبہ آدمی۔
عالی نژاد (ف)، عمدہ نسل کا۔

عالیہ (ع)، بلندی۔ بلند
عام (ع)، سال۔ برس
عام (ع)، خاص کی ضد۔ تمام۔ سب کا گھیرے ہوئے۔ سب جگہ پھیلنے والا۔ پھیلا ہوا۔ عام آدمی۔ فارسی والے بغیر تشدید استعمال کرتے ہیں۔
عامر (ع)، (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا۔
عامرہ (ع)، (۱) آباد (۲) آباد کرنے والی۔
عامری (ع)، منسوب بہ قبیلہ بنی عامر۔ عاشق قیس مجنوں اسی قبیلہ سے تھا۔
عام فہم (ع)، آسان۔ سب کی سمجھ میں آجانے والا۔
عامل (ع)، عمل کرنے والا (۲) ... (۳) ... (۴) ... حاکم۔
عامل جہان (ف)، اللہ تعالیٰ (۲) عناصر اربعہ۔
عامل طبع (ع)، رُوح۔
عامل کان (ع)، آفتاب۔
عامّہ (ع)، خاصہ کی ضد (۱) عام مشہور (۲) گروہ۔ جماعت (۳) قیامت۔
عامی (ع)، منسوب بہ عام (۱) جاہل۔ ناخواندہ (۲) عوام الناس (۳) رعیت۔ فارسی میں بغیر تشدید مستعمل ہے۔
عامیانہ (ف)، بازاری۔ عام لوگوں کے متعلق۔
عاند (ع)، عناد رکھنے والا۔ دشمن۔
عانہ (ع)، پیڑو۔ شرمگاہ۔ ناف کے نیچے کا مقام جہاں بال ہوتے ہیں
عانی (ع)، اسیر۔ قیدی۔ ذلیل۔ اس کی جمع عناۃ آتی ہے۔
عانیہ (ع)، عانی کی مؤنث۔ قیدی عورت۔ اس کی جمع عانیات اور عوانی آتی ہے۔
عاہات (ع)، عاہت کی جمع۔ بلائیں۔ آفتیں۔ سختیاں
عاہت (ع)، بلا۔ آفت۔ سختی۔
عایل (ع)، وہ عورت جس کا خاوند نہ ہو۔
عائق (ع)، (۱) عشرت۔ ... (۲) حائضہ (۳) عیسیٰ (۴) ...
عائب (ع)، عیبی۔ عیب کرنے والا۔
عائد (ع)، عود کرنے والا۔ لوٹ کر آنے والا۔ لوٹنے والا
عائدات (ع)، آمدنی۔ کمائی۔
عائد داشتن / عائد ساختن } حساب چکا دینا۔ بے باق کر دینا۔
عائق (ع)، حائل۔ مانع۔ روکنے والا۔
عائل (ع)، محتاج۔ فقیر۔ درویش۔
عائلی (ع)، محتاجی۔ فقیری۔ درویشی۔

## ع ـ ب

Marfat.com

عَبّ (ع) (۱) دم بدم پانی پینا (۲) نہر وغیرہ سے مُنہ کے ساتھ پانی پینا۔ (۳) مُنہ بھر کر پانی پینا۔
عُبّ (ع) آستین۔
عَبا (ع) کملی۔ ایک خاص قسم کا لباس جو درویش پہنتے ہیں جیسے قبا امرا کا لباس ہے۔
عباپوش (ف) لبادہ پہننے والا۔
عُباب (ع) (۱) پانی کی بہتات اور بلندی۔ بڑا سیل۔ بڑی رَو (۲) کھجور کے پتے (۳) ہر چیز کا اوّل۔
عباد (ع) عبد کی جمع۔ بندے۔ غلام۔
عُبّاد (ع) عابد کی جمع۔ عبادت کرنے والے۔
عبادات (ع) عبادت کی جمع۔
عبادت (ع) (۱) بندگی۔ پُوجا (۲) بندگی کرنا۔ پُوجا کرنا۔
عبادت خانہ / عبادت گاہ (ع) معبد۔ عبادت کی جگہ۔ پرستش کی جگہ۔
عبارت (ع) (۱) بیان (۲) بیان کرنا۔ بات بیان کرنا (۳) خواب کی تعبیر بیان کرنا (۴) اِملا۔ ڈکٹیشن۔
عبارت آرائی (ف) مضمون کی رنگینی۔ مضمون کو سنوار کر لکھنا۔
عبارت ازاں است (ف) اس سے مُراد ہے۔
عبارت پرداز (ف) منشی۔ سیکرٹری۔ دبیر۔
عبارت سازی (ف) خوبی بندش و ترکیب الفاظ۔
عبارت کردن (ف) کنایہ سے بات کرنا۔
عَبّاس (ع) شیر درندہ (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام (۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ایک صاحبزادہ کا نام جو امام حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام کے سوتیلے بھائی تھے۔ اور علمدار کے نام سے مشہور ہیں۔
عَبّاسیان (ف) جمع عباسی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد کے لوگ۔ جو خلفائے عباسیہ کے نام سے مشہور ہیں۔ جن کا شاندار عہد حکومت ۱۳۲ھ سے ۶۵۶ھ تک رہا۔ ان کا دار الخلافہ بغداد تھا۔ ان میں سے پہلا خلیفہ ابو العباس عبد اللہ بن محمد بن علی بن عبد اللہ بن حضرت عباس بن حضرت عبد المطلب بن ہاشم ہوا ہے۔ اور آخری خلیفہ یعنی خلیفہ مستعصم باللہ۔
عَبّاسیہ (ع) منسوب بہ عباسی۔ یعنی خلفائے بنی عباس دیکھو عباسیاں۔
عَبَث (ع) (۱) بے فائدہ (۲) بے ہودہ۔
عبث کار (ف) فضول کام کرنے والا۔
عَبْد (ع) بندہ۔ غلام۔
عَبْدُ الجِنّہ (ع) کابوس کی بیماری جس میں سوئے ہوئے آدمی کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے۔
عَبْدُ الرَّحمٰن (ع) (۱) علم ہیئت کے ایک امام کا نام جس کی تصنیف کا نام بھی عبد الرحمٰن ہے (۲) خلفائے سپین میں سے ایک باعظمت شوکت بادشاہ کا نام (۳) امیران کابل میں سے ایک بادشاہ کا نام جو بڑا عالی دماغ اور صاحب جبروت ہوا ہے۔ ۱۸۸۰ء میں تخت نشین ہوا۔ اور بیس سال کی حکومت کے بعد ۱۹۰۱ء میں وفات پائی۔
عبدُ الشہوت (ع) شہوت کا بندہ۔ شہوت پرست۔
عَبْدُ القادر (ع) محی الدین محبوب سبحانی قطب ربانی غوث الاعظم جیلانی کا نام جو علوم فقہ و حدیث۔ تفسیر و منطق۔ معانی۔ فروع۔ اصول۔ معقول و منقول اور صرف و نحو کے زبردست عالم اور زہد و ریاضت میں ولی کامل ہوئے ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب والد کی طرف سے حضرت امام حسن علیہ السلام اور والدہ کی طرف سے حضرت امام حسین علیہ السلام سے ملتا ہے۔ آپ کی تصنیف سے کئی مشہور کتابیں ہیں۔ ۴۷۱ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۹۱ برس کی عمر پاکر ۵۶۲ھ میں وفات پائی۔ کسی شاعر نے آپ کی تاریخ ولادت "عاشق" اور تاریخ وصل "معشوقِ الٰہی" لکھی ہے۔ آپ کا مزار بغداد میں مرجع خاص و عام ہے (۲) علم موسیقی کے ایک استادِ کامل کا نام۔
عَبْدُ المُطّلب (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دادا کا نام جو ہاشم کے بیٹے اور عرب کے ممتاز قبیلہ قریش کے سردار تھے۔ مکہ معظمہ کے رئیس خانہ کعبہ کے کلید بردار۔
عَبْدُ المَناف (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دادا کا نام۔
عبد اللہ (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد بزرگوار کا نام۔
عَبْدُ اللہ بن زیاد (ع) یہ شخص یزید کی طرف سے بغداد و کوفہ کا حاکم تھا۔ اور اسی نے حضرت امام حسین علیہ السلام کے خلاف فوج کشی کرکے انھیں شہید کرایا تھا۔
عبد بطن (ع) پیٹ کا بندہ۔ پیٹو۔
عبیر (ع) خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
عِبَر (ع) عبرت پکڑنا۔
عُبَر (ع) آنکھ کی گرمی (۲) گروہ۔ جماعت۔
عِبْر (ع) دریا سے گزرنے کا محصول۔ امیر بحری۔
عُبْر / عِبْر (ع) ندی یا نالے کا کنارہ۔
عِبرانی (ع) دیکھو عبری۔
عبرانیون (ع) عبرانی کی جمع۔
عبرانیہ (ع) یہودیوں کی زبان۔
عِبرت (ع) متنبہ ہونا۔ نصیحت پکڑنا (۲) نصیحت (۳) طبیعت کا ایک نوع پر غفلت سے آگاہی کی طرف رجوع کرنا (۴) دوسرے کی حالت سے نصیحت پکڑنا۔
عبرت آمیز (ف) وہ بات جو موجب عبرت ہو۔
عبرت انگیز (ف) جس کام سے عبرت حاصل ہو۔
عبرت بیں (ف) عبرت حاصل کرنے والا۔ وہ جو کسی چیز کو دیکھ کر

Marfat.com

عبرت حاصل کرے۔

عبرت پذیر (ف) عبرت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

عبرت سرشتش رُوزہ (ف) (۱) مخلوقات و موجودات (۲) زمین و آسمان (۳) حادثے (۵) جو کچھ ہم سے فعل میں آئے۔

عبرت گرفتن (ف) نصیحت قبول کرنا۔

عبرت نما (ف) موجب عبرت۔ جس کو دیکھ کر عبرت حاصل ہو۔

عَبْرَہ (ع) اشک۔ آنسو (۲) آنسو بہانا۔

عَبْرَہ (ع) (۱) عبور (۲) جہاز اور کشتی پر سے عبور کرنے کا محصول بیر بحری محصولات راہداری۔

عَبَس (ع) بول۔ پیشاب (۲) خشک گوہ۔

عَبَس (ع) کج خلقی۔ ترش روئی۔

عَبَق (ع) خوشبو۔ بوئے خوش۔

عَبْقَر (ع) ایک مقام کا نام جہاں نہایت عمدہ اور نفیس کپڑے اور بچھونے تیار ہوتے ہیں (۲) جنوں کی بستی۔

عبقرہ (ع) کسی چیز کی چمک۔

عَبْقَرِی (ع) نہایت عمدہ بچھونا۔ ہر عمدہ اور نفیس چیز کو عبقر کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

عبقریہ (ع) عبقری کی مؤنث۔

عُبُودِیَّت (ع) (۱) بندگی۔ غلامی (۲) بندگی کرنا۔

عُبُور (ع) دریا سے گزرنا۔ پل سے پار جانا (۲) راہ پر گزرنا۔

عبور دادن (ف) گزارنا۔

عبور کردن (ف) سرایت کرنا۔

عبوراً (ع) عبور کرتے وقت۔

عبوس (ع) بدخلق۔ ترش رُو۔

عبوست (ع) بدخلقی۔ ترش روئی۔

عَبْل (ع) پرگوشت۔ موٹا۔ خوش اندام۔

عَبْہَر (ع) (۱) زرد نرگس۔ جو نرگس سیاہ ہو۔ اسے شہلا کہتے ہیں۔ (۲) چنبیلی۔

عَبِید (ع) بندے۔ غلام۔ یہ لفظ اسم جمع تو ہے مگر عبد کی جمع نہیں ہے۔

عُبَیْد (ع) عبد کی تصغیر۔ چھوٹا غلام۔ چھوٹا بندہ۔

عَبِیر (ع) ایک خشک خوشبو کا نام جو خشک زعفران صندل اور گلاب کی ملاوٹ سے تیار کر کے کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔

عبیر آگیں (ف) خوشبودار۔

عبیر آلا (ف) خوشبو والا۔

عبیر آمیز (ف) خوشبو ڈلی ہیں۔

عبیر سرشت (ف) عبیر کی طرح خوشبودار۔

عبیر فشاں (ف) عبیر کی طرح خوشبو پھیلانے والا۔

## ع - ت

عِتَاب (ع) (۱) غصّہ۔ خفگی (۲) ملامت (۳) ناز (۴) غصّہ کرنا۔ خفا ہونا (۵) ملامت کرنا (۶) ناز کرنا۔

عتاب و خطاب کردن (ف) ڈانٹ ڈپٹ بتانا۔ جواب طلبی کرنا۔

عَتَاد (ع) (۱) تیار کرنا (۲) سفر کی تیاری کرنا (۳) سامان سفر۔

عَتَب (ع) غصّہ کرنا۔ جھڑکنا۔ خفا ہونا۔ ملامت کرنا۔

عَتَبَات (ع) عتبہ کی جمع (۱) آستانے۔ چوکھٹیں (۲) مزاریں۔ تربتیں (۳) مصیبتیں۔ سختیاں۔ بلائیں۔

عَتَبَہ (ع) آستانہ۔ چوکھٹ (۲) مزار۔ تربت (۳) مصیبت۔ بلا۔ سختی۔

عُتْبَہ (ع) عرب کے ایک آدمی کا نام۔

عِتْرَت (ع) (۱) اولاد (۲) عزیز و اقربا۔ خویش و اقارب۔ اپنے۔ یگانے۔

عِتْق (ع) آزادی۔ آزاد ہونا۔

عِتْق (ع) پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔

عُتُل (ع) (۱) بدخو۔ سخت۔ سخت مزاج۔ منہ بگاڑے ہوئے۔ سخت کلام (۲) ظالم (۳) بسیار خور۔ بہت کھانے والا۔

عُتُوّ (ع) حد سے گزرنا۔ سرکشی کرنا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔

عَتِیب (ع) عتاب کا امالہ۔ غصّہ۔ ملامت۔

عَتِید (ع) مہیا۔ حاضر۔ موجود (۲) آمادہ۔

عَتِیق (ع) (۱) پرانا۔ کہنہ (۲) برگزیدہ۔ بزرگ (۳) آزاد۔

## ع - ث

عُثَار (ع) سر کے بل گرنا۔

عَثْر (ع) گر پڑنا۔ سر کے بل گرنا (۲) مطلع ہونا۔

عثرات (ع) عثرت کی جمع۔ لغزشیں۔

عَثْرَت (ع) لغزش۔ سر کے بل گرنا۔

عُثْمَان (ع) (۱) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ خلیفہ سوم کا نام۔ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد کثرت رائے سے خلیفہ ہوئے۔ آپ کے وقت میں ایران، ہمدان اور مصر کی بغاوت فرو کی گئی۔ جزیرہ قبرص اور افریقہ کے کئی ممالک فتح ہوئے۔ آپ کے عہد میں چونکہ آپ کے رشتہ دار حکام ممالک اور برسرکار تھے جس کی بابت لوگوں نے شکایات کیں۔ اور جب انسداد نہ ہوا تو آپ ۳۵ھ ہجری کو شہید کر دیئے گئے۔ چونکہ ان کے قاتلوں کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سزا نہ دی۔ اس لیے ان کے رشتہ داروں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ میں خانہ جنگی شروع ہو کر امیر معاویہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی جنگ کی صورت اختیار کر گئی (۲) ترکی کے ترک بادشاہوں کے مورث اعلیٰ کا نام جس کے باعث وہ آل عثمان یا ان کی حکومت عثمانیہ کہلاتی تھی۔

Marfat.com

... ع، کسی چیز کا ہاتھ لگنا۔

# ع - ج

عجاب - ع، عجیب - انوکھا - تعجب - شگفت۔
عجاج - ع، غبار گرد - معمول
عجاج - ع، گرد و غبار اڑانے والا - چلانے والا۔
عجاوات - ع، انگور کے دانے۔
عجاف - ع، عجف کی جمع - دبلے - لاغر۔
عجالت - ع، عجلت کرنا - جلدی کرنا۔
عجالت - ع، جو چیز کہ سہولت سے جلدی مہیا ہو جائے - فوراً - تحفہ
عجالہ - ع، جو چیز کہ سہولت سے مہیا اور حاضر کی گئی ہو - فوراً
عجالی - ع، عجلان کی جمع
عجان - ع، سرین - گردن - ٹھوڑی کے نیچے
عجائب - ع، عجیب کی جمع - انوکھی چیزیں ... کے لیے ... اسے ...
عجائبات - ع، فارسی والوں نے عجائب کی جمع بنائی ہے۔
عجائب خانہ - ف، عجائب گھر - جہاں عمدہ اور نایاب - قدیم و جدید اشیاء ... جمع کی گئی ہیں جو میوزیم کا مترادف ہے
عجائب مخلوقات - ف، عجیب الخلقت جانور۔
عجائب و غرائب - ع، عجیب و غریب چیزیں
عجائز - ع، عجوز کی جمع - بڑھیا عورتیں۔
عجب - ع، (۱) انوکھاپن (۲) تعجب۔
عجب - ع، تعجب کرنا۔
عجب - ع، (۱) غرور - خود بینی (۲) عزیزوں سے بے جا رنج یا خفا رہنا - پرخاش رکھنا۔
عجب داشتن - ف، حیران ہونا
عجب کردن - ف، تعجب کرنا۔
عجبا - ع، ... عجب۔
عجز، عجز - ع، عاجزی - ناتوانی - عاجزی
عجز، عجز، عجز، عجز، عجز - ع، جز ... ہر چیز کی جڑ۔
عجزہ - ع، عاجز کی جمع - بے بس۔
عجزہ - ع، گانٹھ گرہ - عقدہ۔
عجف - ع، دبلاپن - لاغری
عجف - ع، دبلا - لاغر۔

عجل - ع، عجلت کرنا - جلدی کرنا۔
عجل - ع، عجلت کرنے والا - جلدی کرنے والا - دوڑنے والا۔
عجل - ع، گائے کا بچھڑا۔
عجلان - ع، جلدی کرنے والا مرد۔
عجلت - ع، جو جلدی سے تیار کیا جائے۔
عجلہ - ع، گاڑی۔
عجلہ - ع، عجل کی تانیث - بچھڑی۔
عجلہ کار شیطان است - ف، عجلت میں ہونا۔
عجلہ کردن - ف، جلدی کرنا - تیزی کرنا۔
عجلی - ع، جلدی کرنے والی عورت۔
عجم - ع، ملک عرب کے علاوہ دوسرا ملک - ملک ایران اور ترکستان (۲) وہ شخص جو عرب کا باشندہ نہ ہو (۳) انگور کا دانہ - بیج - گٹھلی۔
عجم - ع، (۱) حروف کے اعراب (۲) حروف پر نقطے دینا۔
عجم - ع، اعجم کی جمع - گونگے - ملک عجم کے باشندے چونکہ ایرانی لوجہ عربی نہ جاننے کے عربوں کے سامنے چپ رہتے تھے اس لیے وہ انہیں گونگے کہتے تھے - حیوان۔
عجمستان - ف، ایران
عجمی - ع، غیر عربی - جو عرب کا باشندہ نہ ہو - ایرانی تورانی وغیرہ۔
عجوز - ع، بوڑھی عورت - بڑھیا۔
عجوز خشک پستان - ف، (۱) بے فائدہ دنیا (۲) وہ عورت جس کے کوئی بچہ نہ جنا ہو۔
عجوزۂ فرتوت - ف، دنیا۔
عجول - ع، بہت عجلت کرنے والا - بہت دوڑنے والا (۲) حیران۔
عجوم - ع، آزمانا - امتحان کرنا - لکڑی کی سختی اور نرمی معلوم کرنے کے لیے اسے دانتوں سے کاٹنا۔
عجیب - ع، وہ چیز جس سے تعجب پیدا ہو - انوکھا - نادر۔
عجیبہ - ع، عجیب و غریب چیز۔
عجیل - ع، جلد باز - جلدی کرنے والا - دوڑنے والا۔
عجین - ع، خمیر۔
عجین کردن - ف، گوندھنا - ملانا۔

# ع - د

عد - ع، گننا - شمار کرنا۔
عدا - ع، عدو کی جمع - دشمن۔
عدات - ع، عادی کی جمع (۱) دشمن (۲) ظلم کرنے والے - حد سے گزرنے والے (۳) جور۔
عدالت - ع، انصاف کرنا - برابری (۲) عادل ہونا - منصف

Marfat.com

ہونا (۳) گواہی کے لائق ہونا (۴) انصاف کی کچہری۔
عدالت پناہ (ف) انصاف پسند۔
عدالت خانہ (ف) کچہری۔
عَدَاوَت (ع) بیر۔ دشمنی۔ کینہ۔
عداوت داشتن (ف) دشمنی کرنا یا رکھنا۔
عُدَّت (ع) آمادگی۔ تیاری۔ ساز و سامان کی تیاری۔
عِدَّت (ع) (۱) گنتی۔ شمار (۲) گروہ۔ جماعت (۳) وہ مُدّت جس میں عورت طلاق ہونے یا خاوند کے مرنے کے بعد دُوسرا شوہر نہ کر سکے۔ عدّت کی مدّت طلاق والی عورت کے لیے تین مہینے یا تین حیض ہے۔ اور بیوہ کے لیے چہلم کے علاوہ تین ماہ یعنی چار مہینے اور دس روز۔ اور حاملہ کے لیے بچہ جننے تک۔
عِدَّت دار بِکر (ف) وہ شراب جسے ابھی پیا نہ دیا گیا ہو۔
عَدْل (ع) تیر کو سیدھا کرنا (۲) اعراض کرنا (۳) رستہ سے پھر جانا۔
عِدْل (ع) عادل شخص۔
عِدْل (ع) (۱) مثل۔ نظیر (۲) بوری۔
عدل بستن (ف) گانٹھیں باندھنا۔
عدل پَرْوَر (ف) منصف۔ انصاف کرنے والا۔ عدل کرنے والا۔
عَدْل تقدیری (ع) اسم کو اس کے اصلی صیغہ سے بے قاعدہ نکالنا۔
عَدْل گُستر (ف) انصاف کرنے والا۔ عادل۔
عَدْل گُستری (ف) انصاف۔
عَدْل عُمرؓ (ع) حضرت عمرؓ عدل و انصاف کرنے میں بے نظیر تھے۔ وہیں سے یہ ترکیب پیدا ہوئی۔
عدلیہ (ف) کورٹ۔
عَدْلین (ع) دو نیک اور صالح گواہ۔
عَدَم (ع) (۱) نیستی۔ نفی۔ نہ ہونا (۲) گم کرنا (۳) منع کرنا (۴) درویشی۔ فقیری۔
عدم آباد (ف) اگلا جہان۔ عقبیٰ۔
عدم احضار (ع) حاضر نہ ہونا۔
عدم تصویب (ع) نارضامندی۔
عدم تمایل (ع) بے رغبتی۔
عَدْن (ع) (۱) کسی جگہ مقیم ہونا (۲) ہمیشہ رہنا (۳) بہشت کے باغ جن میں بہشتی لوگ ہمیشہ رہیں گے۔
عَدَن (ع) عرب کے انتہائے جنوب کی ایک مشہور بندرگاہ کا نام۔
عَدْنان (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجداد سے ایک کا نام ہے۔
عُدْوَان (ع) (۱) دشمنی کرنا (۲) حد سے گزرنا۔ ظلم و ستم کرنا (۳) عادی لوگ یعنی دشمن۔
عُدُول (ع) (۱) بڑا عادل (۲) نیک۔ پرہیزگار۔ سچا آدمی (۳) مقبول گواہ۔
عُدُول (ع) راہ سے پھرنا۔ روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ مُنہ پھیر لینا۔

عُدُول (ع) عادل کی جمع۔ منصف لوگ۔ عدل کرنے والے انصاف کرنے والے۔
عُدُول حُکم (ع) نافرمان۔
عُدْوَہ (ع) دُور جگہ۔ جائے دُور۔
عِذْوَہ (ع) بلند مقام۔ بلند جگہ۔
عَدْوے (ع) متعدی بیماری جو ایک سے دُوسرے کو لگ جائے۔ جیسے خارش۔ ہیضہ۔ طاعون وغیرہ۔
عُدْوے (ع) تباہی۔ فساد۔ ظلم کرنا۔
عدومال (ع) دشمنوں کو شکست دینے والا۔
عِدَّہ (ع) گروہ۔ جماعت (۲) عورت کی عدّت۔
عَدِی (ع) عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے کا نام جو صحابہؓ میں سے ہوا ہے۔ اور اکثر معرکوں میں بہادری دکھاتا رہا۔
عَدِید (ع) (۱) مثل۔ نظیر۔ مانند (۲) شمار۔ گنتی (۳) گنی ہوئی چیز۔
عدیر (ع) حصّہ۔ بخرہ۔ بہرہ۔
عَدِیل (ع) (۱) ہمسر۔ ہم مرتبہ۔ قدر و مرتبہ میں برابر مساوی (۲) وہ دو آدمی جو ایک کجاوہ میں دونوں طرف بیٹھتے ہیں۔ ایک دُوسرے کے عدیل کہلاتے ہیں۔
عَدِیلہ (ع) پاکستان اور ہندوستان میں نووارد ایرانی ادھیلہ (آدھے پیسے) کو اپنے تلفظ پر عدیلہ کہتے ہیں۔
عَدِیم (ع) (۱) گم۔ نایاب۔ ناپید۔ نیست و نابود ہو گیا ہوا (۲) نادان (۳) دیوانہ (۴) فقیر۔ درویش۔
عدیم الطاس (ع) پھول پتیوں کے بغیر۔
عَدِیمُ المِثال (ع) بے مانند۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے مثل۔
عدیم النظیر (ع) بے نظیر۔ بے مثال۔

## ع - ذ

عَذَاب (ع) دُکھ۔ تکلیف۔ (۲) سزا۔
عَذَاب الھُون (ع) ذلّت و خواری کا عذاب۔
عذاب الیم (ع) سخت دردناک عذاب۔
عذاب کَرْدَن (ف) اذیّت دینا۔
عذاب کشیدن (ف) سزا پانا۔
عِذَار (ع) رخسارہ۔ چہرہ۔ وہ جگہ جہاں داڑھی اُگتی ہے۔
عذاری (ع) عذرا کی جمع۔ دوشیزہ۔
عَذْب (ع) (۱) شیریں۔ خوشگوار (۲) شیریں پانی (۳) خوش مزہ طعام۔
عَذْبُ البیان (ع) خوش تقریر۔ شیریں کلام۔
عُذْر (ع) (۱) بہانہ۔ حیلہ (۲) معذور رکھنا۔
عذر آوردن (ف) معذرت چاہنا۔

Marfat.com

عذرا (ع) ظاہر - صاف - آشکارا (۲) کنواری لڑکی - کنواری عورت (۳) برج سنبلہ جس کی صورت لڑکی جیسی ہے (۴) عرب کی ایک مشہور معشوقہ کا نام جس کا عاشق وامق تھا (۵) مروارید ناسفتہ -

عذر آوردن / عذر خواستن } بہانہ بنانا -

عذر پذیر (ف) عذر قبول کرنے والا -

عذر پذیرفتن (ف) بہانہ کو قبول کر لینے والا -

عذر خواہ (ف) معذرت چاہنے والا -

عذر نال (ف) حیض -

عذر لنگ (ف) کمزور اور بے ہودہ بہانہ -

عذر نہادن (ف) عذر قبول کرنا -

عذر نیوشش (ف) عذر قبول کرنے والا -

عذرہ (ع) بکارت - دوشیزگی -

عذوبت (ع) (۱) پانی کی شیرینی اور خوش مزگی (۲) ہر چیز کی مٹھاس اور خوش مزگی -

## ع - ر

عرا (ع) (۱) صحن (۲) درگاہ -

عرابہ (ع) چھکڑا - گاڑی -

عرات (ع) عاری کی جمع - ننگے -

عرادہ (ع) تشم - جانچ -

عرادہ (ع) منجنیق کی قسم کا ایک آلہ مگر اس سے چھوٹا - جس میں پتھر رکھ کر دشمن پر پھینکتے ہیں (۲) مجازاً توپ - توپ چڑھانے کا بیڑ جو دو پہیے ہوتے ہیں -

عرارت (ع) بدخوئی - سختی - بزرگی -

عراضہ (ع) تحفہ - سوغات جو سفر سے لائی جائے -

عراف (ع) نجومی - جادوگر - فال لینے والا -

عرافت (ع) صاحب حکم ہونا -

عرافت (ع) ستارہ شناسی - فال لینا -

عراق (ع) (۱) دریا کا کنارہ (۲) ایک مشہور ملک کا نام جو دریاؤں کے کنارے پر آباد ہونے کے باعث عراق کہلاتا ہے - ایک کے دو حصے ہیں - ایک راگ کا نام ہے - جو پہر دن چڑھے گایا جاتا ہے -

عراق عجم (ع) عراق کا وہ علاقہ جو دریائے جیحون کے کنارے پر آباد ہے - اس میں اصفہان و خراسان وغیرہ مشہور شہر ہیں -

عراق عرب (ع) عراق کا وہ علاقہ جو دریائے دجلہ اور فرات کے کنارے پر آباد ہے - اس میں بغداد وغیرہ مشہور شہر تھے -

عراقین (ع) عراق کا تثنیہ یعنی دونوں عراق - عراق عرب اور عراق عجم -

عراقی (ع) منسوب بہ عراق (۱) عراق کی گھوڑی تازی - عربی گھوڑا - (۲) امام فخر الدین عراقی کا تخلص -

عراک (ع) ہجوم کرنا - انبوہ کرنا -

عرامت (ع) سخت ہونا - حد سے خارج ہونا - تباہ ہونا -

عرائس (ع) عروس یعنی دلہن کی جمع - دلہنیں - عروس کے معنی دُولہا بھی ہیں - جس کی جمع اعراس ہے -

عرائض (ع) عرضی کی جمع -

عرائض نویس (ف) دیکھو عرضی نویس -

عرب (ع) (۱) بر اعظم ایشیا میں مغرب کی جانب بحیرۂ قلزم کے مشرقی کنارے پر افریقہ کے مشرق میں جو ملک آباد ہے - اور جس کے مشہور شہر مکہ معظمہ - مدینہ منورہ - عدن - مسقط وغیرہ ہیں - (۲) عرب کا رہنے والا - شہر کا رہنے والا - عربی (۳) جنگل - بیابان - صحرا -

عربدہ جوئے (ف) (۱) جنگ جو - لڑاکا (۲) فریبی - چاپلوس (۳) بازی گر -

عربدہ کشیدن (ف) بدمستی کرنا -

عربستان (ف) عرب کا ملک -

عرب سرائے (ف) دہلی سے جنوب کی طرف مقبرہ ہمایوں کے قریب اس کی ملکہ حاجی بیگم نے ایک نہایت شاندار سرائے بنوائی ہوئی ہے - چونکہ اس میں بیگم کے عرب ملازم رہتے تھے - اس لیے اس نام سے مشہور ہے -

عربون (ع) بیعانہ - ایڈوانس -

عربی (ع) منسوب بہ عرب - عرب کا باشندہ - عرب کی کوئی شے - عرب کی زبان -

عربیہ (ع) عربی کی مؤنث -

عرجاء (ع) اعرج کی مؤنث - لنگڑی -

عرج (ع) لنگڑا ہونا - آفرینش کا لنگڑا پن -

عرجان (ع) اعرج کی جمع - لنگڑے -

عرجون (ع) کھجور کے خوشہ کی درانتی نما ٹیڑھی لکڑی -

عرغو (ف) حقہ کے وقت کھینچنے اور بلی کی آواز -

عروہ (ف) کاج جس میں بٹن ڈالا جاتا ہے -

عرس (ع) سہاگن - شوہر والی عورت -

عرس / عرس } (ع) (۱) طعام عروسی - شادی کا کھانا (۲) وہ کھانا جو کسی بزرگ کی وفات کے دن فاتحہ دلا کر تقسیم کیا جائے (۳) کسی بزرگ کی فاتحہ جو اس کے وفات کے روز ہو -

عرش (ع) سب سے اوپر کا آسمان - جو تمام آسمانوں کو محیط ہے - عرش اعظم (۲) چھت (۳) تخت (۴) جنازہ (۵) سائبان - خیمہ - رئیس - جہاز کی چھتری -

عرش اعظم (ع) بہت بڑا عرش - وہ آسمان جو تمام افلاک کو محیط ہے -

عرش اکبر (ع) آدمی کا دل -

عرش ثانی (ع) کرسی سے مراد ہے -

Marfat.com

عرشِ سبا / عرشِ سبائی (ع) شہر سبا کی ملکہ بلقیس کا تخت۔
عرش وراں (ف) اہل اللہ۔ انبیاء۔ اولیاء۔
عرشیاں (ف) ساکنانِ عرش۔ مقرب فرشتے۔
عرصات (ع) عرصہ کی جمع۔ قیامت۔
عَرصَہ (ع) (۱) میدان (۲) مکان کا صحن۔ شطرنج یا چوسر کی بساط (۳) مدّت (۴) فاصلہ۔
عرصۂ حیات (ف) دَورِ زندگانی۔ زندگی کا میدان۔
عرصہ تنگ شُدن (ف) بدبختی میں آنا۔
عرصہ تنگ کَردن (ف) کسی کا قافیہ تنگ کر دینا۔
عرصہ شطرنج (ع) شطرنج کی بساط۔
عرضِ حال (ف) شکایت نامہ۔
عَرض (ع) (۱) ظاہر کرنا (۲) ظاہر ہونا (۳) گاہک کو کوئی چیز دکھانا۔ (۴) گھر کا اسباب (۵) چوڑان۔ چوڑائی (۶) ملامت (۷) دیوانگی۔
عَرَض (ع) (۱) ساز و سامان۔ رخت و متاع (۲) وہ شے جو بذات خود قائم نہ ہو۔ بلکہ اس کا قیام کسی دُوسری شے کے ساتھ ہو جیسے رنگ کپڑے پر اور حرف کاغذ پر۔ کپڑا اور کاغذ جوہر ہیں اور رنگ اور حرف عرض (۲) وہ مرض جو کسی دُوسری بیماری کے باعث ہو جیسے بخار میں اعضاء شکنی۔
عِرض (ع) (۱) عزّت۔ ناموس۔ آبرو (۲) تن۔ جسم بدن۔
عُرض (ع) (۱) طرف۔ کنارہ۔ جانب (۲) درمیان (۳) ندی وغیرہ کا درمیان۔
عرض بیگی (ف) لوگوں کے سوال اور حاجتیں بادشاہ کے پاس پیش کرنے والا۔
عرضِ حیات (ع) (۱) پہنائے عمر (۲) لذّتِ عمر (۳) عیش و عشرت میں عمر بسر کرنا۔ زندگی کا زمانہ خوشی میں بسر کرنا۔
عرضداشت (ع) عرضی۔ درخواست۔
عرضِ سپاہ (ف) فوج کی موجودات لینا۔
عرضِ سپاہ دیدن (ف) فوج کی آراستگی ملاحظہ کرنا۔
عرضِ عمر (ف) زندگی کی لذّت۔
عرض گاہ (ف) پریڈ۔ فوج کی موجودات لینے کا میدان۔ سپاہ کے شمار کرنے کا میدان۔
عرضِ لشکر (ف) فوج کی موجودات لینا۔
عَرضہ (ع) (۱) عرض کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) ایک مرتبہ ظاہر کرنا۔ (۴) پیش کرنا۔ دکھانا۔
عُرضہ (ع) (۱) ہمّت (۲) ڈھال۔ سپر (۳) حیلہ۔ بہانہ (۴) پیش کیا ہوا۔ جو شے سامنے لائی جائے۔ آگے پھینک دیا ہوا۔
عَرضی (ع) عارض ہونے والا۔ عارضی جو اصلی نہ ہو۔

عرضی نویس (ف) عدالت کی اجازت سے تمسک اور دعوے لکھنے والا۔
عرعر (ع) اسم صوت۔ گدھے کی آواز۔
عُرعُر (ع) چیڑ کا درخت۔ سروِ کوہی۔
عرعر کَردن (ف) کراہنا۔ آواز نکالنا۔
عَرف (ع) خوشبو۔
عُرف (ع) (۱) پہچان (۲) احسان (۳) نیکی۔ بھلائی (۴) بے در بے (۵) مشہور نام
عُرف (ع) گھوڑے کے بال۔ مرغ کی کلغی۔ دریا کی موج۔ اونچی جگہ۔ عُرف اور اعراف جمع ہے۔
عُرف الدّیک (ع) مرغ کی کلغی۔
عُرفا (ع) عارف کی جمع۔ پہچاننے والے۔ مجازاً شناسانِ حق۔
عَرفات (ع) مکہ معظمہ سے نو کوس کے فاصلہ پر ایک فراخ میدان کا نام جہاں حاجی لوگ ٹھہرتے ہیں اور لبیک و دُعائیں پڑھتے ہیں اور ظہر و عصر کی نماز وہیں ادا کر کے پھر مکہ معظمہ کو لوٹ آتے ہیں۔
عِرفان (ع) پہچان۔ شناخت (۲) پہچاننا (۳) اللہ تعالیٰ کی معرفت (۴) حیا۔ شرم۔
عَرفہ (ع) ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ جس دن حج ہوتا ہے اور حاجی عرفات میں جا کر احکام حج بجا لاتے ہیں۔
عُرفی (ع) رسمی۔ ظاہری (۲) فارسی کے ایک مشہور شاعر جمال الدین کا تخلص جو اکبر کے عہد میں ہندوستان آیا۔ اور عین عالم جوانی میں وفات پائی۔ اس کی تصانیف سے قصائد عرفی مشہور کتاب ہے۔
عرق (ع) وہ ہڈی جس میں گوشت نہ ہو۔
عَرَق (ع) (۱) پسینہ (۲) وہ پانی جو دواؤں کے جوش کے بخار سے حاصل ہو۔ کسی دوا کا کشیدہ کیا ہوا پانی۔ (۳) مقطر شراب۔
عِرق (ع) (۱) نس۔ رگ (۲) جڑ۔ اصل (۳) زمین شور جس میں کچھ نہ اُگے۔
عرق النّسا (ع) ایک رگ کا نام جو سرین سے ٹخنہ تک ہوتی ہے اس کے درد کو بھی عرق النسا کہتے ہیں۔
عرقِ انفعال (ع) شرمندگی کا پسینہ۔
عرق برانداختن (ف) پسینہ بہانا۔
عرق بروئے کسے ریختن (ف) کسی کے مُنہ پر پانی کے چھینٹے مارنا۔ ہشیار کرنا۔ جگانا۔
عرق بہار (ف) نارنج اور ترنج کے پھولوں کا عرق جو بطور کشید لیا گیا ہو (۲) شراب۔
عرق چکیدن (ف) پسینہ بہنا۔
عرق چین (ف) پسینہ پونچھنے کا رومال (۲) ایک قسم کی ٹوپی۔
عرقِ حمیت (ف) رگِ حمیت و غیرت۔

Marfat.com

عرق حیا }
عرق خجلت } (ف)، شرمندگی کا پسینہ۔
عرق خشک کردن (ف)، بہت تھوڑی مہلت۔ بہت کم فرصت۔
عرق خور (ف)، شراب خور۔ مے خوار۔
عرق خوردن (ف)، شراب پینا۔
عرق دوآتشہ (ف)، دو دفعہ کھینچا ہوا عرق۔
عرق دویدن }
عرق رفتن } (ف)، پسینہ بہنا۔
عرق راندن }
عرق ریختن } (ف)، کسی کام میں بڑی کوشش کرنا۔ شرمندہ ہونا۔
عرق ریز (ف)، بہت کوشش کرنے والا (۲)، خادم۔ خدمت گار۔ (۳)، ورزش کرنے والا (۴)، ندامت دلانے والا (۵)، بخیہ کرنے والا۔
عرق کردن (ف)، شرمندہ ہونا۔
عرق کردہ (ف)، وہ گھوڑا جسے بہت بھاگنے اور دوڑانے پر بھی پسینہ نہ آئے۔
عرق کشیدن (ف)، عرق نکالنا یا شراب کشید کرنا۔
عرق گل (ف)، گلاب۔
عرق گیر (ف)، پسینہ پونچھنے کا چھوٹا رومال پسینہ پونچھنے کا ریشمی رومال۔ گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالنے کا نمدہ (۲) نادم۔ شرمندہ۔
عرق مدنی (ع)، ناروا۔ مرض رعشہ۔
عرقناک (ع)، عرق آلود پسینے سے شرابور۔
عرق ندامت (ع)، شرمندگی کا پسینہ۔
عرقوب (ع)، ایڑی کی پشت پہاڑ یا ندی کا پیچیدہ اور ٹیڑھا راستہ۔ عرقوب ابن صخر۔
عرقوب ابن صخر (ع)، قوم عمالقہ میں سے ایک شخص کا نام جو وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔
عرقوبی (ف)، جھوٹ۔ وعدہ خلافی۔
عرقیۃ (ع)، پسینہ پونچھنے کا ریشمی رومال۔
عرگوز (ف)، بے محل شوروغل۔
عرمرم (ع)، بھاری لشکر۔ لشکر کثیر۔
عرنین (ع)، ناک۔ ناک کی سخت ہڈی۔ ہر چیز کا پہلا حصہ۔ معزز قوم۔ اس کی جمع عرانین ہے۔
عروب (ع)، (۱) وہ عورت جو اپنے خاوند سے بہت محبت رکھتی ہو (۲)، وہ عورت جس کے ساتھ اس کا شوہر بہت محبت رکھتا ہو۔ خندہ رو اور خندہ پیشانی عورت۔
عروج (ع)، چڑھنا۔ اوپر چڑھنا۔ بلند ہونا۔
عروس (ع)، دولہا۔ دلہن۔ اگرچہ اس لفظ کے معنی دلہا بھی ہیں اور دلہن بھی۔ لیکن عام طور پر دلہن کے لیے آتا ہے۔
عروس باز (ف)، شخص خوش ظاہر و خوش آرا۔ اپنے آپ کو بظاہر آراستہ کرنے والا آدمی۔
عروسان باغ (ف)، باغ کے پھول اور پودے وغیرہ۔
عروسان بیابان (ف)، عام لدو اونٹ عموماً اور مکہ شریف کی راہ کے لدو اونٹ خصوصاً۔
عروسان چمن (ف)، باغ کے پھول اور پودے وغیرہ۔
عروس جہاں (ف)، دنیا۔
عروس چہارم فلک }
عروس چرخ } (ف)، آفتاب۔
عروس خاوری }
عروس خشک پستاں (ف)، دنیا۔
عروس روز (ف)، سورج۔
عروس شوئے مردہ (ف)، دنیا۔
عروس عدن (ف)، (۱) ستارے (۲) چاند۔
عروس عرب (ف)، مکہ معظمہ۔
عروس فلک (ف)، سورج۔
عروس فلک (ف)، (۱) منجنیق (۲) وہ شہر جو خوبی اور آراستگی میں دوسرے شہروں پر فوقیت رکھتا ہو۔
عروسک (ف)، (۱) لڑکیوں کے کھیلنے کی گڑیاں (۲)، نابالغ لڑکی جو بیاہی جائے (۳)، چھوٹی منجنیق جو آلۂ جنگ ہے (۴) زرد آلو کی قسم کے ایک پھل کا نام (۵) جگنو (۶) کرمک شب تاب۔
عروسک باز (ف)، محبت باز۔
عروس کہ بمار سید شب کوتاہ شد (ف)، میری باری آئی تو چلن ڈال دی۔
عروس مردہ شوئے (ف)، دنیا۔
عروس نمی تواندست برقصد گفت اطاق کج است (ف)، ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔
عروس نہ فلک (ف)، آفتاب۔
عروسی (ع)، شادی کی خوشی۔ نکاح۔ شادی۔
عروسی کردن (ف)، شادی کرنا۔
عروض (ع)، علم شعر کا نام۔ جس میں اشعار کے بحور ارکان اور زحافات وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔
عروض (ع)، عرض کی جمع۔ سازوسامان۔ رخت و اسباب۔
عروض (ع)، عارض ہونا۔ پیش آنا۔
عروق (ع)، عرق کی جمع (۱) پسینے (۲)، نچوڑے ہوئے پانی۔ کشید کیے ہوئے پانی۔
عروگوز (ف)، شوروغل۔
عروہ (ع)، (۱) ہر شے کا گوشہ (۲)، ہر شے کا دستہ جسے مضبوط پکڑ سکیں۔ جیسے لوٹا وغیرہ کا (۳) وسیلہ۔ ذریعہ۔

Marfat.com

عُروۃُ الوُثقٰی / عُروہ وُثقٰی } (ع) (۱) مضبوط دستہ - مضبوط کڑا (۲) محکم دست آویز (۳) معتمد آدمی۔
عُریاں (ع) برہنہ - ننگا۔
عُریانی (ف) برہنگی - ننگاپن - ننگا ہونا۔
عَریض (ع) عرضدار - چوڑا۔
عَریضہ (ع) عرض کیا گیا - عرضی۔
عَریکہ (ع) (۱) طبیعت (۲) اونٹ کا کوہان - (۳) اونٹ کی پشت۔
عَرین (ع) گھنے درختوں والا جنگل - جہاں چیتے وغیرہ درندے رہتے ہیں۔

## ع - ز

عَزّ (ع) (۱) غلبہ (۲) غلبہ کرنا (۳) سخت بارش۔
عَزّ (ع) عزیز ہوا - معزز ہوگیا۔
عِزّ (ع) عزت - ارجمندی۔
عَزا (ع) (۱) مصیبت پر صبر کرنا (۲) شکایت کرنا (۳) کسی چیز کو کسی طرف منسوب کرنا (۴) ماتم پرسی۔
عزازیل (ع) ابلیس - شیطان کا نام۔
عزا گرفتن (ف) سوگواری کرنا - ماتم کرنا۔
عَزائم (ع) عزیمت کی جمع (۱) ارادے (۲) منتر افسون - علم حاضرات (۳) قرآن شریف کی سورتیں جو مریضوں کی صحت کے لیے پڑھی جائیں (۴) خدا کے فریضے جو بندوں پر واجب ہیں۔
عزائم خوردن (ف) دم درود پڑھنے والا - جن گیر۔
عَزَب (ع) مجرّد آدمی (۱) وہ مرد جس کے جورو نہ ہو (۲) وہ عورت جس کا خاوند نہ ہو۔
عِزّت (ع) (۱) عزیز ہونا (۲) آبرو - حرمت - ارجمندی (۳) غالب ہونا (۴) قوّت (۵) شدّت۔
عزّت مدار (ف) محترم۔
عزرائیل (ع) عزرا بمعنی بندہ اور ایل بمعنی خدا سے مرکب ہے - وہ فرشتہ جو جانداروں کی رُوح قبض کرتا ہے۔
عَزَل (ع) بیکاری۔
عَزل (ع) (۱) بیکار کرنا (۲) جدا کرنا (۳) عورت سے جماع کرنے میں بغیر انزال ہوئے جدا ہونا۔
عُزلت (ع) گوشہ نشینی (۲) دُوری۔
عزلت دوست / عزلت گزیں / عزلت نشیں } (ف) گوشہ نشین - عابد۔
عزلت نشینی (ف) گوشہ نشینی - دُوری۔

عَزل و نصب (ع) معزولی اور بحالی۔
عَزم (ع) (۱) قصد - ارادہ (۲) ارادہ کرنا - قصد کرنا - کسی چیز پر دلی قصد کرنا (۳) کسی کو قسم دینا۔
عَزمات (ع) عزم کی جمع - ارادے۔
عزم بالجزم / عزم مصمّم } (ع) پکا ارادہ - مصمم ارادہ۔
عزم داشتن / عزم کردن / عزم نمودن } ارادہ کرنا۔ تہیّہ کرنا۔
عَزو (ع) (۱) کسی چیز سے منسوب کرنا (۲) مصیبت پر صبر کرنا۔
عُزوبت (ع) اکیلا ہونا - تنہا ہونا - بے مثال ہونا - عورت کا بغیر شوہر کے ہونا - شوہر کا بغیر بیوی کے ہونا۔
عَزّ و جَلّ (ع) غالب ہوا - اور بزرگ ہوا - دونوں ماضی کے صیغے ہیں - اور ماضی دوام کے لیے آتے ہیں۔
عِزہاۃ (ع) جس کی قوت باہ زائل ہو چکی ہو - نامرد۔
عَزیز (ع) پیارا - مرغوب (۲) کمیاب (۳) غالب - قادر (۴) آرزومند (۵) ارجمند (۶) قدیم شاہان مصر کا لقب (۷) قدیم وزرائے مصر کا لقب۔
عزیز بے جہت (ف) از خود راضی۔
عزیز پدر و مادر (ف) لاڈلا بچہ جو لاڈ پیار اور چونچلوں سے بگڑ جائے۔
عزیز دردانہ (ف) لاڈلا بچہ۔
عُزّٰی (ع) اعزّ کی مؤنث - معزز عورت - ظہور اسلام سے قبل قبیلہ قریش کے ایک بت کا نام۔
عزیز مصر (ع) کسی زمانہ میں بادشاہ مصر کو عزیز مصر کہتے تھے - بعد میں خدیو ہوا۔
عزیز الوجود (ع) معزز - کمیاب - نادر۔
عَزیم (ع) سخت دشمن - قوی دشمن۔
عزیمت (ع) (۱) دلی ارادہ - قصد (۲) خدا کا فریضہ (۳) دعا - منتر - افسون۔

## ع - س

عُس (ع) بڑا پیالہ۔
عَسار (ع) (۱) محتاجی - افلاس (۲) فقیری - درویشی۔
عَساکر (ع) عسکر کی جمع - لشکر - فوج - گروہ۔
عَسِر (ع) مشکل - دشوار۔
عُسر (ع) دشواری - کام مشکل اور دشوار ہونا۔
عسر البلع (ع) غذا کو نگلنا مشکل ہو جانا۔
عُسرت (ع) (۱) دشواری (۲) افلاس - تنگی۔

Marfat.com

عسس (ع) کوتوال۔ شہر کا محافظ۔
عسس بند (ف) جو شخص کوتوال کی قید میں ہو۔
عس عش / عش عشہ } (ع) رات کی تاریکی چھا جانا۔ رات اندھیرا ہو جانا۔
عسف (ع) ظلم کرنا۔
عسقلان (ع) ملک شام کے ایک شہر اور ایک ندی کا نام
عسکر (ع) (۱) فوج۔ لشکر (۲) رات کا اندھیرا (۳) ہر شے جو جمع ہو (۴) خوزستان کے ایک شہر کا نام جو شوستر کے قریب ہے (۵) ایک گاؤں کا نام جسے سامرہ بھی کہتے ہیں۔ اور جو حرمین کے درمیان ہے (۶) گنے کی ایک قسم کی شراب۔
عسکری (ع) (۱) منسوب بہ عسکر (۲) دسویں امام حضرت علی نقی علیہ السلام کے صاحبزادہ گیارھویں امام حضرت حسن علیہ السلام کا لقب۔ (۳) سپاہی۔
عسل (ع) انگبین۔ شہد۔
عسل (ع) کھانے میں شہد ملانا۔
عسلی (ع) زرد رنگ کا کپڑا جو یہودی امتیاز اور شناخت کے لیے اپنے کپڑے کے کندھے پر سیتے ہیں۔
عسوف (ع) بڑا ظالم۔
عسے (ع) قریب ہے۔ شاید۔ یقین ہے۔ امید ہے کہ ایسا ہوگا
عسیب (ع) دُم کی ہڈی۔
عسیر (ع) مشکل۔ دشوار۔
عسیلہ (ع) جماع کی لذت۔ منی۔

## ع ـ ش

عش (ع) گھونسلا۔ آشیانہ۔
عشاء (ع) رات کا کھانا۔
عشاء (ع) شب کوری۔ رتوندھی۔ رات کو کچھ دکھائی نہ دینا۔
عشا (ع) اول رات کی تاریکی (۲) رات کی نماز۔
عشاق (ع) عاشق کی جمع
عشائر (ع) عشیرہ کی جمع۔ کنبے۔ قبیلے۔
عشاوت (ع) ضعف بینائی۔ نظر نہ آنا۔ شب کوری۔
عشب (ع) ہری گھاس۔
عشر (ع) دس۔ مؤنث کے لیے آتا ہے۔ دس عورتیں۔
عُشر (ع) (۱) دسواں حصہ۔ ۱/۱۰ (۲) قرآن شریف کی دس آیتیں۔
عُشر (ع) (۱) مدار کا پودا۔ آک کا پودا (۲) ہر وہ پودا جس سے دودھ نکلے۔
عشرات (ع) دہائیاں۔ جیسے دس۔ بیس۔ تیس۔ چالیس وغیرہ۔

عشرت (ع) خوش دلی۔ باہم خوش دلی۔ خوش زندگانی۔ عیش و آرام۔ عیش کرنا۔
عشرت خانہ (ف) عشرت کدہ۔ محل عیش و عشرت۔
عُشر خوان (ف) (۱) نو آموز لڑکا جو قرآن شریف پڑھتا ہو۔ کیونکہ لڑکے کو پہلے تبرکاً قرآن شریف کی دس آیتیں پڑھاتے ہیں (۲) قرآن شریف کا قاری (۳) مردے کی قبر پر قرآن شریف پڑھنے والا۔
عشر عشیر (ع) دسواں حصہ۔ ۱/۱۰۔
عشرہ (ع) دس مذکر کے لیے آتا ہے۔ دس مرد۔
عشروان / عشرین } (ع) بیس۔ ۲۰۔
عشق (ع) حد درجہ کی محبت جو جنون کی قسم کا ایک مرض ہے اور حسین صورت کے دیکھنے سے پیدا ہوتا ہے کسی شے سے بیحد محبت کرنا (۲) تحسین و آفرین۔ کسی کو شاباش اور مرحبا کہنا۔
عشق باز (ف) (۱) چاہنے والا۔ عاشق۔ (۲) کبوتر باز۔
عشق بازی (ف) عشق۔ عاشقی۔
عشق پیچاں (ف) عشق پیچہ جو مشہور بیل ہے اور درختوں پر پھیلتی ہے۔
عشق پیری گر بہ جنبد سر برسوائی زند (ف) بڑھاپے میں عشق باعث ذلت و رسوائی ہوتا ہے۔
عشق پیری و سر معرکہ گیری (ف) بڑھاپے میں جوانوں کی سی ہوس باعث ذلت ہوتی ہے۔
عشق حقیقی (ع) خدا کا عشق۔ عشق الٰہی۔
عشق مجازی (ع) دنیاوی معشوقوں کا عشق۔ بناوٹی عشق۔
عشق ورزیدن (ف) عشق کرنا۔
عشقہ (ف) دیکھو عشق پیچاں۔
عشم (ع) سوکھی روٹی۔ خشک روٹی۔
عشماء (ع) جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوں۔
عشور (ع) (۱) مال کا دسواں حصہ (۲) وہ ٹیکس جو بندرگاہ پر لیا جائے۔
عشوقی (ع) بڑا عشق کرنے والا۔
عشوہ (ع) (۱) پوشیدہ کام کرنا۔ چھپا کر کام کرنا (۲) اندھیرا۔ تاریکی (۳) وہ آگ جو رات کو دور سے نظر آئے۔
عشوہ (ع) عاشق کو فریفتہ کرنے والی معشوق کی حرکت۔ ناز۔ فریب۔
عشوہ بے مورد (ف) بے محل ناز و ادا۔
عشوہ گر (ف) کرشمہ و ناز و ادا کرنے والا۔
عشوہ لاجوردی (ف) بے محل ناز و نخرہ۔
عشوہ و مرمری۔ عشوۂ خوب۔
عشی (ع) آخر روز۔
عشی (ع) رات کا کھانا۔ طعام شب۔

Marfat.com

عَشِیر (ع) (۱) قریبی - دوست - ہم صحبت (۲) کسی کے ساتھ ایک جگہ زندگی بسر کرنے والا - کنبہ کا آدمی - پڑوسی - ہمسایہ - (۴) دسواں حصہ۔
عَشِیرہ (ع) اہل خانہ - کنبہ - قبیلہ۔
عَشِیقہ (ع) معشوقہ۔

## ع - ص

عَصَا (ع) چوب دستی - لاٹھی۔
عُصَاب (ع) شاہترہ جو مشہور دوا ہے۔
عُصَابہ (ع) (۱) پگڑی - دستار - پٹی - وہ چیز جس سے سر کو باندھیں (۲) ایک قسم کی بھینی چادر (۳) آدمیوں کا گروہ جو دس اور چالیس کے درمیان ہو۔
عصّار (ع) تیلی - روغن کش۔
عصار خانہ (ف) تیل نکالنے کی فیکٹری۔
عُصَارہ (ع) نچوڑا ہوا - رس - شیرہ - روغن (۲) نچوڑی ہوئی چیز کا پھوک۔
عصافیر (ع) عصفور کی جمع - چڑیاں۔
عصام (ع) وہ تسمہ جس سے مشک کو اٹھاتے ہیں (۲) ڈول کی رسی۔
عصائے پیری (ف) بڑھاپے کی لاٹھی یعنی بڑھاپے کا سہارا۔
عصائے کلیم / عصائے موسوی / عصائے موسےٰ (ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی جو معجزہ سے سانپ بن جاتی تھی۔
عَصَب (ع) عصبہ کی جمع - پٹھے - رگیں - محاورہ کے طور پر واحد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
عصبات (ع) عصبہ کی جمع - مُردے کے قریبی رشتہ دار۔
عُصَبانی (ف) تندمزاج - زود رنج۔
عصبانی شُدن (ف) تندی و تیزی میں آنا - ناراض و رنجیدہ ہونا۔
عصبانیت (ف) تندیٔ مزاج۔
عَصَبہ (ع) (۱) پٹھا جس سے اعضا کی حس و حرکت اور مضبوطی قائم رہتی ہے (۲) مُردے کا سب سے قریبی رشتہ دار۔
عُصْبہ (ع) آدمیوں کا گروہ جو دس سے چالیس تک ہو۔
عصبی (ع) رگوں اور پٹھوں کی بیماری۔
عَصَبِیّت (ع) طرفداری - خویشاوندی - اپنایت کا لحاظ۔
عَصْر (ع) (۱) روزگار - زمانہ (۲) دن کا اخیر (۳) نچوڑ (۴) پھل نچوڑنا (۵) دیگر کی نماز۔
عصرانہ (ع) بعد دوپہر کا کھانا۔
عصر بلند (ع) عصر کا کشادہ وقت - سہ پہر - چار بجے کے قریب کا وقت۔

عصر تنگ (ع) غروب آفتاب کے قریب کا وقت۔
عَصْعَص / عُصْعُص (ع) (۱) دونوں چوتڑوں کے درمیان کی ہڈی جو مقعد کے قریب ہوتی ہے (۲) دم کی جڑ۔
عصف (ع) ہوا کا تیزی اور تندی سے چلنا۔
عُصْفُور (ع) کنجشک - چڑیا۔
عصم (ع) حفاظت کرنا - بچانا - روکنا۔
عصمت / عِصْمت (ع) اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا - اس طرح کہ عمر بھر کبھی کوئی کبیرہ گناہ نہ ہو - پاک دامنی۔
عصمت داشتن (ف) پاک باز ہونا - پاک دامن ہونا۔
عصمتیان (ف) (۱) انبیاء (۲) اولیاء (۳) پردہ نشین عورتیں (۴) حضرت مریم علیہا السلام (۵) فرشتے (۶) گوشہ نشین۔
عَصْو (ع) عصا یعنی لاٹھی مارنا۔
عَصُوف (ع) باد تند - آندھی - جھکڑ۔
عصی (ع) نافرمانی کرنا۔
عَصِی (ع) نافرمان۔
عصیان (ع) نافرمانی۔
عصیان کردن (ف) بغاوت کرنا - گناہ کرنا۔
عصیان گر (ف) باغی - سرکش۔
عصیب (ع) (۱) قریبی - رشتہ دار (۲) حمایتی طرف دار۔
عصیدہ (ع) سیرہ - ایک قسم کا پتلا حلوہ۔
عصیر (ع) (۱) انگور کا رس (۲) کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی (۳) انگوری شراب۔

## ع - ض

عضّ (ع) دانت سے کاٹنا - دانتوں سے پکڑنا۔
عضا (ع) چھوٹے قد اور موٹے جسم کا خواہ مرد ہو یا عورت۔
عضاد (ع) کنگن۔
عُضال (ع) (۱) دشوار کام - مشکل کام (۲) سخت بیماری۔
عضب (ع) (۱) کاٹنا (۲) تلوار سے کاٹنا (۳) نیزہ مارنا (۴) گالی دینا (۵) تلوار تیز تلوار۔
عضد (ع) (۱) حمایت کرنا - مدد کرنا (۲) بازو پر مارنا۔
عَضُد (ع) بازو۔
عضد الدولہ (ع) ایک خطاب ہے - سلطنت کا بازو یعنی معاون (۲) جس کے پاس شاہی مہر ہوتی ہے۔
عضل (ع) (۱) بیوہ عورت کو خاوند کرنے سے روکنا (۲) سخت کام (۳) کسی پر کام کا دشوار ہو جانا۔
عَضَل (ع) عضلہ کی جمع - ملائیں - مچھلیاں۔
عُضَل (ع) عضلہ کی جمع (۱) سویاں (۲) اولے۔
عضل (ع) زشت - برا۔

Marfat.com

عضلات (ع)، پٹھے۔
عضلاتی (ع)، مضبوط۔ گٹھا ہوا۔
عَضَلہ (ع)، (۱) ماہیچہ۔ سوتیاں (۲) اولہ (۳) سخت گوشت۔
عُضلہ (ع)، بلا۔ سختی۔
عضلہ دار (ف)، مضبوط۔
عُضو (ع)، جسم کا کوئی حصہ۔ جوڑ (۲) بدن۔ اندام۔
عُضوِ تناسل (ع)، ذکر۔ قضیب۔ آلۂ تناسل۔ مرد کی پیشاب گاہ۔
عَضُوم (ع)، پیٹو۔ بہت کھانے والا۔
عضویت (ع)، رکنیت۔ ممبرشپ۔
عضویت داشتن (ف)، ممبر ہونا۔

# ع - ط

عطاء (ع)، بخشش۔ دینا۔
عَطّار (ع)، (۱) عطر بیچنے والا۔ خوشبو بیچنے والا۔ گندھی (۲) مجازاً پنساری۔ شربت بیچنے والا (۳) "پندنامہ" کے مشہور مصنف شیخ فریدالدین کا تخلص۔
عُطارِد (ع)، (۱) بُدھ جو مشہور ستیارہ ہے۔ اور جسے دبیر فلک بھی کہتے ہیں۔ یہ سیارہ تیسرے آسمان پر ہے۔ آفتاب کے گرد پھرنے والے ستیاروں میں سے یہ سیارہ آفتاب کے سب سے زیادہ قریب ہے۔ اس کا قطر ۳۸۰۰ میل اور آفتاب سے اس کا فاصلہ ۳ کروڑ ۶۰ لاکھ میل ہے اور آفتاب کے گرد ۸۸ دن میں اپنا ایک دورہ ختم کر لیتا ہے (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں جست کو کہتے ہیں۔
عُطارِد مَنِش (ف)، تیز طبع۔ ذکی۔ ذہین۔
عُطاس (ع)، (۱) نسوار۔ وہ چیز جس سے چھینک آئے (۲) چھینک کی بیماری (۳) چھینک۔
عُطاشش (ع)، استسقاء کا مرض جس میں بہت پیاس لگتی ہے اور خواہ کتنا ہی پانی پیا جائے پیاس نہیں بجھتی۔
عِطالت (ع)، معطلی۔ بیکاری۔
عطایا (ع)، عطیہ کی جمع۔ بخششیں۔
عطائے تو بلقائے تو (ف)، کسی کی عطا کی ہوئی چیز کو اسی کو لوٹا دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔
عطائے کبریٰ (ع)، عمر طبعی جس کی مدت ایک سو بیس سال ہے۔
عَطَب (ع)، نرمی۔ نزاکت۔ نازک پن۔
عَطَب (ع)، ہلاکت۔ ہلاک ہونا۔
عَطَر (ع)، (۱) خوشبو ہونا (۲) خوشبو کرنا۔
عِطر (ع)، خوشبو۔
عَطِر (ع)، خوشبودار ہونا۔
عطر آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید (ف)، عطر میں صحیح جوہر ہوگا تو کسی قسم کے تعارف کا محتاج نہ ہوگا۔
عِطرِ جہانگیری (ف)، عطر گلاب جو جہانگیر کے عہد میں اس کی مشہور ملکہ نورجہاں نے ایجاد کیا تھا۔
عطر سائے (ع)، عطر لگا ہوا۔ عطر ملا ہوا۔
عطر فروش (ف)، گندھی۔ عطر بیچنے والا۔
عِطرِ مثنی (ع)، ارگجہ مشہور خوشبو جو مشک اور عنبر اور کافور وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔
عِطری (ع)، خوشبو دینے والی شے۔
عِطریات (ع)، عطری کی جمع۔ خوشبودار چیزیں۔
عَطْس (ع)، چھینکنا۔
عَطسہ (ع)، چھینک۔
عَطسۂ چاہ (ف)، کنویں پر بولنے سے جو آواز کنویں کے اندر سے آتی ہے۔
عَطسۂ شب (ف)، صبح۔ صبح صادق۔
عَطسۂ شیشہ (ف)، قلقل۔ مینا۔ بوتل سے کوئی عرق وغیرہ نکالتے وقت جو آواز نکلتی ہے۔
عَطسۂ عنبریں (ف)، خوشبو خواہ کسی چیز کی ہو۔
عَطسۂ کمان (ف)، تیر۔
عَطسۂ گرز (ف)، پے درپے گرز مارنے کی آواز۔
عَطَش (ع)، تشنگی۔ پیاس۔
عَطشان (ع)، پیاسا۔
عَطف (ع)، (۱) پھیرنا۔ لپیٹنا (۲) ٹیڑھا کرنا (۳) مہربانی کرنا (۴) خواہش کرنا (۵) سنجاف۔ کپڑے کا دامن۔
عِطف (ع)، (۱) طرف۔ جانب (۲) بغل۔ پہلو (۳) گوشہ (۴) کمان کا گوشہ (۵) کمان کا قبضہ۔
عَطف کردن (ف)، انحراف۔ اعراض۔ روگردانی۔ منہ پھیرنا خواہ خفگی سے خواہ ناز سے۔
عَطَل (ع)، (۱) بغیر زیور اور بغیر زیبائش کے عورت (۲) حرف غیر منقوط۔
عُطلت (ع)، بیکاری۔ معطلی۔
عَطَن (ع)، اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ (۲) حوض کے گرد اونٹوں کے آرام کرنے کی جگہ (۳) پانی کے قریب بھیڑ بکریوں کی آرام گاہ۔
عُطُور (ع)، عطر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔
عُطُوف (ع)، مہربانی کرنا۔ کسی چیز کی طرف رغبت کرنا۔
عَطُوف (ع)، مہربان۔ شفیق۔
عَطُوفت (ع)، مہربانی۔ شفقت۔
عَطُوفہ (ع)، مہربان عورت۔
عَطِیّات (ع)، عطیہ کی جمع۔ بخششیں۔
عَطِیف (ع)، نرم خو اور فرمانبردار عورت۔
عطیفہ (ع)، قوس۔ کمان۔ اس کی جمع عطائف آتی ہے۔

Marfat.com

عَطیہ (ع) انعام بخشش - دی ہوئی شے۔

## ع - ظ

عُظام / عُظّام } (ع) بزرگ۔
عِظام (ع) عظیم کی جمع - بزرگ لوگ۔
عظام (ع) عظم کی جمع - ہڈیاں۔
عظام رمیم (ع) کھوکھلی ہڈیاں۔
عِظَم (ع) صغر کی ضد - بڑائی - کلانی - کلاں ہونا۔
عُظم (ع) بزرگی - بڑائی - عظمت۔
عُظَما (ع) عظیم کی جمع - بزرگ لوگ۔
عظمت (ع) بزرگی - قدر۔
عُظمیٰ (ع) (۱) اعظم کی تانیث (۲) بزرگ عورت (۳) ہر مؤنث شے جو بزرگ اور بڑی ہو۔
عظیم (ع) بزرگ - بڑا - کلاں۔
عظیم جثہ (ف) موٹا تازہ پانی۔
عظیم الشان (ع) (۱) بڑی شان والا - عالی رتبہ (۲) اورنگ زیب کے پوتے یعنی شاہ عالم کے بیٹے کا نام جو بنگال کا صوبہ دار اور باپ کے وقت اس کا نائب السلطنت تھا۔

## ع - ف

عَفاریت (ع) عفریت کی جمع - دیو۔
عَفاف (ع) پرہیزگاری - پارسائی - پاک دامنی۔
عِفّت (ع) پرہیزگاری - پارسائی - پاک دامنی - حرام چیزوں سے بچنا - خصوصاً شہوت حرام سے بچنا۔
عِفریت (ع) (۱) دیو (۲) خبیث آدمی - نہایت بد (۳) راکھش - بھوت۔
عِفص (ع) ہر کڑوی کسیلی زبان کو کاٹنے اور گلا پکڑنے والی چیز۔
عفعف کردن سگ (ف) کتے کا بھونکنا۔
عَفَن (ع) کسی چیز کا متعفن ہونا - ہوا کا خراب ہونا - گوشت اور ہر شے کا سڑ جانا - بدبودار ہونا۔
عَفِن (ع) (۱) بدبو (۲) گندہ۔
عفو (ع) گناہ معاف کرنا - خطا بخشنا۔
عفوّ (ع) بہت بڑا خطا معاف کرنے والا۔
عفو کردن / عفو فرمودن / عفو نمودن } بخشش دینا - معاف کر دینا۔
عفو کردن ظالم جور است بر مظلوم (ف) ظالم کو معاف نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور یہ مظلوم پر گویا ظلم کے مترادف ہے۔
عُفوصت (ع) کسیلاپن - بدمزگی۔
عُفونت (ع) بدبو - سڑاند۔
عفونی (ف) وبائی - متعدی۔
عَفیف (ع) پرہیزگار - پارسا - حرام نہ کرنے والا مرد۔
عَفیفہ (ع) عفیف کی تانیث - پارسا عورت - پاک دامن عورت۔

## ع - ق

عِقاب (ع) عذاب دینا - تکلیف پہنچانا - دکھ دینا۔
عقاب کردن (ف) سزا دینا۔
عُقاب (ع) ایک مشہور شکاری پرند کا نام جو بہت طاقتور اور تیز پرواز ہوتا ہے (۲) بلند چیز (۳) چھوٹا سا ناکا جو کان کے سوراخ میں گوشوارہ لٹکانے کے لیے ڈالتے ہیں (۴) کیمیاگروں کی اصطلاح میں نوشادر۔
عقاب افگن (ف) (عقاب بمعنی کان کا ڈورا) حلقہ بگوش مطیع - فرمانبردار - خادم - غلام۔
عقاب آہنیں منقار (ف) پیکان دار تیر۔
عقاب چہار پر (ف) (۱) چوکونا تیر (۲) تیز تیر۔
عُقاب شدن (ف) کسی چیز کا طلب گار ہونا۔
عُقابین (ف) لوہے کے کانٹے جو دشمن کی راہ میں بچھائے جاتے ہیں۔
عُقابین (ع) دو لمبی لکڑیاں جنہیں زمین میں گاڑ کر ان پر مجرموں کو باندھا جاتا ہے۔
عُقار (ع) (۱) شراب (۲) ایک قسم کا سرخ کپڑا۔
عَقار (ع) (۱) غیر منقولہ جائداد (۲) زمین - کھیتی کی زمین (۳) پانی (۴) کھجور کا درخت (۵) بانجھ ہونا - بچہ نہ جننا (۶) گھر کا اسباب۔
عَقارب (ع) عقرب کی جمع - بچھو۔
عقاقیر (ع) عُقّار کی جمع - وہ دوائیں جو نباتات کی جڑ کی قسم سے ہوں۔
عِقال (ع) اونٹ کی پچھاڑی۔
عقائد (ع) عقیدہ کی جمع - وہ باتیں جنہیں سچا اور حق جان کر مضبوطی سے دل میں جگہ دیں۔
عَقب (ع) کسی چیز کے پیچھے آنا۔
عَقَب (ع) پٹھا یا تانت جس سے کمان کا چلہ بنتا ہے۔
عَقِب / عَقْب } (ع) (۱) ایڑی (۲) بیٹا (۳) پوتا۔

Marfat.com

عقب (ع) عاقبت - انجام - کام کا اخیر۔
عقب افتادن (ف) پیچھے رہ جانا۔
عقب افتادگی (ف) تاخیر - دیر۔
عِقبان (ع) عقاب کی جمع - عذاب۔
عُقبان (ع) عقاب کی جمع - مشہور شکاری پرندہ۔
عقب انداختن (ف) تاخیر کرنا - ملتوی کر دینا۔
عقب راندن (ف) پیچھے دھکیل دینا۔
عقب رفتن } (ف) (۱) پیچھے جانا (۲) بلانا۔
عقب فرستادن }
عقب کردن (ف) پیچھا کرنا۔
عقب کشیدن (ف) پیچھے ہٹ جانا۔
عقب گذاشتن (ف) پیچھے چھوڑ دینا۔
عقب ماندن (ف) پیچھے رہ جانا۔
عقب نشستن (ف) فوج کا لوٹ آنا۔
عقبہ (ع) (۱) دشوار گزار راستہ - سخت اور مشکل گھاٹی - نہایت مشکل اور بڑا کام۔
عُقبیٰ (ع) عاقبت - آخرت - اگلا جہان۔
عقد (ع) تتلانا - بات کرنے میں زبان میں لکنت ہونا۔
عقد (ع) (۱) گرہ (۲) گرہ لگانا (۳) عہد (۴) عہد کرنا (۵) بیچنا (۶) نکاح کرنا۔
عقد (ع) ہار - موتیوں کی لڑی
عقد اللسان (ع) (۱) وہ آدمی جس کی زبان رُک رُک کر چلتی ہو جس کی زبان میں روانی نہ ہو - (۲) زبان بندی کا جادو۔
عقد انامل (ع) انگلیوں پر شمار کرنا - داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر اکائیاں اور دہائیاں ہوتی ہیں اور بائیں ہاتھ پر سینکڑے اور ہزار۔
عقد رواں (ف) متعہ - وہ عارضی نکاح جو شیعوں میں جائز ہے۔
عقد شب افروز (ف) ستارے۔
عقد شب و روز (ف) (۱) چاند (۲) سورج (۳) دنیا - زمانہ۔
عقد میزان (ع) میزان - حاصل جمع - وہ عدد جو کئی اعداد یا رقوم کے جمع کرنے سے حاصل ہو
عقد نکیں (ف) دیکھو عقد رواں۔
عُقدہ (ع) (۱) گرہ - گانٹھ (۲) مشکل کام۔
عُقدہ در کار افتادن }
عُقدہ در کار زدن } (ف) کام میں مشکل پڑ جانا۔
عُقدہ در کار شدن }
عقدہ کشا (ف) گرہ کشا - چارہ جو۔
عُقدہ کشادن } (ف) مشکل کام کا حل کرنا - گرہ کھولنا۔
عُقدہ وا کردن }
عقر (ع) (۱) عورت کا بانجھ ہونا (۲) چلنے سے روک دینا (۳) گھوڑے کا لنگڑا ہونا (۴) زخمی کرنا۔
عُقر (ع) بانجھ ہونا - عورت کا حق مہر۔
عقرب (ع) (۱) بچھو (۲) آسمان کے آٹھویں برج کا نام جو بچھو کی شکل کا ہے (۳) منحوس۔
عقرب ساعت (ع) گھڑی کی سوئی - چھوٹی سوئی۔
عقربی (ع) عمدہ اور اعلیٰ لعل کی ایک قسم۔
عقعق (ع) ایک سیاہ رنگ اور تیز پرواز پرندہ کا نام (۲) جنگلی کوا۔
عقل (ع) (۱) نیک و بد کی تمیز - خرد - دانائی - سمجھ - بوجھ - دانش ادراک (۲) فرشتہ (۳) باندھنا۔
عُقلا (ع) عاقل کی جمع - عقل مند لوگ۔
عقل از سر رفتن (ف) عقیدت رکھنے والا۔
عقل اوّل } (ع) (۱) منجملہ دس فرشتوں کے پہلا فرشتہ - جوہر
عقل اوّلین } اوّل (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نور (۳) حضرت جبرائیل علیہ السلام - (۴) عرش اعظم۔
عقل بخرج دادن (ف) سوجھ بوجھ سے کام لینا
عقلت را عوض کن (ف) ہوش کے ناخن لو۔
عقل جزوی عقل استخراج بست (ف) عقل چراغ راہ ہے منزل نہیں ہے۔
عقل چیزے دیگر و مدرسہ چیزے دیگر (ف) آدمیت اور شے ہے اور عقل کچھ اور شے ہے۔
عقل فعّال (ع) (۱) عقل عاشر - منجملہ دس فرشتوں میں سے دسواں فرشتہ (۲) حضرت جبرائیل۔
عقل کسے را پارسنگ بردن (ف) احمق اور سادہ ہونا۔
عقل کسے را دزدیدن (ف) کسی کو دھوکا دینا۔
عقل کل } (ع) نور محمدی (۲) عرش اعظم (۳) حضرت جبرائیل
عقل کلی } علیہ السلام۔
عقل گزین (ف) وہ چیز جو عقل کے نزدیک پسندیدہ ہو۔
عقل مند (ف) سمجھ دار - دانا - سیانا۔
عقلمندی (ف) سمجھ - دانائی - عقل۔
عقلہ (ع) (۱) گرہ - بند (۲) رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل کا نام
عقلی (ع) منسوب بہ عقل - وہ بات جو صرف ذہن میں آئے اور خارج نہ ہو۔
عقم (ع) بانجھ پن۔
عقوبات (ع) سزائیں۔
عُقوبت (ع) سزا - عذاب - دکھ - تکلیف۔
عقوبت دادن } سزا دینا۔
عقوبت کردن } عذاب دینا۔
عقوبت خانہ (ف) سزا کا مرکز۔

Marfat.com

عُقُود (ع) عقد کی جمع (۱) گرہیں (۲) عہد۔
عُقُود (ع) عقد کی جمع - ہار - مالا۔
عُقُور - کاٹنے والا کتا۔
عُقُوق (ع) (۱) والدین کی نافرمانی (۲) ماں باپ کی نافرمانی کرنا (۳) مردود۔
عُقُول - عقل کی جمع (۱) دانائیاں (۲) فرشتے۔
عَقُول (ع) عقل مند۔
عُقُولِ اُولٰے / عُقُولِ عشرہ } (ع) وہ دس فرشتے جنہوں نے حکما کے عقیدے کے مطابق خدا کے حکم سے تمام عالم کو پیدا کیا۔
عِقیان (ع) طلا - زر - سونا۔
عَقِیب (ع) پیرو - پیچھے چلنے والا - وہ شے جو پیچھے ہو۔
عقیدت / عقیدہ } (ع) کسی بات کو سچ اور حق جان کر اس پر دل جمانا - اعتقاد - یقین - دین - مذہب۔
عقیدت مند (ف) عقیدت رکھنے والا۔
عقیر (ع) (۱) عقیم - بانجھ (۲) ناامید۔
عقیق (ع) (۱) سرخ رنگ کا ایک پتھر ہے جو یمن سے آتا ہے اور معمولی قسم کے جواہر میں شمار ہوتا ہے (۲) لبِ معشوق (۳) شراب۔
عقیقہ (ع) بچّہ کے پیدا ہونے کے سات روز بعد اس کے بال اتروانے اور نام رکھنے کی ضیافت۔
عقیل (ع) (۱) دانا - عقل مند (۲) اونٹ کا زانو بند۔
عُقیل (ع) ابوطالب کے بیٹے کا نام جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیس سال بڑے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو چھوڑ کر امیر معاویہؓ کے پاس چلے گئے جہاں یزید کے داخل سلطنت میں فوت ہوئے۔
عقیلہ (ع) عقیل کا مؤنث (۱) بزرگ اور عقل مند عورت (۲) ہر معزز چیز (۳) شریف بی بی - لیڈی - مسز۔
عقیم (ع) بانجھ - وہ عورت جس کے حمل نہ ٹھہرے وہ مرد جس کے نطفہ سے حمل نہ رہے۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے یکساں آتا ہے۔

## ع - ک

عکّاس (ع) عکسی تصویر کھینچنے والا - فوٹوگرافر۔
عکاس باشی (ف) فوٹوگرافی کا سردار
عکاس خانہ (ف) سٹوڈیو۔
عکاسی (ف) فوٹوگرافی۔
عُکّاش / عُکّاشہ } (ع) مکڑی - عنکبوت۔
عُکاظ (ع) ایک بازار کا نام - جو طائف اور نخلہ کے درمیان ہے۔
عِکرِمَہ (ع) (۱) کبوتری (۲) ابوجہل کے بیٹے کا نام جو اصحابہ سے تھے اور شام کی جنگوں میں بڑی بہادری دکھاتے رہے۔
عَکس (ع) (۱) اُلٹنا - اُلٹا کرنا (۲) کسی چیز کی وہ شکل جو پانی یا آئینہ میں دکھائی دے۔
عکس انداختن (ف) فوٹو اتارنا۔
عکس برگردان (ف) فوٹو سے فوٹو لینا
عکس عمل (ف) ردِ عمل۔
عکس نوری (ف) سنیپ شاٹ۔
عکس گرفتن (ف) فوٹو لینا۔
عکس ہلال (ع) لالہ۔
عکس مستوی (ع) علم منطق کی اصطلاح میں قضیہ کے جزو ثانی کو جزو اوّل اور جزو اوّل کو جزو ثانی کر دینا عکس مستوی کہلاتا ہے۔
عکس نقیض (ع) علم منطق کی اصطلاح میں قضیہ کے نقیض کا عکس کرنا - یعنی نقیض موضوع کے محمول اور نقیض محمول کو موضوع قرار دینا۔
عکس وطرد (ع) شعر کی صنعتوں میں سے ایک صنعت کا نام جس میں نصف مصرعہ کے الفاظ اُلٹ کر دوبارہ لائے جاتے ہیں - جیسے بادہ چہ کنی پنہاں - پنہاں چہ کنی بادہ (۲) عام اصطلاح میں تعریف کا جامع و مانع ہونا - جیسے انسان کی تعریف میں کہا جائے کہ "حیوان ناطق" اس تعریف نے انسان کے تمام افراد کو شامل کر لیا - اس کے علاوہ باقی طرد ہیں۔
عُکّہ (ع) (۱) کپّا - گھی وغیرہ رکھنے کا برتن (۲) گرمی کی شدت (۳) ریت کا وہ ٹیلا جو دھوپ میں جلنے لگے۔

## ع - ل

عُلا (ع) بزرگی - بلندی۔
علا (ع) بزرگی - بلند۔
علاث (ع) سندان - اہرن - ہتھوڑا جس پر لوہا کوٹا جاتا ہے۔
علاج (ع) (۱) دوا دارو - چارہ - تدبیر - درمان (۲) دوا کرنا (۳) آلات کا استعمال۔
علاج پذیر (ف) قابل علاج۔
علاج داشتن (ف) قابل علاج ہونا۔
علاج دندان اخراج دندان (ف) خراب اور دکھتے ہوئے دانت کا علاج آخر اس کا نکلوا دینا ہے
علاج کردن (ف) علاج کرنا۔
علاف (ع) گھاس بیچنے والا۔
علاقہ (ع) (۱) تعلق - لگاؤ - مناسبت - ربط - پیوند - آویزش (۲) طرّۂ دستار۔

Marfat.com

عَلاقہ بند (ف) پٹولی ۔ پٹوا ۔
عَلالا (ع) (۱) غل ۔ شور ۔ غوغا (۲) کنایہ ۔ (۳) تشنیع ۔
عُلالہ (ع) بقایا ۔ ہر چیز کا باقی بچا ہوا ۔ تھوڑی سی چیز ۔
عَلام (ع) علامت کی جمع ۔ نشانیاں ۔
عَلّام (ع) بہت بڑا عالم ۔ بہت بڑا جاننے والا ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت میں آتا ہے ۔
عَلّامُ الغُیُوب (ع) پوشیدہ چیزوں کو جاننے والا ۔ اللہ تعالیٰ ۔
عَلامت (ع) نشان ۔ پہچان ۔ پتہ ۔
عَلامت کش (ف) علم بردار ۔
عَلّامہ (ع) بڑا جاننے والا ۔ اس لفظ کے آخر اگرچہ تائے فوقانی ہے مگر یہ مؤنث نہیں بلکہ مذکر ہے ۔ اور تائے فوقانی مبالغہ کے لیے ہے ۔ لیکن تانیث کے شائبہ کے خیال سے اللہ تعالیٰ کی صفت میں نہیں آتا ۔
عَلّامۃ الدہر (ع) وقت کا سب سے بڑا عالم ۔
عَلّامۃ الورٰی (ع) مخلوقات کا علّامہ ۔ وہ شخص جو مخلوقات میں بڑا عالم اور فاضل ہو ۔
عَلّامۂ عصر (ع) بڑا اور مشہور زمانہ فاضل ۔ زمانہ کا بڑا عالم ۔
عَلّامی (ع) علّامہ کا مرادف ۔ بڑا عالم ۔ بہت جاننے والا ۔
عَلانیہ (ع) کھلم کھلا ۔ ظاہر ۔ ظاہر الطور پر ۔
عِلاوہ (ع) (۱) وہ چھوٹا بوجھ جو بڑے بوجھ پر رکھا جاتا ہے (۲) ہر چیز جو دوسری چیز پر رکھی جائے (۳) مجازاً ۔ سوا ۔ اس کے سوا ۔ ماسوا ۔
علاوہ کردن (ف) زیادہ کرنا اور بڑھانا ۔ بوجھ کے اوپر بوجھ لادنا ۔
عَلائق (ع) علاقہ کی جمع ۔ تعلقات ۔ لگاؤ ۔
علائقِ دنیوی (ع) دنیاوی تعلقات ۔
علائم (ع) نشانیاں ۔ علامات ۔
عُلبہ (ع) ڈبیہ ۔
عِلّت (ع) (۱) سبب ۔ وجہ (۲) بیماری ۔ مرض ۔
عِلّتِ آفتاب (ف) یرقان جو مشہور مرض ہے ۔
عِلّتِ اُبنہ (ف) اغلام کرانے کی عادت ۔
عِلّتِ اُولیٰ (ع) عقلِ اول ۔
عِلّتِ تامہ (ع) سبب کامل ۔
عِلّتِ صُوری / عِلّتِ صُوریہ (ع) کسی چیز کی تیاری کے بعد اس کی شکل و صورت ۔
عِلّتِ عالم (ع) عقل اول ۔
عِلّتِ غائی / عِلّتِ غائیہ (ع) کسی چیز کے بنانے کی غرض اور اس کا فائدہ ۔
عِلّتِ فاعلی / عِلّتِ فاعلیہ (ع) جس نے کوئی چیز بنائی ہو کسی چیز کا بنانے والا ۔
عِلّتِ مِصری (ع) (۱) وبا اور طاعون ۔ (۲) دقیق اور مشکل کتاب ۔

عِلّتِ مادی / عِلّتِ مادیہ (ع) وہ مادہ یا سامان جس سے کوئی چیز بنی ہو ۔
عِلّتِ مشائخ (ع) مفعولیت یعنی اغلام کرانے کی بیماری جو مادہ سودا کے باعث مقعد میں خارش ہونے کی وجہ سے بعض بوڑھوں کو ہو جاتی ہے ۔
عِلّت و مَعلُول (ع) سبب مسبب ۔ کلان کاریئے کام اور نتیجہ ۔
عِلج / عُلج (ع) کافر ۔
علیحدہ (ع) الگ ۔ جدا ۔ اپنی حد پر ۔
عَلَف (ع) چارا ۔ گھاس ۔ دانہ وغیرہ جو چوپایوں کی خوراک ہے (۲) بوٹی ۔
عَلف (ع) گھوڑے وغیرہ کو گھاس اور دانہ دینا ۔
عَلف بُر (ف) درانتی ۔
عَلف بُریدن (ف) گھاس کاٹنا ۔
عَلفِ تیغ شُدن (ف) تلوار کی خوراک بننا قتل ہونا ۔ تہ تیغ ہونا
عَلف چر (ف) چراگاہ ۔
عَلف چیں (ف) درانتی ۔
عَلف خانہ (ف) دُنیا ۔
عَلف خشک (ف) خشک گھاس ۔
عَلف خوار (ف) گھاس کھانے والے جانور اور چوپائے ۔
عَلف زار (ف) چراگاہ ۔
عَلف ہرزہ (ف) خراب گھاس ۔ بُرا چارہ ۔
عَلَق (ع) (۱) نہایت سرخ خون (۲) جما ہوا خون (۳) جونک ۔ (۴) ہر شے جو دوسری چیز سے چمٹی ہوئی ہو ۔
عِلق (ع) نفیس اور عمدہ چیز ۔
عِلَل (ع) علت کی جمع (۱) وجوہ ۔ اسباب ۔ (۲) امراض ۔ بیماریاں ۔
عَلَم (ع) (۱) جھنڈا ۔ نشان (۲) کپڑے کے بیل بوٹے (۳) نام ۔ (۴) قوم کا پیشوا ۔
عِلم (ع) (۱) جاننا ۔ آگاہ ہونا (۲) عقل ۔ دانش ۔ قوت مدرکہ ۔
عُلَماء (ع) عالم کی جمع ۔ جاننے والے ۔ صاحب علم لوگ ۔
علمائے دین (ع) دین کے عالم ۔
علمائے سیاست (ف) سیاستدان ۔
عَلَم افگندن / عَلَم انداختن (ف) (۱) عاجز ہو جانا ۔ منہ موڑنا ۔ شکست کھانا ۔ کسی کے مقابلہ سے بھاگ جانا ۔ غافل ہونا ۔
علم الیقین (ع) بغیر دیکھی چیز کا یقینی علم ۔ جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو ۔ یہ یقین کی پہلی قسم یعنی پہلا درجہ ہے دوسرا درجہ عین الیقین ۔ تیسرا درجہ حق الیقین ۔
عَلَم برپا کردن (ف) (۱) جھنڈا کھڑا کرنا (۲) نیزہ بلند کرنا ۔
عَلَم بر کشیدن (ف) (۱) جھنڈا کھڑا کرنا (۲) نیزہ بلند کرنا (۳) جلوہ کرنا ۔ ظاہر ہونا ۔

Marfat.com

عِلمِ چہل صَباح (ع)، چالیس دنوں کا علم جو حضرت آدم علیہ السلام کو حاصل ہوا۔
عِلمِ حُصُولی (ع)، وہ علم جو ذہن میں معلوم کی صورت اور تصویر پیدا ہونے سے حاصل ہوتا ہے۔
عِلمِ حُضُوری (ع)، وہ علم جو کسی چیز کے بذاتِ خود موجود اور حاضر ہونے سے ہوتا ہے۔ جیسے اللہ تعالےٰ کو اپنی ذات کا علم اور تمام ممکنات کا علم جو اس کے سامنے موجود ہیں۔
عَلَم دار (ف)، (۱) نیزہ دار (۲) علمبردار۔ جھنڈا اُٹھانے والا۔
علمِ رسمی سربسر قیل است و قال (ف)، رسمی علم سراسر بحث و تحیص پر مبنی ہوتا ہے۔
عَلَمِ رُوز (ف)، صبح۔
عِلمِ رِیاضی (ع)، مشہور علم کا نام جس کے چار اصول۔ علم ہندسہ۔ علم حساب۔ علم موسیقی اور علم نجوم۔ اس کے فروع بھی چار ہیں۔ علم مرایا۔ علم جر ثقیل۔ علم جبر و مقابلہ۔ علم ریاضی وہ علم ہے جس میں ان امور سے بحث کی جاتی ہے جو وجود خارجی میں تو مادہ کے محتاج ہیں لیکن تصور عقلی میں مادہ کے محتاج نہ ہوں۔
عِلمِ سِیَر (ع)، علم تاریخ۔
علم شُدن (ف)، مشہور ہونا۔
علم شنگر راہ انداختن (ف)، شور و غل برپا کرنا۔
عَلَمِ صُباح (ف)، صبح صادق۔
علم طغیان برافراشتن (ف)، علم بغاوت بلند کرنا۔ نافرمانی کا جھنڈا کھڑا کرنا۔ سرکشی اختیار کرنا۔
علم غیب داشتن (ف)، غیب کا علم جاننا۔
علم فروش (ف)، بے جا علم و فضل کا اظہار کرنے والا۔
عِلم قلم (ف)، بہت حیلہ گر۔ مکار۔ نہایت فریبی۔
عَلَم کَردَن (ف)، (۱) مشہور کرنا (۲) لٹکا دینا۔
عَلَم کشیدن (ف)، جھنڈا کھڑا کرنا۔
عِلمِ کلام (ع)، علم عقائد جس میں مقدمات نقلی کو عقلی دلیلوں سے ثابت کیا جاتا ہے۔ اس علم کے جاننے والوں کو متکلمین کہتے ہیں۔
عِلمِ لَدُنّی (ع)، وہ علم جو اللہ تعالےٰ کسی کو محض اپنے فضل و کرم سے عطا کرے۔ بغیر اس کے کہ وہ شخص کسی اُستاد سے پڑھے۔
عِلمِ نظر (ع)، مناظرہ کا علم جس میں بحث کرنے کے اصول ہوتے ہیں۔
عَلَم ہائے روز (ف)، صبح کاذب اور صبح صادق اور صبح کا ستارہ اور آفتاب۔
عِلمی (ع)، منسوب بہ علم۔
عُلُو (ع)، (۱) اُونچائی۔ بلندی (۲) قدر۔ بزرگی۔
عُلُوفہ (ع)، خوراک۔ گھاس۔ چوپائے کی خوراک۔
عُلُوق (ع)، (۱) دوست رکھنا (۲) لٹکنا (۳) چمٹنا (۴) عورت کے رحم میں نطفہ کا قرار پانا۔

عُلُوک (ع)، علک کی جمع۔ گوند۔
عُلُوم (ع)، علم کی جمع۔
علوم ریختن (ف)، نصیحت کی بات کہنا۔ نصیحت کرنا۔
علوم طبیعی (ع)، فزکس۔ کیمسٹری۔ حیوان شناسی۔
عَلَوی (ع)، وہ سید جو حضرت علی علیہ السلام کی اولاد تو ہو لیکن حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کے بطن سے نہ ہو جیسے حضرت عباسؓ علمدار تھے۔
عُلوی (ع)، آسمانی فرشتے۔ ستارے۔
عَلَویان (ع)، علوی کی جمع۔ سادات۔
عُلویاں (ع)، علوی کی جمع۔ فرشتے۔ ستارے۔
عَلَویّوں (ع)، علوی کی جمع۔ حالت رفع میں۔
عَلَویّین (ع)، علوی کی جمع۔ حالتِ جر میں۔
عَلَویّہ (ع)، منسوب بہ علوی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اولاد۔ جو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے بطن سے نہیں۔
عَلِیّ (ع)، (۱) بلند (۲) اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی اور ان کے دادا کا نام جو حضرت امام حسین علیہ السلام کے والد تھے۔ بچپن ہی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور بڑے بڑے کام انجام دیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد چوتھے خلیفہ ہوئے۔
عُلیا (ع)، اعلیٰ کی تانیث۔ بہت بلند۔
علی اصغر بزبان آمدہ است (ف)، مزاح سے کہتے ہیں۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔
عَلَی الاتّصال (ع)، متصل۔ پیہم۔ پے در پے۔
عَلَی الاِجمال (ع)، مختصر طور پر۔
عَلَی الاطلاق (ع)، بے شرط۔ بے قید۔
عَلَی البدل (ع)، جانشین۔
عَلَی الحال (ع)، ابھی۔ اسی وقت۔ بہت جلد۔
عَلَی الخصوص (ع)، خصوصاً۔ خاص کر۔
عَلَی الدّوام (ع)، دائم۔ ہمیشہ۔
عَلَی الرّسم (ع)، رسم کے مطابق۔ حسب دستور۔
عَلَی الرّغم (ع)، برعکس۔ برخلاف۔ رغم کے لغوی معنی خاک میں آلودہ ہونا۔ اور ذلیل ہونا۔ پس کسی کے خلاف کام کرنا۔ گویا اس کا ذلیل و خوار ہونا ہے۔
عَلَی الطّلوع (ع)، طلوعِ آفتاب کے وقت۔
عَلَی الظّاہر (ع)، ظاہر میں۔ بظاہر۔
عَلَی العجالہ (ع)، سردست۔
عَلَی العموم (ع)، عموماً۔ عام طور پر۔
عَلَی العمٰی (ع)، اندھا دُھند۔
عَلَی العمیا (ع)، اندھا دُھند۔
عَلَی الغفلۃ (ع)، اچانک۔ ناگہانی طور پر۔

Marfat.com

عَلَی الفور (ع)، فوراً - اسی وقت - ابھی۔
عَلَی القاعدہ (ع)، حسب قاعدہ - دستور کے مطابق۔
عَلَی القطع (ع)، قطعی طور پر۔
عَلَی اللہ (ع)، توکلت علی اللہ کا مخفف ہے - میں نے خدا پر بھروسہ کیا۔ فارسی میں شور و غوغا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
عَلَی اَیِّ تقدیر (ع)، ہر تقدیر - بہرحال - بہرصورت جس طرح ہو سکے۔
علیا (ع)، بلند رتبہ۔
علی بہانہ گیر (ف)، بہانہ خور بچہ۔
عُلیا حضرت (ع)، سر بھیجنی ملکہ کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ علیٰ حضرت کا متضاد ہے
عَلیق (ع)، گھوڑے کو کھلانے کے جَو (۲)، ایک قسم کا سفید کپڑا جس پر بطور کاغذ لکھتے ہیں۔
علی قالی (ع)، قالی بمعنی دروازہ - علی قالی بمعنی بڑا دروازہ۔
عَلیقہ (ع)، گھوڑے کو دانہ کھلانے کا توبرا۔
عَلیل (ع)، مریض - بیمار۔
علیلہ (ع)، علیل کی مؤنث - بیمار عورت۔
عَلیم (ع)، جاننے والا - صاحبِ علم - بغیر کسی کے بتانے کے شروع سے خود بخود جاننے والا۔
علیہ السّلام (ع)، اس پر سلام ہو - اس پر سلامتی ہو۔
علیہ الصّلوٰۃ والسلام (ع)، اس پر درود اور سلام ہو۔
عَلیہم السّلام (ع)، ان سب پر سلام ہو۔
عِلّیّین (ع)، (۱) بہشت کے بلند مکان (۲)، بہشت کی بلند کھڑکیاں (۳) بہشت (۴)، نیک لوگوں کے اعمال کی کتاب

---

## ع - م

عَمّ (ع)، باپ کا بھائی - چچا
عما } (ع)، (۱) گمراہی (۲)، دل کا فساد (۳)، سفید بادل (۴)،
عماء } اُونچا بادل (۵)، سیاہ بادل۔
عماد (ع)، (۱) کھمبے - ستون (۲)، اُونچی عمارتیں - یہ لفظ اگرچہ عمادہ کی جمع ہے۔ لیکن واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے۔
عمادات (ع)، کھمبے - تھم - ستون۔
عِمادی (ع)، ایک شاعر کا تخلص۔
عمارت (ع)، (۱) مکان (۲)، آبادی (۳)، آباد کرنا (۴)، مرمت (۵)، بلڈنگ۔
عمّار (ع)، (۱) عماری کے موجد کا نام (۲)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی عمار بن یاسرؓ کا نام جس نے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ ۹۳ سال کی عمر میں جنگ صفین میں شہید ہو کر وفات پائی۔
عَماری } (ع)، (۱) ہاتھی کا ہودج اور اُونٹ کا کجاوہ جو پیٹھ پر
عمّاری } کسا جاتا ہے - یہ لفظ اپنے واضع مسمی عمار کی طرف منسوب ہے - جس نے ہودج وضع کیا تھا (۲)، مُردہ کا تابوت۔
عماری کش (ف)، ساربان۔
عُمّال (ع)، عامل کی جمع - کارگزار جو سرکار کی طرف سے مقرر ہوں۔ حاکم - کارکن۔
عِمامہ } (ع)، دستار - پگڑی - صافہ۔
عمّامہ }
عمان (ع)، ملک شام کے ایک شہر کا نام (۲)، بطریق فارسی عم بمعنی چچا کی جمع۔
عُمّان (ع)، ملک یمن میں سمندر کے کنارے ایک شہر کا نام - چنانچہ یہاں کا سمندر بھی بحرِ عمان کہلاتا ہے۔
عمالقہ (ع)، عملیق یا عملاق نامی شخص کی اولاد کے لوگ جو پہلے فلسطین میں بڑے صاحب قدر و منزلت تھے اور بعد میں پراگندہ ہو گئے۔
عمائم (ع)، عمامہ کی جمع - دستاریں - پگڑیاں۔
عَمْد (ع)، (۱) قصد - ارادہ (۲)، اپنے ارادہ یا قصد یا اپنے اختیار سے کوئی کام کرنا (۳)، ارادہ کرنا (۴) ستون کھڑا کرنا۔
عمد (ع)، اخبار کا کالم۔
عُمُد } (ع)، عمود کی جمع - ستون۔
عَمَد }
عمداً (ع)، ارادتاً - قصداً - ارادہ سے - جان بوجھ کر۔
عُمدہ (ع)، (۱) وہ شخص یا چیز جس پر اعتماد کیا جائے - معتبر - معتمد - بہتر - اچھا - نفیس - تحفہ (۲)، کمیٹی۔
عُمدہ فروش (ف)، تھوک فروش۔
عُمَر (ع)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دُوسرے خلیفہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا نام ان کے عہدِ خلافت میں بہت سے ممالک مصر - ایران - طرابلس - نوبہ - بربر اور شام وغیرہ وغیرہ فتح ہوئے - بیت المقدس کی تعمیر جو اب تک موجود ہے انہوں نے ہی کرائی - ساڑھے گیارہ سال خلافت کر کے ۶۳ سال کی عمر میں ۲۴ھ کو شہید ہوئے
عُمر (ع)، زندگی - زندگانی۔
عُمر (ع)، مسوڑا - دانت کے اُوپر کا گوشت۔
عمرانات (ع)، عمران کی جمع - آبادیاں۔
عمر بجے دادن (ف)، مرجانا۔
عُمر بُرد دوز (ف)، عمر صرف کرنے والا۔
عُمر در گذشتن (ف)، معمّر ہو جانا - مُسِن ہو جانا۔
عُمر خاص (ع)، جرجیس پیغمبر علیہ السلام کا لقب۔
عُمر خیام (ع)، ایران کے ایک مشہور شاعر اور ہیئت داں کا نام - دیکھو خیام۔
عُمر طبعی (ع)، ایک سو بیس سال کی عمر - ہر شخص کی خاندانی عمر۔
عمر کردن (ف)، جینا - زندگی گزارنا۔
عَمرو (ف)، ایک فرضی نام ہے جیسے زید - بعض آدمیوں کا نام بھی

ہوتا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے نام سے امتیاز کے لیے اس کے آگے واؤ لکھتے ہیں۔
عَمْرولَیث (ع) عمرو بن لیث۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔ اس کا باپ سیستان کا ایک غریب ٹھٹھیرا تھا۔ فارس کے فساد اور بدامنی میں اس کا بھائی یعقوب اپنی دانائی اور تدبر سے بادشاہ بن گیا۔ اور اس کے بعد یہ تخت نشین ہوا۔ یہ ۲۳ سال سلطنت کر کے خلفائے بغداد کے ہاتھ اسیر ہو کر قید میں فوت ہوا۔
عُمْرَہ (ع) حاجیوں کی ایک عبادت جس میں وہ احرام باندھ کر زمین کو سی پر مقام تنعیم میں جاتے اور چند رکعت نماز نفل ادا کر کے مکہ معظمہ میں آ کر طواف کرتے ہیں۔
عَمَش (ع) ضعف بصر۔ نظر کی کمزوری۔ بیماری کے باعث آنکھوں سے پانی بہنا۔
عَمشاء (ع) اعمش کی مؤنث۔ وہ عورت جس کی نظر کمزور ہو اور اکثر اوقات اس کی آنکھوں سے آنسو بہتے رہیں۔
عُمق (ع) گہرائی۔ دریا یا کنویں وغیرہ کی تہ کا گہراؤ۔
عُمق پیما (ف) پنسان۔
عُمق داشتن (ف) گہرا ہونا۔ صاحب فکر ہونا۔ صاحب ہوش ہونا۔
عَمَل (ع) (۱) کار۔ کام (۲) کام کرنا (۳) نوکری۔
عَمِل (ع) کام کرنے والا۔
عمل آوَردَن (ف) بیج بونا۔ بوتا۔
عمل جراحی (ف) آپریشن۔
عمل خانہ (ف) (۱) دیوان خانہ (۲) کچہری (۳) کارخانہ۔
عمل دار (ع) عامل۔ متصدی۔
عملداری (ف) حکومت۔
عمل طراز (ع) عامل۔ متصدی۔
عمل کردی (ف) نتیجہ۔
عمل گیسو (ف) دھنا سری جو مشہور راگ ہے۔
عمل (ع) بھلائی۔ نیکی۔
عَمَلہ (ع) عامل کی جمع۔ کام کرنے والے۔ دستکاری کرنے والے۔
عِمْلہ (ع) عمل۔ کار۔ کام۔
عُملہ (ع) کام کی مزدوری۔
عملۂ احتساب (ع) پولیس کا محکمہ۔ پولیس کا دفتر۔ پولیس کی جگہ۔
عملہ کشتی (ف) ملاح۔
عملی (ع) منسوب بہ عمل۔ کام کا۔ کارندہ۔ جو کام کام سے متعلق ہو۔
عملی ساختن (ف) نافذ کرنا۔
عملیہ (ع) اپریشن۔ چیر پھاڑ۔ زخم کی تشریح۔
عَمُو (ع) (۱) گمراہی (۲) خواری (۳) عاجزی۔ خرابی۔
عَمُو (ع) عم بمعنی چچا پر واؤ زیادہ کی گئی ہے۔ باپ کا بھائی۔ چچا۔
عمود (ع) (۱) کھمبا۔ ستون (۲) گرز (۳) خیمہ کی چوب (۴) ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کا کانٹا یا رسی (۵) قوم کا سردار (۶) آلتناسل (۷) وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر ایک طرف کے دونوں متصلہ برابر زاویے پیدا کرے۔

عُمُور (ع) عمر کی جمع۔ مسوڑے۔
عُمُولہ (ع) کمیشن۔ دلالی۔
عُمُوم (ع) عام ہونا۔ سب جگہ ہونا۔ سب پر شامل ہونا۔ بے قید ہونا۔ تمام۔
عمومی کردن (ف) عام کرنا۔
عمومیت دادن (ف) شائع کرنا۔
عَمّوی (ع) میرا چچا۔
عَمَہ (ع) حیران ہونا۔
عَمِہ (ع) حیران۔
عَمَّہ (ع) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔
عُمیٌ (ع) اعمیٰ کی جمع۔ اندھے۔ نابینے۔
عَمی (ع) اندھا ہونا۔
عَمےٰ (ع) آنکھ کی بصارت اور دل کی بصیرت کا جاتے رہنا۔ اندھا۔
عُمیان (ع) اعمی کی جمع۔ اندھے۔
عَمید (ع) پیشوائے قوم۔
عَمیق (ع) عمق والا گہرا (۲) گہرا کنواں۔
عَمیم (ع) عام۔ شامل۔ بہت۔ سب کو گھیر دینے والا۔

## ع - ن

عَن (ع) سے۔ از۔
عَناء (ع) رنج۔ تکلیف۔ دکھ۔ مشقت۔
عَنّاب (ع) انگور فروش۔
عُنّاب (ع) (۱) مشہور سرخ رنگ بیر کی قسم کا میوہ جو مصفی خون ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے (۲) کنایۃً لب معشوق۔
عنّاب (ع) انگور فروش۔
عُنّاب تر (ع) (۱) سرخ آنسو (۲) معشوق کی انگلیاں معشوق کے لب۔
عُنّاب رنگ } (ف) عناب کے رنگ کا۔ سرخ رنگ۔
عُنّابی }
عناب گون (ف) عنابی رنگ کا
عناد (ع) (۱) بیر۔ دشمنی (۲) لڑائی (۳) سرکشی۔
عناد ورزیدن (ف) عناد رکھنا۔
عنادل (ع) عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔
عناصر (ع) عنصر کی جمع (۱) اصل۔ حسب (۲) حاجت (۳) قصد (۴) سختی۔
عناصر فساد (ف) فساد کرنے والے۔
عناق (ع) (۱) چار مہینے کی بکری (۲) خوش گردن گھوڑا (۳) سیاہ گوش (۴) دشوار کام۔
عِناق (ع) معانقہ کرنا۔ بغلگیر ہونا۔ گلے ملنا۔
عناقید (ع) عنقود کی جمع۔ انگور کے خوشے۔
عناکب (ع) عنکبوت کی جمع۔

Marfat.com

عِنان (ع)، خلا - نواحیِ آسمان۔
عِنان (ع)، (۱) لگام - باگ (۲) آسمان کی طرف آنکھ اٹھانے سے جو کچھ نظر آئے۔
عِنان از دست بیرون کردن } (ف)، لگام ہاتھ سے چھوڑ دینا -
عِنان از دست بیرون کشیدن } بے اختیار ہو جانا۔
عِنان از دست رفتن }
عِنان از دست رہا شدن } (ف)، باگ ہاتھ سے چھوٹ جانا -
عِنان از دست مشتہ شدن } بے اختیار ہو جانا -
عِنان اسپ کشیدن (ف)، گھوڑے کی باگ کھینچ لینا - گھوڑے کو ٹھہرا لینا۔
عِنان اَل سُبک شدن (ف)، نا اُمید ہونا۔
عِنان اَل سبک کردن (ف)، نا اُمید کرنا -
عِنان انداختن بچیزے (ف)، دیکھو عنان افگندن بچیزے -
عِنان باز کشیدن (ف)، آہستہ چلنا - کام میں سُستی کرنا - توقف کرنا - تامّل اور غور سے کام کرنا۔
عِنان با عِنان نہادن (ف)، (۱) سواروں کا برابر چلنا - سواروں کا بھڑ کر چلنا (۲) آمنے سامنے ہونا - (۳) ملاقات میں ہاتھ ملانا یا مصافحہ کرنا۔
عِنان بدستِ کسے دادن (ف)، اپنا اختیار کسی کے ہاتھ میں دے دینا - بے اختیار ہونا۔
عِنان بر شکستن (ف)، باگ تڑا لینا - یعنی ہٹ جانا - منہ پھیر لینا۔
عِنان بر عنان (ف)، برابر - ہمسر۔
عِنان بر عنان رفتن (ف)، دیکھو عنان با عنان نہادن -
عِنان بر گشادن (ف)، گھوڑا آگے بڑھانا -
عِنان بر کشیدن (ف)، گھوڑا دوڑانا۔
عِنان بر گردانیدن (ف)، (۱) باگ موڑنا (۲) سوار ہونا (۳) منہ پھیر نا اُلٹا پھیر جانا۔
عِنان پیچیدن (ف)، دیکھو عنان برگردانیدن -
عِنان تاب (ف)، فقط لگام کے اشارہ پر پھر جانے والا گھوڑا۔
عِنان تاب شدن (ف)، (۱) سوار ہونا (۲) گھوڑے کو تیز دوڑانا۔
عِنان تاز کردن (ف)، سواری کرنا -
عِنان تازی (ف)، گھوڑے کو جولان دینا (۲) سواری کرنا (۳) جراًت - استقلال - دلیری (۴) چالاکی -
عِنان تافتن (ف)، (۱) سوار ہونا (۲) گھوڑے کو تیز دوڑانا (۳) مقابلے سے پیٹھ پھیر لینا - عاجز ہونا (۴) روگردانی کرنا -
عِنان تیز شدن } (ف)، جلد جلد چلنا -
عِنان تیز کردن }
عِنان خوش کردن (ف)، جانا اور آنا (۲) گھوڑے کو چلانے کے لیے باگ ہاتھ میں لینا -
عِنان دادن (ف)، (۱) گھوڑا دوڑانا (۲) حملہ کرنا -
عِنان در عنان آوردن (ف)، دیکھو عنان با عنان نہادن -
عِنان وُزدی (ف)، مراجعت کرنا - اُلٹا پھیرنا نیز بمعنی عنان وزدیدن۔

عِنان وُزدیدن (ف)، چھوڑ دینا - ترک کرنا - رفاقت سے باز رہنا۔
عِنان راندن (ف)، گھوڑے کی باگ اُٹھا لینا - آگے بڑھانا - چلانا۔
عِنان ریز رفتن } (ف)، جلد جلد چلنا - دوڑنا۔
عِنان ریز گشتن }
عِنان زنان رفتن (ف)، سوار کا بہت تیز جانا -
عِنان سُبک کردن } (ف)، دیکھو عنان باز کشیدن -
عِنان فرو گرفتن }
عِنان گران کردن (ف)، سوار کا کھڑے ہو جانا۔
عِنان گردش (ف)، گھوڑے کو ایڑ لگانا -
عِنان گردانیدن (ف)، گھوڑے کو ایک طرف سے دوسری طرف پھیرنے کے لیے باگ موڑنا -
عِنان گرم کردن (ف)، جلد جلد چلنا - دوڑنا۔
عِنان گسستن (ف)، دیکھو عنان گردانیدن۔
عِنان گسستہ (ف)، (۱) تیز رو (۲) مضطرب -
عِنان گیر (ف)، باگ پکڑ لینے والا۔
عِنان یک رکابی بر آمیختن (ف)، رکاب سے رکاب ملا کر چلنا۔
عنایت } (ع)، (۱) توجہ - قصد (۲) مشغولیت (۳) کسی کی خاطر
عنایت } تکلیف اُٹھانا (۴) مہربانی - شفقت -
عِنَب (ع)، انگور - مجازاً شراب۔
عِنَبُ الثّعلب (ع)، مکو - کاپنج یا پنج -
عنبر (ع)، ایک مشہور اور نہایت عمدہ خوشبو کا نام جو ایک قسم کا موم ہے - جو کوہستان ہند اور چین میں شہد کی مکھیوں سے حاصل ہوتا ہے - بعض کا خیال ہے کہ ایک قسم کی دریائی گائے کا گوبر ہے - مگر یہ دُرست نہیں۔
عنبر آگیں (ف)، عنبر سے پُر -
عنبر آلود (ف)، عنبر ملا ہوا۔
عنبر بو (ف)، عنبر کی خوشبو والا - ہر وہ چیز جس میں عنبر جیسی خوشبو ہو۔
عنبر اَرزال (ف)، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گیسو مبارک -
عنبر بمشک آمیختن (ف)، نہایت خوشبودار ہونا۔
عنبر تر (ف)، خط و خال معشوق - زلف معشوق (۲) رات -
عنبر اَرزال (ف)، دیکھو عنبر ارزال -
عنبر چہ (ف)، عورت کے گلے کا غلاف والا ایک زیور جس میں عنبر بھرتے ہیں -
عنبر سا (ف)، خوشبودار۔
عنبر دان (ف)، وہ برتن جس میں عنبر ہو۔
عنبر سوز (ف)، وہ برتن جس میں عنبر جلاتے ہیں۔
عنبر فام (ف)، عنبر جیسے رنگ والا -
عنبر و جوہر (ع)، دو غلاموں کے نام ہیں۔
عنبرین (ع)، عنبر کی مانند خوشبو دینے والی سیاہ چیز - عنبر کی سی خوشبو۔
عنبرین سُنبل (ف)، معشوق کی زُلف -

Marfat.com

عِنَبِیَّہ (ع) آنکھ کے سات پردوں میں تیسرے کا نام جس کا رنگ مختلف ہوتا ہے۔
عَنَت (ع) (۱) گناہ (۲) فساد (۳) زنا (۴) ہلاکت (۵) خرابی (۶) دشوار کام پڑنا۔
عنتر (ف) بن مانس۔
عِنْد (ع) نزدیک۔ قریب۔
عِنْدالاحتیاج (ع) ضرورت کے وقت۔
عندالحاجت (ع) ضرورت کے وقت۔
عندالفرصت (ع) فرصت کے وقت
عندالطلب (ع) مانگنے کے وقت۔ بروقت مطالبہ۔
عندالمطالبہ (ع) مطالبہ کے وقت۔
عِندالملاقات (ع) ملنے کے وقت۔ ملاقات کے وقت۔
عِندالنّاس (ع) لوگوں کے نزدیک۔
عِندالله (ع) خدا کے نزدیک۔
عَنْدلیب (ع) ہزار داستان۔ بُلبُل۔
عَنبر (ع) بھیڑ۔
عُنصُر (ع) اصل۔ بنیاد۔ اصل جزو۔ اطبا کی اصطلاح میں آگ۔ پانی۔ ہوا اور خاک چاروں ایک ایک عنصر ہیں۔ جن سے انسان کا وجود بنا ہے۔ اس کی جمع عناصر ہے۔
عُنصُری (ع) (۱) منسوب بہ عنصر۔ اصل جزو کا (۲) ایک شاعر کا تخلص جو محمود غزنوی کے عہد میں ہوا ہے۔
عَنَف (ع) (۱) سختی۔ بلا (۲) تیزی۔ تندی (۳) غصہ (۴) سختی کرنا۔
عنقا (ع) جبرًا۔
عُنفُوان (ع) ہر چیز کا اوّل۔ شروع۔ آغاز۔
عُنُق (ع) گردن۔
عَنقا (ع) (۱) لمبی گردن والی عورت (۲) سختی۔ بلا۔ زمانہ کا حادثہ (۳) سیمرغ۔ ایک لمبی گردن والے بڑے قد و قامت اور قوی ہیکل پرندہ کا نام جو اب ناپید ہے اس کی خوراک انسان کا بچہ تھی۔ کہتے ہیں کہ حنظلہ بن صفوان پیغمبر کی دُعا سے ناپید ہوا۔
عَنقا شُدن (ف) ناپید ہونا۔ معدوم ہونا۔ غائب ہونا۔ نایاب ہونا۔
عنقائے مُغرِب (ع) مُغرِب بمعنی تعجب میں ڈالنے والا چونکہ عنقا اپنے عجیب غریب ہونے کے باعث تعجب میں ڈالتا ہے۔ اس لیے اسے مغرب کہتے ہیں۔ عنقا۔ سیمرغ۔
عُنقُود (ع) انگور کا خوشہ۔
عَنکَبُوت (ع) مکڑی۔
عنکبوت زرّین تار (ف) آفتاب۔
عنکبوتیہ (ع) آنکھ کے سات پردوں میں سے چوتھا پردہ مکڑی کے جالے کی مانند ہے۔
عُنوان (ع) (۱) دیباچہ۔ ہر چیز کا اوّل (۲) سرنامہ۔ پتہ۔ سُرخی (۳) فارسی میں بمعنی طور۔ ڈھنگ۔ سبیل۔ طریق۔ وجہ۔ طرح۔ سبب۔
عنوان کردن (ف) بیان کرنا۔ شروع کرنا۔
عُنُود (ع) (۱) خلافِ حق کام کرنا (۲) جان بُوجھ کر حق کی تردید کرنا (۳) لڑنا۔
عَنُود (ع) (۱) گمراہ کرنے والا (۲) لڑنے والا۔
عَنُوستی (ف) شادی کا وہ سامان جو داماد کی طرف سے تیار کیا جائے۔
عَنِید (ع) (۱) سرکش (۲) لڑاکا۔
عَنِیف (ع) (۱) تندخُو۔ سخت مزاج۔ تند (۲) سخت بات (۳) سخت کلامی۔
عَنِیق (ع) (۱) گردن (۲) دُوسرے کے گلے میں باہیں ڈالنا۔
عِنّین (ع) وہ شخص جو عورت کے کام کا نہ ہو۔ نامرد۔

## ع - و

عَو (ع) صدا۔ آواز۔ بانگ۔ فریاد۔
عُواء (ع) کُتے۔ بھیڑیے۔ گیدڑ۔ لومڑی اور ہرن کی آواز۔
عَوّاء (ع) بہت بھونکنے والا کتا۔ چاند کی تیرھویں منزل۔
عوائق (ع) عائق کی جمع۔
عوائک (ع) عاتکہ کی جمع۔
عواجز (ع) عاجز کی جمع۔
عَوّاد (ع) عود بجانے والا۔ بربط نواز۔ بربط سرائے۔
عوادی (ع) عادیہ کی جمع۔ حادثات۔
عوادی الدھر (ع) زمانے کے حادثات۔
عوار، عوار، عُوار (ع) (۱) عیب (۲) شگاف (۳) کپڑے کا پھٹ جانا۔
عَوّار (ع) (۱) ابابیل (۲) کمزور۔ ناتوان۔ بزدل (۳) آنکھ میں پڑا گیا ہوا تنکا۔
عَوارات، عُورات (ع) عوار کی جمع۔ عیب۔ عیوب۔
عَوارِض (ع) (۱) عارضہ کی جمع۔ بیماریاں۔ امراض (۲) ٹیکس۔
عوارض شہرداری (ف) محصول چونگی۔ کمیٹی کے ٹیکس۔
عوارض گمرک (ف) کسٹم کے ٹیکس۔
عوارض متفرقہ (ف) متفرق ٹیکس۔
عَوارِف (ع) عارف کی جمع (۱) پہچاننے والے (۲) احسان کرنے والے (۳) صبر کرنے والے (۴) خوشبوئیں (۵) احسانات۔ بخشش۔
عَواصِف (ع) عاصف کی جمع۔ سخت آندھیاں۔ تند و تیز ہوائیں۔ جھکڑ۔
عَواطِف (ع) عاطفہ کی جمع۔ مہربانیاں۔

Marfat.com

عَواقِب (ع) عاقبت کی جمع (۱) وہ چیزیں جو کسی چیز کے پیچھے آئیں پیچھے آنے والی چیزیں (۲) کاموں کے انجام (۳) ہر چیز کا آخر۔
عَوالی (ع) عالیہ کی جمع۔ بلند چیزیں۔
عوام
عوام النّاس } (ع) عامہ کی جمع۔ عام لوگ۔ کل آدمی۔
عوام فریبی (ف) عوام کو احمق بنانا۔ عوام کو دھوکا دینا۔
عوامل (ع) عامل کی جمع۔ کام کرنے والے۔ کارندے۔
عوان (ع) (۱) خاوند والی عورت (۲) ادھیڑ عمر کی عورت (۳) ادھیڑ گائے۔ ہر میانہ سال چیز۔
عَوّان (ع) (۱) ظالم۔ دھمکانے والا۔ سخت گیرندہ۔
عَوائِد (ع) عائدہ کی جمع۔ فائدے۔ التفاتات۔ مہربانیاں۔
عَوائِق (ع) عائق کی جمع۔ روکنے والے۔ موانع (۲) حادثات۔
عوج (ع) (۱) پھرنا۔ مڑنا (۲) ٹھہرنا۔ ٹھہرانا۔
عِوَج (ع) کجی۔ ٹیڑھاپن۔ خم۔
عوجا (ع) کمان۔
عود (ع) پھرنا۔ لوٹنا (۲) بوڑھا اونٹ۔
عُود (ع) (۱) بربط جو مشہور ساز ہے (۲) اگر جو ایک خوشبودار لکڑی ہے اور آگ میں جلانے سے خوشبو دیتی ہے (۳) ہر درخت کی لکڑی۔
عُودالصّلیب (ع) (۱) ایک خاص لکڑی جس کی عیسائی صلیب بناتے ہیں (۲) صبح۔
عُود خام (ف) خالص عود۔
عُود زدن (ف) ساز بجانا۔
عُودسوز (ف) منقل۔ انگیٹھی۔
عُودسیمیں (ف) صبح۔
عُود قماری (ع) شہر قمار کا عود جو مشہور اور عمدہ ہوتا ہے۔ قمار معرب ہے کمار کا جو ہندوستان میں ہے۔ اور جس کے نام پر راس کماری مشہور ہے۔
عودکردن (ف) لوٹ کر آنا۔
عودت کردن (ف) لوٹ آنا۔
عود گلابی (ف) سفیدی اور سیاہی۔
عُودی (ع) عود کے مشابہ ایک رنگ کا نام جو سیاہ مائل بہ سفیدی و سرخی ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
عُودی تخت (ف) آسمان۔
عُوذ
عُوذہ } (ع) پناہ مانگنا۔ امان چاہنا۔
عَور (ع) بدباطن۔
عَوَر (ع) کانا ہونا۔ ایک آنکھ سے اندھا ہونا۔
عُور (ع) اعور کی جمع۔ کانے۔

عُور (ع) برہنہ۔ ننگا۔
عَورت (ع) (۱) شرمگاہ۔ آدمی کے بدن کا وہ حصہ جس کا ننگا کرنا باعث شرم ہے (۲) وہ چیز جس کے دیکھنے اور دکھانے سے شرم آئے (۳) عیب (۴) مجازاً زن۔ انسان کی مادہ۔
عورتینہ (ف) عورت سے متعلق چیز۔
عَوز (ع) انگور کا دانہ۔
عَوز (ع) محتاج ہونا۔ مفلس ہونا۔ فقیر ہونا۔
عَوسج (ع) ایک گھاس کا نام۔
عَوص (ع) سختی۔ دشواری۔
عِوَض (ع) (۱) بدلہ۔ قائم مقام (۲) کمیٹی کا ممبر۔
عِوَض دادن (ف) عوض دینا۔
عِوَض شدن (ف) بدل جانا۔
عِوَض کردن (ف) بدلنا۔
عِوَضی (ف) بدلے میں۔
عِوَضی گرفتن (ف) کسی شے یا کسی شخص کے متعلق غلطی کھانا۔
عَوعَو (ع) کتے کی آواز۔
عَوعَو کردن (ف) کتے کا بھونکنا۔
عَوق (ع) پھیر دینا۔ رد کرنا (۲) باز رکھنا (۳) قید کرنا (۴) وہ شخص جس میں بھلائی نہ ہو (۵) وہ شخص جو دوسروں کو بھلائی سے روکے (۶) عوج کے باپ کا نام۔
عَول (ع) بہت عیال (۱) ہونا (۲) کسی کو اپنے عیال میں لینا (۳) عیال کو خرچ دینا (۴) بہت بخشش کرنا (۵) آواز سے رونا (۶) غلبہ کرنا (۷) ظلم کرنا (۸) تہمت لگانا (۹) بڑھنا۔ (۱۰) حق سے پھرنا (۱۱) کام میں دشواری ہونا۔
عَون (ع) (۱) مدد۔ حمایت (۲) مدد کرنا (۳) مددگار (۴) خادم۔ نوکر۔
عَون اللہ (ع) خدا کی مدد۔
عَویل (ع) رونے کی آواز۔
عَوَینات (ف) عینک۔

## ع ۔ ہ

عَہد (ع) (۱) زمانہ۔ وقت (۲) پناہ۔ امان (۳) پیمان (۴) سوگند۔ قسم (۵) عہد نامہ (۶) نگہداشت۔ محافظت (۷) شناخت (۸) وفا (۹) ملاقات (۱۰) نصیحت (۱۱) وصیت۔
عَہِد (ع) کسی کام کی ذمہ داری کرنے والا۔
عَہد بوفا رسانیدن (ف) وعدہ پورا کرنا۔
عہدِ جدید (ع) وہ صحائف جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد لکھے گئے ہوں انجیل۔
عہدِ دقیانوس (ف) بہت پرانا زمانہ۔
عہدِ عتیق (ع) گذشتہ زمانہ۔

Marfat.com

عہد شکن / عہد گسل } (ف) عہد توڑنے والا۔

عہد نامہ (ف) اقرار نامہ۔

عُہدہ (ع) (۱) ذمہ داری (۲) منصب - مرتبہ۔

عہدہ دار شدن (ف) ذمہ داری قبول کرنا۔

عہدہ گرفتن چیزی (ف) کسی کام کا بیڑہ اٹھانا۔

عَہَر (ع) زنا کرنا۔ حرام کاری کرنا۔

عِہر (ع) زنا - حرام کاری۔

عُہن (ع) (۱) کسی جگہ مقیم ہونا (۲) کسی جگہ سے نکلنا (۳) کسی کام میں کوشش کرنا۔

عِہن (ع) رنگین پشم - رنگی ہوئی اُون۔

عُہُون (ع) عہن کی جمع - رنگین پشمیں۔

عَہِید (ع) (۱) ہم عہد - ہم پیمان - ہم قسم (۲) ہم عصر - ہم زمان - (۳) کہنہ - پرانا۔

# ع - ی

عَیّ (ع) (۱) کسی کام میں عاجز آجانا (۲) بات کرنے میں عاجز ہو جانا۔

عِیادت (ع) بیمار پرسی۔

عِیاذ (ع) (۱) پناہ - امان (۲) پناہ لینا۔

عِیار (ع) (۱) تول (۲) جوہری کا ترازو یا کانٹا۔ (۳) سونے چاندی کی چاشنی لینا۔

عَیّار (ع) (۱) چالاک - تیز طبع (۲) بہت آمد و رفت کرنے والا (۳) بہت چلنے والا (۴) چراگاہ میں ہر طرف جانے والا۔

عِیار (ع) (۱) بانگی یعنی سونے چاندی کی چاشنی (۲) سونے چاندی کا اچھا بُرا آزمانا - کسوٹی پر لگانا (۳) وزن کرنے کا کانٹا۔

عیّاری (ف) چالاکی۔

عیّاش (ع) بہت عیش کرنے والا - اچھی اور خوشی کی زندگی بسر کرنے والا۔

عیّاشی (ف) عیش و عشرت۔

عیال (ع) بیوی بچے - زن و فرزند - جورو بچے اور دیگر رشتہ دار جن کا خرچ کسی شخص کے ذمہ ہو۔

عیال بار (ف) عیال دار۔

عیال دار (ف) کنبہ والا۔

عیال مند (ف) کنبے والا - جس کے بیوی بچے ہوں۔

عیال وار (ف) بڑے کنبے والا۔

عِیاں (ع) (۱) آنکھ سے دیکھنا (۲) مجازاً ظاہر۔

عیاں را چہ بیاں (ف) ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔

عِیانی (ع) چشم دید گواہ۔

عَیب (ع) نقص - بُرائی - خرابی۔

عیب آوردن / عیب بردن } (ف) عیب ظاہر کرنا۔

عیب پوشش (ف) پردہ پوشی۔

عیب جُو (ف) نقص ڈھونڈنے والا۔

عیب داشتن (ف) ناقص ہونا۔

عیب ناک (ف) معیوب - عیب دار۔

عَیبہ (ع) جامہ دان - چمڑے کا بیگ - ہتھیار اور کپڑے رکھنے کا چرمی بکس۔

عَیث (ع) تباہ کرنا - برباد کرنا - زیاں کاری - نقصان۔

عَیثَم (ع) گورخر۔

عید (ع) مسلمانوں کے جشن کا دن - عود سے مشتق ہے کیونکہ ہر سال عود کرتی ہے۔

عیدان (ع) عود کی جمع - خوشبودار لکڑیاں۔

عید الضحیٰ (ع) عید قربان - بڑی عید - بقر عید۔

عید فطر (ع) روزوں کی عید - چھوٹی عید۔

عیدگاہ (ف) عید کی نماز ادا کرنے کی جگہ۔

عید مولود (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے کا دن - ہر قمری سال کی ۱۲ ربیع الاوّل۔

عید میلاد (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے کا دن (۲) عیسائی کرسمس کو بھی عید میلاد کہتے ہیں۔

عَیَر (ع) جنگلی گدھا - گورخر۔

عِیر (ع) (۱) قافلہ (۲) ہر چوپایہ جس پر غلہ لادا جائے۔

عَیس (ع) (۱) عورت جس کا رنگ سفید مائل سرخی ہو (۲) قافلہ۔

عیسائی (ع) نصرانی - مسیحی - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اُمت کے آدمی۔

عیسائیت (ع) نصرانیت - مسیحیت - عیسائی ہونا۔

عیسیٰ (ع) سریانی لفظ یسوع کا معرب ہے - ایک مشہور پیغمبر کا نام جس کی اُمت عیسائی کہلاتی ہے اور جن کے نام پر سن عیسوی جاری ہے - آپ حضرت مریم علیہا السلام کے بطن سے بغیر باپ کے پیدا ہوئے اس لیے آپ کو رُوح اللہ یا رُوح القدس کہتے ہیں - یہودیوں نے ان کے پیغام حق سُنانے پر بڑے بڑے مظالم توڑے اور آخر عیسائیوں کے خیال کے مطابق انہیں صلیب دیا گیا - مگر مسلمان اس بات کو غلط مانتے ہیں کیونکہ کوئی پیغمبر ایسی ذلت کی موت نہیں مارا جاتا - ان کا خیال ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دھوکا میں ایک دوسرے آدمی کو صلیب دیا گیا۔

عیسیٰ بدینِ خود موسیٰ بدینِ خود (ف) اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ۔

عیسیٰ خرد (ف) انگور کا خوشہ۔

Marfat.com

عیسیٰ دم (ف)، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح پھونک مار کر شفا دینے والا۔
عیسیٰ دہقان (ف)، شراب انگور۔
عیسیٰ رہ نشین (ف)، سورج (۲) شجاع (۳) حاذق۔
عیسیٰ شش ماہہ (ف)، وہ پھل جو چھ ماہ میں پکے خصوصاً انگور۔
عیسیٰ کدہ (ف)، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گھر۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا عبادت خانہ۔ فلک چہارم۔
عیسیٰ ہر درد (ف)، انگوری شراب۔
عیش (ع)، زندگانی۔ زندگی (۲) زندگی بسر کرنا (۳) روٹی۔ (۴) اچھی طرح زندگی بسر کرنا (۵) آرام و آسائش۔
عیش دہ روزہ (ف)، بہت قلیل زندگی۔
عیش فرنگی (ف)، ڈبل روٹی۔
عیشہ (ع)، زندگانی۔
عیش کسے تلخ گردانیدن (ف)، کسی کی عیش میں خلل انداز ہونا۔ کسی کی عیش کڑوی کرنا۔
عیص (ع)، (۱) بہت گھنا درخت (۲) حضرت اسحٰق بن ابراہیم کا نام جن کی اولاد سے رومی لوگ ہیں۔
عیقہ (ع)، ساحل، ندی کا کنارہ۔
عیل (ع)، (۱) سیر کرنا۔ پھرنا (۲) فقیر ہونا۔ محتاج ہونا۔
عیلہ (ع)، فقیری۔ محتاجی۔
عین (ع)، (۱) آنکھ (۲) پانی کا چشمہ (۳) سونا (۴) اشرفی (۵) مال (۶) سورج (۷) بادل (۸) وہ بادل جو قبلہ کی جانب سے اُٹھے۔ (۹) ہر شے کی ذات (۱۰) ہر عمدہ شے (۱۱) سردار (۱۲) شخص۔ ایک آدمی (۱۳) وہ دو بھائی جن کے ماں باپ ایک ہوں۔ (۱۴) اہل خانہ (۱۵) نفس (۱۶) حقیقت (۱۷) جاسوس (۱۸) قوم (۱۹) دیدار (۲۰) دیدبان (۲۱) اہل شہر۔ (۲۲) پانی جاری ہونے کی جگہ (۲۳) کسی شے کو نظر لگانا (۲۴) انگور (۲۵) نظر کرنا (۲۶) حرف (۲۷) گھٹنا (۲۸) پیشوا۔
عین (ع)، عیناء کی جمع۔ بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں۔ زنان خوش چشم۔
عیناء (ع)، بڑی آنکھوں والی عورت۔ زن خوش چشم۔
عیناً (ع)، ہو بہو۔ بعینہ۔
عین البقر (ع)، نکل بیتا۔
عین الثور (ع)، برج ثور کی آنکھ کے موقع پر ایک ستارہ ہے جس کی نسبت مشہور ہے کہ اگر کوئی اسے طلوع کے موقع پر دیکھے تو اندھا ہو جائے اس ستارہ کو الدبران بھی کہتے ہیں۔ اور یہ ستارہ ہر سال ۱۴ جنوری کو رات کے ۹ بجے نصف النہار پر ہوتا ہے اس کا عرض بلد ۱۶ درجے شمالی ہے قدر اوّل کا ستارہ ہے۔
عین حال (ف)، اسی وقت۔
عین الحیوٰۃ (ع)، چشمۂ آب حیات۔
عین الدیک (ع)، گھنگچی۔ رتی جو مشہور سرخ ... ہے۔

عین الصواب (ع)، بالکل درست نہایت ٹھیک۔
عین عنایت (ف)، عنایت کی نظر۔
عین غین (ف)، تھوڑا سا فرق۔
عین القطر (ع)، چیڑ کے درخت کا روغن۔ جسے گیلاس اور گندہ بروزہ کہتے ہیں۔ اور جو اُونٹ کی خارش کو نافع ہے (۲) رال کا چشمہ (۳) گندھک کا چشمہ۔ (۴) پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ۔
عین الکمال (ع)، چشم زخم۔ نظر بد۔
عین اللہ (ع)، حفظ خدا۔
عین الہر (ع)، لہسنیا جو ایک قیمتی جوہر ہے اور بلی کی آنکھ کے مشابہ ہوتا ہے۔
عین الیقین (ع)، علم الیقین کا دوسرا مرتبہ ہے۔ علم مشاہدہ۔ وہ علم جو کسی چیز کے مشاہدہ کے بعد ہو۔
عینک (ف)، نظر وغیرہ کے لیے آنکھوں کے لگانے کی مشہور چیز۔
عینک شاخ دار (ف)، کمان دار آنکھ۔
عین کافور (ف)، معشوق کا سینہ۔
عینک گذاشتن، عینک زدن } عینک لگانا۔
عینک دور بینا (ف)، ایک قسم کی دوربین۔
عینک ہزار نما (ف)، ایک قسم کا شیشہ جس میں ایک چیز کئی چیزیں نظر آتی ہیں۔
عیوب (ع)، عیب کی جمع۔ برائیاں۔
عیوق (ع)، ایک چھوٹا سا سرخ رنگ ستارہ جو کہکشاں کے داہنے کنارے پر نظر آتا ہے۔ ثریا کے بعد نکلتا اور اس سے آگے بڑھ جاتا ہے یہ لفظ عوق سے ماخوذ ہے۔ جو ثریا کے آگے پیچھے رہنے کے باعث اس کا پہرہ دار ہے۔ یہ ستارہ قدر اوّل کا ہے اور خوب روشن ہے۔ ہر سال ۱۰ فروری کو رات کے نو بجے نصف النہار پر سے گزرتا ہے۔ اس کا عرض ۴۶ درجے شمالی ہے۔
عیون (ع)، وہ شخص جس کی نظر لگے۔ یعنی جس کی نظر نقصان پہنچائے۔
عیون (ع)، (۱) عین کی جمع۔ آنکھیں چشمے (۲) علم حکمت کی ایک کتاب کا نام جو بوعلی سینا کی تصنیف ہے۔

Marfat.com

# غ

غ - فارسی کا بائیسواں اور عربی کا انیسواں حرف بحساب جمل اس کے ایک ہزار اعداد ہیں۔

## غ - ا

**غاب** (ع) غابہ کی جمع - جنگل - بن - جھاڑیاں - نیستان - وہ نیستان جہاں شیر رہتا ہو۔

**غاب** (ف) (۱) بکواس - بے ہودہ بات (۲) نکما (۳) عاجز (۴) پسماندہ طعام - جھوٹا کھانا۔

**غابات** (ع) غابہ کی جمع - نیستان - جنگل - بن۔

**غابر** (ع) (۱) پائندہ - باقی (۲) جانے والا - گزرنے والا (۳) آنے والا - آئندہ آنے والا زمانہ مستقبل۔

**غابط** (ع) حسرت کھانے والا۔

**غابط** (ع) رشک کرنے والا۔

**غابن** (ع) (۱) غبن کرنے والا - خائن - غاصب (۲) کام میں سست۔

**غابہ** (ع) نیستان - جنگل - بن۔

**غاتفری** (ف) غاتفر سے منسوب - غاتفر سمرقند کا ایک محلہ ہے۔

**غاتفر** (ف) (۱) ترکستان کے ایک شہر کا نام (۲) سمرقند کے ایک محلہ کا نام۔

**غادر** (ع) عہد کو پورا نہ کرنے والا - بے وفا۔

**غادرہ** (ع) بے وفا عورت۔

**غادہ** (ع) نازک عورت - نازک اندام عورت۔

**غادیہ** (ع) صبح کے وقت کی بارش - صبح کے وقت کا بادل۔

**غاذی** (ع) غذا دینے والا۔

**غار** (ع) (۱) کھوہ - پہاڑ کا شگاف - گڑھا (۲) پست زمین (۳) جنگلی جانوروں کے رہنے کی کھوہ۔

**غارب** (ع) (۱) کندھا (۲) کوہان۔

**غارت** (ع) لوٹ - لوٹ کھسوٹ۔

**غارت خوردہ** (ف) تاراج شدہ۔

**غارت شدن** (ف) تباہ ہونا۔

**غارت کردن** (ف) لوٹ مار کرنا - تاراج کرنا۔

**غارت گر** (ف) غارت کرنے والا - لوٹنے والا۔

**غارت گری** (ف) لوٹ - غارت کرنا - تباہ و برباد کرنا۔

**غارتی** (ف) لوٹ کھسوٹ کا مال۔

**غارتیدن** (ف) غارت کرنا - لوٹنا۔

**غارج** } (ف) (۱) صبوحی - صبح کے وقت پینے کی شراب۔
**غارنج** } (۲) شراب۔

**غارژرف** (ف) گہرا گڑھا - گہرا غار۔

**غارس** (ع) باغبان - درخت لگانے والا۔

**غارِ غم** (ع) (۱) قید خانہ - زندان (۲) گنہگار کی قبر (۳) قبر۔

**غارق** (ع) غرق ہو جانے والا - غرق شدہ - ڈوب جانے والا۔

**غار و غور** (ف) (۱) فتنہ و فساد (۲) ہرج مرج۔

**غار و غور کردن** (ف) درہم برہم کرنا۔

**غارہ** (ف) (۱) غارج - صبح کی شراب (۲) غارت - لوٹ (۳) لوٹنے والا - غارت گر (۴) رسی کا بل۔

**غاریقون** (ع) ایک قسم کی سفید اور ہلکی لکڑی ہے جو دست لاتی ہے۔

**غاز** (ف) (۱) دھنکی ہوئی روئی (۲) سوئی کا ناکہ (۳) بڑی مرغابی (۴) حبہ کی طرح ایک بے حقیقت اور فرضی سکہ۔

**غاز چراندن** (ف) نکمے اور بیکار ہونا۔

Marfat.com

غاز غاز (ف) (۱) شگاف (۲) شگافتہ (۳) شگاف دار۔
غاز کردن (ف) (۱) کپاس سے بنولے جدا کرنا۔ کپاس اوٹنا (۲) اُون کو دُھنکنا اور کاتنے کے لائق کرنا۔
غازہ (ف) گلگونہ۔ ایک قسم کی سُرخی جو عورتیں چہرہ پر ملتی ہیں۔
غازی (ع) جنگی آدمی۔ جنگ کرنے والا فوجی۔ کفار سے جنگ کرنے والا۔
غازی (ف) (۱) نٹ۔ بازی گر (۲) آنت کی چربی (۳) فاحشہ عورت۔
غاژ (ف) (۱) کانٹا (۲) مُنہ پھٹ آدمی۔
غاسق (ع) (۱) چاند (۲) بردین (۳) مُنہ پھٹ آدمی۔ فراخ دہان آدمی (۴) رات (۵) آلۂ تناسل۔
غاسُول (ع) صابون۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دھویا جائے۔
غاشش (ف) (۱) نہایت محبت رکھنے والا۔ جس کو کسی سے بے حد محبت ہو۔ عاشق جانباز (۲) شور و غوغا (۳) کند ذہن۔ کند طبع۔
غاشش (ع) بڑا دھوکہ باز۔
غاشم (ع) ظالم۔ ستمگر۔ غاصب۔
غاشیہ (ع) (۱) گھوڑے کا زین پوش (۲) پالان (۳) قیامت (۴) بے ہوش کرنے والی (۵) اندر کی بیماری (۶) ڈھانپ لینے والی (۷) آتش دوزخ۔
غاشیہ بردار } (ف) فرماں بردار۔ مطیع۔ خادم۔
غاشیہ بردوش }
غاشیہ بردوش کشیدن } (ف) مطیع ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔
غاشیہ در زیر بغل کشیدن }
غاشیہ دار (ف) وہ خدمت گار جو سفر میں اپنے مالک کے ساتھ رہ کر اس کی خدمت کرے۔
غاشیہ کش (ف) مطیع۔ فرمانبردار۔
غاصب (ع) غیر کا حق چھیننے والا۔ جبر سے غیر کا حق لینے اور چھیننے والا۔
غاصبانہ (ف) غاصب کے طریقے پر۔
غاصبین (ع) غاصب کی جمع۔
غاغہ (ف) پودینہ۔
غافر (ع) (۱) گناہ بخشنے والا (۲) ڈھانپنے والا۔ چھپانے والا۔
غافر الذنوب (ع) گناہوں کو بخشنے والا۔
غافل (ع) غفلت والا۔ بے خبر۔
غافل گرفتن (ف) بے خبری میں جا پکڑنا۔
غافل گیر کردن (ف) اچانک بے خبری میں جا پکڑنا۔ شب خون مارنا۔
غافلی (ع) غفلت۔ بے خبری۔
غاق } (ع) کوّے کی آواز۔
غاق غاق }
غاک (ع) کوّے کی آواز (۲) فتنہ و فساد۔
غال (ف) (۱) غار۔ کھوہ۔ حیوانات کے رہنے کی جگہ (۲) بھیڑوں کا چھتہ (۳) لڑھکنا۔
غال (ع) مہنگا۔ گراں۔
غالب (ع) (۱) غلبہ والا۔ زبردست (۲) ہندوستان کے مشہور و معروف اور عدیم المثال شاعر دبیر الملک مرزا اسد اللہ خاں دہلوی کا تخلص۔ اگرچہ غالب کا فارسی کلام بھی کچھ کم پایہ نہیں۔ لیکن اُردو شاعری میں اس کا کلام نہایت ارفع و اعلیٰ ہے۔ اور اپنا جواب نہیں رکھتا۔ غالب ابو الظفر بہادر شاہ کے عہد میں تھے اور ۱۸۵۷ء کے غدر میں بقید حیات تھے۔ ذوق اور مومن ان کے ہمعصر تھے۔
غالبًا (ع) (۱) یقینًا۔ بالضرور (۲) شاید۔ بظاہر۔
غالبان (ع) غالب کی جمع۔
غالب اوقات (ع) اکثر اوقات۔ اکثر۔ بسا اوقات۔
غالی (ع) (۱) حد سے گزرنے والا (۲) مہنگا۔ گراں (۳) ایک فرقہ کا نام جو حضرت علیؓ کو خدا کہتا ہے۔
غالیچہ (ف) قالین۔ گلکاری کیا ہوا اُونی فرش۔
غالیدن (ف) (۱) ملنا۔ لڑھکانا۔
غالیہ (ع) ایک مشہور خوشبو جو عنبر مشک اور کافور کی بناوٹ سے بنتی ہے۔
غالیہ بار (ف) عطر بیز۔
غالیہ ساز (ف) عنبر فروش۔
غالیہ سائے (ف) غالیہ بنانے والا۔ خوشبو تیار کرنے والا۔ خوشبو فروش۔
غامض (ع) (۱) گہرا (۲) پست زمین (۳) گڑھا (۴) گمنام (۵) خوار۔ ذلیل (۶) پوشیدہ اور دور از فہم کلام۔
غامی (ف) دُبلا۔ لاغر۔ ضعیف۔ کمزور۔ ناتوان۔
غانم (ع) مال غنیمت لانے والا۔ لوٹ کا مال لانے والا۔
غانہ (ع) یمن کے ایک شہر کا نام۔ جہاں کی مٹی میں سونا ہوتا ہے۔
غانی (ع) (۱) دولت مند۔ بے نیاز۔ تونگر (۲) گویا۔ گانے والا۔ سرود کرنے والا۔
غانیہ (ع) وہ عورت جو اپنے حسن و جمال کے سبب زیور اور زینت سے بے نیاز ہو (۲) وہ پارسا عورت جسے باوجود جوانی کے مرد کی خواہش نہ ہو (۲) وہ پارسا عورت جو سوائے اپنے شوہر کے دوسرے مرد کی پرواہ نہ کرے۔
غاو (ع) گمراہ۔
غاوُ (ف) گاؤ۔ گائے۔
غاوشش (ف) کھیرے کا اعلیٰ بیج جس کی کھیرے کے کھیت میں نگہداشت کی جائے۔
غاوشنگ (ف) وہ لکڑی جس کی ایک جانب پیتل کی پتری لگوا لیتے ہیں اور گائے اور گدھے وغیرہ کو تیز کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
غاوی (ع) گمراہ۔

Marfat.com

غادیہ (ع) غادی کی مؤنث - گمراہ عورت -
غائب (ع) جو موجود نہ ہو - آنکھوں سے اوجھل - گم -
غائر (ع) (۱) نیچے جانے والی چیز (۲) گھس جانے والی شے (۳) پست زمین -
غائص (ع) غواص - غوطہ زن - غوطہ مارنے والا -
غائط (ع) (۱) پست زمین (۲) گوہ -
غائلہ (ع) بدی - برائی - شر - آفت - ناگہانی بلا -
غائی (ع) منسوب بہ غایت -
غایت (ع) آخر - انجام - انتہا (۲) غرض - مطلب (۳) علم - جھنڈا -
غایتُ الامر (ع) انجام کار - آخرکار -
غایتُ الآمال (ع) آرزوؤں کی انتہا -
غایت مطلوب (ع) بہت چاہا گیا -

# غ - ب

غِب (ع) (۱) باری کا تپ - نوبتی بخار - ایک دن چھوڑ کر آنے والا (۲) ہفتہ میں ایک دفعہ ملاقات کرنا (۳) ایک روز پیاسا رکھ کر اونٹ کو دوسرے روز پانی پلانا (۴) ہر چیز کی انتہا -
غُبّ (ع) دریائے موج زن - موج مارنے والا دریا -
غبار (ع) گرد (۲) کدورت - رنج -
غبار آلود (ف) گرد و غبار میں اٹا ہوا -
غبار آوردن چشم (ف) آنکھ کا دھندلا جانا -
غبار بر آوردن از چیزے (ف) کسی چیز کو تباہ اور ویران کرنا -
غُبار خاطر (ف) رنجش - ملال خاطر -
غبازہ (ف) وہ لاٹھی جو جانوروں کو ہانکنے کے لیے چرواہوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے -
غباوت (ع) (۱) کم فہمی - کند ذہنی (۲) کند ذہن ہونا - کم فہم ہونا -
غبغب (ع) غبغب - طوق گلو یعنی ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت جو حسن میں داخل ہے -
غبج (ع) گھونٹ گھونٹ پانی پینا -
غبجہ (ع) پانی یا شراب کا گھونٹ -
غبرا (ع) زمین - گرد آلود زمین - اس لفظ کا ہمزہ نظم میں گر بھی جاتا ہے -
غُبرہ (ع) تیرگی - سیاہی - اندھیرا -
غبطہ (ع) رشک - کسی کی خوبی یا تونگری پر اس کے زوال کی خواہش کے بغیر رشک کرنا -

غبطہ بردن } رشک کرنا -
غبطہ خوردن } رشک کھانا -
غبغب (ع) دیکھو غبغب -
غَبْن (ع) (۱) کم عقلی - عقل میں نقصان ہونا (۲) بھول - فراموشی - چوک -
غَبَن (ع) (۱) دھوکا دینا - نقصان پہنچانا - خرید و فروخت میں فریب دینا (۲) خرید و فروخت وغیرہ میں مالی نقصان اٹھانا -
غبن داشتن (ف) لین دین میں مکر و فریب کرنا -
غبن فاحش (ع) صریح نقصان اور بہت خسارہ جو کسی لین دین میں واقع ہو -
غَبُوق (ع) شام کے وقت کی شراب -
غبی (ع) کند ذہن - کم فہم - کم عقل -
غَبِین (ع) جس کی رائے صائب نہ ہو - ضعیف الرائے - کم عقل - کم فہم -

# غ - ت

غَت } (ف) بے سمجھ - بے وقوف - نادان -
غَتت }
غتفرہ } (ف) (۱) ارزانی (۲) بے وقوف - بے سمجھ -
غتفل } کم فہم -

# غ - ث

غَثّ (ع) (۱) فاسد - خراب (۲) دبلا - لاغر - (۳) گوشت وغیرہ کا سڑ جانا (۴) سڑا ہوا گوشت (۵) پیپ - ریم -
غُثَا - غثا (ع) (۱) کوڑا کرکٹ (۲) جھاگ (۳) گلے سڑے پتے جو جھاگ کے ساتھ مل جاتے ہیں -
غثر (ع) کینہ -
غثی (ع) جی کا متلانا -
غثیان (ع) متلی - جی متلانا -
غثیان کردن (ف) جی متلانا -

# غ - چ

غچک (ف) سارنگی جو ایک مشہور ساز ہے -

٭

Marfat.com

# غ - د

غد (ع) آنے والا کل - فردا کل جو آئے گا۔
غدا (ع) عشاء کی ضد - طعام چاشت - چاشت کا کھانا۔
غدائر (ع) زلفیں - عورتوں کے گندھے ہوئے بال۔
غداۃ (ع) صبح کا وقت۔
غدار (ع) بڑا غدر کرنے والا - بہت بے وفا۔
غدارۃ (ع) طپنچہ - پستول۔
غدارہ بند (ف) توانا - زوردار۔
غدد (ع) غدود کی جمع - غدودیں۔
غدر (ع) بے وفائی - عہد شکنی (۲) بے وفائی کرنا۔
غدر / غدر (ع) بے وفا - عہد شکن۔
غدر (ع) رات کا تاریک ہونا۔
غدرا (ع) تاریکی - سیاہ رات۔
غدر کردن (ف) بے وفائی کرنا۔
غدغد کردن (ف) مرغی کا کٹ کٹ کرنا۔
غدغن (ع) (۱) شتاب - جلد (۲) تاکید (۳) اضطراب - بے قراری۔
(۴) بندش - ممانعت - حکم امتناعی۔
غدغن کردن (ف) منع کرنا۔
غدق (ع) بہت پانی۔
غدنگ (ف) ناداں - بداندام۔
غدو (ع) غداۃ کی جمع - صبحیں - فجریں۔
غدو (ع) (۱) صبح کے وقت چلنا - صبح کے وقت آنا۔
غدو (ع) فردا - کل - آنے والے کل۔
غدود (ع) جسم میں گوشت کے اندر جو گلٹیاں سی ہوتی ہیں۔
غدور (ع) بڑا بے وفا۔
غدوہ (ع) صبح صادق سے طلوع آفتاب تک کا وقت۔
غدہ (ع) غدود۔
غدیر (ع) تالاب - جوہڑ۔
غدیر (ع) بڑا بے وفا۔

# غ - ذ

غذا (ع) خوراک جس سے جسم کی پرورش ہوتی ہے۔
کھانا - پینا۔
غذائیت داشتن (ف) غذائی مادہ کا ہونا۔
غذے (ف) غذا کا امالہ۔

# غ - ر

غر (ف) (۱) مرد بد دل - ڈرپوک (۲) بدکار عورت - فاحشہ عورت -
قحبہ۔
غر (ع) دھوکا دینا - فریب دینا (۲) چوگا یعنی وہ دانہ جو پرندے
اپنے بچہ کی چونچ میں ڈالتے ہیں - (۳) تلوار کی
تیزی۔
غر (ع) شریف ہونا۔
غر (ع) (۱) کپڑے کی سلوٹ - شکن (۲) نور۔
غر (ع) ناتجربہ کار آدمی - غافل آدمی۔
غر (ف) (۱) وہ آدمی جس کے خصیے بڑھ گئے ہوں (۲) وہ مرض
جس سے خصیے بڑھ جاتے ہیں۔
غرا (ع) ہر مؤنث چیز جو سفید اور روشن ہو - سفید پیشانی والی گھوڑی۔
غر شدن (ف) خصی ہونا - نامرد ہونا۔
غر کردن (ف) خصی کرنا۔
غرا (ف) (۱) سورج - ہر سفید چیز۔
غراب (ع) (۱) کوا (۲) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔
غراب بودن (ف) خودپسند ہونا - مغرور ہونا۔
غرابیل (ع) غربال کی جمع - چھلنیاں۔
غراب البین (ع) جدائی کا کوا - ایک قسم کا کالا جنگلی کوا ہے -
جسے عرب بہت منحوس جانتے ہیں - ان کا خیال ہے کہ
اگر یہ دو دوستوں کے سامنے آبیٹھے تو ان میں جدائی ہو جاتی ہے اور
اگر کسی کام کو جاتے ہوئے رستہ کاٹے - تو وہ کام نہیں ہوتا۔
غراب بین (ف) اندھیری رات - سیاہ رات۔
غراب الزرع (ع) کالا کوا - وہ کوا جس کی چونچ اور پر کالے ہوتے
ہیں۔
غرابت (ع) بیگانگی - مشکل۔
غرابت داشتن (ف) عجیب ہونا - بیگانگی رکھنا۔
غرابت کلمہ (ع) وہ لفظ جو غیر مانوس ہو اور بہت سے لوگ
اس کا معنی نہ جانتے ہو۔
غرابہ (ف) بڑی سی شیشی جس کا منہ تنگ ہو اور پیٹ بڑا
ہو۔
غرابیل (ع) غربال کی جمع - چھلنی۔
غرابین (ع) غراب کی جمع۔
غراچہ (ف) (۱) مخنث - ہیجڑا - دیوث (۲) بے وقوف -
احمق۔
غرار (ع) مکار۔
غرار (ع) ایک پہاڑ کا نام جو تہامہ میں ہے۔
غرار (ع) (۱) نقصان - خسارہ - کمی (۲) سرد بازاری (۳) مقدار۔

Marfat.com

(۴) شتاب۔ جلد (۵) طور۔ طریقہ (۶) تاوان (۷) تلوار کی تیزی۔

غِرارہ (ع) جوال۔ جنگ کے ایک ہتھیار کا نام۔

غَرارہ (ف) غلّہ کی گون۔

غَرارہ کَردَن (ف) کلی کرنا۔ پانی کو منہ میں ہلا کر پھینک دینا۔

غَراسِس (ف) (۱) خراش (۲) غضب۔ غصّہ۔ قہر۔

غِراس (ع) وہ درخت جو زمین میں لگایا جائے۔

غَراشیدَن (ف) (۱) چھیلنا (۲) غضب ناک ہونا۔ غصّہ کرنا۔ قہر کرنا۔

غَرامات (ع) جنگی تاوان۔

غَراماطیق (ع) گرامر۔ قواعد زبان۔

غَرامَت (ع) (۱) تاوان۔ قرض۔ وہ چیز جس کا ادا کرنا ضروری ہو (۲) تاوان زدہ ہونا۔ مقروض ہونا (۳) عذاب۔ پشیمانی۔

غَرامَت دادَن (ف) تاوان ادا کرنا۔

غَرامَت کشیدَن (ف) جرمانہ ادا کرنا۔

غَرّان }
غُرّان } (ف) غصّہ سے چلانے والا۔ شور کرنے والا۔ ڈراؤنی آواز نکالنے والا۔

غَرانیق (ع) غرنوق کی جمع۔ خوبصورت۔ نازک اور گورے جوان۔

غَرانیقُ العُلا (ع) بتوں سے مراد ہے۔

غَراورنگ (ف) بڑا تخت۔ خراورنگ۔ بہت بڑا تخت۔

غَرائب (ع) غریبہ کی جمع۔ عجیب چیزیں۔

غَرائر (ع) غرارہ کی جمع۔ غلہ کی گونیں۔

غَرائز (ع) غریزہ کی جمع (۱) نیک عادتیں۔ نیک خصلتیں (۲) جوانانِ ناآزمودہ کار (۳) ضامن۔

غَرب (ع) (۱) پچھم۔ مغرب۔ سورج اور چاند کے غروب ہونے کی جگہ (۲) بڑا ڈول (۳) پانی رکھنے کا برتن (۴) دُور ہونا (۵) چھپ جانا (۶) نیچے بیٹھ جانا (۷) فراق۔ جدائی۔ (۸) آنسو (۹) آنسو بہنا (۱۰) آنسو بہنے کی جگہ۔ (۱۱) زبان کی تیزی (۱۲) تلوار کی تیزی (۱۳) ہر چیز کی تیزی (۱۴) تیز رَو گھوڑا (۱۵) دانتوں کی آب داری (۱۶) گوشۂ چشم کا ناسور۔

غُرب (ع) (۱) نادر۔ عجیب و غریب (۲) مسافر۔

غِرب (ع) وطن سے دُور ہونا۔

غُرَبا (ع) غریب کی جمع (۱) مسافر۔ (۲) عجیب چیزیں۔

غِربال کردن (ف) بہت ڈھونڈھنا۔ نہایت تفتیش کرنا۔

غِربان (ع) غراب کی جمع۔

غُربت (ع) پردیس میں ہونا۔ مسافرت۔

غَربلہ (ع) آٹا چھاننا۔

غَربی (ع) (۱) منسوب بہ غرب۔ مغربی (۲) ایک قسم کا سُرخ رنگ (۳) کھجور کی شراب۔

غَرپیلہ (ف) ناز۔ نخرہ۔

غَرث (ع) بھوک۔ گرسنگی۔

غَرثان (ع) بھوکا۔ گرسنہ۔

غَرچک (ف) نادان۔ احمق۔ بے وقوف۔

غَرچہ (ف) (۱) احمق۔ نادان (۲) بے غیرت۔ دیوث۔ نامرد۔ بے حمیّت۔

غِرد (ع) پرندہ کا چہچہانا۔

غَردہ (ف) تانگہ۔

غَردِل (ف) غر بمعنی زن فاحشہ اور دل سے مرکب ہے۔ نامرد۔ ڈرپوک۔ بودا۔

غَرَر (ع) (۱) خطر (۲) روشنی (۳) شرط جو کسی چیز کی خرید و فروخت میں کی جائے۔

غُرَر (ع) غرّہ کی جمع (۱) نئے چاند (۲) چاند کی پہلی تین راتیں (۳) پیشانی کی سفیدیاں (۴) کنیزکیں۔ بردے (۵) قوم کے سردار (۶) عمدہ اور بہتر چیزیں۔

غَرز (ع) (۱) کسی چیز کو گاڑنا۔ (۲) سوئی وغیرہ چبھونا۔

غَرس (ع) (۱) زمین میں درخت لگانا (۲) وہ درخت جو زمین میں لگا دیا گیا ہو۔

غَرس کَردَن (ف) پودا لگانا۔

غِرسس (ع) کالا کوا۔

غُرِش (ف) (۱) گرج۔ کڑک۔ (۲) غصّہ۔ قہر۔ غضب۔

غرش کردن (ف) کڑکنا۔ گرجنا۔

غِرش (ع) ایک مصری سکّہ کا نام جو اڑھائی آنہ کے برابر ہوتا ہے۔

غَرشیدَن (ف) گرجنا۔ کڑکنا (۲) غصّہ میں بھرنا۔ غضبناک ہونا۔

غَرَض (ع) (۱) ہدف۔ نشانہ (۲) مطلب۔ حاجت۔ مقصد۔

غرض آلود (ف) لالچی۔

غرض داشتن (ف) ذاتی نفع رکھنا۔

غرض رانی کردن (ف) طرف داری کرنا۔

غرض ورزیدن (ف) کاموں میں ذاتی منفعت کو ملحوظ رکھنا۔

غَرغَر (ف) رس کھینچنے اور ڈول نکالنے کی چرخی۔

غُرغُر (ف) (۱) وہ آدمی جس کے خصیے بڑھ گئے ہوں (۲) غصّہ کی حالت میں منہ میں بڑبڑانے والا۔

غرغر کردن (ف) زیر لب گنگنانا۔
غرغرہ (ع) (۱) کلی۔ منہ یا حلق میں پانی پھرانا (۲) دیگ کے جوش کی آواز (۳) وہ آواز جو موت کے وقت حلق سے نکلتی ہے (۴) وہ آواز جو گلا گھٹنے کے وقت حلق سے نکلتی ہے۔
غرغشہ (ف) شور و غل۔
غُرَف (ع) غرفہ کی جمع (۱) کھڑکیاں (۲) بالاخانے۔
غُرفہ (ع) (۱) دریچہ۔ کھڑکی (۲) بالاخانہ جو کوٹھے کے کنارہ پر ہو (۳) پانی کا ایک چلو۔
غَرق (ع) ڈوب جانا۔ فارسی میں رائے کے سکون سے مستعمل ہے۔
غَرِق (ع) غریق۔ ڈوبا ہوا۔
غرقاب / غَرقاب } (ف) آبِ غرق کا مقلوب (۱) گہرا پانی (۲) ڈوبا ہوا۔
غرقاب شدن (ف) پانی میں ڈوب جانا۔
غرقِ چشمۂ سیماب (ف) دنیا کے مال و دولت پر غرور کرنا۔ اترانا۔ مغرور ہونا۔
غرقِ چشمۂ قیر (ف) (۱) پانی میں ڈوبنا۔ ڈبکی لگانا۔ غوطہ لگانا (۲) سورج کا غروب ہونا (۳) دنیا کے مال و دولت میں مستغرق ہونا۔
غرق در دریائے فکر (ف) خیالات کے سمندر میں ڈوبا ہوا ہے۔
غرقات شدن (ف) ڈوب جانا۔
غرق کشیدن (ف) پورا پورا کھینچ لینا۔
غرقہ (ف) ڈوبا ہوا۔
غرقی (ع) پانی میں ڈوبی ہوئی چیز۔
غرقیٰ (ع) غرق کی جمع۔ غریق۔ ڈوبے ہوئے۔
غرم (ع) غضب۔ غصہ۔ قہر۔
غرم (ف) پہاڑی بھیڑ۔ گوسفند کوہی۔
غُرم / غُرم } (ع) وہ چیز جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ تاوان۔ قرض۔
غرمان (ف) غصے میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔
غُرمچ (ف) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور گھی اور چینی سے بنایا جاتا ہے۔
غرمندہ / غرمیدہ } (ف) غصہ میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔
غرن (ف) گریہ۔ نوحہ۔ نالہ۔
غرناطہ (ع) گرناڈا جو ملک سپین کا ایک مشہور شہر ہے۔
غرنبیدن (ف) شور کرنا۔
غرندہ (ف) شور کرنے والا۔ کڑکنے والا۔
غرنگ (ف) گریہ۔ زاری۔ نالہ کی آواز۔

غُرنوق / غُرنیق } (ع) کلنگ یا کلنگ کی قسم کا سیاہ رنگ اور دراز گردن آبی پرندہ (۲) ایک بت کا نام (۳) خوبصورت۔ نازک اندام۔ گورا جوان۔
غَرو (ف) کلک وغیرہ جس سے قلم بناتے ہیں (۲) بجانے کی بانسری (۳) قلم۔ خامہ۔
غُروب (ع) سورج یا چاند کا ڈوبنا۔
غروبِ اقبال (ف) بدبختی۔
غروب شدن (ف) ڈوب جانا۔
غُرور (ع) (۱) گھمنڈ (۲) فریب (۳) فریب دینا۔
غَرور (ع) (۱) دواؤں کا پانی جس سے غرغرہ کیا جاتا ہے۔ (۲) دنیا (۳) فریب دینے والا (۴) شیطان۔
غرویزن (ف) پرویزن۔ چھلنی۔ غربال۔
غَرّہ (ع) (۱) فریفتہ ہونا (۲) غرور کرنا۔
غُرّہ (ع) (۱) بہتر۔ عمدہ چیز (۲) گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ جو ایک درم کے برابر ہوتی ہے (۳) چاند کی پہلی تاریخ (۴) سردار۔
غِرّہ (ع) ناتجربہ کاری۔ غفلت۔ بے خبری۔
غرہ بودن بر چیزے (ف) کسی چیز پر غرور کرنا۔
غَریب (ع) (۱) عجیب۔ نادر (۲) بیگانہ (۳) دور (۴) مسافر (۵) محتاج۔ مفلس۔
غریب الحدیث (ع) احادیث نبوی کی اصطلاحات اور لغات جو مرورِ زمانہ کی وجہ سے ناقابلِ فہم ہوگئی ہوں اور ان کی تفسیر ضروری ہوگئی ہو۔
غریبُ الدّیار / غریبُ الوطن } (ع) مسافر۔ پردیسی۔ بے وطن۔
غریب زادہ (ف) کنچنی کا بیٹا۔ بیسوا کا بیٹا۔
غریب نواز (ف) مہمان نواز۔ مسافروں اور اجنبی لوگوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔
غریبہ (ع) نادر اور عجیب چیز۔ عجیب شے۔
غریبی (ف) غربت۔ گھربار سے جدائی۔ پردیسی ہونا۔
غُریدن (ف) غرانا۔ خوف ناک آواز سے چلانا۔ زور سے فریاد کرنا۔ یا چلانا۔
غَریر (ع) (۱) خوش اخلاق۔ نیک خصلت (۲) تجربہ کار جوان (۳) ضامن۔
غریزہ (ع) فطرت۔ سرشت۔ طبیعت۔
غریزی (ع) منسوب بہ غریزہ۔ فطرتی۔ خلقی۔ انسان کے جسم کی طبعی حرارت کو حرارتِ غریزی کہتے ہیں۔
غریق (ع) غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا۔
غریقِ رحمت (ع) خدا کی رحمت میں ڈوبا ہوا۔
غریقی دست انداز دبکاہے (ف) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا کافی ہوتا ہے۔
غریم (ع) (۱) تاوان زدہ۔ قرض دار (۲) قرض خواہ۔

Marfat.com

غرین (ف) جنگل بیشہ ۔ شیر کی صفت میں آتا ہے جیسے شیر غرین یعنی شیر بیشہ جو بہت طاقتور ہوتا ہے۔
غریو (ف) غل ۔ شور ۔ غوغا ۔ فریاد ۔ چیخنے کی آواز۔
غریوان (ف) شور کرنے والا ۔ چلانے والا۔
غریو برآوردن (ف) شور و غل مچانا۔
غریویدن (ف) شور و غوغا کرنا ۔ فریاد کرنا۔

## غ ۔ ز

غز (ت) ترکوں کی ایک قوم کا نام جس نے سلطان سنجر کے عہد میں خراسان کو غارت کیا تھا۔
غزا (ع) جہاد ۔ کافروں سے جنگ کرنا۔
غزار (ع) دیوار کے گرداگرد ۔ درون منزل۔
غزارۃ (ع) افزونی ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔ بہتات۔
غزال (ع) (۱) ہرنوٹہ ۔ ہرن کا بچہ (۲) فارسی میں بمعنے ہرن (۲) سورج (۳) سورج کی شعاع۔
غزال (ع) رسی بیچنے والا۔
غزالہ (ع) (۱) ہرن کا مادہ بچہ (۲) فارسی میں بمعنی ہرنی (۳) سورج جب کہ اونچا ہو جائے۔
غزالی (ع) منسوب بہ غزالہ ۔ غزالہ کا رہنے والا ۔ مشہور و معروف عالم و فاضل اور صاحب حکمت امام محمد غزالی جن کی تصنیف سے احیاء العلوم منہاج العابدین ۔ کیمیائے سعادت وغیرہ مشہور کتابیں ہیں۔
غزل (ع) (۱) سوت (۲) رسی (۳) سوت کاتنا (۴) رسی بٹنا۔
غزل (ع) وہ کلام جس میں عورتوں کے حسن و جمال اور عشق و محبت کا ذکر ہو۔
غزل (ع) سوت کاتنا ۔ رسی بٹنا۔
غزل (ع) عورتوں کی باتیں اور ان کے عشق و محبت اور حسن و جمال کا ذکر کرنیوالا۔
غزل خدا حافظی خواندن (ف) الوداع کہنا۔
غزل خواں
غزل سرائے } (ف) شاعر ۔ غزل پڑھنے والا۔
غزل گو
غزلاغ (ف) چکارک۔
غزل سرا (ف) غزل گانے والا۔
غزل سرائی (ف) غزل گوئی۔
غزلیات (ع) غزل کی جمع ۔ غزلیں۔
غزنوی (ف) غزنی کا رہنے والا۔
غزنہ
غزنی } (ف) افغانستان کے ایک مشہور شہر کا نام جو قدیم زمانہ میں دارالسلطنت بھی رہا ہے اور محمود غزنوی کا مولد ہے۔
غزنین

غزوات (ع) غزوہ کی جمع ۔ لڑائیاں ۔ کفار کے ساتھ جنگیں۔
غزوہ (ع) جنگ ۔ کفار کے ساتھ لڑائی ۔ قرون اول کے اس جہاد کو غزوہ کہتے ہیں جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود شریک ہوئے۔

## غ ۔ ژ

غژ (ف) غژیدن کا امر ۔ چوتڑوں کے بل چل۔
غژ کردن (ف) جھنکارنا۔
غژب (ف) انگور کا دانہ۔
غژم (ف) انگور کا دانہ۔
غژیدن (ف) چوتڑوں کے بل چلنا۔

## غ ۔ س

غسا (ف) کچی کھجور ۔ کھجور کا دانہ۔
غسات (ع) کچا خرما۔
غساق (ع) پیپ ۔ زخموں کا دھوون۔
غساک (ف) عشق پیچہ جو مشہور بیل ہے۔
غسال (ع) (۱) غسل کرنے والا ۔ نہلانے والا (۲) دھوبی۔
غسال خانہ (ف) مردے کو نہلانے کی جگہ۔
غسالہ (ع) غسال کی تانیث ۔ نہلانے والی۔
غسالہ (ع) وہ پانی جس سے منہ ہاتھ یا جسم دھویا گیا ہو۔
غسان (ع) جذت جوانی ۔ ایک عرب قبیلے کا نام۔
غسانی (ع) غسانی قبیلے کا شخص۔
غسق (ع) اول شب کی تاریکی ۔ شروع رات کا اندھیرا۔
غسک (ف) کھٹمل۔
غسل (ع) دھونا۔
غسل (ع) وہ پانی جس سے کوئی چیز دھوئی جائے۔
غسل (ع) نہانا۔
غسلا (ع) غسیل کی جمع۔
غسلج (ف) ککڑی۔
غسلی (ع) غسیل کی جمع۔
غسل خانہ (ف) نہانے کی جگہ ۔ نہانے کا کمرہ ۔ حمام۔
غسلین (ع) (۱) پیپ (۲) زخموں کا دھوون (۳) دوزخ کے ایک چشمہ کا نام جس میں اہل دوزخ کی کثافتیں جمع ہوں گی (۴) پیپ اور گندہ پانی جو اہل دوزخ کے جسموں سے جاری ہوگا ۔ (۵) دوزخ کے ایک درخت کا نام۔
غسیل (ع) (۱) نہلایا ہوا (۲) دھویا ہوا ۔ (۳) کپڑوں کی دھلائی۔
غسیلہ (ع) غسیل کی مؤنث۔

Marfat.com

## غ - ش

غش (ف) عربی لفظ غشی کا مخفف - بے ہوشی - بے ہوش رہنا۔
غِش (ع) (۱) منافقت جو دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کرنا (۲) خیانت کرنا (۳) بیچنے کی چیز میں کھوٹ ملانا (۴) بغیر مطلب خیر خواہی نہ کرنا۔
غش (ع) (۱) بدباطنی (۲) کینہ - کدورت (۳) خیانت (۴) عیب - برائی (۵) کھوٹ۔
غُش (ع) (۱) منافق - بدباطن (۲) دغاباز - (۳) خیانت کرنے والا۔
غش کردن (ف) بے ہوش ہو جانا۔
غشا (ع) (۱) پوشش - پردہ (۲) زین پوش - زین کا غلاف (۳) باریک جھلی۔
غشّاش (ع) بڑا مکار - بڑا فریبی۔
غشی (ع) (۱) بے ہوش ہونا (۲) بے ہوش کرنا (۳) چھپانا - پوشیدہ کرنا (۴) چابک مارنا - کوڑا مارنا (۵) کسی کے پاس آنا۔ (۶) عورت سے جماع کرنا۔
غشیان (ع) عورت سے جماع کرنا۔
غشیان (ع) (۱) بے ہوش ہونا - ایک مرض کا نام جس میں مرد خود بخود بے ہوش ہو جاتا ہے۔

## غ - ص

غصاب (ع) غصب کرنے والا۔
غصب (ع) ظلم سے کسی کی چیز چھین لینا - زبردستی سے کسی کا حق دبا دینا - ناجائز قبضہ۔
غصبی (ع) مال حرام۔
غُصَص (ع) غصہ کی جمع - وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے - اچھو۔
غُصون (ع) غصن کی جمع - درخت کی ٹہنیاں۔
غُصّہ (ع) وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے - وہ رنج جس سے آدمی دل ہی دل میں گھٹ کر رہ جائے - خفگی - وہ خفگی جو کسی کے خوف سے ضبط کرے اور دل ہی دل میں گھٹ کر رہ جائے - اندوہ گلوگیر - اچھو - لفظ غصہ کا اطلاق خدا تعالٰی کے لیے جائز نہیں - بلکہ ایسے موقع پر غضب اور قہر استعمال ہوگا (۲) جدید فارسی زبان میں فکرمندی - غم - رنج - اور دکھ کے معنوں میں آتا ہے۔
غصہ خوردن (ف) غم کھانا۔
غصہ دادن (ف) کسی کو غمگین کر دینا۔
غصہ دار (ف) غمناک - اندوہگیں۔
غصہ کاہ (ف) غم واندوہ کم کرنے والا۔
غصہ گسار (ف) غم خوار - غمگین۔

## غ - ض

غض (ع) (۱) نگاہ نیچی کرنا (۲) آنکھوں کو بھینچ کر بند کرنا (۳) نرم اور دھیمی آواز سے بولنا (۴) خلافِ طبع امر کی برداشت کرنا - تحمل کرنا - (۵) چشم پوشی کرنا - (۶) تروتازہ۔
غضّ (ع) تازہ - تروتازہ - نازک شگوفہ - تازہ گرد - مسکراتا ہوا۔
غضات (ع) جنڈا کا درخت جس کی لکڑی کی آگ دیر تک رہتی ہے۔
غضارت (ع) نعمت - خوشحالی۔
غضاضہ (ع) تروتازگی۔
غضان (ع) پس خوردہ طعام - جھوٹا کھانا۔
غضب (ع) (۱) قہر - غصہ - خفگی - رنج (۲) ناراض ہونا - غضبناک ہونا۔
غضب (ع) بڑا غضب ناک آدمی۔
غضب آلود (ف) خشمناک - خشمگین۔
غضبان (ع) قہر اور غصہ میں بھرا ہوا آدمی - غضب ناک - خشم ناک - فارسی والے اس پتھر کو بھی کہتے ہیں - جو منجنیق سے دشمن پر پھینکا جاتا ہے۔
غضب انگیز (ع) غصہ دلانے والا۔
غضبانہ (ع) غضبان کی مؤنث - غضب ناک عورت۔
غضب ناک (ع) خشم ناک - قہر آلود - غصہ میں بھرا ہوا۔
غضروف (ع) نرم ہڈی - چپنی ہڈی۔
غضن / غضن (ع) سلوٹ - شکن۔
غضنفر (ع) شیر - درندہ - شیر نر - شیر ببر۔
غضوب (ع) بڑا غضب ناک۔
غضیض (ع) (۱) تروتازہ (۲) نازک کلی۔

## غ - ط

غطاء (ع) ڈھکنا - پردہ پوشش۔
غطاء الطاولہ (ع) میز پوش۔
غطریف (ع) سردار بزرگ - شریف (۲) جواں مرد۔
غطش (ع) نظر کی کمزوری - ضعف بصر۔

Marfat.com

غبطی (ع) ڈھانپنا۔

غطیط (ع) خراٹا۔ خراٹے مارنا (۲) وہ آواز جو گلا گھونٹنے کے وقت یا ذبح کرتے وقت حلق سے نکلتی ہے۔

## غ - ف

غفّار (ع) بڑا بخشنے والا۔

غُف (ف) گھونگریالے بال۔

غفر (ع) ڈھانپنا۔ چھپانا (۲) بخشنا۔ گناہ بخشنا۔ (۳) اسباب کو چھپا کر رکھنا (۴) بالوں میں خضاب لگانا (۵) گروہ۔ جماعت (۶) چاند کی پندرھویں منزل۔

غُفران (ع) بخشش۔ گناہ معاف کرنا۔

غفص (ع) دل دار۔ موٹا۔ بھدّا۔

غفلت (ع) بے خبری۔ بھول چوک۔ چوک جانا۔

غفلت پیشہ } (ف) غافل۔ بے خبر۔
غفلت زدہ
غفلت شعار
غفلت کار

غفور (ع) بڑا بخشنے والا۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔

غفور الرّحیم (ع) بخشنے اور رحم کرنے والا۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔

غُفول (ع) غافل ہونا۔ فراموش کرنا۔ یاد سے نکل جانا۔

غُفَّہ (ع) دن بھر کی خوراک۔ وہ جو برتن میں کھانا بچ جائے۔

غفیر (ع) (۱) چھپانے والا۔ بہت ڈھانپنے والا (۲) اتنا بڑا انبوہ جو زمین کو چھپا لے۔ اتنا بڑا ہجوم جو نظر کو روک لے۔ اتنا بڑا گروہ جس کے سوا کچھ دکھائی نہ دے (۳) لوہے کا خود جو تمام سر کو چھپا لے۔

غُفیلہ (ع) دو رکعت نفل نماز جو مغرب اور عشار کے درمیان پڑھتے ہیں۔

## غ - ک

غکس (ف) موٹا اور لپست آدمی۔

## غ - ل

غَل (ع) طوق پہننا۔

غُل (ع) (۱) لوہے کا طوق (۲) سنبل (۳) پیاس۔ پیاس کی شدت (۴) دل کی سوزش۔

غِل (ع) خیانت (۲) کدورت۔ کینہ۔

غُل جامعہ (ف) طوق کی ایک قسم جس میں ہاتھوں کو گردن سے باندھتے ہیں۔

غُل (ف) غلغل اور غلغلہ کا مخفف۔ شور۔ غوغا۔

غُل خوردن (ف) لڑھکنا۔

غُل دادن (ف) اینٹھنا۔

غلا (ع) نرخ کی گرانی۔ قحط۔ کال۔

غِلاب (ع) کسی پر غلبہ کرنا۔ کسی پر زیادتی کرنا۔

غلّاب (ع) بہت غلبہ کرنے والا۔

غلّات۔ غلّہ کی جمع۔ اناج۔

غُلات (ع) غالی کی جمع۔ سختی اور تشدد میں حد سے گزرنے والے۔

غِلاظ (ع) موٹا۔ دل دار۔ سخت۔ زشت۔

غِلاظت (ع) موٹائی۔ سختی۔

غلاف (ع) اوپر کا پردہ۔ پوشش۔ خول۔

غلاف کردن (ف) غلاف میں کرنا۔ تلوار کو نیام میں ڈالنا۔

غِلالہ (ع) بدن سے لگا رہنے والا کپڑا۔ زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔

غِلالہ (ف) معشوق کی زلف۔

غلام (ع) لڑکا۔ مجازاً نوکر۔ بندہ۔

غلامانہ (ف) غلاموں کی طرح۔

غلام بارہ (ف) لونڈے باز۔

غلام بارگی (ف) لونڈے بازی۔

غلام رکابی (ف) بادشاہ کے اردل کے آدمی۔

غلام فلک (ف) خلاف نشا کسی امر کے پیش آنے پر بولتے ہیں۔

غلام گردش (ف) (۱) برآمدہ۔ دالان جس میں نوکر چاکر بیٹھیں (۲) پردہ کی دیوار۔ وہ دیوار جو حرم سرائے اور دیوان خانہ کے درمیان حائل ہو۔

غَلبا (ع) وہ مقام جہاں بہت سے گھنے درخت آپس میں بالکل ملے جلے ہوں۔

غَلب (ع) دیکھو غلبہ۔

غَلبات (ع) غلبہ کی جمع۔

غَلبہ (ع) غالب ہونا۔ زبردستی۔

غَلبہ (ع - ف) (۱) جنگلی کوا (۲) سوراخ۔ موری اور خصوصاً وہ سوراخ جس سے باغ میں پانی جائے۔

غَلبیر (ف) چھلنی۔

غلت (ع) حساب میں غلطی کرنا۔ غلط کرنا۔ سہو کرنا۔

غلتبان (ف) (۱) دیوث۔ بے عزت۔ بھڑوا (۲) وہ لکڑی جسے نئی چھت کی مٹی بٹھانے کے لیے چھت پر پھیرتے ہیں۔

غلتاک (ف) گاڑی کا پہیہ (۲) لنڈوں کی جوتی۔

غلج (ف) سخت گرہ۔ وہ گانٹھ جو آسانی سے کھل نہ سکے۔

غلیج (ف) دروازہ بند کرنے کا سامان جیسے زنجیر۔ کنڈا۔ قفل وغیرہ۔

غلس (ع) آخر شب کی تاریکی۔ پچھلی شب کا اندھیرا۔

غلط (ع) خطا کرنا۔ حساب یا گفتگو میں غلطی کرنا۔ نادرست جو صحیح نہ ہو۔

غلطاق (ف) گرتہ۔ قمیص۔

Marfat.com

غَلَطُ الْعَام (ع)، وہ غلطی جسے سب استعمال کریں - وہ لفظ جسے بوجہ فصاحت تمام زباندانوں نے استعمال کیا ہو-

غَلَطُ الْعَوَام (ع)، وہ غلطی جو جہلا اپنی جہالت اور بے علمی کے باعث کرتے ہیں - اور وہ قابل سند نہیں ہوتی-

غَلطَان (ف)، لڑھکتا ہوا - لوٹتا ہوا-

غَلط انداز (ف)، بھول بھلیاں-

غَلطَاندن (ف)، لڑھکانا-

غلط بین (ف)، غلط دیکھنے والا - وہ شخص جو دیکھنے میں غلطی کرے-

غلطان وپیچان (ف)، بے تاب - بے قرار - متفکر-

غلط پندار (ف)، غلط سوچنے والا-

غلط دادن (ف)، غلطی میں ڈالنا - دھوکہ دینا-

غَلطک (ف)، (۱) گاڑی کا پہیہ (۲) کنویں کی چرخی (۳) کروٹ بدلنا-

غلط کار (ف)، غلطی کرنے والا - خطاکار-

غلط کاری (ف)، خطاکاری-

غلط کردن (ف)، (۱) گناہ کرنا - ارتکاب جرم کرنا (۲) ضائع کرنا-

غلط کردن کار (ف)، کام بگاڑ دینا-

غلط گیر (ف)، غلطی پکڑنے والا-

غلطیدن (ف)، (۱) لوٹنا (۲) کروٹ سے لیٹنا-

غِلَظ (ع)، غلیظ ہونا - موٹاپا - دلدارپن-

غِلظت (ع)، دَل - موٹائی - سختی - درشتی-

غُل غُل (ف)، بُلبُل کا چہکنا - پرندوں کا مستی میں شور کرنا-

غُل غُل کردن } اُبلنا - بُلبلے اُٹھانا-
غلغل زدن }

غلغلاج (ف)، ہوا میں کسی چیز کو زور سے پھینکنا-

غلغک کردن (ف)، گدگدانا-

غلغک (ف)، پانی پینے کا چھوٹا سا برتن-

غلغلہ (ف)، شور - غوغا - غل-

غلغلہ انداختن (ف)، تہلکہ مچا دینا-

غلغلیج } (ف)، گدگدی - کسی کی بغل وغیرہ میں اُنگلیوں سے
غلغلیجہ } کھجلا کر ہنسانا-

غُلغوتہ (ف)، گلگوتہ-

غَلف (ع)، کسی چیز کو غلاف میں کرنا-

غُلُف (ع)، غلاف کی جمع-

غَلق (ع)، کواڑ بند کرنا - دروازہ بند کرنا-

مِغلَق (ع)، کلیدان - وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے-

غَلَق (ع)، بند دروازہ - وہ دروازہ جو بند ہو-

غُلّک (ف)، کوزے کی شکل کا ایک برتن جس کے منہ پر چمڑا باندھ کر ایک سوراخ رکھتے ہیں - اور اس میں محصول کا روپیہ پیسہ ڈالتے ہیں - اسے غولک اور غلہ دان بھی کہتے ہیں-

غَلَل (ع)، جلن - سوزش - پیاس-

غُلَل (ع)، غلیل کی جمع - پیاسے-

غِلمان } (ع)، غلام کی جمع - لڑکے - فارسی میں واحد کے لیے
غِلمہ } مستعمل ہے - وہ غلام جو بہشت میں اہل جنت کی خدمت پر مامور ہوں گے-

غُلُو (ع)، (۱) ہاتھ کو جہاں تک بلند ہو سکے بلند کرنا (۲) حد سے گزرنا (۳) ہجوم (۴) اصطلاح علم معانی میں مبالغہ کی ایک قسم ہے - یعنی مبالغہ کو یہاں تک بڑھا دینا کہ عقل اور عادت دونوں کی رُو سے محال ہو-

غُلُو (ف)، شور - غل - غوغا-

غلو کردن (ف)، مبالغہ کرنا - حد سے گزرنا-

غَلُول (ع)، ایسا زود ہضم کھانا - جسے بوڑھا اور کمزور بھی ہضم کر سکے-

غُلُول (ع)، غنیمت میں خیانت کرنا (۲) درخت میں بہتا ہوا پانی-

غُلولہ (ف)، غلہ - گولی - گلولہ-

غَلَہ (ف)، اضطراب - بے قراری - بے چینی-

غَلَہ } (ف)، فلک کا مرادف-
غلہ دان }

غَلہ دان (ف)، زمین-

غَلہ دان عدم (ف)، زمین-

غَلی (ع)، اُبلنا - جوش مارنا-

غَلَیان (ع)، جوش - جوش مارنا - اُبلنا - فارسی میں لام کے سکون سے بھی مستعمل ہے-

غِلیان (ف)، قلیان - حقہ-

غلیان کردن (ف)، اُبلنا - بلبلے اُٹھانا-

غلیان کشیدن (ف)، حقہ پینا-

غلیتہ (ف)، ایک قسم کی گھاس ہے جس سے جوال یعنی گون کی قسم کی ایک چیز بنا کر اس میں روئی یا گھاس وغیرہ رکھتے ہیں-

غَلیث (ع)، گیہوں اور جَو ملے ہوئے - گوجی-

غَلیزن (ف)، حوض کے اندر کی کیچڑ-

غَلیظ (ع)، گاڑھا - موٹا - دَل دار (۲) ناپاک-

غلیظ القلب (ع)، سخت دل-

غلیفر } (ف)، معمار - گلکار - راج-
غلیگر }

غلیل (ع)، (۱) پیاس (۲) پیاس کی شدت (۳) دل کی سوزش-

## غ - م

غَم (ع)، دُکھ - رنج - اندوہ - فارسی میں بغیر تشدید استعمال ہوتا ہے-

غم آباد (ع)، غم خانہ - غم کدہ - غم و اندوہ کی جگہ-

Marfat.com

غم آشام (ف)، غم آلود - غمناک -
غم آلود (ف)، غمناک -
غم آلودگی (ف)، غمگینی -
غم آورد (ف)، غم لانے والا - غم آلود -
غما (ع)، وہ شخص جو بے ہوش ہو -
غماء (ع)، مکان کی چھت -
غمار (ع) کثرت - بہتات - انبوہی - زیادتی -
غماز (ع)، (۱) آنکھ سے اشارہ کرنے والا (۲) سخن چین (۳) طعنہ زن (۴) چغلخور -
غمازک (ف)، وہ لکڑی جو مچھلی کے کانٹے پر باندھی جاتی ہے - اور جب یہ لکڑی ڈوبتی ہے - تو معلوم کر لیتے ہیں کہ مچھلی کانٹے میں لگ گئی ہے -
غمازہ (ع)، غماز کی مؤنث - ناز نخرہ کرنے والی عورت یا لڑکی -
غمازی (ف)، ناز نخرے سے کام لینا -
غماض } (ع)، اونگھنا -
غماش }
غمام (ف)، ابر مردہ - اسفنج -
غمام (ع)، غمامہ کی جمع - ابر - بادل -
غمامہ (ع)، بادل - ابر -
غمان (ف)، غمگین - غمناک - رنجیدہ -
غمان آمیغ (ف)، وہ شخص جس کو غم لگ گیا ہو -
غم انگیز (ف)، اندوہ ناک -
غمائم (ع)، غمامہ کی جمع - بادل - ابر -
غم بادہ (ف)، ایک مرض ہے جو غم کے باعث لاحق ہوتا ہے -
غم پرست (ف)، وہ شخص جو غم کو پسند کرے -
غمچہ (ف)، (۱) جھوٹا پانی - جرعہ -
غمخوار (ف)، ہمدرد - دوست - یار -
غم خواراں را غم مید ہد سے خواراں را مے (ف)، خدا شکر خورے کو شکر دیتا ہے -
غم خواری (ف)، ہمدردی -
غم خواری کردن (ف)، ہمدردی کرنا -
غم خوردن (ف)، غم کھانا -
غم خورک (ف)، بوتیمار - بگلا -
غمد (ع)، تلوار یا چھری کا میان - نیام -
غمدان (ف)، (۱) دنیا (۲) نیشاپور کی ایک عظیم الشان عمارت کا نام جو خلفائے عباسیہ کے عہد میں گرادی گئی تھی -
غمر (ع)، (۱) بہت پانی (۲) پانی کا کسی چیز کو ڈھانپ لینا (۳) پیاسا ہونا (۴) سخی - جوان مرد (۵) کینہ کرنا -
غمر (ع)، (۱) پیاس (۲) کینہ -
غمر (ع)، احمق - نادان - ناتجربہ کار (۲) زعفران -
غمرات (ع)، غمرہ کی جمع (۱) آدمیوں کی کثرت (۲) سختیاں -

غمرہ (ع)، سختی -
غمز (ع)، (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا - آنکھ مارنا (۲) خوب بھینچنا - خوب نچوڑنا (۳) بہتان باندھنا تہمت لگانا (۴) انگلی سے دبانا (۵) سخن چینی (۶) چغل خوری -
غمزدگی (ف)، غمگین ہونا - غمزدہ ہونا -
غمزدہ (ف)، دکھیا - غمگین - غمناک -
غمزہ (ع)، (۱) آنکھوں یا بھوؤں کا اشارہ (۲) معشوق کا آنکھ یا ابرو سے اشارہ کرنا (۳) خوب نچوڑنا - خوب بھینچنا -
غمزۂ سرتیز (ف)، خوشی - نیک معاش ہونے کی خوشی - خوش طبعی -
غمزۂ گل (ف)، خندہ گل - پھول کا کھلنا -
غمزۂ لاجوردی (ف)، کرشمہ - ناز و انداز -
غمس (ع)، (۱) ستارہ کا ڈوبنا (۲) پانی میں ڈوبنا -
غمص (ع)، آنکھ کا چیپڑ -
غمص (ع)، (۱) گڑھا (۲) پست زمین (۳) کلام کا پیچیدہ اور دور از فہم ہونا -
غم کدہ (ف)، (۱) غم کا گھر - مصیبت کا گھر (۲) دنیا -
غمگسار (ف)، غمخوار - دوست - یار - غم دور کرنے والا -
غمگساری (ف)، غمخواری - ہمدردی - غم دور کرنا -
غمگسل (ف)، غمزدہ -
غمگین } (ف)، غم زدہ - دکھیا - جسے کوئی غم ہو -
غمناک }
غم نامہ (ف)، وہ خط جو غم و اندوہ بیان کرے - نامۂ غم انگیز - دکھ بھرا خط -
غم نشان (ع)، غم و اندوہ سے تسکین دینے والا -
غم مرگ برادر را برادر مردہ می داند (ف)، دکھی انسان دوسرے دکھی انسان کے دکھ کو سمجھتا ہے دوسرا نہیں سمجھ سکتا -
غموس (ع)، جھوٹی قسم - جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائی جائے -
غموضہ (ع)، کلام کا پیچیدہ اور ذو معنی ہونا -
غموم (ع)، غم کی جمع -
غمہ (ع)، (۱) غم - اندوہ (۲) پوشیدہ چیز - مشتبہ اور پوشیدہ کلام (۳) دریا اور ریشے کی تہہ -
غمی (ف)، غمگین - اندوہگین -
غمی شدن (ف)، غمگین ہونا -
غمی (ع)، بے ہوش ہونا - بے ہوشی -
غمیس (ع)، ظلمت - تاریکی - اندھیری رات -
غمین (ف)، غمگین - غمناک - رنجیدہ -

## غ - ن

غناء (ع)، نفع - فائدہ - سود -

Marfat.com

غناء (ع) راگ ۔ راگ گانا ۔ نغمہ سرود ۔
غِنا (ع) تونگری ۔ دولت مندی ۔ بے نیازی ۔ بے پروائی ۔
غنّا (ع) وہ جگہ جس میں کسی چیز کی کثرت ہو ۔
غنائم (ع) غنیمت کی جمع ۔ لوٹ کے مال ۔
غُنج (ع) معشوق کا ناز و کرشمہ (۲) آنکھ اور ابرو کا اشارہ ۔
غُنج (ع) (۱) ناز و کرشمہ (۲) چشم و ابرو کا اشارہ (۳) ناک (۴) گلگونہ (۵) گوبی ۔ بوری ۔
غُنج زدن دل (ف) کسی چیز کی ہوس کرنا ۔ دل کا مسرور ہونا ۔
غنجار / غنجارہ (ف) ناز و کرشمہ (۲) گلگونہ جو عورتیں زیبائش کے لیے چہرہ پر لگاتی ہیں ۔ ابٹنا ۔ غازہ ۔
غنجال (ف) (۱) ہر قسم کا کھٹا پھل (۲) ایک خاص قسم کا ترش میوہ ۔
غنجرش / غنجرک (ف) مینڈک ۔ غوک ۔
غنج مرش / غنج موش (ف) مینڈک ۔ غوک ۔
غُنچہ / غُنجہ (ف) کلی ۔ بغیر کھلا ہوا پھول ۔ بن کھلا پھول ۔ یہ لفظ جیم عربی سے زیادہ فصیح و صحیح ہے ۔
غنچہ آب (ف) بلبلا ۔ حباب ۔
غنچۂ ارغوان (ف) آگ کی چنگاری ۔ دہکتا ہوا کوئلہ ۔
غنچہ بستن (ف) کلی پیدا کرنا ۔ غنچہ پیدا کرنا ۔
غنچۂ پیشانی / غنچۂ خاطر / غنچۂ دل (ف) تنگ دل ۔ ناراض ۔ بد دماغ ۔ ترش رُو ۔ منقبض ۔ مکدر ۔
غنچۂ دہاں (ف) تنگ دہن محبوب ۔
غنچہ شدن (ف) جمع ہونا ۔ اکٹھے ہونا ۔
غنچۂ لب (ف) غنچے جیسے ہونٹوں والا محبوب ۔
غُند / غُندِ (ف) (۱) جمع کیا ہوا ۔ اکٹھا کیا ہوا ۔ (۲) زہریلی لکڑی ۔
غندہ زود (ف) نیفری ۔
غنم (ع) بکری ۔
غنود (ف) غنودن کا فعل ماضی ۔ اونگھ ۔
غنودگی (ف) اونگھ ۔ خمار ۔ نیند ۔
غنودن (ف) اونگھنا ۔
غُنّہ (ع) ناک میں بولنے کی آواز ۔
غنی (ع) تونگر ۔ دولت مند ۔ بے پروا ۔ بے نیاز ۔
غنی و محتاج (ف) امیر غریب ۔
غنیت (ع) تونگری ۔ دولت مندی ۔ بے نیازی ۔
غنیم (ع) (۱) لوٹنے والا ۔ لٹیرا (۲) دشمن ۔
غنیمت (ع) (۱) لوٹ (۲) لوٹ کا مال (۳) کفار سے لوٹا ہوا مال (۴) فارسی میں مُفت اور بغیر مشقت کے مل ہوئی چیز کے لیے مستعمل ہے ۔
غنیمت شمردن (ف) غنیمت جاننا ۔
غنیمت کشاں (ف) غنیمت کا مال اُٹھا کر لے جانے والے اور اس کی حفاظت کرنے والے ۔

## غ ۔ و

غو (ف) کڑی آواز ۔ بلند آواز ۔ چیخ ۔ کڑاک ۔ گرج ۔ نقارہ کی آواز ۔ کرنا کی آواز ۔
غوادر (ع) بے وفا عورتیں ۔
غوادی (ع) غادیہ کی جمع ۔ صبح کے وقت کی گھٹائیں ۔ صبح کے بادل ۔
غوارب (ع) کندھے ۔
غواشی (ع) غاشیہ کی جمع (۱) پردے (۲) زین پوش (۳) خیمے (۴) سائل لوگ (۵) زیارت کرنے والے (۶) بے ہوش کرنے والے (۷) اندرونی بیماریاں ۔
غوّاص (ع) (۱) غوطہ زن ۔ ڈبکیا (۲) موتی نکالنے کے لیے دریا میں غوطہ مارنے والا ۔
غوام (ع) پیشانی اور گدی کو گھیرنے والے بال ۔
غوامض (ع) غامض کی جمع (۱) نکتے ۔ دقیق باتیں کلام کی پوشیدگیاں (۲) گڑھے ۔ پست زمینیں ۔
غوائل (ع) غائلہ کی جمع ۔ ناگہانی آفتیں ۔ حوادث ۔ سختیاں ۔ مصیبتیں ۔ تکالیف ۔
غوایت (ع) گمراہی ۔
غوجک (ف) ایک قسم کی گھاس جس سے کپڑے صاف کیے جاتے ہیں ۔
غوزت (ف) (۱) گوپیا ۔ فلاخن (۲) غوطہ ۔ ڈبکی ۔
غوتہ (ف) غوطہ ۔
غوث (ع) (۱) فریادرس (۲) فریاد ۔
غوثِ اعظم (ع) مراد شیخ عبدالقادر جیلانی ہیں ۔
غوچ (ف) مینڈھا ۔ میش نر ۔
غوچہ (ف) تاج خروس ۔ مرغ کی کلغی ۔
غوچی (ف) چھوٹا گڑھا ۔
غور (ع) (۱) ہر چیز کی گہرائی اور تہہ ۔ گہراؤ ۔ عمق تھاہ ۔ (۲) پست زمین (۳) نیچے جانا (۴) فائدہ پہنچانا (۵) دیت دینا (۶) مجازاً فکر ۔
غَور / غُور (ف) افغانستان میں قندھار کے قریب ایک ولایت کا نام ہے ۔ ہندوستان کے مشہور فاتح شہاب الدین محمد غوری کا مولد ہے ۔
غور (ف) ہیجڑا ۔ مخنث ۔
غورش دادن (ف) نگل جانا ۔

Marfat.com

غور رسی کردن (ف) چھان بین کرنا۔
غورگی (ف) نارسی ہونا۔ خام ہونا۔
غورگاہ (ف) جائے غور۔ محل غور۔
غورنگس (ف) سبز رنگ کی ایک مکھی۔
غورہ (ف) کچا اور ترش انگور۔
غورہ افشردن (ف) (۱) رلانا (۲) غالب ہونا (۳) رشک کرنا (۴) کسی کے غم پر خوشی کرنا۔ حسد کرنا۔
غورہ درچشم کسے کشیدن (ف) کسی کی عیش منغص کرنا۔
غورہ نشدہ بخواہد مویز شود (ف) بچپن میں بڑائی اور بزرگی کا دعوے کرنا۔
غوزہ (ف) (۱) بند کلی (۲) روئی کا بن کھلا ڈوڈا۔
غوزہ آب (ف) حبابہ۔ پانی کا بلبلا۔
غوژہ (ف) غوزہ۔ کلی۔ غنچہ۔
غوش (ف) (۱) گوش۔ کان (۲) کوتل گھوڑا (۳) مادر زاد برہنہ۔ ننگا (۴) گوبر۔ لید۔ مینگنیاں (۵) ایک قسم کی سخت لکڑی جس سے تیر۔ نیزے اور زین بنتے ہیں۔
غوشا (ف) (۱) خوشہ۔ گچھا۔ بشہ۔ بال (۲) لید۔ گوبر (۳) باڑہ جس میں بھیڑ۔ بکری۔ گائے۔ گدھا۔ گھوڑا۔ اونٹ وغیرہ رات بسر کریں۔
غوشاد (ف) (۱) گوبر (۲) جانوروں کے رات بسر کرنے کی جگہ (۳) قافلہ کے ٹھہرنے کی جگہ (۴) اونچا درخت (۵) جنوں کے رہنے کا مقام۔
غوشت (ف) برہنہ۔ ننگا۔
غوشہ (ف) خوشہ۔ جو یا گندم کا خشک شدہ خوشہ۔
غوص (ع) پانی میں غوطہ لگانا۔
غوطہ / غوطہ } ڈبکی۔ پانی کے اندر جانا۔
غوطہ زدن (ف) ڈبکی لگانا۔ غوطہ کھانا۔
غوغا (ف) شور۔ غل۔ فریاد۔
غوغا راہ انداختن (ف) شور و غل مچانا۔
غوغائیان گلبن (ف) بلبلیں۔
غوغائے سراسدگان (ف) (۱) تائب لوگ۔ توبہ کرنے والے (۲) پشیمانوں کی آہ۔
غوک (ف) مینڈک۔
غوک چوب (ف) گلی ڈنڈا۔
غول (ع) (۱) اچانک پکڑ لینا (۲) ہلاک کرنا (۳) درد۔ رنج و مشقت۔
غول (ع) چھلاوہ۔ جن کی ایک قسم جو جنگلوں وغیرہ میں رہتے ہیں اور طرح طرح کی شکلوں میں ظاہر ہوتے ہیں۔
غول (ف) (۱) گڑھا۔ غار (۲) جن (۳) حرامزادہ (۴) بہرا آدمی (۵) کان (۶) جوڑے (۷) سپاہ کا ہجوم۔
غول (ف) وہ لشکر جس میں اس کا سردار موجود ہو۔
غولانِ زمانہ (ف) بدسیرت لوگ۔
غولِ بیابانی (ف) چھلاوہ۔ جنگل کا چھلاوہ۔
غولِ بے شاخ و دُم (ف) بدشکل۔ بے سڈول اور آوارہ منش آدمی۔
غولِ سیہ / غولِ سیاہ } (ف) رات۔ شب تاریک۔
غولہ (ف) بے وقوف۔ احمق۔
غوی (ع) گمراہ۔ کج رو۔

## غ ۔ ی

غی (ع) (۱) گمراہی۔ دوزخ کے ایک مقام کا نام جسے وادی غی کہتے ہیں۔
غیاب (ع) غائب ہونا۔
غیاب (ع) غائب کی جمع (۱) غائب ہونے والے (۲) میدانِ جنگ سے غائب ہونے والے۔
غیابت (ع) (۱) غائب ہونا (۲) وہ چیز جو دوسری چیز کو چھپالے (۳) عمق۔ گہراؤ۔ دریا تا کنوئیں وغیرہ کی تہہ۔
غیاث (ع) (۱) فریادرس۔ فریاد کو پہنچنے والا (۲) وہ چیز جو رہائی کا باعث ہو۔
غیاض (ع) غیضہ کی جمع۔ جنگل۔ بیشہ۔ بن۔
غیاف (ع) لمبی۔ داڑھی والا۔
غیب (ع) (۱) پوشیدگی۔ آنکھ سے اوجھل ہونا۔ موجود نہ ہونا۔ (۲) شک۔ گمان (۳) پست زمین۔
غیب دان (ف) غیب کا جاننے والا۔
غیب گوئی (ف) پیش گوئی۔
غیبت (ع) پس پشت کسی کا عیب بیان کرنا۔ پیٹھ پیچھے یعنی عدم موجودگی میں کسی کو برا کہنا۔
غیبوبت (ع) (۱) آنکھ سے اوجھل ہونا (۲) جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔
غیبہ (ف) ترکش۔ تیردان۔
غیبی (ف) غیب سے متعلق۔
غیث (ع) باران۔ بارش۔ مینہ۔
غید (ع) نازک اور خوبصورت ہونا۔
غید (ع) غیدا کی جمع۔
غیدا (ع) نازک اور خوبصورت عورت۔
غیداقی (ف) غیداق کا تیر جو پتھر کو بھی توڑ دیتا ہے۔
غیر (ع) سوا۔ اور۔ کچھ۔ جو وہی نہ ہو۔ علیحدہ چیز۔

Marfat.com

غیرت (ع) (۱) اشک - شرم (۲) شرم کرنا - رشک کرنا (۳) بیگانہ ہونا۔ ناآشنا ہونا - اجنبی ہونا۔
غیرتِ چمن
غیرتِ حور
غیرتِ گل
غیرتِ گلزار
(ف) وہ جسے دیکھ کر - باغ - حور اور پھول بھی شرمندہ ہوں - معشوق - محبوب۔
غیرت داشتن (ف) حمیت کا ہونا۔
غیرتی (ف) باغیرت۔
غیر ذالک (ع) اس کے سوا - اور۔
غیر رسمی (ف) معمولی۔
غیر عادی (ع) ضروری - غیر معمولی۔
غیر لازم (ع) بدنام - گمنام - نامعقول۔
غیر متناہی (ع) جس کی انتہا نہ ہو - بے حد۔
غیر مرتب (ع) بے ترتیب۔
غیر مرئی (ع) نادیدہ - جو نظر نہ آسکے۔
غیر مستعمل (ع) جو استعمال نہ ہوا ہو - نیا - تازہ۔
غیر مستقیم (ع) جو سیدھا نہ ہو۔
غیر مسکوک (ع) بغیر سکہ کیا ہوا سونا یا چاندی۔
غیر ملفوظ (ع) جس کا تلفظ ادا نہ ہو۔
غیر مکرر (ع) وہ شے جو پہلے کبھی نہ دیکھی ہو - اجنبی - بے نظیر - لاثانی۔
غیر منقولہ (ع) غیر متحرک - ناقابلِ انتقال۔
غیر منکوحہ (ع) جس کا نکاح نہ ہوا ہو۔
غیر نظامی (ف) سول۔
غیر واقع (ع) (۱) خلافِ دستور (۲) جھوٹ (۳) ناشائستہ۔
غژیدن (ف) سرین یعنی چوتڑوں پر چلنا۔

غیش (ف) بڑا غم واندوہ - بدحالی۔
غیض (ع) (۱) پانی کا گھٹ جانا (۲) قیمت کا گھٹ جانا (۳) شرفاء کا نایاب ہونا (۴) تھوڑا پانی (۵) تھوڑی بخشش (۶) جنگل۔
غیض (ع) شگوفہ۔
غیضہ (ع) بن - جنگل - صحرا و دشت۔
غیظ (ع) سخت غصہ - نہایت خشم۔
غیظ و غضب (ف) سخت غصہ اور ناراضگی۔
غیف (ع) پرندوں کا گروہ - جھلڑ۔
غیل (ع) جنگل - بیابان - صحرا - نیستان۔
غیلان (ع) غول کی جمع - دیو - جن۔
غیم (ع) گھٹا - بادل - ابر۔
غین (ع) (۱) ابر - بادل - آسمان کو چھپا لینے والا بادل (۲) سیاہی تیرگی - اندھیری (۳) جنگل - اس لیے کہ جنگل کو فارسی میں ہزار کہتے ہیں - اور ہزار عدد غین کے ہیں - (۴) ایک حرف تہجی۔
غیوب - غیب کی جمع - آنکھوں سے اوجھل۔
غیور (ع) بڑا باغیرت - بہت رشک کرنے والا۔
غیوران (ف) اہلِ سلوک - سالک لوگ۔
غیورانِ شب (ف) شب بیدار لوگ۔
غیوم (ع) غیم کی جمع - بادل - گھٹائیں۔
غیہ زدن — فریاد کرنا۔
غیہ کشیدن — شور مچانا۔
غیہب (ع) (۱) تاریکی - اندھیرا (۲) تاریک رات - اندھیری رات (۳) سیاہ گھوڑا (۴) کند ذہن - بے وقوف (۵) گدھا۔

Marfat.com

# ف

ف - فارسی حروف تہجی کا تیئیسواں اور عربی کا بیسواں حرف - بحساب جمل اس کے اسّی عدد مقرر ہیں۔

## ف - ا

ف } (ف) (١) با اور بہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے فا او
فا } گفت - فا اور فت بمعنی با او گفت اور با اور فت (٢) شرمیلا
شرگیں - محجوب۔

فابریقہ (ع) فیکٹری - کارخانہ - جہاں کلیں ہوں۔

فابریک (ف) بنا ہوا کپڑا۔

فابور (ع) جہاز۔

فات و مات شدن (ف) نیست و نابود ہونا۔

فاتح (ع) (١) کھولنے والا (٢) مقدمہ کا فیصلہ کرنے والا (٣) فتح کرنے والا - جیتنے والا۔

فاتحہ (ع) فاتح کا مؤنث (١) کھولنے والی عورت (٢) کسی چیز کا دیباچہ (٣) شروع - اوّل - ابتدا (٤) قرآن شریف کی پہلی سورت کا نام (٥) مجازاً دعائے مغفرت۔

فاتحانہ (ف) کامیاب ہوکر۔

فاتحہ خواندن (ف) مُردے کے لیے بخشش کی دعا مانگنا۔

فاتحہ برائے کسے نہ خواندن (ف) کسی چیز سے قطعاً پروانہ کرنا۔

فاتحہ خواندن از چیزے (ف) کسی چیز سے ہاتھ دھو لینا۔

فاتحہ خیر (ف) دعائے خیر۔

فاتر (ع) (١) سست - زبون (٢) نیم گرم (٣) نیم گرم پانی۔

فاتر العقل (ع) خراب عقل والا - جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو۔ سڑی - پاگل۔

فاتر بین (ف) تخم سپند - تخم اسپند کا جلانا۔

فاتق (ع) پھاڑنے والا۔

فاتک (ع) بہادر - دلیر - شجاع۔

فاتن (ع) گمراہ کرنے والا - شیطان۔

فاتور (ف) نیم گرم پانی۔

فاتوریدن (ف) (١) بہت دور ہو جانا (٢) بھاگ جانا (٣) ایک طرف چلے جانا (٤) ایک طرف ہونا (٥) سیدھا ہونا۔

فاتوبین (ف) دیکھو فاتربین۔

فاتولیدن (ف) دیکھو فاتوریدن۔

فاتبہ (ع) بازاری عورت - رنڈی۔

فاجر (ع) (١) بدکار مرد - حرام کار - زانی (٢) گنہگار - (٣) نافرمان (٤) جادوگر (٥) مالدار۔

فاجرہ (ع) فاجر کی تانیث - حرام کار عورت۔

فاجع (ع) دردناک۔

فاجعہ (ع) مصیبت - آسیب - آفت

فاجور (ع) زانی - زناکار - گنہگار۔

فاجہ (ف) جماہی - جمائی۔

فاحش (ع) (١) زانی - بدکار (٢) بدی میں حد سے گزرنے والا۔ (٢) بڑی انجیل (٣) حد سے گزری ہوئی بدی۔

فاحشہ (ع) فاحش کی تانیث (١) زانیہ - بدکار عورت - زنا کرنے والی (٢) بدی - بڑا کام (٣) بے حیائی کا کام۔ (٤) سخت گناہ۔

فاحشہ خانہ (ف) بدکار عورتوں کا اڈہ۔

فاخِتہ (ع) مشہور پرندہ کا نام - فارسی والے بسکون خائے استعمال کرتے ہیں۔

Marfat.com

فاختہ خانہ (ف) قحبہ خانہ۔
فاختۂ ضرب (ف) اصولِ موسیقی کی ایک نوع کا نام جسے اصول فاختہ ضرب بھی کہتے ہیں۔
فاخِر (ع) (۱) فخر کرنے والا (۲) بہتر۔ عُمدہ۔ تحفہ۔ گراں مایہ۔
فاخرہ (ع) بیش قیمت اور عُمدہ چیز۔
فاخوری (ع) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمہار۔
فادزہر (ع) پادزہر کا معرب۔ رُوح کی محافظ اور زہر کے اثر کو زائل کرنے والی دوا۔
فادِم (ع) تاپنے کی ڈوری۔
فار (ع) فارہ کی جمع۔ چوہے۔ چوہیاں۔
فارابی (ف) منسوب بہ فاراب۔ فاراب کا رہنے والا۔ معلم ثانی ابونصر فارابی جو فاراب کا رہنے والا تھا۔
فارَۃ (ع) رندہ جو بڑھیوں کا اوزار ہے۔
فارِحَہ (ع) خوش طبع عورت۔
فارِد (ع) (۱) اکیلا۔ تنہا (۲) جُدا (۳) لاثانی۔ یکتائے زمانہ۔
فارِس (ع۔ ط) گھوڑے کا سوار۔ گھوڑے کا مالک (۲) دانا۔ صاحب فراست۔
فارس (ف) پارس کا معرب بھی ہے۔ ملکِ ایران کا دُوسرا نام۔
فارسی (ف) منسوب بہ فارس۔ فارس کی زبان جس کی سات قسمیں ہیں۔ (۱) فارسی (۲) پہلوی (۳) دَری (۴) ہَروی (۵) زابلی (۶) سکزی (۷) سغدی۔ ان میں سے پہلی تین اقسام تو زیادہ مستعمل ہیں۔ اور باقی چار بہت کم استعمال کی جاتی ہے۔
فارسیان (ف) ایرانی لوگ۔
فارع (ع) بلند و بالا۔ خوبصورت۔
فارغ (ع) خالی۔ بغیر کام۔ بے کار۔ بے فکر۔ آسودہ۔
فارغ البال (ع) فارغ دِل۔ فارغ الحال۔ بے فکر۔ نچنت۔ بے اندیشہ۔ جسے کوئی کام نہ ہو۔
فارغُ البالی (ع) بے فکری۔ چین۔ آسودگی۔
فارغ التحصیل (ع) جو پڑھ کر فارغ ہو چکا ہو۔
فارغُ الحال (ع) بے فکر۔ نچنت۔ آسودہ۔
فارغ خطی (ع) لادعوے اور آزادی نامہ۔ فارخطی۔
فارغ دِل (ف) آسودہ دِل۔
فارغ زیاں (ف) فارغ زی کی جمع۔ جو مرکب ہے۔ فارغ بمعنی بے کار اور زی امر زیستن سے (۱) نکمے آدمی (۲) فارغ اور بیکار زندگی بسر کرنے والے۔ فارغ البال لوگ۔
فارغ ساختن (ف) فارغ کرنا۔
فارغ شُدن (ف) فارغ ہونا۔ عورت کا بچے کو جنم دینا۔
فارِق (ع) فرق کرنے والا۔ جُدا کرنے والا۔ فاصل۔
فارَقلیط (ع) عبرانی لفظ پاراقلیط کا معرب ہے جس کے معنی احمدؐ ہیں۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمایا کہ خداوند تعالےٰ تمہیں دُوسرا رسول فارقلیط بخشے گا (انجیل۔ یوحنا۔ باب ۱۴۔ درس ۳)۔ گویا یہ پیشگوئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جن کا اسم مبارک احمد ہے جو بجنسہٖ عربی ترجمہ ہے فارقلیط کا۔
فارُوق (ع) (۱) دو چیزوں میں فرق کرنے والا۔ یعنی حق و باطل میں فرق کرنے والا (۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ دوم کا لقب ہے جو حق و باطل میں فرق کرنے والے تھے۔ اور اسی لیے انہیں فاروق عادل بھی کہتے ہیں۔
فارُوقِ اَعظم رضؓ (ع) حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ خلیفہ دوم کا لقب۔
فارُوقی (ع) منسوب بہ فاروق۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اولاد۔
فارِہ (ع) (۱) تیز رَو۔ تیز رفتار (۲) زیرک۔ عقل مند۔
فاریاب / فاریاد (ع) پاریاب کا معرب۔ نواح بلخ۔ ملکِ خراسان کے ایک شہر کا نام جو مشہور شاعر ظہیر فاریابی کا وطن ہے۔
فاژ / فاژہ (ف) جماہی۔ جمائی۔ انگڑائی۔
فاژیدن (ف) جماہی لینا۔
فاس (ع) کلہاڑا۔ کلہاڑی۔ تبر۔
فاسِخ (ع) فسخ کرنے والا (۱) تباہ اور فاسد کرنے والا (۲) تباہ اور فاسد ہونے والا (۳) بیع فسخ کرنے یعنی توڑنے والا (۴) ارادہ کا توڑنے والا۔
فاسِد (ع) بگڑا ہوا۔ خراب۔ تباہ۔
فاسد اخلاق (ع) اخلاق کو تباہ کرنے والا۔
فاسد شُدن (ف) بدبُودار ہونا۔
فاسد عقیدہ (ف) بے دین۔ بدعقیدہ۔
فاسِق (ع) بدکار مرد۔ گنہگار۔
فاسق داشتن (ف) بدکار عورت کا بدکار لوگوں سے تعلق رکھنا۔
فاسِقہ (ع) بدکار عورت۔ گنہگار عورت۔
فاش (ف) آشکارا۔ ظاہر۔
فاش کردن (ف) کھول دینا۔ ننگا کر دینا۔
فاش گفتن (ف) صریحًا بیان کر دینا۔ لگی لپٹی بغیر کہہ دینا۔
فاصِل (ع) (۱) جُدا کرنے والا (۲) دو چیزوں میں فرق کرنے والا۔
فاصِلہ (ع) (۱) فرق (۲) دُوری (۳) عرصہ میدان۔
فاضِل (ع) (۱) صاحبِ فضل۔ فضیلت والا (۲) دانا (۳) بزرگ۔ عالی مرتبہ (۴) عالم شخص (۵) زائد۔ بچا ہوا۔
فاضِلات (ع) وہ پانی جو نہر کے زیادہ بھر جانے کے باعث اس کے کناروں سے باہر نکلے۔
فاضلِ اَجل (ع) بہت بڑا فاضل۔ عالم ذی شان۔
فاضلہ (ع) فاضل کی تانیث (۱) صاحبِ فضل عورت۔ بزرگ عورت (۲) عطا۔ بخشش (۳) زیادہ افزوں۔
فاطِر (ع) (۱) خالق۔ پیدا کرنے والا (۲) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام۔

Marfat.com

فاطمہ (ع) (۱) وہ عورت جس نے دو سالہ بچہ کا دُودھ چھڑایا ہو (۲) سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا اسم مبارک جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زوجہ اور حضرت امام حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام کی والدہ تھیں۔

فاطمی (ع) حضرت فاطمہؓ سے منسوب۔

فاطن (ع) (۱) عقل مند ۔ دانا (۲) بزرگ ۔

فاعل (ع) فعل کرنے والا ۔ کام کرنے والا۔

فاعلِ حقیقی (ع) خداوند تعالیٰ۔

فاغر (ف) (۱) رائی (۲) چمپا کا پھول۔

فاق (ع) فوقیت لے گیا ۔ فائق ہوگیا۔

فاق (ف) (۱) تیر کا سوفار (۲) کمان کے چلّہ کا ڈورا جس میں تیر کے سوفار کو پھنسا کر کھینچا جاتا ہے۔

فاق خوردن (ف) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

فاقد (ع) (۱) گم کرنے والا ۔ مفقود کرنے والا (۲) وہ عورت جس کا شوہر یا بیٹا گم ہوگیا ہو۔

فاقدُ البصر (ع) جو نظر کھو بیٹھا ہو ۔ اندھا۔

فاقع (ع) بہت گہرا زرد رنگ۔

فاقہ (ع) بھوکا رہنا ۔ حاجت ۔ فقیری ۔ افلاس۔

فاقہ کش (ف) بھوکا رہنے والا۔

فاقہ مست (ف) فاقہ میں مست رہنے والا ۔ افلاس میں امیروں کی سی حرص کرنے والا۔

فاقہ و فقر (ف) غریبی و محتاجی۔

فاکر (ع) فکر کرنے والا۔

فاکولتہ (ف) فیکلٹی ۔ تعلیم کا شعبہ۔

فاکہ (ع) (۱) خوش (۲) خوش طبع ۔ ظریف

فاکہتہ (ع) پھل ۔ میوہ۔

فال (ع) شگون ۔ غیب کی بات۔

فال (ف) ایران میں دستور ہے کہ میوہ فروش اپنی دکان میں مختلف میووں کی چھوٹی چھوٹی چند ڈھیریاں لگا دیتے ہیں ۔ ان ڈھیریوں کو فال کہتے ہیں ۔ مثلاً ایک سیب ۔ ایک انار ۔ ایک امرود ۔ ایک عناب کی ڈھیری ہوگی ۔ اور گاہک ایسی ایک یا کئی ڈھیریاں خرید لیتا ہے۔

فال زدن (ف) فال لینا ۔ شگون لینا۔

فال فال کردن (ف) پھلوں کی قاشیں اور ٹکڑے بنا دینا۔

فال گر (ف) فال لینے والا ۔ فال نکالنے والا۔

فال گرفتن (ف) فال لینا۔

فال گیری کردن (ف) فال لینا۔

فالج (ع) ایک مرض کا نام جس میں انسان کا نصف بدن جوڑ اس میں ڈھیلا ۔ سست اور بے حس و حرکت ہو جاتا ہے ۔ ادھرنگ (۲) موٹے کوہان والا اونٹ ۔ مظفر و منصور۔

فالِ مُغرا (ف) قرآن شریف کی وہ فال جس میں کسی صفحہ کے شروع میں اللہ کا نام نکل جائے ۔ اس فال کو بہت مبارک خیال کرتے ہیں۔

فالق (ع) کسی چیز کا چیر کر یا پھاڑ کر نکالنے والا۔

فالگیر (ف) کوچہ و بازار میں فال نکالنے والا آدمی رمال۔

فالگر (ف) فال دیکھنے والا۔

فالودہ (ف) چاولوں کی جمی ہوئی پچھ یا نشاستہ کی بنی ہوئی چیز۔

فالوذ / فالوذج / فالوذق (ع) فالودہ کا معرب۔

فالیز (ف) جالیز ۔ خربوزوں کا کھیت۔

فالیز جہاں بہر خزاں آمدہ است (ف) دُنیا کے خزانوں پر بے ذوقوں کا قبضہ ہے۔

فالیُوس (ف) شاہترہ جو مشہور دوا ہے۔

فام (ف) (۱) رنگ (۲) شبیہ (۳) مانند (۴) خراسان کے ایک قصبہ کا نام۔

فام (ع) (۱) وام (۲) قرض (۳) دین۔

فاما (ع) کلمہ تفضیل ہے ۔ لیکن ۔ پس ۔ سو۔

فان (ع) مرنے والا ۔ فنا ہونے والا۔

فانوس (ع) (۱) نمّام ۔ سخن چین ۔ چغل خور (۲) لمپ کی چمنی شیشہ کا ظرف جس میں شمع جلاتے ہیں اور جو اپنی روشنی سخن چین کی مانند باہر ظاہر کرتی ہے۔

فانوس خیال / فانوس خیالی / فانوس گردان (ف) ایک قسم کا فانوس جس میں کاغذ کی تصویریں کاٹ کر لگاتے اور اس میں روشنی کرتے اور اسے چکر دیتے ہیں جس سے تصویریں بڑا لطف دیتی ہیں۔

فانہ (ف) (۱) پچر ۔ پھانا ۔ جو لکڑی چیرنے میں کام دیتی ہے (۲) لکڑی کی چٹخنی جو دروازہ کو مضبوط بند کرنے کے لیے چوکھٹ پر لگائی جاتی ہے۔

فانی (ع) (۱) فنا ہونے والا ۔ مرنے والا (۲) بہت بوڑھا۔

فانی بودن (ف) فنا ہونے والا۔

فانیذ (ع) پانیذ کا معرب (۱) مصری ۔ شکر سفید ۔ چینی (۲) ایک قسم کا حلوہ۔

فاوا (ف) (۱) رسوائی ۔ شرمندگی (۲) رسوا ۔ شرمندہ۔

فائت (ع) نیست و نابود ہونے والا۔

فائدہ (ع) نفع ۔ سود ۔ وہ چیز جو لی یا دی جائے۔

فائز (ع) (۱) مطلب کو پہنچنے والا ۔ کامیاب ہونے والا ۔ مراد پانے والا ۔ کامیابی حاصل کرنے والا (۲) فتح پانے والا (۳) چھٹکارا پانے والا ۔ رہائی حاصل کرنے والا۔

فائز شدن / فائز گردیدن (ف) کامیاب و کامران ہونا۔

فائز المرام (ع) مراد پانے والا ۔ مقصد کو پہنچنے والا ۔ مطلب حاصل کرنے والا ۔ کامیابی حاصل کرنے والا۔

Marfat.com

فائِض (ع) فیض پہنچانے والا - بہنے والا -
فائِض شدن (ف) فیضیاب ہونا - بہرہ مند ہونا -
فائِق (ع) (۱) بلند ہونے والا (۲) فوقیت رکھنے والا - بزرگی رکھنے والا - بہتر - برگزیدہ -
فائِق شدن } کامیاب ہونا -
فائِق گردیدن } کامران ہونا -
فئات (ع) فئۃ کی جمع - گروہ -

## ف - ب

فَبرائر (ع) فروری کا معرب - ماہ فروری - سنہ عیسوی کا دوسرا مہینہ -
فَبِہا (ع) پس اس کے ساتھ (۲) بہت خوب - بہتر اس پر راضی ہیں - ہمیں منظور ہے -

## ف - ت

فَت (ع) روٹی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا -
فتا (ع) (۱) جوان آدمی - جوان (۲) بہادر - شجاع (۳) جواں مرد - سخی (اس لفظ کو فتے بھی لکھتے ہیں -
فتاک (ع) بہت گستاخ اور دلیر -
فتات (ع) (۱) جوان عورت (۲) لونڈی - جوان -
فَتّاح (ع) (۱) کھولنے والا (۲) حاکم - حکم کرنے والا - (۳) اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام -
فُتادن (ف) گرنا - پڑنا (فا کے کسرہ سے غلط ہے)
فتاریدن } (ف) (۱) بکھیرنا (۲) اکھیڑنا (۳) چیرنا - پھاڑنا (۴) توڑنا (۵) جُدا کرنا - علیحدہ کرنا -
فتالیدن }
فتالندہ (ف) چیرنے پھاڑنے والا -
فتالیدہ (ف) چیرا پھاڑا ہوا -
فتّان (ع) (۱) فتنہ انگیز - فسادی - عام طور پر معشوق کی آنکھ کے لیے آتا ہے (۲) شیطان (۳) چور (۴) پیشہ ور - (۵) شعار -
فتاویٰ (ع) فتویٰ کی جمع - فتوے -
فَتّانہ (ع) نہایت خوبصورت عورت -
فتاویٰ (ع) فتویٰ کی جمع -
فتح (ع) (۱) کھولنا (۲) ملک تسخیر کرنا یا جیتنا (۳) کشتی کے ایک پیچ کا نام بھی ہے -
فتح اَلباب (ع) (۱) دروازہ کھولنا (۲) کاموں کی کشادگی (۳) موسم برسات کا شروع -

فتحہ (ع) زبر جو مشہور حرکت ہے - اور حرف کے اُوپر ترچھے اور چھوٹے سے خط کی شکل میں لکھی جاتی ہے - جیسے لفظ سر کے سین پر -
فتحہ کردن (ف) کسی حرف پر زبر ڈالنا -
فِتر (ع) (۱) انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان کی کشادگی - انگوٹھا اور اس کے ساتھ والی اُنگلی کا درمیانی فاصلہ (۲) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ -
فترات (ع) فترت کی جمع -
فتراک (ف) شکاربند - تسمہ - یعنی وہ تسمہ جو زین کے ساتھ آگے پیچھے لگا ہوتا ہے - اور جس میں شکار وغیرہ لٹکایا جاتا ہے -
فَترت (ع) (۱) سستی - ضعف (۲) دو پیغمبروں کے درمیان واقع ہونے والا زمانہ -
فَتَردن (ف) پھاڑنا - ٹکڑے ٹکڑے کر دینا -
فَتش (ع) تلاش کرنا - جستجو کرنا (۲) کھودنا -
فَتق (ع) (۱) کشادگی (۲) چیرنا - پھاڑنا - چاک کرنا (۳) ایک مرض کا نام جس کو فوتے بڑھ جاتے ہیں -
فتق بند (ف) کمربند کی ایک قسم جس کو فتق کی بیماری میں مبتلا لوگ کمر کے ساتھ باندھتے ہیں -
فتل (ع) بُننا - بٹنا -
فِتَن (ع) فتنہ کی جمع -
فِتنہ (ع) (۱) گمراہی (۲) گمراہ کرنا (۳) عذاب (۴) دیوانگی (۵) رسوائی (۶) کفر (۷) دیوانہ ہونا (۸) رسوا کرنا (۹) آزمائش (۱۰) حیرت - تعجب (۱۱) اولاد (۱۲) مال (۱۳) عاشق - فریفتہ (۱۴) معشوق - محبوب -
فِتنہ انگیختن (ف) فتنہ اُٹھانا -
فِتنہ بر چیزے شدن (ف) کسی پر عاشق ہونا -
فِتنہ پرداز (ف) فسادی - لڑائی جھگڑا کرنے والا -
فِتنہ جو (ف) فتنہ پرداز -
فِتنہ خیز (ف) وہ جگہ جہاں سے فتنہ وفساد اُٹھے -
فِتنہ در خواب است بیدارش مکن (ف) سوئے ہوئے فتنے کو سویا رہنے دو - اسے مت جگاؤ -
فِتنہ در زیر سر داشتن (ف) فتنہ وفساد برپا کرنا -
فِتنہ را از جائے بجائے بُردن (ف) دیکھو فتنہ از جائے بجائے بُردن -
فِتنہ را کمر کشادن (ف) شور و غوغا مٹا دینا -
فِتنہ زا } (ف) آفت اُٹھانے والا -
فِتنہ ساماں }
فِتنہ عالم (ف) دُنیا میں حشر برپا کرنے والا - معشوق -
فَتَّو (ف) (۱) مغرور (۲) عربدہ جو - جنگ جو -
فُتُوّت (ع) (۱) مروّت (۲) سخاوت - جوانمردی -
فُتوح (ع) (مصدر) کشائش -
فُتُوح (ع) فتح کی جمع - کشائشیں -

Marfat.com

فتوحات (ع) فتح کی جمع الجمع - یعنی فتوح کی جمع - کشائشیں۔
فتوداہ (ف) (۱) مغرور (۲) جنگ جُو۔
فتور (ع) (۱) سستی - سست ہونا (۲) مجازاً بُرائی - خرابی -
فتور کردن (ف) سستی کرنا - دھیما ہونا - پژمردہ کرنا۔
فتون (ع) (۱) فتنہ میں ڈالنا (۲) آزمانا - (۳) کسی چیز سے تعجب کرنا۔
فتوی (ع) شرع کا حکم - شرعی فیصلہ - فیصلہ -
فتوی دادن (ف) فتوے دینا -
فتے (ع) (۱) جوان - گبرو (۲) بہادر (۳) سخی -
فتےا (ع) ہر جوان مرد -
فتیا (ع) فتوے -
فتیان (ع) فتے کی جمع - جوانان -
فتیان (ع) (۱) دو جوان (۲) دن اور رات -
فتیر (ف) فطیر - بغیر خمیر کے آٹا یا روٹی -
فتیلہ (ع) بتی - ہر بٹی ہوئی چیز۔
فتیلہ گزاشتن (ف) بتی چڑھانا۔
فتیۃ (ع) جوان عورت -

# ف - ج

فج (ع) وہ کشادہ رستہ جو دو پہاڑوں کے درمیان ہو۔
فجح (ع) وہ شخص جس کے ہونٹ لٹکے ہوئے ہوں -
فج (ع) (۱) تربوز - ہندوانہ (۲) کچا پھل - خام میوہ
فجاء } فجاءۃ } فجاۃ } (ع) اچانک - یکایک - ناگاہ (۲) اچانک پکڑنا (۳) اچانک کسی کے پاس آنا۔
فجائع (ع) فجیعہ کی جمع - دردناک حادثات -
فجاجت (ع) ناپختگی - خامی - کچا پن -
فجار (ع) بڑا بدکار - بڑا فاجر۔
فجار (ع) فاجر کی جمع - بدکار لوگ - زانی لوگ -
فجر (ع) (۱) صبح - نور کا تڑکا (۲) پانی جاری کرنا (۳) زنا کرنا - (۴) گناہ کرنا۔
فجر (ع) (۱) مال و دولت (۲) بخشش - جود - سخاوت
فجرہ (ع) فاجر کی جمع - زانی لوگ - بدکار لوگ -
فجع (ع) تکلیف پہنچانا -
فجل (ع) سست ہونا -
فجل } فجل } فجل } (ع) مولی جو مشہور ترکاری ہے۔
فجور (ع) کمان سے چلّہ کا دُور ہونا -
فجور (ع) بدکار مرد - حرام کار - زانی -
فجور (ع) (۱) گناہ کرنا (۲) دین سے بے دین ہونا - حق سے باطل کی طرف پھرنا (۳) جھوٹ بولنا - (۴) زنا کرنا (۵) نافرمانی کرنا۔ (۶) نماز کا ضائع کرنا (۷) نظر یعنی بینائی کا کم ہونا - (۸) بیماری سے صحت پانا۔
فجیع (ف) دردناک - عربی زبان میں فاجع کہتے ہیں۔
فجیعت (ع) (۱) مصیبت - غم (۲) سخت درد -

# ف - ح

فحاش (ع) (۱) بڑا بدزبان (۲) بڑا بدکار۔
فحاشی (ع) فحش گوئی - عمل فحاشش -
فحاص (ع) بہت تفتیش کرنے والا - بہت کوشش کرنے والا۔
فحاشی کردن (ف) بک جھک کرنا -
فحام (ع) کوئلہ فروش - زغال فروش -
فحش (ع) (۱) بدکاری کا حد سے گزرنا (۲) گندہ کلام (۳) بُری بات (۴) زنا۔
فحش دادن (ف) بدزبانی کرنا۔
فحشا (ع) زنا - حرام کاری - بُرا کام۔
فحص (ع) ڈھونڈھنا - جستجو - تلاش کرنا۔
فحل (ع) (۱) نر - مذکر (۲) سہیل ستارہ -
فحل آمدن (ف) مادہ کا نر کی طرف مائل ہونا۔
فحم } فحم } (ع) زغال - کوئلہ -
فحم الحجر (ع) پتھر کا کوئلہ - زغال کانی -
فحوا (ع) (۱) مضمون (۲) مطلب - معنی -
فحول (ع) (۱) فحل کی جمع - نر -
فحولت (ع) مردانگی - نر ہونا - مرد ہونا -
فحوم (ع) کوئلے -
فحوائے (ع) (۱) مضمون (۲) مطلب - معنی -

# ف - خ

فخ (ع) پرندوں کا شکار کرنے کا ایک قسم کا پھندا -
فخار (ع) فخر کرنا - ناز کرنا -
فخار (ع) (۱) مٹی کا پکا ہوا برتن (۲) گھڑا (۳) ٹھیکری -
فخار (ع) بڑا فخر کرنے والا - بڑا ناز کرنے والا - بڑا گھمنڈ کرنے والا -
فخاری (ع) مٹی کے برتن بیچنے والا -
فخام (ع) ہوش اور باوقار -

Marfat.com

فخامت (ع) بلندی - بزرگی - مرتبہ - قدر (۲) موٹائی - موٹاپا۔
فخامت داشتن (ف) رعب و دبدبہ رکھنا - صاحب حُسن و جمال ہونا۔
فخت (ع) (۱) چاندنی - چاند کی چاندنی (۲) جال - دام - پھندا۔
فخذ } (ع) ران و جانگھ۔
فخذ }
فخر (ع) (۱) بزرگی - بڑائی (۲) ناز - گھمنڈ - غرور (۳) ناز کرنا۔
فخر داشتن (ف) اترانا۔
فخراج (ف) مشہور ہیرا کوہ نور کا نام جو شاہانِ مغلیہ کے ہاں سے نادر شاہ لے گیا - اور وہاں سے شاہانِ افغانستان کے ہاں پہنچا۔ مادر شاہ شجاع سے رنجیت سنگھ نے بڑے تشدد سے حاصل کیا - اور اس کے بعد شاہانِ انگلستان کے تاج میں جا ٹکا۔
فخر الدین رازی (ع) امام فخر الدین رازی جو بہت بڑے عالم و فاضل ہوئے ہیں - تفسیر کبیر - مطالب عالیہ وغیرہ ان کی کئی مشہور تصانیف ہیں - ان کا سلسلہ نسب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے - ۲۵ رمضان ۵۴۳ھ کو پیدا ہوئے شہاب الدین غوری کے عہد میں ان کا بڑا درجہ اور رتبہ تھا - جب کہیں سوار ہو کر جاتے تو تین سو شاگرد ساتھ ہوتے - یکم شوال ۶۰۶ھ کو ہرات کے مدرسہ میں فوت ہوئے۔
فخرِ خاندان (ف) وہ شخص جس کے باعث خاندان کو عزت اور بزرگی حاصل ہو۔
فخری (ف) ایک قسم کا انگور۔
فخریہ (ع) از روئے فخر۔
فخریہ کردن (ف) اترانا۔
فخفرہ (ف) گیہوں یا جَو کے آٹے کی بھوسی۔
فخم (ف) وہ چادر جو پھادر لوٹنے والے لاٹھیوں پر تانتے ہیں۔
فخم (ع) بزرگوار - گرامی قدر - بلند قدر - بلند مرتبے والا - فصیح بات۔
فخمیدہ (ف) وہ رُوئی جس سے بنولے علیحدہ کر دیے گئے ہوں۔
فخمیدن (ف) کپاس اوٹنا - روئی سے بنولے الگ کرنا۔
فخن (ف) باغ کا صحن - میان باغ۔
فخوخ (ع) فخ کی جمع - دام۔
فخور (ع) فخر کرنا - ناز کرنا - غرور کرنا۔
فخور (ع) فخر کرنے والا - ناز کرنے والا۔
فخیخ (ع) خراٹے لینا - خوشبو مہکنا۔
فخیم (ع) (۱) بزرگ مرتبہ (۲) ہر بزرگ شے۔

## ف - د

فدا (ع) (۱) سر بہا - وہ قیمت جو قیدی رہائی کے لیے ادا کرتا ہے - قیمت سر - قیمت جان - سر خریدہ (۲) بھینٹ - کسی کے عوض جان دینا (۳) جو چیز فدا کی جائے (۴) قربان - نثار۔
فداکار (ف) جاں نثار۔
فداکارانہ (ف) جاں نثار کرتے ہوئے۔
فداکاری کردن (ف) جاں نثاری کرنا۔
فدا کردن (ف) صدقہ دینا۔
فدّام } (ع) وہ چھوٹا سا کپڑا جو لوٹے وغیرہ پر پانی صاف کرنے کے لیے باندھا جاتا ہے۔
فِدام }
فدّان (ع) ہل کا جُوا - گاڑی کا جوا - بیلوں کی جوڑی۔
فدان (ف) انجیر۔
فدائی (ع) (۱) فدا ہونے والا - جاں نثار - جان قربان کرنے والا (۲) وہ شخص جو اپنی رغبت سے جان بوجھ کر ایسے امر کا مرتکب ہو جس میں جان کا خطرہ ہو (۳) عاشق۔
فدائیان (ف) فدا ہونے والے۔
فدرال (ف) فیڈرل۔
فدرنک (ف) لکڑی کی چٹخنی جو کواڑ کو مضبوط بند کرنے کے لیے چوکھٹ پر لگائی جاتی ہے۔
فدرہ (ف) وہ چٹائی وغیرہ جسے چھت پر ڈالا جاتا ہے۔
فدفد (ع) (۱) صحرا - جنگل (۲) ہموار زمین (۳) سخت زمین۔
فدوی (ع) فدا ہونے والا - قربان ہونے والا - کسی کے عوض جان دینے والا۔
فدی (ع) فدیہ دے کر قیدی کو چھڑا لینا۔
فِدی (ع) فدیہ کی جمع۔
فدیات (ع) فدیہ کی جمع۔
فدیہ (ع) (۱) سر بہا - وہ مال جو کسی کی مخلصی کے لیے ادا کیا جائے (۲) صدقہ۔
فدیہ تقسیم کردن } فدیہ ادا کرنا - تاوان دینا۔
فدیہ دادن }

## ف - ذ

فذالک (ع) بر وزن مَسالک "پس یہ اصطلاح علم حساب میں اس کے معنی ہیں" مسطورہ بالا رقموں کی میزان یہ ہے۔

## ف - ر

فر } (ع) (۱) شان و شوکت - دبدبہ - ٹیپ ٹاپ (۲) بلندی (۳) روشنی - نور (۴) زیبا (۵) زیبائی (۶) سیلاب (۷) پہ مد کا پَر۔
فرّ }

Marfat.com

فَر (ع) بھاگنے والا - گریزندہ -
فُر (ع) یہود کا کتب خانہ -
فَرا (ف) (۱) پہلے - آگے (۲) نزدیک (۳) پر - اُوپر (۴) بیں (۵)
دور (۶) درمیان (۷) بلند (۸) طرف - جانب (۹) کونہ - گوشہ -
یہ کلمہ بھی زائد آتا ہے -
فَراء (ع) گورخر
فَرا (ع) پوستین دوز - پوستین پہننے والا -
فرا آمدن (ف) سامنے آنا -
فرا آوردن (ف) ہاتھ میں لانا -
فرائد (ع) فرید اور فریدہ کی جمع - یکتا - انوکھے -
فرابُرز (ف) دارا کے ایک جرنیل کا نام -
فرات (ع) (۱) آبِ شیریں - میٹھا پانی (۲) ایشیائی روم کے ایک
مشہور دریا کا نام -
فراتر (ف) (۱) پیشتر - آگے (۲) نزدیک -
فراتہ (ف) بھان - روپیہ کا خردہ - ریزگاری -
فراجہ (ف) برقع -
فراخ (ف) کشادہ - وسیع - چوڑا (۲) بہت بسیار -
فراخا (ف) فراخ نائے کا مخفف (۱) کشادگی - فراخی (۲) فراخ
جگہ (۳) فراخ محل -
فراخ اَبرُو (ف) کھلے ابرُوں والا - ہنس مکھ - کشادہ رُو -
فراخ آستین (ف) جواں مرد - سخی -
فراخ بین (ف) سب کو ایک نظر سے دیکھنے والا -
فراختن (ف) اُونچا لے جانا - بلند کرنا -
فراخ حوصلہ (ف) متحمل - باوقار - بُردبار -
فراخ دامن } (ف) جواں مرد - سخی -
فراخ دست }
فراخ دہن (ف) (۱) بکواسی (۲) باتونی -
فراخ رفتن (ف) جلد جلد چلنا -
فراخ رَو (ف) (۱) تیز رَو - تیز رفتار (۲) فضول خرچ -
فراخ رُو (ف) ہنس مکھ - خوش خلق - کشادہ رُو -
فراخ سُخن (ف) (۱) باتونی - پُرگو (۲) بکواسی -
فراخ شلوار (ف) کاہل -
فراخ گوش (ف) ایسا شخص جو ایک کان سے سُنے اور دُوسرے
کان سے اُڑا دے -
فراخور (ف) لائق - شائستہ - سزاوار -
فراخوری (ف) (۱) لائق - شائستہ - سزاوار (۲) شائستگی - لیاقت - سزاواری
فراخ کندوری (ف) مہمان نواز -
فراخواندن (ف) بُلانا - واپس بُلانا -
فراخی (ف) (۱) وسعت - کشادگی (۲) آسودگی -
فراخیدن (ف) رونگٹے کھڑے ہونا -
فُرادٰے (ع) فرد کی جمع - ایک ایک - الگ - الگ -

فرادیس (ع) فردوس کی جمع - باغات - بہشت کے باغات
فِرار (ع) بھاگنا - دوڑنا -
فَرّار (ع) بڑا بھاگنے والا - بڑا دوڑنے والا -
فَرار (ع) چوپایہ کی عمر دریافت کرنے کے لیے اس کے دانت دیکھنا -
فرار بر قرار اختیار کردن (ف) جم کر لڑنے کی بجائے راہِ فرار
اختیار کرنا -
فرارسیدن (ف) (۱) پہنچنا (۲) آگے پہنچنا -
فرارفتن (ف) (۱) جانا (۲) آگے بڑھنا -
فرارَون (ف) روز بروز پیچھے لوٹنے والا - یہ لفظ خمسہ متحیرہ کی صفت
میں آتا ہے - خمسہ متحیرہ کے لیے دیکھو خمسۂ متحیرہ -
فراری (ف) بھگوڑا - بھاگا ہوا -
فراری بُودن (ف) گریز کرنا -
فراریدن (ف) بھاگنا - عربی لفظ فرار سے جعلی مصدر ہے - جیسے
طلب و فہم وغیرہ سے طلبیدن و فہمیدن وغیرہ -
فراز (ف) (۱) کشادہ - پھیلا ہوا (۲) بند (۳) کھُلا ہوا (۴)
بندھا ہوا (۵) پست (۶) اُوپر (۷) نیچے (۸) آگے (۹) پیچھے
(۱۰) بلندی (۱۱) پستی (۱۲) نزدیک (۱۳) دور (۱۴) بعد ازیں
(۱۵) مکرر - دوبارہ (۱۶) روشن (۱۷) فراہم - اکٹھا - جمع (۱۸)
حضور (۱۹) وصل (۲۰) سرکش (۲۱) آلۂ تناسل (۲۲) زیادہ -
بسیار (۲۳) آنا (۲۴) آگے جانا (۲۵) جوڑا (۲۶) خون -
علاوہ ازیں زائد بھی آتا ہے -
فراز آوردن (ف) قریب لانا - واپس بُلانا -
فرازدن (ف) آشکارا کرنا - ظاہر کرنا (۲) بات کا معلوم کرنا -
فرازکردن (ف) بلند کرنا -
فرازمان (ف) حکم - فرمان - شاہی فرمان -
فرازندہ (ف) بُلند کرنے والا -
فراز و نشیب (ف) بُلندی و پستی -
فراز و نشیب دیدن (ف) تجربہ کار ہونا -
فرازی (ف) بُلندی -
فرازیدن (ف) (۱) بُلند کرنا - اُوپر لے جانا (۲) وصل کرنا (۳)
کھڑا ہونا -
فرازیں پایہ (ف) بُلند پایہ -
فُرافِس (ع) شیر درندہ -
فَرّاس (ع) سائیس - گھوڑے کا خادم -
فَراست (ع) گھوڑے کی سواری کرنا -
فِراست (ع) عقل مندی - دانائی - قیافہ - فہم کی رسائی -
فراست داشتن (ف) عقل و ہوش رکھنا -
فراست شناس (ف) قیافہ شناس -
فراستوک (ف) ابابیل -
فراسخ (ع) فرسخ کی جمع - تین میل کی مسافت -
فرّاش (ع) فرش بچھانے والا - مکان کی صفائی وغیرہ کرنے والا خادم -

Marfat.com

فراش (ع) (۱) فرش - بچھونا (۲) بچھونا بچھانا (۳) بیوی (۴) پرندہ کا گھونسلا۔

فراش (ع) فراشہ کی جمع - پروانے۔

فراش لیست (ف) ڈاکیہ۔

فراشا (ع) بخار چڑھنے سے پہلے جسم کا ٹوٹنا - رونگٹے کھڑے ہونا۔ کپکپی چڑھنا۔

فراشتن (ف) افراشتن کا مخفف - بلند کرنا۔

فراش خانہ (ف) خیمے اور فرش وغیرہ رکھنے کی جگہ

فراشہ (ع) پروانہ جو شمع پر گرتا ہے۔

فراشہ (ع) جھاڑو - فرش صاف کرنے کا برش

فراشیدن (ف) حالت لرزہ۔

فراعنہ (ع) فرعون کی جمع - قدیم شاہان مصر کا لقب

فراعہ (ع) قلم صاف کرنے کا کپڑا۔

فراغ (ع) فرصت پانا - کام سے فارغ ہونا۔

فراغ (ع) غنی۔

فراغ (ع) چراغ یا آگ کی روشنی۔

فراغ بال (ف) بے تشویش زندگی بسر کرنے والا۔

فراغ بالی (ف) (۱) بے تشویش زندگی بسر کرنا - دل میں کسی قسم کا اندیشہ نہ ہونا (۲) فرصت - بے کاری (۳) بے تشویش۔

فراغ داشتن (ف) فرصت و آسائش کا ہونا۔

فراغت (ع) فرصت - فارغ اور خالی ہونا۔

فراغت خاطر (ف) دل سکون - قلبی آسائش۔

فراغت خانہ (ف) (۱) پاخانہ (۲) خلوت گاہ۔

فراق (ع) جدائی۔

فراک (ف) (۱) گشت - بیٹھ (۲) پلید - زبون (۳) ہیجڑا - مخنث۔ (۴) عورتوں کی قمیص کی ایک قسم کا نام بھی ہے۔

فراکسیون (ف) اسمبلی میں سیاسی پارٹیاں۔

فراکن (ف) نیا کھودا ہوا نالہ یا نہر جس میں ابھی پانی نہ چھوڑا گیا ہو۔ (۲) اونچا - بلند۔

فراگرفتن (ف) (۱) حاصل کرنا - سیکھنا (۲) یاد کرنا - مطالعہ کرنا۔ (۳) معلوم کرنا (۴) اپنے قبضہ میں کر لینا۔

فراگوش دادن (ف) غور سے سننا - مطیع اور فرمانبردار ہونا۔

فرامش (ف) فراموش کا مخفف۔

فرامشت (ف) فراموش کا مزید علیہ۔

فرامشی (ف) فراموشی کا مخفف۔

فراموش (ف) بھول چوک - یاد کی ضد

فراموش خانہ (ف) فریمیسن لاج۔

فراموش کار (ف) بھولنے والا - چوکنے والا۔

فراموش کاری
فراموشی (ف) بھول چوک - یاد کی ضد۔

فراموش کردن (ف) بھلا دینا۔

فراموشیدن (ف) بھول جانا - بھولنا۔

فرامین (ع) فرمان کی جمع - بادشاہی پروانے - شاہی احکام - فارسی لفظ فرمان کی جمع عربی قاعدہ کے مطابق بنائی گئی ہے - جیسے خاتون کی جمع خواتین اور خاقان کی جمع خواقین وغیرہ۔

فرانس (ف) یورپ کے مشہور ملک کا نام جس کا دار الخلافہ پیرس ہے - اور جس کے باشندوں کو فرنچ یا فرانسیسی کہتے ہیں۔

فرانسوی (ف) فرانسیسی۔

فرانسیسی (ف) فرانس کا رہنے والا - فرانس کی کوئی شے۔

فرانسیہ (ف) فرانسیسی زبان۔

فرانک (ف) دیکھو فرانچ۔

فرانک (ف) فریدوں کی ماں کا نام۔

فرانمودن (ف) ظاہر کرنا - آشکارا کرنا۔

فراوال (ف) زیادہ - بہت - بکثرت۔

فراوانی (ف) اکثرت۔

فراویز (ف) سنجاف۔

فراہ (ف) سجستان یا ہرات کے قریب ایک شہر کا نام - نصاب الصبیان کا مصنف ابو نصر فراہی یہیں کا رہنے والا تھا۔

فراہت (ع) (۱) دانائی - زیرک ہونا (۲) استاد ہونا (۳) استاد ہونا۔ استادی (۳) گھوڑے کی خوش رفتاری۔

فراہم (ف) اکٹھا۔

فراہم آمدن (ف) اکٹھا ہونا۔

فراہم آوردن (ف) جمع کرنا۔

فراہم شدن (ف) حاصل ہونا - ہاتھ آنا۔

فراہم کردن (ف) آمادہ کرنا - ہاتھ آنا - جمع کرنا۔

فراہی (ف) منسوب بہ شہر فراہ - فراہ کا رہنے والا - ابو نصر فراہی۔

فراہیختن (ف) لہرانا۔

فراہیختہ (ف) تربیت شدہ - ادب سیکھا ہوا۔

فرائد (ع) (۱) فریدہ کی جمع - یگانے - یکتا (۲) بڑا موتی۔

فرائض (ع) فریضہ کی جمع - شرع کے وہ احکام جو ضروری ہیں - اور جو لازم ہیں (۲) تقسیم - میراث کا علم۔

فرائض پنجگانہ (ف) (۱) پانچ وقت کی نماز (۲) اسلام کے پانچ ارکان یعنی نماز - روزہ - حج - زکوٰۃ - کلمہ شہادت۔

فرایافتن (ف) پانا - معلوم کرنا۔

فرباره (ف) عظمت - شان و شوکت۔

فربال
فربالا
فربالہ (ف) ہوادار بالاخانہ - گرمیوں کا موسم گزارنے کا مکان۔

فربود (ف) درست - صحیح - ٹھیک - راست۔

فربہ (ف) موٹا۔

Marfat.com

فربہ شدن (ف) موٹا ہونا۔ پُر گوشت۔
فربہ کردن (ف) موٹا ہونا۔ پالنا۔
فربہی (ف) موٹاپا۔ موٹاپن۔
فربے (ف) (۱) موٹا (۲) کلاں۔
فرت (ف) تانا۔ کپڑے کا تانا۔
فرت (ف) تُرت۔ پھُرت۔ جلد۔ شتاب۔
فُرت (ف) ایک گھاس کا نام جو دافع دردِ شکم ہے۔
فرتاو (ف) الہام۔ وحی۔
فرتاش (ف) عدم کی ضد۔ وجود۔
فرتو } فرتُو } (ف) پرتو۔ عکس۔
فرتوت (ف) بہت بوڑھا۔ ایسا بوڑھا جو کسی کام کے قابل نہ ہو یہ لفظ پیر کی صفت میں آتا ہے جیسے پیرِ فرتوت۔
فرتوتی (ف) پیری۔ بڑھاپا۔ بے کار ہو جانا۔
فرتود (ف) مراقبہ۔ مجاہدہ۔ ریاضت۔ چلّہ کشی۔ قلب کو صاف کرنا۔
فرتود } فرتور } (ف) پرتو۔ عکس۔
فرتوک (ف) ابابیل۔
فَرج (ع) (۱) قدر (۲) قیمت (۳) رتبہ (۴) عدد۔
فَرج (ع) (۱) شرم گاہ۔ مرد یا عورت کا اندام نہانی (۲) عورت کی شرمگاہ۔ کُس (۳) چھید۔ شگاف۔ سوراخ۔ دراڑ (۴) دو چیزوں کے درمیان کی کشادگی (۵) کھڑکی کھولنا (۶) چیرنا۔
فَرج (ع) آسائش۔ آرام۔ کشائش۔
فُرج (ع) فرجہ کی جمع۔ شگاف۔
فرجاد (ف) دانا۔ عقل مند (۲) فاضل۔
فرجار (ع) پرکار کا معرّب۔
فرجاری (ع) پرکار سے منسوب۔
فرجام (ف) آخر۔ انجام۔ انتہا۔ عاقبت (۲) لائق۔ سزاوار۔
فرجام گاہ (ف) تربت۔ قبر۔ گور۔
فراہم کردن (ف) آمادہ کرنا۔ ہاتھ آنا۔ جمع کرنا۔
فرجد (ف) پردادا۔ باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔
فرجمند (ف) (۱) ارجمند۔ صاحبِ عزّت (۲) زیبائش۔
فرجہ (ع) کھولنا۔
فُرجہ (ع) (۱) کشادگی (۲) شگاف۔ رخنہ (۳) سیر و تماشا (۴) فرصت۔
فرجہ جو (ف) فرصت ڈھونڈنے والا۔
فرجی (ف) ایک قسم کی قبا۔
فَرح (ع) (۱) خوشی۔ شادمانی۔ سُرور۔ (۲) اترانا۔
فَرِح (ع) خوش۔ شاداں۔ مسرور۔

فرحت (ع) شادی۔ خوشی۔ خرمی۔
فَرخ (ع) (۱) مرغی کا چوزہ (۲) ہر پرند کا بچہ۔ (۳) پالتو مرغی کا بچہ۔
فرُّخ (ف) (۱) مرغی کا بچہ۔
فرخاد (ف) غالب۔
فرخار کردن (ف) آرائش کرنا۔
فرخاش (ف) پرخاش۔ لڑائی جھگڑا۔
فرخاک } فرخال } (ف) وہ بال جو گھونگریالے نہ ہوں۔ سیدھے بال۔
فرجنار (ف) بھیجنے والا۔
فرخ تبار (ف) مبارک خاندان والا۔
فرنج } فرنچ } (ف) (۱) بدصورت۔ بدشکل۔ بدنما (۲) گھوڑے کا بچھا (۳) رشوت۔ گھونس۔
فرخ تبار (ف) اعلیٰ خاندان کا۔
فرخ رخ (ف) خوبصورت۔
فرخ زاد (ف) (۱) مبارک زاد (۲) زمین کا مؤکل فرشتہ۔
فرخ فال (ف) نیک فال۔
فرخستہ (ف) خستہ حال۔ زمین میں گھستا ہوا۔
فرخنتہ (ف) فرخ جستہ کا مخفف۔ مبارک۔ خوب۔
فرخش (ف) گھوڑے وغیرہ کا کفل یعنی پٹھا۔ گھوڑے وغیرہ کا چوتڑ۔
فرخمیدن (ف) (۱) روئی سے بنولے نکالنا۔ کپاس اوٹنا (۲) روئی دھنکنا۔
فرخمیدہ (ف) دھنا ہوا۔
فرخنج (ف) (۱) عیش و عشرت (۲) نفع (۳) حصّہ۔ نصیب (۴) بے فائدہ۔ عبث۔ لاحاصل۔
فرخندگی (ف) خجستہ۔ مبارک فال۔ خوش و خرم۔
فرخندہ (ف) مبارک۔
فرخندہ بخت (ف) خوش بخت۔
فرخندہ پی (ف) خوش قدم۔ مبارک قدم۔
فرخندہ رائے (ف) (۱) نیک تدبیر۔ دانش مند (۲) نیک انجام۔ فرخندہ فرجام۔
فرخندہ کیش (ف) مبارک طریقہ والا۔ نیک خصلت۔ نیک خو۔ خوش خلق۔
فرخ لقا (ف) خوبصورت۔
فرخ نہاد (ف) نیک نہاد۔ نیک اصل۔ مبارک اصل۔
فرخور } فرخور } (ف) پانی کی گزرگاہ (۲) مشہور پرندہ تیہو کا بچہ۔
فرخو کردن (ف) پودوں کی کانٹ چھانٹ کرنا۔
فرخوئے (ف) خلق۔ نیک عادت۔
فرد (ع) (۱) اکیلا۔ تنہا (۲) یگانہ (۳) طاق وہ عدد جو دو پر پورا

Marfat.com

تقسیم نہ ہو۔ جفت کی ضد۔

فردا (ف) کل آئندہ آنے والا کل (۲) قیامت کا دن۔

فردا فردا (ع) الگ الگ۔ جدا جدا علیحدہ علیحدہ۔

فردائے قیامت (ف) قیامت کا دن۔

فردوس (ع) وہ باغ جس میں تمام باغوں کے میوے موجود ہوں۔ بہشت۔

فردوس مکانی (ف) وہ شخص جس کا گھر مرنے کے بعد فردوس میں ہو۔ تعظیماً بابر بادشاہ کو کہتے ہیں۔

فردوسی (ف) ملک الشعراء حکیم ابوالقاسم کا تخلص۔ یہ شخص طوس کا رہنے والا تھا اس کا باپ اسحاق حاکم طوس کا باغبان تھا۔ ۹۵۰ھ میں پیدا ہوا۔ یہ شاعر محمود غزنوی کے دربار کا زیور تھا۔ سلطان محمود غزنوی کے اشارے سے مشہور منظوم تاریخ ایران اس نے لکھی۔ جس کا نام شاہنامہ ہے لیکن کسی غلط فہمی کی بنا پر جو صلہ کی اسے امید تھی، وہ نہ ملا۔ بعد میں سلطان محمود نے اس کا کفارہ ادا کر دیا۔ لیکن فردوسی اس وقت اسی سال سے زائد عمر پا کر وفات پا چکا تھا مگر سلطان نے وہ رقم لینا پسند نہ کی۔ اور شہر سے باہر عالی شان عمارت اس رقم سے بنوا دی۔ فردوسی کے متعلق زیادہ تحقیق کے لیے رسالہ اورنٹیل کالج میگزین کے گذشتہ سالوں میں حافظ محمود شیرانی مرحوم کی تحقیقات دیکھیے یا "تنقید بر شعر العجم" دیکھیے۔

فرز (ف) کلاں۔ بزرگ۔ بڑا۔

فرز (ع) کسی چیز سے ٹکڑا الگ کرنا۔

فرز (ف) (۱) غلبہ۔ زیادتی (۲) تر و تازہ سبزہ۔ (۳) دریا کا ساحل۔

فرزام (ف) قابل۔ مناسب۔ لائق۔

فرزان (ف) (۱) علم۔ حکمت (۲) دانش (۳) استواری۔

فرزانگاں (ف) فرزانہ کی جمع۔ عقل مند آدمی۔

فرزانگی (ف) دانش مندی۔ دانائی۔

فرزانہ (ف) (۱) دانا۔ عقل مند (۲) حکیم۔ اس لفظ کے آخر ہائے نسبت ہے۔ اور منسوب بہ فرزان ہے۔

فرزبود (ف) حکمت۔

فرزجہ (ع) کپڑے کی گدی یا بتی وغیرہ جو دواؤں سے تر کر کے پیشاب یا پاخانہ کے مقام میں رکھتے ہیں۔

فرزد (ف) لہلہاتا ہوا سبزہ۔

فرزدمیار (ف) اصلی عبادت۔ نماز۔

فرزدق (ع) (۱) درشت۔ ترش رو (۲) وہ روٹی جو تنور میں گر کر جل جائے (۳) عرب کے ایک شاعر کا لقب جو امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے وقت میں ہوا ہے۔ اور جس نے ۱۱۰ھ کو وفات پائی۔

فرزند (ف) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی وغیرہ۔

فرزند آب (ف) (۱) حباب۔ پانی کا بلبلا (۲) آبی جانور۔

فرزند خاک (ف) آدمی۔

فرزند خاور (ف) سورج۔

فرزند خواندہ (ف) منہ بولا بیٹا۔

فرزندِ زن (ف) وہ لڑکا جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو۔ ربیب۔

فرزند شاد (ف) مراقبہ۔

فرزندک (ف) فرزند کا اسم تصغیر۔ چھوٹا بیٹا۔

فرزندِ کجا است (ف) اس کی جائے پیدائش کس جگہ کی ہے۔

فرزند کسے در گریبان انداختن (ف) بیٹا بنانا۔ متبنیٰ بنانا۔ کسی کے بیٹے کو بیٹا بنا لینا۔

فرزندگان (ف) فرزند کی جمع۔ چھوٹے چھوٹے بچے۔

فرزندم (ع) موچیوں کا قالب۔

فرزنشاد (ف) مراقبہ۔

فرزہ (ف) لہلہاتا ہوا سبزہ۔

فرزین (ف) شطرنج کے سب سے زبردست مہرہ کا نام جسے وزیر بھی کہتے ہیں۔

فرزیں (ع) فرزین کا معرب۔

فرزیں بند (ف) وہ پیادہ جو فرزین کے زور پر بیٹھا ہو۔ اور اگر اسے حریف کا کوئی مہرہ مارے تو فرزین اسے مار لے۔

فرزیں رفتار (ف) مست لوگ۔ بے راہ۔ چلنے والے۔

فرزیں شدن (ف) شطرنج کا وہ پیادہ جو حریف کے سوار کی جگہ لے۔

فرزیں نہادان (ف) کج نہاد لوگ۔ الٹی مت والے۔ اوندھی کھوپڑی والے۔

فرزیں نہادن (ف) شطرنج کی بازی میں اظہار غلبہ کرنا۔ شطرنج کی بازی جیت لینا۔

فرس (ع) گھوڑا۔ گھوڑی۔

فرس (ع) ملک فارس کے رہنے والے۔ ایرانی۔

فرساد (ف) حکیم۔ دانا۔ دانش مند۔

فرسائی (ف) گھسائی۔

فرسائش (ف) بوسیدہ کرنا۔

فرسائیدن (ف) پرانا کرنا۔

فرس افگندن (ف) مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔

فرسب (ف) (۱) شہتیر (۲) وہ کپڑے جو عید یا کسی خوشی کے دن دکانوں اور مکانوں کی آرائش کے لیے لگائے جاتے ہیں۔

فرس البحر (ع) دریائی گھوڑا۔

فرستادن (ف) (۱) بھیجنا (۲) پیدا کرنا۔

فرستادہ (ف) بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی۔ رسول۔

فرست نافہ (ف) جشن کی رات۔

فرستندہ (ف) بھیجنے والا۔

فرستہ (ف) (۱) بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی۔ رسول (۲) فرشتہ۔

Marfat.com

فرسخ (ف) تین میل کی مسافت اور ہر میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے۔ اور ہر گز چوبیس انگشت یعنی چھ مٹھی کا ہوتا ہے۔
فرس طنبور (ف) کھرج۔ یعنی وہ لکڑی یا ہڈی جو طنبور یا ستار کے تونبا پر لگا کر اس پر تاریں چڑھاتے ہیں۔
فرس گشتن (ف) کمال کی کوشش اور دوڑ دھوپ کرنا۔
فرسناف } (ف) فرست نامہ کا مخفف جشن کی رات۔
فرسناد }
فرسنگ (ف) دیکھو فرسخ۔
فرسنگسار (ف) وہ علامت جو سڑک کے کنارے پر فرسنگ کو ظاہر کرنے کے لیے پتھر یا کسی اور چیز پر بناتے ہیں۔ برجی۔
فرس نہادن (ف) (۱) مغلوب کرنا۔ (۲) مغلوب ہونا۔
فرسودگی (ف) فرسودہ ہونا۔ بوسیدگی۔
فرسودن (ف) (۱) گھسنا (۲) پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔
فرسودہ (ف) بہت پرانا۔ بہت پرانی اور بے کار شے گھسی ہوئی چیز۔
فرسودہ روزگار (ف) زمانہ کا نشیب و فراز دیکھے ہوئے۔ سرد و گرم چشیدہ زمانہ۔ تجربہ کار۔
فرسودہ گردیدن (ف) (۱) گھل جانا۔ گھٹ جانا (۲) رنجیدہ ہونا۔ افسردہ ہونا۔
فرش (ع) (۱) بچھونا۔ بچھانے کی چیز (۲) بچھونا بچھانا۔
فرش زمردیں (ف) سبزہ۔
فرشتہ (ع) مُرش۔
فرشتہ (ف) اس کی اصل فرشتہ ہے۔ بھیجا ہوا۔ خدا کا بھیجا ہوا۔ ملک مشہور نورانی ہستی۔
فرشتہ تناں (ف) روحانیاں۔
فرشتہ سحاب (ف) میکائیل فرشتہ جو بادل پر مؤکل ہے۔
فرشتہ وش (ف) فرشتہ کی سی خصلت والا۔ نیک خصلت۔ نیک روح۔
فرشتہ وشاں (ف) فرشتہ وش کی جمع۔
فرشش زمین است ولحافش آسمان (ف) سخت نادار اور جس کے پاس نہ پہننے کو کپڑا اور نہ ہی سونے کو بستر ہو۔
فرش دورنگ (ف) (۱) زمانہ (۲) زمین۔
فرش عاج (ف) برف۔
فرش فرنگی (ف) یورپ کا قالین۔
فرش فروش (ف) قالین بچھانے والا۔
فرش کردن (ف) قالین بچھانا۔
فرص (ع) فرصت کی جمع۔
فرص (ع) کسی چیز کو قطع کرنا۔ پھاڑنا۔
فرصاد (ع) (۱) توت کا درخت (۲) توت (۳) سرخ توت۔
فرصت (ع) (۱) آرام پانا (۲) مہلت دینا (۳) فراغت (۴) قابو (۵) موقع (۶) کسی چیز کی باری۔ (۷) پانی کی باری۔ (۸) تعطیل کا دن۔

فرصت پیدا کردن (ف) فارغ ہونا۔
فرصت را غنیمت شمردن (ف) فرصت کو غنیمت شمار کرنا۔
فرصت سرخاراندن نداشتن (ف) بے حد مصروف ہونا۔ در سر کھجلانے کی فرصت نہ ہونا۔
فرض (ع) (۱) کسی چیز کا وقت معین کرنا۔ مشخص کرنا (۲) بخشش کرنا (۳) اندازہ کرنا (۴) خدا کا حکم بجالانا (۵) خدا کا حکم۔
فرض خفتن (ف) نماز عشاء۔ سوتے وقت کی نماز۔
فرض عین (ع) وہ کام جس کا کرنا ہر ایک کے لیے ضروری ہے۔
فرض کفایہ (ف) وہ فرض جو کسی ایک کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے۔ جیسے جہاد۔ نماز جنازہ وغیرہ۔
فرضا (ع) بطور فرض۔
فرض محال (ع) اگر فرض کر بھی لیا جائے۔ اگرچہ ایسا کرنا مشکل ہے۔
فرضہ (ع) بندرگاہ کا وہ مقام جہاں تاجروں سے محصول لیا جاتا ہے۔
فرط (ع) قوم سے آگے جا کر پانی اور گھاس تلاش کرنے والا۔
فرط (ع) بہتات۔ زیادتی۔ کثرت۔ غلبہ۔
فرع (ع) ٹہنی۔ درخت کی شاخ۔
فرع خوران خاک (ف) آدمی۔ لوگ۔ انسان۔
فرعون (ع) (۱) گرمچھ (۲) سُورج (۳) بدلہ لینے والا (۴) قدیم زمانہ میں مصر کے بادشاہوں کا لقب تھا۔ جیسے بعد میں خدیو ہوا۔ اور فرعون عام لوگ اس بادشاہ کو کہتے ہیں جس کا نام "سیتی نیپ تا" تھا۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں ہوا ہے اور جس نے بنی اسرائیل پر بڑے ظلم کیے اور جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر چل دیے تو فوج لے کر ان کے تعاقب میں روانہ ہوا۔ اور اپنی فوج سمیت بحیرہ احمر میں غرق ہو گیا۔ اس نے خدائی کا دعوےٰ کیا تھا۔
فرعی (ع) منسوب بہ فرع۔ یعنی شاخ کا جو اصلی نہ ہو۔
فرغ (ع) جوزہ۔ مرغی کا بچہ۔
فرغانہ (ف) ماوراء النہر کے ایک صوبہ کا نام جو اندجان اور سمرقند کے درمیان ہے۔
فرغر (ف) (۱) پانی کی نہر (۲) پانی کی وہ چھوٹی سی نہر یا نالہ جس سے پانی گزر جائے اور کہیں تھوڑا سا رہ جائے۔ (۳) چھوٹا تالاب۔
فرغل (ع) فرگل کا معرب۔ رُوئی بھرا ہوا لبادہ جو سردیوں میں پہنتے ہیں۔
فرغند } (ف) عشق پیچہ۔ اکاس بیل جو خاردار درختوں پر
فرغندہ } پھیل کر انہیں سکھا دیتی ہے۔
فرغور (ف) (۱) جل ککڑ۔ تیہو۔ (۲) تیتر (۳) بنڈل۔ خوک۔

Marfat.com

فرغوک (ف) (۱) دیر (۲) چپ چاپ (۳) سستی۔ کاہلی۔
فرغول (ف) (۱) دیر۔ تاخیر (۲) سستی۔ غفلت۔
فرغیش (ف) پرانی پوستین۔
فرفخ (ع) فرفہ کا معرب۔ خرفہ کا ساگ۔
فرفر (ف) (۱) جلد۔ شتاب۔ جلدی (۲) جلدی پڑھنا یا لکھنا۔
فرفرہ (ف) پھرکی۔
فرفری (ف) گھنگھریالے بال۔
فرفوریوس (ع) (۱) قیصر روم کے ایک سپہ سالار کا نام جو نوشیرواں کا ہم عصر تھا (۲) ایک حکیم کا نام جو سکندر اعظم کا مصاحب تھا۔
فرفہ (ف) خرفہ کا ساگ۔
فرفیز (ف) گل بنفشہ۔
فرفیون (ی) ایک خاکستری گوند جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔
فرق (ع) (۱) جدا کرنا (۲) دو چیزوں میں امتیاز کرنا (۳) جدائی۔ تفاوت (۴) سر کی مانگ (۵) سر کی مانگ نکالنا۔ (۶) مجازاً سر۔ کھوپڑی۔
فرق (ع) ٹکڑا۔
فرق (ع) فرقہ کی جمع۔ آدمیوں کے گروہ۔
فرق (ع) جدائی۔
فرق (ع) ڈرنا۔ خوف کرنا۔
فرق (ع) ڈرنے والا۔
فرقان (ع) فرق کرنے والا۔ حق و باطل کا فرق کرنے والا۔ قرآن شریف۔
فرق باز داشتن (ف) مانگ نکالنا۔
فرق دادن (ف) فرق رکھنا۔ احتیاط کرنا۔
فرق داشتن (ف) فرق ہونا۔
فرقت (ع) جدائی۔
فرقت زدہ (ف) مہجور۔ ہجراں نصیب۔ جدا۔ عاشق۔
فرقد (ع) (۱) بچھڑا۔ گوسالہ (۲) قطب شمالی کے دو ستاروں میں سے ایک ستارہ۔ فرقدین میں سے ایک ستارہ۔
فرقدان } فرقدین } (ع) قطب شمالی کے وہ دو ستارے جو قطب کے پاس ہیں۔ اور اس کے گرد گھومتے رہتے ہیں اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں۔ چھپتے نہیں۔
فرقہ (ع) جماعت۔ گروہ۔ قوم۔
فرقہ باز (ف) گروہ بندی کرنے والا۔ دھوکا باز۔
فرقہ زدن (ف) دھوکہ دینا۔
فرک (ع) کپڑے کو ملنا۔
فرکند (ف) اصل میں برکند ہے (۱) وہ زمین جس میں پانی کی زد سے گڑھے پڑ گئے ہوں (۲) نئی کھدی ہوئی نہر جس میں پانی ابھی چھوڑا گیا ہو۔

فرکندہ (ف) گھسا ہوا۔ پرانا ہو گیا ہوا۔
فرگاہ (ف) حضرت کے لفظ کا ترجمہ۔
فرگفت (ف) شاہی فرمان۔ شاہی حکم۔
فرگندن (ف) پانی کے گزرنے سے گڑھے پڑ جانا۔
فرم (ف) غم و اندوہ۔
فرمان (ف) شاہی پروانہ۔ شاہی حکم۔
فرمان بر } فرمان بردار } (ف) حکم بجا لانے والا۔ فرماں برداری کرنے والا۔ متابعت گزار۔
فرمان برداری (ف) متابعت۔ حکم بجا لانا۔
فرماں بردن (ف) حکم بجا لانا۔ اطاعت کرنا۔
فرماں پذیر } فرماں پرست } (ف) فرمانبردار۔ حکم ماننے والا۔
فرماں دادن (ف) حکم دینا۔ حکم چلانا۔
فرماں دادن بر کسے (ف) کسی پر حکم چلانا۔
فرمان دار (ف) ضلع کا حاکم جیسے ڈی سی۔
فرماں داری (ف) ڈی سی آفس۔
فرماں دہ (ف) (۱) بادشاہ (۲) حاکم۔
فرمان دہ کل (ف) کمانڈر انچیف۔
فرمان دہ نیروی ہوائی (ف) ہوائی فوج کا کمانڈر انچیف۔
فرماں دہی (ف) بادشاہت۔ حکومت۔
فرماں رسیدن (ف) موت آنا۔
فرماں روا (ف) بادشاہ۔ حاکم۔
فرمان کردن (ف) (۱) حکم کرنا (۲) تعمیل حکم کرنا۔
فرماں گزار (ف) حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔
فرمائش (ف) بطور حکم کچھ کام کرانا۔ بطور حکم کچھ مانگنا۔ بطور حکم سفارش کرنا۔
فرمائش دادن (ف) حکم دینا۔ فرمائش کرنا۔
فرمودن (ف) (۱) فرمانا۔ حکم دینا (۲) آنا (۳) جانا۔
فرمودہ (ف) (۱) حکم۔ فرمان (۲) فرمائش (۳) فرمائشی۔
فرموشیدن (ف) فراموش کرنا۔
فرناو (ف) پایاب پانی۔ تھوڑا پانی۔ دریا کی تہہ۔
فرن (ع) زمین میں گڑھا ہوا تنور۔
فرناس (ف) (۱) غفلت۔ نادانی (۲) خواب۔ غفلت (۳) خواب آلودہ شخص (۴) غافل۔ نادان۔
فرنجک (ف) کابوس جو ایک مشہور بیماری ہے جس سے خواب میں گرانی اور غلبہ ہوتا ہے۔
فرند (ع) پرند کا معرب۔ پرندہ۔
فرنسا (ع) ملک فرانس۔
فرنگ (ف) (۱) برِ اعظم یورپ۔ ملک نصاریٰ (۲) گورا اور سفید رنگ۔
فرنگستان (ف) فرنگ۔ برِ اعظم یورپ۔

Marfat.com

فرنگی (ف) یورپین ۔ منسوب بہ فرنگ ۔
فرنگی مآب (ف) مغرب پرست ۔ مغرب زدہ ۔
فرنگیز / فرنگیس } (ف) افراسیاب شاہ توران کی بیٹی کا نام ۔ جو سیاوش کی بیوی تھی ۔ ایران کا مشہور بادشاہ کیخسرو اسی کے بطن سے تھا ۔
فرنود (ف) دلیل ۔ برہان ۔ سند ۔
فرنودسار (ف) وہ کتاب جس میں فنونِ حکمت پر بحث ہو ۔
فرنہ (ف) نفرین ۔ لعنت ۔ پھٹکار ۔
فرنی (ف) پسے ہوئے چاولوں کی کھیر ۔
فرو (ع) پوستین ۔
فرو (ع) پوستین پہننا ۔
فرو / فرو / فرو } (ف) (۱) نیچے (۲) کم (۳) کم رتبہ ۔
فرواز ۔ فروازہ / فروال ۔ فروالہ } (ف) ہوادار بالاخانہ ۔
فروارڈ (مفرس انگریزی) FORWARD سامنے ۔ فٹ بال کی اصطلاح میں فارورڈ کھلاڑی ۔
فرو آمدن بچیزے (ف) کسی چیز کی خواہش کرنا ۔
فرو بردن (ف) نگل جانا ۔ ڈبونا ۔ دھنسانا ۔
فرو پوشیدن (ف) پنہاں کرنا ۔
فروتر / فروتر / فروتر } (ف) بہت کم ۔ بہت نیچا ۔ بہت کم رتبہ ۔
فروترین (ف) بہت ہی نیچا ۔ نہایت ہی کم رتبہ ۔
فروتن / فروین / فروین } (ف) عاجز ۔ تواضع کرنے والا ۔
فروتن بودن (ف) عاجز ہونا ۔
فروتنی / فروتنی / فروتنی } (ف) عاجزی ۔ انکسار ۔ مسکینی ۔ تواضع ۔ اپنے آپ کو حقیر خیال کرنا ۔
فروتنی کردن (ف) عاجزی و انکساری کرنا ۔
فروث (ع) فرث کی جمع ۔ گوبر ۔ لید ۔
فروج / فروج } (ع) مرغی کا چوزہ ۔
فروج (ع) (۱) شرم گاہ خواہ مرد کی ہو یا عورت کی ۔ (۲) شگاف ۔
فروچیدن (ف) چننا ۔
فروخت / فروخت } (ف) بیچنا ۔ بیچا ۔ بکری ۔

فروختن / فروختن } (ف) بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔
فروختہ (ف) بیچا ہوا ۔
فروختہ (ف) افروختہ کا مخفف ۔ روشن ۔
فروخوردن (ف) (۱) بردباری کرنا ۔ تحمل کرنا (۲) نگل جانا ۔
فرود (ف) (۱) نیچے ۔ پائیں (۲) بددماغ ۔ مغرور ۔
فروداشت (ف) (۱) انتہا ۔ اخیر (۲) کام کو پورا کرنا ۔ خواندگی ختم کرنا ۔
فرود آمدن بنا (ف) بنیاد کا گر جانا ۔
فرود آمدن خانہ (ف) مکان کا گر جانا ۔
فرود آمدن قیمت (ف) نرخ اور بھاؤ گر جانا ۔
فرود آمدن دیوار (ف) دیوار گر جانا ۔
فرودست (ف) (۱) عاجز ۔ کمزور ۔ ناطاقت (۲) کم رتبہ ۔ ماتحت ۔ زیرِ حکم ۔
فرود نیامدن دل (ف) دل کا بے قرار ہو جانا ۔ دل کا قرار نہ پکڑنا ۔
فروزہ (ف) پاجی پن ۔ خست ۔ دنائت ۔
فرور (ف) فراق ۔ جدائی ۔
فرور (ع) بہت گریز کرنے والا ۔
فروردین (ف) پارسیوں کے پہلے مہینہ کا نام ۔ جو چیت اور بیساکھ کے مقابل ہے ۔ اور اکتیس دن کا ہوتا ہے ۔ اس مہینہ میں سورج برج حمل میں رہتا ہے ۔
فرورفتن (ف) دھنس جانا ۔
فرورفتہ (ف) مردہ ۔ مرا ہوا ۔
فروز (ف) روشنی ۔ سورج کی چمک ۔ نالبتر ۔
فروزاں (ف) روشن ۔
فروزاندن (ف) روشن کرنا ۔ درخشاں بنانا ۔
فروزش گر (ف) روشن کرنے والا ۔
فروزگاں (ف) فروزہ کی جمع ۔ تعریفیں ۔ صفتیں ۔
فروزہ (ف) صفت ۔ تعریف ۔
فروزینہ (ف) (۱) گھاس پھوس جس سے آگ سلگائی جائے (۲) چقماق ۔
فروس (ع) فرس کی جمع ۔ گھوڑے ۔ گھوڑیاں ۔
فروش / فروش / فروش } (ف) (۱) بیچنے والا (۲) بیچ
فروشدن زود / فروشدن مہر } (ف) عمر کا ختم ہونا ۔ عمر کا تمام ہونا ۔
فروشک (ف) دال ۔ دلیا ۔
فروشندہ / فروشندہ } (ف) بیچنے والا ۔
فروشی (ف) قابلِ فروخت ۔
فروشیدن (ف) بیچنا ۔

Marfat.com

فُرُوغ (ع) فرع کی جمع (۱) ٹہنیاں ۔ شاخیں ۔ (۲) اصطلاحاً علم فقہ ۔

فروغ (ف) تابش ۔ روشنی ۔ شعاع ۔

فروغ دادن (ف) تاب دینا ۔ چمکانا ۔

فروغتہ / فروغدہ } (ف) (۱) افروختہ ۔ بھڑکا ہوا (۲) تاباں ۔ روشن ۔ چمکیلا ۔

فَرُوق (ع) فرق کرنے والا ۔

فُرُوق (ع) فرق کرنا ۔

فروکش (ف) (۱) کسی جگہ قیام کرنے والا ۔ کسی جگہ اُترنے والا ۔ (۲) کسی جگہ رہنا ۔

فروکش شدن (ف) کسی جگہ اُترنا ۔ مقام کرنا ۔ ٹھہرنا ۔

فروکش کردن (ف) (۱) کسی مقام پر فروکش ہونا ۔ (۲) منت سے دعویٰ کرنا ۔

فروکوفتن (ف) ٹھوکنا (۲) دے مارنا ۔

فروگذاشت (ف) (۱) بھول چوک ۔ سہو ۔ سستی ۔ کوتاہی ۔ تقصیر (۲) ضائع ہو جانا ۔ خیانت ۔

فروگذاشتن (ف) (۱) بھول جانا ۔ کوتاہی کرنا (۲) ضائع کرنا ۔ (۳) تصور معاف کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔

فرومالیدن (ف) (۱) نچوڑنا (۲) پامال کرنا ۔

فروماندگان (ف) فرومانده کی جمع ۔ عاجز لوگ

فروماندگی (ف) ناچاری ۔ عاجزی ۔

فروماندن (ف) (۱) ناچار ہونا ۔ عاجز ہونا (۲) ملزوم ہونا ۔

فرومانده (ف) (۱) عاجز ۔ ناچار (۲) تھکا ماندہ (۳) اپاہج (۴) حیران (۵) منتظر ۔

فرومایگاں (ف) فرومایہ کی جمع ۔ کمینے ۔ نالائق ۔

فرومایگی (ف) کمینگی ۔ ادنیٰ پن ۔

فرومایہ (ف) (۱) کمینہ ۔ بداصل (۲) نالائق ۔ بے ہنر ۔ بے عقل ۔ (۳) مفلس ۔ فقیر ۔

فرونشاندن (ف) بجھانا ۔ مٹانا ۔ دبا دینا ۔

فرونشستن آتش (ف) آگ کا بجھ جانا ۔

فروہر (ف) جوہر ۔

فروہشتن (ف) چھوڑ دینا ۔

فروہیدن (ف) (۱) چھوڑنا (۲) ڈالنا ۔

فروہیده (ف) (۱) دانا ۔ زیرک ۔ عقل مند ۔

فروہیده (ف) (۱) ظاہر ۔ آشکارا (۲) صاحب حشم ۔ صاحب شکوہ ۔

فَرّه (ف) دبدبہ ۔ شان ۔ شوکت ۔

فَرِه (ع) خوش نفس ۔ خوش منش ۔

فَرَه (ع) انتہا سے زیادہ خوش ہونا ۔

فَرِه (ع) (۱) نہایت خوش (۲) مال و دولت پر اترانے والا ۔

فره (ف) (۱) غلبہ ۔ زیادتی ۔ سبقت (۲) زیادہ افزوں (۳) فتح ظفر (۴) فتح مند ۔ غالب ۔

فرہاد (ف) کوہکن ۔ ایران کے ایک مشہور عاشق کا نام جو پرویز کی ملکہ شیریں کا عاشق تھا ۔ اور شیریں کے لیے کوہ بیستون کو کاٹ کر جوئے شیر لایا تھا ۔

فرہمند (ف) (۱) بزرگ و دانا ۔ ارجمند (۲) نزدیک ۔ قریب ۔

فرہمندی (ف) دانائی ۔ زیرکی ۔

فرہنجیہ (ف) با ادب ۔ نیک سیرت ۔

فرہیختن / فرہیجیدن } (ف) (۱) ادب سکھانا (۲) ترتیب دینا ۔ (۳) ٹھکانا ۔

فرہنگ (ف) (۱) عقل (۲) علم (۳) ادب (۴) سنجیدگی (۵) بزرگی (۶) اندازہ (۷) کیکاؤس کی ماں کا نام (۸) مجازاً لغت کی کتاب ۔ لغات ۔ وہ کتاب جس میں الفاظ وغیرہ کے معانی بیان کیے جائیں ۔

فرہنگ سار (ف) (۱) باطل کرنا ۔ زائل کرنا (۲) اصطلاح تناسخ میں ایک صورت چھوڑ کر دوسری صورت اختیار کرنا ۔

فرہنگستان (ف) اکیڈیمی ۔

فرہنگ نامہ (ف) لغت ۔ ڈکشنری ۔

فرہنگ نویس (ف) فرہنگ لکھنے والا ۔

فرہنگی (ف) تعلیم سے تعلق رکھنے والا ۔ اُستاد

فرہو (ف) سعادت ۔ خوش بختی ۔

فرہود (ف) پہاڑی بکری ۔

فرہومند (ف) عقل مند ۔ بزرگ ۔

فرہی (ف) شان و شوکت ۔ بزرگی ۔ بڑائی ۔ دبدبہ ۔ (۲) غلبہ ۔ زیادتی ۔

فرہیختن (ف) ادب سکھانا ۔

فرہیختہ (ف) ادب سیکھا ہوا ۔

فَرْی (ع) (۱) جھوٹ بولنا ۔ (۲) پھاڑنا ۔

فِرْی (ع) (۱) جھوٹ ۔ بہتان (۲) پھٹا ہوا ۔

فریاد (ف) (۱) مدد مانگنے کے لیے دہائی دینا ۔ مدد کے لیے چلانا ۔ دہائی ۔ دہائی دینا ۔

فریاد برآوردن (ف) آواز بلند کرنا ۔ فریاد کرنا ۔

فریاد خواستن (ف) مدد چاہنا ۔ انصاف چاہنا ۔

فریادخواں / فریادخواہ } (ف) فریادی ۔ دادخواہ ۔

فریادرس (ف) فریاد کو پہنچنے والا ۔ فریاد سننے والا ۔

فریادرسی (ف) فریاد کو پہنچنا ۔ فریاد سننا ۔

فریاد زدن (ف) فریاد کرنا ۔

فریادی (ف) فریاد کرنے والا ۔ دہائی دینے والا ۔

فریب (ف) (۱) دھوکا ۔ دغا ۔ مکر ۔ حیلہ (۲) ناز و ادا ۔ عشوہ ۔

فریبا / فریبندہ } (ف) دھوکا دینے والا ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔ مکار ۔

فریب دادن (ف) دھوکا دینا ۔

Marfat.com

فَرِید (ع)، (۱) یگانہ - یکتا - بے مثل - بے مانند - لاثانی (۲) اکیلا - تنہا۔
(۳) عمدہ موتی۔

فریدُوں گا وُ پَرور (ف) جب فریدوں کا باپ آتبین جمشید کے بعد ضحاک کے ہاتھ سے مارا گیا - تو فریدوں کی والدہ فرانگ اسے لے کر جو ابھی شیر خوار تھا، بھاگ گئی - اور ایک سبزہ زار میں پہنچی۔ اس سبزہ زار کے محافظ کے پاس ایک بڑی دودھیل گائے تھی جس کا دُودھ اس نے مسافروں کے لیے وقف کیا ہوا تھا - چونکہ فرانگ کے پستان کا دُودھ شوہر کے غم اور ضحاک کے خوف سے خشک ہو چکا تھا اس لیے اس نے فریدوں کو اس سبزہ زار کے محافظ کے سپرد کر دیا تھا - محافظ نے بھی اسے کارِ خیر سمجھ کر قبول کر لیا - چنانچہ فریدوں اس گائے کے دُودھ سے جوان ہوا تا آنکہ کاوا آہن گرنے اسے ڈھونڈ نکالا اور ایران کا بادشاہ بنا دیا۔ اسی لیے اسے گاؤ پرور کہتے ہیں۔

فَرِیدَہ (ف)، خود رائے - مغرور۔

فَرِیدَہ (ع)، جوہرِ نفیس۔

فَرِیبر (ف)، گاؤ زبان۔

فَرِیز (ف)، (۱) خوشبودار گھاس (۲) سبزہ (۳) خشک گوشت۔
(۴) سنجاف۔

فَرِیس (ع)، لکڑی کی بنی ہوئی چیز - چوبی۔

فَرِیسہ (ع)، وہ شکار جس کی گردن شیر نے توڑ ڈالی ہو۔

فَرِیش (ع)، لوٹ کھسوٹ - تاخت و تاراج۔

فَرِیشتہ (ف)، فرشتہ۔

فَرِیضہ (ع)، خدا کا فرمایا ہوا - خدا کا ضروری حکم جو بندہ پر فرض ہے جیسے نماز - روزہ وغیرہ۔

فَرِیفتار (ف)، فریب دینے والا - مکار - حیلہ باز۔

فَرِیفتگاری (ف)، حیلہ گری - فریب۔

فَرِیقَہ (ع)، وہ بھیڑیں جو اپنے ریوڑ سے بچھڑ جائیں اور آوارہ پھرتی ہوں۔

فَرِیفتن (ف)، (۱) فریب دینا (۲) غافل کرنا۔

فَرِیفتہ (ف)، (۱) فریب کھایا ہوا (۲) عاشق۔

فَرِیق (ع)، (۱) وہ گروہ جو کسی قوم سے جدا ہو کر دوسرے قصبہ میں جائے (۲) گروہ - ٹولی - فرقہ (۳) جدا کرنے والا۔

فَرِیقَین (ع)، دونوں فریق - دونوں گروہ - دونوں فرقے۔

فَرِیہ (ف)، نفرین - لعنت - پھٹکار۔

فِرْیَہ (ع)، جھوٹ - بہتان - افترا - دروغ۔

## ف - ز

فَز (ف)، عضوِ تناسل - ذکر - قضیب۔

فَزا (ف)، (۱) افزائش (۲) زیادہ کرتا - افزائندہ (۳) خمیازہ - انگڑائی۔

فَزار (ف)، افزار یعنی پیشہ وروں کا کوئی آلہ۔

فَزاک (ف)، (۱) سر کی چوٹی (۲) سر کی مانگ (۳) زشتی - پلیدی (۴) پلید - زشت - مردار۔

فَزایش (ف)، افزائش - افزونی۔

فَزاییدن (ف)، زیادہ کرنا - اضافہ کرنا۔

فَزَع (ع)، ڈر - خوف - گھبراہٹ۔

فَزَع (ع)، ڈرنا - پناہ ڈھونڈنا۔

فَزِع (ع)، ڈرنے والا - خوفزدہ - ترساں۔

فَزَعِ اکبر (ع)، بڑی دہشت - بڑا خوف (۲) قیامت

فَزُودَن (ف)، (۱) زیادہ کرنا (۲) زیادہ ہونا۔

فَزُون (ف)، زیادہ بڑھا ہوا۔

فَزُونی (ف)، افزونی - زیادتی - بہتات - بڑھوتری۔

فَزُونی نہادن (ف)، ترجیح دینا - فضیلت دینا۔

## ف - ژ

فَژ (ف)، (۱) چرک - میل (۲) پیپ - ریم۔

فُژ (ف)، گھوڑے کی گردن کے بال۔

فَژولیدن (ف)، (۱) تقاضا کرنا (۲) دُور کرنا (۳) لڑائی کے لیے اُبھارنا۔

فَژولیدن (ف)، (۱) پریشان ہونا - پژمردہ ہونا - (۲) پژمردہ کرنا۔
(۳) درہم برہم ہونا۔

فَژَہ (ف)، ہمیشہ میلا کچیلا رہنے والا۔

فَژَہ (ف)، (۱) ناخوش (۲) زشت - پلید - میلا (۳) بدبُودار - سڑا ہوا۔

## ف - س

فَساد (ع)، بگاڑ - خرابی - تباہی - تباہ ہونا۔

فسادِ اخلاق (ف)، اخلاق کا بگڑنا۔

فساد آمدن (ف)، حال کا بگڑ جانا۔

فسادِ عقیدہ (ف)، عقیدہ کا خراب ہونا۔

فساد کردن (ف)، تباہی مچانا۔

فَسار (ف)، گھوڑے کا تکہ جو اس کے کلہ پر رہتا ہے (۲) گھوڑے کی پوزی۔

فِسار (ف)، افسار کی مخفف - باگ - ڈور۔

فَسان (ف)، سان - جس پر تلوار - چھری - چاقو - اُسترا وغیرہ تیز کرتے ہیں۔

فسان کردن (ف)، سان پر لگانا - تیز کرنا۔

Marfat.com

فسانہ (ف) افسانہ کا مخفف - قصہ - حکایت (۲) مشہور - شہرت یافتہ۔

فسانیدن (ف) منتر کرنا۔

فسانندہ (ف) منتر کرنے والا۔

فسائیدن (ف) (۱) منتر کرنا (۲) تابع کرنا۔

فستق (ع) پستہ کا معرب جو مشہور میوہ ہے۔

فستقم (ع) قرآن شریف کی آیت "فاستقم کما اُمرت" کی طرف اشارہ ہے جس کے معنی ہیں "اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جس طرح تمہیں حکم ہوا ہے۔ اسی طرح دین پر قائم رہو۔

فستقی (ف) پستی کا مخفف - پستی رنگ۔

فسحت (ع) فراخی - کشادگی - جگہ کی فراخی - مکان کی کشادگی۔

فسخ (ع) ارادہ توڑنا - رائے توڑنا - نکاح توڑنا - بیع توڑنا۔

فسخ عزیمت کردن (ف) ارادے کا توڑ دینا۔

فسخ معاملہ کردن (ف) لین دین کو توڑ دینا۔

فسدہ (ع) فاسد کی جمع - فساد کرنے والے - فتنہ انگیز لوگ۔

فسر (ع) (۱) تفسیر کرنا - مطلب کھولنا - (۲) قارورہ دیکھنا۔

فسرانیدن (ف) منجمد کرنا۔

فسردگی (ف) (۱) منجمد ہو جانا - سردی کے سبب جم جانا (۲) ٹھٹھرنا (۳) ٹھٹھرپن۔

فسردن (ف) (۱) منجمد ہونا (۲) ٹھٹھرنا (۳) سرد ہونا (۴) مرجھانا (۵) بے رونق ہونا۔

فسردہ (ف) (۱) جما ہوا - منجمد (۲) وہ آدمی جس کا دل اور ہاتھ کسی کام پر نہ لگے (۳) شکاری۔

فسردہ بیان (ف) وہ شخص جس کا کلام بے مزہ اور بے ہودہ ہو۔

فسردہ دل (ف) (۱) وہ شخص جس کا دل کسی کام پر نہ لگے (۲) بے مہر - سخت دل۔

فسرہ (ف) لرزہ خواہ سردی کے باعث ہو یا خوف سے۔

فسطاط (ع) خیمہ - تنبو۔

فسق (ع) خدا کی نافرمانی۔

فسقہ (ع) فاسق کی جمع - خدا کے حکم سے پھرے ہوئے نافرمان - زانی۔

فسکل (ف) وہ گھوڑا جو میدان میں سب گھوڑوں سے پیچھے دوڑے - پسماندہ۔

فسو (ع) گوز مارنا۔

فسوس (ف) (۱) دل لگی - بازی - مسخرہ پن - خوش طبعی - ظرافت - ٹھٹھا (۲) حسرت - دریغ - افسوس۔

فسوق (ع) (۱) نافرمانی - گناہ (۲) شرارت (۳) زناکاری (۴) جور و ستم - راہِ راست کو ترک کرنا۔

فسون (ف) (۱) جادو - منتر (۲) فریب - مکر - تزویر۔

فسون ریز (ف) جادوگر۔

فسون ساز / فسون گر } (ف) جادوگر۔

فسیح (ع) وسیع - کشادہ - فراخ۔

فسیحہ (ع) کشادہ - فراخ۔

# ف - ش

فش (ف) وش کا مرادف (۱) مانند - مثل (۲) پگڑی کا شملہ (۳) گھوڑے کی ایال (۴) پاجامہ کھولنے کی آواز (۵) مشابہت - مانند - ہم شکل ہونا (۶) ہر چیز کا پیچھا۔

فش (ع) (۱) مشک سے ہوا کا نکلنا (۲) دودھ کا جلدی دوہنا (۳) قفل کو بغیر چابی کے کھولنا۔

فَشار / فِشار } (ف) (۱) نچوڑنا (۲) چھڑکنا (۳) مجازاً بھینچنا۔

فشار / فُشار } (ف) بے ہودہ بات - گالی - ہذیان۔

فشار آب (ف) پانی کا دباؤ۔

فشار خون (ف) خون کا دباؤ - بلڈ پریشر۔

فشار آوردن (ف) دباؤ ڈالنا۔

فشار خوردن (ف) دباؤ پڑنا۔

فشار دادن (ف) دباؤ ڈالنا۔

فشار خون (ف) بلڈ پریشر۔

فشاردن (ف) (۱) نچوڑنا (۲) چبھونا۔

فشارش (ف) نچوڑنا۔

فشاناش / فشانش } (ف) تیروں کے پے در پے چھوٹنے کی آواز۔

فشاں (ف) جھاڑتا ہوا (۲) جھاڑنے والا۔

فشالش (ف) سانپ کی آواز۔

فشاندن (ف) جھاڑنا۔

فشر (ف) بے ہودہ بات - گالی - ہذیان۔

فشردن (ف) (۱) نچوڑنا (۲) پاؤں جمانا۔

فشست (ف) سانپ کی آواز۔

فشل (ع) ڈرنا - بد دل ہونا۔

فشل (ع) ڈرنے والا - خوفزدہ۔

فشنگ ساز (ف) کارتوس بنانے والا۔

فشو / فشوّ } (ع) (۱) خبر کا ظاہر ہونا (۲) کسی چیز کی بو کا پھیلنا۔

Marfat.com

## ف ۔ ص

فَصّ / فِصّ / فُصّ (ع) نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ میں ہوتا ہے۔

فَصاحت (ع) (۱) خوش بیانی ۔ خوش گوئی ۔ تیز زبانی ۔ خوش تقریری (۲) بات کو کھول کر بیان کرنا (۳) علم معانی کی اصطلاح میں کلام کے مشکل اور ثقیل الفاظ ۔ غیر مانوس ترکیب اور تعقید وغیرہ سے پاک ہونا۔

فَصّاد (ع) فصد کھولنے والا۔

فَصّاص (ع) نگینہ بنانے والا ۔ نگینہ فروش ۔ وہ شخص جو انگوٹھی میں نگینہ لگائے۔

فَصّال (ع) (۱) بہت جدا کرنے والا (۲) مجازاً دربان ۔ پہرہ دار۔

فِصال (ع) فصیل کی جمع ۔ شہر کی پناہ۔

فِصال (ع) (۱) جدائی ۔ مفارقت (۲) بچہ کا دودھ چھڑا دینا۔

فَصح (ع) بات کھول کر کہنا ۔ واضح طور پر کلام کرنا۔

فُصَحاء (ع) فصیح کی جمع ۔ صاحبِ فصاحت لوگ۔

فَصد (ع) رگ سے خون نکالنا۔

فصد کردن (ف) رگ سے خون نکالنا۔

فَصل (ع) سال کے چار موسموں میں سے ایک موسم ۔ (۲) کتاب کا ایک حصہ (۳) کلام کا ایک حصہ (۴) جدا ہونا۔ (۵) جدا کرنا (۶) دو اشیاء کے درمیان کا پردہ (۷) لڑکے کا دودھ چھڑانا (۸) یکی بات (۹) راست حکم (۱۰) باز رکھنا۔ (۱۱) کاٹنا (۱۲) علم منطق کی اصطلاح میں وہ ذاتی خصوصیت جو نوع کو تمیز دے ۔ جیسے لفظ ناطق کہ انسان کو دیگر حیوانات سے ممتاز رکھے۔

فصلُ الخِطاب (ع) حق و باطل میں فرق کرنے والا کلام ۔ احادیث نبویہ۔

فصل بعید (ع) جو جنس بعید کے مشارکات سے نوع کو تمیز دے۔ جیسے حساس کی صفت انسان کے لیے۔

فصلِ خصومات (ع) مقدمات کا فیصلہ۔

فصل عوض شدن (ف) موسم کا بدل جانا۔

فصلِ قریب (ع) جو نوع کو جنس قریب کے مشارکات سے ممتاز کرے۔ جیسے ناطق انسان کو دیگر حیوانوں سے امتیاز بخشتا ہے۔

فصل کردن آسان است پیوند کردن مشکل (ف) دلوں کا توڑنا آسان ہے ان کا جوڑنا سخت مشکل کام ہے۔

فَصلی (ع) بہ اعتبار فصل کے اکبر بادشاہ نے جو سال ۹۶۱ھ میں مقرر کیا تھا۔

فَصم (ع) بغیر علیحدہ ہونے کے ٹوٹ جانا۔

فصول اربعہ (ع) چار موسم یعنی گرما ۔ سرما ۔ خزاں ۔ بہار۔

فصولِ چہارگانہ (ف) سرما ۔ گرما ۔ ربیع اور خریف ۔ چاروں موسم۔

فَصیح (ع) خوش بیان ۔ خوش تقریر ۔ خوش گو ۔ تیز زبان ۔ صحیح اور واضح کلام کرنے والا۔

فصیح اللّسان (ع) فصاحت رکھنے والا ۔ زبان آور۔

فصیحہ (ع) فصیح کی مؤنث ۔ زبان آور عورت۔

فصیل (ع) (۱) شہر پناہ ۔ شہر کی چار دیواری ۔ قلعہ کی دیوار (۲) اونٹ کا بچہ جس کا دودھ چھڑایا جائے۔

## ف ۔ ض

فَضّ (ع) توڑنا۔

فَضاء (ع) (۱) کشادگی ۔ فراخی ۔ مکان وغیرہ کا کشادہ ہونا ۔ (۲) کشادہ جگہ ۔ کشادہ صحن ۔ وسیع میدان۔

فَضا (ع) آبِ رواں۔

فِضاح (ع) رسوائی۔

فَضاحت (ع) رسوائی۔

فضاحت آمیز (ف) ذلت آمیز۔

فُضاض (ع) ریزہ ۔ ٹکڑا ۔ پارہ۔

فَضّال (ع) صاحبِ فضل ۔ بلند مرتبہ۔

فُضالہ (ع) ہر چیز کی زائد اور بیکار شے ۔ مثلاً بھوک ۔ چھلکا ۔ درخت کی زائد شاخیں جو کاٹنے کے قابل ہوں ۔ گرے ہوئے پتے ۔ آگے کا بچا ہوا جھوٹا کھانا (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کا نام۔

فُضالہ چین (ف) مالی ۔ باغبان جو زائد شاخوں کو کاٹتا ہے۔

فضائل (ع) فضیلت کی جمع ۔ باطنی نعمتیں (۲) افزونیاں ۔ زیادتیاں (۳) بلند مرتبے (۴) اعلیٰ جوہر۔

فضائل اربعہ (ع) چاروں فضیلتیں یعنی حکمت ۔ شجاعت ۔ عفت ۔ عدالت۔

فضائل پناہ (ف) سب فضیلتوں کی پناہ۔

فَضح (ع) رسوائی۔

فَضل (ع) (۱) زیادتی (۲) بخشش (۳) بچا ہوا (۴) بزرگی میں فوقیت لے جانا (۵) ایک شاعر کا تخلص۔

فُضَلاء (ع) فاضل کی جمع۔

فَضَلات (ع) فضلہ کی جمع ۔ ہر چیز کا بقایا زائد ۔ جھوٹا کھانا۔

فضل پرور (ف) فاضل پرور ۔ وہ شخص جو صاحب فضل لوگوں کی پرورش کرے اور ان کی عزت افزائی کرے۔

فضل فروش (ف) جو علم و فضل کی نمائش کرے۔

فضل فروشی (ف) علم و فضل کی نمائش۔

فضلمند (ف) صاحبِ فضیلت۔

فَضلہ (ع) ہر چیز کا بقایا ۔ بھوک ۔ اُگل ۔ پسماندہ ۔ جھوٹا کھانا۔

Marfat.com

(۲) درخت کی وہ شاخیں جو پھل توڑنے کے بعد پھیلنے کے قابل نہ ہوں (۳) پھوگ جو ہضم کے بعد معدہ ۔ مثانہ یا دماغ کی راہ سے خارج ہو ۔ نجاست ۔ پلیدی۔

فُضلۂ رز (ف) انگور کی وہ شاخیں جو پھل اُتارنے کے بعد کاٹنے کے قابل ہوں۔

فُضلہ زار (ف) نجاست اور کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔

فُضلیٰ (ع) افضل کی مؤنث۔

فُضوح (ع) رسوائی۔

فُضول (ع) فضل کی جمع (۱) زیادتیاں ۔ افزونیاں (۲) بزرگیاں

فُضول (ع) غیر ضروری کام اور بیکار باتیں کرنیوالا آدمی ۔ زیادہ گو ۔ بکواسی

فضولی (ع) بے ہودہ گو ۔ بکواسی ۔ غیر ضروری کام کرنے والا۔

فضولی کردن (ف) بے جا دخلت کرنا ۔ شرارت کرنا۔

فِضّہ (ع) نقرہ ۔ چاندی۔

فضیح (ع) رُسوا۔

فضیحت (ع) رسوائی ۔ ذلّت ۔ خواری ۔ بدنامی۔

فُضَیل (ع) ایک کامل ولی کا نام ۔ حضرت ابراہیم ادہم شاہ بلخ انہی کے مُرید تھے۔

فضیلت (ع) (۱) افزونی (۲) بزرگی ۔ بڑائی (۳) ہُنر ۔ فن (۴) دانش۔

فضیلت گستر (ف) فضیلت والا۔

## ف ۔ ط

فِطام (ع) دو سال کے بعد بچّے کا دُودھ چھڑانا (۲) جُدائی ۔ مفارقت (۳) شکستگی۔

فطانت (ع) دانا و عقل مند ہونا ۔ دانائی ۔ عقل مندی۔

فِطر (ع) (۱) روزہ کھولنا (۲) روزہ کھولنے والا (۳) روزہ کھولنے والے ۔ واحد و جمع دونوں کے لیے یکساں آتا ہے۔

فطرت (ع) (۱) آفرینش ۔ پیدائش (۲) دین اسلام (۳) چھوٹی عید کا صدقہ (۴) صبح کا کھانا (۵) دانائی ۔ عقل مندی۔

فطرتِ اوّل (ع) آفرینش ارواح جو سب سے پہلے ہوئی تھی۔

فطرہ (ع) فطرت ۔ عید رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں یا چار سیر جو کے حساب سے دیا جاتا ہے۔

فطری (ع) منسوب بہ فطرت ۔ پیدائشی ۔ خلقی۔

فطریہ (ف) عید کے دن جو رقم یا جنس غربا میں تقسیم کی جاتی ہے ۔ فطرانہ۔

فَطس (ع) چپٹی یعنی چوڑی ناک والا ہونا۔

فُطس (ع) چوڑی ناک والا آدمی۔

فَطَن ۔ فُطُن ۔ فِطَن ۔ فَطُن ۔ فِطن } (ع) دانائی ۔ عقل مندی ۔ زیرکی ۔ دانا ہونا ۔ زیرک ہونا ۔ عقل مند ہونا۔

فطن (ع) زیرک ۔ دانا ۔ عقل مند۔

فِطنت (ع) دانائی ۔ عقل مندی ۔ دانش مندی۔

فُطور (ع) روزہ افطار کرنا ۔ روزہ کھولنا۔

فَطور (ع) وہ چیز جس سے روزہ کھولا جائے ۔ افطاری

فطورہ (ع) صبح کا کھانا۔

فطیر (ع) خمیر کی ضد ۔ تازہ گندھا ہوا آٹا ۔ پتیر۔

فطیل (ف) نان۔

فطیم (ع) وہ بچّہ جس کا دُودھ چھڑایا گیا ہو۔

فطین (ع) دانا ۔ بزرگ۔

## ف ۔ ظ

فَظّ (ع) (۱) بدخصلت ۔ بدخو (۲) بدزبان ۔ درشت سخن (۳) سخت دل۔

فظاظت (ع) بدزبان اور بدخصلت ہونا۔

فظاعت (ع) بُرائی میں حد سے گزر جانا ۔ رسوائی میں حد سے گزر جانا۔

فَظع (ع) کسی کام کا دشوار ہونا۔

فظیع (ع) حد سے زیادہ بُری اور قبیح شے۔

## ف ۔ ع

فعّال (ع) بڑا کام کرنے والا۔

فِعال (ع) فعل کی جمع ۔ کام۔

فعّال بودن (ف) سرگرم و چست ہونا۔

فعّال لما یرید (ع) جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

فعالیت (ع) سرگرمی ۔ مستعدی۔

فعالیت بخرج دادن (ف) چستی اور چالاکی کا مظاہرہ کرنا۔

فِعل (ع) (۱) کام ۔ عمل (۲) کسی کام کا کرنا (۳) اونٹنی اور ہر مادہ کی فرج یعنی پیشاب گاہ (۴) اصطلاح علم صرف میں فعل وہ کلمہ ہے جس سے کرنا ۔ ہونا یا سہنا وغیرہ مع تعلق زمانہ کے پایا جائے۔

فعلاً (ع) سرِدست۔

فعلِ مجہول (ف) وہ فعل جس کا فاعل موجود نہ ہو۔

فعلِ معروف (ف) وہ فعل جس کا فاعل موجود ہو۔

فعل ناسزا (ف) بُرا کام۔

فعلِ ناقص (ع) وہ فعل لازم ہے جس میں بغیر خبر کے ملنے کے کلام پورا نہیں ہوتا۔

فَعَلہ (ع) فاعل کی جمع (۱) کام کرنے والے (۲) مزدور لوگ۔

فعلگی (ف) مزدوری۔

Marfat.com

فعلی (ع) اصلی۔ حقیقی۔

## ف ۔ غ

فغ } (ف) بُت۔
فغ }

فغاک (ف) (۱) نادان۔ احمق۔ بے وقوف (۲) حرامزادہ۔

فغان (ف) فریاد۔ نالہ۔ شور و غل۔ یہ لفظ نالہ سے بلند تر ہے۔

فغان (ف) فغ کی جمع۔ بُت۔

فغان کردن (ف) نالہ کرنا۔ دُہائی دینا۔

بدفغانی (ف) ایک شاعر کا تخلص۔

فغستان (ف) شاہی حرم سرائے۔

فغفور (ف) فغ بمعنی بُت اور پور بمعنی بیٹا سے مرکب ہے۔ بُت کا بیٹا۔ چین کے ایک بادشاہ کا یہ نام اس لیے ہوا کہ اس کے والدین نے اسے بُت کی نذر کر دیا تھا۔ چنانچہ بعد میں شاہان چین کا لقب ہو گیا شاہ چین۔

فغم (ع) (۱) خوشبو کا مہکنا (۲) خوشبو سونگھنا (۳) عورت کا بوسہ لینا۔

فغم (ع) (۱) کسی جگہ ہمیشہ کے لیے مقیم ہونا (۲) کسی چیز کا لالچ کرنا۔

فغوارہ (ف) بُت کی طرح خاموش اور بے حس و حرکت ہونا۔ متحیر۔ نقش بدیوار۔

فغیاز (ف) عطا۔ انعام۔ بخشش۔ مژدہ۔ نوید۔

## ف ۔ ف

فف (ف۔ ع) پھونک۔

## ف ۔ ق

فقاح (ع) شگوفہ۔ پھول۔ گل۔

فقاح الارض (ع) بابونہ۔

فقاح الکرمہ (ع) انگور کا شگوفہ۔

فقار (ع) فقارہ کی جمع۔ پیٹھ کی ہڈی کے مہرے گردن سے کمر تک۔

فقارت (ع) فقیر ہونا۔ محتاج ہونا۔

فقارہ (ع) پیٹھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔

فقاع (ع) جَو کی شراب۔ بوزہ۔ بیر۔ فارسی میں بلا تشدید بھی مستعمل ہے۔

فقاع گشادن } (ف) (۱) شیخی بگھارنا۔ گھمنڈ کرنا۔
فقاع گشودن } (۲) ڈکار لینا۔

فقاعی (ع) گاڑھا شربت جو انگور کو جوش دینے سے حاصل ہوتا ہے۔

فقاعی (ع) آب جو فروش۔

فقاقیع (ع) فقاعہ کی جمع۔ بلبلے۔

فقاہ (ع) دانائی۔ سمجھ۔

فقاہت (ع) (۱) دانائی۔ عقلمندی (۲) دریافت کرنا۔ جاننا (۳) علم دین کی سمجھ۔ فقیہہ ہونا۔

فقدان (ع) (۱) گم ہونا۔ کھویا جانا (۲) گم کرنا۔

فقر (ع) فقیری۔ افلاس۔ محتاجی۔

فقر (ع) (۱) کھودنا (۲) پرونے کے لیے منکوں میں چھید کرنا۔

فقراء (ع) فقیر کی جمع۔ بہت سے فقیر۔ محتاج۔

فقرات (ع) فقرہ کی جمع (۱) پیٹھ کی ہڈی کے مہرے گردن سے کمر تک (۲) عبارت کا ایک ٹکڑا۔

فقرات ظہری (ع) پشت یا پیٹھ کے مہرے۔

فقرات عنقی (ع) گردن کے مہرے۔

فقردم (ع) خون کی کمی۔

فقرہ (ع) پیٹھ کی ہڈی کا ایک مہرہ (۲) عبارت کا ایک ٹکڑا۔

فقط (ع) بس۔ صرف۔

فقع کشادن (ف) (۱) فخر کرنا۔ شیخی بگھارنا۔ بڑائی کرنا۔ گپ مارنا (۲) ڈکار لینا۔

فقو (ع) کسی کے پیچھے پیچھے چلنا۔

فقہ (ع) (۱) دین کا علم۔ شریعت کا علم (۲) احکام شریعت کا جاننا (۳) جاننا۔ دریافت کرنا۔

فقہا (ع) فقیہہ کی جمع۔ علم دین کے جاننے والے۔ علم شریعت کے عالم۔

فقید (ع) (۱) نایاب (۲) گم شدہ۔

فقید المثال }
فقید المثل } (ع) لاثانی۔ بے مثل۔ بے مانند۔ یکتا۔ بے نظیر۔
فقید النظیر }

فقیر (ع) درویش۔ مفلس۔ محتاج (۲) غریب طبیعت جو شوخ نہ ہو۔

فقیر کردن (ف) فقیر و فلاکش بنا دینا۔

فقیری (ف) درویشی۔ گدائی۔ محتاجی۔

فقیہ (ع) دانا۔ عالم۔ علم فقہ جاننے والا۔

## ف ۔ ک

فک (ف) دریائی ہاتھی۔ فیل دریائی۔

فکت (ع) (۱) آپس میں ملی ہوئی دو چیزوں کا جدا کرنا۔ (۲)

Marfat.com

قیدی چھڑانا - غلام آزاد کرنا - خلاص کرنا (۳) جبڑا جس میں دانت ہوتے ہیں۔
فکِ اسفل (ع) نچلا جبڑا۔
فکِ اضافت (ع) اضافت کا چھوڑ دینا - جیسے صاحب دل وغیرہ میں اضافت نہیں لاتے۔
فکِ اعلیٰ (ع) بچلا جبڑا۔
فکِ معاملہ (ف) معاملہ - لین دین یا سودے کا فسخ ہو جانا۔
فکاک (ع) قیدی کو چھوڑنا۔
فکاہت (ع) خوش طبعی - مزاح۔
فکاہی (ع) تفریحی - مزاحیہ۔
فکاہیات (ع) مزاحیہ باتیں۔
فکر (ع) سوچ اندیشہ۔
فِکَر (ع) فکرت کی جمع - اندیشے۔
فکرِ بکر (ع) تازہ خیال - اچھوتا خیال۔
فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست (ف) ہر کسی کے خیالات کی پرواز اس کی دماغی استعداد کے مطابق ہو جاتی ہے۔
فکرت (ع) سوچ - اندیشہ - فکر۔
فکرش بُردہ است (ف) وہ کسی کام میں متفکر اور بے خود ہے۔
فکِّر ثُمّ قُل (ع) بار بار سوچ - پھر منہ سے نکال۔
فکن (ع) دود کش - دیگ دان - حمام کا آتش دان۔
فکل (ف) کالر۔
فکل زدن (ف) کالر لگانا۔
فکندن (ف) ڈالنا۔
فکور (ع) سوچ بچار کرنے والا۔
فکہ (ع) ظریف اور خوش طبع ہونا۔
فکہ (ع) خوش طبع - ظریف۔
فکیر (ع) بہت فکر کرنے والا۔
فکیف (ع) پس - کیونکر۔

## ف - گ

فگار / فگال (ف) (۱) زخم - جراحت (۲) زخمی - مجروح۔
فگندن (ف) ڈالنا۔
فگندہ (ف) ڈالے ہوئے۔
فگندہ سر (ف) (۱) مراقبہ کرنے والا (۲) خجل - شرمندہ - نادم۔
فگندہ سرین (ف) چار زانو بیٹھنے والا۔

## ف - ل

فَلّ (ع) (۱) توڑنا (۲) رخنہ کرنا (۳) لشکر کو شکست دینا (۴) لڑائی سے بھاگا ہوا (۵) لڑائی سے بھاگے ہوئے (۶) دندانہ (۷) رخنہ - (۸) تلوار وغیرہ کی مڑی ہوئی دھار۔
فُل (ف) (۱) نیلوفر (۲) نیلوفر کی جڑ (۳) بہی کے درخت کی لکڑی۔
فِل (ع) وہ زمین جس میں کبھی مینہ نہ برسے اور گھاس وغیرہ نہ اُگے۔
فلات / فلاۃ (ف) صحرا - بیابان - وہ دشت جس میں پانی اور گھاس کچھ نہ ہو۔
فلاح (ع) (۱) کامیابی (۲) رستگاری - چھٹکارا (۳) بقا (۴) خیر و نیکی میں رہنا (۵) سحری کھانا۔
فلّاح (ع) کسان - کھیتی کرنے والا۔
فلاحت (ع) (۱) کھیتی کرنا - زراعت (۲) نیکی - بھلائی۔
فلاح یافتن (ف) فلاح پانا - کامیاب ہو جانا - نجات پانا۔
فلاخان / فلاخن (ف) گوپیا - وہ رسی وغیرہ کا پٹا سا جس میں پتھر رکھ کر پھینکا جاتا ہے۔
فلاور / فلاوہ (ف) بے ہودہ - لغو - بے اعتبار - بے فائدہ۔
فلاژل (ف) لمبا اور باریک دھاگہ۔
فلّاس (ع) فلس یعنی پیسے بیچنے والا۔
فلاسفہ (ع) فلسفی کی جمع - حکما - دانش مند لوگ۔
فلاسنگ (ع) (۱) فلاخن - گوپیا (۲) بیابان۔
فلاطوس (ع) (۱) درم کا وزن جو ساڑھے تین ماشے ہوتا ہے (۲) ایک مقام کا نام جہاں کے لوگ بے وقوف خیال کیے جاتے ہیں (۳) ایک حکیم کا نام (۴) ایک پہلوان کا نام (۵) ایک قوم کا نام جو بہت شجاع تھی۔
فلاق (ع) فلاقت کی جمع - ٹکڑے - حصے۔
فُلاقت (ع) ٹکڑا - حصہ۔
فلاکت (ع) جبلی مصدر ہے - فلک زدگی - زمانہ کی گردش - ناداری - مفلسی - محتاجی۔
فلاکت زدگی (ف) مفلوک الحالی۔
فلاکت زدہ (ف) مفلوک الحال۔
فلاں (ع) غیر معلوم مرد۔
فلاں از فلاں (ف) لاف مارنا۔
فلاں چیز بیک انگشت او بستہ است (ف) یعنی وہ چیز اس کے قبضہ و تصرف میں ہے۔
فلاں چیز تنگ شدہ (ف) فلاں چیز کم دستیاب ہوئی ہے۔
فلاں دو کماں مے کشد (ف) یعنی وہ نہایت شہ زور اور طاقتور
فلاں کس با یک قدِ الف چہ قدر کار نامے کند (ف) یعنی وہ آدمی

Marfat.com

اپنے حوصلے اور ہمت سے زیادہ کام کرتا ہے اور کاموں کو پورا کر لیتا ہے۔
فلائل (ف) فلالین کا کپڑا۔
فُلانہ (ع) غیر معلوم۔
فلاں و بہماں (ف) فلاں فلاں۔ یعنی نامعلوم شخص۔
فلانی (ف) غیر معلوم شخص۔ قربان اور قربانی کی مانند۔ یہ بھی فارسی والوں کا تصرف ہے کہ فلاں کے پیچھے یائے لگا لی ہے۔
فلاوہ (ف) حیراں و سرگرداں۔

فَلت
فَلتَت } (ع) رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا۔

فلتۃً (ع) اچانک۔ یکایک۔
فلج (ع) فالج۔
فلج (ع) (۱) دروازہ کی زنجیر (۲) قفل۔
فلج (ع) کسی چیز کو پھاڑنا۔
فلج (ع) (۱) کامیاب ہونا (۲) دشمن پر غلبہ پانا۔

فلج بودن
فلج شدن } فالج کا ہو جانا۔ فالج گرنا۔

فلج شدن کار (ف) کام کا تعطل میں پڑ جانا۔
فلج کردن (ف) کام کو تعطل میں ڈال دینا۔
فلجت (ع) کامیابی۔
فلجم (ع) (۱) دروازہ کی زنجیر (۲) قفل۔
فلخ (ف) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔
فلخ (ف) کپاس اوٹنا۔ روئی سے بنولے الگ کرنے کا کام۔
فلخم (ف) دھنیا کا وہ اوزار جسے تانت یعنی زہ پر مار کر روئی دھنکتے ہیں۔

فلخمان
فلخمہ } (ف) فلاخن۔ گوپیا۔

فلخیدن
فلخودن
فلخیدن } (ف) (۱) کپاس اوٹنا (۲) روئی دھننا۔

فلخودہ (ف) وہ کپاس جس سے بنولہ نکال لیا گیا ہو۔
فلا مارشال (ف) فیلڈ مارشل۔
فَلذ (ع) (۱) قطع کرنا۔ کاٹنا (۲) ٹکڑا علیحدہ کرنا۔
فِلذ (ع) فلذہ کی جمع (۱) جگر کے ٹکڑے (۲) گوشت کے ٹکڑے (۳) سونے چاندی کے ریزے۔
فلذ (ع) (۱) اونٹ کا جگر۔ جگر کے ٹکڑے۔
فلذہ (ع) (۱) لخت جگر۔ جگر کا ٹکڑا (۲) گوشت کا ٹکڑا۔
فلز (ع) وہ کانی جوہر جو آگ میں پگھل جائے۔ جیسے سونا۔ چاندی۔ تانبہ وغیرہ معدنیات۔
فلزات (ع) فلز کی جمع۔ آگ میں پگھل سکنے والی معدنیات۔
فلزشناس (ف) دھاتوں کا ماہر۔
فلزی (ع) معدنی۔ کانی۔
فلس (ع) (۱) پیسہ (۲) مچھلی کا کھپرا۔
فلس (ع) (۱) افلاس۔ تنگ دستی (۲) ناکامی۔

فلسطی (ع) (۱) پرلیسی (۲) ایک قوم کا نام۔
فلسطین (ع) شام کی ایک مشہور ولایت کا نام۔ جسے کنعان۔ پلسٹاین۔ ملک یہود اور عبرانیوں کا ملک بھی کہتے ہیں۔ کنعان اسے اس لیے کہتے ہیں کہ اسے کنعان بن عام نے آباد کیا تھا۔ یہ ولایت شمالاً جنوباً اسی میل طویل اور شرقاً غرباً چالیس میل عریض ہے۔ بیت اللحم۔ ناصریہ اور یروشلم اسی میں آباد ہیں۔
فلسفہ (ع) (۱) فلاسفی۔ علم حکمت۔ علم موجودات (۲) فیلسوف یعنی حکیم و دانش مند ہونا۔
فلسفہ بافی (ف) بناوٹی فلسفہ۔
فلش (ف) تیر۔ پیکاں۔ ناوک۔ وہ چیز جو تیر کی مانند ہو۔
فلسفی (ع) علم فلسفہ کا ماہر۔ حکیم۔ دانش مند۔

فلع
فلع } (ع) کاٹنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔

فلع (ع) چیرنے والا۔ کاٹنے والا۔ پھاڑنے والا

فلفل
فُلفل
فِلفل } (ع) پلپل کا معرب۔ سیاہ مرچ۔

فلفل بری (ف) پانچ انگلیاں
فلفلت (ع) کسی چیز میں سیاہ مرچ ڈالنا۔

فلفل در آتش انداختن
فلفل در آتش افگندن } (ف) بے قرار کرنا۔

فلفل دراز (ف) گھ۔ سیاہ مرچ کی قسم سے ایک لمبی سی شے جسے گھاں کہتے ہیں۔
فلفل سبز (ف) فرنگی مرچ۔
فلفل سرخ (ف) سرخ مرچ۔ لال مرچ۔
فلفل مبیں چہ ریزہ بشکن بہ بیں چہ تیزہ (ف) ہنر دیکھو قد کاٹھ نہ دیکھو۔
فلفل نمکی (ف) خاکستری رنگ۔
فَلق (ع) (۱) چیرنا۔ پھاڑنا (۲) شگاف۔
فَلَق (ع) (۱) صبح (۲) صبح صادق کی سفیدی۔
فِلَق (ع) فلقہ کی جمع۔ ٹکڑے۔
فلقہ (ع) کسی چیز کا ٹکڑا۔
فلک (ع) (۱) آسمان (۲) لڑکوں کو سزا دینے کا ایک آلہ اور وہ اس طرح بناتے ہیں کہ لکڑی کے دونوں سروں میں رسی پرو کر اسے لڑکے کے پاؤں میں ڈال کر رسی کو بل دیتے ہیں۔

فُلک
فلک } (ع) فلک کی جمع۔ آسمان۔ افلاک۔

فلک اثیر (ف) چرخ اثیر۔ قدیم ماہرین فلکیات کے عقیدہ کے مطابق کرۂ ہوا کے اوپر کا کرہ جس کو کرۂ آتش بھی کہتے ہیں۔ کرہ زمین کی ہوا کے اوپر کی فضا۔
فلک اطلس (ع) نواں آسمان۔ عرش۔ فلک اعظم۔ فلک الافلاک

Marfat.com

جس پر کوئی سیارہ وغیرہ خیال نہیں کیا جاتا سب آسمانوں کا محیط آسمان۔
فلک اعظم / فلک الافلاک } (ف) دیکھو فلک اطلس۔
فلک البروج (ع) کرسی - آٹھواں آسمان - آسمان کے بارہ برج اسی آسمان پر خیال کیے جاتے ہیں۔
فلک اندازہ (ف) بلند مرتبہ۔
فلک اندازہ کردن (ف) بلند مرتبہ ہو جانا - بزرگی حاصل کرنا۔
فلک آوازہ (ف) بلند مرتبہ۔
فلک پردہ دار (ف) عرش - فلک اطلس۔
فلک پردہ بردار (ف) قیامت قائم ہو جائے۔
فلک زدگی (ف) آفت - مصیبت۔
فلک زدہ (ف) تنگ دست - مفلس۔
فلک سیر (ف) تیز رفتار - تیز رو۔
فلک قدر / فلک محل / فلک مرتبہ } عالی رتبہ آدمی - بلند مرتبہ آدمی۔
فلک المحیط (ع) عرش۔
فلک کوکب (ع) دیکھو فلک البروج۔
فلک نورد (ف) تیز رفتار - تیز رو۔
فلک نہاد (ف) وہ چیز جس کی بنیاد آسمان کی مانند بلند اور مضبوط ہو۔
فلکہ (ع) ایک آسمان۔
فُلکہ (ع) خیمہ کے ستون پر نصب کرنے کا سوراخ دار لٹو (۲) چرخہ کی چمرخ (۳) چھوٹی کشتی۔
فلکی (ع) (۱) آسمانی (۲) علم ہیئت کا جاننے والا۔
فلکیات (ع) ہر وہ چیز جو افلاک سے متعلق ہو۔
فلو (ع) گھوڑے یا گدھے کا ایک سال کا بچہ جس کا دودھ چھڑایا گیا ہو۔
فلوت (ف) بانسری۔
فلوت زدن (ف) بانسری بجانا۔
فُلوس (ع) فلس کی جمع (۱) پیسے (۲) مچھلی کے کھپرے۔
فلوکس (ف) (PHLOX) ایک گھاس جس کے پتے لمبے نوکیلے ہوتے ہیں - چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں سجاوٹ کیلئے باغوں میں کاشت کی جاتی ہے۔
فُلوکرم / فلوکیہ } (ع) ڈونگا - چھوٹی کشتی۔
فلہ / فُلہ / فلہ } (ف) پیوسی - گائے بھینس وغیرہ کے بچہ پیدا ہونے کے بعد جو دودھ نکلتا ہے - پنجابی بولی۔
فلہٰذا (ف) پس اس لیے - پس اسی واسطے۔
فلی (ع) جوئیں نکالنا۔

# ف - م

فم / فُم / فِم / فُما } (ع) منہ - میم کی تشدید سے بھی آتا ہے (اس کی اصل فوہ ہے)
فمان (ع) فم کا تثنیہ - دو منہ۔
فم معدہ (ع) معدہ کا منہ - کوڑی۔
فموان (ع) دیکھو فمان۔
فموی / فمی } (ع) منسوب بہ فم - منہ کی۔

# ف - ن

فنّ (ع) (۱) حال (۲) طرح (۳) نوع - قسم (۴) فارسی میں بلا تشدید فون ہنر اور کشتی کے داؤ کے معنی میں مستعمل ہے۔
فَناء (ع) نیست و نابود ہونا - ختم ہونا - مرنا - ہلاک ہونا - مٹ جانا۔
فِناء (ع) گھر کا گردا گرد - دروازہ کے سامنے کا کشادہ صحن۔
فنا پذیر (ف) فانی۔
فنا ناپذیر (ف) لافانی۔
فَنار (ع) (۱) مشعل (۲) روشنی کا منار۔
فنافی الشیخ (ع) فقر کے ایک درجہ کا نام جس میں مرید ہر وقت مرشد کے تصور میں غرق رہتا ہے۔
فنافی الرسول (ف) فقر و تصوف کا دوسرا درجہ جس کا طالب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تصور میں محو رہتا ہے۔
فنافی اللہ (ع) فقر کے اس اعلیٰ مقام کا نام جس میں طالب اللہ تعالیٰ کی حقیقت و معرفت میں غرق ہو جاتا ہے۔
فنا کدہ (ف) دنیائے فانی - دنیا۔
فنجان (ع) پنگان کا معرب - پیالی جس میں قہوہ پیا جاتا ہے۔
فنجنوش (ف) لوہے کا میل - خبث الحدید۔
فنجیدن (ف) اعضا شکنی خواہ بخار کے باعث ہو یا خمار کی وجہ سے انگڑائی لینا - بخار سے پہلے بدن کا ٹوٹنا - رونگٹے کھڑے ہونا۔
فنخ (ع) اونٹ کا پیٹ بھر کر پانی پینا۔
فن خوردن (ف) فریب کھانا - دھوکہ میں آنا۔
فنادق (ع) فندق کی جمع۔
فَند (ع) (۱) جھوٹ (۲) خطا (۳) رائے کی سستی - عقل کا فتور۔
فند (ف) (۱) جھوٹ - مکر و فریب (۲) بیہودہ بات (۳) جال - دام۔

Marfat.com

فندزدن (ف) دھوکہ دینا۔

فُندُق (ع) (۱) بُندق - ایران کے ایک مشہور میوہ کا نام جو بیر کے برابر سُرخ رنگ ہوتا ہے۔ شاعر اسے معشوق کے لب اور حنائی اُنگلیوں سے تشبیہ دیتے ہیں (۲) کارواں سرائے جو سر راہ ہو۔ (۳) گیند جس سے کھیلتے ہیں۔

فُندُق بستن (ف) اُنگلیوں کی پوروں کو مہندی لگانا۔

فُندُق زدن (ف) بائیں ہاتھ کی مٹھی پر دائیں ہاتھ کی اُنگلی اس طرح مارنا کہ آواز نکلے۔

فُندُق سیم (ف) ستارے۔

فُندُق شکستن (ف) معشوق کا بوسہ لینا۔

فن زدن (ف) حریف کو بے چارہ اور زبون کرنا - داؤ فریب دینا۔

فندک (ف) لمبی اور باریک شمع کہ اسے لپیٹ کر سفر میں ہمراہ رکھتے ہیں وقت ضرورت جلا لیتے ہیں - اور پھر بُجھا کر اسی طرح لپیٹ کر سامان میں رکھ لیتے ہیں - عام طور پر ایسی شمع کو شمع پیچاں بھی کہتے ہیں۔

فنِ شیرازی (ف) کُشتی کے ایک پیچ اور داؤں کا نام۔

فِنطَاس (ع) کشتی کا حوض جس میں پانی جمع کر لیتے ہیں - وہ مشک یا برتن جس کو پینے والے پانی کے رکھنے کے لیے کشتی میں استعمال کرتے ہیں۔

فنک (ف) (۱) جوہک (۲) پوستین (۳) ایک جانور کا نام جس کی کھال کی پوستین بنتی ہے۔

فُنگ (ف) (۱) حنظل - اندرائن (۲) بے سر و سامانی - پریشانی۔

فَنَن (ع) درخت کی ٹہنی - شاخ۔

فنودن (ف) (۱) فریفتہ ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) رفتار و گفتار میں توقف کرنا (۴) مغرور ہونا۔ (۵) آرام لینا۔

فُنُون (ع) فن کی جمع - ہُنر۔

فُنُونِ فضائل (ع) فضیلتوں کی قسمیں اور شاخیں - ہر قسم کے علم و ہُنر۔

## ف - و

فُو (ع) مُنہ - دہن۔

فَوات (ع) نیستی - مرجانا - مٹ جانا - گذر جانا۔

فواتح (ع) فاتحہ کی جمع۔

فواحش (ع) فاحشہ کی جمع (۱) بدکار عورتیں (۲) بدیاں - بُرے کام - بڑے گناہ۔

فُواد
کُواد } (ع) دل - قلب۔

فوارس (ع) فارس کی جمع - گھوڑ سوار۔

فوّارہ (ع) بہت جوش مارنے والا - پھوارہ - پانی کا چشمہ - جھرنا۔

فوارَہ (ع) آگ پر رکھی ہوئی دیگ میں جوش مارنے والی چیز۔

فوارہ چوں بلند شود سرنگوں شود (ف) غرور کا سر نیچا ہوتا ہے۔

فواصل (ع) فاصلہ کی جمع - قرآن شریف کی آیتوں کے آخری کلمات جو قافیوں کی مانند ہیں۔

فُواضل (ع) فاضلہ کی جمع - اچھے انعام - بڑی بخششیں - فواضل اور فضائل میں یہ فرق ہے کہ فواضل وہ نعمتیں ہیں جو دُوسروں کی طرف بھی جا سکیں - یعنی ایک آدمی دُوسرے کو بھی دے سکے۔ مثلاً علم، ہُنر - عطا وغیرہ اور فضائل وہ نعمتیں ہیں جو ایک شخص کی ذات میں ہوں - اور دوسرے کو نہ دے سکے - جیسے عقل - حیا - شرم - خوبصورتی - طاقت - اصالت وغیرہ۔

فُواق (ع) (۱) ہچکی - وہ ہوا جو سینہ سے نکلتی ہے - جانکنی کی حالت (۲) صراحی میں سے پانی یا شراب کے نکلنے کی آواز۔

فواقع (ع) بلائیں - سختیاں - فاقعہ کی جمع۔

فَواکہ (ع) فاکہہ کی جمع - پھل - میوے۔

فَوائد (ع) فائدہ کی جمع - فائدے۔

فَوت (ع) مرنا - کسی شے کا گم ہونا - گزر جانا۔

فُوت (ف) پھونک جس سے آگ سلگائی جائے یا چراغ گُل کیا جائے۔

فُوت بال (ف) فٹ بال۔

فَوت شدن وقت (ف) وقت ضائع کرنا۔

فوت کردن (ف) مر جانا - بجھانا۔

فَوج (ع) لشکر - سپاہ - گروہ۔

فَوح (ع) (۱) ہوا کا چلنا (۲) خوشبو کا مہکنا۔

فود (ع) مرنا - گم ہونا - گزرنا۔

فَودان (ع) سر کے دونوں کنارے

فودج (ع) ہودج - ڈولی۔

فَور (ع) (۱) وقت - ساعت (۲) جلد - شتاب - جلدی (۳) اُبال - جوش (۴) دیگ یا چشمہ کا اُبلنا یا جوش مارنا (۵) مشک کی خوشبو کا مہکنا۔

فَوراً (ع) جلد - شتاب - اسی وقت - جلدی۔

فَوران (ع) اُبلنا - جوش مارنا۔

فوران (ف) ہندوستان کے مشہور شہر قنوج کا دوسرا نام۔

فورزدن
فورکشیدن } افیون - بھنگ اور چرس پینا۔

فوریت (ف) نہایت ضروری تاکیدی

فوریہ (ف) ضروری۔

فورک (ف) بہرام گور کی ملکہ جو راجہ قنوج کی دُختر تھی۔

فوری (ف) جلدی۔

فوز (ع) (۱) کامیاب ہونا (۲) رہائی پانا (۳) ہلاک ہونا۔

فوز (ف) غلبہ۔

فوزافوز (ف) جماع کی آواز۔

فوژان (ف) بلند آواز۔

فوضیٰ (ع) (۱) وہ کام جو سب میں مشترک ہو (۲) وہ لوگ جو آپس میں مساوی ہوں - اور کوئی سردار نہ ہو۔

Marfat.com

فوٹو غرافر (ع) فوٹو گرافر۔
فوٹو کپی (ف) فوٹو کاپی۔
فوطہ (ف، فوتہ) (۱) کمربند - لنگی - نہانے کا کپڑا - جو سیا ہوا نہ ہو (۲) وہ روپیہ جو رعایا خزانہ سرکاری میں داخل کرے (۳) پگڑی (۴) تھیلی (۵) رومال (۶) خصیہ - خایہ -

فوفل } (ع) پوپل کا معرب - سپاری - چھالیہ -
فوفل }

فوق (ع) (۱) اوپر - بالا (۲) فوقیت لے جانا۔
فوق (ع) تیر کا منہ -
فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔
فوقانی (ع) (۱) اوپر والا - اوپر کا وہ حرف جس کے اوپر نقطے ہوں۔
فوق تصور (ع) تصور سے باہر۔
فوق الذکر (ع) جس کا ذکر اوپر آ چکا ہو
فوقیت (ع) اوپر ہونا - بڑھ جانا - برتری حاصل کرنا۔
فوگان (ف) بجو کی شراب کا شیشہ۔
فول (ع) لوبیا۔
فولاد (ع) پولاد کا معرب - ایک قسم کا جوہر دار لوہا۔
فولادین (ف) فولاد کا ہونا۔
فوم (ع) لہسن۔
فوؤس (ع) فاس کی جمع - کلہاڑیاں۔

فوہ } (ع) منہ۔
فوہ }

فوہ (ع) مجیٹھ۔
فوہ (ع) خوشبو۔
فوہ (ع) فراخ منہ والا۔
فوہات (ع) فوہ کی جمع - منہ۔
فوہل (ف) شورہ۔

# ف - ہ

فہ (ع) وہ مرد جو بات کرنے سے عاجز ہو۔
فہارس (ع) فہرس کی جمع۔
فہام (ع) بڑا سمجھنے والا - بڑے فہم والا۔
فہامت (ع) سمجھ - سمجھنا - دریافت کرنا۔
فہامہ (ع) بہت بڑا عقل مند۔
فہانہ (ف) بہانہ - فانہ - پچر۔
فہد (ع) چیتا - یوز۔
فہرس (ع) فہرست کا معرب۔
فہرست (ف) کتاب کے مضامین اور فصلوں کی تفصیل - انڈیکس - اشیاء کی تفصیل۔
فہل (ع) کشادہ - فراخ۔
فہم (ع) سمجھ - عقل - دانائی - سمجھنا۔
فہماکردن (ف) سمجھانا۔
فہمانیدن (ف) سمجھانا۔
فہو (ع) بھول - چوک - بھول جانا۔
فہوم (ع) فہم کی جمع۔
فہیم (ع) بڑے فہم والا - بڑا سمجھنے والا۔

# ف - ی

فی (ع) بیچ - میں - درمیان - اندر۔
فیٔ (ع) ہر چیز کا سایہ جو زوال آفتاب کے وقت سے شام تک زمین پر پڑتا ہے - زوال سے پہلے کے سایہ کو ظل کہتے ہیں۔ (۲) لوٹنا (۳) غنیمت - لوٹ (۴) خراج (۵) جماع - (۶) دوپہر کے سایہ کو بھی بعض لوگ کہتے ہیں۔
فیاد (ع) نر الو - بوم نر۔
فیار (ف) کام - شغل۔
فیاض (ع) بڑا فیض پہنچانے والا - بڑی بخشش کرنے والا۔
فیال (ع) ہاتھی والا - مہاوت - پیل بان - فیل بان - ہاتھی چلانے والا۔
فی البدیہہ (ع) فقط - فوراً - برمحل جواب دینا۔
فی التاخیر آفات (ع) کبھی معمولی تاخیر پر بہت بڑی مصیبت آجاتی ہے۔
فی الجملہ (ع) مختصر کلام - حاصل کلام - خلاصہ کلام - مثال کے طور پر۔
فی الحال (ع) ابھی - فوراً۔
فی الحقیقۃ (ع) دراصل - حقیقت میں۔
فی المثل (ع) کہاوت کے طور پر - مثلاً - فرضاً - مثال کے طور پر۔
فی الواقع (ع) واقعی - واقع میں - حقیقت میں۔

فیثا غورث } (ع) یونانی لفظ - پیتھاگورس کا معرب - ایک مشہور و معروف حکیم کا نام جو شہر صور کا رہنے والا تھا۔
فیثا غورس }

حاکم انطاکیہ نے اسے اپنا بیٹا بنا لیا تھا - اس نے اکثر ممالک کی سیاحت کی - کئی سال مصر میں رہ کر علم ہیئت میں کمال حاصل کیا - دور دور سے لوگ اس کی زیارت کو آتے تھے بلکہ شاہان وقت بھی اس کے گرویدہ تھے - دو سو اسی کتابیں مختلف علم میں اس کی تصنیف سے ہیں - مقالہ اول کی اڑتالیس اشکال اسی کی ایجاد ہیں - یہ نامور اور مشہور آفاق حکیم حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً پانچ سو سال پہلے ہوا ہے۔
فیجن (ف) سداب - جو پودینہ کی شکل کی ایک مشہور بوٹی ہے - پنجابی

Marfat.com

میں اسے "اٹ سٹ" کہتے ہیں۔

فیح (ع) خوشبو کا پھیلنا۔

فیحا (ع) جوش دوزخ۔

فید (ع) (۱) اترا کر چلنا۔ مٹک کر چلنا۔ خرام ناز (۲) فائدہ۔ نفع (۳) زیادہ ہونا۔ زیادہ۔ (۴) گھوڑے کے بال۔

فیدار (ف) (۱) شغل۔ کام (۲) صنعت۔

فیداقہ (ف) (۱) ایک عورت کا نام جو ملک بردع کی حاکم تھی۔

فیر (ف) افسوس۔ تاسف۔

فیروز (ع) پیروز کا معرب۔ کامیاب۔ فتح مند۔

فیروز گرد (ف) شہر اردبیل جسے نوشیرواں کے دادا فیروز نے آباد کیا تھا۔

فیروز گشت (ف) مبارک گشت کرنے والا۔

فیروز گشتن (ف) کامیاب ہونا۔

فیروز مند (ف) کامیاب۔ فتح مند۔

فیروز نیمن (ف) مبارک کام۔ نیک کام۔

فیروزہ (ع) پیروزہ کا معرب۔ ایک نیلگوں اور مشہور جواہر کا نام جس کی کان نیشاپور میں ہے۔

فیروزہ تاج (ف) (۱) فیروزہ کے تاج والا (۲) کیخسرو کا تاج (۳) سالک لوگ۔ اہل سلوک۔

فیروزہ تخت (ف) آسمان۔

فیروزہ حبابی (ف) حباب کی شکل کا یعنی بیچ میں سے ابھرا ہوا فیروزہ۔

فیروزۂ خرگاہ
فیروزۂ دریا } (ف) آسمان۔
فیروزہ سقف

فیروزۂ طارم (ف) (۱) آسمان (۲) دنیا۔

فیروزہ طشت (ف) کیخسرو کا تخت (۲) آسمان (۳) بنات النعش۔

فیروزہ کاخ (ف) (۱) آسمان (۲) دنیا۔

فیروزہ کہن (ف) پرانا فیروزہ جو خوش رنگ اور بیش قیمت ہوتا ہے۔

فیروزۂ مرقد (ف) دنیا۔

فیروزی (ف) فتح۔ فتحمندی۔ کامیابی۔

فیروزی یافتن (ف) خوش بختی و کامیابی حاصل کرنا۔

فیریدن (ف) (۱) اٹھلا کر چلنا (۲) تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا اڑانا (۳) کسی بات کا مشہور ہونا۔

فیزیک (ف) علم طبیعیات۔

فیس داشتن
فیس کردن } (ف) مغرور ہونا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔

فیسا (ف) طاؤس۔ مور۔

فیسل (ع) جانوروں کی ہڈیاں جن سے ان کی تشریح کا حال معلوم ہوتا ہے۔

فیش (ف) انڈکس۔

فیصل (ع) فیصلہ کرنے والا۔ حاکم۔ حق و باطل کو جدا کرنے والا۔ فارسی والے انفصال اور جھگڑا چکانے کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

فیصل دادن (ف) فیصلہ دینا۔

فیصل یافتن (ف) فیصلہ پانا۔

فیصلہ (ع) جھگڑا چکانا۔

فیض (ع) (۱) پانی بہنا (۲) پانی کا نہر میں اتنا زیادہ ہو جانا کہ کناروں سے بہنے لگے (۳) پانی گرانا (۴) بہت بخشش (۵) بہت زیادہ فائدہ (۶) بھید یا خبر کا ظاہر ہو جانا۔

فیضان (ع) (۱) پانی بہنا۔ بوجہ کثرت کے پانی کا بہنا (۲) بھید یا خبر کا ظاہر ہو جانا (۳) فائدہ۔ نفع۔

فیض مقدس (ع) اللہ تعالیٰ کی طرف سے بالواسطہ فیض۔

فیل افگن (ف) بہت توانا جو ہاتھی کو گرا دے۔

فیل تن (ف) ہاتھی جیسا جثہ رکھنے والا۔

فیل را بہ فیل شکار کنند (ف) بڑے کاموں کے لیے بڑے عزم اور بڑی ہمت کی ضرورت ہوتی ہے۔

Marfat.com

# ق

ق - فارسی حروفِ تہجی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف - بحساب جمل اس کے ایک سو عدد مقرر ہیں -

## ق - ا

قاآن (ف) شاہانِ ترکستان و چین کا لقب - مجازاً ہر جلیل القدر بادشاہ -

قاب (ت) (۱) ظرف - برتن - خول - فریم - غلاف - کسی چیز کا خانہ - جیسے کتاب کا جزدان - عینک کا خانہ - قلمدان وغیرہ میں آتا ہے (۲) طباق - تھال - بڑی رکابی (۳) پانسہ یعنی وہ ہڈی جس سے جوا کھیلا جاتا ہے (۴) ٹخنی کی ہڈی (۵) مطلق ہڈی -

قاب (ع) (۱) کمان کے قبضہ سے گوشہ تک کا فاصلہ - اس حساب سے کمان میں دو قاب ہوتی ہیں - (۲) کمان اور چلّہ کے درمیان کا فاصلہ (۳) مقدار - اندازہ -

قابِ استخوان (ف) ٹخنی - پاؤں - گھٹنا وغیرہ -

قاب باز (ف) جوئے باز -

قاب بازی کردن (ف) جوا کھیلنا -

قاب خانہ (ف) قمار خانہ - جوا کھیلنے کی جگہ - کیونکہ وہاں ہڈی یعنی پانسہ سے کھیلا جاتا ہے -

قاب زدن (ف) جوا کھیلنا -

قاب عینک (ف) عینک رکھنے کا خول -

قابض (ع) (۱) قبض کرنے والا (۲) پنجہ سے پکڑنے والا (۳) تیز چلنے والا (۴) تیز چلانے والا (۵) تیز پرواز -

قابق (ف) (۱) شوز - اپ بوٹ - (۲) چھوٹی کشتی - ڈونگا - ناؤ -

قاب قوسین (ع) دو کمان کا فاصلہ - مجازاً نہایت نزدیک -

قابِل (ع) (۱) آگے آنے والا - قبول کرنے والا (۲) پسندیدہ - لائق سزاوار (۳) ضامن (۴) سال آئندہ -

قابلِ استیناف (ع) اپیل کرنے کے قابل -

قابلِ اصلاح (ع) جس کی اصلاح ہو سکے -

قابلِ امانت (ع) انسان - جو امانت یعنی خلافتِ الٰہی کا قبول کرنے والا ہے -

قابلِ تحسین (ع) شاباش کے لائق -

قابلِ تخفیف (ع) جس کو گھٹایا جا سکے -

قابلِ محل نیست (ف) توجہ کے لائق نہیں - کسی کام کا نہیں -

قابلہ (ع) قابل کی تانیث (۱) لائق عورت - شائستہ عورت (۲) دایہ - دائی - جنائی کا کام کرنے والی عورت - (۳) آئندہ رات -

قابلیت (ع) قابل ہونا - لیاقت -

قابلیت (ع) بھوک - گرسنگی -

قابو (ت) (۱) موقع - فرصت (۲) داؤ -

قابوک } (ف) پرنالہ -
قابول }

قابوق کردن (ف) پھانسی دینا -

قابو یافتن (ف) (۱) موقع پانا - فرصت پانا (۲) بدلہ لینا (۳) داؤ پانا -

قاپو (ت) دروازہ -

قاپول (ف) پرنالہ -

قاپوچی (ت) دربان

قاپی (ت) دروازہ -

قاتِر (ع) بخیل - کنجوس -

قاتم (ع) سیاہ - کالا -

Marfat.com

قاتی کردن (ف)، آمیز کرنا۔ ملانا۔
قاحل (ع)، سوکھا ہوا۔ خشک چیز۔
قاچ (ف)، کھمبی۔ کُکرمتا۔ چھتری نما چھوٹا سا سفید پودا جو برسات میں خود بخود بغیر تخم کے اُگتا ہے۔
قاچار (ف)، ایران کے مشہور شاہی خاندان کا نام۔ جو خاندان صفویہ کے بعد ایران کا حکمران ہوا۔ اس خاندان کی اصل قزاجار نوئانی سے ہے۔ جو ہلاکو خاں کے پوتے ارغون خان کا اتالیق تھا۔ اس کی اولاد سے جو آرمینیا میں سکونت پذیر تھی۔ شاہ قلی خان نے استرآباد میں آکر سکونت اختیار کی۔ اس کا بیٹا فتح علی خان دربار صفویہ میں رسائی حاصل کر کے سلطنت پر قابض ہوگیا۔ اس کے بعد محمد حسن خان۔ حسین قلی خان۔ آغا محمد شاہ۔ فتح علی شاہ۔ محمد شاہ ناصرالدین۔ مظفرالدین۔ محمد علی شاہ اور احمد شاہ نو بادشاہوں نے حکومت کی۔ ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم کے بعد ملک میں انقلاب پیدا ہوا۔ بجائے بادشاہت کے جمہوریت ہوکر احمد شاہ کو معزول کر دیا گیا اور عنانِ حکومت آقا رضا خاں پہلوی نے بہ حیثیت صدر اپنے ہاتھ میں لی۔ اور ملک کو یورپین حکومتوں کی گرفت سے آزاد کیا۔
قاداعث (ع)، قائد کی جمع الجمع۔
قادح (ع)، سرزنش کرنے والا۔ تنقید کرنے والا۔ بدگوئی کرنے والا۔ نقاد۔
قادحہ (ع)، قادح کی مؤنث۔ دانتوں کا کیڑا۔ لکڑی کھانے والا کیڑا۔
قادر (ع)، قدرت رکھنے والا۔ توانا۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔
قادر انداز }
قادر دست } (ف)، وہ تیر انداز جس کا تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے۔ ماہر تیر انداز۔
قادرِ مطلق (ع)، ہر کام پر قدرت رکھنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
قادری (ع)، صوفیا کا وہ گروہ جو حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے طریقہ پر ہے۔
قادِح (ع)، عیب لگانے والا۔
قادسیہ (ع)، عراق عرب کے ایک شہر کا نام۔
قادم (ع)، آنے والا۔
قادِموں (ع)، قادم کی جمع۔
قادِمہ (ع)، (۱) لشکر (۲) پرندہ کے شہ پر۔
قادمۃ الجیش (ع)، مقدمۃ الجیش۔ مقدمہ لشکر۔ لشکر کا سامنے والا حصّہ۔
قادۃ (ع)، قائد کی جمع۔ رہنما۔
قاذُورات (ع)، قاذورہ کی جمع۔ نجاستیں۔ پلیدیاں۔
قاذُورہ (ع)، نجاست۔ پلیدی۔

قار (ع)، قرار پکڑنے والا۔
قار (ع)، قیر۔ ایک سیاہ چپکنے والا روغن۔
قار (ف)، سیاہ سفید دونوں کی طرف نسبت کیا جاتا ہے۔ لغات اضداد سے ہے۔
قارب (ع)، چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔
قارت و قورت (ف)، شور و غل۔ ہنگامہ۔
قارح (ع)، زخم کر دینے والا۔
قارّۃ (ع)، برِّاعظم۔
قارِس (ع)، کڑاکے کا جاڑا۔ سخت سردی۔
قارِع (ع)، (۱) قرعہ پھینکنے والا۔ رمّال۔ فال نکالنے والا (۲) دروازہ کھٹکھٹانے والا (۳) جس کے سر کے بال کسی مرض سے گر گئے ہوں (۴) مشورہ قبول کرنے والا (۵) چوپایہ کو خصّی کرنے والا۔
قارعہ (ع)، (۱) کوٹنے والا۔ ٹھوکنے والی (۲) سختی زمانہ کا حادثہ (۳) قیامت (۴) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
قارقار (ف)، کائیں کائیں۔
قارن (ف)، (۱) رستم کے زمانہ میں ایک پہلوان کا نام تھا (۲) خان خاناں عبدالرحیم خان کے بیٹے کا نام۔
قارُورہ (ع)، (۱) بارود کی کپی جس میں آگ لگا کر دشمن پر پھینکتے ہیں (۲) مثانہ کی شکل کی شیشی جس میں طبیب بیمار کا پیشاب بھر کر دیکھتا ہے۔ (۳) مجازاً پیشاب۔ بول۔
قارُورۂ بُرج (ع)، بارود کی بھری ہوئی کپی جو قلعہ کے برج سے دشمن پر پھینکی جاتی ہے۔
قارُورہ بر سنگ زدن (ف)، عیش منغص کرنا۔
قارُون (ع)، ایک بڑے دولت مند کا نام جس کے چالیس خزانے مشہور ہیں۔ یہ شخص حضرت موسےٰ علیہ السلام کا چچیرا بھائی تھا۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام نے اسے بخل و خست اور ظلم و ستم سے مال جمع کرنے سے ہر چند روکا اور زکوٰۃ دینے کے لیے کہا۔ اس پر یہ ان کے مخالف ہو گیا۔ آخر قہرِ الٰہی سے قارون مع اپنے خزانوں کے تباہ ہو گیا۔
قاری (ع)، پڑھنے والا۔ مجازاً خوش الحان قرآن مجید پڑھنے والا۔
قاز چراندن (ف)، بے کار پھرنا۔
قازغان }
قازقان }
قازکان } (ف)، دیگ کلاں۔ تانبے کی بڑی دیگ۔
قازو گلنگ (ف)، کچھ قاز کچھ گلنگ یعنی بے ڈھنگا۔ بے طریقہ۔
قاس (ف)، (۱) نوک۔ بینڈک (۲) ابرو۔ بھوں (۳) اندازہ
قاسانی (ف)، قاسان سے منسوب۔ کاشانی۔
قاسِر (ع)، جبر کرنے والا۔ کسی کو کسی کام پر زبردستی سے رکھنے والا۔

Marfat.com

قاسط (ع) حق سے دور رہنے والا - حق سے پھر جانے والا - جابر - ستمگار -

قاسم (ع) (۱) تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا (۲) حضرت امام حسن علیہ السلام کے صاحبزادہ کا نام جو میدان کربلا میں شہید ہوئے -

قاسم الارزاق (ع) روزی تقسیم کرنے والا - اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام -

قاسم کوثر (ع) حوض کوثر پر پانی تقسیم کرنے والا -

قاسی (ع) سنگدل - سخت دل - سیاہ دل -

قاش (ت) پھانک -

قاش خوردن (ف) تراشا جانا -

قاش کردن (ف) پھٹ جانا - پکے ہوئے پھل میں شگاف آ جانا - ٹکڑے کرنا -

قاشر (ع) چھلکا اتارنے والا -

قاشق (ت) چمچہ -

قاشقک (ف) چھوٹا چمچہ -

قاشقان (ت) ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام -

قاش زدن (ف) چمچوں سے موسیقی پیدا کرنا -

قاشوب (ت) ڈولی -

قاص (ع) (۱) قصہ خوان (۲) واعظ (۳) خبر دینے والا -

قاصب (ع) گوشت کاٹنے والا - ذبح کرنے والا (۲) بانسری بجانے والا -

قاصد (ع) (۱) قصد کرنے والا - ارادہ کرنے والا (۲) سیدھی راہ چلنے والا (۳) لکڑی توڑنے والا (۴) نزدیک (۵) آسان (۶) درمیانہ (۷) فارسی میں مستعد قتل کے معنوں میں بھی آتا ہے - عرف عام میں پیغام لے جانے والا -

قاصد چرخ (ف) سورج - چاند -

قاصر (ع) (۱) کوتاہی کرنے والا - (۲) سرد پانی -

قاصرہ (ع) وہ عورت جو صرف اپنے شوہر کو چاہے -

قاصر ہمت (ع) کم ہمت - بے حوصلہ -

قاصف (ع) سخت - تند -

قاصی (ع) (۱) کسی چیز کی انتہا کو پہنچنے والا (۲) دور کے رستے آنے والا (۳) دور (۴) دور کے باشندے -

قاصیہ (ع) طرف - جہت -

قاضب (ع) تیز کاٹنے والا - تیز تلوار -

قاضی (ع) حکم کرنے والا - جھگڑا چکانے والا - مقدمہ کا فیصلہ کرنے والا - جج (۲) قرض ادا کرنے والا -

قاضی الحاجات (ع) حاجتوں کا رفع کرنے والا - اللہ تعالےٰ - مجازاً نقدی - مال و دولت -

قاضی القضات (ع) چیف جسٹس - سب سے بڑا قاضی یا جج -

قاضیٔ بیضا } قاضیٔ بیضاوی } (ع) ایران کے شہر بیضا کے رہنے والے ایک مشہور و معروف عالم و فاضل اور مفسر عبداللہ ناصر الدین کا لقب جو تفسیر انوار التنزیل بنام آثار التاویل کے مصنف ہوئے ہیں -

قاضیٔ چرخ } قاضیٔ فلک } (ف) مشتری ستارہ - برہسپت -

قاضیٔ قدوہ (ع) ایک کثیر الاولاد قاضی کا نام - مجازاً ہر کثیر الاولاد آدمی -

قاطر (ت) خچر - استر -

قاطرات (ع) قاطرہ کی جمع - ٹرینیں - قواطر -

قاطر چموش (ف) سرکش خچر -

قاطرچی (ت) گدھوں والا -

قاطرہ (ع) ٹرین - ریل -

قاطع (ع) (۱) قطع کرنے والا - کاٹنے والا (۲) ترش رو -

قاطع الطریق (ع) راہزن - بٹمار - لٹیرا -

قاطعین (ع) (۱) مسافر لوگ (۲) اجارہ دار لوگ - ٹھیکہ دار -

قاطن (ع) مقیم رہنے والا - ساکن - مسافر کی ضد -

قاطنون } قاطنین } (ع) قاطن کی جمع - مقیم رہنے والے -

قاط و قوط (ت) پرندوں کا شور - کٹ کٹ -

قاطی در قاطی (ف) درہم برہم -

قاع (ع) فراخ اور ہموار زمین -

قاعات (ع) قاعت کی جمع -

قاعت (ع) (۱) گھر کا صحن (۲) ہال - کمرہ -

قاعد (ع) بیٹھنے والا - بیٹھا ہوا (۲) وہ عورت جسے حیض آنا اور اولاد جننا بند ہو گیا ہو -

قاعدگی (ف) ماہواری - خون -

قاعدہ (ع) (۱) بیٹھنے والی عورت - بیٹھی ہوئی عورت (۲) پیندا - کسی چیز کی نیچے کی تلی (۳) بنیاد (۴) دستور - قانون -

قاعدۃ البلاد } قاعدۃ الملک } (ع) دارالخلافہ - دارالحکومت -

قاعدہ شدن (ف) عورت کو حیض آنا -

قاف (ف) (۱) ایک مشہور پہاڑ کا نام جو ٹرالنس کاکیشیا کے شمال کی طرف ہے (۲) حروف ابجد کا حرف جس کے ایک سو عدد مقرر ہیں -

قاف تا قاف (ف) تمام دنیا - دنیا کے اس سرے سے اس سرے تک - کیونکہ قدیم زمانے کے بعض لوگوں کا خیال تھا کہ کوہ قاف تمام دنیا کے گرداگرد ہے -

قافلہ (ع) سفر سے لوٹنے والی جماعت (۲) مسافروں کا گروہ - کارواں -

قافلہ سالار (ف) میر قافلہ - کارواں سالار - قافلہ کا سردار -

قافلہ شد (ف) قافلہ سالار گیا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے مراد ہے -

قافلہ گاہ (ف) قافلہ کے اترنے کی جگہ -

قافیہ (ع) قفو سے مشتق ہے - جس کے معنی ہیں - پے در پے -

Marfat.com

پے درپے آنے والا (۲) بیت کے آخر کا ہموزن لفظ جو ردیف سے پہلے ہوتا ہے۔
قافیہ تنگ شدن (ف) عاجز ہونا۔ گفتگو میں ہار جانا۔
قافلہ ساز (ف) شعرا۔
قافیہ سنجان (ف) شعراء۔ شاعر لوگ۔
قافیہ شائگان (ف) وہ قافیہ جو ایطائے جلی پر مشتمل ہو۔ معیوب قافیہ۔ نادرست قافیہ۔ جیسے خنداں کا مکاں کے ساتھ۔ دلبران کا زمان کے ساتھ۔
قاق (ت) (۱) سوکھا ہوا گوشت۔ خشک گوشت (۲) دُبلا۔ لاغر۔ خشک اندام۔
قاق (ع) بڑے لمبے قد کا آدمی۔
قاق (ف) بسکٹ۔
قاق بودن (ف) بے نصیب ہونا۔
قاقا (ع) کتے کی آواز۔ کائیں کائیں۔
قاقلہ (ع) بڑی الائچی۔
قاقلی (ع) ایک گھاس کا نام۔
قاقم (ت) ایک جانور کا نام جس کی کھال اور پشم نہایت ملائم اور سفید ہوتی ہے اور اس کی پوستین بنتی ہے۔ سمور۔
قاقم انگشت نما (ف) قاقم کی وہ پوستین جس پر انگلی بھر لمبے بال ہوں۔
قاقم نمائے (ف) سفید نما۔ روشن نما۔
قاقوس (ی) عدس۔ مسور جو مشہور دال ہے۔
قال (ع) گفتگو۔ بات چیت۔
قال قال (ع) بحث۔ تحبیص۔
قال قال راہ انداختن (ف) بہت اونچی اور بلند آواز سے باتیں کرنا۔
قال وقیل کردن (ف) بحث وتحیص کرنا۔
قالب (ع) سانچہ۔ اینٹ وغیرہ بنانے یا کپڑا چھاپنے کا سانچہ۔ (۲) جسم۔ بدن۔
قالب (ع) اُلٹا کرنے والا۔ پھیرنے والا۔
قالب تہی کردن (ف) (۱) مر جانا۔ جان دینا۔ بے ہوش ہونا۔
قالب چیزے کندن (ف) کسی چیز کو پایہ تکمیل تک پہنچانا۔
قالب ریختن (ف) سانچے میں ڈھالنا۔
قالب ریزی (ف) سانچے میں ڈھالنے کا کام۔
قالب زن (ف) ڈھالنے والا۔ چیزوں کو سانچے میں ڈھالنے والا۔
قالب گیر (ف) سانچے بنانے والا۔
قالب گیری (ف) سانچے بنانے کا کام۔
قالپاق (ت) چمڑے کی ٹوپی۔
قالع (ع) اکھیڑنے والا۔
قال کردن (ف) (۱) بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا (۲) گانا۔
قال مقال (ع) گفتگو۔ بات چیت۔ بحث۔ تکرار۔

قالوس (ف) قدیم ایرانی موسیقی کی ایک دُھن۔
قالی (ف) قالین۔ غالیچہ۔
قالیچہ (ف) قالی کی تصغیر۔ چھوٹا قالین۔
قالین (ف) غالیچہ۔ مشہور قیمتی فرش جس کا رواں اُٹھا ہوا ہوتا ہے۔
قام (ع) کھڑا ہوا۔ وہ شخص۔
قامات (ع) قامت کی جمع۔
قامت (ع) قد۔
قامت راست کردن (ف) کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ قائم ہونا۔
قامت کردن (ف) قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کہنا۔
قامع (ع) توڑنے والا (۲) ذلیل وخوار کرنے والا۔
قامعہ (ع) (۱) توڑنے والی (۲) ذلیل وخوار کرنے والی۔
قاموس (ع) دریا۔ گہرا دریا۔ دریا کی سب سے گہری جگہ۔ دریا کا درمیان۔ بھنور۔
قاموس (ع) ایک مشہور عربی لغات کا نام جو شیخ مجدالدین بن یعقوب فیروزآبادی کی تصنیف ہے۔
قان (ت) خون۔ لہو۔
قانت (ع) (۱) فرمان بردار۔ خدا کا حکم ماننے والا (۲) دُعا مانگنے والا (۳) خاموش۔ چپکا۔
قانتین (ع) قانت کی جمع۔
قانصہ (ع) مرغ کا پوٹہ (۲) روده۔
قانط (ع) ناامید۔ مایوس۔
قانطون، قانطین (ع) قانط کی جمع۔ مایوس لوگ۔
قانع (ع) قناعت کرنے والا۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔
قانع شدن (ف) قناعت کرنا۔
قانون (ع) ہر چیز کی اصل (۲) کتاب کی مسطر (۳) اندازہ کرنے کا آلہ۔ مقیاس (۴) ایک مشہور باجہ (۵) مجازاً دستور۔ قاعدہ۔ رسم (۶) علم طب کی ایک کتاب کا نام جو بوعلی سینا کی تصنیف ہے۔
قانوناً (ع) ازروئے قانون۔
قانونِ استقرائی (ع) وہ قانون جس کی رُو سے افعال جائز کی تعریف اور افعال ناجائز سے پرہیز کی تعریف کی جائے۔
قانونِ جزا (ع) تعزیرات۔
قانون دان (ف) قانون سے واقف۔ آئین سرکاری سے واقف۔
قانون شکن (ف) قانون کو توڑنے والا۔
قانون گزار (ف) قانون ساز۔
قانون کور باشد (ف) انصاف کی آنکھیں نہیں ہوا کرتیں۔
قانون گو (ف) صدر پٹواری۔ پرگنہ کا زمینداری رجسٹرار۔ مال کا وہ اہل کار جو اپنے حلقہ کے تمام مالیات اور پیمائش ارضی کا حساب

Marfat.com

رکھے۔ پٹواریوں کا نگران۔
قانونِ مال (ع) لگان اور زمینداری کا قانون۔
قانونِ مختص الامر (ع) وہ قانون جو خاص امر کے متعلق جاری ہو۔ (۲) آرڈیننس۔
قانونِ مختص المقام (ع) وہ قانون جو کسی خاص ملک یا حصۂ ملک کے متعلق ہو۔
قانی (ع) بہت سُرخ۔ حد سے زیادہ سُرخ۔
قاوُرہ (ف) حلوے کی ایک قسم۔
قاوق (ت) (۱) شوربہ۔ ہاٹ بوٹ (۲) ڈونگا۔ چھوٹی کشتی۔ ناؤ۔
قاہر (ع) قہر کرنے والا۔ زور کرنے والا۔ زبردست غالب۔ اللہ تعالےٰ کا ایک نام۔
قاہرہ (ع) (۱) غالب۔ زبردست (۲) برا اعظم افریقہ کے مشہور ملک مصر کا پایہ تخت۔ جو دریائے نیل کے ساحل پر واقع ہے۔
قاہ قاہ خندیدن (ف) قہقہہ مار کر ہنسنا۔
قائد (ع) (۱) آگے سے کھینچنے والا (۲) اندھے کو لاٹھی پکڑ کر چلانے والا (۳) راہبر۔ راہنما (۴) حاکم (۵) فوج کا سپہ سالار۔ فوج کا سردار۔
قائس (۱) دست پناہ۔ چمٹا (۲) موچنا۔
قائف (ع) (۱) قدم کا نشان پہچاننے والا (۲) علم قیافہ جاننے والا (۳) کھوجی۔ سراغ رساں۔
قائق (ع) کشتی۔
قائقچی (ت) کشتی راں۔ کشتی چلانے والا۔ ملاح۔
قائق راں (ت) کشتی چلانے والا۔
قائل (ع) (۱) کہنے والا (۲) قیلولہ کرنے یعنی دوپہر کو سونے والا۔ (۳) مجازاً اپنی خطا کا اقرار کرنے والا۔
قائلہ (ع) قائل کی تانیث (۱) کہنے والی عورت (۲) قیلولہ کرنے والی عورت۔
قائلہ (ع) دوپہر کا سونا۔ قیلولہ کرنا۔
قائم (ع) (۱) کھڑا۔ کھڑا ہونے والا (۲) شاطروں کی اصطلاح میں وہ بازی جس میں کھیلنے والے آپس میں برابر رہیں۔
قائم السیف (ع) تلوار کا قبضہ۔
قائم انداز (ف) (۱) کامل شطرنج باز (۲) کامل نرد باز۔ کامل چوسر باز (۳) غالب۔
قائم بالذات (ع) جوہر۔ وہ چیز جو اپنی ذات پر قائم ہو۔
قائم بالغیر (ع) محتاج غیر۔ وہ چیز جو دوسرے کے بھروسے پر قائم ہو۔ جیسے "عرض" بھی کہتے ہیں۔
قائم ریختن (ف) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ نہ لڑنا۔
قائم شدن (ف) پوشیدہ ہونا۔ چھُپانا۔
قائم کردن (ف) پوشیدہ کرنا۔ چھُپانا۔
قائم مقام (ع) دوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا۔ عوضی۔ کسی کی جگہ لینے والا۔ نائب۔ مختار۔
قائمہ (ع) (۱) فہرست (۲) پایہ (۳) نوے درجہ کا زاویہ جو دو خطوط مستقیم کے عمود وار قائم کرنے یا انقاطع کرنے سے پیدا ہوتا ہے (۴) کتاب کا ورق (۵) تلوار کا قبضہ (۶) گھوڑے کی ٹانگ۔
قائمہ (ع) فہرست اشیاء۔

# ق - ب

قب (ع) نر۔ قوم کا رئیس اور پیشوا۔ چرخ کے درمیان سوراخ۔
قبا (ع) ایک مشہور پوشاک ہے جو امرا پہنتے ہیں اچکن (۲) قمیص وغیرہ کا چاک۔
قُبا (ع) مدینہ منورہ کے قریب ایک مقام کا نام۔
قِباب (ع) قبہ کی جمع۔ گنبد۔ کلس۔
قبا بستن (ف) (۱) قبا پہننا (۲) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔
قبا بستہ (ف) آمادہ۔ مستعد۔
قبا بعد از عید (ف) عید کے بعد اگر پہننے کو کوئی نئی چیز مل بھی تو کیا فائدہ۔
قبا تنگ شدن (ف) (۱) تنگدست ہونا (۲) ناتواں ہونا۔
قباچا
قباچہ } (ف) قبا کی تصغیر۔ چھوٹی قبا۔
قباح (ع) قبیح اور قبیحہ کی جمع۔ بدشکل۔ برے۔
قبا چاک (ف) وہ شخص جس کی قبا چاک ہو۔ پھٹا پرانا لباس پہنے ہوئے۔
قباحت (ع) بُرائی۔ زبونی۔ زشتی۔
قباحت داشتن (ف) بُرا ہونا۔ بُرائی دیکھنا۔
قُباد (ف) کیانی بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کا نام۔ مجازاً ہر جلیل القدر بادشاہ۔
قُباس (ف) سُورج۔
قباس برآمد (ف) سُورج نکل آیا۔
قباق (ت) ایک لمبی لکڑی پر سونے یا چاندی کا حلقہ لگا کر گھڑ دوڑ کے میدان میں گاڑتے ہیں اور سوار گھوڑا دوڑاتے ہوئے اس پر تیر مارتے ہیں۔
قُباقب (ع) بکواس۔ بکواسی۔
قبا کردن (ف) (۱) پیراہن و جامہ کا چاک کرنا (۲) قبا پہننا۔
قبا گرداند
قبا گردانیدن } (ف) لباس تبدیل کرنا۔
قبال (ع) جوتے کا تسمہ۔
قِبالہ (ع) (۱) ضامن ہونا۔ قبولیت (۲) مجازاً ضمانت نامہ۔ خط شرعی (۳) مکان کی سند کا کاغذ۔ مکان کا کاغذ۔
قَبّان (ع) بڑا ترازو۔ یک پلہ ترازو۔
قبا نو کردن (ف) نیا لباس پہننا۔
قبائح (ع) قبیح کی جمع۔ برائیاں۔

Marfat.com

قبائے چیرمسے پوشیدن (ف) کسی چیز کے خیال میں محو ہو جانا۔
قبائے زرلفت (ف) صاف مطلع والی اندھیری رات۔
قبائے راہ (ف) ایسا لباس جو سفر کے دوران میں پہنا جائے۔
قبائل (ع) قبیلہ کی جمع۔ خاندان۔
قبب (ع) قبہ کی جمع۔ گنبد۔ کلس۔
قبج (ع) کبک کا معرب۔ چکور۔
قبچاق (ت) ترکستان کے ایک جنگل کا نام جہاں کے رہنے والے مردم کش اور بے رحم ہیں۔ وہاں کے باشندوں کو بھی اسی نام سے پکارتے ہیں۔ مجازاً بے باک۔ شوخ۔
قبح } (ع) برائی۔ بدی۔ بدصورتی۔ زشتی۔
قبح }
قبر (ع) گور۔ تربت۔ مرقد۔
قبراق (ت) چست و چالاک۔
قبرس (ع) بحیرہ شام کے ایک جزیرہ کا نام۔
قبرستان (ف) وہ جگہ جہاں قبریں ہوں۔
قبرکن (ف) قبر کھودنے والا۔
قبرغہ (ت) (۱) پہلو (۲) پسلی۔ پہلو کی ہڈی۔
قبرکن (ف) گورکن۔ قبر کھودنے والا۔
قبرہ (ع) چکاوک۔ سرخاب جو مشہور پرندہ ہے۔ بعض ابابیل کو بھی کہتے ہیں۔
قبس (ع) دہکتا ہوا کوئلہ۔ انگارا۔ چنگاری۔
قبس (ع) (۱) آگ لینا (۲) بتی جلانا (۳) علم حاصل کرنا۔
قبص (ع) (۱) دردِ جگر۔ دردِ شکم (۲) بزرگی (۳) شادمانی۔
قبص (ع) کوئی چیز انگلیوں کے سرے سے پکڑنا۔
قبض (ع) (۱) کسی چیز کو پنجہ سے پکڑنا (۲) گرفت۔ پکڑ۔ بندش (۳) ملک (۴) علم عروض کے ایک زحاف کا نام ہے جس میں کسی رکن کے پانچویں حرف کو گرا دیتے ہیں۔ جیسے مفاعیلن کا پانچواں حرف ی کم کرنے سے باقی مفاعلن رہے گا۔ یہ زحاف بحر طویل۔ بحر ہزج۔ بحر متقارب اور بحر مضارع میں واقع ہوتا ہے۔
قبض (ع) پیٹ کا درد اور گرفتگی۔
قبض کردن (ف) قبضہ کرنا۔ قابو پانا۔
قبض (ع) مرگیا۔
قبض الوصول (ع) وہ رجسٹر جس میں روپے کی وصولی درج ہو۔ رسید کا رجسٹر۔ تنخواہ تقسیم کرنے کا رجسٹر۔
قبضہ } (ع) (۱) مٹھی بھر چیز (۲) وہ چیز جو مٹھی میں پکڑی جائے۔
قبضہ } تلوار وغیرہ کا دستہ۔ گرفت کی جگہ (۳) قابو (۴) ملک۔
قبط (ع) حضرت نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام جس کی اولاد مصر کے اصلی باشندے ہیں۔
قبطی (ع) قبط قبیلے سے منسوب اس کی جمع اقباط آتی ہے اسی طرح قبطی ایک زبان بھی ہے جو قدیم مصری بولتے تھے اور سامی زبانوں میں سے ایک زبان شمار ہوتی ہے لیکن اس وقت رائج نہیں ہے۔
قبطان (ع) کپتان۔

قبطی (ع) قبط کی اولاد۔ مصر کے اصلی باشندے، فرعون کی قوم بھی لوگ تھے۔
قبعہ (ع) انگریزی ٹوپی۔ مخروطی شکل کی زنانہ ٹوپی جسے فولبیٹ کہتے ہیں۔
قبق (ت) کدو۔ گول کدو۔ گھیا۔
قبق انداز (ف) تیرانداز۔ نشانہ پر تیر مارنے والا۔ قادر انداز۔ کیونکہ قدیم زمانے میں کدو لٹکا کر اس پر تیراندازی کی مشق کی جاتی تھی۔
قبل (ع) آگے۔ پہلے۔
قبل (ع) (۱) پیشروی (۲) فی البدیہہ بات کہنا۔ (۳) بالمقابل (۴) آشکارا۔
قبل (ع) فرج۔ عورت کا اندام نہانی۔ کس۔
قبل (ع) قبیلہ کی جمع۔ خاندان۔
قبل (ع) طرف۔ جانب۔ جہت۔
قبل (ع) گھیر لینا۔ محاصرہ کرنا۔
قبل کردن (ف) گھیر لینا۔ محاصرہ کرنا۔
قبلہ (ع) بوسہ۔ چوما۔ چومنا۔
قبلہ (ع) (۱) کعبہ جس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں (۲) طرف۔ جہت۔
قبلہ جمشید }
قبلۂ دہقان } (ف) آگ۔ زردشت کی امت اسی کی پرستش کرتی ہے۔
قبلۂ زردشتیاں }
قبلۂ عالم (ع) جہاں کا بزرگ۔
قبلہ گاہ (ف) والد بزرگوار۔ باپ۔
قبلہ گاہ مجوس (ف) آگ۔
قبلہ نما (ف) قطب نما کی طرز پر ایک آلہ ہے جس میں سوئی کا رخ شمال کی بجائے مغرب (کعبہ) کی طرف رہتا ہے۔
قبلی (ع) قبل سے متعلق۔ پہلے لوگوں میں سے۔
قبلہ و کعبہ (ع) والد بزرگوار۔ باپ۔
قبوح (ع) بڑا۔ زشت۔ زبون۔
قبور (ع) قبر کی جمع۔ قبریں۔ گورہا۔
قبول (ع) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ فارسی محاورہ میں بمعنی مقبول بھی آتا ہے۔
قبول (ع) باد صبا۔
قبول (ع) (۱) باد صبا کا چلنا (۲) آگے آنا۔
قبول افتادن (ف) مقبول ہو جانا۔
قبول شدن (ف) قبول ہونا۔
قبول کردن (ف) قبول کرنا۔
قبولی (ع) چنے کی دال کی کھچڑی۔
قبولیت (ع) مان لینا۔ قبول کرنا۔
قبہ (ع) (۱) گول عمارت۔ گنبد۔ کلس (۲) کالر۔
قبۂ آب (ف) حباب۔ پانی کا بلبلا۔
قبۃ الاسلام (ع) (۱) بصرہ (۲) بعض بخارا کو بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

قبۂ خشخاش (ع)، پوست کا ڈوڈا۔
قبۂ خضرا (ع) آسمان۔
قبۂ علیا (ف) آسمان۔
قبۂ فلک (ف) معدل النہار۔ عرش۔ فلک الافلاک۔
قبۂ گردندہ / قبۂ مینا } (ف) آسمان۔
قبیح (ع)، بُرا۔ زشت۔ بد۔ بدصورت۔
قبیح المنظر (ع)، زشت رُو۔ بُری شکل کا۔
قبیحہ (ع)، بدی۔ بُرائی۔ بُرا کام۔
قبیضہ (ع)، وہ چیز جو اُنگلیوں کے سروں سے پکڑی جائے۔
قبیص (ع)، تیز رفتار۔ تیز رو۔
قبیل (ع)، (۱) ماننے والا۔ قبول کرنے والا (۲) کارگزار۔ (۳) رئیس قوم۔ قوم کا سردار (۴) گروہ (۵) تین سے زیادہ قوموں کا گروہ (۶) ایک خاندان کے لوگ۔
قبیلہ (ع)، جماعت۔ گروہ۔ وہ جماعت جس میں سب لوگ ایک شخص کی اولاد سے ہوں۔
قبیلہ دار (ف)، قبیلے والا ہونا۔

# ق - ت

قتاد (ع)، ایک خار دار درخت جس کے کانٹے بہت تیز ہوتے ہیں۔
قتّال (ع)، بہت قتل کرنے والا۔
قتال (ع)، جنگ۔ لڑائی۔ آپس میں لڑنا۔
قتال کردن (ف)، قتل عام کرنا۔
قتّالہ (ع)، قتل کرنے کا آلہ۔ خنجر۔ تلوار۔
قتام (ع)، گرد۔ غبار۔ سیاہ غبار۔ جنگ کا غبار۔
قت قت کردن (ف)، مرغی کا کٹ کٹ کر کے اپنے بچوں کو بلانا۔
قتر (ع)، اہل و عیال پر خرچ میں تنگی کرنا۔
قتق (ت)، (۱) ترشش دہی (۲) ترشی۔ کھٹائی۔
قتل (ع)، جان سے مار ڈالنا۔
قتلا (ع)، قتیل کی جمع۔ مقتول لوگ۔
قتل عام (ع)، سب کو مار ڈالنا۔
قتلق (ت)، مبارک۔ ترکی عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔
قتل گاہ (ف)، مقتل۔ قتل کرنے کی جگہ۔
قتلہ (ع)، قاتل کی جمع۔ قتل کرنے والے۔
قتلے (ع)، قتیل کی جمع۔ مقتول لوگ۔
قتور (ع)، اہل و عیال پر خرچ میں تنگی کرنے والا۔ بخیل۔
قتور (ع)، اہل و عیال پر خرچ میں تنگی کرنا۔
قتوع (ع)، ذلیل و خوار ہونا۔

قتول (ع)، بہت قتل کرنے والا۔
قتوم (ع)، غبارہ کا بلند ہونا۔
قتی اُجلی (ف)، ٹمین کا ڈبہ۔
قتیل (ع)، (۱) مقتول۔ کشتہ۔ قتل کیا ہوا۔ خواہ عورت ہو یا مرد (۲) ہندوستان کے مشہور شاعر مرزا قتیل کا تخلص۔
قتیل محبت (ف)، جو عشق میں قتل ہو جائے۔

# ق - ث

قثا (ع)، ککڑی۔ تر۔
قثد (ع)، کھیرا۔ خیار۔

# ق - چ

قچ (ت)، سینگوں والا مینڈھا جو آپس میں لڑتے ہیں۔
قچاق (ف)، پُرزور۔ قدرت والا۔

# ق - ح

قح (ع)، (۱) خالص۔ سادہ۔ بغیر ملاوٹ کے (۲) ظالم۔ بدخو۔ بدخصلت۔
قُح (ع)، مرغی کے انڈے کی زردی۔
قحاب (ع)، فاسد و بدکار ہونا۔
قحاب (ع)، (۱) کھانسی۔ سرفہ (۲) کھانسنے کی وہ آواز جس کے ذریعہ سے کسی کو متوجہ کیا جاتا ہے۔
قحاد (ع)، جس کا نہ کوئی بھائی ہو نہ بیٹا۔
قحب (ع)، (۱) کھانسنا (۲) وہ شخص جسے کھانسی ہو (۳) بوڑھا (۴) بڑا۔
قحبہ (ع)، (۱) بدکار عورت۔ فاحشہ عورت (۲) گنہگار کو بلانے والی (۳) کھانسی۔
قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی (ف)، فاحشہ عورت جب بوڑھی ہو جاتی ہے تو دلالی کا پیشہ اختیار کر لیتی ہے یعنی عادت کا چھوٹنا مشکل ہوتا ہے۔
قحط (ع)، کال۔ غلہ کی گرانی۔ بارش کا نہ ہونا۔ خشک سالی۔
قحطان (ع)، سام بن نوح کے پوتے کا نام۔
قحط سال (ف)، خشک سال۔
قحط سالی (ف)، خشک سالی۔
قحطی (ع)، قحط زدہ۔

Marfat.com

قحف (ع) کھوپری - سر کی ہڈی۔
قحول (ع) خشک ہونا۔
قحوم (ع) کسی کام میں بغیر عذر و اندیشہ کے شامل ہونا۔
قحومت (ع) بڑھاپا - بوڑھا ہونا - بہت بوڑھا ہونا۔

# ق - د

قدّ (ع) (۱) کسی چیز کو لمبائی میں چیرنا پھاڑنا۔ (۲) جڑ سے کاٹنا۔ (۳) مسافت طے کرنا (۴) جنگل کاٹنا (۵) کلام کو تاہ کرنا (۶) بدن کی لمبائی - قد و قامت (۷) بکرے کا چمڑا - فارسی والے بلاتشدید استعمال کرتے ہیں۔
قداح (ع) قدح کی جمع - پیالے۔
قدّاح (ع) پیالے بیچنے والا۔
قداست (ع) پاکیزگی - طہارت۔
قدافراشتن (ف) کھڑا ہونا۔
قدام } قدام } (ع) (۱) مقدم (۲) پرانا - کہنہ - دیرینہ - (۳) رئیس - (۴) بادشاہ۔
قدّام (ع) (۱) سامنے - آگے (۲) سفر یا کسی مقام پر آنے والے لوگ۔
قدامت (ع) کہنگی - پرانا ہونا - کہنہ ہونا - دیرینہ ہونا۔
قدامت پسند (ف) قدیم خیالات و رسومات کو پسند کرنے والا۔
قدبلند کردن (ف) کام کرنے کے لیے تیار ہونا - کھڑے ہونا۔
قدح (ع) (۱) چیرنا - پھاڑنا (۲) طعنہ دینا (۳) عیب لگانا (۴) کسی کی ہجو کرنا (۵) آگ لگانا (۶) دانت یا لکڑی کو کیڑے کا کھانا۔
قدح (ع) پیالہ - بڑا پیالہ۔
قدح (ع) (۱) بغیر پھال کے تیر (۲) جوئے کا تیر۔
قدح خوار (ف) مے خوار - شراب پینے والا۔
قدح لاجوردی (ف) آسمان۔
قدخمیدہ (ف) کبڑا - جھکا ہوا قد۔
قدر (ع) (۱) بزرگی - عزت (۲) بزرگ رکھنا (۳) قسمت - روزی (۴) تونگری - دولت مندی (۵) طاقت (۶) بے نیازی (۷) اندازہ (۸) اندازہ رکھنا (۹) خوبی (۱۰) برابر۔
قدر (ع) حکم الٰہی - قضا - حکم - تقدیر (۲) انتہا - نہایت (۳) کسی چیز کا اندازہ۔
قدر (ع) دیگچہ - پتیلا - دیگچی - ہانڈی - دیگ۔
قدرانداز (ف) وہ تیرانداز جس کا تیر نشانے سے کبھی خطا نہ کرے۔
قدر اول (ع) آسمان کے ستاروں کے لحاظ فاصلہ اور چھٹائی بڑائی کے چھ درجے مقرر کیے گئے ہیں - جن میں ہر ایک درجہ کو قدر کہتے ہیں - اور ہر بڑی قدر کا ستارہ اپنے سے چھوٹی قدر کے ستارے سے ۲½ گنا زیادہ روشن ہوتا ہے - سب سے زیادہ روشن ستارہ شعرائے یمانی ہے - اور ستارہ پرست اسی کی پرستش کیا کرتے تھے - قدر اول میں ۲ ستارے ہیں۔
قدرت (ع) (۱) قوت - طاقت (۲) تونگری۔
قدرت داشتن (ف) طاقت رکھنا۔
قدر بابا آن زمان دانی کہ خود بابا شوی (ف) باپ کی قدر اس وقت ہوگی جب تو خود بابا بنے گا - باپ بنے تو جانے۔
قدر ثالث (ع) تیسرے درجے کے ستارے جس میں ۱۹۰ ستارے ہیں۔
قدر ثانی (ع) آسمانی ستاروں کا دوسرا درجہ جس میں ۶۵ ستارے ہیں۔
قدر خامس (ع) ستاروں کا پانچواں درجہ جس میں ۱۱۰۰ ستارے ہیں۔
قدر خود بردن (ف) اپنے آپ کو ذلیل و خوار کرنا۔
قدردان (ف) قدر جاننے والا۔
قدر دانستن (ف) قدر و منزلت کرنا۔
قدردانی (ف) قدر جاننا - قدر کرنا۔
قدر رابع (ع) ستاروں کا چوتھا درجہ جس میں ۴۲۰ ستارے ہیں۔
قدر سادس (ع) ستارے کا چھٹا درجہ جس میں تقریباً ۳۲۰۰ ستارے ہیں۔
قدرشناس (ف) قدر پہچاننے والا۔
قدرشناسی (ف) قدردانی۔
قدرپایہ (ف) چند - تھوڑا سا - تھوڑی مقدار۔
قدر مشترک (ع) مفہوم کلی - جو اپنے تمام افراد میں مشترک ہوتا ہے - جیسے مطلق وجود جس کی ماہیت اپنے سب افراد انسان و حیوان وغیرہ میں مشترک مقدار ہے۔
قدرے (ف) تھوڑا سا - کم - قلیل - تھوڑا۔
قدریہ (ع) قضا و قدر کے منکر - یہ لفظ جبریہ کا مقابل ہے۔
قدزن (ف) قط زن - ہاتھی دانت، ہڈی یا چاندی کی وہ انگل بھر لمبی سلاخ جس پر قط لگاتے ہیں۔
قدس } قدس } (ع) (۱) پاکیزگی - پاک ہونا (۲) عرب کے ایک پہاڑ کا نام جو بیت المقدس میں ہے۔
قدس سرہٗ (ع) اس کی روح یا راز پاک ہے - مسلمان ولی یا بزرگ کے نام کے ساتھ بطور دعا استعمال کرتے ہیں۔
قدسی (ع) پاک - پاکیزہ - فرشتہ - ولی اللہ - نیک بندہ۔
قدسیاں (ع) قدسی کی جمع - صالح لوگوں - فرشتے - اولیاء اللہ۔
قدعلم ساختن } قدعلم کردن } کھڑے ہونا - سیدھے کھڑے ہونا - کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا۔
قدغ (ع) گائے کے سینگ کا بنا ہوا پیالہ یا برتن جس میں شراب پی جاتی ہے۔
قدغن (ت) (۱) تاکید (۲) تعیّن - حراست - ممانعت۔
قدغنچی (ت) (۱) تاکید کرنے والا (۲) دربان - چوبدار (۳) سرکاری

Marfat.com

پیادہ۔
قدغن ضبطیہ (ف) حوالات۔ پولیس کی حراست۔
قدغن کردن (ف) منع کرنا۔
قد فلاں ندارد (ف) یعنی وہ اُس کے برابر نہیں۔
قدکشیدن (ف) اُٹھنا۔ کھڑا ہونا (۲) ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔
قدکوتولہ (ف) ٹھنگنا قد۔
قدگرفتن (ف) ناپنا۔ ناپ لینا۔
قدم (ع) (۱) پاؤں۔ پیر (۲) نشان۔ اثر (۳) چلنے میں دونوں پاؤں کا فاصلہ۔
قدم (ع) کسی کام پر بڑا اقدام کرنے والا۔ بہت بڑھنے والا۔
قُدم (ع) کاموں کا انجام۔
قدم (ع) پرانا ہونا۔ کہنگی۔ ہمیشگی۔
قِدم (ع) قدیم زمانہ۔
قُدما (ع) پرانے لوگ۔ اگلے وقتوں کے آدمی۔
قدم از جادۂ متابعت بیروں نہادن (ف) نافرمانی اختیار کرنا۔ سرکش ہونا۔
قدم از جان بر آوردن (ف) ترک جان کرنا۔ موت کی دل میں ٹھان لینا۔
قدم از راہ کشیدن (ف) چلنے سے رہ جانا۔
قدم افشردن (ف) ثابت قدم رہنا۔
قدم باز پس گرفتن (ف) اُلٹا پھر جانا۔
قدم ابر سرے چیزے زدن / قدم بر سرے چیزے نہادن } (ف) کسی چیز کا ترک کر دینا (۲) کسی چیز کو پامال کر دینا۔
قدم برگرفتن (ف) قدم اُٹھانا۔
قدم خاک (ف) زمین۔
قدم داشتن (ف) ثابت قدم رہنا۔ پائدار ہونا۔
قدم درمیان دو کس گذاشتن (ف) دو شخصوں میں باہم صلح کرانا۔
قدم را کلباتنگ زدن (ف) جلد جلد چلنا۔
قدم زدن / قدم سودن } (ف) راہ چلنا۔
قدم شمردہ رفتن / قدم شمردہ نہادن } (ف) احتیاط سے چلنا۔
قدم صدق (ع) نیک نشان۔
قدم کردن (ف) آہستہ آہستہ چلنا۔
قدم کشادن (ف) رستہ چلنا۔ تیزی سے چلنا۔
قدم کشیدن (ف) قدم روک لینا۔ بہت آہستہ چلنا۔
قدم گاہ (ف) قدم رکھنے کی جگہ۔
قدم گاہ آدم (ف) سرندیپ۔ کیونکہ کہتے ہیں کہ آدم نے زمین پر سب سے پہلا قدم یہیں رکھا تھا۔
قدم نہادن (ف) قدم رکھنا۔

قدود (ع) قد کی جمع۔
قُدور (ع) قدر کی جمع۔ دیگیں۔ ہانڈیاں۔
قُدوری (ع) فقہ کی ایک کتاب کا نام۔
قُدوس (ع) بڑا پاک اور مبارک۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔
قَدوم (ع) بڑا اقدام کرنے والا۔ لبولہ۔
قُدوم (ع) سفر سے آنا۔ کسی جگہ سے واپس آنا۔
قدو نیم قد (ف) چھوٹے بڑے بچے۔ تقریباً ہم سائز کے وہ بچے جو یکے بعد دیگرے پیدا ہوئے ہوں۔
قدوم میمنت لزوم (ف) مبارک قدم۔
قدوہ / قُدوہ / قِدوہ } (ع) برگزیدہ۔ پیشوا۔
قدوہ بودن (ف) پیشوا یا رہنما ہونا۔
قدید (ع) (۱) خشک کیا ہوا گوشت (۲) پرانا کپڑا۔
قدیر (ع) (۱) قدرت والا۔ قادر۔ توانا۔ طاقت ور۔ اللہ تعالےٰ کا نام (۲) وہ شے جو دیگ میں پکائی جاتی ہے۔
قدیس (ع) پاک۔ منزہ۔ بہت پارسا۔
قدیسہ (ع) قدیس کی مؤنث۔ پارسا عورت۔
قدیم (ع) پرانا۔ کہنہ۔ دیرینہ۔ ہمیشہ۔
قدیمہ (ع) قدیم کی مؤنث۔ پرانی۔
قُدَیم (ع) (۱) بادشاہ (۲) سردار۔ پیشوا۔
قدیم الایام (ع) اگلے وقتوں سے۔ ہمیشہ سے۔ بہت گذشتہ زمانہ۔

## ق ۔ ذ

قذ (ع) بالوں کو کاٹ کر درست کرنا۔
قذاف (ع) بہت پھینکنے والا۔ منجنیق۔
قذر / قذِر / قذُر } (ع) نجاست۔ پلیدی۔ ناپاک۔
قذر (ع) نجس۔ پلید۔ ناپاک۔
قذف (ع) فراخ بیابان۔ کشادہ اور وسیع جنگل۔
قذف (۱) پتھر پھینکنا (۲) گالی دینا (۳) کسی پر زنا کی تہمت لگانا (۴) قے کرنا۔
قذف (ع) کشتی یا جہاز یا لنگر۔
قذے (ع) باریک خاک۔

## ق ۔ ر

Marfat.com

قَر (ع) سرد شے - ٹھنڈی چیز۔

قُر (ع) عام سردی - خاص سردیوں کے موسم کی سردی۔

قَر (ع) قرار پکڑنا - ثابت رہنا۔

قُرء } (ع) (۱) طُہر یعنی پاکی (۲) حیض یعنی ناپاکی - لغات اضداد سے
قَرء } ہے - مگر جمع میں فرق ہے - یعنی قُرء بمعنی طُہر کی جمع "قُروء"
ہے اور قَرء بمعنی حیض کی جمع "اقراء" ہے۔

قَرا (ف) ایک قسم کا گوپیا جس سے قلعہ میں سے دشمن پر پتھر وغیرہ
مارتے ہیں۔

قِرا (ع) مہمانی۔

قَرّاء (ع) خوش الحان - خوش خوان - چونکہ ایسا آدمی آرام طلب
ہوتا ہے اس لیے مجازاً بمعنی گراں جان آتا ہے۔

قُرّاء (ع) قاری کی جمع۔

قُراب (ع) نزدیکی - قرب۔

قِراب (ع) (۱) آپس میں نزدیکی ہونا - قریب ہونا (۲) تلوار یا خنجر
وغیرہ کا میان۔

قَراباغ (ف) ایک شہر کا نام جو ایران کے مشرقی حصہ میں ہے۔

قرابت (ع) قریب ہونا ، رشتہ داری - خویشی۔

قرابت ِ اَبی (ف) قوی قرابت - مضبوط رشتہ داری۔

قرابت دار (ف) رشتے دار۔

قرابت سببی (ف) وہ رشتہ داری جو سسرال کی نسبت سے ہو۔

قرابت نسبی (ف) وہ رشتہ داری جو ماں باپ کی نسبت سے ہو۔

قرابتی (ف) منسوب بہ قرابت - رشتہ دار۔

قرابہ } (ع) (۱) آب سرد (۲) آب شیریں (۳) شراب رکھنے کا
قَرابہ } شیشہ - صراحی۔

قِراءت (ع) بروزن ہدایت و حکمت - پڑھنا حرفوں کا مخارج سے نکالنا۔

قراءت خانہ (ف) دارالمطالعہ۔

قراچور (ف) شمشیر۔

قراچوری (ف) شمشیر دار - شمشیر بردار - شمشیر زن - شمشیر۔

قَراح (ع) (۱) سرد پانی - صاف اور میٹھا پانی (۲) ہر خالص شے۔

قُراد (ع) (۱) چچڑی جو مشہور جانور ہے اور کتوں کے پڑ جاتا ہے
(۲) حلمتی یعنی سر پستان (۳) گھوڑے کے قضیب کا سر۔

قَرار (ع) (۱) آرام - سکون (۲) مجازاً آرام گاہ (۳) پست زمین۔

قرار (ف) دیکھو قرارداد۔

قَراراغ (ف) سیاہ پہاڑ۔

قرارداد (ف) (۱) وہ بات جو مباحثہ کے بعد ٹھہر جائے یعنی قرار پائے
(۲) اقرار (۳) حکم (۴) تحریری فرمان۔

قرارداری (ع) ایسا صاحب کمال جسے اس فن میں سب ہم پیشہ
لوگ ماہر قرار دیں۔

قرار شدن (ف) فیصلہ کیا جانا - تصفیہ ہونا۔

قرار قطعی (ف) قطعی فیصلہ۔

قرار گاہ (ف) ٹھہرنے کی جگہ۔

قرار مدار (ف) فیصلہ - عہد - قول و پیمان۔

قراریط (ع) قیراط کی جمع۔

قرار سُنقُر (ت) (۱) ایک سیاہ رنگ شکاری پرندہ (۲) رات (۳) ایک
بادشاہ کا نام۔

قراسوران (ف) لٹیروں سے راہ گیروں کی حفاظت کرنے والا۔

قَراص (ع) قرص کی جمع - ٹکیاں۔

قُراضہ (ع) سونے یا چاندی کا ریزہ۔

قِراط (ع) قرط کی جمع - گوشوارے - لٹکن۔

قراطاغ (ت) سیاہ پہاڑ۔

قراطغان (ف) عراق کے ایک بادشاہ کا نام۔

قراطیس (ع) قرطاس کی جمع - کاغذ۔

قراغوش (ت) شکاری باز۔

قراقر (ع) قرقر کی جمع - پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

قراقرم (ف) ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے جو کشمیر کے شمال میں واقع
ہے (۲) ترکستان کے ایک شہر کا نام۔

قراقوش (ت) شکاری پرند۔

قراگوزلو (ت) قزلباشوں کے ایک قبیلہ کا نام۔

قِرام (ع) ہلکا باریک - منقش اور رنگین پردہ۔

قرامطہ (ع) قرامطیان - واحد قرمطی - اسماعیلی فرقہ ہے جو حمدان بن
اشعث کا پیرو کار ہے۔

قرآن (ع) کلام اللہ - کلام الٰہی جو حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم پر نازل ہوا - مسلمانوں کی مذہبی اور اسلامی کتاب کا نام
جس میں ایک سو چودہ سورتیں اور چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ
آیات ہیں۔

قِران (ع) (۱) قربت - نزدیکی - ملاپ (۲) ایک چیز کا دوسری چیز سے
اتصال - دو چیزوں کا اکٹھا ہونا - حج اور عمرہ کو ملا کر کرنا (۳)
علم نجوم کی اصطلاح میں سورج کے سوا باقی چھ ستاروں میں
سے دو کا ایک برج میں اکٹھا ہونا۔

قِران (ف) تومان کا دسواں حصہ - ایک سکہ ہے۔

قِرانُ السَّعدین (ع) (۱) دو سعد ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا
دو اچھے ستاروں کا سنجوگ - نیک ساعت - نیک شگون (۲)
نیک یا اچھے آدمیوں کا ملاپ یا وصل (۳) امیر خسرو دہلویؒ
کی ایک منظوم کتاب کا نام ہے۔

قرآن خوان (ف) قرآن پڑھنے والا۔

قرآن خوانی (ف) قرآن کی تلاوت۔

قرآن خوانیدن (ف) قرآن پڑھنا۔

قراول (ت) (۱) شکاری آدمی - بندوق سے شکار کرنے والا (۲)
شکار کرانے والا آدمی (۳) ہراول یعنی وہ سپاہی جو لشکر کے
آگے دشمن کی خبر رکھنے کے لیے چلیں (۴) وہ سپاہی جو
مقام جنگ کے تعین کے لیے مقرر ہوں (۵) پہرہ دار -
چوکیدار - پولیس مین - کنسٹبل۔

Marfat.com

قراول باشی (ت) محافظ فوج کی سرداری۔

قراول باشتن (ف) تاک کر نشانہ لگانا۔

قراول خانہ (ت) (۱) تھانہ (۲) شہر سے باہر تقریباً ایک فرسنگ کے فاصلے پر ایک اُونچی جگہ بناتے ہیں۔ چند نگہبان دن رات اُس پر دیکھتے رہتے ہیں۔ اگر دشمن کی فوج دُور سے دیکھ لیں تو اہل شہر کی اطلاع کے لیے ڈھول بجاتے ہیں یا آگ روشن کرتے ہیں۔

قراول رفتن (ف) تاک کر۔ سیدھ باندھ کر۔ نشان باندھ کر۔

قراول نشستن (ف) تاک کر نشانہ لگانا۔

قرابت (ع) صحیح قراءت ہے۔ دیکھو قراءت۔

قرائے صاحب طیلساں (ف) (۱) مشتری ستارہ (۲) زحل ستارہ۔

قرائے طیلساں / قرائے طیلسانی } (ف) زحل ستارہ۔

قرائن (ع) قرینہ کی جمع۔ مناسبتیں۔ ملے ہوئے۔ رُوبرو۔

قرب (ع) نزدیکی۔ قریب ہونا۔

قُرب (ع) قربہ کی جمع۔ پانی کی مشکیں۔

قُربا (ع) قریب کی جمع۔ قریبی لوگ۔ رشتہ دار۔

قربان (ف) نزدیک ہونا۔ قریب ہونا۔

قربان (ع) صدقہ۔ خیرات۔ مجازاً۔ نثار۔ فدا۔

قربان (ت) لمی ندان۔ یعنی وہ چمڑے کا تسمہ جس میں ترکش سیا ہوتا ہے اور اسی میں کمان کو بھی لٹکا کر گلے میں ڈال کر پیٹھ پر کر لیتے ہیں۔

قربان (ع) (۱) نزدیک ہونا (۲) جماع۔ وصل۔

قربان شدن / قربان گشتن } قربان جانا۔ صدقے جانا۔ واری جانا۔

قربانت شوم۔ میں تیرے قربان جاؤں۔

قربان گاہ (ف) جانوروں کی قربانی کرنے کا مقام۔

قربانی (ف) قربان۔ وہ جانور جو خدا کے نام پر ذبح کیا جائے۔

قربانی دادن (ف) خدا کی راہ میں جان دینا۔

قربانی کردن (ف) خدا کی راہ میں جانور قربان کرنا۔

قربت (ع) نزدیکی۔ پاس ہونا۔ قریب ہونا۔ خویشی۔ رشتہ داری۔

قربۃً الی اللہ (ع) خدا کے تقرب کے حصول کے لیے۔ صرف اللہ کی محبت میں۔

قرب رُوحانی (ع) قرب باطنی۔ رُوحانی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔ دو قالب یک جان ہونا۔

قرب نوافل (ع) انعام نوافل سے آدمی کو جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔

قربوس (ع) حنائے زین۔ گھوڑے کی زین کی اگلی طرف کی بلندی۔ فارسی میں بلکون رائے مستعمل ہے۔

قربہ (ع) مشک۔ پانی کی مشک۔

قُربیٰ (ع) قرب۔ نزدیکی۔ خویشی۔

قرت (ت) (۱) خشک دہی۔ پانی کا گھونٹ۔

قرت دادن (ف) نگلنا۔

قرح (ع) (۱) زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا (۲) فساد پیدا کرنے والا زخم۔

قرحان (ع) (۱) وہ اونٹ جسے کبھی خارش کا مرض نہ ہوا ہو (۲) وہ آدمی جو کبھی بیمار نہ ہوا ہو (۳) وہ آدمی جسے کبھی کوئی درد نہ ہوا ہو۔

قرحہ / قرصہ } (ع) زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔ ناسور۔

قرحہ بلخیہ (ع) دیکھو پشۂ خورد۔

قرد (ع) بندر۔ بوزنہ۔

قرداون (ف) مٹکنا۔ کوسے مٹکانا۔

قردافن (ف) ہرل۔ تخم اسپند۔

قرزہ (ع) دیگ کی کھرچن۔

قُرزم (ف) بحیرہ قلزم۔ مجازاً پانی کا بھرا ہوا کنواں۔

قرس (ع) (۱) سخت سردی (۲) سخت سردی پڑنا (۳) سردی سے پانی کا جم جانا۔

قرشتہ (ف) زخم کے منہ پر جم جانے والا میل۔

قِرش / قرش } (ع) ایک بہت بڑے بحری جانور کا نام جو تمام سمندری جانوروں پر غالب ہے۔

قرش (ع) ایک ترکی سکہ جو اڑھائی آنے کے برابر ہے۔

قرشی (ع) قبیلہ قریش کا آدمی۔ قریشی۔

قرشی (ف) ماوراء النہر کے ایک شہر کا نام۔

قرص (ع) (۱) ٹکیہ۔ ٹکی (۲) روٹی۔

قرص زر (ف) سورج۔

قرص زر مغربی (ف) غروب ہوتا ہوا سورج۔

قرص سیمیں (ف) چاند۔

قرص گرم و سرد (ف) سورج اور چاند۔

قرص مار (ف) ایک مرکب دوا کا نام جو دافع زہر مار ہے۔

قرض (ع) دام۔ اُدھار۔

قرض حسنہ (ع) بلا سود اور بلا میعاد قرض۔

قرض خانہ را خدا می دہد (ف) انسان جب مکان بنانے لگ جاتا ہے تو خدا کہیں نہ کہیں سے تکمیل کے سامان پیدا کر ہی دیتا ہے۔

قرض خواستن (ف) قرض مانگنا۔

قرض خواہ (ف) دین دار۔ اُدھار دینے والا۔ قرض دہندہ۔

قرض دادن (ف) قرض دینا۔

قرض دار (ف) مقروض۔ اُدھار دینے والا۔ دین دار۔

قرض عروسی را خدا می دہد (ف) شادی بیاہ رچا لینے پر سامان بن ہی جاتے ہیں۔

قرض کردن (ف) اُدھار لینا۔

قرض گرفتن (ف) اُدھار لینا۔

قرط (ع) (۱) کان کی بالی۔ گوشوارہ (۲) آگ کا شعلہ۔

قرط (ع، ف) (۱) پانی کے حلق سے نیچے اُترنے کی آواز (۲) صبر و تحمل۔

قرطاس (ع) کاغذ۔

Marfat.com

قرطاس ابیض (ع) وائٹ پیپر۔
قرطبہ (ع) اُندلس یعنی سپین کے ایک مشہور شہر کا نام۔
قرطعب (ع) تھوڑی چیز۔ قلیل شے۔ قلیل مقدار۔
قرطم (ع) کسم کا بیج۔ تخم معصفر۔
قرطہ (ع) ایک گوشوارہ۔
قرطی (ت) ایک کیڑا جس کا رنگ سیاہ و سبز ہوتا ہے۔
قرطین (ع) (۱) دو گوشوارے (۲) حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ
اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ۔
قرع (ع) بیماری سے سر کے بال گر جانا۔
قرع (ع) قرعہ کی جمع۔ علم رمل کا آلہ۔ پانسے۔
قرع (ع) ایک قسم کا کدو جسے تونبا کہتے ہیں۔ (۲) کوٹنا۔ لکڑی سے
مارنا۔
قرع کردن (ف) کھٹکھٹانا۔
قرعہ (ع) تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا پانسہ جسے ڈال کر رمال فال
نکالتے ہیں۔
قرعہ (ع) ایک قسم کا کدو جسے تونبا کہتے ہیں۔
قرعہ زدن (ف) قرعہ نکالنا۔
قرف (ع) نیکی یا بدی کرنا۔ عیال کے لیے کمانا۔
قرفہ (ع) چھال۔ درخت کی چھال۔ انار کی چھال۔
قرق (ع) مرغی کی آواز۔
قرق (ت) گونیہ۔
قرق (ت) (۱) روکنا۔ منع کرنا (۲) نگہبانی۔ عدالت کی طرف سے
مال کی ضبطی کے لیے جو لفظ قرقی ہے وہ اسی سے مشتق ہے۔
قرقچی (ف) قرق کرنے والا۔ قرق کرنے پر مامور شخص۔
قرقر (ت) گاڑی کے چلنے کی آواز۔
قرقرہ (ع) (۱) پیٹ کے اندر کی گڑگڑاہٹ (۲) کبوتروں اور اونٹ
کی آواز (۳) کھلکھلا کر ہنسنا۔
قرق شدن (ف) قرق ہونا۔ منع ہونا۔ بند ہونا۔ قرقی
ہونا۔
قرقف (ع) (۱) شراب (۲) آتش پرستوں کی تین مذہبی
کتابیں۔
قرقوبی (ت) قرقوب سے منسوب۔ قرقوب، واسط اور بصرہ اور اہواز
کے درمیان ایک شہر ہے۔ قرقوبی اس کپڑے کو بھی کہتے ہیں جو قرقوب میں
بنایا جاتا ہے۔
قرقور (ع) جہاز۔ بڑی کشتی۔
قرلی (ع) چھوٹا سا پرندہ ہے جو پانی پر چھوٹی چھوٹی مچھلیاں شکار
کرتا ہے۔
قرم (ع) (۱) اونٹ (۲) قوم کا سردار۔
قرمز (ع) سُرخ رنگ جس سے ریشم کو رنگتے ہیں۔ لال رنگ جو
ایک کیڑے سے حاصل ہوتا ہے اور جسے فارسی میں کرم کز
بھی کہتے ہیں۔
قرمزی (ع) منسوب بہ قرمز۔ سُرخ رنگ کا۔

قرمزی روز (ف) شفق۔
قرمساق
قرمساق
قرمساک
(ت) دیوث۔ بھڑوا۔ جورو کو حرام کاری کرا کر اس کی
کمائی کھانے والا۔
قرمطی (ع) قرامطہ کی واحد۔
قرموت (ف) گھوڑے کی خوراک۔
قرمل (ع) بختی۔ اونٹ نر کا بچہ۔
قرن (ع) (۱) سینگ (۲) گیسو (۳) تیس یا اسی یا سو سال کی مدت۔
مدت دراز۔
قرن (ع) (۱) یمن کے ایک قبیلہ کا نام (۲) ایک مقام کا
نام۔
قرن (ع) ملانا۔ نزدیک کرنا۔
قرن (ع) ہمسر۔ ہم شکل۔
قرناس (ع) بلندی کوہ۔
قرناس (ف) ایک دیو کا نام۔

قرناق (ت) لونڈی۔ غلام۔ خدمت گار۔

قرنبیط (ف) گوبھی کا پھول۔
قرنفل (ع) لونگ جو مشہور مصالحہ ہے۔
قرنہ (ف) (۱) کونہ (۲) کسی چیز کی بلندی۔
قرنی (ع) (۱) شہر قرن کا رہنے والا (۲) قبیلہ قرن کا آدمی (۳)
حضرت اویس قرنی۔
قرنیہ (ع) آنکھ کے سات پردوں میں سے ایک پردہ کا نام۔
قروء
قروء
(ع) قرء کی جمع۔ طہر۔ عورت کا حیض سے نہ ہونا۔
قرواط (۱) کشتی۔ ناؤ (۲) مشک جس میں ہوا بھر کر دریا میں تیرتے
ہیں۔
قروت (ف) خشک دہی۔ پنیر۔
قروت شدن صحبت (ف) صحبت کا درہم برہم ہو جانا۔
قروتی شدن معاملہ (ف) معاملہ کا بگڑ جانا۔ کام بگڑنا۔
قروح (ع) قرح کی جمع۔ گھاؤ۔ زخم۔
قروض (ع) قرض کی جمع۔
قرون (ع) قرن کی جمع (۱) سینگ (۲) مُدتیں۔
قرونِ خالیہ (ع) زمانہ ہائے گزشتہ۔ گزشتہ زمانے۔
قرونِ وسطیٰ (ع) درمیانی صدیاں چھٹی صدی سے لے کر پندرھویں
صدی عیسوی تک۔
قروی (ع) دیہاتی۔
قرہ (۱) ٹھنڈک۔ خنکی (۲) خنکی چشم (۳) آنکھ کی روشنی۔
قرۃ العین (ع) (۱) آنکھ کی ٹھنڈک (۲) بیٹا۔ فرزند۔
پسر۔
قریٰ (ع) قریہ کی جمع۔ دیہات۔ گاؤں۔

Marfat.com

قریات (ع) قریہ کی جمع - دیہات - گاؤں۔
قریب (ع) (۱) نزدیک (۲) علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
قریب العہد (ع) ہمارے زمانے کے قریب۔
قریح (ع) زخمی - زخم خوردہ۔
قریر (ع) (۱) ٹھنڈا - خنک (۲) شادمان - خوش۔
قریر العین (ع) خنک چشم یعنی خوش۔
قریش (ع) عرب کے ایک جلیل القدر قبیلہ کا نام جو نضر بن کنانہ کی اولاد سے عرب میں اشرف الشرفا ہے - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی قبیلہ سے ہیں۔
قریشی (ع) قبیلہ قریش کا آدمی - قرشی۔
قریص (ع) کشتی اور جہاز کا لنگر۔
قریظہ (ع) یہود کے ایک قبیلہ کا نام۔
قریع (ع) سردار - ممتاز۔
قریع الدهر (ع) زمانے کا سردار۔
قریعہ (ع) گھر میں سب سے بہتر جگہ۔ اس کی جمع قرائع آتی ہے۔
قریلتا / قریلتای (ت) عام امراء کا دربار (۲) جشن (۳) فوج کا سردار - سپہ سالار۔
قریمہ (ف) ذوق سلیقہ - آدمی کی طبیعت - ہر چیز کا آغاز۔
قرین (۱) ہم نشین - مصاحب - دوست - یار - (۲) ملا ہوا - پاس والا (۳) مثل - مانند - نظیر۔
قرین امتنان (ع) ممنون۔
قرین شکر (ع) شکر گزار۔
قریناء (ع) لوبیا۔
قرینہ (ع) (۱) ملی ہوئی - پیوستہ (۲) دو اشیاء کے درمیان ظاہری مناسبت (۳) دو چیزوں کے درمیان باطنی مناسبت (۴) دو چیزوں کا ایک دوسری سے ملا ہوا ہونا (۵) مثل - مانند - نظیر (۶) بیگم - زوجہ۔
قریہ (ع) گاؤں - دیہہ۔

## ق - ز

قز (ع) ریشم - کژ۔
قز (ع) صاف ستھرا آدمی۔
قزاح (ع) بکریوں کی ایک بیماری۔
قزاز (ع) ریشم بیچنے والا۔
قزاغند (ف) دیکھو قزاگند۔
قزاق (ت) لٹیرا - رہزن - ڈاکو (۲) روس کی ایک قوم کا لقب جو اب آزاد ہے۔
قزاق اجل (ف) ملک الموت - موت کا فرشتہ۔
قزاوہ (ت) کجاوہ - محمل۔
قزح (ع) (۱) وہ چیز جس پر رنگ برنگ لکیریں ہوں (۲) بادل کے موکل فرشتہ کا نام (۳) شیطان۔
قزغان (ت) کڑاہی۔
قزقان (ت) دیگ - بڑا پتیلا۔
قزل (ع) لنگڑاپن۔
قزل (ع) لنگڑا۔
قزل (ت) لال - سرخ۔
قزل آلا (ت) چھوٹی مچھلی جس کے بدن پر سرخ رنگ کے تل ہوتے ہیں اور اس کے کان بہت لذیذ ہوتے ہیں - میٹھے پانی میں زندگی گزارتی ہے۔
قزلباش (ت) قزل بمعنی سرخ اور باش بمعنی سر سے مرکب ہے - سرخ سروالا - چونکہ شاہ اسماعیل صفوی نے اپنی فوج کے لیے بارہ گوشہ والی سرخ ٹوپی مقرر کی تھی - اس لیے سپاہیوں کو قزلباش کہتے تھے بعد میں ان کی اولاد کو بھی قزلباش کہنے لگے اور ہوتے ہوتے ایک قبیلہ بن گیا (۲) سپاہی۔
قزوین (ف) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام۔
قزوینی (ف) قزوین کا رہنے والا - (۲) احمق - دیہاتی - گنوار۔
قزوینی شدن (ف) احمق ہونا - گنوار پن۔

## ق - ژ

قژاوہ (ت) کجاوہ۔
قژہ (ت) پلید اور ناپاک چیز۔

## ق - س

قس (ع) عیسائیوں کی روحانی شخصیت۔
قساء (ع) بے رحم - سخت دل - بے رحم ہونا۔
قساس (ت) (۱) یمن کے ایک پہاڑ کا نام جسے عقیق کہتے ہیں (۲) آرمینیا کے ایک قصبہ کا نام جہاں لوہے کی کان ہے۔
قساس (ع) چغل خور - سخن چین۔
قسالاون (ت) روغن قیر - روغن زفت۔
قسام (ع) (۱) تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا - حصہ دینے والا (۲) بہت قسمیں کھانے والا۔
قسام (ع) پچاس آدمیوں سے قسم لینا - جب کسی قصبہ میں کوئی چیز گم ہو جائے اور لوگ لاعلمی ظاہر کریں تو وہاں کے پچاس آدمیوں کو قسم دی جاتی ہے۔
قسام ازل (ع) ازل سے ہی تقسیم کرنے والا - اس سے مراد باری تعالیٰ کی ذات ہے۔
قسام ازل (ع) خداوند تعالیٰ۔

Marfat.com

قسامہ (ع) وہ پچاس یا چالیس آدمی جن سے قسام یعنی قسم لی جائے۔
قساوت (ع) بے رحم ہونا۔ سیاہ دل ہونا۔ سخت دل ہونا۔
قساوتِ قلب (ع) بے رحمی۔
قسب (ع) ایک قسم کی کھجور۔ جو قابض ہے۔
قسر (ع) کسی سے زبردستی کوئی کام لینا۔
قسری (ع) جبری۔
قسط (ع) (۱) ظلم کرنا (۲) پراگندہ کرنا (۳) حق سے پھر جانا۔ ناانصافی۔
قسط (ع) (۱) عدل۔ انصاف۔ داد (۲) ٹکڑا۔ حصہ (۳) اندازہ (۴) نصیب (۵) ترازو۔
قسطا (ی) آتش پرستی کے احکام کے متعلق ایک کتاب کا نام۔
قسطاس } (ع) (۱) ترازو۔ درست ترازو۔ صحیح ترازو۔
قسطاس } میزان عدل۔
قسطال (ع) میدان جنگ کا گرد و غبار۔
قسط بندی (ف) روپیہ کی ادائیگی کو چند مقررہ میعادوں میں تقسیم کرنا۔
قسطلان (ع) ایک شہر کا نام جو بیت المقدس کے قریب ہے۔
قسطلانی (ع) منسوب بہ قسطلان۔ قسطلان کا رہنے والا۔
قسطلا (ع) قسطلان کا مبدل۔
قسطنطین (ع) ایک مشہور بادشاہ کا نام اسے قانسٹن ٹین بھی کہتے ہیں یہی پہلا شہنشاہ ہے جس نے عیسائی مذہب اختیار کیا اور یروشلم میں عیسائی حکومت قائم کی ۳۱۲ء کو مسند حکومت پر بیٹھا اور بجائے روما واقع اٹلی کے قسطنطنیہ اپنا دارالحکومت قرار دیا۔
قسم (ع) حصہ کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔
قسم (ع) سوگند۔
قسم (ع) (۱) بہرہ۔ حصہ (۲) طرح۔ بھانت۔
قسم خوردن } قسم کھانا۔
قسم یاد کردن } حلف اٹھانا۔
قسم دادن (ف) کسی کو قسم دینا۔
قسمت (ع) (۱) حصہ۔ نصیب (۲) حاصل تقسیم۔ بٹا ہوا حصہ۔ نصیبہ۔
قسمت (ع) حصہ کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔
قسمت پذیر (ف) قابل تقسیم۔
قسمت ناپذیر (ف) ناقابل تقسیم۔
قسمت خور (ف) روزی خور۔
قسمت کردن (ف) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔
قسمیہ (ع) از روئے قسم۔
قسوت (ع) سیاہ دل ہونا۔ سخت دل ہونا۔
قسورہ (ع) شیر درندہ۔
قسوط (ع) (۱) ظلم کرنا۔ بے انصافی کرنا۔ حق سے پھر جانا (۲) جدا کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

قسی قلب (ع) بے رحم۔ سخت دل۔
قسیس (ع) دین نصاریٰ کا عالم۔ لاٹ پادری۔
قسیسون (ع) قسیس کی جمع۔
قسیم (ع) (۱) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا (۲) حصہ دار۔ شریک حصہ (۳) خوبصورت۔ حسین۔
قسیمہ (ع) (۱) نافہ مشک (۲) رسید کا وہ حصہ جو رسید بک سے پھاڑ کر کسی کو دیا جائے۔

## ق - ش

قش (ع) چوپایہ یا انسان کا لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
قشات (ف) لقلقہ۔
قشدہ (ع) (۱) بالائی۔ ملائی (۲) مکھن۔
قشر (ع) پوست۔ چھلکا۔ کھال۔ چھال۔
قشر (ع) چھلکا اتارنا۔ چھیلنا۔
قشر زمین (ع) زمین کا اوپر والا حصہ۔
قشری (ع) ظاہر بین۔
قشع (ع) ہوا کا بادل کو دور کرنا۔
قشعم (ع) بوڑھا آدمی (۲) بڑی عمر کا گدھ
قشعمان (ع) بڑا نر کرگس۔ بڑا گدھ۔
قشف } (ع) (۱) دھوپ کی تیزی سے منہ کا جل جانا (۲) افلاس سے چہرہ کا مرجھا جانا۔
قشف }
قشف (ع) وہ شخص جس کا چہرہ دھوپ سے جل گیا ہو یا افلاس کی وجہ سے چہرہ مرجھا گیا ہو۔
قشقہ (ف) تلک۔ ٹیکا صندل وغیرہ کا جو ہندو پیشانی پر لگاتے ہیں
قشنگ (ف) خوشنما۔ خوبصورت۔ عمدہ۔
قشنگی (ف) خوبصورتی۔
قشو (ف) خرخرہ۔ کھریرا جس سے گھوڑے کا جسم صاف کیا جاتا ہے۔
قشو کردن (ف) کھریرا کرنا۔
قشور (ع) قشر کی جمع۔ چھلکے۔ پوست۔ کھالیں۔
قشون (ف) واؤ نہیں بولی جاتی۔ فوج کا دستہ۔ لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔
قشون اشغالی (ف) قبضہ کرنے والی فوج
قشون پیادہ (ف) پیادہ فوج۔ انفنٹری۔
قشیب (ع) (۱) نیا (۲) پرانا (۳) پاکیزہ (۴) سفید (۵) تیز۔

## ق - ص

قص (ع) (۱) کترنا۔ کاٹنا (۲) سینہ کی ہڈی۔

Marfat.com

قصاب (ع) (۱) کاٹنے والا (۲) گوشت کاٹنے والا اور بیچنے والا ۔
قصابی (۳) بانسری بجانے والا ۔
قشون سوارہ (ف) گھوڑسوار فوج ۔
قصابت (ع) قصاب کا پیشہ ۔
قصاب باشد سگ جائش نشست (ف) بد کی جگہ بدتر آدمی آگیا ۔
قصابکان (ف) قصاب کی جمع ۔ قصائی ۔
قصاب خانہ (ف) بوچڑ خانہ ۔
قصار (ع) گاذر ۔ دھوبی ۔
قصارت (ع) دھوبی کا پیشہ ۔ کپڑے دھونا ۔
قصاص (ع) (۱) خون کا عوض لینا ۔ قتل کا بدلہ لینا (۲) عوض ۔ بدلہ ۔
قَصّاص / قُصّاص } (ع) قصہ خواں ۔ داستان گو ۔
قصابی کردن (ف) خونریزی کرنا ۔
قصائد (ع) قصیدہ کی جمع ۔ قصیدے ۔
قصب (ع) کاٹنا ۔
قصب (ع) (۱) بانس ۔ نرکل ۔ ہر پوری والا پودا (۲) زمرد (۳) مروارید (۴) کتان کا نرم و نازک کپڑا ۔
قصبات (ع) قصبہ کی جمع ۔ قصبے ۔
قصب الجبیب (ع) (۱) ایک قسم کی کھجور ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس جس میں خفیف سی مٹھاس ہوتی ہے ۔
قصب الجیب (ع) وہ نرکل جس میں قاصد بادشاہوں اور امیروں کے خطوط رکھ کر اور جیب میں ڈال کر لے جاتے ہیں ۔
قصب الجیب (ع) گنا ۔ پونڈا ۔
قصب الذریرہ (ع) چرایتہ جو مشہور دوا ہے ۔
قصب السبق بردن (ف) سبقت لے جانا ۔ بازی جیتنا ۔ غالب آنا ۔
قصب السکر (ع) گنا ۔
قصبچہ (ف) جامہ کتان کی ایک قسم ۔
قصبہ ریہ (ف) سانس کی نالی ۔
قصب سہ دامنی (ف) (۱) دریا (۲) پھٹا ہوا کپڑا ۔
قصب مصری (ع) (۱) مصر کا ریشمی کپڑا (۲) شعاع آفتاب (۳) بجلی ۔
قصبہ (ع) (۱) چھوٹا شہر ۔ بڑا گاؤں (۲) نے ۔ کلک ۔ بانس (۳) نرخرہ (۴) مغز والی ہڈی (۵) نوک دار اور مجوف گوشوارہ وغیرہ (۶) نیچہ ۔ حقہ ۔
قصد (ع) (۱) ارادہ (۲) ارادہ کرنا (۳) سیدھی راہ پر چلنا (۴) راہ کی سیدھ (۵) میانہ روی اختیار کرنا (۶) اعتدال (۷) معتدل چیز (۸) راستی (۹) نیکی (۱۰) نیکی کرنا ۔
قصداً (ع) ارادتاً ۔ ارادہ کے طور پر ۔

قصد قربت (ف) تقرب خدا حاصل کرنے کی نیت سے نیکی کرنا ۔
قصد داشتن (ف) عزم رکھنا ۔
قصد جاں کسے را کردن (ف) کسی کے قتل کا ارادہ کرنا ۔
قصد خود کردن (ف) خودکشی کرنا ۔
قصد کردن / قصد کسے کردن } (ف) (۱) کسی کے قتل کا ارادہ کرنا (۲) کسی کی گرفتاری کا ارادہ کرنا ۔
قصدیر (ع) قلعی ۔
قصر (ع) (۱) عمدہ مکان ۔ محل ۔ کوشک (۲) کمی کوتاہی (۳) کپڑے دھونا ۔
قصر در رفتن (ف) نفع نقصان سے بے نیاز ۔ ناکارہ ہونا ۔ حاملہ نہ ہونا ۔
قصر دوازدہ دری (ف) آٹھواں آسمان جس پر بارہ برج ہیں ۔
قصرا (ع) قصیر کی جمع ۔
قصص (ع) (۱) بات کرنا ۔ قصہ کرنا ۔ حکایت کرنا ۔ بیان کرنا (۲) قصہ ۔ حکایت ۔ کہانی ۔
قصص (ع) قصہ کی جمع ۔ افسانے ۔ کہانیاں ۔
قصعہ (ع) کاسہ ۔ بڑا پیالہ ۔
قصعۃ المساکین (ع) درویشوں کا کاسہ ۔
قصف (ع) (۱) کسی چیز کو توڑنا (۲) کسی چیز کا ٹوٹنا ۔
قصم (ع) ٹوٹنا ۔ توڑنا ۔ جدا کرنا ۔ ٹوٹا ہوا ۔ ٹکڑا ۔
قَصُور / قُصُور } (ع) بعید ہونا ۔ دور ہونا ۔
قصور (ع) (۱) کم ہونا (۲) ناقص ہونا ۔ قاصر رہنا ۔ عاجز ہونا (۳) کوتاہی ۔ کمی ۔
قصور (ع) قصر کی جمع ۔ محلات ۔
قصویٰ (ع) اقصیٰ کی تانیث (۱) انتہا ۔ نہایت آخر (۲) بہت دور جگہ (۳) وادی کا کنارہ ۔
قصہ (ع) افسانہ ۔ کہانی ۔ حال ۔ خبر ۔ سرگذشت ۔ حکایت ۔ کسی کا بیان ۔
قصہ چہل طوطی (ف) بہت لمبی داستان ۔
قصہ دراز کردن (ف) لمبی چوڑی باتیں کرنا ۔ بہت بکواس ۔
قصہ کوتاہ (ف) خلاصۂ کلام ۔ حاصل کلام ۔ القصہ ۔ المختصر ۔
قصہ گفتن (ف) داستان سنانا ۔
قصہ گو / قصہ خواں } داستان سرا ۔
قصیدہ (ع) (۱) لاٹھی ۔ چھڑی ۔ چوب دستی (۲) فربہ اونٹنی (۳) علم عروض کی اصطلاح میں وہ نظم جس میں مطلع کے دونوں مصرعے باقی شعروں کے مصرعوں کے ساتھ ہم قافیہ ہوں اور جس میں کسی کی مدح یا مذمت ہو ۔ اور پندرہ اشعار سے کم نہ ہو ۔ اس میں پہلے چند اشعار میں کسی موسم یا وقت وغیرہ کی تعریف میں شاعر اپنا زور کلام دکھاتا ہے جسے تشبیب کہتے ہیں ۔ اس کے بعد ایک آدھ شعر گریز کا ہوتا ہے ۔

Marfat.com

جس میں شاعر نہایت صفائی سے نفسِ مضمون کی طرف پلٹتا ہے اور موصوف کی مدح یا مذمت میں شعر کہتا ہے۔ اس کے بعد دُعا وغیرہ کے چند شعر لکھ کر مقطع پر ختم کرتا ہے۔

**قصیدہ بہاریہ** (ف)، وہ قصیدہ جس میں موسم بہار کی تعریف ہو۔

**قصیدۂ حالیہ** (ف)، وہ قصیدہ جس میں آسمان کی شکایت کا ذکر ہو۔

**قصیدہ سرا** (ف)، وہ شاعر جو قصیدہ کہے۔

**قصیدہ سرائی کردن** (ف)، کسی کی مدح میں اشعار کہنا۔

**قصیدۂ شہر آشوب** (ف)، وہ قصیدہ جس میں شہر کے ادنیٰ و اعلیٰ کی پریشانی اور تنزل وغیرہ کا ذکر ہو۔

**قصیدۂ فخریہ** (ع)، وہ قصیدہ جس میں تعلّی اور شیخی مذکور ہو۔

**قصیدۂ مدحیہ** (ع)، وہ قصیدہ جس میں کسی کی مدح و تعریف ہو۔

**قصیر** (ع)، (۱) طویل کی ضد۔ کوتاہ (۲) کوتاہی کرنے والا (۳) ایک مشہور باوفا غلام کا نام۔

**قصیر بودن** (ف)، کوتاہ و نارسا ہونا۔

**قصیر قامت** (ف)، کوتاہ قد۔

**قصیر الشبر** (ع)، جس کے اعضاء پیدائشی طور پر چھوٹے چھوٹے ہوں۔

**قصیر النسب** (ع)، جس کا باپ مشہور ہو کہ اس کے ذکر کے لیے اس کے دادا کے ذکر کی ضرورت نہ پڑے۔

**قصیرہ** (ع)، پست قامت عورت۔ ٹھگنی۔ جس عورت کو گھر سے باہر نہ جانے دیں۔

**قصیل** (ع)، (۱) گیہوں اور جَو کے سبز پودوں کا چارہ۔ خوید (۲) جماعت۔ گروہ۔

---

# ق - ض

---

**قضا**
**قضا** } (ع)، (۱) حکم (۲) حکم کرنا (۳) ادا کرنا (۴) ختم کرنا۔ تمام کرنا (۵) بیان کرنا (۶) وہ عبادت جس کا وقت گزر چکا ہو (۷) مجازاً تقدیر۔ خُدا کا حکم۔ خدا کا وہ حکم جو روزِ ازل سے مجموعۃً اور مجملاً مخلوقات کے حق میں ہو چکا ہے (۸) موت۔ مرگ۔

**قضاء** (ع)، فیصلہ کرنا۔

**قضا حاجت کردن** (ف)، اجابت سے فارغ ہونا۔

**قضات** (ع)، قاضی کی جمع۔ مقدمات فیصل کرنے والے (۲) حکم کرنے والے۔

**قضارا** (ف)، (۱) اچانک۔ ناگہاں۔ یکایک۔ اتفاقاً (۲) حکم کرنے والے۔

**قضا شدن** (ف)، دیر ہونا۔

**قضاعہ** (ع)، عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔

**قضا و قدر** (ع)، تقدیر اور قسمت۔ لفظ قضا اور لفظ قدر میں یہ فرق ہے کہ قضا تو وہ حکم ہے جو روزِ ازل سے مجملاً تمام مخلوقات کے لیے ہو چکا ہے۔ اور قدر وہ حکم ہے۔ جو بتدریج یعنی تھوڑا تھوڑا اس حکمِ ازلی یعنی قضا کے مطابق علیحدہ اور بالتفصیل مخلوقات کے متعلق ہوتا رہتا ہے۔ پس قضا آمر یعنی حکم کرنے والا اور قدر مامور یعنی حکم کیا گیا۔ بعض حکما اس کے خلاف قدر کو آمر اور قضا کو مامور خیال کرتے ہیں۔

**قضائی** (ف)، عدالتی۔

**قضایا** (ع)، قضیہ کی جمع (۱) عبارت کے فقرے (۲) خبریں (۳) مطالب (۴) فرمان۔ احکام (۵) جھگڑے۔ قضیے۔ مقدمات۔

**قضبان**
**قضبان** } (ع)، قضیب کی جمع (۱) درخت کی ٹہنیاں (۲) اعضائے تناسل۔

**قضم** (ع)، کسی چیز کو دانتوں سے کھانا۔

**قضیب** (ع)، (۱) ٹہنی۔ درخت کی شاخ (۲) کمان جو درخت کی شاخ سے بنی ہو (۳) تازیانہ۔ چابک۔ کوڑا (۴) تیز تلوار (۵) آلۂ تناسل۔ ذکر۔

**قضیہ** (ع)، (۱) مقصد (۲) خبر (۳) حکم۔ فرمان (۴) مطلوب (۵) مقدمہ۔ جھگڑا (۶) علم منطق کی اصطلاح میں وہ قول جو صدق و کذب دونوں احتمال رکھے۔ جسے نحوی جملۂ خبریہ کہتے ہیں۔

**قضیۂ جزئیہ** (ع)، وہ ہے جس کے موضوع پر بعض افراد کا حکم لیا جائے۔ جیسے کچھ حیوان انسان ہیں۔

**قضیۂ کلیہ** (ع)، جس میں موضوع کے تمام افراد پر حکم ہو۔ جیسے تمام انسان حیوان ہیں۔

**قضیۂ منعکس**
**قضیۂ منعکسہ** } (ع)، وہ امر جو خلاف مدعا ظہور میں آئے۔ وہ نتیجہ جو حسب خواہش واقع نہ ہو۔

**قضیۂ مہملہ** (ع)، جس میں نہ تو موضوع کے کل افراد کا ذکر ہو اور نہ بعض کا جیسے انسان حیوان ہیں۔

---

# ق - ط

---

**قط** (ع)، سخت چیز کا کاٹنا۔ اسی وجہ سے قلم کی زائد نوک کاٹنے کو قط کہتے ہیں۔

**قطّ** (ع)، (۱) ہمیشہ (۲) ہرگز۔

**قِطّ** (ع)، گربۂ نر۔ بِلّا۔

**قط** (ع)، فقط۔ کافی ہے۔

**قطا** (ع)، سنگ خوار۔ بھٹ تیتر۔ ایک پرندے کا نام۔

**قطاب** (ع)، گریبان۔ جیب۔

**قطاب** (ع)، سموسہ جو کھانے کی چیز ہے۔

**قطابہ** (ع)، گوشت کا ٹکڑا۔

**قطابی** (ف)، سموسے کی طرح کی ایک چیز جسے گھی میں بھونتے ہیں۔

Marfat.com

قطاۃ (ع)، کفل اسپ۔ گھوڑے کا پٹھا۔

قطار } (ع)، (۱) آگے پیچھے چلنے والے اونٹوں کا سلسلہ جو کم از کم
قطار } دس ہوں (۲) مجازاً صف۔ لکیر۔ لائن۔

قطار (ع)، قطر کی جمع۔ بارش۔

قطار (ع)، ریلوے ٹرین۔

قطارات (ع)، قطار کی جمع۔ ریلوے ٹرینیں۔

قطارُ البضائع (ع)، مال گاڑی۔

قطار راہ آہن (ف)، ریلوے ٹرین۔

قطار المخصوصی (ع)، اسپیشل ٹرین۔

قطارُ الرّکاب (ع)، سواری گاڑی۔

قطار فتنک (ف)، عارتوس کی بیٹی

قطار کردن (ف)، صف میں کھڑے ہونا۔

قطار کشیدن (ف)، لائن میں کھڑے ہونا۔

قطارہ (ع)، تھوڑا پانی کشید کیا ہوا۔

قطاریق (ع)، شور و غوغا جو جنگ کے وقت ہوتا ہے۔

قطاس (ع)، رومی لفظ قوتاس کا معرب (۱) ایک قسم کی جنگلی
گائے۔ بعض کے نزدیک دریائی گائے (۲) پہاڑی گائے
کے دُم کے بال

قطاط (ع)، بالوں کا بہت لمعناہ بال جن غار۔ پہاڑ اور پتھر
کا کنارا۔

قطّاط (ع)، ڈبیاں بنانے والا۔

قطاع (ع)، قاطع کی جمع۔ کاٹنے والے۔

قطاع (ع)، وہ آلہ جس سے قطع کیا جائے یعنی کاٹا جائے۔

قطاع الطریق (ع)، بٹ مار۔ لٹیرے۔ رہزن۔

قطّاع (ع)، بہت کاٹنے والا۔

قطاعہ (ع)، ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹ کر علیحدہ کیا جائے کٹن۔ کترن لقمہ۔

قطاف } (ع)، پھل توڑنے کا وقت۔ میوہ چننے کا وقت۔
قطاف }

قطافی کردن (ف)، انگور جمع کرنا۔

قطّان (ع)، روئی بیچنے والے۔

قطائف (ع)، قطیفہ کی جمع (۱) پیچیدہ چادریں۔ اوڑھنیاں (۲)
مخمل کے کپڑے (۳) لوزینہ (۴) لوزینہ کی روٹی (۵) ایک
قسم کا حلوا۔

قُطب (ع)، (۱) لوہے کی کیل جس پر چرخی گھومتی ہے۔ لوہے کی وہ
کیل جس پر چکی پھرتی ہے (۲) قوم کا سردار (۳) سپہ سالار
(۴) سر چشمے کی اصل (۵) وہ شخص جس پر کام کا دارومدار ہو۔
(۶) کرہ ارض کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔
فلک الافلاک کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔
(۷) محور زمین کا شمالی اور جنوبی سرا (۸) دو ستارے جو قطبین
کے محل پر واقع ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کو بھی مجازاً قطب
کہتے ہیں (۹) انتہائے شمال کا وہ ستارہ جو ہر وقت اور
ہمیشہ ایک مقام پر دکھائی دیتا ہے اور اپنی جگہ سے ذرہ بھر
نہیں ہلتا۔ قطب نما یعنی کمپاس کو اسی ستارہ کی سمت جانے
کے باعث قطب نما کہتے ہیں (۱۰) وہ ولی جسے خدا کی طرف سے
کسی ملک کا انتظام سپرد ہو۔

قُطب جنوبی (ع)، محور زمین کا جنوبی سرا جو زمین کے ساتھ گردش نہیں
کرتا۔ کرۂ ارض کے انتہائے جنوب میں وہ مقام جہاں کرہ ختم
ہوتا ہے بوجہ سردی یہاں سمندر بھی ہمیشہ جمے رہتے ہیں۔ اور
کوئی وہاں پہنچ نہیں سکتا۔

قُطب شمالی (ع)، محور زمین کا شمالی سرا جو زمین کے ساتھ گردش نہیں
کرتا۔ کرۂ ارض کے انتہائے شمال میں وہ مقام جہاں کرہ ختم
ہوتا ہے۔ بوجہ سخت سردی یہاں سمندر ہمیشہ جمے رہتے
ہیں اور کوئی یہاں پہنچ نہیں سکتا۔

قُطب نما (ف)، کمپاس۔ شمالی سمت دریافت کرنے کا آلہ۔

قُطبین (ع)، دونوں قطب (۱) شمالی اور قطب جنوبی (۲) قطب کے
دونوں ستارے اور وہ دو ستارے جو قطب ستارہ کے گرد
گھومتے ہیں۔ اور اس سے بہت کم فاصلہ پر ہیں۔ یہ بھی
قطب کی مانند کبھی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوتے۔ صرف
گردش کرنے میں کبھی قطب ستارہ کے اوپر ہوتے ہیں اور کبھی
نیچے۔ انھیں فرقدین بھی کہتے ہیں۔

قطر (ع)، قطرہ کی جمع۔ بوندیں۔ بارش۔ مینہ۔

قطر (ع)، قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ پانی کا بہنا۔

قطر (ع)، پگھلا ہوا تانبا۔

قُطر (ع)، (۱) تانبا۔ مس (۲) طرف۔ کسی چیز کا کنارہ (۳) وہ خط
مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزر کر اس کے دو ٹکڑے کردے۔

قطرات (ع)، قطرہ کی جمع۔ قطرے۔ بوندیں۔

قطران } (ع)، چیڑ کے درخت کا روغن جو بدبودار ہوتا ہے۔ اور
قطران } خارشی اونٹوں کے جسم پر ملتے ہیں۔ برروزہ۔

قطران زدن (ف)، تارکول لگانا۔

قُطرُب (ع)، (۱) ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو سطح آب پر بے ترتیبی
سے دوڑتا ہے (۲) مالیخولیا کا مرض (۳) مرگی والا۔ (۴)
جاہل (۵) چور (۶) بزدل (۷) چوہا (۸) وہ بھیڑیا جس کے
بال گر گئے ہوں۔

قطرہ (ع)، (۱) بوند پانی وغیرہ کی بوند (۲) دوڑ کر چلنا۔

قطرۂ آب (ف)، (۱) پانی کا قطرہ۔ پانی کی بوند (۲) صیقل کیے ہوئے
ہتھیار۔ تلوار۔ تیر۔ پیکان وغیرہ (۳) مجازاً منی۔

قطرہ از دریا (ف)، سمندر سے پیاسے کو شبنم ملے۔

قطرہ برداشتن (ف)، سعی کرنا۔ دوڑنا۔

قطرہ بعمان بُردن (ف)، اُلٹا کام کرنا۔

قطرہ چکاں (ف)، شیشے کی وہ نالی جس کے ذریعے عرق کو قطرہ قطرہ ٹپکاتے ہیں

قطرۂ گُزد (ف)، بادل۔ ابر۔

قطرہ زدن (ف)، سعی کرنا۔ دوڑنا۔

Marfat.com

قطرۂ زرد - (ف)، آفتاب -
قطرۂ زن (ف)، (۱) دوڑنے والا - تیز رفتار (۲) آوارہ گرد اور بے ہودہ آدمی -
قط زدن (ف)، قلم کا تراشنا اور قط لگانا -
قط زن (ف)، کاٹنے والا - قط لگانے والا - چاقو یا آدمی - مجازاً وہ ہڈی یا لکڑی جس پر قلم کو قط لگایا جاتا ہے -
قطع (ع)، (۱) کاٹنا (۲) گلا گھونٹنا -
قطع (ع)، (۱) پچھلی رات کا اندھیرا (۲) رات کا حصہ (۳) چھوٹی کملی جو اونٹ کے پالان پر ڈالی جاتی ہے -
قطع (ع)، قطعہ کی جمع - ٹکڑے -
قطع داشتن (ف)، یقین کرنا -
قطع علاقہ کردن (ف)، تعلقات منقطع کرنا -
قطعاً (ع)، ہرگز - یقیناً - بلاشبہ -
قطعُ التذکرہ (ع)، ٹکٹ چیک کرنا -
قطع رحم (ع)، قریبی رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنا -
قطع نامہ (ف)، قرار داد - فیصلہ -
قطعہ (ع)، (۱) ٹکڑا - ہر چیز کا ٹکڑا (۲) وہ با قافیہ نظم جو مطلع کے بغیر ہو اور دو شعروں سے کم نہ ہو - زیادہ جس قدر بھی ہو -
قطف (ع)، بتھوے کا ساگ -
قطف (ع)، (۱) چھیلنا (۲) پھل چننا - میوہ اکٹھا کرنا (۳) انگور کا خوشہ توڑنا (۴) گھوڑے کا آہستہ چلنا -
قطف (ع)، (۱) چنا ہوا (۲) درخت کا پکا ہوا میوہ - پھل (۳) انگور کا خوشہ -
قطف (ع)، اثر - نشان -
قط گیر (ف)، وہ چیز جس پر قلم کو قط لگایا جائے -
قطمیر (ع)، (۱) حقیر چیز - نہایت چھوٹی چیز (۲) چھلکا (۳) خرمے کی گٹھلی کا شگاف (۵) خرما کے پشت کا سفید نقطہ (۶) خرمے کی گٹھلی کے شگاف کے اندر کا ریشہ (۷) اصحاب کہف کے کتے کا نام -
قطن (ع)، سرین کے درمیان کی ہڈی - ریڑھ کی ہڈی (۲) مرغ کی دم کی جڑ -
قطن (ع)، روئی -
قطنی (ع)، روئی کا کپڑا (۲) مشروع کپڑا جس کا تانا سوت کا اور بانا ریشم کا ہوتا ہے -
قطور (ف)، موٹی اور گول چیز -
قطور (ع)، (۱) پانی وغیرہ کا رواں ہونا (۲) ٹپکنا (۳) دوڑ کر چلنا (۴) کسی چیز کو کپڑنا (۵) کپڑا سینا -
قطوع (ع)، بہت کاٹنے والا -
قطوف (ع)، قطف کی جمع - میوے -
قطون (ع)، کسی جگہ اقامت کرنا اور اسے اپنا وطن بنانا -
قطہ (ع)، بلی - گربہ -
قطی (ع)، تھی - ڈبہ -

قطیع (ع)، گھوڑے گائے اور بکری وغیرہ کا ریوڑ -
قطیعت (ع)، (۱) رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنا - برادری سے بگاڑنا (۲) جدائی - دور ہونا -
قطیعہ (ع)، دیکھو قطیع -
قطیفہ (ع)، چادر - پچیدہ - بٹی ہوئی چادر - مخمل کا بستر، کھیس -
قطین (ع)، رہنے والا -

## ق - ع

قعاب (ع)، قعب کی جمع - پیالے - بڑے پیالے -
قعادہ (ع)، پلنگ - چارپائی -
قعب (ع)، (۱) لکڑی کا بڑا پیالہ جس کے پانی سے ایک آدمی خوب سیراب ہو جائے (۲) بات کی تہہ - بات کا گہرا پن -
قعبری (ع)، بہت بخیل - بدخو -
قعبہ (ع)، چھوٹا سا برتن جس میں عورتیں عطر یا دوسری چیزیں رکھتی ہیں -
قعدہ (ع)، (۱) بیٹھنا (۲) سواری (۳) فرش جس پر بیٹھتے ہیں (۴) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا (۵) ایک دفعہ بیٹھنا -
قعدہ (ع)، گھوڑے کی زین وغیرہ جس پر بیٹھتے ہیں -
قعر (ع)، کوئیں یا دریا وغیرہ کی تہہ - گہرائی - انتہا - نہایت -
قعقعہ (ع)، کھڑکھڑاہٹ - خشک چمڑے یا کاغذ یا ہتھیاروں کی آواز -
قعلبی (ف)، بیہ نشکار -
قعود (ع)، بیٹھنا -
قعور (ع)، گہرا - عمیق -
قعید (ع)، ہم نشین مرد -
قعیدہ (ع)، ہم نشین عورت - زوجہ - جورو -
قعیر (ع)، بہت گہرا -

## ق - ف

قفث (ع)، خشک سبزی -
قفد (ع)، پشت - بلند ترین پہاڑ جیسا کالا بادل - اوباش آدمی -
قفا (ع)، (۱) گدی - گردن کی پچھلی طرف (۲) فارسی میں مجازاً پس پشت - پیٹھ - پیچھے (۳) دھول - گردنی - مکا جو گردن پر مارا جائے -

Marfat.com

قفا خاریدن (ف) شرمندہ ہونا۔
قفا خوردن (ف) گردن پر دھول کھانا۔
قفا زدن (ف) گردن پر دھول مارنا۔
قفار (ع) بغیر سالن کے روٹی۔ روکھی روٹی۔
(۲) چٹیل میدان۔
قفا گیران (ف) مظلوم لوگ۔ داد خواہ لوگ۔
قفا نمودن (ف) پیٹھ دکھانا۔ بھاگ جانا۔
قفا لش بزمین خوردہ (ف) اس کی پیٹھ زمین پر جا لگی۔
قفائے فلک (ف) آسمانی حادثہ۔
قفر (ع) (۱) روٹی کے ساتھ سالن نہ ہونا (۲) مال کا کم ہو جانا (۳) دبلا ہو جانا۔
قفر (ع) چٹیل میدان (جمع قفار)
قفرات (ع) قفرہ کی جمع۔ چٹیل میدان۔
قفرہ (ع) چٹیل میدان۔
قفس } پنجرا۔
قفص }
قفسہ (ف) الماری کے اندرونی تختے۔
قفقاد (ع) کوہ قاف۔ مشہور ملک کا نام جس کا پایہ تخت طفلس ہے۔
قفل (ع) تالا۔
قفل ابجد (ع) ایک قسم کا تالا جس پر حرف بنے ہوتے ہیں۔ اور جب تک ان کی ترتیب موافق نہ ہو تالا نہیں کھلتا۔
قفل بر در آسمان زدن (ف) نماز ترک کرنا۔ شرع کے خلاف کام کرنا۔
قفل بر دہان کسے زدن } (ف) (۱) چپ کرا دینا (۲) رشوت دینا۔
قفل بر دہن کسے زدن }
قفل بر زبان کسے انداختن }
قفل بر لب خود زدن (ف) خاموش ہو جانا۔
قفل در راہ کردن (ف) رستہ بند ہونا۔
قفل رومی (ف) (۱) ایک قسم کا مضبوط تالا (۲) باربد کی تیس سروں میں سے ایک سُر کا نام۔
قفل فقط محک است (ف) تالا تو صرف اچھے اور برے انسان کو پرکھنے کا ایک ذریعہ ہے ورنہ اس کا توڑنا کوئی مشکل کام نہیں۔
قفل گر (ف) قفل ساز۔ وہ شخص جو تالے اور چابیاں بنائے۔
قفل و سواس (ع) گورکھ دھندا۔
قفلہ (ع) گردن کا پچھا۔ خشک درخت۔ کسی چیز کا ایک بار بخشنا۔
قفلہ (ع) وہ شخص جو بات سن لے اُسے یاد رہے۔
قفن (ع) بکری وغیرہ کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
قفول (ع) سفر سے واپس آنا۔
قفہ (ع) ٹوکرا۔
قفہ (ع) (۱) اونچی زمین (۲) بلند (۳) بلند مقام۔
قفہ منار (ع) مینار کے اوپر بنا ہوا نشست کا مقام۔

قفیز (ع) بارہ صاع کا پیمانہ۔ ایک صاع آٹھ رطل اور ایک رطل آدھ سیر کا ہوتا ہے (۱) ایک سو چوالیس گز شرعی کی جریب۔
قفیز پُر آمدن (ف) عمر ہو چکنا۔ عمر کا تمام ہونا۔
قفیلی (ع) طفیلی کا تابع لفظ۔

# ق - ق

ققنس (ی - ر) مرغ آتش زن۔ موسیقار۔ ایک مشہور پرندہ ہے جس کی طرح طرح کی آوازوں سے حکما نے علم موسیقی نکالا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں۔ بعض نے ان سوراخوں کی تعداد تین سو ساٹھ اور بعض نے نو سو لکھی ہے۔ اور اس کی عمر ایک ہزار برس کی ہوتی ہے اس کا جوڑا نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کا پیدا ہونا عجیب طریق پر لکھا ہے۔ یعنی جب یہ ہزار سال کا ہو چکتا ہے تو خشک لکڑیاں جمع کر کے خود ان میں بیٹھ جاتا ہے۔ اور اپنی چونچ کے سوراخوں میں سے ہر سوراخ سے ایک علیحدہ راگ نکالتا ہے۔ اور منجملہ ان سوراخوں کے ایک سوراخ سے دیپک راگ نکالتا ہے۔ اس راگ کی خاصیت آگ لگا دینا ہے۔ چنانچہ اس سوراخ پر وہ زیادہ زور دیتا ہے۔ حتیٰ کہ لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور ققنس اسی میں جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ لیکن جب بارش ہوتی ہے تو اس راکھ سے ایک انڈا پیدا ہوتا ہے۔ جس سے ویسا ہی جانور نکل آتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ راگ کے ساتھ مست ہو کر اپنے پروں کو بھی پھڑپھڑاتا ہے۔ جس سے آگ بھڑک اٹھتی ہے۔

# ق - ل

قُل (ع) بگو۔ کہو۔ کہہ دے۔
قَلّ } (ع) کم ہونا۔ قلیل ہونا۔
قُلّ }
قلا (ع) (۱) کسی سے عداوت رکھنا (۲) جدا ہو جانا۔
قلا (ع) بادامی رنگ کا گھوڑا جس کی پیٹھ پر سیاہ خط ہو۔
قلّاب (ع) کھوٹا سکہ بنانے والے۔ دغاباز۔ مکار۔ خالص کو غیر خالص سے بدل دینے والا۔
قُلّاب (ع) (۱) آنکڑا (۲) حلقہ (۳) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔
قلاب دوز (ف) کشیدہ کاری کرنے والا۔
قلاب دوزی (ف) زردوزی۔ گلکاری۔ کشیدہ کاری۔
قلابہ (ع) (۱) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) حلقہ۔

Marfat.com

قلابی (ف) کھوٹا سکہ بنانے والا - خالص کو غیر خالص سے بدل دینے والا - دغاباز - مکار -
قلات (ف) ایک شہر کا نام جو بلوچستان کا پایہ تخت ہے اور کاروانوں کی تجارت کا مرکز ہے -
قلات گاذراں (ف) شیراز کے قریب ایک مقام کا نام جہاں سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کا مقبرہ ہے -
قلاج (ف) (۱) کش - دم - جیسے حقہ وغیرہ کا (۲) گھونٹ (۳) ہرن کی چھلانگ جسے چوکڑی کہتے ہیں -
قلاچو (ف) برتن یا ساغر جسے چمڑے سے بناتے ہیں اور اس سے پانی یا شراب پیتے ہیں -
قلاچوری (ف) دیکھو قراچوری -
قلاح (ع) دانتوں کی زردی -
قلادہ (ع) (۱) پٹہ (۲) گلے کا ہار - حمیل (۳) گلوبند -
قلاژون (ف) فوج کے نقیب -
قلاری (ف) ایک قسم کی سفید انجیر جس کا سرا زرد ہوتا ہے -
قلاسنگ (ف) فلاخن - گوپیا -
قلاش (ع) بے نام و ننگ - بدمعاش - لچا (۲) مفلس (۳) مجرد آدمی (۴) ٹھگ - دھوکہ باز - چالباز -
قلاشیرہ (ف) بجی -
قلاط (ع) چھوٹا - کوتاہ - بونا -
قلاط (ف) قلعہ - دیہات - وہ قلعہ جو پہاڑ کے اوپر بنایا گیا ہو -
قلاع (ع) قلعہ کی جمع - قلعے - سنگین -
قلاع (ع) منہ آنا - منہ میں آبلے پڑنا - جوشش دہن -
قلاق (ت) کان - گوش -
قلاق (ت) ترکستان کے ایک شہر اور ایک قوم کا نام -
قلاقل (ت) جنگلی انار -
قلانس (ع) قلنسوۃ کی جمع - ٹوپیاں -
قلائد (ع) قلادہ کی جمع (۲) گلے کے پٹے (۲) گلے کے ہار -
قلایا (ع) قلیہ کی جمع - بھنے ہوئے گوشت کے ٹکڑے -
قلب (ع) (۱) دل (۲) بیچ - درمیان - وسط (۳) چاند کی اٹھارہویں منزل (۴) اوندھا - الٹا ہوا (۵) خالص (۶) عقل (۷) کھوٹا سونا - کھوٹی چاندی (۸) لشکر کی درمیانی سپاہ جس میں سردار یا بادشاہ رہتا ہے - لشکر کا درمیان -
قُلب (ع) کنگن -
قُلَّب (ع) دغاباز - مرد حیلہ گر -
قلب اقبال (ع) ادبار و زوال کا آنا جانا -
قلب اندوز (ف) ملمع کیا ہوا -
قلب بودن (ف) جعلی ہونا -
قلب پاک (ف) رحمدل -
قلب داراں (ف) (۱) دلیر - بہادر - قوی دل (۲) لشکر کے درمیان کے سپاہی -

قلب سازی (ف) کھوٹے سکے بنانا -
قلاچو (ف) برتن یا ساغر جسے چمڑے سے بناتے ہیں اور اس سے پانی یا شراب پیتے ہیں -
قلب گاہ (ف) لشکر کے درمیان کی جگہ -
قلبہ (ع) زمین جوتنے کا ہل -
قلبہ راں (ف) ہل جوتنے والا -
قلبہ رانی (ف) ہل جوتنا - زراعت کرنا -
قلبی (ع) منسوب بہ قلب (۲) دلی (۳) اوندھا کیا ہوا - الٹا ہوا - (۴) کھوٹا سکہ -
قلپاق
قلپاف } (ف) ٹوپی - بھیڑ کی کھال کی ٹوپی - کلاہ
قلت (ع) کمی - کمیابی - کم ہونا (۲) لرزہ -
قلت (ع) مفلسی اور فقیری سے رہائی پانا (۲) بیماری سے صحت پانا -
قلت (ع) گڑھا - پہاڑ کا وہ غار جس میں پانی جمع ہو -
قلت
قلتبان } (ف) بے غیرت - بھڑوا - دیوث - دلا -
قلتبوس
قلتبہ } (ف) بے غیرت - بھڑوا - دیوث - دلا -
قلتین (ع) دو بڑے بڑے خم یا مٹکے جن میں دو سو رطل پانی سما سکے - امام شافعیؒ کے عقیدہ میں اتنا پانی نجاست کے پڑ جانے سے نجس نہیں ہوتا -
قلچماق (ت) زبردست (۲) شہدا - لچا
قلح (ع) دانتوں کی زردی - دانتوں کا میل -
قلار بودن (ف) ظالم و ستمگر ہونا -
قلاری کردن (ف) ناجائز ہٹ پر اڑنا - زیادتی کرنا -
قلزم (ع) ایک شہر کا نام جو کوہ طور کے قریب ہے (۲) ایک سمندر کا نام جو مصر اور عرب کے درمیان ہے (۳) مجازاً سمندر - گہرا دریا - گہرا کنواں -
قلزم پنج شاخ - سخی کا ہاتھ -
قلزم نگوں (ف) آسمان -
قلس (ع) وہ کھانا جو ایک ہی دفعہ ابکائی میں گلے سے نکل پڑے اور جب وہ تین دفعہ ایسا ہو تو اسے قے کہتے ہیں -
قلع (ع) اکھیڑ پھینکنا (۲) ایک کان کا نام جس سے رانگ خالص نکلتی ہے - چنانچہ اسی وجہ سے رانگ کو قلعی کہتے ہیں -
قلع (ع) بادبان -
قلعہ (ع) لکہ - ابر - بادل کا ٹکڑا -
قلعہ (ع) حصار - گڑھی - گڑھ - سنگین عمارت -
قلعہ بستن - فوج کا قواعد کرتے وقت مربع کی صورت میں کھڑا ہونا -
قلعۃ البغداد - قرطبیوں کی اصطلاح میں پیٹ کو کہتے ہیں -

Marfat.com

قلعہ بند (ف) قلعہ میں محصور۔
قلعۂ بے در۔ کنواری لڑکی۔ دوشیزہ۔
قلعہ دار (ف) کمانڈر۔
قلعۂ گُرباگون (ف) عالم سفل۔ دُنیا۔
قلعۂ قہقہہ (ف) آذربائیجان کے ایک قلعہ کا نام جو اپنی مضبوطی کے باعث مشہور ہے۔
قلعہ کشائی (ف) قلعہ فتح کرنا۔
قلعہ گیان (ف) قلعہ کے اندر کی فوج۔
قلعہ نشین (ف) محصور۔
قلعی (ع) منسوب بہ قلع جو ایک کان کا نام ہے۔ جس سے خالص رانگ نکلتی ہے۔ رانگ۔ رانگا۔
قلفہ (ع) وہ چمڑا جو عضو تناسل کے سرے پر لٹکا ہوتا ہے اور ختنہ میں کاٹتے ہیں۔
قلق (ع) بے تابی۔ بے قراری۔ بے چینی۔
قلق (ع) بے تاب۔ بے قرار۔ بے چین۔
قلق کسے را بدست آوردن (ف) کسی کی عادت سے واقف ہوجانا۔
قلق گرفتن (ف) طاقت کے بل بوتے پر خراج وصول کرنا۔
قلقاس / قلقاص } (ع) اروی جو کچالو کی قسم کی مشہور ترکاری ہے۔
قلقان (ف) ڈھال۔ سپر۔
قلقطار (ف) پھٹکڑی۔
قلقلک (ف) مٹی کا چھوٹا سا کوزہ۔
قلقل / قلقلہ } (ع) وہ آواز جو صراحی یا شیشہ یا بوتل وغیرہ سے شراب یا پانی انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔
قلقلہ (ع) (۱) جوش (۲) بیقراری (۳) آواز کرنا (۴) ہلانا (۵) ساکن کو اسکے مخرج میں شدت سے ہلانا۔
قلل (ع) قلہ کی جمع۔ پہاڑ کی چوٹیاں۔
قللر آقاسی (ت) قل بمعنی غلام۔ لر علامت جمع۔ اور آقاسی بمعنی سردار سے مرکب ہے۔ غلاموں کا سردار۔ سردار غلاماں۔
قلم (ع) تراشنا۔ کاٹنا: ناخن کاٹنا۔
قلم (ع) (۱) کاٹا ہوا (۲) خامہ۔ کلک۔ لکھنی۔ جس سے لکھا جاتا ہے۔ ہولڈر (۳) چاقو۔ (۴) چھری (۵) قینچی (۶) تلوار۔
قلم افتادگی (ف) لکھتے وقت کچھ چھوڑ دینا۔
قلما (ف) نلاخن۔ گوبیا۔
قلما (ع) قلیل۔ کم۔ تھوڑا۔
قلم الحجر / قلم الرصاص } (ع) سلیٹ۔ پنسل۔
قلم بدم شمشیر افتادن (ف) تلوار کا دندانہ دار ہونا۔ تلوار کی دھار نہ رہنا۔
قلم برداشتن از کسے (ف) کسی کو معاف کرنا۔ کسی سے بازپرس نہ کرنا۔

قلم بر سیاہی نہادن (ف) کسی کے لکھے ہوئے پر لکیر کھینچ کر باطل کر دینا۔ کسی سے بازپرس نہ کرنا۔
قلم برگرفتن از کسے (ف) کسی کو معاف کر دینا۔ کسی سے بازپرس نہ کرنا۔
قلم بستن بر کسے (ف) کسی شخص میں لکھنے کی قدرت نہ رہنے دینا۔ کسی کو مات کرنا۔
قلم بند (ف) لکھا ہوا۔ وہ چیز جسے لکھ لیں (۲) مُوقلم کا مُنہ بنانے والا۔ مُوقلم یعنی نقاشی کا قلم بنانے والا۔
قلم بند کردن (ف) لکھ لینا۔
قلم بدم شمشیر افتادن (ف) تلوار کی دھار میں دندانے پڑ جانا۔ تلوار کی دھار مُڑ جانا۔
قلم پا (ف) پنڈلی۔
قلم پاک کن (ف) قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔
قلم تراش (ف) چاقو۔
قلم تیز کردن (ف) قلم کو قط لگانا۔
قلم جدول (ف) لکھنا۔ تحریر کرنا۔
قلم جنبد کردن (ف) جس قلم سے جدول یعنی صفحے کا حاشیہ بنائیں۔
قلم الحجر (ع) سلیٹ۔
قلم خود نویس (ف) پین۔
قلم خوردہ (ف) باطل شدہ۔ تبدیل شدہ۔
قلم داخل خط ساختن (ف) اصلاح دینا۔
قلم داد کردن (ف) حساب کتاب میں لانا۔
قلم در سیاہی نہادن (ف) کسی کے نام پر بُرے کلمے لکھنا۔ (۲) کسی کو سزا دینا۔
قلم در کف دشمن بودن (ف) ہر بات کا دشمنی پر مبنی ہونا۔
قلم در کشیدن (ف) مٹا دینا۔ قلم پھیر دینا۔ کاٹ دینا۔ کسی چیز کو کاٹ دینا۔
قلم در کشیدن بر چیزے (ف) کسی چیز پر قلم پھیر دینا۔ کسی چیز کو کاٹ دینا۔
قلم دست و پا (ف) کلائی اور پنڈلی کی ہڈی۔
قلم دوش کردن (ف) کندھوں پر سوار ہونا۔
قلم راندن (ف) قلم چلانا یعنی لکھنا۔
قلم رصاص (ع) پنسل۔
قلم رفتن (ف) تقدیر میں لکھا ہونا۔ مقدر ہونا۔
قلم رفتہ را چہ چارہ (ف) تقدیر کا لکھا ہوا کون مٹائے۔
قلمرو (ف) سلطنت۔ ملک۔
قلم زدگی (ف) فسخ۔
قلم زدن (ف) لکھنا۔
قلم زدن بر چیزے (ف) کسی چیز پر قلم پھیر دینا۔ کسی چیز کو نکال دینا۔

Marfat.com

قلم زرچک (ف) پھلجھڑی۔ آتشبازی کی مہتابی۔
قلم زن (ف) (۱) منشی۔ محرر۔ کاتب۔ لکھنے والا۔ (۲) مصور۔ نقاش۔
قلم ساختن (ف) قلم کرنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔ کاٹ دینا۔
قلمستان (ف) پودوں کی نرسری۔
قلم سرب (ع) پنسل۔
قلم شدن (ف) کٹ جانا۔ قلم ہونا۔
قلم شکستن بر کسے (ف) قلم کسی کے حوالے کرنا۔
قلم فرسائی کردن (ف) خوب لکھنا۔
قلم فرنگی (ف) پنسل۔
قلمکار (ف) (۱) وہ کپڑا جس پر قلم سے طرح طرح کے بیل بوٹے اور نقش بنے ہوں (۲) رنگ بھرنے والا نقاش۔
قلمکاری (ف) رنگ بھرنا۔ کسی چیز پر قلم سے بیل اور بوٹے اور نقش بنانا۔
قلم گچ (ف) چاک۔
قلم کردن (ف) کاٹ دینا۔ دو ٹکڑے کر دینا۔
قلم کشیدن چیزے را (ف) کسی چیز پر قلم پھیر دینا۔ کسی چیز کو کاٹ دینا۔
قلم مداد (ف) پنسل۔
قلم موئے (ف) بالوں کا قلم جس سے نقاشی کی جاتی ہے۔ ملائم بالوں کا چھوٹا سا برش۔
قلم ہائے مشکین (ف) کوئلے۔ زغال۔
قلمی (ف) لکھی ہوئی چیز (۲) ایک قسم کی چادر جس پر سیدھے خط ہوتے ہیں۔
قلنبک (ف) ایک قسم کا عود۔
قلندر (ف) (۱) باخدا۔ تنہائی پسند۔ گوشہ نشین۔ آزاد (۲) وہ درویش جو دنیاوی تعلقات چھوڑ کر اور روحانی ترقی کر کے خدا کی ذات میں محو ہو گیا ہو (۳) مجازاً رند۔ اوباش۔ کندۂ ناتراش۔ بیباک۔ ناشائستہ۔ خلافِ شریعت فقیر۔
قلنسوہ (ف) ٹوپی۔ کلاہ۔
قلنسہ (ف) قلنسوہ کا مخفف۔ ٹوپی۔ کلاہ۔
قلنغر (ف) (۱) گھیرا ڈال لینا۔ گھیر لینا۔ محاصرہ (۲) پیادے کی خوراک جو بطور ڈنک کسی گاؤں میں جائے۔
قلو (ف) لات۔ لکد۔
قلوب (ع) قلب کی جمع۔ دل۔
قلو زدن (ف) لات مارنا۔
قلوص (ع) جوان اونٹنی۔
قلوہ (ف) گروہ۔
قلوہ (ف) گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ تکہ گوشت۔
قلوہ سنگ (ف) پتھر کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ جو سخت اور تراشا گیا ہو اور ایک سبب جتنا ہو۔

قلولا (ع) تاز جو مشہور پرندہ ہے۔
قلہ (ع) (۱) سرکوہ۔ پہاڑ کی چوٹی (۲) چوٹی۔ ہر چیز کے سر کی نوک (۳) بڑا مٹکا جس میں چھ سو رطل یعنی تین سو سیر پانی سما جائے۔
قلہ (ع) گھوڑے کا وہ رنگ جو مائل بہ ... ی یا دامی ہوتا ہے۔ اور ایال سے لے کر دم تک پیٹھ پر سیاہ خط ہوتا ہے۔
قلی (ع) (۱) بھی (۲) کسی چیز کو توے پر بھونا۔
قلی (ت) غلام۔
قلیان (ف) حقہ۔ حقہ کا نیچا۔
قلیان (ف) ابلنا۔
قلیان چاک کردن (ف) حقہ بھرنا۔
قلیان کش (ف) حقہ پینے والا۔
قلیان کشیدن (ف) حقہ پینا۔
قلیان سنے تیغ (ف) ہیجوان سٹک دار حقہ۔
قلیب (ع) کنواں۔ کچا اور پرانا کنواں۔
قلیچ (ت) تیغ۔ تلوار۔ شمشیر۔
قلیدس (ع) اقلیدس کا مخفف۔ ایک حکیم کا نام جس نے علم اقلیدس ایجاد کیا تھا۔
قلیل (ع) (۱) کم۔ تھوڑا۔ کوتاہ (۲) لاغر۔
قلیل المدت (ع) تھوڑا عرصہ۔
قلیہ (ف) (۱) توے پر بھنا ہوا گوشت۔ بھنا ہوا گوشت (۲) عمدہ شوربے کا گوشت۔ چھلکے دار شوربے کا گوشت۔
قلیہ لوتی (ف) ایک خوراک جو بھیڑ کے جگر سے تیار کی جاتی ہے۔
قلیہ خوار (ف) بھڑوا۔ ولا۔ دیوث۔

## ق ۔ م

قم (ع) جھاڑ دینا۔
قم (ف) ایک شہر کا نام جو اصفہان کے قریب ہے۔
قم (ع) اٹھ کھڑا ہوا۔ امر کا صیغہ ہو۔
قما (ت) لونڈی۔ باندی۔ کنیزک۔
قماق (ت) کاج۔ ایک قسم کی روٹی۔
قماحد (ع) قمحدوہ کی جمع۔ سر کے پچھلے حصے کی ہڈیاں۔
قمار (ع) جوا۔ ہر وہ بازی جس میں روپیہ کے لین دین کی شرط ہو۔
قمار (ع) کمار کا معرب۔ ہندوستان کے ایک شہر کا نام جس سے راس کماری منسوب ہے۔ یہاں کا عود بہت عمدہ ہوتا ہے۔
قمار باختن (ف) جوا کھیلنا۔
قمار باز (ف) جواری۔ جوا کھیلنے والا۔

Marfat.com

قمار بازی (ف) جُوا کھیلنا۔
قمار خانہ (ف) جُوئے خانہ۔
قمار کردن (ف) جُوا کھیلنا۔
قمار و راہ قمار (ف) جُوا اور اس کے طور طریقے۔
قَماری (ع) قمری کی جمع جو مشہور پرندہ ہے۔
قَماری (ع) عود کی صفت کے لیے آتا ہے۔ منسوب بہ شہر قمار۔
قُماش (ع) (۱) اسباب (۲) گھر کا سامان (۳) ریشمی کپڑے (۴) صفت۔ جوہر۔ اس کی جمع اقمشہ آتی ہے۔
قَمّاش (ع) بزاز۔ پارچہ فروش۔
قُمامہ (ع) کوڑا کرکٹ۔ وہ کوڑا کرکٹ جو گھر میں جھاڑو دینے سے اکٹھا ہو (۲) آدمیوں کا گروہ۔
قُم باذن اللہ (ع) اللہ کے حکم سے جی اُٹھ۔
قُم باذنی (ع) میرے حکم سے جی اُٹھ۔
قُمبرچی (ت) توپ چلانے والا۔
قُمبرہ (ف) ایک قسم کی توپ۔
قمبرہ کردن (ف) یاوہ گوئی کرنا۔ واہی تباہی ہانکنا۔
قُمپیل (ت) چوتڑ۔ کولا۔
قمچی (ف) کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔
قَمح (ع) گندم۔ گیہوں (۲) ستو۔
مُقمحہ (ع) آسمان کی طرف مُنہ کرکے سویا ہوا (۲) مجازاً زمین سے ملا ہوا سر۔
قُمحہ (ع) گیہوں کا ایک دانہ۔
قمر (ع) (۱) چوتھی رات سے آخر مہینہ تک کا چاند۔ کیونکہ پہلی سے تیسری رات تک کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں چاندی۔
قَمْر (ع) جُوئے میں اپنے حریف پر غالب آنا (۲) جُوا کھیلنا۔
قُمْر (ع) سفید چیز۔
قَمْرا (ع) چاندنی۔ چاند کی روشنی (۲) چاندنی رات۔
قمران (ع) چاند اور سورج۔
قمر در عقرب (ف) نجوم کی اصطلاح میں جب چاند برج عقرب میں ہوتا ہے۔ نحوست کا وقت۔
قمرغہ (ت) شکارگاہ۔
قمرہ (ع) (۱) قمارخانہ۔ جُوا کھیلنے کا گھر (۲) جُوا۔
قَمری (ع) منسوب بہ قمر۔ چاند کا مہینہ یا سال۔
قُمری (ع) فاختہ کی قسم کا ایک مشہور پرندہ۔
قِمَطر
قِمَطْر } (ع) (۱) فربہ اُونٹ (۲) کوتاہ قد آدمی (۳) کتاب جُزدان (۴) کتابیں رکھنے کی الماری یا صندوق۔
قمطریر (ع) نہایت سخت دن۔ روز سخت ترین۔
قمع (ع) کسی چیز پر گرز مارنا۔ گرز مارنا (۲) توڑنا۔ (۳) خراب کرنا۔ خوار کرنا۔
قمقام (ع) چھوا۔ بڑی مارد۔ (۲) قوم کا سردار (۳) دریا۔

قُمقُم
قُمقُمہ } (ع) کوزہ۔ آفتابہ۔
قَمْل (ع) پشش۔ جُوں۔
قُمَّل (ع) قمرا کی جمع۔ چیچڑیاں۔
قَملہ (ع) چیچڑی۔
قِمَم (ع) قمّہ کی جمع (۱) ہر چیز کے سر کا حصّہ (۲) بلندیاں۔
قِمّہ (ع) ہر چیز کے سر کی نوک (۲) ہر شے کی بلندی (۳) کلس۔
قمی (ع) منسوب بہ قم۔ شہر قم کا رہنے والا۔ شہر قم کی کوئی چیز۔
قَمیص (ع) کُرتہ۔ پیراہن۔
قَمین (ع) لائق۔ سزاوار۔

## ق - ن

قِن (ع) غلام۔ مذکر مونث اور واحد جمع سب کے لیے یکساں آتا ہے۔
قَنّا (ع) نہر کھودنے والا۔
قنابر (ع) قنبرہ کی جمع۔ چنڈول۔
قنابل (ع) قنبلہ کی جمع۔ بمب۔ توپ کے گولے۔
قَنات (ت) خیمے کے اردگرد کا پردہ۔ موٹا اور ولدار کپڑا جو دیوار کا کام دیتا ہے۔
قَنات (ع) (۱) آبپاشی کی زمین دوز نالی۔ چھوٹی نہر (۲) نیزہ (۳) پیٹھ کے مہرہ کی ہڈی۔
قنّاد (ع) قند بنانے والا۔ حلوائی۔
قناد خانہ (ف) کھنڈسال۔ وہ مکان جہاں قند بنائی جائے۔
قنادی (ف) شغل قند فروشی۔ حلوائی کا پیشہ۔ حلوائی کا کام اور دکان۔
قنادیل (ع) قندیل کی جمع۔ فانوس۔ لالٹین۔
قنادیل چرخ (ف) ستارے۔
قناری (ف) ایک خوش آواز پرندہ۔
قنّاص (ع) صیاد۔ شکاری۔
قناطر (ع) قنطرہ کی جمع۔ پُلیں۔
قناطیر (ع) قنطار کی جمع۔ خزانے۔
قناع (ع) اوڑھنی۔
قناعت (ع) تھوڑی چیز پر راضی ہو جانا۔
قناعت کار (ف) قناعت کرنے والا۔
قناعت کردن (ف) کم چیز پر اکتفا کرنا۔
قنافذ (ع) خارپشت۔ سیہ۔
قِنّب (ع) بھنگ۔
قنباز (ف) گاؤں۔ دیہہ۔

Marfat.com

قَنبَر (ع) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایک غلام کا نام۔
قنبرک کردن (ف) جھک کر بیٹھنا۔ مراقبے میں بیٹھنا۔
قُنبرہ (ع) چنڈول۔
قُنبلہ (ع) بم کا گولہ (۲) توپ کا گولہ۔
قنتور (ف) (۱) ایک قسم کا رنگین لباس (۲) جراب پر باندھنے کا تسمہ۔
قَنْد (ع) شکر۔ شکر سفید۔ چینی۔ بورا۔ مصری۔
قنداقی (ف) بچہ جو ہنوز پوتڑوں میں ہو۔
قند پارسی (ف) ایک قسم کی نہایت نفیس اور لطیف قند۔
قُند داغ (ف) کھانڈ کا پانی جو اُبال کر بچے کو دیتے ہیں۔
قند دان (ف) چینی دان۔
قندِ دوبارہ (ف) قند مکرر۔ دو دفعہ صاف کی ہوئی قند۔
قند دان (ف) چیونگ گم۔
قندز (ف) لومڑی کی قسم کا ایک جانور جس کی کھال کا پوستین بنتا ہے۔ اس جانور کے پوست کو بھی قندز کہتے ہیں۔ (۲) بعض قندز کو سگ آبی یعنی لدھر کہتے ہیں۔ جس کی کھال نہایت گرم ہوتی ہے اور اس سے پوستین بناتے ہیں (۳) اندھیری رات (۴) افغانستان کی شمالی سرحد کے قریب ایک شہر ہے جہاں میوے بکثرت پیدا ہوتے ہیں۔
قندزِ سنجاب رنگ (ف) (۱) آسمان (۲) زمانہ۔
قندسازی (ف) کھانڈ بنانے کا کارخانہ۔
قُندُس (ع) پانی کا کتا۔ سگ آبی۔
قند شکستن (ف) میٹھی میٹھی باتیں کہنا۔

قند عسکری }
قند محمودی } (ف) ایک قسم کی نہایت لطیف و لذیذ قند۔
قند مصری }

قندگیر (ف) وہ آلہ جس سے کھانڈ کی ڈلی پکڑتے ہیں۔
قند مکرر (ف) قند دوبارہ۔ دو دفعہ صاف کی ہوئی قند نہایت صاف اور براق ہوتی ہے۔
قندیل (ع) (۱) فانوس۔ شمع جلانے کا شیشہ کا ظرف (۲) ایک قسم کا ترکش جس میں تیر بہت محفوظ رہتے ہیں۔ (۳) لالٹین۔
قندیل آب (ف) وہ بلوری فانوس جس میں پانی بھر کر اور تیل ڈال کر اندر بتی جلاتے ہیں۔
قندیل ترسا (ف) گرجا گھر کی قندیل۔
قندیل چرخ (ف) سورج اور چاند۔
قندیل شب (ف) رات کی تاریکی۔
قندیل عیسےٰ (ع) سورج۔
قنسل (ف) قونسل جنرل۔ دفتر خارجہ کا انچارج۔
قنص (ع) جال بچھانا۔ شکار کرنا۔
قنطار (ع) (۱) اس قدر سونا چاندی جس سے بیل کی کھال بھر جائے (۲) ساٹھ سیر سونا یا چاندی۔
قَنطَرہ (ع) (۱) بڑا پل (۲) بلند عمارت۔
مُقَنطِر (ع) قنطار کا مالک۔
قُنفُذ (ع) ساہی۔ خارپشت۔
قُنق (ت) مہمان۔
قِنو (ع) تازہ کھجوروں کا خوشہ۔
قُنوات (ع) قنات کی جمع (۲) نیزے (۳) چھوٹی نہریں۔
قُنُوت (ع) (۱) اطاعت کرنا۔ فرمانبرداری کرنا (۲) خاموش ہونا۔ (۳) دُعا مانگنا (۴) نماز میں چپ رہنا (۵) چھوٹی نہریں۔ (۶) پیٹھ کی ہڈی کے مہرے (۷) ایک خاص دُعا جو نماز وتر میں پڑھی جاتی ہے۔
قنوت خواندن (ف) دُعا مانگنا۔ وہ مخصوص دُعا جو نماز وتر میں پڑھی جاتی ہے۔
قَنُوط (ع) نا اُمید۔ مایوس۔
قُنُوط (ع) نا اُمید ہونا۔ مایوس ہونا۔ نا اُمیدی۔
قَنُوع (ع) بڑا قانع۔ بڑا قناعت کرنے والا۔
قُنُوع (ع) قناعت کرنا۔ قانع ہونا۔ تھوڑے پر راضی ہونا۔
قنوقن (ت) تلوار یا چھری کا نیام۔
قَنِیع (ع) اپنے حصے پر راضی ہو جانے والا۔
قنینہ (ع) شراب کی بوتل۔ شراب کا شیشہ۔

قِنیَہ }
قُنیَہ } پونجی۔ سرمایہ۔

## ق - و

قو (ف) بڑی مرغابی۔
قو (ف) ایک درخت کی نہایت نرم جڑ ہوتی ہے۔ جس میں چقماق کی آگ بہت جلدی لگ جاتی ہے۔
قُوا۔ قوت کی جمع۔ قوتیں۔ طاقتیں۔
قوّاد (ع) قائد کی جمع۔ سپہ سالار۔ لشکر کش۔
قوّادہ (ع) قواد کی تانیث۔ کٹنی۔ دلی۔ دلالہ۔
قوارہ (ف) ٹکڑا۔ دھجی۔ شکل و صورت۔
قوارع (ع) قارعہ کی جمع۔ سختیاں۔ زمانہ کے حادثے۔
قوارہ (ع) (۱) ٹکڑا۔ ریزہ (۲) گول کترن جو درزی کرتہ کا گریبان کاٹ کر نکالتے ہیں۔
قواریر (ع) قارورہ کی جمع۔ شیشیاں۔
قوّاس (ع) کمان گر۔ کمان بنانے والا۔
قواصف (ع) قاصف کی جمع۔ تیز آندھی جو درختوں کو توڑ دے۔
قواعد (ع) قاعدہ کی جمع۔

Marfat.com

قوّال (ع) بڑا گویا۔ طلاقت۔ ڈوم۔ مطرب۔ بڑا بولنے والا۔
قوّالی (ع) صوفیوں کی گانے بجانے کی مجلس۔ حقانی چیزوں کا گانا۔
قَوام (ع) عدل (۲) راستی (۳) سچائی۔
قِوام (ع) (۱) وہ شے جس پر کسی چیز کا قیام اور دارومدار ہو۔ نظام کار (۲) کھڑا ہونا (۳) باقی رہنا (۴) قائم کرنا۔ (۵) دوستی (۶) بندش (۷) آراستگی۔
قوام آمدن (ف) جوش آنا۔
قوام آوردن (ف) جوش دینا۔ کاڑھا کرنا۔
قوام گرفتن کار (ف) کام کا انتظام پانا۔ کام کا سنور جانا۔
قوانین (ع) قانون کی جمع۔
قوائے حیوانی (ف) } دل سے تعلق رکھنے والی کیفیتیں جیسے غصہ
قوائے حیوانیہ (ع) } خوشی وغیرہ۔
قوائم (ع) قائمہ کی جمع۔ جانوروں کے ہاتھ پاؤں۔ کسی چیز کے پائے جس سے وہ چیز ٹھہری رہے۔
قوائے نفسانی (ف) } دماغ سے تعلق رکھنے والی قوتیں اور
قوائے نفسانیہ (ع) } وہ دس ہیں۔ پانچ حواس خمسہ ظاہری اور پانچ حواس خمسہ باطنی۔
قوت (ع) کھانا۔ خوراک۔
قوّت (ع) طاقت۔ زور۔ کس بل۔
قوت باصرہ (ع) دیکھنے کی قوت۔ بینائی۔
قوت جاذبہ (ع) جذب کرنے یا کھینچنے کی قوت۔
قوت ذائقہ (ع) لذت بتانے کی قوت۔
قوت شامہ (ع) بو پہچاننے کی قوت۔
قوت باہ۔ جماع کی قوت۔ شہوت۔
قوت حافظہ (ع) یادداشت کی قوت۔
قوت سامعہ (ع) سننے کی قوت۔
قوت لامسہ۔ چھونے اور مس کرنے کی قوت۔
قوت لایموت (ع) اس قدر خوراک جس سے زندگی رہ سکے۔ قلیل خوراک۔
قوت مسیح (ف) یک شبہ شراب۔
قوت مسیح یک شنبہ (ف) کھجور۔ خرما۔
قوچ (ت) لڑنے والا سینگوں والا مینڈھا۔
قود (ع) قصاص۔ خون کے بدلے خون کرنا۔
قود را نجانے پرو۔ یعنی وہ نہایت تنگ جگہ ہے۔
قور (ت) لوہا۔ ہتھیار۔
قورباغہ (ف) مینڈک۔
قورباغہ آوازہ خوان شد (ف) لاف و گزاف۔
قورت (ت) نمک۔ دہی۔ پنیر۔
قورچی (۱) مسلح سپاہی۔ ہتھیار بند سپاہی (۲) لوہار۔ آہن گر۔
(۳) شاہی دربار کا منتظم۔
قورچی باشی (ت) اسلحہ خانہ کا داروغہ۔ (۲) سپاہیوں کا سردار۔
قورغی (ت) خیمہ کے گرد باندھنے کی رسی۔
قُورق (ت) (بروزن سُرخ) واؤ نہیں بولی جاتی (۱) ممنوع۔ منع کردہ شدہ۔
قورُق (ت) واؤ نہیں بولی جاتی (۱) ممنوع (۲) احاطہ (۳) شکارگاہ۔
قورمہ (ت) بھنا ہوا۔ بریاں۔ (۲) بھنا ہوا گوشت۔
قوری (ت) چائے دانی۔ چائے پوچی۔
قوریون (ت) دھنیا۔ کشنیز۔
قوز (ت) کبڑاپن۔ کوہان۔
قوز بالائے قوز (ف) مصیبت در مصیبت۔
قوز پشت (ف) کبڑا۔
قوز درآوردن (ف) کبڑا ہونا۔
قوزک (ف) تھوڑا سا ابھار۔ ٹخنہ۔
قوز کردن (ف) کبڑا ہونا۔
قوس (ع) (۱) کمان (۲) دائرہ کا ایک حصہ (۳) ایک آسمانی برج کا نام۔
قوس (ت) گرجا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
قوس النہار (ع) غیر مرئی آسمان کا نصف۔ مرئی آسمان جس میں سورج روز دورہ کرتا معلوم ہوتا ہے۔ افق شرقی سے لے کر افق غربی تک۔ کیونکہ تمام آسمان دائرہ کی شکل کا ہوتا ہے اور اس کا نصف ہمارے سامنے رہتا ہے۔
قوس قزح (ع) شیطان کی کمان۔ دھنک۔ بارش کے بعد جو مختلف رنگوں کا نصف دائرہ آسمان پر دکھائی دیتا ہے۔
قوس نگین (ت) ابروئے معشوق۔ معشوق کی بھویں۔
قوسہ (ت) دھنک۔ قوس قزح۔
قوسی (ف) قوس کی شکل کا۔
قوش (ت) شکاری پرندہ جیسے شاہین وغیرہ۔
قوشچی (ت) میر شکار۔
قوطی (ت) ڈبیا۔ ڈبہ۔
قوطی حلبی۔ ٹین کا ڈبہ۔
قوطی سیگار (ف) سگریٹ کی ڈبی۔
قوطی کبریت۔ دیاسلائی کی ڈبیا۔
قوقنس } (ت) دیکھو ققنس۔
قوقنوس }
قوتو } (ت) پیراہن کا تکمہ۔
قوقہ }
قول (ت) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔
قول (ع) گفتگو۔ بات۔ گفتار (۲) اصطلاح علم موسیقی کا وہ

Marfat.com

گیت جس میں عربی عبارت بھی شامل ہو۔
قول دادن (ف) اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔
قول داشتن (ف) وعدے کا پختہ ہونا۔ قول کا دھنی ہونا۔
قول شارح (ع) یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ حد اور رسم۔ حد وہ ہے کہ کسی چیز کی تعریف اس کی ماہیت کی اس کی ذاتیات سے کی جائے جیسے حیوان ناطق انسان کی تعریف ہے۔ رسم وہ ہے کہ اس کی تعریف اس کے خاصہ سے کی جائے۔ جیسے حیوان ضاحک انسان کی تعریف اس کے خاصہ سے ہے۔
قول گرفتن (ف) قول لینا۔ وعدہ لینا۔
قول مرداں جان دارد (ف) مردوں کا اقرار پکا ہوتا ہے۔
قول مرد یکے است (ف) مرد کی ایک زبان ہوتی ہے یعنی وہ اپنے وعدہ کا پکا ہوتا ہے۔
قول نامہ (ف) اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ وہ کاغذ جس میں عہد و پیمان لکھا جائے۔
قول و پولش یکے است (ف) قول کا بہت کچا ہونا۔
قولنج / قولنج } (ع) دیکھو قولنج۔
قولنج (ع) وہ شدید درد جو قولون یعنی انتڑیوں میں پیدا ہوتا ہے۔
قولون (ع) انتڑی۔
قوم (ع) آدمیوں کا گروہ (۲) کھڑا ہونا۔
قوماندان (ف) کمانڈر۔ کرنل۔
قومانیہ (ع) کمپنی۔
قوم داشتن (ف) قوم قبیلہ کا ہونا۔ مراد ہے کہ بے کس و تنہا نہ ہونا۔
قوم و خویش (ف) اپنے عزیز و اقارب۔
قومیون (ع) کمیشن کا معرب۔
قومہ (ع) ایک دفعہ کھڑا ہونا۔ ایک بار اٹھنا۔
قونسل (ع) کونسل کا معرب۔ چھوٹا ایلچی۔ تجارت کا محافظ۔
قونسلق (ت) مشورہ کرنا۔
قونشلیق (ت) پڑوس۔ ہمسائیگی۔
قونیا (ف) راکھ۔ خاکستر۔
قونیہ یا قونین (ع) ملک یمن کے ایک قصبہ کا نام۔
قوۃ (ع) طاقت۔ قدرت۔ استعداد۔ امکان۔
قوۃ اسب (ت) ہارس پاور۔
قوۃ جاذبہ (ع) قوت کشش۔
قوۃ دافعہ (ع) مدافعت کی قوت۔
قوئے (ت) گوسفند۔
قوی (ت) مرغابی۔
قوی (ع) قوت والا۔ طاقتور۔ مضبوط۔
قوی بازو / قوی بال } (ف) طاقتور۔ زور والا۔ قوت والا۔
قوی پشت (ف) دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔

قوی پنجہ (ف) طاقت ور۔ قوت والا۔
قویت۔ آرد نخود۔ چنوں کا آٹا۔
قوی حال (ف) خوشحال۔
قوی دست۔ طاقت ور۔ زور والا۔
قویم (ع) سیدھا۔ راست۔ درست (۲) استوار (۳) خوش قامت آدمی۔
قوی مایہ۔ سرمایہ کی کثرت (۲) بڑا سرمایہ دار۔
قویمہ۔ ہر سیدھی چیز۔

# ق - ہ

قہار (ع) بہت بڑا غالب۔ بڑا قہر کرنے والا۔ خدا کا ایک نام۔
قہر (ع) زبردستی کرنا۔ زور کرنا۔ غالب ہونا۔
قہر درویش۔ بجان درویش (ف) غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے۔
قہر کردن (ف) غصے میں آنا۔
قہر گو (ف) تیکھا۔ تند ترش رو۔
قہرمان (ع) کہرمان کا معرب (۱) وکیل (۲) صاحب غلبہ (۳) حکمران۔ بادشاہ (۴) سربراہ۔ سرپرست۔ محافظ (۵) خزانچی۔ جس کے پاس آمد و خرچ کا حساب رہتا ہو۔ سیاہ نویس۔
قہرمانی (ف) قہر و غضب (۲) غلبہ حکومت۔
قہری (ف) جبری۔ حتمی۔
قہستان (ع) کوہستان کا معرب۔ جو خراسان کی ایک ولایت کا نام ہے۔
قہقہہ (ع) زور کی ہنسی۔ کھلکھلا کر ہنسنا۔
قہوچی (ت) قہوہ پلانے والا۔
قہوہ (ع) بُن۔ ایک کیلے اور سیاہ تخم جسے جوش دے کر پیتے ہیں۔ مجازاً شراب۔
قہوہ جوش (ف) کیتلی جس میں چائے کو جوش دیتے ہیں۔
قہوہ خوری (ف) پیالی جس میں قہوہ دیتے ہیں۔
قہوہ سینی (ف) قہوہ کا تھال۔ بڑی تشتری۔

# ق - ی

قئے (ع) ابکائیوں کے ساتھ کھایا پیا اگل دینا۔
قیادت / قیادت } (ع) رستہ بتانا۔ رہبری کرنا (۲) لشکر کی سرداری (۳) مجازاً دلالی۔
قیاس (ع) (۱) اندازہ۔ دو اشیاء میں مناسبت ڈھونڈھ کر

Marfat.com

ایک پر دُوسری کا حکم لگانا - علم منطق کی اصطلاح میں شکل یعنی دو جملوں سے مرکب ایک قول جس سے نتیجہ نکلے -

قیاس کَرْدَن
قیاس نمودن
} سوچ بچار کرنا - سوچنا - خیال کرنا -

قیاسی (ع) منسوب بہ قیاس - وہ چیز جو قیاس اور قاعدہ کے موافق ہو - منطق کی اصطلاح میں عام باتوں کو لے کر ان سے خاص باتوں کی نسبت نتیجہ نکالنا -

قیاصِرہ (ع) قیصر کی جمع -

قیافہ (ع) صورت سے تاڑ جانا - صورت دیکھ کر تاڑ لینے کا علم -

قیافہ داشتن (ف) اچھی شکل و صورت کا ہونا -

قیافہ شناس (ف) علم قیافہ جاننے والا -

قیام (ع) استادہ ہونا - کھڑا ہونا (۲) نماز کا وہ حصہ جس میں نمازی کھڑا ہوتا ہے -

قیامُ الوابُور (ع) ریل گاڑی کا کھڑا ہونا -

قیام کردن (ف) کسی کے خلاف ڈٹ جانا - سرکشی کرنا -

قیام و قعود (ع) کھڑے ہونا اور بیٹھنا -

قیامت (ع) کھڑا ہونا (۲) مُردوں کا قبروں سے اُٹھنا (۳) دُنیا کے نیست و نابود ہونے کا دن (۴) فارسی میں بمعنی نہایت - بہت عجیب کام کے مستعمل ہے -

قیامت پیشہ
قیامت پیکر
قیامت جلوہ
قیامت خرام
} (ف) معشوق - محبوب -

قیامت کردن (ف) کسی کام میں طاقت سے زیادہ کمال حاصل کرنا - (۲) عجیب و غریب کام کرنا -

قیامت نگاہ (ف) معشوق - محبوب -

قپان (ف) بڑا ترازو -

قیان - قین کی جمع - غلام -

قیان (ع) قینہ کی جمع - گانے والی لونڈیاں -

قیچی (ت) مقراض - کپڑا کاٹنے کا اوزار -

قیح (ع) ریم - پیپ -

قید (ع) (۱) بند (۲) بیڑی (۳) تلوار کا تسمہ (۴) کتاب دبانے کا شکنجہ -

قیدافہ (ف) ملک بردع کی ملکہ نوشابہ کا نام -

قیدُ الاَسنان (ع) مسوڑا -

قید بند (ف) حصار قلعہ - گرفتاری -

قیدخانہ (ف) زندان - جیل -

قیدی (ف) اسیر - بندھا ہوا -

قیراط (ع) ایک وزن جو نصف دانگ یعنی چار جَو کے برابر ہوتا ہے مگر جن جو آدھی رتی کے برابر ہوتا ہے -

قیروان (ع) کاروان کا معرب جو برّ اعظم افریقہ کے علاقہ بربر کے حصہ تیونس میں ایک شہر ہے -

قِردِطی (ی) موم - روغن -

قَیس (ع) (۱) عرب کے مشہور و معروف عاشق رئیس العاشقین مجنوں کا نام جو لیلےٰ کا عاشق تھا - اور قبیلہ بنی عامر سے تھا - سنہ ھ میں فوت ہوا (۲) عرب کے ایک قبیلہ کا نام -

قیس عامری (ع) قیس یعنی مجنوں - چونکہ قبیلہ بنی عامر سے تھا - اس لیے قیس عامری کہلاتا ہے -

قَیسی (ع) ایک قسم کا زرد آلو -

قیصر (ر - ع) وہ بچہ جس کے پیدا ہونے کے وقت سے کچھ دیر پہلے اس کی ماں مر جائے اور اسے مُردہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے - چونکہ رُوم کا پہلا بادشاہ اغسطوس اسی طرح پیدا ہوا تھا اس لیے اُسے قیصر کہتے ہیں - اور اس کے بعد شاہانِ رُوم کا لقب ہو گیا -

قیصران (ف) قدیم موسیقی کی ایک دُھن -

قیصریہ (ع) (۱) ایک شہر کا نام - (۲) اصفہان کے ایک بازار کا نام -

قَیصُور (ع) ایک شہر کا نام جہاں کا کافور عمدہ ہوتا ہے -

قیصُوم (ع) ایک خوشبو دار بُوٹی -

قیف (ف) پیک جس کے ذریعے برتنوں یا بوتلوں میں تیل یا عرق وغیرہ ڈالتے ہیں -

قیطران (ف) ایک بُوٹی کا نام جس کے پھول سفید یا ارغوانی رنگ کے ہوتے ہیں -

قیطُون (ف) کلابتون کی ڈوری - کچے ریشم کی بنی ہوئی ڈوری - گنجینہ -

قیظ (ع) موسم گرما کی شدت -

قیف (ف) پیک - جس سے بوتلوں میں عرق وغیرہ بھرتے ہیں -

قیقاڈس (ع) کیکاؤس کا معرب -

قیل (ع) (۱) بادشاہ (۲) سردار (۳) دوپہر کے وقت سونا یعنی قیلولہ کرنا (۴) وہ اونٹنی جس کا دُودھ دوپہر کے وقت دوہا جائے -

قِیل (ع) (۱) کلام - سخن - گفتگو (۲) ایک بیابان کا نام -

قیل و قال (ع) بات چیت - آپس کی تقریر - بحث - گفتگو -

قیل و قال کردن (ف) بحث کرنا - گفتگو کرنا -

قیلولہ (ع) دوپہر کو سونا -

قیلولہ کردن (ف) قیلولہ کرنا - دوپہر کو آرام کرنا -

قیلہ (ع) (۱) دوپہر کو سونا (۲) فتق کی قسم کا ایک مرض جس میں خصیہ بڑا ہو جاتا ہے -

قَیّم (ع) (۱) قائم رکھنے والا (۲) نگاہ رکھنے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا نام (۴) لاوارث کا سرپرست -

قُیَّم (ع) قائم کی جمع -

قِیَم (ع) قیمت کی جمع -

Marfat.com

**قیماز** (ت) غلام۔ لونڈی۔ خدمت گار۔
**قیمت** (ع) (۱) مول۔ قدر (۲) قد و قامت۔
**قیمت آخر**۔ کم سے کم قیمت۔
**قیمت است**۔ بڑھیا ہے۔ قیمتی ہے۔ مہنگا ہے۔
**قیمت خون بابا کردن** (ف) نہایت مہنگا اور گراں بیچنا۔
**قیمت زعفران چہ داند خر** (ف) گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
**قیمت کردن** (ف) مول تول کرنا۔
**قیمتی** (ع) قیمت والی چیز۔
**قیمومت** (ف) قیم ہونا۔ نگران و سرپرست ہونا۔
**قیمہ** (ف) ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت وغیرہ۔
**قیمہ کردن** (ف) ریزہ ریزہ کرنا۔
**قین** (ع) (۱) غلام (۲) لوہار۔
**قین** (ف) (۱) زوجہ۔ اہلیہ (۲) تلوار یا چھری کا نیام۔
**قینچی** (ف) قینچی۔ مقراض۔ کپڑا کاٹنے کا اوزار۔
**قیود** (ع) قید کی جمع۔
**قیوم** (ع) (۱) قائم رکھنے والا۔ تھامنے والا۔ بڑا قادر۔ (۲) بے مثل۔ بے نظیر۔ لاثانی (۳) بڑا حفاظت کرنے والا (۴) اللہ تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔

Marfat.com

# ک

ک ۔ فارسی حروفِ تہجی کا پچیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف بحساب جمل اس کے بیس عدد مقرر ہیں۔

## ک ۔ ا

**کاباره** (ف) میکده ۔ مے خانہ ۔ شراب خانہ۔
**کاباره دانسینگ** (ف) شراب خانہ جس میں موسیقی کا اہتمام ہو اور شراب خریدنے والے موسیقی پر رقص کریں۔
**کابر** (ع) بڑا ۔ بزرگ۔
**کابک** (ف) (۱) پرندوں کا گھونسلا (۲) چڑیوں کا گھونسلا (۳) پالتو کبوتروں کے رہنے کی جگہ جو بنائی جاتی ہے۔
**کابل** (ف) (۱) ایک شہر کا نام جو افغانستان کا پایہ تخت ہے (۲) ایک دریا کا نام جس کے کنارے شہر کابل آباد ہے (۳) ایک ساز کا نام۔
**کابچ** } **کابیچ** } (ف) سب سے چھوٹی انگلی ۔ چھنگلی ۔ خنصر۔
**کابنه** (ف) چشم ۔ دیده ۔ نظر ۔ آنکھ ۔ چشم خانہ۔
**کابوک** (ف) کابک کا مرادف ۔ آشیانۂ مرغ۔
**کابوی** (ف) گائے چرانے والا ۔ گایوں کی نگہبانی پر مامور شخص۔
**کابیدن** (ف) کاویدن کا مرادف۔
**کابینه** (ف) کُسم ۔ کسنبہ کا پھول۔
**کابیله** (ف) (۱) اوکھل جس میں غلہ کوٹتے ہیں (۲) ہاون دستہ جس میں دوا کوٹتے ہیں۔
**کابین** (ف) مہر ۔ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر اپنی بیوی کو دینا یا دینے کا اقرار کرتا ہے۔
**کابین** (ف) کیبن ۔ کشتی میں چھوٹا کمرہ۔
**کابین نامه** (ف) وہ دستاویز جو خاوند نکاح کے وقت نقد ادا نہ کرنے کی صورت میں اپنی بیوی کو مہر کی رقم کے متعلق لکھ کر دے۔
**کابینه** (ف) (۱) دیوان خاص (۲) خلوت خانہ۔
**کابینه وزارت** (ف) وزیر اعظم کا عملہ ۔ صدر اعظم کے دیگر وزراء۔
**کاپیتان** (ف) کیپٹن۔
**کاپ** (ف) پیالی۔
**کاپیتال** (ف) سرمایہ۔
**کاپیتالیست** (ف) سرمایہ دار۔
**کاتب** (ع) لکھنے والا ۔ محرر ۔ منشی ۔ خوشنویس (۲) مشک بیچنے والا۔
**کاتب الاسرار** (ع) پرائیویٹ سیکرٹری (۲) خفیہ نویس۔
**کاتب جان** (ف) اللہ تعالےٰ۔
**کاتب وحی** (ع) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ خلیفہ سوم۔
**کاتبی** (ف) ایک قسم کا لباس (۲) لمبا کوٹ (۳) ایک شاعر کا تخلص جو نہایت خوش قلم بھی تھا۔
**کاتم** (ع) رازدار۔
**کاتوره** (ف) حیران ۔ سرگشتہ۔
**کاتوزی** (ف) جمشید کا بنایا ہوا عابدوں اور زاہدوں کا فرقہ۔ جمشید نے آدمیوں کو چار فرقوں پر تقسیم کیا تھا ۔ پہلا فرقہ عبادت کرنے والا۔ جنہیں جنگلوں اور پہاڑوں میں جا کر عبادت کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ان کا نام کاتوزی تھا ۔ دوسرا فرقہ سپاہ گروں کا اس کا نام نسودی رکھا۔ چوتھا اہل حرفہ و صنعت ۔ ان کا نام رہنوخشی رکھا۔
**کاتولیک** (ع) رومن کیتھولک جو عیسائیوں کا مشہور فرقہ ہے۔

Marfat.com

کاج (ف) (۱) کاش ۔ کلمۂ تمنا (۲) بھینگا ۔ احول ۔ ٹیڑھی نگاہ والا ۔ (۳) صنوبر کا درخت (۴) دھول دھپّا ۔
کاج خوردن (ف) (۱) بھاگنا (۲) دھول یا مکا یا دھپّڑ کھانا ۔
کاجکے (ف) کاش کہ ۔ کاشکے ۔ کلمۂ حسرت و تمنا ۔
کاجیرہ (ف) کسم ۔ کسنبہ ۔
کاچار } (ف) گھر کا اسباب ۔
کاچال }
کاچغر (ف) کاشغر کا مرادف ۔
کاچپ (ف) (۱) تارک (۲) چندیا (۳) مغز کے اوپر کی ہڈی ۔ سر کے اوپر کی ہڈی ۔
کاچال (ف) سر کی جنبش ۔ رقص کے وقت سر کو ہلانا ۔
کاچہ (ف) (۱) ٹھوڑی ۔ (۲) ۔۔۔
کاچی (ف) روغنی پیالہ جس پر کاشی کا روغن ہو ۔
کاچی بہ از ہیچی (ف) نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے ۔
کاخ (ف) محل ۔ بلند عمارت ۔ قصر ۔
کاخ دارگستر (ف) ہائی کورٹ ۔ عدالت عالیہ ۔
کاخر (ف) (۱) مرض یرقان (۲) زراعت پر زردی چھا جانا (۳) بارش ۔ مینہ ۔
کاخ ماہ (ف) برج سرطان ۔
کاخ مجازی (ف) دنیا ۔ جہان ۔
کاخ مشتری (ف) برج حوت ۔
کاخ نشین (ف) محل میں رہنے والا ۔
کاخہ (ف) (۱) مرض یرقان (۲) بارش ۔ مینہ ۔
کاد (ف) لالچ ۔ حرص ۔
کادح (ع) کوشش کرنے والا ۔
کادی (ف) کیوڑہ ۔ کیوڑہ کا درخت ۔
کاذب (ع) جھوٹا ۔
کاذبہ (ع) کاذب کی مؤنث ۔ جھوٹی عورت ۔ کاذبات اور کواذب جمع ہیں ۔
کاذی (ع) کیوڑہ کا درخت ۔
کار (ف) (۱) کام ۔ کاج (۲) حرفہ ۔ پیشہ (۳) زراعت ۔ کھیتی باڑی (۴) لڑائی ۔ جنگ ۔
کارآب (ف) کثرت سے شراب پینا ۔
کارآب و آتش است (ف) مشکل کام ہے اپنے اختیار میں نہیں ۔
کار از پیش برداشتن } (ف) (۱) کسی کام کو بخوبی سرانجام دینا ۔
کار از پیش بُردن } (۲) حاجت پوری کرنا ۔
کار از پیش رفتن } (ف) کام کا بخوبی سرانجام ہونا ۔
کار از پیش شدن }
کار از پیش نرفتن (ف) کام کا سرانجام نہ ہونا ۔
کار از کار خیزد (ف) بات سے بات نکلتی ہے ۔

کار از کار گزشتن (ف) کام کا لاعلاج ہو جانا ۔
کار از کسے رفتن (ف) کسی سے کام کا سرانجام ہونا ۔
کار از کسے گزاردن (ف) کسی سے سبقت لے جانا ۔
کار از ہم گزشتن (ف) کام کا لاعلاج ہو جانا ۔
کار استاد را نشان و کرامت است (ف) کسی ماہر کے ہاتھ لگے ہوں تو کام صاف پہچانا جاتا ہے ۔
کار افتادن با کسے (ف) کسی سے معاملہ پڑنا ۔
کار افتادہ (ف) تجربہ کار آدمی جسے دنیوں سے معاملہ پڑا ہو ۔
کار آفرین (ف) اللہ تعالےٰ ۔
کار آگاہ (ف) (۱) ہوشیار ۔ کام سے واقف ۔ تجربہ کار (۲) حکیم ۔ دانا (۳) جاسوس ۔ مخبر (۴) قاصد ۔ پیامبر ۔
کار امروز را بفردا مگزار (ف) آج کا کام کل پر مت چھوڑ ۔
کار آمد (ف) (۱) مفید ۔ فائدہ مند ۔ کام آنے والی چیز (۲) اپنے فن میں کامل اور ماہر آدمی ۔
کار آموز (ف) نو آموز ۔ نیا نیا کام سیکھا ہوا شاگرد ۔
کار انجام دادن (ف) کام بنا لینا ۔
کار با حرف نیست کار با عمل است (ف) ظاہری تقریر بے معنی ہے عمل سے بات بنتی ہے ۔
کار باز شدن از کسے (ف) کسی سے کام سرانجام پانا ۔
کار بالا گرفتن (ف) کام کا رونق پر ہونا ۔
کاربان (ف) (۱) کاروان ۔ قافلہ (۲) خچروں گدھوں یا اونٹوں کی قطار ۔
کار بجاں رسیدن (ف) ہلاکت کے قریب پہنچنا ۔
کار بُر (ف) کام کو برہم کر دینے والا ۔ کام کو بگاڑ دینے والا ۔
کار براحت رسیدن (ف) کام بن جانا ۔
کار بر آمدن از کسے (ف) کسی سے کام سرانجام پانا ۔
کار براہ زدن (ف) کام کو ٹھیک ٹھاک کر دینا ۔
کار براہ بُردن (ف) کام کو اچھی طرح انجام کرنا ۔ کام درست کر لینا ۔
کار بر خویشتن سخت کردن (ف) اپنے آپ کو دقت میں ڈال لینا ۔
کار بر سر افتادن (ف) کام سر پر آ پڑنا ۔
کار بر کسے تنگ آوردن }
کار بر کسے تنگ گرفتن } (ف) کسی پر کام کا دشوار کر دینا ۔
کار بر کسے تنگ نمودن } کسی کو دقت میں ڈال دینا ۔
کار بر میزان نہادن (ف) کام کو بہت عمدگی سے سرانجام دینا ۔
کار برہم زدن (ف) کام بگاڑ دینا ۔
کار بساز کردن (ف) آراستگی سے کام کرنا ۔
کار بستن (ف) عمل کرنا ۔ عمل میں لانا ۔ تعمیل کرنا ۔

Marfat.com

کاربستہ (ف) پیچیدہ کام۔
کار بکارداں سپارید (ف) جس کا کام اسی کو ساجھے۔
کار بگوشہ چیدن (ف) فراموش کر دینا۔ بھلا دینا۔
کاربند (ف) (۱) مطیع۔ اطاعت کرنے والا (۲) کام کرنے والا۔
کاربند شدن (ف) عملدرآمد کرنا۔ تعمیل کرنا۔
کار بوزنہ نیست نجاری (ف) جس کا کام اسی کو ساجھے۔
کار پرداختن (ف) کام میں مشغول ہونا۔
کار پیچ (ف) وہ کپڑا جو کلابتون دوز اور کشیدہ گر اپنے کیے ہوئے کام پر اس لیے
چڑھا دیتے ہیں تاکہ خراب نہ ہو۔
کار پیدا کردن (ف) کام کاج کا ڈھونڈنا۔
کارت (ع) کارڈ۔
کارت پستال (ف) پوسٹ کارڈ۔
کارت پستال عکسی (ف) تصویری پوسٹ کارڈ۔

کارتن
کارتنک } (ف) مکڑی۔ عنکبوت۔
کارتنہ

کارچاق کن (ف) دلال۔
کار چراغ خلوتیاں (ف) اندھیری جگہ کا روشن کرنا۔ ہمیشہ روشن
رکھنا۔
کار چو از دست رفت آہ و زاری چہ سود (ف) اب پچھتائے کیا ہو
جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔
کار چوں زر کردن (ف) نہایت سلیقہ اور شعور سے کام کرنا۔
نہایت عمدگی سے کام کرنا۔
کار چوں مشکل بود جنگ بہ از آشتی (ف) مرتا کیا نہ کرتا۔
کار حضرت فیل است (ف) بہت مشکل کام۔
کارخانۂ انگبیہ (ف) شراب کا کارخانہ۔
کارخانۂ فلک (ف) (۱) دنیا (۲) آسمان۔
کارخانۂ کرد (ف) جہاز سازی کی جگہ۔
کارخیر (ف) (۱) نیک کام۔ نیکی کا کام (۲) ہندی فارسی داں لڑکی
کی شادی کو کہتے ہیں۔
کارد (ف) چھری۔ چاقو۔ رائے پر فتح لکھنا یا پڑھنا غلط۔
کارداران فلک (ف) ستارے۔ سیارے۔
کارد از گوشت گزشتن (ف) نہایت سختی اور بدحالی ہونا۔
کارداں (ف) (۱) کام جاننے والا۔ واقف کار۔ تجربہ کار (۲)
معاملہ فہم (۳) وزیر۔ عامل۔ کارگزار۔
کارد باستخواں رسیدن (ف) نہایت تنگ آنا۔ قریب بہ ہلاکت
ہونا۔
کارد بر حلق مالیدن (ف) گلا کاٹنا۔ ذبح کرنا۔
کارد بہ استخواں رسیدن (ف) دیکھو کارد باستخواں رسیدن۔

کارد دراز کردن } (ف) دشواری میں ڈالنا۔
کارد دراز گرفتن } دقت میں ڈالنا۔

کارد پا انداختن (ف) کام کا بگاڑ دینا۔ کام کا خراب کر دینا۔
کار در گرہ افتادن (ف) (۱) مدعا کا پورا نہ ہونا (۲) کام کا دشوار
ہو جانا۔
کار دست بستہ (ف) دشوار کام۔
کاردیدہ (ف) تجربہ کار۔ واقف کار۔
کارزار (ف) جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ مقابلہ۔
کارزار شکستن (ف) دشمن پر فتح پانا۔
کارزاری (ف) جنگی آدمی۔ فوجی۔ لشکری۔
کارساز (ف) کام بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
کارسازی (ف) روپیہ ادا کرنا۔ روپیہ دینا۔
کارساں (ف) (۱) لکڑی اور مٹی کا بنایا ہوا صندوق کی شکل کا ظرف
جس میں روٹیاں اور حلوہ وغیرہ رکھتے ہیں (۲) کارستان کا
مخفف۔ کارخانہ۔ کام کاج کرنے کی جگہ۔
کارسنج (ف) تجربہ کار۔ واقف کار۔
کارشناس (ف) (۱) کام کو پہچاننے والا۔ واقف کار۔ تجربہ کار۔
(۲) منجم۔ جوتشی۔
کارطلب (ف) دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔
کارطلبی (ف) بہادری۔
کارفرما (ف) کام بتانے والا۔ حاکم۔ آقا۔
کارفرمودن (ف) (۱) حکم کرنا (۲) عمل میں لانا۔
کارفوری (ف) بہت ضروری کام جس میں دوسرے کام کرنے کی
فرصت نہ ہو۔
کارکرد (ف) کام۔ عمل۔
کار کرداں خر خوردن یابو (ف) دکھ بھرے بی فاختہ۔ میوے
کوا کھائے۔
کارکردہ (ف) تجربہ کار۔ واقف کار۔
کار کسے بالا شدن (ف) کسی کے کام کا رونق اور ترقی پر
ہونا۔
کار کسے در پا افگندن } (ف) کسی کا کام دل لگا کر نہ کرنا۔ کسی
کار کسے در پا انداختن } کے کام میں کوتاہی کرنا۔
کار کسے ساختن (ف) کسی کو ہلاک کرنا۔
کار کسے شدن (ف) کسی کا مر جانا۔
کارکشتہ (ف) ماہر۔ استادِ فن۔
کارکشائی کردن (ف) کمک کرنا۔ مدد کرنا۔
کارکن (ف) کارندہ۔ کام کرنے والا۔
کارکیا (ف) کیا کا مرادف (۱) رئیس اعظم (۲) حاکم (۳) بزرگ۔
(۴) بادشاہ۔
کارکیائی (ف) بادشاہی (۲) سرداری (۳) کارفرمائی۔
کارگاہ (ف) (۱) کارخانہ (۲) دنیا (۳) کپڑا بننے کی کھڈی۔
کرگہ۔
کارگاہِ فلک (ف) (۱) دنیا (۲) آسمان۔

Marfat.com

کارگاہ کُن فکاں (ف) (۱) دُنیا (۲) دونوں جہان کی موجودات۔
کارگر (ف) (۱) کام بنانے والا۔ حاجت برلانے والا (۲) نوکر۔ خدمت گار (۳) مزدور۔
کارگرہ توزدان (ف) کام میں اُلجھن پڑنا۔
کارگزار (ف) (۱) کارندہ۔ نوکر (۲) حاجت برلانے والا۔
کارگزاری (ف) آڑھت۔ ایجنسی۔
کارگیا (ف) دیکھو کارکیا۔
کارگیائی (ف) دیکھو کارکیائی۔
کارمزد (ف) مزدوری۔
کارمند (ف) خدمت گار۔
کارنامہ (ف) (۱) نمایاں کام۔ بڑا کام (۲) تصویروں کا مرقع جو مصور اپنی صنعت کے اظہار کمال کے لیے بڑی محنت سے تیار کرتے ہیں۔ (۳) جنگ نامہ (۴) تاریخ کی کتاب (۵) دستور العمل۔ آئین حکومت۔ آئین عدالت و حکومت کی کتاب۔
کاروان (ف) قافلہ۔
کارانشہ ندارد (ف) وہ کونسا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا۔
کار نمایاں (ف) بڑا کام۔
کاروان سالار (ف) میر قافلہ۔ قافلہ کا سردار۔
کاروان سرائے (ف) وہ سرائے جس میں قافلہ قیام کرے۔ قافلوں کے اُترنے کی جگہ۔
کارورز (ف) کمیا وتلر۔
کاروُژول (ف) (۱) کارفرما (۲) میٹ جو کہ مزدوروں اور معماروں سے کام لیتا ہے۔
کارہ (ف) پیٹھ پر اُٹھانے کا بوجھ۔
کارہا (ف) کار کی جمع۔ کام۔
کارہا بصبر برآید و مستعجل ابسر درآید (ف) صبر سے کام بنتا ہے اور عجلت سے کام خراب ہوتا ہے۔
کارہائے گراں
کارہائے نمایاں } (ف) بڑے بڑے کام۔
کار ہر بافندہ علاج نیست (ف) یہ اہم کام ہے۔ ہر دھنیے اور جولاہے کا کام نہیں۔
کارہندو باز گونہ است (ف) اس کے سب کام ٹیڑھے ہیں۔
کاری (ف) (۱) گہرا زخم (۲) کام کرنے والا (۳) بڑا کا۔ جنگ جو (۴) بوجھ لادنے کی گاڑی (۵) مُؤثر۔ کارگر۔ اثر کرنے والا (۶) پیشہ ور آدمی۔
کاری زخم (ف) گہرا زخم۔
کاریدن (ف) (۱) بیج بونا (۲) کام کرنا۔
کاریز (ف) کھیت کو پانی دینے کی نالی۔ چھوٹی سی نہر جو دریا سے کھیت میں پانی پہنچانے کے لیے بنائی جاتی ہے۔
کاریگر (ف) کام کرنے والا۔ ہنرمند۔ حاجت مند۔
کاز (ف) (۱) بڑی قینچی جس سے درخت کی شاخیں تراشتے ہیں (۲) کھیت میں سالنوں کا جھونپڑا۔ فالیز والوں کا جھونپڑا (۳) جنگل میں بکریوں کا باڑہ (۴) وہ گڑھا جس میں شکاری شکار کے انتظار میں چھپ کر بیٹھتا ہے اور اپنے آپ کو پوشیدہ کرنے کے لیے گڑھے کے منہ کو درخت کی شاخوں سے ڈھانپ دیتا ہے (۵) صنوبر کا درخت (۶) جھولا ڈالنے کی رسّی۔ (۷) سائبان۔
کازروان (ف) ایران میں ایک قصبہ کا نام۔
کازدار (ف) شتر مرغ کی مانند ایک پرندہ۔
کازہ (ف) دیکھو کاز۔
کاژ (ف) (۱) بھینگا۔ احول (۲) ایک قسم کے صنوبر کا درخت۔
کاژہ (ف) دیکھو کاژ۔
کاژیرہ (ف) اکمہ۔ کشنیز۔
کاس (ف) (۱) نقارہ (۲) خوک۔ سُور۔
کاس (ع) (۱) پیالہ (۲) شراب کا پیالہ (۳) شراب۔
کاسات (ع) کاس کی جمع۔ پیالے شراب کے۔
کاسانہ (ف) کبوتر سے ایک چھوٹا پرندہ ہے جس کا رنگ سبز ہوتا ہے اور اس کا گوشت حرام ہے۔
کاسب (ع) کسب کرنے والا۔ کمانے والا۔ پیشہ کسب سے پیدا کرنے والا۔
کاسب حبیب خدا است (ف) محنت کا حامی خدا ہے۔
کاسِہ (ع) انسان یا پرندہ کا عضو۔
کاست (ف) (۱) گھٹا۔ کم ہو گیا (۲) دروغ۔ جھوٹ۔
کاست کار (ف) جھوٹا۔
کاستن (ف) (۱) گھٹنا (۲) گھٹانا۔
کاستہ (ف) گھٹا ہوا۔
کاستی (ف) کمی۔ نقصان۔
کاسج
کاسجوک } (ف) بڑا خار پشت۔ ساہی۔
کاسد (ع) کھوٹا۔ بے رواج۔
کاسر (ع) (۱) توڑنے والا (۲) عقاب۔
کاسرۃ (ع) کاسر کی مونث۔ توڑنے والی۔
کاسف (ع) (۱) چھپانے والا۔ پوشیدہ کرنے والا (۲) ترش رُو (۳) بدحال۔
کاسک (ف) کاسہ کی تصغیر۔
کاسکت (ف) ایک قسم کی ٹوپی۔
کاس موئے (ف) (۱) موئے کاس۔ سُور کے بال۔ سُور کی مونچھ کے بال (۲) وہ باریک تاگا جو موچی کی سوئی میں ہوتا ہے اور اس سے موٹا تاگا جوڑ کر جوتا سیتے ہیں۔
کاسنی (ف) (۱) منسوب بہ کاسن۔ کاسن کا رہنے والا (۲) ایک مشہور دوا کا نام۔
کاسہ (ف) (۱) پیالہ (۲) کوس۔ طبل۔ نقارہ۔ (۳) زمین۔

Marfat.com

(۴) آسمان (۵) سورج۔
کاسہ از آتش گرم تر است (ف) مدعی سُست گواہ چُست۔
کاسۂ آتشیں (ف) سورج۔ آفتاب۔
کاسہ بازی (ف) بازیگروں کا ایک قسم کا تماشہ (۲) مکاری۔
کاسہ بخون زدن (ف) بڑی سخت محنت اور تکلیف میں پڑ جانا۔
کاسہ برسر کسے شکستن (ف) کسی کا عیب ظاہر کرنا۔ کسی کو رسوا و ذلیل کرنا۔
کاسہ برہم خوردن (ف) فتنہ و فساد برپا ہونا۔
کاسہ بند کردن (ف) خوشامد کرنا۔ کسی سے اُمید و طمع رکھنا۔
کاسہ پشت (ف) (۱) سنگ پشت۔ کچھوا (۲) آسمان۔
کاسۂ پنیر (ف) چودھویں رات کا چاند۔ بدر۔
کاسۂ تن (ف) (۱) سب قابلیتوں اور حیثیتوں سے بے بہرہ آدمی (۲) کبڑا آدمی (۳) مُردہ میت۔
کاسۂ حکیم (ف) بھیک کا ٹھرا۔
کاسۂ چینی (ف) چینی پیالہ۔
کاسۂ خاصان منہ در پیش عام (ف) خاص محفل میں عام بات مت کرو غیر محرموں کے سامنے راز کی بات مت کرو۔
کاسۂ داغ تر از آش (ف) مدعی سُست گواہ چُست۔
کاسہ در پیش کسے داشتن (ف) کسی کے پاس اپنی حاجت لے جانا۔
کاسہ در زیر آں نیم کاسہ یافتن (ف) کسی کا فریب ظاہر کر کے عجائبات کا مشاہدہ کرنا۔
کاسۂ درویشاں (ف) آسمان پر شمال کی طرف چند ستاروں کا مجموعہ جو کاسہ کی شکل کا ہے۔
کاسۂ زانو (ف) گھٹنا۔ گھٹنے کی چپنی۔
کاسۂ زیر نیم کاسہ (ف) دال میں کچھ کالا کالا ہے۔
کاسۂ سر (ف) کھوپڑی۔
کاسۂ سرنگوں (ف) (۱) آسمان (۲) جواں مرد۔ سخی۔ صاحب ہمت۔
کاسۂ سیاہ / کاسۂ سیہ } (ف) کنجوس۔ بخیل۔ ممسک۔
کاسہ شدن (ف) (۱) کبڑا ہونا۔ (۲) کوشش کرنا۔ تلاش کرنا۔
کاسۂ فغفور (ف) چینی پیالہ۔
کاسہ کُجا بر رم (ف) طفیلی جو دوسروں کے ہمراہ لوگوں کے ہاں کھانا کھانے جائے۔
کاسہ کشیدن (ف) شراب پینا۔
کاسہ گاہ (ف) نقار خانہ۔
کاسہ گر (ف) پیالہ بنانے والا۔ کمہار۔ کلال (۲) ایک مغنی کا نام۔ (۳) ایک لحن کا نام۔
کاسہ گرداں (ف بلا اضافت) (۱) ساقی (۲) گداگر۔

کاسہ لیس (ف) (۱) جھوٹے برتن چاٹنے والا۔ ذلہ چیں۔ خوشامدی۔ حریص (۲) پست ہمت (۳) متملق۔ گداگر (۴) کمینہ۔
کاسۂ مینا / کاسۂ نگوں } (ف) آسمان۔
کاسہ نوشیدن (ف) شراب پینا۔
کاسہ و کوزہ (ف) گھر کا معمولی سامان۔
کاسہ و کوزہ را بر سر کسی شکستن (ف) کسی پر الزام تھوپنا۔
کاسہ و کوزۂ کسے شکستن (ف) کسی کو خراب اور پامال کرنا۔
کاسہ ہا برہم خوردن (ف) فتنہ و فساد برپا کرنا۔
کاسۂ ہمسایہ (ف) برادری کی بھاجی۔
کاسہ ہمسایہ کردن (ف) ماحضر میں سے ہمسایہ کے ہاں کچھ بھیجنا۔
کاسۂ یتیماں (ف) دیکھو کاسۂ درویشاں۔
کاش (ف) (۱) کلمۂ تمنا و آرزو۔ خدا کرے اُمید یوں ہے (۲) کلمۂ افسوس بھی ہے (۳) شیشہ۔
کاش پایم شکستہ بود (ف) کاش میں وہاں نہ جاتا۔
کاشان (ف) عراق عجم کے ایک شہر کا نام۔
کاشانہ (ف) (۱) جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر (۲) جانوروں کے رہنے کا مکان جس میں چاروں طرف روشنی کے لیے شیشے لگے ہوں۔ (۳) گھونسلا۔ آشیانہ۔
کاشت (ف) بونا۔ بویا۔
کاشتن (ف) (۱) بونا (۲) لوٹنا (۳) لوٹانا (۴) نو مید ہونا۔ منہ پھیر لینا۔
کاشف (ع) (۱) کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا (۲) دور کرنے والا (۳) تنگ کرنے والا۔
کاشف اسرار (ع) بھیدوں اور رازوں کو کھول دینے والا۔
کاشکے (ف) اصل میں کاش کہ ہے۔
کاشکے را کاشتند سبز نشد (ف) اگر مگر سے کچھ نہیں بنتا۔
کاشمر (ف) ترکستان میں ترشیز کے قریب ایک گاؤں ہے جہاں زردشت نے ایک سرو کا درخت لگایا تھا (۲) خراسان کے ایک شہر کا نام۔
کاشہ (ف) (۱) برف (۲) موسم سرما۔
کاشی (ف) (۱) منسوب بہ شہر کاشان۔ کاشان کا رہنے والا۔ (۲) ایک قسم کی اینٹ یا ٹھیکری جس پر نقاشی کی ہوتی ہے اور اس میں شیشہ کے ٹکڑے کوٹ کر ملائے ہوتے ہیں جس سے وہ چینی کے برتن کی مانند معلوم ہوتی ہے۔
کاشی پز (ف) ٹائلیں پکانے والا۔
کاشی پزی (ف) ٹائلوں کا کام۔
کاشے (ف) کاش کہ۔ کاش کے۔
کاظم (ع) (۱) غصہ کو پی جانے والا۔ غصّہ کو روکنے والا (۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا لقب۔
کاظمین (ع) کاظم کی جمع۔ غصّہ پی جانے والے۔

Marfat.com

کاعب (ع) کنواری عورت۔
کاغ (ف) (۱) ایک سیاہ پرندہ کا نام (۲) کوّے کی آواز (۳) فریاد (۴) ناز (۵) آگ (۶) چوپایوں کی جگالی۔
کاغذ (ع) کاغذ بدالِ مہملہ کا معرب (۱) جس پر لکھا جاتا ہے (۲) نامہ۔ مکتوب۔ خط۔ قبالہ۔ تمسک۔ حجت۔ دلیل۔
کاغذ از عمر نیاوردہ ام (ف) میں عمر کا پٹہ تو لکھا کر نہیں آیا۔
کاغذ اطفال } کاغذ باد } (ف) پتنگ۔ کنکوا۔
کاغذِ باد در ہوا افگندن (ف) پتنگ اُڑانا۔
کاغذِ توتیا (ف) (۱) سُرمہ رکھنے کا کاغذ (۲) ناقص۔ ردّی۔ ناکارہ۔ (۳) ایک نفیس کاغذ۔
کاغذِ حلوا (ف) (۱) حلوہ رکھنے کا کاغذ (۲) ناقص۔ ردی۔ ناکارہ۔ (۳) ایک نفیس کاغذ۔
کاغذ دفتر (ف) حساب کی وصولی کی فرد۔
کاغذِ دولت (ف) گورنمنٹ گزٹ۔
کاغذِ زر (ف) (۱) قبالہ۔ تمسک (۲) ہنڈی (۳) نوٹ (۴) ورق طلا۔
کاغذ طہارت (ف) ٹائلٹ کا کاغذ۔
کاغذ گیر (ف) دریچہ او پنجرہ جس پر کاغذ اور ابرق لگایا گیا ہو۔
کاغذ گنجفہ (ف) تاش۔
کاغذ ناشر (ف) وہ کاغذ جس پر روشنائی پھیل جاتی ہے۔
کاغذ مرلب خشک کُن (ف) سیاہی چوس۔
کاغذ نامہ (ف) پوسٹ کارڈ۔
کاغذ واگیر (ف) کاربن کا کاغذ۔
کاغذ ہوا (ف) پتنگ۔ کنکوا۔
کاغذیں پیرہن } کاغذیں جامہ } (ف) زمانہ قدیم میں فریادی لوگ داد خواہی کے لیے کاغذ کا لباس پہن کر جاتے تھے۔ عاجزی۔ بے چارگی۔
کاغک (ف) خرمی۔ خوشی۔ شادمانی۔ نشاط۔
کاغ کاغ (ف) کائیں کائیں۔ کوّے کی آواز۔
کاغنو (ف) سُرخ رنگ کا زہریلا کیڑا جس پر سیاہ تل ہوتے ہیں۔
کاغہ (ف) احمق۔ ابلہ۔ بے وقوف۔
کاف (ف) (۱) شگاف (۲) شگاف کرنے والا۔
کاف (ف) کافتن کا امر۔ پھاڑ۔ چیر۔ شگاف کرنا۔
کاف (ع) (۱) باز رکھنے والا (۲) باز رہنے والا (۳) بوڑھا اونٹ یا اونٹنی جس کے دانت گھس گئے ہوں۔
کافتن (ف) (۱) چیرنا۔ پھاڑنا (۲) کھودنا (۳) جستجو کرنا۔
کافر (ع) (۱) چھپانے والا۔ دین حق کو چھپانے والا۔ اپنے مالک کی نعمت کا انکار کرنے والا۔ منکر۔ بے دین (۲) کسان کاشتکار (۳) بڑا دریا (۴) بڑی نہر۔
کافر بودم مسلمان شدم (ف) مجھے اس قدر تکلیف دُکھ، آزار اور اذیت کیوں دیتے ہو۔
کافِ ران (ف) ران کے قریب کا شگاف یعنی عورت کی فرج۔ عورت کی اندام نہانی۔
کافر کیش (ف) بے دین۔ بدمذہب۔
کافر ماجرا (ف) ستمگار۔
کافور در حمایت جوشیدن (ف) شیر بکری کا ایک گھاٹ پانی پینا۔ عین عدل و انصاف کا دور دورہ۔
کاف کُن (ف) روز اوّل۔
کافل (ع) ضامن۔ کفیل۔
کاف لولاک (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
کافر ماجرا (ف) وہ شخص جس کا حال کافر کے حال کی مانند ہو۔
کافر ماجرائی (ف) ظلم و ستم۔ بیداد۔
کافر نعمت (ع) نعمت کا چھپانے والا۔ ناشکرا۔ ناسپاس۔
کافور (ع) مشہور سفید چیز ہے۔ کپور۔ مشک کافور۔
کافور بار (ف) (۱) سرد چیز (۲) کافور برسانے والا (۳) برف برسانے والا۔
کافور جُو دانہ (ف) ایک قسم کا نہایت خوشبودار کافور ہے۔
کافور خوار (ف) (۱) نامرد (۲) سرد۔
کافور خوردن (ف) نامرد ہونا۔ کیونکہ کافور کی تاثیر تیسرے درجہ پر سرد ہے۔ اس لیے کثرت سے کافور کھانے سے انسان نامرد ہو جاتا ہے۔
کافور زدن (ف) کافور سے بھرنا۔
کافور ناساختہ (ف) خالص اور اصلی کافور۔
کافور نخیزد زر دستان سپیدار (ف) بد سے نیکی کی توقع عبث اور بے فائدہ ہوتی ہے۔
کافوری (ف) بابونہ۔ گل بابونہ۔
کافوری عمامہ (ف) سفید پگڑی۔
کاف ولون (ف) لفظ کُن سے کنایہ ہے۔ جو کل مخلوقات سے پہلے ارشاد کیا گیا تھا اور اس کے فرماتے ہی سب کچھ پیدا ہو گیا تھا۔
کافّہ (ع) تمام۔ کل۔ سب۔
کافہ (ف) قہوہ خانہ۔
کافۂ انام (ع) کل آدمی۔ سب لوگ۔
کافی (ع) (۱) کفایت کرنے والا۔ ضامن (۲) اللہ تعالیٰ کا نام (۳) دانا (۴) کارگزار (۵) علم نحو کی ایک کتاب کا نام۔ علم فقہ کی ایک کتاب کا نام۔
کاک (ف) (۱) آدمی۔ مرد (۲) آنکھ کی پتلی (۳) روغنی کلچہ (۴) لاغر اور دُبلا آدمی (۵) خشک روٹی (۶) بدر۔ چودھویں رات کا چاند (۷) آذربائیجان کے ایک قلعہ کا نام۔
کاکا (ف) (۱) بڑا بھائی (۲) وہ بھی غلام جو گھر میں رہتے رہتے بوڑھا ہو گیا ہو (۳) خشک میوہ۔
کاکبان (ف) ریشم۔ کشنبہ۔

Marfat.com

کاکرہ (ف) عقرقرحا۔
کاکل (ف) زلف۔ آگے لٹکے ہوئے سر کے بال۔
کاکل (ف) پانی میں اُگے ہوئے پھول۔
کاکل توام (ف) سر کے بالوں کی چوٹی۔ جسے پنجابی میں لوری کہتے ہیں۔
کاکل شمع (ف) شمع کا دھواں۔
کاکل صبح (ف) اوّل صبح صادق۔
کاکل کے شکستن (ف) ترغیب دینا۔ کسی کام کے لیے مستعد کرنا۔
کاکو (ف) (۱) ماموں (۲) خالو (۳) مسلم بن فریدوں کی اولاد سے ایک پہلوان تھا جسے سام بن نریمان نے قتل کیا تھا۔
کاکوتی (ف) بیابانی خودرو پودا جس کے پتے چھوٹے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔
کاکوش / کاکوش } (ف) بنفشہ۔
کاکول (ف) کاکل۔
کال (ف) (۱) خم (۲) خمدار (۳) جگہ۔ مقام (۴) بھٹی ہوئی زمین (۵) کچا۔ نارسیدہ (۶) ژولیدہ (۷) تربیت۔
کالا (ف) (۱) متاع۔ پونجی۔ اسباب (۲) شطرنج کے مہرے۔
کالاذان (ف) کتنی۔
کالاشکن (ف) کلاشکن۔ حلوے کی ایک قسم۔
کالبد (ف) (۱) جسم۔ تن (۲) قالب۔ سانچا۔
کالبد شناسی (ف) بدن کے علم کی تشریح۔
کالبد شکافی (ف) پوسٹ مارٹم۔
کالپوش (ف) خراسان کے قلعہ آق کے قریب ایک قصبہ ہے۔ جہاں کا جنگل نہایت پُر فضا اور خوش آیند ہے اور چمن کالپوش کہلاتا ہے۔ شاہی شکارگاہ۔ صید گاہ کالپوشی اسی کا نام ہے۔
کالیوے (ف) (۱) نادان (۲) حیران۔
کالجار (ف) (۱) کارزار (۲) چاول کی کھیتی۔
کال جوش (ف) فقیروں کا ایک قسم کا نیم جوش کھانا جو دیگ میں پکایا جاتا ہے۔
کالر (ف) (۱) تہ خانہ (۲) لمبا دالان۔
کالسکۂ بخار (ف) ریل کا انجن۔ ریل گاڑی۔
کالسکۂ چاپاری (ف) ڈاک گاڑی۔
کالسکہ چی (ف) کوچوان۔ ڈرائیور۔
کالسکۂ سرباز (ف) فٹن۔
کالفتہ / کالفتہ } (ف) دیوانہ۔ آشفتہ۔ پریشان حال۔
کالم (ف) بوڑھا۔
کالم / کالمہ } (ف) بیوہ یا مطلقہ عورت۔
کالوب / کالوپ } (ف) کالبد۔ بدن۔ جسم۔

کالوج (ف) (۱) چھنگلی۔ سب سے چھوٹی (۲) کبوتر۔
کالوچہ (ف) (۱) دیکھو (۲) ایک قسم کا کھانا۔
کالوش (ف) گذرنا۔
کالوس (ف) بے وقوف۔ نادان۔
کالوشہ (ف) دیکھو کالوچہ۔
کالہ (ف) (۱) گھر کا اسباب (۲) رُوئی کا گالا۔
کالہ دان (ف) رُوئی کے گالے رکھنے کی ٹوکری وغیرہ۔
کالی (ف) نگہبان۔ محافظ۔
کالی (ع) ادھار۔ وام۔
کالیدن (ف) (۱) پریشان ہونا (۲) پریشان کرنا (۳) بھاگنا۔
کالیدہ (ف) آشفتہ حال۔
کالیو (ف) (۱) احمق۔ بے وقوف (۲) حیران پریشان۔ سرگشتہ (۳) دیوانہ (۴) بہرا۔
کالیوہ (ف) دیکھو کالیو۔
کام (ف) (۱) مقصد۔ مطلب (۲) منہ۔ تالو۔
کام ادا (ف) کامیاب۔ مقصد بر لانے والا۔
کام افعی نماریدن (ف) ناگ کے جبڑوں کو سہلانا۔ آ بیل مجھے مار۔
کام بخش (ف) حسب دل خواہ۔
کام برداشتن (ف) بچے کے حلق میں شہد لگانا۔ گھٹی۔
کام پر شکر شدن (ف) منہ میٹھا ہونا۔
کام خاریدن (ف) کسی چیز کی طرف رغبت کرنا۔
کام دل (ف) معشوق۔
کام دل برآوردن (ف) آرزو پوری کرنا۔
کام دل گرفتن (ف) آرزو پانا۔
کامران (ف) (۱) کامیاب۔ بامراد۔ صاحب اقبال (۲) اکبر کے چچا کا نام۔
کام راندن (ف) دل کی آرزو پوری کرنا۔
کام روا (ف) کامیاب۔ بامراد۔
کام فیروز (ف) ایران کی ایک ولایت کا نام۔
کام کے خاریدن (ف) رال ٹپکنا۔
کام کشیدن (ف) مقصد حاصل کرنا۔
کامگار / کامگر } (ف) کامیاب۔ بامراد۔ صاحب اقبال۔
کام گرفتن (ف) مقصد حاصل کرنا۔
کامگاری (ف) خوش بختی۔ اقبال مندی۔
کامل (ع) (۱) پورا (۲) عروض کی انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
کاملہ (ع) کامل کی مؤنث۔
کاملان اندر لباس قیرے (ف) معمولی لباس میں ہیں لیکن ہیں عظیم لوگ۔
کامل عیار (ف) کھرا۔

Marfat.com

کامن (ع) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ چھپنے والا۔
کام ناروا (ف) ناکام۔
کام ناکام (ف) البتہ۔ خواہ مخواہ۔ چاروناچار۔
کام ندید (ف) اُمیدوار۔
کامور (ف) بسیط جو مرکب کے خلاف ہے۔
کام ورزی (ف) (۱) مقصد۔ مراد (۲) لالچ۔ حرص۔ طمع۔
کامہ (ف) کام۔ مقصد۔ مراد۔
کامیاب (ف) جس کا مطلب پُورا ہوگیا ہو۔ مُراد پانے والا۔ فتحیاب۔
کامیابی (ف) مراد بر آنا۔ مقصد پُورا ہونا۔
کامیار (ف) کامیاب۔
کان (ف) (۱) معدن۔ کھانٹ (۲) پہاڑ کھودنے کا آلہ۔
کانا (ف) دانا کی ضد۔ احمق۔ نادان۔
کانز (ف) کھجور کے خوشہ کی جڑ۔
کانال (ف) کاریز۔ نہر۔
کاندیدا (ف) نامزد۔ دادطلب۔ انصاف چاہنے والا۔ اُمیدوار۔
کانسر (ف) کینسر۔ سرطان۔
کان شناس (ف) معدن شناس۔ کان کے متعلق علم رکھنے والا۔
کان کن (ف) کان کھودنے والا۔
کان ملاحت (ف) سانولے رنگ کا خوبصورت معشوق۔ محبوب۔
کانون (ف) (۱) انگیٹھی۔ بھاڑ۔ بھٹی۔ آتشدان (۲) سال رومی کے دو مہینوں کے نام۔
کانون الآخر (ع) ایک رومی مہینہ کا نام جو ماگھ اور جنوری کے لگ بھگ ہوتا ہے۔
کانون الاوّل (ع) ایک رومی مہینہ کا نام جو پوہ اور دسمبر کے لگ بھگ ہوتا ہے۔
کانی (ف) معدنی۔ کان کی چیز۔
کاو (ف) کھود۔ کاویدان کا امر۔
کاواک (ف) کھوکھلی چیز۔ خالی۔ بے مغز۔
کاوانی درفش (ف) درفش کاوانی یا کاویانی سے مراد ہے وہ جھنڈا جو کاوا آہن گر نے اپنی دھونکنی یا اس چیتے کی کھال سے بنایا تھا جسے وہ کام کرنے کے وقت آگ کی چنگاریوں سے بچنے کے لیے کمر پر لپیٹ لیتا تھا۔ یہ جھنڈا بنا کر کاوا نے ضحاک کے خلاف خروج کر کے اسے شکست دے کر فریدوں کے حوالے کیا اور فریدوں نے بادشاہ بن کر اس جھنڈے کو مرصع کرایا اور صدیوں تک سلطنتِ ایران کا نشان رہا۔ چونکہ اسے متبرک خیال کیا جاتا تھا اور اس کی بے حد تعظیم و تکریم تھی۔ اس لیے مسلمانوں نے جب ایران فتح کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے نیست و نابود کر دیا۔

کاورس (ف) چینا جو مشہور غلہ ہے۔
کاورسہ (ف) ایک چھوٹی چیز جو چینا کے مشابہ ہوتی ہے۔
کاوش (ف) تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ کھودنا۔
کاوش کردن (ف) جستجو کرنا۔
کاد کاد (ف) تلاش۔ تجسس۔ تفتیش کرنا۔
کاول (ف) کابل کا مرادف۔
کاولی (ف) دلالہ۔ دلی۔ قحبہ۔ رنڈی۔ کنچنی۔
کاوہ (ف) ایران کے اس لوہار کا نام جس نے ضحاک کے ظلم کے خلاف بغاوت کر کے اسے ہلاک کر دیا اور فریدوں کو بادشاہ بنایا اور اس کا وزیر بنا۔
کاوی (ع) داغ۔ داغنے والا۔ کسی عضو پر آگ سے داغ دینا۔
کاویان درفش / کاویانی درفش (ف) فریدوں کی فوج جھنڈا جو کاوہ آہن گر کی طرف سے منسوب ہے۔ دیکھو کاوانی درفش۔
کاویدن (ف) (۱) کھودنا۔ تلاش کرنا (۲) کسی کو رنج پہنچانا۔
کاہ (ف) (۱) گھاس۔ خشک گھاس (۲) کاہیدن مصدر کا امر۔
کاہ از تو نیست کاہدان از خود نیست (ف) اگر کوئی مُفت کی ہے تو کم از کم پیٹ تو اپنا ہے۔ ذرا تحمل سے کھاؤ۔
کاہ انبار (ف) گھاس پھوس کا ڈھیر۔
کاہ پارینہ بباد دادن (ف) پُرانی باتوں کو یاد دلانا۔ لاف مارنا۔ گذشتہ امور پر اترانا۔ آباؤ اجداد پر فخر کرنا۔
کاہ پیش سگ استخواں پیش خر (ف) کتے کو گھاس اور گدھے کو ہڈیاں ڈالنا۔ مُراد ہے اُلٹا اور غلط کام کرنا۔
کاہدان (ف) جو گھاس یا چارہ جانوروں کو ڈالا جاتا ہے۔
کاہ در دہان گرفتن / کاہ در دہن گرفتن (ف) عاجزی کرنا۔ امان چاہنا۔
کاہ در چشم کسے دیدن و کوہ در چشم خود ندیدن (ف) دوسرے کی آنکھ میں تنکے کا نظر آنا اور اپنی آنکھ میں شہتیر بھی نہ دیکھ سکنا۔
کاہ را کوہ کردن (ف) بات کا بتنگڑ۔ رائی کا پہاڑ۔
کاہربا (ف) کہربا۔ عقیق۔
کاہش (ف) گھٹنا۔ کم ہونا۔ نقصان قبول کرنا۔
کاہکشاں (ف) کہکشاں۔ کاہ یعنی گھاس اور کشاں یعنی گھاس اور کشاں یعنی کھینچنا۔ گھسیٹنا۔ آسمان پر رات کو جو سفید سی لمبی لکیر نظر آتی ہے۔ جیسے زمین پر گھاس گھسیٹنے سے پڑ جاتی ہے۔ دراصل یہ بے شمار ستارے ہیں جو بہت دُور ہونے کے باعث اس صورت میں نظر آتے ہیں۔
کاہگل (ف) گارا اور بھوسہ۔
کاہگلی (ف) گارے اور بھوسے سے بنے ہوئے مکانات۔
کاہل (ع) سُست۔
کاہل شدن (ف) کاہل ہونا۔

Marfat.com

کاہلی (ف) سستی
کاہلی کرد رستماں را ہیز (ف) کاہلی انتہائی بُری چیز ہے جو بہادروں کو بُزدل بنا دیتی ہے۔
کاہن (ع) فال بتانے والا۔ حاضرات کرنے والا۔ رمال۔ فال گو۔ عامل۔ سیانا۔ وہ شخص جس کے تابع جِنّ ہوں۔
کاہو (ف) ایک مشہور دوا کا نام۔
کاہیدن شدن (ف) دُبلا ہونا۔ کم ہونا۔
کاہیدن (ف) (۱) گھٹنا (۲) گھٹانا (۳) دُبلا ہونا۔
کائن (ع) موجود ہونے والا۔
کائنات (ع) (۱) موجودات (۲) دُنیا۔
کائن و ماکان (ع) مخلوقات۔ گذشتہ اور آئندہ مخلوق۔

# ک۔ب

کَبّ (ع) (۱) مُنہ کے بل گرنا (۲) مُنہ کے بل گرانا (۳) کسی برتن کو اُلٹا کرنا۔
کَب (ف) (۱) اندھیرے کی طرف سے مُنہ کا گردا گرد۔ اندر کی جانب سے مُنہ کا گردا گرد۔
کباب (ع) گوشت کا قیمہ کر کے جو مشہور چیز بھون کر بنائی جاتی ہے۔
کباب انداختن (ف) کباب پکانا۔
کباب بر سیخ کشیدن (ف) سیخ پر کباب بھونتا۔
کباب نر (ف) برف۔
کباب چیزے بُودن (ف) کسی چیز پر شیفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ مفتون ہونا۔
کباب در رسانیدن (ف) کباب تیار کرنا۔
کباب شامی (ف) کباب کی ایک قسم جو بغیر سیخ پر چڑھائے کے توے پر بھونا جاتا ہے۔
کباب قندھار (ف) ایک قسم کا کباب۔
کباب نرگس (ف) انڈوں پر قیمہ چڑھا کر گھی میں تلنا اور پھر انہیں درمیان سے دو دو ٹکڑے کر دینا جو بالکل نرگس کے پھول کی مانند ہوتے ہیں۔
کُباد (ع) درد جگر۔
کِباد (ع) مشقت برداشت کرنا۔
کَباذہ (ف) بزم کمان۔ ڈھیلی پڑ گئی ہوئی کمان۔
کِبار (ع) کبیر کی جمع۔ بڑے لوگ۔ بزرگ لوگ۔
کُبار }
کُبّار } (ع) بہت بڑا بزرگ آدمی۔
کُبارہ (ف) (۱) وہ ٹوکرا جس میں میوہ وغیرہ رکھ کر چوپائے پر لادتے ہیں (۲) مٹی کا کاسہ (۳) بھِڑوں کا چھتہ۔

کبائر (ع) کبیرہ کی جمع۔ بڑے گناہ۔
کبایہ (ع) گلاس۔
کَبت }
کَبَت } (ف) مگس۔ پشہ۔ بد کی مکھی۔
کَبت (ع) (۱) ذلیل کرنا۔ خوار کرنا (۲) ہتک کرنا (۳) مُنہ کے بل گرنا (۴) غصہ پی جانا۔
کبتر (ف) کبوتر۔
کَبَث (ع) گوشت کا سڑ جانا۔ اور بدبودار ہو جانا۔
کبد۔ کَبِد (ع) کلیجہ۔ جگر۔
کِبر (ع) بزرگی۔ بڑائی۔ تکبر۔ غرور۔
کِبَر (ع) بزرگ ہونا۔ بڑا ہونا۔ بڑھاپا۔ بوڑھا ہونا۔
کبر (ع) عمر میں کسی سے بڑا ہونا۔
کبرا (فرانسیسی) (COBRA) ایک بڑا زہریلا سانپ۔
کُبراء (ع) کبیر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ بڑے لوگ۔
کبر پلنگ (ف) چیتے کی سی نخوت۔
کبرِ سن (ع) بڑھاپا۔ کلاں سالی۔
کبر فروشی (ف) اترانا۔ تکبر کرنا۔
کُبرے (ع) اکبر کی تانیث۔ ہر بزرگ چیز۔ بہت بڑی اصطلاح منطق میں شکل کا جزو ثانی۔
کبریا (ع) عظمت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔
کبریت (ع) (۱) گندھک۔ گوگرد (۲) خالص سونا چاندی (۳) دیا سلائی۔
کبریت احمر (ع) (۱) سُرخ رنگ گندھک (۲) اکسیر۔ کیونکہ اکسیر سُرخ گندھک سے بنتی ہے اور سُرخ گندھک نایاب ہے۔
کبریت زدن (ف) دیا سلائی جلانا۔
کبریت فرنگی (ف) دیا سلائی۔
کبس (ع) (۱) گریبان میں سر ڈالنا (۲) کسی چیز کو بھینچنا اور اس پر دباؤ ڈالنا (۳) مضبوط کسنا۔
کِبس (ع) طبہ۔
کبوس (ع) پیشانی کے بل گڑھے میں گرنا۔
کبست }
کبستو } (ف) اندرائن۔ اندرائن جیسی ایک کڑوی گھاس۔ زہر قاتل۔
کبستہ }
کبش (ع) شاخ دار مینڈھا۔
کبک (ف) (۱) چکور (۲) مُتخیل۔
کبکانِ بزم (ف) ساقی، مطرب اور معشوق۔
کبک رقاص (ف) شوخ گھوڑا۔
کبک شکستن (ف) راہ گم کرنا۔ رستہ بھول جانا۔
کبک مے خواند (ف) اس کا طوطی بول رہا ہے۔
کبک کر (ف) تیتر۔ دراج۔
کبکہ (ف) آدمیوں اور چوپایوں کے پاؤں کی ملی جلی آواز۔
کبو (ع) (۱) منہ کے بل گرنا (۲) کوزہ کا پانی گرا دینا (۳)

Marfat.com

چقماق کا آگ نہ دینا۔

کبوب (ع) چیچک۔

کبوتر (ف) مشہور پرندہ ہے۔

کبوترخان (ف) وہ جگہ جہاں کبوتر آشیانے بناتے ہیں۔

کبوترباز (ف) کبوتر رکھنے والا (۲) مجازاً مکار۔ حیلہ گر۔

کبوترباز ہوا می کند (ف) کبوتر اُڑاتے ہیں۔

کبوتربازی کن (ف) کھیلنے والا کبوتر۔

کبوتر با کبوتر باز با باز (ف) مُراد ہے کہ ہم جنسوں کو اپنے ہم جنسوں سے اُنس ہوتا ہے۔

کبوترپران (ف) کبوترباز۔

کبوترپرپا (ف) ایک قسم کا کبوتر جس کے پاؤں پر پَر ہوتے ہیں۔ اور اُڑنے میں کمزور ہوتا ہے۔

کبوترپیک (ف) قاصد کبوتر۔

کبوترحرم (ف) محفوظ و معشوق۔

کبوترخان (ف) برُج کبوتران۔

کبوتر درآب (ف) پایاب پانی۔

کبوتردُم (ف) پگڑی کا طرہ یا صافہ جو دائیں طرف کھڑا ہو (۲) کمربند کا شملہ جو کھڑا ہو (۳) ایک قلم جو کبوتر کی دُم کی مانند ہوتا ہے۔

کبوتر دَم (ف) بوسہ لینا۔ معشوق کی زبان چوسنا۔

کبوتر صد دیناری یا ہو نمی خواند (ف) جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔

کبوتریاہو (ف) ایک قسم کا کبوتر جس کی آواز سے "یاہو" سمجھ میں آتا ہے۔

کبود (ف) نیلا۔ نیلگوں۔

کبودی (ف) نیلاہٹ۔ سیاہی۔

کبودی گرفتن (ف) سیاہ ہوجانا۔ سیاہی پکڑنا۔

کبوس (ف) ناہموار اور ٹیڑھی لکڑی۔

کبوہ (ع) لغزش۔ مُنہ کے بل گرنا۔

کبہ (ع) چیچک۔

کبیدہ (ف) (۱) دُہرا کیا ہوا (۲) رنجیدہ۔ غمگین۔

کبیر (ع) بڑا بزرگ۔

کبیرہ (ع) (۱) بڑی چیز (۲) بڑا گناہ۔

کبیسہ (ع) (۱) کنواں یا ندی مٹی سے بھری ہوئی (۲) لیپ کا سال (ا) سال عیسوی میں ہر چوتھے سال فروری کے مہینے میں ایک دن زیادہ کر دیتے ہیں۔ جس سال یہ زیادتی کی جاتی ہے اسے سال کبیسہ کہتے ہیں (ب) سال ہجری قمری میں ہر تیس سال میں گیارہ دن زیادہ کرتے ہیں۔ سال شمسی میں جو دن سال قمری کی نسبت ۱۱ زیادہ ہوتے ہیں۔ ان کو برابر کرنے کے لیے تین سال کے بعد ایک مہینہ لوند کا اہل ہند بڑھا لیتے ہیں۔ اسے کبیسہ کہتے ہیں۔

کبیشہ (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کا نام۔

## ک۔پ

کپ / کُپ (ف) منہ۔ مُنہ کے اندر اور باہر کا رُخ۔

کپان / کپّان (ف) ایک بنکڑا۔ بڑی ترازو جس میں لکڑیاں یا سالم بوریاں وغیرہ تولی جاتی ہیں۔ یک پلّہ ترازو۔

کپک (ف) گدڑی۔

کپت (ف) سینگی۔ پچھنے لگا کر جو شیشہ یا کدو خون چوسنے کے لیے لگاتے ہیں۔

کپنل (ف) چوتڑ۔

کپتہ (ف) لکڑی کا برتن جس میں تعمیراتی کام کے لیے مٹی یا گارا ڈالتے ہیں۔

کپی / کپّی (ف) بندر۔ بوزنہ۔ میمون۔

کپیدن (ف) لے جانا۔

کپیست (ف) (فرانسیسی) COPISTE

## ک۔ت

کت (ف) (۱) شاہی تخت (۲) ہندوستان کے بادشاہوں کا تخت (۳) تختہ (۴) چارپائی (۵) نالی۔ کاریز۔

کت (ف) "کترا" کے معنوں میں آتا ہے۔

کت و مت (ف) ہوبہو۔

کتا (ف) کتابت۔ نامہ۔ فرمان۔

کتاب (ع) (۱) لکھنا (۲) لکھا ہوا (۳) حکم۔ (۴) نامہ (۵) اندازہ۔ فرض کیا ہوا (۶) لونڈی غلام کو روپیہ لے کر آزاد کر دینا۔ (۷) پوتھی۔ پستک جس پر سے پڑھتے ہیں۔

کُتّاب (ع) کاتب کی جمع۔ لکھنے والا۔

کُتّاب (ع) مکتب۔ مدرسہ۔

کتابت (ع) (۱) لکھنا (۲) مکتوب۔ خط۔

کتابت نیم دیدار است (ف) خط و کتابت آدھی ملاقات ہوتی ہے۔

کتاب خانہ (ف) لائبریری۔

کتاب دار (ف) لائبریرین۔

کتاب فروشی (ف) کتابوں کی دکان۔

کتاب مجید / کتاب مقدس (ع) قرآن شریف۔

کتاب نمد (ف) بے اصل چیز۔

Marfat.com

کتابہ (ع) وہ عبارت جو مسجد، مقبرہ یا کسی اور عمارت پر یونہی لکھی جاتی ہے یا پتھر پر کھود کر نصب کی جاتی ہے۔
کتابی (ع) منسوب بہ کتاب جو مدرسہ اور مکتب کی ہے۔
کتابی (ع) (۱) کافر کتابی (۲) آسمانی کتاب کا پیرو۔
کتابی (ف) رنگین شیشہ جو کھڑکیوں اور دروازوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے۔
کتارہ (ف) کٹار۔ کٹارہ۔ تلوار کی شکل کا خنجر۔
کتام (ف) لکڑی کے تختوں کی عمارت۔
کتان / کتان (ع) (۱) السی (۲) ایک قسم کا باریک کپڑا جس کے متعلق بعض کا خیال ہے کہ چاند کے سامنے آنے سے پھٹ جاتا ہے۔
کتائب (ع) کتیبہ کی جمع۔ لشکر۔
کتب (ع) کتاب کی جمع۔ کتابیں۔
کتباً (ع) تحریری طور پر۔
کت بستہ (ف) جس کے کندھے بندھے ہوئے ہوں۔
کتبہ (ع) (۱) ایک بار لکھنا (۲) فارسی بمعنی لکھا ہوا یعنی کتب بھی آتا ہے۔
کتبہ (ع) کاتب کی جمع۔ لکھنے والے۔
کتبی (ف) تحریری۔
کتخدا (ف) اس کی اصل کد خدا ہے۔ یعنی گھر کا مالک صاحب خانہ۔ لائق۔ معزز۔ شہر کا پنچ۔ جورو والا۔ شادی شدہ۔
کتخدائی (ف) بیاہ۔ شادی۔
کتز۔ کتز (ف) اونٹ کا کوہان۔
کتران (ف) قطران۔
کترہ (ف) (۱) ریزہ ریزہ۔ پھٹا ہوا۔ پارہ پارہ (۲) بے ربط باتیں۔ بے معنی باتیں (۳) گالی۔ دشنام۔
کترہ بترہ (ف) لغو۔ مہمل۔
کتف۔ کتف (ع) شانہ۔ کندھا۔
کتک (ف) مارپیٹ۔
کتک (ف) موٹا ڈنڈا۔ قلندروں کا ہنٹر۔
کتک خوردن (ف) مار کھانا۔
کتک زدن (ف) لکڑی سے پیٹنا۔
کتک کاری (ف) مارپیٹ۔
کتکن (ف) (۱) تالی بجانے والا (۲) نالی یعنی کاریز کاٹنے والا۔
کتنگ (ف) موٹا ڈنڈا۔ قلندروں کا لکڑی کا موٹا عصا۔
کتنگار / کتنگر (ف) بڑھئی۔ نجار۔
کتل (ف) (۱) کوتل گھوڑا (۲) پہاڑ کا ٹیلہ۔
کتل (ف) (۱) گھاٹی۔ ٹیلہ (۲) پشت۔
کتلی (ف) کیتلی۔
کتم (ع) پوشیدہ کرنا۔ بھید چھپانا۔ (۲) پردہ پوشیدگی۔
کتما (ف) وسمہ۔ نیل کا پتا۔ برگ نیل۔
کتمان (ع) (۱) پوشیدہ کرنا۔ بھید پوشیدہ رکھنا (۲) پردہ پوشیدگی۔
کتمان کردن (ف) چھپانا۔
کتنبر / کتنبل (ف) (۱) کاہل (۲) پیٹو۔
کتو (ف) مکتب۔
کت و مت (ف) ہوبہو۔ بعینہ۔
کتی (ف) خمدار۔ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔
کتیبہ (ع) (۱) لشکر۔ سپاہ۔ فوج (۲) خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کا نام۔
کتیرا (ف) ایک قسم کا مشہور سفید گوند۔

## ک ۔ ث

کثافت (ع) لطافت کی ضد (۱) بھدا ہونا۔ موٹا ہونا (۲) اکٹھا ہونا۔ (۳) گاڑھا ہونا (۴) مقدار مادہ۔
کثافت کاری کردن (ف) بڑے کام کرنا۔
کثب / کثبان (ع) کثیب کی جمع۔ ریت کے بلند تودے۔
کثرات (ع) کثرت کی جمع۔
کثرت (ع) (۱) زیادہ ہونا۔ زیادتی۔ بہتات افزونی (۲) مجازاً بھیڑ۔ انبوہ۔ جماعت۔ ہجوم۔
کثف (ع) بھیڑ۔ آدمیوں کا گروہ۔
کثیف بودن (ف) میلا کچیلا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔
کثیف شدن (ف) بھاری بھرکم اور گاڑھا ہونا۔
کثیب (ع) ریت کا تودہ۔
کثیر (ع) زیادہ۔ بہت۔
کثیف (ع) لطیف کی ضد۔ غلیظ۔ موٹا۔ گاڑھا۔

## ک ۔ ج

کج (ف) ٹیڑھا۔ راست کی ضد۔
کج (ف) (۱) ایک گھاس کا نام جو جگہ سے ٹلے ہوئے بازو پر باندھنے سے آرام ہو جاتا ہے (۲) کم قیمت سفید مہرہ۔
کج (ف) ایک قسم کی قیمتی ریشم (۲) آنکڑا۔ (۳) وہ آنکڑا جس سے پیچ کو سیخدان میں ڈالا جاتا ہے (۴) وہ آنکڑا جس سے دشمن کی کشتی کو اپنی طرف کھینچا جاتا ہے۔
کج ابرو (ف) ٹیڑھی بھوؤں والا۔

Marfat.com

کج باز (ف) ٹیڑھی چال چلنے والا۔
کی بودم اکنون قتا دم کجا (ف) بات کہاں سے کہاں تک جا پہنچی۔
کجا (ف) (۱) کہاں - کس جگہ (۲) ہر جگہ - جہاں کہیں (۳) جو - کہ (۴) کب۔
کجا است (ف) اپنے خیال میں ایسا محو ہے کہ اسے کچھ خبر نہیں ہے گویا یہاں نہیں ہے۔
کج ادائی (ف) بُری ادائیں۔
کجا بہ (ف) کجاوہ۔
کجا دمساز باشد آب و آتش (ف) دو متضاد طبائع کا نبھا کہاں ہو سکتا ہے۔
کجاوہ / کجنبہ } (ف) ہودہ - اونٹ کی کاٹھی جس میں دونوں طرف بالمقابل دو آدمی بیٹھتے ہیں۔
کج بحث (ف) ٹیڑھی بحث کرنے والا۔
کج حساب (ف) بدمعاملہ شخص۔
کج خلق (ف) خفا - غصّے میں بھرا ہوا۔
کج دار و مریز (ف) (۱) وہ احکام جن کا بجا لانا سخت مشکل بلکہ ناممکن ہو (۲) عجائبات۔
کج دم (ف) کژدم - بچھو۔
کج رفتار (ف) بدمعاملہ - بے وفا۔
کج سلیقہ (ف) بدذوق۔
کج فہم (ف) احمق - بے وقوف۔
کجک (ف) (۱) ہاتھی کو چلانے کا آنکس (۲) نقارہ بجانے کی چوب (۳) وہ چیز جسے ولایتی گریبان کے گرد سیتے ہیں۔
کج کلاہ (ف) (۱) ٹیڑھی ٹوپی والا (۲) معشوق - محبوب (۳) قاچار، شاہان ایران کا لقب۔
کجکول (ف) کشکول - کچکول - بھیک مانگنے کا پیالہ - گداگروں کی کشتی۔
کج نگاہ کردن (ف) غرور سے کسی کی طرف دیکھنا۔
کج نگاہی (ف) غرور کی نگاہ۔
کج و کولہ بودن (ف) ناہموار ہونا۔
کج داج (ف) ٹیڑھا اور اوندھا - خم۔
کجوک (ف) عرق النساء - رنگین باد جو ایک مشہور مرض ہے۔
کجوہ (ف) دیکھو کجاوہ۔
کجہ (ع) کپڑے کا گیند جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
کجی (ف) ٹیڑھاپن - کبڑاپن۔
کجی داشتن (ف) ٹیڑھا ہونا - عیب ہونا۔
کجیم / کجین } (ف) پاکھر - گھوڑے کی زرہ جو جنگ کے وقت اس کا جسم محفوظ رکھنے کے لیے ڈالی جاتی ہے۔

## ک - چ

کچری (ف) کھچڑی کا مفرس جو ہندوستانی کھانا ہے۔
کچری خوردن (ف) پستو۔
کچکول (ف) گداگروں کا کاسہ - بھیک مانگنے کا پیالہ۔
کچل (ف) بُری طرح چلنے والا۔
کچلی (ف) گنجاپن۔
کچہ (ف) چھلّا۔
کچہ کل کردن (ف) بھید کھل جانا - راز فاش ہو جانا۔
کچیر / کچیردہ } (ف) سرگردہ - سرغنہ - سرکردہ - پیشوا۔

## ک - ح

کحال (ع) (۱) وہ طبیب جو آنکھوں کے علاج میں حکیم حاذق ہو - آئی ڈاکٹر (۲) سرمہ بنانے والا۔
کحال شریعت (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
کحالی (ف) آنکھ کا علاج کرنا۔
کحل (ع) سرمہ۔
کحلاء (ع) اکحل کی مؤنث - وہ عورت جس نے سرمہ لگایا ہوا ہو - وہ عورت جس کی آنکھیں سیاہ ہوں۔
کحل الجواہر (ع) وہ سرمہ جس میں موتی پڑے ہوں۔
کحلی (ع) (۱) سرمئی رنگ - سیاہ رنگ (۲) ایک قسم کا نہایت عمدہ سیاہ کپڑا جسے ولایت کی عورتیں پہنتی ہیں۔
کحلی چرخ (ف) (۱) پہلا آسمان (۲) آسمان کی سیاہی (۳) رات کی تاریکی۔
کحلی شب / کحلی روز } (ف) تاریکی شب - رات کا اندھیرا۔
کحیل (ع) (۱) وہ آنکھ جس میں سرمہ لگا ہو - (۲) وہ آدمی جس نے آنکھ میں سرمہ ڈالا ہو۔
کحیلاء / کحیلاء } (ع) گاؤزبان جو ایک مشہور مفرّح دوا ہے۔

## ک - خ

کخ (ف) (۱) وہ گھاس جس سے بوریا بنایا جاتا ہے (۲) وہ کیڑا جو پھلوں میں پڑ جاتا ہے (۳) ڈراؤنی صورت جس سے بچوں کو ڈرایا جاتا ہے۔
کخ (ف) (۱) تلخ مزا - کڑوا مزا (۲) لعنت کا کلمہ بھی ہے - جیسے مش (۳) منع کرنے کا کلمہ بھی ہے۔
کخ (ف) جرمنی کے ایک سائنسدان کا نام جو ۱۸۸۲ء میں پیدا ہوا۔

Marfat.com

کُغنہ (ف) آگ کا شعلہ۔
کُچ } (ف) ایک گھاس جس سے جھاڑو بنتے ہیں اور آگ جلائی جاتی
کُچ } ہے۔
کُغ شندہ (ف) دیلو۔
کُغ کُغ (ف) (۱) تیز ہنسی کی آواز (۲) وہ کلمہ جو نفرت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
کُغ کُغ (ف) کھانسنے کی آواز۔

## ک ۔ د

کَد (ف) (۱) گھر ۔ خانہ (۲) محلّہ۔
کَدّ (ع) کوشش ۔ محنت۔
کُدام (ف) استفہام کا کلمہ جو انسان اور غیر انسان اور بے جان سب پر بولا جاتا ہے ۔ کون ۔ کیا ۔ کون شخص ۔ کیا چیز۔
کدام بادشمارا این جا آوردہ (ف) آج یہ چاند کدھر سے نکلا۔
کَد بانو (ف) گھر کی مالک ۔ بیگم ۔ بیوی۔
کدبانو و کدخدا چو باہم سازند } (ف) جس گھر میں محبت اور پیار ہو
از خاک طلا می سازند } وہاں دولت کی ریل پیل ہوتی ہے۔
کَد خُدا (ف) گھر کا مالک ۔ صاحب خانہ (۲) دولہا ۔ بیاہا ہوا (۳) عیال دار آدمی (۴) بادشاہ (۵) گاؤں کا چودھری مقدم (۶) میر محلّہ (۷) لائق ۔ سزاوار۔
کَد خدائی (ف) بیاہ ۔ شادی ۔ کتخدائی۔
کَد خُدائی کوہستان (ف) ریچھ۔
کَد خُدائی کیگا (ف) بھینگا۔
کَد خُدا منش بودن (ف) صُلح جو ہونا ۔ آشتی طلب ہونا۔
کَد خُدا منشی کردن (ف) صُلح جوئی کرنا۔
کَدِر (ع) گدلا ۔ تیرہ ۔ مکدر۔
کَدَر (ع) گدلا ہونا ۔ گدلا پن ۔ تکدّر۔
کُدس (ع) کھلیان ۔ وہ کھلیان جسے کوٹا نہ گیا ہو۔
کَدفت (ف) کھوپری۔
کَدکَدہ (ف) ہتھوڑے کی آواز۔
کَدنگ (ف) (۱) ہتھوڑا (۲) دھوبی کا پٹڑا۔
کَدُو (ف) (۱) گھیا جو مشہور ترکاری ہے (۲) کاسۂ سر (۳) شراب کا کوزہ (۴) پیالہ۔
کَدُو بُن (ف) کدو کی جڑ ۔ کدو کی بیل۔
کَدُوخ (ف) حمام۔
کَدُود (ع) کنواں۔
کَدُودانہ (ف) معدہ کے کیڑے۔
کُدُورت (ع) تیرگی ۔ گدلا پن۔
کُدُورت آمیز (ف) باعث دل آزاری۔

کذب را فروغ نبود (ف) جھوٹ۔
کَدُوے حجّام (ف) وہ کدو یا تونبی یا سنگی جو پچھنے لگانے کے بعد خون چوسنے کے لیے لگاتے ہیں۔
کَدُوے غسل (ف) بڑے کدو کو خشک کر کے اس کا اندر کا گودا نکال دیتے ہیں ۔ جو خول رہ جاتا ہے وہ چیزیں رکھنے کے کام آتا ہے ۔ اسی قسم کا کدو جس میں شہد رکھتے ہیں۔
کَدُوے مطبخ (ف) آٹا اور دوسری خشک چیزیں رکھنے کا خشک کدو کا خول۔
کَدہ (ف) (۱) گھر ۔ خانہ ۔ مکان (۲) گاؤں ۔ دِہ (۳) جگہ (۴) آنالو (۵) گلّا۔
کَدین } (ف) (۱) دھوبیوں کا پٹڑا (۲) گدی۔
کُدینہ } نہالچہ۔
کَدیور (ف) (۱) زمانہ ۔ دنیا (۲) کھیتی کرنے والا کسان (۳) صاحب خانہ (۴) گاؤں کا رئیس (۵) باغبان۔

## ک ۔ ذ

کَذا (ع) ایسا۔
کَذّاب (ع) بڑا جھوٹ بولنے والا۔
کِذّاب (ع) جھوٹ بولنا۔
کِذب (ع) جھوٹ۔
کَذِب (ع) (۱) جھوٹ (۲) جھوٹ بولنا۔
کُذُب (ع) کذوب کی جمع ۔ بڑے جھوٹے ۔ نہایت ہی جھوٹے ۔ بے حد جھوٹے۔
کذب بیانی (ف) جھوٹ بولنا۔
کذب را فروغ نبود (ف) جھوٹ۔
کَذُوب (ع) بڑا کاذب ۔ بہت ہی جھوٹا۔

## ک ۔ ر

کَر (ف) کار کا مخفف ۔ کام۔
کَر (ف) (۱) بہرا (۲) قوت ۔ قدرت (۳) ایک قسم کا سانپ جس پر منتر اثر نہیں کرتا (۴) مقصد ۔ مراد۔
کُر (ف) ایران کی ایک نہر کا نام ۔ اسی نام کی ایک نہر شہروان میں ہے۔
کُر (ف) چاول ۔ برنج۔
کُرّ (ع) پانی کا حوض ساڑھے تیس وجب مربع۔
کَرّا (ف) حجام ۔ نائی۔
کِرا (ف) کسے ۔ کس کو ۔ جس کسی کو۔

Marfat.com

کراء (ع) (۱) کرایہ (۲) کرایہ دینا۔ کرایہ پر دینا۔
کرائم (ع) کریمہ کی جمع۔ اچھی۔ اعلیٰ۔
کرابیس (ع) کرباس کی جمع۔ ایک قسم کا کپڑا جو روئی کے باریک دھاگے سے بنایا جاتا ہے اور جس کو ہاتھ سے بُنا جاتا ہے۔ عربی میں اس کو کرباس ہی کہتے ہیں۔
کرابیل (ع) کربال کی جمع۔ کربال چھاننی کو کہتے ہیں۔ فارسی میں غربال ہوتا ہے۔
کَرّات (ع) کَرّہ کی جمع۔ کئی مرتبہ۔ بہت دفعہ۔
کُرات (ع) کُرہ کی جمع۔ گول چیزیں۔
کَرات (ع) کرت کی جمع۔ زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جس میں کوئی چیز کاشت کرتے ہیں۔
کُرّات (ع) گندنا جو ایک قسم کا ساگ ہے۔
کُرّاتی (ع) گندنے کی طرح کا رنگ۔
کراجیدن (ف) مرغی کا کڑکڑانا۔
کراخ (ف) مرغی کے انڈا دیتے وقت کی آواز۔
کراخان (ف) افراسیاب کے بیٹے کا نام۔
کَراد
کَراو } (ف) پھٹا پرانا کپڑا۔
کَرّار (ع) (۱) پلٹنے والا (۲) ہٹانے والا (۳) دشمن پر متواتر حملے کرنے والا (۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
کَرارہ (ف) دیکھو کرار۔
کَرارِیس (ع) کراسہ کی جمع (۱) کتاب کی جزیں (۲) قرآن شریف کے پارے۔
کُراز (ع) شیشی۔ بوتل۔ تنگ منہ والا کوزہ۔
کُراز (ف) (۱) کوزہ (۲) سفری لوٹا (۳) چینہ دان۔
کَراز (ف) وہ تپ جو دردِ زہ کی شدت سے عورتوں کے ہو جائے۔
کِراز (ف) (۱) بیلچہ جس سے زمین کھودی اور ہموار کی جاتی ہے (۲) بلک کر چلنا۔ ناز و غرور سے چلنا۔
کُراسہ (ف) (۱) کتاب (۲) آسمانی کتاب (۳) قرآن شریف۔
کُراسِیَہ (ع) (۱) کتاب کا ایک جزو (۲) قرآن مجید کا ایک پارہ۔
کَراش (ف) پریشانی۔
کَراشیدن (ف) (۱) پریشان ہونا (۲) کام کا تباہ ہونا۔
کُراع (ع) بکری یا گائے کے پائے۔
کَراک
کَراکا } (ف) صعوہ۔ ممولا۔ پرند جو مشہور پرندہ ہے۔
کَراکر (ف) زاغ۔ کوا۔
کِرام (ع) کریم کی جمع۔ سخی اور بزرگ لوگ۔
کرامات (ف) حیران کن بات
کرامت (ع) (۱) عزت۔ بزرگی (۲) نوازش۔
کرامت داشتن (ف) کریم ہونا۔
کرامت فرمودن
کرامت کردن } (ف) عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔
کَران (ع) بربط جو مشہور ساز ہے۔
کَران
کَرانہ } (ف) کنارا۔
کراوات (ف) نکٹائی۔
کراہ (ف) انتہا۔ نہایت۔ کنارا۔
کراہت
کراہیت } (ع) ناپسندی۔ ناپسند کرنا۔ ناخوشی۔
کَرایندہ (ف) کرایہ کرنے والا۔ مزدور۔ قلی۔
کرایہ (ف) بھاڑا۔
کرایہ بہا (ف) سواری کا کرایہ۔
کرایہ نشین (ف) کرایہ دار۔
کَرب (ع) رنج۔ غم۔ دکھ۔ درد۔
کِرباس (ع) کرپاس کا معرب۔ روئی کا کپڑا۔
کَرباسو
کرباسہ
کَربائس
کرباشہ
کربائش } (ف) چھپکلی۔ چلپاسہ۔
کُربت (ع) مصیبت۔ رنج۔ دکھ۔
کُربُزی (ف) (۱) زیرکی۔ تیز فہمی۔ دانائی (۲) بزرگی۔
کَرلِس
کَرلسو
کَرلسہ
کَرلِش
کرلشو
کرلشہ } (ف) چھپکلی۔ چلپاسہ۔
کَربلا (ف) کرب و بلا سے مرکب۔ دریائے فرات کے مغربی کنارے کا میدان۔ جہاں سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام مع اپنے رشتہ داروں اور ہمراہیوں کے محرم ۶۱ھ میں شہید ہوئے آپ کا مزار بھی اسی جگہ ہے۔
کَربلائی (ف) منسوب بہ کربلا (۲) ایک قسم کا لباس جو دو رنگ کا ہوتا ہے۔
کربلائے معلّیٰ (ف) دیکھو کربلا۔
کَرپا (ف) نازک اور چھوٹی گھاس۔ وہ کھیتی جو دیر سے کاشت کی جائے اور پوری طرح نشو و نما نہ پاسکے اور اسی کا پھل دیر سے ہاتھ آئے۔
کَرپاس (ف) روئی کا کپڑا۔
کرپاسہ
کرپاشہ
کرپائش } (ف) چھپکلی۔ چلپاسہ۔

Marfat.com

کَرت (ع) دفعہ ۔ بار ۔ نوبت ۔
کَرتہ (ف) زمین کا چھوٹا سا ٹکڑا جس میں کوئی چیز کاشت کر لیتے ہیں ۔
کُرتہ (ف) قمیص گلے میں پہننے کا مشہور کپڑا ۔
کرجی (ف) چھوٹی کشتی ۔
کرجفو (ف) ٹبیر ۔
کرچ (ف) گریبان ۔
کرچک (ف) رنڈ کا پودا ۔
کَرخ (ف) بغداد کے ایک محلہ کا نام ۔ بغداد کے قریب ایک قصبہ کا نام ۔
کرخ (ف) کرخت کا مخفف ۔
کرخت (ف) سویا ہوا عضو جو بے حس و حرکت ہو جائے ۔ بے خبر ۔ سخت ۔
کرخی (ف) کرخ کا رہنے والا ۔ منسوب بہ کرخ ۔ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ جو مشہور ولی ہوئے ہیں ۔
کرد (ف) کیا ۔
کرد / کرد } (ف) (۱) کام ۔ فعل ۔ عمل ۔ کار (۲) درخت کی وہ شاخیں جو چھانٹی جائیں ۔
کرد (ف) (۱) چراگاہ ۔ گلہ یا (۲) حوض ۔ تالاب (۳) بویا ہوا کھیت ۔ سبزی کا کھیت (۴) وہ زمین جو بونے کے لائق تیار کی گئی ہو (۵) صحرا نشین اور بھیڑ بکریاں چرانے والی ایک قوم کا نام جن کے نام پر کردستان مشہور ملک ہے یہ لوگ بڑے بہادر اور جنگجو ہیں ۔
کرداد / کردادہ } (ف) عمارت یا دیوار وغیرہ کی بنا ۔
کردار (ف) (۱) طرز ۔ روش ۔ رفتار (۲) عمل ۔ فعل ۔ کام (۳) اچھا کام ۔ خوب کام (۴) اخلاق ۔
کردار بایدت باندازہ اخلاق گفتار (ف) جتنا کہو اتنا کر کے دکھاؤ ۔
کردارگزار (ف) مؤرخ ۔ تاریخ نگار ۔
کردارگزاری (ف) تاریخ نگاری ۔ مؤرخی ۔
کردر (ف) بلند پشتہ (۲) سخت زمین ۔
کردستان (ف) ایران کی مغربی حد پر ایک ملک ہے جہاں کرد قوم کے لوگ آباد ہیں ۔
کردک (ف) (۱) زبان آور (۲) بے حیا (۳) پہیلی ۔ چیستان ۔
کردگار (ف) کرد بمعنی کار اور گار بمعنی خداوند سے مرکب ہے ۔ خدا کا نام ۔ اللہ تعالیٰ ۔
کردگاز (ف) کردگار کا مرادف ۔
کردن (ف) (۱) کرنا (۲) ہونا ۔ ہو جانا (۳) دینا (۴) لینا (۵) لکھنا (۶) چھڑکنا (۷) مارنا (۸) توڑنا (۹) باندھنا (۱۰) پہننا (۱۱) رکھنا (۱۲) چھپانا (۱۳) روشن کرنا ۔
کردن از فرمودن مشکل است (ف) کہنا آسان ہے کر کے دکھانا مشکل ہے ۔
کردنگ / کردنگل } (ف) (۱) دیوث ۔ (۲) احمق ۔ بے وقوف ۔
کردہ (ف) کیا ہوا ۔
کردہ پشیمان ناکردہ ارمان (ف) جس نے کیا وہ پچھتایا اور جس نے نہ کیا اسے حسرت و ارمان رہا ۔
کردہ خویشتن آید پیشت (ف) اپنا کیا اپنے آگے آتا ہے ۔
کردہ کار
کردی خوردی زندگی کردن (ف) جو کمایا سو کھایا ۔
کردی و مُردی (ف) اس کام کے کرتے کے ساتھ ہی تمہیں کوئی ضرر اور نقصان پہنچے گا ۔ احتیاط ۔
کرزمان / کرزمان } (ف) آسمان ۔ عرش ۔
کرزہ (ف) کیاریاں جو زراعت کے لیے تیار کی گئی ہوں ۔
کرزہ ماہ (ف) ایک خوشبودار گھاس ۔ کرزم ۔
کرس (ف) (۱) میل ۔ کپڑے کا میل (۲) گھنگریالے بال ۔
کرس (ع) گوبری ۔ مٹی اور گوبر ملا کر لپائی کرنا ۔
کرست (فرانسیسی) شکم بند ۔ عورتوں کا سینہ بند ۔
کرستون (ف) تولنے والا کنڈا ۔
کرسطوس (ف) (۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام (۲) انجیل کی لغت میں خدا کا نام ۔
کرسف (ع) پنبہ ۔ رُوئی ۔ فارسی میں کرشف بھی کہتے ہیں ۔
کرسنہ (ف) مٹر جو مشہور غلہ ہے ۔
کرسنہ (ف) کرس کا مرادف ۔ میل ۔ گھنگریالے بال ۔
کرسہ (ع) ہر چیز کی اصل (۲) گوبر وغیرہ ملا ہوا ۔
کرسی (ع) صندلی ۔ تخت ۔ چوکی (۲) آٹھواں آسمان ۔
کرسی خاک (ف) وہ مرغی جو انڈا دینے کے قابل نہ رہی ہو ۔
کرسی دار مجلس طور (ف) حضرت موسیٰ علیہ السلام ۔
کرسیدن (ف) فریب دینا (۲) فروتنی کرنا ۔
کرسی ذو سنارات (ع) بازوؤں والی کرسی ۔
کرسی شرف (ف) برج حمل ۔
کرسی شش گوشہ (ف) دنیا ۔ زمانہ ۔
کرش (ف) میل ۔ چرک ۔
کرش / کرش } (ف) جگالی کرنے والے جانوروں کی اوجھری جیسے آدمی کا معدہ ۔
کرش (ف) چاپلوسی ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔
کرشل (ف) (۱) خراٹے (۲) بالوں کی رسی ۔
کرشش (ف) خراٹے ۔ سوتے آدمی کے خراٹے ۔

Marfat.com

کُرشتہ (ف) کوڑا کرکٹ ۔ خس و خاشاک ۔
کِرِشم } (ف) آنکھ اور بھوؤں کا اشارہ ۔
کِرِشمہ } ناز ۔ غمزہ ۔
کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا ایں جا است (ف) جلوؤں کے اژدہام نے حیران بنا دیا ۔
کرشمہ کردن (ف) ناز کرنا ۔
کُرشہ (ف) کرش کا مرادف ۔
کُوشہ (ف) کرش کا مرادف ۔
کُرشہ (ف) کرش کا مرادف ۔
کُرشیدن (ف) فریب دینا ۔
کرشیوز (ف) افراسیاب کے داماد کا نام ۔ گرد ۔
کَرَع (ع) (۱) بیتہ کا کھڑا پانی (۲) نہر یا ندی میں منہ رکھ کر پانی پینا ۔
کِرِفت (ف) پلید ۔ نجس ۔ گندا ۔ کرفت کو کثفت بھی کہتے ہیں ۔
کَرَفس (ع) اجمود ۔ ایک مشہور دانہ جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے ۔
کَرفہ (ف) ثواب ۔ ثواب کا کام ۔
کرفہ گر (ف) نیکوکار ۔ اچھے کام کرنے والا ۔
کَرَک (ف) پالتو مرغا ۔ مرغی ۔ کبک (۲) آنکھ کی پتلی (۳) درخت کی ٹہنی ۔
کُرَک (ف) سلوٹے ۔ بُھیر ۔ (۲) چھت ۔ سقف ۔
کَرکام (ف) (۱) توانائی ۔ قوت (۲) مقصد ۔ مراد ۔
کرکر (ف) (۱) اللہ تعالیٰ (۲) بادشاہ (۳) صاحب اقبال (۴) صنوبر کا درخت ۔
کرکرانک (ف) نرم ہڈی ۔
کِرکِر کار کردن (ف) آہستہ آہستہ اور بے رغبتی سے کام کرنا ۔
کَرکَرہ (ع) ہوا کا بادلوں کو چلانا (۲) دُور کرنا (۳) ہنسنا (۴) مرغ کو آواز دے کر بلانا ۔
کَرکفیر (ف) کفگیر ۔ چمچہ ۔
کُرکُم (ف) (۱) اکسیر ۔ زعفران (۲) کمان ۔ قوس قزح ۔ دھنک ۔
کَرکَن (ف) ہولے ۔ گیہوں یا جَو کا گدرا ۔
کَرکَند (ف) یاقوت کے مشابہ ایک سُرخ رنگ کا پتھر ۔ عربی میں بھی کرکند ہی کہتے ہیں ۔
کُرکی (ع) کلنگ جو ایک مشہور پرندہ ہے ۔
کَرگ (ف) (۱) گنجا ۔ جس کے سر پر بال نہ ہوں (۲) وہ سر جس پر گنج کے سبب بال نہ ہوں ۔
کَرگ (ف) کرگدن کا مخفف ۔ گینڈا ۔
کَرگس (ف) گدھ جو مُردار خور پرندہ ہے (۲) تیتر ۔ دراج ۔
کرگسان } (ف) نسر طائر اور نسر واقع آسمان پر جو دو ستارے
کرگسان چرخ }
کرگسان فلک } کرگس کی شکل کے ہیں نسر کے معنی بھی کرگس یعنی گدھ ہیں ۔
کرگسان گردوں }

کرگس ترکش (ف) تیر ۔
کرگس فلک (ف) نسر جو ثوابت میں سے ایک مشہور ستارہ ہے ۔
کرگس کو ابسر افتاد کلاغان نیز منقارش زنند (ف) گرتے ہوئے کو ہر کوئی دولات مارہی جاتا ہے ۔
کرگوشی (ف) جان بوجھ کر بہرا یا بولا بن جانا اور کسی کی بات نہ سننا ۔
کَرَم (ع) (۱) جوانمردی ۔ سخاوت ۔ مروت (۲) عزیزی (۳) مردمی ۔ بزرگواری (۴) مہربانی ۔
کَرْم (ع) انگور کا درخت ۔
کَرْم (ف) سخت اندوہ ۔ بڑا غم ۔
کِرْم (ف) کیڑا ۔
کرم ابریشم (ف) ریشم کا کیڑا ۔
کِرمان (ف) کرم کی جمع ۔ کیڑے ۔
کرمان (ف) ایران کے جنوب مشرقی صوبہ کا نام ۔ جہاں اسی نام کا ایک شہر بھی ہے ۔ اس شہر کا زیرہ جسے زیرہ کرمانی کہتے ہیں نہایت نفیس ہوتا ہے اور فرش بھی یہاں بہت عمدہ بنتا ہے ۔
کرمان شاہ } (ف) عراق عجم میں ہمدان کے قریب ایک شہر ہے ۔
کرمان شاہان }
کرم بادامہ (ف) ریشم کا کیڑا ۔
کرم پلاس (ف) کسی کی عیب جوئی کرنے والا ۔
کرم پلاس بودن (ف) کسی کی عیب جوئی کے درپے ہونا ۔
کَرَم پیشہ (ف) جوانمردی ۔ سخی ۔ کریم ۔
کرم پیلہ (ف) ریشم کا کیڑا ۔
کرم پیلہ خود کفن خود می تند (ف) اپنی قبر آپ کھودنا ۔
کرم درخت از خود درخت است (ف) اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے ۔
کرم شب افروز } (ف) جگنو ۔ پٹ بجنا ۔ مشہور کیڑا جو رات کو
کرم شب تاب }
کرم شب چراغ } اڑنے میں چنگاری سا معلوم ہوتا ہے ۔
کرمک شب افروز }
کرمک شب تاب }
کرمک شب چراغ }
کرم دانہ (ف) سیاہ رنگ کا دانہ جو طب میں کام آتا ہے ۔
کرمک (ف) کرم کی تصغیر ۔
کرم کلہ (ف) ایک قسم کی گوبھی ۔
کرمند (ف) شتاب کار (۲) طاقتور ۔
کرمن و ارمن (ف) مغرب و مشرق ۔
کرمینہ (ف) بیالوجی کی اصطلاح میں حشرات کی ایک خاص حالت جس کو لاروا کہتے ہیں ۔

Marfat.com

کُرنا، کَرنا، کرنائے (ف) سرنائی۔ بگل۔ نرم۔ بڑی ترہی۔ نرسنگھا۔
کُرنب (ع) کرم کلا۔
کُرنب، کَرنبا (ف) کرم کلا۔
کُرنج (ف) سیاہ دانہ۔ حنظل اور زہر کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔
کُرنج (ف) چاول۔
گُرند، گُرندہ (ف) (۱) گھڑ دوڑ کا میدان (۲) لوگوں کا حلقہ (۳) گھوڑے کا ایک خاص رنگ (۴) رنگریزوں کی دیگ۔
کَرندہ (ف) جلاہے کا کوچ۔
کرنر (انگلش) کارنر۔ (CARNER) گوشہ — فٹ بال کی اصطلاح۔
کرنش (ف) فروتنی۔ تواضع۔
گُرنگ (ف) سُرخ رنگ کا گھوڑا۔
کَرو (ف) (۱) چھوٹی کشتی (۲) وہ دانت جس میں جگہ خالی ہو گئی ہو۔
گُرو (ف) افراسیاب کے داماد کا نام جو سیاوش کا ہم زلف اور اس کے قتل کرانے کا بڑا حصہ دار تھا۔
کُروب (ع) کرب کی جمع۔ رنج۔ غم۔ درد۔ دُکھ۔
کَرّوبی، کَروبی (ع) مقرب فرشتہ۔ معتبر فرشتگان۔
کَروبیاں (ع) کروبی کی جمع۔
گُرود، گَرود (ف) گہرا کنواں۔
کرور (ف) ایران کے محاورہ میں پانچ لاکھ اور ہندی محاورہ میں سو لاکھ۔
کُرور (ع) پھر جانا۔ لوٹ جانا۔ پلٹ جانا۔
گُروز (ف) نشاط۔ خوشی۔
کردس (ف) پہیلی۔ چیستان۔
کَروفر (ف) شان و شوکت۔ دھوم دھام۔
گُردکر (ع) شکرم۔ بگھی۔ گاڑی۔
کُروم (ع) کرم کی جمع (۱) انگور کے درخت (۲) رنج و غم۔
گُروہ (ف) کوس جو چار ہزار گز کا خیال کیا جاتا ہے۔
کَرویا (ف) ایک قسم کا رومی زیرہ جو ہاضم اور مقوی معدہ ہوتا ہے۔
کَرویہ (ف) نطق۔ ادراک۔
کَرہ (ف) (۱) کام کرنے سے ہاتھ پاؤں کا سخت ہو گیا ہوا چمڑا۔ چنڈی (۲) روئی اور میوہ کی پھپھوندی یعنی زنگار (۳) میل۔ چرک (۴) مکڑی کا جالا (۵) جھرو (۶) مکھن۔
کَرہ (ف) گالی۔ دشنام۔
کُرہ (ع) رنج۔ سختی۔ نارضامندی۔
کَرِہ (ع) مکروہ چیز۔ نامرغوب چیز۔
کُرہ (ع) (۱) گولا (۲) گیند۔
کُرّہ (ع) گدھے کا بچہ۔ گھوڑے کا بچہ۔ اُونٹ کا بچہ۔
کِرّہ (ع) کوڑا۔ چابک۔ تازیانہ۔ ہنٹر۔
کُرُہ (ف) کروہ کا مخفف۔ کوس۔
کُرہ (ع) ناملائمی۔ ناخوشی۔
کَرہ زدن (ف) مکھن لگانا۔
کَرہ گرفتن (ف) مکھن نکالنا۔
کُرۂ آب (ف) لہر۔ پانی کی موج۔
کُرۂ آب (ف) وہ پانی جو زمین کو گھیرے ہوئے ہو۔
کُرۂ ارض (ع) زمین۔ زمین جو گیند کی شکل پر ہے۔
کُرۂ لاجورد (ف) آسمان۔
کُرۂ ناکشاد (ف) گھوڑے کا وہ بچھیرا جس پر ابھی سواری نہ کی گئی ہو۔
کُرۂ وہم سوز (ف) آسمان۔
کُرہ بار روغن کردن (ف) احمقانہ کام کرنا۔ حماقت کرنا۔
کَری (ف) (۱) بہرہ پن (۲) مکڑی کا جالا۔
کَراے (ع) (۱) نیند کا آغاز (۲) مرغا۔ نر مرغ۔
کریاس (ع) محراب دار دروازہ۔ بالا خانہ۔
کُرُبان، کِریان (ف) قربانی۔ فدا۔ اپنے سے کسی کو فدا کرنا۔
کَرْبان (ع) خواب آلودہ۔ پینک میں پڑا ہوا۔
کَریچ، کَریچہ، کُریچہ، کَریز (ف) (۱) پرندوں کا پَر جھاڑنا (۲) چھوٹا سا گھر (۳) کسانوں کا وہ چھوٹا سا گھر جو کھیتی کی حفاظت یا کھلیان کی نگہبانی کے لیے بنا لیتے ہیں۔
کَریز (ع) وہ آواز جو مرتے وقت آدمی کے گلے سے نکلتی ہے۔
کَریزہ (ف) دیکھو کریچ۔
کَریزی (ف) پیر۔ بوڑھا۔ خمیدہ قامت۔ ٹیڑھی پشت والا۔ وہ پرندہ جس کے پَر کاٹ دیے گئے ہوں۔
کُرلیس، کَریس (ف) خوشامد۔ چاپلوسی۔ فریب۔
کرستال (فرانسیسی) کرسٹل۔ بلور۔ آئینہ۔ بلوری اشیاء۔
کریسمس (فرانسیسی) کرسمس عیسائیوں کا تہوار جو وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کی خوشی میں ۲۵ دسمبر کو مناتے ہیں۔
کرلیسیدن، کریسیدن (ف) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ فریب کرنا۔
کریشک (ف) (۱) مرغی کا چوزہ (۲) گڑھا (۳) جنگی آدمی۔
کریتغ (ف) کریز کا مرادف۔ پرندوں کا پَر جھاڑنا۔

Marfat.com

کریم (ع) (۱) گناہ بخشنے والا (۲) سخی۔ بزرگ۔
کریما (ف) اے کریم۔ اے سخی۔ اے خدا۔ ایک مشہور پند و نصائح کی نظم کی کتاب جو شیخ سعدی کی تصنیف ہے۔ جسے پند نامۂ سعدی بھی کہتے ہیں۔
کریمات (ع) کریمہ کی جمع۔
کریمان (ف) شہر کرمان کا دُوسرا نام۔
کریمانہ (ف) از رُوئے کرم۔
کریمہ (ع) سخی عورت۔ بزرگ عورت۔
کریہ (ع) (۱) مکروہ۔ ناپسند۔ بھونڈا۔ بدشکل (۲) ناخوش۔
کریہُ الصّوت (ع) بدآواز۔ بُری آواز والا۔
کریہُ المنظر (ع) بدشکل۔ بدصورت۔

## ک۔ ز

کز (ف) کم قیمت ریشم۔ کچا ریشم (۲) کج۔ خم۔
کز (ف) کزاز کا مخفف۔
کزابہ (ف) کجاوہ۔
کزاد / کزاو (ف) پُرانا کپڑا۔
کزاوہ (ف) کجاوہ۔
کزار (ف) حجام کا نشتر۔ پچھنے لگانے کا نشتر۔
کزبرہ (ف) ہرا دھنیا۔ کشنیز سبز۔
کزبود (ف) کدخدا۔ رئیس۔
کزیدن (ف) درخت کی زائد ٹہنیوں کو چھانٹ کر اسے خوبصورت بنانا۔
کزکردن (ف) غم کے مارے سر بزانو ہونا یا سردی کے مارے مضطر کر سر کو گھٹنوں میں دینا۔
کزر (ف) چارہ۔
کززدن (ف) چارہ چرائی۔
کزلک (ف) چاقو۔ چھوٹی چھری۔
کزم (ف) حوض یا نہر کے کنارے کا سبزہ۔
کزن (ف) (۱) دیہات (۲) عاشورہ میں بہت سے آدمیوں کا مجمع۔ (۳) مخنث۔ ہیجڑا۔
کزنہ (ف) لنگڑا جانور۔
کزرغ (ف) انسان یا کسی جانور کی گردن کا مہرہ۔

## ک۔ ژ

کژ (ف) (۱) کج۔ ٹیڑھا۔ خم (۲) کم قیمت کچا ریشم جس کا معرب قز ہے۔
کژ (ف) درخت کی جڑ۔
کژابرو (ف) ٹیڑھی بھوؤں والا۔ معشوق۔
کژاو (ف) پوٹا۔ پرندوں کی دانہ بھرنے کی تھیلی۔
کژاریدن (ف) پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
کژاژ (ف) پرندوں کا پوٹا۔ چینہ دان۔
کژ آغند / کژ آغندش / کژ آگند / کژ آگندش (ف) دیکھو کج آغند۔
کژاوہ (ف) کجاوہ۔
کژترازو (ف) کم تولنے والا۔ ڈنڈی مارنے والا۔ ٹیڑھی ترازو والا۔ بدمعاملہ۔
کژخاطر (ف) کج طبع۔ جو ناموزوں اور موزوں میں فرق نہ کر سکے۔
کژخر (ف) دیکھو کژ آغند۔
کژدم (ف) بچھو۔ عقرب۔
کژدم طاس آگول / کژدم فلک / کژدم گردوں / کژدم نیلوفری (ف) برج عقرب۔
کژدمہ (ف) وہ زخم اور پیپ جو ناخن کے جڑ میں پیدا ہو جاتی ہے اور بہت درد ہوتا ہے۔
کژزخمہ (ف) ٹیڑھی مضراب والا (۲) دغاباز۔ بدعمل۔
کژغان (ف) کڑاہی۔
کژک (ف) (۱) کجک۔ آنکس جس سے فیلبان ہاتھی ہلاتے ہیں۔ (۲) آنکڑا (۳) نقارہ کی چوٹ۔
کژگا / کژگاو (ف) دیکھو کژغا۔
کژمژزبان (ف) (۱) توتلا۔ تتلا۔ جس کی زبان سے صاف الفاظ نہ نکلتے ہوں (۲) غیر فصیح۔
کژہ (ف) (۱) گوشت کا وہ ٹکڑا جو آدمی کے حلق میں لٹکا ہوتا ہے (۲) قصاب کے گوشت لٹکانے کا آنکڑا (۳) آنکس۔ قلاب۔
کژی (ف) ٹیڑھا پن۔ ناراستی۔ کجی۔
کژیم / کژین (ف) کجین۔ برگستوان۔ جنگ کا لباس۔

## ک۔ س

کس (ف) (۱) آدمی۔ شخص۔ کوئی (۲) قاصد۔ فرستادہ (۳) لائق۔ عقل مند (۴) شریف۔
کُس (ف) فرج۔ عورت کی اندام نہانی۔ عورت کی شرمگاہ۔

Marfat.com

کس کار داشتن (ف) ہمکار و ہم قوم ہونا۔
کساء (ع) گدڑی۔ گلیم۔ کملی۔
کساد (ع) بے رواجی۔ متاع کی ناروا جی۔ عدم خریداری۔
کساد بازاری (ف) بازار کا مندا ہونا۔
کساد کردن (ف) مندا کرنا۔ بازار کا سرد کرنا۔
کساد شدن (ف) مندا ہونا۔
کسادی (ف) کساد کا مرادف۔
کساردن (ف) بمعنی گساردن۔ غم کھانا۔
کس از مادر و جیہہ نزاد (ف) کوئی ماں کے پیٹ سے صاحب وقار پیدا نہیں ہوتا۔
کسال (ف) فراق۔ جدائی۔ دُور۔
کسالت (ع) سستی۔ سُست ہونا۔
کسالت آور (ف) بیماری لانے والا۔
کسالت داشتن (ف) ہُنرمند ہونا۔
کساں (ف) کس کی جمع۔ لوگ۔
کسائی (ع) قرآن مجید کے سات قاریوں میں سے ایک قاری کا نام۔
کُسب (ع) کنجارہ۔ کھل۔
کسب خیر (ع) ثواب کمانا۔ نیکی حاصل کرنا۔
کسب داشتن (ف) ہُنرمند ہونا۔
کسب کردن (ف) کام سیکھنا۔
کسبہ (ع) کاسب کی جمع۔ اہل حرفہ۔ پیشہ ور لوگ۔
کسبی (ع) (۱) ہُنرور۔ پیشہ ور۔ ہُنر والا۔ مجازاً بازاری عورت۔ فاحشہ عورت۔
کس بے کساں خدا است (ف) بے کسوں کی مدد خُدا کرتا ہے۔
کسپرج (ف) مروارید۔ موتی۔
کس پیش آفتاب مشعلی نبرد (ف) سُورج کو چراغ کوئی نہیں دکھاتا۔
کُستن (ف) کوفتن۔ کوٹنا۔
کُستہ (ف) کوٹا ہوا۔ کوفتہ (۲) غلہ جس سے بھوسا جُدا نہ کیا گیا ہو۔
کُستی (ف) کشتی۔ باہم زور آزمائی کرنا۔
کس خانہ (ف) صاحب خانہ۔
کسر (ع) (۱) شکستگی۔ توڑنا (۲) زیر جو حرکات ثلاثہ میں سے ایک حرکت ہے (۳) اکائی کے کئی برابر حصوں میں سے ایک یا کئی حصے۔
کِسَر (ع) کسرہ کی جمع۔ حصے۔ ٹکڑے۔
کسر حالت (ع) شکستہ حالی۔ بدحالی۔ مفلسی۔
کسر شان (ع) بے وقری۔ شان کی کمی۔
کسر عام (ع) وہ کسر جس کا نسب نما عام ہو۔
کس را و خوف نیست انجام کار چیست (ف) کسی کو خبر نہیں کہ آخر کیا بنے گا۔
کَسرہ (ع) زیر کی حرکت جیسے دِل کی دال کے نیچے۔
کِسریٰ (ع) خسرو۔ شاہانِ ایران کا لقب۔ خصوصاً نوشیرواں کا لقب۔
کِسَف
کِسْف (ع) کِسفہ کی جمع۔ ٹکڑے۔ حصے۔
کِسفہ (ع) کسی چیز کا ٹکڑا۔
کس کش (ف) دیوث۔ بھڑوا۔ دلّا۔
کَسَل (ع) سستی۔ کاہلی۔
کَسِل
کسلان (ع) سُست۔ کاہل۔
کسلیٰ (ع) کسلان کی جمع۔
کسمہ (ف) وہ بال جنہیں عورتیں زلف سے کاٹ اور خم دے کر رخساروں پر رکھتی ہیں۔
کس نافہ ارمغان نبرد جانب خطا (ف) اُلٹے بانس بریلی۔
کس نباشد در سرا موش باشد کدخدا (ف) اندھوں میں کانا راجہ۔
کس نخارد پشت من جز ناخن انگشت من (ف) خود کام کرنے کی بات ہی اور ہے یعنی آپ کاج مہا کاج۔
کُسندر (ف) نااہل۔ نالائق۔
کُسنی (ف) کاسنی کا مخفف۔
کسوت (ع) لباس۔ پوشاک۔
کسوت جان دادن (ف) زندگی بخشنا۔ زندہ کرنا۔ خاصیت بخشنا۔
کسوت خام (ف) کچے چمڑے کا لباس۔
کسوہ دادن (ف) ضروری لباس اور کپڑے اپنی اہلیہ کو مہیا کرنا۔
کسوت کافوری (ف) برف۔
کسوت کری کردن (ف) ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں ادا کرنا۔ ترجمہ کرنا۔
کُسور (ع) کسر کی جمع۔ ٹکڑے۔ حصے۔ ناکافی کے حصے۔
کسور (ف) کسی چیز کو اپنے پاس محفوظ رکھنا۔ صرفہ کرنا۔
کسوف (ع) (۱) بدحال ہونا (۲) چاند یا سُورج کے گہن لگنا (۳) عرف عام میں صرف سُورج کے گہن کے لیے استعمال ہوتا ہے اور چاند گہن کو خسوف کہتے ہیں۔ سُورج گہن۔
کسوف جزئی (ف) سُورج کے تھوڑے حصے کو گرہن لگنا۔
کسوف کُلی (ف) پُورا سورج گرہن۔
کس نگوید کہ دوغ من ترش است (ف) کنجڑا اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتا۔ ہر شخص اپنی چیز کی تعریف کرتا ہے۔
کس و کو
کس و کوے (ف) قریبی لوگ۔ متعلقین۔ اہل و عیال۔ رفقا۔ اقربا۔ یار دوست۔
کسے (ف) کوئی آدمی۔ کوئی شخص۔ نامعلوم شخص۔
کسے را بگور کسے نگزارند (ف) کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا۔
کسے (ف) ضمیر متکلم اور ضمیر مخاطب کے لیے آتا ہے۔ بمعنی "میں" اور "تم" فطرت شیرازی کا شعر ہے ؎

Marfat.com

آخر اے بیداد گر روز جزا خواہد شدن
مے رسد دست کسے آخر بداماں کسے

دوسرے مصرعہ کے معنی یہ ہیں کہ آخر میرا ہاتھ قیامت کے روز انصاف خواہی کے لیے، تمہارے دامن کو پکڑ لے گا اس مصرعہ میں پہلا "کسے" ضمیر متکلم ہے اور دوسرا "کسے" ضمیر مخاطب۔

کسید
کسیدہ } (ع) متاعِ بے رواج۔ کھوٹی چیز۔

کسیف (ع)، (۱) پنہاں۔ پوشیدہ (۲) بدحالی۔ (۳) ترشرو۔

کسیل (ف)، (۱) نامزد کرنا (۲) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۳) دفع کرنا۔ دفع کرنا۔

## ک - ش

کش (ف)، کشیدن مصدر سے امر۔ کھینچ (۲) کھینچنے والا (۳) حقہ یا سگریٹ کا دم۔

کش (ف)، (۱) گوشہ۔ کونہ (۲) سینہ (۳) کمر (۴) بغل (۵) بغل میں ہاتھ رکھنا۔

کش (ف)، کر اور ا کے معنی دیتا ہے (۲) پالتو مرغ کو ہٹانے کے لیے امر (۳) حریف کے مہرے کے خانہ سے بادشاہ کو اٹھانے کے لیے امر (۴) لکھی ہوئی عبارت کو باطل کرنے کا خط۔

کش (ف)، (۱) خوب۔ خوشنما (۲) نازکی چال۔

کش دادن سخن (ف)، بات لمبی کرنا۔

کش دار (ف)، ٹیک دار۔ مبہم۔

کش رفتن (ف)، چھین لے جانا۔ چوری ہو جانا۔

کش (ف)، کشتن مصدر کا امر۔ مار ڈال (۲) مفعول بہ کے ساتھ ترکیب پانے سے مار ڈالنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے محسن کش۔

کشا (ف)، (۱) کشادن مصدر کا امر۔ کھول (۲) مفعول بہ سے ترکیب پانے سے کھولنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے مشکل کشا۔ دل کشا۔

کشاد (ف)، کشادن کا ماضی (۱) کشادہ۔ فراخ۔ کھلا (۲) فتح (۳) خوشی (۴) تیر چھوڑنا۔

کشادان (ف)، مقصود پر پہنچنا۔ درِ مقصود کھول دینا۔

کشادِ کار (ف)، مقصد بر آنا۔ مشکل حل ہونا۔

کشادگی (ف)، پھیلاؤ۔ وسعت۔

کشادن (ف)، (۱) کھلنا (۲) کھولنا۔

کشادن بخت (ف)، نصیب جاگنا۔ با اقبال ہو جانا۔

کشادن در (ف)، دروازہ کھول دینا۔

کشادن عالم (ف)، تمام عالم پر قبضہ کرنا۔

کشادہ (ف)، کھلا ہوا۔ کھلا۔ وسیع۔

کشادہ پیشانی
کشادہ جبین } (ف)، ہنس مکھ آدمی۔ خندہ روئے۔

کشادہ دل (ف)، خوش دل۔ سخی۔ فراخ دل۔

کشادہ رو
کشادہ روئے } (ف)، ہنس مکھ آدمی۔

کشادہ روئی (ف)، بشاشت۔

کشادہ زبان (ف)، خوش بیان۔ فصیح۔ لیکچرار۔

کشادہ زلف (ف)، (۱) محبوب (۲) مجذوب۔

کشادہ کف (ف)، سخی۔ کریم۔

کشادہ یافتن (ف)، چھوٹنا۔ کھلنا۔ رہائی پانا۔

کشادہ یافتن توپ (ف)، توپ کا سر ہونا۔ توپ کا چھوٹنا۔

کشاف (ع)، (۱) بہت کھولنے والا۔ بڑا پردہ اٹھانے والا۔ بڑا ظاہر کرنے والا (۲) قرآن مجید کی تفسیر کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

کشاکش (ف)، (۱) ذ مالش (۲) پے درپے۔ چھینا جھپٹی کھینچا تانی (۳) غم والم (۴) اضطراب۔ بے قراری۔

کشاکش روزگار (ف)، حوادث زمانہ۔

کشالہ (ف)، کشش۔ دم۔

کشان (ف)، (۱) کھینچتے ہوئے (۲) کھینچنے والا۔

کشان (ف)، ایک چوب والا خیمہ۔

کشاندن (ف)، کسی چیز کو ایک طرف سے کھینچنا اور لے جانا۔

کشاندہ (ف)، جو کسی چیز کو ایک جانب سے کھینچے۔

کشاں کشاں (ف)، کھینچتے ہوئے۔ جلد جلد راہ چلنا۔

کشانی (ف)، کشانیہ کی طرف منسوب سمرقند کے قریب ایک شہر کا نام کشانیہ ہے۔

کشاورز (ف)، مزارع۔ کسان۔ دہقان۔

کشاورزی (ف)، زراعت۔ کھیتی باڑی۔

کشائش (ف)، کشادگی۔ فراخی۔

کشائے (ف)، کشادن مصدر سے امر۔

کشت (ف)، مٹا دینا۔

کشت (ف)، (۱) کھیتی (۲) شاہ شطرنج کا ایسے خانہ میں ہونا کہ اگر اس خانہ میں اس کے سوا کوئی اور مہرہ ہوتا تو مارا جاتا۔

کشتار (ف)، ذبح کیا ہوا۔ بسمل۔ مذبوح۔ پھڑکتا ہوا۔ (۲) قصاب کا بکری ذبح کرنا (۳) ذبح کی ہوئی بکری (۴) خونریزی۔ قتل عام۔

کشتار کردن (ف)، ذبح کرنا۔

کشتار گاہ (ف)، مذبح۔ ذبح کرنے کی جگہ۔

کشتاسب (ف)، گشتاسپ۔

کشتبان (ف)، مزارعہ۔ کسان۔

کشت زار (ف)، کھیت۔

کشت زار دیو (ف)، دنیا۔

Marfat.com

کِشت کار (ف) مزارعہ ۔ کھیتی کرنے والا ۔
کِشت کاری (ف) زراعت کرنا ۔ کھیتی کرنا ۔
کُشتگاں (ف) کشتہ کی جمع ۔ قتل کیے ہوئے ۔
کُشتگانِ زندہ (ف) شہید لوگ ۔
کِشتن (ف) بونا ۔ بیج ڈالنا ۔
کُشتن (ف) مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔
کُشتن گاہ (ف) مذبحہ ۔
کشتو (ف) گدرا انگور ۔ گدرایا ہوا انگور ۔
کِشت ورز (ف) مزارعہ ۔ کسان ۔
کِشت ورزی (ف) زراعت ۔ کھیتی باڑی ۔
کشتہ (ف) (۱) شفتالو ۔ زردآلو یا آلو بخارا یا خوبانی وغیرہ میوے جن کی گٹھلیاں نکال کر خشک کر لیا گیا ہو (۲) آحول ۔ بھینگا ۔
کشتہ (ف) (۱) بویا ہوا (۲) ایک مرکب خوشبو کا نام جو صندل ۔ مسک ۔ لوبان اور گلاب کی ترکیب سے بنتی ہے اور آگ پر جلانے سے خوشبودار دھواں دیتی ہے ۔
کُشتہ (ف) (۱) قتل کیا ہوا ۔ مار ڈالا ہوا (۲) مجازاً عاشق (۳) کوئی دھات یا زہریلی شے آگ میں جلا کر کھانے کے قابل بنائی ہوئی ۔
کشتی (ف) (۱) ناؤ ۔ جس کے ذریعے دریا عبور کرتے ہیں ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اصل میں گ سے گشتی یعنی پھرنے والی دریا کے وار پار جانے والی ہے (۲) شراب کا پیالہ (۳) رکابی ۔ پلیٹ ۔
کُشتی (ف) باہمی زور آزمائی ۔ پہلوانوں کی لڑائی ۔ اصل میں کُشتی تھا مگر اب شین کا استعمال ہو گیا ہے ۔
کُشتی (ف) زنّار ۔ جنیو ۔
کشتی بادبان شُدن (ف) کشتی روانہ ہو جانا ۔
کشتی باری (ف) مال و اسباب لے جانے والا جہاز ۔
کشتی بان (ف) ملاح ۔ کھیوا ۔
کشتی بخار (ف) سٹیمر ۔ اگن بوٹ ۔
کشتی بخشک بستن (ف) از حد بخیل اور کنجوس ہونا ۔
کشتی بخشکی راندن (ف) سعی لاحاصل ۔
کشتی برآب انداختن (ف) چلنے کو تیار ہونا ۔
کشتی بر ساحل زدن (ف) ناؤ کو کنارے پر پہنچانا ۔
کشتی جنگی (ف) جنگی جہاز ۔
کشتی راندن (ف) کشتی چلانا ۔
کشتی روندۂ صبح (ف) اُونٹ ۔
کشتیٔ زر (ف) (۱) ہلال (۲) سورج ۔
کشتیٔ زرہ پوش (ف) لوہے سے منڈھی ہوئی کشتی جنگی جہاز آہن پوش ۔ ڈریڈ ناٹ ۔
کشتیٔ شراعی (ف) بادبانی جہاز ۔ وہ کشتی جس میں ہوا کے لیے پردے لگے ہوتے ہیں ۔
کشتیٔ شکستگاں را بر نوح ناخدا نیست (ف) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ۔

کشتیٔ غم (ف) دُنیا ۔
کشتی قدر بودن (ف) کشتی کا برابر ہونا ۔
کشتی کش (ف) (۱) ملاح (۲) شراب خوار ۔
کشتی گاہ (ف) بندرگاہ ۔ ساحل ۔ پتن ۔
کشتی گیر (ف) کشتی پکڑنے والا ۔
کشتی مسافری (ف) مسافر بردار جہاز ۔
کشتی ہوائی (ف) ہوائی جہاز ۔
کشح (ع) کمر ۔ کوکھ ۔
کشنج (ف) وہ رسی جس کے ساتھ انگور کے خوشے کو لٹکا دیتے ہیں تاکہ وہ ہوا کھائے اور خشک ہو جائے ۔
کشخان (ف) بھڑوا ۔ دیوث ۔
کَشر (ع) دانتوں کا ظاہر کرنا ۔ دانت پیسنا ۔
کش زدن (ف) حریف کی گردن میں ہاتھ ڈال کر یکبارگی زور کر کے زمین پر پچھاڑ دینا ۔
کُشش (ف) کوشش کا مخفف ۔
کَشش (ف) (۱) کھینچنا ۔ جذب کرنا (۲) رغبت ۔ میل ۔
کششِ اتصال (ف) وہ قوت جو اجسام کے اجزائے قریبہ سے باہم پیوستہ رکھنے میں اثر کرتی ہے ۔
کششِ انابیب شعری (ف) وہ قوت جس کے باعث مائعات اپنی ہموار سطح سے بلندی پر چڑھ جاتے ہیں جیسے بتی میں تیل چڑھتا ہے ۔
کششِ ثقل (ف) وہ قوت جو اجسام کو بہ ہیئت مجموعی فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے ۔
کششِ زمین (ف) زمین کی وہ کشش جو ہر چیز کو مرکز زمین کی طرف مائل کرتی ہے ۔
کششِ کہربائی (ف) کہربا کی ڈلی کو ریشمی کپڑے پر رگڑیں تو اس میں ہلکی ہلکی چیزوں کو اپنی طرف کھینچنے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے ۔
کششِ کیمیائی (ف) وہ قوت جس سے دو یا دو سے زیادہ اشیاء مختلف خواص کے ملنے سے ایک نئی چیز پیدا ہو جاتی ہے ۔
کَشَف (ع) (۱) کچھوا ۔ سنگ پشت (۲) برج سرطان ۔
کشف (ع) (۱) کسی چیز سے پردہ اُٹھا دینا ۔ برہنہ کرنا ۔ کھولنا ۔ ظاہر کرنا (۲) وہ درجہ جس میں غیب کے اسرار کھل جاتے ہیں ۔
گُشفتہ (ف) پریشان ۔ پراگندہ ۔
کشف رُود (ف) ایک نالے کا نام جس کے کنارے سام نے ایک اژدہا مارا تھا ۔
کشف شُدن (ف) ظاہر ہونا ۔
کشف کردن (ف) ظاہر کرنا ۔
کشفِ طبی (ع) ڈاکٹری معائنہ ۔
کُشک (ف) کوشک کا مخفف ۔ محل ۔ قصر ۔
کِشک (ف) چوکیداری ۔ پاسبانی ۔ دربانی ۔
کشکاب / کشکاذ (ف) آشِ جو ۔ مقشر جو کا پکا کر نکالا ہوا پانی جو بیمار کو پلاتے ہیں ۔

Marfat.com

کشکی / کشکدار } (ف) چوکیدار۔ پاسبان۔
کشکرک (ف) زاغ دشتی۔ جنگلی کوا۔ عقعق جو مشہور پرندہ ہے۔
کشکشاں (ف) کشاں کشاں کا مخفف۔
کشکلہ (ف) ایک قسم کی جوتی۔
کشکنجیر (ف) قلعہ کی دیوار کو توڑنے والا آلہ۔ محل کو سوراخ کرنے والا۔ توپ کلاں۔ توپ کا گولہ۔ منجنیق جس سے قلعہ کی دیوار توڑی جائے۔
کشکو (ف) آش جو۔
کشکول (ف) بھیک مانگنے کا پیالہ۔ گداگروں کا کاسہ۔ فقیروں کی کشتی۔
کشکول گدائی (ف) کاسۂ گدائی۔
کشکہ (ف) ایک قسم کی جوتی۔
کشکہائے پرتو (ف) شعاع کے خط۔
کشکین / کشکینہ } (ف) دیکھو کشکنہ۔
کشمان (ف) گاؤں کے ساتھ کی زمین جس میں کھیتی باڑی کرتے ہیں۔
کشمر (ف) کاشمر۔ خراسان کے ایک گاؤں کا نام (۲) ترکستان کے ایک شہر کا نام۔
کشمش (ف) سوکھی ہوئی راکھ۔
کشمش آفتابی (ف) وہ انگور جسے دھوپ میں سکھایا جائے۔
کشمکش (ف) پے درپے فرمائشیں (۲) فتنہ و فساد (۳) رنج و الم۔
کشمکش داشتن (ف) بحث و تمحیص کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔
کشمیر (ف) کاشمر یا کشمر جو ترشیز کے قریب ایک گاؤں ہے (۲) وادی کشمیر پاکستان کے شمال میں کوہستان کے درمیان ایک نہایت سرسبز اور پُر فضا وادی ہے جسے جنت نظیر کہنا بجا ہے۔ اس کا پایہ تخت سرینگر ہے اور بارہ مولا۔ اسلام آباد۔ کلگام۔ پہلگام۔ گلمرگ۔ گاندربل۔ ہاروں۔ ٹمن۔ عیش مقام۔ اچھابل۔ ویری ناگ وغیرہ اس کے مشہور مقامات ہیں۔
کشمیری (ف) منسوب بہ کشمیر۔ کشمیر کا باشندہ۔ کشمیر کی زبان۔ کشمیر کی کوئی شے۔
کشنر (ف) (۱) پیاسا۔ تشنہ (۲) گرسنہ۔ بھوکا۔
کشنیج۔ کشنیز (ف) دھنیا۔
کشنیزہ (ف) داکھ کا ہرا پھل جو شروع میں کشنیز کے دانہ کے برابر ہوتا ہے۔
کشو (ف) میز کی دراز۔
کشواد (ف) کیکاؤس کے ایک پہلوان کا نام۔
کشوث (ع) کشوث۔ ایک مشہور دوا ہے۔
کشودن (ف) (۱) کھلنا۔ کھولنا۔
کشودہ (ف) کھلا ہوا۔ کھولا ہوا۔

کشودہ شدن ابر (ف) بادل کا کھل جانا۔ بادل کا پھٹ جانا۔
کشور (ف) اقلیم۔ ملک۔ ولایت۔
کشور بہم زدن (ف) ملک کو تباہ و برباد کر دینا۔
کشورزر (ف) بزرگ۔
کشور خدا / کشور کشا / کشور گیر } (ف) بادشاہ۔
کشورستان (ف) کشورکشا۔ وہ شخص جو کسی ملک کو فتح کرے۔ فاتح۔
کش و فش (ف) کرّوفر۔ شان و شوکت۔
کشہ (ف) وہ سیون جس پر جالان ڈالا ہوا ہو۔
کشہ (ف) (۱) وہ خط جو قلم یا انگلی وغیرہ سے کسی چیز پر کھینچا جائے۔ (۲) آسانی (۳) گدا (۴) چوپائے کا تنگ۔
کشہ (ف) نوشت و تحریر خواہ کسی زبان میں ہو۔
کشی (ف) (۱) خوشی (۲) صحت۔ تندرستی (۳) ناز و انداز سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔
کشی رفعی و بچہ اش پروری (ف) سانپ کو مارنا اور سپولیے کو پالنا۔
کشیخان (ف) دیوث۔ بھڑوا۔
کشیدن (ف) کھینچنا۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔
کشیدہ (ف) (۱) کھینچا ہوا (۲) کھینچا ہوا (۳) موزوں۔ آراستہ۔ (۴) دراز۔ بلند (۵) خفا۔ رنجیدہ (۶) کپڑے پر سوئی وغیرہ کا کام۔
کشیدہ زدن (ف) تھپڑ مارنا۔
کشیدہ قامت (ف) بلند قامت۔ لمبے قد والا۔ موزوں قد والا۔
کشیدہ کمر (ف) آمادہ۔ مستعد۔
کشیش (ف) اس کا معرب قسیس ہے۔ لاٹ پادری۔ عیسائیوں کا مذہبی پیشوا۔
کشیشان (ف) کشیش کی جمع۔
کشیک (ف) پہرہ۔ چوکی۔
کشیک خانہ (ف) تھانہ۔ پولیس اسٹیشن۔
کشیک دادن (ف) پہرہ دینا۔

## ک ۔ ظ

کظ (ع) وہ آدمی جو کسی کام میں رنج و تکلیف اٹھا چکا ہو۔
کظاظ (ع) غم۔ تکلیف۔ مصیبت۔
کظامہ (ع) (۱) دو ایسے اکٹھے کنویں جن کے پانی نکلنے کی راہ ایک ہو (۲) ترازو کی ڈنڈی کا حلقہ جس میں ڈوریاں باندھی جاتی

Marfat.com

ہیں (۳) کمان کی دوال۔

کظّت (ع) (۱) پُر ہونا (۲) معدہ کا پُر ہونا۔

کُظْر (ع) عورت کی شرمگاہ کا کنارا۔ گردہ کی چربی۔ وہ جگہ جو گردہ نکالنے کے بعد خالی رہ جائے۔

کظم (ع) غصہ پی جانا۔

کظوب (ع) خوب موٹا ہونا۔

کظوم (ع) (۱) چپ رہنا (۲) اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔

کظّہ (ع) معدہ کا پُر ہونا۔ بدہضمی۔

کظیظ (ع) وہ آدمی جو کسی کام میں رنج و تکلیف اُٹھا چکا ہو۔

کظیم (ع) غصہ پی جانے والے۔

## ک ۔ ع

کعاب (ع) کنواری لڑکی جس کے پستان اُبھرے ہوئے ہوں۔ نار پستان۔

کعب (ع) (۱) ٹخنہ (۲) پانسہ جس سے جوا کھیلا جاتا ہے (۳) گرہ جو بانس کی پوروں میں ہوتی ہے (۴) ہر بلند شے (۵) شرف۔ بزرگی (۶) کسی عدد کا تیسرا حصہ (۷) کعب بن زبیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مداح کا نام۔

کعبتین (ع) قمار بازی کے دو پانسے جو چوکور ہڈی کے شش پہلو ہوتے ہیں اور ہر پہلو پر ایک سے چھ تک عدد کھدے ہوتے ہیں۔

کعبتین انداختن } (ف) پانسہ پھینکنا۔ جوا کھیلنا۔
کعبتین غلطانیدن }

کعب غزال (ف) بتاشہ۔ شکر پارہ۔

کعبہ (ع) (۱) مرتفع۔ بلند (۲) ہر مربع مکان (۳) بیت اللہ۔ مکہ معظمہ۔ قبلہ۔ کیونکہ کعبہ کی بنا زمین سے بلند ہے یا از روئے مراتب کعبہ رفیع الشان مکان ہے (۴) پانسہ۔

کعبہ آمال (ف) دردمندوں کی پناہ گاہ۔

کعبہ جان (ف) مراد و مقصود۔

کعبۂ ہماں گرد }
کعبۂ زرنشرد } (ف) آفتاب۔
کعبہ محرم نشاں }

کعک (ع) کیک کا معرب۔ روغنی ٹکیہ۔

کعکات (ع) کعک کی جمع۔ کیک۔ کلیچے۔

کعوب (ع) عورت کی چھاتی ابھار کی مانند۔

کعوبت (ع) (۱) نحوست۔ بدنصیبی۔ خواری۔ سختی۔ دشواری۔ (۲) بلندی۔

کعیب (ع) بلبل۔ عندلیب۔

## ک ۔ ف

کف (ف) (۱) ہتھیلی (۲) پاؤں کا تلوا (۳) جھاگ۔ پھین (۴) سوختہ جسے چقماق سے آگ لگاتے ہیں۔

کَف (ع) ہتھیلی۔ پنجہ۔

کفّ (ع) (۱) باز رہنا (۲) باز رکھنا۔ روکنا۔

کُفّ (ع) مثل۔ نظیر۔ مانند۔

کف (ع) کاغذ کا دستہ۔

کفاء (ع) کف کی جمع۔ مانند۔ نظیر۔ مثل۔

کفا (ف) رنج۔ تنگی۔ محنت۔

کفاء (ع) (۱) جزا دینا (۲) ایک کو دوسرے کی مانند ہونا (۳) توانائی (۴) دامن خیمہ۔

کفائی (ف) کافی ہونے والا۔ واجب کفائی کا مطلب ہوتا ہے ایسا فرض جو لازم تو سب پر ہو لیکن اس کی ادائیگی اگر چند افراد کی طرف سے ہو بھی جائے تو کافی ہو جیسے نماز جنازہ فرض کفائی ہے کیونکہ محلے کے چند افراد بھی یہ فرض ادا کر دیں تو پورے محلے کے لوگ اس فرض سے سبکدوش ہو جاتے ہیں۔

کف آبگینہ (ف) پگھلے ہوئے کانچ یا شیشہ کی جھاگ جو بصارت کے لیے مفید ہوتی ہے۔

کُفات (ع) کافی کی جمع۔ کارگزار لوگ۔ دانا لوگ۔

کُفّار (ع) کافر کی جمع۔ منکر لوگ۔

کفّار (ع) گناہوں کو چھپانے والا۔

کفّارۃ } (ع) وہ خیرات وغیرہ جو گناہوں کو مٹا دے۔ عوض گناہ۔
کُفّارہ }

کفاف (ع) اندازہ۔ اتنی معاش جو کفایت کرے۔ روزمرہ کا خرچ۔

کفالت (ع) کفیل ہونا۔ ضامن ہونا۔ ذمہ داری۔ اپنے ذمے کوئی کام لینا۔

کفانہ (ف) وہ ناتمام بچہ جو ماں کے پیٹ سے گر پڑے۔

کفانیدن (ف) چیرنا۔ پھاڑنا۔

کفات (ع) ہم شکل ہونا۔

کفایت (ع) (۱) کافی ہونا۔ بس ہونا (۲) نفع لینا۔

کفایت شعار (ع) کم خرچ کرنے والا۔ سوچ سمجھ کر خرچ کرنے والا۔

کفایت کردن (ف) (۱) کافی ہونا (۲) دور کرنا۔

کفایہ (ع) دیکھو کفایت۔

کف بیضا (ع) ید بیضا۔

کف بیع کشادن (ف) دلال کے ساتھ سودے کا معاملہ کرنا۔

کف پا (ف) تلوا۔ پاؤں کا تلوا۔

کف پائے خوردن (ف) پاؤں کے تلووں پر سزا دینا۔

Marfat.com

کف پیش کسے گشادن (ف) کسی سے سوال کرنا۔
کُفت (ف) کتف کا مقلوب۔ کندھا۔ شانہ۔
کُفت (ف) کوفت کا مخفف۔
کُفتار (ف) (۱) بجّو۔ ہنڈار جو ایک درندہ جانور ہے (۲) ڈائن۔ جادوگرنی۔
کُفتر (ف) کبوتر۔
کفتن (ف) (۱) چیرنا۔ پھاڑنا۔ شق کرنا (۲) شق ہونا۔ پھٹ جانا۔
کفتور (ف) کسی کام میں مستقل مزاجی سے لگے رہنا۔
کفتہ (ف) کبوتر۔
کِفتین (ع) کفہ کا تثنیہ۔ ترازو کے دونوں پلڑے۔
کفچ (ف) کفچہ کا مخفف۔ چمچہ۔
کفچل (ف) گھوڑے کا پٹھا۔ گھوڑے کا جوتڑ۔
کفچل پوش (ف) دُمچی۔
کفچلیز / کفچلیزہ } (ف) مینڈک کا بچہ جو پہلے غلاف میں ہوتا ہے اور بڑا ہو کر باہر نکلتا ہے۔
کفچہ (ف) چمچہ۔ کفگیر۔ ڈوئی۔
کف خرمن (ف) خرمن کی تہ۔
کفِ خضیب (ع) کف حنائی۔ رنگین ہتھیلی۔ مہندی لگی ہوئی ہتھیلی۔
کفِ دریا (ف) دریا کی جھاگ جو ہڈی کی مانند ایک سفید شے ہے اور بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔ سمندر سوکھ۔ سمندر جھاگ۔
کفِ دست (ف) ہاتھ کی ہتھیلی۔
کف دستی (ف) ہتھیلی مار کر سزا دینا۔
کف دست بوادادن (ف) کسی کام سے باخبر ہونا۔
کف دست را بوسہ کردہ ام (ف) مجھے غیب کا علم نہیں۔
کف دعا برداشتن / کف دعا گرفتن } (ف) دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔ دست بدعا ہونا۔
کُفر (ع) (۱) ڈھانپنا (۲) بڑا کوزہ۔
کُفر (ع) گون۔ گرنجو بیٹوں کا لباس یا لبادہ۔
کُفر (ع) (۱) کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا (۲) ناشکری کرنا (۳) اللہ تعالیٰ کو واحد نہ جاننا۔
کُفرا (ف) کھجور کا شگوفہ۔
کُفران (ع) ناشکری۔
کفران نعمت (ع) نعمت کی ناشکری۔
کفران نعمت کردن (ف) خدا کی دی ہوئی نعمتوں کی قدر نہ کرنا۔
کف رفتن (ف) چڑانا۔
کفر کسے بالا آمدن (ف) لال پیلا ہونا۔
کفر گفتن (ف) بے دینی کی باتیں کرنا۔
کف رواں (ف) وہ جانور جو پاؤں کی ہتھیلی پر چلیں جیسے ریچھ۔
کفرلاثا (ع) ایک قصبہ کا نام جو نواح حلب میں ہے۔
کفرہ (ع) کافر کی جمع۔ منکرین۔

کَفری (ع) کافر۔ بے دین۔
کُفرّی (ع) کھجور کا شگوفہ۔ چھوارے کا غنچہ۔
کفری شدن (ف) نہایت تنگ آجانا۔
کف زدن (ف) (۱) کھانا (۲) تالی بجانا۔
کف زناں (ف) تالیاں بجاتا ہوا۔
کف سفید (ف) سخاوت کے باعث مفلس ہوگیا ہو ایسا آدمی۔
کف سفید (ف) برف۔
کفش (ف) پاپوش۔ جوتا۔
کفش از پا افگندن / کفش از پا بیروں کردن } (ف) پاؤں سے جوتا اُتارنا۔
کفش جستہ (ف) نعل لگی ہوئی جوتی جس کی ایڑیاں اُونچی ہوتی ہیں۔
کفش پا را می شناسد (ف) آپ کسی کا جوتا بھول چوک سے پہن بھی لیں تو پاؤں فوراً بتا دے گا کہ یہ غلط جوتا ہے۔
کفش پا کردن (ف) جوتا پہننا۔
کفش پاک کن (ف) برش۔
کفش خواستن (ف) سفر کو تیار ہونا۔
کفش دار (ف) وہ شخص جو زیارت گاہوں اور عمومی مجلسوں میں لوگوں کے جوتوں کی نگرانی کرے کہ وہ چوری نہ ہوجائیں۔
کفش دریدن (ف) بہت تلاش اور طلب کرنا۔ بڑی کوشش کرنا۔
کفش دوز (ف) موچی۔
کفش (ف) وہ زمین جس میں پہلے کھیتی بوئی گئی ہو اور اب خالی پڑی ہو۔ جنگل۔
کفش راحتی (ف) گھر پر پہننے کا عام جوتا۔
کف شناس (ف) پامسٹ۔ ہاتھ کی لکیروں کا علم جاننے والا۔
کف شناسی (ف) ہاتھ کی لکیروں کا علم۔
کفش گر (ف) موچی۔
کفش نہادن (ف) (۱) مقام کرنا۔ ٹھہرنا (۲) سفر سے واپس آنا۔
کفش پارہ کردن (ف) بے حد جستجو کرنا۔
کفش بانت بندت (ف) تیری دوستی کو سلام ہے۔
کفشیر (ف) ٹانکا۔
کف غنچہ کردن (ف) کھلے ہوئے ہاتھوں کو بند کرنا۔
کفک (ف) جھاگ خواہ کسی چیز کی ہو۔
کف کردن (ف) (۱) کوئی چیز کھانا (۲) منہ میں پانی بھر آنا (۳) مارے غصہ کے منہ سے جھاگ نکلنا۔
کفگیر (ف) جھاگ اور میل اُتارنے کا سوراخ دار چمچہ۔ ڈوئی۔ چمچہ۔ کفچہ۔
کَفَل (ع) جوتڑ۔ سرین۔
کِفل (ع) (۱) شکرا۔ حصّہ (۲) اونٹ کی پیٹھ پر ڈالنے کا کمل۔
کفل پوش (ف) دُمچی۔
کفن (ع) مُردہ کا لباس جس میں میت کو لپیٹ کر دفن کرتے ہیں۔ اہلِ فارس فاء کو ساکن بھی استعمال کرتے ہیں۔

Marfat.com

کفن بر چوب کردن (ف) فریاد کرنا - (۲) داد خواہی کرنا۔
کفن پارہ کردن (ف) شدید مرض سے شفا پانا - سخت آفت و مصیبت سے رہائی پانا۔
کفن کردن (ف) کفن پہنانا۔
کفنی (ع) وہ کپڑا جو مُردے کے گلے میں پہناتے ہیں - فقیر لوگ اسی طرح کا بغیر سلائی کے کپڑا پہنتے ہیں۔
کفِ نیاز برداشتن (ف) دُعا کے لیے ہاتھ اٹھانا۔
کُفو / کُفوٗ } (ع) ایک خاندان کا - ہم جنس - ہم ذات - ہمسر - ہم نسب - برابر کا۔
کَفور (ع) کُفر کرنے والا - ناشکری کرنے والا - بڑا ناشکرا۔
کُفور (ع) ناشکری - ناشکری کرنا۔
کَفہ (ف) دف - دائرہ۔
کُفہ (ع) پیراہن کا حاشیہ۔
کَفہ (ف) نیم کوفتہ خوشہ جس میں دانہ موجود ہو - نیم کوفتہ کھلیان۔
کَفہ (ع) ایک شہر کا نام۔
کَفیار (ف) نیک کام کرنے کے لیے تکلیف برداشت کرنا۔
کَفیدن (ف) (۱) پھاڑنا - چیرنا (۲) پھٹنا۔
کفیدہ (ف) چرا ہوا - پھٹا ہوا۔
کفیل (ع) ضامن - ذمہ دار - دوسرے کے کام کو بخوشی اپنے ذمے لے لینا۔

## ک - ک

ککک (ف) (۱) کاک (۲) کیک - ایک قسم کی روغنی روٹی (۳) ایک قسم کی گھاس۔
کُکک (ف) کُڑک ہو گئی ہوئی مرغی - انڈے دینے کے بعد مُرغی کا بیٹھے رہنا۔
کُکک (ف) گھاس کی جڑ۔
کُکچہ (ف) بگولا۔
کُکمک (ف) چہرے یا بدن کے سیاہ داغ - چھائی۔
کُکہ / کُکی } (ف) آدمی کا پاخانہ - گُوہ۔

## ک - ل

کَل (ف) (۱) گنجا بھینگا (۲) ہر حیوان کا سر۔
کَل (ف) (۱) گنجا (۲) ناقص (۳) کوتاہ۔
کَل (ع) (۱) گنگ - گونگا (۲) اہل و عیال (۳) گرانی - بھاری بوجھ (۴) یتیم ہونا (۵) وہ شخص جس کا باپ ہو نہ بیٹا (۶) زبان کاکُند ہونا - (۷) آنکھ چندھیا جانا (۸) عاجز ہونا - (۹) تھک جانا۔
کُل (ف) (۱) کبڑا (۲) منحنی (۳) نہایت کوتاہ (۴) نہایت ناقص (۵) دیہات - گاؤں۔
کُل (ع) (۱) تمام - سب - جمیع - پورا - فارسی میں بلاتشدید مستعمل ہے۔
کِلا (ع) برائے تثنیہ آتا ہے یعنی ہر دو - لیکن بغیر اضافت کے استعمال نہیں ہوتا۔
کَلّا (ع) (۱) ایک ایسا حرف ہے جو پچھلے کلام کی تردید کے لیے آتا ہے یعنی ایسا ہرگز نہیں (۲) اور کبھی دُوسرے کے سخن کی تائید کے لیے آتا ہے - یعنی دُرست ہے ٹھیک ہے۔
کَلاء (ع) گھاس - ہری گھاس۔
کَلا / کلارُو } (ف) مینڈک۔
کلاب (ع) کلب کی جمع - کُتّے۔
کلابہ (ف) انٹی - اٹی - سُوت کی لکڑی - چرخے کی مال۔
کلانشت / کلانچشتہ } (ف) شہر مازندران کی شال۔
کُلاپیسہ (ف) لذتِ جماع کی زیادتی یا غصّہ و ضعف کی افزونی کے باعث آنکھوں کا پھر جانا کہ پتلی چھپ جائے۔
کَلات (ف) ترکستان کے ایک گاؤں کا نام جہاں کیخسرو اپنے باپ سیاوش کے مارے جانے کے بعد اپنی ماں فرنگیز کے ساتھ رہا کرتا تھا۔
کَلات (ف) (۱) قلات جو بلوچستان کی ایک ریاست کا پایہ تخت ہے (۲) کسی پہاڑ یا ٹیلے پر جو قلعہ ہو - چاہے آباد ہو - خواہ برباد۔
کَلاتہ (ف) کلات کی تصغیر (۱) پہاڑی پر کا چھوٹا سا قلعہ یا گاؤں (۲) محلّہ (۳) وہ گاؤں جس میں دکان کوئی نہ ہو۔
کلاجُو (ف) پیالہ۔
کلار (ف) مینڈک۔
کلاژ / کلاژہ } (ف) (۱) احول - بھینگا (۲) عقعق جو مشہور پرندہ ہے۔
کلاس (فرانسیسی) (CLASS) طبقہ - درجہ - مرتبہ - صنف - کلاس روم۔
کلاسمان (فرانسیسی) طبقہ بندی - ترتیب - نظم۔
کَلاسَنگ (ف) گوپیا - فلاخن۔
کلاسہ (ف) ہر وہ چیز جو چھجے کی بنی ہوئی ہو۔
کلاسیک (فرانسیسی) وہ سکول یا دبستان جو پرانی روش کے مطابق کام کرتا ہو - پرانا اسلوب۔
کلاش (ف) مکڑی - عنکبوت۔
کلاش خانہ (ف) مکڑی کا جالا۔
کلاشکن (ف) ایک قسم کا حلوا۔
کُلاغ (ف) جنگلی کوّا - پہاڑی کوّا جو سیاہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

کُلاغِ اَبلق (ف) مینا - جو مشہور پرندہ ہے۔
کُلاغ اِمسال است (ف) بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔
کُلاغ براِیم خبر آورد (ف) اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی۔
کُلاغ خواست راہ رفتن کبک را بیاموزد } (ف) کوا چلا ہنس کی
ورفتار خود را ہم فراموش کرد۔ } چال نہ اس کی چال
آئی اور نہ اپنی ہی چال یاد رہی۔
کُلاغ زَدَن }
کُلاغ گرفتن } (ف) طعنہ دینا - ہنسی اُڑانا - ہجو کرنا۔
کُلاغ سر لانۂ خود قار قار نمی کند (ف) اپنوں سے نفرت
اچھی نہیں ہوتی۔
کَلافہ (ف) (۱) انٹی - سوت کی لگڑی (۲) کشتی کا ایک داؤ۔
کَلافَ شُدن (ف) جی متلانا۔
کَلاک (ف) (۱) سر کی چوٹی (۲) سر کا درمیان (۳) جنگل جہاں زراعت
نہ ہوتی ہو۔
کَلال (ع) تکان - تھکن - اعضا کی سُستی۔
کُلال (ف) کمہار - مٹی کے برتن بنانے والا۔
کَلال (ف) سر کی چوٹی۔
کَلالہ (ع) وہ شخص جس کے وارثوں میں باپ اور بیٹا نہ ہو - (۲)
ضعیف (۳) ہارا ہوا۔
کُلالہ (ف) زلف پیچاں - گھنگریالی زُلف۔
کَلالیوہ (ف) حیران - سراسیمہ۔
کَلام (ع) (۱) بات (۲) بات کرنا (۳) وہ عبارت جو دو یا زیادہ
کلموں سے مرکب ہو۔
کلام اللہ (ع) اللہ کا کلام - قرآن مجید۔
کلامِ تام (ع) مکمل جملہ جس کے سُننے سے پورا مطلب سمجھ میں آ
جائے - جیسے زید رفت۔
کلامِ ناقص (ع) وہ جملہ جس کے سُننے سے پُورا فائدہ حاصل
نہ ہو - جیسے مردِ نیک۔
کلام نرم کَرْدن (ف) ملائم اور سنجیدہ گفتگو کرنا۔
کلامی (ع) منسوب بہ علم کلام - علم کلام وہ ہے جس سے
عقاید کو عقلی دلائل سے ثابت کیا جائے - اور کلامی وہ
شخص جس نے توحید عیانی کا ذوق نہ اُٹھایا ہو اور
دلیل کے ذریعے معرفت الٰہی کو پہنچا ہو۔
کلان (ف) (۱) بڑا بزرگ (۲) اُونچا - لمبا (۳) بہتر - (۴)
مہتر۔
کلان تَر (ف) (۱) بہت بڑا (۲) وزیر سے کم رتبہ کا امیر جو دیگر
سب عہدہ داروں سے بڑا ہو۔
کلان ترِ شہر (ف) شہر کا داروغہ۔
کلانتری (ف) تھانہ۔
کلان رَوضہ (ف) بزرگ روضہ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
روضہ۔

کُلان سال (ف) بوڑھا - سال خوردہ۔
کُلان کار (ف) جو شخص بڑے بڑے کام انجام دے۔
کَلانہ (ف) (۱) کھیتی (۲) چھوٹا سا گاؤں۔
کلانی (ف) (۱) بڑائی (۲) لمبائی۔
کلاو }
کلاور } (ف) مینڈک۔
کَلاوۂ چرخ (ف) آسمان کا منطقہ - آسمان کی گردش۔
کُلاہ (ف) ٹوپی - تاج۔
کلاہ احمد بر سرِ محمود (ف) احمد کی ٹوپی محمود کے سر۔
کُلاہ از سرِ خود برداشتن (ف) (۱) تعظیم کرنا - تواضع کرنا (۲)
فخر کرنا۔
کلاہ از سرِ کسے برداشتن (ف) کسی کا حال معلوم کرنا۔
کُلاہ افگندن (ف) تعظیم کرنا۔
کلاہ انداختن (ف) نہایت خوش ہونا۔
کُلاہِ بارانی (ف) بارش میں پہننے کی ٹوپی۔
کُلاہ بر آسمان انداختن (ف) نہایت خوش ہونا۔
کُلاہ برافراختن (ف) (۱) سر پر تاج رکھنا - بادشاہی کرنا (۲)
فخر کرنا۔
کلاہ بر سر نہادن (ف) اپنا اعتبار بڑھانا - اپنے آپ کو بزرگ
کرکے رکھنا۔
کلاہ برکشیدن (ف) تعظیم کرنا۔
کُلاہ بر کُلاہ کسے نہادن }
کُلاہ بر کلاہ کسے زَدَن } (ف) دعوے ہمسری کرنا - برابری کا دعویٰ
کرنا۔
کُلاہ بر ہوا انداختن }
کلاہ بہ ہوا انداختن } (ف) نہایت خوش ہونا۔
کلاہ پوستی (ف) پوستین کی ٹوپی۔
کلاہ پیشِ کسے نہادن (ف) عاجزی کرنا - اظہار اطاعت کرنا۔
تعظیم کرنا۔
کلاہِ چرخ (ف) (۱) آفتاب (۲) آسمان۔
کلاہ حصیری (ف) علفی ٹوپی۔
کلاہ خود را قاضی کَرْدن (ف) حق بات کہنا۔
کلاہ داری (ف) بادشاہی - سلطنت۔
کلاہِ زمین (ف) (۱) سورج (۲) چاند (۳) آسمان۔
کلاہِ زنگلہ (ف) وہ لکڑی کی گھنگرو والی ٹوپی جو کم بیچنے والے
دکاندار کے سر پر پہنا کر اُسے بازار میں پھراتے ہیں۔
کلاہِ سر کسے رفتن (ف) دھوکا کھانا - مال کا ہاتھ سے چلے جانا۔
کلاہ سر کسے گذاشتن (ف) کسی کو دھوکا دینا۔
کلاہ سلیمانی (ف) عمر عیار کی ٹوپی کہ جب اسے پہن لیتا تھا تو لوگوں
کی نظر سے پوشیدہ ہو جاتا تھا۔
کلاہ شکستن (ف) ترچھی ٹوپی رکھنا یعنی غرور کرنا۔
کلاہ فرنگی (ف) ہیٹ - انگریزی ٹوپی۔

Marfat.com

کُلاہِ کاغذی (ف) پہلے زمانے میں مجرموں کو یہ ٹوپی پہناتے اور بر سرِ عام پھراتے مگر اس وقت صرف تفریح کے لیئے ایسا کرتے ہیں۔
کُلاہ کج بُودن (ف) فخر کرنا۔
کُلاہ کج کردن (ف) فخر کرنا - غرور کرنا۔
کُلاہ گوشہ بہ آسمان رسیدن (ف) مغرور و سربلند ہونا - بڑی عزت حاصل کرنا۔
کُلاہِ فرنگی (ف) بنگلے کی چھتری (۲) باغ میں چھت والا چبوترہ۔
کُلاہِ مُلک (ف) بادشاہ۔
کُلاہ نہادن (ف) (۱) تواضع کرنا - عاجزی کرنا (۲) سجدہ کرنا۔
کُلاہ ہوا (ف) ایک مازندرانی پہلوان کا نام۔
کِلاءت (ع) (۱) نگہبانی - حفاظت (۲) حراست۔
کَلب (ف) منقار - چونچ۔
کَلب (ع) کُتا۔
کَلِب (ع) (۱) دیوانہ کُتا (۲) وہ شخص جو دیوانے کتے کے کاٹے سے دیوانہ ہو گیا ہو۔
کَلب الجبّار (ع) خطِ استوا کے متوازی آسمان پر ایک مجمع النجوم کا نام ہے۔
کُلباد (ف) ایک تورانی پہلوان کا نام جو فریبرز بن کاؤس کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔
کَلبتان } کَلبتین } (ع) (۱) گرم لوہا پکڑنے کا اوزار - سنسی - سنڈاسی - زنبور (۲) موچنا۔
کَلب کَلِب (ع) دیوانہ کُتا - کاٹنے والا کُتا۔
کَلَب (ع) شدید پیاس - بہت حرص۔
کُلبہ (ف) (۱) گوشہ (۲) تنگ و تاریک چھوٹا گھر - حجرہ (۳) دکان۔
کُلبۂ اَحزان (ف) غم کدہ - غموں کا گھر۔
کُلبۂ تنگ و تاریک (ف) تنگ اور اندھیری کوٹھڑی۔
کُلبۂ مُحقّر (ف) درویشانہ جھونپڑا۔
کَلبَترہ (ف) بے ہودہ باتیں - بے معنی باتیں۔
کَلتَبان (ف) بھڑوا - دیّوث - بے غیرت۔
کَلتہ (ف) (۱) بریدہ مقطوع - کٹا ہوا (۲) ناقص (۳) سونٹا - ڈنڈا - لنگڑا۔
کَلتہ پَر (ف) کٹے ہوئے پروں والا۔
کَلتہ دُم (ف) دُم کٹا - جس کی دُم کٹی ہوئی ہو۔
کَلتہ زبان (ف) (۱) توتلا - ہکلا (۲) گونگا۔
کُلثوم (ع) جس کا چہرہ فربہ اور پُر گوشت ہو۔
کُلنج (ف) بھنگی کا گندگی والا ٹوکرا
کَلیچ (ف) روئی جس کے ٹکڑے کیے گئے ہوں (۲) ایک قسم کا پشینہ کا لباس جو کشمیر سے آتا ہے۔
کلجمان (ف) گندگی اور میلا پھینکنے کی جگہ۔
کلیچ (ف) (۱) میل - چرک (۲) میلا کوڑا (۳) تکبر - غرور - خودستائی۔
کُلجنگ (ف) کیکڑا - سرطان - خرچنگ۔
کلدانی (ف) کلدہ سے منسوب جو بین النہرین کی جنوبی تقسیم میں شامل ہے۔
کل دشنہ کش (ف) جسے تھوڑی سی بات پر غصہ آ جائے اور لڑنے پر آمادہ ہو کر خنجر ہاتھ میں لے لے۔
کلش } کلس } (ف) جنگلی انار کے درخت کی جڑ۔
کُلس (ف) دُھنکی ہوئی روئی۔
کِلس (ع) سفید چونا جو عمارت میں لگتا ہے۔
کَلس (ع) قُبّہ۔
کلسات (ف) موزہ - جراب۔
کَلَف (ع) (۱) داغ جو منہ پر پڑ جاتے ہیں - چھائیاں (۲) عشق - شیفتگی۔
کَلِف (ع) عاشق ہونا۔
کُلفت (ع) رنج - سختی - تکلیف۔
کَلفت (ف) چونچ - منقار۔
کُلفت (ف) (۱) درشت - زشت - گندہ (۲) موٹا - فربہ (۳) ناہموار۔
کُلفت بُودن (ف) سخت ناہموار اور کھردرا ہونا۔
کُلک (ف) (۱) آغوش - بغل (۲) آتشدان - انگیٹھی۔
کِلک (ف) قلم - قلم کا نیزہ - ہر نے جو اندر سے خالی ہو۔
کَلک (ف) (۱) مجمع عام - انجمن (۲) راکھ - خاکستر (۳) بھٹی - بھاڑ (۴) آتشدان - انگیٹھی (۵) نامبارک - شوم (۶) اُلّو - بُوم - چغد (۷) فصد کھولنے کا نشتر (۸) سختی - دردِ سر (۹) کچا خربوزہ (۱۰) جوان بھینسا۔
کِلک (ف) (۱) سب سے چھوٹی انگلی - چھنگلی - خنصر (۲) بھینگا - احول۔
کُلک (ف) بکری کی نرم پشم جس سے شال وغیرہ بُنتے ہیں (۲) نامبارک - منحوس - شوم (۳) جو بات سرزنش اور طعن کے طور پر کہی جائے۔
کَلک خشب (ف) نہایت مفلس، محتاج اور پریشان حال جو افلاس کی وجہ سے جاڑا بھاڑ اور گرمی زمین پر بسر کرتا ہو۔
کِلک در بنان افگندن } کِلک در بنان نہادن } (ف) لکھنے کے لیے تیار ہونا۔
کلفتی بُردن } کلفتی شُدن } (ف) دایہ گری کرنا۔
کلک زدن (ف) دھوکا دینا۔
کلک زن (ف) دھوکے باز۔

Marfat.com

کلک فرنگی (ف) پنسل۔ رول پنسل۔
کلک کاری را کندن (ف) کام کو انجام دینا۔
کلک کنده شدن (ف) سخت بیمار ہونا۔ مرجانا۔
کلک کسے کندن (ف) کسی کا کام تمام کرنا۔
کل کل (ف) بے ہودہ گوئی۔ بکواس۔
کلکل (ع) گونگاپن۔
کل کل (ف) شور و غوغا۔
کلکم (ف) فلاخن۔ گوپیا۔
کلکم (ف) دھنک۔ قوس قزح۔ شیطان کی کمان۔
کلکی / کلکل / کلکل } (ف) کلغی۔ جیغہ۔ پروں کی کلغی۔
کلم (ع) زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔
کلم / کلمات } (ف) کلمہ کی جمع۔ کلمے۔ الفاظ۔
کلماسنگ (ف) فلاخن۔ گوپیا۔
کل مرغ (ع) گنجا گدھا۔ ایک قسم کا گدھا جس کے سر پر بال نہیں ہوتے۔
کلمہ (ع) (۱) سخن۔ قصیدہ (۲) قصہ (۳) نحو کی اصطلاح میں بامعنی لفظ مفرد (۴) منطقی فعل کو کلمہ کہتے ہیں۔
کلمۃ اللہ (ع) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
کلمہ بندی (ف) طرز ادا۔
کلنبہ (ف) حلوا اور مغز بادام بھر کر پکایا ہوا کلچہ جو خاص قسم کا ہوتا ہے۔
کلنج (ف) گندگی۔ تکبر۔ خودستائی۔
کلنجار (ف) جنگ و جدال۔ لڑائی۔
کلند (ف) کدال۔ زمین اور کھیت کھودنے کا آلہ۔ کسی۔ پھاوڑا۔
کلند دادن و سوزن شدن (ف) جواہر دے کر سنگریزے لینا۔
کلندر (ف) (۱) ناہموار آدمی۔ نامعقول آدمی (۲) لکڑی کا کندا جو اس لیے دروازے کے آگے ڈال دیا جاتا ہے کہ دروازہ کھل نہ سکے اور کبھی اس میں سوراخ کر کے قیدی کا پاؤں باندھ دیتے ہیں۔
کلندن (ف) فرش یا قالین کو جھاڑنا۔
کلندره (ف) لکڑی کا کندہ۔
کلندیدن (ف) کدال یا کسی سے کھودنا۔ سخت کام کرنا۔
کلنگی (ف) (۱) لالچی۔ حریص (۲) مرغے کی ایک قسم (۳) اپنی طرف تیشہ مارنے والا آدمی۔
کلنگ (ف) ایک مشہور پرندہ ہے جسے کونج بھی کہا جاتا ہے۔
کلنل (ف) کرنل۔ فوج کا سردار۔
کلنی (فرانسیسی) کالونی۔
کلو (ف) (۱) میر محلہ۔ محلہ کا چودھری (۲) روغنی روٹی۔

کلوب (ف) کلب کا مفرس۔
کلوب (ف) بدن۔ جسم۔ کالبد۔
کلوب (ع) زنبور۔ سنسی۔ گرم لوہا پکڑنے والا اوزار۔
کلوشہ (ف) روئی دار ٹوپی جس سے سردی میں کان ڈھکے رہتے ہیں اور بچوں کو پہناتے ہیں۔ فقیر بھی یہ ٹوپی پہنتے ہیں۔
کلوچہ (ف) مٹھائی کی ایک قسم جو گندم کے آٹے، گھی اور چینی سے بناتے ہیں۔
کلوخ (ع) ترش رو ہونا۔
کلوخ (ف) مٹی کا ڈھیلا۔
کلوخ انداز (ف) ڈھیلا مارنے والا۔ گوپیا سے پتھر مارنے والا۔ قلعہ کی دیوار کے سوراخ سے دشمن پر پتھر یا آگ وغیرہ پھینکنے والا۔
کلوخ انداز را پاداش سنگ است (ف) اینٹ کا جواب پتھر ہے۔
کلوخ برلب زدن / کلوخ برلب مالیدن / کلوخ برلب نهادن / کلوخ خشک برلب مالیدن } (ف) بات کو ظاہر نہ کرنا۔ کسی امر کو پوشیدہ رکھنا۔ ظاہرا بات کو چھپانا۔
کلوخ خشک در آب جستن (ف) پانی میں خشک چیز کی تلاش۔ ناممکنات۔
کلوخ در آب انداختن (ف) لڑائی جھگڑے کا طالب ہونا۔
کلوخ راه (ف) روک۔ آڑ۔ مانع۔ حائل۔ سد۔
کلوخ کوب (ف) موگری۔ مُگرمٹ جس سے ڈھیلے کوٹے جاتے ہیں۔
کلوخہ (ف) ہر وہ چیز جو ڈھیلے کی شکل کی ہو۔
کلوز / کلوزه } (ف) کپاس کا کھلا ہوا ڈوڈہ۔ کپاس کا بنٹ۔
کلوک (ف) (۱) بے ادب (۲) بے عقل (۳) بے حیا (۴) دیوانہ (۵) بے باک۔
کلونده (ف) لکڑی۔
کلہ (ف) (۱) منہ۔ رخسارہ (۲) زیادہ ہنسی کے وقت منہ کے دونوں طرف جو گڑھا پڑ جاتا ہے (۳) گرز (۴) کمان (۵) چولہا (۶) بخیہ بیننے وقت سوئی کا اوپر نیچے جانا۔
کلہ (ف) (۱) سر۔ کھوپری (۲) مانگ (۳) ہرجائی۔ بے وفا۔
کلہ (ف) کاکل۔ سر کے بال۔
کلہ (ف) (۱) کلاہ کا مخفف۔ ٹوپی (۲) آلۂ تناسل۔ ذکر قضیب (۳) جماع کی حرکات۔
کلہ (ع) مسہری۔ پشہ خانہ۔ جالی یا باریک کپڑا جو مچھروں سے بچنے کے لیے چارپائی وغیرہ کے گرد تانا جاتا ہے۔ چھپرکھٹ۔ سائبان۔
کلہ انداختن / کلہ برانداختن } (ف) نہایت خوش ہونا۔
کلہ بر کلہ کسے زدن (ف) کسی کے ساتھ ہمسری یا برابری کا دعویٰ کرنا۔

Marfat.com

کلّہ پا (ف) لوہار کا بڑا ہتھوڑا۔
کلّہ پاچہ (ف) سری پائے۔
کلّہ پز (ف) سری پائے بھون کر بیچنے والا۔
کلّہ پُر باد (ف) نخوت بے جا۔
کلّہ پوک (ف) احمق۔ نادان۔
کلّہ خر (ف) احمق۔
کلّہ خشک (ف) سودائی۔ پاگل۔ دیوانہ۔
کلّۂ خضراء (ع) آسمان۔
کلّہ دار (ف) (۱) بادشاہ (۲) مغرور۔ متکبر۔
کلّہ داری / کُلہ داری } (ف) (۱) بادشاہی (۲) سرکشی۔
کلّۂ دُخانی (ف) (۱) آسمان (۲) اندھیری رات (۳) کالی گھٹا۔ ابر سیاہ۔
کلّہ زدن (ف) ٹکریں مارنا۔
کلّہ زدہ (ف) تخت جس پر تکیہ اور سائبان لگا ہو۔
کلّۂ سائلی (ف) (۱) کافر لوگ (۲) بدبختی (۳) مُردار پر کوّوں کا جھرمٹ۔
کلّہ شق (ف) باغی۔ سرکش۔
کلّہ قند (ف) قند کا کوزہ۔
کلّہ کرگ (ف) ایک قسم کا خربوزہ ہے۔
کلّہ گنجشک را خوردہ است (ف) بہت باتونی۔
کلّہ گندہ (ف) موٹے سر والا۔ امیر۔ دولت مند۔
کلّۂ گوشہ بر آسمان (ف) رتبہ۔ عظمت۔ رفعت۔
کلّۂ گوشۂ ملک (ف) بادشاہ۔
کلّۂ مشکیں (ف) کاکل۔ زلف۔
کلّۂ نیلوفری (ف) آسمان۔
کَلی (ف) (۱) دیہاتی۔ گنوار (۲) ایک قسم کا ساز (۳) ایک قسم کی پھلی جو بہت مقوی باہ ہوتی ہے (۴) ایک بیماری کا نام۔
کُلّی (ع) (۱) وہ مفہوم جس میں بہت سے افراد شامل ہوں جیسے حیوان (۲) مجازاً پورا۔ کامل۔
کلیا (ف) کھار۔ سجی۔
کُلیات (ع) کُلّی کی جمع۔
کُلیات خمس (ع) منطق کی پانچ کلیات۔
کلیاوہ (ف) بہرا پن۔ اصم۔
کلیتین (ع) دونوں گردے۔
کلیچ (ف) (۱) میل۔ چرک (۲) میلے جسم والا (۳) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔
کلیچ (ف) تنور سے لگا کر آگ میں پکی ہوئی روٹی (۲) بڑی روغنی روٹی۔
کلیچ (ف) وہ گھوڑا جس کے دو پاؤں ٹیڑھے ہو گئے ہوں۔
کلیچہ (ف) اچکن۔

کلیچہ (ف) کلچہ۔ میدے کی خمیری روٹی۔
کلیچۂ سیم (ف) چودھویں رات کا چاند۔ بدر۔
کلیچہ شدن (ف) جمع ہونا۔ اکٹھے ہونا۔
کلید (ف) کنجی۔ تالی۔
کلیدان / کلیدانہ } (ف) (۱) قفل۔ تالا (۲) وہ کندھا جس میں مجرموں کے پاؤں باندھے جاتے ہیں۔
کلید ایمان / کلید بہشت } (ف) کلمۂ شہادت۔
کلید جنت (ف) جنت کی کنجی۔ کلمۂ شہادت کلید جنت ہے۔
کلید دار (ف) دفتر۔ ورکشاپ یا مقدس مقامات کی چابی جس آدمی کے سپرد ہو۔
کلید عقل (ف) بڑا دانا۔ بہت عقل مند۔ وہ شخص جس کے کام عقل اور تدبیر کے ساتھ وابستہ ہوں۔
کلید غلط (ف) ماسٹر چابی جو ہر قفل کو لگ جاتی ہے۔
کلید کردن (ف) قفل لگانا۔
کلید گنج حکیم (ف) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔
کلیزدان (ف) بھڑوں کا چھتا۔
کلیزہ (ف) پانی کا گھڑا۔ ٹھلیا۔
کلیسا / کلیس / کلیسیا } (ی) عیسائیوں کا عبادت خانہ۔ گرجا۔
کلیک (ف) (۱) تخم دردہ۔ تخم گل (۲) احول۔ بھینگا (۳) اُلّو۔ بوم۔ چغد۔
کلیک (ف) (۱) چھنگلی۔ چھوٹی انگلی۔ خنصر (۲) احول۔ بھینگا۔
کلیل (ع) (۱) لکنت۔ توتلی زبان (۲) کند تلوار (۳) ہر کند چیز جو کام نہ دے سکے (۴) تھکا ہوا۔ سست۔
کلیم (ع) (۱) کلام کرنے والا۔ ہمکلام۔ سخن گو (۲) زخمی۔
کلیم اللہ (ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
کلیم اوست (ف) مبارک ہاتھ والا۔
کلیمی (ف) یہودی۔ اللہ سے باتیں کرنے کا شرف۔
کلینک (فرانسیسی) مطب۔ کلینک۔
کلیواج / کلیواز / کلیواژ } (ف) چیل۔
کلیون (ف) سات رنگ کا کپڑا۔
کُلیہ (ع) گردہ۔ ایک گردہ۔
کُلیۃ (ع) کالج۔ دارالعلوم۔
کُلیہ (ع) ہمگی۔ تمام و کمال۔ سب۔
کلیہ (فرانسیسی) قلادہ۔ طوق۔

## ک - م

Marfat.com

کَم (ف، (١) تھوڑا - کم (٢) نہیں - بالکل نہیں (٣) نقصان (٤) چھوڑ دینا (٥) نادر - عجیب -
کَم (ع) (١) چند (٢) کتنا - کس قدر (٣) وہ چیز جو تقسیم کے قابل ہو -
کِمّ (ع) شگوفہ کا غلاف - اس کی جمع اکمام ہے -
کَمّ (ع) پوشیدہ کرنا - ڈھانکنا -
کُمّ (ع) آستین - اس کی جمع بھی اکمام ہے -
کُم (ع) کتیرہ گوند کا درخت -
کُم (ف) عراق کی ایک ولایت کا نام جس کا معرب قُم ہے -
کَمَا (ع) جیسا - جیسا کہ -
کَما (ف) رفیدہ - تنور میں روٹی لگانے کی گدی -
کَما بیش (ف) کم وبیش -
کُمات (ع) کمی کی جمع - بہادر لوگ - مسلح سپاہی -
کماج } (ف) کوئلوں پر پکی ہوئی روٹی (٢) ایک قسم کی خاص
کماچ } روٹی (٣) وہ چھوٹا سا تختہ جو خیمہ کی چوب پر ہوتا ہے -
کماجدان (ف) وہ برتن جس میں کماج رکھتے ہیں -
کماحقہٗ (ع) جیسا چاہیے - جیسا اس کا حق ہے بہت درست - بہت ٹھیک -
کماخ (ف) آٹے کی کھانڈ اور دودھ کی آمیزش سے پکی ہوئی روٹی -
کِماد (ع) تکمید کرنا - ٹکور کرنا - کسی عضو کو آگ پر گرم کی ہوئی چیز سے گرمی پہنچانا -
کماس } (ف) (١) لکڑی کا پیالہ - فقیروں کا کاسہ - گداگروں کی
کماش } کشتی (٢) کم - تھوڑا - اندک -
کَمَا فی السَّابق (ع) بدستور سابق - جیسا کہ پہلے تھا -
کَمَا کان (ع) پہلے کی طرح -
کَمال (ع) تمام - پورا - تمام ہونا -
کمالات (ع) کمال کی جمع - خوبیاں -
کَمُ الاُشک (ع) پیپ -
کمال اصفہانی (ف) ایران کے ایک مشہور شاعر کا تخلص جو ہلاکو خان کے قتل عام ٦٣٥ھ میں شہید ہوا -
کمال داشتن (ف) با ادب ہونا - ہنر مند ہونا -
کَمالہ (ف) ایک قسم کا کم قیمت ریشم -
کمالیت (ع) کاملیت - کامل ہونا -
کِمام (ع) وہ چھینکا جو اونٹ کے منہ پر اس لیے باندھا جاتا ہے کہ کسی کو کاٹ نہ سکے -
کمان (ف) دھنک - تیر چلانے کا مشہور آلہ - اصل میں خمان منسوب بہ خم تھا -
کمان ابرو (ف) ہلالی ابرو والا -
کمان از طاق بلند آویختن (ف) کسی بڑے کام پر فخر کرنا - کسی بڑے کام کا دعوے کرنا -

کمان افگندن }
کمان انداختن } (ف) ہار مان جانا - مغلوب اور عاجز ہو جانا -
کمان اندوہ آن را کہ دنیا کم است (ف) چھپر والا سوئے کوٹھے والا روئے -
کمان بزہ راست کردن (ف) تیر چلانے کے لیے چلّہ چڑھا کر کمان کو درست کرنا -
کمان بہمن (ف) قوس قزح - کمان رستم -
کمان جولہ (ف) قربان یعنی کمان رکھنے کی جگہ -
کمانچہ (ف) (١) کمان کی تصغیر - چھوٹی کمان (٢) ایک مشہور ساز کا نام (٣) گز جو سارنگی بجانے کا آلہ ہے (٤) مضراب (٥) عورتوں کا روئی دھنکنے کا آلہ -
کمان حکمت (ف) ایک قسم کا توپیا جس سے تیر مارا جاتا ہے -
کماند (فرانسیسی) [illegible] سفارش - فرمان -
کمان دار (ف) کمان رکھنے والا -
کمان دان (ف) کیپٹن کا مفرس - فوج کا سردار - کرنل - سپہ سالار -
کمان راندہ کردن (ف) کمان پر چلّہ چڑھانا -
کمان راہ آہنی (ف) ریل کی سڑک کا موڑ -
کمان رستم (ف) قوس قزح - دھنک -
کمان گر (ف) کمان بنانے والا -
کمان زنبوری (ف) بندوق - تفنگ -
کمان سادہ (ف) سورج - چاند -
کمان سام }
کمان شیطان } (ف) قوس قزح -
کمان فلک (ف) برج قوس -
کمان فروہرہ (ف) غلیل -
کمان کسے کشیدن (ف) کسی سے مقابلہ کرنا - کسی پر غالب آنا - کسی سے عہدہ برآ ہونا -
کمان کشادن (ف) کمان پر چلّہ چڑھانا -
کمان گردول (ف) برج قوس -
کمان گردول (ف) بہت دبلا پتلا اونٹ جس پر گوشت بہت ہی کم ہو -
کمان گروہ }
کمان گروہہ } (ف) غلیل -
کمان گیر (ف) تیر اندازی میں کامل مہارت رکھنے والا -
کمان گیر (ف) آرش نام ایک ایرانی پہلوان کا لقب جو بڑا قدر انداز تھا -
کمان مہرہ (ف) غلیل -
کمانہ (ف) (١) کمان (٢) برمہ کی کمان جس سے بڑھئی برما چلاتا ہے (٣) شراب خواری کا پیالہ (٤) شراب خواری کا پیالہ بنانے والا -
کمانہ کردن (ف) نشانہ چوک جانا -

Marfat.com

کُماہ (ف) تعویذ۔ بازو بند۔
کَما ہی (ع) جیسا کہ وہ ہے۔ فارسی میں بہ سکون یاء استعمال ہوتا ہے۔
کَما ینبغی (ع) جیسا چاہیے۔ جیسا کہ چاہیے۔
کُمابُوک (ف) رفیدہ۔ تنور میں روٹی لگانے کی نانبائی کی گدی۔
کم بخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔
کم بضاعت (ف) بے بضاعت۔ جس کے پاس پونجی نہ ہو۔
کم بُود (ف) گھاٹا۔ خسارہ۔
کم بودگی (ف) مفلسی۔ ناداری۔ اپنے آپ کو کسی گنتی میں نہ لانا۔
کم بود مُرغ خانگی را بہیہ (ف) گھر کی مرغی دال برابر۔
کم بہا (ف) کم قیمت۔
کم بین (ف) (۱) حاسد (۲) بخیل۔
کمپانی (ف) کمینی۔
کمپ (فرانسیسی) (CAMP) خیمہ گاہ۔
کمپیر (ف) بڈھا۔ بہت بوڑھا۔ بڑھیا۔
کمتر (ف) بہت کم۔
کمتر روزگار (ف) تھوڑی مُدت۔
کمترک (ف) ذرا کم۔ کچھ تھوڑا سا کم۔
کمترکس (ف) کم رتبہ آدمی۔ گھٹیل آدمی۔
کمترین (ف) بہت ہی کم۔ کسرِ نفسی کے لیے اپنے واسطے استعمال کرتے ہیں۔
کمثریٰ (ع) امرود جو مشہور پھل ہے۔
کم جثہ (ف) دُبلا۔ لاغر۔ دُبلا پتلا۔
کم جمعیت (ف) تھوڑی آبادی والی جگہ۔
کم چیزے گرفتن (ف) کسی چیز کو معدوم جاننا۔ کم نفی مطلق کے لیے آتا ہے۔
کمخاب / کخواب } (ف) سنہرے تاروں کا بنا ہوا زریں کپڑا۔
کم خور و کم خواب و کم گفتار باش (ف) تھوڑا کھاؤ۔ تھوڑا سوؤ اور کم باتیں کرو۔
کم خویش گرفتن (ف) اپنے آپ کو معدوم سمجھ لینا۔
کمد (ف) چھپر۔ جھونپڑا۔
کم دل (ف) بزدل۔
کمدی (ف) مزاحیہ۔
کمر (ف) (۱) میان۔ پیٹ کا پچھلا حصہ۔ پیٹھ۔ پیٹھ سے نیچے کا حصہ (۲) کمربند۔ کمر میں باندھنے کا پٹکا (۳) ہر شے کا درمیان (۴) بلندی (۵) پہاڑ کی بلندی۔
کمر آفتاب (ف) (۱) محور (۲) پہاڑ۔
کمر از میان کسے کشادن (ف) کسی کو کام سے ہٹا دینا۔ معزول کر دینا۔
کمر باختن (ف) ہمت ہارنا۔ خوف یا غم کے باعث طاقت نہ رہنا۔
کمر بر کمر (ف) (۱) بلندی پر بلندی۔ (۲) باہم پیوستہ۔ متصل۔

کمر بر میان بستن / کمر بر میان زدن } (ف) کمربند باندھنا۔ کمر میں پٹکا باندھنا۔
کمر بستن (ف) مستعد ہونا۔ کسی کام پر کمر باندھنا۔
کمر بستن آب (ف) پانی کا جم جانا۔ منجمد ہونا۔
کمر بستن در کارے (ف) کسی کام کے لیے آمادہ و مستعد ہونا۔
کمر بستہ (ف) (۱) آمادہ و تیار۔ مستعد (۲) خادم۔
کمر بیہودہ انداختن (ف) بے فائدہ کوشش کرنا۔ لغو حرکت کرنا۔
کمر بند (ف) (۱) پٹکا۔ پیٹی (۲) ازار بند۔ (۳) نوکر۔ خادم (۴) معشوق۔ محبوب۔
کمر تنگ بستن (ف) مضبوط کمر باندھنا۔ یعنی مصمم ارادہ کرنا۔
کمر چین (ف) ایسا لباس جس کی کمر میں سلوٹ ہوتی تھی۔ پرانے زمانے میں پہنتے تھے۔
کُمردار (ف) خدمت گار۔ نوکر۔ خادم۔
کمر دار (ف) بادشاہ کا غلام۔
کمر دول / کمر رستم } (ف) قوس قزح۔
کمر راست کردن (ف) ایک گھڑی بھر آرام کرنا۔ تھوڑا سا آرام لینا۔
کمر سار / کمر ساز } (ف) گھوڑے کا تنگ۔
کمر شکستن (ف) (۱) کمر توڑنا۔ نا امید کرنا۔ (۲) کمر ٹوٹنا۔ نا امید ہونا۔ مایوس ہونا۔
کمر شکن (ف) کمر توڑ دینے والا۔ مشکل کام۔
کمرک خانہ (ف) محصول لینے کی جگہ۔ محصول چونگی۔ چنگی خانہ۔ کسٹم ہاؤس۔
کمر کش (ف) بہادر۔ دلیر۔ پہلوان۔
کمر کشادن از کارے (ف) کسی کام کو ترک کرنا۔
کمر کشودن / کمر کشودن از کارے } (ف) کسی کام سے رُک جانا۔ قطع نظر کرنا۔ کسی کام کو ترک کرنا۔
کمر کشیدن بر چیزے (ف) کسی کام پر کمر باندھ لینا۔ کسی چیز کے حصول کا مصمم ارادہ کرنا۔
کمر کوہ (ف) (۱) پہاڑ کی درمیانی حصہ (۲) فلک چہارم (۳) آفتاب (۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (۵) بیت المعمور۔
کمر گاہ (ف) وہ جگہ جہاں کمربند باندھا جائے۔
کمر گردول (ف) قوس قزح۔
کمرو (ف) شرمیلا۔ حیادار۔
کمر وحدت (ف) کمند وحدت۔ وہ رسی یا ڈوری خواہ ریشمی ہو یا سوتی یا چرمی جو فقیر کمر میں باندھتے ہیں یا کمر اور زانو کے گرد لپیٹ لیتے ہیں۔
کمرش بندد (ف) (کلمۂ بددعا) خدا کرے استقامت نہ پائے۔
کمر ہائے زر (ف) کمربند ہائے زر۔ زریں پٹکے۔

Marfat.com

کم زبان (ف) کم گو - کم بولنے والا - ہر ایک حکم بجا لانے اور کبھی عذر نہ کرنے والا -
کم زدہ
کم زدہ چند } (ف) (۱) منافق - کافر (۲) آوارہ - کم بخت -
کم زدن (ف) اپنے آپ کو حقیر خیال کرنا -
کم زن (ف) (۱) مدبر - صاحب تدبیر (۲) کم بخت - مفلس (۳) آوارہ - سرگشتہ (۴) بے پروا - کم ہمت (۵) فضول خرچ - مسرف -
کم زی (ف) (۱) حقارت کی نظر سے دیکھنے والا (۲) کم بخت - مفلس -
کم سال (ف) کم سن - چھوٹی عمر کا -
کمست (ف) (۱) بد اصل (۲) نادان (۳) ایک قسم کا کم قیمت جوہر -
کم سخن (ف) کم بولنے والا -
کم ظرف (ف) کم حوصلہ -
کم عیار (ف) کم قیمت پر چلنے والا روپیہ -
کم فرصت (ف) موقع ڈھونڈنا - قابو طلبی -
کم فرصتی (ف) موقع ڈھونڈنا - قابو طلبی (۲) فرصت کم ہونا -
کمک (ت) (۱) جو فوج جنگ میں امداد کے لیے تعین کی جاتی یا بھیجی جاتی ہے (۲) امداد - اعانت -
کم کاسہ (ف) (۱) ناقص (۲) بخیل - کم ہمت -
کم کردن (ف) چھوڑ دینا -
کم کم (ف) رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ -
کم کم (ف) (۱) مکان میں نقب لگانے زمین کھودنے اور روپیہ گننے کی آواز (۲) زعفران (۳) ریت -
کم کم نقاب (ف) نقب لگانے کی آواز -
کمکیان (ف) مددگار لوگ -
کمدکان (ف) (۱) پانی کی بوند (۲) چھوٹی ندی -
کملول (ع) مچھنگی خانہ -
کملہ (ع) کاملان - کامل کی جمع -
کمکلہ (ف) نادان - احمق - بے سمجھ - بے وقوف -
کمم (ف) ایک مشہور تالاب کا نام -
کم مایہ (ف) تہی دست -
کم مایگی (ف) مفلسی -
کمند (ف) اصل خمند تھا - کیونکہ اس میں خم اور پیچ ہوتے ہیں - پھندا -
کمند انداختن (ف) کمند پھینکنا -
کمند بکوہ انداختن (ف) بے فائدہ کوشش کرنا - لغو حرکت کرنا -
کمند حلقہ کردن (ف) لڑائی یا شکار پر آمادہ ہونا -
کمند وحدت (ف) دیکھو کمر وحدت -
کمون (فرانسیسی) کامن - مشترک - عام - متداول -
کمون (ع) پوشیدہ ہونا -
کموں (ف) رعایا - عوام الناس -
کمون (ع) زیرہ -
کمونیست (فرانسیسی) اشتراکی آئین کا پیرو کار -
کمونیسم (فرانسیسی) کمیونزم -
کمہ (ع) مادر زاد اندھا -
کمی (ف) بسیار کی ضد - تھوڑا ہونا - کمبن کا مخفف -
کمی (ف) بہادر - شجاع - مسلح سپاہی -
کمیاب (ف) جو بہت ہی کم مل سکے -
کمیت (ع) (۱) گھوڑے کا سرخی مائل سیاہ رنگ یا سیاہی مائل سرخ رنگ (۲) سرخ انگوری شراب جو مائل بہ سرخی ہو -
کمیت (ع) مقدار - چندگی - تولی، ناپی یا گنی ہوئی چیز کی مقدار -
کمیت انشاط (ف) ارغوانی شراب -
کمیتہ (فرانسیسی) کمیٹی - انجمن - جرگہ -
کمیچہ (ف) ایک مشہور ساز کا نام (۲) چھوٹی کمان (۳) جگنو -
کمیز (ف) پیشاب -
کمیزدان (ف) پیشاب کا پھکنا -
کمیل (ع) کامل کی اسم تصغیر - حضرت علیؓ کے ایک ساتھی کا نام -
کمین (ع) شکار یا دشمن کے لیے کسی جگہ چھپ کر بیٹھنے والے - کسی کی گھات میں بیٹھنے والے -
کمین (ف) دشمن کے ساتھ لڑنے کے لیے چھپ کر بیٹھنا -
کمین (ف) کم - تھوڑا -
کمین گاہ (ف) گھات لگانے کی جگہ -
کمینہ (ف) نیچ - کم رتبہ - ادنیٰ - اسفل -
کمینہ فطرت (ف) جس کی فطرت کمینی ہو -
کمینگان (ف) کمینہ کی جمع - نیچ لوگ - کمینے -
کمیۃ (ع) مقدار -

---

## ک - ن

---

کن (ف) کندن کا امر - کھود -
کن (ف) مفعول کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے - کھودنے والا - جیسے کوہ کن - گورکن -
کن (ف) کردن کا امر - کر -
کن (ف) مفعول کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے - کرنے والا -
کن (ف) کون کا مخفف - دُبر - مقعد -
کن (ع) امر کا صیغہ - ہو جا - اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی طرف اشارہ ہے جو موجودات کے پیدا ہونے کے متعلق روز ازل میں

Marfat.com

ہوا تھا۔

کَن (ع)، (۱) پردہ۔ پوشش (۲) گھر۔ گھونسلا۔

کِن (ف)، بخیہ۔

کُن (ت)، پیچھا۔ پس۔ عقب۔

کَنا (ف)، (۱) زمین (۲) کیاری۔

کُنا (ت)، کرنے والا۔ فاعل۔

کنابد (ف)، ایک میدانِ جنگ کا نام جہاں افراسیاب اور کیخسرو کے لشکروں کا مقابلہ ہوا تھا۔ جس میں افراسیاب کا وزیر پیران ویسہ گودرز کے ہاتھ سے مع اپنے بہت سے ہمراہیوں کے مارا گیا تھا۔

کَنّاد (ع)، کافر نعمت۔

کُنار (ف)، بیر۔

کَنار (ف)، (۱) کنارہ۔ کونہ۔ گوشہ (۲) بغل۔ آغوش۔

کِنار (ف)، بغل (۲) جُدائی۔ فراق۔

کنار رفت (ف)، الگ ہوگیا۔

کنار گذاشتن (ف)، ایک طرف چھوڑ دینا۔ علیحدہ کر دینا۔

کنارنگ (ف)، کنا بمعنی زمین اور رنگ بمعنی مالک سے مرکب ہے۔ زمین کا مالک (۱) بادشاہ (۲) والی۔ حاکم (۳) کوتوال (۴) کسان۔ زمیندار۔

کُنارہ (ف)، (۱) طرف۔ کونہ (۲) لوہے کا کانٹا جس میں قصاب گوشت لٹکاتے ہیں۔

کنارہ کردن (ف)، کنارہ کش ہونا۔

کنارہ گرد (ف)، کنارہ کش۔

کنارہ گرفتن (ف)، الگ ہوجانا۔

کنارہ گیر (ف)، گوشہ نشین۔

کَناز (ف)، کھجور کے گوشہ کی جڑ۔

کَنّاس (ع)، (۱) بھنگی۔ خاکروب۔ چوہڑا (۲) جلاد۔ گردن مارنے والا۔

کِناس (ع)، ہرن اور بارہ سنگا کے رہنے اور سونے کی جگہ۔

کُناسہ (ف)، کوڑا کرکٹ۔

کُناغ (ف)، ریشم کا تار (۲) ریشم کا کپڑا۔

کُنافہ (ع)، کیک۔

کناک (ف)، پیٹ کا درد۔ پیچش۔

کَنال (ع)، نہر۔

کنام (ف)، (۱) چراگاہ (۲) چوپایوں کی آرام گاہ (۳) گھونسلا۔ آشیانہ (۴) مکان۔ محل۔

کُنال (ف)، پردہ۔ پوشش۔ لباس۔ پوشاک۔

کَنال } (ف)، پرانا۔ کہنہ۔
کنانہ }

کِنانہ (ع)، ترکش۔ تیردان۔

کُنانہ (ع)، ایک شخص کا نام۔

کنائس (ع)، کنیسہ کی جمع۔ مندر۔ گرجے۔

کنایات (ف)، مبہم اشارات۔ مبہمات۔

کنایت } (ع)، پوشیدہ بات۔ پوشیدہ طور پر بات کہنا۔
کِنایہ }

کنایہ زدن (ف)، کنایہ آمیز گفتگو کرنا۔ پوشیدہ طور پر بات کہنا۔

کنایہ دار (ف)، مبہم۔ رمز والا۔

کَنَب (ف)، آبلہ یا پھپھولا جو کام کرنے سے ہاتھ اور پاؤں پر ہو جاتا ہے۔

کَنَب (ف)، (۱) السی کی چھال کی رسّی (۲) بھنگ کے پتے۔ بھنگ کا بیج۔

کُنب (ع)، قم جو ایک شہر کا نام ہے۔

کَنبت (ف)، شہد کی مکھی۔

کنبو } (ف)، (۱) مکر۔ فریب (۲) غلو (۳) تندی۔ شور و غوغا (۴) گفتگو۔
کنبورہ }

کَنبہ (ف)، پکی رسّی۔

کنبیدن (ف)، کھینچ لینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے نکال لینا۔

کِنبیدن (ف)، کودنا۔ اُچھلنا۔

کنترات (ف)، کنٹریکٹ۔ ٹھیکہ۔

کنتوار (ف)، تھوک فروش۔

کنتاک (فرانسیسی) (CONTACT) مجاورت۔

کنتر (فرانسیسی) شمار کرنے والا۔ حساب کرنے والا۔

کنتراست (فرانسیسی) خلاف۔ اختلاف۔ مخالفت۔ ضد۔ نقیض۔

کنترل (فرانسیسی) تفتیش۔

کُنّۃ (ع)، دروازے کا چھجا۔ دروازے پر کا سائبان۔

کنترلر (فرانسیسی) تفتیش کرنے والا۔

کُنج (ف)، (۱) گوشہ۔ کونہ (۲) کپڑے وغیرہ کی سلوٹ (۳) کُبڑا۔ خمیدہ کمر والا۔ (۴) سُرنگ۔

کُنج (ف)، (۱) مغرور۔ متکبر۔ خودستا (۲) احمق۔ بے وقوف۔ (۳) خشک دہی۔ پنیر (۴) باہر نکالا گیا۔

کِنج (ف)، بڑا قوی ہیکل۔ جنگلی ہاتھی۔

کُنجار }
کُنجارہ } (ف)، کھل۔ کھل۔
کُنجال }
کُنجالہ }

کنجِ خلوت (ف)، تنہائی کا گوشہ۔ علیحدگی۔

کنجِ خلوت گزیدن (ف)، گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ خلقت سے کنارہ پکڑنا۔

کُنجد (ف)، تل جو مشہور غلہ ہے۔ جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

کِنجر (ف)، بڑا قوی ہیکل جنگلی ہاتھی۔

کُنجشک (ف)، چڑیا۔

کُنجک (ف)، تازہ۔ انوکھا۔ نیا۔ طرفہ۔

کُنج کاوی (ف)، (۱) غور۔ فکر۔ سوچ (۲) تجسس۔ تلاش۔ کھوج لگانا۔

کُنج کاوی کردن (ف)، تحقیق و جستجو کرنا۔

Marfat.com

کُنج کُنج (ف) (۱) چھوٹا (۲) تھوڑا سا۔
کُنجلک (ف) سلوٹ۔ شکن۔
کُنْد (ف) سفید شکر۔ لفظ کند اسی کا معرب ہے۔
کُنْد (ف) گاؤں۔ دیہہ۔
کُنْد (ف) ماوراء النہر میں کاشغر کی سڑک پر ایک گاؤں ہے۔ جہاں کے بادام بہت عمدہ ہوتے ہیں۔
کُنْد (ف) (۱) تیز کی ضد۔ کھنڈا (۲) دانا۔ حکیم (۳) دلیر۔ بہادر۔ پہلوان (۴) خصیہ (۵) آلہ تناسل۔
کُند ہم جنس با ہم جنس پرواز (ف) ہم جنسوں میں محبت ہوتی ہے۔
کُندا (ف) ایک مصور اور نقاش کا نام۔
کُندا
کُنداگر } (ف) ماہر نجوم۔ جوتشی (۲) حکیم۔ دانا (۳) بہادر۔ دلیر۔ پہلوان۔
کُنداور
کُنداوری (ف) (۱) دانائی۔ عقل مندی۔ حکمت (۲) دلیری۔ بہادری۔ پہلوانی۔
کُند ذہن (ف) غبی۔ جس کا ذہن اچھا نہ ہو۔
کُنْدُر (ف) گیہوں اور روئی رکھنے کا مٹی کا برتن۔
کُنْدُر (ف) مصطگی جو ایک مشہور دوا ہے۔
کُنْدُر (ع) ایک گوند کا نام جو مصطگی کے مشابہ ہوتا ہے۔
کُنْدُر (ف) جمشید کا آباد کیا ہوا شہر جو فریدوں کا پایہ تخت تھا۔
کُندرو (ف) انسان یا حیوان جو آرام سے چلے۔ وہ جو آہستہ حرکت کرے۔ تُندرو کی ضد۔
کُندُرہ (ف) پُوٹ۔ رُومی بوٹ۔
کُندِز (ف) (۱) پرانا قلعہ (۲) بالاخانہ۔
کُندِز (ف) توران میں فریدوں کے آباد کیے ہوئے ایک شہر کا نام جسے بعد میں سکندرہ کہا جاتا تھا۔
کُندزدن (ف) بھاگ جانا۔ پہلوتہی کرنا۔
کُندِش (ف) (۱) روئی کا گالا (۲) وہ آلہ جس سے دُھنیا رُوئی کا گالا بناتا ہے۔
کُندشدن دندان (ف) ترشی سے دانتوں کا کند ہو جانا۔
کُند فہم (ف) غبی۔ کند ذہن۔ جس کا فہم اچھا نہ ہو۔
کُندک (ف) نان کا ٹکڑا۔ روٹی کا ریزہ۔ وہ روٹی جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔
کُندگوش (ف) بہرا۔
کُندلان (ف) بڑا خیمہ جو بادشاہوں کے دروازے کے آگے نصب کیا جاتا ہے۔
کُندلان (ف) دیکھو کُندلان۔
کُندمند (ف) اُجاڑ۔ ویران۔
کُندن (ف) (۱) کھودنا (۲) کھینچنا (۳) بھاگنا۔
کُندو (ف) مٹی کا بنایا ہوا بڑا سا مٹم جس میں غلہ بھرا جاتا ہے۔ کوٹھی۔
کُندوالہ (ف) جوان۔ تنومند۔ قوی ہیکل۔ سخت بدن والا۔

کَنْدُورہ
کَنْدُوری } (ف) دسترخوان۔
کندوکاو (ف) تجسس۔ تلاش۔ تحقیق۔
کندوکوب (ف) پریشانی۔ تشویش۔ بے قراری۔
کَندہ (ف) کھودا ہوا۔ پتھر لکڑی وغیرہ میں کھُد سے ہوئے بیل بوٹے۔
کَندہ (ف) (۱) کھائی۔ لفظ خندق اسی کا معرب ہے (۲) جنگل میں مسافروں کے لیے اور دامن کوہ میں بھیڑوں کے لیے کھودی ہوئی زمین۔
کُندہ (ف) (۱) بہت موٹی اور بڑی لکڑی (۲) کاٹھ۔ بیڑ یعنی وہ سوراخ دار بڑی سی لکڑی جس میں مجرم کا پاؤں ڈال کر قید کیا جاتا تھا۔ (۳) غول بیابانی (۴) قوی جسم اور بے ریش لڑکا (۵) کباب کے لیے گوشت کا کوفتہ بنانا۔
کُندہ پا
کُندہ پائے } (ف) کاٹھ۔ دیکھو کُندہ۔
کَندہ شدن (ف) قید ہونا۔ بند ہونا۔
کندہ کار (ف) کندہ گر۔ لکڑی۔ پتھر۔ سونے چاندی وغیرہ میں بیل بوٹے کندہ کرنے والا۔
کندہ کاری (ف) کسی چیز میں کھود کر بیل بوٹے بنانا۔
کَندہ گر (ف) دیکھو کندہ کار۔
کندہ گری (ف) دیکھو کندہ کاری۔
کندہ ورش (ف) نشیب و فراز۔ پست و بلند۔
کِنْدی (ع) کِندہ قبیلے کا آدمی۔ کندہ عرب کا ایک قبیلہ ہے۔
کَنْدی (ف) کیوڑہ کا پھول۔
کندیدن (ف) کھودنا۔
کَنز (ع) خزانہ۔
کَنز (ع) فقہ کی ایک مشہور کتاب کا نام۔
کُنِشت (ف) دیکھو کُنشت۔
کَنَسک (ف) بخیل۔ کنجوس۔ خسیس۔
کَنسل ڈنا (ف) فوجیوں کا مشورت خانہ جہاں جنگی امور پر بحث ہوتی ہے۔
کُنسُل (ف) باجہ۔
کُنسول (فرانسیسی) کونسل۔
کُنش (ف) عمل۔ کردار۔
کُنِش (ف) کُنِشت کا مخفف۔
کُنِشت (ف) پارسیوں کا عبادت خانہ۔ آتشکدہ۔
کُنشتو (ف) وہ لکڑی جو کپڑوں کو دھوتے وقت استعمال کرتے ہیں۔
کِنعان (ع) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس نے کفر اختیار کر لیا تھا۔
کِنعان (ع) شام کے جنوب مغربی حصہ ملک کا نام جسے فلسطین اور یہودیہ بھی کہتے ہیں اور جو کنعان بن نوح کا آباد کیا ہوا ہے

Marfat.com

حضرت یعقوب بن اسرائیل بن اسحٰق بن حضرت ابراہیم علیہم السلام کا مسکن اور حضرت یوسف علیہ السلام کی جائے ولادت۔ مذہبی معرکوں کے باعث مشہور ہے۔ اس ملک کے مشہور شہر یہ ہیں۔ بیت اللحم۔ یروشلم جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔ نصاریہ یا ناصریہ یا ناصرہ جہاں حضرت عیسیٰ نے پرورش پائی۔ صیدا یعنی سیڈن۔ صور یعنی ٹائر۔ عکا۔ گازا۔ ٹائن وغیرہ۔

کنغال (ف) لونڈے باز۔

کنغالگی (ف) لونڈے بازی۔

کنغالہ (ف) لونڈے باز۔

کنغالہ (ف) (۱) خواستگاری۔ مانگنا۔ طلب کرنا (۲) کسی عورت سے نکاح کی خواہش کرنا (۳) بخیل۔ ممسک (۴) فاحشہ عورت۔ بدکار عورت (۵) بدکاری۔

کنغالہ (ف) خراسان کے ایک پہاڑ کا نام۔

کنف (ع) (۱) جانب۔ طرف۔ کنارہ (۲) پناہ۔

کنفت (ف) کثیف۔ گاڑھا۔ گندا۔

کنفرانس (ف) کانفرنس۔

کنفرانس دادن (ف) تقریر کرنا۔

کنفدراسیون (فرانسیسی) کنفیڈریشن۔

کُن فکان } (ع) عالم موجودات۔ ابتدائے آفرینش میں اللہ تعالیٰ کُن فیکون } کو جو چیز پیدا کرنا منظور تھی۔ اس سے فرمایا تھا کہ کُن یعنی ہو جا۔ اور فکان یعنی پس ہو گئی یعنی وجود میں آگئی۔ چونکہ ان الفاظ سے سارا عالم موجودات وجود میں آیا تھا۔ اس لیے تمام موجودات کے معنوں میں آتا ہے۔

کُن فیکون کردن (ف) تباہ کرنا۔

کنک (ف) (۱) ایک قسم کی گھاس جس سے رسیاں بنتے ہیں (۲) بخیل۔ ممسک۔

کنکاش (ف) مشورہ۔

کنکاشستان (ف) مجلس شوریٰ۔ مشورہ۔

کنکور (فرانسیسی) اژدہام۔ ہجوم۔ لوگوں کا اجتماع جو مقصد واحد رکھتے ہوں۔

کُنگ (ف) (۱) انسان کا بازو یعنی انگلیوں کے سرے سے شانہ تک (۲) پرندہ کے بازو (۳) درخت کی ٹہنی۔

گُنگ (ف) قوی ہیکل۔ فربہ۔ موٹا۔ بےشرم۔

کِنگ (ف) بے حیا۔ زبان دراز۔

کِنگ (ف) بے ریش لڑکا۔

کنگاج } (ف) باہم صلاح کرنا۔ مشورہ۔
کنگاش }

کنگاش کردن (ف) صلاح مشورہ کرنا کسی افسر یا جماعت کے خلاف سازش کرنا۔

کنگالہ (ف) دیکھو کنغالہ۔

کنگر (ف) ایک پہاڑی ہندی روئیدگی کا نام جسے پکا کر کھاناقوت باہ کو فائدہ دیتا ہے۔

کِنگر (ف) دوتارہ جو ایک ساز ہے۔

کنگر خوردن لنگر اندوختہ (ف) حضرت داغ جہاں بیٹھ گئے بیٹھ گئے۔

کنگر زد (ف) کنگر کی جڑ جو قے آور ہے۔

کنگر کندن (ف) بہت تکلیف اُٹھا کر ایسا کام کرنا جس سے کچھ فائدہ نہ ہو۔

کِنگرہ (ف) دوتارہ جو مشہور ساز ہے۔

کُنگرہ (ف) دیوار وغیرہ کا کنگورہ۔ ہر شے کی بلندی۔

کنگرہ (فرانسیسی) کانگرس۔ انجمن۔

کُنگرہ (ف) دیوار وغیرہ کا کنگورہ۔ ہر شے کی بلندی۔

کنگری (ف) کنگر کی جڑ جو قے آور ہے۔

کنگش (ف) کنکاش کا مخفف۔

کنگل (ف) تہمت دھرنا۔

کُن مکن (ف) (۱) امر و نہی (۲) حکومت (۳) حکم۔ بادشاہ (۴) متمرد آدمی۔

کُنندہ (ف) کرنے والا۔

کَنندۂ درِ خیبر (ف) حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

کنو (ف) کنب کا مرادف۔ بھنگ کا بیج۔ بھنگ۔

کنوانسیون (فرانسیسی) قرارداد۔ کنونشن۔ عہدنامہ۔

کَنُود (ع) (۱) ناشکرا۔ ناسپاس (۲) وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

کُنود (ع) ناشکری۔ ناسپاسی۔

کنودان } (ف) بھنگ۔ بھنگ کا بیج۔
کنودانہ }

کَنُور (ف) مٹی کا بڑا سا خُم جس میں غلّہ بھرتے ہیں۔ کوٹھی۔

کنورتیسور (فرانسیسی) جو شخص دوسروں کی رائے اور عقیدہ بدل دے۔

کنوریدن (ف) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

کُنوز (ع) کنز کی جمع۔ خزانے۔

کنوزہ (ف) دُھنکی ہوئی روئی۔

کنوس (ع) ہرن کا اپنی جگہ میں داخل ہونا۔

کنوں (ف) دیکھو کنور یا کندو۔

کنوں (ف) اکنوں کا مخفف۔ اب۔ اس وقت۔

کنونہ (ف) حالت۔ حال۔

کنونی (ف) موجودہ۔ حالیہ۔

کُنہ (ع) (۱) ماہیت۔ حقیقت۔ کسی شے کی انتہا (۲) وقت (۳) وجہ (۴) اندازہ۔

کَنہ (ف) کلنی۔ چچڑی۔

کنہ کنہ (ف) کونین۔

کُنیت (ع) (۱) وہ نام جو ماں باپ یا بچوں کے لگاؤ سے پکارا جائے (۲) وہ نام جس کے پہلے لفظ اُم اب ابن یا بنت ہو جیسے اُم امراض "بیماریوں کی ماں" مرض زکام کی کنیت ہے۔ بنت العنب "انگور کی بیٹی" شراب کی کنیت ہے (۳) فارسی زبان میں معنی مطلق لقب کے مستعمل ہے۔

Marfat.com

کنیز (ف)، (۱) باندی ۔ لونڈی (۲) کنواری لڑکی ۔
کنیزک (ف) لفظ کنیز کے آگے کاف تصغیر بالتصغیر بالتحقیر کے لیے زیادہ کیا گیا ہے ۔ لونڈی باندی ۔
کنیس (ع) یہودیوں کی عبادت گاہ ۔
کنیسہ (ع) یہود و نصاریٰ کا عبادت خانہ ۔ معبد ۔ مندر ۔
کنیع (ع) ننھا آدمی ۔ زور کی جھوک ۔
کنیف (ع) بیت الخلا ۔ پردہ ۔ ڈھال ۔ باڑہ ۔

# ک ۔ و

کو (ف)، دانا ۔ عقل مند آدمی ۔
کو (ف)، کوچہ ۔ گلی ۔
کو (ف)، برائے استفہام ذوالعقول آتا ہے ۔ جیسے کون ۔ کونسا ۔ کہاں گیا ۔ کیا ہوا ۔
کوادہ (ف)، (۱) آستانہ کی لکڑی (۲) وہ لکڑی جس پر کواڑ کی چول ہوتی ہے ۔
کوار / کوارہ (ف) پھل رکھنے کا ٹوکرا ۔
کوارتت (فرانسیسی) آلۂ موسیقی ۔
کوارتز (فرانسیسی) پہاڑوں میں ایک پتھر ہے جو بلور کی طرح کا ہے ۔
کوارث (ع) کارثہ کی جمع ۔ حادثات ۔ وہ واقعات جو سخت غم و اندوہ کا باعث ہوں ۔
کوارہ دان (ف) گڈریا ۔ چرواہا ۔
کواز / کوازہ (ف) گڈریا ۔ چرواہا (۲) کاس کا مرادف ۔
کوادہ (ف) تنگ منہ کا مسافروں کا لوٹا ۔
کواس (ف)، (۱) روش ۔ طرز (۲) منت ۔
کواسب (ع) کاسبہ کی جمع ۔ انسان یا پرند کے اعضا ۔
کواسر (ع) کاسر کی جمع ۔ کاسر کا معنی ہے توڑنے والا ۔ شکاری پرندوں کو بھی کواسر کہا جاتا ہے ۔
کواسمہ (ف) سہل ۔ آسان ۔
کواشہ (ف) (۱) دیکھو کواس (۲) پڑپوتا ۔
کواسیمہ (ف) سہل ۔ آسان ۔
کواش (ف) دیکھو کواس ۔
کواشمہ (ف) سہل ۔ آسان ۔
کواشہ (ف) دیکھو کواس ۔
کواشیمہ (ف) سہل ۔ آسان ۔
کواعب (ع) کاعب کی جمع ۔ ابھری ہوئی چھاتیوں والی لڑکیاں ۔ نارپستان ۔
کواعب انجم (ع) سات سہیلیوں کا جھمکا ۔ بنات النعش ۔

کوافر (ع) بے ایمان اور کافر عورتیں ۔
کواکب (ع) کوکب کی جمع ۔ روشن ستارے ۔
کواکب ثابتہ (ع) وہ ستارے جو سیار کی مانند آفتاب کے گرد نہیں گھومتے بلکہ اپنی جگہ پر قائم ہیں اور صرف اپنے محور پر گھومتے ہیں ۔
کواکب سیارہ (ع) وہ سیارے جو زمین کی مانند سورج کے گرد دورہ کرتے ہیں ۔ جیسے ولکن ۔ عطارد ۔ زہرہ ۔ زمین ۔ مریخ ۔ مشتری ۔ زحل ۔ یورے نس ۔ نپ چون ۔
کواکب شکوہ (ف) بلند مرتبہ ۔
کواکب شناس (ف) ستاروں کا علم جاننے والا ۔
کواکب مرصودہ (ع) وہ ایک ہزار پچیس ستارے جنہیں اہل ہیئت نے قواعد رصد کے مطابق معلوم کر کے اڑتالیس شکلوں میں تقسیم کیا ہے جن میں سے بارہ منطقۃ البروج پر ہیں ۔ اور وہی بارہ برج کہلاتے ہیں ۔ اور اکیس شکلیں اس کے شمال کی طرف اور پندرہ جنوب کی طرف ہیں ۔
کوالیدن (ف) (۱) اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۲) کھیتی کا اگنا اور بڑھنا ۔
کوب (ع) گلاس ۔ گڑوا ۔ وہ کوزہ جس کا نہ دستہ ہو نہ ٹونٹی ۔
کوب (ف)، (۱) چوٹ ۔ ضرب ۔ صدمہ (۲) آنکس (۳) ایک قسم کا بوریا جس کا بیٹھا نرم اور گنجان ہوتا ہے ۔
کوبان (ف) کوٹتے ہوئے ۔
کوب رسیدن (ف) صدمہ پہنچنا ۔ گزند پہنچنا ۔
کوب کاری (ف) مار پیٹ ۔
کوبش (ف) کوٹنا ۔
کوبل (ف) کونپل ۔ شگوفہ ۔ درخت کو شگوفہ ۔
کوبلہ (ف) (۱) سر کے بال (۲) کھوپری ۔ کلّہ ۔
کوبن (ف) مطرقہ ۔ بڑا ہتھوڑا ۔
کوبندہ (ف) کوٹنے والا ۔
کوبہ (ف) موگری ۔ تھاپی ۔
کوبہ (ف) (۱) ایک قسم کا ڈھول (۲) ایک قسم کی مشک جس میں دہی ڈال کر ہلاتے اور گھی نکالتے ہیں (۳) ایک شیریں گھاس (۴) پانی کی لہر ۔
کوبیدہ (ف) کوٹا ہوا ۔
کوبیدن (ف) کوٹنا ۔
کوپ (ف) کوہ ۔ پہاڑ ۔
کوپ کردن (ف) انبار لگانا ۔
کوپارہ (ف) جانوروں کا گلہ ۔
کوپال (ف) لوہے کا گرز ۔
کوپلہ (ف) (۱) کلی ۔ شگوفہ (۲) کھوپری (۳) بلبلہ ۔ حباب (۴) قفل ۔ (۵) قبہ ۔
کوت (ف) کھیت میں ڈالنے کی کھاد ۔
کوتار (ف) مسقف کوچہ ۔ چھتا ہوا کوچہ ۔

Marfat.com

کوتاہ (ف) چھوٹا۔
کوبان (ف) کوٹتے ہوئے۔
کوتاہ بیں (ف) ناعاقبت اندیش۔ پست ہمت۔
کوتاہ پا } (ف) ہرن کی قسم سے ایک ہرن ہوتا ہے جس کی ٹانگیں
کوتاہ پاچہ } چھوٹی ہوتی ہیں اور قد میں سفید ہرن کے برابر ہوتا ہے۔
کوتاہ دست (ف) ناطاقت۔ بے حوصلہ۔ بے دسترس۔
کوتاہ دستی (ف) اعتدال۔ ایمان داری۔
کوتاہ زندگی (ف) کم عمری۔
کوتاہ شدن زبان (ف) خاموش ہونا۔ چپ ہونا۔
کوتاہ قد (ف) ٹھنگنا۔ پست قد۔
کوتاہ کردن (ف) مختصر کرنا۔
کوتاہ نظر (ف) (۱) عاقبت نااندیش۔ غافل (۲) بخیل (۳) کم حوصلہ۔
کوتاہ نفس (ف) دمے کا مریض۔
کوتاہی (ف) چھوٹائی۔
کوتاہی (ف) کمی۔ قصور۔ تقصیر۔ دریغ۔ چھوٹائی۔
کوتاہی کردن (ف) کمی کرنا۔ قصور کرنا۔ دریغ کرنا۔
کوتر (ف) کبوتر۔
کوتل (ف) اُمراء کی سواری کا خاص گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو اُمراء کی سواری کے ساتھ آرائش کے لیے خالی چلے۔
کوتنگ (ف) مذکر۔ دھوبیوں کی موگری جس سے کپڑے کوٹتے ہیں۔
کوتوال (ف) لفظ کوٹ وال کا مفرس۔ کوٹ بمعنے قلعہ اور وال بمعنے والا۔ محافظِ قلعہ۔ صاحبِ قلعہ۔
کوتولہ (ف) ٹھنگنا۔
کوتہ (ف) کوتاہ کا مخفف۔
کوتہ اندیش (ف) عاقبت نااندیش۔
کوتہ بال (ف) (۱) کوتاہ قد (۲) چین کے ایک جزیرہ کے باشندے جو پست قد ہوتے ہیں اور عنبر کی تجارت کرتے ہیں۔
کوتہ پا (ف) دیکھو کوتاہ پا۔
کوتہ پاچہ (ف) دیکھو کوتاہ پاچہ۔
کوتہ دست (ف) دیکھو کوتاہ دست۔
کوتہ شدن زبان (ف) دیکھو کوتاہ شدن زبان۔
کوثر (ع) (۱) بہت زیادہ (۲) بڑا سخی (۳) بہشت کی ایک نہر کا نام۔
کوثری (ف) ایک شاعر کا تخلص۔
کوچ (ف) اُحول۔ بھینگا۔
کوچ (ف) روانگی۔ روانہ ہونا۔
کوچ کردن (ف) کوچ کرنا۔
کوچانیدن (ف) (۱) کوچ کرانا (۲) اٹھا دینا۔
کوچ بکوچ } (ف) پے در پے جانا۔ دوا دو جانا۔
کوچ بہ کوچ }
کوچ دادن (ف) (۱) کوچ کرنا (۲) بھاگ جانا۔
کوچک (ف) (۱) چھوٹا (۲) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام۔

کوچک ابدال (ف) قلندروں کی اصطلاح میں وہ مرید جو حال ہی میں مریدوں میں شامل ہوا ہو۔
کوچک دل (ف) نازک دل۔ رقیق القلب۔ وہ خوش خلق اور درد مند جو ہر ایک سے اختلاط پیدا کرے۔
کوچ کردن (ف) (۱) کوچ کرنا (۲) بھاگ جانا۔
کوچہ (ف) (۱) گلی۔ تنگ راہ (۲) خیابان۔ پھلواڑی۔
کوچہ آشتی کناں (ف) تنگ گلی جس میں سے دو آدمی بمشکل گزر سکیں۔
کوچہ باستاں (ف) دنیا۔
کوچۂ باغ (ف) باغ کے درمیان چلنے کی راہ۔
کوچہ بن بست (ف) بند گلی۔
کوچہ بند (ف) محفوظ۔ وہ کوچہ جس کے ایک یا دونوں سروں پر دروازے لگے ہوں اور بوقتِ ضرورت بند کر لیے جائیں۔
کوچہ خطر (ف) دنیا۔
کوچہ خموشاں (ف) قبرستان۔
کوچہ دادن (ف) راہ دینا۔ کسی کے لیے رستہ چھوڑ دینا۔
کوچۂ سلامت (ف) زمین دوز رستہ۔ سرنگ جو قلعہ کے نیچے کھود کر قلعہ میں جا گھستے ہیں۔
کوچہ فتادن (ف) مسافر ہونا۔
کوچہ گرد (ف) آوارہ گرد۔ گلیاں ناپنے والا۔
کوچہ گردی (ف) آوارگی۔
کوچۂ نسیان خورہا (ف) بے رونق گلی محلہ یا کوچہ۔
کوچۂ نو (ف) چکلہ۔ کسبیوں کا محلہ۔
کوچہ یافتن (ف) رستہ پا لینا۔
کوچیدن (ف) کوچ کرنا۔
کوخ (ع) بغیر روشندان کے گھر۔
کوخ (ف) (۱) جھونپڑا۔ بغیر روشندان کے گھر۔ (۲) بوریا بنانے کی ایک گھاس (۳) کپڑا۔
کود (ف) گوہ۔ سرگین۔ کھاد۔
کود (ف) (۱) خرمن۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر (۲) کھاد۔
کوداب (ف) دوشاب۔ انگور کا رُب۔
کودتا (ف) فوج کا کوپ کرنا۔ یعنی فوج کا حکومت کا تختہ اُلٹنا۔
کودرہ (ف) ایک قسم کی مرغابی۔
کودک (ف) بچہ۔ لڑکا۔ کم عمر غلام۔
کودکش (ف) بھنگی۔ خاکروب۔
کودکانہ (ف) بچگانہ۔
کودک علم بچوب آموز (ف) مار بچے کے لیے عمر سنوارتی ہے۔
کودک مزاج } (ف) طفلانہ مزاج۔ بچوں کی سی مزاج والا آدمی۔
کودک منش }
کودن (ف) (۱) لدو ٹٹو۔ مریل ٹٹو جو اچھی طرح چل نہ سکے (۲) کند ذہن (۳) کمینہ۔ فرومایہ۔
کودکی (ف) بچپن۔

Marfat.com

کُور (ف) گھیکوار - کوارگندل ایک مشہور چیز ہے جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے - کبر -
کَور (ع) (۱) کثرت - افزونی - زیادتی (۲) پگڑی کا پیچ -
کَور (ف) ایسی زمین جس میں گڑھے اور ٹیلے ہوں اور قابل زراعت نہ ہو (۲) سراب -
کور (ف) اندھا - نابینا -
کُوَر (ع) کُورہ کی جمع - شہر - قصبے -
کُوراب (ف) (۱) سراب - دھوکا (۲) بہت پیاسا جو تھوڑا پانی پیئے -
کوراز خُدا چہ خواہد دو چشم (ف) اندھا کیا مانگے دو آنکھیں -
کوراسپہ (ف) جوان زرہ پوش -
کورباطن (ف) کند ذہن - کج طبع -
کوربازار (ف) رسوا - ذلیل و خوار -
کوربخت (ف) بدبخت - بدنصیب -
کورتابان کیمیائے سپہر (ف) رمّال - نجومی -
کورچشم (ف) (۱) اندھا - نابینا (۲) ایک قسم کا کپڑا -
کورچشم حریر (ف) ایک قسم کا ریشمی کپڑا -
کورخواندگی (ف) بغیر سوچے سمجھے پڑھنا -
کوردل (ف) کُند ذہن - کند طبع - بے وقوف -
کوردی } کوردین } (ف) کمبل - کمل - گلیم -
کورس (ف) (۱) میل - چرک (۲) گھنگریالے بال -
کورفہم (ف) دیکھو کورباطن -
کورک (ف) پھوڑا - پھنسی - دنبل -
کورکور (ف) (۱) چیل - (۲) کرنا -
کورکان (ف) گورگان کا مرادف -
کورگہ (ف) نقارہ -
کورمُقری (ف) مادرزاد اندھا -
کورموش (ف) چھچھوندر -
کورمیخ (ف) چوڑے سرے والی لکڑی کی میخ جو گھوڑے باندھنے کے کام آتی ہے -
کورنشات (ف) کورنش کی جمع جو عربی طریق پر بنائی گئی ہے -
کورنمک (ف) نمک حرام -
کوروکبود (ف) نیست و نابود - ناقص -
کورَہ (ف) (۱) سیلاب (۲) وہ زمین جس میں سیلاب سے گڑھے پڑ گئے ہوں -
کُورَہ (ع) (۱) شہر - قصبہ (۲) آتشدان - بھٹی (۳) پژاوہ جس میں اینٹیں پکائی جاتی ہیں -
کُورَہ (ف) ملک ایران کے پانچ حصے کئے گئے تھے اور ان میں سے ہر ایک حصّہ کو کورہ کہتے تھے -
کورَہ (ف) وہ کپڑا یا برتن جو ابھی پہلی دفعہ بھی نہ دھویا گیا ہو یا استعمال نہ کیا گیا ہو -
کورہ پُر (ف) بھٹے والا -
کورہ دہ (ف) چھوٹا سا گاؤں -
کورہ راہ (ف) تنگ راہ - ناہموار راہ -
کورہ سواد (ف) اَن پڑھ -
کوری (ف) (۱) بے صبری - اندھاپن (۲) ایک قسم کا خود رو غلہ - چینا -
کوریدور (فرانسیسی) دالان - دہلیز -
کوریزا (فرانسیسی) زکام - نزلہ -
کُوژ (ف) (۱) کُبڑا - جھکا ہوا (۲) آسمانی -
کُوژپشت (ف) کُبڑا - خمیدہ کمر والا -
کُوزر (ف) گیہوں یا جَو کا وہ خوشہ جو کھلیان میں پُوری طرح نہ کوٹا گیا ہو اور دوبارہ کوٹ کر اس سے دانے نکالے جائیں - قصالہ - قصامہ -
کوزگک (ف) کوزہ - چھوٹا کوزہ -
کُوزہ (ف) دستہ والا برتن -
کُوزہ (ف) نسرین کے مشابہ ایک پھول ہے -
کُوزہ پشت (ف) (۱) کُبڑا - خمیدہ کمر (۲) جب چاند کا چوتھائی سے زیادہ حصہ روشن ہو جاتا ہے تو چاند کی اس حالت کو کوزہ پشت کہتے ہیں -
کُوزۂ قِمار (ف) قمار بازوں کو ادھار دینے والے کا کوزہ جس میں وہ قرض واپس لے کر ڈالا جاتا ہے (۲) قمارخانے میں جواریوں کی خدمت کرنے والا اپنا حق الخدمت جس پیالے میں ڈالا جاتا ہے اسے بھی کوزۂ قمار کہتے ہیں -
کوزہ گر (ف) کمہار - کلال -
کوزہ گری (ف) کمہار کا کام -
کوزہ گر از کوزۂ شکستہ آب می خورد (ف) ملاح کا حقہ سوکھا ہوتا ہے -
کُوزۂ گُل (ف) گملہ -
کوزۂ نبات (ف) مصری کا کوزہ جس میں مصری کا نہایت صاف کیا ہوا شیرہ جماتے ہیں -
کُوزی (ف) حوض - تالاب -
کُوژ (ف) خمیدہ - مُڑا ہوا - ٹیڑھا -
کُوژپشت (ف) ٹیڑھی پشت والا - کوزہ پشت آسمان سے کنایہ ہے -
کُوس (ف) کوفتن کا مرادف (۲) آسیب - صدمہ (۳) مجازاً بڑا نقارہ (۴) لشکر کی صف - فوج کی قطار (۵) ابھا - اشارہ (۶) شطرنج کی طرح کا ایک کھیل -
کوسان (ف) (۱) مازندران میں ایک گاؤں کا نام (۲) ایک نے نواز کا نام
کُوس برکشیدن (ف) نقارہ بجانا - جنگ کے لیے تیار ہونا - کُوچ کرنا -
کوست (ف) کوست کا مزید علیہ (۱) صدمہ (۲) نقارہ -
کوستن (ف) کوفتن کا مرادف - کُوٹنا - صدمہ پہنچانا -

Marfat.com

کُوسج (ع) کوسہ کا معرب۔ وہ شخص جسے مُسِن ہونے پر بھی ڈاڑھی نہ اُگی ہو۔
کوس خوردن (ف) چوٹ آنا۔ آسیب پہنچنا۔
کوس رسوائی زدن (ف) سخت بے عزّت اور ذلیل و خوار ہونا۔
کوس زدن (ف) کوچ کرنا۔
کوس زدن (ف) (۱) لشکر کی صفیں درست کرنا (۲) حریف کا مقابلہ کرنا (۳) دنیا سے رخصت کرنا۔
کوس زدن باکسے (ف) کسی کے ساتھ ہمسری کا دعوےٰ کرنا۔
کوس صبح (ف) (۱) اخبرات کی نوبت (۲) پرندوں کا شور و غل۔
کوسہ (ف) وہ شخص جس کے زیادہ عمر ہونے پر بھی ڈاڑھی کے بال نہ نکلے ہوں۔
کوش (ف) (۱) سعی۔ کوشش (۲) سعی کر۔ کوشش کر (۳) سعی کرنے والا۔ کوشش کرنے والا (۴) ہر شمسی مہینے کا چوتھا دن۔
کوشار (ف) ساعی۔ کوشش کرنے والا۔ جنگ میں کوشش کرنے والا۔
کوشش (ف) جہد۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔
کوشک (ف) محل۔ ایوان۔ قصر۔ بلند مکان (۲) مکان یا عمارت جو گرمی کا موسم بسر کرنے کے لیے دیہات میں بنا لیتے ہیں۔
کوشک (ف) کوچک۔ پست قد آدمی۔ ٹھگنا۔
کوشنہ (ف) قسط۔
کوشندہ (ف) کوشش کرنے والا۔
کوشیار (ف) (۱) ایران کے ایک مشہور حکیم ابوالحسن کا نام حکیم بوعلی سینا جس کا شاگرد تھا۔ (۲) ایک گیلانی حکیم کا نام۔
کوشیدن (ف) کوشش کرنا۔
کوع (ع) کہنی۔ ہاتھ کا پہنچا۔ جمع اکواع۔
کوغ (ف) اندرجا۔
کوف (ف) اُلّو۔ بوم۔ چغد۔
کوفان (ع) ریت کا تودہ۔ عزت۔ سرداری۔ بلندی۔ رنج و سختی۔
کوفت (ف) (۱) کوٹنا (۲) صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ۔ آسیب۔
کوفتن (ف) کوٹنا۔ صدمہ پہنچانا۔
کوفتگی (ف) خستگی۔ تھکن۔
کوفتہ (ف) کوٹا ہوا۔ کٹا ہوا (۲) تھکا ماندہ (۳) آسیب رسیدہ۔ صدمہ اُٹھائے ہوئے۔ مضروب (۴) قیمہ کیے ہوئے گوشت کا غلولہ بنا کر پکایا ہوا ایک کھانا (۵) دیوثی کی اُجرت۔ (۶) احمق۔ نادان۔
کوفتہ بریاں (ف) ایک کھانا جو قیمہ میں مصالحہ ڈال کر اور گھی میں بھون کر خشکہ کے ساتھ کھاتے ہیں۔
کوفتہ حال (ف) تباہ حال۔ بدحال۔
کوفتہ خاطر (ف) خفا۔ رنجیدہ۔
کوفج (ف) ایک قوم جو کرمان کے پہاڑوں میں رہتی ہے۔
کوفجان (ف) قفس۔ پنجرہ۔ تنگ جگہ۔
کوفشانہ (ف) بافندہ۔ جولاہا۔
کوفہ (ع) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جو کسی زمانہ میں بہت آباد تھا۔
کوفی (ع) کوفہ کا رہنے والا۔
کوفیہ (ع) کوفی کی جمع۔ ایک خاص قسم کی پگڑی جو عرب پہنتے تھے۔
کوک (ف) اُونچی آواز۔ بہت بلند آواز۔
کوک (ف) گھڑی کو چابی دینا۔
کوک (ف) (۱) کاہو (۲) کھانسی (۳) بخیہ (۴) گانے والوں کا اپنی آوازوں کو باہم ملانا (۵) ساز کے تاروں کی آواز کا موافق کرنا (۶) سازوں کی آوازوں کو باہم ملانا۔
کوکا (ف) غوغا۔
کوکا (ف) چاند۔ قمر۔
کوکان (ف) دھوبیوں کا سامان۔
کوکب (ع) روشن اور بڑا ستارہ۔
کوکب اقبال (ف) قسمت کا ستارہ۔
کوکبہ (ع) (۱) ستارہ۔ بڑا ستارہ (۲) گروہ۔ آدمیوں کا انبوہ (۳) شان و شوکت۔ حشمت۔ بزرگی (۴) بادشاہوں کی سواری کے آگے کا جلوس (۵) اُونچی خمدار لکڑی جس کے سرے پر لوہے وغیرہ کا صیقل کیا ہوا گیند ہوتا ہے۔ اور اُسے اُٹھا کر بادشاہ کی سواری کے آگے اُلٹے پاؤں چلتے ہیں۔
کوک کردن (ف) سُر ملانا۔ سروں کو باہم موافق کرنا۔
کوکلتاش (ت) دُودھ شریک بھائی۔ برادر رضاعی۔ جن دو بچوں نے ایک دایہ کا دُودھ پیا ہو وہ باہم ایک دُوسرے کو کلتاش کہلاتے ہیں۔
کوکن (ف) (۱) اُلّو۔ بوم (۲) آدھ پکے اناج کے بھنے ہوئے دانے۔
کوکنار (ف) پوست کا ڈوڈا۔
کوک و برزبر (ف) پہاڑی جانور۔
کوک و لواز (ف) جنگلی مرغ۔
کوکنار (ف) پوست کا ڈوڈا۔ خشخاش کا غلاف۔
کوکنگ (ف) کوکن۔ اُلّو۔
کوکو (ف) (۱) فاختہ کی آواز (۲) مرغی کے انڈوں کا پلاؤ۔
کوکوز (ف) باریک کپڑا۔
کوکوہ (ف) اُلّو۔ بوم۔ چغد۔
کوکہ (ت) دُودھ شریک بھائی۔ انّا کا بیٹا۔
کوکہ (ف) اُلّو۔
کول (ف) بکری کی کھال کی پوستین۔
کول (ف) شانہ۔ کندھا۔
کول کردن (ف) پیٹھ پر لادنا۔
کوکب اقبال درخشیدن (ف) بخت کا عروج ہونا۔
کول (ف) (۱) تالاب۔ حوض۔ پانی جمع ہونے کا گڑھا (۲) اُلّو۔
کولاب (ف) حوض۔ تالاب۔
کولاک (ف) طوفان۔

Marfat.com

کولخ (ف) آتشدان ۔ گلخن ۔
کولر (انگریزی) (COOLER) ٹھنڈا کرنے والا۔ کولر سے گرمیوں میں کمرے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔
کول صحرا (ف) خار وار جھاڑی۔
کول گر (ف) چھنال ۔ بدکار ۔
کولم (ف) فلفل سیاہ ۔ کالی مرچ ۔
کولنگ (ف) ہیجڑا۔ مخنث ۔
کولہ (ف) (۱) شکاری کی گھات میں بیٹھنے کا گڑھا (۲) حرامزادہ ۔ (۳) احمق ۔ بے وقوف (۴) خارپشت ۔
کُولہ (ف) کندھا ۔
کولہ بار (ف) اسباب کی گٹھڑی جسے کمر پر اُٹھایا جائے ۔
کولی (ف) (۱) مقراض ۔ قینچی (۲) بیسوا ۔ رنڈی ۔
کولیدن (ف) زمین کھودنا ۔
کولی دادن (ف) کسی کے کندھوں پر سواری کرنا ۔
کولی گری کردن (ف) زبان درازی کرنا ۔ ہرزگی اور بے ہودہ پن کرنا ۔
کُومہ (ع) تودہ ۔ ڈھیر ۔
کومدی (ف) سوانگ ۔ بہروپ ۔ نقل ۔
کَون (ع) (۱) ہونا ۔ ہو جانا ۔ موجود ہونا ۔ ہستی (۲) دنیا ۔ جہان ۔
کُون (ف) دُبر ۔ مقعد ۔ پاخانہ کا مقام ۔
کُون (ف) مخنث ۔ ہیجڑا ۔
کُون (ف) (۱) بے پھل بید (۲) مخنث ۔ ہیجڑا ۔
کُون (ف) عاشورہ کے دن ہزار آدمیوں کا مجمع (۲) مخنث ۔ ہیجڑا ۔
کون (ف) جھاڑی ۔
کُون خاریدن (ف) پچھتانا ۔ پشیمان ہونا ۔
کُون خر (ف) احمق ۔ بنے تمیز آدمی ۔ بے وقوف ۔
کونس (ف) ایک قسم کا بڑا باجا جو شاہی عمارتوں یا ٹاؤن ہال میں بجایا جاتا ہے ۔
کُونسہ (ف) آدمی کا سرین ۔ چوتڑ ۔
کون نداری طبلہ چرا می خوری (ف) جب ایک کام کرنا ہی نہیں تو پھر وعدے کس لیے کرتے پھرتے ہو ۔
کون وفساد (ع) ہو کر مٹ جانا ۔ موجود ہونا اور پھر تباہ ہو جانا ۔
کون و مکان (ع) دنیا ۔
کُونہ (ف) سرین ۔ چوتڑ ۔
کُونیان (ف) نوم ۔ نیند ۔
کونین (ع) دونوں جہان ۔ دُنیا و عقبےٰ ۔
کونیہ (ع) منسوب بہ کون ۔
کوہ (ف) پہاڑ ۔ پربت ۔
کُوہ (ف) (۱) روئی کا ڈوڈا (۲) خشخاش کا ڈوڈا ۔ (۳) ریشم کا کویا ۔

کُوَّہ (ع) روشندان ۔ روزن ۔
کوہِ ابراہیم (ف) کرمان کے ایک پہاڑ کا نام ۔
کوہِ اخضر (ف) (۱) سبز پہاڑ (۲) کوہ قاف ۔
کوہان (ف) (۱) گھوڑے کی زین (۲) بیل کے شانہ کی بلندی (۳) اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ ۔
کوہ بر کوہ (ف) عنبر کی ایک قسم ۔
کوہ بے ستون (ف) وہ پہاڑ جسے فرہاد نے کاٹ کر شیریں کے لیے جوئے شیر جاری کی تھی ۔
کوہ پارا (ف) (۱) پہاڑ کا ٹکڑا (۲) گھوڑا ۔
کوہ پایہ (ف) (۱) پہاڑ (۲) پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔ دامن کوہ ۔ (۳) قلعہ جو دامن کوہ میں ہو ۔
کوہ پشت (ف) کوزپشت ۔ کبڑا ۔
کوہ پیکر (ف) قوی ہیکل ہاتھی یا گھوڑا ۔
کوہ پیما (ف) پہاڑوں پر سیاحت کرنے والے اور ان کی چوٹیاں سر کرنے والے ۔
کوہ تیغ (ف) (۱) بہت سی تلواریں (۲) بہت سی روشنی (۳) سُورج کی کرنیں ۔
کوہ جگر (ف) باحوصلہ آدمی ۔ بڑے حوصلے والا ۔ بہادر ۔ دلیر ۔
کوہ جلیل (ف) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوح علیہ السّلام کا گھر تھا اور طوفان کا پانی پہلے وہیں سے شروع ہوا تھا ۔
کوہ جُودی (ف) کوہ ارارات جس پر طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السّلام کی کشتی ٹھہری تھی ۔
کوہچہ (ف) کوہ کی تصغیر ۔ پہاڑی ۔ ٹیلہ ۔
کوہ را دیدن کان را ندیدن (ف) ظاہر کو دیکھنا باطن کو نہ دیکھنا ۔
کوہ را فرہاد کند و لعل را پرویز یافت (ف) دُکھ بھرے بی فاختہ میوے کوّا کھائے ۔
کوہ رحمت (ف) جبل الرحمت ۔ مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ ہے ۔
کوہ رواں } (ف) ہاتھی ۔ گھوڑا ۔
کوہ روندہ }
کوہ زمرد (ف) محال شے ۔
کوہسار (ف) پہاڑی مقام ۔ پہاڑی جگہ ۔
کوہستان (ف) جہاں بہت سے پہاڑ ہوں ۔ پہاڑی ملک ۔ پہاڑی جگہ ۔
کوہسر (ف) کوہسار کا مخفف ۔
کوہ سلیمان (ف) پنجاب اور افغانستان کے درمیانی پہاڑ کا نام ۔
کوہ سینا (ف) دیکھو کوہ طور ۔
کوہ شناس (ف) پہاڑوں کی اندرونی کیفیت کو جاننے والا ۔
کوہ طارس (ف) ایشیائی روم کے ایک مغربی پہاڑ کا نام ۔
کوہ طبعی (ف) قدرتی پہاڑ ۔
کوہ طور (ف) ایک مشہور پہاڑ کا نام جو عرب کے شمال مغرب میں واقع ہے ۔ اسی پہاڑ پر حضرت موسےٰ علیہ السّلام اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سے ہمکلام ہوئے اور بنی اسرائیل کے لیے ہدایات لائے تھے۔

کوہ قاف (ف) دیکھو قاف۔

کوہ کاف (ف) پہاڑ کھودنے والا۔

کوہکان (ف) کوہکن۔

کوہ کچل (ف) گنجا پہاڑ جس پر گھاس اور درخت نہ ہوں۔

کوہکن (ف) شیریں کے مشہور ایرانی عاشق فرہاد کا لقب۔ جس نے شیریں کی خاطر جوئے شیر لانے کے لیے پرویز سے شیریں ملنے کے وعدہ پر کوہ بے ستون کاٹ کر جوئے شیر جاری کی تھی۔

کوہ کندن و موش بر آوردن (ف) کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا۔

کوہ کوب (ف) (۱) فرہاد کوہکن عاشق شیریں (۲) اونٹ۔ گھوڑا اور خچر وغیرہ۔

کوہ ماران (ف) کشمیر کے ایک ٹیلہ کا نام۔

کوہِ معرُوق (ف) آرمینیا کے ایک سیاہ رنگ پہاڑ کا نام۔

کوہِ موقر کجا و کاہ محقر کجا (ف) کہاں راجہ بھوج کہاں گنگوا تیلی۔

کوہ نُور (ف) ہندوستان کے مشہور ہیرے کا نام جو انگلستان کے بادشاہ کے تاج میں ہے۔

کوہ نورد (ف) پہاڑوں کو عبور کر کے ان کی چوٹیوں پر پہنچ جانے والا۔

کوہہ (ف) (۱) برآمدگی۔ ہر شے کا ابھار۔ بلندی (۲) پانی کی لہر (۳) پہاڑی کی بلندی (۴) اونٹ کی پیٹھ۔ گھوڑے کی زین اور بیل کے شانو کی بلندی۔ (۵) انسان کا کندھا۔ (۶) حملہ۔ نہیب۔

کوہہ آب (ف) پانی کی بڑی لہر۔ موج۔ دریا۔

کوہہ آسمان (ف) آسمان کی اونچائی۔

کوہ بالا (ف) (۱) ایک پہاڑ کا نام جو مکہ معظمہ کی راہ میں ہے (۲) ایک پہاڑ کا نام جو سندھ کے مغرب میں ہے۔

کوہہ گرفتہ (ف) وہ آدمی جسے جن وغیرہ کے آسیب کا مرض ہو۔

کوہ ہمالہ / کوہ ہمالیہ (ف) دُنیا کے عظیم الشان پہاڑ کا نام جو ہندوستان کے شمال میں ہے۔ ہندوستان کے بڑے بڑے دریا اسی سے نکلتے ہیں۔ اسے ہماچل اور ہمادری بھی کہتے ہیں۔ اس کا طول شرقاً غرباً دو ہزار میل اور عرض شمالاً جنوباً چار سو میل ہے۔ اس کی چوٹی ایورسٹ ۲۹ ہزار فٹ بلند ہے جو دُنیا کے تمام پہاڑوں سے بلند ترین مانی گئی ہے۔

کوہ ہندوکش (ف) افغانستان اور ترکستان کے درمیانی پہاڑ کا نام۔

کوہی (ف) پہاڑی۔ مراد بابا کوہی۔

کوئے (ف) (۱) گلی۔ کوچہ۔ کشادہ رستہ (۲) محلہ۔

کوئے یار (ف) دوست کی گلی جو عاشقوں کو بہت پسند ہوتی ہے اور اس میں جانے کی تمنا رکھتے ہیں۔

کوئیچہ (ف) کوئے کی تصغیر۔ چھوٹا رستہ۔

کوئدور (ف) ایک مردار خوار جانور کا نام۔

کوبز (ف) گوشہ خانہ۔ گھر کا گوشہ۔ کونا۔

کوبیستن (ف) غلّہ کوٹنا۔ اناج کوٹنا۔

کوبیستہ (ف) کوٹا ہوا۔

کوئے ہفتاد و راہ (ف) دُنیا۔

## ک ۔ ہ

کہ (ف) کاہ کا مخفف۔ خشک گھاس۔

کہ (ف) بندرگاہ۔ اسٹیشن۔

کہ (ف) حرف استفہام و حرفِ بیان ہے (۱) کون (۲) جو (۳) کیونکہ (۴) اور۔

کُہ (ف) کوہ کا مخفف۔ پہاڑ۔

کِہ (ف) (۱) کم رتبہ (۲) چھوٹا۔

کہ (ف) (۱) جو (۲) وجہ (۳) یعنی۔

کہا (ف) نادم۔ منفعل۔ شرمندہ۔

کہاب (ف) دوا یا گھاس وغیرہ جو اُبال کر ورم پر باندھی جائے۔

کہاں (ف) کہ کی جمع۔ ادنےٰ لوگ۔

کہاں (ف) کیہان کا مخفف۔ دُنیا۔ جہان۔

کہانت (ع) کاہن پن۔ غیب کی باتیں بتانا۔ فال گوئی کرنا۔

کہب (ع) ننگ و عار۔

کہبد (ف) (۱) زاہد۔ گوشہ نشین۔ درویش (۲) کسان (۳) خزانچی (۴) تحصیلدار (۵) صراف (۶) دربان (۷) دلّال۔

کہبل / کہبلہ (ف) بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔

کہ پیکر (ف) قوی ہیکل ہاتھی یا گھوڑا۔

کہتر (ف) بہت چھوٹا۔ نہایت ادنیٰ۔ بہت حقیر۔

کہ چہ (ف) کس واسطے۔ کیونکر۔

کہر (ف) کُمیت۔ گھوڑے اور خچر کا مخصوص رنگ۔

کہ داند کہ فردا چہ خواہد شدن (ف) کسے خبر کہ کل کیا ہوگا۔

کہ را خواستہ است کارش آراستہ است (ف) دھن والوں کی ہے یہ دُنیا۔

کہربا (ف) گھاس کو لے جانے والا۔ یہ ایک زرد رنگ مہرہ ہوتا ہے اگر اسے چمڑے وغیرہ پر خوب گھس کر گھاس کے تنکے کے نزدیک کریں تو تنکا اس سے آکر چمٹ جاتا ہے۔ جیسے مقناطیس سے لوہا۔

کہربا رنگ (ف) (۱) زرد رنگ (۲) کہربا کی خاصیت رکھنے والا (۳) پھرتی سے کام کرنے والا۔

کہربا گوں (ف) زرد رنگ۔ کہربا کے رنگ والا۔

کہربائی (ف) منسوب بہ کہربا۔ برقی قوت۔

Marfat.com

کہربائی سیاہ (ف) ، سخت اور چمکیلا کوئلہ جو جواہر سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
کہربائیت (ع) ، برقی قوت۔
کہربہ (ع) ، کسی چیز میں برقی قوت پیدا کرنا۔
کہزم (ف) ، ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
کہسار بلند (ف) ، بلند پہاڑ۔
کہسار سبز (ف) ، سبز پہاڑ۔
کہست (ف) ، پتھر۔ سنگ۔
کہستان (ف) ، کوہستان کا مخفف۔
کہستہ (ف) ، پانی کا بھرا ہوا کوزہ یا پیالہ۔
کہسلہ (ف) ، بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔
کہف (ع) ، (۱) غار۔ گڑھا (۲) پناہ۔
کہکاہی (ف) ، ایک قسم کی ٹوپی جو فقیر پہنتے ہیں۔
کہکوب (ف) ، کوہ کوب کا مخفف۔
کہگل (ف) ، لپائی۔ بھُس ملی ہوئی مٹی کی لپائی۔
کہگیری (ف) ، اڑ جانا۔ اڑی کرنا۔ ضد کرنا۔
کہل (ع) ، ادھیڑ عمر کا مرد۔
کہلم (ف) ، بادنجان۔ بینگن۔
کہلم خوردن (ف) ، بینگن کھانا۔
کہلہ (ف) ، سونے چاندی کے ریزے۔
کہلہ (ع) ، ادھیڑ عمر عورت۔
کہ مُردہ کہ زندہ (ف) ، کون جیتا ہے تیری زُلف کے سر ہونے تک۔
کہن (ف) ، پرانا۔ کہنہ۔
کہنہ باصفا (ف) ، وہ بوڑھا جو جوانوں کی طرح خوش طبع، شگفتہ رو اور ظریف خو ہو۔
کہنہ پرست (ف) ، قدامت پسند۔
کہنہ چی (ف) ، پھٹے پرانے کپڑے خریدنے والا۔
کہنہ سرباز (ف) ، تجربہ کار سپاہی۔
کہن خرابات (ف) ، دُنیا۔
کہن دام (ف) ، مکروفریب میں کامل اور تجربہ کار۔
کہن دیر (ف) ، (۱) آسمان (۲) دُنیا۔
کہن دز (ف) ، بدخشاں کے ایک قلعہ کا نام جسے قندز بھی کہتے ہیں۔
کہنزہ (ف) ، جمائی۔ انگڑائی۔
کہن سال (ف) ، بوڑھا۔
کہن فرش (ف) ، زمین۔
کہن کیسہ (ف) ، قدیمی مالدار۔ جدی دولت مند۔
کہن گرگ (ف) ، (۱) آسمان (۲) دُنیا۔
کہن لنگ (ف) ، (۱) پرانا لنگڑا ، مدت دراز سے لنگڑا (۲) وہ شخص یا چیز جو ایسی جگہ ہو جہاں سے نکل نہ سکے۔
کہنہ (ع) ، کاہن کی جمع۔ فال دیکھنے والے۔
کہنہ اسقاط (ف) ، پشتا پرانا یا گلا سڑا مال۔
کہنہ خر (ف) ، پرانی چیزیں خریدنے والا۔ کباڑیا۔
کہنہ سوار (ف) ، (۱) مشاق سوار (۲) بڑا پہلوان۔ کشتی گیروں کا خلیفہ۔
کہنہ نخل (ف) ، (۱) تجربہ کار۔ مکار۔ حیلہ گر۔
کہنہ مشق (ف) ، بڑا مشاق۔ تجربہ کار۔
کہنہ نو کردن (ف) ، پرانا لباس اُتار کر نیا لباس پہننا۔
کہور (ف) ، ایک درخت جو خلیج فارس کے کناروں پر اُگتا ہے اور اس کی لکڑی سے چوبی اشیاء بنتی ہیں۔
کہوف (ع) ، کہف کی جمع۔ غاریں۔
کہول (ع) ، کہل کی جمع۔ ادھیڑ عمر کے مرد۔
کہی (ف) ، فوج کا وہ دستہ جو لشکر سے آگے جا کر قیام گاہ اور لکڑی، گھاس، پانی وغیرہ کا انتظام کرتا ہے اور دشمن کی خبر گیری کرتا ہے۔
کہین / کہینہ (ف) ، بہت چھوٹا۔ نہایت چھوٹا۔

# ک ۔ ی

کے (ف) ، (۱) کب۔ کس وقت۔ کیوں (۲) بلند قدر بادشاہ۔ شہنشاہ۔ وہ بادشاہ جو اپنے تمام ہمعصر بادشاہوں سے فائق ہو (۳) عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر (۴) لطیف۔ پاکیزہ (۵) اصیل نجیب۔
کی (ع) ، تاکہ۔
کیّ (ع) ، (۱) کسی عضو کا داغ دینا (۲) استری کرنا۔
کیا / کیا (ف) ، (۱) خداوند۔ بادشاہ۔ بڑا حاکم۔ فرمانروا (۲) پاکیزہ۔ لطیف (۳) پہلوان (۴) زمیندار۔ دہقان (۵) طبائع یعنی حرارت۔ برودت۔ رطوبت اور یبوست (۶) اربعہ عناصر میں سے کوئی سا عنصر۔
کیا (ع) ، سریانی زبان کا لفظ ہے (۱) منہ۔ فم (۲) مصطگی۔
کیا خرّ / کیا خرہ (ف) ، اللہ تعالےٰ کا عطا کیا ہوا نور جس سے کوئی بادشاہ کوئی رئیس اور کوئی صالح ہو جاتا ہے۔
کیاخن (ف) ، ہمواری۔ نرمی۔ آہستگی۔
کیا خورہ (ف) ، دیکھو کیا خرہ۔
کیّاد (ع) ، بڑا مکار۔ بڑا حیلہ گر۔
کیار (ف) ، سُستی۔ کاہلی۔
کیارا (ف) ، (۱) اندوہ۔ رنج۔ غم (۲) ملامت (۳) کھانے کی بہت خواہش جیسی حاملہ عورتوں کو ہوتی ہے۔
کیارش (ف) ، کیقباد کے ایک لڑکے کا نام۔
کے آرمین (ف) ، کیقباد کے دوسرے لڑکے کا نام۔
کیارنگ (ف) ، لطیف اور پاکیزہ رنگ۔ سفید۔
کیا زند (ف) ، (۱) بادشاہ (۲) بزرگ۔
کیاست (ع) ، عقلمندی۔ دانائی۔
کیاگن (ف) ، (۱) مخالف (۲) ناہموار۔ درشت۔
کیّال (ع) ، تولنے والا۔ ناپنے والا۔ کسی چیز کو پیمانے سے ناپنے والا۔

Marfat.com

کیال (ف) گول خیمہ جو ایک چوب پر کھڑا ہوتا ہے (۲) ستارہ (۳) دائرہ کا مرکز۔
کیان (ف) کے کی جمع۔ شاہان جلیل القدر۔ اور یہ چار بادشاہ ہوئے ہیں۔ کیکاؤس۔ کیخسرو۔ کیقباد۔ لہراسپ۔
کیانا (ف) (۱) اربعہ عناصر (۲) ہر چیز کی اصل (۳) زمیندار۔
کیانی (ف) منسوب بہ کیان جو کے کی جمع ہے۔ وہ شے جو بادشاہوں کے لائق ہو۔
کیبندہ (ف) مُنہ پھیرنے والا۔
کیبانیدن (ع) ترغیب دینا اور منحرف کر دینا۔
کیبیدن (ف) (۱) جانا۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا (۲) لے جانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا (۳) آزردہ ہونا۔
کیپ (ف) آپس میں اُلجھا ہوا۔
کیپا (ف) ایک قسم کا کھانا جو بکری کی انتڑیوں میں قیمہ۔ چنے کی دال۔ چاول اور مصالحہ بھر کر پکاتے ہیں۔
کیپا (ف) چاندی۔
کیپ شدن (ف) پُر ہونا۔
کیت وزیت (ع) چناں چنیں۔ ایسا ویسا۔
کیتھولک (انگریزی) کیتھولک۔ ایک عیسائی فرقہ۔
کیت وکیت (ع) ایسا اور ایسا۔
کیچ (ف) بیستان کے ایک شہر کا نام۔
کیچ (ف) (۱) تھوڑا (۲) چھوٹا (۳) پراگندہ۔ پریشان (۴) آہستہ (۵) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
کیچہ (ف) کوچہ۔
کیخ (ف) (۱) آنکھوں کی چیپڑ۔ گِڈ (۲) ہاتھ پاؤں کا میل۔
کیخسرو (ف) ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔ یہ کیانی بادشاہوں میں سب سے بڑا ہوا ہے۔ یہ سیاوش کا بیٹا تھا جب افراسیاب نے اپنے داماد سیاوش کو مروا ڈالا تو فرنگیز جو اس کی والدہ اور افراسیاب کی بیٹی تھی۔ اس کی پرورش کرتی تھی اور جب اس کے دادا کیکاؤس کو سیاوش کے قتل کے متعلق معلوم ہوا تو اس نے کیخسرو اور فرنگیز کو اپنے پاس بلا لیا اور کیخسرو کو ولی عہد مقرر کیا۔ اس نے افراسیاب پر فتح پائی اور وہ مارا گیا۔
کید (ع) (۱) مکر۔ حیلہ۔ فریب (۲) جنگ۔
کید (ف) ایک راجہ کا نام جس کی لڑکی سکندر کے نکاح میں آئی تھی۔
کیدپا (ف) بردع کی ملکہ نوشابہ کا نام۔
کیر (ع) لوہار کی دھونکنی۔ کھال۔
کیر (ف) آلہ تناسل۔ ذکر۔ لنڈ۔
کیرم } کیدرغ } (ف) رحل جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں۔
کیرو (ف) (۱) حفاظت کرنا (۲) ذہن میں آئی ہوئی بات کو حاصل کرنا۔
کیریان (ف) قربان۔ فدا۔

کیز (ف) نمدہ۔ خوگیر۔
کیس (ع) دانا۔ زیرک۔ عقل مند۔
کیس (ع) تھیلی۔ کیسہ۔
کیس (ف) شکن۔ چین۔ سلوٹ۔
کیسان (ع) (۱) سگالش۔ حیلہ۔ تدبیر (۲) مختار بن ابی عبید کا لقب۔
کیست (ف) کون ہے۔ یہ لفظ ذو العقول کے لیے آتا ہے۔
کیس داشتن (ف) ناہموار ہونا۔
کیس فدا (ف) وہ روپوں کی تھیلی جو مخالف بھاگتے ہیں اپنے پیچھے پھینک دیتا ہے تاکہ حریف روپے چننے میں لگ جائے اور اُس کا پیچھا نہ کرے۔
کیسوم (ع) خشک چارہ۔ تر و تازہ باغ۔ اس کی جمع اکاسیم آتی ہے۔
کیسہ (ف) تھیلی۔ پاکٹ۔
کیسہ از چیزے دوختن (ف) کسی چیز پر قبضہ کرنا۔ کسی چیز کا مالک ہونا۔
کیسہ بُر (ف) جیب کترا۔ گٹھ کترا۔ اُچکا۔
کیسہ بصابون زدن } کیسہ پاک انداختن } (ف) کیسہ خالی کرنا۔ تمام خرچ کر دینا۔
کیسہ وار (ف) ارزانی میں چیز خرید کر گرانی میں فروخت کرنے والا۔
کیسہ داراں (ف) بیالوجی کی اصطلاح میں وہ جانور جن کے پیٹ کے نیچے تھیلی ہو جس میں وہ اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں۔
کیسہ دوختن (ف) زیادہ اُمید رکھنا۔
کیسہ صفرا (ف) جگر کے نیچے کی ایک تھیلی جس میں صفرا اکٹھا ہوتا رہتا ہے۔
کیسہ صورت کشادن (ف) اصلی صورت کو چھوڑ کر کچھ اچھی صورت اختیار کرنا۔
کیسہ کشیدن (ف) حمام میں کپڑے کی تھیلی سے مل مل کر بدن کا میل صاف کرنا۔
کیسہ کشیش (ف) ایک پودا ہے جو چارے کے کام آتا ہے۔ ایران کے اکثر علاقوں کے کھیتوں میں اُگتا ہے۔ اس کی بلندی چالیس سنٹی میٹر کو پہنچ جاتی ہے اس کے پھول سفید اور اُس کا پھل چھوٹی تھیلی سے مشابہ ہوتا ہے بلوچستان میں اس کو چمبرک کہتے ہیں۔
کیسہ کمر (ف) کارتوسوں کی پیٹی۔
کیش (ف) (۱) عادت۔ خو (۲) دین۔ مذہب (۳) تیردان۔ ترکش (۴) ایک جانور کا نام جس کے پوست سے پوستین بنائی جاتی ہے (۵) شمشاد کا درخت (۶) شاہ شطرنج کو شہ دینا (۷) پرندوں کو اُڑانے کی آواز یعنی دُور ہو جاؤ (۸) پرندہ کا پَر تیر پر لگانے کا پَر (۹) خلیج فارس کے ایک جزیرہ کا نام۔
کیغباد (ف) کیقباد جو مشہور بادشاہ کا نام ہے۔
کیف (ف) چمڑے کا بیگ۔

Marfat.com

کیفت (ف) کیف + ات۔ تیرا تھیلا۔
کیف (ع) (۱) چگونہ۔ کیونکر (۲) کیفیت (۳) فارسی میں بمعنی مستی نشہ اور نشہ آور شے کے استعمال ہوتا ہے۔
کیف آور (ف) جو کیفیت یعنی نشہ پیدا کر دے۔
کیف پول (ف) بٹوا۔
کیف دستی (ف) ہینڈ بیگ۔
کیفال (ف) رند۔ بھکڑ۔ بدمست۔ گلیوں میں پھرنے والا۔
کیفدان (ف) (۱) نشہ کی معجونیں وغیرہ رکھنے کا ڈبہ (۲) چمڑے کا جھولا جس میں کئی خانے ہوتے ہیں۔
کیف دلاکی (ف) نائیوں کے اوزار رکھنے کی کپی۔
کیف رسیدن (ف) سزا پانا۔
کیف سفری (ف) سفری تھیلا۔
کیفر (ف) (۱) بدی کا بدلہ۔ برے کام کی سزا (۲) دہی رکھنے کا برتن (۳) ایک قلعہ کا نام (۴) وہ پتھر وغیرہ جو دشمن پر پھینکنے کے لیے قلعہ کے کنگرے پر رکھے جاتے ہیں (۴) پشیمانی۔ ندامت (۵) نہر۔ نالہ (۶) محنت۔ رنج۔
کیفر کردار (ف) بدی کا بدلہ۔
کیف کردن (ف) لطف اندوز ہونا۔
کیف کوک بودن (ف) خوشی مسرت کے اسباب فراواں ہونا۔ مالدار ہونا۔
کیف ما یتفق (ع) جس طرح اتفاق پڑے۔
کیف وکم (ع) کیسا اور کتنا۔ چگونہ و چند۔
کیفیت (ع) چگونگی حالت۔ وضع جو کسی چیز میں ہو۔ فارسی میں بلا تشدید آتا ہے اور بمعنی مستی اور جو حالت نشہ کے باعث عاید ہوتی ہے۔ استعمال ہوتا ہے۔
کیک (ف) پسو۔
کیک (ف) (۱) بسکٹ (۲) ایک پھل کا نام (۳) بلی (۴) آبی رنگ کا گھوڑا۔
کیک (ف) (۱) آدمی (۲) آنکھ کی پتلی۔
کیکاؤس (ف) ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس کا سپہ سالار رستم بن زال تھا۔ یہ بادشاہ عمر بھر افراسیاب سے لڑتا رہا۔ اس کے بعد اس کا پوتا کیخسرو تخت نشین ہوا۔

کیک بگریبان بودن }
کیک بہ گریبان بودن } (ف) بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ بے چین ہونا۔

کیک در پارچہ افگندن }
کیک در پازہ افگندن } (ف) بے قرار کرنا۔

کیک در تنبان افتادن (ف) سخت مضطرب اور بے چین ہونا۔
کیک در شلوار افتادن (ف) بے قرار ہونا۔
کیک در شلوار افگندن (ف) بے قرار کرنا۔
کیک در موزہ افتادن (ف) بے قرار ہونا۔
کیل (ع) (۱) پیمانہ۔ ناپ (۲) ناپنا۔ تولنا۔ پیمائش کرنا۔

کیل کردن (ف) وزن کرنا۔ ناپنا۔
کیل (ف) (۱) کج۔ ٹیڑھا (۲) آرزومند۔
کیلواس (ف) ساکی منی۔ پانی بدھ مت کی جائے ولادت۔
کیلوس (ی) پکا ہوا۔ پختہ۔ رسیدہ۔ غذا کی وہ صورت جو معدہ میں پہلی دفعہ پک کر ہضم ہوتی ہے۔
کیلوگرام (فرانسیسی) ہزار گرام۔
کیلومتر (ع) کیلومیٹر کا معرب جو ۱۰۹۲ گز کا ہوتا ہے۔
کیلہ (ف) کیل کا مفرس۔ پیمانہ۔
کیلہ (ع) پیمائش۔ ناپ۔
کیلہراسپ (ف) ایران کے ایک مشہور کیانی بادشاہ کا نام جو کیخسرو کے بعد تخت پر بیٹھا تھا۔
کیماک (ف) وہ رسی جو گدھے اور گھوڑے کے بوجھ کے اوپر باندھتے ہیں۔
کیمال (ف) شیروان کے اطراف میں ایک نیلے رنگ کا جانور ہوتا ہے جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔
کیمخت (ف) گورخر وغیرہ کا چمڑا جو خاص طور پر دباغت کر کے کام میں لاتے ہیں۔
کیمخت چرم (ف) سختی۔ درشتی۔
کیموس (ی) غذا کی صورت جو جگر میں طبخ کھانے سے اختیار کرتی ہے۔
کیمیا (ع) (۱) مکر۔ فریب۔ حیلہ (۲) اصطلاح میں ناقص چیزوں میں روح شامل کر کے انہیں مرتبہ کمال پر پہنچانا یعنی تانبے کو سونا اور رانگ کو چاندی بنانا۔ چونکہ یہ عمل دھوکا اور فریب ہے اس لیے کیمیا کہلاتا ہے (۳) وہ علم جس میں مادہ کے ان خواص سے بحث ہوتی ہے جو اندرونی ترکیبوں سے متعلق ہیں (۴) فارسی میں بمعنے عشق (۵) پیر و مرشد کی نظر کامل (۶) رانگ۔ قلعی۔
کیمیا اثر (ف) وہ جو کیمیا کا اثر رکھتا ہو اور کسی چیز کی ماہیت کو بدل دیتا ہو۔
کیمیا ساز (ف) کیمیاگر۔ مہوس۔ کیمیا بنانے والا۔
کیمیا سازی (ف) کیمیا بنانا۔
کیمیاگر (ف) (۱) مہوس۔ کیمیا بنانے والا (۲) فریبی۔ مکار۔ حیلہ گر۔
کیمیاگری (ف) کیمیا سازی۔ کیمیا بنانا۔
کیمیائے جان (ف) شراب۔
کین (ع) عورت کی فرج کا اندرونی گوشت۔ باکرہ عورت کی فرج کا اندرونی گوشت۔
کینا (ع) کوہین۔
کینال (ف) مے خوار۔ شراب پینے والا۔ بدمست۔
کین ایرج (ف) ایک سُر اور لحن کا نام۔
کین توز (ف) دیکھو کینہ توز۔
کین خواہ (ف) (۱) بدلہ لینے والا (۲) بدلہ لینا۔
کین سیاوش (ف) موسیقی کے ایک لحن اور سُر کا نام۔

Marfat.com

کینہ (ف) عداوت۔ بغض۔ دشمنی۔
کینہ توز (ف) کینہ نکالنے والا۔ دل میں کینہ رکھنے والا۔
کینہ خواہ (ف) بدلہ لینے والا۔
کینہ دار (ف) دل میں دشمنی رکھنے والا۔
کینہ داشتن (ف) حسد و عناد رکھنا۔
کینہ شتر تا چہل سال است (ف) اشتر کے داغ کا صدمہ مدتوں تک رہتا ہے۔
کینہ کش (ف) دشمنی رکھنے والا۔
کینہ کوش (ف) کینہ خواہ۔ بدلہ لینے والا۔
کینہ ور } (ف) دل میں دشمنی رکھنے والا۔ بے مہر۔
کینہ ورز }
کینہ ورزیدن (ف) حسد و عناد سے کام لینا۔
کیو (ف) (۱) کاہو (۲) مادہ۔ علت۔ سبب۔
کیوان (ف) (۱) زحل ستارہ (۲) ساتواں آسمان (۳) مانند کے۔
کیوان شکوہ (ف) بلند مرتبہ۔
کیود (ف) مادہ۔ سبب۔ علت۔

کیوس (ع) کاسہ کی جمع۔ پیالے۔
کیوس (ف) نوشیرواں کے بھائی کا نام۔
کیوس (ف) کج۔ ناراست۔
کیوسک (ف) سڑک کے کنارے چھوٹی سی دکان جس پر روزمرہ کی اشیاء فروخت کرتے ہیں۔
کیوم (ف) بادشاہ۔
کیومرث (ع) کیومرث کا معرب۔ کیو بمعنی زمین اور مرث بمعنی سردار سے مرکب ہے۔ جہان کا بادشاہ۔ ایران کے سب سے پہلے بادشاہ کا نام جس کی نسبت بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ دنیا میں پہلا بادشاہ ہوا ہے۔
کیہان (ف) دنیا۔ جہان۔ زمانہ۔
کیہان خدیو (ف) کیہان خدیو کا مرادف۔ بادشاہِ جہان۔
کیی (ف) بادشاہی۔ شاہی۔

Marfat.com

# گ

گ ۔ فارسی حروف تہجی کا چھبیسواں حرف بحساب جمل اس کے اعداد بھی ک کے برابر بیس خیال کیے جاتے ہیں۔

## گ ۔ ا

گا ات، حرف "را" اور "با" کا ترجمہ ہے ۔ اور مفعولیت کے معنی بھی دیتا ہے۔
گاربار دین (ف)، ایک ضخیم کپڑا کہ اس سے سوٹ بناتے ہیں۔
گابازہ (ف)، پہاڑ کی کھوہ ۔ غار (۲)، گایوں کا نگر۔
گاخوارہ (ف)، گہوارہ ۔ پنگھوڑا۔
گار (ف)، ایک کلمہ ہے جو اسم کے آخر میں آنے سے فاعلیت کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے خدمت گار ۔ خدمت کرنے والا۔ ستم گار ۔ ظلم کرنے والا ۔ گنہگار ۔ گناہ کرنے والا (۲) لائق کے معنی بھی دیتا ہے ۔ جیسے رستگار ۔ چھوٹنے کے لائق (۳)، سبب اور باعث کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے یادگار ۔ کسی کے یاد آنے کا سبب (۴)، خداوند (۵) ریلوے سٹیشن۔
گاراژ (ف)، گیراج۔
گارد ۔ (فرانسیسی) پاسبانی ۔ نگہبانی ۔ پاسداری ۔ نگہبان ۔ پاسدار۔
گاردن (ف)، گارڈن کا مفرس ۔ باغ۔
گاردن پارٹی (فرانسیسی) باغ میں جشن۔
گارسن (ف)، بیٹا ۔ جوان ۔ شاگرد۔
گارلیون (ف)، لائن کا سٹیشن۔
گاری (ف)، (۱) بے ثبات چیز ۔ ناپائدار شے (۲) گاڑی ۔ خاص گھوڑا گاڑی کے لیے آتا ہے۔
گاری چی (ف)، گھوڑا گاڑی والا۔
گاز (ف)، (۱) گھاس (۲) قینچی ۔ مقراض (۳)، گلگیر شمع (۴)، غار ۔ کھوہ (۵)، موچنا (۶) ہونٹ چبانا (۷)، پہاڑ پر بنا ہوا عبادت خانہ۔ (۸) گیس۔

گاززدن
گازگرفتن } (ف)، کُتّے کا اپنے دانتوں سے کاٹنا۔

گازِت (ف)، گزٹ کا مفرس۔
گازر (ف)، دھوبی۔
گازرک (ف)، صعوہ ۔ ممولا جو مشہور پرندہ ہے۔
گازرگاہ (ف)، شیراز کے اس مقام کا نام جہاں شیخ سعدیؒ کا مزار ہے (۲)، ہرات کے اس مقام کا نام جہاں خواجہ عبداللہ انصاری مدفون ہیں۔
گازُروار (ف)، دھوبی پاٹ جو فن کشتی کا ایک داؤ ہے۔
گازَہ (ف)، (۱) جھولا ۔ پینگ (۲)، زراعت کی حفاظت کے لیے کھیت میں بنایا ہوا جھونپڑا (۳)، پہاڑ پر بنی ہوئی عبادت گاہ (۴)، گھات کی جگہ۔
گازی (ف)، کیوڑہ کا پھول۔
گاژ (ف)، مقام ۔ جگہ۔
گاس (ف)، ہوا وغیرہ کی مانند ہر سیال شے جو اپنا حجم اور صورت بدل سکے ۔ جیسے آکسیجن ۔ نائٹروجن وغیرہ۔
گاشت (ف)، گاشتن کا ماضی ۔ پھرا ۔ چلا۔
گاشتن (ف)، گردانیدن (ف)، پھرانا ۔ پھرنا۔
گال (ف)، (۱) فریب ۔ مکر ۔ حیلہ (۲)، فریاد ۔ بلند آواز (۳)، باجرہ ۔ کنگنی (۴)، دور ۔ دور ہو (۵)، گیدڑ (۶)، خروس (۷)، ایک قسم کی لکڑی (۸)، گوبر جو گوسفند کے بالوں میں چمٹ کر خشک ہو گیا ہو۔
گالش (ف)، گائے والا ۔ گائے چرانے والا۔

Marfat.com

گالش (ف) لاسٹک کا جوتا جو جاڑے کے موسم میں پہلے پاؤں میں پہن لیتے ہیں۔
گالبنگ (ف) جَو اور گیہوں میں ایک گھاس پیدا ہوتی ہے جس کے کھانے سے دیوانگی بڑھتی ہے۔
گالری (ف) گیلری کا مفرس۔ دالان۔
گالش (ف) موسم سرما میں برفوں پر چلنے کے لیے پلاسٹک کے موزے۔
گالہ (ف) (۱) روئی کا گالا۔ گولا (۲) گون۔ بوری (۳) دور۔ بعید۔
گالہ دان (ف) گائے یا روئی رکھنے کی کُٹھی۔
گالیدن (ف) فریاد کرنا۔
گام (ف) پاؤں۔ قدم (۲) وہ مسافت جو چلنے میں دونوں پاؤں کے درمیان رہے (۳) لگام (۴) سست رفتار گھوڑا (۵) گاؤں۔
گام برداشتن (ف) قدم اٹھانا۔
گام برگرفتن (ف) قدم اٹھانا۔ رستہ چلنا۔
گام شمردہ رفتن (ف) احتیاط سے چلنا۔
گام کشادن (ف) چلنا۔ روانہ ہونا۔
گان (ف) جمع کا کلمہ ہے اور اس اسم کے آخر آتا ہے جس کے بعد ہائے مختفی ہو۔ جیسے رفتہ رفتگان اور تشنہ کی جمع ہے۔ رفتگاں تشنگاں۔
گان (ف) (۱) ظالم بادشاہ (۲) لائق۔ سزاوار۔
گان } تعداد کے تعین کے واسطے عدد کے آخر میں یہ الفاظ آتے
گانہ } ہیں۔ جیسے دوگان۔ سہ گان اور دوگانہ۔ ہفت گانہ۔
گاؤ (ف) (۱) گائے۔ بیل (۲) برج ثور (۳) صراحی (۴) پہلوان۔ بہادر۔ دلیر (۵) تین کوس کا فاصلہ۔
گاوارہ (ف) گاہوارہ کا مخفف۔ گہوارہ۔
گاوارہ (ف) گایوں کا غلہ۔
گاو آہن (ف) لوہے کی پھال جو ہل کے نیچے زمین کھودنے کیلئے ہوتی ہے۔
گاؤ بان (ف) گائے کی نگہبانی کرنے والا۔
گاؤ بیسہ (ف) وہ گائے جس کے بدن میں سفید نشان ہوں۔
گاؤ بیشہ (ف) دُنیا۔ زمانہ۔
گاؤ بے شاخ و دُم (ف) احمق۔ بے وقوف۔
گاؤ بیشہ بچرم بُودن (ف) کسی کام کا اپنے قبضہ میں ہونا اور تدبیر کا وقت باقی رہنا۔
گاو پرواری (ف) موٹا تازہ اور پلا ہوا بیل۔ وہ بیل جسے گرمیوں میں سرد مکان میں رکھ کر عمدہ خوراک سے موٹا تازہ کیا جاتا ہے۔
گاؤ پروین (ف) ستارے ثور کی شکل جو ثریا کے قریب ہے۔
گاؤ پشت (ف) آسمان۔
گاؤ خانی (ف) بڑا حوض۔
گاؤ پیکر (ف) فریدوں کے گرز کا نام جو گائے کی شکل کا تھا۔
گاؤ تازی (ف) دشمن کو ڈرانے اور دھمکانے کے لیے اپنا غلبہ جتانا۔ تاکہ اسے خوف پیدا ہو۔
گاؤ چاہ (ف) رہٹ کا بیل۔

گاؤ چراں (ف) گائیں چرانے والا۔
گاؤ چشم (ف) (۱) فراخ چشم (۲) گل شبو۔
گاؤ چہر (ف) دیکھو گاؤ پیکر۔
گاؤ حاج میرزا آقاسی (ف) بن بلائے آدھمکنے والے آدمی کو کہتے ہیں۔
گاؤ در چرم بُودن (ف) دیکھو گاؤ بیشہ بچرم بُودن۔
گاؤ در خرمن کردن (ف) کسی کو تباہ کرنا۔ کسی کا کام بگاڑنا کسی کو رسوا کرنا۔
گاو دل (ف) (۱) بزدل (۲) بے وقوف۔ احمق۔
گاو دُم (ف) (۱) بگل۔ قرنا۔ نفیر۔ ترئی (۲) مخروطی شکل کی چیز جو گائے کی دُم کی مانند ایک طرف سے موٹی اور دُوسری جانب سے گاجر کی مانند پتلی ہو۔
گاؤ دُنبال (ف) مخروطی شکل کی چیز جو گائے کی دُم کی مانند ایک طرف سے موٹی اور دوسری طرف سے پتلی ہو۔
گاؤ دوشش } (ف) گائے وغیرہ کے دُودھ دوہنے کا خاص
گاؤ دوشہ } برتن۔ بدھنا۔
گاؤ دوشا (ف) شیردار گائے۔ دُودھ دینے والی گائے۔
گاودی (ف) بے شعور۔ احمق۔ نادان۔ ابلہ۔
گاؤ را از خر نداستن (ف) سب کو ایک لاٹھی ہانکنا اور بُرے بھلے کی تمیز نہ کرنا۔
گاؤ راندن (ف) ہل چلانا۔
گاورس (ف) باجرہ۔ چینا۔ جاورس اسی کا معرب ہے۔
گاورس سیم (ف) ستارہ۔
گاورسہ نقرہ گون (ف) (۱) تلوار کا جوہر۔ جو اصفہان اور خراسان کی تلوار میں ہوتا ہے (۲) کہکشان۔
گاؤ زبان (ف) ایک مشہور مفرح دوا کا نام جس کی پتی گائے کی زبان کی شکل کی ہوتی ہے۔
گاوزر } (ف) (۱) گائے کی شکل کا سونے کا برتن جس میں شراب
گاوزریں } پیتے ہیں (۲) سامری کا گوسالہ (۳) صراحی (۴) سبز رنگ کا ایک جانور۔
گاؤ زمین (ف) (۱) وہ بیل جس کی پیٹھ پر زمین خیال کی جاتی تھی۔ اور اس بیل کو مچھلی کی پیٹھ پر خیال کیا جاتا تھا (۲) مرکز زمین کی قوت۔
گاوزور (ف) وہ آدمی جو کشتی کا فن سیکھے بغیر اور بغیر ورزش کے بہت قوی اور طاقت ور ہو۔
گاوزوری (ف) کشتی کا فن سیکھنے کے بغیر نہایت طاقت ور ہونا۔
گاؤ زہرہ (ف) (۱) ایک پتھر جو گائے کے پتہ میں ہوتا ہے۔ (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) بزدل۔
گاؤ سار (ف) دیکھو گاؤ پیکر۔
گاو سامری (ف) سامری کا سونے کا بنایا ہوا بچھڑا۔ دیکھو سامری۔
گاؤ سر (ف) دیکھو گاؤ پیکر۔

Marfat.com

گاؤ سفالین (ف) (۱) شراب کا مٹکا (۲) صراحی (۳) گائے کی شکل کا مٹی کا برتن۔
گاؤ سنگ (ف) گاؤ زہرہ کا مترادف (۲) بیل ہانکنے کی چھڑی۔
گاؤ شنگ (ف) مویشیوں کو ہانکنے کی لاٹھی۔
گاوش بلیسیدہ (ف) وہ مغرور آدمی جس نے زمانے کا سرد و گرم نہ چکھا ہو۔
گاؤ صندوق (ف) سیف (SAFE)
گاؤ عصاری (ف) کولہو کا بیل۔
گاؤ عنبر (ف) (۱) گائے کی شکل کا ایک دریائی جانور جس کا گوبر عنبر ہے (۲) فیاض دولت مند۔
گاؤ فلک (ف) (۱) برج ثور (۲) آسمان۔
گاوک (ف) چھڑی۔
گاوکار (ف) ہل چلانے کا بیل۔
گاؤ کسے زائیدن (ف) بڑے دنوں کا آنا۔
گاؤ کوہی (ف) بارہ سنگھا۔
گاؤ گرد (ف) رہٹ۔ کنوئیں کا چرخ۔
گاؤ گردون (ف) برج ثور۔
گاؤ گلین (ف) دیکھو گاؤ سفالین۔
گاؤ گوں کردن (ف) ہگنا۔ پاخانہ کرنا۔
گاؤ لیسیدہ (ف) ناتجربہ کار مغرور۔
گاؤم است و آیم است نوبت آسیابم است (ف) مفلسی میں آٹا گیلا۔
گاؤ ماہی (ف) دیکھو گاؤ ترلے۔
گاؤ میش (ف) بھینس۔
گاؤ نلیسیدہ (ف) ناتجربہ کار۔ مغرور۔
گاؤ نہ من شیر (ف) وہ گائے جو دودھ ایک دولتی مار کر سارا گرا دے۔ محاورۃً کیے کرائے پر پانی پھیرنے والے کو کہتے ہیں۔
گاؤ ورزہ (ف) ہل چلاتے والا بیل۔
گاویزن (ف) (۱) گائے کا پتہ۔ گائے کے پتہ کا پتھر۔
گاؤ یکہ پیر شد گوسالہ اش عزیز می شود (ف) بڑھاپے کی اولاد عزیز ہوتی ہے۔
گاہ (ف) (۱) وقت (۲) جلد (۳) جگہ (۴) خیمہ (۵) شاہی تخت (۶) صبح صادق۔ (۷) زرتریکرسی (۸) سونا چاندی رکھنے کی تھیلی (۹) جوئے کا داؤ (۱۰) جدی جو مشہور ستارہ ہے۔
گاہ آمدن (ف) صبح سویرے آنا۔
گاہ باشد (ف) شاید۔ ممکن ہے۔
گاہ بگاہ
گاہ بیگاہ } (ف) وقت بے وقت۔
گاہ گاہ (ف) کبھی کبھی۔
گاہ نامہ (ف) سال نامہ۔ جنتری۔

گاہوار (ف) گہوارہ۔ پنگھوڑا۔
گاہوارہ (ف) گہوارہ۔
گاہ و بے گاہ (ف) وقت بے وقت۔
گائیدن (ف) عورت سے جفت ہونا۔ جماع کرنا۔

# گ ۔ ب

گبر (ف) (۱) آتش پرست۔ آگ کو پوجنے والا۔ (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) بہشتہ۔
گبرگی (ف) منسوب بہ گبر (۱) آتش پرستوں کی چیز (۲) شراب کا برتن۔
گبر (ف) (۱) قوی۔ موٹا (۲) مالدار۔

# گ ۔ پ

گپ (ف) لاف و گزاف۔ باتیں (۲) ظریفوں کی رنگین اور مزیدار اور دل خوش کن باتیں (۳) موٹا (۴) بزرگ۔
گپتن (ف) گفتن کا بدل۔ بمعنی گفتن۔
گپ زدن (ف) ہر موضوع پر ادھر اُدھر کی باتیں کرنا۔
گپی (ف) مانند۔

# گ ۔ ت

گت (ف) بڑا بزرگ۔
گتزم (ف) لاف و گزاف۔
گتہ (ف) بڑا بزرگ۔

# گ ۔ ج

گج (ف) گچ۔ چونا۔
گجرات (ف) ہندوستان کی ایک مغربی ریاست کا نام جس میں سومنات کا مندر تھا۔ (۲) پنجاب کے ایک شہر کا نام۔
گجیل (ف) تبریز کے ایک محلہ اور قبرستان کا نام جہاں شمس تبریز کی تربت ہے۔

Marfat.com

# گ - چ

گچ (ف) چونا۔ سفیدی۔
گچ اندود کردن گور (ف) ظاہر کی آرائش اور زیب و زینت کرنا۔
گچ بزی (ف) چونا تراشنا۔ منقش کرنا۔
گچک (ف) کمانچہ جو ایک ساز ہے۔
گچ کار (ف) سفیدی کرنے والا۔
گچور (ف) جو چیز کسی سے فریب اور دھوکے سے حاصل کی جائے۔
گچہ }
گچیہ } (ف) غیر فصیح۔
گچ نوشتنی (ف) چاک۔

# گ - د

گد (ف) گدائی۔ گداگری۔ بھیک مانگنا۔
گدا (ف) گداگر۔ بھیک مانگنے والا۔ فقیر۔ بھکاری۔
گدا پادشاہ ہست و نامش گدا است (ف) درویش بے نیاز ہوتا ہے اور کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ وہ محض نام کا گدا ہوتا ہے۔
گدا بازی (ف) پستی۔ کمینگی۔
گدا بگدا رحمت خدا (ف) اندھا بھلا اندھے کی کیا رہنمائی کرے گا۔
گداختن (ف) (۱) پگھلنا۔ گلنا (۲) پگھلانا۔ گلانا۔
گدار (ف) گھاٹ۔
گدا داند کہ مسکیست (ف) بخیل اور فیاض کا دراصل گدا کو صحیح علم ہوتا ہے۔
گدارا (ف) ناک کا وہ حصہ جس پر عینک لگاتے ہیں۔
گدراندن (ف) عبور کرنے کی اجازت دینا۔ راہ دینا۔
گداز }
گدازش } (ف) پگھلاہٹ۔ گلاوٹ۔
گدارو (ف) بے شرم بھکاری۔
گدازندہ (ف) پگھلنے والا۔
گدا طبع (ف) فقیروں کی سی خو والا۔ کمینہ۔ خسیس۔ حریص۔
گدا فازی (ف) نشٹ۔
گدائی (ف) بھیک مانگنا۔
گدائے دنیا دار (ف) دولت کا پجاری۔
گدرگ } (ف) جنگ کے ہتھیار۔
گدست (ف) بالشت۔
گدگدی (ف) (۱) بکری کو اپنی طرف بلانے، پیار کرنے کی آواز (۲) بغل وغیرہ میں انگلی رکھ کر ہنسانا۔
گدوک (ف) (۱) پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ کی گھاٹی۔ (۳) ہموار میدان۔
گدیہ (ف) (۱) گدائی۔ بھیک مانگنا (۲) بھیک مانگنے والا۔
گدیور }
گدیور } (ف) گدا۔ بھکاری۔ فقیر۔

# گ - ذ

اگرچہ گ، ذ کے فارسی الفاظ کو بجائے ذال کے "ز" سے لکھنا بجا ہے۔ لیکن چونکہ عام طور پر یہ الفاظ ذال سے لکھے جاتے ہیں۔ اس لیے یہاں بھی انہیں دیگر لغاتوں کی مانند ذال ہی سے لکھا جاتا ہے۔ تاکہ لفظ تلاش کرنے میں دقت پیدا نہ ہو۔

گذار (ف) (۱) راہ گذر۔ گذرگاہ (۲) ادا کر (۳) ترک کر (۴) ادا کرنے والا (۵) ترک کرنے والا۔
گذارش (ف) (۱) ادا کرنا (۲) گذرنا (۳) ترک کرنا۔
گذارہ (ف) حد سے گذری ہوئی شے۔ بے حد۔ بے حساب۔
گذاشتن (ف) (۱) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا (۲) رہا کرنا۔ (۳) ادا کرنا۔
گذاف (ف) بے ہودہ بات۔
گذافہ (ف) (۱) بے حساب۔ بے شمار (۲) ہرزہ۔ بے ہودہ۔ جھوٹ۔
گذر (ف) گذشتن کا امر۔ تو گذر۔
گذر (ف) رستہ۔ راہ۔
گذران (ف) (۱) گذرتے ہوئے (۲) خرچ کرتے ہوئے۔
گذراندن (ف) عبور کرنے کی اجازت دینا۔ راہ دینا۔
گذرانیدن (ف) (۱) گذارنا (۲) باہر لے جانا۔
گذربان (ف) راہ کا محافظ۔ راہدار۔
گذرگاہ (ف) (۱) گذرنے کی جگہ (۲) گھاٹی۔
گذرنامہ (ف) پروانہ راہداری۔
گذرنیست (ف) چارہ نہیں ہے۔
گذشت (ف) (۱) گذرا (۲) گذر (۳) راہ۔ رستہ۔ گذرگاہ۔ (۴) پیچھے۔ پس۔ بعد (۵) سوا (۶) طرف (۷) بعد۔
گذشت آنچہ گذشت (ف) گذر گئی گذران کیا جھونپڑی کیا میدان۔
گذشت آنکہ ترا زلف عنبر شاہ بود (ف) وہ دن گئے جب تیری زلف عنبر کی خوشبو رکھتی تھی یعنی اچھا وقت بیت گیا۔
گذشت برگشت ندارد (ف) گیا وقت پھر آتا نہیں۔
گذشت داشتن (ف) بہت اچھے ریکارڈ کا مالک ہونا۔

Marfat.com

گذشتن (ف) (۱) گزرنا - گزر جانا (۲) عبور کرنا (۳) ہو چکنا - ختم ہونا۔ مجازاً مرجانا (۴) پسند آنا (۵) توبہ کرنا (۶) کسی چیز کا خیال چھوڑ دینا۔

گذشتگان (ف) پہلے - پچھلے - مُردگان۔

گذشتنی (ف) گزر جانے کے لائق (۲) چھوٹ جانے کے قابل۔

گذشتہ (ف) (۱) گزرا ہوا (۲) کہنہ - پرانا - دیرینہ (۳) باسی - بدمزہ۔

گذشتہ ازیں (ف) اسے چھوڑ کر - اس کے علاوہ۔

## گ - ر

گر (ف) اگر کا مخفف - اگر - جو۔

گر (ف) فاعلیت کا کلمہ (۱) بنانے والا - جیسے شیشہ گر - (۲) رکھنے والا - جیسے تونگر۔

گر (ف) ایک بیماری کا نام جسے عربی میں جرب کہتے ہیں مرض خارش۔

گر (ف) (۱) مراد - مقصود (۲) توانائی - ہمت - طاقت۔

گرا (ف) (۱) نائی - حجام - پچھنے لگانے والا (۲) غلام (۳) سفلہ - (۴) زمین ہموار کرنے کا آلہ۔

گراد (ف) پُرانا کپڑا۔

گراز (ف) (۱) خوک - نرسُور (۲) جنگ کے وقت ناز و غرور سے چلنا (۳) بے چینی (۴) بچہ جننے کے وقت عورت کا اضطراب (۵) مویشی ہانکنے کی لاٹھی (۶) ظالم (۷) بہادر - دلیر۔

گرازاں (ف) خراماں - مٹک کر چلتا ہوا - ٹہلتا ہوا۔

گرازندہ (ف) مٹک کر چلتا ہوا - خرامندہ۔

گرازہ (ف) (۱) نرسُور (۲) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔

گرازی (ف) جرأت - دلیری - حوصلہ۔

گرازیدن (ف) مٹک کر چلنا - ناز و ادا سے چلنا - جنگ میں بلا خوف غرور سے چلنا۔

گراس (ف) لقمہ - نوالہ۔

گراستن (ف) گرائیدن کا ادف۔

گراشیدن (ف) (۱) پریشان ہونا (۲) پریشان کرنا (۳) پھیلنا۔

گرامی (ف) (۱) بزرگ۔

گرامی بودن (ف) با عزت ہونا۔

گرامی داشتن (ف) عزیز سمجھنا۔

گرامی کردن (ف) مہنگا ہونا۔

گرامی منش (ف) بزرگ طبیعت۔

گرامی ہمیشہ بہ بو است مشک (ف) اگر خوشبو نہ ہو تو مشک بے کار ہوتا ہے۔

گراں (ف) جو اور گیہوں کے کٹے ہوئے پودوں کا گٹھا جس میں بالیں ہوں۔

گراں ارزش (ف) بیش قیمت - گراں بہا۔

گراں بار (ف) (۱) پھل دار درخت - باردار (۲) حاملہ جس کے پیٹ میں بچہ ہو (۳) مالدار جس کے پاس بہت سا مال ہو۔

گراں بودن بیمار (ف) بیمار کا قریب مرگ ہونا۔

گراں بہا (ف) بہت قیمتی - بیش قیمت۔

گراں پایہ (ف) بلند رتبہ آدمی - عالی قدر شخص۔

گراں پشت (ف) (۱) قوی پشت آدمی (۲) حمّال - بارکش۔

گراں جاں (ف) (۱) سخت جاں (۲) سخت دل (۳) رعشہ کی بیماری والا (۴) کاہل سُست (۵) بہت بوڑھا (۶) جان سے تنگ آیا ہوا بیمار یا فقیر (۷) بادہ (۸) فالودہ۔

گراں جانی (ف) (۱) سخت جانی (۲) کاہلی سستی۔

گراں خواب (ف) دیر سے سونے اور بہت دیر سے اُٹھنے والا۔

گراں خوار (ف) پیٹو - بہت کھانے والا۔

گراں دست (ف) سُست کار - کام کو سستی سے کرنے والا۔

گراں دود (ف) کالی گھٹا (۲) کہر۔

گراندوک (فرانسیسی) یورپ کے بعض بادشاہوں اور شہزادوں کا لقب۔

گراند ہوٹل (فرانسیسی) بڑا مہمان خانہ۔

گراں رکاب (ف) (۱) باوقار - متحمل - باتمکین (۲) جنگ میں ثابت قدم رہنے والا آدمی۔

گراں رکاب شدن (ف) (۱) ثابت قدم رہنا (۲) حملہ کرنا (۳) دشمن کے حملہ سے پیچھے نہ ہٹنا۔

گراں سر (ف) (۱) سپہ سالار (۲) مغرور - متکبر۔

گراں سرشت (ف) (۱) باوقار - باتمکین (۲) متکبر (۳) کاہل سست۔

گراں سر شدن (ف) متکبر ہونا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا۔

گراں سنج (ف) (۱) بیش قیمت (۲) وزنی - بھاری۔

گراں سنگ (ف) (۱) باوقار - باتمکین (۲) قانع - صابر (۳) بھاری - وزنی۔

گراں شدن زباں (ف) زبان کا تتلانا۔

گراں کردن رکاب (ف) سوار ہونا۔

گراں کیسہ (ف) بخیل - ممسک۔

گراں گوش (ف) (۱) بہرا (۲) دیر کے بعد سُننے والا۔

گراں گوشی (ف) بہرا ہونا - دیر کے بعد سُننا۔

گراں گیر (ف) ثابت قدم - مستقل (۲) سخت گیر۔

گراں گیری (ف) ثابت قدمی - (۲) سخت گیری۔

گراں مایگاں (ف) سردار لوگ - معزز لوگ۔

گراں مایگی (ف) (۱) نفاست - عمدگی (۲) بیش قیمت ہونا (۳) دولت مندی (۴) بزرگی - سرداری (۵) عزت۔

گراں مایہ (ف) (۱) عمدہ - نفیس (۲) بیش قیمت - (۳) معزز - بزرگ - دولت مند۔

گراں مند (ف) (۱) کثیر - بہت (۲) بیش قیمت۔

گرانول (فرانسیسی) چھوٹا سا دانہ۔

گرانی (ف) بوجھ - بھاری (۲) مہنگا ہونا۔

گرانی گاہ (ف) فزکس کی اصطلاح میں مرکزِ ثقل کو کہتے ہیں۔

گرانیت (فرانسیسی) سخت پتھر۔

گرائے } (ف) (۱) رغبت - قصد - میل - خواہش (۲) شبیہ۔
گرائش

مانند۔ مشابہت (۳) گرائیدن کا امر یعنی خواہش کرنا۔

گرائش (ف) رغبت۔ خواہش۔ میل۔

گرائیدن (ف) (۱) رغبت کرنا۔ خواہش کرنا (۲) مشابہ ہونا (۳) نافرمانی کرنا (۴) حملہ کرنا۔

گرائندہ (ف) (۱) رغبت کرنے والا (۲) حملہ کرنے والا۔

گرماگ (ف) بڑا چوڑا طبق۔

گربال (ف) غربال۔ چھلنی۔

گربالین (ف) ایک قسم کا چھوٹا تکیہ۔

گربہ ولت برسی مست نگردی مردی (ف) دولت کے انبار مل جانے پر بھی بلی سی دمنداری کو اگر ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے تو انسانیت اسی کا نام ہے۔

گربُز (ف) گرگ بز کا مخفف۔ یعنی ظاہراً بکری جیسا اور باطن بھیڑیے کا۔ بکری نما بھیڑیا خصلت۔ دغاباز۔ مکار۔ حیلہ گر۔ خونخوار۔

گربزت (ف) فارسی لفظ گربز کے آخر عربی طریق پر تائے علامت مصدری بڑھا دی گئی ہے۔ مکاری۔ دغابازی۔ حیلہ گری۔

گربزی (ف) مکاری۔ حیلہ گری۔

گربگو (ف) بیدمشک۔

گربہ (ف) (۱) بلی (۲) بیدمشک۔

گربہ آبی (ف) دریائی بلی۔

گربہ از بغل افگندن (ف) (۱) مکر و فریب چھوڑ دینا۔ راز فاش کر دینا۔

گربہ از دامن افگندن (ف) کام چھوڑ دینا۔

گربہ بید (ف) بید کے درخت کی سترہ قسموں میں سے ایک قسم جس کے پتے بلی کے پنجے سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اور ان پتوں پر چھوٹے چھوٹے روئیں ہوتے ہیں۔

گربہ بہ شلوار کردن (ف) رسوا اور ذلیل کرنا۔

گربہ بیند دنبہ اندر خواب (ف) بلی کے خواب میں چھیچھڑے۔

گربہ چشم (ف) نیلی آنکھوں والا۔

گربہ در انبان (ف) فریب۔ مکر۔ حیلہ۔

گربہ در انبان داشتن }
گربہ در بغل داشتن } (ف) مکر و فریب کرنا۔

گربہ را شب اول باید کشت (ف) پہلی ہی بار یا پہلی ہی ملاقات میں رعب و داب بٹھا لینا چاہیے۔

گربہ در زندان کردن (ف) بہت بخیل ہونا۔

گربہ در شلوار کردن (ف) (۱) بے قرار ہونا۔ رسوا ہونا۔

گربۂ روسی (ف) ملک روس کی بلی جو بڑی خوبصورت ہوتی ہے (۲) گھر کی پلی ہوئی بلی۔

گربہ سان (ف) فریبی۔ مکار۔

گربہ سان شدن (ف) فریبی اور مکار ہونا۔

گربۂ عابد (ف) مکار۔ زاہد نما آدمی۔

گربہ کے بدنبال فروشدن }
گربہ کے بہ ابنبال فروشدن } (ف) نہایت کامیاب ہونا۔

گربہ گون (ف) مکار۔ حیلہ گر۔ فریبی۔

گربۂ مرتضیٰ علیؓ (ف) میدان میں ڈٹ جانے والا انسان۔

گربۂ مسکین۔ نہایت مکار۔ دغاباز۔ فریبی۔

گربۂ مشکین (ف) مشک بلائی۔ ایک قسم کی بلی جسے عربی میں زباد کہتے ہیں

گربۂ ہفت جان دارد (ف) بلی بڑی سخت جان ہوتی ہے

گرجی (ف) گرجستان یا گرج کا باشندہ۔

گرجی (ف) چھوٹی کشتی۔

گرچ (ف) چونا۔ گچ۔

گرچ (ف) کرتے وغیرہ کے گریبان کا شگاف۔

گرچ (ف) قاش۔ خربوزہ وغیرہ کی پھانک

گرچہ (ف) اگرچہ کا مخفف۔

گرچہ (ف) چھوٹا سا مکان۔ لکڑی کا چھوٹا سا گھر (۲) قیدخانہ (۳) کنواں (۴) نقب۔

گرجی (ف) باربرداری کی کشتی۔

گرد (ف) (۱) غبار۔ دھول۔ خاک۔ مٹی (۲) آسمان (۳) سورج (۴) خوشی۔ شادی (۵) غم۔ اندوہ۔ ملال۔ رنج (۶) خوشبو۔ بوئے خوش (۷) فائدہ۔ نفع (۸) برق۔ بجلی (۹) عکس (۱۰) ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا (۱۱) دوائی کا سفوف۔

گُرد (ف) پہلوان۔ دلاور۔

گِرد (ف) (۱) گول۔ حلقہ (۲) چاروں طرف (۳) جمع ہونا جیسے گرد آمد (۴) خرگاہ (۵) شہر۔ بستی (۶) دوائی کی گولی۔ حب۔ حبوب۔

گردا (ف) (۱) گردان کا مخفف (۲) لٹو۔

گِرداب (ف) بھنور۔ پانی کا چکر۔

گِردابہ (ف) گرداب۔ بھنور۔

گرداس }
گرداش } (ف) ستم گر۔ ظالم۔

گردِ آفتاب (ف) وہ غبار سا جو کمرہ کے اندر روشندان میں دھوپ پڑنے سے نظر آتا ہے۔

گِرداگِرد (ف) چاروں طرف۔ سب طرف۔

گرد آلودہ (ف) (۱) غبار آلودہ۔ جس پر گرد پڑی ہوئی ہو (۲) دنیادار۔ دنیاوی مال و اسباب رکھنے والا آدمی۔

گرد آمدن (ف) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

گردان (ف) لپیٹ۔ لوٹ۔

گردان (ف) ایک قسم کا کباب۔

گرداندن (ف) گھمانا۔

گردانیدن (ف) گردش دینا۔ گھمانا۔ کسی چیز کو کسی چیز کے گرد حرکت دینا۔

گرداننده (ف) گھمانے والا۔ چکرانے والا۔

گردانیدن (ف) (۱) لپیٹنا (۲) لوٹانا۔

گرد آور (ف) حاکم۔

Marfat.com

گرد آوردن (ف) جمع کرنا۔
گرد آوری (ف) حکومت۔
گرد بازو (ف) وہ شخص جس کے بازو یا دیگر اعضا گول۔ موٹے پُرگوشت اور ایسے خوبصورت ہوں جیسے سانچے میں ڈھلے ہوں۔
گرد بالش
گرد بالیں } (ف) گول تکیہ۔ گول تکینی
گرد بان (ف) اُونٹ کی کوہان۔
گرد بدامن نشستن (ف) آلودہ دامن ہونا۔
گرد بُر (ف) بڑھئی کا بُرما۔
گرد برآمدن (ف) کسی چیز کی تلاش میں چاروں طرف پھرنا۔
گرد برآوردن (ف) (۱) ہلاک کرنا (۲) پامال کرنا۔ برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ مٹادینا۔
گرد برآوردن از چیزے (ف) کسی چیز سے ہلاک یا برباد کرنا۔
گرد برگرد (ف) گرداگرد۔
گرد بندان (ف) حلق بند۔ چمپا کلی۔ جگنو۔
گرد بندی (ف) کیاریاں بنانا۔
گرد پائے (ف) تخت کے ارد گرد بیٹھنے کی جگہ۔
گرد چیزے نہ گردیدن (ف) کسی چیز سے الگ رہنا۔ کسی چیز کے پاس نہ پھٹکنا۔
گردر (ف) (۱) قصبہ۔ شہر (۲) پہاڑی زمین (۳) پہاڑ کے نیچے کی زمین۔
گردران (ف) (۱) ران کی ہڈی جس پر بہت سا گوشت ہوتا ہے (۲) عیش۔ خوشحالی۔ بے فکری۔ فراخی۔ عیش۔
گرد رُد (ف) (۱) چہرہ کے ارد گرد (۲) موتیوں کی وہ لڑی جسے عورتیں منہ کے گرد باندھتی ہیں۔
گرد زابل (ف) زابل یا زابلستان یعنی سیستان کا پہلوان۔ رستم۔
گرد دُمترد (ف) نیا اُگا ہوا معشوق کا سبزہ۔
گردش (ف) (۱) دورہ۔ پھراؤ (۲) حرکت (۳) تبدیلی (۴) پھرنا۔ سیر سپاٹا۔
گرد شب (ف) تاریکی شب۔ رات کا اندھیرا۔
گردش عید۔ عید کے روز عزیزوں اور دوستوں کی ملاقات کے لیے جانا۔
گردشندہ (ف) حشرات الارض۔
گردش کردن (ف) ہوا خوری کرنا۔
گردش گاہ (ف) سیرگاہ۔
گرد شہر (ف) شہر کا گردا۔ شہر کا گرداگرد۔
گردک (ف) (۱) خیمہ (۲) دولھن کی ڈولی۔ دولھن کا چھپر کھٹ۔ (۳) محلہ (۴) ایک قسم کی روٹی (۵) پہیلی۔ چیتان۔
گرد کار گشتن (ف) کسی کام کا مرتکب ہونا۔
گردک دندان (ف) دانتوں پر ملنے کا سفوف۔ منجن۔
گردک مینا (ف) آسمان۔
گرد کوہ (ف) مازندران کے ایک پہاڑ کا نام۔
گردگان (ف) اخروٹ۔

گردگان (ف) برغال۔ اوّل۔
گردگان بر گنبد (ف) بے ثبات۔ ناپائیدار۔
گردگاں (ف) کمر کی اطراف۔
گرد گرفتن (ف) کسی شخص یا چیز کی جوانب کو پکڑنا۔ محاصرہ کرنا۔
گرد گیر (ف) افراسیاب کے ایک بیٹے کا نام یعنی پہلوانوں کو پکڑلینے والا۔
گرد گیری کردن (ف) غبار جھاڑنا۔
گرد ماہ (ف) بدر۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورا چاند۔ رخسار اور چہرہ۔
گرد مال (ف) ایک گاؤں کا نام جو شیروان کے علاقہ میں ہے۔
گردان (ف) گلا۔ گلو۔ ناٹڑ۔ ناڑی مشہور عضو کا نام۔
گردن (ف) پہلوان۔ دلیر۔ دلاور۔ بہادر۔
گردنا (ف) (۱) وہ سیخ جس پر کباب بنائے جاتے ہیں (۲) وہ سیخ جس سے تنور میں سے روٹی نکالتے ہیں (۳) اُبلے ہوئے گوشت کے کباب (۴) لٹو۔
گردن از نازکی برکشیدن (ف) (۱) مانوس ہونا (۲) مطیع ہونا۔
گردن افراختن (ف) فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
گردن انداختن (ف) گردن جھکانا۔
گردناک (ف) (۱) غبار آلود (۲) ویران۔ تباہ۔
گردنامہ (ف) بھاگے ہوئے کی واپسی کا تعویذ۔
گردناں (ف) گردن کی جمع۔ پہلوان لوگ۔
گردن انداختن (ف) سر کو جھکانا۔ مطیع ہونا۔
گردنائے (ف) (۱) لٹو (۲) گاڑیرنا یعنی لکڑی کی وہ چھوٹے چھوٹے پہیوں والی شے جس سے بچے چلنا سیکھتے ہیں۔
گردنائے چرخ (ف) آسمان۔
گردن بدوش فرو بُردن (ف) سوچ میں پڑنا۔ فکر میں بیٹھنا۔ فکر و اندیشہ کرنا۔
گردن برافراختہ (ف) (۱) حسین۔ خوبصورت (۲) طاقتور۔ قوی۔
گردن بشمشیر خاریدن (ف) قتل ہونا۔ قتل ہونے کا اقرار کرنا۔ قتل ہونے کی خواہش کرنا۔ دل میں قتل ہونے کا خیال سمانا۔
گردن بلند شدن (ف) گردن کا اونچا ہونا۔ کسی سے شرمندہ و نادم نہ ہونا۔
گردن بناخن خاریدن (ف) عذر کرنا۔ بہانہ کرنا۔
گردن بند (ف) چمپا کلی۔ حلق بند۔ جگنو۔
گردن پیچیدن (ف) انکار کرنا۔ نافرمانی کرنا۔
گردن خاریدن (ف) عذر لانا۔ بہانہ کرنا۔
گردن دادن بہ کسے (ف) کسی کا مطیع و فرمانبردار ہونا۔
گردندہ (ف) آسمان۔
گردن زدن (ف) گردن مارنا۔ قتل کرنا۔
گردن زدنی (ف) قتل کرنے کے لائق۔
گردن زن (ف) جلاد۔ قتل کرنے والا۔

Marfat.com

گردن شتر (ف) ہمیانی - مال وزر سے بھری ہوئی ہمیانی -
گردن شخ (ف) متکبر - سرکش - مغرور -
گردن فراز (ف) (۱) متکبر - مغرور (۲) حسین -
گردن کسے نرم کردن (ف) کسی کی سخت گردن کو نرم کرنا یعنی کسی کو اطاعت میں لانا -
گردن کش (ف) باغی - سرکش - نافرمان (۲) مغرور - متکبر (۳) بہادر - دلیر - (۴) طاقت ور - قوی -
گردن کش شدن (ف) سرکش ہوجانا - متکبر ہوجانا -
گردن کشادن (ف) گردن اٹھانا - متوجہ ہونا (۲) غرور کرنا (۳) گردن کھول دینا -
گردن کشا نظم (ف) شعرائے نامدار -
گردن کشی (ف) (۱) سرکشی - بغاوت (۲) غرور - تکبر -
گردن کشی کردن (ف) بغاوت کرنا - سرکشی کرنا - اکڑنا - نافرمانی کرنا -
گردن کشیدن (ف) انکار کرنا - نافرمانی کرنا -
گردن کلفت (ف) اکڑباز -
گردن کلفتی کردن (ف) ڈٹ جانا -
گردنگ } گردنگل } (ف) (۱) بے وقوف - احمق - (۲) بے غیرت - دیوث -
گردن گرفتن (ف) قبول کرنا -
گردن گلابی (ف) کمزور -
گردن نرم کردن (ف) سر جھکانا - مطیع ہونا -
گردن نہادن (ف) سر جھکانا - مطیع ہونا - فرمانبردار ہونا (۳) راضی ہونا (۴) قبول کرنا (۵) عاجز ہونا - فروتنی کرنا -
گردنی (ف) ریاست - شجاعت -
گردنی کردن (ف) نافرمانی کرنا - شجاعت کرنا -
گردنین (ف) ریاست - شجاعت -
گردو (ف) اخروٹ - گردکاں -
گردو بازی کردن (ف) اخروٹ کھیلنا -
گردومر (ف) مٹی میں لعل -
گردوں (ف) (۱) آسمان (۲) چرخی (۳) گاڑی - رتھ - چھکڑا -
گردوں سرشت (ف) (۱) متکبر (۲) کمینہ (۳) سفاک - خونریز -
گردوں گرائے (ف) ترقی چاہنے والا - بلندی کا خواہاں -
گردون مینا (ف) آسمان -
گردونواح (ف) آس پاس - اردگرد کا علاقہ -
گردونہ (ف) گھوڑا گاڑی -
گردون ہمت (ف) بلند ہمت -
گردہ (ف) نقاشوں کا خاکہ - وہ خاکہ جو نقاش یا مصور اپنے گرد رکھتے ہیں -
گردہ (ف) پیٹ کے مشہور اندرونی عضو کا نام جس میں سے پیشاب چھنتا ہے -
گردہ بان (ف) نگہبان -

گردہ پوشیدن (ف) کشتی لڑنے کے وقت کشتی گیروں کا جسم پر مٹی ملنا -
گردۂ چرخ (ف) سورج - چاند -
گردہ گاہ (ف) گردے کی جگہ یعنی کمر - پہلو -
گردہ گردوں (ف) سورج - چاند -
گردہ نان (ف) ٹکیا -
گردیدن (ف) (۱) پلٹنا - پھرنا - پلٹا کھانا - (۲) مطالعہ کرنا - (۳) ہونا - (۴) تلاش کرنا - سیر کرنا -
گرزدن (ف) چارہ کرنا - علاج کرنا -
گرزش (ف) دادخواہی - فریاد - شکایت - شکوہ -
گرزم (ف) اسفندیار کے بھائی کا نام جس نے باپ کے پاس اسفندیار کی شکایت کرکے اسے قید کرا دیا تھا -
گرزمان (ف) آسمان - عرش - فلک الافلاک -
گرزن } گرزن } (ف) مرصع تاج - کیانی بادشاہوں کا تاج جو بہت بڑا تھا - اور اس میں چڑیا کے انڈے کے برابر ایک موتی اور دیگر بیش بہا جواہرات تھے یہ طلائی زنجیر میں بادشاہ کے سر پر لٹکا رہتا تھا -
گرزن (ف) (۱) پیکان دار تیر (۲) زنبیل -
گرزہ (ف) (۱) گرز (۲) مہیب - دہشت ناک (۳) سانپ کا پھن -
گرزہ گاؤ پیکر } گرزہ گاؤ چہرہ } گرزۂ گاؤ سار } گرزۂ گاؤ سر } گرزۂ بیش } (ف) گاؤ پیکر جو فریدوں کے گرز کا نام ہے -
گرزیدن (ف) چارہ کرنا - علاج کرنا -
گرزین (ف) آسمان - عرش - فلک الافلاک -
گرس (ف) بھوک (۲) چرک - میل (۳) گھنگریالے بال -
گرست (ف) مست -
گرستن (ف) گریستن کا مخفف - رونا -
گرسنگی (ف) بھوک -
گرسنگی خوردن (ف) افلاس اور ناداری کے باعث فاقہ کشی -
گرسنہ } گرسنہ } گرسنہ } (ف) بھوکا -
گرسنہ بودن (ف) بھوکا ہونا -
گرسنہ چشم (ف) حریص - لالچی (۲) فقیر (۳) بخیل - کنجوس -
گرسنہ چشمان کنعان (ف) حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی -
گرسنہ چشمی (ف) (۱) لالچ - حرص (۲) گدائی -
گرسنہ چوں سیر شود رگ فضولی در وی می جنبد (ف) خدا گنجے کو ناخن نہ دے -
گرفت (ف) (۱) پکڑ (۲) پکڑا (۳) پکڑا گیا (۴) سرزنش -

Marfat.com

علامت - طعنہ (۵) مواخذہ (۶) آفتاب یا مہتاب کا گہنانا۔
گرفتار (ف) (۱) پکڑا ہوا - پھنسا ہوا (۲) گرفتار۔
گرفتاری (ف) پکڑنا - گرفت کرنا۔
گرفتاری داشتن (ف) بہت مصروف ہونا - اُلجھن اور پریشانی میں ہونا۔
گرفت کردن (ف) (۱) مواخذہ کرنا (۲) اعتراض کرنا۔
گرفتگی (ف) رکاوٹ - گرہ۔
گرفتگی صدر (ف) گلے کا بیٹھ جانا۔
گرفتگی ماہ (ف) چاند گرہن۔
گرفتگی ہوا (ف) حبس۔
گرفتم (ف) میں نے فرض کیا - میں نے مانا۔
گرفتن (ف) (۱) پکڑنا (۲) قطع کرنا - کاٹنا (۳) روکنا - بند کرنا۔ (۴) رُکنا - بند ہونا (۵) لینا (۶) اعتراض کرنا (۷) پوچھنا (۸) طعنہ مارنا (۹) فرض کرنا (۱۰) اکھیڑنا (۱۱) سیکھنا - (۱۲) مان لینا - تسلیم کرنا (۱۳) برداشت کرنا - متحمل ہونا (۱۴) تاثیر کرنا (۱۵) تسخیر کرنا (۱۶) پانا (۱۷) اُٹھا لینا (۱۸) اخذ کرنا۔ (۱۹) رکھنا (۲۰) کرنا (۲۱) چاند یا سورج کا گہنانا۔
گرفتن آفتاب (ف) کسوف - سورج گہن۔
گرفتن چراغ (ف) چراغ گل کرنا - دیا بجھانا۔
گرفتن خاطر / گرفتن دل } (ف) دل کا اچاٹ ہونا - دل کا تنگ ہونا - رنجیدہ ہونا۔
گرفتن خوبی دار و پس دادن بدی (ف) لینا آسان ہے واپس دینا مشکل ہے - اس میں ساری قباحت پیدا ہوتی ہے۔
گرفتن ماہ (ف) چاند گہن۔
گرفتہ (ف) (۱) گرفتار - پکڑا ہوا - اسیر - قیدی (۲) ناخوش - ملول - رنجیدہ (۳) اعتراض - طعنہ (۴) لاف - گپ۔ (۵) پیشگی اُجرت (۶) سرزنش۔
گرفتہ زبان (ف) توتلا - لکنت زدہ۔
گرفتہ زدن (ف) (۱) گپ مارنا (۲) سرزنش کرنا (۳) طعنہ دینا۔
گرفتہ شدن (ف) پکڑا جانا - قیدی ہوجانا - اسیر بن جانا۔
گرفتہ لب (ف) خاموش۔
گرگ (ف) (۱) ڈیوڑھی (۲) جنگی - ٹون۔
گرگی برمہ تفو بررُوئے تو (ف) چاند کا تھو کا مُنہ پر۔
گرگ (ف) بھیڑیا۔
گرگابی (ف) ایک قسم کا جوتا۔
گرگ آشتی (ف) کسی مصلحت کے لیے بطریق فریب ظاہرا طور پر صلح کر لینا - منافقت۔
گرگ آشنائی (ف) دکھاوے کی دوستی - ظاہرا دوستی اور باطن میں دشمنی۔
گرگان (ف) ایران کے ایک شہر کا نام جسے عربی میں جرجان کہتے ہیں۔
گرگانج (ف) ارگنج جو ملک خوارزم کا پایہ تخت ہے۔

گرگاڈو / گرگادہ } (ف) گرگابی - ایک قسم کا جوتا۔
گرگ باران دیدہ (ف) تجربہ کار آدمی - آزمودہ کار - زمانہ کا سرد و گرم دیکھے ہوئے۔
گرگ بند (ف) بھیڑیوں میں گھرا ہوا آدمی - جو بچ کر نہیں نکل سکتا۔ (۲) مغلوب (۳) اسیر (۴) زبون۔
گرگ بند کردن (ف) (۱) اسیر کرنا (۲) مغلوب کرنا۔
گرگ بندی (ف) انسان کا سات بھیڑیوں کے درمیان پھنس جانا۔ کیونکہ یہاں سے زندہ نکل نہیں سکتا۔
گرگ پیر (ف) تجربہ کار - زمانہ کا سرد و گرم دیکھے ہوئے۔
گرگج (ف) دیکھو گرگچ۔
گرگ در پیراہن داشتن (ف) ناجنس اور نااہل کو ساتھ رکھنا۔
گرگ دو (ف) آہستہ آہستہ دوڑنا - پویہ دوڑنا۔
گرگ دہن آلودہ و یوسف ندیدہ (ف) جھوٹے الزام میں پکڑا ہوا انسان۔
گرگ ریزہ (ف) خاکستری رنگ - اطلس۔
گرگر (ف) آذربائیجان کے ایک قصبہ کا نام۔
گرگر (ف) (۱) خدا کا نام (۲) صانع (۳) شاہی تخت۔
گرگر (ف) ندی کے پانی کی آواز جو اوپر سے نیچے گرنے میں ہوتی ہے (۲) بڑبڑانا۔
گرگرہ (ف) لوبیا - رونگ - باقلا۔
گرگسار (ف) بھیڑیے جیسا۔
گرگ سپید دم / گرگ سپید سُم } (ف) طاقتور اور غالب آدمی۔
گرگ فسوں گر (ف) (۱) دُنیا (۲) آسمان۔
گرگ مست (ف) (۱) مست بھیڑیا (۲) ظالم - ستمگر (۳) معشوق۔
گرگ میسادم (ف) صبح۔
گرگ منش (ف) ظاہر میں نیک اور باطن میں نہایت بُرا۔
گرگن (ف) آدھ بھنے دانے۔
گرگنج (ف) گرگانج - خوارزم کا پایہ تخت۔
گرگوز / گرگوئے } (ف) افراسیاب کے ایک پہلوان کا نام۔
گرگ و میش (ف) صبح کا شروع کا وقت۔
گرگین (ف) خارش کا مریض - کھجلی کی بیماری والا۔
گرگین (ف) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
گرگینہ (ف) پوستین
گرگینہ پوشیدن (ف) پوستین پہننا۔
گرگینہ بجائے حریر پوشیدن (ف) راحت و آرام کو چھوڑ کر مصیبت اُٹھانا - آرام چھوڑ کر سختی اُٹھانا۔
گرم (ف) حار - تتا - جلتا ہوا (۲) تیز رفتار (۳) جلد - شتاب۔ (۴) بہت (۵) خفا - ناراض (۶) بہت اختلاف رکھنے والا۔

Marfat.com

گُرم (ف) (۱) رنج و غم ۔ اندوہ (۲) ترس تفرح (۳) بہت طلب کیے ہوئے سے تھوڑا سا حاصل ہونا ۔
گرام (فرانسیسی) گرام ۔ فرانس میں وزن کی اکائی ۔ پانچ گرام تقریباً ایک مثقال کے برابر ہوتے ہیں ۔
گرما (ف) گرمی کا موسم ۔ سرما کا متضاد ۔
گرمابان (ف) (۱) حمام ۔ گرمابہ (۲) حمام والا ۔ حجام ۔
گرمابہ (ف) حمام ۔ گرم غسل خانہ ۔
گرماپیما (ف) تھرمامیٹر ۔
گرماخیز (ف) موسم گرما ۔
گرم داری تنور نان بند (ف) بہتی گنگا میں ہاتھ دھولو ۔
گرم اُفتادن درکارِ کسے (ف) کسی کے کام میں بے حد مشغول ہونا ۔
گرما گرم (ف) گرمی کی حالت میں ۔
گرمادہ (ف) دیکھو گرمابہ ۔
گرمائیل (ف) ضحاک کے باورچی کا نام ۔
گرم بازاری (ف) (۱) بڑی گاہکی اور بڑی خرید و فروخت ۔ (۲) رونق ۔ چہل پہل ۔
گرم بازاری شدن (ف) سودا خوب بکنا ۔
گرم جوش (ف) بڑے تپاک والا ۔
گرم جوش شدن (ف) بڑے تپاک والا ہونا ۔
گرم جوشی (ف) تپاک ۔ محبت اور اختلاط کرنا ۔
گرم خوشیدن (ف) بہت محبت کرنا ۔
گرم خانہ (ف) سرپوشیدہ باغ ۔
گرم خانۂ حمام (ف) حمام کا گرم درجہ ۔
گرم خو (ف) تُند خو ۔
گرم خو بودن (ف) تند خو ہونا ۔
گرم خوں (ف) گہرا دوست ۔ بڑا یار ۔
گرم خیز (ف) (۱) تیز رو ۔ تیز رفتار (۲) چست و چالاک (۳) سحر خیز ۔ تہجد خواں صوفی ۔
گرم دل (ف) عاشق ۔
گرم دلاں (ف) عاشق لوگ ۔ عشاق ۔
گرم راندن (ف) جلدی کرنا ۔ دوڑنا ۔
گرم رو (ف) (۱) تیز رو (۲) بے صبر عاشق (۳) چالاک سالک ۔
گرم سیر (ف) گرم ملک ۔ گرم علاقے ۔
گرم شدن بازار (ف) (۱) بارونق ہونا (۲) بہت آدمیوں کا جمع ہونا ۔
گرمک (ف) (۱) گرم کی تصغیر (۲) ایک قسم کا خوشبودار میٹھا خربوزہ ۔ (۳) پانی میں اُبالا ہوا لوبیا ۔
گرم کردن (ف) (۱) خفا کرنا ۔ غضب ناک کرنا (۲) پیار کرنا ۔ اختلاط کرنا (۳) تیز کرنا (۴) حریص کرنا (۵) جلد چلنا ۔
گرم گرفتن (ف) بڑے تپاک سے ملنا ۔
گرم کین (ف) دشمن ۔ زور آور دشمن ۔
گرم کینی (ف) سخت دشمنی ۔

گرم گاہ (ف) دوپہر کا وقت جب کہ گرمی زیادہ ہوتی ہے ۔
گرم گو (ف) مؤثر تقریر والا آدمی ۔
گرم و سرد آزمودن (ف) تجربہ کار ہونا ۔
گرم و سرد آزمودہ (ف) تجربہ کار ۔
گرم و سرد جہاں کشیدہ (ف) دُنیا کے نشیب و فراز سے واقف ۔
گرم و سرد چرخ (ف) (۱) سورج اور چاند (۲) آسمانی حادثے ۔
گرم و سرد چشیدن (ف) تجربہ کار ہونا ۔
گرم و سرد چشیدہ (ف) تجربہ کار ۔
گرمہ (ف) بہار سے پہلے پکا ہوا خربوزہ (۲) وہ پھل جو بہار سے پہلے پک جائے ۔
گرمہ بیز / گرمہ پیز / گرمہ دیز (ف) تنگ سوراخوں والی چھلنی ۔
گرمی (ف) (۱) تاپ ۔ سردی کی ضد (۲) چالاکی (۳) تیز روی (۴) جلدی (۵) غصہ (۶) جوشِ محبت ۔
گرمیٔ بازار (ف) رونق ۔ چہل پہل ۔
گرمیخ (ف) لکڑی یا لوہے کی بڑی میخ جسے طویلہ میں دونوں طرف گاڑ کر اور لمبی رسی باندھ کر اس سے گھوڑے باندھتے ہیں ۔
گرمیٔ خونابہ / گرمیٔ خونابہ (ف) رونے میں زیادتی اور جلدی ۔
گرنبودے چوب تر فرماں نبردی گاؤ خر (ف) ڈنڈے کے زور سے سب طاقت ور رام ہو جاتے ہیں ۔
گرنج (ف) (۱) گوشہ ۔ کونہ (۲) چاول ۔ برنج (۳) شکن ۔ سلوٹ ۔
گرنجار (ف) چاولوں کا کھیت ۔ دھان کا کھیت ۔
گرنج بشیر (ف) شیر برنج ۔ کھیر ۔
گرندہ (ف) جولاہوں کا کوچ ۔
گرنگ (ف) میدانِ جنگ ۔ لشکر گاہ ۔
گرو (ف) (۱) رہن (۲) مجازاً غلام (۳) قید (۴) شرط ۔
گرو بردن (ف) مقابلے میں کامیاب ہو جانا ۔
گرو بستن (ف) شرط باندھنا ۔
گرو بند (ف) کیاریاں بنانا ۔
گروپ (فرانسیسی) دستہ ۔ گروہ ۔
گرور (ف) واجب ۔ واجب الوجود ۔
گروزہ (ف) گردہ ۔
گروزیل (فرانسیسی) انگور فرنگی ۔
گروش (ف) گرویدہ ہونا ۔
گروک (ف) رسی کا بنڈل ۔
گروگان (ف) (۱) گرو ۔ رہن (۲) غلام (۳) مرہون ۔
گروگاں (ف) عضوِ تناسل ۔
گروگر (ف) صانع ۔ مراد دینے والا ۔ غالب ۔ صاحبِ قدرت ۔ اللہ تعالےٰ کا نام ۔

Marfat.com

گرد نوشتن - بچوں کا دھیلیوں اور تختیوں پر خط کی مشق کرنا۔
گروہ (ف)، غول - جھنڈ - قوم - جماعت۔
گروہان (ف)، گروہ کی جمع - جماعتیں۔
گروہہ (ف)، (۱) گولہ (۲) بندوق کی گولی۔
گردی / گردی زرہ } افراسیاب کے رشتہ داروں میں سے ایک شخص کا نام جس نے سیاوش کے مروانے میں نہایت کوشش کی تھی۔
گرویدن (ف)، (۱) رغبت کرنا (۲) کسی کی محبت کو دل میں جگہ دینا۔ (۳) ایمان لانا (۴) فرمانبرداری کرنا (۵) قبول کرنا۔
گرویدہ (ف)، فریفتہ - عاشق - راغب۔
گرویدہ شدن (ف)، عاشق ہو جانا۔
گرہ (ف)، سبو - گھڑا - ٹھلیا۔
گرہ (ف)، (۱) گانٹھ - عُقدہ (۲) مشکل۔
گرہ بباد زدن (ف)، بے بقا کام پر بھروسہ کرنا۔
گرہ بباز زدن (ف)، ہوا میں تھگلی لگانا۔
گرہ بُر (ف)، گٹھ کترا - کیسہ بُر - گانٹھ چور - جیب تراش۔
گرہ برابرو انداختن / گرہ برابرو آوردن / گرہ برابرو زدن / گرہ برابرو کردن } (ف)، بھویں چڑھانا - تیوری چڑھانا۔ عُقدہ کرنا۔
گرہ برباد (ف)، دُنیا کی بے اعتباری۔
گرہ برجبین زدن (ف)، تیوری چڑھانا۔
گرہ بر سرِ چیزے زدن (ف)، کسی چیز پر گانٹھ لگانا - کسی چیز کو بند کرنا - روک رکھنا۔
گرہ برگرہ (ف)، سخت مشکل - مشکل پر مشکل - صدمہ پر صدمہ - رنج پر رنج - غم پر غم - پیچ در پیچ - اندیشہ پر اندیشہ - فکر بالائے فکر۔
گرہ برگوش زدن (ف)، بہرہ ہونا - کسی کی بات نہ سُننا۔
گرہ بکار انداختن / گرہ بکار زدن } (ف)، حاجت روائی کرنا - مشکل ڈال دینا۔
گرہ بندان - سالگرہ۔
گرہ درابرو زدن (ف)، تیوری چڑھانا - غُصّہ کرنا - بے دماغ ہونا۔
گرہ درکار افتادن (ف)، کام میں سخت مشکل آپڑنا۔
گرہ درکار گذاشتن (ف)، کام میں رکاوٹ پیدا کرنا۔
گرہ گلو بستن / گرہ درگلو شکستن } (ف)، گلا بند ہو جانا - گھبراہٹ اور خوف ظاہر ہونا۔
گرہ زدن (ف)، (۱) گانٹھ دینا (۲) دُنیا کا مال جمع کرنا۔
گرہ کشا (ف)، مشکل کشا - خدا۔
گرہ کشودن (ف)، گرہ کھولنا۔
گرہ کور (ف)، سخت گانٹھ۔
گرہ گوشت (ف)، غدود۔
گرہ نہادن (ف)، دیکھو گرہ زدن۔

گری (ف)، (۱) جریب - گز (۲) پیمانہ غلّہ (۳) خارش کا مرض (۴) گھڑیال کا کنوا۔
گری (ف)، گریستن مصدر کا امر - رو۔
گری (ف)، گِرِی کا مخفف۔
گری (ف)، گریہ۔
گریے (ف)، (۱) گانٹھ - گرہ (۲) گردن۔
گریال (ف)، گھڑیال - گھنٹہ۔
گریان (ف)، روتا ہوا - رونے والا۔
گریان (ف)، (۱) حمام کی انگیٹھی - حمام کا آتشدان (۲) قربان - فدا
گریاندن (ف)، رلانا۔
گریانیدن (ف)، رُلانا۔
گریبان (ف)، گرے بمعنی گردن اور بان کلمہ محافظت سے مرکب ہے گردن کا محافظ - کنٹھ - جیب۔
گریبان توری - ریشمی دھاگوں سے گریبان کے نزدیک ایک جیب سلواتے ہیں - جس میں ہلکی اور قیمتی چیزیں مثلاً انگشتری اور گھڑی وغیرہ رکھتے ہیں۔
گریبان چراغے گرفتن (ف)، نور صفائی اور پرتو حاصل کرنا۔
گریبان دامن کردن (ف)، مراقبہ میں سر جھکانا۔
گریبان دریدن (ف)، منت سماجت اور تقاضا کرنا۔
گریبان رفتن (ف)، باز پُرس کرنا۔
گریبان کشیدن (ف)، (۱) اپنی طرف مائل کرنا (۲) رغبت دلانا۔ اُبھارنا۔
گریبان گرفتن (ف)، (۱) مقابلہ کرنا (۲) عُذر کرنا۔
گریبان گرفتہ آوردن (ف)، زبردستی سے لانا۔
گریبان گیر شدن (ف)، مورد باز پرس قرار پانا۔
گریبانی (ف)، کُرتہ - قمیص - پیراہن۔
گریچ / گریچہ } (ف)، (۱) چھوٹا سا گھر (۲) زنداں کا کنواں - (۳) زمین دوز نقب۔
گریختن (ف)، بھاگنا۔
گریز (ف)، (۱) بھاگنا (۲) شعرا کی اصطلاح میں ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف یا فروعات سے نفس مضمون کی طرف آنا۔
گریزاں (ف)، بھاگتے ہوئے۔
گریزانیدن (ف)، بھگانا - بھگا دینا۔
گریز پا (ف)، (۱) بھگوڑا غلام یا بھگوڑی لونڈی یعنی وہ غلام یا لونڈی جو ہمیشہ گھر سے نکل بھاگے یا بھاگ جانے والا شاگرد - ایسے شاگرد کو "شاگرد گریز پا" کہتے ہیں - (۲) ناپائدار (۳) دردمند (۴) متوحش۔
گریز زدن (ف)، بات کرتے وقت یا لکھتے وقت ایک بات سے دوسری بات میں مشغول ہو جانا۔
گریزگاہ (ف)، بھاگ کر پناہ لینے کی جگہ۔
گریزندہ (ف)، فرار ہونے والا۔

Marfat.com

گریزیدن (ف) بھاگنا۔
گریستن (ف) رونا۔ گریہ کرنا۔
گریستن ابر (ف) بادلوں کا برسنا۔
گریستن ہوا (ف) مینہ برسنا۔
گریدن (ف) (۱) خوشامد کرنا (۲) مکر و فریب کرنا۔
گرینک (ف) (۱) بلبل کی آواز (۲) قلندروں کی آواز۔
گرنگ (ف) گڑھا۔ غار۔ کھوہ۔
گرنیشک (ف) چھنگلی۔ سب سے چھوٹی انگلی۔
گریغ (ف) گریز کا مترادف۔ بھاگنا۔
گریغتن (ف) گریختن کا مبدل۔ بھاگنا۔
گریفول (فرانسیسی، GRIFFON) ۔ افسانوی جانور جو شیر سے مشابہت رکھتا ہے۔
گریوازہ (ف) موتیوں وغیرہ کا عورتوں کے گلے کا ہار۔
گریوان (ف) گریبان۔
گریودوم (ف) خیانت۔ امانت سے انکار کرنا۔
گریون (ف) داد کا مرض۔
گریہ (ف) رونا۔ رقت۔
گریہ از چشم گشادن (ف) آنکھ کو رلانا۔
گریہ دام زن است (ف) آنسو عورت کا ایک چلتا جال ہے۔
گریہ در آستیں داشتن (ف) بات بات پر آنسو بہانا۔
گریہ در گلو پیچیدن (ف) گریہ کی شدت سے سانس بند ہو جانا۔
گریہ در گلو داشتن (ف) رونے پر آمادہ ہونا۔ رونے کے لیے تیار ہونا۔
گریہ در گلو گرفتن (ف) گھگی بندھ جانا۔
گریہ در گلو گرہ شدن (ف) دیکھو گریہ در گلو پیچیدن۔
گریہ رو (ف) رونی شکل۔ رونکھا۔ خندہ رو کے مقابلہ میں یہ لفظ آتا ہے۔
گریہ کردن (ف) رونا۔ آنسو بہانا۔ گریہ کرنا۔
گریہ کناں (ف) روتے ہوئے۔ واویلا کرتے ہوئے۔ فریاد کناں۔
گریہ و زاری (ف) رونا دھونا۔ فریاد۔
گرییدن (ف) رونا۔

# گ - ز

گز (ف) (۱) کپڑا یا زمین وغیرہ ناپنے کا آلہ (۲) جھاؤ کا درخت۔ (۳) بغیر پر اور پیکان کے تیر۔
گز (ف) گزیدن کا امر۔ کاٹ۔ ڈنک مار۔
گز (ف) دانت۔ دندان۔
گزا (ف) کاٹنے والا۔
گزار (ف) (۱) نشتر (۲) نبیذ (۳) تصویر کا خاکہ (۴) گزاردن کا امر ادا کر۔ ادا کرنے والا۔
گزارا (ف) سخن ادا کرنے والا۔
گزارش (ف) (۱) عرض (۲) مطلب ادا کرنا (۳) بیان (۴) ادا کرنا (۵) خواب کی تعبیر (۶) شرح۔ تشریح۔ تفسیر۔
گزارش دادن (ف) رپورٹ پیش کرنا۔
گزارش گر (ف) عرض کرنے والا (۲) ادا کرنے والا۔ بیان کرنے والا (۳) خواب کی تعبیر بتانے والا (۴) قبول کرنے والا۔ (۵) لانے والا۔ (۶) لے جانے والا۔
گزارش نامہ / گزارشی نامہ / گزارنامہ (ف) (۱) تعبیر نامہ۔ خواب کی تعبیر دیکھنے کی کتاب (۲) شرح تفسیر۔ تشریح۔
گزارندگاں (ف) راوی لوگ۔
گزارہ (ف) قصہ۔ تاریخ۔
گزارہ (ف) گزارش کا مترادف۔
گزارہ نامہ (ف) دیکھو گزارش نامہ۔
گزاریدن (ف) دیکھو گزاردن۔
گزاشتن (ف) (۱) چھوڑنا (۲) ادا کرنا۔
گزاف (ف) (۱) ڈینگ۔ شیخی (۲) گپ۔ بے ہودہ بات۔ جھوٹ (۳) بے حساب۔ بے حد۔ بڑائی۔
گزاف رنگاں (ف) شتاب۔ جلدی جلدی۔
گزاف گو (ف) یاوہ گو۔ بے ہودہ گو۔
گزاف گوئی (ف) بے ہودہ گوئی۔
گزافہ (ف) دیکھو گزاف۔
گزالی (ف) اکبری گز جو اکتالیس انگشت کا تھا۔
گزاں (ف) کاٹتا ہوا۔ کاٹتا ہوا۔
گزانیدن (ف) کٹوانا۔
گزاوہ (ف) کجاوہ۔ عماری۔ ہودہ۔
گزائے (ف) (۱) کاٹ (۲) کاٹنے والا (۳) تکلیف دینے والا۔
گزائیدن (ف) کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔
گزائش (ف) کاٹنے گدھے وغیرہ کو ہانکنے کی لاٹھی۔
گزائش (ف) لائق۔ سزاوار۔ درخور۔
گزپا (ف) سارس جو مشہور لمبی ٹانگوں والا پرندہ ہے۔
گزر (ف) گاجر۔
گزر (ف) (۱) چرواہوں کا تھیلا (۲) علاج۔ چارہ (۳) رستہ۔ راہ۔
گزر (ف) گریز کا مخفف۔ چارہ۔ علاج۔
گزردن (ف) علاج کرنا۔
گزر کردن (ف) گزرنا۔ عبور کرنا۔
گزرنامہ (ف) تعبیر نامہ۔ خواب کی تعبیر کی کتاب۔
گزشائگاں (ف) خراسانی گز جو ڈیڑھ ہاتھ لمبا ہوتا ہے۔
گزشتن (ف) (۱) گزرنا۔ گزر جانا (۲) ختم ہونا (۳) ہو چکنا۔ (۴) مجازاً مر جانا۔

Marfat.com

گزف (ف) دیکھو لفظ قیر جو ایک قسم کا سیاہ گوند ہے۔ اور کشتی وغیرہ میں لگانے کے کام آتا ہے۔
گزک (ف) شراب پینے کے بعد مُنہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے جو چیز کھائی جائے (۲) ایک خاص قسم کی شیرینی جو شراب کے ساتھ کھاتے ہیں (۳) سردی سے ٹھٹھرا ہوا۔
گز کردن (ف) گز سے پیمائش کرنا۔ ناپنا۔
گز کردن کوچہ ہا (ف) آوارہ پھرنا۔ گلیاں ناپتے پھرنا۔
گز گز جستن (ف) ہر جگہ تلاش کرنا۔ بہت ڈھونڈنا۔
گزم (ف) جھاؤ کا درخت۔
گزمار (ف) زہریلا سانپ۔ کاٹنے والا سانپ۔
گزمازک } (ف) جھاؤ کے درخت کا پھل۔
گزمازو }
گزملک (ف) دیکھو گز شائیگاں۔
گزمہ (ف) پولیس اسٹیشن۔ پولیس کی چوکی۔ پولیس۔
گزمہ باشی (ف) تھانے دار۔ کوتوال۔ پولیس افسر۔
گزن (ف) لوہے کا تیز دھار آلہ جس سے چمڑے کو تراشتے ہیں۔ اس کو فارسی میں گزن اور شفرہ بھی کہتے ہیں۔
گزند (ف) (۱) صدمہ۔ دکھ۔ رنج۔ تکلیف (۲) نظر بد (۳) آسیب (۴) آفت۔ مصیبت۔
گز نکردہ پارہ مکن (ف) پہلے بات کو تولو پھر مُنہ سے بولو۔
گزنند (ف) گھاس سے بھری ہوئی بوری۔
گزنہ (ف) ایک پودے کا نام ہے جو زیادہ دریاؤں یا نہروں کے کنارے اُگتا ہے۔ اس کی بلندی ۹۰ سینٹی میٹر تک پہنچ جاتی ہے۔ اس کے پتے سفید اور دندانہ دار ہوتے ہیں۔ جب کبھی اس کے پتوں پر کسی کا ہاتھ پڑتا ہے تو اس کے پتے ہاتھ میں پیوست ہو جاتے ہیں اور ان پتوں سے ایک رطوبت ٹپکتی ہے جو درد اور سوزش کا باعث بنتی ہے۔
گزنے (ف) (۱) تر و خشک (۲) تر و خشک مٹی۔
گزہ (ف) (۱) نقارہ بجانے کی چوب (۲) ایک قسم کا تیر۔
گزیت (ف) (۱) جزیہ۔ خراج۔ ٹیکس۔ محصول (۲) ایک قسم کا تیر۔
گزید (ف) خراج۔ ٹیکس۔ باج۔ محصول۔ جزیہ۔
گزید (ف) گزیدن کا ماضی۔
گزیدن (ف) اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔ (۲) منتخب کرنا۔ چن لینا۔
گزیدن (ف) دانت سے کاٹنا۔ کاٹ کھانا۔ ڈنک مارنا (۲) قطع کرنا (۳) ڈرنا۔
گزیدن چشم (ف) بدنظری لگنا۔ نظر بد لگ جانا۔
گزیدہ (ف) (۱) کاٹ کھایا ہوا۔ کاٹا ہوا (۲) رنجیدہ (۳) دہشت زدہ۔
گزیر } (ف) (۱) کوتوال (۲) پیشکار۔ (۳) سرہنگ۔ (۴) پہلوان۔
گزیر }
گزیردن (ف) چارہ کرنا۔ علاج کرنا۔
گزیرش (ف) چارہ گری۔
گزیر } (ف) علاج۔ چارہ۔ تدبیر۔
گزیرہ }
گزین (ف) (۱) عمدہ۔ پسندیدہ۔ منتخب (۲) اختیار کرنے والا (۳) گزیدن کا امر۔ پسند کرنا۔
گزینہ (ف) (۱) ٹھٹھیروں کا لمبا ہتھوڑا جس سے برتن کو گہین کرتے ہیں (۲) خیمہ بنانے کا موٹا کپڑا (۳) خزانہ۔
گزینی (ف) خاصیت۔
گزیہ (ف) لفظ جزیہ اسی کا معرب ہے۔ خراج۔ ٹیکس۔ محصول۔ جزیہ۔ باج۔

## گ ۔ ژ

گژاژ (ف) پوٹا۔ پرندوں کا حوصلہ۔
گژف (ف) قیر جو ایک قسم کا سیاہ گوند ہے۔

## گ ۔ س

گسار (ف) ایک کلمہ ہے جو بعض اسموں کے آخر میں آنے سے کھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے میگسار بمعنی مے خوار۔ غمگسار بمعنی غم خوار۔
گساردن (ف) (۱) کھانا (۲) چھوڑنا (۳) توڑنا۔
گسارندہ (ف) بمعنی گسار۔ کھانے والا۔
گساریدن (ف) گساردن کا مترادف۔
گستاخ (ف) (۱) شوخ۔ چالاک (۲) بے ادب۔
گستاخانہ (ف) دلیرانہ۔ بے باکانہ۔
گستاخ چشم (ف) (۱) وہ آدمی جس کی نظر سے غصہ اور خفگی ظاہر ہو اور جو اس کی طرف دیکھے اس پر خوف چھا جائے (۲) وہ شخص جس کی آنکھ کسی خوف و خطر سے نہ جھپکے جو نہایت دلیری کی علامت ہے اسی لیے بمعنی بہادر۔ دلیر اور شجاع بھی آتا ہے۔
گستاخ دست (ف) سبک دست۔ ہاتھ کا چالاک۔ جلدی کام کرنے والا۔
گستاخ رسول (ف) جو شانِ رسالت میں گستاخی کا مرتکب ہو۔
گستاخ رُو } (ف) بے شرم۔ بے حیا (۲) بے ادب۔
گستاخ رُوے }
گستاخ گوئے (ف) سب کچھ بک جانے اور گفتگو میں ذرا نہ جھکنے والا۔
گستاخی (ف) (۱) شوخی (۲) بے ادبی۔
گستاخی کردن (ف) گستاخی کرنا۔

Marfat.com

گستر (ف) (۱) بچھاؤ (۲) بچھانے والا۔
گستراندن (ف) بچھوانا۔
گستردن (ف) بچھانا۔
گسترش (ف) بچھانے کی چیز خواہ فرش ہو۔ یا بستر یا جال۔
گسستگی (ف) جُدا ہونا۔ کٹ جانا۔ الگ ہونا۔ پارہ پارہ ہونا۔
گستہ (ف) گندہ۔ بُرا۔
گستہم (ف) نوذر بن منوچہر کے بیٹے کا نام (۲) ایک ایرانی پہلوان کژدہم کے بیٹے کا نام۔
گسستہ خاطر / گسستہ دل } (ف) ملول خاطر۔ رنجیدہ دل۔
گسستہ عناں / گسستہ لگام / گسستہ مہار } (ف) (۱) شتر بے مہار۔ آزاد آدمی جو کسی کے کہنے سننے میں نہ ہو (۲) سرکش (۳) جھگڑالو۔
گسستہ نور (ف) (۱) ہلال۔ نیا چاند (۲) سنہری اور روپہلی کشتی نما پیالہ۔
گسل (ف) گسیختن مصدر کا امر حاضر۔ توڑ (۲) بعض اسموں کے آخر فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے جاں گسل۔ یعنی جان توڑنے والا۔
گسلانیدن (ف) تڑانا۔ توڑنا۔
گسلیدن (ف) توڑنا۔
گسن (ف) بھوک۔ گرسنگی۔
گسنا نار (ف) بھوک کا غلبہ۔ بہت بھوک۔
گسنگی (ف) گرسنگی۔ بھوک۔
گسی (ف) گسیل کا مخفف۔
گسیختن (ف) (۱) ٹوٹنا (۲) توڑنا۔
گسیل (ف) (۱) رخصت کرنا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا (۲) دفع کرنا۔
گسیل داشتن (ف) روانہ کرنا۔ بھیجنا۔

## گ ۔ ش

گش (ف) (۱) خوش۔ خوب (۲) خوش رفتار۔ خوش خرام مٹک کر چلنا (۳) مزاحمت (۴) وسوسہ۔
گش (ف) قلب۔ دل۔
گش (ف) بلغم۔
گشائش (ف) رہائی۔ فراخی۔
گشائندہ (ف) کھولنے والے۔ فراخ کرنے والا۔ رہائی دینے والا۔
گشاد (ف) کشاد کا مترادف (۱) کھولا (۲) کھلنا۔ وسیع۔ فراخ (۳) خوشی (۴) خرچ (۵) فتح و ظفر (۶) کمان کو زور سے کھینچ کر تیر کو چٹکی سے چھوڑنا۔ ماوراء النہر کے علاقہ میں یہ لفظ کاف سے بولا جاتا ہے۔

گشاد بازاری کردن (ف) فضول خرچی کرنا۔
گشادن (ف) کشادن کا مترادف۔
گشادہ (ف) کشادہ کا مترادف۔
گشادہ ابرو (ف) خندہ جبین۔
گشادہ پیشانی / گشادہ جبین } (ف) ہنس مکھ آدمی۔
گشادہ در (ف) مہمان نواز۔
گشادہ دل (ف) (۱) خوش دل (۲) سخی (۳) ثنا خواں (۴) سخنور (۵) خوش حال۔
گشادہ رُو (ف) (۱) خوش رُو۔ خوب صورت (۲) خوش حال (۳) سخنور (۴) ثنا خوان۔
گشادہ زبان (ف) فصیح و بلیغ (۲) خوب صورت (۳) سخنور (۴) خوشحال۔
گشادہ زُلف (ف) مجذوب۔
گشادہ کف (ف) سخی۔
گشادہ نفس (ف) یاوہ گو۔
گشادہ ہنگاماں (ف) چاروں فصلیں۔ جاڑا۔ خزاں۔ بہار۔ گرمی۔
گشاسب / گشسب } (ف) گشتاسب کا مترادف۔
گشت (ف) (۱) شد کا مترادف۔ ہوا۔ ہوگیا (۲) پھیرا (۳) پھرنا۔ سیر (۴) دیکھنا (۵) محو ہوگیا۔ مٹا دینا (۶) خربوزہ (۷) اندرائن۔
گشتا (ف) جنت۔ بہشت۔
گشتر (ف) خوش تر۔ بہت خوب۔ خوب تر۔
گشت زدن (ف) سیر کرنا۔ پھرنا۔
گشتسب (ف) گشتاسب۔
گشت کردن (ف) پھرنا۔ سیر کرنا۔
گشتن (ف) (۱) پھرنا۔ سیر کرنا (۲) پھر جانا (۳) ہونا (۴) گزرنا۔
گشتہ (ف) شدہ کا مترادف۔ ہُوا۔ ہوگیا۔
گشتہ (ف) (۱) احول۔ بھینگا (۲) اُلٹا۔ معکوس۔
گشتی (ف) پہرے دار جو گشت پر مامور ہو۔
گشن / گشن } (ف) بہتات۔ کثرت۔ کسی چیز کا بہت اور گنجان ہونا۔
گشن (ف) (۱) نر۔ مذکر (۲) مادہ کا نر کی طلب کرنا۔ مادہ کا طالب ہونا (۳) مادہ کا حاملہ یعنی گابھن ہونا (۴) کھجور کے درخت میں پھل لگنا۔
گشن دادن (ف) باردار کرنا۔ حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔
گشنی (ف) نر کا مادہ سے جفتی یعنی جماع کرنا۔
گشنیز (ف) کشنیز۔ دھنیا۔
گشنیز (ف) مٹک کر چلنا۔
گشنیز چشم (ف) شراب انگور۔

Marfat.com

گشودن (ف) کھولنا۔ رہا کرنا۔
گشودہ (ف) رہا شدہ۔ کھولا۔
گشی } (ف) (۱) خوشی۔ خوشحالی (۲) تندرستی (۳) جلوہ گری (۴) ٹہلنا۔
گشی } مٹک کر چلنا۔

## گ ۔ ف

گفت (ف) (۱) گفتن کا ماضی۔ کہا (۲) گفتن کا حاصل مصدر۔ گفتار۔ کلام۔ گفتگو۔ بات چیت۔
گفتار (ف) گفتگو۔ بات چیت۔ کلام۔ تقریر۔
گفتار درہم (ف) غیر مربوط کلام۔ بے جوڑ بات۔ بے ربط بات۔
گفتگو (ف) بات چیت۔
گفتن (ف) (۱) کہنا۔ بولنا (۲) لکھنا (۳) گانا (۴) کرنا۔
گفت وشنود کردن (ف) بات چیت کرنا۔
گفت وشنید (ف) کہنا اور سننا۔ گفتگو۔ مباحثہ۔ مذاکرات۔
گفت وقدم (ف) قول وفعل میں مطابقت اور توافق۔
گفتہ (ف) کہا ہوا۔ قول۔
گفتی (ف) تشبیہ کا کلمہ۔ تو کہے جیسے گوئی۔ گویا۔

## گ ۔ ل

گُل (ف) (۱) گلاب کا پھول۔ ورد (۲) پھول۔ جب لفظ گل تنہا آئے تو اس کے معنی گلاب کا پھول ہوں گے۔ اور جب کسی درخت کے ساتھ مضاف ہو تو اس درخت کے پھول یعنی محض پھول کے معنوں میں آتا ہے جیسے گل یاسمین، گل سوسن۔ گل نرگس وغیرہ (۳) اخگر۔ آگ کی چنگاری۔ (۴) داغ (۵) مجازاً بہتر۔ خوب۔ فائدہ۔ نتیجہ۔ سُرخ رنگ۔ دوست۔ ہر چیز میں سے تھوڑا سا حصہ۔
گِل (ف) (۱) مٹی (۲) کیچڑ۔ پانی میں ملی ہوئی مٹی۔
گَل (ف) گلا۔ گردن۔
گول (انگریزی) گول (GOAL) فٹ بال کی اصطلاح۔ دروازہ۔ بال۔
گلاب (ف) وَرد کا عرق۔ گلاب کے پھولوں کا عرق۔
گل ابر (ف) بادل کا ٹکڑا جو چھوٹا سا ہو۔
گل افشاندن }
گل انداختن } (ف) گلاب چھڑکنا۔
گل پاشیدن }
گل زدن }
گل اقاقیا (ف) سفید رنگ کا خوشبودار پھول۔
گلاب پاشش (ف) ٹونٹی والا چھوٹا برتن۔ بلور یا چینی کا بنا ہوا جس میں گلاب ڈالتے ہیں۔
گلاب تلخ (ف) آنسو۔
گلاب دان (ف) گلاب رکھنے کا برتن۔
گلاب زدن (ف) گلاب پاش۔ گلاب دانی۔
گلاب ستدن (ف) گلاب کشید کرنا۔
گلاب طبری (ف) طبرستان کا گلاب۔
گلاب کشیدن }
گلاب گرفتن } (ف) گلاب نکالنا۔
گلابہ (ف) گارا۔ مٹی کا گارا جو عمارت میں کام آتا ہے۔ کیچڑ۔
گلابی (ف) (۱) منسوب بہ گلاب (۲) ایک قسم کی شیشی جس میں گلاب یا شراب ڈالی جاتی ہے (۳) امرود کی ایک قسم جو کاٹنے پر اندر سے گلابی رنگ کا ہوتا ہے۔
گل آتشی (ف) (۱) سدا گلاب جو ہمیشہ کھلتا ہے (۲) سُرخ گلاب جس کا عرق کھینچتے ہیں۔
گلاج (ف) ایک قسم کی پتلی روٹی جو نشاستہ اور انڈے کی سفیدی کی بنائی اور شربت میں ملا کر کھائی جاتی ہے (۲) کوا۔
گل احمر (ف) گلاب کا پھول۔ گل سُرخ۔
گل آخر (ف) پھول جو بہار کے آخر میں کھلے۔
گل ارمنی (ف) سُرخ رنگ مائل بہ سیاہی مٹی کا نام۔
گل از چراغ گرفتن (ف) چراغ کا گل لے کر اسے روشن کرنا۔
گل اشرفی (ف) ایک پھول کا نام۔
گل آفتاب گردان (ف) سورج مکھی کا پھول۔
گل افشان (ف) (۱) پھول بکھیرنا۔ خوشی کے موقعہ پر پھول پھینکنا۔ یا بکھیرنا (۲) پھل جھڑی جو مشہور آتش بازی ہے۔
گل افشانی (ف) پھول بکھیرنا۔
گلاگونہ (ف) گلگونہ۔ غازہ۔
گلالہ (ف) (۱) زلف (۲) گھنگریالے بال (۳) قمیص۔ کُرتہ۔ پیرہن۔
گلان (ف) گلانیدن کا امر۔ جھاڑ۔
گلان (ف) (۱) گل کی جمع جو خلاف قاعدہ ہے (۲) پراٹھا یعنی ودیرت کی میدے کی روٹی جو دودھ میں ڈال کر کھائی جاتی ہے۔
گل انار (ف) انار کا پھول (۲) سُرخ رنگ۔ ارغوانی۔
گل اندام (ف) (۱) نازک بدن (۲) نازک مزاج (۳) معشوق۔ محبوب (۴) خوبصورت اور تیز رفتار گھوڑے کے لیے بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔
گلابی (ف) (۱) گل فروش۔ پھول بیچنے والا (۲) باغبان۔
گلابی (ف) (۱) گلاب یا شراب کے رکھنے کے لیے شیشے کی چھوٹی صراحی (۲) امرود کی ایک قسم ہے (۳) گلاب کا سا رنگ۔
گلانیدن (ف) جھاڑنا۔ کپڑا جھاڑنا۔

Marfat.com

گلاہ (ف) (۱) کالا۔ سیاہ (۲) ایک درویش شیخ زین الدین کا لقب جو سیاہ پوش تھے۔

گلبار (ف) ایک شہر کا نام۔

گلبار (ف) پھول برسانے والا۔ پھول بکھیرنے والا۔

گلباری (ف) پھول برسانا۔ پھول بکھیرنا۔ پھولوں کی بارش۔

گلبانگ } (ف) (۱) خوش آواز (۲) خوشخبری کی آواز (۳) بلبل کے چہکنے کی
گلبانگ } آواز (۴) نقارچیوں اور قلندروں کی آواز (۵) شادی کے موقعہ پر شور و غل کی آواز۔

گلبانگ بر قدم زدن (ف) بہت جلد چلنا۔

گل باید پیش گل باشد (ف) پھول پھول کے سامنے ہونا چاہیئے۔ مراد ہے حسینوں کو ایسی آرائش بھلی معلوم ہوتی ہے۔

گل بدست دار و نبوید۔ (ف) نہایت ہی معروف آدمی۔

گل بدست داری (ف) جتنی جلدی ہو سکے چلے آؤ۔ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر۔

گل بدن (ف) (۱) ایک مشہور کپڑے کا نام (۲) گل اندام۔ معشوق۔ محبوب۔

گل برگ (ف) (۱) گلاب کے پھول کی پنکھڑی (۲) مجازاً لب معشوق۔

گل برگہ (ف) دکن میں ایک شہر کا نام ہے۔

گل بوستان بردن (ف) اُلٹے بانس بریلی کو۔

گل بہ سبزہ آراستہ (ف) سونے پر سہاگہ۔

گل بسر وارد و نشوید }
گل بکف وارد و نبوید } بالکل ذرا بھی فرصت نہیں نہایت مصروفیت ہے۔

گل بہ کسے فرستادن (ف) کسی کو اپنے ساتھ مقابلہ کے لیے بلانا۔ اس قسم کے پھول کو گل ہنگامہ۔ گل کشتی اور گل جنگ بھی کہتے ہیں۔

گلبن (ف) گلاب کے پھول کا درخت۔

گلبند (ف) (۱) باندھنو جو ایک قسم کا رنگین کپڑا ہے (۲) باغبان۔

گلبنگ (ف) ڈھول کی آواز۔

گل بوتہ (ف) پھول بوٹا۔

گل بے خار نباشد (ف) رنج بن گنج نہیں۔

گل بے عیب (ف) خداوند تعالٰے جس کی ذات ہر عیب سے پاک ہے۔

گل بیگانہ (ف) (۱) خودرَو (۲) نیا پھول۔

گل پارسی (ف) صد برگ۔ گلنار جو ایک نہایت سُرخ اور خوبصورت پھول ہے۔

گل پارسی (ف) ایک قسم کی مٹی جس سے عورتیں سر کے بال دھوتی ہیں۔

گل پرست (ف) پھولوں کا دلدادہ۔

گل پرورده (ف) آدمی کا جسم۔

گل پیادہ (ف) زمین سے ملے ہوئے پھول والے پودے۔ جیسے بنفشہ۔ سوسن۔ نرگس۔ سنبل اور لالہ وغیرہ۔

گل پیرا (ف) باغبان۔ مالی۔

گل پیرہن (ف) پھولوں سے لدا ہوا آراستہ۔

گل پیرک (ف) گل خیرہ۔ گل خطمی۔

گل تاج خروس (ف) کلغہ۔

گل تسبیح (ف) (۱) تسبیح کا امام (۲) ایک پیڑ کا نام جس کے دانوں سے تسبیح بنتی ہے (۳) خودرَو پھول۔

گل جبیں (ف) حسین۔ خوب صُورت۔

گل جعفری (ف) ایک زرد رنگ پھول کا نام۔

گل جنگ (ف) دیکھو گل بہ کسے فرستادن۔

گل چشم (ف) پھولا۔ وہ خفیف سی سفیدی جو آنکھ کی پتلی پر چھا جاتی ہے۔

گلچہ دماغ (ف) لونگ۔ ناک کا پھول۔

گل چیدن (ف) (۱) پھول چُننا۔ پھول توڑنا (۲) سیر کرنا (۳) فیض اُٹھانا (۴) تماشہ دیکھنا۔

گل چین (ف) (۱) پھول چُننے والا۔ پھول توڑنے والا (۲) فیض اُٹھانے والا (۳) تماشہ دیکھنے والا۔

گل حجر (ف) آگ۔ نار۔

گل حلوا (ف) ایک قسم کا پھول ہے جس سے حلوا بناتے ہیں اس لیے اس حلوے کو گل حلوا کہتے ہیں۔

گل حمرا (ف) گلاب کا پھول۔

گلخن (ف) گل یعنی آگ کا انگارا اور خن مخفف خانہ بمعنی گھر سے مرکب ہے۔ آگ گھر۔ بھٹی۔ بھاڑ۔ آتش دان۔ انگیٹھی (۲) مجازاً کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔

گلخن تاب (ف) حمام کے آتشدان کو جلانے والا۔

گل خواندن (ف) قماربازی میں اپنا سارا روپیہ ایک ہی داؤ پر لگا دینا۔

گل خودرَو (ف) ایسا پھول جو جنگل وغیرہ میں بغیر بوئے خود بخود اُگے۔

گل خور (ف) مٹی کھانے والا۔

گل خیر (ف) کسی کام کا بُرا نتیجہ۔

گل داؤدی (ف) گل صد برگ جو مشہور پھول ہے۔ اور زرد و سفید دونوں رنگ کا ہوتا ہے۔

گل در آب انداختن (ف) تازہ فتنہ برپا کرنا۔

گل در چراغ اُفتادن (ف) (۱) چراغ کا روشن کرنا (۲) چراغ کا روشن ہونا۔

گلدستہ (ف) (۱) بندھا ہوا پھولوں کا مٹھا (۲) ہر مینار کو عام طور پر اور مسجد کے مینار کو خاص طور پر گلدستہ کہتے ہیں۔

گلدم (ف) بلبل۔

گل دمیدن (ف) پھول کھلنا۔

گل دوزی (ف) گل دار کپڑا۔

گل رخ (ف) (۱) گلاب کے پھول جیسے رخساروں والا (۲) معشوق۔ محبوب۔

Marfat.com

گل رعنا (ف) دیکھو گل دو روئے۔
گل رنگ (ف) گلاب کے پھول کی مانند رنگت والی شے۔
گل ریز (ف) (۱) پھلجھڑی جو مشہور آتشبازی ہے (۲) سرخ پھولوں والا کپڑا۔
گل ریزاں (ف) موسم خزاں ۔ پت جھڑ کا موسم۔
گلزار (ف) گل بمعنی پھول اور زار کلمہ ظرفیت سے مرکب ہے پھولوں کی جگہ ۔ باغ ۔ چمن (۲) مجازاً خوش و خرم۔
گلزار ابراہیم (ف) نمرود نے جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا ۔ تو وہ ان پر خدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی۔
گل زدن (ف) حریف کو جنگ یا کشتی کے لیے طلب کرنا۔
گل زرد (ف) ایک زرد رنگ کا پھول جو استنبول کی طرف سے آتا ہے اور اسہال کی بیماری کو دفع کرتا ہے (۲) گیندے کا پھول (۳) زرد چہرہ۔
گل زرد فلک (ف) آفتاب۔
گل زمیں / گل زمین (ف) عمدہ زمین کا ٹکڑا ۔ سرسبز و شاداب زمین۔
گل زنبق (ف) گل پیازی۔
گل زیبا (ف) دیکھو گل دو روئے۔
گلستان / گلستاں (ف) گل بمعنی پھول اور ستاں کلمہ ظرفیت بمعنی جگہ سے مرکب ہے ۔ پھولوں کی جگہ ۔ گلزار ۔ چمن ۔ باغ ۔ گلشن (۲) شیخ سعدی شیرازی کی مشہور نام کتاب کا نام۔
گلستاں زادہ (ف) (۱) پھول (۲) سبزہ (۳) غلام یا کنیزک کا لڑکا (۴) دایہ کا لڑکا۔
گل سرخ (ف) (۱) گلاب کا پھول (۲) مجازاً سورج۔
گل سرسبد (ف) (۱) چوٹی کا پھول ۔ کیونکہ گل فروش سب پھولوں میں عمدہ اور بڑے پھول کو ٹوکری میں سب پھولوں سے اوپر رکھتے ہیں (۲) رونق کی چیز (۳) وہ چیز جو اپنے ہم جنسوں میں ممتاز ہو۔
گل سرلیس (ف) ایک پھول کا نام۔
گل سنبل (ف) سنبل کا پھول۔
گل سوار (ف) بوٹے والا پھول۔
گل سوری (ف) سرخ رنگ کا پھول۔
گل سوسن (ف) گل زنبق کی ایک قسم ہے۔
گل شاہ (ف) کیومرث۔
گل شبو (ف) ایک قسم کا پھول جو رات کو خوشبو دیتا ہے۔
گل شدن (ف) (۱) نمایاں ہونا ۔ ظاہر ہونا (۲) بہت عزت پیدا کرنا۔
گل شدن چراغ / گل شدن شمع (ف) چراغ یا شمع کا بجھ جانا۔
گل شدہ (ف) بجھا ہوا۔
گل شکر (ف) گلقند۔
گل شکری (ف) ایک قسم کا حلوا۔

گل شگفتن (ف) (۱) پھول کھلنا (۲) کسی عجیب بات کا ظاہر ہونا۔
گل شگفتہ (ف) کھلا ہوا پھول ۔ آگ کا انگارہ۔
گل شقائق (ف) لالے کی ایک قسم۔
گل شمع دانی (ف) رنگ برنگ کا ایک پھول جس میں خوشبو نہیں ہوتی ۔ باغی ۔ حرامزادہ۔
گلشن (ف) گل بمعنی پھول اور شن کلمہ ظرفیت یعنی جگہ سے مرکب ہے پھولوں کی جگہ ۔ باغ ۔ گلزار ۔ چمن۔
گلشن آرا (ف) باغبان۔
گلشن آرائے جہاں (ف) باغ دنیا کو سجانے والا ۔ مراد خداوند تعالیٰ۔
گلشن فروز (ف) باغ کو زینت بخشنے والا۔
گلشن قدس (ف) عالم جبروت۔
گلشنی (ف) ایک شاعر کا تخلص۔
گلشہ (ف) کیومرث۔
گل صد برگ (ف) (۱) گلاب کا پھول (۲) گیندے کا پھول۔
گل صد برگ آسماں (ف) آفتاب۔
گلکار (ف) راج ۔ معمار۔
گل عذار (ف) (۱) پھول جیسے رخساروں والا ۔ حسین (۲) معشوق ۔ محبوب۔
گل عنبری (ف) گل نسرین۔
گلغچہ (ف) گدگدی۔
گلغیر (ف) ایک قسم کی نرم اور ملائم پشم جس سے شال وغیرہ بنتے ہیں۔
گلفنبر (ف) گلگر ۔ راج ۔ معمار۔
گلغنچہ (ف) ابٹنا ۔ غازہ ۔ گلگونہ۔
گلفندہ / گلفوندہ (ف) ڈھنکی ہوئی روئی کا گالا (۲) موٹا اور سست آدمی۔
گلغونہ (ف) گلگونہ ۔ ابٹنا ۔ غازہ۔
گلفام (ف) پھول جیسی رنگت والا ۔ گلاب کے پھول کے رنگ کا۔
گل فرستادن بہ کسے (ف) کسی کو مقابلہ کے لیے طلب کرنا۔
گل فشاں (ف) (۱) گل ریز کا مترادف (۲) پھول پھینکنا یا بکھیرنا۔
گل قبہ (ف) دیکھو گل دو روئے۔
گلقند (ف) (۱) ایک مشہور دوا کا نام جو گلاب کے پھول اور شکر سے بناتے ہیں (۲) لب معشوق۔
گلک (ف) (۱) گل کی تصغیر (۲) طعنہ۔
گل کاغذی (ف) کاغذوں کے رنگ برنگ پھول۔
گل کاغذی بو ندارد (ف) بناوٹی چیز کبھی اصل چیز کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔
گلکار (ف) راج ۔ معمار۔
گلکاری (ف) نقاشی ۔ کسی چیز پر پھول وغیرہ بنانا۔
گل کرد (ف) ظاہر ہوا۔
گل کردن (ف) (۱) ظاہر ہونا (۲) ظاہر کرنا۔

Marfat.com

گل کردن چراغ } (ف) (۱) چراغ یا شمع کا بجھا دینا (۲) چراغ
گل کردن شمع } یا شمع کا روشن کرنا (۳) چراغ یا شمع کو
روشن کرنا۔

گل کنده (ف) گولکنڈہ کا مفرس ۔ جو حیدر آباد دکن سے تین کوس
کے فاصلہ پر مشہور قلعہ ہے۔

گل کوبی (ف) بہار کے شروع میں باغ کی سیر۔

گل کوزه (ف) (۱) گلدستہ جو کوزہ یعنی پھولدان میں رکھ کر مجلس
یا کمرہ میں رکھتے ہیں (۲) نسرین ۔ نرگس ۔

گلکجر (ف) وہ خوشی جو بچہ پیدا ہونے پر عقیقہ تک کی جاتی ہے۔

گل گز (ف) جھاؤ کے درخت کے پھول کا سا رنگ۔ عباسی رنگ۔

گل گفتن (ف) اچھی بات کہنا۔

گلگل (ف) لیموں کی قسم کا مگر اس سے بہت بڑا ایک نہایت ترش
پھل۔

گلگل (ف) (۱) گوگل (۲) بہت ہنسنا۔

گل گلاب (ف) گل۔ گلاب کا پھول۔

گل لاله (ف) ایک قسم کا سرخ پھول۔

گل گندم (ف) ایک جڑ کا نام جو گندم کے دانوں کی مانند ہوتی ہے۔

گلگون (ف) (۱) پھول کے رنگ کا۔ گلاب کے پھول کے رنگ
کا سرخ رنگ (۲) شیریں کے گھوڑے کا نام جو نہایت
خوبصورت اور بلند قامت تھا۔ بعض نے اسے خسرو کا
گھوڑا لکھا ہے (۳) ہر عمدہ اور بہتر گھوڑے کو بھی مجازاً کہتے ہیں۔

گلگون چرخ (ف) آسمان۔

گلگونه (ف) (۱) غازہ۔ ابٹنا۔ سرخی جو عورتیں رخساروں پر ملتی
ہیں۔ (۲) گلگوں یعنی شیریں کا گھوڑا۔

گلگونه ادیم آدم (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

گل گیتی (ف) گل پیادہ (۲) ایک پھول کا نام۔

گل گیر (ف) شمع کا گل کترنے کی قینچی۔

گل مال (ف) گارا بنانے والا۔

گل مالی کردن (ف) گارا بنانا۔

گلماله (ف) معماروں کی کرنی۔

گل محمدی (ف) سرخ رنگ کا پھول جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
بہت پسند تھا اور جس کی خشک پتیاں دوائی میں بھی استعمال ہوتی ہیں۔

گل مختوم (ف) ایک سرخ مٹی کا نام جو زہروں کے لیے تریاق ہے۔
یہ مٹی چونکہ بہت نرم اور لطیف ہوتی ہے اور مُہر کا نشان
اس پر بہت جلد جم جاتا ہے اس لیے اسے یہ نام دیا گیا۔

گل مخمل (ف) ایک سرخ رنگ روئیں دار پھول۔

گلمر (ف) ایک نہایت خوشبودار پھول (۲) تیر کا ایک قسم کا پھل۔

گل مریم (ف) ایک نہایت ہی خوشبودار پھول کا نام۔

گل مشکی (ف) ایک سیاہ رنگ اور نہایت خوشبودار پھول کا نام۔

گل مورد (ف) املتاس کا پھول۔

گلموذ (ف) (۱) چھپکلی۔ چلپاسہ (۲) گو۔ سوسمار۔

گل مهتاب (ف) ایک قسم کا پھول۔ گل چاندنی (۲) وہ چاندنی جو درخت
کے پتوں سے چھن کر زمین پر پڑتی ہے۔

گل میزان (ف) زہرہ ستارہ۔ کیونکہ زہرہ کا مقام برج میزان ہے۔

گل ناشگفته (ف) (۱) غنچہ۔ بن کھلا پھول (۲) کنواری لڑکی۔
باکرہ عورت۔

گلناک } (ف) قلعہ کا حصار۔
گلناک }

گل نرگس (ف) نرگس کا پھول جس کی شکل آنکھ سے ملتی جلتی ہے اور خوشبو نہایت بھینی بھینی
ہوتی ہے۔

گل بنشته ۔ (ف) گل مختوم

گل نسترن و نسرین (ف) سفید رنگ کے خوشبودار پھول۔
کلیاں۔

گل نشاط (ف) شراب۔

گل نفسی (ف) (۱) خوشبو (۲) خوش کلامی۔

گلنگبین (ف) گل اور انگبین سے مرکب ہے وہ گلقند جس میں
بجائے شکر تری کے شہد ڈالا جائے۔

گل نم (ف) بوندا باندی۔

گل نم دیده را آبی تمام است (ف) اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ۔

گل نیلوفر (ف) ایک نہایت خوبصورت پانی کا پھول۔

گلو (ف) حلق۔ گلا۔

گلوبسته (ف) چپکا۔ خاموش۔

گلوبند (ف) وہ رومال یا کپڑا جو گلے پر لپیٹا جاتا ہے۔

گل و بوته (ف) پھول اور بوٹا۔

گل واکردن (ف) نیا ہنگامہ یا تازہ فساد تیار کرنا۔

گلوته (ف) بچوں کی روئی والی گوشہ دار ٹوپی۔

گلو درکشیدن (ف) گلا بند ہونا۔ گلا بیٹھنا۔

گل ورک (ف) جنگل اور خاردار درخت کا پھول۔

گلسوز (ف) (۱) شیریں۔ میٹھا۔ کیونکہ مٹھاس گلے میں ایک قسم کی
سوزش پیدا کرتی ہے (۲) خوش نما۔ خوش آئند (۳)
گہرا رنگ جیسے حسن گلوسوز بمعنی حسن صبیح۔

گلو شاخ شاخ (ف) وہ داستانیں جو مجمع عام میں بآواز بلند کہی جائیں۔

گل و کشاد (ف) فراخ۔ وسیع۔

گلوگیر آمدن (ف) حسد و بغض کا باعث بننا۔

گلوگیر شدن (ف) حلق میں اٹک جانا۔

گلوله (ف) گولا۔ گولی۔ غلہ۔

گلوله بازی (ف) ایک کھیل جو فرنگی کھیلتے ہیں۔

گلوله باران (ف) گولیاں برسانا۔

گلوله ریزی (ف) گولیاں بنانا۔

گلوند (ف) تحفہ۔ ہدیہ۔

گلوه (ف) تنور کا سوراخ۔ تنور کی موری۔

گلو هفت بند دارد (ف) پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو۔

گلوی آسیا (ف) چکی میں اناج ڈالنے کا سوراخ۔

Marfat.com

گلہ (ف)، جانوروں کا غول - ریوڑ -
گِلہ (ف)، شکوہ - شکایت -
گلہ (ف)، (۱) زُلف (۲) گھنگریالے بال -
گلہ گاہ - ایسی جگہ جہاں کمینے اور بے ہودہ لوگ جمع ہوں -
گل یاسمن (ف)، چنبیلی کا پھول -
گل ہمیشہ بہار (ف)، سدا بہار پھول -
گلہ بان (ف)، گڈریا - چرواہا - ریوڑ والا -
گلہ بانی (ف)، ریوڑ کی رکھوالی - گلہ کی نگہبانی -
گلہ گزار (ف)، گلہ و شکوہ کرنے والا -
گلہ گزاری کردن (ف)، شکوہ و شکایت کرنا -
گل ہم چشمی (ف)، دیکھو گل کشتی -
گل ہم چشمی فرستادن (ف)، مقابلہ کے لیے بلانا -
گل ہمکاری } (ف)، دیکھو گل کشتی -
گل ہنگامہ }
گلہ موش (ف)، بید مشک -
گلی (ف)، منسوب بہ گل - مٹی کی چیز یا برتن وغیرہ - (۲)، کیچڑ -
گلی از ہزار گلشن بشگفتہ (ف)، ابھی تو خیر ہے ابھی تو میں بھی نہیں بھیگی ہیں -
گل یاس (ف)، چمپا کلی -
گل یاسمین (ف)، چنبیلی کا پھول -
گلیچہ (ف)، (۱) ٹکیہ (۲) روغنی روٹی کی ٹکیا (۳) سورج یا چاند کی ٹکیا -
گلیبز } (ف)، لعاب یا پانی جو آدمی کے منہ سے ٹپکے رال جو منہ
گلیز } سے بہتی ہے -
گلیم (ف)، کمل - کمبل -
گلیم از آب بر آوردن }
گلیم از دریا بیروں آوردن } (ف)، خطرناک جگہ سے بچ نکلنا -
گلیم بیروں بردن }
گلیم خود را از آب بیروں آوردن (ف)، واجبات زندگی سے عہدہ برآ ہونا -
گلیم خویشتن از موج بیروں بردن } (ف)، صرف اپنے آپ کو
گلیم خویشتن بیروں بردن } بچا لینا - فقط اپنی جان بچانا - تیر کر آپ نکل جانا -
گلیم شوئے (ف)، (۱) گدڑی دھونے والا - گدڑی دھو (۲) زعفران کی جڑ -
گلین گوئے (ف)، کرۂ ارض - کرۂ زمین -

## گ م

گم (ف)، کھویا ہوا - مفقود - ضائع - کھویا جانا -
گمار (ف)، پاؤں کی آہٹ -
گمار (ف)، گماشتن کا امر - مقرر کر -
گماشتن (ف)، مقرر کرنا -
گماشتگان (ف)، کارندے - ایجنٹ -
گماشتہ (ف)، مقرر کیا ہوا - وہ شخص جو کسی کی طرف سے کام کے لیے مقرر کیا گیا ہو -
گمان (ف)، شک - ظن - وہم - خیال -
گمان بد داشتن (ف)، کسی کے متعلق برا خیال کرنا -
گمان بردن (ف)، خیال کرنا -
گماند (ف)، خیال کرتا ہے -
گمانم (ف)، میں خیال کرتا ہوں - گمان مے کنم -
گمانہ (ف)، (۱) گمان - شک - ظن - خیال - وہم (۲) وہ کنواں جو پانی کی گہرائی معلوم کرنے کے لیے کھودا جاتا ہے -
گمراہ (ف)، راہ بھولا ہوا -
گمراہی (ف)، راہ بھولنا - ضلالت -
گم رفتن (ف)، بے راہ جانا -
گمرک (ف)، چنگی -
گمرکچی (ف)، چنگی کا حاکم - چنگی کے محکمہ کا سردار -
گمرک بردار (ف)، قابل محصول -
گمرک بستن (ف)، محصول لگانا -
گمرکچی (ف)، کسٹم آفیسر -
گمرک خانہ (ف)، چنگی خانہ - چنگی کا محکمہ -
گمرک دادن (ف)، محصول ادا کرنا -
گمرک شدہ (ف)، جس سامان پر محصول چنگی ادا کیا جا چکا ہو -
گم زدہ (ف)، گمراہ -
گم زن (ف)، خراب کرنے والا - نیست و نابود کرنے والا -
گم شدن (ف)، کھویا جانا - ضائع ہونا -
گم شدہ (ف)، کھویا گیا ہوا - مفقود - ضائع شدہ -
گم شدہ لب دریا (ف)، وہ شخص جو تیرنا جانتا ہو اور دریا میں ڈوب جائے -
گم شو (ف)، دور ہو جا - دفع ہو جا -
گم کردن (ف)، کھو دینا - ضائع کرنا -
گم کردہ (ف)، گم کر دیا گیا ہوا - کھویا گیا ہوا -
گم کردہ فرزند (ف)، حضرت یعقوب علیہ السلام -
گم گرفتن چیزے (ف)، کسی چیز کو معدوم اور نیست جان کر اس کا قصد نہ کرنا - معدوم سمجھنا - التفات نہ کرنا -
گم گشتہ (ف)، کھویا ہوا -
گم گم (ف)، سرنگ کھودنے یا نقب لگانے میں زمین کے کھدنے کی آواز -
گمنام (ف)، (۱) غیر مشہور (۲) پوشیدہ - مخفی - مفقود الخبر -
گمنام شدن (ف)، شہرت نہ رہنا - گمنام ہو جانا - غیر مشہور ہو جانا -

Marfat.com

گمنام بودن (ف) شہرت کے بغیر زندگی گزارنا۔
گمنامی (ف) (۱) غیر مشہور ہونا۔ (۲) پوشیدگی۔ مخفی ہونا۔ گم ہونا۔ مفقود ہونا۔
گمنامی بہ کہ بدنامی (ف) بدنامی کی زندگی سے تو گمنامی بھلی۔
گموُن (ف) رعایا۔
گمیز (ف) بول۔ پیشاب۔
گمیزیدن (ف) پیشاب کرنا۔

## گ - ن

گُناہ (ف) خطا۔ جرم۔ قصور۔ دوش۔ نافرمانی۔
گُناہ بخش (ف) گناہ بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
گناہِ بے لذّت (ف) وہ گناہ جس کے کرنے میں کوئی فائدہ یا مزہ نہ ہو۔
گناہ کردن (ف) نافرمانی کرنا۔ سرکش ہونا۔
گناہِ کسے از کسے خواستن (ف) کسی سے کسی کا گناہ معاف کرانا۔ کسی کی سفارش کرنا۔
گُناہ گار (ف) خطا کار۔ مجرم۔ قصوروار۔
گُنبد (ف) گول عمارت۔ قبہ۔ برج (۲) پیالہ (۳) حباب۔ بلبلا (۴) غنچہ۔ کلی (۵) گودنا۔
گنبد آب (ف) پانی کا بلبلا۔ حباب۔
گنبد ازرق (ف) آسمان۔
گنبد اعظم (ف) عرشِ اعظم۔
گنبد آفت پذیر
گنبد تیز رو
گنبد تیز گشت
گنبد جانستان
} (ف) آسمان۔
گمنام شدن (ف) شہرت نہ رہنا۔ گمنام ہو جانا۔ غیر مشہور ہو جانا۔
گنبد چار بند (ف) اربعہ عناصر کے لحاظ سے دنیا (۲) چار کھونٹوں کے لحاظ سے آسمان۔
گنبد ساختن (ف) بدکاری کے لیے اپنے چوتڑ اٹھانا۔
گنبد شگرف
گنبد صوفی لباس
گنبد تا قدلیس
} (ف) آسمان۔
گنبد عضد (ف) عضد الدولہ دیلمی بادشاہ شیراز کا مقبرہ جو شیراز کے باہر واقع ہے۔
گنبد فیروزہ خشت (ف) آسمان۔
گنبد کاسنی (ف) منقش گنبد۔
گنبد گردان (ف) آسمان۔
گنبد گل (ف) کلی۔ غنچہ۔

گنبد گیتی نورد
گنبد لاجورد
گنبد لاجوردی
} (ف) آسمان۔
گنبد مائل (ف) چوتھا آسمان۔ فلک آفتاب۔
گنبد مُعَنبر (ف) معشوق کے سر کے بال۔
گنبد مقرنس
گنبد نارنج
گنبد نیلگوں
گنبد نیلوفری
} (ف) آسمان۔
گنبدہ (ف) دیکھو گنبد۔
گنبدی (ف) ایک ستون والا خیمہ۔
گنج (ف) خزانہ۔
گنج (ف) (۱) حیران۔ متحیر (۲) مغرور۔ خودستا۔
گنج (ف) گنجائش۔ حصہ رسدی۔
گنجاندن (ف) گنجائش پیدا کرنا۔ کسی چیز کو کسی جگہ ٹکانا۔
گنجار
گنجارہ
} (ف) غازہ۔ ابٹنا۔ گلگونہ۔
گنجانیدن (ف) جگہ دینا۔
گنجانندہ (ف) گنجائش پیدا کرنے والا۔
گنجائش (ف) جگہ دینا۔ ظرفیت وسعت۔
گنج افراسیاب (ف) خسرو پرویز کے چوتھے خزانہ کا نام جو افراسیاب کا خزانہ اس کے ہاتھ آگیا تھا۔
گنج الٰہی (ف) (۱) قرآن شریف (۲) قناعت۔
گنجائش (ف) سمائی۔
گنج با اژدہا (ف) وہ مال جس سے کسی کو فیض نہ پہنچے۔
گنج باد
گنج باد آورد
} (ف) خسرو پرویز کے دوسرے خزانہ کا نام۔ جس کا یہ نام اس وجہ سے ہوا کہ قیصرِ روم نے پرویز کے خوف سے چند جہاز سونے سے بھر کر کسی جزیرہ میں پوشیدہ کرنے کے لیے روانہ کیے جو بادِ مخالف کے باعث پرویز کے علاقہ میں آگئے اور اس نے ان پر قبضہ کر لیا۔ گویا ہوا اس خزانہ کو لائی تھی۔ مجازاً بمعنی مال مفت۔
گنج بار (ف) پرویز کے آٹھویں خزانہ کا نام جسے گنج گاؤ بھی کہتے ہیں۔
گنج بان (ف) خزانچی۔
گنج بخش ؒ (ف) (۱) لکھ داتا۔ بڑا فیاض (۲) حضرت مخدوم علی ہجویریؒ کا لقب جن کا مزار لاہور میں مرجع خاص و عام ہے۔
گنج بخشی (ف) فیاضی۔ خزانہ لٹانا۔
گنج بخشیدن (ف) خزانہ بخش دینا۔
گنج حکیم (ف) قرآن شریف کی پہلی سورت۔ سورۂ فاتحہ۔
گنج خاکی (ف) آدم۔ انسان۔ بنی آدم۔

Marfat.com

گنج خانہ (ف) خزانہ رکھنے کی جگہ۔ مخزن۔
گنج خضرا (ف) پرویز کے چھٹے خزانہ کا نام۔
گنج دادن (ف) خزانہ دینا۔
گنج دار (ف) موسیقی میں ایک لحن کا نام
گنج دان (ف) خزانہ رکھنے کی جگہ۔
گنج دانش (ف) علم کا خزانہ۔
گنج دیبہ (ف) پرویز کے تیسرے خزانہ کا نام۔
گنج دیوار لبشت (ف) (۱) ان دو یتیموں کا خزانہ جو دیوار کی بنیاد میں گڑھا ہوا تھا۔ اور دیوار گرنے کو تیار تھی جسے حضرت خضرؑ نے درست کیا تھا (۲) وہ خزانہ جو دیوار کی بنیاد میں گڑھا ہوا ہو۔
گنجر (ف) گلگونہ۔ غازہ۔
گنج رواں (ف) قارون کا خزانہ۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ قیامت تک زمین کے نیچے دھنستا چلا جائے گا۔
گنجرہ (ف) غازہ۔ گلگونہ۔
گنج سوختہ (ف) گنج سنجیدہ۔ پرویز کے پانچویں خزانہ کا نام۔
گنج شادآورد (ف) پرویز کے ساتویں خزانہ کا نام۔
گنج شائگاں (ف) گنج بادآورد کا دوسرا نام۔ چونکہ لفظ شائگان اصل میں شاہگان بمعنی بادشاہ کے لائق تھا۔ اور چونکہ بہت بڑا اور اعلیٰ تھا۔ اس لیے یہ نام ہوا۔ یا شائگاں بمعنی کار بے اُجرت یعنی بے گار۔ چونکہ یہ خزانہ مُفت ہاتھ آیا تھا۔ اس لیے یہ نام ہوا۔ (۲) شائگاں بمعنی عُمدہ۔ بہتر۔ خُوب۔ لائق۔ سزاوار۔
گنجشک (ف) عصفور۔ چڑیا۔ چڑا۔
گنجشک بدست بہ از باز پریدہ

گنج شہیداں (ف) وہ گڑھا یا کھتہ جس میں شہیدوں یا مقتولوں کو اُوپر تلے بھر دیا جائے۔
گنج عروس (ف) پرویز کے پہلے خزانہ کا نام۔
گنج فریدوں (ف) علم موسیقی میں ایک راگ کا نام۔
گنجفہ (ف) ایک کھیل کا نام۔ تاشش۔
گنج قاروں (ف) قاروں کا خزانہ جو بے شمار تھا اور جس کی چابیاں چالیس توی مردوں کا بوجھ تھا۔
گنج علم (ف) علم کا خزانہ۔
گنجور (ف) اصل میں گنج ور تھا۔ خزانچی۔ خزانہ کا مالک۔ خزانہ رکھنے والا۔
گنجوی (ف) شہر گنجہ کا رہنے والا۔
گنجوریہ (ف) گنجور کا مترادف۔
گنجہ (ف) ایک شہر کا نام جو گرجستان۔ تبریز اور شروان کے مابین ہے۔ مولانا نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ یہیں کے رہنے والے تھے۔
گنجیدن (ف) (۱) سمانا (۲) مجازاً بمعنی سزاوار و لائق ہونا۔
گنجینہ (ف) گنج کا مزید علیہ۔ خزانہ۔

گنجینہ داشتن (ف) خزانہ رکھنا۔ خزانے کی ملکیت۔
گنجینہ دار (ف) خزانچی۔
گنجینہ داری (ف) خزانے کی پاسبانی۔ خزانے کی ملکیت۔
گند (ف) بدبو۔ بوئے بد۔
گند (ف) خصیہ۔ خایہ۔
گندا (ف) بدبودار شئے۔
گنداب (ف) گندہ۔ سڑاند والا پانی۔
گنداپیر (ف) نہایت بوڑھی عورت۔
گندادن (ف) متعفن بنانا۔ بدبودار کرنا۔
گندائے (ف) بدبودار۔ متعفن۔
گنداور (ف) (۱) بہادر۔ دلاور۔ شجاع۔ دلیر (۲) سپہ سالار۔
گندزدا (ف) عفونت کی ضد۔ متعدی امراض کو زائل کرنے والی دوا۔
گندزدائی (ف) جراثیم کش دوائی چھڑکنے کا عمل۔
گندز (ف) ایک قلعہ کا نام جو شہر بابل میں ضحاک نے بنوایا تھا۔ اور جس میں بہت سے جادوگر رہتے تھے۔
گندش (ف) گندھک۔ گوگرد۔
گندک (ف) (۱) گندھک۔ گوگرد (۲) بارود۔
گندم (ف) گیہوں۔
گندم از گندم بروید جو از جو (ف) اچھے کام کا اچھا اور بُرے کام کا بُرا انجام ہوتا ہے۔
گندم اگر بہم نرسد جو غنیمت است (ف) اگر بڑا فائدہ میسر نہ ہو تو تھوڑا ہی بہتر ہے۔
گندم بوداذہ (ف) بھُنے ہوئے گیہوں۔
گندم برشتہ (ف) بھُنے ہوئے گیہوں۔
گندم گوں (ف) گیہوں کے رنگ کا۔
گندم نما جو فروش (ف) دغا باز آدمی جس کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہو۔
گندمہ (ف) مسا۔ آژرخ۔ ثولول۔
گندمی (ف) منسوب بہ گندم۔ گندم گوں۔
گندنا (ف) ایک قسم کی مشہور ترکاری ہے۔
گندنازار (ف) گندنا کا کھیت۔
گندناگوں (ف) سبز رنگ جو کسی قدر مائل بہ سیاہی ہو۔
گندناگوہر (ف) اندرائن۔ حنظل۔
گندہ (ف) گندا۔ ناپاک۔ بدبودار۔
گندا (۱) باریک کی ضد۔ دلدار۔ موٹا۔ دبیز (۲) آٹے کا پیڑا۔ (۳) شامی کباب (۴) ہر گول چیز۔
گندہ پیر (ف) بوڑھی عورت۔
گندہ پیر کابلی (ف) کابل کی ایک عورت کا نام جو جادوگرنی تھی۔
گندہ دزد (ف) چھوٹی اور معمولی چیزیں چرانے والا چور۔ اچکا۔ اٹھائی گیرا۔
گندہ دماغ / گندہ مغز (ف) مغرور۔ متکبر۔ سرکش۔

Marfat.com

گندہ مغزی (ف) شیخی بگھارنا۔ غرور کی بات کہنا۔ بڑا بول بولنا۔
گندیدن (ف) کسی چیز کی سڑاند یا بدبو آنا۔
گندیدہ (ف) بدبودار۔ سڑاند والا۔
گنگ (ف) گونگا۔
گنگ (ف) (۱) ٹیڑھا (۲) ٹیڑھی پشت والا۔ کبڑا (۳) ایک بیماری جس سے بالوں کی جڑیں کھجلی ہوتی ہے اور جب تک بال اکھڑ نہ جائیں چین نہیں پڑتا۔
گنگ (ف) قلعہ گنگ دژ۔
گنگ (ف) دریائے گنگا جو ہندوستان کا مشہور اور ہندوؤں کا متبرک دریا ہے۔ بہ مقام گنگوتری سے نکل کر خلیج بنگال میں گرتا ہے۔
گنگار (ف) وہ سانپ جس نے تازہ کینچلی جھاڑی ہو۔
گنگ بہشت / گنگ دژ (ف) (۱) گنگ دژ (۲) ترکستان کے مشرق میں ایک شہر کا نام جہاں کی آب و ہوا اور لوگ خوش شکل ہیں۔
گنگ در ہخت / گنگ دژ ہرج / گنگ دژ ہوخت (ف) بیت المقدس۔
گنگ دہ زبان (ف) گل سرخ۔
گنگل (ف) ظرافت۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ ہزل۔
گنگلاج (ف) الکن۔ توتلا۔ تتلا۔
گنور (ف) ہندوستان کے صوبہ مالوہ کے علاقہ میں ایک قلعہ ہے۔
گنہ (ف) گناہ کا مخفف۔ خطا۔ قصور۔ جرم۔
گنہ چشماں کنند دل گیر آید (ف) گناہ تو آنکھیں کرتی ہیں اور پکڑا جاتا ہے بے چارہ دل۔
گنہ را عذر جو بید جامہ را آب (ف) گناہوں کے داغ ندامت کے آنسوؤں سے دھل جاتے ہیں۔
گنہ کنند گاواں کہ خدا دہد تا داواں (ف) کرے کوئی بھرے کوئی۔
گنہگار (ف) گناہ کرنے والا۔
گنہگار شدن (ف) گنہگار ہونا۔ مجرم ہونا۔
گنہگاری (ف) گناہ۔ قصور۔ خطا۔

## گ - و

گو (ف) گاؤ کا مخفف۔ گائے۔ بیل۔
گو (ف) گڑھا۔ نشیب زمین۔
گو (ف) (۱) دلیر۔ بہادر۔ شجاع (۲) معتبر (۳) بزرگ۔ پہلوان۔
گو (ف) (۱) تکمہ۔ گھنڈی (۲) گریبان۔ فرد۔
گو (ف) گفتن کا امر۔ کہو۔ بگو۔
گوا (ف) گواہ کا مرخم۔ گواہی دینے والا۔

گوار / گوارا / گواراں (ف) (۱) خوش مزہ۔ مزاج کے موافق (۲) زود ہضم۔
گوارش / گوارشت (ف) جوارش جو ایک ہاضم اور خوش مزہ مرکب دوا ہے۔
گوارانیدن (ف) ہاضمے میں مدد دینا۔
گوارندہ (ف) (۱) خوش مزہ (۲) زود ہضم۔
گوارول (ف) داد کا مرض۔
گوارہ (ف) (۱) گہوارہ۔ پنگھوڑا (۲) بھیڑوں کا چھتا (۳) گائے بھینس کا گلہ۔
گواریدن (ف) (۱) ہضم ہونا (۲) پسند آنا۔
گواز / گوازہ (ف) مویشی ہانکنے کی چھڑی۔
گواژ / گواژہ (ف) (۱) جھڑکی (۲) طعنہ۔ ملامت (۳) خوش طبعی۔ مسخرہ پن۔
گواش (ف) (۱) رنگ (۲) صفت۔
گواشمہ (ف) (۱) آساتی (۲) اوڑھنی۔
گوال (ف) (۱) نشو و نما پانے والا (۲) نشو و نما (۳) نشو و نما پایا ہوا۔
گوال (ف) جوال اسی کا معرب ہے۔ بوری۔ گون۔
گوالبار (ف) بھاری بوجھ۔
گوالیار (ف) ہندوستان کے ایک مشہور شہر کا نام جو اسی نام کی ایک ریاست کا پایہ تخت ہے۔
گوالیدن (ف) (۱) نشو و نما پانا۔ بڑھنا (۲) جمع کرنا۔
گوالیدہ (ف) پرورش یافتہ۔
گوان (ف) گو کی جمع۔ پہلوان لوگ۔
گوانجی (ف) پہلوانوں کا سردار۔ سپہ سالار۔
گوانگاہ (ف) (۱) تکمہ اور گھنڈی (۲) سورج (۳) گھنڈی یعنی تکمہ کا حلقہ جس میں وہ ڈالی جاتی ہے۔
گواہ (ف) شاہد۔ گواہی دینے والا۔
گواہ بودن (ف) گواہ ہونا۔
گواہ دزد کیسہ بر (ف) چور کا بھائی گرہ کٹ۔
گواہ مست می فروش (ف) خواجہ کا گواہ بینڈک۔
گواہی (ف) شہادت۔
گواہی دادن (ف) شہادت دینا۔
گواہی نامہ (ف) سند۔ سرٹیفکیٹ۔
گوبارہ (ف) (۱) گائے بھینسوں کا گلہ۔ گائے بھینسوں کے رہنے کی جگہ۔
گوبان (ف) گائے بھینسوں کا چرواہا۔ گڈریا۔
گوپال (ف) (۱) تخت (۲) گرز (۳) شاہ روس کے رشتہ داروں میں سے ایک آدمی کا نام تھا۔
گوپیازہ (ف) ایک قسم کا بھنا کھانا۔

Marfat.com

گوتازی (ف) گپ - جھوٹا دعویٰ - جھوٹ - بے حقیقت بات - اپنی بہادری کی گپ -

گوتھیک (ف) پرانی طرز کی عمارت -

گوجہ فرنگی (ف) ٹماٹر -

گوچو (ف) ربڑ -

گوچی (ف) گڑھا - بھٹ -

گود } گود } (ف) گوید کا مخفف -

گوُد (ف) نشیب جگہ - گڑھا - گہری جگہ -

گوداب (ف) پلاؤ کی قسم کا ایک کھانا جس میں سرکہ ڈالا جاتا ہے -

گود افتادن (ف) پیچ جانا -

گودال (ف) گڑھا - خندق -

گودبان (ف) اونٹ کا کوہان -

گوُدر (ف) ایک قسم کی مرغابی جس کا گوشت بدبودار ہوتا ہے (۲) بارہ سنگا کا بچہ (۳) بچھڑا (۴) ایک قسم کا چھوٹا سا گلہ جس کا پودا گیہوں اور جو کے کھیت میں ہوتا ہے -

گودرن (ف) ستارکول -

گوُدرز (ف) (۱) شاپور کے بیٹے کا نام جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہمعصر تھا اسے گودر بھی کہتے ہیں (۲) ایران شاہ والیے ایران کے بیٹے کا نام (۳) کاوا آہن گر کے پوتے کا نام جو پہلوان تھا (۴) کشودا پہلوان کے بیٹے کا نام -

گوُدرزورخانہ (ف) اکھاڑا -

گودرہ (ف) مرغابی کی ایک قسم -

گوُدَہ (ف) (۱) تن - جسم - بدن (۲) چھوٹا گڑھا -

گوُدہ (ف) ہر شے کا مغز -

گوُدی (ف) (۱) بندرگاہ (۲) نشیب - گڑھا -

گور (ف) (۱) گورخر کا مخفف - جنگلی گدھا (۲) جنگل - صحرا - ہموار دشت (۳) قبر - تربت (۴) شراب (۵) عیش و عشرت (۶) آرام (۷) بہرام گور کا مخفف -

گور (ف) (۱) مغ - آتش پرست (۲) بنگال کا قدیم پایہ تخت -

گوراب (ف) بزرگوں کی قبر کا گنبد -

گوراب (ف) سراب - وہ جگہ جو دور سے پانی کی طرح نظر آئے -

گورابہ (ف) (۱) ایک گاؤں کا نام جہاں رستم کے بزرگوں کا قبرستان تھا (۲) قبر کا گنبد -

گوراسب } گوراسپ } (ف) خچر - استر -

گوراگور (ف) جلد جلد - نہایت جلدی -

گوراں نگار (ف) وہ نگارستان جس میں گورخروں اور دیگر حیوانوں کی تصویریں بنی ہوئی ہوں -

گورب (ف) جورب اسی کا معرب ہے - جراب -

گوربا مدفون (ف) وہ مچھلی جس کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام رہے تھے -

گورب بافک (ف) بیا جو مشہور پرندہ ہے -

گورپے برکشیدہ (ف) معکوب -

گورچشم (ف) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ میں گورخر کی آنکھ کی مانند نشان ہوتے ہیں جیسے ہندوستان میں بلبل چشم کپڑا ہے -

گورخاں (ف) (۱) چین کے بادشاہوں کا لقب (۲) بہرام گور کا لقب -

گورخانہ (ف) قبرستان -

گورخر (ف) گور بمعنی جنگل اور خر بمعنی گدھا سے مرکب ہے - جنگلی گدھا -

گور خود را گم کردن (ف) ٹھیک جانا نیز توہین کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں -

گوردان (ف) گورستان - قبرستان -

گوردین (ف) کمل - کملی - گلیم -

گورسس (ف) بھوک -

گورستان (ف) قبروں کی جگہ - قبرستان -

گورشگادنہ (ف) گورشگافندہ کا مخفف -

گور غریباں (ف) بیکسوں کا قبرستان - وہ جگہ جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں -

گورک (ف) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر -

گورکن (ف) (۱) قبر کھودنے والا (۲) بجو - کفتار -

گورکاں (ف) (۱) گور بمعنی عیش و عشرت اور کان کلمہ لیاقت یعنی لائق اور سزاوار سے مرکب ہے (۲) تیمور بادشاہ کا لقب (۳) ہر جلیل القدر بادشاہ (۴) مغلوں کی زبان میں گورکان داماد کو بھی کہتے ہیں - چونکہ تیمور اکثر بادشاہوں کا داماد تھا اس لیے گورکان کہلاتا ہے -

گورگا (ف) ڈھول - طبلہ -

گورگانی (ف) منسوب بہ گورکان - تیموری -

گورگاہ (ف) قبرستان -

گورگیاہ (ف) اذخر جو ایک گھاس ہے جسے گورخر بڑی رغبت سے کھاتا ہے - اس کا مزہ مصطگی اور لونگ کا سا ہوتا ہے -

گورنا مدفون (ف) وہ مچھلی جس کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام رہے تھے -

گورنفس (ف) آدمی کا بدن -

گوری (ف) (۱) گیہوں کا کھتہ - زمین میں دبائے ہوئے گیہوں جو قحط میں استعمال کرتے ہیں (۲) عیش و عشرت - عیش و عشرت میں پڑنا (۳) گورخر کی مانند دوڑنا -

گوریل (ف) گوریلا کا مخفف - ایک قسم کا خونخوار اور بڑے قد کا بندر -

گوز (ف) گوزن کا مخفف - بارہ سنگا -

گوز (ف) پاد - مقعد کی راہ سے نکلنے والی باآواز ہوا -

گوزبان (ف) دمچی -

گوز بر گنبد افشاندن (ف) بے ہودہ اور بے جا کام کرنا -

Marfat.com

گوزد (ف) گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔
گوزشتر (ف) لغو۔ بے ہودہ۔ بے تاثیر بات۔
گوزشکستہ (ف) آسمان۔
گوز کدبانو صدا ندارد (ف) امیروں کے عیوب بھی چھپے رہتے ہیں۔
گوزن (ف) بارہ سنگا۔
گوزہ (ف) (۱) پوست کا ڈوڈا۔ خشخاش کا پوست (۲) غوزہ یعنی کپاس کا ڈوڈہ (۳) ریشم کا کویا۔
گوسالہ (ف) بچھڑا۔ گائے کا ایک سال کا بچہ۔ گائے کا بچہ۔
گوسالہ پرست (ف) یہودیوں کا وہ فرقہ جو گائے کی پرستش کرتا ہے۔
گوسالہ فلک (ف) برج ثور۔
گوسپند (ف) بھیڑ۔ بعض اس کا اطلاق بھیڑ۔ بکری دونوں پر کرتے ہیں۔
گوستہ (ف) (۱) کونتگی۔ کوفتہ (۲) نقارہ۔
گوسفند (ف) دیکھو گوسپند۔
گوسفند امام رضا را تا چاشت نمی چراند (ف) سخت بے وفا اور ابن الوقت انسان۔
گوسفند چراں (ف) چرواہا۔ گڈریا۔
گوسفند دار (ف) بھیڑ بکریوں والا۔
گوسفند را کار آخر لسلاخ خانہ است (ف) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔
گوش (ف) (۱) کان (۲) گوشہ کا مخفف۔ کونہ (۳) انتظار (۴) حفاظت (۵) منتظر (۶) ہر شمسی مہینے کی چودھویں تاریخ۔
گوش افتادن (ف) بہرہ ہونا۔
گوش افگندن، گوش انداختن } (ف) کان دھرنا۔ متوجہ ہونا۔
گوشال (ف) انگور کا نچوڑ۔
گوشانہ (ف) (۱) گوشہ۔ کونہ (۲) گھات۔ کمین گاہ۔
گوش بازکردن، گوش بپاکردن } (ف) کان دھر کر سننا۔ خوب متوجہ ہونا۔
گوش بدر، گوش بر آواز، گوش براہ } (ف) منتظر۔ انتظار کرنے والا۔
گوش بدہ کار نبودن (ف) متوجہ نہ ہونا۔
گوش بُر (ف) دغاباز۔
گوش بر تافتن از کسے (ف) کسی سے منہ پھیرنا۔
گوش برداشتن (ف) (۱) انتظار کرنا (۲) انتظار چھوڑ دینا۔ مایوس ہونا۔
گوش بر در (ف) منتظر۔
گوش بر در برداشتن (ف) منتظر ہونا۔ انتظار کرنا۔
گوش برواز (ف) منتظر۔
گوش بریدن (ف) کیفر کردار تک پہنچانا۔ قرض لینا۔ دھوکہ دینا۔
گوش بستر (ف) ایک خلاف قیاس روایت ہے کہ سکندر کو بابل کی راہ میں ایک شخص ملا۔ جس کے کان اتنے اتنے بڑے تھے۔ کہ ایک کان کو نیچے بچھاتا اور دوسرے کو اوپر رکھتا تھا اسی کو گوش بستر کہتے ہیں۔
گوش بودن (ف) منتظر رہنا۔
گوش پُر شُدن (ف) بے توجہ ہونا۔
گوش پیچ (ف) (۱) گوشمالی جو ایک قسم کی سزا ہے (۲) ایک قسم کا کپڑا جو سردی میں کانوں کے گرد لپیٹا جاتا ہے۔
گوشت (ف) لحم۔ ماس۔
گوشت خوردن (ف) گوشت کھانا۔
گوشتاسب (ف) (۱) گوشمالی (۲) ایک قسم کا کپڑا جو سردی میں کانوں کے گرد لپیٹا جاتا ہے۔
گوشتاسب (ف) (۱) منقار۔ چونچ (۲) احتلام۔
گوش تا گوش (ف) اس سرے سے اس سرے تک۔
گوشت آہنج، گوشت آہنگ } (ف) (۱) دیگ سے گوشت نکالنے کا کانٹا۔
گوشت بدن ما را تر بزہ (ف) مجھے پریشان نہ کر۔
گوشت خر (ف) ناقص چیز جو کسی کام کی نہ ہو۔
گوشت خردکن (ف) قیمہ بنانے والی مشین۔
گوشت خر دندان سگ (ف) بری چیز برے آدمی کے ہی قابل ہوتی ہے۔
گوشت دار (ف) موٹا تازہ۔
گوشت رُبا (ف) چیل۔ غلیواز۔
گوشت تر شدن (ف) مزہ لینا۔
گوش تر شدن (ف) سننا۔
گوشت فروش (ف) قصاب۔ وہ شخص جو گائے اور بھیڑ کا گوشت فروخت کرتا ہے
گوشتی (ف) خشک میوہ جس میں رس نہ ہو۔
گوش تیز کردن (ف) کان دھر کر سننا۔ خوب متوجہ ہونا۔
گوش خاریدن (ف) (۱) دیر کرنا۔ توقف کرنا (۲) متفکر ہونا۔
گوش خنبہ، گوش خر } (ف) کنکھجورا۔ ہزار پا۔
گوش خراشیدن (ف) کان کو ایذا پہنچانا۔
گوش خز، گوش خزک } (ف) کنکھجورا۔ ہزار پا۔
گوش خواباندن (ف) صبر کرنا۔ موقع کا منتظر رہنا۔
گوش خوردہ (ف) گوش پیچیدہ۔ سزا یافتہ۔
گوش خیبہ (ف) کنکھجورا۔ ہزار پا۔
گوش داون (ف) سننا۔
گوش داشتن (ف) (۱) ملاحظہ کرنا (۲) متوجہ ہونا۔ سننا (۳) نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔
گوش دریدہ (ف) (ف)۔
گوش دو دادند و زبان یکی (ف) زبان حق نے دی ایک اور کان دو۔ بات دو سنو اور ایک کہو۔
گوش ذد کردن (ف) سنانا۔ یاد دہانی کرانا۔

Marfat.com

گوش زدہ (ف) سُنا گیا۔

گوش ساغر مالیدن (ف) شراب کے جام کو ہاتھ میں لے کر پینا۔

گوش تُنک داشتن (ف) کانوں کا کچا ہونا۔ جدھر کوئی پھیرے اُدھر ہی پھر جانا۔ لائی لگ ہونا۔

گوش سرائے (ف) سنی ہوئی بات کو پوری طرح سمجھ لینے والا۔

گوش سنگین (ف) بہرہ ہونا۔

گوش شُدن (ف) نہایت توجہ سے سُننا۔

گوشش سنگین است (ف) اس کے کان بہرے ہیں۔

گوش عزیز است گوشوارہ ہم عزیز (ف) کان پیارا ہو تو کان کی بالی بھی پیاری ہوتی ہے۔

گوش قلم کردن (ف) بھاگنا۔ بھاگ جانا۔

گوش کردن (ف) سُننا۔

گوش کشودن (ف) توجہ سے سُننا۔

گوش کشیدن (ف) نہ ماننا۔

گوش گرفتن (ف) اپنی حماقت کا اقرار کرنا۔ عبرت پکڑنا۔ متنبہ ہونا۔

گوش گزار (ف) کان میں پہنچانا۔ سُنانا۔

گوش گشتن (ف) نہایت توجہ سے سُننا۔

گوش لب (ف) بے ریش۔ امرد۔ جس کی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔

گوشمال (ف) کان ملنا۔ سزا۔ تنبیہ۔

گوشمال دادن (ف) تنبیہ کرنا۔ سزا دینا۔

گوشمالی (ف) تنبیہ۔ وارننگ۔

گوش مالیدن (ف) کان ملنا۔ سزا دینا۔ متنبہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔

گوش نہادن (ف) کان رکھنا یعنی بات سُننا۔ متوجہ ہونا (۲) انتظار کرنا (۳) اُمید رکھنا۔

گوشوارہ (ف) کان کی بالی۔ کان میں لٹکانے کا دُر۔ نگر (۲) اہل دفتر کی اصطلاح میں وہ صفحہ جس پر میزان لکھا جاتا ہے (۳) شعرا کی اصطلاح میں وہ مطلع جو مقطع کے بعد لایا جائے۔

گوشوارۂ فلک (ف) پہلی رات کا چاند۔ نیا چاند۔ ہلال۔

گوشہ (ف) کونا۔

گوشۂ ابرو بلند شدن / گوشۂ ابرو بلند کردن } (ف) مغرور ہونا۔ بددماغ ہونا۔

گوشۂ ابرو جنبانیدن / گوشۂ ابرو نمودن } (ف) ابرو کے گوشہ سے اشارہ کرنا۔

گوشہ بالشے گرفتن (ف) گوشہ نشینی اختیار کرنا۔

گوشہ بالش (ف) مسند کا گوشہ یا کنارا۔

گوشۂ چشم بچیزے کردن (ف) کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا۔ کسی کی طرف التفات کرنا۔

گوشۂ چیزے (ف) کسی چیز میں سے کچھ تھوڑا سا۔

گوشۂ خاطر (ف) توجہ۔ التفات۔

گوشۂ خاطر سوئے کسے کردن (ف) کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ کسی کی طرف التفات کرنا۔

گوشہ دارد (ف) ذو معنی بات۔ پوشیدہ معانی والی بات۔

گوشہ زدن (ف) کنایہ سے کام لینا۔ طعن والی بات کرنا۔

گوشۂ زنجیر (ف) زنجیر کی کڑی۔ زنجیر کا حلقہ۔

گوشہ گرفتن (ف) گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ خلوت میں بیٹھ جانا۔

گوشہ گیر (ف) گوشہ نشین ہونے والا۔

گوشہ و کنایہ (ف) طعن و تشنیع۔ رمز و کنایہ۔

گوشی (ف) ایک محصول ہے جو چوپاؤں اور جانوروں کی تعداد کے مطابق رعایا سے لیا جاتا ہے۔

گوشی گرفتن (ف) ٹیکس وصول کرنا۔

گوشیار (ف) مشہور ایرانی حکیم ابوالحسن کا لقب۔ جو بوعلی سینا کا استاد تھا۔

گوشیدن (ف) توجہ سے سُننا۔ سُننا۔

گوک / گوگ } (ف) چھوٹی خندق۔ مغاک۔

گوک (ت) آسمان (۲) آسمانی رنگ۔

گوک (ف) ستارہ (۲) تکمہ۔ گھنڈی (۳) بچھڑا۔

گوک چای (ت) نیلی ندی۔

گوک داغ (ت) کالا پہاڑ۔

گوگدہ (ف) کہکشاں۔

گوگرد (ف) گندھک۔

گوگرد رنگ (ف) پیلا۔

گوگرد سُرخ (ف) سُرخ گندھک۔ جسے اکسیر آتا ہے۔ اس لیے گندھک سُرخ اکسیر کا جزو اعظم ہے۔

گوگل (ف) گائیوں کے رکھنے کی جگہ۔

گول (ف) گدڑی۔ فقیروں کی کملی۔

گول (ت) چھوٹا تالاب۔

گول (ف) فریب۔ دغا۔ مکر۔ حیلہ (۲) نادان۔ احمق۔ بے وقوف (۳) وہ تالاب جس میں تھوڑا سا پانی ہو۔

گول خور (ف) سادہ و احمق۔

گول خوردن (ف) دھوکا کھانا۔

گول زدن (ف) دھوکا دینا۔

گولاج (ف) ایک قسم کا حلوا۔

گولاز (ف) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔

گولانج (ف) دیکھو گولاج۔

گولنجہ (ف) گلگونہ۔ غازہ۔

گولہ انداز (ف) گولہ پھینکنے والا۔ توپچی۔ توپ چلانے والا۔

گولہ (ف) غلولہ۔ توپ کا گولہ۔ بندوق کی گولی۔ گیند۔

گوسنت (ف) مجوسیوں کے پیغمبر کی کتاب کا نام جس کے متعلق مشہور ہے کہ ستر اونٹ اٹھاتے تھے۔

گوسنت خواندن (ف) مجوسیوں کی کتاب۔ گوسنت پڑھنا۔

گومز (ف) گھاس پھوس کا جھونپڑا۔

Marfat.com

گون (ف) (۱) رنگ (۲) روش ۔ طرز ۔ طور ۔ طرح (۳) صفت ۔
گونا (ف) لون ۔ رنگ (۲) غازہ ۔ گلگونہ (۳) قاعدہ ۔ قانون ۔ طرز ۔ روش ۔
گوناگوں (ف) طرح بطرح ۔ رنگ برنگ ۔
گونجی (ف) (۱) بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر (۲) گرامی عزیز ۔
گوننده (ف) گون یعنی بوری بنانے والا ۔ گون ساز ۔
گونہ (ف) (۱) طور ۔ وضع ۔ اسلوب ۔ رنگ ڈھنگ (۲) رخسارہ ۔ (۳) قسم ۔ نوع ۔ جنس (۴) چونڑ کی دونوں طرفیں ۔
گونی (ف) بوری ۔ تھیلا ۔
گونیا (ف) معماروں کا ایک اوزار جو مثلث قائم الزاویہ کی شکل کا ہوتا ہے جسے گنیا کہتے ہیں اور جس سے دیوار کی کجی وغیرہ معلوم کرتے ہیں ۔
گونیا گرفتن (ف) سطح کا اندازہ لینا ۔
گوارہ (ف) گہوارہ ۔
گوہ (ف) گواہ کا مخفف ۔
گوہر (ف) (۱) موتی (۲) جوہر یعنی جواہرات مثلاً لعل ۔ یاقوت ۔ الماس ۔ زمرد ۔ مروارید وغیرہ (۳) تلوار کا جوہر (۴) سخن آبدار (۵) دانائی ۔ عقل (۶) بیٹا ۔ فرزند (۷) ہر شے کی اصل ۔ نسب ۔ ذات (۸) عوض (۹) عنصر (۱۰) مخفی راز (۱۱) پوشیدہ (۱۲) صفات ۔
گوہر آب دار (ف) چمکتا ہوا موتی ۔
گوہر آدم (ف) آدم کی اصل (۱) مٹی (۲) فرزند آدم ۔
گوہر آسمان (ف) آسمان کا جرم ۔ کواکب ۔
گوہر افشاندن (ف) موتی بکھیرنا ۔ عمدہ تقریر کرنا ۔
گوہر افشانی (ف) موتی بکھیرنا ۔
گوہر افشانے چشم (ف) رونا ۔ آنسو بہانا ۔
گوہر آما (ف) ہستی دینے والا ۔ پیدا کنندہ (۲) موتی پرونے والا ۔
گوہر آمانے (ف) ہستی دینے والا ۔ زندگی بخش ۔
گوہران (ف) عناصر اربعہ ۔
گوہر بار (۱) موتی برسانے والا (۲) سخی ۔ جوانمرد ۔ فیاض ۔ (۳) واعظ ۔ ناصح ۔
گوہر باری (ف) (۱) موتی برسانا (۲) سخاوت کرنا (۳) عمدہ کلام کرنا ۔
گوہر باری کردن (ف) موتی برسانا ۔ خوش کلام ہونا ۔
گوہر پسند (ف) سخن فہم ۔ قدردان ۔
گوہر پسندی (ف) سخن فہمی ۔ شاعروں کی قدردانی ۔
گوہر تر (ف) اشک ۔ آنسو ۔
گوہر خاتون (ف) سلطان سنجر کی ملکہ کا نام ۔
گوہر خانہ خیبر / گوہر خانے } (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۔

گوہر در رشتہ کشیدن / گوہر در رشتہ کردن } (ف) دھاگے میں موتی پرونا ۔
گوہر زاہے (ف) (۱) بزرگ زادہ ۔ اصیل (۲) عاقل (۳) دانا (۴) نیکوکار (۵) ہنرمند (۶) فصیح ۔
گوہر سُفتن (ف) (۱) موتی پرونا (۲) عمدہ اور موزوں کلام کرنا ۔ (۳) ازالۂ بکارت کرنا ۔
گوہر سنج (ف) (۱) موتی پرکھنے اور تولنے والا (۲) شاعر ۔
گوہر شادی (ف) خوشی کے آنسو ۔
گوہر شادی بمژگاں سُفتن (ف) انتہائے خوشی میں آنسو بہانا ۔
گوہر شب چراغ (ف) رات کو چمکنے والے موتی ۔
گوہر شکستن (ف) (۱) دولت و منصب کو ہاتھ سے کھو دینا ۔
گوہر فروش (ف) (۱) گوہری (۲) شاعر ۔
گوہر کش (ف) دست برنجن مرصع (۲) جڑاؤ کنگن ۔
گوہر گستن بر چیزے (ف) کسی چیز پر موتی نچھاور کرنا ۔
گوہر مزاج صفت (ف) کوئلہ ۔ زغال ۔
گوہر مطہر (ف) پاک شے ۔ پاک اصل ۔ کھرا ۔ خالص ۔ نیک ۔
گوہر ملک (ف) (۱) شاہزادہ (۲) بادشاہ ۔
گوہر ہر کسے از سخن او پیدا می شود (ف) کسی کی گفتگو سے اس کی قابلیت کا پتہ چلتا ہے ۔
گوہری (ف) (۱) جوہری ۔ موتی والا (۲) ذاتی (۳) چمکیلی اور صاف چیز ۔
گوہریدن (ف) بدلانا ۔ ایک شے کے عوض دوسری چیز لینا ۔
گوہر یک دانہ (ف) بے بہا اور بیش قیمت موتی ۔
گوہرین (ف) گوہر رکھنے والا ۔ گوہر سے مزین ۔
گوئے (ف) گفتن مصدر کا امر ۔ کہو ۔
گوئے (ف) (۱) گیند ۔ گول ۔ ہر گول چیز (۲) گھنڈی ۔
گوئی (ف) (۱) تو کہے (۲) شک کا کلمہ بھی ہے اور تشبیہ کا بھی ۔
گوئیا (ف) گویا کا مزید علیہ ۔
گویا (ف) (۱) بولنے والا ۔ کہنے والا ۔ بولتا ہوا (۲) زبان (۳) بظاہر (۴) غالباً ۔
گویان (ف) کہتے ہوئے ۔
گوئے انگلہ (ف) گوئے بمعنی گھنڈی اور انگلہ بمعنی تکمہ گھنڈی اور تکمہ ۔
گویائی (ف) بولنے کی طاقت ۔ گفتگو کی طاقت ۔
گوئے باز (ف) (۱) گیند کھیلنے والا (۲) وہ بازی گر جو کئی گیندوں کو یکے بعد دیگرے اوپر پھینکتا اور پکڑتا ہے ۔
گوئے بُردن (ف) گیند لے جانا ۔ پولو وغیرہ کھیل میں دوسرے سے گیند لے جانا (۲) غالب آنا ۔ غلبہ پانا ۔
گوئی پی آمدہ آتش است (ف) آگ کی طرح آنا اور بگولے کی طرح جانا ۔
گویر (ف) (۱) پیش کار (۲) میدان (۳) جنگل ۔ صحرا ۔ (۴) شراب ۔

Marfat.com

گوئے زار } (ف) سورج۔
گوئے زریں }

گولیس (ف) دودھ یا لسی کا برتن۔
گولش (ف) گفتار - کلام - سخن -
گوئے ساکن (ف) (۱) زمین (۲) کاغذ یا خط کے نقطے۔
گولیہ (ف) دودھ یا لسی کا برتن۔

گوئے سیم } (ف) مہتاب - چاند۔
گوئے سیمیں }

گوئے شدن (ف) مراقبہ کرنا - مراقبہ میں جانا۔

گوئے گرداں } (ف) گوبر کا کیڑا - گبریلا۔
گوئے گردانگ }

گوئے گریباں (ف) گریباں کی گھنڈی۔
گویم مشکل وگر نگویم مشکل (ف) کیا کہوں کچھ نہیں کہا جاتا اور بن کہے بھی رہا نہیں جاتا۔
گویک (ف) گو کا اسم تصغیر۔
گوینده (ف) (۱) کہنے والا (۲) شاعر (۳) قوال - مطرب (۴) قصہ خواں (۵) زباں (۶) مخبر (۷) پوچھنے والا (۸) سائل۔
گویہ (ف) پہاڑ کا غار - جہاں فقیر لوگ رہتے ہیں۔
گوئے ہفتاد راہ (ف) دنیا۔

## گ - ہ

گہ (ف) (۱) گاہ کا مخفف (۱) وقت (۲) جگہ (۳) شتاب - جلدی (۴) چھوٹا (۵) صبح (۶) سناروں کی کٹھالی۔
گہاں (ف) دنیا - جہاں - عالم۔
گہر (ف) گوہر کا مخفف - موتی۔
گہربار (ف) موتی برسانے والا (۱) جوانمرد - سخی (۲) شاعر (۳) واعظ - ناصح۔
گہرباری (ف) (۱) موتی برسانا (۲) عمدہ کلام کرنا (۳) آنسو بہانا۔
گہرباری کردن (ف) (۱) آنسو بہانا (۲) عمدہ کلام کرنا۔
گہر عقد فلک (ف) ستارے۔
گہرتر (ف) دیکھو گہربار۔
گہر کیمرو (ف) ادنیٰ قسم کا موتی - جس کی ایک تہہ اچھی اور دوسری ناقص اور خراب ہو۔
گہگیر (ف) سرکش گھوڑا - شریر گھوڑا جو سواری نہ دے۔
گہر نایدبدست بے عوض کردن (ف) غوطہ لگائے بغیر موتی ہاتھ نہیں آتا - یعنی رنج بن گنج نہیں۔
گہوارہ (ف) ہنڈولا - جھولا - چھوٹی سی چارپائی جسے مکان میں لٹکا کر اس میں بچوں کو جھلاتے اور سلاتے ہیں۔
گہوارۂ دیو (ف) (۱) کشتی کے ایک فن کا نام (۲) بدطینت آدمی۔
گہولی (ف) ایک شے کو دوسری شے سے بدلنا۔

## گ - ی

گی (ف) حاصل مصدر کی علامت جیسے آسودگی - بخشندگی وغیرہ۔
گیامخن (ف) ملائمت - نرمی - آہستگی۔
گیاغ (ف) کاہ - گھاس۔
گیاہ (ف) ہری گھاس۔
گیاہ آبگینہ (ف) ایک گھاس کا نام جس سے شیشہ کو جلا دیتے ہیں۔ اور یہ پرانی کھانسی کے لیے مفید ہوتی ہے۔
گیاہ خوار (ف) گھاس کھانے والے جاندار۔
گیاہ شناس (ف) ماہر نباتیات۔
گیاہ شناسی (ف) علم نباتات۔
گیاہ نمناک (ف) بقلۃ الحمقا - خرفہ۔
گیبا (ف) پلاؤ کی ایک قسم۔
گیتی (ف) دنیا - زمین - عالم (۲) ایک پھول کا نام۔
گیتی آرا (ف) دنیا کو زینت دینے والا۔
گیتی آفریں (ف) خالق جہاں - خدا۔
گیتی بان (ف) دنیا کا محافظ - بادشاہ ہفت اقلیم۔
گیتی پرور (ف) جہان کو پالنے والا - خدا۔
گیتی پژوہ (ف) (۱) طالب دنیا - دنیا دار (۲) بادشاہ۔
گیتی نورد (ف) دنیا کا پھیرنے والا (۱) سیاح - مسافر (۲) آفتاب - سکندر اعظم (۴) گھوڑا۔

گیج } (ف) (۱) احمق - بے وقوف - نادان (۲) پریشان - پراگندہ خاطر - حیران۔
گیجہ }

گیج خوردن (ف) چکرانا - چکر کھانا۔
گیج رفتن سر (ف) سر کا چکرانا۔
گیج شدن (ف) ہوش و حواس کھو بیٹھنا۔
گیجی (ف) آشفتگی - حیرانی۔
گید (ف) زغن - چیل۔
گیدی (ف) منسوب بہ گید یعنی چیل - بے غیرت آدمی - بے حیا آدمی - نامرد - قوت باہ نہ رکھنے والا - اس لیے کہ چیل کی نسبت بعض کا خیال ہے کہ چھ مہینے نر رہتی ہے چھ مہینے مادہ۔
گیرا (ف) گرفتن سے اسم فاعل - پکڑنے والا۔
گیرآمدن (ف) گرفتار ہو جانا - پکڑا جانا۔
گیراندن (ف) گرفتار کرکے حساب لینا اور سزا دینا۔
گیرآوردن (ف) کسی چیز کو مہیا کر لینا۔
گیرح (ف) رحل جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں۔

Marfat.com

گیرشدن (ف) گرفتار ہونا۔ پھنس جانا۔
گیرندہ (ف) پکڑنے والا۔ دلکش۔ جاذب۔
گیرودار (ف) (۱) حکومت۔ حکمرانی (۲) امیری (۳) جنگ لڑائی۔
یہ دونوں امر کے صیغے ہیں یعنی پکڑ اور نگاہ رکھ۔ چونکہ
یہ لفظ حکومت اور جنگ وغیرہ میں بولے جاتے ہیں۔
اس لیے یہ معنی ہو گئے۔
گیزہ (ف) پھل رکھنے کی ٹوکری۔
گیس (ف) سر کے دونوں طرف لٹکے ہوئے بال۔
گیس آب دل را می خورد (ف) عوامی اعتقاد ہے کہ اگر دل
خوش و خرم رہے تو بال بہت بڑھتے ہیں۔
گیس بند (ف) گیسو بند۔
گیشو (ف) گیس۔ سر کے دونوں طرف لٹکے ہوئے بال۔
گیسوان (ف) گیسو کی جمع۔
گیسو بریدہ (ف) بے حیا عورت۔ فاحشہ۔
گیسو دار (ف) (۱) لڑکا (۲) غلام زادہ (۳) شہزادہ (۴)
پیرزادہ۔ سید (۵) دُم دار ستارہ۔
گیشہ (ف) باجہ۔ دریچہ۔ چھوٹا پنجرہ۔
گیل (ف) جیل اسی کا معرب ہے۔ ایران کے ایک صوبہ کا نام
تھا۔ بغداد کے قریب ایک گاؤں بھی ہے۔
گیلاس (ف) (۱) گلاس جو کشمیر کا میوہ ہے (۲) آبخورہ۔ گلاس۔

گیلان (ف) جیلان اسی کا معرب ہے دیکھو گیل۔
گیلانی (ف) گیلان یا جیلان کا رہنے والا۔
گیلک (ف) رعایا۔
گیلکی (ف) گیلان کے لوگوں کی زبان۔ گیلان کے لوگوں کا لہجہ۔
گیلی (ف) منسوب بہ گیل (۱) عمدہ گھوڑا۔ کیونکہ گیلان کا گھوڑا
مشہور ہے (۲) ترکوں کی ایک قوم۔
گین (ف) (۱) صاحب۔ رکھنے والا۔ جیسے غمگین (۲) آگین کا
مخفف۔ پُر۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔
گینہ (ف) آبگینہ کا مخفف۔ آئینہ۔ شیشہ۔
گیو (ف) (۱) بولنے والا (۲) زبان۔
گیو (ف) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
گیوٹین (فرانسیسی) سر کاٹنے کا آلہ۔ انسان کا سر کاٹنے کا آلہ۔
۱۷۹۲ء میں فرانس میں اس کا استعمال جاری تھا۔
گیوچو (ف) ربڑ۔
گیور (ف) (۱) حس مشترک (۲) قصہ خواں۔ افسانہ گو۔
گیوہ (ف) ایک قسم کا اونی یا سوتی جوتا۔
گیہ (ف) گیاہ کا مخفف۔ گھاس۔
گیہان (ف) جہان۔ دنیا۔ عالم۔ زمانہ۔
گیہان خدیو (ف) بہ اضافت مقلوب۔ جہاں کا بادشاہ۔
اللہ تعالےٰ۔

Marfat.com

# ل

**ل** ۔ فارسی حروفِ تہجی کا ستائیسواں اور عربی کا تئیسواں حرف ۔ بحساب جمل اس کے تیس عدد مقرر ہیں ۔

## ل ۔ ا

**لا** (ف) لاف ۔ لاف وگزاف (۲) قینچی (۳) پردہ (۴) تہہ (۵) بیہودہ بکنے والا ۔

**لا** (ع) (۱) نفی کا کلمہ ۔ نہیں ۔ نہ (۲) بغیر ۔ بنا (۳) نہی کا کلمہ ۔ باز رکھنا ۔

**لاَاُبالی** (ع) (۱) مجھے پروا نہیں (۲) مجازاً بے پروا ۔ بے باک ۔ بے خوف ۔ نڈر ۔

**لااُبالی چہ کند دفترِ دانائی را** (ف) بھینس کے آگے بین بجانا بے فائدہ ہے ۔

**لااُبالی گری** (ف) من چلاپن ۔ نا عاقبت اندیشی ۔ لاپرواہی ۔

**لااُحصی** (ع) میں احاطہ نہیں کرسکتا ۔ یعنی میں شمار نہیں کرسکتا ۔

**لاادری** (ع) مجھے معلوم نہیں ۔

**لااقل** (ع) کم از کم ۔

**لَااِلٰہ اِلّا اللہ محمّد رسول اللہ** (ع) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ اور محمد اللہ کے رسول ہیں ۔

**لَاب** (ی) سُورج ۔ آفتاب ۔

**لاب** (ع) حضرت ادریس علیہ السلام کے باپ کا نام ۔ (۲) اصطرلاب کے موجد کا نام ۔

**لابث** (ع) دیر کرنے والا ۔ ٹھہرنے والا ۔

**لَابُدّ** (ع) لا کلمہ نفی اور بُد بمعنی چارہ سے مرکب ہے ۔ ناچار ۔ ناگزیر ۔ ضروری ۔ بالضرور ۔

**لَابُدّ ساختن** (ف) مجبور کرنا ۔

**لَابُدّ شُدن** (ف) مجبور ہونا ۔

**لَابُدّی** (ف) ضروری ۔

**لَابراتیو** (ف) کارخانہ ۔

**لابرلا** (ف) (۱) تہہ بہ تہہ (۲) حلوا کی ایک قسم ۔

**لابس** (ع) لباس پہننے والا ۔

**لابن** (ع) دُودھ والا ۔ بہت دُودھ کا مالک ۔ دُودھ پلانے والا ۔

**لابہ** (ف) (۱) خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ چرب زبانی ۔ تملق (۲) عجز (۳) اخلاص (۴) خواہش (۵) دغا ۔ فریب ۔

**لابہ** (ع) لاوا ۔ کوہِ آتش فشاں کا مادہ ۔

**لابہ کَردن** (ف) منت ساجت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔

**لابیدن** (ف) شیخی مارنا ۔ ڈھینگ مارنا ۔ بے ہودہ بکنا ۔

**لات** (ف) فقیر آدمی ۔ حقیر چیز ۔

**لات** (ع) ایک بُت کا نام جسے حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی ۔

**لاتار** (ف) لاٹری ۔

**لاتارکشیدن** (ف) لاٹری نکالنا ۔ قرعہ ڈالنا ۔

**لاتری** (ف) لاٹری ۔

**لَاتب** (ع) چپکنے والا (۲) ثابت اور قائم ہونے والا ۔

**لَاتحصی** (ع) بے شمار ۔ لاتعداد ۔ ان گِنت ۔

**لَاتذر** (ع) مت چھوڑ ۔

**لَاتعد** } **لاتعداد** } (ع) بے شمار ۔ بے حساب ۔ ان گنت ۔

Marfat.com

لاتخف (ع) مت ڈر۔
لاتو (ف) (۱) لٹو جسے بچے گھماتے ہیں۔ (۲) سیڑھی۔
لات ولوت (ف) قلاش وکنگال۔
لات ولوت شدن (ف) بے برگ ونوا ہونا۔
لات ولوح (ف) شہدا۔ لفنگا۔ لچا۔
لاثانی (ع) بے مثل۔ بے مانند۔ یگانہ۔ جس کی مانند دوسرا نہ ہو۔
لاثم (ع) چومنے والا۔ بوسہ لینے والا۔
لاج (ف) (۱) برہنہ۔ ننگا (۲) رشوت (۳) مادہ سگ۔ کتیا۔
لاجرم (ع) لا کلمہ نفی اور جرم بمعنی علاج سے مرکب ہے۔ لاعلاج۔ ناچار۔ ضروری۔ لابدی۔
لاجواب (ع) (۱) بے نظیر۔ لاثانی۔ بے مثل (۲) خاموش۔ چپکا (۳) مغلوب۔ عاجز (۴) جھوٹا۔
لاجورد (ع) نیلے رنگ کا ایک پتھر ہے جس کے نگینے بناتے ہیں۔ اسے پیس کر کتاب وغیرہ پر رنگ بھی کرتے ہیں۔
لاجورد کشیدن (ف) نہایت عمدہ لکھنا۔ کتاب پر نقاشی کرنا۔
لاجوردی (ف) نیلے رنگ کا۔ نیلا رنگ۔
لاجوردی بساط (ف) آسمان۔
لاجوردی خیم
لاجوردی سقف } (ف) آسمان۔
لاجوردی نقاب (ف) ماتمی لباس۔
لاجوردینہ خم (ف) آسمان۔
لاچ (ف) ظرافت۔ خوش طبعی۔ ہنسی۔ مسخراپن۔
لاچار (ف) اصل میں ناچار ہے۔ جس کے بغیر چارہ نہ ہو سکے۔ ضروری۔ لابدی۔
لاچاری (ف) مجبوری۔
لاچی (ف) الائچی۔
لاچین (ف) (۱) شکاری لباس (۲) ترکوں کے ایک قبیلے کا نام بھی ہے۔ حضرت امیر خسروؒ دہلوی اسی قبیلے سے تھے۔
لاحاصل (ع) بے فائدہ۔
لاحق
لاحقہ } (ع) پیچھے آکر ملنے والا۔ جو کسی چیز کے پیچھے آکر ملے یا لگے۔ چمٹا ہوا۔
لاحل (ع) جو حل نہ ہو سکے۔
لاحول (ع) نہیں ہے قوت۔ بیزاری اور نفرت کا کلمہ اور بعض اوقات اس سے مراد لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہوتی ہے۔
لاحول گویاں (ف) لاحول ولاقوۃ پڑھتے ہوئے۔
لاحول ولاقوۃ (ع) اظہار نفرت وبیزاری یا تاسف کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
لاحول ولاقوۃ الا باللہ (ع) کسی کو کوئی قدرو طاقت نہیں مگر اللہ کو حاصل ہے۔
لاخ (ف) مقام۔ جگہ۔ تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ بلکہ دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتا ہے۔ جیسے سنگلاخ وہ جگہ جہاں پتھر ہوں۔ انبوہ اور بسیاری کے لیے بھی آتا ہے۔
لاخراج (ع) جس پر سرکاری محصول وغیرہ نہ ہو۔
لاخہ (ف) کپڑے کا ٹکڑا۔ پیوند۔ چیتھڑا۔ رقعہ۔
لاخہ دوز (ف) پیوند لگانے والا۔
لاد (ف) (۱) دیوار (۲) دیوار کا ردا (۳) دیوار کی بنیاد (۴) ایک قسم کا دیبا (۵) ایک قسم کا عطر (۶) پھول (۷) غنچہ۔ کلی (۸) آبادی (۹) ہر چیز کی اصل (۱۰) سبب۔ جہت (۱۱) آبادی۔
لادگر (ف) معمار۔ راج۔
لادعوئے (ع) بے دعوے۔ دست بردار۔ دست برداری۔
لادغ (ع) (۱) ایک مرض کا نام (۲) ڈسنے والا۔ ڈنگ مارنے والا۔ کاٹنے والا۔
لادن (ف) عنبر اصلی جو ایک خوشبو ہے۔
لادنہ (ف) سن۔ جس سے رسی بٹی جاتی ہے۔
لادوا (ع) لاعلاج۔ جس کی دوا نہ ہو سکے۔
لادہ (ف) بے وقوف۔ بے عقل۔ احمق۔
لادع (ع) (۱) جلانے والا (۲) جلنے والا۔ جلتا ہوا۔
لاریب (ع) بے شک۔ جس میں شک نہ ہو۔ بے شبہ۔
لاریب فیہ (ع) اس میں کچھ شک نہیں۔
لازب (ع) چپکنے والا۔ باقی رہنے والا۔ جیسے ضربت لازب یعنی وہ ضرب یا چوٹ جس کا نشان اچھا ہونے کے بعد بھی باقی رہے۔
لازق
لازقہ } (ع) چپکنے والی چیز۔ جیسے گوند۔ سریش وغیرہ۔
لازم (ع) چمٹا ہوا۔ لگا ہوا (۲) ضرور (۳) علم صرف میں وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے اور مفعول کو نہ چاہے۔
لازم آمدن (ف) ضروری ہونا۔
لازم داشتن (ف) ضرورت پڑنا۔
لازم دانستن (ف) ضروری سمجھنا۔
لازم ملزوم (ع) ایک دوسرے کے متعلق۔ ایک دوسرے سے وابستہ۔ ضرور۔ واجب۔
لازمہ (ع) ضروری اسباب۔
لازمی (ع) منسوب بہ لازم۔ ضروری۔
لازوال (ع) جسے زوال نہ ہو۔ قدیم۔ ہمیشہ۔
لازوالی (ع) کبھی زوال نہ ہونا۔
لاس (ف) (۱) ناصاف ریشم۔ خراب ریشم۔ کم قیمت ریشم۔ (۲) مادہ (۳) کتیا۔
لاس زدن (ف) جھوٹی محبت کا اظہار کرنا۔
لاستیک (ف) ربڑ۔ طائر۔
لاستیکی (ف) ربڑ کا بنا ہوا۔
لاشہ (ف) مردہ۔ مردہ جسم۔ مردہ کا تن۔
لاش (ف) (۱) لوٹ۔ تاخت وتاراج (۲) حقیر شے۔ ادنیٰ۔ فرومایہ۔ تھوڑا۔ اندک۔

Marfat.com

لاشک (ع)، بے شک - بے شبہ -
لاشکن (ف)، روس کے ایک پہاڑ کا نام -
لاشہ (ف)، (۱) لاغر گدھا (۲) لاغر گھوڑا (۳) ضعیف - کمزور - دُبلا -
(۴) لاش - مُردہ جسم - مُردہ انسان -
لاشہ (ف)، ضعیف - لاش -
لاشہ خر بہ است تا تازی چہ نسبت (ف)، ان دونوں میں بڑا فرق ہے -
لاشے (ع)، کچھ نہیں -
لاشے محض (ف)، کنگال و قلاش -
لاصق (ع)، ملا ہوا - چمٹا ہوا - لگا ہوا -
لاطائل (ع)، لا حرف نفی اور طائل بمعنی نفع سے مرکب ہے - بے فائدہ -
لاطائلات (ع)، لاطائل کی جمع -
لاطین / لاطینی } (ع)، لٹن جو ایک زبان کا نام ہے -
لاعب (ع)، کھیلنے والا -
لاعلاج (ع)، لا دوا جس کا علاج نہ ہو سکے - ناچار -
لاعلم (ع)، بے علم کسی بات کا نہ جاننے والا -
لاعلمی (ع)، بے خبری - کسی بات کا علم نہ ہونا -
لاغ (ف)، ہزل - ظرافت - خوش طبعی - کھیل -
لاغر (ف)، دُبلا - مجازاً باریک -
لاغر شدن (ف)، کمزور ہونا -
لاغری (ف)، دُبلا پن -
لاغوش / لاغون } (ف)، خرگوش -
لاغیر (ع)، تن تنہا - جہاں اور کوئی نہ ہو -
لاغیہ (ف)، ایک قسم کی نہایت تیز اور گرم گھاس جس سے دودھ نکلتا ہے -
لاف (ف)، ڈھینگ - شیخی - گپ -
لاف در غربت زدن (ف)، مسافرت میں اجنبیوں کے سامنے اپنے فضل و ہنر کی ڈینگیں مارنا -
لاف زدن (ف)، ڈینگیں مارنا -
لاف زن (ف)، لاف مارنے والا - ڈھینگ مارنے والا -
لاف زنی (ف)، شیخی بگھارنا -
لاف و گزاف (ف)، شیخی - لاف زنی - گپ ڈھینگ -
لافیدن (ف)، شیخی بگھارنا - لاف مارنا -
لافیس (ع)، نماز میں وسوسہ ڈالنے والا شیطان -
لاقح (ع)، (۱) ابر پیدا کرنے اور درخت کو بار آور کرنے والی ہوا -
لاقید (ع)، بے پروا - بے فکر -
لاقیس (ع)، دیکھو لافیس -
لاک (ع)، چبانا -

لاک (ف)، (۱) لکڑی کا پیالہ (۲) لاکھ جس سے مُہر لگاتے ہیں (۳) کچھوا - سنگ پشت -
لاک پُشت (ف)، کچھوا - سنگ پشت -
لاک زدن / لاک کردن } کسی چیز کو لاکھ لگا کر بند کرنا -
لاکلام (ع)، بے شک - بے شبہ - یقیناً - ضرور -
لاکن (ع)، الّا - لیکن - مگر -
لاکن (ف)، لاشکن کا مخفف جو ایک پہاڑ کا نام ہے -
لاک و مہر کردن (ف)، لاکھ لگا کر اُوپر مُہر ثبت کر دینا -
لال (ف)، گونگا - گنگ -
لال (ف)، (۱) ایک جوہر جس کا معرب لعل ہے (۲) سُرخ رنگ -
لالا (ف)، (۱) خدمتگار - غلام - بندہ (۲) درخشاں - چمکیلا - روشن - اس صورت میں لولو کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (۳) ایک قسم کی گھاس جس کی دھونی بواسیر کے لیے فائدہ مند ہے (۴) لوری جو مائیں چھوٹے بچوں کو دیتی ہیں (۶) لالٹین -
لالاسرائے (ف)، خواجہ سرائے -
لالا نظامی (ف)، فوجی اتالیق -
لالائی (ف)، اتالیقی -
لالائے چشم (ف)، آنکھ کی پتلی - مردمک چشم -
لالس (ف)، ایک قسم کا سُرخ ریشمی کپڑا -
لالک / لالکا } (ف)، (۱) تاج (۲) مُرغ کا تاج (۳) جوتا - پاپوش -
لالنگ (ف)، (۱) آگے کا بچا ہوا کھانا - جھوٹا کھانا (۲) روٹی کا ٹکڑا - بھیک کا ٹکڑا -
لالہ (ف)، ایک قسم کا سرخ رنگ کا پھول جو باہر سے سُرخ اور اندر سے سیاہ ہوتا ہے (۲) لالٹین - فانوس (۳) بچوں کا اتالیق (مرد)
لالہ باختن (ف)، لاف زنی کرنا - گپیں ہانکنا -
لالہ برگ (ف)، گل لالہ کی پنکھڑی (۲) رخسار معشوق -
لالۂ جو غاسی (ف)، گل لالہ کی ایک قسم ہے - جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے -
لالۂ دل سوختہ (ف)، گل لالہ کی ایک قسم -
لالۂ دمسوز (ف)، لالہ کی ایک قسم -
لالۂ دیوار کوب (ف)، دیوار گیر -
لالہ رخ - لالہ رخسار (ف)، معشوق - محبوب -
لالہ سار (ف)، ایک خوش آواز پرندہ کا نام -
لالستان (ف)، خواجہ سرائے -
لالہ سرائے (ف)، خواجہ سرائے -
لالۂ شقائق / لالۂ شقائق النعمان } (ف)، گل لالہ کی ایک قسم -
لالہ صحرائی (ف)، گل لالہ کی ایک قسم -
لالہ عباسی (ف)، گل عباسی جو شام کو کھلتا ہے -

Marfat.com

لالۂ عذار (ف) معشوق۔ محبوب۔
لالہ غلیاں (ف) چھوٹا سرپوش جو بڑے سرپوش کے اندر ہوتا ہے
اور ہوا کی آمدورفت کو روکتا ہے۔ اسے بادگیر بھی کہتے ہیں۔
لالۂ فرشی (ف) فرشی لالٹین۔
لالہ کاشتن و بنفشہ درُودَن (ف) آگ سے کوئلے سُلگانا۔
لالہ کوہی (ف) لالہ صحرائی۔ گل لالہ کی ایک قسم۔
لالہ گوش (ف) کان کی لو۔
لالہ گوں (ف) لالے کی طرح سُرخ۔
لالہ لب (ف) معشوق۔ محبوب۔
لآلی (ع) لولو کی جمع۔ بہت سے موتی۔
لآلی فرائد (ع) بہت سے دُرِ یتیم۔ وہ موتی جو سیپ میں سے
ایک ہی نکلتا ہے۔
لآلی منضُود (ع) ترتیب سے لگے ہوئے موتی لڑی میں پروئے
ہوئے موتی۔ موتیوں کی لڑیاں۔
لام (ع) (۱) لامہ کی جمع۔ زرہیں۔ زرہ ہائے (۲) حروف تہجی کا
ایک حرف جس کے تیس عدد مقرر ہیں اور اسے زلف معشوق
سے بھی تشبیہ دیتے ہیں۔
لاما (ف) ایک جانور کا نام جو بھینس اور اونٹ سے مشترک ہوتا ہے۔
لاما (ف) رُوحانی آدمی یا بدھ مت کا کاہن جو لاما ئیسم کے طریقہ پر ہو۔
لامان (ف) (۱) انبوہی۔ کثرت۔ بہتات (۲) فریب۔ جھُوٹ۔
(۳) دغابازی۔ بے وفائی (۴) گڑھا۔ مغاک (۵) نان۔ روٹی۔
لامانی (ف) (۱) جھُوٹ۔ گپ (۲) جھوٹا۔ فریبی (۳) چاپلوس۔
شیخی بگھارنے والا (۴) زرہ پوشی۔
لامپ (ف) لیمپ کا مفرس۔
لامحالہ (ع) ناگزیر۔ ناچار۔ بالضرور۔ وہ کام جس کا کرنا ضروری
ہو۔ محالہ بمعنی چارہ۔ علاج۔
لامح (ع) درخشندہ۔ چمکتا ہوا۔
لامخ (ع) حضرت نوح علیہ السلام کے باپ کا نام۔
لامذہب (ع) بے دین۔ بے ایمان۔
لامس (ع) چھُونے والا۔
لامسہ (ع) وہ قوت جس کے باعث انسان چھوکر ہر شے کی سختی۔
نرمی۔ سردی۔ گرمی وغیرہ معلوم کر لیتا ہے۔
لامع } لامعہ } (ع) روشن۔ چمکنے والا۔
لامک (ف) دستار۔ پگڑی۔
لامکان (ع) عالم الٰہی جو مکان و اطراف سے مبرا ہے۔
لامۂ (ع) زرہ۔
لامی (ف) ایک زرد رنگ اور خوشبودار گوند جو ہندوستان میں پیدا
ہونے والے ایک درخت سے نکالا جاتا ہے۔
لان (ف) آذر بائیجان کے ایک پہاڑ کا نام۔
لان (ف) (۱) بے وفائی (۲) بے حقیقی (۳) مقام۔ جگہ (۴) گڑھا۔

(۵) پہاڑیوں کی جگہ۔
لاندن (ف) (۱) ہلانا (۲) جھاڑیاں۔
لانہ (ف) (۱) آشیانہ۔ پرندوں کا گھونسلا (۲) بھڑوں کا چھتہ۔
(۳) چرندوں اور درندوں کے رہنے کی جگہ (۴) مرغیوں کا
ڈربہ (۵) پنجرہ۔ قفس (۶) بے غیرت (۷) کاہل (۸) ناکارہ۔
دفع کیا ہوا (۹) پھٹا ہوا۔
لانۂ زنبور (ف) بھڑوں کا چھتہ۔
لانۂ سگ (ف) کتے کے رہنے کی جگہ۔
لانہ کردن (ف) مقیم ہونا۔
لانیدن (ف) ہلانا۔
لاو (ف) (۱) چاپلوسی (۲) سفید مٹی جس سے گھر کی دیواریں سفید کرتے ہیں۔
لاوارث (ع) وہ مال جس کا کوئی وارث یعنی مالک اور حقدار نہ ہو۔
لاوصول (ع) ناقابل وصول۔
لاوک (ف) میراث۔
لاواللہ (ع) نہیں قسم ہے خدا کی۔
لاونعم (ع) نہیں اور ہاں۔
لاوہ (ف) (۱) گلی ڈنڈا جو بچوں کا مشہور کھیل ہے (۲) دھوکا۔ فریب۔ چاپلوسی
لاہب (ع) بھڑکنے والا۔ مشتعل۔ شعلہ زن۔
لاہف (ع) مظلوم۔ افسوس کرنے والا۔
لاہوت (ع) ذات الٰہی کا عالم جس میں سالک کو مقام فنا فی اللہ
حاصل ہوتا ہے۔ اس لفظ کے مقابل میں مرتبہ صفات کو
جبروت اور مرتبہ اسماء کو ملکوت کہتے ہیں۔
لاہور۔ صوبہ پنجاب کے پایۂ تخت کا نام جو پاکستان کا مشہور اور
نہایت پرانا شہر ہے اور دریائے راوی کے کنارے آباد ہے
اور یہ شہر پاکستان میں علم و ادب اور اس کی اشاعت
کا سب سے بڑا مرکز ہے۔
لاہوزہ (ف) تاشش۔ خربوزہ یا تربوز وغیرہ کی پھانک۔
لاہی (ف) کیچڑ۔ تلچھٹ۔ تہ میں بیٹھ جانے والی چیز۔
لائے (ف) (۱) کاغذ کا تا (۲) کپڑے کا تھان (۳) تلچھٹ۔ سیاہ مٹی
جو حوض وغیرہ کی تہ میں جم جاتی ہے۔ کیچڑ (۴) بارش۔ مینہ
(۵) پہاڑ کا درہ (۶) دیوار کا ردہ (۷) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۸)
لائیدن بمعنی گفتن کا امر۔
لائح (ع) روشن۔ چمکنے والا۔ چمکیلا (۲) ظاہر۔
لائحہ (ع) فہرست۔ پروگرام۔ عمل۔
لایتغیر (ع) جو تبدیل نہ ہو سکے۔
لایتناہی (ع) جس کی انتہا نہ ہو۔
لایجوز (ع) ناروا۔ ناجائز۔
لایدرک (ع) جس کو سمجھا نہ جا سکے۔
لایزال (ع) دائم۔ ہمیشہ۔ بے زوال۔ زائل نہ ہوگا۔ امٹ۔ اٹل
لایشعر (ع) بے شعور۔ نادان۔
لایطاق (ع) بے طاقت۔ کمزور۔

Marfat.com

لایعقل (ع) بے وقوف - نادان - فارسی میں لام کو ساکن پڑھا جاتا ہے۔
لایعلم (ع) بے علم - نادان - بے وقوف۔
لایعنی (ع) لغو - بے ہودہ - بے فائدہ۔
لایغفر (ع) جس کی بخشش نہ ہو۔
لائق (ع) سزاوار - مناسب - قابل۔
لائم (ع) ملامت کرنے والا۔
لاینبغی (ع) نہ چاہیے - نامناسب۔
لاینحل (ع) جو حل نہ ہو سکے۔
لاینصرف (ع) نہیں ٹلتا ہے - اٹل۔
لاینفک (ع) جو جدا نہ ہو سکے۔
لاینقطع (ع) مسلسل - لگاتار۔
لایہ (ف) لائے کا مترادف - کپڑے کا نقصان۔
لائیدن (ف) (۱) بولنا (۲) رونا (۳) لات مارنا - بے ہودہ بکنا - شیخی بگھارنا - گپ مارنا۔

# ل - ب

لب (ف) (۱) ہونٹ (۲) مجازاً کنارہ - طرف۔
لُب (ع) (۱) ہر چیز کا خلاصہ (۲) مغز (۳) عقل۔
لَبّ (ع) کسی جگہ اقامت کرنا۔
لُبّ (ع) عاقل ہونا۔
لباء (ع) پیوسی - کھیس - وہ گاڑھا دودھ جو گائے، بھینس بچہ جننے کے بعد دیتی ہے۔
لُباب (ع) (۱) ہر چیز کا خلاصہ (۲) مغز (۳) ایک کتاب کا نام۔
لب آب (ف) ندی کے کنارے۔
لب آب بُردن و تشنہ برگرداندن (ف) سبز باغ دکھانا۔
لب آتش فشاں (ف) (۱) معشوق کا لب (۲) طعنہ مارنے والا (۳) وہ لب اور منہ جس سے آہ سوزاں نکلے۔
لباچہ (ف) جبّہ - خرقہ - فرجی جو ایک قسم کا آگے سے پھٹا ہوا جامہ ہوتا ہے۔
لَبّاد (ع) نمدہ بنانے والا۔
لباد } لبادہ } لُبادہ } (ع) (۱) اُونی جامہ - پشم سے بنا ہوا جامہ۔ (۲) جامہ بارانی۔
لباس (ع) پوشاک - کپڑے۔
لباسات (ع) لباس کی جمع - پوشاکیں - کپڑے۔
لباس آسائش (ع) سونے کے کپڑے - رات کی پوشاک (۲) چاپلوسی - خوشامد۔
لباس التقویٰ (ع) (۱) حیا - شرم (۲) موٹے اور سخت کپڑے۔
لباس الزہر (ع) گل کا لباس - غنچہ کا بیرونی غلاف۔
لباس المرأۃ (ع) مرد۔
لباس تعلق (ع) دُنیاداروں کا لباس - دُنیاداروں کی سی صورت۔
لباس در بر کردن (ف) لباس پہننا۔
لباس راہب (ع) سیاہ لباس۔
لباس رسمی (ف) درباری لباس - مکلّف لباس۔
لباس عباسی (ع) سیاہ لباس جو خلفائے عباسیہ کا امتیازی لباس تھا۔
لباس عنبرسا (ف) سیاہ لباس۔
لباس گرداندن (ف) کپڑے بدلنا۔
لباس مرصعی (ع) گریبان اور دامن کے گرداگرد قیمتی موتیوں کو ٹانک لیتے ہیں اور اسے لباس مرصعی کہتے ہیں۔
لباس نظامی (ف) فوجی وردی۔
لباس نو کردن (ف) نئی پوشاک پہننا۔
لباسی (ف) جعلی - بناوٹی۔
لباشتن } لباشہ } (ف) پوزمال - رسی کا وہ حلقہ جسے لکڑی پر باندھ کر شریر اور بدلگام گھوڑے کے منہ پر باندھا جاتا ہے۔
لب آفتاب (ف) سُورج کی وہ کرن جو سائے سے متصل ہو۔
لباقت (ع) عقل مند ہونا - ماہر ہونا - زیرکی - چالاکی - نرم خوئی - چرب زبانی۔
لبالب (ف) کنارہ تک بھرا ہوا - چھلکتا ہوا۔
لبان (ع) سینہ۔
لُبان (ع) کندر جو مشہور گوند ہے۔
لبان (ف) لب کی جمع جو خلاف قیاس ہے۔
لُبانہ (ع) ضرورت - حاجت۔
لبب (ع) دانا اور عقل مند ہونا۔
لب بدنداں گزیدن } لب بدنداں خائیدن } (ف) دانتوں سے ہونٹ کاٹنا - نہایت غصے ہونا - منع کرنا - روکنا - پشیمان ہونا - تعجب کرنا۔
لب بدنداں کشیدن } لب بستن } (ف) چپ رہنا - خاموش رہنا۔
لب بستہ (ف) خاموش۔
لب بلب جُستن (ف) بہت تلاش کرنا - ہر کسی سے اپنے مقصود کا پتہ لینا۔
لب بہ دنداں کشیدن (ف) بمعنی لب بدنداں کشیدن۔
لب بدنداں گرفتن (ف) (۱) افسوس کرنا (۲) غصے ہونا - منع کرنا۔
لب بہ لب جستن (ف) بمعنی لب بہ لب جُستن۔
لب برچیدن (ف) ہنسنے یا رونے میں لبوں کا ملانا۔
لب پریدہ (ف) چینی یا بلور کا وہ برتن جس کا کنارہ ٹوٹا ہوا ہو۔
لب تخت (ف) پیٹ۔
لب تر کردن (ف) بات کہنا۔

Marfat.com

لب تہ دندان کشیدن (ف) یعنی لب بدنداں کشیدن۔
لبث (ع) دیر کرنا۔ دیر لگانا۔
لبث (ع) ٹھہرنے والا۔ دیر کرنے والا۔
لب چرا (ف) نقل۔ بھنے ہوئے چنے یا میوے مثل چلغوزہ وغیرہ کے جو چند آدمی مل کر بیٹھتے اور باتیں کرتے اور کھاتے ہیں۔
لب چش (ف) چاشنی۔ کسی چیز کا مزہ معلوم کرنے کے لیے جو ذرا سا چکھتے ہیں۔
لب چیزے تو گذاشتن (ف) راز کا چھپانا۔ چپ سادھ لینا۔
لب خائیدن (ف) بہت خفا ہونا۔
لب خضرا (ف) آسمان کا کنارا۔ افق۔
لب خند / لب خندہ (ف) مسکرانا۔ تبسم۔
لب خند زدن (ف) مسکرانا۔
لبد (ع) اونٹ کا زیادہ خوراک کھانے سے حلق اور سینہ پکڑا جانا۔
لبد (ع) نمد۔ نمدہ۔ خوگیر۔
لبد (ع) مال کثیر۔
لب دادن (ف) (۱) بوسہ دینا (۲) اجازت دینا۔
لب را بہ شیر شستن (ف) دایہ کا اپنی چھاتی سے بچے کو دودھ پلانا۔
لب را چشمۂ خضر ساختن (ف) ہمیشہ اور بلا ناغہ شراب پینا۔
لب روزی (ف) بہت کم روزی۔
لبریز (ف) پر۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ اتنا بھرا ہوا کہ کناروں سے چھلکے۔
لب زدن (ف) یہ لفظ "اضداد" سے ہے (۱) چپ رہنا (۲) بات کرنا (۳) گالی دینا (۴) لڑنا۔
لبس (ع) کسی امر کو مشتبہ کرنا۔ اشتباہ میں ڈالنا۔
لبس (ع) لباس پہننا۔
لبس (ع) لباس۔ پوشاک۔
لب سفید کردن / لب سپید کردن (ف) مسکرانا۔ تبسم کرنا۔
لب شکر (ف) شیریں لب۔ اچھی باتیں کرنے والا۔
لب شور (ف) کھاری پن۔
لب شور بودن (ف) کھاری ہونا۔
لب شور شدن (ف) تلخ و بدمزہ ہونا۔
لب شیوس کردن (ف) تبسم کرنا۔ مسکرانا۔
لبط (ع) کسی کو زمین پر پچھاڑنا۔
لب طلائی (ف) زرد حاشیہ۔
لبق (ع) دانائی (۲) ہوشیاری (۳) خوشامد۔ چاپلوسی۔ چرب زبانی۔
لبق (ع) (۱) دانا (۲) ہوشیار (۳) چرب زبان۔
لب کے گرفتن (ف) کسی کو بات کرنے سے روکنا۔

لب کشادن (ف) لب کھولنا یعنی بات کرنا۔
لب کشتی گاہ (ف) دریا کا ساحل۔ دریا کی گزرگاہ۔
لب کلفت (ف) موٹے ہونٹ۔
لب گردان (ف) لبریز۔ برتن کو پانی یا دودھ یا چائے وغیرہ سے اتنا بھرنا کہ اس کے کناروں سے باہر نکل جائے۔
لب گزہ (ف) پشیمانی کی شدت کی وجہ سے ہونٹ کاٹ کھانا۔
لب گزیدن (ف) ہونٹ کاٹ کھانا (۱) غصے ہونا۔ خفا ہونا۔ (۲) افسوس کرنا (۳) اشارہ سے منع کرنا (۴) حیا و شرم کرنا۔
لبلاب (ف) عشق پیچاں۔
لبلبو (ف) چقندر۔ پختہ چقندر۔
لبلبو (ف) بے ہودگی۔
لب لعل (ف) سرخ ہونٹ۔
لبلوس (ف) چاپلوسی۔
لبن (ع) دودھ۔ شیر۔
لبن (ع) لبنہ کی جمع۔ اینٹیں۔ خشت ہا۔
لب نان (ف) روٹی کا کنارہ۔
لبنان (ع) شام کے ایک پہاڑ کا نام جو درویشوں کا مسکن ہے ایک ملک کا نام۔
لبنک (ف) دیمک۔
لبنہ (ع) (۱) اینٹ۔ کچی اینٹ (۲) اصطرلاب کے ایک حصہ کا نام۔
لبو (ف) چقندر۔
لبوئی (ف) چقندر بیچنے والا۔
لبوب (ع) لب کی جمع۔ ہر چیز کے خلاصے۔ پھلوں کے مغز۔
لب و دندان داشتن (ف) لیاقت رکھنا۔ خوبی و شائستگی رکھنا۔
لبوس (ع) (۱) پوشاک۔ جامہ (۲) زرہ۔
لب و لوچہ آویزاں شدن (ف) منہ لٹکانا۔ کھسیانا ہونا۔ منہ بسور لینا۔
لب و لہجہ (ف) طرز کلام۔ تلفظ۔ گفتگو۔
لبون (ع) دودھیل جانور۔ شیردار جانور۔
لبہ (ف) چھت کی منڈیر۔ چھجہ۔
لبہ چاہ (ف) کنوئیں کی من۔
لبہ دار (ف) کنارہ دار۔ کنگرہ دار۔
لبیب (ع) دانا مرد۔ عقلمند۔
لبیبہ (ع) لبیب کی تانیث۔ دانا عورت۔
لبید (ع) (۱) بے ہودہ کلام (۲) شاعر (۳) قصہ خوان۔
لبید (ع) چھوٹی سی گون یا بوری جس میں غلہ بھر کر جانور پر لادا جاتا ہے (۲) توبرہ۔
لبیدن (ف) بے ہودہ کلام کرنا۔ بکواس کرنا۔
لبیدی (ف) (۱) شاعری۔ (۲) قصہ خوانی۔

Marfat.com

لبنش ۔ لبیش } (ف) لاشہ کا مالک۔
لبیشہ } دیکھو لباشہ۔
لبیق (ع) (۱) دانا ۔ ہوشیار (۲) چرب زبان۔
لبیک (ع) میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں (۱) جب خادم کو اس کا آقا پکارے تو وہ اس کے سامنے آکر یہ لفظ بولتا ہے (۲) حج کی ایک دُعا ہے جسے حاجی عرفات میں اللہ تعالیٰ کو مخاطب کر کے یہ کلمہ بولتے ہیں (۳) جنگ میں بھی طلب مبارزہ کے لیے یہ کلمہ استعمال ہوتا ہے۔
لبیک گفتن (ف) لبیک کہنا ۔ جواب دینا۔

## ل ۔ پ

لُپ (ف) بہت بڑا لقمہ۔
لُپ لُپ خوردن (ف) بہت بڑے بڑے لقموں سے کھانا۔
لپۂ نخود ۔ نیم دانۂ نخود ۔ چنوں کے دانے کا نصف۔
لپہ کردن (ف) دو ٹکڑوں میں بانٹ دینا۔

## ل ۔ ت

لَت (ف) (۱) پیٹنا ۔ مارنا (۲) پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے (۳) پیٹ (۴) لات (۵) گرز (۶) کوٹنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۷) ستوؤں کو شربت وغیرہ میں ملانا۔
لُت (ف) عمدہ اور خوش ذائقہ کھانا۔
لت اَنبار } (ف) لت یعنی پیٹ اور انبان یعنی چمڑے کا تھیلا
لت اَنبار } یا مشک سے مرکب ہے ۔ بڑا پیٹو ۔ بسیار خوار ۔ بہت کھانے والا حریص۔
لَتح (ع) بھوکا ہونا۔
لَتحان (ع) بھوکا مرد۔
لَتحیٰ (ع) بھوکی عورت۔
لَت خوردن (ف) پامال ہونا۔
لت دادن آب (ف) دُوسروں کا پانی چُرا لینا۔
لَترہ (ف) (۱) بہت موٹا آدمی (۲) کاہل اور بے کار آدمی (۳) پُرانا ۔ پھٹا ہوا۔
لُترہ (ف) (۱) دزدگری ۔ یعنی دو آدمیوں کی مل کر بنائی ہوئی زبان جسے تیسرا نہ سمجھ سکے (۲) وہ آدمی جس کے پیٹ میں بات نہ سما سکے اور جگہ جگہ کہتا پھرے (۳) پارہ پارہ (۴) دُور کیا گیا (۵) چالاکی۔
و لَتش زدن (ف) کسی کے پانی کی باری چُرانا ۔ نقصان پہنچانا۔
لَتکہ (ف) چھوٹی کشتی ۔ ڈونگا۔

لَتنبان } (ف) دیکھو لت انبار۔
لَتنبر }
لَتوب (ع) چپک جانا ۔ چمٹ جانا۔
لت و پار (ف) ٹکڑے ٹکڑے۔
لت و پار شدن (ف) پراگندہ ہونا ۔ منتشر ہونا۔
لت لت (ف) ٹکڑے ٹکڑے۔
لَتہ (ع) پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔
لتہ حیقش (ف) بے عزت و بے غیرت اور بے آبرو انسان۔
لَتین (ف) فرنگستانی زبان ۔ اہل فرنگ کی زبان ۔ لاطینی زبان۔

## ل ۔ ث

لَث (ع) کسی جگہ اقامت کرنا۔
لِثاث (ع) لِثہ کی جمع ۔ مسوڑے۔
لِثام (ع) دہان بند ۔ وہ چیز جس سے مُنہ بند کیا جائے ۔ ڈھاٹا ۔ ٹھاٹھا۔
لَثغہ (ع) بلغمی تپ کی ایک قسم۔
لَثلثہ (ع) مینہ کا لگاتار کئی روز برسنا۔
لَثم (ع) (۱) بوسہ لینا ۔ چومنا (۲) مُنہ پر نقاب ڈالنا۔
لَثوم (ع) بوسہ دینا ۔ چومنا۔
لِثہ (ع) مسوڑھا۔

## ل ۔ ج

لَج (ف) لگد ۔ لات۔
لُج (ع) دریا کا وہ مقام جہاں پانی بہت گہرا ہو۔
لَج (ف) ہٹ دھرمی ۔ ضد۔
لَج باز (ف) ضدی۔
لَج بازی (ف) ہٹ دھرمی۔
لَج کردن (ف) باہم ہٹ دھرمی سے کام لینا۔
لَجاج } (ع) (۱) جھگڑنا ۔ لڑنا (۲) لڑائی جھگڑا۔
لَجاجت }
لِجام (ع) لگام کا معرب ۔ عنان۔
لجام کردن (ف) چارپایوں کو لگام دینا۔
لجام گسیختن (ف) بے لگام یا بے مہار ہو جانا۔
لَجب (ع) (۱) سمندر کا جوش مارنا (۲) لوگوں کا شور و فریاد کرنا۔
لُجج (ع) لُجّہ کی جمع ۔ گرداب ۔ بھنور ۔ دریا کی گہرائیاں۔
لَجلاج (ع) ہکلا ۔ توتلا ۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔

Marfat.com

لجنہ (ع) کمیٹی - مجلس -
لجوج (ع) بڑا لڑنے جھگڑنے والا -
لجہ (ع) شور - غل - غوغا - آواز -
لجہ (ع) بھنور - دریا کا وہ مقام جہاں پانی بہت گہرا ہو - دریا کا بیچ -
لجی (ع) بہت بڑا اور نہایت گہرا دریا -
لجین (ع) خالص چاندی -

## ل - چ

لچ (ف) ننگا - برہنہ -
لچک (ف) اوڑھنی - دوپٹہ چوکور رومال جس پر کلفت کا کام بنا ہوتا ہے اور عورتیں اسے اوڑھتی ہیں -
لچک مال برنجک (ف) کاچ کا دوپٹہ -
لچک مفتول دوز (ف) کلابتولی - دوپٹہ - لپو کا لگا ہوا دوپٹہ -
لچنی (ف) (۱) بدکار عورت - فاحشہ عورت (۲) ننگی - برہنہ -

## ل - ح

لحا (ع) لحیہ کی جمع - داڑھیاں -
لحاۃ (ع) چھلکا -
لحاظ (ع) آنکھ کا کونہ - گوشہ چشم - آنکھ کا دنبالہ -
لحاظ (ع) کسی چیز کا آنکھ سے خیال رکھنا - اور دیکھتے رہنا - رعایت -
لحاف (ع) روئی دار بالاپوش - رات کو اوڑھنے کا روئی دار کپڑا -
لحام (ع) گوشت بیچنے والا - قصاب -
لحام (ع) (۱) سونے چاندی وغیرہ کا ٹانکا (۲) وہ شے جس میں سونے چاندی وغیرہ کا ٹانکہ ہو (۳) لحم کی جمع -
لحد (ع) (۱) قبر (۲) شگاف (۳) قبر کا وہ اندرونی حصہ جس میں لاش رکھی جاتی ہے -
لحظ (ع) کسی کی طرف دیکھنا -
لحظات (ع) لحظ کی جمع -
لحظہ (ع) ایک دفعہ کن انکھیوں سے دیکھنا - تھوڑی دیر نظر کرنا -
لحظہ بہ لحظہ (ف) دم بدم ہر گھڑی -
لحق (ع) کسی کو جا ملنا - پالینا -
لحق (ع) (۱) وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ ملائی جائے - (۲) وہ پھل جو پہلے پھل کے بعد لگے -
لحم (ع) گوشت - ماس -
لحم خوردن (ف) گوشت کھانا -
لحک لحمی (ف) مکمل یگانگت ہونا -
لحمان (ع) لحم کی جگہ - گوشت -
لحمہ (ع) گوشت کا ٹکڑا -
لحمہ (ع) (۱) باز کا طعمہ - باز کی خوراک جو اسے اسی کے شکار کیے ہوئے سے اس لیے دیتے ہیں کہ وہ شکار پر زیادہ راغب ہو جائے (۲) پود - بانا (۳) قرابت - رشتہ داری - خویشی -
لحن (ع) موزوں آواز - آواز خوش جو نغمہ کے ساتھ ہو - سریلی آواز (۲) بات کرنے میں غلطی واقع ہونا (۳) اعراب میں غلطی کرنا - (۴) قرآن شریف وغیرہ کو خوش آوازی سے پڑھنا - (۵) ایک قسم کا معیوب قافیہ -
لحن شیریں (ف) میٹھی آواز -
لحو (ع) لکڑی سے چھلکا اتارنا -
لحوق (ع) لاحق ہونا - ایک چیز کا دوسری چیز کے پیچھے لگنا - شامل ہونا -
لحوم (ع) لحم کی جمع - گوشت -
لحیانی (ع) دراز ریش - لمبی داڑھی والا -
لحیم (ع) فربہ - موٹا - پر گوشت -
لحیہ (ع) داڑھی -
لحیہ دراز (ف) لمبی داڑھی -
لحیہ کردن (ف) خود نمائی کرنا - خواہ مخواہ دخل دینا -

## ل - خ

لخ (ف) ایک گھاس کا نام جو دریا کے کنارے ہوتی ہے اور جس سے بوریے بنائے جاتے ہیں -
لخا (ف) پاپوش جوتا -
لخاف (ع) لخفہ کی جمع - سفید چھوٹے پتھر -
لخت (ف) (۱) ٹکڑا - پارہ (۲) بعض (۳) تھوڑا - اندک (۴) لوہے کا گرز (۵) خود یعنی لوہے کی ٹوپی (۶) قصاب کی بڑی سی چھری (۷) جوتا - پاپوش -
لخت (ف) برہنہ - ننگا -
لخت کردن (ف) ننگا کرنا - عریاں کرنا -
لخت جگر (ف) جگر کا ٹکڑا - بیٹا -
لخت در (ف) دروازہ کا پٹ - کواڑ - تختہ -
لخت درز (ف) پیوند لگانے والا -
لخت دل (ف) دل کا ٹکڑا - فرزند - بیٹا -
لخت کردن (ف) لوٹنا - تاراج کرنا -
لخت کردن باغ (ف) باغ کی آرائش کے لیے زائد پودوں کی کانٹ چھانٹ کرنا -
لخت لخت (ف) ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ -

Marfat.com

لخت وعور (ف)، سرتا پا برہنہ۔
لختہ (ف)، لخت ٹکڑا۔ پارہ۔
لختے (ف)، تھوڑا سا۔ قدرے۔ تھوڑا۔
لختیہا (ف)، کلیات کی ضد۔ جزئیات۔ جزئی باتیں۔
لخچ (ف)، کمار۔ سجی۔
لخچہ (ف)، آگ کا شعلہ (۲)، انگارا۔ چنگاڑی۔
لخشہ (ف)، دیکھو لخچہ۔
لخشیدن (ف)، پھسلنا۔
لخلخ (ف)، دُبلا۔ لاغر۔ ضعیف۔
لخلخہ (ع)، چند خوشبوؤں کا مرکب جو تقویت دماغ کے لیے سونگھا جاتا ہے۔
لخم (ف)، بغیر ہڈی کے گوشت۔
لخن (ع)، کسی چیز کا گندہ اور بدبودار ہو جانا۔
لخنیش (ف)، ایک پودا جس کی بلندی ایک میٹر تک پہنچتی ہے۔ اس کے پھول بنفشی رنگ کے ہوتے ہیں۔ اس کے دانے سیاہ اور کڑوے ہوتے ہیں۔

## ل - د

لَدّ (ع)، سخت دشمنی اور جھگڑا کرنا۔
لُدّ (ع)، الدا کی جمع۔ بڑے جھگڑالو۔
لُد (ع)، فلسطین کے ایک گاؤں کا نام۔ بعض کا خیال ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام اسی گاؤں کے دروازہ پر دجّال کو قتل کریں گے۔
لِدَت (ع)، (۱) ہمسر (۲)، ہم عمر۔
لَدُن (ع)، قریب۔ نزدیک۔ پاس۔
لَدْن (ع)، نرم۔ ملائم۔
لَدُنی (ع)، منسوب بہ لدن بمعنی نزدیک یعنی وہ چیز جو اللہ تعالٰی اپنے پاس سے محض اپنے فضل وکرم سے بغیر سیکھنے اور تلاش اور کوشش کے کسی شخص کو عطا کرے یا بغیر سیکھنے کے کوئی شخص طبیعت اور ذہن سے جوبات پیدا کرے۔
لَدُود (ع)، بڑا جھگڑالو اور لڑاکا۔
لَدیغ (ع)، مارگزیدہ۔ وہ شخص جسے سانپ نے ڈسا ہو۔

## ل - ذ

لَذّات (ع)، لذّت کی جمع۔ ذائقے۔ مزے۔
لَذاذ } لَذاذہ } (ع)، کسی چیز کا بامزہ ہونا۔
لَذّاع (ع)، جلانے والا۔ بڑی جلن اور سوزش ڈالنے والا۔
لَذائذ (ع)، لذّت کی جمع۔ ذائقے۔ مزے۔
لَذّت (ع)، مزہ۔ ذائقہ۔
لذت انگور بیوہ داند نہ صاحب میوہ (ف)، غریب بیوہ جس نے کبھی انگور جی بھر کر نہیں کھایا۔ اس کا اصل مزہ تو وہی بتا سکتی ہے۔
لَذّت داشتن (ف)، لذیذ ہونا۔ مزے دار ہونا۔
لَذّت بُردن (ف)، لُطف اٹھانا۔
لَذع (ع)، (۱) آگ کا کسی کو جلا دینا (۲)، جلن۔ سوزش۔
لَذیذ (ع)، خوش ذائقہ۔ مزے دار۔ خوش مزہ۔
لذیذ بُودن (ف)، خوش ذائقہ ہونا۔

## ل - ر

لُر (ف)، ایک بادیہ نشین قوم کا نام جو عیّاری میں مشہور ہے۔ (۲) مجازاً دیہاتی (۳)، احمق۔ بے وقوف۔
لَرد (ف)، (۱) جنگل۔ میدان (۲)، گھڑ دوڑ کا میدان۔
لرز (ف)، کپکپی۔
لرزاندن (ف)، ہلانا۔ جھٹکا دینا۔
لرزِش (ف)، لرزیدن کا اصل مصدر۔ کپکپی۔ لرزہ۔ کانپنا۔
لَرزہ (ف)، کپکپی۔ لرزش۔
لرزہ براندام افتادن (ف)، جسم پر کپکپی طاری ہو جانا۔
لرزیدن (ف)، کانپنا۔
لُرستان (ف)، ایران کے جنوب میں ایک ملک ہے۔ جو قوم لُر کا مسکن ہے۔
لَزگیماس (ف)، کیسر۔ زعفران۔
لَرلَر (ف)، اللہ تعالٰے کے ناموں میں سے ایک نام۔

## ل - ز

لَزّاب (ع)، بڑا چپکنے والا۔
لزاجت (ع)، چپیدگی۔
لِزاب (ع)، چپکنا۔ چمٹنا۔
لِزب (ع)، تھوڑا۔ اندک۔
لَزِج (ع)، چیپ دار شے جیسے گوند اور سریش وغیرہ۔
لُزوجت (ع)، چیپ۔ چپیدگی۔
لُزوق (ع)، چسپاں ہونا۔
لُزوم (ع)، لازم ہونا۔
لُژدم (ف)، لباده۔ نرم کمان۔ لیزم مشق کرنے کی کمان۔
لزوماً (ع)، بطور لازم۔
لِزیہ (ف)، (۱) پارسا۔ پرہیزگار (۲)، دانا۔ عقل مند۔

Marfat.com

## ل - ز

لژم / لژن } (ف) سیاہ اور سڑی ہوئی گارا یا کیچڑ جو حوض کنوئیں وغیرہ کی تہہ میں ہوتی ہے۔

## ل - س

لس (ف) سست۔ بےحس۔ افسردہ۔ پژمردہ۔
لسان (ع) (۱) زبان۔ جیبھ (۲) بولی۔
لسان (ع) تیز زبان۔ فصیح۔
لسان الثور (ع) گاؤ زبان۔
لسان الحمل (ع) ہری بارتنگ کا پتہ جس کا تخم مشہور دوا التخم بارتنگ ہے۔
لسان العصافیر (ع) اندر جو ایک مشہور دوا کا نام۔
لسان الغیب (ع) خواجہ حافظ شیرازی کا لقب اس لیے کہ ان کے دیوان سے فال لیتے اور اسے غیب کا حال ظاہر کرنے والا خیال کرتے ہیں۔
لسان القوم (ع) تیز زبانی۔
لسان الکلب (ع) ایک خود رَو بوٹی کا نام۔
لسانی (ع) زبانی۔
لسانیت (ع) تیز زبانی۔
لست (ف) (۱) خوب۔ عمدہ (۲) قوی
لستن (ف) چاٹنا۔
لستید (ف) ربڑ۔ ربڑ کا جوتا۔
لسع (ع) بچھو یا سانپ وغیرہ کا ڈسنا۔
لسن (ع) زبان آور۔ فصیح۔
لسن (ع) زبان آوری۔ فصاحت۔
لُسن (ع) السن کی جمع زبان آور۔ فصیح۔
لُسن (ع) (۱) زبان (۲) بولی۔
لسیع (ع) مار یا عقرب گزیدہ۔

## ل - ش

لش (ف) تلچھٹ۔ گار۔
لشاب (ف) وہ زمین کہ جس میں پانی ٹھہر جائے اور گھاس پھوس اُگ آئے۔
لشتن (ف) چاٹنا۔
لش بودن (ف) بےحس و حرکت ہونا۔ لاش کی مانند ہونا۔
لش شدن (ف) سست و بےکار ہونا۔ بےحس و حرکت ہونا۔
لشک (ف) وہ شبنم جو برف کی طرح روئے زمین کو سفید کر دے۔
لشکر (ف) فوج۔ سپاہ۔
لشکرے بے تار و پود شدن (ف) بےترتیب ہونا۔
لشکرشکن / لشکرشگاف / لشکرشگوف } (ف) شجاع۔ بہادر آدمی۔
لشکرشناس (ف) فوج کا بخشی۔ سپاہ کی گنتی کرنے والا۔
لشکرکش (ف) (۱) سپہ سالار۔ سردار (۲) حملہ آور۔
لشکرکشی (ف) حملہ۔ حملہ آوری۔
لشکرگاہ (ف) ڈیرا۔ خیمہ۔
لشکرگاہ کردن (ف) ڈیرا لگانا۔ مقام کرنا۔ لشکر کا ٹھہرنا۔
لشکری (ف) سپاہی۔ فوجی آدمی۔
لش گیری (ف) بےہودہ کاری۔
لشن (ف) سادہ۔ نرم۔

## ل - ص

لِص (ع) دُزد۔ چور۔
لُصوص (ع) لص کی جمع۔ دُزد۔ چور۔
لُصوق (ع) چسپاں ہونا۔

## ل - ط

لطافت (ع) باریک ہونا۔ باریکی۔ ریزہ ریزہ ہونا (۲) فارسی میں بمعنی پاکیزگی (۳) تازگی۔ نرمی (۴) مہربانی۔
لطام (ع) ایک دوسرے کو طمانچے مارنا۔
لطائف (ع) لطیفہ کی جمع (۱) لطیفے۔ دلچسپ باتیں (۲) نیکیاں (۳) لطیف چیزیں (۴) باریکیاں۔
لطائف الحیل (ع) حیلوں کی خوبیاں۔ اچھے حیلے۔ عمدہ بہانے۔ وہ بہانے جو دوسرے کو ناگوار نہ گزریں۔
لطائف غیبی (ع) غیب کی نیکیاں۔ وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو اللہ تعالٰی کی طرف سے غیب سے پہنچیں۔
لطخ (ع) (۱) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا (۲) آلودہ کرنا (۳) کسی کو بدنام کرنا۔
لُطف (ع) (۱) تازگی۔ نرمی (۲) مدد۔ کفایت (۳) مہربانی (۴) نگہبانی (۵) خوبی۔
لُطف داشتن (ف) مہربانی کرنا۔

Marfat.com

لطف عالی زیاد (ف) یہ دعائے خیر کے کلمات ہیں کہ خدا اُن سے کہ آپ کی مجھ پر مہربانی اور عنایت کی نگاہ رہے۔
لطف نمودن (ف) نوازش کرنا۔
لطف گفتی (ف) تم نے خوب اور اچھی بات کہی۔
لَطم (ع) تھپڑ مارنا - طمانچہ مارنا۔
لَطمات (ع) لطمہ کی جمع - دھپڑ - تھپڑ - طمانچے۔
لَطمہ (ع) تھپڑ - طمانچہ۔
لطمہ خوردن (ف) تھپڑ کھانا۔
لطمہ زدن (ف) تھپڑ مارنا۔
لطیف (ع) (۱) پتلا - باریک (۲) ستھرا - پاکیزہ (۳) باریک بین (۴) نہایت نازک (۵) نہایت نیکو کار (۶) مددگار - مہربان (۷) دانائے راز - اللہ تعالیٰ کا نام۔
لطیف خوئے (ف) پاکیزہ خو - نیک خصلت۔
لطیفہ (ع) خوبی - نکوئی - دل کو اچھی لگنے والی بات - نہایت عمدہ - نازک چیز۔
لطیفہ گو (ف) ادیب - خوش بیان - شوخ۔
لطیم (ع) (۱) تھپڑ کھایا ہوا (۲) یتیم - وہ نابالغ جس کے ماں اور باپ دونوں مر گئے ہوں۔
لطیمہ (ع) مشک - خشک کی تھیلی - عطر فروشوں کا بازار - اس کی جمع لطائم آتی ہے۔

## ل - ظ

لظیٰ (ع) دوزخ - آتش شعلہ زن - بھڑکتی ہوئی آگ۔

## ل - ع

لُعاب (ع) (۱) تھوک (۲) ہر شے کا گاڑھا اور چپکنے والا رس۔
لَعّاب (ع) (۱) کھیلنے والا - بازی گر۔
لعاب شمس (ف) شراب - سراب۔
لعاب عنکبوت (ع) (۱) نقاشی (۲) مکڑی کا جالا۔
لعاب گاؤ (ف) (۱) صبح کی روشنی (۲) برف (۳) شبنم (۴) سفید کاغذ۔
لُعاب گوزن (ف) (۱) صبح کی روشنی (۲) برف (۳) شبنم (۴) سفید کاغذ (۵) سورج کی روشنی (۶) بجلی کی چمک (۷) ایک تریاق کا نام۔
لُعاب لعل (ف) سورج۔
لُعاب لعل سا (ف) شراب ارغوان - سرخ شراب۔
لعاب لعل ساں (ف) شراب۔
لعاب عسل } لعاب نحل } (ف) (۱) شہد - عسل (۲) انگوری شراب۔
لعاب نحل (ف) شہد۔
لَعّان - بڑا لعنت کرنے والا۔
لِعان (ع) ایک دوسرے پر لعنت کرنا - شریعت کی اصطلاح میں لعان اسے کہتے ہیں کہ اگر شوہر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے اور گواہ نہ رکھتا ہو تو قاضی کے رُو برو یہ دونوں چار مرتبہ قسم کھا کر اپنی سچائی ظاہر کریں اور پانچویں دفعہ یہ کہیں کہ ہم میں سے جو جھوٹا ہے اس پر قہر نازل ہو۔ تو قاضی ان دونوں کے درمیان ہمیشہ کے لیے تفریق کر دیتا ہے۔
لَعب } لِعب } (ع) بازی - کھیل۔
لُعبت (ع) (۱) کھلونا - کھیلنے کی چیز (۲) کپڑے کی گڑیا جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں (۳) تصویر - بت - پتلی - کٹھ پتلی (۴) شطرنج وغیرہ کھیل۔
لُعبت زرین (ف) سورج۔
لَعق (ع) کسی چیز کو زبان سے چاٹنا۔
لَعل (ع) (۱) شاید (۲) اُمید۔
لَعل آبدار (ف) لب معشوق۔
لَعل ادریسی (ف) لعل کی ایک قسم۔
لَعل از سنگ زادن (ف) نہایت مشقت سے کوئی چیز حاصل کر کے کسی کو دے دینا۔
لَعل از سنگ زادن (ف) نہایت مشقت سے کوئی چیز حاصل کرنا۔
لعل با طرز جفت کردن (ف) بہت شیریں کلام کرنا۔
لَعل بدخشاں } لَعل بدخشانی } (ف) بدخشاں کا لعل جو بہت مشہور ہے لیکن دراصل وہاں لعل دوسری جگہوں سے لا کر فروخت کرتے ہیں۔
لَعل پیازی (ف) پیاز کے رنگ کا یعنی ہلکے رنگ کا لعل۔
لَعل پیکانی (ف) پیکان کی شکل کا تراشا ہوا لعل جو عورتیں کان کے گوشوارہ میں پہنتی ہیں۔
لَعل تمری (ف) لعل کی ایک قسم۔
لَعل خفتانی (ف) مریخ سیارہ۔
لَعل خنداں } لَعل خوشاب } (ف) لب معشوق۔
لَعل خیز (ف) وہ زمین جہاں لعل پیدا ہوں۔
لَعل دوشابی } لَعل رُخانی } (ف) لعل کی ایک قسم۔
لَعل رگ دار (ف) داغ دار - معیوب۔
لَعل رواں (ف) شراب سرخ۔
لَعل زر (ف) صبح کی روشنی۔
لَعل سیراب } لَعل شکر بار } (ف) لب معشوق۔
لَعل طراز (ف) (۱) لعل پیدا کرنے والا (۲) نقاش۔

Marfat.com

لعل طراز کشتر (ف) سورج۔
لعل طرازی (ف) نقاشی۔ نقاشی کا فن۔
لعل عقربی / لعل عنابی (ف) لعل کی ایک قسم۔
لعل فام (ف) یاقوت کی مانند سرخ۔
لعل فلک (ف) سورج۔
لعل قبا (ف) قبا کے بند۔ گھنڈی تکمہ۔
لعل قبا (ف) (بلا اضافت) (۱) سرخ قبا (۲) خونِ جگر (۳) سرخ شراب۔ انگوری شراب۔
لعل قبائی (ف) سکر۔ نشہ۔ مستی۔
لعل قطبی (ف) لعل کی ایک قسم۔
لعل کلوخی (ف) ان گھڑ لعل۔ وہ لعل جو تراشا نہ گیا ہو۔
لعل کہربا (ف) لب معشوق۔
لعل گر (ف) لعل طراز۔ لعل کو تراشنے والا۔
لعل گوں (ف) لعل کی مانند سرخ۔
لعل لب (ف) معشوق۔
لعل لمی (ف) لعل کی ایک قسم۔
لعل مذاب (ع) پگھلا ہوا لعل۔ پگھلا ہوا لعل یعنی سرخ انگوری شراب۔
لعل مے پرست (ف) معشوق۔
لعل ناسفتہ (ف) (۱) بغیر سوراخ کے لعل (۲) دلکش اور تازہ سخن (۳) نیا راگ۔ نیا سرود۔ (۴) نئی تصنیف۔
لعلی (ف) ایک قسم کا سرخ رنگ جو مصوروں اور نقاشوں کے کام آتا ہے۔
لعن (ع) رحمت اور نیکی سے دور ہونا۔ لعنت کرنا۔ نفرین کرنا۔
لعن کردن (ف) لعنت کرنا۔
لعنت (ع) رحمت اور نیکی سے دوری۔ پھٹکار۔ دھتکار۔
لعنۃ اللہ علیہ (ع) کلمہ نفرین کہ اس پر خدا کی لعنت ہو۔
لعن فرستادن (ف) کسی پر لعنت بھیجنا۔
لعوق (ع) چاٹنے کی دوا۔ وہ دوا جو چاٹی جائے۔
لعین (ع) نیکی اور رحمت سے دور کیا گیا۔ مردود و ملعون۔ نفرین کیا گیا۔ لعنت کیا گیا۔ واحد اور جمع دونوں کیلئے آتا ہے۔
لعین شدن (ف) مردود و ملعون ہو جانا۔

## ل ۔ غ

لغ (ف) صاف جس پر بال نہ ہوں (۲) چٹیل میدان۔
لغ (ت) کلمہ ربط ہے۔ ہست۔
لغات (ع) لغت کی جمع (۱) الفاظ۔ زبانیں۔ بولیاں (۲) وہ الفاظ جن کے معنی مشہور نہ ہوں (۳) فرہنگ۔
لغام (ف) لگام۔ عنان۔
لغایت (ع) (۱) اخیر تک۔ انجام تک (۲) شامل۔ داخل۔ ملا ہوا۔
لغت (ع) (۱) کسی قوم کی زبان۔ بولی (۲) لفظ (۳) فرہنگ۔
لغت پیدا نکردن (ف) کسی چیز کی تعریف یا کسی کا شکریہ ادا کرنے کے لیے الفاظ کا نہ ملنا۔
لغز (ع) جنگلی چوہے کا سوراخ (۲) پہیلی۔ چیستان۔ پیچیدہ بات۔ کیونکہ جنگلی چوہے کا سوراخ بہت پیچیدہ ہوتا ہے۔
لغزان (ف) پھسلتا ہوا۔
لغزاندن (ف) پھسلا دینا۔ بہلانا۔ پھسلانا۔
لغز خواندن (ف) بدگوئی کرنا۔ چغلی کھانا۔ غیبت کرنا۔
لغزش (ف) (۱) پھسلنا (۲) مجازاً غلطی کرنا۔
لغزیدن (ف) پھسلنا۔
لغسر (ف) جس کے سر پر بال نہ ہوں۔
لغو (ع) (۱) بے ہودہ بکنا (۲) بے ہودہ بات (۳) کتے کا چلانا (۴) نکمی چیز (۵) گناہ (۶) وہ قسم جو دلی ارادہ سے نہ کھائی گئی ہو۔
لغو (ع) قوم کی زبان (۲) نوع سخن۔
لغو شدن (ف) منسوخ ہو جانا۔
لغو کردن (ف) منسوخ کر دینا۔
لغو گفتن (ف) بے ہودہ بات کرنا۔
لغو گو (ف) فضول باتیں کرنے والا۔
لغوب (ع) تکان۔ ماندگی۔ رنج۔
لغونہ (ف) گلگونہ۔ سجاوٹ۔ زیبائش۔
لغوہ (ف) کپکپی۔ رعشہ۔
لغوی (ع) منسوب بہ لغت۔ لغت کا مسئلہ۔ لغت کا علم۔
لغویات (ع) لغو کی جمع۔ بے ہودگیاں۔ بے ہودہ باتیں۔

## ل ۔ ف

لفت (ع) پیٹنا۔
لفاظ (ع) خوش بیان۔ خوش گو۔ شیریں کلام۔ بے معنی لفظوں میں خوش کرنے والا۔
لفاظی (ع) خوش بیانی۔ فصاحت (۲) بکواس۔ شیخی۔ ڈھینگ۔
لفاظی کردن (ف) خوش بیانی کرنا۔ بہت بولنا۔
لفاف / لفافہ (ع) (۱) اوپر کا خول (۲) مردے کا بیرونی کفن (۳) مجازاً کاغذ کا بنا ہوا جس کے اندر خط رکھتے ہیں۔
لفت (ع) چھوٹا عمامہ۔ رومال جو ٹوپی پر لپیٹتے ہیں۔
لفت (ع) شلجم۔ شلغم۔
لفترہ (ف) سفلہ۔ کمینہ۔
لفتہ و لترا (ف) رذیل و پست۔

Marfat.com

لنج } (ف) بغیر ہڈی کے گوشت (۲) ہونٹ (۳) موٹا ہونٹ - (۴)
لنجہ } بدکار عورت۔

لنجن (ف) (۱) موٹا ہونٹ (۲) موٹے ہونٹ والا - (۳) گوشت کا بغیر ہڈی کے ٹکڑا (۴) بدکار عورت۔

لنچہ (ف) بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔

لفظ (ع) منہ سے باہر ڈالنا - بات جو منہ سے نکلے - بات کہنا - بولنا - بات - بول - بات جو آدمی کے منہ سے نکلے۔

لفظ بہ لفظ (ع) حرف بہ حرف - صاف صاف - تفصیل وار۔

لفظِ قلم (ف) انشاء پردازی اور مضامین اور کتابیں لکھنے کی زبان جو بولنے میں نہیں آتی۔

لفظِ قلم صحبت کردن (ف) ادبی زبان میں باتیں کرنا - کتابی زبان گفتگو میں استعمال کرنا۔

لفظہ (ع) لفظ - ایک لفظ - اس کی جمع لفظات آتی ہے۔

لفظی (ع) منسوب بہ لفظ - باتوں کی - لفظوں کی - اصلی - لغوی۔

لفق (ع) دو کپڑوں کو ملا کر سینا۔

لف و نشر (ع) لف بمعنی لپیٹنا اور نشر بمعنی پھیلانا - علم بیان کی اصطلاح میں دو یا کئی چیزوں کا پہلے ذکر کرنا - پھر چند اور چیزیں بیان کرنا جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں - مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے۔

لفیف (ع) (۱) لپٹی ہوئی چیز - ہر پیچیدہ چیز (۲) دوست (۳) وہ کلمہ جس میں دو حروف علت ہوں۔

## ل - ق

لق (ف) لغ کا مترادف - جس پر بال نہ ہوں - صاف - چٹیل۔

لق (ف) پرندے کا گندا انڈا۔

لق (ع) زمین کا شگاف۔

لقاء (ع) (۱) دیکھنا (۲) ملنا (۳) پہنچنا (۴) لڑنا (۵) صورت - چہرہ۔

لقاء کردن (ف) ملاقات کرنا۔

لقاح (ع) حاملہ ہونا - گابھن ہونا۔

لقاح کردن (ف) حمل کرنا۔

لقاطہ (ع) بے قیمت چیز۔

لقاعت (ع) حاضر جواب آدمی۔

لقافت (ع) تیز فہم اور عقل مند ہونا۔

لقب (ع) وہ نام جس میں تعریف یا مذمت کے معنی نکلیں - وہ نام جو کسی بھلی یا بری صفت کے سبب مشہور ہو گیا ہو۔

لقح (ع) (۱) اونٹنی کا حاملہ ہونا (۲) کھجور کو پیوند لگانا۔

لقحہ (ع) بڑی دودھیل اونٹنی۔

لق شدن (ف) خالی ہو جانا۔

لقط (ع) کسی کی گری ہوئی چیز اٹھا لینا۔

لقطہ (ع) وہ چیز جو کسی کی گری ہوئی اٹھالی جائے۔

لقلقہ (ع) لقلق پرندے کا سخت آواز سے بولنا - ہر سخت اور کڑی آواز۔

لقم (ع) کھانے کو جلد کھا لینا۔

لقمان را حکمت آموختن (ف) سورج کو چراغ دکھانا۔

لقمہ (ع) نوالا - نوالہ۔

لقمۂ آہن چشیدن } (ف) (۱) زخم کھانا (۲) بیڑیاں پڑنا
لقمۂ آہن کشیدن }

لقمہ بر گلویش فرو نمے رود (ف) نہایت بخیل اور خسیس ہے

لقمہ بہ گلو فرو نرفتن - (ف) نہایت بخیل اور خست -

لقمہ بے دہنی (ف) جو لقمہ اپنے منہ اور دہان سے بڑا ہو

لقمہ چرب (ف) گنج بے رنج۔

لقمہ خلیفہ (ف) ایک قسم کا نہایت خوش ذائقہ اور نفیس حلوا۔

لقمہ را از پشت سر بدہان گذاشتن (ف) کسی کام کو الٹ راستے سے انجام دینا۔

لقمہ ز حوصلہ بیشتر برداشتن (ف) اپنی بساط اور ہمت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا۔

لقمہ شمار (ف) بن بلائے دعوت پر آپہنچنے والا

لقمہ صباح (ف) صبح کا ناشتہ۔

لقمہ گرفتن (ف) سیر آدمی کو کچھ نہ کچھ کھانے پر مجبور کرنا

لق و دق (ف) ہموار اور سخت زمین جس پر گھاس اور درخت کچھ نہ ہو۔

لقوماجس - لقوماشس - لقومہ (ی) یونان کے مشہور حکیم ارسطو کے باپ کا نام۔

لقوہ (ع) (۱) ایک بیماری کا نام جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے (۲) جلد گابھن ہونے والی اونٹنی۔

لقوہ } (ف) مادہ عقاب۔
لقوہ }

لقیط } (ع) وہ بچہ جو راستہ میں گرا ہوا اٹھا لیا گیا ہو۔
لقیطہ }

لقیہ (ع) ملاقات۔

## ل - ک

لک (ف) (۱) احمق - بے وقوف - نادان (۲) لاکھ سو ہزار (۳) بکواس - بے ہودہ کلام (۴) کپڑے کا داغ (۵) پھٹا پرانا کپڑا (۶) دیہاتیوں کا لباس (۷) صاف سر جس پر بال نہ ہوں۔

لک (ت) کردوں کی ایک قوم کا نام۔

Marfat.com

لُک (ع) تیرے لیے۔ تیرے واسطے۔
لُکت (ع) گدی پر دھول مارنا۔
لُک (ف) (۱) ہر بغیر تراشی ہوئی شے (۲) لاکھ جو ایک مشہور سرخ رنگ ہے (۳) تختہ (۴) اعضا کی برآمدگی۔
لُک اُفتادن (ف) (۱) غدار ہونا۔
لُک داشتن (ف) فاسد ہو جانا۔
لُک کردن (ف) خراب کرنا۔ میلا کچیلا کر دینا۔
لکا (ف) (۱) پاپوش۔ جوتا (۲) بے دباغت چمڑا جو مسافر پاؤں تلے باندھ کر چلتے ہیں (۳) گل سُرخ۔
لُکا (ف) (۱) ولایت (۲) زمین (۳) لاکھ (۴) دریچہ۔
لکات (ف) بے قدر و قیمت چیز۔
لکام (ف) (۱) بے ادب۔ بے شرم۔ بے حیا (۲) قوی آدمی (۳) شام کے ایک پہاڑ کا نام۔
لکامہ، لکانہ (ف) (۱) گوسفند کی انتڑیاں جن میں گوشت اور مصالحہ وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں (۲) آلۂ تناسل۔ قضیب۔
لکد (ف) لات۔
لکد زدن (ف) لات مارنا۔
لکد کوب۔ لکد کوبہ (ف) (۱) لات مارنا (۲) لات کی ضرب یا چوٹ۔ (۳) ضرب۔ چوٹ۔
لکلک (ف) (۱) ایک مشہور آبی پرندہ (۲) بے ہودہ باتیں۔
لکلکہ (ف) بے ہودہ کلام۔
لکن (ع) (۱) لگن۔ طشت۔ تغار (۲) سلفچی (۳) شمعدان (۴) انگیٹھی۔

لُکن (ع) گُند زبان۔ ہکلا۔

لُکن، لُکنت (ع) ہکلاپن۔ ہکلانا۔
لکنتی (ف) ناکارہ۔ خراب۔
لکنہ (ف) لنگ۔ پاؤں۔
لکوک (ع)۔ (ف) لک کی جمع۔ جو لاکھ کا معرب اور مفرس ہے۔
لک و پک (ف) اثاث البیت۔ گھر کا سامان۔
لکہ (ع) (۱) ٹکڑا (۲) داغ۔ دھبہ۔
لکہ دار (ف) بدنام۔ داغ دار۔
لکہ دار شدن (ف) بدنام ہونا۔
لکہ دار کردن (ف) بدنام و داغدار کرنا۔
لکہ رفتن (ف) آہستہ آہستہ دوڑنا۔
لکہ گیری (ف) دھبے مٹانا۔
لکہ گیری کردن (ف) دھبے مٹانا۔ صاف کرنا۔
لوکوموتو (ف) لوکوموٹو انجن۔
لکھن (ف) برت۔ ہندوؤں کا روزہ۔
لکی (ع) ناکہ۔

لکیدن (ف) اِدھر اُدھر بھاگنا۔
لکیس (ف) نمدہ۔

## ل - گ

لگ (ف) بکواس۔ ہذیان۔ بے ہودگی۔
لگاتہ (ف) چھنال۔
لگام (ف) لغام۔ لجام۔ عنان۔ گھوڑے کے منہ میں دے کر اسے قابو رکھنے والی چیز۔
لگام انداختن (ف) سرکشی سے روکنا۔ مطیع کرنا۔
لگام بر اسب کردن، لگام بر سر اسب کردن، لگام بر سر اسب کشیدن، لگام بر گردن اسب کردن، لگام بر گردن اسب نہادن (ف) لگام دینا۔ مطیع کرنا۔
لگام خائیدن (ف) نافرمانی کرنا۔ سرکشی کرنا۔
لگام دادن بچیزے (ف) اس کی طرف متوجہ ہونا۔
لگدِ روزگار خوردن (ف) زمانے کے نشیب و فراز دیکھ کر تجربہ حاصل کرنا۔
لگن (ف) (۱) سلفچی۔ ہاتھ دھونے کا طشت (۲) شمعدان (۳) انگیٹھی۔
لگنچہ (ف) طاس۔ چھوٹی سلفچی۔
لگنہ (ف) ران کی جڑ سے پاؤں کی انگلیوں تک۔

## ل - ل

لَلہ (ف) امرار کے بچوں کو آداب سکھانے والا۔
للہ زادہ (ف) امیروں کے بچوں کا نگہبان۔
لِلّٰہ (۱) خدا کے لیے۔ خدا کے واسطے (۲) خیر۔ خیرات۔
لِلّٰہِ الحمد (ع) خدا کے لیے بہت تعریف ہے۔ خدا کا شکر ہے۔ خدا کا سپاس۔
لِلّٰہِ الحمد والمنۃ (ع) خدا کا شکر اور احسان ہے۔

## ل - م

لَم (ع) حرفِ نفی۔ نہیں۔ نہ۔
لَم (ف) آسائش۔ بخشش۔ رحمت (۲) سمیٹنا۔
لَمّ (ع) کسی چیز کو جمع کرنا۔

Marfat.com

لِمَ } (ع)، کس لیے۔ کس واسطے۔ چرا۔ کیوں۔
لِمَا }

لَمّا (ع)، ابھی نہیں۔ ہرگاہ۔ جب۔

لَمّاز } (ع)، (۱) آنکھ سے اشارہ کرنے والا (۲) عیب جوئی کرنے والا۔
لَمّاز }

لُمبَر (ف)، (۱) موٹا۔ فربہ (۲) کاہل (۳) قوی۔

لَمح (ع)، بجلی کا چمکنا۔ بجلی کی چمک۔

لَمحَہ (ع)، (۱) بجلی کا چمکنا (۲) کسی چیز کو ایک مرتبہ تھوڑا سا دیکھ لینا (۳) مجازاً نہایت قلیل عرصہ۔ بہت کم زمانہ۔

لَمز (ع)، (۱) عیب لگانا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا۔

لَم زدن (ف)، (۱) کھینچ لینا (۲) فراغت سے سونا۔

لُمزہ (ع)، (۱) عیب لگانے والا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔

لَمس (ع)، (۱) مَس کرنا۔ چھونا (۲) جماع۔

لَمس کردن } چھونا۔ ملنا۔
لَمس نمودن } مَس کرنا۔

لُمس (ف)، ہر نرم اور سست چیز۔

لَمَع (ع)، چمکنا۔ روشن ہونا۔

لَمعات (ع)، لمعہ کی جمع۔ روشنیاں۔

لَمعان (ع)، (۱) روشن ہونا (۲) بجلی کا چمکنا۔

لَمعَہ (ع)، چمک۔ روشنی۔ تھوڑی روشنی۔

لُمعَہ (ع)، (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) جسم کا وہ حصہ جو وضو یا غسل میں خشک رہ جائے۔

لَمَم (ع)، (۱) گناہ صغیرہ سے آلودگی (۲) خفیف سا جنون۔

لِمَنِ المُلک زدن (ف)، لمن الملک کہنا۔ فخر کرنا۔

لُمُوع (ع)، لمعہ کی جمع۔ روشنیاں۔ چمکیں۔

لُمُوع (ع)، چمکنا۔ روشن ہونا۔

لِمَّہ (ع)، زلف۔ کانوں سے آگے بڑھے ہوئے بال۔ کنپٹی۔

لَم یَزَل (ع)، بے زوال۔ ہمیشہ۔ اللہ تعالےٰ۔

لَم یَزَلی (ع)، ہمیشہ رہنے والا۔

## ل۔ن

لَن (ع)، تاکید نفی کا کلمہ۔ ہرگز نہیں۔

لُنب (ف)، (۱) بزرگ (۲) سنگین (۳) وزنی۔

لُنبان (ف)، وہ عورت جو بدکاری سے توبہ کر کے خدا کی عبادت میں مشغول ہو گئی ہو۔

لُنبُر } (ف)، (۱) موٹا (۲) موٹا چوتڑ۔
لُنبہ }

لَنتَہ (ف)، لینٹرن کا معرّب۔ لالٹین۔ قندیل۔

لَن تَرانِی (ع)، تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا۔ یہ اللہ تعالےٰ نے اس وقت فرمایا تھا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رَبِّ اَرِنی یعنی اے خدا مجھے اپنا دیدار دکھا کہا تھا۔ مجازاً بمعنی خودستائی بڑائی۔ ڈینگ مارنا۔

لن ترانی گفتن (ف)، ڈینگ مارنا۔ گالی گلوچ دینا۔

لَنج (ف)، مٹک کر چلنا۔ ناز و نخرہ سے چلنا۔ مٹک کی چال۔

لُنج (ف)، (۱) لب۔ ہونٹ (۲) رخسارہ کے اندر کی طرف اندرون دہن (۳) لنجا۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ پاؤں حرکت نہ کر سکیں۔

لَنج (ف)، کھینچنا۔ باہر لے جانا۔

لُنج آویختہ (ف)، مایوس و نا امید۔ شکست خوردہ۔

لَنجیدن (ف)، مٹک مٹک کر چلنا۔

لَنجہ (ف)، مٹک کی چال۔ ناز کی چال۔

لُند (ف)، (۱) بڑبڑانا (۲) لاف و گزاف (۳) نارضامند۔

لُندرا } (ع)، لنڈن کا معرّب۔ شہر لنڈن۔
لُندرہ }

لُند لُند کردن (ف)، منہ ہی منہ میں بڑبڑانا۔

لندوک (ف)، لمبا اور لاغر۔

لندھور (ف)، موٹا تازہ۔ بلند قامت۔

لند و لندہ زدن (ف)، بڑبڑ کرنا۔

لَنگ (ف)، لنگڑا۔

لِنگ (ف)، ٹخنہ۔ پنڈلی۔ ران کی جڑ سے پاؤں کی انگلیوں تک۔

لَنگ (ف)، سفر کے درمیان میں کہیں قیام کرنا۔

لُنگ (ف)، تہمد۔ تہبند۔ لنگی۔ دھوتی۔

لنگاں لنگاں (ف)، لنگڑاتا لنگڑاتا۔

لنگاندن (ف)، لنگڑانا۔

لنگ انداختن (ف)، مطیع ہونا۔ بیچ بچاؤ کرنا۔

لنگ بَرّہ (ف)، ایک قسم کی آش۔

لنگ برہ بر سنگ زدن (ف)، بھاگنا۔

لِنگ خاکی (ف)، حریف کو زمین پر گرا کر پیٹھ پر لات مارنا۔

لنگ دراز (ف)، لمبے پاؤں والا۔

لنگ در ہوا (ف)، نامعلوم۔ مشکوک۔

لنگ ولکد انداختن (ف)، مطیع اور رام نہ ہونا۔ قبول نہ کرنا۔

لنگر (ف)، (۱) بہت وزنی لوہا جسے پانی میں گرا کر جہاز اور کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہیں (۲) وہ جگہ جہاں محتاجوں کو کھانا تقسیم ہوتا ہو (۳) وہ کھانا جو محتاجوں کو تقسیم کیا جائے۔

لنگر انداختن (ف)، لنگر ڈالنا۔ مقام کرنا۔ ٹھہرنا۔

لنگر انداز (ف)، ٹھہرا ہوا جہاز۔ ٹھہرنے والا۔ مقیم

لنگر افگندن (ف)، دیکھو لنگر انداختن۔

لنگر باختن (ف)، اپنا وقار کھو دینا۔

لنگری (ف)، (۱) منسوب بہ لنگر (۲) ایک قسم کا بہت بڑا طشت (۳) گداگر۔

لنگر سرکش (ف)، فن کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

Marfat.com

لَنگ کمر (ف)، فنِ کشتی کے ایک داؤ کا نام۔
لُنگوتہ (ف)، لنگوٹا۔ تہبند۔ یہ اصل فارسی لفظ ہے۔ مفرس نہیں ہے۔
لنگوتہ بَستن (ف)، گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ دُنیا سے کنارہ کش ہونا۔
لِنگہ (ف)، (۱) پٹ (۲)، کواڑ (۲)، فاحشہ عورت (۳)، بوری۔ گون۔ (۴)، گٹھڑی۔
لِنگۂ دَر را پیش کَردَن (ف)، کواڑ بند کرنا۔
لنگیدن (ف)، لنگڑانا۔ لنگ کرنا۔

# ل - و

لَو (ع)، حرف۔ شرط۔ اگر۔
لَو (ف)، (۱) ایک قسم کا حلوا (۲)، لب۔ ہونٹ (۳) ٹیلہ (۴)، چڑھائی۔ اُونچائی۔ بُلندی (۵) پت۔ صفرا۔
لَو (ف)، ماژندران کے ایک قصبہ کا نام۔
لِوا (ع)، علم۔ فوج کا نشان۔ جھنڈا۔
لوائح (ع)، لائحہ کی جمع۔ روشنیاں۔ تصوّف کی ایک کتاب کا نام۔
لوائم (ع)، لائمہ کی جمع۔ ملامت کرنے والی عورتیں۔
لَواث (ع)، (۱) ایک قسم کی روٹی جو بہت چوڑی نہ ہو (۲) رسّی جس کے ایک طرف چھوٹی سی لکڑی بندھی ہو۔
لَواحِظ (ع)، لاحظ کی جمع۔ آنکھ کے دنبالے۔
لَواحِق (ع)، لاحقہ کی جمع۔ متعلقات۔ متعلقین۔
لِواذ (ع)، باہم ایک دُوسرے سے پناہ لینا۔
لَوازِم (ع)، لازمہ کی جمع۔ ضروریات۔
لَوازِم التحریر (ع)، سٹیشنری۔ لکھنے کی چیزیں۔
لَوازِمات (ع)، لازمہ کی جمع الجمع۔ ضروریات۔
لَوازِمہ (ع)، لازمہ کی جمع۔ ضروریات۔
لَواشہ (ف)، باریک اور نرم چپاتی۔ لواس۔
لَواطَت (ع)، اغلام کرنا۔ لونڈے بازی۔
لَواعِج (ع)، لاعجہ کی جمع۔ سوزشیں۔
لَوّاف (ع)، گلیم باف۔ گودڑی بُننے والا۔
لوالوا (ف)، رذیل۔ کمینہ۔ چھچھورا۔
لَوّام (ع)، سخت ملامت کرنے والا۔
لَوامِع (ع)، لامعہ کی جمع۔ چمکیلی اور روشن چیزیں۔
لَوّامہ (ع)، سخت ملامت کرنے والا۔
لَواہِب (ع)، لاہبہ کی جمع۔ بھڑکنے والی آتش ہا۔
لُوب (ف)، پتھریلی زمین جہاں پانی نہ ہو۔
لُوبان (ع)، گوگل۔ ایک خوشبودار گوند۔
لُوبیا (ع)، رونگ۔ رونگی جو مشہور غلہ ہے۔
لوبیا چشم بلبلی (ف)، سفید لوبیا کی وہ قسم جس میں سیاہ داغ ہوتا ہے۔

لُوپ (ف)، رخسارہ۔
لُوت (ف)، ننگا برہنہ۔
لوت (ف)، قسم قسم کے لذیذ کھانے (۲) امرد۔ بے ریش لڑکا۔
لوت پوت (ف)، طرح طرح کے لذیذ کھانے۔
لوترا (ف)، دو آدمیوں کی مل کر بنائی ہوئی زبان یا بولی جسے تیسرا نہ سمجھ سکے۔
لوتکہ (ف)، (۱) ڈونگا۔ شکارا یعنی سواری کی چھوٹی کشتی۔
لوت و پوت (ف)، طرح طرح کے لذیذ کھانے۔
لَوث (ع)، آلودگی۔ لتھڑاؤ۔ آلائش (۲) آلودہ کرنا۔ لتھڑنا۔ (۳) پناہ لینا (۴) مجازاً عیب۔
لوث شُدَن (ف)، آلودہ ہونا۔
لوث کَردَن (ف)، آلودہ کرنا۔
لُوچ (ف)، (۱) بھینگا۔ احول (۲) ننگا۔
لَوح (ع)، (۱) تختی۔ تختہ۔ بورڈ (۲) شانہ (۳) ہر چوڑی چیز خواہ لکڑی کی ہو یا ہڈی کی یا پتھر کی (۴) پیاسا ہونا (۶) بجلی کا چمکنا۔
لَوحِ تُربت (ف)، وہ پتھر جس پر مدفون کا نام اور آیات یا اشعار وغیرہ لکھ کر قبر پر لگاتے ہیں۔
لَوحِ خاطر (ف)، صفحۂ دل۔
لَوحِ خاموشی (ف)، چپ رہنا۔ خاموشی۔
لَوحِ دو رنگ (ف)، دنیا۔ جہان۔
لَوحِ سادہ (ف)، کوری تختی۔
لَوحِ ساہ (ف)، بے وقوف۔ احمق۔
لَوحِ سنگ (ف)، پتھر کی تختی۔
لَوحِ سیمیں (ف)، چاندی کی تختی (۲)، معشوق کی پیشانی۔ معشوق کا پیٹ۔
لَوحَش اللہ (ع)، اصل میں لا اوحش اللہ ہے۔ یعنی اللہ اسے وحشت نہ دے۔ فارسی والے تعظیم و استعجاب کے موقعہ پر تحسین و وحشت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
لَوحِ طلسم (ع)، وہ تختی جس پر بانیانِ طلسم، طلسم کے کھولنے کا طریق لکھ کر طلسم کے درمیان رکھ دیتے یا دفن کر دیتے ہیں۔
لَوحِ محفوظ (ع)، وہ لوح جس پر اللہ تعالےٰ نے وہ ہر ایک امر جو واقع ہوگا۔ لکھ دیا ہوا ہے۔
لَوحِ مَرقد }
لَوحِ مزار } (ف)، دیکھو لوحِ تربت۔
لَوحِ مشق (ف)، وہ تختی جس پر مبتدی لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔
لَوحِ نا خواندہ (ف)، (۱) لوحِ محفوظ (۲)، علم لدنی (۳) غیر مروّج کتابیں۔
لَوحِ نادُرست کردہ (ف)، بغیر لکھی کوری تختی۔
لَوح نویس (ف)، نقاش۔ مصوّر۔ کتابوں کے سرورق بنانے والا۔

Marfat.com

لوح و قلم (ع) تختی اور خامہ - اللہ تعالیٰ کے احکام کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم قدرت -
لوخ (ف) (۱) ایک گھاس کا نام جو دریا کے کنارے ہوتی ہے اور جس سے بوریئے بنتے ہیں (۲) کبڑا آدمی -
لوخن (ف) چاند -
لودگی کردن (ف) شوخی کرنا -
لودی (ف) دیکھو لودگی -
لودہ (ف) لوکرہ -
لودہ (ف) شوخ اور خوش طبع -
لوذ (ع) (۱) طرف - جانب (۲) پناہ لینا -
لوذعی (ع) بڑا زیرک - بڑا زود فہم - بڑا دانا -
لور (ف) وہ زمین جس میں سیلاب سے گڑھے پڑ گئے ہوں (۲) دھنکی یا دھنیا کی کمان جس سے وہ روئی دھنکتا ہے (۳) مکھن - گھی - پنیر (۴) بے حیا -
لوری (ف) صحرا نشینوں کا ایک گروہ -
لورانگ / لوراور } (ف) گھی رکھنے کا برتن - خواہ مٹی وغیرہ کا ہو یا چمڑے کا -
لورد (ف) لارڈ کا مفرس - امیر الامرا - آقا - نواب رئیس -
لورک (ف) بے نمک پنیر -
لورکند / لورہ } (ف) وہ زمین جس میں سیلاب سے گڑھے پڑ گئے ہوں -
لوری (ف) (۱) گداگر (۲) بازی گر (۳) ظریف (۴) گویا - لوری اصل میں صحرا نشین قوم ہے اس قوم کے بعض لوگ تو لٹیرے اور ڈاکو ہیں اور بعض بازی گروں اور نٹوں کا تماشا کرتے پھرتے ہیں اور بعض گلی کوچوں میں گا کر روزی کماتے ہیں -
لوری (ف) کوڑھ - جذام -
لوز (ع) بادام -
لوزہ (ع) ایک بادام -
لوزی (ع) بادام کی شکل کا - بادام کا -
لوزیات (ف) بادام کا حلوا -
لوزینج (ع) لوزینہ کا معرب -
لوزینہ (ف) وہ حلوا جس میں بادام، پستہ اور گری وغیرہ پڑا ہو -
لوزینہ بگاؤ دادن (ف) بے محل کام کرنا - بے ٹھکانے چیز رکھنا -
لوس (ف) خوشامد - چاپلوسی - تملق - چرب زبانی (۲) کانوں میں ملانے کا کھوٹ (۳) دلدل - کیچڑ -
لوسانہ (ف) چاپلوسی - تملق - فروتنی -
لوس گیری کردن (ف) بدمزگی کرنا - بدادائی کرنا -
لوسی (ف) خون کا سرطان - ایک خطرناک مرض کا نام -
لوسیدن (ف) چاپلوسی کرنا - عاجزی کرنا -
لوش (ف) (۱) بے ہوش (۲) بے خبر (۳) کوڑھی - جذامی (۴) ٹیڑھے منہ والا (۵) حوض یا کنوئیں کے نیچے کی سیاہ کیچڑ -

لوشا (ف) روم کے ایک مشہور و معروف مصور کا نام - اس کی کتاب کا نام تنگلوشا ہے -
لوطی (ع) (۱) بندر یا ریچھ والا - مداری - قربل - کمینہ - قلندر - مسخرہ - بھانڈ (۲) بیباک - آزاد جسے ہندوستان میں بانکا کہتے ہیں (۳) لونڈے باز -
لوطی بازی درآوردن (ف) بے ہودگی اور بے شرمی کرنا -
لوطی لوطی (ف) پکا بدمعاش -
لوطی خور شدن (ف) لٹ پٹ جانا -
لوطی خور کردن (ف) نقصان پہنچانا - مٹانا -
لوطی گری (ف) مسخرہ پن -
لوع (ع) عشق کا کسی کو بیمار کر دینا -
لوعات (ع) لوعت کی جمع -
لوعت (ع) دل کی سوزش جو عشق و محبت کے باعث ہو -
لوغ (ف) (۱) دوہنا (۲) پینا -
لوغیدن (ف) (۱) دودھ دوہنا (۲) پینا (۳) گرانا (۴) بہانا -
لو فرض (ع) اگر فرض کیا جائے -
لوک (ف) کم بالوں والا باربرداری کا اونٹ (۲) ضعف و ناتوانی کے باعث بچوں کی طرح گھٹنوں کے بل چلنے والا آدمی (۳) زبون - عاجز (۴) عشق پیچہ -
لوکس (فرانسیسی) شکوہ - شان و شوکت -
لوکاندہ (ت) ہوٹل -
لوکشور (ف) اہل تناسخ کی اصطلاح میں ایسا وجود جو کبھی فنا نہیں ہوتا -
لوک لوک (ف) کتے کی آواز -
لوکہ (ف) (۱) ستو (۲) آٹا (۳) رونے کی آواز (۴) دھنکی ہوئی روئی - بغیر بنولوں کے روئی (۵) بلی کتے کی آواز -
لوکیدن (ف) گھسٹ کر چلنا - بچوں کی طرح زانو کے بل چلنا -
لول (ف) (۱) بے شرم - بے حیا (۲) بے دھنی روئی -
لول خوردن (ف) ہل جانا -
لولا (ع) اگر نہ ہوتا -
لولاک (ع) اس حدیث قدسی کی طرف اشارہ ہے "لولاک لما خلقت الافلاک" یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! اگر تو نہ ہوتا - تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا - حدیث قدسی اسے کہتے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خواب میں وحی ہوتی تھی -
لولانگ / لولادر } (ف) گھی کے رکھنے کا برتن -
لولب (ع) (۱) چکردار زینہ (۲) کمانی (۳) ٹونٹی -
لولو (ع) موتی - مروارید -
لولو سر خوردن (ف) وہ انسانی شکل جو کپڑوں وغیرہ سے کھیتوں میں بنا دیتے ہیں تاکہ جانور اس سے ڈر کر فصل یا کھیتی کا نقصان نہ کریں -
لولوفشم (ف) ایک پھول کا نام -
لولوہ (ع) ایک موتی -

Marfat.com

لولی (ف) جوہری۔
لُولہ (ف) ٹونٹی۔ لوٹے کی ٹونٹی۔
لُولہ پیچ (ف) وہ کپڑا جو ٹونٹی کی طرح لپٹا ہوا ہو جیسے اطلس وغیرہ۔
لولۂ تفنگ (ف) بندوق کی نال۔
لولۂ توپ (ف) توپ کی کوٹھی۔
لولۂ دماغ (ف) ناک کی کوٹھی۔
لولہ ساز (ف) ٹونٹی بنانے والا۔
لولہ کشی (ف) نالی لگانا۔
لولۂ کم الاستیک (ف) پانی کھینچنے کی ربڑ کی نلکی۔
لُولی (ف) منسوب بہ لول بمعنی بے حیا۔ فاحشہ عورت۔ قحبہ۔ بازاری۔ کسبی۔
لولیدن (ف) ناز و ادا کرنا۔ نخرے کرنا۔
لولین ساز (ف) کوزہ گر۔
لُولین (ف) بدھنا۔ لوٹا۔
لولی وش (ف) قحبہ عورت کی طرح۔
لوم (ع) ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا۔
لومیر (فرانسیسی) روشنائی۔ نور۔ فروغ۔ تابش۔
لون (ع) رنگ۔
لوند (ف) (۱) کاہل عیش پسند (۲) رند۔ بدمعاش (۳) فاحشہ عورت قحبہ (۴) بدکار لڑکا (۵) ناخداترس (۶) اوروں کا مال کھانے والا۔ کوتوال (۷) پیشکار (۸) نیک خبر۔
لونشان (ف) فوج کی قواعد کی جگہ۔ پریڈ۔
لوہاور، لوہر، لوہوار، لوہور، لوہوار } (ف) لاہور جو پنجاب کا پایہ تخت اور پاکستان کا مشہور شہر ہے۔
لویہ (ف) بڑا پتیلہ۔ چوڑے منہ کی دیگ۔
لوبزہ (ع) وہ لڑکی جو حضرت حوا کے ہاں ہابیل کے ساتھ پیدا ہوئی تھی۔
لولیشہ (ف) حلقہ۔ وہ رسی جس سے نعل بندی کے وقت گھوڑے کو بےبس کیا جاتا ہے۔
لوی ئیل (ف) ترکی سال کا پانچواں مہینہ۔

# ل - ہ

لَہ (ف) شراب انگور۔
لُہ (ف) عقاب۔
لَہ (ت) باکا ترجمہ۔ ساتھ۔
لِہ (ف) ترکستان کے ایک شہر کا نام۔ قداخ کا دوسرا نام جو علاقہ کشمیر میں ہے۔
لَہاب (ع) (۱) شعلہ۔ آگ کا شعلہ۔ آگ کی لپیٹ (۲) آگ کا بھڑکنا۔ شعلہ زن ہونا (۳) تشنگی۔ پیاس۔
لَہات (ع) کوّا یعنی وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں لٹکا ہوتا ہے۔
لہاشم (ف) بدشکل۔ بدنما۔
لہانور (ف) لاہور جو پنجاب کا پایہ تخت ہے۔
لَہَب (ع) (۱) آگ کی لپیٹ۔ آگ کا شعلہ (۲) پیاسا ہونا (۳) اوپر چڑھتا ہوا غبار۔
لَہث (ع) کتے کا سخت پیاس کے باعث زبان باہر نکالنا۔
لَہث (ع) پیاسا ہونا۔
لہثان (ع) پیاسا مرد۔
لہثیٰ (ع) پیاسی عورت۔
لہجہ (ع) زبان۔ لغت۔ محاورہ۔ خوش آواز۔
لُہجہ (ع) نہاری۔ ناشتہ۔
لہجۂ کسے در آوردن (ف) کسی کے بات کرنے کی نقل اتارنا۔
لہٰذا (ع) اس لیے۔ اسی واسطے۔
لہر (ف) (۱) شراب خانہ (۲) چکلہ۔ قحبہ خانہ۔
لہز (ف) (۱) ملنا (۲) ملانا (۳) سینہ پر مکا یا نیزہ مارنا۔
لہ شدن (ف) ضرب کھا کر گوشت کا نرم ہو جانا۔
لہف (ع) افسوس کرنا۔ رنجیدہ ہونا۔
لہف (ع) افسوس کرنے والا۔
لہفان (ع) افسوس کرنے والا۔
لُہفت (ف) لُعبت۔ گڑیا۔ بت۔
لہ کردن (ف) روندنا۔ ٹکڑے کرنا۔
لہ کسے بودن (ف) کسی کے حق میں ہونا۔
لہ لہ (ف) حیوانات کے سانس لینے کی آواز۔ پیاسا ہونا۔
لہ لہ شدن (ف) پیاس کی شدت کی وجہ سے ہانپنا۔
لہن گر (ف) کسیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔
لہن گری (ف) تانبے وغیرہ کے برتنوں کا بنانا۔
لہنہ (ف) (۱) نادان۔ احمق (۲) پتھر۔
لہنہ (ف) (۱) صبح کو جو تھوڑا سا کھانا کھاتے ہیں۔ ناشتہ۔ نہاری (۲) وہ تھوڑی سی کھانے کی چیز جو کھانے تیار ہونے کے انتظار کو ہلکا کرنے کے لیے مہمان کے آگے رکھ دیتے ہیں تاکہ شغل میں لگا رہے۔
لہنہ جانگزا (ف) سمندر میں ایک عجیب پتھر ہے جس کی نسبت بعض کا خیال ہے کہ اگر انسان اسے دیکھ لے تو ہنستے ہنستے مر جائے۔
لہو (ع) (۱) کھیلنا (۲) کھیل کود (۳) جماع (۴) نیکی سے باز رکھنے والا کام۔
لہو الحدیث (ع) عشقیہ قصے۔ گانے اور سرود وغیرہ کی حکایتیں۔
لہو و لعب (ع) کھیل کود۔ دیکھو لہو۔
لہوہ (ع) چکی کا گالہ۔

Marfat.com

لہی (ف) اجازت - رخصت -
لہیب (ع) شعلہ مارنے والی آگ - آگ کا بھڑکنا - آگ کی گرمی -
لہیدن (ف) ضائع ہونا - خراب ہونا -
لہیدہ (ف) ضائع شدہ -
لہیم (ع) مجروح - حادثہ - بدبختی -
لہیف (ع) افسوس کرنے والا - غمگین - رنجیدہ -

# ل - ی

لِی (ع) میرے لیے - میرے واسطے -
لَیّ (ع) رسی بٹنا -
لیاذ (ع) پناہ لینا - پناہ مانگنا -
لیاط (ع) چونا -
لیاقت (ع) استعداد - حوصلہ -
لیاقت پیدا کردن (ف) استعداد پیدا کرنا -
لیاقت داشتن (ف) شائستہ ہونا - استعداد ہونا -
لیال / لیالی } (ع) لیل کی جمع - راتیں -
لِیام (ع) لئیم کی جمع - کنجوس -
لیامت (ع) ملامت کرنا -
لیان / لیان لیان } (ف) روشن - درخشاں - چمکیلا -
لیتک (ف) (۱) مفلس - قلاش - بے سر و پا (۲) لوٹنا - بداصل - (۳) پریشان (۵) بے خبر (۶) لونڈی - غلام -
لیت ولعل (ع) ٹال مٹول - کسی کام میں ڈھیل کرنا اور امروز و فردا کر کے ٹالنا -
لَیث (ع) شیر درندہ -
لِیث (ع) شیرنی -
لیثات (ع) لیث کی جمع - شیرنیاں -
لیثرغس (ی) بلغمی سرسام جو مشہور بیماری ہے -
لیچار / لیچال } (ف) مربا - ایک خاص قسم کا مربا -
لیچار گفتن (ف) پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا -
لیدر (فرانسیسی) پیشوا - جماعت کا سربراہ -
لیرت (ف) خود آہنی - مغفر -
لیرہ (ت) ترکی پونڈ -
لیرہ کاغذی (ف) کرنسی نوٹ -
لیز (ف) پھسلن - دلال -
لیزابہ (ف) لعاب دار مائع -
لیزاندن (ف) پھسلانا -
لیز دادن (ف) پھسلانا - گرا دینا - دھکا دینا -

لیزم (ف) لبادہ - نرم کمان جس پر تیراندازی کی مشق کرتے ہیں -
لیزیدن (ف) (۱) پھسلنا (۲) ملانا -
لیس (ع) نہیں -
لیسانس (فرانسیسی) پروانہ - اجازت نامہ -
لیست (فرانسیسی) لسٹ - فہرست -
لیسہ (ف) لونٹی -
لیسہ زدن (ف) صیقل کرنا - چمکانا -
لیسہ کردن (ف) چمکانا -
لیسیدن (ف) (۱) چاٹنا (۲) چبانا -
لیغ (ف) بددل آدمی -
لیف (ع) (۱) کھجور کی چھال (۲) جولاہے کا کچ -
لیفہ دان (ف) (۱) خوشنویسوں کی دوات (۲) سیپ (۳) شنجرف کی دوات -
لیق / لیق / لیقہ } (ع) صوف جو دوات میں ڈالتے ہیں -
لیک (ف) لیکن کا مخفف - مگر - پر -
لیکن (ف) مگر - پر -
لیل (ع) لیل - رات -
لیلاء (ع) دیکھو لیلیٰ -
لیلاج (ف) بڑا قمار باز -
لیلۃ (ع) رات -
لیلۃ البدر (ع) چاند کی چودھویں رات -
لیلۃ القدر (ع) ماہ رمضان کی ایک رات جس کی عبادت ہزار رات کے برابر خیال کی جاتی ہے - اس کی تحقیق میں اختلاف ہے مگر عام طور پر ستائیسویں رات مانی جاتی ہے -
لیلج (ف) نیل جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں -
لیل لائل (ع) نہایت اندھیری رات - شب تاریک -
لیلنج / لیلنگ } (ف) نیل جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں -
لیلو (ف) حوض - تالاب - گڑھا -
لیلوپر / لیلوپل / لیلوفر } (ف) نیلوفر - کنول -
لیل و نہار (ع) شب و روز - رات دن -
لیلی (ع) بورڈ - وہ طالب علم جو بورڈنگ میں رہتا ہو -
لیلیٰ / لیلی } (ع) عرب کی مشہور انام معشوقہ کا نام - جو قیس یعنی مجنون کی محبوبہ تھی اور جس کے نام کو قیس کے عشق سے شہرت دوام حاصل ہوئی -
لیمو / لیموں } (ف) نیمبو جو مشہور پھل ہے -

Marfat.com

لیموناد (ف) لیمونیڈ کا مفرس۔
لیموناذہ (ع) لیمونیڈ کا معرّب۔
لیمولُ (ف) زرد رنگ کا۔
لِین (ع) نرم۔
لیِن (ع) نرم۔
لینت (ع) (۱) نرمی (۲) ضعف۔ کمزوری۔
لینت دادن (ف) ڈھیل دینا۔ یا ڈھیلا کرنا۔
لینتِ مزاج (ف) معدے کا کمزور ہونا۔
لِینَہ (ع) (۱) خرما کے درخت کا تنا (۲) نرمی
لیوان (ف) بڑا گلاس۔
لَیُوس (ع) بے غیرت۔ بے شرم
لیون (ف) لوٹن کا مفرس۔ سڑک۔
لئیم (ع) ناکس۔ کنجوس۔ بخیل۔ وہ کنجوس جو نہ آپ کھائے۔ اور نہ دوسرے کو دے۔ بخلاف بخیل کے جو خود تو کھاتا ہے مگر دُوسرے کو نہیں دیتا۔

Marfat.com

# م

م ۔ فارسی حروفِ تہجی کا اٹھائیسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف بحساب جمل اس کے چالیس عدد مقرر ہیں۔

## م ۔ ا

م (ف) کسی فعل امر سے پہلے آنے سے نہی کا فائدہ دیتا ہے ۔ جیسے
مکن یعنی نہ کر ۔ مت کر ۔ عربی میں مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
ما (ع) جو کچھ ۔ آنچہ ۔ جو کہ ۔ کیا چیز ہے ۔ نہیں ۔
ما (ف) ہم ۔
ماء (ع) پانی ۔
ما ازاں خانہ برخاستہ ایم (ف) ہم وہ نگری چھوڑ چکے ۔
ماءُ الجُبن (ع) دُودھ کا پانی جو اسے پھاڑ کر نکالا جاتا ہے ۔
ماءُ الحَیٰوۃ (ع) (۱) زندگی کا پانی ۔ آبِ حیات ۔ وہ چشمہ جس کی
نسبت خیال کیا جاتا ہے ۔ کہ اگر کوئی اس کا پانی پی لے ۔ تو
مرتا نہیں (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں اس دوا کو کہتے ہیں
جس میں کشتہ شدہ چیز ڈالنے سے پھر زندہ ہو جاتی ہے
اور یہ مرکب شہد ۔ گھی اور سوہاگہ سے بنتا
ہے ۔
ماءُ الشعیر (ع) وہ مائع جو پانی میں جَو کے جوش دینے سے حاصل ہو۔
ماءُ اللحم (ع) گوشت کا پانی کشید کیا ہوا ۔ گوشت کا عرق ۔
ماءُ الورد (ع) گلاب کا عرق ۔
مائت (ع) قریب المرگ شخص ۔
مآب (ع) صدائے بازگشت ۔ لوٹنے کی جگہ ۔ مرجع ٹھکانا ۔
قرارگاہ ۔ جائے آرام ۔
مابعد (ع) پچھلا ۔ پیچھے کا ۔ پیچھے آنے والا ۔
مابعدُ الذکر (ع) وہ جس کا بیان یا ذکر بعد میں آئے گا ۔ آگے بیان ہونے والا ۔

مابقا
مابقے } (ع) باقی رہا ہوا ۔ بقیہ ۔ بچا ہوا ۔
مابون (ع) مخنث ۔ جسے اغلام کرانے کی عادت ہو ۔
مابہ الاحتیاج (ع) ضرورت کی چیز ۔ وہ چیزیں جن کی ضرورت ہو ۔
مابہ الامتیاز (ع) وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے ۔ نشانِ امتیاز ۔
باعثِ امتیاز ۔ پہچان ۔
مابہ النزاع (ع) جھگڑے کی بنا ۔ فساد کا باعث ۔
مابین (ع) درمیان ۔
مات (ف) شطرنج کے شاہ کا قید ہو جانا ۔
مات (ع) مرگیا ۔ مارگیا ۔
مات (ع) سو ۔ صد ۔ ۱۰۰ ۔
مات شدن (ف) باطل ہونا ۔ افسردہ ہونا ۔ ہار جانا ۔ مبہوت ہونا ۔
مآت (ع) مات کی جمع ۔ کئی سو ۔ سینکڑوں ۔
ماتح (ع) کنویں سے پانی نکالنے والا ۔
ماتحت (ع) زیرِ فرمان ۔ نائب ۔ نچلے درجہ کا ۔ مددگار ۔ ہاتھ
بٹانے والا ۔
ماترک (ع) متوفی کا چھوڑا ہوا مال ۔
ماتقدم (ع) پہلا ۔ پہلے گزرا ہوا ۔ وہ چیز جو پہلے گزر چکی ہو ۔
پہلے کا ۔ مذکورہ بالا ۔
ماتم (ع) رونا پیٹنا ۔ سوگ ۔ مردے پر نوحہ کرنا ۔ عورتوں کا مجمع
خواہ خوشی کے لیے ہو یا غمی کے لیے ۔
ماتم برپا کردن (ف) ماتم کرنا ۔
ماتم خانہ (ف) سوگ کا گھر ۔
ماتم داشتن (ف) سوگواری و عزاداری ۔

Marfat.com

ماتم دیدہ / ماتم زدہ } (ف) ماتمی ۔ سوگوار۔
ماتم سرا / ماتم کدہ } (ف) ماتم کا گھر ۔ جس میں ماتم ہو گیا ہو۔
ماتم کشدہ (ف) سوگوار۔
ماتم کناں (ف) ماتم کرتے ہوئے۔
ماتن (ع) کتاب کا متن لکھنے والا۔
ماۃ (ع) سو ۔ صد ۔ ۱۰۰۔
ماتین (ع) ماۃ کا تثنیہ ۔ دو سو ۔ دو صد ۔ ۲۰۰۔
ماتیک (ف) لپ سٹک ۔ عورتوں کی ہونٹوں کو لگانے والی سرخی۔
مآثر (ع) مآثرہ کی جمع ۔ نیک کام ۔ عمدہ نشانیاں ۔ عمدہ یادگاریں جو انسان مرنے کے بعد چھوڑ جائے۔
مآثرہ (ع) نیک کام ۔ عمدہ نشانی ۔ عمدہ یادگار۔
ماثم (ع) گناہ۔
مآثم ۔ ماثم کی جمع ۔ گناہ۔
ماثور (ع) نقل کیا گیا ۔ نقل شدہ ۔ منقول (۲) جزا دیا ہوا ۔ اثر پذیر شدہ۔
ماثورہ (ع) نقلی بات ۔ منقولہ (۲) ادعیہ ماثورہ ۔ ان دعاؤں کو کہتے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔
ماثوم (ع) گنہگار۔
ماج (ف) (۱) ماہ ۔ چاند (۲) راوی ۔ روایت کرنے والا (۳) رودکی کے راوی کا نام۔
ماجد (ع) بزرگ مرد ۔ صاحب بزرگی ۔ صاحب شرف۔
ماجرا (ع) جو کچھ گزر چکا ہو ۔ وہ چیز جو گزر گئی ہو ۔ گزرے ہوئے زمانہ کا حال ۔ واردات ۔ سرگزشت۔
ماجرا (ف) قضیہ و جنجال۔
ماجرا جو (ف) حادثہ جو ۔ مہم جو ۔ آشوب طلب۔
ماجرا کردن (ف) سرگزشت بیان کرنا۔
ماجن (ع) بے باک ۔ مسخرہ۔
ماجو (ف) دیکھو مازو۔
ماجوج (ع) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث کی اولاد ۔ تاتاری لوگ۔
ماجور (ع) اجر دیا گیا ۔ بدلہ دیا گیا ۔ نیک بدلہ دیا گیا ۔ ثواب دیا گیا۔
ماجور (ع) میجر کا معرب ۔ ایک حصہ فوج کا سردار۔
ماچ (ف) بوسہ ۔ چوما۔
ماچ کردن (ف) بوسہ لینا۔
ماچ و موچ (ف) بوسہ لینا ۔ چومنا۔
ماچہ (ف) مادہ ۔ نر کی ضد ۔ نہ جننے والی مادہ ۔ بانجھ ۔ خچر کے لیے بھی آتا ہے۔
ماچیدن (ف) بوسہ لینا ۔ چومنا۔

ماچین (ف) جمی ہوئی چیز۔
ماچین (ف) ہندوستان کے مشرق اور چین کے جنوب میں ایک ملک ہے۔
ماح (ع) مرغی کے انڈے کی سفیدی۔
ماحصل (ع) (۱) محصول (۲) حاصل شدہ (۳) حاصل مطلب ۔ خلاصہ (۴) نتیجہ (۵) پھل۔
ماحصل کلام (ف) خلاصہ کلام۔
ماحضر (ع) وہ شے جو وقت پر موجود ہو ۔ وہ چیز جو سر دست حاضر ہو ۔ فارسی میں اس کھانے کو کہتے ہیں جو سر دست گھر میں موجود ہو۔
ماحضرے (ف) ماحضر۔
ماحل (ع) قحط زدہ شہر یا زمین۔
ماحی (ع) محو کرنے والا ۔ مٹانے والا۔
ماخ (ف) (۱) کھوٹا سونا یا چاندی (۲) خسیس یا منافق آدمی۔
ماخچی (ف) عجمی نسل کا وہ گھوڑا جو ایک طرف سے ترکی اور دوسری طرف سے عربی ہو۔
ماخذ (ع) مصدر ۔ لینے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔
ماخرہ (ع) اسٹیمر ۔ جہاز ۔ کشتی۔
ماخود شکستہ ایم چہ باشد شکست ما (ف) مرے کو مارے شاہ مدار۔
ماخوذ (ع) پکڑا گیا ۔ پکڑا ہوا ۔ لیا گیا ۔ لیا ہوا ۔ گرفتار کیا ہوا۔
ماخوذ ساختن (ف) گرفتار کرنا ۔ پکڑ لینا۔
ماخور (ع) لشکرگاہ ۔ فوجی کیمپ۔
ماخول / ماخولیا } (ف) (۱) مالیخولیا کا مخفف جو ایک سوداوی دماغی بیماری ہے (۲) مجازاً وہ شخص جسے مالیخولیا کا مرض ہو۔
ماخولیا داشتن / ماخولیا گرفتن } مالیخولیا کے مرض میں مبتلا ہونا۔
ماد (ف) مادر کا مخفف ۔ ماں ۔ ام۔
ماد (ع) ٹہنی کا نرم و نازک ہونا (۲) ٹہنی کا ہلنا۔
مادام (ع) تا وقتیکہ ۔ جب تک ۔ اس وقت تک ۔ ہمیشہ۔
مادبہ (ع) (۱) مہمانی ۔ ضیافت ۔ طعام (۲) ولیمہ (۳) خوانچہ۔
مادح (ع) مدح کرنے والا ۔ تعریف کرنے والا۔
مادح (ع) ارجمند ۔ بزرگ۔
مادر (ف) والدہ ۔ ماں ۔ ام۔
مادرانہ (ف) ماں کی مانند نیز شفقت۔
مادر آب و آتش (ف) زور سے رونے والا ۔ سوز سے روتا ہوا ۔ گریہ کرنے والا۔
مادر اندر (ف) سوتیلی ماں۔
مادر باغ (ف) باغ ۔ زمین۔
مادر بختق (ف) ایک بے معنی لفظ جو مادر بخطا کے مقابلہ میں آتا ہے۔
مادر بخطا (ف) ایک گالی ہے جس کا مطلب ہے ۔ تیری ماں نے

Marfat.com

تجھے جننے میں خطا کی ہے یعنی تو حرامی ہے تیری ماں حرام کار تھی۔
مادر بزرگ (ف) دادی۔ نانی۔
مادر خوانده (ف) منہ بولی ماں۔
مادر وزد گاہی خنداں وگاہی گیریاں (ف) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔
مادر زن (ف) ساس۔
مادر شوہر (ف) ساس۔
مادرزاد (ف) وہ خوبی اور عیب جو پیدا ہونے کے وقت سے ہو۔ پیدائشی۔
مادر کوہ (ف) گونج۔ آواز بازگشت۔
مادرِ مادر (ف) نانی۔
مادره (ف) ایک ولایت کا نام۔
مادری (ف) ماں کا۔ وہ چیز جو ماں کی طرف منسوب ہو۔ ماں کی زبان۔ ملکی زبان۔
مادری کردن (ف) شفقت کرنا۔ مہربانی کرنا۔
مادگی (ف) (۱) گھنڈی (۲) مادری (۳) منسوب بہ مادہ۔
مادندر (ف) سوتیلی ماں۔
ماده (ف) نر کی ضد۔ مونث۔ مادین۔ یہ لفظ غیر انسان کے لیے آتا ہے۔ عورت کو مادہ کہنا بجا نہیں۔
مادّہ (ع) (۱) ہر چیز کی اصل، عنصر۔ ہیولا۔ میٹر۔ ہر چیز کے بنانے کا سامان۔ وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے (۲) مجازاً استعداد ملکہ (۳) باب۔ مقدمہ۔ بارہ جیسے مادہ فلاں یعنی درباب یا درباره فلاں (۴) پھوڑے کا مادہ جو پک گیا ہو۔ اور چیر کر باہر نکال دیا گیا ہو۔
ماده بعضو ضعیف (ف) نزلہ بر عضو ضعیف۔
ماده سگ (ف) کتیا۔
ماده شیر (ف) شیرنی۔
ماده کردن زخم (ف) زخم میں پیپ بھر آنا۔
ماده مستعد بودن (ف) اسباب کار کا فراہم ہونا۔
مادّی (ع) منسوب بہ مادّہ۔ وہ شے جو مادہ سے بنی ہو۔ وہ شے جو محسوس ہو سکے اور وزن بھی رکھتی ہو۔
مادیان (ف) گھوڑی۔ یہ لفظ واحد ہے۔ جمع نہیں۔
مادیون (ع) مادہ پرست لوگ۔
مادیّت (ع) جسمانیت۔
مادین (ف) مؤنث مادہ۔
ماذون (ع) اذن دیا گیا۔ حکم دیا گیا۔
ماذِیّ (ع) شہد۔ عسل۔
مار (ف) سانپ۔
مار (ف) (۱) مادر کا مخفف (۲) گرجستان کے حاکم۔
مارا (ف) ہمیں۔ ہم کو۔ ہمارے لیے۔
ماراب (ف) گنج بے رنج۔
مار اژدر (ف) اژدہا۔
مار اسفند (ف) ہر شمسی مہینہ کی انیسویں تاریخ۔
مار افسا (ف) سانپوں کا منتر جاننے والا (۲) فسوں گر۔
مارا ہم ازین نمد کلاہے (ف) جو کچھ تمہیں ملا ہے ہمارا بھی اس میں سے حصہ نکال لیے۔
مار آستین (ف) آستین کا سانپ۔
مار آموز (ف) سپیرا۔ سانپ کو سدھانے والا۔
مآرب (ع) مقصد۔ مطلب۔ حاجت۔
مآرب (ع) مأرب کی جمع۔ مقاصد۔ حاجتیں۔
مار بدست دیگر گرفتن (ف) کسی کو مشکل یا خطرناک کام کرنے کا حکم دینا۔
مار بدست گرفتن (ف) مشکل یا خطرناک کام کرنا۔ سختی اٹھانا۔ رنج اٹھانا۔
مار براه (ف) (۱) دایہ (۲) مادر خوانده۔ منہ بولی ماں۔
مار ابستن (ف) سانپ کو سدھانا۔
مار پلاس (ف) گوہ کی ایک قسم۔
مار پیچ (ف) (۱) پُرخم (۲) پرچم۔ جھنڈے کا پھریرا (۳) پیچیدہ۔ سانپوں کی مانند بنی ہوئی چیز۔
مار پیچیده (ف) زنجیر۔
مار پیکر درفش (ف) (۱) رات (۲) آسمان (۳) سانپ کی شکل کا جھنڈا۔
مارج (ع) (۱) آگ کا شعلہ (۲) بغیر دھوئیں کے آگ۔ جنوں کا باوا۔ جیسے انسانوں کے حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔
مار چوبہ (ف) (۱) ایک دوا جو سانپ بچھو کے زہر کو نافع ہے۔
مار خوار (ف) ایک قسم کا پہاڑی بکرا جو سانپ کھا جاتا ہے۔
مار خوازه (ف) (۱) گوزن یعنی پہاڑی بیل (۲) پہاڑی گوسفند
مار خوردن (ف) سختی اٹھانا۔ غم کھانا۔
مارِد (ع) سرکش۔ متمرد۔
مار در پیراہن (ف) قریبی دشمن۔ پاس کا دشمن۔
مار دم کنده (ف) زک کھایا ہوا دشمن۔
مار دوزبان (ف) منافق آدمی۔
مارستان } مارستان } (ف) شفا خانہ۔ ہسپتال۔ دارالشفا۔
مارش (ف) اصفہان کے قریب ایک بت خانہ کا نام جسے گشتاسپ نے آتشکدہ بنا لیا تھا۔
مار ضحاک } مار ضحاکی } (ف) زنجیر۔ بیڑی (۲) وہ سانپ جو ضحاک کے کندھوں پر تھے۔
مارفش (ف) ضحاک۔
مارِق (ع) گمراہ۔ مرتد۔ دین سے پھرنے والا۔
مارق ہم نداشت (ف) نشان بھی نہ تھا۔
مارکی (ف) مارکوئیس کا مفرس جو شہزادوں کا لقب ہے۔
مار گزیده (ف) جسے سانپ نے ڈسا ہو۔ سانپ کا ڈسا ہوا۔
مار گزیده از رسن ترسیدن (ف) مظلوم اپنے سے بڑے کو

Marfat.com

قالم خیال کرتا ہے۔

مارگزیدہ از ریسمان مے ترسد (ف) سانپ کا ڈسا رسی سے ڈرتا ہے۔ دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک کر پیتا ہے۔

مارگیر (ف) حیلہ گر۔ مکار۔

ماراہی (ف) (۱) بام مچھلی۔ سانپ کی شکل کی مچھلی۔ (۲) منافق دورویہ۔

مارمقری (ف) نیزہ اور سنان مصری۔

مارمورک (ف) چھپکلی۔ چالاک آدمی۔

مارمہرہ (ف) ایک مہرہ جو پرانے سانپوں کے سر میں ہوتا ہے۔ اور سانپ کے زہر کو زائل کرتا ہے۔ ناد زہر۔ تریاق۔

مارِن (ع) سر بینی جو بلند ہوتا ہے ناک کی پھننگ۔

مارنہ سُر (ف) آسمان کیونکہ آسمان کے نو طبق ہیں۔

مارُو (ف) مال۔

ماروت (ع) ایک فرشتہ کا نام جو ہاروت کے ساتھ بابل میں رہتا ہے۔

مارُون (ف) ایک پتھر جو سُرمہ کے ساتھ ملا کر آنکھ میں ڈالا جاتا ہے اور پھولا کو رفع کرتا ہے۔

ماری (ف) ہلاک شدہ۔ مارا گیا ہوا۔

ماریرہ (ف) سوتیلی ماں۔

ماریعقوب (ف) یہودیوں کے ایک مجتہد کا نام

ماز (ف) سلوٹ۔ شکن (۲) شگاف (۳) مازو کا مخفف جو مشہور پھل ہے۔

مازار (ف) عطر فروش۔ عطار۔

مازاغ (ع) قرآن شریف کی آیت کریمہ مازاغ البصر و ماطغیٰ کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی شب معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھ انوار الٰہی کی طرف سے کسی اور طرف نہیں پھری۔

مازالیون (ف) شدید اور بار بار پیاس لگنے کی بیماری۔

مازل (ف) ایک پہاڑ کا نام۔

مازندر / مازندران } (ف) مازندراں۔

مازنی (ع) ایک مشہور نحوی کا نام جو قبیلہ مازن سے تھا۔

مازو / مازون } (ف) ایک مشہور پھل کا نام جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔ اچھا مازو وہ ہے جس کا رنگ سبز ہو۔ اور اس میں کیڑے کے کھا جانے کے باعث سوراخ نہ ہوں۔

مازوگراں شدن (ف) سوگواری کا بہت عام ہونا۔

مازہ (ف) ریڑھ کی ہڈی۔ پیٹھ کے درمیان کی ہڈی۔

مازدر (ف) اژدہا۔ ثعبان۔ بڑا سانپ۔ ناگ۔

مازندر / مازندراں } (ف) ایران کے شمال میں بحیرہ کیسپین کے کنارے ایک مشہور ولایت ہے۔

ماس (ع) (۱) غضبناک ہونا (۲) لوگوں میں فساد ڈالنا۔

ماسَبق (ع) گزشتہ۔ اوّل الذکر۔ وہ جو پہلے گزر چکا ہو۔

ماست (ف) (۱) دہی (۲) لسّی۔ چھاچھ۔

ماست بستن (ف) دہی جمانا۔

ماست بند (ف) پنیر بنانے والا۔

ماست شدن (ف) دہی جمنا۔

ماست کشیدن (ف) آسان کام کرنا۔

ماست مالی کردن (ف) حقیقت کو چھپانا۔

ماستہا را کیسہ کردن (ف) مرعوب ہونا۔ ڈرانا دھمکانا۔ خوف کے مارے دم سادھ لینا۔

ماستی کہ ترش است از تغارش پیدا (ف) قابلیت کا شروع سے پتہ چل جاتا ہے۔

ماسخ (ع) بے مزہ۔ پھیکا۔

ماسک (ع) بیضوی شکل کا نقطہ۔ مرکز۔

ماسک زدن (ف) حلیہ بدلنا اور اپنے آپ کو چھپا لینا۔

ماسکہ (ع) غذا کو معدہ میں روکنے والی قوت۔

ماسلف (ع) گزشتہ۔

ماس مالی کردن (ف) ناتمام و نادرست کام کرنا۔

ماسوا (ع) سوا (۲) اصطلاح میں اللہ تعالےٰ کی ذات کے سوا تمام موجودات و مخلوقات۔

ماسور (ع) اسیر۔ گرفتار۔ قیدی۔

ماسُورہ (ع) (۱) بندوق کی نال (۲) سگریٹ کا پائپ۔

ماسون (ع) فری میسن جو ایک خفیہ فرقہ ہے اور تمام دنیا میں پھیلا ہوا ہے۔

ماسونی (ع) منسوب بہ ماسون۔ فرقہ ماسون کا آدمی۔

ماسہ زار (ف) ریتلی جگہ۔

ماسی (ف) بے باک۔ بے پرواہ۔

ماسیدن (ف) (۱) دہی جمانا (۲) کسی چیز کا منجمد ہونا (۳) چاٹنا۔

ماش (ع) ارد جو مشہور غلہ ہے۔ جس کی دال ہوتی ہے۔ مونگ۔

ماشاءاللہ (ع) اگر خدا نے چاہا۔ خدا کرے (۲) چشم بد دور۔

ماشطہ (ع) مشاطہ۔ عورتوں کے سر میں کنگھی کرنے والی عورت۔ دلہن کو آراستہ کرنے والی عورت۔

ماشو (ف) (۱) غربال۔ چھلنی (۲) گدڑی۔

ماشوب (ف) میاشوب کا مخفف۔ یعنی آزردہ نہ ہو۔

ماشوب (ف) چھلنی۔ غربال۔

ماشورہ (ف) (۱) نلی جس پر جولاہے تار لپیٹ کر کپڑا بنتے ہیں (۲) لوٹے وغیرہ کی ٹونٹی (۳) نلی (۴) سوت کی کلکڑی۔ ہنڈیا۔

ماشورۂ عاج (ف) معشوق کی گردن۔

ماشوہ (ف) چھلنی۔

ماشہ (ف) لوہاروں کا دست پناہ جسے سنسی کہتے ہیں اور جس سے گرم لوہے کو پکڑتے ہیں (۲) بندوق کا گھوڑا یا طوطا جس کے دبنے سے بندوق چھوٹتی ہے۔ (۳) آٹھ رتی کا وزن

Marfat.com

ایک تولہ کا بارھواں حصّہ۔
ماشین (ف) مشین۔ کل۔
ماشین آلات (ف) مشینیں۔ کلیں۔
ماشین بخار (ف) دخانی انجن۔
ماشین کار (ف) مشین کے چلانے والا۔
ماشین کردن (ف) چھاپنا۔ ٹائپ کرنا۔
ماشین گر (ف) مشین درست کرنے والا۔
ماشین تحریر (ف) ٹائپ رائٹر۔
ماشین خانہ (ف) ورکشاپ۔
ماشین دوری (ف) موٹر انجن۔
ماشیہ (ع) چوپایہ۔
ماص (ف) ماہ۔ اصل میں سنسکرت زبان کا لفظ ہے۔
ماص (ع) چوسنے والا۔
ماصَدَق (ع) (۱) وہ چیز جو صادق ہو (۲) معنی۔ مطلب۔ مفہوم۔ مضمون۔
ماصر (ع) جیل۔ قیدخانہ۔
ماصع (ع) گدلا۔ کھاری پانی۔
ماصُول (ع) موسیقی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔
ماضِح (ع) عزّت و آبرو پر حملہ کرنے والا۔
ماضِغہ (ع) (۱) چبانے کی قوّت (۲) احمق۔ بے وقوف۔
ماضی (ع) (۱) گزرا ہوا زمانہ۔ علم صرف کی اصطلاح میں وہ فعل جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔
ماضی اِحتمالی (ع) وہ ماضی جس سے گذشتہ زمانہ میں کسی فعل کے صادر ہونے کا شک یا احتمال پایا جائے اسے ماضی شکیہ بھی کہتے ہیں۔ جیسے کردہ باشد۔ گفتہ باشد۔
ماضی اِستمراری (ع) وہ ماضی جس کا اطلاق زمانہ گزشتہ اور حال پر ہو سکے۔ اسے ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں۔ جیسے مے کرد۔ مے گفت۔
ماضی بَعید (ع) وہ ماضی جس سے دُور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے۔ جیسے کردہ بُود۔ گفتہ بُود۔
ماضی تمنّائی (ع) وہ ماضی جس کے پہلے تمنا یا شرط کا کلمہ ہو۔ اسے ماضی شرطی بھی کہتے ہیں۔ جیسے کردے۔ گفتے۔
ماضی شرطی (ع) دیکھو ماضی تمنائی۔
ماضی شکیہ (ع) دیکھو ماضی احتمالی۔
ماضی قریب (ع) وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے کردہ است۔ گفتہ است۔
ماضی مُطلق (ع) وہ ماضی جس سے مطلق زمانہ ماضی سمجھا جائے جیسے کرد۔ گفت۔
ماضیہ (ع) گزشتہ۔
ماطِر (ع) برسنے والا۔

ماعِز (ع) بکرا۔
ماعِزہ (ع) بکری۔
ماعُون (ع) (۱) مال کی زکوٰۃ (۲) گھر کا سامان مثلاً ہانڈی۔ توا۔ کڑاہی۔ چمچہ وغیرہ (۳) وہ چیز جس سے مدد طلب کریں۔ (۴) کاغذ کا رِم۔
ماغی (ع) نرم اور ملائم غذا۔
ماغ (ف) (۱) ایک قسم کی سیاہ مرغابی (۲) ایک قسم کا کبوتر۔ (۳) ابلق۔
مافارقین (ف) ایک ولایت کا نام۔
مافوق (ع) اُوپر۔ بڑھ کر۔ اُونچا۔ بلند۔ اعلیٰ۔ ممتاز۔
مافوقُ العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔
مافوک (ع) کم عقل۔ بے سمجھ۔
مافی الضمیر (ع) دل کی بات۔ مطلب۔ غرض۔
مافیہا (ع) جو کچھ اس میں ہے۔
ماق (ع) آنکھ کا وہ کونہ جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔
ماقبل (ع) پہلے۔ پہلے کا۔ جو ما قبل ہو۔
ماقبلُ الذکر (ع) جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہو۔
ماقلّ و دلّ (ع) وہ کلام جس میں الفاظ تھوڑے ہوں اور مطلب بہت ہو۔
ماقوت (ف) ایک قسم کا حلوا۔
ماقہ (ف) دروازہ بند کرنے کی لکڑی۔
ماکان (ف) (۱) ایک ولایت کا نام (۲) ایک حاکم کا نام۔
ماکث (ع) دیر کرنے والا۔ ٹھہرنے والا
ماکر (ف) آئندہ پرسوں۔ پس فردا۔
ماکل (ع) (۱) کھانا (۲) مجازاً کھانے کی چیز۔
ماکل (ع) ماکل کی جمع۔ کھانے۔
ماکو (ف) (۱) جولاہوں کی نال (۲) آذربائیجان کے ایک قلعہ کا نام۔
ماکول (ف) (۱) گلے میں باندھنے کی شے جیسے رسّی وغیرہ (۲) پیٹو۔ بہت کھانے والا (۳) بزرگی کے رتبہ کو پہنچا ہوا غلام۔
ماکول (ع) (۱) کھانے کی چیز۔ خوراک۔ غذا (۲) کھائی ہوئی چیز۔ کھایا گیا۔
ماکولات (ع) ماکول کی جمع۔ کھانے کی چیزیں۔
ماکولات و مشروبات (ع) کھانے پینے کی چیزیں۔
ماکہ در جہنم ستیم یک پلہ ہم پائین تر (ف) ہم کہ آگے جہنم میں ہیں ایک درجہ اور نیچے چلے جائیں گے تو کیا۔
ماکیان (ف) مرغی۔ واحد ہے۔ جمع نہیں۔
ماکیان بدر کردن
ماکیان بر در کردن } (ف) نہایت بخل اور خست سے مُراد ہے۔
ماکیان بر در کنند

Marfat.com

ماکیان زاغ رنگ (ف) رات۔
مال (ع) (۱) دولت ۔ دھن ۔ روپیہ ۔ پیسہ ۔ چونکہ انسان کی طبیعت اس پر مائل ہے اس لیے مال کہلاتا ہے (۲) مجذور یعنی کسی عدد کا حاصل ضرب (۳) مالیہ زمین رعیت کے مزروعات میں سے جو سرکاری حصّہ لیا جاتا ہے۔
مال اجارہ (ف) کرایہ۔
مآل (ع) لوٹنے کی جگہ ۔ رجوع کرنے کی جگہ ۔ جائے بازگشت ۔ انجام ۔ نتیجہ۔
مالاریا (ف) ملیریا بخار۔
مالامال (ف) (۱) بہت کثیر (۲) بھرا ہوا ۔ لبالب ۔
مآل اندیش (ف) نتیجہ سوچنے والا ۔ دُور اندیش۔
مآل اندیشی (ف) دُور اندیشی ۔ نتیجہ سوچنا۔
مالایُطاق (ع) قدر و طاقت سے باہر کی چیز یا کام ۔ وہ کام جس کے کرنے کی طاقت نہ ہو۔
مالاینحل (ع) وہ چیز جو حل نہ کرسکے ۔ جو کھل نہ سکے ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔
مال بچہ یتیم نیست (ف) کھائیے آپ کتراتے کیوں ہیں ۔ یہ کوئی یتیموں سے چھینا ہوا مال تو نہیں۔
مال بند (ف) کھمبا ۔ ستون ۔
مال تجارت (ف) تجارتی مال اسباب ۔
مالح (ع) نمکین ۔ شور ۔
مال حرام بود بجائے حرام رفت (ف) پاپی کا مال پرایت جائے ڈنڈا پڑے یا چور لے جائے۔
مالخ (ع) خلل دماغ ۔ سودا ۔
مآل خود بہ عقبیٰ فرستادن (ف) اپنا مال نیک کاموں میں خرچ کرنا ۔
مال خود تا مال خود مال مردم مال مردم (ف) دُوسروں کے مال پر طمع نہ کرو تاکہ وہ تمہارے مال پر دندانِ آز تیز نہ کریں۔
مال دادہ (ف) قیمتاً خریدی ہوئی شے ۔ غلام ۔
مال دار (ف) دولت مند۔
مالداری (ف) تونگری ۔ دولت مندی ۔
مالس (ی) سیاہ ۔ کالا ۔
مال سائر (ع) مالگزاری کے علاوہ دیگر محاصل جیسے سڑک ۔ مدرسہ ۔ چونگی وغیرہ۔
مالِ کاسب (ع) سستا مال جو اہلِ حرفہ اور اکثر غریب اور مفلس لوگ خریدتے ہیں ۔
مالش (ف) مالیدگی ۔ ملنا (۲) طبیعت کا قے پر مائل ہونا ۔ جی متلانا (۳) تھکن ۔ ماندگی ۔
مالش دادن دِل (ف) بھوک کے مارے بُرا حال ہونا۔
مالِ شراکت (ع) حصّہ داری کا مال ۔ مشترکہ پونجی ۔
مالش گری (ع) عورتوں سے کھیلنا کودنا ۔ عورتوں سے بوس و کنار کرنا۔

مالِ صامت (ع) سونا ۔ چاندی وغیرہ ۔
مال ضامن (ع) مال کی ضمانت دینے والا ۔
مال ضبطی (ع) قرق شدہ مال ۔
مالِ طیّب (ع) پاکیزہ مال ۔ حلال کی کمائی ۔
مالِ عرب پیش عرب (ف) اپنا مال اپنی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے ۔
مالِ غنیمت (ع) لوٹ کا مال ۔ دشمن کا وہ مال جو جنگ میں ہاتھ آئے ۔
مالک (ع) (۱) صاحب ۔ خداوند ۔ قابض (۲) اس سوداگر کا نام جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں سے خریدا تھا ۔ (۳) دوزخ کے موکل فرشتہ کا نام ۔ دربان دوزخ (۴) ائمہ اربعہ میں سے تیسرے امام کا نام ۔
مآلِ کار (ف) آخر کار ۔ انجام کار ۔
مالکانہ (ف) (۱) بطور مالک ۔ مالک کی مانند (۲) زمین کا حق جو کاشتکار زمیندار کو سالانہ یا ماہوار دیتا ہے ۔
مالک دینار (ع) (۱) ایک بزرگ ولی کا نام جنہوں نے ۱۳۱ھ میں وفات پائی ۔
مالکیّت (ع) مالک پن ۔ مالک ہونا ۔
مال گزار (ف) زمین وغیرہ کا محصول دینے والا ۔
مالگزاری (ف) سرکار کا محصول دینا ۔ مالیہ ادا کرنا ۔
مالِ مفت دل بے رحم (ف) پرایا مال آخر پرایا ہوتا ہے اُسے آدمی بڑی بے رحمی سے خرچ اور صرف کرتا رہے ۔
مالِ منقول (ف) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکے ۔
مال ناطق (ع) حیوانات ۔ جیسے اُونٹ ۔ گھوڑا وغیرہ ۔
مال نثار جان و جان نثار آبرو (ف) جان جاتی ہے تو جائے پر آبرو پر آنچ نہ آئے ۔
مالندن (ف) پامال کرنا ۔ روندنا ۔ ذلیل و خوار کرنا ۔
مال و جہات (ع) نقد و جنس ۔ اسباب و اشیاء ۔
مالُوف (ع) مانوس ۔ اُلفت کیا گیا ۔ وہ چیز جس سے اُلفت ہو ۔
مالُول (ف) بزرگی کے مرتبہ کو پہنچا ہوا غلام ۔
مال و متاع (ع) اسباب اور روپیہ ۔
مال و منال (ع) مال اور مرتبہ ۔ مال و دولت ۔
مالہ (ف) (۱) کلنے کا اوزار (۲) معماروں کی کرنی (۳) مالش یعنی ہاتھ پاؤں کا سوتنا (۴) جولاہے کا کوچ (۵) سہاگہ جسے کسان ہل چلانے کے بعد زمین ہموار کرنے کے لیے پھیرتے ہیں ۔ (۶) مالامال ۔
مالہٗ وما علیہ (ع) جو کچھ اس کے لیے ہے اور جو کچھ اس پر ہے مراد اس کا ہر پہلو ۔ وہ چیز ہر طرف سے ۔
مالی (ف) مہاجن ۔
مالی (ف) بہت ۔

Marfat.com

مالیات (ف) باج و خراج - ٹیکس -
مالیات بستن (ف) ٹیکس لگانا -
مالیات بر درآمد (ف) انکم ٹیکس -
مالیت (ع) (۱) قیمت (۲) دولت - دھن -
مالیخولیا (ی) لفظی معنی خلط سیاہ - سودا - خلل دماغ - خیال خام - یہ ایک قسم کا جنون ہوتا ہے اور چونکہ یہ سوداوی مرض ہے اور سودا کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اس لیے یہ نام ہوا - اس مرض کا مریض کسی کو ستاتا نہیں - برخلاف مانیا کے کہ اس کا مریض دوسروں کو ایذا پہنچاتا ہے -
مالیدگوش (ف) ہوشیار ہوا -
مالیدن (ف) (۱) ملنا (۲) مارنا اور اعتبار کے درجہ سے گرا دینا -
مالیدنی (ف) وہ دوائی جو مالش کے لیے ہو کھانے کے لیے نہ ہو -
مالیدہ (ف) ملا ہوا - لفظ ملیدہ اسی کا مخفف ہے -
مالیدہ گوش (ف) ہوشیار -
مالیہ (ع) منسوب بہ مال - زر مال - گزران - محاصل - معاملہ -
مام (ف) مادر - والدہ -
ماما (ف) بڑھیا - بوڑھی عورت - جنانے والی - دایہ -
ماماچہ (ف) دائی - بچہ جنانے والی - دایہ -
ماما کہ دو تا شد سر بچہ کج بیرون می آید (ف) دو ملاؤں میں مرغی حرام -
مامائی کردن (ف) دایہ گیری کرنا -
مامضیٰ (ع) گزشتہ - وہ جو گزر گیا - جو ہو چکا -
ماءِ معین (ع) جاری پانی -
مامک (ف) ماں کی تصغیر جو محبت کے طور پر ہے - ماں - والدہ -
مامن (ع) امن کی جگہ -
مامور (ع) امر کیا گیا - حکم دیا گیا - وہ شخص جسے حکم دیا گیا ہو -
مامور البرید (ع) پوسٹ مین - چٹھی رساں -
ماموریت (ع) کسی عہدہ پر مقرر ہونا -
مامول (ع) امل یعنی امید کیا گیا - وہ شے جس کی امید ہو - امید -
مامون (ع) (۱) امن میں - بے خوف و خطر - محفوظ - امن کیا گیا - (۲) خلفائے عباسیہ میں سے ساتویں خلیفہ کا نام جو ہارون رشید کا بیٹا تھا - یہ خلیفہ علوم عقلی و نقلی میں تمام خلفائے بنو عباسیہ سے بڑھ کر تھا اور سخاوت و شجاعت میں مشہور انام ہے - اقلیدس کا ترجمہ اسی نے کرایا - ۱۹۸ھ سے ۲۱۸ھ تک حکومت کی -
مامیران (ع) ممیرہ جو ایک جڑ ہے اور بینائی کے لیے بہت مفید خیال کی جاتی ہے -
مان (ف) (۱) گھر (۲) اسباب - ضروریات خانہ (۳) ہم (۴) ہمیں (۵) مانند - شبیہ (۶) ٹھہرو - چھوڑ - ماندن کا امر -
مانا (ف) (۱) مانند - شبیہ - نظیر - مشابہ (۲) شاید - تحقیق -
ماناف (ف) دوائی - جنائی -
مانح (ع) بخشنے والا -
ماندریل (ف) امریکہ کے ایک قسم کے بن مانس کا نام -
ماندگی (ف) (۱) تکان (۲) عاجزی (۳) رہ جکنا -
ماندن (ف) (۱) رہنا (۲) مشابہ ہونا (۳) چھوڑنا -
ماندہ (ف) (۱) تھکا ہوا (۲) رہا ہوا -
مانستن (ف) مانند ہونا - مشابہ ہونا -
مانستہ (ف) مشابہ - مشابہ کیا ہوا -
مانع (ع) منع کرنے والا - روکنے والا -
مانع بودن } مزاحم ہونا -
مانع شدن } رکاوٹ پیدا کرنا -
مانع تراش (ف) مزاحم - مشکلات پیدا کرنے والا -
مانع تراشیدن (ف) رکاوٹیں پیدا کرنا -
مانگ (ف) چاند -
مانند (ف) ملنا جلنا - مشابہ - نظیر (صحیح تلفظ ن مفتوح - اور شعراء نے بھی چند - بند کے قافیہ کے ساتھ مانند ہی لکھا ہے -
مانند سنگ بستن (ف) نہایت سخت باندھنا -
مانورک (ف) سرخاب -
مانوس (ع) وہ چیز جس سے انس یعنی محبت ہو - مالوف -
مانوس شدن (ف) انس ہو جانا -
مانوساد (ف) دارا کے قاتلوں میں سے ایک کا نام
مانوسہ (ع) آگ -
مانی (ف) (۱) ایک مشہور نقاش اور مصور کا نام جس نے نبوت کا دعوے کرکے اور صنعت نقاشی کو اپنا معجزہ قرار دے کر لوگوں کو اپنے آئین کی طرف دعوت دی - کتاب ارژنگ اس کی مشہور تصنیف ہے (۲) شیراز کے ایک شاعر کا نام جو مصور بھی تھا - اور اسماعیل صفوی شاہ ایران کے پاس رہتا تھا لیکن دشمنوں نے بادشاہ کی طبیعت کو اس سے برگشتہ کرکے اسے مار ڈالا -
مانیدن (ف) مانند ہونا - کسی چیز کے مشابہ ہونا -
ماوا (ع) ٹھکانا - جائے بازگشت - جائے پناہ -
ماوراء (ع) سوا - بجز - علاوہ -
ماوراءالنہر }
ماوراءُالنہر } (ع) جو کچھ دریا کے پار ہو - ملک توران - کیونکہ یہ دریائے جیحوں کے پار ہے - اس لیے ایرانی اسے اس نام سے پکارتے ہیں -
ماوردہ (ع) مکان کا اگلا حصہ -
ماورے (ع) علاوہ - سوا -
ما وشما در کار نبودن (ف) مکمل یک جہتی اور کامل یگانگت کا ہونا -
ماؤف (ع) بروزن مفعول - آفت رسیدہ - دکھیا - دکھ پہنچا ہوا - جسے دکھ پہنچا ہو -
ماؤل (ع) بروزن مقرر - تاویل کیا گیا - وہ کلام جو ظاہری معنی سے غیر ظاہری معنی کی طرف پھیر اگیا ہو -

Marfat.com

ماویٰ (ع) ٹھکانا - جائے بازگشت - جائے پناہ
ماہ (ف) (۱) چاند (۲) مہینہ -
ماہ از کدام طرف برآمد (ف) آج یہ چاند کدھر سے نکلا - عام طور پر اس وقت اور اس آدمی کے لیے بولا جاتا ہے جو بہت مدت کے بعد ملے -
ماہا (ف) موجودہ فارسی میں ماہان کی بجائے استعمال ہوتا ہے -
ماہ ابن عطا (ف) دیکھو ماہ نخشب -
ماہار (ف) مہار - اونٹ کی مہار -
ماہ آفرید (ف) ایران کے بادشاہ منوچہر کی ماں کا نام
ماہ ماما (ف) بدھ بانی مذہب کی ماں کا نام -
ماہانہ (ف) ماہواری -
ماہ پارہ (ف) مہ پارہ - چاند کا ٹکڑا - نہایت خوبصورت حسین - صاحب حسن -
ماہ پروین (ف) جدوار - نرلبسی -
ماہ پیکر (ف) چاند جیسے جسم والا - معشوق - حسین -
ماہ پیکر ورفش (ف) رات -
ماہت (ع) چیچک -
ماہتاب (ف) (۱) چاند - چاند کی روشنی (۲) مجازاً چاند -
ماہتابی (ف) صحن مکان یا صحن باغ میں بنایا ہوا چبوترہ جس پر بیٹھ کر چاندنی کی سیر دیکھتے ہیں -
ماہج (ع) پتلا دودھ - پتلی چربی -
ماہ جلالی (ف) (۱) جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کا مقرر کیا ہوا شمسی مہینہ (۲) جلال الدین اکبر کا مقرر کیا ہوا شمسی مہینہ یعنی ماہ الٰہی (۳) ماہ فروردین -
ماہ چو شاخ گوزن (ف) پہلی رات سے تیسری رات تک کا چاند جو باریک ہوتا ہے -
ماہچہ (ف) سونے یا چاندی کا وہ چاند جو فوج کے علم پر لگایا جاتا ہے -
ماہ چہار ہفتہ (ف) معدوم - لاشے -
ماہ خرگہی (ف) (۱) وہ چاند جس کے گرد ہالہ ہو (۲) معشوق مہوش -
ماہد (ع) بچھانے والا -
ماہر (ف) (۱) کل - فردا (۲) سخت زند و پاژند -
ماہر (ع) کسی کام میں بڑا استاد - استاد کار -
ماہ رُخ (ف) چاند کے چہرے والا - معشوق -
ماہ رمہ (ف) برما جس سے لکڑی میں چھید کیا جاتا ہے -
ماہرُو (ف) چاند جیسے چہرے والا - معشوق -
ماہروزم (ف) تاریخ - رات دن کا حساب رکھنا -
ماہ رُوئے (ف) ماہرو - معشوق -
ماہِ سیام (ف) دیکھو ماہ نخشب -
ماہِ سی رُوزہ (ف) (۱) پہلی رات کا چاند (۲) نہایت باریک چاند (۳) ضعیف اور بیمار معشوق -
ماہِ سی شبہ (ف) مٹا ہوا - دور شدہ -

ماہِ سیما (ف) معشوق - محبوب -
ماہِ قصب پوش } (ف) وہ معشوق جس نے کتان کے کپڑے
ماہِ قصب دوختہ } پہنے ہوں -
ماہِ طلعت (ف) معشوق - محبوب -
ماہِ کاشغر (ف) (۱) ترکستان کا معشوق (۲) ماہ مقنع - ماہ نخشب -
ماہ کنعاں (ف) حضرت یوسف علیہ السلام -
ماہ گرفت (ف) چاند گہن ہوا -
ماہ گرفتگی (ف) چاند گرہن -
ماہ گوسالہ کش (ف) بہرام چوبین کی وہ کنیزک جو گوسالے کو محل پر اٹھا لے گئی تھی -
ماہ لقا (ف) چاند سا چہرہ -
ماہ ماتم (ف) ماہ محرم -
ماہ ماہ گفتن (ف) ایران میں عورتیں بچوں کا منہ دھوتی ہیں اور جب وہ روتے ہیں تو آسمان کی طرف اشارہ کر کے ماہ ماہ کہتی ہیں - تاکہ وہ ادھر متوجہ ہو کر نہ روئیں -
ماہ خدا داریم (ف) ہمارا بھی خدا ہے -
ماہم رعیت این دہ ستیم (ف) کچھ تو ہماری طرف بھی نگاہ التفات کریں یعنی کچھ تو ہمیں بھی دو -
ماہ مُزَوّر (ف) مکر و فریب کا چاند - دیکھو ماہ نخشب -
ماہ مصر (ف) حضرت یوسف علیہ السلام -
ماہ منجوق چتر (ف) چتر کا زریں قبہ جو اس کے اوپر ہوتا ہے -
ماہِ نخشب (ف) نخشب ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے جہاں حکیم ابن عطا نے جسے ابن مقنع بھی کہتے ہیں - پارہ وغیرہ کی آمیزش سے سائنس کے طریق پر ایک چاند بنایا تھا - جو سیام پہاڑ کے پیچھے سے طلوع ہوتا تھا - اور بارہ میل میں اس کی روشنی ہوتی تھی اور ایک کنوئیں میں غروب ہو کر دوسرے روز پھر اپنے اصلی مقام سے طلوع ہوتا تھا - یہ متواتر چار ماہ تک طلوع و غروب ہوتا رہا - اسے ماہ سیام - ماہ ابن عطا - ماہ کش - ماہ مُزَوّر اور ماہ مقنع بھی کہتے ہیں کیش بھی ایک شہر کا نام ہے جو سیام پہاڑ کے قریب ہے - اسی چاند کی حیرت انگیز ساخت پر ابن مقنع نے نبوت کا دعوٰی کیا تھا جو کامیاب نہ ہو سکا - اور ابن مقنع جلد ہی مارا گیا -
ماہ نو (ف) نیا چاند - ہلال -
ماہو (ف) (۱) آرائش - زیبائش (۲) شتربانوں کی لاٹھی (۳) سیستان کے ایک حاکم کا نام جو یزدجرد کے عہد میں تھا -
ماہوار (ف) ہر مہینے - مہینے مہینے -
ماہوت پاک کن (ف) ابرش -
ماہ ور (ف) وہ باغ جو اونچی جگہ ہو -
ماہ ورق (ف) آسمان -
ماہ و سال (ف) ہمیشہ - مدام -
ماہ وش (ف) خوبصورت -
ماہویہ (ف) ایک شخص کا نام جو یزدجرد کی طرف سے سیستان کا حاکم تھا - جب یزدجرد مسلمانوں سے شکست کھا کر اس کے پاس

Marfat.com

پہنچا۔ تو اس نمک حرام نے اسے مروا ڈالا۔
ماہہ (ف) (۱) بر برجس سے چھید کراتے ہیں (۲) ماشہ جو آٹھ رتی کا وزن ہے۔
ماہی (ف) (۱) مچھلی (۲) برج حوت (۳) منسوب بہ مادہ۔
ماہیان (ف) (۱) ماہی کی جمع ۔ مچھلیاں (۲) ماہ کی جمع۔
ماہیانہ (ف) (۱) ماہواری ۔ مہینے کا ۔ وہ چیز جو ماہ بماہ دی جائے جیسے تنخواہ (۳) مچھلی کا سالن۔
ماہیِ بلوریں (ف) معشوق کی انگلی۔
ماہی از سر گندہ گردد نی زدم (ف) کسی ملک یا سلطنت کی حالت اگر خراب ہونے لگے تو خرابی سر سے شروع ہوتی ہے ۔ پہلے امیر و وزیر اور پھر افسران میں خرابی آتی ہے۔
ماہی بزرگ ماہی کوچک را میخورد (ف) ہر بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو نگل لیتی ہے۔
ماہی بے اجل بر خشکی نمی میرد (ف) بن آئی موت سے کوئی نہیں مرتا۔
ماہی پشت (ف) (۱) وہ چیز جو درمیان سے اونچی اور ارد گرد سے نیچی ہو (۲) ٹیلا ۔ خر پشتہ۔
ماہیت (ع) حقیقت ۔ اصلیت۔
ماہیچہ (ف) سویاں۔
ماہیچہ دست (ف) کلائی۔
ماہی خوار (ف) ایک پرندہ جو پانی سے مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔
ماہی دان (ف) حوض۔
ماہی را در دریا فروختن (ف) حلوائی کی دوکان دادا جی کا خاتمہ۔
ماہی روبیان (ف) دریائی ٹڈی۔
ماہیِ سپہر (ف) برج حوت۔
ماہی گیر (ف) (۱) مچھلیاں پکڑنے والا (۲) بگلا۔
ماہ یمانی (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
ماہی مراتب (ف) اعزازی نشان جو بشکل سیارات شاہوں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں۔
ماہی ورق (ف) سپر ۔ ڈھال۔
مائی (ع) آبی ۔ پانی کا ۔ منسوب بہ ماء (۲) ماوراء النہر کی چیز یا وہاں کا رہنے والا۔
مائی (ف) زمین میں بل بنا کر رہنے والے جانور ۔ حشرات الارض۔
مائیت (ع) مرنے والا ۔ میرندہ۔
مائح (ع) چلو سے پانی پینے والا۔
مایحتاج (ع) ضرورت کی چیز ۔ وہ چیز جس کی انسان کو ضرورت پڑتی ہو۔
مائدہ (ع) کبابوں سے پُر دستر خوان ۔ نعمتوں کا خوان ۔ کھانے سے بھرا ہوا خوان۔
مائدہ خرگہی (ف) آسمانی نعمتیں۔
مائدہ سالار (ف) مہتمم خوان ۔ چاشنی گیر۔
مائدۂ مسیح (ع) وہ خوان جو حضرت عیسٰی علیہ السلام پر آسمان سے اترا تھا۔
مائس (ع) اترا کر چلنے والا (۲) مفسد ۔ چغلخور۔
مائع (ع) سیال ۔ رقیق شے ۔ پتلی شے ۔ بہنے والی چیز
مائعات (ع) مائع کی جمع ۔ بہنے والی چیزیں۔
مایعرف (ع) (۱) جو چیز معلوم ہو (۲) گھر کا اسباب ۔ (۳) مال بچھونے کے نیچے ہو۔
مائل (ع) میل کرنے والا ۔ کسی کی طرف جھکنے والا ۔ جھکا ہوا راغب ۔ متوجہ ۔ مشتاق ۔ خواہش مند
مائن (ع) (۱) دروغ گو ۔ جھوٹا۔
مایندر (ف) سوتیلی ماں۔
مایو (ف) مئی کا مہینہ۔
مایوس (ع) بے آس ۔ ناامید ۔ اس لفظ کے یہ معنی فارسی میں لیے جاتے ہیں ۔ ورنہ عربی میں ناامید کو آئس کہتے ہیں اور جس چیز کے ملنے کی امید نہ ہو اُسے مایوس کہا جاتا ہے
مایوس شدن (ف) ناامید ہونا۔
مایوس کردن (ف) ناامید کرنا
مایوسی (ف) ناامیدی ۔ حسرت۔
مایہ (ف) (۱) پونجی ۔ سرمایہ (۲) مقدار (۳) اصل (۴) مادہ ۔ مؤنث۔ (۵) موسیقی کے ایک راگ کا نام
مایہ دار (ف) (۱) موٹی اور گف چیز (۲) چنداول یعنی فوج کا پچھلا حصہ ۔ پیچھے کی فوج۔
مایہ درست (ف) نیک طبیعت اور خوش معاملہ آدمی۔
مایہ زدن (ف) خمیر بنانا ۔ دہی جمانا۔
مایۂ شب (ف) تاریکی شب ۔ رات کا اندھیرا۔
مایہ صدق (ف) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ
مایہ کوبی (ف) ٹیکہ لگانا ۔ انجکشن دینا۔
مایہ کوبیدن (ف) ٹیکہ لگانا۔
مایہ گرفتن (ف) کسی کو نقصان پہنچانے کی تدبیر کرنا۔
مایہ نہ من شیر (ف) فسادی ۔ فتنہ انگیز۔

## م ۔ ب

مبا (ف) مباد کا مخفف ۔ نہ ہوجیو ۔ دعا کا کلمہ۔
مبات (ع) (۱) رات کا گزرنا (۲) رات گزارنے کی جگہ۔
مباجہ (ع) جنگ کرنا۔
مباح (ع) جائز رکھا گیا ۔ جائز ۔ روا ۔ حلال۔
مباحات (ع) مباح کی جمع ۔ جائز چیزیں۔
مباحتت (ع) سچی اور خالص دوستی کرنا۔

Marfat.com

مُبَاحِث (ع) بحث کی جمع - بحث کے مقام - تجسس -

مُباحثہ (ع) باہم بحث کرنا۔

مباحثہ کردن (ف) مباحثہ کرنا۔

مبادا
مُبادا } (ف) دُعا کا کلمہ ہے - نہ ہو جیو - مت ہو جیو - ایسا نہ ہو - خدا نہ کرے -

مُبادِر (ع) جلدی کرنے والا - پیش دستی کرنے والا - سبقت لے جانے والا۔

مُبادَرت (ع) (۱) جلدی کرنا (۲) سبقت لے جانا - دیری -

مبادرت کردن (ف) پیشقدمی کرنا - آغاز کرنا - سبقت لے جانا۔

مبادرورزیدن (ف) شروع کرنا - سبقت لے جانا - (۳) سبقت (۴) دلیری - جرأت -

مُبادلہ (ع) بدلہ کرنا - باہم بدلہ کرنا - اَدل بدل۔

مبادلہ کردن (ف) ادل بدل کرنا۔

مُبادی (ع) مبداء کی جمع - ابتدائی باتیں -

مُبادی (ع) آشکارا کرنے والا - ظاہر کرنے والا۔

مُبادِیُ العُلوم (ع) شروع کی وہ باتیں جن پر آگے علوم کا جاننا موقوف ہو -

مُبارَ
مُبار } (ف) قیمہ اور چاول بھر کر بھونی ہوئی گوسفند کی آنتیں -

مُبارا
مبارات } (ع) میاں بیوی کا ایک دُوسرے سے جُدا ہونا۔

مُبارِز (ع) لڑائی میں نکلنے والا - دشمن کے مقابلہ میں جنگ میں آنے والا - لڑنے والا - سپاہی۔

مبادلات (ع) مبادلہ کی جمع -

مبارزان (ف) مبارز کی جمع -

مبارزت (ع) لڑائی - جنگ -

مبارز طلبیدن (ف) اپنے مدِ مقابل کو جنگ کی دعوت دینا۔

مُبارک (ع) خجستہ - فرخ - بابرکت - برکت والا۔

مُبارک باد (ف) خوشخبری - تہنیت - دُعائے خیر۔

مبارک بُودن (ف) بابرکت ہونا۔

مبارک حضور
مبارک قدم } (ع) جس کا آنا باعثِ برکت ہو۔

مُبارک خوش گل بُود آبلہ ہم درآورد (ف) وہ آگے ہی کونسا خوب صورت تھا کہ اس پر چیچک نکل آئی اور اس کے داغ مستقل طور پر رہ گئے -

مُبارک فال (ف) نیک فال۔

مُبارک دوا (ف) حاذق طبیب - طبیب جس کے علاج سے مریض تندرست ہو جاتے ہوں۔

مُباسَلت (ع) بہادری - شجاعت - جوانمردی -

مباش (ف) نہ ہو - بُودن مصدر سے فعل نہی -

مُباسِم (ع) مبسم کی جمع - دانت -

مباشر (ع) (۱) جماع کرنے والا (۲) کسی کام کا ارتکاب کرنے والا۔

مُباشرت (ع) (۱) جماع کرنا (۲) کسی کام کا ارتکاب کرنا - کسی کام میں پڑنا (۳) خوب ملنا جلنا۔

مُباعدت (ع) جُدائی - دُوری - مفارقت -

مَباقِل (ع) مبقل کی جمع - سبزی ترکاری کے کھیت -

مَبال (ع) بول یعنی پیشاب گاہ - فرج - ذکر -

مبال شُدن (ف) ناپاک ہونا -

مبال کردن (ف) گلی کوچوں میں پیشاب کر کے جگہ کو ناپاک کرنا۔

مُبالا (ع) مبالات کا مخفف -

مُبالات (ع) پرواہ رکھنا - ڈر - خوف - اندیشہ -

مُبالغہ (ع) کسی کام میں سخت کوشش کرنا - زیادتی کرنا - بات کا تبنگڑ بنانا - علم بدیع کی اصطلاح میں مدح یا ذم میں یہاں تک نوبت پہنچا دینا کہ وہاں تک پہنچنا بعید یا محال دکھائی دے اس کی تین قسمیں ہیں - اغراق تبلیغ غلوّ -

مبالغہ آمیز (ف) جس میں مبالغہ بھی ہو - جو محض حقیقت نہ ہو -

مُبالَغۂ اغراق (ع) وہ مبالغہ ہے جو عقل کی رُو سے ممکن اور عادت کی رُو سے محال ہو - جیسے ؎

نگارِ من کہ بہ مکتب نہ رفت و خط ننوشت
بہ غمزہ مسئلہ آموزِ صد مدرس شُد

مُبالغۂ تبلیغ (ع) وہ مبالغہ جو عقل اور عادت کی رُو سے ممکن ہو - لیکن واقع میں غلط ہو - جیسے ؎

اے ہمہ شکل تو مطبوع و ہمہ جائے تو خوش
دلم از عشوۂ شیرینِ شکر خائے تو خوش

مُبالَغۂ غلوّ (ع) کسی شے کا ایسا وصف بیان کرنا جو عقل اور عادت دونوں کی رُو سے ناممکن ہو - جیسے ؎

ز سمِ ستوراں دراں پہن دشت
زمیں شش شد و آسماں گشت ہشت

مبالغہ گو (ف) مبالغہ سے کام لینے والا۔

مُبالغے خریدہ شُد (ف) بہت ہی روپوں سے خریدا گیا۔

مَبانی (ع) مبنیٰ کی جمع - بنیادیں - مکانات - اعضا - مضامین -

مُبانی نہادن (ف) بنیاد رکھنا -

مُباہات (ع) اترانا - فخر کرنا - ناز کرنا۔

مُباہجہ (ع) باہم فخر کرنا - حسن و خوبی میں باہم خوش ہونا۔

مُباہلہ (ع) ایک دوسرے کے حق میں دُعائے بد کرنا - آپس میں کوسنا - ایک دُوسرے پر لعنت کرنا۔

مُباہی (ع) اترانے والا - فخر کرنے والا -

Marfat.com

مُبنت (ع) تنگ ۔ عار ۔
مُبتدا (ع) شروع ۔ اوّل ۔ جملہ اسمیہ کا پہلا جزو ۔
مُبتدع (ع) بدعت کرنے والا ۔ بدعتی ۔
مبتدی (ع) شروع کرنے والا ۔ نو آموز ۔
مُبتذل (ع) ذلیل ۔ بے قدر ۔ خوار ۔
مُبتسم (ع) تبسم کرنے والا ۔ ہنسنے والا (۲) کھلنے والا ۔
مبتغا (ع) چاہا گیا ۔ پسندیدہ ۔ خواہش کیا گیا ۔
مُبتلا (ع) آزمایا ہوا ۔ گرفتار بلا ۔ پھنسا ہوا ۔
مُبتلی (ع) امتحان لینے والا ۔ آزمانے والا ۔
مُبتنی (ع) (۱) بنا کرنے والا ۔ بنانے والا (۲) مُبنے والا ۔
مُبتنٰے (ع) بنا ڈالا گیا ۔ بنایا گیا ۔ بنایا ہوا ۔
مبتہج (ع) شاداں ۔ خوش ۔
مبثوث (ع) پراگندہ ۔ بکھرا ہوا ۔
مبثوثہ (ع) پریشان ۔ پراگندہ ۔
مبثور (ع) مالدار ۔
مبحث (ع) بحث کی جمع ۔ مقام بحث ۔ محل بحث ۔
مُبخر (ع) بخار اُٹھانے والا ۔
مبخلی (ع) بخل سے منسوب ہونا ۔ بخیلی ۔
مُبد (ع) آغاز کرنے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔
مَبدا (ع) شروع ۔ ابتدا ۔ نکلنے کی جگہ ۔
مَبداء فیاض (ع) اللہ تعالےٰ ۔
مُبدرق (ع) بدرقہ ۔ رہنما ۔
مُبدع (ع) بغیر نمونہ کے پیدا کرنے والا ۔ بے مادہ بنانے والا ۔ اللہ تعالےٰ ۔
مُبَدَّل (ع) بدلا ہوا ۔
مُبدہ (ع) اچانک آنے والا ۔
مُبدئ (ع) انوکھا ۔ نیا کام کرنے والا ۔
مُبذّر (ع) فضول خرچ ۔ مُسرف ۔
مبذل (ع) پھٹا پرانا کپڑا ۔
مبذوع (ع) ڈرایا ہوا ۔ ڈرنے والا ۔
مَبذول (ع) خرچ کی ہوئی شے ۔ بخشی ہوئی شے ۔
مُبذّری (ف) فضول خرچی ۔ اسراف ۔
مُبَرّا (ع) بری ۔ پاک ۔ پاک کیا گیا (۲) بیزار شدہ ۔
مُبَرّات (ع) پاک چیز ۔ مبرّا کی تانیث ہے ۔
مبرتاب (ف) مست بھرہ ۔
مِبرد (ع) سوہان ۔ ریتی ۔ سوہن ۔
مُبرّد (ع) سردی پہنچانے والی چیز ۔
مُبرد (ع) سرد کرنے والی چیزیں ۔
مُبرّد (ع) نحو کے ایک بڑے عالم کا نام جو [illegible] میں پیدا ہوا اور ۲۸۵ھ میں فوت ہو کر بغداد میں مدفون ہوا ۔
مُبرّدات (ع) مبرد کی جمع ۔ سردی پہنچانے والی چیزیں ۔

مُبَرَّز (ع) پاخانہ نکلنے کی جگہ ۔ پاخانہ ۔
مُبَرِّز (ع) (۱) بزرگ ۔ نامور (۲) ظاہر ۔ روشن ۔
مبریشہ (ع) برش ۔
مُبرقع (ع) موسیقی کے ایک راگ کا نام
مُبرم (ع) مضبوط ۔ محکم ۔ استوار ۔
مبرم (ع) ڈھیٹ ۔ اصرار کرنے والا ۔
مَبرور (ع) (۱) پاک (۲) جس کے ساتھ نیکی کی گئی ہو ۔
مَبروص (ع) برص کے داغ والا ۔
مبرومن (ع) جو سخاوت کی وجہ سے محتاج ہو گیا ہو ۔
مُبرہن (ع) مدلّل ۔ بُرہان سے ثابت کیا ہوا ۔ وہ مسئلہ جس پر دلیل قائم کی گئی ہو ۔
مبزقہ (ع) اگالدان ۔ پیک دان ۔
مَبسم (ع) دانت ۔
مَبسوط (ع) پھیلا ہوا ۔ فراخ ۔
مَبسوطہ (ع) پھیلی ہوئی ۔ کشادہ ۔ فراخ ۔ فراخی کردہ شدہ ۔
مُبشّر (ع) بشارت دینے والا ۔ خوشخبری دینے والا ۔
مُبشَّر (ع) خوشخبری دیا گیا ۔
مُبشّران (ف) مبشر کی جمع ۔
مبشل (ف) (۱) مت لٹک (۲) نہ لیٹ (۳) مت سو ۔
مبشول (ف) (۱) غصے نہ ہو (۲) پریشان نہ ہو (۳) پریشان نہ کر (۴) غصے نہ کر (۵) دیکھنے سمجھنے اور کام کرنے سے باز رہ ۔
مُبصر (ع) بینا ۔ بینائی والا ۔ پہچاننے والا ۔
مبضع (ع) فصد کھولنے کا نشتر ۔
مِبطان (ع) بڑے پیٹ والا ۔
مَبطخہ (ع) خربوزے کی بیل
مُبطل (ع) باطل کرنے والا ۔
مَبعوث (ع) (۱) اُٹھایا گیا ۔ بھیجا گیا ۔ وہ شخص جو پیغمبری پر کھڑا کیا گیا ہو ۔ وہ شخص جو قبر سے اُٹھایا گیا ہو (۲) نمائندہ ۔ قائم مقام ۔
مَبعوث شدن (ف) بھیجے جانا ۔ پیغمبری کے لیے چنے جانا ۔
مبغوض (ع) جس پر غضب نازل ہو ۔
مَبقلہ (ع) ترکاری کا کھیت ۔
مُبقی (ع) باقی رکھنے والا ۔ کسی چیز کو باقی رکھنے والا ۔ قائم رکھنے والا ۔
مُبل (ع) خانہ داری کا سامان ۔
مُبل ۔ مُبِل (ع) (۱) شفا یافتہ (۲) گرانے والا ۔ آنسو ٹپکانے والا (۳) تر کرنے والا ۔
مَبلغ (ع) (۱) نہایت ۔ انتہا ۔ وہ جگہ جہاں تک کسی کی رسائی نہ ہو (۲) مقدار ۔ تھوڑا ۔ بہت (۳) ایک زائد لفظ ہے جو زرِ نقد کی صفت میں واقع ہے جیسے گھوڑے کے ساتھ راس اور بکری وغیرہ کے ساتھ شاخ آتا ہے ۔

Marfat.com

مثلاً مبلغ دس روپیہ - بعض لوگ نقدی کی صفت میں میم پر پیش بولتے ہیں -

مُبَلِّغ (ع) پہنچانے والا - تبلیغ کرنے والا -

مُبَلَّغ (ع) پہنچایا گیا -

مُبلَغ (ع) رسانیدہ شدہ - پہنچایا گیا

مبنی (ع) (۱) بنایا گیا (۲) صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کا آخر ہمیشہ ایک ہی حالت پر رہے اور کسی عامل کے اثر سے متغیر نہ ہو -

مُبہم (ع) پوشیدہ بات - وہ کلام جس کا مطلب صاف طور پر سمجھ میں نہ آئے -

مبہمات (ع) مبہم کی جمع -

مَبہُوت (ع) بھوچکا - ہکا بکا - حیران -

مبہوت شُدن (ف) ہکا بکا رہ جانا -

مبہوت کردن (ف) حیران کر دینا -

مبہور (ف) جس کی سانس پھولی ہو -

مبہی (ع) غلط لفظ ہے - صحیح مبہی ہے - دیکھو مبہی -

مبیت (ع) رات بسر کرنا - رات بسر کرنے کی جگہ -

مبیع (ع) بیع شدہ (۱) بکی ہوئی شے (۲) خریدی ہوئی چیز -

مُبِین (ع) (۱) آشکارا - ظاہر - واضح - روشن (۲) آشکارا کرنے والا (۳) بیان کرنے والا -

مُبیِّن (ع) بیان کرنے والا -

مُبیَّن (ع) بیان کیا گیا -

مبین بہ چشم حقارت بر ہیچ خصم ضعیف (ف) دشمن خواہ کتنا ہی کمزور اور ناتواں کیوں نہ ہو اس سے بچ کر رہو اور اسے کبھی حقیر مت سمجھو -

مبینات (ع) روشن اور ظاہر دلائل -

مُبہی (ع) قوت باہ کو بڑھانے والی دوا یا غذا -

## م - پ

مپیش (ف) مپاش کا امالہ - مت چھڑک - پاشیدن مصدر سے فعل نہی ہے -

## م - ت

متاب (ع) (۱) لوٹنا (۲) لوٹنے کی جگہ - جائے بازگشت -

متاب (ف) تافتن مصدر سے نہی کا صیغہ ہے - مت پھیر - نہ پھیر -

مُتابع (ع) پیرو - پیروی کرنے والا -

متابعت (ع) (۱) پیروی (۲) اطاعت - فرمانبرداری (۳) پیروی کرنے والا -

متابلہ (ع) گرم مصالحہ ڈالنا -

متاثر (ع) اثر قبول کرنے والا -

متاثر شدن (ف) اثر قبول کرنا -

متاجرت (ع) باہم تجارت کرنا - آپس میں بیوپار کرنا -

مُتاخِر (ع) پچھلا - پیچھے آنے والا - جو آخر رہ گیا ہو - جو پیچھے رہ گیا ہو -

مُتاخرین (ع) متاخر کی جمع - پچھلے لوگ - موجودہ لوگ -

متادب (ع) با ادب -

مُتاذّی (ع) ایذا پانے والا - تکلیف پانے والا -

متارکہ (ع) جدا ہونا -

مُتارکہ جنگ (ف) جنگ ترک کرنا -

متارہ (ف) مطہرہ - آفتابہ - چمڑے کا بنا ہوا برتن -

متاسف (ع) تاسف کرنے والا - افسوس کرنے والا -

متاسفانہ (ف) درحال افسوس -

متاع (ع) سرمایہ - پونجی - سوداگری کا اسباب - اصل زر جس سے نفع کمایا جائے - گھر کا اسباب -

مُتاعب (ع) تعب کی جمع - تکلیفیں - رنج -

متاع دروغ بردار (ف) ایسا اچھا اور عمدہ مال کہ اس کی قیمت کے متعلق مالک جس قدر بھی زیادہ دام مانگے لوگ اسے تسلیم کریں -

متاع روئے دست (ف) کم قیمت اور حقیر چیز جو دکان سے باہر رکھ دیتے یا ہاتھ پر رکھ کر بیچتے پھرتے ہیں -

متاع غرور (ف) (۱) دھوکے کی پونجی - دھوکے کی ٹٹی (۲) دنیا جہان (۳) جیمس کا چیتھڑا

متاع کس مخر (ف) ناقص چیز یا پونجی جس کا کوئی خریدنے والا نہ ہو -

متاع کم ارز (ف) کم قیمت شے - حقیر چیز -

مُتالَف (ع) تالیف کیا گیا - مرکب کیا گیا - ترکیب دیا ہوا - ملا ہوا -

مُتالِم (ع) الم ناک - رنجیدہ - دکھیا - دردمند - ایذا پانے والا - غمزدہ -

مُتالِہین (ع) متالہ کی جمع - اللہ والے - اللہ کی پرستش کرنے والے - علم الٰہیات کے عالم -

مُتامِّل (ع) تامل کرنے والا - غور و فکر کرنے والا - سوچ بچار کرنے والا -

متانت (ع) استواری - مضبوطی - سنجیدگی - پکی - بھاری بھرکم پن -

مُتاہِل (ع) بیاہا ہوا - بیوی بچوں والا - اہل و عیال والا -

متاہل بودن (ف) شادی شدہ ہونا -

Marfat.com

مُتبادِر (ع) ذہن میں جلدی سے آنے والا۔ (۲) سبقت کرنے والا۔
مُتبایِن (ع) ایک دُوسرے سے الگ۔ ایک دُوسرے کی ضد۔ جُدا۔ مخالف۔ مغائر۔ دو ایسے مخالف کہ ایک دُوسرے پر صادق نہ آ سکیں (۲) علم حساب میں وہ عدد جس کی اجزائے ضربی نہ ہو سکے۔
مُتبحِّر (ع) علم کا سمندر۔ جس کا علم سمندر کی مانند بہت زیادہ ہو۔ بہت بڑا عالم۔ زبردست عالم۔ جیّد عالم۔
مُتبخَّر (ع) بخارات بنایا گیا۔
مُتبدَّل (ع) بدلا گیا۔ تبدیل کیا گیا۔
مُتبدِّل (ع) تبدیل ہونے والا۔ بدلنے والا۔
مُتبرِّجات (ع) آرائش ظاہر کرنے والیاں۔
مُتبرِّع (ع) ثواب کے لیے کام کرنے والا۔
مُتبرِّک (ع) بابرکت۔ برکت پانے والا۔ برکت والا۔
مُتبسِّم (ع) تبسّم کرنے والا۔ مسکرانے والا۔
مُتّبَع (ع) جس کی اتباع یعنی پیروی کی جائے۔
مُتبلِّد (ع) کند ذہن۔
مُتبنّٰے (ع) لے پالک۔ بیٹا بنایا ہوا۔ مُنہ بولا بیٹا۔ فرزندی میں لیا ہوا۔
مَتبُوع (ع) پیروی کیا گیا۔ سردار۔ وہ شخص لوگ جس کے پیرو ہوں۔
مُتتابِع (ع) پے در پے۔ لگاتار۔
مُتتابِعہ (ع) پے در پے آنے والی چیز۔ لگاتار۔
مُتجانِس (ع) ہم جنس۔
مُتجازی (ع) تقاضا کرنے والا۔
مُتجانِف (ع) مائل و راغب ہونے والا۔
مُتجاوِز (ع) تجاوز کرنے والا۔ حد سے گزرنے والا۔ گزرنے والا۔
مُتجبِّرہ (ع) ظالموں کی جماعت۔ ظالموں کا گروہ۔
مُتجدِّد (ع) تجدّد خواہ۔ ترقی خواہ۔
مُتجسِّس (ع) (۱) تجسّس کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔
مُتجلّی (ع) روشن۔ آشکارا۔
مُتجمّع شُدن (ف) جمع ہونا۔
مُتحتّم (ع) ضروری۔ یقینی۔ واجب۔
مُتّحِد (ع) اتحاد کرنے والا۔ ایک ہونے والا۔
مُتّحِد فکر (ف) ہم خیال۔
مُتحرِّک (ع) حرکت کرنے والا۔ ہلنے والا (۲) وہ حرف جس پر زیر زبر یا پیش کی حرکت ہو۔
مُتحصِّن (ع) حصن یعنی قلعہ میں پناہ لینے والا جس نے قلعہ میں پناہ لی ہو۔
مُتحَف (ع) تحفہ دیا گیا۔ جسے تحفہ دیا جائے۔
مُتحِف (ع) تحفہ دینے والا۔

مُتحقَّق (ع) تحقیق کیا گیا۔ درست۔ ثابت شُدہ۔
مُتحلّے (ع) زیور سے آراستہ۔
مُتحمِّل (ع) (۱) برداشت کرنے والا۔ بُردبار۔ سہنے والا۔
مُتحیَّر
مُتحیِّر } (ع) حیران۔ ہکا بکا۔ بھوچکا۔ ششدر۔
مُتحیّرہ (ع) عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری اور زحل کو خمسہ متحیّرہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ اپنی معمولی رفتار کو چھوڑ کر ایک خاص وقفہ کے بعد پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں۔
مُتخاصِم (ع) خصومت کرنے والا۔ جھگڑے والا۔ جھگڑالو۔ دشمن۔
مُتخاصِمَین (ع) متخاصم کی تثنیہ۔ دو جھگڑالو۔ مدّعی اور مدعا علیہ۔ فریقین مقدمہ۔
مُتخاصِمِین (ع) متخاصم کی جمع۔ جھگڑالو لوگ۔
مُتخرِّج (ع) تعلیم یافتہ۔ سند یافتہ۔
مُتخصِّص (ع) خصوصیت رکھنے والا۔
مُتخصِّص (ع) خصوصیت رکھنے والے۔
مُتخصِّصین بُودن (ف) ماہر ہونا۔
مُتخلخِل (ع) پولا۔ وہ شے جو ٹھوس نہ ہو۔
مُتخطّی (ع) خطاکار۔ قصوروار۔
مُتخلَّص (ع) تخلّص رکھا گیا۔ تخلّص۔
مُتخلِّص (ع) تخلّص رکھنے والا۔
مُتخلِّف (ع) خلاف کرنے والا۔
مُتخلِّل (ع) خلل ڈالنے والا۔ رخنہ انداز۔
مُتخیَّل (ع) خیال کیا گیا۔
مُتدارِک (ع) علم عروض کی ایک بحر کا نام جس کا وزن سالم فاعلن آٹھ بار ہے۔
مُتدارِکہ (ع) کھوئی ہوئی چیز کو پا لینے والا۔
مُتداوِل
مُتداوِلہ } (ع) ہاتھوں ہاتھ پہنچنے والی شے۔ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں جانے والی چیز۔ مروّج۔
مُتدرِّجًا (ع) بتدریج۔ درجہ وار۔
مُتدرِّع (ع) زرہ پوش۔
مُتدیِّن (ع) دیندار۔
مُتذکِّرہ (ع) مذکورہ۔ ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔
مُتذکرہ بالا (ع) جس کا اُوپر ذکر کیا گیا۔ مذکورہ بالا۔
مُتذیِّل (ع) اپنا کام خود کرنے والا۔
مَتْر (ع) کسی چیز کو قطع کرنا۔
مِتْر (ع) میٹر جو پیمائش کا ایک آلہ ہے جو ۱۰۰ سنٹی میٹر کا اور تقریبًا ۳۹ء۳۷ انچ کا ہوتا ہے۔
مُترادِف (ع) ایک دُوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا (۲) وہ دو یا تین لفظ جو ایک معنی رکھتے ہوں۔ ایک دوسرے کے مترادف کہلاتے ہیں جیسے قلبؔ۔ احساںؔ۔ فوادؔ۔ تینوں کے معنی دِل ہیں۔

Marfat.com

مُتراقی (ع) فسوں گر۔ منتر پڑھنے والا۔
مُتراکِب (ع) ایک پر ایک چڑھا ہوا۔ باہم بیٹھنے والا۔
مُتراکِم (ع) تہہ بہ تہہ ہونے والا۔ ایک کے اوپر ایک چڑھا ہوا۔ جمع ہونے والا۔ ہجوم کرنے والا۔
مترب (ع) بہت مالدار۔ مفلس (اضداد میں سے ہے)
مُترِب (ع) خاک آلودہ اور محتاج ہونا۔
مُتربہ (ع) فقیری۔ محتاجی۔
مُتربِّص (ع) انتظار کرنے والا۔
مُترتَّب (ع) ترتیب دیا گیا۔
مُترتِّب (ع) ترتیب دینے والا۔
مُترجَم (ع) ترجمہ کیا گیا۔
مُترجِم (ع) ترجمہ کرنے والا۔
مترجی (ع) اُمیدوار۔
مُتردِّد (ع) (۱) آنے جانے والا۔ آمد و رفت رکھنے والا (۲) فکر کرنے والا۔ متفکر۔ مذبذب۔
مُترس (ف) (۱) وہ پتھر یا لکڑی جو قلعہ کی دیوار پر دشمن پر پھینکنے کے لیے رکھتے ہیں (۲) وہ لکڑی جو دروازہ یا کوچہ بند کرنے کے لیے لگاتے ہیں (۳) وہ صورت جو کھیت میں پرندوں وغیرہ کو ڈرانے کے لیے کھڑی کرتے ہیں (۴) ترسیدن مصدر سے فعل نہی۔ مت ڈر۔
مترس از بلائے کہ شب درمیان است (ف) ابھی مصیبت دور ہے رات بیچ میں ہے۔ دیکھو کل اونٹ کس کروٹ بیٹھے۔
مُترسِّل (ع) رسالہ بھیجنے والا۔ خط بھیجنے والا۔ بھیجنے والا۔
مُترسِّم (ع) (۱) رسم ڈالنے والا۔ رسم برتنے والا۔ خط لکھنے والا۔
مُترشِّح (ع) ٹپکنے والا (۲) مجازاً ظاہر ہونے والا۔
مُترص (ع) پکی ترازو۔
مُترصِّد (ع) اُمید رکھنے والا۔ اُمیدوار۔
مترَف (ع) آرام میں پلا ہوا۔
مُترقَّب (ع) انتظار کیا گیا۔ اُمید رکھا گیا۔
مُترقِّب (ع) (۱) منتظر (۲) اُمیدوار۔
مُترقّی (ع) ترقی کرنے والا۔ بڑھنے والا۔
مُترکَّم (ع) کاٹا گیا۔ جو چیز کاٹی جائے۔
مُترکِّم (ع) کاٹنے والا۔
مُتروک (ع) ترک کیا ہوا۔ چھوڑا گیا۔
مُتروکات (ع) متروک کی جمع۔ ترک کی ہوئی چیزیں۔
مُتروکہ (ع) متروک کا مترادف۔
مُتزلزَل (ع) حرکت دیا ہوا۔ ہلایا ہوا۔
مُتزلزِل (ع) ہلنے والا۔ کانپنے والا۔ ڈگمگانے والا۔
مُتساوی (ع) باہم مساوی ہونے والا۔ برابر۔
متسع (ع) باہم مساوی ہونے والا۔ برابر۔
متسع کردن (ف) وسیع کرنا۔ پھیلانا۔
مُتسلَّط (ع) تسلط کیا گیا۔ وہ شے جس پر غلبہ کیا گیا ہو۔

مُتسلِّط (ع) غلبہ کرنے والا۔ تسلط کرنے والا۔ غالب۔
مُتسلِّم (ع) حاکم شہر۔
مُتسِم (ع) داغ دیا گیا۔ نشان کیا گیا۔
مُتشابہ (ع) (۱) ہم شبیہ۔ ہم شکل۔ ہم صورت (۲) وہ لفظ جس کے معنی کئی پہلو لیے ہوں۔
متشابہات (ع) متشابہ کی جمع۔
مُتشاعِر (ع) تکلف سے شاعر بننے والا۔ بناوٹی شاعر۔
مُتشبث شدن (ف) رجوع کرنا۔
مُتشخِّص (ع) عزت دار مرد۔
مُتشخِّصہ (ع) عزت دار عورت۔
مُتشرِّع (ع) اہل شریعت۔
مُتشکِّل (ع) شکل اختیار کرنے والا۔
مُتشکّی (ع) شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
مُتشنج شدن (ف) جھنجھوڑے جانا۔ تشنج ہونا۔
مُتصارِف (ع) ٹکرانے والا۔
مُتصاعِد (ع) اُوپر چڑھنے والا۔
مُتصدِّع (ع) پھٹنے والا۔ پراگندہ ہونے والا۔ دردِ سر والا۔
مُتصدّی (ع) پیش آنے والا۔ پیشکار۔ دفتر میں کام کرنے والا۔ پیشی میں کام کرنے والا۔
مُتصرَّف (ع) تصرف کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔
مُتصرِّف (ع) تصرف کرنے والا۔ قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ (۲) کشنر۔
متصرفات (ع) مقبوضات۔
مُتصرَّفہ (ع) جو چیز تصرف میں آگئی ہو۔ مقبوضہ۔
مُتصرِّفہ (ع) پانچ حواس خمسہ باطنی میں سے ایک قوت کا نام جو محسوسات میں اس کے معانی خبریہ میں ترکیب و تفصیل کے ساتھ تصرف کرتی ہے۔
مُتصرِّفیہ (ع) کشنری کا عہدہ۔
مُتصِف (ع) موصوف جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔
مُتصِل (ع) لگا ہوا۔ ملتا ہوا۔ پاس۔ قریب۔
مُتصلاً (ع) لگاتار۔ مسلسل۔
مُتصوَّر (ع) تصور کیا گیا۔ خیال کیا ہوا۔ سوچا ہوا۔ تصویر کیا ہوا۔
مُتضاحِم (ع) ٹیڑھے منہ والا۔
مُتضاد / مُتضادہ (ع) آپس میں ضد رکھنے والا۔ ایک دوسرے کا مخالف۔
مُتضایِق (ع) ایک دوسرے سے تنگ کرنے والا۔ ایک دوسرے سے تنگ ہونے والا۔
مُتضحّی (ع) دوپہر کو آنے والا۔ دوپہر کو کھانے والا۔
مُتضرَّر (ع) ضرر یافتہ۔ ضرر پانے والا۔ جسے ضرر پہنچا ہو۔
مُتضرِّر (ع) ضرر پہنچانے والا۔ مُضر۔

Marfat.com

مُتَضَرِّع (ع) زاری کرنے والا۔
مُتَضَعِّف (ع) اپنے آپ کو ضعیف ظاہر کرنے والا۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتوان (۲) مفلس۔ نادار۔
مُتَضَمِّن (ع) ملا ہوا۔ ضمن میں لینے والا۔ شامل۔
مُتَطَرِّقہ (ع) وہ معدنیات جو کوٹی جا سکتی ہیں۔
مُتَطَوِّع (ع) رضاکار۔ والنیٹر۔
مُتَطَهِّر (ع) نیک۔ صالح۔ پاک صاف۔
مُتَظَلِّم (ع) فریادی۔ دادخواہ۔
متع (ع) جھوٹ بولنا۔ فائدہ اُٹھانا۔
مُتَعَارِض (ع) (۱) تعارض کرنے والا۔ سامنے آنے والا۔ درپے ہونے والا۔ (۲) سائل۔ سوال کرنے والا۔ (۳) مجازاً مخالف۔ مقابل۔
مُتَعَارَف (ع) (۱) باہم تعارف کیا گیا۔ جانا پہچانا ہوا۔ معروف مشہور۔ دستور کے مطابق۔ مروّج۔
متعارفی (ع) مروّج۔ رائج۔
مُتَعَارِک (ع) (۱) گوشمالی کرنے والا۔ کان ملنے والا۔ سزا دینے والا (۲) اکٹھا ہونے والا (۳) جنگ کرنے والا (۴) مشابہ ہونے والا (۵) حاجت روا (۶) کامیاب۔
مُتَعَاقِب (ع) پیچھے سے آنے والا۔ تعاقب کرنے والا۔
متعاقب گشتن (ف) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔
مُتَعَال (ع) بلند۔ اُونچا۔
مُتَعَالی (ع) اُونچا ہونے والا۔ بلند ہونے والا۔
مُتَعَبِّد (ع) عبادت کرنے والا عابد (۲) بہ تکلف عبادت کرنے والا۔
مُتَعَدِّد (ع) (۱) گنتی کے چند (۲) کئی۔
مُتَعَذِّب (ع) خوشگوار۔
مُتَعَذِّبَہ (ع) کھانے پینے کی خوشگوار چیز (۲) عذاب کرنے والا۔
مُتَعَذِّر (ع) قریب بہ محال۔ دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَرِّب (ع) عربوں کی طرح وضع بنانے والا۔
مُتَعَرِّض (ع) (۱) سامنے آنے والا۔ پیش آنے والا (۲) مزاحم۔ مانع۔ روکنے والا۔
مُتَعَرِّض شُدَن (ف) مزاحمت کرنا۔
مُتَعَسِّر (ع) دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَصِّب (ع) تعصب کرنے والا۔ اپنی بات کی پچ کرنے والا۔ اپنوں کی پچ کرنے والا۔ دین کی پچ کرنے والا۔
مُتَعَصِّبان (ع) متعصب کی جمع۔
مُتَعَطِّش (ع) تشنہ۔ پیاسا۔
مُتَعَفِّف (ع) عفت والا۔ پرہیزگار۔ متقی۔ پارسا۔
مُتَعَفِّن (ع) سڑا ہوا۔ بدبودار۔
مُتَعَلِّق (ع) تعلق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔ علاقہ رکھنے والا۔

مُتَعَلِّقَات (ع) متعلق کی جمع۔
مُتَعَلِّم (ع) تعلیم لینے والا۔ علم سیکھنے والا۔ طالب علم۔ شاگرد۔
مُتَعَلِّمہ (ع) طالبہ۔
مُتَعَمِّد (ع) قصداً کوئی کام کرنے والا۔
مُتَعَنِّب (ع) عیب نکالنے۔ خطا پکڑنے والا۔ عیب گیر۔
مُتَعَنِّت (ع) ذلت اور بے عزتی چاہنے والا۔
مُتَعَنِّد (ع) عناد رکھنے والا۔ دشمن۔
مُتَعَنِّدان (ف) فارسی والوں نے متعند کی جمع بنالی ہے۔ عناد رکھنے والے۔ دشمن لوگ۔
مُتَعَوِّب (ع) تعب یافتہ۔ رنجیدہ۔ رنج کشیدہ۔
مُتَعَوِّد (ع) عادت کرنے والا۔ عادی۔ خوگیر۔
مُتْعَہ (ع) میعادی نکاح جسے شیعہ جائز قرار دیتے ہیں۔
مُتَعَہِّد (ع) عہد کرنے والا۔ قسم اُٹھانے والا۔ عہد کو تازہ کرنے والا (۲) ذمہ دار (۳) مصروف۔ کام میں مشغول۔
مُتَعَيِّب (ع) عیب پکڑنے والا۔ غلطی اور خطا پکڑنے والا۔
مُتَعَيَّن (ع) تعین کیا گیا۔ مقرر۔ مقرر کیا ہوا۔
مُتَغَيَّر (ع) تغیر کیا گیا۔ بدلا ہوا۔
مُتَفَائِل (ع) فال نکالنے والا۔ فال لینے والا۔
مُتَفَتِّش (ع) تفتیش کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔
مُتَفَحِّص (ع) تفحص کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔
مُتَفَحِّص شُدَن (ف) جستجو کرنا۔
مُتَفَرَّج (ع) تفرج گاہ۔ تفریح گاہ۔ تماشا گاہ۔
مُتَفَرِّع (ع) کسی چیز سے شاخ کی طرح نکلنے والا۔
مُتَفَرِّعات (ع) شاخیں۔
مُتَفَرِّق (ع) فرق کیا گیا۔ علیحدہ کرنا۔
متفرقات (ف) پراگندہ۔ متفرق۔
متفرنج (ع) فرنگیوں کی تقلید اور نقل کرنے والا۔ اہل یورپ کا لباس اور طور طریقے اختیار کرنے والا۔
مُتَّفِق (ع) اتفاق کرنے والا۔ ایکا کرنے والا۔ ملا ہوا۔
مُتَّفِق الرای (ع) ہم رائے۔ ہم خیال۔
مُتَّفِق الکلمہ }
مُتَّفِق اللسان } (ع) یک زبان۔
مُتَفَکِّر (ع) فکر کرنے والا۔ فکرمند۔ جسے فکر لاحق ہو۔
متقابل (ع) آمنے سامنے۔
متقارب (ع) (۱) قریب۔ نزدیک (۲) علم عروض میں ایک بحر کا نام جس کا وزن سالم آٹھ بار فعولن ہے۔
مُتَقَاضی (ع) تقاضا کرنے والا۔
متقاطع (ع) ایک دوسرے کو قطع کرنے والے۔
متقاضیان (ع) متقاضی کی جمع۔
متقاعد (ع) پست ہونے والا۔ پستی قبول کرنے والا۔ بیٹھ رہنے والا۔

Marfat.com

مُتقبّل (ع) (۱) قبول کرنے والا - منظور کرنے والا - (۲) چڑھنے والا۔
مُتقدّم (ع) (۱) آگے بڑھنے والا - پیش ہونے والا - (۲) پہلا۔
مُتقدّمین (ع) متقدم کی جمع - پہلے زمانے کے لوگ۔
متقلب بُودن (ف) دغاباز ہونا۔
متقلبانہ (ف) دھوکے بازی سے۔
مُتقن (ع) مضبوط - محکم - استوار۔
مُتقنہ (ع) متقن کی تانیث۔
متقی (ع) (۱) صاحب تقویٰ - ڈرنے والا - بچنے والا - پرہیزگار (۲) خلفائے بغداد میں سے ایک خلیفہ کا نام جو عالم اور متقی شخص تھا - اور ۳۲۹ھ سے ۳۳۳ھ تک حکمران رہا۔
متقی بُودن (ف) پرہیزگار ہونا۔
مُتکا (ع) تکیہ گاہ - تکیہ لگانے کی جگہ۔
مُتکائے ریسمانی (ف) کمند وحدت - سبیل یعنی وہ رسی جس سے صوفی لوگ مراقبہ کے وقت کمر اور زانو باندھ لیتے ہیں۔
مُتکاثف (ع) کثیف - گاڑھا - موٹا - دلدار۔
مُتکبّر (ع) تکبر کرنے والا - مغرور۔
مُتکسّر (ع) شکستہ ہونے والا - ٹوٹنے والا۔
متکفّل (ع) کفیل - ضامن - ذمہ دار۔
متکلّف (ع) تکلف کرنے والا۔
مُتکلّم (ع) کلام کرنے والا - بولنے والا - عالم علم کلام۔
مُتکلّمین (ع) متکلم کی جمع - کلام کرنے والے - بولنے والے۔
مُتکوّن (ع) ہونے والا - موجود ہونے والا - نیستی سے ہستی میں آنے والا۔
مُتّکی (ع) تکیہ لگانے والا - بھروسا کرنے والا۔
مَتَل (ف) قصہ - افسانہ۔
مُتلاشی (ع) خراب - پریشان - معدوم - یہ لفظ لاشے سے ماخوذ ہے بعض لوگ اسے تلاش سے مشتق خیال کرکے تلاش کرنے والے کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں جو غلط محض ہے - کیونکہ تلاش ترکی زبان کا لفظ ہے - اور اس کا فاعل تلاشی بمعنی تلاش کرنے والا ہے۔
متلازم (ع) لازم ملزوم۔
مُتلاطم (ع) موجزن - لہریں مارنے والا - موجیں مارنے والا - (۲) تھپیڑے مارنے والا - طمانچہ مارنے والا۔
متلاقی (ع) ملاقات کرنے والا۔
متلاقی شُدن (ف) باہم ملاقات ہونا۔
مُتلالی (ع) چمکیلا - روشن - تاباں۔
مُتلبّس (ع) (۱) لباس پہننے والا (۲) چھپنے والا - چھپا ہوا - پوشیدہ۔
مُتلذّذ (ع) لذت اُٹھانے والا۔

مُتلطّخ (ع) ملوث - آلودہ - لتھڑنے والا۔
مُتلف (ع) تلف کرنے والا - ضائع کرنے والا - کھونے والا۔
مُتلقّی (ع) ملاقات کرنے والا۔
مُتلقّے (ع) ملاقات کیا گیا۔
مُتلوّن (ع) رنگ برنگ ہونے والا - رنگیلا - وہ شخص جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں وہ نظم یا شعر جو دو بحروں میں پڑھا جائے۔
متلون مزاج بُودن (ف) جس کا عقیدہ پختہ نہ ہو۔
مُتماثل (ع) ایک دوسرے کی شکل ہونے والا - مشابہ - مانند۔
مُتمادی (ع) دراز - بعید - لمبا۔
متمائل (ع) (۱) مائل ہونے والا - میل کرنے والا - خواہش کرنے والا (۲) بیٹھنے والا۔
متمایز بُودن (ف) معزز اور ممتاز ہونا۔
مُتمتّع (ع) فائدہ اُٹھانے والا - نفع لینے والا۔
مُتمتّع شُدن (ف) بہرہ مند ہونا۔
مُتمتّع کردن (ف) بہرہ مند کرنا۔
مُتمثّل (ع) ہم شکل ہونے والا - صورت پکڑنے والا۔
متمدّن (ع) صاحب تمدن۔
مُتمرّد (ع) نافرمان - سرکش۔
متمردانہ (ف) از روئے سرکشی۔
مُتمزّق (ع) ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا - پھٹنے والا۔
مُتمشّی (ع) چلنے والا - جاری ہونے والا۔
مُتمکّن (ع) جگہ پکڑنے والا - برقرار۔
متملّق (ع) تملق یعنی خوشامد کرنے والا - خوشامدی۔
مُتمّم (ع) تمام کرنے والا - پورا کرنے والا - کامل کرنے والا۔
مُتمّمات - متمم کی جمع - تمام اور کامل کرنے والی چیزیں۔
مُتمّم مکارم اَخلاق (ع) اخلاق کی خوبیوں کو کامل کرنے والا - جس میں سب صفات عمدہ ہوں - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مراد ہے۔
متمنّی (ع) خواہش کرنے والا - تمنا کرنے والا - خواہش مند۔
مُتمنّیات (ع) تمنّا کی جمع۔
مُتموّج (ع) تموج کرنے والا - موج زن - موجیں مارنے والا - لہریں مارنے والا۔
مُتموّل (ع) صاحب تمول - مالدار - دولت مند۔
مُتمیّز (ع) ملکی عہدہ - سول عہدہ - ملکی منصب۔
مَتن (ع) (۱) پشت - پیٹھ (۲) محکم - استوار (۳) بلند اور سخت جگہ (۴) اصل کتاب جس کی شرح کی جائے۔
مُتنازع (ع) جھگڑا کیا گیا - وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔
مُتنازع بُودن (ف) باہم نزاع اور جھگڑا ہونا۔
متنازع فیہ (ف) وہ بات جس کے متعلق جھگڑا یا تنازعہ ہو۔
متناسب (ع) تناسب رکھنے والا - نسبت رکھنے والا۔

Marfat.com

مُتَناقِض (ع) مناقی ۔ مخالف ۔ اُلٹا ۔
مُتَناوِب (ع) نوبت بہ نوبت ۔
مُتَناہی (ع) انتہا کو پہنچنے والا ۔ وہ شے جس کی انتہا نہ ہو ۔
مُتَناہِیَہ (ع) متناہی کی تانیث ۔ انتہا کو پہنچنے والی ۔
مُتَنَبِّہ (ع) واقف ۔ خبردار ۔ ہوشیار ۔ آگاہ ۔
مُتَنَزِّل (ع) تنزّل کرنے والا ۔
مُتَنَزِّہ (ع) (۱) پاک ۔ پاکیزہ ۔ بے عیب (۲) سیر کرنے والا ۔ (۳) قابل سیر ۔ قابل دید ۔
مُتَنَعِّم (ع) ناز و نعمت میں گزران کرنے والا ۔ چین سے بسر کرنے والا ۔
مُتَنَفِّذ (ع) صاحب نفوذ ۔ اثر و رسوخ والا ۔
مُتَنَفِّر (ع) نفرت کرنے والا ۔
مُتَنَفِّس (ع) نفس رکھنے والا ۔ جاندار آدمی ۔ انسان ۔
مُتَنَوِّع (ع) نوع بنوع ہونے والا ۔ رنگ برنگ ہونے والا ۔ طرح طرح کا ۔ قسم قسم کا ۔
مُتَنَوِّعہ (ع) رنگ برنگ کی چیزیں ۔ نوع بنوع چیزیں ۔ قسم قسم کی چیزیں ۔
مُتَواتِر (ع) لگاتار ۔ پے در پے ۔
مُتَوارِی (ع) چھپنے والا ۔
مُتَوازِی (ع) برابر ۔ مقابل ۔ باہم برابر ہونے والا ۔ مقابل ہونے والا ۔
مُتَواضِع (ع) تواضع کرنے والا ۔ عاجزی کرنے والا ۔ اپنے آپ کو کمتر سمجھنے والا ۔
مُتَوافِر (ع) وافر ہونے والا ۔ بہت ہونے والا ۔ کثیر ۔ زیادہ ۔
مُتَوالی (ع) پے درپے آنے والا ۔ پے در پے ہونے والا ۔ بار بار ہونے والا ۔ لگاتار (۲) وہ عدد جو بار بار آئے ۔
مُتَوَجِّہ (ع) توجہ کرنے والا ۔ دھیان دینے والا ۔ خیال کرنے والا ۔
مُتَوَحِّش (ع) (۱) وحشت اختیار کرنے والا ۔ متنفر ۔ غیر مانوس ۔ (۲) وحشت میں ڈالنے والا ۔
مُتَوَرِّع (ع) پریشان ۔ پراگندہ ۔
مُتَوَرِّم (ع) سوجا ہوا ۔
مُتَوَسِّط (ع) میانہ ۔ درمیانی ۔ بیچ کا (۲) رسمی ۔ رواجی ۔ معمولی ۔
مُتَوَسِّل (ع) (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا ۔
مُتَوَصِّل (ع) وصل اختیار کرنے والا ۔ ملنے والا ۔
مُتَوَطِّن (ع) باشندہ رہنے والا ۔ ساکن ۔ مقیم ۔
مُتَوَسِّع (ع) کسی چیز کا لمبا ہونا (۲) دن کا بہت چڑھنا ۔ سورج کا بلند ہونا ۔
مُتَوَفّیٰ (ع) فوت ہو گیا ہوا ۔ وفات پایا ہوا ۔ مرا ہوا ۔ مُردہ ۔
مُتَوَفّی (ع) مارنے والا ۔ فوت کرنے والا ۔
مُتَوَقِّع (ع) توقع رکھنے والا ۔ اُمیدوار ۔
مُتَوَقِّع بُودن (ف) توقع رکھنا ۔

مُتَوَقِّف (ع) توقف کرنے والا ۔ دیر کرنے والا ۔
مُتَوَقِّف بُودن (ف) توقف کرنا ۔ رُکنا ۔ ٹھہرنا ۔
مُتَوَکِّد (ع) جم کر کام کرنے والا ۔
مُتَوَکِّل (ع) توکل کرنے والا ۔ بھروسا کرنے والا ۔
مُتَوَکِّل شُدن (ف) بھروسا کرنا ۔ توکل کرنا ۔
مُتَوَکِّل عَلَی اللّٰہ (ع) (۱) خدا پر بھروسا کرنے والا (۲) خلفائے عباسیہ میں سے ایک خلیفہ کا نام جس نے ۲۳۲ھ سے ۲۴۷ھ تک حکومت کی ۔
مُتَوَلِّد (ع) تولد ہونے والا ۔ پیدا ہونے والا ۔
مُتَوَلِّد شُدن (ف) پیدا ہونا ۔
مُتَوَلّی (ع) (۱) کام پر رہنے والا ۔ برسرِ کار (۲) دوستی رکھنے والا (۳) مہتمم ۔ سرپرست ۔ نگران ۔
مُتَوَلّیِ چیرہ زَباں (ف) عطارد ستارہ ۔
مُتَوَّم (ع) جس کو ہار پہنایا جائے ۔
مُتَوَہَّم (ع) وہم کیا گیا ۔ وہم میں آنے والی بات ۔
مُتَوَہِّم (ع) وہم کرنے والا ۔ وہمی ۔
مُتَوَہِّم بُودن (ف) وہم کرنا ۔
مَتَہ (ع) گمراہ ہونا ۔
مَتَہ (ف) بڑھئی کا برما جس سے لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں ۔
مَتَہ بہ خشخاش نہادن } (ف) نہایت غور و فکر سے کام کرنا ۔
مَتَہ بر وزہ نہادن }
مُتَہاوِن (ع) (۱) سستی کرنے والا (۲) حقیر ۔ خوار ۔
مُتَہَتِّک (ع) (۱) ہتک کرنے والا ۔ بے عزت کرنے والا ۔ رسوائی کرنے والا (۲) پردہ کرنے والا (۳) بے پروا ۔
مُتَہَزِّم (ع) گرج اور چمک والا بادل ۔
مُتَہَکِّم (ع) گھمنڈی ۔ مغرور ۔
مُتَّہَم (ع) اتہام لگایا گیا ۔ وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو ۔
مُتَہَوِّر (ع) بہادر ۔ نڈر ۔ بے باک ۔
مُتَہَوِّک (ع) بے دھڑک قدم رکھنے والا ۔
مَتیٰ (ع) کب ۔ کس وقت ۔
مَتّیٰ (ع) حضرت یونس علیہ السلام کے باپ کا نام (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری کا نام جن کی تصنیف سے پہلی انجیل متی کی انجیل ہے ۔
مُتَیَقَّن (ع) یقین کیا گیا ۔ وہ امر جس کا یقین کیا گیا ہو ۔
مُتَیَّم (ع) (۱) عاشق (۲) دردمند (۳) ذلیل ۔ خوار ۔
مُتَیَمِّنات (ع) برکت والی چیزیں ۔
مَتین (ع) مضبوط ۔ محکم ۔ استوار ۔ پائدار ۔

## م ۔ ث

مَثاب (ع) (۱) لوٹنے کی جگہ ۔ جائے بازگشت ۔

Marfat.com

مُثاب (ع) ثواب دیا گیا - بدلہ دیا گیا (۲) پہاڑ
مثاب بُودن - ف، اجرت پانا۔
مثابت / مثابہ } (ع) (۱) بازگشت (۲) عددرجہ (۳) مشابہ ہونا - مانند (۴) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ
مثال (ع) (۱) مانند - نظیر (۲) شبیہ - تصویر (۳) حکم - حکم نامہ قاضی - پروانہ - شاہی فرمان -
مثالب (ع) بُرائیاں - لوگوں کی بُرائیاں - مناقب کی ضد
مثالث (ع) ستارہ جو مشہور ساز ہے -
مثانہ (ع) کیسہ بول - وہ تھیلی جس میں پیشاب جمع رہتا ہے -
مثانی (ع) سورۂ فاتحہ -
مُثبَت (ع) برقرار رکھا گیا -
مُثبِت (ع) ثابت کرنے والا -
مثرو طاس (ع) بڑا تھال -
مثرودیطوس / مثرودیطوس } (ی) ایک معجون کا نام
مثقال (ع) ساڑھے چار ماشہ کا وزن -
مثل (ع) مثال - کہاوت - قصہ
مثل (ع) مانند - مشابہ - سب صفتوں میں مساوی - برخلاف مثال کے کہ اس میں سب صفتوں میں مساوی ہونا ضروری نہیں -
مثل بُودن (ف) مانند ہونا -
مثلاً (ع) یعنی - گویا - جس طرح -
مُثلّث (ع) (۱) تکون - سہ گوشہ - وہ سطح جو تین خطوں سے گھری ہوئی ہو (۲) انگور کا وہ شیرہ جو آگ پر جوش دینے سے دو تہائی جل جائے - اور ایک تہائی باقی رہ جائے - فارسی میں اسے سیکی کہتے ہیں (۳) وہ لفظ جس کا پہلا حرف زیر زبر - پیش - تینوں حرکتوں سے پڑھنا صحیح ہو - اور معنی ایک ہی رہیں - (۴) ہر سہ حرفی لفظ (۵) تعویذ کا وہ نقش جس کے ہر طرف سے تین خانے ہوں (۶) تین تین مصرعوں کا بند -
مثلث (ع) تکون - سہ گوشہ -
مثل آسماں غرغرہ (ف) پیٹ میں سخت گڑبڑ ہونا -
مثل آتش نشۂ قلمکار (ف) بے جوڑ چیزوں کا آمیزہ -
مثل آقا بابا (ف) نہایت ہی مؤدب -
مثل آئینہ (ف) صاف دل -
مثل ارہ (ف) قینچی کی سی زبان -
مثل ارزق شامی (ف) سنگ دل -
مثل اشتر در وحل (ف) پھنسا ہوا -
مثل الف (ف) سیدھا -
مثل باد رفتن (ف) نہایت تیز جانا -
مثل بچہ آدم (ف) مؤدب - باتمیز -
مثل برادرانِ یوسف (ف) بے مہر - بے مروت -
مثل برامکہ (ف) سخی - فیاض -
مثل پارہ آجر (ف) سوکھی روٹی کا ٹکڑا -

مثل پستہ (ف) چھوٹا سا منہ -
مثل پلنگ (ف) مغرور -
مثل تختہ بزازاں (ف) رنگا رنگ
مثل توبرہ (ف) گھنی داڑھی -
مثلث قائم الزاویہ (ع) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائم ہو -
مُثلّث متساوی الاضلاع (ف) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں -
مُثلّث متساوی الساقین (ف) وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں -
مُثلّث مختلف الاضلاع (ف) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر نہ ہوں -
مُثلّث منفرجۃ الزاویہ (ع) وہ مثلث جس کا کوئی ایک زاویہ منفرجہ یعنی قائمے سے بڑا ہو اور باقی دو زاویے قائمے سے چھوٹے ہوں -
مُثلّث نشاں (ع) دو زانو بٹھانے والا - وہ عالی مرتبہ آدمی جس کے سامنے لوگ دو زانو بیٹھیں -
مُثلّثہ آتشیں (ع) دیکھو مثلث آتشیں -
مثلثہ ارضیہ (ع) دیکھو مثلث خاکی -
مُثلّثہ مائیہ (ع) دیکھو مثلث آبی -
مُثلّثہ ہوائیہ (ع) دیکھو مثلث بادی -
مُثلّثی (ع) تکونیہ - تکونیا -
مثلجہ (ع) برف سازی کا کارخانہ -
مثل زن (ع) کہاوت کہنے والا - مثال بیان کرنے والا -
مثل شدن (ف) مشہور ہونا -
مثل عطارد بودن (ف) وزیر ہونا - دبیر ہونا - منشی ہونا -
مثل کبک سرت را زیر برف کردہ (ف) چکور کی مانند سر نیچے کیے ہوئے ہو یعنی اب منہ کیوں چھپاتے ہو -
مُثلہ (ع) ناک کان کاٹ کر کسی کی صورت بگاڑ دینا (۲) وہ شخص جس کے ناک کان کٹے ہوئے ہوں (۳) وہ شخص جس کے اعضا کٹے ہوئے ہوں - (۴) وہ شخص جس کی کھال کھینچی گئی ہو - پوست برکندہ -
مُثمِر (ع) (۱) پھل دینے والا - پھل دار درخت - پھل لانے والا (۲) نتیجہ دینے والا -
مُثمّن (ع) آٹھ کے عدد سے تعلق رکھنے والی شے - ہشت پہلو - آٹھ گوشوں والا -
مثنوی (ع) (۱) منسوب بہ مثنیٰ (بمعنی دو دو) - وہ نظم جس کے ہر بیت میں دو قافیے علیحدہ علیحدہ ہوں - ابیات مختلف القوافی (۲) مولانا روم کی مشہور کتاب -
مثنیٰ (ع) دو دو -
مثنیٰ (ع) (۱) دو سے نسبت رکھنے والا (۲) دہرایا ہوا (۳)

Marfat.com

دہرا (۴) جوڑ ۔ جفت (۵) دوسری نقل ۔ نقل مطابق اصل ۔

**مثنیٰ بہ** (ع) وہ اصل جس سے نقل کی گئی ہو ۔

**مثوب** (ع) ثواب دیا گیا ۔ نیکی کا بدلہ دیا گیا ۔ عبادت کا صلہ دیا گیا ۔

**مثوبات** (ع) مثوبہ کی جمع ۔ نیکیوں کے عوض ۔ بھلائیوں کے بدلے ۔

**مثول** (ع) (۱) کسی کے مشابہ ہونا ۔ ہم شکل ہونا (۲) کسی کے سامنے کھڑا ہونا ۔

**مثوےٰ** (ع) ٹھکانا ۔ آرام کی جگہ ۔ جائے قرار ۔ قرارگاہ ۔

**مثیب** (ع) (۱) نیکی کا بدلہ دینے والا ۔ اجر دینے والا (۲) مزاج کو اعتدال پر لانے والا ۔

**مثیل** (ع) (۱) مانند ۔ مشابہ ۔ ہم شکل ۔ ہم صورت (۲) فاضل آدمی ۔

**مثیلا** (ع) سبق ۔

## م ۔ ج

**مج** (ع) مونگ ۔

**مجّ** (ع) سبز ماش ۔

**مج** (ف) (۱) ماج کا مخفف ۔ راوی ۔ روایت کنندہ (۲) کج کا تابع مہمل جیسے کج مج ۔

**مجاب** (ع) جواب دیا گیا (۲) قبول کیا گیا ۔

**مجاب شدن** (ف) قبول ہونا ۔

**مجاب کردن** (ف) قبول کرنا ۔

**مجابات** (ع) مجاب کی جمع ۔

**مجاج** (ع) متکبر ۔ مغرور ۔

**مجاج العنب** (ع) شرابِ انگور ۔

**مجاج المزن** (ع) بارش ۔ مینہ ۔

**مجاج النحل** (ع) شہد ۔ انگبین ۔

**مجاحفت** (ع) تکلیف دینا ۔ لڑائی کرنا ۔

**مجاد** (ع) بزرگی میں کسی پر غالب آنا ۔

**مجادات** (ع) مانگنا ۔ بخشش چاہنا ۔

**مجادت** (ع) صاحب مجد ہونا ۔ بزرگ ہونا ۔

**مجادل** (ع) جھگڑنے والا ۔

**مجادلات** (ع) مجادلہ کی جمع ۔ جھگڑے ۔ لڑائیاں ۔

**مجادلہ** (ع) جھگڑا ۔ لڑائی ۔ لڑائی کرنا ۔

**مجادہ** (ع) تحقیق و تفتیش کرنا ۔

**مجاذبہ** (ع) جگہ سے ہٹا دینا ۔ باہم کھینچا تانی کرنا ۔ لڑائی جھگڑا کرنا ۔

**مجارات** (ع) مباحثہ کرنا ۔ اکٹھے چلنا ۔

**مجارستان** (ف) ملک ہنگری جو یورپ میں آسٹریا کے اور جرمنی کے جنوب میں واقع ہے ۔

**مجاری** (ع) مجری کی جمع ۔ جاری ہونے کی جگہیں ۔ روانی کے مقام ۔

**مجاری امور** (ف) کاموں کا رواں ہونا ۔

**مجاری بدن** (ع) بدن کی رگیں ۔

**مجاز** (ع) (۱) گزرنے کی جگہ ۔ راہ ۔ رہگزر (۲) وہ لفظ جسے اس کے غیر حقیقی معنوں میں استعمال کیا جائے (۳) کسی لفظ کے وہ معنی جو حقیقی نہ ہوں ۔ مثلاً لفظ شیر ایک مشہور درندہ کا نام ہے ۔ اور یہی اس کے حقیقی معنی ہیں لیکن جب یہ کہا جائے کہ وہ میدان کا شیر ہے یا اس شیر نے خوب تلوار چلائی ۔ یہاں شیر کے معنی بہادر آدمی کے ہیں پس یہی معنی مجاز کہلاتے ہیں (۴) حقیقت کی ضد ۔

**مجازاً** (ع) از رُوئے مجاز ۔

**مجازا** (ع) مجازات کا مخفف ۔

**مجازات** (ع) عوض دینا ۔ بدلہ دینا ۔ نیکی یا بدی کی جزا دینا ۔

**مجازات شدن** (ف) نیکی یا بدی کی سزا یا جزا پانا ۔

**مجازات کردن** (ف) نیکی یا بدی کی سزا یا جزا دینا ۔

**مجازی** (ع) منسوب بہ مجاز ۔ حقیقی کی ضد ۔ جو حقیقی نہ ہو ۔ غیر حقیقی ۔

**مجازِی** (ع) نیکی یا بدی کا اجر دینے والا ۔ اچھے کام کی جزا دینے والا ۔

**مجاع** (ع) بے باک ۔ بے حیا ۔

**مجاعت** (ع) گرسنگی ۔ بھوک ۔

**مجاعلت** (ع) ٹکرا دینا ۔

**مجافات** (ع) چیز اٹھا کر دور رکھ دینا ۔

**مجال** (ع) (۱) جولان گاہ ۔ میدان ۔ دوڑنے کا میدان (۲) مجازاً قدرت ۔ طاقت ۔ امکان ۔ حوصلہ ۔ محل ۔ موقع ۔ (۳) فرصت ۔

**مجالات** (ع) باہم تلوار چلانا ۔

**مجالس** (ع) مجلس کی جمع ۔ محفلیں ۔ مجلسیں ۔ جلسے ۔

**مجالِس** (ع) جلیس ۔ پاس بیٹھنے والا ۔ مصاحب ۔ ہم صحبت ۔ ہم نشین ۔

**مجالست** (ع) چند آدمیوں کا باہم مل کر بیٹھنا ۔ ہم نشینی ۔

**مجالی** (ع) مجلی کی جمع (۱) جلوہ گاہیں (۲) مجازاً آئینہ ۔

**مجامر** (ع) مجمر کی جمع ۔ انگیٹھیاں ۔

**مجامعت** (ع) جماع کرنا ۔ عورت سے ہم صحبت ہونا ۔ ہم بستر ہونا ۔

**مجامعت کردن** (ف) مجامعت کرنا ۔

**مجاملت** (ع) نیکی کرنا ۔

**مجان** (ع) (۱) مفت ۔ بلا معاوضہ ۔ بے قیمت (۲) بے فائدہ (۳) بے ہودہ ۔ شوخ ۔ نڈر ۔ بے باک ۔

**مجاناً** (ع) مفت ۔ بلا قیمت ۔

**مجانس** (ع) (۱) ہم جنس (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں دو یا زیادہ کلموں کا لفظوں میں مشابہ ہونا اور اس کی کئی قسمیں ہیں مثلاً مقرون اور مفروق ، مفرد اور مرکب ۔

**مجانست** (ع) ہم جنسی ۔ ہم قومی ۔ ہم جنس ہونا ۔

**مجانین** (ع) مجنون کی جمع ۔ دیوانے ۔ پاگل ۔ سڑی ۔

Marfat.com

مُجاوَبَہ (ع)، جواب دینا۔
مُجاوِر (ع)، (۱) پڑوسی۔ ہمسایہ (۲)، درگاہوں اور متبرک مقاموں کا خادم۔ (۳) طالب علم۔ مجاور مدرسہ۔
مجاور بُودن (ع)، مقیم ہونا۔ قیام کرنا۔
مُجاوِرانِ فلک (ف)، سبعہ سیارہ سے مراد ہے۔ ثوابت و سیار۔ تمام ستارے۔
مُجاوَرَت (ع)، قرب۔ نزدیکی۔ پڑوس۔ ہمسائگی۔
مجاوِز (ع)، (۱) تجاوز کرنے والا۔ درگزر کرنے والا۔
مجاوزت (ع)، گزر جانا۔ گناہ معاف کرنا۔
مُجاہِد (ع)، (۱) کوشش کرنے والا۔ راہ خدا میں لڑنے والا۔
مجاہدات (ع)، مجاہد عورتیں۔
مجاہدان (ع)، مجاہد کی جمع۔
مجاہدہ (ع)، (۱) کوشش۔ سعی (۲)، رنج۔ مشقت (۳)، راہ خدا میں لڑنا۔
مجاہدین (ع)، مجاہد کی جمع۔
مجاہرت (ع)، آواز سے پڑھنا۔ گالی دینا۔
مُجاہِز (ع)، اسباب رکھنے والا (۲)، تیاری کرنے والا۔
مجاہزگان (ف)، آفتاب۔
مَجبُور (ع)، جبر کیا گیا۔ ناچار۔ بے اختیار۔ بے بس۔ زبردستی کام پر لگایا ہوا۔
مَجبُوراً (ع)، عاجز ہو کر۔ تھک کر۔ جبر سے۔ بے اختیاری کی حالت میں۔
مجبُوری (ع)، ناچاری۔ بے اختیاری۔ بے بسی۔
مجبُول (ع)، پیدا کیا گیا۔ جبلت کردہ شدہ۔
مجتاز (ع)، (۱) حد سے گزرنے والا (۲)، پیدا کیا گیا۔
مجتبیٰ (ع)، مقبول۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔
مُجتَمَع (ع)، اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔
مُجتَمِع (ع)، جمع ہونے والا۔
مجتمع العلماء }
مجتمع العلوم } (ع)، علماء کی علمی انجمن۔
مُجتَنِب (ع)، (۱) اجتناب کرنے والا۔ کسی چیز سے پرہیز کرنے والا۔ کنارہ کرنے والا۔ علیٰحدگی اختیار کرنے والا۔
مُجتَہِد (ع)، (۱) کوشش کرنے والا (۲)، فقہ کے مسائل نکالنے والا۔
مجتہدین (ع)، مجتہد کی جمع۔
مَجد (ع)، شرافت۔ بزرگی۔ فضیلت۔ برتری۔
مُجِدّ (ع)، کوشش کرنے والا۔
مُجَدَّد (ع)، نیا۔ نیا کیا گیا۔ از سر نو پیدا کیا گیا۔
مُجَدِّد (ع)، کسی بات کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا۔ احکامات دینی کو رواج دینے والا۔ دین کی بدعتوں کو دور کرنے والا۔
مُجَدَّداً (ع)، نئے سرے سے۔ از سرِ نو۔
مُجَدِّدِ الفِ ثانی (ع)، دوسرے ہزار سال کا مجدّد (۲)، ہندوستان کے مشہور ولی شیخ احمد سرہندی کا لقب۔ جو ۹۷۱ھ میں سرہند میں پیدا ہوئے اور ۱۰۳۴ھ کو فوت ہوئے۔ ان کی تصنیفات سے مکتوبات بہت مشہور ہے۔
مُجَدِّدِ وقت (ع)، ہر سو برس کے بعد شروع صدی میں پیدا ہونے والا مُجدِّد۔
مُجَدَّر (ع)، چیچک رُو۔ منقّش۔ وہ شخص جو چیچک میں مبتلا ہو۔ ابلہ رُخ۔
مُجَدَّرہ (ع)، کھچڑی۔
مِجدَل (ع)، جھگڑالو۔
مَجدَل (ع)، جماعت۔ گروہ۔
مَجدُود (ع)، صاحب نصیب۔ غزنی کے حکیم سنائی کا لقب۔
مجدور بُودن (ف)، چہرے پر چیچک کے داغ ہونا۔ آبلہ دار ہونا۔
مجدولہ (ع)، مضبوط زرہ۔ عورت۔
مجذام (ع)، دوستی ترک کرنے والا۔
مَجذُوب (ع)، کھینچا ہوا۔ خدا کی محبّت میں کھنچا ہوا۔ آپے سے گزرا ہوا۔
مجذوذ (ع)، کاٹا ہوا۔
مجذوف (ع)، پاؤں کٹا ہوا۔
مَجذُوم (ع)، مرض جذام والا۔ جذامی۔ کوڑھی۔
مجذوم بُودن (ف)، کوڑھی اور جذام والا ہونا۔
مَجَر (ع)، آسٹریا کو کہتے ہیں۔
مجراء (ع)، (۱) رواں کیا گیا۔ جاری کیا گیا (۲)، جاری کرنا۔ رواں کرنا۔ (۳)، مجازاً ملاقات امراء۔ سلام۔ تسلیمات۔
مُجَرَّب (ع)، تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔
مُجَرِّب (ع)، تجربہ کرنے والا۔
مُجَرَّد (ع)، (۱) اکیلا۔ تنہا۔ بے عورت۔ بے زن (۲)، تارک الدنیا (۳)، ننگا (۴)، وہ شے جو مادہ سے پاک ہو۔ جیسے رُوح۔ فرشتہ (۵)، بسیط۔ لایتجزیٰ۔
مُجَرِّد (ع)، برہنہ کرنے والا۔ ننگا کرنے والا۔
مُجَرَّدات (ع)، مجرّد کی جمع۔ عقول عشرہ (۲)، ارواح۔ ملائک۔
مجرک }
مجزک } (ف)، بیگار۔ بغیر مزدوری کے کام۔
مُجرِم (ع)، جرم کرنے والا۔ قصوروار۔ گنہگار۔
مجرم بُودن (ف)، گنہگار ہونا۔
مجرمان }
مجرمین } (ع)، مجرم کی جمع۔ جرم کرنے والے۔
مجروح (ع)، زخمی۔ گھائل۔
مجروح شُدن (ف)، زخمی ہونا۔
مجروح کردن (ف)، زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔
مجروحین (ف)، زخمی اور گھائل لوگ۔
مجرور (ع)، کھینچا گیا۔ وہ لفظ جس سے پہلے حرف جر آئے۔

Marfat.com

مَجَرَّہ (ع)، کہکشاں۔
مَجْرَیٰ (ع)، (۱) جاری ہونے کی جگہ۔ مقام روانی (۲) جاری ہونا (۳) علم عروض میں حرکت ردی کا نام۔
مِجْری (ف)، دوا فروش یا عطار کا وہ برتن جس میں وہ دوا رکھتا ہے۔
مجری داشتن (ف)، تعمیل کرنا۔
مَجْزِیَہ (ع)، حاکم ولایت کی مجلس انتظامیہ۔ وزرا کی مجلس۔ ایگزیکیٹو کونسل۔
مُجَزَّا (ع)، جزو جزو علیحدہ علیحدہ کیا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
مجزا شُدن (ف)، تجزیہ ہونا۔ جُدا ہونا۔
مجزا کردن (ف)، تجزیہ کرنا۔ جُدا جُدا کر دینا۔
مَجزوم (ع)، قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ مقطوع۔
مَجَسّ (ع)، نبض دیکھنے کی جگہ۔ نبض گاہ۔
مِجِسطی (ی)، (۱) ترتیب (۲) حکیم بطلیموس کی مشہور کتاب کا نام جو اس کی مرتبہ ہے اور جس کا ترجمہ محقق طوسی نے کیا ہے۔
مُجَسَّم (ع)، جسم دار۔ جسم والا۔
مجسم شُدن (ف)، جسم دار ہونا۔
مُجَسَّمہ (ع)، پتھر یا دھات کی مورت۔
مجسمہ ساز (ف)، مورتیاں بنانے والا۔
مجسمۂ نصف تنہ (ف)، آدھے جسم کی مورت۔ آدھے دھڑ کا مجسمہ۔
مُجَصَّص (ع)، پگچ کیا ہوا۔
مُجَعْجَع (ع)، جاہل۔ احمق۔
مُجَعَّد (ع)، گھونگریالے بال۔
مجعول (ع)، جعلی۔
مجعولات (ع)، جعلی چیزیں۔
مُجَفِّف (ع)، خشک کرنے والا۔
مُجَلَّد (ع)، جلدبندی کیا ہوا۔ کتاب جس کی جلدبندی ہوئی ہو۔
مُجَلِّد (ع)، جلدبند۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔
مَجْلِس (ع)، (۱) بیٹھنے کی جگہ (۲) مجازاً وہ جگہ جہاں آدمی جمع ہوں۔
مجلسُ الاشراف (ع)، ہاؤس آف لارڈز۔ دارالخواص۔
مجلسُ الاعیان (ع)، ہاؤس آف لارڈز۔ دارالامراء۔
مجلسُ التشریع (ع)، لیجسلیٹو کونسل۔ مجلس واضعان قانون۔
مجلس الحقوق (ع)، سول کورٹ۔
مجلسُ الشوریٰ (ع)، مجلس مشاورت۔
مجلس العموم (ع)، دارالعوام۔
مجلس بلدی (ع)، میونسپل کمیٹی۔
مجلس نویس (ف)، شاہی دربار کا وقائع نگار۔ اخبار نویس۔
مجلس وُکلاء (ع)، دارالعوام۔ ملک کے نمائندگان کی جماعت۔
مَجَلّہ (ع)، علمی رسالہ۔ ماہوار رسالہ۔

مُجَلّیٰ (ع)، جلا دیا ہوا۔ چمکیلا۔ روشن۔ صاف۔ آشکارا۔
مُجَلِّی (ع)، جلا دینے والا۔ روشن کرنے والا۔
مِجْمَر (ع)، انگیٹھی۔ عود دان۔
مجمر آتش (ف)، (۱) آفتاب (۲) انگیٹھی۔
مجمر نقرہ پوش (ف)، دنیا جہان۔
مَجْمَع (ع)، (۱) جمع ہونے کی جگہ۔ محفل۔ مجلس (۲) ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ۔
مجمع البحرین (ع)، مقام اتصال۔ سنگم۔ دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔
مجمع عَلَیہ (ع)، متفق علیہ۔ وہ بات جس پر لوگوں کا اتفاق ہو۔
مُجْمَل (ع)، اکٹھا کیا ہوا۔ خلاصہ۔ بہت سا مطلب جمع کیا ہوا جو تفصیل کا محتاج نہ ہو۔
مُجْمَلاً (ع)، بالاجمال۔ خلاصہ کے طور پر۔
مجملات (ع)، ایسی قرآنی آیات جن کے معنی تفصیل کے محتاج ہوں۔
مَجْمُوع (ع)، جمع کیا گیا۔ جمع۔ تمام۔ کل۔ سب۔
مَجْمُوعہ (ع)، (۱) جمع۔ حاصل جمع۔ جوڑ۔ تمام۔ کل (۲) سادہ ورقوں کی کتاب یا جلد جس میں ہر قسم کے کاغذات وغیرہ رکھتے ہیں۔
مَجْمُوعی (ع)، اجمال۔ تمام۔ سب کا سب۔
مِجَن (ع)، سپر۔ ڈھال۔
مُجَنَّح (ع)، صاحب جناح بازو دار۔ بازو والا۔
مُجَنَّدہ (ع)، (۱) جمع کیا گیا (۲) جمع ہونے کی جگہ (۳) جمع کیا ہوا لشکر۔
مجنوب (ع)، پسلی کے درد کا بیمار۔
مجنون (ع)، (۱) جنونی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ سڑی۔ جنون کا مریض۔ (۲) رئیس العاشقین۔ قیس عامر کا نام جو عرب کی مشہور معشوقہ لیلےٰ کا عاشق تھا۔
مُجَنَّہ (ع)، مکہ معظمہ کے قریب ایک بازار کا نام۔
مجوب (ع)، قینچی۔ چھری۔ ڈھال۔
مجوبہ (ع)، جواب۔
مجود (ع)، پیاسا۔
مجوز (ع)، (۱) تجویز کرنے والا (۲) جائز رکھنے والا۔ روا رکھنے والا۔
مُجَوَّز (ع)، (۱) تجویز کیا ہوا (۲) جائز کیا ہوا۔
مُجوز (ع)، تجویز کیا ہوا۔ تجویز شدہ۔ مقرر شدہ۔
مجوس (ع)، مجوسی کی جمع آتش پرستوں کی قوم۔
مجوست (ع)، آتش پرستی۔
مَجُوسی (ع)، قوم مجوس کا ایک آدمی۔ گبر۔ آتش پرست۔ آفتاب پرست۔ مہتاب پرست۔
مَجُوسِیّہ (ع)، مجوسیوں کا مذہب۔
مجول (ع)، انگیا۔ محرم۔ ڈھال۔

Marfat.com

مجون (ع) شوخی - ہزل - بے باکی کرنا - نڈر ہونا۔
مجہر (ع) خوردبین - میکروسکوپ۔
مجہز شدن (ف) آمادہ ہونا - تیار ہونا۔
مجہل (ع) چٹیل میدان۔
مجہلہ (ع) جہالت پر آمادہ کرنے والی چیز۔
مجہود (ع) (۱) جہد یعنی کوشش کیا گیا (۲) طاقت دیا گیا۔
مجہورات (ع) فارسیوں کی اصطلاح میں حروف مہموسہ کے علاوہ باقی حروف تہجی۔
مجہول (ع) (۱) نامعلوم - نادانستہ شدہ (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔
مجہول النسب (ع) وہ شخص جس کے حسب نسب اور اصل و نسل میں شبہ ہو۔
مجہول ہویت (ف) گمنام۔
مجی (ع) آنا۔
مجیب (ع) (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا۔
مجیب الدعوات (ع) دعاؤں کا قبول کرنے والا - اللہ تعالیٰ۔
مجیب الاسئلۃ (ع) سوالوں کا جواب دینے والا۔
مجیئت (ع) آنا۔
مجید (ع) بزرگ - گرامی۔
مجیر (ع) پناہ دینے والا - بچانے والا۔

## م - چ

مچ (ف) (۱) کلائی - پہنچا (۲) بوسہ لینے کی آواز۔
مچ مچ (ف) پے در پے بوسے لینے کی آواز - چومنے کی آواز۔
مچالہ شدن (ف) مروڑ - مروڑے جانا۔
مچالہ کردن (ف) سلوٹیں اور شکن ڈال دینا۔
مچلکا } (ف) وہ عہدنامہ جو گنہگاروں یا مجرموں سے لکھوایا جائے
مچلکہ } شرطیہ اقرارنامہ جو تحریر کیا جائے۔
مچیدن (ف) ناز سے چلنا۔

## م - ح

مح (ع) پرانا - بوسیدہ۔
محابا (ف) عربی کا اصل لفظ محابات ہے - فارسی والے ت کو حذف کرکے استعمال کرتے ہیں (۱) چھوڑ دینا (۲) اعانت - مدد - مروت - لحاظ - رعایت - نگہداشت۔
محابات (ع) دیکھو محابا۔
محاجہ کردن (ف) توجیہ کرنا - استدلال کرنا - وکالت کرنا۔

محابست (ع) بند کرنا۔
محاح (ع) جھوٹا جو صرف باتوں سے خوش یا مطمئن کردے اور فعل سے راضی نہ کرے۔
محادثت } (ع) باہم گفتگو کرنا۔
محادثہ } بات چیت کرنا۔
محاذ } (ع) محاذات کا مخفف۔
محاذا }
محاذات (ع) مقابل ہونا - رُوبرو ہونا - مقابلہ کرنا - مقابلہ - تقابل - آمنے سامنے ہونا - ایک چیز کا دوسری چیز کے برابر ہونا۔
محاذرت (ع) سامنے آنا - مقابلہ کرنا۔
محاذی (ع) مقابل - مقابلہ کرنے والا - آمنے سامنے ہونے والا - رُوبرو ہونے والا۔
محاذی بودن (ف) آمنے سامنے ہونا۔
محارب (ع) جنگ کرنے والا - لڑنے والا۔
محاربات (ع) محاربہ کی جمع۔
محاربہ (ع) جنگ - لڑائی۔
محارزت (ع) فضول ہنسی مذاق کرنا۔
محارست (ع) نگہبانی - محافظت۔
محارم (ع) محرم کی جمع - پردہ دار - رازدار - گھر میں آسکنے والے۔
محاسب (ع) (۱) حساب جاننے والا (۲) حساب لینے والا۔
محاسبہ (ع) حساب - حساب کرنا۔
محاسن (ع) حسن کی جمع - جو خلاف قیاس ہے (۱) خوبیاں - بھلائیاں (۲) ڈاڑھیاں۔
محاسن از آسیا سپید کردن (ف) نہایت بے وقوفی سے مراد ہے جیسے کہا جاتا ہے - دھوپ میں داڑھی سفید کرنا۔
محاش (ع) پونجی - گھر کا سامان۔
محاصر (ع) محاصرہ کرنے والا - گھیر لینے والا۔
محاصرہ (ع) چاروں طرف سے گھیر لینا - چاروں طرف سے کسی کی راہ بند کر دینا۔
محاصرہ کردن (ف) گھیر لینا۔
محاضرات (ع) معاملات - معلومات - حال و مقام کے مطابق پچھلے لوگوں کے احوال و اقوال - گذشتہ کہانیاں - حال کے موافق اور مقام کے مناسب حکایتیں یا نقلیں - گذشتہ کہانیاں - علم تاریخ۔
محافظ (ع) حفاظت کرنے والا - نگہبان۔
محافظ کار (ف) بزدل - ڈرپوک۔
محافظان (ف) محافظ کی جمع۔
محافظت (ع) حفاظت - نگہبانی۔
محافل (ع) محفل کی جمع - محفلیں - مجلسیں۔

Marfat.com

**محافل رسمی** (ف) سرکاری حلقے
**مُحافہ** (ع) پالکی - ڈولی - فارسی والے اس کو بلا تشدید استعمال کرتے ہیں۔
**مُحاکا** (ع) محاکات کا مخفف۔
**مُحاکات** (ع) آپس میں حکایت کرنا - باہم قصے کہانیاں کرنا۔
**مُحاکمات** (ع) محاکمہ کی جمع (۱) فیصلے (۲) مقدمات (۳) مقدمات فیصل کرانے کے لیے حاکم کے پاس جانا (۴) منصف بن کر جھگڑا چکا دینا۔
**مُحاکمہ** (ع) (۱) فیصلہ (۲) مقدمہ (۳) جھگڑا چکانے کے لیے حاکم کے پاس جانا۔
**محاکمہ داشتن** (ف) کسی کے ساتھ مقدمہ بازی کی نوبت آنا۔
**محاکمہ کردن** (ف) مقدمہ چلانا یا مقدمے کی سماعت کے لیے بلانا۔
**مِحال** (ع) مکر - حیلہ۔
**مَحال** (ع) محل کی جمع (۱) مقامات - جگہیں (۲) ضلعے - پرگنے - (۳) اُترنے کے مقامات۔
**مُحال** (ع) ان ہونی بات - غیر ممکن - ناممکن۔
**مَحّال** (ع) بڑا مکار - فریبی - شیطان۔
**مَحال** (ع) بڑی چرخی - بڑا ڈول۔
**مُحالات** (ع) محالہ کی جمع - غیر ممکن چیزیں - ناممکنات۔
**محال گوئی** (ف) نامعقول اور لغو بات کہنا۔
**مُحالہ** (ع) ناممکن - غیر ممکن - اَن ہونی بات۔
**مُحام** (ع) وکیل - بیرسٹر۔
**مُحابات** (ع) (۱) نگہبانی کرنا - حفاظت کرنا - کسی سے کسی چیز کو دفع کرنا۔
**مَحامد** (ع) محمدہ کی جمع - تعریفیں - خوبیاں - اچھی خصلتیں۔
**مَحامِل** (ع) محمل کی جمع - ہودج - عماریاں - کجاوے۔
**مُحاملت** (ع) آپس میں مل کر بوجھ اُٹھانا۔
**مُحامی** (ع) حمایت کرنے والا وکیل۔
**مُحاورات** (ع) محاورہ کی جمع - ہم کلامیاں - باہم گفتگوئیں - آپس کی باتیں۔
**مُحاورات** (ع) (۱) باہم بات چیت کرنا - (۲) جواب دینا۔
**مُحاورہ** (ع) (۱) ہم کلامی - باہم گفتگو - بات چیت (۲) جواب دینا - بات چیت کرنا۔
**مُحاولہ** (ع) (۱) کسی چیز کا طلب کرنا (۲) کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ (۳) کسی سے مدت تک حیلہ گری کرنا۔
**مُحایہ** (ع) ربط۔
**مُحِبّ** (ع) محبت کرنیوالا - دوستی کرنیوالا - دوست رکھنے والا - پیار کرنیوالا - عاشق۔
**مَحبّت / مُحِبّت** } (ع) اُلفت - پیار - دوستی۔

**محبت آمیز** (ف) دوستانہ۔
**محبّت کل** (ع) سب کی محبت - صوفیوں کی اصطلاح میں صلح کل ہونا اور سب سے محبت رکھنا۔
**مَحبَرہ / مَحبُرہ** } (ع) دوات۔
**مَحبس** (ع) زندان - قید خانہ - جیل۔
**مَحبُوب** (ع) پیارا - دوست - معشوق۔
**محبُوب الٰہی** (ع) خدا کا پیارا - حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ سلطان المشائخ دہلوی کا لقب۔
**مَحبُوبہ** (ع) پیاری - معشوقہ۔
**محبت داشتن** (ف) کسی سے اُلفت ہونا - دوستی ہونا۔
**محبوبیت** (ف) دلنشینی۔
**مَحبُوس** (ع) اسیر - قیدی - مقید۔
**محبوسان** (ف) محبوس کی جمع۔
**محتاج** (ع) حاجت مند - مفلس - غریب - فقیر۔
**محتاج شُدن** (ف) حاجت مند ہونا۔
**محتاط** (ع) احتیاط رکھنے والا۔
**مُحتال** (ع) مکار - فریبی - حیلہ گر۔
**محتال بُودن** (ف) فریبی ہونا - مکار ہونا۔
**محتالہ** (ع) محتال کی تانیث - مکارہ۔
**محتجب** (ع) حجاب والا - پردہ میں ہونے والا - پردہ نشین - پوشیدہ - پنہاں - چھپا ہوا۔
**مُحتجبہ** (ع) (م ح ت ج ب ۃ) محتجب کی تانیث - پردہ نشین عورت۔
**مُحترَز** (ع) احتراز کرنے والا - پرہیز کرنے والا - اپنے آپ کو بچانے والا۔
**محترز بُودن** (ف) پرہیزگار ہونا۔
**محترف** (ع) ہم پیشہ۔
**محترف بُودن** (ف) ایک ہی حرفت سے تعلق رکھنا - ہم پیشہ ہونا۔
**محترفہ** (ع) فرقہ یا جماعت کی صفت میں آتا ہے - کاریگر لوگ - پیشہ ور لوگ۔
**مُحترَق** (ع) جلنے والا - جلا ہوا - سوختہ۔
**مُحترَم** (ع) حرمت کیا گیا - عزت کیا گیا۔
**محترم داشتن** (ف) کسی کی عزت کرنا۔
**محترَما** (ع) از روئے احترام۔
**مُحتسب** (ع) (۱) حساب کرنے والا - شمار کرنے والا (۲) خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرنے والا - حاکم - کوتوال۔
**محتسب گرمی خورد معذور دارد مست را** (ف) کوتوال جب خود ہی شراب کا عادی ہو تو وہ مستوں کو کیا کہہ سکتا ہے۔
**محتشم** (ع) صاحب حشمت - نوکر چاکر اور دھن دولت والا۔

Marfat.com

محظوظ (مُ حْ ظُ وْ ظ) (ع) (۱) بہرہ ور۔ بہرہ یاب (۲) مجازاً خوش۔ مسرور۔

محتضر بودن / محتضر گشتن } (ف) دم مرگ ہونا۔ موت کے کنارے ہونا۔

محتفل (ع) (۱) سربراہ (۲) نہایت کوشش اور وضاحت کرنے والا۔

محتکر (ع) وہ غلہ فروش جو غلہ کو گرانی کی امید پر بند رکھے اور نہ بیچے۔

محتکرین (ع) محتکر کی جمع۔

محتمل (ع) احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ وہ بات جس کا احتمال ہو۔

محتمِل (ع) احتمال کرنے والا۔

محتوم (ع) واجب کیا گیا۔ لازم کیا گیا۔ حکم کیا گیا۔

محتوی (ع) شامل۔ گھیرنے والا۔

محجَر (ع) جنگلہ۔ جالی دار دیوار۔ پردہ کی دیوار۔

محجّل (ع) سرخ یا سیاہ رنگ کا گھوڑا جس کے چاروں پاؤں سفید ہوں۔

محجمہ (م ح ج م ہ) (ع) پچھنا۔ سنگی۔

محجن (ع) چوگان۔ بلا۔

محجوب (ع) (۱) پوشیدہ۔ پردہ میں چھپا ہوا۔ پنہاں۔ (۲) شرمندہ۔

محجوبہ (ع) محجوب کی تانیث۔ پردہ نشین عورت۔ پردہ میں چھپی ہوئی عورت (۲) شرمیلی (۳) وہ لکڑی جو دروازہ کے پیچھے رکھی جاتی ہے۔

محجوبہ احمد (ع) لفظ احمد کا الف۔

محجور (ع) حرام کیا گیا۔ منع کیا گیا۔

محدّب (ع) (۱) کب کیا گیا۔ کوبدار۔ وہ چیز جو قبہ کی مانند درمیان سے اونچی ہو (۲) کرہ کی بیرونی سطح (۳) وہ شیشہ جو درمیان سے موٹا اور کناروں کی طرف آہستہ آہستہ باریک ہوتا جائے۔

محدّث (ع) بیان کرنے والا۔ راوی۔ حدیث بیان کرنے والا۔ علم حدیث کا عالم۔

محدث (ع) احداث کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بے وضو۔ ناپاک۔

محدثہ (ع) انوکھی چیز۔

محدود (ع) حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔ متناہی حدوں سے گھرا ہوا۔

محذرف (ع) گھوڑے گدھے یا بکری کا سُم۔

محذور (ع) وہ چیز جس سے حذر یعنی خوف کیا جائے وہ چیز جس سے ڈر لگے۔

محذورہ (ع) خوف۔ مصیبت۔

محذے (ع) رانپی جو موچیوں کا ایک اوزار ہے۔

محراب (ع) حرب یعنی لڑنے کا اوزار (۲) وہ طاق جو مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کے لیے بنایا جاتا ہے۔

محراب ابرو (ف) محبوب کی بھویں۔

محراب جمشید (ف) جام جمشید۔ جام جہاں نما (۲) آفتاب (۳) آگ۔

محراب شکر لوزہ (ف) سموسہ۔

محراب گاہ / محراب گہ } (ف) مسجد۔ مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔

محرابی (ف) (۱) مسجد (۲) ایک قسم کی پیچیدہ تلوار۔

محراج (ع) نہایت ٹھنڈی رات۔

محراف (ع) زخم میں ڈالنے کی سلائی۔

محراک (ع) (۱) بہت پھرنے والا۔ بہت حرکت کرنے والا (۲) بہت پھرانے والا (۳) بہت افسوس کرنے والا (۴) اسرافیل کے ناموں میں سے ایک نام۔

محران (ع) شہد۔

محرِّر (ع) تحریر کرنے والا۔ لکھنے والا (۲) غلام آزاد کرنے والا۔

محرَّر (ع) (۱) لکھا ہوا (۲) آزاد کیا ہوا۔

محرّان فلک (ع) سبعہ سیارہ۔ ساتوں ستارے۔

محرّرہ (ع) لکھا ہوا (۲) آزاد کیا گیا۔

محرَّص (ع) حرص میں ڈالا گیا۔ لالچ کیا گیا۔

محرِّص (ع) حرص دلانے والا۔

محرَّض (ع) اکسایا گیا۔ ورغلایا گیا۔ ابھارا گیا۔

محرِّض (ع) ابھارنے والا۔ اکسانے والا۔ ورغلانے والا۔

محرَّف (ع) راستی سے پھرا ہوا۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔

محرقہ (ع) محرق کی تانیث (۱) جلانے والی (۲) ایک تپ کا نام جو تمام خلطوں کو جلا دیتی ہے۔

محرِّک (ع) حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔

محرَّم (ع) (۱) حرام کیا گیا (۲) پہلے قمری مہینہ کا نام چونکہ ایام جاہلیت میں اس مہینہ میں جنگ حرام تھی۔ اس لیے یہ نام رکھا گیا۔

مُحرِم (ع) (۱) حرم کعبہ میں آنے والا (۲) حج کا احرام باندھنے والا۔

محرم (ع) عورت کا وہ قریبی رشتہ دار جس کے ساتھ اس کا نکاح حرام ہو۔ وہ شخص جس کے ساتھ نکاح کرنا درست نہ ہو (۲) مجازاً واقف کار۔

محرّمات (ع) حرام چیزیں۔ وہ باتیں جن کا کرنا ناجائز ہے۔

محرم بیک نقطہ مجرم شود (ف) کسی ایک ہی لغزش، خطا یا غلطی سے بڑے بڑے عابد پرہیزگار اور متقی پارسا بھی گر جاتے ہیں اور مجرم قرار پاتے ہیں۔

محرم راز (ف) بھیدی۔ بھید جاننے والا۔

محرمہ (ع) حرمت۔ عزت۔

محرن (ع) روئی دھننے کی کمان۔

محرور (ع) (۱) گرم مزاج (۲) گرم۔ حرارت کیا گیا (۳) لاغر۔

Marfat.com

محروس (ع) حراست کیا گیا ۔ محفوظ ۔
محروسہ (ع) وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے ۔ محفوظ جیسے ممالک محروسہ شاہی ملک جن کی حفاظت کی جاتی ہے ۔ وہ ملک جو اپنے قبضہ میں ہو ۔ اپنا ملک ۔
محروق (ع) کباب بنانے کی سیخ ۔
محروم (ع) باز رکھا گیا ۔ روکا گیا ۔ بدنصیب ۔ نامراد ۔
محروم داشتن (ف) نامراد کرنا ۔
محروم شدن (ف) کسی کا نامراد ہونا ۔
محرومی / محرومیت (ع) مایوسی ۔ ناامیدی ۔ ناکامی ۔
محزون (ع) حزین ۔ غمگین ۔ رنجیدہ ۔ اُداس ۔
محزون بودن (ف) غمگین ہونا ۔
محزونیت (ف) غم ۔ ملال ۔
محسن (ع) احسان کرنے والا ۔ نیکی کرنے والا ۔ نیکوکار ۔
محسنات (ع) محسنہ کی جمع ۔ نیکیاں ۔ خوبیاں ۔
محسنہ (ع) محسن کی تانیث ۔ نیکی کرنے والی عورت ۔
محسنین (ع) محسن کی جمع ۔ احسان کرنے والے ۔ نیکی کرنے والے ۔
محسوب (ع) حساب کیا گیا ۔ شمار کیا گیا ۔
محسوب شدن (ف) حساب کیا جانا ۔
محسوب بودن (ف) حساب کتاب میں جانا ۔
محسود (ع) حسد کیا گیا ۔ رشک کیا گیا ۔ وہ شخص جو اس قابل ہو کر لوگ اس پر حسد یا رشک کریں ۔
محسوس (ع) حس کیا گیا ۔ وہ چیز جو حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے معلوم ہوسکے (۲) معلوم کی ہوئی شے ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔
محسوسات (ع) محسوسہ کی جمع ۔
محسوسہ (ع) وہ چیز جو محسوس ہوسکے ۔
محسون (ع) بے کار چیز ۔
محش (ع) آگ کریدنے کے لیے لوہے کے اوزار ۔
محشر (ع) میدان قیامت ۔ قیامت کے دن لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ ۔
محشر خرام / محشر قد (ف) معشوق ۔ پیارا ۔
محشو (ع) پُر ۔ بھرا ہوا ۔ آگندہ ۔ فارسی میں بلا تشدید واؤ بھی آتا ہے ۔
محشود (ع) جس کا حکم مانا جائے ۔
محشور (ع) حشر کیا گیا ۔ قیامت کے روز اُٹھایا گیا ۔
محشور بودن (ف) حشر کیا جانا ۔
محشورہ (ع) اکٹھا کی ہوئی چیز ۔
محشوش (ع) (۱) جلایا گیا (۲) مکروہ (۳) آلودہ ۔
محشی (ع) حاشیہ چڑھانے والا ۔
محشّٰے (ع) حاشیہ چڑھایا ہوا ۔

محص (ع) ہرن کا بہت تیزی سے دوڑنا (۲) اللہ تعالیٰ کا کسی کی مصیبت کو دور کرنا (۳) دانتوں کو صاف کرنا (۴) سونے کو کھوٹ سے صاف کرنا ۔ (۵) رسی کو اچھی طرح بٹنا (۶) بجلی کا چمکنا ۔
محصد (ع) درانتی ۔
محصف (ع) تیز گھوڑا ۔
محصّل (ع) تحصیل کرنے والا ۔ حاصل کرنے یعنی اگاہنے والا ۔ حاصل کرنے والا ۔
محصَّل (ع) حاصل کیا ہوا ۔ حاصل ۔
محصَل (ع) حاصل ہونے کی جگہ ۔
محصل کلام (ف) خلاصہ کلام ۔ حاصل کلام ۔
محصن (ع) (۱) بیاہا ہوا ۔ جورو والا (۲) پرہیزگار ۔ پاک دامن ۔
محصنات (ع) محصنہ کی جمع ۔
محصن بودن (ف) شادی شدہ ہونا ۔
محصنہ (ع) (۱) شادی شدہ عورت ۔ بیاہی ہوئی عورت (۲) پاک دامن عورت ۔ پرہیزگار عورت (۳) آزاد عورت ۔
محصنہ بودن (ف) عورت کا شادی شدہ ہونا ۔
محصنین (ع) محصن کی جمع ۔
محصود (ع) کٹی ہوئی کھیتی ۔
محصور (ع) حصر کیا گیا ۔ گھیرا ۔ قید ۔ قلعہ بند ۔
محصورین (ع) محصور کی جمع ۔
محصول (ع) حاصل کیا ہوا ۔ خراج ۔ چنگی ۔
محصول کشاورزی (ف) زرعی پیداوار ۔
محض (ع) (۱) خالص (۲) صرف ۔
محض خاطر (ف) برائے رضائے دل ۔
محضر (ع) (۱) چیک ۔ وثیقہ ۔ کسی حاکم مجاز کا تصدیق کیا ہوا کاغذ (۲) حاضر ہونے کی جگہ (۳) حاضر ہونے کا وقت (۴) حاضر ہونا ۔ سامنا ۔ حضور (۵) نیک محضر وہ شخص جو اوروں کو ان کی پیٹھ پیچھے نیکی سے یاد کرے ۔
محضرون (ع) حاضرین ۔ حاضر کیے ہوئے ۔
محظور (ع) حرام کیا گیا ۔ منع کیا گیا ۔
محظوظ (ع) بخت ور ۔ بہرہ ور ۔ صاحب نصیب ۔
محفظہ (ع) (۱) یادداشت کی کتاب ۔ نوٹ بک (۲) زیور یا جواہرات رکھنے کی جگہ ۔
محفل (ع) مجلس ۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔
محفل نام و ننگ (ف) قیامت ۔
محفل ہستی (ف) دنیا ۔
محفوظ (ع) حفاظت کیا گیا ۔ حفاظت میں رکھی ۔
محفوف (ع) چاروں طرف سے گھرا ہوا ۔
محفّہ / محفہ (ع) ڈولی ۔ پالکی ۔ محافہ ۔

Marfat.com

مَحق (ع) (۱) باطل کرنا (۲) پاک کرنا (۳) گھٹنا (۴) گھٹانا (۵) گرمی کا کسی چیز کو جلا دینا۔
مُحقَّر (ع) حقیر سمجھا گیا۔ ذلیل۔ حقیر۔
مُحقَّق (ع) تحقیق کیا گیا (۲) خوشنویسی کے ایک خط کا نام۔
مُحقِّق (ع) تحقیق کرنے والا۔ حقیقت کا تلاش کرنے والا۔ ٹھیک باتوں کا اور اصلیت کا خواہاں۔ دلیل کے ساتھ باتوں کو ثابت کرنے والا۔
مُحقّقاً (ع) ازرُوئے تحقیق۔
مُحقّقین (ع) محقق کی جمع۔ تحقیق کرنے والے۔
مِحَک۔ مِحَکّ (ع) کسوٹی چاندی سونے کو پرکھنے کا سیاہ پتھر۔
مِحکِ زرِ ایمان (ف) ایمان کی کسوٹی۔ یعنی حجرِ اسود۔
مِحکِ زرّین (ف) (۱) کسوٹی (۲) حجرِ اسود۔
مُحکَم (ع) مضبوط۔ پائیدار۔ مستعد۔
مُحکم کار (ع) وہ شخص جو اچھا اور دُرست کام کرے۔
مُحکم کاری (ف) دُرست کام کرنا۔ احتیاط سے کام کرنا۔
مُحکمات (ع) قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور صریح ہیں۔ اور ان کی تحویل کی ضرورت نہیں۔
محکمہ (ع) عدالت۔ کچہری۔ دفتر۔ کورٹ۔
محکمہ استیناف } (ع) عدالت اپیل۔
محکمۃ الاستیناف }
محکمۃ التمیز (ع) ہائی کورٹ۔
محکمہ ہدایت (ف) ابتدائی عدالتیں۔ ضلع کچہریاں۔
محکمہ جزا (ع) عدالت فوجداری۔
محکمہ حقوق (ع) عدالت دیوانی۔
مَحکُوم (ع) حکم کیا گیا۔ تابع۔ مطیع۔ فرماں بردار۔
محکوم شُدن (ف) مجرم قرار پانا۔
محکوم علیہ و محکوم بہ (ع) خبر اور مبتدا۔ مسند الیہ اور مسند۔
محکوم کردن (ف) مجرم قرار دینا۔
محکوم لہٗ (ع) جس کے حق میں حکم صادر ہو۔
مَحکی (ع) وہ امر جس کی حکایت کی جائے۔
مَحکیہ (ع) محکی کی تانیث۔
مَحَل (ع) (۱) مکان۔ منزل۔ جگہ (۲) مجازاً بادشاہ کا مکان۔ امیر کا مکان۔ فارسی میں یہ لفظ بلا تشدید لام آتا ہے۔
مَحلّات (ع) محلہ کی جمع (۱) مکانات (۲) اُترنے کی جگہیں۔ منزلیں (۳) شہر کے حصے۔
محل گذاشتن (ف) توجہ دینا۔ التفات کرنا۔
محل نگذاشتن (ف) توجہ نہ دینا۔ بے التفاتی کرنا۔
مَحلَب (ع) دُودھ دوہنے کا برتن (۲) ایک خوشبودار درخت کا نام۔
مَحل سرائے (ع، ف) حرم سرائے۔ بادشاہ اور امرا کا زنان خانہ۔

مُحلِّل (ع) حلالہ نکالنے والا مرد۔
محلِ ماموریت (ع) جس جگہ آدمی ملازمت کی ڈیوٹی دے۔
محلِ نظر (ع) (۱) مقامِ فکر (۲) اعتراض کی جگہ۔
مَحلُوج (ع) اوٹی ہوئی روئی۔ بنولوں سے جُدا کی ہوئی روئی۔ دھنکی ہوئی روئی۔
مَحلُول (ع) حل کیا ہوا۔ گھلا ہوا۔
محلول شُدن (ف) حل ہونا۔ گھل مل جانا۔
مَحلّہ (ع) (۱) مقام۔ منزل۔ اُترنے کی جگہ (۲) شہر کا حصّہ۔
مَحلّی (ع) مقامی۔ لوکل۔
مُحلّٰے (ع) سنوارا ہوا۔ آراستہ۔ زیور سے آراستہ۔ زیور پہنایا گیا۔ صفت کردہ شدہ۔
محمد ابنِ یحییٰ (ف) امام محمد غزالیؒ
مَحمَدت (ع) تعریف۔ ستائش۔
مُحمّدی (ع) منسوب بہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ آنحضرت کا متبع۔ مسلمان۔
مَحمِل (ع) اُونٹ کا کجاوہ۔
محمل نشین (ف) ہودج میں بیٹھنے والی۔
محمل گراں شُدن (ف) ناقہ کا تھک جانا۔
مَحمُود (ع) (۱) حمد کیا گیا۔ تعریف کیا گیا (۲) غزنی کے مشہور بادشاہ سبکتگین کے بیٹے کا نام۔ جس نے ۹۹۶ھ سے ۱۰۳۰ھ تک سلطنت کی۔ اور ہندوستان پر سترہ حملے کیے۔
مَحمُودہ (ع) (۱) تعریف کی گئی (۲) سقمونیا جو ایک مشہور دوا ہے۔
مَحمُول (ع) (۱) لادا ہوا (۲) گمان کیا ہوا (۳) منطق کی اصطلاح میں خبر کو محمول اور مبتدا کو موضوع کہتے ہیں۔
محمولات (ع) بار۔ بوجھ۔
محمول بالاشتقاق (ع) کسی شے کی خبر دوسرے کلمے کے لگاؤ سے واقع ہونا۔
محمول بالمواطات (ع) کسی شے کی خبر دوسرے کلمے کے لگاؤ کے بغیر واقع ہونا۔
مَحمُوم (ع) وہ شخص جسے بخار ہو۔
محموم بُودن (ف) بخار میں مبتلا ہونا۔
مِحَن (ع) محنت کی جمع۔ محنتیں۔ تکلیفیں۔ مصائب۔
مَحن (ع) (۱) بخشنا (۲) آزمانا (۳) مارنا۔
مِحنت (ع) (۱) امتحان۔ آزمائش (۲) مشقت (۳) دُکھ تکلیف رنج۔ بلا۔ سختی۔
محنتانہ (ف) کام کی اُجرت۔ حق الخدمت۔ محنت کا صلہ۔ معاوضہ۔
محنت زدہ (ف) بدبخت۔
محنت زدہ را از ہر طرف سنگ می آید (ف) مفلسی میں آٹا گیلا۔ غریب کو ہر معاملے میں تکلیف ہوتی ہے۔
محنت سرائے (ف) محنت کا گھر۔ دُنیا۔

Marfat.com

محنت شاقہ (ع) سخت محنت۔ دشوار کام۔
محنت کدہ (ف) دکھیاروں کی جھونپڑی۔
محنت کش (ف) مزدور۔
محنتی (ع) محنت کرنے والا۔ جفاکش۔
محو (ع) (۱) مٹانا۔ زائل کرنا۔ دور کرنا (۲) فنا۔ استغراق۔ گم ہونا۔ دور ہونا۔ (۳) فارسی میں بمعنی عاشق دیوانہ
محو شدن (ف) مٹ جانا۔ کھو جانا۔
محو کردن (ف) مٹانا۔
محور (ع) وہ شے جس پر کوئی چیز گھومے یا گردش کرے۔ جیسے گاڑی کا دھرا جس پر پہیہ حرکت کرتا ہے (۲) وہ فرضی خط جس کا ایک سرا قطب شمالی اور دوسرا قطب جنوبی سے پیوستہ ہے۔ اور جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے۔
محوط (ع) احاطہ کی جگہ۔ چاردیواری۔ گھرا ہوا۔ گھیرا۔
محوَّل (ع) سونپا ہوا۔ سپرد کیا ہوا۔ حوالے کیا گیا۔
محوِّل (ع) سونپنے والا۔ سپرد کرنے والا۔
محول کردن (ف) سونپنا۔
محی / محیی } (ع) زندہ کرنے والا۔
محیا (ع) زندگی۔ زیست۔ حیات۔
محیّا (ع) منہ۔ چہرہ۔ رخ۔
محیات (ع) زندگی کی گئی ہوئی جماعت۔
محی الدین (ع) (۱) دین کا زندہ کرنے والا (۲) حضرت شیخ سید عبدالقادر محبوب سبحانی جیلانی کا لقب۔
محیَّر (ع) (۱) حیران (۲) موسیقی کے ایک پردہ کا نام۔
محیِّر (ع) حیران کرنے والا۔ حیرت میں ڈالنے والا۔
محیر العقول (ع) عقلوں کو حیران کرنے والا۔
محیص (ع) (۱) پھرنا (۲) رہائی پانا۔ چھٹکارا پانا (۳) رہائی دینا۔ چھوڑنا (۴) رہائی پانے کی جگہ۔
محیض (ع) حیض۔ حیض کی حالت۔ حیض آنا۔
محیط (ع) (۱) احاطہ کرنے والا۔ گھیرنے والا۔ دائرہ کا گول خط۔ گھیرا (۲) سمندر جو تمام زمین کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے ہے (۳) فقہ کی ایک کتاب کا نام جو امام محمدؒ کی تصنیف ہے۔ (۴) ایک عربی لغت کا نام۔
محیط اجتماعی (ف) سوشل ماحول۔
محیط سیاسی (ف) سیاسی فضا یا سیاسی ماحول۔
محیل (ع) حیلہ گر۔ مکار۔ فریبی۔
محیلہ (ع) محیل کی تانیث۔ مکارہ۔ حیلہ گر عورت۔

## م ۔ خ

مخ (ف) (۱) پٹنا (۲) گھسنا (۳) لپٹا ہوا (۴) نہ لیٹ (۵) آگ۔ (۶) گم شدہ۔
مخ (ف) (۱) بھاری لگام۔ سخت لگام (۲) کھجور کا درخت۔
مُخ (ع) (۱) ہڈی کا گودا (۲) سر کا بھیجہ۔ مغز (۳) ہر چیز کا خلاصہ۔
مخابر (ع) خبر لانے یا خبر دینے والا۔ خبر رساں۔
مخابرہ کردن (ف) تار دینا یا پیغام دینا۔
مخاتیم (ع) مختوم کی جمع۔ مہر لگے ہوئے۔
مخادع (ع) مکار۔ فریبی۔ دھوکہ باز۔
مخادعت (ع) (۱) دغا۔ مکر۔ فریب (۲) فریب دینا۔ مکر کرنا۔ دغا کرنا۔
مخادیم (ع) مخدوم کی جمع۔ قابل خدمت لوگ۔ سردار لوگ۔
مخاذیل (ع) مخذول کی جمع۔ ذلیل و خوار۔
مخارج (ع) مخرج کی جمع۔ نکلنے کی جگہیں۔
مخاریق (ع) مخراق کی جمع۔ کوڑے۔ تازیانے۔
مخازن (ع) مخزن کی جمع۔ خزانے۔
مخاصمت / مخاصمہ } (ع) آپس کی دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ لڑائی۔
مخاصمت کردن (ف) دشمنی کرنا۔
مخاض (ع) (۱) حاملہ اونٹنی (۲) درد زہ (۳) اونٹ کا دو سالہ بچہ (۴) کسی کام میں مصروف ہونا۔
مخاط (ع) آب بینی۔ ناک کا مواد۔ سنک (پنجابی سینبڑھ) رینٹ۔
مخاطَب (ع) جس سے بات کی جائے۔ وہ شخص جس سے خطاب کیا جائے۔
مخاطِب (ع) (۱) خطاب کرنے والا۔ روبرو کرنے والا۔ سامنے بولنے والا (۲) غصے ہونے والا۔
مخاطبہ (ع) آپس کی بات۔ خط۔ نامہ۔
مخاطرات (ع) مخاطرہ کی جمع۔ خطرے۔
مخاطرہ (ع) (۱) اندیشہ۔ خطرہ۔ خطر (۲) دل میں آنے والی بات۔
مخاطرہ آمیز بودن (ف) خطروں میں ہونا۔
مخاطہ (ع) پستان۔ لسوڑی کا درخت۔
مخافات (ع) مخافت کی جمع۔
مخافت (ع) (۱) ڈر۔ خوف (۲) ڈرنا۔ خوف کرنا۔
مخافَت (ع) آہستہ پڑھا گیا۔
مخافِت (ع) آہستہ پڑھنے والا۔
مخافہ (ع) خوف۔ ڈر۔
مخالب (ع) مخلب کی جمع۔ شکاری پرندوں اور درندوں کے پنجے۔
مخالطت (ع) باہم اختلاط کرنا۔ آپس میں میل جول کرنا۔ مل جانا۔ میل ملاپ۔ دوستی۔
مخالف (ع) (۱) خلاف کرنے والا۔ دشمن (۲) اصطلاح علم موسیقی میں مقام عراق کے ایک شعبہ کا نام۔

Marfat.com

**مخالفت** (ع) (۱) آپس میں خلاف ہونا۔ باہم اختلاف ہونا۔ اختلاف۔ دشمنی (۲) دشمنی کرنا۔

**مخالفت کردن** (ف) دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

**مخالف شکن** (ف) اپنے دشمن یا مدِ مقابل کو پاش پاش کرنے والا۔

**مخالف مآل** (ف) دشمنوں پر قہر کرنے والا۔

**مخالف مال** (ف) سخی۔ کریم۔ جوانمرد۔

**مخانہ** (ع) دھوکا دینا۔

**مخاوف** (ع) خوف کی جمع۔ خوف کی جگہیں۔

**مخائل** (ع) مخیلہ کی جمع۔ علامات۔ نشانیاں۔ گمان اور خیال کرنے کی جگہیں۔

**مخبت** (ع) عاجزی کرنے والا۔

**مخبر** (ع) (۱) خبر دینے والا۔ جاسوس (۲) انسان کا چہرہ جو اس کی خصلت کی خبر دیتا ہے۔

**مخبر** (ع) عادت۔ خصلت۔ خو۔

**مخبر صادق** (ع) سچی خبر دینے والا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مراد ہے۔

**مخبط** (ع) درہم۔ عاجز۔ تباہ۔ خاسر۔

**مخبط شدن / مخبط گشتن** } (ف) خبطی ہونا۔ جنونی ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

**مخبوط** (ع) خبطی۔ جنونی۔ بدحواس۔

**مخنت** (ع) اُمید۔ رجا۔

**مختار** (ع) (۱) اختیار دیا گیا (۲) اختیار کیا گیا (۳) اختیار کرنے والا (۴) صاحب اختیار (۵) اختیار کیا ہوا۔ پسندیدہ۔ چنا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔

**مختار بودن** (ف) آزاد ہونا۔

**مختار شدن** (ف) صاحب اختیار ہونا۔

**مختارِ حق** (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ نبی آخر الزمان۔

**مختارِ عام** (ع) جسے ہر بات کرنے کا اختیار ہو۔

**مختار کردن** (ف) آزاد کرنا۔ اختیارات سونپنا۔

**مختار کار** (ع) مہتمم۔ سربراہ۔ کام کرنے کا مجاز۔

**مختارِ کل / مختارِ مطلق** } (ع) پورے اختیار والا (۲) مدار المہام۔

**مختار نامہ** (ع) وہ تحریر جس کے ذریعہ اختیار دیا گیا ہو۔

**مختبط** (ع) سائل بے وسیلہ۔

**مخترِع** (ع) نئی بات نکالنے والا۔

**مخترَع** (ع) (م خ ت رَ ع) نیا نکالا ہوا۔

**مخترَعات** (ع) نو ایجاد چیزیں۔ ایجاد و اختراع کی گئی ہوئی اشیاء۔

**مختص** (ع) خاص کیا گیا۔

**مختصات** (ع) خاص خوبیاں۔ خصوصیات۔

**مختصر** (ع) کوتاہ۔ چھوٹا۔ جو دراز قد نہ ہو۔

**مختصراً** (ع) اختصار کے ساتھ۔

**مختصم** (ع) دشمنی کرنے والا۔ خصومت کرنے والا۔

**مختفی بودن** (ف) چھپ جانا۔ پنہاں ہونا۔

**مختفی** (ع) پوشیدہ۔ کفن چور۔

**مختفی کردن** (ف) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

**مختل** (ع) جس میں خلل ہو۔ فارسی میں بلا تشدید لام آتا ہے۔

**مختل الحواس** (ع) جس کے حواس میں خلل ہو۔ حواس باختہ۔ دیوانہ۔ مسلوب العقل۔

**مختل شدن** (ف) آشفتہ ہونا۔

**مختلس** (ع) غبن کرنے والا۔

**مختلط بودن** (ف) اختلاط کرنا۔

**مختلَف** (ع) اختلاف کیا گیا۔

**مختلِف** (ع) اختلاف کرنے والا۔ علیحدہ۔ جدا۔

**مختلف فیہ** (ع) وہ امر جس میں اختلاف ہو۔

**مختم / مختوم** } (ع) مہر لگا ہوا۔ بند کیا ہوا۔ مقفل۔

**مختون** (ع) ختنہ کیا گیا۔ ختنہ کیا ہوا۔

**مخدَر** (ع) (۱) وہ عضو جو سُن ہو جائے (۲) پردہ میں بیٹھنے والا۔

**مخدِّر** (ع) وہ دوا یا چیز جو اعضاء کو سُن کر دے (۲) پردہ میں بٹھانے والا۔

**مخدِّرات** (ع) مخدرہ کی جمع۔ اعضاء کو بے حس اور سُن کرنے والی دوائیں۔ نیند کو اچاٹ کرنے والی دوائیں۔

**مخدَّرات** (ع) مخدرہ کی جمع۔ پردہ نشین عورتیں۔

**مخدَّرہ** (ع) پردہ نشین عورت۔

**مخدِّرہ** (ع) اعضاء کو سُن کرنے والی دوا۔ بے خوابی کی دوا۔

**مخدوش** (ع) (۱) خراش دار۔ چھیلا ہوا (۲) وہ امر جس میں خدشہ ہو۔

**مخدوم** (ع) خدمت کیا گیا۔ واجب الخدمت بزرگ۔ سردار۔ آقا۔

**مخدوم کائنات** (ف) کائنات کا مخدوم۔ ذاتِ باری تعالیٰ مراد ہے۔

**مخدومی** (ع) بڑا مخدوم۔ بڑا آقا۔

**مخذفہ** (ع) گوپیا۔ غلیل۔

**مخذول** (ع) ذلیل کیا گیا۔ ذلیل۔ خوار۔

**مخذول شدن** (ف) ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا۔

**مخر** (ع) کشتی کا چلتے وقت پانی کو اس طرح چیرنا کہ آواز نکلے۔ (۲) زمین جوتنا۔

**مخراق** (ع) کوڑا۔ جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

**مخرِّب / مخرِب** } (ع) (م خ رّ ب) خراب کرنے والا۔ تباہ و برباد کرنے والا۔ اُجاڑنے والا۔

Marfat.com

مخرج (ع)، نکلنے کی جگہ۔
مخرج (ع)، باہر نکالنے والا۔
مخرد (ع)، خراداہوا۔ صاف۔
مخردل (ع)، بکھراہوا۔
مخرز (ع)، چمڑا چھیلنے کی رانپی۔
مخرص (ع)، نیزہ۔
مخرف (ع)، چھوٹی چھولی۔
مخرق (ع)، (م خ رق)، پھاڑنے والا۔
مخرقہ (ع)، (۱) ندامت۔ شرمندگی (۲) تیرگی۔
مخرقہ (ع)، (۱) ایک کھیل کا آلہ (۲) قلندروں کی گدڑی (۳) قلندروں کی سوٹی (۴) تلوار۔
مخروت (ع)، ہونٹ یا ناک پھٹا آدمی۔
مخروش (ع)، خراشیدہ۔ چھیلا ہوا۔
مخروط (ع)، خراط پر چڑھایا گیا ہوا۔ تراشا ہوا۔ چھیلا ہوا۔ گاجر کی شکل کا۔ گاؤدُم۔
مخروطی (ع)، گاجر کی شکل کا۔ گاؤدُم۔ ایک طرف سے موٹا اور دُوسری طرف سے پتلا۔
مخزان (ف)، ایک گرجے کا نام جو اپنے بانی کے نام پر مشہور ہے۔
مخزن (ع)، (۱) جمع کرنے کی جگہ (۲) خزانے کی جمع۔
مخزن اسرار (ع)، پوشیدہ رازوں کا خزانہ۔ نیز مولانا نظامی گنجوی کی ایک شہرہ آفاق کتاب کا نام۔
مخزون (ع)، خزانہ میں رکھی ہوئی چیز۔
مخزونات (ع)، مخزونہ کی جمع (۱) خزانہ میں رکھی ہوئی چیزیں۔ (۲) پوشیدہ چیزیں۔
مخزونہ (ع)، (۱) خزانہ میں رکھی ہوئی چیز (۲) پوشیدہ بھید۔
مخستان (ف)، نخلستان۔
مخسر (ع)، حقیر و ذلیل۔
مخسوس (ی)، ایک یونانی حکیم کا نام۔
مخسول (ع)، حقیر و ذلیل۔
مخشف (ع)، رہنما۔ ہوشیار۔ دلیر۔
مخصوص (ع)، خاص کیا گیا۔ خاص کیا ہوا۔
مخصوصاً (ع)، خاص طور پر۔
مخصوص دم بودن (ع۔ ف)، زندگی کا صرف ایک دم باقی رہنا۔
مخض (ع)، دُودھ سے مکھن نکالنا۔ دُودھ بلونا۔
مخضب (ع)، خضاب کیا ہوا۔ رنگا ہوا۔
مخطط (ع)، (۱) خطوط والا۔ لکیروں والا۔ دھاری دار۔ وہ شے جس پر لکیریں ہوں۔ نقشین (۲) خط نکل آیا ہوا۔ معشوق۔
مخطوبہ (ع)، وہ عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو۔ وہ عورت جس سے نکاح کی خواہش کی گئی ہو۔
مخطور (ع)، (۱) جو دل میں گزرے۔ اندیشہ۔ فکر (۲)، وہ چیز جس سے اندیشہ ہو (۳)، منع کیا گیا (۴)، ہلاکت سے نزدیک کیا ہوا۔

مخطی (ع)، وہ شخص جو نیکی کا ارادہ کرے۔ لیکن بلا ارادہ اور اچانک نادانستہ اس سے خطا سرزد ہو جائے۔
مخفت (ف)، خفتن مصدر سے خلاف قیاس نہی کا صیغہ۔
مخفف (ع)، (۱) تخفیف کیا گیا۔ ہلکا کیا ہوا۔ وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا گیا ہو (۲) وہ حرف جو لغب۔ ش۔ بد سے ہو۔
مخفوض (ع)، پست کیا گیا۔
مخفی (ع)، چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔
مخفی شدن (ف)، چھپ جانا۔
مخفی کردن (ف)، چھپانا۔
مخل (ع)، خلل ڈالنے والا۔ خلل انداز۔
مخلات (ع)، گھوڑے وغیرہ کو دانہ کھلانے کا توبرہ۔
مخلاف (ع)، بڑا وعدہ خلاف۔
مخلب (ع)، شکاری پرندوں اور درندوں کا پنجہ۔
مخلد (ع)، مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔
مخلص (ع)، اخلاص والا۔ خالص دوست۔ سچا دوست (۲) خلاصی دلانے والا۔ رہائی کرانے والا۔
مخلص (ع)، خالص کیا گیا (۲) رہائی دلایا گیا۔
مخلص (ع)، خالص کیا گیا (۲) رہائی دلایا گیا۔
مخلص (ع)، مصدر میمی ہے۔ خلاصی۔ رہائی۔
مخلط (ع)، ملا گیا۔ خلط ملط کیا گیا۔ ملایا ہوا۔
مخلط (ع)، ملانے والا۔ خلط ملط کرنے والا۔
مخلف (ع)، پیچھے چھوڑا گیا۔ واپس دیا گیا۔
مخلف (ع)، نو سال سے زیادہ عمر کا اُونٹ۔
مخلف (ع)، (۱) کبوتر کا بچہ (۲) چھوٹا خوبصورت لڑکا یا لڑکی۔
مخلفات (ع)، ورثہ۔ ترکہ۔
مخلقہ (ع)، پیدا کی ہوئی چیز۔
مخلل (ع)، اچار۔
مخلوط (ع)، ملا ہوا۔ ملاجلا۔
مخلوط النسل (ع)، دوغلا۔
مخلوع (ع)، خلع کیا گیا۔ باہر لایا گیا۔ نکالا ہوا۔
مخلوق (ع)، پیدا کیا گیا۔ پیدا کیا ہوا۔ ہر شے جو دُنیا میں پیدا کی گئی ہے۔ دُنیا۔ جہان۔
مخلوقات (ع)، مخلوق کی جمع۔ خدا کے سوا باقی تمام چیزیں۔ دُنیا۔ اہلِ دُنیا۔
مخلوقاتِ ارضی (ع)، زمین پر بسنے والی مخلوق۔
مخلوقاتِ سماوی (ع)، آسمان پر بسنے والی مخلوق۔
مخلی (ع)، خالی کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ رہا کیا گیا۔
مخلے بالطبع (ع)، مطلق العنان۔ بے روک ٹوک وہ شخص جسے اس کی طبیعت پر چھوڑ دیا گیا ہو۔

Marfat.com

مُخَمَّر (ع) خمیر کیا گیا۔ گوندھا ہوا۔ تیار۔ آمیز کیا ہوا۔

مَخْمَصَہ (ع) (۱) شدت کی بھوک۔ پیٹ اور سینہ کی وہ جلن جو بھوک کی شدت کے باعث پیدا ہوتی ہے (۲) مجازاً غم کی شدت۔ اضطراب۔ پیچ و تاب (۳) جھمیلا۔

مُخْمَل (ف) مشہور ریشمی کپڑا جو روئیں دار اور ملائم ہوتا ہے۔

مُخْمَلِ دو خابہ (ف) خابہ بمعنی رواں۔ وہ مخمل جس کی دونوں طرفیں روئیں دار ہوتی ہیں۔

مُخْمَلَک (ف) بچوں کی ایک بیماری کا نام جس میں سرخ دانے نکل آتے ہیں۔

مُخْمَل گُرگ
مُخْمَل گورگ } (ف) ایک قسم کی مخمل کا نام۔

مُخْمَل مُشکی (ف) کستوری کے رنگ کی مخمل۔ سیاہ مخمل۔

مَخْمُور (ع) خمر یعنی شراب پیے ہوئے۔ متوالا۔ نشہ میں چور۔

مُخْن (ع) (۱) رونا (۲) کنوئیں سے پانی نکالنا۔

مُخَنَّث (ع) ہیجڑا۔ نامرد۔ خنثیٰ بنایا ہوا۔

مُخَنْدہ (ف) (۱) پیٹنے والا (۲) عاق کیا ہوا۔ بیٹا۔

مُخَنَّق (ع) گلے سے پکڑا گیا۔ گلا گھٹنے سے مرا ہوا۔

مُخَنَّقَہ (ع) گلوبند۔

مَخْنُوق (ع) گلا گھونٹا گیا۔

مَخُوف (ع) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ خوف ناک۔

مُخَوِّف (ع) خوف دلانے والا۔ ڈرانے والا۔

مخیدن (ف) (۱) پھسلنا (۲) ہلنا (۳) چپکنا۔ (۴) نافرمانی کرنا۔

مخیدہ (ف) (۱) پھسلا ہوا (۲) چپکا ہوا (۳) ہلایا ہوا۔ (۴) نافرمان۔

مُخَیَّر (ع) اختیار دیا گیا۔

مُخَیِّر (ع) اختیار دینے والا۔ بڑا نیک۔ بڑا سخی۔

مخیر بودن (ف) سخی ہونا۔ بہت خیرات کرنا۔

مخیز (ف) گھوڑے کی مہمیز۔

مِخْیَط (ع) سوئی۔ سوزن۔

مَخِیط (ع) سیا گیا۔ سلا ہوا۔ سلی ہوئی چیز۔

مُخَیَّل (م ُ خ ی َ ل) (ع) خیال کیا گیا۔ وہ بات جو خیال میں آ جائے۔

مُخَیِّلَہ (ع) قوت خیال۔

مُخَیَّم (ع) خیمہ لگانے کی جگہ۔

## م - د

مَد (ف) ہر شمسی مہینے کی چھٹی تاریخ۔

مَدّ (ع) (۱) کشش (۲) درازی۔ لمبائی (۳) کھینچنا۔ لمبا کرنا۔ (۴) افزونی۔ زیادتی (۵) وہ خط جو الف پر کھینچا جاتا ہے (۶) وہ خط جو حساب کی کسی رقم پر کھینچا جاتا ہے (۷) جوار یعنی سمندر کے پانی کا بڑھنا (۸) کسی چیز پر نظر کرنا (۹) دوات سے سیاہی لینا۔

مُدّ (ع) ایک پیمانہ جو عراق میں دو رطل کا ہے۔

مُد (ف) فیشن۔

مَدّاح (ع) مدح کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔

مَدّاحی (ف) تعریف۔ مدح۔

مدابرہ (ع) مرجانا۔ دشمنی کرنا۔

مداجاۃ (ع) نرم برتاؤ کرنا۔

مداخلہ (ع) کشتی میں پچھاڑنا۔

مَدَاخِل (ع) مدخل کی جمع (۱) داخل ہونے کی جگہیں (۲) آمدنیاں (۳) گھر۔ مکانات (۴) جنا۔ مہندی (۲) دو اشیا کو باہم ملانا۔

مُداخِل (ع) دخل دینے والا۔ کسی کام میں داخل ہونے والا۔

مداخل کردن (ف) کمانا۔

مُداخَلت (ع) دخل دینا۔

مداخلہ کردن (ف) دخل دینا۔ قائل ہونا۔

مِداد (ع) دوات کی سیاہی (۲) پنسل۔

مداد پاک کن (ف) ربڑ جس سے حرف صاف کیے جاتے ہیں۔

مداد تراش (ف) پنسل تراش۔

مداد کپی (ف) کاپنگ پنسل۔

مداد گیر (ف) پنسل ہولڈر۔

مدادی (ف) پنسل سے لکھا ہوا۔

مَدار (ع) (۱) گردش کی جگہ۔ دورے کی جگہ۔ چکر لگانے کی جگہ۔ (۲) ستارے کے گردش کرنے کی جگہ (۳) حلقہ۔ دائرہ۔ (۴) وہ چیزیں جس پر کسی چیز کا انحصار ہو۔ جس پر کوئی چیز موقوف ہو (۵) مرکز زمین (۶) چکی۔

مُدارا (ف) عربی لفظ مدارات کو فارسی والے ت کے حذف سے استعمال کرتے ہیں (۱) تواضع۔ خاطر (۲) رعایت۔ نرمی کا برتاؤ (۳) خوشامد۔ چاپلوسی۔

مدارا کردن (ف) تواضع کرنا۔

مَدارات (ع) مدار کی جگہ۔ گول چکر۔ ستاروں کی گردش کرنے کے دائرے۔

مُدارات (ع) (۱) خاطر۔ تواضع (۲) رعایت۔ نرمی۔ برتاؤ۔ (۳) صلح و آشتی۔

مَدارِج (ع) مدرج کی جمع (۱) درجے۔ سیڑھیاں (۲) براستے۔ راہیں۔

مَدارِس (ع) مدرسہ کی جمع۔ مدرسے۔ درسگاہیں۔

مُدارِس (ع) ایک شخص کا نام جس نے وامق کی معشوقہ عذرا کے پاس قاصد بھیجا تھا۔ اور عذرا نے اپنی انگلی سے قاصد

Marfat.com

کی آنکھ نکال دی تھی۔
مُدارَسَت (ع)، (مُ دَارْ سَ ت)، باہم درس کرنا۔ آپس میں پڑھنا پڑھانا۔
مَدارا کردن (ف)، گزارہ کرنا۔
مدارک (ع)، دستاویزات۔ اسناد۔
مدارائی (ف)، نرمی۔ ملائمت۔
مَدائسہ (ع)، سیلیپر۔
مداعب (ع)، شوخی کرنے والا۔ دل لگی کرنے والا۔
مُداعبت (ع)، باہم خوش طبعی کرنا۔ دل لگی۔ مزاح۔ چُہل۔
مُدافِع (ع)، دفع کرنے والا۔
مُدافعَت (ع)، ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ہٹانا۔
مُداقہ (ع)، دقت۔ باریک بینی۔
مُدالیہ (ع)، تمغہ۔ میڈل۔
مُدام (ع)، (۱) ہمیشہ (۲) ہمیشہ رکھا گیا (۳) شراب۔
مدامی (ف)، دائمی۔ ہمیشہ کا۔
مداوا (ف)، عربی لفظ مداوات کی ت کو فارسی والے حذف کر کے پڑھتے ہیں۔ علاج کرنا۔ دوا کرنا۔
مداوا کردن (ف)، علاج کرنا۔ چارہ جوئی کرنا۔
مُداوات (ع)، علاج کرنا۔ درماں کرنا۔ دوا کرنا۔
مُداومت (ع)، ہمیشگی۔
مُداوے (ع)، دوا کیا گیا۔ علاج کیا گیا۔
مُداہِن (ع)، (۱) سُستی کرنے والا (۲) خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا (۳) منافق۔
مداہنت (ع)، (۱) سُستی کرنا ........ (۲) ہاں میں ہاں ملانا۔ (۳) جو کچھ دل میں ہو اس کے خلاف کہنا۔
مدائح (ع)، مدیحہ کی جمع۔ تعریفیں۔
مُدبَر (ع)، پیٹھ دیا گیا۔ پُشت دیا گیا۔ وہ شخص جسے دولت و اقبال اور نصیبے نے پیٹھ دی ہو۔ بے نصیب۔ برگشتہ بخت۔ بداقبال۔
مُدبِّر (ع)، تدبیر کرنے والا۔ صاحبِ تدبیر۔
مُدبَّر (ع)، (۱) وہ دوا جس کی اصلاح کر کے اس کے ضرر کو دُور کیا گیا ہو (۲) وہ غلام یا باندی جس کے آقا نے اس کی آزادی اپنے مرنے پر موقوف کر رکھی ہو (۳) تدبیر کیا گیا۔
مَدبُلبُل (ف)، نالۂ بلبل۔ بُلبل کا نالہ۔
مُدّت (ع)، عرصہ۔ دیر۔
مُدّت دراز (ف)، لمبی مُدّت۔
مُدّت عِدّت (ع)، عورت کے طلاق یا بیوہ ہونے کے بعد وہ عرصہ جس میں اسے نکاح کرنا جائز نہیں۔ یہ مُدّت حمل کی حالت میں بچّہ پیدا ہونے تک۔ اور طلاق کی حالت میں تین حیض آنے تک۔ یعنی تین ماہ اور دس دن تک۔ اور بیوہ ہونے کی صورت میں خاوند کے چہلم کے بعد تین حیض یعنی چار ماہ اور دس روز تک ہے۔

مُدّت مدید (ع)، لمبا عرصہ۔
مُدَثِّر (ع)، (۱) لحاف میں لپٹا ہوا۔ کپڑا اوڑھنے والا (۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (۲) نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصفی نام۔
مَدح (ع)، تعریف۔ ستائش۔ تعریف کرنا۔
مِدَح (ع)، مدحت کی جمع۔ تعریفیں۔
مِدحت (ع)، تعریف۔ ستائش۔
مدحض (ع)، باطل کیا ہوا۔
مدحور (ع)، ملعون۔ دُور کیا ہوا۔
مَدخل (ع)، (۱) داخل ہونا (۲) داخل کرنا (۳) دخل کی جگہ۔ داخل ہونے کی جگہ۔
مُدخِل (ع)، بخیلی۔ کنجوس۔
مُدخَل (ع)، (۱) داخل کیا گیا (۲) داخل کرنے کی جگہ۔
مِدخنہ (ع)، چمنی۔ دودکش۔ لالٹین یا لیمپ کی چمنی۔
مَدخُول (ع)، داخل کیا گیا۔ داخل کیا ہوا۔
مَدخُولہ (ع)، وہ عورت جس سے صحبت کی ہوئی ہو۔
مَدَد (ع)، اِمداد۔ اعانت۔ کمک۔
مدد خواستن (ف)، مدد چاہنا۔
مددگار (ع)، مدد کرنے والا۔ حمایتی۔
مَدَر (ع)، (۱) مٹی کا ڈھیلا (۲) زمین (۳) گاؤں۔
مُدِر (ع)، پیشاب لانے والی شے (۲) حرکت دینے والا (۳) دُودھ جاری کرنے والا (۴) مینہ برسانے والی ہوا۔
مِدرَار (ع)، بہت برسنے والا بادل۔
مدرّب (ع)، تجربہ کار۔
مدرجہ (ع)، راستہ گزرنے کی جگہ۔
مُدرِّس (ع)، درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔
مَدرِسَہ } (ع)، درس دینے کی جگہ۔ درس گاہ۔ تعلیم گاہ۔
مَدرَسَہ } پاٹھ شالا۔
مَدرسۂ ابتدائیہ (ع)، پرائمری سکول۔
مَدرسۂ اعدادیہ (ع)، ہائی سکول۔
مَدرسۃ الحقوق (ع)، لا کالج۔
مَدرسۂ امیریہ (ع)، گورنمنٹ سکول۔
مَدرسۂ اہلیہ (ع)، پبلک سکول۔
مَدرسۂ تجہیزیہ (ع)، ہائی سکول۔
مَدرسہ ثانویہ (ع)، مڈل یا ہائی سکول۔
مدرسۂ حربیہ (ع)، ملٹری سکول۔
مدرسۂ جامعہ }
مَدرسۂ کلیہ } (ع)، یونیورسٹی۔ دارالعلوم۔
مدرسہ عالی (ف)، کالج۔
مدرسہ خارجیہ (ع)، جس میں بورڈنگ نہ ہو۔
مدرسہ داخلیہ (ع)، بورڈنگ والا سکول۔

Marfat.com

مدرسہ متوسط (ف) مڈل ہائی سکول۔
مُدَرَّعہ (ع) آہن پوش جہاز
مُدرَک (ع) سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔
مُدرِک (ع) دریافت کرنے والا۔ بات کو خوب پہنچنے والا۔ سمجھنے والا۔ پانے والا۔
مُدرِکات (ع) مدرکہ کی جمع۔ عقلیں۔ دانشیں۔
مُدرِکہ (ع) اشیاء کی حقیقت معلوم کرنے کی قوت۔ عقل۔ ذہن۔
مُدَرَّس (ع) (۱) پرانا۔ کہنہ (۲) بے ہودہ (۳) بوسیدہ۔ بے رونق (م) پڑھا ہوا۔
مدرہ (ع) قوم کا سردار۔
مُدَّعا (ع) (۱) مطلب۔ آرزو (۲) وہ شے جس کا دعوے کیا جائے۔
مِدعَم (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک غلام کا نام۔
مُدَّعا علیہ (ع) جس پر دعوے کیا گیا ہو۔
مدعو (ع) جسے دعوت دی گئی ہو۔
مُدَّعی (ع) دعوے کرنے والا۔
مدعیہ (ع) دعوے کرنے والی عورت۔
مُدَّعے (ع) دیکھو مدعا۔
مُدَّعیات (ع) مدعا کی جمع۔ مطالب۔
مُدَّعیٰ علیہ (ع) دیکھو مدعا علیہ۔
مدفن (ع) مقام دفن۔ دفن کرنے کی جگہ۔ گاڑنے کی جگہ۔ گور۔ قبر۔
مدفوع (ع) فضلہ۔ گوبر۔
مدفوعات (ع) مدفوع کی جمع۔
مَدفون (ع) دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔
مدفون یثرب (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
مَداق / مُداق } (ع) دھوبیوں کی موگری۔
مِدَق / مُدُق } (ع) دھوبیوں کی موگری۔
مُدَقِّق (ع) باریک بات نکالنے والا۔ دقیقہ رس۔ باریک بین۔ بال کی کھال اتارنے والا۔ دلیل کو دلیل سے ثابت کرنے والا۔
مَدقوق (ع) (۱) کوٹا ہوا۔ باریک کیا ہوا (۲) لاغر۔ دبلا (۳) تپ دق والا۔
مِدقہ / مُدقہ } (ع) دھوبیوں کی موگری۔
مُدَکِّر (ع) نصیحت کرنے والا۔
مِدَل (ف) میڈل کا معرب۔ تمغہ۔
مدلجہ (ع) حوض کی نالی۔ کلی کرنے کی جگہ۔
مُدَلَّل (ع) بادلیل۔ وہ امر جو دلیل سے ثابت ہو۔ جس پر دلیل قائم کی گئی ہو۔
مَدلول (ع) دلالت کیا گیا۔ بتایا گیا۔ معنی۔

مدلہ (ع) بھول جانے والا۔
مُدلَہِم (ع) نہایت سیاہ۔ نہایت تاریک۔
مدماک (ع) معماروں کی ڈوری۔
مُدمِغ (ع) مغرور۔ متکبر۔
مُدمِل (ع) زخم کو بھرنے والا۔
مُدمِن (ع) کسی کام کو ہمیشہ کرنے والا۔
مدموغ (ع) جس کے سر پر چوٹ آئی ہو۔
مَدَن (ف) امر کا صیغہ سے۔ سیر و سیاحت اور عیش و عشرت کو نہ جا۔
مُدُن / مُدْن } (ع) مدینہ کی جمع۔ شہر۔
مَدندادن سیاہی (ف) سیاہی کا رواں نہ ہونا۔ سیاہی کا گاڑھے پن کی وجہ سے نہ چلنا۔
مَدنگ (ف) لکڑی کی چابی۔ کنجی۔ نالی۔
مَدَنی (ع) شہر کا رہنے والا (۲) شہر مدینہ کا رہنے والا۔
مدنیت (ع) شہریت۔ تمدن۔ شائستگی۔
مَدّ وجزر (ع) جوار بھاٹا۔ سمندر کا اتار چڑھاؤ۔
مُدَوَّر (ع) گول۔ حلقہ دار۔
مُدَوَّن (ع) جمع کیا گیا۔ جمع کیا ہوا۔
مُدُون (ع) کسی جگہ اقامت کرنا۔
مِدَّہ (ع) پیپ جو زخم سے نکلے۔
مدہور (ع) بدنصیب۔ بخت برگشتہ۔
مدہوش (ع) دہشت مصدر سے اسم مفعول۔ دہشت زدہ۔ حیران۔ ہکا بکا۔ بھوچکا۔ سرگشتہ۔ متحیر۔ فارسی والے واؤ مجہول استعمال کرتے اور مست کے معنی لیتے ہیں۔
مدہوش کردن (ف) دہشت زدہ کرنا۔ حیران کرنا۔
مدہوشی (ف) (۱) مستی۔ بے ہوشی (۲) دہشت۔ حیرت۔ حیرانی۔
مدّہ ولین (ع) مدّ یعنی وہ حرف علت جس کے ماقبل کی حرکت اس کے موافق ہو۔ اور لین یعنی الف کے سوا دو حرف علت میں سے کوئی ساکن حرف جس کا ماقبل مفتوح ہو۔
مُدہون (ف) دباغت کیا ہوا چمڑا۔ رنگی ہوئی کھال۔
مَدہون (ع) روغن ملا ہوا۔
مَدِیح / مدیحہ } (ع) تعریف۔ ستائش۔
مدیحہ سرا (ف) مدح سرا۔ قصیدہ گو۔
مَدِید (ع) (۱) لمبا۔ دراز۔ کھنچا ہوا۔ (۲) عروض کی ایک بحر کا نام جس میں فاعلاتن۔ فاعلن چار بار آتا ہے۔
مُدِیر (ع) چکر دینے والا۔ پھرنے والا (۲) حاکم ضلع۔ منیجر۔ مہتمم۔ (۴) ایڈیٹر۔
مدیر البوسطہ (ع) پوسٹ ماسٹر۔
مدیر روزنامہ (ف) اخبار کا ایڈیٹر۔
مدیر کل (ف) ناظم امور۔ ڈائریکٹر۔

Marfat.com

مدیر کل دانش گاہ (ف) یونیورسٹی کا رجسٹرار۔
مدیر المدارس (ع) ڈائرکٹر مدارس۔
مدیر المدرسہ (ع) پرنسپل۔
مدیر معاون (ع) جائنٹ ایڈیٹر۔
مدیرہ (ع) ہیڈ مسٹرس۔
مدیریۃ (ع) صوبہ۔ پراونس۔
مدین (ع) مصر سے آٹھ منزل کے فاصلہ پر دریائے مغرب کے کنارے ایک شہر ہے جہاں حضرت شعیب علیہ السلام پیغمبر رہتے تھے۔
مدینہ (ع) (۱) شہر (۲) عرب کے مشہور شہر کا نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مزار مبارک ہے۔
مدینۃ الاسلام (ع) شہر کوفہ۔
مدینۃ السلام (ع) شہر بغداد۔
مدینۃ العلم (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مراد ہے۔
مدیون (ع) مقروض۔ قرضدار۔
مدیون بودن (ف) زیر بار ہونا۔
مدیون شدن (ف) مقروض ہونا۔

## م - ذ

مذ (ع) سے۔ ابتدا اور غایت کے لیے آتا ہے اور حروف جار سے ہے۔
مذ (ف) صاحب۔ خداوند۔ دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے اسفندارمذ۔
مذاب (ع) (۱) پگھلا ہوا۔ گلا ہوا (۲) پگھلایا ہوا۔ گلایا ہوا۔
مذارع (ع) شہر کے آس پاس کے گاؤں۔
مذارعت (ع) ناپ کر بیچنا۔
مذاع (ع) جھوٹا۔ کاذب۔
مذاق (ع) (۱) قوت ذائقہ۔ چکھنا۔ چکھنے کی جگہ (۲) مجازاً ظرافت۔ خوش طبعی (۳) معشوق کے سامنے ظرافت و شوق کا اظہار کرنا۔
مذاقیہ (ف) خوش طبعی سے۔ ازراہ مذاق۔
مذاکرات (ع) گفت و شنید۔ گفتگو۔
مذاکرہ (ع) باہم ذکر کرنا۔ مل کر یاد کرنا۔ مباحثہ۔
مذاکرہ کردن (ف) مشاورت کا جلسہ کرنا۔ بحث مباحثہ کرنا۔
مذاکیر (ع) ذکر کی جمع جو خلاف قیاس ہے۔ عضو تناسل یعنی قضیب۔
مذاہب (ع) مذہب کی جمع۔
مذب (ع) جلدباز۔
مذبح (ع) ذبح کرنے کی جگہ۔
مذبذب (ع) متردد۔ وہ شخص جس کے دل میں پکڑ دھکڑ ہو۔ جس کا ارادہ مصمم نہ ہو۔
مذبذب بودن (ف) منافق ہونا۔ دو دل میں ہونا۔ بدعقیدہ ہونا۔
مذبح (ع) جس سے ذبح کریں۔
مذلوب (ع) دیوانہ۔ پاگل۔
مذبوح (ع) ذبح کیا گیا۔ ذبح کیا ہوا۔
مذخورہ (ع) ذخیرہ کیا گیا۔
مذرب (ع) زہر میں بجھی تلوار۔
مذرق (ع) پانی ملا دودھ۔
مذروع (ع) گز سے ناپا ہوا۔
مذکر (ع) (۱) مونث کی ضد۔ نر۔ مرد (۲) یاد دلایا ہوا۔
مذکر (ع) یاد دلانے والا۔ نصیحت کرنے والا۔ سمجھانے والا۔
مذکر سماعی (ع) زن مرید۔ جورو کا مطیع۔
مذکرہ (ع) میموریل۔ یادداشت۔
مذکور (ع) ذکر کیا گیا۔ وہ شخص وغیرہ جس کا ذکر کیا جائے فارسی میں بمعنی ذکر بھی آتا ہے۔
مذکورہ (ع) ذکر کیا گیا ہوا۔
مذکورہ بالا / مذکورہ صدر (ع) جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہو۔ پہلے ذکر کیا گیا ہوا۔
مذلت (ع) (۱) ذلت۔ رسوائی۔ خواری (۲) ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا۔ خوار ہونا۔
مذلت کردن (ف) برائی کرنا۔ کسی کی ہجو کرنا۔
مذمت (ع) ہجو۔ برائی۔ بدی (۲) ہجو کرنا۔ بدی کرنا۔
مذموم (ع) قابل مذمت۔ بد۔ برا۔ قبیح۔ زشت۔
مذمومہ (ع) خراب چیز۔ بری شے۔ قابل مذمت۔
مذنب (ع) گنہگار۔
مذہب (ع) طریق۔ رستہ۔ راہ۔ آئین۔ دین۔
مذہب (ع) سونا چڑھا ہوا۔ سونے کی ملمع کی ہوئی چیز۔
مذہب (ع) سونا چڑھانے والا۔ سونے کا ملمع کرنے والا۔
مذہب عاشق ز مذہب ہا جدا است (ف) عشق کے آداب و رسوم نرالے ہوتے ہیں۔
مذہوب (ع) زرنگار۔ جس پر سونا چڑھایا گیا ہو۔
مذی (ع) رطوبت جو شہوت کے غلبہ میں عضو تناسل سے نکلتی ہے۔ منی کی مانند ہوتی ہے۔ لیکن اس کے نکلنے سے شہوت زائل نہیں ہوتی۔ اور منی کے نکلنے سے شہوت زائل ہو جاتی ہے۔

## م - ر

مر (ف) (۱) حساب۔ شمار (۲) پچاس (۳) خاص۔ کبھی زینت و تحسین کلام اور کبھی حصر کے لیے زائد بھی آتا ہے۔
مر (ع) جانا۔ گذرنا۔

Marfat.com

مُرّ (ع) کڑوا - تلخ (۲) ایک قبیلہ کے جدِّ اعلیٰ کا نام (۳) ببول کی چیپ۔
مَرا (ف) مجھے - مجھ کو - میرے لیے۔
مرا ای کاشکی مادر نزادی (ف) میں جو اتنا بدبخت اور بدنصیب ہوں - کاش کہیں دنیا میں پیدا ہی نہ ہوتا۔
مِرآء (ع) (۱) لڑنا - جھگڑنا (۲) لڑائی جھگڑا (۳) خود نمائی۔
مُرابحت / مُرابحہ (ع) نفع پر فروخت کرنا - نفع پر بیچنا۔
مَرابِع (ع) مکانات - منزلیں۔
مَرابِط (ع) باہم ربط پیدا کرنے والی چیز۔
مُرابطات (ع) مرابط کی جمع - باہم رابطہ رکھنے والی چیزیں۔
مُرابطہ (ع) (۱) دشمن کے ملک کی سرحد پر قیام کرنا (۲) فریقین کا لڑائی کے لیے آمادہ ہونا اور ہر ایک کا اپنے گھوڑوں کو سرحد سے باندھے رکھنا (۳) دشمن کے درپے ہونا۔
مَرْأت / مَرْأۃ (ع) عورت - زن۔
مِرآت / مِرآۃ (ع) مُنہ دیکھنے کا شیشہ - آئینہ - درپن۔
مَراتِع (ع) چراگاہیں۔
مراٹا (ف) مرہٹہ کا مفرس - مرہٹہ نواح پونا کی ایک ہندو قوم کا نام ہے۔
مَراتِب (ع) مرتبہ کی جمع - درجے - رتبے۔
مَراتبِ چہارگانہ (ف) (۱) شریعت (۲) طریقت (۳) معرفت (۴) حقیقت۔
مَراتِع (ع) مرتع کی جمع۔
مراٹیاں (ف) مراٹا کی جمع - مرہٹے۔
مَراثی (ع) مرثیہ کی جمع - مرثیے - نوحے۔
مَراجِع (ع) مرجع کی جمع - رجوع کرنے کی جگہیں۔
مراجعت (ع) (۱) لوٹنا - واپس آنا - اُلٹ پھرنا (۲) رجوع کرنا۔
مُراجعت کردن (ف) واپس آنا - لوٹ آنا۔
مراجعہ کردن (ف) کسی کام کے لیے کسی طرف رجوع کرنا۔
مُراح (ع) جہاں اُونٹ باندھے جاتے ہیں - اُونٹوں کے آرام کرنے کی جگہ۔
مِراح (ع) فرحت - خوشی - شادی - نشاط۔
مَراح (ع) راحت پانے کی جگہ - آرام پانے کی جگہ۔
مَراحِل (ع) مرحلہ کی جمع - منزلیں۔
مَراحل نشین (ف) سبعہ سیارہ میں سے کوئی ایک ستارہ۔
مَراحِم (ع) مرحمت کی جگہ - مہربانیاں۔
مَراحمِ خسروانہ (ع) بادشاہی بخششیں - عطیات شاہی۔
مُراد (ع) (۱) ارادہ کیا گیا (۲) مطلب - مقصد۔
مُراد حاصل شدن (ف) مقصود کو پالینا۔
مرادت کشیدن (ف) سختیاں جھیلنا۔

مُرادِف (ع) (۱) کسی کے پیچھے سواری پر بیٹھنے والا (۲) وہ لفظ جو دُوسرے لفظ کا ہم معنی ہو - جیسے نار اور آتش باہم مرادف ہیں۔
مُرادَفت (ع) (۱) ہم ردیف ہونا (۲) ایک دُوسرے کے پیچھے سواری پر بیٹھنا (۳) دو آدمیوں کا ایک گھوڑے یا اُونٹ پر سوار ہونا - (۴) مرادف بننا - ایک معنی ہونا۔
مِراراً (ع) بار بار - کئی بار۔
مَرارت (ع) کڑواپن - تلخی۔
مرارت کشیدن (ف) کڑوی کسیلی برداشت کرنا - سخت و تلخ سہہ لینا۔
مِرارہ (ع) پتہ۔
مَرازِبہ (ع) مرزبان کی جمع - فارسیوں کے سردار۔
مراس (ع) سختی - شدت۔
مراضات (ع) باہم رضامند ہونا - خوش ہونا۔
مُراسِل (ع) (۱) اخبار کا نامہ نگار (۲) وہ عورت جس کی پنڈلیوں کے بال گھنے اور لمبے ہوں وہ عورت جو بیاہ کی خواہش رکھنے والے مردوں سے خط و کتابت یا نامہ و پیام جاری رکھے۔ (۴) وہ عورت جو اپنے خاوند سے جُدا ہو گئی ہو (۵) بوڑھی یا کلاں سال عورت۔
مُراسَلت (ع) آپس میں نامہ و پیام کرنا - آپس میں خط و کتابت کرنا۔
مُراسَلہ (ع) خط - نامہ - چِٹھی - ایسا خط جو اپنے مقابلہ کے اور ہم مرتبہ آدمی کو لکھا جائے۔
مُراسِم (ع) رسم کی جمع - خلاف قیاس - رسمیں - قاعدے - دستور - نشانیاں۔
مراسم بجا آوردن (ف) کسی سلسلہ میں رسومات بجالانا۔
مِراش (ف) قے۔
مَراصِد (ع) مرصد کی جمع - مواقع انتظار۔
مراضات (ع) باہم رضامند ہونا - خوش ہونا۔
مَراضعت (ع) بچہ کو دُودھ پلانا - بچہ کو دایہ کا دُودھ پلانا۔
مُراعات (ع) (۱) نگہبانی - حفاظت (۲) رعایت - سلوک (۳) غور (۴) کن انکھیوں سے دیکھنا (۵) چراگاہ میں اکٹھا چرنا - اکٹھا چرنا (۶) خاطر میں لانا (۷) لحاظ کرنا - نگاہ رکھنا۔
مراعات کردن (ف) پاس اور لحاظ کرنا - ایک دُوسرے کی رعایت کرنا۔
مُراعاۃُ النَّظیر (ع) (۱) مناسبات کی رعایت رکھنا (۲) علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جسے صنعت تناسب بھی کہتے ہیں جیسے لفظ گل کے ساتھ خار و بلبل کا ذکر کرنا۔
مَراعی (ع) چراگاہیں (۲) رعایتیں۔
مُراعی (ع) (۱) رعایت کرنے والا (۲) نگہبانی کرنے والا - (۳)

Marfat.com

چرانے والا۔

**مُراغبت** (ع) رغبت۔ خواہش۔

**مَراغہ** (ف) ایک شہر کا نام جو ایران کے صوبہ آذربائیجان میں تبریز کے مغرب کی طرف ہے۔ جہاں ہلاکو خاں کی بنائی ہوئی ایک رصدگاہ ہے جو خواجہ نصیرالدین طوسی کے زیر اہتمام تیار ہوئی تھی۔

**مَراغی** (ف) منسوب بہ شہر مراغہ۔

**مُرافع** (ع) اپیلانٹ۔

**مُرافعات** (ع) مرافعہ کی جمع۔ مقدمات کی اپیلیں۔ عرضیاں۔ عریضے جو بزرگوں کی خدمت میں لکھے جاتے ہیں۔

**مُرافعت** (ع) حاکم کے سامنے اپنا دعوےٰ پیش کرنا۔

**مُرافعہ داشتن** (ف) باہم دعوے جھگڑا اور نزاع کا ہونا۔

**مُرافعہ کردن** (ف) دعویٰ دائر کرنا۔

**مُرافق** (ع) رفاقت کرنے والا۔ ساتھ دینے والا ساتھی۔ ہمراہ۔ ہم سفر۔

**مُرافقت** (ع) (۱) رفاقت ہمراہی (۲) رفاقت کرنا۔ ساتھ رہنا۔ باہم رفیق ہونا (۳) سفر میں ساتھ دینا۔

**مُراقب** (ع) (۱) اُمیدوار۔ اُمید رکھنے والا (۲) مراقبہ کرنے والا۔ حضورِ قلب سے خدا کی طرف توجہ کرنے والا (۳) نگہبان (۴) ڈرنے والا۔ (۵) گورنمنٹ پرلیس رپورٹر۔

**مُراقبت** (ع) ایک دوسرے کا رقیب بننا (۲) حفاظت۔ نگہبانی (۳) اُمید رکھنا۔

**مُراقبہ** (ع) (۱) حفاظت کرنا۔ نگاہ رکھنا (۲) حضورِ قلب سے خدا کی طرف توجہ کرنا (۳) گردن نیچے ڈالنا۔ قلب کی طرف رجوع کرنا۔

**مَراقی** (ع) مرقات کی جمع۔ زینے۔ سیڑھیاں۔

**مَراقی** (ع) مرضِ مراق کا مریض۔

**مَراکب** (ع) مرکب کی جمع۔ سواریاں۔ وہ چیزیں جن پر سوار ہوتے ہیں جیسے اُونٹ۔ گھوڑا۔ جہاز اور کشتی وغیرہ۔

**مُرال** (ف) بارہ سنگھا۔

**مَرام** (ع) مقصد۔ مطلب۔ مراد۔

**مرامر** (ع) نرم و نازک۔ کمزور۔ بے کار۔

**مرامات** (ع) مرام کی جمع۔ مقاصد۔ مطالب۔

**مرامق** (ع) تھوڑی محبت کرنے والا۔

**مرامقت** (ع) گھور کر دشمنی سے دیکھنا۔

**مُرّان** (ع) پھولا پھلا درخت۔

**مراوحت** (ع) آرام لینا۔ ایک دوسرے کے پاؤں پر کھڑا ہونا۔

**مراودت** (ع) (۱) چاہنا۔ کسی سے کوئی بات چاہنا (۲) آمدورفت کرنا۔

**مراودہ داشتن** (ف) باہمی میل جول رکھنا۔ ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا۔

**مراومت** (ع) نرمی برتنا۔ خاطر کرنا۔

**مراوغت** (ع) کشتی کرنا۔

**مُراہق** (ع) بلوغت کو پہنچنے والا لڑکا۔ وہ لڑکا جو قریب بلوغت ہو۔

**مَراہم** (ع) مرہم کی جمع۔ زخموں پر لگانے کی دوائیں۔

**مِراء** (ع) شک کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ خود نمائی۔

**مراءات** (ع) ریاکاری کرنا۔

**مُرائی** (ع) ریاکار۔ مکار۔ دکھلاوے کی عبادت کرنے والا۔ دکھا کر عبادت کرنے والا۔

**مَرایا** (ع) مراۃ کی جمع۔ خلاف قیاس۔ آئینے۔

**مَربد** (ع) اُونٹ وغیرہ کے بٹھانے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں کھجوریں سکھائی جاتی ہیں۔

**مَربض** (ع) باڑہ جہاں بھیڑ بکریاں رکھی جاتی ہیں۔

**مِربط** (ع) وہ رسی جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔

**مَربط** (ع) وہ مکان جس میں حیوان باندھے جائیں۔ باندھنے کی جگہ۔

**مُربّع** (ع) (۱) چوگوشہ۔ چوکھونٹا (۲) وہ شکل جس کے چاروں زاویے قائمے ہوں۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔ (۳) پالتی مار کر بیٹھنا۔ (۴) سولہ خانے کا تعویذ۔

**مُربّع نشستن** (ف) چار زانو بیٹھنا۔ پالتی مار کر بیٹھنا۔

**مربع نشین** (ف) چار زانو بیٹھنے والا۔ پالتی مار کر بیٹھنے والا۔

**مَربوب** (ع) مخلوق۔ پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔

**مَربوط** (ع) ربط کیا گیا۔ بندھا ہوا۔ لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا۔ علاقہ رکھنے والا۔

**مُربّی** (ع) پرورش کرنے والا۔ پالنے والا۔

**مُربّےٰ** (ع) (۱) پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ پروردہ شدہ (۲) وہ میوہ جو شیرہ میں ڈال کر رکھا گیا ہو۔ جام۔

**مُرت** (ف) زندہ۔

**مَرّت** (ع) ایک بار۔ ایک دفعہ۔

**مُرّت** (ع) کڑواپن۔

**مِرّت** (ع) (۱) طاقت (۲) شدت (۳) عقل کی درستی۔ (۴) صفرا۔

**مُرتاض** (ع) (۱) ریاضت کرنے والا۔ نفس کو تابع کرنے والا۔ عبادت یا علم و ہنر میں رنج اُٹھانے والا۔

**مرتاضین** (ع) مُرتاض کی جمع۔

**مُرتَّب** (ع) ترتیب دیا گیا۔ درست کیا گیا۔

**مُرتِّب** (ع) ترتیب دینے والا۔ انتظام کرنے والا۔

**مرتبان** (ع) مربّہ وغیرہ رکھنے کا برتن۔ اصل میں مرتبان ہندوستان کے ایک جزیرہ کا نام ہے۔ جہاں مربہ رکھنے کے برتن بنتے ہیں۔

Marfat.com

مرتبت (ع) رتبہ۔ درجہ۔ مقام۔
مُرتبط (ع) ربط دیا گیا۔ ارتباط کیا گیا۔ لگایا ہوا۔
مرّت بعد اُخرٰے (ع) متواتر کئی بار۔ پے در پے۔ کئی کئی بار۔ ایک دفعہ دوسری دفعہ کے بعد۔
مُرتّبہ (ع) مرتب کا مؤنث۔ ترتیب دیا ہوا۔
مرتبہ (ع) درجہ۔ رُتبہ۔ مکان کی منزل۔
مُرتج (ع) مضطرب۔ متحرک۔
مُرتجا (ع) اُمید رکھا گیا۔ اُمید کیا گیا۔
مُرتج الکفل (ع) موٹے چوتڑوں والا۔
مرتجع (ع) رجعت پسند۔ ندامت پسند۔
مرتجعین (ع) مرتجع کی جمع۔
مُرتجل (ع) (۱) قصیدہ یا غزل کا وہ شعر جو فی البدیہہ کہا گیا ہو (۲) وہ لفظ جو ایک معنی سے دوسرے معنی میں بغیر کسی مناسبت کے بدلا گیا ہو۔
مُرتحل (ع) (۱) کوچ (۲) کوچ گاہ۔
مُرتحل (ع) رحلت کرنے والا۔
مُرتد (ع) دین سے پھرا ہوا۔ مذہب اسلام سے پھرنے والا۔
مُرتدین (ع) مرتد کی جمع۔
مُرتسم (ع) نقش ہونے والا۔ نقش قبول کرنے والا۔
مُرتشی (ع) رشوت لینے والا۔
مُرتضوی (ع) منسوب بہ مرتضٰے۔ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کسی قسم کی نسبت رکھنے والا۔
مُرتضٰے (ع) (۱) پسندیدہ۔ چُنا ہوا۔ منتخب (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
مرتع (ع) چراگاہ۔ سبزہ زار۔
مُرتعب (ع) خائف۔ رعب میں آیا ہوا۔ ڈرنے والا۔
مُرتعش (ع) رعشے والا۔ لرزاں۔ کانپنے والا۔
مُرتعش شدن (ف) رعشہ طاری ہونا۔ لرزاں ہونا۔ کانپنے لگنا۔
مُرتفع (ع) بلند کیا گیا۔ اُٹھایا گیا۔ رفع کیا گیا۔ دُور۔
مُرتفع (ع) بلند ہونے والا۔ اُونچا۔ بلند۔
مرتفع شدن (ف) کسی مشکل کا رفع ہونا۔
مرتفع کردن (ف) کسی رکاوٹ کو دُور کرنا۔ مشکل کو حل کرنا۔
مُرتقد (ع) خواب گاہ۔ سونے کی جگہ۔
مُرتقی (ع) بلند ہونے والا۔ اُوپر چڑھنے والا۔
مُرتقٰے (ع) بلند کیا گیا۔
مُرتک (ف) مردار سنگ۔
مُرتکب (ع) اختیار کرنے والا۔ عمل میں لانے والا۔
مُرتکز شدن (ف) جاگزیں ہونا۔ مرکز بن جانا۔
مُرتکو (ف) گنجشک۔ چڑیا۔
مُرتہن (ع) رہن لینے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کی چیزیں اپنے پاس گرو رکھے۔

مُرتہن (ع) رہن رکھا گیا۔
مَرثیہ (ع) مُردے کے اوصاف بیان کرنا۔ مرے کے اوصاف نظم میں اس طرح بیان کرنا کہ سُننے والے کو رقت ہو۔ مُردے کے اوصاف کی نظم۔
مرج (ع) چراگاہ۔
مَرَج
مَرْج } (ع) فساد۔ تباہی۔ کام کا بگڑ جانا۔
مَرج (ف) مرز کا مبدل۔
مَرْج (ف) وہ زمین جس کے کنارے اُونچے کر کے اس کے اندر کچھ بویا جائے۔
مَرجادہ (ف) چمڑے کی بڑی سی گون جس میں گھاس بھر کر پانی پر تیرتے اور پار اُتر جاتے ہیں۔
مَرجان (ع) مونگا۔
مَرجان جنوبی (ع) ایک قسم کا مرجان جو جنوب کی طرف جزائر سراندیپ سے آتا ہے۔
مَرجان مرسُولی (ع) ایک قسم کا ناقص مونگا۔
مَرجادہ (ف) دیکھو مرجادہ۔
مَرجّح (ع) ترجیح دیا گیا۔ کسی پر فوقیت دیا گیا۔
مُرجّح (ع) ترجیح دینے والا۔ فوقیت دینے والا۔
مُرجّز (ع) نثر کی تینوں قسموں میں سے ایک قسم۔ باقی دو قسمیں یہ ہیں مسجع۔ عاری۔
مَرجع (ع) جائے رجوع۔ لوٹنے کی جگہ۔ جائے بازگشت۔
مرجع خلائق (ف) جس کی طرف خلق خدا رجوع کرے۔
مِرجل (ع) تانبے کی بڑی دیگ۔
مَرجمک (ف) مسور۔
مَرجو (ع) (۱) اُمید رکھا گیا۔ اُمید کیا گیا (۲) اُمید۔
مَرجوح (ع) جس پر کسی کو ترجیح دی گئی ہو۔ عاجز۔ مغلوب۔
مرجوع
مرجوعہ } (ع) رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا۔
مَرح (ع) نہایت خوش ہونا۔ اکڑنا۔ اترانا۔
مَرح (ع) نہایت خوش۔
مَرحب (ع) (۱) کشادہ ہونا۔ فراخ ہونا (۲) فراخ جگہ (۳) ایک نہایت شہ زور اور بہادر پہلوان کا نام جو عہد اسلام جنگ خیبر کے روز امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا۔
مَرحبا (ع) (۱) عرب مہمان کے لیے بولتے ہیں جس کے معنی ہیں تیرے لیے ہمارے ہاں فراخی ہے تنگی نہیں۔ خوش آمدی (۲) شاباش۔ آفرین۔
مرحبا گفتن (ف) کلمہ تحسین ہے۔ کسی کو آفرین و شاباش دینا۔
مَرحبت (ع) کسی کو مرحبا کہنا۔

Marfat.com

**مَرْحَلہ** (ع) (۱) منزل - نزول کی جگہ - کوچ کی جگہ - (۲) اسباب رکھنے کی جگہ (۳) قلعہ کے گرد کی عمارت -

**مَرْحَمَت** (ع) رحم - مہربانی -

**مَرْحَمَت کَرْدَن** }
**مَرْحَمَت فَرْمُودَن** } مہربانی کرنا - عنایت کرنا -

**مَرْحَمَت زِیَاد** (ف) ایران میں اسے بطور الوداعی کلمہ استعمال کرتے ہیں اور کسی کو خدا حافظ کہتے وقت یہ بولتے ہیں کہ آپکی بڑی عنایت ہے کہ آپ تشریف لائے -

**مَرْحُوم** (ع) رحمت کیا گیا - مجازاً مرے ہوئے کے واسطے بولتے ہیں -

**مَرْحُوم شُدَن** (ف) مرجانا - فوت ہوجانا -

**مَرْحُومَہ** (ع) مرحوم کی تانیث -

**مَرَخ** (ع) (۱) روغن ملنا (۲) ایک درخت کا نام

**مَرْخَشَہ** (ف) (۱) منحوس - نحس - نامبارک (۲) کلام - سخن

**مُرَخِّص** (ع) رخصت دینے والا -

**مُرَخَّص** (ع) رُخصت کیا گیا -

**مُرَخَّص شُدَن** (ف) چھٹی مل جانا -

**مُرَخَّص کَرْدَن** (ف) چھٹی دے دینا - سبکدوش کرنا - آزاد کرنا -

**مُرَخَّصِی** (ع) اجازت - رخصت - چھٹی -

**مُرَخَّصِی دَادَن** (ف) ملازمین کو ان کی ماہانہ یا سالانہ چھٹیاں دینا -

**مُرَخَّصِی رَفْتَن** (ف) چھٹی پر جانا -

**مُرَخَّصِی نَاخوشی** (ف) بیماری کے سلسلہ کی چھٹی -

**مُرَخَّم** (ع) (۱) ترخیم کیا گیا - وہ کلمہ منادے جس کے آخر کا حرف حذف کر دیا گیا ہو - ہر وہ کلمہ جس کے آخر کا حرف گرا دیا گیا ہو - جیسے نواہ سے نوا (۲) نرم کیا گیا -

**مَرْد** (ف) عورت کی ضد - مذکر - نر - نر آدمی - نر انسان -

**مَرْد** (ع) (۱) بے ریش ہونا - ان داڑھیا ہونا (۲) حد سے گزرنا -

**مُرْد** (ع) امرد کی جمع - بے ریش لڑکے -

**مَرْد** (ع) (۱) ہاتھ سے ملنا (۲) پانی میں بھگونا (۳) پیلو تازہ

**مرد آخر بین مبارک بندہ است** (ف) جو آدمی کاموں کے انجام پر نگاہ رکھے بڑا خوش بخت انسان ہوتا ہے -

**مَرْدَاء** (ع) (۱) ٹُنڈ منڈ درخت (۲) وہ ریتلی زمین جس میں کچھ نہ اُگ سکے -

**مَرْدَاب** (ف) گہرا اور لمبا چوڑا تالاب - گہرا گڑھا -

**مُرْدَاب** (ف) نالی - بدرو - موری -

**مُرْدَار** (ف) (۱) مردہ کی لوتھ - لاش - مرا ہوا - (۲) ناپاک

**مُرْدَار سَنگ** }
**مُرْدَا سَنگ** } (ف) ایک معدنی چیز جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے -

**مَرْدَان** (ف) مرد کی جمع - نر آدمی -

**مَرْدَانِ رَاہ** (ف) خدا کی راہ کے لوگ - ولی - فقیر - سالک -

**مَرْدَانِ عَلَوِی** }
**مَرْدَانِ عَلَوِی ہَفْت تَن** } (ف) (۱) سبعہ سیارہ - ساتوں تارے - (۲) ساتوں اوتاد جو بزرگ اور ولی

ہوتے ہیں -

**مَرْدَانگی** (ف) مردی - مردپن - بہادری

**مردانِ مرد** (ف) مردوں سے مرد - بہادر - شخص دلاست - بہادر سپاہی -

**مرد چوں میرد نام مرد جائے نیرد** (ف) یعنی جب بال جاتا ہے ناپاک آجاتا ہے - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات اور طول محنت سے پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے جو عرب کے مشہور تھے لوگوں میں سے تھا

**مَرْدِ حَق** }
**مَرْدِ خُدَا** } (ف) (۱) خدا کا مرد (۲) ولی (۳) فقیر -

**مُرِدّ** (ع) رد کرنے والا - پھیرنے والا -

**مُرَدّ** (ع) رد کیا گیا - واپس دیا گیا - پھیرا لیا

**مرد در زیر سخن نہاں است** (ف) آدمی بات کرنے سے پہچانا جاتا ہے -

**مرددری** (ف) بیراث -

**مرد زبان** (ف) گفتگو کرنے کے قابل

**مرد سری دہد سر نمی دہد** (ف) بہادر مرد جنہیں اپنی جان لگا دیتے ہیں مگر راز کبھی ظاہر نہیں کرتے

**مَرْدَشت** (ف) نواح شیراز کے ایک مقام کا نام جہاں کمہار رہتے اور مٹی کے برتن بنانے میں

**مَرْدَک** (ف) (۱) مرد کی تصغیر - چھوٹا مرد (۲) مرد کی تصغیر یا تحقیر جو بطور گالی بولا جاتا ہے -

**مرد کار بُودن** (ف) کام کا آدمی ہونا - خوب ہُنرمند ہونا -

**مُرْدگان** (ف) مُردہ کی جمع - مرے ہوئے لوگ -

**مَرْدگیر** (ف) گلے - یعنی جو کان کی طرح کا ایک ہتھیار ہے -

**مردگیران** (ف) آتش پرستوں سے ایک جشن کا نام جو ماہ اسفندار کے آخری پانچ دنوں میں ہوتا ہے اس جشن میں مرد عورتوں کے تابع ہوتے ہیں اور وہ جو چاہتی ہیں ان سے مانگتی ہیں -

**مَرْدُم** (ف) ایک مرد (۲) چند مرد - یہ لفظ اسم جنس ہے - اور واحد اور جمع دونوں کے لیے یکساں آتا ہے (۳) آنکھ کی پتلی (۴) نامردم یعنی نالائق - نااہل -

**مردم آزار** (ف) آدمیوں کو ستانے والا - ظالم -

**مردم آزاری** (ف) انسانوں کو ستانا - ظلم کرنا -

**مردمان** (ف) مردم کی جمع -

**مردم آہنگ** (ف) ظالم - لوگوں کو مار ڈالنے والا -

**مردم آنج** (ف) (۱) مردم کش - ظالم (۲) ایک قسم کا ہتھیار -

**مردم خیز** (ف) وہ مقام جہاں اچھے - لائق اور بہادر آدمی پیدا ہوتے ہیں -

**مردم داری** (ف) حسن سلوک - رواداری

**مردم دوست بُودن** (ف) بشر دوست ہونا - انسان دوست ہونا -

Marfat.com

بنی نوع انسان سے ہمدردی۔

مَرُدُم زاد (ف) آدمی زاد - آدمی انسان - اِنسان۔

مَرُدُم زَن (ف) آدمیوں کو مار ڈالنے والا۔

مَرُدُم شُماری (ف) آدمیوں کی گنتی جو کسی مُلک کے آدمیوں کی تعداد معلوم کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔

مردم شناس (ف) لوگوں کی طبائع کو پہچاننے والا - نیک و بد اور بُرے بھلے کی تمیز کرنے والا۔

مردم شناسی (ف) لوگوں کو جاننے اور پہچاننے کا ملکہ۔

مَرُدُمَک }
مُرُدُمَک } (ف) (۱) آنکھ کی پُتلی (۲) مردم کی تصغیر۔

مَرُدُمَک چشم (ف) آنکھ کی پُتلی۔

مَرُدُم کُش (ف) ظالم - آدمیوں کو مار ڈالنے والا۔

مَرُدُم گزائے (ف) ظالم - آدمیوں کو ستانے والا۔

مَرُدُم گیا (ف) چین کی ایک گھاس کا نام جو آدمی کے مشابہ اور نر و مادہ دونوں قسم کی ہوتی ہے - چھمنا - چھمنی۔

مَرُدُمہ (ف) پُتلی۔

مَرُدُمی (ف) (۱) مردانگی (۲) انسانیت (۳) مروّت وفا (۴) بُردباری - حلم (۵) رعایت۔

مرد میدان (ف) (۱) جنگی آدمی (۲) مقابل - حریف۔

مرد میدان اُو نیست (ف) کوئی اس کا مدِ مقابل نہیں۔

مُرْدَن (ف) مرنا۔

مردنی بُودن (ف) قریب المرگ ہونا - سخت بیمار ہونا۔

مَرْدُود (ف) رد کیا ہوا - دفع کیا ہوا (۲) لوٹایا ہوا (۳) ذلیل - خوار - بے عزت۔

مَرْدُود شُدن (ف) رد ہونا - راندہ درگاہ ہونا۔

مَرد و زن (ف) مرد اور عورت - یعنی عام خلقت - سب لوگ۔

مَرَدَہ (ع) مارد کی جمع - سرکش۔

مَرْدَہ (ف) بہادر - شجاع۔

مُردہ بدست زندہ (ف) مجبور - بے بس - یعنی مُردہ کا تمام کام زندہ سرانجام دیتا ہے - اور وہ خود بے بس ہوتا ہے۔

مُردہ پرست (ف) قبروں کا پجاری۔

مُردَہ چیزے بُودن (ف) کسی چیز کا نہایت شوق رکھنا - کسی چیز کے حاصل کرنے کے لیے نہایت بے قرار رہنا۔

مُردہ دِل (ف) (۱) مَرے ہوئے دِل والا - افسردہ - شکستہ دِل - (۲) جاہل - نادان۔

مُردَہ رُدی }
مُردَہ ری } (ف) میراث - مُردے کا ترکہ۔

مُردَہ ریگ (ف) (۱) میراث - ترکہ (۲) عاجز (۳) فرومایہ - ذلیل - کمینہ۔

مَرْدی (ف) مردانگی - بہادری - دلیری۔

مُرْدی (ع) ہلاک کرنے والا۔

مَرْز (ف) (۱) زمین (۲) قابل زراعت زمین - آباد زمین - کھیت - (۳) سرحد (۴) مجامعت۔

مُرْز (ف) (۱) مجامعت - مباشرت (۲) مقعد کا سوراخ (۳) چوہا۔

مرزا (ف) اصل میں میرزا ہے (۱) امیرزادہ - سردار زادہ (۲) شہزادہ - (۳) مغلوں کا لقب۔

مِرزاب (ع) کشتی - پرنالہ۔

مرزا مزاج (ف) نیشن ایبل۔

مرزا منش (ف) شریف النفس انسان - شاہانہ مزاج رکھنے والا۔

مَرزبان (ف) (۱) زمین کا مالک - زمیندار (۲) بادشاہ (۳) حاکم - (۴) سرحد کا نگاہ رکھنے والا (۵) نگہبان (۶) آتش پرستوں کا سردار - آتش پرستوں کا عالم۔

مَرز بُوم (ف) جنم بھوم - پیدا ہونے کی جگہ - وطن۔

مرزبہ (ع) مونگری - ہتھوڑا۔

مَرزغان (ف) (۱) گورستان - قبرستان (۲) انگیٹھی - آتشدان - (۳) دوزخ - نرک۔

مَرزغن (ف) (۱) قبرستان - گورستان (۲) انگیٹھی۔

مُرز گون (ف) عضو تناسل - ذکر - قضیب۔

مَرزمین (ع) ثوابت میں سے دو ستاروں کا نام جنہیں فارسی میں مرزبان کہتے ہیں۔

مَرْزَن (ف) موش - چوہا۔

مَرزنجوش (ع) مرزنگوش کا معرب۔

مَرزنگوش (ف) پودینہ جو ریحان کی ایک خوشبودار قسم ہے - اس سے زلفِ معشوق کو تشبیہہ دیتے ہیں۔

مَرزو (ف) کھیت۔

مَرْزُون (ع) رزق یافتہ - رزق خوار - رزق سے بہرہ مند۔

مرز و کشور (ف) ولایت یا سلطنت۔

مَرزوئے (ف) کھیت۔

مَرزہ (ف) (۱) چراغدان (۲) معماروں کی کرنی - گل مالہ (۳) ایک قسم کی سبزی۔

مَرزِیان (ف) دیکھو مرزبان۔

مَرَس (ع) (۱) بہت علاج کرنے والا (۲) اُنگلی کو چوسنا (۳) کھجور کو پانی میں بھگونا (۴) ہاتھ کو رُومال سے صاف کرنا - (۵) عادت - خُو - روش۔

مَرَس (ف) ایک میوہ کا نام جو کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔

مَرسال (ع) چھوٹا نیزہ۔

مرسب (ع) بُردبار - آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تلوار کا نام۔

مَرَست (ف) ہٹ جائے - نابود ہو جائے نہ رہے۔

مَرَست (ع) رسّی۔

مرسح (ع) تیتر۔

مرسگان را عید باشد مرگ آن (ف) چڑیوں کی موت گنواروں کی ہنسی۔

مُرسَل (ع) (۱) بھیجا ہوا۔ رسول۔ نبی۔ پیغمبر (۲) نبی کی کتاب۔
مُرسِل (ع) بھیجنے والا۔
مُرسلات (ع) بھیجی ہوئی ہوائیں۔ فرشتے۔
مُرسَل الیہ (ع) جس کی طرف کچھ بھیجا جائے۔
مُرسَلہ (ع) (۱) بھیجی ہوئی (۲) لٹکائی ہوئی (۳) عورتوں کے گلے
میں پہننے کی چیز یعنی ہار۔
مُرسِلہ (ع) ارسال کنندہ۔
مُرسلۂ پیوند (ف) قلم۔
مُرسُوب (ع) تلچھٹ۔ تہ نشین۔
مُرسُوم (ع) (۱) رسم کیا گیا۔ قاعدہ باندھا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳)
فرمان شاہی (۴) مجازاً ٹپکا ہوا (۵) تنخواہ۔ وظیفہ۔
روزینہ۔ راتبہ۔
مَرسی (ف) اصل میں یہ فرانسیسی لفظ ہے جو اکثر ایرانی استعمال کرتے
ہیں کسی کا شکریہ ادا کرتے وقت۔
مُرشَح (ع) (۱) سیراب (۲) ٹپکا ہوا۔
مُرشِد (ع) راہنما۔ ہدایت کرنے والا۔ نیک راہ بتانے والا۔
مُرشُوش (ع) چھڑکا ہوا۔ ٹپکا ہوا۔
مِرصاد (ع) (۱) فراخ اور کشادہ رستہ (۲) گھات۔ انتظار کی
جگہ۔
مَرصَد (ع) رصد کی جگہ۔ انتظار کرنے اور کسی چیز کو دیکھنے کی
جگہ۔
مُرصَّع (ع) (۱) جڑا ہوا۔ جڑاؤ۔ جس میں جواہر جڑے ہوئے ہوں
(۲) مقفّیٰ نظم یا نثر۔
مُرصَّع خوانی (ف) (۱) نہایت اچھے لفظ کہنا (۲) رنگین کلامی اور
خوش سخنی (۳) قصّہ کی تمہید۔
مُرصَّع زبان (ف) نہایت عمدہ تقریر کرنے والا۔
مُرصَّع ساز }
مُرصَّع کار } (ف) جڑیا۔ زیور میں نگینہ یا جواہر جڑنے والا۔
مُرصَّع کاری (ف) جڑت۔ جڑنے کا کام۔
مَرصُود (ع) اُمید رکھا گیا۔
مَرصُوص (ع) رانگ یعنی قلعی ڈال کر مضبوط کیا ہوا۔ محکم کیا ہوا۔
مَرصُوصَہ (ع) رانگ ڈال کر بنا رکھی گئی ہوئی۔ مرصوص۔
مَرَض (ع) (۱) روگ۔ بیماری۔ دُکھ (۲) بیمار ہونا۔
مَرَض المَوت (ع) ایسی بیماری جس سے آدمی مر جائے۔
مرض خارجی (ف) جلد کی بیماری۔
مرض داخلی (ف) اندرونی مرض۔
مَرضَع (ع) دُودھ پلانے کی جگہ۔ پستان۔
مُرضِع }
مُرضِعہ } (ع) دُودھ پلانے والی۔ دایہ۔
مرض صعب (ف) سخت کڑی بیماری۔
مرض قند (ف) ذیابیطس۔ شوگر کا آنا۔ وہ بیماری جس میں آدمی کو
پیشاب کی راہ شوگر آتی ہے۔
مَرضِ مسری (ف) متعدی بیماری۔
مَرضِ معروف (ف) آتشک۔
مَرضِ مُہلک (ع) ہلاک کر دینے والا مرض۔
مَرضُو (ع) اُوپر نیچے رکھا سامان۔
مَرضُوف (ع) گرم پتھر پر پکایا کھانا۔
مرضےٰ (ع) مریض کی جمع۔ بیمار لوگ۔
مَرضی (ع) پسند کیا ہوا۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔
مَرضیٔ طرفین (ف) طرفین کی رضامندی۔
مَرضیٔ مولا از ہمہ اولیٰ (ف) خدا کا دیا سر پر۔ وہ جو چاہے
وہی ہوتا ہے۔
مِرط (ع) گدڑی۔ کملی۔
مَرط (ع) بال اُکھاڑنا۔
مُرطّ (ع) بے پر کا تیر۔
مُرطُوب (ع) تر۔ بھیگا ہوا۔ رطوبت والا۔ جس میں تری ہو۔
مُرطُوبی (ع) بلغمی مزاج والا موٹا آدمی۔
مَرطی (ع) اُونٹ۔
مَرطِیس (ف) لاجوردی رنگ کا ایک پتھر جو دردِ دل کو رفع کرتا
ہے۔
مُرعَش }
مُرعِش } (ع) (۱) ہوا میں کلابازیاں کھانے والا کبوتر (۲)
نامہ بر کبوتر۔
مَرعُوب (ع) رُعب کیا گیا۔ رُعب میں دبا ہوا۔ خوف زدہ۔
ڈرایا گیا۔
مَرعےٰ (ع) چراگاہ۔ چرنے کی جگہ۔
مُرغ (ع) تھوک۔ لعاب دہن۔
مَرغ (ف) دوب جو ایک قسم کی گھاس ہے۔
مُرغ (ع) چوپائے کا گھاس وغیرہ میں لیٹنا۔
مُرغ (ف) (۱) سُورج۔ آفتاب (۲) پرند۔ طائر۔ چونچ والا
جانور (۳) ایک قسم کی صراحی۔
مُرغاب (ف) خراسان کی ایک ندی کا نام جو مرد شاہ جہاں کے
نیچے بہتی ہے۔
مُرغابی (ف) مشہور دریائی پرند کا نام۔
مُرغِ آتش باز (ف) آتشبازی کی ایک قسم ہے۔
مُرغِ آتش خوار (ف) (۱) سمندر جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور
چوہے کے برابر ہوتا ہے جب آتش کدہ سے باہر آتا ہے
تو مر جاتا ہے (۲) ایک پردار کیڑا جو آگ میں نہیں جلتا (۳) کبک۔ چکور۔
مُرغِ آفتاب علم (ف) آگ۔
مُرغِ الٰہی (ف) (۱) نفس ناطقہ (۲) رُوح۔
مُرغِ آمین (ف) (۱) ستارہ کف الخضیب جس کے طلوع ہونے پر
ہر ایک دُعا قبول ہو جاتی ہے (۲) وہ فرشتہ جو ہوا میں
اُڑتا رہتا ہے اور جس دُعا پر آمین کہتا ہے قبول ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

مُرغان (ف) مُرغ کی جمع - پرندے - طیور۔

مُرغانِ اُولیٰ اجنحہ / مُرغانِ سدرہ / مُرغانِ عرشی } (ف) فرشتے۔

مُرغ این انجیر نیست (ف) (۱) اس کے لائق نہیں - (۲) یہ منہ اور مسور کی دال۔

مُرغب (ع) مرغوب چیز - پسندیدہ شے۔

مُرغبات (ع) مرغب کی جمع - مرغوب چیزیں۔

مُرغ باد نما (ف) ہواؤں کے چلنے کا رُخ اور اس سے موسمی کیفیت معلوم کرنے کے لیے رصد گاہوں میں ایک آلہ بنایا جاتا ہے جو ذرا سی ہوا سے بھی متحرک ہو کر ہوا کے رُخ پر ہو جاتا ہے اس کی شکل پرندکی سی ہوتی ہے۔

مُرغ باز (ف) مُرغ لڑانے والا۔

مُرغ بازی (ف) مُرغے لڑانا۔

مُرغ بیضۂ فولاد (ف) خود یعنی لوہے کی ٹوپی پر بنی ہوئی مُرغ کی تصویر۔

مُرغ چمن (ف) بُلبل

مُرغ حق (ف) اُلّو۔

مُرغ حق گو (ف) رات کے وقت درخت پر اُلٹا لٹک کر حق حق کرنے والا پرندہ - مُرغ زیرک۔

مُرغ خانگی (ف) پالتو پرندے۔

مُرغ خوابانیدن (ف) مُرغی کو انڈوں پر بٹھانا

مُرغ خوش خواں (ف) بُلبل۔

مُرغ دست آموز (ف) سدھایا ہوا پرندہ جو اُڑ کر ہاتھ پر آبیٹھتا ہے۔

مُرغ دام (ف) وہ پرند جو شکاری لوگ دُوسرے پرندوں کو جال میں لانے کے لیے جال۔

مُرغ دان (ف) مُرغیوں یا پرندوں کا ڈربہ

مُرغ دل (ف) بلا اضافت، ڈرپوک وہمی۔

مُرغِ دل (ف) با اضافت، دل اور عقل

مُرغ زرّین تاج (ف) مُرغا - خروس۔

مُرغ روز (ف) سُورج - آفتاب۔

مرغز (ف) ایک قصبہ کا نام۔

مرغزار (ف) سبزہ زار - وہ زمین جہاں پر مرغ یعنی دُوب گھاس بہت اُگی ہوئی ہو۔

مرغزار عقبیٰ (ف) بہشت - جنت

مُرغ زر (ف) (۱) سُورج (۲) مرغابی کی شکل کی سونے کی صراحی۔

مرغزن (ف) قبرستان۔

مُرغ زندخواں (ف) بُلبل۔

مُرغ زیرک (ف) (۱) مُرغ حق گو - مُرغ شب آویز (۲) طوطی (۳) ہاروت و ماروت (۴) شیطان۔

مُرغ زیرک ساز (ف) مینا۔

مُرغ سبز قبا (ف) ہریل جو مشہور پرندہ ہے۔

مُرغ سحر (ف) (۱) مُرغا (۲) قمری (۳) بُلبل (۴) صبح سویرے اُٹھنے والا عابد۔

مُرغ سحر خواں (ف) (۱) مُرغا (۲) بُلبل - (۳) قمری۔

مُرغ سخن گو (ف) بولنے والی مینا۔

مُرغ سُلیمان (ف) ہُدہُد۔

مرغش (ف) مُلک شام کے ایک شہر کا نام۔

مُرغ شاخدار (ف) کلغی دار پرندہ۔

مُرغ شب آویز (ف) مُرغ حق گو۔

مُرغ شب آہنگ (ف) بُلبل۔

مُرغ شب خواں / مُرغ شب خیز } (ف) (۱) مُرغا (۲) بُلبل۔

مُرغ شب و روز (ف) سُورج اور چاند۔

مُرغ شکاری (ف) باز - عقاب - شاہین۔

مُرغ صبح / مُرغ صبح خواں } (ف) (۱) مُرغا (۲) بُلبل۔

مُرغ طرب (ف) (۱) بُلبل (۲) کبوتر نامہ بر - مطرب - گویا۔

مُرغ عیسےٰ (ف) چمگادڑ - مُرغ مسیح۔

مُرغ فلک (ف) فرشتہ۔

مُرغ قبلہ نما (ف) قطب نما کی طرز پر بنایا ہوا ایک آلہ جس کی سوئی کا سر ہمیشہ قبلہ کی طرف رہتا ہے۔

مُرغ قفازی (ف) ایک بہت خوش رنگ چڑیا۔

مُرغک (ف) (۱) مُرغ کی تصغیر - مُرغ کا بچہ (۲) ایک سرود کا نام۔

مُرغ کاغذی (ف) کاغذ کی ایک قسم جو بہت باریک ہوتا ہے۔

مُرغک دانا (ف) بولنے والی طوطی۔

مُرغ گوشت رُبا (ف) چیل - غلیواز۔

مُرغ گرسنہ در خواب ارزن بیند (ف) بلّی کے خواب میں چھیچھڑے۔

مُرغ لب (ف) سخن کلام۔

مُرغ مجنون (ف) وہ پرندہ جس نے قیس مجنون کے سر میں گھونسلا بنا لیا تھا۔

مُرغ مسیح / مُرغ مسیحا } (ف) چمگادڑ - شپرّہ۔

مُرغ مگس (ف) پدّی - پدّا۔

مُرغ نامہ آور (ف) (۱) ہُدہُد (۲) نامہ بر کبوتر (۳) قاصد۔

مُرغ نامہ بر (ف) (۱) کبوتر (۲) ہُدہُد۔

مرغور (ف) (۱) بڑی چیز (۲) فال بد (۳) لغزش۔

مرغوب (ع) رغبت کیا گیا - پسندیدہ۔

مرغوب شدن (ف) مرغوب ہونا - پسند آنا۔

مرغوب الطبع (ع) من بھاتا - دل پسند۔

مرغُور (ف) بڑی چیز۔

مرغول / مرغولہ } (ف) (۱) گھنگریالے - گھنگریالے بال - مڑے ہوئے بال

Marfat.com

(۲) گنگری جو گوریوں کی ایک خاص آواز ہے (۳) خوش آواز پرندوں کی آواز (۴) خرمی۔ عیش و نشاط
**مُرغِ ہمایوں فال** (ف) ہُما۔
**مُرغِ یاقوت** }
**مُرغِ یاقوت پر** } (ف) آگ
**مرغیکہ انجیر میخورد نوکش کج است** (ف) خاص کاموں کے لیے خاص آدمی ہوتے ہیں۔
**مُرغِ یک پا دارد** (ف) ڈھاک کے تین پات۔
**مِرقد** (ع) بڑا پیالہ۔ کاسۂ بزرگ۔
**مِرفق** (ع) کہنی۔
**مرفود** (ع) دیا ہوا عطیہ۔
**مَرفُوع** (ع) (۱) بلند۔ اُونچا (۲) بلند کیا لیا۔ اُٹھایا گیا (۳) وہ حرف جس پر پیش ہو (۴) مرافعہ۔ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا دعوےٰ۔
**مَرفُوعُ القلم** (ع) وہ شخص جس کا جُرم قابل باز پُرس نہ ہو۔ معذور یا پاگل وغیرہ کی حرکت۔
**مرفُوعُ القلم شُدن** (ف) کسی معاملے میں محسوب نہ ہونا۔
**مُرفہ** (ع) آسودہ۔ خوش۔
**مُرفہ الحال** (ع) آسودہ۔ خوش حال
**مرفین** (ف) ایک نشہ آور مادہ۔
**مَرق** (ع) شوربا۔
**مِرقاۃ** }
**مِرقات** } (ع) سیڑھی۔ زینہ۔
**مِرقب** (ع) دُور بین۔
**مُرقد** (ف) (۱) افیون۔ تریاق (۲) دھتورہ۔
**مَرقد** (ع) (۱) خواب گاہ۔ (۲) گور۔ قبر۔
**مُرقّع** (ع) (۱) تصویروں کی کتاب (۲) پیوند لگایا گیا رقعہ پہ رقعہ سیا گیا۔ یعنی گدڑی۔
**مُرقّع ذارِ ابلیسی** } (ف) (۱) شیطان کا گروہ (۲) تقوی و تصوف کی
**مُرقّع دارِ مانی** } حالت میں ناشائستہ عمل کرنے کو کہتے ہیں۔
**مَرقوم** (ع) رقم کیا گیا۔ لکھا ہوا۔
**مَرقوم شُدن** (ف) لکھا جانا۔ رقم ہونا۔
**مرقومات** (ف) لکھی ہوئی چیزیں۔
**مرقوم الحاشیہ** (ع) حاشیہ پر لکھا ہوا۔ یعنی گواہ۔
**مَرقُومہ** (ع) لکھی ہوئی تحریر یعنی لکھا ہوا۔
**مَرکَب** (ع) سواری۔ سوار ہونے کی کوئی شے۔ جیسے اُونٹ۔ گھوڑا۔ کشتی۔ جہاز وغیرہ۔
**مُرکّب** (ع) (۱) ترکیب دیا گیا۔ وہ چیز جو کئی چیزوں سے مل کر بنی ہو (۲) روشنائی۔ لکھنے کی سیاہی۔
**مُرکّبات** (ع) مرکب کی جمع۔
**مُرکّبات امتزاجیہ** (ع) گیارہ سے انیس تک کے عدد۔

**مَرکبِ تازی** (ف) عربی گھوڑا
**مُرکّب تقییدی** (ع) وہ مرکب جو مرکب اضافی یا مرکب توصیفی ہو یہ مرکب علم نحو میں آتے ہیں
**مرکب خشک کُن** (ف) سیاہی چوس۔
**مرکب زین پُشت** (ف) دو کوہان والا اُونٹ
**مرکب ہوائی** (ف) ہوائی جہاز۔
**مرکزِ ثقل** (ع) کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزا ٹکے ہو
**مرکزِ چرخ** (ف) زمین۔
**مرکزِ حکومت** (ف) حکومت کا مرکز۔ دارالخلافہ۔
**مرکزِ خاک** (ف) زمین کا مرکز۔ کرۂ ارض کا درمیان
**مرکزِ خورشید** (ف) چوتھا آسمان۔
**مرکزِ دولت** (ع) دارالسلطنت۔ دارالحکومت۔ پایۂ تخت
**مرکزِ زمین** (ف) دیکھو مرکز خاک
**مرکزِ سلطنت** (ف) دارالخلافہ
**مرکزِ مثلث** (ع) ابعاد ثلاثہ کے اعتبار سے زمین
**مرکزیت** (ف) مرکز ہونا۔
**مرکن** (ع) طشت۔ لگن۔ تغار۔
**مَرکُوب** (ع) سوار کیا گیا جس پر کوئی چیز سوار ہو۔ سواری (۲) جُوتا۔
**مَرکوز** (ع) گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا (۲) مجازاً منظور کیا گیا۔ منظور۔
**مرکوزِ خاطر** (ع) جو بات دل میں بیٹھی ہوئی ہو۔
**مَرگ** (ف) (۱) موت (۲) ایک قسم کی دوائی کا نام بھی ہے جسے ماہی گیر لوگ پانی میں ڈال دیتے ہیں مچھلیاں اسے کھا کر بے ہوش ہو جاتی ہیں اور پانی پہ تیرنے لگ جاتی ہیں او ماہی گیر انھیں پکڑ لیتے ہیں۔
**مرگ آسا** (ف) مکمل جمود۔ موت کا سا جمود۔
**مرگ با بد دل ہم کاسہ است** (ف) ڈرا سو مرا۔
**مرگا مرگ** (ف) (۱) وبا (۲) طاعون۔
**مرگ پیچ** (ف) بہادر اپنی پگڑی کے ایک سرے کو بل دے کر کان اور گردن کی طرف لٹکا دیتے ہیں۔ ایسی پگڑی باندھنے والے چونکہ اپنے آپ کو بہادر ظاہر کر کے ہر وقت موت کی زد میں رہتے ہیں۔ اس لیے اسے مرگ پیچ کہا جاتا ہے۔
**مرگ خبر نمی کند** (ف) موت کا کسی کو علم نہیں ہوتا۔
**مرگ سُرخ** (ف) (۱) وبا (۲) قتل عام۔
**مرگ فتر نیست کہ در ہر خانہ خوابیدہ است** (ف) موت کسی کو نہیں چھوڑتی۔
**مرگِ مَن** (ف) یہ کلمہ کسی کو قسم دیتے وقت استعمال کرتے ہیں جیسے میری جان کی قسم۔
**مرگِ مُوش** (ف) (۱) سنکھیا۔ سم الفار (۲) طاعون۔
**مرگِ ناگہانی** (ف) حادثاتی موت۔

Marfat.com

مَرگِ نَو (ف)، (۱) نئی موت یعنی نیا حادثہ (۲) نیا عشق۔

مرگِ نَو مُبارک باد (ف)، کوئی نیا حادثہ وقوع میں آنے یا کسی شخص کے کسی پر حد سے زیادہ عاشق ہونے کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔

مُرگُو (ف)، چڑیا۔

مَرگی (ف)، وبا۔

مَرَم (ف)، مرہم کا مخفف۔

مَرمَا (ف)، (۱) دو لکڑیوں کی باہم رگڑ کی آواز (۲) گاڑی کے پہیوں کی آواز۔

مَرَمَّت (ع)، بگڑے ہوئے کو سنوارنا۔ کسی چیز کا خلل دُور کرنا۔

مَرْمَد (ع)، وہ شخص جس کی آنکھیں دُکھتی ہوں۔

مَرمَر (ف)، رخام۔ سنگِ مرمر۔ ایک قسم کا مشہور سفید پتھر۔

مَرمَرَت (ع)، غضب ناک ہونا۔

مَرمَری } مرمر جیسا بلوریں۔ مانند مرمر۔
مرمریں } سفید اور گورا چٹا۔

مُرَمَّم } (ع)، ترمیم شدہ۔ اصلاح کیا گیا۔ دُرست کیا گیا۔
مُرَمَّمہ }

مرموره (ع)، ترمیم شدہ۔ دُرست کی گئی ہوئی شے۔

مرملی (ع)، نازک لڑکی۔

مرملیس (ع)، کینڈا۔

مِران (ع)، درخت کا مچان۔

مَرَند (ف)، آذربائیجان میں تبریز سے بارہ فرسنگ کے فاصلہ پر ایک مقام ہے۔

مرند و میریم (ف)، مبرندو۔

مَرْو (ف)، صوبہ خراسان میں اس نام کے دو شہر ہیں۔

مَرْوِ رُوال (ف)، خراسان کے ایک شہر کا نام جو طیموس بادشاہ کا آباد کیا ہوا ہے۔

مُروا (ف)، دُعائے خیر۔ نیک فال۔

مَروارید (ف)، موتی۔

مروارید گستن (ف)، نیا منصب حاصل کرنا۔ ترقی پانا۔

مَروارید تسبیحی (ف)، خوشنما اور مدور موتی۔

مَروارید ناسفتہ (ف)، بغیر چھید کے موتی۔ ان بدا موتی۔

مَروارید نشان (ف)، مروارید میں جڑا ہوا۔

مَروان (ع)، بنی اُمیہ کے ایک شخص کا نام جو حکم کا بیٹا تھا۔ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اپنی شرارت کے باعث سزا پائی۔ بعد میں حضرت عثمان رضؓ کا میر منشی بنا۔ پھر معاویہ کے پاس رہا اور معاویہ بن یزید کے بعد مصر و شام پر تسلط کر کے خاندان مروانیہ کی بنا ڈالی۔

مُرُوَّت (ع)، مردانگی۔ مردی۔ انسانیت۔ آدمیت۔ مجازاً احسان۔

مُرُوَّت داشتن (ف)، مردانگی۔ غیرت اور جوانمردی کا حامل ہونا۔

مُرَوَّج (ع)، رائج۔ رواج دیا گیا۔

مُرَوِّج (ع)، رواج دینے والا۔

مُرَوَّح (ع)، خوشبو میں بسایا گیا۔ راحت و آسائش پہنچایا گیا۔

مُرَوِّح (ع)، راحت دینے والا۔

مِروَحَہ (ع)، پنکھا۔ بادکش۔

مَردُود (ع)، جھگڑالو۔

مُرْوَد (ع)، سُرمہ کی سلائی۔ اس کی جمع مراود آتی ہے۔

مرور (ع)، گزرنا۔ چلے جانا۔

مرورِ زمان (ف)، وقت کا گزرنا۔

مرور کردن (ف)، عبور کرنا۔ کسی کتاب کا سرسری مطالعہ کرنا۔

مَرْؤُس (ع)، خادم۔ تابع۔ رعیت۔

مَروِش (ف)، روشن کردن کی نہی۔ مت روشن کر۔

مَروشیدن (ف)، (۱) کسی بات کی عادت ڈالنا (۲) مفلسی کے وقت کسی چیز کا رنج کھینچنا۔

مَرُوع (ع)، ڈرایا گیا۔ خوف دلایا گیا۔

مُرَوَّض } (ع)، ریاضت دیا گیا۔
مُرُوض } مطیع کیا گیا۔

مُرَوِّض (ع)، ریاضت کرنے والا۔

مُرُوق (ع)، تیر کا نشانے کو پھاڑ کر نکل جانا۔

مُرَوِّق۔ معمار۔ گھر کی چھت پر پردہ ڈالنے والا۔

مروق (ع)، (۱) خوشحال کرنا (۲) تعجب میں لانا۔

مرموره (ع)، نازک لڑکی۔

مُرَوِّه (ف)، مروّح کا مفرس۔ نہایت خوشبودار۔ معطر کرنے والا۔

مَرْوَه (ع)، مکہ معظمہ کے ایک پہاڑ کا نام۔

مَرْوَه و صفا (ع)، خانہ کعبہ کے سامنے دو پہاڑیوں کا نام جن کے درمیان حج میں دوڑنا ارکانِ حج میں شمار کیا جاتا ہے۔

مَروی (ع)، روایت کیا گیا۔ نقل کیا گیا۔

مَرَّہ (ع)، ایک دفعہ۔ ایک بار۔

مِرَّہ (ع)، (۱) تلخہ۔ پتہ۔ صفرا (۲) عقل (۳) قوت۔ توانائی۔

مَرہَم (ع)، زخموں پر لگانے کی دوا۔

مَرہَم بر ریش کسے نہادن (ف)، کسی کے زخم پہ مرہم لگانا۔ کسی کی دلداری و غم خواری کرنا۔

مَرہَم گزاشتن (ف)، تسلی دینا۔ دل جوئی کرنا۔

مَرہُون (ع)، رہن رکھا گیا۔ گرو کیا گیا۔

مَرہُونِ مِنت (ع)، شکرگزار۔ ممنون۔ احسان مند۔

مَرہُونہ (ع)، رہن رکھی گئی ہوئی چیز۔ وہ چیز جو گرو کی گئی ہو۔

مُرّی (ع)، کانجی۔ ایک قسم کا پکا ہوا پانی جس میں پکا ہوا غلہ ڈال کر ترش کیا جاتا ہے۔

مِرے (ف)، (۱) کوشش کرنا (۲) کسی کے مرتبہ اور قدر و بزرگی میں برابری کرنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) لڑنا۔ جھگڑنا۔

مَرئی (ع)، وہ چیز جو دکھائی دے سکے۔

مَرئیات (ع)، مرئی کی جمع۔ وہ چیزیں جنہیں دیکھ سکیں۔ نظر آنے والی چیزیں۔

Marfat.com

**مریخ** } (ع)، ایک مشہور ستارہ جو پانچویں آسمان پر ہے۔
**مُریخ** }

**مریخ آفتاب علم** (ف)، بھڑکتی ہوئی آگ۔
**مریخ زحل خوار** (ف)، (۱) دہکتا ہوا کوئلہ (۲) انگیٹھی۔
**مریخ زہر خوار** (ف)، انگیٹھی۔
**مریخ وکیواں دیدن** (ف)، انگیٹھی میں دہکتے ہوئے کوئلے دیکھنا۔
**مَرید** (ع)، نافرمان - سرکش - ملعون - راندہ - مردود۔
**مُرید** (ع)، باارادت - ارادہ کرنے والا - دینی شاگرد - چیلا - بالکا۔
**مَریر** (ع)، توانا اور زور آور آدمی (۲) سخت اور نہایت مضبوط بٹی ہوئی رسی۔
**مَریس** (ف)، (۱) زخمی نہ کر (۲) مریز کا مبدل یعنی مت گرا۔
**مَریض** (ع)، روگی - بیمار - مرض والا۔
**مریض بودن** } (ف)، بیمار ہونا۔
**مریض شدن** } مریض ہونا۔
**مریض خانہ** (ف)، ہسپتال۔
**مریض خانہ سیّار** (ف)، گھومنے پھرنے والا ہسپتال - سفری ہسپتال۔
**مریض دار** (ف)، نرس۔
**مریم** (ع)، (۱) کنواری عورت - باکرہ (۲) پارسا - باعصمت (۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔
**مریم رشتہ عیسیٰ بافتہ** (ف)، نہایت ہی نایاب شئے۔
**مریم عُوَر** (ف)، خزاں کے موسم میں شاخ انگور۔

# م - ز

**مِزّ** (ع)، کثرت - زیادتی - افزونی۔
**مَزّ** (ع)، چوسنا۔
**مُزّ** (ع)، کھٹ مٹھا۔
**مَزابلہ** (ع)، مزبلہ کی جمع کوڑیاں۔
**مِزاج** (ع)، (۱) آمیزش (۲) وہ کیفیت جو چند چیزوں یا اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہو - خاصیت طبیعت - خو - عادت - سبھاؤ۔
**مزاج دار** (ف)، مغرور - ضدی۔
**مزاج دان** (ف)، جو کسی کے حال اور اس کی طبیعت سے آشنا ہو۔
**مزاج گرم را حلوہ زبان است** (ف)، عشاق کو ناصح کی وعظ ونصیحت ناگوار گزرتی ہے۔
**مزاج گوہراں** (ف)، عناصر اربعہ۔
**مزاج گوئے** (ف)، خوشامدی۔
**مزاج گوئی** (ف)، خوشامد۔
**مریض خانہ سیّار** (ف)، گھومنے پھرنے والا ہسپتال - سفری ہسپتال۔
**مزاح** (ع)، دل لگی - خوش طبعی - ہنسی - چہل - مذاق۔

**مُزاح** (ع)، خوش طبعی کرنا۔
**مَزّاح** (ع)، بڑا خوش طبعی کرنے والا - بڑا دل لگی باز۔
**مزاحت** (ع)، دل لگی - خوش طبعی - ہنسی - چہل۔
**مُزاحِف** (ع)، اصطلاح علم عروض میں بحر کا وہ رکن جس میں کسی قسم کا تغیر ہوا ہو - وہ بحر جس میں زحاف واقع ہوا ہو۔
**مُزاحِم** (ع)، کسی کو تنگ کرنے والا - تکلیف پہنچانے والا (۲) روکنے والا - ہجوم کرنے والا۔
**مزاحم بودن** } (ف)، باعث زحمت ہونا - رکاوٹ پیدا کرنا
**مزاحم شدن** } کسی کام میں مانع ہونا۔
**مُزاحمت** (ع)، (۱) تنگی کرنا (۲) روکنا (۳) روک۔
**مزاحمت کردن** (ف)، تکلیف دینا - رکاوٹ پیدا کرنا۔
**مَزاد** } (ع)، زیادہ کیا ہوا۔
**مُزاد** }
**مَزاد کردن مَتاع** (ف)، نرخ بڑھا دینا۔
**مَزادہ** (ع)، توشہ دان۔
**مَزار** (ع)، (۱) زیارت گاہ - زیارت کرنے کی جگہ (۲) زیارت کرنا (۳) مجازاً قبر - گور۔
**مزار سنگ** (ف)، سنگ مزار - لوح مزار - کتبہ۔
**مَزارِع** (ع)، مزرع کی جمع - کھیتیاں۔
**مزارع** (ع)، زراعت کرنے والا - کسان۔
**مُزارعین** (ع)، مزارع کی جمع - کسان لوگ۔
**مَزال** (ع)، (۱) پھسلنا (۲) پھسلنے کی جگہ۔
**مَزالِف** (ع)، جمع ہونے کا مقام - اکٹھا ہونے کی جگہ۔
**مَزامیر** (ع)، (۱) مزمار کی جمع - بانسریاں - باجے - مطربوں کے ہر قسم کے ساز (۲) راگ - گیت (۳) وہ دعائیں جو راگ میں کی جاتی ہیں۔
**مُزاوجت** (ع)، (۱) جفت ہونا - ملنا - آپس میں قریب ہونا (۲) علم بدیع کی ایک صنعت کا نام۔
**مُزاولت** (ع)، (۱) کسی کام میں ہمیشگی کرنا (۲) کسی چیز کو دوسری چیز کے نزدیک کرنا (۳) کسی بات کے حصول کی کوشش کرنا۔
**مَزایا** (ع)، مزیہ کی جمع (۱) افزونیاں - زیادتیاں - بخششیں (۲) انعامات۔
**مِزبَر** (ع)، لکھنے کا قلم۔
**مَزبلہ** (ع)، کوڑی - کھاد جمع کرنے کی جگہ۔
**مَزبور** } (ع)، لکھا ہوا - جس کا ذکر اوپر آچکا ہو۔
**مزبورہ** }
**مَزج** (ع)، (۱) ملانا (۲) ملنا۔
**مُزجات** (ع)، (۱) تھوڑا - اندک - گھٹیل - حقیر (۲) بے اعتبار۔
**مَزح** (ع)، دل لگی کرنا - خوش طبعی کرنا۔
**مَزحم** (ع)، بھیڑ - جمگھٹ۔
**مُزخرف** (ع)، (۱) ملمع کی ہوئی چیز (۲) جھوٹی بات جس پر سچ کا

Marfat.com

طمع کیا گیا ہو۔ جھوٹی بات جو بظاہر سچی معلوم ہو۔
مزحف (ع) تھکے اونٹ والا
مزد (ف) مزدوری۔ اجرت۔ خواہ دین کی ہو یا دُنیا کی۔
مزدبر / مزدبره } (ف) مزدور
مزدحم (ع) ازدحام کیا گیا۔ انبوہ لیا گیا۔
مزد دادن (ف) اجرت یا مزدوری دینا۔
مزد دندان (ف) فقیروں کی دانت گھسائی۔
مزدع (ع) چالاک۔
مزد گرفتن (ف) اجرت لینا۔
مزد یافتن (ف) اجرت وصول کرنا۔
مزدلفہ (ع) مکہ معظمہ میں ایک مقام۔
مزدوج (ع) (۱) ہم قرین۔ ہم صحبت۔ ملا ہوا (۲) مثنوی۔
مزدوجہ (ع) مزدوج کی تانیث۔
مزدور (ف) یہ لفظ مزد بمعنی مزدوری اور ور کلمہ فاعلیت بمعنی صاحب سے مرکب ہے۔ مزدوری کرنے والا۔ اجرت لینے والا۔ اجرت کرنے والا۔
مزدور خوش دل کند کار بیش (ف) کھری مزدوری۔ چوکھا کام۔
مزدور دلیو / مزدور دیوان } (ف) بے ہودہ اور لغو کام کرنے والے۔ بے فائدہ کام کرنے والے۔
مزدوری (ف) اجرت۔ کام کا معاوضہ۔
مزدہ بر (ف) مزدور۔
مزر (ف) بوزہ۔ نبیذ۔ جو وغیرہ کی شراب۔
مزراب (ع) پرنالہ۔
مزرد (ع) زرہ پوش۔
مزرع / مزرعہ } (ع) (۱) کھیت (۲) چھوٹا سا گاؤں۔
مزرعہ دانہ سوز (ف) دُنیا۔
مزروع / مزروعہ } (ع) بوئی ہوئی چیز۔ وہ شے جو کھیت میں بوئی جائے۔
مزرہ (ف) چراغدان۔
مزز (ع) زیادتی۔
مزعف (ع) اچانک ختم کرنے والی موت۔
مزعفر (ف) زرد رنگ کا ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔ جس کے چاول کو زعفران کا رنگ دیتے ہیں۔
مزعہ (ع) رُوئی۔ بیر۔
مزعہ (ع) کچھ حصہ گوشت کا ٹکڑا۔
مزعق (ع) پھاوڑا۔ کدال۔
مزق (ع) پھاڑنا۔
مزقہ (ع) کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔
مزکوم (ع) زکام والا۔ وہ شخص جسے زکام ہو گیا ہو۔

مزکے (ع) (۱) زکوٰۃ دیا گیا۔ وہ مال جس کی زکوٰۃ ادا کی گئی ہو (۲) تزکیہ کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔
مزکی (ع) (۱) زکوٰۃ دینے والا (۲) پاک کرنے والا۔
مزکت (ف) مسجد۔ عبادت گاہ۔
مزکر / مزکرہ } (ف) ہوائے تیرہ۔
مزلات (ع) پھسلنے کی جگہیں۔
مزلت (ع) پھسلنے کی جگہ۔ جائے لغزش۔
مزلف (ع) زلف والا۔ معشوق۔
مزلفہ (ع) قریب لایا گیا۔
مزلق (ع) پھسلانے والا۔
مزلقہ (ع) مزلق کی تانیث۔
مزمار (ع) (۱) بانسری۔ نے۔ بانسلی (۲) گویوں کا ہر باجا۔
**مَصْرُوف** (ع) صرف کیا گیا۔ مشغول۔ کام میں لگا ہوا۔

**مِصْری** (ع) منسوب بہ مصر۔ مصر کا رہنے والا۔ مصر کا قلم۔ مصری نبات۔ مصری تلوار وغیرہ۔

**مصری مار** (ف) مصر کا نیزہ اور سنان۔

**مَصْطَبَہ** (ع) شراب خانہ۔ مے خانہ۔ یہ لفظ صاد۔ سین اور ضاد تینوں حروف سے آتا ہے۔

**مُصْطَفیٰ** (ع) (۱) چنا گیا۔ قبول کیا گیا۔ برگزیدہ۔ مقبول۔ صاف کیا گیا۔ بری انسانی خصلتوں سے صاف کیا گیا (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب۔

**مصطفیٰ کمال پاشا** (ت) ترکی کے مشہور سپہ سالار کا نام ۱۹۱۴ء والی جنگ عظیم کے بعد جب انگریز اور دیگر مخالف طاقتیں حکومت ترکی کو بالکل ملیا میٹ کر چکی تھیں۔ اس وقت اس شخص نے ایشیائے کوچک میں علم آزادی بلند کیا اور ایک حیرت انگیز طریق پر اپنی زبردست طاقتوں کے مقابلہ میں یونان کو پے در پے شکستیں دے کر اپنی آزادی کا لوہا منوایا۔ اور من مانی شرائط پر صلح کی شہنشاہیت اور خلافت کی بجائے جمہوریت قائم کی اور خود اس کا پہلا صدر منتخب ہوا۔ اور قسطنطنیہ کی بجائے انگورہ کو ترکی کا پایہ تخت قرار دیا۔

**مُصْطَفَوی** (ع) مصطفوی سے منسوب۔ یعنی مسلمان۔

**مَصْطَکے**
**مصطکی** } (ع) ایک زرد رنگ کا مشہور گوند جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
**مصطکی رومی**

**مِصْعَاد** (ع) کھجور پر چڑھنے کی رسی۔

**مَصْعَب** (ع) سختی کی جگہ۔ دشواری۔

**مَصْعَد** (ع) اوپر چڑھنے کی جگہ۔ بلند مقام۔

**مُصْعِد** (ع) اونچے مقام پر چڑھنے والا۔

**مُصَغَّر** (ع) جس کو چھوٹا بنا دیا گیا ہو۔ اسم تصغیر۔

**مَصَف** (ع) صف یعنی قطار باندھنے کی جگہ۔

**مُصَفّا** (ع) صاف۔ پاک۔

Marfat.com

مصفات (ع) کسی چیز کو صاف کرنے کا آلہ۔
مصفح (ع) ہر چوڑی چیز۔ چوڑی تلوار۔
مصفحہ (ع) چوڑی تلوار۔
مصفر (ع) زرد۔
مصفوفہ (ع) صف بہ صف لگی ہوئی۔
مصقع (ع) فصیح و بلیغ آدمی۔
مصقل (ع) صاف۔ روشن۔ جلا شدہ۔ صیقل کیا ہوا۔ زنگ دور کیا گیا۔
مصقل / مصقلہ (ع) صیقل کرنے کا آلہ۔ جلا دینے کا آلہ۔ زنگ چھڑانے کا آلہ۔
مصقول (ع) صیقل کیا گیا۔ روشن۔ صاف کیا ہوا۔ زنگ دور کیا ہوا۔
مصلا (ع) (۱) جائے نماز۔ نماز پڑھنے کی جگہ (۲) عید گاہ۔ (۳) عید گاہ شیراز (۴) نماز پڑھنے کا کپڑا وغیرہ۔
مصلب (ع) وہ کپڑا جس پر صلیب کی تصویریں بنی ہوں۔
مصلت (ع) سونتی ہوئی تلوار۔
مصلح (ع) اصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔
مصلحت (ع) (۱) نیک صلاح۔ نیک تجویز۔ بھلائی۔ بہتری۔ خوبی۔ (۲) کام کی خوبی۔
مصلحت اندیش (ف) بھلائی اور بہتری سوچنے والا۔ خیر چاہنے والا۔
مصلحت البوسطہ (ع) ڈاک کا محکمہ۔ ڈاکخانہ۔
مصلحت خانہ (ف) محکمہ۔
مصلی (ع) (۱) نماز پڑھنے والا (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے والا۔
مصلی رفتن (ف) نماز استسقاء۔ باران رحمت اور بارش کے لیے دعا مانگنا۔
مصمت (ع) (۱) ٹھوس۔ اندر سے سخت اور بھرا ہوا (۲) وہ زخم جو اندر سے اچھا ہو گیا ہو۔ اور اس کے کنارے مل گئے ہوں (۳) ایک رنگ گھوڑا۔
مصمت (ع) خاموش کر دیا گیا۔ چپ کر دیا گیا۔
مصمق (ع) پریشان۔
مصمم (ع) (۱) پکا۔ مضبوط۔ پختہ (۲) پکا ارادہ مستحکم قصد (۳) قصد کیا گیا۔
مصمم بودن (ف) پختہ ارادہ کرنا۔
مصنع (ع) تلوں کا حوض۔ آبگیر۔ قلعہ کا کاریز۔
مصنع (ع) کاریگری کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔
مصنف (ع) کتاب تصنیف کرنے والا۔ کتاب بنانے والا۔
مصنف (ع) تصنیف کیا گیا۔ کتاب وغیرہ۔
مصنفات (ع) تصنیفات۔ کتابیں۔
مصنفہ (ع) تصنیف کیا گیا۔ کتاب وغیرہ۔
مصنوع (ع) بنائی ہوئی شے۔ وہ شے جو کاریگر نے بنائی ہو۔
مصنوعات (ع) مصنوع کی جمع۔ بنائی ہوئی چیزیں۔

مصنوعی (ع) قدرتی کے خلاف۔ وہ چیز جس کے بنانے میں انسان کا ہاتھ لگا ہو۔ بناوٹی۔
مصوب (ع) منظور شدہ۔
مصور (ع) تصویر۔ نقش کیا گیا۔
مصور (ع) تصویر بنانے والا۔ صورت گر۔
مصورہ (ع) عورت کے رحم کی اس قوت کا نام جو خالق حقیقی کے حکم سے بچے کی شکل بناتی ہے یا بچے کی شکل کو والدین کی شکل کے مانند کرتی ہے۔
مصوص (ع) بھنا ہوا مرغ جس میں گرم مصالحہ ڈال کر سرکہ میں رکھا جائے تاکہ ترش اور بامزہ ہو جائے۔
مصیبت (ع) تکلیف۔ دکھ۔ حادثہ۔
مصیبت خانہ (ف) ماتم خانہ۔
مصیبت زدہ (ف) آفت کا مارا۔ بدنصیب۔ خستہ حال۔
مصیر (ع) (۱) بازگشت کی جگہ (۲) رجوع ہونا۔ مائل ہونا (۳) لوٹنا۔ پھرنا۔
مصیف (ع) (۱) سرد مکان جہاں گرمیوں میں بیٹھتے ہیں (۲) پانی کی نالی جو ٹیڑھی ہو۔
مصیقل (ع) صیقل کیا گیا۔ روشن کیا گیا۔ زنگ پھرایا گیا۔
مصیقل (ع) صیقل کرنے والا۔ چمکانے والا۔ صاف اور روشن کرنے والا۔

## م ۔ ض

مضاء (ع) گزرنا۔ پورا ہونا (۲) روانی۔
مضاجع (ع) مضجع کی جمع۔ خواب گاہیں۔
مضاجعت (ع) باہم ایک جگہ ہونا۔
مضاد بودن (ف) باہم ضد ہونا۔ ایک دوسرے کا الٹ ہونا۔
مضادت / مضادہ (ع) آپس میں ضد ہونا۔ ایک دوسرے کے ساتھ ضد کرنے والی۔
مضار (ع) ضرر پہنچانے والا۔
مضار (ع) مضرت کی جمع (۱) تکلیف اور نقصان پہنچانے والی چیزیں (۲) نقصانات۔
مضاربت (ع) نفع کی شرکت پر کسی کو مال دینا۔ تجارت میں ساجھا ہونا۔
مضارع (ع) (۱) شریک (۲) دودھ شریک (۳) مانند۔ مشابہ (۴) وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں۔
مضارعت (ع) مشابہت۔ مشابہ ہونا۔
مضاض (ع) خالص۔ بے ملاوٹ۔
مضاعف (ع) (۱) دوگنا۔ دوچند۔ دونا (۲) وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں۔
مضاغ (ع) چبانے کی چیز۔

Marfat.com

مُضاغطت (ع) بھیڑ کرنا۔
مُضاف (ع) متعلق - ملایا گیا - نسبت دیا گیا - اضافت کیا گیا - جیسے کتاب زید میں کتاب مضاف ہے۔
مُضافات (ع) (۱) متعلقات - منسوبات (۲) وہ گاؤں جو کسی شہر سے متعلق ہوں۔
مُضاف الیہ (ع) وہ اسم جس سے کسی شے کو متعلق کیا جائے۔ جیسے کتاب زید میں زید مضاف الیہ ہے۔
مُضامیر (ع) مضمار کی جمع - میدان - گھوڑ دوڑ کے میدان۔
مُضامین (ع) مضمون کی جمع (۱) مطالب - معانی - مقاصد (۲) وہ نطفے جو پشت پدر میں ہوں۔
مُضاہی (ع) مشابہ - مانند۔
مُضائق (ع) مضیق کی جمع - تنگ جگہیں۔
مُضائقت (ع) تنگی - دشواری۔
مُضائقہ (ع) (۱) دشواری - تنگی (۲) ایک دوسرے کو تنگ کرنا (۳) حرج - قباحت (۴) پروا - ڈر - خوف۔
مُضائقہ کردن (ف) پس وپیش کرنا - مخالفت کرنا - انکار کرنا۔
مضائقہ ای ندارد (ف) اس بات میں کوئی حرج یا قباحت نہیں ہے۔
مُضبط (ع) عرضداشت - میموریل۔
مضبوط (ع) (۱) ضبط کیا گیا (۲) محکم - استوار - مستحکم۔
مُضج (ع) نالہ کرنے والا - آواز کرنے والا۔
مُضجع (ع) سونے کی جگہ - خواب گاہ۔
مضجوع (ع) احمق - سست رائے۔
مُضحک (ع) (۱) ہنسی کی جمع (۲) جس شخص یا چیز پر ہنسیں۔
مُضحکات (ع) ہنسانے والی باتیں - ہنسانے والے لطیفے وغیرہ۔
مُضحکہ (ع) (۱) ہنسی - ٹھٹھا (۲) جس پر ہنسیں۔
مُضَر (ع) عرب کے ایک قبیلے کے باپ کا نام۔
مُضِر (ع) ضرر پہنچانے والا۔
مُضر بودن (ف) نقصان دہ ہونا۔
مَضَرّ (ع) ضرر پہنچنے کی جگہ - تنگی کی جگہ۔
مِضراب (ع) (۱) وہ آلہ جس سے کسی کو ضرب پہنچائیں یا ماریں (۲) بڑا مارنے والا (۳) ستار بجانے کا آلہ۔
مَضرَب (ع) (۱) جائے ضرب - مارنے کی جگہ (۲) خیمہ لگانے کی جگہ۔ (۳) مارنا۔
مِضرَب (ع) ضرب پہنچانے کا آلہ - مارنے کا آلہ۔
مضربہ (ع) تلوار کی دھار - تلوار۔
مَضرّت (ع) ضرر - نقصان - تکلیف - دکھ۔
مضروب (ع) مارا گیا - جس پر ضرب پڑے جسے مار پڑے۔
مضرور (ع) ضرر رسیدہ - جسے ضرر پہنچا ہو۔
مضغض (ع) مصیبت سے رنجیدہ ہونا۔
مضطبہ (ع) دیکھو مصطبہ۔
مضطر (ع) (۱) ضرر رسیدہ (۲) مجازاً بے قرار - بے اختیار - بے چارہ - مجبور۔
مُضطرب (ع) اضطراب والا - بے قرار - بے چین۔
مُضطر بودن (ف) نقصان دہ ہونا۔
مضطرب شدن (ف) بے قرار ہونا۔
مَضغ (ع) خائیدن - چبانا۔
مُضغہ (ع) گوشت کا ٹکڑا - گوشت کا لوتھڑا۔
مُضِلّ (ع) ضلالت دلانے والا - گمراہ کرنے والا۔
مَضَلّت / مَضَلّہ (ع) (۱) ضلالت کی جگہ - گمراہی کی جگہ (۲) وہ زمین جس میں آدمی رستہ بھول جائے۔
مِضمار (ع) (۱) دبلا کرنے والا (۲) گھوڑ دوڑ کا میدان تاکہ گھوڑے دوڑنے کی ریاضت سے دبلے ہو کر چالاک ہو جائیں۔ (۳) میدان۔
مُضمحل (ع) (۱) محو اور نیست و نابود ہونے والا - ناچیز (۲) سست۔ فارسی میں بلا تشدید لام آتا ہے۔
مضمحل کردن (ف) تباہ کرنا - تہ و بالا کرنا - نیست و نابود کرنا۔
مُضمَر (ع) (۱) پوشیدہ - پنہاں (۲) دل میں رکھی ہوئی بات۔
مُضَمَّر (ع) پتلی کمر والا فربہ اور تیز رفتار گھوڑا۔
مضمضہ (ع) کلی - کلی کرنا۔
مضموم (ع) (۱) ضمہ دیا گیا - پیش دیا گیا - وہ حرف جس پر پیش کی حرکت ہو (۲) ملایا گیا - ملایا ہوا - پیوستہ۔
مضمون (ع) (۱) ضمن میں لیا ہوا - درمیان میں آیا ہوا - (۲) مطلب - معنی۔
مضمون کوک کردن (ف) بڑی جلی کٹی بات کہنا - طعنہ آمیز بات کہنا۔
مضمون نگار / مضمون نویس (ف) مضمون لکھنے والا - انشا پرداز۔
مضمون نویسی (ف) مضمون نگاری - مضمون لکھنا - انشا پردازی۔
مضنب (ع) بھنا ہوا گوشت۔
مضنوک (ع) زکام کا مریض۔
مضنون (ع) بخل کیا گیا۔
مضوفہ (ع) نقصان - غم - حاجت۔
مُضیٔ (ع) (۱) روشن ہونے والا (۲) روشن کرنے والا۔
مضیع (ع) ضائع کرنے والا۔
مضیق (ع) تنگ جگہ - تنگ مقام۔
مضیقہ (ع) تنگ دستی - مشکل - دشواری۔
مضی (ع) گزرا ہوا۔
مضی ما مضیٰ (ع) گزرا ہوا جو کچھ کہ گزرا۔
مضیرہ (ع) کھٹے دودھ کا ایک قسم کا کھانا۔
مضیم (ع) تنگ جگہ۔

Marfat.com

# م ۔ ط

مَطّ (ع)، (۱) کسی چیز کو کھینچنا۔ (۲) ڈول کھینچنا۔
مطا (ع)، پشت ۔ پیٹھ۔
مطابخ (ع)، مطبخ کی جمع ۔ باورچی خانے۔
مَطابع (ع)، مطبع کی جمع ۔ چھاپے خانے۔
مُطابِق (ع)، برابری ۔ موافق۔
مُطابقت (ع)، برابری ۔ موافقت۔
مُطابقت دادن (ف)، باہم مطابق کرنا۔
مُطابقت کردن (ف)، موافقت کرنا۔
مَطار (ع)، (۱) اُڑنا (۲) اُڑنے کی جگہ ۔ ایرپورٹ ۔ ہوائی اڈہ۔
مَطارِب (ع)، پگڈنڈیاں ۔ چھوٹے راستے۔
مَطارِح (ع)، (۱) مطرح کی جمع (۱) ڈالنے کی جگہیں (۲) تھیلیاں (۳) شکاریوں کے تھیلے۔
مُطارَحات (ع)، مطارحہ کی جمع (۱) مشورے (۲) باتیں (۳) خوشامدیں۔
مطاردہ (ع)، باہم حملہ کرنا۔
مُطاع (ع)، اطاعت کیا گیا ۔ فرمانبرداری کیا گیا ۔ مخدوم ۔ سردار۔
مطاعم (ع)، مطعم کی جمع ۔ کھانے کی چیزیں۔
مَطاعِن (ع)، طعن کی جمع ۔ طعنے ۔ عیب۔
مَطاف (ع)، طواف کرنے کی جگہ ۔ گرد پھرنے کی جگہ۔
مَطالِب (ع)، مطلب کی جمع ۔ مرادیں ۔ معانی۔
مُطالبہ (ع)، (۱) طلب کرنا ۔ مانگنا ۔ اپنا حق چاہنا ۔ واپس مانگنا۔ (۲) حکام کی طرف سے سرکاری روپیہ کا طلب کیا جانا۔
مطالع (ع)، مطلع کی جمع (۱) طلوع ہونے کی جگہیں (۲) علم کلام کی ایک کتاب کا نام۔
مُطالعہ (ع)، دیکھنا ۔ کسی چیز سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اُسے دیکھنا۔
مطامع (ع)، طمع کی جمع جو خلاف قیاس ہے ۔ لالچ۔
مُطاوِع (ع)، اطاعت کرنے والا ۔ فرمانبردار۔
مُطاوعت (ع)، اطاعت کرنا ۔ فرمانبرداری کرنا۔
مَطاوِی (ع)، مطوی کی جمع (۱) شکنیں ۔ پیچیدگیاں (۲) مطالب ۔ مضامین۔
مَطایا (ع)، (۱) مطیہ کی جمع ۔ وہ چوپائے جن کی پیٹھ پر سوار ہوتے ہیں جیسے اُونٹ ۔ گھوڑا ۔ خچر وغیرہ۔
مطایبہ (ع)، مزاح ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔ خوش طبعی ۔ ٹھٹھا۔
مطایبہ کردن (ف)، دل لگی کرنا ۔ شوخی کرنا۔

مَطَبّ (ع)، وہ جگہ جہاں طبیب بیٹھ کر بیماروں کا علاج کرے۔ فارسی میں بلاتشدید مستعمل ہے۔
مُطبِخ (ع)، کھانا پکانے والا باورچی ۔ خانساماں۔
مُطبخی (ف)، کھانا پکانے والا ۔ باورچی ۔ خانساماں۔
مَطبَع (ع)، کتابیں چھاپنے کی جگہ ۔ جہاں کتابیں چھپتی ہوں۔
مُطبَّق (ع)، طبق کیا گیا ۔ تہ بہ تہ کیا گیا (۲) سرپوش والا برتن (۳) ایک قسم کا کپڑا۔
مُطبقہ (ع)، دن رات چڑھا رہنے والا بخار۔
مَطبُوخ (ع)، (۱) پکایا گیا (۲) آگ پر پکی ہوئی چیز (۳) جوشاندہ ۔ جوش دی ہوئی چیز۔
مَطبُوع (ع)، (۱) پسند طبع ۔ خوش آئند ۔ پسند کی گئی (۲) طبع کی گئی ۔ چھاپی گئی ہوئی چیز ۔ چھپا ہوا۔
مَطبُوعات (ع)، اخبارات ۔ اخبار نویسی ۔ چھپی ہوئی کُتب یا رسالے۔
مَطبُوعاتِ خارجہ (ع)، بیرونی ممالک کا پریس۔
مَطبُوعہ (ع)، چھپا ہوا ۔ چھاپا ہوا ۔ طبع شدہ۔
مُطَجَّن، مُطَجَّنہ (ع)، ماہی توے میں بھنا ہوا گوشت۔
مِطحَر (ع)، شیر ۔ سخت لڑائی ۔ دُور جانے والا تیر۔
مِطحَن (ع)، آسیہ ۔ چکی ۔ پیسنے کا آلہ۔
مِطحنہ (ع)، آٹا پیسنے کی کل۔
مَطحُول (ع)، طحال کے عارضے والا ۔ وہ شخص جس کی تلی میں کوئی بیماری ہو۔
مَطحیہ (ع)، بڑا سائبان۔
مَطَر (ع)، ناز سے چلنے والا۔
مَطَر (ع)، باراں ۔ بارش ۔ مینہ ۔ مینہ کا برسنا۔
مطر (ع)، تازگی۔
مُطَرّا (ع)، (۱) تازگی دیا گیا ۔ تازہ (۲) صاف ۔ آبدار۔
مَطَرات (ع)، مطر کی جمع ۔ بارشیں ۔ مینہ۔
مِطراق (ع)، ہتھوڑا۔
مُطرِب (ع)، (۱) خوش کرنے والا ۔ طرب پہنچانے والا (۲) مغنی ۔ گویا ۔ گانے والا۔
مُطرِبہ (ع)، مطرب کی تانیث (۱) خوش کرنے والی (۲) مغنیہ ۔ گانے والی عورت۔
مَطرَح (ع)، (۱) ڈالنے کی جگہ (۲) کیسہ ۔ تھیلی (۳) شکاریوں کا تھیلا جس میں پرندوں کو شکار کر کے ڈالتے ہیں۔
مطرح شدن (ف)، مورد بحث قرار پانا۔
مِطرَد (ع)، (۱) چھوٹا نیزہ ۔ برچھی (۲) وہ کپڑا جو دوسرے کپڑوں کے نیچے پہنا جائے۔
مطردہ (ع)، راستہ کا بیچ۔
مُطرَّز (ع)، (۱) زینت دیا گیا ۔ مزین (۲) منقش کپڑا۔

Marfat.com

مُطَرَّف (ع) (۱) وہ گھوڑا جس کا سر اور دُم سیاہ یا سفید ہوں اور باقی اعضا اور رنگ کے ہوں (۲) مزین - زینت والا (۳) سیح کی ایک قسم -
مُطْرَف (ع) (۱) چادر (۲) برقعہ (۳) علم کی چادر -
مِطْرَقہ (ع) ہتھوڑا جس سے لوہار لوہا کوٹتے ہیں -
مَطْرُود (ع) راندہ شدہ - مردود - نکالا گیا -
مَطْرُود شُدَن (ف) مسترد ہونا -
مطروفہ (ع) اپنے شوہر کے علاوہ دُوسروں کو دیکھنے والی عورت -
مِطْرِیس (ع) وہ آڑ جو خندق کے آگے حفاظت کے لیے درختوں کی شاخوں وغیرہ سے بنائی جاتی ہے -
مِطْعَام (ع) بہت کھلانے والا - لوگوں کو بہت طعام دینے والا -
مَطْعَم (ع) کھانا - کھانے کی چیز - خوراک - خورش -
مَطْعُومات (ع) مطعم کی جمع - کھانے کی چیزیں -
مَطْعُون (ع) (۱) نیزہ مارا گیا - بھالا یا برچھی مارا گیا (۲) طاعون زدہ وہ شخص جسے طاعون کا مرض ہو (۳) مجازاً عیب لگایا گیا - معیوب -
مطعون بُودن } مطعون شُدن } طعنہ دیا جانا -
مُطْفِی (ع) بجھانے والا -
مَطْل (ع) دیر کرنا -
مُطَلّا (ع) طلا کیا گیا - طلائی - سونے کا ملمع کیا ہوا - سُنہری -
مَطَلَب (ف) طلبیدن مصدر سے نہی - نہ طلب کر -
مَطْلَب (ع) طلب کی جگہ - مقصد - مراد - معنی -
مُطَّلِب (ع) عبدالمناف کے صاحب زادہ کا نام جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دادا تھے -
مطلبے نیست (ف) کوئی پروا نہیں - کوئی مضائقہ نہیں -
مطلع کردن (ف) پیش کرنا - زیر بحث لانا -
مُطَلَّس (ع) روپیہ وغیرہ جس پر سکّہ نہ ہو - بغیر نقش کے روپیہ یا اشرفی وغیرہ سکّہ -
مُطَّلَع (ع) اطلاع دیا گیا - خبردار کیا گیا - آگاہ کیا گیا -
مُطَّلِع (ع) اطلاع دینے والا - خبردار و آگاہ کرنے والا -
مَطْلَع } مَطْلِع } (ع) طلوع ہونے کی جگہ - ستاروں کے نکلنے کی جگہ (۲) غزل یا قصیدہ وغیرہ کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ہو -
مُطْلَق (ع) آزاد - بے قید - قید سے رہا کیا گیا (۲) رواں کیا گیا -
مُطْلِق (ع) (۱) آزاد کرنے والا (۲) رواں کرنے والا -
مُطَلَّق (ع) طلاق دیا گیا -
مُطْلَقُ الرِّجْلَیْن (ع) وہ گھوڑا جس کے بدن کا رنگ اور ہو - اور پاؤں کا رنگ اور -
مُطْلَقُ العِنَان (ع) (۱) بے لگام - جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو - (۲) آزاد - خود مختار (۳) خودسر - بے باک -
مُطْلَقُ الیَسار (ع) وہ گھوڑا جس کے دونوں پاؤں سفید ہوں -

مُطْلَقُ الیَمِین (ع) وہ گھوڑا جس کے دونوں بائیں پاؤں سفید ہوں -
مُطَلَّقات (ع) طلاق شدہ عورتیں -
مُطَلَّقہ (ع) طلاق دی ہوئی عورت - وہ عورت جسے خاوند نے طلاق دے دی ہو - وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو -
مَطْلُوب (ع) (۱) طلب کیا گیا - جس چیز کی خواہش ہو (۲) وہ چیز جس پر نظر پڑے (۳) معشوق (۴) مقصد -
مَطْلُوبہ (ع) خواہش کی گئی ہوئی چیز - طلب کی گئی ہوئی شے - مانگی گئی ہوئی چیز -
مطلولہ (ع) تھوڑے پانی والی زمین -
مطلّی (ع) ہمیشہ بہار رہنے والا -
مِطْماع (ع) لالچ دلانے والی عورت -
مَطْمَح (ع) (۱) نظر پڑنے کی جگہ (۲) نظر پڑنے کی بلند جگہ -
مَطْمَع (ع) (۱) طمع رکھنے کی جگہ (۲) طمع -
مَطْمُوع (ع) طمع دیا گیا - لالچ دیا گیا -
مُطْمَئِن (ع) اطمینان رکھنے والا - آرام پایا ہوا - تسلّی رکھنے والا -
مطمئن کردن (ف) تسلّی کرنا -
مُطْنِب (ع) (۱) طول دینے والا - درازی دینے والا (۲) بہت بکنے والا -
مطنب (ع) بازو - کندھا - گردن -
مُطَوِّعہ (ع) جہاد کرنے والی وہ جماعت جس پر جہاد واجب ہو -
مُطَوَّق (ع) طوق دیا گیا - طوق پہنایا گیا - طوق ڈالا گیا - قیدی -
مُطَوِّیات (ع) لپیٹے ہوئے - پیچیدہ -
مَطْو (ع) کھجور کا خوشہ -
مِطْو (ع) مثل - مانند -
مطولہ (ع) قلم تراش چاقو -
مطواء (ع) انگڑائی -
مَطْوِی (ع) (۱) لپٹا ہوا - لپیٹا ہوا (۲) شکن - پیچیدہ - (۳) مضمون - مطلب -
مَطْوِیّات (ع) (۱) لپٹی ہوئی چیزیں (۲) مطالب -
مطویات ضمیر } مطویات خاطر } (ع) دل کے ارادے -
مُطَہَّر (ع) پاک کیا گیا -
مُطَہِّر (ع) پاک کرنے والا -
مَطْہَر (ع) طہارت کی جگہ -
مُطَہَّرات (ع) پاکیزہ - پاک باز -
مِطْہَرہ (ع) وضو کرنے کا لوٹا - آفتابہ -
مُطَیَّب (ع) (۱) پاک کیا گیا (۲) خوشبودار کیا گیا -
مُطَیِّب (ع) (۱) پاک ہونے والا (۲) خوشبو دینے والا -
مُطِیر (ع) برسنے والا -

Marfat.com

مُطَیِّر (ع) (۱) شرمندہ (۲) پرندوں کی تصویریں بنانے والا۔
مُطِیع (ع) اطاعت کرنے والا - فرماں بردار۔
مطیع شُدَن (ف) مطیع ہونا - رام ہونا۔
مطیع کرَدَن (ف) رام کرلینا - مطیع بنالینا۔
مُطَیَّن (ع) مٹی سے لتھڑا ہوا - مٹی سے لیپا ہوا۔
مُطِیَّہ (ع) سواری - مرکب - گھوڑا - اُونٹ وغیرہ۔

## م - ظ

مَظالِم (ع) مظلمہ کی جمع (۱) ظلم - بے انصافیاں - زیادتیاں (۲) وہ جگہ جہاں ظالموں کو سزا ملتی ہے - عدالتیں۔
مُظاہِر (ع) مدد دینے والا - پشتی دینے والا۔
مُظاہَرت / مظاہرہ } (ع) مدد دینا - حمایت کرنا۔
مَظَبات (ع) وہ زمین جہاں ہرن بہت ہوں۔
مَظِرَّت (ع) چقماق پتھر جس سے آگ سُلگاتے ہیں۔
مَظرُوف (ع) وہ چیز جو کسی ظرف یعنی برتن میں رکھی جائے۔
مَظِرَّہ (ع) چقماق۔
مِظفار (ع) بڑا کامیاب ہونے والا - بڑا فتح مند۔
مُظَفَّر (ع) ظفر دیا گیا - فتح مند - فتح پایا ہوا۔
مِظَلّ (ع) سائبان۔
مُظلِم (ع) تاریک۔
مُظلِمہ (ع) مظلم کی تانیث - تاریک چیز۔
مَظلِمہ (ع) (۱) ظلم وستم (۲) ظلم وستم کرنا - بے انصافی کرنا (۳) انصاف چاہنا - داد خواہی کرنا۔
مَظلُوم (ع) (۱) ظلم رسیدہ - وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو۔
مِظَلَّہ (ع) سائبان - چھتری - چھاتا۔
مظمظہ (ع) لہلہانا - حرکت کرنا۔
مَظنُون (ع) ظن کیا گیا - گمان کیا گیا۔
مَظِنَّہ (ع) ظن لے جانے کی جگہ - گمان کرنے کی جگہ۔
مَظہَر (ع) جائے ظہور - ظاہر ہونے کی جگہ۔
مُظہِر (ع) ظاہر کرتے والا۔
مُظَہَّر (ع) قوی پشت۔

## م - ع

مَعْ / مَعَ } (ع) ساتھ - ہمراہ۔
مَعا (ع) آنت - آنتڑی - رودہ۔

مَعًا (ع) اسی وقت - فوراً - ساتھ ہی۔
مَعاب (ع) عیب - برائی - اس کی جمع معائب آتی ہے۔
مَعابِد (ع) معبد کی جمع - عبادت گاہیں - عبادت خانے۔
مَعابِر (ع) معبر کی جمع - عبور کی جگہیں (۱) پُل (۲) کشتیاں۔
مُعاتِب (ع) عتاب کرنے والا - غصہ کرنے والا۔
مُعاتَب (ع) غصہ کیا گیا - عتاب کیا گیا - جس پر عتاب کیا جائے۔
مُعاتبت (ع) عتاب کرنا - غصہ کرنا۔
معاجزت (ع) عاجز کرنا۔
معاجلت (ع) جلدی کرنا۔
معاجیل (ع) جلدی پہنچانے والے قریبی راستے۔
مَعاد (ع) (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ - جائے بازگشت (۲) مجازاً قیامت - آخرت۔
مُعادا (ع) معادات کا مخفف۔
مُعادات (ع) باہم ایک دُوسرے سے دُشمنی کرنا - عداوت رکھنا - دشمن ہونا۔
مُعادِل (ع) برابر - مساوی۔
مَعادِن (ع) معدن کی جمع - کانیں۔
مُعاذ (ع) (۱) پناہ کی جگہ (۲) پناہ دینا (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام جو جبل کے بیٹے تھے - اور ۱۸ھ میں شام میں فوت ہوئے۔
مَعاذَ اللہ (ع) خدا پناہ دے - خدا کی پناہ۔
مَعاذِیر (ع) معذرت کی جمع - عذرات - بہانے۔
معازرت (ع) جھگڑنا - خلاف کرنا۔
مَعارِس (ع) اُترنے کی جگہیں - منزلیں۔
معارِض (ع) جھگڑا کرنے والا - معترض (۲) مقابلہ کرنے والا۔
مُعارَضہ (ع) (۱) جھگڑا - مناقشہ (۲) مقابلہ۔
معارف پرور (ع) علم پرور۔
مَعارِک (ع) معرکہ کی جمع - جنگ کے میدان - لڑائی کی جگہیں۔
مُعارکت / مُعارکہ } (ع) آپس میں جنگ کرنا - ایک دوسرے کو مارنا - جنگ - لڑائی۔
معاریف (ع) نامور اور مشہور ہستیاں۔
معاش (ع) (۱) زندگانی کرنا - آپس میں زندگانی کرنا (۲) وہ چیز جس سے زندگانی کی جائے (۳) جائے زندگی یعنی دُنیا (۴) نئی فارسی میں بمعنی پنشن - مستمری۔
مَعاشِر (ع) معشر کی جمع - جماعتیں - گروہ۔
مُعاشِر (ع) ہم صحبت - رفیق - کسی کے ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔
معاشر بُودَن (ف) ہم نشین ہونا - رفیق اور ساتھی ہونا۔
معاشرت (ع) آپس میں مل جل کر زندگی بسر کرنا (۲) کسی کے ساتھ عیش کرنا۔
معاشرت باز گرفتن (ف) حقہ پانی بند کر دینا۔
معاشرت داشتن (ف) باہم راہ و رسم رکھنا - آپس میں میل جول

Marfat.com

رکھنا۔

معاشرت کردن (ف) میل ملاپ۔ رسم و راہ۔

معاشرین (ع) ہم نشینان۔

معاشقہ (ع) عشق بازی کرنا۔

مُعاصِر (ع) ہم عصر۔ ہم عہد۔ ایک زمانے میں ہونے والا۔

مَعاصی (ع) معصیت کی جمع۔ خطائیں۔ گناہ۔

مُعاضِد (ع) مددگار۔ حمایتی۔ یاری دینے والا۔

مُعاضَدت (ع) مدد دینا۔ حمایت کرنا۔ یاری کرنا۔ باہم ایک دوسرے کا بازو ہونا۔

مُعاطفت (ع) مہربانی کرنا۔

مُعاطفت داشتن (ف) مہربانی کرنا۔ شفقت کرنا۔

مُعاف (ع) عفو کیا گیا۔ بخشا گیا۔ درگزر کیا گیا۔

مُعافات (ع) عفو کرنا۔ بخشنا۔ درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔

مُعافیٰ (ع) دیکھو معاف۔

مُعافی (ع) معاف کرنے والا۔ عفو کرنے والا۔

مُعاقِب (ع) عقوبت کرنے والا۔ عذاب دینے والا۔

مُعاقبت (ع) عذاب کرنا۔ دُکھ دینا۔

مَعاقِد (ع) معقد کی جمع (۱) گرہ باندھنے کی جگہیں (۲) عقد کرنے کی جگہیں (۳) عہد اور ضمانت کرنے کے مقامات۔

مُعاقِد (ع) (۱) گرہ دینے والا (۲) عہد کرنے والا۔ (۳) عقد کرنے والا۔ نکاح کرنے والا۔

مُعاقدت (ع) کسی بات پر باہم عہد کرنا (۲) عقد کرنا۔ نکاح کرنا۔ (۳) ضمانت کرنا۔

معاقدت کردن (ف) معاہدہ کرنا۔ نکاح کرنا۔

مَعاقِل (ع) معقل کی جمع۔ پناہ کی جگہیں۔ قلعے۔ سرحدیں۔

معاقم (ع) اعضا کے جوڑ۔

معاک (ع) پناہ کی جگہ۔ سڑک۔ راستہ۔

مُعالِج (ع) علاج کرنے والا۔ طبیب۔ بید۔ ڈاکٹر۔

مُعالجات (ع) معالجہ کی جمع۔ بہت سے علاج۔

مُعالجت / مُعالجہ } (ع) علاج کرنا۔ دوا دارو کرنا۔ علاج۔

مُعالجین (ع) علاج کرنے والے۔

مع الحدیث / مع القصّہ } (ع) الغرض۔ القصہ۔

مَعالِم (ع) معلم کی جمع۔ بمعنی علامت۔ نشان۔ چونکہ دنیا صانع حقیقی کی علامت اور دلالت ہے۔ اس لیے معالم بمعنی دنیا۔ عالم۔ جہان۔

مَعالی (ع) معلی کی جمع۔ بلندیاں۔

معامع (ع) بڑے کام۔ بڑائیاں۔

مُعامِل (ع) معاملہ کرنے والا (۲) بیچنے والا یا خریدنے والا (۳) آرزومند۔ مشتاق۔ (۴) شریک محفل۔

مُعاملہ (ع) عمل کرنا۔ کام کرنا۔ آپس میں مل کر کوئی کام کرنا۔

مُعاملہ کردن (ف) آپس میں لین دین کرنا۔

معاملہ نقد بوی مشک دہد (ف) نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔

معامی (ع) اُجڑی زمینیں۔

مَعان (ع) (۱) مدد کرنے کی جگہ (۲) مدد (۳) جگہ۔

مُعانِد (ع) عناد کرنے والا۔ دشمنی کرنے والا دشمن۔

معاند بودن (ف) دشمن ہونا۔

مُعاندت (ع) آپس میں دشمنی کرنا۔ عناد۔

مُعانِق (ع) معانقہ کرنے والا۔ گلے ملنے والا۔ بغلگیر ہونے والا۔

مُعانق شدن (ف) گلے ملنا۔

مُعانقہ (ع) باہم گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔

مُعانقہ کردن (ف) گلے ملنا۔ ایک دوسرے سے بغلگیر ہونا۔

مَعانی (ع) (۱) معنی کی جمع۔ مطالب۔ مرادیں۔ معنے (۲) ایک علم کا نام جس کے ذریعہ سے معلوم کیا جاتا ہے کہ جو لفظ عبارت میں آیا ہے وہ مقتضائے حال کے مطابق ہے یا نہیں اور مطلوبہ معانی کے ادا کرنے میں جو غلطی ہو۔ اسے بھی اسی علم کے ذریعہ سے آگاہی اور مضمون کی مشکلات اور بداسلوبی سے واقفیت حاصل ہوتی ہے۔

مَعانی جمع (ع) زمانہ موافق ہے اور اسباب زندگی سب کے سب موجود اور حاضر اور مہیا ہیں۔

مُعاوِد (ع) عود کرنے والا۔ پھر کر آنے والا۔ بازگشت کرنے والا۔

مُعاوَدت (ع) عود کرنا۔ پھر کر آنا۔ لوٹ آنا۔

مُعاوضت (ع) (۱) عوض کرنا۔ بدلہ کرنا (۲) تبادلہ کرنا۔ مبادلہ کرنا۔ بدلنا۔ کسی چیز کے عوض کوئی چیز دینا۔

معاومت (ع) کھجور کا ایک سال ہونا۔

مُعاوِن (ع) مدد دینے والا۔ مددگار۔

مُعاونت (ع) باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ یاری کرنا۔

مُعاہِد (ع) (۱) عہد کرنے والا (۲) ہم عہد۔

مُعاہدہ (ع) آپس میں عہد و پیمان کرنا۔

معاہدہ کردن (ف) ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

مَعائِب (ع) معیب کی جمع۔ عیوب۔

مَعائِش (ع) معیشت کی جمع۔ اسباب زندگی۔

مُعایَنہ (ع) (۱) کسی چیز کو آنکھ سے دیکھنا۔ رُوبرو دیکھنا۔ سامنے دیکھنا۔ آنکھ سے دیکھنا۔ (۲) کسی کے ساتھ نقد معاملہ کرنا۔

مَعبَد (ع) (۱) عبادت کی جگہ۔ جائے پرستش (۲) نصاریٰ کا عبادت خانہ۔ گرجا۔

مُعبَّد (ع) (۱) عبادت کیا گیا (۲) مکرم معظم۔

مَعبَر (ع) گزرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔

مِعبَر (ع) جس چیز کے ذریعے گذرا یا عبور کیا جائے کشتی۔ پل۔

مُعبَّر (ع) جس کے بال یا پر زیادہ ہوں۔

Marfat.com

مَعبَرِ عام (ع)، شارعِ عام - ہر کسی کے گزرنے کا راستہ۔
مَعبلہ (ع)، لمبا اور چوڑا مکان۔
مَعبُود (ع)، عبادت کیا گیا - پرستش کیا گیا - جس کی عبادت کی جائے۔
مَعبُودِ حقیقی (ع)، اصلی عبادت کیا گیا - یعنی اللہ تعالےٰ۔
مُعتاد (ع)، عادت کیا گیا - خوگیر - عادی۔
معتاد بُودن (ف)، عادی ہونا۔
معتادان (ف)، معتاد کی جمع - عادی لوگ۔
مُعتَبَت (ع)، عتاب - سرزنش۔
مُعتَبَر (ع)، اعتبار کیا گیا - اعتبار کے قابل۔
مُعتَد (ع)، اصل میں معتدی تھا - حد سے گزرنے والا - نہایت ظالم۔
مُعتَدبہ (ع)، شمار میں آیا ہوا - قابلِ اعتبار - معتبر۔
مُعتَدِل (ع)، مساوی - میانہ - برابر - جو مزاج میں مساوی ہو۔
جس میں افراط و تفریط نہ ہو۔
مُعتَدِل مزاج (ع)، جس کا مزاج معتدل ہو - جس کی چاروں خلطیں
مناسب اندازہ پر ہوں۔
معتدل بُودن (ف)، میانہ رَو ہونا۔
معتدلون (ع)، سیاسی گروہ - اعتدال پسند۔
مُعتَدی (ع)، حد سے گزرنے والا - بڑا ظالم۔
مُعتَذِر (ع)، عذر کرنے والا۔
مُعتَذِر بودن (ف)، عذر خواہ ہونا۔
مُعتَرِض (ع)، (۱) اعتراض کرنے والا (۲) پیش آنے والا (۳) حائل
ہونے والا (۴) بدلگام گھوڑا - روکنے والا۔
معترض بُودن (ف)، اعتراض کرنا۔
مُعتَرِف (ع)، (۱) اعتراف کرنے والا - مقر (۲) پہچاننے والا -
(۳) صبر کرنے والا۔
معترف بُودن (ف)، اعتراف کرنا - تسلیم کرنا - مان لینا۔
مُعتَرَک (ع)، لڑائی کا میدان۔
معتز باللہ (ع)، ایک عباسی خلیفہ کا نام جس نے ۲۵۲ھ سے ۲۵۵ھ
تک حکومت کی - ترکوں نے اسے بھوکا پیاسا رکھ کر مار ڈالا۔
مُعتَزِل (ع)، گوشہ نشین - یکسو ہونے والا - یکسو ہو کر بیٹھنے والا۔
مُعتَزِلہ (ع)، ایک مشہور فرقہ کا نام جو راہِ حق سے برکنار ہے - اور
رویت لقائے الٰہی سے منکر - اس فرقہ کے لوگ نیکی کو اللہ کی
جانب سے اور بدی کو اپنی طرف سے خیال کرتے ہیں - کبائر
کے مرتکب کو نہ مومن سمجھتے ہیں نہ کافر۔
مُعتَصِم (ع)، (۱) پناہ لینے والا (۲) چنگل مارنے والا - پنجہ مارنے والا۔
(۳) مدد مانگنے والا - پناہ لینے والا (۴) گناہ سے باز رہنے والا۔
مُعتَقِد (ع)، اعتقاد رکھنے والا - دل سے یقین رکھنے والا - بھروسا رکھنے والا۔
معتقدات (ع)، عقیدے - افکار۔
مُعتَقَہ (ع)، پرانی شراب۔
مُعتَکِف (ع)، (۱) اعتکاف کرنے والا - عبادت کے لیے مسجد میں
بیٹھنے والا (۲) دنیا سے کنارہ کرنے والا (۳) کسی چیز سے باز
رہنے والا۔
معتکف بُودن (ع)، اعتکاف میں بیٹھنا۔
مُعتَل (ع)، (۱) بیمار ہونے والا (۲) وہ اسم یا فعل جس میں حرفِ علت ہو۔
مُعتَمَد (ع)، اعتماد کیا گیا - بھروسا کیا گیا - جس پر بھروسا کیا جائے
قابلِ اعتماد۔
مُعتَمِد (ع)، اعتماد کرنے والا - بھروسا کرنے والا۔
مُعتَمِد علے اللہ (ع)، ایک عباسی خلیفہ کا نام - یعقوب لیث نے
اسی کے عہد میں بغاوت کی تھی - یہ بادشاہ ۲۵۶ھ سے ۲۷۹ھ
تک حکمران رہا۔
مُعتَمِدان (ع)، بھروسا کرنے والے۔
مُعتَنابہ (ع)، معتمد آدمی - جسے کچھ سمجھا جائے اور جس کا پاس اور
لحاظ کیا جائے۔
مُعتَنِی (ع)، (۱) تیمارداری کرنے والا - (۲) علاج کرنے والا (۳) اہتمام
کرنے والا۔
مُعتُوب (ع)، عتاب کیا گیا - جس پر عتاب کیا گیا ہو۔
معتوب شُدن (ف)، کسی پر عتاب ہونا - ناراضی کا باعث
ہونا۔
مَعتُوہ (ع)، بروزن مفعول (۱) دلدادہ (۲) بے ہوش - بے عقل -
جو کبھی تو دیوانوں کی سی باتیں کرے اور کبھی داناؤں کی سی۔
معج (ع)، لڑائی کرنا - جلدی کرنا۔
مُعجِب (ع)، عجب والا - متکبر - مغرور - اترانے والا - ناز کرنے والا -
خود پسند۔
معجر (ع)، دوپٹہ - اوڑھنی۔
معجر زنبخ (ف)، (۱) زرد پھول (۲) خزاں سے جھڑے ہوئے پتے
(۳) صبح صادق۔
مُعجِز (ع)، عاجز کرنے والا - خرقِ عادت - وہ بات جو عادت کے
خلاف ہو - پیغمبر کی کرامت - معجزہ۔
مُعجِزات (ع)، معجزہ کی جمع - وہ باتیں جن کے کرنے پر آدمی قادر نہ ہو۔
مُعجِز نشان (ف)، اعجازی - کراماتی۔
مُعجِزہ (ع)، عاجز کرنے والا - خرقِ عادت - وہ بات جس کے
کرنے پر آدمی قدرت نہ رکھتا ہو - ایسی خرقِ عادت یا اَن
ہونی بات جو کسی پیغمبر یا نبی سے ظاہر ہو - جو کسی ولی سے
ظاہر ہو اسے کرامت اور جو کسی شعبدہ باز وغیرہ سے
خرقِ عادت ظاہر ہو اسے استدراج کہتے ہیں۔
معجزہ مسیح (ع)، (۱) مائدہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا
تھا (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مُردہ کو زندہ کرنے کا معجزہ۔
مُعَجَّل (ع)، جلدی کیا گیا - بے مہلت - دست بہ دست۔
مُستَعجِل (ع)، جلدی کرنے والا۔
مُعجَم (ع)، وہ حرف یا حروف جن پر نقطے ہوں۔
مُعجَم (ع)، ایسے الفاظ جو اصل میں ہوں تو عربی - لیکن اہلِ عجم انہیں زیادہ

Marfat.com

استعمال کریں اور اپنے کلام کی جنس خیال کرتے ہوں۔

**مُعْجَم** (ع) وہ حرف جس پر نقطے ہوں۔

**مُعْجَمَہ** (ع) ایسے الفاظ جو اصل میں عربی ہوں مگر اہل عجم انہیں زیادہ استعمال کریں اور اپنے کلام کی جنس خیال کرتے ہوں۔

**مَعْجُون** (ع) (۱) گوندھا ہوا۔ خمیر کیا ہوا (۲) اطبا کی اصطلاح میں ایسی پسی ہوئی مرکب ادویہ جو شہد اور قند وغیرہ کے قوام میں گوندھی گئی ہوں اور خواہ لذیذ ہوں یا بدمزہ برخلاف جوارش کے کہ اس کا لذیذ ہونا لازمی ہے۔

**معجون تیار کردن** (ف) معجون تیار کرنا۔

**مَعْجُون کش** (ف) برتن سے معجون نکالنے کا چمچہ یا اور کوئی چیز۔

**مُعَدّ** (ع) (۱) تیار کیا گیا۔ تیار۔ آمادہ (۲) بنایا گیا۔

**مُعِدّ** (ع) (۱) آمادہ و تیار کرنے والا (۲) آمادہ (۳) بنانے والا۔

**مِعْدانبار** (ف) دیکھو۔ معدہ انبار۔

**مُعَدَّد** (ع) (۱) شمار کیا گیا (۲) شمار کا مالک کیا گیا (۳) ساز و سامان دیا گیا۔

**مُعَدِّل** (ع) بڑے ترازو کے پلڑے کی شکل کا ایک برتن سا جو کھجور کے پتوں وغیرہ سے بناتے ہیں اور کسی چیز کے کٹے ہوئے ٹکڑے اس میں ڈال کر اور شکنجہ میں رکھ کر روغن نکالتے ہیں۔

**مَعْدِلَت** (ع) (۱) عدل۔ انصاف (۲) عدل کرنا۔

**معدلت گستر** (ف) عادل۔

**مُعْدِم** (ع) نیست کرنے والا۔ نابود کرنے والا۔

**مَعْدِن** (ع) چاندی یا سونے وغیرہ کی کان۔ کھان۔

**مُعَدِّن** (ع) وہ شخص جو کان کنی کے کام سے واقف ہو۔

**معدن شناسی** (ف) علم معدنیات۔

**مَعْدِنی** (ع) (۱) منسوب بہ معدن۔ کانی۔ وہ چیز جو کان سے نکلے (۲) ایک سرخ رنگ کپڑے کا نام۔

**مَعْدِنیات** (ع) معدنی کی جمع۔ کانی چیزیں جیسے سونا چاندی وغیرہ۔

**مَعْدُود** (ع) شمار کیا گیا۔ گنا ہوا (۲) قلیل۔ تھوڑی سی مقدار۔

**معدودہ** (ع) شمار کی ہوئی۔ اس کی جمع معدودات آتی ہے جیسا کہ قرآن پاک میں آیا اَیّاماً مَعْدُودات آتا ہے۔

**معدودے چند** (ف) گنتی۔ چند۔ چند ایک۔

**مَعْدُوم** (ع) عدم کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔ گم۔

**مَعْدَہ / مِعْدَہ / مِعْدِہ** (ع) پیٹ کے اس عضو کا نام جس میں غذا جا کر ٹھہرتی ہے اور ہضم ہوتی ہے۔ اوجھ۔

**مِعْدَہ اَنْبار** (ف) بسیار خور۔ پیٹو۔

**مِعْدَہ تنگ کردن / مِعْدَہ پُر کردن** (ف) پیٹ بھر کر کھانا۔ بہت کھانا۔ سیر ہو کر کھانا۔

**مِعْذار** (ع) بڑا عذر قبول کرنے والا۔

**مُعَذَّب** (ع) عذاب دیا گیا۔ دبایا گیا۔ شکنجہ میں کھینچا گیا۔

**مُعَذِّب** (ع) عذاب دینے والا۔ دبانے والا۔ شکنجہ میں کھینچنے والا۔

**معذب شدن** (ف) عذاب کیے جانا۔

**مُعْذِر** (ع) (۱) عذر کرنے والا۔ حیلہ کرنے والا۔ بہانہ کرنے والا (۲) دبانے والا (۳) وہ لڑکا جس کا سبزہ آغاز ہو۔

**مَعْذِرَت** (ع) (۱) عذر۔ بہانہ۔ حیلہ (۲) عذر کرنا۔ بہانہ کرنا۔ حیلہ کرنا (۳) معافی چاہنا۔

**معذرت خواستن** (ف) معافی چاہنا۔

**معذرت گفتن** (ف) وداع کرنا۔ رخصت کرنا

**مُعَذَّل** (ع) ملامت کیا گیا۔ وہ شخص جس کی سخاوت اور داد و دہش پر ملامت کی گئی ہو۔

**مَعْذُور** (ع) عذر کیا گیا۔ جسے کسی امر میں کوئی عذر یا بہانہ ہو۔

**معذور بودن** (ف) عاجز ہونا۔ معذور رہنا۔

**مَعْذُول** (ع) ملامت کیا گیا۔

**مُعَرّا** (ع) (۱) خالی (۲) ننگا۔ برہنہ (۳) وہ کتاب جس پر اعراب نہ لکھا ہو۔

**مِعْراج** (ع) (۱) اوپر چڑھنے کا آلہ۔ سیڑھی۔ سیڑھی کا ڈنڈا (۲) عروج۔ مرتبہ۔ بلندی (۳) خدا کا قرب (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج جو آپ کو نبوت کے بارھویں سال میں ہوا تھا۔

**معراج جسمانی** (ف) جسم و بدن کے ساتھ معراج۔

**مِعْراض** (ع) تیر گز۔ یعنی بے پر کا تیر۔

**مُعَرَّب** (ع) وہ لفظ جو کسی اور زبان کا ہو۔ مگر اس میں تھوڑا سا تصرف کر کے اسے عربی بنا لیا گیا ہو۔ جیسے مسک معرب ہے فارسی لفظ مشک کا۔

**مُعْرَب** (ع) (۱) اعراب دیا گیا یعنی وہ حرف جس پر زبر۔ زیر یا پیش وغیرہ ہو (۲) ظاہر۔ آشکار (۳) نحویوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کا آخر اختلاف عوامل سے بدل جائے۔

**مُعْرِب** (ع) (۱) اعراب دینے والا (۲) بیان کرنے والا (۳) فحش بکنے والا۔

**مُعَرْبِد** (ع) لڑاکا۔ جنگ جو۔ بدخو۔

**مَعَرَّة النُّعمان** (ع) ایک شہر کا نام جو حلب سے پندرہ فرسنگ ہے۔

**مَعْرَج** (ع) اوپر چڑھنے کی جگہ۔

**مِعْرَج** (ع) سیڑھی۔ نردبان۔

**مَعْرَج** (ع) سیڑھی۔ نردبان۔

**مُعَرَّج** (ع) ایک نہایت نفیس پھول دار کپڑے کا نام۔

**مُعَرَّج گر** (ف) مُعَرَّج بُننے والا۔

**مُعَرَّج گران فلک** (ف) (۱) قضا و قدر (۲) عقول عشرہ۔

**مَعْرَس / مُعَرَّس** (ع) اترنے کی جگہ۔ جس جگہ پر اترا جائے۔

**مَعْرِض / مَعْرَض** (ع) (۱) کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ (۲) جائے عرض (۳) ظاہر کرنے کی جگہ۔

Marfat.com

**مُعْرِض** (ع) (۱) اعراض کرنے والا۔ مُنہ پھیرنے والا۔ رُوگردانی کرنے والا۔
**مُعَرَّف** (ع) تعریف کیا گیا (۲) پہچانا گیا۔
**مَعْرِفت** (ع) (۱) شناخت۔ پہچان (۲) شناخت کرنا۔ پہچان کرنا۔
**مَعْرَفَت** (ع) گھوڑے کی ایال۔
**معرفت اللہ** (ع) علم توحید۔ خداشناسی۔
**معرفت الارض** (ع) زمین شناسی۔
**معرفت خرچ کردن** (ف) بڑے غرور اور نخوت کے ساتھ اپنے کمالات کا اظہار کرنا۔
**معرفت داشتن** (ف) علم و حکمت کا رکھنا۔ باادب و ترتیب ہونا۔
**معرفت در دل شکستہ طلب** (ف) جتنا کوئی آدمی شکستہ دل ہوگا اتنا ہی وہ خدا کے نزدیک ہوگا۔
**معرفہ** (ع) وہ اسم جو کسی معین شے پر بولا جائے۔
**معرفی کردن** (ف) شناسائی کرنا۔ جان پہچان کرنا۔ صاحب سلامت کرنا۔
**معرفی نامہ** (ف) تعارفی خط۔
**مُعَرِّق** (ع) عرق یعنی پسینہ لانے والی شے۔ وہ چیز جس سے پسینہ آجائے۔
**مَعْرَکہ** (ع) (۱) لڑائی کی جگہ۔ میدان جنگ۔ لشکر کے انبوہ کی جگہ۔ (۲) مجازاً جنگ۔ لڑائی کے معنوں میں بعض لوگ استعمال کرتے ہیں۔ مگر یہ اسم ظرف ہے۔
**معرکہ آرا** (ف) صف آرا۔
**معرکہ آرائی** (ف) میدان جنگ میں فوج کی ترتیب۔
**معرکہ داشتن** (ف) معرکہ پیش آنا۔
**معرکہ کردن** (ف) لڑنا۔ نبرد نمائی کرنا۔
**معرکہ گرفتن** (ف) حیرت انگیز۔ خندہ آور اور ہیجان انگیز نمائش کرنا۔
**معرکہ گیر** (ف) (۱) کشتی کرنے والا (۲) بازار میں تماشا کرنے والا۔
**مُعْرَوْری** (ع) بغیر زین وغیرہ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار ہونے والا۔
**مَعْرُوض** (ع) عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔ عرض۔ التماس۔ گذارش۔ درخواست۔
**مَعْرُوضات** (ع) معروض کی جمع۔ عرضیں۔ گزارشیں۔
**مَعْرُوف** (ع) (۱) پہچانا ہوا۔ مشہور (۲) نیکی۔ احسان (۳) وہ فعل جو فاعل کی طرف نسبت رکھتا ہو یا جس کا فاعل معلوم ہو۔
**معروف شدن** (ف) مشہور ہو جانا۔
**معروف کرخی** (ع) ایک مشہور عارف کامل کا نام جن کا مدفن بغداد کے محلہ کرخ میں ہے۔ یہ پہلے عیسائی مذہب میں تھے۔ بعد میں مسلمان ہوکر اپنے والدین کو بھی دین اسلام میں لے آئے۔ اور ۲۰۰ھ میں فوت ہوئے۔
**معروفیت داشتن** (ف) مشہور ہونا۔

**مُعْرِی** (ع) عورتوں کا کھلا حصہ یعنی ہاتھ پاؤں۔
**مَعْز** (ع) بکری۔ بکرا۔ بکریاں۔ یہ لفظ اسم جنس ہے۔
**مُعَزّ** (ع) عزت دیا گیا۔ عزت کیا گیا۔
**مُعِزّ** (ع) (۱) عزت دینے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا وصفی نام۔
**مُعَزَّز** (ع) عزت دیا گیا۔ صاحب عزت۔ عزت دار۔
**مَعْزِل** (ع) کنارہ۔ جانب۔ اس کی جمع معازل آتی ہے۔
**مُعَزَّم** (ع) عزیمت کیا گیا۔ افسوں زدہ جس پر منتر یا جادو کیا گیا ہو۔
**مَعْزُول** (ع) عزل کیا گیا۔ بے کار کیا گیا۔ بے کار۔
**معزول شدن** (ف) بیکار کیے جانا۔ کام سے ہٹا دیے جانا۔
**معزول کردن** (ف) معزول کرنا۔
**مُعَزّٰی** (ع) ماتم زدہ۔ سوگوار۔ ماتمی۔
**مُعَزِّی** (ع) ماتم پرسی کرنے والا۔
**مُعَزّٰی** (ع) جس کی ماتم پرسی کی جائے۔
**مُعْزٰی** (ع) منسوب۔ نسبت کیا گیا۔
**مُعِزّی** (ع) منسوب بہ مُعِزّ (۱) اللہ تعالیٰ کا نام (۲) ایک بادشاہ کا نام (۳) ایک شاعر کا نام۔
**معزی الیہ** (ع) منسوب الیہ۔
**مُعْسِر** (ع) عسرت والا۔ مفلس۔ محتاج۔ غریب۔
**مُعَسَّر** (ع) دشوار۔ مشکل۔
**مُعَسْکَر** (ع) عسکر یعنی لشکر کے اترنے کی جگہ۔ لشکرگاہ۔ چھاؤنی۔ فوجی کیمپ۔
**مَعْش** (ع) آہستہ آہستہ ملنا۔
**مِعْشار** (ع) (۱) دہ یکی لینا۔ دسواں حصہ لینا (۲) دسواں حصہ۔
**مَعْشَر** (ع) رشتہ دار لوگ۔ خویش و اقارب۔ عزیزوں کا گروہ۔ رشتہ داروں اور دوستوں کا گروہ۔
**مُعَشَّر** (ع) دس کونے کی چیز۔ وہ چیز جس کے دس کونے ہوں۔
**مُعْشُوش** (ع) (۱) جمع کیا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا (۲) پیوند لگایا ہوا۔ وہ پیرہن جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوں۔ (۳) ایک صنعت شعری کا نام۔
**مَعْشُوق** (ع) عشق کیا گیا۔ وہ شخص جس پر کوئی دوسرا عاشق ہو۔ محبوب۔
**مَعْشُوقہ** (ع) معشوق کی تانیث۔ وہ عورت جس پر کوئی شخص عاشق ہو۔ محبوبہ۔ فارسی میں اس لفظ کا اطلاق مذکر پر بھی ہوتا ہے۔ جیسے ؎

مفلس چو شدیم رُو بہ اُو آوردیم
معشوقہ زُر ز بے نوائی است جدا

**مَعْشُوقیت** (ع) دلفریبی۔ معشوق پن۔
**مَعْص** (ع) ناز سے چلنا۔
**مِعْصَر** (ع) (۱) نچوڑنے کا اوزار (۲) کولھو۔
**مُعْصِر** (ع) قریب البلوغ لڑکی۔
**مُعْصِرات** (ع) وہ بادل جو برسنے پر تیار ہوں۔
**مَعْصَرَہ** (ع) (۱) نچوڑنے کی جگہ (۲) شراب کشید کرنے کی جگہ۔
**مِعْصَرَہ** (ع) جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے یا تیل وغیرہ نکالا جائے۔ کولھو۔

Marfat.com

مُعْصِر (ع) جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے یا تیل وغیرہ نکالا جائے۔ کولھو۔

مُعَصْفَر (ع) کسم کا پھول۔ گل کا جیرہ۔

مُعَصْفَر (ع) (۱) کسم کے رنگ میں رنگی ہوئی چیز (۲) کسم کا پھول۔

مِعْصَم (ع) پہنچا۔ کلائی۔

مَعْصُوم (ع) گناہ سے بچایا گیا۔ بے گناہ۔ خطا سے پاک۔

مَعْصُوم بُودن (ف) بے گناہ ہونا۔

مَعْصُومی (ف) پاک دامنی۔ }
معصومیت (ع) عصمت۔ }

معصومین (ع) بے گناہ لوگ۔

معصومہ (ع) با عصمت و عفت خاتون۔ بے گناہ عورت۔

معصیت (ع) گناہ۔ نافرمانی۔

معصیت داشتن } نافرمانی کرنا۔
معصیت کردن } گنہگار ہونا۔

مُعْضِل (ع) دشوار اور مشکل کام۔

مُعْضِلات (ع) معضلہ کی جمع۔ مشکلیں۔ دشواریاں۔

مُعْضِلہ (ع) دشوار۔ مشکل کام۔

معط (ع) بال اکھاڑنا۔ حل کرنا۔

معطاء (ع) بہت خیرات کرنے والا۔

مُعَطَّر (ع) خوشبودار۔

مُعَطَّر شُدن (ف) خوشبودار ہونا۔ عطر میں رچا بسا ہونا۔

مُعْطِش (ع) وہ چیز جس سے پیاس لگے۔ پیاس لگانے والی چیز۔

معطف (ع) تلوار۔ چادر۔

مُعَطَّل (ع) (۱) کام سے علیحدہ کیا گیا۔ بے کار (۲) منتظر (فارسی جدید)

مُعَطَّل بُودن (ف) غریب اور بغیر پیسے کے ہونا۔ کچھ وقت انتظار میں رہنا۔

مُعَطَّل کردن (ف) کام سے علیحدہ کرنا۔

مُعَطَّلی داشتن (ف) دیر لگانا۔ تاخیر کرنا۔

مُعَطَّلی کردن (ف) دیر لگانا۔

معطن (ع) بکریوں کے رہنے کی جگہ۔

مَعْطُوف (ع) (۱) لپٹا ہوا (۲) لپیٹا ہوا (۳) عطف کیا گیا۔ پھیرا گیا۔ جیسے آب و نان میں نان معطوف ہے۔

مَعْطُوف عَلَیہ (ع) جس پر عطف کیا جائے۔ جیسے آب و نان میں آب معطوف علیہ ہے۔

مُعْطِی (ع) عطا کرنے والا۔ بخشنے والا۔

مُعَظَّم (ع) عظمت دیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ بزرگ بڑا۔

مُعَظَّمہ (ع) معظم کی تانیث۔ صاحب عظمت و بزرگ عورت۔

مَعْفُو (ع) عفو کیا گیا۔ معاف کیا گیا۔

مُعَقِّب (ع) (۱) پیچھے آنے والا (۲) کسی کام میں دیر لگانے والا۔

مُعْفاج (ع) دھوبیوں کا پٹڑا۔ بدکار۔

معقبات (ع) پیچھے آنے والی چیزیں۔

مَعْقَد (ع) عقد یعنی گرہ لگانے کی جگہ۔ باندھنے کی جگہ۔

مُعَقَّد (ع) (۱) گرہ لگایا ہوا۔ باندھا ہوا (۲) دقیق اور مشکل بات۔

مَعْقُود (ع) گرہ لگایا ہوا۔ باندھا ہوا۔

مَعْقُوق (ع) والدین کا نافرمان۔ مردود۔ سرکش۔

مَعْقُول (ع) (۱) بندھا ہوا (۲) عقل میں لایا گیا۔ سمجھا گیا۔ عقل کے مطابق بندھا ہوا (۳) ایک علم ہے جس میں معترض کو کتابی حوالوں کے بجائے دلائل عقلی سے قائل کیا جاتا ہے۔

مَعْقُول کے ساختن (ف) کسی کو سمجھا دینا۔ کوئی بات کسی کے ذہن نشین کرا دینا۔

مَعَک (ع) تیرے ساتھ۔ تیرے ہمراہ۔

مَعْکُوس (ع) اوندھا۔ الٹا۔

مِعْلاق (ع) (۱) لٹکانے کی کوئی شے (۲) وہ کانٹا جس سے قصاب گوشت لٹکاتے ہیں۔

مَعْلَف (ع) چارپایوں کے گھاس کھانے کی جگہ۔ وہ جگہ جس میں چارپایوں کے آگے گھاس ڈالی جاتی ہے۔ کھرلی۔ اردو میں اسے چرنی کہتے ہیں۔

مِعْلَف (ع) (۱) وہ اوزار جس سے زمین سے گھاس کھرچی جاتی ہے۔ کھرپا (۲) گھاس والی زمین۔

مُعَلَّق (ع) (۱) لٹکا ہوا (۲) لٹکایا ہوا۔

مُعَلَّقات (ع) معلق اور معلقہ کی جمع۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔

مُعَلَّق زن (ف) (۱) قلابازی کھانے والا۔ کلا کرنے والا۔ بازی گر۔ نٹ (۲) ناچنے والا۔ رقاص (۳) نماز میں جلدی جلدی رکوع و سجود وغیرہ کرنے والا۔

مُعَلَّق زناں (ف) معلق زن کی جمع۔

مُعَلَّقہ (ع) (۱) لٹکی ہوئی چیز (۲) وہ عورت جو نہ تو بیوہ ہو اور نہ خاوند اس سے موافقت کرے۔

مُعَلَّم (ع) تعلیم دیا گیا۔ سکھایا ہوا۔ ادب دیا گیا۔ اس لفظ کا استعمال عموماً حیوانات پر ہوتا ہے۔ جیسے طوطی معلم۔ سگ معلم۔

مُعَلِّم (ع) (۱) تعلیم دینے والا۔ سکھانے والا۔ علم سکھانے والا۔ اُستاد (۲) ملاح۔ ناخدا۔ جہازران۔

مُعْلَم (ع) منقش۔ نقش دار۔

مَعْلَم (ع) نشانی۔ علامت۔ نشان۔

مُعَلِّم الملائک } (ع) فرشتوں کا اُستاد۔
مُعَلِّم الملکوت } ابلیس۔ عزازیل۔ شیطان کا لقب۔

مُعَلِّم اوّل (ع) (۱) حکیم ارسطو کا لقب۔ کیونکہ سب سے پہلے اسی نے علم حکمت لکھ کر شاگردوں کو تعلیم دی۔ اس سے پہلے حکماء زبانی سکھایا کرتے تھے (۲) اوباشوں کی اصطلاح

Marfat.com

میں شیطان کو بھی کہتے ہیں۔
مُعلّم ثالث (ع) تیسرا معلم۔ حکیم بوعلی سینا کا لقب۔
مُعلّم ثانی (ع)، دُوسرا معلّم۔ حکیم ابونصر فارابی سے مراد ہے کیونکہ حکیم ارسطو اور دیگر حکمائے یونان کی کتب کا سب سے پہلے اسی نے عربی میں ترجمہ کر کے اپنے شاگردوں کو اس کی تعلیم دی۔
مُعلّم ملائکہ (ع)، دیکھو معلم الملائک۔
مُعلّمہ (ع)، اُستانی۔ لڑکیوں کو پڑھانے والی۔
مَعلُول (ع)، وہ شے جس کی کوئی علت یا سبب یا باعث ہو۔ بعض اس لفظ کو علت مرض کے معنوں میں بیمار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ جس کے لیے علیل درست ہے اور معلول غلط ہے مثلاً اگر زید بیمار ہو تو کہیں گے "زید معلول است" حالانکہ یہ کہنا چاہیے "زید علیل است"۔
مَعلُول بُودن (ف)، بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔
معلولین (ع)، بیمار لوگ۔
مَعلُوم (ع)، (۱) علم میں آیا ہوا۔ جانا ہوا۔ جانا گیا۔ دریافت کیا گیا (۲) مال و زر، درم و دینار۔ کیونکہ زر اس قدر مشہور ہے جس کے نام لینے کی ضرورت نہیں (۳) ذخیرہ۔
مُعلّیٰ (ع)، بلند کیا گیا۔ برتر۔ اعلیٰ۔ بلند۔
مُعمّا (ع)، (۱) پوشیدہ چیز۔ چھپی ہوئی چیز۔ چھپا ہوا (۲) چیستان۔ پہیلی (۳) اندھا۔ نابینا۔
مِعمار (ع)، تعمیر کرنے والا۔ عمارت بنانے والا۔ راج۔ مستری۔
مِعماری (ف)، راج گری۔
مُعمّا کشادن (ف)، معما حل کرنا۔
مُعمّر (ع)، (۱) آباد کیا ہوا (۲) بوڑھا۔ کہن سال۔ بڑی عمر کا۔ سن رسیدہ۔
معمر بُودن (ف)، بوڑھا ہونا۔ عمر رسیدہ ہونا۔
مَعمعان (ع)، موسم گرما میں گرمی کی شدت۔
معمعہ (ع)، میدان جنگ میں بہادروں کی آواز۔ چیخ پکار۔
معمعی (ع)، چالاک۔ مطلبی۔
مَعمل (ع)، (۱) تجربہ گاہ۔ تجربات کرنے کی جگہ (۲) کارخانہ۔
مُعمّم (ع)، عمامہ والا۔ جس کے سر پر عمامہ ہو۔ پگڑی باندھے ہوئے دستار والا۔
مَعمُور (ع)، (۱) آباد (۲) بھرا ہوا۔ پُر۔
مَعمُورہ (ع)، آبادی۔ بستی۔ شہر۔
مَعمُورہ عمرولیث (ع)، ایران کا مشہور شہر شیراز جسے عمرو لیث نے آباد کیا تھا۔
مَعمُول (ع)، عمل کیا گیا۔ دستور کے موافق۔ روزمرہ کی جانے والی بات۔
معمول داشتن (ف)، روزمرہ کا دستور بنا لینا۔
معمولاً (ع)، حسب معمول۔ دستور کے مطابق۔

مَعمُولی (ع)، مقررہ۔ حسب عادت۔ رسمی۔ مروّجہ۔
مَعن (ع)، عرب کے ایک مشہور سخی اور بلند ہمت شخص کا نام جس کے باپ کا نام زائدہ تھا۔
معناق (ع)، عمدہ گھوڑا۔
مُعنبر (ع)، (۱) عنبر کیا گیا۔ وہ شے جس میں عنبر ملایا گیا ہو۔ (۲) خوشبودار۔
مُعنبر دام (ف)، زلفِ معشوق۔ معشوق کے سر کے بال۔
مُعنبر سائبان (ف)، معشوق کے ابرو۔
مُعنّس (ع)، کنواری اور جوان لڑکی۔
معنقہ (ع)، ہار۔ گردن بند۔
معنک (ع)، لکڑی کی چٹخنی۔
معنون (ع)، عنوان کیا گیا۔ عنوان لکھا گیا۔ دیباچہ کیا گیا۔ ابتدا کیا گیا۔ ڈیڈیکیٹ کیا گیا۔
معنًا (ع)، معنی کے لحاظ سے۔
مَعنوی (ع)، منسوب بہ معنی۔ باطنی۔ ذاتی۔ اصلی۔
معنویت داشتن (ف)، حقیقت اور رحمانیت کا حامل ہونا۔
معنےٰ (ع)، اس لفظ کے آخر الف مکسورہ ہے مگر فارسی میں یائے معروف ہے بروزن مرضی مستعمل ہے (۱) مراد مطلب۔ مقصد۔ مضمون (۲) گن۔ کمالات باطنی۔
مَعنی از معنی خیزد (ف)، بات میں سے بات نکلتی ہے۔
معنی بیگانہ (ف)، اچھا اور عمدہ مضمون جو پہلے کسی کو نہ سُوجھا ہو۔
معنّی (ع)، تکلیف برداشت کیا ہوا۔
مُعوّج (ع)، ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کج۔
مُعوذ (ع)، اونٹوں کی چراگاہ۔
معوذتان (ع)، قرآن کریم کی آخری دو سورتیں۔
مُعوضت (ع)، وہ چیز جو کسی معاوضہ میں دی جائے۔
مُعوّق (ع)، (۱) باز رکھا گیا۔ بند رکھا گیا۔ قید میں رکھا گیا (۲) دشوار۔ مشکل۔
مِعوَل (ع)، پتھر کاٹنے کا بسولا۔ آہنی پھوڑا جس سے لوہا کان سے نکالتے ہیں۔
مُعوّل (ع)، اعتماد کیا گیا۔ بھروسہ کیا گیا۔
مَعونت (ع)، (۱) اعانت۔ مدد۔ یاری (۲) مدد کرنا۔
معہود (ع)، (۱) عہد کیا گیا۔ اقرار کیا گیا (۲) ٹھہرایا گیا (۳) معمولی۔ مقرری (۴) کہنہ۔ پرانا۔ قدیم۔
معہود خارجی (ع)، وہ نکرہ ہے جو کسی خاص وجہ سے معین ذات پر دلالت کرے۔
مَعہُود ذہنی (ع)، وہ نکرہ ہے جو ذہن متکلم یا مخاطب میں مشخص ہو۔
مِعی (ع)، انتڑی۔
مِعیار (ع)، کسوٹی۔ محک۔ (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا۔
مُعیب (ع)، عیب کرنے والا۔ عیب دار۔
مَعیّت (ع)، رفاقت۔ ہمراہی ہونا۔ ساتھی بننا۔
مُعید (ع)، اعادہ کرنے والا۔ پھر کر آنے والا۔ کسی کام کو بار بار

Marfat.com

کرنے والا۔

مُعیر (ع) کسی کو کوئی چیز عاریتہً دینے والا۔

مُعِیش / مُعیشت (ع) (۱) زندگی ۔ زندگانی (۲) زندگی کرنا (۳) وہ چیز جس سے زندگی کی جائے ۔ سبب زندگی۔

مُعِیل (ع) عیال دار آدمی ۔ وہ آدمی جس کے بال بچے اور متعلقین بہت ہوں۔

مُعِین (ع) مددگار ۔ مدد کرنے والا۔

مَعِین (ع) (۱) رواں ۔ جاری (۲) وہ پانی جو جاری ہو ۔ آب رواں۔

مُعَیَّن (ع) مقرر کیا گیا ۔ خاص کیا گیا ۔ اصطلاح ریاضی میں وہ چوکور شکل ہے ۔ جس کے چاروں ضلعے اور مقابل کے زاویے برابر ہوں ۔ اور وتر ایک دوسرے کی زاویہ قائمہ پر تنصیف کرتے ہوں۔

معین فعل (ف) امدادی افعال (HELPING VERBS)

معین شدہ (ف) مقرر کیے جانا۔

معینہ (ع) مقرر شدہ ۔ معین شدہ۔

مَعیُوب (ع) عیب کیا گیا ۔ عیب دار ۔ عیب والا۔

مَعیُوب بُودن (ف) عیب دار ہونا۔

## م - غ

مُغ (ف) (۱) عمق ۔ گہراؤ (۲) ندی (۳) گڑھا (۴) ندی۔

مُغ (ف) (۱) آتش پرست ۔ مجوسی (۲) شراب بنانے والا۔

مَغ (ع) میغ کا مخفف ۔ گھٹا ۔ بادل۔

مغاب (ع) غائب ہونا ۔ چھپ جانا۔

مَغابِن (ع) چڈھے ۔ ران کی جڑیں۔

مُغاث (ع) جنگلی انار کی جڑ یا چھال جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔

مُغادَرت (ع) (۱) باہم دغا کرنا ۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ بے وفائی کرنا ۔ (۲) کسی چیز کو ترک کرنا ۔ چھوڑ دینا۔

مَغار (ع) پہاڑی غار ۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔

مُغار (ع) کنجوس۔

مغارات (ع) غاریں ۔ کھڈے۔

مغارب (ع) مغرب کی جمع۔

مَغارہ (ع) (۱) غارت کرنے کی جگہ (۲) غار ۔ کھڈ ۔ گڑھا ۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔

مغازلات (ع) غزل گوئی۔

مُغازَلت / مُغازَلہ (ع) آپس میں غزل کہنا ۔ معشوق کے ساتھ دل لگی کرنا ۔ عورتوں سے گفتگو کرنا ۔ عشق بازی میں باہم مقابلہ کرنا۔

مغازہ (ع) دکان۔

مُغاضِب (ع) غضب ناک ۔ غصہ میں بھرا ہوا۔

مُغاضَبت (ع) کسی پر غضب ناک ہونا ۔ غصہ کرنا۔

مَغاک (ف) گہرائی ۔ مغ بمعنی گڑھا اور اک کلمہ نسبت سے مرکب ہے۔

مَغاکِ ظُلمت (ف) (۱) آدمی کا جسم (۲) زمین۔

مُغالَبت (ع) آپس میں غلبہ ڈھونڈنا ۔ کسی پر غلبہ ڈھونڈنا۔

مُغالطہ (ع) غلطی میں ڈالنا ۔ آپس میں غلطی لگ جانا ۔ یہ لفظ ایک اکیلے شخص کے لیے استعمال کرنا غلطی ہے۔

مُغالصت (ع) اچانک دبا دینا۔

مغالطہ کردن (ف) غلطی کھانا۔

مُغامِر (ع) بے خوف ۔ نڈر۔

مُغامَرت (ع) ہلاکت میں ڈالنا ۔ جنگ میں گھسنا۔

مُغان (ف) مغ کی جمع ۔ آتش پرست لوگ۔

مَغانِم (ع) غنیمتیں ۔ لوٹ کے مال۔

مُغانہ (ف) (۱) مغان کی طرح ۔ آتش پرستوں کی مانند (۲) آتش پرستوں کا قاعدہ۔

مَغانی (ع) مغنیٰ کی جمع ۔ منزلیں ۔ اترنے کی جگہیں۔

مغایر بُودن (ف) باہم غیر اور مخالف ہونا۔

مُغایَرت (ع) باہم غیر ہونا ۔ مخالفت۔

مُغبَّر (ع) غبار آلودہ ۔ تیرہ رنگ۔

مغبن (ع) ران یا بغل کی جڑ۔

مَغبُوط / مغبوطہ (ع) محسود ۔ حسد کیا گیا جس پر رشک کیا جائے۔

مَغبُون (ع) زیاں پہنچایا ہوا ۔ وہ شخص جسے نقصان پہنچا ہو۔

مُغتاظ (ع) غضب ناک ۔ غصہ میں بھرا ہوا۔

مُغتَبِط (ع) محسود ۔ حسد کیا گیا۔

مُغتَذی (ع) غذا یابندہ ۔ غذا پانے والا۔

مُغتَسَل (ع) غسل خانہ ۔ مردہ نہلانے کی جگہ۔

مُغتَنَم (ع) غنیمت سمجھا گیا ۔ غنیمت معلوم کیا ہوا ۔ غنیمت۔

مُغتَنَمات (ع) مغتنمہ کی جمع ۔ غنیمت سمجھی گئی چیزیں۔

مُغتَنَم شمردن (ف) غنیمت جاننا۔

مُغتَنَمہ (ع) وہ چیز جس کو غنیمت تصور کیا جائے۔

مغث (ع) ذلیل و رسوا ہونا۔

مغذف (ع) کشتی کا چپو۔

مُغرا (ع) تعجب انگیز ۔ تعجب کیا گیا (۲) سریش سے چپکا ہوا۔

مَغرِب (ع) سورج کے غروب ہونے کی جگہ ۔ غروب ہونے کی جگہ ۔ پچھم

مُغرِب (ع) (۱) غائب ہونے والا (۲) دور جانے والا ۔ (۳) مغرب کی طرف جانے والا۔

مغرب اقصیٰ (ع) مراکش ۔ جس کا دارالخلافہ رباط ہے۔

مغرب زمین (ف) براعظم یورپ۔

Marfat.com

مغربی (ع) (۱) منسوب بہ مغرب - مغرب کا رہنے والا - مغرب کی کوئی شے (۲) ملک مراکش کا رہنے والا - مراکشی -
مغربی (ف) اشرفی -
مغرس (ع) درخت لگانے کی جگہ -
مغرف (ف) چلو میں پانی لینے والا -
مغرفہ (ع) چمچہ - کفگیر - کفچہ - ڈوئی -
مغرق (ع) (۱) غرق ہو گیا ہوا (۲) زین اور لگام وغیرہ جس پر سونا چاندی چڑھا ہوا (۳) جگمگاتا ہوا -
مغرم (ع) (۱) مقروض - قرضدار (۲) گرفتار عشق - مبتلائے عشق -
مغرور (ع) (۱) فریفتہ (۲) دھوکا کھایا ہوا (۳) غرور والا - متکبر - گھمنڈی -
مغرور سر ندارد (ف) بے عقل آدمی -
مغرور کردہ اند (ف) جدا کر دیتے ہیں -
مغروق (ع) غرق کیا گیا - ڈوبا ہوا -
مغروق شدن (ف) ڈوبنا -
مغرہ (ع) گیرو - ایک سرخ رنگ کی مٹی (۲) ایک سرخ رنگ کا پھول -
مغز (ع) گودا - بھیجا - دماغ -
مغز استخوان (ف) ہڈی کا گودا - مبخ - مغز قلم -
مغز بردن (ف) بہت بکواس کر کے سر دردی کرنا - بے دماغ کرنا -
مغز بستن (ف) پھل کا کھانے کے لائق ہو جانا - پک جانا -
مغز پالودہ (ف) مغز صاف -
مغز تر کردن (ف) بات کرنا - بولنا -
مغز خر خوردن (ف) احمق اور بے عقل ہونا - کیونکہ گدھے کا مغز کھانے سے باحتمال غالب عقل زائل ہو جاتی ہے -
مغز در سر کردن (ف) چپ ہونا - خاموش ہونا -
مغز در سر ندارد (ف) بے عقل آدمی -
مغز روشن کردن (ف) دماغ کو تازہ کرنا - دماغ کو صحیح الدماغ کرنا - دماغ کو روشن کرنا -
مغز سخن سوختن (ف) غصہ کی حالت میں کلام کی بے ترتیبی -
مغز شتر خوردن (ف) نافہم اور بے وقوف ہونا -
مغز شیر بر آوردن (ف) کمال شجاعت ظاہر کرنا -
مغزل (ع) دوک - چرخے کا تکلا -
مغذی (ع) غذائیت رکھنے والا -
مغزی } مغزین } (ف) ایک قسم کا سفید حلوا جس میں مغز بادام اور مغز پستہ ڈالا جاتا ہے -
مغز بینہ (ف) دماغ -
مغسل (ع) غسل دیا گیا - نہلایا گیا -
مغسل (ع) غسل دینے والا - غسال - نہلانے والا -
مغسول (ع) (۱) غسل دیا گیا - نہلایا گیا - دھویا ہوا (۲) ذلیل و حقیر اور سہل کلام جو عمدگی سے خالی ہو -

مغشوش (ع) (۱) کھوٹ ملایا ہوا - خیانت کیا گیا - غیر خالص -
مغص (ع) پیچش - مروڑ - شکم کا درد - شکم کی انتڑی کا درد -
مغضب (ع) غصہ اور غضب دلانے والا - غصے والا -
مغضوب (ع) غضب کیا گیا - جس پر غصہ اور غضب کیا گیا ہو -
مغط (ع) کمان کا زور سے کھینچنا -
مغطس (ع) نہانے کا ٹب -
مغفر (ع) خود آہنی - لوہے کی ٹوپی - آلہ پوشش -
مغفرت (ع) گناہ بخشنا - بخشش -
مغفق (ع) لوٹنے کی جگہیں -
مغفل (ع) نادان - کند ذہن -
مغفور (ع) مغفرت کیا گیا - بخشا گیا -
مغکدہ (ف) (۱) آتش پرستوں کا مکان (۲) شراب خانہ -
مغل (ت) (۱) ترکستان کی ایک اعلیٰ قوم کا نام - ہندوستان کے شاہان مغلیہ اسی قوم سے تھے (۲) سادہ دل (۳) مجازاً شریر -
مغل (ف) استراحت - سونا - بند کرنا -
مغلاط (ع) بہت غلطی کرنے والا -
مغلاق (ع) (۱) دروازے کی زنجیر (۲) تالا - قفل -
مغلطہ (ع) غلطی کا مقام - وہ مقام جہاں لوگ غلطی اور شبہ میں پڑیں -
مغلظ (ع) (۱) غلیظ کیا گیا - موٹا - دل دار - گاڑھا - سخت - مضبوط (۲) درشت (۳) مضبوط کیا گیا - مضبوط کی ہوئی (۴) ناپاک - نجس -
مغلظ (ع) گاڑھا کرنے والا - وہ دوائیں جو پتلے خون یا منی کو گاڑھا کر دیں -
مغلظات (ع) مغلظ کی جمع - پتلے خون یا منی کو گاڑھا کرنے والی دوائیں -
مغلف (ع) لفافہ -
مغلق (ع) (۱) بند دروازہ (۲) پیچیدہ کلام - مشکل کلام جس کے معنی سمجھنا دشوار ہو -
مغلقہ (ع) مغلق کی تانیث -
مغلگاہ (ف) انسان و حیوان کی خواب گاہ -
مغلوب (ع) غلبہ کیا گیا - عاجز -
مغلوب الغضب (ع) جلد غصے میں آ جانے والا -
مغلوبیت (ع) دباؤ - عاجزی - مغلوب ہونا -
مغلوق (ع) بند کیا ہوا دروازہ - مقفل دروازہ -
مغلول (ع) عذاب کا طوق ڈالا گیا - گردن میں لوہے کا طوق ڈالا ہوا -
مغلیہ (ع) منسوب بہ مغل - مغلوں کے خاندان کی کوئی شے - مغل قوم کی کوئی چیز وغیرہ - مغل -
مغمز (ع) غمزہ کرنے والا - آنکھ سے اشارہ کرنے والا -
مغمور (ع) غرق شدہ - ڈوبا ہوا -
مغموز (ع) متہم - عیب دار - معیوب -

Marfat.com

**مغموم** (ع) غمزدہ - غمگین - رنجیدہ -
**مغمومیت** (ف) غم - حزن - ملال -
**مغمی** (ع) بے ہوش -
**مغناطیس** (ف) مقناطیس -
**مغندگی** (ف) مسا - موکا - گوشت کی وہ گرہ سی جو جسم پر ہو جاتی ہے -
**مغو** (ع) بلی کا میاؤں میاؤں کرنا -
**مغواۃ** (ع) رستہ بھولنے کی جگہ - کھڈا گڑھا -
**مغول** (ف) دیکھو مغل -
**مغنی** (ع) غنی کرنے والا - بے نیاز کرنے والا - بے پروا کرنے والا - اللہ تعالے کا ایک وصفی نام ہے -
**مغنّی** (ع) گانے والا - گویا -
**مغنیہ** (ع) مغنّی کی تانیث - گانے والی عورت -
**مغنیہ سرود فروش بے اصول می سراید** (ف) ڈومنی تال سے بے تال اور سرے بے سر ہو کر گاتا -
**مغیال** (ع) گھنی اور سایہ دار ٹہنیوں کا درخت -
**مغیب** (ع) (۱) غائب (۲) غائب ہونا (۳) غائب ہو گیا ہوا -
**مغیث** (ع) فریاد کو پہنچنے والا - فریاد رس -
**مغیر** (ع) (۱) غارت کرنے والا - لوٹنے والا (۲) جلدی کرنے والا - شتابی کرنے والا -
**مغیرات** (ع) غارت گری کرنے والے گھوڑے -
**مغیل** (ع) ببول کا درخت - کیکر کا درخت -
**مغیلان** (ع) کیکر کا درخت - ببول کا درخت - یہ لفظ مفرد ام بمعنی ماں اور غیلاں جمع غول بمعنی بھوت پریت سے مرکب ہے یعنی بھوت کی ماں - چونکہ یہ درخت جنگل میں ہوتا ہے اور بھوتوں کا ٹھکانہ بھی جنگل اور ویرانہ خیال کیا جاتا ہے اس لیے اسے دیوؤں اور بھوتوں کی ماں کہا جاتا ہے -

---

# م - ف

---

**مفاتح** (ع) مفتاح کی جمع - چابیاں - کنجیاں -
**مفاتح** (ع) مفتح کی جمع (۱) کھولنے کی جگہیں - (۲) خزانے -
**مفاتیح** (ع) مفتاح کی جمع - چابیاں - کنجیاں -
**مفاجا** (ع) مفاجات کا مخفف - ناگاہ - اچانک -
**مفاجات** (ع) یکایک ہونا - دفعتہً ہونا - اچانک ہونا - ناگاہ ہونا -
**مفاخر** (ع) فخر کرنے والا -
**مفاخرت** (ع) فخر کرنا - بزرگی جتانا - بزرگی اور بہتری کسی کے ساتھ فخر اور ناز کرنا -
**مفاخرہ** (ع) مفاخر کی تانیث - فخر کرنے والی عورت -
**مفاد** (ع) گوشت بھوننے کی لوہے کی میخ یا لکڑی -
**مفاد** (ع) بمعنی فائدہ استعمال ہوتا ہے -

**مفارق** (ع) مفرق کی جمع - مانگ - سر کے بالوں کے دو حصے کرنے سے جو لکیر پڑ جاتی ہے -
**مفارق** (ع) فرق کرنے والا -
**مفارقت** (ع) جدائی - فراق -
**مفارقت داشتن** (ف) جدا ہونا - علیحدہ ہو جانا -
**مفارقت کردن** (ف) جدا ہو جانا -
**مفازہ** (ع) چڑیے کا بل - چوہیا کے رہنے کی جگہ -
**مفاز** (ع) (۱) پہنچنے کی جگہ (۲) پہنچنا - کامیابی -
**مفازہ** (ع) رہائی پانے کی جگہ (۲) کامیابی اور فتح و فیروزی کی جگہ - (۳) جنگل - دشت - بیابان -
**مفاسد** (ع) مفسدہ کی جمع - خرابیاں - برائیاں -
**مفاصا** (ع) فارغ خطی - تفصی مصدر سے ہے جس کے معنی نجات پانے کے ہیں -
**مفاصا دادن** (ف) فارغ خطی دینا -
**مفاصل** (ع) مفصل کی جمع جسم کے جوڑ - ہاتھ پاؤں کے جوڑ -
**مفاصلہ** (ع) باہم فیصلہ ہونا - ایک دوسرے سے جدا ہونا - باہمی فرق -
**مفاطیر** (ع) مفطر کی جمع - افطار کرنے والے -
**مفاکہ** (ع) شوخی اور مزاح کی باتیں -
**مفاوز** (ع) مفازہ کی جمع - پہنچنے کی جگہیں - منازل -
**مفاوضات** (ع) مفاوضہ کی جمع - مکتوبات جو چھوٹوں کو لکھے جائیں - اور مراسلات جو برابر والوں یا بڑوں کو لکھے جائیں -
**مفاوضہ** (ع) (۱) تفویض کرنا - سپرد کرنا (۲) برابری کرنا (۳) خط - مکتوب - مراسلہ (۴) جماع -
**مفاوضہ کردن** (ف) صلاح مشورہ کرنا - مذاکرہ کرنا -
**مفت** (ف) (۱) بغیر محنت کے ملی ہوئی چیز (۲) رائگاں - ضائع -
**مفت از دست دادن** (ف) صحیح قدر و منزلت نہ جاننا - کسی چیز کو رائیگاں کھو دینا -
**مفتاح** (ع) چابی - کنجی - کلید - (۲) علم معانی کی ایک کتاب کا نام -
**مفتاح الارض** (ع) زمین کی کنجی - علم جغرافیہ کی ایک کتاب کا نام -
**مفت بر** (ف) مفت لے جانے والا -
**مفتتن** (م ف ت ت ن) (ع) (۱) فریفتہ ہونے والا - عاشق -
**مفتتن** (م ف ت ت ن) (ع) فساد ڈالا گیا - فتنہ اٹھایا گیا -
**مفتح** (م ف ت ح) (ع) (۱) کھولنے کی جگہ (۲) خزانہ -
**مفتح** (ع) چابی - کلید - کنجی -
**مفتخر** (ع) فخر کیا گیا - بزرگ -
**مفتخر** (ع) فخر کرنے والا - شیخی بگھارنے والا -
**مفتخر فرمودن** (ف) شرف بخشنا - احترام کرنا -
**مفت خور** (ف) طفیلی - بن بلایا مہمان -

Marfat.com

**مُفت را چہ گُفت** (ف) مفت کی چیز فوراً لے لینی چاہیے۔

**مُفتَرَع** (ع) (۱) شائع کیا گیا (۲) نتیجہ پیدا کیا گیا۔

**مُفتَرِق** (ع) فرق کرنے والا۔ علیحدہ۔ جُدا ہونے والا۔ بکھرنے والا۔

**مُفتَرِی** (ع) افترا باندھنے والا۔ تہمت لگانے والا۔ جھوٹ بات بنانے والا۔

**مُفتِّش** (ع) تفتیش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔

**مُفتَضَح** (ع) رسوا۔ ذلیل۔

**مُفتَضَح گردان** (ف) ذلیل کرنا۔

**مُفتَقَد** (ع) (۱) کھویا ہوا۔ گمشدہ (۲) باز پُرس رکھا گیا۔

**مُفتَقِر** (ع) فقیر۔ محتاج۔ حاجت مند۔

**مُفتَل** (ع) بٹا ہوا۔ بٹا ہوا رسی یا ڈورہ وغیرہ۔

**مُفتِن** (ع) فتنہ اُٹھانے والا۔ فساد برپا کرنے والا۔

**مُفتنی کردن** (ع) دو کو باہم لڑانا۔ دو میں فتنہ ڈالنا۔

**مُفتِنین** (ع) فتنہ انداز لوگ۔

**مفتوت** (ع) ٹکڑے ٹکڑے۔

**مَفتُوح** (ع) (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا (۳) جس حرف پر فتح کی حرکت ہو۔

**مفتوحہ** (ع) فتح کیا گیا۔ فتح شُدہ۔

**مفتول** (ع) بٹا ہوا۔ بٹا ہوا سوت یا ریشم وغیرہ۔

**مفتون** (ع) (۱) فتنہ میں ڈالا ہوا (۲) عاشق۔ شیفتہ۔

**مفتون بودن** (ف) فریفتہ ہونا۔

**مُفتی** (ع) فتوی دینے والا۔

**مُفتیان** (ف) فتوے دینے والے۔

**مُفَجِّج** (ع) نا پختہ اور خام رکھنے والا۔ کچا رکھنے والا۔

**مَفجَرہ** (ع) پانی برسنے اور بہنے کی جگہ۔

**مَفخَر** (ع) میمی مصدر ہے (۱) فخر کرنا۔ ناز کرنا۔ (۲) ناز۔ فخر۔

**مُفَخَّر** (ع) فخر کیا گیا جس پر فخر کیا جائے۔ قابل فخر۔ بڑا بزرگ۔

**مَفخَرہ** (ع) پانی برسنے اور بہنے کی جگہ۔

**مُفَخَّم** (ع) بہت عزت و حرمت کیا گیا۔ بزرگ رکھا گیا۔ بزرگ۔ ذی عزت۔ صاحب حرمت۔ بہت بزرگ۔

**مُفَرِّج** (ع) غم دُور کرنے والا۔

**مُفَرِّج گراں فلک** (ف) (۱) ستارے (۲) فرشتے۔

**مُفَرِّح** (ع) (۱) فرحت دینے والا (۲) وہ دوا جو شیریں۔ خوش ذائقہ اور دل کو قوت دینے والی ہو۔

**مَفرَح** (ع) جائے فرحت۔ خوشی کی جگہ۔

**مُفَرِّحات** (ع) مفرح چیزیں۔ فرحت دینے والی چیزیں۔ خوشی پہنچانے والی۔

**مُفَرِّح القلوب** (ع) (۱) دل کو فرحت دینے والا (۲) علم طب کی ایک کتاب کا نام۔

**مُفرَد** (ع) (۱) تنہا۔ جو مرکب نہ ہو (۲) فارسی میں بعض بندہ فرماں بردار بھی آتا ہے۔

**مُفرَدات** (ع) مفرد کی جمع (۱) تنہا۔ اکیلا (۲) حروف تہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں (۳) ایک سے دس تک گنتی۔

**مُفرَد سوار** (ف) شاہسوار۔ یکہ تاز۔ وہ سوار جو تنہا میدان میں لڑے اور دوسروں کی امداد کا محتاج نہ ہو۔

**مُفرَدہ** (ع) مفرد۔ تنہا۔ اکیلا۔

**مُفرَز** (ع) جُدا کیا گیا۔

**مُفرَس** (ع) غیر زبان کا وہ لفظ جس میں تھوڑی سی تبدیلی کر کے فارسی بنا لیا گیا ہو۔

**مَفرَش** (ع) (۱) بستر۔ بچھونا۔ بساط (۲) وہ چیز جس میں بستر رکھا جائے (۳) چمڑے کا صندوق۔

**مفرص** (ع) سونا چاندی۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔

**مفرض** (ع) لوہا کاٹنے کی چھینی۔

**مُفرِط** (ع) (۱) حد سے گزرنے والا (۲) کثیر۔

**مُفرَع** (ع) صلح پسند۔

**مُفرَغ** (ع) لوہے کو گلا کر ڈھالنے کے بعد مفرغ کہا جاتا ہے۔

**مَفرَغ** } (ع) (۱) پانی گرانے کی جگہ۔
**مَفرَغہ** } (۲) پانی گزر جانے کی جگہ۔

**مَفرِق** (ع) مانگ۔ سر کے بالوں کو دو حصے کرنے سے جو لکیر سی بن جاتی ہے۔

**مُفَرِّق** (ع) پراگندہ کرنے والا۔

**مفرک** (ع) پیچ کش۔

**مفرور** (ع) فرار ہوا ہوا۔ بھاگا ہوا۔

**مفرور کردن** (ف) علیحدہ کرنا۔

**مفروز** (ع) جُدا کیا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔

**مفروش** (ع) (۱) فرش کیا گیا۔ بچھایا گیا (۲) بچھونا۔

**مفروض** (ع) فرض کیا گیا۔ واجب کیا گیا۔

**مفروضہ** (ع) فرض کیا ہوا۔

**مفروضات** (ف) مفروضے۔

**مَفرُوغ** (ع) (۱) فارغ ہو گیا ہوا (۲) تھکا ہوا۔

**مفروق** (ع) (۱) فرق کیا گیا۔ جُدا کیا گیا (۲) وہ عدد جسے تفریق کیا جائے۔

**مفروق منہ** (ع) وہ بڑا عدد جس سے چھوٹے عدد تفریق کیے جائیں۔

**مَفزَع** (ع) جائے پناہ۔ پناہ لینے کی جگہ۔

**مُفزِع** (ع) ڈرپوک۔ بزدل۔

**مُفَسَّخ** (ع) ایک مرض کا نام جس میں مریض سمجھتا ہے کہ میرے اعضا ٹکڑے ٹکڑے کیے جا رہے ہیں۔

**مُفسِد** (ع) فساد کرنے والا۔ فساد ڈالنے والا۔

**مَفسَدہ** (ع) فساد۔ بگاڑ۔ خرابی۔ دنگا۔

**مفسدہ پرداز** (ف) مفسد۔ فساد کرنے والا۔

**مُفسِّر** (ع) تفسیر کرنے والا۔ کھول کر بیان کرنے والا۔

**مفسوخ** (ع) فسخ کیا گیا۔ وہ عہد یا ارادہ جو توڑ دیا گیا ہو۔

Marfat.com

قول و قرار توڑا گیا۔
**مُغشُوش** (ع) (۱) بے ہودہ (۲) جھوٹا (۳) سست عقل۔
**مَفصَد** (ع) فصد لینے کی جگہ۔ خون نکالنے کی جگہ۔
**مَفصَل** (ع) عضو۔ بدن کا جوڑ۔ پیوند گاہ۔
**مِفصَل** (ع) زبان سے کنایہ ہے۔
**مُفَصَّل** (ع) تفصیل کیا گیا۔ جُدا کیا گیا۔ کھول کر بیان کیا گیا۔
**مُفَصَّلات** (ع) واضح روشن نشانیاں۔
**مُفضَات** (ع) عورت جس کے بول و براز کا راستہ ایک ہو۔
**مِفضَال** (ع) بڑا فضل کرنے والا۔ بڑا احسان کرنے والا۔
**مُفضِح** (ع) رسوا کرنے والا۔ ذلیل کرنے والا۔
**مُفَضَّل** (ع) فضیلت دیا گیا۔ بڑھا گیا۔ فوقیت دیا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔
**مُفَضِّل** (ع) فضیلت دینے والا۔ زیادہ کرنے والا۔ برتری دینے والا۔
**مُتَفَضِّل** (ع) (۱) نیکی کرنے والا (۲) زیادہ کرنے والا۔
**مُفضِی** (ع) (۱) پہنچانے والا (۲) جماع کرنے والا۔ مباشرت کرنے والا۔
**مُفطِر** (ع) افطار کرنے والا۔ روزہ کھولنے والا۔
**مُفَطِّن** (ع) فہمائش کرنے والا۔ سمجھانے والا۔
**مَفطُور** (ع) (۱) پیدا کیا گیا (۲) چیرا گیا۔ پھاڑا گیا۔
**مَفطُومہ** (ع) دُودھ چھڑائی لڑکی۔
**مَفعُول** (ع) (۱) فعل کیا گیا۔ جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ کام کیا گیا (۲) بدفعلی کرانے والا۔ مابون۔
**مَفعُول بہ** (ع) وہ مفعول جس پر کوئی فعل واقع ہو۔
**مَفعُول ثانی** (ع) فعل کا دوسرا مفعول۔
**مَفعُول فیہ** (ع) وہ لفظ یا مفعول جو وقوع فعل کے زمانہ یا مکان پر دلالت کرے۔
**مَفعُول لَہٗ** (ع) وہ لفظ جو فعل کے سبب پر دلالت کرے۔
**مَفعُول مطلق** (ع) وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول فعل کے ساتھ مذکور ہو۔
**مَفعُول معہ** (ع) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو۔
**مُفقِر** (ع) فقیر کرنے والا۔ مفلس کرنے والا۔ محتاج کرنے والا۔
**مِفقَلہ** (ع) بھاج۔
**مَفقُود** (ع) کھویا گیا۔ کھویا ہوا۔ غائب۔ ناپید۔ نادار د۔
**مَفقُود الخبر** (ع) گم شدہ۔ وہ شخص جس کی کوئی خبر نہ ہو جس کا پتہ نہ ملے۔
**مُفَکِّر** (ع) فکر کرنے والا۔ سوچ بچار کرنے والا۔
**مَفکَرہ** (ع) ا۔ بجنڈرا۔
**مُنفَکّ** (ع) فک کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔ جدا کیا گیا۔
**مِفلاک** (ع) فلاکت زدہ۔ خالی ہاتھ۔ مفلس۔
**مُفلِح** (ع) (۱) خلاصی پانے والا۔ رہائی پانے والا (۲) نیک بخت۔
**مُفلِس** (ع) (۱) محتاج۔ غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو (۲) فارسی جدید میں بمعنی مجرد۔ کنوارا۔
**مُفلِس در امانِ خدا است** (ف) جس کا کوئی نہ ہو اس کا خدا ہوتا ہے۔

**مُفافِل** (ع) معالج دار۔ گھنگھریالے بال۔
**مَفلُوج** (ع) فالج کا مریض۔ فالج کی بیماری والا۔
**مَفلُوک** (ع) فلک زدہ۔ مصیبت زدہ۔ مفلس۔ تباہ حال۔ محتاج۔ جسے گردش فلک نے تباہ کر دیا ہو۔
**مَفلُوکُ الحال** (ع) تباہ حال۔ خستہ حال۔
**مُفَوِّض** (ع) تفویض کرنے والا۔ سپرد کرنے والا۔ سونپنے والا۔
**مُفَوَّض** } **مُفَوَّضہ** } (ع) تفویض کیا ہوا۔ سپرد کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ امانت رکھا ہوا۔
**مفوض الشرطہ** (ع) کوتوال۔ انچارج۔ افسر پولیس۔
**مُفَوِّف** (ع) (۱) نقشہ کھینچنا۔ خط دار کرنا۔ (۲) زیبائش کرنا۔ (۳) باریک کرنا۔
**مِفوَہ** (ع) لالچی۔ زیادہ کھانے اور بولنے والا۔
**مَفہُوم** (ع) فہم میں آیا ہوا۔ سمجھا گیا۔ جو سمجھ میں آ جائے۔ مطلب۔ معنی۔
**مُفِید** (ع) فائدہ دینے والا۔
**مفید بودن** (ف) مفید ہونا۔
**مُفِیض** (ع) فیض پہنچانے والا۔
**مُفِیق** (ع) (۱) ہوش میں لانے والا۔ ہوش والا۔ ہوشیار۔

# م - ق

**مَقَابِر** (ع) مقبرہ کی جمع۔ جہاں بہت قبریں ہوں۔ قبرستان۔ گورستان۔ مُردوں کی قبروں کی جگہیں۔
**مُقَابِل** (ع) (۱) مقابلہ میں آنے والا۔ سامنے ہونے والا۔ سامنے والا۔ (۲) رو برو۔ سامنے (۳) حریف۔ دشمن (۴) گنا۔ مثلاً سہ مقابل۔ تین گنا۔
**مُقَابَلہ** (ع) (۱) آپس میں رُوبرو ہونا۔ آپس میں برابری کرنا۔ سامنے جانا۔ آمنا سامنا (۲) علم جغرافیہ کی اصطلاح میں سُورج اور چاند کا زمین کی مخالف سمتوں میں ہونا۔ یعنی زمین کا دونوں کے درمیان ہونا۔ ایسی حالت کو استقبال بھی کہتے ہیں
**مَقَابِح** (ع) قبیحہ کی جمع۔ قباحتیں۔ بُرائیاں۔
**مُقَاتِل** (ع) قتل کرنے والا۔ جنگ کرنے والا۔ کسی کے ساتھ لڑنے والا۔
**مُقَاتَلہ** (ع) باہم قتل کرنا۔ جنگ۔
**مَقَاد** (ع) داہنی جانب۔
**مَقَادِیر** (ع) مقدار کی جمع۔ اندازے۔ مقداریں۔
**مقادیر غیر متماثلہ** (ع) وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔
**مقادیر متماثلہ** (ع) وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔
**مُقَارَاۃ** (ع) درس لینا۔ تکرار کرنا۔
**مُقَارَبت** (ع) کسی شے سے نزدیک ہونا۔ قرب۔ نزدیکی

Marfat.com

مُقاربت کردن (ف) جماع کرنا۔
مقارضت (ع) بدلہ دینا۔ دوسرے کے مال سے شرکت میں تجارت کرنا۔
مُقارعت (ع) باہم قرعہ ڈالنا۔ (۲) آپس میں تلوار مارنا۔
مقارفت (ع) جماع کرنا۔ قریب ہونا۔
مُقارِن (ع) (۱) نزدیک۔ قریب (۲) درمیان۔
مُقارِن شُدن (ف) قریب ہونا۔
مُقارَنت (ع) (۱) قرین ہونا۔ باہم نزدیک ہونا (۲) نزدیک ہونا۔ (۳) دوستاروں کا ایک برج میں ایک درجہ میں اور ایک دقیقہ میں ہونا۔
مقاریض (ع) مقراض کی جمع۔ قینچیاں۔
مقاسات (ع) دکھ اُٹھانا۔ رنج اُٹھانا۔
مَقاصِد (ع) مقصد کی جمع (۱) مطالب (۲) علم کلام کی ایک کتاب کا نام۔
مُقاطِر (ع) پانی وغیرہ کو ٹپکانے والا۔
مقاطرت (ع) پانی ٹپکانا۔
مَقاطِع (ع) انتہا کی جگہیں۔ تمام ہونے کے مقامات۔
مُقاطِع (ع) (۱) قطع کرنے والا (۲) کسی چیز کو ٹھیکہ پر دینے والا۔
مُقاطعت (ع) قطع کرنا۔ کاٹنا۔
مقاطعہ (ع) ٹھیکہ۔
مقاطعہ دادن (ف) ٹھیکے پر دینا۔
مقاطعہ کار (ف) ٹھیکے دار۔
مقاطعہ کردن (ف) ٹھیکے پر لینا۔
مقاطیع (ع) مقطع کی جمع (۱) قطع کرنے کی جگہیں۔ کاٹنے کے مقامات (۲) غزلوں کے آخری شعر۔
مقاعِد (ع) مقعد کی جمع۔ بیٹھنے کی جگہیں۔
مِقال (ع) بات چیت۔ گفتگو۔
مَقالات (ع) مقالہ کی جمع۔
مَقالت } مَقالہ } (ع) (۱) کہی ہوئی بات۔ کلام (۲) قیام کی جگہ (۳) سرود کے پردہ کا نام۔
مَقام (ع) (۱) ٹھہرنا۔ اقامت۔ قیام (۲) ٹھہرنے کی جگہ (۳) مرتبہ۔ درجہ (۴) موسیقی میں سرود کا پردہ۔
مُقام (ع) ٹھہرنا (۲) ٹھہرنے کی جگہ۔
مقام کردن (ف) رہنا۔
مقام گرفتن (ف) کسی اعلیٰ مقام، عہدے یا منصب کو حاصل کرنا۔
مقام ابراہیم (ع) دیکھو مقام مصلےٰ۔
مقامات (ع) مقام کی جمع (۱) مراتب (۲) قواعد (۳) حکایات (۴) علم موسیقی کی اصطلاح میں سرود کے بارہ پردے جو بارہ برجوں کے موافق بارہ ہیں۔ اور دن رات کی ساعتوں کے مطابق چوبیس شعبے ہیں۔ یعنی ہر مقام کے دو شعبے۔
مُقاماتِ رِضوان (ع) بہشت۔

مقاماتِ حریری } مقاماتِ حریریہ } (ع) عربی علم وادب کی ایک نہایت فصیح و بلیغ کتاب کا نام جو ابو محمد قاسم حریری کی تصنیف ہے یہ شخص سنہ ۴۴۶ھ میں پیدا ہوا۔ اور ۵۱۶ھ میں شہر بصرہ کے کوچہ بنی حرم میں فوت ہوا۔
مُقامِر (ع) قمار باز۔ جواری (۲) حریف۔
مُقامَرت (ع) قمار بازی۔ جوا کھیلنا۔
مُقامِر خانہ (ف) قمار خانہ۔ جوئے خانہ۔
مُقامَرہ (ع) قمار بازی۔ جُوا کھیلنا۔
مقامِ محمود (ع) (۱) مقام ستودہ۔ نیکیوں کا اعلیٰ درجہ کا مقام۔ وہ مقام جہاں انواع کرامات سے حمد اور ستائش حاصل ہو۔ (۲) ایک مقام کا نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب معراج پہنچے تھے۔
مُقامِ مُصَلّےٰ (ع) بیت اللہ شریف خانہ کعبہ کا وہ مقام جہاں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے نماز پڑھی تھی۔
مقامَست (ع) غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔
مقامع (ع) سزا دینے اور ذلیل کرنے کے آلات۔
مُقامی (ع) (۱) ٹھہرایا ہوا (۲) خاص جگہ کے متعلق۔ لوکل۔
مقانات (ع) ملانا۔ موافقت کرنا۔
مُقاوَلت } مُقاوَلہ } (ع) باہم مجادلہ کرنا۔ باہم گفتگو کرنا۔
مُقاوِم (ع) برابری کرنے والا۔
مُقاوَمت (ع) برابری کرنا۔ مقابلہ۔
مقاومت داشتن (ف) مزاحمت کرنا۔
مقاہیر (ع) مقہور کی جمع۔ قہر کئے گئے لوگ۔ وہ لوگ جن پر قہر و غضب کیا جائے۔
مُقایَسہ (ع) قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔
مقباس (ع) شعلہ۔ چنگاری۔
مُقبَرہ (ع) قبر کی جگہ۔ قبر۔ گور۔ تُربت۔
مِقبَض (ع) وہ رسّے جو گھوڑوں کے آگے اس لئے تانتے ہیں کہ وہ سیدھے کھڑے رہیں۔
مُقبَل (ع) (۱) قبول کیا گیا۔ مقبول۔ عزت دار (۲) منہ چڑھا۔ جس کی بات حاکم مانے۔
مُقبِل (ع) (۱) اللہ کا حکم قبول کرنے والا (۲) سامنے ہونے والا روبرو ہونے والا۔ کسی کی جانب منہ کرنے والا (۲) اقبال مند۔ صاحب اقبال۔ دولت مند۔
مَقبُوح (ع) قبیح۔ بُرا۔ زشت۔
مَقبُوض (ع) قبض کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ پکڑا گیا۔
مقبوض شُدن (ف) قبضہ ہو جانا۔
مَقبُوضہ (ع) قبضہ کی ہوئی چیز۔ وہ چیز جس پر قبضہ ہو۔
مَقبُول (ع) قبول کیا گیا۔ منظور۔ مانا گیا۔
مَقبُولیت (ع) قبولیت۔ منظوری۔ اجابت۔
مَقت (ع) دشمنی۔ عناد۔

Marfat.com

**مُقتَبِس** (ع) اقتباس کرنے والا۔ روشنی لینے والا۔ آگ لینے والا۔ (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں قرآن کی آیت یا اس کے کسی حصّہ کو یا حدیث کو نثر یا نظم میں تضمین کرنے والا۔

**مُقتَبسات** (ع) اقتباس شدہ چیزیں۔

**مُقتَحِم** (ع) داخل ہونے والا۔ کسی کام میں بے اندیشہ گھسنے والا۔

**مُقتَدا** (ع) اقتدا کیا گیا۔ پیروی کیا گیا وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں۔ پیشوا۔ مذہبی سردار۔

**مُقتَدِر** (ع) قدرت رکھنے والا۔ طاقت ور۔ زور آور۔

**مُقتَدٰے** (ع) دیکھو مقتدا۔

**مُقتَدِی** (ع) اقتدا کرنے والا۔ پیروی کرنے والا۔ پیرو۔

**مُقتَدی بامرِاللّٰہ** (ع) ایک عباسی خلیفہ کا نام جو ۴۶۷ھ سے ۴۸۷ھ تک حکمران رہا۔ یہ خلیفہ عدالت کرتا۔ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر میں مشغول رہتا۔ سلطان ملک شاہ سلجوقی اسی کے زمانہ میں ہوا ہے اس نے اس سے اتحاد قائم رکھا۔

**مُقتَر** (ع) فقیر۔ محتاج۔ مفلس۔

**مُقتَرِف** (ع) نیا خریدار۔ اُدھنط۔

**مُقتَرِف** (ع) کسب کرنے یعنی کمانے والا۔

**مُقتَرِن** (ع) باہم نزدیک۔ باہم مربوط۔

**مُقتَسِم** (ع) تقسیم ہونے والا۔ قسم کھانے والا۔

**مُقتَصِد** (ع) میانہ روی اختیار کرنے والا۔

**مُقتَصِر** (ع) تھوڑے پر صبر کرنے والا (۲) مختصر کرنے والا۔

**مُقتَضا** (ع) (۱) تقاضا کیا گیا۔ چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا جس کی خواہش کی جائے (۲) مناسب (۳) مراد۔ مطلب۔

**مُقتَضَب** (ع) (۱) قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا (۲) نکالا گیا (۳) علم عروض کی ایک بحر کا نام جس کا وزن عروضی فاعلات مفتعلن دو بار ہے۔

**مُقتَضِی** (ع) تقاضا کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔

**مُقتَضی بُودن** (ف) تقاضا کرنا۔

**مُقتَضٰے** (ع) دیکھو مقتضا۔

**مُقتَفِی** (ع) پیچھے آنے والا۔ پیرو۔

**مُقتَفی لامرِاللّٰہ** (ع) ایک عباسی خلیفہ کا نام جس نے ۵۳۰ھ سے ۵۵۵ھ تک حکومت کی۔

**مُقتَفِی** (ع) پیچھے سے آنے والا۔ پیرو۔

**مَقتَل** (ع) (۱) قتل ہونے کی جگہ۔ قتل گاہ۔ جہاں پر کوئی قتل کیا گیا ہو (۲) انسان کے جسم کا وہ مقام جہاں پر زخم لگنے سے آدمی مر جائے۔

**مُقتَنِص** (ع) (۱) شکار کرنے والا۔ (۲) اسیر کرنے والا (۳) کسب کرنے والا۔

**مُقتَنِی** (ع) ذخیرہ کرنے والا۔ سرمایہ دار۔ صاحب جائداد۔

**مُقتَنیات** (ع) دنیاوی اسباب۔ سرمایہ۔ جائداد۔

**مَقتول شُدن** (ف) قتل ہو جانا۔ مارا جانا۔

**مَقتُول** (ع) قتل کیا گیا۔ کشتہ۔ مار ڈالا گیا۔

**مُقَحَّم** (ع) کسی چیز پر ڈالا گیا۔

**مِقدار** (ع) (۱) اندازہ (۲) علم حکمت کی اصطلاح میں جسم کے عرض کو کہتے ہیں۔

**مقدارِ مجہول** (ع) وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو۔ نامعلوم رقم۔

**مقدارِ مرکّب** (ع) جس مقدار کے کئی اجزا ہوں اور ہر ایک جزو کے داہنی طرف علامت اثبات یا نفی ہو۔

**مقدارِ مُثبتہ** (ع) جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کے داہنی طرف جمع کی علامت ہو۔

**مقدارِ معروف** (ع) وہ مقدار جو معلوم ہو۔

**مقدارِ مُقرّرہ** (ع) مقرر کی ہوئی مقدار۔

**مِقداح** (ع) چقماق کا لوہا۔

**مِقدحہ** (ع) چقماق کا لوہا۔

**مِقدام** (ع) میدان جنگ میں اقدام کرنے یعنی آگے بڑھ کر لڑنے والا۔ بہادر۔ دلاور۔ شجاع۔

**مُقَدَّر** (ع) (۱) اندازہ کیا گیا۔ مقدار کیا گیا (۲) تقدیر میں جو ہو۔ تقدیر کا لکھا۔ تقدیر میں جو بات ہو۔ نصیب۔

**مُقَدِّر** (ع) اندازہ کرنے والا۔

**مَقدُرَت** (ع) قدرت۔ طاقت۔ توانائی (۲) تونگری۔ دولت مندی۔

**مُقَدَّس** (ع) پاک۔

**مُقَدَّسہ** (ع) مقدس کی تانیث۔ پاک عورت یا چیز۔

**مَقدَم** (ع) (۱) سفر سے آنا۔ (۲) قدم رکھنے کی جگہ۔

**مُقَدِّم** (ع) (۱) آگے جانے والا (۲) بہادر۔ دلیر (۳) آنکھ کا وہ کونہ جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔

**مُقَدَّم** (ع) (۱) پیش کیا گیا (۲) آگے بڑھا ہوا (۳) چودھری۔ نمبردار (۴) علم منطق کی اصطلاح میں قضیہ شرطیہ کے پہلے جزو کو مقدم اور دوسرے کو تالی کہتے ہیں (۵) چاند کی چھبیسویں منزل۔

**مُقَدَّمات** (ع) مقدمہ کی جمع۔

**مقدمُ الرّحل** (ع) پالان کے آگے کی لکڑی۔

**مقدمِ باقی** (ف) ابتدائی۔

**مُقدمُ العین** (ع) آنکھ کا وہ کونہ جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔

**مقدمُ الوجہ** (ع) چہرے کا اگلا حصّہ۔

**مُقَدِّمہ** (ع) (۱) آگے جانے والا (۲) پیش کرنے والا (۳) وہ تھوڑی سی سپاہ جو لشکر کے آگے آگے چلے (۴) دیباچہ۔ وہ مختصر سا مطلب جو کتاب یا کسی بیان کے شروع میں اس لیے بیان کیا جائے تاکہ کتاب وغیرہ آسانی سے سمجھ میں آسکے اور اس کی غرض و غایت معلوم ہو (۵) ہر ایک امر کا شروع۔ وارداد۔

**مُقَدَّمہ** (ع) (۱) پیش کیا گیا (۲) کسی امر کی واردات۔ دعویٰ۔ استغاثہ۔

Marfat.com

مُقدِّمۃُ الجیش } (ع) ہراول - لین ڈوری - پیش خیمہ - فوج کا وہ دستہ
مُقدِّمۂ لشکر } جو آگے جائے اور لشکر کے لیے منزل مقرر کرے وہ فوجی جو نہایت دلاوری سے لشکر کے پیش رَو ہوں۔

مَقدُور (ع) (۱) قدرت دیا گیا (۲) طاقت - قدرت - زور - جس پر قدرت ہو۔

مقدورات (ف) توانائیاں - وسائل۔

مقدونیہ (ع) رُوم کے جنوب کی طرف ایک صوبہ ہے - سکندر اعظم اسی ملک کا بادشاہ تھا۔

مُقَرّ (ع) قرار گاہ - قرار پکڑنے کی جگہ۔

مُقِرّ (ع) اقرار کرنے والا۔

مِقراض (ع) کاٹنے کا اوزار - قینچی - کترنی۔

مقراض بر کسے راندن (ف) قدر و منزلت بخشنا - نوازش کرنا۔

مقراض زدن (ع) قینچی سے کترنا۔

مقراض شتر گردن (ف) ایک قسم کی خمدار قینچی۔

مقراضک (ف) کُشتی کے ایک داؤ کا نام جس میں دونوں پاؤں حریف کی گردن میں ڈال کر اسے گرا دیتے ہیں۔

مقراض کردن (ف) قینچی سے کترنا۔

مقراضہ (ع) (۱) ایک قسم کا تیر جس کا پھل مقراض کی مانند دو شاخہ ہوتا ہے۔

مقراضی (ع) ایک حلوے کا نام۔

مُقَرَّب (ع) نزدیک کیا گیا - قریب والا - پاس بیٹھنے والا۔

مَقرَبہ (ع) خویشی - قرابت - عزیز داری۔

مقربین (ع) مقرب کی جمع۔

مُقَرَّر (ع) تقرر کیا گیا - قرار دیا گیا - ٹھہرایا گیا - اقرار کیا گیا۔

مُقَرِّر (ع) (۱) اقرار دینے والا - تقریر کرنے والا۔

مقررات (ع) طے ہوئے دستور۔

مقرراست (ف) دُرست ہے - ٹھیک ہے - ہمارے اہل رواج ہے کہ کسی چیز مثلاً غزل یا شعر یا ریاضی کے سوال کے صحیح حل پر صح لکھ دیتے ہیں - لیکن ایران میں صح کی بجائے مقرراست لکھتے ہیں۔

مُقرّرہ (ع) قرار دیا گیا - ٹھہرایا گیا - تجویز کیا گیا - متعینہ - مروجہ - حسب دستور۔

مُقرّری (ع) (۱) تعیناتی (۲) لگان - مالیہ (۳) تنخواہ۔

مُقرّض (ع) مقروض کیا ہوا - کاٹا ہوا - کترا ہوا۔

مُقرّط (ع) گوشوارہ سے مزین کیا گیا۔

مِقرعہ (ع) (۱) مارنے کی لکڑی (۲) چابک - تازیانہ - کوڑا (۳) دھوبیوں کی کندی۔

مقروض (ع) قرض دیا ہوا - قرض دار - وہ شخص جس پر کسی کا قرض ہو - دیندار - مدیون۔

مقروض بودن } قرضے تلے آجانا۔
مقروض شدن } مقروض ہوجانا۔

مُقرف (ع) سبزی مائل - غیر خالص - کھوٹا۔

مُقرِم (ع) قوم کا سردار۔

مِقرمہ (ع) باریک پردہ - اس کی جمع مقارم آتی ہے۔

مِقرن (ع) ہل یا گاڑی کی لکڑی یعنی بیلوں کے گردن کا جوا۔

مُقرَن (ع) ہاتھ پاؤں جکڑا ہوا۔

مُقرِن (ع) مدد کرنے والا - طاقت دینے والا۔

مقرون (ع) نزدیک کیا گیا - ملایا ہوا (۲) وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی ہو۔

مُقرِی (ع) پڑھانے والا - لڑکوں کو قرآن شریف پڑھانے والا۔ کور مقری اس اندھے حافظ کو کہتے ہیں جو لڑکوں کو قرآن شریف پڑھائے۔

مُقرِی تسبیح (ع) تسبیح کا امام جو دانوں میں شمار نہیں ہوتا۔

مَقسَم (ع) تقسیم کی جگہ - بانٹنے کی جگہ۔

مُقسَم (ع) قسم کھایا گیا۔

مُقسَم بہ (ع) جس کی قسم کھائی جائے۔

مقسوم (ع) تقسیم کیا گیا - بانٹا ہوا (۲) قسمت کا لکھا ہوا (۳) وہ عدد جسے کسی پر تقسیم کیا جائے۔

مقسوم علیہ (ع) اس پر تقسیم کیا گیا - وہ عدد جس پر کسی عدد کو تقسیم کیا جائے - بانٹنے والا۔

مقسوم علیہ اعظم (ع) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی اعداد کو پورا تقسیم کرے۔

مُقشّر (ع) چھلکا اُتارا ہوا - چھیلا ہوا - وہ شے جس کا چھلکا اُتارا گیا ہو۔

مقشر شدن (ف) چھلکا اُتارا جانا۔

مقشر کردن (ف) چھلکا اُتارنا۔

مِقَص (ع) قینچی - مقراض - کترنی۔

مَقصَد (ع) قصد کرنے کی جگہ (۲) مراد - مطلب - ارادہ۔

مُقصِّر (ع) (۱) تقصیر کرنے والا - کم کرنے والا - کم رہنے والا - قصور کرنے والا (۲) ملزم (نہ کہ مجرم)

مُقصَّر (ع) تقصیر کیا گیا - کم کیا گیا۔

مقصران } مقصر کی جمع - گنہگار -
مقصرین } قصور وار لوگ۔

مقصود (ع) قصد کیا گیا - ارادہ کیا گیا۔

مقصور (ع) قصر کیا گیا - کم کیا گیا - گھٹایا گیا۔

مقصورہ (ع) (۱) کوٹھڑی - چھوٹا کمرہ - حجرہ (۲) چوکی - تخت (۳) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

مقضی (ع) تمام کیا گیا - ادا کیا گیا۔

مِقَط (ع) قط زن - قط گیر۔

مُقَطَّر (ع) ٹپکایا گیا - قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا۔

مَقطَع (ع) (۱) کاٹنے کی جگہ - انتہا و اتمام کا محل (۲) غزل یا قصیدہ وغیرہ کا آخری شعر۔

مُقطَّع (ع) (۱) کاٹا ہوا - زائد حرفوں سے چھانٹ کر درست ک

Marfat.com

ہوا (۲) چھوٹے قد کا آدمی۔

**مِقْطَع** (ع) (۱) کاٹنے والی چیز۔ مقراض۔ قینچی۔

**مُقَطَّعَات** (ع) (۱) چھوٹے چھوٹے ریشمی ٹکڑے (۲) چھوٹے وزن کے شعر۔ بحر رجز کے شعر۔

**مَقْطَنَہ** (ع) کپاس کا کھیت۔

**مَقْطُوع** (ع) (۱) قطع کیا گیا۔ کاٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا (۲) قطع کیا ہوا کپڑا۔ (۳) وہ شخص جو کسی سبب سے قافلے کے ہمراہ چلنے سے راہ میں رہ جائے۔

**مَقْع** (ع) تہمت لگانا۔ گالی بکنا۔

**مَقْعَد** (ع) (۱) بیٹھنے کی جگہ۔ جائے نشست (۲) مجازاً کون۔ گوبر۔ گانڈ۔

**مَقْعَر** (ع) (۱) عمیق مقام۔ گہری جگہ۔ گہرا کھدا ہوا گڑھا۔

**مَقْعَطَہ** (ع) بڑی پگڑی۔

**مُقْفَع** (ع) سر جھکائے رہنے والا۔

**مُقَفَّعَہ** (ع) کرواک مرغی۔

**مُقْفَل** (ع) قفل لگایا ہوا۔ تالا لگایا ہوا۔ بند۔

**مُقَفّٰی** (ع) قافیہ کیا گیا۔ قافیہ دار۔

**مَقْل** (ع) (۱) سخن چینی کرنا (۲) کسی کے سامنے کسی دوسرے کی برائی کرنا (۳) پانی پینا (۴) کسی چیز کو نگل جانا (۵) کسی چیز کی طرف دیکھنا۔

**مُقْل** (ع) گوگل۔

**مُقِلّ** (ع) قلیل کرنے والا (۲) فقیر۔ درویش۔

**مِقْلَا** (ع) چابی۔ کنجی۔

**مُقَلِّب** (ع) بدلنے والا۔ پھیرنے والا۔

**مُقَلِّبُ القُلُوب** (ع) دلوں کو بدلنے والا۔ ارادہ پھیرنے والا۔ اللہ تعالےٰ۔

**مِقْلَب** (ع) ہل کی پھالی جو زمین کھودتی ہے۔

**مُقَلِّد** (ع) تقلید کرنے والا۔ بغیر دلیل کے کسی بات پر عمل کرنے والا۔ پیرو۔ نقل کرنے والا۔

**مِقْلَد** (ع) چابی۔ ہاتھ کی چھڑی۔

**مُقَلِّد پیشہ** (ع) (۱) رقاص (۲) نقال (۳) مغنی۔

**مُقَلْقَلَہ** (ع) قلقل صراحی۔ صراحی یا بوتل کی غٹ غٹ۔

**مِقْلَم** (ع) اونٹ کے ذکر کا غلاف یعنی اوپری کھال۔

**مِقْلَمَہ** (ع) پر کا قلم بنانے کا چاقو۔ ایک قسم کا چاقو جس میں پر کو دبانے سے قلم بن جاتا ہے۔

**مَقْلُوب** (ع) (۱) الٹا کیا گیا۔ پلٹا گیا۔ الٹا ہوا۔ (۲) علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس میں الٹی سیدھی عبارت یکساں پڑھی جاتی ہے۔ جیسے درد۔

**مَقْلُوبِ بعض** (ع) علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس میں کہیں کی عبارت کہیں ملا کر موزوں پڑھی جاتی ہے۔ جیسے عربی کا مقلوب بعض ربیع۔

**مَقْلُوبِ کُل** (ع) علم بیان کی وہ صنعت جس میں لفظ کی تبدیلی یا ترتیب ہو۔

**مَقْلُوبِ مُسْتَوِی** (ع) علم بیان کی وہ صنعت جس میں کلام یا لفظ کو الٹ کر پڑھیں تو بھی ویسا ہی رہے۔ جیسے لفظ نادان۔

**مَقْلَہ** (ع) وہ پتھر جس سے پانی تقسیم کرتے ہیں جب کہ سفر وغیرہ میں پانی کی قلت ہو۔

**مُقْلَہ** (ع) (۱) آنکھ کا ڈھیلا (۲) ایک شخص کا نام جو بڑا خوشنویس تھا۔ جسے ابن مقلہ کہتے ہیں۔

**مِقْلٰی** (ع) کڑھائی۔

**مَقْلِیَاثَا** (ع) سُریانی زبان کا لفظ ہے۔ بالوں۔ تیرہ تیزک۔

**مِقْلِید** (ف) کنجی۔ چابی۔ تالی۔

**مِقْمَعَہ** (ع) ہاتھی ہانکنے کا آنکس۔

**مُقْمِل** (ع) نو دولت۔

**مَقْنَارَہ** (ع) دھوپ نہ پہنچنے والی جگہ۔

**مِقْنَاطِیس** (ع) سنگِ آہن رُبا۔ وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

**مِقْنَاع** (ع) برقع۔

**مِقْنَب** (ع) (۱) شیر کا جنگل۔ (۲) شکاری کا گوشہ دان جس میں شکار رکھتا ہے (۳) تیس سے چالیس تک یا تین سو تک گھوڑوں کا گلہ۔

**مُقَنَّب** (ع) (۱) بھنگ مل ہوئی کوئی چیز یا کھانا (۲) کھیتی کا پتے نکالنا۔

**مُقَنْطَرَہ** (ع) بھرا ہوا۔ زیادہ کیا ہوا۔

**مُقْنِع** (ع) قناعت دار۔ قانع۔

**مُقَنَّع** (ع) ابن مقنع ایک مشہور حکیم کا نام۔ دیکھو ماہ نخشب۔

**مِقْنَعَہ** (ع) ایک پٹ کی اوڑھنی۔ ایک عرض کی باریک چادر۔

**مُقَنِّن** (ع) (۱) قانون بنانے والا (۲) قانون جاننے والا۔

**مُقَنِّنَہ** (ع) قانون بنانے والی مجلس۔ قانون ساز۔

**مِقْوَد** (ع) (۱) باگ ڈور۔ باگ۔ رسہ۔ مہار (۲) وہ رسہ جس سے کشتی کو کھینچا جاتا ہے۔ کسی چیز کو کھینچنے کا آلہ۔

**مُقَوَّر** (ع) فوارہ کی شکل کا کاٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔

**مِقْوَس** (ع) گھوڑے کی رسی۔

**مُقَوَّس** (ع) خمیدہ شے۔ خمدار شے۔ وہ چیز جو کمان کی مانند خمدار ہو۔

**مُقَوْقِس** (ع) ایک طوق دار پرندے کا نام (۲) مصر و اسکندریہ کے حاکم کا لقب تھا۔ اور یہ اس لیے کہ وہاں اس نام کا ایک حاکم ہوا ہے جو پہلے عیسائی تھا اور بعد میں مسلمان ہو گیا۔

**مَقُوط** (ع) اونٹ کا کمزور ہونا۔

**مِقْوَل** (ع) جیب۔ دہان۔

**مَقُولَات** (ع) مقولہ کی جمع۔

**مَقُولَہ** (ع) (۱) بات۔ سخن (۲) مصدر گفتن کے افعال کا مفعول جو "کیا" کے جواب میں ہو۔ اسے بھی مقولہ کہتے ہیں۔

Marfat.com

مُقَوِّم (ع)، (۱) قیمت کرنے والا (۲) سیدھا کرنے والا۔
مُقَوِّی (ع)، قوت دینے والا - طاقت پہنچانے والا۔
مُقَوِّی باہ (ع)، قوت بڑھانے والی دوا۔ شہوت کو بڑھانے والی دوا۔
مُقَوِّی بدن (ع)، جسم کو طاقت دینے والی دوا۔
مُقَوِّی جگر (ف)، جگر کو قوت دینے والا۔
مُقَوِّی دِل (ف)، دل کو طاقت دینے والی دوا۔
مُقَوِّی دماغ (ع)، دماغ کو طاقت دینے والی دوا۔
مُقَوِّی معدہ (ع)، معدہ کو طاقت دینے والی یعنی ہاضمہ بڑھانے والی دوا۔
مُقَہ (ع)، آنکھ کا خراب ہونا۔
مَقْہُور (ع)، (۱) قہر کیا گیا - غضب کیا گیا - وہ شخص جس پر خُدا یا بادشاہ غصّے ہو۔
مَقْہُور شُدن (ف)، عذاب نازل ہونا۔
مُقَیِّی (ع)، قے لانے والی دوا۔
مِقْیاس (ع)، (۱) اندازہ (۲) وہ شے جس سے اندازہ کیا جائے۔
مِقْیاسُ الحرارت (ع)، تھرمامیٹر - گرمی معلوم کرنے کا آلہ - حرارت اشیاء معلوم کرنے کا آلہ۔
مِقْیاسُ الحنفیت (ع)، ایک کتاب کا نام۔
مِقْیاسُ الماء (ع)، پنسال - پانی کا اُتار چڑھاؤ معلوم کرنے کا آلہ۔
مِقْیاسُ المطر (ع)، بارش ناپنے کا آلہ۔
مِقْیاسُ الموسم (ع)، موسم کے تغیر و تبدل کے معلوم کرنے کا آلہ۔
مِقْیاسُ الہوا (ع)، ہوا یا طوفان وغیرہ کی حالت معلوم کرنے کا آلہ۔
مُقِیت (ع)، (۱) روزی دینے والا - روزی دینے پر قادر (۲) اللہ تعالےٰ کا ایک وصفی نام (۳) گواہ (۴) حاضر - (۵) حفاظت کرنے والا - نگاہ رکھنے والا۔
مُقَیَّد (ع)، قید کیا گیا - اسیر - قیدی۔
مُقَیَّد ساختن } قید کرنا۔
مُقَیَّد کردن } قیدی بنانا۔
مُقَیَّش (ع)، چاندی سونے کے چوڑے تار - وہ شے جس پر چاندی سونے کے باریک اور چوڑے تار لپٹے ہوئے ہوں۔
مُقَیَّل (ع)، دوپہر کے وقت کا سونا۔
مُقِیم (ع)، قیام کرنے والا - اقامت کرنے والا - قائم - ٹھہرنے والا - رہنے والا۔
مقیم شُدن (ف)، مقیم ہونا - قیام کرنا - رہنا - رہائش رکھنا۔
مقیم منزل ہفتم (ف)، زحل ستارہ۔

## م ک

مَک (ف)، مکیدن مصدر بمعنی چوسنا سے امر ہے چوس۔
مُکّ (ع)، ژوبین - چھوٹا نیزہ۔
مِکاب (ف)، کاویدن اور کافتن کا نہی۔
مُکابَدہ (ع)، تکلیف اُٹھانا - رنج کھینچنا۔
مُکابِر (ع)، (۱) اپنی بزرگی کو جتانے کے لیے کسی سے بحث کرنے والا - (۲) جنگ کرنے والا (۳) غلبہ کرنے والا - سینہ زور۔
مُکابَرہ (ع)، اپنی بزرگی ثابت کرنے کے لیے بحث کرنا (۲) جنگ کرنا - (۳) غلبہ کرنا۔
مَکاتِب (ع)، مکتب کی جمع - درسگاہیں - مدرسے۔
مُکاتَب (ع)، وہ غلام جس کو آقا یہ لکھ دے کہ اگر تو مزدوری وغیرہ کرکے اس قدر روپیہ ادا کر دے گا - تو تجھے آزاد کر دیا جائے گا۔
مُکاتَبت (ع)، باہم خط و کتابت کرنا۔
مُکاتَبہ (ع)، (۱) آپس میں خط و کتابت کرنا (۲) خط نامہ (۳) غلام کو اس کے ذاتی مال کے عوض آزاد کر دینا۔
مُکاتَلہ (ع)، لعنت کرنا - نیکی سے دُور کرنا۔
مَکاتِیب (ع)، مکتوب کی جمع - مکتوبات - خطوط - نامے۔
مکاذبہ (ع)، باہم جھوٹ بولنا۔
مَکّار (ع)، مکر کرنے والا - فریب کار۔
مُکارات (ع)، باہم جھوٹ بولنا۔
مکارزہ (ع)، بھاگنا - چھپ جانا۔
مکارم (ع)، مکرمت کی جمع - بزرگیاں - نوازشیں۔
مکارم اخلاق (ع)، اخلاقی خوبیاں۔
مَکّارہ (ع)، مکار کی تانیث - مکر کرنے والی عورت۔
مَکارِہ (ع)، بروزن مساجد - مکروہ کی جمع - مکروہات - رنج - سختیاں۔
مَکّاری (ف)، مکار ہونا - مکر کرنا۔
مُکاری (ع)، کرایہ کرنے والا - کسی چیز کو کرایہ پر دینے والا۔
مکاس (ف)، (۱) کسی سے اپنی چیز واپس لینے کے لیے تقاضا کرنا (۲) تاکید کرنا (۳) مبالغہ کرنا (۴) راہداری کا محصول (۵) راہداری کا محصول وصول کرنے والا۔ (۶) مال کے فروخت کرنے میں دیر کرنے والا۔
مکاسب (ع)، خلاف قیاس - کسب کی جمع۔
مُکاشَحت (ع)، دشمنی کرنا۔
مُکاشَفت (ع)، کشف راز کرنا - بھید کھول دینا۔
مکاشفات (ع)، مکاشفے۔
مُکاشَفہ (ع)، ولی کے دل میں امور غیبی کا ظاہر ہونا (۲) اسرار کا ظاہر ہونا - اُمور غیبی کا ظاہر ہونا (۳) دشمنی کرنا - برملا جنگ کرنا۔
مُکافات (ع)، (۱) باہم برابر ہونا (۲) برابر کھڑے ہونا (۳) بدی کا بدلہ - سزا - عوض - پاداش - اِنتقام۔
مکافات بآں دنیا ہمی ماند (ف)، کاموں کا بدلہ اس دنیا میں ہی مل جاتا ہے۔
مکافات شُدن (ف)، بدلہ ملنا - پاداش حاصل کرنا۔
مُکافحہ (ع)، (۱) سامنے ہونا - رُوبرو ہونا (۲) رُوبرو جنگ کرنا - (۳) گفتگو کرنا - ہم کلام ہونا (۴) بوسہ لینا۔

Marfat.com

مُکَافِی (ع) برابر۔ مساوی۔
مُکَالمَہ (ع) (۱) گفتگو۔ بات چیت (۲) ہم کلام ہونا۔ بات چیت کرنا۔ زبانی سوال و جواب۔
مَکان (ع) (۱) جگہ (۲) رہنے کی جگہ۔ گھر۔
مَکَانات (ع) مکان کی جمع۔ بہت سی جگہیں۔ بہت سے گھر۔
مَکَانت (ع) عزّت۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ قدر و منزلت۔
مکان علیٰ (ع) ساتواں آسمان۔
مکانیک (ف) ماہر فن۔ مشینی۔
مکانیکی (ف) مشینی۔
مُکَاوحت (ع) (۱) عداوت۔ دشمنی (۲) جنگ (۳) کوشش۔
مُکَاہنت (ع) غیب کی خبر دینا۔
مَکَائد (ع) کیدہ کی جمع۔ فریب۔ بدی۔ مکر۔
مَکَائلہ (ع) باہم ناپنا۔ ایک دوسرے کو پیمانے سے ناپ کر کچھ دینا۔
مُکِب (ع) مُنہ کے بل گرنے والا۔
مُکَب (ع) مُنہ کے بل گرا دیا گیا۔
مکباز (ف) بے شرم لڑکا۔
مَکبُول (ع) قید کیا گیا۔ محبوس۔ قیدی۔
مکتب (ع) کتاب کی جمع۔ لکھنے کی جگہ۔ مدرسہ۔ سکول۔
مکتبت (ع) مکتب خانہ۔
مکتب دار (ف) استاد۔ معلّم۔
مکتب خانہ } مکتب گاہ } (ف) مدرسہ۔ سکول۔ اس لفظ کی ترکیب غلط ہے۔ کیونکہ مکتب بجائے خود اسم ظرف ہے۔ اس کے آگے گاہ لگانا فضول اور بے معنی ہے۔ مگر بعض اساتذہ اپنے کلام میں بطریق تجرید لاتے ہیں۔ مگر غلط پھر بھی غلط ہے۔ مثلاً ظہوری نے لکھا ہے ؎

کنم در عشق مکتب خانہ خود کرہ و ہامون را
بیاموزم طریق عاشقی فرہاد و مجنوں را

یا گرامی کا شعر ہے ؎

چوں ز مکتب خانہ بیروں آید آں مضمون ناز
معنی از ہر لفظ و لفظ از ہر کتاب آید بُرِدل

مُکتَرِی (ع) کسی چیز کا کرایہ لینے والا۔
مُکتَسَب (ع) کسب کیا گیا۔ حاصل کیا گیا۔ وہ چیز جو اپنی کوشش سے حاصل کی گئی ہو۔
مُکتَسِب (ع) کسب کرنے والا۔ کسی چیز کو اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا۔
مُکتَسَبہ (ع) کسب کیا ہوا۔ محنت اور مشقت سے حاصل کی ہوئی چیز۔
مُکتَسَبی (ع) حاصل کیا ہوا۔ محنت سے حاصل کی ہوئی شے۔
مُکتَسِی (ع) (۱) چھپنے والا (۲) کملی میں چھپنے والا۔ گدڑی اوڑھنے والا۔
مُکتَل (ع) ناپنے کی ٹوکری۔ جھولی۔

مُکتَل (ع) گول گٹھے جسم کا آدمی۔
مُکتَنِس (ع) کوڑا کرکٹ صاف کرنے والا۔ کوڑا جھاڑنے والا۔ کوڑا اکٹھا کرنے والا۔ مہتر۔ بھنگی۔
مُکتَنِف (ع) یک سُو ہونے والا۔ پناہ ڈھونڈنے والا۔
مکتوب (ع) (۱) لکھا گیا۔ لکھا ہوا (۲) خط۔ نامہ۔
مکتوبات (ع) مکتوب کی جمع۔ خطوط۔ نامہ۔
مکتوب الیہ (ع) وہ شخص جسے خط بھیجا جائے۔
مکتوم (ع) (۱) پوشیدہ کیا گیا۔ چھپایا گیا (۲) پوشیدہ۔ پنہاں (۳) راز۔ بھید۔
مکتوم داشتن } مکتوم ساختن } پوشیدہ رکھنا۔ چھپانا
مُکث (ع) (۱) دیر کرنا (۲) انتظار کرنا۔
مُکث } مَکث } (ع) دیر۔ درنگ (۲) انتظار۔
مِکثار (ع) باتونی۔ بڑبولا۔ کثیر الکلام۔ بکواسی۔
مکث کردن } مکث نمودن } دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
مکحال (ع) سُرمہ لگانے کی سلائی۔
مکحل (ع) سُرمہ دانی۔
مِکحَل (ع) سُرمچو۔ سُرمہ لگانے کی سلائی۔
مُکتَحِل (ع) سُرمہ لگایا ہوا۔ وہ شخص جو سُرمہ لگائے ہوئے ہو۔
مُکحلہ (ع) سُرمہ دانی۔
مَکحُول (ع) جس نے سُرمہ لگایا ہو۔
مکد (ع) کنگھی۔
مُکَدَّر (ع) (۱) کدورت آمیز۔ گدلا۔ دھندلا (۲) منغض۔ رنجیدہ۔ ملول۔ ناراض۔
مُکَدِّر (ع) (۱) گدلا کرنے والا (۲) رنجیدہ کرنے والا۔
مکدر ساختن } مکدر کردن } گدلا کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔ ناراض کرنا۔
مُکَذِّب (ع) تکذیب کرنے یا جھٹلانے والا۔
مکذوب (ع) جھوٹ۔ کذب۔
مکر (ع) حیلہ۔ دغا۔ فریب۔ داؤ۔
مکران (ف) ایران کے جنوب میں ایک علاقہ اور ایک شہر کا نام۔
مکر بر آب زدن (ف) کوئی تازہ مکر سوچنا۔
مکرخ (ع) ذلیل۔ رُسوا۔
مُکَرَّر (ع) (۱) دوبارہ۔ دوہرایا گیا۔ بار بار کیا گیا (۲) حرف نامرغوب۔ ناپسندیدہ بات۔
مکرعہ (ع) پانی کی مشک۔
مُکَرَّم (ع) بزرگی دیا گیا۔ عزّت کیا گیا۔ گرامی کیا گیا۔
مُکَرِّم (ع) بخشش کرنے والا۔ نوازش کرنے والا۔ بزرگوار رکھنے والا۔ مہربان۔

Marfat.com

مَکرُمت (ع) (۱) بزرگی (۲) نوازش - احسان - بخشش -
مَکرُوب (ع) کرب والا - غمگین - اندوہناک -
مَکرُوہ (ع) کراہت کیا گیا - ناپسند - بھونڈا - زشت -
مَکرُوہات (ع) مکروہ کی جمع - ناپسند چیزیں -
مَکرُوہ تحریمہ (ع) بالکل ناجائز - وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو -
مَکرہ (ع) پُرگوشت پنڈلی -
مَکزیک (ف) میکسیکو -
مَکسُور } (ع) (۱) شکستہ - ٹوٹا ہوا (۲) وہ حرف جس کے نیچے زیر
مَکسُورہ } کی حرکت ہو - کسرہ دیا گیا -
مَکشُوف (ع) کھولا گیا - ظاہر کیا گیا -
مَکشُوف بُودن (ف) ظاہر کیے جانا -
مَکظُوم (ع) گرفتار الم - دل غصہ کھایا ہوا - غمزدہ -
مُکَفِّر (ع) کسی کو کافر کہنے والا (۲) گناہ کا کفارہ دینے والا -
مَکفُور (ع) پیچھے دبی ہوئی آنکھ -
مَکفُوف (ع) (۱) لپیٹا ہوا (۲) پیرہن (۳) اندھا - نابینا (۴) باز رکھا گیا (۵) علم عروض میں وہ ہفت حرفی رکن جس کے آخر کا حرف گرا دیا گیا ہو - جیسے مفاعیلن سے مفاعیل -
مَکفُول (ع) جس کی ذمہ داری لی گئی ہو -
مُکفِی (ع) کفایت دینے والا - کافی ہونے والا -
مُکَلّا (ع) دریا کا کنارہ - بندرگاہ -
مُکَلِّب (ع) کُتّے کو سدھانے والا -
مُکَلَّف (ع) (۱) تکلیف دیا گیا (۲) تکلف کیا گیا - ٹیپ ٹاپ کیا گیا -
مُکَلِّف (ع) تکلیف دینے والا -
مُکَلَّف ساختن (ف) ذمہ دار بنانا -
مُکَلَّف کَردن (ف) کسی پر کوئی فرض یا ڈیوٹی عائد کر دینا -
مُکَلَّفان (ف) مکلف کی جمع -
مُکَلَّل (ع) (۱) سر پر تاج رکھا گیا (۲) لمع کیا گیا - (۳) درخشاں - چمکیلا -
مُکَمَّل (ع) کامل کیا گیا - تمام کیا گیا - پورا کیا گیا - کامل -
مُکَمِّل (ع) کامل کرنے والا - تمام کرنے والا - پورا کرنے والا -
مَکمَن (ع) پوشیدہ ہو کر گھات لگانے کی جگہ - گھات کی جگہ - چھپنے کی جگہ - پوشیدہ -
مَکمُون (ع) پنہاں - پوشیدہ - چھپا ہوا -
مَکنَہ (ع) بیلچہ -
مِکنَاس (ع) جھاڑو - جاروب -
مُکنَت (ع) قدرت - تونگری -
مُکنَت دار (ف) توانا - زور آور -
مِکنَسَہ (ع) جھاڑو - جاروب -
مَکنُوز (ع) (۱) خزانہ کیا گیا - خزانہ کردہ شدہ (۲) دفن کیا گیا (۳) ذخیرہ کیا گیا (۴) پوشیدہ کیا ہوا - چھپا ہوا -
مَکنُون (ع) پوشیدہ کیا گیا - چھپا ہوا - مخفی - خفیہ - سربستہ -
دُرِّ مکنون یا گوہر مکنون - قیمتی موتی کو اس لیے کہتے ہیں کہ بوجہ بیش قیمت ہونے کے اسے پوشیدہ رکھا جاتا ہے -
مَکنُون بُودن (ف) پوشیدہ ہونا - مخفی ہونا -
مَکنُونات (ع) (۱) مکنون کی جمع - پوشیدگیاں (۲) سامان وغیرہ جو صندوق کے اندر ہو -
مَکو (ع) خرگوش کا بھٹ -
مِکواۃ (ع) استری -
مِکوَر (ع) پگڑی -
مَکُّوک (ع) (۱) ایک پیمانہ کا نام جو کئی سیر کا ہوتا ہے (۲) طاس جس میں پانی پلایا جاتا ہے -
مُکَوکَب (ع) ستارہ دار کیا گیا - وہ چیز جس پر ستارے لگے ہوئے ہوں - وہ شے جس پر سونے چاندی کی میخیں لگی ہوئی ہوں - روشن -
مُکَوَّن (ع) خلقت کیا گیا - پیدا کیا گیا - ہستی میں لایا گیا -
مُکَوَّنات (ع) مخلوقات - موجودات -
مَکّہ (ع) عرب کے دارالخلافہ کا نام جو علاقہ حجاز میں ہے - مسلمانوں کا یہاں خانہ کعبہ ہونے کے باعث دنیا میں مشہور ہے اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا مولد ہے -
مکہ مُعظّمہ (ع) شہر مکہ کو تعظیماً کہتے ہیں -
مَکّی (ع) منسوب بہ شہر مکہ - مکہ کا رہنے والا -
مِکیَال (ع) (۱) پیمانہ (۲) ٹوپہ - اناج ناپنے کا برتن -
مَکِیث (ع) عزت دار - محترم -
مَکِید (ع) مکر کرنے والا - فریب کرنے والا -
مَکِیدت (ع) (۱) بداندیشی - کسی کے حق میں برا چاہنا (۲) فریب - مکر -
مَکِیدَن (ف) چوسنا - فارسی مصدر ہے -
مَکِیدہ (ع) دیکھو مکیدت -
مَکِیل (ع) پیمانہ سے ناپا گیا -
مِکیَل } (ع) پیمانہ - ناپنے کی چیز -
مِکیَلہ }
مُکَیِّف (ع) کیفیت پیدا کرنے والی چیز - کیف آور شے - نشہ پیدا کرنے والی چیز -
مُکَیِّفات (ع) مکیف کی جمع -
مَکِین (ع) (۱) صاحب مکان - مکان رکھنے والا - مکان دار - مکان والا (۲) مکان میں رہنے والا (۳) صاحب مرتبہ - صاحب منزلت -

# م - گ

مَگاتِزیُوم (ف) انگریزی لفظ میگنڈیم کا مفرس - ایک جانور کا نام

Marfat.com

جو اب معدوم ہے اور تاریخوں سے اس کا پتہ چلتا ہے۔

**مگر** (ف) (۱) لیکن۔ بجز۔ سوا (۲) شاید (۳) بعض اوقات زائد بھی آتا ہے قواعد فارسی کی رُو سے حرف استثنا بھی ہے۔ اور حرف استدراک بھی۔

**مگر آب آوردہ است** (ف) اتنی بے رحمی سے کیوں خرچ کر رہے ہو۔

**مگر آرد بدست گرفتہ** (ف) کیوں گونگے کا گڑ کھائے ہوئے ہو۔

**مگر اجلت رسیدہ** (ف) جان کو خطرے میں کیوں ڈالتے ہو۔ خواہ مخواہ خطرہ مول کیوں لیتے ہو۔

**مگر از روستا آمدہ ای** (ف) کیا تو گاؤں سے آیا ہے۔ سادہ لوحی کے لیے بولتے ہیں۔

**مگر باسب شاہ بابو گفتہ ام** (ف) میں نے سچی بات کہی ہے کوئی جھوٹ تو نہیں بولا۔

**مگر خرم بگل ماندہ** (ف) میری کون سی اٹکی ہے۔

**مگر دنیا اللہ اللہ است** (ف) کیا دنیا میں نیک بندے نہیں رہتے۔

**مگر سرش را داغ کردہ اند** (ف) آخر میرا سر تو نہیں پھرا۔

**مگزین** (ف) میگزین کا مفرس۔ سامان رکھنے کی جگہ۔

**مگس** (ف) مکھی۔

**مگس پَرّال** (ف) چمڑے کا ٹکڑا جو گھوڑے گدھے وغیرہ کی آنکھوں پر مکھیوں سے بچاؤ کے لیے باندھتے ہیں۔

**مگس پراندن** (ف) مچھڑیاں جھٹکانا۔

**مگس پرّانی** (ف) بے رونقی۔ بے رونق ہونا۔ کساد بازاری۔

**مگس ران** (ف) مورچھل۔ چونری۔

**مگس رانی** (ف) مورچھل کرنا۔ چونری ہلانا۔

**مگسک** (ف) بندوق کی مکھی یعنی بندوق کی اگلی نظر۔

**مگس گیر** (ف) عنکبوت۔ مکڑی۔

**مَگَل** (ف) غوک۔ مینڈک۔

**مُگَل** (ف) زلو۔ جونک۔

**مگو زبان فرنگی۔ بگو زبان دِگر**۔ مزاح کے طور پر اس وقت یہ فقرہ استعمال کرتے ہیں جب مجلس میں دو آدمی ہوں۔

---

# م ل

---

**مل** (ف) (۱) شراب۔ انگوری شراب (۲) امرود جو پھل ہے۔

**مِل** (ف) بال۔ موئے۔ خواہ کسی جگہ کا اور کسی جاندار کا ہو۔

**مَل** (ع) (۱) صاحب ملال۔ ملول۔ غمگین۔ دُکھیا (۲) سیر۔ پیٹ بھرا ہوا (۳) کپڑا سینا۔

**مَلا** (ع) (۱) پُر ہونا۔ بھری (۲) صحرا۔ جنگل۔ (۳) ظاہر۔ آشکارا (۴) محفل۔ مجلس۔ انجمن۔

**ملاء** (ع) اشراف اور بزرگ آدمیوں کا گروہ۔

**مُلآء** (ع) مبالغہ کا صیغہ ہے۔ بسیار پُر۔ بہت بھرا ہوا۔ یعنی علم سے بھرا ہوا۔ بڑا عالم۔ بہت پڑھا ہوا۔ فارسی میں بغیر ہمزہ کے استعمال ہوتا ہے۔

**مَلاءُ الاعلیٰ** (ع) عالم علوی والوں کا گروہ۔ فرشتوں کا گروہ۔

**مَلاح** (ع) کشتی چلانے والا۔ کشتی بان۔ ناخدا۔ یہ لفظ ملح سے مشتق ہے جس کے معنی پرندے کے دونوں بازوؤں کو پھڑپھڑانا کے ہیں۔ چونکہ کشتی بان بھی جب کشتی میں دونوں طرف چپو لگاتے ہیں تو وہ بھی پرند کی مانند معلوم ہوتی ہے یا کشتی کھینے میں بازوؤں کا بہت زور لگتا ہے اور اس مناسبت سے یہ نام ہوا۔

**ملاحت** (ع) (۱) نمکینی (۲) حسن کی نمکینی۔ سانولے رنگ کی خوبصورتی۔ سانولا رنگ جس میں تناسب اعضا شرط ہے۔

**ملاحد** }
**ملاحدہ** } (ع) ملحد کی جمع۔ بے دین لوگ۔

**مُلاحظہ** (ع) (۱) گوشہ چشم سے دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) دیکھنا۔

**مُلاحظہ مند** (ف) صاحب لحاظ۔ لحاظ والا۔

**ملاحی** (ف) ایک قسم کا انگور ہے جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔

**ملاخ** (ف) (۱) ایک شہر کا نام (۲) ایک جزیرہ کا نام۔

**مَلاذ** (ع) جائے پناہ۔ پناہ کی جگہ۔ فارسی والے بعض اوقات بجائے ذال کے دال بھی استعمال کرتے ہیں۔

**مَلاذ** (ع) بڑا جھوٹا۔ بڑا دروغ گو۔ جو اپنے کہنے پر قائم نہ رہے۔

**مَلاذ** (ع) لذیذ چیزیں۔ خوش ذائقہ اشیاء۔

**مُلازادہ** (ف) علم معانی کی ایک کتاب جس کے مصنف کا بھی یہی نام تھا۔ اور یہ اپنے مصنف کے نام پر ہے (۲) آلہ تناسل۔

**مُلازِم** (ع) کسی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔ کسی کے پاس ہمیشہ رہنے والا۔ اور اسی مناسبت سے نوکر کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

**مُلازمت** (ع) لازم پکڑنا۔ کسی جگہ پر ہمیشہ رہنا۔ کسی کے پاس ہمیشہ رہنا۔ کسی کے نزدیک ہمیشہ ہونا۔ اور اسی مناسبت سے نوکری کو کہتے ہیں۔

**مُلازہ** }
**مُلاژہ** } (ف) وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں لٹکا ہوتا ہے جسے کوا کہتے ہیں۔

**مَلاست** (ع) (۱) نرمی (۲) صفائی (۳) ہمواری۔

**مُلاصق** (ع) چسپیدہ۔ لگا ہوا۔

**مِلاط** (ع) گارا یا چونہ۔ جس سے دیوار کی اینٹیں وغیرہ جوڑتے ہیں۔

**مُلاطِف** (ع) مہربانی کرنے والا۔

**ملاطفت** (ع) کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔ احسان کرنا۔ مہربانی کرنا۔

**مُلاطفہ** (ع) (۱) کسی کے ساتھ نیکی کرنا (۲) خط نامہ۔

**ملاطیہ** (ع) ایک شہر کا نام۔ ملیطہ۔

**مُلاعبت** }
**مُلاعبہ** } (ع) لعب کرنا۔ کسی کے ساتھ کھیلنا۔ بازی کرنا۔

**مَلاعق** (ع) ملعقہ کی جمع۔ چمچے۔ قاشقیں۔

**مَلاعنہ** (ع) ملعون کی جمع۔ لعنت کیے گئے لوگ۔

Marfat.com

ملاعین (ع) ملعون کی جمع - لعنت کیے گئے لوگ۔
ملاغفت (ع) دوستی کرنا - بوسہ دینا۔
ملاقات (ع) باہم ملنا - ایک دوسرے سے ملنا۔
ملاقح (ع) درختوں پر پھل پھول لانے والی ہوائیں۔
ملاقی (ع) ملاقات کرنے والا - ملنے والا۔
ملاک (ع) کسی چیز کی اصل جس سے وہ چیز قائم ہو۔
ملال (ع) طبیعت کا اکتا جانا - طبیعت کا اداس ہونا - رنجیدگی - غمگین ہونا۔
ملال انگیز (ف) غم انگیز۔
ملال آور (ف) غم آور۔
ملال داشتن (ف) رنجیدہ ہونا - ملول ہونا۔
ملالت (ع) اداسی - غم - آزردگی - رنج۔
ملام (ع) (۱) ملامت کی جگہ (۲) ملامت کرنا - سرزنش کرنا۔
ملامت (ع) ڈانٹنا - جھڑکنا - برا بھلا کہنا۔
ملامت کردن (ف) لعن طعن کرنا۔
ملامست (ع) (۱) لمس کرنا - چھونا - ہاتھ لگانا (۲) جماع کرنا۔
ملا مکتبی (ف) مدرسہ پڑھانے والا معلم (یہ لفظ بلا اضافت پڑھا جاتا ہے)۔
ملاں (ف) لاندن سے نہی کا صیغہ - نہ ہلا - نہ پھاڑ۔
ملاہی (ع) لہو کی جمع - کھیل کود - بازی - کھیلیں۔
ملائک، ملائکہ (ع) ملک کی جمع - فرشتے۔
ملائم (ع) (۱) مناسب - موافق - طبیعت کے موافق (۲) نرم (۳) باہم ہونے والا۔
ملائمت (ع) (۱) نرمی (۲) مناسبت - موافقت - سازگاری (۳) دو اشیاء کا باہم جمع کرنا۔
ملائمت کردن (ف) نرمی سے کام لینا۔
ملبب (ف) فارسی والوں کا عربی طریق پر بنایا ہوا لفظ ہے - لبالب - پُر۔
ملبس (ع) لباس - پوشاک۔
ملبس (ع) لباس پہنایا گیا - کپڑے پہنے ہوئے۔
ملبن (ع) اینٹ بنانے کا سانچہ - اینٹ بنانے کا قالب۔
ملبوس (ع) لباس - جامۂ پوشیدنی - پہننے کا کپڑا - جیسے قبا - پگڑی - ٹوپی وغیرہ۔
ملت (ع) مذہب - دین - گروہ - شریعت۔
ملتاع (ع) (۱) جلنے والا - سوزاں (۲) مشتاق (۳) حریص۔
ملتان (ف) پنجاب کے ایک نہایت قدیم اور مشہور شہر کا نام جو دریائے راوی کے کنارے ہے۔
ملتانی (ف) اہل ایران ہندو کو کہتے ہیں - ہندی - ہندوستانی۔
ملتبس (ع) (۱) اشتباہ (۲) پوشیدہ - چھپا ہوا۔
ملتثم (ع) بوسہ لینے والا - چومنے والا۔

ملتجا (ع) (۱) جائے پناہ - پناہ کی جگہ (۲) پناہ لینا۔
ملتجی (ع) (۱) التجا کرنے والا (۲) پناہ ڈھونڈنے والا۔
ملتجی شدن (ف) التجا کرنا۔
ملتحد (ع) جائے پناہ - پناہ کی جگہ۔
ملتحم (ع) انگور لایا ہوا زخم - زخم جو بھر گیا ہو - وہ زخم جو خشک ہونے کے قریب ہو۔
ملتزم (ع) (۱) التزام کیا گیا - لازم پکڑا گیا (۲) کعبہ میں رکن یمانی کے سامنے ایک مقام ہے جہاں حاجت مند دعا کرتے ہیں۔
ملتزم (ع) التزام کرنے والا - اپنے اوپر لازم پکڑنے والا۔
ملتزم بودن (ف) ہمیشہ خدمت میں حاضر رہنا۔
ملتزم رکاب (ف) ہمیشہ آمادۂ خدمت۔
ملتصق (ع) لگا ہوا - ملا ہوا - چپکا ہوا۔
ملتصق بودن (ف) باہم چسپیدہ کرنا۔
ملتفت (ع) التفات کرنے والا - توجہ کرنے والا۔
ملتفت شدن (ف) سمجھ جانا - جان لینا - متوجہ ہونا۔
ملتقط (ع) (۱) چگا ہوا - چنا ہوا (۳) اٹھایا ہوا (۴) رفو کیا ہوا۔
ملتقط (ع) (۱) چگنے والا (۲) چننے والا (۳) اٹھانے والا (۴) رفو کرنے والا۔
ملتقیٰ (ع) ملاقات کی جگہ - ملنے کی جگہ - وہ جگہ جہاں دو چیزیں آپس میں ملیں۔
ملتمس (ع) التماس کیا گیا - عرض کیا گیا - عرض۔
ملتمس (ع) التماس کرنے والا - عرض کرنے والا۔
ملتوی (ع) (۱) پیٹنے والا - پیچ در پیچ ہونے والا (۲) دیر کرنے والا (۳) لپیٹنے والا (۴) نبض کی ایک حرکت کا نام جو رسی کی مانند پیچیدہ معلوم ہوتی ہے۔
ملتہب (ع) بھڑکنے والا شعلہ - بھڑکتا ہوا شعلہ - بھڑکتی ہوئی آگ۔
ملتہب (ع) بھڑکنے والا۔
ملتہب بودن (ف) شعلہ ور ہونا - بھڑک اٹھنا۔
ملتئم (ع) اچھا ہو گیا ہوا زخم - وہ زخم جس کے دونوں کنارے مل گئے ہوں اور اسے مرہم کی حاجت نہ ہو۔
ملث (ع) رات کا اندھیرا۔
ملثم، ملثوم (ع) چوما گیا - بوسہ لیا گیا جس کا بوسہ لیا جائے۔
ملجا (ع) پناہ کی جگہ - جائے پناہ - جہاں پناہ لی جائے۔
ملجائے نوح (ع) کوہ جودی یا کوہ ارارات جس پر طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ٹھہری تھی۔
ملچ (ف) غلہ - غلولہ جسے گوپیا یا غلیل میں رکھ کر مارتے ہیں۔
ملح (ع) پرندوں کا دونوں بازو پھڑپھڑانا - پرندوں کا دونوں

Marfat.com

بازدُوں سے نڑپنا۔

**مَلح** (ع) نمک۔

**مُلَح** (ع) مزے دار اور نمکین باتیں۔ مبالغہ آمیز باتیں۔

**مُلِح** (ع) کسی بات میں مبالغہ کرنے والا۔

**مِلحاح** (ع) (۱) بڑا مبالغہ کرنے والا (۲) بڑا الحاح اور عاجزی کرنے والا۔

**مِلحب** (ع) بہت گالی بکنے والا۔

**مُلحِد** (ع) راہِ حق سے پھرنے والا۔ بے دین۔ فاسق۔

**ملحد بُودن** (ف) بے دین ہونا۔

**مُلحَق** (ع) (۱) لگا ہوا۔ ملا ہوا (۲) حرام زادہ۔

**مُلحِق** (ع) (۱) ملنے والا شامل (۲) پیچھے لگ جانے والا۔ وہ چیز جو آخر میں آکر ملے (۳) پہنچنے والا (۴) پہنچانے والا (۵) دریافت کرنے والا۔

**مُلحق کردن** (ف) ملانا۔ جوڑنا۔ پیوستہ کرنا۔

**مُلحقہ** (ع) لگی ہوئی چیز۔ ملی ہوئی چیز۔ الحاق کی ہوئی۔

**مُلحم** (ع) (۱) ایک قسم کا نہایت ملائم ریشمی کپڑا (۲) وہ آدمی جس کی روزی شکار کے گوشت پر ہو۔

**مَلحُوظ** (ع) (۱) لحاظ کیا گیا (۲) دیکھا گیا (۳) کن انکھیوں سے دیکھا گیا۔

**ملحوظات** (ع) ملاحظات۔ مشاہدات۔

**ملحوظِ خاطر** (ع) دلی۔ توجہ۔ دلی خیال۔ خیال رکھنا۔

**ملخ** (ف) ٹِڈی۔ ٹیڑھی۔

**ملخ خوردگی** (ف) قحط۔ گرانی۔ اشیائے خوردنی کی نایابی۔

**ملخ زدن کشت را** (ف) ٹڈی کا کھیت کو تباہ کرنا۔

**مُلَخَّص** (ع) (۱) خلاصہ کیا گیا (۲) پاک کیا گیا۔ (۳) خلاصہ۔ اختصار۔

**ملخص شُدن** (ف) خلاصہ بنایا جانا۔

**مِلدَم** (ع) موٹا اور احمق آدمی۔ ام ملدم تپ کی کنیت ہے۔

**مُلِذّ** (ع) لذیذ۔ مزے دار۔ خوش ذائقہ۔

**مَلَذّ** (ع) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ مزے دار۔

**مُلزَم** (ع) الزام لگایا گیا۔ مجرم۔ قصوروار۔ گنہگار۔

**مُلزِم** (ع) لازم کرنے والا۔ واجب کرنے والا۔ کسی کے ذمے کوئی کام ڈالنے والا۔

**ملزوم** (ع) لازم کیا گیا۔ جس پر کوئی چیز لازم ہو۔

**ملزومات** (ع) اداروں اور دفتروں میں کام کرنے کا سامان۔

**مُلِس** (ع) کھٹ میٹھا۔ ترش وشیریں۔

**مُلصَق** (ع) (۱) لگایا گیا۔ پیوستہ کیا گیا۔ فریب (۲) حرامزادہ۔

**مُلصِق** (ع) پیوستہ کرنے والا۔ چپٹانے والا۔

**مُلطِف** (ع) تپلا کرنے والی دوا۔

**مَلطِیَہ** (ع) ایک شہر کا نام۔

**ملطہ** (ف) مالٹا۔ ایک جزیرے کا نام۔

**مِلعقہ / مِلعَقہ** (ع) (۱) چمچہ۔ قاشق (۲) طبیبوں کی اصطلاح میں ایک معین وزن جو شہد اور معجون میں اٹھارہ ماشہ اور دیگر ادویات میں ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔

**مَلعُون** (ع) لعنت کیا گیا۔ مُردود۔

**ملعون شُدن** (ف) مردود ہونا۔ راندۂ درگاہ ہونا۔

**مَلغُوبا** (ف) (۱) خس وخاشاک۔ کوڑا کرکٹ (۲) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار (۳) آلودگی۔ آلائش۔ مواد۔

**ملغی شُدن** (ف) لغو قرار دیے جانا۔ منسوخ ہونا۔

**ملفوظ** (ع) اولیاء اللہ کا کلام۔ بزرگوں کا کلام۔ وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کی کیفیت اس کی اپنی زبانی لکھی گئی ہو۔

**ملفوظات** (ع) ملفوظ کی جمع۔

**مَلفُوف** (ع) لفافہ کیا گیا۔ لپٹا ہوا۔

**مَلَق** (ع) ہموار زمین۔

**مَلِق** (ع) چاپلوسی کرنے والا۔ وہ خوشامدی جس کے دل میں کینہ ہو۔

**مَلَق** (ع) (۱) دوستی رکھنا (۲) چاپلوسی (۳) مٹا دینا۔

**مُلَق** (ع) وہ آواز جو پانی میں اینٹ ڈالنے سے نکلتی ہے۔

**مُلَقَّن** (ع) تلقین کیا گیا۔ جس کی تلقین کی جائے۔

**مُلَقِّن** (ع) تلقین کرنے والا۔

**مَلَک** (ع) فرشتہ۔ جمع دوت۔ (جمع ملائک)

**مَلِک** (ع) بادشاہ (جمع ملوک)

**مُلک** (ع) بادشاہی۔ ایک دیس جو ایک قوم کا ہو۔ ایک دیس جو ایک بادشاہ کے قبضے میں ہو۔ تمام زمین۔ ولایت۔ کشور۔ اقلیم۔ (جمع ممالک)

**مِلک** (ع) (۱) ملکیت۔ وہ چیز جو کسی کا حق ہو۔ اسباب۔ مال۔ جاگیر وغیرہ (۲) سیدھی راہ۔

**مُلک** (ف) ایک غلے کا نام جو اس سے بڑا ہوتا ہے۔ بیلوں کو کھلایا جاتا ہے۔

**مِلک** (ف) وہ سفیدی جو ناخنوں کے سرے میں پیدا ہو جاتی ہے۔

**مَلکا** (ع) یہودیوں کے ایک فقیہ اور مجتہد کا نام۔

**مَلکاتِ رَدِیہ** (ع) بُری عادتیں۔

**مَلکاتِ رَدِیہ ہشت گانہ** (ف) آٹھ بُری عادتیں یعنی (۱) حسد (۲) بخل (۳) بغض (۴) جھوٹ (۵) غضب (۶) حرص (۷) غرور (۸) بے حیائی۔

**ملکاتِ فاضلہ** (ع) اچھی عادتیں۔ نیک خصلتیں۔

**ملکاتِ فاضلۂ چہارگانہ** (ف) چار اچھی عادتیں یعنی (۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدالت۔

**مَلِکُ الاَملاک** (ع) بادشاہوں کا بادشاہ۔ شہنشاہ۔

**مَلِکُ التجار** (ع) بہت بڑا سوداگر۔ جنرل مرچنٹ۔

**مَلِکُ الشعرا** (ع) بہت بڑا شاعر۔ شاعروں کا بادشاہ۔

**مَلِکُ الکلام** (ع) ملک قمی کا لقب جو ابراہیم عادل شاہ والئے دکن کا مصاحب تھا۔

**مَلِکُ الموت** (ع) موت کا فرشتہ۔ عزرائیل۔

**مَلِک آوازہ** (ف) بلند آوازہ۔

Marfat.com

مُلکت (ع) بادشاہی۔

مُلک خدا تنگ نیست پای گدا لنگ نیست (ف) خدا کی دُنیا وسیع ہے اور میں بھی چل پھر کر اپنی روزی کما سکتا ہوں۔

مُلک داری (ف) بادشاہت۔

مُلک رانی (ف) حکمرانی۔ بادشاہی۔ سیاست۔ ملک کا انتظام کرنا۔

مُلک ستانی (ف) کشورگیری۔

مَلک سیرت (ف) فرشتہ خصلت۔ فرشتوں کی سی خُو والا۔

مَلک فربہ کردن (ف) یاد کرنا۔ قوت دینا۔

مَلک قمی (ع) دیکھو ملک الکلام۔

مَلک نقالہ (ف) وہ فرشتہ جو مُردوں کے بدلوں کو جابجا کرتا رہتا ہے۔

مَلک نیمروز (ف) (۱) نیمروز سیستان کو کہتے ہیں۔ سیستان کا بادشاہ یعنی رستم (۲) حضرت آدم علیہ السلام (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

عالم ملکوت (ع) (۱) پروردگاری (۲) بادشاہی سلطان۔ (۳) غلبہ (۴) فرشتوں کا عالم (۵) عالم ارواح (۶) عالم غیب

مَلکوتی (ف) رُوحانی

مُلک ویران را اندیشہ تاراج نیست (ف) تباہ حال لوگوں کو کسی لوٹ مار یا رہزنی کا خدشہ نہیں ہوتا۔

مَلکہ (ع) استعداد۔ مہارت۔ وہ قوت جو علم یا ہنر سے حاصل ہوتی ہے۔ ہر شے کے حاصل کرنے کی قوت جو طبیعت میں مرکوز ہوتی ہے۔

مَلکہ (ع) (۱) بادشاہ کی بیوی۔ رانی (۲) وہ عورت جو بادشاہ ہو

ملکہ زنبور عسل (ف) شہد کی مکھیوں کی رانی۔

مَلکی (ع) منسوب بہ ملک۔ فرشتہ جیسی۔

مُلکی (ع) منسوب بہ ملک۔ ملک والا۔

ملکی (ف) کنجوس۔ جُوتے کی ایک قسم۔

مِلک یمین (ع) لونڈی۔ غلام۔ زرخرید لونڈی۔ غلام۔ وہ لونڈی غلام جو غنیمت میں آئے۔

مِلل (ع) ملّت کی جمع۔ مذاہب۔ دین۔

مَلل (ع) غم۔ اندوہ۔

مُلم (ع) صغیرہ گناہ کرنے والا (۲) وہ لڑکا جو بلوغت کے قریب پہنچا ہو۔

مُلمّع (ع) (۱) روشن کیا گیا (۲) چمکایا گیا۔ درخشاں۔ روشن (۳) وہ چیز جس پر سونے یا چاندی کا پانی چڑھا ہوا ہو۔ (۴) وہ اشعار جن میں ایک شعر یا مصرع عربی کا ہو اور ایک فارسی کا۔

مُلمّع کار (ف) (۱) ملمع کرنے والا (۲) منافق جس کا ظاہر کچھ ہو اور باطن کچھ۔

مُلمّع کاری (ف) (۱) ملمع کا کام (۲) منافقت۔

مُلمّع گر (ف) ملمع کرنے والا۔

مُلمّع گری (ف) ملمع کرنا۔

ململیہ (ع) لشکر۔ ہاتھی کا سونڈ۔

مَلموح (ع) دیکھا گیا۔

مَلُند (ف) لُند نہ کر۔ لُند کے معنی ہیں بڑبڑانا۔ نہی کا صیغہ۔ مت جھوٹ بول۔

مَلَنگ (ف) (۱) ننگا۔ سر اور پیر سے ننگا (۲) مجرّد (۳) بے ہوش مست (۴) لنگیدن سے نہی کا صیغہ یعنی لنگ نہ کر (۵) فارسی جدید میں بمعنی خوبصورت۔

مُلوّث (ع) آلودہ۔ لتھڑا ہوا۔

مُلوحت (ع) غمگین ہونا۔

ملوذہ (ع) جائے پناہ۔

مُلوست (ع) صاف ہونا۔

مُلوک (ع) ملک کی جمع۔ بادشاہ لوگ۔ سلاطین۔ شاہان۔

ملوکانہ (ف) شاہانہ۔

مَلول (ع) غمگین۔ رنجیدہ۔ اُداس۔

مَلوم (ع) ملامت کیا گیا۔

مُلوّن (ع) رنگ برنگ کیا گیا۔ رنگ آمیزی کیا گیا۔

مَلَوین (ع) روز و شب۔ دن رات۔

مَلہ (ع) خود رنگ کپڑا۔

مُلہَم (ع) الہام کیا گیا۔ صاحبِ الہام۔ خدا کی طرف سے دل میں نیک بات ڈالی گئی۔ الہام۔

مُلہِم (ع) الہام کرنے والا۔ دل میں نیک بات ڈالنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

مَلہوب (ع) بھڑکی ہوئی آگ۔ شعلہ زن کی ہوئی آگ۔

مُلہی (ع) (۱) غفلت میں ڈالنے والا۔ غافل کرنے والا (۲) کھیل کود میں لگانے والا۔

ملی (ع) زمانہ دراز۔

مَلی (ع) دولت مند۔ دولت والا۔

مِلّی (ع) منسوب بہ ملت۔ مذہب کا

ملیارو (ف) ایک ارب۔ ملیرڈ۔

ملیبار (ف) ہندوستان کے علاقہ دکن کے مغربی ساحل کا ملک۔

ملیح (ع) (۱) نمک آلودہ۔ نمکین (۲) سانولا رنگ۔

ملیحہ (ع) سانولے رنگ کی عورت۔

ملیخ (ع) کمزور۔ بدمزہ کھانا۔

ملیک (ع) (۱) صاحب۔ مالک (۲) اللہ تعالیٰ۔

مُلیم (ع) سزاوار ملامت۔

مُلیّن (ع) (۱) تلیین کرنے والا۔ نرمی کرنے والا (۲) قبض کو دُور کرنے والی دوا۔

ملیونر (ف) لکھ پتی۔

# م ۔ م

Marfat.com

**مِمَّا** (ع) (۱) جس چیز سے (۲) کس چیز سے۔
**مَمَات** (ع) موت۔ مرنا۔
**مُمَاثِل** (ع) ہم شکل۔ مشابہ۔ مانند ہونے والا۔ برابر۔
**مماثل بُودن** (ف) ہم شکل ہونا۔
**مماثلت** (ع) ہم شکل ہونا۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ مشابہت۔
**مماثلت داشتن** (ف) مشابہ ہونا۔
**مُمَاجَدَت** (ع) بزرگی میں کسی پر غالب آنا۔
**مُمَارَات** (ع) ماجرائے سلف۔ گزشتہ باتیں۔
**مُمَارَسَت** (ع) (۱) تجربہ کرنا۔ کسی کام میں مہارت بہم پہنچانا۔ کوشش کرنا (۲) تلاش کرنا (۳) علاج کرنا۔
**ممارست کَردن** (ف) مشق کرنا۔
**مُمَازَجَت** (ع) ملنا۔ آمیختگی۔ ارتباط۔
**مُمَاس** (ع) مس کرنا۔ چھونا۔ دو چیزوں کا باہم ملنا۔
**مَمَاس** (ع) مغاک۔ گڑھا۔ نشیب۔ پستی۔
**مُمَاسِخ** (ع) مسخ کرنے والا۔ بگاڑنے والا۔ اچھی صورت کو بری صورت کرنے والا۔
**مماسخت** (ع) مسخ کرنا۔
**مماسہ** (ع) جماع کرنا۔
**مماشات** (ع) کسی کے ساتھ ساتھ چلنا۔ ہمراہی کرنا۔
**مماشات کردن** (ف) حکم بجالانا۔ جھکنا۔
**مماصعت** (ع) تلوار سے لڑنا۔ دشمنی کرنا۔
**مُمَاطَلَت** (ع) کسی کام کو پیچھے ڈالنا۔ دافع الوقتی کرنا۔ دیر کرنا۔
**ممالات** (ع) مائل ہونا۔ مدد کرنا۔
**مَمَالِک** (ع) مملکت کی جمع۔ سلطنت کے مقام۔ بادشاہی مقامات۔
**ممالکِ غیر** (ع) وہ ملک جو اپنی سلطنت سے باہر ہو۔
**ممالکِ غیر آئین** (ع) وہ ملک جن میں قوانین کی پابندی نہ ہو۔
**ممالکِ محروسہ** (ع) وہ ملک جو کسی بادشاہ کی حراست یعنی قبضہ اور تحت میں ہو۔
**ممالکِ مُفوّضہ** (ع) سپرد کیے ہوئے ممالک۔
**ممالیک** (ع) مملوک کی جمع۔ بندے۔ غلام۔ لونڈیاں جو زرخرید ہوں۔
**مُمَان** (ف) مباش۔ نہ ہو۔
**ممانات** (ع) انتظار کرنا۔
**ممانحت** (ع) بخشش کرنا۔
**مُمانعت** (ع) منع کرنا۔ باز رکھنا۔
**مُمَایَزَت** (ع) تمیز کرنا۔ فرق کرنا۔ جدا کرنا۔
**مُمْتَاد** (ع) دینے والا۔ بخشش مانگنے والا۔
**مُمْتَاز** (ع) (۱) امتیاز دیا گیا۔ عزت دیا گیا (۲) جدا کیا گیا۔
**مُمَثَّل** (ع) ہم شکل کیا گیا۔ مانند کیا گیا۔
**مُمْتَحَن** (ع) امتحان کیا گیا۔ آزمایا گیا۔

**مُمْتَحِن** (ع) امتحان لینے والا۔ آزمانے والا۔
**مُمْتَد** (ع) دراز کیا گیا۔ کھینچا گیا۔ دراز۔ کشیدہ۔
**ممتد بُودن** (ف) دراز ہونا۔ طولانی ہونا۔ مسلسل ہونا۔
**مُمْتَزِج** (ع) ملنے والا۔
**مُمْتَلی** (ع) پُر۔ بھرا ہوا۔
**مُمْتَنِع** (ع) منع کیا گیا۔ باز رکھا گیا۔ روکا گیا۔
**ممتنع حصول** (ف) جس کا حاصل کرنا دشوار اور محال ہو۔ دسترس سے باہر۔
**ممتنع علاج** (ف) لاعلاج۔
**مُمْتَہَن** (ع) خوار کیا گیا۔ ذلیل کیا گیا۔ ذلیل۔
**مُمَجَّد** (ع) بزرگی۔ دیا گیا۔ بزرگ۔
**ممحات** (ع) ڈسٹر۔ وہ کپڑا جس سے کچھ مٹایا جائے۔
**مُمِد** (ع) مدد کرنے والا۔
**مُمْتَد** (ع) دراز ہونے والا۔
**مُمَدَّد** (ع) ایک درد ہے جس سے جسم کے پٹھے کھچ جاتے ہیں۔
**مَمْدُوح** (ع) مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
**مَمْدُود** (ع) (۱) دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا (۲) وہ الف جس پر مد ہو۔
**مَمَر** (ع) (۱) گذرگاہ۔ راستہ (۲) سبب۔
**مُمَرَّد** (ع) (۱) روشن کیا ہوا (۲) برابر کیا گیا۔ ہموار (۳) منڈھا ہوا (۴) وہ عمارت جو سادہ۔ ہموار اور چمکیلی ہو۔
**مُمَرَّج** (ع) ایک قسم کا کتان۔ آب خانہ۔
**مَمْزُوج** (ع) (۱) ملایا ہوا۔ آمیختہ (۲) وہ شراب جس میں پانی یا گلاب یا سوڈا واٹر وغیرہ ملا کر پی جائے۔
**مُمْسَحہ** (ع) ملنے کا آلہ۔ معماروں کا گل مالہ۔
**مُمْسِک** (ع) (۱) چنگل مارنے والا (۲) باز رکھنے والا (۳) خرچ نہ کرنے والا۔ بخیل۔ کنجوس (۴) وہ دوا جس کے استعمال سے دیر سے انزال ہو۔
**مَمْسُوح** (ع) مسح کیا گیا۔ کسی عضو یا سر پر ہاتھ ملا گیا۔
**مَمْشُوط** (ع) کنگھی کیا گیا۔
**مَمْضُوغ** (ع) چبایا گیا
**مُمْضیٰ** (ع) (۱) رواں کیا گیا (۲) چھوڑا گیا۔
**مُمْطِر** (ع) برسنے والا۔ بارش۔ مینہ۔
**مَمْقُوت** (ع) مبغوض۔ دشمن بنایا گیا۔ دشمن کیا گیا۔
**مُمْکِن** (ع) (۱) امکان رکھنے والا۔ ہوسکنے والا۔ ہوسکنے والی بات۔ جو بات ہوسکے (۲) مخلوق (۳) انسان۔
**مُمَکَّن** (ع) قائم کیا گیا۔ قدرت دیا گیا۔
**مُمَکِّن** (ع) قائم کرنے والا۔ قدرت دینے والا۔
**مُمْکِنَات** (ع) ممکن کی جمع۔ وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو۔
**مُمْکِنُ الوُجُود** (ع) جس کا عدم وجود ضروری نہ ہو۔ وہ چیز جس کا ہونا اور نہ ہونا دونوں برابر ہوں۔

Marfat.com

مُمکورہ (ع) مضبوط - بھرے اور گٹھے جسم کی عورت۔
مُمِلّ (ع) ملول کرنے والا - رنجیدہ کرنے والا۔
مَملَکَت / مَملِکَت / مَملُکَت (ع) مُلک - سلطنت - بادشاہت - مقام سلطنت۔
مَملَحہ (ع) نمک کی کان یا جھیل۔
مِملَحہ (ع) نمک دان
مَملُوّ (ع) پُر - بھرا ہوا - لبریز - فارسی میں بلا تشدید واؤ کے آتا ہے۔
مملو کردن (ف) بھرنا - پُر کرنا۔
مَملُوح (ع) نمکین - دیکھا گیا۔
مملوح شدن (ف) نمکین ہونا۔
مَملُوک (ع) ملک - لونڈی - غلام - زر خرید چیز۔
مملوکہ (ع) ملک کیا گیا - قبضہ کیا گیا - مقبوضہ خریدا گیا۔
مملوکہ و مقبوضہ (ع) خریدا اور قبضہ کیا گیا۔
مَمنُوع (ع) منع کیا گیا - روکا گیا۔
مَمنُون (ع) (۱) نعمت دیا گیا - اِحسان کیا گیا - شکر گزار - احسان مند۔ (۲) نقصان کیا گیا۔
ممنون بُودن (ف) شکر گزار ہونا۔
مَمول (ف) مولیدن کا نہی - دیر نہ کر۔
مُمَوَّہ (ع) بروزن مقدس - طمع کیا گیا - زر اندوز کیا ہوا سچ کی مانند بتایا ہوا جھوٹ۔
مُمَہَّد (ع) (۱) بچھایا گیا - آراستہ کیا گیا (۲) تمہید کیا گیا - مطلب سے پہلے لکھی ہوئی وہ بات جس پر مطلب کا سمجھنا موقوف
مُمَہِّد (ع) (۱) بچھانے والا - آراستہ کرنے والا (۲) تمہید کرنے والا۔
مُمِیت (ع) موت دینے والا - جس کا لڑکا مر گیا ہو۔
مُمَیَّز (ع) تمیز دیا گیا - جُدا کیا گیا۔
مُمَیِّز (ع) تمیز دینے والا - تمیز کرنے والا - جُدا کرنے والا۔

## م - ن

مَن (ف) (۱) ضمیر واحد متکلم یعنی میں (۲) تودہ - ڈھیر جیسے خرمن - خر بمعنی کلاں - اور من بمعنی ڈھیر - (۳) بمعنی نسبت جیسے دُشمن - دش مخفف دشت بمعنی بُرا اور من کلمہ نسبت۔ (۴) ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ (۵) دِل (۶) دو رطل کا وزن۔ (۷) چالیس سیر کا وزن۔
مَن (ع) جو - وہ شخص - کون شخص - اسم موصول ہے۔
مِن (ع) سے - از - حرف جار ہے۔
مِنا (ع) قربانی کی جگہ - مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام ہے جہاں حاجی لوگ قربانی کرتے ہیں۔
مَنا (ع) (۱) منازل کا مخفف (۲) مقدار - اندازہ (۳) برابر۔
مُنا (ع) مُنیہ کی جمع - آرزوئیں - مقاصد۔
مَناب (ع) (۱) کھڑے ہونے کی جگہ - (۲) کسی کا قائم مقام ہونا۔
مَنابر (ع) منبر کی جمع۔
مَنابع (ع) منبع کی جمع - چشمے پھوٹنے کی جگہیں۔
مَنابَلَت (ع) تیر اندازی اور فضل اور بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
مَنات (ع) زمانہ جاہلیت کے ایک مشہور بُت کا نام جسے عرب کے قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے لوگ پوجتے تھے۔
مُناجات (ع) کان میں بات کہنا - سرگوشی کرنا - مجازاً خدا کی جناب میں اس طرح دُعا کرنا جیسے کسی کو حاضر خیال کرکے باتیں کی جاتی ہیں۔
مُناجات کردن (ف) دُعا کرنا - مُناجات کرنا۔
مَناحَت (ع) نوحہ کرنا - ماتم کرنا۔
مَناجذ (ع) چھچھوندریں۔
مُناجزت (ع) قتل و خون کرنا - لڑائی کرنا۔
مِن اجل (ع) واسطے - سبب۔
مِن اجل ذٰلک (ع) اسی واسطے۔
مَناحہ (ع) (۱) نوحہ کرنا - ماتم کرنا - آواز کے ساتھ رونا (۲) ماتم کرنے کی جگہ۔
مُناخ (ع) اُونٹ بٹھلانے کی جگہ۔
مَنام (ع) خواب کی جگہ - سونے کی جگہ - آرام کی جگہ۔
مَناخِر / مَناخیر (ع) منخر کی جمع - ناک کے سوراخ - ناک کے نتھنے۔
مَناخیر در (ف) یہاں مناخیر بمعنی واحد مستعمل ہے - دروازہ کی بینی - یعنی لکڑی کا وہ لمبا ٹکڑا جو ایک تختہ در میں لگا ہوتا ہے - اور دوسرا تختہ اس پر آکر بند ہوتا ہے - بینچہ۔
مُنادات (ع) پکارنا - آواز دینا۔
مَنادح (ع) وسیع زمینیں۔
مُنادَمَت (ع) باہم ندیم ہونا - ہم نشین ہونا - ہم صحبت ہونا - ہم نشینی۔
مُنادیٰ (ع) (۱) ندا کیا گیا - آواز دیا گیا - پکارا گیا (۲) ندا کا مرادف بھی ہے۔
مُنادِی (ع) ندا کرنے والا - پکارنے والا - ڈھونڈی پیٹنے والا - ڈھنڈورا پھیرنے والا۔
مُنادِی (ف) فارسی میں بمعنی ڈھنڈورا کے بھی مستعمل ہے۔
مُنادیٔ اسلام (ع) (۱) مؤذن (۲) حافظ۔
مُنادی گر (ف) ڈھنڈورچی - منادی کرنے والا۔
مَنادیل (ع) مندیل کی جمع - رُومال۔
مَنارہ (ع) (۱) جائے نور - چراغ دان - چراغ پا - وہ اُونچا ستون

جس پر مسافروں کے لیے رات کو روشنی کی جائے (۲) ماذنہ - اذان دینے کی جگہ (۳) ہر اونچا ستون جسے منار کہتے ہیں۔
**مُنارگلہ** (ع) کلہ منار - چوروں یا دشمنوں وغیرہ کے سر جو دوسروں کی عبرت کے لیے نیچے اور اوپر چُن دے جاتے ہیں۔
**مُنازِع** (ع) جھگڑنے والا - جھگڑالو۔
**منازع بُودن** (ف) جھگڑا کرنا - جھگڑالو ہونا۔
**مُنازعت** (ع) آپس میں جھگڑا کرنا - کسی سے اپنا حق حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا۔
**مُنازَع فیہ** (ع) وہ امر جس کے متعلق آپس میں جھگڑا ہو۔
**منازِل** (ع) منزل کی جمع - اُترنے کی جگہیں - مکانات۔
**مُنازِل** (ع) میدانِ جنگ میں مقابلہ کرنے والا - لڑنے والا۔
**منازِل شناساں** (ع) عارفانِ الٰہی - معرفت کی منزلوں کو پہچاننے والے۔
**مُناسب** (ع) نسبت رکھنے والا - لگاؤ رکھنے والا۔
**مُناسبت** (ع) باہم نسبت رکھنا - آپس میں لگاؤ رکھنا۔
**مناسبت داشتن** (ف) لگاؤ۔
**مناسک** (ع) منسک کی جمع (۱) حاجیوں کے عبادت کرنے کے مقامات (۲) مجازاً ارکانِ حج مثلاً طوافِ کعبہ اور قربانی وغیرہ - طریق حج۔
**مناسک بجا آوردن** (ف) ارکان حج کا بجالانا - یعنی طواف کعبہ اور حج کرنا - قربانی دینا وغیرہ۔
**مناشیر** (ع) منشور کی جمع - شاہی فرامین۔
**مناص** (ع) (۱) پناہ کی جگہ - بھاگنے کی جگہ (۲) بھاگنا - لوٹنا۔
**مناصات** (ع) پیشانی کے بال گرنا۔
**مناصِب** (ع) منصب کی جمع (۱) قائم ہونے کی جگہیں (۲) عہدے مرتبے۔
**مناصحت** (ع) نصیحت کرنا۔
**مُناصِر** (ع) مدد دینے والا - مددگار۔
**مُناصَرت** (ع) مدد دینا۔
**مُناصَفہ** (ع) نصفانصف کرنا - آدھو آدھ کرنا۔
**مُناصَلہ** (ع) (۱) تیراندازی میں مقابلہ کرنا (۲) مسافت۔
**مناضحت** (ع) باہم پانی پھینکنا۔
**مُناضلہ** (ع) (۱) تیراندازی میں مقابلہ کرنا (۲) فقہا کی اصطلاح میں خاص قسم کے مسائل میں بحث کرنا۔
**مُناطحت** (ع) (۱) آپس میں سینگوں سے لڑنا - ایک دوسرے کو ٹکر مارنا (۲) لڑنا - مقابلہ کرنا۔
**مناطق** (ع) علاقے - منطقے۔
**مناطق باردہ** (ع) ٹھنڈے منطقے۔
**مناطق حارّہ** (ع) گرم منطقے۔
**مناطق معتدل** (ع) معتدل منطقے۔
**مناطقت** (ع) آپس میں بات چیت کرنا۔

**مُناظِر** (ع) منظر کی جمع (۱) تماشا گاہیں (۲) دیکھنے کے لائق مقامات - سین - نظارے (۳) کھڑکیاں - جھروکے۔
**مُناظرات** (ع) مناظرہ کی جمع - مباحثے۔
**مناظرہ** (ع) (۱) باہم بحث کرنا (۲) باہم نظر کرنا (۳) کسی چیز کی حقیقت اور ماہیت میں فکر کرنا - حق ثابت کرنے کے لیے باہم بحث کرنا (۴) ایک علم کا نام جس میں مباحثہ کے قاعدے درج ہوں۔
**مَنّاع** (ع) (۱) بہت روکنے والا (۲) ایک شخص کا نام بھی ہے۔
**مَناع** (ع) (۱) امر کا صیغہ ہے - روک دے - روک لے (۲) طے کے دو پہاڑوں کے درمیان ایک ٹیلہ کا نام۔
**مَناعت** (ع) (۱) عزیز ہونا (۲) مضبوط ہونا - استوار ہونا - (۳) استواری - محکمی (۴) عرب کے قبیلہ ہذیل کے شہر کا نام - (۵) ایک پہاڑ کا نام۔
**منافات داشتن** (ف) باہم ضد ہونا - بے جوڑ ہونا۔
**مناع خیر** (ع) نیک کام سے روکنے والا۔
**مُناعم** (ع) نعمت کی جمع۔
**مُناعمت** (ع) (۱) نعمت و ناز میں پالنا (۲) استوار کرنا۔
**مناغات** (ع) نزدیک ہونا۔
**مُناف** (ع) دیکھو منافی۔
**منافات** (ع) ایک دوسرے کی نفی کرنا - ایک دوسرے کو نیست کرنا - (۲) ایک دوسرے کا نقیض اور ضد ہونا۔
**منافدت** (ع) باہم فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا۔
**مَنافِذ** (ع) (۱) منفذ کی جمع - جاری ہونے کی جگہیں - راہیں - سوراخ۔
**مُنافِر** (ع) نفرت کرنے والا۔
**مُنافَرت** (ع) (۱) باہم نفرت کرنا (۲) کسی شخص کے ساتھ حاکم کے پاس بزرگی اور حسب نسب ثابت کرنے کے لیے جانا۔
**مُنافسہ** (ع) (۱) رغبت کرنا (۲) معاوضہ کرنا (۳) حسد کرنا - رشک کرنا (۴) کسی میں بطورِ مساوات تعرض کرنا۔
**منافطت** (ع) ہانڈی کا جوش مارنا۔
**منافع** (ع) منفعت کی جمع - فائدے۔
**مُنافِق** (ع) نفاق رکھنے والا - وہ شخص جس کے دل میں کچھ اور ہو اور ظاہر کچھ اور کرے۔
**مُنافقان** / **منافقین** } منافق کی جمع۔
**مُنافی** (ع) (۱) نفی کرنے والا - نیست کرنے والا (۲) باطل کرنے والا (۳) ضد۔
**مَناقب** (ع) منقبت کی جمع - اوصاف حمیدہ۔
**مُناقشہ** (ع) (۱) جھگڑا کرنا (۲) جھگڑا - نزاع۔
**مناقصہ** (ع) کم سے کم بولی پر خریدنا یا ٹھیکہ لینا - ٹھیکے عام سے کم تخمینہ۔

Marfat.com

بہ مناقصہ گذاشتن (ف) کم سے کم ٹنڈر دینے والے کو بلانا یا کام دینا۔
مُناقِض (ع) توڑنے والا۔ مخالف۔
مناقض بُودن (ف) مخالف ہونا۔
مناقضہ (ع) ایک دوسرے کی بات کو توڑنا یا نقض کرنا۔ اعتراض جھگڑا۔
مَناکِب (ع) منکب کی جمع۔ مونڈھے۔ دوش۔ کندھے۔
مُناکحت (ع) نکاح کرنا۔
مُناکحہ (ع) باہم نکاح ہونا۔ عورت مرد کا نکاح ہونا۔
مُناکرہ (ع) جنگ کرنا۔ لڑنا۔
مُناقلہ (ع) کسی محفل میں دَور چلانا۔ نقل کرنا۔
مَناکیب (ع) منکوب کی جمع۔ مفلس لوگ۔ بدحال لوگ۔
مَناکیر (ع) منکر کی جمع۔ برائیاں۔ ناشائستگیاں۔ ممنوعات۔
مَنال (ع) کسی چیز کے حاصل ہونے کی جگہ۔ جیسے اراضی۔ دکان۔ جاگیر۔ کھیتی۔ باغ وغیرہ۔
مِنَ الاَخیر (ع) وہ بوجھ جسے بھری ہوئی کشتی میں رکھنے سے کشتی غرق ہوجائے۔
مَنام (ع) (۱) سونے کی جگہ۔ خواب گاہ۔ (۲) نیند۔ خواب۔
مَنامات (ع) منام کی جمع (۱) خواب گاہیں (۲) نیندیں۔
منامت (ع) کمرہ۔ بستر۔ سونے کا کپڑا۔
مَنّان (ع) بڑا نعمت والا۔ بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔
منابات (ع) باہم دشمنی رکھنا۔
مُناولت (ع) ہاتھ بڑھا کر کوئی چیز دینا۔ دینا۔
مناہج (ع) منہج کی جمع۔ راہیں۔ رستے۔ کشادہ اور سیدھے رستے۔
مُناہدت (ع) (۱) ایک دوسرے کی طرف لڑائی کا قصد کرنا۔ (۲) فال کے لیے قرعہ ڈالنا (۳) انگلیوں پر فال لینا۔
مناہزت (ع) لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔
مناہل (ع) منہل کی جمع۔ چشمے۔
مناہی (ع) منہی کی جمع۔ ممنوعات۔ منع شدہ اشیا ناجائز اور خلاف شرع باتیں۔
منایا (ع) منیۃ کی جمع۔ موتیں۔
مَنبَت (ع) اُگنے کی جگہ۔ جائے روئیدگی۔
مُنبَّت (ع) (۱) اگایا گیا (۲) وہ نقش جو اپنی سطح سے اونچا ہو۔ وہ چیز جس کے نقش ابھرے ہوئے ہوں۔
منبت کار (ف) لکڑی پر ابھرے ہوئے نقوش بنانے والا۔
من بتو مشغولم وتو با زید و بکر (ف) میں تیرے خیال میں گم ہوں اور تو کسی اور کے خیال میں مصروف ہے۔
مُنبّت کاری (ف) کسی چیز پر ایسے نقش بنانا جو سطح سے ابھرے ہوئے ہوں۔ جیسے روپے پر ہوتے ہیں۔
مِنبَر (ع) (۱) بلند ہونے کا آلہ۔ ایک قسم کی لکڑی یا اینٹوں کی اونچی جگہ جس میں دو تین سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں۔ اور یہ مسجدوں وغیرہ میں اس لیے بناتے ہیں کہ امام لوگ اس پر چڑھ کر اور سامعین سے اونچے ہو کر وعظ نصیحت کریں یا خطبہ پڑھیں۔
منبر آلودگاں (ف) فاسقوں کا جسم۔
منبر نہ پایہ (ف) عرش اعظم۔
منبر و دار (ف) تخت یا تختہ۔
مُنبسط (ع) (۱) پھیلنے والا۔ کشادہ ہونے والا (۲) بچھنے والا۔ (۳) خوشحال (۴) مسرور۔
مُنبض (ع) نبض پھڑکنے کی جگہ۔
مَنبع (ع) زمین سے پانی نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ پانی کی سوت۔ دریا کے نکلنے کا مقام۔
مُنبعث (ع) برانگیختہ کیا گیا۔
مُنبعث (ع) برانگیختہ ہونے والا۔
مِن بعد (ع) بعد ازیں۔ اس کے بعد۔ اس سے بعد۔
مُنبل (ع) (۱) سست۔ کاہل (۲) بے کار (۳) بد اعتقاد۔
مُنبل (ع) راہ سے بھٹکا ہوا۔ منکر۔
مُنبل دارو (ف) زخم کو بھرلانے والی ایک گھاس کا نام۔
مُنبلی (ف) (۱) کاہلی (۲) بد اعتقادی۔ منکر ہونا۔
مُنبّہ (ع) تنبیہ کرنے والا۔ خبردار کرنے والا۔
مُنبی (ع) خبر دینے والا۔ آگاہ کرنے والا۔
مِنّت (ع) (۱) احسان۔ نکوئی (۲) کسی کے ساتھ احسان کرنا (۳) کیے ہوئے احسان کا جتانا۔
مُنّت (ع) (۱) ضعف (۲) قوت۔
منت برکسے بُردن (ف) کسی کا احسان مند ہونا۔ ........ کسی کا احسان اٹھانا۔ کسی کا ممنون ہونا۔
منت داشتن (ف) ممنون ہونا۔
منت کشیدن (ف) کسی کا زیر بار احسان ہونا۔
مُنتبہ (ف) انتباہ کرنا۔ آگاہ کرنا۔
منتبہ کردن (ع) خبردار۔ آگاہ۔
مُنتج (ع) نتیجہ دینے والا۔
منتجع (ع) گھاس پانی کی جگہ۔
مُنتجع (ع) (۱) گھاس پانی کی تلاش میں نکلنے والا (۲) نیکوکار۔
منتجم (ع) تاباں۔ روشن۔
مُنتحل (ع) (۱) بخشش لینے والا (۲) اپنے لیے کسی چیز کا دعویٰ کرنے والا (۳) اپنے آپ کو کسی مذہب میں داخل کرنے والا (۴) دوسرے کو اپنا بنانے والا۔
مُنتخَب (ع) (۱) انتخاب کیا گیا۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ خلاصہ کیا گیا (۲) برگزیدہ۔ مقبول۔
منتخبات (ف) انتخاب شدہ۔
منتخب شدن (ف) چنے جانا۔
مُنتر (ف) ہندی جوگیوں کا جنتر منتر جو وہ جانوروں کو تسخیر کرنے کے لیے پھونکتے ہیں۔

Marfat.com

**مَنتر کَردَن** (ف) رام کرنا۔ منتر پھونکنا۔
**مُنتَزِع** (ع) کسی چیز میں سے کھینچ کر نکالنے والا۔
**مُنتَسِب** (ع) نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔
**مُنتَسِب بُودَن** (ف) منسوب ہونا۔
**مُنتَسِبان** (ف) منتسب کی فارسی جمع۔ نسبت رکھنے والے۔
**مُنتَسَج** (ع) بُنا ہوا۔
**مُنتَسِج** (ع) بُننے والا۔
**مُنتَسَخ** (ع) (۱) نسخہ لیا گیا (۲) رد کیا گیا۔
**مُنتَسِخ** (ع) (۱) نسخہ لینے والا (۲) نسخہ پڑھنے والا۔
**مُنتَسِم** (ع) نسیم سونگھنے والا۔ خوشبو لینے والا۔
**مُنتَشِر** (ع) (۱) پراگندہ ہونے والا۔ (۲) بکھرنے والا (۳) پھیلنے والا۔
**مُنتَشِر کَردَن** (ف) پراگندہ کرنا۔ اشاعت کرنا۔
**مُنتَصِب** (ع) منصب پانے والا۔ عہدہ پانے والا۔ کسی کام پر قائم ہونے والا۔
**مُنتَصِر بِاللّٰہ** (ع) ایک عباسی خلیفہ کا نام جو ۲۴۳ھ میں اپنے باپ کو قتل کر کے تخت نشین ہوا۔ لیکن چھ مہینے کے اندر ہی سرسام وغیرہ عوارض میں مبتلا ہو کر مر گیا اور بعض نے لکھا ہے کہ اسے ترکوں نے ہلاک کر دیا۔
**مُنتَصِف** (ع) ہر چیز کا میانہ۔ ہر چیز کا درمیان۔ ہر چیز کا نصف۔
**مُنتَضِد** (ع) (۱) کسی مقام پر قیام کرنے والا (۲) ایک دوسرے پر چنا ہوا۔
**مُنتَظَر** (ع) انتظار کیا گیا۔ جس کا انتظار کیا جائے۔
**مُنتَظِر** (ع) انتظار کرنے والا۔
**مُنتَظِم** (ع) انتظام کرنے والا۔ درست کرنے والا۔ راست کرنیوالا۔
**مُنتَعِل** (ع) نعلین پہننے والا۔ جوتا پہننے والا۔ موزہ پہننے والا۔
**مُنتَفِع** (ع) فائدہ لینے والا۔ فائدہ مند۔
**مُنتَفِی** (ع) نفی ہونے والا۔ نیست ہونے والا۔ ہو چکنے والا۔
**مُنتَقِد** (ع) (۱) نقد لینے والا (۲) پرکھنے والا۔
**مُنتَقَد** (ع) پرکھا گیا۔ خالص کیا گیا۔ صاف۔ پاک۔ خالص۔
**مُنتَقَع** (ع) بھیگا ہوا۔ تر کیا ہوا۔
**مُنتَقِل** (ع) انتقال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔
**مُنتَقِل شُدَن** (ف) منتقل ہونا۔
**مُنتَقِم** (ع) انتقام لینے والا۔ بدلہ اور عوض لینے والا۔ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والا۔
**مُنتَقِم حَقِیقی** (ف) اصل انتقام لینے والا۔ مراد ہے خداوند تعالیٰ۔
**مُنتَقٰی** (ع) برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
**مُنتِن** (ع) بودار۔ بدبودار۔ گندہ۔
**مِنَّت کَشِیدَن** (ف) احسان مند ہونا۔
**مِنَّت نِہادَن** (ف) احسان کرنا۔
**مُنتَہِج** (ع) راہ اختیار کرنے والا۔
**مُنتَہِز** (ع) (۱) غنیمت سمجھنے والا۔ (۲) فرصت پانے والا (۳) ہلانے والا۔ حرکت دینے والا۔

**مُنتَہِشَہ** (ع) مصیبت میں اپنا چہرہ نوچنے والی۔
**مُنتَہِی** (ع) انتہا کو پہنچنے والا۔
**مُنتَہِی شُدَن** (ف) انجام کو پہنچ جانا۔ ختم ہو جانا۔
**مُنتَہٰی** (ع) انتہا کی جگہ۔ ہر شے کا اخیر۔
**مُنتَہَی الجُمُوع** (ع) جمع کا وہ وزن جو پھر جمع نہ ہو سکے یعنی جمع الجمع نہ ہو سکے۔ جیسے مفاعل اور مفاعیل کا وزن۔
**مُنثَنِی** (ع) (۱) سرنگوں۔ اوندھا (۲) دوہرا۔ دونا۔
**مَنثُور** (ع) (۱) گُرنا سفتہ۔ بن بدھا موتی (۲) پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ (۳) نثر۔ وہ کلام جو نظم نہ ہو۔
**مَنج** (ف) ریوند جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔
**مَنج** (ف) تخم۔ بیج خواہ پھول کا ہو یا پھل کا۔
**مَنج** (ف) (۱) ہر قسم کی مکھی۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی (۲) وہ سبز رنگ مکھی جو گوشت پر کرم ڈال جاتی ہے (۳) کڑوے بادام کا درخت (۴) گدھے کا لاشہ۔
**مِنجاب** (ع) کمزور۔ سست۔ آگ کریدنے کا لوہا۔
**مُنجَاز** (ع) وعدہ وفا کیا گیا۔ حاجت روا کیا گیا۔
**مِنجَد** (ع) ہار۔ موٹی رسی۔
**مُنجَر** (ع) کھینچا ہوا۔ کھینچا گیا۔
**مُنجَر** (ع) کھینچنے والا۔
**مُنجِ دِرا وشال** (ف) گل خیری۔
**مُنَجِّس** (ع) نجس کرنے والا۔ ناپاک کرنے والا۔
**مُنجَک** (ف) (۱) کودنا (۲) ایک قسم کا شعبدہ جس میں شعبدہ باز پانی کے پیالے میں لوہے کے ٹکڑے کداتے ہیں۔
**مَنجَل** (ع) کسی چیز کے ڈالنے کی جگہ۔
**مِنجَل** (ع) (۱) درانتی (۲) کھرپا۔
**مَنجَلاب** (ف) (۱) گندہ پانی ڈالنے کی جگہ۔ چہ بچہ (۲) پانی ڈالنے کی جگہ (۳) گندہ پانی۔
**مُنجَلِی** (ع) (۱) روشن۔ تاباں (۲) ظاہر۔ آشکارا (۳) وطن سے باہر جانے والا۔
**مُنَجِّم** (ع) علم نجوم جاننے والا۔ جوتشی۔ نجومی۔
**مَنجَم** (ع) ترازو کے اوپر لوہے کا چمٹا جس میں ترازو کی زبان رہتی ہے
**مُنجَمِد** (ع) سردی سے جما ہوا۔ سردی سے ٹھٹھرا ہوا۔ جیسے پانی وغیرہ جم جاتا ہے۔
**مَنجَنِیق** (ع) ڈھینکلی۔ بڑا فلاخن۔ یہ ایک آلہ ہے جس میں بڑے بڑے پتھر رکھ کر اور گھما کر قلعہ کی دیوار پر اسے توڑنے کے لیے پھینکتے ہیں۔
**مِنجَنِیق** (ع) باڑ جو مکان کی دیوار بنانے کے لیے لکڑیوں سے باندھی جاتی ہے۔
**مَنجُوش** (ف) علم کا ماہچہ۔ سونے یا چاندی کا ایک چمکیلا چاند سا جو فوج کے نشان یعنی جھنڈے پر لگایا جاتا ہے۔
**مَنجُوق** (ع) منجوش کا معرب۔

Marfat.com

مُنجوق دوزی (ف) کپڑوں پر شیشے لگانے کا کام۔
مُنجی (ع) نجات دینے والا۔
منجیات و مُہلکات اَحْیَاء (ع) امام غزالیؒ کی مشہور و معروف اخلاق کی کتاب احیاء العلوم کے دو باب ہیں۔ جن میں منجیات یعنی نجات پانے والی باتوں اور مہلکات یعنی ہلاک کرنے والی باتوں کا بیان ہے۔
مِنْحَات (ع) رندہ جس سے بڑھئی لکڑی چھیل کر صاف کرتے ہیں۔
مِنْحَار (ع) اُونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا۔
مِنْحَت (ع) دیکھو منحات۔
مُنْحَدِر (ع) اُوپر سے نیچے اُترنے والا۔
مُنْحَرِف (ع) (۱) انحراف کرنے والا۔ برگشتہ ہونے والا (۲) ٹیڑھا۔ خم کھایا ہوا (۳) وہ ذوارلبعۃ الاضلاع شکل جس کے چاروں ضلعے اور چاروں زاویے غیر مساوی ہوں۔
مُنْحَل (ع) کشادہ ہونے والا۔ کھلنے والا۔
مُنْحَل شدن (ف) تحلیل ہونا۔
مُنْحَنی (ع) (۱) جھکا ہوا۔ ٹیڑھا (۲) کُبڑا۔ کوزہ پُشت۔ (۳) ناتواں۔ ضعیف۔
مَنْحُوت (ع) چھیلا ہوا۔ تراشا ہوا۔ رندہ کی ہوئی شے۔
مَنْحُور (ع) (۱) اُونٹ ذبح کیا گیا (۲) سینہ کوٹا گیا (۳) سینہ کاٹا گیا۔
مَنْحُوص (ع) دُبلا پتلا۔ موٹا تازہ۔
مَنْحُول (ع) کسی دُوسرے کا وہ شعر جسے کوئی شخص بغیر کسی قسم کے تغیر کے اپنا ظاہر کرے۔
مُنْخَر / مَنْخِر } (ع) نتھنا۔ ناک کا سُوراخ۔
مُنْخَرِط (ع) (۱) چھیلی ہوئی شے۔ وہ شے جسے خراط کرنے یعنی تراشنے سے اس کی تمام طرفیں صاف ہوگئی ہوں۔ (۲) گورست۔ آراستہ (۳) دھاگے میں پرو دیا جانے والا۔
مُنْخَرِق (ع) پھٹنے والا۔
مَنْخُرِم (ع) ناک کٹا ہوا (۲) ناک چھدا ہوا۔
مَنْخِرَیْن / مَنْخَرَین } (ع) منخر کا تثنیہ۔ ناک کے دونوں نتھنے۔
مُنْخَفِض (ع) نشیب میں گرنے والا۔ پست ہونے والا۔
مُنْخُل / مُنْخَل / مِنْخَل / مَنْخَل } (ع) غربال۔ آٹا چھاننے کی چھلنی۔
مُنْخَنِقہ (ع) گلا گھونٹ کر مرجانے والی چیز۔
مَنْد (ف) والا۔ صاحب۔ جیسے دولت مند وغیرہ۔
مُنْدلُور (ف) (۱) ماندہ۔ تھکا ہوا (۲) پریشان حال۔ غمگین۔ بدنصیب۔
مُنْدو (ع) کسی کے راز کو فاش کرنے والا۔
من درآوردی (ف) من گھڑت بات۔

مُنْدَرِج (ع) درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا۔
مندرج شدن (ف) درج کیے جانا۔
مندرجات (ع) درج شدہ باتیں۔
من در چہ خیالم و فلک در چہ خیال (ف) آدمی کچھ سوچتا ہے اور تقدیر کو کچھ اور ہی منظور ہوتا ہے۔
مُنْدَرِس (ع) (۱) کہنہ۔ پُرانا (۲) گھِسا ہوا۔ فرسودہ (۳) پُرانا کپڑا خصوصًا۔
مُنْدَرِس بودن (ف) کہنہ ہونا اور گھس جانا۔
مُنْدَرِش (ف) فرش۔ بچھونا۔
مندرع (ع) طعنے کا عادی۔
مِندف (ع) دُھنیے کی کمان۔
مُنْدَفِع (ع) دفع ہونے والا۔
مندفہ (ع) رُوئی کا گالہ۔ دُھنکی ہوئی رُوئی۔
مندک (ف) (۱) کساد بازاری (۲) پارہ پارہ۔
مندل (ف) (۱) وہ مادہ جو منتر پڑھنے والے اپنے گرد کھینچتے ہیں (۲) عود خام (۳) ایک شہر کا نام جہاں سے عود آتا ہے (۴) پکھاوج جو ایک ساز ہے۔
مُنْدَلِک (ف) (۱) ازاں جملہ (۲) خرچ۔
مُنْدَلہ (ف) دیکھو مندل۔
مندم (ع) شرمندگی۔ ندامت۔
مُنْدَمِج (ع) ٹھسا ہوا۔ داخل ہونے والا۔ شامل ہونے والا۔
مُنْدَمِل (ع) گھاؤ بھرنے والا۔ انگورلاتا ہوا زخم۔ وہ زخم جس کا گوشت بھر آیا ہو اور اچھا ہوگیا ہو۔
مُنْدَمِل شدن (ف) زخم کا بھرنا۔ زخم کا انگور لے آنا۔ گوشت کا بھر آنا۔
مَنْدو (ف) ماندو کا مفرس جو ایک شہر کا نام ہے۔
مَنْدُوب (ع) (۱) رویا گیا۔ نوحہ کیا گیا۔ ماتم کیا گیا۔ (۲) مجازاً مُردہ۔ (۳) وہ لفظ جو بین کے طور پر کہے جاتے ہیں۔
منحوص (ع) دُبلا پتلا۔ موٹا تازہ۔
مندوحہ (ع) فراخی۔ وسعت۔
مَنْدِیل / مِنْدِیل } (ع) (۱) رومال۔ دست مال (۲) کمر میں باندھنے کا پٹکا۔ (۳) دستار۔ پگڑی۔
مُنْذِر (ع) (۱) ڈرانے والا (۲) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ناموں میں سے ایک نام۔ کیونکہ آپ کافروں کو خدا کے عذاب سے ڈراتے تھے (۳) یمن کے ایک حاکم کا نام جو نوشیرواں کا ہم عصر اور قیصر رُوم کے ماتحت تھا۔
مُنْزَجِر (ع) باز رہنے والا۔
مُنْزَحِف (ع) معقولیت سے دُور ہونے والا (۲) صحیح وزن سے دُور ہونے والا۔
منزع (ع) بہت کھینچنے والا۔
مَنْزِل (ع) (۱) اُترنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں مسافر آرام وغیرہ کے لیے اُترتے ہیں (۳) گھر۔ مکان (۴) مکان کا ایک درجہ۔
مُنْزَل (ع) اُتارا گیا۔ نیچے اُتارا گیا۔ بھیجا گیا۔

Marfat.com

مُنزِل (ع) نیچے اُترنے والا۔
مَنزِلَت (ع) درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔
منزلِ جان (ف) انسان کا بدن۔
منزلِ حزن } (ف) دُنیا۔
منزلِ خاکی }
منزلِ ساچمہ (ف) چھرے کی مار کی جگہ۔
منزل شناساں پے گُم کردہ (ف) عارفانِ الٰہی۔
منزل کردن (ف) اُترنا۔ مقام کرنا۔ نزول کرنا۔
منزل گاہ (ف) اگرچہ منزل خود جائے نزول ہے اور اس کے ساتھ گاہ بے کار ہے لیکن فصحا نے اکثر اسے استعمال کیا ہے۔ اور اس میں ترکیب مقلوب ہے یعنی گاہ منزل یعنی مطلق زمین یا مکان اُترنے کی جگہ۔
منزلِ مقصود (ع) وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔ مطلب۔ مقصد۔
منزلِ بہرہ فریب (ف) دُنیا۔
منزوع (ع) کھینچا گیا۔ نکالا گیا۔
منزوی (ع) گوشہ نشین۔ گوشہ اختیار کرنے والا۔ گوشہ میں بیٹھنے والا۔
منزوی بودن } گوشہ نشین یا خلوت نشین ہو جانا۔
منزوی شدن }
مُنَزَّہ (ع) پاک۔ صاف۔
منزہ بودن (ف) پاک صاف ہونا۔
مِنساۃ } (ع) عصا۔ لاٹھی۔ ہاتھ کی لکڑی۔
مَنساۃ }
مُنسِج (ع) بُننے والا۔ جولاہا۔
مُنسَحِب (ع) کھنچ جانے والا۔
مُنسَحِب (ع) کھینچنے والا۔
مُنسَجِم (ع) (۱) بہتا ہوا پانی (۲) بہتے ہوئے آنسو۔
مُنسَد (ع) انسداد کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند باندھا گیا۔
مُنسَرِح (ع) (۱) آسان کیا گیا۔ آسانی لیا گیا۔ آسان (۲) علم عروض کے ایک بحر کا نام جس کا وزن عروضی مفتعلن فاعلات دو بار ہے۔
مِنسَفَہ (ع) پنج شاخہ لکڑی جس سے کھلیان کو اڑا کر غلہ صاف کرتے ہیں۔
مَنسَک (ع) (۱) عبادت گاہ۔ وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔
مُنسَکِب (ع) (۱) بہت رونے والا (۲) پانی گرانے والا (۳) گرنے والا پانی۔
مُنسَلِک (ع) لڑی میں پرو دیا جانے والا۔ کسی چیز میں آنے والا۔
مَنسِم (ع) راستہ۔ طریقہ۔ اونٹ کا سُم۔
منسوب (ع) نسبت کیا گیا۔

منسوب شدن (ف) نسبت ہونا۔ جُڑنا۔ تعلق ہو جانا۔
منسوبہ (ع) (۱) نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ (۲) جس کی منگنی ہو چکی ہو۔ منگیتر۔
مَنسُوج (ع) (۱) بافتہ۔ بنا ہوا (۲) زر بفت۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کلابتون کا کام ہوتا ہے۔
منسوج باف (ف) منسوج یعنی زربفت بُننے والا۔
منسوج بافی (ف) زربفت بُننے کا کام۔
مَنسُوخ (ع) مٹایا گیا۔ نیست کیا گیا۔ دُور کیا گیا۔ نسخ کیا گیا۔
منسوک (ع) چکنا۔ بے بال کا گھوڑا۔
منسوکہ (ع) کھاد ڈالی زمین۔
منسی (ع) فراموش کیا گیا۔ بھولا ہوا۔
منش (ف) طبیعت۔ مزاج۔ خو۔
منشا (ع) پیدا ہونے کی جگہ۔ ہونے کی جگہ۔ سبب۔ اس لفظ کے آخر میں ہمزہ لکھنا غلط ہے۔
منشآت (ع) پیدا کی ہوئی چیزیں۔ یعنی عبارتیں۔ مسودے تصنیفیں
منشار (ع) ارہ۔ آرا جس سے لکڑی چیرتے ہیں۔
مُنشِد (ع) شعر پڑھنے والا۔
مُنشَرِح (ع) آشکارا۔ کھلا ہوا۔
منشرح شدن (ف) آشکارا ہونا۔ کھل جانا۔
منشرہ (ع) متفرق۔
مُنشِط (ع) نشاط یعنی خوشی میں لانے والا۔
مُنشَع (ع) ناک میں دوا ڈالنے کا آلہ۔
مُنشَعِب (ع) (۱) شاخ در شاخ ہونے والا (۲) پھیلا ہوا۔ پراگندہ (۳) علم صرف کی ایک کتاب کا نام
مُنشَفَہ (ع) رومال۔ تولیہ۔
مُنشَق (ع) شق ہو گیا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ پارہ پارہ ہو گیا ہوا۔
منش گردا (ف) قے۔ طبیعت کا بگڑ جانا۔
منش گشتہ (ف) وہ شخص جس کی طبیعت بگڑی ہوئی ہو۔ برگشتہ طبیعت۔ علیل۔ مریض۔
منشور (ع) (۱) پھیلا ہوا۔ پراگندہ (۲) فرمانِ شاہی جس میں لطف و عنایت کا مضمون ہو (۳) مشہور (۴) ایران میں رسم ہے کہ جب کوئی شخص کسی ہنر میں کامل ہو جاتا ہے اور اپنے فن میں بے نظیر مانا جاتا ہے تو ملک کے رؤسا اور بڑے بڑے لوگوں سے اپنی کمالیت کا پروانہ لکھا لیتا ہے اور وہ پروانہ مشاہیر کی مہریں لگوا کر دوسرے ممالک کے اہل فن کے پاس بھیجتا ہے ایسے پروانے کو "منشور" کہتے ہیں۔
منشورِ مثلثی (ع) سہ پہلو شیشہ۔ جس میں سورج کی رنگ برنگ شعاعیں نظر آتی ہیں۔
منشورِ ملل (ع) اقوامِ متحدہ کا آئین۔
منشور نویسانِ باغ (ف) مرغانِ چمن۔ باغ کے پرندے جیسے بلبل۔ قمری۔ وغیرہ۔

Marfat.com

مُنشی (ع) آغاز کرنے والا - کسی بات کو اپنے دل سے پیدا کرنے والا۔
مُنَشّی (ع) نشہ والی چیز - فارسی لفظ نشہ پر عربی ترکیب استعمال کی گئی ہے جو صحیح نہیں ہے۔
مُنَشّیات (ع) منشی کی جمع جو صحیح نہیں ہے۔
مُنشیِ فلک (ف) عطارد ستارہ۔
مَنصِب (ع) (۱) قائم ہونے کی جگہ - نصب ہونے کی جگہ (۲) مرتبہ - رتبہ - جلیل القدر عہدہ - اگرچہ یہ لفظ صاد کی کسرہ سے صحیح ہے لیکن شعراء نے اسے عنصب اور لب کے قافیہ کے ساتھ بھی استعمال کیا ہے۔
مُنصِب (ع) رنج دینے والا غم۔
مَنصِب بر خویشتن نہادن (ف) اپنے آپ کو معزز اور ذی رتبہ خیال کرنا۔
مَنصَب دار (ف) عہدہ دار - حاکم - عامل۔
مُنصَبِغ (ع) رنگین ہونے والا۔
مِنصَع (ع) سوئی۔
مُنصَرِف (ع) ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پھرنے والا - بدلنے والا (۲) علم نحو کی اصطلاح میں وہ اسم جو کسرہ اور تنوین کو قبول کرے۔
مُنصرف شُدَن (ف) کسی چیز سے بدل جانا - یا پھر جانا۔
مَنصَع (ع) بیت الخلا۔
مُنصِف (ع) انصاف کرنے والا۔
مَنصَفی (ع) انصاف - عدل۔
مُنصَلِت (ع) تیز تلوار - چالاک - ہوشیار۔
مَنصُوب (ع) قائم کیا ہوا - کھڑا کیا ہوا (۲) وہ حرف جس پہ زبر ہو۔
مَنصُوب گردیدن (ف) مقرر ہونا - نامزد ہونا۔
مَنصُوبہ (ع) (۱) برپا کی ہوئی شے (۲) کسی کام کی تدبیر - (۳) شطرنج کی بازی (۴) نرد کی ساتویں بازی کا نام۔
مَنصُور (ع) (۱) یاری دیا گیا - ردکیا گیا (۲) ایک مشہور ولی کا نام جسے منصور حلاج کہتے ہیں - منصور دراصل اس کے باپ کا نام تھا - اور اس کا نام حسین تھا - جو ۳۰۹ھ میں انا الحق کہنے پر سولی دیا گیا - اور اس کی لاش کو جلا کر دریائے دجلہ میں بہا دیا گیا۔
مَنصُور شُدَن (ف) کامیاب ہونا۔
مَنصُوص (ع) (۱) کمال تحقیق کو پہنچا ہوا - تحقیق کیا گیا (۲) وہ امر جو قرآن شریف کی آیت صریح یا حدیث صحیح سے ثابت ہو اور تاویل کا محتاج نہ ہو۔
مَنَصَّہ } مِنَصَّہ } (ع) (۱) کسی شے کے ظاہر ہونے کا مقام (۲) وہ چوکی یا تخت جس پہ دولہن کو بٹھا کر جلوہ دیتے ہیں۔
مُنضِج (مُ ن ض ج) (ع) (۱) پکانے والا - پختہ کرنے والا میوہ - زخم - مادہ یا خلط کو پکانے والا (۲) وہ دوا جو جلاب سے پہلے اس لیے کھائی جاتی ہے کہ طبیعت کو نرم کرے۔
مُنَضَّد (ع) تہ بہ تہ ایک دوسرے پر چُنا ہوا۔
مِنضَدَہ (ع) سامان رکھنے کی میز۔
مُنضَمّ (ع) ملا ہوا - پیوستہ۔
منضمات (ع) ملحقات۔
مَنضُود (ع) تہ بہ تہ چنا ہوا - اوپر تلے چُنا ہوا۔
مُنطَبِع (ع) (۱) چھپنے والا - چھپا ہوا (۲) منقوش ہونے والا منقوش۔
مُنطَبَع (ع) چھاپا گیا۔
مُنطَبِق (ع) (۱) تہ بہ تہ ہونے والا (۲) موافق - برابر - مطابق۔
مُنطَبِق شُدَن (ف) برابر یا مطابق ہونا۔
مُنطَفی (ع) بُجھا ہوا شعلہ۔
مَنطِق (ع) لاجک - استدلال - صحیح بات - کلام - سخن۔
مِنطَق } مِنطَقَہ } (ع) (۱) پٹکا - کمربند (۲) وہ منطقے جو قطبی دائروں اور خط جدی و خط سرطان کے شرقاً غرباً ہونے سے بن گئے ہیں اور پانچ ہیں۔
مِنطَقۃُ البُرُوج (ع) وہ آسمانی بڑا دائرہ جس میں آسمان کے بارہ برج واقع ہیں اور دائرہ معدل النہار کو $23\frac{1}{2}$ درجے کا زاویہ بناتے ہوئے دو دفعہ کاٹتا ہے۔
مِنطَقَہ بارِدَہ جنوبی (ع) یہ منطقہ دائرہ جنوبی سے قطب جنوبی تک ساڑھے تیئس درجے عرض بلد میں واقع ہے۔
مِنطَقَہ بارِدَہ شمالی (ع) یہ منطقہ دائرہ قطب شمال سے قطب شمالی تک پھیلا ہوا ہے۔
منطقہ بروج (ع) آسمانی بڑا دائرہ۔
مِنطَقَہ حارَّہ (ع) یہ منطقہ خط استواء کے دونوں طرف خط جدی سے خط سرطان تک پھیلا ہوا ہے - اس کا عرض خط استواء سے $23\frac{1}{2}$ درجے شمال اور خط استواء سے $23\frac{1}{2}$ درجے جنوب میں یعنی کل ۴۷ درجے ہے۔
مِنطَقَہ مُعتَدِلہ جنوبی (ع) یہ منطقہ خط جدی سے دائرہ قطب جنوبی تک پھیلا ہوا ہے۔
مِنطَقَہ مُعتَدِلہ شمالی (ع) یہ منطقہ خط سرطان سے دائرہ قطب شمالی تک پھیلا ہوا ہے۔
مَنطِقی (ع) علم منطق جاننے والا - وہ بات جو دلیل کے ساتھ کی جائے۔
مُنطَمِس (ع) (۱) پیچھے بیٹھنے والا (۲) محو اور نیست ہونے والا۔
مَنطُوق (ع) (۱) کلام - سخن (۲) مضمون (۳) معانی۔
مَنطُوقَہ (ع) کلام - سخن - بات۔
مُنطَوی (ع) لپٹا ہوا - لپٹنے والا۔
مِنطِیق (ع) (۱) فصیح الکلام - خوش بیان (۲) زیادہ کلام کرنے والا آدمی۔
مَنظَر (ع) (۱) جائے نظر (۲) آنکھ - اس لیے کہ نظر کے خروج کا مقام ہے (۳) صورت - رو - چہرہ - کیونکہ پہلے چہرہ پر نظر پڑتی ہے (۴) کھڑکی - دریچہ - جھروکہ - اس لیے کہ

Marfat.com

دریچہ وغیرہ میں بیٹھ کر جھانکا جاتا ہے۔

**مَنظرِ چشم** (ف) آنکھ کی پتلی۔ مردمک چشم۔

**مَنظرِ بہم خانہ** (ف) (۱) آسمان (۲) گنبد۔

**مَنظُور** (ع) (۱) نظر کیا گیا (۲) پسند۔ مقبول۔

**مَنظُور داشتن** (ف) قدردانی کرنا۔

**مَنظُورِ نظر** (ع) (۱) دل پسند۔ منظور خاطر (۲) عزیز۔ محبوب۔ (۳) جس پر کسی کی نظر عنایت ہو۔

**مَنظُوری** (ع) قبولیت۔ اجابت۔ اجازت۔

**مَنظُوم** (ع) (۱) پرو دیا گیا (۲) نظم کیا گیا۔ نظم۔

**مَنظُومہ** (ع) منظوم کی تانیث۔ نظم کیا ہوا رسالہ وغیرہ۔

**منظومۂ شمسی** (ف) نظام شمسی۔ یہ ایک جغرافیائی اصطلاح ہے۔

**مَنع** (ع) روکنا۔ باز رکھنا۔

**مِنعَام** (ع) بہت نعمت دینے والا۔ بہت بخشش کرنے والا۔

**مُنعَدِم** (ع) محو ہونے والا۔ نابود ہونے والا۔ نیست ہونے والا

**مُنعَطِف** (ع) لوٹنے والا۔ مڑنے والا۔ غم کھانے والا۔

**مُنعَقِد** (ع) انعقاد پانے والا۔ بندھ جانے والا۔ بستہ ہونے والا۔

**مُنعقد ساختن** (ف) برپا کرنا۔

**مُنعکس** (ع) (۱) عکس قبول کرنے والا (۲) اُلٹ کر آنے والی شعاع۔

**مَنع کلیم** (ع) لن ترانی کا جواب۔

**مَنعَل** (ع) گھوڑے کے نعل کی شکل کا۔ اور عین منعل ہلال کو کہتے ہیں۔

**مُنعِم** (ع) نعمت دینے والا۔ مالدار۔ دولت مند۔

**منعمِ حقیقی** (ف) خداوند تعالیٰ۔

**مَنعُوت** (ع) نعت کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔

**مُنغَر**
**مُنغَرک** } (ف) شراب پینے کا بڑا پیالہ۔

**مُنغَض** (ع) (۱) میلا۔ مکدر۔ دھندلا۔ گدلا (۲) رنجیدہ۔

**مُنغَمِس** (ع) ڈوبا ہوا۔ غرق کیا ہوا۔ غریق۔

**مِنفَاخ** (ع) لوہاروں کی دھونکنی۔

**مِنفَاق** (ع) فضول خرچ۔ بہت خرچ کرنے والا۔

**مُنفَتِح** (ع) کشادہ۔ کھلا ہوا۔

**مُنفَتِق** (ع) چرا ہوا۔ شگاف ہو گیا ہوا۔ کھلا ہوا۔

**مُنفَجِر** (ع) (۱) چشمہ۔ پانی جاری ہونے کی جگہ (۲) پھٹا ہوا۔ چرا ہوا۔

**مِنفَخ** (ع) لوہاروں کی دھونکنی۔

**مَنفَخ** (ع) نفخ پیدا کرنے والی چیز۔ وہ چیز جو پیٹ میں ریح پیدا کرے۔

**مَنفَذ** (ع) (۱) گزرنے کی جگہ (۲) جاری ہونے کی جگہ۔ مسام (۳) گھسنے کی جگہ۔ سوراخ۔

**مُنفِّر** (ع) نفرت دینے والا۔

**مُنفَرِج**
**مُنفَرِجہ** } (ع) کھلا ہوا۔ وسیع۔ کشادہ۔

**مُنفَرِّح** (ع) (۱) خوش۔ شاد (۲) فرحت بخشنے والا۔

**مُنفَرِد** (ع) اکیلا۔ تنہا۔ یکتا۔ یگانہ۔

**مُنفرد بودن** (ف) تنہا ہونا۔ لاثانی ہونا۔ فرد واحد ہونا۔

**مُنفَرِداً** (ع) اکیلے۔ تن تنہا۔ در حالتِ تنہائی۔

**مُنفَسِخ** (ع) (۱) تباہ۔ ویران (۲) فاسد۔

**مُنفَصِل** (ع) (۱) انفصال یافتہ۔ جُدا۔ علیحدہ (۲) فیصلہ شدہ۔

**مُنفصل ساختن** (ف) جُدا کرنا۔

**منفصل شدن** (ف) جُدا ہونا۔ کٹ جانا۔

**مُنفَصِلہ** (ع) (۱) فیصلہ شدہ۔ تصفیہ شدہ (۲) جُدا۔ الگ۔

**مُنفَصِم** (ع) (۱) ختم کیا ہوا (۲) ٹوٹا ہوا۔

**مُنفَطِر** (ع) پھٹا ہوا۔ چرا ہوا۔

**مَنفَعَت** (ع) فائدہ۔ نفع۔ سودمندی۔

**منفعت بُردن** (ف) نفع حاصل کرنا۔

**منفعت پرست** (ف) سود خوار۔

**منفعت داشتن** (ف) سودمند ہونا۔

**مُنفَعِل** (ع) (۱) اثر کرنے والا (۲) نادم۔ خجل۔ شرمندہ۔

**مُنفعل ساختن** (ف) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔

**مُنفِق** (ع) (۱) خرچ کرنے والا (۲) نفقہ دینے والا۔

**مُنفَق** (ع) خرچ کیا گیا (۲) نفقہ دیا گیا۔

**مُنفَک** (ع) الگ کیا گیا۔ جُدا کیا گیا۔

**منفور بُودن** (ف) ناپسند ہونا۔

**منفوش** (ع) دُھنکی ہوئی روئی وغیرہ۔

**منفی** (ع) (۱) نفی کیا گیا۔ نیست کیا گیا (۲) تفریق کیا گیا۔

**منفی باف** (ف) چیزوں کا منفی پہلو دیکھنے والا۔

**مُنقَاد** (ع) (۱) فرمانبردار۔ مطیع (۲) عاجزی کرنے والا۔

**منقار** (ع) چونچ جس سے پرندے دانہ وغیرہ چگتے ہیں۔

**منقار زیر پر** (ف) خاموش۔ چُپ۔

**منقار کار** (ف) قلم کا سیاہی میں ڈوبنے والا حصّہ۔

**منقار گل** (ف) زبان۔

**مِنقَاش** (ع) (۱) موچنا۔ جس سے بال اکھیڑے جاتے ہیں۔ (۲) نہرنی جس سے ناخن تراشے جاتے ہیں۔

**مِنقَاف** (ع) چونچ۔

**مِنقَب** (ع) سوراخ کرنے کا آلہ۔ پہاڑی راستہ۔

**مَنقَبَت** (ع) (۱) ہُنر (۲) تعریف (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ اصحابہ کبار اور اہل بیت کی حمد وثنا۔

**مُنقَبِض** (ع) تنگ کر کے باندھا ہوا۔ بھنچا ہوا۔ سکڑا ہوا۔ سمٹا ہوا۔

**مُنقَّح** (ع) (۱) پاک کیا گیا۔ صاف کیا گیا (۲) جھوٹ سے پاک کیا گیا۔ وہ چیز جس میں دروغ نہ ہو۔

Marfat.com

مُنقر (ع) کدال - پتھر توڑنے کی ہتھوڑی۔
مُنقرِض (ع) (۱) کٹا ہوا (۲) گزرا ہوا۔
مُنقرض کردن (ف) تہ و بالا کرنا - زیر و زبر کرنا۔
مُنقسم (ع) تقسیم ہونے والا - بٹنے والا۔
مُنقسم شدن (ف) تقسیم ہو جانا۔
مُنقّش (ع) نقش و نگار کیا ہوا - بیل بوٹے بنایا ہوا
مُنقشر (ع) چھلکا اتارا ہوا۔
مَنقصت (ع) (۱) نقصان (۲) عیب۔
منقصت یافتن (ف) گھاٹا کھانا۔
مُنقضت (ع) (۱) نقیض (۲) شکستگی۔
مُنقضی (ع) گزرنے والا - گزشتہ - گزرا ہوا۔
منقضی شدن (ف) میعاد گزر جانا۔
مُنقّط (ع) نقطہ دار۔
مُنقطع (ع) قطع ہونے والا۔
مَنقع (ع) مٹکا - پتھر کا پیالہ۔
مُنقعر (ع) جڑ سے اکھڑنے والا۔
مِنقل / مَنقل / مُنقل } (ع) مجمر - انگیٹھی
منقلا (ف) ہراول - لشکر سے آگے رہنے والی سپاہ۔
مُنقلَب (ع) (۱) الٹا - الٹا ہونا - (۲) الٹنے کی جگہ۔
مُنقلِب (ع) الٹنے والا - گردش کھانے والا - الٹا ہونے والا - واژگوں - پھر جانے والا۔
مُنقلبات (ع) برج حمل - برج سرطان - برج میزان اور برج جدی سے مُراد ہے۔
مُنقلع (ع) اکھڑنے والا۔
مُنقلہ (ع) انگیٹھی۔
مُنقنع (ع) قناعت کرنے والا۔
مَنقوب (ع) چھیدا گیا - سوراخ کیا گیا۔
منقوش (ع) نقش کیا گیا - کھدا ہوا۔
منقوص (ع) ناقص کیا گیا - ناقص - کم۔
منقوط / منقوطہ } (ع) نقطہ دیا گیا - وہ حرف جو نقطہ رکھتا ہو۔
منقوف (ع) گربلا پتلا۔
منقول (ع) نقل کیا گیا - ذکر کیا گیا - بیان کیا گیا۔
منقولہ (ع) نقل ہونے والی چیز - وہ چیز جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکے۔
مُنقّی (ع) پاک کرنے والا - صاف کرنے والا۔
مُنقّے (ع) پاک کیا گیا - صاف کیا گیا - بعض لوگ اسے موبز یعنی خشک انگور کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں جو غلط ہے۔
منک (ف) (۱) جمائی - جماہی (۲) جوا (۳) جھنگ (۴) راہزن چور - سارق۔

مُنک (ع) ٹونٹی - ٹوٹی۔
مُنک (ف) شہد کی مکھی۔
مَنکِب (ع) دوش - کندھا - مونڈھا۔
مَنکِبَین (ع) منکب کا تثنیہ - دونوں کندھے۔
مُنکدِر (ع) کدورت والا - گدلا - دھندلا۔
مُنکَر (ع) (۱) وہ بات جس سے انکار ہو - قبیح - بد - برا - ناشائستہ - خلاف شرع بات - ناپسندیدہ بات (۲) چھپائی ہوئی چیز (۳) ایک فرشتہ کا نام۔
مُنکِر (ع) انکار کرنے والا - نہ ماننے والا۔
منکر بودن (ف) انکاری ہونا۔
مُنکر و نکیر (ع) ان دو فرشتوں کے نام جو قبر میں مُردے سے آکر سوال کرتے ہیں۔
مُنکسر (ع) شکستہ - ٹوٹا ہوا۔
مُنکسر المزاج (ع) غریب مزاج - مسکین طبع۔
مُنکسرہ (ع) شکستہ ہونے والا - شکستہ حال۔
مُنکشف (ع) ظاہر ہونے والا - کھلنے والا - کھلا ہوا - کشادہ - برہنہ۔
منکوب (ع) خراب - سختی پہنچایا ہوا - بدحال مُفلس۔
منکوحہ (ع) نکاح کی ہوئی عورت - بیوی - جورو۔
منکوس (ع) نگوں سار - واژگوں - سرنگوں - اوندھا۔
منکوہ (ف) ملامت نہ کر - نکوہیدن سے نہی کا صیغہ ہے۔
منکیدن (ف) بڑبڑانا۔
منگ (ف) (۱) روش - قاعدہ (۲) قمار (۳) قمارباز (۴) قماربازی (۵) قمارخانہ (۶) واہیات - لاف و گزاف (۷) چور - راہزن (۸) دغا دینا۔
منگ باختن (ف) جوئے میں ہارنا۔
منگ کشیدن (ف) جمائی لینا۔
منگل (ف) راہزن - چور۔
منگلوس / منگلہ } (ف) ایک شہر کا نام جہاں جنگلی ہاتھی ہوتے ہیں۔
منگولہ (ف) طرۃ - ٹوپی کا پھندنا۔
منگیا (ف) (۱) قمار (۲) قمارخانہ۔
منگیاگر (ف) قمارباز - جواریا۔
منگیدن (ف) بڑبڑانا - زیر لب آہستہ بات کہنا۔
مُنِم (ع) چغل خور - لُترا - سخن چینی کرنے والا۔
منم زدن (ف) شیخی بگھارنا۔
من مَن زدن (ف) خودستائی کرنا - ڈینگیں مارنا۔
من مست و تو دیوانہ ما را کہ برد خانہ (ف) میں مست ہوں اور تو دیوانہ ہے ہمیں گھر کون لے جائے گا - اُردو میں کہتے ہیں رب ملائی جوڑی - ایک اندھا اور ایک کوڑھی۔

Marfat.com

منن (ع) منت کی جمع - احسان - نیکیاں -

منوال (ع) (۱) جولاہے کی تُر - جولاہوں کی وہ لکڑی جس پر بنا ہوا کپڑا لپٹتا ہے (۲) دستور - طور - طریق -

منُوب } (ع) نیابت کیا گیا -
منُوب عَنہُ } وہ شخص جس کا کوئی نائب ہو -

من وجہٍ (ع) کسی وجہ سے - ایک پہلو سے -

منُوچہر (ف) مینو چہر کا مخفف - یعنی بہشت رُو - ایرج کے نواسے کا نام جو ایرج کے باپ فریدوں کے بعد ایران کا بادشاہ بنا -

منوّر } منوّرہ } (ع) روشن کیا گیا - روشن - چمکتا ہوا -

منور فکر (ف) بیدار مغز -

منّ وسلویٰ (ع) من ایک چیز ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر برستی تھی - اور سلویٰ ایک جانور کا نام ہے جسے فارسی میں درتیخ اور ہندی میں لوا کہتے ہیں - یہ جانور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے گرد ہزاروں آ جاتے تھے اور اندھیرا ہونے پر ان کی قوم انھیں پکڑ کر اور کباب بنا کر کھاتی تھی (۲) ایک چھوٹی سی کتاب کا نام بھی ہے -

منوشان (ف) ایک شخص کا نام جو کیخسرو کی طرف سے ایران کا حاکم تھا (۲) منوشانیدن سے نہی کا صیغہ -

منُوط (ع) آویختہ - لٹکایا گیا - منحصر -

منُوع (ع) بہت منع کرنے والا - باز رکھنے والا -

من وعن (ع) لفظ بہ لفظ - بالکل -

منُون (ع) (۱) بہت احسان کرنے والا (۲) روزگار - زمانہ (۳) زمانہ مرگ - موت کا زمانہ (۴) حوادث روزگار -

منوّن (ع) تنوین کیا گیا - وہ حرف جس پر تنوین ہو - یعنی جس پر دو زبریں اور دو پیشیں دے کر نون کی آواز پیدا کی گئی ہو -

منوی (ع) نیت کیا گیا - وہ چیز جو ارادہ میں ہو - مراد -

منہ (ف) پشمینہ کو کُتنے والا - کیڑا -

منہاج (ع) (۱) راہ راست (۲) سڑک - کشادہ رستہ -

منہاج العابدین (ع) ایک کتاب کا نام جو امام غزالیؒ کی تصنیف ہے -

منہا کردن (ف) تفریق کرنا -

منہال (ع) اونچا ٹیلہ -

منہتک (ع) ذلیل اور رسوا ہونے والا - پردہ پھٹ جانے والا -

منہج (ع) دیکھو منہاج -

منہدم (ع) ڈھیر کیا گیا - ویران ہونے والا - گری ہوئی عمارت -

منہدم شدن (ف) گر جانا - ویران ہو جانا -

منہدم کردن (ف) گرا دینا - ویران کر دینا -

منہزم (ع) ہزیمت خوردہ - شکست اٹھانے والا - لڑائی سے بھاگ جانے والا -

منہضم (ع) (۱) ہضم ہونے والا - پچنے والا (۲) شکستہ ہونے والا (۳) دبنے والا (۴) گوارا -

منہل (ع) وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو - اور جس سے انسان اور چوپائے وغیرہ پانی پئیں -

منہلک (ع) اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا -

منہمر (ع) (۱) باراں - بہنہ (۲) ٹپکنے والا -

منہمک (ع) کسی کام میں بہت زیادہ کوشش کرنے والا -

منہوب (ع) لوٹا ہوا -

منہوم (ع) (۱) بھوکا - گرسنہ (۲) لالچی - حریص -

منہی (ع) ممنوع - ناجائز - بُرا کام - خلاف شرع -

منہی (ع) مخبر - خبر دینے والا -

منہیات (ع) منہی کی جمع - خلاف شرع کام -

منہیان (ف) منہی کی فارسی کی جمع - خبر دینے والے -

منہیان رُبع مسکون } منہیان سبع طاق } (ف) ساتوں ستارے سبعہ - سیارہ -

منیٰ (ع) کہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام جہاں قربانی کی جاتی ہے -

منی (ف) من اور یائے نسبت سے مرکب ہے - خودی - غرور - تکبر - خودبینی -

منی (ع) آبِ پشت - مرد کا پانی - دھات وہ سفید رطوبت جو انزال کے وقت آلہ تناسل سے نکلتی ہے - نطفہ -

منّی } منی } (ع) غرور - تکبر - خودبینی -

منیب (ع) حق کی طرف پھرنے والا -

منیّت (ع) موت - مرگ -

منیر (ع) روشنی دینے والا - روشن - تاباں -

منیرہ (ع) خوبصورت عورت - چیٹی گوری -

من یزید (ع) نیلام - وہ بیع جسے زیادہ قیمت بڑھنے والا لے سکتا ہے -

منیژہ (ف) افراسیاب کی بیٹی کا نام جو گیو کے بیٹے بیژن پر عاشق ہو کر اسے اپنے گھر لے گئی تھی - اور افراسیاب نے بیژن کو ایک کنویں میں قید کر کے بیٹی کو وہاں چھوڑ دیا تھا - چنانچہ رستم ترکستان پہنچ کر بیژن کو رہا کر کے مع منیژہ کے ایران لے آیا تھا -

منیع (ع) (۱) منع کرنے والا - باز رکھنے والا (۲) مضبوط - محکم (۳) وہ محکم عمارت جو دشمن کی مداخلت سے محفوظ رکھے -

منیف (ع) (۱) بزرگ (۲) بلند (۳) زیادہ -

منیوش (ف) نیوشیدن سے نہی کا صیغہ - نہ سُن مت سُن

منیہ (ع) مطلب - مقصد - آرزو -

منیّہ (ع) موت - مرگ -

Marfat.com

# م ۔ و

مَو (ف) بلی کی آواز۔
مُو (ف) بال۔
مَوات (ع) (۱) بے جان چیز (۲) خشک اور بنجر زمین جس کا کوئی مالک نہ ہو۔
مُوات (ع) مرگ۔ موت۔
مُواترت (ع) دو دن چھوڑ کر روزہ رکھنا۔
مواتنت (ع) چمٹنا۔ کام پر لگے رہنا۔
مواثیق (ع) میثاق کی جمع۔ عہد و پیمان۔
مواج (ع) موجزن۔ ٹھاٹھیں مارتا ہوا۔
مواجب (ع) موجب کی جمع۔ واجب اور لازم حقوق۔ (۲) وظیفہ۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ یہ لفظ مفرد بھی مستعمل ہے۔
مواثبت (ع) کودنا۔ ٹرانکنا۔
مواجب خور (ف) پنشن یا وظیفہ لینے والا۔
مُواجہہ (ع) سامنے۔ رُوبرو۔ باہم۔ مُنہ درمُنہ۔
مواجہہ شدن (ف) رُوبرُو ہونا۔ دوچار ہونا۔ مقابل اور سامنے ہونا۔
مواجہہ گردیدن (ف) سامنے ہونا۔
مَواجید (ع) وجد کی جمع۔ خلافِ قیاس۔ وہ کیفیتیں یا حالتیں جو محفل سماع یعنی راگ سُننے سے صوفیوں پر طاری ہوتی ہیں۔
مُواخات (ع) کسی کو بھائی بنانا۔ باہم برادری رکھنا۔
مُواخِذ (ع) مواخذہ کرنے والا۔ گرفت کرنے والا۔ کسی بات کا جواب لینے والا۔
مُواخَذہ (ع) (۱) کسی بات کا جواب لینا۔ گرفت کرنا (۲) پکڑ۔ گرفت۔ بازپُرس۔
مَواخر (ع) ماخرہ کی جمع۔ کشتیاں۔
مَوادّ (ع) مادہ کی جمع (۱) ہر چیز کی اصل (۲) مجازاً مصالح۔ سامان۔ فارسی میں بلا تشدید دال مستعمل ہے۔
مواد خام (ف) حاصل زمین۔ زمینی پیداوار۔
مُوادَعت } (ع) ایک دوسرے کو وداع کرنا۔ رخصت کرنا۔
موادَعہ }
موارات (ع) چھپانا۔
موارِد (ع) مورد کی جمع۔ وارد ہونے کی جگہیں۔ جاری ہونے کی جگہیں۔ چشمے۔
موارعت (ع) باہم گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔
مواریث (ع) میراث کی جمع۔
مُوازات (ع) برابری۔ مقابلہ۔
مُوازَرت (ع) (۱) وزیر کرنا۔ بادشاہ کا وزیر ہونا (۲) مدد کرنا۔ وزارت کرنا۔
مُوازِن (ع) (۱) ہم وزن (۲) ہم پلہ۔ برابر (۳) علم بدیع کی اصطلاح میں شاعر کا تمام اجزائے عروضیہ کو ایک قافیہ پر لانا۔
مُوازَنہ (ع) دو چیزوں کا باہم ہموزن ہونا۔ ہموزن۔ ہم وزنی۔ برابری۔
موازی (ع) برابر۔ مقابل۔ ہم قیمت۔ تخمیناً۔ آنہ کے پہلے یہ لفظ اس طرح آتا ہے جس طرح روپے کے پہلے مبلغ۔
مَوازین (ع) میزان کی جمع۔ ترازو۔
موازین شرعی (ع) دینی مسائل اور احکام۔
مواسا (ع) مواسات کا مخفف۔
مُواسات (ع) مدد کرنا۔ رعایت کرنا۔ یاری کرنا۔ غمخواری اور سُلوک کرنا۔ جان و مال سے کسی کے ساتھ غم خواری کرنا۔
مَواسِم (ع) موسم کی جمع۔
مَواشی (ع) ماشیہ کی جمع۔ چوپائے۔ اس لفظ کا اطلاق خصوصاً بارکش جانوروں گائے۔ بیل گھوڑا پر ہوتا ہے۔ بہت بچے دینے والے جانور۔
مُواصلت (ع) وصل ہونا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔ مل جانا۔
مَواضع (ع) موضع کی جمع۔ جگہیں۔
مُواضعہ (ع) (۱) باہم شرکت کرنا (۲) قول و قرار کرنا۔ باہم عہد و پیمان باندھنا۔
مُواطات (ع) (۱) موافقت کرنا (۲) علم منطق کی اصطلاح میں کسی موضوع کا محمول بلا واسطہ واقع ہونا۔
مَواطِن (ع) موطن کی جمع۔ اقامت کی جگہیں۔ وطن۔
مُواظب (ع) ہوشیار۔ خبردار۔ چوکنا۔ متوجہ۔
مُواظب باشش (ف) محتاط رہ۔
مُواظبت (ع) ہمیشہ ایک کام پر رہنا۔ ایک کام پر ہمیشگی کرنا۔ ایک کام کو ہمیشہ کرنا۔
مُواظبت کردن (ف) حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔
مُوعدت (ع) باہم وعدہ کرنا۔
مواعظ (ع) موعظت کی جمع۔ نصیحتیں۔ نصائح۔
مُواعید (ع) میعاد کی جمع (۱) میعادیں (۲) وعدے کا زمانہ اور جگہ (۳) ملاقات کا میل۔ اوقاتِ مقررّہ۔
مواعید عرقوبی (ع) بے بنیاد وعدے۔
موافِق (ع) موافقت کرنے والا۔ مطابق۔
موافق بُودن } ہم رائے ہونا۔ متفق ہونا۔
موافق شدن }
مُوافِقت (ع) ربط ضبط۔ ساتھ۔ میل جول۔ دوستی۔ اتفاق رکھنا۔ مطابقت۔
موافقت داشتن } اتفاق کرنا۔
موافقت کردن } موافقت کرنا۔
مَواقع (ع) موقع کی جمع۔ محل۔ مقام۔

Marfat.com

مُوافقہ (ع) مخالطت (۱) عورت سے جماع۔ (۲) مرد سے لڑائی۔
مُواقِف (ع) موقف کی جمع۔ ٹھہرنے کی جگہیں۔
مُواکِب (ع) موکب کی جمع۔ سواروں کے لشکر۔ سواروں کے گروہ۔ سواروں کے رسالے۔
مُواکلت (ع) باہم مل کر کھانا۔ مل کر کھانا۔
مُوالات (ع) (۱) پے درپے کام کرنا۔ (۲) ایک دوسرے کا دوست ہونا۔ کسی کے ساتھ دوستی رکھنا۔ دوستی۔
مُوالِف (ع) (۱) اُلفت کرنے والا (۲) موافق۔ نزدیک ہونے والا۔
مُوالفت (ع) (۱) باہم اُلفت کرنا۔ کسی کے ساتھ محبت کرنا۔ (۲) خوگر ہونا۔
مُوالی (ع) مولے کی جمع۔ مددگار۔ دوست۔
مُوالید (ع) مولود کی جمع۔ پیدا کی ہوئی چیزیں۔
موالید ثلاثہ
موالید ثلثہ } حیوانات۔ نباتات اور جمادات۔
موالید سہ گانہ
مُوامرت (ع) باہم مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ مشورہ۔
مُوانست (ع) باہم اُنس کرنا۔ دوستی کرنا۔
مَوانع (ع) مانع کی جمع۔ منع کرنے والی چیزیں۔ روکنے والی چیزیں۔
موانع ایجاد کردن (ف) کسی کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنا۔
موانع رفع کردن (ف) مشکلات اور رکاوٹوں کو دور کرنا۔
مَواہب (ع) موہبت کی جمع۔ عطایا۔ بخشش۔
مُواہبت (ع) بخشش۔ سخاوت۔
مواہنت (ع) باہم سستی کرنا۔ سستی۔ کاہلی۔
مَوائد (ع) مائدہ کی جمع۔ خوانچے۔ دسترخوان۔ کھانے کے بھرے دسترخوان۔
مُوباف (ف) وہ دھجی وغیرہ جسے چوٹی میں عورتیں گوندھتی ہیں۔ پراندہ۔
مُوبد (ف) (۱) آتش پرستوں کا پیشوا۔ حکیم۔ دانش مند۔ صاحب حکمت۔ ناصح۔ عالم (۲) پیر۔ مے فروش۔
مُؤبّد (ع) دائم۔ ہمیشگی کیا گیا۔ ہمیشہ۔
مُوبد موبداں (ف) زرتشتیوں کا سب سے بڑا دینی پیشوا۔
مُوبرآوردن چشم (ف) آنکھ کے اوپر کے پردے میں زائد بالوں کا اُگنا۔
مُوبرآوردن زبان (ف) (۱) بات کرنے سے عاجز ہونا (۲) امر محال کا ظاہر ہونا (۳) کسی کام کا مشکل ہونا۔ کسی کام کا دشوار یا غیر ممکن ہونا۔
مُوبرآوردن زبان قلم (ف) قلم کا لکھنے سے رہ جانا۔
مُوبرتن تیغ کشیدن (ف) نہایت غصہ میں آنا۔
مُوبرتن راست شدن (ف) ڈر۔ دہشت یا خوف کے مارے رونگٹے کھڑے ہونا۔

مُوبکف آمدن
مُوبکف برآمدن } (ف) کسی کام کا محال ہونا۔
مُوبہ مُو (ف) ہو بہو۔ عین بعین۔ سب باتوں میں سب کا سب۔ کل۔
مَوت (ع) مرجانا۔ اجل۔ مرگ۔ قضا۔
موت احمر (ع) سرخ موت۔ یعنی سخت موت۔
موت الفقراء راحۃ (ع) فقیروں کی موت راحت ہے۔
مُوتراش (ف) استرا۔ بال مونڈنے کا استرہ۔
مُوتراشی (ف) بال مونڈنا۔
مُؤتفک (ع) (۱) لوٹنے والا۔ پھرنے والا۔ (۲) لوٹانے والا۔
مُؤتفکات (ع) مؤتفک کی جمع (۱) قوم لوط کا شہر جو اُلٹا یا گیا تھا (۲) مختلف سمتوں سے چلنے والی ہوائیں۔
مُؤتلف (ع) اُلفت کیا گیا۔ خوگرفتہ۔
مُؤتم (ع) مقتدی۔ امام کے پیچھے نماز پڑھنے والا۔
مُؤتمر (ع) (۱) مشورت کرنے والا (۲) فرمانبردار۔
مُؤتمن (ع) امانت دار۔ خیانت نہ کرنے والا۔
موتٰی (ع) میت کی جمع۔ مُردے۔
مُؤثِّر (ع) تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔
مُؤثِر (ع) ایثار کرنے والا۔ بخشش کرنے والا۔ دوسروں کی حاجت برآری کو اپنے پر مقدم سمجھنے والا۔
مُؤثرات (ع) (۱) تاثیر کرنے والے (۲) ستارے۔
مُؤثفہ (ع) چولہے پر چڑھی ہوئی ہانڈی۔
مُوثق (ع) وثوق کیا گیا۔ مضبوط۔ استوار۔
مُؤثم (ع) آثم۔ گنہگار۔ مجرم۔
موج (ع) لہر۔ پانی کی لہر۔
مُوجِب (ع) (۱) لازم کرنے والا۔ واجب کرنے والا۔ (۲) باعث۔ سبب۔
مُوجَب (ع) لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔
موجبہ (ع) ضروری۔ اہم چیز۔
مُوجح (ع) پناہ گاہ۔
مَوج خیز (ف) دریا جس سے لہریں اُٹھیں۔
مُوجِد (ع) ایجاد کرنے والا۔ نئی چیز پیدا کرنے والا۔ اپنے دل سے بغیر نمونہ کے کوئی نئی چیز بنانے والا۔
مُوجز (ع) (۱) مختصر۔ کوتاہ (۲) علم طب کی ایک کتاب کا نام۔
موج زدن (ف) ٹھاٹھیں مارنا۔
موج زن (ف) موج مارنے والا۔ لہراتا ہوا۔
موج شکن (ف) وہ مضبوط بند جو ساحل سمندر پر سمندری موجوں اور لہروں کو روکتا ہے۔
موجع (ع) وجع لانے والا۔ درد پیدا کرنے والا۔
مُؤجّل (ع) مہلت دیا گیا۔ فرصت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا۔
موجرح (ع) بند کیا گیا۔

Marfat.com

مُوجُود (ع) (۱) وجود کیا گیا - پیدا کیا گیا - پیدا ہوا (۲) حاضر - ظاہر -
مُوجُودات (ع) موجود کی جمع - مخلوقات -
موجّہ (ع) وہ چیز جس کی طرف مُنہ کیا جائے - پسندیدہ خواب
موچ (ف) بوسہ -
موچ کشیدن (ف) بوسہ مانگنا - معشوق کو چُومنا - چاٹنا -
مُوچینہ (ف) موچنہ - بال اکھیڑنے کا آلہ -
مُوحِّد (ع) توحید کا قائل - خدا کو ایک ماننے والا -
مُوحَد (ع) اکیلا - تنہا
مُوحِش (ع) وحشت میں ڈالنے والا - اندوہگیں کرنے والا -
مُؤخَّر (ع) (۱) آخر کیا گیا - پچھلا (۲) چاند کی ایک منزل کا نام -
مُوخَر (ع) آنکھ کا گوشہ جو کان کی طرف ہوتا ہے
مُوخرالذکر (ع) بعد میں ذکر کیا گیا ہوا -
مُوخِف (ع) بے وقوف -
مُود (ف) عقاب جو مشہور پرندہ ہے -
مُوداذن (ف) عاشق جب معشوق کے وصل سے نا اُمید ہو جاتا ہے تو اپنی بے کسی ظاہر کرنے کے لیے اپنے بال کاغذ وغیرہ میں لپیٹ کر معشوق کے پاس روانہ کرتا ہے - پس اگر معشوق کو بھی اس کا اشتیاق ہو تو وہ بھی جواب میں ایسا ہی کرتا ہے
مُؤَدِّب (ع) ادب دینے والا - استاد - ادیب -
مُؤَدَّب (ع) ادب دیا گیا - ادب سکھایا گیا -
مُوَدَّت
مُوَدِّت } (ع) محبت - دوستی - دوستی کرنا -
مودّت آمیز (ف) محبت آمیز - مہر انگیز -
مُودر آسیا سفید شُدن (ف) بالکل ناتجربہ کار ہونا - کمال بے وقوفی -
مُودر پیراہن ریختن (ف) کسی کو بے قرار و مضطرب کرنا -
مُوَدِّع (ع) وداع کرنے والا - رخصت کرنے والا -
مُوَدَّع (ع) وداع کیا گیا - رخصت کیا گیا -
مُوَدُّعہ (ع) سپرد کی ہوئی چیز -
مَوْدُود (ع) (۱) پیارا - دوست رکھا گیا (۲) محمود غزنوی کے پوتے کا نام جس نے ۴۳۲ھ سے ۴۴۱ھ تک حکومت کی -
مُوَدُوع (ع) اطمینان - وقار - آرام -
مُوَدّٰے (ع) (۱) ادا کیا گیا - پہنچایا گیا (۲) معنی - مضمون
مُؤَدّی (ع) ادا کرنے والا - پہنچانے والا -
مُؤَذِّن (ع) اذان دینے والا - آگاہ کرنے والا -
مُؤذّنِ تبیح (ف) تبیح کا امام -
مُؤذّنِ تسبیح فلک (ف) آفتاب
مُؤذّنِ مے خوارگان (ف) مُرغا -
مُوذی (ع) ایذا دینے والا - تکلیف دینے والا -

مور (ف) چیونٹی -
موران مار کُشتہ (ف) وہ ضعیف جنھوں نے بڑے طاقتور ظالموں کو مارا ہو -
مورّب (ع) ترچھا - ٹیڑھا -
مُورِث (ع) (۱) وارث کرنے والا - وہ مرنے والا جو وارث اور مال چھوڑ جائے - ترکہ پہنچانے والا (۲) باعث پہنچانے والا - (۳) پیدا کرنے والا -
مُورثِ اعلیٰ (ع) کسی خاندان کا وہ بزرگ جس کی وراثت خاندان میں تقسیم ہوئی ہو -
مُورحال (ف) ایران کے ایک پہاڑ کا نام جس کے ایک غار سے ضرورت کے موافق پانی حاصل ہو جاتا ہے -
مُورچال (ف) مورچہ - وہ گڑھا جو قلعہ فتح کرنے کے لیے چاروں طرف کھودا جاتا ہے -
مُورچانہ (ف) زنگ جو لوہے کے اندر گھس جاتا ہے -
مُورچل (ف) دیکھو مورچال -
مورچہ (ف) (۱) ایک چیونٹی جو بالکل چھوٹی ہوتی ہے (۲) زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے (۳) مجازاً حقیر ضعیف -
مورچہ پے (ف) خشخشی داڑھی -
مورچہ پے زدن (ف) داڑھی کے بال چُننا - داڑھی کے بالوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دینا -
مورچہ عنبرین (ف) خط معشوق - نوجوانوں کی داڑھی کے بال -
موری چال (ف) دیکھو مورچال -
مُؤرِّخ (ع) تاریخ لکھنے والا -
مُؤرِّخین (ع) مورخ کی جمع - تاریخ لکھنے والے -
مَورِد (ع) (۱) وارد ہونے کی جگہ (۲) انسانوں اور حیوانوں کے پانی پینے کا چشمہ -
مُورَد (ع) آس جو ایک درخت ہے اور جس کے پتوں میں نہایت تازگی اور سبزی اور خوشبو ہوتی ہے اور انہیں زُلف معشوق سے تشبیہ دیتے ہیں -
مُوَرَّد (ع) گلگوں - گلابی - گلابی رنگ والا -
مور در خانۂ خود حکم سلیمان دارد (ف) اپنی گلی میں کُتا بھی شیر ہوتا ہے -
مورد تصویب قرار گرفتن (ف) منظور کیے جانا -
مورد تعقیب واقع شدن (ف) کسی کا چالان کیے جانا -
مورد خشم کسی گردیدن (ف) کسی کے زیر عتاب آنا -
مورد قبول شدن (ف) شرفِ قبولیت پانا -
مورد مطالعہ قرار دادن (ف) مطالعہ کے لائق سمجھنا -
مورد معافیت (ف) قابل عفو - لائق - درگزر -
مورسرج (ع) مورسرہ کا معرب -
مورسرہ (ف) آنکھ کی ایک بیماری کا نام - بہ مرض خروج طبقہ عنبیہ

Marfat.com

سے ہوتا ہے جو ابتدا میں چیونٹی کے سر کے برابر ہوتا ہے۔
**مور سوارہ** (ف) ایک قسم کی چیونٹی جو عام چیونٹیوں سے اُونچی اور بلند ہوتی ہے۔
**مورش** (ف) چھوٹے چھوٹے منکے جنہیں عورتیں تاگے میں پرو کر گلے اور ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔
**مَورُوث** (ع) (۱) وراثت دیا گیا۔ ارث دیا گیا۔ ترکہ دیا گیا (۲) حاصل کی ہوئی میراث۔
**مَورُوثی** (ع) باپ دادا کا۔ وہ شے جو باپ دادا کے ورثہ میں ملی ہو۔
**مَورُود** (ع) (۱) ورد کیا گیا (۲) وارد کیا گیا۔
**موری** (ف) بدررو۔ پانی نکلنے کی نالی۔ ٹونٹی۔
**موریات** (ع) چقماق سے آگ لگانے والیاں۔ جہاد کے گھوڑے۔
**موریانہ** (ف) مورچانہ۔ لوہے کا زنگ۔
**موز** (ف) کیلہ۔ کیلے کا درخت۔
**مُوَزِّع** (ع) (۱) تقسیم کرنے والا (۲) پراگندہ کرنے والا۔
**مَوزُون** (ع) (۱) وزن کیا ہوا۔ تُلا ہوا (۲) مناسب۔ پسندیدہ۔ خوش آئند۔
**مَوزُون ترازُو** (ف) ترازو کا نہایت صحیح اور اعتدال پر ہونا۔
**موزونیت** (ع) زیبائش۔ پھبن۔ پسندیدگی۔
**موزہ** (ف) (۱) جراب (۲) جُوتا۔ پاپوش۔ بوٹ (۳) تلوار کا غلاف۔ میان تیغ۔
**مُوزہ** (معف) عجائب خانہ۔
**موزہ در گل ماندن** (ف) (۱) تھک جانا (۲) عاجز ہونا۔ پابند ہونا۔ مشکلات میں پڑنا۔
**موزہ نہادن** (ف) ترک سفر کرنا۔ اقامت کرنا۔
**موزہ نہادن و کفش خواستن** (ف) سفر کرنا۔
**موزیک** (ف) موسیقی۔
**موژ** (ف) تالاب۔ آبگیر۔
**مُوژ** (ف) غم۔ رنج۔ اندوہ۔
**موژان** (ف) مدبھری آنکھ۔ ناز بھری ہوئی آنکھ۔
**موژہ** (ف) تالاب۔ آبگیر۔
**مُوژہ** (ف) غم۔ رنج۔ اندوہ۔
**مُوسِخ** (ف) جینتو۔ زنّار۔
**مُوسِر** (ع) دولت مند۔ تونگر۔
**مُؤَسِّس** (ع) تاسیس ڈالنے والا۔ بنیاد رکھنے والا۔ مضبوط کرنے والا۔
**موسم** (ع) (۱) وقت۔ ہنگام (۲) کسی چیز کا وقت (۳) میلا۔
**موسم گل، باغبان کراست** (ف) موسم بہار میں باغ کی خوبصورتی کے باعث باغبان کسی سے بات ہی نہیں کرتا۔ یہ محاورہ ایسے موقعہ پر بولتے ہیں۔ جب کوئی آدمی دولت مند ہو جائے اور پھر دوستوں اور عزیزوں سے بات کرنا بھی

گوارا نہ کرے۔
**موس موس کردن** (ف) بڑبڑانا۔
**مُوشورہ** (ع) حشرات الارض میں ایک جانور جو ہے اور گوہ کی قسم ہے۔
**مَوسُوم** (ع) (۱) اسم دیا گیا۔ نام رکھا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳) داغدار۔
**مَوسُومہ** (ع) اسم دی گئی ہوئی چیز۔ نام رکھا گیا۔
**موسہ / مُوسہ** } (ف) زنبور۔ بھڑ۔
**مُوسٰے** (ع) (۱) بال مونڈنے کا اُسترا (۲) ایک مشہور پیغمبر کا نام جن پر توریت نازل ہوئی۔ ان کی قوم کو یہود کہتے ہیں۔ یہ پندرہ سو اکہتر برس قبل مسیح شہر مصر میں پیدا ہوئے اور ایک سو بیس سال کی عمر میں چودہ سو اکیاون سال قبل از مسیح میں فوت ہوئے۔ عبرانی زبان میں مُو بمعنی تابوت اور سا بمعنی پانی ہے۔ چونکہ ان کو ان کی والدہ نے صندوق میں ڈال کر پانی میں بہا دیا تھا۔ اس لیے یہ نام ہوا۔
**مُوسیچہ** (ف) قمری کے برابر ایک سفید رنگ پرندہ۔ (۲) صعوہ۔ ممولا۔
**مُؤسّسہ** (ع) ادارہ۔ محکمہ۔
**موسیقار** (ع) ایک باجہ کا نام جس میں چھوٹی بڑی لمبی نلیاں مثلث شکل میں باہم جڑی ہوتی ہیں (۲) ایک پرندہ کا نام۔ دیکھو ققنس۔
**موسیقی** (ی) گانے بجانے کا علم۔ علم سرود۔ یونانی زبان میں موسیقار شعر یعنی لحن کو کہتے ہیں۔ اس علم کے بارہ مقام اور ہر مقام کے دو شعبے اور ہر شعبے سے کئی کئی نغمے ہیں۔ اس کے سوا دو مقام کے ملاپ سے کچھ آہنگ نکالے گئے ہیں۔
**مُوش** (ف) چوہا۔
**موش آب کشیدہ** (ف) بھیگا ہوا۔
**مُوش ایں جا بعصا راہ می رود** (ف) انتہائی حزم و احتیاط سے کام لینا۔ قدم پھونک پھونک کر رکھنا۔
**مُوشّح** (ع) (۱) زیور سے آراستہ کیا گیا۔ ہار پہنایا گیا۔ بدھی پہنایا گیا (۲) مرصع گلوبند (۳) علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جس کے ہر شعر یا مصرعہ کے پہلے حرف جمع کرنے سے کسی شخص کا نام وغیرہ حاصل ہوتا ہے۔
**مُوش خرما** (ف) گلہری۔
**موش خوار / موش خور** } (ف) (۱) چیل (۲) گدھ۔
**مُوش دشتی** (ف) جنگلی چوہا۔
**مُوش دندان** (ف) وہ چیز جس پر چوہے کے دانتوں کے مانند نشان ہوں۔
**مُوشکا** (ف) یہودیوں کے ایک عالم کا نام۔

Marfat.com

مُوشک پرّاں (ف) گلہری۔
مُوشک پرّانی (ف) فتنہ انگیزی۔
مُوشک دوانیدن (ف) کام میں رکاوٹیں پیدا کرنا۔
مُوشک دَوانی (ف) (۱) چھچھوندر جو آتش بازی ہوتی ہے (۲) فتنہ انگیزی (۳) غیبت کرنا ۔ چغلی کھانا (۴) بہتان باندھنا تہمت لگانا۔
مُوشک کور / موش کور } (ف) (۱) چھچھوندر (۲) چمگادڑ۔
مُوش گر (ف) بین کرکے دوسری عورتوں کو رلانے والی نوحہ گر عورت۔
موش گیر (ف) چوہوں کے پکڑنے کا پنجرہ۔
موش مُردہ (ف) بے جرات ۔ ڈرا ہوا۔
موش مُردہ شُدن (ف) ساکت ہونا ۔ خاموش ہونا۔
موص (ع) بھروسہ ۔ ہاتھ سے ملنا ۔ آہستہ دھونا۔
مُوصدہ (ع) ڈھکی ہوئی۔
مُوصّف (ع) وصف کیا گیا ۔ توصیف کیا گیا۔
مُوصّف (ع) وصف کرنے والا ۔ توصیف کرنے والا۔
مُوصَل (ع) (۱) جائے وصل ۔ ملنے کی جگہ (۲) عراق میں دریائے دجلہ کے کنارے ایک مشہور شہر ہے جس کے قریب قدیم مشہور شہر نینوا کے کھنڈر ہیں۔
مُوصِل (ع) پہنچانے والا۔
مُوصّل (ع) وصل کیا گیا ۔ پیوند کیا گیا۔
موصُوف (ع) وصف کیا گیا ۔ تعریف کیا گیا۔
موصُول (ع) (۱) وصل کیا گیا ۔ ملا ہوا ۔ پہنچا ہوا (۲) وہ اسم جو بجز صلہ پورے معنی نہ دے۔
مُوصی (ع) وصیت کرنے والا۔
مُوصےٰ (ع) وصیت کیا گیا۔
مُوصےٰ اِلَیہ (ع) وہ شخص جسے وصیت کی جائے۔
مُوضَنت (ع) نیش۔
مُوضَح (ع) واضح کیا گیا ۔ روشن کیا گیا۔
مُوضِح (ع) واضح کرنے والا ۔ روشن کرنے والا۔
مَوضع (ع) (۱) رہنے کی جگہ (۲) جگہ ۔ مکان (۳) گاؤں۔
موضوع (ع) (۱) رکھا گیا (۲) کیا گیا (۳) وہ مقصد یا شے جس کا ذکر اس علم میں ہو (۴) منطق کی اصطلاح میں خبر کو محمول اور مبتدا کو موضوع کہتے ہیں۔
موضوع بحث (ف) جس موضوع پر سخن آرائی کی جائے۔
مَوطن (ع) جائے وطن ۔ اپنا دیس۔
مُوطّن (ع) وطن کیا گیا ۔ جسے وطن بنا لیا ہو۔
موطن اصلی (ف) جنم بھومی۔
موطن اجدادی (ف) آباؤ اجداد کا وطن۔
مُوظَّف (ع) (۱) وظیفہ دیا گیا (۲) وظیفہ کیا گیا۔
مُوظِّف (ع) (۱) وظیفہ دینے والا (۲) ہمیشہ ایک کام کرنے والا۔

موظف کردن (ف) کوئی ڈیوٹی لگانا ۔ کوئی ذمہ داری سونپنا۔
موعد (ع) وعدے کا وقت ۔ وعدے کی جگہ ۔ میعاد۔
موعدت (ع) وعدہ ۔ عہد ۔ عہد و پیمان۔
مُوعظت (ع) (۱) وعظ کرنا ۔ نصیحت کرنا (۲) وعظ نصیحت۔
مَوعُود (ع) وعدہ کیا گیا ۔ جس کا وعدہ کیا جائے۔
مَوعُودہ (ع) وعدہ کی گئی بات ۔ وہ بات جس کا وعدہ کیا جائے۔
مُوغ (ف) مغ ۔ آتش پرست۔
مُوفّا (ع) (۱) وفا کیا گیا (۲) کامل ۔ تمام۔
مُوفَّر (ع) زیادہ کیا گیا ۔ وافر کیا گیا۔
مُوفِّر (ع) زیادہ کرنے والا ۔ وافر کرنے والا۔
مُوگُرستادن (ف) دیکھو موودادن۔
مُوَفَّق (ع) توفیق دیا گیا جس کے لیے نیک کام کرنے کے لیے اسباب مہیا ہوں۔
مُوَفِّق (ع) توفیق دینے والا۔
موفق ساختن (ف) کامیاب کرانا یا بنانا۔
موفق شُدن (ف) کامیاب ہونا۔
موفقیت (ع) کامیابی۔
موفقیت بدست آوردن (ف) کامیابی حاصل کرنا۔
مَوفُور (ع) (۱) وافر کیا گیا ۔ زیادتی کیا گیا (۲) تمام۔
موفیٰ (ع) (۱) وفا کیا گیا (۲) تمام کیا گیا ۔ (۳) تمام ۔ کامل
مُوق (ع) آنکھ کا گوشہ۔
موقت (ع) وقت پر ٹھہرا ہوا ۔ معین ۔ جس کا خاص وقت مقرر ہو ۔ زمانہ کیا گیا۔
موقتی (ع) عارضی ۔ وقتی۔
مُوَقَّر (ع) (۱) وقر کیا گیا ۔ بزرگ رکھا گیا ۔ عزت دیا گیا (۲) آزمایا گیا (۳) حلیم ۔ بردبار۔
موقر بودن (ف) باوقار ہونا۔
مَوقَع / موقِع } (ع) (۱) واقع ہونے کی جگہ (۲) گرنے کی جگہ۔
مُوَقَّع (ع) (۱) وقیع کیا گیا ۔ بلند کیا گیا (۲) توقع کیا گیا ۔ جس سے توقع ہو۔
موقع شناس (ف) دانا ۔ باہوش آدمی۔
موقع شناسی (ف) ہوشیاری ۔ دانائی۔
موقعیت (ف) موقع مناسب۔
مَوقِف (ع) (۱) ٹھہرنے کی جگہ ۔ کھڑے ہونے کی جگہ (۲) حاجیوں کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔ عرفات۔
مُوقِن (ع) یقین کرنے والا۔
مُوقِنہ (ع) یقین کرنے والی عورت۔
موقوف (ع) (۱) ٹھہرایا گیا (۲) برخاست کیا گیا (۳) اپنے معمولی کام سے روکا گیا (۴) وہ حرف ساکن جس سے پہلا حرف بھی ساکن ہو جیسے درد کی دال۔
موقوف شُدن (ف) ہٹا دیے جانا۔
موقوف کَردن (ف) ہٹا دینا۔
مُوک (ف) ڈنک ۔ نیش۔

Marfat.com

**مَوکِب** (ع) (۱) اردل کے آدمی (۲) اردل کے سوار جو امراء کی سواری کے آگے پیچھے چلتے ہیں۔
**موکبان** (ف) موکب کی جمع۔
**مَوکبانِ سَحَر** (ف) وہ فرشتے جو شبِ معراج آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ہمراہ تھے۔
**مُؤکَّد** (ع) (۱) تاکید کیا گیا (۲) استوار۔ مضبوط۔
**مُؤکِّد** (ع) تاکید کرنے والا۔
**مُؤکَّدہ** (ف) مضاف کی ضد۔ مطلق۔
**مُوَکَّل** (ع) جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے۔
**مُوَکِّل** (ع) سپرد کرنے والا۔ جو کوئی کام کسی کے سپرد کرے۔
**مُول** (ف) (۱) عورت کا معشوق (۲) ادا۔ غمزہ۔ ناز (۳) دیر۔ درنگ۔ تاخیر (۴) حرام زادہ (۵) توبہ (۶) امر کا صیغہ۔ ٹھہر۔ باش۔
**مَولا** (ع) (۱) مددگار (۲) آزاد کرنے والا (۳) صاحب خداوند آقا۔ سردار (۴) رفیق (۵) آزاد کیا گیا (۶) ہمسایہ (۷) غلام۔
**مُولامُول** (ف) تاخیر پر تاخیر۔ دیر پر دیر۔
**مَولِد** (ع) جائے ولادت۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ جنم بھومی۔ وطن۔ (۲) پیدا ہونے کا وقت۔
**مُوَلِّد** (ع) پیدا کرنے والا۔
**مُوَلَّد** (ع) (۱) وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو (۲) وہ عجمی لفظ جسے عرب اپنے کلام میں بولتے ہوں۔ (۳) دوغلہ وہ آدمی جس کا باپ ایک ملک و قوم کا ہو۔ اور ماں دوسرے ملک و قوم کی (۴) لغتِ عرب کی ایک قسم جو اصل میں موضوع نہ ہو۔ اور اسے اصل لغت بنا لیا ہو۔
**مُوَلِّدہ** (ع) جنانے کی قوت۔ وہ قوت جو خون سے منی نکال کر اسے انسان کی صورت بننے کے قابل کرتی ہے۔
**مُولَع** (ع) راغب۔ حریص۔ لالچی۔
**مُؤَلَّف** (ع) (۱) تالیف کیا گیا۔ جمع کیا ہوا (۲) اُلفت کیا گیا۔
**مُؤَلِّف** (ع) (۱) تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا (۲) اُلفت دلانے والا۔
**مُؤَلَّفات** (ع) وہ کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں۔
**مُؤلِم** (ع) الم دینے والا۔ درد دینے والا۔
**مُولُو** (ف) (۱) حیوان کا سینگ جسے فقیر لوگ بجاتے ہیں۔ (۲) لکڑی ایک درخت کی جسے خول کرکے بجاتے ہیں۔
**مَولُود** (ع) (۱) جنا ہوا۔ بچہ جو نیا پیدا ہو۔ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی (۲) جننے کا زمانہ۔
**مَولُودِ مسعود** (ع) خوش بخت بچہ۔
**مَولَوی** (ع) منسوب بہ مولا۔ یائے نسبتی کے لگنے سے سہ حرفی اور چہار حرفی لفظ میں الف مقصورہ قاعدہ کے مطابق واؤ سے بدل جاتا ہے۔ اللہ والا۔ سرداری کیا گیا۔ سردار۔
**مُوَلَّہ** (ع) (۱) عاشق۔ شیفتہ۔ دیوانہ (۲) ایک قسم کا بید جسے بید مجنوں کہتے ہیں۔

**مَولیٰ** (ع) دیکھو مولا۔
**مُولیدَن** (ف) (۱) دیر کرنا (۲) پھرنا (۳) پھرانا (۴) گھسنا۔ (۵) پھسلنا۔
**مُوم** (ف) (۱) وہ سفید اور چکنا مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں (۲) شمع۔
**موامات** (ع) جنگل۔
**موم بُودن** (ف) مطیع و فرمانبردار ہونا۔ موم کی طرح جدھر چاہو مڑ جانا۔
**مُؤمِّر** (ع) امر کرنے والا۔ حکم کرنے والا۔
**مُؤَمَّل** (ع) (۱) اُمیدوار (۲) گھوڑ دوڑ میں ساتویں نمبر پر رہنے والا گھوڑا۔
**مُومِسہ** (ع) بدکار۔ ذلیل عورت۔
**مُؤمِن** (ع) ایمان لانے والا۔ ایمان دار۔
**مُؤمیٰ** (ع) اشارہ کیا گیا۔ ایما کیا گیا ہو۔
**مُؤمیٰ الیہ** (ع) جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
**مُومیا** / **مُومیائی** (ع) سلاجیت۔ ایک سیاہ رنگ شے کا نام جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے اور ٹوٹے ہوئے عضو کے لیے مفید ہے۔
**مُومیائے عملی** (ع) بناوٹی۔ یعنی خود ساختہ مومیائی۔
**مومیائے کانی** (ع) اصلی مومیائی۔ کان سے ملی ہوئی مومیائی۔
**مُؤن** (ع) بیوی بچوں کو پالنا۔ خرچ برداشت کرنا۔
**موہت** (ع) سختی سے روندنے والا۔
**مُؤنت** / **مُؤنت** (ع) (۱) بوجھ۔ گرانی۔ بار (۲) رنج (۳) محنت (۴) زادِ راہ۔ توشہ (۵) معاش۔ مایحتاج جیسے روٹی کپڑا وغیرہ۔ مزدوری۔ روزانہ خرچ۔
**مُؤَنَّث** (ع) مادہ۔ عورت۔
**مُونِس** (ع) انس کرنے والا۔ غم خوار۔ رفیق۔ آرام دینے والا۔ ہمدم۔ یار۔
**مُوَہِّب** (ع) ہبہ کرنے والا۔ بخشنے والا۔
**مَوہِبت** (ع) بخشش۔ عطا۔
**موہبتِ الٰہی** (ف) بخشش خداوندی۔ خداداد۔
**موہبتِ عظمٰی** (ع) بہت بڑی بخشش۔
**مُوَہِّم** (ع) وہم ڈالنے والا۔
**مُوہِن** (ع) سست اور کاہل کرنے والا۔
**مَوہُوب** (ع) ہبہ کیا گیا۔ عطا کیا گیا۔ بخشش کیا گیا۔
**موہوب لہ** (ع) جس کے نام پر ہبہ کیا جائے۔
**موہوبہ** (ع) جو چیز ہبہ کی جائے۔
**موہوم** (ع) وہم کیا گیا۔ وہمی۔
**موہومات** (ف) امور وہمی۔
**موہوم پرست** (ف) توہم پرست۔
**موہوم گشتن** (ف) ذلیل و خوار ہونا۔
**مَوہُون** (ع) سست کیا گیا۔
**موئے** (ف) بال۔ مُو۔
**موئے از خمیر کشیدن** (ف) آسان کام۔

Marfat.com

**موئے از کف بر آمدن** (ف) محال کام - امرِ محال - کسی کام کا محال ہونا۔

**مُویان** (ف) مویدن کا اسم فاعل - نوحہ کرنے والا - گریاں۔

**مُویانہ** (ف) مورچانہ۔

**موئے بر رُستن** (ف) تیار ہونا - مستعد ہونا۔

**موئے بینی** (ف) موئے دماغ (۱) مکروہ شخص - عیش میں خلل انداز ہونے والا - بے دماغی کا باعث ہونے والا (۲) ناک کا بال - وہ شخص جو کسی امیر کا مصاحب اور مقرب ہو۔

**مُؤیّد** (ع) مدد دیا گیا - تائید کیا گیا۔

**مُؤیِّد** (ع) تائید کرنے والا - مددگار

**مویدن** (ف) رونا - مُردہ پر نوحہ کرنا۔

**موئے دماغ کسے شدن** (ف) کسی کی ناک کا بال ہونا - کسی امیر کا مصاحب خاص بننا۔

**موئے را جوال کردن** (ف) بات کا بتنگڑ بنانا - رائی کا پہاڑ بنانا۔

**موئے را طناب کردن** (ف) رائی کا پہاڑ بنا دینا۔

**موئے را ہفت بخش کردن** (ف) بال کی کھال کھینچنا۔

**مویز** (ع) ایک قسم کا خشک انگور جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے اور جسے غلطی سے منقّیٰ کہا جاتا ہے۔

**موئے زنخ کندن** (ف) حیران اور سراسیمہ ہونا۔

**موئے زہار** (ف) جھانٹیں - شرمگاہ کے بال۔

**مویش در ایں کار سفید شدہ** (ف) وہ یہی کام کرتے کرتے بوڑھا ہو گیا - یعنی اس کی تمام عمر اسی کام کی مشق کرتے کرتے گزر گئی ہے۔

**موئے سر را درست کردن** (ف) بال سنوارنا - بالوں کو کنگھی کرنا۔

**مویش را آتش زدند** (ف) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو - اور وہ اچانک دفعتہً آ نکلے۔

**موئے عزرائیل بہ تن** (ف) نہایت ہی ڈراؤنا اور بھیانک۔

**موئے گیاہ** (ف) ایک گھاس کا نام جس سے زُلف کو تشبیہ دیتے ہیں۔

**مُوینہ** (ف) پوستین - حیوان کا چمڑا جس پر بال ہوں۔

**مویہ** (ف) گریہ زاری - رونا - مُردے پر نوحہ کرنا۔

**مویہ زال** (ف) ایک لحن کا نام۔

**مویہ گر** (ف) نوحہ گر - زاری کرنے والا۔

**موینیہ** (ف) دیکھو موینہ۔

**مویدن** (ف) نوحہ کرنا - رونا۔

ؔ

# م - ہ

**مہ** (ف) ماہ کا مخفف - چاند - قمر۔

**مَہ** (ف) کہر۔

**مَہ** (ف) باخفائے ہا حرف نفی کے معنی دیتا ہے۔

**مِہ** (ف) بزرگ - بڑا - سردار۔

**مہ آلود** (ف) کہر آلود۔

**مِہا** (ف) (۱) بزرگ (۲) اے بزرگ - اے سردار۔

**مَہا** (ف) (۱) بلور کی شکل کا ایک پتھر (۲) بعض کے نزدیک بلور۔

**مَہاب** (ع) (۱) ہیبت ناک شخص (۲) ڈراؤنی شکل۔

**مَہابت** (ع) (۱) ہیبت - وحشت - خوف - ڈر (۲) غصہ (۳) بزرگی (۴) فارسی میں یعنی شان و شکوہ بھی استعمال ہوتا ہے۔

**مُہاجر** (ع) ہجرت کرنے والا - راہِ خدا میں وطن چھوڑنے والا - ترک وطن کرنے والا۔

**مُہاجرت** (ع) ہجرت کرنا - ترک وطن کرنا - وطن چھوڑ کر دوسری جگہ جا بسنا - راہِ خدا میں ترک وطن کرنا۔

**مہاجر نشین** (ف) وہ جگہ جہاں پناہ گیروں کی رہائش ہو۔

**مُہاجرین** (ع) (۱) مہاجر کی جمع - ترک وطن کرنے والے - (۲) وہ لوگ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے ارشاد کے مطابق مکہ سے ہجرت کرکے چلے گئے تھے۔

**مہاد** (ع) فرش - بچھونا - بستر۔

**مِہار** / **مَہار** (ف) اونٹ کی نکیل - وہ لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس سے رسی باندھتے ہیں۔

**مَہارِب** (ع) مہرب کی جمع - بھاگنے کی جگہیں - گریز گاہیں۔

**مہار بر سر کردن** (ف) مطیع کرنا۔

**مَہارت** (ع) استعداد - استادی۔

**مَہالک** (ع) مہلکہ کی جمع - ہلاکت کی جگہیں - ہلاکتیں۔

**مَہام** (ع) اصل میں مہامم تھا - مہم کی جمع - مہمات - دشوار کام - بڑے بڑے کام - خطرناک کام۔

**مَہامم** (ع) مہم کی جمع - دشوار کام۔

**مِہان** (ف) مِہ کی جمع - بزرگ لوگ - سردار لوگ

**مُہان** (ع) اہانت کیا گیا - ذلیل۔

**مَہَب** (ع) ہوا کے چلنے کی جگہ۔

**مہ بر کوہان** (ف) ایک راگ کا نام۔

**مَہبِط** (ع) جائے ہبوط - اُترنے کی جگہ۔

**مہبِل** (ع) عورت کی فرج کا منہ۔

**مہ پرستان** (ف) عاشق لوگ۔

**مہتاب** (ف) (۱) چاندنی - چاند کی روشنی (۲) مجازاً چاند۔

Marfat.com

**مہتاب بہ گز پیمودن** (ف) (۱) کارِ محال انجام دینا۔ ایسا کام کرنا جس کا سرانجام دینا ناممکن ہو (۲) لغو کام کرنا۔ بے ہودہ حرکت کرنا۔

**مہتاب بودن** (ف) چاندنی کا ہونا۔

**مہتاب پیمودن** (ف) لغو حرکت کرنا۔ بے ہودہ کام کرنا۔

**مہتاب را بگل اندودن** (ف) کسی کھلی حقیقت کو چھپانے کی کوشش کرنا۔

**مہتاب شدن** (ف) چاند کا بادل سے باہر نکل آنا۔

**مہتاب و کتان** (ف) دو متضاد چیزیں۔

**مہتابی** (ف) (۱) چھوٹی سی عمارت جو چاندنی کی سیر دیکھنے کے لیے حوض وغیرہ کے کنارے بنائی جاتی ہے (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) رنگ شکستہ (۴) وہ چیز جو چاندنی میں تیار ہو۔

**مُہتدی** (ع) (۱) ہدایت پانے والا۔ راہِ راست پانے والا۔ (۲) ایک نہایت نیک اور عابد و زاہد عباسی خلیفہ کا نام جو ۲۵۵ھ سے ۲۵۶ھ تک حکمران رہا اور ترکوں نے اسے مروا ڈالا۔

**مُہتدیٰ** (ع) ہدایت کیا گیا۔ ہدایت یافتہ۔

**مِہتر** (ع) مرکب تفضیل بمعنی (۱) بہت بزرگ۔ بڑا سردار (۲) ان دنوں اہل ایران بمعنی "سائیس" استعمال کرتے ہیں۔

**مہتران** (ف) بڑے لوگ۔

**مہتر رخت**
**مہتر رَخت** } (ف) کپڑے پہنانے والا۔ خدمت گار۔

**مُہتم** (ع) اہتمام کیا ہوا۔

**مُہتمم** (ع) اہتمام کرنے والا۔ منتظم۔

**مہتری** (ف) بزرگی۔ سرداری۔

**مہتری کردن** (ف) سرپرستی کرنا۔

**مہتوک** (ف) مرا ہوا۔ مُردہ۔

**مہج** (ع) مہجہ کی جمع۔ ارواح۔ جانیں۔

**مہ جبین** (ف) حسین و خوبصورت۔

**مہجر** (ع) عزت والا۔ بڑا آدمی۔

**مہجرہ** (ع) کھجور کا لمبا درخت۔ ذلت۔ رسوائی۔

**مہجع** (ع) سونے کی جگہ۔ خواب گاہ۔

**مہجع** (ع) سونے والا۔

**مہجنہ** (ع) بے خبر۔ غافل۔ جماعت۔

**مہجو** (ع) ہجو کیا گیا۔ جس کی ہجو کی جائے۔

**مہجور** (ع) ہجر کیا گیا۔ جدائی کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ جدا۔

**مہجوری** (ع) جدائی۔ فراق۔ فرقت۔

**مہجہ**
**مُہجہ** } (ع) (۱) خون (۲) خونِ دل (۳) روحِ جان (۴) ہر چیز کا خلاصہ۔

**مہجۃ الاحجار** (ع) جواہرات۔ جیسے یاقوت۔ الماس۔ زمرد۔ وغیرہ۔

**مہچہ** (ع) (۱) چاندی سونے کا لٹو وغیرہ جو علم کے سرے پر لگاتے ہیں (۲) پرچم۔ پھریرا۔ جو جھنڈے کے اوپر ہوتا ہے (۳) چوب کا دھڑکا۔

**مہد** (ع) (۱) گہوارہ۔ ہنگھوڑا۔ جس میں چھوٹے بچوں کو سلاتے ہیں (۲) بستر۔ بچھونا۔

**مہدِ تمدن** (ف) تہذیب و تمدن کا گہوارہ۔

**مہدِ علیا** (ع) (۱) اونچا ہنڈولا (۲) بادشاہ کی بیگم جو ولی عہد کی ماں ہو۔

**مہدم** (ف) (۱) ایک شکاری پرند جس کی دُم ابلق ہوتی ہے (۲) کالا کبوتر جس کی دُم سفید ہو۔

**مہدِ مینا** (ف) آسمان۔

**مہدِ نقش موسیٰ** (ف) وہ صندوق جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بند کر کے بہایا گیا تھا۔

**مہدوم** (ع) سویا ہوا شیر۔ ڈھایا ہوا۔

**مُہدی** (ع) ہدایت کرنے والا۔ راہنما۔

**مَہدِی** (ع) (۱) ہدایت کیا گیا (۲) تیسرے عباسی خلیفہ کا نام جو ۱۵۸ھ سے ۱۶۹ھ تک حکمران رہا۔ سب سے پہلے علم کلام میں اسی کے وقت میں کتابیں تصنیف ہوئیں۔ اس نے ... راہِ خدا میں مساکین پر تقسیم کر دیا۔ حج اور زیارت ... لوٹایا تو بے شمار دولت تقسیم کی (۳) بارھویں امام کا نام جو بعض کے نزدیک آئندہ ظاہر ہوں گے۔ جس کے باعث کئی لوگ مہدی بن چکے ہیں۔

**مہدیہ** (ع) ممالک مغرب میں ایک شہر کا نام۔

**مِہذار** (ع) بے ہودہ گو۔ بکواسی۔

**مُہذَّب** (ع) (۱) تہذیب دیا گیا۔ آراستہ کیا گیا۔ عیبوں سے پاک کیا گیا (۲) عربی لغت کی ایک کتاب کا نام۔

**مُہذِّب** (ع) آراستہ کرنے والا۔

**مُہذَّبُ الاَخلاق** (ع) خوش اخلاق۔ خوش خلق۔ خوش خو۔ نیک خصلت۔

**مَہر** (ع) وہ روپیہ وغیرہ جو خاوند نکاح کے عوض میں عورت کو ادا کرتا ہے۔

**مِہر** (ف) (۱) آفتاب۔ سورج (۲) محبت۔ الفت۔ پیار۔ (۳) ساتویں شمسی مہینہ کا نام جو کاتک سے ملتا ہوا ہوتا ہے (۴) ہر شمسی مہینہ کی سولھویں تاریخ۔

**مُہر** (ع) (۱) اشرفی (۲) سیل جو اپنے نام وغیرہ کی کاغذ وغیرہ پر لگاتے ہیں۔ اور جو بستن کردن۔ زدن۔ گزاشتن۔ اور نہادن کے ساتھ مستعمل ہے (۳) حکم۔ فرمان۔

**مُہرا** (ع) وہ چیز جو پانی میں آگ کی گرمی سے پک کر خوب ملائم ہو جائے۔

**مہراب** (ف) کابل کے بادشاہ کا نام جو رستم کا نانا تھا۔

**مہراج** (ف) زنگبار کے بادشاہ کا لقب۔

Marfat.com

مہراس (ف) ہاون - چٹو۔

مہراس (ع) (۱) ہاون - پتھر کی اوکھلی (۲) قوی اُونٹ (۳) حضرت الیاس علیہ السلام پیغمبر کے باپ کا نام (۴) قیصر روم کے ایک ایلچی کا نام۔

مہراسفندیار (ف) ایک فرشتہ کا نام - جو پارسیوں کے عقیدے کے مطابق پانی پر موکل ہے (۲) ہر شمسی مہینہ کا انتیسواں دن جس میں دوستوں کے عیش و نشاط اور عقد و نکاح اور قیدیوں کو رہا کرنے کی رسم تھی - اس دن کے موکل فرشتہ کا نام بھی یہی ہے۔

مہراں (ف) ایک دوا کا نام۔

مہران (ف) ایک صاحب فضل و کمال آدمی کا نام (۲) ایک بادشاہ کا نام (۳) ایک دریا کا نام۔

مہرانگیز (ف) محبت آور - محبت آمیز۔

مہر آوردن (ف) رحم کرنا۔

مہرب (ع) بھاگنے کی جگہ - گریزگاہ۔

مہربان (ف) محبت کرنے والا۔

مہربان بودن (ف) درست و ہمدرد ہونا۔

مہربانی (ف) (۱) مہر - محبت - عنایت - شفقت (۲) ایک قسم کا لطیف کپڑا۔

مہربانی مہربانی آرد (ف) دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔

مُہر برداشتن / مُہر شکستن } (ف) بکارت توڑنا۔

مُہر بست (ف) تمام ہوا۔

مہرجاں (ع) مہرگان کا معرب۔

مہرجاں افروز (ف) شراب۔

مہرخاوراں (ف) انوری سے مراد ہے جو پہلے نوری تخلص کرتا تھا - یہ شخص خاوراں علاقہ خراسان کا رہنے والا تھا۔

مُہرخم (ف) خاموشی - چُپ۔

مُہردار (ف) خزانے کی مُہر رکھنے والا - شاہی مُہر رکھنے والا۔

مُہر دہاں (ف) (۱) روزہ (۲) خاموشی - چُپ۔

مہر دہاں روزہ داراں (ف) آفتاب - سُورج۔

مُہر سطر حکم آخر (ف) خاتمہ کلام کی مُہر۔

مُہر شُدن (ف) مُہر لگ جانا - خاموش ہو جانا۔

مُہر شرعی (ع) وہ مہر جو شرع محمدی کی رُو سے مرد کے مقدور کے مطابق ہو۔

مُہر شرایعت (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی آخر الزمان۔

مُہر شفا (ف) گنڈا - تعویذ - جسے عزیمت پڑھنے والے پڑھ پڑھ کر سوت کے ڈورے میں گرہیں لگاتے جاتے ہیں اور بیمار یا بچوں کے گلوں میں ڈالتے ہیں۔

مُہر کردن (ف) ختم کر دینا - بند کر دینا - موقوف کرنا۔

مُہرکَن (ف) مہر کھودنے والا - نگینہ وغیرہ پر حروف کندہ کرنے والا۔

مہرگان (ف) ماہ مہر کی سولہویں تاریخ - جس میں پارسی بڑا جشن کرتے تھے - یہ ساتواں شمسی مہینہ ہے - اس وقت آفتاب بُرج میزان میں ہوتا ہے اور سب سے چھوٹے دن سے آگے تھوڑا تھوڑا دن بڑھنا شروع ہوتا ہے۔

مہر گرم کردن (ف) بہت محبت کرنا۔

مہر گوسالہ کش (ف) آفتاب جب بُرج ثور کی طرف مائل ہو۔

مہر گیا (ف) (۱) مردم گیا - بیروج - بیروج الصنم لکھمنی جو ایک گھاس ہے اور جس کی جڑ انسان کے سر کے مشابہ ہوتی ہے اور بعض کا خیال ہے کہ انسان کے تمام جسم کے مشابہ ہوتی ہے (۲) سورج مکھی کا پھول - گل آفتاب پرست۔

مہر گیا دارد (ف) اس کی آنکھ میں موہنی ہے - اس کے پاس تو گیدڑ سنگھی ہے۔

مہر گیتی فروز (ف) سورج۔

مہر ماہ (ف) شمسی کیلنڈر کا ساتواں مہینہ۔

مہرم حلال و جانم آزاد (ف) جب کوئی عورت اپنے خاوند سے بالکل تنگ آجائے تو وہ کہتی ہے کہ میں نے حق مہر تمہیں معاف کیا - میری جان چھوڑ دو۔

مُہر موم (ف) مہر کا نقش۔

مُہر موم ساختن (ف) ظاہر کرنا۔

مُہر نبوت (ع) وہ نقش جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں پر تھا۔

مُہر نہادن (ف) مہر لگانا۔

مہرو (ف) چاند کی سی شکل والا - خوبصورت۔

مَہروب (ع) بھاگا ہوا۔

مہرور (ف) مہربان - محبت والا۔

مُہر و موم کردن (ف) گھر یا مکان کا سیل کیے جانا۔

مُہرہ (ف) (۱) کوڑی - گونگا - سنکھ (۲) پیٹھ کی ہڈی کا منکا (۳) پتھر یا کانچ کا منکا (۴) سانپ کا منکا (۵) تسبیح کا دانہ (۶) لوہاروں اور سناروں کا ہتھوڑا - (۷) شطرنج کا مہرہ۔

مُہرہ (ع) (۱) گھوڑی کا بچھیرا (۲) گھوڑے کا چہرہ۔

مُہرہ (ع) ماہر کی جمع - بڑے جاننے والے - بڑے استاد لوگ۔

مُہرہ از کف بیروں افشاندن / مُہرہ از کف بیروں افگندن } (ف) ہار جانا - مغلوب ہونا - بازی ہار جانا - مغلوب ہونا - بازی ہار جانا - اس لیے کہ شطرنج کھیلنے میں جیتے ہوئے مہرے ہاتھ سے پھینک دینا مات ہو جانے کی علامت ہے۔

مُہرہ از کمین بیروں جہاندن (ف) غالب ہونا - مدعا کو پہنچنا - مقصد کو پہنچنا - اس لیے کہ شطرنج باز حریف کو نقصان پہنچانے

Marfat.com

والی چال نہایت پھرتی سے چلتا ہے۔

**مُہرہ ہائے سیمابی**
**مُہرہ ہائے فلک** } (ف) ستارے۔ کواکب۔

**مُہرہ باز** (ف) مداری۔ شعبدہ گر۔

**مُہرہ بازی** (ف) مکاری۔ عیاری۔ شعبدہ بازی۔

**مُہرہ بجام افگندن**
**مُہرہ بجام انداختن**
**مُہرہ بطاس افگندن**
**مُہرہ بطاس انداختن** } (ف) مطلع کرنا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔

**مُہرہ تپ** (ف) تپ کو دفع کرنے والا مہرہ۔

**مُہرہ چاندارو** (ف) سانپ کا منکہ جو اس کے زہر کا تریاق ہے۔

**مُہرہ چین** (ف) مداری۔ شعبدہ باز۔ حقّہ باز۔

**مُہرہ چینی** (ع) شعبدہ بازی۔

**مُہرہ خاک** (ف) (۱) زمین (۲) جاندار کا جسم۔

**مہرہ درجام** (ف) سواری کی اطلاع۔

**مہرہ درجام افگندن**
**مہرہ درجام انداختن** } (ف) مطلع کرنا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔

**مُہرہ درششدر بودن** (ف) قید ہونا۔ عاجز ہونا۔

**مُہرہ در طاس افگندن**
**مُہرہ در طاس انداختن** } (ف) مطلع کرنا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔

**مُہرہ در گردن جمع شدن** (ف) گردن کا ٹوٹ جانا۔

**مُہرہ درہم فتادن** (ف) مہروں کا درہم برہم ہو جانا۔ مہروں کا ٹوٹ کر اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

**مہرہ زدن** (ف) کاغذ یا پتھر کو مہرے سے صاف کرنا اور چکنا کرنا۔

**مُہرۂ زر** (ف) سورج۔

**مُہرۂ سفید** (ف) ناقوس۔ سنکھ۔

**مہرہ سیم**
**مُہرہ سیمابی** } (ف) (۱) چاند۔ (۲) ستارہ۔

**مہرہ کشیدہ** (ف) گھٹا ہوا کاغذ۔ چکنا کاغذ۔

**مُہرۂ کہربا** (ف) زرد رنگ کا منکا جسے کپڑے وغیرہ پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے نزدیک کریں تو وہ اس تنکے کو اپنی طرف اس طرح کھینچ لیتا ہے۔ جیسے مقناطیس لوہے کو۔

**مُہرۂ کہربا گوں** (ف) زمین۔ کیونکہ اس میں گولائی اور زردی ہے جو مہرہ کہربا میں ہوتی ہے۔

**مُہرۂ گلگین** (ف) زمین۔

**مُہرۂ لاجورد** (ف) آسمان۔

**مُہرہ مار** (ف) (۱) سانپ کا مہرہ جو اس کے زہر کا تریاق ہوتا ہے (۲) سکندر نامہ میں ایک خاص کنیز سے مراد ہے۔

**مُہرہ مسکین** (ف) زمین۔

**مُہرہ نماز** (ف) امامیہ مذہب والے خاک شفا کا ایک مہرہ بنا کر نماز میں اس کے اوپر سجدہ کرنے یعنی پیشانی ٹکانے کو افضل خیال کرتے ہیں۔

**مُہرہ و حُقّہ** (ف) زمین و آسمان۔

**مُہری** (ف) روپوں کی تھیلی جس پر مُہر لگی ہو۔

**مُہریانہ** (ف) مُہر لگانے کا محصول۔ مُہر لگانے کی اُجرت

**مِہزاق** (ع) بہت ہنسنے والی شوخ عورت۔

**مَہزُول** (ع) لاغر۔ دُبلا۔

**مہزول شُدن** (ف) کمزور ہونا۔ دُبلا اور لاغر ہونا۔

**مہزوم** (ع) ہزیمت دیا گیا۔ شکست دیا گیا۔ شکست خوردہ۔

**مہزوم شُدن** (ف) شکست کھانا۔ ہار جانا۔

**مَہِشت** (ف) (۱) بھاری بھرکم (۲) باتمکین اور متین آدمی۔

**مَہش** (ع) چھیلنا۔ جلانا۔

**مِہشار** (ع) پہلی ہی دفعہ حاملہ ہونے والی اونٹنی۔

**مَہشید** (ف) چاند کی چاندنی (۲) چاند۔

**مَہضُوم** (ع) ہضم کیا گیا۔ بچایا گیا۔

**مُہطِع** (ع) دوڑ کر آنے والا۔

**مُہفہفہ** (ع) نازک اور پتلی کمر کی لڑکی۔

**مَہق** (ع) پانی پر جمی ہوئی کائی۔

**مہ کنعان** (ف) حضرت یوسف علیہ السّلام۔

**مَہَل** (ع) (۱) دیر۔ آہستگی (۲) زمانہ۔

**مَہِل** (ف) ہلیدن سے نہی کا صیغہ۔ نہ چھوڑ۔ نہ رہا کر۔

**مُہل** (ع) پگھلایا ہوا تانبا۔ گلایا ہوا تانبا۔

**مَہلاً** (ع) آہستہ رہ۔

**مُہلت** (ع) (۱) فرصت (۲) آہستگی (۳) دیر۔ تاخیر۔ درنگ۔

**مُہلت خواستن** (ف) مہلت مانگنا۔

**مُہلت دادن** (ف) مہلت دینا۔

**مہلتی بایست تاخون شیر شُد** (ف) اپنا مقام پیدا کرنے کے لیے ایک زمانہ چاہیے۔ یعنی ؎
آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک

**مَہلک** (ع) ہلاک ہونے کی جگہ۔ جان جوکھوں کی جگہ۔

**مُہلِک** (ع) ہلاک کرنے والا۔ قاتل۔

**مُہلکات** (ع) ہلاک کرنے والی چیزیں۔

**مَہلکہ** (ع) ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت۔ مرجانا۔

**مُہلّل** (ع) لا الٰہ الّا اللہ کہنے والا۔

**مُہنّد** (ف) ہندی تلوار۔

**مُہلتانہ** (ف) منتی کاٹا۔ روپے کے ادا کرنے میں جتنے دنوں کی دیر ہو۔ اس مدت کے لیے سُود۔

**مُہلہل** (ع) (۱) ہلاہل دیا گیا۔ زہر دیا گیا (۲) نہایت باریک کپڑا۔

**مُہتم** (ع) (۱) رنج و غم میں ڈالنے والا (۲) مجازاً بڑا دشوار کام۔

امرِ عظیم - مزدوری کام۔
مَہما امکن (ع) جب تک ممکن ہو۔
مُہمّات (ع) مہم کی جمع - امورِ عظیمہ - کارہائے مزدوری۔
مُہمّاتِ آرتش (ف) آلاتِ جنگ - جنگی ہتھیار۔
مِہماز (ع) مہمیز - وہ لوہے کا کانٹا جو سواروں کے بوٹ کی پچھلی طرف گھوڑے کو ایڑ لگانے کے لیے ہوتا ہے۔
مہمان (ف) مہ بمعنی بزرگ اور مان بمعنی مانند سے مرکب ہے وہ شخص جو کسی غیر کے گھر میں آکر اترے - چونکہ مہمان کی خاطر تواضع کرتے ہیں اس لیے یہ نام ہوا۔ مہمانی کے معنوں میں بھی آتا ہے۔
مہمان حبیبِ خدا است (ف) مہمان گھر والوں کے لیے باعث برکت و رحمت ہوتا ہے
مہمان خانہ / مہمان سرائے / مہمان کدہ } (ف) (۱) مسافروں کے اترنے کی جگہ۔ (۲) سدابرت - لنگر خانہ (۳) دنیا۔
مہمان خرِ صاحب خانہ است (ف) مہمان کو میزبان جو چاہے کھلائے پلائے۔
مہمان دار (ف) میزبان یا مہمانوں کی پذیرائی اور دیکھ بھال کرنے والا۔
مہمان روزیٔ خود را می آورد (ف) ہر مہمان اپنی روزی خود لے کر آتا ہے۔
مہمان عزیز است تا سہ روز (ف) مہمان تین روز تک پیارا ہوتا ہے یعنی ایک دن مہمان دو دن مہمان تیسرے دن بلائے جان
مہمانی (ف) ضیافت کرنا - کسی غیر کو کھانا کھلانا۔
مِہمر (ع) اسپار گو - بہت بے ہودہ گو۔
مِہمرد (ف) مرد بزرگ - محلّہ کا سب سے بوڑھا اور سفید ریش آدمی۔
مُہمّ ساز (ف) (۱) اغلام کرانے والا - مفعول - بدفعلی کرانے والا۔ عورتوں کی دلالی کرنے والا - دلّا۔
مُہمَل (ع) (۱) چھوڑا ہوا - ترک کیا ہوا (۲) بے کار (۳) بے معنی لفظ - بے ہودہ لفظ۔
مہمل پناہ (ف) جاہل۔
مہمل کدہ (ف) دنیا۔
مُہملہ (ع) خالی - وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔
مَہموز (ع) (۱) عیب دار - معیوب (۲) وہ لفظ جس کے اصلی حروف میں سے ایک حرف ہمزہ ہو۔
مہموسہ (ع) وہ حرف تہجی جو پست اور نرم آواز سے ادا ہوں۔ اور وہ یہ ہیں - ت - ث - ح - خ - س ش - ص - ف - ک - ہ - ان کے علاوہ باقی مجہورات کہلاتے ہیں۔
مَہموم (ع) غمگین - اندوہناک۔
مُہِمّہ (ع) (۱) غم میں ڈالنے والی بات (۲) کارِ عظیم۔
مہمیز (ع) مہماز کا امالہ بہ یائے مجہول - دیکھو مہماز۔

مُہنّا (ع) (۱) ہضم (۲) خوش مزہ - گوارہ - خوش ذائقہ۔
مُہنانہ (ف) بندر - بوزنہ - میمون۔
مُہنّد (ع) ہندی تلوار - ہند کی بنی ہوئی شمشیر۔
مُہندِس (ع) (۱) ہندسہ دان - علم ہندسہ کا ماہر (۲) اندازہ کرنے والا - (۳) انجینئر۔
مُہندِس فلک (ف) (۱) منجّم - جوتشی (۲) زحل ستارہ۔
مہوارہ (ف) ماہانہ - تنخواہ - مشاہرہ۔
مہوش (ف) چاند کی مانند معشوق۔
مہوند (ف) ہندوستان کے ایک مقام کا نام جہاں کا نمک بہت سفید ہوتا ہے۔
مِہی (ف) سرداری - بزرگی۔
مُہی (ع) مہیا کرنے والا - آمادہ کرنے والا۔
مُہیّا (ع) موجود - تیار۔
مَہیب (ع) ہیبت ناک - خوفناک - ڈراؤنا
مُہیج / مُہیّج } (ع) (۱) گرد اڑانے والا (۲) برانگیختہ کرنے والا
مہیر (ف) چاند - قمر۔
مُہیمِن (ع) (۱) خوف سے امن دینے والا - خوف سے بے خوف کرنیوالا (۲) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام (۳) نگہبان - عہدبان - (۴) گواہ صادق۔
مَہین (ف) (۱) کاہل - سست ضعیف (۲) خوار - ذلیل - حقیر۔
مُہین (ع) اہانت کرنے والا - ذلیل و خوار رکھنے والا۔
مہین / مہینہ } (ف) بزرگ تر - بڑا بزرگ - بہت بزرگ۔
مہین پور / مہین فرزند } پہلوٹھی کا لڑکا - بڑا لڑکا۔

## م - ی

مے (ف) (۱) شراب - انگوری شراب (۲) پیالہ۔
میادین (ع) میدان کی جمع۔
مے آشام (ف) شراب پینے والا۔
مے آلودہ کردن (ف) سرخ ہونا۔
میافارقین (ع) ملکِ روم کے ایک شہر کا نام جو کسی زمانہ میں دیار بکر کا دار الخلافہ تھا۔
میاق (ف) شیراز کے بادشاہ سعد زنگی کے ایک حسین غلام کا لقب - جس کا اصلی نام شمس الدین تھا۔
میّال (ع) بہت مائل ہونے والا - بہت جھکنے والا۔
مے آلودہ کردن (ف) بہت سرخ ہونا۔
میامار (ف) (۱) مت شمار کر - شمار نہ کر (۲) مت درمیان لا

Marfat.com

درمیان نہ لا۔

**مَیَامن** (ع) میمنت کی جمع۔ نیکیاں۔ برکتیں۔ سعادتیں۔

**مَیَامن** (ع) میمنہ کی جمع۔ داہنی طرفیں۔

**مَیَامین** (ع) میمون کی جمع۔ بابرکت چیزیں۔ بابرکت لوگ۔ مبارک اشیاء۔

**میان** (ف) (۱) درمیان۔ کسی چیز کا بیچوں بیچ (۲) کمر (۳) تلوار وغیرہ کا غلاف۔ نیام (۴) پٹکا (۵) ہمیانی۔

**میانِ ایں و آں دلنشیں است** (ف) ہردلعزیز ہے۔

**میانِ ایں و آں مُو نمی گنجد** (ف) دونوں میں خوب گاڑھی چھنتی ہے۔ دونوں میں بہت اتحاد ہے۔

**میان بُرکردن** (ف) شارٹ کٹ کرنا۔

**میان بستن** (ف) کمر باندھنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

**میان تہی** (ف) بے مغز۔ کھوکھلا۔

**میانوی** (ف) درمیان میں ہونا۔

**میانجی** (ف) (۱) ایلچی۔ قاصد (۲) ایلچی گری۔ قاصدی۔

**میانجی گری** (ف) بیچ میں پڑنا۔ ایلچی گری۔

**میانجی می خورد اندر میان مُشت** (ف) کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ بیچ بچاؤ کرنے والے کو اندر ایک دو گھونسے کھانے بھی پڑ جاتے ہیں۔

**میانخانہ** (ف) اصطلاح موسیقی میں متوسط آواز۔

**میان دادن** (ف) (۱) امداد دینا۔ قوت دینا۔ (۲) اجازت دینا۔

**میانداری** (ف) (۱) دلالی کرنا۔ قرمساقی (۲) کسی کام میں واسطہ ہونا۔ (۳) دوگشتی گیر۔ دل کو گشتی کرنے سے باز رکھنا۔

**میانِ دو ابرو** (ف) چتون۔

**میان دو عید** (ف) ماہ ذیقعد۔

**میان رَو** (ف) افراط و تفریط سے دور۔

**میان سرائے** (ف) انگور کی ایک قسم جو خراسان میں کثرت سے ہوتا ہے۔

**میان کلام نان شکر** (ف) جب کوئی آدمی کسی کی بات کاٹ کر بات کرتا ہے تو اس فقرے سے آغاز کرتا ہے۔

**میان مسجد و میخانہ راہی است** (ف) درمیان کی راہ بے تعصب راہ۔

**مے انگوری** (ف) شراب انگور۔

**مے پختہ** (ف) پرانی شراب۔

**میانہ** (ف) (۱) درمیان کا مجھلا۔ نہ بڑا نہ چھوٹا (۲) موتیوں کی لڑی کا درمیان والا موتی۔ (۳) ایک شہر کا نام جو عراق اور آذربائیجان کے درمیان ہے۔

**میانہ داشتن** (ف) آمد و رفت کا ہونا۔ کسی کے ہاں آنا جانا۔

**میانہ روی** (ف) افراط و تفریط سے پرہیز کرنا۔ کمی اور زیادتی سے بچنا۔ بیچ کی راہ اختیار کرنا۔ اعتدال پر رہنا۔

**میانہ قلیان** (ف) حقے کی نڑی۔ حقے کا وہ حصہ جو پانی میں ہوتا ہے۔

**مِیَاہ** (ع) ماء کی جمع۔ پانی۔ بہت سے پانی۔

**مے برداشتن** (ف) شراب پینا۔

**مے پختہ** (ف) پرانی شراب۔

**مے پرست** (ف) ہروقت شراب میں مست رہنے والا۔ دائم الخمر۔

**مے پرستی** (ف) شراب نوشی۔ شراب پینا۔

**مَیِّت** } (ع) لاش۔ مردہ۔ لوتھ۔ مرا ہوا جسم۔ مذکر و مؤنث
**مَیْت** } دونوں کے لیے یکساں آتا ہے۔

**میتین** (ف) بائے اول مجہول ہے۔ لوہے کی چھینی جس سے پتھر تراشا جاتا ہے۔ پتھر تراشنے یا پتھر میں سوراخ کرنے کا آلہ۔

**میثاق** (ع) (۱) عہد۔ پیمان۔ وعدہ (۲) استواری۔ مضبوطی (۳) روز میثاق یعنی روز ازل۔ جب تمام ارواح نے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار کیا تھا۔

**میجار** (ع) چوگان۔

**مے چشم خروسی** (ف) نہایت سرخ شراب۔

**میخ** (ف) (۱) کیل۔ خواہ لوہے کی ہو۔ یا لکڑی کی کھونٹی۔ (۲) ٹھپہ جس سے سکے پر حروف لگتے ہیں۔

**میخ چشم** (ف) باعث تکلیف۔ جو سامنے سے اُٹھنے کا نام نہ لے۔

**مے خام** (ف) خالص شراب۔

**میخانہ** (ف) (۱) شراب خانہ (۲) شراب خوری کے برتن اور سامان۔

**میخوار** (ف) شرابی۔ شراب خور۔

**میخواری** (ف) شراب نوشی۔

**میختن** (ف) شراب کرنا۔ موتنا۔

**میخ دوز** (ف) } اپاہج۔ عدیم الحرکت۔ ساکن۔ جو چل پھر
**میخ قدم** (ف) } نہ سکے۔

**میخک** (ف) (۱) میخ کی تصغیر۔ چھوٹی کیل (۲) قرنفل۔ لونگ۔

**میخ کدہ** (ف) دارالضرب۔ ٹکسال۔

**میخکوب** (ف) استوار۔ محکم۔

**میخکوب شدن** (ف) ایک ہی جگہ گاڑ کر رہ جانا۔

**میخ کوبیدن** (ف) میخ گاڑنا۔

**میخوش** (ف) کھٹ مٹھا۔ ترش مزہ جس میں مٹھاس بھی ہو۔

**میخی** (ف) ایک قسم کا جبہ جو فقیر پہنتے ہیں۔

**مَید** (ع) ہلنا۔ حرکت کرنا۔

**مِیدَاء** (ع) آمنے سامنے۔ مقابل۔ حد۔

**مَیدان** } (ع) فراخ زمین۔ کشادہ زمین۔ پیر بڈ۔ زمین کی وہ
**مِیدان** }

Marfat.com

صاف سطح جہاں پہاڑ نہ ہو۔
میدان اغبر (ع) زمین۔
میدان لبسر آمدن (ف) عمر کا تمام ہونا۔
میدان لبسر در آمدن } قیامت کا برپا ہونا۔
میدان خاک (ف) زمین۔
میدان دادن (ف) کسی کو کسی کام کے کرنے کے لیے موقع اور اجازت دینا۔
میدان عاج (ف) کاغذ کا سفید ورق۔
میدان فراخ یافتن } (ف) فراخی و وسعت سے عیش و عشرت کرنا۔
میدان کشادہ یافتن
میدان کشیدن (ف) اپنے جسم کو سکیڑ کر کودنے کے لیے پیچھے ہٹنا۔
میدان یافتن (ف) بات کہنے کا موقع پانا۔
مے در قدح کردن (ف) شراب پینا۔ شراب پیالہ میں ڈالنا۔
مے در گریبان کردن (ف) } کسی کو زبردستی شراب پلانا۔
مے در گریبان کشیدن (ف)
میداع (ع) پرانا کپڑا، ابرن یعنی کام کاج کرتے وقت پہننے کا کپڑا۔
میدن (ف) نیا ہونا۔
میدہ (ف) (۱) باریک آٹا جو کپڑے میں چھانا گیا ہو (۲) خمیر (۳) مائدہ کا مخفف۔ خوان پر طعام۔
میدہ سالار (ف) باورچی۔ کھانا پکانے والا۔
میدہ بذ (ف) چاشنی گیر۔
میذنہ (ع) اذان کہنے کی جگہ۔
میر (ع) (۱) امیر کا مخفف۔ سردار۔ حاکم (۲) ہندوستان کے زبردست شاعر میر تقی کا تخلص۔
میرآب (ف) (۱) امیر البحر (۲) باغبان جو درختوں کو پانی دینے کا ذمہ دار ہو۔
میرآتش (ف) توپ خانہ کا داروغہ۔
میراث (ع) ترکہ۔ ورثہ۔ مُردے کا مال جو اس کے وارثوں کو ملے۔
میراث بر (ف) وارث۔ مُردے کے پچھلے۔
میراث پدر خواہی علم پدر آموز (ف) اگر باپ کی وراثت کی تمنا ہے تو باپ کے صحیح جانشین بننے کی کوشش کرو۔
میراث خور (ف) وارث۔
میراجل (ف) بہت بڑا امیر۔
میرآخور (ف) اصطبل کا داروغہ۔
میرآخور باشی (ف) شاہی اصطبل کے کارندوں کا سردار۔
میراندن (ف) مروانا۔ کسی کی موت کا حکم جاری کرنا۔
میر بحر } (ع) دریا کے گزر کا داروغہ۔ سمندر کا اور جہازوں اور
میر بحری } کشتیوں کا نگران کار۔ حاکم۔
میر بخشی (ف) سب کو تنخواہ تقسیم کرنے والا۔
میرٹ (ف) میرٹھ کا مفرس جو ہندوستان کا ایک شہر ہے اور دہلی کے قریب ہے۔

میر جلائر (ف) ترکوں کے قبیلہ جلائر کے ایک مشہور آدمی کا نام۔
میر حاج (ع) سالار حجاج۔ حاجیوں کا سردار۔
میر داد (ع) قاضی القضاۃ۔ سب سے بڑا جج۔
میردہ (ف) (۱) دس آدمیوں کا سردار (۲) چوب داروں اور قاصدوں کا سردار۔
میرزا (ف) اصل میں امیرزا یعنی امیرزادہ تھا (۱) امیر کا بیٹا (۲) اہل ایران کی اصطلاح میں اعلیٰ درجے کا منشی یا کلرک۔
میرزا کبیری (ف) ایک قسم کا خربوزہ۔
میرزائی کشیدن (ف) باربرداری۔
میر سامان (ف) خانساماں۔
میر شبگیر (ف) شہر کوتوال جو رات کو نگرانی کے لیے گشت کرتا ہے۔
میر شکار (ف) شکاریوں کے سردار۔
میر صد (ف) سو آدمیوں کا سردار۔ قاصدوں اور چوبداروں کا سردار۔
میر عدل (ع) داروغہ عدالت۔
میر عرض (ع) مثل خوان۔ عرضی سنانے والا۔ ریڈر۔
میر غضب (ع) جلاد۔
میر مجلس (ع) صدر مجلس۔ پریذیڈنٹ۔ پردھان صدر۔
میر منزل (ع) لشکر کے آنے سے پہلے اس کے مکان اور سامان کا بندوبست کرنے والا۔
میر میدان (ف) شجاع۔ بہادر۔ دلاور۔
میرنج ہمیشہ و مرنجاں کس را (ف) جہاں تک ہوسکے کسی کو آزار نہ ہو اور خود تکالیف برداشت کرلو۔
میر و وزیر (ف) ایک کھیل کا نام ہے۔
میرہ (ف) بزرگ۔ خواجہ۔
میرہ (ع) کینہ۔ عداوت۔
میر ہشت بہشت (ف) زعفران۔
میر ہفتمیں (ف) زحل ستارہ۔
میہوں (ع) (۱) قیصر روم کے داماد کا نام (۲) امیر خسروؒ۔ اور امیر حسن دہلوی سے بھی کنایہ ہے۔
میز (ف) (۱) وہ تخت یا چوکی جس پر کھانا رکھ کر کھایا جاتا ہے وہ تخت یا چوکی جس پر کتابیں یا دیگر سامان وغیرہ رکھا جاتا ہے۔ اور کرسی پر بیٹھ کر لکھا جاتا ہے (۳) ضیافت کے معنوں میں بھی آیا ہے۔
میزاب (ع) پرنالہ۔
میزان (ع) (۱) ترازو۔ تکڑی۔ کانٹا تولنے کا (۲) بارہ آسمانی برجوں میں سے ایک برج کا نام۔
میزان الحرارت (ع) حرارت معلوم کرنے کا آلہ۔
میزان باراں (ف) بارش ناپنے کا آلہ۔
میزان موسم (ف) موسم کا حال معلوم کرنے کا آلہ۔

Marfat.com

**میزان کردن** (ف) درست کرنا۔ مرتب کرنا۔

**میزان ہوا** (ف) موسم معلوم کرنے کا آلہ۔

**میز بازی** (ف) بیڈمنٹن وغیرہ کے کھیلنے کی میز۔

**میزبان** (ف) میز بمعنی سامان ضیافت کرسی وطعام اور بان بمعنی دارندہ سے مرکب ہے۔ وہ شخص جو کسی کی ضیافت کرے۔ صاحب خانہ جس کے گھر کوئی مہمان آئے۔

**میز تحریر** (ف) دفتری میز۔

**میز غذا** (ف) کھانا کھانے والی میز۔ ڈائننگ ٹیبل۔

**میز محاکمہ** (ف) عدالت کی وہ میز جس کے گرد اگرد مدعی اور مدعا علیہ اور وکلاء کھڑے ہوتے ہیں۔

**میزد** (ف) خوشی کی مجلس۔ شراب کی مجلس۔

**مِیزر** (ع) (۱) تہمد۔ تہبند۔ دھوتی۔ چادر (۲) پاجامہ۔ شلوار۔ زیر جامہ۔

**مے زدہ** (ف) بہت زیادہ شراب پینے والا۔

**میزک** (ف) پیشاب۔ موت۔ بول۔

**میزہ** (ف) زین کے درمیان کی جگہ۔ جس پر بیٹھتے ہیں۔

**میزیدن** (ف) موت کرنا۔ موتنا۔

**میسان** (ع) مٹک کر چلنا۔ جھومتے جھومتے چلنا۔

**مَیسر** (ع) (۱) جوا۔ قمار بازی (۲) جوا کھیلنا۔

**مُیسّر** (ع) آسان کیا گیا۔ وہ چیز جو آسانی سے مل جائے۔

**میسر بودن** } ہاتھ لگنا۔
**میسر شدن** } میسر ہونا۔

**مَیسرہ** (ع) (۱) فراغت۔ تونگری (۲) وہ فوج جو لڑائی کے وقت بادشاہ کے بائیں طرف رہتی ہے۔

**مَیسور** (ع) (۱) آسان (۲) آسان ہونا (۳) ہندوستان کی ایک ریاست کا نام۔

**مے سوسن** (ف) سوسن کا شربت۔

**میش** (ف) بھیڑ۔ بھیڑی۔

**میشت** (ف) یہودیوں کا معلم۔

**مے شعرائے فش** (ف) سرخ انگوری شراب۔

**میش گوشش** (ف) ایک غلام کا نام ہے۔

**مِیعاد** (ع) (۱) باہم وعدہ کرنا۔ وعدہ۔ اقرار (۲) وعدہ کرنے کی جگہ (۳) وعدہ کا وقت۔ مقررہ وقت۔

**میعادگاہ** (ف) (۱) وعدہ گاہ (۲) جمع ہونے کی جگہ۔

**میعان** (ف) پانی زمین سے پھوٹنا۔ جاری ہونا۔

**میغ** (ف) (۱) کالی گھٹا۔ سیاہ بادل (۲) کہر (۳) سیاہ۔ کالا۔ (۴) ماغ کے مقابل آنے سے سفید کے معنی دیتا ہے۔ جیسے ماغ و میغ بمعنی سیاہ و سفید۔

**میغ آلود** (ف) کہر آلود۔

**میق** (ع) گریاں۔ رونے والا۔ جس کی روتے روتے ہچکی بندھ گئی ہو۔

**میقات** (ع) (۱) ہنگام۔ وقت (۲) وعدہ گاہ۔ وعدہ کی جگہ۔ ایک جگہ جمع ہونے کا وقت (۳) حج کا احرام باندھنے کی جگہ اور یہ پانچ مقام ہیں (۱) ذوالحلیفہ (۲) ذات عرق (۳) جحفہ (۴) قرن (۵) یلملم۔

**مِیقد** (ع) انگریزی چولہا۔

**میقعت** (ع) اڑدلی۔

**مئے کافور** (ف) وہ شراب جس میں حرارت کی تیزی کو کم کرنے کے لیے کافور ملا دیا گیا ہو۔

**میکال** } (ع) ایک فرشتہ کا نام جو روزی کا مؤکل مانا
**میکائیل** } جاتا ہے۔

**میکدہ** (ف) شراب خانہ۔

**میکرسکوپ** (ع) خورد بین۔

**میکروب** (ع) جراثیم۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو خورد بین سے نظر آتے ہیں۔

**میکش** (ف) شرابی۔

**میگسار** (ف) شراب پینے والا۔ شراب خور۔

**میگساری** (ف) شراب پینا۔

**مے گوں** (ف) شراب کے رنگ کا۔ سُرخ۔

**مَیل** (ف) (۱) ہلنا۔ جنبش کرنا (۲) خم ہونا۔ خمیدگی (۳) خواہش۔ توجہ۔

**میل** (ف) موگری۔ مگدر۔ جس سے ورزش کرتے ہیں۔

**مِیل** (ع) (۱) وہ مسافت جہاں تک آدمی کی نظر پہنچے (۲) چار ہزار قدم کی مسافت (۳) سلائی جس سے آنکھ میں سرمہ لگایا جاتا ہے۔ سرمچو (۴) سنگ نشان۔ فرسنگ کی علامت کا منار۔ (۵) لوہے یا تانبے وغیرہ کی لمبی سلاخ جسے گنبد کے سرے پر لگایا جاتا ہے۔

**میل داشتن** (ف) چاہنا۔ راغب ہونا۔ متمنا رکھنا۔

**میلاد** (ع) پیدا ہونے کا وقت۔ جائے ولادت۔

**میلاد** (ف) (۱) ایران کے ایک شہر کا نام (۲) ایک ایرانی پہلوان کا نام جو گرگین کا باپ اور کیکاؤس کا ملازم تھا۔

**میلاد النبیؐ** (ع) حضور سرور کائنات۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن۔

**میلار** (ف) ایک فرضی شخص کا نام جس کا ذکر الواد سہیلی میں ہے۔

**مَیلان** (ع) (۱) مائل ہونا۔ جھکنا۔ خم ہونا۔ خواہش۔ رغبت۔ رجوع (۲) ایک آدمی کا نام جو ہوا کو معبود خیال کرتا تھا۔

**میلاو** (ف) شاگرد۔

**میل در چشم کشیدن** } (ف) اندھا کرنا۔ کیونکہ سلائی کو گرم
**میل در دیدہ کشیدن** } کرکے آنکھ میں پھیرنے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے اور ایسا پہلے زمانے میں کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

میل سُرمہ (ف) سُرمہ ڈالنے والی سلائی جسے عرف عام میں سُرمچو کہتے ہیں۔
میل فرمودن (ف) کھانا پینا تناول فرمانا۔
میلک (ف) ایک قسم کے کپڑے کا نام جو شہر نوشادر میں بنتا ہے۔
میل کبریت فرنگی (ف) دیاسلائی۔ ماچس۔
میل کشیدن (ف) (۱) اندھا کرنا (۲) دُور کرنا۔ اپنے پاس سے ہٹا دینا۔
میل کلّی (ع) معدل النہار سے منطقۃ البروج کا زیادہ سے زیادہ فاصلہ جو ۲۳½ درجے شمال اور ۲۳½ درجے جنوب تک ہے۔
میل گردان (ف) مونگری پھیرنے والا۔ مگدر ہلانے والا۔
میل گردانی (ف) مونگری پھیرنا۔ مگدر ہلانا۔
میل ورزش (ف) مگدر۔ مونگری۔
میم (ف) حروف تہجی کا ایک حرف جو کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
میم کاتب (ف) کور۔ اندھا۔ نابینا۔
میم مطوّق (ع) ذکر۔ قضیب۔ آلۂ تناسل۔
میمنت (ع) سعادت۔ برکت۔
میمنت لزوم (ف) جس کے ساتھ سعادت وبرکت لازمی ہو۔ بابرکت۔
میمند (ف) ایک قصبہ کا نام جو افغانستان میں ہے۔
میمندی (ف) منسوب بہ میمند (۱) میمند کا رہنے والا (۲) حسن میمندی جو سلطان غزنی کا ایک مقرب غلام اور میمند کا رہنے والا تھا۔
میمنہ (ع) (۱) دائیں طرف۔ جانب راست۔ راست (۲) وہ فوج جو لڑائی کے وقت دائیں طرف کھڑی ہو۔
میمون (ع) بابرکت۔ مبارک۔ خجستہ (۲) ایک شخص کا نام۔
مَیمُون (ف) بوزنہ۔ بندر۔
میمون باز (ف) بندر والا۔
میمون زشت تر بازی بیشتر (ف) جتنا کوئی زیادہ بدصورت اتنا ہی زیادہ بنا ؤ سنگھار کرتا ہے۔
میمون صفت (ف) زود رنج۔ غصیل۔ ضدی۔ ڈھیٹ اور سخت نقال۔
میمز (ف) مویز۔
مین (ع) (۱) جھوٹ (۲) جھوٹ بولنا۔
میں (ت) میں۔ من۔
مینا (ف) (۱) شراب کا شیشہ۔ صراحی (۲) آبگینۂ رنگین جس سے سونے چاندی پہ نقاشی کی جاتی ہے۔ اور یہ مینا سُرخ۔ سبز۔ لاجوردی اور سفید ہوتا ہے (۳) سمندر کے کنارے کی دیوار جس جہازوں اور کشتیوں کے لیے جو زنجیر لگے ہوتے ہیں۔

مینا نور (ف) مرصع کاری۔ نہایت باریک نقش ونگار کرنا۔
مینا ساز (ف) مینا کاری کرنے والا۔
مینار ساعت (ف) اصل میں منارِ ساعت ہے۔ گھنٹہ گھر۔
مینا کار (ف) چاندی سونے پر مینا کا کام کرنے والا۔ جڑاؤ کرنے والا۔
مینا کاری (ف) مینا کا کام کرنا۔ مینا کا کام۔
مینائی (ف) لاجوردی۔
مینائے روح (ف) جسم۔
مین باشی (ت) ایک ہزار آدمی کا سردار۔ مین مخفف ہے مینگ ترکی لفظ بمعنی ہزار کا۔
مین باشی گری (ف) ایک ہزاری منصب۔ ہزار آدمیوں کی سرداری کا منصب۔
مینو (ف) (۱) بہشت (۲) عالم عُلوی (۳) خاک (۴) آسمان (۵) آبگینہ رنگین یعنی مینائے زمرد جو جواہر کی قسم سے ہے۔ (۶) رہ گزر۔
مینوئے خاک (ف) گور۔ قبر۔
مینو چہر (ف) خوبصورت۔
مینو سرشت (ف) بہشتی خُو۔
مینو نشان (ف) بہشت کی مانند۔
مینو وش (ف) چمن آسا۔
مینوی (ف) بہشتی۔
مَیوہ / میوہ (ف) (۱) پھل۔ فروٹ (۲) سکندرنامہ میں ایک کنیزک کی ذات سے مُراد ہے۔
میوہ جات (ف) میوے۔
میوہ دادن (ف) درخت کا پھل دینا۔
میوہ دار (ف) پھل دار۔
میوۂ دل (ف) (۱) بیٹا۔ فرزند (۲) شعر وسخن۔
میوہ رسیدہ (ف) پکا ہوا پھل۔
میوہ ز میوہ رنگ گیرد (ف) خربوزے کو خربوزہ دیکھ کر رنگ پکڑتا ہے۔
میوہ فروش (ف) فروٹ بیچنے والا۔
میوہ کال (ف) کچا پھل جو ابھی کھانے کے قابل نہ ہو۔
میوۂ یک دہنی (ف) اس قدر میوہ جو صرف ایک آدمی کے لیے ہی کفایت کرسکے اور دُوسرے کو نہ مل سکے۔
میہان (ف) مہمان۔
میہن (ف) (۱) اولاد۔ (۲) گھر (۳) قبیلہ۔ (۴) وطن۔

Marfat.com

# ن

**ن** ـ فارسی حروف تہجی کا انتیسواں^۲۹ اور عربی کا پچیسواں^۲۵ حرف ۔ بحساب جمل اس کے پچاس عدد مقرر ہیں۔

## ن ـ ا

**نا** (ف) (۱) نے ۔ بانسری (۲) پانی (۳) گلا ۔ حلقوم (۴) حرف نفی۔

**ناآزاد** (ف) (۱) مقید ۔ گرفتار (۲) بخیل۔

**ناآزمودہ** (ف) (۱) بغیر آزمائش ۔ بغیر دیکھے بھالے ۔ بن تجربہ۔ (۲) نوآموز ۔ ناواقف ۔ ناتجربہ کار ۔ اناڑی ۔ ناپختہ کار۔

**ناآزمودہ کار** (ف) ناتجربہ کار ۔ اناڑی ۔ ناپختہ کار۔

**نااستوار** (ف) غیر محکم ۔ سست بنیاد۔

**ناآشنا** (ف) (۱) نامحرم ۔ ناواقف ۔ اجنبی ۔ جس سے جان پہچان نہ ہو (۲) بے مروّت ۔ بے وفا (۳) خشک ۔ تیز مزاج ۔ بداخلاق (۴) جو تیرنا نہ جانتا ہو۔

**ناآشنائے محض** (ف) قطعی نامحرم ۔ بالکل ناواقف۔

**ناآغاز روز** (ف) روزِ ازل۔

**ناامن** (ف) بدامنی ۔ چوروں کا غار۔

**ناامید** (ف) بے آس ۔ مایوس ۔ ناکام۔

**ناامیدی** (ف) مایوسی ۔ ناکامی۔

**ناآمیز گار** (ف) جو شخص ملنا جلنا پسند نہ کرے ۔ نا ملنسار۔

**نااندیشی** (ف) جس بات میں سوچنے کی حاجت نہ ہو ۔ بدیہی امر ۔ ظاہر بات ۔ بغیر سوچے ذہن میں آجانے والی بات ۔ اصطلاحاً دہ سوچنا سمجھنا۔

**ناؤس** (ف) (۱) آتش کدہ (۲) ہیکل ۔ یہودیوں کا معبد ۔ (۳) نصاریٰ کا قبرستان۔

**نااہل** (ف) ناقابل ۔ نالائق ۔ کمینہ۔

**ناب** (ف) پاک و صاف ۔ خالص۔

**ناب** (ع) (۱) کچلی ۔ اگلے دانت (۲) بوڑھی اونٹنی (۳) قوم کا سردار۔

**ناباب** (ف) نامناسب ۔ ناموزوں ۔ ناپسندیدہ۔

**نابالغ** (ف) جو بلوغت کو نہ پہنچا ہو ۔ صغیر سن۔

**نابائے** (ف) ناممکن ۔ محال۔

**نابایستہ** (ف) نازیبا ۔ نالائق۔

**نابایستہ ہستی** (ف) وہ شے جس کا وجود محال اور ناممکن ہو ۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا شریک۔

**نابت** (ع) (۱) اگنے والا (۲) اگانے والا۔

**نابجا** (ف) نامناسب ۔ ناموزوں ۔ ناپسندیدہ۔

**نابخرد** (ف) بے وقوف ۔ بے عقل۔

**نابخردی** (ف) بے وقوفی ۔ بے عقلی۔

**نان بدم تیغ خوردن** ۔ ایسی جگہ سے معاش حاصل کرنا جہاں ہلاک ہو جانے کا اور مارے جانے کا خوف ہو۔

**نابرادر** (ف) سوتیلا بھائی۔

**نابرید** (ف) غیر مختون ۔ کافر۔

**نابسود** (ف) اچھوتا ۔ نیا ۔ جو چیز استعمال میں نہ آئی ہو۔

**نابسی** (ف) عدم ۔ جس کا وجود نہ ہو۔

**نابغہ** (ع) ایک شاعر کا نام جو نعمان بن منذر کا مداح تھا۔

**نابغہ روزگار** (ف) وقت کا سب سے بڑا دانشور۔

**نابک** (ع) بلند جگہ ۔ اس کی جمع نوابک آتی ہے۔

**نابکار** (ف) (۱) بے فائدہ ۔ نکما ۔ بے کار (۲) نالائق ۔ کمینہ۔

Marfat.com

بدذات - شریر - بدکار۔
نابل (ع) تیرگر - تیر بنانے والا۔
نابلد (ف) ناواقف - انجان - اناڑی۔
نابلد بودن (ف) ناواقف ہونا۔
نابلس (ع) فلسطین میں بیت المقدس سے دس فرسنگ کے فاصلہ پر ایک قصبہ ہے جس کے قریب جبل قدس ہے جسے یہودی متبرک خیال کرتے ہیں۔
نابوا (ف) نکمی شے - وہ چیز جو کام کی نہ رہی ہو۔
نابود / نابود مند } (ف) (۱) معدوم - جو نیست ہو جائے (۲) مفلس (۳) پریشان۔
نابود شدن (ف) نیست و نابود ہونا۔
نابہ (ف) خالص شراب۔
نابہ (ع) شریف - عقلمند - اس کی جمع نبہا آتی ہے۔
نابہرہ (ف) (۱) بے عقل (۲) کمینہ - فرومایہ (۳) بے نصیب - بدبخت (۴) کھوٹا سونا (۵) بڑی بھاری چیز۔
نابینا (ف) کور - اندھا۔
نابینا بودن (ف) نابینا ہونا۔
نابینا کردن (ف) اندھا کر دینا۔
نابینا شدن (ف) اندھا ہو جانا۔
نابیوسان (ف) (۱) ناامید (۲) غافل (۳) ناگاہ۔
ناپاک (ف) نجس - پلید - میلا - کچیلا۔
ناپایدار (ف) بے ثبات - بودا - کمزور۔
ناپایداری (ف) بے ثباتی - کمزوری - بودا پن۔
ناپدید (ف) جو ظاہر نہ ہو - جو دکھائی نہ دے۔
ناپروا (ف) (۱) بے خوف - نڈر - بے باک (۲) بے طاقت (۳) بے آرام (۴) بے رغبت (۵) حیران۔
ناپرہیز (ف) بدپرہیز۔
ناپرہیزی (ف) بدپرہیزی۔
ناپسر (ف) سوتیلا بیٹا۔
ناپسند / ناپسندیدہ } (ف) جو پسند نہ ہو - ناگوار - نامقبول - نامرغوب۔
ناپیدا (ف) جو ظاہر نہ ہو۔
ناپیدا کنار (ف) ایسا سمندر یا دریا جس کا کنارہ دکھائی نہ دے۔
ناتراش / ناتراشیدہ } (ف) (۱) نہ چھلا ہوا - ناہموار - انگھڑت (۲) بے ادب - جاہل (۳) سفلہ - کمینہ - بے اصول۔
ناتق (ع) آگ بھڑکانے والا - تھکانے والا۔
ناتمام (ف) (۱) ادھورا - نامکمل (۲) ناقص (۳) خام - کچا۔
ناتندرست (ف) بیمار - ناخوش۔
ناتو (ف) خیانت کار - ناتواں۔
ناتوان / ناتوانا } (ف) ناطاقت - کمزور - ضعیف۔

ناتواں بین (ف) حسد کرنے والا - حاسد۔
ناتوانی (ف) کمزوری - ناطاقتی۔
ناتی (ع) اُبھرا ہوا - باہر کو نکلا ہوا - باہر کو نکلنے والا۔
ناثر (ع) نثر لکھنے والا۔
ناجائز (ف) نادرست - ناروا - نامناسب۔
ناجخ (ع) کھانسنے والا - پانی ٹکرانے کی آواز۔
ناجذ (ع) پچھلی داڑھیں جو چار ہوتی ہیں دو اوپر کی اور دو نیچے کی۔
ناجرنگ (ف) بت خانہ میں بیٹھ کر عبادت کرنا۔
ناجز (ع) (۱) حاضر ہونے والا (۲) حاجت پوری کرنے والا (۳) آمادہ (۴) نقد۔
ناجز انجام (ف) بے انتہا - لامتناہی۔
ناجع (ع) قافلہ یا لشکر کے آگے گھاس اور پانی وغیرہ کی تلاش کے لیے جانے والا۔
ناجنس (ف) (۱) غیر جنس کا - ناموافق - ان میل (۲) بے ادب اوچھا - سفلہ - کمینہ۔
ناجو (ف) صنوبر کا درخت۔
ناجور (ف) بے ترتیب - نامناسب - بے قرینہ - بکھرا ہوا۔
ناجی (ع) نجات پانے والا - عذاب سے رہائی پانے والا۔
ناجیہ (ع) (۱) نجات پانے والی (۲) تیز رفتار اونٹنی۔
ناچابک (ف) سست۔
ناچار (ف) (۱) لابد - بالضرور - ضروری اور لازمی چیز جس کے بغیر کام نہ چلے (۲) مجبور - عاجز - بے چارہ۔
ناچاق (ف) دبلا - جو تندرست نہ ہو۔
ناچخ (ف) چھوٹا نیزہ۔
ناچیز (ف) (۱) بے حقیقت - ذلیل - کمینہ - ہیچ۔
ناچیز بودن (ف) بے قیمت ہونا۔
ناچیز ہمت (ف) بے ہمت آدمی۔
ناحفاظ (ف) (۱) بے شرم - بے حیا - فاسق (۲) بے احتیاط۔
ناحق (ف) بے حق - بے سبب - ناواجب - بے فائدہ۔
ناحی (ع) کنارہ پکڑنے والا - قصد کرنے والا - پھیرنے والا۔
ناحیت / ناحیہ } (ع) کنارہ - کونا - زمین کا کونا - طرف - حد - سرحد۔
ناخ (ف) ناف - شکم بر کا سوراخ۔
ناخدا (ف) نا مخفف ناؤ بمعنی کشتی اور خدا بمعنی مالک سے مرکب ہے کشتی کا مالک - ملاح - کشتی چلانے والا۔
ناخدا ترس (ف) خدا ناترس - خدا سے نہ ڈرنے والا۔
ناخس (ع) اُونٹ کی خارش۔
ناخسن (ع) ٹیس - سوئی کی طرح چبھنے والا درد۔
ناخلف (ف) نالائق بیٹا - وہ بیٹا جو باپ کے موافق نہ ہو۔
ناخن (ف) انگلیوں کے سروں پر جو ہڈی کی مانند ہوتا ہے

Marfat.com

عربی میں اُسے ظفر کہتے ہیں۔ نونہ۔

**ناخن آفتاب** (ف) (۱) آگ (۲) سُورج کی کرن (۳) معشوق کے ناخن۔

**ناخن بدل زدن** (ف) (۱) دِل پر اثر کرنا (۲) بے قرار کرنا۔

**ناخن بدنداں** (ف) انگشت بدنداں۔ حیران۔ متحیر۔

**ناخن برا** }
**ناخن برائے** } (ف) مقراض۔ قینچی۔

**ناخن بردل زدن** (ف) دیکھو ناخن۔ بدل زدن۔

**ناخن بسنگ آمدن** } (ف) ناملائم اور کردہ امر پیش آنا۔ مشکل
**ناخن بسنگ آمدن** } پیش آنا۔

**ناخن بلب گزیدن** (ف) پشیمان ہونا۔

**ناخن بند کردن** (ف) کسی کی بات پر اعتراض کرنا۔

**ناخن براندن** (ف) ایک قسم کی سخت سزا ہے۔

**ناخن پریاں** (ف) ایک قسم کا سیب جو ناخن کے مشابہ ہوتا ہے۔ اور مرگی اور خفقان کے لیے نافع ہے۔

**ناخن پیرائے** (ف) ناخن اُتارنے کا آلہ۔ نہیرنہ (۲) نائی۔ حجام۔

**ناخن خامہ** (ف) قلم کا نوک۔

**ناخن خشک** (ف) بخیل۔ خسیس۔ کنجوس۔ جندی۔

**ناخنک** (ف) ناخن کی شکل کا وہ گوشت جو اُنگلیوں کے درمیان اُبھر آتا ہے۔

**ناخنک زدن** (ف) چکھنے کے لیے چیزوں کو کھانا۔ خریدار کوئی چیز یا پھل خریدنے سے پہلے جو تھوڑا بہت چکھتے ہیں۔

**ناخن در دل زدن** (ف) مزاج پر اثر کرنا۔

**ناخن در دیدہ ریختن** (ف) نہایت دُکھ دینا۔ بے حد تکلیف پہنچانا۔

**ناخن دیو** (ف) دیکھو ناخن پریاں۔

**ناخن روز** (ف) سُورج۔

**ناخن زدن** (ف) دو آدمیوں کو لڑا دینا۔

**ناخن گزاشتن** (ف) نہایت خوف زدہ ہونا۔ عاجز اور مغلوب ہونا۔

**ناخنہ** (ف) ناخن کی شکل کا سفیدی مائل گوشت جو آنکھ کے کونے میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اگر بڑھ جائے تو آنکھ کی سیاہی کو ڈھانپ کر اندھا کر دیتا ہے۔

**ناخنہ چشم شب** (ف) پہلی رات کا چاند۔ ہلال۔

**ناخواست** (ف) (۱) بے اختیار (۲) بے خواہش۔ بے طلب۔

**ناخواستہ** (ف) بے طلب۔ بن بُلایا۔

**ناخواں** (ف) نہ پڑھا جانے والا خط۔

**ناخواندہ** (ف) (۱) ان پڑھ۔ نہ پڑھا ہوا۔ (۲) بن بُلایا ہوا۔ بغیر بلایا۔

**ناخواندہ مہمان** (ف) (۱) بن بلایا مہمان (۲) طفیلی جو بغیر بلائے کسی مدعو کے ساتھ ہو لے۔

**ناخواہ** (ف) دیکھو ناخواست۔

**ناخواست** (ف) پاؤں سے کوٹی ہوئی چیز۔

**ناخوستن** (ف) کسی شے کو پاؤں سے کوٹنا۔

**ناخوش** (ف) (۱) ناراض۔ جو راضی نہ ہو (۲) بیزار۔ متنفر (۳) بیمار۔ مریض۔ علیل۔

**ناخوش احوال** (ف) رنجیدہ۔ افسردہ۔ جس کے حالات ناسازگار ہوں۔

**ناخوش حال** (ف) بُرا حال۔ غمگین۔

**ناخوشی آمدن** (ف) بیماری کا آنا۔ وبا کا پھیل جانا۔

**نادار** (ف) مفلس۔ جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ محتاج۔

**ناداری** (ف) مفلسی۔ محتاجی۔

**ناداشت** (ف) (۱) مفلس۔ محتاج (۲) بے حیا۔ بے شرم۔ (۳) بے اعتقاد (۴) وہ فقیر جو دکانوں پر مانگتے ہیں اور اگر انہیں کوئی نہ دے تو اپنے اعضا کو زخمی کرتے ہیں۔ گرزمار۔ چھُری مار فقیر۔

**ناداشتی** (ف) محتاجی۔ مفلسی (۲) بے شرمی۔ بے حیائی (۳) بے اعتقادی۔ (۴) پریشانی۔

**ناداں** (ف) جاہل۔ بے وقوف۔

**ناداں دہ مُردہ گو** (ف) بکواس کرنے والا۔ بے ہودہ گو۔ بے فائدہ باتیں کرنے والا۔

**ناداںستہ** (ف) نہ جان کر۔ بھُولے سے۔

**نادانی** (ف) جہالت۔ بے وقوفی۔

**نادُختر** (ف) سوتیلی بیٹی۔

**نادِر** (ع) (۱) قلیل۔ کم (۲) تنہا۔ غریب (۳) عجیب۔ تحفہ۔

**نادراً** (ع) شاذ و نادر۔ بہت کم۔ کبھی کبھار۔

**نادر برابر** (ف) نالائق۔ ناسزاوار۔ نااہل۔

**نادُرست** }
**نادُرستہ** } (ف) ناتمام۔ جو ٹھیک نہ ہو۔ غلط۔

**نادر شاہ** (ف) ایران کے مشہور ظالم بادشاہ کا نام جس نے محمد شاہ کے عہد میں ہندوستان کو تاخت و تاراج اور دلی میں قتل عام کیا۔ اور تخت طاؤس اور پینتیس ۳۵ کروڑ روپیہ نقد اور زر و جواہر لے گیا۔

**نادِرہ** (ع) نادر کی تانیث۔ عجیب چیز۔

**نادِم** (ع) شرمندہ۔ خجل۔ پشیمان۔

**نادم شدن** (ف) شرمندہ ہونا۔

**نادی** (ع) (۱) ندا کرنے والا۔ پکارنے والا (۲) مجلس۔ دربار۔

**نادیدگی** (ف) مفلسی اور ناداری۔

Marfat.com

**نادیدنی** (ف) نہ دیکھنے کے قابل۔

**نادیدہ** (ف) (۱) نہ دیکھا ہوا (۲) لئیم۔ خسیس۔

**نار** (ع) آگ۔ آتش۔

**نار** (ف) انار کا مخفف جو مشہور میوہ ہے۔

**ناراست** (ف) جو سیدھا نہ ہو۔ ٹیڑھا۔ کج (۲) کھوٹا آدمی۔ جھوٹا۔

**ناراض** (ف) ناخوش۔ عربی لفظ راضی سے یونہی بنا لیا گیا ہے۔

**ناراضی** (ف) ناخوشی۔ ناراضی۔

**نار افشاندن** (ف) خون رونا۔ سُرخ آنسو بہانا۔ سوزِ دل سے رونا۔

**نارائے** (ف) (۱) بے تدبیر (۲) بے عقل۔ نادان (۳) بے اعتقاد منکر۔

**نار باغ سینہ** (ف) پستان۔

**نارُبن** (ف) انار کا درخت۔

**نار بن قلعہ** (ف) قلعے کے باہر ایک دیوار ہوتی ہے جس کے کنگرے انار کے کنگروں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

**نار پستان** (ف) سخت پستانوں والی عورت وہ عورت جس کے پستان کھڑے ہوں۔ اور نیچے نہ لٹکے ہوں۔

**نارجیل** (ع) نارگیل کا معرب۔ کھوپرا۔ ناریل۔

**نارجیلہ** (ع) حُقہ۔

**نارخو** (ف) (۱) آتش مزاج۔ تُند خو آدمی (۲) گل انار۔

**نارخو بُودن** (ف) مزاج کا تیز ہونا۔ غصے والا ہونا۔ آتش مزاج ہونا۔

**نارخوک** (ف) (۱) تریاق (۲) افیون۔

**نارد** (ف) نیارد کا مخفف۔ نہ سکے۔ نتواند۔

**نارد** (ف) چچڑی۔ وہ جانور جو کتے اور دیگر حیوانات کے جسم میں جوں کی طرح خون پیتا ہے۔

**ناردان** (ف) (۱) انار دانہ۔ دانہ انار ترش (۲) معشوق کا سُرخ ہونٹ (۳) انگیٹھی۔

**ناردان افشاندن** (ف) دیکھو نار افشاندن۔

**ناردانگ** (ف) آبِ انار۔

**نارس** (ف) کچا پھل۔ میوہ خام۔

**نارسا** (ف) (۱) نہ پہنچنے والا (۲) نامراد (۳) بے اثر (۴) نابالغ (۵) خام۔ کچا (۶) ناقص۔

**نارسا شدن** (ف) نامراد۔

**نارسائی** (ف) نا باریابی۔ پہنچ نہ ہونا۔ پہنچ کا نہ ہونا۔

**نارست** (ف) نیارست کا مخفف۔ نتوانست۔

**نارسیدہ** (ف) (۱) خام۔ کچا (۲) نابالغ۔ کنواری لڑکی۔

**نار فارسی** (ف) (۱) ایک مرض جس میں بدن پر چھوٹے چھوٹے پھپھولے نکلتے ہیں۔ اور ان میں سخت جلن ہوتی ہے (۲) آتشک (۳) ایک قسم کا زہر جو تلخ دواؤں سے مرکب ہوتا ہے۔

**نارکند** (ف) (۱) انارستان (۲) ایک گاؤں کا نام جہاں انار عمدہ اور بہت ہوتا ہے (۳) انار کا وہ درخت جس پر بہت پھل لگے ہوں۔

**نارکفیدہ** (ف) پھٹا ہوا انار۔ شق ہوگیا ہوا انار۔

**نارگل** (ف) گل انار۔

**نارگیل** (ف) ناریل۔ نارجیل کھوپرا۔

**نارگیوا** (ف) ناریل۔ نارجیل۔ کھوپرا۔

**نارگیلہ** (ف) حُقہ۔

**نارگیوا** (ف) پوست کا ڈوڈا۔

**نارنج** (ع) نارنگ کا معرب۔ نارنگی۔ سنگترہ۔

**نارنج زریں** (ف) سورج۔ آفتاب۔

**نارنجستان** (ف) سنگتروں کا باغ۔

**نارنجک** (ف) بیل کا گولہ جو اوپر جا کر پھٹتا ہے۔

**نارنج نشان** (ف) نارنگی کو رسی سے لٹکا کر دُور سے اس پر تیر اندازی کی مشق کے لیے تیر کے نشانے لگاتے ہیں۔ اس نارنگی کو نارنج نشان کہتے ہیں۔

**نارنگ**
**نارنگی** } (ف) سنگترہ۔ مشہور پھل کا نام۔

**نارو** (ف) (۱) بلبل کی مانند ایک خوش آواز چھوٹے سے پرندہ کا نام (۲) رشتہ جو ایک مرض ہے جسے نہار وا کہتے ہیں۔ جس میں اعضا پر دھاگا سا نکلتا ہے اور انسان کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔

**ناروا** (ف) جو رائج نہ ہو۔ ناجائز۔ حرام۔ خلاف شرع۔

**ناروا است** (ف) ناجائز ہے۔ غیر قانونی ہے۔ خلاف ضابطہ ہے۔ ناانصافی پر مبنی ہے۔

**نارُوا** (ف) آش انار۔

**نارُوال** (ف) دیکھو نارُون۔

**نارو بُودن** (ف) خائن ہونا۔ بدعہد ہونا۔

**نارو زدن** (ف) دھوکا دینا۔ بدعہدی کرنا۔

**نارُوَر** (ف) زن نارپستان۔ معشوقہ سخت پستان۔

**نارُون** (ف) (۱) نارین۔ انار کا درخت (۲) انار کی مانند ایک درخت جسے گلنار فارسی کہتے ہیں۔ اس میں سوائے پھول کے پھل نہیں آتا۔ اور پھول اس کا نہایت سُرخ ہوتا ہے (۳) ایک درخت کا نام جو نہایت سیدھا سایہ دار۔ خوش اندام اور خوبصورت ہوتا ہے۔ اور اسے معشوق کے قد سے تشبیہ دیتے ہیں۔

**نارہ** (ف) (۱) ترازو کا پھندنا (۲) ایک پلہ کا ترازو جس میں دوسرے پلہ کی بجائے باٹ یعنی وزن کرنے کا پتھر باندھا جاتا ہے۔

**ناری** (ف) پہننے کا کپڑا۔

Marfat.com

**ناری** (ع) (۱) آتشی - آگ کا (۲) دوزخی (۳) پری - جن۔

**ناز** (ف) (۱) لاڈ - پیار - (۲) فخر - بے پروائی - بے دماغی - (۳) نیا اُگا ہوا صنوبر یا سرو کا درخت۔

**نازا** (ف) ہر جوان کی بانجھ مادہ جس میں جننے کی قابلیت نہ ہو - سانڈھ۔

**نازا بُودن**
**نازا شُدن** } بانجھ اور عقیم ہونا۔

**نازان** (ف) ناز کرنے والا۔

**ناز بالش**
**ناز بالین** } (ف) نرم تکیہ - تکیہ سر۔

**ناز بالین** (ف) تکیۂ رخسار۔

**ناز پَرور**
**ناز پَروَرد**
**ناز پَرورده** } (ف) ناز میں پلا ہوا - لاڈ پیار کا پلا ہوا۔

**ناز پری** (ف) شاہ خوارزم کی بیٹی کا نام جو بہرام گور کی ملکہ تھی۔

**نازِش** (ف) (۱) پیار - لاڈ (۲) معشوق کی داد (۳) فخر (۴) بے پروائی - بے دماغی۔

**نازُک** (ف) (۱) لطیف (۲) باریک - دُبلا اور خوبصورت جو بھدا نہ ہو (۳) ناز کرنے والا - معشوق۔

**نازُک اندام**
**نازُک بَدَن** } (ف) پتلے بدن والا۔

**نازُک بَدَن** (ف) بستان افروز کے مشابہ ایک گھاس ہے۔

**نازُک خیالان** (ف) (۱) شاعر (۲) عارف لوگ اللہ کی صنعتوں میں فکر کرنیوالے۔

**نازُک نارنجی** } (ف) نازک دل - زود رنج - وہ آدمی جو گرمی اور سردی کا اثر بہت جلدی قبول کرے یہ مزاج سے جلد تنگ آجانیوالا۔

**نازُک کاری** (ف) ریتی سے صاف کرنا - صیقل کرنا۔

**ناز خریدن** (ف) کسی کا ناز نخرہ برداشت کرنا۔

**ناز شَست دادن** (ف) ہاتھ سے کیے ہوئے کام کی مزدوری دینا۔

**ناز کَردن** (ف) اترانا - آنکھ سے اشارہ کرنا۔

**ناز کشیدن** (ف) کسی کا ناز نخرہ برداشت کرنا۔

**ناز کُش بُودن** (ف) دل و جان سے فدا ہونا۔

**نازل** (ع) اُترنے والا - قیمت نازل - اُتری ہوئی قیمت - کم قیمت۔

**نازل شُدن** (ف) نیچے اُترنا۔

**نازل مَنزِلَہ** (ع) قائم مقام۔

**نازلہ** (ع) حادثہ - مصیبت۔

**نازَندہ** (ف) ناز کرنے والا - فخر کرنے والا۔

**نازنین** (ف) ناز اور نین کلمۂ نسبت سے مرکب ہے - نازک اندام - لاڈلا - خوبصورت - دل ربا۔

**نازو** (ف) بلی - گشتکین بھی کہتے ہیں۔

**نازی و نازو** (ف) نخرے باز۔

**نازیب**
**نازیبا** } (ف) ناموزوں - بدنما - ان میل۔

**نازیدن** (ف) فخر کرنا - ناز کرنا۔

**ناژ** (ف) صنوبر کا درخت۔

**ناژو** (ف) (۱) صنوبر کا درخت (۲) سرو کا درخت (۳) چنار کا درخت۔

**ناس** (ع) آدمی - انسان - اسم جنس کا صیغہ واحد اور جمع پر یکساں استعمال ہوتا ہے۔

**ناساز** (ف) ناموافق - مخالفت۔

**ناسازگار** (ف) ناموافق۔

**ناسازی** (ف) (۱) ناموافقت - مخالفت (۲) بے پروائی (۳) بے دھنی۔

**ناسپاس** (ف) ناشکرا - بے شکرا - ناشکرگزار۔

**ناسپال** (ف) انار کا چھلکا۔

**ناسپُردہ جہان** (ف) ناتجربہ کار - نوعمر۔

**ناستُودہ** (ف) جس کی تعریف نہ ہوئی۔

**ناسج** (ع) جولاہا - بافندہ - کپڑا بننے والا۔

**ناسخ** (ع) (۱) لکھنے والا (۲) منسوخ کرنے والا - مٹانے والا - نیست کرنے والا۔

**ناسرالُش** (ف) خاموشی - زبان حال۔

**ناسرہ** (ف) (۱) غیر خالص - کھوٹا - زر قلب - زر ملمع - اشرفی یا روپیہ جس میں عیب ہو (۲) بُرا کلام - سخن بد۔

**ناسزا**
**ناسزاوار** } (ف) ناموافق - نازیبا - نالائق - کمینہ۔

**ناسزا گفتن** (ف) بُرا بھلا کہنا - سخت سست کہنا - لعنت ملامت کرنا۔

**ناسُفتہ** (ف) (۱) جس میں سوراخ نہ ہو - جو بر دیا نہ گیا ہو - ان بیندھا (۲) کنواری عورت۔

**ناسُفتگان** (ف) ناسفتہ کی جمع (۱) نہ بروئے ہوئے (۲) کنواری عورتیں۔

**ناسق** (ع) (۱) نسق کرنے والا - انتظام کرنے والا - ترتیب دینے والا (۲) نظم بنانے والا۔

**ناسک** (ع) (۱) عابد - عبادت کرنے والا (۲) قربانی کرنے والا۔

**ناسکان** (ف) ناسک کی جمع - عابد لوگ۔

**ناسگالیدہ** (ف) بے تامل - بے فکر۔

**ناسُوت** (ع) (۱) عالم اجسام یعنی دنیا - یہ جہان (۲) مجازاً شریعت - عبادت ظاہری۔

**ناسُور** (ع) ہمیشہ بہنے والا زخم جو کبھی اچھا نہ ہو - یہ لفظ سین اور صاد سے دونوں طرح صحیح ہے۔

**ناسُوری** (ف) حلقوم - گلا۔

Marfat.com

**ناسی** (ع) بھولنے والا۔

**ناشاد** (ف) ناخوش۔ اُداس۔ مغموم۔

**ناشاد و نامراد** (ف) بدنصیب۔ بدبخت۔

**ناشائستگی** (ف) بدتہذیبی۔ نالائقی۔ بداسلوبی۔

**ناشائستہ** (ف) نامناسب۔ نالائق۔

**ناشپاتی** (ف) مشہور میوہ جسے اہل کشمیر ناخ کہتے ہیں۔

**ناشتا** / **ناشتاب** (ف) ناہار۔ بھوکا ہونا۔ صبح سے کچھ نہ کھایا ہوا ہونا۔

**ناشتا از خانہ بیروں رفتن** (ف) صبح کو گھر سے بھوکا باہر جانا۔

**ناشتا شکستن** (ف) تھوڑا سا کھانا کھانا۔ نہاری کھانا۔

**ناشتائی خوردن** (ف) ناشتہ کھانا۔

**ناشُدنی** (ف) نہ ہونے کے لائق۔

**ناشر** (ع) (۱) پھیلانے والا۔ پراگندہ کرنے والا۔ فاش کرنیوالا۔ ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا (۲) خوشبو دینے والا۔

**ناشر شدن** (ف) ظاہر ہونا۔ کھولنا۔ پھیلانا۔

**ناشرات** (ع) ناشرہ کی جمع (۱) پراگندہ کرنے والیاں (۲) تیز ہوائیں۔ بادلوں کو منتشر کرنے والی ہوائیں (۳) بارشیں۔

**ناشرہ** (ع) ناشر کی تانیث۔

**ناشز** (ع) (۱) اونچا بیٹھنے والا (۲) اُٹھ کھڑا ہونے والا (۳) عورت سے ناموافقت کرنے والا مرد۔

**ناشزہ** (ع) ناشز کی مونث۔ جھگڑا کرنے والی۔ شوہر سے ناموافقت رکھنے والی عورت۔

**ناشستہ رُو** (ف) بے عزت۔ بے آبرو۔ ذلیل وخوار۔

**ناشط** (ع) (۱) نشاط یعنی خوشی کرنے والا (۲) کودنے اور پھاندنے والا جنگلی بیل۔

**ناشطات** (ع) ناشطہ کی جمع۔

**ناشطہ** (ع) ناشط کی تانیث (۱) خوشی پیدا کرنے والی۔ (۲) باہر کرنے والی (۳) کھولنے والی (۴) ایک منزل سے دوسری منزل کی طرف جانے والی (۵) رحمت کا فرشتہ۔

**ناشک** (ف) قرض دار۔

**ناشک شدن** (ف) قرضے میں پھنس جانا۔

**ناشکیب** (ف) بے صبر۔ بے قرار۔

**ناشکیبان** (ف) بے صبرے لوگ۔

**ناشکیبائی** (ف) بے صبری۔ بے صبر ہونا۔

**ناشناخت** (ف) ناپہچانا ہوا۔ انجان۔ غیر معروف۔

**ناشناس** (ف) جو نہ پہچانتا ہو۔ جو پہچانا ہوا نہ ہو۔

**ناشناسی** (ف) بے تمیزی۔ بے امتیازی۔ دو چیزوں میں فرق نہ کرنا۔ حماقت۔ بے وقوفی۔

**ناشو** (ف) ان ہونا۔ محال۔

**ناشی** (ف) (۱) اجنبی (۲) بے وقوف (۳) ناواقف جیسے من ناشی از زبان ایران نیستم یعنی میں فارسی زبان سے ناواقف نہیں ہوں۔

**ناشی** (ع) (۱) اُٹھنے والا۔ نوجوان (۲) پیدا ہونے والا۔ ظاہر ہونے والا۔

**ناشیہ** (ع) اوّل رات۔ شروع دن۔

**ناصِب** (ع) (۱) نصب کرنے والا۔ قائم کرنے والا۔ برپا کرنے والا (۲) دشمنی کرنے والا (۳) معرب کلمہ میں فتح کی حرکت دینے والا۔

**ناصِبہ** (ع) ناصب کا مونث۔

**ناصِح** (ع) (۱) نصیحت کرنے والا (۲) شہد وغیرہ جو خالص ہو (۳) درزی۔

**ناصحہ** (ع) نصیحت کرنے والی۔ خیر خواہی کرنے والی۔ ہمدرد۔ خیر خواہ عورت۔

**ناصِر** (ع) (۱) مددگار (۲) حکیم ناصر خسرو کا تخلص جو بہت بڑا حکیم اور شاعر تھا۔ ساداتِ علوی میں سے اور بلخ کا رہنے والا تھا۔

**ناصرہ** (ع) ناصر کی مونث۔ مددگار عورت۔ مدد کرنے والی۔ فتح کرنے والے۔

**ناصر الدین شاہ قاچار** (ف) ایران کے قاچاری خاندان کے چھٹے بادشاہ کا نام جو تبریز میں ۱۲۴۷ھ میں پیدا ہوا۔

**ناصر دین اللہ** (ع) ایک عباسی خلیفہ کا نام جو ۵۷۵ھ سے ۶۲۱ھ تک حکمران رہا۔ یہ خلیفہ بڑا بہادر، صاحب تدبیر اور نیک بادشاہ تھا۔

**ناصِرہ** (ع) روم کے ایک مشہور قصبہ کا نام جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام سکونت رکھتے تھے۔ لفظ نصاریٰ اسی شہر کی نسبت سے بنا ہے۔ یہ قصبہ طبریہ سے ۱۴ میل کے فاصلہ پر ہے۔

**ناصِری** (ع) شہر ناصرہ کا رہنے والا۔

**ناصِع** (ع) (۱) خالص (۲) خالص سفید یا زرد یا سُرخ کپڑا۔

**ناصِف** (ع) (۱) نصفا نصف کرنے والا (۲) خادم۔ نوکر۔

**ناصِفہ** (ع) پانی کی گزرگاہ۔

**ناصَواب** (ع) نادُرست۔ جو دُرست نہ ہو۔ غلط۔

**ناصُور** (ع) دیکھو ناسور۔

**ناصیہ** (ع) (۱) پیشانی کے بال (۲) فارسی میں یعنی پیشانی۔ ماتھا کے استعمال ہوتا ہے۔

**ناصیہ داران پاک** (ف) (۱) عابد۔ زاہد۔ نیکوکار لوگ (۲) فرشتے۔

**ناصیہ فرسائی** (ف) ماتھا رگڑنا۔

**ناضِح** (ع) پانی اُٹھانے والا اونٹ۔ پانی کھینچنے والا اونٹ جس کے ذریعے کنویں سے پانی نکال کر کھیت یا باغ کو

Marfat.com

دیتے ہیں۔

**ناضِر** (ع) (۱) ترو تازہ (۲) کائی جسے حامہ غوک کہتے ہیں۔

**ناضِرہ** (ع) ناضر کی تانیث۔

**ناطِح** (ع) (۱) سینگ مارنے والا چوپایہ (۲) وحشی جانور یا پرندہ جو سامنے آجائے (۳) سختی۔ رنج۔ (۴) دشوار کام۔

**ناطِس** (ع) جاسوس۔

**ناطِق** (ع) صاحب نطق۔ بولنے والا۔ صاحب عقل۔ کلیات وجزیات کا سمجھنے والا۔ صامت کی ضد۔

**ناطِقان** } ناطق کی جمع۔
**ناطِقین** } بولنے والے۔

**ناطِقہ** (ع) قوت گویائی۔ بات چیت کا ملکہ۔

**ناطُور** (ع) کھجور اور انگور کے باغ کا نگہبان۔ باغبان۔

**ناظِر** (ع) (۱) دیکھنے والا (۲) نگرانی کرنے والا۔ محرّروں کا سردار۔ ماتحت ملازموں کے کام کا نگران (۳) خواجہ سرائے۔ (۴) دربان۔ نگہبان۔

**ناظِر** (ع) (۱) وزیر (۲) سیکریٹری۔ مہتمم۔

**ناظِرُ الحربیہ** (ع) وزیر جنگ۔

**ناظِرُ الخارجیہ** (ع) وزیر خارجہ۔ فارن منسٹر۔

**ناظِرُ الداخلیۃ** (ع) وزیر داخلہ۔ ہوم منسٹر۔

**ناظِرُ المالیۃ** (ع) وزیر مال۔ منسٹر مال۔

**ناظِرُ المحطہ** (ع) سٹیشن ماسٹر۔

**ناظِرُ المدارس** (ع) انسپکٹر مدارس۔

**ناظِرُ المدرسہ** (ع) پرنسپل۔

**ناظِرُ المعارف العمومیہ** (ع) (۱) وزیر تعلیم (۲) ڈائرکٹر۔

**ناظِران** (ف) نگرانی کرنے والے۔

**ناظِرُ النظار** (ع) صدر الصدور۔ وزیر اعظم۔

**ناظِرِ دَرِ سرائے** (ف) حاضری لکھنے والا۔ ناغہ لکھنے والا۔ نامہ نویس۔

**ناظِرِ رسومات** (ف) داروغہ ٹیکس۔

**ناظِرِ خلوت** (ف) پرائیویٹ سیکرٹری۔

**ناظِرہ** (ع) آنکھ۔ آنکھ سے دیکھا ہوا۔

**ناظِرین** (ع) ناظر کی جمع۔ دیکھنے والے۔

**ناظِم** (ع) (۱) انتظام کرنے والا (۲) پرونے والا (۳) نظم کہنے والا (۴) وہ مرغی جس کے پیٹ میں انڈے ہوں۔

**ناظِمان** (ف) انتظام کرنے والے۔

**ناظِمِ خلوت** (ع) پرائیویٹ سیکرٹری۔

**ناظِمہ** (ع) انتظام کرنے والی۔ پرونے والی۔

**ناظُور** (ع) نظر کرنے والا (۲) رکھوالا۔ نگہبان (۳) باغبان۔

**ناظُورہ** (ف) (۱) محبوبہ۔ معشوقہ (۲) سردار۔ حاکم۔

**ناظُوری** (ف) کھیت کا رکھوالا۔

**ناعِجہ** (ع) نرم ملائم زمین۔ اس کی جمع نواعج آتی ہے۔

**ناعِس** (ع) وہ شخص جس کی آنکھوں میں نیند بھری ہوئی ہو۔ اونگھنے والا۔

**ناعِش** (ع) اُٹھانے والا۔ زندگی بخشنے والا۔ خوش حال کرنے والا۔

**ناعِم** (ع) (۱) نرم۔ ملائم (۲) خیبر کے ایک قلعہ کا نام (۳) ناز و نعمت میں پلا ہوا۔ نازک بدن۔

**ناعِمہ** (ع) ناعم کی تانیث۔ نرم اور نازک اندام عورت۔ آسودہ حال عورت۔ نازک و لطیف۔

**ناعِی** (ع) موت کی خبر پہنچانے والا۔ سناؤنی دینے والا۔

**ناغوش** (ف) ڈبونا۔ غوطہ لگانا۔ غوطہ۔

**ناغول** (ف) چھت دار زینہ۔ ممٹی۔

**ناغہ** (ف) غیر حاضری۔ خالی دن۔ بیکاری۔ تعطیل۔

**ناف** (ف) (۱) نابھ۔ سونڈی۔ نال۔ ٹونڈی۔ پیٹ کی ناف (۲) ہر چیز کا بیچوں بیچ۔ وسط۔ مرکز۔ درمیان۔

**نافِ ارض** (ف) ناف زمین۔ مکہ معظمہ۔

**ناف افتادن** (ف) بہت زیادہ بوجھ اُٹھا لینے کے باعث تکلیف اُٹھانا۔

**ناف بر خوشی زدن** (ف) دایہ کی نیک ساعت کا خوشی کی حالت میں جاتے وقت بچے کی ناف کاٹنا جس سے بعض کا خیال ہے کہ ایسا بچہ ہمیشہ خوش رہتا ہے۔

**ناف بر غم زدن** (ف) دایہ کا ساعت بد یا حالت غمی میں بچہ کی ناف جناتے وقت کاٹنا۔

**ناف بُریدن** (ف) بچہ کی ناف کاٹنا۔

**ناف پیچ** (ف) پیچش کا درد۔ ناف میں پیچش کا درد۔

**نافِجہ** (ع) نافہ کا معرب۔ مشک کا نافہ۔

**نافِحہ** (ع) خوشبو۔ پھیلنے والی۔ خوشبودار شے۔

**نافِخ** (ع) (۱) پھونکنے والا (۲) نفخ کرنے والا۔ ہوا سے پھلانے والا۔ ہوا بھر کر پھلانے والا۔

**نافِ خاک** (ف) مکہ معظمہ۔

**نافِذ** (ع) جاری کرنے والا۔ نفوذ کرنے والا۔ پہنچنے والا۔ رسا۔ یہ لفظ عموماً حکم امرا کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔

**نافِر** (ع) (۱) نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا (۲) غالب۔

**نافرجام** (ف) بد انجام۔ بد اصل۔

**نافرمان** (ف) (۱) حکم نہ ماننے والا (۲) ایک پھول کا نام۔

**نافرمان شدن** (ف) نافرمان ہونا۔ حکم نہ بجا لانا۔ نافرمانی کرنا۔

**نافرمانی** (ف) (۱) حکم نہ ماننا (۲) نافرمان کے پھول جیسا رنگ۔

**نافِرہ** (ع) بھاگنے والی۔ عزیز و اقارب اس کی جمع نوافر آتی ہے۔

**نافرمانی کردن** (ف) اطاعت نہ کرنا۔ نافرمانی کرنا۔

**نافِ روز** (ف) دوپہر۔

**نافرہیختہ** (ف) بدتمیز۔ بے ادب۔

Marfat.com

**ناف زُدَن** (ف) دیکھو ناف بریدن۔

**نافِ زمین** (ف) مکہ معظمہ۔

**نافِ شب** (ف) آدھی رات۔

**نافِض** (ع) (۱) ہلانے والا۔ (۲) تپ لرزہ۔

**نافع** (ع) نفع دینے والا۔

**نافع بُودن** (ف) مفید اور نفع آور ہونا۔

**نافِ عالم** (ف) مکہ معظمہ۔

**نافِلَہ** (ع) (۱) زیادہ بخشش۔ غیر واجب انعام (۲) ایسی عبادت جو آدمی پر واجب نہ ہو۔ زائد عبادت۔

**نافلہ نماز** (ف) نفلی عبادت۔

**نافہ** (ف) مشک یعنی کستوری کی تھیلی جو پوٹلی سی ہوتی ہے اور ہرن کی ناف سے نکلتی ہے۔

**نافۂ آہُو** (ف) کستوری والے ہرن کا نافہ۔

**نافہ بُوئے** (ف) (۱) سخن چین۔ چغل خور (۲) گندہ دہن جس کے منہ سے بُو آئے۔

**نافِ ہفتہ** (ف) منگل کا دن۔ زمانہ قدیم میں ایران کے امرا اور بادشاہ اس روز مے نوشی اور عیش و عشرت میں مشغول رہتے تھے۔

**نافہ مُو** (ف) بوڑھا جس کے تمام بال سفید ہو چکے ہوں۔

**نافہم** (ع) بے سمجھ۔ جو سمجھ نہ رکھتا ہو۔

**نافہ مشک یافتن** (ف) نیک نامی حاصل کرنا۔ مشہور ہونا۔

**نافہمی** (ف) بے سمجھی۔ کم عقلی۔ سمجھ نہ ہونا۔

**نافہمی کردن** (ف) حماقت کرنا۔

**نافی** (ع) نفی کرنے والا۔ نیست کرنے والا۔ رد کرنے والا۔ دُور کرنے والا۔

**ناقابل** (ف) نالائق۔ جو لائق نہ ہو۔

**ناقابل بُودن** (ف) بے اہمیت ہونا۔ نالائق و احمق ہونا۔

**ناقابلیت** (ف) نالائقی۔ بے مقدوری۔

**ناقِد** (ع) پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ روپیہ اشرفی وغیرہ پرکھنے والا۔

**ناقِر** (ع) (۱) چونچ مارنے والا۔ چگنے والا جانور (۲) عیب کرنے والا۔ (۳) تیر جو نشانہ پر لگے۔

**ناقص** (ع) کامل کی ضد۔ کم۔ کم ہونے والا۔ ادھورا۔ نامکمل۔ ناتمام۔ جس میں کمی ہو (۲) اصطلاح علم صرف میں وہ لفظ جس کے اصلی حروف میں سے آخر کا حرف علت ہو۔

**ناقص کردن** (ف) خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

**ناقِصُ الخِلقت** (ع) وہ شخص جس کی خلقت میں کوئی نقص ہو جس کا کوئی عضو ناقص ہو۔

**ناقِصُ العقل** (ع) کم عقل۔ سادہ لوح۔

**ناقص عیار** (ف) کم عیار۔ کم وزن جو کسوٹی پر پورا نہ اُترے۔

**ناقِض** (ع) توڑنے والا۔

**ناقِل** (ع) نقل کرنے والا (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا (۲) بے ڈھب (۳) لچّا۔ شہدا۔

**ناقِضِ وضو** (ع) ایسا کام جس سے وضو ٹوٹ جائے۔

**ناقلِ صوت** (ع) آواز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا جیسے ٹیلیفون۔

**ناقِلا** (ف) (۱) ناہموار۔ بے ڈھب (۲) لچّا۔ شہدا۔

**ناقور** (ع) بڑا نے۔ نرسنگھا۔ صُور۔ سنکھ۔

**ناقوس** (ع) سنکھ جسے ہندو عبادت کے وقت بجاتے ہیں۔ (۲) گرجا کا بڑا گھنٹہ جو عبادت کے وقت بجایا جاتا ہے۔

**ناقوسی** (ف) باربد کے تیس راگوں میں سے چھبیسویں راگ کا نام۔ موسیقی کے ایک راگ کا نام۔

**ناقَہ** (ع) اونٹنی۔

**ناقِہ** (ع) جو ابھی ابھی بیماری سے اُٹھا ہو۔

**ناک** (ف) (۱) کھوٹ ملا ہوا۔ مغشوش۔ جو خالص نہ ہو (۲) مالک۔ صاحب۔ خداوند (۳) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب (۴) اُوپر اور نیچے کا جبڑا (۵) تالو (۶) ایک قسم کا لذیذ اور شیریں امرود (۷) غیر خالص مشک (۸) کلمہ کے پیچھے کسی موصوف کی صفت کیلئے آتا ہے۔

**ناک بُودن** (ف) تنگ دست ہونا۔

**ناکارہ** (ف) نکما۔ بے کار۔ فضول۔

**ناکاشتہ** (ف) جو بویا نہ گیا ہو۔

**ناکام** (ف) (۱) مایوس۔ نامراد۔ محروم۔ ناکامیاب (۲) ناچار۔ بالضرور (۳) البتہ۔

**ناکامی** (ف) مایوسی۔ ناکامیابی۔ ناامیدی۔

**ناکِب** (ع) (۱) پھرنے والا۔ راستے سے پھرنے والا (۲) اوندھا ڈالنے والا (۳) رنج دینے والا۔

**ناقلہ** (ع) حمل و نقل میں کام آنے والا۔

**ناکتخدا** (ف) جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔ بن بیاہا۔ کنوارا۔ کنواری۔

**ناکِح** (ع) (۱) نکاح کرنے والا۔ بیاہ کرنے والا (۲) نکاح کرنے والی (۳) چھید کرنے والا۔

**ناکدخدا** (ف) دیکھو ناکتخدا۔

**ناکرد کار** (ف) دیکھو ناکردہ کار۔

**ناکَردَنی** (ف) جو بات کرنے کے لائق نہ ہو۔

**ناکَردَہ کار** (ف) بغیر کام کیے۔ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ اناڑی۔ انجان۔ خام۔

**ناکس** (ف) نالائق۔ ناقص۔ کمینہ۔ فرومایہ۔

**ناکِس** (ع) اندھا۔ سرنگوں۔ واژگوں۔

**ناکسی** (ف) کمینہ پن۔ نالائقی۔

**ناکند** (ف) وہ بچھڑا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں۔ دو برس کی عمر کا گھوڑا (۲) ناتجربہ کار۔ نادان۔

Marfat.com

ناگاج / ناگاہ / ناگاہان / ناگرفت (ف) اچانک - یکایک - اتفاقاً -

ناگزر / ناگزران / ناگزیر (ف) بالضرور - ضرور - لابد - ناچار - لاعلاج -

ناگزیر باش (ف) واجب الوجود - جس کا وجود ضروری ہو -

ناگزیری (ف) لاچاری - مجبوری -

ناگفتہ (ف) نہ کہی ہوئی بات -

ناگفتہ بہ (ف) وہ بات جس کا نہ کہنا ہی بہتر ہو - نہایت خراب حالت جس کا بیان نہ ہوسکے -

ناگفتہ دان (ف) عالم الغیب -

ناگوار / ناگوارو / ناگورد / ناگور (ف) بد ذائقہ - بدمزہ - جو ہضم نہ ہو (۲) ناخوش - ناپسند -

ناگوہر (ف) عرض - جو جوہر کی ضد ہے -

ناگاہ آمدن (ف) اچانک آدھمکنا -

ناگاہ سر زدن (ف) اچانک آنکلنا -

ناگہاں (ف) یکایک - اچانک - دفعتہً بے خبری میں -

ناگہانی (ف) اتفاقی -

نال (ف) (۱) سوت کی مانند وہ شے جو قلم تراشنے میں نکلتی ہے (۲) قلم (۳) بانسری (۴) گنا - نیشکر (۵) نالہ (۶) نالیدن کا امر (۷) فریاد - فغان (۸) نالہ کرنے والا (۹) وہ نے جو اندر سے پُر ہو -

نالان (ف) نالہ کرتا ہوا - روتا ہوا - فریاد کرتا ہوا -

نالائق (ف) جو لائق نہ ہو -

نالائق بودن (ف) نااہل ہونا - قابل نہ ہونا -

نالش (ف) نالہ کا مترادف - نالہ - فریاد -

نالہ (ف) (۱) بلند آواز جو سوزِ دل سے ہو - فریاد - واویلا (۲) ندی - نالہ -

نالہ کردن (ف) رونا دھونا -

نالہ کشیدن (ف) رونا - زاری کرنا -

نالیدن (ف) نالہ کرنا - فریاد کرنا - چیخنا - شور کرنا - رونا - چلانا -

نام (ف) اسم - کسی چیز کا اسم ذات -

نام از جہاں برداشتن / نام از جہاں ستردن (ف) (۱) نام کا محو ہونا - معدوم ہونا - محو کرنا - مٹا دینا (۲) بھول جانا - فراموش کرنا -

نام از شکم افتادن (ف) نام کا محو ہونا - نام کا معدوم ہونا -

نام آور (ف) مشہور - نامور -

نامبارک (ف) منحوس - جو مبارک نہ ہو -

نام بر آمدن / نام بر آمدن بر آفاق / نام بر آوردن بر آفاق (ف) مشہور ہونا - شہرت پانا -

نامبرد (ف) نامزد - معین -

نامبردار (ف) مشہور - نامی - نامور -

نام بُردن (ف) نام لینا -

نامبردہ (ف) ذکر کیا گیا - وہ شخص جس کا نام اُوپر ذکر ہوا - مذکور شدہ -

نام پہن شدن در اطراف (ف) مشہور ہونا -

نام بر تیغ بُردن (ف) بھول جانا -

نام بر یخ زدن (ف) بھول جانا - فراموش کرنا - محو کرنا - مٹا دینا -

نامتصور (ف) جو تصور میں نہ آسکے -

نامتناہی (ف) بے انتہا - بے پایاں - جس کی انتہا نہ ہو -

نامجو / نامجوئے (ف) ناموری چاہنے والا - بہادر -

نامجوئی (ف) شہرت طلبی -

نامحدود (ف) بے حد - بے انتہا -

نامحرم (ف) بیگانہ - ناواقف -

نامِ خدا (ف) (۱) خدا کی قسم (۲) تعظیم و تحسین کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے -

نامدار (ف) (۱) نامور (۲) عزت والا -

نام در آب فروشدن (ف) نام محو ہونا - معدوم ہونا -

نام دویدن بہر سو (ف) مشہور ہونا - ہر سو شہرت کا چرچا ہو جانا -

نام دویدن در اطراف (ف) مشہور ہونا - شہرت پانا -

نامراد (ف) بے مراد - ناکام -

نامرادی (ف) بے مرادی - مراد حاصل نہ ہونا -

نامرد (ف) (۱) جو مرد نہ ہو - ہیجڑا - مخنث (۲) بزدل - ڈرپوک -

نامردم (ف) نالائق - ناکس - کمینہ - لفظ مردم واحد اور جمع دونوں پر بولا جاتا ہے -

نامردمی (ف) بے مروتی -

نامردی (ف) نامرد ہونا -

نامرئی (ف) جو نظر نہ آسکے - غیر مرئی -

نامزد (ف) (۱) معین - مخصوص - مقرر (۲) نامور - مشہور (۳) منگیتر - جس کی منگنی ہو چکی ہو (۴) لشکر جو کسی مہم پر مقرر ہو چکا ہو -

نامزد شدن (ف) منگنی ہونا - نیز کسی عہدے پر تقرر ہونا -

Marfat.com

نامزد کردن (ف) (۱) نامزد کرنا (۲) منگنی کرنا۔
نامُساعِد (ف) ناموافق۔
نامساعد و ناسازگار (ف) ناموافق۔
نامُستعِد (ف) بے استعداد۔ ناقابل۔
نامُشخّص (ف) (۱) غیر معیّن۔ بے تحقیق (۲) وہ شخص جو ایک حالت اور وضع پر نہ رہے۔
نامشروع (ف) خلافِ شرع۔ ناجائز۔
نامطبُوع (ف) ناگوار۔
نامطلوب (ف) ناپسند۔ غیر مطلوب۔
نامعروف (ف) گمنام۔
نامعقول (ف) (۱) نامناسب۔ جو عقل میں نہ آسکے۔ بے وقوفی کی بات (۲) بے عقل۔ بے وقوف۔
نامقبُول شُدن (ف) ہر دلعزیز نہ رہنا۔
نام کردن
نام گرفتن در اطراف } (ف) مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔
نامُلائم (ف) درشت۔ نامناسب۔ خراب۔ بُرا کام جو طبیعت سے موافق نہ ہو۔
نام نکو (ف) نام نیک۔ اچھی شہرت۔
نام نکو بُردن (ف) نیک نام ہونا۔ ناموری حاصل کرنا۔
نام نکو گزاشتن (ف) اچھا نام چھوڑ جانا۔ نیک نامی چھوڑ جانا۔ ناموری حاصل کرنا۔
نام ننگ (ف) بدنامی۔ بُری شہرت۔
نام نیک داشتن (ف) نیک نام ہونا۔
نامُور (ف) نام آور کا مخفف۔ مشہور آدمی۔ معزز۔
نامَوری (ف) شہرت۔ مشہوری۔
ناموزول (ف) نامناسب۔
نامُوس (ع) (۱) عفت۔ شرم۔ عصمت۔ حیا (۲) نیک نامی۔ خلقت سے عزت کی اُمید رکھنا۔ عزت (۳) سیاست۔ تدبیر (۴) شریعت (۵) فرشتے (۶) احکامِ الٰہی (۷) قاعدہ۔ دستور۔ آئین (۸) آواز۔ صدا۔ ندا۔ (۹) حضرت جبرائیل علیہ السلام (۱۰) صاحب راز (۱۱) مکر۔ حیلہ۔ (۱۲) جنگ (۱۳) شکاری گھات۔
ناموس آفرینش (ف) صاحب راز۔ بہتر زندگانی۔
نامُوسِ اکبر (ع) (۱) شریعت۔ بڑا دستور۔ بڑا قاعدہ (۲) حضرت جبرائیل علیہ السلام کا لقب۔
ناموس بُردن (ف) بے عزت کرنا۔ آبرو ریزی۔
ناموس گاہ (ف) جنگ کا میدان۔ میدانِ جنگ۔
نامُوسَہ (ع) مچھر۔
نامُوسِیَہ (ع) مسہری۔ مچھر جالی۔ نمگیرا۔ پلنگ۔
نام و نشان (ف) سُراغ۔ ٹھکانہ۔
نامویہ (ف) وہ عورت جس کی اپنے شوہر کے ساتھ باہم بہت محبت ہو۔ اور اس نے کبھی دوسری شادی نہ کی ہو۔
نامہ (ف) (۱) چِٹھی۔ لکھا ہوا خط (۲) حکم۔ فرمان۔
نامہ بَر (ف) قاصد۔ خط پہنچانے والا۔
نامہ بَری (ف) خط پہنچانا۔
نامۂ چہارم (ف) قرآن شریف۔
نامہ رَساں (ف) چٹھی رساں۔ قاصد۔
نامۂ سفید (ف) نیک اعمال۔
نامۂ سیاہ (ف) بُرے اعمال۔
نامہ کَردن (ف) خط لکھنا۔ تحریر لکھنا۔
نامہ نگار (ف) لکھنے والا۔
نامی (ف) مشہور و معروف۔ نامور۔
نامیدن (ف) نام رکھنا۔
نامیہ (ع) قوتِ نمو۔ جاندار اور نباتات کی وہ قوت جو جسم کو طول و عرض اور عمق میں بڑھاتی ہے۔
نان (ف) روٹی۔
نان آبی (ف) پراٹھا۔
نان آتش زوسے (ف) سُورج۔
نان از تنور سرد پختہ بر آمدن (ف) عجیب امر وقوع میں آنا۔
نان او گرم است (ف) اُسے تمام مقاصد حاصل ہیں۔ ضروریات زندگی موجود ہیں۔
نانبا (ف) نانبائی کا مخفف۔
نانبائی (ف) اصل میں نان بمعنی روٹی اور ابائی بمعنی شوربا سے مرکب تھا۔ روٹی اور سالن بیچنے والا۔ روٹی پکانے والا۔ باورچی۔
نان بدیوار زدن
نان بر دیوار بستن } (ف) بے فائدہ کام کرنا۔ لغو حرکت کرنا۔
نان بر شیشہ مالیدن (ف) نہایت کنجوس اور بخیل ہونا۔
نان بہ روغن اُفتادن (ف) کام حسبِ خواہش ہو جانا۔ مرضی کے مطابق کام ہو جانا۔
نان بستن (ف) تنور میں روٹی لگانا۔
نان بیات (ف) باسی روٹی۔
نان پنجہ کش
نانِ تفتان } (ف) پراٹھا۔
نانِ تلخ (ف) باسی روٹی۔
نان جوئے (ف) بھیک مانگنے والا۔
نانِ چاشت (ف) چاشت کے وقت کی روٹی۔ صبح کے وقت کا کھانا
نانِ حادثہ خام بُودن (ف) مغلوب ہونا۔ نامرد ہونا۔
نانِ حلال (ف) (۱) وہ روٹی جو اپنی محنت اور مشقت سے کما کر کھائی جائے (۲) طاعت۔ تقوے۔ زہد۔
نانِ خالی خوردن (ف) بغیر سالن کے روٹی کھانا۔

Marfat.com

نانِ خانگی (ف) گھر میں پکی ہوئی روٹی جو کہ دوکان کی روٹی سے یقیناً زیادہ اچھی ہوتی ہے۔
نانِ خرچنگ (ف) ماہ - چاند - قمر۔
نانِ خشک (ف) بسکٹ - کیک۔
نانِ خطائی (ف) پراٹھا۔
نانِ خوار (ف) روٹی کھانے والے یعنی اہل و عیال - کنبہ۔
نان خواہ (ف) (۱) گدا - بھک منگا (۲) اجوائن۔
نان خور (ف) اہل و عیال - بال بچے۔
نان خوردن و نمکدان شکستن (ف) ناشکری کرنا - حرام خوری کرنا۔
نان خورش (ف) سالن وغیرہ - یعنی وہ چیز جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے۔
نان خورش خانہ (ف) سرکہ۔
نان در آستین خوردن (ف) لوگوں سے چھپا کر کھانا۔ یعنی نہایت کنجوس اور بخیل ہونا۔
نان در انبان نہادن (ف) سفر کے لیے تیار ہونا - سفر کرنا۔
نان در خون افتادن (ف) مصیبت اور تکلیف میں مبتلا ہوجانا۔
نان در روغن افتادن (ف) کام خاطر خواہ بن جانا - کامیابی نصیب ہونا۔
نان دہقان (ف) بادشاہی روٹی۔
نان دو آتشہ (ف) دو مرتبہ پکی ہوئی روٹی - خوب سرخ روٹی۔
نانِ رباط (ف) وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے - لنگر کی روٹی۔
نانِ روغنی (ف) پراٹھا۔
نانِ ریشہ فروش (ف) روٹی کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے بیچنے والا۔
نان زدن (ف) روٹی کھانا۔
نانِ زرین (ف) آفتاب - سورج۔
نانِس (ف) قاصد۔
نان سفید فلک } (ف) چاند - قمر۔
نانِ سیمیں }
نانِ شب (ف) شام کا کھانا۔
نانِ شب ماندہ (ف) رات کی بچی ہوئی باسی روٹی۔
نان شکستن (ف) روٹی کھانا۔
نان شیریں (ف) قحط - کال۔
نان شیریں بودن (ف) قحط پڑ جانا - روٹی کا بہم نہ پہنچنا۔
نان فطیر (ف) خمیر کا الٹ - تازہ گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی۔
نان کسے را آجر کردن (ف) کسی کی روزی کو قطع کرنا نقصان پہنچانا۔
نان کشکیں (ف) گندم، جو اور چنے کے آٹے کو ملا کر جو روٹی پکاتے ہیں جس کو ہمارے ہاں مِسی روٹی کہتے ہیں۔

نان کلاج (ف) (۱) وہ نازک روٹی جو بیضہ مرغ اور نشاستہ سے پکا کر شیرہ قند میں ڈال کر کھاتے ہیں - (۲) ایک قسم کا حلوہ۔
نانِ کلاغ (ف) ایک تخم کا نام جسے روٹی پر چھڑک کر پکاتے ہیں کوے کو اس تخم سے بڑی رغبت ہے۔
نان گرجی (ف) گرجستان میں ایک قسم کی روٹی پکاتے ہیں جو دائرے کی مانند گول اور بیچ سے خالی ہوتی ہے۔
نان گرم چرخ (ف) آفتاب - سورج۔
نان گور (ف) (۱) لالچی (۲) خسیس - کمینہ - بخیل - (۳) نمک حرام۔
نان مش (ف) (۱) ان دیکھی شے (۲) بیراہی کرنا۔
نان مشیدن (ف) دنیا میں نامراد رہنا۔
نالو } (ف) لوری - جو بچے کو سلانے کے لیے دیتے ہیں۔
نالوا }
نان و حلوا (ف) علم تصوف کی ایک کتاب کا نام جو شیخ بہاؤالدین آملی کی تصنیف اور ایک چھوٹی سی مثنوی ہے۔
نان وقف (ف) لنگر خانہ کی روٹی - خدا کے نام کی روٹی - اللہ کے نام کا کھانا۔
نان و نمکدان شکستن (ف) ناشکری کرنا - حرام خوری کرنا۔
نانہادہ (ف) وہ چیز جو تقدیر میں نہ ہو - جو موجود نہ ہو - ناموجود۔
نانیوشان (ف) ناشنیدہ - بے خبر - بے اطلاع - ناگاہ۔
ناو (ف) (۱) کشتی (۲) پرنالہ (۳) ندی - نالہ (۴) نلی - ہر وہ شے جو لمبی ہو اور اندر سے خالی ہو۔
ناوانیدن (ف) ٹیڑھا کرنا - خم دینا۔
ناودان (ف) (۱) پرنالہ (۲) بدرو - نالی (۳) نلی جو اندر سے خالی ہو۔
ناور (ف) ممکن۔
ناوران (ف) ممکنات - مخلوقات۔
ناورد (ف) لڑائی - جنگ و جدل۔
ناوردگاہ (ف) میدانِ جنگ - لڑائی کا میدان۔
ناورد نا شش (ف) ممکن الوجود۔
ناوس (ف) بروزن طاؤس - کفار کا عبادت خانہ - آتشکدہ۔
ناوک (ف) ناو کی تصغیر - یعنی امرکھل - لکڑی - مجازاً تیر - ایک خاص قسم کا تیر۔
ناوک انداز (ف) تیر انداز۔
ناوک سحری (ف) صبح کے وقت کی بددعا۔
ناوک قلبی (ف) آہِ دل - ہجو۔
ناو نوش (ف) نا سے معنی بانسری اور نوش معنی شراب سے مرکب ہے - یعنی نغمہ سننا اور شراب پینا - مطلب عیش و عشرت کرنا۔

Marfat.com

ناوَہ (ف)، (۱) بدررو (۲) پرنالہ۔
ناوہ کش (ف)، نغارسے جانے والا۔
ناوگان (ف)، بحری بیڑا۔ جنگی بیڑا۔
ناوی (ف)، نیوی یعنی بحریہ کا ملازم۔
ناویدن (ف)، (۱) اونگھنا (۴) رونا (۵) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔
ناویژہ (ف)، عیب دار۔ ناپاک۔ کھوٹ ملا ہوا۔
ناہ (ف)، وہ لُو جو سرد غاروں اور زمین کے نیچے سے آتی ہے۔
ناہار (ف)، اصل نا بمعنی نہیں۔ اور آہار بمعنی خورش سے مرکب تھا یعنی وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
ناہار خوردن (ف)، لنچ کھانا۔
ناہارخوری (ف)، ڈائننگ روم۔ کھانے کا کمرہ۔
ناہاری (ف)، وہ تھوڑی سی شے جو صبح کے وقت کھائی جائے۔
ناہج (ع)، (۱) راہ چلنے والا (۲) کھُلی راہ پیدا کرنے والا۔
ناہد (ع)، نارپستان۔ وہ لڑکی جس کی چھاتیاں نئی اٹھی ہوں۔
ناہد (ع)، ناہید کا مخفف۔ زہرہ ستارہ۔
ناہق (ع)، ہینچنے والا گدھا۔
ناہقان (ع)، گھوڑے کے رُخسار کی اُبھری ہوئی ہڈیاں۔
ناہض (ع)، (۱) پرندہ کا وہ بچہ جس کے پر اُڑنے کے قابل ہو گئے ہوں (۲) اُٹھنے والا۔
ناہل (ع)، (۱) تشنہ۔ پیاسا (۲) سیراب (۳) پہلے پانی پینے والا اونٹ۔
ناہلہ (ع)، چشمہ پر پانی پینے کے لیے آنے جانے والے اُونٹ۔
ناہمتا (ف)، بے ہمتا۔ بے مثل۔ بے مانند۔ لاثانی۔
ناہموار (ف)، (۱) جو برابر نہ ہو۔ اُونچا نیچا (۲) بے ادب۔ نالائق۔
ناہمواری (ف)، اونچا نیچا ہونا۔ برابر نہ ہونا۔
ناہنجار (ف)، (۱) بے راہ (۲) بدچلن۔ کمینہ۔
ناہوشمند (ف)، بے ہوش۔ نادان۔
ناہی (ع)، منع کرنے والا۔ روکنے والا۔
ناہی (ع)، زہرہ ستارہ۔
ناہید (ع)، زہرہ ستارہ
ناہیدہ (ف)، زہرہ ستارہ۔
نائی (ع)، دُور ہونا۔
نائی (ع)، خیمہ کے اردگرد کی نالی جو پانی کو اندر آنے سے روکے۔
نائے (ف)، (۱) بانسری۔ نے (۲) گلا۔ حلق (۳) مباہات۔ فخر۔
نائی (ف)، بانسری بجانے والا۔
نایاب (ف)، نہ مل سکنے والی شے۔ جو شے نہ مل سکے۔
نایافت (ف)، نایاب۔ معدوم۔
نائے انبان (ف)، بین۔

نائب (ع)، قائم مقام۔ پیشکار۔ اسسٹنٹ۔
نائبان (ف)، غار کا محافظ۔
نائب تنگری (ت)، خدا کا نائب۔ خلیفہ۔ بادشاہ۔
نائب ملک (ع)، وائسرائے۔
نائبہ (ع)، (۱) واقعہ۔ حادثہ (۲) تپ روزمرہ۔
نائے ترکی (ف)، کرنائے۔
نائچہ (ف)، حُقّے کا نیچہ۔
نائحہ (ع)، نوحہ کرنے والی۔ مُردے پر بین کرنے والی عورت۔
نائیدن (ف)، فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔
نائرہ (ع)، (۱) آگ۔ آگ کی لپٹ۔ شعلہ (۲) دشمنی (۳) بھاگنے والا (۴) قافیہ کے نو حروف میں سے آخری حرف۔
نائژہ }
نائیژہ } (ف)، (۱) نلی جو اندر سے خالی ہو۔ لوٹے کی ٹونٹی (۲) عضو تناسل۔
نائک (ع)، جماع کرنے والا۔
نائل (ع)، (۱) پہنچنے والا (۲) پانے والا (۳) بخشش۔
نائل شدن (ف)، کامیاب ہونا۔
نائل گشتن (ف)، کامیاب و کامران ہو جانا۔
نائم (ع)، سونے والا۔ سویا ہوا۔ خفتہ۔
نائے مشک (ف)، بین۔ نائے انبان۔
نائمہ (ع)، سونے والی عورت۔ سوئی ہوئی۔

# ن ۔ ب

نبأ (ع)، خبر۔
نبأ (ع)، بلند ہونا۔
نبات (ع)، روئیدگی۔ سبزی۔ ہری گھاس۔ ترکاری۔
نبات (ف)، قند سفید۔ مصری۔ چینی۔
نباتات (ع)، نبات کی جمع۔ سبزیاں۔ روئیدگیاں۔
نبات جعفری (ف)، ایک قسم کی مصری ہے جو ہندوستان کی مصری سے زیادہ صاف اور لطیف ہوتی ہے اور اصفہان میں جعفر نام ایک حلوائی بنایا کرتا تھا۔ اُسی کے نام پر اسے نبات جعفری کہتے ہیں۔
نباج (ف)، سوکن۔ سوت۔
نباح }
نباح } (ع)، (۱) کُتّے کا بھونکنا (۲) ہرن وغیرہ کا بولنا۔
نبّاح (ع)، بہت بھونکنے والا۔
نبارِش (ف)، تھل۔ وہ ستون جو چھت کی ٹوٹی ہوئی کڑائی وغیرہ کے نیچے کھڑا کرتے ہیں۔
نبّاش (ع)، کفن چور۔ قبر کھود کر کفن چُرانے والا

Marfat.com

**نبّاض** (ع) (۱) نبض دیکھنے والا۔ نبض شناس۔ طبیب (۲) دانا۔ یہ مبالغہ کا صیغہ نہیں۔ بلکہ صیغہ نسبت ہے۔ جیسے حدّاد۔ عطار۔

**نبّال** (ع) تیر چلانے والا۔

**نبالت** (ع) (۱) آگاہی۔ دانست (۲) اُستاد ہونا (۳) بزرگ اور نیک ہونا۔

**نبالہ** (ع) تیر بنانا۔ تیرگری۔ تیر تراشنا۔

**نباہ** (ع) (۱) مشہور (۲) عزّت دار۔ امیر۔

**نباہت** (ع) (۱) آگاہی (۲) بزرگی (۳) مشہور اور بزرگ ہونا۔ (۴) شان۔ عزّت (۵) چمک۔

**نباید** (ف) (۱) نہ چاہیے (۲) مبادا۔

**نبائر** (ع) نبیرہ کی جمع۔ یہ عربی دان ایرانیوں کا تصرّف ہے کہ فارسی لفظ کی عربی جمع بنالی ہے۔ پوتے۔ نواسے۔

**نبائل** (ع) نبیلہ کی جمع (۱) خوب صورت عورتیں (۲) بزرگ لوگ (۳) کارہائے عظیم۔ بڑے بڑے کام (۴) نیکیاں۔ (۵) عجائبات۔

**نبت** (ع) اُگنا۔ روئیدگی۔

**نبث** (ع) غصّہ کرنا۔ چھپی چیز کھول دینا۔

**نبذ** (ع) (۱) ٹکڑا (۲) تھوڑا۔ تھوڑی چیز (۳) کسی چیز کا بقیہ (۴) پھینکنا۔

**نبذال** (ع) عہد توڑنا۔

**نبذرہ** (ع) فضول خرچی کرنا۔

**نبذے** (ف) (۱) تھوڑا سا۔ اند کے (۲) بعضے۔

**نبر** (ع) (۱) بلند کرنا۔ اُٹھانا (۲) بلندی (۳) مطرب کا آواز بلند کرنا۔

**نبراس** (ع) شمع۔ چراغ۔ لیمپ۔ لالٹین۔

**نبرد** (ف) لڑائی۔ جنگ۔ پیکار۔ نورد کا مبدل۔

**نبرد آزمائے** (ف) بہادر۔ شجاع۔ جنگی آدمی۔

**نبرد کردن** } لڑائی کرنا۔
**نبرد نمودن** } جنگ کرنا۔

**نبردگاہ** (ف) لڑائی کا میدان۔

**نبرد ناؤ** (ف) سمندر جنگی جہاز۔

**نبردہ** (ف) دیکھو نبرد آزمائے۔

**نبس** } (ف) (۱) نواسا۔ بیٹی کا لڑکا (۲) نواسی۔
**نبسہ** } بیٹی کی لڑکی۔

**نبشتن** (ف) نوشتن۔ لکھنا۔

**نبض** (ع) ناڑی۔ رگ کی حرکت۔ رگ کا اُچھلنا۔

**نبضان** (ع) نبض کا حرکت کرنا۔ نبض کی مانند حرکت کرنا۔

**نبض او در دست او ست** (ف) یعنی وہ خود بے اختیار ہے۔ اور اس کا تمام اختیار دوسرے کے ہاتھ میں ہے۔

**نبض چیزے بچنگ اُفتادن**
**نبض چیزے بدست آمدن** } (ف) کسی چیز کی حقیقت سے مطلع ہونا۔
**نبض چیزے بدست آوردن**

**نبض خورشید** (ف) شعاع آفتاب۔ سورج کی کرن۔

**نبض کسے در دست داشتن** (ف) کسی کی خُو بُو کو پا لینا کسی کو بالکل اپنا مطیع و فرماں بردار بنا لینا۔

**نبض ملتوی** (ع) نبض کی ایک خاص حرکت جو مریض کی خطرناک حالت پر دلالت کرتی ہے۔

**نبع** (ع) پانی کا زمین سے پھوٹ کر باہر آنا۔ زمین سے چشمہ نکلنا۔

**نبع** (مب) ایک درخت کا نام جس کی کمانیں بنتی ہیں اور شاخوں کے تیر بنتے ہیں۔

**نبق** (ع) (۱) بیر۔ جھڑبیری کا بیر (۲) لکھنا۔

**نبک** (ع) زمین کے چھوٹے ٹیلے۔

**نبک** (ف) پانی کا دریا۔ حوض یا چشمے کا کنارے سے باہر اُچھلنا۔

**نبل** (ع) (۱) چھوٹا (۲) بڑا۔ لغات اضداد سے ہے۔

**نُبل**
**نَبل** } (ع) استنجے کا ڈھیلا۔ وٹوانی۔

**نبل الدّہر** (ع) زمانے کے حادثے۔

**نبلہ** (ع) استنجے کا ڈھیلا۔

**نبو** (ع) تلوار کا اُچٹ جانا۔

**نبوّت** (ع) پیغمبری۔ خبر دینا۔

**نبوی** (ع) نبی سے متعلق مثلاً مسجد نبوی۔

**نبوغ** (ع) نابغہ ہونا۔

**نبہ** (ع) آگاہ ہونا۔ یاد آجانا (۲) آگاہ کرنا۔ یاد دلانا۔

**نُبہ**
**نبہ** } (ع) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ایک غلام کا نام جسے آپ نے آزاد کر دیا تھا۔

**نبہرہ** (ف) (۱) بزرگ۔ بڑا (۲) پست ہمّت (۳) کمینہ (۴) کھوٹا (۵) پوشیدہ (۶) بے خبر (۷) ناگہاں۔ اچانک۔ یکایک۔

**نبی** (ع) خبر دینے والا۔ پیغمبر۔ خدا کا فرستادہ جو بندوں کی ہدایت کے لیے آیا ہو۔ خواہ صاحب شریعت ہو یا سابقہ شریعت کا معاون۔ صاحب کتاب ہو یا نہ ہو۔ اور رسول وہ پیغمبر ہے جو صاحب کتاب ہو۔

**نبیین** (ع) نبی کی جمع۔ پیغمبران خدا۔

**نبیے** (ع) (۱) کلام الٰہی۔ مصحف (۲) قرآن شریف۔

**نبید** (ف) دیکھو نبیذ۔

**نبید** (ف) نوید۔ خوشخبری۔ مژدہ۔

**نبیذ** (ع) (۱) بوزہ۔ جَو کی شراب (۲) خرما اور جَو کا شربت۔

**نبیرہ** (ف) (۱) پوتا۔ پوتی (۲) نواسا۔ نواسی۔

Marfat.com

نبیرہ زادہ (ف) (۱) پڑپوتا (۲) بیٹی کا نواسا۔
نبیسہ (ف) نبیرہ کا فرزند۔
نبیشہ (ع) گڑھا۔
نبیع (ع) فائق۔ بڑھا ہوا۔
نبیل / نبیلہ } (ع) (۱) خوبصورت۔ حسین (۲) دانا۔ عقل مند۔ (۳) بزرگ۔ (۴) موٹا۔ فربہ۔
نبیہ (ع) نامور۔ بزرگ۔ وہ شخص جو بزرگی کے ساتھ مشہور ہو۔

## ن۔ت

نتاج (ع) جنا ہوا۔ زادہ۔ پیدا شدہ۔ بچہ۔
نتاس (ف) (۱) فراغت۔ خوشی (۲) خوبی (۳) خوش و خرم۔ با فراغت۔
نتاسیدن (ف) خوشحالی میں بسر کرنا۔ فراغت سے گزر کرنا۔
نتاش (ع) کمینہ۔ ذلیل۔
نتاف (ع) مقابل۔ آمنے سامنے۔
نتانست (ف) نتوانست کا مخفف۔
نتائج (ع) نتیجہ کی جمع (۱) مطالب۔ مرادیں۔ انجام (۲) اولاد۔ بچے۔
نتائج و آثار (ع) (۱) موالید ثلاثہ یعنی حیوانات نباتات اور جمادات (۲) حرارت۔ برودت۔ رطوبت اور یبوست۔
نتح (ع) (۱) عرق۔ پسینہ۔ پسینہ بہنا (۳) گرمی کا پسینے کو بہانا۔ پسینہ لانا۔
نتراشیدہ (ف) غیر مہذب۔
نترس (ف) نڈر۔ دلیر۔ بہادر۔
نتش (ع) (۱) کانٹا وغیرہ جو چبھا ہوا ہو اسے موچنے سے نکالنا۔ (۲) بال اکھیڑنا۔ پر اکھیڑنا۔
نتف (ع) بال نوچنا۔ بال اکھیڑنا۔
نتن (ع) بوئے بد۔ بدبو۔
نتو (ع) (۱) ابھار (۲) کسی چیز کا اونچا ہو جانا (۳) عضو کا سوج کر اونچا ہو جانا۔
نتیجہ (ع) غرض۔ حاصل مطلب (۳) فائدہ (۴) اصطلاح منطق میں وہ قول جو کبرٰے اور صغرٰی کے جزوں کو ملا کر لفظ مکرر کے نکال دینے سے حاصل ہو۔ جیسے
کبرٰے } علم دولت سے حاصل ہوتا ہے۔
صغرٰی } دولت محنت سے ملتی ہے۔
نتیجہ } اس لیے علم محنت سے ملتا ہے۔
نتیجہ بخش (ف) سودمند۔
نتیجہ بخش شدن (ف) فائدہ مند ہونا۔

نتیجہ دادن (ف) فائدہ حاصل ہونا۔
نتیجہ بدست آوردن (ف) کسی کام کا فائدہ ملنا۔
نتیجہ داشتن (ف) فائدہ مند ہونا۔
نتیجہ سنگ (ف) (۱) آگ (۲) معدنیات یعنی چاندی۔ سونا۔ لوہا۔ تانبا۔ لعل۔ جواہر۔
نتین (ع) بدبو والی چیز۔ وہ چیز جس سے بدبو آئے۔

## ن۔ث

نثّ (ع) پھیلانا۔ خبر پھیلانا۔ ظاہر کرنا۔ فاش کرنا۔
نثا (ع) آگا۔ خبر۔
نثار (ع) نچھاور کرنا۔ کسی پر سے کوئی چیز تصدق کرنا۔ بکھرنا۔
نثار (ع) وہ چیز جو نثار کی جائے۔ وہ شے جو نچھاور کی جائے۔
نثار کردن جان (ف) اپنی جان قربان کرنا۔
نثر (ع) (۱) پراگندہ۔ بکھرا ہوا (۲) پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا (۳) وہ عبارت جو نظم نہ ہو۔
نثرا (ع) نثریں۔
نثرہ (ع) (۱) بّلی کا چھینکنا۔ بّلی کا کھانسنا۔ (۲) ناک کا اندر۔ ناک کی جڑ۔ ناک کا نرمہ (۳) شیر کی دونوں مونچھوں کے درمیان کی کشادگی (۴) چاند کی آٹھویں منزل (۵) دو ستاروں کا نام جو برج اسد میں ہے۔

## ن۔ج

نجّ / نج } (ف) دہان۔ منہ۔ منہ کے اندر کا حصہ۔
نجابت (ع) اصالت۔ شرافت۔ بزرگی۔ گرامی ہونا۔
نجابت داشتن (ف) صاحب حسب و نسب ہونا۔
نجات (ع) مخلصی۔ رہائی۔ رستگاری۔ چھٹکارا۔
نجات دادن (ف) نجات دینا۔
نجات یافتن (ف) رہائی پانا۔
نجاح (ع) (۱) رستگاری۔ مخلصی۔ رہائی۔ چھٹکارا (۲) کامیابی۔ حاجت روائی۔ حاجت براری۔
نجاح یافتن (ف) رہائی پانا۔
نجاد (ع) تلوار کا پرتلہ۔
نجار (ف) غازہ۔ گلگونہ۔
نجار (ع) بڑھئی۔

Marfat.com

**نجار** (ع) (۱) اصل - جڑ - (۲) ذات -
**نجارت** (ع) تیشہ - بڑھئی کا تیشہ -
**نجار شروان** } (ف) مشہور شاعر خاقانی شروانی - کیونکہ اس کا
**نجار شروانی** } باپ بڑھئی کا کام کرتا تھا -
**نجارہ** (ع) برادہ - لکڑی کی چھیلن -
**نجاست** (ع) پلیدی - پلید ہونا -
**نجاشی** (ع) حبش کے ایک عیسائی بادشاہ کا نام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت میں تھا - اور اسلام کی خوبیاں دیکھ کر مسلمان ہوا -
**نجاق** (ت) تبر زین - ایک قسم کا اوزار -
**نجام** (ع) نجومی - ستاروں کی گردش جاننے والا -
**نجائب** (ع) (۱) نجیب کی جمع (۲) عمدہ اونٹ -
**نجبا** (ع) نجیب کی جمع - شرفا - بزرگ لوگ -
**نجح** (ع) کامیابی - فتح مندی - فیروزی -
**نجد** (ع) (۱) بلند زمین (۲) گھر کی آرائش (۳) پناہ (۴) خوشی - خرمی (۵) بہادری کی رو سے غالب آنا (۶) غم واندوہ (۷) پسینہ (۸) راہ کا ماہر - راہنما (۹) عرب کے ایک ملک کا نام جس کی زمین بلند ہے اور جو حجاز سے مشرق کی طرف خلیج فارس تک وسیع ہے اور ریگستانی علاقہ ہے -
**نجدت** (ع) (۱) جنگ - لڑائی (۲) بہادری - دلیری - شجاعت (۳) سختی - مصیبت -
**نجدہ** (ع) (۱) بہادری - دلیری (۲) بہادر - دلیر (۳) سرود - راگ - گانا -
**نجدی** (ع) منسوب بہ نجد - نجد کا - اور شیخ نجدی - شیطان کا لقب ہے -
**نجذ** (ع) اصرار کرنا - پچھلے دانتوں سے کاٹنا -
**نجر** (ع) ارادہ کرنا - کھینچنا -
**نجس** (ع) (۱) ناپاک - پلید (۲) ناپاک ہونا -
**نجس** (ع) ناپاک - پلید -
**نجف** (ع) (۱) بلند مقام - ٹیلہ - تودہ خاک (۲) عراق عرب کے ایک شہر کا نام جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار ہے -
**نجف اشرف** (ع) چونکہ نجف میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار ہے اس لیے تعظیماً کہتے ہیں -
**نجفہ** (ع) ٹیلہ -
**نجق** }
**نجک** } (ت) (۱) چھوٹا نیزہ (۲) ایک قسم کی تبر زین جو زین سے
**نجک** } لٹکائی جاتی ہے -
**نجل** (۱) اولاد - نسل - فرزند (۲) کسی چیز کو پھینک دینا -
**نجم** (ع) (۱) ستارہ (۲) کسی چیز کی بیل جیسے کدو وغیرہ کی (۳) سات سہیلیوں کا جھمکا - پروین -

**نجمۃ السینما** (ع) نظم اسطار -
**نجمند** (ف) نژند - غمگین - اندوہگین - اداس -
**نجو** (ع) کسی سے راز کہنا - کانا پھوسی کرنا - سرگوشی کرنا -
**نجوان** (ف) زعفران -
**نجوم** (ع) نجم کی جمع - ستارے -
**نجومی** (ع) علم نجوم جاننے والا - جوتشی - اختر شناس -
**نجوے** (ع) سرگوشی - کانا پھوسی - کان میں بات کہنا - راز کہنا -
**نجیب** (ع) (۱) اصیل آدمی - بزرگ - شریف -
**نجیب الطرفین** (ع) وہ شخص جو ماں باپ دونوں کی طرف سے اصل ونسل شریف ہو - صحیح النسب -
**نجیب زادہ** (ف) باحسب ونسب - شریف اور شریف زادہ -
**نجید** (ع) شجاع - دلیر - بہادر -
**نجیر** }
**نجیل** } (ف) جھاؤ کے درخت کا پھل -
**نجیف** (ع) چوڑے پیکان کا تیر -

# ن - ح

**نحاریر** (ع) نحریر کی جمع - دانا لوگ - عقل مند -
**نحاس** (ع) (۱) تانبا - مس (۲) آگ کا دھواں جس میں شعلہ نہ ہو -
**نحّاس** (ع) تانبا بنانے والا - مس گر - تانبا بیچنے والا -
**نحاس** (ع) اصل - سرشت - طبیعت -
**نحافت** (ع) کمزوری - ناتوانی - لاغری - دبلاپن -
**نحب** (ع) (۱) اونچی آواز سے رونا - (۲) حاجت - دلیل - (۳) کھانسی (۴) اجل - موت (۵) بڑا خطرہ (۶) مدت - وقت -
**نحت** (ع) (۱) چھیلنا - صاف کرنا (۲) طبیعت - سرشت -
**نحر** (ع) (۱) اونٹ قربانی کرنا - اونٹ ذبح کرنا (۲) سینہ پر زخم لگانا - سینہ پر نیزہ مارنا (۳) سینہ -
**نحر** (ع) بڑا ماہر - بڑا تجربہ کار -
**نحریر** (ع) (۱) دانا - عقل مند - زیرک (۲) عالم -
**نحس** (ع) بدانجام - بدبخت - نامبارک -
**نحسی کردن** (ف) نوزائیدہ بچے کا ضد کرنا - تلخی کرنا اور نہ سونا -
**نحسین** (ع) نحس کا تثنیہ - دو نحس -
**نحسین فلک** (ع) زحل اور مریخ ستارہ -
**نحل** (ع) (۱) شہد کی مکھی (۲) کوئی بے اصل بات کسی کے ذمے لگانا -
**نحل** }
**نحل** } (ع) نحلت کی جمع (۱) جھوٹے مذاہب - مذہب ہائے باطلہ (۲) مذاہب -

Marfat.com

نحلت
نحلت } (ع) (۱) مذہب باطل (۲) پیدا کرنا (۳) دعویٰ کرنا - (۴) بخشش (۵) قرض حسنہ - قرض بلا سود - (۶) عورت کا مہر دینا -
نُحلہ (ع) عطا - بخشش - صدقہ -
نِحلہ (ع) عورت کا مہر ادا کرنا -
نَحن (ع) ہم - ہایاں - جمع متکلم کی ضمیر -
نحو (ع) (۱) قصد - ارادہ (۲) طریق - راہ (۳) طرف (۴) مانند - (۵) وہ علم جس میں لفظ کی بجائے جملہ سے بحث ہوتی ہے -
نُحوست (ع) بدبختی - بدشگنی - نامبارکی -
نُحول (ع) دُبلاپن - لاغری - بیماری یا سفر کی تکلیف سے دُبلا ہو جانا -
نَحوی (ع) علم نحو کا عالم -
نِحی (ع) (۱) بکری کے چمڑے کی مشک (۲) وہ مشک جس میں گھی رکھتے ہیں -
نَحیب (ع) (۱) چلّا کر رونا - آہ وزاری (۲) چلّا کر رونے کی آواز -
نَحیف (ع) لاغر - دُبلا - ناتوان ضعیف -
نحیف بُودن (ف) دُبلا پتلا اور کمزور ہونا -
نحیف شُدن (ف) لاغر ہونا -

# ن - خ

نخ (ف) (۱) سوت یا ریشم کا دھاگا (۲) ایک قسم کا قیمتی کپڑا (۳) کمل (۴) ہل کی پھال (۵) صف - لشکر (۶) چھوٹی شطرنجی یا نہالی (۷) کم - تھوڑا -
نخ تاب (ف) رسی بٹنے والا -
نخ رشتن (ف) دھاگا کاتنا -
نخ پیچیدن (ف) سوت یا دھاگے کو کسی چیز کے گرد لپیٹنا -
نخ کردن (ف) سوئی میں دھاگا پرونا -
نخ (ف) کسی کی قدم بقدم پیروی کرنا - کسی کے پیچھے اس کے قدم بقدم چلنا -
نَخّاس (ع) (۱) بردہ فروش - غلام فروخت کرنے والا - (۲) حیوانات بیچنے والا - بہائم فروش (۳) وہ بازار جہاں غلام اور حیوانات بکتے ہیں (۴) منڈی -
نُخاع
نِخاع
نَخاع } (ع) پشت کے مہروں کا مغز - حرام مغز -
نُخاعہ (ع) کھنگار - وہ بلغم جو حلق سے نکلتا ہے -
نُخالہ (ع) آٹے کا چھان - بھوسی -
نخالہ گوے (ف) بیہودہ گو -
نُخامہ (ع) کھنگار گلے سے نکلنے والا بلغم -
نَخب (ع) انتخاب کرنا - چننا - باہر نکالنا -
نُخبہ (ع) انتخاب کی ہوئی چیز -
نخچ (ف) ایک گھاس کا نام جو جھاڑو بنانے کے کام آتی ہے -
نخچد (ف) لوہے کا میل -
نخچر
نخچل
نخچند } (ف) (ن خ چ ن د) چٹکی -
نخچوان } (ف) تبریز کے پاس ایک شہر کا نام ہے جو سطح مرتفع پہ آباد ہے -
نخچہ (ف) مہندی لگا کر عورتیں ہاتھوں پر جو کپڑا باندھتی ہیں -
نخچیر (ف) (۱) جنگلی جانور جیسے ہرن وغیرہ (۲) پہاڑی بکرا (۳) شکار (۴) شکار کیا ہوا جانور - (۵) شکاری - (۶) شکارگاہ -
نخچیران (ف) (۱) نخچیر کی جمع - شکار (۲) باربد کا ایجاد کیا ہوا ایک الاپ -
نخچیر زدن
نخچیر کردن } شکار کرنا -
نخچیرگان (ف) ایک راگ کا نام -
نخچیرگاہ (ف) شکارگاہ -
نخچیروال (ف) شکار کرنے والا - شکاری آدمی - صیّاد -
نخرا (ف) ناز - عشوہ - کرشمہ - غمزہ -
نخراز (ف) گلے کے آگے رہنے والا بکرا -
نُخری (ف) (۱) اوّل - پہلا (۲) پہلا لڑکا - وہ لڑکا جو سب بچوں سے پہلے پیدا ہوا ہو - پلیٹھی کا -
نخ ریس (ف) چرخہ -
نخ ریسی (ف) سوت کا کاتنا -
نُخُس
نخست
نخستین } (ف) پہلا - اوّل - پہلے -
نخست وزیر (ف) وزیر اعلیٰ - وزیر اعظم -
نخشب (ف) ترکستان کے ایک شہر کا نام - ماہ نخشب اسی شہر سے منسوب ہے -
نخشبہ (ف) دلیل - برہان - ثبوت -
نخشبی (ف) شہر نخشب کا رہنے والا -
نخع (ع) (۱) مواد بینی - سنک - سینڈ (۲) یمن کے ایک قبیلہ کا نام -
نخل (ع) کھجور کا درخت - خرما کا درخت - واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے (۲) آٹا چھاننا -

Marfat.com

نخل بن (ف) کھجور کا درخت۔
نخل بند (ف) (۱) مالی۔ باغبان (۲) موم کے درخت اور میووں کی شکلیں بنانے والا نقاش۔
نخل تابوت (ف) مُردوں کے تابوت پر جو آرائش کی جاتی ہے۔
نخلستان (ف) کھجوروں کا باغ۔
نخل طور (ع) حوالی کوہ طور کا وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تجلی دکھائی دی تھی۔
نخل ماتم (ف) نخل تابوت۔ وہ آرائش جو مردوں کے تابوت پر کی جاتی ہے۔
نخل مریم (ع) وہ کھجور کا خشک درخت جس کے نیچے حضرت مریم علیہا السلام کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام تولد ہوئے تھے۔ اور وہ درخت سرسبز ہو گیا تھا۔
نخل موم (ف) موم کا بنایا ہوا درخت۔
نخ نخ (ف) ریشے دار۔
نخلہ (ع) (۱) کھجور کا ایک درخت (۲) نخلستان۔
نخلہ بنی محمود (ع) مکہ کی راہ میں ایک نخلستان ہے۔
نخلہ بنی ہلال (ع) راہ مکہ میں ایک نخلستان ہے۔
نخوت / نخوت (ع) (۱) بزرگی (۲) تکبر۔ غرور۔ ناز۔
نخوت بہ خرج دادن (ف) غرور و تکبر سے کام لینا۔
نخوت داشتن (ف) مغرور و متکبر ہونا۔
نخود (ف) چنا۔
نخود آب (ف) چنے کی یخنی۔
نخود بریز (ف) بھڑبھونجا۔ چنے بھوننے والا۔
نخودی (ف) ایک رنگ کا نام جو چنے کے مشابہ ہوتا ہے۔
نخیر (ف) (۱) گھات لگانے کی جگہ۔ کمین (۲) ذخیرہ۔ درختوں پودوں کا وہ ذخیرہ جہاں سے پنیری لے کر دوسری جگہ لگاتے ہیں۔
نخیر (ع) ناک کی آواز۔
نخچیر (ف) (۱) گھات کی جگہ۔ کمین گاہ (۲) درختوں کا ذخیرہ جہاں سے پنیری لے کر دوسری جگہ لگاتے ہیں۔
نخچیر گاہ (ف) گھات کی جگہ۔ کمین گاہ۔
نخیل (ع) (۱) کھجور کا درخت۔ کھجور کے درخت۔ یہ لفظ اسم جمع ہے اور واحد و جمع دونوں پر یکساں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) مطلق درخت۔

## ن - د

ند (ف) (۱) زیادتی۔ کثرت۔ افراط (۲) خوبی (۳) نمو۔
ند (ع) ایک مرکب خوشبو کا نام جو صندل۔ عود۔ عنبر اور لوبان وغیرہ سے بنتی ہے۔
ند (ع) نظیر۔ مانند۔ ہمتا۔
نداء (ع) (۱) آواز۔ پکار (۲) آواز کرنا (اسم اور مصدر دونوں طرح آتا ہے۔)
ندا (ع) (۱) تری۔ نم (۲) نمناک زمین (۳) آزادی۔
نداف (ع) دُھنیا۔ روئی دُھنکنے والا۔
ندامت (ع) خجالت۔ پشیمانی۔ شرمندگی۔
ندامت زدہ (ف) پشیمان۔
ندانم بہ سر زندہ ام یا بہ پا (ف) مجھے سر پیر کا کچھ ہوش نہیں ہے۔ یہ محاورہ بڑے اضطراب اور گھبراہٹ کے موقع پر بولتے ہیں۔
نداوت (ع) نمی۔ تری۔
ندب (ف) نرد کی بازی میں داؤ لے جانا۔
ندب (ع) (۱) تیراندازی (۲) وہ چیز جسے درمیان رکھ کر شرط لگاتے ہیں (۳) باقی رہنے والا زخم کا نشان (۴) نشان زخم کا سخت ہونا۔
ندب (ع) (۱) ندبہ۔ نوحہ کرنا۔ مُردے کی خوبیوں کا شمار کرکے اس پر رونا (۲) کسی کو کسی کام کے لیے بلانا (۳) کسی کو کسی کام پر انگیختہ کرنا (۴) کام میں ہوشیار آدمی (۵) تیز رفتار گھوڑا۔
ندبہ (ع) شیون۔ نوحہ۔ بین۔ ماتم۔
ندرت (ع) (۱) نادر ہونا۔ اعجوبہ ہونا (۲) تنہائی۔ کمی۔
ندف (ع) روئی دُھنکنا (۲) آسمان سے برف یا مینہ برسنا (۳) پستان سے انگلیوں کے ساتھ دودھ دوہنا (۴) چوپائے کا چلنے میں ہاتھ پاؤں چستی سے اٹھانا (۵) درندے کا زبان سے پانی پینا۔
ندم (ع) شرمندہ ہونا۔ پشیمان ہونا۔
ندما (ع) ندیم کی جمع (۲) امیروں کا ہم نشین (۲) شراب خوری کا مصاحب و حریف۔
ندمان (ع) (۱) پشیمان (۲) امرا کا ہم نشین (۳) شراب خوری کا مصاحب و حریف۔
ندور (ع) (۱) ایک یا بہت سی چیزوں کے درمیان سے گزر جانا۔ (۲) تنہا رہ جانا۔ (۳) نکلنا (۴) آزمانا (۵) ظاہر کرنا (۶) گھاس اور درخت کا سرسبز ہونا اور پتے نکالنا۔
ندی (ع) تر۔ بھیگا ہوا۔
ندید (ع) مانند۔ نظیر۔ ہمتا۔
ندیدہ گرفتن (ف) دیکھی بات کو اَن دیکھی کر دینا۔
ندیف (ع) دُھنکی ہوئی روئی۔
ندیم (ع) (۱) امرا کا ہم نشین (۲) مے نوشی کا مصاحب و حریف (۳) پشیمان۔

## ن - ذ

Marfat.com

نذرات (ع) (۱) ڈر - خوف (۲) ڈرنا - خوف کھانا۔
نذر (ع) (۱) وہ چیز جو اپنے اُوپر واجب کر لی جائے (۲) عہد - پیمان - اقرار (۳) منت یعنی حاجت روائی کے لیے خدا کے نام اپنے اُوپر کچھ واجب کر لینا (۴) نذرانہ - چڑھاوا - بھینٹ - پیشکش - تحفہ۔
نُذُر (ع) نذر کی جمع۔
نذر بستن (ف) منت ماننا جیسے عورتیں بزرگوں کے مزاروں پر جا کر اپنی چوٹی کا کوئی دھاگا یا کسی پاک کپڑے کا کوئی چیتھڑا باندھ آتی ہیں ان کی مراد بر آتی ہے تو اسے جا کر کھولتی ہیں اور چڑھاوا وغیرہ چڑھاتی ہیں۔
نُذُر (ع) خوف - ڈر - بیم - ترس۔
نَذِر (ع) (۱) حیران (۲) خوفزدہ - ترساں۔
نذر دادن (ف) مستحق لوگوں میں نذرانہ کے روپے پوشاک یا خوراک وغیرہ تقسیم کرنا۔
نذر کردن (ف) منت ماننا - اپنی حاجت روائی کے لیے خدا کے نام پر اپنے اُوپر کچھ واجب کر لینا۔
نذری (ف) نذرانہ۔
نذور (ع) نذر کی جمع۔
نذل (ع) فرومایہ مرد - کمینہ۔
نذیر (ع) (۱) ڈرنا (۲) ڈرایا گیا (۳) ڈرانے والا (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک توصیفی نام کیونکہ آپ بندوں کو خدا کے عذاب سے ڈراتے تھے۔

---

## ن - ر

---

نَر (ف) (۱) مذکر - مادہ کی ضد (۲) آلہ تناسل - آلہ رجولیت (۳) حشفہ (۴) ناہموار (۵) بُرا - زشت (۶) دریا کی لہر (۷) درخت کی درمیانی شاخ۔
نَر (ف) نریمان کا مخفف جو رستم کا دادا تھا۔
نَرا (ف) چھوٹی سی دیوار جو کسی چیز کو ڈھانپنے کے لیے اس کے گرد بنائی جاتی ہے۔
نراک (ف) ہمیشہ۔
نَرجس (ع) نرگس کا معرب جو ایک مشہور پھول ہے - اور جس سے معشوق کی آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں۔
نِرخ (ف) بھاؤ - اناج یا کسی دوسری چیز کا بھاؤ (۲) رواج - رونق۔
نرخ بالا کردن (ف) قیمتیں بڑھا دینا - نرخ زیادہ کر دینا۔
نرخ گردش (ف) قیمتوں کا ہیر پھیر اور اتار چڑھاؤ - کبھی کم کبھی زیادہ۔
نرد (ف) (۱) ایک مشہور کھیل کا نام جسے بزرجمہر نے شطرنج کے مقابلہ میں ایجاد کیا تھا (۲) چوسر کی گوٹ (۳) شطرنج کا مہرہ (۴) درخت کا تنا۔
نردبان (ف) اصل میں نورد بام تھا - زینہ - سیڑھی اور خاص کر لکڑی وغیرہ کی سیڑھی۔
نردبان در راہ نہادن (ف) راستے میں دوستوں سے بات چیت کرتے جانا تاکہ باتوں باتوں میں راستے کی تکلیف معلوم نہ ہو۔
نردبان سر بام (ف) یاوہ - بےہودہ - فضول گو - پریشان باتیں کرنے والا۔
نَرزد (ف) نیرزد کا مخفف - نہ قیمت پائے۔
نَرسک (ف) عدس - مسور جو مشہور غلہ ہے۔
نرگ (ف) (۱) شکار کو روکنے کے لیے آدمیوں کا حلقہ باندھنا - (۲) پہلوانوں کے ورزش کرنے کی جگہ - اکھاڑا۔
نرگان (ف) ناہموار اور سخت گڑھا۔
نرگاو (ف) بیل۔
نرگدا (ف) بےشرم گدا۔
نرگس (ف) (۱) ایک پھول کا نام - (۲) معشوق کی آنکھ۔
نرگس شہلا (ف) (۱) نرگس کی ایک قسم جس میں زردی کی بجائے سیاہی ہوتی ہے (۲) سفید نرگس جو مائل بہ سیاہی ہو۔
نرگس مخمور }
نرگس نیم خواب } معشوق کی آنکھ۔
نرگس مسکین (ف) نرگس کی وہ قسم جس میں پھول چھوٹا اور خوشبو کم ہوتی ہے۔
نرگس و گل (ف) معشوق کی آنکھ اور کان۔
نرگسہ (ف) نرگس کا مزید علیہ (۲) ہڈی یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے نرگس کے پھول جو مکان کی چھت پر لگاتے ہیں - (۳) ستارے۔
نرگسی (ف) ایک قسم کا کھانا جو مرغی کے انڈوں سے بنتا ہے - ایک قسم کا قلیہ - ایک قسم کا پلاؤ (۲) طعنہ مارنا (۳) آنکھ سے اشارہ کرنا (۴) ایک قسم کا کپڑا (۵) ایک شاعر کا تخلص بھی ہے۔
نرگسی زدن (ف) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا - کن انکھیوں سے اشارہ کرنا (۲) طعنہ مارنا۔
نرگسی کردن (ف) آنکھ سے اشارہ کرنا۔
نرمادگی (ف) جھرّی - جس کے سبب سے قفل لگتا ہے۔
نرمادہ (ف) (۱) مذکر اور مونث (۲) مرد اور عورت (۳) صندوق یا کواڑ وغیرہ کا پیچ۔
نرم آہن (ف) شکست - زبون - عاجز - ڈرپوک۔
نرم آہنی (ف) عاجزی - زبونی - بزدلی۔
نرم برہ (ف) لوہاروں اور بڑھئیوں کے ایک اوزار کا نام (۲) چاپلوس - خوشامدی۔
نرم بیز (ف) چھلنی - باریک چھلنی - باریک سوراخوں والی چھلنی۔

Marfat.com

**نرم تن** (ف) نازک بدن۔
**نرم چشم** (ف) بے شرم۔ بے حیا۔ سخت رو۔
**نرم خو** (ف) مہربان۔ حلیم طبع۔
**نرم دست** (ف) ایک قسم کا ملائم کپڑا۔
**نرم دل** (ف) نازک دل۔
**نرم زبان** (ف) چاپلوس۔ چرب زبان۔
**نرم سار** (ف) صاحب علم۔ حلیم۔
**نرم شانہ** (ف) (۱) کاہل۔ سست (۲) مطیع۔ ہر ایک بات ماننے والا۔
**نرم شدن** (ف) رام ہونا۔ مطیع ہونا۔
**نرم کردن** (ف) مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا۔
**نرم گردن** (ف) فرمانبردار۔
**نرمک نرمک**۔ آہستہ آہستہ۔
**نرم گردن** (ف) مطیع۔ فرمانبردار۔
**نرم گرم** (ف) بھلا برا۔ سخت سست۔
**نرم لگام** (ف) مطیع اور فرمانبردار گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو سرکش نہ ہو۔
**نرم نرم** (ف) آہستہ آہستہ۔
**نرمۂ گوش** (ف) کان کی لو۔
**نرمی** (ف) (۱) سختی کی ضد۔ گدگدا پن (۲) صفائی۔ ہمواری۔
**نرمیش** (ف) مینڈھا۔
**نروج** / **نرویج** } (ع) ملک ناروے۔
**نرد و میخ آہنی در سنگ** (ف) بے وقوف آدمی پر لطیف باتوں کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔
**نرہ** (ف) (۱) نر۔ مذکر (۲) ناہموار (۳) زشت۔ برا (۴) آلہ تناسل۔ ذکر۔ آلت مردمی (۵) پانی کی لہر (۶) جابی کا دندانہ (۷) درخت (۸) مخنث۔ ہیجڑا (۹) گدا۔ بھک منگا۔
**نرہ آب** (ف) پانی کی لہر۔ موج۔
**نرہ بیمار**۔ بہت کھانے والا بیمار۔
**نرہ خر** (ف) خر بزرگ۔ بہت موٹا بھوٹا۔ عظیم شحیم۔ طاقتور۔
**نرہ دیو** (ف) نر دیو۔ دیو نر (۲) بدصورت دیو۔
**نرہ شیر** (ف) بہت طاقتور شیر۔
**نری** (ف) (۱) انسان یا حیوان کا عضو تناسل (۲) بھیڑ یا بکری کا چمڑا۔
**نریم** / **نریمان** } (ف) رستم کے پردادا کا نام۔ بعض نے سام یعنی رستم کا دادا لکھا ہے۔
**نریہ** (ف) منسوب بہ نر۔ نر سے نسبت رکھنے والا۔

## ن - ز

**نزار** (ف) (۱) ضعیف۔ لاغر۔ دبلا (۲) وہ گوشت جس میں چربی نہ ہو۔
**نزاع** (ع) (۱) آرزومندی۔ آرزومند ہونا (۲) جھگڑا۔ تکرار۔ خصومت۔
**نزاع برپا کردن** (ف) جھگڑا کرنا۔
**نزاکت** (ف) نازک پن۔
**نزاکت دارد**۔ عجیب و غریب ہے۔ نایاب اور عمدہ ہے۔
**نزاکت کردن** (ف) اپنی نازک مزاجی کا اظہار کرنا۔
**نزاہت** (ع) بدی سے دور رہنا۔ پرہیزگاری۔
**نزح** (ع) (۱) گھر کا دور ہونا (۲) کنویں کا کھینچنا۔
**نزد** (ف) نزدیک کا مخفف۔
**نزاع داشتن** / **نزاع کردن** } باہم لڑائی جھگڑا کرنا۔
**نزد خر مہرہ و گوہر یکیست** (ف) گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
**نزدہ رقصیدن** (ف) بن پیئے مست ہونا۔
**نزدیک** (ف) قریب۔ پاس۔
**نزدیکان** (ف) نزدیک کی جمع ہے۔
**نزدیک بین** (ف) نزدیک کی نظر درست مگر دور کی نظر کمزور جسے دور کی چیزیں بغیر عینک کے دھندلی دکھائی دیں۔
**نزدیک بینی** (ف) آنکھوں کی کمزوری۔ ضعف بصر۔
**نزدیکی** (ف) قربت۔ نزدیک ہونا۔
**نزر** (ع) (۱) تھوڑا۔ اندک۔ قلیل (۲) قلیل اور نادار ہونا۔
**نزع** (ع) (۱) کسی چیز کو اس کی جگہ سے کھینچنا (۲) جان کندن۔ جان کنی۔ دم توڑنا (۳) بہت دور ہونا۔
**نزغ** (ع) فساد ڈالنا۔
**نزف** (ع) (۱) کنویں کا تمام پانی کھینچ لینا۔ کنویں کا خشک ہونا۔ (۲) جسم سے خون بہنا۔ تمام خون کا بہہ جانا (۳) آنسوؤں کا ختم جانا (۴) سست ہونا (۵) خصومت اور جھگڑے میں حجت کا منقطع ہونا۔
**نزل** (ع) گھر۔ منزل۔
**نزل** (ع) ہوٹل۔ سرائے۔
**نزل** (ع) مہمان۔
**نزل** (ع) (۱) مہمانی۔ ضیافت۔ وہ کھانا جو مہمان کے آتے ہی اس کے آگے رکھا جائے (۲) برکت (۳) سردبانی۔
**نزلہ** (ع) (۱) زکام (۲) رسد۔
**نزلہ بر عضو ضعیف** (ف) پانی ہمیشہ نشیب کی جانب بہتا ہے یعنی کمزوروں اور ضعیفوں کو فوراً دبا لیا جاتا ہے۔
**نزم** / **نزم** } (ف) کہر۔ وہ بخار جو سردی کے موسم میں زمین کے قریب ہوتا ہے۔ دھند۔ حباب۔
**نزول** (ع) (۱) اترنا (۲) کسی کے ہاں مہمان ہونا۔
**نزول رحمت** (ف) بارش کا وقت پر ہونا۔

Marfat.com

نزول کردن (ف) اُترنا - ٹھہرنا - مقام کرنا۔
نُزُولی (ف) لشکر کے اُترنے کا میدان۔
نزولی ساختن مکان (ف) مکان کو شاہی لشکر کے اُترنے کی جگہ بنا لینا (۲) مکان کو سرکاری کر لینا۔
نَزَہ (ف) سقف - چھت۔
نزہ (ع) (۱) تمام عیوب سے پاک ہونا - (۲) تازہ - خوب۔
نُزہت (ع) (۱) دُوری - بُعد (۲) غم اور ناخوشی سے دُور ہونا (۳) نکوئی - خوشحالی - پاکیزگی (۴) تازگی (۵) سیر۔
نزہت کدہ } (ف) سیر کا مقام - تر و تازہ اور سرسبز مقام۔
نزہت گاہ } پاکیزہ جگہ۔
نزیدن (ف) باہر نکالنا - باہر کھینچنا۔
نزیف (ع) (۱) جسے تپ چڑھی ہو - تپ زدہ (۲) بے ہوش (۳) مست (۴) جس شخص کی رگیں اور زبان مارے پیاس کے خشک ہو گئی ہوں (۵) جو شخص بہت خون نکل جانے سے سست ہو گیا ہو۔
نُزِیل (ع) (۱) مہمان (۲) مسافر - نووارد - سرائے وغیرہ میں اُترنے والا (۳) بابرکت کھانا۔

## ن - ژ

نژاد (ف) (۱) نسب - اصل (۲) نجیب - اصیل۔
نژادہ (ف) نجیب - اصیل۔
نژخار (ف) (۱) نعرہ - بانگ (۲) فریاد۔
نژم (ف) ترم - دھند - کہر۔
نژند (ف) (۱) پست (۲) سرنگوں - اوندھا - واژگوں (۳) سرگشتہ (۴) غمگین - افسردہ (۵) غضب ناک - خشمناک۔ (۶) خوار۔
نژیدن (ف) نزیدن - کھینچنا۔

## ن - س

نَس (ع) (۱) خشک ہونا (۲) اُونٹ کو چلانا۔
نَس (ف) (۱) ہوش - عقل - شعور (۲) محلہ کا گرداگرد۔
نَسا (ف) (۱) مُردہ - مرا ہوا (۲) وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی کم پہنچے (۳) وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے۔
نِسا (ف) مرے ہوئے انسان کا گوشت اور ہڈیاں۔
نِسا (ع) ایک رگ کا نام جو چوتڑ سے ٹخنہ تک ہوتی ہے۔
نِساء (ع) عورتیں - زنان - امراۃ کی جمع۔
نسّابہ } (ع) (۱) بڑے نسب والا (۲) علم انساب کا ماہر۔
نسّابت }

نسّاج (ع) (۱) بُننے والا (۲) کپڑا بُننے والا - بافندہ - جولاہا (۳) زرہ بنانے والا (۴) باتیں بنانے والا - جھوٹا۔
نَساجت (ع) بافندگی - کپڑا بُننے کا پیشہ۔
نساجی (ف) کاتنے اور بُننے کا کام۔
نسّاخ (ع) نسخہ نویس۔
نَسار (ف) سائبان - سایہ - جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے۔
نسائج (ع) نسیجہ کی جمع - بُنے ہوئے کپڑے۔
نسائم (ع) نسیم کی جمع - نرم ہوائیں۔
نَسَب (ع) (۱) نژاد - نسل - اصل (۲) جدی قرابت۔
نِسَب (ع) نسبت کی جمع۔
نسب نامہ (ف) شجرۂ نسب۔
نِسبت (ع) (۱) لگاؤ - علاقہ - مناسبت (۲) علاقہ رکھنا (۳) پدری قرابت (۴) عام قرابت۔
نِسبت حُکمیہ (ع) محمول اور موضوع کا درمیانی علاقہ - جو اثبات کا نفی کے طور پر ہو۔
نِسبت دادن (ف) کسی چیز کو دوسری چیز سے نسبت دینا۔
نَسپار (ف) انگور نچوڑنے کی جگہ۔
نِسپہ (ف) دیوار کا ردہ۔
نِستاک (ف) پیچش۔
نَستر (ف) نسترن کا مخفف - سیوتی کا پھول - نسرین۔
نسترن } (ف) نسرین - سیوتی کا پھول جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔
نَسترن }
نستعلیق (ع) اصل میں نسخ اور تعلیق سے مرکب ہے جو دو قسم کے خطوں کے نام ہیں چونکہ خط نستعلیق ان دونوں خطوں سے نکلا ہے اس لیے یہ نام ہوا۔
نستعلیق حرف زدن (ف) بہ تکلف فصیح و بلیغ گفتگو کرنا۔ الفاظ کو ان کے مخرج سے ادا کرنا۔
نستعلیق رقم (ف) (۱) خط نستعلیق لکھنے والا (۲) نہایت خوشنما اور خوب صورت لکھنے والا۔
نستعلیق گو } (ف) بہ تکلف فصیح و بلیغ گفتگو کرنے والا۔
نستعلیق گوے } الفاظ کو ان کے مخرج سے ادا کرنے والا۔
نَستوہ (ف) (۱) لڑاکا - لڑائی جھگڑے میں نہ جھکنے والا (۲) نافرمان - غیر مطیع (۳) ایک ایرانی پہلوان کا نام۔
نَستہن } (ف) افراسیاب کے سپہ سالار پیران ویسہ کے بھائی
نستیہن } کا نام جو دوازدہ رُخ کی جنگ میں بیژن کے ہاتھ سے مارا گیا تھا۔
نَسج (ع) (۱) بُننا (۲) کپڑا بُننا (۳) ہوا کا طول و عرض میں چلنا۔ (۴) بات کو آراستہ کرنا۔
نَسخ (ع) (۱) منسوخ کرنا - دُور کرنا - رد کرنا - زائل کرنا - ایک شے کو بے کار کر کے اس کے بجائے دُوسری رکھ دینا (۳) مٹا دینا (۴) کسی شے کی صورت بگاڑنا (۵) لکھنا (۶) ایک عربی خط

Marfat.com

کا نام جس کا موجد خواجہ عماد الدین ہے ۔ چونکہ اس خط کی ایجاد سے پہلے خط منسوخ ہو گئے تھے اس لیے یہ نام ہوا ۔ قرآن مجید اسی خط میں لکھے جاتے ہیں۔

**نُسَخ** (ع)، نسخہ کی جمع ۔ کتابیں ۔

**نسخ کردن** (ف)، منسوخ کر دینا ۔ رد کر دینا۔

**نُسخہ** (ع)، (۱) لکھا ہوا ۔ نوشتہ شدہ (۲) کتاب (۳) وہ پرچہ جس پر طبیب دوا لکھ کر بیمار کو دیتا ہے ۔

**نُسخہ برداشتن از چیزے**
**نُسخہ بُردن از چیزے**
**نُسخہ بر گرفتن از چیزے** } (ف)، نقل کرنا۔

**نُسخہ پیچیدن** (ف)، نسخہ لپیٹنا۔

**نُسخہ دادن** (ف)، نسخہ دینا ۔

**نُسخہ نوشتن** (ف)، نسخہ لکھنا۔

**نُسخہ موش و گربہ** ۔ زندہ دل اور ظریف لوگوں نے خوشدلی اور ہنسنے ہنسانے کے لیے وہم کے بیماروں کے لیے ایک نسخہ تجویز کیا ہوا ہے جس کے تمام اجزا مہمل اور بے معنی ہیں ۔ مثلاً ہوا کی جڑ ۔ پانی کے پتے وغیرہ ۔

**نُسخہ نویس** (ف)، طبیب ۔ حکیم ۔ ڈاکٹر۔

**نَسر** (ع)، (۱) گدھ ۔ کرگس ۔ جو ایک شکاری پرندہ ہے ۔ بعض کا خیال ہے کہ اس کی عمر ہزار سال ہوتی ہے اور اس کی نظر چار سو فرسنگ تک کام کرتی ہے (۲) حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹے کا نام (۳) ایک بُت کا نام جو گدھ کی شکل پہ بنایا گیا تھا ۔ اور جسے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم حضرت ادریس علیہ السلام کی وفات کے بعد پوجتی تھی ۔

**نَسر** (ف)، (۱) وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے (۲) وہ سائبان جو لکڑی اور پھونس سے پہاڑ پر بناتے ہیں ۔

**نسر بہ خرچ** (ف)، نصف کرہ شمالی میں قدرِ اوّل کا ایک روشن ستارہ ہے اس کی شکل دو اور ستاروں سے مل کر ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے گدھ اوپر سے نیچے کو اُتر رہا ہے ۔ یہ ستارہ ہر سال ۱۵ اگست کو شام کے ۹ بجے سمت الراس پر ہوتا ہے ۔

**نَسرِ طائر** (ع)، لفظی معنی اُڑتا ہوا گدھ ۔ منطقۃ البروج سے شمال کی طرف ایک ستارہ ہے جس کے دائیں بائیں دو اور چھوٹے چھوٹے ستارے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے گدھ پر پھیلا کر اوپر کو اُڑ رہا ہے ۔ یہ ستارہ ہر سال ۲ ستمبر کو رات کے ۹ بجے نصف النہار پر ہوتا ہے ۔

**نسرِ واقع** (ع)، دیکھو نسر خرچ ۔ لفظی معنی اُترنے والا گدھ ۔ اور اسی مناسبت سے اس ستارے کو کہتے ہیں ۔

**نسرین**
**نشرین** } (ع)، نسترن ۔ نستردن ۔ سیوتی کا پھول۔

**نَسرین** (ع)، نسر کا تثنیہ ۔ یعنی نسرِ طائر اور نسرِ واقع ۔

**نسرین تن**
**نسرین بدن** } (ف)، معشوق۔

**نسرین رُو** (ف)، ماہ رخسار ۔ محبوب ۔

**نسرین عذار** (ف)، معشوق ۔

**نسرین نوش** (ف)، سقلاب شاہ روم کی بیٹی کا نام جو بہرام گور کی ملکہ تھی۔

**نَسطُور** (ع)، ترساؤں کے ایک مجتہد کا نام جو صاحب مذہب تھا۔

**نَسطُوری** (ع)، ترساؤں کا پادری ۔ دانش مند۔

**نسطوریہ** (ع)، نصاریٰ کے ایک فرقہ کا نام۔

**نَسَف** (ع)، ایک شہر کا نام۔

**نَسف** (ع)، (۱) بنیاد سے اکھیڑنا (۲) کھانا تقسیم کرنا۔

**نَسَق** (ع)، (۱) ترتیب دینا (۲) بات کو ایک روش پر چلانا (۳) بعض کلام کو بعض پر عطف کرنا ۔

**نَسق** (ع)، (۱) ایک روش پر لائی گئی ہوئی بات (۲) تربیت دی ہوئی بات (۳) دانتوں وغیرہ کی برابر اور ہموار لڑی (۴) سزائے موت کے سوا ہر جسمانی سزا۔

**نسق بند** (ف)، (۱) منتظم ۔ انتظام کرنیوالا (۲) ملک کا قاعدہ اور قانون مقرر کرنیوالا منتظم ملک ۔ عامل ۔

**نسق چی** (ف)، (۱) چوبدار (۲) لشکر کے لوگوں کا انتظام کرنے والا۔

**نسق دادن** (ف)، منتظم کرنا ۔ ترتیب دینا۔

**نسق کردن** (ف)، کسی کو سزا دینا ۔ تنبیہ کرنا ۔ جرمانہ کرنا۔

**نَسک** (ف)، (۱) مسور ۔ عدس (۲) گوکھرو ۔ خارخسک ۔

**نَسک** (ع)، پاک کرنا ۔ دھونا۔

**نُسک** (ع)، (۱) قربانی (۲) عبادت (۳) قربانی کرنا (۴) عبادت کرنا۔

**نُسُک** (ع)، نسک کی جمع ۔ قربانیاں ۔ عبادتیں ۔

**نسکبا** (ف)، مسور کی دال کا شوربا۔

**نَسل** (ع)، اولاد ۔ قبیلہ۔

**نسلاً بعد نسل** (ع)، پشت در پشت ۔ پشت بہ پشت ۔

**نسل ادھم** (ف)، سیاہ انگور کی شراب۔

**نَسَم** (ع)، نسمہ کی جمع ۔ مرام ۔ ارواح ۔

**نَسَمات** (ع)، نسمہ کی جمع (۱) خوشبوئیں (۲) جانیں ۔

**نَسمت**
**نَسَمہ** } (ع)، (۱) آدمی (۲) جان ۔ روح ۔ سانس ۔

**نَسناس** (ع)، بن مانس ۔

**نِسوان**
**نِسوۃ** } (ع)، امراۃ کی جمع ۔ خلاف قیاس ۔ عورتیں ۔ زنان ۔

**نَسُودی** (ف)، کاشت کار ۔ طوائف مردم میں سے تیسری قسم جس کی تقسیم جمشید نے کی تھی ۔ دیکھو لفظ نوزی ۔

**نَسی** (ع)، فراموش۔

**نَسئ** (ع)، (۱) اُدھار (۲) دیر کرنا۔

**نَسِی**
**نَسِیّ** } (ع)، (۱) بہت بھولنے والا (۲) وہ شخص جسے قوم میں شمار نہ کریں ۔

**نَسیاً منسیاً** (ع)، بھلایا ہوا ۔ فراموش ۔ بہت بھولا ہوا ۔ بھولا بسرا۔

نسیان (ع) بہت جلد بھول جانے والا - بھلکڑ۔
نِسیان (ع) (۱) بھول - فراموشی (۲) بھولنا - فراموش کرنا (۳) ترک کرنا (۴) ایک دماغی مرض ہے جس کے سبب سے انسان کو کوئی بات یاد نہیں رہتی -
نِسیان (ف) مخالفت کرنا - خلاف کرنا -

نسیان آوردن } کمزور یادداشت کے مرض میں مبتلا ہونا۔
نسیان داشتن }
نسیب (ع) (۱) عالی نسب آدمی (۲) مناسب (۳) ہمزاد -
نسیج } (ع) (۱) جو علم وغیرہ میں بے نظیر ہو (۲) بنا ہوا کپڑا - (۳) حریر - زربافت کی ایک قسم۔
نسیجہ }
نسیق (ع) (۱) نسق کیا گیا - آراستہ کیا گیا (۲) منتظم۔
نسیم (ع) نرم ہوا - خوشبودار ہوا - ٹھنڈی ہوا۔
نسیم آمدن } بادِ نسیم کا چلنا۔
نسیم ورزیدن }
نسیم خفتہ - جو ہوا نہایت آہستہ آہستہ چلے -
نسیمن (ف) نماز پڑھنا - عبادت کرنا۔
نسیہ (ع) قرض - ادھار -
نسیہ بردن (ف) اُدھار لینا۔
نسیہ خریدن (ف) اُدھار خریدنا۔
نسیہ دادن (ف) اُدھار دینا۔
نسیہ فروختن (ف) اُدھار پر بیچنا۔
نسیئی (ع) (۱) تاخیر - دیر (۲) اُدھار سے بیچنا۔

## ن - ش

نِش (ف) (۱) سایہ (۲) سایہ دار جگہ (۳) ٹوپی کا سایہ۔
نَش (ع) آدھا اوقیہ - بیس درم کا وزن -
نشاء (ع) (۱) پیدا کرنا (۲) نو پید ہونا (۳) مجازاً دُنیا۔ جہان۔
نشا (ف) نشاستہ۔
نُشّاب (ع) تیر بنانے والا - تیر گر -
نُشّاب (ع) تیر۔
نشاپور (ف) دیکھو نیشاپور۔
نشاءت (ع) (۱) آفرینش - نیا پیدا ہونا (۲) پیدا کرنا (۳) عالم موجودات (۴) شروع کرنا (۵) نوجوان ہونا (۶) پودے کا سیدھا اُگنا۔
نشاتعلق (ع) (۱) عالم تعلق - عالم ظاہر (۲) دُنیا۔
نشاتین (ع) دونوں عالم - دنیا اور آخرت۔
نشاخت (ف) (۱) بٹھایا (۲) معین کیا۔
نشاختن (ف) (۱) نشاندن - بٹھانا (۲) معین کرنا۔
نشاختہ (ف) (۱) بٹھایا ہوا (۲) معین کیا ہوا۔
نشاخیدن (ف) (۱) نشاندن - بٹھانا (۲) معین کرنا -
نشارہ (ف) گلی سڑی لکڑی جو آٹے کی مانند ہو گئی ہو - چوب بوسیدہ۔
نشارہ (ع) ہاتھی دانت اور لکڑی وغیرہ کا بُرادہ۔
نشانتن (ف) بٹھانا۔
نشاستہ (ف) مغز گندم - گیہوں کا ست - جمایا ہوا کلف۔
نشاستہ دادن (ف) کلف دینا۔
نشا شیدی شب دراز است (ف) تمہیں اپنے کیے کی سزا آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پھر کبھی مل کر رہے گی -
نشاصوری (ع) عالم ظاہر - عالم تعلق - دُنیا۔
نشاط (ع) (۱) خوشی - شادمانی (۲) جوش (۳) چستی (۴) مرزا عبدالوہاب معتمد الدولہ ایرانی کا تخلص۔
نشاط (ع) نشیط کی جمع - خوشی - چست و چالاک -
نشاط از پشت راندن (ف) جماع کرنا۔
نشاط انگیز (ف) فرحت بخش - مسرت افزا -
نشاط بخش } فرحت بخش۔
نشاط خیز }
نشاف (ع) خبط - جنون - دیوانگی -
نشاف (ع) (۱) جاذب - جذب کرنے والا - اپنی طرف کھینچنے والا - (۲) بلاٹنگ پیپر - سیاہی چوس۔
نشاک (ف) قند - شکر۔
نِشان (ف) (۱) نشانی - علامت (۲) داغ (۳) نشانہ - ہدف (۴) فوج کا علم - لشکر کا جھنڈا۔ (۵) بادشاہ کا فرمان (۶) تمغہ۔
نشان آفتاب و شیر (ف) سلطنتِ ایران کا سورج اور شیر کا نشان۔
نشانِ اقدس (ف) شاہِ ایران کے خاص سلطنتی تمغے -
نشان بردار (ف) فوج کا جھنڈا اُٹھانے والا۔
نشان تمثال (ف) شاہ ایران کی تصویر کا تمغہ -
نشانِ حیدر (ف) پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز۔
نشان دادن (ف) ظاہر کرنا۔
نشاندن (ف) (۱) بٹھانا (۲) رکھنا -
نشان گرفتن (ف) تمغہ حاصل کرنا۔
نشانتن (ف) بٹھانا۔
نشان علمی (ف) وہ تمغہ جو عالموں کو ان کی علمی خدمات کے صلے میں دیا جاتا ہے -
نشان مردی (ف) خوش اخلاقی اور جوانمردی کے آثار اور علامات۔
نشانہ (ف) ہدف - تیر یا گولی مارنے کی جگہ۔
نشانہ زدن (ف) نشانہ لگانا۔
نشانہ گرفتن (ف) نشانہ باندھنا۔

**نشانی** (ف) علامت۔
**نشانیدن** (ف) (۱) بٹھانا (۲) ٹک جانا۔
**نشب** (ع) کسی چیز سے لپٹ جانا۔ ایک چیز کا دوسری میں گڑ جانا۔
**نشب / نشبت** } (ع) ہر قسم کی جائداد خواہ مال و دولت ہو خواہ املاک یا لونڈی غلام۔
**نشپیل** (ف) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ قلاب۔
**نشت** (ف) (۱) خراب۔ ضائع (۲) سست۔ پژمردہ۔ زبون۔
**نشت** (ف) (۱) خوشی۔ عیش (۲) خوش (۳) نیک۔
**نشتر / نشتر** } (ف) نیشتر کا مخفف۔ فصد کھولنے کا اوزار۔
**نشخار / نشخار / نشخوار / نشخوار / نشخور** } (ف) جگالی۔ جیسے بکری اور گائے وغیرہ کرتی ہے۔
**نشد / نشدت** } (ع) (۱) گم شدہ کو تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔ (۲) آواز۔
**نشر** (ع) خوشبو۔ بوئے خوش (۲) آرہ سے لکڑی چیرنا (۳) گھاس کا دوبارہ سرسبز ہونا۔ (۴) پھیلانا۔ بچھانا۔ (۵) خبر کا فاش کرنا۔ (۶) زندگی۔
**نشر** (ع) (۱) پراگندہ ہونا (۲) پراگندہ (۳) پراگندگان۔ واحد جمع دونوں کے لیے آتا ہے۔
**نشز** (ع) (۱) اونچا مکان۔ اونچی جگہ (۲) بلندی چاہنا۔ (۳) اونچا بیٹھنا۔
**نشر** (ع) کسی کتاب یا رسالہ کو چھاپ کر شائع کرنا۔
**نشرہ** (ع) (۱) افسون۔ منتر (۲) تعویذ جو بچوں کی حفاظت کے لیے لکھا جائے (۳) وہ منتر جس سے مریض یا مجنون کا علاج کیا جائے۔
**نشرہ** (ع) (۱) کسی کتاب یا رسالے کی اشاعت۔ (۲) گشتی حکم۔
**نشرہ** (ع) (۱) قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی (۲) وہ وصلی کا کاغذ جس پر بروز مکتب نشینی لڑکوں کے لیے زعفران اور شنگرف سے لکھتے ہیں۔
**نشز** (ع) اونچی جگہ۔ بلند مقام۔
**نشز** (ع) (۱) اونچا بیٹھنا (۲) بلندی چاہنا (۳) عورت کا خاوند کی نافرمانی کرنا۔
**نشست** (ف) جگہ۔ بیٹھ۔
**نشستن** (ف) (۱) بیٹھنا (۲) قیام کرنا۔ رہنا۔
**نشستن آتش** (ف) آگ کا بجھ جانا۔
**نشستن آفتاب** (ف) سورج کا غروب ہونا۔
**نشستن بر چیزے** (ف) کسی چیز پر سوار ہونا۔
**نشستن تپ** (ف) تپ کا دور ہونا۔
**نشستن چراغ** (ف) چراغ کا بجھ جانا۔
**نشستن چو خاک** (ف) (۱) بیٹھنا۔ آرام کرنا۔ (۲) سرنگوں اور خوار بیٹھنا۔
**نشستند و گفتند و برخاستند** (ف) عام طور پر اس موقع پر بولتے ہیں جب مجلس کوئی کام کیے بغیر ختم ہو جائے۔
**نشست و برخاست کردن** (ف) آنا جانا۔
**نشستن رنج** (ف) رنج کا دور ہونا۔
**نشستن شراب** (ف) شراب کا جوش کم ہو جانا اور نشے میں کمی آ جانا۔
**نشستن صورت کار** (ف) کام کا سنورنا۔ کام کا اصلاح پذیر ہونا۔
**نشستن گاہ** (ف) قیام گاہ۔
**نشستن ماہ تاب** (ف) چاند کا غروب ہونا۔
**نشط** (ع) (۱) سانپ کا ڈسنا (۲) بغیر چرخی کے ڈول سے پانی کھینچنا۔
**نشف** (ع) (۱) جذب کرنا (۲) کپڑے کا پسینے کو جذب کرنا (۳) کاغذ کا سیاہی کو جذب کرنا (۴) خشک کرنا۔
**نشق** (ع) سونگھنا۔
**نشک** (ف) درخت صنوبر۔
**نشکان** (ف) چٹکی۔
**نشکرم** (ف) نشکار نکنم۔ میں شکار نہ کروں گا۔
**نشکنج** (ف) چٹکی لینا۔ دو انگلیوں کے سروں میں کسی کا گوشت پکڑ کر بھینچنا۔
**نشکنج گرفتن** (ف) چٹکی کاٹنا۔
**نشکنجیدن** (ف) چٹکی لینا۔ چٹکی بھرنا۔
**نشکوہد** (ف) نشکوہیدن کی ماضی۔ وہ نہیں ڈرتا۔ وہ پرواہ نہیں کرتا۔
**نشگردہ** (ف) رانبی۔ چمڑا کاٹنے کا اوزار۔
**نشل** (ع) (۱) چنگل مارنا۔ اچک لینا (۲) لپیٹنا۔
**نشل** (ف) دو چیزوں کا ایک دوسری پر چپٹانا۔ یا۔ سینا۔
**نشم** (ف) بڑے کام۔
**نشمی** (ف) عیاش۔ بے پروا۔
**نشنیدہ گرفتن** (ف) بات کو ان سنی کر دینا۔
**نشو** (ع) (۱) مست ہونا (۲) نشو و نما پانا۔ جوان ہونا۔ بڑھنا۔ (۳) پیدا کرنا۔
**نشو** (ف) (۱) صاف۔ ہموار۔ (۲) سادہ (۳) نرم۔ (۴) پھیلنے والا۔
**نشوار** (ف) جگالی۔
**نشوار** (ف) جگالی۔

نشوان (ع) متوالا۔ مست۔
نشوۃ (ع) (۱) مست ہونا (۲) مستی (۳) خوشبو۔ (۴) ظاہر ہونا۔
نشور (ع) زندہ ہونا۔ یوم النشور یعنی روز قیامت۔
نشوز (ع) عورت کا اپنے شوہر سے ناموافقت کرنا۔ عورت کا خاوند کی نافرمانی کرنا۔
نشوز کردن (ف) نافرمانی کرنا۔
نشوق (ع) (۱) ناک میں ڈالنے کی رقیق دوا (۲) نسوار۔
نشووارتقا (ف) بڑھنا۔ پھلنا پھولنا۔
نشوونما (ع) اگنا۔ پیدا ہونا۔ بڑھنا۔ پھولنا۔ پھلنا۔ لفظ نما کے نون کو پیش سے پڑھنا غلط ہے کیونکہ یہ عربی لفظ یعنی افزائش ہے۔
نشوہ (ف) مستی۔
نشہ (ف) شراب یا بھنگ وغیرہ کے باعث ہوش کا جاتے رہنا۔ بے ہوشی۔ شراب وغیرہ کی بے ہوشی۔
نشیب (ف) پست زمین۔ پستی۔ نچان۔
نشیب و فراز (ف) بلندیاں اور نشیبیاں۔ زندگی کے اونچ نیچ۔ اتار چڑھاؤ۔
نشید (ع) (۱) شعر پڑھنا (۲) آواز بلند کرنا (۳) گیت۔
نشید (ف) شعر۔ سرود۔ گانے کی آواز۔
نشیدن (ف) نشاندن کا مخفف۔ رکھنا۔
نشیط (ع) (۱) خوش۔ شادمان (۲) پرجوش (۳) چست چالاک مستعد۔
نشیم (ف) نشیمن کا مخفف۔ آرام گاہ۔ آشیانہ۔
نشیمن / نشیمن } (ف) (۱) آرام گاہ۔ آشیانہ۔ گھونسلا۔ (۳) خلوت گاہ (۴) نشست گاہ۔
نشیمن دیو (ف) دنیا۔
نشیمن گاہ (ف) خلوت گاہ۔ آرام گاہ۔ گھونسلا۔ نشست گاہ۔ مقعد۔ دبر۔
نشین (ف) (۱) بیٹھ (۲) بیٹھنے والا (۳) قطب آسمانی۔

## ن ص

نص (ع) (۱) ظاہر کرنا۔ تصریح کرنا (۲) پوچھنے میں باریکیاں نکالنا (۳) بلند کرنا (۴) حکم قطعی (۵) ہر کلام صریح و ظاہر مادہ (۶) وہ آیت قرآنی جو اپنے معنی اور مطلب صاف اور واضح طور پر ظاہر کرے۔ اور کسی قسم کا شک و شبہ اس میں باقی نہ رہے (۷) اصل عبارت (۸) کسی بات کو اس طرح دریافت کرنا کہ اس کا اصل حال کھل جائے (۹) اونٹ کو اچھی طرح چلانا (۱۰) اونٹ کا اچھی طرح چلنا۔
نص صریح (ف) عیاں اور واضح جو شرح و تفسیر کی محتاج نہ ہو۔

نصاب (ع) (۱) زر۔ سرمایہ۔ پونجی (۲) اصل (۳) مرجع (۴) چھری کا دستہ (۵) اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ اقل درجہ اس مال کا چاندی میں دو سو درم اور سونا میں بیس مثقال ہے۔ واضح ہو کہ درم ساڑھے تین ماشہ اور مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔
نصاح (ع) کپڑا سینے کا دھاگا۔
نصاح (ع) ناصح کی جمع۔ نصیحت کرنے والے۔
نصاحت (ع) نصیحت کرنا۔ خیر خواہی کرنا۔
نصاریٰ (ع) نصران کی جمع۔ عیسائی لوگ۔ چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سکونت شہر ناصرہ میں تھی۔ اس لیے ان کی قوم کا یہ نام ہوا۔
نصاف / نصافت } (ع) (۱) خدمت کرنا (۲) کسی چیز کا نصف لینا (۳) دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔
نصال (ع) نصل کی جمع۔ تیروں کے پھل۔ نیزوں کی بھالیں۔
نصائح (ع) نصیحت کی جمع۔ نصیحتیں۔
نصب (ع) (۱) قائم کرنا۔ برپا کرنا (۲) دشمن رکھنا (۳) تکلیف دینا (۴) کسی معرب کلمہ میں زبر کی حرکت۔
نصب (ع) (۱) رنج۔ سختی (۲) رنج پہنچانا (۳) تھکا دینا۔
نصب / نصب } (ع) بت۔ وہ چیز جو پوجا کے لیے نصب کی جائے۔
نصب العین (ع) مد نظر۔ منظور خاطر۔ مقابل چشم۔
نصب العین قرار دادن (ف) کسی چیز کو اپنا مطمع نظر بنا لینا۔
نصب کردن (ف) قائم کرنا۔ استادہ کرنا۔ لگانا۔
نصح (ع) (۱) نصیحت۔ پند (۲) نصیحت کرنا۔ نیکی چاہنا۔
نصح (ع) کپڑا سینا۔
نصر (ع) مدد کرنا۔ یاری کرنا۔
نصر (ع) (۱) ناصر کی جمع (۲) قبیلہ بنی اسد کے ایک بزرگ کا نام (۳) ایک بت کا نام
نصرانی (ع) مذہب نصاریٰ کا آدمی۔ عیسائی۔
نصرت (ع) (۱) مدد (۲) مدد دینا۔ یاری کرنا۔
نصرت آباد (ف) سیستان اور کرمان کے درمیان ریگستان میں ایک قلعہ ہے جہاں خاص خاص مجرم قید کیے جاتے ہیں۔
نصرت خواستن (ف) مدد مانگنا۔
نصرت دادن (ف) مدد دینا۔
نصرت یافتن (ف) مدد پانا۔
نصع / نصع / نصع / نصع } (ع) (۱) سفید چمڑا (۲) ایک قسم کا نہایت سفید کپڑا۔
نصف (ع) (۱) آدھا۔ ½ (۲) انصاف عدل۔
نصف (ع) کسی چیز کے نصف تک پہنچنا۔
نصف (ع) درمیانے قد یا درمیانی عمر کا آدمی۔

**نصف شدن** (ف) آدھے رہ جانا۔ کٹ کر آدھے رہ جانا۔
**نصف کردن** (ف) آدھا کرنا۔ دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنا۔
**نصفہ کار** (ف) وہ کام جس کا نصف مالک اور نصف مزدور بٹالے۔
**نَصَفَت** (ع) انصاف۔ عدل۔ بتاؤ۔ اس لفظ کو نون کی زیر سے پڑھنا غلط ہے۔
**نَصَفَت شعار** (ع) منصف مزاج۔ عادل۔
**نصفت شعاری** (ع) عدل۔ انصاف۔
**نصفی** (ف) (۱) پیالہ (۲) ایک خاص قسم کا شراب کا پیالہ۔
**نَصْل** (ع) تیر یا نیزہ کی بھال یعنی نوک۔
**نصو** (ع) پیشانی کے بال۔
**نصوح** (ع) خالص ہونا۔ درست ہونا۔
**نصوح** (ع) (۱) خالص۔ صاف (۲) خالص شہد (۳) ایک حجام کا نام جس کا قصہ مثنوی مولانا روم میں ہے (۴) ایسی توبہ کہ اسکے بعد گناہ کرنے کا ارادہ نہ ہو۔
**نُصُوص** (ع) نص کی جمع۔ قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور ظاہر ہوں
**نصوع** (ع) (۱) رنگ کا خالص ہونا (۲) کسی بات کا واضح ہونا۔ (۳) نہایت سفید ہونا۔
**نُصُول** (ع) (۱) پیکان کا کسی جگہ رہ جانا (۲) مہندی یا وسمہ کے رنگ کا زائل ہو جانا۔
**نَصِیب** (ع) قسمت۔ حصّہ۔ تقدیر۔ بہرہ۔
**نصیبہ** (ع) (۱) روزی (۲) قسمت۔ حصّہ۔ بہرہ (۳) پتھر کی دیوار جو حوض یا کنوئیں کے گرد بناتے ہیں۔
**نصیبین** (ف) روم کے مشرقی حصّہ میں ایک شہر ہے جو کوہِ جودی کے قریب آباد ہے۔ اس جگہ کا بچھو مہلک ہوتا ہے۔
**نَصِیح** (ع) نصیحت کرنے والا۔ ناصح۔
**نصیحت** (ع) پند۔ خیر خواہی۔ بھلی بات۔
**نصیحت آمیز** (ف) نصیحت سے بھرا ہوا۔
**نصیحت پذیر** (ف) نصیحت مان لینے والا۔
**نصیحت گر** (ف) ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔
**نصیحت گزار** / **نصیحت گو** (ف) ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔
**نصیحت گوش کردن** (ف) پند و نصیحت کو کان دھر کر سُننا۔
**نصیر** (ع) (۱) مددگار۔ یاری کرنے والا (۲) نصیر الدین ابوجعفر محمد بن حسن کا تخلص جو بہت بڑا فاضل اور حکیم تھا۔ اخلاق ناصری اسی کی تصنیف ہے۔ یہ شخص پہلے قہستان کے حاکم کے پاس ملازم تھا۔ بعد میں قید ہو گیا۔ مذہب اس کا امامیہ تھا۔ جب ہلاکو خان نے ایران فتح کیا تو یہ اس کے پاس حاضر ہو کر بڑے درجے کو پہنچا۔ چنانچہ مستعصم باللہ خلیفہ بغداد کا قتل اور بغداد کی تباہی جو ہلاکو خاں نے کی کہتے ہیں کہ وہ اسی شخص کی انگیخت کا نتیجہ تھا۔
**نُصَیری** (ع) (۱) منسوب بہ نصیر جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا فدائی تھا۔ اور جس کے فرقے کے لوگوں کو نصیری کہتے ہیں (۲)
جان نثار۔ فدائی (۳) ایک قسم کا عمدہ خربوزہ۔
**نَصِیف** (ع) (۱) ایک پٹ کی چادر۔ ایک عرض کی چادر۔ (۲) ہر چیز کا نصف (۳) نوکر۔ خادم۔
**نصیل** (ع) لمبا پتھر۔ صاف گیہوں۔ ہتھوڑا۔

# ن - ض

**نَضّ** (ع) پر کھا ہوا سکّہ۔
**نَضَّاحت** (ع) وہ چشمہ جس سے پانی جوش مارے۔
**نُضَار** (ع) (۱) خالص سونا۔ طلا۔ زر۔ (۲) ہر خالص چیز۔
**نَضَارت** (ع) (۱) خوبی (۲) تازگی۔ آب داری۔
**نضاضت** (ع) بچا ہوا پانی۔
**نُضج** (ع) (۱) میوے کا پختہ ہونا (۲) زخم کا مادہ یا خلط کا پکنا (۳) اطبا کی اصطلاح میں رقیق خلط کا غلیظ اور غلیظ کا رقیق ہو کر نکلنا۔
**نضج پیدا کردن** (ف) پھل کا پکنا۔
**نضج گرفتن** (ف) پختہ ہونا۔ پکنا۔ منظم و مرتب ہونا۔
**نضج** / **نضیج** (ع) پکا ہوا۔ پکا ہوا پھل وغیرہ۔
**نضح** (ع) (۱) پھل کھینچنا (۲) پانی چھڑکنا (۳) پانی کا چھینٹا۔
**نَضَح** (ع) حوض۔
**نَضَد** (ع) تہ بر تہ رکھا ہوا سامان۔
**نَضْد** (ع) کسی چیز کو تہ بر تہ رکھنا۔
**نَضَر** (ع) ترو تازگی۔ تازہ روئی۔
**نضر** (ع) (۱) خالص چیز (۲) سونا۔ زر۔
**نضرت** (ع) (۱) تازگی۔ خوبی۔ حسن۔ رونق۔ لطف (۲) نعمت۔ تونگری۔
**نضنض** (ع) ناپاک۔ پلید۔
**نضل** (ع) تھکنا۔ کمزور دُبلا ہونا۔
**نُضُو** (ع) (۱) ورم کا ہٹ جانا (۲) پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔
**نضو** (ع) (۱) گھوڑے کا آگے نکل جانا (۲) خضاب کا رنگ زائل ہونا (۳) کپڑے اتار کر ننگا ہونا۔
**نِضْو** (ع) (۱) پرانا کپڑا (۲) لاغر اونٹ۔
**نضوب** (ع) (۱) رواں اور جاری (۲) پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ (۳) مرنا۔
**نَضِی** (ع) بغیر نوک کا تیر۔ گردن کا درمیانی حصّہ۔
**نضیج** (ع) پکا ہوا۔ پختہ میوہ وغیرہ۔
**نضیح** (ع) عرق۔
**نضید** (ع) تہہ بہ تہہ۔ تہہ بر تہہ رکھا ہوا اسباب۔
**نضیر** (ع) (۱) آبدار۔ تازہ (۲) زر۔
**نضیض** (ع) تھوڑا پانی۔

## ن ۔ ط

نطاۃ (ع) خیبر کے ایک قلعہ کا نام۔
نطاسی (ع) (۱) ماہر۔ عالم (۲) طبیب۔
نِطاق (ع) پٹکا۔ کمربند۔
نَطّاق (ع) بہت تقریریں کرنے والا۔
نطح (ع) کسی جانور کا سینگ مارنا۔
نطس (ع) (۱) نیک اور پاک ہونا۔ (۲) ماہر ہونا۔ عالم ہونا۔
نطع / نطع } (ع) (۱) فرش (۲) چمڑے کا فرش (۳) زیرانداز جس پر خونی کی گردن مارتے ہیں (۴) وہ چمڑا جو فقیر کمر پر باندھتے ہیں (۵) چمڑا جو بادشاہ کے گھوڑے کے پاؤں کے نیچے بچھاتے ہیں۔
نطع پوش (ف) پہلوان۔
نطع پوشان (ف) پہلوان لوگ۔ کیونکہ یہ کشتی کے وقت چمڑے کا جانگیا پہنتے ہیں۔
نطع جوہری (ع) جوہری لوگ اپنی دکان میں جواہرات کی نمائش کرنے کے لیے جواہرات کو ایک چمڑے پر پھیلا دیتے ہیں۔
نطع شقائق پوش (ف) زمین جو لالہ و گل سے پر ہے۔
نطعی (ع) چمڑے کا جانگیا جو پہلوان بوقت کشتی پہنتے ہیں۔
نطف (ع) (۱) عیب۔ بدی (۲) عیب کی آلودگی (۳) تباہی (۴) تہمت لگانا (۵) زخم پشت۔
نُطَف / نُطُف } (ع) نُطفہ کی جمع۔
نُطَف (ع) (۱) صاف ستھرے پانی کا ڈول (۲) وہ تھوڑا سا پانی جو مشک میں باقی رہ جاتا ہے (۳) نطفہ کی جمع۔
نُطفہ (ع) (۱) صاف ستھرا پانی (۲) منی۔ انسان کی منی۔
نطفہ حرام (ع) / نُطفۂ ناتحقیق (ف) } حرام زادہ۔ ولدالزنا۔
نطق (ع) (۱) بولنا۔ بات کرنا (۲) گویائی (۳) تقریر۔ لکچر۔ خطبہ۔
نُطق ایراد کردن (ف) تقریر کرنا۔
نُطق دادن (ف) تقریر کرنا۔ مجمع عام کو مخاطب کرنا۔
نُطق کردن (ف) بولنا۔ بات کرنا۔
نُطُق (ع) نطاق کی جمع۔ پٹکے۔ کمربند۔
نطل (ع) شراب نچوڑنا۔
نِطناط (ع) بہت لمبا۔ طویل۔
نطو (ع) (۱) دوری (۲) دور ہونا (۳) خاموشی۔
نطوء (ع) تہمت زدہ اور عیب دار ہونا۔ کھانا نہ ہضم ہونے کی وجہ سے تکلیف اٹھانا۔

نَطُول (ع) پاشویہ کرنا۔ جسم پر گرم پانی ڈالنا۔ دواؤں کے جوش دیے ہوئے پانی سے کسی عضو کو دھونا۔
نَطُول (ع) دواؤں کا جوش دیا ہوا پانی جس سے کسی عضو کو سینکتے ہیں۔
نَطِیحَت (ع) (۱) مردہ حیوان (۲) وہ جانور جسے دوسرے جانور نے سینگ مارا ہو۔
نِطِّیس (ع) طبیب۔

## ن ۔ ظ

نُظّار (ع) ناظر کی جمع۔ نظر کرنے والے۔ دیکھنے والے۔
نَضارت (ع) (۱) کسی چیز کو دیکھنا۔ نظر کرنا۔ (۲) نگہبانی۔
نظارت (ع) (۱) دوربین (۲) عینک۔
نظارت (ع) سررشتہ۔ صیغہ۔ محکمہ۔
نظارت پیشہ (ف) (۱) محافظ۔ نگہبان (۲) خواجہ سرائے۔
نظارت کردن (ف) نگرانی کرنا۔
نظارگان (ف) دیکھنے والے۔
نظارگی (ف) (۱) دیکھنا۔ دیدہ بازی کرنا (۲) دیکھنے والا۔ تماشائی۔
نظارگیان (ف) دیکھنے والے۔
نظارہ (ع) کسی چیز کو دیکھنا۔ فارسی میں تشدید سے بھی مستعمل ہے۔
نظارہ کردن (ف) نظارہ کرنا۔ دیکھ کر لطف اٹھانا۔
نَظّارہ (ع) دیکھنے والے۔ نظر کرنے والے۔
نظارۂ بکرہ (ع) خوردبین۔
نظارہ کردن (ف) دیکھنا۔ لطف اندوز ہونا۔
نظارہ مقربہ (ع) دوربین۔
نظارۂ مکبّر (ع) خوردبین۔
نظافت (ع) پاکیزگی۔ پاک ہونا۔
نظافت پسند (ف) صفائی پسند۔ وہ شخص جو صفائی ستھرائی کا دلدادہ ہو۔
نِظام (ع) (۱) رشتۂ جواہر۔ جواہر کی لڑی۔ وہ دھاگہ جس میں جواہر پروئے جائیں (۲) انتظام۔ کسی چیز کی آراستگی (۳) کسی انتظام کا سلسلہ (۴) ملک شاہ سلجوقی کے وزیر نظام الملک طوسی کا نام (۵) ہندوستان کے علاقہ دکن کے فرمانروا کا لقب۔
نُظّام / نِظام } (ع) ناظم کی جمع (۱) انتظام کرنے والے (۲) موتی پرونے والے (۳) نظم کہنے والے۔
نَظّام (ع) ایک مشہور حکیم کا نام جو مذہب معتزلہ سے تھا۔
نظام (ف) جنگی۔ فوجی۔
نظام الدین اولیا (ع) ہندوستان کے مشہور ولی کا نام جو [illegible] تھے۔ اور بابا فریدالدین شکر گنج کے خلیفہ۔ آپ نے

۷۲۵ھ میں وفات پائی ۔ مزار دہلی میں ہے ۔ آپ کے پیروں کو چشتی نظامی کہتے ہیں ۔ اولیا ، جمع کا صیغہ ہے اس لیے بعض کا خیال ہے کہ صحیح نظام الاولیا ہوگا ۔ اور بعض کا خیال ہے کہ آپ میں سب قسم کے ولیوں کی صفات موجود تھیں ۔ اس لیے اولیا کہلاتے ہیں ۔

**نظامُ الملک طوسی** (ف) ملک شاہ سلجوقی کے وزیر کا نام جس نے بغداد میں مدرسہ نظامیہ قائم کیا ۔ یہ شخص خود بڑا عالم اور بے حد علم دوست تھا ۔ عمر خیام اور حسن بن صباح کا ہم مکتب تھا ۔

**نظامِ بطلیموس** / **نظامِ بطلیموسی** } (ع) یونان کے مشہور حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین مرکز عالم قرار دی گئی تھی ۔ اور تمام کواکب مع سورج چاند وغیرہ اس کے گرد گردش کرتے مانے گئے تھے ۔

**نِظامَت** (ع) (۱) انتظام ۔ بندوبست (۲) ناظم کا کام ۔ ناظم کا محکمہ ۔

**نظام دادن** (ف) فوجی سلام کرنا ۔ سلامی اُتارنا ۔

**نظامِ شمسی** (ع) یونان کے مشہور حکیم فیثا غورث کا نظام جس میں سورج کو مرکز عالم قرار دیا گیا ہے ۔ اور تمام کواکب زمین اور سیارے گردش کرتے ہوئے مانے گئے ہیں ۔

**نظامِ عالم** (ف) انتظام عالم کا سلسلہ ۔

**نظامِ فیثا غورث** (ع) دیکھو نظام شمسی جو نظام بطلیموس کے خلاف ہے ۔

**نظام گرفتن** (ف) کاموں کا منظم و مرتب ہونا ۔

**نظام نامہ** (ف) آئین نامہ ۔

**نظام وظیفہ** (ف) فوجی خدمت یا ملازمت ۔

**نِظامی** (ف) جنگی ۔ فوجی ۔

**نِظامی** (ف) سکندر نامہ کے مصنف مولانا نظامی ۔ اصل نام ابومحمد الیاس یوسف تھا ۔ تفرش کے رہنے والے تھے ۔ لیکن چونکہ ولادت گنجہ میں ہوئی ۔ اس لیے گنجوی کہلاتے ہیں ۔ علوم ظاہری اور باطنی میں کامل تھے ۔ ۵۹۹ھ میں چورای سال کی عمر پاکر وفات پائی ۔

**نظامیان** (ف) فوجی نظام ۔

**نظامیہ** (ع) جنگی فوج ۔

**نظائر** (ع) نظیر کی جمع ۔ مثالیں ۔ امثال ۔

**نظر** (ع) (۱) نگاہ (۲) فکر (۳) غور سے دیکھنا (۴) سوچنا ۔ (۵) مدد دینا (۶) حکم کرنا (۷) فال بتانا ۔ (۸) انتظار کرنا ۔

**نظر آب دادن** (ف) بہ نظر آب دادن ۔ مرغوب چیز کے دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانا ۔ فیض دیدار حاصل کرنا ۔

**نظر از کسے یافتن** (ف) کسی سے تربیت پانا اور اُس سے فیض حاصل کرنا ۔

**نظر انداختن** (ف) دیدن ۔ دیکھنا ۔

**نظر انداز** (ف) حدِ نگاہ ۔

**نظر باز** (ف) (۱) صرف دیکھنے کا مزہ اُٹھانے والا شخص ۔ (۲) جاسوس (۳) تلاشی ۔ متجسس (۴) حُسن پرست ۔

**نظر بازی** (ف) نظارگی ۔ دیدار بازی ۔ گھورا گھوری ۔

**نظر بد** (ف) بُری نظر ۔ بُری نظر کا اثر ۔

**نظر بر چیزے بستن** / **نظر بر چیزے دوختن** } (ف) کسی چیز کی طرف کمال توجہ کرنا ۔

**نظر بند** (ف) وہ قیدی جو بظاہر آزاد ہو اور درحقیقت اس کی نگرانی کی جائے ۔ وہ قیدی جو نظر سے غائب نہ ہونے پائے ۔

**نظرق** (ع) مہلت دینا ۔

**نظر تنگ** (ف) کنجوس ۔

**نظر ثانی** (ع) دوبارہ دیکھنا ۔ پڑتال ۔ ترمیم ۔ تصحیح ۔ دوسری دفعہ غور کرنا ۔

**نظر دادن** (ف) اپنی رائے کا اظہار کرنا ۔ اپنا نظریہ بتانا ۔

**نظر داشتن بر چیزے** (ف) کسی چیز کو دیکھنا ۔

**نظر دوختن بر چیزی** (ف) کسی چیز کی جانب ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔

**نظر زدن** (ف) دیکھنا ۔ کسی کو بدنظر لگانا ۔

**نظر سیاہ کردن بر چیزے** (ف) نہایت رغبت سے دیکھنا ۔ کسی چیز پہ مفتون و شیدا ہونا ۔

**نظر غلط انداز** (ف) معشوق کی ایسی نظر جو عاشقوں کو غلطی پر ڈالے ۔ یعنی ہر عاشق کو یہی معلوم ہو کہ خاص مجھی کو دیکھ رہا ہے ۔

**نظرگاہ** (ف) (۱) ولیوں کا آستانہ (۲) سیرگاہ ۔ تماشا گاہ ۔

**نظرگاہ سر تیر** (ف) وہ جگہ جہاں تیرانداز کو نشانہ لگانا مقصود ہو ۔

**نظر گردانیدن از چیزے** / **نظر گرفتن از چیزے** } (ف) اعتراض کرنا ۔ مُنہ پھیرنا ۔

**نظر گرم کردن بہ چیزے** / **نظر نہادن بر چیزے** / **نظر نہادن در چیزے** } (ف) کسی چیز کو دیکھنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔

**نظرہ** (ع) ایک بار دیکھنا ۔

**نظری** (ع) حکمت علمی ۔ حکمت کی دو قسموں میں سے ایک نام ۔ جس کے معنی تصور حقائق موجودات کے ہیں ۔ اور اس کی کئی قسمیں ہیں ۔ جیسے علم ہیئت ۔ مناظر و مرایا ۔ تشریح ۔ علم نباتات ۔ علم معادن وغیرہ ۔

**نظری** (ف) جو لفظ کاغذ پر سے مٹا دینے کے قابل ہو ۔ اُس پر لفظ "نظر" لکھ دیتے ہیں ۔ اور اُس لفظ کو (نظری) کہتے ہیں ۔

نظر یافتن (ف) فیضیاب ہونا۔ تربیت پانا۔
نظریہ (ع) تھیوری۔
نظم (ع) (۱) موتیوں کی لڑی (۲) موتی کو لڑی میں پرونا۔ (۳) ترتیب دینا (۴) شعر آراستہ کرنا (۵) کلام موزوں۔
نظم آرائے شروان (ف) خاقانی شروانی۔
نظم سنجی } نظم گستری } (ف) شاعری۔
نظم کردن } نظم گفتن } شعر کہنا۔ شاعری کرنا۔
نظم و نسق (ع) (۱) بندوبست۔ انتظام (۲) آرائش۔ آراستگی۔
نظمیہ (ف) پولیس کا محکمہ جو نظم و نسق کا ذمہ دار ہوتا ہے۔
نظیر (ع) مثل۔ مانند۔
نظیر بودن (ف) ہم مثل ہونا۔
نظیف (ع) پاک و صاف۔ حلال۔
نظیف بودن (ف) پاکیزہ ہونا۔
نظیف کردن (ف) پاک کرنا۔

## ن - ع

نعاب (ع) بچۂ زاغ۔ کوے کا بچہ۔
نعاج (ع) نعجہ کی جمع۔ بھیڑیں۔
نعاس (ع) (۱) اونگھ (۲) نیند (۳) اونگھنا (۴) سونا۔
نعال (ع) نعل کی جمع (۱) جوتے (۲) گھوڑے کی نعل۔
نعال (ع) نعل بند۔
نعام } نعامہ } (ع) شتر مرغ۔
نعامے (ع) جنوب کی ہوا۔
نعائم (ع) (۱) نعامہ کی جمع (۲) چاند کی بیسویں منزل کا نام۔
نعب (ع) کوے کا آواز کرنا۔
نعت (ع) (۱) صفت۔ تعریف۔
(۲) تعریف کرنا۔
(۳) خاص کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف۔
نعتہ (ع) بہت خوب صورت۔
نعج (ع) (۱) خالص سفیدی (۲) سفید ہونا۔
نعجہ (ع) بھیڑ۔ مادہ میش۔
نعرہ (ع) للکار۔ زور کی آواز۔ بلند آواز۔
نعرہ زدن (ف) نعرہ مارنا۔
نعرہ کشیدن (ف) نعرہ مارنا۔
نعس (ع) (۱) رائے کی سستی (۲) جسم کی سستی۔
نعش (ع) (۱) لاش۔ مُردے کا جنازہ (۲) بنات النعش۔

نعش شدن (ف) مُردہ بن جانا۔ بالکل ہلنے جلنے کے قابل نہ رہنا۔
نعش کسے بر تیر زدن (ف) کسی کے ساتھ کمال بغض اور عداوت رکھنا۔
نعش کش (ف) لاش کو اٹھا کر لے جانے والے۔ خواہ آدمی ہوں یا کوئی چیز جیسے گھوڑا گاڑی وغیرہ۔
نعف (ع) پہاڑ کی ترائی۔
نعل (۱) پاپوش۔ جوتا (۲) وہ لوہا جو گھوڑے کے پاؤں میں لگایا جاتا ہے۔ یا جوتے کی ایڑی میں لگاتے ہیں (۳) نگدر (۴) جوتا پہننا۔
نعل افگندن (ف) (۱) گھوڑے کا دوڑنا۔ جلدی چلنا (۲) گھوڑے کا چلنے سے عاجز ہو جانا۔ تھک جانا (۳) ناکام رہنا۔ اُمید سے محروم ہونا۔
نعلان (ع) جوتی کا جوڑ۔ پاپوش کے دونوں پاؤں۔
نعل بر آتش نہادن (ف) کسی کو بے قرار کرنا۔ کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کرنا۔
نعل بریدن (ف) دیکھو نعل و داغ۔
نعل بستن (ف) گھوڑے وغیرہ کے نعل باندھنا۔
نعلبکی (ف) گملا دان۔
نعل بہار (ف) وہ روپیہ جو کوئی چھوٹا بادشاہ کسی بادشاہ کو اس لیے دے کہ وہ اس کے ملک کو تباہ نہ کرے۔
نعل بند (ف) نعل باندھنے والا۔ نعل لگانے والا۔
نعل چوبین (ف) کھڑاؤں۔
نعل در۔ دروازے کا کھٹکا۔ جیسے کھٹ کھٹانے سے گھر والوں کو کسی کے آنے کی خبر ہو جاتی ہے۔
نعل در آتش (ف) (۱) بے قرار۔ بے چین (۲) بے قراری۔ بے چینی (۳) افسوں گر کسی مطلوب کا نام نعل پر لکھ کر اسے آگ میں ڈالتے ہیں جس کے اثر سے مطلوب خود طالب کی محبت میں بے قرار ہو کر اس کے پاس چلا آتا ہے اور مطیع ہو جاتا ہے۔
نعل در آتش افگندن } نعل در آتش نہادن } (ف) کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کرنا۔
نعل ریختن (ف) (۱) گھوڑے کا دوڑنا (۲) گھوڑے کا چلنے سے عاجز آ جانا۔
نعل رنگی } نعل شام } (ف) چاند۔ قمر۔
نعلکی (ف) ایڑی۔ کھُری۔
نعل وا ژگون بستن (ف) کسی کو بہکانا۔
نعل و داغ (ف) ایران کے عاشق مزاج اور قلندر اپنے سینے پر نعل کی شکل کا داغ کرتے ہیں۔
نعلین (ع) نعل کا تثنیہ۔ دونوں جوتیاں۔ جوڑا۔
نعلین تحت العین (ع) جوتے کا نظروں کے نیچے رہنا اچھا ہے۔

**نعلین چوبین** (ف) کھڑاؤں۔
**نَعَم** (ع) (۱) ہاں - بلے - آرے (۲) چوپایہ - مثلاً اونٹ - گائے - بکری وغیرہ۔
**نِعَم** (ع) نعمت کی جمع - نعمتیں۔
**نَعَم** (ع) (۱) تازگی (۲) نرمی (۳) خوبی (۴)
**نِعْمَ** (ع) اچھا ہے - عمدہ ہے۔
**نِعْمَا** (ع) نعمت - جمع نہیں بلکہ اسم جنس کا صیغہ ہے۔
**نِعْمَ البدل** (ع) نیک بدلہ - بہتر عوض۔
**نُعمان** (ع) (۱) ابوحنیفہؒ امام اعظم کوفی کا نام (۲) عرب کے ایک بادشاہ کا نام جسے نعمان بن منذر کہتے ہیں۔
**نَعْمَت** (ع) ناز و نعمت میں زندگی بسر کرنا۔
**نِعْمَت** (ع) (۱) مال و دولت (۲) روزی (۳) دسترس (۴) عیش - آسودگی - آسائش - خوشی (۵) ناز (۶) عطا و بخش - (۷) کسی کے ساتھ نکوئی۔
**نِعْمَت جَذَّ اَصَم** (ع) (۱) نعمت (۲) ہشت بہشت۔
**نعمت کدہ** (ف) بہشت۔
**نِعْمَتی** (ف) اصفہان میں ایک فرقہ ہے جس کے پیرو مقابل کے ایک دوسرے فرقے سے جس کا نام " حیدری " ہے ہمیشہ برسر عداوت رہتے ہیں۔
**نَعمیٰ** (ع) دیکھو نعما۔
**نَعناع** } (ع) پودینہ۔
**نَعنع** }
**نَعوب** (ع) تیز اونٹنی۔
**نِعناک** (ف) احمق - بے وقوف - حرامزادہ۔
**نُعُوت** (ع) نعمت کی جمع - صفتیں۔
**نَعُوذُ** (ع) پناہ مانگتے ہیں ہم۔
**نَعُوذُ باللہ** (ع) پناہ مانگتے ہیں ہم خدا سے - خدا کی پناہ۔
**نَعُوس** (ع) (۱) شیردار (۲) دودھ والی اونٹنی۔
**نَعُوظ** (ع) عضو تناسل کی استادگی۔
**نُعُومَت** (ع) نرم ہونا - نازک ہونا - نرمی - نزاکت۔
**نَعی** (ع) (۱) موت کی خبر - خبر مرگ (۲) کسی کے مرنے کی خبر دینا - کسی کی موت کی خبر مشہور کرنا - (۳) کسی کی بدی مشہور کرنا۔
**نَعِیّ** (ع) موت کی خبر دینے والا۔
**نَعیب** } (ع) کوے کی آواز۔
**نَعیق** }
**نَعیر** (ع) لڑائی کی چیخ و پکار - شور و غل۔
**نَعیم** (ع) (۱) نعمت (۲) بہشت (۳) نیکی (۴) ناز - (۵) دسترس مال۔

**نعیم پاک** (ف) (۱) اطاعت - عبادت - (۲) اعمال نامہ۔

# ن - غ

**نَغاک** (ف) (۱) بے وقوف - احمق - ابلہ (۲) حرام زادہ - ولد الزنا۔
**نَغام** (ف) (۱) بدنما - سیاہ فام - بدرو - زشت (۲) ناخوش۔
**نغب** (ف) گھونٹ گھونٹ پینا - تھوک نگلنا۔
**نَغبہ** (ع) جھوٹا کھانا - پانی وغیرہ کا ایک گھونٹ - اس کی جمع نُغَب آتی ہے۔
**نغخواد** } (ف) اجوائن۔
**نغخوادان** }
**نُغَرو** (ع) بلبل - چڑیا کا بچہ۔
**نَغَر** (ع) (۱) خفا ہونا - غصے ہونا - (۲) دیگ کا جوش مارنا۔
**نَغز** (ف) (۱) عمدہ - خوب - نادر - عجیب و غریب - اچھا - بہتر (۲) چست چالاک۔
**نغز بوئے** (ف) عمدہ - خوشبودار۔
**نغزک** (ف) نغز کی تصغیر (۱) ہر عمدہ اور نادر چیز (۲) ہر چھوٹا کا جو خوبی کے ساتھ ہو (۳) آرام (۴) آم - انبہ۔
**نغز گوئے** (ف) خوش گلو - خوش گو۔
**نَغش - نَغشان** (ع) بے چین ہونا - کانپنا - اپنی جگہ حرکت کرنا۔
**نَغص** (ع) ناکام رہنا - نامراد رہنا۔
**نَغَل** (ف) جنگل میں بھیڑوں بکریوں کے رات کو رہنے کی جگہ۔
**نَغَل** (ع) (۱) بداصل - بدنسب (۲) کینہ دری (۳) خراب چمڑا۔
**نَغَل** (ع) تباہ برباد ہونا (۲) چمڑے کا تباہ و برباد ہونا (۳) بداصل ہونا۔
**نَغُل** (ف) گہرا - عمیق۔
**نَغَم** (ع) نغمہ کی جمع - راگ - گیت۔
**نَغم** (ع) آہستہ بات کرنا۔
**نَغمات** (ع) نغمہ کی جمع - دلکش اور عمدہ آوازیں - نرم اور ملائم اور خوب آوازیں۔
**نُغمہ** (ع) پانی کا گھونٹ۔
**نَغمہ** (ع) مرغوب اور دلکش آواز۔
**نغمہ سرائے** (ف) گانے والا - گاتا ہوا۔
**نغمہ سرائی** (ف) گانا۔
**نغمہائے** (ف) نغمہ کی جمع - نغمے۔
**نغمہائے نیم رنگ** (ف) ناتمام نغمے۔
**نَغنغہ** (ع) نغمہ - راگ - سرود - لطیف اور دلکش آواز۔
**نغوسہ** (ف) (۱) کسی کو تسلی دینا - ڈھارس بندھانا (۲) کسی کا

دل توڑنا - لغات اضداد سے ہے۔

**نغوشا** / **نغوشاک** } (ف) (۱) گبر - آتش پرست (۲) ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف پھرنے والا۔

**نغوشہ** (ف) دیکھو نغوسہ۔

**نغول** (ف) مویشیوں کے رہنے کی جگہ جو جنگل میں ہو

**نغول** (ف) سیڑھی - نردبان۔

**نغول** (ف) (۱) عمیق - گہرا - (۲) بعید - دُور (۳) کامل - تمام۔

**نغولہ** (ف) (۱) جوڑا پیچ دے کر باندھے ہوئے سر کے بال (۲) زلف معشوق۔

**نغولی** (ف) غور - تعمق۔

**نغیل** (ع) ولد الزنا - حرامی۔

## ن - ف

**نفاۃ** (ع) خراب اور بے کار چیز۔

**نفاث** (ع) پھونک مارنے والا۔

**نفاثات** (ع) نفاثہ کی جمع - جادوگرنیاں - جادوگر عورتیں - منتر پڑھ کر پھونکنے والی عورتیں - منتر پڑھ کر گرہ لگانے والی عورتیں۔

**نفاثہ** (ع) ساحرہ - جادوگرنی - منتر پڑھ کر پھونکنے والی عورت۔

**نفاج** (ع) مغرور - ایسی چیز پر اترانے والا جو اس کے پاس نہ ہو۔

**نفاح** (ع) بہت انعام دینے والا - بہت نفع پہنچانے والا - نیزہ کی گہری ضرب۔

**نفاجہ** (ع) کپڑے کا چوتھلہ۔

**نفاخ** (ع) (۱) نفخ پیدا کرنے والا - پھلانے والا (۲) متکبر - مغرور۔

**نفاد** (ع) خرچ وغیرہ ختم ہو جانا - ختم ہونا - ہو چکنا۔

**نفاذ** (ع) (۱) حکم یا فرمان کا جاری ہونا (۲) تیر کا نشانہ کو توڑ کر پار نکل جانا (۳) شعرا کی اصطلاح میں حرکت وصل اور خروج اور مزید (۴) اثر - اقتدار۔

**نفار** / **نفار** } (ع) نفرت کرنا - بھاگنا۔

**نفار** (ع) بہت نفرت کرنے والا۔

**نفاس** (ع) کسی چیز کی رغبت کرنا۔

**نفاس** (ع) خونِ ولادت - وہ خون جو عورت کو بچہ جننے کے بعد آتا ہے۔

**نفاست** (ع) (۱) خوبی - پسندیدگی - لطافت (۲) حسد کرنا - بخیل کرنا (۳) عورت کا زچہ ہونا - خونِ نفاس کرنا۔

**نفاع** (ع) بہت فائدہ دینے والا - بہت مفید۔

**نفاع** (ع) نافع کی جمع۔

**نفاغ** (ف) شراب پینے کا بڑا پیالہ۔

**نفاق** (ع) رائج ہونا - رواج پانا - جاری ہونا۔

**نفاق** (ع) (۱) دل میں کچھ اور ظاہر میں کچھ ہونا یا کرنا - دوغلاپن - دورُوئی (۲) دشمنی رکھنا (۳) دشمنی۔

**نفاق انداختن** (ف) دشمنی پیدا کرنا۔

**نفاق کردن** (ف) دشمنی پیدا کرنا۔

**نفام** (ف) (۱) سیاہ رنگ - کالا رنگ - سیاہ فام (۲) زشت و زبوں شے۔

**نفائح** (ع) نفحہ کی جمع - خوشبوئیں۔

**نفائس** (ع) نفیسہ کی جمع - پسندیدہ اور عمدہ چیزیں۔

**نفائس فنون** (ف) فنونِ زیبا۔

**نفایہ** (ف) (۱) سیاہ فام (۲) کھوٹی چیز - ردی اور پھینکی ہوئی چیز۔

**نفت** (ف) (۱) ایک قسم کا روغن جو ملک شروان کی زمین سے نکلتا ہے اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے - ایک سیاہ جو جلانے کے کام آتا ہے اور دوسرا سفید جو عمدہ ہوتا ہے - اور دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے (۲) بارود (۳) بعض کے نزدیک ایک دوا ہے جس کے زمین پر ڈالنے سے آگ لگ جاتی ہے لفظ نفط اسی کا معرب ہے۔

**نفت چراغ** (ف) مٹی کا تیل۔

**نفث** (ع) (۱) پھونکنا (۲) کسی شے کا فضلہ مُنہ سے پھینکنا۔

**نفج** (ف) وہ کاغذ جس پر کچھ لکھا جائے۔

**نفج** (ع) (۱) عورت کے پستان کے اُبھار کی وجہ سے پیرہن کی بلندی (۲) وہ شخص جس کے مُنہ سے بات کرتے وقت پانی ٹپکے۔

**نفج** (ف) کاغذ۔

**نفح** (ع) (۱) خوشبو کا پھیلانا (۲) ہوا کا چلنا۔

**نفحات** (ع) نفحہ کی جمع - خوشبوئیں۔

**نفحت** / **نفحہ** } (ع) خوشبو - لپٹ۔

**نفخ** (ع) متورم ہونا - سوج جانا۔

**نفخ** (ع) سوجنا - ہوا سے بھرنا۔

**نفخات** (ع) نفخہ کی جمع۔

**نفخہ** (ع) (۱) ایک مرتبہ پھونکنا (۲) پیٹ کا اماس۔

**نفخہ روح** (ع) وہ دم جو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کی آستین میں دیا تھا۔

**نفخہ صُور** (ع) وہ صُور یعنی کرنا جو حضرت اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن پھونکیں گے۔

نَفَذ (ع) کسی چیز کا نافذ کرنا۔ رواں ہونا۔ جاری ہونا۔
نَفَر (ع) (۱) تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ (۲) فارسی والے اس کا اطلاق ایک آدمی پر کرتے ہیں۔ (۳) نوکر۔ چاکر۔
نَفرت (ع) گھن کرنا۔ بیزار ہونا۔ کسی چیز سے بھاگنا۔
نفرت انگیز (ف) ایسی بات یا حرکت جس سے نفرت پیدا ہو۔
نفرت آور (ف) نفرت پیدا کرنے والی۔
نفرت داشتن (ف) کسی سے گھن آنا۔
نفرتک (ف) ایک شخص۔ ایک نفر۔
نفرہ (ع) ایک بار نفرت کرنا۔
نفری (ف) نفرین کا مخفف۔ لعنت۔ پھٹکار۔ ملامت۔
نفریدن (ف) پھٹکارنا۔ ملامت کرنا۔ بددعا کرنا۔
نفرین (ف) بددعا۔ پھٹکار۔ لعنت۔ ملامت۔
نفرین شدن (ف) پھٹکار سے جانا۔
نفرین کردن (ف) لعنت کرنا۔
نفرین کردہ (ف) ملعون۔ مغضوب۔
نَفَس (ع) (۱) سانس۔ دم۔ سانس کے آنے اور جانے کی دو حرکتیں (۲) پانی کا گھونٹ۔ اس لفظ کی جمع انفاس ہے۔
نَفْس (ع) (۱) رُوح۔ جان۔ خون (۲) جسم۔ تن (۳) حقیقت۔ شے کی ہستی۔ عین ہر شے کا (۴) چشم زخم (۵) ذات (۶) نزدیک (۷) ارادہ۔ قصد۔ نیت (۸) ننگ (۹) قوت (۱۰) عار۔ عیب (۱۱) عذاب۔ شماتت۔ (۱۲) بزرگی۔ ارجمندی (۱۳) فارسی میں بمعنی آلہ تناسل۔ اس لفظ کی جمع نفوس ہے۔
نفس آباد (ف) (۱) پھیپھڑا۔ (۲) سینہ (۳) بدن۔
نفس آخر شمردن (ف) مر جانا۔
نفس از جان گرم بیروں آمدن (ف) کسی دوسرے کا پشت پناہی کرنا۔ کھونٹے کے بل ناچنا۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔
نفس الامر (ع) اصل مدعا۔ کام کی حقیقت۔ واقعی کام۔ تحقیق۔ ثابت۔ واقعی۔
نفس امارہ (ع) نفسانی خواہشوں کا حکم کرنے والا نفس۔ انسان کی طبیعت کی خواہش جو دنیا کی لذتوں کی طرف ہو وہ نفس جو انسان کو برے کاموں کی ترغیب دیتا ہو۔ امارہ مبالغہ کا صیغہ ہے جس کے معنی ہیں سخت حکم کرنے والا
نفسانی (ع) منسوب بہ نفس۔
نفسانیت (ع) ہٹ دھرمی۔ غرور۔ خود غرضی۔
نفس بازپسین (ف) آخری سانس۔ مرتے وقت کی سانس۔
نفس برآوردن (ف) بولنا۔ گفتگو کرنا۔
نفس بریدن (ف) سانس بھول جانا۔ ہانپنا۔
نفس بہیمی (ع) حیوان کی جان۔ نفس امارہ سے مراد ہے۔
نفس پرست (ع) (۱) خود غرض (۲) عیاش۔
نفس پرستی (ع) (۱) خود غرضی (۲) عیاشی۔

نفس پرور (ف) (۱) جانفزا۔ راحت رساں۔ (۲) خود غرض۔
نفس تازہ کردن (ف) دم کی دم سستانا۔
نفس دراز (ف) بسیار گو۔ بہت باتیں کرنے والا۔
نفس درازی (ف) بہت باتیں کرنا۔ بسیار گوئی۔
نفس درست کردن / نفس راست کردن (ف) ٹھہرنا۔ آرام لینا۔ توقف کرنا۔
نفس رُبا (ف) وہ کلام جس کا پڑھنا زبان کے لیے آسان ہو۔
نفس زدن (ف) سانس لینا۔
نفس سوختن (ف) (۱) دم کا پھول جانا۔ ہانپنا (۲) بہت محنت کرنا۔ تکلیف اٹھانا۔
نفس سوختہ (ف) خاموش۔ چپ چاپ۔
نفس شماری (ف) جان کنی کی حالت۔
نفس فرو رفتن (ف) دم بند ہونا۔ خاموش ہونا۔
نفس کش (ف) خواہشات نفسانی کو مارنے والا۔ پرہیزگار۔ زاہد۔
نفس کشادن (ف) بات کرنا۔ کلام کرنا۔
نفس کشتن (ف) نفس کو مارنا۔
نفس کشی (ف) نفس کو مارنے کا عمل۔
نفس کشی (ف) نفسانی خواہشوں کو مارنا۔ پرہیزگاری۔ زہد۔
نفس کل (ع) عرش۔
نفس گسستہ (ف) چپ چاپ۔ خاموش۔ ساکت۔
نفس لوامہ (ع) انسانوں کو گناہوں پر ملامت کرنے والا نفس۔ ایسا نفس نیک لوگوں کو حاصل ہوتا ہے۔ لوامہ بمعنی بہت ملامت کرنے والا۔
نفس مطلب (ع) مدعا۔ مفہوم۔ ماحصل۔
نفس مطمئنہ (ع) وہ نفس جو بری باتوں سے بالکل پاک وصاف ہے اور تمام اچھی باتوں سے موصوف اور خدا کے پاس نہایت اطمینان سے جاتا ہے۔
نفس ملہمہ (ع) وہ نفس جس کے ذریعے الہام ہو۔
نفس ناطقہ (ع) (۱) بولنے والی رُوح (۲) جان۔ رُوح۔
نفس نباتی (ع) وہ رُوح جو نباتات میں ہے۔
نفس واپسین (ف) مرتے وقت کی سانس۔ آخری سانس۔
نفسی (ع) منسوب بہ نفس۔ سانس کا۔
نفسی (ع) منسوب بہ نفس۔ اپنا۔ ذاتی۔
نفش (ع) روئی یا پشم کو دھنکنا۔
نفض (ع) (۱) جھاڑنا۔ خالی کرنا (۲) لرزانا۔
نفط (ع) نفت کا معرب۔ دیکھو نفت۔
نفطہ (ع) پھپھولا۔ آبلہ۔ چیچک۔
نفع (ع) سود۔ فائدہ۔

نفع بردن (ف، فائدہ اٹھانا۔
نفع داشتن (ف، فائدہ ہونا۔
نفع گرفتن (ف، نفع حاصل کرنا۔
نفع رساندن (ف، کسی کو فائدہ پہنچانا۔
نفق (ع، (۱) خرچ کا ختم ہو جانا۔ خرچ کا تمام ہو جانا۔ (۲) پانی وغیرہ کا جاری ہونا (۳) زمین کے اندر کا باریک راستہ۔ سرنگ کا سوراخ۔
نفقہ (ع، خرچ اور کھانا کپڑا جو بیوی اور اولاد وغیرہ کو دیا جائے۔
نفقات (ع، نفقہ کی جمع۔ اخراجات۔
نفل (ع، (۱) عطیہ (۲) زائد عبادت۔ وہ عبادت جو واجب نہ ہو۔
نفل (ع، لوٹ کا مال۔ مال غنیمت۔
نفلہ (ع، فضول خرچی۔ ضائع۔
نفلہ کردن (ف، فضول خرچی۔ دولت اور دھن کا ضائع ہونا۔
نفوخ (ع، نسوار۔ ناک میں چڑھانے کی سوکھی دوا۔
نفوذ (ع، (۱) اثر کرنا (۲) حکم یا فرمان کا جاری ہونا (۳) گزر جانا۔ (۴) تیر کا ہدف کو توڑ کر نکل جانا۔
نفوذ پیدا کردن (ف، اثر و رسوخ پیدا کرنا۔
نفوذ داشتن (ف، صاحب اثر و رسوخ ہونا۔
نفوذ کردن (ف، گھسنا۔ داخل ہونا۔
نفوذ کلام (ف، بات کی تاثیر۔
نفور (ع، نفرت کنندہ۔ بھاگنے والا۔ بھاگنے والی۔
نفور (ع، نفرت کرنا۔ گریز کرنا۔ بھاگنا۔
نفوس (ع، نفس کی جمع۔ روحیں۔ جانیں۔
نفوس ثلاثہ (ع، (۱) تینوں نفس یعنی نفس امارہ نفس لوامہ۔ نفس مطمئنہ (۲) تینوں ارواح یعنی روح حیوانی۔ روح نباتی۔ روح جمادی۔
نفوس قدسیہ (ع، (۱) نیک روحیں۔ نیک بندے۔ نیک ذاتیں (۲) فرشتے۔
نفول (ف، (۱) غور (۲) دور (۳) عمیق۔
نفی (ع، (۱) انکار کرنا (۲) دور کرنا (۳) دور ہونا (۴) ہنکانا۔ (۵) جلا وطن کرنا۔ شہر بدر کرنا۔
نفی بلا کردن (ف، شہر بدر کرنا۔
نفی در نفی اثبات گیرد (ف، نفی کو نفی سے ضرب دیں تو تو حاصل جمع مثبت ہوگا۔
نفیر (ع، چیخ۔ پکار۔ نالہ۔ فریاد (۲) بھاگنے والا۔ نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والی فوج۔
نفیرچی (ف، نفیری بجانے والا۔
نفیر نامہ (ف، لشکر کے جمع کرنے کے متعلق شاہی فرمان۔
نفیری (ف، کرنا۔ تری۔ بگل۔ الغوزہ۔
نفیس (ع، عمدہ شے۔ پسندیدہ چیز۔ قیمتی چیز۔
نفیسہ (ع، نفیس کی تانیث۔
نفی کردن (ف، (۱) دور کرنا (۲) نیست کرنا (۳) شہر بدر کرنا۔

## ن - ق

نقا (ع، پاکیزگی۔
نقاب (ع، روئے بند۔ وہ کپڑا جو عورتیں منہ پر ڈالتی ہیں۔
نقاب (ع، نقب لگانے والا۔ سرنگ کھودنے والا۔
نقاب پوش (ف، جس نے منہ پر نقاب ڈالا ہوا ہو۔
نقابت (ع، (۱) تعریف کرنا۔ سراہنا (۲) سرداری (۳) انساب کا علم۔
نقابت (ع، (۱) صفت۔ تعریف (۲) سردار ہونا (۳) قوم کے انساب سے واقف ہونا۔
نقاب خضرا (ع، آسمان۔
نقاب لاجورد کشیدن (ف، (۱) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا (۲) تکلیف نہ دینا۔
نقاب نیلی (ف، رات۔
نقاد (ع، پرکھنے والا۔ روپے اشرفی کا پرکھنے والا۔ کھوٹے کو کھرے سے الگ کرنے والا۔
نقار (ع، کینہ۔ عداوت۔ عناد۔ دشمنی۔
نقارچی (ف، نقارہ بجانے والا۔
نقارخانہ (ف، نوبت خانہ۔ وہ جگہ جہاں نقارے بجتے ہیں۔
نقارہ (ف، دھونسا۔ دمامہ۔ نوبت۔ طبل۔ کوس۔ نگارہ۔
نقارۂ آفتاب زرد (ف، شام کے وقت جو نقارہ بجایا جائے امراء اور شاہوں کے دروازہ پر آٹھ پہر میں پانچ دفعہ نقارہ بجتا ہے۔ ان میں سے ایک نقارہ شام کو بجتا ہے اسے نقارۂ آفتاب زرد کہتے ہیں۔
نقاری (ع، منبت کاری۔ منبت کاری کرنا۔
نقاش (ع، نقش کرنے والا۔ چتیرا۔
نقاشاں (ف، نقاش کی جمع۔
نقاشان چین (ف، (۱) چین کے نقاش (۲) چکن ساز۔ کپڑے پر زری یا دھاگا سے بیل بوٹے بنانے والے درزی۔
نقاشی (ع، نقش کرنے کا پیشہ۔ نقش کرنا۔
نقاط (ع، نقطہ کی جمع۔ نقطے۔
نقال (ع، نقل کرنے والا۔
نقاوت (ع، پاکیزگی۔ پاکیزہ ہونا۔
نقاوت، نقاوہ } (ع، پسندیدہ۔ برگزیدہ۔ خلاصہ۔

**نَقاہَت** (ع) ضعف جو بیماری کے باعث ہو - ناتوانی - ناطاقتی -

**نَقائِص** (ع) نقیصہ کی جمع (۱) سخن چینی - (۲) عیب - بُری خصلتیں -

**نَقْب** (ع) سوراخ کرنا - سرنگ لگانا - سیندھ لگانا -

**نُقَباء** (ع) (۱) نقیب کی جمع (۲) اولیاءاللہ کی ایک جماعت جن کا درجہ ابدال سے اوپر ہوتا ہے -

**نقب بجائے زدہ است** (ف) یعنی اس نے اپنا مقصد دل سے بزور حاصل کیا ہے -

**نُقْبَہ** (ع) کھجلی - خارشت - خارش کا مرض -

**نقب زن** (ف) نقب لگانے والا -

**نقب زدن** (ف) چوری کے لیے سوراخ کرنا - نقب لگانا -

**نقب زنی** (ف) نقب لگانا -

**نقب کندن** (ف) سرنگ کھودنا -

**نَقد** (ع) (۱) اُدھار کی ضد - روک - روکڑ (۲) آمادہ کرنا (۳) نقد دینا (۴) روپے اشرفی کا پرکھنا (۵) زروسیم مسکوک یعنی اشرفی - روپیہ - پیسہ وغیرہ (۶) ذات (۷) دل (۸) بیٹا - فرزند - پسر -

**نَقداً** (ع) فی الفور - ابھی - فی الحال کے معنوں میں فارسی میں مستعمل ہے -

**نقد پائے تراز و دادن** (ف) کسی چیز کی قیمت اُسی وقت ادا کر دینا -

**نقد جان** (ف) (۱) رُوح (۲) رائج سکہ -

**نقد را باش** (ف) بہتی گنگا میں ہاتھ دھولو - جو کرنا ہو کرلو کام کو التوا میں نہ ڈالو -

**نقدِ رَوان** (ف) رائج سکہ -

**نقدِ شش رُوزَہ** (ف) تمام مخلوقات - دُنیا ومافیہا -

**نقد فروختن** (ف) قیمت وصول کرکے چیز کو بیچنا -

**نقد کردن** (ف) قیمت وصول کرلینا - یعنی مال اسباب کے بدلے قیمت اسی وقت وصول کرلینا -

**نقد گیر** (ف) (۱) رشوت خوار - مرتشی (۲) طالب دنیا -

**نقد گیران** (ف) (۱) رشوت خوار لوگ (۲) طالبان دنیا -

**نقد و جنس** (ع) مال واسباب - دھن دولت -

**نقدی** (ع) زرنقد - مال - دولت - روپیہ -

**نقدینہ** (ف) زرنقد -

**نَقر** (ع) (۱) پرندے کا دانہ چُگنا (۲) کوٹنا (۳) لکڑی کاٹنا یا چیرنا (۴) سنکھ یا نرسنگھا بجانا - (۵) عیب کرنا -

**نِقراب** (ع) سرود کے نقرے - ہندی میں اسے نکھ وکرڑی کہتے ہیں -

**نِقرِس** (ع) ایک شدید درد کا نام جو پاؤں کی اُنگلیوں میں اُٹھتا ہے (۲) طبیب حاذق -

**نُقرَہ** (ع) (۱) گلی ہوئی چاندی (۲) گڑھا جو انسان کی گدی میں ہوتا ہے (۳) بارش کا پانی جمع ہونے کا گڑھا -

**نقرہ آلات** (ف) چاندی کے برتن -

**نُقرہ باہن رسیدن** (ف) نیکی بدی سے - فراغت ریا منت سے اور خوشی غم سے بدل جاتی ہے -

**نُقرہ پا** (ف) ایک سفید پاؤں والے پرند کا نام -

**نقرہ تابناک** (ف) سخن آب دار - عمدہ کلام -

**نقرہ خام** (ف) (۱) خام بمعنی خالص - خالص چاندی (۲) پاکیزگی - صفائی -

**نُقرہ خِنگ** (ف) وہ سفید رنگ گھوڑا جو چاندی کی طرح چمکتا ہو - خنگ بمعنی مطلق سفید -

**نُقرہ خنگ زرشتی** (ف) آفتاب -

**نُقرہ ربیقی** }
**نُقرہ شاخدار** } (ف) خالص چاندی - سفید اور براق چاندی -

**نُقرہ کاری** (ف) نقرہ پر کندہ کاری کرنا -

**نُقرِکی** (ع) منسوب بہ نقرہ - چاندی کا -

**نَقش** (ع) (۱) صورت - نگار (۲) لیاقت - سزاواری - (۳) چیز کاری - پھول پتی کا کام - بلتت کاری - کھُدائی - کندہ کاری - بیل بوٹے کا کام (۴) چھاپ - مہرہ - ٹھپا - (۵) فارسی میں بمعنی قوالوں کے ایک راگ کا نام جو خراسا ہوں کی ایجاد ہے (۶) جوئے کا وہ داؤ جو مطلب کے موافق آئے - پوبارہ - نرد کی بازی میں جیت کا داؤ (۷) جادو - ٹونا - منتر - افسوں - تعویذ (۸) نشان - کھوج - علامت - (۹) اثر - تاثیر (۱۰) خیال - تصور (۱۱) کھُدا ہوا منقوش - کندہ -

**نقش آبار** (ف) شراب سُرخ -

**نقش بجرام** (ف) درشتی آدمی - جو قد وقامت میں اچھا لیکن سُست اور ناکارہ ہو - درشتی بچھا -

**نقش بد نشستن** (ف) کام کا حسب مراد نہ ہونا - وہ داؤ جو مراد کے موافق نہ ہو - نہین کانے -

**نقش بدیوار** (ف) حیران - سراسیمہ - ہکا بکا -

**نقش برآب** (ف) بے ثبات وناپائیدار - باطل - لاحاصل -

**نقش برآب بُودن** (ف) سطحی ہونا - بے ثبات اور ناپائیدار ہونا -

**نقش برآب زدن** }
**نقش برآب کشیدن** } (ف) بے فائدہ کام کرنا - لغو کام کرنا - وہ کام جو پائیدار نہ ہو -

**نقش بر خاستن** (ف) مٹ جانا - زائل ہونا -

**نقش بُردن** (ف) مٹانا - زائل کرنا - محو کرنا -

**نقش بر دیوار** (ف) حیران - ہکا بکا - سراسیمہ -

**نقش بستن** (ف) (۱) پیدا کرنا - صورت بنانا (۲) خیال باندھنا - تصور کرنا -

**نَقشبَند** (ف) (۱) نقاش - مصوّر (۲) خالق اور صانع -

**نقشبند حوادث** (ف) اللہ تعالےٰ۔
**نقشبندی** (ف) (۱) مصوّری۔ نقاشی (۲) منسوب بہ فرقہ نقشبند۔
**نقش بے غبار** (ف) مظلوم کی بد دُعا۔
**نقش پر کارِ کُن** (ف) تمام مخلوقات۔
**نقش پُر مور** (ف) بھڑ یا شہد کی مکھی کا چھتّا۔
**نقش پرواز کردن** (ف) مِٹ جانا۔ زائل ہونا۔
**نقش جہان** (ف) اصفہان کے ایک باغ کا نام۔
**نقش چیزے داشتن** (ف) کسی چیز کا حوصلہ اور استعداد رکھنا۔
**نقش حرام** (ف) دیکھو نقش بحرام۔
**نقش خاک گوہری** (ف) نجیب و اصیل آدمی۔
**نقش خوب نشستن** (ف) کام حسب منشا ہونا۔
**نقش خود بنام دیگرے نشاندن** (ف) کسی اچھے اور عمدہ کام کے نام سے مشہور کرنا۔
**نقش خود درآب دیدن** (ف) اپنی ہی جلوہ گری دیکھنا۔
**نقش دل** (ف) یقین۔
**نقش دیوار** (ف) حیران۔ سراسیمہ۔
**نقش زدن** (ف) (۱) کامیاب ہونا۔ حسب منشا داؤ لے جانا۔ (۲) نقش لکھنا۔
**نقشِ زیاد** (ف) وہ چیز جو دیکھنے کے قابل نہ ہو۔ اسم بلامسمّیٰ۔
**نقش رفتن** }
**نقش ریختن** } (ف) مٹ جانا۔ زائل ہونا۔
**نقش شستن** }
**نقش شستن** } (ف) مٹانا۔ زائل کرنا۔ محو کرنا۔
**نقش طراز** (ف) مصوّر۔ نقاش۔
**نقش طرازی** (ف) مصوّری۔ نقاشی۔
**نقش عروسی** (ف) (۱) دُولہا کے سر پر باندھنے کا سہرا۔ (۲) سہرا جو نکاح کے وقت پڑھا جاتا ہے۔ راگ جو نکاح کے وقت گایا جاتا ہے۔
**نقش فریبندہ** (ف) وہ نقش جو دوسرے نقش کے مقابلہ میں ہو۔
**نقش قندھار** (ف) خوب اور دلکش صورت۔
**نقش کسے بہ تیر زدن** (ف) کسی سے سخت عداوت رکھنا۔
**نقش کُل** (ف) عرش۔
**نقش گر** (ف) نقاش۔ مصوّر۔
**نقش گر ازل** (ف) خدا۔
**نقش گزارش** (ف) قابل بیان قصہ۔
**نقش مؤثر بازی کردن** (ف) بڑا اہم پارٹ ادا کرنا۔ اہم کردار ادا کرنا۔
**نقش نشاندن** (ف) اعتبار جمانا۔ اعتبار پیدا کرنا۔
**نقش نشستن** (ف) اعتبار جمنا۔ اعتبار حاصل ہونا۔

**نقش نیرنگ** (ف) آتش پرستی کی رسم۔
**نقش نیک** (ف) جلد گزر جانے والا اچھا زمانہ۔
**نقش و رنگ** (ف) ڈیل ڈول۔
**نقش و نگار** (ف) شکل و صورت۔ بیل بوٹے۔
**نقشہ** (ع) کسی چیز کا نمونہ۔ تصویر۔ خاکہ۔
**نقشہ بردار** (ف) سروے کرنے والا۔
**نقشہ برداری** (ف) سروے کرنا۔
**نقشہ کش** (ف) جغرافیائی یا عمارتی نقشوں کا بنانے والا۔ سازشی۔
**نقشہ کشیدن** (ف) نقشہ بنانا۔
**نقشہ نویس** (ف) نقشہ بنانے والا۔
**نقص** (ع) کمی (۱) کم ہونا (۲) کم کرنا۔
**نقص داشتن** (ف) خامی یا کمی کا ہونا۔
**نقصان** (ع) کمی۔
**نقصانی** (ع) نقصان کا مزید علیہ۔ کمی۔
**نقض** (ع) توڑنا۔ عہد وغیرہ کا توڑنا۔
**نقض** (ع) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔
**نقض** (ع) لاغر اونٹ۔
**نقض عہد** (ع) عہد توڑنا۔
**نقض عرض** (ف) مقصود کے برخلاف۔
**نقض غرض کردن** (ف) مصلحت کے خلاف اقدام کرنا۔
**نقض کردن** }
**نقض نمودن** } عہد شکنی کرنا۔
**نُقَط** (ع) نقطہ کی جمع۔
**نقطوی** (ع) ایک فرقہ ہے جس کا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالےٰ کا بھی جسم ہے۔ اس فرقے کو مجسمہ بھی کہتے ہیں۔
**نُقطہ** (ع) (۱) صفر۔ وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کر سکے۔ اور اس کی طرف اشارہ کر سکیں۔ جزو لا یتجزّےٰ۔ (۲) علم حکمت اور علم ہندسہ میں خط کی انتہا۔
**نُقطۂ اِتّصال الخطوط** (ع) جنکشن۔ جہاں چند لائنیں آکر ملتی ہیں۔
**نُقطۂ اعتدال خریفی** (ع) جس نقطہ سے گزر کر سورج جنوب کی طرف جاتا ہے۔ دیکھو نقطۂ تقاطع ربیعی۔
**نُقطۂ اعتدال ربیع** (ع) جس نقطہ سے گزر کر سورج شمال کی طرف جاتا ہے۔ دیکھو نقطۂ تقاطع ربیعی۔
**نقطۂ انتخاب** (ع) وہ نقطہ جو کتاب کے حاشیہ پر کسی مضمون یا عبارت یا شعر پسندیدہ کے سامنے یاد داشت کے لیے لگاتے ہیں (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کی ذات۔
**نُقطۂ پرکار** (ف) مرکز۔ ہادی۔ پیغمبر۔
**نُقطۂ تقاطع ربیعی** (ع) دائرہ معدل النہار سے دائرہ منطقۃ البروج حمائل تقاطع کرتا ہے۔ اس تقاطع سے جو دو نقطے پیدا ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک کو نقطۂ اعتدال

کہتے ہیں - اس لیے جب اکیس مارچ اور اکیس ستمبر کو سورج ان نقطوں پر پہنچتا ہے تو تمام دنیا میں دن رات برابر ہوتے ہیں جس نقطہ سے گزر کر سورج شمال کی طرف جاتا ہے اُسے نقطۂ اعتدال ربیع کہتے ہیں - اور جس نقطہ سے گزر کر سورج جنوب کی طرف جاتا ہے - اُسے نقطۂ اعتدال خریفی کہتے ہیں۔

**نقطۂ جاگیر** }
**نقطۂ جائے گیر** } (ف) زمین۔

**نقطہ دار** (ف) وہ حرف جس پر نقطے ہوں۔

**نقطۂ دائرہ** (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے مراد ہے۔

**نقطۂ روشن تر پرکار** (ف) (۱) قطب آسمانی (۲) مرکز عالم (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**نقطۂ ریختن** (ف) رمل سے فال نکالنا۔

**نقطۂ زرہ** (ف) زرہ کے حلقہ میں لگانے کی میخ۔

**نقطۂ زرین** (ف) آفتاب۔

**نقطۂ سہو** (ع) وہ نقطہ جو غیر منقوط حرف پر غلطی سے دیا جائے۔

**نقطۂ شک** (ع) (۱) وہ نقطہ جو کسی مشکوک مضمون یا لفظ کے سامنے کتاب کے حاشیہ پر یادداشت کے لیے لگایا جائے (۲) دنیا - جہان۔

**نقطۂ کل** (ع) کرہ زمین - مرکز زمین۔

**نقطہ گاہ** (ف) (۱) دائرہ کا مرکز (۲) مکہ معظمہ۔

**نقطہ گزاری کردن** (ف) نقطہ لگانا۔

**نقطۂ گل** (ف) مرکز زمین - کرہ زمین۔

**نقطۂ مقابل** (ع) (۱) ہم شکل - ہمسر (۲) حریف۔

**نقطۂ موہوم** (ع) (۱) فرضی نقطہ - وہمی نقطہ - وہ نقطہ جسے وہم تصور کرے اور ظاہر میں دکھائی نہ دے - جیسے وہ نقطے جو افلاک میں فرض کیے جاتے ہیں (۲) جو ہر فرد - جزو لایتجزیٰ - وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کرے۔

**نقطۂ نہ دائرہ** (ف) (۱) مرکز زمین (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**نقع** (ع) گرد - غبار۔

**نقل** (ع) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا یا لے جانا - (۲) لکھنا - (۳) کسی چیز کا نمونہ بنانا۔

**نَقَل** }
**نُقَل** } (ع) تیز زبانی - حاضر جوابی۔

**نقل** (ع) وہ چیز جو شراب پینے کے بعد منہ کا ذائقہ درست کرنے کے لیے کھائی جاتی ہے جیسے کباب - میوہ - گزک - مٹھائی وغیرہ۔

**نقل بیابان** (ف) بجنہ۔

**نقل روح** (ع) خلع بدن - اپنی روح کو دوسرے بے جان جسم میں ڈال لینا۔

**نقل زبان ہا بودن** }
**نقل زبان ہا شدن** } ہر جگہ اس کا چرچا ہونا۔

**نقل شیریں** (ف) معشوقہ کا بوسہ۔

**نقل قول کردن** (ف) کسی کا قول پیش کرنا۔

**نقل کردن** (ف) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) بیان کرنا۔

**نقل کفر کفر نہ باشد** (ف) کفر کی نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا۔

**نقل ماتم** (ف) ماتم کے موقع کا کھانا جو رشتہ داروں میں تقسیم ہوتا ہے۔

**نقل محافل شدن** (ف) ہر محفل میں اس کا ذکر اور چرچا ہونا۔

**نقل مذہب** (ع) ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں جانا۔ تبدیلی مذہب۔

**نقل مکان** (ع) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - مکان تبدیل کرنا۔

**نقل مکانی کردن** (ف) مکان بدل کر کسی اور جگہ چلے جانا۔

**نقل نوروز** (ف) خشک فروٹ جو نوروز کے دن مہمانوں کو کھلائے جاتے ہیں۔

**نقل نویس** (ف) کاپی کرنے والا - نقل لکھنے والا۔

**نقلہ** (ع) ناقل کی جمع - نقل کرنے والے۔

**نقلی** (ف) جعلی - جھوٹا۔

**نقلے ندارد** (ف) کوئی مضائقہ نہیں - کوئی فکر کی بات نہیں۔

**نقلیہ** (ف) وسائل حمل و نقل۔

**نقمت** }
**نقمت** } (ع) (۱) عداوت - کینہ - بغض - دشمنی - (۲) عقوبت - عذاب۔

**نقود** (ع) نقد کی جمع - روپے پیسے - سونا چاندی۔

**نقوش** (ع) نقش کی جمع۔

**نقوع** (ع) پانی میں تر کیا ہوا - بھگوئی ہوئی چیز دوا وغیرہ۔

**نقول** (ع) نقل کی جمع۔

**نقوماجس** (ی) حکیم ارسطو کے باپ کا نام۔

**نقی** (ع) (۱) پاک - برگزیدہ (۲) بارہ اماموں میں سے دسویں امام کا نام جو ۲۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۵۴ھ میں خلیفہ متوکل کے عہد میں زہر دے کر شہید کیے گئے۔

**نقے** (ع) مغز استخوان - ہڈی کا گودا - مخ۔

**نقیب** (ع) (۱) سردار - بزرگ (۲) قوم کا جاننے والا - مرد کار آگاہ - وہ شخص جسے لوگوں کے نسب معلوم ہوں (۳) چوبدار۔

**نقیبان بار** (ف) (۱) ملائکہ - فرشتے (۲) شاہی دربان۔

**نقیر** (ع) (۱) وہ گڑھا جو کھجور کی گٹھلی پر ہوتا ہے - (۲) تھوڑی سی چیز - (۳) اصل - حسب۔

**نقیر و قطمیر** (ع) (۱) تھوڑا بہت - اندک و بیش (۲) صغیر و کبیر۔

**نقیصت** (ع) (۱) نقصان - کمی (۲) عیب - برائی - زشتی - بدی (۳) سخن چینی (۴) خوئے بد۔

نقیض (ع) توڑنے والا - لفظ نقیض اور ضد کے معانی میں یہ فرق ہے کہ نقیض اسے کہتے ہیں جو نہ تو ایک ساتھ جمع ہوسکے اور نہ ہی معدوم ہوسکے جیسے موت اور زندگی کہ یہ دونوں ایک جگہ نہیں ہوسکتیں - اور معدوم بھی نہیں ہیں - ضد وہ ہے کہ ایک ساتھ تو جمع نہ ہوسکے مگر معدوم ہوسکے جیسے سادہ اور سفید - ایک جگہ تو جمع نہیں ہوسکتے مگر معدوم ہوسکتے ہیں یعنی ممکن ہے کہ سرخ یا زرد ہو -
نقیضِ حق (ف) حق کی ضد - باطل - جھوٹ -
نقیضہ (ع) پہاڑی راستہ - کسی شعر کا الٹا جواب دینا -
نقیع (ع) (۱) آبِ استادہ - ٹھہرا ہوا پانی (۲) آبِ شیریں اور سرد - آبِ خوشگوار (۳) وہ کنواں جس میں پانی بہت ہو (۴) پانی میں بھیگی ہوئی دوائیں - دواؤں کا پانی جو مریض کو پلایا جاتا ہے (۵) پانی میں تر کیے ہوئے پھل -
نقیعہ (ع) سفر سے واپس آنے کی ضیافت -
نقیف (ع) دیمک کھایا ہوا - کرم خوردہ -
نقیق (ع) (۱) بلی کی آواز (۲) مینڈک کی آواز (۳) مرغی کی آواز -
نقیل (ع) گھوڑے کی ایک خاص چال -
نقیلہ (ع) پردیس - جوتے یا موزہ کا پیوند -
نقیہ (ع) نقی کی تانیث - پاک چیز - خالص چیز - برگزیدہ -
نقیہ (ع) کلمہ - سخن -

# ن ـ ک

نک (ف) پھٹکڑی -
نک (ف) نوک کا مخفف - منقار - چونچ -
نک (ف) اینک کا مخفف -
نکاء (ع) زخم کی کھال اُتار دینے کے سبب پیپ پڑ جانا - دشمن کو مار ڈالنا - کسی کا حق ادا کرنا -
نکاب (ف) چمڑے کا دستانہ جو میر شکار ہاتھوں میں پہنتے ہیں اور باز وغیرہ پکڑتے ہیں -
نکاب (ف) (۱) پھٹکڑی (۲) پھٹکری کا پانی -
نُکاب (ع) اُونٹ کے کان کی لو کا ورم -
نکایت (ع) دشمن کو تکلیف پہنچانا - گزند پہنچانا -
نکاپ (ف) چمڑے کا دستانہ جو میر شکار پہنتے ہیں -
نکات (ع) نکتہ کی جمع - نکتے - باریکیاں -
نکاح (ع) (۱) شادی کرنا (۲) جماع کرنا (۳) چھید کرنا -
نکاح کردن (ف) شادی کرنا - نکاح کرنا -
نکاح موقت داشتن } عارضی نکاح کرنا - مدت مقرر کرکے نکاح
نکاح موقت گرفتن } کرنا -

نکاحی (ف) شادی شدہ عورت -
نکاف (ف) دیکھو نکاپ -
نُکاف (ع) نُکاب - اُونٹ کے کان کی لو کا ورم -
نکال (ع) (۱) عذاب - دُکھ - سزا (۲) نصیحت -
نکب (ع) مصیبت - رنج - سختی -
نکب (ع) اعتراض کرنا -
نُکُب (ع) نکبا کی جمع - ہوا کا جھکڑ - وہ ہوائیں جو تین طرف سے چلیں - بادِ صبا اور بادِ شمال کے درمیان کی ہوائیں -
نکبا (ع) ہوا کا جھکڑ - تین طرف سے چلنے والی ہوا - وہ ہوا جو بادِ صبا اور بادِ شمال کے درمیان ہو -
نکباوات (ع) نکبا کی جمع -
نکبت (ع) ذلت - خواری - رنج - خستگی - دردمندی -
نکبت زدہ (ف) مصیبت زدہ -
نکت (ع) (۱) زمین کا کھودنا (۲) سر کے بال گرنا (۳) طعام کی ایک قسم -
نُکت (ع) نکتہ کی جمع - باریکیاں -
نکتہ (ع) (۱) وہ پاکیزہ بات جو پوشیدہ ہو اور ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے (۲) کلام کی باریکی (۳) نقطہ -
نکتہ بازی (ع) (۱) ملائم اور دل پسند کلام (۲) بے ہودہ اور جھوٹی باتیں -
نکتہ بیں (ف) دقیق - باریک بین -
نکتہ پُرکار (ف) دل پسند اور دقیق بات -
نکتہ داں (ف) دقیقہ رس - باریک بات کا جاننے والا - بڑا دانا - صاحبِ فہم و فراست -
نکتہ دانی (ف) نکتہ داں ہونا -
نکتہ چیں (ف) عیب جو - مین میکھ نکالنے والا -
نکتہ چینی (ف) عیب گیری - عیب جوئی -
نکتہ رس (ف) ذکی - تیز فہم - زیرک -
نکتہ سنج (ف) (۱) دانا (۲) سخن فہم (۳) شاعر -
نکتہ گو (ف) حاضر جواب -
نکتہ گیر (ف) عیب گیر -
نکث (ع) (۱) توڑنا (۲) رسی کا بل کھولنا (۳) عہد کا توڑنا (۴) ناآشنا (۵) ناآشنائی -
نکح (ع) عورت کی شرمگاہ - فرج - کُس -
نکد (ع) (۱) سختی - ناخوشی (۲) کنویں میں کا پانی کم ہو جانا -
نکد (ع) (۱) بدحال مرد - دشوار خو سے (۲) کمی و بیشی - دشوار عیش -
نُکر (ع) زیرک - دانا -
نُکر (ع) زیرکی - دانائی -
نکُر } (ع) (۱) ناشکری - ناسپاسی - ناشناسی - ناخوشی -
نُکر } (۲) عذاب -

**نکرہ** (ع) (۱) ناشناسی (۲) ناآشنا (۳) وہ اسم جو غیر معین شے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ معرفہ کی ضد۔
**نکز** (ع) دور کرنا۔ ایڑ لگانا۔ سانپ کا ڈسنا۔
**نکژدہ / نکثردہ** } (ف) پانی پینے کا برتن یا مٹی کا کوزہ۔
**نکس** (ع) سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا۔
**نکس** (ع) بیماری کا پھر عود کرنا۔
**نکس کردن** (ف) عود کر آنا۔ بیماری کا لوٹ آنا۔
**نکس شدن** (ف) سرنگوں ہونا۔ ناتواں ہونا۔
**نکش** (ع) کام کو انتہا تک پہنچانا۔ ختم کرنا۔
**نکص** (ع) بد دل ہونا۔ پہلے جس کام کے درپے ہوں اس سے برگشتہ ہونا۔
**نکظ** (ع) کوشش کرنا۔ جلدی کرنا۔
**نکف** (ع) عار سمجھنا۔
**نکف** (ع) اعتراض کرنا۔
**نکل** (ع) بیڑی جو قیدی کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے۔
**نکند** (ف) خدا نہ کرے۔
**نکو** (ف) اچھا۔ خوب۔ بہتر۔ عمدہ۔
**نکوب** (ع) نکب کی جمع۔ رنج۔ سختیاں۔
**نکو روئے** (ف) خوبصورت۔
**نکوز** (ع) پانی کا زمین میں گھس جانا۔
**نکوکار** (ف) نیک کار۔ اچھے کام کرنے والا آدمی۔
**نکوکاری** (ف) نیک کام۔ اچھے کام کرنا۔
**نکول** (ع) (۱) انکار کرنا (۲) قسم کھانے سے انکار کرنا۔ (۳) بزدلی کرنا (۴) دشمن سے روگردانی کرنا۔
**نکول کردن** (ف) ہنڈی یا چیک کا قبول نہ کیے جانا۔
**نکو محضر** (ف) نیک خصلت۔ نیک خو۔
**نکونام** (ف) نیک نام۔
**نکوہش** (ف) دھمکی۔ سرزنش۔ ملامت۔
**نکوہش کردن** (ف) برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔
**نکوہیدن** (ف) سرزنش کرنا۔ دھمکانا۔ ملامت کرنا۔
**نکوہیدہ** (ف) (۱) ملامت کیا گیا (۲) قابل ملامت۔ (۳) زشت۔ خراب۔ ناپسندیدہ۔
**نکوہیدہ رائے** (ف) وہ شخص جس کی رائے قابل ملامت ہو۔ بد رائے۔ بے عقل۔
**نکوئی** (ف) بھلائی۔ نیکی۔
**نکوئی کن در آب انداز** (ف) نیکی کر دریا میں ڈال۔ ایسی جگہ بولتے ہیں جہاں نیکی کے عوض کی امید نہ ہو۔
**نکہت** (ع) (۱) خوشبو (۲) منہ کی خوشبو۔ اس لفظ کو کاف سے لکھنا قطعاً غلط ہے۔
**نکیر** (ع) قبر میں سوال کرنے والے دو فرشتوں میں سے ایک کا نام۔ دوسرے کا نام منکر ہے۔
**نکیرین** (ع) نکیر کا تثنیہ۔ یعنی منکر اور نکیر دونوں فرشتے۔

# ن۔گ

**نگ** (ف) نگینہ کا مخفف۔
**نگ** (ف) منہ کا تالو۔
**نگار** (ف) (۱) نقش (۲) تصویر۔ بت۔ صنم (۳) حسین۔ معشوق۔ محبوب (۴) مہندی کا وہ نقش جو معشوق اپنے ہاتھ اور پاؤں پہ بناتے ہیں (۵) آرائش۔
**نگار ارمنی** (ف) شیریں۔ معشوقہ فرہاد۔ کیونکہ یہ ملک ارمن کی شہزادی تھی۔
**نگار بر دست کسے بستن** (ف) کسی کو کسی کام کا نہ چھوڑنا۔
**نگار بستن** (ف) مہندی لگانا۔
**نگار بستہ** (ف) (۱) حنا بستہ۔ مہندی لگائے ہوئے (۲) معشوق۔
**نگار خانہ** (ف) (۱) وہ مکان جو نقش و نگار سے آراستہ ہو۔ نقاشی کیا ہوا گھر۔ وہ گھر جس میں تصویریں لگی ہوئی ہوں (۲) تصویروں کا مکان۔ بت خانہ۔
**نگار دادن** (ف) نقش کرنا۔ لکھنا۔
**نگار دیدہ** (ف) مہندی لگائے ہوئے۔ حنا مالیدہ۔
**نگارستان** (ف) دیکھو نگار خانہ۔
**نگارش** (ف) لکھنا۔
**نگار عالم** (ف) نہایت خوب صورت۔
**نگارگر** (ف) نقاش۔ مصور۔
**نگاریدن** (ف) (۱) نقاشی کرنا (۲) لکھنا۔
**نگارین** (ف) (۱) مہندی سے نقش کیا ہوا ہاتھ۔ نقش دار۔ (۲) معشوق۔
**نگارین زبان** (ف) وہ شخص جو ظاہرا محبت اور دوستی کا دم بھرے اور حقیقت میں ایسا نہ ہو۔
**نگارین لوزرد** (ف) (۱) کتاب (۲) نامہ۔
**نگارینہ** (ف) معشوق۔
**نگاشتن** (ف) (۱) نقش و نگار کرنا (۲) لکھنا۔
**نگاہ** (ف) نظر۔
**نگاہ بان** (ف) نگہبان۔ محافظ۔ چوکیدار۔
**نگاہ بانی** (ف) نگہبانی۔ حفاظت۔
**نگہ بانی کردن** (ف) حفاظت کرنا۔
**نگاہ داشت** (ف) حفاظت۔ خبرداری۔ ہوشیاری۔
**نگاہ داشتن** (ف) (۱) نگاہ رکھنا۔ حفاظت (۲) روکنا۔
**نگاہ زدن** (ف) دیکھنا۔

نگاه کردن (ف) دیکھنا۔
نگر (ف) نگریستن کا امر۔ دیکھ۔ دیکھو۔
نگرانی (ف) دیکھ بھال۔ حفاظت۔
نگرانی داشتن (ف) اضطراب ہونا۔
نگران (ف) (۱) دیکھنے والا (۲) نگرانی کرنے والا (۳) منتظر۔
نگران بودن (ف) فکرمند ہونا۔ پریشان ہونا۔
نگرستن (ف) نگریستن کا مخفف۔
نگریدن } نگریستن } (ف) دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔
نگون (ف) (۱) اوندھا۔ اُلٹا (۲) کُبڑا۔ خم شدہ۔
نگون بخت (ف) اُلٹے نصیب والا۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
نگون سار (ف) اُلٹا۔ اوندھا۔
نگون سار بخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔
نگون طشت (ف) آسمان۔
نگون ہمت (ف) پست ہمت۔ کم ہمت۔
نگون شنو (ف) نہ بُری بھلی کہہ اور نہ ہی کسی سے کڑوی کسیلی سُن۔
نگہ (ف) نگاہ کا مخفف۔
نگہبان (ف) محافظ۔ چوکیدار۔
نگہبانی (ف) حفاظت۔ چوکیداری۔
نگہت (ف) غلط ہے۔ صحیح نکہت ہے۔
نگہداشت (ف) دیکھو نگاہداشت۔
نگہداشتن (ف) دیکھو نگاہداشتن۔
نگیسار (ف) خسرو پرویز کے ایک مطرب کا نام۔
نگین (ف) نگینہ۔
نگین پیادہ (ف) وہ نگینہ جو کسی زیور وغیرہ میں جڑا ہوا نہ ہو۔
نگین سوار (ف) جڑا ہوا نگینہ۔
نگین عاشق و معشوق (ف) مختلف رنگ کے دو نگینے جو ایک ہی خانے میں جڑے ہوئے ہوں۔
نگین نگین (ف) داغ داغ۔
نگینہ (ف) نگ۔ نگین۔ قیمتی پتھر۔ جواہر۔ جواہرات۔

## ن ۔ ل

نلبکی } نلبکین } (ف) طشتری۔ چھوٹی تھالی۔
نلج (ف) زخم یا دُنبل کی رطوبت۔
نلشک (ف) مقروض۔ قرضدار۔
نلک (ف) پہاڑی آلو۔

نلم (ف) خوب۔ زیبا۔ خوشنما۔

## ن ۔ م

نم (ف) نمی۔ تری۔ رطوبت۔
نمّ (ع) چغلی کھانا۔
نماء (ع) (۱) بڑھنا۔ بلند ہونا (۲) درخت کا اُگنا (۳) موٹا ہونا۔ (۴) نرخ کا گراں ہونا۔
نماء (ع) چھوٹی جوں۔
نُما (ف) (۱) مانند۔ مثل (۲) دکھانے والا۔ ظاہر کرنے والا۔
نمود (ف) بمعنی نمود۔ نمایاں ہوا۔ نمایاں کیا۔
نمار } نُمار } (ف) اشارہ۔ ایما۔
نماران (ف) نمار کی جمع۔ اشارے۔
نمارق (ع) نمرقہ کی جمع۔ تکیے۔
نماز (ف) (۱) پرستش۔ خدمت۔ اطاعت۔ بندگی۔ عبادت۔ خدمت گاری۔ فرمانبرداری۔ (۲) نیاز۔ عاجزی۔ انکسار (۳) سجدہ۔ جبہ سائی (۴) صلوٰۃ مسلمانوں کی مخصوص عبادت۔
نمازِ استخارہ (ف) استخارہ کی نماز۔ جو تردد و تفکر میں پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ استسقاء (ف) حصولِ بارش کی نماز۔
نمازِ آیات (ف) نماز جو چاند گرہن، سورج گرہن۔ زلزلہ وغیرہ کے موقع پر پڑھی جاتی ہے۔
نماز بردن (ف) بندگی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ تعظیم کرنا۔
نماز بردن سوئے (ف) قبلہ۔
نماز بر کسے کردن (ف) کسی کے جنازہ پر نماز پڑھنا۔
نمازِ پیشین (ف) نمازِ ظہر۔ پہلی نماز جو دوپہر کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ تحیۃ الوضو (ف) وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھنا۔
نمازِ تسبیح (ف) ایک نماز جو چار رکعت ہوتی ہے اور ہر رکعت میں تسبیحات پڑھی جاتی ہیں۔
نمازِ جماعت (ع) وہ نماز جو با جماعت پڑھی جائے۔
نمازِ جنازہ (ف) وہ نماز جو مُردے کی لاش پر کھڑے پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ چاشت (ف) چاشت کے وقت کی نماز۔
نمازِ خسوف (ف) چاند گرہن کے وقت جو عبادت کی جاتی ہے۔
نمازِ خفتن (ف) نمازِ عشاء۔ رات کو سونے سے پہلے جو نماز پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ دگر / نمازِ دیگر (ف) نمازِ عصر۔ دُوسری نماز۔ جو تیسرے پہر غروب آفتاب سے قبل پڑھی جاتی ہے۔
نم از رُخسار چیدن (ف) آنسو پونچھنا۔ دلاسا دینا۔
نمازِ شام (ف) نمازِ مغرب۔ غروب آفتاب کے وقت کی نماز۔
نمازِ شب (ف) نمازِ تہجد۔
نمازِ ظہر (ف) نمازِ پیشیں۔ بعد دوپہر کی نماز۔
نمازِ عصر (ف) نمازِ دیگر۔ تیسرے پہر کی نماز۔ جو غروب آفتاب سے قبل پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ عید (ف) وہ نماز جو عید کے دن عیدگاہ میں پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ فجر (ف) نمازِ سحر۔ صبح کی نماز جو طلوع آفتاب سے قبل پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ قصر (ف) ظہر اور عصر اور عشاء کی نمازوں میں جو مسافر کو بجائے چار رکعت کے دو رکعت پڑھنے کا حکم ہے۔
نماز کردن (ف) نماز پڑھنا۔
نمازِ کسوف (ف) وہ عبادت جو سورج گہن کے وقت کی جاتی ہے۔
نماز گزاردن (ف) نماز پڑھنا۔
نمازِ مغرب (ف) دیکھو نمازِ شام۔
نمازِ نافلہ (ف) نفلی عبادت۔
نماز ندارد (ف) یہ نمازِ جنازہ کے قابل نہیں ہے۔
نمازِ نختین (ف) نمازِ دیگر۔ نمازِ ظہر۔
نمازی (ف) (۱) نماز پڑھنے والا (۲) پارسا۔ پرہیزگار۔ پاک۔ صاف۔
نمازی کردن (ف) دھونا۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔
نماک (ف) (۱) رونق۔ زیبائش۔ خوش نمائی (۲) نمک۔
نمام (ع) (۱) چغل خور۔ غماز۔ لُترا (۲) پودینہ۔
نمامی (ع) غمازی۔ چغل خوری۔
نمانما (ف) خود نمائی۔
نمایاں (ف) (۱) نمودار ہونے والا۔ ظاہر۔ نہایت واضح۔ آشکارا (۲) بہت (۳) کلاں۔ بڑا (۴) دراز (۵) گہرا عمیق۔
نمایاں بودن / نمایاں شدن ظاہر۔ آشکار ہونا۔
نمائش (ف) دکھلاوا۔ ظاہری کام۔ نمود داری۔
نمائش آب (ف) شراب۔
نمائش کار (ف) ایکٹر۔ ڈرامہ کرنے والا۔
نمائش گاہ (ف) جہاں نمائش کی جائے۔
نمائش گاہ صنعتی (ف) صنعتی نمائش۔
نمائش گاہ فلاحتی (ف) زرعی نمائش۔
نمائق (ع) نمیقہ کی جمع۔ مکتوبات۔ خطوط۔
نمائندہ پارلان (ف) پارلیمنٹ کا ممبر۔

نمایہ (ف) مانند۔ نمونہ۔
نم پس دادن (ف) ٹپکنا۔ ایک چیز سے دُوسری چیز تک پہنچنا۔
نمتک (ف) آلو بالو جو ایک میوہ ہے۔
نمچ (ف) رطوبت۔ تھوڑی سی تری۔
نمد (ف) (۱) نمدہ۔ کمبل (۲) بارانی جو بارش سے بچنے کے لیے اوڑھتے ہیں (۳) آلۂ تناسل۔
نم دار / نمدان (ف) گیلا۔
نم پس ندادن (ف) بخیل و خسیس ہونا۔
نمدار بودن (ف) گیلا ہونا۔
نمد بگردن افگندن (ف) داد خواہی کرنا۔ انصاف طلب کرنا۔
نمد پوش (ف) نمدہ پہننے والا۔
نمد در آب داشتن (ف) فریب کرنا۔ دغا دینے کی فکر کرنا۔
نم در جگر داشتن (ف) (۱) سینہ تر رکھنا (۲) مفلس نہ ہونا۔ کچھ پونجی رکھنا۔
نم در جگر نداشتن (ف) مفلس ہونا۔
نمدیدہ / نم زدہ (ف) نمناک۔ سیلا۔ بھیگا ہوا۔
نم زدن (ف) تھوڑا سا تر کرنا جیسے کپڑوں کو استری۔
نمدزین (ف) خوگیر۔ وہ نمدہ جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالا جاتا ہے۔
نمدمال (ف) نمدہ بنانے والا۔
نمر (ع) چیتا۔ پلنگ جو مشہور درندہ ہے۔
نمور (ع) نمر کی جمع۔ چیتے۔ نمور۔
نمرق (ع) چھوٹا تکیہ۔ بالش۔ سرہانا۔
نمرود (ع) ایک کافر بادشاہ کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت میں تھا۔ اور خدائی دعوے کرتا تھا۔ آخر دماغ میں ایک مچھر گھس جانے سے مرگیا۔ یہ لفظ غالباً نمرد کا معرب ہے بمعنی نہ مرے گا۔ نمرود کے باپ کا نام کوش تھا۔ اور یہ عراق وغیرہ کا بادشاہ تھا۔
نمرہ (ع) نمبر۔ عدد۔ شمار۔
نمرہ دار (ف) جس پر نمبر لگے ہو۔
نمرہ زدن (ف) صفحات پر نمبر لگانا۔
نمرہ گزاری (ف) نمبر لگانا۔
نمس (ف) نیولا۔ راسُو۔
نمس (ع) راز کو چھپانا۔
نمسا (ع) آسٹریا جو مشہور ملک ہے۔
نمساوی (ع) آسٹریا کا باشندہ۔
نمسک (ف) نمس۔ نیولا۔ راسُو۔

**نمش** (ع) تم - ایک مرض کا نام جس سے بدن کی کھال پر چھیپ کی مانند دھبے پڑ جاتے ہیں۔
**نمش** (ف) مکر - حیلہ - دغا بازی۔
**نمشیدن** (ف) مطلب کو پہنچنا - مقصود پانا۔
**نمص** (ع) بال چننا - بال اکھیڑنا۔
**نمص** (ع) ایک قسم کی گھاس۔
**نمط** (ع) (۱) فرش - بچھونا (۲) رنگین فرش - شطرنج یا چوسر کی بساط (۳) طور - روش - دستور - طریقہ (۴) سرود کا پردہ۔
**نمط ہائے تنگ** (ف) سرود کے باریک پردے - راگ کی باریکیاں۔
**نمغہ** (ع) قوم کا بڑا آدمی - مال کی زیادتی - پہاڑ کی چوٹی - سر کا اوپری حصہ۔
**نم قوت در جگر داشتن** (ف) قوت کی تری دل میں رکھنا - بے طاقت اور کمزور ہونا۔
**نمک** (ف) (۱) لون - نون - کھار (۲) لذت -
**نمک انگبین / نمک انگیز بدن** } (ف) گریہ کرنا - رونا - آنسو بہانا۔
**نمک بحرام** (ف) دیکھو نمک حرام۔
**نمک بر جراحت زدن** (ف) زخم پر نمک چھڑکنا - رنج پر رنج دینا - دکھ پر دکھ پہنچانا۔
**نمک بر جگر داشتن** (ف) محنت پر محنت اٹھانا - دکھ پر دکھ اٹھانا -
**نمک بر ریش افگندن / نمک بر ریش راندن / نمک بر زخم پاشیدن** } (ف) زخم پر نمک چھڑکنا - دکھ پر دکھ دینا۔
**نمک تازہ کردن** (ف) آپس میں مل کر کھانا کھانا - اور نئے سرے سے عہد و پیمان تازہ کرنا۔
**نمک چشیدن** (ف) (۱) نمک چکھنا (۲) مطلق چکھنا -
**نمک حرام** (ف) وہ شخص جو اپنے آقا کا خیر خواہ نہ ہو - مالک کا بدخواہ۔
**نمک حلال** (ف) آقا کا خیر خواہ۔
**نمک خوار** (ف) پروردہ - ملازم - خادم۔
**نمک خوردن و نمکدان شکستن** (ف) نمک حرامی کرنا۔
**نمکدان** (ف) نمک رکھنے کا برتن (۲) معشوق کا منہ۔
**نمک دان در آتش افگندن** (ف) غل مچانا - فتنہ اٹھانا۔
**نمک دان شکستن** (ف) بے وفائی کرنا - نمک حرامی کرنا۔
**نمک در آتش افگندن** (ف) غل مچانا - فتنہ اٹھانا۔
**نمک در جگر داشتن** (ف) دکھ پر دکھ اٹھانا۔
**نمک ریزیدن** (ف) رونا۔

**نمکی** (ف) حلوا کی ایک قسم جس میں میوہ جات اور شہد ڈالے جاتے ہیں۔
**نمک سار** (ف) (۱) نمک کی کان - نمک نکلنے کی جگہ (۲) نمکین۔
**نمک سود** (ف) (۱) نمکین (۲) نمک لگا ہوا خشک گوشت اور اس کے کباب۔
**نمک سود کردن** (ف) نمک لگانا۔
**نمک گیر شدن** (ف) کسی قسم کا نمک کھا کر اس کا ممنون احسان ہونا۔
**نمکین** (ف) (۱) منسوب بہ نمک - نمک ملا ہوا - نمک دیا ہوا - نمک دار - نمک آلودہ (۲) مسخرہ۔
**نمکینہ** (ف) وہ دہی یا لسی جس میں نمک - دھنیا اور زیرہ کوٹ کر ملایا گیا ہو۔
**نمگیرہ** (ف) شبنم کی نمی سے محفوظ رہنے کے لیے پلنگ وغیرہ پر جو شامیانہ لگایا جاتا ہے۔
**نمل** (ع) (۱) چیونٹی - مور - چیونٹیاں (۲) ایک مرض جس میں چھوٹے چھوٹے دانے جسم میں پیدا ہو جاتے ہیں۔
**نمل** (ع) چغل خور۔
**نملہ** (ع) (۱) ایک چیونٹی (۲) صفراوی پھنسیاں جو بتدریج پھیل جاتی ہیں (۳) سخن چین۔
**نملہ جاورسیہ** (ف) ایک قسم کی پھنسیاں جو گاورس کے مشابہ ہوتی ہیں - ان کی جڑ سرخ اور منہ سفید ہوتا ہے۔
**نمناک** (ف) تری سے بھرا ہوا - بھیگا ہوا۔
**نم نداشتن** (ف) مفلس ہونا - نادار ہونا۔
**نمنم** (ع) نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔
**نم نم باران** (ف) ہلکی ہلکی بارش - آہستہ آہستہ بارش۔
**نم نم باران آمدن** (ف) بوندا باندی ہونا۔
**نمو** (ع) بڑھنا - اگنا - بالیدگی - زمین سے گھاس وغیرہ کا اگنا - فارسی میں بلا تشدید واو آتا ہے۔
**نمود** (ف) (۱) ظاہری شان - علامت (۲) ظاہر ہونا (۳) ظاہر (۴) خوبی - رونق - شان و شوکت -
**نمودار** (ف) ظاہر - آشکارا۔
**نمودار شدن** (ف) ظاہر ہونا۔
**نمودن** (ف) (۱) دیکھنا (۲) دکھانا (۳) کرنا۔
**نموذج** (ع) نمونہ کا معرب۔
**نموسک / نموشک** } (ف) تیہو جو مشہور پرندہ ہے۔
**نموک** (ف) تیر کا نشانہ۔
**نموم** (ع) بڑا چغل خور - چغلی کھانے والا - سخن چین - ورغلانے والا۔
**نموشہ / نموشہ / نمونہ** } (ع) (۱) دکھانے کی چیز (۲) مانند - نظیر - مثل - مشابہ (۳) بدنما (۴) ناتمام۔

نمونہ دادن (ف) بطور نمونہ دینا۔
نمونہ گرفتن (ف) نمونہ لینا۔
نمی (ف) نم - تری - رطوبت۔
نمید (ف) نا امید کا مخفف۔
نمیدانم راحت جان است
مے دانم سر ما در کدام بالین است (ف) معلوم نہیں قسمت مجھے کہاں کہاں لے جائے گی۔
نمیدن (ف) میل کرنا - توجہ کرنا۔
نمیدن (ف) نا امید ہونا۔
نمیر (ع) پاکیزہ پانی - شیریں اور خوشگوار پانی۔
نمیرا (ف) شرح - کسی لفظ کے معنی تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔
نمیقہ (ع) لکھا ہوا - نامہ - خط - مکتوب۔
نمیم (ع) چغل خور - لترا - سخن چین۔
نمیم بودن (ف) چغل خور ہونا۔
نمیمہ (ع) (۱) چغلی - چغل خوری (۲) نرم کلام کی آواز - (۳) آواز کتابت (۴) حرکت نرم کی آواز۔

## ن - ن

ننَدل کنَد (ف) بندیلکھنڈ کو بگاڑ کر بنا لیا گیا ہے - جو ہندستان کا مشہور علاقہ ہے۔
ننگ (ف) (۱) عار - عیب - شرم (۲) جنگ - جدل۔
ننگ (ف) لفظ را کا ترجمہ - کو - تیئں۔
ننگ آمیز (ف) ذلت آمیز۔
ننگ آدم ننگ دین ننگ وطن (ف) انسان جو انسانیت اپنے دین و مذہب اور اپنے ملک و ملت کے لیے باعث ذلت و رسوائی ہو۔
ننگ خاندان (ف) خاندان کو بدنام کرنے والا - خاندان کو بٹہ لگانے والا۔
ننگ خلائق (ف) ننگ مخلوق - خلقت کی بدنامی کا باعث۔
ننگسار (ف) (۱) صورت کا بدل جانا - مسخ ہونا (۲) انسان کی روح کا کسی حیوان کے قالب میں جانا۔
ننگ نامہ (ف) (۱) جنگ نامہ (۲) نظم یا نثر جس میں کسی کی ہجو ہو۔
ننگ و نام } ننگ و ناموس } (ف) (۱) لحاظ و شرم - غیرت - حیا (۲) عصمت - عفت (۳) عزت - حرمت۔
ننگین (ف) معیوب - برا - زشت - بدنام۔
ننو } ننوی } (ف) پنگھوڑا - ہنڈولا۔
ننہ (ف) ننہ کا مترادف - ماں - والدہ۔
ننہ جان (ف) دادی اماں یا نانی۔
ننہ من غریب در آوردن (ف) اپنی مفلسی اور غریبی کا ڈھنڈورا پیٹنا۔
ننی (ف) پنگھوڑا - ہنڈولا۔

## ن - و

نو (ف) (۱) نیا - تازہ (۲) پہلوان - دلیر (۳) نالہ و زاری (۴) زاری کر - نالہ کر - امر کا صیغہ - (۵) جنبش - لرزہ (۶) امر کا صیغہ - لرز - جنبش کر۔
نوا (ع) (۱) نوات کا مخفف - کھجور کی گٹھلی - (۲) آگاہی (۳) جدائی۔
نوا (ف) (۱) آواز - صدا (۲) راگ - نغمہ (۳) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک کا نام (۴) لشکر - جمعیت - فوج (۵) اسباب - سامان (۶) خوراک - روزی - قوت - (۷) سپاس - شکر (۸) بیٹا (۹) پوتا (۱۰) گرد - رہن - (۱۱) نواسا (۱۲) توشہ - آذوقہ (۱۳) نذرانہ - پیشکش - (۱۴) موافقت - سازگاری (۱۵) جزیہ - ٹیکس (۱۶) مقید - قیدی - گرفتار - (۱۷) قید - گرفتاری (۱۸) کسی کے عوض دوسرے کو قید میں بٹھانا (۱۹) مغلوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
نواب (ع) بہت نیابت کرنے والا - نائب - صوبے دار - گورنر - وائسرائے۔
نواب (ع) نائب کی جمع - نیابت کرنے والے - قائم مقام لوگ - صوبے دار لوگ - گورنر۔
نو آباد (ف) نیا بسایا ہوا - تازہ آباد کی ہوئی زمین۔
نو آئین (ف) نیا قانون۔
نو آموز (ف) مبتدی - وہ بچہ جو مدرسے میں نیا نیا داخل ہو۔
نوابت (ع) نابت کی جمع - روئیدگیاں - انگوریاں۔
نوابغ (ع) نابغہ کی جمع - باکمال لوگ۔
نوات (ع) کھجور کی گٹھلی۔
نواتی (ع) نوتی کی جمع - ناخدا - ملاح۔
نواجذ (ع) (۱) ڈاڑھیں (۲) کچلیاں۔
نواجستہ (ف) وہ باغ جس میں نئے درخت لگائے گئے ہوں۔
نواح (ع) ناحیہ کی جمع - اطراف - آس پاس - طرفیں۔
نواحی (ع) ناحیہ کی جمع - کنارے - اطراف۔
نوا خانہ (ف) قید خانہ - زندان - جیل۔
نواخت (ف) اصطلاحاً بمعنی (۱) مطابق - موافق - برابر (۲) لائق (۳) بوقت - بجے۔
نواختن (ف) (۱) نوازنا - مطلب اور مراد کو پہنچنا - (۲)

گانا - بجانا (۳) خوش کرنا (۴) کشتی گیروں کی اصطلاح میں حریف کو زمین پر دے مارنا۔
**نَواختہ** (ف) (۱) خیر و خیرات (۲) نواختن مصدر سے اسم مفعول۔ پرورش یافتہ - پالا ہوا۔
**نَواخل** (ع) نخل کی جمع جو خلافِ قیاس ہے۔
**نواخوانی** (ف) (۱) گانے اور موسیقی کا ایک مقام ہے (۲) اچھی اور عمدہ بات۔
**نَواد** (ف) (۱) چیزوں کے چھپا رکھنے کا سوراخ (۲) زبان (۳) نقصان - زیان۔
**نوادِر** (ع) نادرہ کی جمع - عجیب و غریب چیزیں۔
**نَوادہ** (ف) نبیرہ - پوتا - بیٹے کا بیٹا - نواسہ۔
**نوادۂ پسری** (ف) پوتا - نبیرہ۔
**نوادۂ دختری** (ف) نواسہ - دوہتا۔
**نَوادی** (ف) ندیدی کا مترادف - تو نے نہیں دیکھا۔
**نَوار** (ع) (۱) بھاگنے والا ہرن (۲) وہ عورت جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔
**نوار** (ف) نواڑ جس سے پلنگ بنے جاتے ہیں۔
**نوارہ** (ف) پوتا - نواسہ۔
**نوارہ پسری** (ف) پوتا۔
**نواریدن** (ف) نگل جانا - نگلنا۔
**نَواز** (ف) نواختن کا امر۔
**نواز** (ف) (۱) نوازندہ - جیسے چنگ نواز - جان نواز - دلنواز۔ (۲) نوازش۔
**نَوازادہ** (ف) (۱) پوتا (۲) پوتی (۳) نواسا - نواسی۔
**نوازان** (ف) (۱) موسیقی کے ایک پردہ کا نام (۲) نوازش کرنے والا (۳) آواز دینے والا۔
**نوازش** (ف) عنایت - مہربانی - نوازنا۔
**نوازشات** (ف) نوازش کی جمع۔
**نوازش کردن** (ف) مہربانی کرنا۔
**نوازش کنندہ** (ف) مہربان - مہربانی کرنے والا۔
**نوازش نامہ** (ف) عنایت نامہ - برابر والے کا خط۔
**نوازل** (ع) نازلہ کی جمع - مصیبتیں۔
**نوازندگی** } (ف) بجانا - باجہ بجانا۔
**نوازندگی** }
**نوازند** (ف) ساز بجانے والا۔
**نوازیدن** (ف) نواختن کا مترادف - دیکھو نواختن۔
**نواساز** (ف) (۱) گویا - گانے والا (۲) چہچہانے والا۔
**نواسہ** (ف) (۱) بیٹی کا بیٹا - دوہتا (۲) پوتا۔
**نَواسیر** (ف) نیا نیا پھنسا ہوا - نیا قیدی۔
**نَواسیر** (ع) ناسور کی جمع - ہمیشہ بہنے والے زخم۔
**نواشتہ** (ف) (۱) اینٹ - پکی اینٹ - پکی اینٹ (۲) پکی اینٹوں کی دیوار (۳) کج - ٹیڑھا۔

**نواصِب** (ع) ناصبہ - مسلمانوں کا وہ گروہ جو حضرت علی علیہ السلام سے دشمنی رکھتا ہے - خارجی۔
**نواصی** (ع) ناصیہ کی جمع - پیشانی کے بال - فارسی میں بمعنی پیشانی آتا ہے۔
**نَوافج** (ع) نافج کی جمع جو نافہ کا معرب ہے - مشک نافے۔
**نَوافِل** (ع) نافلہ کی جمع (۱) زوائد - مطلب سے زائد چیزیں۔ (۲) وہ زائد عبادتیں جو واجب نہ ہوں (۳) بخششیں - عطیے (۴) مالِ غنیمت۔
**نَواقص** (ف) نقائص - خامیاں۔
**نَواقض** (ع) توڑنے والیاں - وہ امور جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔
**نَوال** (ع) دہش - بخشش - عطا۔
**نَوالہ** (ف) لقمہ - گراس۔
**نوالہ بُر** (ف) چھری - کارد۔
**نوآموز** (ف) (۱) مبتدی - شروع کرنے والا (۲) اناڑی - ناتجربہ کار۔
**نَواُمید** (ف) نااُمید - مایوس - بے آس۔
**نَواُمیدی** (ف) نااُمیدی - مایوسی۔
**نَوامیس** (ع) ناموس کی جمع۔
**نوان** (ف) (۱) خرامان (۲) صاحب وجد (۳) لرزاں - جنبان۔ (۴) نالہ وزاری کرنے والا (۵) کبڑا (۶) ٹیڑھا (۷) کہنہ - پرانا (۸) لاغر - دُبلا (۹) ہوشیار - آگاہ۔
**نوان خانہ** (ف) اپاہج گھر۔
**نَوآورد** (ف) نئی نکالی ہوئی بات - اختراع۔
**نَواہی** (ع) ناہیہ کی جمع - نہی - ممنوعات - وہ باتیں جن کے کرنے کی ممانعت ہو۔
**نوائے** (ف) موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام۔
**نَوائب** (ع) نائبہ کی جمع - حوادث - مار - مصیبتیں - بلائیں۔
**نوائے خارکن** (ف) موسیقی کے ایک راگ کا نام۔
**نوائے خسروانی** (ف) باربد کی ایجاد کی ہوئی ایک لحن یعنی سُر کا نام۔
**نوائیدن** (ف) (۱) آواز کرنا - بولنا (۲) گانا (۳) فریاد کرنا نالہ کرنا (۴) ناز سے چلنا۔
**نوائر** (ع) نائرہ کی جمع (۱) شعلے - (۲) کینے - عداوتیں۔
**نوائے فاختہ** (ف) سور فاختہ یعنی موسیقی کے سترہ تالوں میں سے ایک تال کا نام۔
**نوآئین** (ف) (۱) نیا طریقہ (۲) نئی بات نکالنے والا (۳) زیبائش - آراستگی (۴) زیبا - آراستہ (۵) آراستہ کرنے والا (۶) نیا پودا۔
**نوآئین ترین** (ف) بہت سی نئی نئی باتیں نکالنے والا شخص۔
**نوب** (ع) کسی کا نائب یعنی قائم مقام ہونا۔

**نُوَب** (ع) نوبت کی جمع - باریاں۔
**نُوب** (ع) نُوبہ جو حبشیوں کا ایک گروہ ہے اس کے ایک آدمی کو نوبی کہتے ہیں۔
**نُوباتی** (ع) پاسبان - سنتری۔
**نَوباوہ** (ف) (۱) نورسیدہ (۲) نئی چیز - طرفہ چیز (۳) نیا میوہ (۴) نیا پودہ - نیا اُگا ہوا درخت (۵) عمدہ تحفہ (۶) تازہ (۷) گلدستہ۔
**نَوباوہ کَرْدَن** (ف) پھل نیا کرنا - تازہ میوہ پہلے پہل کھانا۔
**نَوبت** (ع) (۱) کسی چیز کا وقت - باری - مرتبہ - دفعہ (۲) مصیبت۔
**نَوبَت** (ف) (۱) نقارہ - ڈھولنا - دمامہ (۲) بارگاہ (۳) بڑا خیمہ (۴) فرصت (۵) باری۔
**نوبت بما رسید کہ خر زائید** (ف) میری باری آئی تو چلمن ڈال دی۔
**نوبت بنوبت** (ف) باری باری سے - یکے بعد دیگرے۔
**نوبت خانہ** (ف) نقارہ بجانے کی جگہ۔
**نوبت زَدَن** (ف) نقارہ بجانا۔
**نوبت گاہ** (ف) (۱) نوبت خانہ (۲) قید خانہ - پہرے کی جگہ۔
**نَوبتی** (ف) (۱) نقارچی - نقارہ بجانے والا (۲) نقارخانہ (۳) چوکیدار - پہرے کا سپاہی (۴) بڑا خیمہ (۵) کوتل گھوڑا (۶) بارگاہِ سلاطین (۷) پاسبانوں کا خیمہ۔
**نوبتی دار** (ف) خیمہ کا پہرہ دینے والا سپاہی۔
**نوبتی گاہ** (ف) خیمہ لگانے کی جگہ۔
**نَوبَر** (ف) (۱) تازہ پھل - نیا پکا ہوا میوہ (۲) نارپستان عورت - نوخیز لڑکی۔
**نَوبَرْدَہ** (ف) بردہ ترکی میں غلام کو کہتے ہیں - نیا خریدا ہوا غلام - غلام نوخرید۔
**نوبر کَرْدَن** (ف) کسی فصل کے نئے پھل کو پہلی مرتبہ کھانا۔
**نَوبَنَو** (ف) تازہ بتازہ - ابھی کا۔
**نُوبہ** (ع) نُوب - حبشیوں کے ایک گروہ کا نام - افریقہ میں حبشیوں کے ایک ملک کا نام۔
**نَوبہار** (ف) (۱) نئی بہار - موسم بہار کا شروع - بسنت کا موسم - بسنت کا شروع (۲) وہ شے جس پر نئی بہار ہو (۳) بلخ کے ایک مشہور آتشکدہ کا نام۔
**نَوبہاری** (ف) موسیقی کی ایک سُر کا نام - باربد کا ایجاد کیا ہوا راگ۔
**نَوبہ خیز** (ف) باری کا تپ لرزہ۔
**نُوبی** (ع) حبشیوں کے گروہ نوب کا ایک آدمی - ملک نوبہ کا رہنے والا۔
**نوپیدا** (ف) وہ چیز جو ابھی پیدا ہوئی ہو۔
**نوتابش** (ف) دائم - سدا - ہمیشہ۔
**نو توبہ** (ف) وہ شخص جس نے نئی توبہ کی ہو۔

**نُوتِی** (ع) }
**نُوتی** (ف) } ملاح - ناخدا۔
**نُوج** (ف) صنوبر کا درخت۔
**نُوجبہ** (ف) (۱) فرشتہ (۲) سیلاب۔
**نَوجَوان** (ف) نوعمر - نوخیز - پٹھا - جس کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔
**نوجوانی** (ف) عالم شباب - بلوغ - شباب۔
**نوج** (ف) چکنا۔
**نَوچہ** (ف) نوجوان - نوخاستہ جوان - نوخیز۔
**نَوح** (ع) (۱) نوحہ کرنا - روتا پیٹنا (۲) کبوتر اور قمری کی آواز۔
**نُوح** (ع) (۱) بڑا نوحہ کرنے اور رونے والا (۲) ایک مشہور پیغمبر کا نام جن کے وقت میں دنیا میں طوفان آیا - یہ طوفان تین ہزار تین سو اڑتیس سال قبل مسیح آیا تھا - ان کی عمر کم و بیش ہزار سال کی تھی۔
**نَوحہ** (ع) بین کرنا - مُردے پر رونا - مُردے کی اچھی صفتوں کا بیان کرکے رونا۔
**نوحہ خواندن** (ف) تعزیت کے یا ماتمی اشعار پڑھنا۔
**نوحہ خوان** (ف) ماتمی اشعار پڑھنے والا۔
**نوحہ خوانی** (ف) ماتمی اشعار پڑھنے کا عمل۔
**نوحۂ سرو و صنوبر** (ف) ذرا تیز ہوا کے چلنے سے جو آواز سرو اور صنوبر کے درختوں سے آتی ہے - اور وہ دُوسرے درختوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔
**نَوحہ گر** (ف) نوحہ کرنے والا - نوحہ کرنے والی۔
**نَوحہ گری** (ف) نوحہ کرنا - مُردے پر رونا - رونا چلانا۔
**نوخاستہ** (ف) (۱) نوعمر - نیا اُٹھا ہوا - نوجوان (۲) نوآموز - ناتجربہ کار۔
**نَوخط** (ف) (۱) نئی شے (۲) جوان نوخاستہ - معشوق - وہ جوان جس کا سبزہ آغاز نہ ہوا ہو۔
**نوخطی عالم** (ف) نیا سبزہ - موسم بہار کا نیا اُگا ہوا سبزہ۔
**نَوخیز** (ف) نوخاستہ - نوجوان - نوعمر - خردسال۔
**نَوَد** (ف) (۱) نوّے - ۹۰ - لعب (۲) دیر - مقعد۔
**نواران** (ف) استاد کا شاگرد کو انعام دینا - شاگردانہ۔
**نوارانی** (ف) (۱) شاگردانہ (۲) وہ انعام جو شاعروں کو دیا جائے (۳) وہ انعام جو خوشخبری دینے والوں کو دیا جا۔
**نَوْدر** (ف) (۱) نیا - تازہ (۲) فرزند - بیٹا۔
**نَودر** }
**نودرہ** } (ف) (۱) نوپید - نورسید (۲) حادث (۳) فرزند عزیز۔
**نودر آمد** (ف) وہ شخص جو حال ہی میں دولت مند ہوا ہو - نودولت۔
**نَودَرہ** (ف) ہوا کا کرہ۔

نَو دَولت (ف) نیا مال دار۔ وہ شخص جسے تازہ دولت ملی ہو۔ کم حوصلہ اور کم ظرف دولت مند۔
نَوَہ (ف) پوتا۔ نبیرہ۔ فرزند زادہ۔
نَوَہ (ف) ہوا کا کرہ۔
نُوذَر (ف) منوچہر کے بیٹے کا نام جو اس کے بعد سات سال ایران میں حکومت کر کے افراسیاب کے ہاتھ سے مارا گیا۔
نَور (ع) کلی۔ غنچہ۔ شگوفہ۔
نُور (ع) (۱) روشنی (۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
نُور (ف) (۱) سورج (۲) روشنی۔
نُور (ع) نار کی جمع۔ آگ۔ آتش ہا۔
نُور (ع) نوار کی جمع (۱) بھاگنے والے ہرن (۲) وہ عورتیں جنہیں تہمت لگی ہو۔
نور اسپہبد / نور اسپہبود / نور اسفہبد / نور اسفہبود } (ف) رُوح انسانی۔ نفس ناطقہ۔
نورُ العین (ع) آنکھوں کا نور۔ آنکھوں کی روشنی۔ نورِ چشم۔ بیٹا۔ فرزند۔
نور افشاں (ف) روشنی دینے والا۔
نور افگن (ف) روشنی پھیلانے والا۔
نور الٰہی (ع) خدا کا نور۔
نُورانی (ع) جس میں نور ہو۔ منوّر۔ روشن۔ منسوب بہ نور۔ اس لفظ میں۔ ربانی اور خفانی کی مانند الف اور نون زائد ہے۔
نورانیت (ف) روشنی۔ نور۔
نوراہان (ف) نوراں۔ تحفہ۔ سوغات۔
نور باف (ف) پارچہ باف۔ جولاہا۔
نور بافی (ف) پارچہ بافی۔ بافندگی۔
نور بخش (ف) روشنی بخشنے والا۔ روشنی دینے والا۔
نور پاشیدن (ف) نور افشانی کرنا۔
نور پیشین (ف) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔
نور جہاں (ف) جہانگیر کی مشہور نامور ملکہ کا نام جو مرزا غیاث کی بیٹی اور آصف جاہ کی بہن تھی اور اس کا اصلی نام مہرالنساء تھا۔
نور چشم (ف) آنکھ کا نور۔ فرزند۔ بیٹا۔
نور چشمی (ف) بیٹا۔
نَوَرد (ف) (۱) پیچ و تاب۔ تہ۔ پیچ۔ بل (۲) بساط۔ فرش (۳) مشابہ (۴) جولاہوں کی وہ گول لکڑی جس پر بنا ہوا کپڑا لپیٹتے ہیں (۵) شبیہ (۶) برابر (۷) لائق۔ سزاوار (۸) پیراہن کا دامن (۹) مناسب۔ پسندیدہ (۱۰) چھید۔ سوراخ (۱۱) لڑائی۔ جھگڑا۔ جنگ۔ خصومت (۱۲) لومڑی۔ کابل (۱۳) بچھونا کرنا (۱۴) گوشہ۔ کونا۔ گنج (۱۵) اندوختہ۔ ذخیرہ۔
نَوَرد در رفتن با کسے (ف) کسی کے ساتھ گرما گرم بحث کرنا۔ کسی سے کشتی لڑنا۔ باہم مارکٹائی کرنا۔
نَوَردِ ملوکانہ (ف) بادشاہوں کے لائق عمدہ اور نفیس پوشاک۔
نَوَردن (ف) تہ کرنا۔ لپیٹنا۔
نَوَردہ (ف) (۱) تبالہ (۲) پیراہن (۳) پیچیدہ۔
نَوَردیدن (ف) تہ کرنا۔ لپیٹنا۔
نور دیدہ (ف) بیٹا۔
نَورَس (ف) (۱) ہر تازہ اور نو رسیدہ شے (۲) تازہ پکا ہوا پھل۔ (۳) سلطان ابراہیم عادل شاہ کی ایک تصنیف کی ہوئی کتاب کا نام جو ہندی میں ہے اور جس میں علم موسیقی کے قواعد درج ہیں۔
نورستہ (ف) نیا اُگا ہوا۔
نورسیدہ (ف) تازہ۔ نیا نیا۔
نورِ عذار (ع) حضرت عیسےٰ علیہ السلام اور حضرت مریم علیہا السلام کا نور۔
نُورٌ علیٰ نُور (ع) نور پر نور۔ ایک سے ایک بڑھ کر سب سے بہتر اور سب سے اعلیٰ۔ کیا کہنا ہے۔
نور عین (ع) نور چشم۔ بیٹا۔ فرزند۔
نور گستراندن / نور گستریدن } (ف) (۱) دیکھنا (۲) ظاہر کرنا (۳) نیک کہنا۔ التفات کرنا۔
نور مبین (ع) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔
نَورَنجہ (ف) جوہڑ۔ تالاب۔
نور نخستین (ف) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔
نَوَرَند (ف) ترجمہ۔
نَورنگ (ف) دیکھو نیرنگ۔
نَوروز (ف) (۱) ماہ فروردین کی پہلی تاریخ۔ جس روز سورج نقطۂ حمل پر آتا ہے اور یہ بائیس مارچ کے مطابق ہوتی ہے یہ ایرانیوں کی عید کا دن ہے (۲) موسیقی کے ایک پردے کا نام۔
نَوروزِ بزرگ (ف) موسیقی کے ایک شعبہ یعنی نغمہ کا نام۔
نوروزِ خارا (ف) موسیقی کے ایک شعبہ یعنی نغمہ کا نام۔
نَوروزِ خاصہ (ف) (۱) ماہِ فروردین کی چھٹی تاریخ (۲) نوروز بزرگ۔
نَوروزِ عامہ (ف) ماہِ فروردین کی پہلی تاریخ۔
نَوروزِ عرب (ف) موسیقی کے ایک شعبہ یعنی نغمہ کا نام۔
نَوروزی (ف) وہ تحفہ جو نوروز کے دن بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا جائے۔
نُورَہ (ع) چونا۔ بال اڑانے کا پوڈر جو چونا اور ہڑتال کو ملا کر بناتے ہیں۔ اور اس کے لگانے سے بال اڑ جاتے ہیں۔
نورہ ساختن / نورہ کشیدن } (ف) بال صفا پوڈر لگانا۔

**نورکشیدہ** (ف) پاک صاف۔
**نوربان** (ف) (۱) تحفہ۔ سوغات (۲) مزدوری (۳) بخشش (۴) شعر کا صلہ۔
**نوری** (ف) (۱) سفید طوطی (۲) ایک سرخ رنگ پرندہ (۳) ایک قسم کا زرد آلو۔
**نوز** (ف) ہنوز کا مخفف۔ ابھی۔ ابھی تک۔ اب تک۔
**نوز** (ف) صنوبر کا درخت۔
**نوزادگان چمن** (ف) بیل بوٹے۔ نئے شگوفے۔ نئے پھول۔ نئی شاخیں وغیرہ۔
**نوزدہ** (ف) انیس۔ ۱۹۔ لعکہ۔
**نوس / نوسہ** (ف) قوس قزح۔ دھنک۔ شیطان کی کمان۔
**نوساخت** (ف) نئی بنی ہوئی جگہ۔
**نوش** (ف) (۱) امرت۔ آب حیات (۲) خوش مزہ۔ میٹھا۔ شیریں۔ (۳) زندگی (۴) خوش (۵) شہد (۶) تریاق (۷) نوشیدن کا امر۔
**نوشابہ** (ف) (۱) آب حیات (۲) شیریں اور خوش مزہ پانی (۳) ملک بردع کی شہزادی کا نام۔
**نوشاد** (ف) ایک شہر کا نام جہاں کے لوگ بہت حسین ہوتے ہیں۔
**نوشادر** (ف) نوش بمعنی تریاق اور آدر بمعنی آگ۔ وہ تہ بائی جو آگ سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک مشہور کھار کا نام جو نمک کے مشابہ ہوتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
**نوشانیدن** (ف) پلانا۔
**نوشانوش** (ف) پیو اور پلاؤ کی صدائیں۔
**نوش آذر** (ف) ایک آتش کدہ کا نام۔
**نوش باد / نوش بادہ** (ف) موسیقی کے ایک پردہ کا نام۔
**نوشت** (ف) بروزن۔ دوست (۱) بمعنی نوش (۲) نوشتن بمعنی نوشیدن و آشامیدن کا ماضی۔
**نوشت** (ف) (۱) لکھت۔ تحریر (۲) نوشتن کا ماضی۔ لکھا۔
**نوشت افزار** (ف) لکھنے کا سامان۔ سٹیشنری۔
**نوشتن** (ف) (واؤ بالکسر) تحریر کرنا۔ لکھنا۔
**نوشتنی** (ف) لکھنے کے قابل۔
**نوشتن** (واؤ بالفتح) (ف) لپیٹنا۔
**نوشتہ** (ف) (۱) لکھا ہوا (۲) سند۔
**نوشتہ بر دیوار** (ف) واضح۔ صاف۔
**نوشخند** (ف) واضح۔ صاف۔
**نوشدارو** (ف) (۱) ایک خوش مزہ اور مفرح و مقوی معجون کا نام (۲) تریاق جو زہر کے اثر کو زائل کرے۔ (۳) مومیائی یعنی سلاجیت (۴) مجازاً شراب۔

**نوشدہ** (ف) قدیم کی ضد۔ حادث۔ نوپید۔
**نوش گیا** (ف) ایک گھاس کا نام جو دافع زہر ہے۔
**نوش لینا** (ف) موسیقی کے ایک سرود کا نام۔
**نوشنجہ** (ف) خوش مزہ۔ میٹھا۔ خوشگوار۔
**نوشندہ** (ف) پینے والا۔
**نوشہ** (ف) (۱) خوش (۲) خوشی (۳) غم خواری کرنا۔ غم کھانا۔ انوشہ کا مخفف ہے۔
**نوشہ** (ف) (۱) نوجوان بادشاہ (۲) دولہا نیا داماد۔
**نوشہر** (ف) ایک قصبہ کا نام جو شروان کے قریب ہے۔
**نوشیدن** (ف) (۱) پینا (۲) سننا۔
**نوشیروان** (ف) نوشین بمعنی شیریں اور روان بمعنی جان سے مرکب ہے یا نو بمعنی نیا اور شیر مشہور درندہ سے مرکب ہے۔ جوان شیر۔ ایران کے مشہور عادل بادشاہ کا نام جو خسرو پرویز کا دادا تھا۔ اس بادشاہ کا عدل و انصاف ضرب المثل ہے۔ اس کی مدت سلطنت ۴۸ سال تھی۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اسی کے زمانہ میں متولد ہوئے۔
**نوشین** (ف) میٹھا۔ شیریں۔ خوش مزہ۔
**نوشین بادہ** (ف) شراب۔ خوش مزہ۔
**نوشین روان** (ف) جان شیریں۔ میٹھی جان۔
**نوط** (ع) (۱) لٹکنا (۲) لٹکانا۔
**نوط** (ع) نوٹ کا معرب۔ کاغذی سکہ۔
**نوظہور بودن** (ف) نیا ظاہر ہونا۔
**نوع** (ع) قسم۔ گونہ اور وہ کلی جو اپنے افراد کی عین حقیقت ہو۔ یعنی یکساں حقیقت رکھنے والے افراد کو شامل ہو۔ جیسے انسان کہ اس کا اطلاق زید۔ بکر۔ عمر وغیرہ سب پر یکساں ہوتا ہے۔
**نوعاً** (ع) عموماً۔ بطور کلی۔
**نوعروسان چمن** (ف) نوزادگان چمن۔ نئے شگوفے نئے پھول نئی شاخیں نئے پودے وغیرہ۔
**نوعروسان روز** (ف) کھلے ہوئے درخت۔ شگوفے لگے ہوئے درخت۔
**نوع سافل** (ع) سب سے نیچے کی نوع جس کے نیچے اور کوئی نوع نہ ہو۔
**نوعمر** (ف) نوجوان۔ کم عمر۔
**نوعمری** (ف) کم عمری۔
**نوعی** (ف) ایک قسم کی۔
**نوفاغ** (ف) ایک شہر کا نام۔
**نوفمبر** (ع) نومبر کا معرب۔ گیارہواں عیسوی مہینہ۔
**نوفہ** (ف) شور و غوغا۔
**نوق** (ف) ناقہ کی جمع۔ اونٹنیاں۔

**نوک** (ف) (۱) ہر چیز کا سرا (۲) پرندے کی چونچ - منقار -
**نوکار** (ف) تازہ کار - ناتجربہ کار -
**نوکر** (ف) خدمت گار - ملازم -
**نوکرِ باب** (ف) سرکاری ملازم - تیز نوکری کے لائق طبقہ -
**نوکرِ بے مواجب تاج سر** (ف) وہ نوکر جسے تنخواہ نہ دی جائے اور مفت کام کروایا جائے وہ اچھا کام مشکل سے کرتا ہے بلکہ آقا بن کر رہتا ہے -
**نوکندن** (ف) نئی جگہ کھودنا -
**نوکندہ** (ف) تازہ توڑا ہوا پھول جو ابھی مرجھایا نہ ہو -
**نوکیسہ** (ف) دیکھو نو دولت -
**نوگرفتار** (ف) (۱) نیا قیدی (۲) تازہ عاشق -
**نوگل** (ف) تازہ کھلا ہوا پھول -
**نول** (ع) (۱) عطا - بخشش (۲) بخشش کرنا -
**نُول** (ف) (۱) پرندے کی چونچ (۲) لوٹے کی ٹونٹی -
**نولہ** (ف) قول - کلام -
**نوم** (ف) نیند - سونا - خواب -
**نومسلم** (ف) نیا مسلمان جو کسی دوسرے مذہب سے آیا ہو -
**نومید** (ف) ناامید - مایوس - بے آس
**نومید شدن** (ف) مایوس ہونا -
**نومید کردن** (ف) مایوس کرنا -
**نومیدی** (ف) یاس - مایوسی - ناامیدی -
**نون** (ع) (۱) مچھلی - ماہی (۲) تلوار - تلوار کی تیزی (۳) دوات کی سیاہی (۴) رات (۵) چاہ - زنخدان (۶) دولت - (۷) ایک شہر کا نام (۸) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام (۹) حروفِ تہجی کے ایک حرف کا نام -
**نُون** (ف) کنون کا مخفف جو اکنون کا مخفف ہے -
**نُون** (ف) درخت کا تنا -
**نوند** (ف) (۱) تیز رو گھوڑا (۲) تیز رو سوار - ہرکارہ - قاصد - (۳) تیز فہم آدمی (۴) سپند - ہرل (۵) مخبر (۶) بلند آواز - (۷) ایک ایرانی پہلوان کا نام -
**نون و القلم** (ع) (۱) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام (۲) نیا
**نونوار** (ف) نیا نویلا - نئی نویلی -
**نونہال** (ف) درخت کا نیا پودا -
**نونیاز** (ف) (۱) مبتدی - نومشق لڑکا (۲) نیا عاشق (۳) نیا مرید -
**نوہ پسری** (ف) نبیرہ - پوتا - فرزند زادہ -
**نوہ دختری** (ف) نواسہ - دوہتا - دختر زادہ -
**نوی** (ف) نیا پن - تازگی -
**نوی** (ع) خیمہ کے اردگرد کی نالی جو پانی کو اندر آنے سے روکتی ہے
**نویٰ** (ع) کھجور وغیرہ کا تخم -
**نوی** (ع) (۱) حاجت (۲) ہمت (۳) جدائی - دوری -

**نویان** (ف) شہزادہ - امیر -
**نوید** (ف) مژدہ - خوشخبری -
**نویدگر** (ف) خوشخبری دینے والا -
**نویدن** (ف) (۱) ہلنا - لرزنا - حرکت کرنا - (۲) رونا - زاری کرنا -
**نویساندن** } **نویسانیدن** } (ف) لکھوانا -
**نویسندہ** (ف) لکھنے والا - ادیب - نثر نگار -
**نویسندگی** (ف) منشی گری - دبیری -
**نویص** (ع) ہلنا - حرکت کرنا -
**نویم** (ف) صرف - محض - خالص -
**نوئین** (ف) نوآئین کا مخفف -
**نوئین** } **نوبین** } (ف) (۱) بادشاہ زادہ (۲) امیر اعظم (۳) داماد -

# ن - ہ

**نہ** (ف) لیاقت کا حرف - جیسے شاہانہ وغیرہ ہیں -
**نہ** (ف) نہیں -
**نہ** (ف) نہادن کا امر -
**نہ** (ف) شہر - جیسے نیشاپور جو اصل میں نہ شاہ پور ہے یعنی شاہ پور کا آباد کیا ہوا شہر -
**نُہ** (ف) نو - ۹ - نعہ - ۹ -
**نُہا** (ع) نُہیہ کی جمع - عقلیں -
**نِہاب** (ع) نہب کی جمع - غارت - لوٹ - غنیمتیں -
**نہاد** (ف) طرز - روش - رسم - عادت - دستور -
**نہاد** (ف) (۱) بنیاد - اصل (۲) خلقت - آفرینش - طینت - سرشت - باطن -
**نہاد** (ف) نہادن کا ماضی - رکھا -
**نہادگی** (ف) تہوار کے دن پہننے کا کپڑا جو عام طور پر نہ پہنا جائے -
**نہادن** (ف) رکھنا -
**نہار** (ع) دن - روز -
**نہار** (ف) دوپہر کا کھانا -
**نہار** (ف) ناہار کا مخفف - جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -
**نہار** (ف) (۱) ڈر - خوف - اندیشہ (۲) گھلنا - گداز (۳) گھٹنا -
**نہار کردن** (ف) صبح کا ناشتہ کرنا -
**نہارہ** (ف) (۱) صبح کا ناشتہ (۲) ایک قسم کا گوشت -
**نہاری** - شوربا جو صبح کو کھاتے ہیں -
**نہاری** (ع) وہ طالب علم جو بورڈنگ میں نہ رہتا ہو -

**نہاریدن** (ف) (۱) ڈرنا - خوف کھانا - وہم کرنا (۲) گلنا - پگھلنا (۳) گھٹنا۔

**نُہاق** (ع) گدھے کی آواز۔

**نہاکت** (ع) غالب آنا - دلیر اور بہادر ہونا۔

**نہال** (ف) پودا - نورستہ - خوبصورت درخت جس میں ابھی پھل نہ لگا ہو (۲) مجازاً شاداب - سرسبز (۳) کامیاب - خوش - (۴) نہالی - توشک - بستر (۵) شکار - صید۔

**نہالستان** (ف) نرسری۔

**نہال ساختن** (ف) بونا - درخت بونا۔

**نہال کردن** (ف) کامیاب اور خوش کرنا۔

**نہال گاہ** }
**نہال گہ** } (ف) گھات - شکارگاہ۔

**نہالہ** (ف) (۱) نیا اُگا ہوا خوبصورت درخت (۲) درخت کی وہ شاخیں جن پر شکاری پرانے کپڑے لٹکا کر نیچے جال بچھاتے ہیں (۳) شکارگاہ (۴) شکاری - (۵) شکار - صید۔

**نہالہ گاہ** (ف) وہ گڑھا جس میں چھپ کر شکاری گھات لگاتے ہیں - گھات۔

**نہالی** (ف) توشک - بستر۔

**نہالین** (ف) (۱) توشک (۲) غلاف۔

**نہ اُمید دنیا نہ عقبیٰ بدست** (ف) نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے۔

**نہام** (ع) لوہار - بڑھئی - راستہ۔

**نہامی** (ع) گرجے کا پادری۔

**نہامین** (ف) لوہار - آہنگر۔

**نِہان** (ف) چھپا ہوا - پوشیدہ - پنہاں۔

**نہان پیکر** (ف) پری - فرشتہ۔

**نہان پیکران** (ف) (۱) پریاں (۲) فرشتے۔

**نہان خانہ** }
**نہان دَرہ** } (ف) سرداب - سرد خانہ - تہ خانہ (۲) خزینہ گنجینہ - دیوار میں کچھ رکھنے کو بنائی ہوئی جگہ۔

**نہان شُدَن** (ف) چھپ جانا - پوشیدہ ہونا۔

**نہان کرَدن** (ف) چھپانا - چھپا لینا - ظاہر نہ کرنا۔

**نہانی** (ف) پوشیدگی۔

**نہان کُشا** }
**نہان کُشائے** } (ف) منجم - ستارہ شناس۔

**نہاوند** (ف) (۱) موسیقی کے ایک پردے کا نام جو آدھی رات کے وقت گایا جاتا ہے (۲) ایک شہر کا نام جو عراق عجم میں ہے - یہ لفظ نہ بمعنی شہر اور آوند بمعنی برتن سے مرکب ہے - برتنوں کا شہر۔

**نہایت** (ع) انتہا - حد - انجام۔

**نہایتش** (ف) آخرکار - انجام کار - القصہ - الحاصل۔

**نَہب** (ع) (۱) لوٹنا - غارت کرنا - (۲) لوٹ کا مال - مالِ غنیمت۔

**نُہ بام** (ف) نو آسمان۔

**نُہبت** (ع) (۱) لوٹنا (۲) لوٹ۔

**نُہبہ** (ع) غارت - لوٹ۔

**نہ بُو دارد نہ خاصیت** (ف) کسی کام کا نہیں۔

**نُہ پایہ** }
**نُہ پدر** } (ف) نو آسمان - آبائے علوی۔
**نُہ پردہ** }

**نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن** (ف) عجیب بے کسی کی حالت کہ تھک کر شکستہ و چور بھی ہیں اور رہنے کو کوئی مقام نہیں عجیب مشکل میں پھنس جانا۔

**نہ پائے گریز نہ دست ستیز** (ف) عجیب مصیبت اور مشکل میں پھنس جانا۔

**نہ پشت دارد نہ مشت** (ف) کسی کام کا نہ ہونا۔

**نُہ پہ چہ** (ف) نہ لیکن چہ کا مخفف۔

**نَہج** (ع) }
**نہج** (ف) } راہ راست - راہ کشادہ - فارسی میں طور طریقہ طرح کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

**نُہ حجرہ** }
**نُہ حصار مینا** } (ف) نو آسمان۔

**نہ خیر** (ف) نہ - نہیں - نہیں نہیں۔

**نہ ور** (ف) زیور۔

**نہ در کار آوردن** (ف) کسی کام کے آغاز میں بدشگونی کرنا۔

**نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمین** (ف) عقلمند آدمی تواضع اور انکساری کو اپنا شیوہ بناتے ہیں۔

**نہ دُخترِ دُنیا نہ لبِ آخرت** (ف) نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم۔

**نَہَر** }
**نہر** } (ع) ندی - دریا کی شاخ - کھال

**نہر** (ع) منع کرنا - جھڑکنا۔

**نہر الماس** (ف) ایک نہر کا نام۔

**نہر مجنون** (ع) ایک نہر کا نام جو اردبیل اور موصل کے درمیان ہے۔

**نُہ رواق** (ف) نو آسمان۔

**نہروان** (ف) ایک شہر کا نام۔

**نہرہ** (ف) مٹی کا برتن۔

**نہزہ** (ع) فرصت - غنیمت۔

**نہ سر پیاز نہ تہ پیاز** (ف) کسی کام سے دُور کا تعلق بھی نہ ہونا۔

**نُہ سپہر** (ف) نو آسمان۔

نہشتن (ف) (۱) رکھنا (۲) چھوڑنا۔
نہش (ع) (۱) سانپ بچھو وغیرہ کا ڈنگ (۲) سانپ کُتّے وغیرہ کا کاٹنا (۳) اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
نُہ شہرِ بالا
نُہ صحیفۂ گردون } (ف) نو آسمان۔
نَہضت (ع) (۱) اُٹھنا۔ قصد کرنا (۲) کوچ۔ روانگی (۳) ترقی۔ اُٹھان۔
نہضتِ ملّی (ف) قومی تحریک۔
نُہ طارم
نُہ طبق } (ف) نو آسمان۔
نُہ عَرَض (ف) یہ ہیں (۱) کیف (۲) کم (۳) این (۴) متےٰ (۵) اضافت (۶) وضع (۷) فعل (۸) انفعال (۹) ملک۔ مفصل کیفیت لفظ مقولات عشر میں دیکھو۔
نُہفت (ف) (۱) نہفتن کا ماضی۔ پوشیدہ کیا۔ چھپایا (۲) پوشیدہ۔ چھپایا ہوا۔ (۳) وہ دفینہ کی محراب جو دیوار میں یا کونے میں بناتے ہیں (۴) بادشاہوں کی خلوت سرائے (۵) علم موسیقی کا ایک سرود۔
نُہفتن (ف) (۱) چھپنا (۲) چھپانا۔
نُہ قصر
نُہ کاخ } (ف) نو آسمان۔
نَہل (ع) (۱) سیراب ہونا (۲) تشنہ ہونا۔
نَہم (ع) اچھی طرح بھوکا ہونا۔
نُہم (ف) (۱) نواں۔ نویں چیز (۲) نواں حصہ $\frac{1}{9}$
نَمار (ف) (۱) عظیم۔ بزرگ (۲) بہت (۳) مشکل (۴) عجب۔ (۵) ناگاہ۔ دفعتہً۔ اچانک۔ یک بیک۔
نَہمت (ع) (۱) ہمت باندھنا۔ ارادہ کرنا (۲) کسی چیز پر حرص کرنا۔
نُہم چرخ (ف) نواں آسمان۔ عرش۔ فلک اعظم۔
نُہ مُقرنس (ف) نو آسمان۔
نَہنبان (ف) (۱) دیگ کا سرپوش (۲) تنور کا ڈھکنا۔ (۳) سرپوش۔ ڈھکنا۔
نَہنبن (ف) نہنبان کا مخفف۔
نہنبیدہ (ف) نہاں بودہ کا بگاڑ۔ پوشیدہ بات۔ ہر پوشیدہ چیز۔ دفینہ۔
نَہنگ (ف) (۱) مگرمچھ۔ سنسار۔ شیر آبی جو مشہور جانور ہے (۲) مجازاً تلوار (۳) قلم۔
نہنگِ اَجل (ف) موت کا فرشتہ۔
نہنگانِ نیام (ف) میان کی ہوئی تلوار۔
نہنگِ جان سوز
نہنگِ جان سوز
نہنگِ زیرِ نفتان
نہنگِ سیاہ } (ف) تلوار۔
نہنگِ سبز (ف) ہندی تلوار۔ جوہردار شمشیر ہند۔
نہنگِ فلک (ف) (۱) برجِ حوت (۲) برجِ سرطان۔
نہنگِ ہندی (ف) شمشیرِ ہندی۔ ہندوستان کی تلوار۔
نُہ نَہ (ف) ماں۔ والدہ۔
نَہنہت (ع) روکنا۔
نُہود (ع) پستانوں کا اُٹھنا۔ پستانوں کا اُبھرنا۔ عورت کا نارپستان ہونا۔
نُہور (ف) (۱) نظر۔ آنکھ۔ نگاہ (۲) قہر کی نگاہ۔
نُہوض (ع) (۱) اُٹھنا (۲) حرکت کرنا (۳) کوچ کرنا۔ رواں کرنا۔
نہوع (ع) اُنگلی حلق میں ڈال کر زبردستی قے کرنا۔
نہوکت (ع) (۱) دُبلاپن۔ لاغری۔ (۲) گھسنا۔ فرسودگی۔
نَہی (ع) منع کرنا۔ باز رکھنا۔ ممانعت۔
نُہیٰ (ع) نہیہ کی جمع۔ عقل۔ خرد۔
نہیب (ع) لوٹنے والا۔ لٹیرا۔ غارت گر۔
نہیب (ع) نہابِ کا امالہ (۱) ڈر ہیبت۔ خوف (۲) غارت۔ لوٹ (۳) مہیب آواز۔ (۴) عظمت۔
نہیب دادن (ف) ڈرانا۔ دھمکانا۔
نہیدن (ف) (۱) رکھنا (۲) فکر زائل کرنا۔ غم کھانا (۳) مجازاً ڈرنا۔ خوف کھانا۔
نہیق (ع) گدھے کی آواز۔
نہیک (ع) بہادر۔ حد سے گزرنے والا۔ لوگوں پر حملہ کرنیوالا۔ قوی اُونٹ۔ تیز تلوار۔ اچھی عادت کا آدمی۔ شیر۔
نَہیم (ع) لالچی۔ حریص۔
نہی منکر (ع) خلاف شرع باتوں سے منع کرنا اور باز رکھنا۔ نہی بمعنی روکنا۔ منکر بمعنی بُرا کام۔ بُرے کام سے روکنا۔ جیسے امر معروف کے معنی ہیں بھلے کام کا حکم دینا۔
نِہیو (بہ یائے مجہول) (ف) ڈر۔ ہراس۔ خوف۔
نُہیہ (ع) عقل۔ دانش۔ خرد۔

# ن ۔ ی

نَیّ (ع) کچا۔ خام۔
نَے (ف) بانسری۔ بانسلی۔
نے (ف) (۱) کلک۔ قلم (۲) نیشکر۔ گنّا (۳) بانس نرسل۔
نیا (ف) (۱) دادا (۲) نانا (۳) ماموں (۴) بڑا بھائی۔ (۵) عظمت۔ قدر۔
نیاب (ع) ناب کی جمع۔ کچلیاں۔ دانت۔
نیابت (ع) نائب ہونا۔ قائم مقام ہونا۔
نیاح
نیاحت } (ع) نوحہ کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔

**نیارست** (ف) نتوانست۔ نہیں سکا۔

**نیارستن** (ف) نہ سکنا۔

**نیاز** (ف) (۱) احتیاج۔ خواہش۔ حاجت (۲) حاجت مند۔ آرزومند۔ محتاج (۳) میل۔ رغبت (۴) اظہارِ محبت (۵) تحفہ درویش۔

**نیاز داشتن** (ف) کسی چیز کا محتاج ہونا۔ خواہش مند اور ضرورت مند ہونا۔

**نیاز کردن** (ف) التماس کرنا۔ التجا کرنا۔

**نیازمند** } (ف) محتاج۔ حاجت مند۔
**نیازومند** }

**نیازی** (ف) (۱) معشوق۔ محبوب۔ مطلوب (۲) افغانوں کی ایک قوم کا نام۔

**نیازیان** (ف) (۱) عاشقاں (۲) حاجت مند لوگ۔

**نیازیدن** (ف) ارادہ نہ کرنا۔ قصد نہ کرنا (۲) کسی چیز کی طرف ہاتھ نہ بڑھانا۔

**نیاط** (ع) کھونٹی جس پر لٹکایا جائے۔ دل۔

**نیاق** (ع) ناقہ کی جمع۔ اونٹنیاں۔

**نیاگان** (ف) خلافِ قیاس نیا کی جمع۔ باپ یا ماں کی طرف کے بزرگ۔ دادے۔ نانے وغیرہ۔

**نیال** (ف) (۱) ایک بادشاہ کا نام۔

**نیام** (ف) تلوار وغیرہ کا میان۔

**نیام** (ع) نوم کی جمع۔ نیندیں۔ خواب ہا۔

**نیام** (ع) نائم کی جمع۔ خوابیدگان۔ سوئے ہوئے لوگ۔

**نے انبان** (ف) ایک باجا کا نام جو نے اور چمڑے سے بنایا جاتا ہے۔

**نیایش** (ف) (۱) تحسین (۲) آفرین۔ ستائش۔ تعریف (۳) گریہ وزاری سے دُعا۔

**نیایش کردن** (ف) التماس کرنا۔ دُعا کرنا۔ عبادت کرنا۔

**نے لبنت** (ف) چھپر۔

**نیب** (ع) دانت میں چوٹ آنا۔ دانت پر مارنا۔

**نے بنوک دماغ نرسیدن** (ف) کسی کی کھوپڑی میں بات کا نہ سمانا۔

**نیپال** (ف) ہندوستان کے شمال میں ایک مشہور ملک ہے جس کا دارالخلافہ کھٹمنڈو ہے۔

**نے پیچ** (ف) پیچوان حقہ۔

**نیت** (ع) (۱) ارادہ۔ قصد۔ دلی ارادہ۔ دلی خواہش۔ (۲) ارادہ کرنا۔ فارسی میں بلا تشدید بھی آیا ہے۔

**نیت داشتن** } (ف) نیت کرنا۔
**نیت کردن** } ارادہ کرنا۔

**نیچہ** (ف) (۱) نَے کی تصغیر۔ چھوٹی نے (۲) حقہ کا نیچہ۔ حقّہ کی نَے۔

**نیچہ عیاری** (ف) عیار اور رہزن لوگ۔ بانس یا کاغذ کی چھوٹی اور پتلی سی نلی لے کر اُس کے ایک سرے پر بے ہوشی کی دوا رکھ کر کسی سوئے ہوئے مسافر کے ناک کے پاس رکھ کر دوسری طرف سے پھونک مار دیتے ہیں۔ وہ دوائی مسافر کے دماغ میں چڑھ جاتی ہے اور وہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ پھر اُس کا مال اسباب لُوٹ لیتے ہیں۔ اس نلی کو نیچہ عیاری کہتے ہیں۔

**نے در ناخن کردن** (ف) مجرموں کے لیے ایک قسم کی سزا۔

**نیدُلان** (ف) (۱) کابوس جو مشہور بیماری ہے (۲) مرگی۔ صرع۔

**نیر** (ع) جُوا جس میں بیل جوتے جاتے ہیں۔

**نیّر** (ع) مبالغہ کا صیغہ (۱) بہت روشنی دینے والا۔ نہایت روشن (۲) بڑا روشن ستارہ (۳) سُورج (۴) چاند۔

**نیّرِ اصغر** (ع) قمر۔ چاند۔ ماہ۔

**نیّرِ اعظم** } (ع) آفتاب۔ سُورج۔ شمس۔
**نیّرِ اکبر** }

**نیران** (ع) نار کی جمع۔ آتش ہا۔ آگ۔

**نیرنج** (ع) نیرنگ کا معرب۔

**نیرنجات** (ع) نیرنج کی جمع۔

**نیرنگ** (ف) اصل میں نورنگ ہے (۱) جادو۔ طلسم۔ سحر۔ افسون۔ منتر۔ جادوگری (۲) فریب۔ مکر۔ حیلہ (۳) تصویر کا خاکہ (۴) ہر شے کا مادہ (۵) مجازاً عجائب۔

**نیرنگ باز** (ف) فریبی۔ مکار۔ حیلہ گر۔

**نیرنگ بازی** (ف) مکر۔ فریب۔ حیلہ گری۔

**نیرنگ زدن** } (ف) عجیب و غریب بات کرنا۔ طلسم کرنا۔
**نیرنگ کردن** } دھوکا دینا۔

**نیرنگ زمانہ** (ف) زمانے کا افسوں۔ انقلاب روزگار۔

**نیرنگ ساز** (ف) (۱) جادوگر (۲) مکّار۔

**نیرنگ گردون** (ف) دیکھو نیرنگ زمانہ۔

**نیرنگی** (ف) (۱) جادوگری (۲) فریب۔ مکاری (۳) عیّاری۔ چالاکی (۴) تلوّن مزاجی (۵) طلسمات۔ عجائبات۔ تماشا (۶) آرائش۔

**نیرنگیِ زمانہ** (ف) دیکھو نیرنگ زمانہ۔

**نیرو** (ف) قدرت۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔

**نیرو دادن** (ف) قوت دینا۔ مدد دینا۔

**نیرو سنج** (ف) ایک آلہ جس کے ذریعے قوت اور توانائی کو جانچتے ہیں۔

**نیرومند** (ف) زور آور۔ توانا۔ طاقتور۔ قوی۔

**نیروی دریائی** (ف) بحری فورس۔

**نیروی ہوائی** (ف) ایئر فورس۔

**نیرو یافتن** (ف) قوی ہونا۔ غالب آنا۔

**نیریز** (ف) (۱) موسیقی کے ایک شعبہ کا نام (۲) ایک شہر کا نام

جہاں لوہار بہت رہتے ہیں۔

نیّرین (ع) نیّر کا تثنیہ۔ دو روشن ستارے۔ شمس و قمر۔ مہر و ماہ۔ سورج اور چاند۔

نیز (ف) بھی۔

نے زار (ف) نے بمعنی بانس وغیرہ اور زار کلمہ ظرفیت سے مرکب ہے۔ نیستان۔ جنگل۔ نرسل اُگنے کی جگہ۔

نیزک (ف) نیزہ کی تصغیر۔ چھوٹا نیزہ۔

نیزہ
نَیزہ } (ف) بھالا۔ علم۔ نے بمعنی بانس اور زہ کلمہ تصغیر سے مرکب ہے۔ یعنی چھوٹا بانس۔ اور نون کے اُوپر زبر صحیح ہے لیکن مشہور یائے مجہول سے ہے۔

نیزۂ آتشین (ف) طلوع و غروب کے وقت کی سورج کی کرن

نیزۂ آفتاب (ف) سورج کی کرن۔

نیزہ بازی (ف) نیزہ سے وار کرنا۔ مفت خوری۔

نیزہ بلک (ف) آفتاب۔

نیزۂ خطی (ف) (۱) خط یمامہ کے ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کا نیزہ سیدھے پن میں مشہور ہے (۲) بہت سیدھا نیزہ نہایت عمدہ نیزہ۔

نیزہ را پیچ دادن (ف) نیزے کو پھرانا۔ جیسا کہ نیزہ باز نیزہ زنی سے پہلے ہاتھ کھولنے کے لیے نیزے کو سر کے اُوپر گھماتے ہیں۔

نیزہ زدن (ف) مفت کا مال ہاتھ میں لانا۔

نیساری (ف) فوجی سپاہی۔ لشکری۔

نیساریان (ف) نیساری کی جمع۔ سپاہی لوگ۔

نیسان (ع) ساتویں رومی مہینے کا نام جو ہندی کے ماہ چیت اور عیسوی کے ماہ اپریل سے ملتا ہوا ہے اس مہینہ میں سورج برج حمل میں ہوتا ہے اور یہ بہار کا مہینہ ہے۔ اس مہینہ کے مینہ کو بھی نیساں ہی کہتے ہیں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس مہینے کی بارش کے قطروں سے سیپیوں میں موتی بنتے ہیں۔

نیسان (ف) فارسی والے ماہ اپریل کو کہتے ہیں۔

نیسان (ف) مخالفت۔

نیست (ف) (۱) نہیں ہے۔ معدوم۔ نابود۔ ناچیز (۲) عدم۔ نہیں۔

نیستان
نیسان } (ف) وہ جنگل جہاں نے یا نرسل کے درخت ہوں۔

نیست شدن (ف) معدوم ہونا۔ نہ ہونا۔

نیستی (ف) نیست ہونا۔ نابودگی۔ عدم۔ ہستی کی ضد۔

نیسوق (ی) دیکھو نیشوق۔

نیش (ف) (۱) بچھو یا بھڑ وغیرہ کا ڈنک (۲) تلوار۔ خنجر۔ نیزہ۔ چاقو۔ چھری وغیرہ کی نوک (۳) درندوں کے نوک دار دانت۔

نیشاپور (ف) (۱) نے بمعنی شہر اور شاہ پور ایران کے ایک بادشاہ کے نام سے مرکب ہے۔ یعنی شاہ پور کا شہر شاہ پور کا بسایا ہوا شہر۔ خراسان کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں فیروزہ کی کان ہے (۲) موسیقی کے ایک شعبہ کا نام۔

نیشان (ف) نشان کا املا۔ نشان۔

نیش باز کردن (ف) تھوڑا سا مسکرانا۔

نیشتر (ف) نشتر۔ فصد کھولنے کا اوزار۔

نیشتر زدن (ف) نشتر مارنا۔ فصد کھولنا۔

نیش زدن (ف) ڈنک مارنا۔

نیش عقرب (ف) بچھو کا ڈنک۔

نیش زن (ف) طعن و تشنیع والی بات کرنے والا۔

نیش غولی (ف) شیطانی۔ لغو۔ وہمی۔ بے بنیاد۔

نیشکر (ف) گنا۔

نیشوق (ی) آلوچہ۔

نیشو (ف) جس کا منہ ہمیشہ کھلا رہے۔ اور سامنے کے دانت نظر آتے رہیں۔

نیشہ (ف) (۱) نیچہ (۲) بانسری۔

نے عسکر (ف) قلم۔ کلک۔ نے بمعنی کلک اور عسکر ایک شہر کے نام سے مرکب ہے۔ کیونکہ عسکر کا قلم بہت عمدہ ہوتا ہے۔

نیفق (ع) نیفہ کا معرب۔ ازار بند کی جگہ۔

نیفہ (ف) (۱) ازار بند کی جگہ۔ ازار بند ڈالنے کی جگہ (۲) لقچہ۔ (۳) پوستین۔

نیفہ سست کردن (ف) آرام کرنے کے لیے تیار ہونا۔

نیک (ت) نیا۔

نیک (ع) (۱) جماع (۲) جماع کرنا۔

نیک (ف) (۱) خوب۔ اچھا۔ بھلا (۲) بہت۔ بسیار۔ زیادہ۔

نیک آموز (ف) واعظ۔

نیک اختر (ف) خوش نصیب۔

نیک انجام (ف) جس کا انجام اچھا ہو۔

نیک اندیش (ف) بھلا سوچنے والا۔

نیک چری (ف) ترکی میں نیک بمعنی نیا اور چری بمعنی سپاہی یعنی (۱) نیا سپاہی۔ رنگروٹ (۲) مطلق سپاہی۔

نیکچریاں (ت) نیکچری کی جمع (۱) نئے سپاہی۔ رنگروٹ۔ نئی فوج (۲) لشکر۔ سپاہ۔ فوج۔

نیک بخت (ف) خوش نصیب۔

نیک خواہ (ف) خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔

نیک روز (ف) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

نیک فرجام (ف) نیک انجام۔

نیک کشیدن (ف) بیٹھے ہوئے آدمی کی تصویر۔

نیکل (ع) نکل کا معرب جو مشہور دھات ہے۔

نیک محضر (ف) (۱) وہ شخص جو آگے پیچھے لوگوں کو بھلائی سے یاد کرے (۲) نیک حضور۔ وہ شخص جس کا سامنے

آنا اچھا شگون سمجھا جائے (۳) نیک خصلت (۴) خوبصورت۔

**نیک نفس** (ف) نیک خصلت۔

**نیک منظر** (ف) خوبصورت۔

**نیک نام** (ف) وہ شخص جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔

**نیک نامی** (ف) شہرت۔ ناموری۔

**نیک نہاد** (ف) پاک طینت۔ نیک سیرت۔

**نیک نیت** (ف) نیک خیال۔ وہ شخص جس کی نیت میں فتور نہ ہو۔

**نیکو** (ف) خوب۔ اچھا۔

**نیک و بد** (ف) بھلا بُرا۔ بُرائی بھلائی۔

**نیکو شمائل** (ف) نیک خصلت۔

**نیکو گفت** (ف) (بہ اضافت مقلوبی) تعریف۔ ثنا۔ آفرین۔ تحسین۔

**نیکوئی** / **نیکی** (ف) خوبی۔ بھلائی۔

**نیکی کردن و در آب انداختن** (ف) نیکی کر دریا میں ڈال۔ بغیر عوض کے توقع کے کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔

**نیل** (ع) (۱) حاصل کرنا۔ پانا (۲) پہنچنا۔

**نیل** (ع) برّ اعظم افریقہ کے ایک مشہور دریا کا نام جو ملک مصر سے گزرتا ہے۔

**نیل** (ف) (۱) نیلا رنگ جو وسمہ کے پودے سے حاصل ہوتا ہے (۲) جلا ہوا سپند جس کا ٹیکا بچوں کی پیشانی پر اس لیے لگاتے ہیں کہ نظر بد سے محفوظ رہے۔

**نیل بر چہرہ مالیدن** (ف) رُو سیاہ کرنا۔ رحمت سے محروم رکھنا۔

**نیل بزبان رفتن** / **نیل بزبان گرفتن** (ف) نیل کا مٹکا۔ بگڑنا۔ یعنی غیر ممکن امر کو شہرت دینا۔

**نیل پر** (ف) نیلوفر۔

**نیل چشم بد** / **نیل چشم زخم** (ف) وہ سیاہ داغ جو نظر بد سے محفوظ رہنے کے لیے بچوں کی پیشانی پر لگاتے ہیں۔

**نیل خم آسمان** (ف) آسمانی نحوست۔

**نیل رُام** (ف) برف۔ اولے اور بارش کے موکل فرشتہ کا نام۔

**نیل زدن** (ف) نیلا رنگ کرنا۔

**نیل فام** (ف) نیلے رنگ کا۔

**نیل فر** (ف) نیلوفر۔

**نیل فلک** (ف) آسمانی نحوست۔

**نیلک** (ف) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**نیل کشیدن** (ف) (۱) گودنا (۲) گدانا۔ جسم پر خال گدنا یا گدانا (۳) جسم کو داغنا۔ گل کھانا۔

**نیل گاؤ** (ف) نیل گائے۔ نیلسر ایک قسم کا جنگلی چوپایہ جو گائے سے کچھ کچھ ملتا ہے۔

**نیلگری کردن** (ف) سبزہ اُگانا۔

**نیلگون** (ف) نیلا رنگ۔ بعض سیاہ اور سبز رنگ کو بھی کہہ دیتے ہیں۔

**نیلگون پردہا** / **نیلگون خیام** / **نیلگون وطا** (ف) آسمان۔

**نیلم** (ف) نیلے رنگ کا ایک قیمتی جواہر۔

**نیلوبر** / **نیلوبرگ** / **نیلوپل** / **نیلوفر** / **نیلوفل** (ف) کنول کا پھول۔ ایک مشہور پھول جو پانی میں اُگتا ہے۔ اور بطور دوا کام آتا ہے۔

**نیلہ** (ف) (۱) ہر نیلی شے (۲) نیلا گھوڑا (۳) نیل گائے۔

**نیلی** (ف) نیلا۔ نیلے رنگ کا۔

**نیلی بحر** / **نیلی پردہ** / **نیلی پردہا** (ف) آسمان۔

**نیلی شق** (ف) (۱) آسمان (۲) نیلا پردہ۔

**نیلی حقہ** / **نیلی دوائر** (ف) آسمان۔

**نیم** (ف) نصف۔ آدھا۔

**نیما نیم** (ف) آدھا آدھا۔ دو برابر حصوں میں۔

**نیم آدمی** (ف) عورت کیونکہ شرعی مقدمات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہوتی ہے۔

**نیم آشکنی** (ف) نیم شکری۔ ایک مٹھائی ہے۔

**نیم باز** (ف) (۱) آدھی کھلی آدھی بند۔ نشیلی۔ مخمور (۲) غنچہ۔ پھول جو ابھی کھلا نہ ہو۔

**نیم بر** (ف) کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

**نیم برشت** (ف) آدھ بھنا۔ آدھ پکا۔ آدھ کچرا۔

**نیم بسمل** (۲) آدھا گھائل۔

**نیم پختہ** (ف) نصف اُبلا ہوا۔

**نیم تاج** (ف) ایک قسم کا تاج جو دیبا سے بُنا ہوا اور جواہر سے جڑا ہوا ہوتا ہے۔

**نیم تخت** (ف) آرام چوکی۔ آرام کرسی۔

**نیم ترک** (ف) آہنی ٹوپی۔ خود۔

**نیم تسلیم** (ف) خم ہو کر ناف تک ہاتھ پہنچانا تعظیم کے لیے جھکنا۔

نیم تنہ (ف) صدری۔ واسکٹ۔
نیم تہ کردن (ف) کمر سے پکڑ کر دے مارنا۔
نیم جان (ف) (۱) آدھ مُوا۔ نیم مُردہ (۲) عاشق۔
نیم جوش (ف) آدھا جوش دیا ہوا۔ آدھا اُبالا ہوا۔
نیم چرخ (ف) ایک قسم کی کمان۔
نیمچہ (ف) (۱) چھوٹی تلوار (۲) چھوٹی بندوق (۳) چھوٹا کپڑا (۴) بالاپوش۔
نیم حکیم (ف) ناکامل طبیب۔
نیم حکیم خطرۂ جان (ف) جو طبیب نااہل ہو اس سے صحت کے بجائے نقصان کا زیادہ احتمال ہوتا ہے۔
نیم خیمہ (ف) شونز۔ لف بوٹ۔
نیم خانہ (ف) (۱) گنبد (۲) آسمان۔
نیم خانۂ مینا (ف) آسمان۔
نیم خند (ف) لب خند۔ مسکراہٹ۔
نیم خواب (ف) ہلکی نیند۔
نیم خوردہ (ف) جھوٹا کھانا۔
نیم خوردہ سگ ہم سگ را شاید (ف) ناپاک چیز ناپاک کو ہی زیب دیتی ہے۔
نیم خیز (ف) کسی کی تعظیم یا احترام کے لیے تھوڑا سا اُٹھنا۔
نیم دائرہ (ف) قوس۔ کمان۔
نیم دست (ف) چھوٹی مسند۔
نیم راست (ف) ایک پردۂ موسیقی کا نام۔
نیم رخ (ف) ایک رُخی تصویر۔
نیم رس (ف) (۱) شراب۔ پھل۔ سبزہ وغیرہ جو ابھی پختہ نہ ہوا ہو۔ (۲) پرندہ جس کے پر ابھی اڑنے کے قابل نہ ہوئے ہوں۔
نیم رہ (ف) آدھی راہ۔ بے وفا دوست۔
نیم رنگ (ف) ناقص رنگ۔ اُڑا ہوا رنگ۔ ناتمام رنگ۔ پھیکا رنگ۔ ہلکا رنگ۔
نیم رو خاکی (ف) اصطلاحًا رخسار سے کا ایک پہلو زمین پر رکھنا۔
نیم روز (ف) (۱) دوپہر کا وقت۔ دوپہر (۲) ملک سیستان۔ زابلستان۔
نیمروزہ (ف) (۱) دوپہر کا وقت (۲) موسیقی کے ایک پردہ کا نام۔
نیم زبان (ف) جو شخص ادب۔ حیا یا خوف کے باعث بات پوری نہ کر سکے۔
نیم سفتہ (ف) سخن ناتمام۔
نیم سوز خر (ف) حبشی۔
نیم سیر (ف) آدھا پیٹ بھرا۔ آدھ رجا۔
نیم شب (ف) آدھی رات کا وقت۔
نیم قد (ف) کوتاہ قد۔
نیم کار (ف) (۱) ناقص۔ ناتمام (۲) مزدور (۳) دوسرے کی آواز پر کام کرنے والا۔

نیم کارہ (ف) (۱) ناتمام۔ ناقص (۲) مزدور (۳) شاگرد (۴) ناکام۔
نیم کاسہ در زیر کاسہ داشتن (ف) مکر و حیلہ کرنا۔
نیمکت (ف) صوفہ۔ کوچ۔ بنچ۔
نیم کرہ (ف) نصف کرہ۔
نیم کش (ف) آدھا اندر اور آدھا باہر۔ وہ تلوار یا تیر جو پورا باہر نہ کھینچا گیا ہو۔
نیم کلہ (ف) دیکھو نیم کارہ۔
نیم گرم (ف) جو مکمل طور پر گرم نہ ہو۔ شیر گرم۔
نیم لک (ف) چلکی۔
نیم لنگ (ف) (۱) کمان کی قربان جس میں کمان رکھ کر اُسے باندھتے ہیں۔ (۲) کمان۔
نیم مُردہ (ف) نیم جان۔ ادھورا۔
نیم مست (ف) (۱) آدھا مست (۲) مست۔ بے خبر۔
نیمہ (ف) (۱) نصف آدھا (۲) ادھورا (۳) جانب۔ طرف (۴) برقع جو منہ پر ڈالا جاتا ہے (۵) جامۂ کوتاہ کی ایک قسم (۶) معماروں کا آدھا گز۔
نیمہ قندیل (ف) ہلال۔ ماہِ نو۔ نیا چاند۔
نیم ہلال (ف) معشوق کا لب۔
نینوا (ع) دیکھو اینوا۔
نے نواز (ف) بانسری بجانے والا۔
نینوئے (ع) ایک مشہور شہر کا نام جہاں حضرت یونس علیہ السلام مبعوث ہوئے تھے۔ یہ سلطنت اسور کا پایہ تخت اور بڑا زرخیز اور وسیع شہر تھا۔ اس کی شہر پناہ تین منزل کی راہ تھی۔
نے نے (ف) نہیں نہیں۔
نیو (ف) بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ پہلوان۔
نیواد (ف) شجاعت۔ دلیری۔
نیوار (ف) جوّ۔ خلا۔ آکاس۔ زمین اور آسمان کا درمیانی خلا۔
نیوباردن / نیوباریدن (ف) نہ پُر کرنا۔ نہ بھرنا۔ اصل میں نہ او باریدن ہے۔ باریدن بمعنی بھرنا۔
نیوشش (ف) بروزن پیشکش۔ جماع کرنا۔ مجامعت کرنا۔
نیوتور (ف) تجبر۔ غرور۔
نیور (ف) کائنات۔
نیوراد (ف) انتظام۔
نیور نیوار (ف) کائنات۔ جوّ۔ خلا۔
نیوسا (ف) بے زوال۔ ہمیشہ رہنے والا۔
نیوش (ف) (۱) امر کا صیغہ بمعنی سُن (۲) اسم کے ساتھ مرکب ہو کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے حق نیوش۔
نیوشا (ف) سننے والا۔

نیوشہ (ف) سخن چین۔
نیوشیدن (ف) (۱) سننا (۲) طلب کرنا۔ ڈھونڈنا۔
نیوہ (ف) نوحہ۔ نالہ۔

نیین (ف) منسوب بہ نے۔ نے کا۔ نرکل کی چیز اور خانہ نیین یعنی چھپر۔

٭

# و

و - فارسی حروفِ تہجی کا بتیسواں اور عربی کا چھبیسواں حرف بحساب جمل اس کے چھ عدد مقرر ہیں۔

و (ع) (۱) حرف عطف۔ اور جیسے جان و دل (۲) حرف قسمیہ جیسے واللہ۔ علاوہ ازیں مختلف موقعوں پر مختلف معنی دیتا ہے۔

## و - ا

وا (ع) حرف ندا اور نُدبہ کے لیے مخصوص ہے۔ جیسے وازیدہ۔

وا (ف) (۱) کھلا کشادہ۔ کھلا ہوا (۲) علیحدہ۔ جُدا۔ الگ۔ (۳) پھر۔ ساتھ (۴) واسطے۔ واو بلا (۵) ایک قسم کا آش۔

وا اُفتادن (ف) لیٹ رہنا۔

وا ایستادن (ف) ٹھہرنا۔

واب (ع) بڑا پیالہ شرمانا۔

وابا (ف) قوتِ فہم۔ سمجھنے کی قوت۔

وابہ (ع) گہرا اور چوڑا کنواں۔

وابُردن (ف) روٹی پکانے کے لیے خمیر کو چوڑا کرنا۔

وابستگان (ف) وابستہ کی جمع۔ ایک گھر کے متعلق لوگ۔ رشتہ دار۔

وابستن (ف) باندھنا۔

وابستہ (ف) (۱) بندھا ہوا (۲) رشتہ دار۔ عزیز۔ (۳) متعلق۔

وابستہ مطبوعات (ف) پریس اتاشی۔

وابل (ع) بڑی بڑی بوندوں کا مینہ۔ موسلا دھار بارش (۲) سخی آدمی (۳) عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔

وابلہ (ع) بازو۔

وابُو (ف) دُخانی جہاز۔

وابُور (ع) سٹیم انجن (۲) سٹیمر۔

وابُور البحر (ع) سٹیمر۔ دخانی جہاز۔

وابور البَرّ (ع) ٹرین۔ ریل گاڑی۔

وابوسیدن (ف) منہ پھیرنا۔ اعراض کرنا۔ انکار کرنا۔

وابین کردن (ف) جانچنا۔ معائنہ کرنا۔

واپس (ف) (۱) ہٹا ہوا۔ پھرا ہوا۔ لوٹا ہوا (۲) باز۔ پس۔ پیچھے۔

واپس دادن (ف) لوٹانا۔

واپس گرفتن (ف) واپس لینا۔

واپسیں (ف) پچھلا۔ اخیر۔ آخریں۔

واپور (ف) جہاز۔

وات (ف) (۱) سخن۔ کلام۔ بات (۲) پوستیں (۳) ندی۔

واتر (ف) دُور تر۔ بہت دُور۔

وات گر (ف) پوستین دوز۔ پوستین بنانے والا (۲) شاعر۔ (۳) قصہ خوان (۴) ایک نالہ کا نام۔

واتمہ (ف) بہت دُور۔

واتن (ع) ایک جگہ پڑا رہنے والا۔

واثق (ع) مضبوط۔ استوار۔ پختہ۔

واثق بودن (ف) قطعی ہونا۔ استوار ہونا۔ مطمئن ہونا۔

واثق باللہ (ع) ایک عباسی خلیفہ کا نام۔ جو بڑا علم دوست۔ حکماء کا قدردان۔ سخی اور عمارات و زراعت کی ترقی کا شائق تھا۔ ۲۲۸ھ سے ۲۳۳ھ تک حکمران رہا۔

واج (ف) (۱) گفتن کے امر کا ہم معنی۔ کہ۔ بگو (۲) پرسش۔ پوچھ گچھ۔

**واجار** (ف) بازار۔

**واجب** (ع) (۱) دائم۔ ہمیشہ۔ سدا (۲) لازم۔ ضروری (۳) سزاوار ہونے والا (۴) اللہ تعالےٰ۔ وہ جو اپنے وجود اور بقا میں دوسرے کا محتاج نہ ہو۔

**واجبات** (ع) واجب کی جمع۔

**واجبات نماز** (ف) ارکان و لوازم نماز۔

**واجب الادا** (ع) وہ رقم جس کا ادا کرنا بہت ضروری ہو۔

**واجب الاظہار** (ع) بیان کرنے کے لائق۔

**واجب التسلیم** (ع) (۱) ماننے کے لائق (۲) مانا ہوا۔

**واجب التعزیر** (ع) سزا کے لائق۔

**واجب التعظیم** (ع) عزت کے لائق۔ بزرگ۔ مانا ہوا۔

**واجب الرحم** (ع) رحم کے قابل۔

**واجب الرعایت** (ع) قابل معافی۔

**واجب الزیارت** (ع) دیکھنے یا ملاقات کرنے کے قابل۔

**واجب الطلب** (ع) وصول کرنے کے قابل۔

**واجب العرض** (ع) (۱) قابل عرض (۲) تحریری اظہار۔

**واجب القتل** (ع) قتل کرنے کے قابل۔

**واجب القتل بودن** (ف) جس کا قتل کیا جانا واجب ہو۔

**واجب الوجود** (ع) وہ ذات جس کا ہونا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ۔

**واجب الوصول** (ع) قابل وصول۔

**واجب و لازم** (ع) ضروری اور فرض۔

**واجب شرعیہ** (ع) شرع کے واجبات۔ شریعت کے ضروری مسائل جو ہر مسلمان کے لیے لابُد اور ضروری ہیں۔

**واجبی** (ف) (۱) وہ بات جو واجب یعنی نہایت درست ہو۔ ٹھیک۔ بجا۔ معقول (۲) ضروری۔ لازمی۔ لابُد۔ (۳) مناسب۔ لائق۔ سزاوار (۴) روزینہ۔ وظیفہ۔

**واجد** (ع) (۱) پانے والا (۲) وجد دینے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔

**واجد بودن** (ف) قبضے میں رکھنا۔

**واجستن** (ف) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ بہت تلاش کرنا۔

**واجف** (ع) جس کا دل دھڑکتا ہو۔ لرزندہ۔

**واجر شدن** (ف) اُونگھ جانا۔

**واچیدن** (ف) (۱) چُننا (۲) چُگنا۔

**واح** (ف) نخلستان۔

**واحات** (ع) واحت کی جمع۔

**واحت** (ع) نخلستان۔

**واحد** (ع) ایک۔ یگانہ۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔

**واحد العین** (ع) ایک آنکھ والا۔ کانا۔

**واحدانیت** (ع) اللہ تعالےٰ کو ایک جاننا۔ اور کسی کو اس کی قدرت میں شریک نہ ماننا۔

**واحسرتا** (ع) ہے ہے۔ ہائے افسوس۔ حیف۔

**واخ** (ف) (۱) وہ لمان جو بغین کے قریب ہو (۲) تعجب (۳) درست (۴) خوب۔ واہ وا۔

**واخریدان** (ف) (۱) خریدنا (۲) سب کے سامنے خریدنا۔ نیلام میں مول لینا۔

**واخواست** (ف) (۱) بازخواست۔ مطالبہ (۲) حساب لینا

**واخواست کردن** (ف) بازپرس کرنا۔ اعتراض کرنا۔

**واخواندن** (ف) دوبارہ پڑھنا یا پڑھ کے سُنانا۔

**واخواہ** (ف) معترض۔ احتجاج کرنے والا۔

**واخواہی** (ف) اعتراض۔ اپیل۔ احتجاج۔

**واخوردن** (ف) (۱) ملاقات کرنا (۲) کسی کو مار کر آپ بھی چوٹ یا ضرب کھانا۔

**واخیدن** (ف) (۱) دُھنکنا۔ رُوئی وغیرہ دھنکنا (۲) جُدا ہونا۔ ایک دُوسرے سے جُدائی کرنا۔

**واد** (ف) (۱) باد ہوا (۲) بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔

**واُد** (ع) زندہ درگور۔

**واادن** (ف) (۱) واپس دینا (۲) سب کے سامنے دینا۔

**وادار کردن** (ف) ترغیب دینا۔ آمادہ کرنا۔ اُکسانا۔

**واداشتن** (ف) زندہ رکھنا۔

**وادع** (ع) وداع کرنے والا۔ رخصت کرنے والا۔

**وادہ** (ف) (۱) ہر چیز کی بنا۔ اصل (۲) ذہنی تعریف میں تشریح کیا ہوا

**وادشاد** (ف) ہبہ۔ عطیہ۔ انعام۔

**وادنگ کردن** (ف) قول و قرار کو توڑ دینا۔

**وادی** (ع) پہاڑیوں اور ٹیلوں کے درمیان کھلا راستہ (۲) پست اور ہموار زمین جہاں درخت کم ہوں۔ اور اس پر دریا کی طغیانی کا پانی پھر آ سے (۳) صحرا۔ جنگل۔ بیابان (۴) پانی کا نالہ۔ پانی کی نالی (۵) مجازاً مقدمہ۔ معاملہ۔

**وادیٔ ایمن** (ع) وہ جنگل جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے درخت کے اُوپر اللہ تعالےٰ کا نور دیکھا تھا۔ چونکہ یہ جنگل کوہِ طور کی داہنی جانب ہے اس لیے اسے ایمن کہتے ہیں۔

**وادبان** (ف) بادبان۔ سولف۔ جو مشہور شے ہے۔

**وادیدن** (ف) دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔

**وادیٔ عروس** (ع) ایک جنگل کا نام جو مکہ معظمہ کی راہ میں ہے۔

**وادیٔ مجنون** (ع) وہ بیابان جس میں مجنون یعنی قیس عامری پڑا رہتا تھا۔

**وار** (ف) (۱) طرز۔ روش (۲) مشابہ۔ مانند (۳) نوبت۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ باری (۴) لائق (۵) رسم۔ دستور۔ عادت (۶) مقدار (۷) بوجھ۔ (۸) صاحب خداوند (۹) مہر۔ محبت۔

**وارث** (ع) میراث پانے والا۔

**وارث تاج و نگین** (ف) ولی عہد۔ شاہزادہ

**وارث داؤد** (ع) حضرت سلیمان علیہ السلام۔

وارفر (ف) کاہل آدمی۔ سُست آدمی۔

وارِد (ع) (۱) آنے والا (۲) قاصد (۳) محصول

وارِد شُدن (ف) داخل ہونا۔

وارِدات (ع) وارِد کی جمع۔ وہ حال جو آدمی پر گزرے۔ واقعہ۔ حادثہ۔

وارذن (ف) رُوئی اُونٹنے کا بیلن۔ رُوئی بیلنے کا بیلنا۔

وارستگی (ف) (۱) آزادی۔ بے فکری (۲) فارغ البالی۔

وارستہ (ف) آزاد۔ فارغ البال۔

وارستہ مزاج (ف) آزاد مزاج۔ آوارہ۔ بے پرواہ۔

وارسی کردن (ف) تحقیق کرنا۔ تفتیش کرنا۔ ... چھان بین کرنا۔

وارسیدن (ف) (۱) پانا۔ خبر پانا (۲) پہنچنا۔

وارغ (ع) لکڑی اور مٹی وغیرہ کا بند جو پانی کے آگے باندھا جاتا ہے۔ (۲) لحیم یعنی وہ شے جس سے سونا چاندی میں ٹانکا لگاتے ہیں۔

وارفتگی (ف) (۱) پشیمان ہونا (۲) مضمحل ہونا (۳) گداز بن۔

وارفتن (ف) (۱) جانا (۲) چھوٹ جانا۔

وارفتہ (ف) (۱) مضمحل۔ تھکا ہوا۔ ... (۲) ... (۳) ... آپے سے باہر۔

وارن / وارنج } (ف) کہنی۔ مرفق

وارُون / وارُونہ } (ف) اُلٹا۔ معکوس ...

وارہ (ف) دیکھو وار۔

واز (ف) ظاہر۔ کھلا ہوا۔

وازدن (ف) واپس کر دینا۔

وازِر (ع) گناہوں کا ذمہ دار۔ بوجھ اُٹھانے والا۔

وازع (ع) (۱) روکنے والا (۲) لشکر کا سردار (۳) حاکم۔ سلطان۔

وَاژُون (ف) اُلٹا۔ معکوس۔ اوندھا (۲) شوم۔ نامبارک

واژ (ف) باج۔ خراج۔

واژگون / واژگونہ } (ف) (۱) برگشتہ۔ اُلٹا (۲) منحوس۔ نامبارک۔

واژول (ف) واژگوں کا مخفف۔

واژول بخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔

واژونہ (ف) واژگونہ کا مخفف۔

واژہ (ف) ژند پاژند کی زبان میں کلمہ کو کہتے ہیں۔

واس (ف) گیہوں کا خوشہ۔ بال۔

واسرنگیدن (ف) منہ موڑ لینا۔ منہ پھیر لینا

واسطہ (ع) (۱) درمیانی۔ درمیان والا۔ بیچ والی (۲) قاصد۔ ایلچی۔ سفیر (۳) مجازاً تعلق۔ لگاؤ۔

واسطہ (ع) ایک شہر کا نام جو بغداد اور بصرہ کے درمیان ہے۔ اور اس جگہ کا قلم مشہور ہے (۲) اور چار قصبوں کا بھی نام ہے۔

واسطۃُ العِقد (ع) موتیوں کے ہار میں سب سے بڑا اور بیش قیمت موتی جو درمیان میں ہوتا ہے۔

واسطہ عقدُ النّبیین (ع) تمام نبیوں کا امام یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

واسطۂ عقد نجوم (ع) آفتاب۔

واسطی (ع) منسوب بہ واسطہ شہر (۱) شہر واسطہ کا رہنے والا۔ (۲) واسطہ کا قلم جو مشہور ہے۔

واسع (ع) (۱) وسیع۔ پھیلنے والا۔ (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

واسِق (ع) حاملہ اُونٹنی۔ اس کی جمع واسقات آتی ہے۔

والسّلام (ع) اور سلام پہنچے۔

واسوخت (ف) (۱) تنفّر۔ بیزاری۔ رُوگردانی۔ اعراض (۲) وہ اشعار جو بطور مسدس لکھے جاتے ہیں اور ان میں معشوق کی شکایت اور عشق کی بُرائی اور آئندہ کے لیے اپنی بیزاری اور بے پروائی کا اظہار کیا جاتا ہے۔

واسوختگی (ف) سوختگی۔ جلن۔

واسوختن (ف) معشوق سے بیزار ہونا اور اعراض کرنا۔ عشق چھوڑ بیٹھنا۔

واشامہ (ف) عورتوں کی اوڑھنی۔ دوپٹہ۔

واشجہ (ع) تعلق۔ لگاؤ۔ رشتہ داری۔ قرابت۔

واشُدن (ف) (۱) کھلنا۔ شگفتہ ہونا (۲) جُدا ہونا۔ تکلیف سے نکلنا۔

واشمہ (ع) وہ عورت جو دُوسری عورتوں کے ہاتھ پاؤں پر سوئی سے نشان گودتی ہے۔

واشنگٹن (ع) واشنگٹن کا معرب جو ممالک متحدہ امریکہ کا پایۂ تخت ہے۔

واشہ (ف) باشہ جو مشہور شکاری پرندہ ہے۔

واشی (ع) (۱) جھوٹا۔ دروغ گو (۲) چغل خور۔

واصِب (ع) لازم ہونے والا۔ ہمیشہ۔ واجب۔

واصِف (ع) وصف کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔

واصفی (ف) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا نام جس نے ہرات میں پرورش پائی تھی۔

واصل (ع) وصل کرنے والا۔ ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔ ملا ہوا۔ وصول ہونے والا۔

واصلات (ع) واصل کی جمع۔

واصل باقی (ع) وصول شدہ اور باقی رقم۔

واصل باقی نویس (ف) تحصیل کا وہ عہدہ دار جس کے پاس وصول اور باقی کا حساب ہوتا ہے۔

**واصلہ** (ع) اپنے بالوں میں دوسرے کے بال جوڑ کر لمبا کرنے والی عورت ۔ جوڑ لگانے والی اور بالوں کو رنگوانے والی عورت بالوں کی وِگ استعمال کرنے والی نقلی بال لگانے والی ۔

**واضح** (ع) آشکارا ۔ ظاہر ۔ روشن ۔ کھلا ہوا ۔

**واضحہ** (ع) ہنستے وقت ظاہر ہونے والے دانت ۔

**واضع** (ع) (۱) رکھنے والا (۲) کسی چیز کو اس کی جگہ پر رکھنے والا (۲) وضع کرنیوالا ۔ ترتیب دینے والا (۳) بنانے والا ۔ پیدا کرنیوالا ۔

**واضع چار کتاب** (ف) اللہ تعالےٰ نے زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر ۔ توریت حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ۔ انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور قرآن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا ۔

**واضع قانون** (ع) قانون بنانے والا ۔

**واضعین** (ع) واضع کی جمع ۔

**واضعین قانون** (ع) قانون بنانے والے ۔

**واعجبا** }
**واعجباہ** } (ع) مقام افسوس پر کہتے ہیں ۔ یعنی اے عجب ! جیسے واحسرتا ۔

**واعد** (ع) وعدہ کرنے والا ۔ اقرار کرنے والا ۔

**واعظ** (ع) وعظ کرنے والا ۔ نصیحت کرنے والا ۔ ناصح ۔

**واعظان** (ف) واعظ کی جمع ۔ نصیحت کرنے والے ۔ وعظ کرنے والے ۔ سمجھانے والے ۔ مبلغ لوگ ۔

**واعی** (ع) (۱) نگاہ رکھنے والا ۔ نگہبان (۲) یاد رکھنے والا (۳) فریاد کرنے والا ۔

**واعیہ** (ع) واعی کی تانیث (۱) نگاہ رکھنے والی ۔ نگہبان عورت ۔ (۲) حافظہ یاد رکھنے والی (۳) فریاد کرنے والی ۔

**واف** (ف) (۱) خوانندہ (۲) بلبل ۔

**وافد** (ع) (۱) قاصد ۔ کسی کے پاس پیغام لے کر جانے والا ۔ (۲) شتر سوار ۔

**وافر** (ع) کثیر ۔ بہت ۔ زائد ۔

**وافورکشیدن** (ف) چرس پینا ۔

**وافوری** (ف) چرسی ۔ افیونی ۔ بھنگ پینے والا

**وافی** (ع) تمام ۔ پورا ۔ کامل ۔

**وافی الحسب** (ع) وہ شخص جو دین ۔ مال اور علم اور دیگر کمالات میں کامل شرف رکھتا ہو ۔

**واق** (ع) واک کا معرب ۔ دیکھو واک ۔

**واقد** (ع) آگ روشن کرنے والا ۔

**واقصہ** (ع) راہ مکہ معظمہ میں ایک منزل کا نام ۔

**واقع** (ع) (۱) ہونے والا ۔ حادث ہونے والا (۲) گرنے والا ۔ (۳) ٹھیک ۔ سچ ۔ درست ۔

**واقعاً** (ع) حقیقتاً ۔ دراصل ۔

**واقعات** (ع) واقع کی جمع ۔

**واقع شدن** (ع) (۱) واقع ہونا ۔ کسی امر کا ظاہر ہونا (۲) ناچار ہونا ۔

**واقع نگار** (ف) واقع لکھنے والا ۔ حالات لکھنے والا ۔ اخبار نویس ۔

**واقعہ** (ع) (۱) خواب ۔ سپنا (۲) جنگ ۔ لڑائی (۳) حادثہ سختی (۴) قیامت ۔ مرنا ۔ موت (۵) حال (۶) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام ۔

**واقعہ دیدہ** (ف) تجربہ کار ۔

**واقعہ طلب** (ف) مفسد ۔ لڑاکا ۔ جنگجو ۔

**واقعہ نگار** (ف) دیکھو ۔ واقع نگار ۔

**واقعی** (ع) واقع کے مطابق ۔ درست ۔ صحیح ۔ ٹھیک

**واقعیت داشتن** (ف) وقوع پذیر ہونا ۔ واقع ہونا ۔

**واقف** (ع) کھڑا ہونے والا (۲) جاننے والا ۔ خبردار ۔ آگاہ ۔

**واقف الحال** }
**واقف حال** } (ع) حال احوال سے واقف ۔ راز داں ۔

**واقف باش** (ف) خبردار رہو ۔ ہوش کرو ۔

**واقف کار** (ف) کام جاننے والا ۔ تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ

**واقف گشتن از چیزے** (ف) کسی چیز سے خبردار ہونا ۔ مطلع ہونا ۔

**واقفیت** (ع) جان پہچان ۔ علم ۔ آگاہی ۔

**واقفین** (ع) واقف کی جمع ۔

**واقی** (ع) (۱) نگاہ رکھنے والا ۔ بچانے والا ۔ حفاظت کرنے والا (۲) پرہیز کرنے والا ۔ ڈرنے والا ۔

**واک** (ف) ایک نیلے رنگ کے پرندہ کا نام جو دریا کے کنارے رہتا ہے ۔

**واکردن** (ف) کھول دینا ۔ فارغ کرنا (۲) کاٹنا ۔ جدا ہونا ۔

**واکس** (ف) بوٹ پالش ۔

**واکس زدن** (ف) پالش کرنا ۔ روغن کرنا ۔

**واکنش** (ف) رد عمل ۔

**واکشیدن** (ف) (۱) کمان وغیرہ کا خوب کھینچنا (۲) حیلہ یا زبردستی سے کوئی چیز لینا (۳) پھیلنا ۔ لیٹنا ۔ لمبا پڑ جانا ۔

**واکشیدن چیزے را** (ف) کسی شے کو حیلہ یا زبردستی سے حاصل کرنا ۔

**واگرفتن** (ف) (۱) واپس لینا (۲) چھین لینا (۳) ہٹا لینا ۔

**واگرنہ** (ف) ورنہ ۔ اور نہیں تو ۔

**واگون** (ف) ویگن کا مفرس ۔ چار پہیہ کی گاڑی ۔ چھت والی گاڑی ۔ بگی ۔

**واگویہ** (ف) سنی ہوئی بات کا دہرانا ۔ چرچا ۔ لفنگ ۔

**واگیر** (ف) کشتی پہلوانی کی ایک طرح کی ورزش کا نام ۔

**واگیرائی** (ف) انحراف ۔

**واگیرہ کردن** (ف) چھوت سے بیماری کا لگ جانا ۔

**وال** (ع) (۱) پناہ (۲) پناہ لینا ۔

**وال** (ف) ایک قسم کی مچھلی جس کا چھلکا بھی ہوتا ہے

والا (ف) (۱) قدر - مرتبہ - بزرگی (۲) بلند - بزرگ (۳) قد و قامت -
(۴) مکان کی چھت (۵) دیوار کا ردا (۶) ایک قسم کا
ریشمی کپڑا۔
وَالّا (ع) اور نہیں تو - اور جو نہیں -
والا جاہ (ف) بلند مرتبہ -
والا حضرت (ف) شاہی خاندان کا لقب -
والاد (ف) (۱) سقف - چھت (۲) گنبد (۳) قالب - طاق (۴)
دیوار کا ردا (۵) عمارت -
والادگر (ف) راج - معمار - دیوار بنانے والا -
والّا فلا (ع) اگر نہیں تو خیر -
والان (ف) بادیان - سونف -
والانہ (ف) گھاؤ - ریش - زخم
والد (ع) باپ - پتا - جننے والا -
والدہ (ع) ماں - مادر - ماتا - جننے والی -
والدین (ع) ماں اور باپ -
والغور کی (مب) روس کے ایک سفیر کا نام جو ایران میں
متعین تھا -
والغونہ (ف) گلگونہ - غازہ -
والگا (ف) یورپی روس کے ایک دریا کا نام -
وال گونہ (ف) غازہ - گلگونہ - ابٹنا -
والمیدن (ف) لپیٹنا -
والہ (ع) عاشق - شیفتہ - مفتون - سرگشتہ - اس لفظ کے
لام پر فتحہ پڑھنا غلط ہے -
والہ (ف) (۱) یعنی والا (۲) کام میں مبالغہ کرنا (۳) ایک قسم کا باریک
ریشمی کپڑا (۴) سراب - دھوکا -
وَاللہ (ع) خدا کی قسم -
واللہ اعلم (ع) اور خدا خوب جانتا ہے -
واللہ اعلم بالصّواب (ع) اور خدا بہتر جانتا ہے -
والی (ع) (۱) حاکم (۲) مالک (۳) قریبی رشتہ دار (۴)
دوست (۵) سرپرست -
والیے سپر نجم }
والیے عقرب } (ف) مریخ ستارہ -
وام (ف) (۱) قرض (۲) رنگ -
وام خواستن (ف) اُدھار مانگنا یا لینا -
وام گرفتن (ف) قرض لینا -
واماند (ف) باقی رہنا - بقا - قیام -
واماندگاں (ف) واماندہ کی جمع - پیچھے رہے ہوئے -
واماندگی (ف) پیچھے رہ جانا - عاجزی -
واماندن (ف) (۱) پیچھے رہنا - باقی رہنا (۲) عاجز رہنا -
واماندہ (ف) (۱) پیچھے رہا ہوا - تھک کر رہ گیا ہوا
(۲) عاجز - (۳) جھوٹا کھانا - بچا ہوا کھانا -
واماندہ بہ کہ درماندہ (ف) اگرے ہونے سے تھکا ہوا اچھا -
واماندہ شدن (ف) تھک جانا - پیچھے رہ جانا -
وام خواہ (ف) قرض خواہ - دیا ہوا قرض مانگنے والا -
وام دار (ف) قرض دار - مقروض - وامی -
وَامران (ف) ایبران - نیرہ جو آنکھ کی دوا ہے -
وام زمین (ف) مٹی کا وہ ذرہ جس سے انسان بنتا ہے -
وامق (ع) (۱) چاہنے والا - دوست رکھنے والا - عاشق - طالب -
(۲) عرب کے مشہور عاشق کا نام جس کی معشوقہ عذرا تھی -
وام گیر (ف) مقروض - جس پر قرض ہو -
وام و اجارہ (ف) اُدھار پٹہ -
وامی (ف) مقروض - قرض دار - دیندار -
وان (ف) حرف تشبیہ ہے - مانند - مثل (۲) نگہبان - محافظ -
(۳) ترکستان کے ایک شہر کا نام -
وانگرستن }
وانگریستن } (ف) دیکھنا -
وانمود (ف) (۱) اظہار (۲) عرض -
وانمود کردن (ف) دکھانا - ظاہر کرنا - غلط دعویٰ کرنا -
وانمودن (ف) (۱) ظاہر کرنا (۲) عرض کرنا -
وَانِ یَکَادُ (ع) قرآن شریف کی ایک آیت کی طرف اشارہ ہے
جو انہی الفاظ سے شروع ہوتی اور نظر بد کے دفعیہ کے
لیے پڑھی جاتی ہے -
واؤ (ع) مشہور حرف عطف ہے -
واؤ عاطفہ }
واؤ عاطف } (ع) وہ واؤ جو دو کلموں میں ربط دینے کے لیے آتا ہے - جیسے دل و جان -
وَاؤ مجہول (ع) وہ واؤ جس کے پہلے ضمہ خالص یعنی پیش نہ ہو،
جیسے کور یعنی اندھا کی واؤ -
وَاؤ معدولہ (ع) وہ واؤ جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ
آئے - جیسے خور اور خواب کی واؤ -
واؤ معروف (ع) وہ واؤ جس کے پہلے ضمہ خالص یعنی پیش ہو
اور خوب ظاہر پڑھی جائے جیسے دُور اور نُور کی واؤ -
واوَیلا (ع) (۱) افسوس - حیف (۲) مجازاً فریاد - گریہ وزاری
رونا - پیٹنا - ماتم - آہ - نالہ - دہائی -
واویلا کردن (ف) آہ وزاری کرنا -
وَاہ (ف) کلمہ تحسین و آفرین - واہ واہ - خوب چہ خوش کیا کہنا
سبحان اللہ -
واہاً (ع) تعجب اور افسوس کا کلمہ - افسوس - کیا خوب -
واہب (ع) بخشنے والا -
واہب عطایا (ع) انعامات عطا کرنے والا - یعنی ذات
باری تعالےٰ -
واہلہ (ع) حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کا نام -

**واہمہ** (ع) (۱) وہم کی قوت - وہ قوت جس سے جزئیات اور باریک باتیں معلوم ہوں جو محسوسات سے متعلق ہیں جیسے صداقت اور عداوت وغیرہ (۲) وہ قوت جو دیکھے اور ان دیکھے سچے اور جھوٹے سب طرح کے نقش اور صورتیں دکھائے خواہ وہ چیزیں عالم صورت میں ہوں یا نہ ہوں (۳) وہ قوت جس سے بلا وجہ وسوسے پیدا ہوں۔

**وَاہِنَہ** (ع) سُست عورت۔

**وَاہ واہ** (ف) بہت خوب - واہ کا تکرار ہے - اور کلمہ تحسین۔

**واہی** (ع) (۱) سُست - کاہل (۲) شگافتہ - دریدہ (۳) لغو - بے ہودہ۔

**واہی گفتن** (ف) واہی تباہی بکنا۔

**واہیُ العُرا** (ع) دست آویز۔

**واہیہ** (ع) (۱) سُست - کاہل (۲) پھٹا ہوا - دریدہ شگافتہ۔ (۳) پراگندہ (۴) گمراہ۔

**وائے** (ف) (۱) افسوس ہے (۲) وہ کنواں سا جس میں سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں (۳) گمراہ۔

**واہی بکاری کرنا ز خدا** (ف) خُدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیے۔

**وایا** (ف) (۱) ضروری (۲) مراد - حاجت (۳) کُشادہ - فراخ۔

**وایا وائے** (ف) آہ و نالہ - ماتم - گریہ - نوحہ۔

**وایست** (ف) (۱) حاجت - خواہش (۲) مراد - آرزو (۳) مجازاً مقدمہ - ہر روز کی معمولی خوراک یعنی افیون وغیرہ۔

**وایل** (ع) عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔

**وایہ** (ف) دیکھو - وایست۔

**وایہ خواستن** (ف) حاجت مانگنا۔

---

# و - ب

---

**وَبا** (ع) عام موت - وہ موت جو ہوا کے خراب ہو جانے سے عام ہوتی ہے - جیسے ہیضہ - طاعون وغیرہ۔

**وَبّاص** (ع) چمکیلا - جگمگاتا ہوا۔

**وَبّاعہ** (ع) پاخانے کا مقام۔

**وبائی** (ف) مربوط - وبا۔

**وبال** (ع) (۱) سختی - گرانی - عذاب (۲) بدانجامی (۳) ناگوار ہونا (۴) کسی ستارے کا بوجھ اور وبال جیسے آفتاب کا وبال دلو میں - چاند کا جدی میں، عطارد کا برج قوس اور حوت میں زہرہ کا عقرب اور حمل میں - مریخ کا برج میزان اور ثور میں مشتری کا برج جوزا اور سنبلہ میں - زحل کا برج سرطان اور اسد میں وبال ہوتا ہے۔

**وبد** (ع) پہاڑ کی کھوہ - غار - غصہ - عیب۔

**وَبَر** (ع) (۱) اونٹ کے بال (۲) اُون (۳) رونگیں دار ہونا

**وَبر** (ف) ایک جانور کا نام ہے جو نیلے رنگ کا بلی کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔

**وبروک** (ف) پہیلی - چیستان۔

**وبص** (ع) چمکنا۔

**وَبط** (ع) مرتبے سے گرانا۔

**وبغ** (ع) سر کی خشکی - بھوسی۔

**وبل** (ع) بڑی بارش۔

**وبیص** (ع) چمکیلا - چمکتا۔

**وَبیل** (ع) دشوار - ناگوار۔

---

# و - ت

---

**وَت** (ف) پوستین۔

**وَتد** } **وَتِد** } (ع) لکڑی کی میخ - کھونٹی۔

**وَتد** (ع) علم عروض کی اصطلاح میں سہ حرفی کو کہتے ہیں۔

**وتد مجموع** (ع) وہ سہ حرفی کلمہ جس کے پہلے دو حرف متحرک اور تیسرا ساکن ہو جیسے چمن

**وتد مفروق** (ع) وہ سہ حرفی کلمہ جس کا پہلا اور تیسرا حرف متحرک اور درمیانی ساکن ہو - جیسے لفظ بہمن میں پہلا اور تیسرا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہے۔

**وتد مقرون** (ع) وتد مجموع کا مرادف۔

**وتر** (ع) طاق - وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم نہ ہو سکے - تنہا۔

**وَتر** (ع) (۱) کمان کا چلہ - کمان کی زہ - کمان کی تانت (۲) ستار یا سارنگی وغیرہ کے تار۔

**وتنگ** (ف) بٹیر - سلویٰ۔

**وتگر** (ف) وت یعنی پوستین بنانے والا - پوستین دوز۔

**وتگژ** (ف) انگور کا دانہ یا بیج۔

**وتیرہ** (ع) (۱) راہ - روش - دستور (۲) اصل - نہاد۔

**وَتین** (ع) ایک رگ کا نام جس سے دل متعلق ہے اور جس کے کٹ جانے سے جاندار فوراً مر جاتا ہے۔

---

# و - ث

---

**وثاب** (ع) بیٹھنے کی جگہ - فرش - بچھونا۔

**وثّاب** (ع) بڑا کودنے والا۔

**وثاجہ** (ع) بہت گوشت والا ہونا۔

**وثارہ** (ع) موٹا ہونا - چربی کی کثرت۔

وَثاق
وِثاق } (ع) قید۔ بند۔
وُثاق (ع) گھر۔ حرم سرائے خانہ۔
وَثاقت (ع) پختہ اور مضبوط ہونا۔
وَثامت (ع) گوشت سے بھرا ہونا۔
وَثب (ع) (۱) کودنا (۲) کھڑے ہونا۔
وَثر (ع) روندنا۔ نرم کرنا۔
وُثقیٰ (ع) استوار۔ مضبوط۔
وَثل (ع) چھوہارے کی چھال کی رسّی۔
وَثم (ع) توڑنا۔ کوٹنا۔ دوڑنا۔
وَثن (ع) بُت۔
وَثنی (ع) بُت پرست۔
وُثوب (ع) کودنا۔
وُثوق (ع) (۱) اعتماد۔ بھروسا (۲) اعتماد کرنا۔ بھروسا کرنا۔ (۳) استواری۔
وثیرہ (ع) اوپری کپڑا جو دوسرے کپڑوں کی حفاظت کے لیے ان پر ڈالا جائے۔
وثیق (ع) مضبوط۔ استوار۔
وثیقہ (ع) (۱) عہد پیمان (۲) عہد نامہ۔ دستاویز۔ تمسک۔ پرونوٹ۔
وثیقہ دار (ف) پرونوٹ کا مالک۔
وثیقہ نویس (ف) تمسک لکھنے والا۔ عرائض نویس۔

# و - ج

وَجّ (ع) ایک دوا کا نام۔
وَجا (ع) (۱) غم (۲) ضعف (۳) خوف (۴) دیچڑ لگانا۔
وِجا (ع) خصّی کرنا۔
وِجار
وَجار } (ع) بھیڑیے اور بجّو وغیرہ کا بھٹ۔
وُجاق (ع) چولہا۔ انگیٹھی۔
وَجاہت (ع) خوبصورتی۔ چہرے کا روشن ہونا۔ (۲) عزت۔ (۳) روشناسی۔
وجب (ع) بالشت۔ گٹھ۔
وجب کردن (ف) بالشت سے ناپنا۔
وِجد (ع) (۱) تونگر ہونا (۲) توانا ہونا۔ (۳) پانا۔
وَجد (ع) (۱) غمگین ہونا (۲) عاشق ہونا (۳) شوق و ذوق کی حالت جو گانے سے صوفیوں پر طاری ہوتی ہے وہ کیفیت جو یاد الٰہی میں دل پر طاری ہو کر انسان کو بے خود کر دیتی ہے۔
وِجدان (ع) (۱) گم شدہ چیز کو پانا (۲) جاننا۔ دریافت کرنا۔

وجداناً (ع) از رُوئے وجدان۔
وِجدانی (ع) وہ بات جو حواس باطنی سے محسوس ہو۔
وِجدانیات (ع) وجدانی کی جمع۔
وَجد کردن (ف) ذوق اور مستی کی حالت میں حرکت کرنا۔
وَجر (ع) خوف کرنا۔ ڈرنا۔
وَجِر (ع) ڈرنے والا۔ خوف زدہ۔ ڈرپوک۔
وَجر (ع) حاکم شرعی کا حکم۔ فتوےٰ۔
وَجز (ع) (۱) کلام کو مختصر کرنا (۲) کلام کا مختصر ہونا۔
وَجز گر (ف) مفتی۔ فتوے دینے والا۔
وَجع (ع) درد۔ دُکھ۔ مرض۔
وَجِع (ع) درد اور دُکھ والا ہونا۔ مریض ہونا۔
وجع کردن (ف) دُکھ دینا۔
وَجع الاسنان (ع) دانتوں کا درد۔
وجع الظہر (ع) پیٹھ کا درد۔
وجع المفاصل (ع) جوڑوں کا درد۔ گنٹھیا۔
وجع (ع) درد مند۔ دُکھیا۔ مریض۔
وجفات (ع) رخسار۔
وَجل (ع) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
وَجِل (ع) ڈرنے والا۔ ڈرپوک۔ وہ شخص جو وہم کے سبب خائف ہو۔
وَجم (ع) خوف یا غصے کے سبب بات کرنے میں رُک جانا۔
وَجَنات (ع) وجنہ کی جمع۔ رخسارے۔ گال۔
وَجنک (ف) منقار۔ چونچ۔
وَجنہ
وُجنہ
وِجنہ
وُجنہ } (ع) رخسار۔ گال۔
وُجوب (ع) (۱) واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ مقرر ہونا۔ سزاوار ہونا۔ (۲) اللہ تعالیٰ کی ذات۔
وُجود (ع) (۱) مطلب حاصل کرنا۔ مطلوب کا پانا۔ (۲) ذات۔ زندگی۔ ہستی (۳) مجازاً تن۔ جسم۔ بدن۔
وُجود سازِ مُعاوِن (ف) آفتاب۔ سورج۔
وجود عنقا بُودن (ف) نایاب ہونا۔
وجود عنقا دارد (ف) نایاب چیز۔
وجود نہادن چیزے را (ف) کسی چیز کو کسی قابل جاننا۔
وُجُور (ع) پتلی دوا جو حلق میں ٹپکائی جائے۔ گھٹی۔
وُجوہ (ع) وجہ کی جمع (۱) چہرے (۲) سردار لوگ۔ بزرگ لوگ۔
وُجوہ خزانہ (ف) خزانے کی رقم۔

وَجہ (ع) (۱) چہرہ - مُنہ (۲) ذات - حقیقت (۳) طور - طریقہ - (۴) برابر - رُوبرو (۵) سردار (۶) وہ چیز جس سے معاش پیدا کریں جیسے زمین تنخواہ وغیرہ (۷) جانب - طرف -
وَجہ (ع) کتاب کا صفحہ (محاورہ شام)
وِجہ / وُجہ } (ع) طرف - جانب -
وُجہاء (ع) وجیہہ کی جمع -
وجہ احسن (ف) بہتر راہ -
وَجہِ اعانت (ع) عطیہ کی رقم - امداد -
وَجہِ تسمیہ (ع) نام رکھنے کا سبب -
وِجہۃ / وُجہۃ } (ع) (۱) طرف - جانب (۲) قبلہ (۳) وہ مقام جس کی طرف مُنہ کیا جائے -
وجہ داشتن (ف) اثر ور سوخ کا ہونا -
وَجہِ کفاف (ع) وہ گذارہ جو کافی ہو - قوت لایموت -
وَجہِ معاش / وجہ معیشت } (ف) وہ چیز جس کے سبب معاش پیدا کی جائے جیسے زمین - تنخواہ - تجارت کا مال وغیرہ -
وَجہِ مُوجّہ (ع) پکی دلیل -
وجہ نہار (ع) شروع دن -
وجیز (ع) مختصر - کوتاہ - مختصر - کلام -
وَجیع (ع) پُر درد - دردناک - صاحب وجع -
وجین (ع) سخت زمین - وادی کا کنارا -
وَجیہ (ع) (۱) صاحب جاہ - سردار - دولت مند (۲) خوبصورت (۳) مرد روشناس (۴) خوشنما چیز (۵) موزون - زیبا -

## و - ح

وُحدان (ع) واحد کی جمع - ایک ایک -
وَحدانیت (ع) واحد ہونا - ایک ہونا - یگانگی -
وحدت (ع) واحد ہونا - ایک ہونا - یگانگی - تنہائی -
وَحدتِ ارادی (ع) آدمیوں کا بغیر کسی جبر وغیرہ کے اپنے ارادہ سے ایک دل ہونا - جیسے ایک نبی کی اُمت کے لوگ -
وَحدتُ الوجود (ع) تمام موجودات کو اللہ تعالےٰ کا وجود خیال کرنا - اور وجود ماسویٰ کو محض اعتباری سمجھنا - جیسے قطرہ - حباب - موج اور قعر وغیرہ سب کو پانی معلوم کرنا -
وحدت پیشہ (ف) موحد -
وحدت خانہ (ف) وہ مکان جس میں صوفی وجد کرتے ہیں -
وَحدتِ قہر / وَحدتِ قہری } (ع) کسی کے مجبور کرنے سے خدا کو ایک ماننا -
وَحدتِ نوعی (ع) وہ وحدت جو ایک نوع ہونے سے حاصل ہو جیسے عمرو - زید اور بکر وغیرہ میں وحدت نوعی ہے کیونکہ یہ سب انسان ہیں -

وَحش (ع) وحشی کی جمع - جنگلی جانور -
وُحشان (ع) وحش کی جمع - وحشی کی جمع الجمع -
وَحشت (ع) (۱) آدمیوں سے نفرت - نفرت (۲) تنہائی (۳) اندوہ -
وحشت انگیز (ف) ہولناک - ڈراؤنا -
وحشت داشتن (ف) ڈرنا -
وحشت ناک (ف) خوفناک -
وحشیانہ (ف) از روئے وحشیانہ پن - وحشت سے -
وحشی (ع) (۱) جنگلی جانور جو آدمی سے بھاگے (۲) بائیں جانب (۳) کسی عضو کا بیرونی رُخ - اندرونی رُخ کو انسی کہتے ہیں -
وحشی گری (ف) وحشیانہ حرکات -
وحشی ہائے ینگی دُنیا (ف) ینگی دنیا یعنی امریکہ کے وحشی آدمی -
وَحل (ع) (۱) کیچڑ - دلدل (۲) کیچڑ میں گرنا -
وُحوش (ع) وحش کی جمع - جنگلی جانور -
وُحول (ع) وحل کی جمع - کیچڑ - دلدلیں -
وَحی (ع) (۱) اشارہ کرنا - پوشیدہ بات کہنا الہی بات کرنا جو دوسرا نہ سمجھ سکے - (۲) خدا کا پیغام -
وحی رسیدن (ف) وحی کا آنا -
وحی فرستادن (ف) فرشتہ وحی کو بھیجنا -
وحی نازل شدن (ف) فرشتہ وحی کا نازل ہونا -
وَحید (ع) اکیلا - یگانہ - تنہا - لاثانی -
وحیدُ العصر (ع) یکتائے زمانہ -
وحی منزل (ع) قرآن مجید -

## و - خ

وَخ (ف) واہ واہ -
وَخامت (ع) ناسازگاری - دشواری - ناموافقت - گرانی - ناموافق ہونا -
وخامت اوضاع (ف) حالات کی خرابی - بُرے حالات -
وخامت داشتن (ف) ناقص ہونا - خطرناک ہونا - خراب ہونا -
وَخد (ع) پویہ چلنا -
وَخر (ف) مقام - مکان - جگہ -
وَخز (ع) نیزہ مارنا -
وَخش (ف) ایک مرض کا نام جو بہائم کے پاؤں میں ہوتا ہے جس سے وہ لنگڑے ہو جاتے ہیں -
وَخش (ف) وہ گھوڑا جو وخش کے مرض سے لنگڑا ہو گیا ہو -
وَخش (ف) ترکستان کے ایک شہر کا نام -
وَخشور (ف) نبی - رسول - پیغمبر -
وخشور بند / وخشور نہاد } (ف) شریعت -

وَخم (ع) ناموافق - ناسازگار - ناگوار۔
وَخ وَخ (ف) واہ واہ - کیا خوب۔
وَخیم (ع) دشوار - گراں - ناموافق - ناگوار - زشت - خراب - بد۔

## و - د

وُدّ، وِدّ، وَدّ (ع) دوستی - دوست رکھنا۔
وَد (ف) (۱) حکیم - دانا - عاقل (۲) گرم۔
وَدّ (ع) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے ایک بت کا نام جو مرد کی شکل کا تھا۔
وداد (ع) دوستی - محبت - اتحاد - الفت۔
وداد داشتن (ف) دوستی رکھنا - شفقت کرنا۔
ودادی (ف) دوستانہ - مشفقانہ - محبانہ۔
وداع (ع) رخصت کرنا - فارسی والے بکسر واؤ بھی استعمال کرتے ہیں۔
وداع کردن (ف) الوداع کرنا - خدا حافظ کہنا۔
وَداع (ف) آتش - آگ - نار۔
ودائع (ع) ودیعت کی جمع - امانتیں۔
ودائع خداوندی (ف) اللہ کی امانتیں - پاک نفس لوگ - اولیاء اللہ - امام - پیغمبر۔
وَدع (ع) سنکھ - وہ سفید جو سمندر سے نکلتا ہے۔
وَدُود (ع) (۱) دوست (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔
وَدیعت (ع) امانت - دھروڑ۔
ودیعت گزار (ف) جو امانت کسی کے پاس رکھے - صاحب مال - سپرد کرنے والا۔
ودیعت گزاردن (ف) کسی کے پاس امانت رکھنا۔
ودیعت گیر (ف) جو امانت لیتا ہے یا جسے امانت سونپی جاتی ہے۔

## و - ر

وَر (ف) (۱) تمام معنی میں بر کے ہم معنی ہے (۲) صاحب رکھنے والا - یہ لفظ بغیر دوسرے لفظ کے ملنے کے استعمال نہیں ہوتا۔
وَر (ف) (۱) بمعنی واگر (۲) گرمی - حرارت (۳) بچوں کا تختہ جس سے معلم تعلیم کرتے ہیں۔
وَرا (ف) اَورا کا مخفف۔
وَرا (ع) (۱) عقب - پیچھے (۲) سوا - بدوں (۳) جانب - طرف۔
وَرا (ع) مخلوقات از قسم جن و انس - دنیا۔
وِراثت (ع) میراث پانا - مُردے کے مال کا وارث ہونا۔
وَراجی (ف) بک بک کرنا۔
وَرارُود (ف) ماوراء النہر۔
وَرّاز، وَراز (ف) خوک - سُور - خنزیر۔
وَرازُود (ف) ماوراء النہر۔
وَراغ (ف) (۱) آگ کا شعلہ (۲) روشنی۔
ورافتادن (ف) متروک ہو جانا۔
ورآمدن (ف) اُبھر آنا - پک جانا۔
وَرّاق (ع) ورق بنانے والا - کاغذ کاٹنے والا (۲) لکھنے والا - محرر (۳) دولتمند۔
وراق (ع) لباس اور نباتات کے باعث زمین کی سبزی۔
وَرام (ف) (۱) ہلکی چیز - آسان شے (۲) ملک رَے کے ایک شہر کا نام۔
وَرانبر (ف) (۱) طرف - جانب (۲) اس طرف - اُس پار۔
ورانداز (ف) تخمینہ - جائزہ۔
ورائے (ع) دُنیا - مخلوقات۔
وَرائے لیت وگنبد (ف) (۱) آسمان (۲) عالم لاہوت - عالم عدم۔
وَرپوشنہ، وَرپوشہ (ف) (۱) اوڑھنی - دوپٹہ - چادر (۲) تولیہ - رومال۔
وَرت (ف) برہنہ - عُریاں - ننگا۔
وَرتاج (ف) (۱) آتش پرست (۲) آفتاب پرست (۳) سُورج مکھی کا پھول (۴) نیلوفر کا پھول - کنول کا پھول (۵) خبازی۔
ورت نیست بیا بین (ف) ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے۔
وَرتیج (ف) (۱) پودنہ - سلونے جو ایک پرندہ ہے (۲) آستان - چوکھٹ۔
وَرثہ (ع) وارث کی جمع - میراث پانے والے لوگ۔
وَرج (ف) (۱) مرتبہ - قدر - بزرگی (۲) کھودنا (۳) محنت۔
وَرچ (ف) (۱) زبون (۲) پلید۔
ورجستن (ف) دوبارہ کودنا - مسلسل حرکت کرنا۔
وَرخرچ (ف) فضول خرچ - زیادہ خرچ کرنے والا۔
وَرخوردن (ف) ملنا - ملاقات کرنا۔
وَرخس (ف) ایک ورم کا نام جو ناخن کی جڑ میں ہوتا ہے۔
وَرخوردن (ف) ملنا - ملاقات کرنا۔
وَرد (ع) گلاب کا پھول۔
وِرد (ع) (۱) وہ وظیفہ جو روزانہ پڑھا جائے (۲) گھاٹ - پنگھٹ (۳) پیاسے (۴) ہر روز کا کام (۵) پانی پینے کی باری (۶) تپ کی باری (۷) سُرخ شیر۔
وَرد (ف) شاگرد - مرید۔

**وزوان** (ف) ورد کی جمع - شاگردان - مریدان -
**وزدان** (ف) سا -
**وزدست** (ف) مددگار - یاور - دستگیر -
**وردمربلے** (ع) گلقند -
**وردوک** (ف) (۱) بچھیرا (۲) جہیز -
**وردہ** (ف) برج - برج کبوتر -
**وَرْدہ** (ع) گلاب کے پھول کی رنگت -
**وردی** (ع) گلابی - گلاب کے رنگ کا -
**وررفتن** (ف) کسی کے قریب ہونا - کسی سے چمٹنا -
**ورز** (ف) حاصل - کھیتی سے جو حاصل ہو -
**ورزاؤ** (ف) بیل جو ہل میں جوتا جاتا ہے -
**ورزدان** (ف) واہیات بکنا -
**ورزش** (ف) کسرت کرنا - ڈنڈ پیلنا - مگدر ہلانا وغیرہ - ریاضت جسمانی -
**ورزش کار** (ف) کھیل کود کا شوقین - پہلوان - زور آزما -
**ورزش گاہ** (ف) اکھاڑا - جمنیزیم -
**ورزش گر** (ف) کھلاڑی - ورزش کرنے والا -
**ورزشی** (ف) کسرتی - ورزش کیا ہوا -
**ورزن** (ف) جہیز جو بیٹی کو دیا جاتا ہے -
**ورزکار** (ف) زراعت کرنے والا - کسان - کاشت کار -
**ورزکن** (ف) پانی سے بھرا ہوا کوزہ -
**ورزگر** (ف) مزارع - زراعت کرنے والا - کاشت کار -
**ورزم** (ف) آگ -
**ورزندہ** (ف) ورزش کا استاد - ڈرل ماسٹر -
**ورزی** (ف) دیکھو ورزگر -
**ورزیدن** (ف) (۱) اختیار کرنا (۲) کاشت کاری کرنا - مشق کرنا - پے در پے کرنا -
**ورزیدہ** (ف) ورزشی - گٹھا ہوا - طاقت ور - تجربہ کار -
**ورس** (ف) (۱) مہار - اونٹ کی نکیل (۲) ایک بیل -
**ورساز** / **ورسازہ** } (ف) ظریف - آراستہ آدمی -
**ورستاد** (ف) وہ مشاہرہ جو کسی محتاج کو امداد کے طور پر ملے - راتبہ - روزینہ -
**ورستان** (ف) کسی پیغمبر کی امت -
**ورسنگ** (ف) (۱) عجیب - خوش نما (۲) ترازو کا پاسنگ - ترازو کا پلڑا -
**ورسیج** (ف) (۱) دہلیز (۲) چھت -
**ورشان** (ف) (۱) قمری (۲) جنگلی کبوتر -
**ورشتاد** (ف) دیکھو ورستاد -
**ورشتان** (ف) کسی پیغمبر کی امت -
**ورشتن** (ف) دھونا -
**ورشک** (ف) دوا کی تھیلی -

**ورشکست شدن** (ف) دیوالیہ ہونا -
**ورشکستگی** (ف) دیوالیہ پن -
**ورشکستہ** (ف) دیوالیہ -
**ورشہ** (ف) ورکشاپ - کارخانہ -
**ورطہ** (ع) (۱) ہلاکت کا نام (۲) وہ زمین جس میں راہ نہ ہو - (۳) مجازاً بھنور - قعر -
**وَرَع** / **وَرِع** } (ع) گناہوں سے باز رہنا - پرہیزگاری -
**وَرِع** (ع) پرہیزگار - پارسا -
**ورغلانیدن** (ف) ورغلانا - بہکانا -
**ورزدان** (ف) شفیع - شفاعت کرنے والا -
**ورق** (ع) (۱) درخت کا پتا (۲) کاغذ کا ٹکڑا - کٹا ہوا کاغذ - (۳) زر و سیم -
**وَرِق** (ع) چاندی کا درم - چاندی کا سکہ -
**وُرُق** (ع) ورقا کی جمع - فاختہ - کبوتر -
**ورقا** (ع) (۱) فاختہ (۲) کبوتر -
**ورق البوسطہ** (ع) خط کا ٹکٹ -
**ورق الخیال** (ع) بنگ - بھنگ - برگ حشیش -
**ورق آفتاب** (ف) معشوق کا رخسار -
**ورق باد** (ف) زبان -
**ورق باز** (ف) جوا کھیلنے والا - تاش کھیلنے والا -
**ورق بازی** (ف) تاش کھیلنا -
**ورق برگشتن** (ف) معاملہ بگڑ جانا - حالات کا پلٹا کھا جانا - بدل جانا -
**ورق چیزے خواندن** (ف) کسی چیز کا احوال اور صفت بیان کرنا -
**ورق خام** (ف) (۱) کچا چٹھا (۲) کھردرا کاغذ جس پر قلم صاف نہ چلے - اور اس پر لکھا نہ جائے - اور سیاہی اس پر پھیل جاتی ہو -
**ورق درنوشتن** (ف) طے کرنا -
**ورق را دفتر ساختن** (ف) جمع کرنا - اکٹھا کرنا -
**ورق ریختن** (ف) (۱) خراب کرنا (۲) بازی مات کرنا -
**ورق زدن** (ف) ورق الٹنا -
**ورق زیارت** (ع) ملاقاتی کارڈ - وزیٹنگ کارڈ -
**ورق شمار** (ف) صفحے گننے والا -
**ورق شماری کردن** (ف) کتاب کے صفحوں کو گننا یا ان پر نمبر لگانا -
**ورق کسے درنوشتن** (ف) کسی کا نام و نشان مٹا دینا - مغلوب کرنا -
**ورق گردانیدن** (ف) (۱) بے فائدہ کام کرنا - لغو حرکت کرنا - (۲) اپنی بے علمی کو چھپانا - (۳) قدیم وضع کا یک بارگی ترک کر دینا -
**ورق ورق گشتن** (ف) خوب مطالعہ کرنا -

وَرقہ (ف، گُل شاہ کے عاشق کا نام۔
وَرِقہ (ع، (۱) کریم (۲) خسیس۔
ورقہ (ع، ٹکٹ۔
ورقۃ الاتہام (ع، فردِ جُرم۔
ورقۃ البُوسَطہ (ع، خط کا ٹکٹ۔
ورقۃ الزّیارت (ع، وِزِٹ کارڈ۔ ملاقاتی کارڈ۔
ورقہ بنک (ع، بنک کا چیک۔
وَرقہ پوست (ف، پوسٹ کارڈ۔
ورقہ تحویل (ع، چیک۔ ہنڈی۔
ورقہ کردن (ف، ورق ورق الگ کر دینا۔
ورقہ گنجفہ (ف، تاش کا پتّہ۔
وَرَک (ف، ایک پھُولوں والا خاردار اور خوشنما درخت۔
وِرک } وَرک } وَرِک } (ع، چُوتڑ۔ کولا۔ سرین۔
وزکاک (ف، گد۔
وَرکو } وَرکوہ } (ف، عراق عجم کے ایک شہر کا نام جو ایک پہاڑ پر آباد ہے اور اس کے چاروں طرف چشمے بہتے ہیں۔
وَرگاؤ (ف، دیکھو ورزاؤ۔
وَرَل (ف، ایک جانور کا نام جو سقنقور اور سوسمار کے مشابہ ہوتا ہے۔
ورلنگ زَدن (ف، بھاگ جانا۔
وَرم (ع، سُوجن۔ جسم کا کسی بیماری کے باعث پھُول جانا۔
ورمال (ف، ٹھگ۔ لٹیرا۔
ورمال زَدن (ف، جان کے خوف سے بھاگ جانا۔
وَرمالیدن (ف، پائنچے یا آستین اُٹھانا۔ بھاگ جانا۔
ورماندگی (ف، پیٹ کا درد۔
وَرمست (ف، برہنہ۔ عُریاں۔ ننگا۔
ورنا (ف، برنا کا مترادف۔ جوان۔
ورناگ (ف، ویری ناگ جو کشمیر کا مشہور چشمہ اور دریائے جہلم کا منبع ہے۔
ورنام (ف، لقب۔
وَرنامہ (ف، سرنامہ۔ خط کا عنوان۔
ورندل (ف، ایک قسم کی بندوق۔
ورنم نہادن (ف، (۱) کسی کو قتل کرنے کے بعد زمین میں گاڑ کر اور پھُول بو دینا (۲) نظر سے غائب ہو جانا۔
ورنہ (ف، نہیں۔ اور جو نہیں۔
ورنیش (ع، وارنش کا معرب۔
وَرواره (ف، چوبارہ۔ بالاخانہ۔ غُرفہ۔
وُرُود (ع، (۱) داخل ہونا کسی جگہ کے اندر جانا۔ آنا (۲) اُترنا۔ نازل ہونا۔ وارد ہونا۔
وُرُود کردن (ف، وارد ہونا۔ داخل ہونا۔
ورود کردن (ف، بڑبڑ کرنا۔ لغو و فضول باتوں کو دہرانا۔
ورورلیف (ف، آہستہ آہستہ جادو پڑھنا اور پھونکنا۔

وَرِہ (ع، احمق۔ بے وقوف۔
وَرِی (ع، چقماق سے آگ نکالنا۔
وَریب (ف، اُریب۔ ترچھا۔ ٹیڑھا۔
وَرید (ع، (۱) گردن کی رگ (۲) اطبّا کی اصطلاح میں وہ رگ جو دھڑکتی نہ ہو۔ شریان کے خلاف جو دھڑکتی ہے۔

# و ۔ ز

وَزارت (ع، وزیر ہونا۔
وِزارت (ع، وزیر کا مرتبہ۔ وزیری۔ وزیر کا عہدہ۔
وِزان (ع، ہم وزن۔ برابر۔
وَزان (ف، (۱) رواں۔ جاری (۲) ہوا کا چلنا۔
وَزّان (ع، بڑا وزن کرنے والا۔ بڑا تولنے والا۔
وُزّان (ع، وَزّان کی جمع۔ بڑے تولنے والے۔
وِزر (ع، (۱) گرانی۔ بوجھ (۲) بھاری بوجھ جو پیٹھ پر اُٹھایا جائے (۳) گناہ (۴) ہتھیار۔
وَزَر (ع، جائے پناہ۔
وُزَرا (ع، وزیر کی جمع۔ وزیران۔ سلطنت کا بوجھ اُٹھانے والے۔
وُزُرگ (ف، بُزُرگ۔
وَزِش (ف، (۱) وزیدن کا حاصل مصدر۔ ہوا کا جھونکا۔ (۲) اُٹھانے والے۔
وَزَغ } وَزَغہ } (ع، (۱) گرگٹ (۲) مینڈک۔
وَزَق (ع، فتنہ فساد۔
وَزَق در آستین (ف، میلا کچیلا آدمی۔
وَزَق در زمین کَردن (ف، فتنہ اُٹھانا۔
وزمہ (ع، کچھ نقصان پہنچنا۔
وزن (ع، (۱) تولنا (۲) بوجھ (۳) اندازہ (۴) فارسی میں بمعنی بزرگی۔ عزّت۔ وقار کے مستعمل ہے۔
وزن بر خویشتن گزاشتن (ف، اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔
وزن داشتن (ف، بوجھل ہونا۔
وَزن سنگ (ف، وقار و تمکین۔ قدر و قیمت۔
وَزن کردن (ف، تولنا۔
وَزنہ (ف، جس کے باعث ترازو کا وزن قائم رہتا ہے۔
وُزُوب (ع، پانی بہنا۔
وَزیدن (ف، ہوا کا چلنا۔
وَزیدن بُو (ف، بُو کا منتشر ہونا۔
وَزیر (ع، بوجھ اُٹھانے والا۔ وہ شخص جو بوجھ اُٹھانے میں کسی کا شریک ہو۔ چونکہ سلطنت کے کاروبار کا بوجھ اُٹھانے میں وزیر بادشاہ کا شریک ہوتا ہے اس لیے یہ نام ہوا۔ دیوان۔
وزیر اعظم (ع، سب سے بڑا وزیر۔ مدار المہام۔

وزیرِ جنگ (ف) } جنگی وزیر - وہ وزیر جس کے سپرد فوج کا
وزیرِ حرب (ع) } انتظام ہوتا ہے۔
وزیرِ خارجہ (ع) غیر سلطنتوں کے معاملات کا وزیر۔
وزیرِ داخلہ (ع) سلطنت کے اندرونی معاملات کا وزیر۔
وزیرِ عدلیہ (ع) کونسلر۔
وزیرِ علوم (ع) وزیرِ تعلیم۔
وزیرِ فوائد (ع) عام کارخانوں کا وزیر۔
وزیرِ مال } (ع) محکمہ مال کا وزیر۔
وزیرِ مالیہ } مشیرِ مال۔
وزیرِ مختار (ع) سفیر۔
وزیرِ معارف (ع) دیکھو وزیرِ علوم۔
وزیرِ مفوّض (ع) سفیر۔
وزیرِ وزیراں (ف) وزیرِ اعظم - چیف منسٹر۔
وزیری (ف) (۱) وزارت - وزیر کا عہدہ (۲) ایک قسم کی انجیر (۳) ایک شاعر کا تخلص۔
وزیرے چنیں شہریارے چناں (ف) اندھی نگری چوپٹ راجہ
وزیم (ع) ساگ کا مٹھا - خشک گوشت۔

## و - ژ

وژم (ف) (۱) نحس (۲) دستنبو۔
وژن (ف) نجاست - کثافت۔
وُژول (ف) (۱) تختہ (۲) تختہ کی کڑی (۳) تقاضا (۴) شور و غوغا۔
وژولیدن (ف) (۱) شور کرنا (۲) تقاضا کرنا (۳) برانگیختہ کرنا۔
وژوہ (ف) چھت سے بارش کا پانی ٹپکنا۔
وژہ (ف) وجب - بالشت۔

## و - س

وِسادہ (ع) تکیہ - بالین - بالش۔
وَساطت (ع) درمیان ہونا - واسطہ ہونا - وسیلہ ہونا۔
وَساعت (ع) کشادہ اور وسیع ہونا۔
وَسالت (ع) وسیلہ ہونا - وسیلہ - وسیلہ پن۔
وِسام (ع) تمغہ۔
وَسامت (ع) خوبصورتی - خوبی - زیبائی۔
وَساوس (ع) وسواس کی جمع۔
وَسائد (ع) وسادہ کی جمع - تکیے۔

وَسائط (ع) واسطہ کی جمع - واسطے - وسیلے۔
وَسائل (ع) وسیلہ کی جمع - وسیلے۔
وَشتا (ف) (۱) حمدِ الٰہی - خدا کی تعریف (۲) مخلوق کی تعریف۔
وَستی (ف) (۱) ترجمہ (۲) شرح۔
وستی کردن (ف) ترجمہ یا تفسیر کرنا۔
وسخ } (ع) میل - چرک۔
وسَخ }
وسِخ (ع) میلا - چرکیں۔
وُسد (ف) مونگا - مرجان۔
وَسط (ع) درمیانی - ہر چیز کا بیچ۔
وَسَط (ع) (۱) درمیانہ - وہ چیز جو درمیان میں ہو (۲) بزرگوار - برگزیدہ (۳) جو چیز متوسط ہو۔
وُسَط (ع) وسطیٰ کی جمع۔
وُسطیٰ (ع) اوسط کا مؤنث (۱) بیچ کی انگلی (۲) درمیانی - درمیان والی (۳) بڑی فاضل۔
وسطیٰ مدرسہ (ع) مڈل سکول۔
وُسع }
وَسع } (ع) (۱) فراخی (۲) دسترس (۳) توانائی۔
وِسع }
وسع داشتن (ف) گنجائش رکھنا۔
وُسعت (ع) (۱) فراخی - کشادگی - کھلا پن (۲) توانائی (۳) دسترس (۴) موجودہ زبان میں مکان اور صحن کو بھی کہتے ہیں۔
وسعت پیدا کردن } وسعت رکھنا۔
وسعت داشتن } گنجائش رکھنا۔
وَسق (ع) (۱) جمع کرنا - اکٹھا کرنا (۲) بوجھ لادنا (۳) بوجھ اٹھانا (۴) چلانا - ہانکنا۔
وَسْق (ع) (۱) اونٹ کا بوجھ (۲) ساٹھ صاع کی مقدار اور ایک صاع دو سو چوبیس تولہ کا ہوتا ہے۔
وسکزہ (ف) پھرتیلا - چالاک - جلدی سے کام کرنے والا۔
وَسم (ع) (۱) نشان کرنا - داغ دینا (۲) عیب (۳) داغ - نشان۔
وَسمت (ع) (۱) نشان کرنا - داغ دینا (۲) مجازاً تہمت لگانا۔
وَسمہ (ع) نیل کی پتی جس سے بال سیاہ کرتے ہیں۔
وسمہ جوش (ف) وہ برتن جس میں وسمہ تیار کیا جائے۔
وسمہ کشیدن (ف) وسمہ لگانا۔
وَسمی (ع) موسم بہار کے شروع کا مینہ - بڑی بڑی بوندوں والا مینہ۔
وَسَن (ع) (۱) اونگھ - غنودگی (۲) نیند - خواب - سونا۔
وَسِن (ع) سویا ہوا - آدمی - خفتہ۔

وسن (ف) (۱) آلودگی (۲) آلودہ۔
وسناد (ف) بہت۔
وسنی (ع) سونے والی عورت۔ خفتہ عورت۔
وُسنی (ف) سوکن۔ سوت۔
وَسواس (ع) وہم۔ وسوسہ۔
وسواس داشتن (ف) وہم رکھنا۔
وسواس کردن (ف) وہم کرنا۔
وسواسی (ف) جو وہم و وسوسہ کا شکار ہو۔
وسوسہ (ع) (۱) بُرا اندیشہ جو دل میں آئے۔ بُری بات جو دل میں گزرے (۲) دل میں بدی اور بُرائی ڈالنا (۳) عورت کے زیور کی آواز۔
وسہ (ف) لاٹھی۔
وسیت (ع) (۱) نزدیکی۔ قرب (۲) دستاویز۔
وسیج (ع) اُونٹ کا تیز تیز چلنا۔
وسیط (ع) (۱) میانہ (۲) بزرگوار (۳) وہ شخص جو نسب میں میانہ اور مرتبہ میں بلند ہو۔
وسیع (ع) فراخ۔ کشادہ چوڑا۔
وسیع الفضا (ع) وہ مکان جس کا صحن بہت لمبا یعنی لمبا چوڑا ہو۔
وسیلت } وسیلہ } (ع) ذریعہ۔ واسطہ۔
وسیلہ جُو (ف) نیاز مند۔ بے چارہ۔ جیلے وسیلے ڈھونڈنے والا۔
وسیلہ ساز (ف) کارساز۔ خداوند تعالیٰ
وسیم (ع) (۱) جمیل۔ خوبصورت۔ حسین (۲) نشان کیا گیا۔ نشان دار۔

# و - ش

وش (ف) (۱) شبیہ۔ مانند۔ مثل۔ نظیر (۲) خوب۔ خوش (۳) کھرا۔ خالص (۴) پگڑی کا شملہ (۵) ایک گھاس کا نام۔ (۶) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۷) ترکستان کے ایک شہر کا نام۔
وُشات (ع) واشی کی جمع (۱) دروغ گو۔ جھوٹ بولنے والا (۲) سخن چین۔ لُترا۔
وشاح (ع) بدھی۔ ہار۔ گلوبند۔
وشاق } وُشاق } (ف) (۱) غلام۔ خدمت گار۔ سادہ رو غلام۔ (۲) لونڈی۔ کنیز۔
وشاقان چمن (ف) پھولوں کے درخت۔ نئے لگائے ہوئے پھولوں کے پودے۔
وُشانی (ف) زمانہ قدیم کے ایک کھوٹے سکے کا نام۔

وشایت (ع) چغلی کھانا۔
وَشت (ف) (۱) خوش۔ خوب (۲) ناچ۔ رقص۔ (۳) کودنا۔
وُشتا (ف) ژند کی شرح کا نام جو آتش پرستوں کی مذہبی کتاب ہے۔
وشتن (ف) ناچنا۔ رقص کرنا۔
وَشتی (ف) (۱) منسوب بہ شہر وش (۲) باریک کپڑا۔
وَشج (ع) شاخوں کا گھنا ہونا۔
وشر (ع) آرے سے لکڑی چیرنا۔ دانت تیز کرنا۔
وشترک (ف) بقچہ۔ کپڑے۔ باندھنے اور رکھنے کا کپڑا۔ کیسہ۔
وشنظ (ع) ہڈی توڑنا۔
وشع (ع) پہاڑ پر چڑھنا۔
وشق (ع) (۱) گوشت کو دھوپ میں سکھا کر دوسرے وقت کے لیے رکھ چھوڑنا (۲) ایک اُونٹ کا بوجھ۔
وشق (ف) ترکستان کے ایک جانور کا نام جو لومڑی کے برابر ہوتا ہے اس کا رنگ سفید اور اس پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں اس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں اور اس پوستین کو بھی وشق کہتے ہیں۔
وُشق (ف) وشاق کا مخفف۔
وشکردہ (ف) (۱) پھرتیلا۔ چُستی سے کام کرنے والا (۲) عاقبت اندیش۔
وشکردیدن } وشکریدن } (ف) پھرتی سے کام کرنا۔ جلدی کرنا۔
وشکل (ف) مینڈھا۔ گوسفند۔
وشکلہ (ف) انگور کا دانہ جو خوشے سے علیحدہ ہو۔
وشکلیدن (ف) وشکریدن کا مخفف۔
وشگنہ (ف) آلۂ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔
وشکول (ف) چالاک۔ پھرتیلا۔
وشکولیدن (ف) پھرتی سے کام کرنا۔ چالاکی سے کام کرنا۔ جلدی کام کرنا۔
وشل (ع) تھوڑا پانی۔
وُشم (ف) (۱) بخار (۲) لودنہ جو ایک مشہور پرندہ ہے۔
وشم گیر (ف) وشم پرندے کا شکار کرنے والا۔
وُشمک (ف) چمڑے کا جوتا۔
وشن (ف) (۱) آلودہ (۲) آلودگی۔ آلائش۔
وِشن (ف) ہندوؤں کے ایک پیغمبر کا نام۔ اوتار۔
وشنکہ (ف) آلۂ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔
وشی (ف) منسوب بہ شہر وش (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
وشی (ع) (۱) کپڑا رنگنا (۲) رنگین کپڑا۔
وُشیک (ع) (۱) تیز رفتار قاصد۔ ہرکارہ (۲) جلدی کرنے والا۔
وشینہ (ف) (۱) جوشن (۲) سلاح جنگ۔

# و ۔ ص

**وَصّاف** (ع) بہت وصف کرنے والا ۔ بہت تعریف کرنے والا ۔

**وَصّال** (ع) (۱) بڑا ملنے والا (۲) بڑا ملانے والا ۔

**وِصال** (ع) (۱) ملاقات ۔ کسی سے ملنا (۲) لگاتار کام کرنا ۔

**وُصّال** (ع) واصل کی جمع ۔ ملنے والے ۔

**وَصایا** (ع) وصیت کی جمع ۔

**وصایت** (ع) وصیت کرنا ۔

**وَصَب** (ع) بیماری ۔ رنج ۔

**وصف** (ع) خوبی بیان کرنا ۔ تعریف کرنا ۔ اچھی باتوں کا ذکر کرنا ۔

**وصفہ** (ع) دوا کا نسخہ ۔

**وصل** (ع) (۱) ملاقات ۔ ملاقات کرنا (۲) معشوق سے ملنا ۔

**وَصل** (ع) رسید ۔

**وَصلت** (ع) (۱) وصل ۔ ملاقات (۲) خویشی پیوستگی ۔ (۳) پیوند ۔ ملنا ۔

**وصلت کردن** (ف) میاں بیوی کا رشتہ ہونا ۔ پیوند کرنا ۔

**وَصلہ** (ع) کاغذ کا ایک ٹکڑا ۔ کپڑے وغیرہ کا ایک ٹکڑا ۔

**وصلہ تن** (ف) خویش ۔ اپنا ۔

**وصلہ دار** (ف) پیوند لگا ہوا ۔

**وصلہ زدن** (ف) پیوند لگانا ۔

**وصلہ کردن** (ف) جوڑنا ۔

**وصلہ ناہمرنگ** (ف) مخمل پر ٹاٹ کا پیوند ۔

**وَصلی** (ع) مشق کرنے کا موٹا کاغذ ۔ دو ملے ہوئے کاغذ جس پر خوشنویس مشق کرتے ہیں ۔

**وَصمت** (ع) عیب ۔ نقصان ۔

**وُصول** (ع) (۱) پہنچنا (۲) ملنا ۔ رسیدگی (۳) پیوستگی ۔

**وصول شدن** }
**وصول کردن** } روپے پیسے کا وصول کرنا یا ہونا ۔

**وصی** (ع) (۱) وہ شخص جسے وصیت کی گئی ہو ۔ کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو کہتے ہیں ۔

**وصیت** (ع) مرتے وقت یا سفر کو جاتے وقت کوئی شخص جو ہدایت کرے کہ میرے بعد ایسا کرنا اسے وصیت کہتے ہیں ۔

**وصیت نامہ** (ف) تحریری وصیت لکھی ہوئی وصیت ۔

**وصید** (ع) دہلیز ۔ آستانہ ۔ چوکھٹ ۔

**وصیف** (ع) خدمت گار ۔ خواہ غلام ہو یا لونڈی ۔

**وصیفہ** (ع) لونڈی ۔ باندی ۔ ماما ۔

**وصیلہ** (ع) (۱) فراخی ۔ ارزانی (۲) عمارت (۳) گردہ (۴) تلوار (۵) ہم سفر (۶) ایام جاہلیت میں عرب میں اس بکری کو کہتے تھے ۔ جو سات بار تو مادہ بچہ جنتی اور آٹھویں بار نر اور مادہ اکٹھے جنتی ۔ ایسی بکری کو آزاد کر دیتے تھے ۔

# و ۔ ض

**وضّ** (ع) پریشان اور مضطرب ہونا ۔

**وضاء** (ع) وضی کی جمع ۔ خوبصورت ۔

**وَضاءت** (ع) (۱) خوبصورتی ۔ خوب روئی ۔ روشن چہرہ ہونا ۔ (۲) پاکیزگی ۔ پاک و خالص ہونا ۔ بے عیب ہونا ۔

**وَضّاح** (ع) (۱) خوبصورت ۔ گوری رنگت والا ۔ مرد ۔ مرد سفید رنگ (۲) مبروص ۔ وہ شخص جسے برص یعنی پھلبہری کا مرض ہو (۳) نہایت روشن ۔ آشکارا ۔

**وضاحت** (ع) (۱) ظاہر کرنا ۔ کھول کر بیان کرنا ۔ آشکارا کرنا ۔ روشن کرنا (۲) کشادگی ۔

**وضاعت** (ع) کمینہ ہونا ۔

**وضح** (ع) روشنی ۔ چاند کی سفیدی ۔

**وضر** (ع) میلا ۔ گندہ چکنا ہونا ۔

**وضع** (ع) (۱) ترتیب دینا ۔ بنانا (۲) رکھنا (۳) امانت رکھنا ۔ (۴) روش ۔ طرز ۔

**وُضع** (ع) وہ بچہ جو ایام حمل سے تین چار روز پہلے قرار پکڑے اور اس کا مضغہ بن جائے ۔

**وضع بے شیرازہ** (ف) پریشان اور بکھرے ہوئے طور طریقے ۔ جو کہ اصل اور قاعدہ پر نہ ہوں ۔

**وضع حمل** (ع) جننا ۔ جننے کے وقت حمل کا گرنا ۔

**وضع خنک** (ف) بری روش ۔ ناپسندیدہ طرز ۔

**وضع دار** (ف) (۱) باوضع ۔ خوش وضع ۔ طرحدار ۔ بانکا ۔ چھبیلا ۔ حسین ۔ خوبصورت ۔ دل پسند (۲) پابند وضع ۔ اپنی روش اور چال پر قائم اور مستقل رہنے والا ۔

**وضع داری** (ف) (۱) خوش اسلوبی ۔ طرحداری ۔ بانکپن ۔ خوبصورتی ۔ حسن ۔ خوبی (۲) شعار ۔ وتیرہ ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ سلیقہ ۔

**وضع کرخت** (ف) بری روش ۔ ناپسندیدہ طرز ۔

**وضع کردن** (ف) (۱) بچہ جننا (۲) رکھنا (۳) حساب سے خارج کرنا ۔

**وضع ناگوار** (ف) بری روش ۔ ناگوار طرز ۔

**وضم** (ع) گوشت کو تختے پر رکھنا ۔

**وضم** (ع) قصائی کا تختہ ۔

**وضن** (ع) تہ کرنا ۔ دوہرا کرنا ۔

**وُضو** (ع) ہاتھ منہ دھونا ۔ شرعی طور پر نماز کے لیے ہاتھ منہ اور پاؤں وغیرہ مقامات معینہ کو دھونا ۔

وَضُوء (ع) (۱) وہ پانی جس سے وضو کیا جائے (۲) وضو کرنے کا وقت۔
وُضُوح (ع) واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ روشن ہونا۔ آشکارا ہونا۔
وضو داشتن (ف) باوضو رہنا۔
وضو ساختن (ف) وضو کرنا۔
وضو گرفتن (ف) وضو کرنا۔
وَضِیّ (ع) خوبصورت۔
وَضِیع (ع) ادنیٰ۔ نالائق۔ کمینہ۔ نیچ۔ ناکس۔
وَضِیع و شریف (ع) ادنیٰ و اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا۔
وَضِیعہ (ع) خراج۔ ٹیکس۔ منہ بولا بیٹا۔ اس کی جمع وضائع آئی ہے۔
وَضِیمہ (ع) ماتم کی ضیافت۔

## و - ط

وطاء (ع) پامال کرنا۔ لتاڑنا۔
وطاء (ع) (۱) کسی کے ساتھ موافقت کرنا۔ معاہدہ کرنا (۲) ہودے کا پردہ (۳) لباس (۴) بستر۔ فرش۔
وطر (ع) حاجت۔
وطن (ع) دیس۔ آدمیوں کے رہنے کی جگہ۔ اپنا دیس۔
وطن (ع) (۱) کسی جگہ اقامت کرنا۔
وطن پرست (ف) وطن کو عزیز رکھنے یا اسے مقدس مقامات کی طرح سمجھنے والا۔
وطن خواہ (ف) وطن کا متوالا۔
وطن مالوف (ع) پیارا وطن۔
وطن دوست (ف) محب وطن۔
وطواط (ع) (۱) ابابیل۔ پرستوک (۲) فارسی کے مشہور شاعر رشید الدین محمد بن عبد المالک کا تخلص جو ۵۷۳ھ میں فوت ہوا۔
وَطی (ع) (۱) پامال کرنا (۲) عورت سے جماع کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔
وطیس (ع) لوہے کا تنور۔ حمی الوطیس یعنی تنور کا سخت گرم ہونا۔

## و - ظ

وظائف (ع) وظیفہ کی جمع۔
وظائف الاعضاء (ع) اعضا کے قدرتی فرائض۔
وُظُوف (ع) ہمیشگی کرنا۔

وظیف (ع) گھوڑے اور اونٹ کی ٹانگوں کا پتلا پن۔
وظیفہ (ع) (۱) وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہو (۲) راتبہ۔ روزینہ۔ تنخواہ (۳) فرض۔ ڈیوٹی۔ عہدہ (۴) روزانہ۔ درود و اذکار۔
وظیفہ اساسی (ف) بنیادی وظیفہ۔
وظیفہ خوار / وظیفہ خور (ف) روزینہ دار۔ تنخواہ دار۔ راتبہ دار۔
وظیفہ داشتن (ف) کسی ڈیوٹی کا پابند ہونا۔
وظیفہ دار (ف) جس کے ذمے کوئی خاص ڈیوٹی ہو۔

## و - ع

وِعا (ع) ظرف۔ برتن۔
وعارہ (ع) سخت ہونا۔ کم ہونا۔
وُعّاظ (ع) واعظ کی جمع۔
وعب (ع) پورا پورا لینا۔ چوڑا راستہ۔
وعث (ع) دلال۔ دشوار گزار راستہ۔
وَعثاء السفر (ع) سفر کی تکلیف۔
وَعدہ (ع) نیکی کرنے کا اقرار کرنا (۲) مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد۔
وعدہ حق رسیدن (ف) موت کا قریب آنا۔ عمر کا ختم ہونا۔
وَعدہ خلاف (ع) اقرار کو پورا نہ کرنے والا۔
وعدہ خلافی (ف) بے وفائی۔ عہد شکنی۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔
وعدہ دادن (ف) قول دینا۔ وعدہ کرنا۔
وعدہ فراموش (ف) اقرار کو بھول جانے والا۔
وعدہ گاہ (ف) باہم اقرار کرنے کی جگہ۔
وعدہ گرفتن (ف) قول لینا۔ وعدہ لینا۔
وَعدہ وعید (ع) بیت و لعل۔ ٹال مٹول۔
وَعدہ وفا (ع) قول کا سچا۔ اقرار پورا کرنے والا۔
وَعدہ وفائی (ف) اقرار پورا کرنا۔
وَعر (ع) دشوار۔ سخت۔
وعس (ع) نشان۔ ایک درخت جس کی لکڑی سے سارنگی بنتی ہے۔
وَعظ (ع) نصیحت کرنا۔ پند دینا۔
وعک (ع) گرمی کی زیادتی اور شدت۔
وعود (ع) وعدہ کی جمع۔
وُعور (ع) وعر کی جمع۔ مشکل مقامات۔ اترنے یا گزرنے کی دشوار جگہیں۔
وَعوَع (ع) (۱) لومڑی (۲) گیدڑ (۳) خطیب فصیح۔

وُغوعہ (ع) بھیڑیے۔ کُتے اور گیدڑ کی آواز۔
وعی (ع) یاد رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔
وَعید (ع) بُرا وعدہ۔ سزا دینے کا وعدہ۔ دھمکی۔ ڈراوا۔

## و - غ

وَغا (ع) (۱) جنگ۔ لڑائی (۲) شور۔ غوغا۔
وَغد (ع) (۱) نالائق۔ کمینہ۔ ناکس (۲) خادم قوم۔
وَغد (ف) بینگن۔ بادنجان۔
وَغستن (ف) ظاہر کرنا۔
وَغل (ع) بن بلائے دعوت میں جانا۔
وغوغ (ف) مینڈک کی آواز۔ مینڈک کا ٹرانا۔
وغیر ذالک (ع) اور سوا اس کے۔ وغیرہ۔
وغیرہ (ع) اور سوا اس کے۔
وغیرہم (ع) اور سوا ان سب کے۔
وغیرہما (ع) اور سوا ان دونوں کے۔

## و - ف

وَفا (ع) وعدہ پورا کرنا۔ قول و اقرار پورا کرنا۔ عہد بجا لانا۔ دوستی کا نباہنا۔
وَفات (ع) زندگی کا پورا ہونا۔ موت۔ مرگ۔
وَفات شہزادۂ پرویز (ف) اس فقرہ سے جہانگیر کے بیٹے شہزادہ پرویز کی وفات کا سال ۱۰۳۶ھ نکلتا ہے۔
وَفاداشتن (ف) باوفا ہونا۔
وَفادار (ف) وعدہ پورا کرنے والا۔ نمک حلال۔ خیر خواہ۔ دوست۔ ایمان دار۔ راست باز۔
وَفاداری (ف) نمک حلالی۔ مروت۔ دیانت داری۔
وِفادت (ع) ایلچی گری۔ قاصدی۔ بادشاہ کے نزدیک جانا۔
وفاشعار (ع) نہایت وفادار۔ جس کی طبیعت اور عادت میں وفا ہو۔
وِفاق (ع) موافقت کرنا۔ اتفاق۔ سازگاری۔ محبت۔
وِفاقت (ع) موافقت۔ دوستی۔ سازگاری۔ محبت۔
وَفا کردن (ف) پورا کرنا۔ ادا کرنا۔
وفای سگ (ف) بے حد وفاداری۔
وَفد (ع) وافد کی جمع۔ ایلچی۔ قاصد۔ کئی آدمیوں کا ایلچی کی حیثیت سے جانا۔
وَفر (ع) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔
وَفضہ (ع) (۱) ترکش (۲) گڈریوں کی جھولی جس میں کھانا وغیرہ رکھتے ہیں (۳) چرخی۔
وَفق (ع) (۱) موافق آنا (۲) موافق۔ سازوار۔ موافق (۳) علم حساب میں وہ عدد جو دوسرے عددوں کو پورا پورا تقسیم کردے۔ جیسے چار وفق ہے بارہ ۱۲ اور سولہ ۱۶ کا۔
وفق اعظم (ع) مقسوم علیہ اعظم۔
وفق دادن (ف) موافقت اور مطابقت پیدا کرنا۔
وُفود (ع) وافد کی جمع۔ قاصد لوگ یا جمع وفد کی۔
وُفور (ع) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ بہت ہونا۔
وفور نعمت (ف) نعمت کی فراوانی۔
وَفی (ع) تمام۔ کامل۔ پورا۔
وفی (ع) بہت ہونا۔ کامل ہونا۔ پورا۔

## و - ق

وَقاح (ع) بے حیا۔ بے شرم۔ بے ادب۔
وَقاحت (ع) بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے ادبی۔
وَقاد (ع) بہت شعلہ مارنے والا۔ بہت بھڑکنے والا۔ بہت افروختہ ہونے والا۔
وَقار (ع) (۱) آہستگی کرنا (۲) آہستگی۔ تمکین۔ بُردباری۔ حلم۔ بھاری بھرکم پن۔ گراں باری۔ آرام۔
وَقاص (ع) (۱) جنگ جُو۔ گردن توڑنے والا (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ایک صحابی کا نام جو فن تیر اندازی میں کامل ماہر تھے۔
وَقاع (ع) (۱) جنگ کرنا۔ لڑنا (۲) جماع کرنا۔
وَقایت (ع) (۱) حفاظت کرنا۔ نگاہ رکھنا۔ نگہبانی کرنا (۲) وہ چیز جس سے دوسری چیز محفوظ رکھی جائے جیسے کتاب کا مقوی (۳) فقہ کی ایک کتاب کا نام۔
وَقائع (ع) وقیعہ کی جمع (۱) لڑائیاں۔ حوادث۔ مصیبتیں (۲) جنگ کی خبریں۔ لڑائی کے حالات اسے واقع کی جمع کرنا غلط ہے۔
وقائع جاری (ف) حالات حاضرہ۔
وقائع نگار / وقائع نویس (ع) اخبار نویس۔
وقایہ (ع) پاسبانی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
وَقت (ع) (۱) ہنگام۔ زمانہ۔ عرصہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں وہ حالت جو حضور قلب اور یاد الٰہی میں طاری ہوتی ہے۔
وقتاً فوقتاً (ع) کبھی کبھی۔ حسب موقع۔
وقت پیدا کردن (ف) کسی کام کے لیے فرصت پیدا کرنا۔
وقت خواستن (ف) کسی سے ملاقات کے لیے ٹائم لینا۔

وقت دادن (ف) کسی کو ملاقات کے لیے خاص وقت دینا۔
وقتِ رُوز (ف) لڑائی کا وقت۔
وقت سر خاریدن نداشتن (ف) انتہائی مصروف ہونا۔ سر کھجلانے کی فرصت نہ ہونا۔
وقت فلاں تنگ است }
وقت فلاں نازک است } (ف) بہت کم فرصت ہے۔
وقت کسے تنگ است (ف) اب وہ زوال کے قریب ہے۔
وقت گزاشتن (ف) وقت گزارنا۔
وقت و ساعت (ف) گھڑی، جس پر وقت دیکھتے ہیں۔
وقح (ع) بے شرم۔ بے حیا۔
وُقح (ع) بے شرمی۔ شوخی۔ شوخ ہونا۔
وقر (ع) (۱) کان سے اونچا سننا۔ گرانی گوش (۲) حلم تمکین۔ بھاری بھرکم پن۔ عزت (۳) اتنا بوجھ جسے خچر یا گدھا اٹھا سکے۔
وقرت (ع) پتھر میں ایسا گڑھا جس میں پانی جمع ہو گیا ہو۔
وقر نہادن (ف) کسی کو لائق جاننا۔ معتبر سمجھنا۔
وقص (ع) گردن توڑنا۔
وقع (ع) (۱) بلند جگہ (۲) عزت۔ اعتبار
وقعت (ع) (۱) جنگ کی سختی اور مصیبت (۲) فارسی میں بمعنی اعتبار اور قدر، منزلت کے آتا ہے۔
وقع نہادن (ف) کسی کو لائق جاننا۔ معتبر سمجھنا۔
وقف (ع) (۱) توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ کسی جگہ کھڑا ہونا۔ کلام میں توقف کرنا (۲) خبردار ہونا۔ مطلع ہونا۔ جاننا (۳) کسی چیز کو خدا کی راہ میں چھوڑ دینا (۴) وہ چیز جو خدا کی راہ میں چھوڑ دی گئی ہو۔ اور کسی کی ملک نہ ہو (۵) عطا۔
وقفہ (ع) تھوڑی دیر ٹھہرنا۔
وقل (ع) چڑھنا۔ ایک پاؤں پر کھڑا ہونا۔
وقم (ع) ظلم کرنا۔ غالب آنا۔ توڑنا۔
وقواق (ع) (۱) ڈرپوک۔ بزدل (۲) ایک درخت کا نام جو انسان کے مشابہ ہوتا ہے (۳) اس جزیرے کا نام جس میں مشابہ انسان درخت ہوتا ہے۔
وقود (ع) ایندھن۔ آگ جلانے کی لکڑی۔ ہیزم سوختنی
وُقود (ع) آگ جلانا۔ آگ روشن کرنا۔ آگ بھڑکانا
وقور (ع) (۱) صاحب وقر۔ ذی عزت آدمی (۲) ہمیشہ۔
وُقوع (ع) (۱) واقع ہونا (۲) گرنا (۳) پرندے کا نیچے اترنا۔
وقوف (ع) (۱) آگاہی۔ جاننا۔ خبردار ہونا (۲) کھڑا ہونا۔
وقوف پیدا کردن }
وقوف یافتن } (ف) آگاہی پیدا کرنا۔
وقوف الساعت (ع) گھڑی کا بند ہو جانا۔
وقوقہ (ع) خوف کے وقت کتے یا پرندے کی آواز۔

وَقی (ع) حفاظت کرنا۔ نگاہ رکھنا۔
وَقیح (ع) بے شرم۔ بے حیا۔ بے ادب۔
وقیح بُودن (ف) بے شرم ہونا۔ بے حیا ہونا۔
وقید (ع) (۱) وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔ لکڑی۔ گھاس پھوس وغیرہ (۲) وہ مرض جو قریب مرگ ہونے کا باعث ہو۔
وقیط (ع) نہ سونے کی گرانی والا۔
وَقیع (ع) (۱) بلند۔ اونچا (۲) مضبوط (۳) تیز کی ہوئی تلوار یا چھری۔
وَقیعت (ع) (۱) غیبت۔ پیٹھ پیچھے کسی کو بُرا کہنا۔ چغل خوری (۲) جنگ۔ فتنہ۔
وُقیہ (ع) ایک وزن کا نام جو چالیس درم کا ہوتا ہے اور درم ساڑھے تین ماشہ کا۔

# و - ک

وک (ف) خوک۔ مینڈک۔
وکاعت (ع) سخت ہونا۔ نالائق اور کمینہ ہونا۔
وکاف (ع) گدھے یا گھوڑے کا پالان۔
وِکالت (ع) وکیل ہونا۔ ضامن ہونا۔ کوئی کام دوسرے کے سپرد کرنا۔
وکالت (ع) ایجنسی کسی ایجنٹ کا دفتر۔
وکالتاً (ع) وکیل کی معرفت۔
وکالت تجارتیت (ع) کارخانہ۔ فیکٹری۔
وکالت نامہ (ع) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی کو اپنا وکیل بنایا جائے۔ مختار نامہ۔
وکالت نردبان وزارت است (ف) مراد ہے کہ وکیل اکثر وزیر بن جاتے ہیں۔
وُکانہ (ف) کھجور یا انگور کے خوشہ کا ٹکڑا۔
وَکنہ (ف) نقطہ۔
وکر (ع) گھونسلا۔ آشیانہ۔ وہ گھونسلا جو دیوار یا پہاڑ وغیرہ کے سوراخ میں ہو۔
وَکز (ع) گھونسا مارنا۔
وکس (ع) (۱) کم کرنا (۲) کم ہونا۔
وَکس (ع) (۱) کمی نقصان۔ زیان۔
وکف (ع) پانی کے قطرے ٹپکنا۔
وَکَف (ع) (۱) گناہ۔ عیب (۲) گنہگار ہونا (۳) کرانہ کوہ۔
وَکِل (ع) عاجز جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑ دے۔
وَکَل (ع) اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا۔
وُکَلا (ع) وکیل کی جمع۔
وَکن (ع) (۱) مرغی کا انڈے کو سینا (۲) پرندے کا وہ گھونسلا جو دیوار یا پہاڑ میں ہو۔
وُکور (ع) وکر کی جمع۔ گھونسلے۔

وک وک (ف) گتّے کی آواز۔
وکول (ع) عاجز آدمی۔
وکیر
وکیرہ } (ع) نیا مکان بنانے کی ضیافت۔
وکیع (ع) سخت محکم۔
وکیف (ع) چھت کا ٹپکنا۔
وکیل (ع) (۱) وہ شخص جس پر کوئی دوسرا آدمی اپنا کام چھوڑ دے (۲) کارساز۔
وکیل بودن
وکیل شدن } کسی کا نمائندہ ہونا۔
وکیل در (ف) وکیل دربار۔ نائب۔
وکیل مجلس سنا (ف) سینٹ کا ممبر۔
وکیل مجلس ملّی (ف) پارلیمنٹ کا ممبر۔

## و - گ

وگر (ف) واگر کا مخفف۔ اور اگر۔
وگرنہ (ف) اور جو نہیں۔ نہیں تو۔

## و - ل

وَل (ع) چھوڑنا (۲) چھوٹا ہوا۔
وَل (ف) (۱) شگوفہ۔ کلی (۲) انگور کا شگوفہ۔
وِل (ف) مطلق العنان۔ خودسر۔
ولاء (ع) (۱) محبت۔ دوستی (۲) کسی کام کو پے در پے کرنا۔
وَلاء (ع) (۱) بادشاہی (۲) قرابت (۳) یار دوست (۴) آزاد غلام کی میراث۔
وُلات (ع) والی کی جمع (۱) حاکم (۲) دوست۔
وِلادت (ع) جننا۔ بچہ جننا۔
وِلاذہ (ف) دمڑکا۔ چرخے کے تکلے کا منکا۔
وِلان (ع) اُلفت کرنا۔
ول انگار (ف) لاپروا۔ لااُبالی۔ فضول۔
ولانہ (ف) زخم۔ گھاؤ۔
ولایات (ع) ولایت کی جمع۔
وَلایت (ع) (۱) صداقت (۲) مدد دینا (۳) حکمرانی کرنا۔
ولایت (ف) گورنری۔
وِلایت (ع) (۱) حاکم ہونا (۲) کسی کام کا ذمہ دار ہونا۔ کسی کا ولی ہونا (۳) دوست ہونا۔ دوستی۔ یاری (۴) بادشاہی۔ حکومت (۵) امارت۔ امیری (۶) تصرّف۔ قدرت (۷) آباد زمین۔ ملک۔ بادشاہ کا ایک ملک (۸) خدا کی نزدیکی۔ خدا کا ولی ہونا۔ (۹) مجازاً پہلے تو ایران کو کہتے تھے اور اب یورپ کو کہتے ہیں۔
ولایت ستان (ف) اولیاء اللہ۔
ولایت قالوبلیٰ (ع) عہد میثاق۔ ایمان۔
ولایتی (ف) (۱) ایرانی (۲) پٹھان۔
وَلیج (ف) پودنہ جو مشہور پرندہ ہے۔
ول خرچ (ف) فضول خرچ۔
وَلد
وَلَد
وُلد
وِلد } (ع) فرزند۔ بیٹا۔ بچہ۔ واحد اور جمع دونوں کے لیے یکساں آتا ہے۔
ولدالحرام (ع) حرام زادہ۔ حرام کا بچہ۔
وَلدالزنا (ع) (۱) حرام زادہ۔ حرام کا بچہ (۲) وہ پروانے وغیرہ جو برسات میں پیدا ہوتے ہیں۔ اور سہیل کے طلوع ہونے کے بعد مر جاتے ہیں۔
وِلدان (ع) ولید کی جمع۔ بچے۔ لڑکے۔
ولدیّت (ع) باپ کا نام۔ گھرانا۔
ول راہ رفتن (ف) (۱) بھٹک جانا (۲) ٹیڑھا چلنا۔
ول شدن (ف) ترک کیے جانا۔
وَل کردن (ف) چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ جانے دینا۔ رہا کرنا۔
وَلع (ع) فریفتگی۔ حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔
وَلع (ع) جھوٹ بولنا۔
وَلع (ع) (۱) جھوٹ بولنا (۲) باز رکھنا۔
وُلع (ع) دروغ۔ جھوٹ۔ کذب۔
ولع داشتن (ف) کسی چیز کا بہت شیفتہ ہونا۔ بہت زیادہ حرص کرنا۔
ول کردن (ف) چھوڑ دینا۔
ولکن (ع) اور لیکن۔ ولیکن۔ مگر۔
وَلگا (ف) یورپی روس کے ایک دریا کا نام۔
ولگرد (ف) آوارہ گرد۔
ولگردی (ف) آوارہ گردی۔
ول گو (ف) یاوہ گو۔ ہرزہ گو۔ واہی تباہی بکنے والا۔
وُلوج (ع) داخل ہونا۔ گھسنا۔
وَلود (ع) بہت بچے جننے والی عورت (۲) بہت بچے دینے والی بکری۔
ولوسپید (ف) بائیسکل۔ سائیکل۔
ولو شدن (ف) آوارہ گردی کرنا۔
وَلوع (ع) (۱) حریص۔ لالچی (۲) شیفتہ۔
وُلوع (ع) (۱) حریص ہونا (۲) کسی چیز سے بہت محبت کرنا۔
وُلوغ (ع) کتّے کا پانی پینا۔ کتّے کا پانی میں اسے پینے کیلئے منہ رکھنا۔

وَلولہ (ع) (۱) جوش و خروش (۲) فریاد - غوغا (۳) واویلا کرنا شور و غل مچانا۔
وَلہ (ف) (۱) شیفتگی - عشق (۲) غصّہ (۳) ناز - (۴) عاشق زار -
وَلَہ (ع) (۱) جنون - عشق بے خودی اور حیرانی جو عشق کے باعث ہو (۲) غم و اندوہ (۳) خوف -
وَلہان (ع) (۱) حیران ہونا (۲) بے ہوش ہونا (۳) وہ شخص جو عشق کے باعث سرگشتہ و پریشان ہو -
ولہ زدہ (ف) (۱) عاشق - دیوانہ (۲) غصّے سے بھرا ہوا - خشمگین -
وَلے (ف) ولیکن - مگر - اِلّا - پر - لیکن -
وَلِیّ (ع) (۱) یار - دوست (۲) متصرّف (۳) مددگار (۴) صاحب خداوند (۵) نزدیک (۶) کفیل - ذمّہ دار (۷) نیک بندہ جو خدا کی درگاہ میں مقرب ہو - مقرّبِ خُدا -
ولی (ع) نزدیک ہونا -
ولید (ع) (۱) لڑکا - کودک - بچہ (۲) غلام (۳) حضرت خالد سیف اللہ رضی اللہ عنہ کے باپ کا نام (۴) ایک صحابی کا نام جو فتح مکّہ کے روز مسلمان ہوئے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے رشتہ دار مسلمان تھے - اُن کے باپ کا نام مغیرہ تھا - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے عہد میں عراق و آذربائیجان کے حاکم تھے - (۵) مروان کے پوتے کا نام جو اپنے باپ عبدالملک کے بعد دمشق میں تخت نشین اور ۸۶ھ سے ۹۶ھ تک حکمران رہا - اس کے وقت میں بہت سے ممالک فتح ہوئے - اور ہندوستان سے اسپین تک اس کی حکومت تھی (۶) ولید بن عبدالملک کے بھتیجے کا نام جو یزید بن عبدالملک کا بیٹا تھا ۱۲۵ھ سے ۱۲۶ھ تک حکمران رہا - چونکہ یہ بڑا فاسق و فاجر تھا - اس لیے اعیانِ سلطنت نے اسے مروا ڈالا -
ولیدات (ع) ہمزاد لڑکیاں -
ولیدہ (ع) (۱) لڑکی (۲) کمسن لونڈی -
ولیع (ع) شگوفہ - غنچہ - کلی - کھجور وغیرہ کا ناشگفتہ شگوفہ -
وَلیِ عہد (ع) (۱) حاکم وقت - قائم مقام (۲) اصطلاحاً وہ شخص جسے بادشاہ اپنی زندگی میں اپنی جگہ پر بیٹھنے کا اس طور پر حکم دے کہ میرے بعد یہ بادشاہ ہوگا -
ولیف (ع) متواتر چمکنے والی بجلی -
ولیقہ (ع) کھانے کی ایک قسم جو مکھن اور دودھ سے بنتی ہے -
ولیک (ف) ولیکن کا مخفف -
وَلیکن (ف) ولاکن - ولکن - اور اگر -
ولیمہ (ع) شادی کا کھانا - بیاہ کی ضیافت -
ولی نعمت (ع) کسی کو کھانے کو دینے والا - پرورش کرنے والا - آقا - یہ لفظ ولی بلا اضافت کے آتا ہے - جیسے ولی عہد میں -

وَلِیّہ (ع) گھوڑے یا گدھے کا پالان - عرق گیر -

## و - م

وَمد (ع) غصّہ - گرمی کی شدّت -
وَمز (ع) غصّہ سے ناک بھوں چڑھانا -
وَمش (ع) رگڑنا - گھسنا -
ومض (ع) بجلی کا چمکنا -
ومطہ (ع) تکلیف، رنج اور غصّہ سے گرنا -
ومق (ع) دوست رکھنا -
ومہ (ع) دن کی گرمی کا سخت اور تیز ہونا -

## و - ن

وَن (ف) (۱) مانند - نظیر - شبیہ (۲) صاف (۳) بلکہ (۴) دہ ہزار - (۵) چرونجی جو ایک میوہ ہے -
وَنیٰ (ع) (۱) کام میں سستی کرنا (۲) ایک شہر کا نام -
ونج (ف) (۱) ناخوش (۲) بد - زشت -
ونج (ف) چڑیا -
ونجنک (ف) ریحان -
وند (ف) (۱) صاحب (۲) ظرف - برتن -
وَندساز (ف) (۱) مرکز - دائرے کا مرکز -
وَندہ (ف) تیرہ تیزک - ایک قسم کی گھاس -
وَنکہ (ف) بلکہ -
ونگ (ف) (۱) محتاج - مفلس (۲) محتاجی - افلاس -
ونگ ونگ (ف) بے ہودہ بات جو لبوں کے اندر کہیں اور سمجھی نہ جائے -
ونگ (ف) (۱) انگور کا کٹا ہوا خوشہ (۲) انگور کے خوشے لٹکانے کی الگنی -
وَنوس (ف) زہرہ ستارہ -
وَنی (ع) کام میں سستی کرنا - تکان - ماندگی - سستی -
ونیم (ع) مکھی کا گوہ -
ونیہ (ع) موتی - سستی - گٹھڑی -

## و - ہ

وَہ (ف) تعریف کا کلمہ - تعجب کا کلمہ - افسوس کا کلمہ -
وَہّاب (ع) بہت بخشنے والا -

وَہّابت (ع) نہایت بخشنے والا۔
وَہّابی (ع) عبدالوہاب نجدی کا پیرو فرقہ جو صوفیوں کا مدمقابل خیال کیا جاتا ہے۔
وَہّاج (ع) بڑا روشن۔ درخشاں۔ چمکیلا۔ روشن۔
وِہاد (ع) وہدہ کی جمع۔ پست زمینیں۔
وہب (ع) بخشنا۔ بخشش کرنا۔ بخشش۔
وہبت (ع) روندنا۔ کوٹنا۔ تنگ کرنا۔
وہبی (ع) بخشا ہوا۔ عطا کیا۔
وہج (ع) آگ کا بھڑکنا۔ شعلہ مارنا۔
وَہج (ع) افروختگی۔ سوزش۔ جلن۔ گرمی۔ بھڑک۔
وَہد } وَہدہ } (ع) پست زمین۔ نیچی زمین۔ نشیب۔
وہر (ع) ایسی شکل میں پھنسانا کہ نکل نہ سکے۔
وَہص (ع) خصی کرنا۔ سر توڑنا۔
وہط (ع) توڑنا۔ نیزہ مارنا۔
وَہق } وَہَق } (ع) کمند گلے میں ڈال کر کھینچنے کا پھندا جو جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
وَہل (ع) ڈرنا۔
وَہلہ (ع) (۱) ڈرنا۔ (۲) خوف۔ ڈر (۳) دفعہ۔ باری۔ نوبت۔ مرتبہ۔
وَہم (ع) (۱) بغیر ارادہ اور قصد کے دل کا کسی چیز کی طرف جانا۔ وسواس (۲) دماغ کی ایک باطنی وسعت قوت کا نام جو خیالات فاسد پیدا کرتی ہے۔
وہمناک (ف) وہمی۔
وہمناک بُودن (ف) وہمی ہونا۔
وہمہ (ع) جننے کے وقت کا درد۔ درد زہ۔ دردِ ولادت۔
وہمی (ع) (۱) کوئی بات منسوب بہ وہم (۲) وہ شخص جسے وہم ہو۔
وَہن (ع) (۱) سُست ہونا۔ سُستی (۲) سُست کرنا (۳) قریب نصف شب رات کا حصّہ۔
وہوہہ (ع) شیر کا دھاڑنا۔ آدمی کا خوف سے چیخنا۔
وہی (ع) (۱) سُست ہونا (۲) نرم ہونا۔
وہین (ع) مزدوروں کی دیکھ بھال کرنے والا۔

## و ۔ ی

وَے (ف) اُس۔ وہ (۲) وائے کا مخفف (۳) مقدار۔
وَیْ (ع) تعجب کا کلمہ۔
ویار (ع) حاملہ عورتوں کا حمل کے ایام میں کسی خاص چیز ترشی وغیرہ کے کھانے کو جی چاہنا۔

وَیح } وَیحک } (ع) (۱) ترحم کا کلمہ (۲) تحسین کا کلمہ (۳) افسوس کا کلمہ (۴) تنبیہ کا کلمہ۔ شلاً اسے نیک بخت۔ خوب۔ اسے افسوس وغیرہ۔
وِید (ف) (۱) گم شدہ۔ گم (۲) چارہ۔ علاج۔ (۳) کیل چیز۔
وَیدْشتر (ف) بیدستر۔ سگ آبی۔ گدر۔
وِیدَن (ف) علاج کرنا۔
وِیدیدَن (ف) (۱) علاج تلاش کرنا (۲) گم ہوجانا (۳) نقصان کرنا۔
وِیر (ف) (۱) حفظ۔ یاد۔ از بر (۲) ادراک۔ سمجھ کی رسائی۔ فہم (۳) حفاظت۔ نگہداشت (۴) فریاد۔ شور۔ نالہ و فریاد۔
ویر کردن (ف) ازبر کرنا۔ یاد کرنا۔ حفظ کرنا۔
ویر (ف) احمق۔ بے عقل۔ نادان۔
وَیرا (ف) اسے۔ اس کو۔
ویران } وَیران } ویران } (ف) غیر آباد۔ اُجڑا ہوا۔ خراب۔
ویران شدن (ف) برباد ہونا۔
ویران شہر (ف) ایران میں ایک جگہ ہے جہاں کا زعفران مشہور ہے۔
ویران گر (ف) غارت گر۔
ویرانہ (ف) غیر آباد۔ اُجڑا ہوا۔ جنگل۔ بیابان۔
ویرانی (ف) غیر آبادی۔
وَیرِزو (ف) ٹیکس۔
وَیرہ (ف) وہ بیلیں جو درختوں پر چڑھ جاتی ہیں۔ جیسے کدو وغیرہ کی بیل۔
ویری ناگ (ف) کشمیر کے مشہور چشمہ کا نام جو دریائے جہلم کا منبع ہے۔ جس گاؤں میں یہ چشمہ ہے اس کو بھی ویری ناگ ہی کہتے ہیں۔
ویزا (ف) سفر کا پروانہ۔ سفر کرنے کا اجازت نامہ۔
ویزیت داشتن (ف) ڈاکٹر کا اپنی فیس طلب کرنا۔
ویژ (ف) صاف۔ خالص۔
ویژش (ف) تقدس۔ پاکیزگی۔ تقدیس۔
ویژگاں (ف) خالص لوگ۔ خاصاں۔
ویژہ (ف) صاف۔ خالص۔
ولیس (ف) والس کا مفرس۔ نائب۔ ڈپٹی۔
ولیس (ف) رامین کی معشوقہ کا نام۔
ولیس امیرال (ف) امیرالبحر کا نائب۔
ولیسہ (ف) (۱) رامین کی معشوقہ کا نام (۲) افراسیاب کے سپہ سالار پیران کے باپ کا نام۔

وِلشُدہ (ف) بچھایا ہوا۔
وِلیشہ (ف) بیشہ۔ جنگل۔ نیستان۔
وِہِیک (ف) ترحم کا کلمہ۔ اے نیک۔ اے نیک بخت۔ اے اچھے۔
وِیک (ف) نفرت کا کلمہ۔
وَیل (ع) (۱) ہائے۔ افسوس کا کلمہ (۲) سختی (۳) عداوت (۴) ہلاکت۔ مصیبت۔ عذاب (۵) شور و فغان۔ فریاد۔ بے قراری۔ (۶) دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔
ویل (ف) فتح۔
ویلا (ف) درّہ۔ وادی۔
ویلان (ف) ناعمہ۔

وَیلک (ف) وائے ترا۔
وَیلہ (ف) بلند آواز۔ فریاد۔ شور۔ واویلا۔ (۲) آواز۔ صدا۔
وِیم (ف) گلابہ۔ گارا جس سے کہگل کرتے ہیں۔
وِین (ف) (۱) رنگ (۲) سیاہ انگور۔
وَیو (ف) بروزن برو۔ عروس۔ دلہن۔
وَیبہ / وَیبہ } (ع) دیکھو ویہا۔
ویہا (ع) (۱) تحریص یعنی بھڑکانے کا کلمہ۔ جلدی کرو۔ آؤ۔ (۲) لذّت کا کلمہ۔ بہت خوب۔ چہ خوش۔

# ہ

ہ ۔ فارسی حروف تہجی کا اکتیسواں[۳۱] اور عربی کا ستائیسواں[۲۷] حرف ۔ بحساب جمل اس کے پانچ عدد مقرر ہیں۔

ہ (ع) (۱) بطور ضمیر غائب استعمال ہوتا ہے (۲) کلمہ کے اخیر بیان حرکت کے لیے آتا ہے اور اُسے ہائے سکتہ کہتے ہیں۔

## ہ ۔ ا

ہا (ف) (۱) ایک حرف تہجی (۲) کلمہ کے آخر جمع کے لیے آتا ہے (۳) اینک ۔ یہی ۔ اسے لو (۴) کسی کے مُنہ پر طمانچہ مارنا (۵) نفی اور تنبیہ کا لفظ ۔ تنبیہ۔

ہا (ع) (۱) پکڑ ۔ بگیر ۔ لے (۲) ضمیر مؤنث کے لیے بھی آتا ہے (۳) اسم اشارہ پر تنبیہ کے لیے بھی آتا ہے (۴) مُرغ کے مُنہ کی سفیدی۔

ہا (ع) بخشش کرو ۔ دو ۔ دے دو۔

ہاب (ع) گھوڑے کے بُلانے کے لیے بولتے ہیں۔

ہابط (ع) نیچے اُترنے والا ۔ اُترنے والا۔

ہابی (ع) قبر کی مٹی ۔ باریک مٹی جو قبر کی طرح ہو۔

ہابیعی (ف) اصلی ۔ حقیقی۔

ہابیل (ع) حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو قابیل کے بعد پیدا ہوا تھا ۔ ہابیل بڑا نیک اور ایمان دار تھا ۔ اسے قابیل نے قتل کر دیا تھا۔

ہات (ع) (۱) لا ۔ لاؤ ۔ (۲) بخشش کر ۔ دو۔

ہاتان (ع) یہ دو عورتیں۔

ہاتف (ع) آواز دینے والا ۔ غیب سے آواز دینے والا فرشتہ۔

ہاتن (ع) برسنے والا ۔ بادل۔

ہاتین (ع) یہ دو عورتیں۔

ہاج واج (ف) حیران شدہ ۔ مبہوت۔

ہاج واج شُدن } حیران ہونا۔
ہاج واج ماندن } مبہوت ہونا۔

ہاجد (ع) سویا ہوا ۔ رات کو جاگنے والا۔

ہاجر (ع) (۱) ہجرت کرنے والا (۲) عرب کے ایک قبیلہ کا نام (۳) اوروں سے لائق و فائق ۔ (۴) پریشان (۵) بات کہنے والا۔

ہاجرۃ (ع) دوپہر کا وقت ۔ جب نہایت گرمی اور حرارت ہوتی ہے۔

ہاجرہ (ع) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام جن کے بطن سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے ۔ آپ کی دُوسری بیوی سائرہ تھیں جن کے بطن سے حضرت اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے۔

ہاجس (ع) دل میں گزرنے والا خیال۔

ہاجع (ع) رات کو سونے والا ۔ اس کی جمع ہجع اور ہجوع آتی ہے۔

ہاجن (ع) کنواری لڑکی۔

ہاجی (ع) (۱) ہجو کرنے والا (۲) حروف مقطعات پڑھنے والا۔

ہادُخت (ف) پارسیوں کی مذہبی کتاب ژند کے اکیس بابوں میں سے ایک باب کا نام۔

ہادر (ع) بے اعتبار اور بے آبرو آدمی ۔ گاڑھا دُودھ۔

ہادِزولیش (ف) ترکستان کے ایک جنگل کا نام جہاں ایسی تیز ہوا چلتی ہے کہ انسان تو کیا گھوڑے اور اُونٹ تک ا

اُڑا لے جاتی ہے۔

ہادم (ع) منہدم کرنے والا۔ عمارت کو گرانے والا۔ اجاڑنے والا۔ مٹانے والا۔

ہادِمُ اللَّذّات (ع) (۱) لذّتوں کو مٹانے والا (۲) ملک الموت۔ (۳) موت۔

ہادُوری (ف) فقیروں کے ایک گروہ کا نام۔

ہادی (ع) (۱) ہدایت کرنے والا (۲) تیر پیکان (۳) چوتھے عباسی خلیفہ کا نام جو ۱۶۹ھ سے ۱۷۰ھ تک حکمران رہا۔

ہاذِم (ع) ہادم کا مترادف۔

ہار (ع) منہدم ہونے والا۔ گرنے والا۔ ڈھے جانے والا۔

ہار (ف) (۱) لڑی۔ موتیوں یا پھولوں وغیرہ کی بدھی (۲) پاخانہ۔ گوبر۔ لید (۳) گندہ (۴) دیوانہ۔ جانور (۵) دیوانہ کتّا۔ (۶) گوشت (۷) خاموش (۸) متحیر (۹) اونٹ کی مہار۔

ہارب (ع) بھاگنے والا۔

ہاربہ (ع) ہارب کی تانیث۔ بھاگنے والی۔

ہارب (ف) سارنگی۔

ہارب شدن (ف) بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔

ہارشدن (ف) دیوانہ ہونا۔ باؤلا ہونا۔

ہارکردن (ف) سر چڑھانا۔

ہارو (ف) ایک عورت کا نام جو اندروس کی معشوقہ تھی۔ اور ایک جزیرہ میں رہتی تھی۔ رات کے وقت وہ آگ جلاتی اور اندروس اس کے پاس پہنچ جاتا تھا۔

ہاروت (ع) ایک فرشتہ کا نام جس کے متعلق بعض کا خیال ہے کہ وہ اور ماروت بابل کے کنوئیں میں لٹکے ہیں اور یہ لوگوں کو جادو سکھانے کی سزا ہے۔

ہاروت فن (ف) جادوگر۔ ساحر۔

ہاروتی (ف) (۱) جادوگر (۲) جادوگری۔ ساحری۔

ہارون (ع) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام (۲) بغداد کے پانچویں عباسی خلیفہ کا نام جسے ہارون الرشید کہتے ہیں۔ اور جو تمام خلفا میں زیادہ مشہور ہے۔ اس نے ۱۷۰ھ سے ۱۹۳ھ تک حکومت کی (۲) سرکش گھوڑا (۴) سالارِ قوم۔ سردار۔

ہارون (ف) (۱) پیک۔ قاصد (۲) نقیب۔ پاسبان۔

ہارون آستانہ گردون (ف) چاند۔ قمر۔

ہارونی (ف) (۱) چوکیداری۔ پاسبانی (۲) قاصدی۔ پیامبری۔

ہارونیدن (ف) (۱) حیران ہونا (۲) عاجز ہونا۔

ہاری (ف) خاکروب۔ بھنگی۔

ہاژ / ہاژو } (ف) (۱) حیران۔ متحیر۔ نقش بدیوار۔ سرگشتہ (۲) عاجز (۳) حقیر (۴) بُری چیز۔ زشت۔ زبون۔

ہاژویدن (ف) حیران رہنا۔ عاجز ہونا۔

ہاژہ (ف) ہاژ کا مترادف۔ دیکھو ہاژ۔

ہاژیدن (ف) (۱) دیکھنا (۲) رونا۔

ہاس (ف) ہراس کا مخفف۔

ہاس (ف) ایضاً۔ دیگر۔ مترادف۔ نیز۔

ہاشم (ع) (۱) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پردادا کا نام جو نہایت خوش خلق اور نیک خو تھے۔

ہاشمی (ع) منسوب بہ حضرت ہاشم۔ ہاشم کی اولاد کا آدمی۔ ہاشم کی اولاد۔

ہاشور (ف) صیقلی۔ رنگ آمیزی۔ چمک۔ درخشندگی۔

ہاضم (ع) (۱) ہضم کرنے والا (۲) ہضم ہونے والا (۳) توڑنے والا۔

ہاضمہ (ع) ہضم کرنے کی قوت۔

ہاضوم (ع) کھانا ہضم کرنے والی دوا۔

ہاطِل (ع) بہت برسنے والا بادل۔

ہاع (ع) (۱) بزدل (۲) لالچی۔ حریص۔

ہاک (ف) مرغی کا انڈا۔

ہاکل (ع) جمائی۔ خمیازہ۔ ہکلانے والا۔

ہاکرہ / ہاکلہ } (ف) الکن۔ توتلا۔ ہکلا۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔

ہٰکذا (ع) اسی طرح۔ ایسے ہی۔

ہال (ف) (۱) آرام۔ قرار (۲) سفید الائچی (۳) وہ دو نشان جو میدان کے دونوں طرف کھڑے کرکے ان کے درمیان گیند کھیلا جاتا ہے۔

ہالع (ع) بڑا لالچی۔ بڑا حریص۔

ہالِک (ع) (۱) ہلاک کرنے والا (۲) ہلاک ہونے والا۔

ہالکہ (ع) نفس حریص۔

ہالکی (ع) قلعی گر۔ لوہار۔

ہالگاہ (ف) چوگان بازی کا میدان۔ کرکٹ کھیلنے کا میدان۔

ہالور (ع) سادہ لوح آدمی۔

ہالہ (ع) چاند کے گرد کا گنڈل۔ ہَولہ۔

ہالہ (ف) (۱) فتنہ پرداز۔ مفسد (۲) ایک پہاڑی لکڑی جو مشعل میں بتی کی جگہ جلتی ہے (۳) قرار پکڑا ہوا۔ آرام گرفتہ (۴) رنگ (۵) رنگ و بو۔

ہالہ بستن (ف) ہالہ بنانا۔ مدوّر حلقہ بنانا۔

ہام (ع) ہامہ کی جمع (۱) رؤسا (۲) کھوپریاں (۳) پیشانیاں (۴) مردہ اجسام (۵) اُلّو۔ بوم۔

ہامال (ف) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ برابر کا۔ قرین۔

ہامان (ع) (۱) فرعون مصر کے وزیر کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں تھا (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھائی کا نام۔

ہامت (ع) بجھنے والا۔

ہامّر (ع)، بہت برسنے والا بادل۔
ہامراہ (ف)، ہمراہ۔
ہامز (ع)، (۱) عیب چین (۲) آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔
ہامش (ع)، حاشیہ۔ کنارہ۔ یہ لفظ اصل لغت سے نہیں ہے بلکہ مولد ہے۔
ہامشہ (ف)، کتاب کا حاشیہ۔
ہامن (ف)، ہامون کا مخفف۔ بیابان۔ جنگل۔
ہام وار / ہام وارہ } (ف)، ہموار۔ صاف زمین۔ میدان۔
ہامون (ف)، جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔
ہامہ (ع)، (۱) کھوپری۔ کاسۂ سر (۲) پیشانی (۳) رئیس سردار۔ (۴) مُردہ جسم (۵) اُلّو۔ بُوم۔
ہامّہ (ع) (۱) گھوڑا (۲) زمین کے اندر گھسنے والا جانور۔ نیولا۔ سانپ بچھو وغیرہ۔
ہامۃ القوم (ع)، قوم کا سردار۔
ہباشہ (ع)، جمع کیا مال۔ مختلف آدمیوں کی جماعت۔
ہامی (ف)، سرگشتہ۔ حیران۔ سرگردان۔
ہامیان (ف)، ہمیان۔ دیکھو ہمیان۔
ہان (ف)، تنبیہ کا کلمہ۔ خبردار رہ۔
ہاوش (ف)، متعلق۔ اُمّت۔
ہاون (ف)، (۱) اوکھلی (۲) چٹو۔ کھرل (۳) عورت کی فرج۔
ہاون دستہ (ف)، اکھلی اور موسل۔ چٹو اور کوٹنے کا دستہ۔
ہاون کوب (ف)، (۱) طبیبوں وغیرہ کے لیے دوا کوٹنے والا۔ (۲) سیاہی بنانے والا (۳) جماع کرنے والا۔
ہاویہ (ع)، دوزخ کے ساتویں طبقہ کا نام جو سب سے نیچے ہے۔
ہاہُنا (ع)، اس جگہ۔ اینجا۔
ہاہا (ع)، ماتم کی آواز۔
ہائے (ف)، درد کی آواز۔ ماتم کی آواز۔
ہائے ہائے (ف)، ماتم کی آواز۔ رونے کی آواز۔
ہایاہائے (ف)، ماتمیوں کا شوروغوغا۔
ہایاہوئے (ف)، خوشی کا شوروغوغا۔
ہائب (ع)، ڈرنے والا۔
ہایڈ پارک (ف)، وہ میدان جس کی تمام زمین میں سبزی ہی سبزی ہو۔
ہائڈ پارک (ف)، وہ میدان جس میں بہت سے چرند و پرند ہوں۔
ہائع (ع)، بزدل۔ بددل۔
ہائل (ع)، ہولناک۔ ڈرانے والا۔ سخت ڈرانے والا۔
ہائلہ (ع)، ڈرانے والی چیز۔ خوفناک شے۔
ہائم (ع)، (۱) عشق میں سرگرداں۔ شیفتہ (۲) نہایت پیاسا۔
ہائے دوچشمی (ف)، وہ ہائے جس کی دو آنکھیں سی بنی ہوئی ہیں۔ ہائے ہوز۔

ہائے حُطّی (ع)، جیم کی شکل کی ہائے۔
ہائے مشقوق / ہائے ہوز } (ع)، ہائے دوچشمی۔ وہ ہائے جس سے لفظ ہوز لکھا جاتا ہے۔
ہائے ہوئے (ف)، شوروغوغا۔
ہائے ہوائی (ع)، ہائے ہوز۔

## ہ - ب

ہَبَب (ع)، (۱) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ نیند سے اُٹھنا (۲) تلوار یا نیزہ کا کسی چیز میں گھس جانا۔
ہَب (ع)، امر کا صیغہ۔ بخش۔
ہَبا (ع)، (۱) وہ گردوغبار جو کسی سوراخ سے سورج کی روشنی میں اُڑتا ہوا نظر آتا ہے (۲) مجازاً ذلیل۔ خوار۔ حقیر۔ ناچیز شے۔
ہبا و ہدر شدن (ف)، تباہ و برباد ہونا۔
ہبا و ہدر کردن (ف)، نیست و نابود کرنا۔
ہُباب (ع)، ہبا کا مترادف۔
ہُباشہ (ع)، جمع کیا مال۔ مختلف آدمیوں کی جماعت۔
ہباک (ف)، (۱) تارک سر (۲) چوٹی سر کی۔
ہبّاں (ع)، شکاری۔ دھوکہ دینے والا۔
ہبالہ (ع)، تلاش۔ جستجو۔
ہباء (ع)، خاک کے ذرّے جو دھوئیں کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔
ہباءً منثورا (ع)، پھیلا ہوا غبار۔
ہبت (ع)، بخشش کرنا۔ بخشنا۔
ہبد (ف)، سوہاگہ یعنی وہ لکڑی کا تختہ جو ہل چلائی ہوئی زمین پر ہموار کرنے کے لیے پھیرتے ہیں۔
ہبر (ف)، پیپ۔ زخم کی آلائش۔ میل۔
ہبر (ع)، ہموار زمین۔
ہبرقی (ع)، سونار۔ لوہار۔
ہبرہ (ع)، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
ہبریہ (ع)، چربی۔ سر کی بھوسی۔ روئی۔ اُون۔
ہبش (ع)، مال جمع کرنا۔
ہبص (ع)، خوش ہونا۔
ہبط (ع)، (۱) نیچے اُترنا (۲) نیچے اُتارنا (۳) نقصان کرنا۔
ہُبع (ع)، گدھا۔ اونٹ کا آخری بچہ۔
ہُبک (ف)، ہتھیلی۔ کف دست۔
ہُبل (ع)، ایک بت کا نام جو زمانہ جاہلیت میں کعبہ کے اندر رکھا ہوا تھا۔
ہَبل (ع)، (۱) کاہل۔ سست (۲) بزرگ جثہ۔
ہبنق (ع)، چھوٹے قد کا بے وقوف آدمی۔

ہبوب (ع) خاک اُڑانے والی ہوا۔
ہُبوب (ع) ہوا کا چلنا۔
ہبوط (ع) نشیب۔ نیچی زمین۔ پست جگہ۔
ہُبوط (ع) (۱) نیچے اُترنا (۲) نقصان ہونا (۳) نقصان کرنا (۴) کسی چیز کی قیمت کا گر جانا (۵) بیماری سے دُبلا ہونا (۶) کسی ستارے کا ایسے بُرج میں آنا جس سے اس کا اثر نحوست ہو (۷) شہر میں آنا۔
ہبو (ع) گرد و غبار کا اُٹھنا۔
ہُبول (ع) وہ عورت جس کا فرزند زندہ نہ رہتا ہو۔
ہبوہ (ع) گرد و غبار۔
ہبہ (ع) عطیہ۔ بخشش۔
ہبہب (ع) کتے کا بھونکنا۔
ہبہ بالعوض (ع) ہبہ کی وہ قسم جس میں ہبہ کرنے والا اپنے مدمقابل سے عوض میں کوئی چیز مانگتا ہے۔
ہبہ نامہ (ف) وہ کاغذ جس میں بخشش کا اقرار لکھا جائے۔
ہبیون (ف) افیون۔

## ہ - پ

ہپاک (ف) ہباک۔ چوٹی۔
ہپیر (ف) پیپ۔ زخم کی آلائش۔ میل۔
ہپون (ف) افیون۔
ہپونی (ف) ڈھول۔ چپت۔
ہپیون (ف) افیون۔

## ہ - ت

ہتاف (ع) (۱) آواز (۲) آواز کرنا۔ چلّانا۔
ہتاک (ع) پردہ در۔ رسوا کرنے والا۔
ہتاک کردن (ف) پردہ دری کرنا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔
ہتاکی (ف) پردہ دری۔ بدزبانی۔ زبان درازی۔ گستاخی۔
ہتر (ع) (۱) بے فائدہ اور بے ہودہ بات (۲) زمانہ کی سختی (۳) پردہ دری۔ غیبت۔
ہتف (ع) (۱) آواز کرنا (۲) آواز۔
ہتک (ع) (۱) پردہ دری کرنا۔ رسوا کرنا۔ کسی کا بھید ظاہر کرنا۔
ہتک شرف و حرمت (ف) ہتک عزت۔
ہتک عرض و ناموس کردن (ف) کسی کی آبروریزی کرنا۔ عصمت دری کرنا۔
ہتک کردن / ہتک نمودن } (ف) ذلیل و خوار کرنا۔ رسوا کرنا۔

ہتل (ع) بہت برسنے والا بادل۔
ہتل / ہتلان } مینہ کا زور سے برسنا۔
ہتم (ع) دانت کا جڑ سے توڑنا۔
ہتم (ع) دانت کا جڑ سے ٹوٹنا۔
ہتنال (ف) چھوٹی توپ جو ہاتھی کی پیٹھ پر رکھی جاتی ہے اصل میں یہ لفظ ہتنی کی
ہتنالچی (ف) ہتنال چلانے والا۔

## ہ - ج

ہج (ف) سیدھا کھڑا کیا ہوا۔ راست۔ ایستادہ۔ سیدھا کھڑا۔
ہجا (ع) (۱) ہجو کرنا۔ بُرا کہنا۔ کسی کی بُرائی کرنا (۲) عورت کا اپنے شوہر کو بُرا خیال کرنا (۳) حروفِ تہجی کو اعراب سے ظاہر کرنا (۴) کنایتہً حروفِ تہجی جیسے اب پ ت وغیرہ۔
ہجا (ع) آرام پانا۔
ہجائی (ع) ابجدی حروف۔ ابجد سے متعلق۔
ہجائی (ع) ہجو آمیز۔
ہجان (ع) سفید اونٹ۔ یہ لفظ واحد۔ جمع۔ مذکر۔ مونث سب کے لیے یکساں آتا ہے۔
ہجاور (ف) ختا کے ایک شہر کا نام جہاں کے لوگ حسن کے لیے مشہور ہیں۔
ہجدہ (ف) اٹھارہ۔
ہجدہم (ف) اٹھارواں۔
ہجر (ع) جدائی کرنا۔ کسی سے قطع تعلق کرنا۔
ہجر (ع) جدائی۔
ہُجر (ع) بکواس۔ بے ہودہ بات۔
ہجران (ع) جدائی کرنا۔ کسی سے قطع تعلق کرنا۔
ہجرت (ع) وطن کو چھوڑنا۔ کنبہ سے جدا ہونا۔
ہجرت کردن (ف) وطن چھوڑ کر کہیں اور جا بسنا۔
ہجرع (ع) (۱) بے خود۔ بے ہوش (۲) دیوانہ (۳) بے وقوف (۴) دراز قد۔
ہجری (ع) منسوب بہ ہجرت۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو مکہ کی سکونت ترک کر کے مدینہ میں رہنا اختیار کیا تھا اس سنہ کو کہتے ہیں۔ اور جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مشورہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں مقرر کیا گیا تھا۔
ہجس (ع) (۱) دل میں اندیشہ گزرنا (۲) وہ آہستہ آواز جو سنی تو جائے مگر سمجھی نہ جائے۔
ہجع / ہجع / ہجع } (ع) (۱) بہت سونے والا (۲) بے خود۔ بے ہوش (۳) بے وقوف۔ احمق۔
ہجعت (ع) (۱) نیند۔ سونا (۲) رات کے پہلے حصے کی نیند۔

ہجف (ع) بھوکا ہونا۔ مارے بھوک کے پیٹ کا پیٹھ سے لگ جانا۔
ہجل (ع) دو پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔
ہجمہ (ع) چالیس سے زیادہ اونٹوں کا غلہ۔
ہجمۃ الصیف والشتاء (ع) سردی اور گرمی کی سختی۔
ہجند (ف) ایک سبزی جو پالک کے ساگ کے مشابہ ہوتی ہے۔
ہجو (ع) مذمت کرنا۔ کسی کی برائی بیان کرنا۔
ہجونامہ (ف) ایسے اشعار اور نظم جو ہجو و مذمت پر مشتمل ہوں۔
ہجود (ع) (۱) رات کو جاگنا (۲) رات کو سونا۔ یہ لفظ لغات اضداد سے ہے۔
ہجوع (ع) رات کو سونا۔ نیند۔ آرام۔
ہجوم (ع) (۱) انبوہ۔ بھیڑ۔ اژدحام (۲) انبوہ کرنا (۳) غلبہ کرنا۔
ہجوم (ع) مکان کو ویران کر دینے والا ہوا۔
ہجوم کردن (ف) لوگوں کا ٹوٹ پڑنا۔
ہجوی و ہجویہ (ف) مذمت پر مشتمل اشعار۔
ہجیر (ع) (۱) عادت۔ خو (۲) خوب۔ خوش۔ پسندیدہ۔
ہجیر (ع) (۱) دوپہر۔ دوپہر کی گرمی (۲) بڑا حوض۔
ہجیر (ف) قارن کے اس پہلوان کے بیٹے کا نام جسے سہراب نے قید کیا تھا۔
ہجیع من اللیل (ع) رات کا تھوڑا سا حصہ۔
ہجی کردن (ف) حرکات کے ساتھ تلفظ کا ادا کرنا۔
ہجین (ع) (۱) ناکس (۲) فرومایہ۔ کمینہ (۳) وہ شخص جس کی ماں لونڈی ہو اور باپ آزاد (۴) وہ گھوڑا جس کی ماں عربی ہو اور باپ کسی اور ملک کا (۵) بدنما شے۔

## ہ ۔ د

ہُدا (ع) راستی۔ راہِ راست۔
ہُداب (ع) پھندنا۔
ہُدات (ع) ہادی کی جمع۔ ہدایت کرنے والے۔ راہِ راست دکھانے والے۔
ہدان (ع) (۱) بددل (۲) احمق۔
ہدایا (ع) ہدیہ کی جمع۔ تحفے۔ ہدیے۔
ہدایت (ع) راہِ راست دکھانا۔ راہ نمائی کرنا۔
ہدایت کردن (ف) راہنمائی کرنا۔
ہدبت (ع) پھندنا۔
ہدر (ع) بہت بے ہودہ بات۔
ہدر / ہدر } (ع) (۱) کسی کے قتل کا مباح اور جائز ہونا (۲) کسی کے خون اور قتل کو باطل اور رائیگاں قرار دینا (۳) کسی کے حق وغیرہ کا باطل اور ناچیز اور ضائع ہونا۔
ہدر دادن (ف) تباہ کرنا۔ ضائع کرنا۔
ہدر کردن (ف) تباہ و برباد کرنا۔
ہدش۔ تفت کے نواح میں ایک مقام کا نام ہے۔
ہدف (ف) (۱) نشانہ۔ تیر کا نشانہ (۲) بلند چیز (۳) ٹیلہ۔ پشتہ۔ گنبد عمارت۔
ہدم (ع) (۱) ویران کرنا۔ ڈھا دینا (۲) ویران ہونا۔ دیوار وغیرہ کا گر پڑنا۔ خرابی۔ بربادی۔
ہدم (ع) پرانا کپڑا۔
ہدمان (ف) ایثار۔ اپنی خواہش کو دبا کر دوسرے کو دے دینا۔
ہدن / ہدنت } (ع) صلح۔
ہدون (ع) آرام پانا۔ آرام دینا۔
ہدہ (ف) (۱) حق۔ فائدہ (۲) ناحق۔ بے فائدہ۔
ہدہد (ع) پوپک۔ کھٹ بڑھئی جو مشہور پرندہ ہے۔
ہدہد چشم (ف) نہایت تیز نظر والا۔
ہدہد کردن (ف) ڈرانا۔ دھمکانا۔
ہدی (ع) (۱) قربانی کا جانور جو کعبہ میں لے جائیں (۲) روش۔ خو۔ خصلت (۳) نیک خصلت رکھنا۔
ہدی (ع) (۱) تحفہ۔ ہدیہ (۲) دلہن جو شوہر کے گھر روانہ کی جائے۔
ہدےٰ (ع) راہِ راست۔ ہُدا۔
ہُدیٰ (ع) راہ پانا۔ راستی۔ راہِ راست دکھانا۔
ہدیر / ہدیل } (ع) (۱) آواز (۲) اونٹ کی آواز (۳) کبوتر کی آواز (۴) کبوتر یا اونٹ کا آواز کرنا۔
ہدیّہ / ہدیہ } (ع) (۱) سوغات۔ تحفہ (۲) اصطلاحاً قرآن شریف کی قیمت۔
ہدیہ آوردن (ف) تحفہ لانا۔
ہدیہ کردن (ف) نذر کرنا۔ ممنون کرنا۔
ہدیہ دندان (ف) فقیروں کو کھانا کھلانے کے بعد جو نقدی دی جاتی ہے۔

## ہ ۔ ذ

ہذا (ع) یہ۔ این۔ اسم اشارہ ہے۔
ہذا فراق (ع) اب لو اب میرے اور آپ کے درمیان فراق ہے۔
ہذا مسجد و ہذا منبر (ع) یہ گیند اور یہ میدان۔
ہذار (ع) بڑا بکواسی۔
ہذام (ع) تیز تلوار۔
ہذان (ع) یہ دونوں۔
ہذر (ع) بکواس۔ بے ہودہ بات۔

هذر (ع) بکواسی۔
هذر (ع) بکواس کرنا۔ بے ہودہ بکنا۔
هذم (ع) کاٹنا۔ جلد کھانا۔
هذی } (ع) (۱) بے ہودہ کلام (۲) بکواس کرنا۔ بڑبڑانا۔
هذیان } بیماری کی بے ہوشی میں بے ہودہ باتیں بکنا۔
هذیان گفتن (ف) بیماری کے عالم میں واہی تباہی باتیں کرنا۔
هذیل (ع) عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔
هذه (ع) یہ عورت۔
هذین (ع) یہ دونوں۔

## ہ ۔ ر

هر (ف) عمومیت کا کلمہ۔
هُر (ف) ڈرنا۔
هَرّ (ع) مکروہ سمجھنا۔ بُرا جاننا۔
هُر (ف) ایک مضر غلہ کا نام جو گیہوں میں اُگتا ہے۔
هِرّ } (ع) بھیڑ بکریوں کو اپنی طرف بُلانے کی آواز۔
هِرّ }
هِرّ (ع) (۱) گربہ۔ بلّی (۲) ایک عورت کا نام بھی ہے۔
هرّا (ف) نیچے اُترنا۔ گرنے کی آواز۔
هُرا (ف) (۱) خوف۔ وحشت۔ ڈر (۲) آواز خوف ناک (۳) تلوار کی چمک (۴) چمکنا۔
هرا (ف) (۱) ہیلہ۔ ہڑ (۲) ہیلہ کی شکل کے نقرئی گولے سے جو گھوڑے کی زین میں لگاتے ہیں (۳) گھوڑے کا زیور گھوڑے کی حمائل (۴) بڑے گھنگرو جو اُونٹ کے گلے میں ڈالے جاتے ہیں (۵) مرصّع زین (۶) ساخت اسب مثلاً سینہ بند۔ لگام وغیرہ۔
هرا (ف) ہرات کا مخفف۔
هرات (ف) خراسان کے ایک مشہور شہر کا نام۔ جو موجودہ زمانہ میں افغانستان میں شامل ہے۔
هراس (ف) خوف۔ ڈر۔
هراس (ف) ہراسیدن کا امر۔
هراس آور (ف) خوف دلانے والی چیز یا بات۔
هراس داشتن (ف) خوف زدہ ہونا۔
هراساں (ف) خوف زدہ۔ ڈرپوک۔
هراساندن (ف) ڈرانا۔
هراسندگاں (ف) (۱) ڈرنے والے (۲) پشیمان ہونے والے۔ توبہ کرنے والے۔ پرہیز گار لوگ۔
هراسہ (ف) لکڑی وغیرہ کی وہ ڈراؤنی صورت جو کھیت یا باغ میں کسان اور باغبان پرندوں وغیرہ کو ڈرانے کے لیے کھڑی کر دیتے ہیں۔
هراسیدن (ف) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ وہم کرنا۔
هراش (ع) کتوں کو لڑنے کے لیے برانگیختہ کرنا۔
هَراش (ف) قے۔ استفراغ۔
هراشیدن (ف) قے کرنا۔
هرآنچہ (ف) جو کچھ۔
هرآنکہ (ف) جو شخص۔
هرآنکہ زود راند زود ماند (ف) جو تیزی سے دوڑتا ہے تیزی سے پیچھے رہ جاتا ہے۔
هَراول (ت) مقدمۃ الجیش۔ لشکر کا پیش خیمہ۔ وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے چلے۔
هِرادہ (ع) لٹھ۔ مضبوط لاٹھی۔
هَراہ (ف) ہرات۔
هرآئینہ (ف) بے شک۔ بالضرور۔ البتہ۔ ہر حال۔ تحقیق۔ ناچار۔
هَرَب (ع) بھاگنا (۲) غم کی شدّت۔
هرباسپ } (ف) سات سیاروں میں سے کوئی ایک سیارہ۔
هرباسپان }
هربد (ف) آتشکدہ کا پجاری۔ آتش پرستوں کا راہ نما۔
هر بزی را بپائی خود آویزند (ف) اپنے کیے کی سزا مل کر رہتی ہے۔
هربو (ف) ایک پھول کا نام۔
هر پستی یک بلندی دارد (ف) ہر دُکھ کے بعد سُکھ ہوتا ہے۔
هَرْج (ع) (۱) فتنہ۔ فساد۔ خرابی۔ آشوب۔ شور (۲) فتنہ و فساد برپا ہونا۔
هرجا (ف) ہر جگہ۔
هرجا دود است دم است (ف) مُراد ہے کہ دھواں آبادی کی علامت ہے۔
هرجا سایہ مے افتد آفتاب مے افتد (ف) انقلاب زمانہ۔
هرجا هیچ جا (ف) دھوبی کا کُتّا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔
هرجائی (ف) ایک حال پر نہ رہنے والا۔ وہ شخص جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔
هرج مرج } (ع) فتنہ۔ تباہی۔ آشوب۔
هرج و مرج }
هرج و مرج شدن (ف) کھلبلی مچ جانا۔
هرج و مرج کردن (ف) کھلبلی مچانا۔
هرچند (ف) جس قدر۔ جتنا کچھ۔ اگرچہ۔
هرچوں (ف) ہر طور۔
هرچہ (ف) جو کچھ۔
هرچہ تمام تر (ف) پوری کوشش۔ بڑی سعی۔

ہرچہ ہم (ف)، جو کچھ ہمارے پاس ہے یہ بھی زیادہ ہے۔
ہرد (ف)، ہلدی۔ زرد چوبہ۔
ہر دل عزیز (ف)، سب کا پیارا۔
ہردم (ف)، (۱) ایک پہلوان کا نام (۲) ایک شہر کا نام۔
ہردم ابیل سہل انگار (ف)، لاابالی۔ بے پروا۔
ہردم خیال (ف)، جس کا خیال ہردم بدلتا رہے۔ متلون مزاج۔
ہر دو پارہ بیک کفش کردن (ف)، اپنی ہی بات پر اڑ جانا۔ مرغے کی ایک ٹانگ کہے جانا۔
ہر دو سر سود داشتن (ف)، ہر طرح نفع ہی نفع۔
ہردی (ف)، ہلدی۔ زرد چوبہ۔
ہر روزہ (ف)، روز کا۔ ہمیشہ۔ روز کا وظیفہ۔
ہر زبان را گفتگوی دیگر است (ف)، جتنے منہ اتنی ہی باتیں۔
ہرزہ (ف)، وہ جگہ جہاں پانی کا جمع ہونا بے فائدہ نہ ہو۔
ہرز (ف)، ہرزہ کا مخفف۔
ہرز رفتن (ف)، تلف ہونا۔ ضائع ہوجانا۔
ہرزگی کردن (ف)، عیاشی کرنا۔
ہرزہ (ف)، بے ہودہ بات۔
ہرزہ تماشا (ف)، بے ہودہ۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔
ہرزہ چانگی } ہرزہ چاوی } (ف)، مفت بکواس کرنا۔
ہرزہ خرچ (ف)، فضول خرچ۔ مسرف۔
ہرزہ درائے (ف)، بے ہودہ گو۔
ہرزہ درائی (ف)، بے ہودہ بکواس۔
ہرزہ دزد (ف)، نکمی چیزیں چرانے والا چور۔
ہرزہ سرا } ہرزہ سرائے } (ف)، بے ہودہ بکنے والا۔
ہرزہ سرائی (ف)، بے ہودہ بکواس۔
ہرزہ گرد (ف)، بے ہودہ پھرنے والا۔
ہرزہ گردی (ف)، بے ہودہ پھرنا۔
ہرزہ گوئے (ف)، بے ہودہ بکنے والا۔
ہرزہ گوئی (ف)، بے ہودہ بکنا۔
ہرزہ لائے (ف)، بے ہودہ گو۔ لائیدن بمعنی گفتن۔
ہرزہ ملائے (ف)، بکواس نہ کر۔
ہرزہ وکیلی (ف)، کسی معاملہ میں خواہ مخواہ دخل دینا۔
ہرس (ف)، چھت کا شہتیر۔
ہر سرے عقلے دارد (ف)، عقل کسی ایک آدمی کا ٹھیکہ نہیں۔
ہر سگی بدر خانہ خویش شیر است (ف)، اپنی گلی کا بھی شیر ہوتا ہے۔
ہر سو (ف)، ہر طرف۔
ہر سہ (ف)، تینوں
ہر سہ دختر (ف)، بنات النعش کے پچھلے تین ستارے۔

ہر سہ دکن (ف)، حیدرآباد دکن۔ بیجاپور۔ اور دولت آباد سے مراد ہے۔
ہر سہ نوع (ف)، موالید ثلاثہ۔
ہرع (ع)، خون کا تیزی سے رواں ہونا۔
ہر فرعونی را موسیٰ (ف)، ہر متکبر کو کوئی نہ کوئی سر پھوڑنے والا مل ہی جاتا ہے۔
ہرقل (ع)، (۱) شاہانِ روم کا لقب تھا (۲) زمانہ قدیم کے ایک معبد کا نام۔
ہرکارہ (ف)، (۱) قاصد۔ پیک۔ خبریں لانے والا شخص (۲) ہر کام کا آدمی (۳) کھلے منہ کی دیگ۔
ہرگ (ف)، (۱) بے وقوف۔ احمق (۲) مبہوت۔
ہرگاہ (ف)، جب کبھی۔ جس وقت۔
ہرگز (ف)، (۱) ہمیشہ (۲) کبھی۔ کسی وقت (۳) نہیں۔ کبھی نہیں۔
ہرگزی (ف)، ابدی۔ دائمی۔ ہمیشگی۔ باقی۔
ہرگہ (ف)، ہرگاہ کا مخفف۔
ہرم (ع)، (۱) بوڑھا ہونا۔ بڑھاپا۔ پیری (۲) مصر کے مینار۔
ہرم (ع)، بہت بوڑھا شخص۔
ہرماس (ع)، شیر۔ درندہ۔
ہرماس (ف)، اہرمن۔ شیطان۔ راہ نمائے بدی۔
ہرمان (ع)، مصر کے دو نہایت قدیم گنبدوں کا نام جو پتھر کے بنے ہوئے ہیں۔ بعض حکماء کا خیال ہے کہ طوفانِ نوح سے پہلے کے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت ادریس پیغمبر کے تعمیر کیے ہوئے ہیں یہ اس قدر مضبوط عمارت کے ہیں کہ طوفانِ نوح علیہ السلام سے خراب نہیں ہوئے۔ ہرمان جمع ہے ہرم کی۔
ہرمان (ف)، عقل۔ ہوش۔
ہرمز (ف)، نوشیرواں کے بیٹے کا نام جو پرویز کا باپ تھا (۲) ستارہ مشتری (۳) ہر شمسی مہینے کا نام۔
ہرمزد (ف)، ایک بادشاہ کا نام۔
ہرمس (ع)، ہرمز کا معرب۔ مشتری ستارہ۔
ہرمس (ع)، ادریس پیغمبر کا نام جو حکیم اور بادشاہ بھی تھے۔ علم ریاضی انہیں کی ایجاد ہے۔
ہرمند (ف)، ایک دریا کا نام جو جرجان کے قریب ہے۔
ہرمسیہ (ع)، منسوب بہ ہرمس۔
ہرو (ف)، (۱) بہادر۔ شجاع (۲) بہادری۔ شجاعت۔
ہرو (ع)، ہراوہ یعنی لاٹھی سے مارنا۔
ہروانگہ } ہرواتہ } (ف)، (۱) عذاب۔ شکنجہ (۲) پاگل خانہ (۳) شفاخانہ۔
ہروتم (ف)، تخم اسپغول۔
ہرولہ (ع)، (۱) پویہ جو ایک قسم کی چال ہے۔ (۲) پویہ چلنا۔

ہَروی (ع) منسوب بہ شہر ہرات - ہرات کا رہنے والا -
ہَروی (ف) فارسی زبان کی ایک قسم -
ہِرّہ (ع) بلّی - گربہ -
ہُرَّہ (ف) (۱) گون - گانڈ - مقعد (۲) ایک گھاس کا نام جو گیہوں میں اُگتی ہے اور اس کے کھانے سے آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے -
ہَر ہفت (ف) عورتوں کی سات طرح کی آرائش (۱) پوشاک (۲) زیور (۳) مہندی (۴) سُرمہ (۵) پان (۶) مِسّی (۷) سر کے بالوں کی آراستگی - یعنی کنگھی چوٹی -
ہَر ہفت کردن (ف) بناؤ سنگھار کرنا -
ہَر ہفت کردہ (ف) آراستہ - بناؤ سنگار کیا ہوا -
ہَرہَری مذہب (ف) بدعقیدہ انسان جو مصلحت وقت اور حالات و واقعات کے مطابق اپنا مذہب تبدیل کرتا رہے اور کسی ایک مسلک پر نہ رہے -
ہَرہو (ف) خوشی کی آواز -
ہَری (ع) ہرات شہر -
ہَریر (ع) سردی کی شدت کے باعث کُتّے کا آواز کرنا -
ہُریرہ (ع) ہِرّہ کی تصغیر - چھوٹی سی بلّی -
ہَریس (ع) اناج اور گوشت سے پکا کھانا -
ہَریسہ (ع) (۱) کوٹا ہوا - کوفتہ شدہ (۲) ایک قسم کی آش جسے کٹے ہوئے گیہوں - گھی - نمک اور مصالح وغیرہ سے تیار کرتے ہیں -
ہَریَن (ف) خوفناک آواز - ڈراؤنی آواز -
ہَرلو (ف) ہرات شہر -
ہَرلوۃ (ف) (۱) منسوب بہ ہرلو - ہرات کا باشندہ - ہرات کی کوئی شے (۲) خالص سونا - رائج سونا (۳) فاحشہ عورت -

## ہ - ز

ہَزر (ع) ہلانا -
ہَزار (ف) (۱) بُلبُل - ہزار داستان (۲) نرد کی چوتھی بازی کا نام (۳) دس سو کا عدد - ۱۰۰۰ -
ہزار اسپ (ف) خراسان کے ایک قلعہ کا نام -
ہزار آستین (ف) (۱) دریا (۲) سپاہ -
ہزار آوا }
ہزار آواز } (ف) بُلبُل -
ہزار بز (ف) ہزار اسپ جو خراسان کا ایک قلعہ ہے -
ہزار پا }
ہزار پایہ } (ف) کنسلائی - کنکھجورا جو مشہور کیڑا ہے -
ہزار پیشہ (ف) (۱) بڑا پیالہ (۲) بڑا برتن جس میں چھوٹے چھوٹے کئی برتن رکھے ہوئے ہوں (۳) ایک دستہ جس میں کئی اوزار لگے ہوئے ہوں -
ہزار پیرہن گوشت گرفتن (ف) نہایت فربہ ہونا - بہت موٹا ہونا -
ہزار تابہ (ف) آفتاب - سُورج -
ہزار جریب (ف) ایران کے ایک باغ کا نام -
ہزار چشمہ (ف) مرض سرطان - ایک قسم کا پھوڑا جو انسان کی پیٹھ پر ہوتا ہے - اور اس کے بہت سے منہ ہوتے ہیں اور اس سے آدمی اکثر مر جاتا ہے -
ہزار خانہ (ف) جانوروں کا معدہ - اوجھ - اوجھری -
ہزار داستان (ف) بُلبُل -
ہزار درہ (ف) اصفہان کے نواح میں ایک درہ ہے جو قزاقوں اور راہزنوں کے رہنے کا مقام ہے -
ہزار دستاں (ف) ہزار داستان کا مخفف -
ہزار رنگ بر آمدن (ف) اپنے آپ کو طرح طرح سے آراستہ کرنا -
ہزار کیسہ بدوزد یکی تہہ نہ دارد (ف) نہایت ہی چالباز، عیار اور مکار انسان -
ہزار مار خوردہ است (ف) زبردست پاپی - ہر قسم کے پاپڑ بیل چکا ہے - عیار - چالاک -
ہزارم (ف) ہزار وال -
ہزار میخ }
ہزار میخی } (ف) فقیروں کی گدڑی -
ہزار نعمت یک تندرستی (ف) تندرستی ہزار نعمت ہے -
ہَزاری (ف) (۱) ایک دن میں ہزار دفعہ ورزش کرنے والا (۲) دن میں ہزار جست لگانے والا (۳) مسلمانوں کے عہد میں ہندوستان میں ایک عہدے کا نام تھا -
ہَزاع (ع) ضعیف آدمی - بددل آدمی -
ہَزاک }
ہُزاک } (ف) (۱) احمق - نادان - بھولا بھالا - آکا باکا (۲) زشت - دیوث -
ہَزال (ع) مسخرہ - ظریف -
ہُزال (ع) دُبلا ہونا - لاغری - دُبلاپن -
ہَزاہِز (ع) (۱) پے درپے ہلنا (۲) بھاگڑ جو مغلوب اور شکست خوردہ فوج میں پڑ جاتی ہے (۳) فتنے - فساد -
ہِزبَر (ع) شیر درندہ -
ہِزبَراں (ف) ہزبر کی جمع - بہادر لوگ -
ہَزَّۃ (ع) شادمانی - خوشی - گرج - ہانڈی کے جوش کی آواز - اونٹ کی ایک قسم کی چال -
ہَزَت (ع) عیش و طرب -
ہَزَج (ع) (۱) رعد کی آواز (۲) ایک قسم کا سرود - گیت نہایت خوش آواز (۳) شعروں کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام - جس کا وزن عروضی چار بار مفاعیلن ہے -
ہُزُد (ف) سنگ آبی - قندز - لدر -

**ہزدہ** (ف) اٹھارہ - ۱۸ -
**ہزدہ ہزار عالم** (ف) اٹھارہ ہزار مخلوقات یعنی تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی دیکھی گئی ہے۔
**ہزف** (ع) قوی - موٹا - تیز چلنے والا -
**ہزقہ** (ع) چلبلی عورت جو ایک طرح نہ بیٹھے -
**ہزل** (ع) (۱) لاغر ہونا - دُبلا ہونا (۲) دُبلا کرنا (۳) بے ہودہ بات - مسخرگی - بے ہودگی (۴) بے ہودہ بات کرنا -
**ہزلی** (ف) بے ہودہ بات -
**ہزلیات** (ف) لغو باتیں -
**ہزم** (ع) شکست دینا -
**ہزمان** (ف) ہرزمان کا مخفف - ہر وقت -
**ہزہ** (ع) ہلانا -
**ہزہ** (ع) (۱) خوشی کا غوطہ (۲) سواروں کی جنبش (۳) دیگ کے جوش کی آواز -
**ہزیز الریح** (ع) ہوا کا چلنا -
**ہزیز الرعد** (ع) رعد کی آواز -
**ہزیل** (ع) لاغر - سست - کمزور -
**ہزیم** (ع) بجلی اور کڑک چمک -
**ہزیمت** (ع) (۱) شکست کھانا (۲) شکست -
**ہزیمت خوردن** (ف) شکست کھانا -
**ہزینہ** (ع) (۱) خزینہ (۲) اہل و عیال کا خرچ - روٹی کپڑا وغیرہ (۲) ہر روز - ہمیشہ -

## ہ - ژ

**ہژبار** (ف) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام جس میں اس کے دانت بڑھ جاتے ہیں اور جب تک انہیں کاٹا یا نکالا نہ جائے - گھوڑا کچھ کھا نہیں سکتا -
**ہژیر** (ف) (۱) خوب - نیک - عمدہ - مبارک - تعریف کیا گیا سراہا گیا - پسندیدہ (۲) ہوشیاری - جلدی - چالاکی -

## ہ - س

**ہسار** (ف) انگریزوں کا رسالہ -
**ہست** (ف) ہے - موجود -
**ہستو** (ف) معترف، مقر -
**ہست و بود کردن** / **ہست و بود** (ف) موجود چیز پہ کفایت کرنا -
**ہست و نیست** (ف) اثاثہ - مال و متاع - گھر کا سامان -
**ہستوران** (ف) آذربائیجان کے ایک بادشاہ کا نام -
**ہستہ** (ف) (۱) میوے کی گٹھلی - میوے کا دانہ (۲) موجود (۳) ہڈی -
**ہستہ مرکزی** (ف) وہ نقطہ جو مرکز استقامت ہو -
**ہستی** (ف) (۱) وجود - وجود ہونا (۲) موجودات - مخلوقات (۳) تونگری - دولت مندی (۴) خود پسندی - خود بینی (۵) خدا کی ذات -
**ہستی و نیستی** (ف) وجود و عدم -
**ہسر** (ف) برف - یخ -
**ہسک** (ف) چھاج یا ڈھینگلی - جس سے دانوں سے بھوسہ جدا کرتے ہیں -
**ہسیر** (ف) برف - یخ -

## ہ - ش

**ہش** (ف) (۱) جانا - رفتن - چلنا - (۲) کیچڑ -
**ہش** (ع) خوش - کشادہ رُو -
**ہش** (ع) درختوں کا پتے جھاڑنا -
**ہش** (ف) گدھے کو روکنے کی چیز -
**ہش** (ف) ہوش کا مخفف (۱) عقل - شعور (۲) جان - (۳) موت -
**ہشاش** (ع) خوش - خندہ رُو -
**ہشاش بشاش** (ع) خوش و خرم - شاداں - فرحاں -
**ہشاشت** (ع) خوش ہونا -
**ہشام** (ع) مروانی خلیفوں میں سے ایک خلیفہ کا نام -
**ہش بش** (ع) ہشاش - بشاش - خوش و خرم -
**ہشت** (ف) آٹھ - ۸ -
**ہشت** (ف) ہشتن کا ماضی کا صیغہ - کیوڑا -
**ہشت باغ** / **ہشت بہشتان** / **ہشت بہشت** (ف) آٹھ بہشت جن کے نام یہ ہیں (۱) خلد (۲) دار السلام (۳) دار القرار (۴) جنت عدن (۵) جنت الماوی (۶) جنت النعیم (۷) علیین (۸) فردوس -
**ہشت صفات** (ف) یہ آٹھ صفتیں (۱) معرفت الٰہی (۲) علم (۳) ہر حال میں شکر کرنا اور تقدیر ازلی پر راضی رہنا - (۴) رزق کی کمی پر صبر کرنا (۵) اللہ تعالٰی کے حکم کی تعظیم کرنا - (۶) خلق اللہ کی محبت اور ان پر شفقت کرنا - (۷) مصیبت پر صبر کرنا (۸) عفت یعنی گناہوں سے بچنا -
**ہشت گانہ** (ف) آٹھ پہلو -
**ہشت گوشہ** (ف) آٹھ پہلو رکھنے والا -

ہشت ناوسے
ہشت مزرعے } (ف)، آٹھ بہشت۔ دیکھو ہشت بہشت۔

ہشت منظر (ف)، (۱) ہشت باغ (۲) ہشت افلاک یعنی (۱) فلک البروج (۲) فلک زحل (۳) فلک مشتری (۴) فلک مریخ (۵) فلک آفتاب (۶) فلک عطارد (۷) فلک زہرہ - (۸) فلک قمر۔

ہشتن (ف)، (۱) چھوڑنا (۲) لٹکانا۔

ہشت وچہار چشم فلک (ف)، آسمان کے بارہ برج۔

ہشت ومشت (ف)، لات۔ مکا اور تھپیڑوں سے لڑنا یا مارنا۔

ہشت ہیکل رضواں (ف)، آٹھ بہشت۔ دیکھو ہشت باغ۔

ہشتی (ف)، آٹھ پہلوؤں والی عمارت۔

ہشک (ف)، محتاج۔ بے سروپا۔ مفلس۔

ہشرہ (ع)، غرور۔ تکبر۔ اترانا۔

ہشو (ف)، (۱) ہوش۔ عقل۔ ذہن (۲) قلعہ۔ حصار۔

ہشوار
ہوش مند
ہشیار
ہشیوار
ہشیوار } (ف)، ہوشیار۔ صاحب عقل۔ عقلمند۔ ہوشمند۔

ہشیوار بودن (ف)، ہوشیار ہونا۔ آگاہ وخبردار ہونا۔ ہوش میں آنا۔

ہشیدن (ف)، (۱) چھوڑنا (۲) لٹکانا۔

ہشیش (ع)، منمنی۔ جو سوال سے خوش ہو۔

ہشیم (ع)، سوکھی گھاس۔ ریزہ ریزہ۔ ٹوٹا ہوا۔

## ہ - ص

ہصار (ع)، شیر درندہ۔

ہصب (ع)، بھاگنا۔

ہصر (ع)، درخت کی ٹہنی کو جھکانا یا توڑنا۔

ہصم (ع)، توڑنا۔

ہصور (ع)، شیر درندہ۔

ہصیص (ع)، روندا ہوا۔ کچلا ہوا۔ چمک۔

## ہ - ض

ہضّ (ع)، (۱) کوٹنا (۲) توڑنا (۳) لوٹنا۔

ہضّام (ع)، ہاضمہ درست کرنے والی دوا۔

ہضبہ (ع)، بلند زمین۔ بلند پہاڑ۔ ٹیلہ۔

ہضم (ع) کسی چیز کو توڑنا (۲) کھانے کو پچانا۔

ہضم (ع)، پست زمین۔

ہضم کردن (ف)، تحصیل کرنا۔ کسی کی کڑوی کسیلی بات کو سہہ جانا۔

ہضوم (ع)، ہاضم دوا۔

ہضیم (ع)، (۱) ستم رسیدہ۔ مظلوم (۲) باریک کمر والی عورت۔ (۳) باریک شکم (۴) باریک زبان - (۵) کلی - غنچۂ ناشگفتہ۔

ہضیمت (ع)، (۱) ظلم۔ ستم۔ خشگینی (۲) وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

## ہ - ط

ہطل (ع)، (۱) مینہ کا آہستہ آہستہ اور لگاتار برسنا (۲) آنسوؤں کا بہنا۔

ہطل (ع)، لگاتار اور بڑا برسنے والا بادل۔

ہُطّل (ع)، ہاطل کی جمع۔ بہت برسنے والے بادل۔

ہطلان (ع)، مینہ کا لگاتار برسنا۔

## ہ - ف

ہف (ف)، جولاہے کی کھڈی۔

ہفت (ف)، سات - ۷ - معہ۔

ہفت (ف)، پانی یا شراب کا گھونٹ۔

ہفت آباد (ف)، سات آسمان۔

ہفت اختراں
ہفت اختر } (ف)، سات سیارے یعنی سورج۔ چاند۔ زہرہ - عطارد - مریخ - مشتری - زحل۔

ہفتاد (ف)، ستر - ۷۰ - معہ

ہفتاد کشتی (ف)، حیوانوں کی ستر بیماریاں۔

ہفتادم (ف)، سترواں حصہ - بجے -

ہفتاد ودو شاخ (ف)، (۱) بہتر مذہب (۲) اسلام کے بہتر فرقے (۳) قرآن شریف کے پڑھنے کی بہتر قسمیں۔

ہفتاد ودو کشتی (ف)، اسلام کے بہتر فرقے۔

ہفتاد ودو ملت (ف)، اسلام کے بہتر فرقے۔ اہل سنت والجماعت فرقہ اصلی مذہب پر ہے۔ اور باقی بہتر فرقوں کی اصل چھ فرقے ہیں (۱) رافضیہ (۲) خارجیہ (۳) جبریہ (۴) قدریہ (۵) جہمیہ (۶) مرجیہ - اور پھر ہر ایک سے بارہ فرقے ہو کر بہتر ہو گئے ہیں۔

ہفت اژدہا
ہفت آسیا } (ف)، ساتوں آسمان جو سات ستاروں کے ساتھ مخصوص ہیں۔

ہفت آباد (ف)، سات آسمان۔

ہفت اعضا (ف) دیکھو ہفت اندام۔
ہفت افلاک (ف) سات آسمان جو سات ستاروں سے مخصوص ہیں۔
ہفت اقلیم (ف) سات ولایتیں۔ زمین کی شکل کرّوی ہے اور اس کا تین چوتھائی حصّہ پانی سے گھرا ہوا ہے۔ باقی ایک چوتھائی حصّہ خشکی کا ہے جو آباد کہلاتا ہے اسے ربع مسکون کہتے ہیں۔ اس کے سات حصّے عرض میں مساوی اور خطِ استواء کے متوازی کیے گئے ہیں۔ اور ہر ایک حصّہ کو اقلیم کہتے ہیں۔ یعنی تمام دنیا۔
ہفت الوان (ف) وہ رنگا رنگ کے کھانے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئے تھے۔
ہفت امام (ف) سات امام یعنی امام اعظمؒ۔ امام شافعیؒ۔ امام مالکؒ۔ امام احمد بن حنبلؒ۔ امام ابو یوسفؒ۔ امام محمدؒ۔ امام زفرؒ۔
ہفت اندام (ف) سات اعضا اور یہ دو قسم کے ہیں۔ ہفت اندام ظاہری اور ہفت اندام باطنی۔
ہفت اندام باطنی (ف) نظر نہ آنے والے سات اعضاء (۱) دماغ (۲) دل (۳) جگر (۴) تلی (۵) پھیپھڑا (۶) پتہ (۷) گردے یا معدہ۔
ہفت اندام ظاہری (ف) ظاہر کے سات اعضاء (۱) ۱۔ سر۔ ۲۔ سینہ۔ ۳۔ پشت۔ ۴، ۵۔ دونوں ہاتھ۔ ۶، ۷۔ دونوں پاؤں (۲) آنکھ۔ کان۔ زبان۔ پیٹھ۔ فرج۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ نہر البدن یعنی ایک رگ کا نام جس کا فصد لینے سے سر۔ سینہ۔ پشت۔ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں یعنی ساتوں سے خون نکل آتا ہے۔
ہفت اورنگ (ف) بنات النعش کے سات ستارے۔
ہفت آئینہ / ہفت آینہ / ہفت آئینہ خودبیں } (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔
ہفت ایوان / ہفت بام } (ف) سات آسمان۔
ہفت بانو (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔
ہفت برادران (ف) بنات النعش کے سات ستارے۔
ہفت بنا / ہفت بنیاں } (ف) سات ستارے۔
ہفت تناں (ف) اصحابِ کہف۔ سات ابدال جن پر قیام عالم کا دارومدار ہے۔
ہفت پدر (ف) (۱) سات آسمان (۲) سات ستارے۔
ہفت پُر ثریا (ف) پروین کا سب سے چھوٹا ستارہ۔
ہفت پردہ (ف) (۱) سات آسمان (۲) آنکھ کے سات پردے ۱۔ ملتحمہ (۲) قرنیہ (۳) عنبیہ (۴) عنکبوتیہ (۵) شبکیہ۔ (۶) مشیمیہ۔ (۷) صلبیہ۔
ہفت پردۂ ازرق (ف) سات آسمان۔
ہفت پردۂ چشم (ف) آنکھ کے سات پردے۔ دیکھو ہفت پردہ۔
ہفت پرکار (ف) سات آسمان۔
ہفت پشت کے بسنگ آبی رسانیدن (ف) کسی کی حد سے زیادہ تعریف۔
ہفت پوست (ف) سات آسمان۔
ہفت پیر (ف) ساتوں قاری۔
ہفت پیکر (ف) (۱) سات آسمان (۲) سات سیارے۔
ہفت جوش (ف) سونا۔ چاندی۔ لوہا۔ تانبا۔ جست۔ سیسہ اور رانگ کا مرکب۔
ہفت چرخ (ف) ساتواں آسمان۔
ہفت چتر آبگوں (ف) ساتوں آسمان۔
ہفت چشم چرخ / ہفت چشم خراس } (ف) سات سیارے۔ سبعہ سیارہ۔
ہفت چشمۂ بہشت (ف) کوثر۔ کافور۔ سلیم۔ سلسبیل۔ تسنیم۔ معین اور زنجبیل سے مراد ہے۔
ہفت حال (ف) دائم۔ ہمیشہ۔ علی الدوام۔
ہفت حجلۂ نور (ف) ہفت پردۂ چشم۔ آنکھ کے سات پردے۔
ہفت حرفِ آبی (ف) یہ سات حرف ہیں۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ش۔ ظ۔
ہفت حرفِ آتشی۔ یہ سات حرف ہیں۔ ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ۔
ہفت حرفِ استعلا (ف) یہ سات حرف ہیں۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ خ۔ غ۔ ق۔
ہفت حرفِ خاکی (ف) یہ سات حرف ہیں۔ د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ۔
ہفت حرفِ ہوائی (ف) یہ سات حرف ہیں۔ ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض۔
ہفت حکایت (ف) (۱) ہفت اندام کے خواص (۲) وہ سات کہانیاں جو بہرام گور کے سامنے کہی گئی تھیں اور نظامی نے انہیں نظم کیا ہے۔
ہفت خاتون (ف) ساتوں سیارے۔ سبعہ سیارہ۔
ہفت خراس / ہفت خردار کوس } (ف) سات آسمان۔
ہفت خربیہ (ف) (۱) ہفت اندام باطنی۔ (۲) سات آسمان۔
ہفت خضرا (ف) سات آسمان۔
ہفت خط (ف) جام جمشید کے یہ سات خط ترتیب وار اوپر سے نیچے کو لکھے جاتے ہیں (۱) خطِ جور (۲) خط

بغداد (۳) خط بصرہ (۴) ازرق جیسے خط سبز۔ خط سیاہ اور خط شب بھی کہتے ہیں (۵) خط ورشکر جیسے خط اشک اور خط خطیرہ بھی کہتے ہیں (۶) خط کاسہ گر (۷) خط فرودینہ جیسے خط مزدور بھی کہتے ہیں۔

**ہفت خلیفہ** - ہفت اندام - ہفت اندام باطنی۔

**ہفت خُم** (ف) سات آسمان۔

**ہفت خواں** (ف) (۱) رستم کا سات منزلوں کا دشوار گزار سفر (۲) اسفندیار کا سات منزلوں کا دشوار گزار سفر (۳) نہایت مشکل کام۔

**ہفت خوانِ اسفندیار** (ف) اسفندیار کا سات منزلوں کا سفر جو اس نے روئیں وژ کی راہ میں طے کیا تھا۔ اس کی دو بہنیں شاہ ارجاسپ کی قید میں تھیں۔ اس نے یہ پُرخطر اور دشوار گزار منازل طے کر کے انہیں جا چھڑایا۔ کیونکہ یہ ہر منزل طے کر کے بطور شکر یہ سلامتی بڑا دستر خوان کھاتا تھا۔ اس لیے یہ نام ہوا۔ پہلی منزل میں خونخوار بھیڑیوں کا سامنا ہوا۔ دوسری منزل میں نہایت خوفناک دیو کا مقابلہ۔ تیسری میں ایک بہت بڑا اژدہا ملا۔ چوتھی میں ایک جادوگرنی سے پالا پڑا۔ پانچویں میں سیمرغ سے مقابلہ ہوا۔ چھٹی میں آندھی، کڑاک۔ بارش اور اولے۔ اور ساتویں میں بڑا گہرا پانی ملا۔ یہ ان سب سے عہدہ برآ ہوتا ہوا کامیاب منزل پر پہنچ گیا۔

**ہفت خوانِ رستم** (ف) رستم کا سات منزلوں کا نہایت پُرخطر اور دشوار گزار سفر جو اس نے کیکاؤس کو شاہِ مازندران کی قید سے چھڑانے کے لیے اختیار کیا تھا۔ ہر منزل پر اژدہا۔ جادوگر اور دیوؤں سے مقابلہ ہوتا رہا۔ اور سب کو تہس نہس کر کے نکل گیا۔ چونکہ ہر منزل پر اپنی کامیابی اور سلامتی کے شکرانہ میں دستر خوان بچھاتا تھا۔ اس لیے یہ نام ہوا۔ اصل ہفت خوان رستم ہی کا ہفت خوان ہے اور اسفندیار کا غیر معروف ہے۔

**ہفت خوانِ عجم** (ف) دیکھو ہفت خوان رستم۔

**ہفت خواہران** (ف) (۱) سات سہیلیوں کا جھمکا۔ پروین (۲) بنات النعش کے سات ستارے۔

**ہفت داوران** (ف) بنات النعش کے سات ستارے۔

**ہفت دانہ** (ف) عاشورا کے دن کی آش۔ کھچڑی۔ وہ کھانا جس میں سات اناج اور گوشت ملا کر پکاتے ہیں۔

**ہفت دختر خضرا** }
**ہفت دُر** } (ف) سبعہ سیارہ۔ سات سیارے۔

**ہفت در ہفت** (ف) ہر ہفت مثلاً (۱) ہفت اندام (۲) ہفت افلاک (۳) ہفت کوکب (۴) ہفت اقلیم (۵) ہفت دریا (۶) ہفت زینت وغیرہ وغیرہ۔

**ہفت دریا** (ف) سات سمندر یعنی بحر اوقیانوس۔ بحر الکاہل۔ بحر ہند۔ بحیرہ روم۔ بحر قلزم۔ بحر شمالی۔ بحر جنوبی۔ (۲) بعض نے یہ لکھے ہیں۔ دریائے مغرب۔ دریائے چین۔ دریائے روم۔ دریائے نبطش۔ بحر طبریہ۔ بحر جرجان۔ بحر خوارزم (۳) بعض نے یہ سات لکھے ہیں۔ بحر قلزم۔ بحیرہ خضر۔ دریائے عمان۔ بحیرہ روم۔ دریائے بربر۔ بحیرہ اسود۔ بحر اوقیانوس۔

**ہفت دور** (ف) (۱) سبعہ سیارہ (۲) ہفت اقلیم (۳) سات دَور جن میں سے ہر ایک ہزار سال کا ہوتا ہے۔ اور ہر ایک دَور ایک ایک سیارہ سے متعلق ہے۔

**ہفت دوزخ** (ف) دوزخ کے سات طبق (۱) سقر (۲) سعیر (۳) لظیٰ (۴) حطمہ (۵) جحیم (۶) جہنم (۷) ہاویہ۔

**ہفت دہ** (ف) (۱) ہفت افلاک (۲) ہفت زمین۔

**ہفتدہ** (ف) سترہ - ۱۷ - نمفت

**ہفتندہ** (ف) خوب بجی ہوئی عورت۔

**ہفتدہم** (ف) سترواں ۱۷ -

**ہفت راہ** (ف) ہفت پردۂ چشم۔

**ہفت رخشان** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہفت رصد** (ف) ہفت اقلیم۔

**ہفت رنگ** (ف) صاف رنگ یعنی (۱) سفید (۲) سیاہ (۳) سبز (۴) سُرخ (۵) پیلا (۶) نیلا (۷) قرمزی۔

**ہفت زمین** (ف) (۱) ہفت اقلیم (۲) سات زمینیں یعنی زمین کے سات طبق جن کے نام یہ ہیں۔ (۱) ربکا (۲) اخلدہ (۳) قرعہ (۴) عربیا (۵) ہولتا (۶) سجّین (۷) عجبیا۔

**ہفت سُبع** (ع) قرآن شریف کی سات منزلیں۔ یعنی تمام قرآن شریف جو سات حصّوں میں تقسیم ہے کہ ہفتہ پڑھا جا سکے پہلی منزل سورۂ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے۔ دوسری سورہ مائدہ سے تیسری سورۂ یونس سے چوتھی سورۂ بنی اسرائیل سے۔ پانچویں سورۂ شعرا سے۔ چھٹی سورۂ والصافات سے۔ اور ساتویں منزل سورۂ قاف سے شروع ہوتی ہے اور اس کے اختتام پر قرآن ختم ہو جاتا ہے اسے ہفت منزل بھی کہتے ہیں۔

**ہفت سلام** (ف) سات سلامیں جو یہ ہیں (۱) سلامٌ قولاً من رب الرحیم (۲) سلامٌ علیٰ ابراہیم۔ سلامٌ علیٰ نوحٍ فی العالمین۔ (۴) سلامٌ علیٰ موسیٰ و ہارون (۵) سلامٌ علیٰ آلِ یاسین۔ (۶) سلامٌ علیکم طبتم فادخلوہا خالدین (۷) سلامٌ ہی حتیٰ مطلع الفجر۔

**ہفت سُلطان** (ف) (۱) سبعہ سیارہ (۲) سات سلطان یعنی (۱) حضرت ابراہیم ادہم (۲) سلطان خراسان (۳) سلطان بایزید بسطامی (۴) سلطان سنجر ماضی (۵) سلطان محمود غزنوی (۶) سلطان اسماعیل سامانی (۷) سلطان ابو سعید ابوالخیر۔

**ہفت سین** (ف) تحویل سال پر ایرانی لوگ نئے سال کی خوشی میں دستر خوان بچھاتے ہیں۔ دستر خوان پر موجود ہر

چیز کا نام سین سے شروع ہوتا ہے۔ مثلاً (۱) سبزی (۲) سرکہ (۳) سماق (۴) سمنو (۵) سنجد (۶) سیب (۷) سیر۔

**ہَفتْ شمع** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہَفتْ صد** (ف) سات سو - ۷۰۰۔

**ہَفتْ طارم** (ف) سات آسمان۔

**ہَفتْ طبق** (ف) (۱) آسمان کے سات طبقے یعنی ہفت افلاک۔ (۲) زمین کے سات طبقے یعنی ہفت زمین۔

**ہَفتْ طبقہ** (ف) آنکھ کے سات پردے۔

**ہَفتْ قُرّا** (ع) قرآن مجید کے سات قاری۔ اور ان کے نام یہ ہیں (۱) عبداللہ بن کثیر مکی (۲) نافع مدنی (۳) ابن عامر شامی (۴) ابو عمرو بصری (۵) حمزہ کوفی (۶) عاصم کوفی (۷) کوفی ملقب بہ کسائی۔

**ہَفتْ قرأت** (ف) ہفت قرا یعنی سات قاریوں کی علیحدہ علیحدہ قرأتیں۔

**ہَفتْ قرآن درمیان** (ف) دعائیہ کلمات ہیں کہ خدا کرے تمہارے اس آفت، مصیبت، دکھ، بیماری کے درمیان سات قرآن ہوں یعنی خداوند تعالیٰ تمہیں ہر ابتلا سے مامون و مصئون رکھے۔

**ہَفتْ قلعہ خیبر** (ف) خیبر کے مشہور سات قلعے جو عرب میں تھے (۱) کتیبہ (۲) شق (۳) قموص (۴) ناعم (۵) وطیع (۶) نطاہ (۷) سلام۔

**ہَفتْ قلم** (ف) ان مشہور سات خطوں سے مراد ہے (۱) ثلث (۲) محقق (۳) توقیع۔ ریحان (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) نستعلیق۔

**ہَفتْ قلم بزک کردن** (ف) سولہ سنگھار کرنا۔

**ہَفتَک** (ف) قرآن شریف کا ایک ربع۔

**ہَفتْ کار** (ف) ست رنگی چیز۔

**ہَفتْ کحلی** (ف) سات آسمان۔

**ہَفتْ کُرہ** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات سیارے۔

**ہَفتْ کشور** (ف) (۱) ہفت اقلیم۔ تمام دنیا جو سات ولایتوں پر تقسیم ہے (۲) بعض نے یہ بھی لکھے ہیں۔ چین۔ ہندوستان۔ ترکستان۔ توران۔ روم۔ ایران۔ شام۔

**ہَفتْ کوہ** (ف) سات مشہور پہاڑ (۱) کوہ قاف (۲) کوہ دماوند جو ایران میں ہے (۳) کوہ سراندیپ جو جزیرہ سراندیپ میں ہے (۴) کوہ گلستان جو طوس کے قریب ہے (۵) کوہ درن جو بلاد مغرب میں ہے (۶) کوہ ترکیان جو بحیرہ خضر کے کنارہ پر ہے (۷) کوہ چین۔ ہند اور افغانستان میں پھیلا ہوا ہے اور یہ کوہ ہمالیہ ہے۔

**ہَفتْ کوہ درمیان** (ف) دعائیہ کلمات ہیں کہ تمہارے اور مصیبت کے درمیان سات پہاڑ حائل ہوں یعنی تمہیں کبھی کوئی گزند نہ پہنچے۔

**ہَفتْ گانہ** (ف) سات پہلو۔

**ہَفتْ گاہ** (ف) (۱) ہفت افلاک (۲) ہفت اقلیم۔

**ہَفتْ گرہ** (ف) (۱) سبعہ سیارہ (۲) ہفت افلاک (۳) ہفت اقلیم۔

**ہَفتْ گنجینہ** (ف) شاہان ایران کے سات مشہور خزانے (۲) سات فلزات یعنی سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگ۔ جست۔

**ہفتگی** (ف) ہفتہ وار۔ وہ مجلہ یا رسالہ جو ہفتہ میں ایک بار نکلے۔

**ہَفتْ گیسو دار** (ف) اڑتالیس صور فلکی میں سے سات شکلیں جن کے نام یہ ہیں (۱) عوا (۲) ذات الکرسی (۳) حامل راس الغول (۴) ممسک الاعنہ (۵) جبار (۶) مرأت مسلسلہ (۷) سنبلہ۔

**ہَفتْ گیسو دار چرخ** (ف) (۱) دیکھو ہفت گیسو دار (۲) سات ستارے۔

**ہَفتْ لائے چشم** (ف) فارسی میں لا بمعنی تہ۔ آنکھ کے سات پردے۔ دیکھو ہفت پردہ چشم۔

**ہَفتُم** (ف) ساتواں۔

**ہَفتْ ماہہ بُودن** (ف) بہت تندی، تیزی اور عجلت میں کام لینے والے کو کہتے ہیں۔

**ہَفتْ مجمرہ** (ف) سات آسمان۔

**ہَفتْ محراب فلک** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہَفتْ محیط** (ف) (۱) ہفت دریا (۲) ہفت فلک۔

**ہَفتْ مرد**
**ہَفتْ مرداں** } (ف) (۱) آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے خلفائے اربعہ اور امام حسن و حسین علیہ السلام سے مراد ہے۔ (۲) اصحاب کہف۔ ہفت ابدال۔

**ہَفتْ مشعلہ** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہَفتْ منزل** (ف) (۱) قرآن مجید کی سات منزلیں۔

**ہَفتْ مہرہ زریں**
**ہَفتْ نژاد**
**ہَفتْ نژاد فلک**
**ہَفتْ نقطہ** } (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہَفتْ نوبتی چرخ** (ف) سبعہ سیارہ۔ سات ستارے۔

**ہَفتْ نُہ** (ف) آرائش و زیور اور سامان عروسی۔ (۲) سازندے نار۔

**ہَفتْ نہ خانۂ مینا** (ف) سات آسمان۔

**ہَفتْ واد** (ف) ایک شخص کا نام جس کے سات بیٹے تھے۔

**ہَفتْ و شش** (ف) سبعہ سیارہ اور شش جہات۔

**ہَفتْ و نُہ** (ف) ہفت آرائش اور نو زیوروں سے کنایہ ہے زیب و زینت۔

**ہَفتْ و ہشت** (ف) دیکھو ہفت۔ ہشت۔

**ہَفتہ** (ف) سات دن جو مشہور ہیں (۲) سبت کا دن (۳) تھکا ہوا شخص۔ تھکا ماندہ۔

**ہَفتِ ہشت** (ف) (۱) نا ملائم اور خصومت انگیز باتیں (۲) آوارہ گشتگی۔

**ہَفتْ ہیکل** (ف) (۱) ہفت افلاک (۲) ہفت زمین (۳) سات دعائیں جن سے ہفتہ کے سات دنوں میں ہر روز ایک دعا امن و سلامتی کے لیے پڑھی جاتی ہے۔

ہفدہ (ف) سترہ۔
ہفدہم (ف) سترھواں۔
ہفوات (ع) ہفوۃ کی جمع - لغزشیں - غلطیاں۔
ہفوت (ع) (۱) خطا - لغزش (۲) خطا کرنا - لغزش کرنا (۳) بے ہودہ گوئی۔
ہَفہَفت (ف) عفعف - کُتے کی آواز۔
ہَفیف (ع) جلدی چلنا۔

## ہ - ق

ہَق (ع) بھاگنا - دوڑنا۔
ہقعہ (ع) قمر کی پانچویں منزل کا نام جو جوزا کے تین تارے ایک دوسرے کے قریب ہیں۔
ہُقعہ (ع) بہت سونے والا۔

## ہ - ک

ہکذا (ع) اسی طرح۔
ہکری (ف) بارانی زمین - وہ کھیتی جس کا دارومدار مینہ کے پانی پر ہو۔
ہکچہ (ف) ہچکی۔
ہکک / ہکہک } (ف) ہچکی - فواق۔
ہکہک کردن (ف) ہچکیاں لینا۔

## ہ - گ

ہگزر (ف) اہل بدخشاں کی زبان میں ہرگز کا مقلوب ہے - ہرگز۔

## ہ - ل

ہل (ف) (۱) سفید الائچی - چھوٹی الائچی (۲) ہلیدن مصدر سے امر کا صیغہ بمعنی چھوڑ - چھوڑ دے (۳) سرسوں اور تلوں کی کھلی۔
ہَل (ف) بغل - آغوش - گود۔
ہل (ع) کیا - استفہام کا کلمہ ہے۔
ہل دادن (ف) دھکیلنا - دھکم دھکا کرنا۔
ہلا (ف) خبردار ہو - آگاہ ہو - تنبیہ کا کلمہ۔
ہلا (ع) تخصیص کا حرف - کیوں نہیں۔
ہُلاس (ع) سل کی بیماری۔
ہلاشم (ع) لہاشم کا مقلوب - بُرا - بدنما۔
ہلاک / ہلاکت } (ع) نیستی - نیست ہونا - نابود ہونا۔
ہلاک شدن (ف) مرنا۔
ہلاک کردن (ف) مار دینا۔
ہلاکو / ہلاکو خاں } (ت) ایک نہایت ظالم اور مشہور بادشاہ کا نام جو چنگیز خاں کا پوتا اور تولی خاں کا بیٹا تھا۔ ۶۶۳ھ میں فوت ہوا۔ اسی نے ۶۵۶ھ میں بغداد وغیرہ میں قتل عام اور تباہی کی۔
ہلال (ع) (۱) نیا چاند - پہلی - دوسری اور تیسری رات کا چاند۔ کیونکہ تیسری رات کے بعد قمر کہلاتا ہے (۲) فارسی دانوں کی اصطلاح میں بمعنی تراشِ ناخن (۳) خطوط وحدانی - بریکٹ۔
ہلال ابرو (ف) بلا اضافت، معشوق۔
ہلال عنبر (ف) معشوق کی بھوں، معشوق کا ابرو۔
ہلال منظر (ف) خوبصورت شخصیت۔
ہلال منظراں (ف) جبین لوگ - خوبصورت لوگ۔
ہلالوش (ف) آشوب و فتنہ - شور و غوغا۔
ہلال ہلال (ف) ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ - لخت لخت۔
ہلالی (ف) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص جو عبداللہ خاں ازبک والیِ خراسان کا مقرب تھا اور آخر ۹۳۶ھ میں اسی کے حکم سے قتل ہوا۔
ہلاہل (ف) بے حد قاتل اور مہلک زہر جس کا کھانے والا کسی تریاق یا دعا سے بچ نہیں سکتا۔ بعض کا خیال ہے کہ ہلاہل ایک پہاڑ کا نام ہے جو حدود چین میں ہے اس پہاڑ پر ایک درخت ہوتا ہے جس کی جڑ زہر قاتل ہے۔ اور اسے پہاڑ ہی کے نام پر ہلاہل کہتے ہیں - مطلق مہلک۔
ہلاہلا (ف) آسان اور سہل۔
ہُلب (ع) سور کے بال۔
ہُلس (ع) مرض سل سے بیمار ہونا۔
ہلع (ع) بہت بے صبری کرنا۔
ہَلع (ع) بڑا بے صبر۔
ہلک (ف) ہچکی - فواق۔
ہُلک (ف) ترازو کے پلڑے کی شکل کا چمڑا جس پر پتھر رکھ کر منجنیق کے ذریعے دشمن پر پھینکتے ہیں۔
ہُلک / ہلکت } (ع) ہلاک - نیستی۔
ہلکم (ف) بچوں کی ایک کھیل کا نام جو کرمان کے لڑکے کھیلتے ہیں۔
ہَلُم (ع) آ - بیا - آؤ۔

ہَل مِنْ مَزِید (ع) کچھ اور بھی ہے۔
ہَلناک (ف) برف۔
ہَلَنند (ف) بیکار۔سست۔کاہل۔
ہَلَند (ف) ہالینڈ۔یورپ کا ایک ملک۔
ہَلندی (ف) ہالینڈ کا رہنے والا۔
ہَلُو (ف) ایک قسم کا نہایت میٹھا شفتالو۔
ہلو بیفت تُوی گلو (ف) نہایت ہی سست اور کاہل انسان جو اپنی چھاتی پر سے بیر کو اُٹھا کر اپنے مُنہ میں ڈالنے کی زحمت بھی گوارا نہ کر سکے۔
ہلو پوست کندہ (ف) نہایت خوبصورت اور حسین و جمیل چہرہ۔
ہلوچین (ف) جھُولا۔ جھُولنا۔پینگ۔
ہَلُوع (ع) (۱) بڑا بے صبر۔ بڑا بے صبر۔ بڑا جلد باز (۲) بہت دوڑنے والا (۳) بڑا لالچی۔ حریص۔
ہَلُوعَت (ع) بے صبری کرنا۔ جلدی کرنا۔
ہَلُوک (ع) ہلاک ہونا۔نیست ہونا۔
ہَلھال (ف) غربال۔ چھلنی۔
ہَلھال (ع) (۱) نرم کپڑا (۲) نرم بال۔
ہَلھَلہ (ع) نعرہ۔ للکار۔ آواز۔
ہلھلہ کردن (ف) للکارنا۔ ہیا ہو ہیا کرنا۔
ہَلھَلہ (ف) چھلنی سے آٹا چھاننا۔
ہِلی (ف) ہلیدن سے امر واحد حاضر کا صیغہ ہے۔ بگزاری۔ تو چھوڑ دے۔
ہِلیدن (ف) چھوڑنا۔
ہلیسہ (ف) وہ ستون جس کے کنارے پہ پہنچی ہوئی اور زور میں نیچے جاتی ہوئی کشتی کا رسا ڈال کر اُسے روک لیتے ہیں۔
ہَلیُون (ع) مارچوبہ جو ایک گھاس ہے اور جس کا بیج دوا کے طور پر کام آتا ہے۔
ہُلَیبہ (ف) چھوٹا چپّو۔ ایک چوڑی لکڑی جس سے چھوٹی کشتی چلاتے ہیں۔

## ہ ۔ م

ہَم (ف) (۱) بھی۔ نیز (۲) دیگر۔ ایضاً (۳) ہمہ۔سب (۴) ایک جا۔ یکدگر۔
ہَمّ (ع) (۱) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا (۲) بیماری کا بدن کو گھلا دینا۔ (۳) غم۔ اندوہ۔ رنج۔ ہمّ اس رنج کو کہتے ہیں۔ جو آنے والی مصیبت سے پیدا ہوتا ہے اور جو موجودہ مصیبت پر ہو اسے غم۔
ہِمّ (ع) بہت بوڑھا مرد۔
ہُما (ف) (۱) ایک مشہور پرندہ کا نام جو نہایت مبارک خیال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ جو شخص اس کے سایہ تلے آجائے صاحب اقبال ہو جاتا ہے۔ یہ پرندہ کبھی دوسرے پرند کو نہیں ستاتا۔ خوراک اس کی ہڈی ہے (۲) ایران کے بادشاہ بہمن کی بیٹی کا نام جس کا بیٹا داراب تھا۔
ہُما (ع) ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وہ دو مرد یا دو عورتیں۔
ہَمَاو (ف) سب۔تمام۔ کل۔ ہمہ۔
ہَمادی (ف) کلی۔ ہمگی۔ تمامی۔
ہَمادیان (ف) کلیات۔
ہَمّار (ع) بڑا باتونی۔ بسیار گو۔ بڑا بولنے والا۔
ہَمار (ف) اندازہ۔ گنتی۔ حساب۔
ہَمارہ (ف) (۱) اندازہ۔ حساب۔ گنتی (۲) ہمیشہ۔
ہَمّاز (ع) (۱) سخن چین۔ عیب گوئی کرنے والا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔
ہَمّاس (ع) شیر درندہ۔
ہَماس (ف) شریک۔ مثل۔ ہمتا۔ رفیق۔
ہم آغوش شُدن (ف) گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا۔ ہم کنار ہونا۔
ہم آغوش کردن (ف) گلے سے لگانا۔ بغل گیر کرنا۔ ہم کنار کرنا۔
ہم آغوشی (ف) بغلگیر ہونا۔ گلے ملنا۔ ہم کنار ہونا۔
ہَمَاک (ف) اشارہ۔
ہَمال، ہُمال (ف) مانند۔ نظیر۔ مثل۔ مشابہ۔ شریک۔ جوڑ کا۔
ہَمالا (ف) دائم۔ ہمیشہ۔ مدام۔
ہَمالہ، ہَمالیہ (ف) ہندوستان کے مشہور پہاڑ کا نام۔ جو دُنیا کے تمام پہاڑوں سے بلند ہے۔ جس کی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ انتیس ہزار فٹ بلند ہے اور جس پر ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔
ہُمام (ع) (۱) بزرگ۔ مہتر۔ قوم کا سردار (۲) بزرگ ہمت۔ خوش تدبیر۔
ہَمان (ف) اصل میں ہم آن ہے۔ وہی۔ وُہی۔ اس لفظ پہ پیش پڑھنا غلط ہے۔
ہَمان آسیا و ہمان خراس (ف) وہی اک چال بے ڈھنگی جو پہلے تھی سو اب بھی ہے۔
ہمان دَم (ف) اسی وقت۔
ہَمانا (ف) (۱) شاید۔ گویا (۲) بے شک (۳) مانند۔
ہَمانند (ف) اصل میں ہم مانند تھا۔ مشابہ۔ مانند۔ جوڑ کا۔
ہماورد (ف) مقابل۔ حریف۔
ہم آواز (ف) ایک آواز۔ ہم جنس۔ مانوس۔ متفق الرائے۔ سُر میں شریک۔
ہم آور (ف) (۱) ایک ولایت کا نام (۲) وہ دو شخص جو ایک ہی آقا کے غلام ہوں۔
ہماویز (ف) مقابل۔ ہم نبرد۔ حریف جنگ۔
ہم آہنگ (ف) دیکھو ہم آواز۔

ہم آہنگ شُدن (ف) متفق ہو جانا۔
ہم آہنگی (ف) اتحاد۔ اتفاق۔
ہُمائے (ف) دیکھو ہُما۔
ہُمائے (ف) (۱) تیز رفتار گھوڑا (۲) زری علم جس پر ہُما کی تصویر ہوتی ہے۔
ہُمائے بیضۂ دین (ف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
ہُمایُوں (ف) ہُما مشہور مبارک پرندہ اور یوں کلمہ نسبت سے مرکب ہے (۱) بابرکت۔ مبارک۔ مجستہ (۲) ہندوستان کے ایک مشہور مغل بادشاہ کا نام جو بابر کا بیٹا تھا۔ ۱۵۳۰ء سے ۱۵۵۶ء تک حکمراں رہا۔ درمیان میں خاندانِ سوری کے پہلے بادشاہ شیر شاہ سے شکست کھا کر ایران چلا گیا اور تقریباً دس سال کے بعد پھر آ کر شیر شاہ کی اولاد کو شکست دے کر ۱۵۵۶ء میں دوبارہ بادشاہ بنا۔ اور اسی سال وفات پائی۔
ہُمایُوں گاہ (ف) پایہ تخت۔ دار الحکومت۔
ہمایونی (ف) ہمایوں بادشاہ سے منسوب خاندان۔
ہمباز (ف) شریک۔ ہمتا۔ شریف۔
ہمبہ (ف) (۱) مانند۔ مثل (۲) ہم شکل۔
ہم بستر (ف) ایک بستر پر سونے والا۔ ساتھ سونے والا۔
ہم بستری (ف) ساتھ سونا۔ جماع۔ برابر (۲) مقابل (۳) ہم نشین (۴) ہمراہ۔
ہم بوئے (ف) ہم روش۔ ہم عادت۔
ہمپا (ف) ہمراہ۔ ساتھ۔
ہم پایہ (ف) ہم رتبہ۔ ایک ہی درجہ رکھنے والا۔
ہم پشت (ف) مددگار۔
ہم پشتی (ف) اعانت۔ مدد۔
ہم پلہ (ف) برابر کا۔ برابر کی جوڑ۔
ہم پنجگی (ف) مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ برابری۔
ہم پوئے (ف) برابر دوڑنے والا۔
ہم پہلو (ف) (۱) ساتھ۔ برابر (۲) ساتھی۔ رفیق۔ ہم صحبت۔
ہم پیالہ (ف) ایک پیالہ میں کھانے پینے والا۔ گہرا دوست۔
ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف) ساتھ کھانے پینے والا۔ گہرا دوست۔
ہم پیشہ (ف) حریف۔ ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا۔
ہم پیمان (ف) باہم عہد و پیمان والے۔
ہمت (ع) (۱) قصد۔ ارادہ (۲) مراد (۳) حوصلہ (۴) فکر۔ حزن (۵) مجازاً دُعا۔
ہمتا (ف) مثل۔ مانند۔ نظیر۔ ہمسر۔ ہمزاد۔
ہمت از تو مدد از خدا (ف) انسان ہمت کرے تو خدا اس میں برکت دیتا ہے۔
ہمتازیانہ (ف) (۱) دو شخص مل کر دوڑنے والے (۲) مل کر گھوڑا دوڑانے والے (۳) مل کر لوٹ مار اور تاخت تاراج کرنے والے۔
ہمت خواستن (ف) دُعا چاہنا۔
ہم ترازو (ف) (۱) ہم وزن۔ زور میں برابر۔ ہم قوت۔ مقابل۔
ہمت کند سہل دشوارہا (ف) ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا۔
ہمتگ (ف) ہم قدم۔ ہمراہ۔ رفیق۔ رستہ چلنے والا۔
ہمت مردان مدد خدا (ف) ہمت کرنے والوں کے ساتھ خدا کی مدد شامل ہوتی ہے۔
ہم تنگ (ف) موافق۔ برابر۔
ہم جماعت (ف) ایک ہی جماعت میں ساتھ پڑھنے والے ہم سبق۔
ہم جنس (ف) ایک جنس کے۔ ہم پیشہ۔ ہم رتبہ۔
ہم جوار (ف) ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہمجیہ (ع) ناشائستگی۔ وحشت۔
ہم چشم (ف) ہم نشین۔ دوست۔ برابر والا۔
ہم چشمی (ف) برابری۔ مقابلہ۔
ہم چنان (ف) اسی طرح۔
ہمچنین (ف) اسی طرح۔ ایسا ہی۔ اصل میں ہم چنیں ہے۔
ہم چو (ف) تشبیہ کا حرف۔ مانند۔ ایسا ہی۔
ہمچو روز (ف) روشن۔ واضح۔ آشکارا۔
ہمچو ما دیگرے نیست (ف) غرور کا نعرہ لگانا کہ ہم سب سے افضل ہیں۔
ہم خرما و ہم ثواب (ف) آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔
ہم خانہ (ف) (۱) کسی گھر میں ایک ساتھ رہنے والا شخص (۲) بیوی جورو۔
ہم خانۂ مسیح (ف) آفتاب۔ سورج۔
ہم خواب (ف) ساتھ سونے والا۔ ساتھ سونے والی۔
ہم خوئے (ف) وہ شخص جس کی خصلت دوسرے کی خصلت کے موافق ہو۔
ہم داستاں (ف) دو شخص جو باہم ہم کلام ہوں۔ ہم صحبت ہمراز۔
ہم داستانی (ف) نوشیرواں کا وہ ٹیکس جو رعایا نے بہ اتفاق قبول کر لیا تھا۔ اور اسی کو جزیہ کہتے ہیں۔
ہمداماں
ہمداماد } (ف) ہم زلف۔ سانڈھو۔ سالی کا شوہر۔
ہم دامن
ہمدان (ف) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام۔
ہمدان (ف) یمن کے ایک قبیلہ کا نام۔

ہمدرد (ف) دُکھ درد کا ساتھی ۔ غم خوار۔
ہمدردی (ف) غم خواری ۔ رفاقت ۔ دُکھ درد میں شریک ہونا۔
ہم درس (ف) ہم سبق ۔ ساتھ پڑھنے والا۔
ہمدست / ہمدستاں } (ف) ہم نشین (۲) متفق ۔ (۳) برابر ۔ شریک (۴) ہم طاقت ۔ ہم قدرت (۵) ہم دست (۶) ہم پیشہ ۔ ہم کار۔
ہمدگر (ف) ایک دوسرے کے باہم ۔ آپس میں۔
ہمدل (ف) رفیق ۔ خالص۔
ہمدم (ف) (۱) رفیق ۔ یار ۔ دوست ۔ محب (۲) موافق ۔ برابر (۳) ہر وقت ساتھ رہنے والا (۴) شراب پینے کا پیالہ (۵) ایک دم کے دو غوطہ زن جن میں سے ایک پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور دوسرا باہر دم بند کیے کھڑا رہتا ہے ۔ اور جب اس باہر والے کا دم پورا ہو جاتا ہے تو یہ سمجھ لیتا ہے کہ پانی کے نیچے والے کا دم بھی پورا ہو چکا ہے چنانچہ اسے باہر کھینچ لیتا ہے۔
ہمدوش (ف) (۱) ساتھی ۔ رفیق (۲) ہمسر ۔ برابر ۔ ہم قدر ۔ برابر کا۔
ہمدوش ثریا (ف) بہت بلند۔
ہمدہ (ف) سکتہ کا مرض جس میں آدمی بالکل مُردہ سا معلوم ہوتا ہے۔
ہم دین (ف) ایک ہی مذہب کے پیروکار۔
ہمدیوار (ف) ہمسایہ ۔ پڑوسی۔
ہم ذات (ف) ہم قوم ۔ جو اپنی ذات کا ہو۔
ہمر (ع) پانی یا آنسوؤں کا بہانا۔
ہمراد (ف) فیاضی یا سخاوت میں برابر کے آدمی۔
ہمراز (ف) بھیدی ۔ رازدان ۔ جو اپنا بھید جانتا ہو۔
ہمرافتہ (ف) مفہوم۔
ہمراہ (ف) (۱) ساتھ چلنے والا ۔ شریک سفر ۔ ساتھی (۲) بدرقہ۔
ہمراہ شدن (ف) ساتھ روانہ ہونا۔
ہمراہ کردن (ف) ساتھ بھیجنا۔
ہمراہی (ف) (۱) ساتھی ۔ ساتھ چلنے والا ۔ ہم سفر ۔ (۲) مدد ۔ موافقت ۔ (۳) برابری ۔ ساتھ۔
ہمراہی کردن (ف) (۱) ساتھ دینا ۔ مدد دینا (۲) راہ میں برابری کا دعوےٰ کرنا۔
ہمرجہ (ع) حقیر چیز ۔ بے کار ۔ ملاوٹ۔
ہمرس (ف) درم و دینار۔
ہم رشتہ (ف) (۱) جو رشتہ میں برابر ہو (۲) ڈورے میں پروئی ہوئی یا بندھی ہوئی اشیاء۔
ہمرنگ (ف) (۱) رنگ میں برابر ۔ یک رنگ ۔ ایک طرح کا۔ (۲) خالص دوست۔
ہمرو (ف) ساتھ چلنے والا۔
ہم رو کردن (ف) دُو بدو کرنا۔

ہمرہ (ف) ہمراہ کا مخفف۔
ہمریش (ف) ہم زلف ۔ ساڑھو
ہمز (ع) آنکھ سے اشارہ کرنا۔
ہمزات (ع) ہمزہ کی جمع ۔ وسوسے۔
ہمزاد (ف) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ۔ ہم سن ۔ ہم عمر ۔ (۲) ہم لوس ۔ ہم سفر (۳) سایہ (۴) وہ جن یا شیطان جو ہر آدمی کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔
ہم زبان (ف) ہم قول ۔ متفق ۔ خاص دوست۔
ہم زلف (ف) سالی کا خاوند ۔ ساڑھو۔
ہمزہ (ع) شیطانی وسوسہ۔
ہمزہ (ع) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنے والا ۔ (۲) عیب کرنے والا۔
ہمزہ (ع) ایک حرف ہے اور درحقیقت اعراب ہے جو حرکت کا فائدہ دیتا ہے۔
ہمزہ مشمار (ف) ٹیڑھی میخ۔
ہم زیارت و ہم تجارت (ف) آم کے آم اور گٹھلیوں کے دام
ہمس (ع) (۱) نرم آواز ۔ آہٹ (۲) نرم آواز کرنا۔
ہمساز (ف) موافق ۔ دوست ۔ یار ۔ رفیق۔
ہمسائیگی (ف) پڑوس۔
ہمسایہ (ف) پڑوسی
ہمسایۂ مسیح (ف) سورج ۔ آفتاب۔
ہم سبق (ف) ساتھ پڑھنے والا ۔ ساتھ سبق لینے والا۔
ہم سخن (ف) ہم کلام ۔ مل کر بات کرنے والا۔
ہمسر (ف) برابر ۔ برابر والا ۔ ہم رتبہ (۲) بیوی ۔ جورو ۔ منکوحہ۔
ہمسری (ف) برابری ۔ ہم چشمی ۔ مقابلہ ۔ رقابت ۔ (۲) زوجیت۔
ہمسفر (ف) ساتھ سفر کرنے والا ۔ سفر کا ساتھی۔
ہمسفران جاہل (ف) آدمی ۔ جسم اور رُوح۔
ہم سفرہ (ف) ایک دسترخوان پر مل کر ساتھ کھانا کھانے والا۔
ہمسلک (ف) سمدھی (پنجابی کڑم)
ہمسن (ف) ہم عمر ۔ برابر کی عمر کا۔
ہمسنگ (ف) برابر ۔ ہموزن۔
ہمسراز (ف) ترجمہ۔
ہم شکل (ف) ہم صورت ۔ ایک شکل کا۔
ہم شکم (ف) اتوام ۔ دو بچے جو جوڑا پیدا ہوں۔
ہمشوئے (ف) سوکن ۔ سوت۔
ہم شہری (ف) ایک ہی شہر کے رہنے والے ۔ صحیح لفظ ہم شہر ہے۔
ہم شیر (ف) بہن ۔ سگی بہن۔
ہم صحبت (ف) ساتھی ۔ صحبت میں بیٹھنے والا ۔ پاس اُٹھنے بیٹھنے والا۔

ہم صدا بودن (ف) ہم آواز ہونا۔
ہمص (ع) پچھاڑ کر چڑھ بیٹھنا۔
ہم صفیر (ف) ہم آواز۔ وہ پرندجو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں (۲) ہمدم۔
ہمط (ع) ظلم کرنا۔ بہت مارنا۔
ہم طالع (ف) ایک جیسی قسمت والا۔
ہم عصر (ف) ہم عہد۔ ایک زمانہ کا۔ ایک وقت کا۔
ہم عمر (ف) برابر کی عمر کا۔ ہم سن۔
ہم عنان (ف) ہمراہ۔ برابر۔ ساتھی۔ رفیق۔
ہم عہد (ف) ہم عصر۔ ایک زمانہ۔
ہم عیار (ف) ہموزن۔ برابر۔ ایک سا۔
ہمق (ع) نرم تازہ گھاس۔
ہم قدم (ف) ہمراہ۔ ہم سفر۔ ساتھی۔
ہمقرانی (ف) مصاحب۔ ہم نشین۔ قران مصدر ہے اس لیے یہ ترکیب درست نہیں ہے۔
ہمقطار (ف) ہم شغل۔ رفیق کار۔
ہم قلم (ف) (۱) ہم عہدہ (۲) مددگار تحریر۔ نائب محرر۔
ہم قوم (ف) ایک قوم کا۔ ایک ذات کا۔
ہمکار (ف) ایک ہی پیشہ سے منسلک لوگ۔
ہمکاری (ف) باہمی امداد۔
ہمکار ہمکار را دشمن است (ف) پیشہ ور کو پیشہ ور سے رقابت ہوتی ہے۔
ہم کاسہ (ف) ہم پیالہ و ہم نوالہ۔ دوست۔
ہم کفو (ف) ایک کنبہ کا۔ ایک خاندان کا۔
ہم کلاس (ف) ہم جماعت۔
ہم کلام (ف) ہم سخن۔ مل کر بات کرنے والا۔
ہم کلامی (ف) گفتگو۔ باہم بات چیت کرنا۔
ہمکنار (ف) ہم آغوش۔ بغلگیر۔
ہم کناں (ف) ہم پیشہ لوگ۔ ہم کاراں۔
ہم کیش (ف) (۱) ہم مذہب (۲) ہم رتبہ۔ ہم چشم۔
ہم کیشاں (ف) ہم کیش کی جمع (۱) ہم مذہب لوگ (۲) ہم مرتبہ لوگ (۳) ایک ترکش میں رہنے والے تیر۔
ہم گاں (ف) کل۔ سب۔ تمام۔
ہم گر (ف) (۱) جولاہا (۲) نسبت۔
ہم گناں (ف) ہمگین کی جمع۔ تمام آدمی۔ سب کے سب۔
ہم گوشہ (ف) (۱) ہم سایہ (۲) ہم جنس۔
ہمگی (ف) ہمگین کا مخفف۔
ہم گیر شدن (ف) (۱) ملاقات ہونا یا ملاقات کرنا (۲) دستیاب ہونا۔ کسی چیز کا میسر ہونا۔
ہمگین (ف) ہمہ بمعنی تمام اور گین حرف نسبت سے مرکب ہے سب کے سب۔ تمام و کمال۔
ہمل (ع) (۱) اونٹ جو چرواہے کے بغیر جنگل میں چھوڑ دیے جائیں (۲) وہ پانی جسے روکنے والا کوئی نہ ہو۔
ہمل / ہملان (ع) آنسوؤں کا بہنا۔
ہم لحاف و ہم توشک (ف) پھول کر کپا ہو جانا۔
ہمم (ع) ہمت کی جمع۔
ہم مذہب (ف) ایک ہی مذہب کا۔ ہم ملت۔
ہم مرکز (ف) وہ دائرے جن کا مرکز ایک ہو۔
ہم مسلک (ف) ایک ہی روش پر چلنے والے۔
ہم مشرب (ف) ایک ہی گھاٹ سے پانی پینے والے۔ مراد ایک ہی مسلک کے۔
ہم مقبل (ف) ہم خوابہ۔ ساتھ سونے والی۔
ہم مکتب (ف) ایک ہی مدرسہ میں پڑھنے والے۔
ہم نام (ف) ایک ہی نام کا۔ ہم اسم۔
ہمنام بودن (ف) دو کا ایک ہی نام ہونا۔
ہم نشیں (ف) (۱) ہم صحبت۔ مصاحب۔ پاس کا اٹھنے بیٹھنے والا۔ (۲) مخلوقات و موجودات کے سب آئندگان۔
ہم نفس (ف) (۱) ہم کلام (۲) دوست۔ رفیق۔
ہم نفس صبح قیامت (ف) مدت کا طویل ہونا۔
ہم نوالہ (ف) ساتھ کا کھانے پینے والا۔
ہم نوالہ ہم پیالہ (ف) ساتھ کا کھانے پینے والا۔
ہم نوع (ف) ایک ہی قسم کے۔
ہموار (ف) (۱) برابر۔ ایک سا۔ صاف (۲) ہمیشہ۔
ہموارہ (ف) ہمیشہ۔ دائم۔ اصل میں ہم بارہ ہے۔
ہمود (ف) آسودگی۔
ہموزن (ف) ایک جیسے بھاری۔
ہم وطن (ف) ایک شہر کا۔ ایک دیس کا۔ ایک ملک کا۔
ہموع (ع) آنسوؤں کا بہنا۔
ہموم (ع) ہم کی جمع۔ غم۔ الم۔ رنج۔ اندیشے۔
ہمہ (ف) سب۔ تمام۔ کل۔
ہمہ بر کاروان گا ہیم (ف) سب چلنے کو تیار ہیں۔
ہمہ تن (ف) سرتاپا۔ بالکل۔ سربسر۔ سب کا سب۔
ہمہ دان (ف) سب کچھ جاننے والا۔ جگت استاد۔
ہمہ دانی (ف) جگت استادی۔ سب کچھ جاننا۔
ہمہ روزہ / ہمہ سالہ (ف) ہمیشہ۔ دائم۔ سدا۔
ہمہ صفت موصوف (ف) سب خوبیوں سے بھرا ہوا۔ ہر قسم کی تعریف کے قابل۔
ہمہ کار (ف) گھر کا مختار کار اور مدار علیہ۔
ہمہمہ (ع) (۱) رونا (۲) شیر کا دھاڑنا۔ شیر کا آواز کرنا۔ شور۔ ہنگامہ۔
ہمیان (ع) رواں پانی۔ رواں آنسو۔

ہمیان
ہمیان } (ف) روپوں یا اشرفیوں کی تھیلی۔
ہمیان

ہمیدوں (ف) (۱) یونہی۔ اسی طرح (۲) اب۔
ہمیمہ (ع) ہلکی بارش۔
ہمینہ (ف) پانی کا قطرہ۔

# ہ - ن

ہَن (ع) گوارہ ہونا۔
ہُن (ف) احسان۔ منّت۔
ہَن (ع) عورت یا مرد کی شرمگاہ۔ فرج۔
ہَنق (ع) (۱) آدمی کا گریہ وزاری (۲) اونٹنی کا شور و غل کرنا۔
ہِن (ف) ہست۔ ہے۔ است۔
ہَنا (ع) بخشش کرنا۔
ہَنادکہ (ع) ہندوستانی لوگ۔
ہناف (ع) مذاق کرنا۔ کھیلنا۔ ہنسنا۔
ہنالک (ع) وہاں۔ اس وقت۔
ہنایین (ف) (۱) بات چیت۔ گفتگو (۲) آدمیوں کا ہجوم۔ (۳) رسالے کے گھوڑوں کے چلنے کی آواز۔
ہنالش (ف) اثر۔ تاثیر۔
ہنباز (ف) شریک۔ نظیر۔ انباز۔
ہنبغ (ع) سخت بھوک۔ شدت کی بھوک۔
ہنبغ (ع) سخت بھوکا۔
ہنبغہ (ع) سخت بھوکا ہونا۔
ہنجار (ف) راہ۔ روش۔ راستہ۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ قانون۔ طرز۔
ہنجیدن (ف) کھینچنا۔ باہر نکالنا۔
ہند (ف) (۱) ہستند کا مخفف ہیں (۲) راہ۔ روش۔ قاعدہ۔
ہند (ع) (۱) ہندوستان کا ملک (۲) آدمیوں کے ایک گروہ کا نام (۳) ایک عورت کا نام۔

ہندب
ہندبا } (ف) کاسنی۔ تخم کاسنی۔

ہندبار (ف) ہندوستان۔

ہندسال
ہندستال } (ف) ہندوستان کا مخفف۔

ہندسہ (ع) اندازہ کا معرب (۱) اندازہ لینا (۲) ایک مشہور علم کا نام جو علم ریاضی کی ایک شاخ ہے۔ وہ علم جس سے شکلوں کی پہچان معلوم ہوتی ہے (۳) رقم۔ اعداد۔ (۴) فن تعمیر۔ انجینئری (۵) مکر و فریب۔

ہندسہ دان (ف) علم ہندسہ جاننے والا۔
ہندکی (ع) ہندو۔
ہندو (ف) (۱) ہند بمعنی ہندوستان اور واؤ نسبت سے جو خاص انسان کے لیے آتی ہے مرکب ہے۔ ملک ہندوستان کا۔ منسوب بہ ہند (۲) راہزن۔ چور۔ ڈاکو (۳) غلام (۴) پاسبان (۵) کالا۔
ہندوانہ (ف) تربوز۔ متیرا۔
ہندوانہ انگندن (ف) نہایت خوف کھانا۔

ہندوانہ درکون غلطانیدن } (ف) بہت ڈرانا۔ بہت ڈرنا۔
ہندوانہ درکون غلطیدن } سخت ڈرنا۔

ہندوانہ زیر بغل کسے گزاشتن (ف) کسی کو دھوکا دینا۔
ہندوبار (ف) (۱) ہندوستان (۲) سیاہی کی دوات۔
ہندوزن (ف) جادوگرنی۔ ساحر۔
ہندوس (ع) انگریزی لفظ ہندوز کی تعریب ہے۔ اہل ہند۔
ہندوستان (ف) ہندو اور ستان کلمہ ظرفیت سے مرکب ہے۔ ملک ہند۔ انڈیا۔
ہندوکوہ (ف) کوہ ہندوکش۔
ہندوی اژدہا (ف) تیغ ہندی

ہندوئے باریک بین
ہندوئے پیر } (ف) زحل ستارہ۔
ہندوئے چرخ

ہندوئے دریا نشین (ف) قلم۔
ہندوئے سپہر (ف) زحل ستارہ۔

ہندوئے سپہر ہفتمیں
ہندوئے گنبد گرداں } (ف) زحل ستارہ۔
ہندوئے گنبد گردوں
ہندوئے ہفتم چرخ

ہندی (ف) منسوب بہ ہند۔ ہندوستان کا رہنے والا۔ ہندوستان کی کوئی چیز۔ ہندوستان کی تلوار۔
ہندی اژدہا (ف) ہندی تلوار جو مشہور ہے۔
ہنر (ف) (۱) کام۔ کاریگری (۲) خوبی۔
ہنر پرور (ف) ہنرمند۔ اہل علم۔
ہنر پیشہ (ف) فن کار۔
ہنرستان (ف) ہنر و فنون کا سکول۔
ہنرمند (ف) باکمال۔ کاریگر۔ صناع۔ دستکار۔ باہنر۔
ہنرمندی (ف) کاریگری۔ دانائی۔ لیاقت۔ سلیقہ۔
ہنرور (ف) باہنر۔ ہنرمند۔
ہنع (ع) ٹیڑھی چھوٹی گردن والا ہونا۔

ہنغاریا
ہنگاریا } (ع) ہنگری کا معرب۔ ملک ہنگری۔

ہنعہ (ع) گردن کی چھوٹائی۔ چاند کی ایک منزل۔
ہنگ (ف) (۱) تمکین۔ وقار (۲) وزن۔ مقدار۔ (۳)

قصد - ارادہ (۴) طاقت - قوت - قدرت - زور (۵) غار - (۶) نگہداشت - غمخواری (۷) کثیر - وافر - بہت - (۸) عقل مندی - دانائی - ہشیاری (۹) دانا - عقل مند - ہوشیار - (۱۰) قبیلہ - کنبہ - قوم (۱۱) سپاہ - لشکر - فوج (۱۲) کام (۱۳) صدمہ - چوٹ (۱۴) آسیب - آزار -

ہنگار (ف) جلدی - شتابی - تیزی -

ہنگام (ف) (۱) وقت - موسم (۲) ہنگامہ - مجمع - انجمن -

ہنگامہ (ف) (۱) ہنگام - وقت (۲) مجمع - انبوہ - اژدحام - لوگوں کا اکٹھ -

ہنگامہ آراء (ف) صف آرا - جنگ برپا کرنے والا - فتنہ برپا کرنے والا - ہجوم کرنے والا -

ہنگامہ آرائی (ف) جنگ کرنا - فتنہ برپا کرنا - ہجوم کرنا - شورش - دنگہ - فساد -

ہنگامہ برپا کردن (ف) ہنگامہ کھڑا کرنا -

ہنگامہ بندی (ف) نموداری -

ہنگامہ پرداز (ف) دیکھو ہنگامہ آرا -

ہنگامہ پردازی (ف) دیکھو ہنگامہ آرائی -

ہنگامہ طفلاں } (ف) دُنیا - جہان -

ہنگامہ کردن (ف) ہنر نمائی کرنا -

ہنگامہ گیر (ف) ہجوم کرنے والا - تماشہ کرنے والا - نقال - بازی گر - بازاروں میں دوا وغیرہ بیچنے والا -

ہنگامۂ محشر (ف) قیامت کے دن کا ہجوم - بہت بڑا ہجوم - بہت بڑا ہنگامہ -

ہنگامی (ف) وقتی - زمانی -

ہنگفت (ف) (۱) موٹا - جسیم - ضخیم - دلدار - (۲) گاڑھا - غلیظ -

ہنگہ (ف) ہنگامہ کا مخفف -

ہنود (ف) ہندو کی جمع - ہندو لوگ -

ہنود (ع) وہ عورتیں جن کے نام ہند ہوں -

ہنوز (ف) ابھی - ابھی تک - تاحال - اب تک - ایلو - تاہنوز کہنا صحیح نہیں -

ہنوز آب از جگر مے کشد

ہنوز جراحتش تازہ است (ف) ابھی اس کے زخم ہرے ہیں - ابھی غم تازہ ہے -

ہنوز نرخ لوبیا را نداند (ف) ابھی آٹے دال کا بھاؤ معلوم نہیں -

ہنہ (ف) کیا یہ نہیں - نہیں تو -

ہنہن (ف) ہانپنا -

ہنی (ع) خوشگوار - بامزہ - پسندیدہ - ہاضم -

ہنیع (ع) (۱) بہت ہنسنے والی عورت (۲) کوتاہ گردن آدمی - کوتہ قد -

ہنین (ع) گریہ زاری کرنا - چلانا - رونا -

## ہ - و

ہو (ف) (۱) قلندروں کی آواز (۲) کشتی گیروں کی آواز جو کشتی کے وقت بلند کرتے ہیں (۳) تنبیہ کا کلمہ - آگاہ ہو - آگاہ (۳) ہنگامہ مٹانے کی آواز (۴) خوف (۵) اللہ تعالے کا نام (۶) غل - شور -

ہو (ع) او - وہ - وہ مرد -

ہو (ف) پیپ - زرد پانی جو زخم سے بہتا ہے -

ہوا (ف) دامغان کے قریب ایک قصبہ ہے جہاں ایک چشمہ ہے - کہتے ہیں کہ اگر اس چشمہ میں کوئی مردار پڑ جائے تو ہوا کا سخت طوفان آتا ہے -

ہوا (ع) (۱) دل کی خواہش - آرزو - حرص - اشتیاق (۲) باجے والوں کا باجہ کو آگ سے سینکنا تاکہ آواز خوب دے -

ہواء (ع) (۱) زمین و آسمان کا درمیانی خلا (۲) فضا جو آسمان اور زمین کے درمیان ہے -

ہوا (ع) (۱) دوستی - خیر خواہی (۲) خالی (۳) باد - ہوا (۴) بزدل - ڈرپوک -

ہوا ابر است } (ف) (۱) بادل چھا گیا - آسمان پر بادل آگئے (۲)
ہوا ابر شد } بیگانے موجود ہیں - ہوشیار رہو -

ہوا ابر بودن (ف) یک بیک حالات کا پلٹ جانا نیز اس وقت بھی بولتے ہیں جب مجلس میں بیگانے بھی موجود ہوں -

ہوا باز شد (ف) ابر کھل گیا -

ہوا پختن (ف) بے ہودہ خیال رکھنا - خیال خام رکھنا -

ہوا پرست (ف) (۱) عیاش آدمی - خواہشوں کا بندہ (۲) نالائق - بے ہودہ آدمی -

ہوا پرستی (ف) عیاشی - حرص -

ہوا پست کردن (ف) خواہش کم کرنا -

ہوا پیما (ف) ہوائی جہاز -

ہوا پیمودن (ف) لغو حرکت کرنا -

ہوا تاریک است (ف) مطلع ابر آلود ہے - بادل چھا گیا -

ہواجس (ع) ہاجس کی جمع - وسوسے - شیطانی خطرے جو دل میں گزریں -

ہوا جوے (ف) عاشق - طالب -

ہوا خواہ (ف) خیر خواہ - ہمدرد - دوست -

ہوا خواہی (ف) خیر خواہی - دوستی -

ہوا خوردن (ف) ہوا کا مزاج پر اثر کرنا -

ہوا خوردن بادہ (ف) شراب کی کیفیت یا نشہ کا زائل ہو جانا کیونکہ ہوا سے نشہ اُتر جاتا ہے -

ہَوادار (ف) (۱) عاشق (۲) خیر خواہ دوست (۳) وہ مکان جس میں کھلی اور تازہ ہوا آتی ہو۔
ہَوادِج (ع) ہودج کی جمع۔ ہودے۔ کجاوے۔
ہَوا در گرہ بستن (ف) لغو حرکت کرنا۔ بے ہودہ کام کرنا۔
ہَوار شدن (ف) دعوت پر اچانک آدھمکنا۔
ہَوار کشیدن (ف) مدد طلب کرنا۔ فریاد کرنا۔
ہَواری (ف) بارگاہِ سلاطین۔
ہَوازِن (ع) عرب کے ایک قبیلہ کا نام۔
ہَوازی (ف) ناگاہ۔ دفعتہً۔ اچانک۔ یکبارگی۔
ہَواسنج (ف) بیرومیٹر۔
ہَوا شکستہ است (ف) ہوا کا زور اُتر گیا ہے یعنی سردی کم ہورہی ہے اور گرمی آرہی ہے۔
ہَوا شناس (ف) ماہر موسمیات۔
ہَوا گرفتن (ف) اڑنا۔
ہَوا گز کردن (ف) بے حاصل کام کرنا۔
ہَوالِک (ع) ہالک کی جمع۔ نیست و نابود ہونے والے۔
ہَوائِل (ع) ہولناک۔ خوف ناک۔ ڈراؤنی چیز۔
ہَوام (ع) ہامہ کی جمع۔ حشرات الارض جو کاٹنے والے ہوں۔ جیسے چیونٹی۔ سانپ بچھو وغیرہ۔
ہَوام شناس ماہر حشرات۔
ہَوان (ع) (۱) ذلت۔ خواری (۲) ذلت اٹھانا۔
ہَوا نم نمے بارد (ف) مینہ کی پھوار پڑ رہی ہے۔
ہَوا و ہَوس (ف) حرص۔ طمع۔ لالچ۔ عشق خام۔
ہَوائی (ف) (۱) عاشق۔ محب۔ دوست (۲) خواہش مند۔ بوالہوس۔ حریص (۳) لغو اور بے ہودہ اور بے سروپا باتیں (۴) پریشان (۵) ایک قسم کی مشہور آتشبازی۔
ہَوائی شدن (ف) اڑنا۔ گم ہونا۔
ہَوائے ابر (ف) کام کو خراب کر دینے والا۔ کام کو بگاڑ دینے والا۔
ہَوائے خفتان پوش }
ہَوائے سنجاب گوں } (ف) بادل کی ہوا۔
ہَوا یافتن (ف) ہوا کا مزاج پر اثر کرنا۔
ہَوبَر (ف) بغل (۲) کندھا (۳) حمایت۔
ہَوبَرہ (ف) حیران۔

ہَوبہ (ف) (۱) بغل (۲) کندھا (۳) حمایت۔
ہُوبَہو (ف) بجنسہٖ۔ بعینہٖ۔ بالکل ویسا۔ ویسے کا ویسا۔
ہَوپیچیدن (ف) کسی بات کا شہرہ کوچہ و بازار میں ہونا۔
ہَوج } (ع) (۱) نادانی۔ بے وقوفی۔
ہَوَج } (۲) جلدی۔ شتابی۔
ہُوج (ع) ہوجاء کی جمع۔

ہَوجا (ع) تیز رفتار اونٹنی۔
ہَوچی (ف) ڈھنڈورچی۔ حقارت کا نعرہ بلند کرنیوالا۔ دنگا فساد کرنے والا۔
ہَوچی بازی (ف) دنگا فساد۔
ہوچی بازی در آوردن }
ہوچی بازی کردن } (ف) دنگا کرنا۔
ہوخ (ف) بیت المقدس کا نام۔
ہوختن }
ہوخیدن } (ف) (۱) باہر نکالنا کھینچنا (۲) آنا (۳) ظاہر ہونا۔
ہَود (ع) اونٹ کا کوہان۔
ہُود (ع) ایک پیغمبر کا نام جن کی دعا سے قوم عاد ہوا کے طوفان سے نیست ہوگئی تھی (۲) قرآن مجید کی ایک سورہ کا نام (۳) یہودی بن جانا (۴) دین سے پھر جانا (۵) توبہ کرنا۔ حق کی طرف پھرنا۔
ہَودَج (ع) عماری۔ کجاوہ۔ جس میں عورتیں سوار ہوتی ہیں۔
ہودر (ف) زشت۔ برا۔ بدنما۔
ہُودِل (ف) رصد۔
ہُودِل بند (ف) رصد بند۔ منجم۔
ہودہ (ف) (۱) درست۔ حق (۲) کہنہ۔ پرانا (۳) چنانچہ (۴) ناحق۔ باطل۔ بے ہودہ۔
ہوذر (ف) ہودر کا مترادف۔ زشت۔ برا۔
ہُور (ف) (۱) سورج۔ آفتاب (۲) نصیب۔ بخت (۳) ایک ستارے کا نام جس کا دورہ ہزار سال کا ہوتا ہے۔
ہورخش (ف) ہورخش کا مخفف۔
ہورخش (ف) آفتاب۔ سورج۔
ہورستار (ف) پارسیوں کی شریعت کا محافظ۔
ہورشید (ف) آفتاب۔
ہورمز (ف) مشتری ستارہ۔
ہورمزد (ف) (۱) ایک فرشتہ کا نام (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔
ہوز (ف) چیل کے برتنوں وغیرہ کے بجنے کی آواز۔
ہوزدن (ف) شور مچانا۔
ہَوَس (ع) (۱) جنون عشق کی ایک قسم۔ دیوانہ ہونا (۲) فارسی میں بمعنی عشق خام۔ ناقص محبت۔ آرزو۔ کسی چیز کا شوق۔
ہوسناک (ف) حریص۔ لالچی۔
ہَوش (ف) شان و شوکت۔ کروفر۔ خرد نمائی۔
ہوش (ف) (۱) سمجھ۔ عقل۔ دانائی (۲) روح۔ جان (۳) موت۔ ہلاکت (۴) زہر۔
ہوشا (ف) کم ہمت۔ سست۔ کاہل۔
ہوشانہ (ف) گھوڑے اونٹ وغیرہ حیوان کی پیاس جو شدت کی ہو۔
ہوش از سر رفتن (ف) ہوش اڑ جانا۔ ششدر رہ جانا۔ مبہوت ہونا۔

ہوشازہ (ف) بہت پیاسے جانور۔
ہوشازیدن (ف) جانوروں کا بہت پیاسا ہونا۔
ہوشت (ف) بیت المقدس کا نام۔
ہوش زدائے (ف) شراب۔
ہوشمند (ف) ہوش والا۔ عقل مند۔
ہوش مندی (ف) عقل مندی۔ دانائی۔
ہوش نخست (ف) عقل اوّل۔
ہوشنگ (ف) (۱) ہوش۔ عقل (۲) ایران کے ایک مشہور پیشدادی خاندان کے بادشاہ کا نام جو کیومرث کا پوتا اور سیامک کا بیٹا تھا۔ آگ۔ لوہا۔ اور آلات کشاورزی اسی اسی کے عہد میں معرض وجود میں آئے۔ آگ کی پرستش بھی اس کے نمودار ہونے پر پہلے اسی نے کی۔
ہوش وحواس (ف) عقل وتمیز۔
ہوشہ (ف) (۱) اضطراب (۲) فتنہ۔ فساد۔
ہوشہ (ف) (۱) کم ہمت۔ سست۔ کاہل۔
ہوشیار (ف) صاحب ہوش۔ چوکنا۔ چوکس۔ خبردار۔
ہوشیاری (ف) خبرداری۔ ہوش رکھنا۔
ہوشیدن (ف) ہوش کرنا۔ سمجھنا۔ عقل کرنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔
ہوغ (ع) چیز۔ بسیار۔ بہت چیز۔
ہُوف (ع) (۱) گرم ہوا (۲) سرد ہوا۔ دونوں معنوں میں آتا ہے۔ لغات اضداد سے ہے۔
ہول (ع) (۱) خوف۔ ڈر (۲) ڈرنا (۳) ڈرانا۔ خوف دلانا۔ (۴) کھیلنے کی گیند۔
ہول (ف) (۱) راست۔ درست (۲) اُونچا بلند۔
ہولا (ع) یہ لوگ۔
ہولاندہ (ع) ہالینڈ کا معرّب جو یورپ کا ایک ملک ہے۔
ہول دادن (ف) ڈرانا۔ ہلانا۔
ہول کردن (ف) ڈرنا۔
ہولشک (ف) میلا کچیلا آدمی۔
ہولک (ف) (۱) ہلاکت (۲) ہاتھ پاؤں کے آبلے۔
ہولگی (ف) ہراساں۔ خوفزدہ۔ ڈرایا گیا۔
ہولناک (ف) خوفناک۔ وحشتناک چیز جس کے دیکھنے سے ڈر معلوم ہو۔
ہولی (ف) تندی وتیزی سے ہراساں۔ ڈرتے ڈرتے۔
ہَولَندَہ (ع) ہالینڈ کا معرّب جو یورپ کا ایک ملک ہے۔
ہولہ (ع) ایک بار ڈرانا۔
ہولہ (ف) انگوچھا۔ تولیہ۔
ہولی (ف) ایک سالہ بچھیرا۔ وہ بچھیرا جس پر ابھی زین نہ رکھی گئی ہو۔
ہَون (ع) (۱) سُبک ہونا (۲) آرام کرنا۔ آہستگی۔ بُردباری۔ آرام۔ وقار۔

ہُون (ع) بے عزتی۔ خواری۔ ذلّت۔
ہُون (ف) اُونٹ کا سامان۔
ہُوُوْ (ف) تاکید کا کلمہ۔
ہُوو (ف) سوکن۔ سوت۔
ہووہوو است گرچہ سبو است (ف) سوکن آخر سوکن ہوتی ہے خواہ کتنی ہی نیک کیوں نہ ہو
ہُوَ ہُوَ (ع) جُوں کا توں۔ جیسا تھا ویسا ہی۔ اسی طرح۔
ہَوی (ع) دوست رکھنا۔ خواہش کرنا۔
ہَوی (ع) گڑھے میں گرنا۔
ہُوئے اوّل (ف) کشتی گیروں کی اصطلاح میں اول بدل۔
ہُوِیّت (ع) مرتبہ لاہوت۔ مرتبہ وحدت۔ ذات باری تعالے کا مرتبہ۔
ہویت داشتن (ف) پہچانا جانا۔
ہُوَید (ف) اُونٹ کا سامان۔
ہویدا (ف) واضح۔ ظاہر۔ آشکار۔

# ہ – ی

ہی (ع) وہ عورت۔
ہی زدن (ف) کسی کام یا حرکت سے ڈرانا اور اس سے باز رہنا۔
ہی کردن (ف) ہانکنا۔ چلانا۔ دھکیلنا۔
ہیے (ف) (۱) ہست کا مترادف ہے۔ است (۲) تنبیہ کا کلمہ جو آگاہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے (۳) افسوس کا کلمہ (۴) جھڑکی اور زجر کا کلمہ (۵) تعریف وتحسین کا کلمہ۔
ہیابانگ (ف) بہت اُونچی آواز۔ بہت شوروغل۔
ہیئات (ع) بروزن غیرت آتا ہے۔ صورت شکل۔
ہَیْئات (ع) بروزن خیرات۔ ہیئات بروزن غیرت کی جمع۔ صورتیں۔ شکلیں۔
ہَیاتکہ (ف) ملک ہیتال کے بادشاہوں کا لقب۔
ہیاسہ (ف) دوال۔
ہیاکل (ع) ہیکل کی جمع۔
ہیاکل توحید (ف) مظاہر حق۔ مظاہر قدرت۔
ہَیاہُو (ف) پکارا پکار۔ شوروغل۔ غل غپاڑا۔
ہیاہو انداختند (ف) پکارنا شروع کیا۔
ہیاہی (ع) آؤ۔ جلدی کرو۔
ہیبت (ع) (۱) خوف۔ ڈر (۲) رُعب۔ دبدبہ۔ بزرگی۔ پرہیز۔
ہیبت زدہ (ف) خوفزدہ۔ ڈرا ہوا۔
ہیبت ناک (ف) خوف ناک۔ ڈراؤنا۔
ہیپو پوتامس (ف) دریائے گینڈا۔ ہپ پاٹامس۔ انگریزی لفظ کا مفرس ہے۔ دریائی گھوڑا۔

ہَیئَت، (ع) اس کا تلفظ اصل میں ہیئات ہے۔ صورت۔ شکل
ہیئت اعزامی (ف) نمائندوں کی جماعت۔
ہیئت دان (ف) ستارہ شناس۔
ہیئت شناس (ف) ستارہ شناس۔ نجومی۔
ہیئت عمومی (ف) عوامی مجمع۔ گروہ۔
ہیئت کذائی (ع) موجودہ حالت۔ جیسی کہ ہے۔
ہیئت مدبرہ (ف) مجلس منتظمہ۔ کمیٹی۔
ہیئت وزراء (ف) کیبنٹ۔
ہیتال (ف) (۱) قوی۔ توانا (۲) بدخشاں کے ایک علاقہ کا نام۔
ہیتان (ف) دروغ۔ جھوٹ۔
ہیت لک (ع) آؤ۔
ہیج (ع) (۱) برانگیختہ ہونا (۲) غبار۔
ہیجا (ع) لڑائی۔ جنگ۔
ہیجان } (ع) جوش میں آنا۔ برانگیختہ ہونا۔
ہیجان
ہیجان انگیز } جوش و خروش پیدا کرنے والی چیز۔
ہیجان آور
ہیجدہ (ف) اٹھارہ۔
ہیجدہم (ف) اٹھارواں۔
ہیچ (ف) تھوڑا سا۔ اندک۔ تھوڑا۔ ناچیز۔ معدوم۔ کچھ کوئی۔
ہیچ چراغی تا صبح نسوزد
ہیچ دولی نیست کہ سہ نشود (ف) جو دو مرتبہ ہوسکے اس کے تیسری مرتبہ ہونے کا بھی امکان ہے۔
ہیچ سفرہ یک خانہ نباشد (ف) اکلوتا بچہ ماں باپ کے لیے ایک مستقل خدشے کا باعث رہتا ہے۔
ہیچ کارہ (ف) نکما۔ ناکارہ۔ بے فائدہ۔ نالائق بے اعتبار۔
ہیچ کس (ف) (۱) کوئی شخص (۲) نالائق۔
ہیچکونہ (ف) کسی طرح۔
ہیچ مدان (ف) بے علم۔ نادان۔
ہیچ مرد (ف) (۱) ضعیف مرد (۲) کمینہ۔
ہیر (ف) (۱) عبادت (۲) آگ۔
ہیربد (ف) ہیر بمعنی آگ اور بد بمعنی صاحب سے مرکب ہے آتشکدہ کا پجاری۔ آتشکدہ کا مجاور۔
ہیرسا (ف) پارسا۔ جتی مرد۔ جو عورت کے نزدیک کبھی نہ گیا ہو۔
ہیرک (ف) بکروٹا۔ بکری کا بچہ۔
ہیرمند (ف) (۱) آتش پرست (۲) عابد (۳) گشتاسپ کا لقب۔ (۴) سیستان کے ایک دریا کا نام۔
ہیز (ف) (۱) ہیجڑا۔ مخنث (۲) حمام کا ڈول۔
ہیزم (ف) جلانے کی سوکھی لکڑی۔ ایندھن۔
ہیزم تر فروختن (ف) فریب کرنا۔
ہیزم کش (ف) لکڑی لاکر بیچنے والا۔ لکڑہارہ
ہیژدہ (ف) اٹھارہ۔ ۱۸۔

ہیش (ف) (۱) ہیچ (۲) کتان کا بافتہ جو ہندوستان میں بنتا ہے (۳) ہل۔ جسے زمین میں چلاتے ہیں۔
ہیصم (ع) (۱) شیر درندہ (۲) دلیر۔ قوی۔
ہیض (ع) (۱) ہڈی کو توڑنا (۲) سختی۔ کسی چیز کی درشتی (۳) مرغ کی بیٹ۔ سرگین۔
ہیض (ع) خوش ہونا۔
ہیضہ (ع) ہضمی۔ مشہور وبائی مرض کا نام
ہیضہ زدن (ف) ہیضہ ہو جانا۔
ہیطل (ع) لومڑی۔
ہیف (ع) (۱) پیاس کی شدت (۲) گرم ہوا (۳) ستم۔ ظلم
ہیفا (ع) پتلی کمر والی عورت۔
ہیکل (ع) بڑا جسم۔ جثۂ بزرگ (۲) لمبے قد کا گھوڑا۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا (۳) عظمت۔ شکوہ (۴) بلند مکان۔ بلند عمارت (۵) صورت شکل (۶) تعویذ۔ بازو بند (۷) حمائل (۸) بت خانہ (۹) یہودیوں کا عبادت خانہ
ہیکل الرُّوم (ع) روم کے ایک عبادت خانہ کا نام۔
ہیکل بستن (ف) (۱) دعا۔ تعویذ۔ فوت ہونا (۲) زنار باندھنا۔
ہیکل خاکی غبار (ف) آدمی کا بدن
ہَیکَر (ف) (۱) لمبا گھوڑا (۲) صورت۔ شکل (۳) بت خانہ (۴) حمائل۔ تعویذ۔
ہیل (ف) سفید الائچی۔
ہیل (ع) مٹی یا آٹا یا کسی ایسی ہی پسی ہوئی چیز کا ڈالنا۔
ہیلا (ف) باشہ۔ جو مشہور شکاری پرندہ ہے
ہیلاج (ف) زائچہ۔ جنم پتری۔ نجومیوں کا حساب جس سے مولود وغیرہ کی عمر دریافت کرتے ہیں
ہیللہ (ع) لا الٰہ الا اللہ کہنا۔
ہیم (ع) عشق میں شیفتہ اور سرگشتہ۔
ہیم (ع) پیاسا اونٹ۔
ہیم (ف) ہیزم۔ جلانے کی سوکھی لکڑی۔ ایندھن۔ پنجابی میں جسے بالن کہتے ہیں۔
ہیمان (ع) سرگشتگی۔ حیرانی۔
ہیماء (ع) جنگل بیابان جہاں پانی اور راستے کے نشانات نہ ہوں۔
ہیمنہ (ع) آمین کہنا۔ دیکھ بھال کرنا۔
ہیمہ (ف) جلانے کی سوکھی لکڑیاں۔ ایندھن۔
ہیمہ تر فروختن (ف) فریب دینا۔
ہیمیا (ع) علم طلسم

ہین (ف) تاکید کا کلمہ - جلدی کر - خبردار ہو - دوڑ - آگاہ ہو - اینک - چھوڑ -

ہَین (ع) سیلاب -

ہَیِّن } (ع) سہل - آسان -
ہَین }

ہینا ہین (ف) جلدی - شتاب در شتاب -

ہَیُوب (ع) ڈرپوک - ڈرنے والا -

ہیوع (ع) بُزدل ہونا - بھوکا ہونا -

ہَیُولا (ع) ہر شے کا مادہ - ہر چیز کی اصل -

ہَیُولَانی (ع) منسوب بہ ہیولی - مادی چیز -

ہیولائے اوّل (ع) جوہر اوّل -

ہیولے (ع) ہیولا - ہر چیز کا مادہ - ہر شے کی اصل -

ہَیُون (ف) (۱) گھوڑا (۲) اُونٹ - سانڈنی -

ہیوند (ف) پرہیزگاری - عفّت -

ہَیہات (ع) (۱) دُور ہوا (۲) افسوس اور حسرت کے مقام پر بولا جاتا ہے یعنی افسوس کہ میں مقصود سے دُور ہوا (۳) فارسی میں حیرت اور تعجب کے موقع پر استعمال ہوتا ہے -

ہَیئَت (ع) دُور - مجلسِ سُفَراء - سفیروں کی مجلس -

ہَیِی (ف) ہستی - یعنی تو ہے -

⁂

# ی

ی - فارسی حروفِ تہجی کا بتیسواں [32] اور عربی کا اٹھائیسواں [28] حرف - بحسابِ جمل اس کے دس عدد مقرر ہیں۔

ی (ع) کبھی ضمیر مؤنث کے لیے آتا ہے اور کبھی ضمیر متکلم کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

یے (ف) کسی اسم کے آخر میں آنے سے ایک ، کوئی اور جو وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔

## ی - ا

**یا** (ف) (۱) حرفِ عطف ہے (۲) تردید کے معنی دیتا ہے خواہ - چاہو۔

**یا** (ع) حرفِ ندا ہے - اے - ارے - اجی -

**یا اجل می دواند یا روزی** (ف) انسان یا تو روزی کمانے کے لیے اور یا پھر اپنے مرنے کے مقام پر کسی نہ کسی طرح پہنچ ہی جاتا ہے۔

**یا اسفا** (ع) (۱) ہائے افسوس - فریاد - آہ (۲) تحیر اور تعجب کے مقام پر بھی بولا جاتا ہے -

**یا اللہ** (ع) اے خدا - اے اللہ۔

**یاب** (ف) (۱) یافتن کا امر - پا - حاصل کر - معلوم کر - (۲) بمعنی یا بندہ جیسے کامیاب - بہرہ یاب - (۳) بے ہودہ - بے معنی -

**یابان** (ع) جاپان جو مشہور ملک ہے

**یابانی** (ع) منسوب بہ یابان - جاپانی

**یابر** (ف) جاگیر۔

**یابس** (ع) خشک - سوکھا خشکی کرنے والا۔

**یابسہ** (ع) یابس کا مؤنث (۱) سوکھی ہوئی خشک چیز (۲) خشکی جو سمندر اور تری کی ضد ہے -

**یا بشریٰ** (ع) اے خوشخبری ہے - اے لوگو! خوشخبری ہے۔

**یابندہ** (ف) پا لینے والا - اسم فاعل۔

**یابو** (ف) ٹٹو - بارکش گھوڑا۔

**یا ترٰی** (ع) استعجاب کا کلمہ - یہ ہوگا - خدا کرے ایسا ہو۔

**یا جواب یا ثواب** (ف) یا تو کچھ دے کر ثواب حاصل کرو اور یا جواب ہی دو۔

**یاجوج ماجوج** (ع) ایک قوم کا نام جس کے دو حصے ہیں - ایک یاجوج اور دوسرے ماجوج - اور یہ دونوں دو دادوں کی اولاد ہیں۔

**یاختن** (ف) (۱) ظاہر کرنا - باہر نکالنا (۲) تلوار کھینچنا (۳) ہاتھ دراز کرنا - کسی کام کا ارادہ کرکے ہاتھ بڑھانا (۴) سوال کرنا - دریافت کرنا (۵) ارادہ کرنا -

**یاختہ** (ف) (۱) کھنچا ہوا (۲) حجرہ (۳) مانند - مثل -

**یاخور** (ف) اصطبل -

**یاد** (ف) (۱) قوتِ حافظہ (۲) دل - خاطر (۳) مجازاً حفظ - ازبر (۴) بیداری (۵) نقش و نگار -

**یاد اللہ** (ف) (۱) خدا کی عبادت - بندگی - (۲) فقراء کا سلام

**یاد آمدن** (ف) یاد آنا -

**یاد آوردن** (ف) یاد دلانا -

**یاد آور شدن** (ف) یاد دہانی کرانا -

**یاد آوری** (ف) یاد کرنا -

**یاد بود** (ف) قوتِ حافظہ -

**یادبُود** (ف) یادگار۔ تحفہ جو دوستوں کے لیے سفر سے لائیں۔

**یادبُودن** (ف) یاد ہونا۔

**یاد دادن** (ف) سکھانا۔

**یادداشت** (ف) یاد ہونا۔

**یادداشتن** (ف) یاد رکھنا۔

**یادداشت کردن** (ف) یادداشت لکھ لینا۔ اپنے پاس نوٹ کر لینا۔

**یادش بخیر** (ف) کسی غائب عزیز دوست کا ذکر کرتے وقت بطورِ دُعا زبان پر لاتے ہیں۔ یعنی ہم اُسے بھلائی سے یاد کرتے اور اس کی سلامتی چاہتے ہیں (۲) کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو۔ اور وہ اتفاقاً آ نکلے تو اس وقت بھی بولتے ہیں۔

**یاد کردن** (ف) یاد کرنا۔

**یاد کردن سوگند** (ف) قسم کھانا۔

**یاد کسے خوردن** (ف) کسی کی یاد میں شراب پینا۔

**یادگار** (ف) (۱) یاد دلانے والی چیز۔ نشانی۔ آثار۔ علامت۔ (۲) تحفہ۔ وہ چیز جو کسی کو نشانی کے طور پر دی جائے۔ (۳) پُرانی عمارت۔ آثار۔ صنادید (۴) وہ چیز جسے دیکھ کر کوئی آئے (۵) بیٹا۔ فرزند۔

**یادگار زمانہ** (ف) زمانے میں یاد رہنے والی کوئی چیز۔ زمانہ کی یادگار۔

**یادگاری** (ف) دیکھو یادگار۔

**یاد گرفتن** (ف) یاد رکھنا۔

**یاوندان** (ف) بادشاہاں۔ خداوند جہاں۔

**یا دوست** (ف) ایران کے گداگروں کی صدا۔

**یادہ** (ف) قوتِ حافظہ۔

**یار** (ف) (۱) دوست۔ مددگار۔ ساتھی۔ رفیق (۲) معشوق۔ محبوب (۳) یاری دستہ۔

**یار** (ف) یارا کا مخفف۔ طاقت۔

**یارا** (ف) زور۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ حوصلہ۔ مجال۔ فرصت۔

**یاراسپند** }
**یاراسفند** } (ف) اسفندیار۔

**یاران** (ف) (۱) یار کی جمع۔ دوست لوگ (۲) ارادہ کرتے ہوئے۔

**یارانہ** (ف) دوستانہ۔ دوستی کے طریق۔ دوستی کے طور پر۔

**یارائی** (ف) طاقت۔ حوصلہ۔ چارہ۔ علاج۔ مدد۔

**یارَب** (ع) (۱) اے پروردگار (۲) فارسی میں تعجب اور افسوس کے مقام پر بولا جاتا ہے اور بمعنی نالہ و آہ کے بھی استعمال ہوتا ہے۔

**یارب مباد آنکہ گدا معتبر شود** (ف) خُدا کمینے کو ناخن نہ دے۔

**یارب یارب کردن** (ف) خداوند تعالیٰ سے حاجت مانگنا۔

**یار در خانہ و ما گرد جہان می گردیم** (ف) بچّہ بغل میں ڈھنڈورہ شہر میں۔

**یارباز** (ف) چھنال۔

**یارباش** (ف) (۱) یاروں کا یار۔ ملنسار۔ خوش مزاج۔ زندہ دل (۲) عیاش۔ ہرجائی۔ عاشق مزاج۔

**یارج** (ف) ہاتھ کے زیور۔

**یارد** (ف) تواند کا مترادف۔ طاقت رکھے۔

**یاررس** (ف) معاون۔ مددگار۔

**یارستن** (ف) (۱) سکنا۔ طاقت رکھنا (۲) ہاتھ بڑھانا۔

**یار زندہ صحبت باقی** (ف) اب نہیں تو پھر سہی زندگی ہے تو پھر ملاقات ہو گی۔

**یار شاطر باش نہ بار خاطر** (ف) دوست ہو تو اس کے لیے سہولت کا باعث ہو نہ کہ دلی بوجھ کا۔

**یارِ غار** (ف) (۱) سچا دوست۔ مصیبت میں ساتھ دینے والا دوست (۲) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے کنایہ ہے جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ نہ چھوڑا تھا جب کہ آپ مکّہ سے نکلے تھے اور تین دن غار میں چھپے رہے تھے (۳) اصحاب کہف کے کتے سے بھی کنایہ ہے جو ان کے ساتھ غار میں داخل ہو کر وہیں بھوکا مر گیا تھا۔

**یار فروش** (ف) دوست کی تعریف کرنے والا۔ دوست کو سراہنے والا۔

**یار فروشی** (ف) دوست کی تعریف کرنا۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔

**یارَق** (ت) (۱) سفید (۲) روشن۔

**یارَک** (ف) رِحم۔ بچہ دان۔ وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

**یارگی** (ف) (۱) توانائی۔ قدرت۔ مجال (۲) قوت۔

**یارمند** (ف) مددگار۔ دوست۔

**یارنامہ** (ف) (۱) نیک کام (۲) نیک نامی۔

**یارو** (ف) رقیب۔ دشمن۔ نیز بطور حقارت بھی استعمال کرتے ہیں۔

**یارَہ** (ف) (۱) ایارج جو مشہور مرکب اور ملین دوا ہے (۲) کنگن۔ (۳) ہسلی (۴) مقدار۔ اندازہ (۵) طاقت۔ قدرت۔

**یاری** (ف) (۱) دوستی (۲) مدد۔ اعانت (۳) سوکن۔ سوت (۴) دیور یا جیٹھ کی بیوی۔

**یاری کردن** (ف) مدد کرنا۔

**یاریگر** (ف) مددگار۔

**یاریگر شدن** (ف) مددگار ہونا۔ مدد کرنا۔

یارِیگری (ف) مدد - اعانت -
یاز (ت) نادان -
یازان (ف) (۱) قصد کرنے والا - کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانے والا (۲) کھینچنے والا (۳) حملہ کرتے ہوئے (۴) پیمائش کرتے ہوئے (۵) ہاتھ بڑھاتے ہوئے -
یازون (ف) یازیدن کا مخفف -
یازدہ (ف) گیارہ -
یازدہ دَر (ف) انسان کے بدن کے گیارہ سوراخ - دونوں کانوں کے دو سوراخ دونوں آنکھوں کے دو ناک کے دو منہ کے دو جن میں سے ایک کھانے پینے کا اور دوسرا سانس لینے کا - پیشاب گاہ کے دو - ایک سوراخ پیشاب کا - دوسرا منی یا حیض کا - ایک پاخانہ کا سوراخ - کل گیارہ - بعض اس میں چار اور بھی زیادہ کرتے ہیں - ایک تالو کا سوراخ جہاں کوّا لٹکتا ہے - دوسرا ناف کا جس سے بچہ کو رحم مادر میں غذا ملتی ہے - چھاتیوں یعنی پستانوں کے دو سوراخ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے - کل پندرہ -
یازدہم (ف) گیارھواں -
یازِش (ف) (۱) بڑھنا - نشوونما - بالیدگی - (۲) ارادہ - قصد -
یازند (ف) شکل - ہیئت -
یازِندہ (ف) قصد کرنے والا - کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانے والا - ہاتھ اٹھانے والا -
یا زنگی زنگ یا رومی روم (ف) ایک روش پر رہو یا دشمن یا دوست -
یازہ (ف) کپکپی - لرزہ -
یازیدن (ف) (۱) ارادہ کرنا - قصد کرنا - کسی کام کے ارادہ سے ہاتھ بڑھانا (۲) کھینچنا (۳) بڑھنا - نشوونما پانا - بلند ہونا - اُگنا -
یاس (ع) نا امید ہونا - نا اُمیدی -
یاس (ع) (۱) بائیں طرف (۲) جوا ریا - قمار باز (۳) آسان - سہل -
یاس (ف) یاسمن کا مخفف -
یاسا (ت) (۱) ماتم (۲) مجازاً قتل (۳) لوٹ - غارت (۴) قصاص -
یاسا (ف) قاعدہ - قانون - رسم - حکم -
یاسان (ف) (۱) سزاوار - لائق (۲) عجم کے ایک پیغمبر کا نام -
یاس شروانی (ف) سوسن کا پھول -
یاسیج (ف) (۱) پیکان والا تیر (۲) دو پیکان کا تیر (۳) وہ تیر جس پر بادشاہ کا لکھا ہوا ہو (۴) نیزہ - بھالا (۵) مظلوم کی آہ -

یاسر (ع) (۱) بائیں طرف (۲) قمار باز -
یاسم / یاسمن / یاسمون / یاسمین (ع) چنبیلی کا پھول -
یاسون (ف) قانون - شاہی حکم -
یاسہ (ف) (۱) آرزو (۲) حکم - فرمان (۳) قانون - قاعدہ - رسم - سیاست (۴) قصاص -
یاسیج (ف) دیکھو یاسج -
یاسین (ع) (۱) قرآن شریف کی ایک مشہور سورہ کا نام (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام -
یاغ (ت) روغن -
یاغی (ت) سرکش - نافرمان - دشمن -
یاغی شدن (ف) باغی ہونا -
یاغی گری (ف) سرکشی - نافرمانی - دشمنی -
یاف (ف) بے ہودہ - یاوہ -
یافت (ف) آمدنی - آمد - کمائی - فائدہ - نفع - بالائی آمدن -
یافت آباد (ف) ایک شہر کا نام جو ایران کے مغربی سرے پر سلیمانیہ کے قریب ہے -
یافت آمدن (ف) نفع - کمائی - آمدنی -
یافتن (ف) پانا - حاصل کرنا -
یافتن بازی (ف) فریب کھانا -
یافتنی (ف) لینا - قابل وصول -
یافتہ (ف) (۱) قبض الوصول (۲) حجت (۳) اصل خط -
یافر (ف) رقاص - بازی گر -
یافع (ع) جوان - بلند قامت جوان -
یافوخ (ع) نرمہ - انسان کا تالو جو دودھ پینے کے زمانہ میں سر پر ملتا نظر آتا ہے -
یافوف (ع) کمزور اور سست آدمی - کڑوا کھانا -
یافہ (ف) (۱) ناپدید - گم شدہ - معدوم (۲) بے ہودہ باتیں - واہیات - پوچ -
یافہ درائے (ف) بکواسی - بے ہودہ گو -
یاقات (ع) یاقہ کی جمع - کالر - یاقہ ترکی زبان کا لفظ ہے - عربی طریق پر اس کی جمع بنالی گئی ہے -
یاقوت (ع) (۱) ایک بیش قیمت اور مشہور جواہر کا نام جو چار رنگ کا ہوتا ہے - سرخ - زرد - کبود - سفید اور یاقوت سرخ ان سات رنگوں کا ہوتا ہے - رمانی - ارغوانی - بہرمانی - دولوئی - عمری - لحمی - خلی - بعض کے نزدیک ایک اور قسم بھی ہے جسے جگری یا کبدی کہتے ہیں (۲) خلیفہ معتصم باللہ کے ایک غلام کا نام جو بڑا خوشنویس تھا (۳) ایک قسم

کا بلاد جس کے چاول سُرخ ہوتے ہیں (۴) ایک جزیرہ کا نام۔

**یاقوت احمر** (ع)، سُرخ رنگ کا یاقوت۔

**یاقوت اسکندری** (ف)، (۱) وہ یاقوت جو سکندر اعظم کے ہمراہی ظلمات سے لوٹتے وقت اُٹھا لائے تھے۔ اور بعد میں پچھتاتے تھے کہ زیادہ کیوں نہ لے آئے (۲) نہایت اعلیٰ یاقوت۔ بادشاہوں کے لائق یاقوت۔

**یاقوت جگری** (ف)، یاقوت کبدی۔ کلیجی رنگ کا یعنی سیاہی مائل سُرخ یاقوت۔

**یاقوت خام** (ف)، معشوق کے ہونٹ۔

**یاقوت رُمّانی** (ع)، رمّان معنی انار۔ انار کے دانے جیسا سُرخ یاقوت۔ عمدہ یاقوت۔

**یاقوت رواں** (ف)، (۱) سُرخ شراب (۲) اشک خونی۔

**یاقوت سربستہ** (ف)، (۱) لب خاموش (۲) دہن معشوق۔

**یاقوت کاسہ** (ف)، ایک قسم کا یاقوت جو کاسے کی شکل کا ہوتا ہے۔

**یاقوت گرگانی** (ف)، گرگان کی کان کا یاقوت۔

**یاقوتِ مذاب** (ع)، شراب سُرخ (۲) خون (۳) اشک خونی۔

**یاقوتِ میداں دار** (ف)، ہموار سطح یاقوت۔

**یاقوت ناروال** (ع)، یاقوتِ رمّانی۔ انار کے دانے جیسا سُرخ یاقوت۔ عمدہ یاقوت۔

**یاقوتِ ناشگفتہ** (ف)، شفق۔

**یاقوتِ نوش** (ف)، جام شراب۔ شراب کا پیالہ

**یاقوتی** (ف)، وہ مقوی معجون۔ غذہ جس میں یاقوت ڈالا گیا ہو

**یاقہ** (ت)، گریبان۔

**یاکبد** (ف)، یاقوت۔

**یال** (ت)، (۱) گردن (۲) مجازاً گھوڑے کی گردن کے بال (۳) عیال۔ (۴) مستیٔ حیوانات۔

**یال بستن** (ف)، (۱) تکبّر کرنا۔ غرور کرنا۔ ناز کرنا۔ اِترانا۔

**یالقین** (ت)، آگ لگنا۔

**یال وگوپال** (ف)، (۱) کروفر۔ شان و شوکت (۲) تن و توش۔

**یالمند** (ف)، عیال دار۔

**یالہ** (ف)، بیل یا گائے کا سینگ۔

**یالی** (ف)، دولت خانہ۔ بارگاہ۔

**یالیت** (ع)، اے کاش کہ۔ یہ لفظ ایسی چیز کی خواہش کے لیے آتا ہے جس کا ملنا ناممکن ہو۔ اور لعل ایسی چیز کی آرزو کے لیے آتا ہے جس کا ملنا ممکن ہو۔

**یام** } **یامہ** } (ف)، وہ گھوڑا جو ڈاک کے لیے منزل پر رکھا جاتا ہے۔

**یامرگ یا استقلال** (ف)، یا تخت یا تختہ۔

**یامشت یا پشت** (ف)، انسان کے پاس یا روپیہ ہو کر رشوت دے سکے اور یا پھر کسی کی سفارش اور پُشت پناہی ہو تو دُنیا کے کام سیدھے ہوتے ہیں۔

**یامن** (ع)، داہنی طرف۔ جانب راست۔

**یان** (ف)، (۱) لغو باتیں۔ ہذیان (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں کشف۔ وہ چیز جس کا عالم غیب میں مشاہدہ ہو۔

**یانصیب** (ع)، لاٹری۔

**یانع** (ع)، (۱) پکا ہوا میوہ۔ وہ میوہ جو درخت کی ٹہنی پر پک گیا ہو (۲) ہر سُرخ چیز۔

**یانہ** (ف)، (۱) ہاون۔ اکھلی۔ چھٹو (۲) السی۔

**یاتہ** (ت)، جانب۔ طرف۔

**یاود** (ف)، یابد کا ادف۔

**یاودال** (ع)، جنتری میں "ی" کا حرف برج دلو اور ستارہ مشتری کی علامت ہے اور دال بُرج اسد اور عطارد کی۔

**یاور** (ف)، (۱) مددگار۔ حمایتی (۲) ہاون کا دستہ (۳) ہر مہینے کی دسویں تاریخ۔

**یاور توپ خانہ** (ف)، توپ خانہ کا سردار۔

**یاوری** (ف)، مدد۔ سہارا۔ اعانت۔ دستگیری۔

**یاوگی** (ف)، (۱) بے ہودہ گوئی (۲) گم ہونا۔

**یاودگیاں** (ف)، (۱) بے ہودہ لوگ (۲) گمراہ لوگ۔

**یاوند** (ف)، (۱) بادشاہ (۲) یابند کا مترادف۔

**یاوندان** (ف)، یاوند کی جمع۔ شاہان۔

**یاوہ** (ف)، (۱) بے ہودہ بات۔ ہرزہ (۲) گم شدہ۔ ناپدید۔

**یاوہ گو** (ف)، بے ہودہ گو۔

**یاوہ گوئی** (ف)، بکواس۔ بے ہودہ گوئی۔

**یاہو** (ف)، کبوتر کی ایک قسم جو "یا ہُو" کی آواز کرتا ہے۔

**یاہُوزدن** (ف)، جلدی جلدی قدم اُٹھانا۔ تیزی سے چلنا۔

**یائس** (ع)، ناامید۔

**یائی** (ف)، ناامید۔

**یائے معکوس** (ف)، لمبی یائے۔ بڑی یے جس کی شکل یہ ہے "ے"

---

# ی ۔ ب

---

**یب** (ف)، پیکان دار تیر۔

**یباب** (ع)، ویران۔ خراب زمین۔ خشک۔

**یبات** (ف)، (۱) غیر آباد (۲) خراب۔

**یَبْرُوج** / **یَبْرُوج الصَّنَم** (ع) الجمنی - مردم گیا - ایک قسم کی گھاس کی جڑ جو آدمی کی شکل کے مشابہ ہوتی ہے اور نر و مادہ بھی ہوتی ہے جیسے مرد و عورت گلے ملے ہوتے ہیں۔

**یُبُس** / **یَبَس** (ع) سوکھ جانا۔ خشک ہونا۔

**یُبُوسَت** (ع) خشک۔

**یَبُوست زَدہ** (ف) خشک۔ جو تر و تازہ نہ ہو۔

**یَبِیس** (ع) خشک ساگ۔ سوکھی گھاس۔

## ی - پ

**یَپْتُلُو** (ت) (۱) گنج - منڈی (۲) قافلہ (۳) سامان - متاع۔

## ی - ت

**یَتاق** / **یَتاق** (ت) پہرا - پاسبانی - چوکیداری۔

**یَتاقِی** (ت) پاسبان - پہرادار - چوکیدار۔

**یُتاقِی** (ت) پاسبان - پہرےدار - چوکیدار۔

**یَتٰامیٰ** (ع) یتیم کی جمع - بغیر باپ کے نابالغ بچے۔

**یَتمِش** (ت) پہنچا - پہنچ گیا۔

**یَتمورمِش** (ت) (داؤ نہیں پڑھی جاتی) پہنچایا ہوا۔

**یَتُوع** (ع) ہر وہ درخت جس سے دودھ نکلے - جیسے مدار اور زقوم سے نکلتا ہے۔

**یُتْم** / **یَتَم** (ع) یتیم ہونا - بغیر باپ کے ہونا۔

**یَتْن** (ع) خلاف معمول پیدا ہونے والا بچہ یعنی جس کے پہلے پاؤں باہر نکلیں۔

**یَتِیم** (ع) (۱) وہ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو (۲) غلام (۳) چور - (۴) بیمار (۵) چوپایہ (۶) فارسی میں بے نظیر کے معنوں میں آتا ہے۔

**یَتِیمُ الطَّرَفَین** (ع) وہ بچہ جس کے ماں اور باپ دونوں مرگئے ہوں۔

**یَتِیم خانہ** (ف) یتیموں کے رہنے کا مکان (۲) عیاروں اور چوروں کا مسکن۔

**یَتِیم دریا** (ف) بہت بڑا موتی جس کے برابر کا نہ ہو

**یَتِیمی** (ف) یتیم ہونا۔

## ی - ث

**یَثْرِب** (ع) مدینہ منورہ کا قدیمی نام جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار ہے۔

## ی - ح

**یَحْمُور** (ع) جنگلی گدھا - گورخر۔

**یَحْمُوم** (ع) سیاہ دھواں (۲) اندھیری رات۔

**یَحییٰ** (ع) (۱) ایک پیغمبر کا نام (۲) ایک سخی کا نام بھی ہے۔

**یَحییٰ برمکی** (ع) ہارون الرشید کے مشہور نامور وزیر کا نام جو سخاوت و جود اور علم و فضل میں بہت مشہور ہے۔ ہارون الرشید اسی کی کوشش سے خلیفہ ہوا۔ اور مدتوں سلطنت کا کاروبار اسی کے ہاتھ میں رہا۔ اخیر عمر میں ہارون رشید نے اسے معہ اولاد و متعلقین کے قید کر دیا۔ جہاں طرح طرح کی تکلیفیں اٹھا کر مرگیا۔ یہ واقعہ ہارون رشید کے دامن پر بڑا بدنما دھبہ ہے۔

## ی - خ

**یَخ** (ف) برف - پانی جو سردی کی شدت سے جم جائے۔

**یَخارِچ** (ر) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تصویر جو گرجا کی دیوار پر ہوتی ہے اور جس کے دھوون کا پانی تبرکاً اپنے پاس رکھتے ہیں۔

**یَخ باز** (ف) برف پر چلنے والا - سکیٹنگ کرنے والا۔

**یَخ بازی** (ف) برف پر چلنا۔

**یَخ بَستَن** (ف) جم جانا۔

**یَخ بَند** (ف) جمی ہوئی اوس - جمے ہوئے بخارات۔

**یَخت** (ف) نجی تفریح - کشتی - بجرا۔

**یَخچال** (ف) برف کا گھتا۔

**یَخچہ** (ف) ژالہ - اولہ - تگرگ۔

**یَخ خوردن** / **یَخ کردن** (ف) (۱) سرد مہری کرنا (۲) افسردہ دلی کرنا۔

**یَخدان** (ف) وہ صندوق یا الماری جس میں حلوے اور مٹھائیاں اور عمدہ کھانے رکھے جاتے ہیں (۲) وہ چرمی صندوق جس کے اندر نمدہ لگا ہوتا ہے اور جس کے اندر شاہان مغلیہ کے لیے موسم گرما میں کشمیر وغیرہ سے برف آتی تھی۔

یخدان شربت خانہ (ف) وہ صندوق جس میں کھانے پینے کی چیزیں رکھتے ہیں۔
یخدان صندوق خانہ (ف) وہ صندوق جس میں کپڑے اور ملبوسات رکھے جاتے ہیں۔
یخدان کش (ف) ملازم جو یخدان کو سفر میں خچروں پر لے جائے۔
یخ بسیار آب شود تا این کار شود (ف) یعنی یہ کام بڑی محنت کے بعد سرانجام ہوگا۔
یخ دربہشت (ف) ایک قسم کا حلوا۔
یخ زدن (ف) جم کر برف بن جانا۔
یخ کردن (ف) برف جمانا۔
یخشی (ف) بہتر - خوب - نیک - مبارک۔
یخ گرفتہ (ف) یخ بستہ - وہ جگہ جہاں یخ جما ہوا ہو۔
یخمور (ع) لمبی گردن والا - لمبا آدمی۔
یخنی (ف) (۱) پکا ہوا - پکا ہوا گوشت - گوشت کا شوربا (۲) ذخیرہ جو کام آئے۔
یخہ (ف) گریبان۔
یخ یخ (ف) اونٹ کو بٹھانے کا کلمہ جو ایرانی استعمال کرتے ہیں۔

## ی - د

ید (ع) (۱) دست - ہاتھ - وقار - بزرگی (۲) طاقت - توانائی (۴) غلبہ - قبضہ - تصرف - ملک (۵) نعمت - دولت (۶) حسن سلوک (۷) احسان (۸) راہ (۹) سلام (۱۰) خواری - ذلت
یدان (ع) ید کا تثنیہ دونوں ہاتھ۔
ید بیضا (ع) (۱) سفید اور روشن ہاتھ - حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ جو بطور معجزہ جب اسے بغل میں چھپا کر نکالتے تھے تو سورج کی مانند روشن نظر آتا تھا (۲) مجازاً خرق عادت - کرامت۔
ید بیضا نمودن (ف) کرامت دکھانا۔
ید بیضوی (ع) ید بیضا
ید سفلےٰ (ع) نچلا ہاتھ یعنی فقیر یا سائل کا ہاتھ۔
ید طولےٰ (ع) بہت لمبا ہاتھ - مجازاً کمال مہارت پوری پوری مہارت۔
ید علیا (ع) اوپر کا ہاتھ - یعنی سخی کا ہاتھ۔
یدکی (ف) فالتو پرزہ - اضافی پرزہ - سپیئر پارٹس۔
یدوی (ع) ید سے اسم منسوب ہے۔
یدہ (ف) سحر یا جادو سے مینہ اور برف برسانا۔
یدی (ع) میرا ہاتھ۔
یدی (ع) ماہر اور حاذق مرد۔
یدیا (ع) ماہر اور حاذق عورت۔
یدین (ع) ید کا تثنیہ - دونوں ہاتھ۔
یدیہ (ع) ید کی تصغیر - چھوٹا سا ہاتھ۔

## ی - ر

یرا (ف) سلوٹ - شکن - چین۔
یراش (ف) (۱) اٹھنا (۲) توجہ۔
یراع (ع) اسم جنس ہے (۱) قلم (۲) بانسری (۳) جگنو۔
یراعہ (ع) (۱) بانسری (۲) کلک (۳) بزدل آدمی (۴) جگنو (۵) کرمک شب تاب۔

یراغ
یراغ } (ف) سدھا ہوا گھوڑا - خوش خرام گھوڑا۔

یراق (ف) (۱) لڑائی کا سامان - لڑائی کے ہتھیار - فوج کے استعمال کے ہتھیار (۲) سامان - اسباب۔
یراق کار (ف) مددگار۔
یربوع (ع) جنگلی چوہا۔
یرت (ف) منزل - وطن۔
یرتمہ (ف) گھوڑے کی پویہ چال۔
یرد (ع) بارڈ کا معرب - پیمائش کا ایک آلہ۔
یرر (ع) سخت ہو جانا۔

یرغ
یرغ } (ف) دیکھو یراغ۔

یرغا (ف) راہوار - تیز رو۔
یرغمال (ف) کسی شخص کا اپنے بیٹے یا کسی دوسرے رشتہ دار کو حاکم کے سپرد اس غرض کے اظہار کے لیے کرنا کہ میں سرکشی نہ کروں گا۔
یرغو (ف) (۱) کوتوال (۲) سپاہی (۳) شاہی حکم - شاہی فرمان (۴) سیاست۔
یرغوث (ف) (۱) سرہنگ (۲) کوتوال (۳) سیاست۔
یرغہ (ف) تیز رفتار گھوڑا۔
یرق (ف) گناہ۔

یرقان
یرقان } (ع) ایک مشہور بیماری کا نام جس میں آنکھیں اور بدن زرد ہو جاتے ہیں۔

یرقان باز (ف) باز کو یرقان اور شیر کو تپ یعنی بخار لازمی طور پر ہوتے رہتے ہیں اور ان کا دفعیہ دشوار ہے۔
یرقان زدہ (ف) پیلا زرد - یرقان کا مارا۔
یرقانی (ف) (۱) جسے یرقان کا مرض ہو (۲) زرد - خزاں رسیدہ

یرلیغ
یرلیغ } (ف) شاہی فرمان۔

یرمُر (ت)، انتظار۔
یرمَع (ع)، لڑکوں کا ایک کھیل اس کی جمع یرامع آتی ہے۔ سفید چمکیلی۔ کنکریوں کو بھی یرامع کہتے ہیں۔
یرمغان (ف)، ارمغان کا مترادف۔ تحفہ۔ سوغات۔
یرمق (ت)، دینار۔ درم۔
یرموق (ع)، کمزور نگاہ والا ضعیف البصر۔ اس کی جمع یرامیق آتی ہے۔
یرملون (ع)، علم قرأت کے ایک قاعدہ کا نام۔
یرنا (ف)، حنا۔ مہندی۔
یروشلم (عبرانی)، ملک روم کے علاقہ کنعان کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں بیت المقدس ہے۔ یہ شہر قدیم سے انبیائے بنی اسرائیل کا مسکن رہا ہے۔
یرہ (ت)، زمین۔

## ی ۔ ز

یزد (ف)، وہ کلنٹے جو خیمہ کے گرد اس کی حفاظت کے لیے لگاتے ہیں تاکہ کوئی انسان یا جانور اندر داخل نہ ہو سکے۔
یزد (ف)، ایک شہر کا نام جو شیراز کے توابع میں سے ہے۔
یزدادی (ف)، (۱) وہ قیمہ جو مرغ کے پختہ انڈے پر ڈالیں (۲) کوفتہ جس میں مرغ کا انڈا پکا ہوا ہو۔
یزدان (ف)، اللہ تعالیٰ۔ اسلام سے پہلے اہل ایران دو خداؤں کو مانتے تھے جن میں سے نیکی کے خدا کو یزدان اور برائی کے خدا کو اہرمن کہتے تھے۔
یزدان بخش (ف)، نوشیرواں کے بیٹے، ہرمز کے وزیر کا نام۔
یزدانی (ف)، خدائی۔ ربانی۔
یزدجرد / یزدگرد (ف)، (۱) ایران کے ایک بادشاہ کا نام جو بہرام گور کا باپ اور بڑا ظالم تھا (۲) ایران کے آخری پارسی بادشاہ کا نام جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں عربوں سے شکست کھا کر اپنے ہی ملازموں کے ہاتھ سے مارا گیا۔
یزدی (ف)، منسوب بہ شہر یزد۔ یزد کا رہنے والا۔
یزک (ف)، (۱) رات کو گشت کرنے والی فوج لشکر کی محافظ (۲) پیش رو سپاہ۔ مقدمہ لشکر۔ ہراول (۳) جاسوس (۴) چوکیدار (۵) فوج۔ لشکر۔
یزکدار (ف)، طلایہ کی فوج کا سردار۔
یزکداری (ف)، حفاظت۔ پاسبانی۔ چوکیداری۔
یزنہ (ت)، بہنوئی۔ بہن کا شوہر۔
یزید (ع)، (۱) امیر معاویہ کے بیٹے کا نام جو اپنے باپ کی وفات پر سنہ۶۰ھ سے سنہ۶۴ھ تک حکمران رہا۔ حضرت حسین علیہ السلام اسی کے حکم سے شہید ہوئے۔ سنہ۶۳ھ میں مکہ اور مدینہ کے لوگوں نے اس کے فسق و فجور کے باعث اس کی اطاعت سے انحراف کیا۔ اس نے ان دونوں شہروں کی بے حرمتی کی (۲) عبد الملک کے بیٹے کا نام جو سنہ۱۰۱ھ سے سنہ۱۰۵ھ تک حکمران رہا (۳) ولید کے بیٹے کا نام جو سنہ۱۲۶ھ میں صرف چھ ماہ حکومت کر کے وبا میں مر گیا۔

## ی ۔ س

یسار (ف)، منحوس آدمی جس کا دیکھنا نا مبارک ہو۔
یسار (ع)، (۱) دولت مندی۔ تونگری۔ ثروت (۲) بائیں طرف (۳) بایاں ہاتھ۔
یسارت (ع)، دولت مندی۔ تونگری۔
یساق (ت)، (۱) مہم۔ جنگ کی تیاری (۲) کچہری۔ دربار۔ دیوان۔
یساقچی (ف)، سفارت خانے کے سنتری۔
یسال (ف)، پھولوں کا تاج جو تہوار کے روز سر پر رکھتے ہیں۔
یسال (ت)، فوج کا پہرہ۔
یساول (ت)، میر تزک۔ چوبدار۔ نقیب۔ سپاہی۔
یُسر / یَسَر / یُسُر (ع)، (۱) آسان ہونا۔ آسانی (۲) فراخ دستی۔ تونگری
یُسْر (ع)، آسان۔ سہل۔
یسرت (ع)، بائیں طرف۔
یسریٰ (ع)، بایاں ہاتھ (۲) بائیں طرف۔
یسل (ت)، فوج کا پہرہ۔
یسوعی (ع)، عیسائی۔
یسوعیت (ع)، عیسائیت۔
یسیر (ع)، (۱) تھوڑا (۲) آسان۔ سہل۔
یسین (ع)، دیکھو یاسین۔
یسین خواندن (ف)، سورہ یسین کا پڑھنا۔

## ی ۔ ش

یشب (ع)، یشم کا معرب۔ ایک سبزی مائل پتھر کا نام جس کی ہولدلی بنتی ہے۔
یشتن (ف)، کھانا کھاتے وقت کچھ پڑھنا جو آتش پرستوں کی عبادت ہے۔
یشف (ف)، یشب۔
یشک (ف)، (۱) کچلیاں۔ حیوانوں کے اگلے تیز دانت (۲) شبنم (۳) خالص۔

یشم (ف) دیکھو یشب۔
یشماق (ف) عورتوں کے سر کا رومال۔
یشمہ (ف) کچا چمڑا۔

## ی - ص

یصُول (ع) دھاوا کرتا ہے۔

## ی - ع

یعَابیب (ع) یعسُوب کی جمع۔
یعامیر (ع) بھیڑ کے بچے۔ اس کی واحد یعمورہ ہے۔
یعبُوب (ع) نہایت تیزی اور تندی سے چلنے والا پانی (۲) تیز رفتار گھوڑا۔
یعسُوب (ع) (۱) شہد کی مکھیوں کا سردار۔ رانی مکھی (۲) قوم کا سردار۔
یعسُوب المسلمین، یعسُوب المومنین (ع) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔
یعقُوب (ع) (۱) کبک نر۔ نر چکور (۲) ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت اسحاق علیہ السلام کے بیٹے اور حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ تھے۔ اسرائیل بھی انہی کو کہتے ہیں۔ (۳) امام اعظمؒ کے شاگرد ابو یوسفؒ کا نام (۴) یعقوب بن لیث صفاریاں کے پہلے بادشاہ کا نام۔
یعقُوبی کردَن (ف) عاشقی کرنا۔
یعمرہ (ع) شیر کی شکارگاہ کا بکرا۔
یعمل (ع) عمدہ۔ طاقت ور۔ بوجھ اٹھانے والا۔
یعملہ (ع) مضبوط لدّا اونٹنی۔
یعمُور (ع) بھیڑ اور بکری کا بچہ۔
یعنی (ع) (۱) ارادہ رکھتا ہے وہ۔ مراد رکھتا ہے وہ۔ چاہتا ہے۔ قصد کرتا ہے (۲) مطلب۔ مراد۔
یعنی کُشک (ف) وہی۔
یعور (ع) شور مچانے اور دودھ دوہنے میں تنگی کر دینے والی عورت۔
یعُوق (ع) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بتوں میں سے ایک بت کا نام جو گھوڑے کی شکل کا تھا۔

## ی - غ

یغام (ف) چڑیل۔ غول بیابانی۔

یغقیچ (ف) ایک قسم کے بے زہر سانپ کا نام جو سبزہ زار میں رہتا ہے۔
یغلا، یغلاد، یغلادی (ف) کڑاھی۔ گھی بگھارنے کی کڑاھی۔
یغلغ (ف) پیکان دار تیر۔
یغلق (ف) تیر۔
یغلو، یغلوی (ف) کڑاھی۔ گھی بگھارنے کی کڑاھی۔
یغما (ف) (۱) لوٹ۔ تاراج۔ غارت (۲) ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کے معشوق نہایت حسین ہوتے ہیں۔
یغمازدن: لوٹ لینا۔ غارت کرنا۔
یغماکردن: تاراج کرنا۔
یغماناز (ف) بہرام گور کی بیوی کا نام جو خاقانِ چین کی بیٹی تھی۔
یغمائی (ف) (۱) لوٹ لیا گیا (۲) منسوب بہ شہر یغما۔ یغما کا رہنے والا۔
یغوث (ع) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے ایک بت کا نام جو شیر کی شکل کا تھا۔

## ی - ف

یفاع (ع) بلند زمین۔ ٹیلہ۔
یفتحہ (ع) سائن بورڈ۔
یفج (ف) تھوک۔ وہ پانی جو بات کرتے وقت کسی کے منہ سے نکلے۔
یفع (ع) بلند زمین۔ ٹیلہ۔
یفع (ع) بچے کا جوان ہونا۔ قریب البلوغ ہونا۔
یفعہ (ع) جوان جو بلوغت کے قریب ہو۔ اس لفظ میں واحد، تثنیہ اور جمع یکساں ہیں۔
یفن (ع) پیر فرتوت۔ بہت بوڑھا۔

## ی ق

یقطین (ع) (۱) کدو کی بیل (۲) ہر درخت جس کی بیل چلتی ہو۔
یقاظمہ (ع) جاگ جانا۔ جاگ اٹھنا۔
یقطینہ (ع) ایک کدو
یقظ (ع) بیدار ہونا۔ جاگنا۔

**یقظ** / **یقظ** / **یقظان** (ع) بیدار - جاگتا ہوا - ہوشیار
**یقظہ** (ع) بیداری۔
**یققّ** (ع) نہایت سفید - چٹا۔
**یقمشر** (ت) خوش۔
**یقہ** (ف) (۱) گریبان (۲) کسی کے گریبان کو زور سے پکڑنا۔
**یقین** (ع) (۱) جس میں شک نہ ہو - بے شبہ - بے شک۔ (۲) موت - مرگ۔

# ی - ک

**یک** (ف) ایک۔
**یک آب خوردن** (ف) نہایت تھوڑی فرصت۔
**یک اسبہ** (ف) (۱) ایک گھوڑے والا (۲) اکیلا سوار۔ (۳) بہادرانہ (۴) سورج - آفتاب۔
**یک آتش پختن** (ف) نہایت تھوڑی فرصت۔
**یک انار و صد بیمار** (ف) انار ایک اور بیمار جنہیں اس کی اشد ضرورت ہے۔ سینکڑوں ہیں۔
**یک انداز** (ف) (۱) برابر یکساں (۲) نکما تیر جو پھینکنے کے بعد تلاش نہ کیا جائے (۲) کاری تیر (۳) دو شاخہ تیر (۴) چھوٹا سا تیر جو بہت دور جائے - پہاڑ یا دریا کا کنارہ جو ہموار ہو۔
**یک انگور و صد زنبور** (ف) ایک چیز جس کے طالب بیسیوں۔
**یک آہو و صد سگ** (ف) ایک ہرن اور سو کتے - مطلوب ایک اور اس کے طالب ہزاروں ہیں۔
**یکایک** (ف) ایک ایک (۲) اچانک - ناگہاں۔
**یک بادام** (ف) نہایت تھوڑی مقدار۔
**یک با دو کردن** (ف) دوسرا کلمہ کہنا۔
**یک بارہ** (ف) (۱) ایک دفعہ (۲) دفعتہً (۳) غافل۔
**یک بر دو زدن** (ف) کاروبار اور معاملات سے فائدہ حاصل کرنا۔
**یک بسی** (ف) دفعتہً - یکبارگی۔
**یک بغل** (ف) بڑی مقدار۔
**یک بیک** (ف) (۱) ہر ایک (۲) تمام (۳) اچانک۔
**یک پا چارق یک پا گیوہ** (ف) سخت مفلس اور قلاش ہونا۔
**یک پا شدن** (ف) نہایت جلدی اور تیزی سے چلنا۔
**یک پشت ناخن** (ف) قلیل مقدار۔
**یک پہلو** (ف) جو شخص کسی معاملہ میں نہایت بضد ہو اور کسی طرح بھی اس خیال سے درگزر نہ کرے۔
**یک پہن کشتی** (ف) مذہب اسلام جس میں ہر ایک داخل ہو سکتا ہے۔
**یکتا** (ف) (۱) ایک عدد (۲) ایک تہہ کا کپڑا (۳) بے مثل۔ (۴) اللہ تعالے کا نام۔
**یکتار** (ف) اکہرا - تھوڑا۔
**یک تن** / **یک تنہ** (ف) تنہا - اکیلا - ایک شخص۔
**یک تہی** (ف) اکہرا کپڑا - ایک تہہ کا کپڑا۔
**یک تیغ کردن** (ف) درست کرنا - برابر کرنا - ہموار کرنا - راست کرنا۔
**یک جلو** (ف) تیز رفتار۔
**یک جلو رفتن** (ف) راستے میں کہیں نہ ٹھہرنا۔
**یک جہت** (ف) متفق - موافق۔
**یک جہتی** (ف) اتفاق - اتحاد۔
**یک چشم** (ف) کانا - ایک آنکھ والا۔
**یک چشم زدن** (ف) آنکھ جھپکنے کی دیر میں نہایت کم فرصت۔
**یک چشمہ کار** (ف) اچھا کام۔
**یک چشمی** (ف) ہر برے بھلے کو ایک نظر سے دیکھنا۔
**یک چند** (ف) قدرے - کسی قدر - چند۔
**یک خانہ شدن** / **یک خانہ گشتن** (ف) کمان کا ٹیڑھا ہونا۔
**یک دانہ** (ف) (۱) بے مثل موتی (۲) ایک قسم کا ہار - گردن بند
**یک درگیر و محکم گیر** (ف) ایک کا دامن تھام اور مضبوطی کے ساتھ۔
**یک دست** (ف) یکساں - برابر۔
**یک دست دو ہندوانہ چگونہ بردار** (ف) ایک آدمی سے دو کام نہیں ہو سکتے۔
**یک دش** (ف) (۱) دوغلا گھوڑا (۲) امتزاج - دو چیزوں کا آپس میں ملنا (۳) انسان کا نفس خاصہ (۴) معشوق - محبوب - مطلوب۔
**یکدک** (ف) نیم گرم دودھ یا پانی۔
**یک دل** (ف) موافق - متفق۔
**یک دل و دو دل** (ف) غیر متقل مزاج انسان - پس و پیش کرنے والا۔
**یک دلہ** (ف) (۱) متفق (۲) بے ریا (۳) بہادر۔
**یک دمہ** (ف) عارضی - وقتی۔
**یک دندہ** (ف) ثابت قدم۔
**یک دندانہ** (ف) یکساں - برابر۔
**یک دہن پرسیدن** (ف) صرف ایک دفعہ پوچھنا۔
**یک راست** (ف) براہِ راست سیدھا۔
**یکران** (ف) عمدہ گھوڑا - اصیل گھوڑا - قیمتی گھوڑا (۲) اشقر گھوڑا - وہ گھوڑا جس کا رنگ سرخ اور دم اور ایال کے بال سفید ہوں۔
**یکران توسن** (ف) سرکش گھوڑا۔
**یکرش** (ف) ایک قدم - آدھ گز۔

یک رشتہ (ف، متفق - موافق۔
یک رقیب (ف، اللہ تعالےٰ۔
یک رکابی (ف، (۱) کسی کام میں جلدی کرنا اور بجدّ ہونا۔ (۲) وہ شخص جو گھوڑا دوڑانے میں ہمرکاب ہو (۳) کوتل گھوڑا۔
یک رنگ (ف، سچا دوست۔ سچے عقیدے کا آدمی۔
یک رنگی (ف، اخلاص - دوستی - محبت۔
یک رُو (ف، سچا دوست۔ بے ریا دوست۔
یک رُو کردن (ف، دوستی ترک کرنا۔ ملاقات اور دوستی بالکل قطع کر دینا۔
یک رُوئی (ف، اخلاص - یک جہتی۔
یک رُویہ (ف، (۱) متفق - موافق (۲) ظاہر - آشکارا۔
یک راہ (ف، (۱) ایک مرتبہ (۲) بے ریا - بے نفاق۔
یک زبان (ف، متفق - ہم زبان - یگانہ۔
